بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ

کتاب لاریب

KITAB-E-LARAIB

(HUNDRED QURANIC SUBJECTS)

VOLUME - I

اللہ پاک، حضرت محمد ﷺ اور صحابہ کرامؓ



By

LIEUTENANT COLONEL

AHSIN JAHANGIR

M.PHIL (ISLAMIC THOUGHT AND CIVILIZATION)

GOLD MEDALIST

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابٌ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد اول)

اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ ، حضرت محمد ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم

از

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابِ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد اول)

اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ ، حضرت محمد ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم

از

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ وَیَسِّرۡلِیۡۤ اَمۡرِیۡ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ یَفۡقَھُوۡا قَوۡلِیۡ o

اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کشادہ فرما دے o

اور میرا کارِ (رسالت) میرے لیے آسان فرما دے o

اور میری زبان کی گرہ کھول دے o

کہ لوگ میری بات (آسانی سے) سمجھ سکیں o

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

انتساب

"میں یہ کتاب اپنے والدین،
اساتذہ کرام اور اُمتِ مسلمہ کے **غازیوں** اور **شہیدوں** کے نام کرتا ہوں"

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

مقدمہ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلیٰ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ وَعَلیٰ اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَانِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَھَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ط صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡم۔

تمام خوبیاں مالکِ ارض وسما کیلئے اور لاتعداد درود وسلام محبوبِ خدا خاتم الانبیا ﷺ پر آپ کی آل رضی اللہ عنھم اور آپکے اصحاب رضی اللہ عنھم پر اور بے شمار رحمتیں نازل ہوں اللہ کے مقربین پر حاملینِ قرآن پر اور علمائے ربانیین پر جنکی محنتوں اور برکتوں سے قرآن کا نور ہم تک پہنچا۔ بندہِ ناچیز لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر کو اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کا پورا یقین ہے کیونکہ قرآن کریم کے عالم ہزاروں کی تعداد میں ہیں اور صدیوں سے قرآن کریم کی خدمت کرنے والے مفسرین اور شارحین ومترجمین کی ایک طویل فہرست ہے لیکن قرآن کریم سے محبت نے مجھے ایک ولولہ اور حوصلہ دیا کہ جس کو جس چیز سے محبت ہوتی ہے وہ اسکا تذکرہ اس انداز میں کرنا چاہتا ہے کہ رہتی دنیا تک اسکی محبت کے نقوش ثابت رہیں تو چونکہ میں بھی اپنے خالق و مالک اللہ وحدہ لاشریک اور اسکے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ سے محبت کا دعویدار ہوں تو اسی نسبت نے مجھے قرآنِ پاک کی آیات کے موضوعات کو ترتیب دینے کی ڈھارس بندھائی۔

اللہ پاک نے قرآن پاک کو ایسی آسان کتاب بنایا ہے کہ جیسے جیسے انسان اس کتاب سے پیار کرتا ہے یہ کتاب انسان کے دل ودماغ کو معطر کرتی جاتی ہے اور اسکے دل میں گھر کر جاتی ہے الحمدللہ ہم تو مسلمان ہیں قرآن کریم تو کافر کے دل میں بھی اتر جاتا ہے جبکہ دیگر مذاہب کی کتب کا یہ معجزہ نہیں ہے۔

قرآن پاک بہت آسان کتاب ہے ہم اس کے قریب تو آئیں اس سے محبت تو کریں اس کی بات تو سنیں یہ ہمارے دل میں بھی گھر بنائے گا اللہ تعالیٰ کا تو وعدہ ہے رب پاک سورۃ القمر آیت نمبر 17 میں فرماتا ہے۔

وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَھَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ (17)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے o

یہ آیاتِ کریمہ صاف صاف بتا رہی ہے کہ قرآنِ کریم کو سمجھنا بہت آسان ہے چونکہ برصغیر پاک و ہند کے زیادہ تر لوگ عربی زبان سے ناواقف ہیں اس لیے اس خطۂ ارضی میں قرآن پاک کو سمجھنے اور سمجھانے کیلئے مقامی زبانوں میں اس کے تراجم کئے گئے اور اسکی تفاسیر لکھی گئیں احقر نے بھی ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے قرآن پاک کے اندر جو موضوعات ہیں ان کا الگ الگ ذکر کیا جائے مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ قرآنی موضوعات پر بہت سارے لوگوں نے پہلے کام کیا ہوا ہے اور ایسی کتابیں مارکیٹ میں موجود ہیں لیکن میں نے یہ سعی اپنی آخرت سنوارنے کے لیے ایک وسیلے کے طور پر کی ہے اس کام میں مجھے تمام مکاتبِ فکر کے علماء کے تراجم پڑھنے کا بھی موقعہ ملا اور میں نے اردو اور انگریزی میں قرآنی آیات کے تراجم بھی ساتھ پیش کیے ہیں تاکہ انگریزی زبان بولنے اور سمجھنے والوں کیلئے بھی قرآنی موضوعات کو سمجھنا آسان ہو اور عام بندہ جو اردو پڑھ لیتا ہے اسکو بھی سمجھ آئے کہ قرآن پاک ہم سے کیا گفتگو کر رہا ہے تو میں نے تین جلدوں میں 100 موضوعاتِ قرآنیہ کو ترتیب دینے کی ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے اور قرآنی

مضامین کے اس مجموعہ کو ''مضامین کتابِ لاریب'' کا نام دیا ہے اس مجموعہ کی جلد اول میں 16 مضامین قرآن کا ذکر کیا گیا ہے اور دوسری جلد میں 12 مضامین اور تیسری جلد میں 72 مضامین کا ذکر کیا گیا ہے قرآن کریم کے اندر چونکہ ازل سے ابد تک علم اور موضوعات موجود ہیں میں نے طوالت کے خوف سے صرف 100 موضوعات کو اس طریقے سے ترتیب دیا ہے کہ ہر موضوع پر آیات کا اردو اور انگریزی ترجمہ اور اسکے موضوع کے متعلق قرآن پاک کی کون سی سورۃ میں کیا فرمایا گیا ہے۔

میں اس کاوش کو اپنے احباب کے سامنے رکھ کے بس یہ التجا کرتا ہوں کہ آپ قرآن کریم کو پڑھیں اور پڑھ کر یہ کہ اس پر عمل کی پوری کوشش کریں اور میری اس کاوش پر میرے لیے دعا بھی کریں اور مزید نیک مشوروں سے بھی نوازیں تا کہ دوسرے ایڈیشن میں ان قرآنی موضوعات کو بہتر اور آسان طریقے سے ترتیب دیا جا سکے۔

میں اپنے ان احباب کا بھی مشکور ہوں جنہون نے اس کام میں میری رہنمائی فرمائی اور میرا حوصلہ بلند کرتے رہے بالخصوص میرے والدین کی دعائیں، تربیت اور قدم قدم پر رہنمائی شامل حال رہی ۔ محترم محمد سجاد حسین مصطفائی صاحب (سرپرستِ اعلیٰ کاروانِ محبتِ الٰہی) کی اٹھارہ سالہ تربیت اور رہنمائی نے "مضامین کتابِ لاریب" کو ترتیب دینے میں بہت کلیدی کردار ادا کیا۔ میں مسلم علماء کونسل پاکستان کے بانی پروفیسر ارشاد الحق امینی صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ انکی کوششوں، محنت اور رہنمائی سے کتاب کو پبلش کرنے کے مراحل میں آسانی ہوئی اور دیگر تمام احباب کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے قدم قدم پر رہنمائی فرمائی۔

آخر میں اپنے خالق و مالک کے حضور ملتجی ہوں کہ وہ میری اس عاجزانہ انداز ترتیب کو قبول فرما کے میرے والدین، اساتذہ کرام، میری فیملی اور بہن بھائیوں کیلئے نجاتِ اُخروی کا ذریعہ بنائے اور مجھے قرآن سے مزید شغف عطا فرمائے آمین بجاہِ خاتم النبیین خالق و مالک اللہ رب العزت کا عاجز بندہ۔

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

M. Phil - Islamic Thought and Civilization (Gold Medalist)
Cell Phone # 03009508966
E Mail: ahsinjahangir19@gmail.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

تقریظ

بعد از حمد وصلوۃ بندہ ناچیز نے محترم ومکرم جناب کرنل احسن جہانگیر صاحب کے مرتب کردہ مضامین قرآن پاک جسکو انہوں نے موضوعاتِ " کتاب لاریب " کا نام دیا تین جلدوں پر مشتمل ہیں ان کے تقریباً تمام موضوعات کا مطالعہ کیا انتہائی شاندار کام کیا ہے اور نہایت سادہ انداز میں قرآن کریم کے 100 موضوعات کو سہل انداز میں جمع کیا تا کہ پڑھنے والے کو آسانی میسر آئے اور وہ ایک موضوع پر قرآن کریم میں تمام آیات کو زیرِ مطالعہ لا کر قرآن فہمی سے مستفید ہو ویسے تو اس عنوان سے کافی لوگوں نے کام کیا ہے لیکن کرنل صاحب کے کام کی افادیت و اہمیت اپنی جگہ پر ایک اہم مقام رکھتی ہے یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اس نے اس " کتابِ لاریب " کی ہر طرح سے حفاظت فرمانی ہے وہ قرآن کریم کے الفاظ ہوں یا معانی وتشریح قیامت تک کے لیے قرآن پاک سمجھانے والے اور سمجھنے والے اللہ کے حکم سے یہ فریضہ انجام دیتے رہیں گے اور ہمیں بھی اس نیک مشن میں اپنا حصہ شامل کرنا ہے۔ ہم سب کو قرآن فہمی کے پروگرامز اور لٹریچر کو عام کرنے کے لیے سعی کی ضرورت ہے۔ کرنل صاحب کی مرتب کردہ اس تصنیف میں خوش آئند بات یہ ہے کے اُردو اور انگریزی ترجمہ کرتے وقت فرقہ پرستی اور عام الفاظ سے حد درجہ دوری اختیار کی گئی ہے تا کہ قُرآن پاک سمجھنے والا فرقہ پرستی کی بھینٹ بھی نہ چڑھے اور ترجمہ کے عامیانہ الفاظ کے استعمال کی وجہ سے بے ادبی سے بچے اور دوسرا انگریزی میں ترجمہ لکھ کر انگریزی بولنے اور سمجھنے والوں کے لیے قرآن فہمی کی راہ ہموار کی گئی ہے خدائے بزرگ و برتر کی بارگاہ حمدیت میں التجا ہے کہ اللہ تعالیٰ کرنل احسن جہانگیر صاحب کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور رہتی دُنیا تک ان کے اس ترتیب کردہ مجموعہ سے لوگ فائدہ حاصل کرتے رہیں اور رب کریم اسی طرح ان سے اپنے دین کی خدمات جلیلہ کا کام کرواتا رہے آمین۔

دُعا گو

ارشد الحق امینی (ایم اے عربی و اسلامیات)
فاضل تنظیم المدارس اہلِ سنت لاہور۔ بانی مسلم علماء کونسل پاکستان
لیکچرر پنجاب کالج گوجرہ (صدر شعبہ اسلامیات)
خطیب جامع مسجد زہرا مرید والا فیصل آباد
Mobile # 0300-6061702

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

تقریظ

نَحۡمَدُہٗ وَ نُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمُ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَانِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اللہ تعالیٰ کا بہت کرم اور بے حد احسان ہے کہ اس ذات نے لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر کو " کتابِ لاریب" ترتیب دینے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ یہ عظیم کام قرآن پاک کو موضوعات کے مطابق ترتیب دینا ہے تا کہ عام فہم قاری کو اللہ پاک کا مکمل پیغام سمجھنے میں آسانی ہو۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ " کتابِ لاریب" کو تمام دنیا میں مشہور محبوب اور اثر آفریں بنائے ان کی نجات کا وسیلہ اور قیامت تک کے لیے صدقہ جاریہ کر دے۔ اللہ رب العزت ان پر مزید اپنے انعامات کی بارش فرمائے۔ دعا ہے اللہ پاک ان کو نبی کریم ﷺ کی زیارت اور قیامت میں آپکی شفاعت سے بہرہ مند فرمائیں۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

دُعا گو

سجاد حسین مصطفائی

بانی و سرپرستِ اعلیٰ کاروانِ محبت الٰہی پاکستان

24 فروری 2022

بسم اللہ الرحمن الرحیم



مسلم علماء کونسل پاکستان

جامعہ نور الامین 6 کلومیٹر ٹوبہ روڈ گوجرہ

سند تصدیق و تائید

تصدیق کی جاتی ہے کہ محترم و مکرم **لیفٹیننٹ کرنل احسن جھانیگر** جو کہ پاک آرمی میں حاضر سروس آفیسر ہونے کے ساتھ ساتھ دینی علوم کا گہرا شغف رکھتے ہیں حال ہی میں انہوں نے عام مسلمان کیلئے قرآن پاک میں مذکور مضامین کو موضوعات کتاب لاریب کے نام سے ترتیب دیا ہے تا کہ عام قرآن پڑھنے والے احباب کو قرآن سمجھنے میں آسانی ہو انکی ترتیب دی گئی تین جلدوں کے موضوعات اور قرآنی آیات کے تراجم کو بغور دیکھا گیا ہے ہر لحاظ سے بہترین پایا بالخصوص فرقہ واریت سے مکمل اجتناب کرتے ہوئے ایسا شاندار کام کیا گیا ہے جسکی آج مسلمانوں کو اشد ضرورت ہے اس قابل فخر کام پر **کرنل صاحب** کے اس موضوعات کتاب لاریب کے نسخہ جات کی تصدیق و تائید کے لئے سند جاری کی جا رہی ہے، مالک لم یزل انکی اس کاوش کو قبول فرما کر ان کو دارین کی سعادتیں عطاء فرمائے۔ آمین

تائیدی دستخط مفتیان کرام

علامہ مفتی محمد سبطین سبزی	علامہ مفتی محمد خالد مقصود لودھرانی	علامہ مفتی محمد امین نقشبندی	پروفیسر مفتی ارشاد الحق امینی
خطیب جامع مسجد فاروق گوجرہ (مکتب دیوبند)	خطیب جامع مسجد فاروق اعظم لودھراں	مہتمم جامعہ مرکز القرآن گوجرہ	خطیب جامع مسجد ابوبکر صدیق آباد
05/12/2021	05/12/2021	05/12/2021	05-12-21

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

فہرست مضامین

نمبر شمار	موضوعات	آیات	صفحہ نمبر
(جلد اول) اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ، حضرت محمد ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم			
1	کلمۂ طیبہ کا ذکر	2	2-1
2	اِسم ذات اللہ کا ذکر	1844	353-3
3	اللہ پاک اور رسول پاک ﷺ کا اکٹھا ذکر	85	379-354
4	اللہ پاک کی نشانیاں	60	392-380
5	مسجد حرام (خانہ کعبہ) کا ذکر	12	396-393
6	اللہ پاک کی حرام کردہ حدود	14	402-397
7	عذابِ الٰہی کا ذکر	249	452-403
8	شرک کا بیان	55	464-453
9	اللہ کے نزدیک دن کی مقدار	4	465
10	بارہ مہینوں کا ذکر	1	466
11	لوحِ محفوظ کا ذکر	8	468-467
12	رسولِ پاک ﷺ کا ذکر	888	668-469
13	معراج رسول ﷺ کا ذکر	15	671-669
14	ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھم کا ذکر	45	684-672
15	صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کا ذکر	95	714-685
16	غزوات کا ذکر	15	719-715
17	مآخذ و مراجع	-	720

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابِ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد اول)

اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ ، حضرت محمد ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم

فہرست مضامین

VOLUME 1,2,3

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر
	اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ، حضرت محمد ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم (جلد اول)				
1	کلمۂ طیبہ کا ذکر	2-1	2	اِسم ذات اللہ کا ذکر	353-3
3	اللہ پاک اور رسول پاک ﷺ کا اکٹھا ذکر	379-354	4	اللہ پاک کی نشانیاں	392-380
5	مسجد حرام (خانہ کعبہ) کا ذکر	396-393	6	اللہ پاک کی حرام کردہ حدود	402-397
7	عذابِ الٰہی کا ذکر	452-403	8	شرک کا بیان	464-453
9	اللہ کے نزدیک دن کی مقدار	465	10	بارہ مہینوں کا ذکر	466
11	لوحِ محفوظ کا ذکر	468-467	12	رسولِ پاک ﷺ کا ذکر	668-469
13	معراج رسول ﷺ کا ذکر	671-669	14	ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھم کا ذکر	684-672
15	صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کا ذکر	714-685	16	غزوات کا ذکر	719-715
17	مآخذ و مراجع	720			
	قرآنِ پاک، انبیاء علیہم السلام اور قرآنی قصے (جلد دوئم)				
1	قرآنِ پاک کی فضیلت	68-1	2	انبیاء علیہم السلام کا تذکرہ	337-69
3	معجزہ کا بیان	344-338			
	4 قرآنی قصے				
a	قصہ حضرت یوسف علیہم السلام	368-345	b	قصہ حضرت موسیٰ علیہم السلام اور حضرت خضر علیہم السلام	373-369
c	قوم فرعون اور نیک آدمی کا قصہ	378-374	d	قصہ ذوالقرنین	381-379
e	قصہ قومِ عاد، ثمود اور فرعون	383-382	f	قصہ یاجوج اور ماجوج	385-384
g	قصہ حضرت سلیمان علیہم السلام اور چیونٹی	386	h	قصہ حضرت سلیمان علیہم السلام اور ملکہ سبا	391-387
i	قصہ حکیم لقمان	393-392	j	قصہ قارون	395-394
k	قصہ حضرت مریم علیہم السلام	399-396	l	خندقوں والے لوگوں کا قصہ	401-400
m	اصحابِ کہف	406-402	n	اہلِ یمن (باغ والوں کا قصہ)	408-407
o	ہاتھی والوں کا قصہ	409	p	قصہ ابولہب	410
q	قصہ گستاخِ رسول (ولید بن مغیرہ)	412-411	r	دو باغات والی شخصیات کا قصہ	415-413
5	موت کا ذکر	416	6	قیامت کا ذکر	487-417
7	آخرت کا ذکر	489-488	8	جنت کا ذکر	539-490
9	دوزخ کا ذکر	583-540	10	اہلِ اعراف کون ہیں	585-584
11	فرشتوں کا ذکر	602-586	12	کفار کے متعلق آیات	810-603
13	مآخذ و مراجع	811			
	انسان اور سائنس (جلد سوئم)				
1	اولاد آدم علیہم السلام سے لیا گیا پہلا وعدہ (عہد الست)	1	2	انسان سے متعلق مختلف مضامین	159-2
3	عبادات (نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ)	181-160	4	پاکیزہ روحیں / گناہ گار روحیں	182
5	صبر کا ذکر	188-183	6	آزمائش کا بیان	189

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر
7	شراب وجواء، فال کا بیان	190	8	حلال وحرام رزق کا بیان	197-191
9	وصیت/وراثت کا بیان	203-198	10	فساد پھیلانے والے لوگوں کا تذکرہ	205-204
11	سود کا بیان	207-206	12	دنیاوی خواہشات کا بیان	208
13	نکاح کا بیان	213-209	14	خواتین کے متعلق مسائل واحکام	237-214
15	والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا ذکر	241-238	16	تیمّم کا بیان	243-242
17	وضو کا بیان	245-244	18	اموال اور اولاد کا ذکر	246
19	بہتان/ تہمت کا بیان	253-247	20	گواہی کا بیان	255-254
21	قسم اور اسکے کفارے کا ذکر	256	22	مالِ غنیمت کا ذکر	259-257
23	قرضِ حسنہ کا ذکر	275-260	24	منافقین کا ذکر	315-276
25	شیطان کا بیان	340-316	26	مسلمان/ایمان والے/پرہیزگار لوگ/مومن	468-341
27	خون/ قتل کا بدلہ	472-469	28	جہاد فی سبیل اللہ کا بیان	509-473
29	یتیم اور محتاج کا بیان	519-510	30	قرض اور خرید وفروخت	521-520
31	عہد کو توڑنے والے لوگوں کا ذکر	522	32	توبہ کا بیان	523
33	گناہ کبیرہ کا بیان	524	34	شکار اور تقدسِ احرام کا ذکر	528-525
35	تقویٰ کا ذکر	529	36	صراطِ مستقیم	530
37	فرقہ بندی سے ممانعت	531	38	صدقات کے مستحق لوگوں کا ذکر	532
39	زنا، بدکاری کا بیان	539-533	40	سنی سنائی بات پر عمل نہ کرنے کا بیان	540
41	مقرب بندوں کا ذکر	544-541	42	المرصوص	545
43	سجین (گناہگاروں کا نامہ اعمال)	546	44	علیین (نیک لوگوں کا نوشتہ اعمال)	547
45	جادو کا بیان	548	46	جھوٹا خدائی دعویٰ اور نبوت کا دعویٰ کرنے والا ظالم ہے	549
47	فضول خرچی کا بیان	551-550	48	نیکی کا بیان	552
49	ناپ تول کا ذکر	554-553	50	تکبر وغرور کا بیان	560-555
51	اصحاب الیمین کون ہیں	561	52	قول وفعل میں تضاد کا بیان	562
53	نمازِ جمعہ کا ذکر	563	54	امانت دار کیلئے انعام کا ذکر	564
55	اللہ پاک کی راہ میں قتل/شہید ہونے والوں کا ذکر	567-565	56	نقصان اُٹھانے والے یا خسارے والے لوگ	575-568
57	جنات کا ذکر	585-576	58	سائنس کا علم (قرآنی آیات)	659-586
59	اللہ پاک کے خوف سے پتھروں کا گرنا	660	60	لوہے کی اہمیت	661
61	شہابِ ثاقب کا ذکر	663-662	62	یہود ونصاریٰ/اہل کتاب کا ذکر	730-664
63	حرمت والے مہینوں کا ذکر	730	64	ہجرت کا بیان	735-732
65	حروفِ مقطعات کا ذکر	741-736	66	زقوم کا درخت کہاں ہے	746-742
67	شاعری کے متعلق حکمِ الٰہی	747	68	شب قدر کا بیان	748
69	وسیلہ کا معنی ومفہوم	749	70	قرآن پاک میں دل کی اقسام	754-750
71	قرآنی دعائیں	765-755	72	جانوروں کا تذکرہ	771-766
73	مآخذ ومراجع	772			

1۔ کلمہءطیبہ کا ذکر

سورۃ محمد:

فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ (19)

ترجمہ: پس جان لیجیے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ (اظہارِ عبودیت اور تعلیمِ امت کی خاطر اللہ سے) معافی مانگتے رہا کریں کہ کہیں آپ سے (اپنی شانِ اَقدس اور خصوصی عظمت و رِفعت کے تناظر میں) خلافِ اَولیٰ فعل صادر نہ ہو جائے☆ اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لیے بھی طلبِ مغفرت (یعنی ان کی شفاعت) فرماتے رہا کریں (یہی ان کا سامان بخشش ہے)، اور (اے لوگو!) اللہ (دنیا میں) تمہارے چلنے پھرنے کے ٹھکانے اور (آخرت میں) تمہارے ٹھہرنے کی منزلیں (سب) جانتا ہے o

Know then that there is no God except Allah and (to offer worship and to educate the Umma [Community]) always ask forgiveness (from Allah) lest (in the perspective of your glory, majesty and exaltation peculiar to you alone) an action unworthy of your incomparable station may transpire.* And also seek forgiveness (i.e., intercede) for the believing men and women (for that is all they may have in balance for forgiveness). And, (O people,) Allah knows (all about) the places where you move about (in the world) and your mansions of repose (in the Hereafter).

سورۃ الفتح:

مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاء عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاء بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَاناً سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلَى سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيماً (29)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت اور سنگت میں ہیں (وہ) کافروں پر بہت سخت اور زور آور ہیں آپس میں بہت نرم دل اور شفیق ہیں۔ آپ انہیں کثرت سے رکوع کرتے ہوئے، سجود کرتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ (صرف) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلب گار ہیں۔ اُن کی نشانی اُن کے چہروں پر سجدوں کا اثر ہے (جو بصورتِ نور نمایاں ہے)۔ ان کے یہ اوصاف تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور ان کے (یہی) اوصاف انجیل میں (بھی مرقوم) ہیں۔ وہ (صحابہ ہمارے محبوبِ مکرّم کی) کھیتی کی طرح ہیں جس نے (سب سے پہلے) اپنی باریک سی کونپل نکالی، پھر اسے طاقتور اور مضبوط کیا، پھر وہ موٹی اور دبیز ہوگئی، پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور جب سرسبز و شاداب ہو کر لہلہائی تو) کاشتکاروں کو کیا ہی اچھی لگنے لگی (اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی طرح ایمان کے تناور درخت بنایا ہے) تاکہ اِن کے ذریعے وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلنے والے) کافروں کے دل جلائے، اللہ نے

ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہےO

Muhammad (blessings and peace be upon him) is the Messenger of Allah. And those with him are hard and tough against the disbelievers but kind-hearted and merciful amongst themselves. You see them excessively bowing and prostrating themselves. They simply seek Allah's grace and pleasure. Their mark is an impression of prostrations on their faces (prominent on the foreheads as light). These traits of theirs are (mentioned) in the Torah and the (same) qualities are also (described) in the Injil (the Gospel). These (Companions) are like a cultivated crop (of Our Esteemed Beloved) which (first of all) brought forth its thin shoot, then made it powerful and strong, and then it thickened and stood straight on its stalk. (And when it flourished, bloomed and danced,) it delighted and charmed the cultivators. (Allah has, likewise, made the Companions of His Beloved strong, grown up trees of faith,) so that by means of them He would inflame the hearts of the disbelievers (that burn in the jealousy of the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]).Those who believe and do pious works, Allah has promised them forgiveness and an immense reward.

2۔ اِسم ذات اللہ کا ذکر

سورۃ الفاتحہ:

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ(1)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کی پرورش فرمانے والا ہےo

All praise be to Allah alone, the Sustainer of all the worlds,

الرَّحْمـنِ الرَّحِيْمِ(2)

ترجمہ: نہایت مہربان بہت رحم فرمانے والا ہےo

Most Compassionate, Ever-Merciful,

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ(3)

ترجمہ: روزِ جزا کا مالک ہےo

Master of the Day of Judgment.

سورۃ البقرہ:

الَّـذِىْ جَـعَـلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشاً وَالسَّمَاء بِنَاء وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقاً لَّكُمْ فَلاَ تَجْعَلُواْ لِلّهِ أَندَاداً وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (22)

ترجمہ: جس نے تمہارے لیے زمین کو فرش اور آسمان کو عمارت بنایا اور آسمانوں کی طرف سے پانی برسایا پھر اس کے ذریعے تمہارے کھانے کے لیے (انواع و اقسام کے) پھل پیدا کیے، پس تم اللہ کے لیے شریک نہ ٹھہراؤ حالاں کہ تم (حقیقتِ حال) جانتے ہوo

(He is the One) Who spread out the earth for you as a floor, and erected the sky as a mansion, and showered water from the sky and brought forth with that (a variety of) fruits for your nourishment. So, do not set up equals with Allah whilst you know (the truth of the matter).

إِنَّ اللّـَهَ لاَ يَسْتَـحْيِـىْ أَن يَـضْرِبَ مَثَلاً مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُواْ فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ وَأَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُواْ فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللّهُ بِهَـذَا مَثَلاً يُضِلُّ بِهِ كَثِيْراً وَيَهْدِىْ بِهِ كَثِيْراً وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلاَّ الْفَاسِقِيْنَ (26)

ترجمہ: بے شک اللہ اس بات سے نہیں شرماتا کہ (سمجھانے کے لیے) کوئی بھی مثال بیان فرمائے (خواہ) مچھر کی ہو یا (ایسی چیز کی جو حقارت میں) اس سے بھی بڑھ کر ہو، تو جو لوگ ایمان لائے وہ خوب جانتے ہیں کہ یہ مثال ان کے رب کی طرف سے حق (کی نشاندہی) ہے، اور جنہوں نے کفر اختیار کیا وہ (اسے سن کر یہ) کہتے ہیں کہ ایسی تمثیل سے اللہ کو کیا سروکار؟ (اس طرح) اللہ ایک ہی بات کے ذریعے بہت سے لوگوں کو گمراہ ٹھہراتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے اور اس سے صرف انہی کو گمراہی میں ڈالتا ہے جو (پہلے ہی) نافرمان ہیںo

Indeed, Allah is not reluctant to narrate some example (for better

comprehension), whether of a mosquito or something even more (disgusting) than that. The believers know well that this example is (a pointer to the truth) from their Lord. But those who have adopted disbelief ask (on hearing): 'What could Allah mean by this example?' (In this way) Allah holds many astray, and guides many aright with the same example. And by this He leaves in error only those who are (already) disobedient.

كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَكُنتُمْ أَمْوَاتاً فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (28)

ترجمہ: تم کس طرح اللہ کا انکار کرتے ہو حالاں کہ تم بے جان تھے اس نے تمہیں زندگی بخشی، پھر تمہیں موت سے ہمکنار کرے گا اور پھر تمہیں زندہ کرے گا، پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے o

How can you deny Allah, whereas you were lifeless and He gave you life, then He will cause you to die and will again bring you back to life, and then to Him you will be returned?

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاء فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (29)

ترجمہ: وہی ہے جس نے سب کچھ جو زمین میں ہے تمہارے لیے پیدا کیا، پھر وہ (کائنات کے) بالائی حصوں کی طرف متوجہ ہوا تو اس نے انہیں درست کر کے ان کے سات آسمانی طبقات بنا دیے، اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے o

He is the One Who created for you all that is in the earth. Then He turned towards the higher regions (of the universe) and perfected them into seven heavenly firmaments. And He has full knowledge of everything.

وَقُلْنَا يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلاَ مِنْهَا رَغَداً حَيْثُ شِئْتُمَا وَلاَ تَقْرَبَا هَـذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ (35)

ترجمہ: اور ہم نے حکم دیا: اے آدم! تم اور تمہاری بیوی اس جنت میں رہائش رکھو اور تم دونوں اس میں سے جو چاہو، جہاں سے چاہو کھاؤ، مگر اس درخت کے قریب نہ جانا ورنہ حد سے بڑھنے والوں میں (شامل) ہو جاؤ گے o

And We ordained: 'O Adam, reside you and your wife in this Paradise and eat of it, both of you, whatever you like and from wherever you will. But do not go near this tree lest you should (join) the transgressors.'

فَتَلَقَّى آدَمُ مِن رَّبِّهِ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ (37)

ترجمہ: پھر آدم (علیہ السلام) نے اپنے رب سے (عاجزی اور معافی کے) چند کلمات سیکھ لیے پس اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمالی، بے شک وہی بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے o

Then Adam learnt some words (of humility and repentance) from his Lord. So Allah accepted his repentance. Surely, He is the One Who is Most Relenting, Ever-Merciful.

قُلْنَا اهْبِطُواْ مِنْهَا جَمِيعاً فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَن تَبِعَ هُدَايَ فَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ (38)

ترجمہ: ہم نے فرمایا: تم سب جنت سے اتر جاؤ، پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے تو جو بھی میری ہدایت کی پیروی کرے گا، نہ ان پر کوئی خوف (طاری) ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے o

We said: 'Leave it (Paradise and settle in the earth), all of you. Then if there comes to you guidance from Me, whoever will follow My guidance, neither shall any fear (obsess) them, nor shall they grieve.

مَن كَانَ عَدُوّاً لِّلّهِ وَمَلآئِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكَالَ فَإِنَّ اللّهَ عَدُوٌّ لِّلْكَافِرِيْنَ (98)

ترجمہ: جو شخص اللہ کا اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں کا اور جبریل اور میکائیل کا دشمن ہوا تو یقیناً اللہ (بھی ان) کافروں کا دشمن ہےo

He who is an enemy to Allah, His angels, His Messengers and Gabriel and Michael, verily Allah (too) is an enemy to (these) disbelievers.'

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللّهِ مِن وَلِيٍّ وَلاَ نَصِيرٍ (107)

ترجمہ: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے، اور اللہ کے سوا نہ تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ ہی مددگارo

Do you not know that the sovereignty of the heavens and the earth belongs to Allah alone, and that you have neither any friend nor any helper aside from Allah?

بَلَى مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهُ أَجْرُهُ عِندَ رَبِّهِ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ (112)

ترجمہ: ہاں، جس نے اپنا چہرہ اللہ کے لیے جھکا دیا (یعنی خود کو اللہ کے سپرد کر دیا) اور وہ صاحبِ اِحسان ہو گیا تو اس کے لیے اس کا اجر اس کے رب کے ہاں ہے اور ایسے لوگوں پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گےo

Yes, of course, he who submits his face to Allah (i.e., consigns himself to Allah) and becomes a man of excellence in piety will find his reward with his Lord. Such people will neither fear anything nor grieve.

وَلِلّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّواْ فَثَمَّ وَجْهُ اللّهِ إِنَّ اللّهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (115)

ترجمہ: اور مشرق و مغرب (سب) اللہ ہی کا ہے، پس تم جدھر بھی رخ کرو ادھر ہی اللہ کی توجہ ہے (یعنی ہر سمت ہی اللہ کی ذات جلوہ گر ہے)، بے شک اللہ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہےo

And the east and the west (all) belong to Allah alone. So whichever direction you turn to, there is the presence of Allah (i.e., the essence of Allah is radiantly manifest in all directions). Surely, Allah is Infinite, All-Knowing.

وَقَالُواْ اتَّخَذَ اللّهُ وَلَداً سُبْحَانَهُ بَل لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ كُلٌّ لَّهُ قَانِتُونَ (116)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: اللہ نے اپنے لیے اولاد بنائی ہے، حالاں کہ وہ (اس سے) پاک ہے، بلکہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اسی کی (خَلق اور مِلک) ہے، (اور) سب کے سب اس کے فرماں بردار ہیںo

And they say: 'Allah has begotten a son for Himself,' whilst He is Holy and Transcendent, far above (this). Rather (all) that is in the heavens and in the earth is His (creation and belonging) and all are subservient to Him.

بَدِيْعُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَإِذَا قَضَى أَمْراً فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ (117)

ترجمہ: وہی آسمانوں اور زمین کو وجود میں لانے والا ہے، اور جب کسی چیز (کے ایجاد) کا فیصلہ فرما لیتا ہے تو پھر اس کو صرف یہی فرماتا ہے کہ 'تو ہو جا' پس وہ ہو جاتی ہےo

He is the One Who has originated the heavens and the earth, and when He wills to (originate) a thing, He only says to it: 'Be,' and it becomes.

وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُواْ الْخَيْرَاتِ أَيْنَ مَا تَكُونُواْ يَأْتِ بِكُمُ اللّهُ جَمِيعاً إِنَّ اللّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (148)

ترجمہ: اور ہر ایک کے لیے توجہ کی ایک سمت (مقرر) ہے وہ اسی کی طرف رُخ کرتا ہے پس تم نیکیوں کی طرف پیش قدمی کیا کرو، تم جہاں کہیں بھی ہو گے اللہ تم سب کو جمع کر لے گا، بے شک اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہےo

And there is for everyone a (fixed) direction (i.e., motive); he turns to the same. So, move forward to take the lead towards the pious acts. Wherever you are, Allah will unite you all together. Surely, Allah has absolute control over everything.

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِن رَّبِّكَ وَمَا اللّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (149)

ترجمہ: اور تم جدھر سے بھی (سفر پر) نکلو اپنا چہرہ (نماز کے وقت) مسجدِ حرام کی طرف پھیر لو، اور یہی تمہارے رب کی طرف سے حق ہے، اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہےo

And from wherever you move (on a journey), turn your face towards the Sacred Mosque (at the time of Prayer). And this indeed is the truth from your Lord, and Allah is not unaware of your doings.

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُواْ لِي وَلاَ تَكْفُرُونِ (152)

ترجمہ: سو تم مجھے یاد کیا کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر ادا کیا کرو اور میری ناشکری نہ کیا کرو ہےo

So remember Me, I shall remember you. And always be thankful to Me and never be ungrateful to Me.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اسْتَعِينُواْ بِالصَّبْرِ وَالصَّلاَةِ إِنَّ اللّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ (153)

ترجمہ: اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ذریعے (مجھ سے) مدد چاہا کرو، یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ (ہوتا) ہےo

O believers! Always seek help (from Me) through patience and Prayer. Certainly, Allah is (always) with those who observe patience.

إِلاَّ الَّذِينَ تَابُواْ وَأَصْلَحُواْ وَبَيَّنُواْ فَأُوْلَـئِكَ أَتُوبُ عَلَيْهِمْ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيمُ (160)

ترجمہ: مگر جو لوگ توبہ کر لیں اور (اپنی) اصلاح کر لیں اور (حق کو) ظاہر کر دیں تو میں (بھی) انہیں معاف فرما دوں گا، اور میں بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہوںo

But those who repent, mend (their) ways and make known (the truth), so I (too) shall forgive them. And I am Most Relenting, Ever-Merciful.

وَإِلَـهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ لَّا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ (163)

ترجمہ: اور تمہارا معبود خدائے واحد ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں (وہ) نہایت مہربان بہت رحم فرمانے والا ہےo

And your God is One God. There is no God but He, the Most Kind, the Ever-Merciful.

إِنَّ فِـيْ خَـلْـقِ السَّـمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَاخْتِلاَفِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنفَعُ النَّاسَ وَمَا أَنزَلَ اللّـهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن مَّاء فَأَحْيَا بِهِ الأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِن كُلِّ دَآبَّةٍ وَتَصْرِيْفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخِّرِ بَيْنَ السَّمَاء وَالأَرْضِ لآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (164)

ترجمہ: بے شک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور رات دن کی گردش میں اور ان جہازوں (اور کشتیوں) میں جو سمندر میں لوگوں کو نفع پہنچانے والی چیزیں اٹھا کر چلتی ہیں اور اس (بارش) کے پانی میں جسے اللہ آسمان کی طرف سے اتارتا ہے پھر اس کے ذریعے زمین کو مُردہ ہو جانے کے بعد زندہ کرتا ہے (وہ زمین) جس میں اس نے ہر قسم کے جانور پھیلا دیے ہیں اور ہواؤں کے رُخ بدلنے میں اور اس بادل میں جو آسمان اور زمین کے درمیان (حکمِ الٰہی کا) پابند (ہو کر چلتا) ہے (ان میں) عقلمندوں کے لیے (قدرتِ الٰہی کی بہت سی) نشانیاں ہیں o

Verily, in the creation of the heavens and the earth, and in the alternation of the night and the day, and in the ships (and vessels) which sail through the ocean carrying cargo profitable for the people, and in the (rain)water which Allah pours down from the sky, reviving therewith the earth to life after its death, and (the earth) in which He has scattered animals of all kinds, and in the changing wind directions, and in the clouds (that trail) between the sky and the earth, duty-bound (under Allah's command)-certainly (in these) are (many) signs of Allah's Power) for those who put their reason to work.

وَمِـنَ الـنَّـاسِ مَن يَتَّخِذُ مِن دُونِ اللّهِ أَندَاداً يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ أَشَدُّ حُبّاً لِّلّهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُواْ إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلّهِ جَمِيْعاً وَأَنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ (165)

ترجمہ: اور لوگوں میں بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ کے غیروں کو اللہ کا شریک ٹھہراتے ہیں اور ان سے ''اللہ سے محبت'' جیسی محبت کرتے ہیں، اور جو لوگ ایمان والے ہیں وہ (ہر ایک سے بڑھ کر) اللہ سے بہت ہی زیادہ محبت کرتے ہیں، اور اگر یہ ظالم لوگ اس وقت کو دیکھ لیں جب (اُخروی) عذاب ان کی آنکھوں کے سامنے ہوگا (تو جان لیں) کہ ساری قوتوں کا مالک اللہ ہے اور بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And there are some amongst the people who take others besides Allah as His partners and love them as it is Allah's due alone. But those who believe love Allah the most (far more intensely than anyone else). And if these wrongdoers happen to see that time when the torment (of the Last Day) will be before their eyes (then they will become aware) that the Master of all the forces is Allah. And certainly Allah is severe in punishment

إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُواْ مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُواْ وَرَأَوُاْ الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الأَسْبَابُ (166)

ترجمہ: (اور) جب وہ (پیشوایانِ کفر) جن کی پیروی کی گئی اپنے پیروکاروں سے بے زار ہوں گے اور (وہ سب اللہ کا) عذاب

دیکھ لیں گے اور سارے اسباب ان سے منقطع ہو جائیں گےo

And when those (leaders of the disbelievers) who were followed would be disgusted with their followers and (they all) would see (Allah's) torment and all their means and resources would be cut off,

وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّأَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّؤُوْا مِنَّا كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ أَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَيْهِمْ وَمَا هُم بِخَارِجِيْنَ مِنَ النَّارِ (167)

ترجمہ: اور (یہ بےزاری دیکھ کر مشرک) پیروکار کہیں گے: کاش! ہمیں (دنیا میں جانے کا) ایک موقع مل جائے تو ہم (بھی) ان سے بےزاری ظاہر کر دیں جیسے انہوں نے (آج) ہم سے بےزاری ظاہر کی ہے، یوں اللہ انہیں ان کے اپنے اعمال انہی پر حسرت بنا کر دکھائے گا، اور وہ (کسی صورت بھی) دوزخ سے نکلنے نہ پائیں گےo

And, (seeing this disgust, the polytheist) followers will say: 'Would that we could get a chance (to return to the world), then we (too) would turn our backs on them as they have done to us (Today)!' In this way Allah will show them their own deeds as remorse and regret. And (no way) shall they be able to escape from Hell.

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَإِنِّيْ قَرِيْبٌ أُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ (186)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) جب میرے بندے آپ سے میری نسبت سوال کریں تو (بتا دیا کریں کہ) میں نزدیک ہوں، میں پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب بھی وہ مجھے پکارتا ہے، پس انہیں چاہئے کہ میری فرمانبرداری اختیار کریں اور مجھ پر پختہ یقین رکھیں تاکہ وہ راہِ (مراد) پا جائیںo

And, (O Beloved,) when My servants ask you about Me, (tell them:) 'I am near. I reply the call of the supplicant whenever he calls Me out. So they should embrace My obedience and have (firm) faith in Me so that they may find the (coveted) road (leading straight to the destination).'

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ رَؤُوفٌ بِالْعِبَادِ (207)

ترجمہ: اور (اس کے برعکس) لوگوں میں کوئی شخص ایسا بھی ہوتا ہے جو اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنی جان بھی بیچ ڈالتا ہے، اور اللہ بندوں پر بڑی مہربانی فرمانے والا ہےo

And (on the contrary) amongst people there is also someone who sells even his life to attain the pleasure of Allah. And Allah is Most Kind to the servants.

فَإِن زَلَلْتُم مِّن بَعْدِ مَا جَاءتْكُمُ الْبَيِّنَاتُ فَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ 209)

ترجمہ: پس اگر تم اس کے بعد بھی لغزش کرو جب کہ تمہارے پاس واضح نشانیاں آ چکیں تو جان لو کہ اللہ بہت غالب بڑی حکمت والا ہےo

And if you err even after Our clear signs have come to you, then bear in mind that Allah is All-Mighty, All-Wise.

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن يَأْتِيَهُمُ اللّهُ فِي ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلآئِكَةُ وَقُضِيَ الأَمْرُ وَإِلَى اللّهِ تُرْجَعُ الأُمُورُ (210)

ترجمہ: کیا وہ اسی بات کے منتظر ہیں کہ بادل کے سائبانوں میں اللہ (کا عذاب) آجائے اور فرشتے بھی (نیچے اتر آئیں) اور (سارا) قصہ تمام ہو جائے، تو سارے کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گےo

Are they waiting only for (the torment of) Allah to come in the coverings of clouds, and also the angels (to descend), and the (whole) affair is settled? And to Allah will all matters be returned.

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللّهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ وَأَنزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُواْ فِيهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيهِ إِلَّا الَّذِينَ أُوتُوهُ مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ بَغْيَاً بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّهُ الَّذِينَ آمَنُواْ لِمَا اخْتَلَفُواْ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهِ وَاللّهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (213)

ترجمہ: (ابتداء میں) سب لوگ ایک ہی دین پر جمع تھے، (پھر جب ان میں اختلافات رونما ہو گئے) تو اللہ نے بشارت دینے والے اور ڈر سنانے والے پیغمبروں کو بھیجا، اور ان کے ساتھ حق پر مبنی کتاب اتاری تاکہ وہ لوگوں میں ان امور کا فیصلہ کر دے جن میں وہ اختلاف کرنے لگے تھے اور اس میں اختلاف بھی فقط انہی لوگوں نے کیا جنہیں وہ کتاب دی گئی تھی، باوجود اس کے کہ ان کے پاس واضح نشانیاں آچکی تھیں، (اور انہوں نے یہ اختلاف بھی) محض باہمی بغض وحسد کے باعث (کیا) پھر اللہ نے ایمان والوں کو اپنے حکم سے وہ حق کی بات سمجھا دی جس میں وہ اختلاف کرتے تھے، اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت فرما دیتا ہےo

(In the beginning) all the people agreed upon the same Din (Religion. And later, when differences emerged amongst them,) Allah sent His Messengers as Bearers of good news and Warners and sent down with them the Book based on truth, so that it might judge those matters amongst the people in which they had developed differences. Then, only those very people whom the Book was given differed about it, despite the fact that the clear signs had come to them. (And they differed also) because of mere jealousy and malice amongst themselves. Then Allah, by His command, made the believers understand that matter of truth about which they had differed. And Allah guides whom He pleases to the straight road.

اللّهُ لَا إِلَـهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَن ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِندَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاء وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَؤُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ (255)

ترجمہ: اللہ، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے (سارے عالم کو اپنی تدبیر سے) قائم رکھنے والا ہے، نہ اس کو اُونگھ آتی ہے اور نہ نیند جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کا ہے، کون ایسا شخص ہے جو اس کے حضور اس کے اِذن کے بغیر سفارش کر سکے، جو کچھ مخلوقات کے سامنے (ہو رہا ہے یا ہو چکا) ہے اور جو کچھ ان کے بعد (ہونے والا) ہے (وہ) سب جانتا ہے، اور وہ اس کی معلومات میں سے کسی چیز کا بھی احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر وہ چاہے، اس کی کرسی (سلطنت

وقدرت) تمام آسمانوں اور زمین کو محیط ہے، اور اس پر ان دونوں (یعنی زمین و آسمان) کی حفاظت ہرگز دشوار نہیں، وہی سب سے بلند رتبہ بڑی عظمت والا ہےO

Allah! None is worthy of worship but He, the Ever-Living, the Self-Subsisting, the One Who sustains and protects (the entire universe with His strategy). He is seized by neither slumber nor sleep. Whatever is in the heavens and whatever is in the earth belongs to Him alone. Who can dare intercede with Him except by His permission? (He) knows all that is (happening or has happened) before the Creation, and all that is (about to happen) after them; and they cannot encompass anything of His knowledge except that which He wills. His Throne (of Empire and Power and Authority) encompasses the heavens and the earth, and the protection of both (the earth and the heavens) does not pose Him any difficulty. And He alone is Most High, Most Great.

لَآ إِكْـرَاهَ فِـىْ الـدِّيْـنِ قَـد تَّبَيَّـنَ الـرُّشْـدُ مِنَ الْغَىِّ فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىَ لَا انفِصَامَ لَهَا وَاللّهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (256)

ترجمہ: دین میں کوئی زبردستی نہیں، بے شک ہدایت گمراہی سے واضح طور پر ممتاز ہو چکی ہے، سو جو کوئی معبودانِ باطلہ کا انکار کر دے اور اللہ پر ایمان لے آئے تو اس نے ایک ایسا مضبوط حلقہ تھام لیا جس کے لیے ٹوٹنا (ممکن) نہیں، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےO

There is no compulsion in Din (Religion). Surely, the guidance has been evidently distinguished from error. So he who rejects false gods and believes in Allah has grasped such a firm handhold that will never (possibly) give way. And Allah is All-Hearing, All-Knowing.

لِّلَّـهِ مـا فِـىْ السَّـمَـاوَاتِ وَمَـا فِـىْ الْأَرْضِ وَإِن تُبْـدُواْ مَا فِىْ أَنفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُم بِهِ اللّهُ فَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ (284)

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے سب اللہ کے لیے ہے، وہ باتیں جو تمہارے دلوں میں ہیں خواہ انہیں ظاہر کرو یا انہیں چھپاؤ اللہ تم سے اس کا حساب لے گا، پھر جسے وہ چاہے گا بخش دے گا اور جسے چاہے گا عذاب دے گا، اور اللہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہےO

Whatever exists in the heavens and the earth belongs to Allah. Whether you reveal or conceal the secrets of your heart, Allah will call you to account for that. Then Allah shall forgive whom He wills and torment whom He wills. And Allah has Absolute Power over everything.

لَا يُـكَلِّفُ اللّهُ نَفْساً إِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِن نَّسِيْنَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَـلَيْـنَـا إِصْـراً كَـمَـا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِيْنَ مِن قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنتَ مَوْلَانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ (286)

ترجمہ: اللہ کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہیں دیتا، اس نے جو نیکی کمائی اس کے لیے اس کا اجر ہے اور اس نے جو گناہ کمایا اس پر اس کا عذاب ہے، اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا خطا کر بیٹھیں تو ہماری گرفت نہ فرما، اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر اتنا (بھی) بوجھ نہ ڈال جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر اتنا بوجھ (بھی) نہ ڈال جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں، اور ہمارے (گناہوں) سے درگزر فرما، اور ہمیں بخش دے، اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا کارساز ہے پس ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما○

Allah does not put under stress any soul more than its endurance. There is a reward for whatever good it has earned, and there is torment for whatever evil it has perpetrated. 'O our Lord, do not take us to task if we forget or do some mistake. O our Lord, lay not on us such a (heavy) burden as You laid on those before us. O our Lord, put not on us (also) the burden that we have not the strength to bear, and overlook (our sins), and forgive us and have mercy on us. You alone are our Master and Helper. So grant us victory over the disbelievers.'

سورۃ العمران:

اللّٰهُ لا إِلَـهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ (2)

ترجمہ: اللہ، اس کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں (وہ) ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے (سارے عالم کو اپنی تدبیر سے) قائم رکھنے والا ہے○

Allah! None is worthy of worship but He, the Ever-Living, Self-Subsisting and Sustainer (of the entire universe with His Strategy).

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفَى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ (5)

ترجمہ: یقیناً اللہ پر زمین اور آسمان کی کوئی بھی چیز مخفی نہیں○

Surely, nothing is hidden from Allah in the earth or in the heaven.

هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ لَا إِلَـهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (6)

ترجمہ: وہی ہے جو (ماؤں کے) رحموں میں تمہاری صورتیں جس طرح چاہتا ہے بناتا ہے، اس کے سوا کوئی لائقِ پرستش نہیں (وہ) بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے○

He is the One Who shapes your forms the way He wills in the wombs (of mothers). None is worthy of worship but He. He is Almighty, All-Wise.

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ (8)

ترجمہ: (اور عرض کرتے ہیں:) اے ہمارے رب! ہمارے دلوں میں کجی پیدا نہ کر اس کے بعد کہ تو نے ہمیں ہدایت سے سرفراز فرمایا ہے اور ہمیں خاص اپنی طرف سے رحمت عطا فرما، بے شک تو ہی بہت عطا فرمانے والا ہے○

(And they submit:) 'O our Lord, let not our hearts deviate after You have honoured us with guidance, and grant us mercy especially from Your presence.

Truly, You alone are the Great Bestower.

شَهِدَ اللّٰهُ أَنَّهُ لَا إِلَـهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَأُوْلُواْ الْعِلْمِ قَآئِمَاً بِالْقِسْطِ لَا إِلَـهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (18)

ترجمہ: اللہ نے اس بات پر گواہی دی کہ اس کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں اور فرشتوں نے اور علم والوں نے بھی (اور ساتھ یہ بھی) کہ وہ ہر تدبیر عدل کے ساتھ فرمانے والا ہے، اس کے سوا کوئی لائقِ پرستش نہیں وہی غالب حکمت والا ہےo

Allah bears witness that none is worthy of worship apart from Him; and the angels and those who possess knowledge also bear testimony to it (as well as the fact) that He designs and executes every plan with justice. None is worthy of worship but He. He is Almighty, All-Wise.

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِيْ الْمُلْكَ مَن تَشَاء وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاء وَتُعِزُّ مَن تَشَاء وَتُذِلُّ مَن تَشَاء بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىَ كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ (26)

ترجمہ: (اے حبیب! یوں) عرض کیجئے: اے اللہ، سلطنت کے مالک! تُو جسے چاہے سلطنت عطا فرما دے اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے اور تُو جسے چاہے عزت عطا فرما دے اور جسے چاہے ذلّت دے، ساری بھلائی تیرے ہی دستِ قدرت میں ہے، بے شک تُو ہر چیز پر بڑی قدرت والا ہےo

(O My Beloved!) Submit (like this): 'O Allah, Lord of sovereignty! You bestow sovereignty on whom You will, and You take away sovereignty from whom You will. You confer honour on whom You will, and You dishonour whom You will. All good is in Your Mighty Hand. Surely, You have absolute authority and control over everything.

تُولِجُ اللَّيْلَ فِيْ النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِيْ اللَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيَّتَ مِنَ الْحَىِّ وَتَرْزُقُ مَن تَشَاء بِغَيْرِ حِسَابٍ (27)

ترجمہ: تو ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور تُو ہی زندہ کو مُردہ سے نکالتا ہے اور مُردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے (اپنی نوازشات سے) بہرہ اندوز کرتا ہےo

You make the night enter into the day, and You make the day enter into the night; and You bring the living out of the dead, and You bring the dead out of the living; and You bless (with Your bounties) without measure whom You wish.'

قُلْ إِن تُخْفُواْ مَا فِيْ صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ وَيَعْلَمُ مَا فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَا فِيْ الأَرْضِ وَاللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ(29)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ جو تمہارے سینوں میں ہے خواہ تم اسے چھپاؤ یا اسے ظاہر کر دو اللہ اسے جانتا ہے، اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ خوب جانتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

Say: 'Whether you hide what is in your breasts or make it known, Allah knows it, and He thoroughly knows what is in the heavens and what is in the earth. And Allah has mighty control over everything.'

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (74)

ترجمہ: وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص فرمالیتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے o

He specifies His mercy for whom He wills and Allah is the Lord of Infinite Bounty.'

أَفَغَيْرَ دِينِ اللّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ طَوْعاً وَكَرْهاً وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ(83)

ترجمہ: کیا یہ اللہ کے دین کے سوا کوئی اور دین چاہتے ہیں اور جو کوئی بھی آسمانوں اور زمین میں ہے اس نے خوشی سے یا لاچاری سے (بہرحال) اسی کی فرمانبرداری اختیار کی ہے اور سب اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے o

Do they seek some din (religion) other than Allah's? And whoever is in the heavens and the earth has embraced His obedience (whether) by choice or by constraint, and to Him shall they all be returned.

وَلِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَإِلَى اللّهِ تُرْجَعُ الأُمُورُ (109)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور سب کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے o

And whatever exists in the heavens and the earth belongs to Allah alone. And to Allah will all matters be returned.

وَلِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ(129)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے۔ وہ جسے چاہے بخش دے جسے چاہے عذاب دے، اور اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہے o

Whatever is in the heavens and whatever is in the earth belongs to Allah alone. He forgives whom He wills and punishes whom He wills and Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَسَارِعُواْ إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ (133)

ترجمہ: اور اپنے رب کی بخشش اور اس جنت کی طرف تیزی سے بڑھو جس کی وسعت میں سب آسمان اور زمین آجاتے ہیں، جو پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہے o

And advance fast towards forgiveness from your Lord and Paradise whose vastness encompasses the heavens and the earth (and) which has been prepared for the pious.

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَنْ تَمُوتَ إِلاَّ بِإِذْنِ الله كِتَاباً مُّؤَجَّلاً وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَن يُرِدْ ثَوَابَ الآخِرَةِ نُؤْتِهِ مِنْهَا وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ(145)

ترجمہ: اور کوئی شخص اللہ کے حکم کے بغیر نہیں مرسکتا (اس کا) وقت لکھا ہوا ہے، اور جو شخص دنیا کا انعام چاہتا ہے ہم اسے اس میں سے دے دیتے ہیں، اور جو آخرت کا انعام چاہتا ہے ہم اسے اس میں سے دے دیتے ہیں، اور ہم عنقریب شکرگزاروں کو (خوب) صلہ دیں گے o

And no one can die without Allah's command. (His) term has been fixed in

writing. And whoever desires the reward of this world, We give him of that; and whoever longs for the reward of the Hereafter, We give him of that; and soon shall We pay reward (affluently) to those who pay thanks.

بَلِ اللّٰهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ (150)

ترجمہ: بلکہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے اور وہ سب سے بہتر مدد فرمانے والا ہےo

Nay, Allah is your Mawla (Helper and Guardian) and He is the best of helpers.

أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَن بَاءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (162)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو اللہ کی مرضی کے تابع ہو گیا اس شخص کی طرح کیسے ہو سکتا ہے جو اللہ کے غضب کا سزاوار ہوا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ بہت ہی بری جگہ ہےo

How can a person who has subjected himself to the will of Allah be like the one who has earned Allah's wrath? And Hell is his abode, and that is an extremely evil dwelling.

هُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ اللّٰهِ واللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ (163)

ترجمہ: اللہ کے حضور ان کے مختلف درجات ہیں، اور اللہ ان کے اعمال کو خوب دیکھتا ہےo

They have varying grades in the sight of Allah and Allah thoroughly observes their acts.

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللّٰهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ(189)

ترجمہ: اور سب آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے (سو تم اپنا دھیان اور توکّل اسی پر رکھو)o

The sovereignty of all the heavens and the earth belongs to Allah alone and Allah has perfect control over everything. (So focus your attention on and trust in Him alone.)

رَبَّنَا إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ وَمَا لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ أَنصَارٍ(192)

ترجمہ: اے ہمارے رب! بے شک تو جسے دوزخ میں ڈال دے تو تُو نے اسے واقعتاً رسوا کر دیا، اور ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہےo

O our Lord! Indeed, whomever You admit to Hell, You have surely humiliated him, and the wrongdoers do not have any supporters.

رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِيْ لِلإِيْمَانِ أَنْ آمِنُواْ بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الأَبْرَارِ (193)

ترجمہ: اے ہمارے رب! (ہم تجھے بھولے ہوئے تھے) سو ہم نے ایک ندا دینے والے کو سنا جو ایمان کی ندا دے رہا تھا کہ (لوگو!) اپنے رب پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے رب! اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری خطاؤں کو ہمارے

(نوشت ؟اعمال) سے محو فرما دے اور ہمیں نیک لوگوں کی سنگت میں موت دےo

O our Lord! (We were oblivious of You,) then we heard a Caller, calling towards faith: '(O people,) believe in your Lord.' So we embraced faith. O our Lord, now forgive our sins and erase our blunders (from the record of our works) and make us die in the company of the pious.

رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَى رُسُلِكَ وَلاَ تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لاَ تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ(194)

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور ہمیں وہ سب کچھ عطا فرما جس کا تو نے ہم سے اپنے رسولوں کے ذریعے وعدہ فرمایا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر، بے شک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتاo

O our Lord! Grant us all that You have promised us through Your Messengers, and do not humiliate us on the Day of Resurrection. Surely, You do not go against Your promise.

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لاَ أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَى بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُواْ وَأُخْرِجُواْ مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُواْ فِي سَبِيْلِي وَقَاتَلُواْ وَقُتِلُواْ لأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ ثَوَاباً مِّن عِندِ اللّهِ وَاللّهُ عِندَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ (195)

ترجمہ: پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمالی (اور فرمایا:) یقیناً میں تم میں سے کسی محنت والے کی مزدوری ضائع نہیں کرتا خواہ مرد ہو یا عورت، تم سب ایک دوسرے میں سے (ہی) ہو، پس جن لوگوں نے (اللہ کے لیے) وطن چھوڑ دیے اور (اسی کے باعث) اپنے گھروں سے نکال دیے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے اور (میری خاطر) لڑے اور مارے گئے تو میں ضرور ان کے گناہ ان (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دوں گا اور انہیں یقیناً ان جنتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہ اللہ کے حضور سے اجر ہے، اور اللہ ہی کے پاس (اس سے بھی) بہتر اجر ہےo

Then their Lord accorded approval to their supplication (and said:) 'Certainly, I do not waste the wages of any labourer, whether man or woman; you all are from one another. So those who have emigrated (for the cause of Allah) and have been driven out of their dwellings (for Him alone) and have been offended in My way and fought for My sake and were slain, I shall verily erase their sins from their record of works, and admit them to the Gardens beneath which rivers flow. This is the reward from Allah, and (even) better reward (than this) lies with Allah alone.

النساء:

وَاللَّذَانَ يَأْتِيَانِهَا مِنكُمْ فَآذُوهُمَا فَإِن تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُواْ عَنْهُمَا إِنَّ اللّهَ كَانَ تَوَّاباً رَّحِيماً (16)

ترجمہ: اور تم میں سے جو بھی کوئی بدکاری کا ارتکاب کریں تو ان دونوں کو ایذا پہنچاؤ، پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور (اپنی) اصلاح کر لیں تو انہیں سزا دینے سے گریز کرو، بے شک اللہ بڑا توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہےo

And the two persons who commit adultery from amongst you, punish them

both. Then, if they repent and mend (their) ways, refrain from punishing them. Indeed, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُونَ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِن قَرِيْبٍ فَأُوْلَـئِكَ يَتُوبُ اللّهُ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللّهُ عَلِيْماً حَكِيْماً (17)

ترجمہ: اللہ نے صرف انہی لوگوں کی توبہ قبول کرنے کا وعدہ فرمایا ہے جو نادانی کے باعث برائی کر بیٹھیں پھر جلد ہی توبہ کر لیں پس اللہ ایسے لوگوں پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرمائے گا، اور اللہ بڑے علم بڑی حکمت والا ہےo

Allah has only promised to accept the repentance of those who commit evil deeds due to ignorance and then repent soon after. So Allah will turn to such people with His mercy and Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَلاَ تَتَمَنَّوْاْ مَا فَضَّلَ اللّهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ لِّلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُواْ وَلِلنِّسَاء نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ وَاسْأَلُواْ اللّهَ مِن فَضْلِهِ إِنَّ اللّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْماً (32)

ترجمہ: اور تم اس چیز کی تمنا نہ کیا کرو جس میں اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے، مردوں کے لیے اس میں سے حصہ ہے جو انہوں نے کمایا، اور عورتوں کے لیے اس میں سے حصہ ہے جو انہوں نے کمایا، اور اللہ سے اس کا فضل مانگا کرو، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

And do not long for the thing in which Allah has made some of you superior to others. Men will have a share of what they earn, and women will have a share of what they earn, and keep begging Allah for His bounty. Surely, Allah knows best everything.

إِنَّ اللّهَ لاَ يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَإِن تَكُ حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِن لَّدُنْهُ أَجْراً عَظِيْماً (40)

ترجمہ: بے شک اللہ ذرّہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا، اور اگر کوئی نیکی ہو تو اسے دوگنا کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے بڑا اجر عطا فرماتا ہےo

Surely, Allah does not do (even) an iota of injustice, and if there is a good work, He doubles it and grants from His presence an immense reward.

وَاللّهُ أَعْلَمُ بِأَعْدَائِكُمْ وَكَفَى بِاللّهِ وَلِيّاً وَكَفَى بِاللّهِ نَصِيْراً (45)

ترجمہ: اور اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے، اور اللہ (بطور) کارساز کافی ہے اور اللہ (بطور) مددگار کافی ہےo

And Allah knows best your enemies and Allah is Sufficient (as) a Protector and Allah is Sufficient (as) a Helper.

إِنَّ اللّهَ لاَ يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَن يَشَاءُ وَمَن يُشْرِكْ بِاللّهِ فَقَدِ افْتَرَى إِثْماً عَظِيْماً (48)

ترجمہ: بے شک اللہ اِس بات کو نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ شرک کیا جائے اور اس سے کم تر (جو گناہ بھی ہو) جس کے لیے چاہتا ہے بخش دیتا ہے، اور جس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا اس نے واقعتاً زبردست گناہ کا بہتان باندھاo

Surely, Allah does not forgive setting up of partners with Him, and He forgives (any other sin) lesser in degree for whom He wills. And whoever sets up partners with Allah certainly fabricates a horrible sin.

إِنَّ اللّهَ يَأْمُرُكُمْ أَن تُؤدُّواْ الأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا وَإِذَا حَكَمْتُم بَيْنَ النَّاسِ أَن تَحْكُمُواْ بِالْعَدْلِ إِنَّ اللّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِ إِنَّ اللّهَ كَانَ سَمِيعاً بَصِيراً (58)

ترجمہ: بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں انہی لوگوں کے سپرد کرو جو ان کے اہل ہیں، اور جب تم لوگوں پر حکومت کرو تو عدل وانصاف کے ساتھ کیا کرو (یا: اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل وانصاف کے ساتھ فیصلہ کیا کرو)۔ بے شک اللہ تمہیں کیا ہی اچھی نصیحت فرماتا ہے، بے شک اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Surely, Allah commands you to render the trusts to those who are worthy of them; and when you rule over people, rule with justice (or: and when you judge matters amongst people, give judgment with justice). What an excellent advice Allah gives you! Surely, Allah is All-Hearing, All-Seeing.

وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ أَنِ اقْتُلُواْ أَنفُسَكُمْ أَوِ اخْرُجُواْ مِن دِيَارِكُم مَّا فَعَلُوهُ إِلاَّ قَلِيلٌ مِّنْهُمْ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُواْ مَا يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتاً (66)

ترجمہ: اور اگر ہم ان پر فرض کر دیتے کہ تم اپنے آپ کو قتل کر ڈالو یا اپنے گھروں کو چھوڑ کر نکل جاؤ تو ان میں سے بہت تھوڑے لوگ اس پر عمل کرتے، اور انہیں جو نصیحت کی جاتی ہے اگر وہ اس پر عمل پیرا ہو جاتے تو یہ ان کے حق میں بہتر ہوتا اور (ایمان پر) بہت زیادہ ثابت قدم رکھنے والا ہوتاo

If We had prescribed for them: 'Kill yourselves, or leave your homes and go away,' only a few of them would have acted upon it. If they had abided by what they were advised to do, that would have been in their favour, enabling them to tenaciously hold fast (to the Faith).

وَإِذاً لَّآتَيْنَاهُم مِّن لَّدُنَّا أَجْراً عَظِيماً (67)

ترجمہ: اور اس وقت ہم بھی انہیں اپنے حضور سے عظیم اجر عطا فرماتےo

And then We too would have bestowed upon them a great reward from Our presence.

وَلَهَدَيْنَاهُمْ صِرَاطاً مُّسْتَقِيماً (68)

ترجمہ: اور ہم انہیں واقعتاً سیدھی راہ پر لگا دیتےo

And We would have surely guided them to the straight path.

مَّن يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُن لَّهُ نَصِيبٌ مِّنْهَا وَمَن يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُن لَّهُ كِفْلٌ مِّنْهَا وَكَانَ اللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيتاً (85)

ترجمہ: جو شخص کوئی نیک سفارش کرے تو اس کے لیے اس (کے ثواب) سے حصہ (مقرر) ہے، اور جو کوئی بری سفارش کرے تو اس کے لیے اس (کے گناہ) سے حصہ (مقرر) ہے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہےo

Whoever makes a righteous intercession has a (fixed) share (in its reward), and he who makes an evil intercession has a (fixed) share (in its sin), and Allah has full control over everything.

وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّواْ بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيباً(86)

ترجمہ: اور جب (کسی لفظ) سلام کے ذریعے تمہاری تکریم کی جائے تو تم (جواب میں) اس سے بہتر (لفظ کے ساتھ) سلام پیش کیا کرو یا (کم از کم) وہی (الفاظ جواب میں) لوٹا دیا کرو، بے شک اللہ ہر چیز پر حساب لینے والا ہےo

And when you are honoured with (a word of) greeting, then (in reply) greet with a better (salutation) or (at least) reciprocate (in the same words). Surely, Allah takes account of everything.

اللّهُ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لاَ رَيْبَ فِيهِ وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّهِ حَدِيثاً (87)

ترجمہ: اللہ ہے (کہ) اس کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں۔ وہ تمہیں ضرور قیامت کے دن جمع کرے گا جس میں کوئی شک نہیں، اور اللہ سے بات میں زیادہ سچا کون ہےo

Allah is He besides Whom there is none worthy of worship. He shall certainly gather you on the Day of Resurrection about which there is no doubt. And who is more truthful in word than Allah?

يَسْتَخْفُونَ مِنَ النَّاسِ وَلاَ يَسْتَخْفُونَ مِنَ اللّهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا لاَ يَرْضَى مِنَ الْقَوْلِ وَكَانَ اللّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطاً (108)

ترجمہ: وہ لوگوں سے (شرماتے ہوئے اپنی دغابازی کو) چھپاتے ہیں اور اللہ سے نہیں شرماتے درآنحالیکہ وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے جب وہ رات کو (کسی) ایسی بات سے متعلق (چھپ کر) مشورہ کرتے ہیں جسے اللہ ناپسند فرماتا ہے، اور اللہ جو کچھ وہ کرتے ہیں (اسے) احاطہ کیے ہوئے ہےo

They hide (their deceitfulness) from people (feeling ashamed), but feel no shame before Allah, whilst He is with them when they hold consultations (secretly) at night about that matter which Allah disapproves. And Allah has encompassed whatever they do.

هَاأَنتُمْ هَـؤُلاء جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَمَن يُجَادِلُ اللّهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَم مَّن يَكُونُ عَلَيْهِمْ وَكِيلاً (109)

ترجمہ: خبردار! تم وہ لوگ ہو جو دنیا کی زندگی میں ان کی طرف سے جھگڑے۔ پھر کون ایسا شخص ہے جو قیامت کے دن (بھی) ان کی طرف سے اللہ کے ساتھ جھگڑے گا یا کون ہے جو (اس دن بھی) ان پر وکیل ہوگا؟o

Beware! You are those who pleaded on their behalf in the life of this world, but who will contend with Allah on their behalf (even) on the Day of Resurrection, or who will be their advocate (on that Day too)?

وَمَن يَعْمَلْ سُوءاً أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّهَ يَجِدِ اللّهَ غَفُوراً رَّحِيماً (110)

ترجمہ: اور جو کوئی برا کام کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش طلب کرے وہ اللہ کو بڑا بخشنے والا نہایت مہربان پائے گاo

And he who commits evil or wrongs his own soul and then seeks Allah's forgiveness will find Allah Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَمَن يَكْسِبْ إِثْماً فَإِنَّمَا يَكْسِبُهُ عَلَى نَفْسِهِ وَكَانَ اللّهُ عَلِيماً حَكِيماً (111)

ترجمہ: اور جو شخص کوئی گناہ کرے تو بس وہ اپنی ہی جان پر (اس کا وبال عائد) کر رہا ہے اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And whoever commits sin is only bringing (its consequent misery) to his own soul and Allah is All-Knowing, Most Wise.

لَّا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِّن نَّجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ ابْتِغَاء مَرْضَاتِ اللّهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْراً عَظِيماً (114)

ترجمہ: ان کے اکثر خفیہ مشوروں میں کوئی بھلائی نہیں سوائے اس شخص (کے مشورے) کے جو کسی خیرات کا یا نیک کام کا یا لوگوں میں صلح کرانے کا حکم دیتا ہے اور جو کوئی یہ کام اللہ کی رضا جوئی کے لیے کرے تو ہم اس کو عنقریب عظیم اجر عطا کریں گےo

There is no good in most of their secret consultations except (the counsel) of the person who enjoins charity or piety or peace-making amongst people. And whoever does this, seeking Allah's pleasure, We shall soon bless him with a mighty reward.

وَلِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَكَانَ اللّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطاً (126)

ترجمہ: اور (سب) اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر چیز کا احاطہ فرمائے ہوئے ہےo

And to Allah belongs all that is in the heavens and all that is in the earth and Allah has encompassed everything.

وَلِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ أَنِ اتَّقُواْ اللّهَ وَإِن تَكْفُرُواْ فَإِنَّ لِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَكَانَ اللّهُ غَنِيّاً حَمِيداً (131)

ترجمہ: اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور بے شک ہم نے ان لوگوں کو (بھی) جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی حکم دیا ہے اور تمہیں (بھی) کہ اللہ سے ڈرتے رہا کرو۔ اور اگر تم نافرمانی کرو گے تو بے شک (سب کچھ) اللہ ہی کا ہے جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے اور اللہ بے نیاز، ستودہ صفات ہےo

And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is in the earth. And no doubt We enjoined those (too) who were given the Book before you, and (have ordained) you (as well) to keep fearing Allah. But if you disobey, then assuredly whatever is in the heavens and whatever is in the earth (all) belongs to Allah, and Allah is Beyond all Needs,Ever-Praiseworthy.

وَلِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَكَفَى بِاللّهِ وَكِيلاً (132)

ترجمہ: اور اللہ ہی کا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے، اور اللہ کا کارساز ہونا کافی ہےo

And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is in the earth; and enough is Allah to be the Guardian.

إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ أَيُّهَا النَّاسُ وَيَأْتِ بِآخَرِينَ وَكَانَ اللّهُ عَلَى ذَلِكَ قَدِيراً (133)

ترجمہ: اے لوگو! اگر وہ چاہے تو تمہیں نابود کر دے اور (تمہاری جگہ) دوسروں کو لے آئے، اور اللہ اس پر بڑی قدرت والا ہےo

O people! If He wills, He may eliminate you and bring others (in your place) and Allah is All-Powerful to do this.

مَّن كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِندَ اللّهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَكَانَ اللّهُ سَمِيْعاً بَصِيْراً(134)

ترجمہ: جوکوئی دنیا کا انعام چاہتا ہے تو اللہ کے پاس دنیا و آخرت (دونوں) کا انعام ہے، اور اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےO

Whoever desires the reward of the world, then with Allah is the reward of (both) the world and the Hereafter and Allah is All-Hearing, All-Seeing.

مَّا يَفْعَلُ اللّهُ بِعَذَابِكُمْ إِن شَكَرْتُمْ وَآمَنتُمْ وَكَانَ اللّهُ شَاكِراً عَلِيْماً(147)

ترجمہ: اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا اگر تم شکرگزار بن جاؤ اور ایمان لے آؤ، اور اللہ (ہر حق کا) قدرشناس ہے (ہر عمل کا) خوب جاننے والا ہےO

Why should Allah torment you if you become grateful and believe? And Allah is Most Appreciative (of every truth), Well Aware (of every act).

لَّا يُحِبُّ اللّهُ الْجَهْرَ بِالسُّوَءِ مِنَ الْقَوْلِ إِلَّا مَن ظُلِمَ وَكَانَ اللّهُ سَمِيْعاً عَلِيْماً (148)

ترجمہ: اللہ کسی (کی) بری بات کا بآوازِ بلند (ظاہراً و علانیتاً) کہنا پسند نہیں فرماتا سوائے اس کے جس پر ظلم ہوا ہو (اسے ظالم کا ظلم آشکار کرنے کی اجازت ہے)، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےO

Allah does not like anyone's foul words being voiced loud (publicly and openly) except by one who has been a victim of oppression (he is allowed to expose the cruelty of the oppressor), and Allah is All-Hearing, All-Knowing.

إِن تُبْدُواْ خَيْراً أَوْ تُخْفُوهُ أَوْ تَعْفُواْ عَن سُوَءٍ فَإِنَّ اللّهَ كَانَ عَفُوّاً قَدِيْراً (149)

ترجمہ: اگر تم کسی کارِ خیر کو ظاہر کرو یا اسے مخفی رکھو یا کسی (کی) برائی سے درگزر کرو تو بے شک اللہ بڑا معاف فرمانے والا بڑی قدرت والا ہےO

Whether you make a good act known or keep it hidden or excuse some(one's) evil act, Allah is indeed Most Forgiving, All-Powerful.

سورۃ المائدہ:

لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ مِنَ اللّهِ شَيْئاً إِنْ أَرَادَ أَن يُهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَن فِي الأَرْضِ جَمِيْعاً وَلِلّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ(17)

ترجمہ: بے شک ان لوگوں نے کفر کیا جو کہتے ہیں کہ یقیناً اللہ مسیح ابن مریم ہی (تو) ہے، آپ فرما دیں: پھر کون (ایسا شخص) ہے جو اللہ (کی مشیت میں) سے کسی شے کا مالک ہو؟ اگر وہ اس بات کا ارادہ فرما لے کہ مسیح ابن مریم اور اس کی ماں اور سب زمین والوں کو ہلاک فرما دے گا (تو اس کے فیصلے کے خلاف انہیں کون بچا سکتا ہے؟) اور آسمانوں اور زمین اور جو (کائنات) ان دونوں کے درمیان ہے (سب) کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےO

They have indeed committed disbelief who say: 'Verily, Allah is (but) the Messiah, the son of Maryam (Mary).' Say: 'Who is then (the one) who can possess a bit (of the will) of Allah if He should so decide as to destroy Messiah, the son of Maryam, and his mother, and all that are on earth (who can save them against His will)?' And the sovereignty of the heavens, the earth and (the universe) that exists between them, (all) belongs to Allah alone. He creates what He wills and Allah has absolute power over everything.

وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى نَحْنُ أَبْنَاء اللّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم بَلْ أَنتُم بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَلِلّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ **(18)**

ترجمہ: اور یہود اور نصارٰی نے کہا: ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے محبوب ہیں۔ آپ فرما دیجیے: (اگر تمہاری بات درست ہے) تو وہ تمہارے گناہوں پر تمہیں عذاب کیوں دیتا ہے؟ بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) جن (مخلوقات) کو اللہ نے پیدا کیا ہے تم (بھی) ان (ہی) میں سے بشر ہو (یعنی دیگر طبقاتِ انسانی ہی کی مانند ہو)، وہ جسے چاہے بخشش سے نوازتا ہے اور جسے چاہے عذاب سے دوچار کرتا ہے، اور آسمانوں اور زمین اور وہ (کائنات) جو دونوں کے درمیان ہے (سب) کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے اور (ہر ایک کو) اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے o

And the Jews and the Christians say: 'We are the sons of Allah and His beloved ones.' Say: '(If your statement is correct) then why does He punish you for your sins?' Rather (the truth is that) from amongst all (the Creation) Allah has brought into being, you (too) are (but) human beings (i.e., just like other human species). He forgives whom He pleases and chastises whom He wills. And the sovereignty of the heavens, the earth and (the universe) that exists between them, (all) belongs to Allah alone and to Him (everyone) has to return.

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ **(40)**

ترجمہ: (اے انسان!) کیا تو نہیں جانتا کہ آسمانوں اور زمین کی (ساری) بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھتا ہے o

(O man!) Do you not know that (the absolute) sovereignty of the heavens and the earth belongs to Allah alone? He torments whom He wills and forgives whom He pleases and Allah has absolute power over everything.

مَا جَعَلَ اللّهُ مِن بَحِيرَةٍ وَلاَ سَآئِبَةٍ وَلاَ وَصِيلَةٍ وَلاَ حَامٍ وَلَـكِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ وَأَكْثَرُهُمْ لاَ يَعْقِلُونَ **(103)**

ترجمہ: اللہ نے نہ تو بحیرہ کو (اَمرِ شرعی) مقرر کیا ہے اور نہ سائبہ کو اور نہ وصیلہ کو اور نہ حام کو، لیکن کافر لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں، اور ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے o

Allah has not made (lawful in the Shariah a cattle dedicated to idols), such as a Bahira, a Sa'iba, a Wasila or a Ham. But the disbelievers fabricate lies against

Allah and most of them do not have sense.

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا فِيهِنَّ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ(120)

ترجمہ: تمام آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ ان میں ہے (سب کی) بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے، اور وہ ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

To Allah belongs the kingdom of all the heavens and the earth and whatever lies in them, and He wields full power over everything.

سورۃ الانعام:

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ بِرَبِّهِم يَعْدِلُونَ (1)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور تاریکیوں اور روشنی کو بنایا، پھر بھی کافر لوگ (معبودانِ باطلہ کو) اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں o

All praise belongs to Allah alone, Who created the heavens and the earth and produced darkness and light; yet the disbelievers set up (false gods as) equals to their Lord.

وَهُوَ اللّٰهُ فِيْ السَّمَاوَاتِ وَفِيْ الْأَرْضِ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ (3)

ترجمہ: اور آسمانوں میں اور زمین میں وہی اللہ ہی (معبودِ برحق) ہے، جو تمہاری پوشیدہ اور تمہاری ظاہر (سب باتوں) کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کمار ہے ہو وہ (اسے بھی) جانتا ہے o

And He alone is Allah (the True God to be worshipped) in the heavens and the earth Who knows (all) your hidden and your open (things). And He (also) knows that which you are earning.

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِيْ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (13)

ترجمہ: اور وہ (ساری مخلوق) جو رات میں اور دن میں آرام کرتی ہے، اسی کی ہے، اور وہ خوب سننے والا جاننے والا ہے o

And to Him belongs (all the creation) that reposes at night and during the day. And He is All-Hearing, All-Knowing.

قُلْ أَغَيْرَ اللّٰهِ أَتَّخِذُ وَلِيّاً فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ قُلْ إِنِّيَ أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (14)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا میں کسی دوسرے کو (عبادت کے لیے اپنا) دوست بنالوں (اس) اللہ کے سوا جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور (خود اسے) کھلایا نہیں جاتا۔ فرما دیں: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں (اس کے حضور) سب سے پہلا (سر جھکانے والا) مسلمان ہو جاؤں اور (یہ بھی فرما دیا گیا ہے کہ) تم مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہو جانا o

Say: 'Shall I take (for worship) anyone as (my) friend other than Allah, Who is the Creator of the heavens and the earth, and He feeds (all) and is not fed (Himself)?' Say: 'I have been commanded to become the first Muslim (who bows his head before His Holy presence), and (this too has been commanded) never to be one of the polytheists.'

وَإِن يَمْسَسْكَ اللّهُ بِضُرٍّ فَلاَ كَاشِفَ لَهُ إِلاَّ هُوَ وَإِن يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدُيْرٌ (17)

ترجمہ: اوراگراللہ تجھے کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا اسے کوئی دور کرنے والا نہیں، اوراگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر خوب قادر ہےo

And if Allah afflicts you with some suffering, there is none who can remove it but He, and if He bestows some good upon you, then He wields full power over everything.

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ(18)

ترجمہ: اوروہی اپنے بندوں پر غالب ہے، اوروہ بڑی حکمت والا خبردار ہےo

And He is the One Who is Dominant over His servants and He is All-Wise, All-Knowing.

وَكَذَلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لِّيَقُولواْ أَهَـؤُلاء مَنَّ اللّهُ عَلَيْهِم مِّن بَيْنِنَا أَلَيْسَ اللّهُ بِأَعْلَمَ بِالشَّاكِرِيْنَ (53)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم ان میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزماتے ہیں تاکہ وہ (دولت مند کافر غریب مسلمانوں کو دیکھ کر استہزاء یہ) کہیں: کیا ہم میں سے یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا ہے؟ کیا اللہ شکرگزاروں کو خوب جاننے والا نہیں ہےo

And in this way, We put to the test some of them by means of some others so that these (affluent disbelievers seeing the poor Muslims) say (mockingly): 'Are these the ones from amongst us upon whom Allah has bestowed His favours?' Does Allah not know best the grateful?

وَإِذَا جَاءكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلاَمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ أَنَّهُ مَن عَمِلَ مِنكُمْ سُوءاً بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِن بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (54)

ترجمہ: اورجب آپ کے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو آپ (ان سے شفقتاً) فرمائیں کہ تم پر سلام ہو تمہارے رب نے اپنی ذات (کے ذمّہ کرم) پر رحمت لازم کر لی ہے، سو تم میں سے جو شخص نادانی سے کوئی برائی کر بیٹھے پھر اس کے بعد توبہ کر لے اور (اپنی) اصلاح کر لے تو بے شک وہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

And when those who believe in Our Revelations come to you, then say (affectionately): 'Peace be upon you!' Your Lord has made mercy incumbent upon Himself (as a gracious obligation). So whoever from amongst you commits some evil out of ignorance (or suspension of discretion) but later turns to (Allah in) repentance and amends (himself), then surely He is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَكَذَلِكَ نفَصِّلُ الآيَاتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ (55)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم آیتوں کو تفصیلاً بیان کرتے ہیں اور (یہ) اس لیے کہ مجرموں کا راستہ (سب پر) ظاہر ہو جائےo

And so do We elucidate in detail the Revelations, (and this is) in order that the pattern of behaviour of the evildoers may become distinctly known (to all).

وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ(59)

ترجمہ: اورغیب کی کُنجیاں (یعنی وہ راستے جن سے غیب کسی پر آشکار کیا جاتا ہے) اسی کے پاس (اس کی قدرت وملکیت میں) ہیں، انہیں اس کے سوا (اَز خود) کوئی نہیں جانتا، اور وہ ہر اس چیز کو (بلاواسطہ) جانتا ہے جو خشکی میں اور دریاؤں میں ہے، اور کوئی پتّا نہیں گرتا مگر (یہ کہ) وہ اسے جانتا ہے اور نہ زمین کی تاریکیوں میں کوئی (ایسا) دانہ ہے اور نہ کوئی تر چیز ہے اور نہ کوئی خشک چیز مگر روشن کتاب میں (سب کچھ لکھ دیا گیا ہے)o

With Him (under His control and possession) are the keys of the unseen (i.e., the ways and means by which the unseen is disclosed to someone); no one (by one's own effort) knows them but He. And He knows (directly) whatever is in the land and in the sea. And not a leaf falls but He knows it. There is not a grain or dry but (has been in the folds of the earth's darkness, nor anything green recorded) in the enlightening Book.

وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَى أَجَلٌ مُّسَمًّى ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (60)

ترجمہ: اور وہی ہے جو رات کے وقت تمہاری روحیں قبض فرما لیتا ہے اور جو کچھ تم دن کے وقت کماتے ہو وہ جانتا ہے پھر وہ تمہیں دن میں اٹھا دیتا ہے تاکہ (تمہاری زندگی کی) معیّنہ میعاد پوری کر دی جائے پھر تمہارا پلٹنا اسی کی طرف ہے، پھر وہ (روزِ محشر) تمہیں ان (تمام اعمال) سے آگاہ فرما دے گا جو تم (اس زندگانی میں) کرتے رہے تھےo

And He is the One Who takes your souls by night and knows whatever you earn by day, and then wakes you up in the day, so that the appointed term (of your life) may be completed. Then to Him will you return. Then (on the Day of Reckoning) He will unfold to you (all those actions) which you used to do (during this term of life).

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَيَوْمَ يَقُولُ كُن فَيَكُونُ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ(73)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق (پر مبنی تدبیر) کے ساتھ پیدا فرمایا ہے اور جس دن وہ فرمائے گا: ہو جا، تو وہ (روزِ محشر بپا) ہو جائے گا۔ اس کا فرمان حق ہے، اور اس دن اسی کی بادشاہی ہوگی جب (اسرافیل کے ذریعے صور میں پھونک ماری جائے گے، (وہی) ہر پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے، اور وہی بڑا حکمت والا خبردار ہےo

And He is the One (Allah) Who has created the heavens and the earth (in accordance with His decreed celestial order based) on truth. And the Day when He will say: 'Be,' then that (Day of Judgment) will come into being. His Word is the truth. And His will be the sovereignty on the Day when the Trumpet will be blown (by Israfil). He (is the One Who) has the knowledge of the unseen and the seen, and He is All-Wise, All-Aware.

إِنَّ اللّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوَى يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ذَلِكُمُ اللّهُ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ (95)

ترجمہ: بے شک اللہ دانے اور گٹھلی کو پھاڑ نکالنے والا ہے وہ مُردہ سے زندہ کو پیدا فرماتا ہے اور زندہ سے مُردہ کو نکالنے والا ہے، یہی (شان والا) تو اللہ ہے پھر تم کہاں بہکے پھرتے ہوo

Verily, Allah alone causes the seed-grain and the fruit-stone to burst forth and sprout. He brings forth the living from the dead and the dead from the living. Such is Allah(the Glorious); then where do you stray away?

فَالِقُ الإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَناً وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَاناً ذَلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (96)

ترجمہ: (وہی) صبح (کی روشنی) کو رات کا اندھیرا چاک کر کے نکالنے والا ہے، اور اسی نے رات کو آرام کے لیے بنایا ہے اور سورج اور چاند کو حساب وشمار کے لیے، یہ بہت غالب بڑے علم والے (ربّ) کا مقرر کردہ اندازہ ہےo

He is the One Who cleaves through the dark of the night, and causes (the light of) the day to burst forth. And He is the One Who has made the night for rest and the sun and the moon for reckoning and computing. This is the appointed measure of the Almighty, the All-Knowing (Lord).

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُواْ بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (97)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے ستاروں کو بنایا تاکہ تم ان کے ذریعے بیابانوں اور دریاؤں کی تاریکیوں میں راستے پاسکو۔ بے شک ہم نے علم رکھنے والی قوم کے لیے (اپنی) نشانیاں کھول کر بیان کردی ہیںo

And He is the One Who has made for you stars so that you may navigate through all kinds of darkness of the land and the sea. Indeed, We have elucidated (Our) Revelations in detail for those who possess knowledge.

وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ (98)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں ایک جان (یعنی ایک خلیہ) سے پیدا فرمایا ہے پھر (تمہارے لیے) ایک جائے اقامت (ہے) اور ایک جائے امانت (مراد رحمِ مادر اور دنیا ہے یا دنیا اور قبر ہے)۔ بے شک ہم نے سمجھنے والے لوگوں کے لیے (اپنی قدرت کی) نشانیاں کھول کر بیان کردی ہیںo

And (Allah) is He Who has created you from a single soul (i.e., a single cell). Then (for you) there (is) a place of residing and a place of storage (i.e., the mother's womb and the world, or the world and the grave respectively). Surely, We have explained the signs (of Our Power and Might) in detail for the people who understand.

وَهُوَ الَّذِي أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَأَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِراً نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبّاً مُّتَرَاكِباً وَمِنَ النَّخْلِ مِن طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَجَنَّاتٍ مِّنْ أَعْنَابٍ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهاً وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ انظُرُواْ إِلِى ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَيَنْعِهِ إِنَّ فِي ذَلِكُمْ لآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (99)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے آسمان کی طرف سے پانی اتارا پھر ہم نے اس (بارش) سے ہر قسم کی روئیدگی نکالی پھر ہم نے اس سے

سرسبز (کھیتی) نکالی جس سے ہم اوپر تلے پیوستہ دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے گابھے سے لٹکتے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغات اور زیتون اور انار (بھی پیدا کیے جو کئی اعتبارات سے) آپس میں ایک جیسے (لگتے) ہیں اور (پھل، ذائقے اور تاثیرات) جداگانہ ہیں۔ تم درخت کے پھل کی طرف دیکھو جب وہ پھل لائے اور اس کے پکنے کو (بھی دیکھو)، بے شک ان میں ایمان رکھنے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں o

And He is the One Who sends down water from the sky. Then by means of this (rain), We bring forth vegetation of every kind out of which We produce green (foliage) from which We bring forth clustered grain packed one over the other, clusters of date-palm hanging low from its spathe, and gardens of grapes, olives and (also) pomegranates (which from many aspects look) alike but (in products, tastes and effects) are unlike. Look at the fruit of the tree when it bears fruit, and (also observe) when it ripens. Verily, in these are signs for those who believe.

وَجَعَلُواْ لِلّهِ شُرَكَاء الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُواْ لَهُ بَنِينَ وَبَنَاتٍ بِغَيْرِ عِلْمٍ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يَصِفُونَ (100)

ترجمہ: اور ان کافروں نے جِنّات کو اللہ کا شریک بنایا حالاں کہ اسی نے ان کو پیدا کیا تھا اور انہوں نے اللہ کے لیے بغیر علم (و دانش) کے لڑکے اور لڑکیاں (بھی) گھڑ لیں۔ وہ ان (تمام) باتوں سے پاک اور بلند و بالا ہے جو یہ (اس سے متعلق) کرتے پھرتے ہیں o

And these (disbelievers) associate jinn as partners with Allah, whereas He is the One Who has created them. And (also) without knowledge (and reason), they falsely attribute sons and daughters to Allah. Holy is He and far Exalted above (all) that they attribute (to Him).

بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ أَنَّى يَكُونُ لَهُ وَلَدٌ وَلَمْ تَكُن لَّهُ صَاحِبَةٌ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ وهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ(101)

ترجمہ: وہی آسمانوں اور زمینوں کا مُوجِد ہے، بھلا اس کی اولاد کیونکر ہو سکتی ہے حالاں کہ اس کی بیوی (ہی) نہیں ہے، اور اسی نے ہر چیز کو پیدا فرمایا ہے اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے o

He is the One Who is the Originator of the heavens and the earth. How can He have children when He has no wife? And He is the One Who has created everything, and He has the best knowledge of everything.

ذَلِكُمُ اللّهُ رَبُّكُمْ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوهُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ (102)

ترجمہ: یہی (اللہ) تمہارا پروردگار ہے، اس کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں، (وہی) ہر چیز کا خالق ہے پس تم اسی کی عبادت کیا کرو اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے o

That is (Allah) your Sustainer; none has the right to be worshipped except He. (He is) the Creator of everything. So worship Him alone, and He is the Protector of everything.

لَّا تُدْرِكُهُ الأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ (103)

ترجمہ: نگاہیں اس کا احاطہ نہیں کرسکتیں اور وہ سب نگاہوں کا احاطہ کیے ہوئے ہے، اور وہ بڑا باریک بین بڑا باخبر ہےo

No vision can grasp His Sight, but He has encompassed all vision and eyesight. And He is the All-Penetrating Viewer, All-Aware.

وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ مَا أَشْرَكُواْ وَمَا جَعَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظاً وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ (107)

ترجمہ: اور اگر اللہ (ان کو جبراً روکنا) چاہتا تو یہ لوگ (کبھی) شرک نہ کرتے، اور ہم نے آپ کو (بھی) ان پر نگہبان نہیں بنایا اور نہ آپ ان پر پاسبان ہیںo

And if Allah had willed (to prevent them forcefully), these people would (never) have set up partners with Him. And We have (also) not made you a guardian over them, nor are you a protector over them.

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَن يَضِلُّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (117)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب ہی اسے خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بہکا ہے اور وہی ہدایت یافتہ لوگوں سے (بھی) خوب واقف ہےo

Surely, your Lord alone knows best the one who strays away from His path, and only He knows best the rightly guided (as well).

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُواْ فِيهَا وَمَا يَمْكُرُونَ إِلاَّ بِأَنفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ (123)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں وڈیروں (اور رئیسوں) کو وہاں کے جرائم کا سرغنہ بنایا تا کہ وہ اس (بستی) میں مکاریاں کریں، اور وہ (حقیقت میں) اپنی جانوں کے سوا کسی (اور) سے فریب نہیں کر رہے اور وہ (اس کے انجامِ بد کا) شعور نہیں رکھتےo

And in like manner, We made the lords (and the affluent) in every community the ringleaders of their crimes, so that they might execute frauds in that (town), and (in fact) they do not defraud anyone other than their own selves. And they are not aware (of its evil outcome).

وَإِذَا جَاءتْهُمْ آيَةٌ قَالُواْ لَن نُّؤْمِنَ حَتَّى نُؤْتَى مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللّهِ اللّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُواْ صَغَارٌ عِندَ اللّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُواْ يَمْكُرُونَ(124)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس کوئی نشانی آتی ہے (تو) کہتے ہیں: ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ ہمیں بھی ویسی ہی (نشانی) دی جائے جیسی اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ اسے اپنی رسالت کا محل کسے بنانا ہے۔ عنقریب مجرموں کو اللہ کے حضور ذلت رسید ہوگی اور سخت عذاب بھی (ملے گا) اس وجہ سے کہ وہ مکر (اور دھوکہ دہی) کرتے تھےo

And when a sign comes to them, they say: 'We shall never believe until we too are given (a sign) like the one bestowed upon the Messengers of Allah.' Allah knows best whom He is to assign the station of His Messengership. Soon the criminals will face humiliation before Allah, and (will undergo) a severe torment as well because they used to defraud (and deceive).

فَمَن يُرِدِ اللّهُ أَن يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلإِسْلاَمِ وَمَن يُرِدْ أَن يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقاً حَرَجاً كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاء كَذَلِكَ يَجْعَلُ اللّهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لاَ يُؤْمِنُونَ (125)

ترجمہ: پس اللہ جس کسی کو (فضلاً) ہدایت دینے کا ارادہ فرماتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ فرما دیتا ہے اور جس کسی کو (عدلاً اس کی اپنی خرید کردہ) گمراہی پر ہی رکھنے کا ارادہ فرماتا ہے اس کا سینہ (ایسی) شدید گھٹن کے ساتھ تنگ کر دیتا ہے گویا وہ بمشکل آسمان (یعنی بلندی) پر چڑھ رہا ہو، اسی طرح اللہ ان لوگوں پر عذابِ (ذِلّت) واقع فرماتا ہے جو ایمان نہیں لاتے o

So he whom Allah intends to give guidance (by way of bounty), He broadens his breast for Islam, and he for whom He wills persistence in error (which he has purchased) He, (by way of justice,) tightens his breast with (such a) fierce constriction as if he were ascending up hard into the sky (i.e., height). In the same way, Allah sends the torment (of disgrace) upon those who do not come to believe.

وَهَـذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيمـاً قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ (126)

ترجمہ: اور یہ (اسلام ہی) آپ کے رب کا سیدھا راستہ ہے، بے شک ہم نے نصیحت قبول کرنے والے لوگوں کے لیے آیتیں تفصیل سے بیان کر دی ہیں o

And this (Islam) is the (only) straight path of your Lord. Verily, We have clearly explained Revelations in detail for those who accept direction and guidance.

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُواْ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ (132)

ترجمہ: اور ہر ایک کے لیے ان کے اعمال کے لحاظ سے درجات (مقرر) ہیں، اور آپ کا رب ان کاموں سے بے خبر نہیں جو وہ انجام دیتے ہیں o

And there are ranks (determined) for all according to their works, and your Lord is not unaware (of the works) they do.

وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِن بَعْدِكُم مَّا يَشَاءُ كَمَا أَنشَأَكُم مِّن ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ آخَرِينَ (133)

ترجمہ: اور آپ کا رب بے نیاز ہے، (بڑی) رحمت والا ہے، اگر چاہے تو تمہیں نابود کر دے اور تمہارے بعد جسے چاہے (تمہارا) جانشین بنا دے جیسا کہ اس نے دوسرے لوگوں کی اولاد سے تم کو پیدا فرمایا ہے o

And your Lord is Self-Sufficient, Lord of (great) mercy. If He wills, He can eliminate you and, after you, make your successor whom He likes as He has raised you from the descendants of another people.

ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ مِّنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الأُنثَيَيْنِ نَبِّؤُونِي بِعِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (143)

ترجمہ: (اللہ نے) آٹھ (نر اور مادہ) جوڑے پیدا کیے، دو (نر اور مادہ) بھیڑ سے اور دو (نر اور مادہ) بکری سے۔ (آپ ان

سے) فرما دیجیے: کیا اُس نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ (بچہ) جو دونوں ماداؤں کے رحموں میں موجود ہے؟ مجھے علم و دانش کے ساتھ بتاؤ اگر تم سچے ہوo

(Allah) has created eight pairs: two of the sheep (male and female) and two of the goat (male and female). Say (to them): 'Has He forbidden the two males or the two females or that (offspring) which is in the wombs of the two females? Answer me on the basis of knowledge and reason if you are truthful.'

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلَآئِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِیْ مَا آتَاكُمْ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيْمٌ(165)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تم کو زمین میں نائب بنایا اور تم میں سے بعض کو بعض پر درجات میں بلند کیا تاکہ وہ ان (چیزوں) میں تمہیں آزمائے جو اس نے تمہیں (امانتاً) عطا کر رکھی ہیں۔ بے شک آپ کا رب (عذاب کے حق داروں کو) جلد سزا دینے والا ہے اور بے شک وہ (مغفرت کے امیدواروں کو) بڑا بخشنے والا اور بے حد رحم فرمانے والا ہےo

And He is the One Who has made you vicegerents in the earth, and exalted some of you over others in ranks, so that He may test you by means of (things) which He has bestowed upon you (as a trust). Surely, your Lord is swift in awarding punishment (to those who deserve it), but He is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful (towards the aspirants to forgiveness).

سورۃ الاعراف:

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِم بِعِلْمٍ وَمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ (7)

ترجمہ: پھر ہم ان پر (اپنے) علم سے (ان کے سب) حالات بیان کریں گے اور ہم (کہیں) غائب نہ تھے (کہ انہیں دیکھتے نہ ہوں)o

We shall then relate to them from (Our) knowledge (all their) affairs, and We were not absent (from anywhere, unable to monitor them).

وَإِذَا صُرِفَتْ أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاءَ أَصْحَابِ النَّارِ قَالُواْ رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ (47)

ترجمہ: اور جب ان کی نگاہیں دوزخ والوں کی طرف پھیری جائیں گی تو وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہمیں ظالم گروہ کے ساتھ (جمع) نہ کرo

And when their eyes will be turned towards the inmates of Hell, they will say: 'O our Lord, (join) us not (together) with the unjust people.'

وَنَادَى أَصْحَابُ النَّارِ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ أَفِيْضُواْ عَلَيْنَا مِنَ الْمَاءِ أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكَافِرِيْنَ (50)

ترجمہ: اور دوزخ والے اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ ہمیں (جنّتی) پانی سے کچھ فیض یاب کر دو یا اس (رزق) میں سے جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے۔ وہ کہیں گے: بے شک اللہ نے یہ دونوں (نعمتیں) کافروں پر حرام کر دی ہیںo

And the inmates of Hell will call out to the inhabitants of Paradise: 'Bless us with some water (of Paradise), or of (the provision) that Allah has granted you.' They will say: 'Allah has indeed forbidden both (these bounties) to the disbelievers,

ادْعُواْ رَبَّكُمْ تَضَرُّعاً وَخُفْيَةً إِنَّهُ لاَ يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ (55)

ترجمہ: تم اپنے رب سے گڑگڑا کر اور آہستہ (دونوں طریقوں سے) دعا کیا کرو، بے شک وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتاo

Invoke your Lord (both) most submissively and quietly. Surely, He does not like the transgressors.

الَّـذِيْـنَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الأُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُونَهُ مَكْتُوباً عِندَهُمْ فِيْ التَّوْرَاةِ وَالإِنْجِيْلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَـنِ الْـمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالأَغْلاَلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ آمَنُواْ بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُواْ النُّورَ الَّذِيَ أُنزِلَ مَعَهُ أُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (157)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو اس رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرتے ہیں جو اُمّی (لقب) نبی ہیں (یعنی دنیا میں کسی شخص سے پڑھے بغیر مِن جانبِ اللہ لوگوں کو اخبارِ غیب اور معاش و معاد کے علوم و معارف بتاتے ہیں) جن (کے اوصاف و کمالات) کو وہ لوگ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو انہیں اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع فرماتے ہیں اور ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور ان پر پلید چیزوں کو حرام کرتے ہیں اور ان سے ان کے بارِ گراں اور طوقِ (قیود) جو ان پر (نافرمانیوں کے باعث مسلّط) تھے، ساقط فرماتے (اور انہیں نعمتِ آزادی سے بہرہ یاب کرتے) ہیں۔ پس جو لوگ اس (برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائیں گے اور ان کی تعظیم و توقیر کریں گے اور ان (کے دین) کی مدد و نصرت کریں گے اور اس نورِ (قرآن) کی پیروی کریں گے جو ان کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیںo

(They are the people) who follow the Messenger, the Prophet (titled as) al-Ummi (who imparts to the people from Allah the news of the unseen and knowledge and secrets of socio-economic disciplines of life without himself being taught by any human in the world); whose (eminent attributes and exquisite powers) these people find written in the Torah and the Injil (Gospel); who enjoins on them virtues and forbids them vices, declares wholesome things lawful and impure ones unlawful for them and removes from them their heavy burdens and yokes (i.e., shackles) weighing upon them (due to their acts of disobedience and blesses them with freedom). So those who will believe in this (most exalted Messenger [blessings and peace be upon him]) and venerate and revere him and serve and support him (in his Din [Religion]) and follow this light (the Qur'an) that has been sent down with him, it is they who will flourish and prosper.

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِيَ آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ الْغَاوِيْنَ (175)

ترجمہ: اور آپ انہیں اس شخص کا قصہ (بھی) سنا دیں جسے ہم نے اپنی نشانیاں دیں پھر وہ ان (کے علم و نصیحت) سے نکل گیا اور شیطان اس کے پیچھے لگ گیا تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیاo

And (also) relate to them his account to whom We gave Our signs, but then he made an exit from their (knowledge and admonition) and Satan chased him. So he turned into one of those who lost the right path.

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ بِهَا وَلَـكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِن تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَث ذَّلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ (176)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو اسے ان (آیتوں کے علم و عمل) کے ذریعے بلند فرما دیتے لیکن وہ (خود) زمینی دنیا کی (پستی کی) طرف راغب ہو گیا اور اپنی خواہش کا پیرو بن گیا، تو (اب) اس کی مثال اس کتے کی مثال جیسی ہے کہ اگر تو اس پر سختی کرے تو وہ زبان نکال دے یا تو اسے چھوڑ دے (تب بھی) زبان نکالے رہے۔ یہ ایسے لوگوں کی مثال ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، سو آپ یہ واقعات (لوگوں سے) بیان کریں تاکہ وہ غور و فکر کریںo

And had We so willed, We would have exalted him by means of (knowledge and implementation of) these (Revelations), but he (himself) inclined to (the lowest levels of the) earthly life and became a follower of his lust. (Now) his example is that of a dog: if you treat him harshly, he will loll out his tongue, or if you leave him alone, he will (still) loll out his tongue. This example is of those who deny Our Revelations. So relate these occurrences (to the people) so that they may contemplate.

سَاء مَثَلاً الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَأَنفُسَهُمْ كَانُواْ يَظْلِمُونَ (177)

ترجمہ: مثال کے لحاظ سے وہ قوم بہت ہی بری ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور (درحقیقت) وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہےo

As an example, they were an extremely bad community who belied Our Revelations! (In fact) they persistently wronged their own souls.

مَن يَهْدِ اللّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ وَمَن يُضْلِلْ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ(178)

ترجمہ: جسے اللہ ہدایت فرماتا ہے پس وہی ہدایت پانے والا ہے، اور جسے وہ گمراہ ٹھہراتا ہے پس وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیںo

He whom Allah guides, so he alone is the rightly guided, but he whom Allah holds astray, it is they who are the losers.

وَلِلّهِ الْأَسْمَاء الْحُسْنَى فَادْعُوهُ بِهَا وَذَرُواْ الَّذِيْنَ يُلْحِدُونَ فِيْ أَسْمَآئِهِ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ(180)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے اچھے اچھے نام ہیں، سو اسے ان ناموں سے پکارا کرو اور ایسے لوگوں کو چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں حق سے انحراف کرتے ہیں، عنقریب انہیں ان (اعمالِ بد) کی سزا دی جائے گی جن کا وہ ارتکاب کرتے ہیںo

And the Most Beautiful Names belong to Allah alone, so call on Him by these

Names. And leave aside those people who turn away from the truth with regard to His Names. Soon will they be punished for (the impious acts) that they perpetrate.

وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ **(181)**

ترجمہ: اور جنہیں ہم نے پیدا فرمایا ہے ان میں سے ایک جماعت (ایسے لوگوں کی بھی) ہے جو حق بات کی ہدایت کرتے ہیں اور اسی کے ساتھ عدل پر مبنی فیصلے کرتے ہیں o

And of those whom We have created there is (also) a section (of people) who direct others towards the truth, and alongside that make judgments based on justice.

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلاً خَفِيفاً فَمَرَّتْ بِهِ فَلَمَّا أَثْقَلَت دَّعَوَا اللّهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَيْتَنَا صَالِحاً لَّنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ **(189)**

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے تم کو ایک جان سے پیدا فرمایا اور اسی میں سے اس کا جوڑ بنایا تا کہ وہ اس سے سکون حاصل کرے، پھر جب مرد نے اس (عورت) کو ڈھانپ لیا تو وہ خفیف بوجھ کے ساتھ حاملہ ہوگئی، پھر وہ اس کے ساتھ چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ گراں بار ہوئی تو دونوں نے اپنے رب اللہ سے دعا کی کہ اگر تو ہمیں اچھا تندرست بچہ عطا فرما دے تو ہم ضرور شکر گزاروں میں سے ہوں گے o

And He (Allah) is the One Who has created you from a single soul and made his spouse from that, so that he might find comfort in her. Then when man covers her, she conceives and, bearing a light burden, moves around. Later, when she grows heavy, then both pray to their Lord, Allah: 'If You give us a healthy child, we shall certainly be amongst the thankful.'

إِنَّ وَلِيِّيَ اللّهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ **(196)**

ترجمہ: بے شک میرا مددگار اللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی ہے اور وہی صلحاء کی بھی نصرت و ولایت فرماتا ہے o

Indeed, my Helper is Allah, Who has revealed the Book, and He is the One Who also protects and helps the pious.

وَاذْكُر رَّبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعاً وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالآصَالِ وَلاَ تَكُن مِّنَ الْغَافِلِينَ **(205)**

ترجمہ: اور اپنے رب کا اپنے دل میں ذکر کیا کرو عاجزی و زاری اور خوف و خستگی سے اور میانہ آواز سے پکار کر بھی، صبح و شام (یادِ حق جاری رکھو) اور غافلوں میں سے نہ ہو جاؤ o

And remember your Lord in your heart with humility and tearful submissiveness and fear and repentance and also by calling in low tones. (Persevere with His remembrance) morning and evening and be not of the neglectful.

سورۃ الانفال:

وَإِن جَنَحُواْ لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ(61)

ترجمہ: اور اگر (تمہارے ساتھ نبرد آزما) وہ (کفار) صلح و آشتی کے لیے جھکیں تو آپ بھی اس کی طرف مائل ہو جائیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ بے شک وہی خوب سننے والا جاننے والا ہےo

And if they (the combatant or hostile disbelievers) incline to peace and reconciliation, you also incline to it and put your trust in Allah. Surely, He alone is All-Hearing, All-Knowing.

وَإِن يُرِيْدُواْ أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللّهُ هُوَ الَّذِيَ أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ(62)

ترجمہ: اور اگر وہ چاہیں کہ آپ کو دھوکہ دیں تو بے شک آپ کے لیے اللہ کافی ہے، وہی ہے جس نے آپ کو (براہ راست) اپنی مدد کے ذریعے اور اہل ایمان کے ذریعے طاقت بخشی (جو آپ کی پیروی کرتے ہیں)o

And if they seek to deceive you, then surely Allah is Sufficient for you. He is the One Who has given you strength with His help and with the believers.

وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِي الأَرْضِ جَمِيعاً مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَـكِنَّ اللّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ(63)

ترجمہ: اور (اسی نے) ان (مسلمانوں) کے دلوں میں باہمی الفت پیدا فرما دی۔ اگر آپ وہ سب کچھ جو زمین میں ہے خرچ کر ڈالتے تو (ان تمام مادی وسائل سے) بھی آپ ان کے دلوں میں (یہ) الفت پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ نے ان کے درمیان (ایک روحانی رشتے سے) محبت پیدا فرما دی۔ بے شک وہ بڑے غلبہ والا حکمت والا ہےo

And He (is the One Who) awakened mutual love amongst the hearts of the (Muslims). If you had spent whatever exists in the earth, you could never have inculcated this (love) in their hearts (with all these material resources). But Allah roused that love amongst them (through a spiritual relation). Allah is indeed Almighty, Most Wise.

سورۃ التوبۃ:

إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّهِ مَنْ آمَنَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلاَةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلاَّ اللّهَ فَعَسَى أُوْلَـئِكَ أَن يَكُونُواْ مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ(18)

ترجمہ: اللہ کی مسجدیں صرف وہی آباد کر سکتا ہے جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان لایا اور اس نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی اور اللہ کے سوا (کسی سے) نہ ڈرا۔ سو امید ہے کہ یہی لوگ ہدایت پانے والوں میں ہو جائیں گےo

Only he who believes in Allah and the Last Day and establishes Prayer and pays Zakat (the Alms-due) and who fears none but Allah can maintain and frequent the mosques of Allah. So they alone are expected to become the rightly-guided.

يُرِيْدُونَ أَن يُطْفِؤُواْ نُورَ اللّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللّهُ إِلاَّ أَن يُتِمَّ نُورَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ (32)

ترجمہ: وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کا نور اپنی پھونکوں سے بجھا دیں اور اللہ (یہ بات) قبول نہیں فرماتا مگر یہ (چاہتا ہے) کہ وہ اپنے نور کو کمال تک پہنچا دے اگرچہ کفار (اسے) ناپسند ہی کریںo

They desire to extinguish the Light of Allah by blowing through their mouths. And Allah rejects (it) but (wills) to manifest His Light to its fullness, even though the disbelievers dislike (it).

قُل لَّن يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (51)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ فرما دیجیے کہ ہمیں ہرگز (کچھ) نہیں پہنچے گا مگر وہی کچھ جو اللہ نے ہمارے لیے لکھ دیا ہے، وہی ہمارا کارساز ہے اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ کرنا چاہیےo

(O Beloved!) Say: 'Never shall (anything) befall us but what Allah has decreed for us; He alone is our Protector. And in Allah alone the believers should put their trust.'

إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ(60)

ترجمہ: بے شک صدقات (زکوٰۃ) محض غریبوں اور محتاجوں اور ان کی وصولی پر مقرر کیے گئے کارکنوں اور ایسے لوگوں کے لیے ہیں جن کے دلوں میں اسلام کی الفت پیدا کرنا مقصود ہو اور (مزید یہ کہ) انسانی گردنوں کو (غلامی کی زندگی سے) آزاد کرانے میں اور قرض داروں کے بوجھ اتارنے میں اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں پر (زکوٰۃ کا خرچ کیا جانا حق ہے)۔ یہ (سب) اللہ کی طرف سے فرض کیا گیا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

Indeed, alms (Zakat) are meant for the poor and the indigent, and those who are deployed to collect charities and those in whose hearts the inculcation of love for Islam is aimed at. And, (moreover, spending Zakat for the) freeing of human lives (from the yoke of slavery) and removing the burden of those who are to pay debt and (those who toil hard) in the cause of Allah and the wayfarers (is true). This (all) has been prescribed by Allah, and Allah is All-Knowing, Most Wise.

أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَى تَقْوَى مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَم مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (109)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد اللہ سے ڈرنے اور (اس کی) رضا و خوشنودی پر رکھی، بہتر ہے یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد ایسے گڑھے کے کنارے پر رکھی جو گرنے والا ہے۔ سو وہ (عمارت) اس معمار کے ساتھ ہی آتشِ دوزخ میں گر پڑی، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

Who is better-the one who founds his edifice (i.e., mosque) on the fear of Allah and (His) pleasure and satisfaction, or the one who lays the foundation of his building on the edge of a crumbling precipice? So, that (building) tumbled down with its architect into the Fire of Hell. And Allah does not guide the

wrongdoers.

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَن تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ **(110)**

ترجمہ: ان کی عمارت جسے انہوں نے (مسجد کے نام پر) بنا رکھا ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں (شک اور نفاق کے باعث) کھٹکتی رہے گی سوائے اس کے کہ ان کے دل (مسلسل خراش کی وجہ سے) پارہ پارہ ہو جائیں، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

Their structure which they have raised (in the name of a mosque) will continue pricking their hearts (due to doubt and hypocrisy), except that their hearts are torn to pieces (due to persistently piercing concerns). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُضِلَّ قَوْماً بَعْدَ إِذْ هَدَاهُمْ حَتَّى يُبَيِّنَ لَهُم مَّا يَتَّقُونَ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ **(115)**

ترجمہ: اور اللہ کی شان نہیں کہ وہ کسی قوم کو گمراہ کر دے اس کے بعد کہ اس نے انہیں ہدایت سے نواز دیا ہو، یہاں تک کہ وہ ان کے لیے وہ چیزیں واضح فرما دے جن سے انہیں پرہیز کرنا چاہئے، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

And it is not Allah's Glory to lead a people astray after guiding them aright, until He makes clear to them the things which they should guard against. Surely, Allah knows everything best.

إِنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ **(116)**

ترجمہ: بے شک اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی ساری بادشاہی ہے، (وہی) چلاتا اور مارتا ہے، اور تمہارے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی دوست ہے اور نہ کوئی مددگار (جو امرِ الٰہی کے خلاف تمہاری حمایت کر سکے)o

Verily, He is Allah to Whom belongs the sovereignty of the heavens and the earth. He (is the One Who) gives life and causes death. And besides Allah, there is for you no friend or helper (who can support you against Allah's command).

مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُم مِّنَ الْأَعْرَابِ أَن يَتَخَلَّفُوا عَن رَّسُولِ اللَّهِ وَلَا يَرْغَبُوا بِأَنفُسِهِمْ عَن نَّفْسِهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَطَؤُونَ مَوْطِئاً يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُم بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ إِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ **(120)**

ترجمہ: اہلِ مدینہ اور ان کے گرد و نواح کے (رہنے والے) دیہاتی لوگوں کے لیے مناسب نہ تھا کہ وہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے (الگ ہو کر) پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ ان کی جانِ (مبارک) سے زیادہ اپنی جانوں سے رغبت رکھیں، یہ (حکم) اس لیے ہے کہ انہیں اللہ کی راہ میں جو پیاس (بھی) لگتی ہے اور جو مشقت (بھی) پہنچتی ہے اور جو بھوک (بھی) لگتی ہے اور جو کسی ایسی جگہ پر چلتے ہیں جہاں کا چلنا کافروں کو غضبناک کرتا ہے اور دشمن سے جو کچھ بھی پاتے ہیں (خواہ قتل اور زخم ہو یا مالِ غنیمت وغیرہ) مگر یہ کہ ہر ایک بات کے بدلہ میں ان کے لیے ایک نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کا اَجر ضائع نہیں فرماتاo

It was unbecoming the people of Medina and the villagers (inhabitants) of the suburbs to lag behind (stepping aside from) Allah's Messenger (blessings and

peace be upon him), nor to feel for their own souls greater concern than his (blessed and sacred) soul. This (command) is because in the cause of Allah (whatever) thirst they suffer, (whatever) turmoil they undergo, (whatever) hunger they endure, and stepping on a track where treading rouses violent reaction amongst the disbelievers, and whatever they receive from the enemy (killing and injury or spoils of war): in recompense of everything is recorded a Allah does not waste the reward of the good deed to their credit. Surely, righteous

وَلَا يُنفِقُونَ نَفَقَةً صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً وَلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ **(121)**

ترجمہ: اور نہ یہ کہ وہ (مجاہدین) تھوڑا خرچ کرتے ہیں اور نہ بڑا اور نہ (ہی) کسی میدان کو (راہِ خدا میں) طے کرتے ہیں مگر ان کے لیے (یہ سب صرف وسفر) لکھ دیا جاتا ہے تاکہ اللہ انہیں (ہر اس عمل کی) بہتر جزا دے جو وہ کیا کرتے تھےo

And it is not possible for all the Muslims to set out (together). So, why should a party from within every group (or tribe) not go forth in order that they may acquire deeper knowledge (i.e., thorough understanding and insight) of the Din (Religion), and warn their people when they return to them so that they may guard themselves (against a life of sins and disobedience)?

سورۃ یونس:

إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مَا مِن شَفِيعٍ إِلَّا مِن بَعْدِ إِذْنِهِ ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ **(3)**

ترجمہ: یقیناً تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین (کی بالائی وزیریں کائنات) کو چھ دنوں (یعنی چھ مدتوں یا مرحلوں) میں (تدریجاً) پیدا فرمایا پھر وہ عرش پر (اپنی شان کے مطابق اپنے اقتدار کے ساتھ) جلوہ افروز ہوا (یعنی تخلیقِ کائنات کے بعد اس کے تمام عوالم اور اَجرام میں اپنے قانون اور نظام کے اجراء کی صورت میں متمکن ہوا) وہی ہر کام کی تدبیر فرماتا ہے (یعنی ہر چیز کو ایک نظام کے تحت چلاتا ہے۔ اس کے حضور) اس کی اجازت کے بغیر کوئی سفارش کرنے والا نہیں، یہی (عظمت وقدرت والا) اللہ تمہارا رب ہے، سو تم اسی کی عبادت کرو، پس کیا تم (قبولِ نصیحت کے لیے) غور نہیں کرتےo

Certainly, your Lord is Allah, Who created the heavens and the earth (the upper and lower strata of the universe) in six days (i.e., aeons or phases, step by step). Then He established His sovereignty on the Throne (befitting His Glory with His supreme authority, i.e., after the creation of the universe He established His command and control by enforcing His law and system in all the worlds and heavenly bodies). He is the One Who devises strategies for all operations (i.e., makes everything function under a system). There is no one to intercede (with Him) without His permission. (The Glorious and Mighty) Allah is the One Who is your Lord; worship Him alone. So, do you not think

(about accepting His direction and guidance)?

إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعاً وَعْدَ اللّهِ حَقّاً إِنَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ وَالَّذِينَ كَفَرُواْ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُواْ يَكْفُرُونَ (4)

ترجمہ: (لوگو!) تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے۔ بے شک وہی پیدائش کی ابتداء کرتا ہے پھر وہی اسے دہرائے گا تاکہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے، انصاف کے ساتھ جزا دے، اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہے، اس کا بدلہ جو وہ کفر کیا کرتے تھےo

(O people!) It is to Him that you are all to return; (that) is Allah's true promise. Surely, He is the One Who originates the creation. Then He is the One Who will repeat it so that He rewards with justice those who believe and do righteous works. And those who reject faith and disbelieve, there is for them scalding water to drink and a painful torment, a reward for their disbelief.

إِنَّ الَّذِينَ لاَ يَرْجُونَ لِقَاءنَا وَرَضُواْ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّواْ بِهَا وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا غَافِلُونَ (7)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے اور دنیوی زندگی سے خوش ہیں اور اسی سے مطمئن ہو گئے ہیں اور جو ہماری نشانیوں سے غافل ہیںo

Verily, those who do not expect to meet Us and are pleased with the worldly life and are well-contented with it and who are neglectful of Our signs,

أُوْلَـئِكَ مَأْوَاهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُواْ يَكْسِبُونَ (8)

ترجمہ: انہی لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے ان اعمال کے بدلہ میں جو وہ کماتے رہےo

It is they whose abode is Hell, a recompense for the deeds they used to earn.

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (9)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے انہیں ان کا رب ان کے ایمان کے باعث (جنتوں تک) پہنچا دے گا، جہاں ان (کی رہائش گاہوں) کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی (یہ ٹھکانے) اُخروی نعمت کے باغات میں (ہوں گے)o

Indeed, those who believe and consistently practise piety, their Lord will take them, for their faith, (to the Gardens) with streams flowing (under their abodes, located) in the Gardens of Bliss in the Hereafter.

وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلاَّ أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُواْ وَلَوْلاَ كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (19)

ترجمہ: اور سارے لوگ (ابتداء) میں ایک ہی جماعت تھے پھر (باہم اختلاف کر کے) جدا جدا ہو گئے، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے طے نہ ہو چکی ہوتی (کہ عذاب میں جلد بازی نہیں ہوگی) تو ان کے درمیان ان باتوں کے بارے میں فیصلہ کیا جا چکا ہوتا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیںo

And the entire mankind was one Umma ([Community] in the beginning). Then

they (differed amongst themselves and) disintegrated. And if it had not been decreed by your Lord (that the torment would not be hastened), the matters would have been settled between them in which they disagreed.

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا قُلِ اللَّهُ أَسْرَعُ مَكْراً إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ **(21)**

ترجمہ: اور جب ہم لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد (اپنی) رحمت سے لذت آشنا کرتے ہیں تو فوراً (ہمارے احسان کو بھول کر) ہماری نشانیوں میں ان کا مکر و فریب (شروع) ہو جاتا ہے۔ فرما دیجیے: اللہ مکر کی سزا جلد دینے والا ہے۔ بے شک ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے، جو بھی فریب تم کر رہے ہو (اسے) لکھتے رہتے ہیںo

And when We make the people relish (Our) mercy after they are afflicted with distress, their plotting immediately begins against Our signs (consigning Our favour to oblivion). Say: 'Allah is Swift to punish intrigues.'Surely, the angels We have sent keep writing whatever plots you contrive.

هُوَ الَّذِي يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ حَتَّى إِذَا كُنتُمْ فِي الْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُواْ بِهَا جَاءتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَاءهُمُ الْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّواْ أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ دَعَوُاْ اللّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّيْنَ لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَـذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ **(22)**

ترجمہ: وہی ہے جو تمہیں خشک زمین اور سمندر میں چلنے پھرنے (کی توفیق) دیتا ہے، یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں (سوار) ہوتے ہو اور وہ (کشتیاں) لوگوں کو لے کر موافق ہوا کے جھونکوں سے چلتی ہیں اور وہ اس سے خوش ہوتے ہیں تو (ناگہاں) ان (کشتیوں) کو تیز و تند ہوا کا جھونکا آلیتا ہے اور ہر طرف سے ان (سواروں) کو (جوش مارتی ہوئی) موجیں آگھیرتی ہیں اور وہ سمجھنے لگتے ہیں کہ (اب) وہ ان (لہروں) سے گھر گئے (تو اس وقت) وہ اللہ کو پکارتے ہیں (اس حال میں) کہ اپنے دین کو اسی کے لیے خالص کرنے والے ہیں (اور کہتے ہیں: اے اللہ!) اگر تو نے ہمیں اس (بلا) سے نجات بخش دی تو ہم ضرور (تیرے) شکرگزار بندوں میں سے ہو جائیں گےo

He is the One Who (enables) you to travel through land and sea, until when you board the vessels, and they (the vessels), carrying the passengers, sail with the favourable wind, they rejoice over it. But (all of a sudden) a violent wind overtakes them (the vessels), and (the mounting) waves surge (towards) those (aboard) from all sides. And they start thinking that they are (now) besieged by them (the waves. At that time) they call out to Allah (with the mind) that they sincerely devote their Din (Religion) to Him alone (and submit: 'O Allah,) if You deliver us from this (monstrous torment), we shall certainly become amongst (Your) grateful servants.'

فَلَمَّا أَنجَاهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَى أَنفُسِكُم مَّتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ **(23)**

ترجمہ: پھر جب اللہ نے انہیں نجات دے دی تو وہ فوراً ہی ملک میں (حسبِ سابق) ناحق سرکشی کرنے لگتے ہیں۔ اے (اللہ سے بغاوت کرنے والے) لوگو! بس تمہاری سرکشی و بغاوت (کا نقصان) تمہاری ہی جانوں پر ہے۔ دنیا کی زندگی کا کچھ فائدہ (اٹھالو)، بالآخر تمہیں ہماری ہی طرف پلٹنا ہے، اُس وقت ہم تمہیں ان اَعمال سے خوب آگاہ کر دیں گے جو تم کرتے رہے تھےo

But when Allah delivers them, they take no time to act unjustly rebellious in the land (as before). O people (rebelling against Allah! The havoc wreaked by) your rebellion and revolt is directed only towards your own souls. (You may gain) some benefit of the worldly life but ultimately you have to return to Us. Then We will make you well-aware (of your works) that you have been doing.

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتَّىٰ إِذَا أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ قَادِرُونَ عَلَيْهَا أَتَاهَا أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا كَأَن لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ(24)

ترجمہ: بس دنیا کی زندگی کی مثال تو اس پانی جیسی ہے جسے ہم نے آسمان سے اتارا پھر اس کی وجہ سے زمین کی پیداوار خوب گھنی ہو کر اُگی، جس میں سے انسان بھی کھاتے ہیں اور چوپائے بھی، یہاں تک کہ جب زمین نے اپنی (پوری پوری) رونق اور حسن لے لیا اور خوب آراستہ ہوگئی اور اس کے باشندوں نے سمجھ لیا کہ (اب) وہ اس پر پوری قدرت رکھتے ہیں تو (دفعتاً) اسے رات یا دن میں ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا تو ہم نے اسے (یوں) جڑ سے کٹا ہوا بنا دیا گویا وہ کل یہاں تھی ہی نہیں، اسی طرح ہم ان لوگوں کے لیے نشانیاں کھول کر بیان کرتے ہیں جو تفکر سے کام لیتے ہیںo

The example of the worldly life is like water which We sent down from the sky. Then, owing to this, there came forth from the earth a thick growth of vegetation which both men and cattle feed on, until when the earth took its (full) bloom and beauty and became fully embellished, and its inhabitants thought that (now) they had full control over it, then (suddenly) Our command (of torment) seized it by night or by day, and We made it mown down as if it did not even exist the day before. That is how We elucidate Our signs to those who apply reason.

قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَمَّن يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَمَن يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَن يُدَبِّرُ الْأَمْرَ فَسَيَقُولُونَ اللّٰهُ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ (31)

ترجمہ: آپ (ان سے) فرما دیجیے: تمہیں آسمان اور زمین (یعنی اوپر اور نیچے) سے رزق کون دیتا ہے، یا (تمہارے) کان اور آنکھوں (یعنی سماعت و بصارت) کا مالک کون ہے، اور زندہ کو مُردہ (یعنی جاندار کو بے جان) سے کون نکالتا ہے اور مُردہ کو زندہ (یعنی بے جان کو جاندار) سے کون نکالتا ہے، اور (نظام ہائے کائنات کی) تدبیر کون فرماتا ہے؟ سو وہ کہہ اٹھیں گے کہ اللہ، تو آپ فرمائیے: پھر کیا تم (اس سے) ڈرتے نہیںo

Say (to them): 'Who provides you with sustenance from the heaven and the earth (i.e., from above and beneath)? Or Who is the master of your ears and

eyes (i.e., hearing and sight)? And Who brings forth the living from the dead (i.e., animate from inanimate) and Who brings forth the dead from the living (i.e., inanimate from animate)? And Who manages (all the cosmic systems)?' They will promptly say: 'Allah.' Then say: 'So do you not fear (Him)?'

فَذَلِكُمُ اللّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلاَّ الضَّلاَلُ فَأَنَّى تُصْرَفُونَ (32)

ترجمہ: پس یہی (عظمت وقدرت والا) اللہ ہی تو تمہارا سچا رب ہے، پس (اس) حق کے بعد سوائے گمراہی کے اور کیا ہوسکتا ہے، سو تم کہاں پھرے جا رہے ہوo

So (the Lord of Glory and Might) Allah alone is your true Lord. So what else can there be apart from (this) truth except going astray? Then, distracted, where are you being turned away?

إِنَّ اللّهَ لاَ يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئاً وَلَـكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (44)

ترجمہ: بے شک اللہ لوگوں پر ذرّہ برابر ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ (خود ہی) اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیںo

Surely, Allah does not do injustice to the people in the least, but they (themselves) do injustice to their own souls.

أَلا إِنَّ لِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ أَلاَ إِنَّ وَعْدَ اللّهِ حَقٌّ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ (55)

ترجمہ: جان لو! جو کچھ بھی آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اللہ ہی کا ہے۔ خبردار ہو جاؤ! بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتےo

Know! Whatever is in the heavens and the earth (all) belongs to Allah alone. Beware! Indeed, the promise of Allah is true but most of them do not know.

هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (56)

ترجمہ: وہی جِلاتا اور مارتا ہے اور تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گےo

He is the One Who gives life and causes death, and you will be returned to Him alone.

وَلاَ يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّهِ جَمِيعاً هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (65)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ان کی (عناد و عداوت پر مبنی) گفتگو آپ کو غمگین نہ کرے۔ بے شک ساری عزت و غلبہ اللہ ہی کے لیے ہے (جو جسے چاہتا ہے دیتا ہے)، وہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

(O Glorious Messenger!) Let not their (hostile and malicious) conversation grieve you. Surely, all grandeur and authority belong to Allah alone (Who bestows upon whom He wills anything He may please). He is All-Hearing, All-Knowing.

أَلا إِنَّ لِلّهِ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الأَرْضِ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ شُرَكَاء إِن يَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلاَّ يَخْرُصُونَ (66)

ترجمہ: جان لو جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے سب اللہ ہی کے (مملوک) ہیں، اور جو لوگ اللہ کے سوا (بتوں) کی پرستش کرتے ہیں (درحقیقت اپنے گھڑے ہوئے) شریکوں کی پیروی (بھی) نہیں کرتے، بلکہ وہ صرف (اپنے) وہم و گمان کی پیروی کرتے ہیں اور وہ محض غلط اندازے لگاتے رہتے ہیںo

Know! To Allah belongs whoever is in the heavens and whoever is in the earth. And those who worship (idols) besides Allah do not (in fact) follow (even) their (own sculptured) partner-gods. They follow but only (their own) assumption and conjecture, and they merely indulge in wrong guesswork.

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ اللَّیْلَ لِتَسْکُنُواْ فِیْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِراً إِنَّ فِیْ ذَلِكَ لآیَاتٍ لِّقَوْمٍ یَسْمَعُونَ (67)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام کرو اور دن کو روشن بنایا (تاکہ تم اس میں کام کاج کر سکو)۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو (غور سے) سنتے ہیںo

He is the One Who has made the night for you so that you may rest and relax therein, and made the day bright (so that therein you may do your work). Surely, there are signs in this for those who listen (attentively).

قُلْ إِنَّ الَّذِیْنَ یَفْتَرُونَ عَلَی اللّهِ الْکَذِبَ لاَ یُفْلِحُونَ69)

ترجمہ: فرما دیجیے: بے شک جو لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پائیں گےo

Say: 'Surely, those who fabricate lies against Allah shall not prosper.'

وَلَوْ شَاء رَبُّكَ لآمَنَ مَن فِیْ الأَرْضِ کُلُّهُمْ جَمِیْعاً أَفَأَنتَ تُکْرِهُ النَّاسَ حَتَّی یَکُونُواْ مُؤْمِنِیْنَ (99)

ترجمہ: اور اگر آپ کا رب چاہتا تو ضرور سب کے سب لوگ جو زمین میں آباد ہیں ایمان لے آتے، (جب رب نے انہیں جبراً مومن نہیں بنایا) تو کیا آپ لوگوں پر جبر کریں گے یہاں تک کہ وہ مومن ہو جائیںo

And had Allah so willed, certainly all inhabitants on the earth would have believed. (When your Lord has not made them believe by force,) will you coerce the people until they become believers?

وَمَا کَانَ لِنَفْسٍ أَن تُؤْمِنَ إِلاَّ بِإِذْنِ اللّهِ وَیَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَی الَّذِیْنَ لاَ یَعْقِلُونَ(100)

ترجمہ: اور کسی شخص کو (از خود یہ) قدرت نہیں کہ وہ بغیر اِذنِ الٰہی کے ایمان لے آئے۔ وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) کفر کی گندگی انہی لوگوں پر ڈالتا ہے جو (حق کو سمجھنے کے لیے) عقل سے کام نہیں لیتےo

And no soul has the capability to believe (on its own) without Allah's leave. He (Allah) places the impurity of disbelief on those who do not put their reason to work (to grasp the truth).

سورۃ ہود:

إِلَی اللّهِ مَرْجِعُکُمْ وَهُوَ عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (4)

ترجمہ: تمہیں اللہ ہی کی طرف لوٹنا ہے، اور وہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

You are to return to Allah and He has mighty control over everything.

أَلَا إِنَّهُمْ يَثْنُونَ صُدُورَهُمْ لِيَسْتَخْفُوا مِنْهُ أَلَا حِينَ يَسْتَغْشُونَ ثِيَابَهُمْ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ(5)

ترجمہ: جان لو! بے شک وہ (کفار) اپنے سینوں کو ڈہرا کر لیتے ہیں تا کہ وہ اس (خدا) سے (اپنے دلوں کا حال) چھپا سکیں، خبردار! جس وقت وہ اپنے کپڑے (جسموں پر) اوڑھ لیتے ہیں (تو اس وقت بھی) وہ ان سب باتوں کو جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ آشکار کرتے ہیں، بے شک وہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں کو خوب جاننے والا ہےo

Bear in mind! These (disbelievers) fold up their breasts so that they may hide (the state of their hearts) from Him (Allah). Beware! When they cover (their bodies) with their clothes, (even then) He knows all those matters which they hide and which they lay open. Surely, He knows best (the secrets of) the hearts.

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ (6)

ترجمہ: اور زمین میں کوئی چلنے پھرنے والا (جاندار) نہیں ہے مگر (یہ کہ) اس کا رزق اللہ (کے ذمۂ کرم) پر ہے اور وہ اس کے ٹھہرنے کی جگہ کو اور اس کے امانت رکھے جانے کی جگہ کو (بھی) جانتا ہے، ہر بات کتابِ روشن (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہےo

And there is no moving creature (living being) on the earth but (that) its sustenance is (a bountiful obligation) upon Allah. And He knows its resting-place and (also) the place where it is to be entrusted. Everything is (recorded) in the enlightening Book (the Protected Tablet [al-Lawh al-Mahfuz]).

وَلَئِنْ أَذَقْنَا الْإِنسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنَاهَا مِنْهُ إِنَّهُ لَيَؤُوسٌ كَفُورٌ (9)

ترجمہ: اور اگر ہم انسان کو اپنی جانب سے رحمت کا مزہ چکھاتے ہیں پھر ہم اسے (کسی وجہ سے) اس سے واپس لے لیتے ہیں تو وہ نہایت مایوس (اور) ناشکر گزار ہو جاتا ہےo

And if We make man taste mercy from Us, then withdraw it from him (for some reason), he becomes highly disappointed (and) ungrateful.

وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ نَعْمَاءَ بَعْدَ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ ذَهَبَ السَّيِّئَاتُ عَنِّي إِنَّهُ لَفَرِحٌ فَخُورٌ (10)

ترجمہ: اور اگر ہم اسے (کوئی) نعمت چکھاتے ہیں اس تکلیف کے بعد جو اسے پہنچ چکی تھی تو ضرور کہہ اٹھتا ہے کہ مجھ سے ساری تکلیفیں جاتی رہیں، بے شک وہ بڑا خوش ہونے والا (اور) فخر کرنے والا (بن جاتا) ہےo

And if We make him taste (some) favour after the suffering that afflicted him, then he is sure to say: 'Gone are all my troubles.' Surely, he (becomes) most exultant and boastful,

مَن كَانَ يُرِيدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيهَا وَهُمْ فِيهَا لَا يُبْخَسُونَ (15)

ترجمہ: جو لوگ (فقط) دنیوی زندگی اور اس کی زینت (و آرائش) کے طالب ہیں ہم ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ اسی دنیا میں دے دیتے ہیں اور انہیں اس (دنیا کے صلہ) میں کوئی کمی نہیں دی جاتیo

Those who lust after the worldly life (only) with its beauty (and embellishment),

We pay them back in full for their works here in this world,and their (worldly recompense) is not diminished in the least.

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَى بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ(117)

ترجمہ: اورآپ کا رب ایسانہیں کہ وہ بستیوں کوظلمًا ہلاک کرڈالے درآنحالیکہ اس کے باشندے نیکوکار ہوںo

And your Lord is not such that He would destroy the towns wrongfully, whilst their dwellers are pious.

وَلَوْ شَاء رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ (118)

ترجمہ: اوراگرآپ کا رب چاہتا تو تمام لوگوں کوایک ہی امت بنادیتا (مگراس نے جبراًایسانہ کیا بلکہ سب کو مذہب کے اختیار کرنے میں آزادی دی)اور(اب) یہ لوگ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گےo

And had your Lord so willed, He would have made mankind one Umma (Community. But He has not done so by force. On the contrary, He has given free choice to all to adopt a religion.) And (now) these people will always hold divergent views,

إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذَلِكَ خَلَقَهُمْ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ (119)

ترجمہ: سوائے اس شخص کے جس پرآپ کا رب رحم فرمائے،اوراسی لیےاس نے انہیں پیدافرمایاہے،اورآپ کے رب کا فرمان پوراہوچکابےشک میں دوزخ کوجنّوں اورانسانوں میں سےسب(اہلِ باطل) سےضرور بھردوں گاo

Except for him on whom your Lord has bestowed His mercy, and that is what He has created them for. And the Word of your Lord has been fulfilled: 'Surely, I will fill Hell with all the (disbelieving) jinn and men.'

وَلِلّهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ(123)

ترجمہ: اورآسمانوں اورزمین کا(سب) غیب اللہ ہی کے لیے ہےاوراسی کی طرف ہرایک کام لوٹایا جاتا ہےسواس کی عبادت کرتے رہیں اوراسی پرتوکل کیے رکھیں،اورتمہارارب تم سب لوگوں کےاعمال سے غافل نہیں ہےo

And (all) the unseen of the heavens and the earth belongs to Allah alone, and He is the One towards Whom every act is returned. So keep worshipping Him and keep trust in Him alone. And your Lord is not unmindful of the deeds that all of you do.

سورۃ الرعد:

اللّهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنثَى وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِندَهُ بِمِقْدَارٍ (8)

ترجمہ: اللہ جانتاہے جوکچھ ہرمادہ اپنے پیٹ میں اٹھاتی ہےاوررحم جس قدرسکڑتے اورجس قدر بڑھتے ہیں،اور ہرچیزاس کے ہاں مقررحد کےساتھ ہےo

Allah knows what every female bears in her womb, and how much the wombs contract and how much they distend, and with Him is everything in a fixed measure.

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ (9)

ترجمہ: وہ ہر نہاں اور عیاں کو جاننے والا ہے سب سے برتر (اور) اعلیٰ رتبہ والا ہےo

He is the Knower of the unseen and the seen, the Most Great (and) the Most Exalted.

سَوَاء مِّنكُم مَّنْ أَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَن جَهَرَ بِهِ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ بِاللَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ(10)

ترجمہ: تم میں سے جو شخص آہستہ بات کرے اور جو بلند آواز سے کرے اور جو رات (کی تاریکی) میں چھپا ہوا اور جو دن (کی روشنی) میں چلتا پھرتا ہو (اس کے لیے) سب برابر ہیںo

He amongst you who talks in a low voice, and the other who talks in a loud voice, and he who is hidden in (the darkness of) the night, and he who moves about in the day(light), all are alike (to Him).

هُوَ الَّذِىْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفاً وَطَمَعاً وَيُنْشِءُ السَّحَابَ الثِّقَالَ (12)

ترجمہ: وہی ہے جو تمہیں (کبھی) ڈرانے اور (کبھی) امید دلانے کے لیے بجلی دکھاتا ہے اور (کبھی) بھاری (گھنے) بادلوں کو اٹھاتا ہےo

He is the One Who, to rouse in you (sometimes) fear and (some other times) hope, shows you lightning, and (at times) raises (rain-laden) heavy clouds.

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهِ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَن يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِىْ اللّٰهِ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ(13)

ترجمہ: (بجلیوں اور بادلوں کی) گرج (یا اس پر متعین فرشتہ) اور تمام فرشتے اس کے خوف سے اس کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں، اور وہ کڑکتی بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے اسے گرا دیتا ہے، اور وہ (کفار قدرت کی ان نشانیوں کے باوجود) اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں، اور وہ سخت تدبیر و گرفت والا ہےo

And the thunder (of clouds and lightning or the angel appointed over it) and all angels glorify Him with His praise out of His fear. And He sends thunderbolts and strikes with them whom He wills. And they (the disbelievers, despite these signs of His Might,) dispute about Allah. And He is Stern in strategy and Severe in grip.

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَن فِىْ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعاً وَكَرْهاً وَظِلالُهُم بِالْغُدُوِّ وَالآصَالِ (15)

ترجمہ: اور جو کوئی (بھی) آسمانوں اور زمین میں ہے وہ تو اللہ ہی کے لیے سجدہ کرتا ہے (بعض) خوشی سے اور (بعض) مجبوراً اور ان کے سائے (بھی) صبح و شام (اسی کو سجدہ کرتے ہیں، تو پھر ان کافروں نے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کی سجدہ ریزی کیوں شروع کر لی ہے؟)o

And whoever is in the heavens and the earth prostrates himself before Allah, (some) willingly and (others) perforce, and their shadows (too prostrate

themselves before Him) morning and evening. (Then why do the disbelievers do idol-worship, turning away from Allah?)

قُلْ مَن رَّبُّ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ قُلِ اللّهُ قُلْ أَفَاتَّخَذْتُم مِّن دُونِهِ أَوْلِيَاء لاَ يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ نَفْعاً وَلاَ ضَرّاً قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الأَعْمَى وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ أَمْ جَعَلُواْ لِلّهِ شُرَكَاء خَلَقُواْ كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (16)

ترجمہ: (ان کافروں کے سامنے) فرمائیے کہ آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے؟ آپ (خود ہی) فرما دیجیے: اللہ ہے۔ (پھر) آپ (ان سے دریافت) فرمائیے: کیا تم نے اس کے سوا (ان بتوں) کو کارساز بنا لیا ہے جو نہ اپنی ذاتوں کے لیے کسی نفع کے مالک ہیں اور نہ کسی نقصان کے۔ آپ فرما دیجیے: کیا اندھا اور بینا برابر ہو سکتے ہیں یا کیا تاریکیاں اور روشنی برابر ہو سکتی ہیں۔ کیا انہوں نے اللہ کے لیے ایسے شریک بنائے ہیں جنہوں نے اللہ کی مخلوق کی طرح (کچھ مخلوق) خود (بھی) پیدا کی ہو، سو (ان بتوں کی پیدا کردہ) اس مخلوق سے ان کو تشابُہ (یعنی مغالطہ) ہو گیا ہو، فرما دیجیے: اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہ ایک ہے، وہ سب پر غالب ہےo

Say(to these disbelievers): 'Who is the Sustainer of the heavens and the earth?' Say (yourself): 'Allah.' (Again) ask (them): 'Have you taken besides Allah (these idols) as your protectors who cannot control any profit or loss even for themselves?' Say: 'Can the blind and the seeing be equal? Or can darkness and light be the same? Have they associated such partners with Allah that have also created (some creation) themselves similar to that of Allah, so this creation (created by these idols) has caused them doubt of resemblance (i.e., error of judgment that they too could create as Allah does)?' Say: 'Allah alone is the Creator of everything. And He is One. He is Dominant over all.'

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاء مَاء فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَداً رَّابِياً وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاء حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاء وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الأَرْضِ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللّهُ الأَمْثَالَ (17)

ترجمہ: اس نے آسمان کی جانب سے پانی اتارا تو وادیاں اپنی (اپنی) گنجائش کے مطابق بہہ نکلیں، پھر سیلاب کی رَو نے ابھرا ہوا جھاگ اٹھا لیا، اور جن چیزوں کو آگ میں تپاتے ہیں، زیور یا دوسرا سامان بنانے کے لیے اس پر بھی ویسا ہی جھاگ اٹھتا ہے، اس طرح اللہ حق اور باطل کی مثالیں بیان فرماتا ہے، سو جھاگ تو (پانی والا ہو یا آگ والا سب) بے کار ہو کر رہ جاتا ہے اور البتہ جو کچھ لوگوں کے لیے نفع بخش ہوتا ہے وہ زمین میں باقی رہتا ہے، اللہ اس طرح مثالیں بیان فرماتا ہےo

He sends down water from the sky and the valleys flow according to their (respective) capacity. Then the floodwater carries the scum raised to the surface. And the items that are heated in the fire for making ornaments or other articles also have foam that comes up the same way. Thus Allah illustrates examples of the truth and falsehood. So, (whether produced by water or by fire,) the foam or scum passes away useless, but what is beneficial

to the people endures in the earth. That is how Allah illustrates examples.

يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِندَهُ أُمُّ الْكِتَابِ (39)

ترجمہ: اللہ جس (لکھے ہوئے) کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور (جسے چاہتا ہے) ثبت فرما دیتا ہے، اور اسی کے پاس اصل کتاب (لوحِ محفوظ) ہےo

Allah erases whatever (writing) He wills and confirms (whatever He wills). And with Him alone is the Real Book (the Protected Tablet [al-Lawh al-Mahfuz]).

سورۃ ابراہیم:

اللّٰهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَوَيْلٌ لِّلْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيدٍ (2)

ترجمہ: وہ اللہ کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے (سب) اسی کا ہے، اور کفّار کے لیے سخت عذاب کے باعث بربادی ہےo

Allah, to Whom belongs (all) that is in the heavens and all that is in the earth. And there is destruction for the disbelievers on account of a severe punishment.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ (19)

ترجمہ: (اے سننے والے!) کیا تو نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق (پر مبنی حکمت) کے ساتھ پیدا فرمایا۔ اگر وہ چاہے (تو) تمہیں نیست و نابود فرما دے اور (تمہاری جگہ) نئی مخلوق لے آئےo

(O listener!) Have you not seen that Allah has created the heavens and the earth in accordance with (a strategy based on) the truth? He can annihilate you if He so wills and bring new creation (in your place).

وَمَا ذَلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيزٍ (20)

ترجمہ: اور یہ (کام) اللہ پر (کچھ بھی) دشوار نہیں ہےo

And this is not (in the least) difficult for Allah (to execute).

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ (24)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا، اللہ نے کیسی مثال بیان فرمائی ہے کہ پاکیزہ بات اس پاکیزہ درخت کی مانند ہے جس کی جڑ (زمین میں) مضبوط ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیںo

Have you not seen how Allah sets forth an example: a good word is like a good tree? Its root is firm (in the earth) and its branches reach into the sky.

تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (25)

ترجمہ: وہ (درخت) اپنے رب کے حکم سے ہر وقت پھل دے رہا ہے، اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان فرماتا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریںo

(That tree) yields fruit at all times by the command of its Lord, and Allah

illustrates examples for the people so that they may take advice.

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِن فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِن قَرَارٍ (26)

ترجمہ: اورناپاک بات کی مثال اس ناپاک درخت کی سی ہے جسے زمین کے اوپر ہی سے اکھاڑ لیا جائے، اسے ذرا بھی قرار (وبقا) نہ ہوo

And the example of an evil word is like that of an evil tree, which is uprooted from the surface of the earth (and) which has no chance to get firm (in the soil and survive).

اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقاً لَّكُمْ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْأَنْهَارَ (32)

ترجمہ: اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور آسمان کی جانب سے پانی اتارا پھر اس پانی کے ذریعہ سے تمہارے رزق کے طور پر پھل پیدا کیے، اور اس نے تمہارے لیے کشتیوں کو مسخر کر دیا تا کہ اس کے حکم سے سمندر میں چلتی رہیں اور اس نے تمہارے لیے دریاؤں کو (بھی) مسخر کر دیاo

Allah is He Who created the heavens and the earth and poured down water from the sky and then by means of this water produced fruits for you as provision. And He has made vessels subservient to you so that they may sail in the sea by Allah's command, and He has (also) put rivers under your control.

وَآتَاكُم مِّن كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوهُ وَإِن تَعُدُّواْ نِعْمَتَ اللّهِ لاَ تُحْصُوهَا إِنَّ الإِنسَانَ لَظَلُومٌ كَفَّارٌ (34)

ترجمہ: اور اس نے تمہیں ہر وہ چیز عطا فرما دی جو تم نے اس سے مانگی، اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو (تو) پورا شمار نہ کر سکو گے، بے شک انسان بڑا ہی ظالم بڑا ہی ناشکر گزار ہےo

And He has given you everything that you asked Him for, and if you seek to number the favours of Allah, you will not be able to count them all. Indeed, man is highly unjust and extremely ungrateful.

رَبَّنَا إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِي وَمَا نُعْلِنُ وَمَا يَخْفَى عَلَى اللّهِ مِن شَيْءٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاء (38)

ترجمہ: اے ہمارے رب! بے شک تو وہ (سب کچھ) جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ہم ظاہر کرتے ہیں، اور اللہ پر کوئی بھی چیز نہ زمین میں پوشیدہ ہے اور نہ ہی آسمان میں (مخفی ہے)o

O our Lord! Surely, You know (all) what we hide and what we show, and there is nothing which is hidden from Allah either on earth or in the heaven.

الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِي وَهَبَ لِي عَلَى الْكِبَرِ إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَاء (39)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیل اور اسحاق (علیہما السلام دو فرزند) عطا فرمائے، بے شک میرا رب دعا خوب سننے والا ہےo

All praise belongs to Allah alone, Who has bestowed upon me (two sons) in

old age, Isma'il (Ishmael) and Ishaq (Isaac). Indeed, my Lord is the All-Hearer of prayer.

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلَاۃِ وَمِن ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاء (40)

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم رکھنے والا بنا دے، اے ہمارے رب! اور تو میری دعا قبول فرما لےo

O my Lord! Make me and my children the ones who establish Prayer; O my Lord, and grant my prayer.

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ (41)

ترجمہ: اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے والدین کو (بخش دے) ☆ اور دیگر سب مومنوں کو بھی، جس دن حساب قائم ہوگاo

☆ (یہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حقیقی والد تارخ کی طرف اشارہ ہے، یہ کافر و مشرک نہ تھے بلکہ دینِ حق پر تھے۔ آزر دراصل آپ کا چچا تھا، اس نے آپ علیہ السلام کو آپ علیہ السلام کے والد کی وفات کے بعد پالا تھا، اس لیے اسے عرفاً باپ کہا گیا ہے، وہ مشرک تھا اور آپ کو اس کے لیے دعائے مغفرت سے روک دیا گیا تھا جبکہ یہاں حقیقی والدین کے لیے دعائے مغفرت کی جا رہی ہے۔ یہ دعا اللہ تعالیٰ کو اس قدر پسند آئی کہ اسے امتِ محمدی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نمازوں میں بھی برقرار رکھ دیا گیا۔)

O my Lord! Forgive me and (forgive) my parents* and all the believers as well on the Day when reckoning (and accountability) will be held.'

* Here reference is made to the real father of the Prophet Ibrahim (Abraham) Tarakh who was neither a disbeliever nor a polytheist. He was rather a believer in the true Din (Religion). Azar was in fact Ibrahim's uncle who brought him up after his father's demise and was called his father figuratively. He was a polytheist, and Ibrahim (Abraham) was forbidden to pray for his forgiveness. In this Verse the prayer is meant for his real parents. Allah liked this prayer so much that it has been prescribed for the Umma (Community) to supplicate with it in all of the ritual Prayers.

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰہَ مُخْلِفَ وَعْدِہٖ رُسُلَہٗ إِنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ (47)

ترجمہ: سو اللہ کو ہرگز اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھنا! بے شک اللہ غالب، بدلہ لینے والا ہےo

So never think that Allah will break His promise with His Messengers. Indeed, Allah is Almighty, the Lord of Retribution.

ھَـذَا بَلَاغٌ لِّلنَّاسِ وَلِیُنذَرُواْ بِہٖ وَلِیَعْلَمُواْ أَنَّمَا ھُوَ إِلَـہٌ وَاحِدٌ وَلِیَذَّکَّرَ أُوْلُواْ الأَلْبَابِ(52)

ترجمہ: یہ (قرآن) لوگوں کے لیے کاملاً پیغام کا پہنچا دینا ہے، تاکہ انہیں اس کے ذریعہ ڈرایا جائے اور یہ کہ وہ خوب جان لیں کہ بس وہی (اللہ) معبودِ یکتا ہے اور یہ کہ دانش مند لوگ نصیحت حاصل کریںo

This (Qur'an) is perfect communication of the Message to mankind so that by means of this they may be warned, and that they may conscientiously bear in mind that He (Allah) is One God, and that those who possess

wisdom may take advice.

سورۃ الحجر:

مَا نُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوا إِذاً مُّنظَرِيْنَ (8)

ترجمہ: ہم فرشتوں کو نہیں اتارا کرتے مگر (فیصلۂ) حق کے ساتھ (یعنی جب عذاب کی گھڑی آ پہنچے تو اس کے نفاذ کے لیے اتارتے ہیں) اور اس وقت انہیں مہلت نہیں دی جاتیo

We do not send down angels but with the (judgment of) truth (i.e., We send them down to execute the torment when its time approaches), and they are not granted respite at that time.

وَإِنَّا لَنَحْنُ نُحْيِيْ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوَارِثُونَ (23)

ترجمہ: اور بے شک ہم ہی جلاتے ہیں اور مارتے ہیں اور ہم ہی (سب کے) وارث (و مالک) ہیںo

And indeed, We alone give life and cause death, and We alone are the Inheritor (and the Owner of all).

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِيْنَ(24)

ترجمہ: اور بے شک ہم اُن کو بھی جانتے ہیں جو تم سے پہلے گزر چکے اور بے شک ہم بعد میں آنے والوں کو بھی جانتے ہیںo

And surely, We know those who lived before you, and We also know those who will come after you.

وَإِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ إِنَّهُ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ (25)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی تو انہیں (روزِ قیامت) جمع فرمائے گا۔ بے شک وہ بڑی حکمت والا خوب جاننے والا ہےo

Verily, it is your Lord Who will gather them together (on the Day of Resurrection). Surely, He is Most Wise, All-Knowing.

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيْمُ (86)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب ہی سب کو پیدا فرمانے والا خوب جاننے والا ہےo

Indeed, your Lord alone is the Creator of all things, All-Knowing.

فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِيْنَ (92)

ترجمہ: سو آپ کے رب کی قسم! ہم ان سب سے ضرور پرسش کریں گےo

So, by your Lord, We shall indeed interrogate them all,

عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ (93)

ترجمہ: ان اعمال سے متعلق جو وہ کرتے رہے تھےo

Pertaining to the works that they used to do.

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ (94)

ترجمہ: پس آپ وہ (باتیں) اعلانیہ کہہ ڈالیں جن کا آپ کو حکم دیا گیا ہے اور آپ مشرکوں سے منہ پھیر لیجئےo

So declare openly all those (matters) that you have been commanded, and turn away from those who set up partners with Allah.

إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ (95)

ترجمہ: بے شک مذاق کرنے والوں (کو انجام تک پہنچانے) کے لیے ہم آپ کو کافی ہیںo

Surely, We suffice you for (taking them to task) who scoff,

الَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ اللّهِ إِلـهاً آخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (96)

ترجمہ: جو اللہ کے ساتھ دوسرا معبود بناتے ہیں سو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گےo

Who set up other gods along with Allah. So they will come to know (their end) soon.

سورۃ النحل:

أَتَى أَمْرُ اللّهِ فَلاَ تَسْتَعْجِلُوهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (1)

ترجمہ: اللہ کا وعدہ (قریب) آ پہنچا سو تم اس کے چاہنے میں عجلت نہ کرو۔ وہ پاک ہے اور وہ ان چیزوں سے برتر ہے جنہیں کفار (اس کا) شریک ٹھہراتے ہیںo

The promise of Allah has drawn (near), so do not hasten in seeking it. Holy is He and Exalted far above those objects, which the disbelievers set up as (His) peers.

يُنَزِّلُ الْمَلآئِكَةَ بِالْرُّوحِ مِنْ أَمْرِهِ عَلَى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ أَنْ أَنذِرُواْ أَنَّهُ لاَ إِلَـهَ إِلاَّ أَنَاْ فَاتَّقُونِ (2)

ترجمہ: وہی فرشتوں کو وحی کے ساتھ (جو جملہ تعلیماتِ دین کی روح اور جان ہے) اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے نازل فرماتا ہے کہ (لوگوں کو) ڈر سناؤ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں سو میری پرہیزگاری اختیار کرو o

He alone sends down the angels by His command with Revelation (which is the spirit of all the teachings of Din [Religion]) to those of His servants He likes: 'Warn (the people) that there is no God except Me, so fear Me against all evils.'

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ بِالْحَقِّ تَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (3)

ترجمہ: اُسی نے آسمانوں اور زمین کو درست تدبیر کے ساتھ پیدا فرمایا، وہ ان چیزوں سے برتر ہے جنہیں کفار (اس کا) شریک گردانتے ہیںo

He alone has created the heavens and the earth with a decreed celestial order. He is Exalted far above those objects which the disbelievers set up as (His) peers.

خَلَقَ الإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ (4)

ترجمہ: اُسی نے انسان کو ایک تولیدی قطرہ سے پیدا فرمایا، پھر بھی وہ (اللہ کے حضور مطیع ہونے کی بجائے) کھلا جھگڑالو بن گیاo

He alone has created man from a drop of vital fluid, yet he has become

openly contentious (instead of becoming totally submissive to Allah).

وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (5)

ترجمہ: اور اُسی نے تمہارے لیے چوپائے پیدا فرمائے، ان میں تمہارے لیے گرم لباس ہے اور (دوسرے) فوائد ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے (بھی) ہو o

And He alone has created for you the cattle. They are for you a source of warm clothing and (other) benefits. And you (also) eat some of them.

وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَى بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُواْ بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنفُسِ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (7)

ترجمہ: اور یہ (جانور) تمہارے بوجھ (بھی) ان شہروں تک اٹھا لے جاتے ہیں جہاں تم بغیر جانکاہ مشقت کے نہیں پہنچ سکتے تھے، بے شک تمہارا رب نہایت شفقت والا نہایت مہربان ہے o

And these (animals also) carry your loads to those distant cities (and remote areas) where you cannot reach (otherwise) without toiling hard. Surely, your Lord is Most Clement, Ever-Merciful.

وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ (8)

ترجمہ: اور (اُسی نے) گھوڑوں اور خچروں اور گدھوں کو (پیدا کیا) تاکہ تم ان پر سواری کر سکو اور وہ (تمہارے لیے) باعثِ زینت بھی ہوں، اور وہ (مزید ایسی بازینت سواریوں کو بھی) پیدا فرمائے گا جنہیں تم (آج) نہیں جانتے o

And (He is the One Who has created) horses, mules and donkeys so that you may ride them, and that they may serve as means of adornment (for you) as well, and He will (further) create (such ornamented means of conveyance) that you do not know (today).

وَعَلَى اللّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ وَلَوْ شَاء لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ (9)

ترجمہ: اور درمیانی راہ اللہ (کے دروازے) پر جا پہنچتی ہے اور اس میں سے کئی ٹیڑھی راہیں بھی (نکلتی) ہیں، اور اگر وہ چاہتا تو تم سب ہی کو ہدایت فرما دیتا o

And the middle course reaches (the door of) Allah, and many crooked side tracks also (branch off) from it. And had He so willed, He would have guided all of you.

وَاللّهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ (19)

ترجمہ: وراللہ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو o

And Allah knows what you hide and what you show.

إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ قُلُوبُهُم مُّنكِرَةٌ وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ (22)

ترجمہ: تمہارا معبود، معبودِ یکتا ہے، پس جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل منکر ہیں اور وہ سرکش و متکبّر ہیں o

Your God is One God. So those who do not believe in the Hereafter are deniers at heart and are beliers and arrogant.

لَا جَرَمَ أَنَّ اللّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ (23)

ترجمہ: یہ بات حق وثابت ہے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں، بے شک وہ سرکشوں متکبّروں کو پسند نہیں کرتاo

This is true and established that Allah knows all that they hide and all that they show. Surely, He does not like the defiers and arrogant.

إِن تَحْرِصْ عَلَى هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللّهَ لَا يَهْدِي مَن يُضِلُّ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ (37)

ترجمہ: گر آپ ان کے ہدایت پر آجانے کی شدید طلب رکھتے ہیں تو (آپ اپنی طبیعتِ مطہرہ پر اس قدر بوجھ نہ لائیں) بے شک اللہ جسے گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اسے ہدایت نہیں فرماتا اور ان کے لیے کوئی مددگار نہیں ہوتاo

If you ardently desire them to take the path of guidance then (let not your sanctified disposition be overburdened), for indeed Allah does not guide him whom He holds strayed, nor do they have any helpers.

وَأَقْسَمُواْ بِاللّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّهُ مَن يَمُوتُ بَلَى وَعْداً عَلَيْهِ حَقّاً وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (38)

ترجمہ: اور یہ لوگ بڑی شدّ و مد سے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مَر جائے اللہ اسے (دوبارہ) نہیں اٹھائے گا، کیوں نہیں اس کے ذمۂ کرم پر سچا وعدہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتےo

And they swear by Allah most earnestly that Allah will not resurrect him who dies. No indeed! The true promise is a bountiful obligation upon Him, but most people do not know.

إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَن نَّقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ (40)

ترجمہ: ہمارا فرمان تو کسی چیز کے لیے صرف اِسی قدر ہوتا ہے کہ جب ہم اُس (کو وجود میں لانے) کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم اُسے فرماتے ہیں: ''ہو جا'' پس وہ ہو جاتی ہےo

Our command for a thing is but only this much that when We intend (to bring) it (into existence), We say to it: 'Be,' and it becomes.

أَوَ لَمْ يَرَوْاْ إِلَى مَا خَلَقَ اللّهُ مِن شَيْءٍ يَتَفَيَّأُ ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالْشَّمَآئِلِ سُجَّداً لِلّهِ وَهُمْ دَاخِرُونَ (48)

ترجمہ: کیا انہوں نے ان (سایہ دار) چیزوں کی طرف نہیں دیکھا جو اللہ نے پیدا فرمائی ہیں (کہ) ان کے سائے دائیں اور بائیں اَطراف سے اللہ کے لیے سجدہ کرتے ہوئے پھرتے رہتے ہیں اور وہ (درحقیقت) طاعت و عاجزی کا اظہار کرتے ہیںo

Have they not seen those (shady) objects that Allah has created; their shadows keep crawling on the right and the left sides, prostrating themselves before Allah? And, (in fact, in this way) they display humbleness and obedience.

وَلِلّهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مِن دَآبَّةٍ وَالْمَلآئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ (49)

ترجمہ: ور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے جملہ جاندار اور فرشتے، اللہ (ہی) کو سجدہ کرتے ہیں اور وہ (ذرا بھی) غرور و تکبر نہیں کرتےo

And whatever is in the heavens and whatever is in the earth, all living beings and angels prostrate themselves before Allah (alone), and are not (a bit) proud and arrogant.

يَخَافُونَ رَبَّهُم مِّن فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ (50)

ترجمہ: وہ اپنے رب سے جو ان کے اوپر ہے ڈرتے رہتے ہیں اور جو حکم انہیں دیا جاتا ہے (اسے) بجالاتے ہیںo

They keep fearing their Lord, Who is high above them, and obey whatever command they are given.

وَقَالَ اللّهُ لاَ تَتَّخِذُواْ إِلـهَيْنِ اثْنَيْنِ إِنَّمَا هُوَ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ (51)

ترجمہ: اور اللہ نے فرمایا ہے: تم دو معبود مت بناؤ، بے شک وہی (اللہ) معبودِ یکتا ہے، اور تم مجھ ہی سے ڈرتے رہوo

And Allah has ordained: 'Do not take two gods; assuredly, He (Allah) alone is the only One God. So fear Me alone persistently.'

وَلَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَلَهُ الدِّينُ وَاصِباً أَفَغَيْرَ اللّهِ تَتَّقُونَ (52)

ترجمہ: اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اسی کا ہے اور (سب کے لیے) اسی کی فرمانبرداری واجب ہے۔ تو کیا تم غیرِ اَز خدا (کسی) سے ڈرتے ہوo

And whatever is in the heavens and the earth (all) belongs to Him alone, and obedience to Him alone is obligatory (for all). Do you then fear (anyone) other than Allah?

وَمَا بِكُم مِّن نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّهِ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَإِلَيْهِ تَجْأَرُونَ (53)

ترجمہ: اور تمہیں جو نعمت بھی حاصل ہے سو وہ اللہ ہی کی جانب سے ہے، پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو تم اسی کے آگے گریہ و زاری کرتے ہوo

And whatever blessing you have been provided with is from Allah alone. Then, when some distress afflicts you, you wail and weep only before Him.

ثُمَّ إِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنكُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنكُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ(54)

ترجمہ: پھر جب اللہ اس تکلیف کو تم سے دور فرما دیتا ہے تو تم میں سے ایک گروہ اس وقت اپنے رب سے شرک کرنے لگتا ہےo

Then, when Allah removes that distress from you, a party from amongst you starts setting up partners with their Lord;

وَاللّهُ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ (65)

ترجمہ: اور اللہ نے آسمان کی جانب سے پانی اتارا اور اس کے ذریعہ زمین کو اس کے مردہ (یعنی بنجر) ہونے کے بعد زندہ (یعنی سرسبز و شاداب) کر دیا۔ بے شک اس میں (نصیحت) سننے والوں کے لیے نشانی ہےo

And Allah pours down water from the sky, and by means of that brings the earth to life (i.e., makes it fertile and green) after it has become dead (i.e., barren and infertile). Surely, there is in it a sign for those who give ear (to advice).

وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفَّاكُمْ وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئاً إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ قَدِيرٌ (70)

ترجمہ: اور اللہ نے تمہیں پیدا فرمایا ہے پھر وہ تمہیں وفات دیتا (یعنی تمہاری روح قبض کرتا) ہے۔ اور تم میں سے کسی کو ناقص ترین عمر (بڑھاپا) کی طرف پھیر دیا جاتا ہے تاکہ (زندگی میں بہت کچھ) جان لینے کے بعد اب کچھ بھی نہ جانے (یعنی انسان مرنے سے پہلے اپنی بے بسی و کم مائیگی کا منظر بھی دیکھ لے)، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی قدرت والا ہےo

And Allah has brought you into being; then He causes you to die; and He turns some of you to the most worthless age (i.e., senility) so that after knowing (so much in life) he should now know nothing (i.e., man may see to his helplessness and paucity of resources before death). Surely, Allah is All-Knowing, All-Powerful.

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُواْ بِرَآدِّي رِزْقِهِمْ عَلَى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَاء أَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُونَ (71)

ترجمہ: اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر رزق (کے درجات) میں فضیلت دی ہے (تاکہ وہ تمہیں حکمِ انفاق کے ذریعے آزمائے)، مگر جن لوگوں کو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنی دولت (کے کچھ حصہ کو بھی) اپنے زیردست لوگوں پر نہیں لوٹاتے (یعنی خرچ نہیں کرتے) حالاں کہ وہ سب اس میں (بنیادی ضروریات کی حد تک) برابر ہیں، تو کیا وہ اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیںo

And Allah has preferred some of you to others in (grades of) provision (so that He puts you to trial through the command of spending in His way). But those who have been preferred do not divert (even a portion of) their wealth to (i.e., do not spend on) their dependants, whilst they all are equal in it (as for as their basic necessities are concerned). So do they deny Allah's favour?

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجاً وَجَعَلَ لَكُم مِّنْ أَزْوَاجِكُم بَنِينَ وَحَفَدَةً وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُونَ(72)

ترجمہ: اور اللہ نے تم ہی میں سے تمہارے لیے جوڑے پیدا فرمائے اور تمہارے جوڑوں (یعنی بیویوں) سے تمہارے لیے بیٹے اور پوتے/نواسے پیدا فرمائے اور تمہیں پاکیزہ رزق عطا فرمایا، تو کیا پھر بھی وہ (حق کو چھوڑ کر) باطل پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت سے وہ ناشکری کرتے ہیںo

And Allah has created for you spouses from amongst yourselves, and has created through your mates (i.e., wives) sons and grandsons and provided you with pure sustenance. Do they still believe in falsehood (abandoning the truth) and disregard Allah's favours?

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقاً مِّنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ شَيْئاً وَلَا يَسْتَطِيعُونَ (73)

ترجمہ: اور اللہ کے سوا ان (بتوں) کی پرستش کرتے ہیں جو آسمانوں اور زمین سے ان کے لیے کسی قدر رزق دینے کے بھی مالک نہیں ہیں اور نہ ہی کچھ قدرت رکھتے ہیںo

And besides Allah, they worship those (idols) who are helpless to provide

them with any provision from the heavens and the earth, nor do they have any power.

ضَـرَبَ اللّهُ مَثَلاً عَبْداً مَّمْلُوكاً لاَّ يَقْدِرُ عَلَى شَيْءٍ وَمَن رَّزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقاً حَسَناً فَهُوَ يُنفِقُ مِنْهُ سِرّاً وَجَهْراً هَلْ يَسْتَوُونَ الْحَمْدُ لِلّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ **(75)**

ترجمہ: اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی ہے (کہ) ایک غلام ہے (جو کسی کی) ملکیت میں ہے (خود) کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور (دوسرا) وہ شخص ہے جسے ہم نے اپنی طرف سے عمدہ روزی عطا فرمائی ہے سو وہ اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا ہے، کیا وہ برابر ہو سکتے ہیں، سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر (بنیادی حقیقت کو بھی) نہیں جانتےo

Allah has explained an example (that) there is a slave, possessed by (some master), having no control over anything (himself), and (the other) is the one to whom We have given the best provision, so he gives out to others out of it secretly and openly: can the two be held equal? All praise belongs to Allah alone. But most of them do not know (even the basic reality).

وَضَـرَبَ اللّـهُ مَثَلاً رَّجُـلَيْـنِ أَحَـدُهُمَا أَبْكَمُ لاَ يَقْدِرُ عَلَىَ شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلَى مَوْلاهُ أَيْنَمَا يُوَجِّههُّ لاَ يَأْتِ بِخَيْرٍ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ وَمَن يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَهُوَ عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ **(76)**

ترجمہ: اور اللہ نے دو (ایسے) آدمیوں کی مثال بیان فرمائی ہے جن میں سے ایک گونگا ہے وہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور وہ اپنے مالک پر بوجھ ہے وہ (مالک) اسے جدھر بھی بھیجتا ہے کوئی بھلائی لے کر نہیں آتا، کیا وہ (گونگا) اور (دوسرا) وہ شخص جو (اس منصب کا حامل ہے کہ) لوگوں کو عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے اور وہ خود بھی سیدھی راہ پر گامزن ہے (دونوں) برابر ہو سکتے ہیںo

And Allah has illustrated an example of two (such) men of whom one is dumb, has no power over anything and is a burden on his master; wherever he (the master) sends him, he brings no good. Can he (the dumb) be equal to the (other) one who (holds such an office that he) enjoins the people to do justice, and he himself also follows the straight path?

وَلِلّهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا أَمْرُ السَّاعَةِ إِلاَّ كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ إِنَّ اللّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ **(77)**

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین کا (سب) غیب اللہ ہی کے لیے ہے، اور قیامت کے بپا ہونے کا واقعہ اس قدر تیزی سے ہوگا جیسے آنکھ کا جھپکنا یا اس سے بھی تیز تر، بے شک اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

And to Allah belongs (all) the unseen of the heavens and the earth, and the advent of the Last Hour will be as quick as a twinkling of an eye or even faster. Surely, Allah has mighty control over everything.

وَاللّهُ أَخْرَجَكُم مِّن بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لاَ تَعْلَمُونَ شَيْئاً وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالأَبْصَارَ وَالأَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ **(78)**

ترجمہ: اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے (اس حالت میں) باہر نکالا کہ تم کچھ نہ جانتے تھے اور اس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر بجالاؤo

And Allah brought you forth from the wombs of your mothers (in such a state)

that you knew nothing, and He endowed you with ears and eyes and hearts so that you might give thanks.

أَلَمْ يَرَوْاْ إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَاءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلاَّ اللّهُ إِنَّ فِيْ ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ(79)

ترجمہ: کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا جو آسمان کی ہوا میں (قانونِ حرکت و پرواز کے) پابند (ہو کر اڑتے رہتے) ہیں، انہیں اللہ کے (قانون کے) سوا کوئی چیز تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بے شک اس (پرواز کے اصول) میں ایمان والوں کے لیے نشانیاں ہیںo

Have they not seen the birds that fly aloft in the air (under the law of motion and aerodynamics)? Nothing but (the laws of) Allah hold them (in the sky). Surely, there are signs in (this law of aerodynamics) for the believers.

وَاللّهُ جَعَلَ لَكُم مِّن بُيُوتِكُمْ سَكَناً وَجَعَلَ لَكُم مِّن جُلُودِ الأَنْعَامِ بُيُوتاً تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا أَثَاثاً وَمَتَاعاً إِلَى حِيْنٍ80)

ترجمہ: اور اللہ نے تمہارے لیے تمہارے گھروں کو (مستقل) سکونت کی جگہ بنایا اور تمہارے لیے چوپایوں کی کھالوں سے (عارضی) گھر (یعنی خیمے) بنائے جنہیں تم اپنے سفر کے وقت اور (دورانِ سفر منزلوں پر) اپنے ٹھہرنے کے وقت ہلکا پھلکا پاتے ہو اور (اسی اللہ نے تمہارے لیے) بھیڑوں اور دنبوں کی اون اور اونٹوں کی پشم اور بکریوں کے بالوں سے گھریلو استعمال اور (معیشت وتجارت میں) فائدہ اٹھانے کے اسباب بنائے (جو) مقررہ مدت تک (ہیں)o

And Allah has made your homes (permanent) places for you to reside and made for you (temporary) dwellings (i.e., tents) with the skins of cattle which you find light enough during your journey and for (reposing at break-journey) halts. And (Allah is the One Who) provides you with household goods and profitable means (in business and trade) from the wool of sheep and lambs and the fur of camels and hair obtained from goats (which are) for an appointed term.

وَاللّهُ جَعَلَ لَكُم مِّمَّا خَلَقَ ظِلاَلاً وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْجِبَالِ أَكْنَاناً وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُم بَأْسَكُمْ كَذَلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ (81)

ترجمہ: اور اللہ ہی نے تمہارے لیے اپنی پیدا کردہ کئی چیزوں کے سائے بنائے اور اس نے تمہارے لیے پہاڑوں میں پناہ گاہیں بنائیں اور اس نے تمہارے لیے (کچھ) ایسے لباس بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور (کچھ) ایسے لباس جو تمہیں شدید جنگ میں (دشمن کے وار سے) بچاتے ہیں، اس طرح اللہ تم پر اپنی نعمتِ (کفالت وحفاظت) پوری فرماتا ہے تاکہ تم (اس کے حضور) سرِ نیاز خم کردوo

And Allah is the One Who has made for you shades of many things that He created, and He has made places of shelter for you in the mountains, and He has made such clothes for you that protect you from heat and (others like) coats of armour, which shield you (against the enemy assault) during the event of intense war. Thus Allah perfects His favour and blessing (i.e.,

provision and protection) upon you so that you may bow down (before His presence) with absolute submissiveness.

يَعْرِفُونَ نِعْمَتَ اللّهِ ثُمَّ يُنكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكَافِرُونَ (83)

ترجمہ: یہ لوگ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں سے اکثر کافر ہیں o

They recognize Allah's favour, then deny it and most of them are disbelievers.

إِنَّ اللّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ وَإِيتَاء ذِي الْقُرْبَى وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاء وَالْمُنكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ (90)

ترجمہ: بے شک اللہ (ہر ایک کے ساتھ) عدل اور احسان کا حکم فرماتا ہے اور قرابت داروں کو دیتے رہنے کا اور بے حیائی اور برے کاموں اور سرکشی و نافرمانی سے منع فرماتا ہے، وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم خوب یاد رکھو o

And the Day when We shall raise from every people (their Messenger as) a witness (to their deeds), then the disbelievers will not be accorded permission (to put forward any excuse), nor will they be asked (then) to turn to Allah in repentance.

وَلاَ تَكُونُواْ كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِن بَعْدِ قُوَّةٍ أَنكَاثاً تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلاً بَيْنَكُمْ أَن تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبَى مِنْ أُمَّةٍ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللّهُ بِهِ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ (92)

ترجمہ: اور اس عورت کی طرح نہ ہو جاؤ جس نے اپنا سوت مضبوط کات لینے کے بعد توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا، تم اپنی قسموں کو اپنے درمیان فریب کاری کا ذریعہ بناتے ہو تاکہ (اس طرح) ایک گروہ دوسرے گروہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے والا ہو جائے، بات یہ ہے کہ اللہ (بھی) تمہیں اسی کے ذریعہ آزماتا ہے، اور وہ تمہارے لیے قیامت کے دن ان باتوں کو ضرور واضح فرما دے گا جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے o

And do not be like the woman who, after spinning her yarn firm and strong, breaks it into pieces. You employ your oaths as a means of deceiving amongst you so that (by this) one party may earn more profit than the other. The matter is that Allah (also) puts you to trial through the same, and on the Day of Resurrection He will certainly make clear those matters in which you used to disagree.

وَلَوْ شَاء اللّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَكِن يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ وَلَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ(93)

ترجمہ: اور اگر اللہ چاہتا تو تم (سب) کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرما دیتا ہے، اور تم سے ان کاموں کی نسبت ضرور پوچھا جائے گا جو تم انجام دیا کرتے تھے o

And had Allah so willed, He would have made (all) of you one Umma (Community) but He holds strayed whom He wills and leads to guidance whom He wills. And you will surely be asked about the deeds you used to do.

وَلاَ تَشْتَرُواْ بِعَهْدِ اللّهِ ثَمَناً قَلِيلاً إِنَّمَا عِندَ اللّهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (95)

ترجمہ: اور اللہ کے عہد حقیر سی قیمت (یعنی دنیوی مال و دولت) کے عوض مت بیچ ڈالا کرو، بے شک جو (اجر) اللہ کے پاس ہے وہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم (اس راز کو) جانتے ہوo

And do not barter the promise made to Allah for a paltry price (i.e., worldly wealth and gains). Surely, (the reward) that is with Allah is best for you if you know (this secret).

وَلَا تَقُولُواْ لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هَـذَا حَلاَلٌ وَهَـذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُواْ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ إِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ لاَ يُفْلِحُونَ(116)

ترجمہ: اور وہ جھوٹ مت کہا کرو جو تمہاری زبانیں بیان کرتی رہتی ہیں کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے اس طرح کہ تم اللہ پر جھوٹا بہتان باندھو، بے شک جو لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں وہ (کبھی) فلاح نہیں پائیں گےo

And do not tell a lie which your tongues utter: 'This is lawful and that is forbidden,' thus fabricating a lie against Allah. Indeed, those who fabricate lies against Allah will (never) be delivered.

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُواْ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُواْ مِن بَعْدِ ذَلِكَ وَأَصْلَحُواْ إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيْمٌ (119)

ترجمہ: پھر بے شک آپ کا رب ان لوگوں کے لیے جنہوں نے نادانی سے غلطیاں کیں پھر اس کے بعد تائب ہو گئے اور (اپنی) حالت درست کر لی تو بے شک آپ کا رب اس کے بعد بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

Indeed your Lord, for those who committed wrongs out of ignorance, then turned to Him in repentance and amended (their) state, then surely after that your Lord is Most Forgiving, Ever-Merciful.

ادْعُ إِلِى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِى هِىَ أَحْسَنُ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيْلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ (125)

ترجمہ: (اے رسولِ معظّم!) آپ اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ بلائیے اور ان سے بحث (بھی) ایسے انداز سے کیجئے جو نہایت حسین ہو، بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گیا اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو (بھی) خوب جانتا ہےo

(O Glorious Messenger!) Invite towards the path of your Lord with wisdom and refined exhortation and (also) argue with them in a most decent manner. Surely, your Lord knows well the one who strayed away from His path, and He also knows well the rightly guided.

إِنَّ اللّهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَواْ وَّالَّذِيْنَ هُم مُّحْسِنُونَ(128)

ترجمہ: بے شک اللہ اُن لوگوں کو اپنی معیتِ (خاص) سے نوازتا ہے جو صاحبانِ تقویٰ ہوں اور وہ لوگ جو صاحبانِ اِحسان (بھی) ہوںo

Surely, Allah blesses them who live with Godwariness and who (also) live with spiritual excellence with His (special) companionship.

سورۃ بنی اسرائیل:

سُبْحَانَ الَّذِیْ أَسْرَی بِعَبْدِہٖ لَیْلاً مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَی الْمَسْجِدِ الْأَقْصَی الَّذِیْ بَارَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ آیَاتِنَا إِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ(1)

ترجمہ: وہ ذات (ہر نقص اور کمزوری سے) پاک ہے جو رات کے تھوڑے سے حصہ میں اپنے (محبوب اور مقرّب) بندے کو مسجدِ حرام سے (اس) مسجدِ اقصٰی تک لے گئی جس کے گرد و نواح کو ہم نے بابرکت بنا دیا ہے تاکہ ہم اس (بندۂ کامل) کو اپنی نشانیاں دکھائیں، بے شک وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Holy (i.e., free of any imperfection, weakness and insufficiency) is He Who took His (most beloved and intimate) Servant in a small portion of a night from the Sacred Mosque to the al-Aqsa Mosque, whose surroundings We have blessed, in order that We might show him (the Perfect Servant) Our signs. Surely, He is the One Who is All-Hearing, All-Seeing.

مَّنِ اھْتَدَی فَإِنَّمَا یَھْتَدِیْ لِنَفْسِہٖ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْھَا وَلَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِزْرَ أُخْرَی وَمَا کُنَّا مُعَذِّبِیْنَ حَتَّی نَبْعَثَ رَسُولاً (15)

ترجمہ: جو کوئی راہِ ہدایت اختیار کرتا ہے تو وہ اپنے فائدہ کے لیے ہدایت پر چلتا ہے اور جو شخص گمراہ ہوتا ہے تو اس کی گمراہی کا وبال (بھی) اسی پر ہے، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے (کے گناہوں) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، اور ہم ہرگز عذاب دینے والے نہیں ہیں یہاں تک کہ ہم (اس قوم میں) کسی رسول کو بھیج لیںo

Whoever adopts the path of guidance follows it to his own benefit, and whoever goes astray, then the evil consequences of his error also fall back on him alone. And no bearer of burden will bear the burden (of the sins) of any other. And We do not torment (any people) at all until We send a Messenger (to them).

وَإِذَا أَرَدْنَا أَن نُّھْلِکَ قَرْیَۃً أَمَرْنَا مُتْرَفِیْھَا فَفَسَقُواْ فِیْھَا فَحَقَّ عَلَیْھَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاھَا تَدْمِیْراً (16)

ترجمہ: اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم وہاں کے امراء اور خوشحال لوگوں کو (کوئی) حکم دیتے ہیں (تاکہ ان کے ذریعہ عوام اور غرباء بھی درست ہو جائیں) تو وہ اس (بستی) میں نافرمانی کرتے ہیں پس اس پر ہمارا فرمانِ (عذاب) واجب ہو جاتا ہے پھر ہم اس بستی کو بالکل ہی مسمار کر دیتے ہیںo

And when We resolve to destroy a town, We send (some) command to the rich and the affluent amongst them (so that the common man and the poor may make amends) but they act disobediently in (the town). Thus Our decree (of torment) becomes due against it. Then We totally demolish that town.

وَکَمْ أَھْلَکْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِن بَعْدِ نُوحٍ وَکَفَی بِرَبِّکَ بِذُنُوبِ عِبَادِہٖ خَبِیْراً بَصِیْراً(17)

ترجمہ: اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کے بعد کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر ڈالا، اور آپ کا رب کافی ہے (وہ) اپنے بندوں کے

گناہوں سے خوب خبردار خوب دیکھنے والا ہےo

And how many a community have We destroyed after Nuh (Noah)! And your Lord is Sufficient. (He) is Well Aware of the sins of His servants, All-Seeing.

كُلًّا نُّمِدُّ هَـؤُلاء وَهَـؤُلاء مِنْ عَطَاء رَبِّكَ وَمَا كَانَ عَطَاء رَبِّكَ مَحْظُوراً (20)

ترجمہ: ہم ہر ایک کی مدد کرتے ہیں ان (طالبانِ دنیا) کی بھی اور ان (طالبانِ آخرت) کی بھی (اے حبیبِ مکرّم! یہ سب کچھ) آپ کے رب کی عطا سے ہے، اور آپ کے رب کی عطا (کسی کے لیے) ممنوع اور بند نہیں ہےo

We extend help to all: those (ambitious of this world) as well as those (aspiring to the Hereafter. O Glorious Beloved, all this) is of your Lord's bestowal. And the bestowal of your Lord is not forbidden and restricted (to anyone).

رَّبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِي نُفُوسِكُمْ إِن تَكُونُواْ صَالِحِينَ فَإِنَّهُ كَانَ لِلأَوَّابِينَ غَفُوراً (25)

ترجمہ: تمہارا رب ان (باتوں) سے خوب آگاہ ہے جو تمہارے دلوں میں ہیں، اگر تم نیک سیرت ہو جاؤ تو بے شک وہ (اللہ اپنی طرف) رجوع کرنے والوں کو بہت بخشنے والا ہےo

Your Lord is Well Aware of (the matters and intentions) that are in your hearts. If you acquire righteous conduct, then surely He (Allah) is Most Forgiving to those who turn (towards Him).

إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيراً بَصِيراً (30)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے، بے شک وہ اپنے بندوں (کے اعمال و احوال) کی خوب خبر رکھنے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Truly, your Lord opens up sustenance for whom He pleases and folds up (for whom He wills). Verily, He is All-Knowing of His servants' (works and affairs), All-Seeing.

وَلاَ تَقْتُلُواْ أَوْلادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلاقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُم إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْءاً كَبِيراً (31)

ترجمہ: اور تم اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے قتل مت کرو، ہم ہی انہیں (بھی) روزی دیتے ہیں اور تمہیں بھی، بے شک ان کو قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہےo

And do not kill your children due to fear of poverty. We alone provide for them and for you (as well). Indeed, killing them is a major sin.

سورۃ الکہف:

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِيَ أَنزَلَ عَلَى عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَل لَّهُ عِوَجَا(1)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے اپنے (محبوب و مقرّب) بندے پر کتابِ (عظیم) نازل فرمائی اور اس میں کوئی کجی نہ رکھیo

All praise belongs to Allah, Who revealed the (Glorious) Book to His (Most Beloved and Intimate) Servant, and left not in it any crookedness.

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلاً رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعاً (32)

ترجمہ: اورآپ ان سے ان دوشخصوں کی مثال بیان کریں جن میں سے ایک کے لیے ہم نے انگور کے دو باغات بنائے اور ہم نے ان دونوں کو تمام اَطراف سے کھجور کے درختوں کے ساتھ ڈھانپ دیا اور ہم نے ان کے درمیان (سرسبز و شاداب) کھیتیاں اگا دیںo

And relate to them the example of two men, one of whom We provided with two gardens of grapevines, and We hedged both from all sides with date-palms, and We grew between them (rich green) cultivated fields.

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلَّهِ الْحَقِّ هُوَ خَيْرٌ ثَوَاباً وَخَيْرٌ عُقْباً (44)

ترجمہ: یہاں (پتہ چلتا ہے) کہ سب اختیار اللہ ہی کا ہے (جو) حق ہے، وہی بہتر ہے انعام دینے میں اور وہی بہتر ہے انجام کرنے میںo

(Here it becomes evident) that all authority belongs to Allah alone (Who is) the truth. He is the best to reward and the best to end.

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاء أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ فَأَصْبَحَ هَشِيماً تَذْرُوهُ الرِّيَاحُ وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِراً(45)

ترجمہ: اورآپ انہیں دنیوی زندگی کی مثال (بھی) بیان کیجئے (جو) اس پانی جیسی ہے جسے ہم نے آسمان کی طرف سے اتارا تو اس کے باعث زمین کا سبزہ خوب گھنا ہوگیا پھر وہ سوکھی گھاس کا چورا بن گیا جسے ہوائیں اڑا لے جاتی ہیں، اور اللہ ہر چیز پر کامل قدرت والا ہےo

And explain to them the example of the worldly life (as well): it is like water that We pour from the sky. With this the vegetation of the earth grows thick, but then it becomes dry stubble which the winds blow about, and Allah has perfect control over everything.

مَا أَشْهَدتُّهُمْ خَلْقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَا خَلْقَ أَنفُسِهِمْ وَمَا كُنتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّينَ عَضُداً (51)

ترجمہ: میں نے نہ (تو) انہیں آسمانوں اور زمین کی تخلیق پر (معاونت یا گواہی کے لیے) بلایا تھا اور نہ خود ان کی اپنی تخلیق (کے وقت)، اور نہ (ہی) میں ایسا تھا کہ گمراہ کرنے والوں کو (اپنا) دست و بازو بناتاo

I called them neither (for assistance or witness) on the creation of the heavens and the earth, nor (at the time of) their own creation. Nor was it My Glory to take the inciters of misguidance as (My) supporters.

وَيَوْمَ يَقُولُ نَادُوا شُرَكَائِيَ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُم مَّوْبِقاً(52)

ترجمہ: اور اُس دن (کو یاد کرو جب) اللہ فرمائے گا: انہیں پکارو جنہیں تم میرا شریک گمان کرتے تھے، سو وہ انہیں بلائیں گے مگر وہ انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان (ایک وادیٔ جہنم کو) ہلاکت کی جگہ بنا دیں گےo

And (remember) the Day (when) Allah will say: 'Call those that you deemed to be My peers.' So they will call them, but they will not give them any answer,

and We shall place between them (a valley of Hell), the site of destruction.

وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا مِن دُونِهِ مَوْئِلاً (58)

ترجمہ: اورآپ کا رب بڑا بخشنے والا صاحبِ رحمت ہے، اگر وہ ان کے کیے پر ان کا مؤاخذہ فرماتا تو ان پر یقیناً جلد عذاب بھیجتا، بلکہ ان کے لیے (تو) وقتِ وعدہ (مقرر) ہے (جب وہ وقت آئے گا تو) اس کے سوا ہرگز کوئی جائے پناہ نہیں پائیں گے o

And your Lord is Most Forgiving, Full of Mercy. If He had to take them to task for their doings, He would certainly send the torment upon them quickly. And in truth, the Hour of Promise is (appointed) for them. (When that time comes,) they will not find any place of shelter except with Him.

قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَاداً لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَداً (109)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر سمندر میرے رب کے کلمات کے لیے روشنائی ہو جائے تو وہ سمندر میرے رب کے کلمات کے ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جائے گا اگرچہ ہم اس کی مثل اور (سمندر یا روشنائی) مدد کے لیے لے آئیں o

Say: 'If the ocean turns into ink for the Words of my Lord, that ocean will exhaust before the Words of my Lord come to an end, even if We bring another similar (ocean or ink) to refill.'

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاء رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلاً صَالِحاً وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَداً (110)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں تو صرف (بخلقتِ ظاہری) بشر ہونے میں تمہاری مثل ہوں (اس کے سوا اور تمہاری مجھ سے کیا مناسبت ہے! ذرا غور کرو) میری طرف یہ وحی بھیجی گئی ہے کہ تمہارا معبود فقط معبودِ یکتا ہی ہے (بھلا تم میں یہ نوری استعداد کہاں ہے کہ تم پر کلامِ الٰہی اتر سکے)! پس جو شخص اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو اسے چاہیے کہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے o

Say: 'I look like you only (by virtue of my visible creation) as a man. (Otherwise just think what congruity you have with me.) It is I to whom the Revelation has been transmitted that your God is the One and only God. (And just see to it whether you have any such divine potential that the Word of Allah may come down to you!) So, whoever hopes to meet his Lord should do good deeds, and must not associate any partner in theworship of his Lord.'

سورۃ مریم:

مَا كَانَ لِلَّهِ أَن يَتَّخِذَ مِن وَلَدٍ سُبْحَانَهُ إِذَا قَضَى أَمْراً فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ (35)

ترجمہ: یہ اللہ کی شان نہیں کہ وہ (کسی کو اپنا) بیٹا بنائے، وہ (اس سے) پاک ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو اسے صرف یہی حکم دیتا ہے: ''ہو جا'' بس وہ ہو جاتا ہے o

It is not Allah's Glory that He should take (to Himself anyone as) a son. Holy and Glorified is He (above this)! When He decrees any matter, He only says to it: 'Be,' and it becomes.

وَإِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ (36)

ترجمہ: اور بے شک اللہ میرا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے سو تم اسی کی عبادت کیا کرو، یہی سیدھا راستہ ہے o

And surely, Allah is my Lord and your Lord (too). So always worship Him alone. This is the straight path.

إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ(40)

ترجمہ: بے شک ہم ہی زمین کے (بھی) وارث ہیں اور ان کے (بھی) جو اس پر (رہتے) ہیں اور (سب) ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے o

Surely, We alone are the Inheritor of the earth and (also) of those who dwell on it, and (they all) shall be brought back to Us.

وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذَلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا(64)

ترجمہ: اور (جبریل میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہو کہ) ہم آپ کے رب کے حکم کے بغیر (زمین پر) نہیں اتر سکتے، جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھ اس کے درمیان ہے (سب) اسی کا ہے، اور آپ کا رب (آپ کو) کبھی بھی بھولنے والا نہیں ہے o

And, (O Jibra'il [Gabriel], say to My Beloved:) 'We cannot descend (onto earth) without the command of your Lord. To Him belongs whatever is before us and whatever is behind us and whatever is in between. And your Lord is never forgetful (of you).

رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا (65)

ترجمہ: (وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دو کے درمیان ہے (سب) کا رب ہے پس اس کی عبادت کیجئے اور اس کی عبادت میں ثابت قدم رہیے، کیا آپ اس کا کوئی ہم نام جانتے ہیں o

(He) is the Lord of the heavens and the earth and whatever is between the two. So worship Him and remain steadfast in His worship. Do you know who is His namesake?'

ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَنِ عِتِيًّا (69)

ترجمہ: پھر ہم ہر گروہ سے ایسے شخص کو ضرور چن کر نکال لیں گے جو ان میں سے (خدائے) رحمان پر سب سے زیادہ نافرمان و سرکش ہوگا o

Then We shall indeed pick out from every group the one who had been most disobedient to, and rebellious against, the Most Kind (Lord).

وَمَا يَنبَغِي لِلرَّحْمَنِ أَن يَتَّخِذَ وَلَدًا (92)

ترجمہ: اور (خدائے) رحمان کے شایانِ شان نہیں ہے کہ وہ (کسی کو اپنا) لڑکا بنائے o

And it is not befitting the Glory of the Most Kind (Lord) to take (someone as) a son.

إِن كُلُّ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمَنِ عَبْداً (93)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی (آباد) ہیں (خواہ فرشتے ہیں یا جن وانس) وہ اللہ کے حضور محض بندہ کے طور پر حاضر ہونے والے ہیں o

Whoever is (dwelling) in the heavens and the earth (whether an angel, a jinn or a human being) will appear just as a servant before the Most Kind (Lord).

لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدّاً (94)

ترجمہ: بے شک اس (اللہ) نے انہیں اپنے (علم کے) احاطہ میں لے لیا ہے اور انہیں (ایک ایک کر کے) پوری طرح شمار کر رکھا ہے o

(Allah) has surely encompassed them with His (knowledge) and has counted them thoroughly (i.e., numbering them one by one).

وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَرْداً(95)

ترجمہ: اور ان میں سے ہر ایک قیامت کے دن اس کے حضور تنہا آنے والا ہے o

And each one of them has to appear before His presence alone on the Day of Resurrection.

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُم مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزاً(98)

ترجمہ: اور ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر دیا ہے، کیا آپ ان میں سے کسی کا وجود بھی دیکھتے ہیں یا کسی کی کوئی آہٹ بھی سنتے ہیں o

And how many a community have We destroyed before them! Do you perceive even a trace or hear even the faintest fizzle of any of them?

سورۃ طٰہٰ:

الرَّحْمَنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَى (5)

ترجمہ: (وہ) نہایت رحمت والا (ہے) جو عرش (یعنی جملہ نظام ہائے کائنات کے اقتدار) پر (اپنی شان کے مطابق) متمکن ہو گیا o

(He is) Most Kind (Lord) Who established (His sovereignty) on the Throne (of power and supreme authority over all the systems of the universe, befitting His Glory).

لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرَى (6)

ترجمہ: (پس) جو کچھ آسمانوں (کی بالائی نوری کائناتوں اور خلائی مادی کائناتوں) میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان (فضائی اور ہوائی کرّوں میں) ہے اور جو کچھ سطحِ ارضی کے نیچے آخری تہہ تک ہے سب اسی کے (نظام اور قدرت کے تابع) ہیںo

(So) whatever is in the heavens (i.e., the upper divine and celestial spheres and spatial terrestrial spheres) and whatever is in the earth and whatever is in between (i.e., the atmospheric spheres) and whatever is beneath the soil to its bed, all are (functioning in compliance with) His (command and control system).

وَإِن تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَإِنَّهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفَى (7)

ترجمہ: اور اگر آپ ذکر و دعا میں جہر (یعنی آواز بلند) کریں (تو بھی کوئی حرج نہیں) وہ تو سرّ (یعنی دلوں کے رازوں) اور اخفیٰ (یعنی سب سے زیادہ مخفی بھیدوں) کو بھی جانتا ہے (تو بلند التجاؤں کو کیوں نہیں سنے گا)o

And (there is no harm) if, in remembrance and Prayer, you raise (your voice). He knows the secrets (of hearts) and also the most hidden mysteries. (Then how He will not hear the loud supplications!)

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَهُ الْأَسْمَاء الْحُسْنَى (8)

ترجمہ: اللہ (اسی کا اسمِ ذات) ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں (گویا تم اسی کا اثبات کرو اور باقی سب جھوٹے معبودوں کی نفی کر دو)، اس کے لیے (اور بھی) بہت خوبصورت نام ہیں (جو اس کی حسین و جمیل صفات کا پتہ دیتے ہیں)o

Allah is (His Self-Name) besides Whom there is no God (i.e., believe in Him alone and deny all other false gods). There are (also) many other Beautiful Names for Him (that speak of His most beautiful attributes).

وَإِنِّي لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً ثُمَّ اهْتَدَى (82)

ترجمہ: اور بے شک میں بہت زیادہ بخشنے والا ہوں اس شخص کو جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیا پھر ہدایت پر (قائم) رہاo

And I am surely Most Forgiving to him who repents and affirms faith and behaves piously, then sticks to guidance (firmly).

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفاً (105)

ترجمہ: اور آپ سے یہ لوگ پہاڑوں کی نسبت سوال کرتے ہیں، سو فرما دیجیے: میرا رب انہیں ریزہ ریزہ کر کے اڑا دے گاo

And they ask you concerning mountains. So say: 'My Lord will blow them off as dust particles,

فَيَذَرُهَا قَاعاً صَفْصَفاً (106)

ترجمہ: پھر اسے ہموار اور بے آب و گیاہ زمین بنا دے گاo

Then will change it into a levelled, barren land,

لِيَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْساً (108)

ترجمہ: اس دن لوگ پکارنے والے کے پیچھے چلتے جائیں گے اس (کے پیچھے چلنے) میں کوئی کجی نہیں ہوگی، اور (خدائے) رحمان کے جلال سے سب آوازیں پست ہو جائیں گی پس تم ہلکی سی آہٹ کے سوا کچھ نہ سنو گے o

On that Day, people will tread on behind the caller, and there will be no deviation in (following) him. And all voices will be hushed due to the Majesty of the Most Kind (Lord). So you will not hear anything except a faint sound of a stir.

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلًا (109)

ترجمہ: اس دن سفارش سودمند نہ ہوگی سوائے اس شخص (کی سفارش) کے جسے (خدائے) رحمان نے اذن (واجازت) دے دی ہے اور جس کی بات سے وہ راضی ہو گیا ہے (جیسا کہ انبیاء ومرسلین، اولیاء، متقین، معصوم بچوں اور دیگر کئی بندوں کا شفاعت کرنا ثابت ہے) o

On that Day, no intercession shall be fruitful except his (intercession) whom the Most Kind (Lord) has granted leave (and permission) and with whose word He is pleased (such as Prophets and Messengers, Allah's chosen and pious servants, Godwary slaves, innocent children, and many other devoted servants of Allah whose intercession is validated).

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِهِ عِلْماً (110)

ترجمہ: وہ ان (سب چیزوں) کو جانتا ہے جو ان کے آگے ہیں اور جو ان کے پیچھے ہیں اور وہ (اپنے) علم سے اس (کے علم) کا احاطہ نہیں کر سکتے o

He knows all those (things) which are ahead of them and which are behind them, and they cannot encompass His (knowledge) with (their) knowledge.

وَعَنَتِ الْوُجُوهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّومِ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْماً (111)

ترجمہ: اور (سب) چہرے اس ہمیشہ زندہ (اور) قائم رہنے والے (رب) کے حضور جھک جائیں گے، اور بے شک وہ شخص نامراد ہوگا جس نے ظلم کا بوجھ اٹھا لیا o

And (all) faces will bow down before the holy presence of the Ever-Living (and) Self-Subsisting (Lord), and surely he who bears the burden of wrongdoing will crumble to failure.

فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِن قَبْلِ أَن يُقْضَى إِلَيْكَ وَحْيُهُ وَقُل رَّبِّ زِدْنِي عِلْماً (114)

ترجمہ: پس اللہ بلند شان والا ہے وہی بادشاہِ حقیقی ہے، اور آپ قرآن (کے پڑھنے) میں جلدی نہ کیا کریں قبل اس کے کہ اس کی وحی آپ پر پوری اتر جائے، اور آپ (رب کے حضور یہ) عرض کیا کریں کہ اے میرے رب! مجھے علم میں اور بڑھا دے o

So Most High and Exalted is Allah. He alone is the True Sovereign. And do not hasten in (reciting) the Qur'an before its revelation is fully accomplished to you. And always submit (before the holy presence of your Lord): 'O my

Lord, increase me further in knowledge.'

وَمَنْ أَعْرَضَ عَن ذِكْرِيْ فَإِنَّ لَهُ مَعِيْشَةً ضَنكاً وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَى (124)

ترجمہ: اور جس نے میرے ذکر (یعنی میری یاد اور نصیحت) سے روگردانی کی تو اس کے لیے دنیاوی معاش (بھی) تنگ کر دیا جائے گا اور ہم اسے قیامت کے دن (بھی) اندھا اٹھائیں گےo

And whoever turns away from My direction and guidance (i.e., remembrance and advice), his worldly sustenance will be narrowed, and We shall raise him blind on the Day of Resurrection (as well).'

قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْ أَعْمَى وَقَدْ كُنتُ بَصِيْراً(125)

ترجمہ: وہ کہے گا: اے میرے رب! تو نے مجھے (آج) اندھا کیوں اٹھایا حالاں کہ میں (دنیا میں) بینا تھاo

He will say: 'O my Lord, why have You raised me up blind (Today) whereas I had vision (in the world)?'

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَاماً وَأَجَلٌ مُسَمًّى (129)

ترجمہ: اور اگر آپ کے رب کی جانب سے ایک بات پہلے سے طے نہ ہو چکی ہوتی اور (ان کے عذاب کے لیے قیامت کا) وقت مقرر نہ ہوتا تو (ان پر عذاب کا ابھی اترنا) لازم ہو جاتاo

And had it not been settled already by your Lord, and the time (of the Day of Resurrection) not fixed (for their torment, befalling them) the calamity (right now) would have been inevitable.

سورۃ الانبیاء:

قَالَ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِيْ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (4)

ترجمہ: (نبیٔ معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے) فرمایا کہ میرا رب آسمان اور زمین میں کہی جانے والی (ہر) بات کو جانتا ہے اور وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

(The Esteemed Prophet) said: 'My Lord knows (every) word uttered in the heavens and the earth and He is All-Hearing, All-Knowing.'

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِيْنَ (16)

ترجمہ: اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل تماشے کے طور پر (بے کار) نہیں بنایاo

And We have not created the heavens and the earth and whatever is between them (useless) as a sport.

لَوْ أَرَدْنَا أَن نَّتَّخِذَ لَهْواً لَّاتَّخَذْنَاهُ مِن لَّدُنَّا إِن كُنَّا فَاعِلِيْنَ (17)

ترجمہ: اگر ہم کوئی کھیل تماشا اختیار کرنا چاہتے تو اسے اپنی ہی طرف سے اختیار کر لیتے اگر ہم (ایسا) کرنے والے ہوتےo

If We intended to take up some sport, We would adopt it on Our own if at all We were to do (so).

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ (18)

ترجمہ: بلکہ ہم حق سے باطل پر پوری قوت کے ساتھ چوٹ لگاتے ہیں سو حق اسے کچل دیتا ہے پس وہ (باطل) ہلاک ہو جاتا ہے، اور تمہارے لیے ان باتوں کے باعث تباہی ہے جو تم بیان کرتے ہوo

Nay, We strike at falsehood with the truth with full force. So, the truth crushes it and it (i.e., the falsehood) gets destroyed. And you are bound to ruin yourselves owing to what you utter.

وَلَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ عِندَهُ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَلَا يَسْتَحْسِرُونَ (19)

ترجمہ: اور جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے اسی کا (بندہ و مملوک) ہے، اور جو (فرشتے) اس کی قربت میں (رہتے) ہیں وہ نہ تو اس کی عبادت سے تکبّر کرتے ہیں اور نہ وہ (اس کی طاعت بجالاتے ہوئے) تھکتے ہیںo

And whoever is in the heavens and in the earth (serves and) belongs to Him alone. And those (angels) who (remain) in His presence are not arrogant towards His worship, nor do they become weary (of carrying out His obedience).

لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا فَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ (22)

ترجمہ: اگر ان دونوں (زمین و آسمان) میں اللہ کے سوا اور (بھی) معبود ہوتے تو یہ دونوں تباہ ہو جاتے، پس اللہ جو عرش کا مالک ہے ان (باتوں) سے پاک ہے جو یہ (مشرک) بیان کرتے ہیںo

Had there been in these two (the heaven and the earth) other gods (as well) apart from Allah, then both would have been destroyed. So, Holy is Allah, the Lord of the Throne, Transcendent above all (the things) that these (polytheists) utter.

لَا يُسْأَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْأَلُونَ (23)

ترجمہ: اس سے اس کی باز پرس نہیں کی جا سکتی وہ جو کچھ بھی کرتا ہے، اور ان سے (ہر کام کی) باز پرس کی جائے گیo

He cannot be questioned for what He does and they will be questioned (for every action).

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ (25)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر ہم اس کی طرف یہی وحی کرتے رہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری (ہی) عبادت کیا کروo

And We did not send any Messenger before you, but We frequented the same revelation to him: 'There is no God but I, so worship Me (alone).'

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَنُ وَلَداً سُبْحَانَهُ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ (26)

ترجمہ: یہ لوگ کہتے ہیں کہ (خدائے) رحمان نے (فرشتوں کو اپنی) اولاد بنا رکھا ہے وہ پاک ہے، بلکہ (جن فرشتوں کو یہ اُس کی اولاد سمجھتے ہیں) وہ (اللہ کے) معزز بندے ہیںo

And they say: 'The Most Kind (Lord) has taken (angels as His) children.' Holy is He. Nay, (the angels whom they consider His children) are but

(Allah's) esteemed servants.

لَا يَسْبِقُونَهُ بِالْقَوْلِ وَهُم بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ (27)

ترجمہ: وہ کسی بات (کے کرنے) میں اس سے سبقت نہیں کرتے اور وہ اسی کے امر کی تعمیل کرتے رہتے ہیںo

They do not precede Him in (uttering) any word, and they remain engaged in carrying out only His command.

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَى وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ (28)

ترجمہ: وہ (اللہ) ان چیزوں کو جانتا ہے جو ان کے سامنے ہیں اور جو ان کے پیچھے ہیں اور وہ (اس کے حضور) سفارش بھی نہیں کرتے مگر اس کے لیے (کرتے ہیں) جس سے وہ خوش ہو گیا ہو اور وہ اس کی ہیبت وجلال سے خائف رہتے ہیںo

He (Allah) knows what is before them and what is behind them, and they do not intercede (before His presence) but for him with whom He is pleased. And they remain fearful of His Awe and Magnificence.

وَمَن يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّيٓ إِلَٰهٌ مِّن دُونِهِ فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ (29)

ترجمہ: اور ان میں سے کون ہے جو کہہ دے کہ میں اس (اللہ) کے سوا معبود ہوں سو ہم اسی کو دوزخ کی سزا دیں گے، اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیا کرتے ہیںo

And who is it amongst them to say: 'I am a God besides (Allah)'? So, him shall We award Hell as punishment. This is the way We punish the wrongdoers.

سورۃ الانبیاء:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَنَبْلُوكُم بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ (35)

ترجمہ: ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے، اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی میں آزمائش کے لیے مبتلا کرتے ہیں، اور تم ہماری ہی طرف پلٹائے جاؤ گےo

Every soul has to taste death, and We make you undergo foul and fair for trial, and towards Us will you be returned.

خُلِقَ الْإِنسَانُ مِنْ عَجَلٍ سَأُرِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ (37)

ترجمہ: انسان (فطرتًا) جلد بازی میں سے پیدا کیا گیا ہے، میں تمہیں جلد ہی اپنی نشانیاں دکھاؤں گا پس تم جلدی کا مطالبہ نہ کروo

Man has been created (instinctually) from haste. I shall soon show you My signs, so do not seek hurry.

قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ بَلْ هُمْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ (42)

ترجمہ: فرما دیجیے: شب و روز (خدائے) رحمان (کے عذاب) سے تمہاری حفاظت و نگہبانی کون کر سکتا ہے، بلکہ وہ اپنے (اسی) رب کے ذکر سے گریزاں ہےo

Say: 'Who can guard and save you from (the punishment of) the Most Kind (Lord) by night and by day?' In fact, they keep away from the remembrance of the (same) Lord.

أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُم مِّن دُونِنَا لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم مِّنَّا يُصْحَبُونَ (43)

ترجمہ: کیا ہمارے سوا ان کے کچھ اور معبود ہیں جو انہیں (عذاب سے) بچا سکیں، وہ تو خود اپنی ہی مدد پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ ہماری طرف سے انہیں کوئی تائید و رفاقت میسّر ہوگیo

Have they any gods apart from Us capable of saving them (from the torment)? They do not have any power even to help themselves. Nor will they get any support and alliance from Us.

وَحَرَامٌ عَلَى قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ (95)

ترجمہ: اور جس بستی کو ہم نے ہلاک کر ڈالا ناممکن ہے کہ اس کے لوگ (مرنے کے بعد) ہماری طرف پلٹ کر نہ آئیںo

And it is not possible that the people of the town whom We destroyed will not return to Us (after death),

قُلْ إِنَّمَا يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَهَلْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ (108)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ میری طرف تو یہی وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود فقط ایک (ہی) معبود ہے، تو کیا تم اسلام قبول کرتے ہوo

Say: 'This is what is revealed to me that your God is One God (only). Do you then accept Islam?'

إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُونَ (110)

ترجمہ: بے شک وہ بلند آواز کی بات بھی جانتا ہے اور وہ (کچھ) بھی جانتا ہے جو تم چھپاتے ہوo

He surely knows what you utter loudly, and also knows (all) that you keep secret.

قَالَ رَبِّ احْكُم بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمَنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ (112)

ترجمہ: (ہمارے حبیب نے) عرض کیا: اے میرے رب! (ہمارے درمیان) حق کے ساتھ فیصلہ فرما دے، اور ہمارا رب بے حد رحم فرمانے والا ہے، اسی سے مدد طلب کی جاتی ہے ان (دل آزار) باتوں پر جو (اے کافرو!) تم بیان کرتے ہوo

(Our Beloved) submitted: 'My Lord, judge (between us) with truth, and Our Lord is Ever-Merciful and He is the One Whose help is sought against the (heart-rending) words which, (O disbelievers,) you utter.'

سورۃ الحج:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ (1)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرتے رہو۔ بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہےo

O mankind! Keep fearing your Lord. No doubt, the earthquake of the Hour of Rising is a terrible thing.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِن مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا نَشَاءُ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّى وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِن بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئًا وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ

اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ (5)

ترجمہ: اے لوگو! اگر تمہیں (مرنے کے بعد) جی اٹھنے میں شک ہے تو (اپنی تخلیق وارتقاء پر غور کرو کہ) ہم نے تمہاری تخلیق (کی کیمیائی ابتداء) مٹی سے کی پھر (حیاتیاتی ابتداء) ایک تولیدی قطرہ سے پھر (رِحمِ مادر کے اندر جونک کی صورت میں) معلق وجود سے پھر ایک (ایسے) لوتھڑے سے جو دانتوں سے چبایا ہوا لگتا ہے، جس میں بعض اعضاء کی ابتدائی تخلیق نمایاں ہو چکی ہے اور بعض (اعضاء) کی تخلیق ابھی عمل میں نہیں آئی تاکہ ہم تمہارے لیے (اپنی قدرت اور اپنے کلام کی حقانیت) ظاہر کر دیں، اور ہم جسے چاہتے ہیں رحموں میں مقررہ مدت تک ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر ہم تمہیں بچہ بنا کر نکالتے ہیں، پھر (تمہاری پرورش کرتے ہیں) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچ جاؤ، اور تم میں سے وہ بھی ہیں جو (جلد) وفات پا جاتے ہیں اور کچھ وہ ہیں جو نہایت ناکارہ عمر تک لوٹائے جاتے ہیں تاکہ وہ (شخص یہ منظر بھی دیکھ لے کہ) سب کچھ جان لینے کے بعد (اب پھر) کچھ (بھی) نہیں جانتا، اور تو زمین کو بالکل خشک (مُردہ) دیکھتا ہے پھر جب ہم اس پر پانی برسا دیتے ہیں تو اس میں تازگی و شادابی کی جنبش آ جاتی ہے اور وہ پھولنے بڑھنے لگتی ہے اور خوش نما نباتات میں سے ہر نوع کے جوڑے اگاتی ہے o

O people! If you are in doubt about being raised up (after death), then (contemplate your creation and evolution). We initiated your creation (i.e., chemical genesis) from (the extract of) clay,* then (your biological genesis) from a sperm drop (zygote), then from a hanging mass (clinging to the uterus like a leech-embryo) and then from a lump of flesh looking chewed, having manifest contours of elementary formation of some parts of the body and others yet to form (fetus), so that We might show you (Our power and the trueness of Our Revelations). So We cause whom We please to stay in the wombs till an appointed time. Then We bring you forth as an infant, then (nourish you) so that you may reach your youth. And of you are (also) some who die (early), and some are brought to the age of senility so that (he may see this state too that) having learnt so much knowledge, now he knows (just) nothing (once more). And you see the earth completely dry (i.e., dead) and, when We shower water on it, a stir of freshness and fertility runs through it. And it swells enriched, and puts forth in pairs every kind of blooming and beauteous vegetation.

*** Comprising minerals, metals, salts and chemical elements like calcium, sodium, phosphorus, potassium, natrum, kalium, silicon, chlorine, iodine, fluorine, magnesium, zinc, sulfur, ferrum, cuprum, etc. These and other elements of clay also form the ingredients of a balanced diet essential for our nourishment. The animals whose meat and milk we take live on the vegetable world. The grain, vegetables, fruits and roots that form our food feed on the soil they grow in and absorb all its chemicals.**

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّهُ يُحْيِي الْمَوْتَى وَأَنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (6)

ترجمہ: یہ (سب کچھ) اس لیے (ہوتا رہتا) ہے کہ اللہ ہی سچا (خالق اور رب) ہے اور بے شک وہی مُردوں (بے جان) کو زندہ (جان دار) کرتا ہے, اور یقیناً وہی ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

(All) this (keeps happening) because Allah alone is the Real (Creator and All-Sustaining), and doubtlessly, He alone gives life to the dead and certainly, He alone is All-Powerful to do everything.

وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ مَن فِي الْقُبُورِ (7)

ترجمہ: اور بے شک قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں اور یقیناً اللہ ان لوگوں کو زندہ کر کے اٹھا دے گا جو قبروں میں ہوں گے o

And, certainly, the Last Hour is bound to come. There is no doubt about it. And, verily, Allah shall raise up alive those who are in the graves.

وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ (8)

ترجمہ: اور لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو اللہ (کی ذات وصفات اور قدرتوں) کے بارے میں جھگڑا کرتے رہتے ہیں بغیر علم و دانش کے اور بغیر کسی ہدایت و دلیل کے اور بغیر کسی روشن کتاب کے (جو آسمان سے اتری ہو) o

And there are some of the people who dispute about Allah (His Essence, Attributes and Powers) without knowledge and understanding, and without any guidance and logic, and without any enlightening Book (sent down from heaven),

ثَانِيَ عِطْفِهِ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ اللَّهِ لَهُ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَنُذِيقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَذَابَ الْحَرِيقِ (9)

ترجمہ: اپنی گردن کو (تکبّر سے) مروڑے ہوئے تاکہ (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے بہکا دے، اس کے لیے دنیا میں (بھی) رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے جلا دینے والے عذاب کا مزہ چکھائیں گے o

Turning his neck (in arrogance) so that he may lead (others also) astray from the path of Allah. For him is disgrace in the world (too), and on the Day of Resurrection, We shall make him taste the burning torment.

ذَلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ (10)

ترجمہ: یہ تیرے ان اعمال کے باعث ہے جو تیرے ہاتھ آگے بھیج چکے تھے اور بے شک اللہ اپنے بندوں پر بالکل ظلم کرنے والا نہیں ہے o

This is because of the doings which your hands sent forth, and indeed, Allah is not in the least unjust to His servants.

مَن كَانَ يَظُنُّ أَن لَّن يَنصُرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ (15)

ترجمہ: جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ اللہ اپنے (محبوب و برگزیدہ) رسول کی دنیا و آخرت میں ہرگز مدد نہیں کرے گا اسے چاہئے کہ (گھر کی) چھت سے ایک رسی باندھ کر لٹک جائے پھر (خود کو) پھانسی دے لے پھر دیکھے کیا اس کی یہ تدبیر اس (نصرتِ الٰہی) کو

دور کر دیتی ہے جس پر غصہ کھا رہا ہےo

Whoever thinks that Allah will not at all help His (beloved and most exalted) Prophet in the world and in the Hereafter should tie a rope to the ceiling (of his house) and then hang and strangle (himself). Then let him see whether his plan removes that (help of Allah) at which he feels enraged.

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يُرِيدُ **(16)**

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے اس (پورے قرآن) کو روشن دلائل کی صورت میں نازل فرمایا ہے اور بے شک اللہ جسے ارادہ فرماتا ہے ہدایت سے نوازتا ہےo

And in the same way, We have revealed this (complete Qur'an) in the format of clear, logical arguments. And surely, Allah blesses with guidance whom He wills.

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَى وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ **(17)**

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جو لوگ یہودی ہوئے اور ستارہ پرست اور نصارٰی (عیسائی) اور آتش پرست اور جو مشرک ہوئے، یقیناً اللہ قیامت کے دن ان (سب) کے درمیان فیصلہ فرما دے گا۔ بے شک اللہ ہر چیز کا مشاہدہ فرما رہا ہےo

Indeed, those who believe and those who are the Jews and the Sabeans and the Christians and the Magians and those who are polytheists-verily, Allah will judge amongst (all of) them on the Day of Resurrection. Surely, Allah is witnessing everything.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ وَمَن يُهِنِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن مُّكْرِمٍ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ) **(18)**

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی کے لیے (وہ ساری مخلوق) سجدہ ریز ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج (بھی) اور چاند (بھی) اور ستارے (بھی) اور پہاڑ (بھی) اور درخت (بھی) اور جانور (بھی) اور بہت سے انسان (بھی)، اور بہت سے (انسان) ایسے بھی ہیں جن پر (ان کے کفر و شرک کے باعث) عذاب ثابت ہو چکا ہے، اور اللہ جسے ذلیل کر دے تو اسے کوئی عزت دینے والا نہیں ہے۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے کر دیتا ہےo

Have you not seen that to Allah bows in prostration (the whole creation) that is in the heavens and in the earth, and the sun, and the moon and the stars, and the mountains, and the vegetable as well as the animal kingdoms and many of mankind (too)? But there are still many (human beings) for whom the torment has been proved (due to their disbelief and polytheism). And he whom Allah dishonours none can bring him honour. Indeed, Allah does what He wills

ذَلِكَ وَمَن يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللَّهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ عِندَ رَبِّهِ وَأُحِلَّتْ لَكُمُ الْأَنْعَامُ إِلَّا مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ **(30)**

ترجمہ: یہی (حکم) ہے، اور جو شخص اللہ (کی بارگاہ) سے عزت یافتہ چیزوں کی تعظیم کرتا ہے تو وہ اس کے رب کے ہاں اس کے لیے بہتر ہے، اور تمہارے لیے (سب) مویشی (چوپائے) حلال کر دیے گئے ہیں سوائے ان کے جن کی ممانعت تمہیں پڑھ کر سنائی گئی ہے سو تم بتوں کی پلیدی سے بچا کرو اور جھوٹی بات سے پرہیز کیا کرو o

That is (the command). And whoever venerates the things sanctified before (the presence of) Allah, that is better for him in the sight of his Lord. (All) the cattle (i.e., quadrupeds) are made lawful for you except those whose prohibition has been recited to you. So always keep away from the filth of idols and guard yourselves against telling lies.

حُنَفَاءَ لِلَّهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ بِهِ وَمَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِي بِهِ الرِّيحُ فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ (31)

ترجمہ: صرف اللہ کے ہو کر رہو اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ ٹھہراتے ہوئے، اور جو کوئی اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو گویا وہ (ایسے ہے جیسے) آسمان سے گر پڑے پھر اس کو پرندے اچک لے جائیں یا ہوا اس کو کسی دور کی جگہ میں نیچے جا پھینکے o

Devote yourselves wholly to Allah alone, not associating (anything as) partner with Him. And whoever associates anything as partner with Allah, (his case is as if) he fell from the sky, then birds snatched him up, or the wind blew him away down into a distant place.

ذَلِكَ وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ فَإِنَّهَا مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ (32)

ترجمہ: یہی (حکم) ہے، اور جو شخص اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرتا ہے (یعنی ان جانداروں، یادگاروں، مقامات، احکام اور مناسک وغیرہ کی تعظیم جو اللہ یا اللہ والوں کے ساتھ کسی اچھی نسبت یا تعلق کی وجہ سے جانے پہچانے جاتے ہیں) تو یہ (تعظیم) دلوں کے تقوٰی میں سے ہے (یہ تعظیم وہی لوگ بجالاتے ہیں جن کے دلوں کو تقوٰی نصیب ہو گیا ہو) o

That is (the command). And whoever venerates the signs of Allah (i.e., honouring those living beings, shrines, monumental sites, commands and prescribed duties known and recognized due to some pious association or link with Allah or Allah's devoted servants), this (veneration) is of the Godwariness of hearts (only those whose hearts have been blessed with the fear of God venerate these signs).

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكاً لِيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَى مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ فَإِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ (34)

ترجمہ: اور ہم نے ہر امت کے لیے ایک قربانی مقرر کر دی ہے تاکہ وہ ان مویشی چوپایوں پر جو اللہ نے انہیں عنایت فرمائے ہیں (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیں، سو تمہارا معبود ایک (ہی) معبود ہے پس تم اسی کے فرمانبردار بن جاؤ، اور (اے حبیب!) عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیں o

And We have appointed a sacrifice for every people so that (at the time of sacrifice) they may invoke the Name of Allah over the cattle (i.e., quadrupeds)

that Allah has provided for them. And your God is (only) One God, so submit to Him alone, and, (O Beloved,) give good news to those who remain submissive.

إِنَّ اللَّهَ يُدَافِعُ عَنِ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ **(38)**

ترجمہ: بے شک اللہ صاحبِ ایمان لوگوں سے (دشمنوں کا فتنہ و شر) دور کرتا رہتا ہے۔ بے شک اللہ کسی خائن (اور) ناشکرے کو پسند نہیں کرتاo

Surely, Allah removes from the men of faith (the mischief and strife of their enemies). Indeed, He does not like anyone treacherous (and) ungrateful.

الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِم بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ **(40)**

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو اپنے گھروں (وطن) سے ناحق نکالے گئے صرف اس بنا پر کہ وہ کہتے تھے کہ ہمارا رب اللہ ہے، اور اگر اللہ انسانی طبقات میں سے بعض کو بعض کے ذریعے (قیامِ اَمن کی جدّ و جہد کی صورت میں) ہٹاتا نہ رہتا تو خانقاہیں اور گرجے اور کلیسے اور مسجدیں (یعنی تمام ادیان کے مذہبی مراکز اور عبادت گاہیں) مسمار اور ویران کر دی جاتیں جن میں کثرت سے اللہ کے نام کا ذکر کیا جاتا ہے، اور جو شخص اللہ (کے دین) کی مدد کرتا ہے یقیناً اللہ اس کی مدد فرماتا ہے۔ بے شک اللہ ضرور (بڑی) قوت والا (سب پر) غالب ہےo

They are those who were unjustly expelled from their homes simply because they said: 'Our Lord is Allah.' And had Allah not been repelling one (aggressive) class of human society by the other (through defensive struggle), the cloisters (temples), synagogues, churches and mosques (i.e., religious centres and places of worship of all religions) would have been ruined where Allah's Name is abundantly commemorated. And whoever helps (the Din [Religion] of) Allah, Allah surely helps him. Allah is indeed All-Powerful, Ever-Dominant.

الَّذِينَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ **(41)**

ترجمہ: (یہ اہلِ حق) وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار دے دیں (تو) وہ نماز (کا نظام) قائم کریں اور زکوٰۃ کی ادائیگی (کا انتظام) کریں اور (پورے معاشرے میں نیکی اور) بھلائی کا حکم کریں اور (لوگوں کو) برائی سے روک دیں، اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہےo

(These men of truth) are those who, if We establish their rule in the earth, will establish (systems of) Prayer, (organize and control) the paying of Zakat (the Alms-due), enjoin righteousness (and piousness in the whole society) and forbid (people from) evil. And the result of all the endeavours is in the control of Allah.

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا وَإِلَيَّ الْمَصِيرُ **(48)**

ترجمہ: اور کتنی ہی بستیاں (ایسی) ہیں جن کو میں نے مہلت دی حالاں کہ وہ ظالم تھیں پھر میں نے انہیں (عذاب کی) گرفت میں لے لیا، اور (ہر کسی کو) میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہےo

And how many a town I gave respite whilst it was given to wrongdoing and then I seized it (with torment)! And to Me (everyone) has to return.

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهِ فَتُخْبِتَ لَهُ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ اللَّهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ آمَنُوا إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (54)

ترجمہ: اور تاکہ وہ لوگ جنہیں علم (صحیح) عطا کیا گیا ہے جان لیں کہ وہی (وحی جس کی پیغمبر نے تلاوت کی ہے) آپ کے رب کی طرف سے (مَبنی) برحق ہے سو وہ اسی پر ایمان لائیں (اور شیطانی وسوسوں کو رد کر دیں) اور ان کے دل اس (رب) کے لیے عاجزی کریں، اور بے شک اللہ مومنوں کو ضرور سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرمانے والا ہےo

And so that those who have been given (true) knowledge may know that the (Revelation which the Messenger recited) is (based on) the truth from your Lord, so they believe in the same (and reject Satan's suggestions) and their hearts beat in submissiveness (before the Lord). And no doubt, Allah does guide the believers to the straight path.

الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِيْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ (56)

ترجمہ: حکمرانی اس دن صرف اللہ ہی کی ہوگی۔ وہی ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا، پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے (وہ) نعمت کے باغات میں (قیام پذیر) ہوں گےo

On that Day, sovereignty will be Allah's alone. He is the One Who will judge amongst them. So those who believe and do good deeds will (reside) in the Gardens of Bliss.

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوا فِيْ سَبِيْلِ اللَّهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ مَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللَّهُ رِزْقاً حَسَناً وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ (58)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (وطن سے) ہجرت کی پھر قتل کر دیے گئے یا (راہِ حق کی مصیبتیں جھیلتے جھیلتے) مر گئے تو اللہ انہیں ضرور رزقِ حسن (یعنی اُخروی عطاؤں) کی روزی بخشے گا، اور بے شک اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہےo

And those who migrated from their (homeland) in the way of Allah (and) were then slain or died (suffering from the troubles of the way), Allah shall indeed provide for them an excellent provision (of bestowals specific to the Last Day). And, verily, Allah is the Best of providers.

لَيُدْخِلَنَّهُم مُّدْخَلاً يَرْضَوْنَهُ وَإِنَّ اللَّهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ (59)

ترجمہ: وہ ضرور انہیں اس جگہ (یعنی مقامِ رضوان میں) داخل فرمائے گا جس سے وہ راضی ہو جائیں گے، اور بے شک اللہ خوب جاننے والا بُردبار ہےo

He will indeed admit them to that (station of divine pleasure) they will be well pleased with. And Allah is indeed All-Knowing, Most Forbearing.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ (61)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ رات کو دن میں داخل فرماتا ہے اور دن کو رات میں داخل فرماتا ہے اور بے شک اللہ خوب سننے والا دیکھنے والا ہے o

That is because Allah causes the night to enter into the day, and causes the day to enter into the night, and indeed Allah is All-Hearing, All-Seeing.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِن دُونِهِ هُوَ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ (62)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ اللہ ہی حق ہے اور بے شک وہ (کفار) اس کے سوا جو کچھ (بھی) پوجتے ہیں وہ باطل ہے اور یقیناً اللہ ہی بہت بلند بہت بڑا ہے o

And that is because Allah alone is the truth, and whatever they (the disbelievers) worship besides Him is certainly falsehood, and verily Allah is Most High, Most Great.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَتُصْبِحُ الْأَرْضُ مُخْضَرَّةً إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ (63)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ آسمان کی جانب سے پانی اتارتا ہے تو زمین سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے۔ بے شک اللہ مہربان (اور) بڑا خبردار ہے o

Have you not seen that Allah sends down water from the sky and the earth becomes fresh and green? Allah is indeed Most Beneficent (and) All-Aware.

لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ (64)

ترجمہ: سی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور بے شک اللہ ہی بے نیاز قابلِ ستائش ہے o

To Him belongs whatever is in the heavens and whatever is in the earth. And surely, Allah is Self-Sufficient, All-Praiseworthy.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَيُمْسِكُ السَّمَاءَ أَن تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (65)

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے جو کچھ زمین میں ہے تمہارے لیے مسخر فرما دیا ہے اور کشتیوں کو (بھی) جو اس کے اَمر (یعنی قانون) سے سمندر (و دریا) میں چلتی ہیں، اور آسمان (یعنی خلائی و فضائی کرّوں) کو زمین پر گرنے سے (ایک آفاقی نظام کے ذریعہ) تھامے ہوئے ہے مگر اسی کے حکم سے (جب وہ چاہے گا آپس میں ٹکرا جائیں گے)۔ بے شک اللہ تمام انسانوں کے ساتھ نہایت شفقت فرمانے والا بڑا مہربان ہے o

Have you not seen that Allah has subjected to you whatever is in the earth and (also) the vessels that sail in the sea (and rivers) by His command (i.e., law) and He withholds the heavens (i.e., spatial spheres and atmospheric fields) from falling on to the earth (under a cosmic system)? But (when He wills, they will collide) by His command. Surely, Allah is Most Compassionate, Most Merciful

to mankind.

وَهُوَ الَّذِیْ أَحْیَاکُمْ ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ ثُمَّ یُحْیِیْکُمْ إِنَّ الْإِنسَانَ لَکَفُورٌ **(66)**

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تمہیں زندگی بخشی پھر تمہیں موت دیتا ہے پھر تمہیں (دوبارہ) زندگی دے گا۔ بے شک انسان ہی بڑا ناشکر گزار ہے o

And He is the One Who gave you life, then He causes you to die and then will give you life again. No doubt, it is man who is highly ungrateful.

وَإِن جَادَلُوکَ فَقُلِ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ **(68)**

ترجمہ: اگر وہ آپ سے جھگڑا کریں تو آپ فرما دیجیے: اللہ بہتر جانتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو o

And if they dispute with you, then say: 'Allah knows best whatever you are doing.'

اللّٰهُ یَحْکُمُ بَیْنَکُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیْمَا کُنتُمْ فِیْهِ تَخْتَلِفُونَ **(69)**

ترجمہ: اللہ تمہارے درمیان قیامت کے دن ان تمام باتوں کا فیصلہ فرما دے گا جن میں تم اختلاف کرتے رہے تھے o

Allah will judge between you on the Day of Resurrection all those matters in which you used to disagree.

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِیْ السَّمَاء وَالْأَرْضِ إِنَّ ذَلِكَ فِیْ کِتَابٍ إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللّٰهِ یَسِیْرٌ **(70)**

ترجمہ: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ وہ سب کچھ جانتا ہے جو آسمان اور زمین میں ہے، بے شک یہ سب کتاب (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہے، یقیناً یہ سب اللہ پر (بہت) آسان ہے o

Do you not know that Allah knows all that is in the heavens and the earth? Verily, it is all (recorded) in the Book (al-Lawh al-Mahfuz). Surely, all that is (very) easy for Allah.

وَیَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّٰهِ مَا لَمْ یُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَاناً وَمَا لَیْسَ لَهُم بِهِ عِلْمٌ وَمَا لِلظَّالِمِیْنَ مِن نَّصِیْرٍ **(71)**

ترجمہ: اور یہ لوگ اللہ کے سوا ان (بتوں) کی پرستش کرتے ہیں جس کی اُس نے کوئی سند نہیں اتاری اور نہ (ہی) انہیں اس (بت پرستی کے انجام) کا کچھ علم ہے، اور (قیامت کے دن) ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا o

And they worship these (idols), besides Allah, for which He has not sent down any authority. Nor do they have any knowledge of (the consequence of) this (idol-worship). And there will be no helper of the wrongdoers (on the Day of Judgment).

وَجَاهِدُوا فِیْ اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ هُوَ اجْتَبَاکُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَیْکُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ مِّلَّةَ أَبِیْکُمْ إِبْرَاهِیْمَ هُوَ سَمَّاکُمُ الْمُسْلِمِیْنَ مِن قَبْلُ وَفِیْ هَذَا لِیَکُونَ الرَّسُولُ شَهِیْداً عَلَیْکُمْ وَتَکُونُوا شُهَدَاء عَلَى النَّاسِ فَأَقِیْمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّکَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللّٰهِ هُوَ مَوْلَاکُمْ فَنِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِیْرُ **(78)**

ترجمہ: اور (خاتمۂ ظلم، قیامِ اَمن اور تکریمِ اِنسانیت کے لیے) اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ اس کے جہاد کا حق ہے۔ اس نے تمہیں منتخب فرما لیا ہے اور اس نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی۔ (یہی) تمہارے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کا دین ہے۔ اس

(اللہ) نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے، اس سے پہلے (کی کتابوں میں) بھی اور اس (قرآن) میں بھی تاکہ یہ رسولِ (آخرالزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تم پر گواہ ہو جائیں اور تم بنی نوع انسان پر گواہ ہو جاؤ، پس (اس مرتبہ پر فائز رہنے کے لیے) تم نماز قائم کیا کرو اور زکوٰۃ ادا کیا کرو اور اللہ (کے دامن) کو مضبوطی سے تھامے رکھو، وہی تمہارا مددگار (و کارساز) ہے، پس وہ کتنا اچھا کارساز (ہے) اور کتنا اچھا مددگار ہے o

And strive hard in the way of Allah (for the elimination of oppression, and the establishment of peace and human dignity,) such a striving as is due to Him. He has chosen you, and has not laid upon you any hardship or constriction (in the matter of) Din (Religion). This is the Din (Religion) of your father Ibrahim (Abraham). He (Allah) has named you Muslims in the previous (Books) as well as in this (Holy Qur'an) so that this (final) Messenger may be a witness over you and you be witnesses over mankind. So, (to sustain this status) establish the Prayer, pay Zakat (the Alms-due, i.e., mandatory charity) and hold fast to (the embrace of) Allah. He (alone) is your Helper (i.e., Patron). So what an excellent Patron and what an excellent Helper is He!

سورۃ المومنون:

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْساً إِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ **(62)**

ترجمہ: اور ہم کسی جان کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی استعداد کے مطابق اور ہمارے پاس نوشتۂ (اَعمال موجود) ہے جو سچ سچ کہہ دے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا o

And We do not strain any soul but commensurate with its capacity, and with Us is the record (of deeds) which will speak the truth, and they will not be wronged.

وَهُوَ الَّذِيْ أَنشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيْلاً مَّا تَشْكُرُونَ **(78)**

ترجمہ: اور وہی ہے جو تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل (و دماغ) رفتہ رفتہ وجود میں لایا، (مگر) تم لوگ بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو o

And He is the One Who (gradually) made for you ears and eyes and hearts (and minds), but you give very little thanks.

وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ **(79)**

ترجمہ: وہ وہی ہے جس نے تمہیں روئے زمین پر پیدا کر کے پھیلا دیا اور تم اسی کے حضور جمع کیے جاؤ گے o

And He is the One Who created and then scattered you in the earth, and before Him will you be gathered.

وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ **(80)**

ترجمہ: اور وہی ہے جو زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے اور شب و روز کا گردش کرنا (بھی) اسی کے اختیار میں ہے۔ سو کیا تم سمجھتے

نہیں ہوo

And He is the One Who gives life and causes death, and in His control is (also) the alternation of night and day. So do you not understand?

قُلْ مَن رَّبُّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ (86)

ترجمہ: (ان سے دریافت) فرمایئے کہ ساتوں آسمانوں کا اور عرشِ عظیم (یعنی ساری کائنات کے اقتدارِ اعلیٰ) کا مالک کون ہے؟o

Ask (them): 'Who is the Lord of the seven heavens and the Mighty Throne (i.e., the Sovereign Authority of the entire universe)?'

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ (87)

ترجمہ: وہ فوراً کہیں گے: یہ (سب کچھ) اللہ کا ہے (تو) آپ فرمائیں: پھر تم ڈرتے کیوں نہیں ہوo

They will spontaneously say: '(All) this belongs to Allah.' Say: 'Then why do you not fear?'

قُلْ مَن بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (88)

ترجمہ: آپ (ان سے) فرمایئے کہ وہ کون ہے جس کے دستِ قدرت میں ہر چیز کی کامل ملکیت ہے اور جو پناہ دیتا ہے اور جس کے خلاف (کوئی) پناہ نہیں دی جا سکتی، اگر تم (کچھ) جانتے ہوo

Say (to them): 'Who is He in Whose Mighty Hand is the absolute ownership of everything and Who gives asylum, but against Whom no asylum can be given, if you know (anything)?'

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ فَأَنَّى تُسْحَرُونَ (89)

ترجمہ: وہ فوراً کہیں گے: یہ (سب شانیں) اللہ ہی کے لیے ہیں، (تو) آپ فرمائیں: پھر تمہیں کہاں سے (جادو کی طرح) فریب دیا جا رہا ہےo

They will readily say: 'That is all Allah's (glory).' So, say: 'From where then are you being deceived (as if under a spell)?'

بَلْ أَتَيْنَاهُم بِالْحَقِّ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (90)

ترجمہ: بلکہ ہم نے انہیں حق پہنچا دیا اور بے شک وہ جھوٹے ہیںo

The fact is that We have brought them the truth, and they are liars without any doubt.

مَا اتَّخَذَ اللَّهُ مِن وَلَدٍ وَمَا كَانَ مَعَهُ مِنْ إِلَهٍ إِذاً لَّذَهَبَ كُلُّ إِلَهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ (91)

ترجمہ: اللہ نے (اپنے لیے) کوئی اولاد نہیں بنائی اور نہ ہی اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے ورنہ ہر خدا اپنی اپنی مخلوق کو ضرور (الگ) لے جاتا اور یقیناً وہ ایک دوسرے پر غلبہ حاصل کرتے (اور پوری کائنات میں فساد بپا ہو جاتا)۔ اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیںo

Allah has not taken (to Himself) any son, nor is there any god with Him. In that case, each god would certainly have taken (away) what he had created, and they would surely have dominated each other (and the whole universe would have undergone violence and chaos). Glorified is Allah, above all that they describe.

عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ **(92)**

ترجمہ: (وہ) پوشیدہ اور آشکار (سب چیزوں) کا جاننے والا ہے سو وہ ان چیزوں سے بلند و برتر ہے جنہیں یہ شریک ٹھہراتے ہیںo

(He) is the Knower of (all things) hidden and disclosed. So He is Exalted, High above all what they associate with Him.

وَإِنَّا عَلَى أَن نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقَادِرُونَ **(95)**

ترجمہ: اور بے شک ہم اس بات پر ضرور قادر ہیں کہ ہم آپ کو وہ (عذاب) دکھا دیں جس کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیںo

And We certainly have the power to show you that (torment) of which We are making them a promise.

ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ **(96)**

ترجمہ: آپ برائی کو ایسے طریقہ سے دفع کیا کریں جو سب سے بہتر ہو، ہم ان (باتوں) کو خوب جانتے ہیں جو یہ بیان کرتے ہیںo

Repel evil in such a way as is best of all. We know best (the things) they say.

وَقُل رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ **(97)**

ترجمہ: اور آپ (دعا) فرمائیے: اے میرے رب! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوںo

And say, (praying): 'O my Lord, I seek Your shelter from the promptings of the satans.

قَالُوا لَبِثْنَا يَوْماً أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَاسْأَلِ الْعَادِّينَ **(113)**

ترجمہ: وہ کہیں گے: ہم ایک دن یا دن کا کچھ حصہ ٹھہرے (ہوں گے) آپ اعداد و شمار کرنے والوں سے پوچھ لیںo

They will say: 'We might have stayed there a day or part of a day, but ask those who work out statistics.'

قَالَ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا لَّوْ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ **(114)**

ترجمہ: ارشاد ہوگا: تم (وہاں) نہیں ٹھہرے مگر بہت ہی تھوڑا عرصہ، کاش! تم (یہ بات وہیں) جانتے ہوتےo

(Allah) will say: 'You stayed there but very little. Would that you knew (it there)!'

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثاً وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ **(115)**

ترجمہ: سو کیا تم نے یہ خیال کر لیا تھا کہ ہم نے تمہیں بے کار (و بے مقصد) پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ

گے؟o

So did you think that We had created you in vain (without any purpose) and that you would not return to Us?

فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ **(116)**

ترجمہ: پس اللہ جو بادشاہِ حقیقی ہے بلند و برتر ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، بزرگی اور عزت والے عرش (اقتدار) کا (وہی) مالک ہےo

So Allah, the True Sovereign, is High and Exalted. There is no God but He. He alone is the Lord of the Venerated Throne (i.e., Authority).

وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ **(117)**

ترجمہ: اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی پرستش کرتا ہے اس کے پاس اس کی کوئی سند نہیں ہے سو اس کا حساب اس کے رب ہی کے پاس ہے۔ بے شک کافر لوگ فلاح نہیں پائیں گےo

And anyone who worships another god along with Allah has no proof of this. So he will be accountable for that to his Lord alone. Surely, the disbelievers will not be successful.

وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ **(118)**

ترجمہ: اور آپ عرض کیجئے: اے میرے رب! تو بخش دے اور رحم فرما اور تو (ہی) سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہےo

And submit: 'O my Lord, forgive and have mercy, and You (alone) are the Best of those who have mercy.'

سورۃ النور:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ وَمَن يَتَّبِعْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ مَا زَكَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ أَبَداً وَلَكِنَّ اللَّهَ يُزَكِّي مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ **(21)**

ترجمہ: اے ایمان والو! شیطان کے راستوں پر نہ چلو، اور جو شخص شیطان کے نقوشِ قدم پر چلتا ہے تو وہ یقیناً بے حیائی اور برے کاموں (کے فروغ) کا حکم دیتا ہے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی شخص بھی کبھی (اس گناہِ تہمت کے داغ سے) پاک نہ ہو سکتا لیکن اللہ جسے چاہتا ہے پاک فرما دیتا ہے، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

O believers! Do not follow the footsteps of Satan, and whoever follows the footsteps of Satan, then he (Satan) certainly commands to practise (and promotes) immorality and sinful deeds. And if there had not been Allah's grace and His mercy upon you, then none of you would ever have been pure (of the stain of the sin of slander). But Allah purifies whom He wills and Allah is All-Hearing, All-Knowing.

وَلَا يَأْتَلِ أُوْلُوا الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ أَن يُؤْتُوا أُوْلِي الْقُرْبَى وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(22)**

ترجمہ: اور تم میں سے (دینی) بزرگی والے اور (دنیوی) کشائش والے (اب) اس بات کی قَسم نہ کھائیں کہ وہ (اس بہتان کے جرم میں شریک) رشتہ داروں اور محتاجوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو (مالی امداد نہ) دیں گے انہیں چاہئے کہ (ان کا قصور) معاف کر دیں اور (ان کی غلطی سے) درگزر کریں، کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہیں بخش دے، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے O

And (now) those of you who are exalted (by way of the Din [Religion]) and are affluent (world wise) must not swear that they will not provide (financial help) to the relatives, the needy and the Emigrants (who were involved in this offence of false accusation). They should forgive (their misconduct) and overlook (their mistake). Do you not like that Allah should forgive you? And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ذَلِكَ أَزْكَى لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ **(30)**

ترجمہ: آپ مومن مَردوں سے فرما دیں کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کیا کریں، یہ ان کے لیے بڑی پاکیزہ بات ہے۔ بے شک اللہ ان کاموں سے خوب آگاہ ہے جو یہ انجام دے رہے ہیں O

Direct the believing men to keep their eyes always lowered and guard their private parts. That is purer for them. Surely, Allah is Well Aware of (the works) which they are busy doing.

وَأَنكِحُوا الْأَيَامَى مِنكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِن يَكُونُوا فُقَرَاء يُغْنِهِمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ **(32)**

ترجمہ: اور تم اپنے مردوں اور عورتوں میں سے ان کا نکاح کر دیا کرو جو (عمرِ نکاح کے باوجود) بغیر ازدواجی زندگی کے (رہ رہے) ہوں اور اپنے باصلاحیت غلاموں اور باندیوں کا بھی (نکاح کر دیا کرو)، اگر وہ محتاج ہوں گے (تو) اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے گا، اور اللہ بڑی وسعت والا بڑے علم والا ہے O

And marry those of your men and women who are leading an unmarried life (despite reaching the age of marriage), and also (marry) those of your male and female slaves who are capable. If they are poor, Allah will make them rich out of His bounty and Allah is Most Infinite, All-Knowing.

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحاً حَتَّى يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيهِمْ خَيْراً وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاء إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّناً لِّتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَن يُكْرِههُّنَّ فَإِنَّ اللَّهَ مِن بَعْدِ إِكْرَاهِهِنَّ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(33)**

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کو پاک دامنی اختیار کرنا چاہئے جو نکاح (کی استطاعت) نہیں پاتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی فرما دے، اور تمہارے زیرِ دست (غلاموں اور باندیوں) میں سے جو مکاتب (کچھ مال کما کر دینے کی شرط پر آزاد) ہونا چاہیں تو انہیں مکاتب (مذکورہ شرط پر آزاد) کر دو اگر تم ان میں بھلائی جانتے ہو، اور تم (خود بھی) انہیں اللہ کے مال میں سے (آزاد ہونے کے لیے) دے دو جو اس نے تمہیں عطا فرمایا ہے، اور تم اپنی باندیوں کو دنیوی زندگی کا فائدہ حاصل کرنے کے لیے بدکاری پر

مجبور نہ کرو جبکہ وہ پاک دامن (یا حفاظت نکاح میں) رہنا چاہتی ہیں، اور جو شخص انہیں مجبور کرے گا تو اللہ ان کے مجبور ہو جانے کے بعد (بھی) بڑا بخشنے والا مہربان ہے o

And those who cannot afford marriage (for lack of financial means) should adopt chastity until Allah enriches them out of His bounty. And from amongst (the male and female slaves) under your control, those who seek to write out a deed (of manumission-freedom through earning and paying,) write it for them, and free them (under the given condition) if you see any good in them. Pay them (also yourselves) out of that wealth which Allah has given you (to help them get freedom). And do not force your maids into prostitution to obtain benefit of the worldly life if they desire to keep themselves chaste (or wish to safeguard their chastity through marriage). And whoever will compel them, then (even) after they are compelled, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

اللّٰهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُونِةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُّورٌ عَلَى نُورٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُورِهِ مَن يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (35)

ترجمہ: اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال (جو نورِ محمدی کی شکل میں دنیا میں روشن ہے) اُس طاق (نما سینۂ اَقدس) جیسی ہے جس میں چراغِ (نبوت روشن) ہے؛ (وہ) چراغ (قلبِ محمدی کے) فانوس میں رکھا ہے۔ (یہ) فانوس (نورِ الٰہی کے پَرتو سے اس قدر منور ہے) گویا ایک درخشندہ ستارہ ہے (یہ چراغِ نبوت) جو زیتون کے مبارک درخت سے (یعنی عالم قدس کے بابرکت رابطہ وحی سے یا انبیاء و رُسل ہی کے مبارک شجرۂ نبوت سے) روشن ہوا ہے نہ (فقط) شرقی ہے اور نہ غربی (بلکہ اپنے فیضِ نور کی وسعت میں عالم گیر ہے)۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا تیل (خود ہی) چمک رہا ہے اگرچہ ابھی اسے (وحیِ ربّانی اور معجزاتِ آسمانی کی) آگ نے چھوا بھی نہیں۔ (وہ) نور کے اوپر نور ہے (یعنی نورِ وجود پر نورِ نبوت گویا وہ ذات دوہرے نور کا پیکر ہے)۔ اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور (کی معرفت) تک پہنچا دیتا ہے، اور اللہ لوگوں (کی ہدایت) کے لیے مثالیں بیان فرماتا ہے، اور اللہ ہر چیز سے خوب آگاہ ہے o ☆

☆ یہ حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کے علاوہ تابعین میں سے کعب الاحبار، سعید بن جبیر، ابوالعالیہ اور الضحاک بن مزاحم کا بیان کردہ معنی ہے؛ جسے امام عبد بن حمید، ابن جریر الطبری، ابن المنذر، ابن ابی حاتم الرازی، ابو منصور الماتریدی، الطبرانی، ابواللیث السمرقندی، السلمی، ابواسحاق الثعلبی، مکی بن ابی طالب المقری، البغوی، القاضی عیاض، ابن عطیہ، ابن الجوزی، فخر الدین الرازی، القرطبی، ابن حیان، ابن القیم، ابوحفص الحنبلی، السیوطی، القسطلانی، الآلوسی اور دیگر بہت سے مفسرین نے بیان کیا ہے۔

Allah is the Light of the heavens and the earth. The likeness of His Light (which is glowing in the world in the form of Muhammad's Light [blessings and peace be upon him]) is as a niche-like (sacred breast) wherein is glowing the lamp (of Prophethood), the lamp contained in a crystal globe (the radiant heart of the

Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). This globe is (as dazzlingly bright owing to reflection of Allah's Light) as a glittering star. (This lamp of Prophethood) is lit with the sacred olive tree (i.e., either due to the blissful communication of divine Revelation from the Realm of divinity, or owing to the blissful genealogical tree of the Prophets and the Messengers). It is neither (merely) eastern nor western (rather universal and cosmic in its generously infinite luminosity. The likeness of this lamp of Prophethood is as if) its oil (i.e., Light, due to its genuine and inherent potential capability) is glowing, though no fire (or the radiation of celestial miracles and divine Revelation) has even touched it yet. (So it) is Light upon Light (i.e., the Light of Prophethood upon the Light of the Holy Essence, denoting a Self-Embodying double Light). Allah takes to (the gnosis of) His Light whom He wills. And Allah explains similitudes for (the guidance of) people and Allah is Well Aware of everything.*

*** In addition to 'Abd Allah b. 'Abbas and 'Abd Allah b. 'Umar (may Allah be well pleased with them), this meaning has been described from among the Successors by Ka'b al-Ahbar, Sa'id b. Jubayr, Abu al-'Aliya and al-Dahhak b. Mazahim. 'Abd b. Humayd, Ibn Jarir al-Tabari, Ibn al-Mundhir, Ibn Abi Hatim al-Razi, Abu Mansur al-Maturidi, al-Tabarani, Abu al-Layth al-Samarqandi, al-Sulami, Abu Ishaq al-Tha'labi, Makki b. Abi Talib al-Muqri, al-Baghawi, al-Qadi 'Iyad, Ibn 'Atiyya, Ibn al-Jawzi, Fakhr al-Din al-Razi, al-Qurtubi, Ibn Hayyan, Ibn al-Qayyim, Abu Hafs al-Hanbali, al-Suyuti, al-Qastallani, al-Alusi and many other exegetes have narrated the same meaning.**

فِيۡ بُيُوۡتٍ أَذِنَ اللَّهُ أَن تُرۡفَعَ وَيُذۡكَرَ فِيۡهَا اسۡمُهُ يُسَبِّحُ لَهُ فِيۡهَا بِالۡغُدُوِّ وَالۡآصَالِ **(36)**

ترجمہ: (اللہ کا یہ نور) ایسے گھروں (مساجد اور مراکز) میں (میسر آتا ہے) جن (کی قدر و منزلت) کے بلند کیے جانے اور جن میں اللہ کے نام کا ذکر کیے جانے کا حکم اللہ نے دیا ہے (یہ وہ گھر ہیں کہ اللہ والے) ان میں صبح و شام اس کی تسبیح کرتے ہیں o

(This Light of Allah illumines) such houses (mosques and centres) as Allah has ordained to exalt (i.e., enhance their esteem and honour) and remember His Name therein. (These are the houses) in which (Allah's servants) glorify Him morning and evening.

رِجَالٌ لَّا تُلۡهِيۡهِمۡ تِجَارَةٌ وَلَا بَيۡعٌ عَن ذِكۡرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيۡتَاء الزَّكَاةِ يَخَافُونَ يَوۡماً تَتَقَلَّبُ فِيۡهِ الۡقُلُوبُ وَالۡأَبۡصَارُ **(37)**

ترجمہ: (اللہ کے اس نور کے حامل) وہی مردانِ (خدا) ہیں جنہیں تجارت اور خرید و فروخت نہ اللہ کی یاد سے غافل کرتی ہے اور نہ نماز قائم کرنے سے اور نہ زکوٰۃ ادا کرنے سے (بلکہ دنیوی فرائض کی ادائیگی کے دوران بھی) وہ (ہمہ وقت) اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں (خوف کے باعث) دل اور آنکھیں (سب) الٹ پلٹ ہو جائیں گی o

(Blessed with this Light) are those servants (of Allah) whom neither trade nor sale diverts from the remembrance of Allah and from establishing Prayer and paying Zakat (the Alms-due. Even whilst performing their worldly duties) they keep fearing the Day when hearts and eyes will (all) overturn (with terror),

لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ **(38)**

ترجمہ: تاکہ اللہ انہیں ان (نیک) اعمال کا بہتر بدلہ دے جو انہوں نے کیے ہیں اور اپنے فضل سے انہیں اور (بھی) زیادہ (عطا) فرما دے، اور اللہ جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق (وعطا) سے نوازتا ہےo

So that Allah gives them the best reward for the (good) deeds they have done, and bestows upon them (still) more out of His bounty. And Allah blesses with sustenance (and provisions) without measure whom He wills.

وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَاء حَتَّى إِذَا جَاءهُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئاً وَوَجَدَ اللَّهَ عِندَهُ فَوَفَّاهُ حِسَابَهُ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ **(39)**

ترجمہ: اور کافروں کے اعمال چٹیل میدان میں سراب کی مانند ہیں جس کو پیاسا پانی سمجھتا ہے۔ یہاں تک کہ جب اس کے پاس آتا ہے تو اسے کچھ (بھی) نہیں پاتا (اسی طرح اس نے آخرت میں) اللہ کو اپنے پاس پایا مگر اللہ نے اس کا پورا حساب (دنیا میں ہی) چکا دیا تھا، اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہےo

And the deeds of the disbelievers are like a mirage in a vast barren field which the thirsty one deems to be water, until when he gets near it he finds it to be nothing. (Likewise, in the Hereafter) he will find Allah near him, but Allah fully paid him back (in the world). And Allah is Swift in taking account.

أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ نُوراً فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ **(40)**

ترجمہ: یا (کافروں کے اعمال) اس گہرے سمندر کی تاریکیوں کی مانند ہیں جسے موج نے ڈھانپا ہوا ہو (پھر) اس کے اوپر ایک اور موج ہو (اور) اس کے اوپر بادل ہوں (یہ تہ در تہ) تاریکیاں ایک دوسرے کے اوپر ہیں، جب (ایسے سمندر میں ڈوبنے والا کوئی شخص) اپنا ہاتھ باہر نکالے تو اسے (کوئی بھی) دیکھ نہ سکے، اور جس کے لیے اللہ ہی نے نورِ (ہدایت) نہیں بنایا تو اس کے لیے (کہیں بھی) نور نہیں ہوتاo

Or (the disbelievers' deeds are like) the darkness in a deep sea covered by a wave, rolled upon (yet) by another wave and above that are clouds. (This) darkness is (in layers) one over another. When (a person drowning into such a sea) stretches his hand out, no one can see it. And he for whom Allah has not formed any light (of guidance), for him there is no light (anywhere).

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُسَبِّحُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَتَسْبِيحَهُ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ **(41)**

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو کوئی بھی آسمانوں اور زمین میں ہے وہ (سب) اللہ ہی کی تسبیح کرتے ہیں اور پرندے (بھی فضاؤں میں) پر پھیلائے ہوئے (اسی کی تسبیح کرتے ہیں)، ہر ایک (اللہ کے حضور) اپنی نماز اور اپنی تسبیح کو جانتا ہے، اور اللہ ان کاموں سے خوب آگاہ ہے جو وہ انجام دیتے ہیںo

Have you not seen that (all) who are in the heavens and the earth glorify Allah alone, and the birds (too in the air around) with wings outspread (do celebrate His praise)? Each one knows his own mode of prayer and praise (before the presence of Allah). And Allah is Well Aware of the deeds they accomplish.

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ **(42)**

ترجمہ: اور سارے آسمانوں اور زمین کی حکمرانی اللہ ہی کی ہے، اور سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہےo

And to Allah alone belongs the sovereignty of all the heavens and the earth and to Him will all return.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُزْجِي سَحَاباً ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَاماً فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مِن جِبَالٍ فِيهَا مِن بَرَدٍ فَيُصِيبُ بِهِ مَن يَشَاءُ وَيَصْرِفُهُ عَن مَّن يَشَاءُ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ **(43)**

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی بادل کو (پہلے) آہستہ آہستہ چلاتا ہے پھر اس (کے مختلف ٹکڑوں) کو آپس میں ملا دیتا ہے پھر اسے تہ بہ تہ بنا دیتا ہے پھر تم دیکھتے ہو کہ اس کے درمیان خالی جگہوں سے بارش نکل کر برستی ہے، اور وہ اسی آسمان (یعنی فضا) میں برفانی پہاڑوں کی طرح (دکھائی دینے والے) بادلوں میں سے اولے برساتا ہے، پھر جس پر چاہتا ہے ان اولوں کو گراتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ان کو پھیر دیتا ہے (مزید یہ کہ انہی بادلوں سے بجلی بھی پیدا کرتا ہے)، یوں لگتا ہے کہ اس (بادل) کی بجلی کی چمک آنکھوں (کو خیرہ کر کے ان) کی بینائی اچک لے جائے گیo

Have you not seen that Allah is the One Who drives the cloud (first) gently, then joins its (various pieces) together, and then forms them into layers upon layers? Then you see that from spaces between them rain issues forth and falls down. And He sends down hail from the clouds (looking) like snow-covered mountains in the same sky (i.e., atmosphere). And then He throws it down upon whom He wills and turns it away from whom He likes.

يُقَلِّبُ اللَّهُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُوْلِي الْأَبْصَارِ **(44)**

ترجمہ: اور اللہ رات اور دن کو (ایک دوسرے کے اوپر) پلٹتا رہتا ہے، اور بے شک اس میں عقل و بصیرت والوں کے لیے (بڑی) رہنمائی ہےo

(And) Allah turns about the night and the day (over each other). Surely, there is (great) guidance in it for those who have reason and insight.

وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِن مَّاء فَمِنْهُم مَّن يَمْشِي عَلَى بَطْنِهِ وَمِنْهُم مَّن يَمْشِي عَلَى رِجْلَيْنِ وَمِنْهُم مَّن يَمْشِي عَلَى أَرْبَعٍ يَخْلُقُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ **(45)**

ترجمہ: اور اللہ نے ہر چلنے پھرنے والے (جاندار) کی پیدائش (کی کیمیائی ابتداء) پانی سے فرمائی، پھر ان میں سے بعض وہ

ہوئے جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں اور ان میں سے بعض وہ ہوئے جو دو پاؤں پر چلتے ہیں، اور ان میں سے بعض وہ ہوئے جو چار (پیروں) پر چلتے ہیں، اللہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا رہتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

And Allah has originated (the chemical genesis of) every moving creature from water. So, some of them creep on their bellies, some walk on two feet and some others on four. Allah creates what He wills. Surely, Allah has absolute power over everything.

لَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ وَاللَّهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ **(46)**

ترجمہ: یقیناً ہم نے واضح اور روشن بیان والی آیتیں نازل فرمائی ہیں، اور اللہ (ان کے ذریعے) جسے چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرما دیتا ہےo

We have indeed sent down clear and enlightening Revelations (through which) Allah guides whom He wills to the straight path.

وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلَّى فَرِيقٌ مِّنْهُم مِّن بَعْدِ ذَلِكَ وَمَا أُوْلَئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ **(47)**

ترجمہ: اور وہ (لوگ) کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آئے ہیں اور اطاعت کرتے ہیں پھر اس (قول) کے بعد ان میں سے ایک گروہ (اپنے اقرار سے) رُوگردانی کرتا ہے، اور یہ لوگ (حقیقت میں) مومن (ہی) نہیں ہیںo

And they say: 'We have believed in Allah and the Messenger and we obey.' Then, after (saying) this, a group of them turn away (from their affirmation). And (in fact) these people are not (at all) believers.

أَفِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَمِ ارْتَابُوا أَمْ يَخَافُونَ أَن يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ بَلْ أُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ **(50)**

ترجمہ: کیا ان کے دلوں میں (منافقت کی) بیماری ہے یا وہ (شانِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) شک کرتے ہیں یا وہ اس بات کا اندیشہ رکھتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ان پر ظلم کریں گے، (نہیں) بلکہ وہی لوگ خود ظالم ہیںo

Is there a disease (of hypocrisy) in their hearts? Or do they doubt (the majesty and glory of the Messenger)? Or do they fear that Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) will do them wrong? (Nay,) they themselves are the wrongdoers.

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَن يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ **(51)**

ترجمہ: ایمان والوں کی بات تو فقط یہ ہوتی ہے کہ جب انہیں اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرمائے تو وہ یہی کچھ کہیں کہ ہم نے سن لیا، اور ہم (سراپا) اطاعت پیرا ہو گئے، اور ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیںo

The only saying of the believers, when they are called to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) in order that he may judge

between them, is that they say: 'We have heard and we (totally) submit to obey.' It is they who will prosper.

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ أَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ قُل لَّا تُقْسِمُوا طَاعَةٌ مَّعْرُوفَةٌ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ **(53)**

ترجمہ: اور وہ لوگ اللہ کی بڑی بھاری (تاکیدی) قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر آپ انہیں حکم دیں تو وہ (جہاد کے لیے) ضرور نکلیں گے، آپ فرما دیں کہ تم قسمیں مت کھاؤ (بلکہ) معروف طریقہ سے فرمانبرداری (درکار) ہے، بے شک اللہ ان کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

And they swear most strongly (and solemnly) by Allah that if you order them, they will certainly set out (for jihad [the sacred struggle for the establishment of peace and human rights]). Say: 'Do not swear. It is obedience that is (required) as per law. Allah is certainly Well Aware of the deeds you do.'

وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْناً يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئاً وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَلِكَ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ **(55)**

ترجمہ: اللہ نے ایسے لوگوں سے وعدہ فرمایا ہے (جس کا ایفا اور تعمیل امت پر لازم ہے) جو تم میں سے ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ ضرور انہی کو زمین میں خلافت (یعنی امانتِ اقتدار کا حق) عطا فرمائے گا جیسا کہ اس نے ان لوگوں کو (حقِ) حکومت بخشا تھا جو ان سے پہلے تھے اور ان کے لیے ان کے دین کو جسے اس نے ان کے لیے پسند فرمایا ہے (غلبہ و اقتدار کے ذریعہ) مضبوط و مستحکم فرما دے گا اور وہ ضرور (اس تمکّن کے باعث) ان کے پچھلے خوف کو (جو ان کی سیاسی، معاشی اور سماجی کمزوری کی وجہ سے تھا) ان کے لیے امن و حفاظت کی حالت سے بدل دے گا، وہ (بے خوف ہو کر) میری عبادت کریں گے میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے (یعنی صرف میرے حکم اور نظام کے تابع رہیں گے)، اور جس نے اس کے بعد ناشکری (یعنی میرے احکام سے انحراف و انکار) کو اختیار کیا تو وہی لوگ فاسق (و نافرمان) ہوں گےo

To those of you who believe and keep doing pious deeds Allah has given the promise (whose fulfilment and implementation is obligatory for the Umma [Community]): He will surely bestow upon them khilafa (the trust of right to rule) as He granted (the right to) rule to those who were before them. And (through dominance and rule) He will strengthen and stabilize their Din (Religion) for them which He has liked for them, and (by this strength and rule) He will for sure change their former state of fear (which was due to their political, economic and social handicap) to that of peace and security. They will worship Me (fearlessly and) will not associate any partner with Me (i.e., will follow and obey only My command and system). And after this, whoever adopts ingratitude (i.e., aversion to, and denial of, My commands) it is they who will be defiant (and disobedient).

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِن قَبْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُم مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِن بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاء ثَلَاثُ عَوْرَاتٍ لَّكُمْ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ طَوَّافُوْنَ عَلَيْكُم بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْآيَاتِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (58)

ترجمہ: اے ایمان والو! چاہئے کہ تمہارے زیردست (غلام اور باندیاں) اور تمہارے ہی وہ بچے جو (ابھی) جوان نہیں ہوئے (تمہارے پاس آنے کے لیے) تین مواقع پر تم سے اجازت لیا کریں: (ایک) نمازِ فجر سے پہلے اور (دوسرے) دوپہر کے وقت جب تم (آرام کے لیے) کپڑے اتارتے ہو اور (تیسرے) نمازِ عشاء کے بعد (جب تم خواب گاہوں میں چلے جاتے ہو)، (یہ) تین (وقت) تمہارے پردے کے ہیں، ان (اوقات) کے علاوہ نہ تم پر کوئی گناہ ہے اور نہ ان پر، (کیونکہ بقیہ اوقات میں وہ) تمہارے ہاں کثرت کے ساتھ ایک دوسرے کے پاس آتے جاتے رہتے ہیں، اسی طرح اللہ تمہارے لیے آیتیں واضح فرماتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے o

O believers! Your (male and female) slaves and your children who have not yet attained puberty must seek your permission (to come to you) on three occasions: (first) before the Fajr (Dawn) Prayer, (second) when you put off your clothes at noon (for rest), and (third) after the 'Isha' (Night) Prayer (when you go to bed for sleep. These are) the three (times) of privacy for you. Other than these (times), there is no sin on you or them (because during remaining hours they) keep coming and going frequently where you are from one to the other. That is how Allah makes the Revelations clear for you, and Allah is All-Knowing, All-Wise.

وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا اسْتَأْذَنَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ آيَاتِهِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (59)

ترجمہ: اور جب تم میں سے بچے حدِ بلوغ کو پہنچ جائیں تو وہ (تمہارے پاس آنے کے لیے) اجازت لیا کریں جیسا کہ ان سے پہلے (دیگر بالغ افراد) اجازت لیتے رہتے ہیں، اس طرح اللہ تمہارے لیے اپنے احکام خوب واضح فرماتا ہے، اور اللہ خوب علم والا اور حکمت والا ہے o

And when the children from amongst you reach puberty, they must also seek your permission (to come to you) as (other elders) have been doing before them. That is how Allah makes His commands clear for you. And Allah is All-Knowing, All-Wise.

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاء اللَّاتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحاً فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ أَن يَضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجَاتٍ بِزِيْنَةٍ وَأَن يَسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (60)

ترجمہ: اور وہ بوڑھی خانہ نشین عورتیں جنہیں (اب) نکاح کی خواہش نہیں رہی ان پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (اوپر سے ڈھانپنے والے اضافی) کپڑے اتار لیں بشرطیکہ وہ (بھی) اپنی آرائش کو ظاہر کرنے والی نہ بنیں، اور اگر وہ (مزید) پرہیزگاری اختیار کریں (یعنی زائد اوڑھنے والے کپڑے بھی نہ اتاریں) تو ان کے لیے بہتر ہے، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے o

And there is no sin on those elderly house-confined women who have no desire (now) for marriage if they lay aside their garments (i.e., additional outer coverings), provided they (too) do not show their adornment. And if they are (more) committed to self-restraint (i.e., do not remove additional outer coverings as well), that is better for them. And Allah is All-Hearing,All-Knowing.

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى أَنفُسِكُمْ أَن تَأْكُلُوا مِن بُيُوتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ آبَائِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أُمَّهَاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ إِخْوَانِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَخَوَاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَعْمَامِكُمْ أَوْ بُيُوتِ عَمَّاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَخْوَالِكُمْ أَوْ بُيُوتِ خَالَاتِكُمْ أَوْ مَا مَلَكْتُم مَّفَاتِحَهُ أَوْ صَدِيقِكُمْ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَأْكُلُوا جَمِيعاً أَوْ أَشْتَاتاً فَإِذَا دَخَلْتُم بُيُوتاً فَسَلِّمُوا عَلَى أَنفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُون **(61)**

ترجمہ: اندھے پر کوئی رکاوٹ نہیں اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے اور نہ خود تمہارے لیے (کوئی مضائقہ ہے) کہ تم اپنے گھروں سے (کھانا) کھالو یا اپنے باپ دادا کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جن گھروں کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں (یعنی جن میں ان کے مالکوں کی طرف سے تمہیں ہر قسم کے تصرّف کی اجازت ہے) یا اپنے دوستوں کے گھروں سے (کھانا کھا لینے میں مضائقہ نہیں)، تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ تم سب کے سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ، پھر جب تم گھروں میں داخل ہوا کرو تو اپنے (گھر والوں) پر سلام کہا کرو (یہ) اللہ کی طرف سے بابرکت پاکیزہ دعا ہے، اس طرح اللہ اپنی آیتوں کو تمہارے لیے واضح فرماتا ہے تاکہ تم (احکامِ شریعت اور آدابِ زندگی کو) سمجھ سکوo

There is no restriction on the blind, nor any blame on the lame, nor is there any sin on the sick, nor (any harm) for you if you eat (food) from your own houses or from the houses of your fathers, or the houses of your mothers, or the houses of your brothers, or the houses of your sisters, or the houses of your fathers' brothers, or the houses of your fathers' sisters, or the houses of your mothers' brothers, or the houses of your mothers' sisters, or the houses whose keys are in your charge (i.e., whose owners have permitted you for any use. Nor is there any harm to eat food) from your friends' houses. There is no sin on you whether you all eat together or separately. Then, when you enter the houses, greet (the members of) your (family) with the greeting of peace and security. (This) is a blissful and pure greeting from Allah. Thus Allah makes clear His Verses for you so that you may understand (the commands of the Shariah and the manners of life).

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَى أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّى يَسْتَأْذِنُوهُ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُوْلَئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ

اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (62)

ترجمہ: ایمان والے تو وہی لوگ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آئے ہیں اور جب وہ آپ کے ساتھ کسی ایسے (اجتماعی) کام پر حاضر ہوں جو (لوگوں کو) یکجا کرنے والا ہو تو وہاں سے چلے نہ جائیں (یعنی امت میں اجتماعیت اور وحدت پیدا کرنے کے عمل میں دل جمعی سے شریک ہوں) جب تک کہ وہ (کسی خاص عذر کے باعث) آپ سے اجازت نہ لے لیں، (اے رسولِ معظّم!) بے شک جو لوگ (آپ ہی کو حاکم اور مَرجَع سمجھ کر) آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھنے والے ہیں، پھر جب وہ آپ سے اپنے کسی کام کے لیے (جانے کی) اجازت چاہیں تو آپ (حاکم و مختار ہیں) ان میں سے جسے چاہیں اجازت مرحمت فرما دیں اور ان کے لیے (اپنی مجلس سے اجازت لے کر جانے پر بھی) اللہ سے بخشش مانگیں (کہ کہیں اتنی بات پر بھی گرفت نہ ہو جائے)، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

The believers are only those who have believed in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), and when they are with you for some (collective) issue which brings (the people) together, then they should not go away from there (i.e., they should participate whole-heartedly to work for collective coherence and unity amongst the Umma [Community]) until they have obtained permission from you (owing to some special excuse. O Esteemed Prophet,) surely those who seek permission from you (believing your Majesty the Supreme and Ultimate Authority), it is they who are the believers in Allah and His Prophet. So when they seek from you permission (to go) for some affair of theirs, then (you are the Supreme Sovereign Authority). Grant leave whom you please, and ask forgiveness for them from Allah (even on going away from your company by obtaining your permission, lest they should be seized even on that). Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُم بَعْضاً قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الَّذِينَ يَتَسَلَّلُونَ مِنكُمْ لِوَاذاً فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (63)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تم رسول کے بلانے کو آپس میں ایک دوسرے کو بلانے کی مثل قرار نہ دو (جب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلانا تمہارے باہمی بلاوے کی مثل نہیں تو خود رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی تمہاری مثل کیسے ہو سکتی ہے)، بے شک اللہ ایسے لوگوں کو (خوب) جانتا ہے جو تم میں سے ایک دوسرے کی آڑ میں (دربارِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے) چپکے سے کھسک جاتے ہیں، پس وہ لوگ ڈریں جو رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے امرِ (ادب) کی خلاف ورزی کر رہے ہیں کہ (دنیا میں ہی) انہیں کوئی آفت آ پہنچے گی یا (آخرت میں) ان پر دردناک عذاب آن پڑے گاo

(O Muslims!) Do not regard the calling of the Prophet amongst you like your calling of one another. (When calling the Holy Prophet is not like your mutual calling amongst you, then how can the Holy Personality of the Prophet be like yours?) Surely, Allah knows those from amongst you (well) who slip away

quietly (from the presence of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) under the shelter of one another. So let those who go against the Messenger's command (of veneration and devotion) feel afraid lest some trial should overtake them (here in the world) or a painful torment seize them in the Hereafter.

أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ قَدْ يَعْلَمُ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ وَيَوْمَ يُرْجَعُونَ إِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ **(64)**

ترجمہ: خبردار! جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اللہ ہی کا ہے، وہ یقیناً جانتا ہے جس حال پر تم ہو (ایمان پر ہو یا منافقت پر)، اور جس دن لوگ اس کی طرف لوٹائے جائیں گے تو وہ انہیں بتا دے گا جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

Beware! To Allah belongs (all) that is in the heavens and in the earth. He certainly knows your state of mind (i.e., state of belief or that of hypocrisy). And on the Day when they will be returned to Him, He will disclose to them what they used to do and Allah knows everything full well.

سورۃ الفرقان:

تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَى عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيراً **(1)**

ترجمہ: (وہ اللہ) بڑی برکت والا ہے جس نے (حق و باطل میں فرق اور) فیصلہ کرنے والا (قرآن) اپنے (محبوب و مقرّب) بندہ پر نازل فرمایا تاکہ وہ تمام جہانوں کے لیے ڈر سنانے والا ہو جائےo

Blessed is He (Allah) Who sent down to His (most beloved and most intimate) servant the Criterion (the Qur'an) that (draws the difference between right and wrong and) gives judgment in order that he may be a Warner to all the worlds;

الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَداً وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيراً **(2)**

ترجمہ: وہ (اللہ) کہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اسی کے لیے ہے اور جس نے نہ (اپنے لیے) کوئی اولاد بنائی ہے اور نہ بادشاہی میں اس کا کوئی شریک ہے اور اسی نے ہر چیز کو پیدا فرمایا ہے پھر اس (کی بقا و ارتقاء) کے ہر مرحلہ پر اس کے خواص، افعال اور مدت، الغرض ہر چیز) کو ایک مقررہ اندازے پر ٹھہرایا ہےo

He (Allah) to Whom belongs the sovereignty of the heavens and the earth, and Who has not taken (to Himself) any children, nor has He any partner in His Kingdom and He alone has created everything, and then destined (i.e., formatted) it exactly according to a definite estimation (its features, functions, time frame and everything for all the stages of its growth and survival).

قُلْ أَنزَلَهُ الَّذِي يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ كَانَ غَفُوراً رَّحِيماً **(6)**

ترجمہ: فرما دیجیے: اِس (قرآن) کو اُس (اللہ) نے نازل فرمایا ہے جو آسمانوں اور زمین میں (موجود) تمام رازوں کو جانتا ہے،

بے شک وہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

Say: 'He (Allah) Who knows all the secrets (present) in the heavens and the earth has sent down this Qur'an. Surely, He is Most Forgiving,Ever-Merciful.'

وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ إِلَّا إِنَّهُمْ لَيَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَيَمْشُونَ فِي الْأَسْوَاقِ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً أَتَصْبِرُونَ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيراً (20)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے رسول نہیں بھیجے مگر (یہ کہ) وہ کھانا (بھی) یقیناً کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی (حسبِ ضرورت) چلتے پھرتے تھے اور ہم نے تم کو ایک دوسرے کے لیے آزمائش بنایا ہے، کیا تم (آزمائش پر) صبر کرو گے؟ اور آپ کا رب خوب دیکھنے والا ہےo

And We did not send Messengers before you but (that) they certainly ate food and also walked about in the marketplaces (as needed). And We have made you a trial for one another. Will you observe patience (in trial)? And your Lord is All-Seeing.

الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ الْحَقُّ لِلرَّحْمَنِ وَكَانَ يَوْماً عَلَى الْكَافِرِيْنَ عَسِيراً (26)

ترجمہ: اس دن سچی حکمرانی صرف (خدائے) رحمان کی ہوگی اور وہ دن کافروں پر سخت (مشکل) ہوگاo

That Day, true sovereignty will belong to the Most Kind (Lord) and that will be very hard (i.e., tough) Day on the disbelievers.

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوّاً مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ وَكَفَى بِرَبِّكَ هَادِياً وَنَصِيراً (31)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے جرائم شعار لوگوں میں سے (ان کے) دشمن بنائے تھے (جو ان کے پیغمبرانہ مشن کی مخالفت کرتے اور اس طرح حق اور باطل قوتوں کے درمیان تضاد پیدا ہوتا جس سے انقلاب کے لیے سازگار فضا تیار ہو جاتی تھی)، اور آپ کا رب ہدایت کرنے اور مدد فرمانے کے لیے کافی ہےo

And that is how We made for every Prophet (their) enemy from the evildoers (who used to oppose their Prophetic mission, and this way, a conflict between the forces of good and evil would develop and a favourable and congenial environment for peaceful change would take shape against tyranny, oppression and injustice). And your Lord is sufficient to guide and help.

وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْراً بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُوراً (48)

ترجمہ: اور وہی ہے جو اپنی رحمت (کی بارش) سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے، اور ہم ہی آسمان سے پاک (صاف کرنے والا) پانی اتارتے ہیںo

And He is the One Who sends the breezes as good news before (the rain of) His mercy. And it is We Who send down pure (and cleansing) water from the sky,

لِنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً مَّيْتاً وَنُسْقِيَهُ مِمَّا خَلَقْنَا أَنْعَاماً وَأَنَاسِيَّ كَثِيراً (49)

ترجمہ: تاکہ اس کے ذریعے ہم (کسی بھی) مُردہ شہر کو زندگی بخشیں اور (مزید یہ کہ) ہم یہ (پانی) اپنے پیدا کیے ہوئے بہت سے چوپایوں اور (بادیہ نشین) انسانوں کو پلائیں o

So that We may give life with that to (any) dead city, and (furthermore) We provide this (water) for drink to many cattle and (nomadic) people that We have created.

وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا فَأَبَى أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُوراً (50)

ترجمہ: اور بے شک ہم اس (بارش) کو ان کے درمیان (مختلف شہروں اور وقتوں کے حساب سے) گھماتے (رہتے) ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں پھر بھی اکثر لوگوں نے بجز ناشکری کے (کچھ) قبول نہ کیا o

And surely, We keep distributing this (rain) amongst them (on the scale of different times and cities) so that they may contemplate. Even then most people did not accept (anything) except ingratitude.

وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ نَذِيراً (51)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو ہر ایک بستی میں ایک ڈر سنانے والا بھیج دیتے o

And had We willed, We would have sent a Warner in every town.

فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَجَاهِدْهُم بِهِ جِهَاداً كَبِيراً (52)

ترجمہ: پس (اے مردِ مومن!) تو کافروں کا کہنا نہ مان اور تو اِس (قرآن کی دعوت اور دلائلِ علم) کے ذریعے ان کے ساتھ بڑا جہاد کر o

So, (O man of faith,) do not follow the disbelievers, and launch a large-scale struggle against them by means of (knowledge, logic and the preaching of the Qur'an).

وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخاً وَحِجْراً مَّحْجُوراً (53)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے دو دریاؤں کو ملا دیا۔ یہ (ایک) میٹھا نہایت شیریں ہے اور یہ (دوسرا) کھاری نہایت تلخ ہے۔ اور اس نے ان دونوں کے درمیان ایک پردہ اور مضبوط رکاوٹ بنا دی o

And He is the One Who joined two rivers, this (one) very sweet and freshening and that (other one) very salty and bitter. And He set a barrier and a strong partition between them.

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَراً فَجَعَلَهُ نَسَباً وَصِهْراً وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيراً (54)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے پانی (کی مانند ایک نطفہ) سے آدمی کو پیدا کیا پھر اسے نسب اور سسرال (کی قرابت) والا بنایا، اور آپ کا رب بڑی قدرت والا ہے o

And He is the One Who created man from (a sperm drop resembling) water, and made for him (kinship by) lineage and in-laws. And your Lord is All-Powerful.

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوبِ عِبَادِهٖ خَبِيْراً (58)

ترجمہ: اورآپ اس (ہمیشہ) زندہ رہنے والے (رب) پر بھروسہ کیجئے جو کبھی نہیں مرے گا اوراس کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے رہیے، اوراس کا اپنے بندوں کے گناہوں سے باخبر ہونا کافی ہےo

And put your trust in the Ever-Living (Lord) Who will never die, and glorify Him with His praise, and Sufficient is His awareness of the sins of His servants,

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ الرَّحْمٰنُ فَاسْأَلْ بِهٖ خَبِيْراً (59)

ترجمہ: جس نے آسمانی کرّوں اورزمین کواوراس (کائنات) کوجوان دونوں کے درمیان ہے چھ اَدوار میں پیدا فرمایا☆ پھر وہ (حسبِ شان) عرش پر جلوہ افروز ہوا (وہ) رحمان ہے، (اے معرفتِ حق کے طالب!) تو اس کے بارے میں کسی باخبر سے پوچھ (بےخبراس کا حال نہیں جانتے)o

☆ (ستۂ ایّام سے مراد چھ اَدوارِ تخلیق ہیں، معروف معنٰی میں چھ دن نہیں کیونکہ یہاں تو خود زمین اور جملہ آسمانی کرّوں، کہکشاؤں، ستاروں، سیاروں اور خلاؤں کی پیدائش کا زمانہ بیان ہورہا ہے، اس وقت رات اور دن کا وجود کہاں تھا؟)

He Who created the heavenly spheres and the earth and this (universe) in between in six periods.* Then He established (His authority) on the Throne (befitting His Majesty. He) is Most Kind. (O aspirant to His gnosis!) Ask of Him someone who has attained to His awareness. (The unaware do not have any gnosis of Him.)

*** The expression used in the verse 'sitta ayyam' denotes six stages or periods of creation and not six days in general sense because here the subject is the creation of the earth and all the heavenly bodies, galaxies, stars, planets and space when night and day did not exist.**

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوا وَمَا الرَّحْمٰنُ أَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوراً) (60)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم رحمان کوسجدہ کروتو وہ (منکرینِ حق) کہتے ہیں کہ رحمان کیا (چیز) ہے؟ کیا ہم اسی کوسجدہ کرنے لگ جائیں جس کا آپ ہمیں حکم دے دیں اوراس (حکم) نے انہیں نفرت میں اور بڑھا دیاo

And when it is said to them: 'Prostrate yourselves before the Most Kind (Lord),' (the deniers of the truth) say: 'What is the Most Kind Lord? Shall we prostrate ourselves before whatever you command us?' And this (command) increased only hatred in them.

تَبَارَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجاً وَجَعَلَ فِيْهَا سِرَاجاً وَقَمَراً مُّنِيْراً (61)

ترجمہ: وہی بڑی برکت وعظمت والا ہے جس نے آسمانی کائنات میں (کہکشاؤں کی شکل میں) سماوی کرّوں کی وسیع منزلیں بنائیں اوراس میں (سورج کو روشنی اور تپش دینے والا) چراغ بنایا اور (اس نظامِ شمسی کے اندر) چمکنے والا چاند بنایاo

Most Blessed and Most Glorified is He Who made vast mansions of heavenly spheres (in the form of galaxies) in the heavenly cosmos and made (the sun) in it a (light-generating and heat-emitting) lamp and a shining moon (in the solar

system).

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ اللَّیْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ أَرَادَ أَن یَذَّكَّرَ أَوْ أَرَادَ شُكُوراً (62)

ترجمہ: اور وہی ذات ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے گردش کرنے والا بنایا اس کے لیے جو غور و فکر کرنا چاہے یا شکر گزاری کا ارادہ کرے (ان تخلیقی قدرتوں میں نصیحت و ہدایت ہے)o

And He is the One Who made the day and the night rotate after each other for him who desires to contemplate or intends to be grateful. (There is direction and guidance in these creative powers.)

قُلْ مَا یَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّیْ لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ یَكُونُ لِزَاماً (77)

ترجمہ: فرما دیجیے: میرے رب کو تمہاری کوئی پرواہ نہیں اگر تم (اس کی) عبادت نہ کرو، پس واقعی تم نے (اسے) جھٹلایا ہے تو اب یہ (جھٹلانا تمہارے لیے) دائمی عذاب بنا رہے گاo

Say: 'My Lord cares little for you if you do not worship (Him). But you have indeed rejected (Him). So now this (denial) will ever endure as a permanent torment (for you).'

سورۃ الشعرآء:

إِن نَّشَأْ نُنَزِّلْ عَلَیْهِم مِّن السَّمَاء آیَةً فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِیْنَ (4)

ترجمہ: اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے (ایسی) نشانی اتار دیں کہ ان کی گردنیں اس کے آگے جھکی رہ جائیںo

If We intend, We should send down upon them (such) a sign from heaven as their necks would not but bow down before it.

أَوَلَمْ یَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنبَتْنَا فِیْهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِیْمٍ (7)

ترجمہ: اور کیا انہوں نے زمین کی طرف نگاہ نہیں کی کہ ہم نے اس میں کتنی ہی نفیس چیزیں اگائی ہیںo

And have they not discerned the earth-what a variety of excellent vegetation We have caused to grow in it?

إِنَّ فِیْ ذَلِكَ لَآیَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِیْنَ (8)

ترجمہ: بے شک اس میں ضرور (قدرتِ الٰہیہ کی) نشانی ہے اور ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیںo

Surely, there is a sign in it (of Allah's might), but most of them are not the ones to believe.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ (9)

ترجمہ: اور یقیناً آپ کا رب ہی تو غالب، مہربان ہےo

And assuredly, your Lord alone is the Almighty, Ever-Merciful.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ (68)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی یقیناً غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful indeed.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (104)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی یقیناً غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (122)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی یقیناً غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (140)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی یقیناً غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (159)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (175)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (191)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ (217)

ترجمہ: اور بڑے غالب مہربان (رب) پر بھروسہ رکھےo

And put your trust in Almighty, Ever-Merciful (Lord),

الَّذِىْ يَرَاكَ حِيْنَ تَقُوْمُ (218)

ترجمہ: جو آپ کو (رات کی تنہائیوں میں بھی) دیکھتا ہے جب آپ (نمازِ تہجد کے لیے) قیام کرتے ہیںo

Who sees you when you stand up (for Tahajjud Prayer in the solitary hours at night),

وَتَقَلُّبَكَ فِىْ السَّاجِدِيْنَ (219)

ترجمہ: اور سجدہ گزاروں میں (بھی) آپ کا پلٹنا دیکھتا (رہتا) ہےo

And Who (also keeps) seeing your turning movements amongst those who prostrate themselves in Prayer.

إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (220)

ترجمہ: بے شک وہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

Verily, He is All-Hearing, All-Knowing.

هَلْ أُنَبِّئُكُمْ عَلَى مَن تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ (221)

ترجمہ: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیںo

Shall I tell you upon whom the satans descend?

تَنَزَّلُ عَلَى كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ (222)

ترجمہ: وہ ہر جھوٹے (بہتان طراز) گناہگار پر اترا کرتے ہیںo

They descend on every lying sinner (who weaves false allegations),

يُلْقُونَ السَّمْعَ وَأَكْثَرُهُمْ كَاذِبُونَ (223)

ترجمہ: جو سنی سنائی باتیں (ان کے کانوں میں) ڈال دیتے ہیں اور ان میں سے اکثر جھوٹے ہوتے ہیںo

Who pour (into their ears) hearsay and most of them are liars.

سورۃ النمل:

وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِن لَّدُنْ حَكِيمٍ عَلِيمٍ (6)

ترجمہ: اور بے شک آپ کو (یہ) قرآن بڑے حکمت والے، علم والے (رب) کی طرف سے سکھایا جا رہا ہےo

And surely, you are being taught (this) Qur'an from the All-Wise, All-Knowing (Lord).

يَا مُوسَى إِنَّهُ أَنَا اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (9)

ترجمہ: اے موسٰی! بے شک وہ (جلوہ فرمانے والا) میں ہی اللہ ہوں جو نہایت غالب حکمت والا ہےo

O Musa (Moses)! It is I, Allah (Unveiling My Light), Almighty, All-Wise.

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ) (26)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں (وہی) عظیم تختِ اقتدار کا مالک ہےo

There is none worthy of worship except Allah. He alone is the Master of the Supreme Throne of Authority.'

قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَامٌ عَلَى عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفَى آللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ (59)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اس کے منتخب (برگزیدہ) بندوں پر سلامتی ہو، کیا اللہ ہی بہتر ہے یا وہ (معبودانِ باطلہ) جنہیں یہ لوگ (اس کا) شریک ٹھہراتے ہیںo

Say: 'All praise be to Allah, and peace be upon His Servants whom He has chosen (and exalted). Is Allah better or those (false gods) that these people associate (with Him)?'

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَأَنزَلَ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاء فَأَنبَتْنَا بِهِ حَدَائِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ مَّا كَانَ لَكُمْ أَن تُنبِتُوا شَجَرَهَا أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَعْدِلُونَ (60)

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور تمہارے لیے آسمانی فضا سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس (پانی)

سے تازہ اور خوش نما باغات اُگائے؟ تمہارے لیے ممکن نہ تھا کہ تم ان (باغات) کے درخت اُگا سکتے۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ بلکہ یہ وہ لوگ ہیں جو (راہِ حق سے) پرے ہٹ رہے ہیںo

Well, Who has created the heavens and the earth and poured down water for you from the atmosphere in the sky? Then with that (water), We brought forth fresh and beautiful gardens. It was not possible for you to grow plants in these (gardens). Is there any (other) God besides Allah? In fact, they are the people who are turning away (from the path of truth).

أَمَّن جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَاراً وَجَعَلَ خِلَالَهَا أَنْهَاراً وَجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزاً أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(61)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جس نے زمین کو قرارگاہ بنایا اور اس کے درمیان نہریں بنائیں اور اس کے لیے بھاری پہاڑ بنائے۔ اور (کھاری اور شیریں) دو سمندروں کے درمیان آڑ بنائی؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ بلکہ ان (کفار) میں سے اکثر لوگ بے علم ہیںo

Or, Who made the earth a dwelling place and made rivers amid it and made for it huge mountains and put a barrier between the two seas (of salt and sweet waters)? Is there any (other) God besides Allah? But most of these (disbelievers) do not have knowledge.

أَمَّن يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاء الْأَرْضِ أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ قَلِيلاً مَّا تَذَكَّرُونَ **(62)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو بے قرار شخص کی دعا قبول فرماتا ہے جب وہ اسے پکارے اور تکلیف دور فرماتا ہے اور تمہیں زمین میں (پہلے لوگوں کا) وارث و جانشین بناتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ تم لوگ بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہوo

Or, Who grants the supplication of the anxiety-stricken caller when he calls upon Him, and Who removes the trouble and makes you successors and inheritors (of the predecessors) in the earth? Is there any (other) God besides Allah? You people accept advice but little.

أَمَّن يَهْدِيكُمْ فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَن يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْراً بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ تَعَالَى اللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ **(63)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو تمہیں خشک و تر (یعنی زمین اور سمندر) کی تاریکیوں میں راستہ دکھاتا ہے اور جو ہواؤں کو اپنی (بارانِ) رحمت سے پہلے خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ اللہ ان (معبودانِ باطلہ) سے برتر ہے جنہیں وہ شریک ٹھہراتے ہیںo

Or, Who guides you in the darkness of land and sea and sends winds as good news before (the rain of) His mercy? Is there any (other) God besides Allah? Exalted is Allah, High above (the false gods) which they associate with Him.

أَمَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَمَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَإِلَٰهٌ مَّعَ اللَّهِ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (64)

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو مخلوق کو پہلی بار پیدا فرماتا ہے پھر اسی (عملِ تخلیق) کو دہرائے گا اور جو تمہیں آسمان و زمین سے رزق عطا فرماتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ فرما دیجیے: (اے مشرکو!) اپنی دلیل پیش کرو اگر تم سچے ہو o

Well, Who originates creation and shall repeat the same (process of creation), and Who grants you sustenance from the heavens and the earth? Is there any (other) God besides Allah? Say: '(O polytheists,) bring your proof if you are truthful.'

قُل لَّا يَعْلَمُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللَّهُ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ (65)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں (اَز خود) غیب کا علم نہیں رکھتے سوائے اللہ کے (وہ عالم بالذّات ہے) اور نہ ہی وہ یہ خبر رکھتے ہیں کہ وہ (دوبارہ زندہ کر کے) کب اٹھائے جائیں گے o

Say: 'Those who are in the heavens and the earth do not have the knowledge of the unseen (by themselves) except Allah (Who is Self-Knowing), nor do they know when they will be raised up (alive again).'

وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ (73)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب لوگوں پر فضل (فرمانے) والا ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ شکر نہیں کرتے o

And surely, your Lord is Gracious to the people but most of them do not give thanks.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ (74)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ان (باتوں) کو ضرور جانتا ہے جو ان کے سینے (اندر) چھپائے ہوئے ہیں اور (ان باتوں کو بھی) جو یہ آشکار کرتے ہیں o

And certainly, your Lord knows well what their breasts hide and also what they make known.

وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (77)

ترجمہ: اور بے شک یہ ہدایت ہے اور مومنوں کے لیے رحمت ہے o

And verily, it is guidance and mercy for the believers.

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُم بِحُكْمِهِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ (78)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ان (مومنوں اور کافروں) کے درمیان اپنے حکم (عدل) سے فیصلہ فرمائے گا، اور وہ غالب ہے بہت جاننے والا ہے o

Verily, your Lord will judge between these (believers and disbelievers) by His command (of justice). And He is Almighty, All-Knowing.

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ (79)

ترجمہ: پس آپ اللہ پر بھروسہ کریں بے شک آپ صریح حق پر (قائم اور فائز) ہیں o

So put your trust in Allah. Surely, you are (firm and fixed) on the evident truth.

أَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا اللَّيْلَ لِيَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِراً إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (86)

ترجمہ: کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے رات بنائی تا کہ وہ اس میں آرام کر سکیں اور دن کو (امورِ حیات کی نگرانی کے لیے) روشن (یعنی اشیاء کو دِکھانے اور سمجھانے والا) بنایا، بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیںo

Have they not seen that We made the night for them so that they might rest in it and the day sight-giving (to oversee the affairs of life and to make things visible and perceptible)? Indeed, there are signs in it for those who believe.

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ صُنْعَ اللَّهِ الَّذِي أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ إِنَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَفْعَلُونَ (88)

ترجمہ: اور (اے انسان!) تو پہاڑوں کو دیکھے گا تو خیال کرے گا کہ جمے ہوئے ہیں حالاں کہ وہ بادل کے اڑنے کی طرح اڑ رہے ہوں گے۔ (یہ) اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو (حکمت و تدبیر کے ساتھ) مضبوط و مستحکم بنا رکھا ہے۔ بے شک وہ ان سب (کاموں) سے خبردار ہے جو تم کرتے ہوo

And, (O man,) you will see the mountains and think them firmly fixed, whereas they will be flying like the passing of clouds. (This) is the work of Allah, Who has made everything strong and stable (with wisdom and strategy). Surely, He is Well Aware of all (the works) that you do.

إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِي حَرَّمَهَا وَلَهُ كُلُّ شَيْءٍ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ (91)

ترجمہ: (آپ ان سے فرما دیجیے کہ) مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ اس شہرِ (مکّہ) کے رب کی عبادت کروں جس نے اسے عزت و حُرمت والا بنایا ہے اور ہر چیز اُسی کی (مِلک) ہے اور مجھے (یہ) حکم (بھی) دیا گیا ہے کہ میں (اللہ کے) فرمانبرداروں میں رہوںo

(Say to them:) 'I have been commanded only to worship the Lord of this city (Mecca), Who has made it Holy and Sacred, and everything belongs to Him alone. And I have (also) been commanded to be of those who submit wholly (to Allah),

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ سَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَتَعْرِفُونَهَا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (93)

ترجمہ: اور آپ فرما دیجیے کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں وہ عنقریب تمہیں اپنی نشانیاں دکھا دے گا سو تم انہیں پہچان لو گے، اور آپ کا رب ان کاموں سے بے خبر نہیں جو تم انجام دیتے ہوo

And say: 'All praise belongs to Allah alone. Soon He will show you His signs and you will recognize them. And your Lord is not unaware of what you do.'

سورۃ القصص:

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (51)

ترجمہ: اور درحقیقت ہم ان کے لیے پے در پے (قرآن کے) فرمان بھیجتے رہے تاکہ وہ نصیحت قبول کریں o

And in fact, We kept sending for them successive commands (of the Qur'an) so that they might take direction and guidance.

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يَشَاءُ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (56)

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جسے آپ (راہ ہدایت پر لانا) چاہتے ہیں اسے راہ ہدایت پر آپ خود نہیں لاتے بلکہ جسے اللہ چاہتا ہے (آپ کے ذریعے) راہ ہدایت پر چلا دیتا ہے، اور وہ راہ ہدایت پانے والوں سے خوب واقف ہے o

The truth is that whoever you like (to bring on to the path of guidance), you do not yourself bring him on to the path of guidance. Instead, (it so happens that) whomever Allah pleases, He makes him tread the path of guidance (through your mediation). And He knows best those who find the path of guidance.

وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيشَتَهَا فَتِلْكَ مَسَاكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَن مِّن بَعْدِهِمْ إِلَّا قَلِيلًا وَكُنَّا نَحْنُ الْوَارِثِينَ (58)

ترجمہ: اور ہم نے کتنی ہی (ایسی) بستیوں کو برباد کر ڈالا جو اپنی خوشحال معیشت پر غرور و ناشکری کر رہی تھیں، تو یہ ان کے (تباہ شدہ) مکانات ہیں جو ان کے بعد کبھی آباد ہی نہیں ہوئے مگر بہت کم، اور (آخرکار) ہم ہی وارث و مالک ہیں o

And how many towns have We destroyed that became arrogant and ungrateful on account of their prosperous economies! So here are (the remains of) their (ruined) houses that have been inhabited after them but little. And We alone are the Inheritor and Owner (in the end).

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَى حَتَّى يَبْعَثَ فِي أُمِّهَا رَسُولًا يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرَى إِلَّا وَأَهْلُهَا ظَالِمُونَ (59)

ترجمہ: اور آپ کا رب بستیوں کو تباہ کرنے والا نہیں ہے یہاں تک کہ وہ اس کے بڑے مرکزی شہر (capital) میں پیغمبر بھیج دے جو ان پر ہماری آیتیں تلاوت کرے، اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں ہیں مگر اس حال میں کہ وہاں کے مکین ظالم ہوں o

And your Lord does not destroy the towns until He sends to their capital city a Messenger who recites to them Our Verses. And We do not destroy towns unless their dwellers are given to oppression.

وَمَا أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَزِينَتُهَا وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَى أَفَلَا تَعْقِلُونَ (60)

ترجمہ: اور جو چیز بھی تمہیں عطا کی گئی ہے سو (وہ) دنیوی زندگی کا سامان اور اس کی رونق و زینت ہے۔ مگر جو چیز (بھی) اللہ کے پاس ہے وہ (اس سے) زیادہ بہتر اور دائمی ہے۔ کیا تم (اس حقیقت کو) نہیں سمجھتے o

And whatever you have been given are but provisions of the worldly life, its charms and beauty. But what is (yet) with Allah is far better (than this)

and eternal. Do you not understand (this fact)?

أَفَمَن وَعَدْنَاهُ وَعْداً حَسَناً فَهُوَ لَاقِيهِ كَمَن مَّتَّعْنَاهُ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْمُحْضَرِينَ **(61)**

ترجمہ: کیا وہ شخص جس سے ہم نے کوئی (آخرت کا) اچھا وعدہ فرمایا ہو پھر وہ اسے پانے والا ہو جائے، اس (بدنصیب) کی مثل ہو سکتا ہے جسے ہم نے دنیوی زندگی کے سامان سے نوازا ہو پھر وہ (کفرانِ نعمت کے باعث) روزِ قیامت (عذاب کے لیے) حاضر کیے جانے والوں میں سے ہو جائے o

Can he to whom We have made an excellent promise (pertaining to Hereafter), and who becomes one to attain to it be like the (ill-fated) one We have given the good things of worldly life, then (owing to ingratitude for the bounties) becomes of those who will be brought forth on the Last Day (for punishment)?

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَيَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ سُبْحَانَ اللَّهِ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ **(68)**

ترجمہ: اور آپ کا رب جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور (جسے چاہتا ہے نبوت اور حقِ شفاعت سے نوازنے کے لیے) منتخب فرما لیتا ہے، ان (منکر اور مشرک) لوگوں کو (اس امر میں) کوئی مرضی اور اختیار حاصل نہیں ہے۔ اللہ پاک ہے اور بالاتر ہے ان (باطل معبودوں) سے جنہیں وہ (اللہ کا) شریک گردانتے ہیں۔ o

And your Lord creates whatever He wills and chooses (whom He pleases for Prophethood and for the right of intercession). These (disbelievers and polytheists) have no authority or choice (in this matter). Holy is Allah the Glorious and Exalted, far above (the false gods) that they associate as partners (with Allah)!

وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ **(69)**

ترجمہ: اور آپ کا رب ان (تمام باتوں) کو جانتا ہے جو ان کے سینے (اپنے اندر) چھپائے ہوئے ہیں اور جو کچھ وہ آشکار کرتے ہیں۔ o

And your Lord knows (all) what their breasts hide (inside) and what they make known.

وَهُوَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْأُولَى وَالْآخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ **(70)**

ترجمہ: اور وہی اللہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ دنیا اور آخرت میں ساری تعریفیں اسی کے لیے ہیں، اور (حقیقی) حکم و فرمانروائی (بھی) اسی کی ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے o

And He alone is Allah; apart from Him there is no God. All praise belongs to Him in the world and in the Hereafter. And His alone is the (true) command and rule and to Him alone will you be returned.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ سَرْمَداً إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِضِيَاء أَفَلَا تَسْمَعُونَ **(71)**

ترجمہ: فرما دیجیے: ذرا اتنا بتاؤ کہ اگر اللہ تمہارے اوپر روزِ قیامت تک ہمیشہ رات طاری فرما دے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں روشنی لا دے۔ کیا تم (یہ باتیں) سنتے نہیں ہو o

Say: 'Just answer: If Allah prolongs the night over you till the Day of Resurrection, (then) what god is there besides Allah who will bring you light? Do you not hear (these words)?'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَداً إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِلَيْلٍ تَسْكُنُونَ فِيهِ أَفَلَا تُبْصِرُونَ (72)

ترجمہ: فرمادیجیے: ذرا یہ (بھی) بتاؤ کہ اگر اللہ تمہارے اوپر روزِ قیامت تک ہمیشہ دن طاری فرمادے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں رات لادے کہ تم اس میں آرام کرسکو، کیا تم دیکھتے نہیں ہوo

Say: 'Just tell me this (as well): If Allah prolongs the day over you till the Day of Resurrection, (then) what god is there besides Allah who will bring you night in which you may take rest? Do you not see?'

وَمِن رَّحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (73)

ترجمہ: اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لیے رات اور دن کو بنایا تاکہ تم رات میں آرام کرو اور (دن میں) اس کا فضل (روزی) تلاش کرسکو اور تاکہ تم شکرگزار بنوo

And it is out of His mercy that He has made night and day for you so that at night you may take rest and (during the day) you may seek His bounty (sustenance) and so that you may become grateful.

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ (74)

ترجمہ: اور جس دن وہ انہیں پکارے گا تو ارشاد فرمائے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جنہیں تم (معبود) خیال کرتے تھےo

And the Day when He will call to them and say: 'Where are they who you regarded as My partners and considered (gods)?'

وَنَزَعْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيداً فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوا أَنَّ الْحَقَّ لِلَّهِ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ (75)

ترجمہ: اور ہم ہر امت سے ایک گواہ نکالیں گے پھر ہم (کفار سے) کہیں گے کہ تم اپنی دلیل لاؤ تو وہ جان لیں گے کہ سچ بات اللہ ہی کی ہے اور ان سے وہ سب (باتیں) جاتی رہیں گی جو وہ جھوٹ باندھا کرتے تھےo

And We shall take out from every community a witness, and We shall then say (to the disbelievers): 'Bring your proof.' Then they will know that the truth belongs to Allah, and all (the lies) they used to invent will disappear from them.

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَى مَعَادٍ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ مَن جَاء بِالْهُدَى وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (85)

ترجمہ: بے شک جس (رب) نے آپ پر قرآن (کی تبلیغ و اقامت کو) فرض کیا ہے یقیناً وہ آپ کو (آپ کی چاہت کے مطابق) لوٹنے کی جگہ (مکہ یا آخرت) کی طرف (فتح و کامیابی کے ساتھ) واپس لے جانے والا ہے۔ فرمادیجیے: میرا رب اسے خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا اور اسے (بھی) جو صریح گمراہی میں ہے۔☆o

☆ (یہ آیت مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرماتے ہوئے جحفہ کے مقام پر نازل ہوئی اور یہ وعدہ فتح مکہ کے دن پورا ہوگیا۔)

Surely, (the Lord) Who has enjoined (the teaching, preaching and

establishment of the system given in) the Qur'an upon you will bring you back (according to your desire) to the place of return (Mecca or the Hereafter with victory and success). Say: 'My Lord knows best the one who brought guidance and (also) the one who is in open error.'*

*** This Verse was revealed at Hajfa whilst migrating from Mecca on the way to Medina. This promise was fulfilled on the day of the Meccan Victory.**

وَمَا كُنتَ تَرْجُو أَن يُلْقَى إِلَيْكَ الْكِتَابُ إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ ظَهِيرًا لِّلْكَافِرِينَ **(86)**

ترجمہ: اورتم (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وساطت سے اُمتِ محمدی کو خطاب ہے) اس بات کی امید نہ رکھتے تھے کہ تم پر (یہ) کتاب اتاری جائے گی مگر (یہ) تمہارے رب کی رحمت (سے اتری) ہے، پس تم ہرگز کافروں کے مددگار نہ بننا o

(The Muslim Umma [Community] is addressed through the Prophet, blessings and peace be upon him:) And you did not expect that this (Book) will be revealed to you, but it is (revealed by) the mercy of your Lord. So never be a helper of the disbelievers.

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ **(88)**

ترجمہ: اورتم اللہ کے ساتھ کسی دوسرے (خودساختہ) معبود کو نہ پوجا کرو، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس کی ذات کے سوا ہر چیز فانی ہے، حکم اسی کا ہے اور تم (سب) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے o

And never worship any other (self-made) god besides Allah. None has the right to be worshipped except He. Everything has to perish but He. His is the command and to Him you (all) will be returned.

سورۃ العنکبوت:

مَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ اللَّهِ فَإِنَّ أَجَلَ اللَّهِ لَآتٍ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ **(5)**

ترجمہ: جو شخص اللہ سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو بے شک اللہ کا مقرر کردہ وقت ضرور آنے والا ہے، اور وہی سننے والا جاننے والا ہے o

Whoever hopes for meeting with Allah, then Allah's appointed time is bound to come. And He alone is All-Hearing, All-Knowing.

وَمَن جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ **(6)**

ترجمہ: جو شخص (راہِ حق میں) جدوجہد کرتا ہے وہ اپنے ہی (نفع کے) لیے تگ و دو کرتا ہے، بے شک اللہ تمام جہانوں (کی طاعتوں، کوششوں اور مجاہدوں) سے بے نیاز ہے o

And whoever strives hard (for the cause of truth) strives for his own (benefit). Surely, Allah is independent of (the obedience, submission and struggles of) all the worlds.

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللَّهِ وَلَئِن جَاءَ نَصْرٌ مِّن رَّبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا

كُنَّا مَعَكُمْ أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ (10)

ترجمہ: اورلوگوں میں ایسے شخص (بھی) ہوتے ہیں جو (زبان سے) کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے، پھر جب انہیں اللہ کی راہ میں (کوئی) تکلیف پہنچائی جاتی ہے تو وہ لوگوں کی آزمائش کو اللہ کے عذاب کی مانند قرار دیتے ہیں، اور اگر آپ کے رب کی جانب سے کوئی مدد آ پہنچتی ہے تو وہ یقیناً یہ کہنے لگتے ہیں کہ ہم تو تمہارے ساتھ ہی تھے، کیا اللہ ان (باتوں) کو نہیں جانتا جو جہان والوں کے سینوں میں (پوشیدہ) ہیں o

And there are (also) those amongst the people who say: 'We believe in Allah,' but when they are put to (some) trouble in the way of Allah, they consider the trial of the people like punishment from Allah. And if some help comes from your Lord, then indeed they start saying: 'We were with you.' Is Allah not best aware of those (things) which are (hidden) in the breasts of all the people of the world?

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللَّهُ يُنشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (20)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم زمین میں (کائناتی زندگی کے مطالعہ کے لیے) چلو پھرو، پھر دیکھو (یعنی غور و تحقیق کرو) کہ اس نے مخلوق کی (زندگی کی) ابتداء کیسے فرمائی پھر وہ دوسری زندگی کو کس طرح اٹھا کر (ارتقاء کے مراحل سے گزارتا ہوا) نشو و نما دیتا ہے۔ بے شک اللہ ہر شے پر بڑی قدرت رکھنے والا ہے o

Say: 'Travel in the land (to study life in the universe), then observe (i.e., meditate and research) as to how He initiated (the life of) Creation and how He raises and nourishes the second life (passing it through evolutionary stages). Surely, Allah has perfect power over all things.

يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَن يَشَاءُ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ (21)

ترجمہ: وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم فرماتا ہے اور اسی کی طرف تم پلٹائے جاؤ گے o

He torments whom He wills and shows mercy to whom He pleases. And to Him will you be returned.

وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ (22)

ترجمہ: اور نہ تم (اللہ کو) زمین میں عاجز کرنے والے ہو اور نہ آسمان میں اور نہ تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار o

And you can escape (from Allah) neither in the earth nor in the heavens, nor is there for you any guardian or helper except Allah.

خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ (44)

ترجمہ: اللہ نے آسمانوں اور زمین کو درست تدبیر کے ساتھ پیدا فرمایا ہے، بے شک اس (تخلیق) میں اہلِ ایمان کے لیے (اس کی وحدانیت اور قدرت کی) نشانی ہے o

Allah has created the heavens and the earth with a decreed celestial order.

Surely, there is in this (creation) a sign (of His Oneness and Might) for those who believe.

اتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ **(45)**

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ وہ کتاب پڑھ کر سنایئے جو آپ کی طرف (بذریعہ) وحی بھیجی گئی ہے، اور نماز قائم کیجئے، بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے، اور واقعی اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے، اور اللہ ان (کاموں) کو جانتا ہے جو تم کرتے ہو o

(O Esteemed Beloved!) Recite the Book which has been revealed to you and establish prayer. Surely, prayer prohibits indecency and impiety; and verily, the remembrance of Allah is the greatest. And Allah knows whatever (deeds) you do.

وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ **(50)**

ترجمہ: اور کفّار کہتے ہیں کہ اِن پر (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) ان کے رب کی طرف سے نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں، آپ فرما دیجیے کہ نشانیاں تو اللہ ہی کے پاس ہیں اور میں تو محض صریح ڈر سنانے والا ہوں o

And the disbelievers say: 'Why have signs not been sent down on him (the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) from his Lord?' Say: 'The signs are with Allah alone and I am simply an open Warner.'

قُلْ كَفَى بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيداً يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ آمَنُوا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ **(52)**

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: میرے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے۔ وہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب کا حال) جانتا ہے، اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور اللہ کا انکار کیا وہی نقصان اٹھانے والے ہیں o

Say: 'Sufficient is Allah as a Witness between me and you. He knows (the state of) all that is in the heavens and in the earth. And those who believe in falsehood and disbelieve in Allah, it is they who are the losers.'

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ **(57)**

ترجمہ: ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے، پھر تم ہماری ہی طرف لوٹائے جاؤ گے o

Every soul is to taste death and then to Us you will be returned.

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ **(61)**

ترجمہ: اور اگر آپ اِن (کفّار) سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کس نے تابع فرمان بنا دیا، تو وہ ضرور کہہ دیں گے: اللہ نے، پھر وہ کدھر الٹے جا رہے ہیں o

And if you ask these (disbelievers): 'Who created the heavens and the earth and made the sun and the moon law-abiding?' they will certainly say: 'Allah.' Then where are they turning away?

اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (62)

ترجمہ: اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے، اور جس کے لیے (چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے o

Allah increases sustenance for whom He pleases of His servants and restrains for whom He wills. Surely, Allah knows everything full well.

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّن نَّزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِن بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ (63)

ترجمہ: اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان سے پانی کس نے اتارا پھر اس سے زمین کو اس کی مُردنی کے بعد حیات (اور تازگی) بخشی، تو وہ ضرور کہہ دیں گے: اللہ نے، آپ فرما دیں: ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر (لوگ) عقل نہیں رکھتے o

And if you ask them: 'Who sends down water from the sky, then gives life (and freshness) to the earth after its death?' they will surely say: 'Allah.' Say: 'All praise belongs to Allah alone.' But most of them do not have sense.

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِباً أَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءهُ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكَافِرِينَ (68)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا حق کو جھٹلا دے جب وہ اس کے پاس آ پہنچے۔ کیا دوزخ میں کافروں کے لیے ٹھکانہ (مقرر) نہیں ہے o

And who can be more unjust than someone who fabricates a lie concerning Allah or belies the truth when it comes to him? Is there not an apartment in Hell (appointed) for the disbelievers?

وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ (69)

ترجمہ: اور جو لوگ ہمارے حق میں جہاد (یعنی مجاہدہ) کرتے ہیں تو ہم یقیناً انہیں اپنی (طرف سَیر اور وصول کی) راہیں دکھا دیتے ہیں، اور بے شک اللہ صاحبانِ احسان کو اپنی معیّت سے نوازتا ہے o

And those who strive hard (and struggle against the lower self vehemently) for Our cause, We certainly guide them to Our ways, and verily Allah blesses the men of spiritual excellence with His companionship.

سورۃ الروم:

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا فِي أَنفُسِهِمْ مَا خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى وَإِنَّ كَثِيراً مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ لَكَافِرُونَ (8)

ترجمہ: کیا انہوں نے اپنے مَن میں کبھی غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے پیدا نہیں فرمایا مگر (نظامِ) حق اور مقرّرہ مدت (کے دورانیے) کے ساتھ، اور بے شک بہت سے لوگ اپنے رب کی ملاقات کے مُنکر ہیں o

Have they not meditated within themselves that Allah has not created the

heavens and the earth and whatever is between the two except with (a system of) truth and for a fixed term? And surely, most of the people do not believe in the meeting with their Lord.

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ أَسَاؤُوا السُّوأَى أَن كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَكَانُوا بِهَا يَسْتَهْزِئُون **(10)**

ترجمہ: پھران لوگوں کا انجام بہت برا ہوا جنہوں نے برائی کی اس لیے کہ وہ اللہ کی آیتوں کو جھٹلاتے اوران کا مذاق اڑایا کرتے تھےo

Then much evil came to be the end of those who did evil because they used to belie the Revelations of Allah and used to ridicule them.

اللَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ **(11)**

ترجمہ: اللہ مخلوق کو پہلی بار پیدا فرماتا ہے پھر (وہی) اسے دوبارہ پیدا فرمائے گا، پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Allah generates creation the first time, then (He is the One Who) will create it the second time, then to Him you will be returned.

فَسُبْحَانَ اللَّهِ حِيْنَ تُمْسُونَ وَحِيْنَ تُصْبِحُونَ **(17)**

ترجمہ: پس تم اللہ کی تسبیح کیا کرو جب تم شام کرو (یعنی مغرب اور عشاء کے وقت) اور جب تم صبح کرو (یعنی فجر کے وقت)o

So glorify Allah when you enter the evening (Maghrib and 'Isha' times) and when you enter the morning (Fajr time).

وَلَهُ الْحَمْدُ فِيْ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيّاً وَحِيْنَ تُظْهِرُونَ **(18)**

ترجمہ: اور ساری تعریفیں آسمانوں اور زمین میں اسی کے لیے ہیں اور (تم تسبیح کیا کرو) سہ پہر کو بھی (یعنی عصر کے وقت) اور جب تم دوپہر کرو (یعنی ظہر کے وقت)o

And all praise in the heavens and the earth be to Him alone, and (glorify Him) in the afternoon ('Asr time) and at noon (Zuhr time) as well.

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذَلِكَ تُخْرَجُونَ **(19)**

ترجمہ: وُہی مُردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور زندہ سے مُردہ کو نکالتا ہے اور زمین کو اس کی مُردنی کے بعد زندہ و شاداب فرماتا ہے، اور تم (بھی) اسی طرح (قبروں سے) نکالے جاؤ گےo

He is the One Who brings forth the living from the dead, and brings forth the dead from the living, and enlivens and freshens the earth after its death. And you (too) will be brought forth (from the graves) the same way.

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ إِذَا أَنتُم بَشَرٌ تَنتَشِرُونَ **(20)**

ترجمہ: اور یہ اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر اب تم انسان ہو جو (زمین میں) پھیلے ہوئے ہوo

And of His signs is that He created you from dust, and now you are human beings spread around (all over the globe).

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجاً لِّتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُم مَّوَدَّةً وَرَحْمَةً إِنَّ فِيْ ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ

يَتَفَكَّرُونَ (21)

ترجمہ: اور یہ (بھی) اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے جوڑے پیدا کیے تاکہ تم ان کی طرف سکون پاؤ اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت پیدا کر دی، بے شک اس (نظامِ تخلیق) میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیںo

And (also) of His signs is that He created for you mates of your own kind so that you acquire peace from them, and He created between you love and mercy. Verily, in this (system of creation) there are signs for those who meditate.

وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْعَالِمِينَ (22)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی تخلیق (بھی) ہے اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا اختلاف (بھی) ہے، بے شک اس میں اہلِ علم (و تحقیق) کے لیے نشانیاں ہیںo

And of His signs (too) is the creation of the heavens and the earth and (also) the diversity of your tongues and colours. Verily, in that are signs for the men of knowledge (and research).

وَمِنْ آيَاتِهِ مَنَامُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاؤُكُم مِّن فَضْلِهِ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ (23)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے رات اور دن میں تمہارا سونا اور اس کے فضل (یعنی رزق) کو تمہارا تلاش کرنا (بھی) ہے۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو (غور سے) سنتے ہیںo

And (also) of His signs is your sleep by night and by day and your looking for His bounty (i.e., sustenance). Verily, there are signs in it for the (active) listeners.

وَمِنْ آيَاتِهِ يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفاً وَطَمَعاً وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيُحْيِي بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (24)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ (بھی) ہے کہ وہ تمہیں ڈرانے اور امید دلانے کے لیے بجلی دکھاتا ہے اور آسمان سے (بارش کا) پانی اتارتا ہے پھر اس سے زمین کو اس کی مُردنی کے بعد زندہ و شاداب کر دیتا ہے، بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل سے کام لیتے ہیںo

And amongst His signs (as well) is that He shows you lightning to make you fear and hope and pours (rain)water from the sky. Then with that, He brings the earth back to life and liveliness after it dies. Verily, there are signs in it for those who put their mind to work.

وَمِنْ آيَاتِهِ أَن تَقُومَ السَّمَاء وَالْأَرْضُ بِأَمْرِهِ ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنتُمْ تَخْرُجُونَ (25)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ آسمان و زمین اس کے (نظامِ) اَمر کے ساتھ قائم ہیں پھر جب وہ تم کو زمین سے (نکلنے کے لیے) ایک بار پکارے گا تو تم اچانک (باہر) نکل آؤ گےo

And (also) of His signs is that the heavens and the earth stand firm by His (system of) command. Then, when He will give you one call to come (forth) from the earth, at once you will come (forth).

وَلَهُ مَن فِيُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ كُلٌّ لَّهُ قَانِتُونَ **(26)**

ترجمہ: اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اسی کا ہے، سب اسی کے اطاعت گزار ہیں o

And whatever is in the heavens and the earth (all) belongs to Him alone. All are obedient and submissive to Him alone.

وَهُوَ الَّذِيُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ وَلَهُ الْمَثَلُ الْأَعْلَى فِيُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ **(27)**

ترجمہ: اور وہی ہے جو پہلی بار تخلیق کرتا ہے پھر اس کا اِعادہ فرمائے گا اور یہ (دوبارہ پیدا کرنا) اُس پر بہت آسان ہے۔ اور آسمانوں اور زمین میں سب سے اونچی شان اسی کی ہے، اور وہ غالب ہے حکمت والا ہے o

And He is the One Who originates creation, then will regenerate it and this (recreation) is very easy for Him. His is the highest Glory in the heavens and the earth and He is Almighty, Most Wise.

ضَرَبَ لَكُم مَّثَلاً مِنْ أَنفُسِكُمْ هَل لَّكُم مِّن مَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُم مِّن شُرَكَاء فِيُ مَا رَزَقْنَاكُمْ فَأَنتُمْ فِيْهِ سَوَاء تَخَافُونَهُمْ كَخِيْفَتِكُمْ أَنفُسَكُمْ كَذَلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ **(28)**

ترجمہ: اُس نے (نکتۂ توحید سمجھانے کے لیے) تمہارے لیے تمہاری ذاتی زندگیوں سے ایک مثال بیان فرمائی ہے کہ کیا جو (لونڈی، غلام) تمہاری مِلک میں ہیں اس مال میں جو ہم نے تمہیں عطا کیا ہے شراکت دار ہیں، کہ تم (سب) اس (ملکیت) میں برابر ہو جاؤ۔ (مزید یہ کہ کیا) تم ان سے اسی طرح ڈرتے ہو جس طرح تمہیں اپنوں کا خوف ہوتا ہے (نہیں) اسی طرح ہم عقل رکھنے والوں کے لیے نشانیاں کھول کر بیان کرتے ہیں (کہ اللہ کا بھی اس کی مخلوق میں کوئی شریک نہیں ہے) o

(To bring home the point of the Oneness of God) He has illustrated an example for you from your personal lives: Are those (slaves), whom you possess, your partners in the wealth which We have given you, that you (all) become equal sharers (owners? Moreover, do) you fear them as you fear one another? (No,) We explain the signs expressly in the same way for those who possess wisdom (that there is no partner of Allah also in His creation).

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا أَهْوَاء هُم بِغَيْرِ عِلْمٍ فَمَن يَهْدِيُ مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ **(29)**

ترجمہ: بلکہ جن لوگوں نے ظلم کیا ہے وہ بغیر علم (و ہدایت) کے اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں، پس اس شخص کو کون ہدایت دے سکتا ہے جسے اللہ نے گمراہ ٹھہرا دیا ہو اور ان لوگوں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہے o

But those who have done injustice follow the desires of their (ill-commanding) selves without any knowledge (and guidance). So who can guide him whom Allah has held astray? And there are no helpers for them.

فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفاً فِطْرَةَ اللَّهِ الَّتِيُ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ذَلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ **(30)**

ترجمہ: پس آپ اپنا رخ اللہ کی اطاعت کے لیے کامل یک سُوئی کے ساتھ قائم رکھیں۔ اللہ کی (بنائی ہوئی) فطرت (اسلام) ہے جس پر اس نے لوگوں کو پیدا فرمایا ہے (اسے اختیار کرلو)، اللہ کی پیدا کردہ (سرِشت) میں تبدیلی نہیں ہوگی، یہ دین مستقیم ہے لیکن اکثر لوگ (ان حقیقتوں کو) نہیں جانتےo

So set your face with absolute concentration (and single-minded devotion) to the obedience of Allah. The nature (made) by Allah is (Islam) on which He has created mankind. (Adopt it. The instinct) created by Allah will never be changed. This Din (Religion) is straight but most people do not know (these realities).

وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُم مُّنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا أَذَاقَهُم مِّنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ **(33)**

ترجمہ: اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے رب کو اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے پکارتے ہیں، پھر جب وہ ان کو اپنی جانب سے رحمت سے لطف اندوز فرماتا ہے تو پھر فوراً ان میں سے کچھ لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیںo

And when suffering afflicts people, they call upon their Lord turning towards Him, but when He delights them with the taste of mercy from Him, then some of them straight away start setting up partners with their Lord,

اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَفْعَلُ مِن ذَٰلِكُم مِّن شَيْءٍ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ **(40)**

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر اس نے تمہیں رزق بخشا پھر تمہیں موت دیتا ہے پھر تمہیں زندہ فرمائے گا، کیا تمہارے (خودساختہ) شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو ان (کاموں) میں سے کچھ بھی کر سکے، وہ (اللہ) پاک ہے اور ان چیزوں سے برتر ہے جنہیں وہ (اس کا) شریک ٹھہراتے ہیںo

Allah is the One Who created you, then granted you sustenance, then causes you to die and then will bring you back to life. Is there any of your (self-made) partners who may do any of these (works)? Holy is He (Allah) the Glorious, the Transcendent, far above these things which they associate as partners (with Him).

وَمِنْ آيَاتِهِ أَن يُرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرَاتٍ وَلِيُذِيقَكُم مِّن رَّحْمَتِهِ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ **(46)**

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ (بھی) ہے کہ وہ (بارش کی) خوشخبری سنانے والی ہواؤں کو بھیجتا ہے تاکہ تمہیں (بارش کے ثمرات کی صورت میں) اپنی رحمت سے بہرہ اندوز فرمائے اور تاکہ (ان ہواؤں کے ذریعے) جہاز (بھی) اس کے حکم سے چلیں۔ اور (یہ سب) اس لیے ہے کہ تم اس کا فضل (بصورتِ زراعت وتجارت) تلاش کرو اور شاید تم (یوں) شکرگزار ہو جاؤo

And (also) of His signs is that He sends winds that bring glad tidings (of rain), so that He blesses you with His mercy (in the shape of the results of rain) and that the ships may (also) sail with His command (by means of these winds). And (all this) is because you may seek His bounty (in the form of agriculture

and business) and you may (thus) become thankful.

اللَّهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیَاحَ فَتُثِیْرُ سَحَاباً فَیَبْسُطُهُ فِیْ السَّمَاءِ کَیْفَ یَشَاءُ وَیَجْعَلُهُ کِسَفاً فَتَرَی الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ فَإِذَا أَصَابَ بِهِ مَن یَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ إِذَا هُمْ یَسْتَبْشِرُونَ **(48)**

ترجمہ: اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے تو وہ بادل کو ابھارتی ہیں پھر وہ اس (بادل) کو فضائے آسمانی میں جس طرح چاہتا ہے پھیلا دیتا ہے پھر اسے (متفرق) ٹکڑے (کر کے تہ بہ تہ) کر دیتا ہے، پھر تم دیکھتے ہو کہ بارش اس کے درمیان سے نکلتی ہے، پھر جب اس (بارش) کو اپنے بندوں میں سے جنہیں چاہتا ہے پہنچا دیتا ہے تو وہ فوراً خوش ہو جاتے ہیںo

Allah is the One Who sends the winds and they raise the clouds. Then He spreads this (cloud) in the atmosphere in the sky as He likes. Then He breaks it up into (various) pieces (layer upon layer). Then you see the rain pouring down from its midst. Then, when He sends it to those of His servants whom He pleases, they become instantly cheerful,

وَإِن کَانُوا مِن قَبْلِ أَن یُنَزَّلَ عَلَیْهِم مِّن قَبْلِهِ لَمُبْلِسِیْنَ **(49)**

ترجمہ: اگرچہ ان پر بارش کے اتارے جانے سے پہلے وہ لوگ مایوس ہو رہے تھےo

Although they were in despair before the rainfall upon them.

فَانظُرْ إِلَی آثَارِ رَحْمَتِ اللَّهِ کَیْفَ یُحْیِیْ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ ذَلِكَ لَمُحْیِیْ الْمَوْتَی وَهُوَ عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ **(50)**

ترجمہ: سو آپ اللہ کی رحمت کے اثرات کی طرف دیکھئے کہ وہ کس طرح زمین کو اس کی مُردنی کے بعد زندہ فرما دیتا ہے، بے شک وہ مُردوں کو (بھی اسی طرح) ضرور زندہ کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہےo

So see the effects of Allah's mercy how He gives life to the earth after its death! Surely, He will bring the dead back to life (in the same way) and He is All-Powerful over everything.

وَلَئِنْ أَرْسَلْنَا رِیْحاً فَرَأَوْهُ مُصْفَرّاً لَّظَلُّوا مِن بَعْدِهِ یَکْفُرُونَ **(51)**

ترجمہ: اور اگر ہم (خشک) ہوا بھیج دیں اور وہ (اپنی) کھیتی کو زرد ہوتا ہوا دیکھ لیں تو اس کے بعد وہ (پہلی تمام نعمتوں سے) کفر کرنے لگیں گےo

And if We send a dry wind and they see (their) crops turning yellow, then after this they will start denying (all the earlier favours).

اللَّهُ الَّذِیْ خَلَقَکُم مِّن ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفاً وَشَیْبَةً یَخْلُقُ مَا یَشَاءُ وَهُوَ الْعَلِیْمُ الْقَدِیْرُ **(54)**

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہیں کمزور چیز (یعنی نطفہ) سے پیدا فرمایا پھر اس نے کمزوری کے بعد قوتِ (شباب) پیدا کیا، پھر اس نے قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا پیدا کر دیا، وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور وہ خوب جاننے والا، بڑی قدرت والا ہےo

Allah is the One Who created you from a weak thing (i.e., a sperm drop). Then after weakness He generated strength (of youth). Then after strength He

produced debility and senility. He creates what He wills, and He is All-Knowing, All-Powerful.

سورۃ القمان:

خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَعْدَ اللّٰهِ حَقّاً وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (9)

ترجمہ: (وہ) ان میں ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا وعدہ سچّا ہے، اور وہ غالب ہے حکمت والا ہےo

(They) will live in them forever. The promise of Allah is true. And He is Almighty, Most Wise.

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَأَلْقَى فِيْ الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِن كُلِّ دَابَّةٍ وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَنبَتْنَا فِيْهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ (10)

ترجمہ: اس نے آسمانوں کو بغیر ستونوں کے بنایا (جیسا کہ) تم انہیں دیکھ رہے ہو اور اس نے زمین میں اونچے مضبوط پہاڑ رکھ دیے تاکہ تمہیں لے کر (دورانِ گردش) نہ کانپے اور اُس نے اس میں ہر قسم کے جانور پھیلا دیے اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا اور ہم نے اس میں ہر قسم کی عمدہ و مفید نباتات اگا دیںo

He created the heavens without pillars (as) you see them and He placed firm mountains in the earth so that it might not quake carrying you (during rotation) and He spread in it all kinds of animals. And We sent down water from the heaven, and We caused to grow in it all kinds of fine and useful vegetation.

هَذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَأَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِن دُوْنِهِ بَلِ الظَّالِمُوْنَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ (11)

ترجمہ: یہ اللہ کی مخلوق ہے، پس (اے مشرکو!) مجھے دکھاؤ جو کچھ اللہ کے سوا دوسروں نے پیدا کیا ہو۔ بلکہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیںo

This is Allah's Creation. So, (O polytheists,) show Me what others, apart from Allah, have created. In truth, the wrongdoers are in open error.

يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِيْ صَخْرَةٍ أَوْ فِيْ السَّمَاوَاتِ أَوْ فِيْ الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللّٰهُ إِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ (16)

ترجمہ: (لقمان نے کہا:) اے میرے فرزند! اگر کوئی چیز رائی کے دانہ کے برابر ہو، پھر خواہ وہ کسی چٹان میں (چھپی) ہو یا آسمانوں میں یا زمین میں (تب بھی) اللہ اسے (روزِ قیامت حساب کے لیے) موجود کر دے گا۔ بے شک اللہ باریک بین (بھی) ہے آگاہ و خبردار (بھی) ہےo

(Luqman said:) 'O my son, if there is a thing equal to the grain of a mustard seed (hidden) inside a rock or in the heavens or in the earth, (even then) Allah will bring it forth (for reckoning on the Day of Judgment). Surely, Allah is the Subtle Knower of the minutest matters, All-Aware and Most Vigilant (as well).

أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَا فِيْ الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً وَمِنَ النَّاسِ مَن

يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ (20)

ترجمہ: (لوگو!) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لیے ان تمام چیزوں کو مسخّر فرما دیا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور اس نے اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں تم پر پوری کر دی ہیں۔ اور لوگوں میں کچھ ایسے (بھی) ہیں جو اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب (کی دلیل)

(O people!) Have you not seen that Allah has subjected to you whatever is in the heavens and whatever is in the earth, and He has completed upon you His blessings outwardly as well as inwardly? And amongst people there are (also) those who dispute about Allah without knowledge and without guidance and without (any evidence from) the enlightening Book.

وَمَن كَفَرَ فَلَا يَحْزُنكَ كُفْرُهُ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (23)

ترجمہ: اور جو کفر کرتا ہے (اے حبیبِ مکرّم!) اس کا کفر آپ کو غمگین نہ کر دے، انہیں (بھی) ہماری ہی طرف پلٹ کر آنا ہے، ہم انہیں ان اعمال سے آگاہ کر دیں گے جو وہ کرتے رہے ہیں، بے شک اللہ سینوں کی (مخفی) باتوں کو خوب جاننے والا ہےo

And whoever disbelieves, (O Esteemed Beloved,) let not his disbelief grieve you. They (too) are to return to Us. We shall inform them of the deeds which they used to do. Surely, Allah knows best the (hidden) contents of the breasts.

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ (25)

ترجمہ: اور اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا۔ تو وہ ضرور کہہ دیں گے کہ اللہ نے، آپ فرما دیجیے: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتےo

And if you ask them: 'Who created the heavens and the earth?' they shall answer: 'Allah.' Say: 'All praise belongs to Allah alone.' But most of them do not know.

لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ (26)

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اللہ ہی کا ہے، بے شک اللہ ہی بے نیاز ہے (اَز خود) سزاوارِ حمد ہےo

Whatever is in the heavens and the earth (all) belongs to Allah alone. Surely, Allah is Self-Sufficient, Worthy of all praise (by Himself).

وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِن شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِن بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (27)

ترجمہ: اور اگر زمین میں جتنے درخت ہیں (سب) قلم ہوں اور سمندر (روشنائی ہو) اس کے بعد اور سات سمندر اسے بڑھاتے چلے جائیں تو اللہ کے کلمات (تب بھی) ختم نہیں ہوں گے۔ بے شک اللہ غالب ہے حکمت والا ہےo

And if (all) the trees on earth were pens, and the ocean reinforced by seven more oceans were ink, even then the Words of Allah would never be exhausted. Surely, Allah is Almighty, Most Wise.

مَّا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ (28)

ترجمہ: تم سب کو پیدا کرنا اور تم سب کو (مرنے کے بعد) اٹھانا (قدرتِ الٰہیہ کے لیے) صرف ایک شخص (کو پیدا کرنے اور اٹھانے) کی طرح ہے۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہےo

Creating you all and raising you all (after death) is (in Allah's power) like (creating and raising) a single person. Surely, Allah is All-Hearing, All-Seeing.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (29)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ رات کو دن میں داخل فرماتا ہے اور دن کو رات میں داخل فرماتا ہے اور (اسی نے) سورج اور چاند کو مسخّر کر رکھا ہے، ہر کوئی ایک مقرّر میعاد تک چل رہا ہے، اور یہ کہ اللہ ان (تمام) کاموں سے جو تم کرتے ہو خبردار ہےo

Have you not seen that Allah makes the night pass into the day and makes the day pass into the night; and (He is the One Who) has made the sun and the moon subservient, each rotating for an appointed term and that Allah is Aware of (all) the deeds that you do?

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِن دُونِهِ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ (30)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ اللہ ہی حق ہے اور جن کی یہ لوگ اللہ کے سوا عبادت کرتے ہیں، وہ باطل ہیں اور یہ کہ اللہ ہی بلند و بالا، بڑائی والا ہےo

That is because Allah alone is the truth and those whom these people worship besides Allah are false and because Allah is Most High, the Supreme.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ لِيُرِيَكُم مِّنْ آيَاتِهِ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ (31)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ کشتیاں سمندر میں اللہ کی نعمت سے چلتی ہیں تاکہ وہ تمہیں اپنی کچھ نشانیاں دکھا دے۔ بے شک اس میں ہر بڑے صابر و شاکر کے لیے نشانیاں ہیںo

Have you not seen that vessels sail on the sea by Allah's bounty so that He shows you some of His signs? Surely, there are signs in it for every greatly steadfast and grateful person.

وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ (32)

ترجمہ: اور جب سمندر کی موج (پہاڑوں، بادلوں یا) سائبانوں کی طرح ان پر چھا جاتی ہے تو وہ (کفّار و مشرکین) اللہ کو اسی کے لیے اطاعت کو خالص رکھتے ہوئے پکارنے لگتے ہیں، پھر جب وہ انہیں بچا کر خشکی کی طرف لے جاتا ہے تو ان میں سے چند ہی اعتدال کی راہ (یعنی راہِ ہدایت) پر چلنے والے ہوتے ہیں، ہماری آیتوں کا کوئی انکار نہیں کرتا سوائے ہر بڑے عہد شکن اور بڑے ناشکر گزار کےo

And when the sea wave engulfs them like (clouds or towering mountains or)

canopies, they (the disbelievers and polytheists) start calling upon Allah, dedicating their most sincere devotion to Him alone. But when rescuing them He brings them back to land, then only a few of them remain on the moderate path (i.e., the path of guidance). And none but every deceptive and ungrateful person denies Our signs.

يَـا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْماً لَّا يَجْزِي وَالِدٌ عَن وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَالِدِهِ شَيْئاً إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ (33)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، اور اس دن سے ڈرو جس دن کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے بدلہ نہیں دے سکے گا اور نہ کوئی ایسا فرزند ہوگا جو اپنے والد کی طرف سے کچھ بھی بدلہ دینے والا ہو، بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے سو دنیا کی زندگی تمہیں ہرگز دھوکہ میں نہ ڈال دے، اور نہ ہی فریب دینے والا (شیطان) تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکہ میں ڈال دے o

O people! Fear your Lord and fear that Day when no father will be able to expiate for his son, nor will a son be able to atone for his father. Surely, the promise of Allah is true. So let not the worldly life deceive you, nor let the Arch-Deceiver (Satan) deceive you concerning Allah.

إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَداً وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ (34)

ترجمہ: بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے، اور وہی بارش اتارتا ہے، اور جو کچھ رحموں میں ہے وہ جانتا ہے، اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وہ کل کیا (عمل) کمائے گا، اور نہ کوئی شخص یہ جانتا ہے کہ وہ کس سرزمین پر مرے گا، بے شک اللہ خوب جاننے والا ہے، خبر رکھنے والا ہے (یعنی علیم بالذّات ہے اور خبیر للغیر ہے، از خود ہر شے کا علم رکھتا ہے اور جسے پسند فرمائے باخبر بھی کر دیتا ہے) o

Surely, Allah is the One with Whom is the knowledge of the Last Hour. And He is the One Who sends down rain and knows whatever is in the wombs. And no one knows what (deed) he will earn the next day, nor does anyone know in what land he will die. Surely, Allah is All-Knowing, All-Aware (i.e., Self-Knowing and fully Aware of everything besides Him. He Himself knows everything and also informs him whom He likes).

سورۃ السجدۃ:

تَنزِيلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (2)

ترجمہ: اس کتاب کا اتارا جانا، اس میں کچھ شک نہیں کہ تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے o

There is not even an iota of doubt in it that sending down of this Book is from the Lord of all the worlds.

اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ مَا لَكُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ (4)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے (اسے) چھ دنوں (یعنی چھ مدتوں) میں پیدا فرمایا پھر (نظام کائنات کے) عرش (اقتدار) پر (اپنی شان کے مطابق) جلوہ افروز ہوا، تمہارے لیے اسے چھوڑ کر نہ کوئی کارساز ہے اور نہ کوئی سفارشی، سو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے o

Allah is He Who created the heavens and the earth and whatever is between them in six days (i.e., six phases). He then established His authority on the Throne (of command and control system of the universe, befitting His glory). You have no helper or intercessor apart from Him. So do you not accept direction and guidance?

يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ **(5)**

ترجمہ: وہ آسمان سے زمین تک نظام اقتدار کی تدبیر فرماتا ہے پھر وہ امر اس کی طرف ایک دن میں چڑھتا ہے (اور چڑھے گا) جس کی مقدار ایک ہزار سال ہے اس (حساب) سے جو تم شمار کرتے ہو o

He plans and executes the command and control system from the heavens to the earth. Then His command ascends (and will ascend to completion) towards Him in one Day which measures one thousand years according to (the number) that you count.

ذَلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ **(6)**

ترجمہ: وہی غیب اور ظاہر کا جاننے والا ہے، غالب و مہربان ہے o

He is the One Who knows the invisible and the visible, Almighty and Ever-Merciful.

الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن طِينٍ **(7)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے خوبی و حسن بخشا ہر اس چیز کو جسے اس نے پیدا فرمایا اور اس نے انسانی تخلیق کی ابتداء مٹی (یعنی غیر نامی مادّہ) سے کی o

He is the One Who endowed everything He created with perfection and virtue. And He initiated the genesis of man from clay (i.e., inorganic matter);*

*** Comprising minerals, metals, salts and chemical elements like calcium, sodium, phosphorus, potassium, natrum, kalium, silicon, chlorine, iodine, fluorine, magnesium, zinc, sulfur, ferrum, cuprum, etc. These and other elements of clay also form the ingredients of a balanced diet essential for our nourishment. The animals whose meat and milk we take live on the vegetable world. The grain, vegetables, fruits and roots that form our food feed on the soil they grow in and absorb all its chemicals.**

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ **(8)**

ترجمہ: پھر اس کی نسل کو حقیر پانی کے نچوڑ (یعنی نطفہ) سے چلایا o

Then He reared his lineage from the extract of a worthless fluid (a sperm drop);

ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ (9)

ترجمہ: پھر اس (میں اعضاء) کو درست کیا اور اس میں اپنی روحِ (حیات) پھونکی اور تمہارے لیے (رحمِ مادر ہی میں پہلے) کان اور (پھر) آنکھیں اور (پھر) دل و دماغ بنائے، تم بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہوo

Then He perfected (organs and limbs in) him and breathed into him of His spirit (i.e., life) and made for you (also in the mother's womb) ears and (then) eyes and (then) heart and brain. You give thanks but little.

قُلْ يَتَوَفَّاكُم مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلَى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ (11)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روح قبض کرتا ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Say: 'The angel of death, that is appointed over you, will terminate your life. Then you will be sent back to your Lord.'

وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلَكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ (13)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو ہم ہر نفس کو اس کی ہدایت (اَز خود ہی) عطا کر دیتے لیکن میری طرف سے (یہ) فرمان ثابت ہو چکا ہے کہ میں ضرور سب (منکر) جنّات اور انسانوں سے دوزخ کو بھر دوں گاo

And had We intended, We would have given guidance to every soul (Ourselves), but this command from Me has been confirmed: I will certainly fill Hell with all the (disbelieving) jinn and mankind.

إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّداً وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ) (15)

ترجمہ: پس ہماری آیتوں پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں جنہیں اُن (آیتوں) کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدہ کرتے ہوئے گر جاتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور وہ تکبّر نہیں کرتےo

So only those who believe in Our Revelations, when directed and guided by means of these (Verses), fall down prostrating themselves and glorify their Lord with praise. And they do not behave with arrogance.

سورۃ الاحزاب:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيماً حَكِيماً (1)

ترجمہ: اے نبی! آپ اللہ کے تقوٰی پر (حسبِ سابق استقامت سے) قائم رہیں اور کافروں اور منافقوں کا (یہ) کہنا (کہ ہمارے ساتھ مذہبی سمجھوتہ کر لیں ہرگز) نہ مانیں، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

O Prophet! Remain firm in fearing Allah (with perseverance as before) and do not agree at all to what the disbelievers and the hypocrites say (i.e., 'Conclude with us religious agreement'). Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَاتَّبِعْ مَا يُوحَى إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيراً (2)

ترجمہ: اورآپ اس (فرمان) کی پیروی جاری رکھیئے جوآپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے وحی کیا جاتا ہے، بے شک اللہ ان کاموں سے خبردار ہے جوتم انجام دیتے ہوo

And continue following this (command) which is revealed to you from your Lord. Surely, Allah is Well Aware of the works that you do.

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلًا (3)

ترجمہ: اوراللہ پربھروسہ (جاری) رکھئے، اوراللہ ہی کارساز کافی ہےo

And maintain your trust in Allah and Sufficient is Allah as a Guardian.

مَّا جَعَلَ اللَّهُ لِرَجُلٍ مِّن قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ذَلِكُمْ قَوْلُكُم بِأَفْوَاهِكُمْ وَاللَّهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ (4)

ترجمہ: اللہ نے کسی آدمی کے لیے اس کے پہلو میں دو دل نہیں بنائے، اوراس نے تمہاری بیویوں کوجنہیں تم ظہار کرتے ہوئے ماں کہہ دیتے ہوتمہاری مائیں نہیں بنایا، اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کوتمہارے (حقیقی) بیٹے بنایا، یہ سب تمہارے منہ کی اپنی باتیں ہیں، اوراللہ حق بات فرماتا ہے، اوروہی (سیدھا) راستہ دکھاتا ہےo

Allah has not made for any man two hearts inside his breast, nor has He made your wives your mothers whom you call mothers by way of zihar (a form of divorce). Nor has He made your adopted sons your (real) sons. These are merely the utterances of your mouth. And Allah says the truth and He alone shows the (straight) path.

ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ فَإِن لَّمْ تَعْلَمُوا آبَاءَهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَا أَخْطَأْتُم بِهِ وَلَكِن مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (5)

ترجمہ: تم اُن (منہ بولے بیٹوں) کوان کے باپ (ہی کے نام) سے پکارا کرو، یہی اللہ کے نزدیک زیادہ عدل ہے، پھراگرتمہیں ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو (وہ) دین میں تمہارے بھائی ہیں اورتمہارے دوست ہیں۔ اوراس بات میں تم پرکوئی گناہ نہیں جوتم نے غلطی سے کہی لیکن (اس پرضرور گناہ ہوگا) جس کا ارادہ تمہارے دلوں نے کیا ہو، اوراللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

Call them (the adopted sons) after their fathers' (names). That is most just in the sight of Allah. So if you do not know their fathers, then they are your brothers in the Din (Religion) and your friends. And there is no sin on you for what you said by mistake, but (that will be a sure sin) which your hearts intend. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ وَأُوْلُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ إِلَّا أَن تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَائِكُم مَّعْرُوفاً كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُوراً (6)

ترجمہ: یہ نبی (مکرّم) مومنوں کے ساتھ اُن کی جانوں سے زیادہ قریب اورحق دار ہیں اورآپ کی اَزواجِ (مطہّرات) اُن کی مائیں ہیں، اورخونی رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دیگر) مومنین اورمہاجرین کی نسبت (تقسیمِ وراثت میں) ایک دوسرے کے زیادہ

حق دار ہیں سوائے اس کے کہ تم اپنے دوستوں پر احسان کرنا چاہو، یہ حکم کتاب (الٰہی) میں لکھا ہوا ہےo

This (Esteemed) Prophet is nearer to and has a greater claim on the believers than their own souls and his (pure) wives are their mothers. And blood relations have a greater claim one to another (in the distribution of inheritance) in the Book of Allah than (the rest of) the believers and the Emigrants except that you desire to do favour to your friends. This command is written in the Book of Allah.

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنكَ وَمِن نُّوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَاقاً غَلِيظاً (7)

ترجمہ: اور (اے حبیب! یاد کیجئے) جب ہم نے انبیاء سے اُن (کی تبلیغِ رسالت) کا عہد لیا اور (خصوصاً) آپ سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسیٰ سے اور عیسیٰ ابن مریم (علیہم السلام) سے اور ہم نے اُن سے نہایت پختہ عہد لیاo

And, (O Beloved, recall) when We took a covenant from the Prophets (to preach faith in their Prophethood) and (specially) from you and from Nuh (Noah) and from Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses) and 'Isa (Jesus), the son of Maryam (Mary), and We took from them a solemn covenant,

لِيَسْأَلَ الصَّادِقِينَ عَن صِدْقِهِمْ وَأَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَاباً أَلِيماً (8)

ترجمہ: تاکہ (اللہ) سچوں سے اُن کے سچ کے بارے میں دریافت فرمائے، اور اس نے کافروں کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہےo

So that (Allah) asks the truthful about their truth. And He has prepared an agonizing torment for the disbelievers.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَاءتْكُمْ جُنُودٌ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحاً وَجُنُوداً لَّمْ تَرَوْهَا وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيراً (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کا احسان یاد کرو جب (کفار کی) فوجیں تم پر آ پہنچیں، تو ہم نے ان پر ہوا اور (فرشتوں کے) لشکروں کو بھیجا جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے خوب دیکھنے والا ہےo

O believers! Recall Allah's favour to you when the forces (of disbelievers) came upon you. Then We sent wind and troops (of angels) against them whom you did not see. And Allah sees best what you do.

قُلْ مَن ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُم مِّنَ اللَّهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءاً أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيّاً وَلَا نَصِيراً (17)

ترجمہ: فرما دیجیے: کون ایسا شخص ہے جو تمہیں اللہ سے بچا سکتا ہے اگر وہ تمہیں تکلیف دینا چاہے یا تم پر رحمت کا ارادہ فرمائے، اور وہ لوگ اپنے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی کارساز پائیں گے اور نہ کوئی مددگارo

Say: 'Who is the one that can protect you from Allah if He intends to afflict you with suffering or to bestow upon you His mercy?' And they will not find for themselves any protector or helper apart from Allah.

قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنكُمْ وَالْقَائِلِيْنَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيْلاً (18)

ترجمہ: بے شک اللہ تم میں سے ان لوگوں کو جانتا ہے جو (رسول سے اور ان کی معیّت میں جہاد سے) روکتے ہیں اور جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہماری طرف آ جاؤ، اور یہ لوگ لڑائی میں نہیں آتے مگر بہت ہی کم o

Surely, Allah knows those amongst you who hinder (from the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] and from fighting in his company) and who say to their brothers: 'Come to us.' And they themselves come to fight but little.

أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ فَإِذَا جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ أُوْلَئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيراً (19)

ترجمہ: تمہارے حق میں بخیل ہو کر (ایسا کرتے ہیں)، پھر جب خوف (کی حالت) پیش آ جائے تو آپ دیکھیں گے کہ وہ آپ کی طرف تکتے ہوں گے (اور) ان کی آنکھیں اس شخص کی طرح گھومتی ہوں گی جس پر موت کی غشی طاری ہو رہی ہو، پھر جب خوف جاتا رہے تو تمہیں تیز زبانوں کے ساتھ طعنے دیں گے (آزردہ کریں گے، ان کا حال یہ ہے کہ) مالِ غنیمت پر بڑے حریص ہیں۔ یہ لوگ (حقیقت میں) ایمان ہی نہیں لائے، سو اللہ نے ان کے اعمال ضبط کر لیے ہیں اور یہ اللہ پر آسان تھا o

(They do so) being miserly in your case. But when a fear (situation) arises, you will see them looking at you, their eyes rolling like those of someone fainting into death. But when fear departs, they offend you with sharp tongues (injuring your heart). They are (in a state of feeling) too greedy for spoils of war. (In fact) they have not believed at all. So Allah has annulled all their deeds. And that is easy for Allah.

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيراً (21)

ترجمہ: فی الحقیقت تمہارے لیے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات) میں نہایت ہی حسین نمونۂ (حیات) ہے ہر اُس شخص کے لیے جو اللہ (سے ملنے) کی اور یومِ آخرت کی امید رکھتا ہے اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرتا ہے o

In truth, in (the sacred person of) Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) there is for you a most perfect and beautiful model (of life) for every such person that expects and aspires to (meeting) Allah and the Last Day and remembers Allah abundantly.

لِيَجْزِيَ اللَّهُ الصَّادِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِيْنَ إِن شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُوراً رَّحِيماً (24)

ترجمہ: (یہ) اس لیے کہ اللہ سچے لوگوں کو ان کی سچائی کا بدلہ دے اور منافقوں کو چاہے تو عذاب دے یا ان کی توبہ قبول فرما لے۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہے o

That Allah may reward the truthful for their truth and may torment the hypocrites if He wills or may accept their repentance. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْراً وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيّاً عَزِيزاً (25)

ترجمہ: اور اللہ نے کافروں کو ان کے غصّہ کی جلن کے ساتھ (مدینہ سے نامراد) واپس لوٹا دیا کہ وہ کوئی کامیابی نہ پا سکے، اور اللہ ایمان والوں کے لیے جنگِ (احزاب) میں کافی ہو گیا، اور اللہ بڑی قوت والا عزت والا ہےo

And Allah repulsed the disbelievers (from Medina, defeated,) with the burning of their rage, for they failed to achieve any success. And Allah was Sufficient for the believers in the battle (of al-Ahzab [the Confederates]). And Allah is Ever-Strong, All-Powerful.

يَا نِسَاء النَّبِيِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيراً (30)

ترجمہ: اے اَزواجِ نبی (مکرّم!) تم میں سے کوئی ظاہری معصیت کی مرتکب ہو تو اس کے لیے عذاب دوگنا کر دیا جائے گا، اور یہ اللہ پر بہت آسان ہےo

O wives of the (Esteemed) Prophet! Whoever of you commits an obvious indecency, the torment for her will be doubled, and that is very easy for Allah.

يَا نِسَاء النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاء إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلاً مَّعْرُوفاً (32)

ترجمہ: اے اَزواجِ پیغمبر! تم عورتوں میں سے کسی ایک کی بھی مِثل نہیں ہو، اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو (مَردوں سے حسبِ ضرورت) بات کرنے میں نرم لہجہ اختیار نہ کرنا کہ جس کے دل میں (نِفاق کی) بیماری ہے (کہیں) وہ لالچ کرنے لگے اور (ہمیشہ) شک اور لچک سے محفوظ بات کرناo

O wives of the Messenger! You are not the like of any of the womenfolk. If you want to remain pious and Godfearing, then be not soft in your speech (whilst talking to men as and when required) lest someone whose heart is diseased (with hypocrisy) should feel inclined with desire. And (always) say words that are pure of any taint of doubt and flexibility.

وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً (33)

ترجمہ: اور اپنے گھروں میں سکون سے قیام پذیر رہنا اور پرانی جاہلیت کی طرح زیب و زینت کا اظہار مت کرنا، اور نماز قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت گزاری میں رہنا، بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا میل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دےo

And remain in your houses with calm and peace and do not display adornment like that of the days of ignorance and establish prayer and pay Zakat (the Alms-due) and keep obeying Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). Allah only intends to remove all the impurity of sins from you, O People of the House (of the Prophet, [even a doubt or trace of shortcoming])

and make you absolutely pure and clean by blessing you with (perfect) purity and wholesomeness.

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَى فِيْ بُيُوتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفاً خَبِيْراً (34)

ترجمہ: اورتم اللہ کی آیتوں کواور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) سنت وحکمت کوجن کی تمہارے گھروں میں تلاوت کی جاتی ہے یادرکھا کرو، بےشک اللہ (اپنے اولیاء کے لیے) صاحبِ لُطف (اورساری مخلوق کے لیے) خبردار ہےo

And always remember the Revelations of Allah and the tradition and wisdom (of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) which are recited in your homes. Surely, Allah is the Master of subtleties (for His favourite servants-Awliya') and Well Aware (of all His Creation).

إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِيْنَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِيْنَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِيْنَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِيْنَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِيْنَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِيْنَ فُرُوجَهُمْ وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْراً وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيْماً (35)

ترجمہ: بےشک مسلمان مرداورمسلمان عورتیں، اورمومن مَرداورمومن عورتیں، اورفرمانبردارمرداورفرمانبردارعورتیں، اورصدق والے مرداورصدق والی عورتیں، اورصبر والے مرداورصبر والی عورتیں، اور عاجزی والے مرداور عاجزی والی عورتیں، اورصدقہ و خیرات کرنے والے مرداورصدقہ وخیرات کرنے والی عورتیں اورروزہ دارمرداورروزہ دارعورتیں، اوراپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے مرداورحفاظت کرنے والی عورتیں، اورکثرت سے اللہ کا ذکرکرنے والے مرداورذکرکرنے والی عورتیں، اللہ نے اِن سب کے لیے بخشش اورعظیم اجرتیارفرمارکھا ہےo

Surely, the submissive men and the submissive women, and the believing men and the believing women, and the obedient men and the obedient women, and the truthful men and the truthful women, and the steadfast men and the steadfast women, and the humble men and the humble women, and the men who give alms and the women who give alms, and the men who fast and the women who fast, and the men who guard their chastity and the women who guard their chastity, and the men who remember Allah abundantly and the women who remember Allah very much-Allah has prepared for all of them forgiveness and a mighty reward.

وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِيْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَاهُ فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَراً زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْ أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَراً وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُولاً (37)

ترجمہ: اور(اے حبیب!) یادکیجئے جب آپ نے اس شخص سے فرمایا جس پراللہ نے انعام فرمایا تھااوراس پرآپ نے (بھی) اِنعام فرمایا تھا کہ تُو اپنی بیوی (زینب) کواپنی زوجیت میں روکے رکھااوراللہ سے ڈر، اورآپ اپنے دل میں وہ بات ☆ پوشیدہ رکھ رہے تھے جسے اللہ ظاہرفرمانے والاتھااورآپ (دل میں حیاء [1]) لوگوں (کی طعنہ زنی) کا خوف رکھتے تھے۔ (اے حبیب! لوگوں

کو خاطر میں لانے کی کوئی ضرورت نہ تھی) اور فقط اللہ ہی زیادہ حق دار ہے کہ آپ اس کا خوف رکھیں (اور وہ آپ سے بڑھ کر کس میں ہے؟)، پھر جب (آپ کے متبنّٰی) زید نے اسے طلاق دینے کی غرض پوری کر لی، تو ہم نے اس سے آپ کا نکاح کر دیا تا کہ مومنوں پر ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (کے ساتھ نکاح) کے بارے میں کوئی حَرَج نہ رہے جبکہ (طلاق دے کر) وہ ان سے بے غَرض ہو گئے ہوں، اور اللہ کا حکم تو پورا کیا جانے والا ہی تھاo

☆: (کہ زینب کی تمہارے ساتھ مصالحت نہ ہو سکے گی اور منشاء ایزدی کے تحت وہ طلاق کے بعد اَزواجِ مطہرات میں داخل ہوں گی۔)

And, (O Beloved, recall) when you said to him whom Allah had favoured and whom you (too) had done a favour: 'Keep your wife (Zaynab) with you in the bond of marriage and fear Allah.' And you were keeping that secret* in your heart which Allah was about to reveal. And you had (out of decency) the fear of the (scoffs of) people (in your heart. O Beloved! You need not have cared for people). And Allah alone has a greater right that you should fear Him (and who is more Godfearing than you!) So when (your adopted son) Zayd fulfilled his desire to divorce her, We married her to you so that there is no blame on the believers for (marrying) the wives of their adopted sons, whilst they have no desire for them (after divorce).

And carrying out Allah's command was a must.

*** That Zaynab would not be able to reconcile with you, and according to Allah's will she would be admitted to 'the pure wives' after her divorce.**

مَّا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللَّهُ لَهُ سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَراً مَّقْدُوراً (38)

ترجمہ: اور نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اس کام (کی انجام دہی) میں کوئی حرج نہیں ہے جو اللہ نے ان کے لیے فرض فرما دیا ہے، اللہ کا یہی طریقہ و دستور اُن لوگوں میں (بھی رہا) ہے جو پہلے گزر چکے، اور اللہ کا حکم فیصلہ ہے جو پورا ہو چکاo

And there is no blame on the Prophet in (accomplishing) that duty which Allah has made obligatory for him. And certainly the same has been the way and practice of Allah with those (as well) who have passed away before. And the command of Allah is a decree which has been fulfilled.

الَّذِينَ يُبَلِّغُونَ رِسَالَاتِ اللَّهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَداً إِلَّا اللَّهَ وَكَفَى بِاللَّهِ حَسِيباً (39)

ترجمہ: وہ (پہلے) لوگ اللہ کے پیغامات پہنچاتے تھے اور اس کا خوف رکھتے تھے اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے، اور اللہ حساب لینے والا کافی ہےo

Those (bygone) people used to communicate the messages of Allah, and fear Him, and they were afraid of none but Allah. And Allah is Sufficient as a Reckoner.

مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (40)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے مَردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور سب انبیاء کے آخر میں (سلسلۂ نبوت ختم کرنے والے) ہیں، اور اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is not the father of any of your men, but he is the Messenger of Allah and the Last of the Prophets (ending the chain of the Prophets). And Allah is the Perfect Knower of everything.

وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (42)

ترجمہ: اور صبح و شام اس کی تسبیح کیا کروo

O believers! Keep remembering Allah abundantly.

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْماً (43)

ترجمہ: وہی ہے جو تم پر درود بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے جائے اور وہ مومنوں پر بڑی مہربانی فرمانے والا ہےo

He is the One Who sends peace and blessings on you and His angels as well, so that He may take you out of the layers of darkness into the light. And He is Ever-Merciful to the believers.

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْراً كَرِيْماً (44)

ترجمہ: جس دن وہ (مومن) اس سے ملاقات کریں گے تو ان (کی ملاقات) کا تحفہ سلام ہوگا، اور اس نے ان کے لیے بڑی عظمت والا اجر تیار کر رکھا ہےo

On the Day when they (the believers) will meet Him, their gift (of the meeting-greeting) will be: 'Peace!' And He has kept ready for them most honourable reward.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِداً وَمُبَشِّراً وَنَذِيْراً (45)

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) بے شک ہم نے آپ کو (حق اور خَلق کا) مشاہدہ کرنے والا اور (حُسنِ آخرت کی) خوشخبری دینے والا اور (عذابِ آخرت کا) ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہےo

O (Esteemed) Prophet! Surely, We have sent you as a Witness (to the truth and the creation), a Bearer of glad tidings (of the beauty of the Hereafter) and a Warner (of the torment in the Hereafter),

وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِيْنَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيْلاً (48)

ترجمہ: اور آپ کافروں اور منافقوں کا (یہ) کہنا (کہ ہمارے ساتھ مذہبی سمجھوتہ کر لیں ہرگز) نہ مانیں اور اُن کی ایذاء رسانی سے درگزر فرمائیں، اور اللہ پر بھروسہ (جاری) رکھیں، اور اللہ ہی (حق و باطل کی معرکہ آرائی میں) کافی کارساز ہےo

And never agree to what the disbelievers and the hypocrites say (i.e., 'Conclude with us a religious agreement'). And disregard their hurtful misbehaviour, and maintain your trust in Allah (with persistence). And Allah alone is Sufficient as a Guardian (in the conflict between truth and

falsehood).

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْكَ وَبَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَأَةً مُّؤْمِنَةً إِن وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَن يَسْتَنكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً **(50)**

ترجمہ: اے نبی! بے شک ہم نے آپ کے لیے آپ کی وہ بیویاں حلال فرما دی ہیں جن کا مہر آپ نے ادا فرما دیا ہے اور جو (احکامِ الٰہی کے مطابق) آپ کی مملوک ہیں، جو اللہ نے آپ کو مالِ غنیمت میں عطا فرمائی ہیں، اور آپ کے چچا کی بیٹیاں، اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں، اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں، جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی ہے اور کوئی بھی مؤمنہ عورت بشرطیکہ وہ اپنے آپ کو نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح) کے لیے دے دے اور نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اسے اپنے نکاح میں لینے کا ارادہ فرمائیں (تو یہ سب آپ کے لیے حلال ہیں)، (یہ حکم) صرف آپ کے لیے خاص ہے (امّت کے) مومنوں کے لیے نہیں، واقعی ہمیں معلوم ہے جو کچھ ہم نے اُن (مسلمانوں) پر اُن کی بیویوں اور ان کی مملوکہ باندیوں کے بارے میں فرض کیا ہے، (مگر آپ کے حق میں تعدّدِ ازواج کی حِلّت کا خصوصی حکم اِس لیے ہے) تاکہ آپ پر (امت میں تعلیم وتربیتِ نسواں کے وسیع انتظام میں) کوئی تنگی نہ رہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

O Prophet! Surely, We have made lawful for you those of your wives whom you have paid their dower, and those who are in your possession (according to Allah's commandments) whom Allah has given you as spoils of war, and the daughters of your paternal uncles, and the daughters of your paternal aunts, and the daughters of your maternal uncles, and the daughters of your maternal aunts who have emigrated with you, and any other believing woman who dedicates herself to the Holy Prophet (for marriage), provided the Holy Prophet (too) has the intention to marry her (so all these are lawful for you. This command is) exclusively for you, not for other believers (of the Umma [Community]). Indeed, We know best what We have prescribed for them (the Muslims) concerning their wives and the slave girls they possess. (But this exclusive command for lawfulness of number of wives in your respect has been given) so that there remains no difficulty for you (in making elaborate arrangements for the education and training of the women of the Muslim Umma [community]). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

تُرْجِي مَن تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَن تَشَاءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ذَلِكَ أَدْنَى أَن تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيماً حَلِيماً **(51)**

ترجمہ: (اے حبیب! آپ کو اختیار ہے) ان میں سے جس (زوجہ) کو چاہیں (باری میں) مؤخّر رکھیں اور جسے چاہیں اپنے پاس (پہلے) جگہ دیں، اور جن سے آپ نے (عارضی) کنارہ کشی اختیار فرما رکھی تھی آپ انہیں (اپنی قربت کے لیے) طلب فرما لیں تو

آپ پر کچھ مضائقہ نہیں، یہ اس کے قریب تر ہے کہ ان کی آنکھیں (آپ کے دیدار سے) ٹھنڈی ہوں گی اور وہ غمگین نہیں رہیں گی اور وہ سب اس سے راضی رہیں گی جو کچھ آپ نے انہیں عطا فرما دیا ہے، اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑا حلم والا ہےo

(O Prophet! You have a choice) to postpone (the turn of) any (wife) whom you may please from amongst your wives, and keep with you (any of them on priority) whom you may please. And there is no blame on you if you desire her (to be with you) from whom you kept distance (for a while). This makes possible for them cooling their eyes (by seeing you) and they will not remain grieved and they will all feel pleased and delighted for what you have blessed them with. And Allah knows best what is in your hearts and Allah is All-Knowing, Forbearing.

إِن تُبْدُوا شَيْئاً أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (54)

ترجمہ: خواہ تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

Whether you disclose something or conceal it, Allah is certainly the Most Perfect Knower of everything.

لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاء إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاء أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ وَاتَّقِينَ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيداً (55)

ترجمہ: ان پر (پردہ نہ کرنے میں) کوئی گناہ نہیں اپنے (حقیقی) آباء سے، اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے بھائیوں سے، اور نہ اپنے بھتیجوں سے اور نہ اپنے بھانجوں سے اور نہ اپنی (مسلم) عورتوں اور نہ اپنی مملوک باندیوں سے، تم اللہ کا تقوٰی (برقرار) رکھو، بے شک اللہ ہر چیز پر گواہ و نگہبان ہےo

Whether you disclose something or conceal it, Allah is certainly the Most Perfect Knower of everything.

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيماً (56)

ترجمہ: بے شک اللہ اور اس کے (سب) فرشتے نبیِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود بھیجتے رہتے ہیں، اے ایمان والو! تم (بھی) اُن پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کروo

Surely, Allah and (all) His angels send blessings and greetings on the Holy Prophet (blessings and peace be upon him). O believers! Invoke blessings on him and salute him with a worthy salutation of peace abundantly (and fervently).

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاء الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلَابِيبِهِنَّ ذَلِكَ أَدْنَى أَن يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (59)

ترجمہ: اے نبی! اپنی بیویوں اور اپنی صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دیں کہ (باہر نکلتے وقت) اپنی چادریں اپنے اوپر اوڑھ لیا کریں، یہ اس بات کے قریب تر ہے کہ وہ پہچان لی جائیں (کہ یہ پاک دامن آزاد عورتیں ہیں) پھر انہیں (آوارہ باندیاں سمجھ کر غلطی سے) ایذاء نہ دی جائے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

O Prophet! Say to your wives, your daughters and the women of believers that, (whilst going out,) they should draw their veils as coverings over them. It is more likely that this way they may be recognized (as pious, free women), and may not be hurt (considered by mistake as roving slave girls). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيباً (63)

ترجمہ: لوگ آپ سے قیامت کے (وقت کے) بارے میں دریافت کرتے ہیں۔فرما دیجیے: اس کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے، اور آپ کو کس نے آگاہ کیا شاید قیامت قریب ہی آ چکی ہو o

The people ask you about (the Hour of) Resurrection. Say: 'Its knowledge is with Allah alone. And who has made you aware-it may be that the Last Hour has drawn near?'

إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِينَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيراً (64)

ترجمہ: بے شک اللہ نے کافروں پر لعنت فرمائی ہے اور اُن کے لیے (دوزخ کی) بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے o

Surely, Allah has cursed the disbelievers and readied for them the Blazing Fire (of Hell).

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُوماً جَهُولاً (72)

ترجمہ: بے شک ہم نے (اِطاعت کی) امانت آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کی تو انہوں نے اس (بوجھ) کے اٹھانے سے انکار کر دیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اسے اٹھا لیا، بے شک وہ (اپنی جان پر) بڑی زیادتی کرنے والا (ادائیگِ امانت میں کوتاہی کے انجام سے) بڑا بے خبر و نادان ہے o

Indeed, We offered the trust (of obedience) to the heavens and the earth and the mountains, but they declined to bear this (burden) and felt scared of it, but man took it on. Verily, he is given to wrongdoing (against his own soul), unwise and extremely ignorant (of the consequence of lapse in paying back the trust).

لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (73)

ترجمہ: (یہ) اس لیے کہ اللہ منافق مَردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مَردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے اور اللہ مومن مَردوں اور مومن عورتوں کی توبہ قبول فرمائے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہے o

(This is) so because Allah torments the hypocrites, men and women, and the polytheists, men and women, and Allah accepts repentance of the believers, men and women. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ فاطر:

الْحَمْدُ لِلَّهِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَاعِلِ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا أُولِي أَجْنِحَةٍ مَّثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ يَزِيدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (1)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو آسمانوں اور زمین (کی تمام وسعتوں) کا پیدا فرمانے والا ہے، فرشتوں کو جو دو دو اور تین تین اور چار چار پَروں والے ہیں، قاصد بنانے والا ہے، اور تخلیق میں جس قدر چاہتا ہے اضافہ (اور توسیع) فرماتا رہتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

All praise belongs to Allah alone, Who is the Creator of (all the infinities of) the heavens and the earth, and Who makes the angels messengers having two or three or four wings. He adds to (and expands) the creation as He wills. Surely, Allah is All-Powerful over everything.

مَا يَفْتَحِ اللَّهُ لِلنَّاسِ مِن رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهُ مِن بَعْدِهِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (2)

ترجمہ: اللہ انسانوں کے لیے (اپنے خزانۂ) رحمت سے جو کچھ کھول دے تو اسے کوئی روکنے والا نہیں ہے، اور جو روک لے تو اس کے بعد کوئی اسے چھوڑنے والا نہیں، اور وہی غالب ہے بڑی حکمت والا ہے o

Whatever of (the treasure of) His mercy Allah opens to mankind, there is none who can withhold it. And whatever He withholds, then after this there is none who may release it. And He alone is Almighty, Most Wise.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللَّهِ يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ (3)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے اوپر اللہ کے انعام کو یاد کرو، کیا اللہ کے سوا کوئی اور خالق ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے روزی دے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس تم کہاں بہکے پھرتے ہو o

O people! Persistently remember the favour that Allah has bestowed on you. Is there any Creator other than Allah, Who may provide you sustenance from the heaven and the earth? There is no God but He. So where are you wandering, disorientated?

وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ (4)

ترجمہ: اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ سے پہلے کتنے ہی رسول جھٹلائے گئے، اور تمام کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے o

And if they reject you, many Messengers have been rejected before you. And all matters will be returned to Allah alone.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ (5)

ترجمہ: اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے سو دنیا کی زندگی تمہیں ہرگز فریب نہ دے دے، اور نہ وہ دغا باز شیطان تمہیں اللہ (کے نام) سے دھوکہ دے o

O people! Certainly, the promise of Allah is true. So let not the worldly life

deceive you at all. Nor let the Arch-Deceiver, Satan, deceive you (in the Name) of Allah.

أَفَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَناً فَإِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَصْنَعُونَ (8)

ترجمہ: بھلا جس شخص کے لیے اس کا برا عمل آراستہ کر دیا گیا ہو اور وہ اسے (حقیقتاً) اچھا سمجھنے لگے (کیا وہ مومنِ صالح جیسا ہو سکتا ہے)، سو بے شک اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، سو (اے جانِ جہاں!) ان پر حسرت اور فرطِ غم میں آپ کی جان نہ جاتی رہے، بے شک وہ جو کچھ سرانجام دیتے ہیں اللہ اسے خوب جاننے والا ہے o

So what about him whose evil action has been made attractive to him, but he (actually) starts to consider it good? (How can he be like a virtuous believer?) Surely, Allah holds astray whoever He wills and guides to the straight path whoever He wills. (O Life of the universe!) Let not your soul waste away in grief for them. Surely, Allah is Best Aware of whatever they do.

وَاللَّهُ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَاباً فَسُقْنَاهُ إِلَى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا كَذَلِكَ النُّشُورُ (9)

ترجمہ: اور اللہ ہی ہے جو ہوائیں بھیجتا ہے تو وہ بادل کو ابھار کر اکٹھا کرتی ہیں پھر ہم اس (بادل) کو خشک اور بنجر بستی کی طرف سیرابی کے لیے لے جاتے ہیں، پھر ہم اس کے ذریعے اس زمین کو اس کی مُردنی کے بعد زندگی عطا کرتے ہیں، اسی طرح (مُردوں کا) جی اٹھنا ہوگا o

And Allah alone sends winds that raise and build up clouds. Then We drive it (the cloud) towards some dry and dead land to water it. Then with that, We give life to the earth after its death. Similar will be the process of the rising (of the dead).

مَن كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعاً إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَكْرُ أُوْلَئِكَ هُوَ يَبُورُ (10)

ترجمہ: جو شخص عزت چاہتا ہے تو اللہ ہی کے لیے ساری عزت ہے، پاکیزہ کلمات اسی کی طرف چڑھتے ہیں اور وہی نیک عمل (کے مدارج) کو بلند فرماتا ہے، اور جو لوگ بری چالوں میں لگے رہتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور ان کا مکر و فریب نیست و نابود ہو جائے گا o

Whoever desires honour, then to Allah belongs all honour. The pure words ascend to Him alone, and He is the One Who elevates (the grades of) a pious deed. And those who are continually engaged in evil maneuvers, for them is severe punishment and their deceiving schemes will go void.

وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجاً وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَى وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ وَمَا يُعَمَّرُ مِن مُّعَمَّرٍ وَلَا يُنقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتَابٍ إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ (11)

ترجمہ: اور اللہ ہی نے تمہیں مٹی (یعنی غیر نامی مادّہ) سے پیدا فرمایا پھر ایک تولیدی قطرہ سے، پھر تمہیں جوڑے جوڑے بنایا، اور

کوئی مادّہ حاملہ نہیں ہوتی اور نہ بچہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے، اور نہ کسی دراز عمر شخص کی عمر بڑھائی جاتی ہے اور نہ اس کی عمر کم کی جاتی ہے مگر (یہ سب کچھ) لوحِ (محفوظ) میں ہے، بے شک یہ اللہ پر بہت آسان ہےo

And Allah alone created you from clay (i.e., inorganic matter), then from a sperm drop, then He made you pairs. And no female conceives or gives birth but with His knowledge. And no aged man's life is increased, nor is his age decreased, but (all this) is recorded in a Book (al-Lawh al-Mahfuz). That is certainly easy for Allah.

وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهَذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَمِن كُلٍّ تَأْكُلُونَ لَحْماً طَرِيّاً وَتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ **(12)**

ترجمہ: اور دو سمندر (یا دریا) برابر نہیں ہو سکتے، یہ (ایک) شیریں، پیاس بجھانے والا ہے، اس کا پینا خوشگوار ہے اور یہ (دوسرا) کھاری، سخت کڑوا ہے، اور تم ہر ایک سے تازہ گوشت کھاتے ہو، اور زیور (جن میں موتی، مرجان اور مونگے وغیرہ سب شامل ہیں) نکالتے ہو، جنہیں تم پہنتے ہو اور تُو اس میں کشتیوں (اور جہازوں) کو دیکھتا ہے جو (پانی کو) پھاڑتے چلے جاتے ہیں تاکہ تم (بحری تجارت کے راستوں سے) اس کا فضل تلاش کر سکو اور تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤo

And two seas (or rivers) cannot be the same: this (one) is sweet, thirst-quenching and pleasant to drink and that (other) is salty and very bitter. And you eat fresh meat from each and bring forth ornaments (including pearls and corals) that you wear. And you see in them boats (and ships) that cleave through (the water), so that you may seek His bounty (through marine trade routes) and that you may become grateful.

يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُّسَمًّى ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِن قِطْمِيرٍ **(13)**

ترجمہ: وہ رات کو دن میں داخل فرماتا ہے اور دن کو رات میں داخل فرماتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو (ایک نظام کے تحت) مسخّر فرما رکھا ہے، ہر کوئی ایک مقرر میعاد کے مطابق حرکت پذیر ہے۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے اسی کی ساری بادشاہت ہے، اور اس کے سوا تم جن بتوں کو پوجتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے باریک چھلکے کے (بھی) مالک نہیں ہیںo

He causes the night to pass into the day and the day to pass into the night. And He has subjected the sun and the moon (to a system), each rotating for an appointed term. Such is Allah, your Lord. His is all the sovereignty. And the idols that you worship apart from Him do not own (even) the thin membrane of a date stone.

إِن تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَاءكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ **(14)**

ترجمہ: (اے مشرکو!) اگر تم انہیں پکارو تو وہ (بت ہیں) تمہاری پکار نہیں سُن سکتے اور اگر (بالفرض) وہ سُن لیں تو تمہیں جواب نہیں دے سکتے، اور قیامت کے دن وہ تمہارے شِرک کا بالکل انکار کر دیں گے، اور تجھے خدائے باخبر جیسا کوئی خبردار نہ کرے گاo

(O polytheists!) If you call upon them (the idols), they cannot hear your call.

But if (supposing) they (the idols) hear, they cannot give you an answer. And on the Day of Resurrection, they will downright deny your setting up of partners with Allah. And none will make you aware like Allah, the Well Aware.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَنتُمُ الْفُقَرَاء إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ (15)

ترجمہ: اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ ہی بے نیاز، سزاوارِ حمد و ثنا ہےo

O mankind! You all are dependent upon Allah, and Allah is the One Who is Independent, Most Praiseworthy.

إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَأْتِ بِخَلْقٍ جَدِيدٍ (16)

ترجمہ: اگر وہ چاہے تمہیں نابود کر دے اور نئی مخلوق لے آئےo

If He wills, He will destroy you and bring in a new creation.

وَمَا ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ بِعَزِيزٍ (17)

ترجمہ: اور یہ اللہ پر کچھ مشکل نہیں ہےo

And that is not at all difficult for Allah.

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى وَإِن تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَى إِنَّمَا تُنذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَمَن تَزَكَّى فَإِنَّمَا يَتَزَكَّى لِنَفْسِهِ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ (18)

ترجمہ: اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بارِ (گناہ) نہ اٹھا سکے گا، اور کوئی بوجھ میں دبا ہوا (دوسرے کو) اپنا بوجھ بٹانے کے لیے بلائے گا تو اس سے کچھ بھی بوجھ نہ اٹھایا جا سکے گا خواہ قریبی رشتہ دار ہی ہو، (اے حبیب!) آپ ان ہی لوگوں کو ڈر سناتے ہیں جو اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں، اور جو کوئی پاکیزگی حاصل کرتا ہے وہ اپنے ہی فائدہ کے لیے پاک ہوتا ہے، اور اللہ ہی کی طرف پلٹ کر جانا ہےo

And no bearer of burden will bear another's burden (of sins). And if someone heavily loaded calls (another) to share his load, nothing of his burden will be carried by him even though he be a close relative. (O Beloved!) You warn but those who fear their Lord unseen and establish Prayer. And whoever acquires purity does so to his own benefit. And to Allah is the return.

ثُمَّ أَخَذْتُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ (26)

ترجمہ: پھر میں نے ان کافروں کو (عذاب میں) پکڑ لیا سو میرا انکار (کیا جانا) کیسا (عبرت ناک) ثابت ہواo

Then I seized those disbelievers (with the torment). So how (awful) was My denial indeed!

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ ثَمَرَاتٍ مُّخْتَلِفاً أَلْوَانُهَا وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ وَحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ (27)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے پھل نکالے جن کے رنگ جداگانہ ہیں، اور

(اسی طرح) پہاڑوں میں بھی سفید اور سرخ گھاٹیاں ہیں ان کے رنگ (بھی) مختلف ہیں اور بہت گہری سیاہ (گھاٹیاں) بھی ہیںo

Have you not seen that Allah sent down water from the sky? Then We brought forth with that the fruits which have different colours. And, similarly, in the mountains there are white and red streaks with a variety of shades and there are deep black (streaks) as well.

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَابِّ وَالْأَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ كَذَلِكَ إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاء إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ (28)

ترجمہ: اور انسانوں اور جانوروں اور چوپایوں میں بھی اسی طرح مختلف رنگ ہیں، بس اللہ کے بندوں میں سے اس سے وہی ڈرتے ہیں جو (ان حقائق کا بصیرت کے ساتھ) علم رکھنے والے ہیں، یقیناً اللہ غالب ہے بڑا بخشنے والا ہےo

And likewise, there are various colours amongst men and beasts and animals. So only those of His servants who have knowledge (of these realities with a vision and outlook) fear Him. Surely, Allah is Almighty, Most Forgiving.

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ (29)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں، پوشیدہ بھی اور ظاہر بھی، اور ایسی (اُخروی) تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی خسارے میں نہیں ہوگیo

Surely, those who recite the Book of Allah and establish Prayer and spend secretly and openly in Our way out of what We have given them look forward to a trade (in the Hereafter) which will never run into loss,

لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ (30)

ترجمہ: تاکہ اللہ ان کا اجر انہیں پورا پورا عطا فرمائے اور اپنے فضل سے انہیں مزید نوازے، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا، بڑا ہی شکر قبول فرمانے والا ہےo

So that Allah pays them their reward in full and blesses them more out of His bounty. Surely, Allah is Most Forgiving, Most Appreciative of thanks.

وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ (31)

ترجمہ: اور جو کتاب (قرآن) ہم نے آپ کی طرف وحی فرمائی ہے، وہی حق ہے اور اپنے سے پہلے کی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے، بے شک اللہ اپنے بندوں سے پوری طرح باخبر ہے خوب دیکھنے والا ہےo

And the Book (the Qur'an) that We have revealed to you is the truth and confirms the former Books. Surely, Allah is Well Aware of His servants, All-Seeing.

وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَى عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُم مِّنْ عَذَابِهَا كَذَلِكَ نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ (36)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے، نہ ان پر (موت کا) فیصلہ کیا جائے گا کہ مر جائیں اور نہ ان سے عذاب میں سے کچھ کم کیا جائے گا، اسی طرح ہم ہر نافرمان کو بدلہ دیا کرتے ہیںo

And those who disbelieved, for them is the Fire of Hell. Neither will (death) be decreed for them that they should die, nor will anything of their torment be lessened. We pay back every disobedient person the same way.

وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحاً غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَاءكُمُ النَّذِيرُ فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ (37)

ترجمہ: اور وہ اس دوزخ میں چلاّئیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں (یہاں سے) نکال دے، (اب) ہم نیک عمل کریں گے ان (اَعمال) سے مختلف جو ہم (پہلے) کیا کرتے تھے۔ (ارشاد ہوگا:) کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی کہ اس میں جو شخص نصیحت حاصل کرنا چاہتا، وہ سوچ سکتا تھا اور (پھر) تمہارے پاس ڈر سنانے والا بھی آ چکا تھا، پس اب (عذاب کا) مزہ چکھو سو ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہ ہوگا o

And they will howl in Hell: 'O our Lord, take us out (from here). We shall (now) do righteous works different from those (works) we used to do (before).' (Allah will say:) 'Did We not grant you long enough life during which whoever wanted to seek advice might reflect? And (moreover) the Warner too had come to you. So savour now the taste (of the torment), and there will be no helper for the wrongdoers.

إِنَّ اللَّهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (38)

ترجمہ: بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کے غیب کو جاننے والا ہے، یقیناً وہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں سے خوب واقف ہے o

Surely, Allah knows the unseen of the heavens and the earth. He is undoubtedly Well Aware of things (hidden) in breasts.

هُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ فَمَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ كُفْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتاً وَلَا يَزِيدُ الْكَافِرِينَ كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَاراً (39)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں (گزشتہ اقوام کا) جانشین بنایا، پس جس نے کفر کیا سو اس کا وبالِ کفر اسی پر ہوگا، اور کافروں کے حق میں ان کا کفر اُن کے رب کے حضور سوائے ناراضگی کے اور کچھ نہیں بڑھاتا، اور کافروں کے حق میں ان کا کفر سوائے نقصان کے کسی (بھی) اور چیز کا اضافہ نہیں کرتا o

He is the One Who made you successors (of former communities) in the earth. So the one who disbelieves is to face the suffering of disbelief. And the denial of the disbelievers increases nothing for them in the sight of their Lord except His displeasure. And the infidels' disbelief adds to them nothing but loss.

إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَن تَزُولَا وَلَئِن زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّن بَعْدِهِ إِنَّهُ كَانَ حَلِيماً غَفُوراً (41)

ترجمہ: بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کو (اپنے نظامِ قدرت کے ذریعے) اس بات سے روکے ہوئے ہے کہ وہ (اپنی اپنی جگہوں اور راستوں سے) ہٹ سکیں، اور اگر وہ دونوں ہٹنے لگیں تو اس کے بعد کوئی بھی ان دونوں کو روک نہیں سکتا، بے شک وہ بڑا بُردبار، بڑا بخشنے والا ہے o

Surely, Allah is holding the heavens and the earth (through His control system) lest they should move away (from their respective locations and orbits). And if they start deviating, then none can hold them after Him. Surely, He is Most Forbearing, Most Forgiving.

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن جَاءهُمْ نَذِيرٌ لَّيَكُونُنَّ أَهْدَى مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ فَلَمَّا جَاءهُمْ نَذِيرٌ مَّا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُوراً (42)

ترجمہ: اور یہ لوگ اللہ کے ساتھ بڑی پختہ قسمیں کھایا کرتے تھے کہ اگر اُن کے پاس کوئی ڈر سنانے والا آ جائے تو یہ ضرور ہر ایک امّت سے بڑھ کر راہِ راست پر ہوں گے، پھر جب اُن کے پاس ڈر سنانے والے (نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آئے تو اس سے اُن کی حق سے بیزاری میں اضافہ ہی ہوا o

And they used to swear solemn oaths by Allah that if a Warner came to them, they would certainly be far more on the straight path than any other community. But when the Warner (the Final Messenger of Allah [blessings and peace be upon him]) came to them, it only increased their aversion to the truth.

اسْتِكْبَاراً فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّءِ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّءُ إِلَّا بِأَهْلِهِ فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ فَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلاً وَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَحْوِيلاً (43)

ترجمہ: (انہوں نے) زمین میں اپنے آپ کو سب سے بڑا سمجھنا اور بری چالیں چلنا (اختیار کیا)، اور بُری چالیں اُسی چال چلنے والے کو ہی گھیر لیتی ہیں، سو یہ اگلے لوگوں کی رَوِش (عذاب) کے سوا (کسی اور چیز کے) منتظر نہیں ہیں۔ سو آپ اللہ کی سُنّت میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے اور نہ ہی اللہ کی سنت میں ہرگز کوئی پھرنا پائیں گے o

(They opted) to consider themselves the greatest in the earth and to maneuver evil schemes. And the evil schemes encompass only the schemer. So they are waiting (for nothing) but the pattern of (torment that seized) the bygone people. And you will not find any amendment in Allah's Sunna. Nor will you find any divergence (and digression) in Allah's Sunna.

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَكَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعْجِزَهُ مِن شَيْءٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ إِنَّهُ كَانَ عَلِيماً قَدِيراً (44)

ترجمہ: کیا یہ لوگ زمین میں چلتے پھرتے نہیں ہیں کہ دیکھ لیتے کہ اُن لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو اِن سے پہلے تھے حالاں کہ وہ اِن سے کہیں زیادہ زور آور تھے، اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں میں کوئی بھی چیز اسے عاجز کر سکے اور نہ ہی زمین میں (ایسی کوئی چیز ہے)، بے شک وہ بہت علم والا بڑی قدرت والا ہے o

Have they not travelled in the land and seen what was the end of the people who have passed before them? They were far more powerful than these people are. And nothing in the heavens or earth can make Allah helpless. Indeed, He is All-Knowing, All-Powerful.

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوا مَا تَرَكَ عَلَى ظَهْرِهَا مِن دَابَّةٍ وَلَكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِعِبَادِهِ بَصِيراً (45)

ترجمہ: اور اگر اللہ لوگوں کو اُن اعمالِ (بد) کے بدلے جو انہوں نے کمار کھے ہیں (عذاب کی) گرفت میں لینے لگے تو وہ اس زمین کی پشت پر کسی چلنے والے کو نہ چھوڑے لیکن وہ انہیں مقررہ مدّت تک مہلت دے رہا ہے۔ پھر جب ان کا مقررہ وقت آجائے گا تو بے شک اللہ اپنے بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے o

And if Allah were to seize people (by torment) for the (evil) deeds which they have earned, He would not spare any moving creature on the surface of the when their earth. But He is giving them respite till an appointed time. Then appointed time comes, Allah is Ever-Vigilant of His servants.

سورۃ یٰس:

تَنزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ **(5)**

ترجمہ: (یہ) بڑی عزت والے، بڑے رحم والے (رب) کا نازل کردہ ہے o

This is revealed by the Almighty, Ever-Merciful,

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلَى أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ **(7)**

ترجمہ: درحقیقت اُن کے اکثر لوگوں پر ہمارا فرمان (سچ) ثابت ہو چکا ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گے o

In fact, Our command has proved true against most of them. So they will not believe.

إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُم مُّقْمَحُونَ **(8)**

ترجمہ: بے شک ہم نے اُن کی گردنوں میں طوق ڈال دیے ہیں تو وہ اُن کی ٹھوڑیوں تک ہیں، پس وہ سر اوپر اٹھائے ہوئے ہیں o

Surely, We have put iron collars round their necks reaching their chins. So they have raised their heads up.

وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ **(9)**

ترجمہ: اور ہم نے اُن کے آگے سے (بھی) ایک دیوار اور اُن کے پیچھے سے (بھی) ایک دیوار بنا دی ہے، پھر ہم نے اُن (کی آنکھوں) پر پردہ ڈال دیا ہے سو وہ کچھ نہیں دیکھتے o

And We have set a barrier before them and a barrier behind them, and We have cast a veil over their eyes so they do not see anything.

إِنَّمَا تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمَنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَأَجْرٍ كَرِيمٍ **(11)**

ترجمہ: آپ تو صرف اسی شخص کو ڈر سناتے ہیں جو نصیحت کی پیروی کرتا ہے اور خدائے رحمان سے بن دیکھے ڈرتا ہے، سو آپ اسے بخشش اور بڑی عزت والے اجر کی خوشخبری سنا دیں o

You can only warn the one who follows the direction and guidance and fears the Most Kind (Lord) unseen. So give him the good news of forgiveness and a reward of great honour.

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي الْمَوْتَى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ **(12)**

ترجمہ: بے شک ہم ہی تو مُردوں کو زندہ کرتے ہیں اور ہم وہ سب کچھ لکھ رہے ہیں جو (اَعمال) وہ آگے بھیج چکے ہیں، اور اُن کے

اثرات (جو پیچھے رہ گئے ہیں)، اور ہر چیز کو ہم نے روشن کتاب (لوحِ محفوظ) میں احاطہ کر رکھا ہےo

Surely, We alone raise the dead to life. And We are writing down (the deeds) which they have sent forward and their effects (that are left behind). And We have encompassed everything in the illumining Book (al-Lawh al-Mahfuz).

وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ (33)

ترجمہ: اور اُن کے لیے ایک نشانی مُردہ زمین ہے، جسے ہم نے زندہ کیا اور ہم نے اس سے (اناج کے) دانے نکالے، پھر وہ اس میں سے کھاتے ہیںo

And a sign for them is the dead earth to which We gave life, and We brought forth from it (grain); then they eat of it.

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ (34)

ترجمہ: اور ہم نے اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغات بنائے اور اس میں ہم نے کچھ چشمے بھی جاری کر دیےo

And We produced in it gardens of date-palms and grapes, and also caused some springs as well to gush forth in it,

سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ (36)

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے سب چیزوں کے جوڑے پیدا کیے، ان سے (بھی) جنہیں زمین اگاتی ہے اور خود اُن کی جانوں سے بھی اور (مزید) ان چیزوں سے بھی جنہیں وہ نہیں جانتےo

Glory be to Him Who created everything in pairs of those the earth grows and of themselves as well and, (moreover,) of the things they do not know.

وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُم مُّظْلِمُونَ (37)

ترجمہ: اور ایک نشانی اُن کے لیے رات (بھی) ہے، ہم اس میں سے (کیسے) دن کو کھینچ لیتے ہیں سو وہ اس وقت اندھیرے میں پڑے رہ جاتے ہیںo

And (also) a sign for them is the night: (how) We draw the day out from it! So then they are left in darkness!

وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (38)

ترجمہ: اور سورج ہمیشہ اپنی مقررہ منزل کے لیے (بغیر رکے) چلتا رہتا، ہے یہ بڑے غالب بہت علم والے (رب) کی تقدیر ہےo

And the sun is constantly rotating (non-stop) for its appointed destination. It is a measure fixed by the Almighty, All-Knowing (Lord).

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتَّىٰ عَادَ كَالْعُرْجُونِ الْقَدِيمِ (39)

ترجمہ: اور ہم نے چاند کی (حرکت و گردش کی) بھی منزلیں مقرر کر رکھی ہیں یہاں تک کہ (اس کا اہلِ زمین کو دکھائی دینا گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی ٹہنی کی طرح ہو جاتا ہےo

And We have also appointed stages (of motion and rotation) of the moon till

(its appearance to the dwellers of the earth wanes to) the semblance of an old dry branch of a palm-tree.

وَآيَةٌ لَّهُمْ أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ (41)

ترجمہ: اور ایک نشانی اُن کے لیے یہ (بھی) ہے کہ ہم نے ان کے آباء واجداد کو (جو ذُریّت آدم تھے) بھری کشتی (نوح) میں سوار کر (کے بچا) لیا تھا o

And a sign for them is (also) that We boarded their fathers (the Children of Adam) into the laden Ark (of Nuh [Noah] and saved them).

وَخَلَقْنَا لَهُم مِّن مِّثْلِهِ مَا يَرْكَبُونَ (42)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کے لیے اس (کشتی) کے مانند ان (بہت سی اور سواریوں) کو بنایا جن پر یہ لوگ سوار ہوتے ہیں o

And like this (Ark) We made for them (many other means of transport) which they ride.

وَإِن نَّشَأْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ (43)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں تو نہ ان کے لیے کوئی فریاد رَس ہوگا اور نہ وہ بچائے جا سکیں گے o

And if We intend, We drown them. Then there will not be any to respond to their cry, nor will they be saved anyway,

إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا إِلَى حِينٍ (44)

ترجمہ: سوائے ہماری رحمت کے اور (یہ) ایک مقررہ مدّت تک کا فائدہ ہے o

Except for Our mercy and (this) provision is for an appointed term.

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَى رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ (51)

ترجمہ: اور (جس وقت دوبارہ) صُور پھونکا جائے گا تو وہ فوراً قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف دوڑ پڑیں گے o

And (when) the Trumpet will be blown (again) they will come out of the graves at once and run towards their Lord.

قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا هَذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ (52)

ترجمہ: (روزِ محشر کی ہولناکیاں دیکھ کر) کہیں گے: ہائے ہماری کم بختی! ہمیں کس نے ہماری خواب گاہوں سے اٹھا دیا، (یہ زندہ ہونا) وہی تو ہے جس کا خدائے رحمان نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ فرمایا تھا o

(Seeing the horrors of the Hour of Resurrection,) they will say: 'Ah, woe to us! Who has raised us from our sleeping places? This (coming back to life) is the same that the Most Kind (Lord) promised and the Messengers spoke the truth.'

إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ (53)

ترجمہ: یہ محض ایک بہت سخت چنگھاڑ ہوگی تو وہ سب کے سب یکا یک ہمارے حضور لا کر حاضر کر دیے جائیں گے o

This will only be a Mighty Blast. Then all of them will be brought to Our presence straight away.

وَلَوْ نَشَاء لَطَمَسْنَا عَلَى أَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّى يُبْصِرُونَ (66)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو اُن کی آنکھوں کے نشان تک مِٹا دیتے پھر وہ راستے پر دوڑتے تو کہاں دیکھ سکتے o

And if We had so willed, We would have obliterated the very marks of their eyes. Then if they would have run on the path, how could they have seen?

وَلَوْ نَشَاء لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوا مُضِيّاً وَلَا يَرْجِعُونَ (67)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو اُن کی رہائش گاہوں پر ہی ہم ان کی صورتیں بگاڑ دیتے پھر نہ وہ آگے جانے کی قدرت رکھتے اور نہ ہی واپس لوٹ سکتے o

And if We had so intended, We would have defaced them in their places. Then they would have power neither to go forward nor to turn back.

وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ أَفَلَا يَعْقِلُونَ (68)

ترجمہ: اور ہم جسے طویل عمر دیتے ہیں اسے قوت وطبیعت میں واپس (بچپن یا کمزوری کی طرف) پلٹا دیتے ہیں، پھر کیا وہ عقل نہیں رکھتے o

And someone whom We give long life, We cause him to degenerate (towards childhood and debility) in strength and disposition. So, do they not have sense?

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَاماً فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ (71)

ترجمہ: کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اپنے دستِ قدرت سے بنائی ہوئی (مخلوق) میں سے اُن کے لیے چوپائے پیدا کیے تو وہ ان کے مالک ہیں o

Have they not seen that We created for them cattle out of the (creation) We made with Our Mighty Hand, so they are their owners?

وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ (72)

ترجمہ: اور ہم نے اُن (چوپایوں) کو ان کے تابع کر دیا سو ان میں سے کچھ تو اُن کی سواریاں ہیں اور ان میں سے بعض کو وہ کھاتے ہیں o

And We subjected those (cattle) to them. So some of them are their riding animals and they eat some of them.

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ (74)

ترجمہ: اور انہوں نے اللہ کے سوا بتوں کو معبود بنا لیا ہے اس امید پر کہ ان کی مدد کی جائے گی o

And they have made idols their gods other than Allah with the hope that they will be helped.

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلاً وَنَسِيَ خَلْقَهُ قَالَ مَنْ يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ (78)

ترجمہ: اور (خود) ہمارے لیے مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش (کی حقیقت) کو بھول گیا۔ کہنے لگا: ہڈیوں کو کون زندہ

کرے گا جبکہ وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں گی؟o

And he (himself) puts forth examples for Us and has forgotten (the truth of) his creation. He says: 'Who will give life to bones when they will have been decomposed?'

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِيْ أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ (79)

ترجمہ: فرما دیجیے: انہیں وہی زندہ فرمائے گا جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، اور وہ ہر مخلوق کو خوب جاننے والا ہےo

Say: 'He Who created them the first time will give them life. And He knows best every creation;

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَاراً فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ تُوقِدُونَ (80)

ترجمہ: جس نے تمہارے لیے سرسبز درخت سے آگ پیدا کی پھر اب تم اسی سے آگ سلگاتے ہوo

He Who produces fire for you out of the green tree so now you kindle fire with the same!

أَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ عَلَى أَنْ يَخْلُقَ مِثْلَهُم بَلَى وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيْمُ (81)

ترجمہ: اور کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا ہے اس بات پر قادر نہیں کہ ان جیسی تخلیق (دوبارہ) کر دے، کیوں نہیں، اور وہ بڑا پیدا کرنے والا خوب جاننے والا ہےo

And does He Who created the heavens and the earth not have the power to create the like of them (again)?' Yes indeed! And He is the Supreme Creator, the All-Knowing.

إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئاً أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ (82)

ترجمہ: اس کا امرِ (تخلیق) فقط یہ ہے کہ جب وہ کسی شے کو (پیدا فرمانا) چاہتا ہے تو اسے فرماتا ہے: ہو جا، پس وہ فوراً (موجود یا ظاہر) ہو جاتی ہے (اور ہوتی چلی جاتی ہے)o

His command (of creation) is only that when He intends (to create) something, He says to it: 'Be,' so it instantly becomes (existent or visible and continues becoming).

فَسُبْحَانَ الَّذِيْ بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (83)

ترجمہ: پس وہ ذات پاک ہے جس کے دستِ (قدرت) میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

So, Glory be to Him in Whose Hand (i.e., power and control) is the sovereignty over everything and to Him you will be returned.

سورۃ الصافات:

إِنَّ إِلَهَكُمْ لَوَاحِدٌ (4)

ترجمہ: بے شک تمہارا معبود ایک ہی ہےo

Surely, your God is One,

رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ (5)

ترجمہ: (جو) آسمانوں اور زمین کا اور جو (مخلوق) اِن دونوں کے درمیان ہے اس کا رب ہے، اور طلوعِ آفتاب کے تمام مقامات کا رب ہےo

The Lord of the heavens and the earth and whatever (creation) is between them, and the Lord of every point of sunrise.

إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِزِينَةٍ الْكَوَاكِبِ (6)

ترجمہ: بےشک ہم نے آسمانِ دنیا (یعنی پہلے کرّۂ سماوی) کو ستاروں اور سیاروں کی زینت سے آراستہ کر دیاo

Surely, We have adorned the world's heaven (the first heavenly sphere) with the adornment of stars and planets,

فَاسْتَفْتِهِمْ أَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُونَ (149)

ترجمہ: پس آپ اِن (کفّارِ مکّہ) سے پوچھئے کیا آپ کے رب کے لیے بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے ہیںo

So ask these (disbelievers of Mecca): 'Are there daughters for your Lord and sons for them?

أَمْ خَلَقْنَا الْمَلَائِكَةَ إِنَاثاً وَهُمْ شَاهِدُونَ (150)

ترجمہ: کیا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنا کر پیدا کیا تو وہ اس وقت (موقع پر) حاضر تھےo

Did We create the angels as females and were they present (on the occasion)?'

أَلَا إِنَّهُم مِّنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ (151)

ترجمہ: سن لو! وہ لوگ یقیناً اپنی بہتان تراشی سے (یہ) بات کرتے ہیںo

Listen! They assuredly say (this) out of their fabrications,

وَلَدَ اللَّهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (152)

ترجمہ: کہ اللہ نے اولاد جنی، اور بےشک یہ لوگ جھوٹے ہیںo

That Allah has begotten children and surely they are liars.

أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ (153)

ترجمہ: کیا اس نے بیٹوں کے مقابلہ میں بیٹیوں کو پسند فرمایا ہے (کفّارِ مکّہ کی ذہنیت کی زبان میں انہی کے عقیدے کا ردّ کیا جا رہا ہے)o

Has He chosen daughters instead of sons? (The creed of the disbelievers of Mecca is being refuted in the language of their logic and mentality.)

وَجَعَلُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَباً وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ (158)

ترجمہ: اور انہوں نے (تو) اللہ اور جِنّات کے درمیان (بھی) نسبی رشتہ مقرر کر رکھا ہے، حالاں کہ جنّات کو معلوم ہے کہ وہ (بھی اللہ کے حضور) یقیناً پیش کیے جائیں گےo

And they have fabricated a blood relationship between Allah and the jinn (as well), whereas the jinn know that they (too) will be made to appear (before the presence of Allah).

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُونَ (159)

ترجمہ: اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیںo

Holy is Allah, Transcendent of what they utter.

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ (171)

ترجمہ: اور بے شک ہمارا فرمان ہمارے بھیجے ہوئے بندوں (یعنی رسولوں) کے حق میں پہلے صادر ہو چکا ہےo

And verily, Our command has been put into effect in respect of the servants whom We sent (i.e., the Messengers),

إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنصُورُونَ (172)

ترجمہ: کہ بے شک وہی مدد یافتہ لوگ ہیںo

That it is they who have been granted help,

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ (180)

ترجمہ: آپ کا رب، جو عزت کا مالک ہے اُن (باتوں) سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیںo

Holy is your Lord, the Lord of Honour, Transcendent above these (things) which they utter.

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (182)

ترجمہ: اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہےo

And all praise be to Allah alone, the Lord of all the worlds.

سورۃ ص:

أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ (9)

ترجمہ: کیا ان کے پاس آپ کے رب کی رحمت کے خزانے ہیں جو غالب ہے بہت عطا فرمانے والا ہے؟o

Do they have the treasures of the mercy of your Lord, Who is the Almighty, the Most Benevolent?

أَمْ لَهُم مُّلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوا فِي الْأَسْبَابِ (10)

ترجمہ: یا اُن کے پاس آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ اِن دونوں کے درمیان ہے اس کی بادشاہت ہے؟ (اگر ہے) تو انہیں چاہئے کہ رسّیاں باندھ کر (آسمان پر) چڑھ جائیںo

Or do they possess the kingdom of the heavens and the earth and all that is between them? (If so,) then they should tie up ropes and climb up (to heaven).

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ذَٰلِكَ ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ (27)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کائنات دونوں کے درمیان ہے اسے بے مقصد و بے مصلحت نہیں بنایا۔ یہ (بے مقصد یعنی اتفاقیہ تخلیق) کافر لوگوں کا خیال و نظریہ ہے۔ سو کافر لوگوں کے لیے آتشِ دوزخ کی ہلاکت ہےo

And We have not created the heavens and the earth and all that is between them without any purpose and good reason. It is the view and concept of the disbelievers (that this is a purposeless creation that came about by chance). So for the disbelievers there is torment of the Fire of Hell.

كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُوا الْأَلْبَابِ **(29)**

ترجمہ: یہ کتاب برکت والی ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل فرمایا ہے تاکہ دانش مند لوگ اس کی آیتوں میں غور و فکر کریں اور نصیحت حاصل کریںo

This is a Blessed Book that We have revealed to you so that the wise may ponder over its Verses and seek direction and guidance.

قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنذِرٌ وَمَا مِنْ إِلَهٍ إِلَّا اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ **(65)**

ترجمہ: فرما دیجیے: میں تو صرف ڈر سنانے والا ہوں، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا سب پر غالب ہےo

Say: 'I am only a Warner and there is no God except Allah, the One, the All-Dominant,

رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ **(66)**

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا اور جو کائنات اِن دونوں کے درمیان ہے (سب) کا رب ہے بڑی عزت والا، بڑا بخشنے والا ہےo

The Lord of the heavens and the earth and (all) what is between the two, the Almighty, Most Forgiving.'

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ **(72)**

ترجمہ: پھر جب میں اس (کے ظاہر) کو درست کر لوں اور اس (کے باطن) میں اپنی (نورانی) روح پھونک دوں تو تم اس (کی تعظیم) کے لیے سجدہ کرتے ہوئے گر پڑناo

Then when I have perfected its (visible body) and blown into its (invisible) self My Own (illumining) spirit, fall down prostrate before him (in his honour).'

قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَن تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنتَ مِنَ الْعَالِينَ **(75)**

ترجمہ: (اللہ نے) ارشاد فرمایا: اے ابلیس! تجھے کس نے اس (ہستی) کو سجدہ کرنے سے روکا ہے جسے میں نے خود اپنے دستِ (کرم) سے بنایا ہے، کیا تو نے (اس سے) تکبّر کیا یا تو (بزعمِ خویش) بلند رتبہ (بنا ہوا) تھاo

(Allah) said: 'O Iblis, what has prevented you from falling down prostrate before this (exalted person) whom I have created with My Own (Benevolent) Hand? Did you show arrogance (to him), or were you (presuming yourself) high ranking?'

قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِي مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن طِينٍ **(76)**

ترجمہ: اس نے (نبی کے ساتھ اپنا موازنہ کرتے ہوئے) کہا کہ میں اس سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے بنایا ہے اور تو نے اِسے مٹی سے بنایا ہےo

(Comparing himself with the Prophet,) he said: 'I am better than he. You have

created me from fire and You have created him from clay.'

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ (77)

ترجمہ: ارشاد ہوا: سو تو (اِس گستاخ ءنبوّت کے جرم میں) یہاں سے نکل جا، بے شک تو مردود ہے o

Allah said: 'So get out from here (for the sin of insolence against the Prophet). Surely, you are rejected.

وَإِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِي إِلَى يَوْمِ الدِّيْنِ (78)

ترجمہ: اور بے شک تجھ پر قیامت کے دن تک میری لعنت رہے گی o

And surely, My curse is on you till the Day of Resurrection.'

قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِي إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُونَ (79)

ترجمہ: اُس نے کہا: اے پروردگار! پس تو مجھے اُس دن تک (زندہ رہنے کی) مہلت دے دے جس دن لوگ (دوبارہ) قبروں سے اٹھائے جائیں گے o

He said: 'O Lord, then grant me respite (to remain alive) until the Day when people will be raised up (again) from the graves.'

قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِيْنَ (80)

ترجمہ: اللہ نے فرمایا: (جا) بے شک تو مہلت یافتہ لوگوں میں سے ہے o

Allah said: '(Be off!) Indeed, you are amongst those granted respite,

إِلَى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ (81)

ترجمہ: وقتِ مقررہ کے دن (قیامت) تک o

Till the Day of the appointed time (Resurrection).'

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِيْنَ (82)

ترجمہ: اس نے کہا: سو تیری عزّت کی قسم! میں ان سب لوگوں کو ضرور گمراہ کرتا رہوں گا o

He said: 'By Your Honour, I shall certainly turn all of them away from the straight path with persistence,

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ (83)

ترجمہ: سوائے تیرے اُن بندوں کے جو چُنیدہ و برگزیدہ ہیں o

Except those of Your servants who are chosen and exalted ones.'

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ (84)

ترجمہ: ارشاد ہوا: پس حق (یہ) ہے اور میں حق ہی کہتا ہوں o

Allah said: 'So the truth is (this), and the truth I say,

سورۃ الزمر:

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (1)

ترجمہ: اس کتاب کا اتارا جانا اللہ کی طرف سے ہے جو بڑی عزت والا، بڑی حکمت والا ہےo

The revelation of this Book is from Allah, the Lord of Honour, All-Wise.

إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصاً لَّهُ الدِّينَ (2)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کی طرف (یہ) کتاب حق کے ساتھ نازل کی ہے تو آپ اللہ کی عبادت اس کے لیے طاعت و بندگی کو خالص رکھتے ہوئے کیا کریںo

Surely, We have revealed (this) Book to you with the truth. So worship Allah for His sake alone in sincere obedience.

أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَى إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ (3)

ترجمہ: (لوگوں سے کہہ دیں:) سُن لو! طاعت و بندگی خالصتاً اللہ ہی کے لیے ہے، اور جن (کفّار) نے اللہ کے سوا (بتوں کو) دوست بنا رکھا ہے، وہ (اپنی بُت پرستی کے جھوٹے جواز کے لیے یہ کہتے ہیں کہ) ہم اُن کی پرستش صرف اس لیے کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ کا مقرّب بنا دیں، بے شک اللہ اُن کے درمیان اس چیز کا فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں، یقیناً اللہ اس شخص کو ہدایت نہیں فرماتا جو جھوٹا ہے، بڑا ناشکر گزار ہےo

(Say to the people:) 'Listen! Sincere obedience and worship is only Allah's due.' And those (disbelievers) who have taken (idols as) helpers other than Allah (say in false justification of their idol-worship:) 'We worship them only that they may bring us near to Allah.' Surely, Allah will judge between them concerning the matter in which they differ. Certainly, Allah does not give guidance to the one who is a liar and highly ungrateful.

لَوْ أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَداً لَّاصْطَفَى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ سُبْحَانَهُ هُوَ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (4)

ترجمہ: اگر اللہ ارادہ فرماتا کہ (اپنے لیے) اولاد بنائے تو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا منتخب فرما لیتا، وہ پاک ہے، وہی اللہ ہے جو یکتا ہے سب پر غالب ہےo

Had Allah willed to beget children (for Himself), He would have chosen whom He liked out of His Creation. Glory be to Him, He is Allah, the One, the All-Dominant.

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ يُكَوِّرُ اللَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُسَمًّى أَلَا هُوَ الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ (5)

ترجمہ: اُس نے آسمانوں اور زمین کو صحیح تدبیر کے ساتھ پیدا فرمایا۔ وہ رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو (ایک نظام میں) مسخّر کر رکھا ہے، ہر ایک (ستارہ اور سیّارہ) مقرّر روقت کی حد تک (اپنے مدار میں) چلتا ہے،

خبردار! وہی (پورے نظام پر) غالب، بڑا بخشنے والا ہےo

He created the heavens and the earth with a decreed celestial order and planning. He causes the night to overlap the day and the day to overlap the night. And He is the One Who has subjected the sun and the moon (to a system). Each (star and planet) rotates in its orbit till an appointed time. Beware! He is the One Who is All-Dominant (over the entire system), the Most Forgiving.

خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَأَنزَلَ لَكُم مِّنَ الْأَنْعَامِ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ يَخْلُقُكُمْ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ خَلْقاً مِن بَعْدِ خَلْقٍ فِي ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَأَنَّى تُصْرَفُونَ (6)

ترجمہ: اُس نے تم سب کو ایک حیاتیاتی خلیہ سے پیدا فرمایا پھر اس سے اسی جیسا جوڑ بنایا پھر اُس نے تمہارے لیے جانوروں میں سے آٹھ (نر اور مادہ) جوڑے مہیا کیے، وہ تمہاری ماؤں کے رحموں میں ایک تخلیقی مرحلہ سے اگلے تخلیقی مرحلہ میں ترتیب کے ساتھ تمہاری تشکیل کرتا ہے (اِس عمل کو) تین قسم کے تاریک پردوں میں (مکمل فرماتا ہے)، یہی تمہارا پروردگار ہے جو سب قدرت و سلطنت کا مالک ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر (تخلیق کے یہ مخفی حقائق جان لینے کے بعد بھی) تم کہاں بہکے پھرتے ہوo

He has created all of you from a single life cell, and then made from it a similar pair. And then He brought about for you eight living animals in pairs. He shapes you in the wombs of your mothers from one creative phase into the next in sequence and (completes this process) in three (germinal) layers. This is Allah, your Lord, to Whom belongs all Power and Authority. There is no God except He. Where then are you deviated (and disoriented after knowing these concealed realities of creation)?

إِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنكُمْ وَلَا يَرْضَى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ وَإِن تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى ثُمَّ إِلَى رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (7)

ترجمہ: اگر تم کفر کرو تو بے شک اللہ تم سے بے نیاز ہے اور وہ اپنے بندوں کے لیے کفر (و ناشکری) پسند نہیں کرتا، اور اگر تم شکرگزاری کرو (تو) اسے تمہارے لیے پسند فرماتا ہے، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، پھر تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے پھر وہ تمہیں اُن کاموں سے خبردار کر دے گا جو تم کرتے رہے تھے، بے شک وہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں کو (بھی) خوب جاننے والا ہےo

If you disbelieve, then surely Allah is Self-Sufficient and He does not like disbelief (and ingratitude) for His servants, and if you give thanks, (so) He likes that for you. And no bearer of burden will bear the burden of any other. Then you have to return to your Lord. Then He will inform you of the deeds which you used to do. Surely, He knows best the secrets of the hearts.

وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيباً إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُو إِلَيْهِ مِن قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَندَاداً لِّيُضِلَّ عَن سَبِيلِهِ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلاً إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ (8)

ترجمہ: اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے رب کو اسی کی طرف رجوع کرتے ہوئے پکارتا ہے، پھر جب (اللہ) اُسے اپنی جانب سے کوئی نعمت بخش دیتا ہے تو وہ اُس (تکلیف) کو بھول جاتا ہے جس کے لیے وہ پہلے دعا کیا کرتا تھا اور (پھر) اللہ کے لیے (بتوں کو) شریک ٹھہرانے لگتا ہے تاکہ (دوسرے لوگوں کو بھی) اس کی راہ سے بھٹکا دے، فرما دیجیے: (اے کافر!) تو اپنے کُفر کے ساتھ تھوڑا سا (ظاہری) فائدہ اٹھالے، تو بے شک دوزخیوں میں سے ہےo

And when some suffering afflicts man, he turns to his Lord and cries out. Then when (Allah) grants him some blessing from Himself, he forgets that (suffering) which he used to beseech relief from. And (then) he sets up (idols) as partners with Allah to make (others also) lose His way. Say: '(O disbeliever,) profit a little (worldly gain) from your disbelief; you are certainlyof the inmates of Hell.

قُلِ اللَّهَ أَعْبُدُ مُخْلِصاً لَّهُ دِينِي (14)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں صرف اللہ کی عبادت کرتا ہوں، اپنے دین کو اسی کے لیے خالص رکھتے ہوئےo

Say: 'I worship Allah alone making obedience purely for Him.

لَهُم مِّن فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِن تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ذَلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ عِبَادَهُ يَا عِبَادِ فَاتَّقُونِ (16)

ترجمہ: ان کے لیے اُن کے اوپر (بھی) آگ کے بادل (سائبان بنے) ہوں گے اور ان کے نیچے بھی آگ کے فرش ہوں گے، یہ وہ (عذاب) ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، اے میرے بندو! بس مجھ سے ڈرتے رہوo

For them there will be clouds of fire (as covers) over them and pavements of fire beneath them too. This is (the torment) with which Allah warns His servants.' O My servants! Always fear Me.

لَـكِنِ الَّـذِيـنَ اتَّـقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّن فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَعْدَ اللَّهِ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيعَادَ (20)

ترجمہ: لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے (جنت میں) بلند محلات ہوں گے جن کے اوپر (بھی) بالا خانے بنائے گئے ہوں گے، اُن کے نیچے سے نہریں رواں ہوں گی۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے، اللہ وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتاo

But for those who fear their Lord are lofty palaces (in Paradise) with lofty mansions built over and rivers flowing beneath. This is Allah's promise. Allah does not go against His promise.

أَلَـمْ تَـرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعاً مُّخْتَلِفاً أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرّاً ثُمَّ يَجْعَلُهُ حُطَاماً إِنَّ فِي ذَلِكَ لَذِكْرَى لِأُوْلِي الْأَلْبَابِ (21)

ترجمہ: (اے انسان!) کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا، پھر زمین میں اس کے چشمے رواں کیے، پھر اس کے ذریعے کھیتی پیدا کرتا ہے جس کے رنگ جداگانہ ہوتے ہیں، پھر وہ (تیار ہو کر) خشک ہو جاتی ہے، پھر (پکنے کے بعد) تو اسے زرد دیکھتا ہے، پھر وہ اسے چورا چورا کر دیتا ہے، بے شک اس میں عقل والوں کے لیے نصیحت ہےo

(O man!) Have you not seen that Allah showered water from the sky, then made

it sprout from the earth as water springs? Then He brings forth with it crops of various colours. Then (growing fully) it dries up. Then, (ripening,) you see it turns yellow. Then He reduces it to broken straw. Surely, there is advice in it for the wise.

أَفَمَن شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلَى نُورٍ مِّن رَّبِّهِ فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُم مِّن ذِكْرِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ **(22)**

ترجمہ: بھلا اللہ نے جس شخص کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیا ہو تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر (فائز) ہو جاتا ہے، (اس کے برعکس) پس اُن لوگوں کے لیے ہلاکت ہے جن کے دل اللہ کے ذکر (کے فیض) سے (محروم ہو کر) سخت ہو گئے، یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں o

Well! He whose breast Allah has opened for Islam is (stationed) in the light from his Lord. (But on the contrary) those whose hearts are hardened for (being deprived of the bounty of) Allah's remembrance are destined to ruin. It is they who are in open error.

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَاباً مُّتَشَابِهاً مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ ذَلِكَ هُدَى اللَّهِ يَهْدِي بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ **(23)**

ترجمہ: اللہ ہی نے بہترین کلام نازل فرمایا ہے، جو ایک کتاب ہے جس کی باتیں (نظم اور معانی میں) ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں (جس کی آیتیں) بار بار دہرائی گئی ہیں، جس سے اُن لوگوں کے جسموں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر اُن کی جلدیں اور دل نرم ہو جاتے ہیں (اور رِقّت کے ساتھ) اللہ کے ذکر کی طرف (محو ہو جاتے ہیں)۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ جسے چاہتا ہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے۔ اور اللہ جسے گمراہ کر دیتا (یعنی گمراہ چھوڑ دیتا) ہے تو اُس کے لیے کوئی ہادی نہیں ہوتا o

Allah is the One Who has sent down the best Word. That is a Book whose contents are in harmony with one another (in format and meaning) and (whose Verses) are repeated frequently. It sends a hair-raising shudder in the bodies of those who fear their Lord. Then their skins and hearts get softened, and they get (absorbed) into the remembrance of Allah (in a weeping mood). It is guidance from Allah and He guides with it whom He wills. And he whom Allah holds misguided (i.e., leaves astray) has no one to guide him.

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلاً رَّجُلاً فِيهِ شُرَكَاء مُتَشَاكِسُونَ وَرَجُلاً سَلَماً لِّرَجُلٍ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلاً الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(29)**

ترجمہ: اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی ہے ایسے (غلام) شخص کی جس کی ملکیت میں کئی ایسے لوگ شریک ہوں جو بداخلاق بھی ہوں اور باہم جھگڑالو بھی۔ اور (دوسری طرف) ایک ایسا شخص ہو جو صرف ایک ہی فرد کا غلام ہو، کیا یہ دونوں (اپنے) حالات کے لحاظ سے یکساں ہو سکتے ہیں؟ (ہرگز نہیں) ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر لوگ (حقیقتِ توحید کو) نہیں جانتے o

Allah has given an example of such a (slave) person that is owned by many partners who are ill-mannered and mutually quarrelsome as well. And (on the other side) there is a person who is a slave only to one master. Can they both be alike? (Not at all!) All praise belongs to Allah alone. But most of them do not know (the truth of the Oneness of Allah).

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَبَ عَلَى اللَّهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ إِذْ جَاءَهُ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكَافِرِينَ (32)

ترجمہ: سواس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور سچ کو جھٹلائے جبکہ وہ اس کے پاس آ چکا ہو، کیا کافروں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہےo

So who is more unjust than he who invents lies against Allah and denies the truth when it comes to him? Is the abode for disbelievers not in Hell?

أَلَيْسَ اللَّهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ وَيُخَوِّفُونَكَ بِالَّذِينَ مِن دُونِهِ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ (36)

ترجمہ: کیا اللہ اپنے بندۂ (مقرّب نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو کافی نہیں ہے؟ اور یہ (کفّار) آپ کو اللہ کے سوا اُن بتوں سے (جن کی یہ پوجا کرتے ہیں) ڈراتے ہیں، اور جسے اللہ (اس کے قبولِ حق سے اِنکار کے باعث) گمراہ ٹھہرا دے تو اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیںo

Is Allah not enough for His (most intimate) servant (the Esteemed Prophet [blessings and peace be upon him])? And these (disbelievers) frighten you, apart from Allah, with the idols (which they worship). And there is no one to guide him whom Allah holds astray (owing to his denial of the truth).

وَمَن يَهْدِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن مُّضِلٍّ أَلَيْسَ اللَّهُ بِعَزِيزٍ ذِي انتِقَامٍ (37)

ترجمہ: اور جسے اللہ ہدایت سے نواز دے تو اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔ کیا اللہ بڑا غالب، انتقام لینے والا نہیں ہےo

And he whom Allah blesses with guidance, there is none to misguide him. Is Allah not Almighty, the Lord of Vengeance?

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلْ أَفَرَأَيْتُم مَّا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ إِنْ أَرَادَنِيَ اللَّهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كَاشِفَاتُ ضُرِّهِ أَوْ أَرَادَنِي بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكَاتُ رَحْمَتِهِ قُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ (38)

ترجمہ: اور اگر آپ اُن سے دریافت فرمائیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور کہیں گے: اللہ نے، آپ فرما دیجیے: بھلا یہ بتاؤ کہ جن بتوں کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا وہ (بُت) اس کی (بھیجی ہوئی) تکلیف کو دُور کر سکتے ہیں یا وہ مجھے رحمت سے نوازنا چاہے تو کیا وہ (بُت) اس کی (بھیجی ہوئی) رحمت کو روک سکتے ہیں، فرما دیجیے: مجھے اللہ کافی ہے، اسی پر توکل کرنے والے بھروسہ کرتے ہیںo

And if you ask them: 'Who has created the heavens and the earth?' they will certainly say: 'Allah.' Say: 'Well, speak up, can the idols that you worship besides Allah remove the suffering which Allah may intend to inflict upon me, or if Allah intends to grant me mercy, can they (the idols) stop that mercy (sent by Him)?' Say: 'Allah is Sufficient for me. The trusting ones put their trust in

Him alone.'

اللَّـهُ يَتَوَفَّى الْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا وَالَّتِي لَمْ تَمُتْ فِي مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِي قَضَى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْأُخْرَى إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (42)

ترجمہ: اللہ جانوں کو اُن کی موت کے وقت قبض کر لیتا ہے اور اُن (جانوں) کو جنہیں موت نہیں آئی ہے اُن کی نیند کی حالت میں، پھر اُن کو روک لیتا ہے جن پر موت کا حکم صادر ہو چکا ہو اور دوسری (جانوں) کو مقرّرہ وقت تک چھوڑے رکھتا ہے۔ بے شک اس میں اُن لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیںo

Allah takes away souls at the time of their death and those whose death has not yet arrived during their sleep. Then He withholds those souls whose death He has ordained and sets other (souls) free till an appointed time. Surely, in it are signs for those who contemplate.

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ شُفَعَاءَ قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْئًا وَلَا يَعْقِلُونَ (43)

ترجمہ: کیا انہوں نے اللہ کے اِذن کے خلاف (بتوں کو) سفارشی بنا رکھا ہے؟ فرما دیجیے: اگرچہ وہ کسی چیز کے مالک بھی نہ ہوں اور ذی عقل بھی نہ ہوںo

Have they taken (idols as) intercessors against Allah's leave? Say: 'Even though they do not own anything, nor do they have any reason?'

قُل لِّلَّهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيعًا لَّهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (44)

ترجمہ: فرما دیجیے: سب شفاعت (کا اِذن) اللہ ہی کے اختیار میں ہے (جو اس نے اپنے مقرّبین کے لیے مخصوص کر رکھا ہے)، آسمانوں اور زمین کی سلطنت بھی اسی کی ہے، پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Say: '(The leave for) all intercession rests with Allah alone (which He has specified for His intimate servants). The sovereignty of the heavens and the earth also belongs to Him alone. Then to Him you will be returned.'

وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِن دُونِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ (45)

ترجمہ: اور جب تنہا اللہ ہی کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن لوگوں کے دل گھٹن اور کراہت کا شکار ہو جاتے ہیں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے، اور جب اللہ کے سوا اُن بتوں کا ذکر کیا جاتا ہے (جنہیں وہ پوجتے ہیں) تو وہ اچانک خوش ہو جاتے ہیںo

And when Allah alone is mentioned, the hearts of those who do not believe in the Hereafter constrict and recoil with disgust, and when the idols (that they worship) are mentioned apart from Allah, they rejoice all of a sudden.

قُلِ اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (46)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے: اے اللہ! آسمانوں اور زمین کو عدم سے وجود میں لانے والے! غیب اور ظاہر کا علم رکھنے والے! تو ہی اپنے بندوں کے درمیان اُن (امور) کا فیصلہ فرمائے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھےo

Say: 'O Allah! Originator of the heavens and the earth! Knower of the unseen and the seen! You alone will judge between Your servants those

(matters) wherein they used to disagree.'

فَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَى عِلْمٍ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(49)**

ترجمہ: پھر جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اسے اپنی طرف سے کوئی نعمت بخش دیتے ہیں تو کہنے لگتا ہے کہ یہ نعمت تو مجھے (میرے) علم و تدبیر (کی بنا) پر ملی ہے، بلکہ یہ آزمائش ہے مگر ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتےo

When some suffering touches man, he cries to Us. But when We grant him some favour from Us, he starts saying: 'This favour has come to me on (the basis of my own) knowledge and planning.' In fact, it is a trial, but most of them do not know.

قَدْ قَالَهَا الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ **(50)**

ترجمہ: یہ بات ان سے پہلے (بھی) بہت سے لوگ کہہ چکے ہیں پھر ان کے کچھ کام نہ آئی جو کچھ وہ کماتے رہےo

Indeed, those before them had said the same (words), but what they had earned did not avail them.

فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ هَٰؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَمَا هُم بِمُعْجِزِينَ **(51)**

ترجمہ: تو انہیں وہ برائیاں آ پہنچیں جو انہوں نے کما رکھی تھیں، اور اُن لوگوں میں سے جو ظلم کر رہے ہیں انہیں (بھی) عنقریب وہ برائیاں آ پہنچیں گی جو انہوں نے کما رکھی ہیں، اور وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتےo

And the evil deeds which they had done fell upon them, and those of them who are engaged in doing wrongs, their evil works that they have earned will (also) catch up with them soon and they cannot prevent (Allah).

أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ **(52)**

ترجمہ: اور کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے، بے شک اس میں ایمان رکھنے والوں کے لیے نشانیاں ہیںo

And do they not know that Allah gives abundantly to whom He wills and sparingly (to whom He wills)? Surely, in that are signs for those who (truly) believe.

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ **(53)**

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کر لی ہے! تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا، بے شک اللہ سارے گناہ معاف فرما دیتا ہے، وہ یقیناً بڑا بخشنے والا، بہت رحم فرمانے والا ہےo

Say: 'O servants of Mine who have wronged their souls, do not lose hope of Allah's mercy. Assuredly, Allah forgives all sins (and excesses). He is certainly Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَأَنِيبُوا إِلَىٰ رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ **(54)**

ترجمہ: اور تم اپنے رب کی طرف توبہ و انابت اختیار کرو اور اس کے اطاعت گزار بن جاؤ قبل اِس کے کہ تم پر عذاب آ جائے پھر تمہاری کوئی مدد نہیں کی جائے گیo

And turn to your Lord in repentance and total submission and become

thoroughly obedient to Him before the torment comes upon you. Then you will not be helped at all.

أَن تَقُولَ نَفْسٌ يَا حَسْرَتَى عَلَى مَا فَرَّطتُ فِى جَنبِ اللَّهِ وَإِن كُنتُ لَمِنَ السَّاخِرِينَ (56)

ترجمہ: (ایسا نہ ہو) کہ کوئی شخص کہنے لگے: ہائے افسوس! اس کمی اور کوتاہی پر جو میں نے اللہ کے حق (طاعت) میں کی اور میں یقیناً مذاق اڑانے والوں میں سے تھا○

(Lest) someone should say: 'Alas! Woe to me for my lapse and neglect of my duty (of obedience) to Allah and I was certainly of those who mocked.'

أَوْ تَقُولَ لَوْ أَنَّ اللَّهَ هَدَانِى لَكُنتُ مِنَ الْمُتَّقِينَ (57)

ترجمہ: یا کہنے لگے کہ اگر اللہ مجھے ہدایت دیتا تو میں ضرور پرہیزگاروں میں سے ہوتا○

Or should say: 'If Allah had given me guidance, I would certainly have been of the righteous.'

بَلَى قَدْ جَاءتْكَ آيَاتِى فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنتَ مِنَ الْكَافِرِينَ (59)

ترجمہ: (رب فرمائے گا:) ہاں، بے شک میری آیتیں تیرے پاس آئی تھیں، سو تُو نے انہیں جھٹلا دیا، اور تُو نے تکبّر کیا اور تُو کافروں میں سے ہو گیا○

(The Lord will say:) 'Yes, no doubt, My Revelations came to you. So you rejected them and showed arrogance and became one of the disbelievers.'

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُواْ عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُم مُّسْوَدَّةٌ أَلَيْسَ فِى جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِينَ (60)

ترجمہ: اور آپ قیامت کے دن اُن لوگوں کو جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ہے دیکھیں گے کہ اُن کے چہرے سیاہ ہوں گے، کیا تکبّر کرنے والوں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟○

And on the Day of Resurrection, you will see those who have fabricated a lie against Allah that their faces are darkened. Is the abode of the arrogant not in Hell?

اللَّهُ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَىْءٍ وَكِيلٌ (62)

ترجمہ: اللہ ہر چیز کا خالق ہے اور وہ ہر چیز پر نگہبان ہے○

Allah is the Creator of everything and He is Ever-Watchful over everything.

لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (63)

ترجمہ: اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کُنجیاں ہیں، اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کے ساتھ کفر کیا وہی لوگ ہی خسارہ اٹھانے والے ہیں○

To Him alone belong the keys of the heavens and the earth, and those who disbelieve in the Revelations of Allah, it is they who are the losers.

بَلِ اللَّهَ فَاعْبُدْ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ (66)

ترجمہ: بلکہ تُو اللہ کی عبادت کر اور شکر گزاروں میں سے ہو جا○

So, worship Allah and be amongst the thankful.

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْأَرْضُ جَمِيْعاً قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (67)

ترجمہ: اورانہوں نے اللہ کی قدر وتعظیم نہیں کی جیسے اُس کی قدر وتعظیم کا حق تھا اور ساری کی ساری زمین قیامت کے دن اُس کی مٹھی میں ہوگی اور سارے آسمانی کرّے اُس کے دائیں ہاتھ (یعنی قبضۂ قدرت) میں لپٹے ہوئے ہوں گے، وہ پاک ہے اور ہر اس چیز سے بلند و برتر ہے جسے یہ لوگ شریک ٹھہراتے ہیںo

And they did not realize true appreciation and veneration of Allah's Glory as was due. And the whole earth will be in His grip on the Day of Resurrection, and all the heavenly spheres will be rolled up in His right hand (i.e., firm hold of His Might). Holy is He and High and Exalted above all that they associate with Him.

وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتَابُ وَجِيْءَ بِالنَّبِيِّيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (69)

ترجمہ: اورزمین (محشر) اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور (ہر ایک کے اعمال کی) کتاب رکھ دی جائے گی اور انبیاء کو اور گواہوں کو لایا جائے گا اور لوگوں کے درمیان حق وانصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گاo

And the earth (on the Day of Judgment) will be illumined with the Light of its Lord, and the Book (of everyone's deeds) will be laid down. And the Prophets and the witnesses will be brought, and judgment will be given between the people with truth and justice. And they will not be done any wrong.

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاءُ فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِيْنَ (74)

ترجمہ: اوروہ (جنتی) کہیں گے: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اور ہمیں سرزمینِ جنت کا وارث بنا دیا کہ ہم (اِس) جنّت میں جہاں چاہیں قیام کریں، سو نیک عمل کرنے والوں کا کیسا اچھا اجر ہےo

And they (the residents of Paradise) will say: 'All praise belongs to Allah alone, Who has fulfilled His promise to us, and has made us inheritors of the land of Paradise that we may reside in (this) Paradise wherever we desire.' So how excellent is the reward of those who do righteous acts!

وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّيْنَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (75)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) آپ فرشتوں کو عرش کے اردگرد حلقہ باندھے ہوئے دیکھیں گے جو اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہوں گے، اور (سب) لوگوں کے درمیان حق وانصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ کُل حمد اللہ ہی کے لائق ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہےo

And, (O Beloved,) you will see the angels all around the Throne in circles glorifying the Lord with His praise, and the judgment will be given amongst (all) the people with truth and justice and it will be announced: 'All praise

belongs to Allah alone, the Sustainer of all the worlds.'

سورۃ مومن:

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ **(2)**

ترجمہ: اِس کتاب کا اتارا جانا اللہ کی طرف سے ہے جو غالب ہے، خوب جاننے والا ہے o

The revelation of this Book is from Allah, the Almighty, All-Knowing,

غَافِرِ الذَّنبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ **(3)**

ترجمہ: گناہ بخشنے والا (ہے) اور توبہ قبول فرمانے والا (ہے)، سخت عذاب دینے والا (ہے)، بڑا صاحبِ کرم ہے۔ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کی طرف (سب کو) لوٹنا ہے o

The Forgiver of sin, the Acceptor of repentance, the Severe in tormenting, the Lord of bounty; there is no God but He; towards Him (all) are to return.

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ **(4)**

ترجمہ: اللہ کی آیتوں میں کوئی جھگڑا نہیں کرتا سوائے اُن لوگوں کے جنہوں نے کفر کیا، سو اُن کا شہروں میں (آزادی سے) گھومنا پھرنا تمہیں مغالطہ میں نہ ڈال دے o

No one disputes about the Revelations of Allah except those who do not believe. So let not their moving about (freely) in the cities delude you.

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِن بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ **(5)**

ترجمہ: اِن سے پہلے قومِ نوح نے اور اُن کے بعد (اور) بہت سی امتّوں نے (اپنے رسولوں کو) جھٹلایا اور ہر امّت نے اپنے رسول کے بارے میں ارادہ کیا کہ اسے پکڑ (کر قتل کر دیں یا قید کر) لیں اور بے بنیاد باتوں کے ذریعے جھگڑا کیا تاکہ اس (جھگڑے) کے ذریعے حق (کا اثر) زائل کر دیں سو میں نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا، پس (میرا) عذاب کیسا تھا؟ o

Before them the people of Nuh (Noah) and after them many (other) communities rejected (their Messengers). And every people intended to seize its Messenger (to assassinate or imprison him), and raised dispute through baseless issues to dilute (the influence of) the truth by means of that (dispute). So I seized them (in torment). So how was (My) torment!

وَكَذَلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ **(6)**

ترجمہ: اور اسی طرح آپ کے رب کا فرمان اُن لوگوں پر پورا ہو کر رہا جنہوں نے کفر کیا تھا بے شک وہ لوگ دوزخ والے ہیں o

That is how the judgment of your Lord was fulfilled against those who disbelieved. Surely, they are the inmates of Hell.

الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَعِلْماً فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ **(7)**

ترجمہ: جو (فرشتے) عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُس کے اِرد گرد ہیں وہ (سب) اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور اہلِ ایمان کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں (یہ عرض کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب! تو (اپنی) رحمت اور علم سے ہر شے کا احاطہ فرمائے ہوئے ہے، پس اُن لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیرے راستہ کی پیروی کی اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالے o

The angels who are bearing the Throne and those who are around it, (all) glorify their Lord with His praise and believe in Him and pray for forgiveness of the believers (and submit): 'O our Lord, You encompass everything in (Your) mercy and knowledge. So forgive those who turn to You in repentance and follow Your path and protect them from the tormen of Hell.

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدتَّهُم وَمَن صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (8)

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور انہیں (ہمیشہ رہنے کے لیے) جنّاتِ عدن میں داخل فرما، جن کا تُو نے اُن سے وعدہ فرما رکھا ہے اور اُن کے آباء واجداد سے اور اُن کی بیویوں سے اور اُن کی اولاد و ذرّیت سے جو نیک ہوں (انہیں بھی اُن کے ساتھ داخل فرما)، بے شک تو ہی غالب، بڑی حکمت والا ہے o

O our Lord! And admit them to the Gardens of Eden (for eternal living) You have promised them. And (also admit with them) the pious ones of their fathers and their wives and their children. Surely, You are Almighty, Most Wise.

وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ وَمَن تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ وَذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (9)

ترجمہ: اور اُن کو برائیوں (کی سزا) سے بچالے، اور جسے تو نے اُس دن برائیوں (کی سزا) سے بچالیا سو بے شک تو نے اُس پر رحم فرمایا، اور یہی تو عظیم کامیابی ہے o

And save them from (the punishment of) sins. And the one You have saved from (the punishment of) sins that Day, You have indeed shown him great mercy. And that is great success indeed.'

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللَّهِ أَكْبَرُ مِن مَّقْتِكُمْ أَنفُسَكُمْ إِذْ تُدْعَوْنَ إِلَى الْإِيمَانِ فَتَكْفُرُونَ (10)

ترجمہ: بے شک جنہوں نے کفر کیا انہیں پکار کر کہا جائے گا: (آج) تم سے اللہ کی بیزاری، تمہاری جانوں سے تمہاری اپنی بیزاری سے زیادہ بڑھی ہوئی ہے، جبکہ تم ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے مگر تم انکار کرتے تھے o

Surely, the disbelievers will be called out and addressed: '(Today) Allah's displeasure with you is greater than your own disgust for yourselves whilst you used to deny when called to believe.'

قَالُوا رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوبِنَا فَهَلْ إِلَى خُرُوجٍ مِّن سَبِيلٍ (11)

ترجمہ: وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! تو نے ہمیں دو بار موت دی اور تو نے ہمیں دو بار (ہی) زندگی بخشی، سو (اب) ہم اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں، پس کیا (عذاب سے بچ) نکلنے کی طرف کوئی راستہ ہے o

They will say: 'O our Lord, You have caused us to die twice and You have (also) given us life twice. (Now) we confess our sins. So is there any way out (to escape from this chastisement)?'

ذَٰلِكُم بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ وَإِن يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ **(12)**

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا: نہیں) یہ (دائمی عذاب) اس وجہ سے ہے کہ جب اللہ کو تنہا پکارا جاتا تھا تو تم انکار کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ (کسی کو) شریک ٹھہرایا جاتا تو تم مان جاتے تھے، پس (اب) اللہ ہی کا حکم ہے جو (سب سے) بلند و بالا ہےo

(It will be said to them: 'No,) this (eternal punishment) is because, when Allah alone was called upon, you used to deny, but when (something) was associated with Him, you used to believe. So (now) the command is Allah's alone, Who is Most High, Supreme.'

هُوَ الَّذِي يُرِيكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ رِزْقًا وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَن يُنِيبُ **(13)**

ترجمہ: وہی ہے جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تمہارے لیے آسمان سے رزق اتارتا ہے، اور نصیحت صرف وہی قبول کرتا ہے جو رجوع (الی اللہ) میں رہتا ہےo

He is the One Who shows you His signs and sends down sustenance for you from the heaven. And only he who remains inclined (to Allah alone) accepts advice.

فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ **(14)**

ترجمہ: پس تم اللہ کی عبادت اس کے لیے طاعت و بندگی کو خالص رکھتے ہوئے کیا کرو، اگرچہ کافروں کو ناگوار ہی ہوo

So worship Allah for His own sake in sincere obedience and true devotion, even though the disbelievers may despise it.

رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ لِيُنذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ **(15)**

ترجمہ: درجات بلند کرنے والا، مالکِ عرش، اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے روح (یعنی وحی) اپنے حکم سے القا فرماتا ہے تاکہ وہ (لوگوں کو) اکٹھا ہونے والے دن سے ڈرائےo

The Exalter of Ranks and the Owner of the Mighty Throne, He sends His Spirit (i.e., Revelation) upon whomever of His servants He wills by His command, so that He warns them (people) of the Day of Assembly,

يَوْمَ هُم بَارِزُونَ لَا يَخْفَىٰ عَلَى اللَّهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۚ لِّمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ **(16)**

ترجمہ: جس دن وہ سب (قبروں سے) نکل پڑیں گے اور ان (کے اعمال) سے کچھ بھی اللہ پر پوشیدہ نہ رہے گا، (ارشاد ہوگا:) آج کس کی بادشاہی ہے؟ (پھر ارشاد ہوگا:) اللہ ہی کی جو یکتا ہے سب پر غالب ہےo

The Day when they all will come forth (from the graves), and nothing of their (deeds) will remain hidden from Allah, (He will say:) 'Whose is the Kingdom this Day?' (It will be further added:) 'It belongs to Allah, the One, the Most Dominant.'

الْيَوْمَ تُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ (17)

ترجمہ: آج کے دن ہر جان کو اس کی کمائی کا بدلہ دیا جائے گا، آج کوئی ناانصافی نہ ہوگی، بے شک اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہےo

Today every soul will be rewarded for what it has earned. There will be no injustice Today. Surely, Allah is Swift in taking an account.

يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ (19)

ترجمہ: وہ خیانت کرنے والی نگاہوں کو جانتا ہے اور (ان باتوں کو بھی) جو سینے (اپنے اندر) چھپائے رکھتے ہیںo

He knows the treacherous eyes, and also those secrets which the breasts hide (inside them).

وَاللَّهُ يَقْضِي بِالْحَقِّ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ لَا يَقْضُونَ بِشَيْءٍ إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (20)

ترجمہ: اور اللہ حق کے ساتھ فیصلہ فرماتا ہے، اور جن (بتوں) کو یہ لوگ اللہ کے سوا پوجتے ہیں وہ کچھ بھی فیصلہ نہیں کر سکتے، بے شک اللہ ہی سننے والا، دیکھنے والا ہےo

And Allah judges with truth, and (the idols) they worship other than Allah can judge nothing at all. Surely, Allah is the One Who is All-Hearing, All-Seeing.

أَوَ لَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ كَانُوا مِن قَبْلِهِمْ كَانُوا هُمْ أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَآثَاراً فِي الْأَرْضِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ وَمَا كَانَ لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن وَاقٍ (21)

ترجمہ: اور کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ دیکھ لیتے ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے، وہ لوگ قوّت میں (بھی) اِن سے بہت زیادہ تھے اور اُن آثار و نشانات میں (بھی) جو زمین میں (چھوڑ گئے) تھے۔ پھر اللہ نے ان کے گناہوں کی وجہ سے انہیں پکڑ لیا، اور ان کے لیے اللہ (کے عذاب) سے بچانے والا کوئی نہ تھاo

And have they not travelled in the land so that they could see what was the end of those who were before them? They were far mightier in power than these and (also) greater in their remains and signs (which they left behind) in the earth. Then Allah seized them for their sins, and there was none to protect them from (the torment of) Allah.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَكَفَرُوا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ إِنَّهُ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ (22)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہوا کہ ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے پھر انہوں نے کفر کیا تو اللہ نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا، بے شک وہ بڑی قوت والا، سخت عذاب دینے والا ہےo

That was because their Messengers brought them open signs but they denied. So Allah seized them (in the torment). Surely, He is All-Powerful, Most Severe in punishing.

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ (55)

ترجمہ: پس آپ صبر کیجئے، بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے اور اپنی اُمت کے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے ☆ اور صبح و شام اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیا کیجئے o

☆ لِذَنبِکَ میں ''امت'' مضاف ہے جو کہ محذوف ہے، لہٰذا اس بناء پر یہاں وَاستَغفِر لِذَنبِکَ سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ امام نسفی، امام قرطبی اور علامہ شوکانی نے یہی معنی بیان کیا ہے۔ حوالہ جات ملاحظہ کریں: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) اَی لِذَنبِ اُمتِکَ یعنی اپنی امت کے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے۔ (نسفی، مدارک التنزیل وحقائق التاویل، 4:359)۔ (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: لِذَنبِ اُمتِکَ حذف المضاف واُقیم المضاف الیہ مقامہ۔'' وَاستَغفِر لِذَنبِکَ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ یہاں مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام کر دیا گیا۔'' (قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، 15:324)۔3۔ وَ قیل: لِذَنبِکَ لِذَنبِ اُمتِکَ فِی حَقِّکَ'' یہ بھی کہا گیا ہے کہ لِذَنبِکَ یعنی آپ اپنے حق میں امت سے سرزد ہونے والی خطاؤں کی بخشش طلب کیجئے۔'' (ابن حیان اندلسی، البحر المحیط، 7:471)۔4۔ (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: المراد ذنب امتک فھو علی حذف المضاف'' کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں اور یہ معنی مضاف کے محذوف ہونے کی بناء پر ہے۔'' (علامہ شوکانی، فتح القدیر، 4: 497)

So keep patience. Assuredly, the promise of Allah is true. And ask forgiveness for the sins of your Umma (Community),* and glorify your Lord with His praise in the evening and in the morning.

*** In 'li-dhanbi-ka' the co-related noun is Umma which is omitted. On this basis, therefore, the verse 'wa-staghfir li-dhanbi-ka' denotes the sins committed by Umma. The leading scholars, Imam al-Nasafi, Imam al-Qurtubi and al-Shawkani, have drawn the same meaning. For references, see the following:**

1. 'Wa-staghfir li-dhanbi-ka' means 'li-dhanbi Ummati-ka', that is, the sins of your Umma. (al-Nasafi in Madarik al-Tanzil wa Haqa'iq al-Ta'wil, 4:359.)

2. 'Wa-staghfir li-dhanbi-ka' means 'li-dhanbi Ummati-ka'. Hudhifa al-mudaf wa uqima al-mudaf il-ayh maqama-hu'. It is stated that 'wa-staghfir li-dhanbi-ka' implies the sins of Umma. The co-related noun has been omitted in the given phrase and is represented by the noun it is co-related to. (al-Qurtubi in al-Jami' li-Ahkam al-Qur'an, 15:324.)

3. 'Wa qila li-dhanbi Ummati-ka fi haqqi-ka'. This is also expositioned that li-dhanbi-ka means for the misdeeds committed by Umma pertaining to what is your due. (Ibn Hayyan al-Andalusi in Bahr al-Muhit, 7:471.)

4. 'Wa-staghfir li-dhanbi-ka' means 'dhanbi Ummati-ka, fa-huwa 'ala hadhfi al-mudaf'. It implies the sins of Umma and this interpretation is based on omission of the co-related noun. (al-Shawkani in Fath al-Qadir, 4:497.)

إِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ إِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُم بِبَالِغِيْهِ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ **(56)**

ترجمہ: بے شک جولوگ اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو اُن کے پاس آئی ہو، ان کے سینوں میں سوائے غرور کے اور کچھ نہیں ہے وہ اُس (حقیقی برتری) تک پہنچنے والے ہی نہیں۔ پس آپ (ان کے شر سے) اللہ کی پناہ مانگتے رہیے، بے شک وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Surely, those who argue about the Revelations of Allah without any authority having come to them, there is nothing in their breasts except vain superiority; they will never be able to attain to that (true superiority). So keep seeking refuge with Allah (from their evil). Surely, He alone is All-Hearing, All-Seeing.

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ (60)

ترجمہ: اور تمہارے رب نے فرمایا ہے: تم لوگ مجھ سے دعا کیا کرو میں ضرور قبول کروں گا، بے شک جو لوگ میری بندگی سے سرکشی کرتے ہیں وہ عنقریب دوزخ میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گےo

And your Lord has said: 'Always pray to Me; I shall certainly grant your prayer. Surely, those who turn away from My worship in defiance will soon enter Hell disgraced.'

اللَّهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِراً إِنَّ اللَّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ (61)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تاکہ تم اس میں آرام پاؤ اور دن کو دیکھنے کے لیے روشن بنایا۔ بے شک اللہ لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتےo

Allah is the One Who has made the night for you to repose in and brightened the day to see; surely, Allah is Bountiful to mankind but most people do not give thanks.

ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَّا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ (62)

ترجمہ: یہی اللہ تمہارا رب ہے جو ہر چیز کا خالق ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر تم کہاں بھٹکتے پھرتے ہوo

That is Allah, your Lord, Who is the Creator of everything. There is no God apart from Him. So where are you wandering disorientated?

كَذَلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوا بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ (63)

ترجمہ: اسی طرح وہ لوگ بہکے پھرتے تھے جو اللہ کی آیتوں کا انکار کیا کرتے تھےo

Likewise, those who used to deny the Revelations of Allah were wandering distracted.

اللَّهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَاراً وَالسَّمَاءَ بِنَاءً وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَتَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ (64)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو قرارگاہ بنایا اور آسمان کو چھت بنایا اور تمہیں شکل وصورت بخشی پھر تمہاری صورتوں کو اچھا کیا اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے روزی بخشی، یہی اللہ تمہارا رب ہے۔ پس اللہ بڑی برکت والا ہے جو سب جہانوں کا رب ہےo

Allah is the One Who made the earth a dwelling place for you and the heaven a ceiling and gave you form and features and then perfected your shapes and granted you sustenance of pure things. Such is Allah, your Lord. So Blessed is Allah, the Lord of all the worlds.

هُوَ الْحَيُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّيْنَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (65)

ترجمہ: وہی زندہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس تم اس کی عبادت اُس کے لیے طاعت و بندگی کو خالص رکھتے ہوئے کیا کرو، تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو سب جہانوں کا پروردگار ہے o

He is the Ever-Living. There is no God but He. So worship Him, making obedience and devotion sincerely His. All praise belongs to Allah alone, the Lord of all the worlds.

قُلْ إِنِّیْ نُهِيْتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَمَّا جَاءنِیَ الْبَيِّنَاتُ مِن رَّبِّیْ وَأُمِرْتُ أَنْ أُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ (66)

ترجمہ: فرما دیجیے: مجھے منع کیا گیا ہے کہ میں اُن کی پرستش کروں جن بتوں کی تم اللہ کو چھوڑ کر پرستش کرتے ہو جبکہ میرے پاس میرے رب کی جانب سے واضح نشانیاں آ چکی ہیں اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کی فرمانبرداری کروں o

Say: 'I have been forbidden to worship those idols that you worship apart from Allah, whereas manifest signs have come to me from my Lord, and I have been commanded to obey the Lord of all the worlds.'

هُوَ الَّذِیْ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ فَإِذَا قَضَى أَمْراً فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ (68)

ترجمہ: وہی ہے جو زندگی دیتا ہے اور موت دیتا ہے پھر جب وہ کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو صرف اسے فرما دیتا ہے: ہو جا۔ پس وہ ہو جاتا ہے o

He is the One Who gives life and causes death. Then when He decides upon a thing, He says to it only: 'Be,' so it becomes.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ يُجَادِلُونَ فِیْ آيَاتِ اللَّهِ أَنَّى يُصْرَفُونَ (69)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں، وہ کہاں بھٹکے جا رہے ہیں o

Have you not seen those who argue about the Revelations of Allah? Where are they straying?

الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (70)

ترجمہ: جن لوگوں نے کتاب کو (بھی) جھٹلا دیا اور ان (نشانیوں) کو (بھی) جن کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا تھا، تو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گے o

Those who have rejected the Book (as well as) the signs with which We sent Our Messengers, they will know (their end) soon,

إِذِ الْأَغْلَالُ فِیْ أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ (71)

ترجمہ: جب اُن کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی، وہ گھسیٹے جا رہے ہوں گے o

When they have iron collars round their necks and chains, and they will be

dragged away,

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ (77)

ترجمہ: پس آپ صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ سچّا ہے، پھر اگر ہم آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصّہ دکھا دیں جس کا ہم اُن سے وعدہ کر رہے ہیں یا ہم آپ کو (اس سے قبل) وفات دے دیں تو (دونوں صورتوں میں) وہ ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گےo

So keep patience. Surely, Allah's promise is true. Then whether We show you a portion of that (torment) which We have promised them, or make you depart from the visible life before that, (in both cases) they will be returned to Us.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ فَإِذَا جَاء أَمْرُ اللَّهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ (78)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسولوں کو بھیجا، ان میں سے بعض کا حال ہم نے آپ پر بیان فرما دیا اور ان میں سے بعض کا حال ہم نے (ابھی تک) آپ پر بیان نہیں فرمایا، اور کسی بھی رسول کے لیے یہ (ممکن) نہ تھا کہ وہ کوئی نشانی بھی اللہ کے اِذن کے بغیر لے آئے، پھر جب اللہ کا حکم آ پہنچا (اور) حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا تو اس وقت اہلِ باطل خسارے میں رہےo

And no doubt We sent many Messengers before you. We have given you an account of some of them whilst We have not (yet) narrated to you the annals of some others. And it was not possible for any Messenger to bring any sign without Allah's leave. Then when the command of Allah came (and) the judgment was given with truth and justice, the exponents of evil went into loss.

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَنْعَامَ لِتَرْكَبُوا مِنْهَا وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (79)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے چوپائے بنائے تاکہ تم اُن میں سے بعض پر سواری کرو اور اِن میں سے بعض کو تم کھاتے ہوo

Allah is the One Who has created cattle for you so that you may ride some of them and some of them you eat.

وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوا عَلَيْهَا حَاجَةً فِي صُدُورِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ (80)

ترجمہ: اور تمہارے لیے ان میں اور بھی فوائد ہیں اور تاکہ تم ان پر سوار ہو کر (مزید) اُس ضرورت (کی جگہ) تک پہنچ سکو جو تمہارے سینوں میں (متعین) ہے اور (یہ کہ) تم اُن پر اور کشتیوں پر سوار کیے جاتے ہوo

And in them are for you other benefits too. So you may ride them (further) to reach that desired (place) which is (determined) in your hearts, and (that) you are borne on them and the boats.

وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَأَيَّ آيَاتِ اللَّهِ تُنكِرُونَ (81)

ترجمہ: اور وہ تمہیں اپنی (بہت سے) نشانیاں دکھاتا ہے، سو تم اللہ کی کن کن نشانیوں کا انکار کرو گے o

And He shows you (many of) His signs. So which of Allah's signs will you deny?

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَشَدَّ قُوَّةً وَآثَاراً فِي الْأَرْضِ فَمَا أَغْنَى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ **(82)**

ترجمہ: سو کیا انہوں نے زمین میں سیر و سیاحت نہیں کی کہ وہ دیکھتے کہ اُن لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو اُن سے پہلے گزر گئے، وہ اِن لوگوں سے (تعداد میں بھی) بہت زیادہ تھے اور طاقت میں (بھی) سخت تر تھے اور نشانات کے لحاظ سے (بھی) جو (وہ) زمین میں چھوڑ گئے ہیں (کہیں بڑھ کر تھے) مگر جو کچھ وہ کمایا کرتے تھے اُن کے کسی کام نہ آیا o

So have they not travelled in the earth that they could see how they who passed before them met their fate? They were far greater (in number) than these people and mightier in power and (much more advanced) in respect of the remains and traces (as well) that (they) have left behind in the earth (as archeological sites). But whatever they used to earn brought them no benefit.

فَلَمَّا جَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرِحُوا بِمَا عِندَهُم مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ **(83)**

ترجمہ: پھر جب اُن کے پیغمبر اُن کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے تو اُن کے پاس جو (دنیاوی) علم و فن تھا وہ اس پر اِتراتے رہے اور (اسی حال میں) انہیں اُس (عذاب) نے آگھیرا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے o

So when their Messengers came to them with manifest signs, they kept rejoicing in the pride of (the worldly) knowledge and skill they possessed. And (in the same state) that torment which they used to mock engulfed them.

سورۃ حم السجدۃ:

تَنزِيلٌ مِّنَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ **(2)**

ترجمہ: نہایت مہربان بہت رحم فرمانے والے (رب) کی جانب سے اتارا جانا ہے o

(It is) sent down from the Most Kind (Lord), the Ever-Merciful,

كِتَابٌ فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ **(3)**

ترجمہ: (اِس) کتاب کا جس کی آیات واضح طور پر بیان کر دی گئی ہیں علم و دانش رکھنے والی قوم کے لیے عربی (زبان میں) قرآن (ہے) o

A Book whose signs are expounded in detail, the Qur'an, in the Arabic (language) for a people who possess knowledge and wisdom,

بَشِيراً وَنَذِيراً فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ **(4)**

ترجمہ: خوشخبری سنانے والا ہے اور ڈر سنانے والا ہے، پھر ان میں سے اکثر لوگوں نے رُوگردانی کی سو وہ (اِسے) سنتے ہی نہیں

ہیںo

A Bearer of good news and a Warner. Then most of them turned away. So they do not listen (to it).

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ (6)

ترجمہ: فرما دیجیے: (اے کافرو!) بس میں (ظاہراً) آدمی ہونے میں تو تم ہی جیسا ہوں (پھر مجھ سے اور میری دعوت سے اس قدر کیوں گریزاں ہو؟) میری طرف یہ وحی بھیجی گئی ہے کہ تمہارا معبود فقط معبودِ یکتا ہی ہے! پس تم اسی کی طرف سیدھے متوجہ رہو اور اس سے مغفرت چاہو، اور مشرکوں کے لیے ہلاکت ہےo

Say: '(O disbelievers!) Well, being a human outwardly, I am like you. (Then why are you so averse to me and my call?) This Revelation has been sent down to me that your God is the One and only God, so be straight turned towards Him alone and seek forgiveness from Him.' And destruction awaits those who associate partners with Him,

قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَاداً ذَلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ (9)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا تم اس (اللہ) کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دِن (یعنی دو مدّتوں) میں پیدا فرمایا اور تم اُس کے لیے ہمسر ٹھہراتے ہو، وہی سارے جہانوں کا پروردگار ہےo

Say: 'Do you deny Him (Allah) Who created the earth in two days (i.e., two time-lengths) and set up peers with Him? He is the One Who is the Lord of all the worlds.'

وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاء لِّلسَّائِلِينَ (10)

ترجمہ: اور اُس کے اندر (سے) بھاری پہاڑ (نکال کر) اس کے اوپر رکھ دیے اور اس کے اندر (معدنیات، آبی ذخائر، قدرتی وسائل اور دیگر قوتوں کی) برکت رکھی، اور اس میں (جملہ مخلوق کے لیے) غذائیں (اور سامانِ معیشت) مقرر فرمائے (یہ سب کچھ اس نے) چار دنوں (یعنی چار ارتقائی زمانوں) میں مکمل کیا، (یہ سارا رِزق اصلاً) تمام طلب گاروں (اور حاجت مندوں) کے لیے برابر ہےo

And He placed over it heavy mountains (brought forth) from within it and treasured in it (His infinite) blessings (minerals, water reservoirs, natural resources and other substances and forces and energies) and provided and appointed in it sustenance (i.e., necessities of life for all the creatures. He) accomplished (all that) in four days (i.e., four evolutionary periods. All of this sustenance is in fact) equal for all seekers (and the needy).

ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاء وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعاً أَوْ كَرْهاً قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ (11)

ترجمہ: پھر وہ سماوی کائنات کی طرف متوجہ ہوا تو وہ (سب) دھواں تھا، سو اس نے اُسے (یعنی آسمانی کرّوں سے) اور زمین سے فرمایا: خواہ باہم کشش و رغبت سے یا گریزی و ناگواری سے (ہمارے نظام کے تابع) آ جاؤ، دونوں نے کہا: ہم خوشی سے حاضر

ہیںo

Then He turned towards the heavenly universe-that was (all) smoke. So He said to it (the heavenly spheres) and the earth: 'Get in (compliance with Our system) either under the influence of mutual attraction and coordination or under aversion and revulsion.' Both said: 'We submit with pleasure.'

فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَأَوْحَى فِيْ كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ وَحِفْظاً ذَلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ (12)

ترجمہ: پھر دو دِنوں (یعنی دو مرحلوں) میں سات آسمان بنا دیے اور ہر سماوی کائنات میں اس کا نظام ودیعت کر دیا اور آسمانِ دنیا کو ہم نے چراغوں (یعنی ستاروں اور سیّاروں) سے آراستہ کر دیا اور محفوظ بھی (تاکہ ایک کا نظام دوسرے میں مداخلت نہ کر سکے)، یہ زبردست غلبہ (وقوت) والے، بڑے علم والے (رب) کا مقرر کردہ نظام ہےo

Then He made seven heavens in two days (i.e., two phases), and endued every heavenly universe with its (built-in) system. And We adorned the lower heaven with lamps (i.e., stars and planets), and made it secure as well (so that the system of one may not interfere with the other). This is the system programmed by the Lord of Absolute Dominance (and Might), the All-Knowing (Lord).

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ (13)

ترجمہ: پھر اگر وہ رُوگردانی کریں تو آپ فرما دیں: میں تمہیں اُس خوفناک عذاب سے ڈراتا ہوں جو عاد اور ثمود کی ہلاکت کے مانند ہوگاo

Then if they turn away, say: 'I warn you of a terrible torment like the destruction of 'Ad and Thamud.'

إِذْ جَاءتْهُمُ الرُّسُلُ مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ قَالُوا لَوْ شَاءَ رَبُّنَا لَأَنزَلَ مَلَائِكَةً فَإِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ (14)

ترجمہ: جب اُن کے پاس اُن کے آگے اور اُن کے پیچھے (یا اُن سے پہلے اور ان کے بعد) پیغمبر آئے (اور کہا) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، تو وہ کہنے لگے: اگر ہمارا رب چاہتا تو فرشتوں کو اتار دیتا سو جو کچھ تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اس کے منکر ہیںo

When the Messengers came to them from their front and from their rear (or before them and after them and said:) 'Worship none but Allah,' they said: 'Had our Lord willed, He would have sent down angels. So we deny whatever you have been sent with.'

فَأَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ (15)

ترجمہ: پس جو قومِ عاد تھی سو انہوں نے زمین میں ناحق تکبر (و سرکشی) کی اور کہنے لگے: ہم سے بڑھ کر طاقتور کون ہے؟ اور کیا

انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس نے انہیں پیدا فرمایا ہے وہ اُن سے کہیں بڑھ کر طاقتور ہے، اور وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے o

As for the people of 'Ad, they were unrightfully arrogant (and rebellious) in the land and said: 'Who is greater in might than we are?' And have they not seen that Allah, Who has created them, is far mightier in power than they are? And they kept denying Our Revelations.

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحاً صَرْصَراً فِيْ أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَى وَهُمْ لَا يُنصَرُوْنَ **(16)**

ترجمہ: سو ہم نے اُن پر منحوس دنوں میں خوفناک تیز و تند آندھی بھیجی تاکہ ہم انہیں دنیوی زندگی میں ذِلت کے عذاب کا مزہ چکھائیں، اور آخرت کا عذاب تو سب سے زیادہ ذِلت انگیز ہوگا اور اُن کی کوئی مدد نہ کی جائے گی o

So We sent upon them an appalling and violent wind during ill-omened days to make them taste the torment of humiliation in the worldly life, and the torment of the Hereafter will be far more degrading. And they will not be helped at all.

وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَى عَلَى الْهُدَى فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ **(17)**

ترجمہ: اور جو قومِ ثمود تھی، سو ہم نے انہیں راہِ ہدایت دکھائی تو انہوں نے ہدایت کے مقابلہ میں اندھا رہنا ہی پسند کیا تو انہیں ذِلّت کے عذاب کی کڑک نے پکڑ لیا اُن اعمال کے بدلے جو وہ کمایا کرتے تھے o

And as for the people of Thamud, We showed them the path of guidance, but they preferred blindness to guidance. So a blast of humiliating devastation seized them for the deeds that they used to earn.

وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُوْنَ **(18)**

ترجمہ: اور ہم نے اُن لوگوں کو نجات بخشی جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے o

And We delivered those who believed and performed acts of piety (and self-protection).

وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدتُّمْ عَلَيْنَا قَالُوا أَنطَقَنَا اللَّهُ الَّذِيْ أَنطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ **(21)**

ترجمہ: پھر وہ لوگ اپنی کھالوں سے کہیں گے: تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی، وہ کہیں گی: ہمیں اُس اللہ نے گویائی عطا کی جو ہر چیز کو قوتِ گویائی دیتا ہے اور اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا فرمایا ہے اور تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے o

Then they will say to their skins: 'Why did you bear witness against us?' They will say: 'Allah, Who gives speech to everything, has enabled us to speak. And He is the One Who created you the first time, and you will be returned to Him alone.'

وَمَا كُنتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ وَلَكِن ظَنَنتُمْ أَنَّ اللَّهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيراً مِّمَّا تَعْمَلُونَ (22)

ترجمہ: تم تو (گناہ کرتے وقت) اس (خوف) سے بھی پردہ نہیں کرتے تھے کہ تمہارے کان تمہارے خلاف گواہی دے دیں گے اور نہ (یہ کہ) تمہاری آنکھیں اور نہ (یہ کہ) تمہاری کھالیں (ہی گواہی دے دیں گی) لیکن تم گمان کرتے تھے کہ اللہ تمہارے بہت سے کاموں کو جو تم کرتے ہو جانتا ہی نہیں ہےo

(Whilst committing the sin) you did not take any cover even against this (fear) that your ears would bear witness against you and (that) your eyes and (that) your skins (might even bear witness), but you imagined that even Allah did not know many of the deeds that you do.

وَذَلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنتُم بِرَبِّكُمْ أَرْدَاكُمْ فَأَصْبَحْتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ (23)

ترجمہ: اور تمہارا یہی گمان جو تم نے اپنے رب کے بارے میں قائم کیا، تمہیں ہلاک کر گیا سو تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئےo

And it is this notion that you developed about your Lord which ruined you. So you became of the losers.

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ (29)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے کہیں گے: اے ہمارے رب! ہمیں جنّات اور انسانوں میں سے وہ دونوں دِکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا ہے ہم انہیں اپنے قدموں کے نیچے (روند) ڈالیں تاکہ وہ سب سے زیادہ ذِلّت والوں میں ہو جائیںo

And those who disbelieved will say: 'O our Lord, show us those of the jinn and men who led us astray, so that we may (crush) them under our feet, and so that they may become of the most humiliated ones.'

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ (30)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے، پھر وہ (اِس پر مضبوطی سے) قائم ہو گئے، تو اُن پر فرشتے اترتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ تم خوف نہ کرو اور نہ غم کرو اور تم جنت کی خوشیاں مناؤ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھاo

Surely, those who say: 'Our Lord is Allah,' then stick to it (firmly), angels descend upon them (and say:) 'Do not fear or grieve, and rejoice in the Paradise that you were promised.

وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلاً مِّمَّن دَعَا إِلَى اللَّهِ وَعَمِلَ صَالِحاً وَقَالَ إِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ (33)

ترجمہ: اور اس شخص سے زیادہ خوش گفتار کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور کہے: بے شک میں (اللہ عزّ و جل اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) فرمانبرداروں میں سے ہوںo

And who can be more pleasing in speech than one who calls towards Allah and does pious work and says: 'Surely, I am of the obedient servants

(of Allah and the Holy Prophet)'?

وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (36)

ترجمہ: اور (اے بندۂ مومن!) اگر شیطان کی وسوسہ اندازی سے تمہیں کوئی وسوسہ آ جائے تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کر، بے شک وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

And, (O believing servant,) if an evil whisper of Satan stirs your mind, seek refuge with Allah; surely, He is All-Hearing, All-Knowing.

وَمِنْ آيَاتِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ (37)

ترجمہ: اور رات اور دن اور سورج اور چاند اُس کی نشانیوں میں سے ہیں، نہ سورج کو سجدہ کیا کرو اور نہ ہی چاند کو، اور سجدہ صرف اللہ کے لیے کیا کرو جس نے اِن (سب) کو پیدا فرمایا ہے اگر تم اسی کی بندگی کرتے ہوo

And of His signs are the night and the day and the sun and the moon. So prostrate yourselves neither before the sun nor before the moon. But fall down in prostration only before Allah, Who has created them (all), if He is the One Whom you worship.

فَإِنِ اسْتَكْبَرُوا فَالَّذِينَ عِندَ رَبِّكَ يُسَبِّحُونَ لَهُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْأَمُونَ) (38)

ترجمہ: پھر اگر وہ تکبّر کریں (تو آپ اُن کی پرواہ نہ کریں) پس جو فرشتے آپ کے رب کے حضور میں ہیں وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور وہ تھکتے (اور اکتاتے) ہی نہیں ہیںo

Then if they show arrogance (do not care for them). So the angels that are in the presence of your Lord glorify Him night and day, and never are they tired (and disgruntled).

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاء اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ إِنَّ الَّذِي أَحْيَاهَا لَمُحْيِي الْمَوْتَى إِنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (39)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ آپ (پہلے) زمین کو خشک (اور بے قدر) دیکھتے ہیں پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے اور نمو پانے لگتی ہے، بے شک وہ ذات جس نے اس (مردہ زمین) کو زندہ کیا ہے یقیناً وہی (روزِ قیامت) مُردوں کو زندہ فرمانے والا ہے۔ بے شک وہ ہر چیز پر خوب قادر ہےo

And of His signs is also that you (first) see the earth dry (and worthless), but when We rain water on it, it becomes green and fresh and brings forth vegetation. Surely, He Who has brought this (dead earth) to life again, certainly He is the One Who will give life to the dead (on the Day of Resurrection). Surely, He has Absolute Power over everything.

إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا أَفَمَن يُلْقَى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِي آمِناً يَوْمَ الْقِيَامَةِ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (40)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہماری آیتوں (کے معنی) میں صحیح راہ سے انحراف کرتے ہیں وہ ہم پر پوشیدہ نہیں ہیں، بھلا جو شخص آتشِ دوزخ میں جھونک دیا جائے (وہ) بہتر ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن (عذاب سے) محفوظ و مامون ہو کر آئے، تم جو چاہو کرو، بے شک جو کام تم کرتے ہو وہ خوب دیکھنے والا ہے o

Verily, those who turn away from the straight path with regard to (the meanings of) Our Verses are not hidden from Us. Then, is he who is thrown into the Fire of Hell better, or someone who comes safe and secure (from the torment) on the Day of Resurrection? Do as you wish. Surely, He sees all that you do.

لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ **(42)**

ترجمہ: باطل اِس (قرآن) کے پاس نہ اس کے سامنے سے آسکتا ہے اور نہ ہی اس کے پیچھے سے، (یہ) بڑی حکمت والے، بڑی حمد والے (رب) کی طرف سے اتارا ہوا ہے o

Falsehood can approach it (the Qur'an) neither from before nor from behind. (It) has been sent down by the Most Wise, the Most Praiseworthy (Lord).

مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ **(43)**

ترجمہ: (اے حبیب!) جو آپ سے کہی جاتی ہیں (یہ) وہی باتیں ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہی جا چکی ہیں، بے شک آپ کا رب ضرور معافی والا (بھی) ہے اور دردناک سزا دینے والا (بھی) ہے o

(O Beloved!) Whatever is said to you are the same words that have been said to the Messengers before you. Surely, your Lord is Most Forgiving and the Master of agonizing chastisement (as well).

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ **(45)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب عطا فرمائی تو اس میں (بھی) اختلاف کیا گیا، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے فرمان پہلے صادر نہ ہو چکا ہوتا تو اُن کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا اور بے شک وہ اس (قرآن) کے بارے میں (بھی) دھوکہ دینے والے شک میں (مبتلاء) ہیں o

And verily, We gave the Book to Musa (Moses), but disagreement was perpetrated in that (too). And had not a command already been given by your Lord, the matter would have been judged between them. And surely, they are (suffering from) a deceitful doubt about this (Qur'an as well).

مَنْ عَمِلَ صَالِحاً فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاء فَعَلَيْهَا وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ **(46)**

ترجمہ: جس نے نیک عمل کیا تو اُس نے اپنی ہی ذات کے (نفع کے) لیے (کیا) اور جس نے گناہ کیا سو (اُس کا وبال بھی) اسی کی جان پر ہے، اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے o

Whoever does pious work does it for (the benefit) of his own self, and whoever commits sin, its (resultant evil suffering) will fall back on him

alone. And your Lord is not at all unjust to His servants.

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ وَمَا تَخْرُجُ مِن ثَمَرَاتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَى وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ أَيْنَ شُرَكَائِي قَالُوا آذَنَّاكَ مَا مِنَّا مِن شَهِيدٍ (47)

ترجمہ: اسی (اللہ) کی طرف ہی وقتِ قیامت کے علم کا حوالہ دیا جاتا ہے، اور نہ پھل اپنے غلافوں سے نکلتے ہیں اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ وہ بچہ جنتی ہے مگر (یہ سب کچھ) اُس کے علم میں ہوتا ہے۔ اور جس دن وہ انہیں ندا فرمائے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں، (تو) وہ (مشرک) کہیں گے: ہم آپ سے عرض کیے دیتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی بھی (کسی کے آپ کے ساتھ شریک ہونے پر) گواہ نہیں ہےo

The knowledge of the Hour of Resurrection is referred to Him (Allah) alone. And no fruits come out of their sheath, nor does a female conceive or give birth to a child but (all this) is in His knowledge. And on the Day when He will call out to them: 'Where are My partners?' they (the polytheists) will say: 'We submit that none of us is a witness (to anyone being Your partner).'

وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِن بَعْدِ ضَرَّاء مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَذَا لِي وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَى رَبِّي إِنَّ لِي عِندَهُ لَلْحُسْنَى فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ (50)

ترجمہ: اور اگر ہم اسے اپنی جانب سے رحمت (کا مزہ) چکھا دیں اُس تکلیف کے بعد جو اُسے پہنچ چکی تھی تو وہ ضرور کہنے لگتا ہے کہ یہ تو میرا حق تھا اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت برپا ہونے والی ہے اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو بھی اس کے حضور میرے لیے یقیناً بھلائی ہوگی سو ہم ضرور کفر کرنے والوں کو اُن کاموں سے آگاہ کر دیں گے جو انہوں نے انجام دیے اور ہم انہیں ضرور سخت ترین عذاب (کا مزہ) چکھا دیں گےo

And if We give him a taste of mercy from Us after that misery which touched him, he surely starts saying: 'This is my privilege. And I do not think that the Last Hour will ever take place. And if at all I am returned to my Lord, even then there will surely be good fortune for me in His presence.' So We shall certainly inform the disbelievers of the deeds which they did, and We shall indeed make them taste the most severe torment.

وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَى بِجَانِبِهِ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاء عَرِيضٍ (51)

ترجمہ: اور جب ہم انسان پر انعام فرماتے ہیں تو وہ منہ پھیر لیتا ہے اور اپنا پہلو بچا کر ہم سے دور ہو جاتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی چوڑی دعا کرنے والا ہو جاتا ہےo

And when We bestow a favour upon man, he turns his face away and, keeping withdrawn, strides far from Us. And when distress touches him, he entreats with lengthy prayers.

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (53)

ترجمہ: ہم عنقریب انہیں اپنی نشانیاں اَطرافِ عالم میں اور خود اُن کی ذاتوں میں دِکھا دیں گے یہاں تک کہ اُن پر ظاہر ہو جائے گا

کہ وہی حق ہے۔ کیا آپ کا رب (آپ کی حقانیت کی تصدیق کے لیے) کافی نہیں ہے کہ وہی ہر چیز پر گواہ (بھی) ہےo

We will soon show them Our signs all around the world and in their own selves, until it dawns on them that indeed this is the truth. Is your Lord not Sufficient (to confirm your veracity), for He alone is (also) witness to everything?

أَلَا إِنَّهُمْ فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَاءِ رَبِّهِمْ أَلَا إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطٌ (54)

ترجمہ: جان لو کہ وہ لوگ اپنے رب کے حضور پیشی کی نسبت شک میں ہیں، خبردار! وہی (اپنے علم وقدرت سے) ہر چیز کا احاطہ فرمانے والا ہےo

Beware that they are in doubt about the meeting with their Lord. Beware! He is the One Who encompasses everything (with His Knowledge and Power).

سورۃ الشوریٰ:

كَذَٰلِكَ يُوحِي إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (3)

ترجمہ: اسی طرح آپ کی طرف اور اُن (رسولوں) کی طرف جو آپ سے پہلے ہوئے ہیں اللہ وحی بھیجتا رہا ہے جو غالب ہے بڑی حکمت والا ہےo

In like manner has Allah, Almighty, All-Wise, been sending His Revelations to you and to those (Messengers) who have passed before you.

لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ (4)

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اسی کا ہے، اور وہ بلند مرتبت، بڑا باعظمت ہےo

To Him belongs whatever is in the heavens and whatever is in the earth and He is Most High, Most Great.

تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِن فَوْقِهِنَّ وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَن فِي الْأَرْضِ أَلَا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (5)

ترجمہ: قریب ہے آسمانی کرّے اپنے اوپر کی جانب سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اُن لوگوں کے لیے جو زمین میں ہیں بخشش طلب کرتے رہتے ہیں۔ یاد رکھو! اللہ ہی بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

The heavenly spheres are nearly rent asunder from above them. And the angels keep glorifying their Lord with His praise, and begging for forgiveness for those on the earth. Remember! Allah alone is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ اللَّهُ حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ (6)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو دوست و کارساز بنا رکھا ہے اللہ اُن (کے حالات) پر خوب نگہبان ہے اور آپ ان (کافروں) کے ذمّہ دار نہیں ہیںo

And those who have taken idols instead of Allah as their protectors and

guardians, Allah is Ever-Watchful over their (affairs). And you are not responsible for them (the disbelievers).

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَكِن يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ (8)

ترجمہ: اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سب کو ایک ہی امّت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل فرماتا ہے، اور ظالموں کے لیے نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار o

And had Allah so willed, He would have made all of them a single community. But He admits to His mercy whom He likes. And for the wrongdoers there will be no protector or guardian.

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء فَاللَّهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِي الْمَوْتَى وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (9)

ترجمہ: کیا انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو اولیاء بنا لیا ہے، پس اللہ ہی ولی ہے (اسی کے دوست ہی اولیاء ہیں)، اور وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہی ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

Have they taken idols as their guardians instead of Allah? So Allah alone is the Guardian. (And only His friends are Awliya'.) And He alone gives life to the dead, and He alone is Most Powerful over everything.

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ (10)

ترجمہ: اور تم جس اَمر میں اختلاف کرتے ہو تو اُس کا فیصلہ اللہ ہی کی طرف (سے) ہوگا، یہی اللہ میرا رب ہے، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں o

And the decision of the matter in which you differ rests only with Allah. That is Allah, my Lord. In Him I put my trust, and to Him alone I turn.

فَاطِرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجاً وَمِنَ الْأَنْعَامِ أَزْوَاجاً يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (11)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کو عدم سے وجود میں لانے والا ہے، اسی نے تمہارے لیے تمہاری جنسوں سے جوڑے بنائے اور چوپایوں کے بھی جوڑے بنائے اور تمہیں اسی (جوڑوں کی تدبیر) سے پھیلاتا ہے، اُس کے مانند کوئی چیز نہیں ہے اور وہی سننے والا دیکھنے والا ہے o

He has brought into existence the heavens and the earth from nothingness. He is the One Who made pairs for you from your own kind and made pairs of cattle as well, and with this (pairing) He multiplies and spreads you. There is nothing like Him and He alone is All-Hearing, All-Seeing.

لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (12)

ترجمہ: وہی آسمانوں اور زمین کی کنجیوں کا مالک ہے (یعنی جس کے لیے وہ چاہے خزانے کھول دیتا ہے) وہ جس کے لیے چاہتا ہے رِزق و عطا کشادہ فرما دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ بے شک وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے o

To Him belong the keys of the heavens and the earth (i.e., He opens His

treasures to whom He wills). He grants sustenance abundantly to whom He likes and sparingly (to whom He wills). Surely, He knows everything best.

شَرَعَ لَكُم مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصَّى بِهِ نُوحاً وَالَّذِىْ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيْمَ وَمُوسَى وَعِيْسَى أَنْ أَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيْهِ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ اللّٰهُ يَجْتَبِىْ إِلَيْهِ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِىْ إِلَيْهِ مَن يُنِيْبُ **(13)**

ترجمہ: اُس نے تمہارے لیے دین کا وہی راستہ مقرّر فرمایا جس کا حکم اُس نے نُوح (علیہ السلام) کو دیا تھا اور جس کی وحی ہم نے آپ کی طرف بھیجی اور جس کا حکم ہم نے ابراھیم اور موسٰی و عیسٰی (علیہم السلام) کو دیا تھا (وہ یہی ہے) کہ تم (اِسی) دین پر قائم رہو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو، مشرکوں پر بہت ہی گراں ہے وہ (توحید کی بات) جس کی طرف آپ انہیں بلا رہے ہیں۔ اللہ جسے (خود) چاہتا ہے اپنے حضور میں (قربِ خاص کے لیے) منتخب فرما لیتا ہے، اور اپنی طرف (آنے کی) راہ دکھا دیتا ہے (ہر) اس شخص کو جو (اللہ کی طرف) قلبی رجوع کرتا ہےo

He has prescribed for you the same path of the Din (Religion) that He enjoined on Nuh (Noah), and that We have revealed to you, and that We enjoined on Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses) and 'Isa (Jesus. And all it denotes is) that you should hold fast to the same Din (Religion) and do not make divisions in it. That (Oneness of Allah) to which you call them is quite hard for those who set up partners with Allah. Allah chooses whom He pleases (for exclusive nearness) in His presence, and shows the path to (come) towards Himself to everyone who turns (towards Allah) heartily.

وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيَاً بَيْنَهُمْ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِىَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّ الَّذِيْنَ أُورِثُوا الْكِتَابَ مِن بَعْدِهِمْ لَفِىْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ **(14)**

ترجمہ: اور انہوں نے فرقہ بندی نہیں کی تھی مگر اِس کے بعد جبکہ اُن کے پاس علم آ چکا تھا محض آپس کی ضِد (اور ہٹ دھرمی) کی وجہ سے، اور اگر آپ کے رب کی جانب سے مقررہ مدّت تک (کی مہلت) کا فرمان پہلے صادر نہ ہوا ہوتا تو اُن کے درمیان فیصلہ کیا جا چکا ہوتا، اور بے شک جو لوگ اُن کے بعد کتاب کے وارث بنائے گئے تھے وہ خود اُس کی نسبت فریب دینے والے شک میں (مبتلا) ہیںo

And they did not break up into factions, but only after knowledge had reached them, merely on account of their mutual obstinacy (and stubbornness). And had the command of your Lord not gone forth concerning (a respite for) an appointed time, the judgment would have been given between them. And verily, those who were made inheritors of the Book after them are themselves in deceitful doubt about it.

فَلِذَلِكَ فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ وَقُلْ آمَنتُ بِمَا أَنزَلَ اللّٰهُ مِن كِتَابٍ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ اللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ اللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيْرُ **(15)**

ترجمہ: پس آپ اسی (دین) کے لیے دعوت دیتے رہیں اور جیسے آپ کو حکم دیا گیا ہے (اسی پر) قائم رہیے اور اُن کی خواہشات پر

کان نہ دھریے، اور (یہ) فرما دیجیے: جو کتاب بھی اللہ نے اتاری ہے میں اُس پر ایمان رکھتا ہوں، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان عدل وانصاف کروں۔ اللہ ہمارا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی بحث وتکرار نہیں، اللہ ہم سب کو جمع فرمائے گا اور اسی کی طرف (سب کا) پلٹنا ہےo

So keep calling them to this (Din [Religion]), and hold fast (to it) as the command has been given to you. And do not give any heed to their desires and say (this): 'I believe in every Book that Allah has revealed, and I have been commanded to do justice between you. Allah is our Lord as well as your Lord. For us are our deeds and for you are your deeds. There is no debate and dispute between us and you. Allah will gather us all together and to Him is the return (of all).'

وَالَّذِيْنَ يُحَاجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ (16)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ (کے دین کے بارے) میں جھگڑتے ہیں بعد اِس کے کہ اسے قبول کر لیا گیا اُن کی بحث وتکرار اُن کے رب کے نزدیک باطل ہے اور اُن پر (اللہ کا) غضب ہے اور اُن کے لیے سخت عذاب ہےo

And those who dispute about (the Din [Religion] of) Allah after it has been accepted, their discussion and contention is false in the sight of their Lord. And upon them is the wrath (of Allah) and for them is a severe torment.

اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ (17)

ترجمہ: اللہ وہی ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب نازل فرمائی اور (عدل وانصاف کا) ترازو (بھی اتارا)، اور آپ کو کس نے خبردار کیا، شاید قیامت قریب ہی ہوo

Allah is He Who has revealed the Book with the truth and (also sent down) the balance (of equity and justice). And who has put you on alert-perhaps the Last Hour is near?

اللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ (19)

ترجمہ: اللہ اپنے بندوں پر بڑا لطف وکرم فرمانے والا ہے، جسے چاہتا ہے رِزق وعطا سے نوازتا ہے اور وہ بڑی قوت والا بڑی عزّت والا ہےo

Allah is Most Bountiful and Benevolent towards His servants. He bestows His sustenance and bounty upon whom He wills. And He is Most Strong, Almighty.

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (21)

ترجمہ: کیا اُن کے لیے کچھ (ایسے) شریک ہیں جنہوں نے اُن کے لیے دین کا ایسا راستہ مقرر کر دیا ہو جس کا اللہ نے حکم نہیں دیا تھا، اور اگر فیصلہ کا فرمان (صادر) نہ ہوا ہوتا تو اُن کے درمیان قصہ چکا دیا جاتا، اور بے شک ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہےo

Have they any (such) partners that have established for them a path of din (religion) about which Allah has not given any command? And had the command of judgment not (gone forth) already, the matter between them would have been settled. And surely, there is a painful torment for the wrongdoers.

تَرَى الظَّالِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا كَسَبُوا وَهُوَ وَاقِعٌ بِهِمْ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ لَهُم مَّا يَشَاؤُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ (22)

ترجمہ: آپ ظالموں کو اُن (اعمال) سے ڈرنے والا دیکھیں گے جو انہوں نے کما رکھے ہیں اور وہ (عذاب) اُن پر واقع ہو کر رہے گا، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے وہ بہشت کے چمنوں میں ہوں گے، اُن کے لیے اُن کے رب کے پاس وہ (تمام نعمتیں) ہوں گی جن کی وہ خواہش کریں گے، یہی تو بہت بڑا فضل ہےo

You will see the wrongdoers fearing those (deeds) that they have earned. And that (torment) is bound to befall them. And they who believe and persist in pious deeds will be in the Gardens of Paradise. There will be for them with their Lord (all those blessings) which they will long for. That is indeed a great bounty.

ذَلِكَ الَّذِي يُبَشِّرُ اللَّهُ عِبَادَهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ قُل لَّا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى وَمَن يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُ فِيهَا حُسْناً إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ شَكُورٌ (23)

ترجمہ: یہ وہ (انعام) ہے جس کی خوشخبری اللہ ایسے بندوں کو سناتا ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے، فرما دیجیے: میں اِس (تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا مگر (میری) قرابت (اور اللہ کی قربت) سے محبت (چاہتا ہوں)، اور جو شخص نیکی کمائے گا ہم اس کے لیے اس میں اُخروی ثواب اور بڑھا دیں گے۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا قدردان ہےo

That is (the award) of which Allah gives the good news to those servants who believe and do pious works persistently. Say: 'I do not ask for any recompense for this (preaching the faith in Messengership), but (seek) love for (my) kindreds (and Allah's nearness).' And whoever earns good, We shall increase for him the reward in the Hereafter. Surely, Allah is Most Forgiving, Most Appreciative.

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِباً فَإِن يَشَأِ اللَّهُ يَخْتِمْ عَلَى قَلْبِكَ وَيَمْحُ اللَّهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (24)

ترجمہ: کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اللہ پر جھوٹا بہتان تراشا ہے، سو اگر اللہ چاہے تو آپ کے

قلبِ اطہر پر (صبر واستقامت کی) مُہر ثبت فرما دے (تاکہ آپ کو اِن کی بیہودہ گوئی کا رنج نہ پہنچے)، اور اللہ باطل کو مٹا دیتا ہے اور اپنے کلمات سے حق کو ثابت رکھتا ہے۔ بے شک وہ سینوں کی باتوں کو خوب جاننے والا ہےo

Do they say that this (Messenger [blessings and peace be upon him]) has invented a lie against Allah? So if Allah wills, He may set a seal (of patience and steadfastness) on your holy heart (so that their absurd talk may not hurt you). And Allah eliminates falsehood and maintains the truth established by His Words. Surely, He knows best the secrets of the breasts.

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ (25)

ترجمہ: اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور لغزشوں سے درگزر فرماتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو (اسے) جانتا ہےo

And He is the One Who accepts His servants' repentance and forgives sins and knows what you do.

وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ (26)

ترجمہ: اور اُن لوگوں کی دعا قبول فرماتا ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے اور اپنے فضل سے انہیں (اُن کی دعا سے بھی) زیادہ دیتا ہے، اور جو کافر ہیں اُن کے لیے سخت عذاب ہےo

And He grants the prayers of those who believe and keep doing pious works, and gives them of His bounty more (than they pray for). But there is severe punishment for those who do not believe.

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَاءُ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌ بَصِيْرٌ (27)

ترجمہ: اور اگر اللہ اپنے تمام بندوں کے لیے روزی کشادہ فرما دے تو وہ ضرور زمین میں سرکشی کرنے لگیں لیکن وہ (ضروریات کے) اندازے کے ساتھ جتنی چاہتا ہے اتارتا ہے، بے شک وہ اپنے بندوں (کی ضرورتوں) سے خبردار ہے خوب دیکھنے والا ہےo

And if Allah were to expand sustenance for all His servants abundantly, they would surely transgress and revolt in the earth. But He sends it down as He pleases according to the measure (of needs). Surely, He is Best Aware of His servants' (needs), All-Seeing.

وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ (28)

ترجمہ: اور وہ ہی ہے جو بارش برساتا ہے اُن کے مایوس ہو جانے کے بعد اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے، اور وہ کارساز بڑی تعریفوں کے لائق ہےo

And He is the One Who sends down rain after they lose hope and He spreads His mercy. And He, the Guardian, is Most Praiseworthy.

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَاءُ قَدِيْرٌ (29)

ترجمہ: اور اُس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش ہے اور اُن چلنے والے (جانداروں) کا (پیدا کرنا) بھی جو اُس

نے اِن میں پھیلا دیے ہیں، اور وہ اِن (سب) کے جمع کرنے پر بھی جب چاہے گا بڑا قادر ہےo

And amongst His signs is the creation of the heavens and the earth and (the creation) of the moving (i.e., living) creatures which He has scattered in them. And He is also Most Powerful to assemble them (all) when He wills.

وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ (30)

ترجمہ: اور جو مصیبت بھی تم کو پہنچتی ہے تو اُس (بداعمالی) کے سبب سے ہی (پہنچتی ہے) جو تمہارے ہاتھوں نے کمائی ہوتی ہے حالاں کہ بہت سی (کوتاہیوں) سے تو وہ درگزر بھی فرما دیتا ہےo

And whatever misfortune befalls you (comes upon you) as a result of that (evil work) which your own hands have done whilst He forgives most of your (misdoings).

وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ (31)

ترجمہ: اور تم (اپنی تدبیروں سے) اللہ کو (پوری) زمین میں عاجز نہیں کر سکتے اور اللہ کو چھوڑ کر (بتوں میں سے) نہ کوئی تمہارا حامی ہوگا اور نہ مددگارo

And you cannot thwart Allah (anywhere) on earth (with your schemes). And, except Allah, none (of your idols) will be your guardian and helper.

وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ (32)

ترجمہ: اور اُس کی نشانیوں میں سے پہاڑوں کی طرح اونچے بحری جہاز بھی ہیںo

And amongst His signs are the ships on the sea, high like mountains.

إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَى ظَهْرِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ (33)

ترجمہ: اگر وہ چاہے ہوا کو بالکل ساکن کر دے تو کشتیاں سطحِ سمندر پر رُکی رہ جائیں، بے شک اس میں ہر صبر شعار و شکر گزار کے لیے نشانیاں ہیںo

If He wills, He causes the wind to be absolutely still, and the vessels stand halted on the surface of the sea. Surely, there are signs in it for everyone who observes patience and remains grateful.

أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ (34)

ترجمہ: یا اُن (جہازوں اور کشتیوں) کو اُن کے اعمالِ (بد) کے باعث جو انہوں نے کما رکھے ہیں غرق کر دے، مگر وہ بہت (سی خطاؤں) کو معاف فرما دیتا ہےo

Or He would drown those (vessels or ships) due to their (evil) deeds which they have earned but He forgives many (mistakes).

وَيَعْلَمَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ (35)

ترجمہ: اور ہماری آیتوں میں جھگڑا کرنے والے جان لیں کہ اُن کے لیے بھاگ نکلنے کی کوئی راہ نہیں ہےo

And those who argue about Our Revelations should know that there is for them no way to escape.

فَمَا أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَى لِلَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ **(36)**

ترجمہ: سو تمہیں جو کچھ بھی (مال ومتاع) دیا گیا ہے وہ دنیوی زندگی کا (چند روزہ) فائدہ ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور پائیدار ہے، (یہ) اُن لوگوں کے لیے ہے جو ایمان لاتے اور اپنے رب پر توکّل کرتے ہیںo

And whatever (wealth and comforts) have been given to you is a small benefit for (a few days') worldly life, and what is with Allah is better and everlasting. And (that) is for those who believe and put trust in their Lord,

وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ **(37)**

ترجمہ: اور جو لوگ کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب انہیں غصّہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیںo

And those who refrain from major sins and the indecencies; and when they feel furious, they forgive;

وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ **(38)**

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور اُن کا فیصلہ باہمی مشورہ سے ہوتا ہے اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا ہے خرچ کرتے ہیںo

And those who submit to the command of their Lord, and establish prayer; and their decisions are made through mutual consultations; and they spend in Our way out of the provision which We have given them;

وَجَزَاء سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ **(40)**

ترجمہ: اور برائی کا بدلہ اسی برائی کی مِثل ہوتا ہے، پھر جس نے معاف کر دیا اور (معافی کے ذریعہ) اصلاح کی تو اُس کا اجر اللہ کے ذمّہ ہے۔ بے شک وہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتاo

And the requital of an evil is the like of that evil. Then he who forgives and (by forgiving) reforms, his reward is with Allah. Verily, He does not make friends with the wrongdoers.

وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن بَعْدِهِ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَى مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ **(44)**

ترجمہ: اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اُس کے لیے اُس کے بعد کوئی کارساز نہیں ہوتا، اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ جب وہ عذابِ (آخرت) دیکھ لیں گے (تو) کہیں گے: کیا (دنیا میں) پلٹ جانے کی کوئی سبیل ہے؟o

And the one whom Allah holds astray, for him there is no protector after that. And you will see the wrongdoers; when they see the torment (of the Last Day), they will say: 'Is there any way to go back (to the world)?'

وَمَا كَانَ لَهُم مِّنْ أَوْلِيَاء يَنصُرُونَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن سَبِيلٍ **(46)**

ترجمہ: اور اُن (کافروں) کے لیے کوئی حمایتی نہیں ہوں گے جو اللہ کے مقابل اُن کی مدد کر سکیں، اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دیتا ہے تو اس کے لیے (ہدایت کی) کوئی راہ نہیں رہتی o

And there will be no supporters for the (disbelievers) to help them against Allah. And he whom Allah holds astray, there is no way left for him (towards guidance).

اسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَأٍ يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ (47)

ترجمہ: تم لوگ اپنے رب کا حکم قبول کر لو قبل اِس کے کہ وہ دن آ جائے جو اللہ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں ہے، نہ تمہارے لیے اُس دن کوئی جائے پناہ ہوگی اور نہ تمہارے لیے کوئی جائے انکار o

Accept and submit to the command of your Lord before the Day comes for which there is no averting from Allah. There will be no shelter for you on that Day. Nor will there be any possibility for you to deny.

لِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ يَهَبُ لِمَن يَشَاءُ إِنَاثاً وَيَهَبُ لِمَن يَشَاءُ الذُّكُورَ (49)

ترجمہ: اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے، وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے، جسے چاہتا ہے لڑکیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے لڑکے بخشتا ہے o

For Allah alone is the sovereignty of the heavens and the earth. He creates what He likes. He blesses with girls whom He wills and blesses with boys whom He wills.

أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَاناً وَإِنَاثاً وَيَجْعَلُ مَن يَشَاءُ عَقِيماً إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ (50)

ترجمہ: یا انہیں بیٹے اور بیٹیاں (دونوں) جمع فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے بانجھ ہی بنا دیتا ہے، بے شک وہ خوب جاننے والا بڑی قدرت والا ہے o

Or He gives them daughters and sons (both) and makes infertile whom He wills. Surely, he is All-Knowing, All-Powerful.

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْياً أَوْ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولاً فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ (51)

ترجمہ: اور ہر بشر کی (یہ) مجال نہیں کہ اللہ اس سے (براہِ راست) کلام کرے مگر یہ کہ وحی کے ذریعے (کسی کو شانِ نبوت سے سرفراز فرما دے) یا پردے کے پیچھے سے (بات کرے جیسے موسٰی علیہ السلام سے طورِ سینا پر کی) یا کسی فرشتے کو فرستادہ بنا کر بھیجے اور وہ اُس کے اِذن سے جو اللہ چاہے وحی کرے (الغرض عالمِ بشریت کے لیے خطابِ الٰہی کا واسطہ اور وسیلہ صرف نبی اور رسول ہی ہوگا)، بے شک وہ بلند مرتبہ بڑی حکمت والا ہے o

And every man does not have the faculty that Allah should speak to him (directly) except by Revelation (He bestows upon some the holy status of Prophethood), or (should speak) from behind a veil (as He spoke to Musa [Moses] on Mount Tur of Sinai), or by sending some angel as a messenger to reveal with His permission what Allah may will. (In any case, the medium and mediation of the communication of Allah's Word for mankind is none but the

Prophet and the Messenger.) Surely, He is Most High, Most Wise.

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحاً مِّنْ أَمْرِنَا مَا كُنتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيْمَانُ وَلَكِن جَعَلْنَاهُ نُوراً نَّهْدِيْ بِهِ مَنْ نَّشَاء مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِيْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ **(52)**

ترجمہ: سواسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روحِ (قلوب وارواح) کی وحی فرمائی (جوقرآن ہے)،اورآپ (وحی سے قبل اپنی ذاتی درایت وفکر سے) نہ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہےاور نہ ایمان (کے شرعی احکام کی تفصیلات کوہی جانتے تھے جو بعد میں نازل اورمقرر ہوئیں) ☆ مگر ہم نے اسے نور بنادیا۔ ہم اِس (نور) کے ذریعہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت سے نوازتے ہیں،اور بے شک آپ ہی صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت عطا فرماتے ہیں ☆☆o

☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اُمّیت کی طرف اشارہ ہے تاکہ کفّار آپ کی زبان سے قرآن کی آیات اورایمان کی تفصیلات سن کر یہ بدگمانی نہ پھیلائیں کہ یہ سب کچھ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ذاتی علم اور تفکر سے گھڑ لیا ہے کچھ نازل نہیں ہوا،سو یہ اَز خود نہ جاننا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عظیم معجزہ بنادیا گیا۔

☆☆ اے حبیب! آپ کا ہدایت دینا اور ہمارا ہدایت دینا دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے اور صرف انہی کو ہدایت نصیب ہوتی ہے جو اس حقیقت کی معرفت اور اس سے وابستگی رکھتے ہیں۔

So thus We revealed to you Our Spirit (of hearts and souls) by Our command (that is the Qur'an). And (before the Revelation) you did not know what the Book was, nor did you know (through your own endeavour and insight the details of the injunctions of) faith (which were sent down and determined later).* But We made it a Light. By means of this Light, We give guidance to those of Our servants whom We intend. And assuredly, you alone provide guidance towards the straight path.**

*** Here reference is made to the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) as being an Ummi (not taught to read or write) so that the disbelievers, hearing the Verses of the Qur'an and the details of faith from him, may not spread this evil thought that the Holy Prophet Muhammad (blessings and peace be upon him) has invented it out of his personal knowledge, learning and scholarship and that nothing has been sent down to him. So this unletteredness has been one of his great miracles.**

**** O Beloved! The reality of guidance is the same whether by you or by Us. And guidance is only the share of the one who acquires the knowledge of this fact and then sticks to it tenaciously.**

صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِيْ لَهُ مَا فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَا فِيْ الْأَرْضِ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيْرُ الأُمُورُ **(53)**

ترجمہ: (یہ صراطِ مستقیم) اسی اللہ ہی کا راستہ ہے جو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے۔ جان لو! کہ سارے کام اللہ ہی کی طرف لوٹتے ہیںo

(This straight path is) the path of Allah to Whom belongs whatever is in the

heavens and whatever is in the earth. Beware! All matters return to Allah alone.

سورۃ الزخرف:

إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (3)

ترجمہ: بے شک ہم نے اسے عربی (زبان) کا قرآن بنایا ہے تا کہ تم لوگ سمجھ سکوo

Verily, We have made it, the Qur'an, in the Arabic (language) so that you may understand.

وَإِنَّهُ فِيُ أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ (4)

ترجمہ: بے شک وہ ہمارے پاس سب کتابوں کی اصل (لوحِ محفوظ) میں ثبت ہے یقیناً (یہ سب کتابوں پر) بلند مرتبہ بڑی حکمت والا ہےo

And verily, it is inscribed with Us in (al-Lawh al-Mahfuz [the Preserved Table]), the origin of all the Books. It is certainly exalted (over all the Books), full of wisdom.

أَفَنَضْرِبُ عَنكُمُ الذِّكْرَ صَفْحاً أَن كُنتُمْ قَوْماً مُّسْرِفِيْنَ (5)

ترجمہ: اور کیا ہم اس نصیحت کو تم سے اِس بنا پر روک دیں کہ تم حد سے گزر جانے والی قوم ہوo

And should We withhold this Reminder from you because you are a people who exceed limits?

وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِيٍّ فِيُ الْأَوَّلِيْنَ (6)

ترجمہ: اور پہلے لوگوں میں ہم نے کتنے ہی نبی بھیجے تھےo

And how many a Messenger We sent amongst the precedingn communities!

وَمَا يَأْتِيهِم مِّن نَّبِيٍّ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُون (7)

ترجمہ: اور کوئی نبی اُن کے پاس نہیں آتا تھا مگر وہ اُس کا مذاق اڑایا کرتے تھےo

And no Prophet came to them, but they used to make fun of him.

فَأَهْلَكْنَا أَشَدَّ مِنْهُم بَطْشاً وَمَضَى مَثَلُ الْأَوَّلِيْنَ (8)

ترجمہ: اور ہم نے اِن (کفّارِ مکہ) سے زیادہ زور آور لوگوں کو ہلاک کر دیا اور اگلے لوگوں کا حال (کئی جگہ پہلے) گزر چکاo

And We destroyed the people who were more powerful than these (disbelievers of Mecca). And the annals of the bygone people have been cited (on many preceding occasions).

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ (9)

ترجمہ: اور اگر آپ اُن سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ یقیناً کہیں گے کہ انہیں غالب، علم والے (رب) نے پیدا کیا ہےo

And if you ask them: 'Who has created the heavens and the earth?' they will

certainly say: 'The Almighty, All-Knowing (Lord) has created them.'

الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْأَرْضَ مَهْداً وَجَعَلَ لَکُمْ فِیْهَا سُبُلاً لَّعَلَّکُمْ تَهْتَدُوْنَ (10)

ترجمہ: جس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں تمہارے لیے راستے بنائے تاکہ تم منزلِ مقصود تک پہنچ سکوo

(He is) the One Who has made the earth a cradle for you, and has made for you pathways in it so that you may reach the destination;

وَالَّذِیْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّیْتاً کَذَلِکَ تُخْرَجُوْنَ (11)

ترجمہ: اور جس نے آسمان سے اندازۂ (ضرورت) کے مطابق پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے مُردہ شہر کو زندہ کر دیا، اسی طرح تم (بھی مرنے کے بعد زمین سے) نکالے جاؤ گےo

And He Who sent water from the sky according to a measure (of necessity). Then with that, We gave life to the dead city. You will also be brought forth (after death from the earth) in the same way;

وَالَّذِیْ خَلَقَ الْأَزْوَاجَ کُلَّهَا وَجَعَلَ لَکُم مِّنَ الْفُلْکِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْکَبُوْنَ (12)

ترجمہ: اور جس نے تمام اقسام و اصناف کی مخلوق پیدا کی اور تمہارے لیے کشتیاں اور بحری جہاز بنائے اور چوپائے بنائے جن پر تم (بحر و بر میں) سوار ہوتے ہوo

And He Who has brought into existence creatures of all kinds and made for you ships and vessels and the cattle you ride (on sea as well as on land),

لِتَسْتَوُوا عَلَی ظُهُوْرِهِ ثُمَّ تَذْکُرُوا نِعْمَةَ رَبِّکُمْ إِذَا اسْتَوَیْتُمْ عَلَیْهِ وَتَقُوْلُوا سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا کُنَّا لَهُ مُقْرِنِیْنَ (13)

ترجمہ: تاکہ تم ان کی پشتوں (یا نشستوں) پر درست ہو کر بیٹھ سکو، پھر تم اپنے رب کی نعمت کو یاد کرو، جب تم سکون سے اس (سواری کی نشست) پر بیٹھ جاؤ تو کہو: پاک ہے وہ ذات جس نے اِس کو ہمارے تابع کر دیا حالاں کہ ہم اِسے قابو میں نہیں لا سکتے تھےo

So that you may sit on their backs (i.e., seats) firmly, then remember the favour of your Lord. When you sit firmly on it (the seat of your means of transport), say: 'Glory be to Him Who has made it subservient to us, whereas we could not bring it under control.

وَإِنَّا إِلَی رَبِّنَا لَمُنقَلِبُوْنَ (14)

ترجمہ: اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانے والے ہیںo

And indeed, we are bound to return to our Lord.'

أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا یَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاکُم بِالْبَنِیْنَ (16)

ترجمہ: (اے کافرو! اپنے پیمانۂ فکر کے مطابق یہی جواب دو کہ) کیا اس نے اپنی مخلوقات میں سے (خود اپنے لیے تو) بیٹیاں بنا رکھی ہیں اور تمہیں بیٹوں کے ساتھ مختص کر رکھا ہےo

(O disbelievers! Reply according to your calibre of thinking:) 'Has He chosen

(for Himself) daughters out of His Creation and has specified sons for you?'

وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَنِ مَثَلاً ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدّاً وَهُوَ كَظِيمٌ (17)

ترجمہ: حالاں کہ جب ان میں سے کسی کو اُس (کے گھر میں بیٹی کی پیدائش) کی خبر دی جاتی ہے جسے انہوں نے (خدائے) رحمان کی شبیہ بنا رکھا ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور غم و غصّہ سے بھر جاتا ہے o

Whereas when the news is given to any one of them (of the birth of a daughter at his home) whom they have held as an image of the Most Kind (Lord), his face turns dark and he is filled with anger and grief.

أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ (18)

ترجمہ: اور کیا (اللہ اپنے امور میں شراکت و معاونت کے لیے اسے اولاد بنائے گا) جو زیور و زینت میں پرورش پائے اور (نرمیٔ طبع اور شرم و حیاء کے باعث) جھگڑے میں واضح (رائے کا اظہار کرنے والی بھی) نہ ہو o

And (will Allah make her His offspring for partnership and assistance in His affairs) who is raised in refinery and is not bold (in giving her opinion expressly) in a contention (owing to her mild, modest and feminine temperament)?

وَجَعَلُوا الْمَلآئِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمَنِ إِنَاثاً أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْأَلُونَ (19)

ترجمہ: اور انہوں نے فرشتوں کو جو کہ (خدائے) رحمان کے بندے ہیں عورتیں قرار دیا ہے، کیا وہ اُن کی پیدائش پر حاضر تھے؟ (نہیں، تو) اب اُن کی گواہی لکھ لی جائے گی اور (روزِ قیامت) اُن سے باز پُرس ہوگی o

And they have declared the angels who are the servants of the Most Kind (Lord) to be women. Were they present at the time of their creation? (They were not, so) now their witness will be recorded, and they will be interrogated (on the Last Day).

وَقَالُوا لَوْ شَاء الرَّحْمَنُ مَا عَبَدْنَاهُم مَّا لَهُم بِذَلِكَ مِنْ عِلْمٍ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ (20)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں کہ اگر رحمان چاہتا تو ہم اِن (بتوں) کی پرستش نہ کرتے، انہیں اِس کا (بھی) کچھ علم نہیں ہے وہ محض اَٹکل سے جھوٹی باتیں کرتے ہیں o

And they say: 'If the Most Kind (Lord) had intended, we would not have worshipped these (idols).' They do not know anything about this (as well). They only tell lies out of fancy.

أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَاباً مِّن قَبْلِهِ فَهُم بِهِ مُسْتَمْسِكُونَ (21)

ترجمہ: کیا ہم نے انہیں اس سے پہلے کوئی کتاب دے رکھی ہے کہ جسے وہ سند کے طور پر تھامے ہوئے ہیں o

Have We given them before this any Book which they stick to as an authority?

وَكَذَلِكَ مَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءنَا عَلَى أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَى آثَارِهِم مُّقْتَدُونَ (23)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم نے کسی بستی میں آپ سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہیں بھیجا مگر وہاں کے وڈیروں اور خوشحال لوگوں نے کہا: بے شک ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ و مذہب پر پایا اور ہم یقیناً انہی کے نقوشِ قدم کی اقتداء کرنے والے ہیںo

And the same way, We never sent any Warner to a town before you, but their chiefs and the affluent people amongst them said: 'Surely, we found our fathers following a course and a religion, and certainly we are following in their footsteps.'

فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ **(25)**

ترجمہ: سو ہم نے اُن سے بدلہ لے لیا پس آپ دیکھئے کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہواo

So We took revenge on them. So see what was the end of those who denied!

أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَةَ رَبِّكَ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَتَّخِذَ بَعْضُهُم بَعْضاً سُخْرِيّاً وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ **(32)**

ترجمہ: کیا آپ کے رب کی رحمتِ (نبوّت) کو یہ لوگ تقسیم کرتے ہیں؟ ہم اِن کے درمیان دنیوی زندگی میں ان کے (اسبابِ) معیشت کو تقسیم کرتے ہیں اور ہم ہی ان میں سے بعض کو بعض پر (وسائل و دولت میں) درجات کی فوقیت دیتے ہیں، (کیا ہم یہ اس لیے کرتے ہیں) کہ ان میں سے بعض (جو امیر ہیں) بعض (غریبوں) کا مذاق اڑائیں (یہ غربت کا تمسخر ہے کہ تم اس وجہ سے کسی کو رحمتِ نبوت کا حق دار ہی نہ سمجھو)، اور آپ کے رب کی رحمت اس (دولت) سے بہتر ہے جسے وہ جمع کرتے (اور گھمنڈ کرتے) ہیںo

Is it they who distribute the mercy (of the Prophethood) of your Lord? We distribute amongst them (the resources of) economy in the life of this world, and We alone raise some of them in grades (of wealth and resources) over the others. (Do We do this so that) some of them (who are rich) should make fun of the others (who are poor? This is mockery of poverty if, due to this, you do not consider someone as deserving the mercy of the Prophethood.) And the mercy of your Lord is better than that (wealth) which they amass (and become arrogant).

وَلَوْلَا أَن يَكُونَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً لَجَعَلْنَا لِمَن يَكْفُرُ بِالرَّحْمَنِ لِبُيُوتِهِمْ سُقُفاً مِّن فَضَّةٍ وَمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُونَ **(33)**

ترجمہ: اور اگر یہ نہ ہوتا کہ سب لوگ (کفر پر جمع ہو کر) ایک ہی ملّت بن جائیں گے تو ہم (خدائے) رحمان کے ساتھ کفر کرنے والے تمام لوگوں کے گھروں کی چھتیں (بھی) چاندی کی کر دیتے اور سیڑھیاں (بھی) جن پر وہ چڑھتے ہیںo

And had it not been that mankind (converging on disbelief) would have become one community, We would have made, for those who disbelieve in the Most Kind (Lord), silver roofs for their houses and silver staircases by which they ascend,

وَلِبُيُوتِهِمْ أَبْوَاباً وَسُرُراً عَلَيْهَا يَتَّكِؤُونَ **(34)**

ترجمہ: اور (اسی طرح) اُن کے گھروں کے دروازے (بھی چاندی کے کر دیتے) اور تخت (بھی) جن پر وہ مسند لگاتے ہیں o

And likewise, (silver) doors of their houses and the couches (too) on which they recline,

وَزُخْرُفاً وَإِن كُلُّ ذَلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةُ عِندَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ (35)

ترجمہ: اور (چاندی کے اوپر) سونے اور جواہرات کی آرائش بھی (کر دیتے)، اور یہ سب کچھ دنیوی زندگی کی عارضی اور حقیر متاع ہے، اور آخرت (کا حُسن و زیبائش) آپ کے رب کے پاس ہے (جو) صرف پرہیزگاروں کے لیے ہے o

And (embellish) ornamentation of gold and jewels (over this silver work). But all that is the temporary and worthless possession of the life of this world. And (the beauty and ornamentation of) the Hereafter is with your Lord (which is) only for the pious.

وَمَن يَعْشُ عَن ذِكْرِ الرَّحْمَنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَاناً فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ (36)

ترجمہ: اور جو شخص (خدائے) رحمان کی یاد سے صرف نظر کر لے تو ہم اُس کے لیے ایک شیطان مسلّط کر دیتے ہیں جو ہر وقت اس کے ساتھ جڑا رہتا ہے o

And whoever turns away from the remembrance of the Most Kind (Lord), We appoint a Satan to dominate him and stick to him constantly.

حَتَّى إِذَا جَاءنَا قَالَ يَا لَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِينُ (38)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئے گا تو (اپنے ساتھی شیطان سے) کہے گا: اے کاش! میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کا فاصلہ ہوتا پس (تو) بہت ہی برا ساتھی تھا o

Until when he will come to Us, he will say (to his companion, Satan): 'Alas! Would that there had been between me and you the distance of east and west; So (you were) the most evil companion indeed!'

فَإِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنْهُم مُّنتَقِمُونَ (41)

ترجمہ: پس اگر ہم آپ کو (دنیا سے) لے جائیں تو تب بھی ہم اِن سے بدلہ لینے والے ہیں o

So if We take you away (from the world), even then We shall take revenge on them,

أَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِي وَعَدْنَاهُمْ فَإِنَّا عَلَيْهِم مُّقْتَدِرُونَ (42)

ترجمہ: یا ہم آپ کو وہ (عذاب ہی) دکھا دیں جس کا ہم نے اُن سے وعدہ کیا ہے، سو بے شک ہم اُن پر کامل قدرت رکھنے والے ہیں o

Or We show you that (torment) which We have promised them. Certainly, We have absolute control over them.

يَا عِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَا أَنتُمْ تَحْزَنُونَ (68)

ترجمہ: (اُن سے فرمایا جائے گا): اے میرے (مقرّب) بندو! آج کے دن تم پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی تم غم زدہ ہو گے o

(It will be said to them:) 'O My (intimate) servants, there is no fear for you this Day, nor shall you grieve.'

الَّذِيْنَ آمَنُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا مُسْلِمِيْنَ (69)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور ہمیشہ (ہمارے) تابعِ فرمان رہےo

(It is) they who believed in Our Revelations and were always obedient (to Us).

ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُوْنَ (70)

ترجمہ: تم اور تمہارے ساتھ جڑے رہنے والے ساتھی☆ (سب) جنت میں داخل ہو جاؤ (جنت کی نعمتوں، راحتوں اور لذّتوں کے ساتھ) تمہاری تکریم کی جائے گیo

☆مفسرین کرام نے آیتِ کریمہ میں اَزوَاجُکُم کا معنی بیویوں کے علاوہ 'قریبی ساتھی' بھی کیا ہے جیسے امام قرطبی نے تفسیر 'الجامع لاحکام القرآن (111:16)' میں، امام ابن کثیر نے 'تفسیر القرآن العظیم (134:4)' میں، اور امام شوکانی نے تفسیر 'فتح القدیر (4: 563)' میں یہ معنی بیان کیا ہے۔ اسی بناء پر یہاں اَزوَاج کا معنی بیویوں کی بجائے 'ساتھ جڑے رہنے والے ساتھی' کیا گیا ہے۔

Enter Paradise, you and your intimate companions* (all); you will be honoured (with blessings, comforts and the pleasures of Paradise).

*** According to the eminent exegetes like Imam al-Qurtubi, al-Jami' li-Ahkam al-Qur'an (16:111), Ibn Kathir, Tafsir al-Qur'an al-'Azim (4:134), and al-Shawkani, Fath al-Qadir (4:563) the words azwaju-kum in this Verse also imply 'intimate companions' in addition to 'wives'. On the basis of this authority, the word azwaj has been translated as 'intimate companions' instead of 'wives'.**

لَقَدْ جِئْنَاكُم بِالْحَقِّ وَلَكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُوْنَ (78)

ترجمہ: بے شک ہم تمہارے پاس حق لائے لیکن تم میں سے اکثر لوگ حق کو ناپسند کرتے تھےo

Surely, We brought you the truth, but most of you disliked the truth.

أَمْ أَبْرَمُوا أَمْراً فَإِنَّا مُبْرِمُوْنَ (79)

ترجمہ: کیا انہوں نے (یعنی کفّارِ مکہ نے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف کوئی تدبیر) پختہ کر لی ہے تو ہم (بھی) پختہ فیصلہ کرنے والے ہیںo

Have they (the disbelievers of Mecca) finalized (any scheme against the Messenger [blessings and peace be upon him])? So We (too) are going to take the ultimate decision.

أَمْ يَحْسَبُوْنَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُم بَلَى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ (80)

ترجمہ: کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ باتیں اور اُن کی سرگوشیاں نہیں سنتے؟ کیوں نہیں (ضرور سنتے ہیں)! اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے بھی اُن کے پاس لکھ رہے ہوتے ہیںo

Do they think that We do not hear their secret talk and whisperings? Why not? (We do listen.) And the angels sent by Us also remain with them, writing.

قُلْ إِن كَانَ لِلرَّحْمَنِ وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِينَ (81)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ اگر (بفرضِ محال) رحمان کے (ہاں) کوئی لڑکا ہوتا (یا اولاد ہوتی) تو میں سب سے پہلے (اس کی) عبادت کرنے والا ہوتاo

Say: 'If (supposing the impossible) the Most Kind (Lord) had a son (or children), I would have been the first one to worship (him).'

سُبْحَانَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ (82)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا پروردگار، عرش کا مالک پاک ہے اُن باتوں سے جو یہ بیان کرتے ہیںo

The Lord of the heavens and the earth, the Lord of the Throne, Glory be to Him, Transcendent above all what they ascribe (to Him).

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ (83)

ترجمہ: سو آپ انہیں چھوڑ دیجیے، بے کار بحثوں میں پڑے رہیں اور لغو کھیل کھیلتے رہیں حتٰی کہ اپنے اس دن کو پالیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

So leave them. Let them remain indulged in vain talk and absurd sport until they meet the Day which they are promised.

وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ إِلَهٌ وَفِي الْأَرْضِ إِلَهٌ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ (84)

ترجمہ: اور وہی ذات آسمان میں معبود ہے اور زمین میں (بھی) معبود ہے، اور وہ بڑی حکمت والا بڑے علم والا ہےo

And He is the One Who is God in the heaven and God in the earth (as well) and He is Most Wise, All-Knowing.

وَتَبَارَكَ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (85)

ترجمہ: اور وہ ذات بڑی بابرکت ہے جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور (اُن کی بھی) جو کچھ اِن کے درمیان ہے، اور (وقتِ) قیامت کا علم (بھی) اس کے پاس ہے، اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

And Most Blessed is He to Whom belongs the Kingdom of the heavens and the earth and (also of all) that is between them. And He has the knowledge of the Last Hour (as well), and you will be returned to Him alone.

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَن شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (86)

ترجمہ: اور جن کی یہ (کافر لوگ) اللہ کے سوا پرستش کرتے ہیں وہ (تو) شفاعت کا (کوئی) اختیار نہیں رکھتے مگر (ان کے برعکس شفاعت کا اختیار ان کو حاصل ہے) جنہوں نے حق کی گواہی دی اور وہ اسے (یقین کے ساتھ) جانتے بھی تھےo

And those whom they (the disbelievers) worship instead of Allah have no power to intercede. But, (on the contrary, they do have the power of intercession) who bear witness to the truth, and they also know it (with

certitude).

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ **(87)**

ترجمہ: اور اگر آپ اِن سے دریافت فرمائیں کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے تو ضرور کہیں گے: اللہ نے، پھر وہ کہاں بھٹکتے پھرتے ہیںo

And if you ask them: 'Who has created them?' they will certainly say: 'Allah.' Then where are they wandering disorientated?

سورۃ الدخان:

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ **(3)**

ترجمہ: بے شک ہم نے اسے ایک بابرکت رات میں اتارا ہے بے شک ہم ڈر سنانے والے ہیںo

Surely, We have sent it down in a blessed night. Surely, We are the Warner.

فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ **(4)**

ترجمہ: اس (رات) میں ہر حکمت والے کام کا (جدا جدا) فیصلہ کر دیا جاتا ہےo

In this (night) judgment is given on all matters of wisdom (separately),

أَمْرًا مِّنْ عِندِنَا إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ **(5)**

ترجمہ: ہماری بارگاہ کے حکم سے، بے شک ہم ہی بھیجنے والے ہیںo

By Our command; surely, it is We Who send.

رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ **(6)**

ترجمہ: (یہ) آپ کے رب کی جانب سے رحمت ہے، بے شک وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

(It) is mercy from your Lord. Verily, He is All-Hearing, All-Knowing,

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ **(7)**

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اِن کے درمیان ہے (اُس کا) پروردگار ہے، بشرطیکہ تم یقین رکھنے والے ہوo

The Lord of the heavens and the earth and all that is between them, provided you have faith with certitude.

لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ **(8)**

ترجمہ: اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی زندگی دیتا اور موت دیتا ہے (وہ) تمہارا (بھی) رب ہے اور تمہارے اگلے آباء واجداد کا (بھی) رب ہےo

There is no God but He. He is the One Who gives life and causes death. He is your Lord and the Lord of your fathers (as well).

بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ يَلْعَبُونَ **(9)**

ترجمہ: بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیںo

Yet they are in doubt, busy playing.

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ (12)

ترجمہ: (اس وقت کہیں گے:) اے ہمارے رب! تو ہم سے (اس) عذاب کو دور کر دے، بے شک ہم ایمان لاتے ہیں o

(They will then say:) 'O our Lord! Remove this torment from us. Surely, we believe.'

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى إِنَّا مُنتَقِمُونَ (16)

ترجمہ: جس دن ہم بڑی سخت گرفت کریں گے تو (اس دن) ہم یقیناً انتقام لے ہی لیں گے o

The Day when We will seize with the Greatest Seizure, (that Day) We shall certainly exact revenge.

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ (38)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اِن کے درمیان ہے اسے محض کھیلتے ہوئے نہیں بنایا o

And We have not created the heavens and the earth and all that is between them merely in sport.

مَا خَلَقْنَاهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ (39)

ترجمہ: ہم نے دونوں کو حق کے (مقصد و حکمت کے) ساتھ پیدا کیا ہے لیکن اُن کے اکثر لوگ نہیں جانتے o

We have created them both with (the purpose and reason) of truth. But most of them do not know.

إِلَّا مَن رَّحِمَ اللَّهُ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (42)

ترجمہ: سوائے اُن کے جن پر اللہ نے رحمت فرمائی ہے (وہ ایک دوسرے کی شفاعت کریں گے)، بے شک وہ بڑا غالب بہت رحم فرمانے والا ہے o

Except those to whom Allah has shown mercy. (They will intercede for one another.) Surely, He is Almighty, Ever-Merciful.

سورۃ الجاثیۃ:

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (2)

ترجمہ: (اِس) کتاب کا اتارا جانا اللہ کی جانب سے ہے جو بڑی عزّت والا بڑی حکمت والا ہے o

The revelation of (this) Book is from Allah, Almighty, Most Wise.

وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن رِّزْقٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (5)

ترجمہ: اور رات دن کے آگے پیچھے آنے جانے میں اور (بصورتِ بارش) اُس رِزق میں جسے اللہ آسمان سے اتارتا ہے، پھر اس سے زمین کو اُس کی مُردنی کے بعد زندہ کر دیتا ہے اور (اسی طرح) ہواؤں کے رُخ پھیرنے میں، اُن لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل و شعور رکھتے ہیں o

And in the alternation of night and day, and in that provision (of rain) which Allah sends down from the sky, and by that gives life to the earth after its death, and (in the same way) in the changing of the wind direction, there are signs for those who apply reason.

تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ **(6)**

ترجمہ: یہ اللہ کی آیتیں ہیں جنہیں ہم آپ پر پوری سچائی کے ساتھ تلاوت فرماتے ہیں، پھر اللہ اور اُس کی آیتوں کے بعد یہ لوگ کس بات پر ایمان لائیں گےo

These are the Revelations of Allah which We recite to you with absolute truth. Then what will they believe in after Allah and His Revelations?

يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِراً كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ **(8)**

ترجمہ: جو اللہ کی (اُن) آیتوں کو سنتا ہے جو اُس پر پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں پھر (اپنے کفر پر) اصرار کرتا ہے تکبّر کرتے ہوئے، گویا اُس نے انہیں سنا ہی نہیں، تو آپ اسے دردناک عذاب کی بشارت دے دیںo

The one who listens to the Revelations of Allah that are recited to him, then insists (on his disbelief) arrogantly as if he did not hear them, give him the news of a grievous torment!

وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئاً اتَّخَذَهَا هُزُواً أُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ **(9)**

ترجمہ: اور جب اسے ہماری (قرآنی) آیات میں سے کسی چیز کا (بھی) علم ہو جاتا ہے تو اسے مذاق بنا لیتا ہے، ایسے ہی لوگوں کے لیے ذلّت انگیز عذاب ہےo

And when he learns about anything of Our Verses (of the Qur'an), he makes it a joke. It is they for whom there is humiliating torment.

مِن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْئاً وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاء وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ **(10)**

ترجمہ: اُن کے (اس عرصۂ حیات کے) بعد دوزخ ہے اور جو (مالِ دنیا) انہوں نے کما رکھا ہے اُن کے کچھ کام نہیں آئے گا اور نہ وہ بت (ہی کام آئیں گے) جنہیں اللہ کے سوا انہوں نے کارساز بنا رکھا ہے، اور اُن کے لیے بہت سخت عذاب ہےo

Beyond (their current term of life), there is Hell. And (the worldly riches) which they have earned will be of no use to them. Nor will those idols be (of any benefit) that they have made guardians instead of Allah. And there is a very severe torment for them.

اللَّهُ الَّذِيْ سخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ **(12)**

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے سمندر کو تمہارے قابو میں کر دیا تاکہ اس کے حکم سے اُس میں جہاز اور کشتیاں چلیں اور تاکہ تم (بحری راستوں سے بھی) اُس کا فضل (یعنی رزق) تلاش کر سکو، اور اس لیے کہ تم شکر گزار ہو جاؤo

Allah is the One Who has placed the sea under your control so that ships and vessels may sail in it by His command, so that you may look for His bounty (i.e., sustenance through the sea routes as well), and that you may

become grateful (to Him).

وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً مِّنْهُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ **(13)**

ترجمہ: اور اُس نے تمہارے لیے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، سب کو اپنی طرف سے (نظام کے تحت) مسخر کر دیا ہے، بے شک اس میں اُن لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیںo

And He has made subservient to you, out of His will, whatever is in the heavens and whatever is in the earth, all of it (under a system). Surely, there are signs in it for those who ponder.

قُل لِّلَّذِيْنَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِيْنَ لا يَرْجُون أَيَّامَ اللَّهِ لِيَجْزِيَ قَوْماً بِما كَانُوا يَكْسِبُونَ **(14)**

ترجمہ: آپ ایمان والوں سے فرما دیجیے کہ وہ اُن لوگوں کو نظر انداز کر دیں جو اللہ کے دنوں کی (آمد کی) امید اور خوف نہیں رکھتے تاکہ وہ اُن لوگوں کو اُن (کے اعمال) کا پورا بدلہ دے دے جو وہ کمایا کرتے تھےo

Say to the believers to disregard those who neither hope for nor fear (the coming of) the Days of Allah, so that He may give them full reward of those (deeds) which they used to earn.

مَنْ عَمِلَ صَالِحاً فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاء فَعَلَيْهَا ثُمَّ إِلَى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ **(15)**

ترجمہ: جس نے کوئی نیک عمل کیا سو اپنی ہی جان کے (نفع کے) لیے اور جس نے برائی کی تو (اس کا وبال بھی) اسی پر ہے پھر تم سب اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Whoever does a righteous work does it for (the benefit of) his own soul, and whoever commits some evil act, then he alone is to face (suffering caused by it). Then all of you will be returned to your Lord.

وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى الْعَالَمِيْنَ **(16)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور نبوت عطا فرمائی، اور انہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا اور ہم نے انہیں (ان کے ہم زمانہ) جہانوں پر (یعنی اس دور کی قوموں اور تہذیبوں پر) فضیلت بخشیo

And surely, We gave to the Children of Israel the Book, the reign and Prophethood, and provided them with sustenance of pure things. And We exalted them above (their contemporary) worlds (i.e., the nations and civilizations of that age).

وَآتَيْنَاهُم بَيِّنَاتٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَمَا اخْتَلَفُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيَاً بَيْنَهُمْ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْمَا كَانُوا فِيْهِ يَخْتَلِفُونَ **(17)**

ترجمہ: اور ہم نے ان کو دین (اور نبوّت) کے واضح دلائل اور نشانیاں دی ہیں مگر اس کے بعد کہ اُن کے پاس (بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا) علم آ چکا انہوں نے (اس سے) اختلاف کیا محض باہمی حسد و عداوت کے باعث، بے شک آپ کا رب اُن کے درمیان قیامت کے دن اس امر کا فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کیا کرتے تھےo

And We gave them clear proofs of religion (and Prophethood). But they

disagreed (about it) after the knowledge (of raising the Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) had come to them, merely because of their mutual jealousy, spite and antagonism. Surely, your Lord will judge between them on the Day of Rising concerning the matter in which they used to disagree.

ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَى شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاء الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (18)

ترجمہ: پھر ہم نے آپ کو دین کے کھلے راستے (شریعت) پر مامور فرما دیا، سو آپ اسی راہ پر چلتے جائیے اور اُن لوگوں کی خواہشوں کو قبول نہ فرمائیے جنہیں (آپ کی اور آپ کے دین کی عظمت و حقّانیت کا) علم ہی نہیں ہےo

Then We set you on the open path of Shariah (Islamic law). So follow it persistently. And do not yield to the desires of those who are simply unaware (of the glory, dignity and trueness of your Din [Religion]).

إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئاً وإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ (19)

ترجمہ: بے شک یہ لوگ اللہ کی جانب سے (اسلام کی راہ میں پیش آمدہ مشکلات کے وقت میں وعدوں کے باوجود) ہرگز آپ کے کام نہیں آئیں گے، اور بے شک ظالم لوگ (دنیا میں) ایک دوسرے کے ہی دوست اور مددگار رہوا کرتے ہیں، اور اللہ پرہیزگاروں کا دوست اور مددگار ہےo

Surely, these people will not be of any help to you at all (despite promises) from Allah (for crucial time of hardships coming in the way of Islam). And in truth, the wrongdoers (in the world) are friends and helpers only to one another and Allah is the Friend and Helper of the Godfearing.

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاء مَّحْيَاهُم وَمَمَاتُهُمْ سَاء مَا يَحْكُمُونَ (21)

ترجمہ: کیا وہ لوگ جنہوں نے برائیاں کما رکھی ہیں یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم انہیں اُن لوگوں کی مانند کر دیں گے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے (کہ) اُن کی زندگی اور ان کی موت برابر ہو جائے۔ جو دعویٰ (یہ کفّار) کر رہے ہیں نہایت برا ہےo

Do those who have earned evil deeds think that We shall make them resemble those who believe and do good deeds (so as) to make their life and death alike? The claim, which they (the disbelievers) make, is the worst evil.

وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (22)

ترجمہ: اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق (پر مبنی حکمت) کے ساتھ پیدا فرمایا اور اس لیے کہ ہر جان کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے جو اس نے کمائے ہیں اور اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گاo

And Allah created the heavens and the earth with (a strategy based on) truth, in order that every soul is rewarded for the deeds that it earns and they will not be wronged.

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَى عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَى سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَى بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن

بَعْدِ اللّٰهِ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (23)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو معبود بنا رکھا ہے اور اللہ نے اسے علم کے باوجود گمراہ ٹھہرا دیا ہے اور اس کے کان اور اس کے دل پر مُہر لگا دی ہے اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے، پھر اُسے اللہ کے بعد کون ہدایت کر سکتا ہے، سو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے o

Have you seen him who has made his desire his god and Allah has held him astray despite his knowledge and has sealed his ears and his heart and has blindfolded his eyes? Then who can guide him after Allah? So do you not accept advice?

وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ وَمَا لَهُم بِذَلِكَ مِنْ عِلْمٍ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ (24)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: ہماری دنیوی زندگی کے سوا (اور) کچھ نہیں ہے ہم (بس) یہیں مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں زمانے کے (حالات و واقعات کے) سوا کوئی ہلاک نہیں کرتا (گویا خدا اور آخرت کا مکمل انکار کرتے ہیں)، اور انہیں اس (حقیقت) کا کچھ بھی علم نہیں ہے، وہ صرف خیال و گمان سے کام لے رہے ہیں o

And they say: 'There is nothing (else) except our worldly life. We die and live here (only). And nothing kills us except (circumstances and occurrences of) time (i.e., they deny Allah and the Hereafter absolutely). And they simply do not have any knowledge of this (reality). They follow only their speculation and assumption.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (25)

ترجمہ: اور جب اُن پر ہماری واضح آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو اس کے سوا اُن کی کوئی دلیل نہیں ہوتی کہ ہمارے باپ دادا کو (زندہ کر کے) لے آؤ، اگر تم سچے ہو o

And when Our clear Verses are recited to them, they do not have any plea except to say: 'Bring back our fathers (raised alive) if you are truthful.'

قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (26)

ترجمہ: فرما دیجیے: اللہ ہی تمہیں زندگی دیتا ہے اور پھر وہی تمہیں موت دیتا ہے پھر تم سب کو قیامت کے دن کی طرف جمع فرمائے گا جس میں کوئی شک نہیں ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے o

Say: 'Allah is the One Who gives you life, and He is the One Who causes you to die. Then He will gather all of you towards the Day of Resurrection about which there is no doubt. But most people do not know.'

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرضِ وَيَومَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ (27)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور جس دن قیامت برپا ہوگی تب (سب) اہلِ باطل سخت خسارے میں پڑ جائیں گے o

And the Kingdom of the heavens and the earth belongs to Allah alone. And the

Day when the Last Hour comes, then (all) the disbelievers will run into serious loss.

هَذَا كِتَابُنَا يَنطِقُ عَلَيْكُم بِالْحَقِّ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنسِخُ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ **(29)**

ترجمہ: یہ ہمارا نوشتہ ہے جو تمہارے بارے میں سچ سچ بیان کرے گا، بے شک ہم وہ سب کچھ لکھوا (کر محفوظ کر) لیا کرتے تھے جو تم کرتے تھےo

This is Our record that will speak about you with absolute truth. Verily, We used to (preserve) by getting transcribed what you used to do.'

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ **(30)**

ترجمہ: پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے تو اُن کا رب انہیں اپنی رحمت میں داخل فرما لے گا، یہی تو واضح کامیابی ہےo

So those who believe and do good deeds, their Lord will admit them to His mercy. That is nothing but an evident success.

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْماً مُّجْرِمِينَ **(31)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کُفر کیا (اُن سے کہا جائے گا:) کیا میری آیتیں تم پر پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں، پس تم نے تکبّر کیا اور تم مجرم لوگ تھےo

And those who disbelieved (it will be said to them:) 'Were My Verses not recited to you? But you showed arrogance and you were the evildoers.'

وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنّاً وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ **(32)**

ترجمہ: اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت (کے آنے) میں کوئی شک نہیں ہے تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہے، ہم اُسے وہم و گمان کے سوا کچھ نہیں سمجھتے اور ہم (اِس پر) یقین کرنے والے نہیں ہیںo

And when it was said: 'The promise of Allah is true, and there is no doubt about (the coming of) the Last Hour,' you used to say: 'We do not know what the Last Hour is; we regard it nothing but a conjecture; nor do we have any faith in it.'

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاء يَوْمِكُمْ هَذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ **(34)**

ترجمہ: اور (اُن سے) کہا جائے گا: آج ہم تمہیں بھلائے دیتے ہیں جس طرح تم نے اپنے اِس دن کی پیشی کو بھلا دیا تھا اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور تمہارے لیے کوئی بھی مددگار نہ ہوگاo

And it will be said (to them): 'Today We forget you as you forgot your Meeting on this Day. And Hell is your abode and there will be no helper for you.

ذَلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُواً وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ **(35)**

ترجمہ: یہ اس وجہ سے (ہے) کہ تم نے اللہ کی آیتوں کو مذاق بنا رکھا تھا اور دنیوی زندگی نے تمہیں دھوکہ میں ڈال دیا تھا، سو آج نہ تو وہ اُس (دوزخ) سے نکالے جائیں گے اور نہ اُن سے توبہ کے ذریعے (اللہ کی) رضا جوئی قبول کی جائے گیo

That (is) so because you made fun of Allah's Revelations, and the worldly life deceived you.' So Today neither will they be taken out of that (Hell), nor will there be accepted from them any attempt to seek (Allah's) pleasure by means of repentance.

فَلِلَّهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (36)

ترجمہ: پس اللہ ہی کے لیے ساری تعریفیں ہیں جو آسمانوں کا رب ہے اور زمین کا مالک ہے، سب جہانوں کا پروردگار (بھی) ہےo

So all praise belongs to Allah alone, Who is the Lord of the heavens and the Master of the earth (and also) the Sustainer of all the worlds.

وَلَهُ الْكِبْرِيَاء فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (37)

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین میں ساری کبریائی (یعنی بڑائی) اسی کے لیے ہے اور وہی بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

And all Greatness (i.e., Eminence) in the heavens and the earth belongs to Him alone, and He is the One Who is Almighty, Most Wise.

سورۃ الاحقاف:

تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (2)

ترجمہ: اس کتاب کا نازل کیا جانا اللہ کی جانب سے ہے جو غالب حکمت والا ہےo

The revelation of this Book is from Allah, Almighty, Most Wise.

مَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى وَالَّذِينَ كَفَرُوا عَمَّا أُنذِرُوا مُعْرِضُونَ (3)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور اس (مخلوقات) کو جو ان کے درمیان ہے بیدا نہیں کیا مگر حکمت اور مقررہ مدّت (کے تعیّن) کے ساتھ، اور جنہوں نے کفر کیا ہے انہیں جس چیز سے ڈرایا گیا اسی سے رُوگردانی کرنے والے ہیںo

We have not created the heavens and the earth and (the creation) that is between them but with wisdom and (the fixing of) an appointed term. And those who have disbelieved turn away from what they have been warned of.

قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ ائْتُونِي بِكِتَابٍ مِّن قَبْلِ هَذَا أَوْ أَثَارَةٍ مِّنْ عِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (4)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ مجھے بتاؤ تو کہ جن (بتوں) کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے زمین میں کیا چیز تخلیق کی ہے یا (یہ دکھا دو کہ) آسمانوں (کی تخلیق) میں ان کی کوئی شراکت ہے۔ تم میرے پاس اس (قرآن) سے پہلے کی کوئی کتاب یا (اگلوں کے) علم کا کوئی بقیہ حصہ (جو منقول چلا آ رہا ہو ثبوت کے طور پر) پیش کرو اگر تم سچے ہوo

Say: 'Tell me of (the idols) you worship instead of Allah; show me what they have created in the earth, or (bring it forth if) they have a partnership in (the creation of) the heavens. Bring me (as a proof) any Book (revealed) before this (Qur'an), or some remnant of knowledge (transmitted from the

bygone people), if you are truthful.'

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئاً هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ كَفَى بِهِ شَهِيداً بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (8)

ترجمہ: کیا وہ لوگ (یہ) کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کو (پیغمبر نے) گھڑ لیا ہے۔ آپ فرما دیں: اگر اسے میں نے گھڑا ہے تو تم مجھے اللہ (کے عذاب) سے (بچانے کا) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے، اور وہ ان (باتوں) کو خوب جانتا ہے جو تم اس (قرآن) کے بارے میں طعنہ زنی کے طور پر کر رہے ہو۔ وہی (اللہ) میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے، اور وہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

Do they say that (the Messenger) has fabricated it (the Qur'an)? Say: 'If I have concocted it, then you have no authority to save me from (the torment of) Allah. And He knows best the (words) you utter about this (Qur'an) as mockery. He (Allah) is Sufficient as witness between me and you. And He is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (10)

ترجمہ: فرما دیجیے: ذرا بتاؤ تو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کر دیا ہو اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ (بھی پہلی آسمانی کتابوں سے) اس جیسی کتاب (کے اترنے کے ذکر) پر گواہی دے پھر وہ (اس پر) ایمان (بھی) لایا ہو اور تم (اس کے باوجود) غرور کرتے رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا؟)، بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتاo

Say: 'Tell me, if this (Qur'an) is from Allah and you deny it and a witness from the Children of Israel (also) bears testimony to the mention of (the revelation of) such a Book (in the Revealed Books revealed earlier), then he believes (in it as well), but (despite that) you show arrogance (then what will be your fate?) Surely, Allah does not guide the wrongdoing people.'

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (13)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر انہوں نے استقامت اختیار کی تو ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گےo

Surely, those who say: 'Allah is our Lord,' then hold fast (to it) have nothing to fear, nor shall they grieve.

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَاناً حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهاً وَوَضَعَتْهُ كُرْهاً وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْراً حَتَّى إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ (15)

ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم فرمایا۔ اس کی ماں نے اس کو تکلیف سے (پیٹ میں) اٹھائے رکھا اور اسے تکلیف کے ساتھ جنا، اور اس کا (پیٹ میں) اٹھانا اور اس کا دودھ چھڑانا (یعنی زمانۂ حمل و رضاعت) تیس ماہ

(پر مشتمل) ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جاتا ہے اور (پھر) چالیس سال (کی پختہ عمر) کو پہنچتا ہے، تو کہتا ہے: اے میرے رب: مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر فرمایا ہے اور یہ کہ میں ایسے نیک اعمال کروں جن سے تو راضی ہو اور میرے لیے میری اولاد میں نیکی اور خیر رکھ دے۔ بے شک میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں یقیناً فرمانبرداروں میں سے ہوں o

And We have commanded man to be benevolent towards his parents. His mother bears him (in the womb) with pain and gives birth to him with pain. And bearing him (in the womb) and weaning of him (i.e., the period of pregnancy and feeding) is (spread over) thirty months. Till, when he attains to manhood and then reaches (the age of) forty years, he says: 'O my Lord, bestow on me the ability to give You thanks for the favour which You have done to me and my parents, and that I may do such deeds as may please You, and endow me and my children with virtue and piety. Assuredly I turn to You, and certainly I am of those who obey You in submissiveness.'

أُولَـٰئِكَ الَّـذِيـنَ نَتَـقَبَّـلُ عَـنْهُـمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجاوَزُ عَن سَيِّئَاتِهِمْ فِيٓ أَصْحَابِ الْجَنَّةِ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِىْ كَانُوا يُوعَدُونَ **(16)**

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں ہم جن کے نیک اعمال قبول کرتے ہیں اور ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرماتے ہیں، (یہی) اہلِ جنت ہیں۔ یہ سچا وعدہ ہے جو ان سے کیا جا رہا ہے o

It is they whose good works We accept and overlook their omissions. (It is) they (who) are the people of Paradise. This is the true promise which is being made to them.

وَالَّذِىْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَّكُمَا أَتَعِدَانِنِىٓ أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُونُ مِن قَبْلِىْ وَهُمَا يَسْتَغِيْثَانِ اللَّهَ وَيْلَكَ آمِنْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَيَقُولُ مَا هَذَا إِلَّآ أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ **(17)**

ترجمہ: اور جس نے اپنے والدین سے کہا: تم سے بیزاری ہے، تم مجھے (یہ) وعدہ دیتے ہو کہ میں (قبر سے دوبارہ زندہ کر کے) نکالا جاؤں گا حالاں کہ مجھ سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکیں۔ اب وہ دونوں (ماں باپ) اللہ سے فریاد کرنے لگے (اور لڑکے سے کہا:) تو ہلاک ہوگا۔ (اے لڑکے!) ایمان لے آ، بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے۔ تو وہ (جواب میں) کہتا ہے: یہ (باتیں) اگلے لوگوں کے جھوٹے افسانوں کے سوا (کچھ) نہیں ہیں o

And he who says to his parents: 'Fie on you! Do you promise me that I shall be brought forth (from the grave and given life once more) when generations have passed away before me?' Now both (the parents) pray to Allah for help (and say to the son:) 'Woe to you, (O son!) Accept faith. Surely, Allah's promise is true.' But he says (in reply): 'These (words) are nothing but the fiction of the bygone people.'

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُوا وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ **19)**

ترجمہ: اور سب کے لیے ان (نیک و بد) اعمال کی وجہ سے جو انہوں نے کیے (جنت و دوزخ میں الگ الگ) درجات مقرر ہیں تاکہ (اللہ) ان کو ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا o

And the ranks (in Paradise and Hell) are allocated for all (separately) according to the (good and evil) deeds which they do, so that (Allah) pays them back in full for their actions and they will not be wronged at all.

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُم مِّنَ الْقُرَى وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ **(27)**

ترجمہ: اور (اے اہلِ مکہ!) بے شک ہم نے کتنی ہی بستیوں کو ہلاک کر ڈالا جو تمہارے اردگرد تھیں اور ہم نے اپنی نشانیاں بار بار ظاہر کیں تاکہ وہ (کفر سے) رجوع کر لیں o

And, (O people of Mecca,) indeed We destroyed many a town around you, and displayed Our signs time and again so that they might turn (back to them from disbelief).

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ قُرْبَاناً آلِهَةً بَلْ ضَلُّوا عَنْهُمْ وَذَلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ **(28)**

ترجمہ: پھر ان (بتوں) نے ان کی مدد کیوں نہ کی جن کو انہوں نے تقرّبِ (الٰہی) کے لیے اللہ کے سوا معبود بنا رکھا تھا، بلکہ وہ (معبودانِ باطلہ) ان سے گم ہو گئے، اور یہ (بتوں کو معبود بنانا) ان کا جھوٹ تھا اور یہی وہ بہتان (تھا) جو وہ باندھا کرتے تھے o

Then why did those (idols) not come to their aid, which they had taken as gods besides Allah for attaining (His) nearness? But in fact, they (false gods) were lost from them. And this (setting up false gods) was their lie. And (it was) this fabrication that they used to weave.

يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ **(31)**

ترجمہ: اے ہماری قوم! تم اللہ کی طرف بلانے والے (یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بات قبول کر لو اور ان پر ایمان لے آؤ (تو) اللہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں دردناک عذاب سے پناہ دے گا o

O our people! Accept the call of the Caller (the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) to Allah and believe in him. Allah will then forgive your sins and save you from a painful punishment.

وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء أُوْلَئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ **(32)**

ترجمہ: اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بات قبول نہیں کرے گا تو وہ زمین میں (بھاگ کر اللہ کو) عاجز نہیں کر سکے گا اور نہ ہی اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار ہوں گے۔ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں o

And he who does not accept the call of the Caller (the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) to Allah cannot thwart Allah (by running away) on earth. Nor will there be any helpers for him except Allah. It is they who are in open error.'

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَى أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَى بَلَى إِنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ **(33)**

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور وہ ان کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں اس بات پر (بھی) قادر ہے کہ وہ مُردوں کو (دوبارہ) زندہ فرما دے۔ کیوں نہیں! بے شک وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہےo

Do they not know that Allah, Who created the heavens and the earth and was not tired by creating them, has (also) the power to bring the dead back to life (again)? Yes, of course, He has power over everything.

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَذَا بِالْحَقِّ قَالُوْا بَلَى وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُوْنَ **(34)**

ترجمہ: اور جس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا آتشِ دوزخ کے سامنے پیش کیے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا:) کیا یہ (عذاب) برحق نہیں ہے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! ہمارے رب کی قسم (برحق ہے)، ارشاد ہوگا: پھر عذاب کا مزہ چکھو جس کا تم انکار کیا کرتے تھےo

And the Day when the disbelievers will be brought to the Fire (it will be said to them:) 'Is this (punishment) not based on the truth?' They will say: 'Yes, of course! By our Lord (it is true).' (Allah) will say: 'Then taste the punishment you used to deny.'

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُوْلُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ **(35)**

ترجمہ: (اے حبیب!) پس آپ صبر کیے جائیں جس طرح (دوسرے) عالی ہمّت پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور آپ ان (منکروں) کے لیے (طلبِ عذاب میں) جلدی نہ فرمائیں، جس دن وہ اس (عذابِ آخرت) کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے تو (خیال کریں گے) گویا وہ (دنیا میں) دن کی ایک گھڑی کے سوا ٹھہرے ہی نہیں تھے، (یہ اللہ کی طرف سے) پیغام کا پہنچایا جانا ہے، نافرمان قوم کے سوا دیگر لوگ ہلاک نہیں کیے جائیں گےo

(O Beloved!) So be steadfast as (other) Messengers were with unwavering determination, and do not hasten (to seek the torment) for these (deniers). The Day they will see this (punishment in the Hereafter) which they are being promised, (they will think) as though they did not stay (in the world) for more than an hour. (This is but) the communication of the Message (from Allah). Those other than the disobedient will not be destroyed.

سورۃ محمد:

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَن سَبِيْلِ اللّٰهِ أَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ **(1)**

ترجمہ: جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے روکا (تو) اللہ نے ان کے اعمال (اخروی اجر کے لحاظ سے) برباد کر دیےo

Those who disbelieve and hinder (others) from the way of Allah, Allah destroys their actions (as for their reward in the Hereafter).

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ (2)

ترجمہ: اور جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور اس (کتاب) پر ایمان لائے جو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل کی گئی ہے اور وہی ان کے رب کی جانب سے حق ہے اللہ نے ان کے گناہ ان (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دیے اور ان کا حال سنوار دیاo

And those who embrace faith and do pious works persistently and believe in this (Book) which has been revealed to Muhammad (blessings and peace be upon him), and that is the very truth from their Lord, Allah erases their evil works from their (record of deeds) and refines their states of being.

ذَلِكَ بِأَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَأَنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِن رَّبِّهِمْ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ لِلنَّاسِ أَمْثَالَهُمْ (3)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ باطل کے پیچھے چلے اور جو لوگ ایمان لائے انہوں نے اپنے رب کی طرف سے (اتارے گئے) حق کی پیروی کی، اسی طرح اللہ لوگوں کے لیے ان کے احوال بیان فرماتا ہےo

That is because those who disbelieve follow falsehood, and those who believe follow the truth (sent down) from their Lord. That is how Allah illustrates for people their states of being.

فَإِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّى إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنّاً بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاء حَتَّى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ذَلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوا فِيْ سَبِيْلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ (4)

ترجمہ: پھر جب (میدان جنگ میں) تمہارا مقابلہ (متحارب) کافروں سے ہو تو (دورانِ جنگ) ان کی گردنیں اڑا دو (کیونکہ انہوں نے انسانیت کا قتل عام کیا اور فساد انگیزی کے ذریعے امن برباد کیا)، یہاں تک کہ جب تم انہیں (جنگی معرکہ میں) خوب قتل کر چکو تو (بقیہ قیدیوں کو) مضبوطی سے باندھ لو، پھر اس کے بعد یا تو (انہیں) احسان کرتے ہوئے (بلا معاوضہ چھوڑ دو) یا فدیہ (یعنی معاوضۂ رہائی) لے کر (آزاد کر دو) یہاں تک کہ جنگ (کرنے والی مخالف فوج) اپنے ہتھیار رکھ دے (یعنی صلح و امن کا اعلان کر دے)۔ یہی (حکم) ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے (بغیر جنگ) انتقام لے لیتا مگر (اس نے ایسا نہیں کیا) تاکہ تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کر دیے گئے تو وہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہ کرے گاo

So when you are to fight (for the elimination of militancy and terrorism) against the (warring) disbelievers (in the battlefield), strike their necks (whilst fighting because they slaughtered harmless human lives and destroyed peace by their terrorist activities) till, when you have killed a good many of them (in the battle), then tie (the remaining prisoners) tightly. Thereafter, either set (them) free (without ransom) as a favour or (free them) for ransom (i.e., cost of freedom) till the warring (hostile army) lays down its weapons (i.e., announces

the truce). That is (the command). And if Allah had willed, He would have avenged Himself on them (without war). But (He did not do so) in order to try some of you by means of others. And as for those who are slain in the way of Allah, He will not at all make their actions fruitless.

سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ (5)

ترجمہ: وہ عنقریب انہیں (جنت کی) سیدھی راہ پر ڈال دے گا اور ان کے احوالِ (اُخروی) کو خوب بہتر کر دے گا o

He will soon put them on the straight path (of Paradise), and will greatly enhance their states of being (in the Hereafter).

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ (6)

ترجمہ: اور (بالآخر) انہیں جنت میں داخل فرما دے گا جس کی اس نے (پہلے ہی سے) انہیں خوب پہچان کرا دی ہے o

And He will (ultimately) admit them to Paradise which He has (already) made well known to them.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ (7)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد فرمائے گا اور تمہارے قدموں کو مضبوط رکھے گا o

O believers! If you help (the Din [Religion] of) Allah, He will help you and will make your feet firm.

وَالَّذِينَ كَفَرُوا فَتَعْساً لَّهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ (8)

ترجمہ: اور جنہوں نے کفر کیا تو ان کے لیے ہلاکت ہے اور (اللہ نے) ان کے اعمال برباد کر دیے o

And those who disbelieve, for them is destruction and (Allah) has ruined their actions.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ (9)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اس (کتاب) کو ناپسند کیا جو اللہ نے نازل فرمائی تو اس نے ان کے اعمال اکارت کر دیے o

That is because they hate that (Book) which Allah has sent down so He has made their actions come to nothing.

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا (10)

ترجمہ: کیا انہوں نے زمین میں سفر و سیاحت نہیں کی کہ وہ دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے۔ اللہ نے ان پر ہلاکت و بربادی ڈال دی۔ اور کافروں کے لیے اسی طرح کی بہت سی ہلاکتیں ہیں o

Have they not travelled and toured in the earth so that they could see the fate of those who passed before them? Allah cast upon them total destruction. There are many such calamities awaiting the disbelievers.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ مَوْلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَأَنَّ الْكَافِرِينَ لَا مَوْلَى لَهُمْ (11)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ ان لوگوں کا ولی و مددگار ہے جو ایمان لائے ہیں اور بے شک کافروں کے لیے کوئی ولی و مددگار نہیں ہے o

That is because Allah is the Protector and Helper of those who believe, and for sure the disbelievers do not have any protector and helper.

إِنَّ اللَّـهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ **(12)**

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور جن لوگوں نے کفر کیا اور (دنیوی) فائدے اٹھا رہے ہیں اور (اس طرح) کھا رہے ہیں جیسے چوپائے (جانور) کھاتے ہیں سو دوزخ ہی ان کا ٹھکانا ہےo

Surely, those who believe and do pious works, Allah will admit them to Gardens with streams flowing under them, and those who disbelieve and are enjoying (worldly) gains and eat as cattle (animals) do, so Hell alone will be their abode.

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن قَرْيَتِكَ الَّتِي أَخْرَجَتْكَ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ **(13)**

ترجمہ: اور (اے حبیب!) کتنی ہی بستیاں تھیں جن کے باشندے (وسائل واقتدار میں) آپ کے اس شہر (مکّہ کے باشندوں) سے زیادہ طاقتور تھے جس (کے مقتدر وڈیروں) نے آپ کو (بصورتِ ہجرت) نکال دیا ہے، ہم نے انہیں (بھی) ہلاک کر ڈالا پھر ان کا کوئی مددگار نہ ہوا (جو انہیں بچا سکتا)o

And, (O Beloved,) how many a town have We destroyed whose citizens wielded greater power (i.e., resources and authority) than (the residents of) your city (Mecca) whose (powerful chiefs) have driven you out (by emigration)! We have destroyed them as well, and no one came to their help (who could save them).

أَفَمَن كَانَ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ كَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ **(14)**

ترجمہ: سو کیا وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر (قائم) ہو ان لوگوں کی مثل ہو سکتا ہے جن کے برے اعمال ان کے لیے آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے چل رہے ہوںo

Is someone who is (firm) on the clear proof from his Lord like those whose evil actions are shown to them as fair and who follow the desires of their (ill-commanding) selves?

مَّثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ **(15)**

ترجمہ: جس جنّت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی صفت یہ ہے کہ اس میں (ایسے) پانی کی نہریں ہوں گی جس میں کبھی (بو یا رنگت کا) تغیّر نہ آئے گا، اور (اس میں ایسے) دودھ کی نہریں ہوں گی جس کا ذائقہ اور مزہ کبھی نہ بدلے گا، اور (ایسے) شرابِ (طہور) کی نہریں ہوں گی جو پینے والوں کے لیے سراسر لذّت ہے، اور خوب صاف کیے ہوئے شہد کی نہریں ہوں گی، اور ان کے

لیے اس میں ہر قسم کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی جانب سے (ہر طرح کی) بخشائش ہوگی، (کیا یہ پرہیزگار) ان لوگوں کی طرح ہوسکتا ہے جو ہمیشہ دوزخ میں رہنے والے ہیں اور جنہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا تو وہ ان کی آنتوں کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا○

A feature of the Paradise which is promised to the Godfearing is that therein are streams of (such) water as will never putrefy (in smell or colour), and (in it) will be streams of milk whose taste and flavour will never change, and streams of (such a pure) wine that is an absolute delight for all who drink it and streams of purified honey; and (in it) will be fruits of every kind (for them) and forgiveness (of every sort) from their Lord. Can this (pious man) be like those who are permanent residents of Hell and who will be given scalding water to drink which will cut their gut into pieces?

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ حَتَّى إِذَا خَرَجُوا مِنْ عِندِكَ قَالُوا لِلَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفاً أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءهُمْ (16)

ترجمہ: اور ان میں سے بعض وہ لوگ بھی ہیں جو آپ کی طرف (دل اور دھیان لگائے بغیر) صرف کان لگائے سنتے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب وہ آپ کے پاس سے نکل کر (باہر) جاتے ہیں تو ان لوگوں سے پوچھتے ہیں جنہیں علمِ (نافع) عطا کیا گیا ہے کہ ابھی انہوں نے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے) کیا فرمایا تھا؟ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور وہ اپنی خواہشات کی پیروی کر رہے ہیں○

And amongst them are those who give ears to you (without their heads and hearts in it) till, when they leave your presence and go (out), they ask those who have been given (profitable) knowledge: 'What is it that he (the Messenger [blessings and peace be upon him]) said just now?' It is they whose hearts Allah has sealed up and they are following their lusts.

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَآتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ (17)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہدایت پالی ہے، اللہ ان کی ہدایت کو اور زیادہ فرما دیتا ہے اور انہیں ان کے مقامِ تقوٰی سے سرفراز فرماتا ہے○

And as for those who have taken guidance, Allah increases their guidance and honours them with their station of Godwariness.

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا فَأَنَّى لَهُمْ إِذَا جَاءتْهُمْ ذِكْرَاهُمْ (18)

ترجمہ: تو اب یہ (منکر) لوگ صرف قیامت ہی کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان پر اچانک آ پہنچے؟ سو واقعی اس کی نشانیاں (قریب) آ پہنچی ہیں، پھر انہیں ان کی نصیحت کہاں (مفید) ہوگی جب (خود) قیامت (ہی) آ پہنچے گی○

So are they (the deniers) now just waiting for the Last Hour to come upon them all of a sudden? Its signs have no doubt drawn (near). But what (good) will their admonition do to them when the Last Hour (itself) approaches?

فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ (19)

ترجمہ: پس جان لیجیے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ (اظہارِ عبودیت اور تعلیمِ امت کی خاطر اللہ سے) معافی مانگتے رہا کریں کہ کہیں آپ سے (اپنی شانِ اَقدس اور خصوصی عظمت و رِفعت کے تناظر میں) خلافِ اَولیٰ فعل صادر نہ ہو جائے☆ اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لیے بھی طلبِ مغفرت (یعنی ان کی شفاعت) فرماتے رہا کریں (یہی ان کا سامان بخشش ہے)، اور (اے لوگو!) اللہ (دنیا میں) تمہارے چلنے پھرنے کے ٹھکانے اور (آخرت میں) تمہارے ٹھہرنے کی منزلیں (سب) جانتا ہےo

☆ (حالانکہ وہ فعل اپنی جگہ شرعاً بالکل جائز بلکہ مستحسن ہوگا مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام و مرتبہ اور عظمت و رِفعت محض جواز اور اِستحسان کے مراتب سے بھی بہت بلند اور اَرفع و اَعلیٰ ہے)۔

Know then that there is no God except Allah and (to offer worship and to educate the Umma [Community]) always ask forgiveness (from Allah) lest (in the perspective of your glory, majesty and exaltation peculiar to you alone) an action unworthy of your incomparable station may transpire.* And also seek forgiveness (i.e., intercede) for the believing men and women (for that is all they may have in balance for forgiveness). And, (O people,) Allah knows (all about) the places where you move about (in the world) and your mansions of repose (in the Hereafter).

*** Given that the action may be a pious deed compatible with Islamic law, rather an act par excellence, your august station, majesty and exaltation is far elevated and dignified than mere permissibility and higher grades of moral excellence.**

طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَّعْرُوفٌ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ (21)

ترجمہ: فرمانبرداری اور اچھی گفتگو (ان کے حق میں بہتر) ہے، پھر جب حکمِ جہاد قطعی (اور پختہ) ہو گیا تو اگر وہ اللہ سے (اپنی اطاعت اور وفاداری میں) سچے رہتے تو ان کے لیے بہتر ہوتاo

(Best for them would be) obedience and good words. So when the command of fighting (for self-protection and self-defence) was definite (and firm), then if they had been true to Allah (in obedience and dedication), that would have been better for them.

أُولَئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَى أَبْصَارَهُمْ (23)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے اور ان (کے کانوں) کو بہرا کر دیا ہے اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ہےo

It is they whom Allah has cursed and made deaf (their ears) and blinded their eyes.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ (26)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ انہوں نے ان لوگوں سے کہا جو اللہ کی نازل کردہ کتاب کو ناپسند کرتے تھے کہ ہم بعض امور میں تمہاری پیروی

کریں گے، اور اللہ ان کے خفیہ مشورہ کرنے کو خوب جانتا ہےo

That is because they said to those who dislike the Book revealed by Allah: 'We shall obey you in certain matters.' And Allah knows best their secret consultations.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَا أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ (28)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے اُس (رَوِش) کی پیروی کی جو اللہ کو ناراض کرتی ہے اور انہوں نے اس کی رضا کو ناپسند کیا تو اس نے ان کے (جملہ) اعمال اکارت کر دیےo

That is because they followed that (path) which displeases Allah and disliked His good pleasure; so He made (all) their actions null and void.

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَن لَّن يُخْرِجَ اللَّهُ أَضْغَانَهُمْ (29)

ترجمہ: کیا وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے یہ گمان کرتے ہیں کہ اللہ ان کے کینوں اور عداوتوں کو ہرگز ظاہر نہ فرمائے گاo

Do those who have the disease (of hypocrisy) in their hearts think that Allah will never make known their malice and hostilities?

وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُم بِسِيمَاهُمْ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ (30)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہیں تو آپ کو بلاشبہ وہ (منافق) لوگ (اس طرح) دکھا دیں کہ آپ انہیں ان کے چہروں کی علامت سے ہی پہچان لیں، اور (اسی طرح) یقیناً آپ ان کے اندازِ کلام سے بھی انہیں پہچان لیں گے، اور اللہ تمہارے سب اعمال کو (خوب) جانتا ہےo

And if We will, We can surely show these (hypocrites) to you (in such a manner) that you may recognize them by their facial expressions and (likewise) you may recognize them by their conversation style and Allah knows (best) all your actions.

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِينَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِينَ وَنَبْلُوَ أَخْبَارَكُمْ (31)

ترجمہ: اور ہم ضرور تمہاری آزمائش کریں گے یہاں تک کہ تم میں سے (ثابت قدمی کے ساتھ) جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو (بھی) ظاہر کر دیں اور تمہاری (منافقانہ بزدلی کی مخفی) خبریں (بھی) ظاہر کر دیںo

And We shall certainly try you till We bring to light those of you who strive hard and fight (firm-footed) and who observe patience and expose your (secret) news (of hypocritical cowardice) as well.

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئاً وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ (32)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت (اور ان سے جدائی کی راہ اختیار) کی اس کے بعد کہ ان پر ہدایت (یعنی عظمتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معرفت) واضح ہو چکی تھی وہ

اللہ کا ہرگز کچھ نقصان نہیں کرسکیں گے (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قدر ومنزلت کو گھٹا نہیں سکیں گے)، ☆ اور اللہ ان کے (سارے) اعمال کو (مخالفتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باعث) نیست ونابود کردے گا o

☆ تمام ائمہ تفسیر نے لکھا ہے: (لَن یضرّ واللّٰہَ شَیئًا) أی: لن یضرّ وارسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمشاقتہ وحذف المضاف لتعظیم شانہ۔ ملاحظہ فرمائیں: الطبری، البیضاوی، روح المعانی، روح البیان، الجمل، البحر المدید وغیرہ۔ اس اُسلوبِ کلام کی مثالیں قرآن مجید میں بہت ہیں جن میں سے ایک سور؟ البقرۃ کی آیت نمبر 9 (یُخٰدِعُونَ اللہَ وَالَّذِینَ اٰمَنُوا) ہے۔ اس مقام پر یخٰدعون اللہ (وہ اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں) کہہ کر مراد یُخٰدِعُونَ رَسُولَ اللہِ (وہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں) لیا گیا ہے۔

Indeed, those who disbelieved and hindered (the people) from the way of Allah and opposed the Messenger (blessings and peace be upon him), (and chose the path of breaking away from him,) after the guidance (i.e., the gnosis of the veneration of the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]) had become clear to them, they would not be able to harm Allah anyway (i.e., would not be able to decrease the incomparable superiority and pre-eminence of the Messenger* [blessings and peace be upon him]). Allah will wreck (all) their works (due to their opposition to the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]).

*** According to the leading exegetes like al-Tabari, al-Baydawi, al-Alusi, al-Haqqi, al-Jumal, Ibn 'Ujayba, etc., there are many examples of this style of exposition in the Holy Qur'an such as verse 9 of Sura al-Baqara. Here the words, 'They want to deceive Allah' imply: 'They want to deceive the Holy Messenger (blessings and peace be upon him).'**

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ **(34)**

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا پھر اس حال میں مر گئے کہ وہ کافر تھے تو اللہ انہیں کبھی نہ بخشے گا o

Indeed, those who disbelieved and hindered (the people) from the way of Allah and then died as disbelievers, Allah will never forgive them.

فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَلَن يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ **(35)**

ترجمہ: (اے مومنو!) پس تم ہمت نہ ہارو اور ان (متحارب کافروں) سے صلح کی درخواست نہ کرو (کہیں تمہاری کمزوری ظاہر نہ ہو)، اور تم ہی غالب رہو گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ تمہارے اعمال (کا ثواب) ہرگز کم نہ کرے گا o

(O believers!) Do not lose heart and do not ask (the warring disbelievers) for peace (lest it should suggest your weakness). And it is you who will have the upper hand. And Allah is with you, and He will never reduce (the reward of) your actions.

إِنَّمَا الحَيَاةُ الدُّنيَا لَعِبٌ وَلَهوٌ وَإِن تُؤمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤتِكُم أُجُورَكُم وَلَا يَسأَلكُم أَموَالَكُم (36)

ترجمہ: بس دنیا کی زندگی تو محض کھیل اور تماشا ہے، اور اگر تم ایمان لے آؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو وہ تمہیں تمہارے (اعمال پر کامل) ثواب عطا فرمائے گا اور تم سے تمہارے مال طلب نہیں کرے گاo

Doubtlessly, the life of the world is nothing but merely a sport and pastime. And if you believe and adopt Godwariness, He will pay you the recompense (of your deeds in full), and will not require of you your wealth.

إِن يَسأَلكُمُوهَا فَيُحفِكُم تَبخَلُوا وَيُخرِجْ أَضغَانَكُم (37)

ترجمہ: اگر وہ تم سے اس مال کو طلب کر لے پھر تمہیں طلب میں تنگی دے تو تمہیں (دل میں) تنگی محسوس ہوگی (اور) تم بخل کرو گے اور (اس طرح) وہ تمہارے (دنیا پرستی کے باعث باطنی) زنگ ظاہر کر دے گاo

If He asks you for this wealth and puts you under scarcity for that, then you will feel constrained (at heart and) become miserly. And in this way, He will expose your (inner) rust (which results from worldly pursuits).

هَـاأَنتُـمْ هَـؤُلَاءِ تُـدْعَـوْنَ لِتُنفِقُوا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمِنكُم مَّن يَبْخَلُ وَمَن يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَن نَّفْسِهِ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَاءُ وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ (38)

ترجمہ: یاد رکھو! تم وہ لوگ ہو جنہیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے بلایا جاتا ہے تو تم میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو بخل کرتے ہیں، اور جو کوئی بھی بخل کرتا ہے وہ محض اپنی جان ہی سے بخل کرتا ہے، اور اللہ بے نیاز ہے اور تم (سب) محتاج ہو، اور اگر تم (حکمِ الٰہی سے) رُوگردانی کرو گے تو وہ تمہاری جگہ بدل کر دوسری قوم کو لے آئے گا پھر وہ تمہارے جیسے نہ ہوں گےo

Remember! You are those who are called to spend in the way of Allah. Then there are some of you who act miserly. And whoever acts miserly does it only against himself. And Allah is Independent and you (all) are dependent. And if you turn away from the command of Allah, He will replace you with another people who will not be like you.

سورۃ الفتح:

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحاً مُّبِيْناً (1)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرم!) بے شک ہم نے آپ کے لیے (اسلام کی) روشن فتح (اور غلبہ) کا فیصلہ فرما دیا (اس لیے کہ آپ کی عظیم جدّ و جہد کامیابی کے ساتھ مکمل ہو جائے)o

(O Esteemed Beloved!) Surely, We decreed for you a clear victory (and the dominance of Islam so that your great struggle might be completed with success),

لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطاً مُّسْتَقِيْماً (2)

ترجمہ: تاکہ آپ کی خاطر اللہ آپ کی امت (کے اُن تمام اَفراد) کی اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما دے☆ (جنہوں نے آپ

کے حکم پر جہاد کیے اور قربانیاں دیں) اور (یوں اسلام کی فتح اور امت کی بخشش کی صورت میں) آپ پر اپنی نعمت (ظاہراً و باطناً) پوری فرما دے اور آپ (کے واسطے سے آپ کی امت) کو سیدھے راستہ پر ثابت قدم رکھے o

☆ یہاں حذفِ مضاف واقع ہوا ہے۔ مراد ''ما تقدم من ذنب امتک و ما تاخر'' ہے، کیونکہ آگے اُمت ہی کے لیے نزولِ سکینہ، دخولِ جنت اور بخششِ سیئات کی بشارت کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ مضمون آیت نمبر 1 سے 5 تک ملا کر پڑھیں تو معنی خود بخود واضح ہو جائے گا؛ اور مزید تفصیل تفسیر میں ملاحظہ فرمائیں۔ جیسا کہ سورۃ المؤمن کی آیت نمبر 55 کے تحت مفسرین کرام نے بیان کیا ہے کہ ''لِذَنبِکَ'' میں ''امت'' مضاف ہے جو کہ محذوف ہے۔ لہٰذا اس بناء پر یہاں وَاستَغفِر لِذَنبِکَ سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ امام نسفی، امام قرطبی اور علامہ شوکانی نے یہی معنی بیان کیا ہے۔ حوالہ جات ملاحظہ کریں:- 1: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) اَی لذنب امتک یعنی اپنی امت کے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے۔ (نسفی، مدارک التنزیل وحقائق التاویل، 4:359)۔ 2: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: لذنب امتک حذف المضاف وأقیم المضاف الیہ مقامہ۔ ''واستغفر لذنبک کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ یہاں مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام کر دیا گیا۔'' (قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، 15:324)۔

3: وَ قیل لذنبک لذنب امتک فی حقک'' یہ بھی کہا گیا ہے کہ لذنبک یعنی آپ اپنے حق میں امت سے سرزد ہونے والی خطاؤں کی بخشش طلب کیجئے۔'' (ابن حیان اندلسی، البحر المحیط، 7:471)۔

4: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: المراد ذنب امتک فھو علی حذف المضاف'' کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں اور یہ معنی مضاف کے محذوف ہونے کی بناء پر ہے۔'' (علامہ شوکانی، فتح القدیر، 4:497)۔

So that Allah forgives, for your sake, all the earlier and later sins (of all those people) of your Umma ([Community]* who struggled, fought and sacrificed by your command), and (this way) may complete His blessing on you (outwardly and inwardly) in the form of Islam's victory and forgiveness for your Umma (Community), and may keep (your Umma) firm-footed on the straight path (through your mediation),

*** The co-related noun is estimated and has been omitted here. The intention is ma taqaddama min dhanbi ummati-ka wa ma ta'akhkhar. It is because the following subject relates to glad tidings of sending down tranquillity, admission to Paradise and forgiveness of sins. If Verses 1 to 5 are studied together, the meaning will become self-evident. The leading exegetes have elucidated it under Verse 55 of Sura al-Mu'min. In li-dhanbi-ka the co-related noun is Umma which is omitted. On this basis, therefore, wa-staghfir li-dhanbi-ka denotes the sins committed by Umma. The leading scholars Imam al-Nasafi, Imam al-Qurtubi and al-Shawkani have drawn the same meaning. To summarise:**

1. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means li-dhanbi Ummati-ka, that is, the sins of your Umma. (al-Nasafi in Madarik al-Tanzil wa Haqa'iq al-Ta'wil, 4:359.)

2. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means li-dhanbi Ummati-ka, hudhifa al-mudaf wa

uqima al-mudaf il-ayh maqama-hu. It is stated that wa-staghfir li-dhanbi-ka implies the sins of Umma. The co-related noun has been omitted in the given phrase and is represented by the noun it is co-related to. (al-Qurtubi in al-Jami' li-Ahkam al-Qur'an, 15:324.)

3. Wa qila li-dhanbi Ummati-ka fi haqqi-ka. This is also expositioned that li-dhanbi-ka means for the misdeeds committed by Umma pertaining to what is your due. (Ibn Hayyan al-Andalusi in al-Bahr al-Muhit, 7:471.)

4. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means dhanbi Ummati-ka, fa-huwa 'ala hadhfi al-mudaf. It implies the sins of Umma and this interpretation is based on omission of the co-related noun. (al-Shawkani in Fath al-Qadir, 4:497.)

وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْراً عَزِيْزاً **(3)**

ترجمہ: اور اللہ آپ کو نہایت باعزت مدد و نصرت سے نوازے o

And so that Allah grants you most honourable help and support.

هُـوَ الَّـذِىْ أَنـزَلَ السَّكِيْنَةَ فِىْ قُلُوبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوا إِيْمَاناً مَّعَ إِيْمَانِهِمْ وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيْماً حَكِيْماً **(4)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں تسکین نازل فرمائی تاکہ ان کے ایمان پر مزید ایمان کا اضافہ ہو، اور آسمانوں اور زمین کے سارے لشکر اللہ ہی کے لیے ہیں، اور اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے o

He is the One Who sent down calmness and tranquillity into the hearts of the believers so that their faith gets increased with more faith. And all the armies of the heavens and the earth belong to Allah alone. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

لِيُـدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَكَانَ ذَلِكَ عِندَ اللَّهِ فَوْزاً عَظِيْماً **(5)**

ترجمہ: (یہ سب نعمتیں اس لیے جمع کی ہیں) تاکہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو بہشتوں میں داخل فرمائے جن کے نیچے نہریں رواں ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور (مزید یہ کہ) وہ ان کی لغزشوں کو (بھی) ان سے دور کر دے (جیسے اس نے ان کی خطائیں معاف کی ہیں)۔ اور یہ اللہ کے نزدیک (مومنوں کی) بہت بڑی کامیابی ہے o

(All these favours are put together) so that He admits the believing men and women to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. And (moreover) He removes from them their evil actions (as He has forgiven them their mistakes)-and this is a great success (of the believers) in the sight of Allah-

وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكَاتِ الظَّانِّيْنَ بِاللَّهِ ظَنَّ السَّوْءِ عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ وَسَاءتْ مَصِيْراً **(6)**

ترجمہ: اور (اس لیے بھی کہ ان) منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے جو اللہ کے ساتھ بُری بدگمانیاں رکھتے ہیں، انہی پر بُری گردش (مقرر) ہے، اور ان پر اللہ نے غضب فرمایا اور ان پر لعنت فرمائی اور ان کے لیے دوزخ تیار کی، اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہےo

And (so that) He may punish the hypocritical men and women and the polytheistic men and women who entertain evil assumptions about Allah. For them is (predestined) an evil turn of fortune. And Allah has afflicted them with His wrath, has cursed them and has prepared for them Hell. And that is a very evil resting place.

وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزاً حَكِيماً (7)

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین کے سب لشکر اللہ ہی کے لیے ہیں، اور اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

And all armies of the heavens and the earth belong to Allah alone. And Allah is Almighty, Most Wise.

إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِداً وَمُبَشِّراً وَنَذِيراً (8)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو (روزِ قیامت گواہی دینے کے لیے اعمال و احوالِ امت کا) مشاہدہ فرمانے والا اور خوشخبری سنانے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہےo

Indeed, We have sent you as an eyewitness (of the actions and the state of affairs of Umma [Community] to bear testimony on the Day of Reckoning) and as a Bearer of good news and as a Warner,

لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلاً (9)

ترجمہ: تاکہ (اے لوگو!) تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین) کی مدد کرو اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بے حد تعظیم و تکریم کرو، اور (ساتھ) اللہ کی صبح و شام تسبیح کروo

So that, (O people,) you may believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and may help his (Din [Religion]), and revere and venerate him heart and soul, and (with that) glorify Allah morning and evening.

إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَى نَفْسِهِ وَمَنْ أَوْفَى بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْراً عَظِيماً (10)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں، ان کے ہاتھوں پر (آپ کے ہاتھ کی صورت میں) اللہ کا ہاتھ ہے۔ پھر جس شخص نے بیعت کو توڑا تو اس کے توڑنے کا وبال اس کی اپنی جان پر ہوگا اور جس نے (اس) بات کو پورا کیا جس (کے پورا کرنے) پر اس نے اللہ سے عہد کیا تھا تو وہ عنقریب اسے بہت بڑا اجر عطا فرمائے گاo

(O Beloved!) Indeed, those who pledge allegiance to you in fact pledge allegiance to Allah alone. Allah's hand is over their hands (in the form of your hand). Then whoever breaks his pledge breaks it only to his own harm. But he who fulfils what he has promised to Allah, He will bless him with immense

reward.

سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئاً إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرّاً أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعاً بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيراً **(11)**

ترجمہ: عنقریب دیہاتیوں میں سے وہ لوگ جو (حدیبیہ میں شرکت سے) پیچھے رہ گئے تھے آپ سے (معذرتاً یہ) کہیں گے کہ ہمارے اموال اور اہل وعیال نے ہمیں مشغول کر رکھا تھا (اس لیے ہم آپ کی معیت سے محروم رہ گئے) سو آپ ہمارے لیے بخشش طلب کریں۔ یہ لوگ اپنی زبانوں سے وہ (باتیں) کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہیں۔ آپ فرما دیں کہ کون ہے جو تمہیں اللہ کے (فیصلے کے) خلاف بچانے کا اختیار رکھتا ہو اگر اس نے تمہارے نقصان کا ارادہ فرما لیا ہو یا تمہارے نفع کا ارادہ فرما لیا ہو، بلکہ اللہ تمہارے کاموں سے اچھی طرح باخبر ہےo

Soon the Bedouins who lagged behind (from participating in al-Hudaybiya) will say to you (apologetically): 'Our money matters and families kept us busy. (Therefore, we missed your company.) So ask forgiveness for us from Allah.' They utter such (words) with their tongues that are not in their hearts. Say: 'Who has the power to save you against (the decision) of Allah if He intends to do you harm, or if He intends to do you good? But Allah is Well Aware of what you do.

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً **(14)**

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہےo

And the Kingdom of the heavens and the earth belongs to Allah alone. He forgives whom He wills and punishes whom He wills. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سَيَقُولُ الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انطَلَقْتُمْ إِلَى مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ يُرِيدُونَ أَن يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ قُل لَّن تَتَّبِعُونَا كَذَلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِن قَبْلُ فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا بَلْ كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلاً **(15)**

ترجمہ: جب تم (خیبر کے) اَموالِ غنیمت کو حاصل کرنے کی طرف چلو گے تو (سفرِ حدیبیہ میں) پیچھے رہ جانے والے لوگ کہیں گے: ہمیں بھی اجازت دو کہ ہم تمہارے پیچھے ہو کر چلیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے فرمان کو بدل دیں۔ فرما دیجیے: تم ہرگز ہمارے پیچھے نہیں آ سکتے اسی طرح اللہ نے پہلے سے فرما دیا تھا۔ سو اب وہ کہیں گے: بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو، بات یہ ہے کہ یہ لوگ (حق بات کو) بہت ہی کم سمجھتے ہیںo

When you will set out to collect the spoils (of Khaybar), those who remained behind (in the march towards al-Hudaybiya) will say: 'Allow us also to follow you.' They seek to alter Allah's Words. Say: 'You shall by no means follow us. Allah said the same beforehand.' So now they will say: 'In fact, you are jealous of us.' The truth is that they understand (the truth) but little.

قُل لِّلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَى قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ فَإِن تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْراً حَسَناً وَإِن تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُم مِّن قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَاباً أَلِيماً (16)

ترجمہ: آپ دیہاتیوں میں سے پیچھے رہ جانے والوں سے فرما دیں کہ تم عنقریب ایک سخت جنگ جو قوم (سے جہاد) کی طرف بلائے جاؤ گے تم ان سے جنگ کرتے رہو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے، سو اگر تم حکم مان لو گے تو اللہ تمہیں بہترین اجر عطا فرمائے گا۔ اور اگر تم رُوگردانی کرو گے جیسے تم نے پہلے رُوگردانی کی تھی تو وہ تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دے گاo

Say to the Bedouins lagging behind: 'You will be called up soon (to fight) against a hard-hitting, warring people. Then you will fight them on (for the promotion of peace and human dignity), or they will become Muslims. So if you obey the command, Allah will give you an excellent reward. But if you turn away as you did before, He will make you suffer from an agonizing torment.'

لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحاً قَرِيباً (18)

ترجمہ: بے شک اللہ مومنوں سے راضی ہو گیا جب وہ (حدیبیہ میں) درخت کے نیچے آپ سے بیعت کر رہے تھے، سو جو (جذبۂ صِدق و وفا) ان کے دلوں میں تھا اللہ نے معلوم کر لیا تو اللہ نے ان (کے دلوں) پر خاص تسکین نازل فرمائی اور انہیں ایک بہت ہی قریب فتح (خیبر) کا انعام عطا کیاo

Surely, Allah was well pleased with the believers when they pledged allegiance to you under the tree (at al-Hudaybiya). So (the passion of truth and fidelity) that permeated their hearts, Allah had its knowledge and sent down an exceptional calmness and tranquillity (into their hearts, and awarded them the forthcoming victory (of Khaybar),

وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزاً حَكِيماً (19)

ترجمہ: اور بہت سے اموالِ غنیمت (بھی) جو وہ حاصل کر رہے ہیں، اور اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

And (also) the abundant spoils that they are taking and Allah is Almighty, Most Wise.

وَعَدَكُمُ اللَّهُ مَغَانِمَ كَثِيرَةً تَأْخُذُونَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هَذِهِ وَكَفَّ أَيْدِيَ النَّاسِ عَنكُمْ وَلِتَكُونَ آيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطاً مُّسْتَقِيماً (20)

ترجمہ: اور اللہ نے (کئی فتوحات کے نتیجے میں) تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرمایا ہے جو تم آئندہ حاصل کرو گے مگر اس نے یہ (غنیمتِ خیبر) تمہیں جلدی عطا فرما دی اور (اہلِ مکہ، اہلِ خیبر، قبائل بنی اسد و غطفان الغرض تمام دشمن) لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیے، اور تاکہ یہ مومنوں کے لیے (آئندہ کی کامیابی و فتح یابی کی) نشانی بن جائے۔ اور تمہیں (اطمینانِ قلب کے ساتھ) سیدھے راستہ پر (ثابت قدم اور) گامزن رکھےo

And Allah has promised you abundant spoils (resulting from many victories) which you will win, but He has hastened to you this (booty of Khaybar) and has

held back from you the hands of the people (of Mecca, Khaybar, Banu Asad and Ghatafan tribes and all other enemies), so that it may become a sign for the believers (of the forthcoming triumph and victory), and that He may keep you treading the straight road (firm-footed and with tranquil hearts)

وَأُخْرَى لَمْ تَقْدِرُوا عَلَيْهَا قَدْ أَحَاطَ اللَّهُ بِهَا وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيراً (21)

ترجمہ: اور دوسری (مکّہ، ہوازن اور حنین سے لے کر فارس اور روم تک کی بڑی فتوحات) جن پر تم قادر نہ تھے بے شک اللہ نے (تمہارے لیے) ان کا بھی احاطہ فرما لیا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھنے والا ہےo

And other (big victories of Mecca, Hawazin and Hunayn, then Persia and Rome) over which you had no power-surely Allah has also encompassed them (for you), and Allah wields Absolute Power over everything.

وَلَوْ قَاتَلَكُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوَلَّوُا الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُونَ وَلِيّاً وَلَا نَصِيراً (22)

ترجمہ: اور (اے مومنو!) اگر کافر لوگ (حدیبیہ میں) تم سے جنگ (شروع) کر دیتے تو وہ ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے، پھر وہ نہ کوئی دوست پاتے اور نہ مددگار (مگر اللہ کو معاہدۂ اَمن کے ذریعے تمہارے لیے کئی فتوحات کا دروازہ کھولنا مقصود تھا)o

And, (O believers,) if the disbelievers had (initiated war and) fought with you (at al-Hudaybiya), they would certainly have fled turning their backs and found no friend and helper. (But Allah intended to open the door of victories to you through the treaty of peace.)

سُنَّةَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلُ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلاً (23)

ترجمہ: (یہ) اللہ کی سنت ہے جو پہلے سے چلی آ رہی ہے، اور آپ اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گےo

(This) is Allah's pattern that has been established through time, and you will never find any change in the Laws of Allah.

وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُم بِبَطْنِ مَكَّةَ مِن بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيراً (24)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے سرحدِ مکّہ پر (حدیبیہ کے قریب) ان (کافروں) کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیے اس کے بعد کہ اس نے تمہیں ان (کے گروہ) پر غلبہ بخش دیا تھا۔ اور اللہ ان کاموں کو جو تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہےo

And He is the One Who held back the hands of those (disbelievers) from you and your hands from them on the frontier of Mecca (near al-Hudaybiya) after giving you the upper hand over their (party). And Allah best monitors what you do.

إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (26)

ترجمہ: جب کافر لوگوں نے اپنے دلوں میں متکبّرانہ ہٹ دھرمی رکھ لی (جو کہ) جاہلیت کی ضِد اور غیرت (تھی) تو اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور مومنوں پر اپنی خاص تسکین نازل فرمائی اور انہیں کلمۂ تقوٰی پر مستحکم فرما دیا اور وہ اسی کے زیادہ

مستحق تھے اور اس کے اہل (بھی) تھے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے o

Whilst the disbelievers anchored in their hearts the conceited obstinacy (which was) stubbornness and egocentricity of the days of ignorance, Allah sent down on His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers an exceptional calmness and tranquillity and made them firm on the word of Godwariness. And it is this that they were most entitled to and (also) worthy of. And Allah knows everything full well.

لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُؤُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِن دُونِ ذَٰلِكَ فَتْحاً قَرِيباً (27)

ترجمہ: بے شک اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو حقیقت کے عین مطابق سچا خواب دکھایا تھا کہ تم لوگ، اگر اللہ نے چاہا تو ضرور بالضرور مسجدِ حرام میں داخل ہو گے امن و امان کے ساتھ، (کچھ) اپنے سر منڈوائے ہوئے اور (کچھ) بال کتروائے ہوئے (اس حال میں کہ) تم خوفزدہ نہیں ہو گے، پس وہ (صلح حدیبیہ کو اس خواب کی تعبیر کے پیش خیمہ کے طور پر) جانتا تھا جو تم نہیں جانتے تھے سو اس نے اس (فتحِ مکہ) سے بھی پہلے ایک فوری فتح (حدیبیہ سے پلٹتے ہی فتحِ خیبر) عطا کر دی (اور اس سے اگلے سال فتحِ مکہ اور داخلۂ حرم عطا فرما دیا) o

Surely, Allah showed His Messenger (blessings and peace be upon him) the dream exactly true to the reality that, if Allah wills, you will most certainly enter the Sacred Mosque safely, (some) with heads shaved and (some) with hair cut short, (in a state of security,) having no fear. So He knew (the al-Hudaybiya treaty as a preamble to the truth of the dream) which you did not know, and gave you an immediate victory (the victory of Khaybar even before the victory of Mecca, soon after returning from al-Hudaybiya. The next year He bestowed the victory of Mecca and entry to the Sacred Mosque.)

هُوَ الَّذِيَ أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ شَهِيداً (28)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق عطا فرما کر بھیجا تا کہ اسے تمام ادیان پر غالب کر دے، اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت و حقانیت پر) اللہ ہی گواہ کافی ہے o

He is the One Who sent His Messenger (blessings and peace be upon him) with guidance and the Din (Religion) of truth to make it prevail over all other religions. And Allah is Sufficient as a witness (to the truthfulness and veracity of the Messenger [blessings and peace be upon him]).

مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاء عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاء بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَاناً سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلَى سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيماً (29)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت اور سنگت میں ہیں (وہ) کافروں پر بہت سخت اور زور آور ہیں آپس میں بہت نرم دل اور شفیق ہیں۔ آپ انہیں کثرت سے رکوع کرتے ہوئے، سجود کرتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ (صرف) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلب گار ہیں۔ اُن کی نشانی اُن کے چہروں پر سجدوں کا اثر ہے (جو بصورتِ نور نمایاں ہے)۔ ان کے یہ اوصاف تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور ان کے (یہی) اوصاف انجیل میں (بھی مرقوم) ہیں۔ وہ (صحابہ ہمارے محبوبِ مکرّم کی) کھیتی کی طرح ہیں جس نے (سب سے پہلے) اپنی باریک سی کونپل نکالی، پھر اسے طاقتور اور مضبوط کیا، پھر وہ موٹی اور دبیز ہوگئی، پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور جب سرسبز و شاداب ہو کر لہلہائی تو) کاشتکاروں کو کیا ہی اچھی لگنے لگی (اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی طرح ایمان کے تناور درخت بنایا ہے) تاکہ ان کے ذریعے وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلنے والے) کافروں کے دل جلائے، اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is the Messenger of Allah. And those with him are hard and tough against the disbelievers but kind-hearted and merciful amongst themselves. You see them excessively bowing and prostrating themselves. They simply seek Allah's grace and pleasure. Their mark is an impression of prostrations on their faces (prominent on the foreheads as light). These traits of theirs are (mentioned) in the Torah and the (same) qualities are also (described) in the Injil (the Gospel). These (Companions) are like a cultivated crop (of Our Esteemed Beloved) which (first of all) brought forth its thin shoot, then made it powerful and strong, and then it thickened and stood straight on its stalk. (And when it flourished, bloomed and danced,) it delighted and charmed the cultivators. (Allah has, likewise, made the Companions of His Beloved strong, grown up trees of faith,) so that by means of them He would inflame the hearts of the disbelievers (that burn in the jealousy of the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). Those who believe and do pious works, Allah has promised them forgiveness and animmense reward.

سورۃ الحجرات:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! (کسی بھی معاملے میں) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے آگے نہ بڑھا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو (کہ کہیں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے ادبی نہ ہو جائے)، بے شک اللہ (سب کچھ) سننے والا خوب جاننے والا ہےo

O believers! Do not step ahead of Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] in any matter) and keep fearing Allah (lest some

discourtesy should occur displeasing the Messenger [blessings and peace be upon him]). Surely, Allah is All-Hearing, All-Knowing.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَن تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ (2)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنی آوازوں کو نبیِ مکرّم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی آواز سے بلند مت کیا کرو اور اُن کے ساتھ اِس طرح بلند آواز سے بات (بھی) نہ کیا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے بلند آواز کے ساتھ کرتے ہو (ایسا نہ ہو) کہ تمہارے سارے اعمال ہی (ایمان سمیت) غارت ہو جائیں اور تمہیں (ایمان اور اعمال کے برباد ہو جانے کا) شعور تک بھی نہ ہو O

O believers! Do not raise your voices above the voice of the Prophet (blessings and peace be upon him), and (also) do not speak to him so loud as you are loud when you speak to one another (lest) all your actions should come to nothing (including your faith), and you are not even aware (that your faith and all pious works have been wrecked).

إِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّونَ أَصْوَاتَهُمْ عِندَ رَسُولِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ لِلتَّقْوَى لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيْمٌ (3)

ترجمہ: بے شک جو لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بارگاہ میں (ادب و نیاز کے باعث) اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے تقوٰی کے لیے چن کر خالص کر لیا ہے۔ ان ہی کے لیے بخشش ہے اور اجرِ عظیم ہے O

Assuredly, those who keep their voices low in the presence of Allah's Messenger (out of profound veneration and submissiveness), it is they whose hearts Allah has chosen for Godwariness and permeated with sincerity. For them alone is forgiveness and an immense reward.

وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (5)

ترجمہ: اور اگر وہ لوگ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ خود ہی ان کی طرف باہر تشریف لے آتے تو یہ اُن کے لیے بہتر ہوتا، اور اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے O

And if they had only been patient till you had come out to them, it would have been better for them. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَاعْـلَـمُوا أَنَّ فِيْكُمْ رَسُولَ اللَّهِ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْأَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلَكِنَّ اللَّهَ حَبَّبَ إِلَيْكُمُ الْإِيْمَانَ وَزَيَّنَهُ فِيْ قُلُوبِكُمْ وَكَرَّهَ إِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ أُوْلَئِكَ هُمُ الرَّاشِدُونَ (7)

ترجمہ: اور جان لو کہ تم میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) موجود ہیں، اگر وہ بہت سے کاموں میں تمہارا کہنا مان لیں تو تم بڑی مشکل میں پڑ جاؤ گے لیکن اللہ نے تمہیں ایمان کی محبت عطا فرمائی اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ فرما دیا اور کفر اور نافرمانی اور گناہ سے تمہیں متنفر کر دیا، ایسے ہی لوگ دین کی راہ پر ثابت اور گامزن ہیں O

And remember that the Messenger of Allah (blessings and peace be upon him) is amongst you. If he accepted what you say in most of the matters, you would be in serious trouble. But Allah has blessed you with the love of faith and has embellished it in your hearts and has made you hate disbelief, disobedience

and sins. Such are they that follow the path of Din(Religion) resolutely and steadfastly.

فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَنِعْمَةً وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ **(8)**

ترجمہ: (یہ) اللہ کے فضل اور (اس کی) نعمت (یعنی تم میں رسولِ اُمّی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت اور موجودگی) کے باعث ہے، اور اللہ خوب جاننے والا اور بڑی حکمت والا ہےo

(It) is due to Allah's bounty and favour (i.e., the raising of the untaught Messenger and his presence amongst you). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِن بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّى تَفِيءَ إِلَى أَمْرِ اللَّهِ فَإِن فَاءتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ **(9)**

ترجمہ: اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑائی کریں تو اُن کے درمیان صلح کرا دیا کرو، پھر اگر ان میں سے ایک (گروہ) دوسرے پر زیادتی اور سرکشی کرے تو اس (گروہ) سے لڑو جو زیادتی کا مرتکب ہو رہا ہے یہاں تک کہ وہ (قیامِ امن کے) حکمِ الٰہی کی طرف لوٹ آئے، پھر اگر وہ رجوع کر لے تو دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو اور انصاف سے کام لو، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو بہت پسند فرماتا ہےo

And if two parties of the Muslims fight, make them reconcile. Then if either of these (parties) commits injustice and aggression against the other, fight against (the party) that is committing aggression till it returns to Allah's command (of establishing peace). When they revert and submit, make peace between them with equity. And put justice to work. Surely, Allah loves those who do justice.

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ **(10)**

ترجمہ: بات یہی ہے کہ (سب) اہلِ ایمان (آپس میں) بھائی ہیں۔ سو تم اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائےo

The truth is that (all) believers are brothers (to one another). So make peace between your two brothers and always fear Allah, so that you may be shown mercy.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيراً مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضاً أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتاً فَكَرِهْتُمُوهُ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ رَّحِيمٌ **(12)**

ترجمہ: اے ایمان والو! زیادہ تر گمانوں سے بچا کرو بے شک بعض گمان (ایسے) گناہ ہوتے ہیں (جن پر اُخروی سزا واجب ہوتی ہے) اور (کسی کے عیبوں اور رازوں کی) جستجو نہ کیا کرو اور نہ پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کی برائی کیا کرو، کیا تم میں سے کوئی شخص پسند کرے گا کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے، سو تم اس سے نفرت کرتے ہو۔ اور (اِن تمام معاملات میں) اللہ سے ڈرو بے شک اللہ توبہ کو بہت قبول فرمانے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

O believers! Avoid most conjectures. Indeed, some conjectures are sins (liable to punishment in the Hereafter). And spy not (on someone's unknown matters or secrets), nor backbite one another. Would any of you like to eat the flesh of his dead brother? You would hate it. And fear Allah (in all such matters). Indeed, Allah is Ever-Returning, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوباً وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ **(13)**

ترجمہ: اے لوگو! ہم نے تمہیں مرد اور عورت سے پیدا فرمایا اور ہم نے تمہیں (بڑی بڑی) قوموں اور قبیلوں میں (تقسیم) کیا تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ باعزت وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہو، بے شک اللہ خوب جاننے والا خوب خبر رکھنے والا ہےo

O people! We created you from a male and a female, and (divided) you into (large) peoples and tribes, so that you might recognize one another. Surely, the most honourable amongst you in the sight of Allah is he who fears Allah the most. Certainly, Allah is All-Knowing, All-Aware.

قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا قُل لَّمْ تُؤْمِنُوا وَلَكِن قُولُوا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ وَإِن تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئاً إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(14)**

ترجمہ: دیہاتی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں، آپ فرما دیجیے: تم ایمان نہیں لائے، ہاں یہ کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا، اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال (کے ثواب میں) سے کچھ بھی کم نہیں کرے گا، بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

The Bedouins say: 'We have believed.' Say: 'You have not believed. Rather say: We have accepted Islam. And the belief has not yet gone into your hearts. If you obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will not decrease anything (in reward) for your deeds. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ **(15)**

ترجمہ: ایمان والے تو صرف وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائے، پھر شک میں نہ پڑے اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں سے جہاد کرتے رہے، یہی وہ لوگ ہیں جو (دعوائے ایمان میں) سچّے ہیںo

The true believers are only those who have believed in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and then never have any doubt, and who struggle in the way of Allah with their material as well as human resources. It is they who are true (in their claim to believe).

قُلْ أَتُعَلِّمُونَ اللَّهَ بِدِينِكُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ **(16)**

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا تم اللہ کو اپنی دین داری جتلا رہے ہو، حالاں کہ اللہ اُن (تمام) چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہےo

Say: 'Are you trying to show off to Allah your Din (Religion) whilst Allah knows all that is in the heavens and in the earth? And Allah is Well Aware of everything.'

يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ أَسْلَمُوا قُل لَّا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُم بَلِ اللَّهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (17)

ترجمہ: یہ لوگ آپ پر احسان جتلاتے ہیں کہ وہ اسلام لے آئے ہیں۔ فرما دیجیے: تم اپنے اسلام کا مجھ پر احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر احسان فرماتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کا راستہ دکھایا ہے، بشرطیکہ تم (ایمان میں) سچے ہوo

These people are showing off to you that they have done a favour to you by embracing Islam. Say: 'Do not show off your Islam as a favour to me. Instead, Allah is the One Who favours you by guiding you to faith, provided you are true (to belief).'

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (18)

ترجمہ: بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کے سب غیب جانتا ہے، اور اللہ جو عمل بھی تم کرتے ہو اسے خوب دیکھنے والا ہےo

Surely, Allah knows all the unseen of the heavens and the earth, and Allah monitors best whatever you do.

سورۃ ق:

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ وَعِندَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ (4)

ترجمہ: بے شک ہم جانتے ہیں کہ زمین اُن (کے جسموں) سے (کھا کھا کر) کتنا کم کرتی ہے، اور ہمارے پاس (ایسی) کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہےo

Definitely, We know how much the earth (eats up and) consumes their (bodies), and We have a Book wherein everything is preserved.

أَفَلَمْ يَنظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِن فُرُوجٍ (6)

ترجمہ: سو کیا انہوں نے آسمان کی طرف نگاہ نہیں کی جو ان کے اوپر ہے کہ ہم نے اسے کیسے بنایا ہے اور (کیسے) سجایا ہے اور اس میں کوئی شگاف (تک) نہیں ہےo

Have they not looked at the sky above them how We made it and (how) We adorned it, and there is no crack in it?

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ (7)

ترجمہ: اور (اِسی طرح) ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس میں ہم نے بہت بھاری پہاڑ رکھے اور ہم نے اس میں ہر قسم کے خوش نما پودے اُگائےo

And (in the same way) We spread out the earth and We placed in it heavy mountains and produced in it every kind of beautiful plants.

تَبۡصِرَةً وَذِكۡرَىٰ لِكُلِّ عَبۡدٍ مُّنِيبٍ (8)

ترجمہ: (یہ سب) بصیرت اور نصیحت (کا سامان) ہے ہر اس بندے کے لیے جو (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والا ہےo

All that is (a source of) insight, direction and guidance for every servant who turns (to Allah in repentance).

وَنَزَّلۡنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُّبَارَكاً فَأَنۢبَتۡنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الۡحَصِيدِ (9)

ترجمہ: اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی برسایا پھر ہم نے اس سے باغات اگائے اور کھیتوں کا غلّہ (بھی)o

And We showered blessed water from the sky and then produced with it gardens and (also) the grain of harvests,

وَالنَّخۡلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلۡعٌ نَّضِيدٌ (10)

ترجمہ: اور لمبی لمبی کھجوریں جن کے خوشے تہ بہ تہ ہوتے ہیںo

And date-palms soaring high with layers of spathes.

رِزۡقاً لِّلۡعِبَادِ وَأَحۡيَيۡنَا بِهِ بَلۡدَةً مَّيۡتاً كَذَٰلِكَ الۡخُرُوجُ (11)

ترجمہ: (یہ سب کچھ اپنے) بندوں کی روزی کے لیے (کیا) اور ہم نے اس (پانی) سے مُردہ زمین کو زندہ کیا، اسی طرح (تمہارا) قبروں سے نکلنا ہوگاo

(This all is done as) sustenance for the servants, and We gave life with this (water) to the dead earth. In like manner is (your) coming forth from the graves.

أَفَعَيِينَا بِالۡخَلۡقِ الۡأَوَّلِ بَلۡ هُمۡ فِي لَبۡسٍ مِّنۡ خَلۡقٍ جَدِيدٍ (15)

ترجمہ: سو کیا ہم پہلی بار پیدا کرنے کے باعث تھک گئے ہیں؟ (ایسا نہیں) بلکہ وہ لوگ ازسرِنَو پیدائش کی نسبت شک میں (پڑے) ہیںo

So are We tired by the first creation? (Nay!) In fact, it is they who are in doubt about the new creation.

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡإِنسَانَ وَنَعۡلَمُ مَا تُوَسۡوِسُ بِهِ نَفۡسُهُ وَنَحۡنُ أَقۡرَبُ إِلَيۡهِ مِنۡ حَبۡلِ الۡوَرِيدِ (16)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے اور ہم اُن وسوسوں کو (بھی) جانتے ہیں جو اس کا نفس (اس کے دل و دماغ میں) ڈالتا ہے۔ اور ہم اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیںo

And assuredly, We created man and We know (also) the doubts which his (ill-commanding) self puts (into his heart and mind). And We are nearer to him than his jugular vein.

لَقَدۡ كُنتَ فِي غَفۡلَةٍ مِّنۡ هَٰذَا فَكَشَفۡنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيدٌ (22)

ترجمہ: حقیقت میں تُو اِس (دن) سے غفلت میں پڑا رہا سو ہم نے تیرا پردۂ (غفلت) ہٹا دیا پس آج تیری نگاہ تیز ہےo

The truth is that you were negligent of this (Day), so We have removed your veil (of negligence) and Today your sight is sharp.

الَّذِیْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِیٰهُ فِی الْعَذَابِ الشَّدِیْدِ (26)

ترجمہ: جس نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود ٹھہرا رکھا تھا سو تم اسے سخت عذاب میں ڈال دوo

That had set up another god besides Allah. So hurl him into a fierce torment.'

قَالَ قَرِیْنُهٗ رَبَّنَا مَاۤ اَطْغَیْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِیْ ضَلٰلٍۢ بَعِیْدٍ (27)

ترجمہ: (اب) اس کا (دوسرا) ساتھی (شیطان) کہے گا: اے ہمارے رب! اِسے میں نے گمراہ نہیں کیا بلکہ یہ (خود ہی) پرلے درجے کی گمراہی میں مبتلا تھاo

(Now) his (other) companion (Satan) will say: 'O our Lord, I did not misguide him. In fact, he was himself suffering from misguidance of extreme degree.'

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَیَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ اِلَیْكُمْ بِالْوَعِیْدِ (28)

ترجمہ: ارشاد ہوگا: تم لوگ میرے حضور جھگڑا مت کرو حالاں کہ میں تمہاری طرف پہلے ہی (عذاب کی) وعید بھیج چکا ہوںo

Allah will say: 'Do not dispute in My presence whilst I have already sent you the warning (of punishment).

مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ وَمَاۤ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ (29)

ترجمہ: میری بارگاہ میں فرمان بدلا نہیں جاتا اور نہ ہی میں بندوں پر ظلم کرنے والا ہوںo

The command is never changed in My presence. Nor do I wrong the servants.'

یَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَتَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِیْدٍ (30)

ترجمہ: اس دن ہم دوزخ سے فرمائیں گے: کیا تو بھر گئی ہے؟ اور وہ کہے گی: کیا کچھ اور زیادہ بھی ہےo

That Day We shall ask Hell: 'Are you filled up?' And it will say: 'Is there any more?'

وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِیْنَ غَیْرَ بَعِیْدٍ (31)

ترجمہ: اور جنت پرہیزگاروں کے لیے قریب کر دی جائے گے، بالکل دُور نہیں ہوگیo

And Paradise will be brought close to the pious; it will not be distant at all.

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِیْظٍ (32)

ترجمہ: (اور اُن سے ارشاد ہوگا): یہ ہے وہ جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا (کہ) ہر توبہ کرنے والے (اپنے دین اور ایمان کی) حفاظت کرنے والے کے لیے (ہے)o

(And it will be said to them:) 'This is what you were promised; (it is meant) for everyone who turns to Allah in repentance and who guards (his Din [Religion] and faith),

مَنْ خَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِیْبِ (33)

ترجمہ: جو (خدائے) رحمان سے بِن دیکھے ڈرتا رہا اور (اللہ کی بارگاہ میں) رجوع و اِنابت والا دل لے کر حاضر ہواo

Who fears the Most Kind (Lord) unseen, and comes (before the presence of

Allah) with a heart turned in repentance.

ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ ذَلِكَ يَوْمُ الْخُلُودِ (34)

ترجمہ: اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ، یہ ہمیشگی کا دن ہےo

Enter it in peace; this is the Day of Eternity.'

لَهُم مَّا يَشَاؤُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ (35)

ترجمہ: اِس (جنت) میں اُن کے لیے وہ تمام نعمتیں (موجود) ہوں گی جن کی وہ خواہش کریں گے اور ہمارے حضور میں ایک نعمت مزید بھی ہے (یا اور بھی بہت کچھ ہے، سو عاشق مَست ہو جائیں گے)o

All those blessings which they will long for will be there for them in that (Paradise), and there is still another blessing with Us (or much more; so the lovers will be enchanted).

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُم بَطْشاً فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن مَّحِيصٍ (36)

ترجمہ: اور ہم نے اُن (کفار و مشرکینِ مکہ) سے پہلے کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا جو طاقت و قوّت میں ان سے کہیں بڑھ کر تھیں، چنانچہ انہوں نے (دنیا کے) شہروں کو چھان مارا تھا کہ کہیں (موت یا عذاب سے) بھاگ جانے کی کوئی جگہ ہوo

And how many generations We destroyed before them (the disbelievers and idolaters of Mecca) who were far stronger in power and might than they! So they searched the cities (of the world) to run away somewhere for refuge (from death or torment).

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَمَا مَسَّنَا مِن لُّغُوبٍ (38)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور اُس (کائنات) کو جو دونوں کے درمیان ہے چھ زمانوں میں تخلیق کیا ہے، اور ہمیں کوئی تکان نہیں پہنچیo

And surely, We have created the heavens and the earth and that (universe) which is between the two in six periods and no fatigue has touched Us.

فَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ (39)

ترجمہ: سو آپ اُن باتوں پر جو وہ کہتے ہیں صبر کیجئے اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے طلوعِ آفتاب سے پہلے اور غروبِ آفتاب سے پہلےo

So be patient with what they say and glorify your Lord with praise before sunrise and before sunset.

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ (40)

ترجمہ: اور رات کے بعض اوقات میں بھی اس کی تسبیح کیجئے اور نمازوں کے بعد بھیo

And also glorify Him during some hours of the night and after the Prayers as well.

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ (43)

ترجمہ: بے شک ہم ہی زندہ رکھتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری ہی طرف پلٹ کر آنا ہےo

Surely, it is We Who give life, and it is We Who cause death, and to Us is the return.

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعاً ذَلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ (44)

ترجمہ: جس دن زمین اُن پر سے پھٹ جائے گی تو وہ جلدی جلدی نکل پڑیں گے، یہ حشر (پھر سے لوگوں کو جمع کرنا) ہم پر نہایت آسان ہےo

The Day when the earth will split apart from above them, they will come out in haste. This raising them alive (i.e., gathering the people once again) is quite easy for Us.

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ (45)

ترجمہ: ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں اور آپ اُن پر جبر کرنے والے نہیں ہیں، پس قرآن کے ذریعے اس شخص کو نصیحت فرمائیے جو میرے وعدۂ عذاب سے ڈرتا ہےo

We know best what they say, and you are not the one to coerce them. So advise by means of the Qur'an anyone who fears My threat of punishment.

سورۃ الذاریات:

آخِذِينَ مَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَلِكَ مُحْسِنِينَ (16)

ترجمہ: اُن نعمتوں کو (کیف وسرور) سے لیتے ہوں گے جو اُن کا رب انہیں (لطف وکرم سے) دیتا ہوگا، بے شک یہ وہ لوگ ہیں جو اس سے قبل (کی زندگی میں) صاحبانِ احسان تھےo

Receiving those blessings (in ecstatic delight) which their Lord will be giving them (with munificence and benevolence). Surely, it is they who were people of spiritual excellence (in their life) before this.

فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنطِقُونَ (23)

ترجمہ: پس آسمان اور زمین کے مالک کی قسم! یہ (ہمارا وعدہ) اسی طرح یقینی ہے جس طرح تمہارا اپنا بولنا (تمہیں اس پر کامل یقین ہوتا ہے کہ منہ سے کیا کہہ رہے ہو)o

So, by the Lord of heavens and the earth, this (promise of Ours) is true just as is your speech. (You firmly believe in what you utter.)

قَالُوا كَذَلِكَ قَالَ رَبُّكِ إِنَّهُ هُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ (30)

ترجمہ: (فرشتوں نے) کہا: ایسے ہی ہوگا تمہارے رب نے فرمایا ہے۔ بے شک وہ بڑی حکمت والا بہت علم والا ہےo

(The angels) said: 'It will happen exactly as your Lord has said; surely, He is Most Wise, All-Knowing.'

وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ (47)

ترجمہ: اورآسمانی کائنات کوہم نے بڑی قوت کے ذریعہ سے بنایااوریقیناً ہم (اس کائنات کو) وسعت اور پھیلاؤ دیتے جارہے ہیںo

And We built the heavenly universe with great might. And surely, We are expanding (this universe) more and more.

وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ (48)

ترجمہ: اور(سطحِ) زمین کوہم ہی نے (قابلِ رہائش) فرش بنایاسوہم کیاخوب سنوارنے اورسیدھا کرنے والے ہیںo

And We alone made (the surface of the) earth a (livable) floor. So how graciously We make up and spread out!

وَمِن كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ (49)

ترجمہ: اورہم نے ہرچیز سے دوجوڑے پیدافرمائے تاکہ تم دھیان کرواورسمجھوo

And of everything We have created two pairs so that you may concentrate and understand.

فَفِرُّوا إِلَى اللَّهِ إِنِّي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (50)

ترجمہ: پس تم اللہ کی طرف دوڑ چلو، بے شک میں اُس کی طرف سے تمہیں کھلا ڈرسنانے والا ہوںo

So run towards Allah. Surely, I am a clear Warner to you from Him.

وَلَا تَجْعَلُوا مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ إِنِّي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (51)

ترجمہ: اوراللہ کےسواکوئی دوسرامعبودنہ بناؤ، بے شک میں اس کی جانب سے تمہیں کھلاڈرسنانے والا ہوںo

And do not set up any god apart from Allah. Surely, I am a clear Warner to you from Him.

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ (56)

ترجمہ: اورمیں نے جنّات اورانسانوں کوصرف اسی لیے پیدا کیا کہ وہ میری بندگی اختیار کریںo

And I created the jinn and human beings solely to adopt My servitude.

مَا أُرِيدُ مِنْهُم مِّن رِّزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَن يُطْعِمُونِ (57)

ترجمہ: نہ میں اُن سے رِزق (یعنی کمائی) طلب کرتا ہوں اورنہ اس کا طلب گار ہوں کہ وہ مجھے (کھانا) کھلائیںo

I do not ask for any sustenance (i.e., earning) from them, nor do I require that they should feed Me.

إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ (58)

ترجمہ: بے شک اللہ ہی ہرایک کاروزی رساں ہے، بڑی قوت والا ہے، زبردست مضبوط ہے (اسے کسی کی مدد وتعاون کی حاجت نہیں)o

Truly, Allah alone is the Sustainer of everyone, the Lord of Great Might, the Most Strong. (He does not need anyone's help and assistance.)

فَإِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوا ذَنُوباً مِّثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ (59)

ترجمہ: پس ان ظالموں کے لیے (بھی) حصۂ عذاب مقرّر ہے ان کے (پہلے گزرے ہوئے) ساتھیوں کے حصۂ عذاب کی طرح، سو وہ مجھ سے جلدی طلب نہ کریں o

So there is a fixed share of the torment for these wrongdoers (too) like the share of the torment of their companions (who have passed before). So let them not ask Me to hasten (it).

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا مِن يَوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوعَدُونَ (60)

ترجمہ: سو کافروں کے لیے اُن کے اُس دِن میں بڑی تباہی ہے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے o

So a terrible destruction awaits the disbelievers on that Day of theirs which they have been promised.

سورۃ الطّور:

وَالطُّورِ (1)

ترجمہ: (کوہِ) طُور کی قَسم o

By (the Mountain) Tur,

وَكِتَابٍ مَّسْطُورٍ (2)

ترجمہ: اور لکھی ہوئی کتاب کی قَسم o

And by the Book inscribed,

فِيْ رَقٍّ مَّنشُورٍ (3)

ترجمہ: (جو) کھلے صحیفہ میں (ہے) o

(Which is) on an Unfolded Scroll,

وَالْبَيْتِ الْمَعْمُورِ (4)

ترجمہ: اور (فرشتوں سے) آباد گھر (یعنی آسمانی کعبہ) کی قَسم o

And by the House populated (by the angels i.e., the Ka'ba in heaven),

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوعِ (5)

ترجمہ: اور اونچی چھت (یعنی بلند آسمان یا عرشِ معلٰی) کی قَسم o

And by the Lofty Roof (i.e., the High Heaven or the Most Exalted Throne),

وَالْبَحْرِ الْمَسْجُورِ (6)

ترجمہ: اور اُبلتے ہوئے سمندر کی قَسم o

And by the swelling sea!

إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ (7)

ترجمہ: بے شک آپ کے رب کا عذاب ضرور واقع ہو کر رہے گا o

Surely, the torment of your Lord will do take place.

مَا لَهُ مِن دَافِعٍ (8)

ترجمہ: اسے کوئی دفع کرنے والا نہیں o

No one can avert it.

يَوْمَ تَمُورُ السَّمَاء مَوْراً (9)

ترجمہ: جس دن آسمان سخت تھرتھراہٹ کے ساتھ لرزے گا o

The Day when the heaven will shake with a terrible tremor,

وَتَسِيرُ الْجِبَالُ سَيْراً (10)

ترجمہ: اور پہاڑ (اپنی جگہ چھوڑ کر بادلوں کی طرح) تیزی سے اڑنے اور (ذرّات کی طرح) بکھرنے لگیں گے o

And the mountains (leaving their locations) will fly fast (like clouds) and scatter (like dust particles),

فَوَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ (11)

ترجمہ: سو اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہے o

So on that Day, woe to those who belie,

الَّذِينَ هُمْ فِي خَوْضٍ يَلْعَبُونَ (12)

ترجمہ: جو باطل (بے ہودگی) میں پڑے غفلت کا کھیل کھیل رہے ہیں o

Those who are playing a game of negligence, rapt in falsehood (i.e., absurdity).

يَوْمَ يُدَعُّونَ إِلَى نَارِ جَهَنَّمَ دَعّاً (13)

ترجمہ: جس دن کو وہ دھکیل دھکیل کر آتشِ دوزخ کی طرف لائے جائیں گے o

The Day when they will be forcefully pushed towards the Fire of Hell,

هَذِهِ النَّارُ الَّتِي كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ (14)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) یہ ہے وہ جہنّم کی آگ جسے تم جھٹلایا کرتے تھے o

(It will be said to them:) 'This is the Fire of Hell you used to belie.

أَفَسِحْرٌ هَذَا أَمْ أَنتُمْ لَا تُبْصِرُونَ (15)

ترجمہ: سو کیا یہ جادو ہے یا تمہیں دکھائی نہیں دیتا o

So is it magic, or do you not see?

اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا سَوَاء عَلَيْكُمْ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (16)

ترجمہ: اس میں داخل ہو جاؤ، پھر تم صبر کرو یا صبر نہ کرو، تم پر برابر ہے، تمہیں صرف انہی کاموں کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے رہے تھے o

Enter it. Then it is all the same for you whether you observe patience, or you do not observe patience. You will be paid only for those deeds which you used to do.'

إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنَّاتٍ وَنَعِيْمٍ (17)

ترجمہ: بے شک متقی لوگ بہشتوں اور نعمتوں میں ہوں گےo

Surely, the Godfearing will be in the Gardens and Bliss.

فَاكِهِيْنَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ (18)

ترجمہ: خوش اور لطف اندوز ہوں گے اُن (عطاؤں) سے جن سے اُن کے رب نے انہیں نوازا ہوگا، اور اُن کا رب انہیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گاo

They will be delighted at (the bestowals) their Lord will have blessed them with. And their Lord will keep them safe from the punishment of Hell.

كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيْئاً بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (19)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) تم اُن (نیک) اعمال کے صلہ میں جو تم کرتے رہے تھے خوب مزے سے کھاؤ اور پیوo

(It will be said to them:) 'Relish food and drink as a reward for the (pious) deeds which you used to do.'

مُتَّكِئِيْنَ عَلَى سُرُرٍ مَّصْفُوفَةٍ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِيْنٍ (20)

ترجمہ: وہ صف در صف بچھے ہوئے تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے، اور ہم گوری رنگت (اور) دلکش آنکھوں والی حوروں کو اُن کی زوجیت میں دے دیں گےo

They will be reclining (sitting) on couches arranged in rows, and We will marry them to maidens with fair colour (and) fascinating eyes.

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُم بِإِيْمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنَاهُم مِّنْ عَمَلِهِم مِّن شَيْءٍ كُلُّ امْرِءٍ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ (21)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور اُن کی اولاد نے ایمان میں اُن کی پیروی کی، ہم اُن کی اولاد کو (بھی درجاتِ جنت میں) اُن کے ساتھ ملا دیں گے (خواہ اُن کے اپنے عمل اس درجہ کے نہ بھی ہوں یہ صرف اُن کے صالح آباء کے اکرام میں ہوگا) اور ہم اُن (صالح آباء) کے ثوابِ اعمال سے بھی کوئی کمی نہیں کریں گے، (علاوہ اِس کے) ہر شخص اپنے ہی عمل (کی جزا و سزا) میں گرفتار ہوگاo

And those who believe and whose children follow them in faith, We shall also unite their children with them (in the ranks of Paradise even if their actions would not fall in that grade. It would be in the honour of their pious fathers). And We shall also not reduce in anyway the reward of the actions of their (pious fathers. Besides this,) everyone will be held in (reward and punishment for) his own works.

وَأَمْدَدْنَاهُم بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ (22)

ترجمہ: اور ہم انہیں پھل (میوے) اور گوشت، جو وہ چاہیں گے زیادہ سے زیادہ دیتے رہیں گےo

And We will keep giving them fruit and meat more and more as they desire.

يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْساً لَّا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ (23)

ترجمہ: وہاں یہ لوگ جھپٹ جھپٹ کر (شرابِ طہور کے) جام لیں گے، اس (شرابِ جنت) میں نہ کوئی بے ہودہ گوئی ہوگی اور نہ گناہ گاری ہوگیo

There, they will take the cups (of holy drink) by grabbing. This (holy drink of Paradise) will be free of foolish talk and sinful acts.

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُونٌ (24)

ترجمہ: اور نوجوان (خدمت گزار) اُن کے اِرد گرد گھومتے ہوں گے، گویا وہ غلاف میں چھپائے ہوئے موتی ہیںo

And (the serving) youths will go round them as if they were pearls kept hidden in covers.

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَسَاءلُونَ (25)

ترجمہ: اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باہم پرسشِ احوال کریں گےo

And they will turn to one another, enquiring well-being.

قَالُوا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِي أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ (26)

ترجمہ: وہ کہیں گے: بے شک ہم اس سے پہلے اپنے گھروں میں (عذابِ الٰہی سے) ڈرتے رہتے تھےo

They will say: 'Surely before this, we used to live in fear (of Allah's torment) in our homes.

فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ (27)

ترجمہ: پس اللہ نے ہم پر احسان فرما دیا اور ہمیں نارِ جہنّم کے عذاب سے بچا لیاo

So Allah has been Gracious to favour us and has saved us from the punishment of the Fire of Hell.

إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلُ نَدْعُوهُ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ (28)

ترجمہ: بے شک ہم پہلے سے ہی اُسی کی عبادت کیا کرتے تھے، بے شک وہ احسان فرمانے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

Indeed, we used to worship Him alone beforehand. Surely, He is Most Gracious, Ever-Merciful.'

فَذَكِّرْ فَمَا أَنتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ (29)

ترجمہ: سو (اے حبیبِ مکرّم!) آپ نصیحت فرماتے رہیں پس آپ اپنے رب کے فضل و کرم سے نہ تو کاہن (یعنی جنّات کے ذریعے خبریں دینے والے) ہیں اور نہ دیوانےo

So, (O Esteemed Beloved,) continue to admonish (them). By the grace and blessing of your Lord, you are neither a soothsayer (the one who gives news through the jinn) nor a madman.

أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ الْمَنُونِ (30)

ترجمہ: کیا (کفّار) کہتے ہیں: (یہ) شاعر ہیں؟ ہم اِن کے حق میں حوادثِ زمانہ کا انتظار کر رہے ہیں؟o

Do the disbelievers say: '(He is) a poet for whom we look forward to some temporal disasters'?

قُلْ تَرَبَّصُوا فَإِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُتَرَبِّصِينَ (31)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم (بھی) منتظر رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ (تمہاری ہلاکت کا) انتظار کرنے والوں میں ہوں o

Say: 'Wait on, I am also waiting together with you (for your destruction).'

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُم بِهَذَا أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ (32)

ترجمہ: کیا اُن کی عقلیں انہیں یہ (بے عقلی کی باتیں) سُجھاتی ہیں یا وہ سرکش و باغی لوگ ہیں o

Do their mental faculties suggest them this (foolishness), or are they rioters and rebels?

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ (33)

ترجمہ: یا وہ کہتے ہیں کہ اس (رسول) نے اس (قرآن) کو اَز خود گھڑ لیا ہے، (ایسا نہیں) بلکہ وہ (حق کو) مانتے ہی نہیں ہیں o

Or do they say: 'He (the Messenger) has invented it (the Qur'an) himself'? (No indeed;) rather they simply do not believe (in the truth).

فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ (34)

ترجمہ: پس انہیں چاہئے کہ اِس (قرآن) جیسا کوئی کلام لے آئیں اگر وہ سچے ہیں o

So let them produce a treatise like this (Qur'an) if they are truthful.

أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ (35)

ترجمہ: کیا وہ کسی شے کے بغیر ہی پیدا کر دیے گئے ہیں یا وہ خود ہی خالق ہیں o

Have they been created by nothing, or are they themselves the creators?

أَمْ خَلَقُوا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بَل لَّا يُوقِنُونَ (36)

ترجمہ: یا انہوں نے ہی آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، (ایسا نہیں) بلکہ وہ (حق بات پر) یقین ہی نہیں رکھتے o

Or did they create the heavens and the earth themselves? (No,) in fact, they do not have any faith (in the truth).

أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ (37)

ترجمہ: یا اُن کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں یا وہ اُن پر نگران (اور) داروغے ہیں o

Or do they own the treasures of your Lord? Or are they guards and watchmen over them?

أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُونَ (39)

ترجمہ: کیا اس (خدا) کے لیے بیٹیاں ہیں اور تمہارے لیے بیٹے ہیں o

Are there daughters for Him (the Lord) and sons for you?

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْراً فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ (40)

ترجمہ: کیا آپ اُن سے کوئی اُجرت طلب فرماتے ہیں کہ وہ تاوان کے بوجھ سے دبے جا رہے ہیں o

Do you ask them for wages that they are weighed down with debt?

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ (48)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم! اِن کی باتوں سے غم زدہ نہ ہوں) آپ اپنے رب کے حکم کی خاطر صبر جاری رکھئے بے شک آپ (ہر وقت) ہماری آنکھوں کے سامنے (رہتے) ہیں☆ اور آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے جب بھی آپ کھڑے ہوں o

☆ اگر ان ظالموں نے نگاہیں پھیر لی ہیں تو کیا ہوا، ہم تو آپ کی طرف سے نگاہیں ہٹاتے ہی نہیں ہیں اور ہم ہر وقت آپ کو ہی تکتے رہتے ہیں۔

And, (O Esteemed Beloved, do not grieve over what they say). Wait patiently for the command of your Lord. Surely, you are (at all times) before Our Eyes.* And glorify your Lord with His praise whenever you stand forth. * So what if the evildoers have turned away their eyes! We do not shift Our Eyes from you and keep seeing you all the time.

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ (49)

ترجمہ: اور رات کے اوقات میں بھی اس کی تسبیح کیجئے اور (پچھلی رات بھی) جب ستارے چھپتے ہیں o

And also glorify Him during the hours of the night and (in later part of it) when the stars fade out.

سورۃ النجم:

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى (1)

ترجمہ: قسم ہے روشن ستارے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جب وہ (چشمِ زدن میں شبِ معراج اوپر جا کر) نیچے اترے o

By (Muhammad [blessings and peace be upon him]), the bright star when (he ascended during the Ascension Night in the twinkling of an eye and) descended.

عَلَّمَهُ شَدِيْدُ الْقُوَى (5)

ترجمہ: ان کو بڑی قوّتوں والے رب نے (براہِ راست) علمِ (کامل) سے نوازا o

The Lord of Mighty Powers (directly) conferred on him (perfect) knowledge,

ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَى (6)

ترجمہ: جو حسنِ مُطلَق ہے، پھر اُس نے (اپنے) ظہور کا ارادہ فرمایا o

He Who is absolute beauty. Then He decided to unveil (Himself).

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّى (8)

ترجمہ: پھر وہ (ربّ العزّت اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے) قریب ہوا پھر اور زیادہ قریب ہو گیا☆ o

☆ یہ معنی امام بخاری نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے الجامع الصحیح میں روایت کیا ہے، مزید حضرت عبداللہ بن عباس، امام حسن بصری، امام جعفر الصادق، محمد بن کعب القرظی التابعی، ضحّاک رضی اللہ عنہم اور دیگر کئی ائمہِ تفسیر کا قول بھی یہی ہے۔

Then He (the Lord of Honour) drew closer (to His Beloved Muhammad [blessings and peace be upon him]) and then drew even closer.*

*** Imam al-Bukhari cites these meanings in al-Jami' al-Sahih from the venerable Companion Anas. Moreover, 'Abd Allah b. 'Abbas, Imam al-Hasan al-Basri, Imam Ja'far al-Sadiq, Muhammad b. Ka'b al-Qurazi the Successor, al-Dahhak and many other leading eminent exegetes also hold the same view.**

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى (9)

ترجمہ: پھر (جلوۂ حق اور حبیبِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں صرف) دو کمانوں کی مقدار فاصلہ رہ گیا یا (انتہائے قرب میں) اس سے بھی کم (ہو گیا)o

Then a distance measuring only two bow-lengths was left (between Allah Unveiled and His Esteemed Beloved), or even less than that (in extreme nearness).

فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى (10)

ترجمہ: پس (اُس خاص مقامِ قُرب و وصال پر) اُس (اللہ) نے اپنے عبدِ (محبوب) کی طرف وحی فرمائی جو (بھی) وحی فرمائیo

So (on that station of nearness) He (Allah) revealed to His (Beloved) servant whatever He revealed.

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَى (11)

ترجمہ: (اُن کے) دل نے اُس کے خلاف نہیں جانا جو (اُن کی) آنکھوں نے دیکھاo

(His) heart did not take it contrary to what (his) eyes beheld.

أَفَتُمَارُونَهُ عَلَى مَا يَرَى (12)

ترجمہ: کیا تم ان سے اِس پر جھگڑتے ہو کہ جو انہوں نے دیکھاo

Do you argue with him about what he saw?

وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى (13)

ترجمہ: اور بے شک انہوں نے تو اُس (جلوۂ حق) کو دوسری مرتبہ (پھر) دیکھا (اور تم ایک بار دیکھنے پر ہی جھگڑ رہے ہو)☆o

☆ یہ معنی ابن عباس، ابوذر غفاری، عکرمہ التابعی، حسن البصری التابعی، محمد بن کعب القرظی التابعی، ابوالعالیہ الریاحی التابعی، عطا بن ابی رباح التابعی، کعب الاحبار التابعی، امام احمد بن حنبل اور امام ابوالحسن اشعری رضی اللہ عنہم اور دیگر ائمہ کے اَقوال پر ہے۔

And assuredly, he saw Him (Allah Unveiled) the second time (again and you argue only about seeing Him once).*

*** These meanings are based on the sayings of eminent luminaries and authorities like Ibn 'Abbas, Abu Dharr al-Ghifari, 'Ikrima the Successor, Imam al-Hasan al-Basri the Successor, Muhammad b. Ka'b al-Qurazi, Abu al-'Aliya al-Riyahi the Successor, 'Ata' b. Abi Rabah the Successor, Ka'b al-Ahbar the**

Successor, Imam Ahmad b. Hanbal, Imam Abu al-Hasan al-Ash'ari and several others.

إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى (16)

ترجمہ: جب نورِ حق کی تجلّیات سِدرَۃ (المنتہٰی) کو (بھی) ڈھانپ رہی تھیں جو کہ (اس پر) سایہ فگن تھیں☆o

☆ یہ معنی بھی امام حسن بصری رضی اللہ عنہ و دیگر ائمہ کے اقوال پر ہے۔

When theophanies (i.e., effulgent disclosures) of the divine light wrapped up al-Sidra (the Lote-Tree at the Far End), covering it expansively.*

*** This interpretation also comes from Imam al-Hasan al-Basri and other leading scholars.**

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَى (17)

ترجمہ: اُن کی آنکھ نہ کسی اور طرف مائل ہوئی اور نہ حد سے بڑھی (جس کو تکنا تھا اسی پر جمی رہی)o

His eye neither inclined aside nor overstepped the limit; (it gazed in ecstasy at Whom it was to gaze).

لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى (18)

ترجمہ: بے شک انہوں نے (معراج کی شب) اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیںo

Surely, he saw the greatest signs of His Lord (during the Ascension Night).

أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزَّى (19)

ترجمہ: کیا تم نے لات اور عزّٰی (دیویوں) پر غور کیا ہےo

Have you taken a look at (the goddesses) Lat and 'Uzza?

وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرَى (20)

ترجمہ: اور اُس تیسری ایک اور (دیوی) منات کو بھی (غور سے دیکھا ہے؟ تم نے انہیں اللہ کی بیٹیاں بنا رکھا ہے؟)o

And (have you) also (seen thoughtfully) another, that third one (goddess) Manat? (Have you declared them daughters of Allah?)

أَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْأُنثَى (21)

ترجمہ: (اے مشرکو!) کیا تمہارے لیے بیٹے ہیں اور اس (اللہ) کے لیے بیٹیاں ہیںo

(O idolaters!) Are sons for you and daughters for Him (Allah)?

تِلْكَ إِذاً قِسْمَةٌ ضِيزَى (22)

ترجمہ: (اگر تمہارا تصور درست ہے) تب تو یہ تقسیم بڑی ناانصافی ہےo

(If your concept is correct,) then that division is serious injustice.

إِنْ هِيَ إِلَّا أَسْمَاء سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا أَنزَلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْأَنفُسُ وَلَقَدْ جَاءهُم مِّن رَّبِّهِمُ الْهُدَى (23)

ترجمہ: مگر (حقیقت یہ ہے کہ) وہ (بت) محض نام ہی نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں۔ اللہ نے ان کی

نسبت کوئی دلیل نہیں اتاری، وہ لوگ محض وہم وگمان کی اور نفسانی خواہشات کی پیروی کر رہے ہیں حالاں کہ اُن کے پاس اُن کے رب کی طرف سے ہدایت آ چکی ہےo

But (the truth is that) these (idols) are nothing but mere names which you and your fathers have given. Allah has not sent down any authority for them. They follow only whims and suspicions and the desires of their (ill-commanding) selves, whereas guidance has already come to them from their Lord.

فَلِلَّهِ الْآخِرَةُ وَالْأُولَى (25)

ترجمہ: پس آخرت اور دنیا کا مالک تو اللہ ہی ہےo

So Allah alone is the Master of the Hereafter and the world.

وَكَم مِّن مَّلَكٍ فِي السَّمَاوَاتِ لَا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئاً إِلَّا مِن بَعْدِ أَن يَأْذَنَ اللَّهُ لِمَن يَشَاءُ وَيَرْضَى (26)

ترجمہ: اور آسمانوں میں کتنے ہی فرشتے ہیں (کہ کفّار و مشرکین اُن کی عبادت کرتے اور ان سے شفاعت کی امید رکھتے ہیں) جن کی شفاعت کچھ کام نہیں آئے گی مگر اس کے بعد کہ اللہ جسے چاہتا ہے اور پسند فرماتا ہے اُس کے لیے اِذن (جاری) فرما دیتا ہےo

And how many angels there are in the heavens (whom the disbelievers and the idolaters worship and expect from them intercession but) whose intercession will be of no use at all, except after Allah (awards) permission for whom He wills and likes!

فَأَعْرِضْ عَن مَّن تَوَلَّى عَن ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ إِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (29)

ترجمہ: سو آپ اپنی توجّہ اس سے ہٹا لیں جو ہماری یاد سے رُوگردانی کرتا ہے اور سوائے دنیوی زندگی کے اور کوئی مقصد نہیں رکھتاo

So divert your attention from him who turns away from Our remembrance and desires nothing but the life of this world.

ذَلِكَ مَبْلَغُهُم مِّنَ الْعِلْمِ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدَى (30)

ترجمہ: اُن لوگوں کے علم کی رسائی کی یہی حد ہے، بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اُس کی راہ سے بھٹک گیا ہے اور اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جس نے ہدایت پالی ہےo

That is but the limit of the working of their knowledge. Verily, your Lord fully knows him who has strayed from His path and (also) knows best him who has attained guidance.

وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاؤُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى (31)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے تاکہ جن لوگوں نے برائیاں کیں انہیں اُن کے اعمال کا بدلہ دے اور جن لوگوں نے نیکیاں کیں انہیں اچھا اجر عطا فرمائےo

And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is in the earth so that He recompenses the acts of those who have committed vices and gives good reward to those who have performed virtues.

الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ أُمَّهَاتِكُمْ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَى (32)

ترجمہ: جولوگ چھوٹے گناہوں (اورلغزشوں) کے سوابڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں، بے شک آپ کا رب بخشش کی بڑی گنجائش رکھنے والا ہے، وہ تمہیں خوب جانتا ہے جب اس نے تمہاری زندگی کی ابتداء اورنشو ونما زمین (یعنی مٹی) سے کی تھی اور جبکہ تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں جَنِین (یعنی حمل) کی صورت میں تھے، پس تم اپنے آپ کو بڑا پاک وصاف مَت جتایا کرو، وہ خوب جانتا ہے کہ (اصل) پرہیزگار کون ہےo

Those who guard against grave sins and indecencies excepting small sins (and omissions), surely your Lord has vast prospects of forgiveness (for them). He knows you best when He originated your life and nourishment from the earth (i.e., soil) and when you were embryos (conceived) in your mothers' wombs. So never pose yourselves as clean and pure; He knows best who is (really) pious.

وَأَنَّ إِلَى رَبِّكَ الْمُنتَهَى (42)

ترجمہ: اور یہ کہ (بالآخر سب کو) آپ کے رب ہی کی طرف پہنچنا ہےo

And that (ultimately all) have to return to your Lord;

وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَى (43)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی (خوشی دے کر) ہنساتا ہے اور (غم دے کر) رُلاتا ہےo

And that He is the One Who makes one laugh (granting delight) and makes one weep (granting grief);

وَأَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا (44)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور جِلاتا ہےo

And that He is the One Who causes death and gives life;

وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَى (45)

ترجمہ: اور یہ کہ اُسی نے نَر اور مادہ دو قسموں کو پیدا کیاo

And that He is the One Who has created the two genders, male and female,

مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَى (46)

ترجمہ: نطفہ (ایک تولیدی قطرہ) سے جبکہ وہ (رَحِمِ مادہ میں) ٹپکایا جاتا ہےo

Out of a (sperm) drop when it is ejaculated (into the mother's womb);

وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَى (47)

ترجمہ: اور یہ کہ (مرنے کے بعد) دوبارہ زندہ کرنا (بھی) اسی پر ہےo

And that it is upon Him alone to raise up alive (also after death);

وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَى وَأَقْنَى (48)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی (بقدرِ ضرورت دے کر) غنی کر دیتا ہے اور وہی (ضرورت سے زائد دے کر) خزانے بھر دیتا ہےo

And that He is the One Who makes self-sufficient (by providing according to needs), and He is the One Who enriches treasures (by giving surplus to the needs);

وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرَى (49)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی شِعرٰی (ستارے) کا رب ہے (جس کی دورِ جاہلیت میں پوجا کی جاتی تھی)o

And that He alone is the Lord of Sirius (a star that was worshipped in the days of ignorance);

وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَاداً الْأُولَى (50)

ترجمہ: اور یہ کہ اسی نے پہلی (قومِ) عاد کو ہلاک کیاo

And that He is the One Who destroyed the first (people of) 'Ad,

وَثَمُودَ فَمَا أَبْقَى (51)

ترجمہ: اور (قومِ) ثمود کو (بھی)، پھر (ان میں سے کسی کو) باقی نہ چھوڑاo

And (the people of) Thamud (as well). Then He did not spare (any of them) to survive.

وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَأَطْغَى (52)

ترجمہ: اور اس سے پہلے قومِ نوح کو (بھی ہلاک کیا)، بے شک وہ بڑے ہی ظالم اور بڑے ہی سرکش تھےo

And before that, He destroyed the people of Nuh ([Noah] as well). Surely, they were extremely wicked and exceedingly defiant.

وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوَى (53)

ترجمہ: اور (قومِ لُوط کی) الٹی ہوئی بستیوں کو (اوپر اٹھا کر) اُسی نے نیچے دے پٹکاo

And He is the One Who (raised up) the overturned towns (of the people of Lut [Lot]) and smashed them down.

فَغَشَّاهَا مَا غَشَّى (54)

ترجمہ: پس اُن کو ڈھانپ لیا جس نے ڈھانپ لیا (یعنی پھر اُن پر پتھروں کی بارش کر دی گئی)o

Then covered them that which did cover (i.e., the stones were rained on them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَى (55)

ترجمہ: سو (اے انسان!) تو اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں میں شک کرے گاo

So, (O man,) which of the favours of your Lord will you doubt?

هَذَا نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَى (56)

ترجمہ: یہ (رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اگلے ڈر سنانے والوں میں سے ایک ڈر سنانے والے ہیںo

This (Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) is also a Warner of the

Warners of old.

أَزِفَتِ الْآزِفَةُ (57)

ترجمہ: آنے والی (قیامت کی گھڑی) قریب آ پہنچی o

The imminent (Hour of Judgment) has drawn near.

لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ اللَّهِ كَاشِفَةٌ (58)

ترجمہ: اللہ کے سوا اِسے کوئی ظاہر (اور قائم) کرنے والا نہیں ہے o

No one except Allah can bring it forth (and establish).

أَفَمِنْ هَذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ (59)

ترجمہ: پس کیا تم اس کلام سے تعجب کرتے ہو o

So do you wonder at this Revelation?

سورۃ القمر:

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ (49)

ترجمہ: بے شک ہم نے ہر چیز کو ایک مقرّر اندازے کے مطابق بنایا ہے o

Surely, We have created everything according to a fixed measure.

وَمَا أَمْرُنَا إِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ (50)

ترجمہ: اور ہمارا حکم تو فقط یک بارگی واقع ہو جاتا ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا ہے o

And Our command comes into action once and for all as the twinkling of an eye.

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (51)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تمہارے (بہت سے) گروہوں کو ہلاک کر ڈالا، سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے o

And surely, We destroyed (many of) your groups. So is there anyone who will take advice?

فِي مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيكٍ مُّقْتَدِرٍ (55)

ترجمہ: پاکیزہ مجالس میں (حقیقی) اقتدار کے مالک بادشاہ کی خاص قربت میں (بیٹھے) ہوں گے o

And will (be seated) in special nearness to the Sovereign Lord of (true) power during holy sessions.

سورۃ الرحمٰن:

الرَّحْمَنُ (1)

ترجمہ: (وہ) رحمان ہی ہے o

The Most Compassionate (is He),

عَلَّمَ الْقُرْآنَ (2)

ترجمہ: جس نے (خود رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یا ان کے ذریعے اِنسان کو) قرآن سکھایا☆o

☆ یہ آیت کفّار و مشرکینِ مکّہ کے اِس الزام کے جواب میں اُتری کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (معاذ اللہ) کوئی شخص خفیہ قرآن سکھاتا ہے۔ حوالہ جات کے لیے ملاحظہ کریں: تفسیر القشیر ی، البغوی، الخازن، البحر المحیط، الجمل، اللباب، الصاوی، فتح القدیر، المظہر ی، السراج المنیر، المراغی، اضواء البیان اور مجمع البیان وغیرھم۔

Who (Himself) taught the Qur'an (to the Arab Messenger [blessings and peace be upon him] or the humans through him).*

*** This Holy Verse was revealed in reply to the allegation fabricated by the disbelievers and the idolaters that (God forbid!) somebody used to teach the Qur'an secretly to the Prophet Muhammad (blessings and peace be upon him). See: Tafsir al-Qushayri, al-Baghawi, al-Khazin, al-Bahr al-Muhit, al-Jumal, al-Lubab, al-Sawi, Fath al-Qadir, al-Mazhari, al-Siraj al-Munir, al-Maraghi, Adwa' al-Bayan and Majma' al-Bayan, etc.**

خَلَقَ الْإِنسَانَ (3)

ترجمہ: اُسی نے انسان کو پیدا فرمایاo

He is the One Who created humankind.

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ (4)

ترجمہ: اسی نے اِسے بیان سکھایاo

He alone taught him the art of expression and communication.

الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ (5)

ترجمہ: سورج اور چاند (اُسی کے) مقرّرہ حساب سے چل رہے ہیںo

The sun and the moon are rotating according to the configuration determined (by Him).

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ (78)

ترجمہ: آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے، جو صاحبِ عظمت و جلال اور صاحبِ اِنعام و اِکرام ہےo

Most Blessed is the Name of your Lord, the Master of glory and splendour and the Master of bounty and honour.

سورۃ الواقعۃ:

نَحْنُ خَلَقْنَاكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُونَ (57)

ترجمہ: ہم ہی نے تمہیں پیدا کیا تھا پھر تم (دوبارہ پیدا کیے جانے کی) تصدیق کیوں نہیں کرتےo

It is We Who created you. Then why do you not confirm (resurrection)?

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (96)

ترجمہ: سوآپ اپنے ربِّ عظیم کے نام کی تسبیح کیا کریںo

So always glorify the Name of your Lord, Most Magnificent.

سورۃ الحدید:

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (1)

ترجمہ: اللہ ہی کی تسبیح کرتے ہیں جو بھی آسمانوں اور زمین میں ہیں، اور وہی بڑی عزت والا بڑی حکمت والا ہےo

All those who are in the heavens and the earth glorify Allah alone, and only He is the Lord of Honour, Most Wise.

لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يُحْيِي وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (2)

ترجمہ: اسی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے، وہی جلاتا اور مارتا ہے، اور وہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

His is the kingdom of the heavens and the earth. He is the One Who gives life and causes death, and He wields Absolute Power over everything.

هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (3)

ترجمہ: وہی (سب سے) اوّل اور (سب سے) آخر ہے اور (اپنی قدرت کے اعتبار سے) ظاہر اور (اپنی ذات کے اعتبار سے) پوشیدہ ہے، اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

He is the One Who is the First (of all) and the Last (of all). And He is Manifest (as for His Power) and Hidden (as goes His Essence). And He knows everything full well.

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (4)

ترجمہ: وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ اَدوار میں پیدا فرمایا پھر کائنات کی مسند اقتدار پر (اپنی شان کے مطابق) جلوہ افروز ہوا (یعنی پوری کائنات کو اپنے امر کے ساتھ منظّم فرمایا)، وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس میں سے خارج ہوتا ہے اور جو کچھ آسمانی کرّوں سے اترتا (یا نکلتا) ہے یا جو کچھ ان میں چڑھتا (یا داخل ہوتا) ہے۔ وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے تم جہاں کہیں بھی ہو، اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو (اسے) خوب دیکھنے والا ہےo

He is the One Who created the heavens and the earth in six periods, then unveiled His Might taking the Throne of sovereignty of the universe (i.e., organized the whole universe under His command befitting His Glory). He knows what goes into the earth and what comes out of it, and what descends (or comes forth) from the heavenly bodies or what ascends to (or goes into) them. Wherever you are, He is with you. And Allah monitors best what you do.

لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُوْرُ (5)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کی ساری سلطنت اسی کی ہے، اور اسی کی طرف سارے امور لوٹائے جاتے ہیںo

His is the entire kingdom of the heavens and the earth, and to Him are returned all the affairs.

يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (6)

ترجمہ: وہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور وہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں سے بھی خوب باخبر ہےo

He is the One Who makes the night pass into the day and the day pass into the night. And He is also Well Aware of the (hidden) contents of the hearts.

آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَأَنفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُم مُّسْتَخْلَفِينَ فِيهِ فَالَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَأَنفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ (7)

ترجمہ: اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ اور اس (مال و دولت) میں سے خرچ کرو جس میں اس نے تمہیں اپنا نائب (وامین) بنایا ہے، پس تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے خرچ کیا اُن کے لیے بہت بڑا اَجر ہےo

Believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and spend (in His cause) out of that (wealth) in which He has made you His vicegerents (and trustees). So those of you who believe and spend (in His way), for them is mighty reward.

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (8)

ترجمہ: اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے، حالاں کہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں بلا رہے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ اور بے شک (اللہ) تم سے مضبوط عہد لے چکا ہے، اگر تم ایمان لانے والے ہوo

And what is the matter with you that you do not believe in Allah whilst the Messenger (blessings and peace be upon him) is giving you the call to believe in your Lord? And surely, Allah has already taken a firm covenant from you if you are believers.

هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ عَلَى عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (9)

ترجمہ: وہی ہے جو اپنے (برگزیدہ) بندے پر واضح نشانیاں نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لے جائے، اور بے شک اللہ تم پر نہایت شفقت فرمانے والا نہایت رحم فرمانے والا ہےo

He is the One Who sends down clear signs to His (exalted) servant so that He may bring you out of the darkness into the light. Surely, Allah is the Most Clement, Ever-Merciful towards you.

وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ أُولَئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَى وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (10)

ترجمہ: اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالاں کہ آسمانوں اور زمین کی ساری ملکیت اللہ ہی کی ہے (تم فقط اس مالک کے نائب ہو)، تم میں سے جن لوگوں نے فتحِ (مکّہ) سے پہلے (اللہ کی راہ میں اپنا مال) خرچ کیا اور (حق کے لیے)

قتال کیا وہ (اور تم) برابر نہیں ہو سکتے، وہ اُن لوگوں سے درجہ میں بہت بلند ہیں جنہوں نے بعد میں مال خرچ کیا ہے، اور قتال کیا ہے، مگر اللہ نے حسنِ آخرت (یعنی جنت) کا وعدہ سب سے فرما دیا ہے، اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اُن سے خوب آگاہ ہےo

And what is the matter with you that you do not spend in the way of Allah, whereas the ownership of the heavens and the earth belongs to Allah alone (you are merely His vicegerents)? Those of you who spent (their wealth in the way of Allah before Meccan Victory) and fought (for the sake of truth), they (and you) cannot be equal. They are far higher in rank than those who spent their wealth afterwards and fought. But Allah has promised the most pleasing end (i.e., Paradise) to all in the Hereafter. And Allah is Well Aware of what you do.

مَن ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضاً حَسَناً فَیُضَاعِفَهُ لَهُ وَلَهُ أَجْرٌ کَرِیْمٌ (11)

ترجمہ: کون شخص ہے جو اللہ کو قرضِ حسنہ کے طور پر قرض دے تو وہ اس کے لیے اُس (قرض) کو کئی گنا بڑھاتا رہے اور اس کے لیے بڑی عظمت والا اجر ہےo

Who will make a good loan to Allah so that He may increase it (the loan) for him manifold? And a generous reward awaits him.

یَوْمَ تَرَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ یَسْعَی نُورُهُم بَیْنَ أَیْدِیْهِمْ وَبِأَیْمَانِهِم بُشْرَاکُمُ الْیَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِیْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِیْنَ فِیْهَا ذَلِکَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ (12)

ترجمہ: (اے حبیب!) جس دن آپ (اپنی امّت کے) مومن مَردوں اور مومن عورتوں کو دیکھیں گے کہ اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کی دائیں جانب تیزی سے چل رہا ہوگا (اور اُن سے کہا جائے گا:) تمہیں بشارت ہو آج (تمہارے لیے) جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں (تم) ہمیشہ ان میں رہو گے، یہی بہت بڑی کامیابی ہےo

(O Beloved!) The Day when you will see the believing men and the believing women (of your Umma [Community]) with their light heading fast in front of them and on their right (it will be said to them:) 'Good news to you. Today there are Gardens for you with streams flowing under them. (You) will live in them forever. That is but a great success.'

یُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَکُن مَّعَکُمْ قَالُوا بَلَی وَلَکِنَّکُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَکُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْکُمُ الْأَمَانِیُّ حَتَّی جَاء أَمْرُ اللّٰهِ وَغَرَّکُم بِاللّٰهِ الْغَرُورُ (14)

ترجمہ: وہ (منافق) اُن (مومنوں) کو پکار کر کہیں گے: کیا ہم (دنیا میں) تمہاری سنگت میں نہ تھے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! لیکن تم نے اپنے آپ کو (منافقت کے) فتنہ میں مبتلا کر دیا تھا اور تم (ہمارے لیے برائی اور نقصان کے) منتظر رہتے تھے اور تم (نبوّتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دینِ اسلام میں) شک کرتے تھے اور باطل امیدوں نے تمہیں دھوکے میں ڈال دیا، یہاں تک کہ اللہ کا اَمر (موت) آ پہنچا اور تمہیں اللہ کے بارے میں دغاباز (شیطان) دھوکہ دیتا رہاo

They (the hypocrites) will call out those (believers), saying: 'Were we not in your company (in the world)?' They will say: 'Yes indeed! But you troubled

yourselves with the disruption (of hypocrisy) and used to wait (for our woe and destruction). And you doubted (the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] and the Din [Religion of Islam]), and your false hopes deceived you till the command of Allah (i.e., death) reached, and the Arch-Deceiver (Satan) kept deluding you about Allah.

أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِيْنَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ **(16)**

ترجمہ: کیا ایمان والوں کے لیے (ابھی) وہ وقت نہیں آیا کہ اُن کے دل اللہ کی یاد کے لیے رِقّت کے ساتھ جھک جائیں اور اس حق کے لیے (بھی) جو نازل ہوا ہے اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں اس سے پہلے کتاب دی گئی تھی پھر ان پر مدّت دراز گزر گئی تو اُن کے دل سخت ہو گئے، اور ان میں بہت سے لوگ نافرمان ہیںo

Has the time not (yet) come for the believers that their hearts get humbled with tenderness for the remembrance of Allah, and for that truth (as well) which has been sent down, and that they do not become like those who were given the Book before this, then a long time passed over them and their hearts hardened? And many of them are disobedient.

اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ **(17)**

ترجمہ: جان لو کہ اللہ ہی زمین کو اُس کی مُردنی کے بعد زندہ کرتا ہے، اور بے شک ہم نے تمہارے لیے نشانیاں واضح کر دی ہیں تاکہ تم عقل سے کام لوo

Know that Allah alone brings the earth to life after it is dead. And surely, We have made signs clear for you so that you may put your reason to work.

إِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيْمٌ **(18)**

ترجمہ: بے شک صدقہ و خیرات دینے والے مرد اور صدقہ و خیرات دینے والی عورتیں اور جنہوں نے اللہ کو قرضِ حسنہ کے طور پر قرض دیا ان کے لیے (صدقہ و قرضہ کا اجر) کئی گنا بڑھا دیا جائے گا اور اُن کے لیے بڑی عزت والا ثواب ہوگاo

Surely, both the men and the women who give charity and those who lend a goodly loan to Allah, (the reward of charity) will be increased for them manifold, and there will be most honourable reward for them.

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُونَ وَالشُّهَدَاء عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ **(19)**

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں، اُن کے لیے اُن کا اجر (بھی) ہے اور ان کا نور (بھی) ہے، اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیںo

And those who believe in Allah and His Messengers are al-siddiqun (the champions of truth) and al-shuhada' (the faithful witnesses) in the sight of their Lord. For them is their reward and their light (as well), and those who

disbelieved and denied Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell.

سَابِقُوا إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ لِلَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ذَلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ **(21)**

ترجمہ: (اے بندو!) تم اپنے رب کی بخشش کی طرف تیز لپکو اور جنت کی طرف (بھی) جس کی چوڑائی (ہی) آسمان اور زمین کی وسعت جتنی ہے، اُن لوگوں کیلیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں، یہ اللہ کا فضل ہے جسے وہ چاہتا ہے اسے عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ عظیم فضل والا ہے O

(O servants!) Race in pursuit of forgiveness from your Lord and towards Paradise (also) which is as wide as the vast expanse of the heaven and the earth, prepared for those who believe in Allah and His Messengers. This is Allah's bounty which He gives to whom He wills. And Allah is the Lord of infinite bounty.

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ **(22)**

ترجمہ: کوئی بھی مصیبت نہ تو زمین میں پہنچتی ہے اور نہ تمہاری زندگیوں میں مگر وہ ایک کتاب میں (یعنی لوحِ محفوظ میں جو اللہ کے علمِ قدیم کا مرتبہ ہے) اس سے قبل کہ ہم اسے پیدا کریں (موجود) ہوتی ہے، بے شک یہ (علمِ محیط و کامل) اللہ پر بہت ہی آسان ہے O

No calamity occurs in the earth or in your lives but it is in a Book (al-Lawh al-Mahfuz, the station of Allah's pre-eternal knowledge,) before We make it happen. Surely, this (all-encompassing and perfect knowledge) is very easy for Allah,

لِكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ **(23)**

ترجمہ: تاکہ تم اس چیز پر غم نہ کرو جو تمہارے ہاتھ سے جاتی رہی اور اس چیز پر نہ اِتراؤ جو اس نے تمہیں عطا کی، اور اللہ کسی تکبّر کرنے والے، فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا O

So that you may not grieve over what goes out of your hands, nor gloat in pride over what He grants you. And Allah does not like anyone arrogant and proud-

الَّذِينَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ **(24)**

ترجمہ: جو لوگ (خود بھی) بخل کرتے ہیں اور (دوسرے) لوگوں کو (بھی) بخل کی تلقین کرتے ہیں، اور جو شخص (احکامِ الٰہی سے) رُوگردانی کرتا ہے تو بے شک اللہ (بھی) بے پرواہ ہے بڑا قابلِ حمد و ستائش ہے O

They who are (themselves) miserly and (also) urge others to be miserly. And he who turns away from (Allah's injunctions), then surely Allah is (also) Self-Sufficient, Most Praiseworthy.

لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ

وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ (25)

ترجمہ: بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب اور میزانِ عدل نازل فرمائی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوسکیں، اور ہم نے (معدنیات میں سے) لوہا مہیّا کیا اس میں (آلاتِ حرب و دفاع کے لیے) سخت قوّت اور لوگوں کے لیے (صنعت سازی کے کئی دیگر) فوائد ہیں اور (یہ اس لیے کیا) تاکہ اللہ ظاہر کردے کہ کون اُس کی اور اُس کے رسولوں کی (یعنی دینِ اسلام کی) بِن دیکھے مدد کرتا ہے، بے شک اللہ (خود ہی) بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہے o

Verily, We sent Our Messengers with clear signs, and We sent down with them the Book and the balance of justice so that people might grow firm and stable in justice. And (of minerals) We brought forth iron in which there is a fierce force (for weapons and defence) and which has (multiple other) benefits for people (in industrial development). And (the purpose is) that Allah may bring to light the one who helps Him and His Messengers (i.e., the Din [Religion of Islam]) without seeing. Surely, Allah is (Himself) the All-Powerful, the Almighty.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِ وَيَجْعَل لَّكُمْ نُوراً تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (28)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کا تقوٰی اختیار کرو اور اُس کے رسول (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آؤ وہ تمہیں اپنی رحمت کے دو حصّے عطا فرمائے گا اور تمہارے لیے نور پیدا فرما دے گا جس میں تم (دنیا اور آخرت میں) چلا کرو گے اور تمہاری مغفرت فرما دے گا، اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے o

O believers! Become Godfearing and believe in His (Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him). He will bless you with two portions of His mercy and will bring about light for you to walk in (in the world and in the Hereafter) and will forgive you. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَى شَيْءٍ مِّن فَضْلِ اللَّهِ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (29)

ترجمہ: (یہ بیان اِس لیے ہے) کہ اہلِ کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل پر کچھ قدرت نہیں رکھتے اور (یہ) کہ سارا فضل اللہ ہی کے دستِ قدرت میں ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے، اور اللہ فضل والا عظمت والا ہے o

(The purpose of this exposition is) that the People of the Book may know that they have no control over Allah's bounty, and that the entire bounty is in the Mighty Hand of Allah alone. He gives it to whom He likes, and Allah is the Lord of infinite bounty, Most Great.

سورۃ المجادلۃ:

قَدْ سَمِعَ اللَّهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ (1)

ترجمہ: بے شک اللہ نے اس عورت کی بات سن لی ہے جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں تکرار کر رہی تھی اور اللہ سے فریاد کر

رہی تھی، اور اللہ آپ دونوں کے باہمی سوال و جواب سن رہا تھا، بے شک اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Indeed, Allah has heard the words of the woman who was arguing with you about her husband and was pleading with Allah. And Allah was hearing the mutual questions and answers of both of you. Surely, Allah is All-Hearing, All-Seeing.

الَّذِيْنَ يُظَاهِرُونَ مِنكُم مِّن نِّسَائِهِم مَّا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ إِنْ أُمَّهَاتُهُمْ إِلَّا اللَّائِي وَلَدْنَهُمْ وَإِنَّهُمْ لَيَقُولُونَ مُنكَراً مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوراً وَإِنَّ اللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ (2)

ترجمہ: تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظِہار کر بیٹھتے ہیں (یعنی یہ کہہ بیٹھتے ہیں کہ تم مجھ پر میری ماں کی پشت کی طرح ہو)، تو (یہ کہنے سے) وہ اُن کی مائیں نہیں (ہو جاتیں)، اُن کی مائیں تو صرف وہی ہیں جنہوں نے اُن کو جَنا ہے، اور بے شک وہ لوگ بری اور جھوٹی بات کہتے ہیں، اور بے شک اللہ ضرور درگزر فرمانے والا بڑا بخشنے والا ہےo

Those of you who separate their wives by zihar (i.e., they say to their wives: You are to me as my mother's back. But by saying this) they do not become their mothers. Their mothers are only those who have given them birth. And no doubt they utter evil and false words. Surely, Allah is Most Forbearing, Most Forgiving.

وَالَّذِيْنَ يُظَاهِرُونَ مِن نِّسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا قَالُوا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا ذَلِكُمْ تُوعَظُونَ بِهِ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيْرٌ (3)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کر بیٹھیں پھر جو کہا ہے اس سے پلٹنا چاہیں تو ایک گردن (غلام یا باندی) کا آزاد کرنا لازم ہے قبل اِس کے کہ وہ ایک دوسرے کو مَس کریں، تمہیں اس بات کی نصیحت کی جاتی ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

And those who separate their wives by zihar, but then seek to go back on what they have said, setting free a neck (a slave) is obligatory before they touch each other. This is what you are admonished. And Allah is Well Aware of the works that you do.

فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْناً ذَلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (4)

ترجمہ: پھر جسے (غلام یا باندی) میسّر نہ ہو تو دو ماہ متواتر روزے رکھنا (لازم ہے) قبل اِس کے کہ وہ ایک دوسرے کو مَس کریں، پھر جو شخص اِس کی (بھی) طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا (لازم ہے)، یہ اِس لیے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھو۔ اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدود ہیں، اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہےo

But the one who does not find (a slave) must fast for two consecutive months (as an obligation) before they touch each other. Then someone who is unable to do that must feed sixty poor people (under obligation). That is in order that you may keep your belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be

upon him). And these are the limits (set by) Allah.And there is a painful punishment for the disbelievers.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُحَادُّونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ وَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ **(5)**

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عداوت رکھتے ہیں وہ اسی طرح ذلیل کیے جائیں گے جس طرح اُن سے پہلے لوگ ذلیل کیے جا چکے ہیں اور بے شک ہم نے واضح آیتیں نازل فرما دی ہیں، اور کافروں کے لیے ذِلت انگیز عذاب ہےo

Indeed, those who maintain rivalry against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) will be humiliated as those before them were humiliated. And surely, We have sent down clear Revelations, and there is humiliating torment for the disbelievers.

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعاً فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا أَحْصَاهُ اللّٰهُ وَنَسُوهُ وَاللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ **(6)**

ترجمہ: جس دن اللہ ان سب لوگوں کو (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے گا پھر انہیں اُن کے اعمال سے آگاہ فرمائے گا، اللہ نے (ان کے) ہر عمل کو شمار کر رکھا ہے حالاں کہ وہ اسے بھول (بھی) چکے ہیں، اور اللہ ہر چیز پر مطّلع (اور آگاہ) ہےo

On the Day when Allah will raise them all up (giving life again), He will then inform them of their actions. Allah has counted up (their) every action whilst they have forgotten it. And Allah is Witness over (and Well Aware of) everything.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَى ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَى مِن ذَلِكَ وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ **(7)**

ترجمہ: (اے انسان!) کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ اُن سب چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، کہیں بھی تین (آدمیوں) کی کوئی سرگوشی نہیں ہوتی مگر یہ کہ وہ (اللہ اپنے محیط علم و آگہی کے ساتھ) اُن کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی پانچ (آدمیوں) کی سرگوشی ہوتی ہے مگر وہ (اپنے علمِ محیط کے ساتھ) اُن کا چھٹا ہوتا ہے، اور نہ اس سے کم (لوگوں) کی اور نہ زیادہ کی مگر وہ (ہمیشہ) اُن کے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں بھی وہ ہوتے ہیں، پھر وہ قیامت کے دن انہیں اُن کاموں سے خبردار کر دے گا جو وہ کرتے رہے تھے، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

(O man!) Do you not know that Allah knows all those things which are in the heavens and in the earth? There is no whisper of three (men) anywhere but He is their fourth (with His all-encompassing knowledge and awareness). Nor is there any whisper of five (men) but He is the sixth of them (with His all-encompassing knowledge). Nor of less or more than that but He is (always) with them wherever they are. Then on the Day of Rising, He will alert them to the actions that they used to do. Surely, Allah knows everything full well.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِىْ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم آپس میں سرگوشی کرو تو گناہ اور ظلم و سرکشی اور نافرمانءِ رسالت مآب (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی سرگوشی نہ کیا کرو اور نیکی اور پرہیزگاری کی بات ایک دوسرے کے کان میں کہہ لیا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو جس کی طرف تم سب جمع کیے جاؤ گے O

O believers! When you whisper amongst yourselves, whisper not sin, injustice, revolt and disobedience to the Holy Prophet (blessings and peace be upon him); but whisper piety and Godwariness and keep fearing Allah before Whom you all will be gathered.

إِنَّـمَـا الـنَّـجْـوَى مِـنَ الشَّيْـطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئاً إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (10)

ترجمہ: (منفی اور تخریبی) سرگوشی محض شیطان ہی کی طرف سے ہوتی ہے تاکہ وہ ایمان والوں کو پریشان کرے حالاں کہ وہ (شیطان) اُن (مومنوں) کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا مگر اللہ کے حکم سے، اور اللہ ہی پر مومنوں کو بھروسہ رکھنا چاہیے O

(Negative and destructive) whispering is (employed) by Satan alone so that he may cause anguish to the believers. But in truth, he (Satan) cannot do any harm to them (the believers) except by Allah's command. And the believers should trust Allah alone.

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِىْ الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوا يَفْسَحِ اللَّهُ لَكُمْ وَإِذَا قِيْلَ انشُزُوا فَانشُزُوا يَرْفَعِ اللَّهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنكُمْ وَالَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (11)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم سے کہا جائے کہ (اپنی) مجلسوں میں کشادگی پیدا کرو تو کشادہ ہو جایا کرو اللہ تمہیں کشادگی عطا فرمائے گا اور جب کہا جائے کھڑے ہو جاؤ تو تم کھڑے ہو جایا کرو، اللہ اُن لوگوں کے درجات بلند فرما دے گا جو تم میں سے ایمان لائے اور جنہیں علم سے نوازا گیا، اور اللہ اُن کاموں سے جو تم کرتے ہو خوب آگاہ ہے O

O believers! When it is said to you: 'Open up and make room in your gatherings,' then open up and make room. Allah will provide you with ample room. And when it is said: 'Rise up,' then rise up. Allah will raise those in ranks who believe from amongst you and who are given knowledge. And Allah is Well Aware of the works that you do.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْنَ آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً ذَلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَأَطْهَرُ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (12)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے کوئی راز کی بات تنہائی میں عرض کرنا چاہو تو اپنی رازدارانہ بات کہنے سے پہلے کچھ صدقہ و خیرات کر لیا کرو، یہ (عمل) تمہارے لیے بہتر اور پاکیزہ تر ہے، پھر اگر (خیرات کے لیے) کچھ نہ پاؤ تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے O

O believers! When you seek to submit some secret to the Messenger (blessings and peace be upon him) in private, give something in charity before you submit your secret. This (action) is better and purer for you. But if you do not find anything (to offer in charity), then Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

أَأَشْفَقْتُمْ أَن تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ **(13)**

ترجمہ: کیا (بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) تنہائی وراز داری کے ساتھ بات کرنے سے قبل صدقات وخیرات دینے سے تم گھبرا گئے؟ پھر جب تم نے (ایسا) نہ کیا اور اللہ نے تم سے باز پرس اٹھالی (یعنی یہ پابندی اٹھادی) تو (اب) نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت بجالاتے رہو، اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب آگاہ ہےo

Are you worried about donating in charity before your submission to the Messenger (blessings and peace be upon him) in secret? So when you did not do (that) and Allah lifted from you probe (i.e., relaxed this restriction), then establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) persistently. And Allah is Well Aware of all the deeds that you do.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ تَوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِم مَّا هُم مِّنكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ **(14)**

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسی جماعت کے ساتھ دوستی رکھتے ہیں جن پر اللہ نے غضب فرمایا، نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ اُن میں سے ہیں اور جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں حالاں کہ وہ جانتے ہیںo

Have you not seen those who make friends with such a party upon whom Allah sent wrath? They are neither of you nor of them and they take false oaths whilst they know.

أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَاباً شَدِيداً إِنَّهُمْ سَاء مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ **(15)**

ترجمہ: اللہ نے اُن کے لیے سخت عذاب تیار فرما رکھا ہے، بے شک وہ برا (کام) ہے جو وہ کر رہے ہیںo

Allah has prepared for them severe punishment. Indeed, it is an evil (work) that they are doing.

اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ **(16)**

ترجمہ: انہوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے سو وہ (دوسروں کو) راہِ خدا سے روکتے ہیں، پس اُن کے لیے ذِلّت انگیز عذاب ہےo

They have made their (false) oaths a shield. So they hinder (others) from the way of Allah. Consequently, there is a humiliating punishment for them.

لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئاً أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ **(17)**

ترجمہ: اللہ (کے عذاب) سے ہرگز نہ ہی اُن کے مال انہیں بچا سکیں گے اور نہ اُن کی اولاد ہی (انہیں بچا سکے گی)، یہی لوگ اہلِ دوزخ ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

Neither their wealth nor their children will ever be able to save them from (the punishment of) Allah. It is they who are the inmates of Hell. They will live in it forever.

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعاً فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَى شَيْءٍ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْكَاذِبُونَ **(18)**

ترجمہ: جس دن اللہ اُن سب کو (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے گا تو وہ اُس کے حضور (بھی) قسمیں کھا جائیں گے جیسے تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں اور وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ کسی (اچھی) شے (یعنی روِش) پر ہیں۔ آگاہ رہو کہ یہ لوگ جھوٹے ہیںo

The Day when Allah will raise up all of them (giving life a second time), they will swear to Him (as well) as they swear to you. And they assume that they are on a (right) thing (i.e., path). Beware! They are liars.

اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ أُوْلَئِكَ حِزْبُ الشَّيْطَانِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ **(19)**

ترجمہ: اُن پر شیطان نے غلبہ پا لیا ہے سو اُس نے انہیں اللہ کا ذکر بھلا دیا ہے، یہی لوگ شیطان کا لشکر ہیں۔ جان لو کہ بے شک شیطانی گروہ کے لوگ ہی نقصان اٹھانے والے ہیںo

Satan has gained mastery over them. So he has made them forget the remembrance of Allah. It is they who are Satan's army. Know that indeed it is the party of Satan who are the losers.

إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُوْلَئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ **(20)**

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عداوت رکھتے ہیں وہی ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیںo

Surely, those who maintain enmity against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), it is they who are of the lowest of mankind.

كَتَبَ اللَّهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ **(21)**

ترجمہ: اللہ نے لکھ دیا ہے کہ یقیناً میں اور میرے رسول ضرور غالب ہو کر رہیں گے، بے شک اللہ بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہےo

Allah has destined: 'Most certainly, I and My Messengers will dominate.' Surely, Allah is Most Strong, Almighty.

لَا تَجِدُ قَوْماً يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءهُمْ أَوْ أَبْنَاءهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ أُوْلَئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ أُوْلَئِكَ حِزْبُ اللَّهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ **(22)**

ترجمہ: آپ اُن لوگوں کو جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں کبھی اس شخص سے دوستی کرتے ہوئے نہ پائیں گے جو اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے دشمنی رکھتا ہے خواہ وہ اُن کے باپ (اور دادا) ہوں یا بیٹے (اور پوتے) ہوں یا اُن کے

بھائی ہوں یا اُن کے قریبی رشتہ دار ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اُس (اللہ) نے ایمان ثبت فرما دیا ہے اور انہیں اپنی روح (یعنی فیضِ خاص) سے تقویت بخشی ہے، اور انہیں (ایسی) جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اللہ اُن سے راضی ہو گیا ہے اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے ہیں، یہی اللہ (والوں) کی جماعت ہے، یاد رکھو! بے شک اللہ (والوں) کی جماعت ہی مراد پانے والی ہےo

You will never find those who believe in Allah and the Day of Rising making friends with anyone who is hostile to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), even though they are their fathers (and forefathers), or their sons (and grandsons), or their brothers, or their near relatives. It is they in whose hearts Allah has inscribed faith and has strengthened them with His spirit (i.e., special spiritual benefit). And He will admit them to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Allah. It is they who are the party of (the devotees of) Allah. Remember! It is the party of (the devotees of) Allah that attain to the goal.

سورۃ الحشر:

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (1)

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (سب) اللہ کی تسبیح کرتے ہیں، اور وہی غالب ہے حکمت والا ہےo

Whatever is in the heavens and whatever is in the earth (all) glorify Allah and He alone is Almighty, Most Wise.

هُوَ الَّذِي أَخْرَجَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ مَا ظَنَنتُمْ أَن يَخْرُجُوا وَظَنُّوا أَنَّهُم مَّانِعَتُهُمْ حُصُونُهُم مِّنَ اللَّهِ فَأَتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوا وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُونَ بُيُوتَهُم بِأَيْدِيهِمْ وَأَيْدِي الْمُؤْمِنِينَ فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِي الْأَبْصَارِ (2)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اُن کافر کتابیوں کو (یعنی بنو نضیر کو) پہلی جلاوطنی میں گھروں سے (جمع کر کے مدینہ سے شام کی طرف) نکال دیا۔ تمہیں یہ گمان (بھی) نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور انہیں یہ گمان تھا کہ اُن کے مضبوط قلعے انہیں اللہ (کی گرفت) سے بچا لیں گے پھر اللہ (کے عذاب) نے اُن کو وہاں سے آلیا جہاں سے وہ گمان (بھی) نہ کر سکتے تھے اور اس (اللہ) نے اُن کے دلوں میں رعب و دبدبہ ڈال دیا وہ اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں اور اہلِ ایمان کے ہاتھوں ویران کر رہے تھے۔ پس اے دیدۂ بینا والو! (اس سے) عبرت حاصل کروo

He is the One Who collected the disbelievers from amongst the People of the Book (i.e., the tribe of Banu Nadir) from their houses and banished them the first time (from Medina towards Syria). You did not (even) think that they would go away, and they thought that their strong fortresses would save them from (the seizure of) Allah. Then (the torment of) Allah came upon them from where

they could not (even) imagine. And He (Allah) cast terror into their hearts, (and thus) they ruined their houses with their own hands and the believers' hands. So, learn a lesson (from it), O people of vision!

وَلَوْلَا أَن كَتَبَ اللَّهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ (3)

ترجمہ: اور اگر اللہ نے اُن کے حق میں جلاوطنی لکھ نہ دی ہوتی تو وہ انہیں دنیا میں (اور سخت) عذاب دیتا، اور ان کے لیے آخرت میں (بھی) دوزخ کا عذاب ہےo

And had Allah not written exile for them, He would have tormented them (more severely) in the world. And there is for them the punishment of Hell in the Hereafter (as well).

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَمَن يُشَاقِّ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (4)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہوا کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے شدید عداوت کی (ان کا سرغنہ کعب بن اشرف بدنام زمانہ گستاخ رسول تھا)، اور جو شخص اللہ (اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) مخالفت کرتا ہے تو بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہےo

That is because they showed extreme enmity against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). (Their ringleader was Ka'b b. Ashraf, a notorious denigrator of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him].) And he who opposes Allah (and His Messenger), then Allah is Severe in punishment.

مَا قَطَعْتُم مِّن لِّينَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيُخْزِيَ الْفَاسِقِينَ (5)

ترجمہ: (اے مومنو! یہود بنونضیر کے محاصرہ کے دوران) جو کھجور کے درخت تم نے کاٹ ڈالے یا تم نے انہیں اُن کی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا تو (یہ سب) اللہ ہی کے حکم سے تھا اور اس لیے کہ وہ نافرمانوں کو ذلیل و رسوا کرےo

(O believers!) The palm-trees that you cut down or left standing upon their roots (during the siege of Banu Nadir tribe-it) was done by Allah's command so that He might humiliate and disgrace the disobedient.

وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (6)

ترجمہ: اور جو (اَموالِ فَے) اللہ نے اُن سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لَوٹا دیے تو تم نے نہ تو اُن (کے حصول) پر گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، ہاں! اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے غلبہ و تسلّط عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھنے والا ہےo

And whatever spoils (materials of fay) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from them, you galloped neither horses nor camels in (procuring) them. Yes indeed! Allah gives dominance and control to His Messengers over anyone He wills. And Allah

has Absolute Power over everything.

مَّا أَفَاء اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاء مِنكُمْ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ **(7)**

ترجمہ: جو (اَموالِ فَے) اللہ نے (قُرَیظہ، نَضِیر، فِدَک، خَیبر، عُرَینہ سمیت دیگر بغیر جنگ کے مفتوحہ) بستیوں والوں سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لوٹائے ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے ہیں اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں (یعنی بنو ہاشم اور بنو عبدالمطّلب) کے لیے اور (معاشرے کے عام) یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہیں، (یہ نظامِ تقسیم اس لیے ہے) تاکہ (سارا مال صرف) تمہارے مال داروں کے درمیان ہی نہ گردش کرتا رہے (بلکہ معاشرے کے تمام طبقات میں گردش کرے)۔ اور جو کچھ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو (اُس سے) رُک جایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقسیم و عطا پر کبھی زبانِ طعن نہ کھولو)، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And whatever (materials of fay-spoils) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from the people of (the towns captured without war in addition to those of Qurayza, Nadir, Fadak, Khaybar and 'Urayna) belong to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) near relatives (i.e., Banu Hashim and Banu 'Abd al-Muttalib) and the orphans and the needy and the wayfarer (of society at large. This distribution system is to ensure) that (the whole wealth) may not circulate (only) amongst the rich of you (but should circulate amongst all the classes of society). And whatever the Messenger (blessings and peace be upon him) gives you, take that and whatever he forbids you, abstain (from that) and keep fearing Allah (i.e., never scoff at the Messenger's distribution and award). Surely, Allah is Severe to punish.

لِلْفُقَرَاء الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَاناً وَيَنصُرُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُوْلَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ **(8)**

ترجمہ: (مذکورہ بالا مالِ فَے) نادار مہاجرین کے لیے (بھی) ہے جو اپنے گھروں اور اپنے اموال (اور جائیدادوں) سے باہر نکال دیے گئے ہیں، وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضاء و خوشنودی چاہتے ہیں اور (اپنے مال و وطن کی قربانی سے) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ ہی سچے مؤمن ہیں o

(The fore-mentioned fay materials) are (also) for the poor Emigrants who are driven out of their houses and possessions (and properties). They seek Allah's bounty and His favour and pleasure. And they help Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] by sacrificing their possessions and homeland). It is they who are the true believers.

وَالَّذِينَ جَاؤُوا مِن بَعْدِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ

آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (10)

ترجمہ: اور وہ لوگ (بھی) جو اُن (مہاجرین وانصار) کے بعد آئے (اور) عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی، جو ایمان لانے میں ہم سے آگے بڑھ گئے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کوئی کینہ اور بغض باقی نہ رکھ۔ اے ہمارے رب! بے شک تو بہت شفقت فرمانے والا بہت رحم فرمانے والا ہے o

And those (too) who came after these (Emigrants and the Ansar [Supporters]) submit: 'O our Lord, forgive us and our brothers who have preceded in embracing faith. And let not any spite and rancour be in our hearts against the believers. O our Lord, surely, You are Most Clement, Ever-Merciful.'

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَداً أَبَداً وَإِن قُوتِلْتُمْ لَنَنصُرَنَّكُمْ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (11)

ترجمہ: کیا آپ نے منافقوں کو نہیں دیکھا جو اپنے اُن بھائیوں سے کہتے ہیں جو اہلِ کتاب میں سے کافر ہو گئے ہیں کہ اگر تم (یہاں سے) نکالے گئے تو ہم بھی ضرور تمہارے ساتھ ہی نکل چلیں گے اور ہم تمہارے معاملے میں کبھی بھی کسی ایک کی بھی اطاعت نہیں کریں گے اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم ضرور بالضرور تمہاری مدد کریں گے، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں o

Have you not seen the hypocrites who say to their brothers amongst the People of the Book who have become disbelievers: 'If you are driven out (from here), we too will necessarily leave with you and will never obey anyone in your case, and if you are attacked, we will most certainly help you'? But Allah bears witness that they are certainly liars.

لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ (13)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) بے شک اُن کے دلوں میں اللہ سے (بھی) زیادہ تمہارا رعب اور خوف ہے، یہ اس وجہ سے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھ ہی نہیں رکھتے o

(O Muslims!) Indeed, they have greater fear of you in their hearts than Allah's. The reason is that they are the people who do not possess understanding.

كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ (16)

ترجمہ: (منافقوں کی مثال) شیطان جیسی ہے جب وہ انسان سے کہتا ہے کہ تُو کافر ہو جا، پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے تو (شیطان) کہتا ہے: میں تجھ سے بیزار ہوں، بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا رب ہے o

(The example of hypocrites) is like that of Satan when he says to man: 'Become a disbeliever,' but when he disbelieves, he (Satan) says: 'I feel sick of you. Surely, I fear Allah, the Lord of all the worlds.'

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (18)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھتے رہنا چاہئے کہ اس نے کل (قیامت) کے لیے آگے کیا بھیجا ہے، اور تم اللہ سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ اُن کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو o

O believers! Keep fearing Allah. And everyone should be vigilant to what he has sent forward for tomorrow (the Day of Reckoning). And always fear Allah. Indeed, Allah is Well Aware of what you do.

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ أُولَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ **(19)**

ترجمہ: اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اللہ کو بھلا بیٹھے پھر اللہ نے اُن کی جانوں کو ہی اُن سے بھلا دیا (کہ وہ اپنی جانوں کے لیے ہی کچھ بھلائی آگے بھیج دیتے)، وہی لوگ نافرمان ہیںo

And be not like those who forgot Allah. So Allah made them forget their own souls (that they could send forward some good for their own souls). It is they who are defiant.

لَوْ أَنزَلْنَا هَذَا الْقُرْآنَ عَلَى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعاً مُّتَصَدِّعاً مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ **(21)**

ترجمہ: اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل فرماتے تو (اے مخاطب!) تو اسے دیکھتا کہ وہ اللہ کے خوف سے جھک جاتا، پھٹ کر پاش پاش ہو جاتا، اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لیے بیان کر رہے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریںo

Had We sent down this Qur'an on some mountain, then, (O listener,) you would certainly have seen it bowed, split and crushed to pieces for fear of Allah. And We give these examples for the people so that they may ponder.

هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ **(22)**

ترجمہ: وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والا ہے، وہی بے حد رحمت فرمانے والا نہایت مہربان ہےo

Allah is He besides Whom there is no God: the Knower of the unseen and the seen. He alone is Most Kind, Ever-Merciful.

هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ **(23)**

ترجمہ: وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، (حقیقی) بادشاہ ہے، ہر عیب سے پاک ہے، ہر نقص سے سالم (اور سلامتی دینے والا) ہے، امن و امان دینے والا (اور معجزات کے ذریعے رسولوں کی تصدیق فرمانے والا) ہے، محافظ و نگہبان ہے، غلبہ و عزّت والا ہے، زبردست عظمت والا ہے، سلطنت و کبریائی والا ہے، اللہ ہر اُس چیز سے پاک ہے جسے وہ اُس کا شریک ٹھہراتے ہیںo

Allah is He apart from Whom there is no God: (the Real) King, the Most Pure of all shortcomings, Perfectly Free from all imperfections (and the Bestower of Peace), the Giver of security and protection (and the Attester of the Messengers by means of Miracles), the Guardian and Watchful, the Almighty and the Lord of Honour, the Lord of Great Majesty, the Supreme Authority and the Supremely Great. Glory be to Allah, far above all that they associate with Him.

هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاء الْحُسْنَى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ **(24)**

ترجمہ: وہی اللہ ہے جو پیدا فرمانے والا ہے، عدم سے وجود میں لانے والا (یعنی ایجاد فرمانے والا) ہے، صورت عطا فرمانے والا ہے۔ (الغرض) سب اچھے نام اسی کے ہیں، اس کے لیے وہ (سب) چیزیں تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں، اور وہ بڑی عزت والا ہے بڑی حکمت والا ہےo

Allah is He Who is the Creator, the One Who brings into existence from nothingness (i.e., the Inventor), the Bestower of Form; (in short) all Beautiful Names belong to Him alone. All that is in the heavens and the earth glorifies Him, the Lord of Honour, the Most Wise.

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاء تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءكُم مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَن تُؤْمِنُوا بِاللّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَاداً فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَاء مَرْضَاتِيْ تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيْلِ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم (اپنے) دوستی کے باعث اُن تک خبریں پہنچاتے ہو حالاں کہ وہ اس حق کے ہی منکر ہیں جو تمہارے پاس آیا ہے، وہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور تم کو اس وجہ سے (تمہارے وطن سے) نکالتے ہیں کہ تم اللہ پر جو تمہارا پروردگار ہے، ایمان لے آئے ہو۔ اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا تلاش کرنے کے لیے نکلے ہو (تو پھر اُن سے دوستی نہ رکھو) تم اُن کی طرف دوستی کے خفیہ پیغام بھیجتے ہو حالاں کہ میں خوب جانتا ہوں جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم آشکار کرتے ہو، اور جو شخص بھی تم میں سے یہ (حرکت) کرے سو وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہےo

O believers! Do not make friends with My enemies and your enemies. You communicate to them information because of (your) friendship, whereas they just deny the very truth that has come to you. They drive out the Messenger (blessings and peace be upon him) and you (from your land) because you believe in Allah, your Sustainer. If you have set out to fight in My way and seek My pleasure (then do not have friendship with them). You send them secret messages of friendship whilst I know best what you hide and what you make known. And whoever of you does this (misdeed) has deviated from the straight path.

إِن يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاء وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُم بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ (2)

ترجمہ: اگر وہ تم پر قدرت پالیں تو (دیکھنا) وہ تمہارے (کھلے) دشمن ہوں گے اور وہ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں تمہاری طرف برائی کے ساتھ دراز کریں گے اور آرزومند ہوں گے کہ تم (کسی طرح) کافر ہو جاؤo

Should they get the better of you, then (you will see that) they will be your open enemies. And they will extend their hands and tongues to you with evil design and will have the earnest desire that you disbelieve (somehow).

لَن تَنفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (3)

ترجمہ: تمہیں قیامت کے دن ہرگز نہ تمہاری (کافر ومشرک) قرابتیں فائدہ دیں گی اور نہ تمہاری (کافر ومشرک) اولاد، (اُس دن اللہ) تمہارے درمیان مکمل جدائی کر دے گا (مومن جنت میں اور کافر دوزخ میں بھیج دیے جائیں گے)، اور اللہ اُن کاموں کو خوب دیکھنے والا ہے جو تم کر رہے ہوo

Neither your (disbelieving and polytheist) kindred nor your (disbelieving and polytheist) children will be of any good to you on the Day of Resurrection. (On that Day Allah will) bring about complete separation between you (the believers will be sent to Paradise and the disbelievers to Hell). And Allah observes your doings well.

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْ إِبْرَاهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَءاؤا مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاء أَبَداً حَتَّى تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ إِلَّا قَوْلَ إِبْرَاهِيْمَ لِأَبِيْهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَا أَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ رَّبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (4)

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ابراہیم (علیہ السلام) میں اور اُن کے ساتھیوں میں بہترین نمونہ (اقتداء) ہے، جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: ہم تم سے اور اُن بتوں سے جن کی تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو کلیتہً بیزار (اور لاتعلق) ہیں، ہم نے تم سب کا کھلا انکار کیا ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور نفرت وعناد ہمیشہ کے لیے ظاہر ہو چکا، یہاں تک کہ تم ایک اللہ پر ایمان لے آؤ، مگر ابراہیم (علیہ السلام) کا اپنے (پرورش کرنے والے) باپ سے یہ کہنا کہ میں تمہارے لیے ضرور بخشش طلب کروں گا، (فقط پہلے کا کیا ہوا ایک وعدہ تھا جو انہوں نے پورا کر دیا اور ساتھ یوں جتا بھی دیا) اور یہ کہ میں تمہارے لیے (تمہارے کفر وشرک کے باعث) اللہ کے حضور کسی چیز کا مالک نہیں ہوں۔ (پھر وہ یہ دعا کر کے قوم سے الگ ہو گئے:) اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر ہی بھروسہ کیا اور ہم نے تیری طرف ہی رجوع کیا اور (سب کو) تیری ہی طرف لوٹنا ہےo

Indeed, in Ibrahim (Abraham) and his companions there is an excellent example for you (to follow), when they said to their people: 'We are utterly weary of (and cut off from) you and the idols that you worship apart from Allah; we have openly rejected you all. The enmity, hatred and malice between us and you have become evident forever until you believe in Allah, the One.' But Ibrahim's (Abraham's) saying to his (foster) father: 'I shall certainly pray for your forgiveness,' (was just a promise made to him well before, which he fulfilled and gave him a reminder as well saying:) 'I do not possess anything for you before Allah (owing to your disbelief and idol-worship.' Then he separated from his people, praying:) 'O our Lord, we put our trust in You alone, and we turn in repentance to You alone, and (all) have to return to You alone.

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (5)

ترجمہ: اے ہمارے رب! تو ہمیں کافروں کے لیے سببِ آزمائش نہ بنا (یعنی انہیں ہم پر مسلّط نہ کر) اور ہمیں بخش دے، اے ہمارے پروردگار! بے شک تو ہی غلبہ وعزت والا بڑی حکمت والا ہےo

O our Lord! Make us not a source of trial for the disbelievers (i.e., give them

not control over us) and forgive us. O our Lord, surely You alone are the Almighty, the Lord of Honour, the Most Wise.'

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ **(6)**

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ان میں بہترین نمونۂ (اِقتداء) ہے (خاص طور پر) ہر اس شخص کے لیے جو اللہ (کی بارگاہ میں حاضری) کی اور یومِ آخرت کی امید رکھتا ہے، اور جو شخص رُوگردانی کرتا ہے تو بے شک اللہ بے نیاز اور لائقِ ہر حمد و ثناء ہےo

Indeed, there is for you an excellent example in them (to follow), for him (in particular) who hopes (to appear before the presence of) Allah and looks forward to the Last Day. But whoever turns away, then Allah is Self-Sufficient and Praiseworthy.

عَسَى اللَّهُ أَن يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُم مِّنْهُم مَّوَدَّةً وَاللَّهُ قَدِيرٌ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(7)**

ترجمہ: عجب نہیں کہ اللہ تمہارے اور اُن میں سے بعض لوگوں کے درمیان جن سے تمہاری دشمنی ہے (کسی وقت بعد میں) دوستی پیدا کر دے، اور اللہ بڑی قدرت والا ہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

It may be that Allah brings about friendship (at a later stage) between you and those of them who are now your foes. And Allah is All-Powerful and Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ **(8)**

ترجمہ: اللہ تمہیں اس بات سے منع نہیں فرماتا کہ جن لوگوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ نہیں کی اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے (یعنی وطن سے) نکالا ہے کہ تم ان سے بھلائی کا سلوک کرو اور اُن سے عدل و انصاف کا برتاؤ کرو، بے شک اللہ عدل و انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتا ہےo

Allah does not forbid you to be good to them and treat them with equity and justice who did not fight against you on (the question of) Din (Religion), nor did they drive you out of your homes (i.e., homeland). Surely, Allah likes those who conduct themselves with equity and justice.

إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ **(9)**

ترجمہ: اللہ تو محض تمہیں ایسے لوگوں سے دوستی کرنے سے منع فرماتا ہے جنہوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ کی اور تمہیں تمہارے گھروں (یعنی وطن) سے نکالا اور تمہارے باہر نکالے جانے پر (تمہارے دشمنوں کی) مدد کی۔ اور جو شخص اُن سے دوستی کرے گا تو وہی لوگ ظالم ہیںo

Allah only forbids you to befriend those who fought against you on (account of) the Din (Religion) and drove you out of your homes (i.e., homeland) and aided (your enemies) in expelling you. And whoever makes friends with them, it is they who are the wrongdoers.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْنَ آمَنُوا إِذَا جَاءكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ اللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيْمَانِهِنَّ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَـرْجِـعُـوهُـنَّ إِلَـى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ذَلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (10)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو انہیں اچھی طرح جانچ لیا کرو، اللہ اُن کے ایمان (کی حقیقت) سے خوب آگاہ ہے، پھر اگر تمہیں اُن کے مومن ہونے کا یقین ہو جائے تو انہیں کافروں کی طرف واپس نہ بھیجو، نہ یہ (مومنات) اُن (کافروں) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کفّار) اِن (مومن عورتوں) کے لیے حلال ہیں، اور اُن (کافروں) نے جو (مال بصورتِ مَہر اِن پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو ادا کر دو، اور تم پر اس (بات) میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اِن سے نکاح کر لو جبکہ تم اُن (عورتوں) کا مَہر انہیں ادا کر دو، اور (اے مسلمانو!) تم بھی کافر عورتوں کو (اپنے) عقدِ نکاح میں نہ روکے رکھو اور تم (کفّار سے) وہ (مال) طلب کر لو جو تم نے (اُن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا اور وہ (کفّار تم سے) وہ (مال) مانگ لیں جو انہوں نے (اِن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا، یہی اللہ کا حکم ہے، اور وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرما رہا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

O believers! When the believing women come to you as Emigrants, examine them thoroughly. Allah is Well Aware of (the reality of) their faith. Then if you find with certitude that they are true believers, do not send them back to the disbelievers. Neither are they (the believing women) lawful for those disbelievers, nor are those disbelievers lawful for these (believing women). And pay them (the disbelievers) back the money which they spent (on them as dower). And there is no sin on you if you marry them whilst you pay these (women) their dower. And, O believers, do not hold back the disbelieving women in (your) wedlock, and ask (the disbelievers) for that (money) which you spent (on those women as dower), and they (the disbelievers) may also ask you for that (money) which they spent (on these women as dower). That is the command of Allah. And He judges between you. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن فَـاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِيْ أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ (11)

ترجمہ: اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی تم سے چھوٹ کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر (جب) تم جنگ میں غالب آجاؤ اور مالِ غنیمت پاؤ تو (اس میں سے) ان لوگوں کو جن کی عورتیں چلی گئی تھیں اس قدر (مال) ادا کر دو جتنا وہ (اُن کے مَہر میں) خرچ کر چکے تھے، اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہو o

And if any of your wives deserts you and goes over to the disbelievers, then (when) you become dominant in war and gain spoils, pay (out of it) those

whose wives deserted them as much (money) as they paid (to them as dower). And keep fearing Allah in Whom you believe.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئاً وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(12)**

ترجمہ: اے نبی! جب آپ کی خدمت میں مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان سے کوئی جھوٹا بہتان گھڑ کر نہیں لائیں گی (یعنی اپنے شوہر کو دھوکہ دیتے ہوئے کسی غیر کے بچے کو اپنے پیٹ سے جنا ہوا نہیں بتائیں گی) اور (کسی بھی) امرِ شریعت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ اُن سے بیعت لے لیا کریں اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش طلب فرمائیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O Prophet! When the believing women appear in your presence to take the oath of allegiance that they will not set up anything as partner with Allah and will not steal, nor will they commit adultery, or kill their children, or bring false blame which they have invented between their hands and feet (i.e., will not deceive their husbands declaring some other's baby as their own), or disobey you in (any) matter pertaining to law, then accept their allegiance and seek forgiveness for them from Allah. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ **(13)**

ترجمہ: اے ایمان والو! ایسے لوگوں سے دوستی مت رکھو جن پر اللہ غضبناک ہوا ہے بے شک وہ آخرت سے (اس طرح) مایوس ہو چکے ہیں جیسے کفار اہلِ قبور سے مایوس ہیںo

O believers! Do not make friends with those on whom Allah has sent His wrath. Surely, they have despaired of the Hereafter as the disbelievers have despaired of those in graves.

سورۃ الصّف:

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ **(1)**

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے (سب) اللہ کی تسبیح کرتے ہیں، اور وہ بڑی عزت و غلبہ والا بڑی حکمت والا ہےo

Whatever is in the heavens and whatever is in the earth (all) glorify Allah. And He is the Lord of Honour and Dominance, Most Wise.

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفّاً كَأَنَّهُم بُنيَانٌ مَّرْصُوصٌ **(4)**

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں کو پسند فرماتا ہے جو (ظلم کے خاتمے اور حق کی مدد کے لیے) اُس کی راہ میں (یوں) صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں O

Assuredly, Allah loves those who fight in the way of Allah (to eliminate tyranny and support the truth, so) organized in ranks as if they were a wall cemented with molten lead.

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ لِمَ تُؤْذُونَنِي وَقَد تَّعْلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ فَلَمَّا زَاغُوا أَزَاغَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ (5)

ترجمہ: اور (اے حبیب! وہ وقت یاد کیجئے) جب موسٰی (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم مجھے اذیت کیوں دیتے ہو حالاں کہ تم جانتے ہو کہ میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں۔ پھر جب انہوں نے کج روی جاری رکھی تو اللہ نے اُن کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا O

And, (O Beloved, recall) when Musa (Moses) said to his people: 'O my people, why do you offend me whilst you know that I am (a Messenger) sent to you by Allah?' So when they continued deviating, then Allah made their hearts deviate. And Allah does not guide the defiant.

وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُم مُّصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّراً بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ فَلَمَّا جَاءهُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا هَذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ (6)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کیجئے) جب عیسٰی بن مریم (علیہما السلام) نے کہا: اے بنی اسرائیل! بے شک میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں، اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والا ہوں اور اُس رسولِ (معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد آمد) کی بشارت سنانے والا ہوں جو میرے بعد تشریف لا رہے ہیں جن کا نام (آسمانوں میں اس وقت) احمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے، پھر جب وہ (رسولِ آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) واضح نشانیاں لے کر اُن کے پاس تشریف لے آئے تو وہ کہنے لگے: یہ تو کھلا جادو ہے O

(And also recall) when 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said: 'O Children of Israel, indeed I am (a Messenger) sent to you by Allah, confirming the Torah, the Book which came before me, and bearing the good news (of the pleasant arrival) of (the Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him) who will come after me, whose name is Ahmad (now in the heavens).' But when he (the Last of the Messengers) came to them with clear signs, they said: 'This is open magic.'

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعَى إِلَى الْإِسْلَامِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (7)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے حالاں کہ اسے اسلام کی طرف بلایا جا رہا ہو، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا O

And who can be a greater wrongdoer than he who invents a lie against Allah

whilst he is being invited towards Islam? And Allah does not guide the wrongdoers.

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِؤُوا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ **(8)**

ترجمہ: یہ (منکرینِ حق) چاہتے ہیں کہ وہ اللہ کے نور کو اپنے منہ (کی پھونکوں) سے بجھا دیں، جبکہ اللہ اپنے نور کو پورا فرمانے والا ہے اگرچہ کافر کتنا ہی ناپسند کریںo

These (deniers of the truth) desire to put out the Light of Allah by (blowing) with their mouths, whereas Allah will take His Light to perfection, even though the disbelievers may dislike it intensely.

هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ **(9)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ اسے سب ادیان پر غالب و سربلند کر دے خواہ مشرک کتنا ہی ناپسند کریںo

He is the One Who has sent His Messenger with guidance and the Din (Religion) of truth so that He may make it dominate and prevail over all other religions, even though the idolaters may hate it much.

وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ **(13)**

ترجمہ: اور (اس اُخروی نعمت کے علاوہ) ایک دوسری (دنیوی نعمت بھی عطا فرمائے گا) جسے تم بہت چاہتے ہو، (وہ) اللہ کی جانب سے مدد اور جلد ملنے والی فتح ہے، اور (اے نبیِ مکرّم!) آپ مومنوں کو خوشخبری سنا دیں (یہ فتحِ مکہ اور فارس و روم کی فتوحات کی شکل میں ظاہر ہوئی)o

And, (besides this favour in the Hereafter, He will grant you) another (worldly blessing too) which you earnestly desire: (that is) help from Allah and a near victory, and, (O Esteemed Prophet,) give this good news to the believers. (This came about in the form of Meccan Victory and the conquests in Persia and Rome.)

سورۃ جمعہ:

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ **(1)**

ترجمہ: (ہر چیز) جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے (جو حقیقی) بادشاہ ہے، (ہر نقص و عیب سے) پاک ہے، عزت و غلبہ والا ہے بڑی حکمت والا ہےo

(Everything) in the heavens and in the earth glorifies Allah, (the Real) King, the Most Pure (of all shortcomings and imperfections), the Lord of Honour, the Almighty, the Most Wise.

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِى الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ **(2)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے اَن پڑھ لوگوں میں انہی میں سے ایک (باعظمت) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو بھیجا وہ اُن پر اُس کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اور اُن (کے ظاہر و باطن) کو پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتے ہیں، بے شک وہ لوگ اِن (کے تشریف لانے) سے پہلے کھلی گمراہی میں تھےo

He is the One Who sent a (Glorious) Messenger (blessings and peace be upon him) amongst the illiterate people from amongst themselves who recites to them His Revelations and cleanses and purifies them (outwardly and inwardly) and teaches them the Book and wisdom. Indeed, they were in open error before (his most welcome arrival).

وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (3)

ترجمہ: اور اِن میں سے دوسرے لوگوں میں بھی (اِس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تزکیہ وتعلیم کے لیے بھیجا ہے) جو ابھی اِن لوگوں سے نہیں ملے (جو اس وقت موجود ہیں یعنی اِن کے بعد کے زمانہ میں آئیں گے)، اور وہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

And (He has sent this Messenger for purification and education amongst) others of them also who have not yet joined these people (that are present now i.e., they will come after them in later eras). And He is Almighty, Most Wise.

ذَلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (4)

ترجمہ: یہ (یعنی اس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد اور اِن کا فیض و ہدایت) اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے اس سے نوازتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہےo

This (arrival of the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] as well as his spiritual benevolence) is Allah's bounty which He grants whom He likes. And Allah is Most Bountiful.

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَاراً بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ (5)

ترجمہ: اُن لوگوں کا حال جن پر تورات (کے احکام وتعلیمات) کا بوجھ ڈالا گیا پھر انہوں نے اسے نہ اٹھایا (یعنی اس میں اِس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر موجود تھا مگر وہ اِن پر ایمان نہ لائے) گدھے کی مثل ہے جو پیٹھ پر بڑی بڑی کتابیں لادے ہوئے ہو، اُن لوگوں کی مثال کیا ہی بُری ہے جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا ہے، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

The case of those who were burdened with (the commandments and teachings of) the Torah (but) then did not bear it (i.e., this Messenger was mentioned in it, but they disbelieved in him) is like that of a donkey loaded with heavy books on its back. How evil is the example of those who have rejected Allah's Revelations! And Allah does not guide the wrongdoers.

قُلْ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوا إِن زَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ أَوْلِيَاء لِلّٰهِ مِن دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (6)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: اے یہود یو! اگر تم یہ گمان کرتے ہو کہ سب لوگوں کو چھوڑ کر تم ہی اللہ کے دوست (یعنی اولیاء) ہو تو موت

کی آرزو کرو (کیونکہ اس کے اولیاء کو تو قبر و حشر میں کوئی پریشانی نہیں ہوگی) اگر تم (اپنے خیال میں) سچے ہو o

Say: 'O Jews, if you think that, leaving all other people, you alone are the friends of Allah (i.e., Awliya'), then long for death (because His Awliya' will not fear in the grave and the Hereafter) if you are true (in your thinking).'

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ أَبَداً بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ (7)

ترجمہ: اور یہ لوگ کبھی بھی اس کی تمنا نہیں کریں گے اُس (رسول کی تکذیب اور کفر) کے باعث جو وہ آگے بھیج چکے ہیں۔ اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے o

And these people will never long for it due to (the rejection of the Messenger and disbelief) which they have sent forward. And Allah knows the wrongdoers well.

قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِي تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِيكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (8)

ترجمہ: فرما دیجیے: جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ ضرور تمہیں ملنے والی ہے پھر تم ہر پوشیدہ و ظاہر چیز کو جاننے والے (رب) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، سو وہ تمہیں آگاہ کر دے گا جو کچھ تم کرتے تھے o

Say: 'The death from which you are fleeing is bound to catch up with you. Then you will be returned to Him (the Lord) Who knows the unseen and the seen. So He will inform you of what you used to do.'

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن (جمعہ کی) نماز کے لیے اذان دی جائے تو فوراً اللہ کے ذکر (یعنی خطبہ و نماز) کی طرف تیزی سے چل پڑو اور خرید و فروخت (یعنی کاروبار) چھوڑ دو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو o

O believers! When on Fridays the call is made for (Jumu'a) Prayer, hasten towards the remembrance of Allah (i.e., the Jumu'a sermon and Prayer) immediately and abandon purchase and sale (i.e., business). That is better for you if you have knowledge.

فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيراً لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (10)

ترجمہ: پھر جب نماز ادا ہو چکے تو زمین میں منتشر ہو جاؤ اور (پھر) اللہ کا فضل (یعنی رزق) تلاش کرنے لگو اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا کرو تاکہ تم فلاح پاؤ o

Then after the Prayer is offered, disperse in the land and (then) look for Allah's bounty (i.e., sustenance). And remember Allah much so that you may attain to prosperity.

وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْواً انفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِماً قُلْ مَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ (11)

ترجمہ: اور جب انہوں نے کوئی تجارت یا کھیل تماشا دیکھا تو (اپنی حاجت مندی اور معاشی تنگی کے باعث) اس کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے اور آپ کو (خطبہ میں) کھڑے چھوڑ گئے، فرما دیجیے: جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل سے اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہےo

And when they found some business or entertainment opportunity, they rushed towards that (due to their neediness and financial constraint) and left you standing (during the sermon). Say: 'Whatever is with Allah is better than sport and business. And Allah is the Best of sustainers.'

سورۃ منافقون:

إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللَّهِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَكَاذِبُونَ (1)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپ اُس کے رسول ہیں، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یقیناً منافق لوگ جھوٹے ہیںo

(O Esteemed Beloved!) When the hypocrites come to you, they say: 'We bear witness that you are certainly the Messenger of Allah.' And Allah knows that surely you are His Messenger (blessings and peace be upon him). But Allah bears witness that undoubtedly the hypocrites are liars.

اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (2)

ترجمہ: انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے پھر یہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں، بے شک وہ بہت ہی برا (کام) ہے جو یہ لوگ کر رہے ہیںo

They have made their oaths a shield. Then they hinder (the people) from the path of Allah. Surely, that is an extremely evil (work) which they are doing.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا فَطُبِعَ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُونَ (3)

ترجمہ: یہ اِس وجہ سے کہ وہ (زبان سے) ایمان لائے پھر (دل سے) کافر رہے تو اُن کے دلوں پر مُہر لگا دی گئی سو وہ (کچھ) نہیں سمجھتےo

That is because they believed (with their tongues) but remained disbelievers (at heart). So their hearts have been sealed. And they do not understand (anything).

وَإِذَا رَأَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ وَإِن يَقُولُوا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ يَحْسَبُونَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ قَاتَلَهُمُ اللَّهُ أَنَّى يُؤْفَكُونَ (4)

ترجمہ: (اے بندے!) جب تو انہیں دیکھے تو اُن کے جسم (اور قد و قامت) تجھے بھلے معلوم ہوں، اور اگر وہ باتیں کریں تو اُن کی گفتگو تُو غور سے سنے (یعنی تجھے معقول دکھائی دیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ) وہ لوگ گویا دیوار کے سہارے کھڑی کی ہوئی لکڑیاں ہیں، وہ ہر اونچی آواز کو اپنے اوپر (بَلا اور آفت) سمجھتے ہیں، وہی (منافق تمہارے) دشمن ہیں سو اُن سے بچتے رہو، اللہ انہیں غارت

کرے وہ کہاں بہکے پھرتے ہیںo

(O servant!) When you see them, their bodies (and height and structure) seem attractive to you, and if they speak, you lend ear to what they say (i.e., they will look sensible to you, but the fact is that) they are nothing but wooden planks propped up against a supporting wall. They take every loud voice (as some suffering and misery) befallen them. It is these (hypocrites) who are (your) enemies. So be on guard against them. May Allah ruin them; where are they wandering distracted!

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُؤُوسَهُمْ وَرَأَيْتَهُمْ يَصُدُّونَ وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ **(5)**

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ آؤ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے لیے مغفرت طلب فرمائیں تو یہ (منافق گستاخی سے) اپنے سر جھٹک کر پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھتے ہیں کہ وہ تکبر کرتے ہوئے (آپ کی خدمت میں آنے سے) گریز کرتے ہیں☆o

☆ یہ آیت عبداللہ بن اُبیّ (رئیس المنافقین) کے بارے میں نازل ہوئی، جب اسے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں بخشش طلبی کے لیے حاضر ہونے کا کہا گیا تو سر جھٹک کر کہنے لگا: میں نہیں جاتا، میں ایمان بھی لا چکا ہوں، ان کے کہنے پر زکوٰۃ بھی دے دی ہے۔ اب کیا باقی رہ گیا ہے فقط یہی کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سجدہ بھی کروں؟ (الطبری، الکشاف، نسفی، بغوی، خازن)۔

And when it is said to them: 'Come so that Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) may seek forgiveness for you,' these (hypocrites) jerk their heads aside (insolently) and you see them keeping away (from your presence) in arrogance.*

*** This verse was sent down concerning 'Abd Allah b. Ubayy (the chief of the hypocrites). When asked to appear before the presence of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) for seeking forgiveness, he said twisting his head: 'I will not go. I have believed and have paid Zakat (the Alms-due) on his advice. Now what is left except that I should now prostrate myself before Muhammad?'**

سَوَاء عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَن يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ **(6)**

ترجمہ: اِن (بدبخت گستاخانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے حق میں برابر ہے کہ آپ اُن کے لیے استغفار کریں یا آپ ان کے لیے استغفار نہ کریں، اللہ ان کو (تو) ہرگز نہیں بخشے گا (کیونکہ یہ آپ پر طعنہ زنی کرنے والے اور آپ سے بے رخی اور تکبّر کرنے والے لوگ ہیں)۔ بے شک اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

It is all the same for these (evil-fated denigrators of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) whether you seek for them forgiveness or do not seek for them forgiveness, Allah will never forgive them (because they

mock you and show you dislike and arrogance). Surely, Allah does not provide guidance to the disobedient community.

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا وَلِلّٰهِ خَزَائِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ (7)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہی وہ لوگ ہیں جو (آپ سے بُغض و عِناد کی بنا پر) یہ (بھی) کہتے ہیں کہ جو (درویش اور فقراء) رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی خدمت میں رہتے ہیں اُن پر خرچ مت کرو (یعنی ان کی مالی اعانت نہ کرو) یہاں تک کہ وہ (سب انہیں چھوڑ کر) بھاگ جائیں (منتشر ہو جائیں)، حالاں کہ آسمانوں اور زمین کے سارے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن منافقین نہیں سمجھتے o

(O Esteemed Beloved!) They are the people who say this as well (out of malice and enmity against you): 'Do not spend on those (destitute devotees of Allah) who remain in the presence of the Messenger of Allah (i.e., do not provide them financial help) until they (all may desert him and) flee away (and disperse). In truth, to Allah belong all the treasures of the heavens and the earth, but the hypocrites do not understand.

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (8)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: اگر (اب) ہم مدینہ واپس ہوئے تو (ہم) عزّت والے لوگ وہاں سے ذلیل لوگوں (یعنی مسلمانوں) کو باہر نکال دیں گے، حالاں کہ عزّت تو صرف اللہ کے لیے اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے مگر منافقین (اس حقیقت کو) جانتے نہیں ہیں o

They say: 'If (now) we return to Medina, then (we) the honourable will drive out the dishonourable (i.e., the Muslims).' But in fact, honour belongs to Allah alone and His Messenger and the believers. However, the hypocrites do not understand (this reality).

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد (کہیں) تمہیں اللہ کی یاد سے ہی غافل نہ کر دیں، اور جو شخص ایسا کرے گا تو وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں o

O believers! Let not your wealth and your children make you neglectful of the very remembrance of Allah. And whoever does so, it is they who are the losers.

وَأَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنَاكُمْ مِّنْ قَبْلِ أَنْ يَّأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِيْ إِلٰى أَجَلٍ قَرِيْبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ (10)

ترجمہ: اور تم اس (مال) میں سے جو ہم نے تمہیں عطا کیا ہے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرو قبل اِس کے کہ تم میں سے کسی کو موت

آجائے پھر وہ کہنے لگے: اے میرے رب! تو نے مجھے تھوڑی مدت تک کی مہلت اور کیوں نہ دے دی کہ میں صدقہ وخیرات کر لیتا اور نیکوکاروں میں سے ہو جاتا o

And spend (in the way of Allah) out of (the wealth) which We have given you before death approaches one of you, and he says: 'O my Lord, why did You not give me respite for a short while so that I could donate in charity and become one of the most pious?'

وَلَن يُؤَخِّرَ اللَّهُ نَفْساً إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (11)

ترجمہ: اور اللہ ہرگز کسی شخص کو مہلت نہیں دیتا جب اس کی موت کا وقت آجاتا ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہو o

And Allah never grants respite to anyone when his hour of death approaches. And Allah is Well Aware of the actions that you do.

سورۃ التغابن:

يُسَبِّحُ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (1)

ترجمہ: ہر وہ چیز جو آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اللہ کی تسبیح کرتی ہے۔ اسی کی ساری بادشاہت ہے اور اسی کے لیے ساری تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

Everything in the heavens and in the earth glorifies Allah. His is the entire kingdom and His is all the praise. And He is All-Powerful over everything.

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ فَمِنكُمْ كَافِرٌ وَمِنكُم مُّؤْمِنٌ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (2)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، پس تم میں سے (کوئی) کافر ہو گیا، اور تم میں سے (کوئی) مومن ہو گیا، اور اللہ اُن کاموں کو جو تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہے o

He is the One Who created you. Then (someone) of you became a disbeliever and (the other one) of you became a believer, and Allah sees best the actions that you do.

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ (3)

ترجمہ: اسی نے آسمانوں اور زمین کو حکمت و مقصد کے ساتھ پیدا فرمایا اور (اسی نے) تمہاری صورتیں بنائیں پھر تمہاری صورتوں کو خوب تر کیا، اور (سب کو) اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے o

He is the One Who created the heavens and the earth with a rationale and purpose. And (He is the One Who) gave you shapes and then did up your shapes. And (all) have to return to Him alone.

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (4)

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ جانتا ہے اور ان باتوں کو (بھی) جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو، اور جو ظاہر کرتے ہو اور اللہ

سینوں والی (راز کی) باتوں کو (بھی) خوب جاننے والا ہےo

He knows what is in the heavens and in the earth and (also) knows those things that you hide and that you disclose, and Allah knows best (the secret) matters contained in the breasts.

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(5)**

ترجمہ: کیا تمہیں اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جنہوں نے (تم سے) پہلے کفر کیا تھا تو انہوں نے (دنیا میں) اپنے کام کی سزا چکھ لی اور ان کے لیے (آخرت میں بھی) دردناک عذاب ہےo

Has the news not reached you of those who disbelieved before you and tasted the punishment of their work (in the world), and there is a grievous torment for them (in the Hereafter as well)?

ذَلِكَ بِأَنَّهُ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللَّهُ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ **(6)**

ترجمہ: یہ اس لیے کہ اُن کے پاس اُن کے رسول واضح نشانیاں لے کر آتے تھے تو وہ کہتے تھے: کیا (ہماری ہی مثل اور ہم جنس) بشر☆ ہمیں ہدایت کریں گے؟ سو وہ کافر ہو گئے اور انہوں نے (حق سے) رُوگردانی کی اور اللہ نے بھی (اُن کی) کچھ پرواہ نہ کی، اور اللہ بے نیاز ہے لائقِ حمد و ثنا ہےo

☆ بشر کا یہ معنی ائمہ تفاسیر کے بیان کردہ معنی کے مطابق ہے۔ حوالہ جات کے لیے دیکھیں: تفسیر طبری، الکشاف، نسفی، بغوی، خازن، جمل، مظہری اور فتح القدیر وغیرہ۔

That is because their Messengers brought them clear signs, but they said: 'Shall a human being (who is our like and from our kind) guide us?'* So they became disbelievers and turned away (from the truth). And Allah too disregarded (them) and Allah is Self-Sufficient, Praiseworthy.

*** This meaning of the word bashar (human being) is according to what the eminent exegetes have described. See: Tafsir al-Tabari, al-Kashshaf, al-Nasafi, al-Baghawi, al-Khazin, al-Jumal, al-Mazhari and Fath al-Qadir, etc.**

زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن لَّن يُبْعَثُوا قُلْ بَلَى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ وَذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ **(7)**

ترجمہ: کافر لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ (دوبارہ) ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے۔ فرما دیجیے: کیوں نہیں، میرے رب کی قسم! تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہیں بتا دیا جائے گا جو کچھ تم نے کیا تھا، اور یہ اللہ پر بہت آسان ہےo

The disbelievers think that they will never be raised (again). Say: 'Why not! By my Lord! You will surely be raised. Then you will be informed of what you did. And this is very easy for Allah (to do).'

فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِي أَنزَلْنَا وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ **(8)**

ترجمہ: پس تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اُس نور پر ایمان لاؤ جسے ہم نے نازل فرمایا ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

So believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and

that Light which We have sent down. And Allah is Well Aware of the deeds that you do.

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحاً يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (9)

ترجمہ: جس دن وہ تمہیں جمع ہونے کے دن (میدانِ حشر میں) اکٹھا کرے گا یہ ہار اور نقصان ظاہر ہونے کا دن ہے۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے تو (اللہ) اس (کے نامۂ اعمال) سے اس کی خطائیں مٹا دے گا اور اسے جنتوں میں داخل فرما دے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے، یہ بہت بڑی کامیابی ہے o

The Day when He will gather you on the Day of Assembly (in the vast expanse for Great Gathering), that will be the Day of Manifestation of Loss and Defeat. And he who believes in Allah and does pious deeds, Allah will remove his sins from his (record of deeds) and will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. This is a great success.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (10)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیں (جو) اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے o

And those who disbelieve and reject Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell, its permanent residents. And what an evil abode that is!

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (11)

ترجمہ: (کسی کو) کوئی مصیبت نہیں پہنچتی مگر اللہ کے حکم سے اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے تو وہ اُس کے دل کو ہدایت فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے o

No suffering afflicts (anyone) except by the command of Allah. And he who believes in Allah, He guides his heart and Allah knows best everything.

وَأَطِيْعُوا اللَّهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُولَ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَى رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ (12)

ترجمہ: اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر اگر تم نے رُوگردانی کی تو (یاد رکھو) ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذمّہ صرف واضح طور پر (احکام کو) پہنچا دینا ہے o

And obey Allah and obey the Messenger (blessings and peace be upon him). Then if you turn away, (remember that) the responsibility of Our Messenger (blessings and peace be upon him) is only to deliver (the injunctions) clearly.

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (13)

ترجمہ: اللہ (ہی معبود) ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے o

Allah (alone) is (God). There is no God but He. And the believers should put their trust in Allah alone.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيـنَ آمَـنُـوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (14)

ترجمہ: اے ایمان والو! بے شک تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں پس اُن سے ہوشیار رہو۔ اور اگر تم صرفِ نظر کر لو اور درگزر کرو اور معاف کر دو تو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O believers! Surely, amongst your wives and your children there are some who are your enemies. So, beware of them! And if you overlook it and forbear and forgive, Allah is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَاللَّهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ (15)

ترجمہ: تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض آزمائش ہی ہیں، اور اللہ کی بارگاہ میں بہت بڑا اجر ہےo

Your riches and your children are merely a trial. And there is a mighty reward in the presence of Allah.

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (16)

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرتے رہو جس قدر تم سے ہو سکے اور (اُس کے احکام) سنو اور اطاعت کرو اور (اس کی راہ میں) خرچ کرو یہ تمہارے لیے بہتر ہوگا، اور جو اپنے نفس کے بخل سے بچا لیا جائے سو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں o

So fear Allah as much as you are able to. And listen to (His commands) and obey and spend (in His way). That will be better for you. And whoever is saved from the miserliness of his (ill-commanding) self, it is they who will attain prosperity.

إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ (17)

ترجمہ: اگر تم اللہ کو (اخلاص اور نیک نیتی سے) اچھا قرض دو گے تو وہ اسے تمہارے لیے کئی گنا بڑھا دے گا اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ بڑا قدر شناس ہے بُردبار ہےo

If you lend a good loan to Allah (with sincerity and righteous intention), He will increase it manifold for you and will forgive you. And Allah is Most Appreciative, Most Forbearing,

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (18)

ترجمہ: ہر نہاں اور عیاں کو جاننے والا ہے، بڑے غلبہ و عزت والا بڑی حکمت والا ہےo

The Knower of the unseen and the seen, the Lord of Honour and Almighty and Most Wise.

سورۃ الطلاق:

يَـا أَيُّهَـا الـنَّبِـيُّ إِذَا طَـلَّـقْتُمُ النِّسَاء فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ وَاتَّقُوا اللَّهَ رَبَّكُمْ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِن بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَن يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ وَمَن يَتَعَدَّ حُدُودَ اللَّهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ لَا تَدْرِي لَعَلَّ اللَّهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذَلِكَ أَمْراً (1)

ترجمہ: اے نبی! (مسلمانوں سے فرما دیں:) جب تم عورتوں کو طلاق دینا چاہو تو اُن کے طُہر کے زمانہ میں انہیں طلاق دو اور عِدّت کو شمار کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو جو تمہارا رب ہے، اور انہیں اُن کے گھروں سے باہر مت نکالو اور نہ وہ خود باہر نکلیں سوائے اس کے کہ وہ کھلی بے حیائی کر بیٹھیں، اور یہ اللہ کی (مقرّرہ) حدیں ہیں، اور جو شخص اللہ کی حدود سے تجاوز کرے تو بے شک اُس نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے، (اے شخص!) تو نہیں جانتا شاید اللہ اِس کے (طلاق دینے کے) بعد (رجوع کی) کوئی نئی صورت پیدا فرما دےo

O Prophet! (Say to the Muslims:) 'When you seek to divorce your women, divorce them during their period of purity and count their prescribed period. And keep fearing Allah, Who is your Lord. And do not drive them out of their homes, nor should they leave unless they commit open indecency. And these are Allah's (fixed) limits. And whoever transgresses Allah's limits has surely wronged his own soul. (O man,) you do not know that Allah may perhaps develop a new situation (to turn you back to her after divorce).

فَـإِذَا بَـلَـغْـنَ أَجَـلَهُـنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ فَارِقُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَأَشْهِدُوا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنكُمْ وَأَقِيمُوا الشَّهَادَةَ لِلَّهِ ذَلِكُمْ يُوعَظُ بِهِ مَن كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجاً (2)

ترجمہ: پھر جب وہ اپنی مقررہ میعاد (کے ختم ہونے) کے قریب پہنچ جائیں تو انہیں بھلائی کے ساتھ (اپنی زوجیت میں) روک لو یا انہیں بھلائی کے ساتھ جدا کر دو۔ اور اپنوں میں سے دو عادل مَردوں کو گواہ بنا لو اور گواہی اللہ کے لیے قائم کیا کرو، اِن (باتوں) سے اسی شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے، اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اس کے لیے (دنیا و آخرت کے رنج و غم سے) نکلنے کی راہ پیدا فرما دیتا ہےo

Then when they reach closer to (the end of) their appointed term, retain them with kindness or separate from them with kindness. And take two just persons from amongst you as witnesses and establish testimony for the sake of Allah. This is advice for him alone who believes in Allah and the Last Day. And whoever fears Allah, He makes a way out for him (from pain and grief of this world and the Hereafter),

وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْراً (3)

ترجمہ: اور اسے ایسی جگہ سے رِزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا، اور جو شخص اللہ پر توکل کرتا ہے تو وہ (اللہ) اسے کافی ہے، بے شک اللہ اپنا کام پورا کر لینے والا ہے، بے شک اللہ نے ہر شے کے لیے اندازہ مقرر فرما رکھا ہےo

And He gives him sustenance from a source which he can never think of. And

whoever puts his trust in Allah, then He (Allah) is Sufficient for him. Surely, Allah accomplishes His work entirely. He has certainly appointed a measure for everything.

وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِن نِّسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِي لَمْ يَحِضْنَ وَأُوْلَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَن يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْراً (4)

ترجمہ: اور تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس ہو چکی ہوں اگر تمہیں شک ہو (کہ اُن کی عدّت کیا ہوگی) تو اُن کی عدّت تین مہینے ہے اور وہ عورتیں جنہیں (ابھی) حیض نہیں آیا (ان کی بھی یہی عدّت ہے)، اور حاملہ عورتیں (تو) اُن کی عدّت اُن کا وضعِ حمل ہے، اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے (تو) وہ اس کے کام میں آسانی فرما دیتا ہےo

And those of your women who have no hope of menstruation, if you doubt (as to what will be their prescribed period), then their prescribed period is three months. And for those women who have not yet menstruated (their prescribed period is also the same). As for the pregnant women, their term is till the birth of the child. And whoever fears Allah, He makes his matter easy for him.

ذَلِكَ أَمْرُ اللَّهِ أَنزَلَهُ إِلَيْكُمْ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُعْظِمْ لَهُ أَجْراً (5)

ترجمہ: یہ اللہ کا امر ہے جو اس نے تمہاری طرف نازل فرمایا ہے۔ اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے وہ اُس کے چھوٹے گناہوں کو اس (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دیتا ہے اور اَجر و ثواب کو اُس کے لیے بڑا کر دیتا ہےo

This is the command of Allah which He has sent down to you. And whoever fears Allah, He removes his minor sins from his (record of deeds) and enhances reward for him.

أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنتُم مِّن وُجْدِكُمْ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ وَإِن كُنَّ أُولَاتِ حَمْلٍ فَأَنفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُم بِمَعْرُوفٍ وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى (6)

ترجمہ: تم اُن (مطلّقہ) عورتوں کو وہیں رکھو جہاں تم اپنی وسعت کے مطابق رہتے ہو اور انہیں تکلیف مت پہنچاؤ کہ اُن پر (رہنے کا ٹھکانا) تنگ کر دو، اور اگر وہ حاملہ ہوں تو اُن پر خرچ کرتے رہو یہاں تک کہ وہ اپنا بچہ جَن لیں، پھر اگر وہ تمہاری خاطر (بچے کو) دودھ پلائیں تو انہیں اُن کا معاوضہ ادا کرتے رہو، اور آپس میں (ایک دوسرے سے) نیک بات کا مشورہ (حسبِ دستور) کر لیا کرو، اور اگر تم باہم دشواری محسوس کرو تو اسے (اب کوئی) دوسری عورت دودھ پلائے گیo

Keep the (divorced) women where you live according to your means. And do not harm them so as to make (the place of living) intolerable for them. And if they are pregnant, keep spending on them till they give birth to the child. Then if they suckle (the child) for your sake, pay them their recompense. And consult each other (as usual) for good. But if you experience difficulty mutually, (then some) other woman may suckle the child.

لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْساً إِلَّا مَا آتَاهَا سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْراً (7)

ترجمہ: صاحبِ وسعت کو اپنی وسعت (کے لحاظ) سے خرچ کرنا چاہئے، اور جس شخص پر اُس کا رِزق تنگ کر دیا گیا ہو تو وہ اُسی (روزی) میں سے (بطورِ نفقہ) خرچ کرے جو اُسے اللہ نے عطا فرمائی ہے۔ اللہ کسی شخص کو مکلّف نہیں ٹھہراتا مگر اسی قدر جتنا کہ اُس نے اسے عطا فرما رکھا ہے، اللہ عنقریب تنگی کے بعد کشائش پیدا فرما دے گاo

The affluent one should spend (according to) his means. And whoever is provided sustenance scarcely, let him spend (on her maintenance) out of the provision which Allah has given him. Allah does not burden anyone beyond what He has given him. Allah will soon bring about ease after hardship.

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَاباً شَدِيْداً وَعَذَّبْنَاهَا عَذَاباً نُّكْراً (8)

ترجمہ: اور کتنی ہی بستیاں ایسی تھیں جن (کے رہنے والوں) نے اپنے رب کے حکم اور اُس کے رسولوں سے سرکشی و سرتابی کی تو ہم نے اُن کا سخت حساب کی صورت میں محاسبہ کیا اور انہیں ایسے سخت عذاب میں مبتلا کیا جو نہ دیکھا نہ سنا گیا تھاo

And how many towns there were (the inhabitants of) which disobeyed and revolted against the command of their Lord and His Messengers! So We called them to account in the shape of fierce accountability, and seized them with such a severe torment as was never seen or even heard of.

فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْراً (9)

ترجمہ: سو انہوں نے اپنے کیے کا وبال چکھ لیا اور اُن کے کام کا انجام خسارہ ہی ہواo

So they tasted the evil consequence of their doings and their affair ended up in total loss.

أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَاباً شَدِيْداً فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُوْلِي الْأَلْبَابِ الَّذِيْنَ آمَنُوا قَدْ أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْراً (10)

ترجمہ: اللہ نے اُن کے لیے (آخرت میں بھی) سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ سو اللہ سے ڈرتے رہا کرو اے عقل والو! جو ایمان لے آئے ہو، بے شک اللہ نے تمہاری (ہی) طرف نصیحت (قرآن) کو نازل فرمایا ہےo

Allah has prepared for them severe torment (in the Hereafter as well). So keep fearing Allah, O men of reason, you who have believed. No doubt it is you towards whom Allah has sent down the Reminder (the Qur'an),

رَّسُولاً يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحاً يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقاً (11)

ترجمہ: (اور) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بھی بھیجا ہے) جو تم پر اللہ کی واضح آیات پڑھ کر سناتے ہیں تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال کرتے ہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے، اور جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے وہ اسے ان جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، بے شک اللہ نے اُس کے لیے نہایت عمدہ رزق (تیار کر) رکھا ہےo

(And has also sent) the Messenger (blessings and peace be upon him), who recites to you clear Verses so that he may take those who have believed and

do pious deeds from darkness to light. And he who believes in Allah and does pious deeds, He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Indeed, Allah has (prepared) for him excellent sustenance.

اللَّهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ یَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَیْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّأَنَّ اللَّهَ قَدْ أَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْماً (12)

ترجمہ: اللہ (ہی) ہے جس نے سات آسمان پیدا فرمائے اور زمین (کی تشکیل) میں بھی انہی کی مِثل (تہ بہ تہ سات طبقات بنائے)، ان کے درمیان (نظامِ قدرت کی تدبیر کا) امر اترتا رہتا ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہے، اور یہ کہ اللہ نے ہر چیز کا اپنے علم سے احاطہ فرما رکھا ہے (یعنی آنے والے زمانوں میں جب سائنسی اکتشافات کامل ہوں گے تو تمہیں اللہ کی قدرت اور علمِ محیط کی عظمت کا اندازہ ہو جائے گا کہ کس طرح اُس نے صدیوں قبل ان حقائق کو تمہارے لیے بیان فرما رکھا ہے)o

Allah (alone) has created seven heavens and (brought about seven strata layer upon layer also whilst creating) the earth like them. And the command (i.e., phenomenon of coordination in the system of nature) continues to operate amongst them so that you may know that Allah has absolute power over everything, and that Allah has encompassed everything with His Knowledge (i.e., when scientific explorations will culminate, you will then perceive the glory of Allah's power and His All-Encompassing knowledge as to how He has described the realities of His creation centuries before).

سورۃ التحریم:

یَا أَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَکَ تَبْتَغِیْ مَرْضَاتَ أَزْوَاجِکَ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِیْمٌ (1)

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) آپ خود کو اس چیز (یعنی شہد کے نوش کرنے) سے کیوں منع فرماتے ہیں جسے اللہ نے آپ کے لیے حلال فرما رکھا ہے؟ آپ اپنی ازواج کی (کس قدر) دل جوئی فرماتے ہیں! اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O (Esteemed) Prophet! Why do you forbid yourself (taking honey) which Allah has made lawful for you? (How well) you seek to please your wives! And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

قَدْ فَرَضَ اللَّهُ لَکُمْ تَحِلَّةَ أَیْمَانِکُمْ وَاللَّهُ مَوْلَاکُمْ وَهُوَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ (2)

ترجمہ: (اے مومنو!) بے شک اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کا (کفارہ دے کر) کھول ڈالنا مقرر فرما دیا ہے۔ اور اللہ تمہارا مددگار و کارساز ہے، اور وہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

(O believers!) Indeed, Allah has prescribed for you how to dissolve your oaths (by atonement). And Allah is your Helper and Protector. And He is All-Knowing, Most Wise.

وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِیُّ إِلَی بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِیْثاً فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ وَأَظْهَرَهُ اللَّهُ عَلَیْهِ عَرَّفَ بَعْضَهُ وَأَعْرَضَ عَن بَعْضٍ فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنبَأَکَ هَذَا قَالَ نَبَّأَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ (3)

ترجمہ: اور جب نبیٔ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اپنی ایک زوجہ سے ایک رازدارانہ بات ارشاد فرمائی، پھر جب وہ اُس (بات) کا ذکر کر بیٹھیں اور اللہ نے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اسے ظاہر فرما دیا تو نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے انہیں اس کا کچھ حصہ جتا دیا اور کچھ حصہ (بتانے) سے چشم پوشی فرمائی، پھر جب نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے انہیں اِس کی خبر دے دی (کہ آپ راز اِفشاء کر بیٹھی ہیں) تو وہ بولیں: آپ کو یہ کس نے بتا دیا ہے؟ نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا کہ مجھے بڑے علم والے بڑی آگاہی والے (رب) نے بتا دیا ہےo

And when the Prophet (blessings and peace be upon him) secretly disclosed a matter to one of his wives, but when she mentioned it and Allah made it known to the Prophet (blessings and peace be upon him), then the Prophet reminded her of some part of it and overlooked (to inform) the rest of it. Then when the Prophet (blessings and peace be upon him) informed her of it (that she had disclosed that secret), she said: 'Who has told you of that?' The Prophet (blessings and peace be upon him) said: 'The All-Knowing, All-Aware (Lord) has told me.'

إِن تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا وَإِن تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَلِكَ ظَهِيرٌ (4)

ترجمہ: اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو (تو تمہارے لیے بہتر ہے) کیونکہ تم دونوں کے دل (ایک ہی بات کی طرف) جھک گئے ہیں، اگر تم دونوں نے اس بات پر ایک دوسرے کی اعانت کی (تو یہ نبی مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے باعثِ رنج ہوسکتا ہے) سو بے شک اللہ ہی اُن کا دوست و مددگار ہے، اور جبریل اور صالح مومنین بھی اور اس کے بعد (سارے) فرشتے بھی (اُن کے) مددگار ہیںo

If you both turn to Allah in repentance, (that is better for you) because the hearts of both of you have inclined (towards the same), but if you help one another in this matter (that may annoy the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]). So surely Allah is the One Who is his Friend and Helper and Jibril (Gabriel) and the most pious believers and after them (all) angels too are (his) helpers.

عَسَى رَبُّهُ إِن طَلَّقَكُنَّ أَن يُبْدِلَهُ أَزْوَاجاً خَيْراً مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَاراً (5)

ترجمہ: اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو عجب نہیں کہ اُن کا رب انہیں تم سے بہتر ازواج بدلہ میں عطا فرما دے (جو) فرمانبردار، ایماندار، اطاعت گزار، توبہ شعار، عبادت گزار، روزہ دار، (بعض) شوہر دیدہ اور (بعض) کنواریاں ہوں گیo

If he divorces you, then it may well be that your Lord will give him in your place better wives than yourselves (who) will be obedient, true believers, submissive, penitent, worshippers, given to fasting, (some) formerly married and (some) virgins.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَاراً وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَا يَعْصُونَ اللّٰهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ (6)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں، جس پر سخت مزاج طاقتور فرشتے (مقرر) ہیں جو کسی بھی امر میں جس کا وہ انہیں حکم دیتا ہے اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کام انجام دیتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہے o

O believers! Safeguard yourselves and your families against a Fire whose fuel is men and stones. Appointed over it are strong and stern angels who do not disobey Allah in what He commands them. And they accomplish what they are ordered.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (7)

ترجمہ: اے کافرو! آج کے دن کوئی عذر پیش نہ کرو، بس تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو کرتے رہے تھے o

O disbelievers! Do not make any excuse Today. You will only be paid the reward of what you have been doing.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوحاً عَسَى رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِيْ اللّٰهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا مَعَهُ نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (8)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے حضور رجوعِ کامل سے خالص توبہ کرلو، یقین ہے کہ تمہارا رب تم سے تمہاری خطائیں دفع فرما دے گا اور تمہیں بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں جس دن اللہ (اپنے) نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور اُن اہلِ ایمان کو جو اُن کی (ظاہری یا باطنی) معیّت میں ہیں رسوا نہیں کرے گا، اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کے دائیں طرف (روشنی دیتا ہوا) تیزی سے چل رہا ہوگا، وہ عرض کرتے ہوں گے: اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل فرما دے اور ہماری مغفرت فرما دے، بے شک تو ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

O believers! Turn towards Allah's presence in perfect and most sincere repentance. Your Lord will certainly remove your sins from you, and admit you to the Gardens with streams flowing under them. On the Day when Allah will not slight (His) Prophet (blessings and peace be upon him) and those believers who are in his companionship (visibly or invisibly), their light will be moving fast (brightening) ahead of them and on their right side. They will be submitting: 'O our Lord, perfect our light for us and forgive us. Surely, You have absolute power over everything.'

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (9)

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) آپ (ان) کافروں اور منافقوں سے جہاد کیجیے (جنہوں نے آپ کے خلاف جارحیت، فتنہ وفساد اور سازشوں کا آغاز کر رکھا ہے) اور اُن پر سختی فرمائیے، اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے o

O (Esteemed) Prophet! Strive hard against the disbelievers and the hypocrites (who have initiated militancy, aggression, mischief and intrigues against you) and treat them strictly. And their abode is Hell. And what an evil abode that is!

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا اِمْرَاَةَ نُوحٍ وَاِمْرَاَةَ لُوطٍ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ **(10)**

ترجمہ: اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے کفر کیا ہے نوح (علیہ السلام) کی عورت (واعلہ) اور لوط (علیہ السلام) کی عورت (واہلہ) کی مثال بیان فرمائی ہے، وہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو صالح بندوں کے نکاح میں تھیں، سو دونوں نے اُن سے خیانت کی پس وہ اللہ (کے عذاب) کے سامنے اُن کے کچھ کام نہ آئے اور اُن سے کہہ دیا گیا کہ تم دونوں (عورتیں) داخل ہونے والوں کے ساتھ دوزخ میں داخل ہو جاؤo

Allah has described for disbelievers the example of Nuh's (Noah's) wife (Wahila) and Lut's (Lot's) wife (Wa'ila). They were married to two of Our pious servants. But both of them betrayed them. So they could not help them before (the torment of) Allah, and it was said to them: 'Both of you (women), enter Hell along with all who enter it.'

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ آمَنُوا اِمْرَاَةَ فِرْعَوْنَ إِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِندَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِن فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ **(11)**

ترجمہ: اور اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں زوجۂ فرعون (آسیہ بنت مزاحم) کی مثال بیان فرمائی ہے، جب اس نے عرض کیا: اے میرے رب! تو میرے لیے بہشت میں اپنے پاس ایک گھر بنا دے اور مجھ کو فرعون اور اُس کے عملِ (بد) سے نجات دے دے اور مجھے ظالم قوم سے (بھی) بچا لےo

And Allah has given for the believers the example of Pharaoh's wife (Asiya, the daughter of Mazahim) when she submitted: 'O my Lord, build a house for me in Paradise in Your presence, and deliver me from Pharaoh and his (evil) conduct, and also rescue me from the wrongdoing people.'

وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِيْ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِن رُّوحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِيْنَ **(12)**

ترجمہ: اور (دوسری مثال) عمران کی بیٹی مریم کی (بیان فرمائی ہے) جس نے اپنی عصمت وعفّت کی خوب حفاظت کی تو ہم نے (اس کے) گریبان میں اپنی روح پھونک دی اور اس نے اپنے رب کے فرامین اور اس کی (نازل کردہ) کتابوں کی تصدیق کی اور وہ اطاعت گزاروں میں سے تھیo

And (the second example is given of) Maryam (Mary), the daughter of 'Imran, who guarded well her chastity and purity. And We breathed Our Spirit into the sternal opening of (her) shirt. And she confirmed the commandments of her Lord and the (revealed) Books and she was of the obedient.

سورۃ الملک:

تَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (1)

ترجمہ: وہ ذات نہایت بابرکت ہے جس کے دستِ (قدرت) میں (تمام جہانوں کی) سلطنت ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہےo

Blessed is He in Whose (Mighty) Hand is the kingdom (of all the worlds). And He enjoys perfect command over everything;

الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیَاةَ لِیَبْلُوَكُمْ أَیُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُورُ (2)

ترجمہ: جس نے موت اور زندگی کو (اِس لیے) پیدا فرمایا کہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون عمل کے لحاظ سے بہتر ہے، اور وہ غالب ہے بڑا بخشنے والا ہےo

He Who has created death and life (so that) He may test you as to which of you is best in conduct. And He is Almighty, Most Forgiving;

الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقاً مَّا تَرَى فِیْ خَلْقِ الرَّحْمَنِ مِن تَفَاوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرَى مِن فُطُورٍ (3)

ترجمہ: جس نے سات (یا متعدّد) آسمانی کرّے باہمی مطابقت کے ساتھ (طبق دَر طبق) پیدا فرمائے، تم (خدائے) رحمان کے نظامِ تخلیق میں کوئی بے ضابطگی اور عدمِ تناسب نہیں دیکھو گے، سو تم نگاہِ (غور و فکر) پھیر کر دیکھو، کیا تم اس (تخلیق) میں کوئی شگاف یا خلل (یعنی شکستگی یا اِنقطاع) دیکھتے ہوo

He Who has created seven (or numerous) heavenly spheres corresponding to one another (layer upon layer). You will not find any irregularity and disproportion in the system of the creation of the Most Kind (Lord). So have a (meditative and thoughtful) look around: do you find in this (creation) any incongruity or disharmony (i.e., degeneration or falling apart)?

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنقَلِبْ إِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِأً وَهُوَ حَسِیْرٌ (4)

ترجمہ: تم پھر نگاہِ (تحقیق) کو بار بار (مختلف زاویوں اور سائنسی طریقوں سے) پھیر کر دیکھو، (ہر بار) نظر تمہاری طرف تھک کر پلٹ آئے گی اور وہ (کوئی بھی نقص تلاش کرنے میں) ناکام ہوگیo

Look around time and again with (an inquisitive) vision (from different angles and with scientific methods. Every time) your sight will return to you fatigued and frustrated (in finding any shortcoming or imperfection).

وَلَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَاء الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُوماً لِّلشَّیَاطِیْنِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِیْرِ (5)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے سب سے قریبی آسمانی کائنات کو (ستاروں، سیاروں، دیگر خلائی کرّوں اور ذرّوں کی شکل میں) چراغوں سے مزیّن فرما دیا ہے، اور ہم نے ان (ہی میں سے بعض) کو شیطانوں (یعنی سرکش قوتوں) کو مار بھگانے (یعنی ان کے منفی اَثرات ختم کرنے) کا ذریعہ (بھی) بنایا ہے، اور ہم نے ان (شیطانوں) کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہےo

And surely, We have adorned the lowest heaven of the universe with lights (in

the form of stars, planets, other asteroids and meteoroids). And We have also made (some of them) the means of pelting away (i.e., eliminating the negative effects of) satans (i.e., rebellious forces). And We have prepared for these (satans) a torment of Blazing Fire.

وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (6)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا اِنکار کیا دوزخ کا عذاب ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

And for those who have denied their Lord is the torment of Hell. And what an evil abode it is!

إِذَا أُلْقُوا فِيْهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيْقاً وَهِيَ تَفُوْرُ (7)

ترجمہ: جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی خوف ناک آواز سنیں گے اور وہ (آگ) جوش مار رہی ہوگیo

When they will be flung into it, they will hear its horrifying roar. And that (Fire) will be boiling (with rage),

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيْرٌ (8)

ترجمہ: گویا (ابھی) شدتِ غضب سے پھٹ کر پارہ پارہ ہو جائے گی، جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو اس کے داروغے ان سے پوچھیں گے: کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تھاo

As if it is about to burst into pieces with intense wrath. When a group will be cast into it, its guards will ask them: 'Did no Warner come to you?'

قَالُوا بَلَى قَدْ جَاءنَا نَذِيْرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِيْ ضَلَالٍ كَبِيْرٍ (9)

ترجمہ: وہ کہیں گے: کیوں نہیں! بے شک ہمارے پاس ڈر سنانے والا آیا تھا تو ہم نے جھٹلا دیا اور ہم نے کہا کہ اللہ نے کوئی چیز نازل نہیں کی، تم تو محض بڑی گمراہی میں (پڑے ہوئے) ہوo

They will say: 'Yes indeed! A Warner did come to us, but we rejected him and said: Allah has not sent down anything. You are just in great error.'

وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْ أَصْحَابِ السَّعِيْرِ (10)

ترجمہ: اور کہیں گے: اگر ہم (حق کو) سنتے یا سمجھتے ہوتے تو ہم (آج) اہلِ جہنم میں (شامل) نہ ہوتےo

And they will say: 'Had we listened to or understood (the truth), we would not have been (put) amongst the inmates of Hell (Today).'

فَاعْتَرَفُوا بِذَنبِهِمْ فَسُحْقاً لِّأَصْحَابِ السَّعِيْرِ (11)

ترجمہ: پس وہ اپنے گناہ کا اِعتراف کر لیں گے، سو دوزخ والوں کے لیے (رحمتِ الٰہی سے) دُوری (مقرر) ہےo

Then they will confess their sin. So remoteness for the inmates of Hell (from Allah's mercy) is (destined).

إِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيْرٌ (12)

ترجمہ: بے شک جو لوگ بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے بخشش اور بڑا اَجر ہےo

Surely, those who fear their Lord unseen, for them is forgiveness and great reward.

وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (13)

ترجمہ: اور تم لوگ اپنی بات چھپا کر کہو یا اُسے بلند آواز میں کہو، یقیناً وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو (بھی) خوب جانتا ہےo

And whether you speak in secret or aloud, certainly He knows best (even) the things (hidden) in the hearts.

أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ (14)

ترجمہ: بھلا وہ نہیں جانتا جس نے پیدا کیا ہے؟ حالاں کہ وہ بڑا باریک بین (ہر چیز سے) خبردار ہےo

Does He, Who has created, not know? In truth, He is the One Who can see the essence and is Well Aware (of everything).

هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ (15)

ترجمہ: وُہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو نرم و مسخر کر دیا، سو تم اس کے راستوں میں چلو پھرو، اور اُس کے (دیئے ہوئے) رِزق میں سے کھاؤ، اور اُسی کی طرف (مرنے کے بعد) اُٹھ کر جانا ہےo

He is the One Who has made the earth soft and subservient to you. So walk about through its tracks and eat of the sustenance (given) by Him, and towards Him alone is the return, rising (after death).

أَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ (16)

ترجمہ: کیا تم آسمان والے (رب) سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے (اس طرح) کہ وہ اچانک لرزنے لگےo

Have you gone fearless of (the Lord of) the heaven that He may sink you into the earth when it suddenly shakes?

أَمْ أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِباً فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ (17)

ترجمہ: کیا تم آسمان والے (رب) سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تم پر پتھر برسانے والی ہوا بھیج دے؟ سو تم عنقریب جان لو گے کہ میرا ڈرانا کیسا ہےo

Have you gone fearless of (the Lord of) the heaven that He may send against you a stone-pelting wind? Then soon will you come to know how My Warning is!

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ (18)

ترجمہ: اور بے شک ان لوگوں نے (بھی) جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے، سو میرا اِنکار کیسا (عبرت ناک ثابت) ہواo

And surely, those before them (also) denied. But how (awful) proved My denial!

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَنُ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ (19)

ترجمہ: کیا اُنہوں نے پرندوں کو اپنے اوپر پر پھیلائے ہوئے اور (کبھی) پر سمیٹے ہوئے نہیں دیکھا؟ اُنہیں (فضا میں گرنے سے) کوئی نہیں روک سکتا سوائے رحمان کے (بنائے ہوئے قانون کے)، بے شک وہ ہر چیز کو خوب دیکھنے والا ہےo

Have they not seen the birds above them spreading out their wings and (sometimes) folding them? Nothing can hold them (from falling) except (the law made by) the Most Kind (Lord). Surely, He sees everything best.

أَمَّنْ هَذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَنِ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ (20)

ترجمہ: بھلا کوئی ایسا ہے جو تمہاری فوج بن کر (خدائے) رحمان کے مقابلہ میں تمہاری مدد کرے؟ کافر محض دھوکہ میں (مبتلا) ہیںo

Well, is there anyone that can muster an army to help you against the Most Kind Lord? The disbelievers are merely (snared) in deception.

أَمَّنْ هَذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ (21)

ترجمہ: بھلا کوئی ایسا ہے جو تمہیں رِزق دے سکے اگر (اللہ تم سے) اپنا رِزق روک لے؟ بلکہ وہ سرکشی اور (حق سے) نفرت میں مضبوطی سے اَڑے ہوئے ہیںo

Well, is there anyone that can provide you sustenance if (Allah) holds back His sustenance (from you)? In fact, they are adamantly fixed in rebellion and hatred (for truth).

أَفَمَن يَمْشِي مُكِبّاً عَلَى وَجْهِهِ أَهْدَى أَمَّن يَمْشِي سَوِيّاً عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (22)

ترجمہ: کیا وہ شخص جو منہ کے بل اوندھا چل رہا ہے زیادہ راہِ راست پر ہے یا وہ شخص جو سیدھی حالت میں صحیح راہ پر گامزن ہے؟o

Is he who walks in prone position more rightly guided, or he who walks upright on a straight path?

قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلاً مَّا تَشْكُرُونَ (23)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: وُہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دِل بنائے، تم بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہوo

Say: '(Allah) is He Who created you and provided you with ears and eyes and hearts. Yet you give thanks but little.'

قُلْ هُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (24)

ترجمہ: فرما دیجیے: وُہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلا دیا اور تم (روزِ قیامت) اُسی کی طرف جمع کیے جاؤ گےo

Say: 'He is the One Who has spread you in the earth, and you will be gathered towards Him (on the Day of Assembly).'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَمَن مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا فَمَن يُجِيرُ الْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (28)

ترجمہ: فرما دیجیے: بھلا یہ بتاؤ اگر اللہ مجھے موت سے ہم کنار کر دے (جیسے تم خواہش کرتے ہو) اور جو میرے ساتھ ہیں (ان کو

بھی)، یا ہم پر رحم فرمائے (یعنی ہماری موت کو مؤخر کر دے) تو (ان دونوں صورتوں میں) کون ہے جو کافروں کو دردناک عذاب سے پناہ دے گاo

Say: 'Well, give your view: if Allah causes me death (as you desire) and (also) to my Companions, or shows mercy to us (i.e., defers our death), then (in both these cases) who will shelter the disbelievers from the painful torment?'

قُلْ هُوَ الرَّحْمَنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (29)

ترجمہ: فرما دیجیے: وُہی (خدائے) رحمان ہے جس پر ہم ایمان لائے ہیں اور اُسی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے، پس تم عنقریب جان لو گے کہ کون شخص کھلی گمراہی میں ہےo

Say: 'He alone is the Most Kind (Lord) in Whom we believe and in Whom we trust. So you will soon know who is in open error.'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْراً فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاء مَّعِينٍ (30)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر تمہارا پانی زمین میں بہت نیچے اتر جائے (یعنی خشک ہو جائے) تو کون ہے جو تمہیں (زمین پر) بہتا ہوا پانی لا دےo

Say: 'If your water sinks far deep into the earth (i.e., dries up), then who will bring you flowing water (on earth)?'

سورۃ القلم:

مَا أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ (2)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے رب کے فضل سے (ہرگز) دیوانے نہیں ہیںo

(O Esteemed Beloved!) By the Grace of your Lord, you are not (at all) insane.

وَإِنَّ لَكَ لَأَجْراً غَيْرَ مَمْنُونٍ (3)

ترجمہ: اور بے شک آپ کے لیے ایسا اَجر ہے جو کبھی ختم نہ ہوگاo

And assuredly, for you there is a reward that will never end.

وَإِنَّكَ لَعَلى خُلُقٍ عَظِيمٍ (4)

ترجمہ: اور بے شک آپ عظیم الشان خلق پر قائم ہیں (یعنی آدابِ قرآنی سے مزّین اور اَخلاقِ الٰہیہ سے متّصف ہیں)o

And assuredly, you are placed high on the Most Glorious and Exalted (seat of) character (i.e., adorned with the Qur'anic morality and endowed with the character traits of Allah).

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ (5)

ترجمہ: پس عنقریب آپ (بھی) دیکھ لیں گے اور وہ (بھی) دیکھ لیں گےo

Soon you will see and they (too) will see,

بِأَيِّيكُمُ الْمَفْتُونُ (6)

ترجمہ: کہ تم میں سے کون دیوانہ ہےo

As to which of you is mad.

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (7)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گیا ہے، اور وہ ان کو (بھی) خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیںo

Surely, your Lord knows him best who has strayed from the straight path and (also) knows best those who are rightly guided.

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ (8)

ترجمہ: سو آپ جھٹلانے والوں کی بات نہ مانیںo

So do not agree with what the beliers say.

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَى وَهُوَ مَكْظُومٌ (48)

ترجمہ: پس آپ اپنے رب کے حکم کے انتظار میں صبر فرمائیے اور مچھلی والے (پیغمبر یونس علیہ السلام) کی طرح (دل گرفتہ) نہ ہوں، جب انہوں نے (اللہ کو) پکارا اس حال میں کہ وہ (اپنی قوم پر) غم و غصہ سے بھرے ہوئے تھےo

So be steadfast in waiting for the command of your Lord, and do not (take it to your heart) like (Yunus [Jonah], the Messenger with) fish episode, when he cried out (to Allah) in a state pent up with rage and grief (against his community).

لَوْلَا أَن تَدَارَكَهُ نِعْمَةٌ مِّن رَّبِّهِ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ مَذْمُومٌ (49)

ترجمہ: اگر ان کے رب کی رحمت و نعمت ان کی دستگیری نہ کرتی تو وہ ضرور چٹیل میدان میں پھینک دیئے جاتے اور وہ ملامت زدہ ہوتے (مگر اللہ نے انہیں اس سے محفوظ رکھا)o

Had the mercy and blessing of his Lord not helped him, he would certainly have been thrown in the barren field, blamed. (But Allah saved him from that.)

سورۃ الحاقۃ:

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُوماً فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَى كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ (7)

ترجمہ: اللہ نے اس (آندھی) کو ان پر مسلسل سات راتیں اور آٹھ دن مسلّط رکھا، سو تُو ان لوگوں کو اس (عرصہ) میں (اس طرح) مرے پڑے دیکھتا (تو یوں لگتا) گویا وہ کھجور کے گرے ہوئے درختوں کی کھوکھلی جڑیں ہیںo

Allah made that (gale) seize them for consecutive seven nights and eight days. So, you could see them lying dead (during that time as if) they were hollow roots of the uprooted palm trees.

فَعَصَوْا رَسُولَ رَبِّهِمْ فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً رَّابِيَةً (10)

ترجمہ: پس انہوں نے (بھی) اپنے رب کے رسول کی نافرمانی کی، سو اللہ نے انہیں نہایت سخت گرفت میں پکڑ لیا o

So they (also) disobeyed the Messenger of their Lord. And Allah seized them with a mighty seizure.

فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ (38)

ترجمہ: سو میں قسم کھاتا ہوں ان چیزوں کی جنہیں تم دیکھتے ہو o

So I swear by the things that you see,

وَمَا لَا تُبْصِرُونَ (39)

ترجمہ: اور ان چیزوں کی (بھی) جنہیں تم نہیں دیکھتے o

And by those things that you do not see.

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (40)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) بزرگی و عظمت والے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا (منزّل من اللہ) فرمان ہے، (جسے وہ رسالتاً اور نیابتاً بیان فرماتے ہیں) o

Assuredly, this (Qur'an) is the (God-sent) commandment of the Exalted and Glorious Messenger ([blessings and peace be upon him] which he expounds as a Messenger and as a Vicegerent).

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيلًا مَا تُؤْمِنُونَ (41)

ترجمہ: اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں (کہ اَدبی مہارت سے خود لکھا گیا ہو)، تم بہت ہی کم یقین رکھتے ہو o

And it is not the poetry of a poet (composed with literary expertise). You have but little faith.

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ (42)

ترجمہ: اور نہ (یہ) کسی کاہن کا کلام ہے (کہ فنی اَندازوں سے وضع کیا گیا ہو)، تم بہت ہی کم نصیحت حاصل کرتے ہو o

Nor is it the word of a fortune-teller (designed by skilful guesswork). You take but little advice.

تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (43)

ترجمہ: (یہ) تمام جہانوں کے رب کی طرف سے نازل شدہ ہے o

(This) is sent down by the Lord of all the worlds.

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ (44)

ترجمہ: اور اگر وہ ہم پر کوئی (ایک) بات بھی گھڑ کر کہہ دیتے o

And had he ascribed to Us even a (single) fabricated thing,

لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ (45)

ترجمہ: تو یقیناً ہم اُن کو پوری قوت و قدرت کے ساتھ پکڑ لیتے o

We would have seized him with full force and might,

ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ (46)

ترجمہ: پھر ہم ضرور اُن کی شہ رگ کاٹ دیتےo

Then certainly We would have cut his life artery,

وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ (48)

ترجمہ: اور پس بلاشبہ یہ (قرآن) پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہےo

So no doubt this (Qur'an) is direction and guidance for the Godfearing.

وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِيْنَ (49)

ترجمہ: اور یقیناً ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے بعض لوگ (اس کھلی سچائی کو) جھٹلانے والے ہیںo

And surely, We know that some of you are the beliers (of this open truth).

وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكَافِرِيْنَ (50)

ترجمہ: اور واقعی یہ کافروں کے لیے (موجبِ) حسرت ہےo

And surely, this is (a cause of) bitter regret for the disbelievers.

وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ (51)

ترجمہ: اور بے شک یہ حق الیقین ہےo

And undeniably, it is the truth of Absolute Certitude.

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (52)

ترجمہ: سو (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے عظمت والے رب کے نام کی تسبیح کرتے رہیںo

So, (O Esteemed Beloved,) glorify your Lord, Most Magnificent, with persistence.

سورۃ المعارج:

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ (1)

ترجمہ: ایک سائل نے ایسا عذاب طلب کیا جو واقع ہونے والا ہےo

A questioner asked for the torment which is sure to come about,

لِّلْكَافِرِيْنَ لَيْسَ لَهُ دَافِعٌ (2)

ترجمہ: کافروں کے لیے جسے کوئی دفع کرنے والا نہیںo

Upon the disbelievers, which no one can repel.

مِّنَ اللَّهِ ذِي الْمَعَارِجِ (3)

ترجمہ: (وہ) اللہ کی جانب سے (واقع ہوگا) جو آسمانی زینوں (اور بلند مراتب درجات) کا مالک ہےo

(That will befall) from Allah, Who is the Lord of the Ascending Steps to Heaven (and of the higher ranks and grades of spiritual hierarchy).

تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ (4)

ترجمہ: اس (کے عرش) کی طرف فرشتے اور روح الامین عروج کرتے ہیں ایک دن میں، جس کا اندازہ (دنیوی حساب سے) پچاس ہزار برس کا ہے☆o

☆فِی یَوۡمٍ اگر وَاقِعٍ کا صلہ ہو تو معنی ہوگا کہ جس دن (یوم قیامت کو) عذاب واقع ہوگا اس کا دورانیہ 50 ہزار برس کے قریب ہے۔ اور اگر یہ تَعۡرُجُ کا صلہ ہو تو معنی ہوگا کہ ملائکہ اور اَرواحِ مومنین جو عرشِ اِلٰہی کی طرف عروج کرتی ہیں ان کے عروج کی رفتار 50 ہزار برس یومیہ ہے، وہ پھر بھی کتنی مدت میں منزلِ مقصود تک پہنچتے ہیں۔ واللہ اَعلم بالصواب۔ (یہاں سے نوری سال (light year) کے تصور کا اِستنباط ہوتا ہے۔)

The angels and al-Ruh al-Amin (the Spirit) rise towards His (Throne) in a Day which measures fifty thousand years (according to the worldly scale).* * If fi yawm is co-related to waqi', it implies '50,000 year long Day of Judgement when the torment will befall'. But if it is co-related to ta'ruju, it denotes fifty millennium year a day speed of ascension by the angels and by the souls of the believers that ascend towards Allah's Throne. It is known to Allah alone as to what time they take to reach the destination.This generates the concept of 'light year'.

فَلَا أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ (40)

ترجمہ: سو میں مشارق اور مغارب کے رب کی قسم کھاتا ہوں کہ بے شک ہم پوری قدرت رکھتے ہیںo

So I swear by the Lord of the easts and the wests that surely We have Absolute Power,

عَلَى أَن نُّبَدِّلَ خَيْراً مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ (41)

ترجمہ: اس پر کہ ہم بدل کر ان سے بہتر لوگ لے آئیں، اور ہم ہرگز عاجز نہیں ہیںo

To replace them with people better than them and We are not at all incapable (of doing it).

سورۃ نوح:

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا کہ آپ اپنی قوم کو ڈرائیں قبل اس کے کہ اُنہیں دردناک عذاب آ پہنچےo

Surely, We sent Nuh (Noah) to his people: 'Warn your people before a painful torment comes upon them.'

يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا جَاء لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (4)

ترجمہ: وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں مقررہ مدت تک مہلت عطا کرے گا، بے شک اللہ کی (مقرر کردہ) مدت جب

آجائے تو مہلت نہیں دی جاتی، کاش! تم جانتے ہوتےo

He will forgive your sins and will give you respite till an appointed term. Surely, when (the appointed) time of Allah comes, then respite is not given if only you knew.'

سورۃ الجن:

يَهْدِيْ إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَداً (2)

ترجمہ: جو ہدایت کی راہ دکھاتا ہے، سو ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں، اور اپنے رب کے ساتھ کسی کو ہرگز شریک نہیں ٹھہرائیں گےo

It shows the path of guidance. So we have believed in it and will never set up any partner with our Lord.

وَأَنَّهُ تَعَالَى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَداً (3)

ترجمہ: اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے، اس نے نہ کوئی بیوی بنا رکھی ہے اور نہ ہی کوئی اولادo

And that exalted is the Glory of our Lord. He has taken for Himself neither any wife nor any children.

وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطاً (4)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم میں سے کوئی اَحمق ہی اللہ کے بارے میں حق سے دور حد سے گزری ہوئی باتیں کہا کرتا تھاo

And that only a fool from amongst us used to utter things about Allah far from the truth, crossing bounds.

وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن نُّعجِزَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَلَن نُّعْجِزَهُ هَرَباً (12)

ترجمہ: اور ہم نے یقین کر لیا ہے کہ ہم اللہ کو ہرگز زمین میں (رہ کر) عاجز نہیں کر سکتے اور نہ ہی (زمین سے) بھاگ کر اسے عاجز کر سکتے ہیںo

And we have ascertained that we can by no means come in the way of Allah (whilst living) in the earth, nor can we thwart Him by escaping (from the earth).

وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَى آمَنَّا بِهِ فَمَن يُؤْمِن بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْساً وَلَا رَهَقاً (13)

ترجمہ: اور یہ کہ جب ہم نے (کتابِ) ہدایت کو سنا تو ہم اس پر ایمان لے آئے، پھر جو شخص اپنے رب پر ایمان لاتا ہے تو وہ نہ نقصان ہی سے خوف زدہ ہوتا ہے اور نہ ظلم سےo

And that when we listened to (the Book of) Guidance, we believed in it. Then he who believes in his Lord fears neither loss nor injustice.

وَأَلَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاء غَدَقاً (16)

ترجمہ: اور یہ (وحی بھی میرے پاس آئی ہے) کہ اگر وہ طریقت (راہِ حق، طریقِ ذِکرِ اِلٰہی) پر قائم رہتے تو ہم انہیں بہت سے پانی

کے ساتھ سیراب کرتےo

And this (Revelation has also come to me) that if they had remained firm on the right path (the path of truth, the path of the remembrance of Allah), then We would have provided them with abundant water,

لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَاباً صَعَداً (17)

ترجمہ: تاکہ ہم اس (نعمت) میں ان کی آزمائش کریں، اور جو شخص اپنے رب کے ذِکر سے منہ پھیر لے گا تو وہ اسے نہایت سخت عذاب میں داخل کر دے گاo

So that We put them to trial by this blessing. And whoever turns away from the remembrance of his Lord, He will cause him to enter a severe torment.

وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَداً (18)

ترجمہ: اور یہ کہ سجدہ گاہیں اللہ کے لیے (مخصوص) ہیں، سو اللہ کے ساتھ کسی اور کی پرستش مت کیا کروo

And that mosques are (specified) for Allah alone. So never worship anyone else besides Allah.

وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَداً (19)

ترجمہ: اور یہ کہ جب اللہ کے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کی عبادت کرنے کھڑے ہوئے تو وہ ان پر ہجوم در ہجوم جمع ہو گئے (تاکہ ان کی قرات سن سکیں)o

And that when the servant of Allah (Muhammad [blessings and peace be upon him]) stood up to worship Him, they thronged around him (to listen to his recitation).

قُلْ إِنَّمَا أَدْعُو رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِهِ أَحَداً (20)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ میں تو صرف اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناتاo

Say: 'I worship only my Lord and do not associate any partner with Him.'

قُلْ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرّاً وَلَا رَشَداً (21)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ میں تمہارے لیے نہ تو نقصان (یعنی کفر) کا مالک ہوں اور نہ بھلائی (یعنی ایمان) کا (گویا حقیقی مالک اللہ ہے میں تو ذریعہ اور وسیلہ ہوں)o

Say: 'I do not possess any power to do you harm (i.e., make you disbelieve) or to do you good (i.e., make you believe. So Allah is the real Lord. I am a mediator and means).'

قُلْ إِنِّي لَن يُجِيرَنِي مِنَ اللَّهِ أَحَدٌ وَلَنْ أَجِدَ مِن دُونِهِ مُلْتَحَداً (22)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ نہ مجھے ہرگز کوئی اللہ کے (اَمر کے خلاف) عذاب سے پناہ دے سکتا ہے اور نہ ہی میں قطعاً اُس کے سوا کوئی جائے پناہ پاتا ہوںo

Say: 'Neither can anyone shelter me from a torment (against the command) of

Allah, nor can I ever find refuge apart from Him.

إِلَّا بَلَاغاً مِّنَ اللَّهِ وَرِسَالَاتِهِ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً (23)

ترجمہ: مگر اللہ کی جانب سے اَحکامات اور اُس کے پیغامات کا پہنچانا (میری ذِمّہ داری ہے)، اور جو کوئی اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کرے تو بے شک اُس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے o

But (my responsibility is) to communicate from Allah His commands and messages. And whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), surely there is for him the Fire of Hell in which they will live forever.'

قُلْ إِنْ أَدْرِىْ أَقَرِيْبٌ مَّا تُوعَدُونَ أَمْ يَجْعَلُ لَهُ رَبِّىْ أَمَداً (25)

ترجمہ: آپ فرما دیں: میں نہیں جانتا کہ جس (روزِ قیامت) کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے یا اس کے لیے میرے رب نے طویل مدت مقرر فرما دی ہے o

Say: 'I do not know whether that (Day of Rising) which is being promised to you is near, or my Lord has appointed a longer term for that.'

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَداً (26)

ترجمہ: (وہ) غیب کا جاننے والا ہے، پس وہ اپنے غیب پر کسی (عام شخص) کو مطلع نہیں فرماتا o

(He is) the Knower of the unseen. So He does not inform any (common man) of His unseen,

إِلَّا مَنِ ارْتَضَى مِن رَّسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَداً (27)

ترجمہ: سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے (اُنہی کو مطلع علی الغیب کرتا ہے کیونکہ یہ خاصۂ نبوت اور معجزۂ رسالت ہے)، تو بے شک وہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے آگے اور پیچھے (علمِ غیب کی حفاظت کے لیے) نگہبان مقرر فرما دیتا ہے o

Except for His Messengers with whom He is well-pleased (and reveals to them alone the unseen because that is an exclusive trait of Prophethood and a Messenger's miracle as well). So indeed He appoints protectors at both front and rear of him (the Messenger, for the security of the knowledge of the unseen),

لِيَعْلَمَ أَن قَدْ أَبْلَغُوا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصَى كُلَّ شَىْءٍ عَدَداً (28)

ترجمہ: تاکہ اللہ (اس بات کو) ظاہر فرما دے کہ بے شک ان (رسولوں) نے اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیئے، اور (اَحکاماتِ اِلٰہیہ اور علومِ غیبیہ میں سے) جو کچھ ان کے پاس ہے اللہ نے (پہلے ہی سے) اُس کا اِحاطہ فرما رکھا ہے، اور اُس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے o

So that Allah may bring to light that surely they (the Messengers) have communicated the messages of their Lord, and Allah has (already) encompassed what they have (of Allah's injunctions and the knowledge of the unseen) and He has kept count of everything.

سورۃ المزمل:

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا (8)

ترجمہ: اور آپ اپنے رب کے نام کا ذِکر کرتے رہیں اور (اپنے قلب و باطن میں) ہر ایک سے ٹوٹ کر اُسی کے ہو رہیں o

And continue remembering the Name of your Lord, devoted completely to Him alone (in your heart and soul), broken away from everyone else.

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا (9)

ترجمہ: وہ مشرق و مغرب کا مالک ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، سو اُسی کو (اپنا) کارساز بنا لیں o

He is the Lord of the east and the west. There is no God but He. So take Him alone as (your) Guardian.

وَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا (10)

ترجمہ: اور آپ ان (باتوں) پر صبر کریں جو کچھ وہ (کفار) کہتے ہیں، اور نہایت خوبصورتی کے ساتھ ان سے کنارہ کش ہو جائیں o

And observe patience with what they (disbelievers) utter and turn aside from them in a fine manner.

وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا (11)

ترجمہ: اور آپ مجھے اور جھٹلانے والے سرمایہ داروں کو (اِنتقام لینے کے لیے) چھوڑ دیں اور انہیں تھوڑی سی مہلت دے دیں (تاکہ اُن کے اَعمالِ بد اپنی اِنتہا تک پہنچ جائیں) o

And leave Me (to deal) with the denying rich money-mongers (to take revenge). And give them a little respite (so that their evil deeds may cross the limit).

إِنَّ لَدَيْنَا أَنكَالًا وَجَحِيمًا (12)

ترجمہ: بے شک ہمارے پاس بھاری بیڑیاں اور (دوزخ کی) بھڑکتی ہوئی آگ ہے o

Surely, We have heavy shackles and the Blazing Fire (of Hell),

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَى فِرْعَوْنَ رَسُولًا (15)

ترجمہ: بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھیجا ہے جو تم پر (اَحوال کا مشاہدہ فرما کر) گواہی دینے والا ہے، جیسا کہ ہم نے فرعون کی طرف ایک رسول کو بھیجا تھا o

Surely, We have sent towards you a Messenger (blessings and peace be upon him) who bears witness to you (seeing thoroughly your states of being) as We sent a Messenger towards Pharaoh.

إِنَّ هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاءَ اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيلًا (19)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) نصیحت ہے، پس جو شخص چاہے اپنے رب تک پہنچنے کا راستہ اِختیار کر لے o

Verily, this (Qur'an) is an admonition. So let him who desires adopt the way to reach his Lord.

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَى وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْراً وَأَعْظَمَ أَجْراً وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(20)**

ترجمہ: بے شک آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ (کبھی) دو تہائی شب کے قریب اور (کبھی) نصف شب اور (کبھی) ایک تہائی شب (نماز میں) قیام کرتے ہیں، اور اُن لوگوں کی ایک جماعت (بھی) جو آپ کے ساتھ ہیں (قیام میں شریک ہوتی ہے)، اور اللہ ہی رات اور دن (کے گھٹنے اور بڑھنے) کا صحیح اندازہ رکھتا ہے، وہ جانتا ہے کہ تم ہرگز اُس کے اِحاطہ کی طاقت نہیں رکھتے، سو اُس نے تم پر (مشقت میں تخفیف کر کے) معافی دے دی، پس جتنا آسانی سے ہو سکے قرآن پڑھ لیا کرو، وہ جانتا ہے کہ تم میں سے (بعض لوگ) بیمار ہوں گے اور (بعض) دوسرے لوگ زمین میں سفر کریں گے تاکہ اللہ کا فضل تلاش کریں اور (بعض) دیگر اللہ کی راہ میں جنگ کریں گے، سو جتنا آسانی سے ہو سکے اُتنا (ہی) پڑھ لیا کرو، اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو قرضِ حسن دیا کرو، اور جو بھلائی تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اُسے اللہ کے حضور بہتر اور اَجر میں بزرگ تر پا لو گے، اور اللہ سے بخشش طلب کرتے رہو، اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے ○

Surely, your Lord knows that you stand (for prayer sometimes) about two-thirds of the night and (sometimes) half the night and (sometimes) a third of the night, and (also) a party of those who are with you (join in standing up for Prayer). And Allah is the One Who keeps the true measure (of increasing or decreasing) the night and the day. He knows that you just do not have the power to encompass it so He granted you forgiveness (by reducing the toil). So recite the Qur'an as much as is easy for you. He knows that (some of) you will be ill and (some) others will be travelling in the land to look for Allah's bounty and (still some) others will be fighting in the way of Allah. So recite as much as is easy for you. And establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and lend Allah a goodly loan. And whatever good you will send forward for yourselves, you will find it in the presence of Allah much better and in reward still greater. And keep seeking forgiveness from Allah. Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ المدثر:

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ **(1)**

ترجمہ: اے چادر اوڑھنے والے (حبیب!) ○

O enwrapped (Beloved!)

قُمْ فَأَنذِرْ (2)

ترجمہ: اُٹھیں اور (لوگوں کو اللہ کا) ڈر سنائیں o

Rise and give warning (to the people).

وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ (3)

ترجمہ: اور اپنے رب کی بڑائی (اور عظمت) بیان فرمائیں o

And glorify the Greatness (and Majesty) of your Lord.

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ (4)

ترجمہ: اور اپنے (ظاہر و باطن کے) لباس (پہلے کی طرح ہمیشہ) پاک رکھیں o

And (always) keep your (visible and spiritual) attire purified and cleansed (as before).

وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ (5)

ترجمہ: اور (حسبِ سابق گناہوں اور) بتوں سے الگ رہیں o

And keep away from the idols (and sins as usual).

وَلَا تَمْنُن تَسْتَكْثِرُ (6)

ترجمہ: اور (اس غرض سے کسی پر) احسان نہ کریں کہ اس سے زیادہ کے طالب ہوں o

And do not do a favour (to anyone with the purpose of) seeking more from him.

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ (7)

ترجمہ: اور آپ اپنے رب کے لیے صبر کیا کریں o

And observe patience for the sake of your Lord.

فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ (8)

ترجمہ: پھر جب (دوبارہ) صور میں پھونک ماری جائے گی o

Then when the Trumpet will be blown (a second time),

فَذَلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ (9)

ترجمہ: سو وہ دن (یعنی روزِ قیامت) بڑا ہی سخت دن ہوگا o

So that Day (the Day of Resurrection) will be an extremely hard day,

عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ (10)

ترجمہ: کافروں پر ہرگز آسان نہ ہوگا o

Not at all easy for the disbelievers.

ذَرْنِي وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيدًا (11)

ترجمہ: آپ مجھے اور اس شخص کو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا (اِنتقام لینے کے لیے) چھوڑ دیں o

Leave Me (to take revenge) on him whom I have created alone,

وَجَعَلْتُ لَهُ مَالاً مَّمْدُوداً (12)

ترجمہ: اور میں نے اسے بہت وسیع مال مہیا کیا تھاo

And I provided him wealth in abundance,

وَبَنِيْنَ شُهُوداً (13)

ترجمہ: اور (اس کے سامنے) حاضر رہنے والے بیٹے (دیئے) تھےo

And (gave) him sons remaining present (before him),

وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهِيْداً (14)

ترجمہ: اور میں نے اسے (سامانِ عیش وعشرت میں) خوب وُسعت دی تھیo

And granted him affluence (in sources of luxury).

ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيْدَ (15)

ترجمہ: پھر (بھی) وہ حرص رکھتا ہے کہ میں اور زیادہ کروںo

Yet he desires that I should give him more.

كَلَّا إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيْداً (16)

ترجمہ: ہرگز (ایسا) نہ ہوگا، بے شک وہ ہماری آیتوں کا دشمن رہا ہےo

No way! He has certainly been inimical to Our Revelations.

سَأُرْهِقُهُ صَعُوداً (17)

ترجمہ: عنقریب میں اسے سخت مشقت (کے عذاب) کی تکلیف دوں گاo

Soon I shall afflict him with (the punishment of) a severe toil.

إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ (18)

ترجمہ: بے شک اس نے سوچ بچار کی اور ایک سازش وضع کر لیo

Surely, he reflected and devised a plot.

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ (19)

ترجمہ: بس اس پر (اللہ کی) مار (یعنی لعنت) ہو، اس نے کیسی سازش تیار کیo

So let (Allah's) curse be on him! How he plotted!

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ (20)

ترجمہ: اس پر پھر (اللہ کی) مار (یعنی لعنت) ہو، اس نے (یہ) کیسی سازش کیo

Let again (Allah's) curse be on him! How he plotted!

ثُمَّ نَظَرَ (21)

ترجمہ: پھر اس نے (اپنی تجویز پر دوبارہ) غور کیاo

Then he pondered (over his scheme again).

ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ (22)

ترجمہ: پھر تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑاo

Then he frowned and twisted his face.

ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ (23)

ترجمہ: پھر (حق سے) پیٹھ پھیر لی اور تکبّر کیاo

Then he turned back (from the truth) and showed arrogance.

فَقَالَ إِنْ هَذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ (24)

ترجمہ: پھر کہنے لگا کہ یہ (قرآن) جادو کے سوا کچھ نہیں جو (اگلے جادوگروں سے) نقل ہوتا چلا آ رہا ہےo

Then he said: 'This (Qur'an) is nothing but magic which is being transmitted from the past (magicians).

إِنْ هَذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (25)

ترجمہ: یہ (قرآن) بجز انسان کے کلام کے (اور کچھ) نہیںo

This (Qur'an) is nothing (else) but the words of a human being.'

سَأُصْلِيهِ سَقَرَ (26)

ترجمہ: میں عنقریب اسے دوزخ میں جھونک دوں گاo

I will soon cast him into Hell.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ (27)

ترجمہ: اور آپ کو کس نے بتایا ہے کہ سَقَر کیا ہےo

And who has told you what Saqar (the Fire of Hell) is?

لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ (28)

ترجمہ: وہ (ایسی آگ ہے جو) نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہےo

That (is the Fire which) does not spare, nor does it leave out.

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (29)

ترجمہ: (وہ) جسمانی کھال کو جھلسا کر سیاہ کر دینے والی ہےo

(That) scorches the skin and blackens it.

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ (30)

ترجمہ: اس پر اُنیس (19 فرشتے داروغے مقرر) ہیںo

There are nineteen (angels appointed as guards) over it.

وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَاناً وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَذَا مَثَلاً كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَى لِلْبَشَرِ (31)

ترجمہ: اور ہم نے دوزخ کے داروغے صرف فرشتے ہی مقرر کیے ہیں اور ہم نے ان کی گنتی کافروں کے لیے محض آزمائش کے طور

پر مقرر کی ہے تا کہ اہلِ کتاب یقین کر لیں (کہ قرآن اور نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہے کیونکہ ان کی کتب میں بھی یہی تعداد بیان کی گئی تھی) اور اہلِ ایمان کا ایمان (اس تصدیق سے) مزید بڑھ جائے، اور اہلِ کتاب اور مومنین (اس کی حقانیت میں) شک نہ کر سکیں، اور تا کہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور کفار یہ کہیں کہ اس (تعداد کی) مثال سے اللہ کی مراد کیا ہے؟ اسی طرح اللہ (ایک ہی بات سے) جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ (دوزخ کا بیان) اِنسان کی نصیحت کے لیے ہی ہے o

And We have appointed only angels as guards of Hell. And We have fixed their number only as a trial for the disbelievers so that the People of the Book may believe with certitude (that the Qur'an and the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] is a truth because the same number was given in their scriptures as well), and that the faith of the believers may further be strengthened (with this confirmation), and that the People of the Book and the believers may not doubt (its veracity), and that those having a disease (of hypocrisy) in their hearts and the disbelievers may say: 'What does Allah intend by this example (of number)?' In this way, Allah holds astray whom He wills, and guides aright whom He wills (with the same stroke). And no one knows the armies of your Lord except Him. And this (description of Hell is nothing else) but an admonition to mankind.

كَلَّا وَالْقَمَرِ (32)

ترجمہ: ہاں، چاند کی قسم (جس کا گھٹنا، بڑھنا اور غائب ہو جانا گواہی ہے) o

Yes! By the moon (whose increase, decrease and disappearance is evidence),

وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ (33)

ترجمہ: اور رات کی قسم جب وہ پیٹھ پھیر کر رخصت ہونے لگے o

And by the night when it backs away to depart,

وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ (34)

ترجمہ: اور صبح کی قسم جب وہ روشن ہو جائے o

And by the morning when it brightens,

إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ (35)

ترجمہ: بے شک یہ (دوزخ) بہت بڑی آفتوں میں سے ایک ہے o

Surely, this (Hell) is one of the greatest calamities.

وَمَا يَذْكُرُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ (56)

ترجمہ: اور یہ لوگ (اِسے) یاد نہیں رکھیں گے مگر جب اللہ چاہے گا، وہی تقوٰی (و پرہیزگاری) کا مستحق ہے اور مغفرت کا مالک ہے o

And they will not remember (it) unless Allah so wills. He is the One to Whom fear (and righteousness) is due, and He alone is the Lord of forgiveness.

سورۃ القیامۃ:

لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ (1)

ترجمہ: میں قسم کھاتا ہوں روزِ قیامت کیo

I swear by the Day of Resurrection.

وَلَا أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ (2)

ترجمہ: اور میں قسم کھاتا ہوں (برائیوں پر) ملامت کرنے والے نفس کیo

And I swear by the blaming self, reproaching (itself for evil deeds).

أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَلَّن نَجْمَعَ عِظَامَهُ (3)

ترجمہ: کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اُس کی ہڈیوں کو (جو مرنے کے بعد ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جائیں گی) ہرگز اِکٹھا نہ کریں گےo

Does man think We shall not at all collect his bones (which will decompose into dust particles after his death)?

بَلَى قَادِرِينَ عَلَى أَن نُّسَوِّيَ بَنَانَهُ (4)

ترجمہ: کیوں نہیں! ہم تو اس بات پر بھی قادر ہیں کہ اُس کی اُنگلیوں کے ایک ایک جوڑ اور پوروں تک کو درست کر دیںo

Yes, of course! We have also the power to restore and set right even his finger joints and finger tips.

بَلْ يُرِيدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ (5)

ترجمہ: بلکہ انسان یہ چاہتا ہے کہ اپنے آگے (کی زندگی میں) بھی گناہ کرتا رہےo

Yet man still wants to continue committing sins also (in the life to come).

لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ (16)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ (قرآن کو یاد کرنے کی) جلدی میں (نزولِ وحی کے ساتھ) اپنی زبان کو حرکت نہ دیا کریںo

(O Beloved!) Do not move your tongue in a hurry (to learn the Qur'an by heart when it is revealed to you).

إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ (17)

ترجمہ: بے شک اسے (آپ کے سینہ میں) جمع کرنا اور اسے (آپ کی زبان سے) پڑھانا ہمارا ذِمّہ ہےo

Assuredly, upon Us rests its collection and preservation (in your breast) and its recitation (by your tongue).

فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ (18)

ترجمہ: پھر جب ہم اسے (زبانِ جبریل سے) پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی پیروی کیا کریںo

So when We complete its recitation (by the tongue of Jibril [Gabriel]), then

follow that recitation.

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ (19)

ترجمہ: پھر بے شک اس (کے معانی) کا کھول کر بیان کرنا ہمارا ہی ذِمّہ ہےo

Then surely upon Us is the clear exposition (of its implications).

كَلَّا إِذَا بَلَغَتْ التَّرَاقِيَ (26)

ترجمہ: نہیں نہیں، جب جان گلے تک پہنچ جائےo

No indeed! When the soul reaches the throat,

وَقِيْلَ مَنْ رَاقٍ (27)

ترجمہ: اور کہا جارہا ہو کہ (اِس وقت) کون ہے جھاڑ پھونک سے علاج کرنے والا (جس سے شفایابی کرائیں)o

And it is said: 'Who can (now) treat him with magic (to cure him)?'

وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ (28)

ترجمہ: اور (جان دینے والا) سمجھ لے کہ (اب سب سے) جدائی ہےo

And (the departing soul) comes to realize that (now) is the hour of parting (with all).

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ (29)

ترجمہ: اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹنے لگےo

And one leg clings to the other;

إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ (30)

ترجمہ: تو اس دن آپ کے رب کی طرف جانا ہوتا ہےo

Towards your Lord is the departure that Day.

أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَن يُتْرَكَ سُدًى (36)

ترجمہ: کیا اِنسان یہ خیال کرتا ہے کہ اُسے بے کار (بغیر حساب و کتاب کے) چھوڑ دیا جائے گاo

Does man think that he will be left for nothing (without any reckoning)?

أَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّن مَّنِيٍّ يُمْنَى (37)

ترجمہ: کیا وہ (اپنی اِبتداء میں) منی کا ایک قطرہ نہ تھا جو (عورت کے رحم میں) ٹپکا دیا جاتا ہےo

Was he not (in his beginning) a sperm drop ejaculated (into the woman's womb)?

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوَّى (38)

ترجمہ: پھر وہ (رحم میں جال کی طرح جما ہوا) ایک معلّق وجود بن گیا، پھر اُس نے (تمام جسمانی اَعضاء کی اِبتدائی شکل کو اس وجود میں) پیدا فرمایا، پھر اس نے (انہیں) درست کیاo

Then it developed into a hanging mass (clinging to the womb like a nest). Then He created (in it the preliminary form of all the limbs of the body). Then He set (them) right.

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَى (39)

ترجمہ: پھر یہ کہ اس نے اسی نطفہ ہی کے ذریعہ دو قسمیں بنائیں: مرد اور عورتo

Then He made from the same sperm drop two genders: male and female.

أَلَيْسَ ذَلِكَ بِقَادِرٍ عَلَى أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَى (40)

ترجمہ: تو کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ مُردوں کو پھر سے زندہ کر دےo

Then has He not the power to give life to the dead again?

سورۃ الدہر:

هَلْ أَتَى عَلَى الْإِنسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئاً مَّذْكُوراً (1)

ترجمہ: بے شک انسان پر زمانے کا ایک ایسا وقت بھی گزر چکا ہے کہ وہ کوئی قابلِ ذِکر چیز ہی نہ تھاo

Surely, there has passed over man a period of time when he was not a thing worth mentioning.

إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعاً بَصِيراً (2)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو مخلوط نطفہ سے پیدا فرمایا جسے ہم (توّلد تک ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ کی طرف) پلٹتے اور جانچتے رہتے ہیں، پس ہم نے اسے (ترتیب سے) سننے والا (پھر) دیکھنے والا بنایا ہےo

Surely, We created man from a fertilized ovum that We keep turning and examining (from one stage to the next till birth). So We have made him (in the order of) hearing (then) seeing.

إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِراً وَإِمَّا كَفُوراً (3)

ترجمہ: بے شک ہم نے اسے (حق و باطل میں تمیز کرنے کے لیے شعور و بصیرت کی) راہ بھی دکھا دی، (اب) خواہ وہ شکر گزار ہو جائے یا ناشکر گزار رہےo

Indeed, We also showed him the way (to understanding and insight for distinguishing between the truth and falsehood) whether he (now) becomes thankful or continues to be ungrateful.

إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَا وَأَغْلَالاً وَسَعِيراً (4)

ترجمہ: بے شک ہم نے کافروں کے لیے (پاؤں کی) زنجیریں اور (گردن کے) طوق اور (دوزخ کی) دہکتی آگ تیار کر رکھی ہےo

Verily, We have prepared for the disbelievers chains (for the feet), neck-fetters and the Blazing Fire (of Hell).

إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِن كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوراً (5)

ترجمہ: بے شک مخلص اِطاعت گزار (شرابِ طہور کے) ایسے جام پئیں گے جس میں (خوشبو، رنگت اور لذت بڑھانے کے لیے) کافور کی آمیزش ہوگیo

Surely, the sincerely devoted and obedient will drink from the cups (of the holy drink) mixed with kafur (to enhance its aroma, colour and taste).

عَيْناً يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيراً (6)

ترجمہ: (کافور جنت کا) ایک چشمہ ہے جس سے (خاص) بندگانِ خدا (یعنی اَولیاء اللہ) پیا کریں گے (اور) جہاں چاہیں گے (دوسروں کو پلانے کے لیے) اسے چھوٹی چھوٹی نہروں کی شکل میں بہا کر (بھی) لے جائیں گےo

(Kafur is) a spring (in Paradise) that (the privileged) servants of Allah (i.e., Awliya' Allah) will drink from, and will (also) make it flow to wherever they will desire in the form of small brooks (to make others drink of it).

يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْماً كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيراً (7)

ترجمہ: (یہ بندگانِ خاص وہ ہیں) جو (اپنی) نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی سختی خوب پھیل جانے والی ہےo

(These privileged servants of Allah are those) who fulfil their vows and keep fearing that Day whose severity spreads afar.

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَى حُبِّهِ مِسْكِيناً وَيَتِيماً وَأَسِيراً (8)

ترجمہ: اور (اپنا) کھانا اللہ کی محبت میں (خود اس کی طلب و حاجت ہونے کے باوُجود اِیثاراً) محتاج کو اور یتیم کو اور قیدی کو کھلا دیتے ہیںo

And they give (their own) food, in deep love of Allah, to the needy, the orphan and prisoner (out of sacrifice, despite their own desire and need for it),

إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ جَزَاء وَلَا شُكُوراً (9)

ترجمہ: (اور کہتے ہیں کہ) ہم تو محض اللہ کی رضا کے لیے تمہیں کھلا رہے ہیں، نہ تم سے کسی بدلہ کے خواست گار ہیں اور نہ شکر گزاری کے (خواہش مند) ہیںo

(And say:) 'We are feeding you only to please Allah. We do not seek any recompense from you nor (wish for) any thanks.

إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْماً عَبُوساً قَمْطَرِيراً (10)

ترجمہ: ہمیں تو اپنے ربّ سے اُس دن کا خوف رہتا ہے جو (چہروں کو) نہایت سیاہ (اور) بدنما کر دینے والا ہےo

We fear from our Lord the Day which will make (the faces) look very dark (and) ugly.'

فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُوراً (11)

ترجمہ: پس اللہ انہیں (خوفِ اِلٰہی کے سبب سے) اس دن کی سختی سے بچا لے گا اور انہیں (چہروں پر) رونق و تازگی اور (دلوں میں) سرور و مسرّت بخشے گاo

So Allah will save them from the terror of that Day (for their fear of Allah) and will grant them freshness, bloom and blush (on their faces) and ecstasy and delight (in their hearts),

وَجَزَاهُم بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيراً (12)

ترجمہ: اور اِس بات کے عوض کہ انہوں نے صبر کیا ہے (رہنے کو) جنت اور (پہننے کو) ریشمی پوشاک عطا کرے گاo

And will bless them with Gardens (to live in) and silky clothes (to wear), a reward for their patience.

عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ خُضْرٌ وَإِسْتَبْرَقٌ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَاباً طَهُوراً (21)

ترجمہ: ان (کے جسموں) پر باریک ریشم کے سبز اور دبیز اطلس کے کپڑے ہوں گے، اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور ان کا ربّ انہیں پاکیزہ شراب پلائے گاo

They will be clad in green, fine silk and rich brocade attire, and they will be made to wear silver bracelets, and their Lord will make them drink a holy beverage.

إِنَّ هَذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاء وَكَانَ سَعْيُكُم مَّشْكُوراً (22)

ترجمہ: بے شک یہ تمہارا صلہ ہوگا اور تمہاری محنت مقبول ہو چکیo

Surely, that will be your reward and your hard work is acknowledged.

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ تَنزِيلاً (23)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ پر قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے نازل فرمایا ہےo

Indeed, We have revealed the Qur'an to you piecemeal.

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِماً أَوْ كَفُوراً (24)

ترجمہ: سو آپ اپنے ربّ کے حکم کی خاطر صبر (جاری) رکھیں اور ان میں سے کسی کاذب و گنہگار یا کافر و ناشکر گزار کی بات پر کان نہ دھریںo

So (continue to) be patient for the sake of your Lord's command and do not give your ear to any liar, sinner or disbeliever or thankless person from amongst them.

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلاً (25)

ترجمہ: اور صبح و شام اپنے رب کے نام کا ذکر کیا کریںo

And remember the Name of your Lord morning and evening.

وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلاً طَوِيلاً (26)

ترجمہ: اور رات کی کچھ گھڑیاں اس کے حضور سجدہ ریزی کیا کریں اور رات کے (بقیہ) طویل حصہ میں اس کی تسبیح کیا کریںo

And prostrate yourself before His presence for some hours of the night, and glorify Him during (the rest of) the long hours of the night.

إِنَّ هَؤُلَاء يُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ وَرَاءهُمْ يَوْماً ثَقِيلًا (27)

ترجمہ: بے شک یہ (طالبانِ دنیا) جلد ملنے والے مفاد کو عزیز رکھتے ہیں اور سخت بھاری دن (کی یاد) کو اپنے پسِ پشت چھوڑے ہوئے ہیںo

Surely, these (world-mongers) love the gains that are achievable right away. And they have put behind their backs (the remembrance of) the very hard Day.

نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ وَإِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا أَمْثَالَهُمْ تَبْدِيلًا (28)

ترجمہ: (وہ نہیں سوچتے کہ) ہم ہی نے انہیں پیدا فرمایا ہے اور ان کے جوڑ جوڑ کو مضبوط بنایا ہے، اور ہم جب چاہیں (انہیں) انہی جیسے لوگوں سے بدل ڈالیںo

(They do not realize that) We alone have created them and have made their every joint strong, and We can replace them whenever We may please with the people like them.

إِنَّ هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاء اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيلًا (29)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) نصیحت ہے، سو جو کوئی چاہے اپنے رب کی طرف (پہنچنے کا) راستہ اِختیار کر لےo

Indeed, this (Qur'an) is a Reminder. So whoever desires may adopt the way to (reach) his Lord.

وَمَا تَشَاؤُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيماً حَكِيماً (30)

ترجمہ: اور تم خود کچھ نہیں چاہ سکتے سوائے اس کے جو اللہ چاہے، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And you cannot wish anything yourselves except what Allah wills. Indeed, Allah is All-Knowing, Most Wise.

يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمِينَ أَعَدَّ لَهُمْ عَذَاباً أَلِيماً (31)

ترجمہ: وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت (کے دائرے) میں داخل فرما لیتا ہے، اور ظالموں کے لیے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہےo

He admits whom He wills to (the circle of) His mercy, and He has prepared a grievous torment for the wrongdoers.

سورۃ المرسلات:

وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفاً (1)

ترجمہ: نرم و خوش گوار ہواؤں کی قَسم جو پے در پے چلتی ہیںo

By the soft blowing, pleasant breezes which blow in succession,

فَالْعَاصِفَاتِ عَصْفاً (2)

ترجمہ: پھر تند و تیز ہواؤں کی قَسم جو شدید جھونکوں سے چلتی ہیںo

Then by the violent winds which blow with fierce gusts,

وَالنَّاشِرَاتِ نَشْراً (3)

ترجمہ: اوران کی قسم جو بادلوں کو ہر طرف پھیلا دیتی ہیںo

And by those which spread the clouds all around,

فَالْفَارِقَاتِ فَرْقاً (4)

ترجمہ: پھران کی قسم جو(اُنہیں) پھاڑ کر جدا جدا کر دیتی ہیںo

Then by those which split (them) apart and break them off,

فَالْمُلْقِيَاتِ ذِكْراً (5)

ترجمہ: پھران کی قسم جونصیحت لانے والی ہیںo

Then by those which bring direction and guidance,

عُذْراً أَوْ نُذْراً (6)

ترجمہ: حجت تمام کرنے یا ڈرانے کے لیےo

To accomplish the argument or to warn,

إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَوَاقِعٌ (7)

ترجمہ: بےشک جووعدۂ (قیامت) تم سے کیا جارہا ہے وہ ضرور پورا ہوکر رہے گاo

Surely, the promise (of the Last Day) which is being given to you will be certainly fulfilled.

فَإِذَا النُّجُومُ طُمِسَتْ (8)

ترجمہ: پھر جب ستاروں کی روشنی زائل کر دی جائے گیo

Then when the light of the stars will be extinguished,

وَإِذَا السَّمَاءُ فُرِجَتْ (9)

ترجمہ: اور جب آسمانی کائنات میں شگاف ہو جائیں گےo

And when the heavenly universe will be split open,

وَإِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ (10)

ترجمہ: اور جب پہاڑ (ریزہ ریزہ کر کے) اُڑا دیے جائیں گےo

And when the mountains will be (broken down to dust) and blown off,

وَإِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ (11)

ترجمہ: اور جب پیغمبر وقتِ مقررہ پر (اپنی اپنی اُمتوں پر گواہی کے لیے) جمع کیے جائیں گےo

And when the Messengers will be brought together at the appointed time (to bear witness to their respective communities),

لِأَيِّ يَوْمٍ أُجِّلَتْ (12)

ترجمہ: بھلا کس دن کے لیے (ان سب اُمور کی) مدت مقرر کی گئی ہےo

Well, for what Day is the term (of all the affairs) appointed?

لِيَوْمِ الْفَصْلِ (13)

ترجمہ: فیصلہ کے دن کے لیےo

For the Day of Judgment!

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ (14)

ترجمہ: اورآپ کوکس نے بتایا کہ فیصلہ کا دن کیا ہےo

And who has told you what the Day of Judgment is?

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (15)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے خرابی (وتباہی) ہےo

Woe (and devastation) to the deniers on that Day!

أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِيْنَ (16)

ترجمہ: کیاہم نے اگلے (جھٹلانے والے) لوگوں کو ہلاک نہیں کرڈالاتھاo

Did We not destroy the people (who denied) before?

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْآخِرِيْنَ (17)

ترجمہ: پھرہم بعد کے لوگوں کوبھی (ہلاکت میں) ان کے پیچھے چلائے دیتے ہیںo

Then We also cause the later ones to follow them (in destruction).

كَذَلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ (18)

ترجمہ: ہم مجرموں کے ساتھ اِسی طرح (کامعاملہ) کرتے ہیںo

This is how We sort out (the matter) with the evildoers.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (19)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی خرابی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

أَلَمْ نَخْلُقكُّم مِّن مَّاءٍ مَّهِيْنٍ (20)

ترجمہ: کیاہم نے تمہیں حقیر پانی (کی ایک بوند) سے پیدانہیں کیاo

Did We not create you from (a drop) of detestable fluid?

فَجَعَلْنَاهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ (21)

ترجمہ: پھراس کومحفوظ جگہ (یعنی رحمِ مادر) میں رکھاo

Then We placed it in a secure place (i.e., the mother's womb),

إِلَى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ (22)

ترجمہ: (وقت کے) ایک معیّن اندازے تکo

Till an appointed period (of time).

فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُونَ (23)

ترجمہ: پھر ہم نے (نطفہ سے تولّد تک تمام مراحل کے لیے) وقت کے اندازے مقرر کیے، پس (ہم) کیا ہی خوب اندازے مقرر کرنے والے ہیںo

Then We determined time periods (for all the stages of growth from conception to birth). And how excellent do We determine!

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (24)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ كِفَاتاً (25)

ترجمہ: کیا ہم نے زمین کو سمیٹ لینے والی نہیں بنایاo

Have We not made the earth an assembling expanse,

أَحْيَاء وَأَمْوَاتاً (26)

ترجمہ: (جو سمیٹتی ہے) زندوں کو (بھی) اور مُردوں کو (بھی)o

(That draws together) the living (as well as) the dead?

وَجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شَامِخَاتٍ وَأَسْقَيْنَاكُم مَّاء فُرَاتاً (27)

ترجمہ: ہم نے اس پر بلند و مضبوط پہاڑ رکھ دیئے اور ہم نے تمہیں (شیریں چشموں کے ذریعے) میٹھا پانی پلایاo

And We placed on it soaring high and firm mountains, and gave you sweet water to drink (from springs of sweet, fresh water).

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (28)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی بربادی ہوگیo

Woe to the deniers on that Day!

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (37)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی ہلاکت ہےo

Woe to the deniers on that Day!

هَذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنَاكُمْ وَالْأَوَّلِيْنَ (38)

ترجمہ: یہ فیصلے کا دن ہے (جس میں) ہم تمہیں اور (سب) پہلے لوگوں کو جمع کریں گےo

This is the Day of Judgment (on which) We shall gather you and (all) the earlier communities.

فَإِن كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُونِ (39)

ترجمہ: پھر اگر تمہارے پاس (عذاب سے بچنے کا) کوئی حیلہ (اور داؤ) ہے تو (وہ) داؤ مجھ پر چلا لوo

Then if you have any scheme (and trick to escape from the torment), try (that)

against Me.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (40)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑا افسوس ہےo

Woe (i.e., dejection) to the deniers on that Day!

إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلَالٍ وَعُيُوْنٍ (41)

ترجمہ: بےشک پرہیزگار ٹھنڈے سایوں اور چشموں میں (عیش وراحت کے ساتھ) ہوں گےo

Surely, the Godfearing will be (rejoicing) under cool shades and amid springs.

وَفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ (42)

ترجمہ: اور پھل اور میوے جس کی بھی وہ خواہش کریں گے (ان کے لیے موجود ہوں گے)o

And whatever fruits they will long for (will be available for them).

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْئًا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (43)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) تم خوب مزے سے کھاؤ پیو اُن اَعمالِ (صالحہ) کے عوض جو تم کرتے رہے تھےo

(It will be said to them:) 'Enjoy eating and drinking to your taste as a reward for what you used to do.'

إِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِيْ الْمُحْسِنِيْنَ (44)

ترجمہ: بےشک ہم اِسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیںo

Indeed, the same way do We reward the pious.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (45)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی خرابی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ (48)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم (اللہ کے حضور) جھکو تو وہ نہیں جھکتےo

And when it is said to them: 'Bow down (before Allah),' they do not bow.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (49)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

فَبِأَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُوْنَ (50)

ترجمہ: پھر وہ اِس (قرآن) کے بعد کس کلام پر ایمان لائیں گے؟o

Then in what revelation after this (Qur'an) will they believe?

سورۃ النبا:

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهَاداً (6)

ترجمہ: کیا ہم نے زمین کو (زندگی کے) قیام اور کسب وعمل کی جگہ نہیں بنایا o

Have We not made the earth a place to stay for (life) and to earn living and deeds?

وَالْجِبَالَ أَوْتَاداً (7)

ترجمہ: اور (کیا) پہاڑوں کو (اس میں) ابھار کر کھڑا (نہیں) کیا o

And (have We not) erected mountains raised (out of it)?

وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجاً (8)

ترجمہ: اور (غور کرو) ہم نے تمہیں (فروغِ نسل کے لیے) جوڑا جوڑا پیدا فرمایا (ہے) o

And (ponder:) We (have) created you in pairs (for reproduction).

وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتاً (9)

ترجمہ: اور ہم نے تمہاری نیند کو (جسمانی) راحت (کا سبب) بنایا (ہے) o

And We (have) made your sleep (a means of bodily) rest,

وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاساً (10)

ترجمہ: اور ہم نے رات کو (اس کی تاریکی کے باعث) پردہ پوش بنایا (ہے) o

And We (have) made the night a covering (by virtue of its darkness).

وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشاً (11)

ترجمہ: اور ہم نے دن کو (کسبِ) معاش (کا وقت) بنایا (ہے) o

And We (have) made the day (a time) for (earning) livelihood.

وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعاً شِدَاداً (12)

ترجمہ: اور (اب خلائی کائنات میں بھی غور کرو) ہم نے تمہارے اوپر سات مضبوط (طبقات) بنائے o

And (now study the spatial universe as well). We built above you seven strong (firmaments).

وَجَعَلْنَا سِرَاجاً وَهَّاجاً (13)

ترجمہ: اور ہم نے (سورج کو) روشنی اور حرارت کا (زبردست) منبع بنایا o

And We made (the sun a massive) fountainhead of light and heat.

وَأَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاء ثَجَّاجاً (14)

ترجمہ: اور ہم نے بھرے بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایا o

And We poured water in torrents from rain-laden clouds,

لِنُخْرِجَ بِهِ حَبّاً وَنَبَاتاً (15)

ترجمہ: تاکہ ہم اس (بارش) کے ذریعے (زمین سے) اناج اور سبزہ نکالیں o

So that by means of this (downpour), We bring forth (from the earth) grain and vegetation,

وَجَنَّاتٍ أَلْفَافاً (16)

ترجمہ: اور گھنے گھنے باغات (اگائیں) o

And (grow) thick gardens.

إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتاً (17)

ترجمہ: (ہماری قدرت کی ان نشانیوں کو دیکھ کر جان لو کہ) بے شک فیصلہ کا دن (قیامت بھی) ایک مقررہ وقت ہے o

(Observing these signs of Our Might, know that) the Day of Judgment (i.e., Resurrection too) is certainly a fixed time.

يَوْمَ يُنفَخُ فِيْ الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجاً (18)

ترجمہ: جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم گروہ در گروہ (اللہ کے حضور) چلے آؤ گے o

The Day when the Trumpet will be blown, you will flock (in the holy presence of Allah) in droves.

وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّاباً (28)

ترجمہ: اور وہ ہماری آیتوں کو خوب جھٹلایا کرتے تھے o

And they used to utterly deny Our signs.

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَاباً (29)

ترجمہ: اور ہم نے ہر (چھوٹی بڑی) چیز کو لکھ کر محفوظ کر رکھا ہے o

And We have preserved everything (major or minor) in writing.

فَذُوقُوا فَلَن نَّزِيْدَكُمْ إِلَّا عَذَاباً (30)

ترجمہ: (اے منکرو!) اب تم (اپنے کیے کا) مزہ چکھو (تم دنیا میں کفر و سرکشی میں بڑھتے گئے) اب ہم تم پر عذاب ہی کو بڑھاتے جائیں گے o

(O disbelievers, you excelled in rebellion and disbelief in the world.) Now taste the outcome (of your actions). We shall keep increasing but the torment upon you.

إِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازاً (31)

ترجمہ: بے شک پرہیزگاروں کے لیے کامیابی ہے o

Surely, the Godfearing will triumph.

حَدَائِقَ وَأَعْنَاباً (32)

ترجمہ: (ان کے لیے) باغات اور انگور (ہوں گے) o

(For them) there will be gardens and grapes,

وَكَوَاعِبَ أَتْرَاباً (33)

ترجمہ: اور جواں سال ہم عمر دوشیزائیں (ہوں گی)o

And well-matched young maidens,

وَكَأْساً دِهَاقاً (34)

ترجمہ: اور (شرابِ طہور کے) چھلکتے ہوئے جام (ہوں گے)o

And overflowing cups (of holy beverage).

لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً وَلَا كِذَّاباً (35)

ترجمہ: وہاں یہ (لوگ) نہ کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ (ایک دوسرے کو) جھٹلانا (ہوگا)o

There, these (people) will neither hear any foolish talk nor belie (one another).

جَزَاء مِّن رَّبِّكَ عَطَاء حِسَاباً (36)

ترجمہ: یہ آپ کے رب کی طرف سے صلہ ہے جو (اعمال کے حساب سے) کافی (بڑی) عطا ہےo

From your Lord this is the reward which is an (amply) sufficient bestowal (in proportion to your works).

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمَنِ لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَاباً (37)

ترجمہ: (وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے (سب) کا پروردگار ہے، بڑی ہی رحمت والا ہے (مگر روزِ قیامت اس کے رعب وجلال کا عالم یہ ہوگا کہ) اس سے بات کرنے کا (مخلوقات میں سے) کسی کو (بھی) یارانہ ہوگاo

He is the Lord of (all) the heavens and the earth and whatever is between them, the Most Kind. (But on the Last Day, the effect and impact of His mighty power and most high authority will be such that) none (from His creation) will dare converse with Him.

يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلَائِكَةُ صَفّاً لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَنُ وَقَالَ صَوَاباً (38)

ترجمہ: جس دن جبریل (روح الامین) اور (تمام) فرشتے صف بستہ کھڑے ہوں گے، کوئی لب کشائی نہ کر سکے گا، سوائے اس شخص کے جسے خدائے رحمان نے اِذنِ (شفاعت) دے رکھا تھا اور اس نے (زندگی میں تعلیماتِ اسلام کے مطابق) بات بھی درست کہی تھیo

That Day Gabriel (the Spirit of peace and security) and (all) angels will stand in ranks, none able to speak except he whom the Most Kind (Lord) would already have awarded sanction (to intercede) and who also said the right thing (in keeping with the teachings of Islam, during his life of the world).

ذَلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَن شَاء اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ مَآباً (39)

ترجمہ: یہ روزِ حق ہے، پس جو شخص چاہے اپنے رب کے حضور (رحمت وقربت کا) ٹھکانا بنا لےo

This is the Day of truth. So, whoever longs may obtain an abode (of mercy and nearness) in the presence of his Lord.

إِنَّا أَنذَرْنَاكُمْ عَذَاباً قَرِيباً يَوْمَ يَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُولُ الْكَافِرُ يَا لَيْتَنِي كُنتُ تُرَاباً (40)

ترجمہ: بلاشبہ ہم نے تمہیں عنقریب آنے والے عذاب سے ڈرادیا ہے، اس دن ہر آدمی ان (اعمال) کو جو اس نے آگے بھیجے ہیں دیکھ لے گا، اور (ہر) کافر کہے گا: اے کاش! میں مٹی ہوتا (اور اس عذاب سے بچ جاتا)o

We have, indeed, warned you of the impending torment. On that Day, everyone will see whatever (acts) he has sent ahead and (every) disbeliever will say: 'Would that I were dust (and escaped this punishment)!'

سورۃ النازعات:

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقاً (1)

ترجمہ: ان (فرشتوں) کی قَسم جو (کافروں کی جان ان کے جسموں کے ایک ایک انگ میں سے) نہایت سختی سے کھینچ لاتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر گھس کر کیمیائی جوڑوں کو سختی سے توڑ پھوڑ دیتی ہیںo

By (the angels) who violently snatch out (the souls of the disbelievers from each tendon and ligament of their body),

Or

By the waves of energy that pierce into matter and break up the chemical bonds fiercely,

وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطاً (2)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (مومنوں کی جان کے) بندنہایت نرمی سے کھول دیتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر سے کیمیائی جوڑوں کو نہایت نرمی اور آرام سے توڑ دیتی ہیںo

And by (the angels) who unweave sinews (of the believers' organisms) gently and peacefully,

Or

By the waves of energy that disintegrate gently and peacefully the chemical bonds within matter,

وَالسَّابِحَاتِ سَبْحاً (3)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (زمین وآسمان کے درمیان) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو آسمانی خلاوفضا میں بلا روک ٹوک چلتی پھرتی ہیںo

And by (the angels) who swiftly glide (between the heavens and the earth),
Or
By the waves of energy that move around freely in space and atmosphere,

فَالسَّابِقَاتِ سَبْقاً (4)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جولپک کر (دوسروں سے) آگے بڑھ جاتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جورفتار، طاقت اور جاذبیت کے لحاظ سے دوسری لہروں پر سبقت لے جاتی ہیںo

Then by (the angels) who with burst of speed sprint past others,
Or
By the waves of energy that surpass other waves in speed, force and assimilation,

فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْراً (5)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جومختلف اُمور کی تدبیر کرتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جو باہمی تعامل سے کائناتی نظام کی بقا کے لیے توازن وتدبیر قائم رکھتی ہیںo

Then by (the angels) who manage different affairs well,
Or
By the waves of energy that, through mutual dynamism and coordination, maintain equilibrium and keep the balance of the management going for the survival of the system of the universe,

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ (6)

ترجمہ: (جب انہیں اس نظامِ کائنات کے درہم برہم کردینے کا حکم ہوگا تو) اس دن (کائنات کی) ہر متحرک چیز شدید حرکت میں آجائے گیo

(When they will be commanded to devastate the system of the universe) that Day, everything in motion (in the universe) will tremor into violent convulsion,

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ (7)

ترجمہ: پیچھے آنے والا ایک اور زلزلہ اس کے پیچھے آئے گاo

Chased by a succeeding convulsion.

قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ (8)

ترجمہ: اس دن (لوگوں کے) دل خوف واضطراب سے دھڑکتے ہوں گےo

That Day, hearts (of the people) will pound with agony and terror.

أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ (9)

ترجمہ: ان کی آنکھیں (خوف وہیبت سے) جھکی ہوں گیo

Their eyes will be downcast (with dread and horror).

يَقُولُونَ أَئِنَّا لَمَرْدُودُونَ فِي الْحَافِرَةِ (10)

ترجمہ: (کفّار) کہتے ہیں: کیا ہم پہلی زندگی کی طرف پلٹائے جائیں گےo

The disbelievers say: 'Shall we be reverted to the former life?

أَإِذَا كُنَّا عِظَاماً نَّخِرَةً (11)

ترجمہ: کیا جب ہم بوسیدہ (کھوکھلی) ہڈیاں ہو جائیں گے (تب بھی زندہ کیے جائیں گے)o

(Shall we be given life even) when we shall have become rotten (hollow) bones?'

قَالُوا تِلْكَ إِذاً كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ (12)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: یہ (لوٹنا) تو اس وقت بڑے خسارے کا لوٹنا ہوگاo

They say: 'This (return) would then be a losing return.'

فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ (13)

ترجمہ: پھر تو یہ ایک ہی بار شدید ہیبت ناک آواز کے ساتھ (کائنات کے تمام اَجرام کا) پھٹ جانا ہوگاo

Then it will be rending (of all heavenly bodies) asunder with single extremely horrible explosion.

فَإِذَا هُم بِالسَّاهِرَةِ (14)

ترجمہ: پھر وہ (سب لوگ) یکا یک کھلے میدانِ (حشر) میں آموجود ہوں گےo

Then they (all) will forgather suddenly in the open expanse (for assembly)

أَأَنتُمْ أَشَدُّ خَلْقاً أَمِ السَّمَاء بَنَاهَا (27)

ترجمہ: کیا تمہارا پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا (پوری) سماوی کائنات کا، جسے اس نے بنایاo

Is it you who are harder to create, or (the entire) galactic universe that He has built?

رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوَّاهَا (28)

ترجمہ: اس نے آسمان کے تمام کرّوں (ستاروں) کو (فضائے بسیط میں پیدا کر کے) بلند کیا، پھر ان (کی ترکیب وتشکیل اور افعال وحرکات) میں اعتدال، توازن اور استحکام پیدا کر دیاo

He raised high all the heavenly spheres (planets, after creating them in the infinite cosmos), then moderated, equipoised and stabilized (their composition, construction, functions and movements).

وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحَاهَا (29)

ترجمہ: اور اُسی نے آسمانی خلا کی رات کو (یعنی سارے خلائی ماحول کو مثلِ شب) تاریک بنایا، اور (اِس خلا سے) ان (ستاروں) کی روشنی (پیدا کر کے) نکالیo

And He is the One Who blackened the night of heavenly space (i.e., darkened the entire spatial environment like a murky night) and emitted (after creating) the light of these (planets from this space).

وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذَلِكَ دَحَاهَا (30)

ترجمہ: اور اُسی نے زمین کو اِس (ستارے: سورج کے وجود میں آجانے) کے بعد (اِس سے) الگ کر کے زور سے پھینک دیا (اور اِسے قابلِ رہائش بنانے کے لیے بچھا دیا)o

And He is the One Who, later, (after the creation of the planet sun) separated (from it) the earth, flung it with centrifugal force (and spread its expanse to make it inhabitable).

أَخْرَجَ مِنْهَا مَاءَهَا وَمَرْعَاهَا (31)

ترجمہ: اسی نے زمین میں سے اس کا پانی (الگ) نکال لیا اور (بقیہ خشک قطعات میں) اس کی نباتات نکالیںo

He is the One Who drew water from the earth (separately), and brought forth its vegetable kingdom (from the rest of the dry regions).

وَالْجِبَالَ أَرْسَاهَا (32)

ترجمہ: اور اسی نے (بعض مادوں کو باہم ملا کر) زمین سے محکم پہاڑوں کو ابھار دیاo

And He is the One Who (putting together different elements) raised from the earth firmly fixed mountains.

مَتَاعاً لَّكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ (33)

ترجمہ: (یہ سب کچھ) تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدہ کے لیے (کیا)o

(He did all this) for the benefit of you and your livestock.

فَإِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَى (34)

ترجمہ: پھر اس وقت (کائنات کے) بڑھتے بڑھتے (اس کی انتہا پر) ہر چیز پر غالب آجانے والی بہت سخت آفتِ (قیامت) آئے گیo

Then, whilst (the universe) attains (to its acme through evolution), there will befall the great all-encompassing calamity (the Hour of Resurrection).

وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَى (40)

ترجمہ: اور جو شخص اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرتا رہا اور اُس نے (اپنے) نفس کو (بری) خواہشات و شہوات سے باز رکھاo

But as for him who feared standing in the presence of his Lord and forbade

(his ill-commanding) self its appetites and lusts,

فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَى (41)

ترجمہ: تو بے شک جنت ہی (اُس کا) ٹھکانا ہوگاo

Paradise will surely be (his) abode.

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا (42)

ترجمہ: (کفّار) آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگاo

(The disbelievers) ask you about the Hour of Rising: 'When will it come to pass?'

فِيمَ أَنتَ مِن ذِكْرَاهَا (43)

ترجمہ: تو آپ کو اس کے (وقت کے) ذکر سے کیا غرضo

What should be your concern in talking about (its appointed time)?

إِلَى رَبِّكَ مُنتَهَاهَا (44)

ترجمہ: اس کی انتہا تو آپ کے رب تک ہے (یعنی ابتداء کی طرح انتہاء میں بھی صرف وحدت رہ جائے گی)o

Its ultimate limit is up to your Lord (i.e., as in the beginning, only Oneness will survive in the end as well).

سورۃ عبس:

مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهُ (18)

ترجمہ: اللہ نے اسے کس چیز سے پیدا فرمایا ہےo

From what stuff has Allah created him?

مِن نُّطْفَةٍ خَلَقَهُ فَقَدَّرَهُ (19)

ترجمہ: نطفہ میں سے اس کو پیدا فرمایا، پھر ساتھ ہی اس کا (خواص وجنس کے لحاظ سے) تعین فرما دیاo

He created him from a sperm drop, then determined his measure along with that (regarding genes and sex),

سورۃ التکویر:

فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ (15)

ترجمہ: تو میں قسم کھاتا ہوں ان (آسمانی کرّوں) کی جو (ظاہر ہونے کے بعد) پیچھے ہٹ جاتے ہیںo

So I swear by (the heavenly spheres) which recede (after appearing),

الْجَوَارِ الْكُنَّسِ (16)

ترجمہ: جو بلا روک ٹوک چلتے رہتے ہیں (پھر ظاہر ہو کر) چھپ جاتے ہیںo

Which revolve freely, (then) hide (after appearing),

وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ (17)

ترجمہ: اوررات کی قَسم جب اس کی تاریکی جانے لگےo

And by the night when its darkness tapers off,

وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ (18)

ترجمہ: اورصبح کی قسم جب اس کی روشنی آنے لگےo

And by the morning when its light dawns,

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (19)

ترجمہ: بےشک یہ(قرآن) بڑی عزت وبزرگی والے رسول کا(پڑھا ہوا) کلام ہےo

Indeed, this (Qur'an) is the Word (communicated) by a glorious and most venerable Messenger (blessings and peace be upon him),

ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ (20)

ترجمہ: جو(دعوتِ حق، تبلیغِ رسالت اور روحانی استعداد میں) قوت وہمت والے ہیں (اور) مالکِ عرش کے حضور بڑی قدر و منزلت (اور جاہ وعظمت) والے ہیںo

Who is mighty and strong (in calling to the truth, preaching the faith in Messengership and spiritual competence, and) is held in extreme reverence and veneration (and splendour and glory) in the presence of the Lord of the Throne,

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ (21)

ترجمہ: (تمام جہانوں کے لیے) واجب الاطاعت ہیں (کیونکہ ان کی اطاعت ہی اللہ کی اطاعت ہے)، امانت دار ہیں (وحی اورزمین وآسمان کے سب اُلوہی رازوں کے حامل ہیں)o

Entitled to obligatory obedience (by all the worlds because obedience to him is obedience to Allah) and faithful to His trust (possesses Revelation and all divine secrets of the heavens and the earth).

وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ (22)

ترجمہ: اور(اے لوگو!) یہ تمہیں اپنی صحبت سے نوازنے والے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) دیوانے نہیں ہیں (جو فرماتے ہیں وہ حق ہوتا ہے)o

And, (O people,) he who blesses you with his (holy) companionship (Muhammad [blessings and peace be upon him]) is not mad. (Whatever he communicates is the truth.)

وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ (23)

ترجمہ: اور بےشک انہوں نے اس (مالکِ عرش کے حُسنِ مطلق) کو (لامکاں کے) روشن کنارے پر دیکھا ہے☆o

☆ یہ ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس، انس بن مالک، عکرمہ، ابوسلمہ، ضحّاک، ابوالعالیہ، حسن، کعب الاحبار، شریک بن عبداللہ اور

شعبی وغیرھم رضی اللہ عنہم کے اَقوال پر کیا گیا ہے جنہیں بخاری، مسلم، ترمذی، ابن جریر، بغوی اور کئی ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے اور کثیر ائمہ تفسیر نے بھی اسے اختیار کیا ہے۔

And he has indeed seen (the absolute beauty of the Lord of the Throne) on the effulgent horizon (of the realm of Divinity).*

*** This translation is based on the statements of the venerable 'Abd Allah b. 'Abbas, Anas b. Malik, 'Ikrima, Abu Salama, al-Dahhak, Abu al-'Aliya, Hasan, Ka'b al-Ahbar, Sharik b. 'Abd Allah and al-Sha'bi and others, which are related by al-Bukhari, Muslim, al-Tirmidhi, Ibn Jarir, al-Baghawi and many other eminent hadith-scholars. Most exegetes have also accepted it.**

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ (24)

ترجمہ: اور وہ (یعنی نبء اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) غیب (کے بتانے) پر بالکل بخیل نہیں ہیں (مالکِ عرش نے ان کے لیے کوئی کمی نہیں چھوڑی)o

And he (the glorious Messenger [blessings and peace be upon him]) is not at all miserly in (disclosing) the unseen. (The Lord of the Throne has not left for him any deficiency.)

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ (25)

ترجمہ: اور وہ (قرآن) ہرگز کسی شیطان مردود کا کلام نہیں ہےo

Nor is that (Qur'an) the utterance of any accursed Satan.

فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ (26)

ترجمہ: پھر (اے بدبختو!) تم (اتنے بڑے خزانے کو چھوڑ کر) کدھر چلے جا رہے ہوo

Then, (O you doomed,) where are you going (disregarding such a valuable treasure)?

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ (27)

ترجمہ: یہ (قرآن) تو تمام جہانوں کے لیے (صحیفۂ) نصیحت ہےo

This (Qur'an) is but admonition (revealed) for all the worlds.

لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ (28)

ترجمہ: تم میں سے ہر اس شخص کے لیے (اس چشمہ سے ہدایت میسر آسکتی ہے) جو سیدھی راہ چلنا چاہےo

Every one of you who aspires to tread the straight path (can take guidance from this source spring).

وَمَا تَشَاؤُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ (29)

ترجمہ: اور تم وہی کچھ چاہ سکتے ہو جو اللہ چاہے جو تمام جہانوں کا رب ہےo

And you can aspire only to what Allah intends, Who is the Sustainer of all the worlds.

سورۃ الانفطار:

يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ (6)

ترجمہ: اے انسان! تجھے کس چیز نے اپنے ربِ کریم کے بارے میں دھوکے میں ڈال دیا o

O man! What has deluded you concerning your Gracious Lord,

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ (13)

ترجمہ: بے شک نیکوکار جنّتِ نعمت میں ہوں گے o

Indeed, the truly good will be in the Garden of Bliss.

وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ (14)

ترجمہ: اور بے شک بدکار دوزخ (سوزاں) میں ہوں گے o

And surely, the evildoers will be in the (Blazing Fire of) Hell.

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّينِ (15)

ترجمہ: وہ اس میں قیامت کے روز داخل ہوں گے o

They will enter it on the Day of Rising,

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِينَ (16)

ترجمہ: اور وہ اس (دوزخ) سے (کبھی بھی) غائب نہ ہو سکیں گے o

And will never be able to absent themselves from it (Hell).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ (17)

ترجمہ: اور آپ نے کیا سمجھا کہ روزِ جزا کیا ہے o

And what have you made out what the Day of Recompense is?

ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ (18)

ترجمہ: پھر آپ نے کیا جانا کہ روزِ جزا کیا ہے o

So what have you learnt about what the Day of Recompense is?

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِلَّهِ (19)

ترجمہ: (یہ) وہ دن ہے جب کوئی شخص کسی کے لیے کسی چیز کا مالک نہ ہوگا، اور حکم فرمائی اس دن اللہ ہی کی ہوگی o

It is the Day when no soul will own anything for any other soul, and the command on that Day will be entirely Allah's.

سورۃ الانشقاق:

إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ (1)

ترجمہ: جب (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گے o

When (all) the heavenly bodies will split asunder,

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (2)

ترجمہ: اور اپنے رب کا حکم (اِنشقاق) بجالائیں گے اور (یہی تعمیلِ اَمر) اُس کے لائق ہےo

And obey the command of their Lord (with regard to the catastrophic split) and (it is this implementation of the command) that they are bound to do,

وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ (3)

ترجمہ: اور جب زمین (ریزہ ریزہ کرکے) پھیلا دی جائے گیo

And when the earth will be flattened out (after it is broken into dust particles),

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ (4)

ترجمہ: اور جو کچھ اس کے اندر ہے وہ اسے نکال باہر پھینکے گی اور خالی ہو جائے گیo

And it will cast out all that is inside it and become empty,

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (5)

ترجمہ: اور (وہ بھی) اپنے رب کا حکم (اِنشقاق) بجالائے گی اور (یہی اِطاعت) اُس کے لائق ہےo

And (it) will (also) obey the command of its Lord (with regard to the catastrophic split) and (it is this obedience) which it is worthy of.

يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَى رَبِّكَ كَدْحاً فَمُلَاقِيهِ (6)

ترجمہ: اے انسان! تو اپنے رب تک پہنچنے میں سخت مشقتیں برداشت کرتا ہے بالآخر تجھے اسی سے جا ملنا ہےo

O man! You sustain rigours to reach your Lord. Ultimately, you will meet Him.

إِنَّهُ ظَنَّ أَن لَّن يَحُورَ (14)

ترجمہ: بے شک اس نے یہ گمان کر لیا تھا کہ وہ حساب کے لیے (اللہ کے پاس) ہرگز لوٹ کر نہ جائے گاo

No doubt, he thought he would never return (to his Lord) for reckoning.

بَلَى إِنَّ رَبَّهُ كَانَ بِهِ بَصِيراً (15)

ترجمہ: کیوں نہیں! بے شک اس کا رب اس کو خوب دیکھنے والا ہےo

Why not! Indeed, his Lord is ever watching him.

فَلَا أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ (16)

ترجمہ: سو مجھے قسم ہے شفق (یعنی شام کی سرخی یا اس کے بعد کے اُجالے) کیo

So I swear by the evening glow (i.e., the twilight or its later glare),

وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ (17)

ترجمہ: اور رات کی اور ان چیزوں کی جنہیں وہ (اپنے دامن میں) سمیٹ لیتی ہےo

And by the night and all that it envelops (under its embrace),

وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ (18)

ترجمہ: اور چاند کی جب وہ پورا دکھائی دیتا ہےo

And the moon when it appears full,

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقاً عَن طَبَقٍ (19)

ترجمہ: تم یقیناً طبق در طبق ضرور سواری کرتے ہوئے جاؤ گےo

You will assuredly ride along stage by stage.

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (20)

ترجمہ: تو انہیں کیا ہو گیا ہے کہ (قرآنی پیشین گوئی کی صداقت دیکھ کر بھی) ایمان نہیں لاتےo

So, what is the matter with them that (even after witnessing the truth of the forecast of the Qur'an), they do not believe?

وَإِذَا قُرِءَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ) (21)

ترجمہ: اور جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو (اللہ کے حضور) سجدہ ریز نہیں ہوتےo

And when the Qur'an is recited to them, they do not fall down prostrate (before Allah)?

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ يُكَذِّبُونَ (22)

ترجمہ: بلکہ کافر لوگ (اسے مزید) جھٹلا رہے ہیںo

Instead, the disbelievers (further) deny it.

وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوعُونَ (23)

ترجمہ: اور اللہ (کفر و عداوت کے اس سامان کو) خوب جانتا ہے جو وہ جمع کر رہے ہیںo

And Allah knows best (the contention and disbelief) which they are piling.

فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (24)

ترجمہ: سو آپ انہیں دردناک عذاب کی بشارت دے دیںo

So give them the news of a painful punishment.

إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ (25)

ترجمہ: مگر جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے ہیں ان کے لیے غیر منقطع (دائمی) ثواب ہےo

But those who believe and do pious deeds, for them is an unending (i.e., everlasting) reward.

سورۃ البروج:

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ (1)

ترجمہ: برجوں (یعنی کہکشاؤں) والے آسمان کی قَسمo

By the heaven with its constellations,

وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ (2)

ترجمہ: اور اس دن کی قَسم جس کا وعدہ کیا گیا ہےo

And by the Promised Day,

وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ (3)

ترجمہ: جو (اس دن) حاضر ہوگا اس کی قَسم اور جو کچھ حاضر کیا جائے گا اس کی قَسمo

And by the One Who will be Present (that Day) and by what will be brought to the presence,

قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ (4)

ترجمہ: خندقوں والے (لوگ) ہلاک کر دیے گئےo

(The people) of the trenches were slain,

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ (5)

ترجمہ: (یعنی) اس بھڑکتی آگ (والے) جو بڑے ایندھن سے (جلائی گئی) تھیo

(The people of) the fierce fire which was (fed) with abundant fuel,

إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ (6)

ترجمہ: جب وہ اس کے کناروں پر بیٹھے تھےo

When they sat beside it,

وَهُمْ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ (7)

ترجمہ: اور وہ خود گواہ ہیں جو کچھ وہ اہلِ ایمان کے ساتھ کر رہے تھے (یعنی انہیں آگ میں پھینک پھینک کر جلا رہے تھے)o

And they are themselves witnesses to all they did to the believers (i.e., casting them into the fire and burning them).

وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَنْ يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ (8)

ترجمہ: اور انہیں ان (مومنوں) کی طرف سے اور کچھ (بھی) ناگوار نہ تھا سوائے اس کے کہ وہ اللہ پر ایمان لے آئے تھے جو غالب (اور) لائقِ حمد و ثنا ہےo

And nothing (of the believers) was annoying them except that they had believed in Allah the Almighty, All-Praiseworthy,

الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (9)

ترجمہ: جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی (ساری) بادشاہت ہے، اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہےo

To Whom the (entire) kingdom of the heavens and the earth belongs and Allah is Witness over everything.

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ (10)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اذیت دی پھر توبہ (بھی) نہ کی تو ان کے لیے عذابِ جہنم ہے اور ان کے لیے (بالخصوص) آگ میں جلنے کا عذاب ہےo

Indeed, those who persecute the believing men and women and then do not

(even) repent, for them is the punishment of Hell, and for them is (especially) the torment of burning in the Fire.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ (11)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں جاری ہیں، یہی بڑی کامیابی ہے o

And indeed, those who believe and keep doing pious deeds, for them are Gardens with streams flowing under them. This is the great victory.

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ (12)

ترجمہ: بے شک آپ کے رب کی پکڑ بہت سخت ہے o

Surely, the seizure of your Lord is most severe.

إِنَّهُ هُوَ يُبْدِءُ وَيُعِيْدُ (13)

ترجمہ: بے شک وہی پہلی بار پیدا فرماتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا فرمائے گا o

Verily, He creates the first time, and He is the One Who will bring to life the second time.

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ (14)

ترجمہ: اور وہ بڑا بخشنے والا بہت محبت فرمانے والا ہے o

And He is the Most Forgiving, the Most Loving,

ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ (15)

ترجمہ: مالکِ عرش (یعنی پوری کائنات کے تختِ اقتدار کا مالک) بڑی شان والا ہے o

The Lord of the Throne (controlling the whole universe) and the Lord of Honour.

فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ (16)

ترجمہ: وہ جو بھی ارادہ فرماتا ہے (اسے) خوب کر دینے والا ہے o

He (thoroughly) executes whatever He intends.

هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ (17)

ترجمہ: کیا آپ کے پاس لشکروں کی خبر پہنچی ہے o

Has the news of the troops reached you?

فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ (18)

ترجمہ: فرعون اور ثمود (کے لشکروں) کے o

The troops of Pharaoh and Thamud?

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِىْ تَكْذِيْبٍ (19)

ترجمہ: بلکہ ایسے کافر (ہمیشہ حق کو) جھٹلانے میں (ہی کوشاں رہتے) ہیں o

But such disbelievers (persistently strive to) belie (the truth).

وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ (20)

ترجمہ: اوراللہ اُن کے گردوپیش سے (انہیں) گھیرے ہوئے ہےo

And Allah encompasses (them) from all sides.

سورۃ الطارق:

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ (1)

ترجمہ: آسمان (کی فضائے بسیط اور خلائے عظیم) کی قَسم اور رات کو (نظر) آنے والے کی قَسمo

By the (endless expanse and infinite space of) heaven and the Nightly (discernable) Visitant.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ (2)

ترجمہ: اورآپ کو کیا معلوم کہ رات کو (نظر) آنے والا کیا ہےo

And what do you know what the Nightly (discernable) Visitant is?

النَّجْمُ الثَّاقِبُ (3)

ترجمہ: (اس سے مراد) ہر وہ آسمانی کرّہ ہے (خواہ وہ ستارہ ہو یا سیارہ یا اَجرامِ سماوی کا کوئی اور کرّہ) جو چمک کر (فضا کو) روشن کر دیتا ہے☆o

☆ النجم الثاقب سے مراد ذاتِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہے، جس نے سراجاً منیراً کی شان کے ساتھ آسمانِ رسالت پر چمک کر ظلمت بھری کائنات کو نورِ ایمان سے روشن کر دیا ہے۔ (الشفاء)

(It implies) every heavenly body (be it a star, a planet, or any of the heavenly spheres) which shines and brightens (the space).*

*** Al-najm al-thaqib refers also to the chosen Messenger Muhammad (blessings and peace be upon him) who shone as a sirajan munira (luminous lamp), with a sun's glow, on the horizon of Prophethood, and brightened the universe with the Light of Faith. See: al-Shifa by al-Qadi 'Iyad.**

إِنَّهُ عَلَى رَجْعِهِ لَقَادِرٌ (8)

ترجمہ: بے شک وہ اس (زندگی) کو پھر واپس لانے پر بھی قادر ہےo

Indeed, He has the power to bring it (life) back,

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ (11)

ترجمہ: اس آسمانی کائنات کی قَسم جو پھر اپنی ابتدائی حالت میں پلٹ جانے والی ہےo

By the heavenly universe which will regress to its primitive state,

وَالْأَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ (12)

ترجمہ: اس زمین کی قَسم جو پھٹ (کر ریزہ ریزہ ہو) جانے والی ہےo

And by the earth which will split asunder (and change into dust particles),

إِنَّهُ لَقَوْلٌ فَصْلٌ (13)

ترجمہ: بے شک یہ فیصلہ کن (قطعی) فرمان ہےo

This is indeed a decisive (i.e., absolute) commandment.

وَمَا هُوَ بِالْهَزْلِ (14)

ترجمہ: اور یہ ہنسی کی بات نہیں ہےo

And it is no joke!

إِنَّهُمْ يَكِيْدُونَ كَيْداً (15)

ترجمہ: بے شک وہ (کافر) پُرفریب تدبیروں میں لگے ہوئے ہیںo

Indeed, they (the disbelievers) are hatching plots.

سورۃ الاعلیٰ:

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى (1)

ترجمہ: اپنے رب کے نام کی تسبیح کریں جو سب سے بلند ہےo

Glorify the Name of your Lord, the Most High,

الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى (2)

ترجمہ: جس نے (کائنات کی ہر چیز کو) پیدا کیا پھر اسے (جملہ تقاضوں کی تکمیل کے ساتھ) درست توازن دیاo

He Who has created (everything in the universe) and then (fulfilling all requisites) equipoised it to its exact proportion,

وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى (3)

ترجمہ: اور جس نے (ہر ہر چیز کے لیے) قانون مقرر کیا پھر (اسے اپنے اپنے نظام کے مطابق رہنے اور چلنے کا) راستہ بتایاo

And He Who has determined law, and guided (it to its) way (of sustaining and functioning according to its respective system),

وَالَّذِيْ أَخْرَجَ الْمَرْعٰى (4)

ترجمہ: اور جس نے (زمین سے) چارہ نکالاo

And He Who has brought forth green pasture (from the earth),

فَجَعَلَهُ غُثَاءً أَحْوٰى (5)

ترجمہ: پھر اسے سیاہی مائل خشک کر دیاo

And then made it blackened stubble.

سَنُقْرِؤُكَ فَلَا تَنسٰى (6)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ہم آپ کو خود (ایسا) پڑھائیں گے کہ آپ (کبھی) نہیں بھولیں گےo

(O Esteemed Beloved!) We shall teach you (in a way) that nothing will you

(ever) forget,

إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفَى (7)

ترجمہ: مگر جو اللہ چاہے، بے شک وہ جہر اور خفی (یعنی ظاہر و پوشیدہ اور بلند و آہستہ) سب باتوں کو جانتا ہےo

Except what Allah wills. Indeed, He knows all, the manifest as well as the hidden (i.e., open to human perception as well as veiled from it, and the audible and the inaudible).

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرَى (8)

ترجمہ: اور ہم آپ کو اس آسان (شریعت پر عمل پیرا ہونے) کے لیے (بھی) سہولت فراہم فرمائیں گےo

And We shall (also) facilitate you (to put into practice this) easy (law).

فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ الذِّكْرَى (9)

ترجمہ: پس آپ نصیحت فرماتے رہیے بشرطیکہ نصیحت (سننے والوں کو) فائدہ دےo

So keep admonishing, provided admonition benefits (the listeners).

سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَى (10)

ترجمہ: البتہ وہی نصیحت قبول کرے گا جو اللہ سے ڈرتا ہوگاo

But only he who fears (Allah) will accept the admonition.

وَيَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى (11)

ترجمہ: اور بدبخت اس (نصیحت) سے پہلوتہی کرے گاo

And the wretched one will avoid and evade it,

الَّذِي يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَى (12)

ترجمہ: جو (قیامت کے دن) سب سے بڑی آگ میں داخل ہوگاo

He who will enter the greatest Fire (on the Day of Judgment).

ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَى (13)

ترجمہ: پھر وہ اس میں نہ مرے گا اور نہ جیئے گاo

Then he will neither die nor live in it.

قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّى (14)

ترجمہ: بے شک وہی بامراد ہوا جو (نفس کی آفتوں اور گناہ کی آلودگیوں سے) پاک ہو گیاo

Indeed, only he who is purified (from the afflictions of his ill-commanding self and pollution of sins) will triumph,

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى (15)

ترجمہ: اور وہ اپنے رب کے نام کا ذکر کرتا رہا اور (کثرت و پابندی سے) نماز پڑھتا رہاo

And the one who remembers the Name of his Lord and offers Prayers (regularly and abundantly).

بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (16)

ترجمہ: بلکہ تم (اللہ کی طرف رجوع کرنے کی بجائے) دنیاوی زندگی (کی لذتوں) کو اختیار کرتے ہو o

Yet you go for (the pleasures of) the worldly life (instead of turning towards Allah),

وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَى (17)

ترجمہ: حالاں کہ آخرت (کی لذت وراحت) بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہے o

Whereas (the comfort and pleasure of) the Hereafter is preferable and everlasting.

إِنَّ هَذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَى (18)

ترجمہ: بے شک یہ (تعلیم) اگلے صحیفوں میں (بھی مذکور) ہے o

Indeed, this (enlightenment) is (also contained) in earlier scriptures,

صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى (19)

ترجمہ: (جو) ابراہیم اور موسٰی (علیہما السلام) کے صحائف ہیں o

The scriptures of Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses).

سورۃ الغاشیۃ:

إِلَّا مَن تَوَلَّى وَكَفَرَ (23)

ترجمہ: مگر جو رُوگردانی کرے اور کفر کرے o

But anyone who turns away and becomes a disbeliever,

فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ (24)

ترجمہ: تو اسے اللہ سب سے بڑا عذاب دے گا o

Allah will torment him with the greatest punishment.

إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ (25)

ترجمہ: بے شک (بالآخر) ہماری ہی طرف ان کا پلٹنا ہے o

Indeed, it is to Us that they will return (in the end);

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ (26)

ترجمہ: پھر یقیناً ہمارے ہی ذمہ ان کا حساب (لینا) ہے o

Then, surely, it is Our concern to call them to account.

سورۃ الفجر:

وَالْفَجْرِ (1)

ترجمہ: اس صبح کی قَسم (جس سے ظلمتِ شب چھٹ گئی) ☆ o

☆ مراد ہر روز کی صبح یا نمازِ فجر ہے یا بطورِ خاص ماہ ذی الحجہ کی پہلی صبح یا یکم محرم کی صبح ہے یا عید الاضحٰی کی صبح۔ اس سے مراد سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی بھی ہے جن کی بعثت سے شبِ ظلمت کا خاتمہ ہوا اور صبحِ ایمان پھوٹی۔

By the emerging dawn (that dispels the darkness of night),*

*** It implies the daily dawn or Morning Prayer, or particularly the first daybreak of the month of Dhu al-Hijja or the first dawn of Muharram or the 'Id al-Adha morning. It also connotes the Holy Prophet Muhammad (blessings and peace be upon him) whose Prophethood brought the dawn of faith and ended the darkness of tyranny and ignorance.**

وَلَيَالٍ عَشْرٍ (2)

ترجمہ: اور دس (مبارک) راتوں کی قَسم ☆o

☆ مراد ماہِ رمضان کے آخری عشرہ کی راتیں یا پہلے عشرۂ محرّم کی راتیں ہیں یا اوّل عشرۂ ذی الحجہ کی راتیں ہیں جو برکات و درجات سے معمور ہیں۔

And by the ten (blessed) nights,*

*** Last ten nights of the month of Ramadan, first ten nights of Muharram or first ten nights of Dhu al-Hijja which are permeated with blessings and bounties of Allah.**

وَالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ (3)

ترجمہ: اور جفت کی قَسم اور طاق کی قَسم ☆o

☆ جفت (جوڑا) سے مراد کل مخلوق ہے جو جوڑوں کی صورت میں پیدا کی گئی ہے، اور طاق (فرد و تنہا) سے مراد خالق ہے جو وحدہ لا شریک ہے۔ یا شَفع یومِ نحر (قربانی) اور وَتر یومِ عرفہ (حج) ہے، یا شَفع سے مراد دنیا کے شب و روز ہیں اور وَتر سے مراد یومِ قیامت ہے جس کی کوئی شب نہ ہوگی۔ یا شَفع سے مراد سال بھر کی عام جفت راتیں ہیں اور وَتر سے مراد سال بھر کی برکت والی طاق راتیں ہیں، مثلاً شبِ معراج، شبِ برات اور شبِ قدر وغیرہ جو پے در پے رجب، شعبان اور رمضان میں آتی ہیں۔ یا شَفع سے مراد حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حواء علیہا السلام کا پہلا جوڑا ہے اور وَتر سے مراد تنہا حضرت آدم علیہ السلام، جن سے تخلیقِ انسانیت کی ابتداء ہوئی۔

And by the even and the odd,*

*** 'Even' (pair) refers to the whole creation begotten in pairs and 'odd' (individual, single) implies the Creator Who has no equal. Or shaf' connotes the 'Day of Sacrifice' and watr refers to the 'the Day of Arafat' (in the ±ajj-Pilgrimage). Shaf' also means the days and nights of the worldly life whilst watr may denote the Day of Resurrection. Shaf' also stands for all even nights of the year whilst watr are all blissful odd nights of the year such as the night of Mi'raj, the night of Bara'a and the night of Qadr which come successively in the months of Rajab, Sha'ban and Ramadan. Shaf' also points to the first**

couple of Adam and Eve when together whereas watr connotes Adam who was alone and who begot the human race.

وَاللَّيْلِ إِذَا يَسْرِ (4)

ترجمہ: اوررات کی قسم جب گزر چلے (مراد ہر شب ہے یا بطورِ خاص شبِ مزدلفہ یا شبِ قدر)o

And by the night as it departs. (Every night or particularly the night of Muzdalifa or the night of Qadr.)

هَلْ فِي ذَٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِي حِجْرٍ (5)

ترجمہ: بے شک ان میں عقل مند کے لیے بڑی قسم ہےo

Surely, in that is a mighty oath for the wise.

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ (6)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے (قومِ) عاد کے ساتھ کیسا (سلوک) کیا؟o

Have you not seen how your Lord treated (the people of 'Ad)?

إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ (7)

ترجمہ: (جو اہلِ) اِرم تھے (اور) بڑے بڑے ستونوں (کی طرح دراز قد اور اونچے محلات) والے تھےo

(They) were (the people) of Iram (and) were (tall like) lofty columns (possessing towering castles),

الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ (8)

ترجمہ: جن کا مثل (دنیا کے) ملکوں میں (کوئی بھی) پیدا نہیں کیا گیاo

The like of which has not (at all) been created in the countries (of the world).

وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ (9)

ترجمہ: اور ثمود (کے ساتھ کیا سلوک ہوا) جنہوں نے وادء (قری) میں چٹانوں کو کاٹ (کر پتھروں سے سینکڑوں شہروں کو تعمیر کر) ڈالا تھاo

And (what treatment was given to) Thamud, who carved rocks (and constructed hundreds of cities) in the (Qura) valley?

وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ (10)

ترجمہ: اور فرعون (کا کیا حشر ہوا) جو بڑے لشکروں والا (یا لوگوں کو میخوں سے سزا دینے والا) تھاo

And (how was) Pharaoh (dealt with), who wielded large armies (and used to punish victims with stakes)?

الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ (11)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ (تھے) جنہوں نے (اپنے اپنے) ملکوں میں سرکشی کی تھیo

(They were) the people who perpetrated tyranny in their (respective) countries,

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ (12)

ترجمہ: پھران میں بڑی فسادانگیزی کی تھیo

And spread great mischief and corruption there.

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ (13)

ترجمہ: تو آپ کے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسایاo

Then your Lord unleashed the scourge of punishment on them.

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ (14)

ترجمہ: بےشک آپ کا رب (سرکشوں اور نافرمانوں کی) خوب تاک میں ہےo

Indeed, your Lord is Ever-Watchful (over the tyrant transgressors).

فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ (15)

ترجمہ: مگر انسان (ایسا ہے) کہ جب اس کا رب اسے (راحت و آسائش دے کر) آزماتا ہے اور اسے عزت سے نوازتا ہے اور اسے نعمتیں بخشتا ہے تو وہ کہتا ہے: میرے رب نے مجھ پر کرم فرمایاo

But as for man, when his Lord tests him (by providing him pleasure and comfort) and honours him and gives him bounties, he says: 'My Lord has honoured me.'

وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ (16)

ترجمہ: لیکن جب وہ اسے (تکلیف و مصیبت دے کر) آزماتا ہے اور اس پر اس کا رزق تنگ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے: میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیاo

But when He tries him (by afflicting him with pain and discomfort) and limits his means of sustenance, he says: 'My Lord has humiliated me.'

كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ (17)

ترجمہ: یہ بات نہیں بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ عزت اور مال و دولت کے ملنے پر) تم یتیموں کی قدر و اِکرام نہیں کرتےo

No indeed! But (the truth is that after you gain honour and good fortune), you do not give honour and care to orphans.

وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِينِ (18)

ترجمہ: اور نہ ہی تم مسکینوں (یعنی غریبوں اور محتاجوں) کو کھانا کھلانے کی (معاشرے میں) ایک دوسرے کو ترغیب دیتے ہوo

Nor do you inspire one another (in society) to promote the feeding of the destitute (i.e., the poor and the needy).

وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا (19)

ترجمہ: اور وراثت کا سارا مال سمیٹ کر (خود ہی) کھا جاتے ہو (اس میں سے افلاس زدہ لوگوں کا حق نہیں نکالتے)o

And you lay hand on the inherited wealth and devour it (yourselves and do not pay the poverty-stricken their due).

وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا (20)

ترجمہ: اورتم مال ودولت سے حددرجہ محبت رکھتے ہوo

And you love wealth and riches inordinately.

كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا (21)

ترجمہ: یقیناً جب زمین پاش پاش کرکے ریزہ ریزہ کردی جائے گیo

Assuredly, when the earth will be cleft asunder and crushed to dust particles,

وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا (22)

ترجمہ: اورآپ کا رب جلوہ فرما ہوگا اورفرشتے قطاردرقطار(اس کے حضور) حاضرہوں گےo

And your Lord will unveil His Light and the angels will appear (before His presence) rank upon rank,

وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ وَأَنَّى لَهُ الذِّكْرَى (23)

ترجمہ: اوراس دن دوزخ پیش کی جائے گی،اس دن انسان کوسمجھ آجائے گی مگر(اب) اسے نصیحت کہاں (فائدہ مند) ہوگیo

And that Day, Hell will be brought forth. On that Day man will come to understand, but how will admonition (avail him then)?

يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي (24)

ترجمہ: وہ کہے گا:اے کاش!میں نے اپنی(اس اصل) زندگی کے لیے(کچھ) آگے بھیج دیا ہوتا(جوآج میرے کام آتا)o

He will say: 'Would that I had sent (something) ahead of me for my (real) life (which would have helped me Today)!'

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ (25)

ترجمہ: سواس دن نہ اس کے عذاب کی طرح کوئی عذاب دے سکے گاo

But that Day no one will be able to torment like His torment,

وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ (26)

ترجمہ: اورنہ اس کے جکڑنے کی طرح کوئی جکڑ سکے گاo

And no one will be able to bind as He binds.

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ (27)

ترجمہ: اےاطمینان پاجانے والےنفسo

O contented (pleased) self!

ارْجِعِي إِلَى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً (28)

ترجمہ: تواپنے رب کی طرف اس حال میں لوٹ آ کہ تواس کی رضا کا طالب بھی ہواوراس کی رضا کا مطلوب بھی (گویااس کی

رضا تیری مطلوب ہو اور تیری رضا اس کی مطلوب)o

Return to your Lord in such a state that you are both the aspirant to, and the aspired of, His pleasure (i.e., you seek His pleasure and He seeks yours).

فَادْخُلِيْ فِيْ عِبَادِيْ (29)

ترجمہ: پس تو میرے (کامل) بندوں میں شامل ہو جاo

So join My (perfect) servants.

وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ (30)

ترجمہ: اور میری جنتِ (قربت و دیدار) میں داخل ہو جاo

And enter My Paradise (of nearness and sight).

سورۃ البلد:

لَا أُقْسِمُ بِهَذَا الْبَلَدِ (1)

ترجمہ: میں اس شہر (مکہ) کی قَسم کھاتا ہوںo

I swear by this city (Mecca),

وَأَنتَ حِلٌّ بِهَذَا الْبَلَدِ (2)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) اس لیے کہ آپ اس شہر میں تشریف فرما ہیں☆o

☆ یہ ترجمہ ''لا زائدہ'' کے اعتبار سے ہے۔ لا ''نفءِ صحیح'' کے لیے ہو تو ترجمہ یوں ہوگا: میں (اس وقت) اس شہر کی قَسم نہیں کھاؤں گا (اے حبیب!) جب آپ اس شہر سے رخصت ہو جائیں گے۔

(O My Esteemed Beloved,) because you are residing in it.*

*** This translation is based on the position that the second la is extra. If la is taken as a true negation, the translation will be: 'I will not swear by this city when, O Beloved, you will depart from it.'**

وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ (3)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم! آپ کے) والد (آدم یا ابراہیم علیہما السلام) کی قَسم اور (ان کی) قَسم جن کی ولادت ہوئی ☆o

☆ یعنی آدم علیہ السلام کی ذریّتِ صالحہ یا آپ ہی کی ذات گرامی جن کے باعث یہ شہرِ مکہ بھی لائقِ قَسم ٹھہرا ہے۔

(O My Esteemed Beloved!) By (your) father (Adam or Ibrahim [Abraham]) and by those who are born,*

*** This refers to the pious progeny of Adam or his own venerated self for whom this city of Mecca became worthy of oath.**

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِيْ كَبَدٍ (4)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو مشقت میں (مبتلا رہنے والا) پیدا کیا ہےo

Indeed, We have created man (ever suffering) in rigours.

أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ (5)

ترجمہ: کیا وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اس پر ہرگز کوئی بھی قابو نہ پا سکے گا؟o

Does he think that no one can ever overpower him?

يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالاً لُّبَداً (6)

ترجمہ: وہ (بڑے فخر سے) کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں مال خرچ کیا ہےo

(Boasting,) he says: 'I have spent heaps of wealth.'

أَيَحْسَبُ أَن لَّمْ يَرَهُ أَحَدٌ (7)

ترجمہ: کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اسے (یہ فضول خرچیاں کرتے ہوئے) کسی نے نہیں دیکھاo

Does he think that no one has seen him (making this extravagant spending)?

أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ (8)

ترجمہ: کیا ہم نے اس کے لیے دو آنکھیں نہیں بنائیںo

Have We not made for him two eyes?

وَلِسَاناً وَشَفَتَيْنِ (9)

ترجمہ: اور (اسے) ایک زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیئے)o

And (have We not given him) a tongue and two lips?

وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ (10)

ترجمہ: اور ہم نے اسے (خیر و شر کے) دو نمایاں راستے (بھی) دکھا دیےo

And (have We also not) shown him the two highways (of good and evil)?

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ (11)

ترجمہ: وہ تو (دینِ حق اور عملِ خیر کی) دشوار گزار گھاٹی میں داخل ہی نہیں ہواo

But he has not yet attempted the steep ascent (of the Din [Religion]) of truth and the practical life dedicated to good and piety).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ (12)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ وہ (دینِ حق کے مجاہدہ کی) گھاٹی کیا ہےo

And what have you thought of the steep ascent (of the rigours of the Din [Religion] of truth)?

فَكُّ رَقَبَةٍ (13)

ترجمہ: وہ (غلامی و محکومی کی زندگی سے) کسی گردن کا آزاد کرانا ہےo

It is freeing a neck (from slavery and subjugation),

أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ (14)

ترجمہ: یا بھوک والے دن (یعنی قحط واَفلاس کے دور میں غریبوں اور محروم المعیشت لوگوں کو) کھانا کھلانا ہے (یعنی ان کے معاشی تعطل اور ابتلاء کو ختم کرنے کی جدّ وجہد کرنا ہے)o

Or feeding on a day of scarcity (the poor and the needy during famine and scarcity i.e., striving to put an end to their sufferings and economic crises),

يَتِيماً ذَا مَقْرَبَةٍ (15)

ترجمہ: قرابت دار یتیم کوo

The orphaned relative,

أَوْ مِسْكِيناً ذَا مَتْرَبَةٍ (16)

ترجمہ: یا شدید غربت کے مارے ہوئے محتاج کو جو محض خاک نشین (اور بے گھر) ہےo

Or the poverty-stricken destitute who is completely rundown (and homeless).

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ (17)

ترجمہ: پھر (شرط یہ ہے کہ ایسی جدّ وجہد کرنے والا) وہ شخص ان لوگوں میں سے ہو جو ایمان لائے ہیں اور ایک دوسرے کو صبر وتحمل کی نصیحت کرتے ہیں اور باہم رحمت وشفقت کی تاکید کرتے ہیںo

(Provided this striving soul is) one of those who believe and advise one another patience and tolerance and urge one another for mutual affection and mercy.

أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (18)

ترجمہ: یہی لوگ دائیں طرف والے (یعنی اہلِ سعادت ومغفرت) ہیںo

These are the people of the Right Hand (i.e., the privileged and the pardoned).

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ (19)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا وہ بائیں طرف والے ہیں (یعنی اہلِ شقاوت وعذاب) ہیںo

And those who reject Our signs are the people of the Left Hand (the callous and the doomed).

عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ (20)

ترجمہ: ان پر (ہر طرف سے) بند کی ہوئی آگ (چھائی) ہوگیo

Fire will be enclosed upon them (covering from all sides).

سورۃ الشّمس:

وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا (1)

ترجمہ: سورج کی قَسم اور اس کی روشنی کی قَسمo

By the sun and by its brightness,

وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا (2)

ترجمہ: اور چاند کی قَسم جب وہ سورج کی پیروی کرے (یعنی اس کی روشنی سے چمکے)o

And by the moon when it follows the sun (i.e., reflects sunshine),

وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا (3)

ترجمہ: اور دن کی قَسم جب وہ سورج کو ظاہر کرے (یعنی اسے روشن دکھائے)o

And by the day when it displays the sun (i.e., brings it forth shining),

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا (4)

ترجمہ: اور رات کی قَسم جب وہ سورج کو (زمین کی ایک سمت سے) ڈھانپ لےo

And by the night when it draws a veil over the sun (from one of the hemispheres of the earth),

وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا (5)

ترجمہ: اور آسمان کی قَسم اور اس (قوت) کی قَسم جس نے اسے (اذنِ الٰہی سے ایک وسیع کائنات کی شکل میں) تعمیر کیاo

And by the heaven and by that (energy) which built it (with Allah's permission in the form of a vast universe),

وَالْأَرْضِ وَمَا طَحَاهَا (6)

ترجمہ: اور زمین کی قَسم اور اس (قوت) کی قَسم جو اسے (امرِ الٰہی سے سورج سے کھینچ دور) لے گئیo

And by the earth and by that (force which, by Allah's command,) pulled it (from the sun far) apart.

وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا (7)

ترجمہ: اور انسانی جان کی قَسم اور اسے ہمہ پہلو توازن و درستگی دینے والے کی قَسمo

And by the human soul and by the One Who provided it with an all-dimensional poise, proportion and perfection,

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا (8)

ترجمہ: پھر اس نے اسے اس کی بدکاری اور پرہیزگاری (کی تمیز) سمجھا دیo

Then He inspired it with (discrimination between) vice and virtue,

قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّاهَا (9)

ترجمہ: بے شک وہ شخص فلاح پا گیا جس نے اس (نفس) کو (رذائل سے) پاک کر لیا (اور اس میں نیکی کی نشوونما کی)o

Indeed, the one who purifies his (ill-commanding) self (from all vain and vicious desires and cultivates in it virtue and piousness) succeeds,

وَقَدْ خَابَ مَن دَسَّاهَا (10)

ترجمہ: اور بے شک وہ شخص نامراد ہو گیا جس نے اسے (گناہوں میں) ملوث کر لیا (اور نیکی کو دبا دیا)o

But the one who corrupts himself (in sins and suppresses virtue) is doomed indeed.

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا (11)

ترجمہ: ثمود نے اپنی سرکشی کے باعث (اپنے پیغمبر صالح علیہ السلام کو) جھٹلایا o

The people of Thamud rejected (their Messenger Salih) due to their rebellion.

إِذِ انبَعَثَ أَشْقَاهَا (12)

ترجمہ: جبکہ ان میں سے ایک بڑا بد بخت اٹھا o

When the most wretched of them stood up,

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ اللَّهِ وَسُقْيَاهَا (13)

ترجمہ: ان سے اللہ کے رسول نے فرمایا: اللہ کی (اس) اونٹنی اور اس کو پانی پلانے (کے دن) کی حفاظت کرنا o

Allah's Messenger said to them: 'Guard (that) she-camel and (the time of) her taking water.'

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُم بِذَنبِهِمْ فَسَوَّاهَا (14)

ترجمہ: تو انہوں نے اس (رسول) کو جھٹلا دیا، پھر اس (اونٹنی) کی کونچیں کاٹ ڈالیں تو ان کے رب نے ان کے گناہ کی وجہ سے ان پر ہلاکت نازل کر دی، پھر (پوری) بستی کو (تباہ کر کے عذاب میں سب کو) برابر کر دیا o

But they rejected the Messenger and hamstrung (the she-camel). So because of their sin, their Lord sent down destruction on them, and levelled (them all in the torment devastating) the town.

وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا (15)

ترجمہ: اور اللہ کو اس (ہلاکت) کے انجام کا کوئی خوف نہیں ہوتا o

And Allah does not fear any repercussions of this (devastation).

سورۃ اللیل:

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى (1)

ترجمہ: رات کی قسم جب وہ چھا جائے (اور ہر چیز کو اپنی تاریکی میں چھپا لے) o

By the night when it covers up (and conceals everything in its darkness),

وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى (2)

ترجمہ: اور دن کی قسم جب وہ چمک اٹھے o

And by the day when it brightens up,

وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْأُنثَى (3)

ترجمہ: اور اس ذات کی (قسم) جس نے (ہر چیز میں) نر اور مادہ کو پیدا فرمایا o

And by that Being Who created male and female (in everything),

إِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتَّى (4)

ترجمہ: بے شک تمہاری کوشش مختلف (اور جداگانہ) ہے o

Indeed, your striving is different (and singular).

فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى (5)

ترجمہ: پس جس نے (اپنا مال اللہ کی راہ میں) دیا اور پرہیزگاری اختیار کی o

So he who gives away (his wealth in the way of Allah) and commits himself to piousness,

وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى (6)

ترجمہ: اور اس نے (اِنفاق وتقوٰی کے ذریعے) اچھائی (یعنی دینِ حق اور آخرت) کی تصدیق کی o

And affirms the good (the Din [Religion] of truth and life after death through charity and Godwariness),

فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى (7)

ترجمہ: تو ہم عنقریب اسے آسانی (یعنی رضائے الٰہی) کے لیے سہولت فراہم کر دیں گے o

Soon We shall facilitate him in seeking (Allah's pleasure) with ease.

وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى (8)

ترجمہ: اور جس نے بخل کیا اور (راہِ حق میں مال خرچ کرنے سے) بے پروا رہا o

But he who is miser and disregards (spending in the cause of Allah),

وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى (9)

ترجمہ: اور اس نے (یوں) اچھائی (یعنی دینِ حق اور آخرت) کو جھٹلایا o

And (in this way) denies the good (the Din [Religion] of truth and afterlife),

فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى (10)

ترجمہ: تو ہم عنقریب اسے سختی (یعنی عذاب کی طرف بڑھنے) کے لیے سہولت فراہم کر دیں گے (تاکہ وہ تیزی سے مستحقِ عذاب ٹھہرے) o

Soon shall We facilitate his landing into hardship (advancing towards torment, so that punishment becomes his rightful due).

وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّى (11)

ترجمہ: اور اس کا مال اس کے کسی کام نہیں آئے گا جب وہ ہلاکت (کے گڑھے) میں گرے گا o

And his wealth will not help him any way when he falls into (the pit of) destruction.

إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَى (12)

ترجمہ: بے شک راہِ (حق) دکھانا ہمارے ذمہ ہے o

Indeed, it is binding on Us to show you the path (of truth).

وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَى (13)

ترجمہ: اور بے شک ہم ہی آخرت اور دنیا کے مالک ہیں o

And indeed, We are the Master of the Hereafter and the world.

فَأَنذَرْتُكُمْ نَاراً تَلَظَّى (14)

ترجمہ: سو میں نے تمہیں (دوزخ کی) آگ سے ڈرا دیا ہے جو بھڑک رہی ہےo

So I have warned you of the raging Fire (of Hell).

لَا يَصْلَاهَا إِلَّا الْأَشْقَى (15)

ترجمہ: جس میں انتہائی بدبخت کے سوا کوئی داخل نہیں ہوگاo

No one shall enter it but the most wretched,

الَّذِي كَذَّبَ وَتَوَلَّى (16)

ترجمہ: جس نے (دینِ حق کو) جھٹلایا اور (رسول کی اطاعت سے) منہ پھیر لیاo

He who gives lie to (the Din [Religion] of truth) and turns away (from obedience to the Messenger [blessings and peace be upon him]).

وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى (17)

ترجمہ: اور اس (آگ) سے اس بڑے پرہیزگار شخص کو بچا لیا جائے گاo

But the most pious one shall be saved from this (Fire),

الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى (18)

ترجمہ: جو اپنا مال (اللہ کی راہ میں) دیتا ہے کہ (اپنے جان و مال کی) پاکیزگی حاصل کرےo

Who gives his wealth away (in the cause of Allah) to attain to purity (of his soul and assets),

وَمَا لِأَحَدٍ عِندَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَى (19)

ترجمہ: اور کسی کا اس پر کوئی احسان نہیں کہ جس کا بدلہ دیا جا رہا ہوo

And who owes no favour to anyone that he is seeking to pay back.

إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَى (20)

ترجمہ: مگر (وہ) صرف اپنے ربِ عظیم کی رضا جوئی کے لیے (مال خرچ کر رہا ہے)o

Rather (he spends) seeking the pleasure of his Lord, Most High.

وَلَسَوْفَ يَرْضَى (21)

ترجمہ: اور عنقریب وہ (اللہ کی عطا سے اور اللہ اس کی وفا سے) راضی ہو جائے گاo

And soon shall he be well-pleased (with Allah for His bestowal and Allah with him for his fidelity).

سورۃ الضحیٰ:

وَالضُّحَى (1)

ترجمہ: قسم ہے چاشت کے وقت کی (جب آفتاب بلند ہو کر اپنا نور پھیلاتا ہے)o

یا:
قسم ہے وقتِ چاشت (کی طرح آپ کے آفتابِ رِسالت کے بلند ہونے) کی (جس کے نور نے گمراہی کے اندھیروں کو اجالے سے بدل دیا)o

By the growing morning bright (when the sun gains height and spreads its radiance),

Or

By (the growing sunshine of your Messengership rising like) the morning bright (whose radiance has replaced the darkness of ignorance with the enlightenment of guidance,)

وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى (2)

ترجمہ: اور قسم ہے رات کی جب وہ چھا جائےo

And by the night when it covers up,

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى (3)

ترجمہ: آپ کے رب نے (جب سے آپ کو منتخب فرمایا ہے) آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ ہی (جب سے آپ کو محبوب بنایا ہے) ناراض ہوا ہےo

(Ever since He has chosen you,) your Lord has not forsaken you. Nor is He displeased (ever since He has taken you as His Beloved).

وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولَى (4)

ترجمہ: اور بے شک (ہر) بعد کی گھڑی آپ کے لیے پہلے سے بہتر (یعنی باعثِ عظمت و رفعت) ہےo

Indeed, every following hour is a better (source of eminence and exaltation) for you than the preceding one.

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى (5)

ترجمہ: اور آپ کا رب عنقریب آپ کو (اتنا کچھ) عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گےo

And soon your Lord shall bestow upon you (so much) that you will be well-pleased.

أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيماً فَآوَى (6)

ترجمہ: (اے حبیب!) کیا اس نے آپ کو یتیم نہیں پایا پھر اس نے (آپ کو معزّز و مکرّم) ٹھکانا دیا۔ یا- کیا اس نے آپ کو (مہربان) نہیں پایا پھر اس نے (آپ کے ذریعے) یتیموں کو ٹھکانا دیا☆o

(O Beloved!) Did He not find you an orphan, and then provided you (a dignifying and graceful) abode?

Or

Did He not find you (compassionate) and provided (in your person) a shelter for orphans?

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى (7)

ترجمہ: اوراس نے آپ کواپنی محبت میں خودرفتہ وگم پایا تواس نے مقصودتک پہنچادیا۔یا-اوراس نے آپ کوبھٹکی ہوئی قوم کے درمیان (رہنمائی فرمانے والا) پایا تواس نے (انہیں آپ کے ذریعے) ہدایت دے دی ☆o

And He found you engrossed and lost in His love and then made you achieve the coveted objective.

Or

And He found in you (a leader) for a straying people so He provided them guidance (through you).

وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَأَغْنٰى (8)

ترجمہ: اوراس نے آپ کو(وصالِ حق کا) حاجت مند پایا تواس نے (اپنی لذت دید سے نواز کر ہمیشہ کے لیے ہر طلب سے) بے نیاز کردیاo

یا-اوراس نے آپ کو(جوادوکریم) پایا تواس نے (آپ کے ذریعے) محتاجوں کوغنی کردیا ☆o

☆ ان تینوں تراجم میں یَتِیماً کو فَاٰوٰی کا، ضَآلًّا کو فَهَدٰی کا اور عَائِلًا کو فَاَغْنٰی کا مفعولِ مقدم قرار دیا ہے۔(ملاحظہ ہو: التفسیر الکبیر، القرطبی، البحرالمحیط، روح البیان، الشفاء اور شرح خفاجی)

And He found you seeking (closeness with your Lord), and (then blessed you with the pleasure of His sight and) freed you of every need (forever).

*** In translating these three Verses 6, 7 and 8 yatiman is considered the direct object of fa-'awa; dallan is considered the direct object of fa-hada and 'a'ilan is considered the direct object of fa-aghna. (See: al-Tafsir al-Kabir, al-Qurtubi, al-Bahr al-Muhit, Ruh al-Bayan, al-Shifa and Sharh al-Khafaji.)**

Or

And He found you compassionate and benevolent, then (through you) made the destitute non-liable.

فَأَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ (9)

ترجمہ: سوآپ بھی کسی یتیم پرسختی نہ فرمائیںo

So, never should you be strict with any orphan,

وَأَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ (10)

ترجمہ: اور(اپنے درکے) کسی منگتے کو نہ جھڑکیںo

Nor reproach any beggar (seeking help at your door),

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (11)

ترجمہ: اوراپنے رب کی نعمتوں کا(خوب) تذکرہ کریںo

And proclaim (well) the bounties of your Lord.

سورۃ الشرح:

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (1)

ترجمہ: کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ (انوارِ علم و حکمت اور معرفت کے لیے) کشادہ نہیں فرما دیا o

Have We not broadened your breast for you (for the light of knowledge, wisdom and spiritual gnosis)?

وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ (2)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کا (غمِ امت کا وہ) بار آپ سے اتار دیا o

And We have taken off the load (of grief of the Umma [Community]) from you,

الَّذِىْ أَنقَضَ ظَهْرَكَ (3)

ترجمہ: جو آپ کی پشتِ (مبارک) پر گراں ہو رہا تھا o

(The load) which was growing heavier on your (holy) back.

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (4)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کی خاطر آپ کا ذکر (اپنے ذکر کے ساتھ ملا کر دنیا و آخرت میں ہر جگہ) بلند فرما دیا o

And We exalted for you your remembrance (by annexing it to Ours everywhere in the world and in the Hereafter).

فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْراً (5)

ترجمہ: سو بے شک ہر دشواری کے ساتھ آسانی (آتی) ہے o

So surely ease (comes) with every hardship.

إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْراً (6)

ترجمہ: یقیناً (اس) دشواری کے ساتھ آسانی (بھی) ہے o

Verily, with (this) hardship (too) there is ease.

فَإِذَا فَرَغْتَ فَانصَبْ (7)

ترجمہ: پس جب آپ (تعلیمِ امت، تبلیغ و جہاد اور ادائیگیِ فرائض سے) فارغ ہوں تو (ذکر و عبادت میں) محنت فرمایا کریں o

So when you are free (from educating the Umma (Community), preaching the Din (Religion) and fighting, and fulfilling your responsibilities), then strive hard (in remembrance and the worship of your Lord),

وَإِلَى رَبِّكَ فَارْغَبْ (8)

ترجمہ: اور اپنے رب کی طرف راغب ہو جایا کریں o

And turn to your Lord earnestly.

سورۃ التین:

وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ (1)

ترجمہ: انجیر کی قسم اور زیتون کی قسم o

By the fig and by the olive!

وَطُورِ سِينِينَ (2)

ترجمہ: اور سینا کے (پہاڑ) طور کی قسم o

And by (Mount) Tur of Sinai!

وَهَذَا الْبَلَدِ الْأَمِينِ (3)

ترجمہ: اور اس امن والے شہر (مکہ) کی قسم o

And by this city of peace (Mecca)!

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ (4)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو بہترین (اعتدال اور توازن والی) ساخت میں پیدا فرمایا ہے o

Indeed, We have created man in the best constitution (equipoised in the finest proportion).

ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِينَ (5)

ترجمہ: پھر ہم نے اسے پست سے پست تر حالت میں لوٹا دیا o

Then We returned him to the lowest state of the low,

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ (6)

ترجمہ: سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ان کے لیے ختم نہ ہونے والا (دائمی) اجر ہے o

Except for those who believe and do good works. For them is an unending (i.e., everlasting) reward.

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ (7)

ترجمہ: پھر اس کے بعد کون ہے جو آپ کو دین (یا قیامت اور جزا و سزا) کے بارے میں جھٹلاتا ہے o

Then who denies you after this regarding the Din (Religion or the Last Hour and reward and punishment)?

أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ (8)

ترجمہ: کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ہے o

Is Allah not the Greatest of all the rulers?

سورۃ العلق:

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ (1)

ترجمہ: (اے حبیب!) اپنے رب کے نام سے (آغاز کرتے ہوئے) پڑھئے جس نے (ہر چیز کو) پیدا فرمایا o

(O Beloved!) Read (commencing) with the Name of Allah, Who has created (everything).

خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ (2)

ترجمہ: اس نے انسان کو (رحمِ مادر میں) جونک کی طرح معلّق وجود سے پیدا کیا o

He created man from a hanging mass (clinging) like a leech (to the mother's womb).

اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ (3)

ترجمہ: پڑھیئے اور آپ کا رب بڑا ہی کریم ہے o.

Read, and your Lord is Most Generous,

الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ (4)

ترجمہ: جس نے قلم کے ذریعے (لکھنے پڑھنے کا) علم سکھایا o

Who taught man (reading and writing) by the pen,

عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (5)

ترجمہ: جس نے انسان کو (اس کے علاوہ بھی) وہ (کچھ) سکھا دیا جو وہ نہیں جانتا تھا۔ یا۔ جس نے (سب سے بلند رتبہ) انسان (محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بغیر ذریعۂ قلم کے) وہ سارا علم عطا فرما دیا جو وہ پہلے نہ جانتے تھے o

Who (besides that) taught man (all that) which he did not know.
Or
Who imparted to (the most eminent of) mankind (the chosen Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him] without using any pen) the whole knowledge that he was not aware of before.

كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَى (6)

ترجمہ: (مگر) حقیقت یہ ہے کہ (نافرمان) انسان سرکشی کرتا ہے o

(But) the fact is that (the disobedient) man rebels,

أَن رَّآهُ اسْتَغْنَى (7)

ترجمہ: اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو (دنیا میں ظاہراً) بے نیاز دیکھتا ہے o

For the reason that (apparently) he finds himself self-sufficient (in the world).

إِنَّ إِلَى رَبِّكَ الرُّجْعَى (8)

ترجمہ: بے شک (ہر انسان کو) آپ کے رب ہی کی طرف لوٹنا ہےo

Surely, (every man) has to return to your Lord.

أَرَأَيْتَ الَّذِيْ يَنْهَى (9)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہےo

Have you seen him who prevents,

عَبْداً إِذَا صَلَّى (10)

ترجمہ: (اللہ کے) بندے کو جب وہ نماز پڑھتا ہےo

یا:

(اللہ کے محبوب و برگزیدہ) بندے (محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جب وہ نماز پڑھتے ہیںo

The servant (of Allah) when he prays?

Or

The (beloved and the exalted) servant of Allah (Muhammad [blessings and peace be upon him]) when he offers Prayers.

أَرَأَيْتَ إِن كَانَ عَلَى الْهُدَى (11)

ترجمہ: بھلا دیکھئے تو اگر وہ ہدایت پر ہوتاo

Well, imagine! If he had been rightly guided;

أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوَى (12)

ترجمہ: یا وہ (لوگوں کو) پرہیزگاری کا حکم دیتا (تو کیا خوب ہوتا)o

Or if he had commanded (the people) to be pious (how beneficial it would have been)!

أَرَأَيْتَ إِن كَذَّبَ وَتَوَلَّى (13)

ترجمہ: اب بتائیے! اگر اس نے (دینِ حق کو) جھٹلایا ہے اور (آپ سے) منہ پھیر لیا ہے (تو اس کا کیا حشر ہوگا)o

But see now when he has rejected (the true Din [Religion]) and has turned away (from you, what torment is he going to face?)

أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللَّهَ يَرَى (14)

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ (اس کے سارے کردار کو) دیکھ رہا ہےo

Does he not know that Allah monitors (minutely all his conduct)?

كَلَّا لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعاً بِالنَّاصِيَةِ (15)

ترجمہ: خبردار! اگر وہ (گستاخءِ رسالت اور دینِ حق کی عداوت سے) باز نہ آیا تو ہم ضرور (اسے) پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹیں گےo

Beware! If he does not desist (from the denigration of the Holy Prophet

[blessings and peace be upon him] and antagonism against the true Din [Religion]), We shall certainly grab his forehead and drag him by the forelock,

نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ (16)

ترجمہ: وہ پیشانی جو جھوٹی (اور) خطا کار ہےo

His lying (and) sinful forehead!

فَلْيَدْعُ نَادِيَه (17)

ترجمہ: پس وہ اپنے ہم نشینوں کو (مدد کے لیے) بلا لےo

Then let him call his companions (for help).

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ (18)

ترجمہ: ہم بھی عنقریب (اپنے) سپاہیوں (یعنی دوزخ کے عذاب پر مقرر فرشتوں) کو بلا لیں گےo

We too shall soon call (Our) guards (the angels appointed to inflict the punishment of Hell).

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ) (19)

ترجمہ: ہرگز نہیں! آپ اس کے کیے کی پرواہ نہ کیجئے، اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ سربسجود رہیے اور (ہم سے مزید) قریب ہوتے جایئےo

No indeed! Do not pay any heed to his doings and, (O Esteemed Beloved,) persist in prostration and keep drawing near (to Us more and more).

سورۃ القدر:

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں اتارا ہےo

Surely, We sent down this (Holy Qur'an) during the Night of Destiny.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ (2)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں (کہ) شبِ قدر کیا ہےo

And what have you made out what the Night of Destiny is?

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ (3)

ترجمہ: شبِ قدر (فضیلت و برکت اور اَجر و ثواب میں) ہزار مہینوں سے بہتر ہےo

The Night of Destiny is better than a thousand months (in merit, blessings, reward and recompense).

تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ (4)

ترجمہ: اس (رات) میں فرشتے اور روح الامین (جبریل) اپنے رب کے حکم سے (خیر و برکت کے) ہر امر کے ساتھ اترتے ہیںo

The angels and the Spirit of Peace (Gabriel) descend by their Lord's command during this (night) with decrees concerning all matters (of blessings and bounties).

سَلَامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (5)

ترجمہ: یہ (رات) طلوعِ فجر تک (سراسر) سلامتی ہےo

This (night) is (absolute) peace and security till daybreak.

سورۃ البینہ:

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنفَكِّيْنَ حَتَّى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ (1)

ترجمہ: اہلِ کتاب میں سے جو لوگ کافر ہو گئے اور مشرکین اس وقت تک (کفر سے) الگ ہونے والے نہ تھے جب تک ان کے پاس روشن دلیل (نہ) آ جاتیo

The disbelievers from amongst the People of the Book and the idolaters would not desist (from disbelief) until clear proof came to them.

رَسُولٌ مِّنَ اللَّهِ يَتْلُو صُحُفاً مُّطَهَّرَةً (2)

ترجمہ: (وہ دلیل) اللہ کی طرف سے رسول (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں جو (ان پر) پاکیزہ اوراقِ (قرآن) کی تلاوت فرماتے ہیںo

That (proof) is the (last) Messenger from Allah, who recites (to them) holy pages (of the Glorious Qur'an),

فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ (3)

ترجمہ: جن میں درست اور مستحکم احکام (درج) ہیںo

In which are (written) correct and firm commandments.

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَةُ (4)

ترجمہ: (ان) اہل کتاب میں (نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت و رسالت پر ایمان لانے اور آپ کی شانِ اقدس کو پہچاننے کے بارے میں پہلے) کوئی پھوٹ نہ پڑی تھی مگر اس کے بعد کہ جب (بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) روشن دلیل ان کے پاس آ گئی (تو وہ باہم بٹ گئے کوئی ان پر ایمان لے آیا اور کوئی حسد کے باعث منکر و کافر ہو گیا)o

These People of the Book did not dissent amongst themselves (with regard to believing in the Prophethood and Messengership of the Last Messenger and recognizing his holy status), until after the clear proof (of the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him]) had come to them. (Then, they broke up: some of them accepted belief in him whilst others became deniers and disbelievers out of jealousy,)

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَاء وَيُقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ (5)

ترجمہ: حالاں کہ انہیں فقط یہی حکم دیا گیا تھا کہ صرف اسی کے لیے اپنے دین کو خالص کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں، (ہر

باطل سے جدا ہوکر) حق کی طرف یک سُوئی پیدا کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیا کریں اور یہی سیدھا اور مضبوط دین ہےo

Whereas they were commanded to worship only Allah, making their Din (faith and devotion) sincerely His (dissociating from every falsehood) to establish Prayer and to pay Zakat (the Alms-due) regularly. And this is the straight and firm Din (Religion).

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أُوْلَئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ (6)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اہلِ کتاب میں سے کافر ہو گئے اور مشرکین (سب) دوزخ کی آگ میں (پڑے) ہوں گے وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہیں، یہی لوگ بدترین مخلوق ہیںo

Indeed, those who disbelieve from amongst the People of the Book and the polytheists (all) will be (abiding) in the Fire of Hell. They are its permanent dwellers. It is they who are the worst of the creation.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُوْلَئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ (7)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہی لوگ ساری مخلوق سے بہتر ہیںo

Indeed, those who believe and keep doing pious actions, it is they who are the best of the creation.

جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ذَلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ (8)

ترجمہ: ان کی جزا ان کے رب کے حضور دائمی رہائش کے باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ اُن سے راضی ہو گیا ہے اور وہ لوگ اس سے راضی ہیں، یہ (مقام) اس شخص کے لیے ہے جو اپنے رب سے خائف رہاo

Their reward is the Gardens of eternal living in the presence of their Lord, with streams flowing under them. They will live in them forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Him. This (status) is meant for the one who fears his Lord.

سورۃ الزلزال:

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا (1)

ترجمہ: جب زمین اپنے سخت بھونچال سے بڑی شدت کے ساتھ تھرتھرائی جائے گیo

When the earth will be violently shaken with a high-scale quake,

وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا (2)

ترجمہ: اور زمین اپنے (سب) بوجھ نکال باہر پھینکے گیo

And when the earth will throw out (all) her burdens,

وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا (3)

ترجمہ: اورانسان (حیران وششدر ہوکر) کہے گا: اسے کیا ہوگیا ہےo

And man (bewildered and baffled) will say: 'What has happened to her?'

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا (4)

ترجمہ: اس دن وہ اپنے حالات خود ظاہر کردے گیo

On that Day, she will herself bring to light her experiences,

بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَى لَهَا (5)

ترجمہ: اس لیے کہ آپ کے رب نے اس کے لیے تیز اشاروں (کی زبان) کو مسخر فرما دیا ہوگاo

For your Lord will have made subservient to her (the symbolic language of) sharp signals.

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتاً لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ (6)

ترجمہ: اس دن لوگ مختلف گروہ بن کر (جدا جدا حالتوں کے ساتھ) نکلیں گے تاکہ انہیں ان کے اَعمال دکھائے جائیںo

On that Day, people will form up in different groups, (in diverse conditions,) so that they may be shown their works.

فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْراً يَرَهُ (7)

ترجمہ: تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گاo

Then he who will have done even an atom's weight of good will see it.

وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرّاً يَرَهُ (8)

ترجمہ: اور جس نے ذرہ بھر برائی کی ہوگی وہ اسے (بھی) دیکھ لے گاo

And he who will have done even an atom's weight of evil will (also) see it.

سورۃ العادیات:

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحاً (1)

ترجمہ: (میدانِ جہاد میں) تیز دوڑنے والے گھوڑوں کی قَسم جو ہانپتے ہیںo

By the charging horses that gallop (in the battlefield) and pant,

فَالْمُورِيَاتِ قَدْحاً (2)

ترجمہ: پھر جو پتھروں پر سُم مار کر چنگاریاں نکالتے ہیںo

And those that produce sparks striking their hoofs on rocks,

فَالْمُغِيرَاتِ صُبْحاً (3)

ترجمہ: پھر جو صبح ہوتے ہی (دشمن پر) اچانک حملہ کر ڈالتے ہیںo

Then they attack (the enemy) at dawn,

فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعاً (4)

ترجمہ: پھر وہ اس (حملے والی) جگہ سے گرد و غبار اڑاتے ہیںo

And then raise clouds of dust from the point (of attack),

فَوَسَطْنَ بِهِ جَمْعاً (5)

ترجمہ: پھر وہ اسی وقت (دشمن کے) لشکر میں گھس جاتے ہیںo

And then simultaneously pierce into (the enemy) ranks,

إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ (6)

ترجمہ: بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا ہےo

Indeed, man is most ungrateful to his Lord,

وَإِنَّهُ عَلَى ذَلِكَ لَشَهِيدٌ (7)

ترجمہ: اور یقیناً وہ اس (ناشکری) پر خود گواہ ہےo

And verily, he is himself a witness to this ingratitude.

وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ (8)

ترجمہ: اور بے شک وہ مال کی محبت میں بہت سخت ہےo

And indeed, he is quite stubborn in his love of wealth.

أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ (9)

ترجمہ: تو کیا اسے معلوم نہیں جب وہ (مُردے) اٹھائے جائیں گے جو قبروں میں ہیںo

But does he not know when those (dead) in the graves will be raised,

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ (10)

ترجمہ: اور (راز) ظاہر کر دیے جائیں گے جو سینوں میں ہیںo

And secrets which are in hearts will be disclosed?

إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ (11)

ترجمہ: بے شک ان کا رب اس دن ان (کے اعمال) سے خوب خبردار ہوگاo

Indeed, their Lord will be Well Aware of their (deeds) on that Day.

سورۃ التکاثر:

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ (1)

ترجمہ: تمہیں کثرتِ مال کی ہوس اور فخر نے (آخرت سے) غافل کر دیاo

Your greed for massive wealth and the superiority complex has made you negligent (of the Hereafter),

حَتَّى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ (2)

ترجمہ: یہاں تک کہ تم قبروں میں جا پہنچےo

Until you go down to the graves.

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ (3)

ترجمہ: ہرگز نہیں! (مال و دولت تمہارے کام نہیں آئیں گے) تم عنقریب (اس حقیقت کو) جان لو گے o

No indeed! You will soon learn (this reality that wealth and riches will avail you nothing).

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ (4)

ترجمہ: پھر (آگاہ کیا جاتا ہے:) ہرگز نہیں! عنقریب تمہیں (اپنا انجام) معلوم ہو جائے گا o

Again (you are warned.) No! Never! You will soon learn about (your end).

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ عِلْمَ الْيَقِينِ (5)

ترجمہ: ہاں ہاں! کاش تم (مال و زَر کی ہوس اور اپنی غفلت کے انجام کو) یقینی علم کے ساتھ جانتے (تو دنیا میں کھو کر آخرت کو اس طرح نہ بھولتے) o

Yes indeed! Would that you knew with the knowledge of certitude (the consequence of greed for wealth and riches and your negligence! Then, lost in the worldly pleasures, you would never forget the Hereafter like this).

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيمَ (6)

ترجمہ: تم (اپنی حرص کے نتیجے میں) دوزخ کو ضرور دیکھ کر رہو گے o

(Consequent on your greed) you will surely see Hell.

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِينِ (7)

ترجمہ: پھر تم اسے ضرور یقین کی آنکھ سے دیکھ لو گے o

Then you will certainly see it with the eye of certitude.

ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ (8)

ترجمہ: پھر اس دن تم سے (اللہ کی) نعمتوں کے بارے میں ضرور پوچھا جائے گا (کہ تم نے انہیں کہاں کہاں اور کیسے کیسے خرچ کیا تھا) o

Then on that Day, you will certainly be questioned about the bounties (given to you by Allah and the way you consumed them).

سورۃ العصر:

وَالْعَصْرِ (1)

ترجمہ: زمانہ کی قَسم (جس کی گردش انسانی حالات پر گواہ ہے)

یا:

نمازِ عصر کی قسم (کہ وہ سب نمازوں کا وسط ہے)

یا:

وقتِ عصر کی قسم (جب دن بھر چمکنے والا سورج خود ڈوبنے کا منظر پیش کرتا ہے)

یا:

زمانۂ بعثت مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی قَسم (جو سارے زمانوں کا ماحصل اور مقصود ہے)o

By the passing time (whose rotation bears witness to the affairs of mankind).

Or

By the Prayer of declining day ('Asr, for this Prayer is the middle of all Prayers).

Or

By the declining time of the day, (when the sun, after shining for the whole day, presents the sight of its setting).

Or

By the holy era of the Prophethood of Muhammad (blessings and peace be upon him), the sole objective and the most coveted achievement of all ages historic as well as pre-historic, and of all times to come.

إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ (2)

ترجمہ: بے شک انسان خسارے میں ہے (کہ وہ عمرِ عزیز گنوا رہا ہے)o

Indeed, man is at a loss (for he is losing his valuable lifetime),

إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ (3)

ترجمہ: سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے اور (معاشرے میں) ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہے اور (تبلیغِ حق کے نتیجے میں پیش آمدہ مصائب و آلام میں) باہم صبر کی تاکید کرتے رہےo

Except for those who believe and do good deeds and exhort one another to truth and exhort one another to patience (in the face of hardships and afflictions that are faced whilst preaching the Din [Religion] of truth).

سورۃ الہمزۃ:

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ (1)

ترجمہ: ہر اس شخص کے لیے ہلاکت ہے جو (روبرو) طعنہ زنی کرنے والا ہے (اور پسِ پشت) عیب جوئی کرنے والا ہےo

Woe to everyone who slanders (face to face) and finds fault (in absence)!

الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ (2)

ترجمہ: (خرابی و تباہی ہے اس شخص کے لیے) جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھتا ہےo

(Woe to him) who accumulates wealth and keeps counting it!

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ (3)

ترجمہ: وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی دولت اسے ہمیشہ زندہ رکھے گیo

He thinks that his riches will keep him alive forever.

كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ (4)

ترجمہ: ہرگزنہیں! وہ ضرور حطمہ (یعنی چوراچورا کردینے والی آگ) میں پھینک دیا جائے گاo

By no means! He will certainly be cast into al-Hutama (the crushing up Fire).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ (5)

ترجمہ: اورآپ کیا سمجھے ہیں کہ حطمہ (چوراچورا کردینے والی آگ) کیا ہےo

And what will make you understand what al-Hutama (the crushing up Fire) is?

نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ (6)

ترجمہ: (یہ) اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہےo

(It) is a Fire kindled by Allah.

الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ (7)

ترجمہ: جودلوں پر (اپنی اذیت کے ساتھ) چڑھ جائے گیo

That will rise over the hearts (with its torture).

إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ (8)

ترجمہ: بےشک وہ (آگ) ان لوگوں پر ہرطرف سے بند کردی جائے گیo

Indeed, that (Fire) will be closed upon them all around,

فِي عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ (9)

ترجمہ: (بھڑکتے شعلوں کے) لمبے لمبے ستونوں میں (اوران لوگوں کے لیے کوئی راہِ فرار نہ رہے گی)o

In towering columns (of fierce flames and they will not find any way to escape).

سورۃ الفیل:

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ (1)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا سلوک کیاo

Have you not seen how your Lord dealt with those who had elephants?

أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ (2)

ترجمہ: کیااس نے ان کے مکروفریب کو باطل وناکام نہیں کردیاo

Did He not thwart their crafty designs?

وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْراً أَبَابِيلَ (3)

ترجمہ: اوراس نے ان پر (ہرسمت سے) پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیج دیےo

And He sent on to them (ambient) swarms of birds,

تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ (4)

ترجمہ: جوان پر کنکر یلے پتھر مارتے تھےo

Which pelted them with stone-hard slugs.

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ (5)

ترجمہ: پھر (اللہ نے) ان کو کھائے ہوئے بھوسے کی طرح (پامال) کر دیاo

Then (Allah made them perish) like chewed-up chaff.

سورۃ القریش:

لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ (1)

ترجمہ: قریش کو رغبت دلانے کے سبب سےo

To awake drive amongst the Quraysh,

إِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ (2)

ترجمہ: انہیں سردیوں اور گرمیوں کے (تجارتی) سفر سے مانوس کر دیاo

They were acclimatized to the summer and winter (commercial) trips.

فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَذَا الْبَيْتِ (3)

ترجمہ: پس انہیں چاہئے کہ اس گھر (خانہ کعبہ) کے رب کی عبادت کریں (تاکہ اس کی شکر گزاری ہو)o

So they should worship the Lord of this (Sacred) House (Ka'ba, to give Him thanks),

الَّذِي أَطْعَمَهُم مِّن جُوعٍ وَآمَنَهُم مِّنْ خَوْفٍ (4)

ترجمہ: جس نے انہیں بھوک (یعنی فقر و فاقہ کے حالات) میں کھانا دیا (یعنی رزق فراہم کیا) اور (دشمنوں کے) خوف سے امن بخشا (یعنی محفوظ و مامون زندگی سے نوازا)o

Who has fed them in hunger (i.e., provided them sustenance in starving conditions) and secured them from fear (of foes i.e., blessed them with secure and peaceful life).

سورۃ الکوثر:

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو (ہر خیر و فضیلت میں) بے انتہا کثرت بخشی ہے☆o

☆ کوثر سے مراد حوض کوثر یا نہر جنت بھی ہے اور قرآن اور نبوت و حکمت بھی، فضائل و معجزات کی کثرت یا اصحاب و اتباع اور امت کی کثرت بھی مراد لی گئی ہے۔ رفعت ذکر اور خلق عظیم بھی مراد ہے اور دنیا و آخرت کی نعمتیں بھی، نصرت الٰہیہ اور کثرت فتوحات بھی مراد ہیں اور روز قیامت مقام محمود اور شفاعت عظمیٰ بھی مراد لی گئی ہے۔

Indeed, We have bestowed on you an infinite abundance (every kind of superiority, bliss and bounty).*

*** Al-Kawthar has various connotations: The reservoir of al-Kawthar, the stream**

in Paradise, the Holy Qur'an, the Prophethood and the Prophetic wisdom, limitless bounties and countless miracles, innumerable followers and a massive Umma (Community), the exalted name and divinely eminent conduct, the bounties here and Hereafter, Allah's assistance and numerous victories, the Praiseworthy Station on the Last Day and the divine privilege of Intercession.

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ (2)

ترجمہ: پس آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھا کریں اور قربانی دیا کریں (یہ ہدیۂ تشکّر ہے)o

So pray to your Lord and offer sacrifice (a token of gratitude).

إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ (3)

ترجمہ: بے شک آپ کا دشمن ہی بے نسل اور بے نام ونشاں ہوگاo

Indeed, your enemy will remain childless and his race will be cut off.

سورۃ الکافرون:

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ (1)

ترجمہ: آپ فرما دیجئے: کہ اے کافرو!o

Say: 'O disbelievers!

لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ (2)

ترجمہ: میں ان کی عبادت نہیں کرتا جنہیں تم پوجتے ہوo

I do not worship that which you worship.

وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ (3)

ترجمہ: اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوںo

Nor do you worship Whom I worship.

سورۃ النصر:

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ وَالْفَتْحُ (1)

ترجمہ: جب اللہ کی مدد اور فتح آپہنچےo

When there comes Allah's help and victory,

وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللَّهِ أَفْوَاجاً (2)

ترجمہ: اور آپ لوگوں کو دیکھ لیں (کہ) وہ اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہو رہے ہیںo

And you see people joining Allah's Din (Religion) in droves,

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّاباً (3)

ترجمہ: تو آپ (تشکراً) اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح فرمائیں اور (تواضعاً) اس سے استغفار کریں، بے شک وہ بڑا ہی توبہ قبول

فرمانے والا (اور مزید رحمت کے ساتھ رجوع فرمانے والا) ہےo

Then glorify Allah's praise (in gratitude), exalting Him, and beg Him (humbly) for pardon. Surely, He is Ever-Relenting and Oft-Returning (with evermore compassion).

سورۃ الاخلاص:

قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ (1)

ترجمہ: (اے نبی مکرّم!) آپ فرما دیجیے: وہ اللہ ہے جو یکتا ہےo

(O Esteemed Messenger!) Proclaim: 'He is Allah, Who is the One.

اللَّهُ الصَّمَدُ (2)

ترجمہ: اللہ سب سے بے نیاز، سب کی پناہ اور سب پر فائق ہےo

Allah is the Transcendent of all, the Protector and Far-Superior to all.

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ (3)

ترجمہ: نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ہے اور نہ ہی وہ پیدا کیا گیا ہےo

He has not begotten any, nor is He begotten.

وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ (4)

ترجمہ: اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہےo

Nor is there anyone equal to Him.'

سورۃ الفلق:

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (1)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے کہ میں (ایک) دھماکے سے انتہائی تیزی کے ساتھ (کائنات کو) وجود میں لانے والے رب کی پناہ مانگتا ہوںo

Beseech: 'I seek refuge with the Lord of daybreak (or Who brought the universe into existence with an explosion extremely fast),

مِن شَرِّ مَا خَلَقَ (2)

ترجمہ: ہر اس چیز کے شر (اور نقصان) سے جو اس نے پیدا فرمائی ہےo

From the evil influence (and harmfulness) of everything that He has created,

وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ (3)

ترجمہ: اور (بالخصوص) اندھیری رات کے شر سے جب (اس کی) ظلمت چھا جائےo

And (in particular) from the evil of the murky night when (its) darkness

prevails,

وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ (4)

ترجمہ: اور گرہوں میں پھونک مارنے والی جادوگرنیوں (اور جادوگروں) کے شر سے o

And from the evil of those women (and men) who practise magic on knots by blowing,

وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ (5)

ترجمہ: اور ہر حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے o

And from the mischief of every envious person when he envies.'

سورۃ الناس:

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ (1)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے کہ میں (سب) انسانوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوں o

Beseech: 'I seek refuge with the Lord of (the whole of) mankind,

مَلِكِ النَّاسِ (2)

ترجمہ: جو (سب) لوگوں کا بادشاہ ہے o

Who is the King of (all) mankind,

إِلَهِ النَّاسِ (3)

ترجمہ: جو (ساری) نسلِ انسانی کا معبود ہے o

Who is the God of the (whole) human race,

مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ (4)

ترجمہ: وسوسہ انداز (شیطان) کے شر سے جو (اللہ کے ذکر کے اثر سے) پیچھے ہٹ کر چھپ جانے والا ہے o

From the evil of the slinking whisperer (Satan) who hides himself withdrawing (from the influence of Allah's remembrance),

الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ (5)

ترجمہ: جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے o

Who whispers into the hearts of mankind,

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ (6)

ترجمہ: خواہ وہ (وسوسہ انداز شیطان) جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے o

Whether he (the whispering Satan) comes from the jinn or mankind.'

3۔ اللہ پاک اور رسول پاک ﷺ کا اکٹھا ذکر

سورۃ العمران:

قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللّهَ فَاتَّبِعُونِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (31)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ فرمادیں: اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو تب اللہ تمہیں (اپنا) محبوب بنالے گا اور تمہارے لیے تمہارے گناہ معاف فرمادے گا، اور اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہےo

(O Beloved!) Say: 'If you love Allah, follow me. Allah will then take you as (His) beloved, and forgive you your sins for you, and Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

قُلْ أَطِيْعُواْ اللّهَ وَالرَّسُولَ فإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبُّ الْكَافِرِيْنَ(32)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو پھر اگر وہ روگردانی کریں تو اللہ کافروں کو پسند نہیں کرتاo

Say: 'Obey Allah and the Messenger (blessings and peace be upon him).' But if they turn away, then Allah does not like the disbelievers.

وَأَطِيْعُواْ اللّهَ وَالرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ(132)

ترجمہ: اور اللہ کی اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی فرمانبرداری کرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائےo

And persist in obedience to Allah and the Messenger (blessings and peace be upon him) so that you may be blessed with mercy.

سورۃ النساء:

تِلْكَ حُدُودُ اللّهِ وَمَن يُطِعِ اللّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (13)

ترجمہ: یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں، اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی فرمانبرداری کرے اسے وہ بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہیں ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ بڑی کامیابی ہےo

These are the limits set by Allah. And the one who obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He (Allah) will admit him to the Gardens beneath which rivers flow. They shall reside therein forever, and this is a great achievement.

وَمَن يَعْصِ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَيَتَعَدَّ حُدُودَهُ يُدْخِلْهُ نَاراً خَالِداً فِيْهَا وَلَهُ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ(14)

ترجمہ: اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کرے اور اس کی حدود سے تجاوز کرے اسے وہ دوزخ میں داخل کرے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا، اور اس کے لیے ذلّت انگیز عذاب ہےo

But whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and exceeds His limits, He will admit him to Hell wherein shall he

dwell forever; and there is a humiliating torment for him.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ أَطِيْعُواْ اللّهَ وَأَطِيْعُواْ الرَّسُولَ وَأُوْلِيْ الأَمْرِ مِنكُمْ فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ ذَلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيْلاً(59)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو اور اپنے میں سے (اہلِ حق) صاحبانِ اَمر کی، پھر اگر کسی مسئلہ میں تم باہم اختلاف کرو تو اسے (حتمی فیصلہ کے لیے) اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف لوٹا دو اگر تم اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہو، (تو) یہی (تمہارے حق میں) بہتر اور انجام کے لحاظ سے بہت اچھا ہےo

O believers! Obey Allah and obey the Messenger (blessings and peace be upon him) and those (men of truth) who hold command amongst you. Then if you disagree amongst yourselves over any issue, refer it to Allah and the Messenger ([blessings and peace be upon him] for final judgment), if you believe in Allah and the Last Day. That is best (for you) and best for the end result.

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْاْ إِلَى مَا أَنزَلَ اللّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِيْنَ يَصُدُّونَ عَنكَ صُدُوداً (61)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے نازل کردہ (قرآن) کی طرف اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف آجاؤ تو آپ منافقوں کو دیکھیں گے کہ وہ آپ (کی طرف رجوع کرنے) سے گریزاں رہتے ہیںo

And when they are asked to come to what Allah has revealed (the Qur'an) and to the Messenger (blessings and peace be upon him), you will see that the hypocrites turn away from (coming towards) you.

وَمَن يُطِعِ اللّهَ وَالرَّسُولَ فَأُوْلَـئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاء وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ أُولَـئِكَ رَفِيْقاً (69)

ترجمہ: اور جو کوئی اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرے تو یہی لوگ (روزِ قیامت) ان (ہستیوں) کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے (خاص) انعام فرمایا ہے جو کہ انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین ہیں، اور یہ بہت اچھے ساتھی ہیںo

And whoever obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) are the people who will be in the company of those (spiritual dignitaries on the Last Day) whom Allah has blessed with His (special) favour: the Prophets, the truthful, the martyrs and the most pious. And how excellent these companions are!

ذَلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّهِ وَكَفَى بِاللّهِ عَلِيْماً (70)

ترجمہ: یہ فضل (خاص) اللہ کی طرف سے ہے، اور اللہ جاننے والا کافی ہےo

This (exceptional) bounty is from Allah, and Allah suffices as a Knower.

مَّنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللّهَ وَمَن تَوَلَّى فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظاً (80)

ترجمہ: جس نے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا حکم مانا بے شک اس نے اللہ (ہی) کا حکم مانا، اور جس نے روگردانی کی تو ہم نے آپ کو ان پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجا o

Whoever obeys the Messenger (blessings and peace be upon him) obeys (but) Allah indeed, but he who turns away, then We have not sent you to watch over them.

وَمَن يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللّهِ يَجِدْ فِي الأَرْضِ مُرَاغَماً كَثِيراً وَسَعَةً وَمَن يَخْرُجْ مِن بَيْتِهِ مُهَاجِراً إِلَى اللّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلى اللّهِ وَكَانَ اللّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (100)

ترجمہ: اور جو کوئی اللہ کی راہ میں گھر بار چھوڑ کر نکلے وہ زمین میں (ہجرت کے لیے) بہت سی جگہیں اور (معاش کے لیے) کشائش پائے گا، اور جو شخص بھی اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے پھر اسے (راستے میں ہی) موت آ پکڑے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ثابت ہو گیا، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے o

And he who emigrates leaving his home in the way of Allah will find (for hijra-migration) many places in the earth and plentiful provision (for sustenance), and he who leaves his home, migrating towards Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), and then death overtakes him (on the way), his reward with Allah is ensured and Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِاللّهِ وَرُسُلِهِ وَيُرِيدُونَ أَن يُفَرِّقُواْ بَيْنَ اللّهِ وَرُسُلِهِ وَيَقُولُونَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَيُرِيدُونَ أَن يَتَّخِذُواْ بَيْنَ ذَلِكَ سَبِيلاً (150)

ترجمہ: بلاشبہ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں کے ساتھ کفر کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں کے درمیان تفریق کریں اور کہتے ہیں کہ ہم بعض کو مانتے ہیں اور بعض کو نہیں مانتے اور چاہتے ہیں کہ اس (ایمان و کفر) کے درمیان کوئی راہ نکال لیں o

Surely, those who disbelieve in Allah and His Messengers and seek to discriminate between Allah and His Messengers and say: 'We believe in some and deny the others,' and intend to find a way in between (belief and disbelief),

أُوْلَـئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ حَقّاً وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ عَذَاباً مُّهِيناً (151)

ترجمہ: ایسے ہی لوگ درحقیقت کافر ہیں، اور ہم نے کافروں کے لیے رُسوا کن عذاب تیار کر رکھا ہے o

They are the ones who are in fact the disbelievers. And We have prepared a humiliating torment for the disbelievers.

سورۃ المائدہ:

إِنَّمَا جَزَاء الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الأَرْضِ فَسَاداً أَن يُقَتَّلُواْ أَوْ يُصَلَّبُواْ أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم مِّنْ خِلافٍ أَوْ يُنفَوْاْ مِنَ الأَرْضِ ذَلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (33)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین میں فساد انگیزی کرتے پھرتے ہیں (یعنی مسلمانوں میں خوں ریزی، رہزنی، ڈاکہ زنی، دہشت گردی اور قتلِ عام کے مرتکب ہوتے ہیں) ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کیے جائیں یا پھانسی دیے جائیں یا ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں مخالف سمتوں سے کاٹے جائیں یا (وطن کی) زمین (میں چلنے پھرنے) سے دور (یعنی ملک بدر یا قید) کر دیے جائیں۔ یہ (تو) ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لیے آخرت میں (بھی) بڑا عذاب ہےo

Indeed, those who wage war against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and remain engaged in creating mischief in the land (i.e., perpetrate bloodshed, terrorism, robbery, burglary and massacre amongst Muslims), their punishment is that they should be slain, or hanged to death, or their hands and their feet on opposite sides should be cut off, or they should be exiled far from (i.e., deprived of moving about in) the homeland (i.e., either by banishment or by imprisonment). That is the humiliation for them in this world, and for them there is a terrible torment in the Hereafter (as well),

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ الَّذِيْنَ يُقِيْمُونَ الصَّلاَةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ **(55)**

ترجمہ: بے شک تمہارا (حقیقی مددگار اور) دوست تو اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہی ہے اور (ساتھ) وہ ایمان والے ہیں جو نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ (اللہ کے حضور عاجزی سے) جھکنے والے ہیںo

Indeed, your real helper and friend is only Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers (as well) who persevere in offering Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and they are those who bow down (with extreme submissiveness before the presence of Allah).

وَمَن يَتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ فَإِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغَالِبُونَ **(56)**

ترجمہ: اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ایمان والوں کو دوست بنائے گا تو (وہی اللہ کی جماعت ہے اور) اللہ کی جماعت (کے لوگ) ہی غالب ہونے والے ہیںo

And the one who makes friends with Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers, then (they are the people who are Allah's party), and (it is the people of) Allah's party who will surely overmaster.

وَأَطِيْعُواْ اللّٰهَ وَأَطِيْعُواْ الرَّسُولَ وَاحْذَرُواْ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُواْ أَنَّمَا عَلَى رَسُولِنَا الْبَلاَغُ الْمُبِيْنُ **(92)**

ترجمہ: اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو اور (خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت سے) بچتے رہو، پھر اگر تم نے رُوگردانی کی تو جان لو کہ ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر صرف (احکام کا) واضح طور پر پہنچا دینا ہی ہے (اور وہ یہ فریضہ ادا فرما چکے ہیں)o

And obey Allah and obey the Messenger (blessings and peace be upon him) and be on your guard (against opposition to Allah and the Messenger

[blessings and peace be upon him]). But if you turn away, then you should know that the responsibility of Our Messenger (blessings and peace be upon him) is only to deliver (the commandments) clearly (and he has accomplished this duty).

سورۃ الاعراف:

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللّٰهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعاً الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لا إِلَهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ فَآمِنُواْ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ(158)

ترجمہ: آپ فرما دیں: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول (بن کر آیا) ہوں جس کے لیے تمام آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی جلاتا اور مارتا ہے، سو تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ جو شانِ اُمیّت کا حامل نبی ہے (یعنی اس نے اللہ کے سوا کسی سے کچھ نہیں پڑھا مگر جمیع خلق سے زیادہ جانتا ہے اور کفر و شرک کے معاشرے میں جوان ہوا مگر بطنِ مادر سے نکلے ہوئے بچے کی طرح معصوم اور پاکیزہ ہے) جو اللہ پر اور اس کے (سارے نازل کردہ) کلاموں پر ایمان رکھتا ہے اور تم انہی کی پیروی کرو تاکہ تم ہدایت پا سکو o

Say: 'O mankind! I have (come) to all of you (as) the Messenger of Allah to Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth. There is no God except He. He is the One Who grants life and causes death.' So believe in Allah and His Messenger, who is a Prophet crowned with the glory of being al-Ummi (i.e., he has not learnt anything from anyone except Allah, but knows far more than the entire creation, and is innocent and pure like a newborn baby, despite his upbringing in an infidel and polytheistic society), who believes in Allah and (all) His (revealed) Books and follow him alone so that you may take guidance.

سورۃ الانفال:

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنفَالِ قُلِ الْأَنفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُولِ فَاتَّقُواْ اللّٰهَ وَأَصْلِحُواْ ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَأَطِيعُواْ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (1)

ترجمہ: (اے نبیٔ مکرّم!) آپ سے اَموالِ غنیمت کی نسبت سوال کرتے ہیں۔ فرما دیجیے: اَموالِ غنیمت کے مالک اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں۔ سو تم اللہ سے ڈرو اور اپنے باہمی معاملات کو درست رکھا کرو اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کیا کرو اگر تم ایمان والے ہو o

(O Esteemed Messenger!) They ask you about the spoils of war. Say: 'The spoils belong to Allah and the Messenger (blessings and peace be upon him). So, fear Allah and keep your mutual matters set aright, and obey Allah and His Messenger if you are believers.'

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ أَطِيعُواْ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلاَ تَوَلَّوْاْ عَنْهُ وَأَنتُمْ تَسْمَعُونَ (20)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کی اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو اور اس سے روگردانی مت کرو حالاں کہ تم سن رہے ہوo

O believers! Obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and do not turn away from him whilst you are hearing.

وَلَا تَكُونُواْ كَالَّذِيْنَ قَالُوا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ (21)

ترجمہ: اور ان لوگوں کی طرح مت ہو جانا جنہوں نے (دھوکہ دہی کے طور پر) کہا: ہم نے سن لیا، حالاں کہ وہ نہیں سنتےo

And do not be like those who said (by way of betraying): 'We have heard,' whereas they do not hear.

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُواْ اسْتَجِيْبُواْ لِلّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُم لِمَا يُحْيِيْكُمْ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (24)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب (بھی) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں کسی کام کے لیے بلائیں جو تمہیں (جاودانی) زندگی عطا کرتا ہے تو اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، دونوں) کی طرف فرمانبرداری کے ساتھ جواب دیتے ہوئے (فوراً) حاضر ہو جایا کرو؛ اور جان لو کہ اللہ آدمی اور اس کے قلب کے درمیان (شانِ قربتِ خاصہ کے ساتھ) حائل ہوتا ہے اور یہ کہ تم سب (بالآخر) اسی کی طرف جمع کیے جاؤ گےo

O Believers! Present yourselves (immediately) responding to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) with submissiveness and obedience whenever He calls you for some assignment that brings you (eternal) life. And bear in mind that Allah intervenes between man and his heart (with a Glory of exclusive nearness), and that all of you will (ultimately) be gathered towards Him.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لَا تَخُونُواْ اللّهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُواْ أَمَانَاتِكُمْ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (27)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے (ان کے حقوق کی ادائیگی میں) خیانت نہ کیا کرو اور نہ آپس کی امانتوں میں خیانت کیا کرو حالاں کہ تم (سب حقیقت) جانتے ہوo

O believers! Do not betray the trust of Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] in paying them what is their due), nor betray your mutual trusts, whilst you know (the whole truth).

سورۃ التوبۃ:

بَرَاءةٌ مِّنَ اللّهِ وَرَسُولِهِ إِلَى الَّذِيْنَ عَاهَدتُّم مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ (1)

ترجمہ: اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف سے بیزاری (ودست برداری) کا اعلان ہے ان مشرک لوگوں کی طرف جن سے تم نے (صلح وامن کا) معاہدہ کیا تھا (لیکن اُنہوں نے معاہدہ توڑتے ہوئے حالتِ جنگ کو پھر بحال کر دیا)o

Absolution (i.e., renunciation) is declared from Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) to those polytheists with whom you had

made a treaty of peace (but they breached the truce and restored the state of war).

وَأَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللّٰهَ بَرِيْءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُولُهُ فَإِن تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُواْ أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ (3)

ترجمہ: (یہ آیات) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جانب سے تمام لوگوں کی طرف حجِ اکبر کے دن اعلانِ (عام) ہے کہ اللہ مشرکوں سے بے زار ہے اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھی (ان سے بری الذمّہ ہے)، پس (اے مشرکو!) اگر تم توبہ کر لو تو وہ تمہارے حق میں بہتر ہے اور اگر تم نے روگردانی کی تو جان لو کہ تم ہرگز اللہ کو عاجز نہ کر سکو گے، اور (اے حبیب!) آپ کافروں کو دردناک عذاب کی خبر سنا دیں o

(These Verses) are a (public) declaration from Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) for all mankind on the day of the Great Pilgrimage that Allah is absolved of all obligations to the polytheists, and His Messenger (blessings and peace be upon him) too (is free from all obligations to them). So, (O polytheists,) if you repent, that is better for you, but if you turn away, then know that you cannot at all make Allah's strategy ineffective. And, (O Beloved,) warn the disbelievers of a grievous torment,

كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِندَ اللّٰهِ وَعِندَ رَسُولِهِ إِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدتُّمْ عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَمَا اسْتَقَامُواْ لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُواْ لَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ (7)

ترجمہ: (بھلا) مشرکوں کے لیے اللہ کے ہاں اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ہاں کوئی عہد کیوں کر ہو سکتا ہے؟ سوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے مسجدِ حرام کے پاس (حدیبیہ میں) معاہدہ کیا ہے سو جب تک وہ تمہارے ساتھ (عہد پر) قائم رہیں تم ان کے ساتھ قائم رہو۔ بے شک اللہ پرہیزگاروں کو پسند فرماتا ہے o

(How) can there be a promise for the polytheists with Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) except for those with whom you have made a treaty near the Sacred Mosque (at al-Hudaybiya)? So as long as they remain true to (the treaty with) you, remain true to them. Surely, Allah loves those who fear Him.

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تُتْرَكُواْ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُواْ مِنكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُواْ مِن دُونِ اللّٰهِ وَلَا رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (16)

ترجمہ: کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ تم (مصائب و مشکلات سے گزرے بغیر یونہی) چھوڑ دیے جاؤ گے حالاں کہ (ابھی) اللہ نے ایسے لوگوں کو متمیّز نہیں فرمایا جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا ہے اور (جنہوں نے) اللہ کے سوا اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے سوا اور اہلِ ایمان کے سوا (کسی کو) محرمِ راز نہیں بنایا، اور اللہ ان کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہو o

Do you think that you will be spared (without passing through troubles and hardships), whilst Allah has not (yet) made distinctly known those amongst you who have fought in the way of Allah and (who) have not taken anyone as a

confidant besides Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers? And Allah is Well Aware of the deeds that you do.

قُلْ إِن كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَآؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُم مِّنَ اللّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُواْ حَتَّى يَأْتِيَ اللّهُ بِأَمْرِهِ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ **(24)**

ترجمہ: (اے نبی مکرم!) آپ فرما دیں: اگر تمہارے باپ (دادا) اور تمہارے بیٹے (بیٹیاں) اور تمہارے بھائی (بہنیں) اور تمہاری بیویاں اور تمہارے (دیگر) رشتہ دار اور تمہارے اموال جو تم نے (محنت سے) کمائے اور تجارت و کاروبار جس کے نقصان سے تم ڈرتے رہتے ہو اور وہ مکانات جنہیں تم پسند کرتے ہو، تمہارے نزدیک اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اس کی راہ میں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں تو پھر انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم (عذاب) لے آئے، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا o

(O Esteemed Messenger!) Say: 'If your fathers (and forefathers) and your sons (and daughters) and your brothers (and sisters) and your wives and your (other) kith and kin and the riches that you have earned (so hard) and the trade and business that you fear may decline and the homes you are fond of are dearer to you than Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and struggling in His cause, then wait until Allah brings His command (of torment). And Allah does not guide the disobedient.'

قَاتِلُواْ الَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلاَ بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَلاَ يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَلاَ يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حَتَّى يُعْطُواْ الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ **(29)**

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تم اہلِ کتاب میں سے ان لوگوں کے ساتھ (بھی جوابی) جنگ کرو (جنہوں نے تمہارے ساتھ مدینہ میں کیے ہوئے معاہدۂ اَمن کو توڑ کر، جلاوطنی کے باوُجود جنگ اَحزاب میں مدینہ پر حملہ آور کفارِ مکہ کی اَفواج کی بھرپور مدد کی اور اب بھی تمہارے خلاف تمام ممکنہ سازشیں جاری رکھے ہوئے ہیں) جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ یومِ آخرت پر اور نہ ان چیزوں کو حرام جانتے ہیں جنہیں اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے حرام قرار دیا ہے اور نہ ہی دینِ حق اختیار کرتے ہیں، یہاں تک کہ وہ (ریاست کے دستور اور نظام کے) تابع ہو کر اپنے ہاتھ سے ریاستی حفاظت کا ٹیکس (جو عسکری خدمات سے اِستثناء کی صورت میں وصول کیا جاتا ہے) ادا کریں o

(O Muslims!) Wage (also a defensive) war against those of the People of the Book who (infringed the peace treaty signed with you in Medina, and despite being in exile, provided full support to the disbelieving Meccan invaders who imposed the battle of al-Ahzab [the Confederates] on Medina, and have continued every possible conspiracy against you even now) do not have faith in Allah and the Last Day, and do not consider unlawful the things Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have declared unlawful, and

do not adopt the true Religion until they give in and surrender (to the state and constitution), by paying the state security tax with their own hands (in case of exemption from military services).

وَمَا مَنَعَهُمْ أَن تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقَاتُهُمْ إِلَّا أَنَّهُمْ كَفَرُواْ بِاللّهِ وَبِرَسُولِهِ وَلاَ يَأْتُونَ الصَّلاَةَ إِلَّا وَهُمْ كُسَالَى وَلاَ يُنفِقُونَ إِلَّا وَهُمْ كَارِهُونَ(54)

ترجمہ: اوران سے ان کے نفقات (یعنی صدقات) کے قبول کیے جانے میں کوئی (اور) چیز انہیں مانع نہیں ہوئی سوائے اس کے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے منکر ہیں اور وہ نماز کی ادائیگی کے لیے نہیں آتے مگر کاہلی و بے رغبتی کے ساتھ اور وہ (اللہ کی راہ میں) خرچ (بھی) نہیں کرتے مگر اس حال میں کہ وہ ناخوش ہوتے ہیں o

And there is nothing that stands in the way of acceptance of their spending (i.e., charity donations) except that they deny Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and come to offer Prayer but lazily and unwillingly, and (also) they do not spend (in the cause of Allah) except in a state of displeasure.

وَلَوْ أَنَّهُمْ رَضُواْ مَا آتَاهُمُ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَقَالُواْ حَسْبُنَا اللّهُ سَيُؤْتِينَا اللّهُ مِن فَضْلِهِ وَرَسُولُهُ إِنَّا إِلَى اللّهِ رَاغِبُونَ (59)

ترجمہ: اور کیا ہی اچھا ہوتا اگر وہ لوگ اس پر راضی ہو جاتے جو ان کو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے عطا فرمایا تھا اور کہتے کہ ہمیں اللہ کافی ہے۔ عنقریب ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مزید) عطا فرمائے گا۔ بے شک ہم اللہ ہی کی طرف راغب ہیں (اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی کا واسطہ اور وسیلہ ہے، اس کا دینا بھی اللہ ہی کا دینا ہے۔ اگر یہ عقیدہ رکھتے اور طعنہ زنی نہ کرتے تو یہ بہتر ہوتا o

How good it would have been if they had felt pleased with what Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) had given them and said: 'Sufficient for us is Allah. Allah will soon confer on us His bounty and so will His Messenger ([blessings and peace be upon him] in addition). Indeed, we are inclined to Allah alone.' (And the Messenger [blessings and peace be upon him] is His mediator; in fact, his bestowal is Allah's. Had they developed this belief and refrained from sarcasm, it would have been better.)

يَحْلِفُونَ بِاللّهِ لَكُمْ لِيُرْضُوكُمْ وَاللّهُ وَرَسُولُهُ أَحَقُّ أَن يُرْضُوهُ إِن كَانُواْ مُؤْمِنِينَ (62)

ترجمہ: مسلمانو! (یہ منافقین) تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تمہیں راضی رکھیں حالاں کہ اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) زیادہ حقدار ہے کہ وہ اسے راضی کریں اگر یہ لوگ ایمان والے ہوتے (تو یہ حقیقت جان لیتے اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو راضی کرتے، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راضی ہونے سے ہی اللہ راضی ہو جاتا ہے کیونکہ دونوں کی رضا ایک ہے) o

O Muslims! They (the hypocrites) swear by Allah in your presence to keep you pleased, whereas Allah along with His Messenger (blessings and peace be upon him) has a greater right that they should please Him. If they are the

believers, (they should have known this fact and should have pleased the Messenger [blessings and peace be upon him]. Allah is pleased only if the Messenger [blessings and peace be upon him] is pleased because their pleasure is but one and the same).

أَلَمْ يَعْلَمُواْ أَنَّهُ مَن يُحَادِدِ اللّهَ وَرَسُولَهُ فَأَنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِداً فِيهَا ذَلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ (63)

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتے کہ جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کرتا ہے تو اس کے لیے دوزخ کی آگ (مقرر) ہے جس میں وہ ہمیشہ رہنے والا ہے، یہ زبردست رسوائی ہےo

Do they not know that he who opposes Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), the Fire of Hell is (destined) for him wherein he will dwell forever? There is no humiliation greater than this.

وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ أَبِاللّهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ (65)

ترجمہ: اور اگر آپ ان سے دریافت کریں تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ ہم تو صرف (سفر کاٹنے کے لیے) بات چیت اور دل لگی کرتے تھے۔ فرما دیجیے: کیا تم اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ مذاق کر رہے تھےo

If you ask them, they will certainly say: 'We only used to talk (away the journey) and enjoy.' Say: 'Were you mocking Allah, His Revelations and His Messenger (blessings and peace be upon him)?'

وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلاَةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيعُونَ اللّهَ وَرَسُولَهُ أُوْلَـئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّهُ إِنَّ اللّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (71)

ترجمہ: اور اہلِ ایمان مرد اور اہلِ ایمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق و مددگار ہیں۔ وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت بجالاتے ہیں، ان ہی لوگوں پر اللہ عنقریب رحم فرمائے گا، بے شک اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

The believers, men and women, are helpers and friends to one another. They command good and forbid evil and establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). It is they on whom Allah will soon shower His Mercy. Surely, Allah is Almighty, Most Wise.

يَحْلِفُونَ بِاللّهِ مَا قَالُواْ وَلَقَدْ قَالُواْ كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُواْ بَعْدَ إِسْلاَمِهِمْ وَهَمُّواْ بِمَا لَمْ يَنَالُواْ وَمَا نَقَمُواْ إِلاَّ أَنْ أَغْنَاهُمُ اللّهُ وَرَسُولُهُ مِن فَضْلِهِ فَإِن يَتُوبُواْ يَكُ خَيْراً لَّهُمْ وَإِن يَتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّهُ عَذَاباً أَلِيماً فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَمَا لَهُمْ فِي الأَرْضِ مِن وَلِيٍّ وَلاَ نَصِيرٍ (74)

ترجمہ: (یہ منافقین) اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ انہوں نے (کچھ) نہیں کہا حالاں کہ انہوں نے یقیناً کلمہ کفر کہا اور وہ اپنے اسلام (کو ظاہر کرنے) کے بعد کافر ہو گئے اور انہوں نے (کئی اذیت رساں باتوں کا) ارادہ (بھی) کیا تھا جنہیں وہ نہ پا سکے اور وہ (اسلام اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عمل میں سے) اور کسی چیز کو ناپسند نہ کر سکے سوائے اس کے کہ انہیں اللہ اور اس کے رسول

(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اپنے فضل سے غنی کر دیا تھا، سو اگر یہ (اب بھی) توبہ کر لیں تو ان کے لیے بہتر ہے اور اگر (اسی طرح) روگرداں رہیں تو اللہ انہیں دنیا اور آخرت (دونوں زندگیوں) میں دردناک عذاب میں مبتلا فرمائے گا اور ان کے لیے زمین میں نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار O

(These hypocrites) swear by Allah that they have not said (anything), whereas they have definitely uttered blasphemy and have become disbelievers after (showing) their belief in Islam. They intended (many tortures too) that they could not achieve. And (out of Islam and the Messenger's conduct) they could not disdain anything, except that Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) had made them affluent with His bounty. So if they repent (even now), it will be better for them, but if they remain averse (the same way), then Allah will afflict them with grievous torment, (both) in (the life of) this world and in the Hereafter, and they will not have any helper or friend on earth.

اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِن تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ **(80)**

ترجمہ: آپ خواہ ان (بدبخت، گستاخ اور آپ کی شان میں طعنہ زنی کرنے والے منافقوں) کے لیے بخشش طلب کریں یا ان کے لیے بخشش طلب نہ کریں، اگر آپ (اپنی طبعی شفقت اور عفو و درگزر کی عادتِ کریمانہ کے پیشِ نظر) ان کے لیے ستر مرتبہ بھی بخشش طلب کریں تو بھی اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا، یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ کفر کیا ہے، اور اللہ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں فرماتا O

Whether or not you seek forgiveness for these (wicked and arrogant hypocrites who dare scoff at Your Eminence), if you implore forgiveness for them seventy times (out of your natural compassion and your benevolent practice of forgiving and forbearing), even then Allah will not forgive them at all because they have rejected Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and Allah does not guide the rebels.

وَجَاءَ الْمُعَذِّرُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِينَ كَذَبُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ سَيُصِيبُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(90)**

ترجمہ: اور صحرا نشینوں میں سے کچھ بہانہ ساز (معذرت کرنے کے لیے دربارِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) آئے تاکہ انہیں (بھی) رخصت دے دی جائے، اور وہ لوگ جنہوں نے (اپنے دعویٰ ایمان میں) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے جھوٹ بولا تھا (جہاد چھوڑ کر پیچھے) بیٹھے رہے، عنقریب ان میں سے ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا دردناک عذاب پہنچے گا O

And a few feigners from amongst the desert nomads came (to the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] to submit their excuse) so that they might (also) be accorded permission, and those who lied to Allah and His Messenger (in their claim to be the believers) stayed behind (having forsaken

the fight). Those of them who denied the truth will soon be seized by a painful torment.

لَّيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنفِقُوْنَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِن سَبِيْلٍ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(91)

ترجمہ: ضعیفوں (کمزوروں) پر کوئی گناہ نہیں اور نہ بیماروں پر اور نہ (ہی) ایسے لوگوں پر ہے جو اس قدر (وسعت بھی) نہیں پاتے جسے خرچ کریں جبکہ وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے خالص ومخلص ہو چکے ہوں، نیکوکاروں (یعنی صاحبانِ احسان) پر الزام کی کوئی راہ نہیں اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

There is no sin on the aged (i.e., the weak) and the sick, nor on those who are not so (affluent) that they may spend, while they are most sincerely and truly devoted to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). No way can the righteous (i.e., the spiritually excellent) be blamed and Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَعْتَذِرُوْنَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ قُل لَّا تَعْتَذِرُوْا لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللّٰهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (94)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) وہ تم سے عذر خواہی کریں گے جب تم ان کی طرف (اس سفرِ تبوک سے) پلٹ کر جاؤ گے، (اے حبیب!) آپ فرما دیجیے: بہانے مت بناؤ ہم ہرگز تمہاری بات پر یقین نہیں کریں گے، ہمیں اللہ نے تمہارے حالات سے باخبر کر دیا ہے، اور اب (آئندہ) تمہارا عمل (دنیا میں بھی) اللہ دیکھے گا اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھی (دیکھے گا) پھر تم (آخرت میں بھی) ہر پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والے (رب) کی طرف لوٹائے جاؤ گے تو وہ تمہیں ان تمام (اعمال) سے خبردار فرما دے گا جو تم کیا کرتے تھےo

(O Muslims!) When you return to them (from the expedition of Tabuk), they will offer their apologies to you. (O Beloved!) Say: 'Do not make excuses; we will not believe you at all. Allah has informed us about your state of affairs. Now (in the future) Allah as well as His Messenger will see your performance (in the world). Then (in the Hereafter too) you will be returned to (the Lord) Who knows everything hidden and manifest, and He will make you know (all your works) that you used to do.'

وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَن يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ قُرُبَاتٍ عِندَ اللّٰهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُوْلِ أَلَا إِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(99)

ترجمہ: اور بادیہ نشینوں میں (ہی) وہ شخص (بھی) ہے جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور جو کچھ (راہِ خدا میں) خرچ کرتا ہے اسے اللہ کے حضور تقرب اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی (رحمت بھری) دعائیں لینے کا ذریعہ سمجھتا ہے، سن لو! بے شک وہ ان کے لیے باعثِ قربِ الٰہی ہے، جلد ہی اللہ انہیں اپنی رحمت میں داخل فرما دے گا۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

And (yet) amongst these nomads there is (also) one who believes in Allah and the Last Day and considers whatever he spends (in the way of Allah) as a means of nearness to Allah and receiving (the merciful) supplications of the Messenger. Listen! Assuredly, it is a source of nearness to Allah. Allah will soon admit them to His mercy. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَقُلِ اعْمَلُواْ فَسَيَرَى اللّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ وَسَتُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ **(105)**

ترجمہ: اور فرما دیجیے: تم عمل کرو، سو عنقریب تمہارے عمل کو اللہ (بھی) دیکھ لے گا اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اور اہلِ ایمان (بھی)، اور تم عنقریب ہر پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والے (رب) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، سو وہ تمہیں ان اعمال سے خبردار فرما دے گا جو تم کرتے رہتے تھےo

And say: 'Work. Allah as well as His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers (too) will soon see your work. And you will shortly be returned to (the Lord) Who knows everything veiled and unveiled. So He will inform you of the works that you used to do.'

وَالَّذِينَ اتَّخَذُواْ مَسْجِداً ضِرَاراً وَكُفْراً وَتَفْرِيقاً بَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَاداً لِّمَنْ حَارَبَ اللّهَ وَرَسُولَهُ مِن قَبْلُ وَلَيَحْلِفَنَّ إِنْ أَرَدْنَا إِلاَّ الْحُسْنَى وَاللّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ **(107)**

ترجمہ: اور (منافقین میں سے وہ بھی ہیں) جنہوں نے ایک مسجد تیار کی ہے (مسلمانوں کو) نقصان پہنچانے اور کفر (کو تقویت دینے) اور اہلِ ایمان کے درمیان تفرقہ پیدا کرنے اور اس شخص کی گھات کی جگہ بنانے کی غرض سے جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے پہلے ہی سے جنگ کر رہا ہے، اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے (اس مسجد کے بنانے سے) سوائے بھلائی کے اور کوئی ارادہ نہیں کیا، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیںo

And (from amongst the hypocrites there are also those) who have erected a mosque to harm (the Muslims) and (promote) disbelief and disunite the believers, and as an ambush for the one who is already at war against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). They will surely swear: 'We have intended nothing but good (by constructing this mosque).' And Allah bears witness that they are certainly liars.

سورۃ الانبیاء:

بَلْ قَالُواْ أَضْغَاثُ أَحْلاَمٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الأَوَّلُونَ **(5)**

ترجمہ: بلکہ (ظالموں نے یہاں تک) کہا کہ یہ (قرآن) پریشان خوابوں (میں دیکھی ہوئی باتیں) ہیں بلکہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اسے (خود ہی) گھڑ لیا ہے بلکہ (یہ کہ) وہ شاعر ہے، (اگر یہ سچا ہے) تو یہ (بھی) ہمارے پاس کوئی نشانی لے آئے جیسا کہ اگلے (رسول نشانیوں کے ساتھ) بھیجے گئے تھےo

But (the wrongdoers go so far as to) say: 'This (Qur'an) comprises (things seen in) confused dreams. Nay! He has invented it (himself). Nay, he is (in fact) a poet. (If he is a true Prophet,) let him (also) bring us some sign as the former (Prophets) were sent (with signs).'

سورۃ النور:

وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلَّى فَرِيقٌ مِّنْهُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ وَمَا أُولَٰئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ **(47)**

ترجمہ: اور وہ (لوگ) کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آئے ہیں اور اطاعت کرتے ہیں پھر اس (قول) کے بعد ان میں سے ایک گروہ (اپنے اقرار سے) رُوگردانی کرتا ہے، اور یہ لوگ (حقیقت میں) مومن (ہی) نہیں ہیںo

And they say: 'We have believed in Allah and the Messenger and we obey.' Then, after (saying) this, a group of them turn away (from their affirmation). And (in fact) these people are not (at all) believers.

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَن يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ **(51)**

ترجمہ: ایمان والوں کی بات تو فقط یہ ہوتی ہے کہ جب انہیں اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرمائے تو وہ یہی کچھ کہیں کہ ہم نے سن لیا، اور ہم (سراپا) اطاعت پیرا ہو گئے، اور ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیںo

The only saying of the believers, when they are called to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) in order that he may judge between them, is that they say: 'We have heard and we (totally) submit to obey.' It is they who will prosper.

وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ **(52)**

ترجمہ: اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرتا ہے اور اللہ سے ڈرتا اور اس کا تقوٰی اختیار کرتا ہے پس ایسے ہی لوگ مراد پانے والے ہیںo

And whoever obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and fears Allah and adopts Godwariness for Him, it is they who will achieve their goal.

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُم مَّا حُمِّلْتُمْ وَإِن تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ **(54)**

ترجمہ: فرما دیجیے: تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر اگر تم نے (اطاعت) سے رُوگردانی کی تو (جان لو) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذمہ وہی کچھ ہے جو ان پر لازم کیا گیا اور تمہارے ذمہ وہ ہے جو تم پر لازم کیا گیا ہے، اور اگر تم ان کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پا جاؤ گے، اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (احکام کو) صریحاً پہنچا

دینے کے سوا (کچھ لازم) نہیں ہےO

Say: 'Obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), but if you turn away (from obedience), then (beware that) the Messenger (blessings and peace be upon him) is simply responsible for the duty he is charged with, and you are responsible for what you are charged with. And if you obey him, you will be guided. And nothing is (obligatory) for the Messenger (blessings and peace be upon him) but to convey (the commands) clearly.'

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِيْنَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَى أَمْرٍ جَامِعٍ لَمْ يَذْهَبُوا حَتَّى يَسْتَأْذِنُوهُ إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (62)

ترجمہ: ایمان والے تو وہی لوگ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آئے ہیں اور جب وہ آپ کے ساتھ کسی ایسے (اجتماعی) کام پر حاضر ہوں جو (لوگوں کو) یکجا کرنے والا ہو تو وہاں سے چلے نہ جائیں (یعنی امت میں اجتماعیت اور وحدت پیدا کرنے کے عمل میں دل جمعی سے شریک ہوں) جب تک کہ وہ (کسی خاص عذر کے باعث) آپ سے اجازت نہ لے لیں، (اے رسولِ معظّم!) بے شک جو لوگ (آپ ہی کو حاکم اور مَرجَع سمجھ کر) آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھنے والے ہیں، پھر جب وہ آپ سے اپنے کسی کام کے لیے (جانے کی) اجازت چاہیں تو آپ (حاکم و مختار ہیں) ان میں سے جسے چاہیں اجازت مرحمت فرما دیں اور ان کے لیے (اپنی مجلس سے اجازت لے کر جانے پر بھی) اللہ سے بخشش مانگیں (کہ کہیں اتنی بات پر بھی گرفت نہ ہو جائے)، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےO

The believers are only those who have believed in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), and when they are with you for some (collective) issue which brings (the people) together, then they should not go away from there (i.e., they should participate whole-heartedly to work for collective coherence and unity amongst the Umma [Community]) until they have obtained permission from you (owing to some special excuse. O Esteemed Prophet,) surely those who seek permission from you (believing your Majesty the Supreme and Ultimate Authority), it is they who are the believers in Allah and His Prophet. So when they seek from you permission (to go) for some affair of theirs, then (you are the Supreme Sovereign Authority). Grant leave whom you please, and ask forgiveness for them from Allah (even on going away from your company by obtaining your permission, lest they should be seized even on that). Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الاحزاب:

وَلَـمَّـا رَأَى الْـمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَاناً وَتَسْلِيماً **(22)**

ترجمہ: اور جب اہلِ ایمان نے (کافروں کے) لشکر دیکھے تو بول اٹھے کہ یہ ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے وعدہ فرمایا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے، سو اس (منظر) سے ان کے ایمان اور اطاعت گزاری میں اضافہ ہی ہوا o

And when the believers saw the armies (of disbelievers), they said: 'This is what Allah and His Messenger promised us, and Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have spoken the truth.' So this (spectacle) increased their faith and their commitment to submission to Allah.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحاً جَمِيلاً **(28)**

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) اپنی اَزواج سے فرما دیں کہ اگر تم دنیا اور اس کی زینت و آرائش کی خواہش مند ہو تو آؤ میں تمہیں مال و متاع دے دوں اور تمہیں حسنِ سلوک کے ساتھ رخصت کر دوں o

O (Esteemed) Prophet! Say to your wives: 'If you long for the world and its glitter, then come! I shall make a provision for you and set you free in a handsome manner.

وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْراً عَظِيماً **(29)**

ترجمہ: اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور دارِ آخرت کی طلب گار ہو تو بے شک اللہ نے تم میں نیکوکار بیبیوں کے لیے بہت بڑا اَجر تیار فرما رکھا ہے o

But if you long for Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the abode of the Hereafter, then surely Allah has prepared for the pious amongst you a tremendous reward.'

وَمَن يَقْنُتْ مِنكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِ وَتَعْمَلْ صَالِحاً نُّؤْتِهَا أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَأَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقاً كَرِيماً **(31)**

ترجمہ: اور تم میں سے جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت گزار رہیں اور نیک اعمال کرتی رہیں تو ہم ان کا ثواب (بھی) انہیں دوگنا دیں گے اور ہم نے اُن کے لیے (جنّت میں) باعزّت رزق تیار کر رکھا ہے o

And those of you who remain obedient to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and persist in pious works, We shall give them double of their reward and We have prepared for them honourable sustenance (in Paradise).

وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِينَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً **(33)**

ترجمہ: اور اپنے گھروں میں سکون سے قیام پذیر رہنا اور پرانی جاہلیت کی طرح زیب و زینت کا اظہار مت کرنا، اور نماز قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت گزاری میں رہنا، بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا میل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دےo

O wives of the Messenger! You are not the like of any of the womenfolk. If you want to remain pious and Godfearing, then be not soft in your speech (whilst talking to men as and when required) lest someone whose heart is diseased (with hypocrisy) should feel inclined with desire. And (always) say words that are pure of any taint of doubt and flexibility.

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَى فِي بُيُوتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ وَالْحِكْمَةِ إِنَّ اللَّهَ كَانَ لَطِيفاً خَبِيراً (34)

ترجمہ: اور تم اللہ کی آیتوں کو اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) سنت و حکمت کو جن کی تمہارے گھروں میں تلاوت کی جاتی ہے یاد رکھا کرو، بے شک اللہ (اپنے اولیاء کے لیے) صاحبِ لُطف (اور ساری مخلوق کے لیے) خبردار ہےo

And always remember the Revelations of Allah and the tradition and wisdom (of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) which are recited in your homes. Surely, Allah is the Master of subtleties (for His favourite servants-Awliya') and Well Aware (of all His Creation).

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْراً أَنْ يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ وَمَنْ يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالاً مُبِيناً 36)

ترجمہ: اور نہ کسی مومن مرد کو (یہ) حق حاصل ہے اور نہ کسی مومن عورت کو کہ جب اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کسی کام کا فیصلہ (یا حکم) فرما دیں تو ان کے لیے اپنے (اس) کام میں (کرنے یا نہ کرنے کا) کوئی اختیار ہو، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کرتا ہے تو وہ یقیناً کھلی گمراہی میں بھٹک گیاo

And neither a believing man nor a believing woman has (this) right that, when Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have given judgment (or a command) about an affair, they should exercise their own choice in (doing or not doing that) work of theirs. And whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) certainly loses his way into open error.

إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَاباً مُهِيناً (57)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اذیت دیتے ہیں اللہ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت بھیجتا ہے اور اُس نے ان کے لیے ذِلّت انگیز عذاب تیار کر رکھا ہےo

Surely, those who offend Allah and His Prophet, Allah curses them in the world and in the Hereafter and He has prepared for them a disgraceful torment.

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا (66)

ترجمہ: جس دن ان کے مُنہ آتشِ دوزخ میں (بار بار) الٹائے جائیں گے (تو) وہ کہیں گے: اے کاش! ہم نے اللہ کی اطاعت کی ہوتی اور ہم نے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کی ہوتیo

On the Day when their faces will be (repeatedly) turned over in the Fire of Hell, they will say: 'Alas! Would that we had obeyed Allah and obeyed the Holy Messenger (blessings and peace be upon him)!'

يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزاً عَظِيماً (71)

ترجمہ: وہ تمہارے لیے تمہارے (سارے) اعمال درست فرما دے گا اور تمہارے گناہ تمہارے لیے بخش دے گا، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی فرمانبرداری کرتا ہے تو بے شک وہ بڑی کامیابی سے سرفراز ہواo

He will set (all) your deeds right for you and will forgive you your sins. And whoever obeys Allah and His Holy Messenger (blessings and peace be upon him) will surely achieve a great success.

سورۃ محمد:

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئاً وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ (32)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت (اور ان سے جدائی کی راہ اختیار) کی اس کے بعد کہ ان پر ہدایت (یعنی عظمتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معرفت) واضح ہو چکی تھی وہ اللہ کا ہرگز کچھ نقصان نہیں کر سکیں گے (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قدر و منزلت کو گھٹا نہیں سکیں گے)، ☆ اور اللہ ان کے (سارے) اعمال کو (مخالفتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باعث) نیست و نابود کر دے گاo

☆ تمام ائمہ تفسیر نے لکھا ہے: (لَن یضرّ واللّٰہَ شَیئًا) أی: لن یضرّ وا رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمشاقۃ وحذف المضاف لتعظیم شانہ۔ ملاحظہ فرمائیں: الطبری، البیضاوی، روح المعانی، روح البیان، الجمل، البحر المدید وغیرہ۔ اس اُسلوبِ کلام کی مثالیں قرآن مجید میں بہت ہیں جن میں سے ایک سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 9 (یُخٰدِعُونَ اللہَ وَالَّذِینَ اٰمَنُوا) ہے۔ اس مقام پر یخٰدعون اللہ (وہ اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں) کہہ کر مراد یُخٰدِعُونَ رَسُولَ اللہِ (وہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں) لیا گیا ہے۔

Indeed, those who disbelieved and hindered (the people) from the way of Allah and opposed the Messenger (blessings and peace be upon him), (and chose the path of breaking away from him,) after the guidance (i.e., the gnosis of the veneration of the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]) had become clear to them, they would not be able to harm Allah anyway (i.e., would not be able to decrease the incomparable superiority and pre-eminence of the Messenger* [blessings and peace be upon him]). Allah will wreck (all) their works (due to their opposition to the

Holy Messenger [blessings and peace be upon him]).

*** According to the leading exegetes like al-Tabari, al-Baydawi, al-Alusi, al-Haqqi, al-Jumal, Ibn 'Ujayba, etc., there are many examples of this style of exposition in the Holy Qur'an such as verse 9 of Sura al-Baqara. Here the words, 'They want to deceive Allah' imply: 'They want to deceive the Holy Messenger (blessings and peace be upon him).'**

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا أَطِيْعُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ (33)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کی اطاعت کیا کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کیا کرو اور اپنے اعمال برباد مت کرو○

O believers! Obey Allah and obey the Messenger (blessings and peace be upon him) and do not ruin your works.

سورۃ الفتح:

لِتُؤْمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيْلًا (9)

ترجمہ: تاکہ (اے لوگو!) تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین) کی مدد کرو اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بے حد تعظیم و تکریم کرو، اور (ساتھ) اللہ کی صبح و شام تسبیح کرو○

So that, (O people,) you may believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and may help his (Din [Religion]), and revere and venerate him heart and soul, and (with that) glorify Allah morning and evening.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ أَيْدِيْهِمْ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَى نَفْسِهِ وَمَنْ أَوْفَى بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ أَجْراً عَظِيْماً (10)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں، ان کے ہاتھوں پر (آپ کے ہاتھ کی صورت میں) اللہ کا ہاتھ ہے۔ پھر جس شخص نے بیعت کو توڑا تو اس کے توڑنے کا وبال اس کی اپنی جان پر ہوگا اور جس نے (اس) بات کو پورا کیا جس (کے پورا کرنے) پر اس نے اللہ سے عہد کیا تھا تو وہ عنقریب اسے بہت بڑا اجر عطا فرمائے گا○

(O Beloved!) Indeed, those who pledge allegiance to you in fact pledge allegiance to Allah alone. Allah's hand is over their hands (in the form of your hand). Then whoever breaks his pledge breaks it only to his own harm. But he who fulfils what he has promised to Allah, He will bless him with immense reward.

وَمَن لَّمْ يُؤْمِن بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِيْنَ سَعِيْراً (13)

ترجمہ: اور جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان نہ لائے تو ہم نے کافروں کے لیے دوزخ تیار کر رکھی ہے○

And whoever does not believe in Allah and His Messenger (blessings and

peace be upon him), then We have prepared Hell for the disbelievers.

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَن يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَاباً أَلِيماً (17)

ترجمہ: (جہاد سے رہ جانے میں) نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ (ہی) بیمار پر کوئی گناہ ہے، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرے گا وہ اسے بہشتوں میں داخل فرما دے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہوں گی، اور جو شخص (اطاعت سے) منہ پھیرے گا وہ اسے دردناک عذاب میں مبتلا کر دے گا o

There is no blame on the blind or the lame or the sick (for their disability to fight). And He who obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. But whoever turns away (from obedience), He will punish him with a grievous torment.

سورۃ الحجرات:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! (کسی بھی معاملے میں) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے آگے نہ بڑھا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو (کہ کہیں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے ادبی نہ ہو جائے)، بے شک اللہ (سب کچھ) سننے والا خوب جاننے والا ہے o

O believers! Do not step ahead of Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] in any matter) and keep fearing Allah (lest some discourtesy should occur displeasing the Messenger [blessings and peace be upon him]). Surely, Allah is All-Hearing, All-Knowing.

قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا قُل لَّمْ تُؤْمِنُوا وَلَكِن قُولُوا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ وَإِن تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئاً إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (14)

ترجمہ: دیہاتی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں، آپ فرما دیجیے: تم ایمان نہیں لائے، ہاں یہ کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا، اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال (کے ثواب میں) سے کچھ بھی کم نہیں کرے گا، بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے o

The Bedouins say: 'We have believed.' Say: 'You have not believed. Rather say: We have accepted Islam. And the belief has not yet gone into your hearts. If you obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will not decrease anything (in reward) for your deeds. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ (15)

ترجمہ: ایمان والے تو صرف وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائے، پھر شک میں نہ پڑے اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں سے جہاد کرتے رہے، یہی وہ لوگ ہیں جو (دعوائے ایمان میں) سچّے ہیںo

The true believers are only those who have believed in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and then never have any doubt, and who struggle in the way of Allah with their material as well as human resources. It is they who are true (in their claim to believe).

سورۃ الحدید:

آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَأَنفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُم مُّسْتَخْلَفِينَ فِيهِ فَالَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَأَنفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ (7)

ترجمہ: اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ اور اس (مال و دولت) میں سے خرچ کرو جس میں اس نے تمہیں اپنا نائب (وامین) بنایا ہے، پس تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے خرچ کیا اُن کے لیے بہت بڑا اَجر ہےo

Believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and spend (in His cause) out of that (wealth) in which He has made you His vicegerents (and trustees). So those of you who believe and spend (in His way), for them is mighty reward.

سَابِقُوا إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ لِلَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ذَلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (21)

ترجمہ: (اے بندو!) تم اپنے رب کی بخشش کی طرف تیز لپکو اور جنت کی طرف (بھی) جس کی چوڑائی (ہی) آسمان اور زمین کی وسعت جتنی ہے، اُن لوگوں کیلیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں، یہ اللہ کا فضل ہے جسے وہ چاہتا ہے اسے عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ عظیم فضل والا ہےo

(O servants!) Race in pursuit of forgiveness from your Lord and towards Paradise (also) which is as wide as the vast expanse of the heaven and the earth, prepared for those who believe in Allah and His Messengers. This is Allah's bounty which He gives to whom He wills. And Allah is the Lord of infinite bounty.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِ وَيَجْعَل لَّكُمْ نُوراً تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (28)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کا تقوٰی اختیار کرو اور اُس کے رسولِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آؤ وہ تمہیں اپنی رحمت کے دو حصّے عطا فرمائے گا اور تمہارے لیے نور پیدا فرما دے گا جس میں تم (دنیا اور آخرت میں) چلا کرو گے اور تمہاری مغفرت فرما دے گا، اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

O believers! Become Godfearing and believe in His (Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him). He will bless you with two portions of His

mercy and will bring about light for you to walk in (in the world and in the Hereafter) and will forgive you. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ المجادلۃ:

فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِيناً ذَلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ (4)

ترجمہ: پھر جسے (غلام یا باندی) میسّر نہ ہو تو دو ماہ متواتر روزے رکھنا (لازم ہے) قبل اِس کے کہ وہ ایک دوسرے کو مَس کریں، پھر جو شخص اِس کی (بھی) طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا (لازم ہے)، یہ اِس لیے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھو۔ اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدود ہیں، اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے o

But the one who does not find (a slave) must fast for two consecutive months (as an obligation) before they touch each other. Then someone who is unable to do that must feed sixty poor people (under obligation). That is in order that you may keep your belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). And these are the limits (set by) Allah.And there is a painful punishment for the disbelievers.

إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ (5)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عداوت رکھتے ہیں وہ اسی طرح ذلیل کیے جائیں گے جس طرح اُن سے پہلے لوگ ذلیل کیے جا چکے ہیں اور بے شک ہم نے واضح آیتیں نازل فرما دی ہیں، اور کافروں کے لیے ذِلت انگیز عذاب ہے o

Indeed, those who maintain rivalry against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) will be humiliated as those before them were humiliated. And surely, We have sent down clear Revelations, and there is humiliating torment for the disbelievers.

أَأَشْفَقْتُمْ أَن تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (13)

ترجمہ: کیا (بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) تنہائی و رازداری کے ساتھ بات کرنے سے قبل صدقات و خیرات دینے سے تم گھبرا گئے؟ پھر جب تم نے (ایسا) نہ کیا اور اللہ نے تم سے باز پرس اٹھالی (یعنی یہ پابندی اٹھا دی) تو (اب) نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت بجالاتے رہو، اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب آگاہ ہے o

Are you worried about donating in charity before your submission to the Messenger (blessings and peace be upon him) in secret? So when you did not do (that) and Allah lifted from you probe (i.e., relaxed this restriction), then

establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) persistently. And Allah is Well Aware of all the deeds that you do.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُحَادُّونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ أُوْلَئِكَ فِيْ الْأَذَلِّيْنَ (20)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عداوت رکھتے ہیں وہی ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں o

Surely, those who maintain enmity against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), it is they who are of the lowest of mankind.

كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِيْ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ (21)

ترجمہ: اللہ نے لکھ دیا ہے کہ یقیناً میں اور میرے رسول ضرور غالب ہو کر رہیں گے، بے شک اللہ بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہے o

Allah has destined: 'Most certainly, I and My Messengers will dominate.' Surely, Allah is Most Strong, Almighty.

لَا تَجِدُ قَوْماً يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءهُمْ أَوْ أَبْنَاءهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيْرَتَهُمْ أُوْلَئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوبِهِمُ الْإِيْمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ أُوْلَئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (22)

ترجمہ: آپ اُن لوگوں کو جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں کبھی اس شخص سے دوستی کرتے ہوئے نہ پائیں گے جو اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے دشمنی رکھتا ہے خواہ وہ اُن کے باپ (اور دادا) ہوں یا بیٹے (اور پوتے) ہوں یا اُن کے بھائی ہوں یا اُن کے قریبی رشتہ دار ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اُس (اللہ) نے ایمان ثبت فرما دیا ہے اور انہیں اپنی روح (یعنی فیضِ خاص) سے تقویت بخشی ہے، اور انہیں (ایسی) جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اللہ اُن سے راضی ہو گیا ہے اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے ہیں، یہی اللہ (والوں) کی جماعت ہے، یاد رکھو! بے شک اللہ (والوں) کی جماعت ہی مراد پانے والی ہے o

You will never find those who believe in Allah and the Day of Rising making friends with anyone who is hostile to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), even though they are their fathers (and forefathers), or their sons (and grandsons), or their brothers, or their near relatives. It is they in whose hearts Allah has inscribed faith and has strengthened them with His spirit (i.e., special spiritual benefit). And He will admit them to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Allah. It is they who are the party of (the devotees of) Allah. Remember! It is the party of (the devotees of) Allah that attain to the goal.

سورۃ الحشر:

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَمَن يُشَاقِّ اللَّهَ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (4)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہوا کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے شدید عداوت کی (ان کا سرغنہ کعب بن اشرف بدنام زمانہ گستاخ رسول تھا)، اور جو شخص اللہ (اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) مخالفت کرتا ہے تو بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

That is because they showed extreme enmity against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). (Their ringleader was Ka'b b. Ashraf, a notorious denigrator of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him].) And he who opposes Allah (and His Messenger), then Allah is Severe in punishment.

مَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنكُمْ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (7)

ترجمہ: جو (اَموالِ فَے) اللہ نے (قُرَیظہ، نَضِیر، فِدَک، خَیبر، عُرَینہ سمیت دیگر بغیر جنگ کے مفتوحہ) بستیوں والوں سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لوٹائے ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے ہیں اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں (یعنی بنو ہاشم اور بنو عبدالمطّلب) کے لیے اور (معاشرے کے عام) یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہیں، (یہ نظامِ تقسیم اس لیے ہے) تاکہ (سارا مال صرف) تمہارے مال داروں کے درمیان ہی نہ گردش کرتا رہے (بلکہ معاشرے کے تمام طبقات میں گردش کرے)۔ اور جو کچھ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو (اُس سے) رُک جایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقسیم و عطا پر کبھی زبانِ طعن نہ کھولو)، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And whatever (materials of fay-spoils) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from the people of (the towns captured without war in addition to those of Qurayza, Nadir, Fadak, Khaybar and 'Urayna) belong to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) near relatives (i.e., Banu Hashim and Banu 'Abd al-Muttalib) and the orphans and the needy and the wayfarer (of society at large. This distribution system is to ensure) that (the whole wealth) may not circulate (only) amongst the rich of you (but should circulate amongst all the classes of society). And whatever the Messenger (blessings and peace be upon him) gives you, take that and whatever he forbids you, abstain (from that) and keep fearing Allah (i.e., never scoff at the Messenger's distribution and award). Surely, Allah is Severe to punish.

لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا وَيَنصُرُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ (8)

ترجمہ: (مذکورہ بالا مالِ فَے) نادار مہاجرین کے لیے (بھی) ہے جو اپنے گھروں اور اپنے اموال (اور جائیدادوں) سے باہر نکال دیے گئے ہیں، وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضاء و خوشنودی چاہتے ہیں اور (اپنے مال و وطن کی قربانی سے) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ ہی سچے مؤمن ہیں o

(The fore-mentioned fay materials) are (also) for the poor Emigrants who are driven out of their houses and possessions (and properties). They seek Allah's bounty and His favour and pleasure. And they help Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] by sacrificing their possessions and homeland). It is they who are the true believers.

سورۃ الصّف:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى تِجَارَةٍ تُنجِيكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (10)

ترجمہ: اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایک ایسی تجارت بتادوں جو تم کو دردناک عذاب سے بچالے؟ o

O believers! Shall I advise you a trade which will save you from a painful torment?

تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (11)

ترجمہ: (وہ یہ ہے کہ) تم اللہ پر اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (کامل) ایمان رکھو اور اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان سے جہاد کرو، یہی تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہو o

(It is that) you have (perfect) belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and strive hard for the cause of Allah with your human and material resources. That is better for you if you know.

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (12)

ترجمہ: وہ تمہارے گناہوں کو بخش دے گا اور تمہیں جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اور نہایت عمدہ رہائش گاہوں میں (ٹھہرائے گا) جو جناتِ عدن (یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتوں) میں ہیں، یہی زبردست کامیابی ہے o

He will forgive your sins and will admit you into Gardens with streams flowing under them, and (will make you reside) in excellent dwellings in the Gardens of Eden (i.e., Gardens of Eternity). That is indeed a great success.

سورۃ المنافقون:

يَقُولُونَ لَئِن رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ (8)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: اگر (اب) ہم مدینہ واپس ہوئے تو (ہم) عزّت والے لوگ وہاں سے ذلیل لوگوں (یعنی مسلمانوں) کو

باہر نکال دیں گے، حالاں کہ عزّت تو صرف اللہ کے لیے اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے مگر منافقین (اس حقیقت کو) جانتے نہیں ہیںo

They say: 'If (now) we return to Medina, then (we) the honourable will drive out the dishonourable (i.e., the Muslims).' But in fact, honour belongs to Allah alone and His Messenger and the believers. However, the hypocrites do not understand (this reality).

سورۃ الجن:

إِلَّا بَلَاغاً مِّنَ اللَّهِ وَرِسَالَاتِهِ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً **(23)**

ترجمہ: مگر اللہ کی جانب سے اَحکامات اور اُس کے پیغامات کا پہنچانا (میری ذِمّہ داری ہے)، اور جو کوئی اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کرے تو بے شک اُس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گےo

But (my responsibility is) to communicate from Allah His commands and messages. And whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), surely there is for him the Fire of Hell in which they will live forever.'

حَتَّى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ أَضْعَفُ نَاصِراً وَأَقَلُّ عَدَداً **(24)**

ترجمہ: یہاں تک کہ جب یہ لوگ وہ (عذاب) دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے تو (اُس وقت) انہیں معلوم ہوگا کہ کون مددگار کے اعتبار سے کمزور تر اور عدد کے اِعتبار سے کم تر ہےo

Until, when they will see that torment which is being promised to them, (then) they will come to know who is weaker in helpers and fewer in numbers.

4۔ اللہ پاک کی نشانیاں

سورۃ البقرۃ:

أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ أَن تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ لَهُ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَأَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاء فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ (266)

ترجمہ: کیا تم میں سے کوئی شخص یہ پسند کرے گا کہ اس کے پاس کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو جس کے نیچے نہریں بہتی ہوں اس کے لیے اس میں (کھجوروں اور انگوروں کے علاوہ بھی) ہر قسم کے پھل ہوں اور (ایسے وقت میں) اسے بڑھاپا آ پہنچے اور (ابھی) اس کی اولاد بھی ناتواں ہو اور (ایسے وقت میں) اس باغ پر ایک بگولا آ جائے جس میں (بڑی) آگ ہو اور وہ باغ جل جائے (تو اس کی محرومی اور پریشانی کا عالم کیا ہوگا)، اسی طرح اللہ تمہارے لیے نشانیاں واضح طور پر بیان فرماتا ہے تاکہ تم غور کرو (سو کیا تم چاہتے ہو کہ آخرت میں تمہارے اعمال کا باغ بھی ریاکاری کی آگ میں جل کر بھسم ہو جائے اور تمہیں سنبھالا دینے والا بھی کوئی نہ ہو)o

Would any of you like to have a garden of date-palms and grapevines with streams flowing beneath it and all kinds of fruit (in addition to dates and grapes); and (under these conditions) old age overtakes him, whilst his children are (still) tender; and (in the meanwhile) the garden is struck with a whirlwind composed (entirely) of fire and gets burnt? (Imagine the state of his helplessness, agony and anxiety.) Thus Allah makes clear His signs for you so that you may reflect. (So, do you wish that the orchard of your deeds should also burn to ashes in the fire of pretentiousness on the Last Day, and there should be none to support you?)

سورۃ یونس:

إِنَّ فِي اخْتِلاَفِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ لآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَّقُونَ(6)

ترجمہ: بے شک رات اور دن کے بدلتے رہنے میں اور ان (جملہ) چیزوں میں جو اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا فرمائی ہیں (اسی طرح) ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو تقویٰ رکھتے ہیںo

Surely, in the alternation of night and day and in (all) that Allah has created in the heavens and the earth, there are (in like manner) signs for those who live by Godwariness.

سورۃ النحل:

وَالأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (5)

ترجمہ: اور اُسی نے تمہارے لیے چوپائے پیدا فرمائے، ان میں تمہارے لیے گرم لباس ہے اور (دوسرے) فوائد ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے (بھی) ہوo

And He alone has created for you the cattle. They are for you a source of warm clothing and (other) benefits. And you (also) eat some of them.

وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ(6)

ترجمہ: اور ان میں تمہارے لیے رونق (اور دل کشی بھی) ہے جب تم شام کو چراگاہ سے (واپس) لاتے ہو اور جب تم صبح کو (چرانے کے لیے) لے جاتے ہوo

And there is beauty in them (and also a joy-an aesthetic pleasure) for you when you drive (them back) in the evening from pasture, and when you drive (them) out in the morning (to graze).

وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَى بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُواْ بَالِغِيهِ إِلاَّ بِشِقِّ الأَنفُسِ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (7)

ترجمہ: اور یہ (جانور) تمہارے بوجھ (بھی) ان شہروں تک اٹھالے جاتے ہیں جہاں تم بغیر جانکاہ مشقت کے نہیں پہنچ سکتے تھے، بے شک تمہارا رب نہایت شفقت والا نہایت مہربان ہےo

And these (animals also) carry your loads to those distant cities (and remote areas) where you cannot reach (otherwise) without toiling hard. Surely, your Lord is Most Clement, Ever-Merciful.

وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً وَيَخْلُقُ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (8)

ترجمہ: اور (اُسی نے) گھوڑوں اور خچروں اور گدھوں کو (پیدا کیا) تاکہ تم ان پر سواری کر سکو اور وہ (تمہارے لیے) باعثِ زینت بھی ہوں، اور وہ (مزید ایسی بازینت سواریوں کو بھی) پیدا فرمائے گا جنہیں تم (آج) نہیں جانتےo

And (He is the One Who has created) horses, mules and donkeys so that you may ride them, and that they may serve as means of adornment (for you) as well, and He will (further) create (such ornamented means of conveyance) that you do not know (today).

هُوَ الَّذِيَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لَّكُم مِّنْهُ شَرَابٌ وَمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ تُسِيمُونَ (10)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہارے لیے آسمان کی جانب سے پانی اتارا، اس میں سے (کچھ) پینے کا ہے اور اسی میں سے (کچھ) شجر کاری کا ہے (جس سے نباتات، سبزے اور چراگاہیں شاداب ہوتی ہیں) جن میں تم (اپنے مویشی) چراتے ہوo

He is the One Who has sent down for you water from the sky. (Some) of it is to drink and (some) of it is for plantation. (You irrigate with it plants, vegetation and pastures) wherein you take (your cattle) to graze.

يُنبِتُ لَكُم بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ وَالأَعْنَابَ وَمِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (11)

ترجمہ: اُسی پانی سے تمہارے لیے کھیت اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل (اور میوے) اگاتا ہے، بے شک اِس میں غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لیے نشانی ہےo

With the same water, He grows for you crops and olives and date-palms and grapes and all kinds of fruit. Indeed, there are signs in it for those who reflect and meditate.

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (12)

ترجمہ: اور اُسی نے تمہارے لیے رات اور دن کو اور سورج اور چاند کو مسخر کر دیا، اور تمام ستارے بھی اُسی کی تدبیر (سے نظام) کے پابند ہیں، بے شک اس میں عقل رکھنے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں o

And He (is the One Who) has subjected to your service the night and the day and the sun and the moon, and all the stars have also been made subservient to (the system according to) His strategy. Surely, there are signs in it for those who possess reason.

وَمَا ذَرَأَ لَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُخْتَلِفاً أَلْوَانُهُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ (13)

ترجمہ: اور (حیوانات، نباتات اور معدنیات وغیرہ میں سے بقیہ) جو کچھ بھی اس نے تمہارے لیے زمین میں پیدا فرمایا ہے جن کے رنگ (یعنی جنسیں، نوعیں، قسمیں، خواص اور منافع) الگ الگ ہیں (سب تمہارے لیے مسخر ہیں)، بے شک اس میں نصیحت قبول کرنے والے لوگوں کے لیے نشانی ہے o

And (of the animal world, vegetable world and minerals,) whatever He has created for you in the earth which have separate colours (genders, species, classes, characteristics and benefits, etc. -all have been subdued to your service). Verily, there is a sign in it for those who take advice.

وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُواْ مِنْهُ لَحْماً طَرِيّاً وَتَسْتَخْرِجُواْ مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُواْ مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ(14)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے (فضا و بر کے علاوہ) بحر (یعنی دریاؤں اور سمندروں) کو بھی مسخر فرما دیا تاکہ تم اس میں سے تازہ (و پسندیدہ) گوشت کھاؤ اور تم اس میں سے موتی (وغیرہ) نکالو جنہیں تم زیبائش کے لیے پہنتے ہو، اور (اے انسان!) تُو کشتیوں (اور جہازوں) کو دیکھتا ہے جو (دریاؤں اور سمندروں کا) پانی چیرتے ہوئے اس میں چلے جاتے ہیں، اور (یہ سب کچھ اس لیے کیا) تاکہ تم (دور دور تک) اس کا فضل (یعنی رزق) تلاش کرو اور یہ کہ تم شکر گزار بن جاؤ o

And He is the One Who has subjected the sea (rivers and oceans) as well (in addition to air and land) so that you may eat fresh (and favourite) seafood from there and may take out from them gems (etc.) that you wear as ornaments. And, (O man,) you see the vessels (and ships) that pierce through the water (of the rivers and oceans). And (all this has been managed) so that you may look for His bounty (i.e., sustenance, far and wide) and also that you may become thankful.

وَأَلْقَى فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَاراً وَسُبُلاً لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (15)

ترجمہ: اور اسی نے زمین میں (مختلف مادوں کو باہم ملا کر) بھاری پہاڑ بنا دیے تاکہ ایسا نہ ہو کہ کہیں وہ (اپنے مدار میں حرکت کرتے ہوئے) تمہیں لے کر کانپنے لگے اور نہریں اور (قدرتی) راستے (بھی) بنائے تاکہ تم (منزلوں تک پہنچنے کے لیے) راہ پا سکو o

And He is the One Who has created firm mountains in the earth (by allying various elements) lest it tremor whilst carrying you (revolving in its orbit), and rivers and (also natural) routes so that you may find way (to reach the destinations),

وَعَلامَاتٍ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ (16)

ترجمہ: اور (دن کو راہ تلاش کرنے کے لیے) علامتیں بنائیں، اور (رات کو) لوگ ستاروں کے ذریعہ (بھی) راہ پاتے ہیںo

And set up landmarks (to navigate during the day). And (at night as well) people find (their) way by means of the stars.

أَفَمَن يَخْلُقُ كَمَن لَّا يَخْلُقُ أَفَلا تَذَكَّرُونَ (17)

ترجمہ: کیا وہ خالق جو (اتنا کچھ) پیدا فرمائے اس کے مثل ہوسکتا ہے جو (کچھ بھی) پیدا نہ کر سکے، کیا تم لوگ نصیحت قبول نہیں کرتےo

Can the Creator, Who creates (all that), be like the one who cannot create (anything)? Do you not then accept advice?

وَإِن تَعُدُّواْ نِعْمَةَ اللّهِ لاَ تُحْصُوهَا إِنَّ اللّهَ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ(18)

ترجمہ: اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو انہیں پورا شمار نہ کر سکو گے، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

And if you want to count the favours of Allah, you will not be able to number them all. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَمَا بِكُم مِّن نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّهِ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَإِلَيْهِ تَجْأَرُونَ (53)

ترجمہ: اور تمہیں جو نعمت بھی حاصل ہے سو وہ اللہ ہی کی جانب سے ہے، پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو تم اسی کے آگے گریہ و زاری کرتے ہوo

And whatever blessing you have been provided with is from Allah alone. Then, when some distress afflicts you, you wail and weep only before Him.

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَناً خَالِصاً سَآئِغاً لِلشَّارِبِينَ (66)

ترجمہ: اور بے شک تمہارے لیے مویشیوں میں (بھی) مقامِ غور ہے، ہم ان کے جسموں کے اندر کی اس چیز سے جو آنتوں کے (بعض) مشمولات اور خون کے اختلاط سے (وجود میں آتی ہے) خالص دودھ نکال کر تمہیں پلاتے ہیں (جو) پینے والوں کے لیے فرحت بخش ہوتا ہےo

And indeed in the cattle (too) there is a point for you to ponder. We provide you with pure milk to drink brought forth from that substance of their bellies (which is produced by) compounding (certain) intestinal contents and blood and which freshens up those who drink it.

وَمِن ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَراً وَرِزْقاً حَسَناً إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (67)

ترجمہ: اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم شکّر اور (دیگر) عمدہ غذائیں بناتے ہو، بے شک اس میں اہلِ عقل کے لیے نشانی ہےo

And from the fruits of date-palms and grapes, you obtain sugar and (other)

wholesome foods. Indeed, there is a sign in it for those who have reason.

وَأَوْحَى رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتاً وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ **(68)**

ترجمہ: اورآپ کے رب نے شہد کی مکھی کے دل میں (خیال) ڈال دیا کہ تو بعض پہاڑوں میں اپنے گھر بنا اور بعض درختوں میں اور بعض چھپروں میں (بھی) جنہیں لوگ (چھت کی طرح) اونچا بناتے ہیںo

And your Lord seeded (the idea instinctually) in the honeybee's heart: 'Make your hives in certain mountains and certain trees and (also) in certain projections people build aloft (like roofs).

ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلاً يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاء لِلنَّاسِ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ **(69)**

ترجمہ: پس تو ہر قسم کے پھلوں سے رس چوسا کر پھر اپنے رب کے (سمجھائے ہوئے) راستوں پر (جو ان پھلوں اور پھولوں تک جاتے ہیں جن سے تو نے رس چوسنا ہے، دوسری مکھیوں کے لیے بھی) آسانی فراہم کرتے ہوئے چلا کر، ان کے شکموں سے ایک پینے کی چیز نکلتی ہے (وہ شہد ہے) جس کے رنگ جداگانہ ہوتے ہیں، اس میں لوگوں کے لیے شفا ہے، بے شک اس میں غور و فکر کرنے والوں کے لیے نشانی ہےo

So, suck the juice of all kinds of fruit, and then follow those routes (suggested) by your Lord (which lead to these fruits and flowers of which you are to suck the juice, leading other bees also to the source) for their convenience.' There oozes from their bellies a syrup (i.e., honey) of diverse colours. It has healing properties for the people. Therein is indeed a sign for those who apply their minds.

وَاللّهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُواْ بِرَآدِّي رِزْقِهِمْ عَلَى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَاء أَفَبِنِعْمَةِ اللّهِ يَجْحَدُونَ **(71)**

ترجمہ: اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر رزق (کے درجات) میں فضیلت دی ہے (تاکہ وہ تمہیں حکمِ انفاق کے ذریعے آزمائے)، مگر جن لوگوں کو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنی دولت (کے کچھ حصہ کو بھی) اپنے زیردست لوگوں پر نہیں لوٹاتے (یعنی خرچ نہیں کرتے) حالاں کہ وہ سب اس میں (بنیادی ضروریات کی حد تک) برابر ہیں، تو کیا وہ اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیںo

And Allah has preferred some of you to others in (grades of) provision (so that He puts you to trial through the command of spending in His way). But those who have been preferred do not divert (even a portion of) their wealth to (i.e., do not spend on) their dependants, whilst they all are equal in it (as for as their basic necessities are concerned). So do they deny Allah's favour?

وَاللّهُ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجاً وَجَعَلَ لَكُم مِّنْ أَزْوَاجِكُم بَنِينَ وَحَفَدَةً وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَتِ اللّهِ هُمْ يَكْفُرُونَ**(72)**

ترجمہ: اور اللہ نے تم ہی میں سے تمہارے لیے جوڑے پیدا فرمائے اور تمہارے جوڑوں (یعنی بیویوں) سے تمہارے لیے بیٹے

اور پوتے/نواسے پیدا فرمائے اور تمہیں پاکیزہ رزق عطا فرمایا، تو کیا پھر بھی وہ (حق کو چھوڑ کر) باطل پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نعمت سے وہ ناشکری کرتے ہیںo

And Allah has created for you spouses from amongst yourselves, and has created through your mates (i.e., wives) sons and grandsons and provided you with pure sustenance. Do they still believe in falsehood (abandoning the truth) and disregard Allah's favours?

وَاللّٰهُ أَخْرَجَكُم مِّن بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لَا تَعْلَمُونَ شَيْئاً وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالأَبْصَارَ وَالأَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (78)

ترجمہ: اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے (اس حالت میں) باہر نکالا کہ تم کچھ نہ جانتے تھے اور اس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر بجالاؤo

And Allah brought you forth from the wombs of your mothers (in such a state) that you knew nothing, and He endowed you with ears and eyes and hearts so that you might give thanks.

أَلَمْ يَرَوْاْ إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِي جَوِّ السَّمَاء مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلاَّ اللّٰهُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ(79)

ترجمہ: کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا جو آسمان کی ہوا میں (قانونِ حرکت و پرواز کے) پابند (ہو کر اڑتے رہتے) ہیں، انہیں اللہ کے (قانون کے) سوا کوئی چیز تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بے شک اس (پرواز کے اصول) میں ایمان والوں کے لیے نشانیاں ہیںo

Have they not seen the birds that fly aloft in the air (under the law of motion and aerodynamics)? Nothing but (the laws of) Allah hold them (in the sky). Surely, there are signs in (this law of aerodynamics) for the believers.

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُم مِّن بُيُوتِكُمْ سَكَناً وَجَعَلَ لَكُم مِّن جُلُودِ الأَنْعَامِ بُيُوتاً تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا أَثَاثاً وَمَتَاعاً إِلَى حِينٍ (80)

ترجمہ: اور اللہ نے تمہارے لیے تمہارے گھروں کو (مستقل) سکونت کی جگہ بنایا اور تمہارے لیے چوپایوں کی کھالوں سے (عارضی) گھر (یعنی خیمے) بنائے جنہیں تم اپنے سفر کے وقت اور (دورانِ سفر منزلوں پر) اپنے ٹھہرنے کے وقت ہلکا پھلکا پاتے ہو اور (اسی اللہ نے تمہارے لیے) بھیڑوں اور دنبوں کی اون اور اونٹوں کی پشم اور بکریوں کے بالوں سے گھریلو استعمال اور (معیشت و تجارت میں) فائدہ اٹھانے کے اسباب بنائے (جو) مقررہ مدت تک (ہیں)o

And Allah has made your homes (permanent) places for you to reside and made for you (temporary) dwellings (i.e., tents) with the skins of cattle which you find light enough during your journey and for (reposing at break-journey) halts. And (Allah is the One Who) provides you with household goods and profitable means (in business and trade) from the wool of sheep and lambs and the fur of camels and hair obtained from goats (which are) for an appointed term.

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُم مِّمَّا خَلَقَ ظِلَالاً وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْجِبَالِ أَكْنَاناً وَجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُم بَأْسَكُمْ كَذَلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ (81)

ترجمہ: اوراللہ ہی نے تمہارے لیے اپنی پیدا کردہ کئی چیزوں کے سائے بنائے اوراس نے تمہارے لیے پہاڑوں میں پناہ گاہیں بنائیں اوراس نے تمہارے لیے (کچھ) ایسے لباس بنائے جو تمہیں گرمی سے بچاتے ہیں اور (کچھ) ایسے لباس جو تمہیں شدید جنگ میں (دشمن کے وار سے) بچاتے ہیں، اس طرح اللہ تم پر اپنی نعمتِ (کفالت وحفاظت) پوری فرماتا ہے تاکہ تم (اس کے حضور) سرِ نیاز خم کردوo

And Allah is the One Who has made for you shades of many things that He created, and He has made places of shelter for you in the mountains, and He has made such clothes for you that protect you from heat and (others like) coats of armour, which shield you (against the enemy assault) during the event of intense war. Thus Allah perfects His favour and blessing (i.e., provision and protection) upon you so that you may bow down (before His presence) with absolute submissiveness.

سورۃ مومن:

اللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْأَنْعَامَ لِتَرْكَبُوا مِنْهَا وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (79)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے چوپائے بنائے تاکہ تم اُن میں سے بعض پر سواری کرو اور اِن میں سے بعض کو تم کھاتے ہوo

Allah is the One Who has created cattle for you so that you may ride some of them and some of them you eat.

وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوا عَلَيْهَا حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ (80)

ترجمہ: اورتمہارے لیے ان میں اور بھی فوائد ہیں اور تاکہ تم ان پر سوار ہوکر (مزید) اُس ضرورت (کی جگہ) تک پہنچ سکو جو تمہارے سینوں میں (متعین) ہے اور (یہ کہ) تم اُن پر اور کشتیوں پر سوار کیے جاتے ہوo

And in them are for you other benefits too. So you may ride them (further) to reach that desired (place) which is (determined) in your hearts, and (that) you are borne on them and the boats.

وَيُرِيْكُمْ آيَاتِهِ فَأَيَّ آيَاتِ اللّٰهِ تُنكِرُونَ (81)

ترجمہ: اوروہ تمہیں اپنی (بہت سے) نشانیاں دکھاتا ہے، سوتم اللہ کی کن کن نشانیوں کا انکار کروگےo

And He shows you (many of) His signs. So which of Allah's signs will you deny?

أَفَلَمْ يَسِيْرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَشَدَّ قُوَّةً وَآثَاراً فِي الْأَرْضِ فَمَا أَغْنَى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ (82)

ترجمہ: سو کیا انہوں نے زمین میں سیر و سیاحت نہیں کی کہ وہ دیکھتے کہ اُن لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو اُن سے پہلے گزر گئے، وہ اِن لوگوں سے (تعداد میں بھی) بہت زیادہ تھے اور طاقت میں (بھی) سخت تر تھے اور نشانات کے لحاظ سے (بھی) جو (وہ) زمین میں چھوڑ گئے ہیں (کہیں بڑھ کر تھے) مگر جو کچھ وہ کمایا کرتے تھے اُن کے کسی کام نہ آیا o

So have they not travelled in the earth that they could see how they who passed before them met their fate? They were far greater (in number) than these people and mightier in power and (much more advanced) in respect of the remains and traces (as well) that (they) have left behind in the earth (as archeological sites). But whatever they used to earn brought them no benefit.

سورۃ حم السجدۃ:

إِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُونَ فِيْ آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا أَفَمَن يُلْقَى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِيْ آمِناً يَوْمَ الْقِيَامَةِ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (40)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ آپ (پہلے) زمین کو خشک (اور بے قدر) دیکھتے ہیں پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے اور نمو پانے لگتی ہے، بے شک وہ ذات جس نے اس (مردہ زمین) کو زندہ کیا ہے یقیناً وہی (روزِ قیامت) مُردوں کو زندہ فرمانے والا ہے۔ بے شک وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے o

Verily, those who turn away from the straight path with regard to (the meanings of) Our Verses are not hidden from Us. Then, is he who is thrown into the Fire of Hell better, or someone who comes safe and secure (from the torment) on the Day of Resurrection? Do as you wish. Surely, He sees all that you do.

سَنُرِيْهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِيْ أَنفُسِهِمْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ (53)

ترجمہ: ہم عنقریب انہیں اپنی نشانیاں اَطرافِ عالم میں اور خود اُن کی ذاتوں میں دِکھا دیں گے یہاں تک کہ اُن پر ظاہر ہو جائے گا کہ وہی حق ہے۔ کیا آپ کا رب (آپ کی حقانیت کی تصدیق کے لیے) کافی نہیں ہے کہ وہی ہر چیز پر گواہ (بھی) ہے o

We will soon show them Our signs all around the world and in their own selves, until it dawns on them that indeed this is the truth. Is your Lord not Sufficient (to confirm your veracity), for He alone is (also) witness to everything?

سورۃ الشوریٰ:

وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِن دَابَّةٍ وَهُوَ عَلَى جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَاءُ قَدِيْرٌ (29)

ترجمہ: اور اُس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش ہے اور اُن چلنے والے (جانداروں) کا (پیدا کرنا) بھی جو اُس نے اِن میں پھیلا دیے ہیں، اور وہ اِن (سب) کے جمع کرنے پر بھی جب چاہے گا بڑا قادر ہے o

And amongst His signs is the creation of the heavens and the earth and (the creation) of the moving (i.e., living) creatures which He has scattered in them. And He is also Most Powerful to assemble them (all) when He wills.

وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ **(32)**

ترجمہ: اور اُس کی نشانیوں میں سے پہاڑوں کی طرح اونچے بحری جہاز بھی ہیںo

And amongst His signs are the ships on the sea, high like mountains.

إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَى ظَهْرِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ **(33)**

ترجمہ: اگر وہ چاہے ہوا کو بالکل ساکن کر دے تو کشتیاں سطحِ سمندر پر رُکی رہ جائیں، بے شک اس میں ہر صبر شعار و شکر گزار کے لیے نشانیاں ہیںo

If He wills, He causes the wind to be absolutely still, and the vessels stand halted on the surface of the sea. Surely, there are signs in it for everyone who observes patience and remains grateful.

سورۃ الجاثیۃ:

إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ **(3)**

ترجمہ: بے شک آسمانوں اور زمین میں یقیناً مومنوں کے لیے نشانیاں ہیںo

Indeed, there are signs for the believers in the heavens and the earth.

وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ **(4)**

ترجمہ: اور تمہاری (اپنی) پیدائش میں اور اُن جانوروں میں جنہیں وہ پھیلاتا ہے، یقین رکھنے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیںo

And in your (own) creation, and in the animals which He scatters, there are signs for those who believe with certitude.

وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن رِّزْقٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ **(5)**

ترجمہ: اور رات دن کے آگے پیچھے آنے جانے میں اور (بصورتِ بارش) اُس رِزق میں جسے اللہ آسمان سے اتارتا ہے، پھر اس سے زمین کو اُس کی مُردنی کے بعد زندہ کر دیتا ہے اور (اسی طرح) ہواؤں کے رُخ پھیرنے میں، اُن لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل و شعور رکھتے ہیںo

And in the alternation of night and day, and in that provision (of rain) which Allah sends down from the sky, and by that gives life to the earth after its death, and (in the same way) in the changing of the wind direction, there are signs for those who apply reason.

سورۃ الاحقاف:

وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِن مَّكَّنَّاكُمْ فِيهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعاً وَأَبْصَاراً وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَا أَبْصَارُهُمْ وَلَا أَفْئِدَتُهُم مِّن شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (26)

ترجمہ: (اے اہلِ مکہ!) درحقیقت ہم نے ان کو ان امور میں طاقت وقدرت دے رکھی تھی جن میں ہم نے تم کو قدرت نہیں دی اور ہم نے انہیں سماعت اور بصارت اور دل و دماغ (کی بے بہا صلاحیتوں) سے نوازا تھا مگر نہ تو ان کے کان ہی ان کے کچھ کام آ سکے اور نہ ان کی آنکھیں اور نہ (ہی) ان کے دل و دماغ جبکہ وہ اللہ کی نشانیوں کا انکار ہی کرتے رہے اور (بالآخر) اس (عذاب) نے انہیں آ گھیرا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

(O people of Mecca!) In fact, We had given them power and ability in those fields of activity in which We have not granted you potential. And We blessed them with hearing and sight and (invaluable qualities of) head and heart. But neither their ears nor their eyes, nor their heads and hearts were of any use to them since they kept denying the signs of Allah. And (at last) that (torment) which they used to laugh at besieged them.

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُم مِّنَ الْقُرَى وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (27)

ترجمہ: اور (اے اہلِ مکہ!) بے شک ہم نے کتنی ہی بستیوں کو ہلاک کر ڈالا جو تمہارے اردگرد تھیں اور ہم نے اپنی نشانیاں بار بار ظاہر کیں تاکہ وہ (کفر سے) رجوع کر لیںo

And, (O people of Mecca,) indeed We destroyed many a town around you, and displayed Our signs time and again so that they might turn (back to them from disbelief).

سورۃ الذاریات:

وَفِي الْأَرْضِ آيَاتٌ لِّلْمُوقِنِينَ (20)

ترجمہ: اور زمین میں صاحبانِ ایقان (یعنی کامل یقین والوں) کے لیے بہت سی نشانیاں ہیںo

And there are many signs in the earth for the people with the truth of certitude (i.e., people of perfect certitude),

وَفِي أَنفُسِكُمْ أَفَلَا تُبْصِرُونَ (21)

ترجمہ: اور خود تمہارے نفوس میں (بھی ہیں)، سو کیا تم دیکھتے نہیں ہوo

And in your selves (as well). So do you not notice?

سورۃ النجم:

لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى (18)

ترجمہ: بے شک انہوں نے (معراج کی شب) اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیںo

Surely, he saw the greatest signs of His Lord (during the Ascension Night).

سورۃ الحدید:

اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (17)

ترجمہ: جان لو کہ اللہ ہی زمین کو اُس کی مُردنی کے بعد زندہ کرتا ہے، اور بے شک ہم نے تمہارے لیے نشانیاں واضح کر دی ہیں تاکہ تم عقل سے کام لوo

Know that Allah alone brings the earth to life after it is dead. And surely, We have made signs clear for you so that you may put your reason to work.

سورۃ الملک:

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَنُ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ (19)

ترجمہ: کیا اُنہوں نے پرندوں کو اپنے اوپر پر پھیلائے ہوئے اور (کبھی) پر سمیٹے ہوئے نہیں دیکھا؟ اُنہیں (فضا میں گرنے سے) کوئی نہیں روک سکتا سوائے رحمان کے (بنائے ہوئے قانون کے)، بے شک وہ ہر چیز کو خوب دیکھنے والا ہےo

Have they not seen the birds above them spreading out their wings and (sometimes) folding them? Nothing can hold them (from falling) except (the law made by) the Most Kind (Lord). Surely, He sees everything best.

سورۃ النبا:

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهَاداً (6)

ترجمہ: کیا ہم نے زمین کو (زندگی کے) قیام اور کسب و عمل کی جگہ نہیں بنایاo

Have We not made the earth a place to stay for (life) and to earn living and deeds?

وَالْجِبَالَ أَوْتَاداً (7)

ترجمہ: اور (کیا) پہاڑوں کو (اس میں) ابھار کر کھڑا (نہیں) کیاo

And (have We not) erected mountains raised (out of it)?

وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجاً (8)

ترجمہ: اور (غور کرو) ہم نے تمہیں (فروغِ نسل کے لیے) جوڑا جوڑا پیدا فرمایا (ہے)o

And (ponder:) We (have) created you in pairs (for reproduction).

وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتاً (9)

ترجمہ: اور ہم نے تمہاری نیند کو (جسمانی) راحت (کا سبب) بنایا (ہے)o

And We (have) made your sleep (a means of bodily) rest,

وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاساً (10)

ترجمہ: اور ہم نے رات کو (اس کی تاریکی کے باعث) پردہ پوش بنایا (ہے)o

And We (have) made the night a covering (by virtue of its darkness).

وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشاً (11)

ترجمہ: اور ہم نے دن کو (کسبِ) معاش (کا وقت) بنایا (ہے)o

And We (have) made the day (a time) for (earning) livelihood.

وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعاً شِدَاداً (12)

ترجمہ: اور (اب خلائی کائنات میں بھی غور کرو) ہم نے تمہارے اوپر سات مضبوط (طبقات) بنائےo

And (now study the spatial universe as well). We built above you seven strong (firmaments).

وَجَعَلْنَا سِرَاجاً وَهَّاجاً (13)

ترجمہ: اور ہم نے (سورج کو) روشنی اور حرارت کا (زبردست) منبع بنایاo

And We made (the sun a massive) fountainhead of light and heat.

وَأَنزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاء ثَجَّاجاً (14)

ترجمہ: اور ہم نے بھرے بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایاo

And We poured water in torrents from rain-laden clouds,

لِنُخْرِجَ بِهِ حَبّاً وَنَبَاتاً (15)

ترجمہ: تاکہ ہم اس (بارش) کے ذریعے (زمین سے) اناج اور سبزہ نکالیںo

So that by means of this (downpour), We bring forth (from the earth) grain and vegetation,

وَجَنَّاتٍ أَلْفَافاً (16)

ترجمہ: اور گھنے گھنے باغات (اگائیں)o

And (grow) thick gardens.

إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتاً (17)

ترجمہ: (ہماری قدرت کی ان نشانیوں کو دیکھ کر جان لو کہ) بے شک فیصلہ کا دن (قیامت بھی) ایک مقررہ وقت ہےo

(Observing these signs of Our Might, know that) the Day of Judgment (i.e., Resurrection too) is certainly a fixed time.

سورۃ الغاشیۃ:

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ (17)

ترجمہ: (منکرین تعجب کرتے ہیں کہ جنت میں یہ سب کچھ کیسے بن جائے گا! تو) کیا یہ لوگ اونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح (عجیب ساخت پر) بنایا گیا ہےo

(The disbelievers wonder how all that would be arranged in Paradise. So) do they not see how the camel has been created (in an unusual form)?

وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ (18)

ترجمہ: اورآسمان کی طرف (نگاہ نہیں کرتے) کہ وہ کیسے (عظیم وسعتوں کے ساتھ) اٹھایا گیا ہےo

And (do they not observe) how the heaven is raised so high (with its vast expanse)?

وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ (19)

ترجمہ: اور پہاڑوں کو (نہیں دیکھتے) کہ وہ کس طرح (زمین سے ابھار کر) کھڑے کیے گئے ہیںo

And (do they not see) how the mountains have been created (raised out of the earth)?

وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ (20)

ترجمہ: اورزمین کو (نہیں دیکھتے) کہ وہ کس طرح (گولائی کے باوجود) بچھائی گئی ہےo

(Nor do they consider) how the earth has been spread out (besides its round shape)?

5۔ مسجد حرام (خانہ کعبہ) کا ذکر

سورۃ الأنعام:

وَهَـــذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ وَلِتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَی وَمَنْ حَوْلَهَا وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ یُؤْمِنُونَ بِهِ وَهُمْ عَلَی صَلاَتِهِمْ یُحَافِظُونَ (92)

اور یہ (وہ) کتاب ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے، بابرکت ہے، جو کتابیں اس سے پہلے تھیں ان کی (اصلاً) تصدیق کرنے والی ہے۔ اور (یہ) اس لیے (نازل کی گئی ہے) کہ آپ (اولاً) سب (انسانی) بستیوں کے مرکز (مکّہ) والوں کو اور (ثانیاً ساری دنیا میں) اس کے اردگرد والوں کو ڈر سنائیں، اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اس پر وہی ایمان لاتے ہیں اور وہی لوگ اپنی نماز کی پوری حفاظت کرتے ہیںo

And this is (that) Book which We have sent down, the most blessed one. It (authentically) confirms those revealed Books that preceded it. And (this) has been (sent down) in order that (firstly) you warn the residents of the nucleus of all the (human) communities, Mecca, and (secondly) the dwellers around it (the world over). And only those who believe in it have faith in the Last Day, and they alone keep a vigilant watch over their Prayers.

سورۃ العمران:

إِنَّ أَوَّلَ بَیْتٍ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبَارَكاً وَهُدًی لِّلْعَالَمِیْنَ (96)

ترجمہ: بے شک سب سے پہلا گھر جو لوگوں (کی عبادت) کے لیے بنایا گیا وہی ہے جو مکہّ میں ہے، برکت والا ہے اور سارے جہان والوں کے لیے (مرکزِ) ہدایت ہےo

The first House ever constructed for mankind (to worship Allah) is indeed the one in Mecca, teeming with blessings and (the centre of) guidance for the whole world.

فِیْهِ آیَاتٌ بَیِّـــنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِیْمَ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ آمِناً وَلِلّهِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَیْهِ سَبِیْلاً وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ الله غَنِیٌّ عَنِ الْعَالَمِیْنَ(97)

ترجمہ: اس میں کھلی نشانیاں ہیں (ان میں سے ایک) ابراہیم (علیہ السلام) کی جائے قیام ہے، اور جو اس میں داخل ہو گیا امان پا گیا، اور اللہ کے لیے لوگوں پر اس گھر کا حج فرض ہے جو بھی اس تک پہنچنے کی استطاعت رکھتا ہو، اور جو (اس کا) منکر ہو تو بے شک اللہ سب جہانوں سے بے نیاز ہےo

There are manifest signs in it, (one of which is) the station of Ibrahim (Abraham). Whoever enters it attains safety and protection; and the Pilgrimage to this House is prescribed for the people for the sake of Allah whoever may afford its journey; and whoever denies (it), then indeed Allah is Self-Sufficient, Beyond Need of all the worlds.

سورۃ المائدہ:

جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَاماً لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَائِدَ ذَلِكَ لِتَعْلَمُواْ أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (97)

ترجمہ: اللہ نے عزت (وادب) والے گھر کعبہ کو لوگوں کے (دینی و دنیوی امور میں) قیام (امن) کا باعث بنا دیا ہے اور حرمت والے مہینے کو اور کعبہ کی قربانی کو اور گلے میں علامتی پٹے والے جانوروں کو بھی (جو حرمِ مکہ میں لائے گئے ہوں سب کو اسی نسبت سے عزت و احترام عطا کر دیا گیا ہے)، یہ اس لیے کہ تمہیں علم ہو جائے کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ خوب جانتا ہے اور اللہ ہر چیز سے بہت واقف ہے o

There are manifest signs in it, (one of which is) the station of Ibrahim (Abraham). Whoever enters it attains safety and protection; and the Pilgrimage to this House is prescribed for the people for the sake of Allah whoever may afford its journey; and whoever denies (it), then indeed Allah is Self-Sufficient, Beyond Need of all the worlds.

اعْلَمُواْ أَنَّ اللّٰهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (98)

ترجمہ: جان لو کہ اللہ سخت گرفت والا ہے اور یہ کہ اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا (بھی) ہے o

Say: 'O People of the Book, why do you deny the Revelations of Allah? And Allah is observing your actions.'

سورۃ الحج:

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاء الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (25)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا ہے اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے اور اس مسجدِ حرام (کعبۂ اللہ) سے روکتے ہیں جسے ہم نے سب لوگوں کے لیے یکساں بنایا ہے اس میں وہاں کے باسی اور پردیسی (میں کوئی فرق نہیں)، اور جو شخص اس میں ناحق طریقہ سے کج روی (یعنی مقررہ حدود و حقوق کی خلاف ورزی) کا ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب کا مزہ چکھائیں گے o

Surely, those who disbelieve and hinder (others) from the Path of Allah and this Sacred Mosque (the Ka'ba) which We have made equal for all the people-(there is no discrimination) in it between its inhabitants and the visitors-and he who resolves in it to deviate unjustly (i.e., transgress the appointed limits and violate rights), We shall make him taste grievous torment.

وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَن لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئاً وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ (26)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کیجئے) جب ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کے لیے بیت اللہ (یعنی خانہ کعبہ کی تعمیر) کی جگہ کا تعین کر دیا (اور انہیں حکم فرمایا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرانا اور میرے گھر کو (تعمیر کرنے کے بعد) طواف کرنے والوں اور قیام

کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں اور سجود کرنے والوں کے لیے پاک وصاف رکھنا o

And (recall) when We fixed for Ibrahim (Abraham) the site of the House of Allah (for the construction of the Ka'ba and ordained him:) 'Do not associate with Me anything and keep My House (after its construction) purified and clean for those who circumambulate it and those who stand and those who kneel and prostrate themselves in Prayer.'

ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ **(29)**

ترجمہ: پھر انہیں چاہئے کہ (احرام سے نکلتے ہوئے بال اور ناخن کٹوا کر) اپنا میل کچیل دور کریں اور اپنی نذریں (یا بقیہ مناسک) پوری کریں اور (اللہ کے) قدیم گھر (خانہ کعبہ) کا طوافِ (زیارت) کریں o

Then let them cleanse their dirt (i.e., cut their hair and nails on removing ihram, the Pilgrim attire), fulfil their vows (or the remaining prescribed rituals of Pilgrimage) and make (the prescribed visitation) circumambulation of Allah's Ancient House (the Ka'ba).

لَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَا إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ **(33)**

ترجمہ: تمہارے لیے ان (قربانی کے جانوروں) میں مقررہ مدت تک فوائد ہیں پھر انہیں قدیم گھر (خانہ کعبہ) کی طرف (ذبح کے لیے) پہنچنا ہے o

There are benefits for you in these (sacrificial animals) for a fixed term. Then they are to arrive at the Ancient House (the Ka'ba for sacrifice).

سورۃ القصص:

وَقَالُوا إِن نَّتَّبِعِ الْهُدَى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا أَوَلَمْ نُمَكِّن لَّهُمْ حَرَماً آمِناً يُجْبَى إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِزْقاً مِن لَّدُنَّا وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(57)**

ترجمہ: اور (قدر ناشناس) کہتے ہیں کہ اگر ہم آپ کی معیّت میں ہدایت کی پیروی کر لیں تو ہم اپنے ملک سے اچک لیے جائیں گے۔ کیا ہم نے انہیں (اس) امن والے حرم (شہرِ مکہ جو آپ ہی کا وطن ہے) میں نہیں بسایا جہاں ہماری طرف سے رزق کے طور پر (دنیا کی ہر سمت سے) ہر جنس کے پھل پہنچائے جاتے ہیں، لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے (کہ یہ سب کچھ کس کے صدقے سے ہو رہا ہے) o

And (the ignorant of its value) say: 'If we follow the guidance in your company, we shall be snatched out of our land.' Have We not made them settle in (this) secure and peaceful Sanctuary (Mecca-your own land) where all kinds of fruits are supplied (from all over the world) as sustenance from Us? But most of them do not know (for whose sake this whole process operates).

سورۃ العنکبوت:

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَماً آمِناً وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللَّهِ يَكْفُرُونَ **(67)**

ترجمہ: اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے حرمِ (کعبہ) کو جائے امان بنا دیا ہے اور اِن کے اِردگرد کے لوگ اُچک لیے جاتے ہیں، تو کیا (پھر بھی) وہ باطل پر ایمان رکھتے اور اللہ کے احسان کی ناشکری کرتے رہیں گےo

And have they not seen that We have made the Sanctuary (of the Ka'ba) a safe haven while people are abducted from all around them? Do they (still) believe in falsehood, and will they continue disregarding the favour of Allah?

سورۃ التوبۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلاَ يَقْرَبُواْ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَـذَا وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ إِن شَاء إِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ **(28)**

ترجمہ: اے ایمان والو! مشرکین تو سراپا نجاست ہیں سو وہ اپنے اس سال کے بعد (یعنی فتحِ مکہ کے بعد 9ھ سے) مسجدِ حرام کے قریب نہ آنے پائیں، اور اگر تمہیں (تجارت میں کمی کے باعث) مفلسی کا ڈر ہے تو (گھبراؤ نہیں) عنقریب اللہ اگر چاہے گا تو تمہیں اپنے فضل سے مال دار کر دے گا، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

O believers! The polytheists are an embodiment of impurity, so let them not come closer to the Sacred Mosque after this year of theirs (i.e., after victory over Mecca in 9 AH). If you fear poverty (due to a decline in your trade), then (do not worry). Allah will soon enrich you from His bounty if He so wills. Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

6۔ اللہ پاک کی حرام کردہ حدود

سورۃ البقرہ:

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (173)

ترجمہ: اس نے تم پر صرف مُردار اور خون اور سؤر کا گوشت اور وہ جانور جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو حرام کیا ہے، پھر جو شخص سخت مجبور ہو جائے نہ تو نافرمانی کرنے والا ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا تو اس پر (زندگی بچانے کی حد تک کھا لینے میں) کوئی گناہ نہیں، بے شک اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہےO

He has made unlawful for you only the dead animals and blood and the flesh of swine and the animal over which, whilst sacrificing, the name of someone other than Allah has been invoked. But he who is forced by necessity and is neither disobedient nor transgressing will not incur any sin on himself (if he eats that much which is required to survive). Allah is, indeed, Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ المائدہ:

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَن تَسْتَقْسِمُواْ بِالأَزْلاَمِ ذَلِكُمْ فِسْقٌ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِن دِينِكُمْ فَلاَ تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الإِسْلاَمَ دِيناً فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ فَإِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (3)

ترجمہ: تم پر مردار (یعنی بغیر شرعی ذبح کے مرنے والا جانور) حرام کر دیا گیا ہے اور (بہایا ہوا) خون اور سؤر کا گوشت اور وہ (جانور) جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو اور گلا گھٹ کر مرا ہوا (جانور) اور (دھار دار آلے کے بغیر کسی چیز کی) ضرب سے مرا ہوا اور اوپر سے گر کر مرا ہوا اور (کسی جانور کے) سینگ مارنے سے مرا ہوا اور وہ (جانور) جسے درندے نے پھاڑ کھایا ہو سوائے اس کے جسے (مرنے سے پہلے) تم نے ذبح کر لیا، اور (وہ جانور بھی حرام ہے) جو باطل معبودوں کے تھانوں (یعنی بتوں کے لیے مخصوص کی گئی قربان گاہوں) پر ذبح کیا گیا ہو اور یہ (بھی حرام ہے) کہ تم پانسوں (یعنی فال کے تیروں) کے ذریعے قسمت کا حال معلوم کرو (یا حصے تقسیم کرو)، یہ سب کام گناہ ہیں۔ آج کافر لوگ تمہارے دین (کے غالب آجانے کے باعث اپنے ناپاک ارادوں) سے مایوس ہو گئے، سو (اے مسلمانو!) تم ان سے مت ڈرو اور مجھ ہی سے ڈرا کرو۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو (بطور) دین (یعنی مکمل نظامِ حیات کی حیثیت سے) پسند کر لیا۔ پھر اگر کوئی شخص بھوک (اور پیاس) کی شدت میں اضطراری (یعنی انتہائی مجبوری کی) حالت کو پہنچ جائے (اس شرط کے ساتھ) کہ گناہ کی طرف مائل ہونے والا نہ ہو (یعنی حرام چیز گناہ کی رغبت کے باعث نہ کھائے) تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہےO

Forbidden to you is carrion (the animal that dies and is not slaughtered

according to Islamic law) and (the discharged) blood and pork and that (animal) on which the name of someone other than Allah has been invoked whilst slaughtering and (the animal) that dies by strangling or by a violent blow (not by any sharp instrument) or by falling from a height or the one that has been gored to death or which has been ripped apart and gnawed by a wild beast, save the one which you slaughter (before it dies), and (that animal too is forbidden) which has been slaughtered on idolatrous altars (dedicated to false gods). And this (is also unlawful) that you learn your fortune through divining (with arrows or divide shares by such means). All these works are sins. This day, the disbelievers have lost all hopes of (their heinous designs because) your Din ([Religion] has prevailed). So, (O believers,) fear them not and always fear Me alone. Today I have perfected your Din (Religion) for you, and have completed My Blessing upon you, and have chosen for you Islam (as) Din (a complete code of life). Then if someone gets into a survival situation (and is forced by) ravenous hunger (and intense thirst i.e., driven by dire necessity, provided) he is not prone to sinning (i.e., eats what is forbidden without being wilfully inclined to sin), then Allah is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ فَكُلُواْ مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُواْ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاتَّقُواْ اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ **(4)**

ترجمہ: لوگ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ ان کے لیے کیا چیزیں حلال کی گئی ہیں، آپ (ان سے) فرما دیں کہ تمہارے لیے پاک چیزیں حلال کر دی گئی ہیں اور وہ شکاری جانور جنہیں تم نے شکار پر دوڑاتے ہوئے یوں سِدھا لیا ہے کہ تم انہیں (شکار کے وہ طریقے) سکھاتے ہو جو تمہیں اللہ نے سکھائے ہیں، سو تم اس (شکار) میں سے (بھی) کھاؤ جو وہ (شکاری جانور) تمہارے لیے (مار کر) روک رکھیں اور (شکار پر چھوڑتے وقت) اس (شکاری جانور) پر اللہ کا نام لیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک اللہ حساب میں جلدی فرمانے والا ہےO

People ask you what has been made lawful for them. Say (to them): 'The pure provisions are declared lawful for you.' And the hunting animals that you have tamed running after game and, this way, teach them (the methods of hunting) which Allah has taught you; so eat (also) of that (prey) which the hunting animals hold on for you (after hunting). And pronounce the Name of Allah over that (hunting beast when you unleash it for hunting). And keep fearing Allah. Indeed, Allah is Swift in calling to account.

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ وَلاَ مُتَّخِذِيْ أَخْدَانٍ وَمَن يَكْفُرْ بِالإِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ**(5)**

ترجمہ: آج تمہارے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کردی گئیں، اوران لوگوں کا ذبیحہ (بھی) جنہیں (اِلہامی) کتاب دی گئی تمہارے لیے حلال ہے اور تمہارا ذبیحہ ان کے لیے حلال ہے، اور (اسی طرح) پاک دامن مسلمان عورتیں اوران لوگوں میں سے پاک دامن عورتیں جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی (تمہارے لیے حلال ہیں) جب کہ تم انہیں ان کے مَہر ادا کر دو، (مگر شرط) یہ کہ تم (انہیں) قیدِ نکاح میں لانے والے (عفت شعار) بنو نہ کہ (محض ہوس رانی کی خاطر) اِعلانیہ بدکاری کرنے والے اور نہ خفیہ آشنائی کرنے والے، اور جو شخص (اَحکامِ الٰہی پر) ایمان (لانے) سے انکار کرے تو اس کا سارا عمل برباد ہوگیا اور وہ آخرت میں (بھی) نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگاo

This day, good and pure things have been made lawful for you. And the sacrificed animal of those given the (Revealed) Book is (also) lawful for you, whilst your sacrificed animal is lawful for them. And (likewise) chaste Muslim women as well as chaste women from amongst those given the Book before you (are lawful for you) when you have paid them their dower, (provided) you marry them for a conjugal life (adhering to chasteness and decency), and not for open lasciviousness (merely satisfying your lust), nor for secret love affairs. The one who denies faith (in the commandments of Allah), all his work is ruined, and he will (also) be amongst the losers in the Hereafter.

وَكُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ حَلاَلاً طَيِّباً وَاتَّقُواْ اللّهَ الَّذِيَ أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ **(88)**

ترجمہ: اور جو حلال پاکیزہ رزق اللہ نے تمہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے کھایا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہوo

And eat of the pure and lawful things Allah has provided for you and always fear Allah in Whom you believe.

قُل لاَّ يَسْتَوِيَ الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ فَاتَّقُواْ اللّهَ يَا أُوْلِيَ الأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ **(100)**

ترجمہ: فرما دیجیے: پاک اور ناپاک (دونوں) برابر نہیں ہو سکتے (اے مخاطب!) اگرچہ تمہیں ناپاک (چیزوں) کی کثرت بھلی لگے۔ پس اے عقلمند لوگو! تم (کثرت و قلت کا فرق دیکھنے کی بجائے) اللہ سے ڈرا کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤo

Say: '(Both) the pure and the impure can never be alike, (O listener,) even though the abundance of the polluted and foul (objects) may fascinate you. So, (instead of observing the difference of abundance and scarcity) fear Allah, O men of wisdom, so that you may flourish and prosper.'

سورۃ الانعام:

فَكُلُواْ مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّهِ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ **(118)**

ترجمہ: سو تم اس (ذبیحہ) سے کھایا کرو جس پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیا گیا ہو اگر تم اس کی آیتوں پر ایمان رکھنے والے ہوo

So always eat of that (slaughtered animal) over which the Name of Allah has been pronounced (at the time of slaughter) if you believe in His

Revelations.

وَمَا لَكُمْ أَلَّا تَأْكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُم مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ وَإِنَّ كَثِيرًا لَّيُضِلُّونَ بِأَهْوَائِهِم بِغَيْرِ عِلْمٍ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِينَ (119)

ترجمہ: اور تمہیں کیا ہے کہ تم اس (ذبیحہ) سے نہیں کھاتے جس پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیا گیا ہے (تم ان حلال جانوروں کو بلاوجہ حرام ٹھہراتے ہو)؟ حالاں کہ اس نے تمہارے لیے ان (تمام) چیزوں کو تفصیلاً بیان کر دیا ہے جو اس نے تم پر حرام کی ہیں، سوائے اس (صورت) کے کہ تم (محض جان بچانے کے لیے) ان (کے بقدرِ حاجت کھانے) کی طرف انتہائی مجبور ہو جاؤ (سو اب تم اپنی طرف سے اور چیزوں کو مزید حرام نہ ٹھہرایا کرو)۔ بے شک بہت سے لوگ بغیر (پختہ) علم کے اپنی خواہشات (اور من گھڑت تصورات) کے ذریعے (لوگوں کو) بہکاتے رہتے ہیں، اور یقیناً آپ کا ربّ حد سے تجاوز کرنے والوں کو خوب جانتا ہےo

And what is the matter with you that you do not eat of that (meat) over which the Name of Allah has been pronounced (at the time of slaughter? You regard these lawful animals as unlawful without any reason), whilst He has spelled out to you in detail (all) those things which He has forbidden to you except when (under the unavoidable circumstances) you are forced (to eat the bare necessity just as a life-saving measure. So do not declare more things forbidden on your own anymore). Surely, many a people, devoid of (concrete) learning, lead (others) astray consistently by means of their own lusts (and fantasies). And surely, your Lord knows well the transgressors.

وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الْإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوا يَقْتَرِفُونَ (120)

ترجمہ: اور تم ظاہری اور باطنی (یعنی آشکارو پنہاں دونوں قسم کے) گناہ چھوڑ دو۔ بے شک جو لوگ گناہ کما رہے ہیں انہیں عنقریب سزا دی جائے گی ان (اَعمالِ بد) کے باعث جن کا وہ ارتکاب کرتے تھےo

And give up all the sins of body and of heart (i.e., both open and secret). Indeed, those who are earning sins will soon be punished for (the evil works) that they used to perpetrate.

وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَى أَوْلِيَآئِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ (121)

ترجمہ: اور تم اس (جانور کے گوشت) سے نہ کھایا کرو جس پر (ذبح کے وقت) اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو اور بے شک وہ (گوشت کھانا) گناہ ہے، اور بے شک شیاطین اپنے دوستوں کے دلوں میں (وسوسے) ڈالتے رہتے ہیں تاکہ وہ تم سے جھگڑا کریں اور اگر تم ان کے کہنے پر چل پڑے (تو) تم بھی مشرک ہو جاؤ گےo

And do not eat of (the meat of the animal) over which the Name of Allah has not been pronounced (at the time of slaughter). Verily, it is a sin (to eat that meat). And surely, the devils keep pouring (doubts) into the hearts of their companions so that they may dispute with you. And if you follow their instructions, (then) you will also become polytheists.

قُل لَّآ أَجِدُ فِي مَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّماً عَلَى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ إِلَّا أَن يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَماً مَّسْفُوحاً أَوْ لَحْمَ خِنزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقاً أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّهِ بِهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلاَ عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ(145)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ میری طرف جو وحی بھیجی گئی ہے اس میں تو میں کسی (بھی) کھانے والے پر (ایسی چیز کو) جسے وہ کھاتا ہو حرام نہیں پاتا سوائے اس کے کہ وہ مُردار ہو یا بہتا ہوا خون ہو یا سؤر کا گوشت ہو کیونکہ یہ ناپاک ہے یا نافرمانی کا جانور جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام بلند کیا گیا ہو۔ پھر جو شخص (بھوک کے باعث) سخت لاچار ہو جائے نہ تو نافرمانی کر رہا ہو اور نہ حد سے تجاوز کر رہا ہو تو بے شک آپ کا رب بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

Say: 'I do not find in that Revelation which has been sent to me anything forbidden to anyone who eats (such things) as he takes in food except carrion, or flowing blood, or the flesh of swine, for it is filthy and impious, or the sinfully slaughtered animal on which some name other than Allah's Name has been invoked at the time of slaughter. But he who becomes helpless (due to hunger), and is neither disobeying nor transgressing, then surely your Lord is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

قُلْ تَعَالَوْاْ أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ أَلَّا تُشْرِكُواْ بِهِ شَيْئاً وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً وَلَا تَقْتُلُواْ أَوْلَادَكُم مِّنْ إِمْلَاقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ وَلَا تَقْرَبُواْ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا تَقْتُلُواْ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ذَلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ(151)

ترجمہ: فرما دیجیے: آؤ میں وہ چیزیں پڑھ کر سنا دوں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کی ہیں (وہ) یہ کہ تم اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو، اور مفلسی کے باعث اپنی اولاد کو قتل مت کرو۔ ہم ہی تمہیں رزق دیتے ہیں اور انہیں بھی (دیں گے)، اور بے حیائی کے کاموں کے قریب نہ جاؤ (خواہ) وہ ظاہر ہوں اور (خواہ) وہ پوشیدہ ہوں، اور اس جان کو قتل نہ کرو جسے (قتل کرنا) اللہ نے حرام کیا ہے بجز حق (شرعی) کے (یعنی قانون کے مطابق ذاتی دفاع کی خاطر اور فتنہ و فساد اور دہشت گردی کے خلاف لڑتے ہوئے)، یہی وہ (امور) ہیں جن کا اس نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم عقل سے کام لوo

Say: 'Come, I will recite to you those things which your Lord has forbidden to you: Do not set up anything as a partner with Him; be morally excellent with parents; and do not kill your children owing to poverty. We alone give you sustenance and (will provide for) them as well. And do not draw near to shameful deeds (whether) open or hidden. And do not kill the soul whose (killing) Allah has forbidden, except when it is rightfully due (according to law in self-defence against disruption and whilst combating terrorism). It is these (injunctions) He has enjoined upon you so that you may apply reason.

سورۃ الاعراف:

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللّهِ الَّتِيَ أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالْطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ آمَنُواْ فِيْ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَذَلِكَ نُفَصِّلُ الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (32)

ترجمہ: فرما دیجیے: اللہ کی اس زینت (و آرائش) کو کس نے حرام کیا ہے جو اس نے اپنے بندوں کے لیے پیدا فرمائی ہے اور کھانے کی پاک ستھری چیزوں کو (بھی کس نے حرام کیا ہے)؟ فرما دیجیے: یہ (سب نعمتیں جو) اہلِ ایمان کی دنیا کی زندگی میں (بالعموم روا) ہیں قیامت کے دن بالخصوص (انہی کے لیے) ہوں گی۔ اس طرح ہم جاننے والوں کے لیے آیتیں تفصیل سے بیان کرتے ہیں o

Say: Who has forbidden the adornment (and beautification) of Allah that He has produced for His servants and (who has also forbidden) the pure and clean food?' Say: '(All these bounties) that are (available generally) for the believers in the life of this world will be exclusively (for them) on the Day of Resurrection. This way, We elucidate Our Revelations for those who have knowledge.'

قُلْ إِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالإِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَأَن تُشْرِكُواْ بِاللّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَاناً وَأَن تَقُولُواْ عَلَى اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (33)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ میرے ربّ نے (تو) صرف بے حیائی کی باتوں کو حرام کیا ہے جو ان میں سے ظاہر ہوں اور جو پوشیدہ ہوں (سب کو) اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کو اور اس بات کو کہ تم اللہ کا شریک ٹھہراؤ جس کی اس نے کوئی سند نہیں اتاری اور (مزید) یہ کہ تم اللہ (کی ذات) پر ایسی باتیں کہو جو تم خود بھی نہیں جانتے o

Say: 'My Lord has declared unlawful only (all) the indecent acts which become known and which remain hidden, and sins and unjust excesses, and that you associate with Allah that for which He has not sent down any authority, and (in addition) saying such things about (the Essence of) Allah that you do not know yourselves.'

7۔ عذابِ الٰہی کا ذکر

سورۃ النساء:

الَّذِيْنَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُونَ مَا آتَاهُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِيْنَ عَذَاباً مُّهِيناً(37)

ترجمہ: جولوگ (خود بھی) بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو (بھی) بخل کا حکم دیتے ہیں اور اس (نعمت) کو چھپاتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا کی ہے، اور ہم نے کافروں کے لیے ذلت انگیز عذاب تیار کر رکھا ہےo

Those who are miserly and bid others (also) to be miserly and hide that (blessing) which Allah has granted them of His bounty. And We have prepared a disgraceful torment for the disbelievers,

سورۃ الانعام:

وَلَقَدْ أَرْسَلنَا إِلَى أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُمْ بِالْبَأْسَاء وَالضَّرَّاء لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ (42)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے بہت سی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے، پھر ہم نے ان کو (نافرمانی کے باعث) تنگ دستی اور تکلیف کے ذریعے پکڑ لیا تاکہ وہ (عجز و نیاز کے ساتھ) گڑگڑائیںo

Indeed, We sent Messengers to many communities before you. Then We seized them with scarcity and distress (due to their disobedience and defiance), so that they might beseech (with submissiveness and humility).

فَلَوْلا إِذْ جَاءهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُواْ وَلَـكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (43)

ترجمہ: پھر جب ان تک ہمارا عذاب آ پہنچا تو انہوں نے عاجزی و زاری کیوں نہ کی؟ لیکن (حقیقت یہ ہے کہ) ان کے دل سخت ہو گئے تھے اور شیطان نے ان کے لیے وہ (گناہ) آراستہ کر دکھائے تھے جو وہ کیا کرتے تھےo

Then why did they not humble themselves and wail and moan when Our torment came upon them? But (the fact is that) their hearts became hardened, and Satan made those (sinful) acts that they used to perpetrate appear to them attractive and alluring.

فَلَمَّا نَسُواْ مَا ذُكِّرُواْ بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى إِذَا فَرِحُواْ بِمَا أُوتُواْ أَخَذْنَاهُم بَغْتَةً فَإِذَا هُم مُّبْلِسُونَ(44)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے اس نصیحت کو فراموش کر دیا جو ان سے کی گئی تھی تو ہم نے (انہیں اپنے انجام تک پہنچانے کے لیے) ان پر ہر چیز (کی فراوانی) کے دروازے کھول دیے، یہاں تک کہ جب وہ ان چیزوں (کی لذتوں اور راحتوں) سے خوب خوش ہو (کر مدہوش ہو) گئے جو انہیں دی گئی تھیں تو ہم نے اچانک انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا تو اس وقت وہ مایوس ہو کر رہ گئےo

But when they forgot that Reminder which was urged upon them, We opened up for them the gates (to abundance) of everything (to take them to their end) until when they luxuriated (in ecstasy of sensual delights and sensuous gratification) with all that was provided for them, We seized them

all of a sudden (with torment) and they were struck with despair.

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُواْ وَالْحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (45)

ترجمہ: پس ظلم کرنے والی قوم کی جڑ کاٹ دی گئی، اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا پروردگار ہےo

So the root of the wrongdoing and unjust people was cut off. And all praise belongs to Allah alone, Who is the Sustainer of all the worlds.

قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللّهِ بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ إِلاَّ الْقَوْمُ الظَّالِمُونَ (47)

ترجمہ: آپ (ان سے یہ بھی) فرما دیجیے کہ تم مجھے بتاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا کھلم کھلا آن پڑے تو کیا ظالم قوم کے سوا (کوئی اور) ہلاک کیا جائے گاo

(Also) say (to them): 'Tell me if the punishment of Allah comes upon you all of a sudden or openly, will (any other) be destroyed except those who do injustice?'

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُواْ يَفْسُقُونَ (49)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں عذاب چھو کر رہے گا، اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھےo

But those who belie Our Revelations, torment is bound to befall them because they used to disobey.

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَى أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَاباً مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعاً وَيُذِيْقَ بَعْضَكُم بَأْسَ بَعْضٍ انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُونَ (65)

ترجمہ: فرما دیجیے: وہ اس پر قادر ہے کہ تم پر عذاب بھیجے (خواہ) تمہارے اوپر کی طرف سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا تمہیں فرقہ فرقہ کر کے آپس میں بھڑائے اور تم میں سے بعض کو بعض کی لڑائی کا مزہ چکھا دے۔ دیکھئے! ہم کس کس طرح آیتیں بیان کرتے ہیں تاکہ یہ (لوگ) سمجھ سکیںo

Say: 'He has the power to send you the torment (whether) from above you or from underneath your feet, or engage you in strife by splitting you into sects and making you taste the violence of one against the other.' See in what diverse ways We elucidate the Revelations, so that they may comprehend.

إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لآتٍ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِيْنَ (134)

ترجمہ: بے شک جس (عذاب) کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ ضرور آنے والا ہے اور تم (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتےo

Indeed, (the torment) which you are being promised has to certainly come and you cannot thwart (Allah).

سورۃ الاعراف:

وَكَم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا فَجَاءهَا بَأْسُنَا بَيَاتاً أَوْ هُمْ قَآئِلُونَ (4)

ترجمہ: اور کتنی ہی بستیاں (ایسی) ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کر ڈالا سو ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت آیا یا (جبکہ) وہ دوپہر کو سو رہے تھےo

And how many a town (is such as) We destroyed! Our torment came upon them at night or (whilst) they were asleep at noon.

فَمَا كَانَ دَعْوَاهُمْ إِذْ جَاءهُم بَأْسُنَا إِلَّا أَن قَالُواْ إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ (5)

ترجمہ: پھر جب ان پر ہمارا عذاب آ گیا تو ان کی پکار سوائے اس کے (کچھ) نہ تھی کہ وہ کہنے لگے کہ بے شک ہم ظالم تھےo

And when Our torment came upon them, their cry was nothing (else) but they began to say: 'No doubt we were the wrongdoers.'

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَى آمَنُواْ وَاتَّقَواْ لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ وَلَكِن كَذَّبُواْ فَأَخَذْنَاهُم بِمَا كَانُواْ يَكْسِبُونَ (96)

ترجمہ: اور اگر (ان) بستیوں کے باشندے ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے برکتیں کھول دیتے لیکن انہوں نے (حق کو) جھٹلایا، سو ہم نے انہیں ان اَعمالِ (بد) کے باعث جو وہ انجام دیتے تھے (عذاب کی) گرفت میں لے لیاo

But if the inhabitants of (these) towns had embraced faith and adopted Godwariness, We would have opened to them blessings from the heaven and the earth. But they rejected (the truth). So We seized them with (torment) for (the impious acts) they used to perpetrate.

أَفَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَى أَن يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا بَيَاتاً وَهُمْ نَآئِمُونَ (97)

ترجمہ: کیا اب بستیوں کے باشندے اس بات سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب (پھر) رات کو آ پہنچے اس حال میں کہ وہ (غفلت کی نیند) سوئے ہوئے ہیںo

Have the residents of the towns now become free of this fear that Our torment may seize them (again) at night when they are (fast) asleep (in carefree slumber)?

أَوَ أَمِنَ أَهْلُ الْقُرَى أَن يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا ضُحًى وَهُمْ يَلْعَبُونَ (98)

ترجمہ: یا بستیوں کے باشندے اس بات سے بے خوف ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب (پھر) دن چڑھے آ جائے اس حال میں کہ (وہ دنیا میں مدہوش ہو کر) کھیل رہے ہوں؟o

Or are the residents of the towns free of this fear that Our torment may seize them (again) in the forenoon when they are at play (completely lost in the worldly pleasures)?

أَفَأَمِنُواْ مَكْرَ اللّهِ فَلاَ يَأْمَنُ مَكْرَ اللّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخَاسِرُونَ (99)

ترجمہ: کیا وہ لوگ اللہ کی مخفی تدبیر سے بے خوف ہیں؟ پس اللہ کی مخفی تدبیر سے کوئی بے خوف نہیں ہوا کرتا سوائے نقصان اٹھانے والی قوم کےo

Are they fearless of Allah's secret plan? So, no one feels fearless against the

secret plan of Allah except the people who run into loss.

أَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُونَ الْأَرْضَ مِن بَعْدِ أَهْلِهَا أَن لَّوْ نَشَاء أَصَبْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَنَطْبَعُ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لاَ يَسْمَعُونَ (100)

ترجمہ: کیا (یہ بات بھی) ان لوگوں کو (شعور و) ہدایت نہیں دیتی جو (ایک زمانے میں) زمین پر رہنے والوں (کی ہلاکت) کے بعد (خود) زمین کے وارث بن رہے ہیں کہ اگر ہم چاہیں تو ان کے گناہوں کے باعث انہیں (بھی) سزا دیں، اور ہم ان کے دلوں پر (ان کی بداَعمالیوں کی وجہ سے) مُہر لگا دیں گے سو وہ (حق کو) سن (سمجھ) بھی نہیں سکیں گےo

Does (this also) not guide and (enlighten) those who have inherited the earth (themselves) after (the destruction of) those (one time) dwelling in the earth that if We desire, We may punish them (as well) for their sins, and We shall seal their hearts (due to their evil behaviour), so they will be unable to hear (and understand the truth)?

سورۃ الانفال:

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ شَآقُّواْ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَمَن يُشَاقِقِ اللّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ (13)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کی، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کرے تو بے شک اللہ (اسے) سخت عذاب دینے والا ہےo

That is because they defied Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). And he who defies Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), then surely Allah will seize (him) with severe torment.

ذَلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلْكَافِرِيْنَ عَذَابَ النَّارِ (14)

ترجمہ: یہ (عذابِ دنیا) ہے سو تم اسے (تو) چکھ لو اور بے شک کافروں کے لیے (آخرت میں) دوزخ کا (دوسرا) عذاب (بھی) ہےo

This is (the torment in this world), so taste it (first), and surely there is (another) torment of Hell (as well) for the disbelievers (in the Hereafter).

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ زَحْفاً فَلاَ تُوَلُّوهُمُ الأَدْبَارَ (15)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم (میدانِ جنگ میں) کافروں سے مقابلہ کرو (خواہ وہ) لشکرِ گراں ہو پھر بھی انہیں پیٹھ مت دکھانا o

O believers! When you combat the disbelievers (in the battlefield), never turn your backs on them, (even if they are) a large army.

وَاتَّقُواْ فِتْنَةً لاَّ تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُواْ مِنكُمْ خَآصَّةً وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(25)

ترجمہ: اور اس فتنہ سے ڈرو جو خاص طور پر صرف ان لوگوں ہی کو نہیں پہنچے گا جو تم میں سے ظالم ہیں (بلکہ اس ظلم کا ساتھ دینے والے اور اس پر خاموش رہنے والے بھی انہی میں شریک کر لیے جائیں گے)، اور جان لو کہ اللہ عذاب میں سختی فرمانے والا ہےo

And fear the plague which will not afflict exclusively those who are the tyrants amongst you (but its victims will also include those who are accomplices in tyranny or who remain indifferent to it). And bear in mind that Allah is Severe in inflicting torment.

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنتَ فِيهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُونَ(33)

ترجمہ: اور (درحقیقت بات یہ ہے کہ) اللہ کی یہ شان نہیں کہ ان پر عذاب فرمائے درآنحالیکہ (اے حبیب مکرم!) آپ بھی ان میں (موجود) ہوں، اور نہ ہی اللہ ایسی حالت میں ان پر عذاب فرمانے والا ہے کہ وہ (اس سے) مغفرت طلب کر رہے ہوں o

And, (in truth, the matter is that) it is not Allah's Glory to torment them, whilst you (O Venerable Beloved) are also (present) amongst them. Nor would Allah torment them whilst they are engaged in supplicating Him for forgiveness.

قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ إِن يَنتَهُواْ يُغْفَرْ لَهُم مَّا قَدْ سَلَفَ وَإِنْ يَعُودُواْ فَقَدْ مَضَتْ سُنَّةُ الأَوَّلِينَ (38)

ترجمہ: آپ کفر کرنے والوں سے فرما دیں: اگر وہ (اپنے کافرانہ اَفعال سے) باز آ جائیں تو ان کے وہ (گناہ) بخش دیے جائیں گے جو پہلے گزر چکے ہیں، اور اگر وہ پھر وہی کچھ کریں گے تو یقیناً اگلوں (کے عذاب در عذاب) کا طریقہ گزر چکا ہے (ان کے ساتھ بھی وہی کچھ ہوگا) o

Say to those who disbelieve: 'If they desist (from their blasphemous acts), then (the sins) which have passed will be forgiven. But if they repeat the same, then the pattern of (multiple punishments given to) the forerunners has passed. (They will also be dealt with the same way.)'

وَلَوْ تَرَى إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُواْ الْمَلآئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ وَذُوقُواْ عَذَابَ الْحَرِيقِ (50)

ترجمہ: اور اگر آپ (وہ منظر) دیکھیں (تو بڑا تعجب کریں) جب فرشتے کافروں کی جان قبض کرتے ہیں وہ ان کے چہروں اور ان کی پشتوں پر (ہتھوڑے) مارتے جاتے ہیں اور (کہتے ہیں کہ دوزخ کی) آگ کا عذاب چکھ لو o

And you (will wonder) if you see (the spectacle) when the angels take away the souls of the disbelievers. They continue striking their faces and backs (with hammers and say): 'Taste the torment of the Fire (of Hell).'

ذَلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلاَّمٍ لِّلْعَبِيدِ (51)

ترجمہ: یہ (عذاب) ان (اعمالِ بد) کے بدلہ میں ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجے اور اللہ ہرگز بندوں پر ظلم فرمانے والا نہیں o

This (torment) is in retribution of those (impious acts) which your hands have sent forward, and Allah does not at all do injustice to His servants.

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَفَرُواْ بِآيَاتِ اللّٰهِ فَأَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوبِهِمْ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ(52)

ترجمہ: (ان کافروں کا حال بھی) قومِ فرعون اور ان سے پہلے کے لوگوں کے حال کی مانند ہے۔ انہوں نے (بھی) اللہ کی آیات کا انکار کیا تھا، سو اللہ نے انہیں ان کے گناہوں کے باعث (عذاب میں) پکڑ لیا۔ بے شک اللہ قوت والا سخت عذاب دینے والا ہے o

(The case of these disbelievers is also) like (that of) the people of Pharaoh and

those who preceded them. They (too) denied the Revelations of Allah. So, Allah seized them (with torment) for their sins. Surely, Allah is Mighty, Severe in afflicting torment.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّراً نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَى قَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنفُسِهِمْ وَأَنَّ اللّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ **(53)**

ترجمہ: یہ (عذاب) اس وجہ سے ہے کہ اللہ کسی نعمت کو ہرگز بدلنے والا نہیں جو اس نے کسی قوم پر ارزانی فرمائی ہو یہاں تک کہ وہ لوگ از خود اپنی حالتِ نعمت کو بدل دیں (یعنی کفرانِ نعمت اور معصیت و نافرمانی کے مرتکب ہوں اور پھر ان میں احساسِ زیاں بھی باقی نہ رہے تب وہ قوم ہلاکت و بربادی کی زد میں آجاتی ہے)، بے شک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

This (torment) is because Allah never changes any blessing that He grants affluently to some people till they change their blessed state themselves (i.e., when they commit ingratitude, disobedience and sins and even lose the sense of loss, they are seized by destruction and devastation). And Allah is indeed All-Hearing, All-Knowing.

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَذَّبُواْ بِآيَاتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَونَ وَكُلٌّ كَانُواْ ظَالِمِينَ **(54)**

ترجمہ: یہ (عذاب بھی) قومِ فرعون اور ان سے پہلے کے لوگوں کے دستور کی مانند ہے، انہوں نے (بھی) اپنے رب کی نشانیوں کو جھٹلایا تھا سو ہم نے ان کے گناہوں کے باعث انہیں ہلاک کر ڈالا اور ہم نے فرعون والوں کو (دریا میں) غرق کر دیا اور وہ سب کے سب ظالم تھےo

This (torment too) is on the pattern of the people of Pharaoh and those who preceded them: they (also) denied the signs of their Lord. So, We destroyed them due to their sins, and We drowned the people of Pharaoh (in the river). And they all were oppressors.

سورۃ التوبۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِنَّ كَثِيراً مِّنَ الأَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّهِ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلاَ يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللّهِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ **(34)**

ترجمہ: اے ایمان والو! بے شک (اہلِ کتاب کے) اکثر علماء اور درویش، لوگوں کے مال ناحق (طریقے سے) کھاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں (یعنی لوگوں کے مال سے اپنی تجوریاں بھرتے ہیں اور دینِ حق کی تقویت و اشاعت پر خرچ کیے جانے سے روکتے ہیں)، اور جو لوگ سونا اور چاندی کا ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو انہیں دردناک عذاب کی خبر سنا دیںo

O believers! Indeed, the majority of the priests and monks (of the People of the Book) devour the wealth of people through unfair (means) and hinder from the path of Allah (i.e., fill their safes with people's money, and hinder it from being spent for the publicity and promotion of the true Din [Religion]). And those who

hoard silver and gold and do not spend it in the cause of Allah, warn them of a grievous torment.

يَوْمَ يُحْمَى عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ وَظُهُورُهُمْ هَـذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنفُسِكُمْ فَذُوقُواْ مَا كُنتُمْ تَكْنِزُونَ **(35)**

ترجمہ: جس دن اس (سونے، چاندی اور مال) پر دوزخ کی آگ میں تاپ دی جائے گی پھر اس (تپے ہوئے مال) سے ان کی پیشانیاں اور ان کے پہلو اور ان کی پیٹھیں داغی جائیں گی، (اور ان سے کہا جائے گا) کہ یہ وہی (مال) ہے جو تم نے اپنی جانوں (کے مفاد) کے لیے جمع کیا تھا سو تم (اس مال کا) مزہ چکھو جسے تم جمع کرتے رہے تھےo

The Day when this (gold, silver and wealth) will be heated in the Fire of Hell, their foreheads, sides and backs will be branded with this (heated material, and it will be said to them:) 'This is the same (wealth) that you treasured for (the benefit of) your souls. So taste (this wealth) which you had been amassing.'

إِلَّا تَنفِرُواْ يُعَذِّبْكُمْ عَذَاباً أَلِيماً وَيَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئاً وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ **(39)**

ترجمہ: اگر تم (جہاد کے لیے) نہ نکلو گے تو وہ تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا فرمائے گا اور تمہاری جگہ (کسی) اور قوم کو لے آئے گا اور تم اسے کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکو گے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھتا ہےo

If you do not move out (to fight for the promotion of peace and human dignity), He will afflict you with grievous torment and will replace you with another people and you will not be able to do Him any harm. And Allah has mighty power over everything.

أَلَمْ يَعْلَمُواْ أَنَّهُ مَن يُحَادِدِ اللّهَ وَرَسُولَهُ فَأَنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِداً فِيهَا ذَلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيمُ **(63)**

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتے کہ جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کرتا ہے تو اس کے لیے دوزخ کی آگ (مقرر) ہے جس میں وہ ہمیشہ رہنے والا ہے، یہ زبردست رسوائی ہےo

Do they not know that he who opposes Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), the Fire of Hell is (destined) for him wherein he will dwell forever? There is no humiliation greater than this.

سورۃ یونس:

إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعاً وَعْدَ اللّهِ حَقّاً إِنَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ وَالَّذِينَ كَفَرُواْ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُواْ يَكْفُرُونَ **(4)**

ترجمہ: (لوگو!) تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے۔ بے شک وہی پیدائش کی ابتداء کرتا ہے پھر وہی اسے دہرائے گا تاکہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے، انصاف کے ساتھ جزا دے، اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہے، اس کا بدلہ جو وہ کفر کیا کرتے تھےo

(O people!) It is to Him that you are all to return; (that) is Allah's true promise.

Surely, He is the One Who originates the creation. Then He is the One Who will repeat it so that He rewards with justice those who believe and do righteous works. And those who reject faith and disbelieve, there is for them scalding water to drink and a painful torment, a reward for their disbelief.

وَالَّذِيْنَ كَسَبُواْ السَّيِّئَاتِ جَزَاء سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ مَّا لَهُم مِّنَ اللّهِ مِنْ عَاصِمٍ كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعاً مِّنَ اللَّيْلِ مُظْلِماً أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (27)

ترجمہ: اور جنہوں نے برائیاں کما رکھی ہیں (ان کے لیے) برائی کا بدلہ اسی کی مثل ہوگا، اور ان پر ذلت و رسوائی چھا جائے گی ان کے لیے اللہ (کے عذاب) سے کوئی بھی بچانے والا نہیں ہوگا (یوں لگے گا) گویا ان کے چہرے اندھیری رات کے ٹکڑوں سے ڈھانپ دیے گئے ہیں۔ یہی اہلِ جہنم ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں o

And those who have earned evil, the recompense of evil (for them) will be a matching evil and humiliation and ignominy will spread over them. There will be no one to rescue them from (the torment of) Allah. (It will appear) as if their faces have been covered by dark patches of night. It is they who are the inmates of Hell, its permanent residents.

وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّهُ شَهِيْدٌ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ (46)

ترجمہ: اور خواہ ہم آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصہ (دنیا میں ہی) دکھا دیں جس کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں (اور ہم آپ کی حیاتِ مبارکہ میں ایسا کریں گے) یا (اس سے پہلے) ہم آپ کو وفات بخش دیں، تو انہیں (بہرصورت) ہماری ہی طرف لوٹنا ہے، پھر اللہ (خود) اس پر گواہ ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں o

And whether We show you (in the world) some portion of that (torment) which We promise them (and We execute it during your blessed lifetime), or We make you depart this life (before that), they (in any case) are to return to Us. Then Allah (Himself) is witness to what they are doing.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتاً أَوْ نَهَاراً مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ (50)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: (اے کافرو!) ذرا غور تو کرو اگر تم پر اس کا عذاب (ناگہاں) راتوں رات یا دن دہاڑے آپہنچے (تو تم کیا کر لو گے؟) وہ کیا چیز ہے کہ مجرم لوگ اس سے جلدی چاہتے ہیں؟ o

Say: '(O disbelievers,) just ponder: if His (torment) comes upon you (all of a sudden) by night or by day, (then what will you do)? What is it that the evildoers want in haste?

أَثُمَّ إِذَا مَا وَقَعَ آمَنْتُم بِهِ آلآنَ وَقَدْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ (51)

ترجمہ: کیا جس وقت وہ (عذاب) واقع ہو جائے گا تو تم اس پر ایمان لے آؤ گے، (اس وقت تم سے کہا جائے گا:) اب (ایمان لا رہے ہو؟ اس وقت کوئی فائدہ نہیں) حالاں کہ تم (استہزاء) اسی (عذاب) میں جلدی چاہتے تھے o

Will you believe in it when this (torment) will have befallen? (Then it will be said to you: 'You believe) now! (Now it is of no avail) whilst you

(sarcastically) desired the same (torment) in haste.'

ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُواْ ذُوقُواْ عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلاَّ بِمَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ (52)

ترجمہ: پھر (ان) ظالموں سے کہا جائے گا: تم دائمی عذاب کا مزہ چکھو، تمہیں (کچھ بھی اور) بدلہ نہیں دیا جائے گا، مگر انہی اعمال کا جو تم کماتے رہے تھےo

Then it will be said to (these) wrongdoers: 'Taste the everlasting punishment. You will not be recompensed (anything more) but for thesame (deeds) that you used to earn.'

وَيَسْتَنبِئُونَكَ أَحَقٌّ هُوَ قُلْ إِىْ وَرَبِّىْ إِنَّهُ لَحَقٌّ وَمَا أَنتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ(53)

ترجمہ: اور وہ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ کیا (دائمی عذاب کی) وہ بات (واقعی) سچ ہے؟ فرما دیجیے: ہاں میرے رب کی قسم یقیناً وہ بالکل حق ہے۔ اور تم (اپنے انکار سے اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتےo

And they ask you: 'Is that matter of (everlasting torment certainly) true?' Say: 'Yes, by my Lord, it is certainly an absolute truth, and you cannot frustrate (Allah's plan by your denial).'

وَلَوْ أَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِىْ الأَرْضِ لاَفْتَدَتْ بِهِ وَأَسَرُّواْ النَّدَامَةَ لَمَّا رَأَوُاْ الْعَذَابَ وَقُضِىَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ (54)

ترجمہ: اگر ہر ظالم شخص کی ملکیت میں وہ (ساری دولت) ہو جو زمین میں ہے تو وہ یقیناً اسے (اپنی جان چھڑانے کے لیے) عذاب کے بدلہ میں دے ڈالے، اور (ایسے لوگ) جب عذاب کو دیکھیں گے تو اپنی ندامت چھپائے پھریں گے اور ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں ہوگاo

If every evildoer possessed (all) that (which) is in the earth, he would certainly offer it as ransom (to get rid of) the torment. (But even then he will not be able to escape from the torment.) And when (such people) see the torment, they will conceal their remorse. And judgment will be made amongst them with justice and they will not be wronged.

سورۃ ہود:

وَأَنِ اسْتَغْفِرُواْ رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُواْ إِلَيْهِ يُمَتِّعْكُم مَّتَاعاً حَسَناً إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى وَيُؤْتِ كُلَّ ذِىْ فَضْلٍ فَضْلَهُ وَإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنِّىَ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ (3)

ترجمہ: اور یہ کہ تم اپنے رب سے مغفرت طلب کرو پھر تم اس کے حضور (صدقِ دل سے) توبہ کرو وہ تمہیں وقتِ معین تک اچھی متاع سے لطف اندوز رکھے گا اور ہر فضیلت والے کو اس کی فضیلت کی جزا دے گا (یعنی اس کے اَعمال و ریاضت کی کثرت کے مطابق اَجر و درجات عطا فرمائے گا)، اور اگر تم نے روگردانی کی تو میں تم پر بڑے دن کے عذاب کا خوف رکھتا ہوںo

And that you should seek forgiveness from your Lord, then repent before Him (with true hearts). He will keep you glad and gratified with an excellent provision till an appointed term, and will reward for merit everyone enjoying

merit (i.e., He will bestow reward and ranks corresponding to one's amount of righteous deeds and dedicated services). And if you turn away, then I fear for you the torment of a Mighty Day.

وَلَئِنْ أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلَى أُمَّةٍ مَّعْدُودَةٍ لَّيَقُولُنَّ مَا يَحْبِسُهُ أَلَا يَوْمَ يَأْتِيهِمْ لَيْسَ مَصْرُوفاً عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُواْ بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (8)

ترجمہ: اور اگر ہم ان سے چند مقررہ دنوں تک عذاب کو مؤخر کر دیں تو وہ یقیناً کہیں گے کہ اسے کس چیز نے روک رکھا ہے، خبردار! جس دن وہ (عذاب) ان پر آئے گا (تو) ان سے پھیرا نہ جائے گا اور وہ (عذاب) انہیں گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

And if We defer their torment for a few fixed days, they will definitely say: 'What has held it back?' Beware! The day when that (torment) comes upon them, (then) that will not be averted from them, and that (chastisement) which they used to make fun of will beset them.

فَلاَ تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هَـؤُلاء مَا يَعْبُدُونَ إِلاَّ كَمَا يَعْبُدُ آبَاؤُهُم مِّن قَبْلُ وَإِنَّا لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنقُوصٍ (109)

ترجمہ: پس (اے سننے والے!) تو ان کے بارے میں کسی (بھی) شک میں مبتلا نہ ہو جن کی یہ لوگ پوجا کرتے ہیں۔ یہ لوگ (کسی دلیل و بصیرت کی بنا پر) پرستش نہیں کرتے مگر (صرف اس طرح کرتے ہیں) جیسے ان سے قبل ان کے باپ دادا پرستش کرتے چلے آ رہے ہیں۔ اور بے شک ہم انہیں یقیناً ان کا پورا حصہ (عذاب) دیں گے جس میں کوئی کمی نہیں کی جائے گیo

So, (O listener,) do not have any doubt at all about those which they worship. They do not worship (on the basis of any reason or insight), but they worship only as their ancestors have done contiguously before. And certainly, We will pay them their full share (of torment) which will not be diminished in the least.

سورۃ یوسف:

أَفَأَمِنُواْ أَن تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَهُمْ لاَ يَشْعُرُونَ (107)

ترجمہ: کیا وہ اس بات سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ ان پر اللہ کے عذاب کی چھا جانے والی آفت آ جائے یا ان پر اچانک قیامت آ جائے اور انہیں خبر بھی نہ ہوo

Surely, there are (many) signs (in the parable of) Yusuf (Joseph) and his brothers for those who are inquisitive.

سورۃ الرعد:

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِمُ الْمَثُلاَتُ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلَى ظُلْمِهِمْ وَإِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيدُ الْعِقَابِ (6)

ترجمہ: اور یہ لوگ رحمت سے پہلے آپ سے عذاب طلب کرنے میں جلدی کرتے ہیں، حالاں کہ ان سے پہلے کئی عذاب گزر چکے

ہیں، اور (اے حبیب!) بے شک آپ کا رب لوگوں کے لیے ان کے ظلم کے باوجود بخشش والا ہے اور یقیناً آپ کا رب سخت عذاب دینے والا (بھی) ہےo

And they hasten to demand from you punishment before mercy though many torments have passed before them. And, (O Beloved,) your Lord is Most Forgiving to the people despite their (oppression and) injustice. But certainly, your Lord is Severe in punishment (as well).

لَـهُ مُـعَـقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ لاَ يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَإِذَا أَرَادَ اللّهُ بِقَوْمٍ سُوءاً فَلاَ مَرَدَّ لَهُ وَمَا لَهُم مِّن دُونِهِ مِن وَالٍ(11)

ترجمہ: (ہر) انسان کے لیے یکے بعد دیگرے آنے والے (فرشتے) ہیں جو اس کے آگے اور اس کے پیچھے اللہ کے حکم سے اس کی نگہبانی کرتے ہیں۔ بے شک اللہ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا یہاں تک کہ وہ لوگ اپنے آپ میں خود تبدیلی پیدا کر ڈالیں، اور جب اللہ کسی قوم کے ساتھ (اس کی اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے) عذاب کا ارادہ فرما لیتا ہے تو اسے کوئی ٹال نہیں سکتا، اور نہ ہی ان کے لیے اللہ کے مقابلہ میں کوئی مددگار ہوتا ہےo

For (every) human being there are (angels) coming in succession who, before him and behind him, guard him by the command of Allah. Verily, Allah does not change the state of a people until they bring about a change in themselves. And when Allah intends to torment a people (due to their own evil works), then none can avert it. Nor is there any helper for them apart from Allah.

لِـلَّـذِيْـنَ اسْتَـجَـابُـواْ لِـرَبِّـهِـمُ الْـحُسْنَى وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيبُواْ لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِيْ الأَرْضِ جَمِيْعاً وَمِثْلَهُ مَعَهُ لاَفْتَدَوْاْ بِهِ أُوْلَـئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ(18)

ترجمہ: ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا حکم قبول کیا بھلائی ہے، اور جنہوں نے اس کا حکم قبول نہیں کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اتنا اور بھی ہو سو وہ اسے (عذاب سے نجات کے لیے) فدیہ دے ڈالیں (تب بھی) انہی لوگوں کا حساب برا ہوگا، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ نہایت برا ٹھکانا ہےo

For those who accept the command of their Lord, there is the excellent outcome. And those who reject His command, even though they possess all that is in the earth, and the like of it added to that, and they offer it as ransom (to be delivered from the torment, even then) they are the ones whose accountability will be horrible. And Hell is their abode, and that is a wretched abode.

وَلَقَدِ اسْتُهْزِءَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُواْ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ (32)

ترجمہ: اور بے شک آپ سے قبل (بھی کفار کی جانب سے) رسولوں کے ساتھ مذاق کیا جاتا رہا سو میں نے کافروں کو مہلت دی پھر میں نے انہیں (عذاب کی) گرفت میں لے لیا۔ پھر (دیکھئے) میرا عذاب کیسا تھاo

And indeed the Messengers were mocked (by the disbelievers) before you (as well). So I granted the disbelievers respite and then seized them (with

torment). (See) then how My torment was!

أَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلَى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَجَعَلُواْ لِلّهِ شُرَكَاء قُلْ سَمُّوهُمْ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لاَ يَعْلَمُ فِي الأَرْضِ أَم بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُواْ مَكْرُهُمْ وَصُدُّواْ عَنِ السَّبِيلِ وَمَن يُضْلِلِ اللّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ **(33)**

ترجمہ: کیا وہ (اللہ) جو ہر جان پر اس کے اعمال کی نگہبانی فرما رہا ہے اور (وہ بت جو کافر) لوگوں نے اللہ کے شریک بنا لیے (ایک جیسے ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں)۔ آپ فرما دیجیے کہ ان کے نام (تو) بتاؤ۔ (نادانو!) کیا تم اس (اللہ) کو اس چیز کی خبر دیتے ہو جس (کے وجود) کو وہ ساری زمین میں نہیں جانتا یا (یہ صرف) ظاہری باتیں ہی ہیں (جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں) بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) کافروں کے لیے ان کا فریب خوش نما بنا دیا گیا ہے اور وہ (سیدھی) راہ سے روک دیے گئے ہیں، اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اس کے لیے کوئی ہادی نہیں ہو سکتا o

He (Allah) Who is watching the conduct of every soul and (these idols that the disbelievers) have made peers to Allah-(can they be alike? No way!) Say: '(Just) name them. (You fools!) Do you inform Him (Allah) of something whose (existence) He does not know in the whole earth? Or is it all (mere) superficial talk (which has no contact with reality)?' Rather (the truth is that) the deceptive scheme of the disbelievers has been made fascinating to them, and they have been hindered from the (straight) path. And he whom Allah holds strayed, there is none who can be his guide.

لَّهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الآخِرَةِ أَشَقُّ وَمَا لَهُم مِّنَ اللّهِ مِن وَاقٍ **(34)**

ترجمہ: ان کے لیے دنیوی زندگی میں (بھی) عذاب ہے اور یقیناً آخرت کا عذاب زیادہ سخت ہے، اور انہیں اللہ (کے عذاب) سے کوئی بچانے والا نہیں o

There is for them a chastisement in the worldly life (as well), but certainly the torment in the Hereafter is fiercer. And there is none who can rescue them from (the punishment of) Allah.

مَّثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ أُكُلُهَا دَآئِمٌ وِظِلُّهَا تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَواْ وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ **(35)**

ترجمہ: اس جنت کا حال جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے (یہ ہے) کہ اس کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، اس کا پھل بھی ہمیشہ رہنے والا ہے اور اس کا سایہ (بھی)، یہ ان لوگوں کا (حسنِ) انجام ہے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا، اور کافروں کا انجام آتشِ دوزخ ہے o

A glimpse of the Paradise that has been promised to the Godfearing (depicts that) it has rivers flowing under it; its fruits are everlasting, and so is its shade. This is (the beauty of) the end of those who adopt Godwariness. And the end of the disbelievers is the Fire of Hell.

سورۃ الحجر:

وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُومٌ (4)

ترجمہ: اور ہم نے کوئی بھی بستی ہلاک نہیں کی مگر یہ کہ اُس کے لیے ایک معلوم نوشتۂ (قانون) تھا (جس کی انہوں نے خلاف ورزی کی اور اپنے انجام کو جا پہنچے)o

And never have We destroyed any township, except that there was for them a known inscription (law, which they violated and met their fate).

مَا نُنَزِّلُ الْمَلآئِكَةَ إِلَّا بِالحَقِّ وَمَا كَانُواْ إِذاً مُّنظَرِيْنَ (8)

ترجمہ: ہم فرشتوں کو نہیں اتارا کرتے مگر (فیصلۂ) حق کے ساتھ (یعنی جب عذاب کی گھڑی آ پہنچے تو اس کے نفاذ کے لیے اتارتے ہیں) اور اس وقت انہیں مہلت نہیں دی جاتیo

We do not send down angels but with the (judgment of) truth (i.e., We send them down to execute the torment when its time approaches), and they are not granted respite at that time.

سورۃ بنی اسرائیل:

وأَنَّ الَّذِيْنَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَاباً أَلِيماً (10)

ترجمہ: اور یہ کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے ان کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہےo

And that those who do not believe in the Hereafter, We have prepared for them a painful punishment.

وَإِذَا أَرَدْنَا أَن نُّهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُواْ فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيراً (16)

ترجمہ: اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم وہاں کے امراء اور خوشحال لوگوں کو (کوئی) حکم دیتے ہیں (تاکہ ان کے ذریعہ عوام اور غرباء بھی درست ہو جائیں) تو وہ اس (بستی) میں نافرمانی کرتے ہیں پس اس پر ہمارا فرمانِ (عذاب) واجب ہو جاتا ہے پھر ہم اس بستی کو بالکل ہی مسمار کر دیتے ہیںo

And when We resolve to destroy a town, We send (some) command to the rich and the affluent amongst them (so that the common man and the poor may make amends) but they act disobediently in (the town). Thus Our decree (of torment) becomes due against it. Then We totally demolish that town.

وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ مِن بَعْدِ نُوحٍ وَكَفَى بِرَبِّكَ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيْراً بَصِيراً(17)

ترجمہ: اور ہم نے نوح (علیہ السلام) کے بعد کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر ڈالا، اور آپ کا رب کافی ہے (وہ) اپنے بندوں کے گناہوں سے خوب خبردار خوب دیکھنے والا ہےo

And how many a community have We destroyed after Nuh (Noah)! And your Lord is Sufficient. (He) is Well Aware of the sins of His servants, All-Seeing.

سورۃ الکہف:

قَيِّماً لِّيُنذِرَ بَأْساً شَدِيداً مِن لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْراً حَسَناً (2)

ترجمہ: (اسے) سیدھا اور معتدل (بنایا) تاکہ وہ (منکرین کو) اللہ کی طرف سے (آنے والے) شدید عذاب سے ڈرائے اور مومنین کو جو نیک اعمال کرتے ہیں خوشخبری سنائے کہ ان کے لیے بہتر اجر (جنت) ہے o

(He made it) straight and moderate so that he might warn (the disbelievers) of fierce torment (coming) from Allah, and give good news to the believers who do pious deeds that for them is excellent reward (Paradise),

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءهُمُ الْهُدَى وَيَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا (55)

ترجمہ: اور لوگوں کو جبکہ ان کے پاس ہدایت آ چکی تھی کسی نے (اس بات سے) منع نہیں کیا تھا کہ وہ ایمان لائیں اور اپنے رب سے مغفرت طلب کریں سوائے اس (انتظار) کے کہ انہیں اگلے لوگوں کا طریقہ (ہلاکت) پیش آئے یا عذاب ان کے سامنے آجائے o

And nothing prevented the people from embracing faith and imploring forgiveness from their Lord, whilst guidance had reached them, except (waiting for) the pattern of the ancients' (destruction) occurring to them, or that the torment should come in front of them.

سورۃ مریم:

قُلْ مَن كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَنُ مَدّاً حَتَّى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضْعَفُ جُنداً (75)

ترجمہ: فرما دیجیے: جو شخص گمراہی میں مبتلا ہو تو (خدائے) رحمان (بھی) اسے عمر و عیش میں خوب مہلت دیتا رہتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ لوگ اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے خواہ عذاب اور خواہ قیامت، تب وہ اس شخص کو جان لیں گے جو رہائش گاہ کے اعتبار سے (بھی) برا ہے اور لشکر کے اعتبار سے (بھی) کمزور تر ہے o

Say: 'The Most Kind (Lord also) grants respite in age and luxury to the one who is lost in error until, when they see what they have been promised-the torment or the Day of Rising-then they will come to know him who is worse in respect of dwelling and (also) weaker in respect of troops.'

كَلَّا سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدّاً (79)

ترجمہ: ہرگز نہیں! اب ہم وہ سب کچھ لکھتے رہیں گے جو وہ کہتا ہے اور اس کے لیے عذاب (پر عذاب) خوب بڑھاتے چلے جائیں گے o

No way! We shall keep writing down what he says, and shall keep increasing for him torment (upon torment).

سورۃ طٰہٰ:

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً وَصَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْراً(11)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم نے اس (آخری وحی) کوعربی زبان میں (بشکلِ) قرآن اتارا ہےاورہم نے اس میں (عذاب سے) ڈرانے کی باتیں بار بار (مختلف طریقوں سے) بیان کی ہیں تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں یا (یہ قرآن) ان (کے دلوں) میں یادِ (آخرت یا قبولِ نصیحت کا جذبہ) پیدا کردے o

So when he reached that (fire), a call was made: 'O Musa (Moses)!

وَكَذَلِكَ نَجْزِي مَنْ أَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِن بِآيَاتِ رَبِّهِ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقَى (127)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم اس شخص کو بدلہ دیتے ہیں جو (گناہوں میں) حد سے نکل جائے اوراپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لائے،اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا ہی سخت اور ہمیشہ رہنے والا ہے o

And untie the knot from my tongue,

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَاماً وَأَجَلٌ مُسَمًّى(129)

ترجمہ: اوراگرآپ کے رب کی جانب سے ایک بات پہلے سے طے نہ ہوچکی ہوتی اور(ان کے عذاب کے لیے قیامت کا) وقت مقرر نہ ہوتا تو (ان پرعذاب کا ابھی اترنا) لازم ہوجاتا o

And had it not been settled already by your Lord, and the time (of the Day of Resurrection) not fixed (for their torment, befalling them) the calamity (right now) would have been inevitable.

سورۃ الانبیاء:

فَلَمَّا أَحَسُّوا بَأْسَنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَرْكُضُونَ (12)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے ہمارے عذاب (کی آمد) کومحسوس کیا تو وہ وہاں سے تیزی کے ساتھ بھاگنے لگے o

Then, when they sensed Our punishment (approaching), they started fleeing fast from there.

لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوا إِلَى مَا أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ (13)

ترجمہ: (ان سے کہا گیا:) تم جلدی مت بھاگو اوراسی جگہ واپس لوٹ جاؤ جس میں تمہیں آسائشیں دی گئی تھیں اوراپنی (پرتعیش) رہائش گاہوں کی طرف (پلٹ جاؤ) شاید تم سے باز پرس کی جائے o

(It was said to them:) 'Do not flee in haste, and return to the same place where you were given comforts, and (go back) to your (luxurious) dwellings. It is likely that you are interrogated.'

فَمَا زَالَت تِّلْكَ دَعْوَاهُمْ حَتَّى جَعَلْنَاهُمْ حَصِيداً خَامِدِينَ (15)

ترجمہ: سو ہمیشہ ان کی یہی فریاد رہی یہاں تک کہ ہم نے ان کو کٹی ہوئی کھیتی (اور) بجھی ہوئی آگ (کے ڈھیر) کی طرح بنادیا o

So this is what they always bewailed till We made them like a reaped field (and a heap) of extinguished fire.

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (38)

ترجمہ: اوروہ کہتے ہیں: یہ وعدۂ (عذاب) کب (پورا) ہوگا اگر تم سچے ہوo

And they say: 'When will this promise (of torment) be (fulfilled) if you are truthful?'

وَلَقَدِ اسْتُهْزِءَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (41)

ترجمہ: اور بے شک آپ سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ مذاق کیا گیا سو ان لوگوں میں سے انہیں جو تمسخر کرتے تھے اسی (عذاب) نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

And, of course, the Messengers were mocked before you too. Then those who ridiculed were beset by the same (torment) they used to make fun of.

وَلَئِن مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ (46)

ترجمہ: اگر واقعتاً انہیں آپ کے رب کی طرف سے تھوڑا سا عذاب (بھی) چھو جائے تو وہ ضرور کہنے لگیں گے: ہائے ہماری بدقسمتی! بے شک ہم ہی ظالم تھےo

If (even) a minor calamity from your Lord is to really touch them, they will surely say: 'Woe to us. Certainly, we were the unjust.'

فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ آذَنتُكُمْ عَلَى سَوَاء وَإِنْ أَدْرِيْ أَقَرِيْبٌ أَم بَعِيْدٌ مَّا تُوعَدُونَ (109)

ترجمہ: پھر اگر وہ رُوگردانی کریں تو فرما دیجیے: میں نے تم سب کو یکساں طور پر باخبر کر دیا ہے، اور میں (ازخود) نہیں جانتا کہ وہ (عذاب) نزدیک ہے یا دور جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

Then, if they turn away, say: 'I have conveyed to you all alike, and I do not know (on my own) whether that (torment) which you are promised is near or far.

سورۃ الحج:

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَى وَمَا هُم بِسُكَارَى وَلَكِنَّ عَذَابَ اللَّهِ شَدِيْدٌ (2)

ترجمہ: جس دن تم اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی (ماں) اس (بچی) کو بھول جائے گی جسے وہ دودھ پلا رہی تھی اور ہر حمل والی عورت اپنا حمل گرا دے گی اور (اے دیکھنے والے!) تو لوگوں کو نشہ (کی حالت) میں دیکھے گا حالاں کہ وہ (فی الحقیقت) نشہ میں نہیں ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب (ہی اتنا) سخت ہوگا (کہ ہر شخص حواس باختہ ہو جائے گا)o

The Day when you see it, every suckling woman (i.e., mother) will forget (the infant) she was suckling and every pregnant woman will abort her fetus. And, (O observer,) you will see people in a drunken (state), whereas actually they will not be drunk, but the torment of Allah will be (so) severe (that everyone will lose his senses).

ثَانِيَ عِطْفِهِ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ اللَّهِ لَهُ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَنُذِيقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَذَابَ الْحَرِيقِ (9)

ترجمہ: اپنی گردن کو (تکبّر سے) مروڑے ہوئے تاکہ (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے بہکا دے، اس کے لیے دنیا میں (بھی) رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے جلا دینے والے عذاب کا مزہ چکھائیں گےo

Turning his neck (in arrogance) so that he may lead (others also) astray from the path of Allah. For him is disgrace in the world (too), and on the Day of Resurrection, We shall make him taste the burning torment.

ذَلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ (10)

ترجمہ: یہ تیرے ان اعمال کے باعث ہے جو تیرے ہاتھ آگے بھیج چکے تھے اور بے شک اللہ اپنے بندوں پر بالکل ظلم کرنے والا نہیں ہےo

This is because of the doings which your hands sent forth, and indeed, Allah is not in the least unjust to His servants.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ وَمَن يُهِنِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن مُّكْرِمٍ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ) (18)

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی کے لیے (وہ ساری مخلوق) سجدہ ریز ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج (بھی) اور چاند (بھی) اور ستارے (بھی) اور پہاڑ (بھی) اور درخت (بھی) اور جانور (بھی) اور بہت سے انسان (بھی)، اور بہت سے (انسان) ایسے بھی ہیں جن پر (ان کے کفر و شرک کے باعث) عذاب ثابت ہو چکا ہے، اور اللہ جسے ذلیل کر دے تو اسے کوئی عزت دینے والا نہیں ہے۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے کر دیتا ہےo

Have you not seen that to Allah bows in prostration (the whole creation) that is in the heavens and in the earth, and the sun, and the moon and the stars, and the mountains, and the vegetable as well as the animal kingdoms and many of mankind (too)? But there are still many (human beings) for whom the torment has been proved (due to their disbelief and polytheism). And he whom Allah dishonours none can bring him honour. Indeed, Allah does what He wills.

كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ أُعِيدُوا فِيهَا وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ (22)

ترجمہ: وہ جب بھی شدّتِ تکلیف سے وہاں سے نکلنے کا ارادہ کریں گے (تو) اس میں واپس لوٹا دیے جائیں گے اور (ان سے کہا جائے گا:) سخت آگ کے عذاب کا مزہ چکھوo

Whenever they intend to get out from there due to intense suffering, they will be turned back into it and (it will be said to them:) 'Taste the torment of the fierce Fire.'

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاء الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (25)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا ہے اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے اور اس مسجدِ حرام (کعبۂ اللہ) سے روکتے ہیں جسے ہم

نے سب لوگوں کے لیے یکساں بنایا ہے اس میں وہاں کے باسی اور پردیسی (میں کوئی فرق نہیں)، اور جو شخص اس میں ناحق طریقہ سے کج روی (یعنی مقررہ حدود و حقوق کی خلاف ورزی) کا ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب کا مزہ چکھائیں گےo

Surely, those who disbelieve and hinder (others) from the Path of Allah and this Sacred Mosque (the Ka'ba) which We have made equal for all the people-(there is no discrimination) in it between its inhabitants and the visitors-and he who resolves in it to deviate unjustly (i.e., transgress the appointed limits and violate rights), We shall make him taste grievous torment.

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ وَعْدَهُ وَإِنَّ يَوْماً عِندَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ (47)

ترجمہ: اور یہ آپ سے عذاب میں جلدی کے خواہش مند ہیں اور اللہ ہرگز اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہ کرے گا، اور (جب عذاب کا وقت آئے گا) تو (عذاب کا) ایک دن آپ کے رب کے ہاں ایک ہزار سال کی مانند ہے (اس حساب سے) جو تم شمار کرتے ہوo

And they seek from you torment in haste and Allah never goes against His promise. And (when the Hour of torment will come) then one day (of torment) with your Lord is like a thousand years according to your (scale of) counting.

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ أَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ أَخَذْتُهَا وَإِلَيَّ الْمَصِيرُ (48)

ترجمہ: اور کتنی ہی بستیاں (ایسی) ہیں جن کو میں نے مہلت دی حالاں کہ وہ ظالم تھیں پھر میں نے انہیں (عذاب کی) گرفت میں لے لیا، اور (ہر کسی کو) میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہےo

And how many a town I gave respite whilst it was given to wrongdoing and then I seized it (with torment)! And to Me (everyone) has to return.

وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتَّى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً أَوْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيمٍ (55)

ترجمہ: اور کافر لوگ ہمیشہ اس (قرآن) کے حوالے سے شک میں رہیں گے یہاں تک کہ اچانک ان پر قیامت آپہنچے یا اس دن کا عذاب آجائے جس سے نجات کا کوئی امکان نہیںo

And the disbelievers will always remain in doubt about this (Holy Qur'an) until the Last Hour comes suddenly upon them, or the torment of the Day from which salvation is least possible.

وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ (57)

ترجمہ: اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو انہی لوگوں کے لیے ذلت آمیز عذاب ہوگاo

And those who disbelieve and reject Our Revelations, for them will be humiliating punishment.

سورۃ المومنون:

حَتَّى إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِم بِالْعَذَابِ إِذَا هُمْ يَجْأَرُونَ (64)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ہم ان کے امیر اور آسودہ حال لوگوں کو عذاب کی گرفت میں لیں گے تو اس وقت وہ چیخ اٹھیں گے o

Until when We seize the rich and the prosperous of them with torment, then they will cry out.

وَإِنَّا عَلَى أَن نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقَادِرُونَ (95)

ترجمہ: اور بے شک ہم اس بات پر ضرور قادر ہیں کہ ہم آپ کو وہ (عذاب) دکھا دیں جس کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں o

And We certainly have the power to show you that (torment) of which We are making them a promise.

سورۃ النور:

إِنَّ الَّذِينَ جَاؤُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَّكُم بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُم مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ وَالَّذِي تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيمٌ (11)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے (عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا پر) بہتان لگایا تھا (وہ بھی) تم ہی میں سے ایک جماعت تھی، تم اس (بہتان کے واقعہ) کو اپنے حق میں برا مت سمجھو بلکہ وہ تمہارے حق میں بہتر (ہو گیا) ہے☆ ان میں سے ہر ایک کے لیے اتنا ہی گناہ ہے جتنا اس نے کمایا، اور ان میں سے جس نے اس (بہتان) میں سب سے زیادہ حصہ لیا اس کے لیے زبردست عذاب ہے o

☆ (کیونکہ تمہیں اسی حوالے سے احکامِ شریعت مل گئے اور عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی پاک دامنی کا گواہ خود اللہ بن گیا جس سے تمہیں ان کی شان کا پتہ چل گیا۔)

Surely those who fabricated the accusation (against 'A'isha the truthful, the pure, the chaste-may Allah be well pleased with her) were (also) a party from amongst you. Do not consider this (slander account) as a bad thing for you. It has rather (turned out to be) good for you.* Every one of them has a share in the sin as much as he has earned it, but whoever has had a major share in this (false accusation), for him is a terrible torment.

*** In that you have received Shariah commands regarding this, and also Allah has Himself borne witness to the chastity of 'A'isha the truthful (may Allah be well pleased with her) which has revealed to you her majesty and dignity.**

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِي مَا أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (14)

ترجمہ: اور اگر تم پر دنیا و آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس (تہمت کے) چرچے میں تم پڑ گئے ہو اس پر تمہیں زبردست عذاب پہنچتا o

And had there not been Allah's grace upon you and His mercy in this world and in the Hereafter, severe torment would have afflicted you for promoting that (slander) into which you rushed headlong.

إِنَّ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ (23)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ان پارسا مومن عورتوں پر جو (برائی کے تصور سے بھی) بے خبر اور نا آشنا ہیں (ایسی) تہمت لگاتے ہیں وہ دنیا اور آخرت (دونوں جہانوں) میں ملعون ہیں اور ان کے لیے زبردست عذاب ہے o

Verily, those who falsely accuse chaste, believing women who are unaware of, and unacquainted (with, even the very idea of indecency and evil) are cursed in this world and in the Hereafter. And for them is woeful punishment,

يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (24)

ترجمہ: جس دن (خود) ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں انہی کے خلاف گواہی دیں گے کہ جو کچھ وہ کرتے رہے تھے o

On the Day when their (own) tongues and their hands and their feet will bear witness against them for whatever they used to do,

سورۃ الفرقان:

فَقَدْ كَذَّبُوكُم بِمَا تَقُولُونَ فَمَا تَسْتَطِيعُونَ صَرْفاً وَلَا نَصْراً وَمَن يَظْلِم مِّنكُمْ نُذِقْهُ عَذَاباً كَبِيراً (19)

ترجمہ: سو (اے کافرو!) انہوں نے (تو) ان باتوں میں تمہیں جھٹلا دیا ہے جو تم کہتے تھے پس (اب) تم نہ تو عذاب پھیرنے کی طاقت رکھتے ہو اور نہ (اپنی) مدد کی، اور (سن لو!) تم میں سے جو شخص (بھی) ظلم کرتا ہے ہم اسے بڑے عذاب کا مزہ چکھائیں گے o

(O disbelievers!) They have denied what you said. So, (now) you can neither avert the torment nor help yourselves. And, (listen,) whoever of you does injustice, We shall make him taste a mighty torment.

وَقَوْمَ نُوحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ أَغْرَقْنَاهُمْ وَجَعَلْنَاهُمْ لِلنَّاسِ آيَةً وَأَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ عَذَاباً أَلِيماً (37)

ترجمہ: اور نوح (علیہ السلام) کی قوم کو (بھی)، جب انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا (تو) ہم نے انہیں غرق کر ڈالا اور ہم نے انہیں (دوسرے) لوگوں کے لیے نشانِ عبرت بنا دیا اور ہم نے ظالموں کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے o

And the people of Nuh ([Noah] as well), when they denied the Prophets, We drowned them and made them a sign of warning for (other) people. And We have prepared a painful torment for the wrongdoers.

إِن كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ آلِهَتِنَا لَوْلَا أَن صَبَرْنَا عَلَيْهَا وَسَوْفَ يَعْلَمُونَ حِينَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ أَضَلُّ سَبِيلاً (42)

ترجمہ: قریب تھا کہ یہ ہمیں ہمارے معبودوں سے بہکا دیتا اگر ہم ان (کی پرستش) پر ثابت قدم نہ رہتے اور وہ عنقریب جان لیں گے جس وقت عذاب دیکھیں گے کہ کون زیادہ گمراہ تھا o

He had nearly turned us away from our gods, had we not held fast to their

(worship).' And when they see the torment, they will soon realize who was astray.

وَالَّذِيْنَ يَقُولُونَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَاماً (65)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو (ہمہ وقت حضورِ باری تعالیٰ میں) عرض گزار رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! تو ہم سے دوزخ کا عذاب ہٹا لے، بے شک اس کا عذاب بڑا مہلک (اور دائمی) ہےo

And (these) are the people who pray (all the time before the presence of Allah): 'O our Lord, turn away from us the torment of Hell. Surely, its torment is most injurious (and everlasting).

إِنَّهَا سَاءتْ مُسْتَقَرّاً وَمُقَاماً (66)

ترجمہ: بے شک وہ (عارضی ٹھہرنے والوں کے لیے) بُری قرارگاہ اور (دائمی رہنے والوں کے لیے) بُری قیام گاہ ہےo

Surely, that is an evil lodging (for temporary lodgers) and an evil abode (for permanent dwellers).'

سورۃ الشعرآء:

لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ حَتَّى يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيْمَ (201)

ترجمہ: وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ دردناک عذاب دیکھ لیںo

They will not believe in it until they see the painful torment.

فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (202)

ترجمہ: پس وہ (عذاب) انہیں اچانک آ پہنچے گا اور انہیں شعور (بھی) نہ ہوگاo

So that (torment) will come upon them all of a sudden, and they will not (even) perceive it.

فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ (203)

ترجمہ: تب وہ کہیں گے: کیا ہمیں مہلت دی جائے گیo

They will then say: 'Shall we be given respite?'

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ (204)

ترجمہ: کیا یہ ہمارے عذاب میں جلدی کے طلب گار ہیںo

Do they seek to hasten Our punishment?

أَفَرَأَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِيْنَ (205)

ترجمہ: بھلا بتائیے اگر ہم انہیں برسوں فائدہ پہنچاتے رہیںo

Tell Me, if We provide them benefit for years,

ثُمَّ جَاءهُم مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ (206)

ترجمہ: پھر ان کے پاس وہ (عذاب) آ پہنچے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

Then comes to them that (torment) which they are being promised,

مَا أَغْنَى عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ (207)

ترجمہ: (تو) وہ چیزیں (ان سے عذاب کو دفع کرنے میں) کیا کام آئیں گی جن سے وہ فائدہ اٹھاتے رہے تھےo

Then what will those resources which they were utilizing do (to drive that torment away from them)?

وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ (208)

ترجمہ: اور ہم نے سوائے ان (بستیوں) کے جن کے لیے ڈرانے والے (آ چکے) تھے کسی بستی کو ہلاک نہیں کیاo

And We have not destroyed any town except those (towns) for which Warners had come,

ذِكْرَى وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ (209)

ترجمہ: (اور یہ بھی) نصیحت کے لیے اور ہم ظالم نہ تھےo

(And that too) for direction and guidance. And We were not unjust.

وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ (210)

ترجمہ: اور شیطان اس (قرآن) کو لے کر نہیں اترےo

And it is not satans who descended with this (Qur'an).

وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ (211)

ترجمہ: نہ (یہ) ان کے لیے سزاوار ہے اور نہ وہ (اس کی) طاقت رکھتے ہیںo

They are neither worthy nor capable (of it).

إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ (212)

ترجمہ: بے شک وہ (اس کلام کے) سننے سے روک دیے گئے ہیںo

Surely, they have been debarred from hearing (this divine communication).

فَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ فَتَكُونَ مِنَ الْمُعَذَّبِينَ (213)

ترجمہ: پس (اے بندے!) تو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہ پوجا کر ورنہ تو عذاب یافتہ لوگوں میں سے ہو جائے گاo

So, (O My servant,) do not call upon any other god besides Allah lest you become of those who are punished.

وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ (214)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو (ہمارے عذاب سے) ڈرائیےo

And, (O Esteemed Beloved,) warn your close relatives (of Our torment).

سورۃ النمل:

إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ أَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُونَ (4)

ترجمہ: بے شک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے ان کے اَعمالِ (بدان کی نگاہوں میں) خوش نما کر دیے ہیں سو

وہ (گمراہی میں) سرگرداں رہتے ہیںo

Surely, those who do not believe in the Hereafter, We have made their (evil) deeds appear fascinating (to them). So they wander distracted (in error).

أُولَئِكَ الَّذِينَ لَهُمْ سُوءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ **(5)**

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے بُرا عذاب ہے اور یہی لوگ آخرت میں (سب سے) زیادہ نقصان اٹھانے والے ہیںo

It is they for whom there is an evil punishment, and it is they who are (the greatest) losers in the Hereafter.

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(71)**

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (بتاؤ) یہ (عذابِ آخرت کا) وعدہ کب پورا ہوگاo

And they say: '(Tell us) when this promise (of the Last Day) will come true if you are truthful.'

قُلْ عَسَى أَن يَكُونَ رَدِفَ لَكُم بَعْضُ الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ **(72)**

ترجمہ: فرما دیجیے: کچھ بعید نہیں کہ اس (عذاب) کا کچھ حصہ تمہارے نزدیک ہی آ پہنچا ہو جسے تم بہت جلد طلب کر رہے ہوo

Say: 'It is not far from possible that a part of that (torment) which you seek to hasten has nearly reached you.'

وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ **(82)**

ترجمہ: اور جب ان پر (عذاب کا) فرمان پورا ہونے کا وقت آ جائے گا تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے گفتگو کرے گا کیونکہ لوگ ہماری نشانیوں پر یقین نہیں کرتے تھےo

And when the time to execute Our command (of torment) against them comes, We shall bring out for them from the earth a beast who will converse with them because people do not have certitude in Our signs.

وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ **(90)**

ترجمہ: اور جو شخص برائی لے کر آئے گا تو ان کے منہ (دوزخ کی) آگ میں اوندھے ڈالے جائیں گے۔ بس تمہیں وہی بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھےo

And whoever brings evil will be thrown prone into the Fire (of Hell). So you will be rewarded only for what you used to do.

سورۃ القصص:

وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ بَطِرَتْ مَعِيشَتَهَا فَتِلْكَ مَسَاكِنُهُمْ لَمْ تُسْكَن مِّن بَعْدِهِمْ إِلَّا قَلِيلًا وَكُنَّا نَحْنُ الْوَارِثِينَ **(58)**

ترجمہ: اور ہم نے کتنی ہی (ایسی) بستیوں کو برباد کر ڈالا جو اپنی خوشحال معیشت پر غرور و ناشکری کر رہی تھیں، تو یہ ان کے (تباہ شدہ) مکانات ہیں جو ان کے بعد کبھی آباد ہی نہیں ہوئے مگر بہت کم، اور (آخرکار) ہم ہی وارث و مالک ہیںo

And how many towns have We destroyed that became arrogant and ungrateful on account of their prosperous economies! So here are (the remains of) their

(ruined) houses that have been inhabited after them but little. And We alone are the Inheritor and Owner (in the end).

قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ مَا كَانُوا إِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ (63)

ترجمہ: وہ لوگ جن پر (عذاب کا) فرمان ثابت ہو چکا کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے گمراہ کیا تھا ہم نے انہیں (اسی طرح) گمراہ کیا تھا جس طرح ہم (خود) گمراہ ہوئے تھے، ہم ان سے بیزاری ظاہر کرتے ہوئے تیری طرف متوجہ ہوتے ہیں اور وہ (درحقیقت) ہماری پرستش نہیں کرتے تھے (بلکہ اپنی نفسانی خواہشات کے پجاری تھے)o

The people against whom the command (of torment) has been proved will say: 'O our Lord, it is these people who we misguided. We led them astray (the same way) as we (ourselves) lost the right path. We turn to You showing our disgust towards them and (in fact) they did not worship us. (They rather worshipped their lusts.)'

وَقِيْلَ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُوْنَ (64)

ترجمہ: اور (ان سے) کہا جائے گا: تم اپنے (خودساختہ) شریکوں کو بلاؤ، سو وہ انہیں پکاریں گے پس وہ (شریک) انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور وہ لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے، کاش! وہ (دنیا میں) راہِ ہدایت پا چکے ہوتےo

And it will be said (to them): 'Call your (self-made) partners.' So they will call them but they (the partners) will not respond to them and those people will see the torment. Would that they had taken guidance (in the world)!

سورۃ العنکبوت:

يُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَشَاءُ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ (21)

ترجمہ: وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم فرماتا ہے اور اسی کی طرف تم پلٹائے جاؤ گےo

He torments whom He wills and shows mercy to whom He pleases. And to Him will you be returned.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللّٰهِ وَلِقَائِهِ أُوْلَئِكَ يَئِسُوا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَأُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (23)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا وہ لوگ میری رحمت سے مایوس ہو گئے اور ان ہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہےo

And those who reject Allah's Revelations and deny meeting with Him, they despair of My mercy. And it is they for whom there is painful punishment.

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَوْلَا أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاءَهُمُ الْعَذَابُ وَلَيَأْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ (53)

ترجمہ: اور یہ لوگ آپ سے عذاب میں جلدی چاہتے ہیں، اور اگر (عذاب کا) وقت مقرر نہ ہوتا تو ان پر عذاب آ چکا ہوتا، اور وہ (عذاب یا وقتِ عذاب) ضرور انہیں اچانک آ پہنچے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہوگیo

And they want you to hasten the torment. And had the time (of the torment) not been fixed, the torment would have overtaken them. And that (torment, or the

time of the torment,) shall certainly come upon them all of a sudden and they will not be aware (of it).

يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ **(54)**

ترجمہ: یہ لوگ آپ سے عذاب جلد طلب کرتے ہیں، اور بے شک دوزخ کافروں کو گھیر لینے والی ہےo

They seek the torment from you in haste, and surely Hell is about to besiege the disbelievers.

يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ **(55)**

ترجمہ: جس دن عذاب انہیں ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے ڈھانپ لے گا تو ارشاد ہوگا: تم ان کاموں کا مزہ چکھو جو تم کرتے تھےo

The Day when the torment wraps them from above them and from beneath their feet, Allah will say: 'Savour the taste of works you used to perform.'

سورۃ الروم:

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاء الْآخِرَةِ فَأُوْلَئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُونَ **(16)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو اور آخرت کی پیشی کو جھٹلایا تو یہی لوگ عذاب میں حاضر کیے جائیں گےo

And those who disbelieve and belie Our Revelations and the meeting of the Last Day, it is they who will be brought forth to the torment.

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُم بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ **(41)**

ترجمہ: بحر و بر میں فساد ان (گناہوں) کے باعث پھیل گیا ہے جو لوگوں کے ہاتھوں نے کما رکھے ہیں تاکہ (اللہ) انہیں بعض (برے) اعمال کا مزہ چکھا دے جو انہوں نے کیے ہیں، تاکہ وہ باز آ جائیںo

Corruption and disorder has spread over land and sea on account of (the sins) which people have earned with their hands so that Allah makes them taste the outcome of some of their (evil) deeds that they have committed in order that they may desist.

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلُ كَانَ أَكْثَرُهُم مُّشْرِكِينَ **(42)**

ترجمہ: آپ فرما دیجیے کہ تم زمین میں سیر و سیاحت کیا کرو پھر دیکھو پہلے لوگوں کا کیسا (عبرت ناک) انجام ہوا، ان میں زیادہ تر مشرک تھےo

Say: 'Travel in the land, then see how (alarming) was the end of the people before you! Most of them were polytheists.'

سورۃ القمان:

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُواً أُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ **(6)**

ترجمہ: اور لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو بیہودہ کلام خرید تے ہیں تاکہ بغیر سوجھ بوجھ کے لوگوں کو اللہ کی راہ سے بھٹکا دیں اور

اس (راہ) کا مذاق اڑائیں، ان ہی لوگوں کے لیے رسوا کن عذاب ہےo

And of people there are those who buy absurd narrations to make the people lacking in knowledge lose the path of Allah and to mock this (path). It is they for whom there is painful torment.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا وَلَّى مُسْتَكْبِراً كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِيْ أُذُنَيْهِ وَقْراً فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (7)

ترجمہ: اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ غرور کرتے ہوئے منہ پھیر لیتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں، جیسے اس کے کانوں میں (بہرے پن کی) گرانی ہے، سو آپ اسے دردناک عذاب کی خبر سنا دیںo

And when Our Revelations are recited to such a one, he turns his face away showing arrogance as though he had not heard it at all, as if there were weight (of deafness) in his ears. So give him the news of an agonizing torment.

نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلاً ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَى عَذَابٍ غَلِيْظٍ (24)

ترجمہ: ہم انہیں (دنیا میں) تھوڑا سا فائدہ پہنچائیں گے پھر ہم انہیں بے بس کر کے سخت عذاب کی طرف لے جائیں گےo

We shall provide them a little benefit (in the world) then, making them helpless, We shall drive them towards the severe torment.

سورۃ السجدۃ:

فَذُوقُوا بِمَا نَسِيتُمْ لِقَاء يَوْمِكُمْ هَذَا إِنَّا نَسِينَاكُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (14)

ترجمہ: پس (اب) تم مزہ چکھو کہ تم نے اپنے اس دن کی پیشی کو بھلا رکھا تھا، بے شک ہم نے تم کو بھلا دیا ہے اور اپنے ان اعمال کے بدلے جو تم کرتے رہے تھے دائمی عذاب چکھتے رہوo

So (now) savour the taste that you had forgotten your meeting of this Day. Surely, We have forgotten you. And enjoy the flavour of everlasting torment, a reward for your deeds which you used to do.

وَأَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوا فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا أُعِيْدُوا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (20)

ترجمہ: اور جو لوگ نافرمان ہوئے سو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ وہ جب بھی اس سے نکل بھاگنے کا ارادہ کریں گے تو اسی میں لوٹا دیے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ اِس آتشِ دوزخ کا عذاب چکھتے رہو جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

But as for those who disobeyed, their abode is Hell. Every time they will intend to get out of it and escape, they will be turned back into it and it will be said to them: 'Keep enjoying the taste of this Fire of Hell which you used to belie.

وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَى دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (21)

ترجمہ: اور ہم ان کو یقیناً (آخرت کے) بڑے عذاب سے پہلے قریب تر (دنیوی) عذاب (کا مزہ) چکھائیں گے تاکہ وہ (کفر سے) باز آ جائیںo

And surely, before the major torment (of the Hereafter), We shall make them

savour (the taste of) nearby torment (in this world) so that they abstain (from disbelief).

سورۃ الاحزاب:

إِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِيْ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَاباً مُّهِيْناً (57)

ترجمہ: بے شک جولوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اذیت دیتے ہیں اللہ ان پر دنیا اور آخرت میں لعنت بھیجتا ہے اور اُس نے ان کے لیے ذِلّت انگیز عذاب تیار کر رکھا ہے o

Surely, those who offend Allah and His Prophet, Allah curses them in the world and in the Hereafter and He has prepared for them a disgraceful torment.

سورۃ فاطر:

الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيْرٌ (7)

ترجمہ: کافر لوگوں کے لیے سخت عذاب ہے، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے ان کے لیے مغفرت اور بہت بڑا ثواب ہے o

There is a severe torment for those who disbelieve and there is forgiveness and a mighty reward for those who believe and keep doing pious deeds.

مَن كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعاً إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَمَكْرُ أُوْلَئِكَ هُوَ يَبُوْرُ (10)

ترجمہ: جو شخص عزت چاہتا ہے تو اللہ ہی کے لیے ساری عزت ہے، پاکیزہ کلمات اسی کی طرف چڑھتے ہیں اور وہی نیک عمل (کے مدارج) کو بلند فرماتا ہے، اور جو لوگ بری چالوں میں لگے رہتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور ان کا مکر و فریب نیست و نابود ہو جائے گا o

Whoever desires honour, then to Allah belongs all honour. The pure words ascend to Him alone, and He is the One Who elevates (the grades of) a pious deed. And those who are continually engaged in evil maneuvers, for them is severe punishment and their deceiving schemes will go void.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَى عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُم مِّنْ عَذَابِهَا كَذَلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ (36)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے، نہ ان پر (موت کا) فیصلہ کیا جائے گا کہ مر جائیں اور نہ ان سے عذاب میں سے کچھ کم کیا جائے گا، اسی طرح ہم ہر نافرمان کو بدلہ دیا کرتے ہیں o

And those who disbelieved, for them is the Fire of Hell. Neither will (death) be decreed for them that they should die, nor will anything of their torment be lessened. We pay back every disobedient person the same way.

وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحاً غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَاءَ

كُمُ النَّذِيرُفَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ (37)

ترجمہ: اوروہ اس دوزخ میں چلاّئیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں (یہاں سے) نکال دے، (اب) ہم نیک عمل کریں گے ان (اَعمال) سے مختلف جو ہم (پہلے) کیا کرتے تھے۔ (ارشاد ہوگا:) کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی کہ اس میں جو شخص نصیحت حاصل کرنا چاہتا، وہ سوچ سکتا تھا اور (پھر) تمہارے پاس ڈر سنانے والا بھی آچکا تھا، پس اب (عذاب کا) مزہ چکھو سو ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہ ہوگا o

And they will howl in Hell: 'O our Lord, take us out (from here). We shall (now) do righteous works different from those (works) we used to do (before).' (Allah will say:) 'Did We not grant you long enough life during which whoever wanted to seek advice might reflect? And (moreover) the Warner too had come to you. So savour now the taste (of the torment), and there will be no helper for the wrongdoers.

اسْتِكْبَاراً فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّءِ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّءُ إِلَّا بِأَهْلِهِ فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ فَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلاً وَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَحْوِيلاً (43)

ترجمہ: (انہوں نے) زمین میں اپنے آپ کو سب سے بڑا سمجھنا اور بری چالیں چلنا (اختیار کیا)، اور بُری چالیں اُسی چال چلنے والے کو ہی گھیر لیتی ہیں، سو یہ اگلے لوگوں کی رَوِش (عذاب) کے سوا (کسی اور چیز کے) منتظر نہیں ہیں۔ سو آپ اللہ کی سُنّت میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے اور نہ ہی اللہ کی سنت میں ہرگز کوئی پھرنا پائیں گے o

(They opted) to consider themselves the greatest in the earth and to maneuver evil schemes. And the evil schemes encompass only the schemer. So they are waiting (for nothing) but the pattern of (torment that seized) the bygone people. And you will not find any amendment in Allah's Sunna. Nor will you find any divergence (and digression) in Allah's Sunna.

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوا مَا تَرَكَ عَلَى ظَهْرِهَا مِن دَابَّةٍ وَلَكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى فَإِذَا جَاء أَجَلُهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِعِبَادِهِ بَصِيراً (45)

ترجمہ: اور اگر اللہ لوگوں کو اُن اعمالِ (بد) کے بدلے جو انہوں نے کما رکھے ہیں (عذاب کی) گرفت میں لینے لگے تو وہ اس زمین کی پشت پر کسی چلنے والے کو نہ چھوڑے لیکن وہ انہیں مقررہ مدّت تک مہلت دے رہا ہے۔ پھر جب ان کا مقررہ وقت آجائے گا تو بے شک اللہ اپنے بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے o

And if Allah were to seize people (by torment) for the (evil) deeds which they have earned, He would not spare any moving creature on the surface of the earth. But He is giving them respite till an appointed time. Then when their appointed time comes, Allah is Ever-Vigilant of His servants.

سورۃ یٰس:

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوا مَا بَيْنَ أَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (45)

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (عذاب) سے ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے تا کہ تم پر رحم کیا جائے o

And (recall) when it is said to them: 'Fear that (torment) which is before you and which is behind you so that you may be shown mercy.'

سورۃ الصافات:

فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا إِنَّا لَذَائِقُوْنَ (31)

ترجمہ: پس ہم پر ہمارے رب کا فرمان ثابت ہو گیا۔ (اب) ہم ذائقۂ (عذاب) چکھنے والے ہیں o

So the command of our Lord has been proved against us. (Now) we are about to taste (the torment).

فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ (33)

ترجمہ: پس اس دن عذاب میں وہ (سب) باہم شریک ہوں گے o

So on that Day, they (all) will share the torment.

إِنَّكُمْ لَذَائِقُو الْعَذَابِ الْأَلِيْمِ (38)

ترجمہ: بے شک تم دردناک عذاب کا مزہ چکھنے والے ہو o

Verily, you are about to taste the painful torment.

أَذَلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ (62)

ترجمہ: بھلا یہ (خُلد کی) مہمانی بہتر ہے یا زقّوم کا درخت o

Is the hospitality (of Paradise) better or the tree of Zaqqum?

إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِّلظَّالِمِيْنَ (63)

ترجمہ: بے شک ہم نے اس (درخت) کو ظالموں کے لیے عذاب بنایا ہے o

Undoubtedly, We have made this (tree) a torment for the wrongdoers.

إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيْمِ (64)

ترجمہ: بے شک یہ ایک درخت ہے جو دوزخ کے سب سے نچلے حصہ سے نکلتا ہے o

Truly, this is a tree that springs out from the bottom of Hell.

طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُؤُوْسُ الشَّيَاطِيْنِ (65)

ترجمہ: اس کے خوشے ایسے ہیں گویا (بدنما) شیطانوں کے سَر ہوں o

The spikes of its fruit are as if heads of (ugly) satans.

فَإِنَّهُمْ لَآكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِؤُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ (66)

ترجمہ: پس وہ (دوزخی) اسی میں سے کھانے والے ہیں اور اسی سے پیٹ بھرنے والے ہیں o

So the inmates of Hell have to eat of it alone and have to fill their bellies with the same.

ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْباً مِّنْ حَمِيمٍ (67)

ترجمہ: پھر یقیناً اُن کے لیے اس (کھانے) پر (پیپ کا) ملا ہوا نہایت گرم پانی ہوگا (جو انتڑیوں کو کاٹ دے گا)o

Then for sure there will be scalding water mixed (with pus) for them after (eating, which will cut through their guts).

ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ (68)

ترجمہ: (کھانے کے بعد) پھر یقیناً ان کا دوزخ ہی کی طرف (دوبارہ) پلٹنا ہوگاo

Then (after eating) surely they will return to Hell (again).

إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءهُمْ ضَالِّينَ (69)

ترجمہ: بے شک انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ پایاo

Surely, they found their ancestors misguided.

فَهُمْ عَلَى آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ (70)

ترجمہ: سو وہ انہی کے نقشِ قدم پر دوڑائے جا رہے ہیںo

So they are made to rush on in their footsteps.

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ (71)

ترجمہ: اور درحقیقت اُن سے قبل پہلے لوگوں میں (بھی) اکثر گمراہ ہو گئے تھےo

And in fact, most of the former people (also) lost the straight path.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ (72)

ترجمہ: اور یقیناً ہم نے ان میں بھی ڈر سنانے والے بھیجےo

And surely, We sent the Warners amongst them as well.

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ (73)

ترجمہ: سو آپ دیکھئے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ڈرائے گئے تھےo

So see how was the end of those who were warned,

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ (74)

ترجمہ: سوائے اللہ کے چنیدہ و برگزیدہ بندوں کےo

Except for the chosen and exalted servants of Allah.

وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ (175)

ترجمہ: اور انہیں (برابر) دیکھتے رہیے سو وہ عنقریب (اپنا انجام) دیکھ لیں گےo

And keep watching them (constantly). So they will soon come to know (their end).

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ (176)

ترجمہ: اور کیا یہ ہمارے عذاب میں جلدی کے خواہش مند ہیں o

And do they want Our punishment to be hastened?

فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنذَرِينَ (177)

ترجمہ: پھر جب وہ (عذاب) ان کے سامنے اترے گا تو اِن کی صبح کیا ہی بُری ہوگی جنہیں ڈرایا گیا تھا o

But when that (torment) descends before them, how evil will be the morning of those who were warned!

سورۃ ص:

كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِينَ مَنَاصٍ (3)

ترجمہ: ہم نے کتنی ہی امّتوں کو اُن سے پہلے ہلاک کر دیا تو وہ (عذاب کو دیکھ کر) پکارنے لگے حالاں کہ اب خلاصی (اور رہائی) کا وقت نہیں رہا تھا o

How many a community We have destroyed before them! And they started crying (on seeing the torment) when there was no time left for deliverance (and release).

سورۃ الزمر:

قُلْ إِنِّيٓ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (13)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں زبردست دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں o

Say: 'If I disobeyed My Lord, I would fear the torment of a Terrible Day.'

لَهُم مِّن فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِن تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ذَٰلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ عِبَادَهُ يَا عِبَادِ فَاتَّقُونِ (16)

ترجمہ: ان کے لیے اُن کے اوپر (بھی) آگ کے بادل (سائبان بنے) ہوں گے اور ان کے نیچے بھی آگ کے فرش ہوں گے، یہ وہ (عذاب) ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، اے میرے بندو! بس مجھ سے ڈرتے رہو o

For them there will be clouds of fire (as covers) over them and pavements of fire beneath them too. This is (the torment) with which Allah warns His servants.' O My servants! Always fear Me.

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ أَفَأَنتَ تُنقِذُ مَن فِي النَّارِ (19)

ترجمہ: بھلا جس شخص پر عذاب کا حکم ثابت ہو چکا، تو کیا آپ اس شخص کو بچا سکتے ہیں جو (دائمی) دوزخی ہو چکا ہو o

But can you save him for whom the command of torment has become due and who has become the inmate of Hell (for ever)?

أَفَمَن يَتَّقِي بِوَجْهِهِ سُوءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقِيلَ لِلظَّالِمِينَ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ (24)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو قیامت کے دن (آگ کے) برے عذاب کو اپنے چہرے سے روک رہا ہوگا (کیونکہ اس کے دونوں ہاتھ بندھے ہونگے، اس کا کیا حال ہوگا؟) اور ایسے ظالموں سے کہا جائے گا: اُن بداعمالیوں کا مزہ چکھو جو تم انجام دیا کرتے تھے o

Well, on the Day of Resurrection, (what will be the plight of the one) who will be trying to halt the evil torment (of the Fire) with his face (because both his hands will be fastened)? And it will be said to these wrongdoers: 'Taste the consequence of the evil deeds that you used to do.'

كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ **(25)**

ترجمہ: ایسے لوگوں نے جو اِن سے پہلے تھے (رسولوں کو) جھٹلایا تھا سو اُن پر ایسی جگہ سے عذاب آ پہنچا کہ انہیں کچھ شعور ہی نہ تھاo

The people who passed before them rejected (the Messengers), so the torment came upon them whence they had no perception.

فَأَذَاقَهُمُ اللَّهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ **(26)**

ترجمہ: پس اللہ نے انہیں دنیا کی زندگی میں (ہی) ذِلّت و رسوائی کا مزہ چکھا دیا اور یقیناً آخرت کا عذاب کہیں بڑا ہے، کاش وہ جانتے ہوتےo

So Allah made them taste disgrace and humiliation (here) in this world, and surely the torment of the Hereafter is far greater. Would that they knew!

قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَى مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ **(39)**

ترجمہ: فرما دیجیے: اے (میری) قوم! تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں (اپنی جگہ) عمل کر رہا ہوں، پھر عنقریب تم (انجام کو) جان لو گےo

Say: 'O (my) people! Carry on working according to your way; I am working (according to my way). Then you will soon know (the end),

مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيمٌ **(40)**

ترجمہ: (کہ) کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور اس پر ہمیشہ قائم رہنے والا عذاب اترے گاo

(That) who is afflicted with the torment that will disgrace him, and everlasting torment will come down upon him.'

وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِن سُوءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ **(47)**

ترجمہ: اور اگر ظالموں کو وہ سب کا سب (مال و متاع) میسر ہو جائے جو روئے زمین میں ہے اور اُس کے ساتھ اس کے برابر (اور بھی مل جائے) تو وہ اسے قیامت کے دن بُرے عذاب (سے نجات پانے) کے بدلے میں دے ڈالیں گے، اور اللہ کی طرف سے اُن کے لیے وہ (عذاب) ظاہر ہو گا جس کا وہ گمان بھی نہیں کرتے تھےo

And if the wrongdoers possessed all (the wealth and assets) that are on earth and (obtained) the same again in addition, they would ransom themselves with it (for deliverance) from the evil torment on the Day of Resurrection. But there will appear to them from Allah such a torment as they could never have even imagined.

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (48)

ترجمہ: اوراُن کے لیے وہ (سب) برائیاں ظاہر ہوجائیں گی جوانہوں نے کمارکھی ہیں اورانہیں وہ (عذاب) گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

And there will appear to them (all) the evildoings which they have earned, and that (torment) will encompass them which they used to laugh at.

وَأَنِيبُوا إِلَى رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ (54)

ترجمہ: اورتم اپنے رب کی طرف توبہ وانابت اختیار کرواوراس کے اطاعت گزار بن جاؤقبل اِس کے کہ تم پرعذاب آجائے پھر تمہاری کوئی مدد نہیں کی جائے گیo

And turn to your Lord in repentance and total submission and become thoroughly obedient to Him before the torment comes upon you. Then you will not be helped at all.

وَاتَّبِعُوا أَحْسَنَ مَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ (55)

ترجمہ: اوراس بہترین (کتاب) کی پیروی کرو جوتمہارے رب کی طرف سے تمہاری جانب اتاری گئی ہے قبل اِس کے کہ تم پر اچانک عذاب آجائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہوo

And follow the Excellent (Book) that has been revealed to you by your Lord before the torment suddenly comes upon you and you are simply unaware,

أَوْ تَقُولَ حِينَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ أَنَّ لِي كَرَّةً فَأَكُونَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ (58)

ترجمہ: یاعذاب دیکھتے وقت کہنے لگے کہ اگرایک بارمیرادنیامیں لوٹنا ہوجائے تو میں نیکوکاروں میں سے ہوجاؤں o

Or should say on seeing the torment: 'Would that I was able to return to the world but once, I would then become one of the pious.'

سورۃ مومن:

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِن بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ (5)

ترجمہ: اِن سے پہلے قومِ نوح نے اوراُن کے بعد (اور) بہت سی امتّوں نے (اپنے رسولوں کو) جھٹلایا اور ہرامّت نے اپنے رسول کے بارے میں ارادہ کیا کہ اسے پکڑ (کرقتل کردیں یا قید کر) لیں اور بے بنیاد باتوں کے ذریعے جھگڑا کیا تا کہ اس (جھگڑے) کے ذریعے حق (کا اثر) زائل کردیں سومیں نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا، پس (میرا) عذاب کیسا تھا؟o

Before them the people of Nuh (Noah) and after them many (other) communities rejected (their Messengers). And every people intended to seize its Messenger (to assassinate or imprison him), and raised dispute through baseless issues to dilute (the influence of) the truth by means of that (dispute). So I seized them (in torment). So how was (My) torment!

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَكَفَرُوا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ إِنَّهُ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ (22)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہوا کہ ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے پھر انہوں نے کفر کیا تو اللہ نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا، بے شک وہ بڑی قوت والا، سخت عذاب دینے والا ہے o

That was because their Messengers brought them open signs but they denied. So Allah seized them (in the torment). Surely, He is All-Powerful, Most Severe in punishing.

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (70)

ترجمہ: جن لوگوں نے کتاب کو (بھی) جھٹلا دیا اور ان (نشانیوں) کو (بھی) جن کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا تھا، تو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گے o

Those who have rejected the Book (as well as) the signs with which We sent Our Messengers, they will know (their end) soon,

إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ (71)

ترجمہ: جب اُن کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی، وہ گھسیٹے جا رہے ہوں گے o

When they have iron collars round their necks and chains, and they will be dragged away,

فِي الْحَمِيمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ (72)

ترجمہ: کھولتے ہوئے پانی میں، پھر آگ میں (ایندھن کے طور پر) جھونک دیے جائیں گے o

Into the boiling water and then will be thrown into the Fire as fuel.

ذَٰلِكُم بِمَا كُنتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ تَمْرَحُونَ (75)

ترجمہ: یہ (سزا) اس کا بدلہ ہے کہ تم زمین میں ناحق خوشیاں منایا کرتے تھے اور اُس کا بدلہ ہے کہ تم اِترایا کرتے تھے o

This (punishment) is the requital of your undue rejoicing in the earth and the recompense of your gloating.

ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ (76)

ترجمہ: دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو، سو غرور کرنے والوں کا ٹھکانا کتنا بُرا ہے o

Enter the gates of Hell. You will live in it forever. So how evil is the abode of the arrogant!

فَلَمَّا جَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرِحُوا بِمَا عِندَهُم مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (83)

ترجمہ: پھر جب اُن کے پیغمبر اُن کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے تو اُن کے پاس جو (دنیاوی) علم و فن تھا وہ اس پر اِتراتے رہے اور (اسی حال میں) انہیں اُس (عذاب) نے آ گھیرا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے o

So when their Messengers came to them with manifest signs, they kept rejoicing in the pride of (the worldly) knowledge and skill they possessed. And (in the same state) that torment which they used to mock engulfed

them.

فَلَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا قَالُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَحْدَهُ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهِ مُشْرِكِينَ (84)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو کہنے لگے: ہم اللہ پر ایمان لائے جو یکتا ہے اور ہم نے اُن (سب) کا انکار کر دیا جنہیں ہم اس کا شریک ٹھہرایا کرتے تھےo

But when they saw Our torment, they started saying: 'We believe in Allah, the One, and reject (all) those we used to associate with Him as partners.'

فَلَمْ يَكُ يَنفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا سُنَّتَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ فِي عِبَادِهِ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكَافِرُونَ (85)

ترجمہ: پھر اُن کا ایمان لانا اُن کے کچھ کام نہ آیا جبکہ انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھ لیا تھا، اللہ کا (یہی) دستور ہے جو اُس کے بندوں میں گزرتا چلا آ رہا ہے اور اس مقام پر کافروں نے (ہمیشہ) سخت نقصان اٹھایاo

Then their acceptance of faith could not profit them at all whilst they had seen Our torment. That is Allah's way which has always been in practice in respect of His servants, and the disbelievers always suffered heavy loss at this juncture.

سورۃ حم السجدۃ:

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ (13)

ترجمہ: پھر اگر وہ رُوگردانی کریں تو آپ فرما دیں: میں تمہیں اُس خوفناک عذاب سے ڈراتا ہوں جو عاد اور ثمود کی ہلاکت کے مانند ہوگاo

Then if they turn away, say: 'I warn you of a terrible torment like the destruction of 'Ad and Thamud.'

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحاً صَرْصَراً فِي أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَى وَهُمْ لَا يُنصَرُونَ (16)

ترجمہ: سو ہم نے اُن پر منحوس دنوں میں خوفناک تیز و تند آندھی بھیجی تاکہ ہم انہیں دنیوی زندگی میں ذِلت کے عذاب کا مزہ چکھائیں، اور آخرت کا عذاب تو سب سے زیادہ ذِلت انگیز ہوگا اور اُن کی کوئی مدد نہ کی جائے گیo

So We sent upon them an appalling and violent wind during ill-omened days to make them taste the torment of humiliation in the worldly life, and the torment of the Hereafter will be far more degrading. And they will not be helped at all.

فَإِن يَصْبِرُوا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ وَإِن يَسْتَعْتِبُوا فَمَا هُم مِّنَ الْمُعْتَبِينَ (24)

ترجمہ: اب اگر وہ صبر کریں تب بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور اگر وہ (توبہ کے ذریعے اللہ کی) رضا حاصل کرنا چاہیں تو بھی وہ رضا پانے والوں میں نہیں ہوں گےo

Now even if they keep patience, their abode is Hell; and if they seek to earn

(Allah's) pleasure (by turning to Him in repentance), even then they will not be amongst those who attain to Allah's pleasure.

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ فَزَيَّنُوا لَهُم مَّا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ **(25)**

ترجمہ: اور ہم نے اُن کے لیے ساتھ رہنے والے (شیاطین) مقرر کر دیے، سوانہوں نے اُن کے لیے وہ (تمام برے اعمال) خوش نما کر دکھائے جو اُن کے آگے تھے اور اُن کے پیچھے تھے اور اُن پر (وہی) فرمانِ عذاب ثابت ہو گیا جو اُن امتوں کے بارے میں صادر ہو چکا تھا جو جنّات اور انسانوں میں سے اُن سے پہلے گزر چکی تھیں۔ بے شک وہ نقصان اٹھانے والے تھے o

And We appointed for them companions (satans). So they made (all those deeds) fair seeming to them which were in their front and in their rear. And the same command of torment proved true against them that had gone forth against the communities of jinn and mankind that had passed before them. Surely, they were the losers.

فَلَنُذِيقَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا عَذَاباً شَدِيداً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ **(27)**

ترجمہ: پس ہم کافروں کو سخت عذاب کا مزہ ضرور چکھائیں گے اور ہم انہیں اُن برے اعمال کا بدلہ ضرور دیں گے جو وہ کرتے رہے تھے o

So We will most certainly make the disbelievers taste the severe torment, and will most certainly requite them for the evil deeds which they used to do.

ذَلِكَ جَزَاءُ أَعْدَاءِ اللَّهِ النَّارُ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ جَزَاءً بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ **(28)**

ترجمہ: یہ دوزخ اللہ کے دشمنوں کی جزا ہے، اُن کے لیے اِس میں ہمیشہ رہنے کا گھر ہے، یہ اُس کا بدلہ ہے جو وہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے o

This Hell is the recompense of the enemies of Allah. There is a home in it for them to dwell in forever-a requital for their denial of Our Revelations.

مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ **(43)**

ترجمہ: (اے حبیب!) جو آپ سے کہی جاتی ہیں (یہ) وہی باتیں ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہی جا چکی ہیں، بے شک آپ کا رب ضرور معافی والا (بھی) ہے اور دردناک سزا دینے والا (بھی) ہے o

(O Beloved!) Whatever is said to you are the same words that have been said to the Messengers before you. Surely, your Lord is Most Forgiving and the Master of agonizing chastisement (as well).

وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَذَا لِي وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَى رَبِّي إِنَّ لِي عِندَهُ لَلْحُسْنَى فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ **(50)**

ترجمہ: اور اگر ہم اسے اپنی جانب سے رحمت (کا مزہ) چکھا دیں اُس تکلیف کے بعد جو اُسے پہنچ چکی تھی تو وہ ضرور کہنے لگتا

ہے کہ یہ تو میرا حق تھا اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت برپا ہونے والی ہے اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو بھی اس کے حضور میرے لیے یقیناً بھلائی ہوگی سو ہم ضرور کفر کرنے والوں کو اُن کاموں سے آگاہ کر دیں گے جو انہوں نے انجام دیے اور ہم انہیں ضرور سخت ترین عذاب (کا مزہ) چکھا دیں گے o

And if We give him a taste of mercy from Us after that misery which touched him, he surely starts saying: 'This is my privilege. And I do not think that the Last Hour will ever take place. And if at all I am returned to my Lord, even then there will surely be good fortune for me in His presence.' So We shall certainly inform the disbelievers of the deeds which they did, and We shall indeed make them taste the most severe torment.

سورۃ الشوریٰ:

وَالَّذِيْنَ يُحَاجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ (16)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ (کے دین کے بارے) میں جھگڑتے ہیں بعد اِس کے کہ اسے قبول کر لیا گیا اُن کی بحث و تکرار اُن کے رب کے نزدیک باطل ہے اور اُن پر (اللہ کا) غضب ہے اور اُن کے لیے سخت عذاب ہے o

And those who dispute about (the Din [Religion] of) Allah after it has been accepted, their discussion and contention is false in the sight of their Lord. And upon them is the wrath (of Allah) and for them is a severe torment.

أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ شَرَعُوا لَهُم مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَأْذَن بِهِ اللّٰهُ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّ الظَّالِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (21)

ترجمہ: کیا اُن کے لیے کچھ (ایسے) شریک ہیں جنہوں نے اُن کے لیے دین کا ایسا راستہ مقرر کر دیا ہو جس کا اللہ نے حکم نہیں دیا تھا، اور اگر فیصلہ کا فرمان (صادر) نہ ہوا ہوتا تو اُن کے درمیان قصہ چکا دیا جاتا، اور بے شک ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہے o

Have they any (such) partners that have established for them a path of din (religion) about which Allah has not given any command? And had the command of judgment not (gone forth) already, the matter between them would have been settled. And surely, there is a painful torment for the wrongdoers.

وَيَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَيَزِيْدُهُم مِّن فَضْلِهِ وَالْكَافِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ (26)

ترجمہ: اور اُن لوگوں کی دعا قبول فرماتا ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے اور اپنے فضل سے انہیں (اُن کی دعا سے بھی) زیادہ دیتا ہے، اور جو کافر ہیں اُن کے لیے سخت عذاب ہے o

And He grants the prayers of those who believe and keep doing pious works, and gives them of His bounty more (than they pray for). But there is severe punishment for those who do not believe.

إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ أُولَئِكَ لَهُم عَذَابٌ أَلِيمٌ (42)

ترجمہ: بس (ملامت وگرفت کی) راہ صرف اُن کے خلاف ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں ناحق سرکشی وفساد پھیلاتے ہیں، ایسے ہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہےo

But the way (to persecute) is only against those who wrong the people and spread corruption and violence unjustly in the land. It is they for whom there is a painful torment.

وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن بَعْدِهِ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَى مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ (44)

ترجمہ: اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اُس کے لیے اُس کے بعد کوئی کارساز نہیں ہوتا، اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ جب وہ عذابِ (آخرت) دیکھ لیں گے (تو) کہیں گے: کیا (دنیا میں) پلٹ جانے کی کوئی سبیل ہے؟o

And the one whom Allah holds astray, for him there is no protector after that. And you will see the wrongdoers; when they see the torment (of the Last Day), they will say: 'Is there any way to go back (to the world)?'

وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ وَقَالَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ (45)

ترجمہ: اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ پر ذلّت اور خوف کے ساتھ سر جھکائے ہوئے پیش کیے جائیں گے (اسے چوری چوری) چھپی نگاہوں سے دیکھتے ہوں گے، اور ایمان والے کہیں گے: بے شک نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو اور اپنے اہل وعیال کو قیامت کے دن خسارے میں ڈال دیا، یاد رکھو! بے شک ظالم لوگ دائمی عذاب میں (مبتلا) رہیں گےo

And you will see them brought to Hell with their heads bent with disgrace and fear, looking at it covertly (with a stealthy glance) and the believers will say: 'Surely, the losers are those who put their own souls and their families into loss on the Day of Rising. Remember! Indeed, the wrongdoers will remain in (the agony of) a lasting torment.

سورۃ الزخرف:

وَلَن يَنفَعَكُمُ الْيَوْمَ إِذ ظَّلَمْتُمْ أَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ (39)

ترجمہ: اور آج کے دن تمہیں (یہ آرزو کرنا) سودمند نہیں ہوگا جبکہ تم (عمر بھر) ظلم کرتے رہے، (آج) تم سب عذاب میں شریک ہوo

And those who take revenge when they are wronged (by a tyrant and wrongdoer).

أَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِي وَعَدْنَاهُمْ فَإِنَّا عَلَيْهِم مُّقْتَدِرُونَ (42)

ترجمہ: یا ہم آپ کو وہ (عذاب ہی) دکھا دیں جس کا ہم نے اُن سے وعدہ کیا ہے، سو بے شک ہم اُن پر کامل قدرت رکھنے والے

ہیںo

But the way (to persecute) is only against those who wrong the people and spread corruption and violence unjustly in the land. It is they for whom there is a painful torment.

سورۃ الدخان:

يَغْشَى النَّاسَ هَذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ (11)

ترجمہ: جولوگوں کوڈھانپ لے گا (یعنی ہرطرف محیط ہوجائے گا)، یہ دردناک عذاب ہےo

Which will envelop people (i.e., will encompass everything). That will be a painful torment.

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ (12)

ترجمہ: (اس وقت کہیں گے:) اے ہمارے رب! تو ہم سے (اس) عذاب کو دور کر دے، بے شک ہم ایمان لاتے ہیںo

(They will then say:) 'O our Lord! Remove this torment from us. Surely, we believe.'

أَنَّى لَهُمُ الذِّكْرَى وَقَدْ جَاءهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ (13)

ترجمہ: اب اُن کا نصیحت ماننا کہاں (مفید) ہوسکتا ہے حالاں کہ ان کے پاس واضح بیان فرمانے والے رسول آ چکےo

How can their acceptance of the admonition now be (of any use), whereas there came to them a Messenger with a clear exposition?

ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ (14)

ترجمہ: پھر انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا اور (گستاخی کرتے ہوئے) کہنے لگے: (وہ) سکھایا ہوا دیوانہ ہےo

But they turned their faces from him and (denigrating) they said: '(He) is a tutored madman.'

إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ (15)

ترجمہ: بے شک ہم تھوڑا سا عذاب دور کیے دیتے ہیں (مگر) تم یقیناً (وہی کفر) دہرانے لگو گےo

Indeed, We remove the torment a little (but) you will certainly reiterate (the same disbelief).

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى إِنَّا مُنتَقِمُونَ (16)

ترجمہ: جس دن ہم بڑی سخت گرفت کریں گے تو (اس دن) ہم یقیناً انتقام لے ہی لیں گےo

The Day when We will seize with the Greatest Seizure, (that Day) We shall certainly exact revenge.

إِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّومِ (43)

ترجمہ: بے شک کانٹے دار پھل کا درختo

Indeed, the tree bearing thorny fruit,

طَعَامُ الْأَثِيمِ (44)

ترجمہ: بڑے نافرمانوں کا کھانا ہوگاo

Will be the food of the major sinners.

كَالْمُهْلِ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ (45)

ترجمہ: پگھلے ہوئے تانبے کی طرح وہ پیٹوں میں کھولے گاo

It will boil in the bellies like molten copper,

كَغَلْيِ الْحَمِيمِ (46)

ترجمہ: کھولتے ہوئے پانی کے جوش کی مانندo

Like the seething of simmering water.

خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ إِلَى سَوَاءِ الْجَحِيمِ (47)

ترجمہ: (حکم ہوگا:) اس کو پکڑ لو اور دوزخ کے وسط تک اسے زور سے گھسیٹتے ہوئے لے جاؤo

(It will be commanded:) 'Seize him and drag him forcefully to the midst of Hell,

ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ (48)

ترجمہ: پھر اس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب ڈالوo

Then torment him by pouring boiling water over his head.

ذُقْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ (49)

ترجمہ: مزہ چکھ لے، ہاں تُو ہی (اپنے گمان اور دعوٰی میں) بڑا معزّز و مکرّم ہےo

Taste it! Yes, you it is, the respectable and venerable (in your notion and claim).

إِنَّ هَذَا مَا كُنتُم بِهِ تَمْتَرُونَ (50)

ترجمہ: بے شک یہ وہی (دوزخ) ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھےo

Certainly, this is the very Hell you used to doubt.'

سورۃ الجاثیۃ:

يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِراً كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (8)

ترجمہ: جو اللہ کی (اُن) آیتوں کو سنتا ہے جو اُس پر پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں پھر (اپنے کفر پر) اصرار کرتا ہے تکبّر کرتے ہوئے، گویا اُس نے انہیں سنا ہی نہیں، تو آپ اسے دردناک عذاب کی بشارت دے دیںo

The one who listens to the Revelations of Allah that are recited to him, then insists (on his disbelief) arrogantly as if he did not hear them, give him the news of a grievous torment!

وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئاً اتَّخَذَهَا هُزُواً أُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ (9)

ترجمہ: اور جب اسے ہماری (قرآنی) آیات میں سے کسی چیز کا (بھی) علم ہو جاتا ہے تو اسے مذاق بنا لیتا ہے، ایسے ہی لوگوں کے لیے ذلّت انگیز عذاب ہے o

And when he learns about anything of Our Verses (of the Qur'an), he makes it a joke. It is they for whom there is humiliating torment.

مِن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْئاً وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاء وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (10)

ترجمہ: اُن کے (اس عرصۂ حیات کے) بعد دوزخ ہے اور جو (مالِ دنیا) انہوں نے کما رکھا ہے اُن کے کچھ کام نہیں آئے گا اور نہ وہ بت (ہی کام آئیں گے) جنہیں اللہ کے سوا انہوں نے کارساز بنا رکھا ہے، اور اُن کے لیے بہت سخت عذاب ہے o

Beyond (their current term of life), there is Hell. And (the worldly riches) which they have earned will be of no use to them. Nor will those idols be (of any benefit) that they have made guardians instead of Allah. And there is a very severe torment for them.

هَذَا هُدًى وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّن رِّجْزٍ أَلِيْمٌ (11)

ترجمہ: یہ (قرآن) ہدایت ہے، اور جن لوگوں نے اپنے رب کی آیات کے ساتھ کفر کیا اُن کے لیے سخت ترین دردناک عذاب ہے o

This (Qur'an) is guidance. And for those who disbelieved in the Revelations of Allah is an extremely grievous torment in store.

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُون (33)

ترجمہ: اور اُن کے لیے وہ سب برائیاں ظاہر ہو جائیں گی جو وہ انجام دیتے تھے اور وہ (عذاب) انہیں گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے o

And He has made subservient to you, out of His will, whatever is in the heavens and whatever is in the earth, all of it (under a system). Surely, there are signs in it for those who ponder.

سورۃ الاحقاف:

أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْ أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِيْنَ (18)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں فرمانِ (عذاب) ثابت ہو چکا ہے بہت سی امتوں میں جو ان سے پہلے گزر چکی ہیں جنّات کی (بھی) اور انسانوں کی (بھی)، بے شک وہ (سب) نقصان اٹھانے والے تھے o

It is they against whom the command of Allah's (torment) has proved true amongst generations that have passed of the jinn as well as mankind. Surely, they (all) were the losers.

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُم بِهَا فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ

بِمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ تَفْسُقُونَ (20)

ترجمہ: اور جس دن کافر لوگ آتشِ دوزخ کے سامنے پیش کیے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا:) تم اپنی لذیذ و مرغوب چیزیں اپنی دنیوی زندگی میں ہی حاصل کر چکے اور ان سے (خوب) نفع اندوز بھی ہو چکے۔ پس آج کے دن تمہیں ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی اس وجہ سے کہ تم زمین میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے اور اس وجہ سے (بھی) کہ تم نافرمانی کیا کرتے تھےo

And the Day when the disbelievers will be brought before the Fire of Hell (it will be said to them:) 'You received your favourite and tasteful luxuries in the life of the world and exacted from them (maximum) benefit. So, Today you will be rewarded the punishment of humiliation because you lived on earth with arrogance unjustly and (also) because you used to disobey.'

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَذَا بِالْحَقِّ قَالُوا بَلَى وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ (34)

ترجمہ: اور جس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا آتشِ دوزخ کے سامنے پیش کیے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا:) کیا یہ (عذاب) برحق نہیں ہے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! ہمارے رب کی قسم (برحق ہے)، ارشاد ہوگا: پھر عذاب کا مزہ چکھو جس کا تم انکار کیا کرتے تھےo

And the Day when the disbelievers will be brought to the Fire (it will be said to them:) 'Is this (punishment) not based on the truth?' They will say: 'Yes, of course! By our Lord (it is true).' (Allah) will say: 'Then taste the punishment you used to deny.'

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ (35)

ترجمہ: (اے حبیب!) پس آپ صبر کیے جائیں جس طرح (دوسرے) عالی ہمّت پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور آپ ان (منکروں) کے لیے (طلبِ عذاب میں) جلدی نہ فرمائیں، جس دن وہ اس (عذابِ آخرت) کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے تو (خیال کریں گے) گویا وہ (دنیا میں) دن کی ایک گھڑی کے سوا ٹھہرے ہی نہیں تھے، (یہ اللہ کی طرف سے) پیغام کا پہنچایا جانا ہے، نافرمان قوم کے سوا دیگر لوگ ہلاک نہیں کیے جائیں گےo

(O Beloved!) So be steadfast as (other) Messengers were with unwavering determination, and do not hasten (to seek the torment) for these (deniers). The Day they will see this (punishment in the Hereafter) which they are being promised, (they will think) as though they did not stay (in the world) for more than an hour. (This is but) the communication of the Message (from Allah). Those other than the disobedient will not be destroyed.

سورۃ الفتح:

وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ الظَّانِّينَ بِاللَّهِ ظَنَّ السَّوْءِ عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ وَسَاءتْ مَصِيراً (6)

ترجمہ: اور (اس لیے بھی کہ ان) منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے جو اللہ کے ساتھ بُری بدگمانیاں رکھتے ہیں، انہی پر بُری گردش (مقرر) ہے، اور ان پر اللہ نے غضب فرمایا اور ان پر لعنت فرمائی اور ان کے لیے دوزخ تیار کی، اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہےo

And (so that) He may punish the hypocritical men and women and the polytheistic men and women who entertain evil assumptions about Allah. For them is (predestined) an evil turn of fortune. And Allah has afflicted them with His wrath, has cursed them and has prepared for them Hell. And that is a very evil resting place.

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (14)

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہےo

And the Kingdom of the heavens and the earth belongs to Allah alone. He forgives whom He wills and punishes whom He wills. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

قُل لِّلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَى قَوْمٍ أُوْلِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ فَإِن تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْراً حَسَناً وَإِن تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُم مِّن قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَاباً أَلِيماً (16)

ترجمہ: آپ دیہاتیوں میں سے پیچھے رہ جانے والوں سے فرما دیں کہ تم عنقریب ایک سخت جنگ جو قوم (سے جہاد) کی طرف بلائے جاؤ گے تم ان سے جنگ کرتے رہو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے، سو اگر تم حکم مان لو گے تو اللہ تمہیں بہترین اجر عطا فرمائے گا۔ اور اگر تم رُوگردانی کرو گے جیسے تم نے پہلے رُوگردانی کی تھی تو وہ تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دے گاo

Say to the Bedouins lagging behind: 'You will be called up soon (to fight) against a hard-hitting, warring people. Then you will fight them on (for the promotion of peace and human dignity), or they will become Muslims. So if you obey the command, Allah will give you an excellent reward. But if you turn away as you did before, He will make you suffer from an agonizing torment.'

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَن يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَاباً أَلِيماً (17)

ترجمہ: (جہاد سے رہ جانے میں) نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ (ہی) بیمار پر کوئی گناہ ہے، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرے گا وہ اسے بہشتوں میں داخل فرما دے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہوں گی، اور جو شخص (اطاعت سے) منہ پھیرے گا وہ اسے دردناک عذاب میں مبتلا کر دے گاo

There is no blame on the blind or the lame or the sick (for their disability to fight). And He who obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. But whoever turns away (from obedience), He will punish him with a grievous

torment.

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْىَ مَعْكُوفاً أَن يَبْلُغَ مَحِلَّهُ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُونَ وَنِسَاء مُّؤْمِنَاتٌ لَّمْ تَعْلَمُوهُمْ أَن تَطَؤُوهُمْ فَتُصِيبَكُم مِّنْهُم مَّعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِيُدْخِلَ اللَّهُ فِي رَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ لَوْ تَزَيَّلُوا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَاباً أَلِيماً (25)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجدِ حرام سے روک دیا اور قربانی کے جانوروں کو بھی، جو اپنی جگہ پہنچنے سے رکے پڑے رہے، اور اگر کئی ایسے مومن مرد اور مومن عورتیں (مکّہ میں موجود نہ ہوتیں) جنہیں تم جانتے بھی نہیں ہو کہ تم انہیں پامال کر ڈالو گے اور تمہیں بھی لاعلمی میں ان کی طرف سے کوئی سختی اور تکلیف پہنچ جائے گی (تو ہم تمہیں اِسی موقع پر ہی جنگ کی اجازت دے دیتے۔ مگر فتحِ مکّہ کو مؤخّر اس لیے کیا گیا) تاکہ اللہ جسے چاہے (صلح کے نتیجے میں) اپنی رحمت میں داخل فرما لے۔ اگر (وہاں کے کافر اور مسلمان) الگ الگ ہو کر ایک دوسرے سے ممتاز ہو جاتے تو ہم ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب کی سزا دیتےo

It is they who disbelieved and hindered you from the Sacred Mosque, and prevented the sacrificial animals as well that were kept from reaching their place. And had there not been many such believing men and women (present in Mecca) as you also did not know that you might crush them underfoot without knowing, and some harm and hardship might also be caused to you by them inadvertently, (We would have allowed you there and then to fight. But the victory of Mecca was delayed) so that Allah might admit to His mercy whom He willed. Had (the disbelievers and the believers there) distinguishably drawn apart from one another, We would have punished the disbelievers with a painful torment.

سورۃ الذاریات:

فَإِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوا ذَنُوباً مِّثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ (59)

ترجمہ: پس ان ظالموں کے لیے (بھی) حصۂ عذاب مقرّر ہے ان کے (پہلے گزرے ہوئے) ساتھیوں کے حصۂ عذاب کی طرح، سو وہ مجھ سے جلدی طلب نہ کریںo

So there is a fixed share of the torment for these wrongdoers (too) like the share of the torment of their companions (who have passed before). So let them not ask Me to hasten (it).

سورۃ الطّور:

يَوْمَ يُدَعُّونَ إِلَى نَارِ جَهَنَّمَ دَعّاً (13)

ترجمہ: جس دن کو وہ دھکیل دھکیل کر آتشِ دوزخ کی طرف لائے جائیں گےo

The Day when they will be forcefully pushed towards the Fire of Hell,

هَذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ (14)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) یہ ہے وہ جہنّم کی آگ جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said to them:) 'This is the Fire of Hell you used to belie.

أَفَسِحْرٌ هَذَا أَمْ أَنتُمْ لَا تُبْصِرُونَ (15)

ترجمہ: سو کیا یہ جادو ہے یا تمہیں دکھائی نہیں دیتاo

So is it magic, or do you not see?

اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا سَوَاء عَلَيْكُمْ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (16)

ترجمہ: اس میں داخل ہو جاؤ، پھر تم صبر کرو یا صبر نہ کرو، تم پر برابر ہے، تمہیں صرف انہی کاموں کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے رہے تھےo

Enter it. Then it is all the same for you whether you observe patience, or you do not observe patience. You will be paid only for those deeds which you used to do.'

سورۃ الحدید:

اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرّاً ثُمَّ يَكُونُ حُطَاماً وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ (20)

ترجمہ: جان لو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا ہے اور ظاہری آرائش ہے اور آپس میں فخر اور خودستائی ہے اور ایک دوسرے پر مال و اولاد میں زیادتی کی طلب ہے، اس کی مثال بارش کی سی ہے کہ جس کی پیداوار کسانوں کو بھلی لگتی ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہے پھر تم اسے پک کر زرد ہوتا دیکھتے ہو پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے، اور آخرت میں (نافرمانوں کے لیے) سخت عذاب ہے اور (فرمانبرداروں کے لیے) اللہ کی جانب سے مغفرت اور عظیم خوشنودی ہے، اور دنیا کی زندگی دھوکے کی پونجی کے سوا کچھ نہیں ہےo

Know that the life of the world is nothing but a sport and pastime, and superficial beauty, and mutual boasting and self-praise, and ambition to excel in wealth and children over one another. Its similitude is rain whose produce pleases the farmers. Then it dries up. Then you see it turning yellow and then it becomes bits of stubble. And there is severe torment (for the disobedient) in the Hereafter, and forgiveness and great pleasure from Allah (for the obedient). And the life of the world is nothing but belongings that deceive.

سورۃ المجادلۃ:

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَى ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَإِذَا جَاؤُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمَصِيرُ (8)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشیوں سے منع کیا گیا تھا پھر وہ لوگ وہی کام کرنے لگے جس سے روکے

گئے تھے اور وہ گناہ اور سرکشی اور نافرمانءِ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے متعلق سرگوشیاں کرتے ہیں اور جب آپ کے پاس حاضر ہوتے ہیں تو آپ کو اُن (نازیبا) کلمات کے ساتھ سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں فرمایا اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ (اگر یہ رسول سچے ہیں تو) اللہ ہمیں اِن (باتوں) پر عذاب کیوں نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں؟ انہیں دوزخ (کا عذاب) ہی کافی ہے، وہ اسی میں داخل ہوں گے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے o

Have you not seen those who were forbidden to whisper? Then they started doing the same that they were forbidden to do. And they whisper about sin and revolt and disobedience to the (Holy) Messenger (blessings and peace be upon him), and when they come to your presence, they greet you with the (unbecoming) words with which Allah has not greeted you and say in their hearts: '(If this Messenger [blessings and peace be upon him] is truthful then) why does Allah not punish us for what we say?' (The punishment of) Hell is sufficient for them. They will enter it and it is an extremely evil abode.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِم مَّا هُم مِّنكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ **(14)**

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسی جماعت کے ساتھ دوستی رکھتے ہیں جن پر اللہ نے غضب فرمایا، نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ اُن میں سے ہیں اور جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں حالاں کہ وہ جانتے ہیں o

Have you not seen those who make friends with such a party upon whom Allah sent wrath? They are neither of you nor of them and they take false oaths whilst they know.

أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَاباً شَدِيْداً إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ **(15)**

ترجمہ: اللہ نے اُن کے لیے سخت عذاب تیار فرما رکھا ہے، بے شک وہ برا (کام) ہے جو وہ کر رہے ہیں o

Allah has prepared for them severe punishment. Indeed, it is an evil (work) that they are doing.

اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ **(16)**

ترجمہ: انہوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے سو وہ (دوسروں کو) راہِ خدا سے روکتے ہیں، پس اُن کے لیے ذِلّت انگیز عذاب ہے o

They have made their (false) oaths a shield. So they hinder (others) from the way of Allah. Consequently, there is a humiliating punishment for them.

سورۃ الحشر:

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ شَاقُّوا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَمَن يُشَاقِّ اللّٰهَ فَإِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ **(4)**

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہوا کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے شدید عداوت کی (ان کا سرغنہ کعب بن اشرف بدنام زمانہ گستاخ رسول تھا)، اور جو شخص اللہ (اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) مخالفت کرتا ہے تو بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

That is because they showed extreme enmity against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). (Their ringleader was Ka'b b. Ashraf, a notorious denigrator of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him].) And he who opposes Allah (and His Messenger), then Allah is Severe in punishment.

مَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنكُمْ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ **(7)**

ترجمہ: جو (اَموالِ فَے) اللہ نے (قُرَیظہ، نَضِیر، فِدَک، خَیبر، عُرَینہ سمیت دیگر بغیر جنگ کے مفتوحہ) بستیوں والوں سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لوٹائے ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے ہیں اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں (یعنی بنو ہاشم اور بنو عبدالمطّلب) کے لیے اور (معاشرے کے عام) یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہیں، (یہ نظامِ تقسیم اس لیے ہے) تاکہ (سارا مال صرف) تمہارے مال داروں کے درمیان ہی نہ گردش کرتا رہے (بلکہ معاشرے کے تمام طبقات میں گردش کرے)۔ اور جو کچھ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو (اُس سے) رُک جایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقسیم و عطا پر کبھی زبانِ طعن نہ کھولو)، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And whatever (materials of fay-spoils) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from the people of (the towns captured without war in addition to those of Qurayza, Nadir, Fadak, Khaybar and 'Urayna) belong to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) near relatives (i.e., Banu Hashim and Banu 'Abd al-Muttalib) and the orphans and the needy and the wayfarer (of society at large. This distribution system is to ensure) that (the whole wealth) may not circulate (only) amongst the rich of you (but should circulate amongst all the classes of society). And whatever the Messenger (blessings and peace be upon him) gives you, take that and whatever he forbids you, abstain (from that) and keep fearing Allah (i.e., never scoff at the Messenger's distribution and award). Surely, Allah is Severe to punish.

لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعاً إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاء جُدُرٍ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعاً وَقُلُوبُهُمْ شَتَّى ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ **(14)**

ترجمہ: وہ (مدینے کے عہد شکن یہود اور منافقین) سب مل کر (بھی) تم سے جنگ نہ کر سکیں گے سوائے قلعہ بند شہروں میں یا دیواروں کی آڑ میں، اُن کی لڑائی اُن کے آپس میں (ہی) سخت ہے، تم انہیں اکٹھا سمجھتے ہو حالاں کہ اُن کے دل باہم متفرّق ہیں، یہ اس لیے کہ وہ لوگ عقل سے کام نہیں لیتے o

They (the Jews of Medina, who breached the treaty, and the hypocrites) will not be able to fight against you (even) allied, except in fortified towns or taking

cover behind walls. They fight hard (but) amongst themselves. You think they are united, whereas their hearts are disunited. The reason is that they do not apply reason.

كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ قَرِيْباً ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ **(15)**

ترجمہ: (اُن کا حال) اُن لوگوں جیسا ہے جو اُن سے پہلے زمانۂ قریب میں ہی اپنی شامتِ اعمال کا مزہ چکھ چکے ہیں (یعنی بدر میں مشرکینِ مکہ، اور یہود میں سے بنونضیر، بنوقینقاع و بنوقریظہ وغیرہ)، اور ان کے لیے (آخرت میں بھی) دردناک عذاب ہےo

(Their plight) resembles those who have tasted the evil consequences of their works shortly before them (i.e., the idolaters of Mecca in Badr and Banu Nadir, Banu Qaynuqa' and Banu Qurayza of the Jews, etc.). And there is for them a grievous punishment (in the Hereafter as well).

سورۃ التغابن:

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ **(5)**

ترجمہ: کیا تمہیں اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جنہوں نے (تم سے) پہلے کفر کیا تھا تو انہوں نے (دنیا میں) اپنے کام کی سزا چکھ لی اور ان کے لیے (آخرت میں بھی) دردناک عذاب ہےo

Has the news not reached you of those who disbelieved before you and tasted the punishment of their work (in the world), and there is a grievous torment for them (in the Hereafter as well)?

سورۃ الطلاق:

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَاباً شَدِيْداً وَعَذَّبْنَاهَا عَذَاباً نُّكْراً **(8)**

ترجمہ: اور کتنی ہی بستیاں ایسی تھیں جن (کے رہنے والوں) نے اپنے رب کے حکم اور اُس کے رسولوں سے سرکشی و سرتابی کی تو ہم نے اُن کا سخت حساب کی صورت میں محاسبہ کیا اور انہیں ایسے سخت عذاب میں مبتلا کیا جو نہ دیکھا نہ سنا گیا تھاo

And how many towns there were (the inhabitants of) which disobeyed and revolted against the command of their Lord and His Messengers! So We called them to account in the shape of fierce accountability, and seized them with such a severe torment as was never seen or even heard of.

فَذَاقَتْ وَبَالَ أَمْرِهَا وَكَانَ عَاقِبَةُ أَمْرِهَا خُسْراً **(9)**

ترجمہ: سو انہوں نے اپنے کیے کا وبال چکھ لیا اور اُن کے کام کا انجام خسارہ ہی ہواo

So they tasted the evil consequence of their doings and their affair ended up in total loss.

أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَاباً شَدِيْداً فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُوْلِي الْأَلْبَابِ الَّذِيْنَ آمَنُوا قَدْ أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْراً **(10)**

ترجمہ: اللہ نے اُن کے لیے (آخرت میں بھی) سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ سو اللہ سے ڈرتے رہا کرو اے عقل والو! جو ایمان لے آئے ہو، بے شک اللہ نے تمہاری (ہی) طرف نصیحت (قرآن) کو نازل فرمایا ہےo

Allah has prepared for them severe torment (in the Hereafter as well). So keep fearing Allah, O men of reason, you who have believed. No doubt it is you towards whom Allah has sent down the Reminder (the Qur'an),

سورۃ الملک:

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُوماً لِّلشَّيَاطِينِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ (5)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے سب سے قریبی آسمانی کائنات کو (ستاروں، سیاروں، دیگر خلائی کرّوں اور ذرّوں کی شکل میں) چراغوں سے مزیّن فرما دیا ہے، اور ہم نے ان (ہی میں سے بعض) کو شیطانوں (یعنی سرکش قوتوں) کو مار بھگانے (یعنی ان کے منفی اَثرات ختم کرنے) کا ذریعہ (بھی) بنایا ہے، اور ہم نے ان (شیطانوں) کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہےo

And surely, We have adorned the lowest heaven of the universe with lights (in the form of stars, planets, other asteroids and meteoroids). And We have also made (some of them) the means of pelting away (i.e., eliminating the negative effects of) satans (i.e., rebellious forces). And We have prepared for these (satans) a torment of Blazing Fire.

وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ (6)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا اِنکار کیا دوزخ کا عذاب ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

And for those who have denied their Lord is the torment of Hell. And what an evil abode it is!

إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيقاً وَهِيَ تَفُورُ (7)

ترجمہ: جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی خوف ناک آواز سنیں گے اور وہ (آگ) جوش مار رہی ہوگیo

When they will be flung into it, they will hear its horrifying roar. And that (Fire) will be boiling (with rage),

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَمَن مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا فَمَن يُجِيرُ الْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (28)

ترجمہ: فرما دیجیے: بھلا یہ بتاؤ اگر اللہ مجھے موت سے ہم کنار کر دے (جیسے تم خواہش کرتے ہو) اور جو میرے ساتھ ہیں (ان کو بھی)، یا ہم پر رحم فرمائے (یعنی ہماری موت کو مؤخر کر دے) تو (ان دونوں صورتوں میں) کون ہے جو کافروں کو دردناک عذاب سے پناہ دے گاo

Say: 'Well, give your view: if Allah causes me death (as you desire) and (also) to my Companions, or shows mercy to us (i.e., defers our death), then (in both these cases) who will shelter the disbelievers from the painful torment?'

سورۃ المعارج:

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ (1)

ترجمہ: ایک سائل نے ایسا عذاب طلب کیا جو واقع ہونے والا ہےo

A questioner asked for the torment which is sure to come about,

لِّلْكَافِرِيْنَ لَيْسَ لَهُ دَافِعٌ (2)

ترجمہ: کافروں کے لیے جسے کوئی دفع کرنے والا نہیں o

Upon the disbelievers, which no one can repel.

سورۃ نوح:

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا کہ آپ اپنی قوم کو ڈرائیں قبل اس کے کہ انہیں دردناک عذاب آپہنچے o

Surely, We sent Nuh (Noah) to his people: 'Warn your people before a painful torment comes upon them.'

سورۃ الجن:

لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَاباً صَعَداً (17)

ترجمہ: تاکہ ہم اس (نعمت) میں ان کی آزمائش کریں، اور جو شخص اپنے رب کے ذِکر سے منہ پھیر لے گا تو وہ اسے نہایت سخت عذاب میں داخل کر دے گا o

So that We put them to trial by this blessing. And whoever turns away from the remembrance of his Lord, He will cause him to enter a severe torment.

سورۃ المزمل:

وَطَعَاماً ذَا غُصَّةٍ وَعَذَاباً أَلِيماً (13)

ترجمہ: اور حلق میں اٹک جانے والا کھانا اور نہایت دردناک عذاب ہے o

And food that chokes the throat and most painful torment.

8۔ شرک کا بیان

سورۃ النساء:

إِنَّ اللّهَ لاَ يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَن يَشَاءُ وَمَن يُشْرِكْ بِاللّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلاَلاً بَعِيْداً (116)

ترجمہ: بے شک اللہ اس (بات) کو معاف نہیں کرتا کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے اور جو (گناہ) اس سے نیچے ہے جس کے لیے چاہے معاف فرما دیتا ہے، اور جو کوئی اللہ کے ساتھ شرک کرے وہ واقعی دور کی گمراہی میں بھٹک گیا○

Assuredly, Allah does not forgive (the sin of) setting up any partner with Him, but He forgives any (sin) lesser than that whom He wills. And the one who associates anything with Allah as His partner has surely strayed far off.

سورۃ المائدہ:

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ اعْبُدُواْ اللّهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ إِنَّهُ مَن يُشْرِكْ بِاللّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ وَمَا لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ أَنصَارٍ (72)

ترجمہ: درحقیقت ایسے لوگ کافر ہو گئے ہیں جنہوں نے کہا کہ اللہ ہی مسیح ابنِ مریم (علیہما السلام) ہے حالاں کہ مسیح (علیہ السلام) نے (تو یہ) کہا تھا: اے بنی اسرائیل! تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا (بھی) ربّ ہے اور تمہارا (بھی) ربّ ہے۔ بے شک جو اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو یقیناً اللہ نے اس پر جنت حرام فرما دی ہے اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور ظالموں کے لیے کوئی بھی مددگار نہ ہوگا○

In fact, they have become disbelievers who say: 'Allah is the Messiah, the son of Maryam (Mary),' whereas the Messiah (himself) said: 'O Children of Israel! Worship Allah, Who is my (as well as) your Lord.' Indeed, Allah has forbidden Paradise to him who associates partners with Him. And Hell is his abode and the wrongdoers will not find any helpers.

لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ ثَالِثُ ثَلاَثَةٍ وَمَا مِنْ إِلَـهٍ إِلاَّ إِلَـهٌ وَاحِدٌ وَإِن لَّمْ يَنتَهُواْ عَمَّا يَقُولُونَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (73)

ترجمہ: بے شک ایسے لوگ (بھی) کافر ہو گئے ہیں جنہوں نے کہا کہ اللہ تین (معبودوں) میں سے تیسرا ہے، حالاں کہ معبودِ یکتا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اور اگر وہ ان (بیہودہ باتوں) سے جو وہ کہہ رہے ہیں باز نہ آئے تو ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب ضرور پہنچے گا○

Certainly, they (also) become disbelievers who say: 'Allah is the third of the three (Gods),' whereas there is none worthy of worship except the One God. If they do not desist from (the absurdity) which they utter, a grievous punishment will surely torment those of them who disbelieve.

سورۃ الانعام:

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاءكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ أَنَّ اللّهَ حَرَّمَ هَذَا فَإِن شَهِدُواْ فَلاَ تَشْهَدْ مَعَهُمْ وَلاَ تَتَّبِعْ أَهْوَاء الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ وَهُم بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ (150)

ترجمہ: (ان مشرکوں سے) فرما دیجیے کہ تم اپنے ان گواہوں کو پیش کرو جو (آ کر) اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ نے اسے حرام کیا ہے، پھر اگر وہ (جھوٹی) گواہی دے ہی دیں تو ان کی گواہی کو تسلیم نہ کرنا (بلکہ ان کا جھوٹا ہونا ان پر آشکار کر دینا)، اور نہ ایسے لوگوں کی خواہشات کی پیروی کرنا جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے ہیں اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ (معبودانِ باطلہ کو) اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیںo

Say (to these polytheists): 'Produce your witnesses who would (come to) testify that Allah has forbidden this.' Then if at all they bear (false) witness, do not accept their testimony (but instead disclose to them their falsehood). Nor yield to the vain desires of those who refuse to accept Our Revelations as true and do not believe in the Hereafter and hold (false gods as) equal to their Lord.

سورۃ الاعراف:

أَيُشْرِكُونَ مَا لاَ يَخْلُقُ شَيْئاً وَهُمْ يُخْلَقُونَ (191)

ترجمہ: کیا وہ ایسوں کو شریک بناتے ہیں جو کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے اور وہ (خود) پیدا کیے گئے ہیںo

Do they associate as partners with Him those who cannot create anything and have (themselves) been created?

وَلاَ يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْراً وَلاَ أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ (192)

ترجمہ: اور نہ وہ ان (مشرکوں) کی مدد کرنے پر قدرت رکھتے ہیں اور نہ اپنے آپ ہی کی مدد کر سکتے ہیںo

Neither do they have power to help these (polytheists), nor can they help even themselves.

وَإِن تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَى لاَ يَتَّبِعُوكُمْ سَوَاء عَلَيْكُمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنتُمْ صَامِتُونَ (193)

ترجمہ: اور اگر تم ان کو (راہِ) ہدایت کی طرف بلاؤ تو تمہاری پیروی نہ کریں گے۔ تمہارے حق میں برابر ہے خواہ تم انہیں (حق و ہدایت کی طرف) بلاؤ یا تم خاموش رہوo

And if you call them to (the path of) guidance, they will not follow you. For you, it is all the same whether you call them (towards guidance and truth) or you remain silent.

إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُواْ لَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (194)

ترجمہ: بے شک جن (بتوں) کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو وہ بھی تمہاری ہی طرح (اللہ کے) مملوک ہیں، پھر جب تم انہیں پکارو تو انہیں چاہئے کہ تمہیں جواب دیں اگر تم (انہیں معبود بنانے میں) سچے ہوo

Surely, those (idols) whom you worship besides Allah are also slaves (of Allah) just like you. So when you call on them, they should answer you if you are true (in making them gods).

أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُواْ شُرَكَاءكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ فَلاَ تُنظِرُونِ(195)

ترجمہ: کیاان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چل سکیں، یاان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑ سکیں، یاان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھ سکیں یاان کے کان ہیں جن سے وہ سن سکیں؟ آپ فرمادیں: (اے کافرو!) تم اپنے (باطل) شریکوں کو (میری ہلاکت کے لیے) بلالو پھر مجھ پر (اپنا) داؤ چلاؤ اور مجھے کوئی مہلت نہ دوo

Do they have feet to walk with or hands to hold with or eyes to see with or ears to hear with? Say: '(O disbelievers!) Call your (false) partners (for my destruction). Then execute (your) plot against me and do not give me any respite.

إِنَّ وَلِيِّيَ اللّهُ الَّذِي نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ (196)

ترجمہ: بےشک میرامددگاراللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی ہے اور وہی صلحاء کی بھی نصرت وولایت فرماتا ہےo

Indeed, my Helper is Allah, Who has revealed the Book, and He is the One Who also protects and helps the pious.

وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِهِ لاَ يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلا أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ (197)

ترجمہ: اورجن (بتوں) کوتم اس کے سوا پوجتے ہو وہ تمہاری مدد کرنے پر کوئی قدرت نہیں رکھتے اور نہ ہی اپنے آپ کی مدد کر سکتے ہیںo

And (the idols) whom you worship besides Him have no power to help you, nor can they help themselves.'

وَإِن تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَى لاَ يَسْمَعُواْ وَتَرَاهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ وَهُمْ لاَ يُبْصِرُونَ(198)

ترجمہ: اوراگرتم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ سن (بھی) نہیں سکیں گے، اورآپ ان (بتوں) کو دیکھتے ہیں (وہ اس طرح تراشے گئے ہیں) کہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں حالاں کہ وہ (کچھ) نہیں دیکھتےo

And if you call them towards guidance, they cannot (even) hear. And you see these (idols are sculptured in such a way) as if they were looking at you, whereas they do not see (anything).

سورۃ یونس:

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَضُرُّهُمْ وَلاَ يَنفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَـؤُلاء شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللّهِ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللّهَ بِمَا لاَ يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلاَ فِي الأَرْضِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (18)

ترجمہ: اور (مشرکین) اللہ کے سوا ان (بتوں) کو پوجتے ہیں جو نہ انہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں اور نہ انہیں نفع پہنچا سکتے ہیں اور (اپنی

باطل پوجا کے جواز میں) کہتے ہیں کہ یہ (بت) اللہ کے حضور ہمارے سفارشی ہیں، فرما دیجیے: کیا تم اللہ کو اس (شفاعتِ اَصنام کے من گھڑت) مفروضہ سے آگاہ کر رہے ہو جس (کے وجود) کو وہ نہ آسمانوں میں جانتا ہے اور نہ زمین میں (یعنی اس کی بارگاہ میں کسی بت کا سفارش کرنا اس کے علم میں نہیں ہے)۔ اس کی ذات پاک ہے اور وہ ان سب چیزوں سے بلند و بالا ہے جنہیں یہ (اس کا) شریک گردانتے ہیںo

And (the idolaters) worship, apart from Allah, those (idols) which can neither harm nor benefit them, and (in justification of their false worship) they say: 'These (idols) are our intercessors with Allah.' Say: 'Do you seek to inform Allah of the (fabricated) presumption (of intercession by idols) whose (existence) He is not aware of either in the heavens or in the earth (i.e., intercession with Him by any idol is not in His knowledge)? Holy is He, and far Exalted above those whom they set up as (His) peers.'

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعاً ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِيْنَ أَشْرَكُواْ مَكَانَكُمْ أَنتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُم مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ **(28)**

ترجمہ: اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر ہم مشرکوں سے کہیں گے: تم اور تمہارے شریک (بتانِ باطل) اپنی اپنی جگہ ٹھہرو۔ پھر ہم ان کے درمیان پھوٹ ڈال دیں گے۔ اور ان کے (اپنے گھڑے ہوئے) شریک (ان سے) کہیں گے کہ تم ہماری عبادت تو نہیں کرتے تھےo

And the Day when We gather them all together, We shall say to the polytheists: 'Remain at your respective places, you and your partners (false gods).' Then We shall disunite them and their (sculptured) partners will say (to them): 'It was not we that you used to worship.

فَكَفَى بِاللّهِ شَهِيْداً بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِن كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِيْنَ **(29)**

ترجمہ: پس ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے کہ ہم تمہاری پرستش سے (یقیناً) بے خبر تھےo

So, sufficient is Allah as witness between us and you, for we were (certainly) unaware of your worship.'

هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَّا أَسْلَفَتْ وَرُدُّواْ إِلَى اللّهِ مَوْلاَهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ **(30)**

ترجمہ: اس (دہشت ناک) مقام پر ہر شخص ان (اعمال کی حقیقت) کو جانچ لے گا جو اس نے آگے بھیجے تھے اور وہ اللہ کی جانب لوٹائے جائیں گے جو ان کا مالکِ حقیقی ہے اور ان سے وہ بہتان تراشی جاتی رہے گی جو وہ کیا کرتے تھےo

At that (horrifying) stage, everyone will assess (the reality of the works) which he sent forward, and they will be returned to Allah, Who is their Real Master, and that fabrication of lies they used to practise will vanish from them.

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ قُلِ اللّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ **(34)**

ترجمہ: آپ (ان سے دریافت) فرمائیے کہ کیا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو تخلیق کی ابتداء کرے پھر (زندگی کے معدوم ہوجانے کے بعد) اسے دوبارہ لوٹائے؟ آپ فرما دیجیے کہ اللہ ہی (حیات کو عدم سے وجود میں لاتے ہوئے) آفرینش کا آغاز فرماتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ (بھی) فرمائے گا، پھر تم کہاں بھٹکتے پھرتے ہوo

Inquire (of them): 'Is there any of your (so-called) partner-gods that originates creation, then restores it (after the total annihilation of life)?' Say: 'Allah alone initiates creation (bringing life into existence from non-existence), then He is the One Who will repeat it (as well). So where are you wandering disoriented?'

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَهْدِىٓ إِلَى الْحَقِّ قُلِ اللَّهُ يَهْدِى لِلْحَقِّ أَفَمَن يَهْدِىٓ إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ أَمَّن لَّا يَهِدِّىٓ إِلَّآ أَن يُهْدَىٰ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ (35)

ترجمہ: آپ (ان سے دریافت) فرمائیے: کیا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو حق کی طرف رہنمائی کر سکے، آپ فرما دیجیے کہ اللہ ہی (دینِ) حق کی ہدایت فرماتا ہے، تو کیا جو کوئی حق کی طرف ہدایت کرے وہ زیادہ حق دار ہے کہ اس کی فرمانبرداری کی جائے یا وہ جو خود ہی راستہ نہیں پاتا مگر یہ کہ اسے راستہ دکھایا جائے (یعنی اسے اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا جائے جیسے کفار اپنے بتوں کو حسبِ ضرورت اٹھا کر لے جاتے) سو تمہیں کیا ہو گیا ہے، تم کیسے فیصلے کرتے ہوo

Inquire (of them): 'Is there any of your (so-called) partner-gods that may lead to the truth?' Say: 'Allah alone guides to the truth (Din [Religion]). Then who has greater right to be obeyed-He Who guides to the truth, or he who himself does not find the way unless he is shown the way? (i.e., it should be carried from one place to the other as the disbelievers used to carry their idols as and when required.) So what has gone wrong with you? How do you decide?'

وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِى مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌۢ بِمَا يَفْعَلُونَ (36)

ترجمہ: ان میں سے اکثر لوگ صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں، بے شک گمان حق سے معمولی سا بھی بے نیاز نہیں کر سکتا، یقیناً اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیںo

Most of them follow nothing but conjecture. Surely, conjecture cannot in the least substitute for the truth. Assuredly, Allah knows best what they do.

وَأَنْ أَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيفًا وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (105)

ترجمہ: اور یہ کہ آپ ہر باطل سے بچ کر (یک سُو ہو کر) اپنا رخ دین پر قائم رکھیں اور ہرگز شرک کرنے والوں میں سے نہ ہوںo

And that, guarding against every falsehood, (with focused attention,) keep your direction towards the Din (Religion) and never be of those who associate partners with Allah.'

سورۃ یوسف:

وَكَأَيِّن مِّن آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ (105)

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر ان لوگوں کا گزر ہوتا رہتا ہے اور وہ ان سے صرفِ نظر کیے ہوئے ہیں○

And how many a sign is there in the heavens and the earth, which these people pass by, but they are heedless of them!

وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِاللَّهِ إِلَّا وَهُم مُّشْرِكُونَ (106)

ترجمہ: اور ان میں سے اکثر لوگ اللہ پر ایمان نہیں رکھتے مگر یہ کہ وہ مشرک ہیں○

And most of them do not believe in Allah, but that they are polytheists.

أَفَأَمِنُوا أَن تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللَّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (107)

ترجمہ: کیا وہ اس بات سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ ان پر اللہ کے عذاب کی چھا جانے والی آفت آ جائے یا ان پر اچانک قیامت آ جائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو○

Have they gone free from this fear that a prevailing calamity of Allah's torment will come upon them, or the Last Hour will seize them all of a sudden whilst they have no news of it?

سورۃ الرعد:

أَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلَى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاء قُلْ سَمُّوهُمْ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ أَم بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيلِ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ (33)

ترجمہ: کیا وہ (اللہ) جو ہر جان پر اس کے اعمال کی نگہبانی فرما رہا ہے اور (وہ بت جو کافر) لوگوں نے اللہ کے شریک بنا لیے (ایک جیسے ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں)۔ آپ فرما دیجیے کہ ان کے نام (تو) بتاؤ۔ (نادانو!) کیا تم اس (اللہ) کو اس چیز کی خبر دیتے ہو جس (کے وجود) کو وہ ساری زمین میں نہیں جانتا یا (یہ صرف) ظاہری باتیں ہی ہیں (جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں) بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) کافروں کے لیے ان کا فریب خوش نما بنا دیا گیا ہے اور وہ (سیدھی) راہ سے روک دیے گئے ہیں، اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اس کے لیے کوئی ہادی نہیں ہو سکتا○

He (Allah) Who is watching the conduct of every soul and (these idols that the disbelievers) have made peers to Allah-(can they be alike? No way!) Say: '(Just) name them. (You fools!) Do you inform Him (Allah) of something whose (existence) He does not know in the whole earth? Or is it all (mere) superficial talk (which has no contact with reality)?' Rather (the truth is that) the deceptive scheme of the disbelievers has been made fascinating to them, and they have been hindered from the (straight) path. And he whom Allah holds strayed, there is none who can be his guide.

سورۃ النحل:

أَتَى أَمْرُ اللّهِ فَلاَ تَسْتَعْجِلُوهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (1)

ترجمہ: اللہ کا وعدہ (قریب) آپہنچا سو تم اس کے چاہنے میں عجلت نہ کرو۔ وہ پاک ہے اور وہ ان چیزوں سے برتر ہے جنہیں کفار (اس کا) شریک ٹھہراتے ہیں o

The promise of Allah has drawn (near), so do not hasten in seeking it. Holy is He and Exalted far above those objects, which the disbelievers set up as (His) peers.

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ بِالْحَقِّ تَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (3)

ترجمہ: اُسی نے آسمانوں اور زمین کو درست تدبیر کے ساتھ پیدا فرمایا، وہ ان چیزوں سے برتر ہے جنہیں کفار (اس کا) شریک گردانتے ہیں o

He alone has created the heavens and the earth with a decreed celestial order. He is Exalted far above those objects which the disbelievers set up as (His) peers.

وَالَّذِيْنَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ لاَ يَخْلُقُونَ شَيْئاً وَهُمْ يُخْلَقُونَ (20)

ترجمہ: اور یہ (مشرک) لوگ جن (بتوں) کو اللہ کے سوا پوجتے ہیں وہ کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ وہ خود پیدا کیے گئے ہیں o

And (the idols) whom these (polytheists) worship besides Allah cannot create anything; they have rather been created themselves.

أَمْوَاتٌ غَيْرُ أَحْيَاء وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ (21)

ترجمہ: (وہ) مُردے ہیں زندہ نہیں، اور (انہیں اتنا بھی) شعور نہیں کہ (لوگ) کب اٹھائے جائیں گے o

(They) are non-living, inanimate objects which do not (even) sense when the people will be raised up.

(س (وَقَالَ اللّهُ لاَ تَتَّخِذُواْ إِلـهَيْنِ اثْنَيْنِ إِنَّمَا هُوَ إِلهٌ وَاحِدٌ فَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ (51)

ترجمہ: اور اللہ نے فرمایا ہے: تم دو معبود مت بناؤ، بے شک وہی (اللہ) معبودِ یکتا ہے، اور تم مجھ ہی سے ڈرتے رہو o

And Allah has ordained: 'Do not take two gods; assuredly, He (Allah) alone is the only One God. So fear Me alone persistently.'

وَلَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِباً أَفَغَيْرَ اللّهِ تَتَّقُونَ (52)

ترجمہ: اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اسی کا ہے اور (سب کے لیے) اسی کی فرمانبرداری واجب ہے۔ تو کیا تم غیر اَز خدا (کسی) سے ڈرتے ہو o

And whatever is in the heavens and the earth (all) belongs to Him alone, and obedience to Him alone is obligatory (for all). Do you then fear (anyone) other than Allah?

ثُمَّ إِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنكُم إِذَا فَرِيقٌ مِّنكُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ(54)

ترجمہ: پھر جب اللہ اس تکلیف کو تم سے دور فرما دیتا ہے تو تم میں سے ایک گروہ اس وقت اپنے رب سے شرک کرنے لگتا ہےo

Then, when Allah removes that distress from you, a party from amongst you starts setting up partners with their Lord;

لِيَكْفُرُواْ بِمَا آتَيْنَاهُمْ فَتَمَتَّعُواْ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ (55)

ترجمہ: (یہ کفر و شرک اس لیے) تاکہ وہ ان (نعمتوں) کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں عطا کر رکھی ہیں، پس (اے مشرکو! چند روزہ) فائدہ اٹھا لو پھر تم عنقریب (اپنے انجام کو) جان لو گےo

(This disbelief and polytheism is perpetrated) so that they may show ingratitude for those (blessings) which We have bestowed upon them. So, (O polytheists,) take this (a few days') benefit, then soon will you know (your end).

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقاً مِّنَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ شَيْئاً وَلاَ يَسْتَطِيعُونَ (73)

ترجمہ: اور اللہ کے سوا ان (بتوں) کی پرستش کرتے ہیں جو آسمانوں اور زمین سے ان کے لیے کسی قدر رزق دینے کے بھی مالک نہیں ہیں اور نہ ہی کچھ قدرت رکھتے ہیںo

And besides Allah, they worship those (idols) who are helpless to provide them with any provision from the heavens and the earth, nor do they have any power.

فَلاَ تَضْرِبُواْ لِلّهِ الأَمْثَالَ إِنَّ اللّهَ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (74)

ترجمہ: پس تم اللہ کے لیے مثل نہ ٹھہرایا کرو، بے شک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتےo

So never put forward any similitude about Allah. Surely, Allah knows and you do not.

إِنَّمَا سُلْطَانُهُ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهُ وَالَّذِيْنَ هُم بِهِ مُشْرِكُونَ(100)

ترجمہ: بس اس کا غلبہ صرف انہی لوگوں پر ہے جو اسے دوست بناتے ہیں اور جو اللہ کے ساتھ شرک کرنے والے ہیںo

He overpowers only those who make friends with him and who associate partners with Allah.

سورۃ بنی اسرائیل:

أَّتَجْعَل مَعَ اللّهِ إِلَـهاً آخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوماً مَّخْذُولاً (22)

ترجمہ: (اے سننے والے!) اللہ کے ساتھ دوسرا معبود نہ بنا (ورنہ) تو ملامت زدہ (اور) بے یار و مددگار ہو کر بیٹھا رہ جائے گاo

(O listener!) Do not set up another god along with Allah (lest) you should sit back condemned (and) forsaken.

وَقَضَى رَبُّكَ أَلاَّ تَعْبُدُواْ إِلاَّ إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِندَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلاَهُمَا فَلاَ تَقُل لَّهُمَا أُفٍّ وَلاَ تَنْهَرْهُمَا وَقُل لَّهُمَا قَوْلاً كَرِيماً (23)

ترجمہ: اور آپ کے رب نے حکم فرما دیا ہے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کیا کرو، اگر تمہارے سامنے دونوں میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں ''اُف'' بھی نہ کہنا اور انہیں جھڑکنا بھی نہیں اور ان دونوں کے ساتھ بڑے ادب سے بات کیا کرو o

And your Lord has commanded you not to worship anyone other than Allah, and treat parents with benevolence. If either or both of them attain old age in your presence, then do not say even 'Ugh!' to them, nor reproach them. And always speak to both of them submissively, observing polite manners.

ذَلِكَ مِمَّا أَوْحَى إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ فَتُلْقَى فِي جَهَنَّمَ مَلُوماً مَّدْحُوراً (39)

ترجمہ: یہ حکمت و دانائی کی ان باتوں میں سے ہے جو آپ کے رب نے آپ کی طرف وحی فرمائی ہیں، اور (اے انسان!) اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ ٹھہرا (ورنہ) تو ملامت زدہ (اور اللہ کی رحمت سے) دھتکارا ہوا ہو کر دوزخ میں جھونک دیا جائے گا o

This is of those wisdom-loaded values which your Lord has revealed to you and, (O man,) do not set up another god with Allah, (lest) you should be cast into Hell, cursed (and) rejected (from Allah's mercy).

سورۃ الحج:

حُنَفَاء لِلَّهِ غَيْرَ مُشْرِكِينَ بِهِ وَمَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاء فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِي بِهِ الرِّيحُ فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ (31)

ترجمہ: صرف اللہ کے ہو کر رہو اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ ٹھہراتے ہوئے، اور جو کوئی اللہ کے ساتھ شرک کرتا ہے تو گویا وہ (ایسے ہے جیسے) آسمان سے گر پڑے پھر اس کو پرندے اچک لے جائیں یا ہوا اس کو کسی دور کی جگہ میں نیچے جا پھینکے o

Devote yourselves wholly to Allah alone, not associating (anything as) partner with Him. And whoever associates anything as partner with Allah, (his case is as if) he fell from the sky, then birds snatched him up, or the wind blew him away down into a distant place.

سورۃ الفرقان:

أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ أَفَأَنتَ تَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلاً (43)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے اپنی خواہشِ نفس کو اپنا معبود بنا لیا ہے؟ تو کیا آپ اس پر نگہبان بنیں گے o

Have you seen him who has taken the desire of his lower self as god? Would you then become a guardian over him?

سورۃ القصص:

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ (62)

ترجمہ: اور جس دن (اللہ) انہیں پکارے گا تو فرمائے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جنہیں تم (معبود) خیال کیا کرتے تھے o

And the Day when (Allah) will call them and say: 'Where are those that you

regarded as My partners and considered them (gods)?'

قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنٰهُمْ كَمَا غَوَيْنَا تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ مَا كَانُوا إِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ (63)

ترجمہ: وہ لوگ جن پر (عذاب کا) فرمان ثابت ہو چکا کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے گمراہ کیا تھا ہم نے انہیں (اسی طرح) گمراہ کیا تھا جس طرح ہم (خود) گمراہ ہوئے تھے، ہم ان سے بیزاری ظاہر کرتے ہوئے تیری طرف متوجہ ہوتے ہیں اور وہ (درحقیقت) ہماری پرستش نہیں کرتے تھے (بلکہ اپنی نفسانی خواہشات کے پجاری تھے)o

The people against whom the command (of torment) has been proved will say: 'O our Lord, it is these people who we misguided. We led them astray (the same way) as we (ourselves) lost the right path. We turn to You showing our disgust towards them and (in fact) they did not worship us. (They rather worshipped their lusts.)'

وَقِيْلَ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُوْنَ (64)

ترجمہ: اور (ان سے) کہا جائے گا: تم اپنے (خودساختہ) شریکوں کو بلاؤ، سو وہ انہیں پکاریں گے پس وہ (شریک) انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور وہ لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے، کاش! وہ (دنیا میں) راہِ ہدایت پا چکے ہوتےo

And it will be said (to them): 'Call your (self-made) partners.' So they will call them but they (the partners) will not respond to them and those people will see the torment. Would that they had taken guidance (in the world)!

وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَيَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (68)

ترجمہ: اور آپ کا رب جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور (جسے چاہتا ہے نبوت اور حقِ شفاعت سے نوازنے کے لیے) منتخب فرما لیتا ہے، ان (منکر اور مشرک) لوگوں کو (اس امر میں) کوئی مرضی اور اختیار حاصل نہیں ہے۔ اللہ پاک ہے اور بالاتر ہے ان (باطل معبودوں) سے جنہیں وہ (اللہ کا) شریک گردانتے ہیںo

And your Lord creates whatever He wills and chooses (whom He pleases for Prophethood and for the right of intercession). These (disbelievers and polytheists) have no authority or choice (in this matter). Holy is Allah the Glorious and Exalted, far above (the false gods) that they associate as partners (with Allah)!

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ (74)

ترجمہ: اور جس دن وہ انہیں پکارے گا تو ارشاد فرمائے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جنہیں تم (معبود) خیال کرتے تھےo

And the Day when He will call to them and say: 'Where are they who you regarded as My partners and considered (gods)?'

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهاً آخَرَ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (88)

ترجمہ: اور تم اللہ کے ساتھ کسی دوسرے (خودساختہ) معبود کو نہ پوجا کرو، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس کی ذات کے سوا ہر چیز فانی ہے، حکم اسی کا ہے اور تم (سب) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

And never worship any other (self-made) god besides Allah. None has the right

to be worshipped except He. Everything has to perish but He. His is the command and to Him you (all) will be returned.

سورۃ الروم:

وَلَمْ يَكُن لَّهُم مِّن شُرَكَائِهِمْ شُفَعَاء وَكَانُوا بِشُرَكَائِهِمْ كَافِرِينَ (13)

ترجمہ: اوران کے (خودساختہ) شریکوں میں سے ان کے لیے سفارشی نہیں ہوں گے اور وہ (بالآخر) اپنے شریکوں کے (ہی) مُنکِر ہوجائیں گےo

And none of their (self-made) partners will intercede for them, and (ultimately) they will deny their very same partners.

وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُم مُّنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا أَذَاقَهُم مِّنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ (33)

ترجمہ: اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے رب کو اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے پکارتے ہیں، پھر جب وہ ان کو اپنی جانب سے رحمت سے لطف اندوز فرماتا ہے تو پھر فوراً ان میں سے کچھ لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیںo

And when suffering afflicts people, they call upon their Lord turning towards Him, but when He delights them with the taste of mercy from Him, then some of them straight away start setting up partners with their Lord,

لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ (34)

ترجمہ: تاکہ اس نعمت کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں عطا کی ہے پس تم (چند روزہ زندگی کے) فائدے اٹھالو، پھر عنقریب تم (اپنے انجام کو) جان لوگےo

To show ingratitude for the bounty which We have given them. So enjoy benefits (of a few days' life), then soon you will know (your end).

أَمْ أَنزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَاناً فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهِ يُشْرِكُونَ (35)

ترجمہ: کیا ہم نے ان پر کوئی (ایسی) دلیل اتاری ہے جو ان (بتوں) کے حق میں شہادتاً کلام کرتی ہو جنہیں وہ اللہ کا شریک بنا رہے ہیںo

Have We sent down to them any (such) authority that speaks as a witness in favour of these idols they associate as partners with Allah?

اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَفْعَلُ مِن ذَلِكُم مِّن شَيْءٍ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (40)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر اس نے تمہیں رزق بخشا پھر تمہیں موت دیتا ہے پھر تمہیں زندہ فرمائے گا، کیا تمہارے (خودساختہ) شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو ان (کاموں) میں سے کچھ بھی کر سکے، وہ (اللہ) پاک ہے اور ان چیزوں سے برتر ہے جنہیں وہ (اس کا) شریک ٹھہراتے ہیںo

Allah is the One Who created you, then granted you sustenance, then causes you to die and then will bring you back to life. Is there any of your (self-made) partners who may do any of these (works)? Holy is He (Allah) the Glorious, the

Transcendent, far above these things which they associate as partners (with Him).

سورۃ القمان:

وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ (13)

ترجمہ: اور (یاد کیجئے) جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا اور وہ اسے نصیحت کر رہا تھا: اے میرے فرزند! اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا، بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے o

And (recall) when Luqman said to his son as he was advising him: 'O my son, do not set up partners with Allah. Verily, associating partners with Allah is a very grave injustice.'

سورۃ فاطر:

إِن تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَاءكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ (14)

ترجمہ: (اے مشرکو!) اگر تم انہیں پکارو تو وہ (بت ہیں) تمہاری پکار نہیں سُن سکتے اور اگر (بالفرض) وہ سُن لیں تو تمہیں جواب نہیں دے سکتے، اور قیامت کے دن وہ تمہارے شرک کا بالکل انکار کر دیں گے، اور تجھے خدائے باخبر جیسا کوئی خبردار نہ کرے گا o

(O polytheists!) If you call upon them (the idols), they cannot hear your call. But if (supposing) they (the idols) hear, they cannot give you an answer. And on the Day of Resurrection, they will downright deny your setting up of partners with Allah. And none will make you aware like Allah, the Well Aware.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَاءكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَاباً فَهُمْ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّنْهُ بَلْ إِن يَعِدُ الظَّالِمُونَ بَعْضُهُم بَعْضاً إِلَّا غُرُوراً (40)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا ہے جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، مجھے دکھا دو کہ انہوں نے زمین سے کیا چیز پیدا کی ہے یا آسمانوں (کی تخلیق) میں ان کی کوئی شراکت ہے، یا ہم نے انہیں کوئی کتاب عطا کر رکھی ہے کہ وہ اس کی دلیل پر قائم ہیں؟ (کچھ بھی نہیں ہے) بلکہ ظالم لوگ ایک دوسرے سے فریب کے سوا کوئی وعدہ نہیں کرتے o

Say: 'Have you seen your partner-gods you worship apart from Allah? Show me what they have created of the earth. Or do they have any share in (the creation of) the heavens? Or have We given them any Book so that they stick to its evidence? (Nothing at all!) In fact, the wrongdoers promise one another nothing but deception.

سورۃ الطّور:

أَمْ لَهُمْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ (43)

ترجمہ: کیا اللہ کے سوا اُن کا کوئی معبود ہے، اللہ ہر اُس چیز سے پاک ہے جسے وہ (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہیں o

Do they have any god other than Allah? Glory be to Allah, above all what they set up as a partner (with Allah).

9۔ اللہ کے نزدیک دن کی مقدار

سورۃ المعارج:

تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ (4)

ترجمہ: اس (کے عرش) کی طرف فرشتے اور روح الامین عروج کرتے ہیں ایک دن میں، جس کا اندازہ (دنیوی حساب سے) پچاس ہزار برس کا ہے☆o

☆فِی یَوۡمٍ اگر وَاقِعٍ کا صلہ ہو تو معنی ہوگا کہ جس دن (یوم قیامت کو) عذاب واقع ہوگا اس کا دورانیہ 50 ہزار برس کے قریب ہے۔ اور اگر یہ تَعۡرُجُ کا صلہ ہو تو معنی ہوگا کہ ملائکہ اور اَرواحِ مومنین جو عرشِ اِلٰہی کی طرف عروج کرتی ہیں ان کے عروج کی رفتار 50 ہزار برس یومیہ ہے، وہ پھر بھی کتنی مدت میں منزلِ مقصود تک پہنچتے ہیں۔ واللہ اَعلم بالصواب۔ (یہاں سے نوری سال (light year) کے تصور کا اِستنباط ہوتا ہے۔)

The angels and al-Ruh al-Amin (the Spirit) rise towards His (Throne) in a Day which measures fifty thousand years (according to the worldly scale).*

*** If fi yawm is co-related to waqi', it implies '50,000 year long Day of Judgement when the torment will befall'. But if it is co-related to ta'ruju, it denotes fifty millennium year a day speed of ascension by the angels and by the souls of the believers that ascend towards Allah's Throne. It is known to Allah alone as to what time they take to reach the destination. This generates the concept of 'light year'.**

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا (5)

ترجمہ: سو (اے حبیب!) آپ (کافروں کی باتوں پر) ہر شکوہ سے پاک صبر فرمائیں o

So, (O Beloved,) observe patience (on the assertions of the disbelievers) without regrets.

إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا (6)

ترجمہ: بے شک وہ (تو) اس (دن) کو دور سمجھ رہے ہیں o

Surely, they imagine that (Day) to be far off,

وَنَرَاهُ قَرِيبًا (7)

ترجمہ: اور ہم اسے قریب ہی دیکھتے ہیں o

But We see it very near.

10۔ بارہ مہینوں کا ذکر

سورۃ التوبۃ:

إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْراً فِي كِتَابِ اللّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَات وَالأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذَلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ فَلاَ تَظْلِمُواْ فِيهِنَّ أَنفُسَكُمْ وَقَاتِلُواْ الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَآفَّةً وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ(36)

ترجمہ: بے شک اللہ کے نزدیک مہینوں کی گنتی اللہ کی کتاب (یعنی نوشتۂ قدرت) میں بارہ مہینے (لکھی) ہے جس دن سے اس نے آسمانوں اور زمین (کے نظام) کو پیدا فرمایا تھا۔ ان میں سے چار مہینے (ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب) حرمت والے ہیں۔ یہی سیدھا حساب ہے۔ سو تم ان مہینوں میں (اَز خود جنگ وقتال میں ملوث ہو کر) اپنی جانوں پر ظلم نہ کرنا اور تم (بھی) تمام (محارِب) مشرکین سے اسی طرح (جوابی) جنگ کیا کرو جس طرح وہ سب (اکٹھے ہو کر) تم سب پر جنگ مسلط کرتے ہیں، اور جان لو کہ بے شک اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہےo

Indeed, the number of months with Allah has been (inscribed as) twelve in the Book of Allah (i.e., permanent Law of Nature) since the day He created (the system of) the heavens and the earth. Of these, four months (Rajab, Dhu al-Qa'da, Dhu al-Hijja and Muharram) are sacred. This is the right Din (Religion). So do not wrong your souls during these months (by involving yourselves in fighting and war), and fight against all the (combatant) idolaters (in retaliation) the same way as they all (allied) have imposed war upon all of you, and bear in mind that Allah is surely with the Godfearing.

11۔لوحِ محفوظ کا ذکر

سورۃ الحج:

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ **(70)**

ترجمہ: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ وہ سب کچھ جانتا ہے جو آسمان اور زمین میں ہے، بے شک یہ سب کتاب (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہے، یقیناً یہ سب اللہ پر (بہت) آسان ہےo

Do you not know that Allah knows all that is in the heavens and the earth? Verily, it is all (recorded) in the Book (al-Lawh al-Mahfuz). Surely, all that is (very) easy for Allah.

سورۃ النمل:

وَمَا مِنْ غَائِبَةٍ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ **(75)**

ترجمہ: اور آسمان اور زمین میں کوئی (بھی) پوشیدہ چیز نہیں ہے مگر (وہ) روشن کتاب (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہےo

And there is nothing hidden in the heavens and the earth but is recorded in a Clear Book (al-Lawh al-Mahfuz).

سورۃ الزخرف:

حٰمٓ **(1)**

ترجمہ: حا، میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ha-Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ **(2)**

ترجمہ: قسم ہے روشن کتاب کیo

By the illumined Book,

إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ **(3)**

بے شک ہم نے اسے عربی (زبان) کا قرآن بنایا ہے تاکہ تم لوگ سمجھ سکوo

Verily, We have made it, the Qur'an, in the Arabic (language) so that you may understand.

سورۃ الحدید:

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي أَنفُسِكُمْ إِلَّا فِي كِتَابٍ مِّن قَبْلِ أَن نَّبْرَأَهَا إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ **(22)**

ترجمہ: کوئی بھی مصیبت نہ تو زمین میں پہنچتی ہے اور نہ تمہاری زندگیوں میں مگر وہ ایک کتاب میں (یعنی لوحِ محفوظ میں جو اللہ کے علمِ قدیم کا مرتبہ ہے) اس سے قبل کہ ہم اسے پیدا کریں (موجود) ہوتی ہے، بے شک یہ (علمِ محیط و کامل) اللہ پر بہت ہی آسان ہےo

No calamity occurs in the earth or in your lives but it is in a Book (al-Lawh al-Mahfuz, the station of Allah's pre-eternal knowledge,) before We make it happen. Surely, this (all-encompassing and perfect knowledge) is very easy for Allah,

سورۃ البروج:

بَلۡ هُوَ قُرۡاٰنٌ مَّجِيۡدٌ (21)

ترجمہ: بلکہ یہ بڑی عظمت والا قرآن ہے o

It is indeed the Glorious Qur'an,

فِىۡ لَوۡحٍ مَّحۡفُوۡظٍ (22)

ترجمہ: (جو) لوحِ محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے o

(Inscribed) in the very Well-guarded Tablet (al-Lawh al-Mahfuz).

12۔ رسولِ پاک ﷺ کا ذکر

سورۃ البقرہ:

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ(4)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں، اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیں o

And those who believe in (all) that which has been revealed to you, and that which was revealed before you, and also have (perfect) faith in the Hereafter.

وَلَمَّا جَاءهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ كِتَابَ اللّهِ وَرَاء ظُهُورِهِمْ كَأَنَّهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ (101)

ترجمہ: اور (اسی طرح) جب ان کے پاس اللہ کی جانب سے رسول (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آئے جو اس کتاب کی (اصلاً) تصدیق کرنے والے ہیں جو ان کے پاس (پہلے سے) موجود تھی تو (انہی) اہلِ کتاب میں سے ایک گروہ نے اللہ کی (اسی) کتاب (تورات) کو پسِ پشت پھینک دیا، گویا وہ (اس کو) جانتے ہی نہیں (حالاں کہ اسی تورات نے انہیں نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کی خبر دی تھی) o

And (likewise), when there came to them from Allah the Messenger, (Muhammad, blessings and peace be upon him,) who (originally) confirms that Book which they (already) possessed, a party of the People of the Book threw the (same) Book of Allah (the Torah) behind their backs as if they did not know (it, whereas the same Torah had brought them the good news of the holy arrival of Muhammad the Last Prophet [blessings and peace be upon him]).

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَقُولُواْ رَاعِنَا وَقُولُواْ انظُرْنَا وَاسْمَعُواْ وَلِلكَافِرِيْنَ عَذَابٌ أَلِيمٌ (104)

ترجمہ: اے ایمان والو! (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے) رَاعِنَا مت کہا کرو بلکہ (ادب سے) اُنْظُرْنَا (ہماری طرف نظرِ کرم فرمائیے) کہا کرو اور (ان کا ارشاد) بغور سنتے رہا کرو، اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے o

O believers! (Seeking the kind attention of the Holy Prophet) do not say: 'ra'ina (Pay attention to us),' but submit (most humbly): 'unzurna (Bless us with your benevolent gaze),' and be all ears (towards his gracious discourse). And there is grievous torment for the disbelievers.

أَمْ تُرِيْدُونَ أَن تَسْأَلُواْ رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسَى مِن قَبْلُ وَمَن يَتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالإِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيْلِ (108)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) کیا تم چاہتے ہو کہ تم بھی اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے اسی طرح سوالات کرو جیسا کہ اس سے پہلے موسیٰ (علیہ السلام) سے سوال کیے گئے تھے، تو جو کوئی ایمان کے بدلے کفر حاصل کرے پس وہ واقعتاً سیدھے راستے سے بھٹک گیا o

(O Muslims!) Do you also want to ask your Messenger (blessings and peace be

upon him) questions the way Musa (Moses) was asked before? So he who changes belief for disbelief, for sure, loses the right path.

إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيراً وَنَذِيراً وَلاَ تُسْأَلُ عَنْ أَصْحَابِ الْجَحِيمِ (119)

ترجمہ: (اے محبوبِ مکرّم!) بے شک ہم نے آپ کو حق کے ساتھ خوشخبری سنانے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے اور اہلِ دوزخ کے بارے میں آپ سے پرسش نہیں کی جائے گیo

(O Esteemed Beloved!) We have certainly sent you with the truth as a Bearer of good news and as a Warner. And you will not be asked about the inmates of Hell.

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (129)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ان میں انہی میں سے (وہ آخری اور برگزیدہ) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) مبعوث فرما جو ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے (کر دانائے راز بنا دے) اور ان (کے نفوس وقلوب) کو خوب پاک صاف کر دے، بے شک تو ہی غالب حکمت والا ہےo

O our Lord! Raise up from amongst them the (Last and the Exalted) Messenger (Muhammad [blessings and peace be upon him]), who shall recite to them Your Revelations, and teach them the Book and wisdom (logic and good judgment, making them gnostic of the divine secret), and purify and sanctify (their hearts and ill-commanding selves). Certainly, You alone are All-Mighty, All-Wise.'O our Lord! Raise up from amongst them the (Last and the Exalted) Messenger (Muhammad [blessings and peace be upon him]), who shall recite to them Your Revelations, and teach them the Book and wisdom (logic and good judgment, making them gnostic of the divine secret), and purify and sanctify (their hearts and ill-commanding selves). Certainly, You alone are All-Mighty, All-Wise.'

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطاً لِّتَكُونُواْ شُهَدَاء عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيداً وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنتَ عَلَيْهَا إِلاَّ لِنَعْلَمَ مَن يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّن يَنقَلِبُ عَلَى عَقِبَيْهِ وَإِن كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلاَّ عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللّهُ وَمَا كَانَ اللّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ إِنَّ اللّهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (143)

ترجمہ: اور (اے مسلمانو!) اسی طرح ہم نے تمہیں (اعتدال والی) بہتر امت بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور (ہمارا یہ برگزیدہ) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تم پر گواہ ہو، اور آپ پہلے جس قبلہ پر تھے ہم نے صرف اس لیے مقرر کیا تھا کہ ہم (پرکھ کر) ظاہر کر دیں کہ کون (ہمارے) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرتا ہے (اور) کون اپنے الٹے پاؤں پھر جاتا ہے، اور بے شک یہ (قبلہ کا بدلنا) بڑی بھاری بات تھی مگر ان پر نہیں جنہیں اللہ نے ہدایت (و معرفت) سے نوازا، اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ تمہارا ایمان (یونہی) ضائع کر دے، بے شک اللہ لوگوں پر بڑی شفقت فرمانے والا مہربان ہےo

And, in the same way, (O Muslims,) We made you the best Umma

(Community-fair to all with a tolerant, moderate and balanced outlook) so that you may bear witness to the people, and (Our exalted) Messenger (blessings and peace be upon him) bears witness to you. And We appointed the Qibla (the direction of Prayer), which you used to face before, only to bring to light (by trial) who would follow (Our) Messenger and who would turn back upon his heels. And this (change of Qibla) was indeed a hard task, but not for those whom Allah blessed with guidance (and gnosis of spiritual truths). And it is not Allah's Glory to void your faith (without any reason). Allah is surely Most Clement, Ever-Merciful to mankind.

قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ وَإِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ (144)

ترجمہ: (اے حبیب!) ہم بار بار آپ کے رُخِ انور کا آسمان کی طرف پلٹنا دیکھ رہے ہیں، سو ہم ضرور بالضرور آپ کو اسی قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جس پر آپ راضی ہیں، پس آپ اپنا رخ ابھی مسجدِ حرام کی طرف پھیر لیجئے، اور (اے مسلمانو!) تم جہاں کہیں بھی ہو پس اپنے چہرے اسی کی طرف پھیر لو، اور وہ لوگ جنہیں کتاب دی گئی ہے ضرور جانتے ہیں کہ یہ (تحویلِ قبلہ کا حکم) ان کے رب کی طرف سے حق ہے، اور اللہ ان کاموں سے بے خبر نہیں جو وہ انجام دے رہے ہیںo

(O Beloved!) We have been watching your radiant face turning frequently towards heaven. So We will indeed make you turn towards that Qibla (direction of Prayer) with which you feel pleased. So turn your face towards the Sacred Mosque now. And, wherever you are, (O Muslims,) turn your faces towards it. And those who have been given the Book definitely know that this (commandment of changing the Qibla) is the truth from their Lord. And Allah is not unaware of the works they are doing.

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ وَإِنَّ فَرِيقاً مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (146)

ترجمہ: اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب عطا فرمائی ہے وہ اس رسول (آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی شان و عظمت) کو اسی طرح پہچانتے ہیں جیسا کہ بلاشبہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، اور یقیناً انہی میں سے ایک طبقہ حق کو جان بوجھ کر چھپا رہا ہےo

And those to whom We have given the Book recognize (the Final) Messenger (the Venerable Muhammad [blessings and peace be upon him] and his glory and majesty) as they doubtlessly identify their own sons. But certainly, a party of them is deliberately concealing the truth.

كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولاً مِّنكُمْ يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ (151)

ترجمہ: اسی طرح ہم نے تمہارے اندر تمہیں میں سے (اپنا) رسول بھیجا جو تم پر ہماری آیتیں تلاوت فرماتا ہے اور تمہیں (نفساً و

قلبًا) پاک صاف کرتا ہے اور تمہیں کتاب کی تعلیم دیتا ہے اور حکمت و دانائی سکھاتا ہے اور تمہیں وہ (اَسرارِ معرفت و حقیقت) سکھاتا ہے جو تم نہ جانتے تھےo

Likewise, We have sent you (Our) Messenger (blessings and peace be upon him) from amongst yourselves who recites to you Our Revelations and purifies and sanctifies (your hearts and ill-commanding selves) and teaches you the Book and inculcates in you logic and wisdom and enlightens you (on the mysteries of spiritual gnosis and divine truth) which you did not know.

آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ كُلٌّ آمَنَ بِاللّهِ وَمَلآئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لاَ نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ وَقَالُواْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ (285)

ترجمہ: (وہ) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس پر ایمان لائے (یعنی اس کی تصدیق کی) جو کچھ ان پر ان کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا اور اہلِ ایمان نے بھی، سب ہی (دل سے) اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے، (نیز کہتے ہیں:) ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی کے درمیان بھی (ایمان لانے میں) فرق نہیں کرتے، اور (اللہ کے حضور) عرض کرتے ہیں: ہم نے (تیرا حکم) سنا اور اطاعت (قبول) کی، اے ہمارے رب! ہم تیری بخشش کے طلب گار ہیں اور (ہم سب کو) تیری ہی طرف لوٹنا ہےo

(He) the Messenger (blessings and peace be upon him) believed in (i.e., affirmed) what was revealed to him by his Lord, and so have done the believers. All embraced faith (from the core of their hearts) in Allah, His angels, His Books and His Messengers. (They also say:) 'We do not differentiate between any of His Messengers (in believing).' And they submit (before His holy presence): 'We have heard (Your command) and (accepted to) obey. 'O our Lord! We seek Your forgiveness and to You (we all) have to return.'

سورۃ العمران:

فَإِنْ حَآجُّوكَ فَقُلْ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ وَقُل لِّلَّذِيْنَ أُوْتُواْ الْكِتَابَ وَالأُمِّيِّيْنَ أَأَسْلَمْتُمْ فَإِنْ أَسْلَمُواْ فَقَدِ اهْتَدَواْ وَّإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلاَغُ وَاللّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ (20)

ترجمہ: (اے حبیب!) اگر پھر بھی آپ سے جھگڑا کریں تو فرما دیں کہ میں نے اور جس نے (بھی) میری پیروی کی اپنا روئے نیاز اللہ کے حضور جھکا دیا ہے، اور آپ اہلِ کتاب اور اَن پڑھ لوگوں سے فرما دیں: کیا تم بھی اللہ کے حضور جھکتے ہو (یعنی اسلام قبول کرتے ہو)؟ پھر اگر وہ فرمانبرداری اختیار کر لیں تو وہ حقیقتاً ہدایت پا گئے، اور اگر منہ پھیر لیں تو آپ کے ذمہ فقط حکم پہنچا دینا ہی ہے، اور اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہےo

(O Beloved!) If they, even then, dispute with you, say to them: 'I have bowed my humble face in absolute submissiveness before the presence of Allah and so have those who follow me.' And say to the People of the Book as well as the illiterate ones: 'Do you also bow before Allah absolutely (i.e., do you accept

Islam)?' And, if they embrace submission, then they have truly achieved guidance. But if they turn away, your responsibility is only to deliver the command. And Allah is Watchful of His servants.

إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَـذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ آمَنُواْ وَاللّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ **(68)**

ترجمہ: بے شک سب لوگوں سے بڑھ کر ابراہیم (علیہ السلام) کے قریب (اور حق دار) تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے ان (کے دین) کی پیروی کی ہے اور (وہ) یہی نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور (ان پر) ایمان لانے والے ہیں، اور اللہ ایمان والوں کا مددگار ہےo

Certainly, the nearest of the people to Ibrahim (Abraham), (and the most deserving) are those who have followed him (in his Din [Religion]). And (they) are no other than this Messenger (blessings and peace be upon him) and those who have believed (in him). And Allah is the Helper of the believers.

وَلاَ يَأْمُرَكُمْ أَن تَتَّخِذُواْ الْمَلآئِكَةَ وَالنَّبِيِّينَ أَرْبَاباً أَيَأْمُرُكُم بِالْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ **(80)**

ترجمہ: اور وہ پیغمبر تمہیں یہ حکم کبھی نہیں دیتا کہ تم فرشتوں اور پیغمبروں کو رب بنالو، کیا وہ تمہارے مسلمان ہو جانے کے بعد (اب) تمہیں کفر کا حکم دے گاo

Nor would that Messenger ever command you to take the angels and the Prophets as Lords. Would he command you (now) to disbelieve after you have become Muslims?

وَإِذْ أَخَذَ اللّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا آتَيْتُكُم مِّن كِتَابٍ وَحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاءكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهِ وَلَتَنصُرُنَّهُ قَالَ أَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَى ذَلِكُمْ إِصْرِيْ قَالُواْ أَقْرَرْنَا قَالَ فَاشْهَدُواْ وَأَنَاْ مَعَكُم مِّنَ الشَّاهِدِيْنَ **(81)**

ترجمہ: اور (اے محبوب! وہ وقت یاد کریں) جب اللہ نے انبیاء سے پختہ عہد لیا کہ جب میں تمہیں کتاب اور حکمت عطا کر دوں پھر تمہارے پاس وہ (سب پر عظمت والا) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لائے جو ان کتابوں کی تصدیق فرمانے والا ہو جو تمہارے ساتھ ہوں گی تو ضرور بالضرور ان پر ایمان لاؤ گے اور ضرور بالضرور ان کی مدد کرو گے، فرمایا: کیا تم نے اِقرار کیا اور اس (شرط) پر میرا بھاری عہد مضبوطی سے تھام لیا؟ سب نے عرض کیا: ہم نے اِقرار کر لیا، فرمایا کہ تم گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوںo

And, (O Beloved, recall) when Allah took a firm covenant from the Prophets: 'When I give you the Book and Wisdom, and then there comes to you the Messenger (who is exalted in glory above all and) who shall validate the Books you will have with you, you shall then, most certainly, believe in him and most surely help him.' Allah said: 'Do you affirm, and on this (condition) hold fast to My heavy covenant?' All submitted: 'We affirm.' Allah said: 'Bear witness then, and I am also with you amongst the witnesses.'

فَمَن تَوَلَّى بَعْدَ ذَلِكَ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ **(82)**

ترجمہ: (اب پوری نسلِ آدم کے لیے تنبیہاً فرمایا:) پھر جس نے اس (اقرار) کے بعد روگردانی کی پس وہی لوگ نافرمان ہوں

گےo

(Now admonished all mankind:) 'Then he who turns away after this (affirmation), it is they who will be the disobedient.'

قُلْ آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنزِلَ عَلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ مُوسَى وَعِيسَى وَالنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ (84)

ترجمہ: آپ فرمائیں: ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور جو کچھ ہم پر اتارا گیا ہے اور جو کچھ ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام) اور ان کی اولاد پر اتارا گیا ہے اور جو کچھ موسٰی اور عیسٰی اور جملہ انبیاء (علیہم السلام) کو ان کے رب کی طرف سے عطا کیا گیا ہے (سب پر ایمان لائے ہیں)، ہم ان میں سے کسی پر بھی ایمان میں فرق نہیں کرتے اور ہم اسی کے تابع فرمان ہیںo

Say: 'We believe in Allah and in that which has been sent down to us and in that which has been revealed to Ibrahim (Abraham), Isma'il (Ishmael), Ishaq (Isaac) and Ya'qub (Jacob) and their descendants and that which has been given to Musa (Moses), 'Isa (Jesus) and all other Messengers by their Lord (we believe in all). We do not make distinction in our faith in any of them, and to Him we submit ourselves.'

وَكَيْفَ تَكْفُرُونَ وَأَنتُمْ تُتْلَى عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللّٰهِ وَفِيكُمْ رَسُولُهُ وَمَن يَعْتَصِم بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (101)

ترجمہ: اور تم (اب) کس طرح کفر کرو گے حالاں کہ تم وہ (خوش نصیب) ہو کہ تم پر اللہ کی آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں اور تم میں (خود) اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) موجود ہیں، اور جو شخص اللہ (کے دامن) کو مضبوط پکڑ لیتا ہے تو اسے ضرور سیدھی راہ کی طرف ہدایت کی جاتی ہےo

And how will you disbelieve (now), whilst you are (fortunate) ones to whom the Verses of Allah are recited, and the Messenger of Allah (blessings and peace be upon him) is (himself) present amongst you? And whoever holds fast to (the Embrace of) Allah is most surely guided to the straight path.

وَإِذْ غَدَوْتَ مِنْ أَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِينَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ(121)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کیجئے) جب آپ صبح سویرے اپنے درِ دولت سے روانہ ہو کر مسلمانوں کو (غزوۂ احد کے موقع پر اہلِ مکہ کی جارح فوجوں کے خلاف دفاعی) جنگ کے لیے مورچوں پر ٹھہرا رہے تھے، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

And (recall the time) when, early morning, you left your blessed abode (on the eve of the battle of Uhud), and were positioning the Muslims at their posts for the battle (in defence against the aggression by Meccan invaders). And Allah is All-Hearing, All-Knowing.

إِذْ هَمَّت طَّآئِفَتَانِ مِنكُمْ أَن تَفْشَلَا وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (122)

ترجمہ: جب تم میں سے (بنو سلمہ خزرج اور بنو حارثہ اوس) دو گروہوں کا ارادہ ہوا کہ بزدلی کر جائیں، حالاں کہ اللہ ان دونوں کا مدد

گار تھا، اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہئے O

(Recall) when two groups from amongst you (Banu Salama Khazraj and Banu Haritha Aws) intended cowardliness although Allah was their ally. And the believers must have trust in Allah alone.

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَأَنتُمْ أَذِلَّةٌ فَاتَّقُواْ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ **(123)**

ترجمہ: اور اللہ نے بدر میں تمہاری مدد فرمائی حالاں کہ تم (اس وقت) بالکل بے سروسامان تھے پس اللہ سے ڈرا کرو تا کہ تم شکر گزار بن جاؤ O

And Allah provided you help in the battle of Badr, whereas you had little resources (at that time). Therefore, fear Allah so that you may become grateful.

إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَن يَكْفِيَكُمْ أَن يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم بِثَلاَثَةِ آلاَفٍ مِّنَ الْمَلآئِكَةِ مُنزَلِينَ **(124)**

ترجمہ: جب آپ مسلمانوں سے فرما رہے تھے کہ کیا تمہارے لیے یہ کافی نہیں کہ تمہارا رب تین ہزار اتارے ہوئے فرشتوں کے ذریعے تمہاری مدد فرمائے O

When you said to the believers: 'Is it not enough for you that your Lord should reinforce you with three thousand angels sent-down?'

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ **(128)**

ترجمہ: (اے حبیب! اب) آپ کا اس معاملہ سے کوئی تعلق نہیں چاہے تو اللہ انہیں توبہ کی توفیق دے یا انہیں عذاب دے کیونکہ وہ ظالم ہیں O

(O Beloved! Now) this matter is not your concern, whether Allah enables them to repent or torments them, because they are the transgressors.

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِ الرُّسُلُ أَفَإِن مَّاتَ أَوْ قُتِلَ انقَلَبْتُمْ عَلَى أَعْقَابِكُمْ وَمَن يَنقَلِبْ عَلَى عَقِبَيْهِ فَلَن يَضُرَّ اللّٰهَ شَيْئاً وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشَّاكِرِينَ **(144)**

ترجمہ: اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی تو) رسول ہی ہیں (نہ کہ خدا)، آپ سے پہلے بھی کئی پیغمبر (مصائب اور تکلیفیں جھیلتے ہوئے اس دنیا سے) گزر چکے ہیں، پھر اگر آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) وفات فرما جائیں یا شہید کر دیے جائیں تو کیا تم اپنے (پچھلے مذہب کی طرف) الٹے پاؤں پھر جاؤ گے (یعنی کیا ان کی وفات یا شہادت کو معاذ اللہ دینِ اسلام کے حق نہ ہونے پر یا ان کے سچے رسول نہ ہونے پر محمول کرو گے)، اور جو کوئی اپنے الٹے پاؤں پھرے گا تو وہ اللہ کا ہرگز کچھ نہیں بگاڑے گا، اور اللہ عنقریب (مصائب پر ثابت قدم رہ کر) شکر کرنے والوں کو جزا عطا فرمائے گا O

And Muhammad (blessings and peace be upon him) is but a Messenger (and not God). Many Messengers have passed away (from this world) before him as well. So, if he passes away or is martyred, will you then turn on your heels (back to your former religion i.e., will you consider his death or martyrdom-God forbid!-a proof that the Din [Religion] of Islam or his Messengership is false)? And whoever turns back on his heels shall not harm

Allah the least. And Allah will soon reward those who give thanks (by remaining steadfast in hardship).

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانفَضُّواْ مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ **(159)**

ترجمہ: (اے حبیبِ والا صفات!) پس اللہ کی کیسی رحمت ہے کہ آپ ان کے لیے نرم طبع ہیں، اور اگر آپ تُند خُو (اور) سخت دل ہوتے تو لوگ آپ کے گرد سے چھٹ کر بھاگ جاتے، سو آپ ان سے درگزر فرمایا کریں اور ان کے لیے بخشش مانگا کریں اور (اہم) کاموں میں ان سے مشورہ کیا کریں، پھر جب آپ پختہ ارادہ کر لیں تو اللہ پر بھروسہ کیا کریں، بے شک اللہ توکّل والوں سے محبت کرتا ہےo

(O My Esteemed Beloved!) What a mercy of Allah that you are lenient with them! Had you been stern and hard-hearted, people would have deserted, scattering away from around you. So pardon them, and pray for their forgiveness, and consult them in (important) matters. But once you make up your mind, then place your trust in Allah. Surely, Allah loves those who trust Him.

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْ أَنفُسِهِمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُواْ مِن قَبْلُ لَفِي ضَلالٍ مُّبِينٍ **(164)**

ترجمہ: بے شک اللہ نے مسلمانوں پر بڑا احسان فرمایا کہ ان میں انہی میں سے (عظمت والا) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھیجا جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے، اگرچہ وہ لوگ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھےo

Indeed, Allah conferred a great favour on the believers that He raised amongst them (the most eminent) Messenger (blessings and peace be upon him) from amongst themselves, who recites to them His Revelations, purifies them, and educates them on the Book and Wisdom though, before that, they were in manifest error.

الَّذِينَ اسْتَجَابُواْ لِلّٰهِ وَالرَّسُولِ مِن بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِينَ أَحْسَنُواْ مِنْهُمْ وَاتَّقَواْ أَجْرٌ عَظِيمٌ **(172)**

ترجمہ: جن لوگوں نے زخم کھا چکنے کے بعد بھی اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے حکم پر لبیک کہا، اُن میں جو صاحبانِ اِحسان ہیں اور پرہیزگار ہیں، ان کے لیے بڑا اَجر ہےo

Those who submitted to the command of Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) even after sustaining injuries-for those of them who possess spiritual excellence and are God-fearing, there is an immense reward.

فَإِن كَذَّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ جَآؤُوا بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتَابِ الْمُنِيرِ **(184)**

ترجمہ: پھر بھی اگر آپ کو جھٹلائیں تو (محبوب آپ رنجیدہ خاطر نہ ہوں) آپ سے پہلے بھی بہت سے رسولوں کو جھٹلایا گیا جو واضح

نشانیاں (یعنی معجزات) اور صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے تھےo

If, even then, they belie you, (My Beloved, do not be aggrieved). So many Messengers who brought clear signs (miracles), scriptures and the enlightening Book were belied before you.

سورۃ النساء:

فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هَـؤُلاء شَهِيداً (41)

ترجمہ: پھر اس دن کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں گے اور (اے حبیب!) ہم آپ کو ان سب پر گواہ لائیں گےo

Then how it will be on the Day when We shall bring one witness from each Umma (Community), and, (O Beloved,) We shall bring you as a witness against them all?

يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُواْ وَعَصَوُاْ الرَّسُولَ لَوْ تُسَوَّى بِهِمُ الأَرْضُ وَلاَ يَكْتُمُونَ اللّهَ حَدِيثاً (42)

ترجمہ: اس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کی، آرزو کریں گے کہ کاش (انہیں مٹی میں دبا کر) ان پر زمین برابر کر دی جاتی، اور وہ اللہ سے کوئی بات نہ چھپا سکیں گےo

On that Day those who disbelieved and disobeyed the Messenger (blessings and peace be upon him) will wish that (after burying them) the earth over them were levelled. And they will not be able to hide anything from Allah.

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ بِإِذْنِ اللّهِ وَلَوْ أَنَّهُمْ إِذ ظَّلَمُواْ أَنفُسَهُمْ جَآؤُوكَ فَاسْتَغْفَرُواْ اللّهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُولُ لَوَجَدُواْ اللّهَ تَوَّاباً رَّحِيماً (64)

ترجمہ: اور ہم نے کوئی پیغمبر نہیں بھیجا مگر اس لیے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے، اور (اے حبیب!) اگر وہ لوگ جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ سے معافی مانگتے اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھی ان کے لیے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتےo

And We have not sent any Messenger but that he must be obeyed by the command of Allah. And, (O Beloved,) if they, having wronged their souls, had come to you imploring the forgiveness of Allah, and the Messenger (blessings and peace be upon him) had also asked forgiveness for them, then (owing to this mediation and intercession) they would certainly have found Allah Most Relenting, Ever-Merciful.

فَلاَ وَرَبِّكَ لاَ يُؤْمِنُونَ حَتَّىَ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لاَ يَجِدُواْ فِيَ أَنفُسِهِمْ حَرَجاً مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُواْ تَسْلِيماً(65)

ترجمہ: پس (اے حبیب!) آپ کے رب کی قسم یہ لوگ مسلمان نہیں ہو سکتے یہاں تک کہ وہ اپنے درمیان واقع ہونے والے ہر اختلاف میں آپ کو حاکم بنا لیں پھر اس فیصلہ سے جو آپ صادر فرما دیں اپنے دلوں میں کوئی تنگی نہ پائیں اور (آپ کے حکم کو) بخوشی

پوری فرمانبرداری کے ساتھ قبول کرلیںo

So, (O Beloved,) by your Lord, they cannot become true believers until they make you a judge in every dispute that arises amongst them, and thereafter they do not feel any resentment in their hearts against the judgment that you make, and submit (to your decision) gladly, with total submission.

وَإِذاً لَّآتَيْنَاهُم مِّن لَّدُنَّـا أَجْراً عَظِيماً (67)

ترجمہ: اوراس وقت ہم بھی انہیں اپنے حضور سے عظیم اجر عطا فرماتےo

And then We too would have bestowed upon them a great reward from Our presence.

مَّا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّهِ وَمَا أَصَابَكَ مِن سَيِّئَةٍ فَمِن نَّفْسِكَ وَأَرْسَلْنَاكَ لِلنَّاسِ رَسُولاً وَكَفَى بِاللّهِ شَهِيْداً(79)

ترجمہ: (اے انسان! اپنی تربیت یوں کر کہ) جب تجھے کوئی بھلائی پہنچے تو (سمجھ کہ) وہ اللہ کی طرف سے ہے (اسے اپنے حسنِ تدبیر کی طرف منسوب نہ کر)، اور جب تجھے کوئی برائی پہنچے تو (سمجھ کہ) وہ تیری اپنی طرف سے ہے (یعنی اسے اپنی خرابیٔ نفس کی طرف منسوب کر)، اور (اے محبوب!) ہم نے آپ کو تمام انسانوں کے لیے رسول بنا کر بھیجا ہے، اور (آپ کی رسالت پر) اللہ گواہی میں کافی ہےo

Those who believe fight in the way of Allah (for the restoration of peace and elimination of oppression and exploitation), and those who disbelieve fight in the way of Satan (for evil and mischievous objectives). So, (O believers,) fight against Satan's allies (the enemies of humankind). Surely,Satan's maneuvering is ineffective.

وَإِذَا جَاءهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُواْ بِهِ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَى أُوْلِي الأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنبِطُونَهُ مِنْهُمْ وَلَوْلاَ فَضْلُ اللّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لاَتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ إِلاَّ قَلِيْلاً (83)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس کوئی خبر امن یا خوف کی آتی ہے تو وہ اسے پھیلا دیتے ہیں اور اگر وہ (بجائے شہرت دینے کے) اسے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اپنے میں سے صاحبانِ امر کی طرف لوٹا دیتے تو ضرور ان میں سے وہ لوگ جو (کسی) بات کا نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں اس (خبر کی حقیقت) کو جان لیتے، اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو یقیناً چند ایک کے سوا تم (سب) شیطان کی پیروی کرنے لگتےo

When there comes to them any news of peace or fear, they spread it around. Had they referred it to the Messenger (blessings and peace be upon him), or those of them who are in command (instead of making it public), then those amongst them who can draw conclusion from some matter would have found it (i.e., the truth of the news). Had there not been Allah's favour to you and His mercy, certainly you would (all) have followed Satan except only a few.

فَقَاتِلْ فِي سَبِيْلِ اللّهِ لاَ تُكَلَّفُ إِلاَّ نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَسَى اللّهُ أَن يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ وَاللّهُ أَشَدُّ بَأْساً وَأَشَدُّ تَنكِيْلاً (84)

ترجمہ: پس (اے محبوب!) آپ اللہ کی راہ میں (اپنے دفاع اور حق کی مدد میں) جہاد کیجیے، آپ کو اپنی جان کے سوا (کسی اور کے لیے) ذِمّہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا اور آپ مسلمانوں کو (جارحیت مسلط کرنے والے شر پسندوں کے خلاف جہاد پر) اُبھاریں، عجب نہیں کہ اللہ کافروں کا جنگی زور توڑ دے اور اللہ گرفت میں (بھی) بہت سخت ہے اور سزا دینے میں (بھی) بہت سخت o

So, (O Beloved,) fight in the cause of Allah (in your defence and support of the truth). You will not be held responsible (for anyone else) but your own soul. And motivate the believers (to fight the miscreants who impose aggression and war upon you). It will be no wonder if Allah smashes the attacking power of the disbelievers. And Allah is Strongest in hold as well as Hardest in punishment.

إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللّهُ وَلاَ تَكُن لِّلْخَآئِنِينَ خَصِيماً(105)

ترجمہ: (اے رسولِ گرامی!) بے شک ہم نے آپ کی طرف حق پر مبنی کتاب نازل کی ہے تاکہ آپ لوگوں میں اس (حق) کے مطابق فیصلہ فرمائیں جو اللہ نے آپ کو دکھایا ہے، اور آپ (کبھی) بددیانت لوگوں کی طرف داری میں بحث کرنے والے نہ بنیں o

(O Glorious Messenger!) Surely, We have revealed to you the Book based on Truth so that you may judge between the people in accordance with (the Truth) which Allah has shown to you. And (never) become a contender on behalf of the treacherous ones.

وَاسْتَغْفِرِ اللّهَ إِنَّ اللّهَ كَانَ غَفُوراً رَّحِيماً(106)

ترجمہ: اور آپ اللہ سے بخشش طلب کریں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے o

And implore Allah's forgiveness. Allah is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَلاَ تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ يَخْتَانُونَ أَنفُسَهُمْ إِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبُّ مَن كَانَ خَوَّاناً أَثِيماً (107)

ترجمہ: اور آپ ایسے لوگوں کی طرف سے (دفاعاً) نہ جھگڑیں جو اپنی ہی جانوں سے دھوکہ کر رہے ہیں۔ بے شک اللہ کسی (ایسے شخص) کو پسند نہیں فرماتا جو بڑا بددیانت اور بدکار ہے o

And do not plead (in defence of) those who are deceiving their own souls. Surely, Allah does not like anyone who is a committed betrayer and sinner.

وَلَوْلاَ فَضْلُ اللّهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُ لَهَمَّت طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ أَن يُضِلُّوكَ وَمَا يُضِلُّونَ إِلاَّ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّونَكَ مِن شَيْءٍ وَأَنزَلَ اللّهُ عَلَيْكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّهِ عَلَيْكَ عَظِيماً(113)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) اگر آپ پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو ان (دغابازوں) میں سے ایک گروہ یہ ارادہ کر چکا تھا کہ آپ کو بہکا دیں، جب کہ وہ محض اپنے آپ کو ہی گمراہ کر رہے ہیں اور آپ کا تو کچھ بگاڑ ہی نہیں سکتے، اور اللہ نے آپ پر کتاب اور حکمت نازل فرمائی ہے اور اس نے آپ کو وہ سب علم عطا کر دیا ہے جو آپ نہیں جانتے تھے، اور آپ پر اللہ کا بہت بڑا فضل ہے o

And, (O Beloved,) had not Allah's bounty and mercy been upon you, a party of these (treacherous) people would have resolved to lead you astray, whereas they are only leading themselves astray and can no way do any harm to you. And Allah has revealed to you the Book and Wisdom and has bestowed upon you all that knowledge which you did not possess. Mighty indeed is Allah's bounty on you.

وَمَن يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءتْ مَصِيراً (115)

ترجمہ: اور جو شخص رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کرے اس کے بعد کہ اس پر ہدایت کی راہ واضح ہو چکی اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ کی پیروی کرے تو ہم اسے اسی (گمراہی) کی طرف پھیرے رکھیں گے جدھر وہ (خود) پھر گیا ہے اور (بالآخر) اسے دوزخ میں ڈالیں گے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

But whoever opposes the Messenger (blessings and peace be upon him) after the path of guidance has become clear to him, and follows the path other than that of the believers, We shall keep him in the same (state of disorientation) he has (himself) turned to, and shall (eventually) cast him into Hell and that is an evil dwelling.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ آمِنُواْ بِاللّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلَى رَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِيَ أَنزَلَ مِن قَبْلُ وَمَن يَكْفُرْ بِاللّهِ وَمَلآئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلاَلاً بَعِيْداً (136)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ پر اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل فرمائی ہے اور اس کتاب پر جو اس نے (اس سے) پہلے اتاری تھی ایمان لاؤ، اور جو کوئی اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور اس کے رسولوں کا اور آخرت کے دن کا انکار کرے تو بے شک وہ دور دراز کی گمراہی میں بھٹک گیاo

O believers! Put faith in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and in the Book which He has revealed to His Messenger (blessings and peace be upon him) and the Book that He revealed before (it). And he who denies Allah, His angels, His Books, His Messengers and the Last Day has surely strayed far away.

إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَى نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِن بَعْدِهِ وَأَوْحَيْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالأَسْبَاطِ وَعِيسَى وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَارُونَ وَسُلَيْمَانَ وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُوراً (163)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک ہم نے آپ کی طرف (اُسی طرح) وحی بھیجی ہے جیسے ہم نے نوح (علیہ السلام) کی طرف اور ان کے بعد (دوسرے) پیغمبروں کی طرف بھیجی تھی۔ اور ہم نے ابراہیم و اسماعیل اور اسحاق و یعقوب اور (ان کی) اولاد اور عیسٰی اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان (علیہم السلام) کی طرف (بھی) وحی فرمائی، اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو (بھی) زبور عطا

کی تھیo

(O Beloved!) Indeed, We have sent Revelation to you as We sent it to Nuh (Noah) and (other) Messengers after him; and We also sent Revelation to Ibrahim (Abraham), Isma'il (Ishmael), Ishaq (Isaac), Ya'qub (Jacob) and (his) children, and 'Isa (Jesus), Ayyub (Job), Yunus (Jonah), Harun (Aaron) and Sulayman (Solomon); and We conferred the Zabur (the Book of Psalms) upon Dawud (David).

لَّـكِنِ اللّهُ يَشْهَدُ بِمَا أَنزَلَ إِلَيْكَ أَنزَلَهُ بِعِلْمِهِ وَالْمَلآئِكَةُ يَشْهَدُونَ وَكَفَى بِاللّهِ شَهِيْداً (166)

ترجمہ: (اے حبیب! کوئی آپ کی نبوت پر ایمان لائے یا نہ لائے) مگر اللہ (خود اس بات کی) گواہی دیتا ہے کہ جو کچھ اس نے آپ کی طرف نازل فرمایا ہے، اسے اپنے علم سے نازل فرمایا ہے اور فرشتے (بھی آپ کی خاطر) گواہی دیتے ہیں، اور اللہ کا گواہ ہونا (ہی) کافی ہےo

(O Beloved! Whether somebody believes in your Prophethood or not,) Allah (Himself) bears witness to (this fact that) whatever He has sent down to you has sent down with His knowledge. And the angels (too) bear witness to that effect (for your sake), and Allah is All-Sufficient as a witness.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءكُمُ الرَّسُولُ بِالْحَقِّ مِن رَّبِّكُمْ فَآمِنُواْ خَيْراً لَّكُمْ وَإِن تَكْفُرُواْ فَإِنَّ لِلّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَكَانَ اللّهُ عَلِيماً حَكِيماً(170)

ترجمہ: اے لوگو! بے شک تمہارے پاس یہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے رب کی طرف سے حق کے ساتھ تشریف لایا ہے، سو تم (ان پر) اپنی بہتری کے لیے ایمان لے آؤ اور اگر تم کفر (یعنی ان کی رسالت سے انکار) کرو گے تو (جان لو وہ تم سے بے نیاز ہے کیونکہ) جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے یقیناً (وہ سب) اللہ ہی کا ہے اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

O mankind! Indeed, this Messenger (blessings and peace be upon him) has come to you with the truth from your Lord. So believe (in him) for your own good. But if you disbelieve (i.e., deny his Prophethood, then bear in mind that He is Beyond Any Need of you because) whatever is in the heavens and the earth belongs to Allah indeed. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءكُم بُرْهَانٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُوراً مُّبِيناً (174)

ترجمہ: اے لوگو! بے شک تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے (ذاتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت میں ذاتِ حق جل مجدہ، کی سب سے زیادہ مضبوط، کامل اور واضح) دلیلِ قاطع آ گئی ہے اور ہم نے تمہاری طرف (اسی کے ساتھ قرآن کی صورت میں) واضح اور روشن نُور (بھی) اتار دیا ہے۔ (یہی نبی اور یہی قرآن ہمیشہ کے لیے کافی ہیں)o

O mankind! (The most vital, perfect, clear and) conclusive evidence has reached you from your (Ever-Glorious and Most Exalted) Lord (in the form of the Holy Being of the Prophet Muhammad [Blessings and peace be upon him]). And (besides) We have (also) sent down to you the brightening and radiant

light (in the shape of the Holy Qur'an).

سورۃ المائدہ:

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيراً مِّمَّا كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ قَدْ جَاءكُم مِّنَ اللّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ (15)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! بے شک تمہارے پاس ہمارے (یہ) رسول تشریف لائے ہیں جو تمہارے لیے بہت سی ایسی باتیں (واضح طور پر) ظاہر فرماتے ہیں جو تم کتاب میں سے چھپائے رکھتے تھے اور (تمہاری) بہت سی باتوں سے درگزر (بھی) فرماتے ہیں۔ بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور (یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آ گیا ہے اور ایک روشن کتاب (یعنی قرآن مجید)o

O People of the Book! Indeed, there has come to you Our Messenger who (clearly) unfolds to you many such things from the Book as you have been concealing and who overlooks many of (your) wrongs (too). There has indeed come to you a light from Allah (i.e., Muhammad [blessings and peace be upon him]) and an Enlightening Book (i.e., the Holy Qur'an).

يَهْدِي بِهِ اللّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلاَمِ وَيُخْرِجُهُم مِّنِ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ16)

ترجمہ: اللہ اس کے ذریعے ان لوگوں کو جو اس کی رضا کے پیرو ہیں، سلامتی کی راہوں کی ہدایت فرماتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے (کفر و جہالت کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان و ہدایت کی) روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں سیدھی راہ کی سمت ہدایت فرماتا ہےo

By this Allah guides those who seek His pleasure to the paths to peace (and security), and takes them out of darkness (of ignorance and disbelief) by His command, and leads them to the light (of faith and guidance), and directs them towards the straight road.

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ أَن تَقُولُواْ مَا جَاءنَا مِن بَشِيرٍ وَلاَ نَذِيرٍ فَقَدْ جَاءكُم بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَئٍ قَدِيرٌ (19)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! بے شک تمہارے پاس ہمارے (یہ آخر الزمان) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پیغمبروں کی آمد (کے سلسلے) کے منقطع ہونے (کے موقع) پر تشریف لائے ہیں، جو تمہارے لیے (ہمارے احکام) خوب واضح کرتے ہیں، (اس لیے) کہ تم (عذر کرتے ہوئے یہ) کہہ دو گے کہ ہمارے پاس نہ (تو) کوئی خوشخبری سنانے والا آیا ہے اور نہ ڈر سنانے والا۔ (اب تمہارا یہ عذر بھی ختم ہو چکا ہے کیونکہ) بلاشبہ تمہارے پاس (آخری) خوشخبری سنانے اور ڈر سنانے والا (بھی) آ گیا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

O People of the Book! Indeed, Our (Last) Prophet has come to you (at the juncture) when (the chain of) Messengers' succession is breaking off, and he expounds to you (Our commands and injunctions) with ample clarity, (because) you may (by way of excuse) say: 'There has come to us no Bearer of good news or a Warner.' (Now this excuse of yours has also lost ground because) undoubtedly, (the Final) Bearer of glad tidings and Warner has come to you, and Allah has absolute power over everything.

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَىْ آدَمَ بِالْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَاناً فَتُقُبِّلَ مِن أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الآخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ (27)

ترجمہ: (اے نبی مکرم!) آپ ان لوگوں کو آدم (علیہ السلام) کے دو بیٹوں (ہابیل و قابیل) کی خبر سنائیں جو بالکل سچی ہے۔ جب دونوں نے (اللہ کے حضور ایک ایک) قربانی پیش کی سو ان میں سے ایک (ہابیل) کی قبول کر لی گئی اور دوسرے (قابیل) سے قبول نہ کی گئی تو اس (قابیل) نے (ہابیل سے حسداً و انتقاماً) کہا: میں تجھے ضرور قتل کر دوں گا، اس (ہابیل) نے (جواباً) کہا: بے شک اللہ پرہیزگاروں سے ہی (نیاز) قبول فرماتا ہےo

(O Most Esteemed Messenger!) Relate to these people the account of the two sons of Adam (Habil and Qabil [Abel and Cain]) which is absolutely true. When both of them made offering (one each to Allah), the offering from one of them (Habil [Abel]) was accepted, whilst that from the other (Qabil [Cain]) was not accepted. Thereupon, he (Qabil) said to Habil (out of jealousy and vengeance): 'I will surely kill you.' He (Habil) said (in reply): 'Indeed, Allah accepts (offering) only from the people of piety.

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ لاَ يَحْزُنكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُونَ فِيْ الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُواْ آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِن قُلُوبُهُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُواْ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ سَمَّاعُونَ لِقَوْمٍ آخَرِيْنَ لَمْ يَأْتُوكَ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِن بَعْدِ مَوَاضِعِهِ يَقُولُونَ إِنْ أُوتِيْتُمْ هَذَا فَخُذُوهُ وَإِن لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُواْ وَمَن يُرِدِ اللّهُ فِتْنَتَهُ فَلَن تَمْلِكَ لَهُ مِنَ اللّهِ شَيْئاً أُوْلَـئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ لَهُمْ فِيْ الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِيْ الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ(41)

ترجمہ: اے رسول! وہ لوگ آپ کو رنجیدہ خاطر نہ کریں جو کفر میں تیزی (سے پیش قدمی) کرتے ہیں ان میں (ایک) وہ (منافق) ہیں جو اپنے منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے حالاں کہ ان کے دل ایمان نہیں لائے، اور ان میں (دوسرے) یہودی ہیں، (یہ) جھوٹی باتیں بنانے کے لیے (آپ کو) خوب سنتے ہیں (یہ حقیقت میں) دوسرے لوگوں کے لیے (جاسوسی کی خاطر) سننے والے ہیں جو (ابھی تک) آپ کے پاس نہیں آئے، (یہ وہ لوگ ہیں) جو (اللہ کے) کلمات کو ان کے مواقع (مقرر ہونے) کے بعد (بھی) بدل دیتے ہیں (اور) کہتے ہیں: اگر تمہیں یہ (حکم جو ان کی پسند کا ہو) دیا جائے تو اسے اختیار کر لو اور اگر تمہیں یہ (حکم) نہ دیا جائے تو (اس سے) احتراز کرو، اور اللہ جس شخص کی گمراہی کا ارادہ فرما لے تو تم اس کے لیے اللہ (کے حکم کو روکنے) کا ہرگز کوئی اختیار نہیں رکھتے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو پاک کرنے کا اللہ نے ارادہ (ہی) نہیں فرمایا۔ ان کے لیے دنیا میں (کفر کی) ذلّت ہے اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہےo

O Messenger! Those who advance (fast) into disbelief should not grieve you. (Firstly) they include those (hypocrites) who utter from their mouths: 'We believe,' whilst their hearts have not accepted faith. (Secondly) amongst them are the Jews. They listen to (you) eagerly to fabricate lies. They (in fact) hear (to spy) for others who have not (yet) come to you. (They are the people) who change the Words (of Allah even) after their contexts (are fixed and) say: 'If you are given this (command which they like), take it, and if you are not given this (command), then keep off (it).' And if Allah adjudges someone to go astray, then you do not have any power for him (to hold up the command of) Allah. They are the ones whose hearts Allah has no intention whatsoever to purify. For them there is ignominy (of disbelief) in this world and mighty punishment in the Hereafter.

سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ فَإِن جَآؤُوكَ فَاحْكُم بَيْنَهُم أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ وَإِن تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَن يَضُرُّوكَ شَيْئاً وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُم بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ **(42)**

ترجمہ: (یہ لوگ) جھوٹی باتیں بنانے کے لیے جاسوسی کرنے والے ہیں (مزید یہ کہ) حرام مال خوب کھانے والے ہیں۔ سو اگر (یہ لوگ) آپ کے پاس (کوئی نزاعی معاملہ لے کر) آئیں تو آپ (کو اختیار ہے کہ) ان کے درمیان فیصلہ فرما دیں یا ان سے گریز فرما لیں، اور اگر آپ ان سے گریز (بھی) فرما لیں تو (تب بھی) یہ آپ کو ہرگز کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے، اور اگر آپ فیصلہ فرمائیں تو ان کے درمیان (بھی) عدل سے (ہی) فیصلہ فرمائیں (یعنی ان کی دشمنی عادلانہ فیصلے میں رکاوٹ نہ بنے)، بے شک اللہ عدل کرنے والوں کو پسند فرماتا ہےo

(They are) the ones who spy to coin lies. (Moreover,) they voraciously devour unlawful wealth and property. If they approach you (with a dispute for judgment), then it is (up to) you whether to judge between them or decline. And if you opt to keep away from them, (even then) they are incapable of doing you any harm, and if you judge, then judge between them (too but) with justice (i.e., their enmity should not restrain judgment based on justice). Undoubtedly, Allah loves those who do justice.

وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِناً عَلَيْهِ فَاحْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ وَلاَ تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ عَمَّا جَاءكَ مِنَ الْحَقِّ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجاً وَلَوْ شَاء اللّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَـكِن لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَا آتَاكُم فَاسْتَبِقُوا الخَيْرَاتِ إِلَى الله مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعاً فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُونَ **(48)**

ترجمہ: اور (اے نبیِ مکرّم!) ہم نے آپ کی طرف سچائی کے ساتھ کتاب نازل فرمائی ہے جو اپنے سے پہلے کی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور اس (کے اصل احکام و مضامین) پر نگہبان ہے، پس آپ ان کے درمیان ان (احکام) کے مطابق فیصلہ فرمائیں جو اللہ نے نازل فرمائے ہیں اور آپ ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں، اس حق سے دور ہو کر جو آپ کے پاس آ چکا ہے۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے الگ شریعت اور کشادہ راہِ عمل بنائی ہے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو (ایک شریعت پر متفق)

ایک ہی امّت بنا دیتا لیکن وہ تمہیں ان (الگ الگ احکام) میں آزمانا چاہتا ہے جو اس نے تمہیں (تمہارے حسبِ حال) دیے ہیں، سو تم نیکیوں میں جلدی کرو۔ اللہ ہی کی طرف تم سب کو پلٹنا ہے، پھر وہ تمہیں ان (سب باتوں میں حق و باطل) سے آگاہ فرما دے گا جن میں تم اختلاف کرتے رہتے تھےo

And, (O Most Esteemed Messenger,) We have revealed the Book to you (also) with the truth which confirms the Book that preceded it and stands as a guardian over (the actual commands and contents contained in) it. So judge between them according to these (commandments) which Allah has revealed. And do not follow their desires turning away from the truth that has come to you. We have designed for each one of you a discrete law and an all-embracing way of life. Had Allah so willed, He would have made you all one Umma ([Community] agreeing to the same law). But He wants to test you in these (separately given sets of commandments) which He has given you (suiting your respective life situations). So, make haste in doing pious works. To Allah have you all to return. He will then enlighten you on (the truth and falsehood in all the matters in) which you used to disagree.

وَأَنِ احْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ وَلاَ تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَن يَفْتِنُوكَ عَن بَعْضِ مَا أَنزَلَ اللّهُ إِلَيْكَ فَإِن تَوَلَّوْاْ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يُرِيْدُ اللّهُ أَن يُصِيْبَهُم بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ وَإِنَّ كَثِيْراً مِّنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ **(49)**

ترجمہ: اور (اے حبیب! ہم نے یہ حکم کیا ہے کہ) آپ ان کے درمیان اس (فرمان) کے مطابق فیصلہ فرمائیں جو اللہ نے نازل فرمایا ہے اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور آپ ان سے بچتے رہیں کہیں وہ آپ کو ان بعض (احکام) سے جو اللہ نے آپ کی طرف نازل فرمائے ہیں پھیر (نہ) دیں، پھر اگر وہ (آپ کے فیصلہ سے) روگردانی کریں تو آپ جان لیں کہ بس اللہ ان کے بعض گناہوں کے باعث انہیں سزا دینا چاہتا ہے، اور لوگوں میں سے اکثر نافرمان (ہوتے) ہیںo

And, (O Beloved, We have enjoined that) you should judge between them by this (commandment) which Allah has revealed and do not follow their desires. And be on your guard against them lest they tempt you away from any of (the commandments) which Allah has revealed to you. But if they turn away (from your judgment), then know that Allah intends to punish them for some of their sins. And most of the people are unruly and disobedient.

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِاللّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَاسِقُونَ **(59)**

ترجمہ: (اے نبیِ مکرّم!) آپ فرما دیجیے: اے اہلِ کتاب! تمہیں ہماری کون سی بات بری لگی ہے بجز اس کے کہ ہم اللہ پر اور اس (کتاب) پر جو ہماری طرف نازل کی گئی ہے اور ان (کتابوں) پر جو پہلے نازل کی جا چکی ہیں ایمان لائے ہیں اور بے شک تمہارے اکثر لوگ نافرمان ہیںo

(O Esteemed Messenger!) Say: 'O People of the Book! What has made you cynic about us except that we believe in Allah and this (Book) which has been revealed to us and those (Books) which have been sent down before it? And surely the majority of you are defiant and disobedient.'

وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللّهِ مَغْلُولَةٌ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُواْ بِمَا قَالُواْ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنفِقُ كَيْفَ يَشَاءُ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْراً مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَاناً وَكُفْراً وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاء إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كُلَّمَا أَوْقَدُواْ نَاراً لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللّهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الأَرْضِ فَسَاداً وَاللّهُ لاَ يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ(64)

ترجمہ: اور یہود کہتے ہیں کہ اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے (یعنی معاذ اللہ وہ بخیل ہے)، ان کے (اپنے) ہاتھ باندھے جائیں اور جو کچھ انہوں نے کہا اس کے باعث ان پر لعنت کی گئی، بلکہ (حق یہ ہے کہ) اس کے دونوں ہاتھ (جود و سخا کے لیے) کشادہ ہیں، وہ جس طرح چاہتا ہے خرچ (یعنی بندوں پر عطا) فرماتا ہے، اور (اے حبیب!) جو (کتاب) آپ کی طرف آپ کے ربّ کی جانب سے نازل کی گئی ہے یقیناً ان میں سے اکثر لوگوں کو (حسداً) سرکشی اور کفر میں اور بڑھا دے گی، اور ہم نے ان کے درمیان روزِ قیامت تک عداوت اور بغض ڈال دیا ہے، جب بھی یہ لوگ جنگ کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور یہ (روئے) زمین میں فساد انگیزی کرتے رہتے ہیں، اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا o

And the Jews say: 'Allah's hand is tied up (as if-God forbid!-He is miserly).' Tied up be their (own) hands, and they have been cursed for what they have uttered! (The truth is that) both His hands are stretched out wide open (in showering His bounties and blessings). He spends (i.e., bestows His blessings on His servants) as He desires. And, (O Beloved,) that (Book) which has been revealed to you from your Lord will certainly increase most of them in rebellion and disbelief (due to jealousy). And We have put among them hostility and spite till the Day of Resurrection. Whenever these people kindle the fire of war, Allah puts it out. And they are engaged in spreading mischief and disorder (everywhere) on the earth,and Allah does not like those who spread mischief.

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ آمَنُواْ وَاتَّقَوْاْ لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلأدْخَلْنَاهُمْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ (65)

ترجمہ: اور اگر اہلِ کتاب (حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کر لیتے تو ہم ان (کے دامن) سے ان کے سارے گناہ مٹا دیتے اور انہیں یقیناً نعمت والی جنتوں میں داخل کر دیتے o

And if the People of the Book had believed (in Muhammad, the Messenger, [blessings and peace be upon him]) and adopted Godwariness, We would have removed all their sins (from their record), and would surely have admitted them to the blissful Gardens.

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ (67)

ترجمہ: اے (برگزیدہ) رسول! جو کچھ آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے (وہ سارا لوگوں کو) پہنچا دیجیے،

اور اگر آپ نے (ایسا) نہ کیا تو آپ نے اس (ربّ) کا پیغام پہنچایا ہی نہیں، اور اللہ (مخالف) لوگوں سے آپ (کی جان) کی (خود) حفاظت فرمائے گا۔ بے شک اللہ کافروں کو راہِ ہدایت نہیں دکھاتا o

O (Esteemed) Messenger! Communicate (to the people all) that has been revealed to you from your Lord. And if you did not do (so), then you would not deliver the Message of the Lord. And Allah will (Himself) protect your (life) from the (hostile) people. Surely, Allah does not show the path of guidance to those who disbelieve.

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَسْتُمْ عَلَى شَيْءٍ حَتَّىَ تُقِيمُواْ التَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيراً مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَاناً وَكُفْراً فَلاَ تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ (68)

ترجمہ: فرما دیجیے: اے اہلِ کتاب! تم (دین میں سے) کسی شے پر بھی نہیں ہو، یہاں تک کہ تم تورات اور انجیل اور جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے (نافذ اور) قائم کر دو، اور (اے حبیب!) جو (کتاب) آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کی گئی ہے یقیناً ان میں سے اکثر لوگوں کو (حسداً) سرکشی اور کفر میں بڑھا دے گی، سو آپ گروہِ کفار (کی حالت) پر افسوس نہ کیا کریں o

Say: 'O People of the Book, you are nowhere (on the path of Din [Religion]) until you establish (the system by enforcing) the Torah and the Injil (the Gospel) and whatever has been sent down to you from your Lord. And, (O Beloved,) the Book which has been sent down to you from your Lord will certainly provoke rebellion and disbelief amongst most of them (because of jealousy). So do not grieve over (the state of affairs of) the disbelievers.

وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِالله والنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاء وَلَـكِنَّ كَثِيراً مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ(81)

ترجمہ: اور اگر وہ اللہ پر اور نبی (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اس (کتاب) پر جو ان کی طرف نازل کی گئی ہے ایمان لے آتے تو ان (دشمنانِ اسلام) کو دوست نہ بناتے، لیکن ان میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیں o

And had they believed in Allah and the (Last) Messenger (blessings and peace be upon him) and the (Book) that has been revealed to him, they would not have made friends with those (enemies of Islam). But most of them are disobedient.

وَإِذَا سَمِعُواْ مَا أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَى أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُواْ مِنَ الْحَقِّ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ (83)

ترجمہ: اور (یہی وجہ ہے کہ ان میں سے بعض سچے عیسائی جب اس (قرآن) کو سنتے ہیں جو رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف اتارا گیا ہے تو آپ ان کی آنکھوں کو اشک ریز دیکھتے ہیں۔ (یہ آنسوؤں کا چھلکنا) اس حق کے باعث (ہے) جس کی انہیں معرفت (نصیب) ہوگئی ہے۔ (ساتھ یہ) عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہم (تیرے بھیجے ہوئے حق پر) ایمان لے آئے ہیں سو تو ہمیں (بھی حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لے o

And (that is the reason) when (some of the true Christians) listen to this (Holy Qur'an) which has been revealed to the Messenger (blessings and peace be upon him), you see their eyes overflowing with tears. (This overflowing of tears) springs from the truth of which they have (gained) gnosis. (Besides) they submit: 'O our Lord! We have believed (in the Truth which You have revealed), so inscribe us (also) amongst those who bear witness (to the truth).

مَّا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ وَاللّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ (99)

ترجمہ: رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (احکام کاملاً) پہنچا دینے کے سوا (کوئی اور ذمہ داری) نہیں، اور اللہ وہ (سب) کچھ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہوo

The Messenger (blessings and peace be upon him) has (no other responsibility) but to communicate (the revealed commands with absolute perfection). And Allah knows (all) that you make known and that you hide.

سورۃ الانعام:

أَلَمْ يَرَوْاْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّن لَّكُمْ وَأَرْسَلْنَا السَّمَاء عَلَيْهِم مِّدْرَاراً وَجَعَلْنَا الْأَنْهَارَ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْناً آخَرِينَ (6)

ترجمہ: کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر دیا جنہیں ہم نے زمین میں (ایسا مستحکم) اقتدار دیا تھا کہ ایسا اقتدار (اور جماؤ) تمہیں بھی نہیں دیا اور ہم نے ان پر لگاتار برسنے والی بارش بھیجی اور ہم نے ان (کے مکانات و محلّات) کے نیچے سے نہریں بہائیں پھر (اتنی پُرعشرت زندگی دینے کے باوجود) ہم نے ان کے گناہوں کے باعث انہیں ہلاک کر دیا اور ان کے بعد ہم نے دوسری اُمتوں کو پیدا کیاo

Have they not seen how many a generation We eliminated before them whom We had given (such an indomitable) dominion (and stronghold) in the land as We have not given even to you? And We sent upon them persistently falling rain, and caused streams to flow beneath (their dwellings and castles). Then, (despite giving them such a luxurious life,) We destroyed them because of their sins and raised other communities after them.

وَقَالُواْ لَوْلا أُنزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ وَلَوْ أَنزَلْنَا مَلَكاً لَّقُضِيَ الأَمْرُ ثُمَّ لاَ يُنظَرُونَ(8)

ترجمہ: اور وہ (کفّار) کہتے ہیں کہ اس (رسولِ مکرّم) پر کوئی فرشتہ کیوں نہ اتارا گیا (جسے ہم ظاہراً دیکھ سکتے اور وہ ان کی تصدیق کر دیتا)، اور ہم اگر فرشتہ اتار دیتے تو (ان کا) کام ہی تمام ہو چکا ہوتا پھر انہیں (ذرا بھی) مہلت نہ دی جاتیo

And these (disbelievers) say: 'Why was an angel (whom we could physically see and who would verify him) not sent down to this (glorious Messenger)?' Had We sent down an angel, (their) affair would have been settled once and for all, and they would not have been granted (any) respite.

وَلَقَدِ اسْتُهْزِءَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُواْ مِنْهُم مَّا كَانُواْ بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ(10)

ترجمہ: اور بے شک آپ سے پہلے (بھی) رسولوں کے ساتھ مذاق کیا جاتا رہا، پھر ان میں سے مسخرہ پن کرنے والوں کو (حق کے) اسی (عذاب) نے آگھیرا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھےo

And indeed, before you (too) the Messengers were laughed at, but then the same (torment of the truth) they ridiculed besieged those of them who ridiculed.

قُلْ أَغَيْرَ اللّهِ أَتَّخِذُ وَلِيّاً فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلاَ يُطْعَمُ قُلْ إِنِّيَ أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (14)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا میں کسی دوسرے کو (عبادت کے لیے اپنا) دوست بنالوں (اس) اللہ کے سوا جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور (خود اسے) کھلایا نہیں جاتا۔ فرما دیں: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں (اس کے حضور) سب سے پہلا (سر جھکانے والا) مسلمان ہو جاؤں اور (یہ بھی فرما دیا گیا ہے کہ) تم مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہو جانا o

Say: 'Shall I take (for worship) anyone as (my) friend other than Allah, Who is the Creator of the heavens and the earth, and He feeds (all) and is not fed (Himself)?' Say: 'I have been commanded to become the first Muslim (who bows his head before His Holy presence), and (this too has been commanded) never to be one of the polytheists.'

قُلْ إِنِّيَ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (15)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ بے شک میں (تو) بڑے عذاب کے دن سے ڈرتا ہوں، اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں (سو یہ کیسے ممکن ہے؟)o

Say: 'Surely, I fear the Day of a mighty torment if I disobey my Lord. (So how is it possible?)'

قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً قُلِ اللّهِ شَهِيْدٌ بِيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَذَا الْقُرْآنُ لأُنذِرَكُم بِهِ وَمَن بَلَغَ أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللّهِ آلِهَةً أُخْرَى قُل لاَّ أَشْهَدُ قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَـهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِيْ بَرِيْءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ (19)

ترجمہ: آپ (ان سے دریافت) فرمائیے کہ گواہی دینے میں سب سے بڑھ کر کون ہے؟ آپ (ہی) فرما دیجیے کہ اللہ میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہے، اور میری طرف یہ قرآن اس لیے وحی کیا گیا ہے کہ اس کے ذریعے تمہیں اور ہر اس شخص کو جس تک (یہ قرآن) پہنچے ڈر سناؤں۔ کیا تم واقعی اس بات کی گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ دوسرے معبود (بھی) ہیں؟ آپ فرما دیں: میں (تو اس غلط بات کی) گواہی نہیں دیتا، فرما دیجیے: بس معبود تو وہی ایک ہی ہے اور میں ان (سب) چیزوں سے بیزار ہوں جنہیں تم (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہوo

Inquire (of them): 'Who is the greatest to bear testimony?' Proclaim (yourself): 'Allah is witness between you and me. This Qur'an has been revealed to me so that with it I may warn you as well as every such person this (Qur'an) may reach. Do you really bear witness that there are (also) gods other than Allah?'

Say: 'I do not bear witness (to such a wrong thing).' Reiterate: 'God is but He, the Only One, and I despise (all) these objects you associate (with Allah).'

الَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ أَبْنَاءَ هُمُ الَّذِيْنَ خَسِرُوْا أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (20)

ترجمہ: وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی تھی اس (نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ویسے ہی پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، جنہوں نے اپنی جانوں کو (دائمی) خسارے میں ڈال دیا ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گےo

Those to whom We have given the Book recognize this (Last of the Messengers) as they recognize their sons. They are those who have brought (eternal) loss upon their souls, but they will not believe.

قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِآيَاتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ (33)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک ہم جانتے ہیں کہ وہ (بات) یقیناً آپ کو رنجیدہ کر رہی ہے کہ جو یہ لوگ کہتے ہیں، پس یہ آپ کو نہیں جھٹلا رہے لیکن (حقیقت یہ ہے کہ) ظالم لوگ اللہ کی آیتوں سے ہی انکار کر رہے ہیںo

(O Beloved!) We assuredly know that (what) they say grieves you. So they are not denying you, but (in fact) it is the Revelations of Allah that the wrongdoers are denying.

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَأُوْذُوْا حَتّٰى أَتَاهُمْ نَصْرُنَا وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللّٰهِ وَلَقَدْ جَاءَكَ مِن نَّبَإِ الْمُرْسَلِيْنَ (34)

ترجمہ: اور بے شک آپ سے قبل (بھی بہت سے) رسول جھٹلائے گئے مگر انہوں نے جھٹلائے جانے اور اذیت پہنچائے جانے پر صبر کیا حتّٰی کہ انہیں ہماری مدد آ پہنچی، اور اللہ کی باتوں (یعنی وعدوں کو) کوئی بدلنے والا نہیں، اور بے شک آپ کے پاس (تسکینِ قلب کے لیے) رسولوں کی خبریں آ چکی ہیںo

And indeed, (many) Messengers were rejected before you (as well), but they remained steadfast facing this rejection and persecution until Our help reached them. And there is none that can alter the Words (i.e., promises) of Allah. And surely the accounts of the Messengers have come to you (for peace of heart).

وَإِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَن تَبْتَغِيَ نَفَقاً فِي الْأَرْضِ أَوْ سُلَّماً فِي السَّمَاءِ فَتَأْتِيَهُم بِآيَةٍ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ(35)

ترجمہ: اور اگر آپ پر ان کی رُوگردانی شاق گزر رہی ہے (اور آپ بہرصورت ان کے ایمان لانے کے خواہش مند ہیں) تو اگر آپ سے (یہ) ہو سکے کہ زمین میں (اترنے والی) کوئی سرنگ یا آسمان میں (چڑھنے والی) کوئی سیڑھی تلاش کر لیں پھر (انہیں دکھانے کے لیے) ان کے پاس کوئی (خاص) نشانی لے آئیں (وہ تب بھی ایمان نہیں لائیں گے)، اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو ہدایت پر ضرور جمع فرما دیتا پس آپ (اپنی رحمت و شفقت کے بے پایاں جوش کے باعث ان کی بدبختی سے) بے خبر نہ ہو جائیںo

And if their disinclination and turning away is distressing you (and you ardently desire them to believe in any case), then, if possible, manage a tunnel,

(going down) into the earth, or seek some ladder, (climbing up) to heaven, and bring them some (exceptional) sign (to show them, even then they will not believe). And if Allah so willed, He would indeed assemble them together on guidance. So (owing to the overwhelming enthusiasm generating from your compassion, kindness and concern) do not be unaware (of their ill fortune).

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَأَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلَى قُلُوبِكُم مَّنْ إِلَـهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَأْتِيكُم بِهِ انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُونَ (46)

ترجمہ: (ان سے) فرما دیجیے کہ تم یہ تو بتاؤ اگر اللہ تمہاری سماعت اور تمہاری آنکھیں لے لے اور تمہارے دلوں پر مُہر لگا دے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ایسا ہے جو یہ (نعمتیں دوبارہ) تمہارے پاس لے آئے؟ دیکھئے ہم کس طرح گوناگوں آیتیں بیان کرتے ہیں پھر (بھی) وہ روگردانی کیے جاتے ہیںo

Say (to them): 'What do you think if Allah deprives you of hearing and sight and seals up your hearts, (then) who is the god other than Allah who can restore to you these (blessings afresh)?' Look how diversely We explain Our Revelations! Yet they continue turning away.

قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الظَّالِمُونَ (47)

ترجمہ: آپ (ان سے یہ بھی) فرما دیجیے کہ تم مجھے بتاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا کھلم کھلا آن پڑے تو کیا ظالم قوم کے سوا (کوئی اور) ہلاک کیا جائے گاo

(Also) say (to them): 'Tell me if the punishment of Allah comes upon you all of a sudden or openly, will (any other) be destroyed except those who do injustice?'

قُل لَّا أَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلا أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الأَعْمَى وَالْبَصِيرُ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ (50)

ترجمہ: آپ (ان کافروں سے) فرما دیجیے کہ میں تم سے (یہ) نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں اَز خود غیب جانتا ہوں اور نہ میں تم سے (یہ) کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں، میں تو صرف اسی (حکم) کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے۔ فرما دیجیے: کیا اندھا اور بینا برابر ہو سکتے ہیں؟ سو کیا تم غور نہیں کرتےo

Say (to these disbelievers): 'I do not say to you that I possess the treasures of Allah, nor do I know the unseen myself, nor do I say to you that I am an angel. I follow only that (commandment) which is revealed to me.' Say: 'Can the blind and the seeing be equal? So do you not ponder?'

وَأَنذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَن يُحْشَرُواْ إِلَى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُم مِّن دُونِهِ وَلِيٌّ وَلاَ شَفِيعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ (51)

ترجمہ: اور آپ اس (قرآن) کے ذریعے ان لوگوں کو ڈر سنائیے جو اپنے رب کے پاس اس حال میں جمع کیے جانے سے خوف زدہ ہیں کہ ان کے لیے اس کے سوا نہ کوئی مددگار ہو اور نہ (کوئی) سفارشی تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیںo

And warn by means of this (Qur'an) those who fear that they will be assembled

before their Lord whilst they are without (any) helper or intercessor apart from Him so that they may become pious.

وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهُ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِم مِّن شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ(52)

ترجمہ: اورآپ ان (شکستہ دل اور خستہ حال) لوگوں کو (اپنی صحبت وقربت سے) دور نہ کیجئے جو صبح وشام اپنے رب کو صرف اس کی رضا چاہتے ہوئے پکارتے رہتے ہیں، ان کے (عمل و جزا کے) حساب میں سے آپ پر کوئی چیز (واجب) نہیں اور نہ آپ کے حساب میں سے کوئی چیز ان پر (واجب) ہے (اگر) پھر بھی آپ انہیں (اپنے لطف وکرم سے) دور کر دیں تو آپ حق تلفی کرنے والوں میں سے ہو جائیں گے (جو آپ کے شایانِ شان نہیں)o

And do not turn away these (run-down and broken-hearted) people (from your company and close circle) who call upon their Lord persistently, seeking only His pleasure morning and evening. There is nothing (obligatory) either on you from their account (of deeds and rewards) or upon them from your account. Even then if you turned them away (from your munificence and benevolence), you would be of those who deprive others of their rights (which does not go with your glory).

قُلْ إِنِّيْ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُم بِهِ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهِ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِيْنَ (57)

ترجمہ: فرما دیجیے: (کافرو!) بے شک میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر (قائم) ہوں اور تم اسے جھٹلاتے ہو۔ میرے پاس وہ (عذاب) نہیں ہے جس کی تم جلدی مچا رہے ہو۔ حکم صرف اللہ ہی کا ہے۔ وہ حق بیان فرماتا ہے اور وہی بہتر فیصلہ فرمانے والا ہےo

Say: '(O disbelievers!) Verily, I stand (firm) on the enlightening proof from my Lord and you treat it as false. I do not have that (chastisement) which you seek in haste. The command rests only with Allah. He relates the truth and He is the Best Judge.'

قُل لَّوْ أَنَّ عِندِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهِ لَقُضِيَ الْأَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ (58)

ترجمہ: (ان سے) فرما دیں: اگر وہ (عذاب) میرے پاس ہوتا جسے تم جلدی چاہتے ہو تو یقیناً میرے اور تمہارے درمیان کام تمام ہو چکا ہوتا۔ اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہےo

Say (to them): 'Had I had that (torment) which you desire to have in haste, then certainly the matter between me and you would have been settled once and for all. And Allah knows the unjust full well.'

وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ(59)

ترجمہ: اورغیب کی کُنجیاں (یعنی وہ راستے جن سے غیب کسی پر آشکار کیا جاتا ہے) اسی کے پاس (اس کی قدرت وملکیت میں) ہیں، انہیں اس کے سوا (اَز خود) کوئی نہیں جانتا، اور وہ ہر اس چیز کو (بلاواسطہ) جانتا ہے جو خشکی میں اور دریاؤں میں ہے، اور کوئی پتّا نہیں گرتا مگر (یہ کہ) وہ اسے جانتا ہے اور نہ زمین کی تاریکیوں میں کوئی (ایسا) دانہ ہے اور نہ کوئی تر چیز ہے اور نہ کوئی خشک چیز مگر روشن کتاب میں (سب کچھ لکھ دیا گیا ہے)o

With Him (under His control and possession) are the keys of the unseen (i.e., the ways and means by which the unseen is disclosed to someone); no one (by one's own effort) knows them but He. And He knows (directly) whatever is in the land and in the sea. And not a leaf falls but He knows it. There is not a grain in the folds of the earth's darkness, nor anything green or dry but (has been recorded) in the enlightening Book.

وَهُوَ الَّذِیْ یَتَوَفّٰکُم بِاللَّیْلِ وَیَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ یَبْعَثُکُمْ فِیْهِ لِیُقْضَی أَجَلٌ مُّسَمًّی ثُمَّ إِلَیْهِ مَرْجِعُکُمْ ثُمَّ یُنَبِّئُکُم بِمَا کُنتُمْ تَعْمَلُونَ (60)

ترجمہ: اور وہی ہے جو رات کے وقت تمہاری روحیں قبض فرما لیتا ہے اور جو کچھ تم دن کے وقت کماتے ہو وہ جانتا ہے پھر وہ تمہیں دن میں اٹھا دیتا ہے تاکہ (تمہاری زندگی کی) معیّنہ میعاد پوری کر دی جائے پھر تمہارا پلٹنا اسی کی طرف ہے، پھر وہ (روزِ محشر) تمہیں ان (تمام اعمال) سے آگاہ فرما دے گا جو تم (اس زندگانی میں) کرتے رہے تھےo

And He is the One Who takes your souls by night and knows whatever you earn by day, and then wakes you up in the day, so that the appointed term (of your life) may be completed. Then to Him will you return. Then (on the Day of Reckoning) He will unfold to you (all those actions) which you used to do (during this term of life).

قُلْ مَن یُنَجِّیْکُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعاً وَخُفْیَةً لَّئِنْ أَنجَانَا مِنْ هَـذِهِ لَنَکُونَنَّ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ (63)

ترجمہ: آپ (ان سے دریافت) فرمائیں کہ بیابان اور دریا کی تاریکیوں سے تمہیں کون نجات دیتا ہے؟ (اس وقت تو) تم گڑگڑا کر (بھی) اور چپکے چپکے (بھی) اسی کو پکارتے ہو کہ اگر وہ ہمیں اس (مصیبت) سے نجات دے دے تو ہم ضرور شکرگزاروں میں سے ہو جائیں گےo

Inquire of them: 'Who delivers you from the layers of the darkness of the land and the sea? When (in trouble) you supplicate Him, totally prostrated and (also) in secret: 'If He delivers us from that (adversity), we shall surely be amongst the grateful.'

قُلِ اللّٰهُ یُنَجِّیْکُم مِّنْهَا وَمِن کُلِّ کَرْبٍ ثُمَّ أَنتُمْ تُشْرِکُونَ (64)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ اللہ ہی تمہیں اس (مصیبت) سے اور ہر تکلیف سے نجات دیتا ہے تم پھر (بھی) شرک کرتے ہوo

Say: 'It is Allah Who rescues you from this (adversity) and every other distress, yet you associate partners with Him.'

وَکَذَّبَ بِهِ قَوْمُکَ وَهُوَ الْحَقُّ قُل لَّسْتُ عَلَیْکُم بِوَکِیْلٍ (66)

ترجمہ: اورآپ کی قوم نے اس (قرآن) کو جھٹلا ڈالا حالاں کہ وہ سراسر حق ہے۔ فرما دیجیے: میں تم پر نگہبان نہیں ہوںo

And your people have rejected this (Qur'an) as false, whereas it is the absolute truth. Say: 'I am not a guardian over you.'

وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوضُونَ فِيْ آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتَّى يَخُوضُواْ فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهِ وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ فَلاَ تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَى مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ(68)

ترجمہ: اور جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں میں (کج بحثی اور استہزاء میں) مشغول ہوں تو تم ان سے کنارہ کش ہو جایا کرو یہاں تک کہ وہ کسی دوسری بات میں مشغول ہو جائیں، اور اگر شیطان تمہیں (یہ بات) بھلا دے تو یاد آنے کے بعد تم (کبھی بھی) ظالم قوم کے ساتھ نہ بیٹھا کروo

When you see those who engage themselves in (vain discourse and making a jest of) Our Revelations, keep away from them till they get busy with some other subject of conversation. But if Satan makes you forget (it), then never (ever) sit with the unjust people after it strikes your mind.

وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُواْ دِيْنَهُمْ لَعِباً وَلَهْواً وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهِ أَن تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ اللّهِ وَلِيٌّ وَلاَ شَفِيْعٌ وَإِن تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لاَّ يُؤْخَذْ مِنْهَا أُوْلَـئِكَ الَّذِيْنَ أُبْسِلُواْ بِمَا كَسَبُواْ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَعَذَابٌ أَلِيْمٌ بِمَا كَانُواْ يَكْفُرُونَ (70)

ترجمہ: اور آپ ان لوگوں کو چھوڑے رکھیئے جنہوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنا لیا ہے اور جنہیں دنیا کی زندگی نے فریب دے رکھا ہے اور اس (قرآن) کے ذریعے (ان کی آگاہی کی خاطر) نصیحت فرماتے رہیے تاکہ کوئی جان اپنے کیے کے بدلے سپردِ ہلاکت نہ کر دی جائے، (پھر) اس کے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی مددگار ہوگا اور نہ کوئی سفارشی, اور اگر وہ (جان اپنے گناہوں کا) پورا پورا بدلہ (یعنی معاوضہ) بھی دے تو (بھی) اس سے قبول نہیں کیا جائے گا۔ یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے کیے کے بدلے ہلاکت میں ڈال دیے گئے ان کے لیے کھولتے ہوئے پانی کا پینا ہے اور دردناک عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ کفر کیا کرتے تھےo

And let them be forsaken who have made their own din (religion) a sport and pastime and who have been deceived by the worldly life. And continue to exhort them (for their awareness) by means of the (Qur'an), so that no soul gets consigned to ruin as a result of its doings. (Then) there will be neither any helper nor any intercessor for him apart from Allah. And even if that (soul) atones (for its sins) full recompense (i.e., ransom), that will not be accepted from it (at all). It is they who are destroyed in consequence of their doings. For them is drinking of scalding water and a torturous torment because they used to reject faith.

قُلْ أَنَدْعُو مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَنفَعُنَا وَلاَ يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلَى أَعْقَابِنَا بَعْدَ إِذْ هَدَانَا اللّهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيَاطِيْنُ فِي الأَرْضِ حَيْرَانَ لَهُ أَصْحَابٌ يَدْعُونَهُ إِلَى الْهُدَى ائْتِنَا قُلْ إِنَّ هُدَى اللّهِ هُوَ الْهُدَى وَأُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ (71)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا ہم اللہ کے سوا ایسی چیز کی عبادت کریں جو ہمیں نہ (تو) نفع پہنچا سکے اور نہ (ہی) ہمیں نقصان دے سکے اور

اس کے بعد کہ اللہ نے ہمیں ہدایت دے دی ہم اس شخص کی طرح اپنے الٹے پاؤں پھر جائیں جسے زمین میں شیطانوں نے راہ بھلا کر درماندہ و حیرت زدہ کر دیا ہو جس کے ساتھی اسے سیدھی راہ کی طرف بلا رہے ہوں کہ ہمارے پاس آ جا (مگر اسے کچھ سوجھتا نہ ہو)، فرما دیں کہ اللہ کی ہدایت ہی (حقیقی) ہدایت ہے، اور (اسی لیے) ہمیں (یہ) حکم دیا گیا ہے کہ ہم تمام جہانوں کے رب کی فرمانبرداری کریںo

Say: 'Should we worship besides Allah something that can neither bring us any profit nor do us any harm, and turn on our heels after Allah has blessed us with guidance, like the one whom the satans have persuaded away from the right path into bewilderment in the land, whose companions are calling on him to the straight path: Come to us (but he can perceive nothing)?' Proclaim: 'The guidance of Allah is the only (true) guidance, and (that is why) we have been commanded to submit totally to the Lord of all the worlds.'

أُوْلَـئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ قُل لاَّ أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِنْ هُوَ إِلاَّ ذِكْرَى لِلْعَالَمِيْنَ(90)

ترجمہ: (یہی) وہ لوگ (یعنی پیغمبرانِ خدا) ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت فرمائی ہے پس (اے رسولِ آخر الزمان!) آپ ان کے (فضیلت والے سب) طریقوں (کو اپنی سیرت میں جمع کر کے ان) کی پیروی کریں (تاکہ آپ کی ذات میں ان تمام انبیاء و رسل کے فضائل و کمالات یکجا ہو جائیں)، آپ فرما دیجیے: (اے لوگو!) میں تم سے اس (ہدایت کی فراہمی پر کوئی اجرت نہیں مانگتا۔ یہ تو صرف جہان والوں کے لیے نصیحت ہےo

It is (these) people (the Messengers of Allah) whom Allah has granted guidance. So, (O Last of the Messengers,) put into your practice all their (exalted and superior) ways and methods (and assimilate them into your holy personage so that all the superior traits and sublime attributes of all the Messengers of Allah collect in you). Say: '(O people,) I do not ask you for any wages (for this provision of guidance); it is but an admonition for mankind.'

وَمَا قَدَرُواْ اللّهَ حَقَّ قَدْرِهِ إِذْ قَالُواْ مَا أَنزَلَ اللّهُ عَلَى بَشَرٍ مِّن شَيْءٍ قُلْ مَنْ أَنزَلَ الْكِتَابَ الَّذِيْ جَاء بِهِ مُوسَى نُوراً وَهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُونَهُ قَرَاطِيْسَ تُبْدُونَهَا وَتُخْفُونَ كَثِيْراً وَعُلِّمْتُم مَّا لَمْ تَعْلَمُواْ أَنتُمْ وَلاَ آبَاؤُكُمْ قُلِ اللّهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ (91)

ترجمہ: اور انہوں نے (یعنی یہود نے) اللہ کی وہ قدر نہ جانی جیسی قدر جاننا چاہیے تھی، جب انہوں نے یہ کہہ (کر رسالتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار کر) دیا کہ اللہ نے کسی آدمی پر کوئی چیز نہیں اتاری۔ آپ فرما دیجیے: وہ کتاب کس نے اتاری تھی جو موسٰی (علیہ السلام) لے کر آئے تھے جو لوگوں کے لیے روشنی اور ہدایت تھی؟ تم نے جس کے الگ الگ کاغذ بنا لیے ہیں تم اسے (لوگوں پر) ظاہر (بھی) کرتے ہو اور (اس میں سے) بہت کچھ چھپاتے (بھی) ہو، اور تمہیں وہ (کچھ) سکھایا گیا ہے جو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا، آپ فرما دیجیے: (یہ سب) اللہ (ہی کا کرم ہے) پھر آپ انہیں (ان کے حال پر) چھوڑ دیں کہ وہ اپنی خرافات میں کھیلتے رہیںo

And they (the Jews) did not appreciate Allah with the just estimation that is His

true measure (when they denied the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him]) saying: 'Allah has not sent down anything to any human being.' Say: 'Who sent down the Book which Musa (Moses) brought, a light and guidance for the people? You have made them into separate sheets of paper showing it (to the people) and (also) concealing much (of it). And you have been taught what neither you nor your forefathers knew.' Say: '(All this is but the blessing of) Allah.' Then leave them (in whatever plight they are) sporting with their falsehood.

وَهَـٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ وَمَنْ حَوْلَهَا وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَهُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ **(92)**

ترجمہ: اور یہ (وہ) کتاب ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے، بابرکت ہے، جو کتابیں اس سے پہلے تھیں ان کی (اصلاً) تصدیق کرنے والی ہے۔ اور (یہ) اس لیے (نازل کی گئی ہے) کہ آپ (اولاً) سب (انسانی) بستیوں کے مرکز (مکّہ) والوں کو اور (ثانیاً ساری دنیا میں) اس کے اردگرد والوں کو ڈر سنائیں، اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اس پر وہی ایمان لاتے ہیں اور وہی لوگ اپنی نماز کی پوری حفاظت کرتے ہیں o

And this is (that) Book which We have sent down, the most blessed one. It (authentically) confirms those revealed Books that preceded it. And (this) has been (sent down) in order that (firstly) you warn the residents of the nucleus of all the (human) communities, Mecca, and (secondly) the dwellers around it (the world over). And only those who believe in it have faith in the Last Day, and they alone keep a vigilant watch over their Prayers.

قَدْ جَاءَكُم بَصَآئِرُ مِن رَّبِّكُمْ فَمَنْ أَبْصَرَ فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا وَمَا أَنَاْ عَلَيْكُم بِحَفِيظٍ **(104)**

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے (ہدایت کی) نشانیاں آ چکی ہیں پس جس نے (انہیں نگاہِ بصیرت سے) دیکھ لیا تو (یہ) اس کی اپنی ذات کے لیے (فائدہ مند) ہے، اور جو اندھا رہا تو اس کا وبال (بھی) اسی پر ہے، اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوں o

The signs (of guidance) have indeed come to you from your Lord. So he who perceives (them by his insight) brings (benefit) to his own self, and he who remains blind (also) brings loss upon his own self. And I am not a guardian over you.

اتَّبِعْ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ لا إِلَـهَ إِلَّا هُوَ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ **(106)**

ترجمہ: آپ اس (قرآن) کی پیروی کیجئے جو آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے وحی کیا گیا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور آپ مشرکوں سے کنارہ کشی کر لیجئے o

Follow this (Qur'an) which has been revealed to you from your Lord. There is no God except Allah, and turn away from those who associate partners with

Allah.

وَلَوْ شَاء اللّهُ مَا أَشْرَكُواْ وَمَا جَعَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظاً وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيْلٍ (107)

ترجمہ: اوراگراللہ(ان کوجبراً روکنا) چاہتاتو یہ لوگ (کبھی) شرک نہ کرتے،اورہم نے آپ کو(بھی)ان پرنگہبان نہیں بنایااورنہ آپ ان پر پاسبان ہیںo

And if Allah had willed (to prevent them forcefully), these people would (never) have set up partners with Him. And We have (also) not made you a guardian over them, nor are you a protector over them.

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نِبِيٍّ عَدُوّاً شَيَاطِيْنَ الإِنسِ وَالْجِنِّ يُوحِيْ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوراً وَلَوْ شَاء رَبُّكَ مَا فَعَلُوهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ(112)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیےانسانوں اورجنّوں میں سے شیطانوں کودشمن بنادیاجوایک دوسرے کے دل میں ملمع کی ہوئی (چکنی چپڑی) باتیں (وسوسہ کےطور پر) دھوکہ دینے کے لیےڈالتے رہتے ہیں،اوراگرآپ کاربّ (انہیں جبراً روکنا) چاہتا (تو)وہ ایسانہ کرپاتے،سوآپ انہیں (بھی) چھوڑ دیں اورجوکچھ وہ بہتان باندھ رہے ہیں(اسے بھی)o

And the same way We made for every Prophet enemies-the satans from amongst men and jinn-who always pour into one another's hearts (flattery and) gilded talk (as suspicions) in order to deceive. And if your Lord had willed (to prevent them forcefully), they would not have done so. So leave them and (also) the falsehood which they fabricate.

أَفَغَيْرَ اللّهِ أَبْتَغِيْ حَكَماً وَهُوَ الَّذِيْ أَنزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلاً وَالَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ(114)

ترجمہ: (فرمادیجیے:) کیامیں اللہ کےسواکسی اورکوحَکَم (وفیصل) تلاش کروں حالاں کہ وہ (اللہ) ہی ہے جس نے تمہاری طرف مفصّل کتاب نازل فرمائی ہے،اوروہ لوگ جن کوہم نے (پہلے) کتاب دی تھی (دل سے) جانتے ہیں کہ یہ(قرآن) آپ کے رب کی طرف سے (مبنی) برحق اتارا ہوا ہے پس آپ (ان اہلِ کتاب کی نسبت) شک کرنے والوں میں نہ ہوں (کہ یہ لوگ قرآن کاوحی ہوناجانتے ہیں یانہیں)o

(Say:) 'Should I look for someone other than Allah as authority (and judge), whilst He is the One Who has revealed to you the elaborate Book?' And those whom We gave the Book (before) know (with conviction) that this (Qur'an) has been revealed from your Lord (based on) truth. So do not be of the sceptics (with regard to these People of the Book whether or not they know that the Qur'an is a revealed Book).

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقاً وَعَدْلاً لاَّ مُبَدِّلِ لِكَلِمَاتِهِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ(115)

ترجمہ: اورآپ کے رب کی بات سچائی اورعدل کی رُو سے پوری ہوچکی،اس کی باتوں کوکوئی بدلنے والانہیں،اوروہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

And the Word of your Lord has been perfected in truthfulness and justice. There is no one who can change His Words. And He is All-Hearing, All-Knowing.

وَإِن تُطِعْ أَكْثَرَ مَن فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ **(116)**

ترجمہ: اور اگر تو زمین میں (موجود) لوگوں کی اکثریت کا کہنا مان لے تو وہ تجھے اللہ کی راہ سے بھٹکا دیں گے۔ وہ (حق و یقین کی بجائے) صرف وہم و گمان کی پیروی کرتے ہیں اور محض غلط قیاس آرائی (اور دروغ گوئی) کرتے رہتے ہیںo

And if you obeyed what the majority of people (dwelling) on earth say, they would lead you astray from the path of Allah. They simply follow assumptions and speculations (instead of truth and certitude) and remain engaged in mere guesswork (and telling lies).

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَن يَضِلُّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ **(117)**

ترجمہ: بے شک آپ کا رب ہی اسے خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بہکا ہے اور وہی ہدایت یافتہ لوگوں سے (بھی) خوب واقف ہےo

Surely, your Lord alone knows best the one who strays away from His path, and only He knows best the rightly guided (as well).

قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُواْ عَلَى مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ إِنَّهُ لاَ يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ **(135)**

ترجمہ: فرما دیجیے: اے (میری) قوم! تم اپنی جگہ پر عمل کرتے رہو بے شک میں (اپنی جگہ) عمل کیے جا رہا ہوں۔ پھر تم عنقریب جان لو گے کہ آخرت کا انجام کس کے لیے (بہتر ہے)۔ بے شک ظالم لوگ نجات نہیں پائیں گےo

Say: 'O (my) people! Keep working at your position and surely I continue working (at my place). Then you shall soon come to know for whom it ends (well) in the Hereafter. Indeed, the unjust will not be emancipated.'

وَمِنَ الإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الأُنثَيَيْنِ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاء إِذْ وَصَّاكُمُ اللّهُ بِهَـذَا فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِباً لِيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ **(144)**

ترجمہ: اور دو (نر اور مادہ) اونٹ سے اور دو (نر اور مادہ) گائے سے۔ (آپ ان سے) فرما دیجیے: کیا اُس نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ (بچہ) جو دونوں ماداؤں کے رحموں میں موجود ہے؟ کیا تم اُس وقت موجود تھے جب اللہ نے تمہیں اِس (حرمت) کا حکم دیا تھا؟ پھر اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتا ہے تاکہ لوگوں کو بغیر جانے گمراہ کرتا پھرے؟ بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتاo

And two of the camel (male and female) and two of the cow (male and female). Say (to them): 'Has He forbidden the two males or the two females or that (offspring) which is in the wombs of the two females? Were you present when Allah pronounced to you this (prohibitive) injunction?' Then who can be more unjust than the one who fabricates a lie against Allah so that he may lead the

people astray without knowledge? Indeed, Allah does not guide the unjust people.

فَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل رَّبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ (147)

ترجمہ: پھر اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو فرما دیجیے کہ تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے اور اس کا عذاب مجرم قوم سے نہیں ٹالا جائے گا o

Should they belie you, then say: 'Your Lord is the Lord of infinite mercy, but His torment will not be averted from the evildoers.'

قُلْ فَلِلّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ فَلَوْ شَاء لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ (149)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ دلیلِ محکم تو اللہ ہی کی ہے، پس اگر وہ (تمہیں مجبور کرنا) چاہتا تو یقیناً تم سب کو (پابندِ) ہدایت فرما دیتا ☆ o

☆ وہ حق و باطل کا فرق اور دونوں کا انجام سمجھانے کے بعد ہر ایک کو آزادی سے اپنا راستہ اختیار کرنے کا موقع دیتا ہے، تاکہ ہر شخص اپنے کیے کا خود ذمہ دار ٹھہرے اور اس پر جزا و سزا کا حق دار قرار پائے o

Say: 'Only Allah's is the irrefutable proof. So, if He had willed (to force you), He would have made all of you guidance-bound.'*

*** Having distinguished the truth from falsehood and having communicated the consequences of them both, He provides everyone the opportunity to choose his way freely in order that every individual is held accountable for his doings, liable for reward and punishment accordingly.**

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاءكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ أَنَّ اللّهَ حَرَّمَ هَذَا فَإِن شَهِدُواْ فَلاَ تَشْهَدْ مَعَهُمْ وَلاَ تَتَّبِعْ أَهْوَاء الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ وَهُم بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ(150)

ترجمہ: (ان مشرکوں سے) فرما دیجیے کہ تم اپنے ان گواہوں کو پیش کرو جو (آ کر) اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ نے اسے حرام کیا ہے، پھر اگر وہ (جھوٹی) گواہی دے ہی دیں تو ان کی گواہی کو تسلیم نہ کرنا (بلکہ ان کا جھوٹا ہونا ان پر آشکار کر دینا)، اور نہ ایسے لوگوں کی خواہشات کی پیروی کرنا جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے ہیں اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ (معبودانِ باطلہ کو) اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں o

Say (to these polytheists): 'Produce your witnesses who would (come to) testify that Allah has forbidden this.' Then if at all they bear (false) witness, do not accept their testimony (but instead disclose to them their falsehood). Nor yield to the vain desires of those who refuse to accept Our Revelations as true and do not believe in the Hereafter and hold (false gods as) equal to their Lord.

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُواْ دِينَهُمْ وَكَانُواْ شِيَعاً لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُواْ يَفْعَلُونَ (159)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے (جدا جدا راہیں نکال کر) اپنے دین کو پارہ پارہ کر دیا اور وہ (مختلف) فرقوں میں بٹ گئے، آپ کسی چیز میں ان کے (تعلق دار اور ذمہ دار) نہیں ہیں، بس ان کا معاملہ اللہ ہی کے حوالے ہے پھر وہ انہیں ان کاموں سے آگاہ فرما دے گا جو وہ کیا کرتے تھے o

Surely, those who have broken up their religion (by introducing segregated

paths) and have divided into (different) sects, you are not (concerned with or responsible for) them in any matter. Their case is only with Allah. Then He would let them know what they used to do.

لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ (163)

ترجمہ: اس کا کوئی شریک نہیں اور اسی کا مجھے حکم دیا گیا ہے اور میں (جمیع مخلوقات میں) سب سے پہلا مسلمان ہوں o

He has no partner and of this have I been commanded, and I am the first Muslim (in the entire creation).'

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ اِلَّا عَلَيْهَا وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ (164)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا میں اللہ کے سوا کوئی دوسرا رب تلاش کروں حالاں کہ وہی ہر شے کا پروردگار ہے، اور ہر شخص جو بھی (گناہ) کرتا ہے (اس کا وبال) اسی پر ہوتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔ پھر تمہیں اپنے رب ہی کی طرف لوٹنا ہے پھر وہ تمہیں ان (باتوں کی حقیقت) سے آگاہ فرما دے گا جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے o

Say: 'Should I look for a Lord other than Allah, whilst He is the Sustainer of everything? And whatever (sin) each soul earns, (its evil outcome) falls back upon it. And no bearer of burden will bear another's burden. Then you are to return to your Lord alone, and He will inform you (of the truth of the matters) wherein you used to differ.'

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلَآئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَا اٰتٰىكُمْ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(165)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تم کو زمین میں نائب بنایا اور تم میں سے بعض کو بعض پر درجات میں بلند کیا تاکہ وہ ان (چیزوں) میں تمہیں آزمائے جو اس نے تمہیں (امانتاً) عطا کر رکھی ہیں۔ بے شک آپ کا رب (عذاب کے حق داروں کو) جلد سزا دینے والا ہے اور بے شک وہ (مغفرت کے امیدواروں کو) بڑا بخشنے والا اور بے حد رحم فرمانے والا ہے o

And He is the One Who has made you vicegerents in the earth, and exalted some of you over others in ranks, so that He may test you by means of (things) which He has bestowed upon you (as a trust). Surely, your Lord is swift in awarding punishment (to those who deserve it), but He is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful (towards the aspirants to forgiveness).

سورۃ الاعراف:

كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ (2)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہ کتاب ہے (جو) آپ کی طرف اتاری گئی ہے سو آپ کے سینۂ (انور) میں اس (کی تبلیغ پر کفار کے انکار و تکذیب کے خیال) سے کوئی تنگی نہ ہو (یہ تو اتاری ہی اس لیے گئی ہے) کہ آپ اس کے ذریعے (منکرین کو) ڈر سنا سکیں اور یہ مومنین کے لیے نصیحت (ہے) o

(O Esteemed Beloved!) This is the Book (that) has been revealed to you. So, let there be no feeling of constriction in your (illumined) breast (on thinking of the disbelievers' belying and denying the promulgation of its message. This has been revealed with the sole purpose) that by means of it you may warn (the ones who deny), and it (provides) direction and guidance to the believers.

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِم مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ وَقَالُواْ الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِيْ هَدَانَا لِهَـذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلا أَنْ هَدَانَا اللّهُ لَقَدْ جَاءتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُودُواْ أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُوْرِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ(43)

ترجمہ: اور ہم وہ (رنجش و) کینہ جو ان کے سینوں میں (دنیا کے اندر ایک دوسرے کے لیے) تھا نکال (کے دور کر) دیں گے ان کے (محلوں کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور وہ کہیں گے: سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں یہاں تک پہنچا دیا، اور ہم (اس مقام تک کبھی) راہ نہ پا سکتے تھے اگر اللہ ہمیں ہدایت نہ فرماتا، بے شک ہمارے رب کے رسول حق (کا پیغام) لائے تھے، اور (اس دن) ندا دی جائے گی کہ تم لوگ اس جنت کے وارث بنا دیے گئے ہو ان (نیک) اعمال کے باعث جو تم انجام دیتے تھے o

And We shall remove from their breasts (rancour and) spite (that they had for others in the world). Streams will flow under (their palaces), and they will say: 'All praise belongs to Allah alone, Who has brought us here. Had Allah not guided us, we would never have made our way through (to this station). Verily, the Messengers of our Lord brought us (the message of) truth.' It will be called out (that Day): 'You have been made heirs to this Paradise for the (pious) deeds that you used to do.'

هَلْ يَنظُرُونَ إِلاَّ تَأْوِيْلَهُ يَوْمَ يَأْتِيْ تَأْوِيْلُهُ يَقُولُ الَّذِيْنَ نَسُوهُ مِن قَبْلُ قَدْ جَاءتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ فَهَل لَّنَا مِن شُفَعَاء فَيَشْفَعُواْ لَنَا أَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ قَدْ خَسِرُواْ أَنفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (53)

ترجمہ: وہ صرف اس (کہی ہوئی بات) کے انجام کے منتظر ہیں، جس دن اس (بات) کا انجام سامنے آ جائے گا وہ لوگ جو اس سے قبل اسے بھلا چکے تھے کہیں گے: بے شک ہمارے رب کے رسول حق (بات) لے کر آئے تھے، سو کیا (آج) ہمارے کوئی سفارشی ہیں جو ہمارے لیے سفارش کر دیں یا ہم (پھر دنیا میں) لوٹا دیے جائیں تاکہ ہم (اس مرتبہ) ان (اعمال) سے مختلف عمل کریں جو (پہلے) کرتے رہے تھے۔ بے شک انہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا اور وہ (بہتان و افتراء ┘) ان سے جاتا رہا جو وہ گھڑا کرتے تھے o

They are just waiting for the outcome of that (stated matter). The Day when the outcome of that (matter) will be unfolded, the people who had forgotten it before this will say: 'No doubt the Messengers of our Lord came with the truth. So, are there any intercessors (Today) who will intercede for us? Or, can we be returned (to the world again) so that (this time) we might do deeds different from (those) that we had been perpetrating (before)?' They certainly harmed themselves, and that (lie and fabrication) which they used to invent has parted

with them.

الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْباً عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ آمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْ أُنْزِلَ مَعَهٗ أُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (157)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو اس رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرتے ہیں جو اُمّی (لقب) نبی ہیں (یعنی دنیا میں کسی شخص سے پڑھے بغیر مِن جانبِ اللہ لوگوں کو اخبارِ غیب اور معاش و معاد کے علوم و معارف بتاتے ہیں) جن (کے اوصاف و کمالات) کو وہ لوگ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو انہیں اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع فرماتے ہیں اور ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور ان پر پلید چیزوں کو حرام کرتے ہیں اور ان سے ان کے بارِ گراں اور طوقِ (قیود) جو ان پر (نافرمانیوں کے باعث مسلّط) تھے، ساقط فرماتے (اور انہیں نعمتِ آزادی سے بہرہ یاب کرتے) ہیں۔ پس جو لوگ اس (برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائیں گے اور ان کی تعظیم و توقیر کریں گے اور ان (کے دین) کی مدد و نصرت کریں گے اور اس نورِ (قرآن) کی پیروی کریں گے جو ان کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں o

And He is the One Who sends the winds as glad tidings before His mercy (i.e., rain), until, when these (winds) bring moisture-laden heavy clouds, We drive these (clouds) towards a town dead (of drought and infertility). Then We cause a downpour (from the clouds), and by means of this (water) We bring forth fruits of all kinds (from the earth). In like manner, We shall bring forth the dead (from the graves on the Day of Resurrection),so that you may take direction and guidance.

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَيْكُمْ جَمِيْعاً الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ فَآمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمَاتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ(158)

ترجمہ: آپ فرما دیں: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول (بن کر آیا) ہوں جس کے لیے تمام آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی جلاتا اور مارتا ہے، سو تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ جو شانِ اُمیّت کا حامل نبی ہے (یعنی اس نے اللہ کے سوا کسی سے کچھ نہیں پڑھا مگر جمیع خلق سے زیادہ جانتا ہے اور کفر و شرک کے معاشرے میں جوان ہوا مگر بطنِ مادر سے نکلے ہوئے بچے کی طرح معصوم اور پاکیزہ ہے) جو اللہ پر اور اس کے (سارے نازل کردہ) کلاموں پر ایمان رکھتا ہے اور تم انہی کی پیروی کرو تاکہ تم ہدایت پا سکو o

Say: 'O mankind! I have (come) to all of you (as) the Messenger of Allah to Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth. There is no God except He. He is the One Who grants life and causes death.' So believe in Allah and His Messenger, who is a Prophet crowned with the glory of being al-Ummi (i.e., he has not learnt anything from anyone except Allah, but knows far more than the entire creation, and is innocent and pure like a newborn baby, despite his upbringing in an infidel and polytheistic society), who believes in Allah and

(all) His (revealed) Books and follow him alone so that you may take guidance.

وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِن بَنِيٓ آدَمَ مِن ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَى أَنفُسِهِمْ أَلَسْتَ بِرَبِّكُمْ قَالُواْ بَلَى شَهِدْنَا أَن تَقُولُواْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَذَا غَافِلِينَ (172)

ترجمہ: اور (یاد کیجئے!) جب آپ کے رب نے اولادِ آدم کی پشتوں سے ان کی نسل نکالی اور ان کو انہی کی جانوں پر گواہ بنایا (اور فرمایا:) کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ وہ (سب) بول اٹھے: کیوں نہیں! (تو ہی ہمارا رب ہے،) ہم گواہی دیتے ہیں تاکہ قیامت کے دن یہ (نہ) کہو کہ ہم اس عہد سے بے خبر تھےo

And (call to mind) when your Lord brought forth the human race from the loins of the Children of Adam and made them bear testimony to their own souls (and said:) 'Am I not your Lord?' They (all) said: 'Why not! We bear witness (that You alone are our Lord.' This He did) lest you should say on the Day of Resurrection: 'We were unaware of this promise.'

أَوْ تَقُولُواْ إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّن بَعْدِهِمْ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ(173)

ترجمہ: یا (ایسا نہ ہو کہ) تم کہنے لگو کہ شرک تو محض ہمارے آباء واجداد نے پہلے کیا تھا اور ہم تو ان کے بعد (ان کی) اولاد تھے (گویا ہم مجرم نہیں اصل مجرم وہ ہیں)، تو کیا تو ہمیں اس (گناہ) کی پاداش میں ہلاک فرمائے گا جو اہلِ باطل نے انجام دیا تھاo

Or (lest) you start saying: 'It was but our ancestors who associated partners with Allah before, and we were but (their) descendants after them (i.e., they are the real sinners, not we). So, will You destroy us on account of that (sin) which the infidels perpetrated?'

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِيٓ آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ الْغَاوِينَ (175)

ترجمہ: اور آپ انہیں اس شخص کا قصہ (بھی) سنا دیں جسے ہم نے اپنی نشانیاں دیں پھر وہ ان (کے علم و نصیحت) سے نکل گیا اور شیطان اس کے پیچھے لگ گیا تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیاo

And (also) relate to them his account to whom We gave Our signs, but then he made an exit from their (knowledge and admonition) and Satan chased him. So he turned into one of those who lost the right path.

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ بِهَا وَلَـكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الْأَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِن تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَث ذَّلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ (176)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو اسے ان (آیتوں کے علم و عمل) کے ذریعے بلند فرما دیتے لیکن وہ (خود) زمینی دنیا کی (پستی کی) طرف راغب ہو گیا اور اپنی خواہش کا پیرو بن گیا، تو (اب) اس کی مثال اس کتے کی مثال جیسی ہے کہ اگر تو اس پر سختی کرے تو وہ زبان نکال دے یا تو اسے چھوڑ دے (تب بھی) زبان نکالے رہے۔ یہ ایسے لوگوں کی مثال ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، سو آپ یہ واقعات (لوگوں سے) بیان کریں تاکہ وہ غور و فکر کریںo

And had We so willed, We would have exalted him by means of (knowledge and implementation of) these (Revelations), but he (himself) inclined to (the

lowest levels of the) earthly life and became a follower of his lust. (Now) his example is that of a dog: if you treat him harshly, he will loll out his tongue, or if you leave him alone, he will (still) loll out his tongue. This example is of those who deny Our Revelations. So relate these occurrences (to the people) so that they may contemplate.

سَاءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَأَنفُسَهُمْ كَانُوا يَظْلِمُونَ **(177)**

ترجمہ: مثال کے لحاظ سے وہ قوم بہت ہی بری ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور (درحقیقت) وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہےo

As an example, they were an extremely bad community who belied Our Revelations! (In fact) they persistently wronged their own souls.

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا مَا بِصَاحِبِهِم مِّن جِنَّةٍ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ**(184)**

ترجمہ: کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ انہیں (اپنی) صحبت کے شرف سے نوازنے والے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جنون سے کوئی علاقہ نہیں، وہ تو (نافرمانوں کو) صرف واضح ڈر سنانے والے ہیںo

Have they not reflected that the Messenger (blessings and peace be upon him), who honours them with (his) companionship, has not contracted any mania? He is only a plain Warner (to the disobedient).

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَا تَأْتِيكُمْ إِلَّا بَغْتَةً يَسْأَلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ**(187)**

ترجمہ: یہ (کفار) آپ سے قیامت کی نسبت دریافت کرتے ہیں کہ اس کے قائم ہونے کا وقت کب ہے؟ فرما دیں کہ اس کا علم تو صرف میرے رب کے پاس ہے، اسے اپنے (مقررہ) وقت پر اس (اللہ) کے سوا کوئی ظاہر نہیں کرے گا۔ وہ آسمانوں اور زمین (کے رہنے والوں) پر (شدائد و مصائب کے خوف کے باعث) بوجھل (لگ رہی) ہے۔ وہ تم پر اچانک (حادثاتی طور پر) آجائے گی، یہ لوگ آپ سے (اس طرح) سوال کرتے ہیں گویا آپ اس کی کھوج میں لگے ہوئے ہیں، فرما دیں کہ اس کا علم تو محض اللہ کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتےo

These (disbelievers) ask you about the Last Hour: 'When will it take place?' Say: 'Knowledge of it rests with my Lord alone; none but He (Allah) will manifest it at its (appointed) time. It is (seemingly) heavy on (the inhabitants of) the heavens and the earth (due to the horror of its adversities and intensities). It will occur to you all of a sudden (accidentally).' They ask you (in such a manner) as if you are engaged in its pursuit! Say: 'Its knowledge is only with Allah, but most people do not know (this fact).'

قُل لَّا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعاً وَلَا ضَرّاً إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ وَلَوْ كُنتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ **(188)**

ترجمہ: آپ (ان سے یہ بھی) فرما دیجیے کہ میں اپنی ذات کے لیے کسی نفع اور نقصان کا خود مالک نہیں ہوں مگر (یہ کہ) جس قدر اللہ نے چاہا، اور (اسی طرح بغیر عطاءِ الٰہی کے) اگر میں خود غیب کا علم رکھتا تو میں اَز خود بہت سی بھلائی (اور فتوحات) حاصل کر لیتا اور مجھے (کسی موقع پر) کوئی سختی (اور تکلیف بھی) نہ پہنچتی، میں تو (اپنے منصبِ رسالت کے باعث) فقط ڈر سنانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں ☆o

(Also) tell (them): 'I do not have any control over profit and loss for myself, except (that much) which Allah wills. And (in the same way) if I had the knowledge of the Unseen on my own (without Allah's bestowal), I would myself have managed abundant good fortune (and victories), and no hardship (and trouble on any occasion) would have touched me. (By virtue of my station as a Messenger) I am only a Warner and a Bearer of glad tidings for the believers.'* * The warnings and glad tidings also belong to the matters of the Unseen. Allah Almighty enlightens His Messenger (blessings and peace be upon him) on these matters. Without such information on the unseen, neither would the Prophethood be validated, nor could this duty be performed. So, in the glory of the Prophet (blessings and peace be upon him), it has been revealed: 'And this Messenger is not ungenerous in informing about the unseen.' (al-Takwir, 24:81). This Verse of the Holy Qur'an signifies that not being ungenerous in informing about the unseen is only possible if Allah has informed the Messenger (blessings and peace be upon him) of the knowledge and glad tidings of the unseen. On the contrary, if the knowledge of the unseen had not been imparted to the Messenger (blessings and peace be upon him) at all, informing about the unseen and not being ungenerous in this regard would have been meaningless. This denotes that the Messenger's being knowledgeable of the unseen has not been negated. The negation refers only to self-acquisition of control over profit and loss and knowledge of the Unseen because that is attributable only to Allah Most High.

خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ (199)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ درگزر فرمانا اختیار کریں، اور بھلائی کا حکم دیتے رہیں اور جاہلوں سے کنارہ کشی اختیار کر لیں o

(O Esteemed Beloved!) Adopt forbearance, always command piousness, and keep aloof from the ignorant.

وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ إِنَّهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (200)

ترجمہ: اور (اے انسان!) اگر شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ (ان امور کے خلاف) تجھے ابھارے تو اللہ سے پناہ طلب کیا کر، بے شک وہ سننے والا جاننے والا ہے o

And, (O man,) if some evil impulse from Satan provokes you (against these

matters), seek refuge with Allah. Undoubtedly, He is All-Hearing, All-Knowing.

وَإِذَا لَمْ تَأْتِهِم بِآيَةٍ قَالُواْ لَوْلاَ اجْتَبَيْتَهَا قُلْ إِنَّمَا أَتَّبِعُ مَا يِوحَى إِلَيَّ مِن رَّبِّيْ هَـذَا بَصَآئِرُ مِن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ **(203)**

ترجمہ: اور جب آپ ان کے پاس کوئی نشانی نہیں لاتے (تو) وہ کہتے ہیں کہ آپ اسے اپنی طرف سے وضع کر کے کیوں نہیں لائے؟ فرما دیں: میں تو محض اس (حکم) کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب کی جانب سے میری طرف وحی کیا جاتا ہے یہ (قرآن) تمہارے رب کی طرف سے دلائل قطعیہ (کا مجموعہ) ہے اور ہدایت و رحمت ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیںo

And when you do not bring them any sign, (then) they say: 'Why have you not brought it contriving yourself?' Say: 'I just follow that (command) which is revealed to me from my Lord. This (Qur'an) is a (collection) of conclusive proofs and guidance and mercy from your Lord for those who believe.'

وَإِذَا قُرِءَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُواْ لَهُ وَأَنصِتُواْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ **(204)**

ترجمہ: اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے توجہ سے سنا کرو اور خاموش رہا کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائےo

And when the Qur'an is recited, listen to it attentively, and observe silence so that mercy may be bestowed upon you.

سورۃ الانفال:

كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِن بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقاً مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكَارِهُونَ**(5)**

ترجمہ: (اے حبیب!) جس طرح آپ کا رب آپ کو آپ کے گھر سے حق کے (عظیم مقصد) کے ساتھ (جہاد کے لیے) باہر نکال لایا حالاں کہ مسلمانوں کا ایک گروہ (اس پر) ناخوش تھاo

(O Beloved!) As your Lord brought you forth from your home (to fight) for (the great cause of) truth, whilst a section of the believers was unhappy (about it),

يُجَادِلُونَكَ فِيْ الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنظُرُونَ **(6)**

ترجمہ: وہ آپ سے امرِ حق میں (اس بشارت کے) ظاہر ہو جانے کے بعد بھی جھگڑنے لگے (کہ اللہ کی نصرت آئے گی اور لشکرِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح نصیب ہوگی) گویا وہ موت کی طرف ہانکے جا رہے ہیں اور وہ (موت کو آنکھوں سے) دیکھ رہے ہیںo

They started disputing with you about the cause of truth even after disclosure (of the good news that help from Allah would arrive, and the forces of Muhammad [blessings and peace be upon him] would triumph), as if they were being driven towards death and could see (death with their eyes).

وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللّهُ إِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّهُ أَن يُحِقَّ الحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِيْنَ **(7)**

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کرو) جب اللہ نے تم سے (کفارِ مکہ کے) دو گروہوں میں سے ایک پر غلبہ و فتح کا وعدہ فرمایا تھا کہ وہ یقیناً

تمہارے لیے ہے اور تم یہ چاہتے تھے کہ غیر مسلح (کمزور گروہ) تمہارے ہاتھ آجائے اور اللہ یہ چاہتا تھا کہ اپنے کلام سے حق کو حق ثابت فرما دے اور (دشمنوں کے بڑے مسلح لشکر پر مسلمانوں کی فتح یابی کی صورت میں) کافروں کی (قوت اور شان و شوکت کے) جڑ کاٹ دےo

And (recall the time) when Allah promised you that dominance and victory over one of the two groups (of the disbelievers of Mecca) would certainly be yours. And you desired that (the group) without weapons (the weaker one) should fall into your hands, but Allah willed to establish the truth by His Words and cut off the roots of the disbelievers (i.e., their might and splendour through the Muslims' victory over the enemy's bigger and well-equipped troops),

إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلآئِكَةِ مُرْدِفِينَ (9)

ترجمہ: (وہ وقت یاد کرو) جب تم اپنے رب سے (مدد کے لیے) فریاد کر رہے تھے تو اس نے تمہاری فریاد قبول فرمالی (اور فرمایا) کہ میں ایک ہزار پے در پے آنے والے فرشتوں کے ذریعے تمہاری مدد کرنے والا ہوں o

(Remember) when you were supplicating your Lord (for support) and He granted your supplication (and said:) 'I am going to help you with a thousand angels coming in succession.'

وَمَا جَعَلَهُ اللّهُ إِلاَّ بُشْرَى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ إِلاَّ مِنْ عِندِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (10)

ترجمہ: اور اس (مدد کی صورت) کو اللہ نے محض بشارت بنایا (تھا) اور (یہ) اس لیے کہ اس سے تمہارے دل مطمئن ہو جائیں اور (حقیقت میں تو) اللہ کی بارگاہ سے مدد کے سوا کوئی (اور) مدد نہیں، بے شک اللہ (ہی) غالب حکمت والا ہےo

And Allah made this (form of help) merely good news in order that your hearts are reassured thereby. And (in truth) there is no (other) help except the help from Allah. Indeed, Allah alone is Almighty, Most Wise.

إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلآئِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُواْ الَّذِينَ آمَنُواْ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُواْ الرَّعْبَ فَاضْرِبُواْ فَوْقَ الأَعْنَاقِ وَاضْرِبُواْ مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ (12)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم! اپنے اعزاز کا وہ منظر بھی یاد کیجیے) جب آپ کے رب نے (غزوۂ بدر کے موقع پر) فرشتوں کو پیغام بھیجا کہ (اَصحابِ رسول کی مدد کے لیے) میں (بھی) تمہارے ساتھ ہوں، سو تم (بشارت و نصرت کے ذریعے) ایمان والوں کو ثابت قدم رکھو، میں ابھی (جنگ جُو) کافروں کے دلوں میں (لشکرِ محمدی کا) رعب و ہیبت ڈالے دیتا ہوں، سو تم (غزوۂ بدر کے دوران جارح کافروں کی) گردنوں کے اوپر سے ضرب لگانا اور (ان کی سازشوں اور جنگی حربوں کے جواب میں) ان کے ایک ایک جوڑ کو توڑ دینا o

(O Esteemed Beloved! Also recall the majestic sight of your glory) when (on the occasion of the battle of Badr) your Lord revealed to the angels the message: 'I am (also) with you (to support the Companions of the Messenger). So, keep the believers firm-footed and steadfast (by good news and support); I

will cast awesomeness (of Muhammad's [blessings and peace be upon him] forces) into the hearts of the (warring) disbelievers right now. So, strike at the nape of (the aggressing disbelievers') necks and crush all their tendons and joints (during the battle of Badr, in response to their manoeuvres and war strategy against you).'

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ شَآقُّواْ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَمَن يُشَاقِقِ اللّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (13)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کی، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کرے تو بے شک اللہ (اسے) سخت عذاب دینے والا ہےo

That is because they defied Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). And he who defies Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), then surely Allah will seize (him) with severe torment.

فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَـكِنَّ اللّهَ قَتَلَهُمْ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَـكِنَّ اللّهَ رَمَى وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلاء حَسَناً إِنَّ اللّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (17)

ترجمہ: (اے سپاہیانِ لشکرِ اسلام!) ان (جارِح) کافروں کو تم نے قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے انہیں قتل کر دیا، اور (اے حبیبِ محتشم!) جب آپ نے (ان پر سنگ ریزے) مارے تھے (وہ) آپ نے نہیں مارے تھے بلکہ (وہ تو) اللہ نے مارے تھے، اور یہ (اس لیے) کہ وہ اہلِ ایمان کو اپنی طرف سے اچھے انعامات سے نوازے، بے شک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

(O soldiers of the Army of Islam!) It is not you who killed the (aggressing) disbelievers (who initiated war against you) but it is Allah Who killed them, and, (O Glorious Beloved,) when you smote (them with pebbles), it was not you who smote them, but Allah smote, (so) that He confers upon the believers great favours from Him. Allah is indeed All-Hearing, All-Knowing.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اسْتَجِيبُواْ لِلّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُم لِمَا يُحْيِيكُمْ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ وَأَنَّهُ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (24)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب (بھی) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں کسی کام کے لیے بلائیں جو تمہیں (جاودانی) زندگی عطا کرتا ہے تو اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، دونوں) کی طرف فرمانبرداری کے ساتھ جواب دیتے ہوئے (فوراً) حاضر ہو جایا کرو؛ اور جان لو کہ اللہ آدمی اور اس کے قلب کے درمیان (شانِ قربتِ خاصہ کے ساتھ) حائل ہوتا ہے اور یہ کہ تم سب (بالآخر) اسی کی طرف جمع کیے جاؤ گےo

O Believers! Present yourselves (immediately) responding to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) with submissiveness and obedience whenever He calls you for some assignment that brings you (eternal) life. And bear in mind that Allah intervenes between man and his heart (with a Glory of exclusive nearness), and that all of you will (ultimately) be gathered towards Him.

وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ أَوْ يَقْتُلُوْكَ أَوْ يُخْرِجُوْكَ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ (30)

ترجمہ: اور جب کافر لوگ آپ کے خلاف خفیہ سازشیں کر رہے تھے کہ وہ آپ کو قید کر دیں یا آپ کو قتل کر ڈالیں یا آپ کو (وطن سے) نکال دیں، اور (اِدھر) وہ سازشی منصوبے بنا رہے تھے اور (اُدھر) اللہ (ان کے مکر کے ردّ کے لیے اپنی) تدبیر فرما رہا تھا، اور اللہ سب سے بہتر مخفی تدبیر فرمانے والا ہے o

And when the disbelievers were engaged in hatching conspiracies against you to captivate you or slay you or banish you (from the country on the one side), they were plotting intrigues, and (on the other) Allah was planning His strategy (to thwart their intrigues). And Allah is the Best of the secret planners.

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ (33)

ترجمہ: اور (درحقیقت بات یہ ہے کہ) اللہ کی یہ شان نہیں کہ ان پر عذاب فرمائے درآنحالیکہ (اے حبیبِ مکرم!) آپ بھی ان میں (موجود) ہوں، اور نہ ہی اللہ ایسی حالت میں ان پر عذاب فرمانے والا ہے کہ وہ (اس سے) مغفرت طلب کر رہے ہوں o

And, (in truth, the matter is that) it is not Allah's Glory to torment them, whilst you (O Venerable Beloved) are also (present) amongst them. Nor would Allah torment them whilst they are engaged in supplicating Him for forgiveness.

وَاعْلَمُوْا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتَامٰى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ إِنْ كُنْتُمْ آمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (41)

ترجمہ: اور جان لو کہ جو کچھ مالِ غنیمت تم نے پایا ہو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لیے اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں کے لیے (ہے) اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہے۔ اگر تم اللہ پر اور اس (وحی) پر ایمان لائے ہو جو ہم نے اپنے (برگزیدہ) بندے پر (حق و باطل کے درمیان) فیصلے کے دن نازل فرمائی وہ دن (جب میدانِ بدر میں مومنوں اور کافروں کے) دونوں لشکر باہم مقابل ہوئے تھے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے o

And bear in mind that whatever spoils of war you seize, a fifth of it is for Allah and the Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) kindred and orphans and the needy and the wayfarers, if you believe in Allah, and in that (Revelation) which We sent down on Our (exalted) Servant on the Day of Decision (i.e., discrimination between the truth and falsehood), the day (when) the two armies (of the believers and the disbelievers) encountered (in the battlefield of Badr). And Allah has absolute power over everything.

إِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا وَلَوْ أَرَاكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ إِنَّهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (43)

ترجمہ: (وہ واقعہ یاد دلائیے) جب آپ کو اللہ نے آپ کے خواب میں ان کافروں (کے لشکر) کو تھوڑا کر کے دکھایا تھا اور اگر (اللہ) آپ کو وہ زیادہ کر کے دکھاتا تو (اے مسلمانو!) تم ہمت ہار جاتے اور تم یقیناً اس (جنگ کے) معاملے میں باہم جھگڑنے لگتے لیکن اللہ نے (مسلمانوں کو بزدلی اور باہمی نزاع سے) بچا لیا۔ بے شک وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو خوب جاننے والا ہے o

(Recall) when Allah showed you in your dream (the army of) the disbelievers as small in number. And if He (Allah) had shown (them) to you as greater in number, then, (O Muslims,) you would have felt dispirited, and would have certainly disputed amongst yourselves on the question (of war). But Allah saved the Muslims (from timidity and mutual discord). Indeed, He is Well Aware of the (secrets of) hearts.

وَإِذْ يُرِيكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيٓ أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا وَيُقَلِّلُكُمْ فِيٓ أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ (44)

ترجمہ: اور (وہ منظر بھی انہیں یاد دلایئے) جب اس نے ان کافروں (کی فوج) کو باہم مقابلہ کے وقت (بھی محض) تمہاری آنکھوں میں تمہیں تھوڑا کر کے دکھایا اور تمہیں ان کی آنکھوں میں تھوڑا دکھلایا (تاکہ دونوں لشکر لڑائی میں مستعد رہیں) یہ اس لیے کہ اللہ اس (بھرپور جنگ کے نتیجے میں کفار کی شکستِ فاش کے) امر کو پورا کر دے جو (عنداللہ) مقرر ہو چکا تھا، اور (بالآخر) اللہ ہی کی طرف تمام کام لوٹائے جاتے ہیںo

And (also remind them of the sight) when He, at the time of encounter (as well), made (the troops of) the disbelievers appear small (just) in your eyes and made you appear small in their eyes (so that both the armies might remain in a heightened state of alert) in order that Allah leads to completion (the total defeat of disbelievers resulting from the full-fledged war) preordained (by Allah). And (eventually) all matters are returned to Allah alone.

وَأَطِيعُواْ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُواْ فَتَفْشَلُواْ وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ وَاصْبِرُواْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِينَ (46)

ترجمہ: اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو اور آپس میں جھگڑا مت کرو ورنہ (متفرق اور کمزور ہو کر) بزدل ہو جاؤ گے اور (دشمنوں کے سامنے) تمہاری ہوا (یعنی قوت) اکھڑ جائے گی اور صبر کرو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہےo

And obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and do not quarrel amongst yourselves lest (growing disunited and weak) you become timid and your impact (i.e., power) loses ground (before your enemy). So be steadfast. Surely, Allah is with those who are steadfast.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (64)

ترجمہ: اے نبی (معظّم!) آپ کے لیے اللہ کافی ہے اور وہ مسلمان جنہوں نے آپ کی پیروی اختیار کر لیo

O (Glorious) Messenger! Sufficient for you is Allah and those Muslims who have committed themselves to follow in your footsteps.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى الْقِتَالِ إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُواْ مِئَتَيْنِ وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّئَةٌ يَغْلِبُواْ أَلْفاً مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ (65)

ترجمہ: اے نبی (مکرّم!) آپ ایمان والوں کو (ظلم اور جبر و بربریت جاری رکھنے والوں کے خلاف) جہاد کی ترغیب دیں، اگر تم

میں سے (جنگ میں) بیس (20) ثابت قدم رہنے والے ہوں تو وہ دوسو (200 جنگ جُو کفار) پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں سے (ایک) سو (ثابت قدم) ہوں گے تو (جارِح) کافروں میں سے (ایک) ہزار پر غالب آئیں گے اِس وجہ سے کہ وہ (اُلوہی رازوں کی) سمجھ نہیں رکھتے o

O (Venerable) Messenger! Motivate the believers to fight (against those who are continuously committing injustice, oppression and barbarity). If there are twenty of you firm and steadfast (in the event of war), they will overpower two hundred (combating disbelievers), and if (one) hundred of you are (steadfast), they will overpower (one) thousand of the (invading) disbelievers because they do not understand (the divine secrets).

الآنَ خَفَّفَ اللّهُ عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفاً فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّئَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُواْ مِئَتَيْنِ وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُواْ أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللّهِ وَاللّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ (66)

ترجمہ: اب اللہ نے تم سے (اپنے حکم کا بوجھ) ہلکا کر دیا اسے معلوم ہے کہ تم میں (کسی قدر) کمزوری ہے سو (اب تخفیف کے بعد حکم یہ ہے کہ) اگر تم میں سے (ایک) سو (آدمی) ثابت قدم رہنے والے ہوں (تو) وہ دوسو (کفار) پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں سے (ایک) ہزار ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار (کافروں) پر غالب آئیں گے، اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (یہ مومنوں کے لیے ہدف ہے کہ میدانِ جہاد میں ان کے جذبۂ ایمانی کا اثر کم سے کم یہ ہونا چاہیئے) o

Allah has, at present, lightened the burden (of His commandment) on you. He knows that there is (some degree of) weakness in you. So (now after mitigation the command is) that if there are (one) hundred resolute and steadfast (men) from amongst you, they will overpower two hundred (combating disbelievers). And if there are (one) thousand of you, they will triumph over two thousand (disbelievers) by the command of Allah, and Allah is with those who remain steadfast. (This is the target fixed for the believers which should be the minimum possible effect of the vehemence of their faith in the battlefield.)

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن يَكُونَ لَهُ أَسْرَى حَتَّى يُثْخِنَ فِي الأَرْضِ تُرِيْدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللّهُ يُرِيْدُ الآخِرَةَ وَاللّهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (67)

ترجمہ: کسی نبی کو یہ سزاوار نہیں کہ اس کے لیے (کافر) قیدی ہوں جب تک کہ وہ زمین میں ان (فتنہ پرور اور دہشت گرد محاربین) کا اچھی طرح خون نہ بہالے۔ تم لوگ دنیا کا مال و اسباب چاہتے ہو، اور اللہ آخرت (کی بھلائی) چاہتا ہے، اور اللہ خوب غالب حکمت والا ہے o

It is not for a Prophet that he should have (disbelievers as) prisoners of war, until he has let much of the blood of these (mischief-monger terrorist militants) in the land. You (people) desire the riches of the world, and Allah intends (prosperity in) the Hereafter, and Allah is Almighty, Most Wise.

لَّوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (68)

ترجمہ: اگر اللہ کی طرف سے پہلے ہی (معافی کا حکم) لکھا ہوا نہ ہوتا تو یقیناً تم کو اس (مال فدیہ کے بارے) میں جو تم نے (بدر کے قیدیوں سے) حاصل کیا تھا بڑا عذاب پہنچتا o

Had there not been a prior decree (i.e., command for forgiveness) from Allah, a terrible torment would indeed have seized you for (the ransom) that you procured (from the prisoners of Badr).

يَـا أَيُّهَـا النَّبِيُّ قُل لِّمَن فِيْ أَيْدِيْكُم مِّنَ الْأَسْرَى إِن يَعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ قُلُوبِكُمْ خَيْراً يُؤْتِكُمْ خَيْراً مِّمَّا أُخِذَ مِنكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (70)

ترجمہ: اے نبی! آپ ان سے جو آپ کے ہاتھوں میں قیدی ہیں فرما دیجیے: اگر اللہ نے تمہارے دلوں میں بھلائی جان لی تو تمہیں اس (مال) سے بہتر عطا فرمائے گا جو (فدیہ میں) تم سے لیا جا چکا ہے اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے o

O Messenger! Say to the prisoners of war who are in your hands: 'If Allah knows any good in your hearts, He will bestow on you better than that (wealth) which has been taken from you (as ransom), and He will forgive you.' And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَإِن يُرِيْدُواْ خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُواْ اللّٰهَ مِن قَبْلُ فَأَمْكَنَ مِنْهُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (71)

ترجمہ: اور (اے محبوب!) اگر وہ آپ سے خیانت کرنا چاہیں تو یقیناً وہ اس سے قبل (بھی) اللہ سے خیانت کر چکے ہیں سو (اسی وجہ سے) اس نے ان میں سے بعض کو (آپ کی) قدرت میں دے دیا، اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے o

And (O Beloved) if they want to betray you, they have certainly betrayed Allah before this (as well). And (for the same reason) He has placed some of them under (your) authority. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

سورۃ التوبۃ:

أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْماً نَّكَثُواْ أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّواْ بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُم بَدَؤُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ أَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللّٰهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَوْهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِيْنَ(13)

ترجمہ: کیا تم ایسی (دغا باز) قوم سے جنگ نہیں کرو گے جنہوں نے اپنی قسمیں توڑ ڈالیں (یعنی معاہدۂ امن توڑ کر حالتِ جنگ بحال کر دی) اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جلا وطن کرنے کا اِرادہ کیا اور انہوں نے تم سے (عہد شکنی اور جنگ کی) ابتداء پہلے کی، کیا تم ان سے ڈرتے ہو جب کہ اللہ زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو بشرطیکہ تم (حقیقی) مومن ہو o

Will you not fight a people who broke their oaths (violating the peace treaty and restoring the state of war), and decided to banish the Messenger (blessings and peace be upon him) whilst the first time it is they who initiated war against you? Do you fear them? But Allah has more right that you should fear Him, provided you are believers.

قُلْ إِن كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَآؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُم مِّنَ اللّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُواْ حَتَّى يَأْتِيَ اللّهُ بِأَمْرِهِ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ (24)

ترجمہ: (اے نبی مکرم!) آپ فرما دیں: اگر تمہارے باپ (دادا) اور تمہارے بیٹے (بیٹیاں) اور تمہارے بھائی (بہنیں) اور تمہاری بیویاں اور تمہارے (دیگر) رشتہ دار اور تمہارے اموال جو تم نے (محنت سے) کمائے اور تجارت و کاروبار جس کے نقصان سے تم ڈرتے رہتے ہو اور وہ مکانات جنہیں تم پسند کرتے ہو، تمہارے نزدیک اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اس کی راہ میں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں تو پھر انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم (عذاب) لے آئے، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا o

(O Esteemed Messenger!) Say: 'If your fathers (and forefathers) and your sons (and daughters) and your brothers (and sisters) and your wives and your (other) kith and kin and the riches that you have earned (so hard) and the trade and business that you fear may decline and the homes you are fond of are dearer to you than Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and struggling in His cause, then wait until Allah brings His command (of torment). And Allah does not guide the disobedient.'

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ (33)

ترجمہ: وہی (اللہ) ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہر دین (والے) پر غالب کر دے اگرچہ مشرکین کو برا لگے o

Allah is He Who sent His Messenger (blessings and peace be upon him) with guidance and the Din (Religion) of truth to make him (the Messenger) dominant over every (other exponent of) Din (Religion), though much to the dislike of the polytheists.

إِلاَّ تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُواْ ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لاَ تَحْزَنْ إِنَّ اللّهَ مَعَنَا فَأَنزَلَ اللّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُواْ السُّفْلَى وَكَلِمَةُ اللّهِ هِيَ الْعُلْيَا وَاللّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ(40)

ترجمہ: اگر تم ان کی (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلبۂ اسلام کی جدوجہد میں) مدد نہ کرو گے (تو کیا ہوا) سو بے شک اللہ نے ان کو (اس وقت بھی) مدد سے نوازا تھا جب کافروں نے انہیں (وطنِ مکہ سے) نکال دیا تھا درآنحالیکہ وہ دو (ہجرت کرنے والوں) میں سے دوسرے تھے جبکہ دونوں (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) غارِ (ثور) میں تھے جب وہ اپنے ساتھی (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) سے فرما رہے تھے: غمزدہ نہ ہو بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے، پس اللہ نے ان پر اپنی تسکین نازل فرما دی اور انہیں (فرشتوں کے) ایسے لشکروں کے ذریعہ قوت بخشی جنہیں تم نہ دیکھ سکے اور اس نے کافروں کی بات کو پست و فروتر کر دیا، اور اللہ کا فرمان تو (ہمیشہ) بلند و بالا ہی ہے، اور اللہ غالب، حکمت والا ہے o

If you do not help him (the Holy Messenger of Allah in the struggle for the

dominance of Islam, then what!). Indeed, Allah helped him (also at the time) when the disbelievers drove him away (from Mecca, his homeland,) whilst he was the second of the two (emigrants). Both (the Messenger [blessings and peace be upon him] and Abu Bakr) were in the cave (of Mount Thawr) when he said to his Companion (Abu Bakr): 'Do not grieve. Allah is surely with us.' So, Allah sent down His serenity upon him, and strengthened him by means of such armies (of angels) that you could not see, and He made the word of the disbelievers the lowermost, and Allah's Word is (always) the uppermost and exalted. And Allah is Almighty, Most Wise.

عَفَا اللّٰهُ عَنكَ لِمَ أَذِنتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُواْ وَتَعْلَمَ الْكَاذِبِيْنَ **(43)**

ترجمہ: اللہ آپ کو سلامت (اور باعزت وعافیت) رکھے، آپ نے انہیں رخصت (ہی) کیوں دی (کہ وہ شریکِ جنگ نہ ہوں) یہاں تک کہ وہ لوگ (بھی) آپ کے لیے ظاہر ہو جاتے جو سچ بول رہے تھے اور آپ جھوٹ بولنے والوں کو (بھی) معلوم فرما لیتےo

Allah safeguard (protect and exalt) you! Why did you permit them (not to participate in war), till those who were speaking the truth would be known to you and you would (also) know the liars?

قُل لَّن يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ **(51)**

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ فرما دیجیے کہ ہمیں ہرگز (کچھ) نہیں پہنچے گا مگر وہی کچھ جو اللہ نے ہمارے لیے لکھ دیا ہے، وہی ہمارا کارساز ہے اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ کرنا چاہیےo

(O Beloved!) Say: 'Never shall (anything) befall us but what Allah has decreed for us; He alone is our Protector. And in Allah alone the believers should put their trust.'

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُونَ بِنَا إِلَّا إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ أَن يُصِيبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِندِهِ أَوْ بِأَيْدِينَا فَتَرَبَّصُواْ إِنَّا مَعَكُم مُّتَرَبِّصُونَ **(52)**

ترجمہ: آپ فرما دیں: کیا تم ہمارے حق میں دو بھلائیوں (یعنی فتح اور شہادت) میں سے ایک ہی کا انتظار کر رہے ہو (کہ ہم شہید ہوتے ہیں یا غازی بن کر لوٹتے ہیں)؟ اور ہم تمہارے حق میں (تمہاری منافقت کے باعث) اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ اللہ اپنی بارگاہ سے تمہیں (خصوصی) عذاب پہنچاتا ہے یا ہمارے ہاتھوں سے۔ سو تم (بھی) انتظار کرو ہم (بھی) تمہارے ساتھ منتظر ہیں (کہ کس کا انتظار نتیجہ خیز ہے)o

Say: 'Are you simply waiting for one of the two good fortunes in our favour (i.e., victory or martyrdom: whether we are martyred or return victorious)? And we are waiting in your favour (in view of your hypocrisy) to see Allah afflict you with a (special) torment either from Himself or at our hands. So wait. We (too) are waiting with you (to see whose wait proves productive).'

فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ (55)

ترجمہ: سو آپ کو نہ (تو) ان کے اموال تعجب میں ڈالیں اور نہ ہی ان کی اولاد۔ بس اللہ تو یہ چاہتا ہے کہ انہیں انہی (چیزوں) کی وجہ سے دنیوی زندگی میں عذاب دے اور ان کی جانیں اس حال میں نکلیں کہ وہ کافر ہوں o

So neither their wealth nor their children should amaze you. It is for these (things) only that Allah intends to punish them in the life of this world and that their souls may depart whilst they are in a state of disbelief.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (73)

ترجمہ: اے نبی (معظم!) آپ (اِسلام دشمنی پر کارفرما) کافروں اور منافقوں سے جہاد کریں اور (اَمن دشمنی، فساد انگیزی اور جارحیت کے اِرتکاب کی وجہ سے) ان پر سختی کریں، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ برا ٹھکانا ہے o

O (Glorious) Messenger! Fight against the disbelievers and the hypocrites, and treat them harshly (for violating peace, creating disorder and committing militancy and aggression). And Hell is their abode and that is an evil abode.

اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِن تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَن يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُواْ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ (80)

ترجمہ: آپ خواہ ان (بدبخت، گستاخ اور آپ کی شان میں طعنہ زنی کرنے والے منافقوں) کے لیے بخشش طلب کریں یا ان کے لیے بخشش طلب نہ کریں، اگر آپ (اپنی طبعی شفقت اور عفو و درگزر کی عادتِ کریمانہ کے پیشِ نظر) ان کے لیے ستر مرتبہ بھی بخشش طلب کریں تو بھی اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا، یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ کفر کیا ہے، اور اللہ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

Whether or not you seek forgiveness for these (wicked and arrogant hypocrites who dare scoff at Your Eminence), if you implore forgiveness for them seventy times (out of your natural compassion and your benevolent practice of forgiving and forbearing), even then Allah will not forgive them at all because they have rejected Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and Allah does not guide the rebels.

فَرِحَ الْمُخَلَّفُونَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُولِ اللّٰهِ وَكَرِهُواْ أَن يُجَاهِدُواْ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَالُواْ لَا تَنفِرُواْ فِي الْحَرِّ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرّاً لَّوْ كَانُوا يَفْقَهُونَ (81)

ترجمہ: رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کے باعث (دفاعِ مدینہ کے لیے جہاد سے) پیچھے رہ جانے والے (یہ منافق) اپنے بیٹھ رہنے پر خوش ہو رہے ہیں وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کریں اور کہتے تھے کہ اس گرمی میں نہ نکلو۔ فرما دیجیے: دوزخ کی آگ سب سے زیادہ گرم ہے، اگر وہ سمجھتے ہوتے (تو کیا ہی اچھا ہوتا) o

(These hypocrites) who stayed back (from fighting for the defence of Medina) due to opposing Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) are rejoicing over their sitting behind. They disliked it that they should strive in the cause of Allah with their wealth and their lives and said: 'Do not move out in this heat.' Say: 'The Fire of Hell is far fiercer in heat.' (How good it would be) if they could only understand!

فَإِن رَّجَعَكَ اللّهُ إِلَى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ فَقُل لَّن تَخْرُجُواْ مَعِيَ أَبَداً وَلَن تُقَاتِلُواْ مَعِيَ عَدُوّاً إِنَّكُمْ رَضِيتُم بِالْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُواْ مَعَ الْخَالِفِينَ (83)

ترجمہ: پس (اے حبیب!) اگر اللہ آپ کو (غزوۂ تبوک سے فارغ ہونے کے بعد) ان (منافقین) میں سے کسی گروہ کی طرف دوبارہ واپس لے جائے اور وہ آپ سے (آئندہ کسی اور غزوہ کے موقع پر جہاد کے لیے) نکلنے کی اجازت چاہیں تو ان سے فرما دیجیے گا کہ (اب) تم میرے ساتھ کبھی بھی ہرگز نہ نکلنا اور تم میرے ساتھ ہو کر کبھی بھی ہرگز دشمن سے جنگ نہ کرنا (کیونکہ) تم پہلی مرتبہ (جہاد چھوڑ کر) پیچھے بیٹھے رہنے سے خوش ہوئے تھے سو (اب بھی) پیچھے بیٹھے رہ جانے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو o

So, (O Beloved,) if Allah again takes you back to a party of these (hypocrites, when you are free from the battle of Tabuk,) and they seek your permission to go forth (to fight in the event of a future conflict), then say to them: '(Now) you shall never go forth with me, nor shall you ever accompany me to fight an enemy (because, abandoning the sacred struggle,) you rejoiced over sitting behind the first time. So, (this time as well,) stay behind along with those who remain behind.'

وَلاَ تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِّنْهُم مَّاتَ أَبَداً وَلاَ تَقُمْ عَلَىَ قَبْرِهِ إِنَّهُمْ كَفَرُواْ بِاللّهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُواْ وَهُمْ فَاسِقُونَ (84)

ترجمہ: اور آپ کبھی بھی ان (منافقوں) میں سے جو کوئی مر جائے اس (کے جنازے) پر نماز نہ پڑھیں اور نہ ہی آپ اس کی قبر پر کھڑے ہوں (کیونکہ آپ کا کسی جگہ قدم رکھنا بھی رحمت و برکت کا باعث ہوتا ہے اور یہ آپ کی رحمت و برکت کے حق دار نہیں ہیں)۔ بے شک انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ کفر کیا اور وہ نافرمان ہونے کی حالت میں ہی مر گئے o

And never perform (funeral) Prayer over any of these (hypocrites) who dies, nor stand at his grave (because your stepping on some place also brings about mercy and blessings, and they do not deserve your mercy and blessing). Indeed, they disbelieved in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and died in a state of defiance.

وَلاَ تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلاَدُهُمْ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّهُ أَن يُعَذِّبَهُم بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ (85)

ترجمہ: اور ان کے مال اور ان کی اولاد آپ کو تعجب میں نہ ڈالیں۔ اللہ فقط یہ چاہتا ہے کہ ان چیزوں کے ذریعے انہیں دنیا میں (بھی) عذاب دے اور ان کی جانیں اس حال میں نکلیں کہ وہ کافر (ہی) ہوں o

Let not their riches and their progeny make you wonder. Allah wants only to torment them in this world (too) by means of these things, and that their souls may depart whilst they are (still) disbelievers.

وَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ أَنْ آمِنُواْ بِاللّهِ وَجَاهِدُواْ مَعَ رَسُولِهِ اسْتَأْذَنَكَ أُوْلُواْ الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُواْ ذَرْنَا نَكُن مَّعَ الْقَاعِدِيْنَ(86)

ترجمہ: اور جب کوئی (ایسی) سورت نازل کی جاتی ہے کہ تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت میں جہاد کرو تو ان میں سے دولت اور طاقت والے لوگ آپ سے رخصت چاہتے ہیں اور کہتے ہیں: آپ ہمیں چھوڑ دیں ہم (پیچھے) بیٹھے رہنے والوں کے ساتھ ہو جائیں o

And when (such) a Sura (Chapter) is revealed: 'Believe in Allah and fight in the cause of Allah along with His Messenger (blessings and peace be upon him),' the affluent and the influential amongst them seek leave from you and say: 'Leave us. We shall remain with those who sit (behind).'

لَـكِنِ الرَّسُولُ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ مَعَهُ جَاهَدُواْ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ وَأُوْلَـئِكَ لَهُمُ الْخَيْرَاتُ وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (88)

ترجمہ: لیکن رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہیں اور انہی لوگوں کے لیے سب بھلائیاں ہیں اور وہی لوگ مراد پانے والے ہیں o

But the Messenger (blessings and peace be upon him) and those who believed with him fight in the cause of Allah with their material and human resources. And for them are all good things, and they are the ones who will achieve their goal.

الأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْراً وَنِفَاقاً وَأَجْدَرُ أَلاَّ يَعْلَمُواْ حُدُودَ مَا أَنزَلَ اللّهُ عَلَى رَسُولِهِ وَاللّهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (97)

ترجمہ: (یہ) دیہاتی لوگ سخت کافر اور سخت منافق ہیں اور (اپنے کفر و نفاق کی شدت کے باعث) اسی قابل ہیں کہ وہ ان حدود و احکام سے جاہل رہیں جو اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل فرمائے ہیں، اور اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے o

(These) nomad villagers are unyielding disbelievers and incorrigible hypocrites. And (due to their stubbornness in disbelief and hypocrisy) they deserve to remain ignorant of those limits and commandments which Allah has sent down to His Messenger (blessings and peace be upon him). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

لاَ تَقُمْ فِيْهِ أَبَداً لَّمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَن تَقُومَ فِيْهِ فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ أَن يَتَطَهَّرُواْ وَاللّهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ (108)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ اس (مسجد کے نام پر بنائی گئی عمارت) میں کبھی بھی کھڑے نہ ہوں۔ البتہ وہ مسجد، جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقوٰی پر رکھی گئی ہے، حق دار ہے کہ آپ اس میں قیام فرما ہوں۔ اس میں ایسے لوگ ہیں جو (ظاہراً و باطناً) پاک رہنے کو

پسند کرتے ہیں، اور اللہ طہارت شعار لوگوں سے محبت فرماتا ہےo

(O Beloved!) Never stand in this (building which has been built in the name of a mosque). But the mosque which has been, from the very first day, founded on the fear of Allah has greater right to be honoured with your standing in it. There are people in it who love to remain purified (both physically and spiritually), and Allah loves those who commit themselves to purity.

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَن يَسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْا أُوْلِيْ قُرْبَى مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ **(113)**

ترجمہ: نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ایمان والوں کی شان کے لائق نہیں کہ مشرکوں کے لیے دعائے مغفرت کریں اگرچہ وہ قرابت دار ہی ہوں اس کے بعد کہ ان کے لیے واضح ہو چکا کہ وہ (مشرکین) اہلِ جہنم ہیںo

It is not the glory of the Prophet (blessings and peace be upon him) and the dignity of the believers that they pray for the forgiveness of the polytheists, even though they are kindred, after it has become clear to them that they (the polytheists) are the inmates of Hell.

لَقَد تَّابَ اللهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِن بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ إِنَّهُ بِهِمْ رَؤُوفٌ رَّحِيْمٌ**(117)**

ترجمہ: یقیناً اللہ نے نبی (معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر رحمت سے توجہ فرمائی اور ان مہاجرین اور انصار پر (بھی) جنہوں نے (غزوۂ تبوک کی) مشکل گھڑی میں (بھی) آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کی اس (صورتِ حال) کے بعد کہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک گروہ کے دل پھر جاتے، پھر وہ ان پر لطف و رحمت سے متوجہ ہوا، بے شک وہ ان پر نہایت شفیق، نہایت مہربان ہےo

Surely, Allah turned in His mercy towards the Prophet (blessings and peace be upon him) and (also) towards the Emigrants and the Helpers who followed him (even) in the hour of distress (of the battle of Tabuk), after (the situation emerged wherein) the hearts of a party of them had nearly deviated. Then He turned towards them with bestowal and mercy. Allah is indeed Most Compassionate and Ever-Merciful towards them.

مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُم مِّنَ الْأَعْرَابِ أَن يَتَخَلَّفُوْا عَن رَّسُوْلِ اللّهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِأَنفُسِهِمْ عَن نَّفْسِهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَلَا يَطَؤُوْنَ مَوْطِئاً يَغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُم بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ إِنَّ اللّهَ لَا يُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ **(120)**

ترجمہ: اہلِ مدینہ اور ان کے گرد و نواح کے (رہنے والے) دیہاتی لوگوں کے لیے مناسب نہ تھا کہ وہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے (الگ ہو کر) پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ ان کی جانِ (مبارک) سے زیادہ اپنی جانوں سے رغبت رکھیں، یہ (حکم) اس لیے ہے کہ انہیں اللہ کی راہ میں جو پیاس (بھی) لگتی ہے اور جو مشقت (بھی) پہنچتی ہے اور جو بھوک (بھی) لگتی ہے اور جو کسی

ایسی جگہ پر چلتے ہیں جہاں کا چلنا کافروں کو غضبناک کرتا ہے اور دشمن سے جو کچھ بھی پاتے ہیں (خواہ قتل اور زخم ہو یا مالِ غنیمت وغیرہ) مگر یہ کہ ہر ایک بات کے بدلہ میں ان کے لیے ایک نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کا اَجر ضائع نہیں فرماتا o

It was unbecoming the people of Medina and the villagers (inhabitants) of the suburbs to lag behind (stepping aside from) Allah's Messenger (blessings and peace be upon him), nor to feel for their own souls greater concern than his (blessed and sacred) soul. This (command) is because in the cause of Allah (whatever) thirst they suffer, (whatever) turmoil they undergo, (whatever) hunger they endure, and stepping on a track where treading rouses violent reaction amongst the disbelievers, and whatever they receive from the enemy (killing and injury or spoils of war): in recompense of everything is recorded a good deed to their credit. Surely, Allah does not waste the reward of the righteous.

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَؤُوفٌ رَّحِيمٌ **(128)**

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس تم میں سے (ایک باعظمت) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لائے۔ تمہارا تکلیف و مشقت میں پڑنا ان پر سخت گراں (گزرتا) ہے۔ (اے لوگو!) وہ تمہارے لیے (بھلائی اور ہدایت کے) بڑے طالب و آرزومند رہتے ہیں (اور) مومنوں کے لیے نہایت (ہی) شفیق بے حد رحم فرمانے والے ہیں o

Surely, a (Glorious) Messenger from amongst yourselves has come to you. Your suffering and distress (becomes) grievously heavy on him (blessings and peace be upon him). (O mankind,) he is ardently desirous of your (betterment and guidance. And) he is most (deeply) clement and merciful to the believers.

فَإِن تَوَلَّوْاْ فَقُلْ حَسْبِيَ اللّهُ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ**(129)**

ترجمہ: اگر (ان بے پناہ کرم نوازیوں کے باوجود) پھر (بھی) وہ روگردانی کریں تو فرما دیجیے: مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں اسی پر بھروسہ کیے ہوئے ہوں اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے o

If (in spite of all these favours and blessings) they (still) deviate, then say: 'Enough for me is Allah. There is no God but He. I have reposed my trust in Him alone, and He is the Lord of the Mighty Throne.'

سورۃ یونس:

أَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَباً أَنْ أَوْحَيْنَا إِلَى رَجُلٍ مِّنْهُمْ أَنْ أَنذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِينَ آمَنُواْ أَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِندَ رَبِّهِمْ قَالَ الْكَافِرُونَ إِنَّ هَـذَا لَسَاحِرٌ مُّبِينٌ **(2)**

ترجمہ: کیا یہ بات لوگوں کے لیے تعجب خیز ہے کہ ہم نے انہی میں سے ایک مردِ (کامل) کی طرف وحی بھیجی کہ آپ (بھولے بھٹکے ہوئے) لوگوں کو (عذابِ الٰہی کا) ڈر سنائیں اور ایمان والوں کو خوشخبری سنائیں کہ ان کے لیے ان کے رب کی بارگاہ میں بلند پایہ (یعنی اونچا مرتبہ) ہے، کافر کہنے لگے: بے شک یہ شخص تو کھلا جادوگر ہے o

Is it amazing for the people that We sent down Revelation to a (perfect) man from amongst themselves: 'Warn (the disoriented and distracted) people (of Allah's torment), and give glad tidings to the believers that there is high rank (i.e., exalted status) for them in the presence of their Lord'? The disbelievers said: 'Indeed, this person is an evident magician.'

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَـذَا أَوْ بَدِّلْهُ قُلْ مَا يَكُونُ لِيَ أَنْ أُبَدِّلَهُ مِن تِلْقَاءِ نَفْسِيَ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ إِنِّيَ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (15)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو ہم سے ملاقات کی توقع نہیں رکھتے، کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کے سوا کوئی اور قرآن لے آیئے یا اسے بدل دیجیے، (اے نبیِ مکرّم!) فرما دیں: مجھے حق نہیں کہ میں اسے اپنی طرف سے بدل دوں، میں تو فقط جو میری طرف وحی کی جاتی ہے (اس کی) پیروی کرتا ہوں، اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بے شک میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوںo

And when Our enlightening Verses are recited to them, those who do not believe in meeting Us say: 'Bring us a Qur'an different from this one or alter it.' (O Glorious Messenger,) say: 'I have no right to modify it of my own accord. I follow only (that) which is revealed to me. Indeed, I fear the chastisement of the Mighty Day if I go against my Lord.'

قُل لَّوْ شَاءَ اللّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُم بِهِ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُراً مِّن قَبْلِهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (16)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر اللہ چاہتا تو نہ ہی میں اس (قرآن) کو تمہارے اوپر تلاوت کرتا اور نہ وہ (خود) تمہیں اس سے باخبر فرماتا، بے شک میں اس (قرآن کے اترنے) سے قبل (بھی) تمہارے اندر عمر (کا ایک حصہ) بسر کر چکا ہوں، سو کیا تم عقل نہیں رکھتےo

Say: 'Had Allah so willed, I would not have recited this (Qur'an) to you, nor would He (Himself) have made it known to you. I have indeed spent a (part of) life amongst you (even) before this (revelation of the Qur'an). So do you not understand?'

وَيَقُولُونَ لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ فَقُلْ إِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّهِ فَانتَظِرُواْ إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِينَ(20)

ترجمہ: اور وہ (اب اسی مہلت کی وجہ سے) کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ان کے رب کی طرف سے کوئی (فیصلہ کن) نشانی کیوں نازل نہیں کی گئی، آپ فرما دیجیے: غیب تو محض اللہ ہی کے لیے ہے، سو تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوںo

And (now) they say (because of the same respite): 'Why has some (decisive) sign not been sent down to this (Messenger [blessings and peace be upon him]) from his Lord?' Say: 'The unseen is for Allah alone. So wait. I too am with you amongst those who wait.'

قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ أَمَّن يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالأَبْصَارَ وَمَن يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيَّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَن يُدَبِّرُ الأَمْرَ فَسَيَقُولُونَ اللّهُ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ (31)

ترجمہ: آپ (ان سے) فرما دیجیے: تمہیں آسمان اور زمین (یعنی اوپر اور نیچے) سے رزق کون دیتا ہے، یا (تمہارے) کان اور آنکھوں (یعنی سماعت و بصارت) کا مالک کون ہے، اور زندہ کو مُردہ (یعنی جاندار کو بے جان) سے کون نکالتا ہے اور مُردہ کو زندہ (یعنی بے جان کو جاندار) سے کون نکالتا ہے، اور (نظام ہائے کائنات کی) تدبیر کون فرماتا ہے؟ سو وہ کہہ اٹھیں گے کہ اللہ، تو آپ فرمائیے: پھر کیا تم (اس سے) ڈرتے نہیں o

Say (to them): 'Who provides you with sustenance from the heaven and the earth (i.e., from above and beneath)? Or Who is the master of your ears and eyes (i.e., hearing and sight)? And Who brings forth the living from the dead (i.e., animate from inanimate) and Who brings forth the dead from the living (i.e., inanimate from animate)? And Who manages (all the cosmic systems)?' They will promptly say: 'Allah.' Then say: 'So do you not fear (Him)?'

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ قُلِ اللّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ (34)

ترجمہ: آپ (ان سے دریافت) فرمائیے کہ کیا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو تخلیق کی ابتداء کرے پھر (زندگی کے معدوم ہو جانے کے بعد) اسے دوبارہ لوٹائے؟ آپ فرما دیجیے کہ اللہ ہی (حیات کو عدم سے وجود میں لاتے ہوئے) آفرینش کا آغاز فرماتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ (بھی) فرمائے گا، پھر تم کہاں بھٹکتے پھرتے ہو o

Inquire (of them): 'Is there any of your (so-called) partner-gods that originates creation, then restores it (after the total annihilation of life)?' Say: 'Allah alone initiates creation (bringing life into existence from non-existence), then He is the One Who will repeat it (as well). So where are you wandering disoriented?'

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ قُلِ اللّهُ يَهْدِي لِلْحَقِّ أَفَمَن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ أَمَّن لَّا يَهِدِّي إِلَّا أَن يُهْدَى فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ (35)

ترجمہ: آپ (ان سے دریافت) فرمائیے: کیا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو حق کی طرف رہنمائی کر سکے، آپ فرما دیجیے کہ اللہ ہی (دینِ) حق کی ہدایت فرماتا ہے، تو کیا جو کوئی حق کی طرف ہدایت کرے وہ زیادہ حق دار ہے کہ اس کی فرمانبرداری کی جائے یا وہ جو خود ہی راستہ نہیں پاتا مگر یہ کہ اسے راستہ دکھایا جائے (یعنی اسے اٹھا کر ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا جائے جیسے کفار اپنے بتوں کو حسبِ ضرورت اٹھا کر لے جاتے) سو تمہیں کیا ہو گیا ہے، تم کیسے فیصلے کرتے ہو o

Inquire (of them): 'Is there any of your (so-called) partner-gods that may lead to the truth?' Say: 'Allah alone guides to the truth (Din [Religion]). Then who has greater right to be obeyed-He Who guides to the truth, or he who himself does not find the way unless he is shown the way? (i.e., it should be carried from one place to the other as the disbelievers used to carry their idols as and when required.) So what has gone wrong with you? How do you decide?'

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُواْ بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُواْ مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (38)

ترجمہ: کیا وہ کہتے ہیں کہ اسے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے خود گھڑ لیا ہے، آپ فرما دیجیے: پھر تم اس کی مثل کوئی (ایک)

سورت لے آؤ (اور اپنی مدد کے لیے) اللہ کے سوا جنہیں تم بلا سکتے ہو بلا لو اگر تم سچے ہوo

Do they say: 'The Messenger has fabricated it himself'? Say: 'Then bring forth any (one) Sura (chapter) like it, and call on (for your help) all you can besides Allah if you are truthful.'

بَلْ كَذَّبُواْ بِمَا لَمْ يُحِيطُواْ بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ كَذَلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ (39)

ترجمہ: بلکہ یہ اس (کلامِ الٰہی) کو جھٹلا رہے ہیں جس کے علم کا وہ احاطہ بھی نہیں کر سکے تھے اور ابھی اس کی حقیقت (بھی) ان کے سامنے کھل کر نہ آئی تھی۔ اسی طرح ان لوگوں نے بھی (حق کو) جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں سو آپ دیکھیں کہ ظالموں کا انجام کیسا ہواo

The truth is that they are denying that (Word of Allah) whose knowledge they failed to encompass, and its truth had (also) not yet manifested before them vividly. Those who have passed before them also denied (the truth) the same way. So see how the wrongdoers met their fate!

وَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل لِّي عَمَلِي وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ أَنتُم بَرِيئُونَ مِمَّا أَعْمَلُ وَأَنَاْ بَرِيءٌ مِّمَّا تَعْمَلُونَ (41)

ترجمہ: اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو فرما دیجیے کہ میرا عمل میرے لیے ہے اور تمہارا عمل تمہارے لیے، تم اس عمل سے بری الذمہ ہو جو میں کرتا ہوں اور میں ان اَعمال سے بری الذمہ ہوں جو تم کرتے ہوo

And if they belie you, then say: 'For me is my work and for you is your work. You are not accountable for what I do, and I am not accountable for what you do.'

وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّهُ شَهِيدٌ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ (46)

ترجمہ: اور خواہ ہم آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصہ (دنیا میں ہی) دکھا دیں جس کا ہم ان سے وعدہ کر رہے ہیں (اور ہم آپ کی حیاتِ مبارکہ میں ایسا کریں گے) یا (اس سے پہلے) ہم آپ کو وفات بخش دیں، تو انہیں (بہرصورت) ہماری ہی طرف لوٹنا ہے، پھر اللہ (خود) اس پر گواہ ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیںo

And whether We show you (in the world) some portion of that (torment) which We promise them (and We execute it during your blessed lifetime), or We make you depart this life (before that), they (in any case) are to return to Us. Then Allah (Himself) is witness to what they are doing.

قُل لاَّ أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرّاً وَلاَ نَفْعاً إِلاَّ مَا شَاء اللّهُ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ إِذَا جَاء أَجَلُهُمْ فَلاَ يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلاَ يَسْتَقْدِمُونَ (49)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں اپنی ذات کے لیے نہ کسی نقصان کا مالک ہوں اور نہ نفع کا، مگر جس قدر اللہ چاہے۔ ہر امت کے لیے ایک میعاد (مقرر) ہے، جب ان کی (مقررہ) میعاد آ پہنچتی ہے تو وہ نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیںo

Say: 'I am no master of any loss or profit for my own self except what Allah

may will. A term is (appointed) for every Umma (Community). When their (appointed) term comes, they can neither stay behind nor advance by a single moment.'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُهُ بَيَاتاً أَوْ نَهَاراً مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُونَ (50)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: (اے کافرو!) ذرا غور تو کرو اگر تم پر اس کا عذاب (ناگہاں) راتوں رات یا دن دہاڑے آ پہنچے (تو تم کیا کر لو گے؟) وہ کیا چیز ہے کہ مجرم لوگ اس سے جلدی چاہتے ہیں؟o

Say: '(O disbelievers,) just ponder: if His (torment) comes upon you (all of a sudden) by night or by day, (then what will you do)? What is it that the evildoers want in haste?

قُلْ بِفَضْلِ اللّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْيَفْرَحُواْ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ (58)

ترجمہ: فرما دیجیے: (یہ سب کچھ) اللہ کے فضل اور اس کی رحمت کے باعث ہے (جو بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے تم پر ہوا ہے) پس مسلمانوں کو چاہئے کہ اس پر خوشیاں منائیں، یہ اس (سارے مال و دولت) سے کہیں بہتر ہے جسے وہ جمع کرتے ہیںo

Say: '(All this) is due to the bounty and mercy of Allah (bestowed upon you through raising Muhammad [blessings and peace be upon him] as the exalted Messenger). So the Muslims should rejoice over it. This is far better than (all that affluence and wealth) that they amass.'

قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا أَنزَلَ اللّهُ لَكُم مِّن رِّزْقٍ فَجَعَلْتُم مِّنْهُ حَرَاماً وَحَلاَلاً قُلْ آللّهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى اللّهِ تَفْتَرُونَ (59)

ترجمہ: فرما دیجیے: ذرا بتاؤ تو سہی اللہ نے جو (پاکیزہ) رزق تمہارے لیے اتارا سو تم نے اس میں سے بعض (چیزوں) کو حرام اور (بعض کو) حلال قرار دے دیا۔ فرما دیں: کیا اللہ نے تمہیں (اس کی) اجازت دی تھی یا تم اللہ پر بہتان باندھ رہے ہوo

Say: 'Give your view: Allah sent down for you (pure and clean) provision, but you declared some of those (things) unlawful and (others) lawful.' Say: 'Did Allah accord you (its) permission? Or are you fabricating a lie against Allah?'

وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُو مِنْهُ مِن قُرْآنٍ وَلاَ تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلاَّ كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوداً إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ وَمَا يَعْزُبُ عَن رَّبِّكَ مِن مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الأَرْضِ وَلاَ فِي السَّمَاءِ وَلاَ أَصْغَرَ مِن ذَلِكَ وَلا أَكْبَرَ إِلاَّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ(61)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ جس حال میں بھی ہوں اور آپ اس کی طرف سے جس قدر بھی قرآن پڑھ کر سناتے ہیں اور (اے امتِ محمدیہ!) تم جو عمل بھی کرتے ہو مگر ہم (اس وقت) تم سب پر گواہ و نگہبان ہوتے ہیں جب تم اس میں مشغول ہوتے ہو، اور آپ کے رب (کے علم) سے ایک ذرّہ برابر بھی (کوئی چیز) نہ زمین میں پوشیدہ ہے اور نہ آسمان میں اور نہ اس (ذرہ) سے کوئی چھوٹی چیز ہے اور نہ بڑی مگر واضح کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں (درج) ہےo

And, (O Glorious Beloved,) in whatever state you may be and whatever portion you may recite from the Qur'an, and, (O Umma [Community] of Muhammad, [blessings and peace be upon him]) whatever work you do, We witness and watch over you (at the time) when you are engaged in it. And not even the smallest particle in the earth or in the heaven is hidden from (the knowledge of) your Lord. Nor anything smaller or bigger than that (i.e., smallest particle) is there but is (recorded) in the clear Book (the Protected Tablet [al-Lawh al-Mahfuz]).

وَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّهِ جَمِيعاً هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (65)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ان کی (عناد و عداوت پر مبنی) گفتگو آپ کو غمگین نہ کرے۔ بے شک ساری عزت و غلبہ اللہ ہی کے لیے ہے (جو جسے چاہتا ہے دیتا ہے)، وہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

(O Glorious Messenger!) Let not their (hostile and malicious) conversation grieve you. Surely, all grandeur and authority belong to Allah alone (Who bestows upon whom He wills anything He may please). He is All-Hearing, All-Knowing.

قُلْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ69)

ترجمہ: فرما دیجیے: بے شک جو لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پائیں گےo

Say: 'Surely, those who fabricate lies against Allah shall not prosper.'

إِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ (96)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) بے شک جن لوگوں پر آپ کے رب کا فرمان صادق آ چکا ہے وہ ایمان نہیں لائیں گےo

(O Glorious Beloved!) Indeed, those against whom the judgment of your Lord has proved true will not believe,

وَلَوْ جَاءتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّى يَرَوُاْ الْعَذَابَ الْأَلِيْمَ(97)

ترجمہ: اگرچہ ان کے پاس سب نشانیاں آ جائیں یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب (بھی) دیکھ لیںo

Even though all signs should come to them so much so that they see the painful torment (as well).

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِن كُنتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّن دِيْنِيْ فَلاَ أَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِن دُونِ اللّهِ وَلَـكِنْ أَعْبُدُ اللّهَ الَّذِيْ يَتَوَفَّاكُمْ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (104)

ترجمہ: فرما دیجیے: اے لوگو! اگر تم میرے دین (کی حقانیت کے بارے) میں ذرا بھی شک میں ہو تو (سن لو) کہ میں ان (بتوں) کی پرستش نہیں کر سکتا جن کی تم اللہ کے سوا پرستش کرتے ہو لیکن میں تو اس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہیں موت سے ہمکنار کرتا ہے، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں (ہمیشہ) اہلِ ایمان میں سے رہوں o

Say: 'O people, if you are in any doubt about (the authenticity of) my Din (Religion), then (listen) that I cannot worship those (idols) whom you worship

besides Allah. But I worship that Allah Who causes you to die. And I have been commanded that I must (always) be from amongst the believers;

وَأَنْ أَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفاً وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (105)

ترجمہ: اور یہ کہ آپ ہر باطل سے بچ کر (یک سُو ہوکر) اپنا رخ دین پر قائم رکھیں اور ہرگز شرک کرنے والوں میں سے نہ ہوں o

And that, guarding against every falsehood, (with focused attention,) keep your direction towards the Din (Religion) and never be of those who associate partners with Allah.'

وَاتَّبِعْ مَا يُوحَى إِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتَّىَ يَحْكُمَ اللّٰهُ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ(109)

ترجمہ: (اے رسول!) آپ اسی کی اتباع کریں جو آپ کی طرف وحی کی جاتی ہے اور صبر کرتے رہیں یہاں تک کہ اللہ فیصلہ فرما دے، اور وہ سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے o

(O Messenger!) Follow the same that is revealed to you, and be steadfast until Allah gives His Judgment, and He is the Best of the judges.

سورۃ ہود:

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَى إِلَيْكَ وَضَآئِقٌ بِهِ صَدْرُكَ أَن يَقُولُواْ لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ كَنزٌ أَوْ جَاء مَعَهُ مَلَكٌ إِنَّمَا أَنتَ نَذِيْرٌ وَاللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ وَكِيْلٌ(12)

ترجمہ: بھلا کیا یہ ممکن ہے کہ آپ اس میں سے کچھ چھوڑ دیں جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے اور اس سے آپ کا سینہء ؔ (اَطہر) تنگ ہونے لگے (اس خیال سے) کہ کفار یہ کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر کوئی خزانہ کیوں نہ اتارا گیا یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا، (ایسا ہرگز ممکن نہیں۔ اے رسولِ معظم!) آپ تو صرف ڈر سنانے والے ہیں (کسی کو دنیوی لالچ یا سزا دینے والے نہیں)، اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے o

How may it be that you omit a portion of what has been revealed to you, and that your (sanctified) breast feels straitened (by the idea that) the disbelievers say: 'Why has any treasure not been sent down to him (the Messenger [blessings and peace be upon him]), or why has any angel not come with him'? (O Glorious Messenger! That is impossible.) You are but a Warner. (You are neither to tempt someone nor persecute.) And Allah is a Guardian over everything.

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُواْ بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ وَادْعُواْ مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللّٰهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (13)

ترجمہ: کیا کفار یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے، فرما دیجیے: تم (بھی) اس جیسی گھڑی ہوئی دس سورتیں لے آؤ اور اللہ کے سوا (اپنی مدد کے لیے) جسے بھی بلا سکتے ہو بلا لو اگر تم سچے ہو o

Do the disbelievers say: 'The Messenger has fabricated this (Qur'an) himself'? Say: 'Bring then ten forged Chapters like this, and call (to your help) whom you can except Allah if you are truthful.'

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَأَنَا بَرِيءٌ مِّمَّا تُجْرِمُونَ (35)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے، فرما دیجیے: اگر میں نے اسے گھڑ لیا ہے تو میرے جرم (کا وبال) مجھ پر ہوگا اور میں اس سے بری ہوں جو جرم تم کر رہے ہوo

(O Glorious Messenger!) Do they say: 'The Messenger has fabricated this (Qur'an) himself'? Say: 'If I have fabricated it, then I shall have to bear (the resulting torment of) my sin. And I am free of the sin that you are perpetrating.'

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (112)

ترجمہ: پس آپ ثابت قدم رہیے جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے اور وہ بھی (ثابت قدم رہے) جس نے آپ کی معیت میں (اللہ کی طرف) رجوع کیا ہے، اور (اے لوگو!) تم سرکشی نہ کرنا، بے شک تم جو کچھ کرتے ہو وہ اسے خوب دیکھ رہا ہےo

So remain firm-footed as you have been commanded, and he too who has turned (to Allah) in your companionship (must persevere). And, (O people,) do not revolt. Indeed, He monitors whatever you do.

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ وَجَاءكَ فِي هَـذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ (120)

ترجمہ: اور ہم رسولوں کی خبروں میں سے سب حالات آپ کو سنا رہے ہیں جس سے ہم آپ کے قلبِ (اَطہر) کو تقویت دیتے ہیں، اور آپ کے پاس اس (سورت) میں حق اور نصیحت آئی ہے اور اہلِ ایمان کے لیے عبرت (و یاددہانی بھی)o

And We are relating to you all the news of the Messengers whereby We strengthen your (most purified) heart. And in this (Chapter), there has come to you the truth and advice and a lesson of warning (and also a reminder) for the believers.

وَقُل لِّلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَى مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَامِلُونَ (121)

ترجمہ: اور آپ ان لوگوں سے جو ایمان نہیں لاتے فرما دیں: تم اپنی جگہ عمل کرتے رہو (اور) ہم (اپنے مقام پر) عمل پیرا ہیںo

And say to those who do not believe: 'Work on in your place, and we are doing (what our station demands).

وَانتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ (122)

ترجمہ: اور تم (بھی) انتظار کرو ہم (بھی) منتظر ہیںo

And wait on; we (too) are waiting.'

سورۃ یوسف:

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَـذَا الْقُرْآنَ وَإِن كُنتَ مِن قَبْلِهِ لَمِنَ الْغَافِلِينَ (3)

ترجمہ: (اے حبیب!) ہم آپ سے ایک بہترین قصہ بیان کرتے ہیں اس قرآن کے ذریعہ جسے ہم نے آپ کی طرف وحی کیا ہے، اگرچہ آپ اس سے قبل (اس قصہ سے) بے خبر تھےo

(O Beloved!) We relate to you the best narrative by means of this Qur'an which We have revealed to you, though you were unaware (of this story) before this.

ذَلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُواْ أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ (102)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہ (قصّہ) غیب کی خبروں میں سے ہے جسے ہم آپ کی طرف وحی فرما رہے ہیں، اور آپ (کوئی) ان کے پاس موجود نہ تھے جب وہ (برادرانِ یوسف) اپنی سازشی تدبیر پر جمع ہو رہے تھے اور وہ مکر و فریب کر رہے تھےo

(O My Esteemed Beloved!) This (narrative) is of the news of the unseen which We are revealing to you, and you were not present with them when they (Yusuf's [Joseph's] brothers) were co-working to conclude their conspiracy and were plotting to deceive.

وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ(103)

ترجمہ: اور اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں اگرچہ آپ (کتنی ہی) خواہش کریںo

And most people will not believe even if you (so ardently) desire.

وَمَا تَسْأَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ (104)

ترجمہ: اور آپ ان سے اس (دعوت و تبلیغ) پر کوئی صلہ تو نہیں مانگتے، یہ قرآن جملہ جہان والوں کے لیے نصیحت ہی تو ہےo

And you do not ask for any reward from them for this (communicating and preaching the Message). This Qur'an is but a reminder to all mankind.

قُلْ هَـذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللّهِ عَلَى بَصِيرَةٍ أَنَاْ وَمَنِ اتَّبَعَنِي وَسُبْحَانَ اللّهِ وَمَا أَنَاْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (108)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) فرما دیجیے: یہی میری راہ ہے، میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں، پوری بصیرت پر (قائم) ہوں، میں (بھی) اور وہ شخص بھی جس نے میری اتباع کی، اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوںo

(O Glorious Beloved!) Say: 'This is my way. I invite towards Allah. I am (firm and committed to) my vision and insight, I and also he who complies with me. And far Exalted is Allah, and I am not of the polytheists.'

وَمَـا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلاَّ رِجَالاً نُّوحِيۤ إِلَيْهِم مِّنْ أَهْلِ الْقُرَى أَفَلَمْ يَسِيرُواْ فِي الأَرْضِ فَيَنظُرُواْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَدَارُ الآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ اتَّقَواْ أَفَلاَ تَعْقِلُونَ (109)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے بھی (مختلف) بستیوں والوں میں سے مَردوں ہی کو (رسول بنا کر) بھیجا تھا جن کی طرف ہم وحی فرماتے تھے، کیا ان لوگوں نے زمین میں سیر نہیں کی کہ وہ (خود) دیکھ لیتے کہ ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیا ہوا، اور بے شک آخرت کا گھر پرہیزگاری اختیار کرنے والوں کے لیے بہتر ہے، کیا تم عقل نہیں رکھتے؟o

And before you We also sent men alone from amongst the inhabitants of (various) towns to whom We sent Revelations. Have they not travelled in the land so that they might (themselves) witness what was the end of those before them? And surely, the home in the Hereafter has far greater value for the Godfearing. Do you not have reason?

سورۃ الرعد:

وَيَقُولُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَوْلا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ (7)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ اس (رسول) پر ان کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی؟ (اے رسولِ مکرّم!) آپ تو فقط (نافرمانوں کو انجامِ بد سے) ڈرانے والے اور (دنیا کی) ہر قوم کے لیے ہدایت بہم پہنچانے والے ہیں o

And the disbelievers say: 'Why has any sign not been sent down to this (Messenger) from his Lord?' (O My Glorious Messenger!) You are only a warner (to the disobedient of their evil consequences) and a provider of guidance to every community (of the world).

قُلْ مَن رَّبُّ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ قُلِ اللّهُ قُلْ أَفَاتَّخَذْتُم مِّن دُونِهِ أَوْلِيَاء لاَ يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ نَفْعاً وَلاَ ضَرّاً قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الأَعْمَى وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ أَمْ جَعَلُواْ لِلّهِ شُرَكَاء خَلَقُواْ كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ(16)

ترجمہ: (ان کافروں کے سامنے) فرمائیے کہ آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے؟ آپ (خود ہی) فرما دیجیے: اللہ ہے۔ (پھر) آپ (ان سے دریافت) فرمائیے: کیا تم نے اس کے سوا (ان بتوں) کو کارساز بنا لیا ہے جو نہ اپنی ذاتوں کے لیے کسی نفع کے مالک ہیں اور نہ کسی نقصان کے۔ آپ فرما دیجیے: کیا اندھا اور بینا برابر ہو سکتے ہیں یا کیا تاریکیاں اور روشنی برابر ہو سکتی ہیں۔ کیا انہوں نے اللہ کے لیے ایسے شریک بنائے ہیں جنہوں نے اللہ کی مخلوق کی طرح (کچھ مخلوق) خود (بھی) پیدا کی ہو، سو (ان بتوں کی پیدا کردہ) اس مخلوق سے ان کو تشابُہ (یعنی مغالطہ) ہو گیا ہو، فرما دیجیے: اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہ ایک ہے، وہ سب پر غالب ہے o

Say(to these disbelievers): 'Who is the Sustainer of the heavens and the earth?' Say (yourself): 'Allah.' (Again) ask (them): 'Have you taken besides Allah (these idols) as your protectors who cannot control any profit or loss even for themselves?' Say: 'Can the blind and the seeing be equal? Or can darkness and light be the same? Have they associated such partners with Allah that have also created (some creation) themselves similar to that of Allah, so this creation (created by these idols) has caused them doubt of resemblance (i.e., error of judgment that they too could create as Allah does)?' Say: 'Allah alone is the Creator of everything. And He is One. He is Dominant over all.'

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاء مَاء فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَداً رَّابِياً وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاء حِلْيَةٍ أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاء وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الأَرْضِ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللّهُ الأَمْثَالَ (17)

ترجمہ: اس نے آسمان کی جانب سے پانی اتارا تو وادیاں اپنی (اپنی) گنجائش کے مطابق بہہ نکلیں، پھر سیلاب کی رَو نے ابھرا ہوا جھاگ اٹھا لیا، اور جن چیزوں کو آگ میں تپاتے ہیں، زیور یا دوسرا سامان بنانے کے لیے اس پر بھی ویسا ہی جھاگ اٹھتا ہے، اس

طرح اللہ حق اور باطل کی مثالیں بیان فرماتا ہے، سو جھاگ تو (پانی والا ہو یا آگ والا سب) بے کار ہو کر رہ جاتا ہے اور البتہ جو کچھ لوگوں کے لیے نفع بخش ہوتا ہے وہ زمین میں باقی رہتا ہے، اللہ اس طرح مثالیں بیان فرماتا ہے o

He sends down water from the sky and the valleys flow according to their (respective) capacity. Then the floodwater carries the scum raised to the surface. And the items that are heated in the fire for making ornaments or other articles also have foam that comes up the same way. Thus Allah illustrates examples of the truth and falsehood. So, (whether produced by water or by fire,) the foam or scum passes away useless, but what is beneficial to the people endures in the earth. That is how Allah illustrates examples.

أَفَمَن يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَى إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُوْلُواْ الأَلْبَابِ (19)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو یہ جانتا ہے کہ جو کچھ آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے حق ہے، اس شخص کے مانند ہو سکتا ہے جو اندھا ہے، بات یہی ہے کہ نصیحت عقل مند ہی قبول کرتے ہیں o

Someone who knows that whatever has been revealed to you is the truth, can he be like the one who is blind? Truly it is only those endowed with wisdom who accept admonition,

وَيَقُولُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَوْلاَ أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِيْ إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ (27)

ترجمہ: اور کافر لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس (رسول) پر اس کے رب کی جانب سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری، فرما دیجیے: بے شک اللہ جسے چاہتا ہے (نشانیوں کے باوجود) گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اسے اپنی جانب رہنمائی فرما دیتا ہے o

And the disbelievers say: 'Why has any sign not been sent down to him (the Messenger) from his Lord?' Say: 'Verily, Allah (despite the signs) holds astray whom He wills, and leads him who turns to Him in repentance towards Himself.

كَـذَلِكَ أَرْسَلْنَاكَ فِيْ أُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهَا أُمَمٌ لِّتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ الَّذِيْ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُونَ بِالرَّحْمَـنِ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ مَتَابِ (30)

ترجمہ: (اے حبیب!) اسی طرح ہم نے آپ کو ایسی امت میں (رسول بنا کر) بھیجا ہے کہ جس سے پہلے حقیقت میں (ساری) امتیں گزر چکی ہیں (اب یہ سب سے آخری امت ہے) تاکہ آپ ان پر وہ (کتاب) پڑھ کر سنا دیں جو ہم نے آپ کی طرف وحی کی ہے اور وہ رحمان کا انکار کر رہے ہیں، آپ فرما دیجیے: وہ میرا رب ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے o

(O Beloved!) Thus We have sent you (as a Messenger) to an Umma (Community) before whom in fact (all) the communities have passed. (This is now the last of all the communities) so that you may recite to them that (Book) which We have revealed to you. And they are still denying al-Rahman (the Most

Kind Lord). Say: 'He is my Lord. There is no God but He. In Him have I put my trust and I turn towards Him alone.'

وَلَوْ أَنَّ قُرْآناً سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَى بَل لِّلّهِ الْأَمْرُ جَمِيعاً أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِيْنَ آمَنُواْ أَن لَّوْ يَشَاءُ اللّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيعاً وَلاَ يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ تُصِيْبُهُم بِمَا صَنَعُواْ قَارِعَةٌ أَوْ تَحُلُّ قَرِيْباً مِّن دَارِهِمْ حَتَّى يَأْتِيَ وَعْدُ اللّهِ إِنَّ اللّهَ لاَ يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (31)

ترجمہ: اور اگر کوئی ایسا قرآن ہوتا جس کے ذریعے پہاڑ چلا دیے جاتے یا اس سے زمین پھاڑ دی جاتی یا اس کے ذریعے مُردوں سے بات کرا دی جاتی (تب بھی وہ ایمان نہ لاتے)، بلکہ سب کام اللہ ہی کے اختیار میں ہیں، تو کیا ایمان والوں کو (یہ) معلوم نہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت فرما دیتا، اور ہمیشہ کافر لوگوں کو ان کے کرتوتوں کے باعث کوئی (نہ کوئی) مصیبت پہنچتی رہے گی یا ان کے گھروں (یعنی بستیوں) کے آس پاس اترتی رہے گی یہاں تک کہ اللہ کا وعدۂ (عذاب) آ پہنچے، بے شک اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتاo

And if there were a Qur'an by which mountains could be set in motion, or by which the earth could be split open, or by which the dead could be spoken to (even then they would not believe in it). But all matters are under the control of Allah. Have the believers not yet perceived that if Allah had so willed, He would have guided all mankind? And (some) disaster will continue afflicting the disbelievers due to their misdeeds, or will be alighting close to their homes (i.e., towns) until Allah's promise (of torment) comes to pass. Surely, Allah does not go against His promise.

وَلَقَدِ اسْتُهْزِءَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُواْ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ (32)

ترجمہ: اور بے شک آپ سے قبل (بھی کفار کی جانب سے) رسولوں کے ساتھ مذاق کیا جاتا رہا سو میں نے کافروں کو مہلت دی پھر میں نے انہیں (عذاب کی) گرفت میں لے لیا۔ پھر (دیکھئے) میرا عذاب کیسا تھاo

And indeed the Messengers were mocked (by the disbelievers) before you (as well). So I granted the disbelievers respite and then seized them (with torment). (See) then how My torment was!

وَالَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَن يُنكِرُ بَعْضَهُ قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّهَ وَلا أُشْرِكَ بِهِ إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ (36)

ترجمہ: اور جن لوگوں کو ہم کتاب (تورات) دے چکے ہیں (اگر وہ صحیح مومن ہیں تو) وہ اس (قرآن) سے خوش ہوتے ہیں جو آپ کی طرف نازل کیا گیا ہے اور ان (ہی کے) فرقوں میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اس کے کچھ حصہ کا انکار کرتے ہیں، فرما دیجیے کہ بس مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ ٹھہراؤں، اسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹ کر جانا ہےo

And those whom We have given the Book (the Torah, if they are true believers, then) they rejoice at this (Qur'an) which has been revealed to you. And also

some from amongst their sects are those who deny a part of it. Say: 'I have been given the command to worship Allah and not to associate (any) partner with Him. I invite towards Him alone, and to Him I shall return.'

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّن قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجاً وَذُرِّيَّةً وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَن يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلاَّ بِإِذْنِ اللّهِ لِكُلِّ أَجَلٍ كِتَابٌ (38)

ترجمہ: اور (اے رسول!) بے شک ہم نے آپ سے پہلے (بہت سے) پیغمبروں کو بھیجا اور ہم نے ان کے لیے بیویاں (بھی) بنائیں اور اولاد (بھی)، اور کسی رسول کا یہ کام نہیں کہ وہ نشانی لے آئے مگر اللہ کے حکم سے، ہر ایک میعاد کے لیے ایک نوشتہ ہےo

And, (O Messenger,) indeed We sent before you (many) Messengers and brought up for them wives and children (as well). And that is not the role of a Messenger to bring a sign but by Allah's command. There is an inscription for every appointed term.

وَإِن مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلاَغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ (40)

ترجمہ: اور اگر ہم (اس عذاب کا) کچھ حصہ جس کا ہم نے ان (کافروں) سے وعدہ کیا ہے آپ کو (حیاتِ ظاہری میں ہی) دکھا دیں یا ہم آپ کو (اس سے قبل) اٹھا لیں (یہ دونوں چیزیں ہماری مرضی پر منحصر ہیں) آپ پر تو صرف (احکام کے) پہنچا دینے کی ذمہ داری ہے اور حساب لینا ہمارا کام ہےo

And whether We show you (during your visible life) a portion (of the torment) that We have promised these (disbelievers), or We lift you (before that-both these options are subject to Our Will). Your assignment is only to communicate (the commandments) and accountability rests with Us.

وَيَقُولُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَسْتَ مُرْسَلاً قُلْ كَفَى بِاللّهِ شَهِيْداً بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِندَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ(43)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ آپ پیغمبر نہیں ہیں، فرما دیجیے: (میری رسالت پر) میرے اور تمہارے درمیان اللہ بطورِ گواہ کافی ہے اور وہ شخص بھی جس کے پاس (صحیح طور پر آسمانی) کتاب کا علم ہےo

And the disbelievers say: 'You are not a Messenger.' Say: 'Sufficient is Allah as a Witness between you and me (on my Messengership), as well as the one who possesses the knowledge of the (revealed) Book.'

سورۃ ابراہیم:

الَر كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلَى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ (1)

ترجمہ: الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ (عظیم) کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اتارا ہے تاکہ آپ لوگوں کو (کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان کے) نور کی جانب لے آئیں (مزید یہ کہ) ان کے رب کے حکم سے اس کی راہ کی طرف (لائیں) جو غلبہ والا سب خوبیوں والا ہےo

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) It is a (glorious) Book which We have revealed to

you so that you may bring mankind out of the darkness (of disbelief) to the light (of faith. And moreover) by the command of their Lord, (lead them) to the path of the Almighty, the Praiseworthy-

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِيْ السَّمَاءِ (24)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا، اللہ نے کیسی مثال بیان فرمائی ہے کہ پاکیزہ بات اس پاکیزہ درخت کی مانند ہے جس کی جڑ (زمین میں) مضبوط ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں o

Have you not seen how Allah sets forth an example: a good word is like a good tree? Its root is firm (in the earth) and its branches reach into the sky.

سورۃ الحجر:

وَقَالُواْ يَا أَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ (6)

ترجمہ: اور (کفار گستاخی کرتے ہوئے) کہتے ہیں: اے وہ شخص جس پر قرآن اتارا گیا ہے! بے شک تم دیوانے ہو o

And (the disbelievers) say (insolently): 'O man on whom this Qur'an has been revealed, indeed you are insane.

نَبِّءْ عِبَادِيْ أَنِّيْ أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيْمُ (49)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ میرے بندوں کو بتا دیجیے کہ میں ہی بے شک بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہوں o

(O Beloved!) Tell My servants: 'Indeed, I am Most Forgiving, Ever-Merciful.'

وَ أَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيْمَ (50)

ترجمہ: اور (اس بات سے بھی آگاہ کر دیجیے) کہ میرا ہی عذاب بڑا دردناک عذاب ہے o

And (also warn) that: 'It is My torment which is the most grievous torment.'

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ (72)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ کی عمرِ مبارک کی قَسم، بے شک یہ لوگ (بھی قومِ لوط کی طرح) اپنی بدمستی میں سرگرداں پھر رہے ہیں o

(O Glorious Beloved!) By your (sacred) life, surely these people (too) are wandering astray, possessed by their lust (like the people of Lut [Lot]).

اَ تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَى مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجاً مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ (88)

ترجمہ: آپ ان چیزوں کی طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہ دیکھئے جن سے ہم نے کافروں کے گروہوں کو (چند روزہ) عیش کے لیے بہرہ مند کیا ہے، اور ان (کی گمراہی) پر رنجیدہ خاطر بھی نہ ہوں اور اہلِ ایمان (کی دل جوئی) کے لیے اپنے (شفقت و التفات کے) بازو جھکائے رکھئے o

Do not even lift your eyes towards the things with which We have benefitted the disbelievers for their (few days') luxury, nor grieve over their (turning away from the straight path), and keep your wings (of affection and care) lowered over the believers (to make them feel contented and cared for).

وَقُلْ إِنِّيٓ أَنَا النَّذِيرُ الْمُبِينُ (89)

ترجمہ: اور فرما دیجیے کہ بے شک (اب) میں ہی (عذابِ الٰہی کا) واضح و صریح ڈر سنانے والا ہوں o

And say: 'Indeed, I am (now) the open and clear Warner (of Allah's torment).'

كَمَآ أَنزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِينَ (90)

ترجمہ: جیسا (عذاب) کہ ہم نے تقسیم کرنے والوں (یعنی یہود و نصارٰی) پر اتارا تھا o

(The torment) that We sent down upon the dividers (i.e., the Jews and the Christians),

الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْآنَ عِضِينَ (91)

ترجمہ: جنہوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے (کر کے تقسیم) کر ڈالا (یعنی موافق آیتوں کو مان لیا اور غیر موافق کو نہ مانا) o

Those who divided the Qur'an into pieces (and split it, i.e., accepted the favourable Verses but rejected the others).

فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ (92)

ترجمہ: سو آپ کے رب کی قسم! ہم ان سب سے ضرور پرسش کریں گے o

So, by your Lord, We shall indeed interrogate them all,

عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ (93)

ترجمہ: ان اعمال سے متعلق جو وہ کرتے رہے تھے o

Pertaining to the works that they used to do.

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ (94)

ترجمہ: پس آپ وہ (باتیں) اعلانیہ کہہ ڈالیں جن کا آپ کو حکم دیا گیا ہے اور آپ مشرکوں سے منہ پھیر لیجئے o

So declare openly all those (matters) that you have been commanded, and turn away from those who set up partners with Allah.

إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ (95)

ترجمہ: بے شک مذاق کرنے والوں (کو انجام تک پہنچانے) کے لیے ہم آپ کو کافی ہیں o

Surely, We suffice you for (taking them to task) who scoff,

وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُولُونَ (97)

ترجمہ: اور بے شک ہم جانتے ہیں کہ آپ کا سینۂ (اقدس) ان باتوں سے تنگ ہوتا ہے جو وہ کہتے ہیں o

And We indeed know that your (sacred) breast feels straitened by what they say.

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ (98)

ترجمہ: سو آپ حمد کے ساتھ اپنے رب کی تسبیح کیا کریں اور سجود کرنے والوں میں (شامل) رہا کریں o

So glorify your Lord with His praise and live amongst those who prostrate

themselves before Him.

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُ(99)

ترجمہ: اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں یہاں تک کہ آپ کو (آپ کی شان کے لائق) مقامِ یقین مل جائے (یعنی انشراحِ کامل نصیب ہو جائے یا لمحۂ وصالِ حق)o

And worship your Lord till you attain to the station of certainty of faith (which goes with your glory, i.e., perfect cognizance of divinity or the moment of far-nearness to your Lord).

سورۃ النحل:

إِن تَحْرِصْ عَلَى هُدَاهُمْ فَإِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِيْ مَن يُضِلُّ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ (37)

ترجمہ: اگر آپ ان کے ہدایت پر آ جانے کی شدید طلب رکھتے ہیں تو (آپ اپنی طبیعتِ مطہرہ پر اس قدر بوجھ نہ لائیں) بے شک اللہ جسے گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اسے ہدایت نہیں فرماتا اور ان کے لیے کوئی مددگار نہیں ہوتاo

If you ardently desire them to take the path of guidance then (let not your sanctified disposition be overburdened), for indeed Allah does not guide him whom He holds strayed, nor do they have any helpers.

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلاَّ رِجَالاً نُّوحِيْ إِلَيْهِمْ فَاسْأَلُواْ أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (43)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے بھی مَردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے سو تم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تمہیں خود (کچھ) معلوم نہ ہوo

And before you also, We sent only men as Messengers towards whom We sent Our Revelations. So if you yourselves do not know (anything), then ask the People of remembrance.

فَإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلاَغُ الْمُبِيْنُ (82)

ترجمہ: سو اگر (پھر بھی) وہ رُوگردانی کریں تو (اے نبیِ معظم!) آپ کے ذمہ تو صرف (میرے پیغام اور احکام کو) صاف صاف پہنچا دینا ہےo

So if (even then) they turn away, (O Glorious Messenger,) then your responsibility is only to convey and communicate (My message and My commands) clearly.

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيْداً عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْداً عَلَى هَـؤُلاء وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَاناً لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَى لِلْمُسْلِمِيْنَ (89)

ترجمہ: اور (یہ) وہ دن ہوگا (جب) ہم ہر امت میں انہی میں سے خود ان پر ایک گواہ اٹھائیں گے اور (اے حبیبِ مکرّم!) ہم آپ کو ان سب (امتوں اور پیغمبروں) پر گواہ بنا کر لائیں گے، اور ہم نے آپ پر وہ عظیم کتاب نازل فرمائی ہے جو ہر چیز کا بڑا واضح بیان ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہےo

And (this) will be the Day (when) We shall raise amongst every people one witness against them from themselves, and, (O Venerable Beloved,) We shall bring you as witness to all of them (communities and Messengers). And We have revealed to you that Glorious Book which is a clear exposition of everything and is guidance, mercy and glad tidings for the believers.

ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفاً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ(123)

ترجمہ: پھر (اے حبیبِ مکرّم!) ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ آپ ابراہیم (علیہ السلام) کے دین کی پیروی کریں جو ہر باطل سے جدا تھے، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے o

Then, (O Glorious Beloved,) We sent down Revelation to you: 'Follow the Din (Religion) of Ibrahim (Abraham), who was at variance with every falsehood, and was not of those who associate partners with Allah.'

ادْعُ إِلِى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُم بِالَّتِى هِىَ أَحْسَنُ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (125)

ترجمہ: (اے رسولِ معظّم!) آپ اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت اور عمدہ نصیحت کے ساتھ بلائیے اور ان سے بحث (بھی) ایسے انداز سے کیجئے جو نہایت حسین ہو، بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گیا اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کو (بھی) خوب جانتا ہے o

(O Glorious Messenger!) Invite towards the path of your Lord with wisdom and refined exhortation and (also) argue with them in a most decent manner. Surely, your Lord knows well the one who strayed away from His path, and He also knows well the rightly guided.

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُواْ بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ وَلَئِن صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصَّابِرِينَ (126)

ترجمہ: اور اگر تم سزا دینا چاہو تو اتنی ہی سزا دو جس قدر تکلیف تمہیں دی گئی تھی، اور اگر تم صبر کرو تو یقیناً وہ صبر کرنے والوں کے لیے بہتر ہے o

And if you want to punish, then punish only (as severely) as you were afflicted, but if you remain patient, then certainly that is better for those who keep patience.

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّهِ وَلاَ تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلاَ تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ (127)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) صبر کیجئے اور آپ کا صبر کرنا اللہ ہی کے ساتھ ہے اور آپ ان (کی سرکشی) پر رنجیدہ خاطر نہ ہوا کریں اور آپ ان کی فریب کاریوں سے (اپنے کشادہ سینہ میں) تنگی (بھی) محسوس نہ کیا کریں o

And, (O Glorious Beloved,) be patient and your patience is by Allah alone. And you should not grieve over their (defiance), nor distress (your gracious and benevolent heart) on account of their deceptive plots.

سورۃ بنی اسرائیل:

سُبْحَانَ الَّذِیْ أَسْرَی بِعَبْدِهٖ لَیْلاً مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَی الْمَسْجِدِ الْأَقْصَی الَّذِیْ بَارَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ آیَاتِنَا إِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ (1)

ترجمہ: وہ ذات (ہر نقص اور کمزوری سے) پاک ہے جو رات کے تھوڑے سے حصہ میں اپنے (محبوب اور مقرّب) بندے کو مسجدِ حرام سے (اس) مسجدِ اقصٰی تک لے گئی جس کے گرد و نواح کو ہم نے بابرکت بنا دیا ہے تاکہ ہم اس (بندۂ کامل) کو اپنی نشانیاں دکھائیں، بے شک وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Holy (i.e., free of any imperfection, weakness and insufficiency) is He Who took His (most beloved and intimate) Servant in a small portion of a night from the Sacred Mosque to the al-Aqsa Mosque, whose surroundings We have blessed, in order that We might show him (the Perfect Servant) Our signs. Surely, He is the One Who is All-Hearing, All-Seeing.

کُلاًّ نُّمِدُّ هَـؤُلاء وَهَـؤُلاء مِنْ عَطَاء رَبِّكَ وَمَا كَانَ عَطَاء رَبِّكَ مَحْظُوراً20)

ترجمہ: ہم ہر ایک کی مدد کرتے ہیں ان (طالبانِ دنیا) کی بھی اور ان (طالبانِ آخرت) کی بھی (اے حبیبِ مکرّم! یہ سب کچھ) آپ کے رب کی عطا سے ہے، اور آپ کے رب کی عطا (کسی کے لیے) ممنوع اور بند نہیں ہےo

We extend help to all: those (ambitious of this world) as well as those (aspiring to the Hereafter. O Glorious Beloved, all this) is of your Lord's bestowal. And the bestowal of your Lord is not forbidden and restricted (to anyone).

سورۃ الکہف:

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِیْ أَنزَلَ عَلَی عَبْدِهِ الْکِتَابَ وَلَمْ یَجْعَل لَّهٗ عِوَجَا (1)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے اپنے (محبوب و مقرّب) بندے پر کتابِ (عظیم) نازل فرمائی اور اس میں کوئی کجی نہ رکھیo

All praise belongs to Allah, Who revealed the (Glorious) Book to His (Most Beloved and Intimate) Servant, and left not in it any crookedness.

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلَی آثَارِهِمْ إِن لَّمْ یُؤْمِنُوا بِهَذَا الْحَدِیْثِ أَسَفاً (6)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) تو کیا آپ ان کے پیچھے شدتِ غم میں اپنی جان (عزیز بھی) گھلا دیں گے اگر وہ اس کلامِ (ربّانی) پر ایمان نہ لائےo

(O Venerable Beloved!) Will you put your (dear) life at stake with the traumatic grief for them if they do not put faith in this Word (of Allah)?

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلاً رَّجُلَیْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَیْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَیْنَهُمَا زَرْعاً (32)

ترجمہ: اور آپ ان سے ان دو شخصوں کی مثال بیان کریں جن میں سے ایک کے لیے ہم نے انگور کے دو باغات بنائے اور ہم نے ان دونوں کو تمام اَطراف سے کھجور کے درختوں کے ساتھ ڈھانپ دیا اور ہم نے ان کے درمیان (سرسبز و شاداب) کھیتیاں اگا

دیںo

And relate to them the example of two men, one of whom We provided with two gardens of grapevines, and We hedged both from all sides with date-palms, and We grew between them (rich green) cultivated fields.

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ فَأَصْبَحَ هَشِيماً تَذْرُوهُ الرِّيَاحُ وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِراً(45)

ترجمہ: اورآپ انہیں دنیوی زندگی کی مثال (بھی) بیان کیجئے (جو) اس پانی جیسی ہے جسے ہم نے آسمان کی طرف سے اتارا تو اس کے باعث زمین کا سبزہ خوب گھنا ہوگیا پھر وہ سوکھی گھاس کا چورا بن گیا جسے ہوائیں اڑا لے جاتی ہیں، اور اللہ ہر چیز پر کامل قدرت والا ہےo

And explain to them the example of the worldly life (as well): it is like water that We pour from the sky. With this the vegetation of the earth grows thick, but then it becomes dry stubble which the winds blow about, and Allah has perfect control over everything.

وَيَسْأَلُونَكَ عَن ذِي الْقَرْنَيْنِ قُلْ سَأَتْلُو عَلَيْكُم مِّنْهُ ذِكْراً(83)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ معظّم!) یہ آپ سے ذوالقرنین کے بارے میں سوال کرتے ہیں، فرما دیجیے: میں ابھی تمہیں اس کے حال کا تذکرہ پڑھ کر سناتا ہوںo

And, (O Most Esteemed Beloved,) they ask you about Dhu al-Qarnayn. Say: 'I recite to you an account of him now.'

قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَاداً لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَداً (109)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر سمندر میرے رب کے کلمات کے لیے روشنائی ہو جائے تو وہ سمندر میرے رب کے کلمات کے ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جائے گا اگرچہ ہم اس کی مثل اور (سمندر یا روشنائی) مدد کے لیے لے آئیںo

Say: 'If the ocean turns into ink for the Words of my Lord, that ocean will exhaust before the Words of my Lord come to an end, even if We bring another similar (ocean or ink) to refill.'

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلاً صَالِحاً وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَداً(110)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں تو صرف (بخلقتِ ظاہری) بشر ہونے میں تمہاری مثل ہوں (اس کے سوا اور تمہاری مجھ سے کیا مناسبت ہے! ذرا غور کرو) میری طرف یہ وحی بھیجی گئی ہے کہ تمہارا معبود فقط معبودِ یکتا ہی ہے (بھلا تم میں یہ نوری استعداد کہاں ہے کہ تم پر کلامِ الٰہی اتر سکے)! پس جو شخص اپنے رب سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو اسے چاہیے کہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرےo

Say: 'I look like you only (by virtue of my visible creation) as a man. (Otherwise just think what congruity you have with me.) It is I to whom the Revelation has

been transmitted that your God is the One and only God. (And just see to it whether you have any such divine potential that the Word of Allah may come down to you!) So, whoever hopes to meet his Lord should do good deeds, and must not associate any partner in the worship of his Lord.'

سورۃ مریم:

مَا كَانَ لِلَّهِ أَن يَتَّخِذَ مِن وَلَدٍ سُبْحَانَهُ إِذَا قَضَى أَمْراً فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ (35)

ترجمہ: یہ اللہ کی شان نہیں کہ وہ (کسی کو اپنا) بیٹا بنائے، وہ (اس سے) پاک ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو اسے صرف یہی حکم دیتا ہے: ''ہو جا'' بس وہ ہو جاتا ہےo

It is not Allah's Glory that He should take (to Himself anyone as) a son. Holy and Glorified is He (above this)! When He decrees any matter, He only says to it: 'Be,' and it becomes.

وَإِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ (36)

ترجمہ: اور بے شک اللہ میرا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے سو تم اسی کی عبادت کیا کرو، یہی سیدھا راستہ ہےo

And surely, Allah is my Lord and your Lord (too). So always worship Him alone. This is the straight path.

وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (39)

ترجمہ: اور آپ انہیں حسرت (وندامت) کے دن سے ڈرائیے جب (ہر) بات کا فیصلہ کر دیا جائے گا، مگر وہ غفلت (کی حالت) میں پڑے ہیں اور ایمان لاتے ہی نہیںo

And warn them of the Day of Regret (and Shame) when (every) matter shall be decided, but they are rapt in (a state of) negligence and simply do not believe.

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقاً نَّبِيّاً (41)

ترجمہ: اور آپ کتاب (قرآن مجید) میں ابراہیم (علیہ السلام) کا ذکر کیجئے، بے شک وہ بڑے صاحبِ صدق نبی تھےo

And recite the account of Ibrahim (Abraham) in the Book (the Holy Qur'an). Surely, he was a Prophet blessed with truthfulness.

وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذَلِكَ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيّاً(64)

ترجمہ: اور (جبریل میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہو کہ) ہم آپ کے رب کے حکم کے بغیر (زمین پر) نہیں اتر سکتے، جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھ اس کے درمیان ہے (سب) اسی کا ہے، اور آپ کا رب (آپ کو) کبھی بھی بھولنے والا نہیں ہےo

And, (O Jibra'il [Gabriel], say to My Beloved:) 'We cannot descend (onto earth) without the command of your Lord. To Him belongs whatever is before us and whatever is behind us and whatever is in between. And your Lord is never forgetful (of you).

سورۃ طٰہٰ:

مَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقَى (2)

ترجمہ: (اے محبوبِ مکرّم!) ہم نے آپ پر قرآن (اس لیے) نازل نہیں فرمایا کہ آپ مشقت میں پڑ جائیں o

(O My Esteemed Beloved!) We have not revealed the Qur'an to you that you land in distress.

كَذَلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِن لَّدُنَّا ذِكْراً (99)

ترجمہ: اس طرح ہم آپ کو (اے حبیبِ معظّم!) ان (قوموں) کی خبریں سناتے ہیں جو گزر چکی ہیں اور بے شک ہم نے آپ کو اپنی خاص جناب سے ذکر (یعنی نصیحت نامہ) عطا فرمایا ہے o

(O Esteemed Beloved!) Thus We communicate to you news about (the communities) who have passed away, and We have surely given you from Our exclusive presence the Reminder (i.e., an Admonishing Book).

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفاً(105)

ترجمہ: اور آپ سے یہ لوگ پہاڑوں کی نسبت سوال کرتے ہیں، سو فرما دیجیے: میرا رب انہیں ریزہ ریزہ کر کے اڑا دے گا o

And they ask you concerning mountains. So say: 'My Lord will blow them off as dust particles,

فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِن قَبْلِ أَن يُقْضَى إِلَيْكَ وَحْيُهُ وَقُل رَّبِّ زِدْنِي عِلْماً(114)

ترجمہ: پس اللہ بلند شان والا ہے وہی بادشاہِ حقیقی ہے، اور آپ قرآن (کے پڑھنے) میں جلدی نہ کیا کریں قبل اس کے کہ اس کی وحی آپ پر پوری اتر جائے، اور آپ (رب کے حضور یہ) عرض کیا کریں کہ اے میرے رب! مجھے علم میں اور بڑھا دے o

So Most High and Exalted is Allah. He alone is the True Sovereign. And do not hasten in (reciting) the Qur'an before its revelation is fully accomplished to you. And always submit (before the holy presence of your Lord): 'O my Lord, increase me further in knowledge.'

فَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضَى (130)

1 ترجمہ: پس آپ ان کی (دل آزار) باتوں پر صبر فرمایا کریں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیا کریں طلوعِ آفتاب سے پہلے (نمازِ فجر میں) اور اس کے غروب سے قبل (نمازِ عصر میں)، اور رات کی ابتدائی ساعتوں میں (یعنی مغرب اور عشاء میں) بھی تسبیح کیا کریں اور دن کے کناروں پر بھی (نمازِ ظہر میں جب دن کا نصفِ اوّل ختم اور نصفِ ثانی شروع ہوتا ہے، (اے حبیبِ مکرّم! یہ سب کچھ اس لیے ہے) تاکہ آپ راضی ہو جائیں o

So bear their (heart-rending) talk patiently and glorify your Lord with His praise before the rising of the sun (in Fajr [Dawn] Prayer) and before its setting (in the 'Asr [Afternoon] Prayer) and glorify Him in the early hours of night (the Maghrib [Sunset] and 'Isha' [Night] Prayer) and also at the ends of the day (in Zuhr

[Midday] Prayer when the first half of the day ends and the second half starts. O Esteemed Beloved, all this is designed) so that you may be pleased.

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَى مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجاً مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَى (131)

ترجمہ: اور آپ دنیوی زندگی میں زیب و آرائش کی ان چیزوں کی طرف حیرت و تعجب کی نگاہ نہ فرمائیں جو ہم نے (کافر دنیاداروں کے) بعض طبقات کو (عارضی) لطف اندوزی کے لیے دے رکھی ہیں تاکہ ہم ان (ہی چیزوں) میں ان کے لیے فتنہ پیدا کر دیں، اور آپ کے رب کی (اخروی) عطا بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہے o

And do not glance with amazement and wonder at the adornments (of worldly life) which We have provided to some classes (of the disbelieving materialists) for their (short-term) luxury so that We may cause for them a trial in these (very things). And the provision of your Lord (in the Hereafter) is the best and eternal.

وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِينَا بِآيَةٍ مِّن رَّبِّهِ أَوَلَمْ تَأْتِهِم بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْأُولَى (133)

ترجمہ: اور (کفار) کہتے ہیں کہ یہ (رسول) ہمارے پاس اپنے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے، کیا ان کے پاس ان باتوں کا واضح ثبوت (یعنی قرآن) نہیں آ گیا جو اگلی کتابوں میں (مذکور) تھیں o

And (the disbelievers) say: 'Why does this (Prophet) not bring us any sign from his Lord?' Has there not come to them (the Qur'an,) a clear proof of the things (mentioned) in the former Books?

قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَى(135)

ترجمہ: فرما دیجیے: ہر کوئی منتظر ہے، سو تم انتظار کرتے رہو، پس تم جلد ہی جان لو گے کہ کون لوگ راہِ راست والے ہیں اور کون ہدایت یافتہ ہیں o

Say: 'Everyone is waiting, so wait on. You will soon come to know who are the people of the right path and who are the guided ones.'

سورۃ الانبیاء:

لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ وَأَسَرُّواْ النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُواْ هَلْ هَذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ (3)

ترجمہ: ان کے دل غافل ہو چکے ہیں، اور (یہ) ظالم لوگ (آپ کے خلاف) آہستہ آہستہ سرگوشیاں کرتے ہیں کہ یہ تو محض تمہارے ہی جیسا ایک بشر ہے، کیا پھر (بھی) تم (اس کے) جادو کے پاس جاتے ہو حالاں کہ تم دیکھ رہے ہو o

Their hearts have become neglectful and (these) wrongdoers whisper (against you) inaudibly: 'He is but a human being like you. Do you (even then) submit to (his) magic whilst you can see?'

قَالَ رَبِّي يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (4)

ترجمہ: (نبیِ معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے) فرمایا کہ میرا رب آسمان اور زمین میں کہی جانے والی (ہر) بات کو جانتا ہے اور وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے o

(The Esteemed Prophet) said: 'My Lord knows (every) word uttered in the heavens and the earth and He is All-Hearing, All-Knowing.'

بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ بَلِ افْتَرٰهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ فَلْيَاْتِنَا بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ (5)

ترجمہ: بلکہ (ظالموں نے یہاں تک) کہا کہ یہ (قرآن) پریشان خوابوں (میں دیکھی ہوئی باتیں) ہیں بلکہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اسے (خود ہی) گھڑ لیا ہے بلکہ (یہ کہ) وہ شاعر ہے، (اگر یہ سچا ہے) تو یہ (بھی) ہمارے پاس کوئی نشانی لے آئے جیسا کہ اگلے (رسول نشانیوں کے ساتھ) بھیجے گئے تھےo

But (the wrongdoers go so far as to) say: 'This (Qur'an) comprises (things seen in) confused dreams. Nay! He has invented it (himself). Nay, he is (in fact) a poet. (If he is a true Prophet,) let him (also) bring us some sign as the former (Prophets) were sent (with signs).'

مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ (6)

ترجمہ: ان سے پہلے ہم نے جس بھی بستی کو ہلاک کیا وہ (انہی نشانیوں پر) ایمان نہیں لائی تھی، تو کیا یہ ایمان لے آئیں گےo

Every community whom We destroyed before them disbelieved (in these signs). So, will these people believe?

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَاسْاَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ (7)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) ہم نے آپ سے پہلے (بھی) مَردوں کو ہی (رسول بنا کر) بھیجا تھا ہم ان کی طرف وحی بھیجا کرتے تھے (لوگو!) تم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تم (خود) نہ جانتے ہوo

And, (O Esteemed Beloved,) We sent only men (as Prophets) before you (also). We used to send them Revelations. So, (O people,) if you do not know (yourselves), ask the people of remembrance.

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ الْحَقَّ فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ (24)

ترجمہ: کیا ان (کافروں) نے اسے چھوڑ کر اور معبود بنا لیے ہیں؟ فرما دیجیے: اپنی دلیل لاؤ، یہ (قرآن) ان لوگوں کا ذکر ہے جو میرے ساتھ ہیں اور ان کا (بھی) ذکر ہے جو مجھ سے پہلے تھے بلکہ ان میں سے اکثر لوگ حق کو نہیں جانتے اِس لیے وہ اِس سے رُوگردانی کیے ہوئے ہیںo

Have they (the disbelievers) taken gods other than Him? Say: 'Bring your proof. This (Qur'an) is the reminder of those who are with me and (also) the reminder of those who had been before me.' But most of them do not know the truth, so they are averse to it.

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ (25)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر ہم اس کی طرف یہی وحی کرتے رہے کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم میری (ہی) عبادت کیا کروo

And We did not send any Messenger before you, but We frequented the same revelation to him: 'There is no God but I, so worship Me (alone).'

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّن قَبْلِكَ الْخُلْدَ أَفَإِن مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ (34)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے کسی اِنسان کو (دنیا کی ظاہری زندگی میں) بقائے دوام نہیں بخشی، تو کیا اگر آپ (یہاں سے) اِنتقال فرما جائیں تو یہ لوگ ہمیشہ رہنے والے ہیں؟o

And We have not granted eternity to any human being before you (in the physical life of the world). So, if you pass away (from here), will they live forever?

وَإِذَا رَآكَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ آلِهَتَكُمْ وَهُم بِذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ هُمْ كَافِرُونَ (36)

ترجمہ: اور جب کافر لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ سے محض تمسخر ہی کرنے لگتے ہیں (اور کہتے ہیں:) کیا یہی ہے وہ شخص جو تمہارے معبودوں کا (ردّ و انکار کے ساتھ) ذکر کرتا ہے؟ اور وہ خود (خدائے) رحمان کے ذکر سے انکاری ہیںo

And when the disbelievers see you, they just start mocking you (and say:) 'Is this the one who talks about your gods (with rejection and denial)?' And yet it is they themselves who reject the mention of the Most Kind (Lord).

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (41)

ترجمہ: اور بے شک آپ سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ مذاق کیا گیا سو ان لوگوں میں سے انہیں جو تمسخر کرتے تھے اسی (عذاب) نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

And, of course, the Messengers were mocked before you too. Then those who ridiculed were beset by the same (torment) they used to make fun of.

قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ بَلْ هُمْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ (42)

ترجمہ: فرما دیجیے: شب و روز (خدائے) رحمان (کے عذاب) سے تمہاری حفاظت و نگہبانی کون کر سکتا ہے، بلکہ وہ اپنے (اسی) رب کے ذکر سے گریزاں ہےo

Say: 'Who can guard and save you from (the punishment of) the Most Kind (Lord) by night and by day?' In fact, they keep away from the remembrance of the (same) Lord.

قُلْ إِنَّمَا أُنذِرُكُم بِالْوَحْيِ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ إِذَا مَا يُنذَرُونَ (45)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں تو تمہیں صرف وحی کے ذریعہ ہی ڈراتا ہوں، اور بہرے پکار کو نہیں سنا کرتے جب بھی انہیں ڈرایا جائےo

Say: 'I warn you only through Revelation.' But the deaf do not hear the call whenever they are warned.

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ (107)

ترجمہ: اور (اے رسولِ محتشم!) ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کرo

And, (O Esteemed Messenger,) We have not sent you but as a mercy for all the worlds.

قُلْ إِنَّمَا يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَهَلْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ (108)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ میری طرف تو یہی وحی کی جاتی ہے کہ تمہارا معبود فقط ایک (ہی) معبود ہے، تو کیا تم اسلام قبول کرتے ہوo

Say: 'This is what is revealed to me that your God is One God (only). Do you then accept Islam?'

فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ آذَنتُكُمْ عَلَى سَوَاء وَإِنْ أَدْرِيَ أَقَرِيبٌ أَم بَعِيدٌ مَّا تُوعَدُونَ (109)

ترجمہ: پھر اگر وہ رُوگردانی کریں تو فرما دیجیے: میں نے تم سب کو یکساں طور پر باخبر کر دیا ہے، اور میں (از خود) نہیں جانتا کہ وہ (عذاب) نزدیک ہے یا دور جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

Then, if they turn away, say: 'I have conveyed to you all alike, and I do not know (on my own) whether that (torment) which you are promised is near or far.

إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُونَ (110)

ترجمہ: بے شک وہ بلند آواز کی بات بھی جانتا ہے اور وہ (کچھ) بھی جانتا ہے جو تم چھپاتے ہوo

He surely knows what you utter loudly, and also knows (all) that you keep secret.

وَإِنْ أَدْرِي لَعَلَّهُ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ إِلَى حِينٍ (111)

ترجمہ: اور میں (از خود) یہ نہیں جانتا شاید یہ (تاخیرِ عذاب اور تمہیں دی گئی ڈھیل) تمہارے حق میں آزمائش ہو اور (تمہیں) ایک مقرر وقت تک فائدہ پہنچانا مقصود ہوo

And I do not know (on my own) that this (delaying of the torment and the respite given to you) may perhaps be a trial for you, and the intention may be to provide (you) a benefit till a fixed time.'

قَالَ رَبِّ احْكُم بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمَنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ (112)

ترجمہ: (ہمارے حبیب نے) عرض کیا: اے میرے رب! (ہمارے درمیان) حق کے ساتھ فیصلہ فرما دے، اور ہمارا رب بے حد رحم فرمانے والا ہے، اسی سے مدد طلب کی جاتی ہے ان (دل آزار) باتوں پر جو (اے کافرو!) تم بیان کرتے ہوo

(Our Beloved) submitted: 'My Lord, judge (between us) with truth, and Our Lord is Ever-Merciful and He is the One Whose help is sought against the (heart-rending) words which, (O disbelievers,) you utter.'

سورۃ الحج:

مَن كَانَ يَظُنُّ أَن لَّن يَنصُرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاء ثُمَّ لِيَقْطَعْ فَلْيَنظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ (15)

ترجمہ: جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ اللہ اپنے (محبوب و برگزیدہ) رسول کی دنیا و آخرت میں ہرگز مدد نہیں کرے گا اسے چاہئے کہ (گھر کی) چھت سے ایک رسی باندھ کر لٹک جائے پھر (خود کو) پھانسی دے لے پھر دیکھے کیا اس کی یہ تدبیر اس (نصرتِ الٰہی) کو دور کر دیتی ہے جس پر غصہ کھا رہا ہےo

Whoever thinks that Allah will not at all help His (beloved and most exalted) Prophet in the world and in the Hereafter should tie a rope to the ceiling (of his house) and then hang and strangle (himself). Then let him see whether his plan removes that (help of Allah) at which he feels enraged.

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكاً لِيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَى مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ فَإِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ (34)

ترجمہ: اور ہم نے ہر امت کے لیے ایک قربانی مقرر کر دی ہے تاکہ وہ ان مویشی چوپایوں پر جو اللہ نے انہیں عنایت فرمائے ہیں (ذبح کے وقت) اللہ کا نام لیں، سو تمہارا معبود ایک (ہی) معبود ہے پس تم اسی کے فرمانبردار بن جاؤ، اور (اے حبیب!) عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیں o

And We have appointed a sacrifice for every people so that (at the time of sacrifice) they may invoke the Name of Allah over the cattle (i.e., quadrupeds) that Allah has provided for them. And your God is (only) One God, so submit to Him alone, and, (O Beloved,) give good news to those who remain submissive.

أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ (39)

ترجمہ: ان لوگوں کو (اب اپنے دفاع کے لیے جنگ کی) اجازت دے دی گئی ہے جن پر (ناحق) جنگ مسلط کر دی گئی ہے، (اور یہ اجازت) اِس وجہ سے (دی گئی ہے) کہ ان پر ظلم کیا گیا، اور بے شک اللہ ان (مظلوموں) کی مدد پر بڑا قادر ہے o

Permission (to fight in defence) is granted to those against whom (aggressive) war is waged. (This permission is granted to them) because they were oppressed and Allah is doubtlessly All-Powerful to help them (the oppressed).

لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكاً هُمْ نَاسِكُوهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَى رَبِّكَ إِنَّكَ لَعَلَى هُدًى مُّسْتَقِيمٍ (67)

ترجمہ: ہم نے ہر ایک امت کے لیے (احکامِ شریعت یا عبادت و قربانی کی) ایک راہ مقرر کر دی ہے، انہیں اسی پر چلنا ہے، سو یہ لوگ آپ سے ہرگز (اللہ کے) حکم میں جھگڑا نہ کریں، اور آپ اپنے رب کی طرف بلاتے رہیں۔ بے شک آپ ہی سیدھی (راہِ) ہدایت پر ہیں o

We have appointed for every people a way (of Islamic injunctions or worship and sacrifice) which they are to act upon. So let them not at all dispute with you over the command (of Allah). And keep calling towards your Lord. Certainly, it is you who are on the straight (path of) guidance.

وَإِن جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ (68)

ترجمہ: اگر وہ آپ سے جھگڑا کریں تو آپ فرما دیجیے: اللہ بہتر جانتا ہے جو کچھ تم کر رہے ہو o

And if they dispute with you, then say: 'Allah knows best whatever you are doing.'

وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ هُوَ اجْتَبَاكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ مِّلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ مِن قَبْلُ وَفِي هَذَا لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيداً عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا شُهَدَاء عَلَى النَّاسِ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللَّهِ هُوَ مَوْلَاكُمْ فَنِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيرُ (78)

ترجمہ: اور (خاتمۂ ظلم، قیامِ اَمن اور تکریمِ اِنسانیت کے لیے) اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ اس کے جہاد کا حق ہے۔ اس نے تمہیں منتخب فرما لیا ہے اور اس نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی۔ (یہی) تمہارے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کا دین ہے۔ اس (اللہ) نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے، اس سے پہلے (کی کتابوں میں) بھی اور اس (قرآن) میں بھی تاکہ یہ رسولِ (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تم پر گواہ ہو جائیں اور تم بنی نوع انسان پر گواہ ہو جاؤ، پس (اس مرتبہ پر فائز رہنے کے لیے) تم نماز قائم کیا کرو اور زکوٰۃ ادا کیا کرو اور اللہ (کے دامن) کو مضبوطی سے تھامے رکھو، وہی تمہارا مددگار (و کارساز) ہے، پس وہ کتنا اچھا کارساز (ہے) اور کتنا اچھا مددگار ہے o

And strive hard in the way of Allah (for the elimination of oppression, and the establishment of peace and human dignity,) such a striving as is due to Him. He has chosen you, and has not laid upon you any hardship or constriction (in the matter of) Din (Religion). This is the Din (Religion) of your father Ibrahim (Abraham). He (Allah) has named you Muslims in the previous (Books) as well as in this (Holy Qur'an) so that this (final) Messenger may be a witness over you and you be witnesses over mankind. So, (to sustain this status) establish the Prayer, pay Zakat (the Alms-due, i.e., mandatory charity) and hold fast to (the embrace of) Allah. He (alone) is your Helper (i.e., Patron). So what an excellent Patron and what an excellent Helper is He!

سورۃ المومنون:

أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهُ مُنكِرُونَ (69)

ترجمہ: یا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا سو (اس لیے) وہ اس کے منکر ہو گئے ہیں o

Or have they not recognized their Messenger and (so) they deny him?

أَمْ يَقُولُونَ بِهِ جِنَّةٌ بَلْ جَاءهُم بِالْحَقِّ وَأَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ (70)

ترجمہ: یا یہ کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جنون (لاحق) ہو گیا ہے، (ایسا ہرگز نہیں) بلکہ وہ ان کے پاس حق لے کر تشریف لائے ہیں اور ان میں سے اکثر لوگ حق کو پسند نہیں کرتے o

Or do they say: 'He (the Prophet) is (afflicted) with mania'? (Nay, not at all;) he has rather brought to them the truth, but most of them do not like the truth.

قُل لِّمَنِ الْأَرْضُ وَمَن فِيهَا إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (84)

ترجمہ: (ان سے) فرمائیے کہ زمین اور جو کوئی اس میں (رہ رہا) ہے (سب) کس کی مِلک ہے، اگر تم (کچھ) جانتے ہو o

Say (to them): 'To whom belongs the earth and everyone (living) in it, if you

know (anything)?'

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (85)

ترجمہ: وہ فوراً بول اٹھیں گے کہ (سب کچھ) اللہ کا ہے، (تو) آپ فرمائیں: پھر تم نصیحت قبول کیوں نہیں کرتے؟o

They will promptly say: '(All) belongs to Allah.' (Then) say: 'Then why do you not accept guidance?'

قُلْ مَن رَّبُّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ (86)

ترجمہ: (ان سے دریافت) فرمائیے کہ ساتوں آسمانوں کا اور عرشِ عظیم (یعنی ساری کائنات کے اقتدارِ اعلیٰ) کا مالک کون ہے؟o

Ask (them): 'Who is the Lord of the seven heavens and the Mighty Throne (i.e., the Sovereign Authority of the entire universe)?'

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ (87)

ترجمہ: وہ فوراً کہیں گے: یہ (سب کچھ) اللہ کا ہے (تو) آپ فرمائیں: پھر تم ڈرتے کیوں نہیں ہوo

They will spontaneously say: '(All) this belongs to Allah.' Say: 'Then why do you not fear?'

قُلْ مَن بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (88)

ترجمہ: آپ (ان سے) فرمائیے کہ وہ کون ہے جس کے دستِ قدرت میں ہر چیز کی کامل ملکیت ہے اور جو پناہ دیتا ہے اور جس کے خلاف (کوئی) پناہ نہیں دی جا سکتی، اگر تم (کچھ) جانتے ہوo

Say (to them): 'Who is He in Whose Mighty Hand is the absolute ownership of everything and Who gives asylum, but against Whom no asylum can be given, if you know (anything)?'

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ فَأَنَّى تُسْحَرُونَ (89)

ترجمہ: وہ فوراً کہیں گے: یہ (سب شانیں) اللہ ہی کے لیے ہیں، (تو) آپ فرمائیں: پھر تمہیں کہاں سے (جادو کی طرح) فریب دیا جا رہا ہےo

They will readily say: 'That is all Allah's (glory).' So, say: 'From where then are you being deceived (as if under a spell)?'

قُل رَّبِّ إِمَّا تُرِيَنِّي مَا يُوعَدُونَ (93)

ترجمہ: آپ (دعا) فرمائیے کہ اے میرے رب! اگر تو مجھے وہ (عذاب) دکھانے لگے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

Pray: 'O my Lord, if You would show me that (torment) which they are being promised,

رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (94)

ترجمہ: (تو) اے میرے رب! مجھے ظالم قوم میں شامل نہ فرماناo

(Then,) my Lord, put me not amongst the unjust people.'

ادْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ أَحْسَنُ السَّیِّئَةَ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا یَصِفُونَ (96)

ترجمہ: آپ برائی کو ایسے طریقہ سے دفع کیا کریں جو سب سے بہتر ہو، ہم ان (باتوں) کو خوب جانتے ہیں جو یہ بیان کرتے ہیںo

Repel evil in such a way as is best of all. We know best (the things) they say.

وَقُل رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ (97)

ترجمہ: اورآپ (دعا) فرمائیے: اے میرے رب! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوںo

And say, (praying): 'O my Lord, I seek Your shelter from the promptings of the satans.

وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن یَحْضُرُونِ (98)

ترجمہ: اور اے میرے رب! میں اس بات سے (بھی) تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیںo

And, O my Lord, also I seek refuge with You lest they should come to me.'

أَلَمْ تَكُنْ آیَاتِیْ تُتْلَى عَلَیْكُمْ فَكُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ (105)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) کیا تم پر میری آیتیں پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں پھر تم انہیں جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said to them:) 'Were My Revelations not repeatedly recited to you, and then you used to belie them?'

وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ (118)

ترجمہ: اورآپ عرض کیجئے: اے میرے رب! تو بخش دے اور رحم فرما اور تو (ہی) سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہےo

And submit: 'O my Lord, forgive and have mercy, and You (alone) are the Best of those who have mercy.'

سورۃ النور:

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ رَؤُوفٌ رَحِیْمٌ (20)

ترجمہ: اور اگر تم پر (اس رسولِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ میں) اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو (تم بھی پہلی امتوں کی طرح تباہ کر دیے جاتے) مگر اللہ بڑا شفیق بڑا رحم فرمانے والا ہےo

And had there not been Allah's grace and His mercy upon you (for the sake of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him], you too would have been destroyed like the former communities). But Allah is Most Clement, Ever-Merciful.

یَا أَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوا لَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ وَمَن یَتَّبِعْ خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ فَإِنَّهُ یَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهُ مَا زَكَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ أَبَداً وَلَكِنَّ اللَّهَ یُزَكِّیْ مَن یَشَاءُ وَاللَّهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (21)

ترجمہ: اے ایمان والو! شیطان کے راستوں پر نہ چلو، اور جو شخص شیطان کے نقوشِ قدم پر چلتا ہے تو وہ یقیناً بے حیائی اور برے کاموں (کے فروغ) کا حکم دیتا ہے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی شخص بھی کبھی (اس گناہِ تہمت

کے داغ سے) پاک نہ ہوسکتا لیکن اللہ جسے چاہتا ہے پاک فرما دیتا ہے، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےO

O believers! Do not follow the footsteps of Satan, and whoever follows the footsteps of Satan, then he (Satan) certainly commands to practise (and promotes) immorality and sinful deeds. And if there had not been Allah's grace and His mercy upon you, then none of you would ever have been pure (of the stain of the sin of slander). But Allah purifies whom He wills and Allah is All-Hearing, All-Knowing.

اللّٰهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُونِةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُّورٌ عَلَى نُورٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُورِهِ مَن يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (35)

ترجمہ: اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اس کے نور کی مثال (جو نورِ محمدی کی شکل میں دنیا میں روشن ہے) اُس طاق (نما سینۂ اَقدس) جیسی ہے جس میں چراغِ (نبوت روشن) ہے؛ (وہ) چراغ (قلبِ محمدی کے) فانوس میں رکھا ہے۔ (یہ) فانوس (نورِ الٰہی کے پَرتو سے اس قدر منور ہے) گویا ایک درخشندہ ستارہ ہے (یہ چراغِ نبوت) جو زیتون کے مبارک درخت سے (یعنی عالم قدس کے بابرکت رابطہ وحی سے یا انبیاء ورُسل ہی کے مبارک شجرۂ نبوت سے) روشن ہوا ہے نہ (فقط) شرقی ہے اور نہ غربی (بلکہ اپنے فیضِ نور کی وسعت میں عالم گیر ہے)۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کا تیل (خود ہی) چمک رہا ہے اگرچہ ابھی اسے (وحیِ ربّانی اور معجزاتِ آسمانی کی) آگ نے چھوا بھی نہیں۔ (وہ) نور کے اوپر نور ہے (یعنی نورِ وجود پر نورِ نبوت گویا وہ ذات دوہرے نور کا پیکر ہے)۔ اللہ جسے چاہتا ہے اپنے نور (کی معرفت) تک پہنچا دیتا ہے، اور اللہ لوگوں (کی ہدایت) کے لیے مثالیں بیان فرماتا ہے، اور اللہ ہر چیز سے خوب آگاہ ہےO ☆

☆ یہ حضرت عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم کے علاوہ تابعین میں سے کعب الاحبار، سعید بن جبیر، ابوالعالیہ اور الضحاک بن مزاحم کا بیان کردہ معنی ہے؛ جسے امام عبد بن حمید، ابن جریر الطبری، ابن المنذر، ابن ابی حاتم الرازی، ابومنصور الماتریدی، الطبرانی، ابواللیث السمرقندی، السلمی، ابواسحاق الثعلبی، مکی بن ابی طالب المقری، البغوی، القاضی عیاض، ابن عطیہ، ابن الجوزی، فخر الدین الرازی، القرطبی، ابن حیان، ابن القیم، ابوحفص الحنبلی، السیوطی، القسطلانی، الآلوسی اور دیگر بہت سے مفسرین نے بیان کیا ہےO

Allah is the Light of the heavens and the earth. The likeness of His Light (which is glowing in the world in the form of Muhammad's Light [blessings and peace be upon him]) is as a niche-like (sacred breast) wherein is glowing the lamp (of Prophethood), the lamp contained in a crystal globe (the radiant heart of the Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). This globe is (as dazzlingly bright owing to reflection of Allah's Light) as a glittering star. (This lamp of Prophethood) is lit with the sacred olive tree (i.e., either due to the blissful communication of divine Revelation from the Realm of divinity, or owing to the blissful genealogical tree of the Prophets and the Messengers). It

is neither (merely) eastern nor western (rather universal and cosmic in its generously infinite luminosity. The likeness of this lamp of Prophethood is as if) its oil (i.e., Light, due to its genuine and inherent potential capability) is glowing, though no fire (or the radiation of celestial miracles and divine Revelation) has even touched it yet. (So it) is Light upon Light (i.e., the Light of Prophethood upon the Light of the Holy Essence, denoting a Self-Embodying double Light). Allah takes to (the gnosis of) His Light whom He wills. And Allah explains similitudes for (the guidance of) people and Allah is Well Aware of everything.*

*** In addition to 'Abd Allah b. 'Abbas and 'Abd Allah b. 'Umar (may Allah be well pleased with them), this meaning has been described from among the Successors by Ka'b al-Ahbar, Sa'id b. Jubayr, Abu al-'Aliya and al-Dahhak b. Mazahim. 'Abd b. Humayd, Ibn Jarir al-Tabari, Ibn al-Mundhir, Ibn Abi Hatim al-Razi, Abu Mansur al-Maturidi, al-Tabarani, Abu al-Layth al-Samarqandi, al-Sulami, Abu Ishaq al-Tha'labi, Makki b. Abi Talib al-Muqri, al-Baghawi, al-Qadi 'Iyad, Ibn 'Atiyya, Ibn al-Jawzi, Fakhr al-Din al-Razi, al-Qurtubi, Ibn Hayyan, Ibn al-Qayyim, Abu Hafs al-Hanbali, al-Suyuti, al-Qastallani, al-Alusi and many other exegetes have narrated the same meaning.**

فِيۡ بُيُوۡتٍ أَذِنَ اللَّهُ أَن تُرۡفَعَ وَيُذۡكَرَ فِيۡهَا اسۡمُهُ يُسَبِّحُ لَهُ فِيۡهَا بِالۡغُدُوِّ وَالۡآصَالِ **(36)**

ترجمہ: (اللہ کا یہ نور) ایسے گھروں (مساجد اور مراکز) میں (میسر آتا ہے) جن (کی قدر و منزلت) کے بلند کیے جانے اور جن میں اللہ کے نام کا ذکر کیے جانے کا حکم اللہ نے دیا ہے (یہ وہ گھر ہیں کہ اللہ والے) ان میں صبح و شام اس کی تسبیح کرتے ہیں o

(This Light of Allah illumines) such houses (mosques and centres) as Allah has ordained to exalt (i.e., enhance their esteem and honour) and remember His Name therein. (These are the houses) in which (Allah's servants) glorify Him morning and evening.

رِجَالٌ لَّا تُلۡهِيۡهِمۡ تِجَارَةٌ وَلَا بَيۡعٌ عَن ذِكۡرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيۡتَاء الزَّكَاةِ يَخَافُونَ يَوۡماً تَتَقَلَّبُ فِيۡهِ الۡقُلُوبُ وَالۡأَبۡصَارُ **(37)**

ترجمہ: (اللہ کے اس نور کے حامل) وہی مردانِ (خدا) ہیں جنہیں تجارت اور خرید و فروخت نہ اللہ کی یاد سے غافل کرتی ہے اور نہ نماز قائم کرنے سے اور نہ زکوٰۃ ادا کرنے سے (بلکہ دنیوی فرائض کی ادائیگی کے دوران بھی) وہ (ہمہ وقت) اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں (خوف کے باعث) دل اور آنکھیں (سب) الٹ پلٹ ہو جائیں گی o

(Blessed with this Light) are those servants (of Allah) whom neither trade nor sale diverts from the remembrance of Allah and from establishing Prayer and paying Zakat (the Alms-due. Even whilst performing their worldly duties) they keep fearing the Day when hearts and eyes will (all) overturn (with terror),

لَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ وَاللَّهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (46)

ترجمہ: یقیناً ہم نے واضح اور روشن بیان والی آیتیں نازل فرمائی ہیں، اور اللہ (ان کے ذریعے) جسے چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرما دیتا ہےo

We have indeed sent down clear and enlightening Revelations (through which) Allah guides whom He wills to the straight path.

وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلَّى فَرِيقٌ مِّنْهُم مِّن بَعْدِ ذَلِكَ وَمَا أُوْلَئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ (47)

ترجمہ: اور وہ (لوگ) کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آئے ہیں اور اطاعت کرتے ہیں پھر اس (قول) کے بعد ان میں سے ایک گروہ (اپنے اقرار سے) رُوگردانی کرتا ہے، اور یہ لوگ (حقیقت میں) مومن (ہی) نہیں ہیںo

And they say: 'We have believed in Allah and the Messenger and we obey.' Then, after (saying) this, a group of them turn away (from their affirmation). And (in fact) these people are not (at all) believers.

وَإِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم مُّعْرِضُونَ (48)

ترجمہ: اور جب ان لوگوں کو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف بلایا جاتا ہے کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرما دے تو اس وقت ان میں سے ایک گروہ (دربارِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آنے سے) گریزاں ہوتا ہےo

And when they are called to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) that he may judge between them, a party of them turn away (from appearing before the Messenger [blessings and peace be upon him]).

وَإِن يَكُن لَّهُمُ الْحَقُّ يَأْتُوا إِلَيْهِ مُذْعِنِينَ (49)

ترجمہ: اور اگر وہ حق والے ہوتے تو وہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف مطیع ہو کر تیزی سے چلے آتےo

And had they been in the right, they would have come fast to him (the Messenger [blessings and peace be upon him]) most submissively.

أَفِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَمِ ارْتَابُوا أَمْ يَخَافُونَ أَن يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ بَلْ أُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (50)

ترجمہ: کیا ان کے دلوں میں (منافقت کی) بیماری ہے یا وہ (شانِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) شک کرتے ہیں یا وہ اس بات کا اندیشہ رکھتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ان پر ظلم کریں گے، (نہیں) بلکہ وہی لوگ خود ظالم ہیںo

Is there a disease (of hypocrisy) in their hearts? Or do they doubt (the majesty and glory of the Messenger)? Or do they fear that Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) will do them wrong? (Nay,) they themselves are the wrongdoers.

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَن يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (51)

ترجمہ: ایمان والوں کی بات تو فقط یہ ہوتی ہے کہ جب انہیں اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف بلایا جاتا ہے

تا کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرمائے تو وہ یہی کچھ کہیں کہ ہم نے سن لیا، اور ہم (سراپا) اطاعت پیرا ہو گئے، اور ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں o

The only saying of the believers, when they are called to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) in order that he may judge between them, is that they say: 'We have heard and we (totally) submit to obey.' It is they who will prosper.

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ فَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُم مَّا حُمِّلْتُمْ وَإِن تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (54)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر اگر تم نے (اطاعت) سے رُوگردانی کی تو (جان لو) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذمہ وہی کچھ ہے جو ان پر لازم کیا گیا اور تمہارے ذمہ وہ ہے جو تم پر لازم کیا گیا ہے، اور اگر تم ان کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پا جاؤ گے، اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (احکام کو) صریحاً پہنچا دینے کے سوا (کچھ لازم) نہیں ہے o

Say: 'Obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), but if you turn away (from obedience), then (beware that) the Messenger (blessings and peace be upon him) is simply responsible for the duty he is charged with, and you are responsible for what you are charged with. And if you obey him, you will be guided. And nothing is (obligatory) for the Messenger (blessings and peace be upon him) but to convey (the commands) clearly.'

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (56)

ترجمہ: اور تم نماز (کے نظام) کو قائم رکھو اور زکوٰۃ کی ادائیگی (کا انتظام) کرتے رہو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی (مکمل) اطاعت بجالاؤ تا کہ تم پر رحم فرمایا جائے (یعنی غلبہ و اقتدار، استحکام اور امن و حفاظت کی نعمتوں کو برقرار رکھا جائے) o

And establish (the system of) prayers and (ensure) the payment of Zakat (the Alms-due) and accomplish (absolute) obedience to the Messenger (blessings and peace be upon him) so that you may be granted mercy (i.e., the blessings of sovereign rule, stability, peace and security may endure and continue).

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَى أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّى يَسْتَأْذِنُوهُ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُولَئِكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (62)

ترجمہ: ایمان والے تو وہی لوگ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آئے ہیں اور جب وہ آپ کے ساتھ کسی ایسے (اجتماعی) کام پر حاضر ہوں جو (لوگوں کو) یکجا کرنے والا ہو تو وہاں سے چلے نہ جائیں (یعنی امت میں اجتماعیت اور وحدت پیدا کرنے کے عمل میں دل جمعی سے شریک ہوں) جب تک کہ وہ (کسی خاص عذر کے باعث) آپ سے

اجازت نہ لے لیں، (اے رسولِ معظّم!) بے شک جو لوگ (آپ ہی کو حاکم اور مَرجَع سمجھ کر) آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھنے والے ہیں، پھر جب وہ آپ سے اپنے کسی کام کے لیے (جانے کی) اجازت چاہیں تو آپ (حاکم و مختار ہیں) ان میں سے جسے چاہیں اجازت مرحمت فرما دیں اور ان کے لیے (اپنی مجلس سے اجازت لے کر جانے پر بھی) اللہ سے بخشش مانگیں (کہ کہیں اتنی بات پر بھی گرفت نہ ہو جائے)، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

The believers are only those who have believed in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), and when they are with you for some (collective) issue which brings (the people) together, then they should not go away from there (i.e., they should participate whole-heartedly to work for collective coherence and unity amongst the Umma [Community]) until they have obtained permission from you (owing to some special excuse. O Esteemed Prophet,) surely those who seek permission from you (believing your Majesty the Supreme and Ultimate Authority), it is they who are the believers in Allah and His Prophet. So when they seek from you permission (to go) for some affair of theirs, then (you are the Supreme Sovereign Authority). Grant leave whom you please, and ask forgiveness for them from Allah (even on going away from your company by obtaining your permission, lest they should be seized even on that). Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُم بَعْضاً قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُونَ مِنكُمْ لِوَاذاً فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ **(63)**

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تم رسول کے بلانے کو آپس میں ایک دوسرے کو بلانے کی مثل قرار نہ دو (جب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلانا تمہارے باہمی بلاوے کی مثل نہیں تو خود رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی تمہاری مثل کیسے ہو سکتی ہے)، بے شک اللہ ایسے لوگوں کو (خوب) جانتا ہے جو تم میں سے ایک دوسرے کی آڑ میں (دربارِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے) چپکے سے کھسک جاتے ہیں، پس وہ لوگ ڈریں جو رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے امرِ (ادب) کی خلاف ورزی کر رہے ہیں کہ (دنیا میں ہی) انہیں کوئی آفت آ پہنچے گی یا (آخرت میں) ان پر دردناک عذاب آن پڑے گاo

(O Muslims!) Do not regard the calling of the Prophet amongst you like your calling of one another. (When calling the Holy Prophet is not like your mutual calling amongst you, then how can the Holy Personality of the Prophet be like yours?) Surely, Allah knows those from amongst you (well) who slip away quietly (from the presence of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) under the shelter of one another. So let those who go against the Messenger's command (of veneration and devotion) feel afraid lest some trial should overtake them (here in the world) or a painful torment seize them in the Hereafter.

سورۃ الفرقان:

تَبَارَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَاً (1)

ترجمہ: (وہ اللہ) بڑی برکت والا ہے جس نے (حق و باطل میں فرق اور) فیصلہ کرنے والا (قرآن) اپنے (محبوب ومقرّب) بندہ پر نازل فرمایا تاکہ وہ تمام جہانوں کے لیے ڈر سنانے والا ہو جائےo

Blessed is He (Allah) Who sent down to His (most beloved and most intimate) servant the Criterion (the Qur'an) that (draws the difference between right and wrong and) gives judgment in order that he may be a Warner to all the worlds;

وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفْكُ افْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَیْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرَاً (4)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) محض افتراء ہے جسے اس (مدعیِ رسالت) نے گھڑ لیا ہے اور اس (کے گھڑنے) پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے، بے شک کافر ظلم اور جھوٹ پر (اتر) آئے ہیںo

And the disbelievers say: 'This (Qur'an) is but a lie which this (claimant of Prophethood) has fabricated and other people have helped him in (inventing) it.' Surely, the disbelievers have come down to sheer injustice and falsehood.

وَقَالُوْۤا اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِیَ تُمْلٰی عَلَیْهِ بُكْرَةً وَّاَصِیْلَاً (5)

ترجمہ: اور کہتے ہیں: (یہ قرآن) اگلوں کے افسانے ہیں جن کو اس شخص نے لکھوا رکھا ہے پھر وہ (افسانے) اسے صبح و شام پڑھ کر سنائے جاتے ہیں (تاکہ انہیں یاد کر کے آگے سنا سکے)o

And they say: '(This Qur'an comprises) fables of the ancients which this man has got written; then these (fables) are recited to him morning and evening (in order to memorize and narrate further).'

وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ یَاْكُلُ الطَّعَامَ وَیَمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ لَوْلَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مَلَكٌ فَیَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِیْرَاً (7)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں کہ اس رسول کو کیا ہوا ہے، یہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ اس کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا کہ وہ اس کے ساتھ (مل کر) ڈر سنانے والا ہوتاo

And they say: 'What is the matter with this Messenger (blessings and peace be upon him)? He eats food and walks about in the marketplaces. Why has an angel not been sent down to him that he might (join) him as a Warner?

اَوْ یُلْقٰۤی اِلَیْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ یَّاْكُلُ مِنْهَا وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرَاً (8)

ترجمہ: یا اس کی طرف کوئی خزانہ اتار دیا جاتا یا (کم از کم) اس کا کوئی باغ ہوتا جس (کی آمدنی) سے وہ کھایا کرتا اور ظالم لوگ (مسلمانوں) سے کہتے ہیں کہ تم تو محض ایک سحر زدہ شخص کی پیروی کر رہے ہوo

Or a treasure should have been sent down to him, or (at least) he should have owned a garden so that he might eat (of its income).' And the wrongdoers say (to the Muslims): 'You are following but a man spellbound.'

انْظُرْ كَیْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ سَبِیْلَاً (9)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ملاحظہ فرمائیے یہ لوگ آپ کے لیے کیسی (کیسی) مثالیں بیان کرتے ہیں پس یہ گمراہ ہو چکے ہیں سو یہ (ہدایت کا) کوئی راستہ نہیں پا سکتے o

(O Esteemed Beloved!) Just see what sort of comparisons they utter for you! So they have gone astray and cannot find any path (to guidance).

تَبَارَكَ الَّذِيْ إِن شَاءَ جَعَلَ لَكَ خَيْراً مِّن ذَلِكَ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَيَجْعَل لَّكَ قُصُوراً (10)

ترجمہ: وہ بڑی برکت والا ہے اگر چاہے تو آپ کے لیے (دنیا ہی میں) اس سے (کہیں) بہتر باغات بنا دے جن کے نیچے سے نہریں رواں ہوں اور آپ کے لیے عالی شان محلات بنا دے (مگر نبوت و رسالت کے لیے یہ شرائط نہیں ہیں) o

Most Blessed is He. If He pleases, He can produce gardens for you (far) better than these (here in the world) beneath which streams flow, and raise for you magnificent palaces (but these are not the conditions for a Prophet and Messenger).

قُلْ أَذَلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُونَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاء وَمَصِيراً (15)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا یہ (حالت) بہتر ہے یا دائمی جنت (کی زندگی) جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے، یہ ان (کے اعمال) کی جزا اور ٹھکانا ہے o

Say: 'Is this (a) better (state), or the (life of) eternal Paradise promised to the Godfearing? This is their reward (of deeds) and their abode.

وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ إِلَّا إِنَّهُمْ لَيَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَيَمْشُونَ فِيْ الْأَسْوَاقِ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً أَتَصْبِرُونَ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيراً (20)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے رسول نہیں بھیجے مگر (یہ کہ) وہ کھانا (بھی) یقیناً کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی (حسبِ ضرورت) چلتے پھرتے تھے اور ہم نے تم کو ایک دوسرے کے لیے آزمائش بنایا ہے، کیا تم (آزمائش پر) صبر کرو گے؟ اور آپ کا رب خوب دیکھنے والا ہے o

And We did not send Messengers before you but (that) they certainly ate food and also walked about in the marketplaces (as needed). And We have made you a trial for one another. Will you observe patience (in trial)? And your Lord is All-Seeing.

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَى يَدَيْهِ يَقُولُ يَا لَيْتَنِيْ اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيْلاً (27)

ترجمہ: اور اس دن ہر ظالم (غصہ اور حسرت سے) اپنے ہاتھوں کو کاٹ کاٹ کھائے گا (اور) کہے گا: کاش! میں نے رسولِ (اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیّت میں (آ کر ہدایت کا) راستہ اختیار کر لیا ہوتا o

And that Day, every wrongdoer will bite his hands (in fury and frustration and) will say: 'Would that I had taken the path (of guidance by joining) the companionship of the Holy Messenger (blessings and peace be upon him)!

وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِيْ اتَّخَذُوا هَذَا الْقُرْآنَ مَهْجُوراً (30)

ترجمہ: اور رسولِ (اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) عرض کریں گے: اے رب! بے شک میری قوم نے اس قرآن کو بالکل ہی چھوڑ رکھا تھاo

And the (Holy) Messenger (blessings and peace be upon him) will submit: 'O Lord, surely my people had utterly abandoned this Qur'an.'

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ جُمْلَةً وَاحِدَةً كَذٰلِكَ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنَاهُ تَرْتِيْلًا (32)

ترجمہ: اور کافر کہتے ہیں کہ اس (رسول) پر قرآن ایک ہی بار (یک جا کر کے) کیوں نہیں اتارا گیا؟ یوں (تھوڑا تھوڑا کر کے اسے) تدریجاً اس لیے اتارا گیا ہے تاکہ ہم اس سے آپ کے قلبِ (اطہر) کو قوت بخشیں اور (اسی وجہ سے) ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا ہے (تاکہ آپ کو ہمارے پیغام کے ذریعے بار بار سکونِ قلب ملتا رہے)o

And the (Holy) Messenger (blessings and peace be upon him) will submit: 'O Lord, surely my people had utterly abandoned this Qur'an.'

وَلَا يَأْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيْرًا (33)

ترجمہ: اور یہ (کفار) آپ کے پاس کوئی (ایسی) مثال (سوال اور اعتراض کے طور پر) نہیں لاتے مگر ہم آپ کے پاس (اس کے جواب میں) حق اور (اس سے) بہتر وضاحت کا بیان لے آتے ہیںo

And these (disbelievers) do not bring you any (such) instance (as an objection or inquiry), but We provide you with the truth (to reply it) and an explanation better (than that).

وَإِذَا رَأَوْكَ إِنْ يَتَّخِذُوْنَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا (41)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) جب (بھی) وہ آپ کو دیکھتے ہیں آپ کا مذاق اڑانے کے سوا کچھ نہیں کرتے (اور کہتے ہیں:) کیا یہی وہ (شخص) ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہےo

And, (O Esteemed Beloved,) when they see you, they do nothing but make fun of you (and say:) 'Is this (the one) Allah has sent as a Messenger?

إِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ آلِهَتِنَا لَوْلَا أَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ أَضَلُّ سَبِيْلًا (42)

ترجمہ: قریب تھا کہ یہ ہمیں ہمارے معبودوں سے بہکا دیتا اگر ہم ان (کی پرستش) پر ثابت قدم نہ رہتے اور وہ عنقریب جان لیں گے جس وقت عذاب دیکھیں گے کہ کون زیادہ گمراہ تھاo

He had nearly turned us away from our gods, had we not held fast to their (worship).' And when they see the torment, they will soon realize who was astray.

أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلٰهَهٗ هَوَاهُ أَفَأَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا (43)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے اپنی خواہشِ نفس کو اپنا معبود بنا لیا ہے؟ تو کیا آپ اس پر نگہبان بنیں گےo

Have you seen him who has taken the desire of his lower self as god? Would you then become a guardian over him?

أَمْ تَحْسَبُ أَنَّ أَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ أَوْ يَعْقِلُوْنَ إِنْ هُمْ إِلَّا كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ سَبِيْلًا (44)

ترجمہ: کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر لوگ سنتے یا سمجھتے ہیں؟ (نہیں) وہ تو چوپایوں کی مانند (ہو چکے) ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر گمراہ ہیںo

Do you think that most of them hear or understand? (Nay,) they have become like cattle, rather worse in error than they are.

أَلَمْ تَرَ إِلَى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاء لَجَعَلَهُ سَاكِناً ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلاً (45)

ترجمہ: کیا آپ نے اپنے رب (کی قدرت) کی طرف نگاہ نہیں ڈالی کہ وہ کس طرح (دوپہر تک) سایہ دراز کرتا ہے اور اگر وہ چاہتا تو اسے ضرور ساکن کر دیتا پھر ہم نے سورج کو اس (سایہ) پر دلیل بنایا ہےo

Have you not had a glance of (the Might of) your Lord, how He lengthens the shadow (till noon)? And had He willed, He could certainly have made it stationary. Then We have made the sun a proof of this (shadow).

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّراً وَنَذِيْراً (56)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر (اللہ کے اطاعت گزار بندوں کو) خوشخبری سنانے والا اور (بغاوت شعار لوگوں کو) ڈر سنانے والا بنا کرo

And We have not sent you but as a Bearer of good news (for the obedient servants of Allah) and as a Warner (to the rebels).

قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِلَّا مَن شَاء أَن يَتَّخِذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيْلاً (57)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے کہ میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ بھی معاوضہ نہیں مانگتا مگر جو شخص اپنے رب تک (پہنچنے کا) راستہ اختیار کرنا چاہتا ہے (کر لے)o

Say: 'I do not ask you for any compensation for this (preaching), but that whoever desires to take a path to (reach) his Lord (may step in).'

قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَاماً (77)

ترجمہ: فرما دیجیے: میرے رب کو تمہاری کوئی پرواہ نہیں اگر تم (اس کی) عبادت نہ کرو، پس واقعی تم نے (اسے) جھٹلایا ہے تو اب یہ (جھٹلانا تمہارے لیے) دائمی عذاب بنا رہے گاo

Say: 'My Lord cares little for you if you do not worship (Him). But you have indeed rejected (Him). So now this (denial) will ever endure as a permanent torment (for you).'

سورۃ الشعرآء:

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ أَلَّا يَكُونُوا مُؤْمِنِيْنَ (3)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) شاید آپ (اس غم میں) اپنی جانِ (عزیز) ہی دے بیٹھیں گے کہ وہ ایمان نہیں لاتےo

(O Esteemed Beloved!) You will perhaps risk your (dearest) life, (grieving) that they do not accept faith.

نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْأَمِيْنُ (193)

ترجمہ: اسے روح الامین (جبریل علیہ السلام) لے کر اترا ہےo

The Trusted Spirit (Gabriel) has descended with it,

عَلَى قَلْبِكَ لِتَكُونَ مِنَ الْمُنذِرِيْنَ (194)

ترجمہ: آپ کے قلبِ (انور) پر تاکہ آپ (نافرمانوں کو) ڈر سنانے والوں میں سے ہو جائیںo

Upon your (most illumined) heart so that you may be a Warner (to the disobedient).

أَوَلَمْ يَكُن لَّهُمْ آيَةً أَن يَعْلَمَهُ عُلَمَاء بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ (197)

ترجمہ: اور کیا ان کے لیے (صداقتِ قرآن اور صداقتِ نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) یہ دلیل (کافی) نہیں ہے کہ اسے بنی اسرائیل کے علماء (بھی) جانتے ہیںo

And is it not for them a (sufficient) proof (of the truth of the Qur'an and the truth of Muhammad's Prophethood [blessings and peace be upon him]) that the learned scholars of the Children of Israel (also) recognize it?

وَأَنذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ (214)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو (ہمارے عذاب سے) ڈرائیےo

And, (O Esteemed Beloved,) warn your close relatives (of Our torment).

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (215)

ترجمہ: اور آپ اپنا بازوئے (رحمت وشفقت) ان مومنوں کے لیے بچھا دیجیے جنہوں نے آپ کی پیروی اختیار کر لی ہےo

And extend your (merciful, kind and supporting) hand to those believers who follow you.

فَإِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ إِنِّيْ بَرِيْءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ (216)

ترجمہ: پھر اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو آپ فرما دیجیے کہ میں ان اعمالِ (بد) سے بیزار ہوں جو تم انجام دے رہے ہوo

But, if they disobey you, then say: 'I am disgusted by these (evil) deeds which you are doing.'

وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ (217)

ترجمہ: اور بڑے غالب مہربان (رب) پر بھروسہ رکھیےo

And put your trust in Almighty, Ever-Merciful (Lord),

الَّذِيْ يَرَاكَ حِيْنَ تَقُوْمُ (218)

ترجمہ: جو آپ کو (رات کی تنہائیوں میں بھی) دیکھتا ہے جب آپ (نمازِ تہجد کے لیے) قیام کرتے ہیںo

Who sees you when you stand up (for Tahajjud Prayer in the solitary hours at night),

وَتَقَلُّبَكَ فِيْ السَّاجِدِيْنَ (219)

ترجمہ: اورسجدہ گزاروں میں (بھی) آپ کا پلٹنا دیکھتا (رہتا) ہےo

And Who (also keeps) seeing your turning movements amongst those who prostrate themselves in Prayer.

سورۃ النمل:

وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِن لَّدُنْ حَكِيمٍ عَلِيمٍ **(6)**

ترجمہ: اور بے شک آپ کو (یہ) قرآن بڑے حکمت والے، علم والے (رب) کی طرف سے سکھایا جا رہا ہےo

And surely, you are being taught (this) Qur'an from the All-Wise, All-Knowing (Lord).

قُل لَّا يَعْلَمُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللَّهُ وَمَا يَشْعُرُونَ أَيَّانَ يُبْعَثُونَ **(65)**

ترجمہ: فرما دیجیے کہ جو لوگ آسمانوں اور زمین میں ہیں (اَز خود) غیب کا علم نہیں رکھتے سوائے اللہ کے (وہ عالم بالذّات ہے) اور نہ ہی وہ یہ خبر رکھتے ہیں کہ وہ (دوبارہ زندہ کر کے) کب اٹھائے جائیں گےo

Say: 'Those who are in the heavens and the earth do not have the knowledge of the unseen (by themselves) except Allah (Who is Self-Knowing), nor do they know when they will be raised up (alive again).'

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ **(69)**

ترجمہ: فرما دیجیے: تم زمین میں سیر و سیاحت کرو پھر دیکھو مجرموں کا انجام کیسا ہواo

Say: 'Travel in the land and see how was the end of the evildoers.'

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُن فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ **(70)**

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ ان (کی باتوں) پر غم زدہ نہ ہوا کریں اور نہ اس مکر و فریب کے باعث جو وہ کر رہے ہیں تنگ دلی میں (مبتلاء) ہوںo

And, (O Esteemed Beloved,) do not grieve (over what they say), nor (undergo) distress at the deceitful and treacherous activities which they are carrying out.

قُلْ عَسَى أَن يَكُونَ رَدِفَ لَكُم بَعْضُ الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ **(72)**

ترجمہ: فرما دیجیے: کچھ بعید نہیں کہ اس (عذاب) کا کچھ حصہ تمہارے نزدیک ہی آ پہنچا ہو جسے تم بہت جلد طلب کر رہے ہوo

Say: 'It is not far from possible that a part of that (torment) which you seek to hasten has nearly reached you.'

إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ **(76)**

ترجمہ: بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل کے سامنے وہ بیشتر چیزیں بیان کرتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیںo

Surely, this Qur'an expounds to the Children of Israel most of the things in which they differ.

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ **(79)**

ترجمہ: پس آپ اللہ پر بھروسہ کریں بے شک آپ صریح حق پر (قائم اور فائز) ہیںo

So put your trust in Allah. Surely, you are (firm and fixed) on the evident truth.

إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَى وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِينَ (80)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک آپ نہ تو اِن مردوں (یعنی حیات ایمانی سے محروم کافروں) کو اپنی پکار سناتے ہیں اور نہ ہی (صدائے حق کی سماعت سے محروم) بہروں کو، جب کہ وہ (آپ ہی سے) پیٹھ پھیرے جا رہے ہوں☆o

☆ یہاں پر المَوتٰی (مُردوں) اور الصُّمَّ (بہروں) سے مراد کافر ہیں۔ صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے بھی یہی معنٰی مروی ہے۔ مختلف تفاسیر سے حوالے ملاحظہ ہوں: تفسیر الطبری (12:20)، تفسیر القرطبی (232:13)، تفسیر البغوی (428:3)، زاد المسیر لابن الجوزی (189:6)، تفسیر ابن کثیر (375:3، 439)، تفسیر اللباب لابی حفص الحنبلی (126:16)، الدر المنثور للسیوطی (376:6)، اور فتح القدیر للشوکانی (150:4)

(O Beloved!) Surely, you make neither the dead (i.e., the disbelievers deprived of the vitality of faith) hear your call nor the deaf (i.e., deprived of hearing the call of truth) while they are getting away (from you) turning their backs.*

*** Here al-mawta (the dead) and al-summa (the deaf) denote the disbelievers. The Companions and the Followers have also narrated the same meaning. See: Tafsir al-Tabari (20:12); Tafsir al-Qurtubi (13:232); Tafsir al-Baghawi (3:428); Zad al-Masir by Ibn al-Jawzi (6:189); Tafsir Ibn Kathir (3:375, 439); Tafsir al-Lubab by Ibn 'Adil al-Damashqi (16:126); al-Durr al-Manthur by al-Suyuti (6:376) and Fath al-Qadir by al-Shawkani (4:150).**

وَمَا أَنتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ (81)

ترجمہ: اور نہ ہی آپ (دل کے) اندھوں کو ان کی گمراہی سے (بچا کر) ہدایت دینے والے ہیں، آپ تو (فی الحقیقت) انہی کو سناتے ہیں جو (آپ کی دعوت قبول کر کے) ہماری آیتوں پر ایمان لے آتے ہیں سو وہی لوگ مسلمان ہیں (اور وہی زندہ کہلانے کے حق دار ہیں)o

Nor can you guide the blind (of heart, rescuing them) from their wrong path. (In fact) you make only them hear who (accepting your call) believe in Our Revelations. So it is they who are Muslims (and only they deserve to be called alive).

إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِي حَرَّمَهَا وَلَهُ كُلُّ شَيْءٍ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ (91)

ترجمہ: (آپ ان سے فرما دیجیے کہ) مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ اس شہرِ (مکّہ) کے رب کی عبادت کروں جس نے اسے عزت و حُرمت والا بنایا ہے اور ہر چیز اُسی کی (مِلک) ہے اور مجھے (یہ) حکم (بھی) دیا گیا ہے کہ میں (اللہ کے) فرمانبرداروں میں رہوںo

(Say to them:) 'I have been commanded only to worship the Lord of this city

(Mecca), Who has made it Holy and Sacred, and everything belongs to Him alone. And I have (also) been commanded to be of those who submit wholly (to Allah),

وَأَنْ أَتْلُوَ الْقُرْآنَ فَمَنِ اهْتَدَى فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ وَمَن ضَلَّ فَقُلْ إِنَّمَا أَنَا مِنَ الْمُنذِرِينَ (92)

ترجمہ: نیز یہ کہ میں قرآن پڑھ کر سناتا رہوں سو جس شخص نے ہدایت قبول کی تو اس نے اپنے ہی فائدہ کے لیے راہِ راست اختیار کی، اور جو بہکا رہا تو آپ فرما دیں کہ میں تو صرف ڈر سنانے والوں میں سے ہوں o

And that I keep reciting the Qur'an. So whoever accepts guidance takes the straight path only for his own benefit, and (to him) who wanders on in error, say: 'I am only of the Warners.'

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ سَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ فَتَعْرِفُونَهَا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (93)

ترجمہ: اور آپ فرما دیجیے کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں وہ عنقریب تمہیں اپنی نشانیاں دکھا دے گا سو تم انہیں پہچان لو گے، اور آپ کا رب ان کاموں سے بے خبر نہیں جو تم انجام دیتے ہو o

And say: 'All praise belongs to Allah alone. Soon He will show you His signs and you will recognize them. And your Lord is not unaware of what you do.'

سورۃ القصص:

نَتْلُوا عَلَيْكَ مِن نَّبَإِ مُوسَى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (3)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ہم آپ پر موسیٰ (علیہ السلام) اور فرعون کے حقیقت پر مبنی حال میں سے ان لوگوں کے لیے کچھ پڑھ کر سناتے ہیں جو ایمان رکھتے ہیں o

(O Esteemed Beloved!) We recite to you from the true account of Musa (Moses) and Pharaoh for those who have believed.

وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ إِذْ قَضَيْنَا إِلَى مُوسَى الْأَمْرَ وَمَا كُنتَ مِنَ الشَّاهِدِينَ (44)

ترجمہ: اور آپ (اس وقت طُور کے) مغربی جانب (تو موجود) نہیں تھے جب ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کی طرف حکمِ (رسالت) بھیجا تھا، اور نہ (ہی) آپ (ان ستّر افراد میں شامل تھے جو وحیِ موسٰی علیہ السلام کی) گواہی دینے والوں میں سے تھے (پس یہ سارا بیان غیب کی خبر نہیں تو اور کیا ہے؟) o

And you were not (present at that time) on the western side (of Tur) when We sent the command (of Prophethood) towards Musa (Moses), nor were you amongst (those seventy people who were) witnesses (to the Revelation to Musa [Moses]. So what else is this narration except the news of the unseen?)

وَلَكِنَّا أَنشَأْنَا قُرُوناً فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ وَمَا كُنتَ ثَاوِيًا فِي أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَلَكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ (45)

ترجمہ: لیکن ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کے بعد یکے بعد دیگرے) کئی قومیں پیدا فرمائیں پھر ان پر طویل مدّت گزر گئی، اور نہ (ہی) آپ (موسیٰ اور شعیب علیہما السلام کی طرح) اہلِ مدین میں مقیم تھے کہ آپ ان پر ہماری آیتیں پڑھ کر سناتے ہوں لیکن ہم ہی

(آپ کو اخبارِ غیب سے سرفراز فرما کر) مبعوث فرمانے والے ہیں o

But We raised many generations (successively after Musa [Moses]) and long ages passed over them. Nor were you living amongst the people of Madyan (like Musa [Moses] and Shu'ayb) reciting Our Verses to them. But it is for Us to send (you exalting with tidings of the unseen).

وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ الطُّورِ إِذْ نَادَيْنَا وَلَكِن رَّحْمَةً مِّن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْماً مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ **(46)**

ترجمہ: اور نہ (ہی) آپ طُور کے کنارے (اس وقت موجود) تھے جب ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کو) ندا فرمائی مگر (آپ کو ان تمام احوالِ غیب پر مطلع فرمانا) آپ کے رب کی جانب سے (خصوصی) رحمت ہے۔ تاکہ آپ (ان واقعات سے باخبر ہو کر) اس قوم کو (عذابِ الٰہی سے) ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا، تاکہ وہ نصیحت قبول کریں o

Nor were you (present at that time) on the side of Tur when We called out to Musa (Moses). But (enlightening you on all these matters of the unseen) is an (exceptional) mercy from your Lord so that (having awareness of these incidents) you may warn these people (of the torment of Allah) to whom no Warner has come before you, in order that they may accept admonition.

وَلَوْلَا أَن تُصِيبَهُم مُّصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَيَقُولُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولاً فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ **(47)**

ترجمہ: اور (ہم کوئی رسول نہ بھیجتے) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچے ان کے اعمالِ بد کے باعث جو انہوں نے خود انجام دیے تو وہ یہ نہ کہنے لگیں کہ اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا تاکہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ہم ایمان والوں میں سے ہو جاتے o

And (We would not send any Messenger) if this was not the case that when some suffering should seize them due to their own evil deeds which they did, they would say: 'O our Lord, why did You not send us any Messenger so that we might follow Your Revelations and become of the believers?'

قُلْ فَأْتُوا بِكِتَابٍ مِّنْ عِندِ اللَّهِ هُوَ أَهْدَى مِنْهُمَا أَتَّبِعْهُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(49)**

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ تم اللہ کے حضور سے کوئی (اور) کتاب لے آؤ جو ان دونوں سے زیادہ ہدایت والی ہو (تو) میں اس کی پیروی کروں گا اگر تم (اپنے الزامات میں) سچے ہو o

Say: 'Bring some (other) book from Allah which guides better than these two, (then) I shall follow that if you are truthful (in your blames).'

فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءهُمْ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ **(50)**

ترجمہ: پھر اگر وہ آپ کا ارشاد قبول نہ کریں تو آپ جان لیں (کہ ان کے لیے کوئی حجت باقی نہیں رہی) وہ محض اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں، اور اس شخص سے زیادہ گمراہ کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی جانب سے ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہش کی پیروی کرے۔ بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

But if they do not accept what you say, then know that (they do not have any logic); they merely follow their lusts. And who can be more astray than the one who follows his desire, abandoning the guidance from Allah? Surely, Allah does not guide the wrongdoers.

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يَشَاءُ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ **(56)**

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جسے آپ (راہ ہدایت پر لانا) چاہتے ہیں اسے راہ ہدایت پر آپ خود نہیں لاتے بلکہ جسے اللہ چاہتا ہے (آپ کے ذریعے) راہ ہدایت پر چلا دیتا ہے، اور وہ راہ ہدایت پانے والوں سے خوب واقف ہےo

The truth is that whoever you like (to bring on to the path of guidance), you do not yourself bring him on to the path of guidance. Instead, (it so happens that) whomever Allah pleases, He makes him tread the path of guidance (through your mediation). And He knows best those who find the path of guidance.

وَقَالُوا إِن نَّتَّبِعِ الْهُدَى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا أَوَلَمْ نُمَكِّن لَّهُمْ حَرَماً آمِناً يُجْبَى إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِزْقاً مِن لَّدُنَّا وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(57)**

ترجمہ: اور (قدر ناشناس) کہتے ہیں کہ اگر ہم آپ کی معیّت میں ہدایت کی پیروی کر لیں تو ہم اپنے ملک سے اچک لیے جائیں گے۔ کیا ہم نے انہیں (اس) امن والے حرم (شہرِ مکہ جو آپ ہی کا وطن ہے) میں نہیں بسایا جہاں ہماری طرف سے رزق کے طور پر (دنیا کی ہر سمت سے) ہر جنس کے پھل پہنچائے جاتے ہیں، لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے (کہ یہ سب کچھ کس کے صدقے سے ہو رہا ہے)o

And (the ignorant of its value) say: 'If we follow the guidance in your company, we shall be snatched out of our land.' Have We not made them settle in (this) secure and peaceful Sanctuary (Mecca-your own land) where all kinds of fruits are supplied (from all over the world) as sustenance from Us? But most of them do not know (for whose sake this whole process operates).

وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ **(69)**

ترجمہ: اور آپ کا رب ان (تمام باتوں) کو جانتا ہے جو ان کے سینے (اپنے اندر) چھپائے ہوئے ہیں اور جو کچھ وہ آشکار کرتے ہیںo

And your Lord knows (all) what their breasts hide (inside) and what they make known.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ سَرْمَداً إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِضِيَاءٍ أَفَلَا تَسْمَعُونَ **(71)**

ترجمہ: فرما دیجیے: ذرا اتنا بتاؤ کہ اگر اللہ تمہارے اوپر روزِ قیامت تک ہمیشہ رات طاری فرما دے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں روشنی لا دے۔ کیا تم (یہ باتیں) سنتے نہیں ہوo

Say: 'Just answer: If Allah prolongs the night over you till the Day of Resurrection, (then) what god is there besides Allah who will bring you light? Do you not hear (these words)?'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَداً إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِلَيْلٍ تَسْكُنُونَ فِيهِ أَفَلَا تُبْصِرُونَ (72)

ترجمہ: فرما دیجیے: ذرا یہ (بھی) بتاؤ کہ اگر اللہ تمہارے اوپر روزِ قیامت تک ہمیشہ دن طاری فرما دے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں رات لا دے کہ تم اس میں آرام کر سکو، کیا تم دیکھتے نہیں ہو o

Say: 'Just tell me this (as well): If Allah prolongs the day over you till the Day of Resurrection, (then) what god is there besides Allah who will bring you night in which you may take rest? Do you not see?'

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَى مَعَادٍ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ مَن جَاء بِالْهُدَى وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (85)

ترجمہ: بے شک جس (رب) نے آپ پر قرآن (کی تبلیغ و اقامت کو) فرض کیا ہے یقیناً وہ آپ کو (آپ کی چاہت کے مطابق) لوٹنے کی جگہ (مکہ یا آخرت) کی طرف (فتح و کامیابی کے ساتھ) واپس لے جانے والا ہے۔ فرما دیجیے: میرا رب اسے خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا اور اسے (بھی) جو صریح گمراہی میں ہے۔ ☆ o

☆ (یہ آیت مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرماتے ہوئے جحفہ کے مقام پر نازل ہوئی اور یہ وعدہ فتح مکہ کے دن پورا ہو گیا۔)

Surely, (the Lord) Who has enjoined (the teaching, preaching and establishment of the system given in) the Qur'an upon you will bring you back (according to your desire) to the place of return (Mecca or the Hereafter with victory and success). Say: 'My Lord knows best the one who brought guidance and (also) the one who is in open error.'*

*** This Verse was revealed at Hajfa whilst migrating from Mecca on the way to Medina. This promise was fulfilled on the day of the Meccan Victory.**

سورۃ العنکبوت:

اتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاء وَالْمُنكَرِ وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ (45)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ وہ کتاب پڑھ کر سنایئے جو آپ کی طرف (بذریعہ) وحی بھیجی گئی ہے، اور نماز قائم کیجئے، بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے، اور واقعی اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے، اور اللہ ان (کاموں) کو جانتا ہے جو تم کرتے ہو o

(O Esteemed Beloved!) Recite the Book which has been revealed to you and establish prayer. Surely, prayer prohibits indecency and impiety; and verily, the remembrance of Allah is the greatest. And Allah knows whatever (deeds) you do.

وَمَا كُنتَ تَتْلُو مِن قَبْلِهِ مِن كِتَابٍ وَلَا تَخُطُّهُ بِيَمِينِكَ إِذاً لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُونَ (48)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) اس سے پہلے آپ کوئی کتاب نہیں پڑھا کرتے تھے اور نہ ہی آپ اسے اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے ورنہ اہلِ باطل اسی وقت ضرور شک میں پڑ جاتے o

And, (O Beloved,) you never recited any book before this, nor did you write it

with your own hand in which case the disbelievers would certainly have doubted.

وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ (50)

ترجمہ: اور کفّار کہتے ہیں کہ اِن پر (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) ان کے رب کی طرف سے نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں، آپ فرما دیجیے کہ نشانیاں تو اللہ ہی کے پاس ہیں اور میں تو محض صریح ڈر سنانے والا ہوں o

And the disbelievers say: 'Why have signs not been sent down on him (the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) from his Lord?' Say: 'The signs are with Allah alone and I am simply an open Warner.'

قُلْ كَفَى بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيداً يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ آمَنُوا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (52)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: میرے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے۔ وہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب کا حال) جانتا ہے، اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور اللہ کا انکار کیا وہی نقصان اٹھانے والے ہیں o

Say: 'Sufficient is Allah as a Witness between me and you. He knows (the state of) all that is in the heavens and in the earth. And those who believe in falsehood and disbelieve in Allah, it is they who are the losers.'

سورۃ الروم:

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُونَ مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (42)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے کہ تم زمین میں سیر و سیاحت کیا کرو پھر دیکھو پہلے لوگوں کا کیسا (عبرت ناک) انجام ہوا، ان میں زیادہ تر مشرک تھے o

Say: 'Travel in the land, then see how (alarming) was the end of the people before you! Most of them were polytheists.'

وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ 43)

ترجمہ: سو آپ اپنا رُخِ (انور) سیدھے دین کے لیے قائم رکھیئے قبل اس کے کہ وہ دن آ جائے جسے اللہ کی طرف سے (قطعاً) نہیں پھرنا ہے۔ اس دن سب لوگ جدا جدا ہو جائیں گے o

So set your (radiant) face to the straight Din (Religion) before that Day comes from Allah which will not avert (at all). On that Day people will separate from one another.

قُلْ كَفَى بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيداً يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ آمَنُوا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (52)

ترجمہ: پس (اے حبیب!) بے شک آپ نہ تو اِن مردوں (یعنی حیات ایمانی سے محروم کافروں) کو اپنی پکار سناتے ہیں اور نہ ہی (صدائے حق کی سماعت سے محروم) بہروں کو، جب کہ وہ (آپ ہی سے) پیٹھ پھیرے جا رہے ہوں ☆ o

☆ یہاں پر المَوتٰی (مُردوں) اور الصُّمَّ (بہروں) سے مراد کافر ہیں۔ صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے بھی یہی معنٰی مروی ہے۔ مختلف تفاسیر سے حوالے ملاحظہ ہوں: تفسیر الطبری (12:20)، تفسیر القرطبی (232:13)، تفسیر البغوی (428:3)، زاد المسیر لابن الجوزی (189:6)، تفسیر ابن کثیر (375:3، 439)، تفسیر اللباب لابی حفص الحنبلی (126:16)، الدر المنثور للسیوطی (376:6)، اور فتح القدیر للشوکانی (150:4)

(O Beloved!) Surely, you make neither the dead (i.e., the disbelievers deprived of the vitality of faith) hear your call nor the deaf (i.e., deprived of hearing the call of truth) whilst they are getting away (from you) turning their backs.* * Here al-mawta (the dead) and al-summa (the deaf) denote the disbelievers. The Companions and the Followers have also narrated the same meaning. References: Tafsir al-Tabari (20:12); Tafsir al-Qurtubi (13:232); Tafsir al-Baghawi (3:428); Zad al-Masir by Ibn al-Jawzi (6:189); Tafsir Ibn Kathir (3:375, 439); Tafsir al-Lubab by Ibn 'Adil al-Damashqi (16:126); al-Durr al-Manthur by al-Suyuti (6:376) and Fath al-Qadir by al-Shawkani (4:150).

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَوْلَا أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاءهُمُ الْعَذَابُ وَلَيَأْتِيَنَّهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (53)

ترجمہ: اور نہ ہی آپ (ان) اندھوں کو (جو محرومِ بصیرت ہیں) گمراہی سے راہِ ہدایت پر لانے والے ہیں، آپ تو صرف انہی لوگوں کو (فہم اور قبولیت کی توفیق کے ساتھ) سناتے ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لے آتے ہیں، سو وہی مسلمان ہیں (ان کے سوا کسی اور کو آپ سناتے ہی نہیں ہیں)o

Nor can you turn (these) blind (i.e., wanting in insight) from misguidance to the path of guidance. You recite (with the essential understanding and competence of acceptability) only to those people who believe in Our Revelations. So it is they who are Muslims. (You recite to none except them.)

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفاً تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِيْنَ (58)

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال بیان کر دی ہے، اور اگر آپ ان کے پاس کوئی (ظاہری) نشانی لے آئیں تب بھی یہ کافر لوگ ضرور (یہی) کہہ دیں گے کہ آپ محض باطل و فریب کار ہیں o

And in truth We have elucidated every type of example in this Qur'an for the people (to make them understand). And if you bring them some (visible) sign, even then these disbelieving people will certainly say: 'You are only doing falsehood and fraud.'

وَكَأَيِّن مِن دَابَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (60)

ترجمہ: پس آپ صبر کیجئے، بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے، جو لوگ یقین نہیں رکھتے کہیں (ان کی گمراہی کا غم اور ہدایت کی فکر) آپ کو کمزور ہی نہ کر دیں۔ (اے جانِ جہاں! ان کے کفر کو غمِ جاں نہ بنالیں)o

So be steadfast. Verily, the promise of Allah is true. And let not those who lack certitude of faith enfeeble you (on account of the grief over their straying and discomfort for their guidance. O life of the universe, let not their disbelief become a grief consuming your soul).

سورۃ القمان:

وَمَن كَفَرَ فَلَا يَحْزُنكَ كُفْرُهُ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (23)

ترجمہ: اور جو کفر کرتا ہے (اے حبیبِ مکرّم!) اس کا کفر آپ کو غمگین نہ کر دے، انہیں (بھی) ہماری ہی طرف پلٹ کر آنا ہے، ہم انہیں ان اعمال سے آگاہ کر دیں گے جو وہ کرتے رہے ہیں، بے شک اللہ سینوں کی (مخفی) باتوں کو خوب جاننے والا ہےo

And whoever disbelieves, (O Esteemed Beloved,) let not his disbelief grieve you. They (too) are to return to Us. We shall inform them of the deeds which they used to do. Surely, Allah knows best the (hidden) contents of the breasts.

سورۃ السجدۃ:

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْماً مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ (3)

ترجمہ: کیا کفار و مشرکین یہ کہتے ہیں کہ اسے اس (رسول) نے گھڑ لیا ہے۔ بلکہ وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے تاکہ آپ اس قوم کو ڈر سنائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تاکہ وہ ہدایت پائیںo

Do the disbelievers and the polytheists say: 'He (the Holy Prophet) has fabricated it'? Nay, it is the truth from your Lord so that you may warn those to whom no Warner has come before you that they may receive guidance.

قُلْ يَتَوَفَّاكُم مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلَى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ (11)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روح قبض کرتا ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Say: 'The angel of death, that is appointed over you, will terminate your life. Then you will be sent back to your Lord.'

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُن فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَائِهِ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ (23)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب (تورات) عطا فرمائی تو آپ ان کی ملاقات کی نسبت شک میں نہ رہیں (وہ ملاقات آپ سے عنقریب شبِ معراج ہونے والی ہے) اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایاo

And verily, We gave Musa (Moses) the Book (Torah). So do not have any doubt with regard to his meeting. (That meeting is about to take place during the Night of the Ascension.) And We made it a guidance for the Children of Israel.

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْفَتْحُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (28)

ترجمہ: اور کہتے ہیں: یہ فیصلہ (کا دن) کب ہوگا اگر تم سچے ہوo

And they say: 'When will this (Day of) Judgment take place if you are truthful?'

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا إِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنظَرُوْنَ (29)

ترجمہ: آپ فرمادیں: فیصلہ کے دن نہ کافروں کو ان کا ایمان فائدہ دے گا اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گیo

Say: 'On the Day of Judgment, the belief of disbelievers will bring them no benefit, nor will they be given any respite.'

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانتَظِرْ إِنَّهُم مُّنتَظِرُوْنَ (30)

ترجمہ: پس آپ اُن سے منہ پھیر لیجئے اور انتظار کیجئے اور وہ لوگ (بھی) انتظار کر رہے ہیںo

So turn your face away from them and wait and they (too) are waiting.

سورۃ الاحزاب:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِيْنَ وَالْمُنَافِقِيْنَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيْماً حَكِيْماً (1)

ترجمہ: اے نبی! آپ اللہ کے تقوٰی پر (حسبِ سابق استقامت سے) قائم رہیں اور کافروں اور منافقوں کا (یہ) کہنا (کہ ہمارے ساتھ مذہبی سمجھوتہ کر لیں ہرگز) نہ مانیں، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

O Prophet! Remain firm in fearing Allah (with perseverance as before) and do not agree at all to what the disbelievers and the hypocrites say (i.e., 'Conclude with us religious agreement'). Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَاتَّبِعْ مَا يُوحَى إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْراً (2)

ترجمہ: اور آپ اس (فرمان) کی پیروی جاری رکھیئے جو آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے وحی کیا جاتا ہے، بے شک اللہ ان کاموں سے خبردار ہے جو تم انجام دیتے ہوo

And continue following this (command) which is revealed to you from your Lord. Surely, Allah is Well Aware of the works that you do.

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيْلاً (3)

ترجمہ: اور اللہ پر بھروسہ (جاری) رکھئے، اور اللہ ہی کارساز کافی ہےo

And maintain your trust in Allah and Sufficient is Allah as a Guardian.

مَّا جَعَلَ اللَّهُ لِرَجُلٍ مِّن قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهِ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِيْ تُظَاهِرُوْنَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ذَلِكُمْ قَوْلُكُم بِأَفْوَاهِكُمْ وَاللَّهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ (4)

ترجمہ: اللہ نے کسی آدمی کے لیے اس کے پہلو میں دو دل نہیں بنائے، اور اس نے تمہاری بیویوں کو جنہیں تم ظِہار کرتے ہوئے ماں کہہ دیتے ہو تمہاری مائیں نہیں بنایا، اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے (حقیقی) بیٹے بنایا، یہ سب تمہارے منہ کی اپنی باتیں ہیں، اور اللہ حق بات فرماتا ہے، اور وہی (سیدھا) راستہ دکھاتا ہےo

Allah has not made for any man two hearts inside his breast, nor has He made your wives your mothers whom you call mothers by way of zihar (a form of divorce). Nor has He made your adopted sons your (real) sons. These are merely the utterances of your mouth. And Allah says the truth

and He alone shows the (straight) path.

ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ فَإِن لَّمْ تَعْلَمُوا آبَاءهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَا أَخْطَأْتُم بِهِ وَلَكِن مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (5)

ترجمہ: تم اُن (منہ بولے بیٹوں) کو ان کے باپ (ہی کے نام) سے پکارا کرو، یہی اللہ کے نزدیک زیادہ عدل ہے، پھر اگر تمہیں ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو (وہ) دین میں تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے دوست ہیں۔ اور اس بات میں تم پر کوئی گناہ نہیں جو تم نے غلطی سے کہی لیکن (اس پر ضرور گناہ ہوگا) جس کا ارادہ تمہارے دلوں نے کیا ہو، اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

Call them (the adopted sons) after their fathers' (names). That is most just in the sight of Allah. So if you do not know their fathers, then they are your brothers in the Din (Religion) and your friends. And there is no sin on you for what you said by mistake, but (that will be a sure sin) which your hearts intend. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ وَأُوْلُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ إِلَّا أَن تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَائِكُم مَّعْرُوفاً كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُوراً (6)

ترجمہ: یہ نبیِ (مکرّم) مومنوں کے ساتھ اُن کی جانوں سے زیادہ قریب اور حق دار ہیں اور آپ کی اَزواجِ (مطہّرات) اُن کی مائیں ہیں، اور خونی رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دیگر) مومنین اور مہاجرین کی نسبت (تقسیمِ وراثت میں) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں سوائے اس کے کہ تم اپنے دوستوں پر احسان کرنا چاہو، یہ حکم کتاب (الٰہی) میں لکھا ہوا ہےo

This (Esteemed) Prophet is nearer to and has a greater claim on the believers than their own souls and his (pure) wives are their mothers. And blood relations have a greater claim one to another (in the distribution of inheritance) in the Book of Allah than (the rest of) the believers and the Emigrants except that you desire to do favour to your friends. This command is written in the Book of Allah.

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّينَ مِيثَاقَهُمْ وَمِنكَ وَمِن نُّوحٍ وَإِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَاقاً غَلِيظاً (7)

ترجمہ: اور (اے حبیب! یاد کیجئے) جب ہم نے انبیاء سے اُن (کی تبلیغِ رسالت) کا عہد لیا اور (خصوصاً) آپ سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسیٰ سے اور عیسیٰ ابن مریم (علیہم السلام) سے اور ہم نے اُن سے نہایت پختہ عہد لیاo

And, (O Beloved, recall) when We took a covenant from the Prophets (to preach faith in their Prophethood) and (specially) from you and from Nuh (Noah) and from Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses) and 'Isa (Jesus), the son of Maryam (Mary), and We took from them a solemn covenant,

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيراً (21)

ترجمہ: فی الحقیقت تمہارے لیے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات) میں نہایت ہی حسین نمونہ (حیات) ہے ہر اُس شخص

کے لیے جو اللہ (سے ملنے) کی اور یومِ آخرت کی امید رکھتا ہے اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرتا ہےo

In truth, in (the sacred person of) Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) there is for you a most perfect and beautiful model (of life) for every such person that expects and aspires to (meeting) Allah and the Last Day and remembers Allah abundantly.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحاً جَمِيلاً (28)

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) اپنی اَزواج سے فرما دیں کہ اگر تم دنیا اور اس کی زینت و آرائش کی خواہش مند ہو تو آؤ میں تمہیں مال و متاع دے دوں اور تمہیں حسنِ سلوک کے ساتھ رخصت کر دوں o

O (Esteemed) Prophet! Say to your wives: 'If you long for the world and its glitter, then come! I shall make a provision for you and set you free in a handsome manner.

وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْراً عَظِيماً (29)

ترجمہ: اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور دارِ آخرت کی طلب گار ہو تو بے شک اللہ نے تم میں نیکوکار بیبیوں کے لیے بہت بڑا اَجر تیار فرما رکھا ہےo

But if you long for Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the abode of the Hereafter, then surely Allah has prepared for the pious amongst you a tremendous reward.'

يَا نِسَاء النَّبِيِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيراً (30)

ترجمہ: اے اَزواجِ نبیِ (مکرّم!) تم میں سے کوئی ظاہری معصیت کی مرتکب ہو تو اس کے لیے عذاب دوگنا کر دیا جائے گا، اور یہ اللہ پر بہت آسان ہےo

O wives of the (Esteemed) Prophet! Whoever of you commits an obvious indecency, the torment for her will be doubled, and that is very easy for Allah.

وَمَن يَقْنُتْ مِنكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِ وَتَعْمَلْ صَالِحاً نُّؤْتِهَا أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَأَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقاً كَرِيماً (31)

ترجمہ: اور تم میں سے جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت گزار رہیں اور نیک اعمال کرتی رہیں تو ہم ان کا ثواب (بھی) انہیں دوگنا دیں گے اور ہم نے اُن کے لیے (جنّت میں) باعزّت رزق تیار کر رکھا ہےo

And those of you who remain obedient to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and persist in pious works, We shall give them double of their reward and We have prepared for them honourable sustenance (in Paradise).

يَا نِسَاء النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاء إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِي فِي قَلْبِهِ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلاً مَّعْرُوفاً (32)

ترجمہ: اے اَزواجِ پیغمبر! تم عورتوں میں سے کسی ایک کی بھی مِثل نہیں ہو، اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو (مَردوں سے حسبِ ضرورت) بات کرنے میں نرم لہجہ اختیار نہ کرنا کہ جس کے دل میں (نِفاق کی) بیماری ہے (کہیں) وہ لالچ کرنے لگے اور (ہمیشہ)

شک اور لچک سے محفوظ بات کرناo

O wives of the Messenger! You are not the like of any of the womenfolk. If you want to remain pious and Godfearing, then be not soft in your speech (whilst talking to men as and when required) lest someone whose heart is diseased (with hypocrisy) should feel inclined with desire. And (always) say words that are pure of any taint of doubt and flexibility.

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِيْنَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً (33)

ترجمہ: اور اپنے گھروں میں سکون سے قیام پذیر رہنا اور پرانی جاہلیت کی طرح زیب و زینت کا اظہار مت کرنا، اور نماز قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت گزاری میں رہنا، بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا میل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دےo

And remain in your houses with calm and peace and do not display adornment like that of the days of ignorance and establish prayer and pay Zakat (the Alms-due) and keep obeying Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). Allah only intends to remove all the impurity of sins from you, O People of the House (of the Prophet, [even a doubt or trace of shortcoming]) and make you absolutely pure and clean by blessing you with (perfect) purity and wholesomeness.

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَى فِيْ بُيُوتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ وَالْحِكْمَةِ إِنَّ اللَّهَ كَانَ لَطِيْفاً خَبِيراً (34)

ترجمہ: اور تم اللہ کی آیتوں کو اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) سنت و حکمت کو جن کی تمہارے گھروں میں تلاوت کی جاتی ہے یاد رکھا کرو، بے شک اللہ (اپنے اولیاء کے لیے) صاحبِ لُطف (اور ساری مخلوق کے لیے) خبردار ہےo

And always remember the Revelations of Allah and the tradition and wisdom (of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) which are recited in your homes. Surely, Allah is the Master of subtleties (for His favourite servants-Awliya') and Well Aware (of all His Creation).

وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِيْ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللَّهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَاهُ فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَراً زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْ أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَراً وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولاً (37)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) یاد کیجئے جب آپ نے اس شخص سے فرمایا جس پر اللہ نے انعام فرمایا تھا اور اس پر آپ نے (بھی) اِنعام فرمایا تھا کہ تُو اپنی بیوی (زینب) کو اپنی زوجیت میں روکے رکھ اور اللہ سے ڈر، اور آپ اپنے دل میں وہ بات ☆ پوشیدہ رکھ رہے تھے جسے اللہ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ (دل میں حیاء ۙ) لوگوں (کی طعنہ زنی) کا خوف رکھتے تھے۔ (اے حبیب! لوگوں

کو خاطر میں لانے کی کوئی ضرورت نہ تھی) اور فقط اللہ ہی زیادہ حق دار ہے کہ آپ اس کا خوف رکھیں (اور وہ آپ سے بڑھ کر کس میں ہے؟)، پھر جب (آپ کے متبنّٰی) زید نے اسے طلاق دینے کی غرض پوری کر لی، تو ہم نے اس سے آپ کا نکاح کر دیا تا کہ مومنوں پر ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (کے ساتھ نکاح) کے بارے میں کوئی حَرَج نہ رہے جبکہ (طلاق دے کر) وہ ان سے بے غَرض ہو گئے ہوں، اور اللہ کا حکم تو پورا کیا جانے والا ہی تھاo

☆: (کہ زینب کی تمہارے ساتھ مصالحت نہ ہو سکے گی اور منشاء ایزدی کے تحت وہ طلاق کے بعد اَزواجِ مطہرات میں داخل ہوں گی۔)

And, (O Beloved, recall) when you said to him whom Allah had favoured and whom you (too) had done a favour: 'Keep your wife (Zaynab) with you in the bond of marriage and fear Allah.' And you were keeping that secret* in your heart which Allah was about to reveal. And you had (out of decency) the fear of the (scoffs of) people (in your heart. O Beloved! You need not have cared for people). And Allah alone has a greater right that you should fear Him (and who is more Godfearing than you!) So when (your adopted son) Zayd fulfilled his desire to divorce her, We married her to you so that there is no blame on the believers for (marrying) the wives of their adopted sons, whilst they have no desire for them (after divorce). And carrying out Allah's command was a must.
*** That Zaynab would not be able to reconcile with you, and according to Allah's will she would be admitted to 'the pure wives' after her divorce.**

مَّا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيمَا فَرَضَ اللَّهُ لَهُ سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ قَدَراً مَّقْدُوراً (38)

ترجمہ: اور نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اس کام (کی انجام دہی) میں کوئی حرج نہیں ہے جو اللہ نے ان کے لیے فرض فرما دیا ہے، اللہ کا یہی طریقہ و دستور اُن لوگوں میں (بھی رہا) ہے جو پہلے گزر چکے، اور اللہ کا حکم فیصلہ ہے جو پورا ہو چکاo

And there is no blame on the Prophet in (accomplishing) that duty which Allah has made obligatory for him. And certainly the same has been the way and practice of Allah with those (as well) who have passed away before. And the command of Allah is a decree which has been fulfilled.

مَّا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (40)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے مَردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور سب انبیاء کے آخر میں (سلسلۂ نبوت ختم کرنے والے) ہیں، اور اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is not the father of any of your men, but he is the Messenger of Allah and the Last of the Prophets (ending the chain of the Prophets). And Allah is the Perfect Knower of everything.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْراً كَثِيراً (41)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کا کثرت سے ذکر کیا کروo

O believers! Keep remembering Allah abundantly.

هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْکُمْ وَمَلٰٓئِکَتُهٗ لِیُخْرِجَکُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ وَکَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا (43)

ترجمہ: وہی ہے جو تم پر درود بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے جائے اور وہ مومنوں پر بڑی مہربانی فرمانے والا ہےo

He is the One Who sends peace and blessings on you and His angels as well, so that He may take you out of the layers of darkness into the light. And He is Ever-Merciful to the believers.

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا (45)

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) بے شک ہم نے آپ کو (حق اور خَلق کا) مشاہدہ کرنے والا اور (حُسنِ آخرت کی) خوشخبری دینے والا اور (عذابِ آخرت کا) ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہےo

O (Esteemed) Prophet! Surely, We have sent you as a Witness (to the truth and the creation), a Bearer of glad tidings (of the beauty of the Hereafter) and a Warner (of the torment in the Hereafter),

وَدَاعِیًا اِلَی اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا (46)

ترجمہ: اور اس کے اِذن سے اللہ کی طرف دعوت دینے والا اور منوّر کرنے والا آفتاب (بنا کر بھیجا ہے)o

And (as) an Inviter towards Allah by His command and as a Sun spreading Light.

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا کَبِیْرًا (47)

ترجمہ: اور اہلِ ایمان کو اس بات کی بشارت دے دیں کہ ان کے لیے اللہ کا بڑا فضل ہے (کہ وہ اس خاتم الانبیاء کی نسبتِ غلامی میں ہیں)o

And give good news to the believers that there is for them Allah's great bounty (that they are cloaked in the affinity of slavery to the Final Messenger of Allah).

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَکَ اَزْوَاجَکَ الّٰتِیْٓ اٰتَیْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا مَلَکَتْ یَمِیْنُکَ مِمَّآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلَیْکَ وَبَنٰتِ عَمِّکَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِکَ وَبَنٰتِ خَالِکَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِکَ الّٰتِیْ هَاجَرْنَ مَعَکَ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِیِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِیُّ اَنْ یَّسْتَنْکِحَهَا خَالِصَةً لَّکَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَیْهِمْ فِیْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَکَتْ اَیْمَانُهُمْ لِکَیْلَا یَکُوْنَ عَلَیْکَ حَرَجٌ وَکَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا (50)

ترجمہ: اے نبی! بے شک ہم نے آپ کے لیے آپ کی وہ بیویاں حلال فرما دی ہیں جن کا مہر آپ نے ادا فرما دیا ہے اور جو (احکامِ الٰہی کے مطابق) آپ کی مملوک ہیں، جو اللہ نے آپ کو مالِ غنیمت میں عطا فرمائی ہیں، اور آپ کے چچا کی بیٹیاں، اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں، اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں، جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی ہے اور کوئی بھی مؤمنہ عورت بشرطیکہ وہ اپنے آپ کو نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح) کے لیے دے دے اور نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اسے اپنے نکاح میں لینے کا ارادہ فرمائیں (تو یہ سب آپ کے لیے حلال ہیں)، (یہ حکم) صرف آپ کے لیے خاص ہے

(امّت کے) مومنوں کے لیے نہیں، واقعی ہمیں معلوم ہے جو کچھ ہم نے اُن (مسلمانوں) پر اُن کی بیویوں اور ان کی مملوکہ باندیوں کے بارے میں فرض کیا ہے، (مگر آپ کے حق میں تعدّدِ ازواج کی حِلّت کا خصوصی حکم اِس لیے ہے) تاکہ آپ پر (امت میں تعلیم وتربیتِ نسواں کے وسیع انتظام میں) کوئی تنگی نہ رہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےO

O Prophet! Surely, We have made lawful for you those of your wives whom you have paid their dower, and those who are in your possession (according to Allah's commandments) whom Allah has given you as spoils of war, and the daughters of your paternal uncles, and the daughters of your paternal aunts, and the daughters of your maternal uncles, and the daughters of your maternal aunts who have emigrated with you, and any other believing woman who dedicates herself to the Holy Prophet (for marriage), provided the Holy Prophet (too) has the intention to marry her (so all these are lawful for you. This command is) exclusively for you, not for other believers (of the Umma [Community]). Indeed, We know best what We have prescribed for them (the Muslims) concerning their wives and the slave girls they possess. (But this exclusive command for lawfulness of number of wives in your respect has been given) so that there remains no difficulty for you (in making elaborate arrangements for the education and training of the women of the Muslim Umma [community]). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

تُرْجِئُ مَن تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِئُ إِلَيْكَ مَن تَشَاءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ذَلِكَ أَدْنَى أَن تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيماً حَلِيماً **(51)**

ترجمہ: (اے حبیب! آپ کو اختیار ہے) ان میں سے جس (زوجہ) کو چاہیں (باری میں) مؤخّر رکھیں اور جسے چاہیں اپنے پاس (پہلے) جگہ دیں، اور جن سے آپ نے (عارضی) کنارہ کشی اختیار فرما رکھی تھی آپ انہیں (اپنی قربت کے لیے) طلب فرما لیں تو آپ پر کچھ مضائقہ نہیں، یہ اس کے قریب تر ہے کہ ان کی آنکھیں (آپ کے دیدار سے) ٹھنڈی ہوں گی اور وہ غمگین نہیں رہیں گی اور وہ سب اس سے راضی رہیں گی جو کچھ آپ نے انہیں عطا فرما دیا ہے، اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑا حِلم والا ہےO

(O Prophet! You have a choice) to postpone (the turn of) any (wife) whom you may please from amongst your wives, and keep with you (any of them on priority) whom you may please. And there is no blame on you if you desire her (to be with you) from whom you kept distance (for a while). This makes possible for them cooling their eyes (by seeing you) and they will not remain grieved and they will all feel pleased and delighted for what you have blessed them with. And Allah knows best what is in your hearts and Allah is All-Knowing, Forbearing.

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاء مِن بَعْدُ وَلَا أَن تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيباً (52)

ترجمہ: اس کے بعد (کہ انہوں نے دنیوی منفعتوں پر آپ کی رضا و خدمت کو ترجیح دے دی ہے) آپ کے لیے بھی اور عورتیں (نکاح میں لینا) حلال نہیں (تاکہ یہی اَزواج اپنے شرف میں ممتاز رہیں) اور یہ بھی جائز نہیں کہ (بعض کی طلاق کی صورت میں اس عدد کو ہمارا حکم سمجھ کر برقرار رکھنے کے لیے) آپ ان کے بدلے دیگر اَزواج (عقد میں) لے لیں اگرچہ آپ کو ان کا حُسنِ (سیرت و اخلاق اور اشاعتِ دین کا سلیقہ) کتنا ہی عمدہ لگے مگر جو کنیز (ہمارے حکم سے) آپ کی مِلک میں ہو (جائز ہے)، اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہےO

After that (they have preferred your pleasure and your service to the worldly benefits), it is not lawful for you also (to marry) more women (so that these wives alone may enjoy the distinction of their glory). Nor is it lawful that (in case of divorce to some and regarding it Our command to maintain the present number of wives) you take (into marriage) other wives in their place, even though their beauty (of behaviour, moral conduct and style of preaching Din [Religion]) may seem to you pleasingly excellent. But the slave girl that is in your possession (by Our command is lawful). And Allah is Ever-Watchful over everything.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ إِنَّ ذَلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعاً فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاء حِجَابٍ ذَلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَداً إِنَّ ذَلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيماً (53)

ترجمہ: اے ایمان والو! نبیِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو سوائے اس کے کہ تمہیں کھانے کے لیے اجازت دی جائے (پھر وقت سے پہلے پہنچ کر) کھانا پکنے کا انتظار کرنے والے نہ بنا کرو، ہاں جب تم بلائے جاؤ تو (اس وقت) اندر آیا کرو پھر جب کھانا کھا چکو تو (وہاں سے اُٹھ کر) فوراً منتشر ہو جایا کرو اور وہاں باتوں میں دل لگا کر بیٹھے رہنے والے نہ بنو۔ یقیناً تمہارا ایسے (دیر تک بیٹھے) رہنا نبیِ (اکرم) کو تکلیف دیتا ہے اور وہ تم سے (اُٹھ جانے کا کہتے ہوئے) شرماتے ہیں اور اللہ حق (بات کہنے) سے نہیں شرماتا، اور جب تم اُن (اَزواجِ مطہرات) سے کوئی سامان مانگو تو اُن سے پسِ پردہ پوچھا کرو، یہ (ادب) تمہارے دلوں کے لیے اور ان کے دلوں کے لیے بڑی طہارت کا سبب ہے، اور تمہارے لیے (ہرگز جائز) نہیں کہ تم رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو تکلیف پہنچاؤ اور نہ یہ (جائز) ہے کہ تم اُن کے بعد ابد تک اُن کی اَزواجِ (مطہرات) سے نکاح کرو، بے شک یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا (گناہ) ہےO

O believers! Do not enter the houses of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) unless permission is granted to you for a meal. Nor (reach so early as to) wait for the cooking of the meal. But when you are invited, then enter (at that time). Then, when you have eaten the meal, (get up from there

and) disperse without delay, and do not linger on in eagerness for talk. Surely, your (sitting for long in this) manner discomforts the Holy Prophet (blessings and peace be upon him); and he feels reluctant to (ask) you (to leave), but Allah does not hesitate in (saying) the truth. And when you ask them (the pure wives) for something, ask them from behind a curtain. This (regard and nice manner) causes great purity for your hearts and for their hearts. And it is not (at all lawful) for you that you cause inconvenience to the Holy Messenger of Allah (blessings and peace be upon him), nor is this (lawful) that you marry his (pure) wives after him, till the end of time. Surely, it is the most grievous sin in the sight of Allah.

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيماً **(56)**

ترجمہ: بے شک اللہ اور اس کے (سب) فرشتے نبیِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود بھیجتے رہتے ہیں، اے ایمان والو! تم (بھی) اُن پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو○

Surely, Allah and (all) His angels send blessings and greetings on the Holy Prophet (blessings and peace be upon him). O believers! Invoke blessings on him and salute him with a worthy salutation of peace abundantly (and fervently).

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاء الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلَابِيبِهِنَّ ذَلِكَ أَدْنَى أَن يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً **(59)**

ترجمہ: اے نبی! اپنی بیویوں اور اپنی صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دیں کہ (باہر نکلتے وقت) اپنی چادریں اپنے اوپر اوڑھ لیا کریں، یہ اس بات کے قریب تر ہے کہ وہ پہچان لی جائیں (کہ یہ پاک دامن آزاد عورتیں ہیں) پھر انہیں (آوارہ باندیاں سمجھ کر غلطی سے) ایذاء نہ دی جائے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہے○

O Prophet! Say to your wives, your daughters and the women of believers that, (whilst going out,) they should draw their veils as coverings over them. It is more likely that this way they may be recognized (as pious, free women), and may not be hurt (considered by mistake as roving slave girls). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَئِن لَّمْ يَنتَهِ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلاً **(60)**

ترجمہ: اگر منافق لوگ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بُغض اور گستاخی کی) بیماری ہے، اور (اسی طرح) مدینہ میں جھوٹی افواہیں پھیلانے والے لوگ (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذاء رسانی سے) باز نہ آئے تو ہم آپ کو ان پر ضرور مسلّط کر دیں گے پھر وہ مدینہ میں آپ کے پڑوس میں نہ ٹھہر سکیں گے مگر تھوڑے (دن)○

If the hypocrites and those in whose hearts is the disease (of malice and insolence against the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) and (likewise) those who spread false rumours in Medina do not desist, then We shall certainly make you overmaster them. Then they will not be able to stay in the neighbourhood of Medina but for a few (days).

سورۃ فاطر:

وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الأُمُورُ (4)

ترجمہ: اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ سے پہلے کتنے ہی رسول جھٹلائے گئے، اور تمام کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے o

And if they reject you, many Messengers have been rejected before you. And all matters will be returned to Allah alone.

أَفَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَناً فَإِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَصْنَعُونَ (8)

ترجمہ: بھلا جس شخص کے لیے اس کا برا عمل آراستہ کر دیا گیا ہو اور وہ اسے (حقیقتاً) اچھا سمجھنے لگے (کیا وہ مومنِ صالح جیسا ہو سکتا ہے)، سو بے شک اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، سو (اے جانِ جہاں!) ان پر حسرت اور فرطِ غم میں آپ کی جان نہ جاتی رہے، بے شک وہ جو کچھ سرانجام دیتے ہیں اللہ اسے خوب جاننے والا ہے o

So what about him whose evil action has been made attractive to him, but he (actually) starts to consider it good? (How can he be like a virtuous believer?) Surely, Allah holds astray whoever He wills and guides to the straight path whoever He wills. (O Life of the universe!) Let not your soul waste away in grief for them. Surely, Allah is Best Aware of whatever they do.

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى وَإِن تَدْعُ مُثْقَلَةٌ إِلَى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَى إِنَّمَا تُنذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَمَن تَزَكَّى فَإِنَّمَا يَتَزَكَّى لِنَفْسِهِ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ (18)

ترجمہ: اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بارِ (گناہ) نہ اٹھا سکے گا، اور کوئی بوجھ میں دبا ہوا (دوسرے کو) اپنا بوجھ بٹانے کے لیے بلائے گا تو اس سے کچھ بھی بوجھ نہ اٹھایا جا سکے گا خواہ قریبی رشتہ دار ہی ہو، (اے حبیب!) آپ ان ہی لوگوں کو ڈر سناتے ہیں جو اپنے رب سے بن دیکھے ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں، اور جو کوئی پاکیزگی حاصل کرتا ہے وہ اپنے ہی فائدہ کے لیے پاک ہوتا ہے، اور اللہ ہی کی طرف پلٹ کر جانا ہے o

And no bearer of burden will bear another's burden (of sins). And if someone heavily loaded calls (another) to share his load, nothing of his burden will be carried by him even though he be a close relative. (O Beloved!) You warn but those who fear their Lord unseen and establish Prayer. And whoever acquires purity does so to his own benefit. And to Allah is the return.

وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاء وَلَا الْأَمْوَاتُ إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَن يَشَاءُ وَمَا أَنتَ بِمُسْمِعٍ مَّن فِي الْقُبُورِ (22)

ترجمہ: اور نہ زندہ لوگ اور نہ مُردے برابر ہو سکتے ہیں، بے شک اللہ جسے چاہتا ہے سنا دیتا ہے، اور آپ کے ذِمّے اُن کو سنانا نہیں جو قبروں میں (مدفون مُردوں کی مانند) ہیں (یعنی آپ کافروں سے اپنی بات قبول کروانے کے ذمہ دار نہیں ہیں) ☆o

☆ یہاں پر مَن فِی القُبُورِ (قبروں میں مدفون مُردوں) سے مراد کافر ہیں۔ اَئمہ تفسیر نے صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے یہی معنی بیان کیا ہے۔ بطور حوالہ ملاحظہ فرمائیں: تفسیر البغوی (3:569)، زاد المسیر لابن الجوزی (7:484)، تفسیر القرطبی (14: 340)، تفسیر الخازن (3:498)، تفسیر ابن کثیر (3:553)، تفسیر اللباب لابی حفص الحنبلی (15:199، 200)، الدر المنثور للسیوطی (7:18)، اور فتح القدیر للشوکانی (4:346)

Nor can the living and the dead be alike. Surely, Allah makes whom He wills hear, and it is not your responsibility to make those hear who are (like those buried) in the graves* (i.e., you are not responsible to make the disbelievers accept what you say).

*** Here the words man fi'l-qubur (who are [like those buried] in the graves) allude to the disbelievers. The leading exegetes have reported that the Companions and the Followers narrated the same meaning. References: Tafsir al-Baghawi (3:569); Zad al-Masir by Ibn al-Jawzi (7:484); Tafsir al-Qurtubi (14:340); Tafsir al-Khazin (3:498); Tafsir Ibn Kathir (3:553); Tafsir al-Lubab by Ibn 'Adil al-Damashqi (15:199-200); al-Durr al-Manthur by al-Suyuti (7:18) and Fath al-Qadir by al-Shawkani (4:346).**

إِنْ أَنتَ إِلَّا نَذِيرٌ (23)

ترجمہ: آپ تو فقط ڈر سنانے والے ہیں o

You are only a Warner.

إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيرًا وَنَذِيرًا وَإِن مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ (24)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو حق و ہدایت کے ساتھ، خوشخبری سنانے والا اور (آخرت کا) ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اور کوئی امّت (ایسی) نہیں مگر اُس میں کوئی (نہ کوئی) ڈر سنانے والا (ضرور) گزرا ہے o

Surely, We have sent you with the truth and guidance as a Bearer of good news and a Warner (for the Hereafter). And there is not a single Umma (community) but amongst whom there came (some) Warner.

وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتَابِ الْمُنِيرِ (25)

ترجمہ: اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں تو بے شک اِن سے پہلے لوگ (بھی) جھٹلا چکے ہیں، اُن کے پاس (بھی) اُن کے رسول واضح نشانیاں اور صحیفے اور روشن کرنے والی کتاب لے کر آئے تھے o

And if they deny you, then surely the people before you have (also) denied. Their Messengers (also) came to them with clear signs and scriptures and the illumining Book.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ ثَمَرَاتٍ مُّخْتَلِفاً أَلْوَانُهَا وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ وَحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ (27)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے پھل نکالے جن کے رنگ جداگانہ ہیں، اور (اسی طرح) پہاڑوں میں بھی سفید اور سرخ گھاٹیاں ہیں ان کے رنگ (بھی) مختلف ہیں اور بہت گہری سیاہ (گھاٹیاں) بھی ہیںo

Have you not seen that Allah sent down water from the sky? Then We brought forth with that the fruits which have different colours. And, similarly, in the mountains there are white and red streaks with a variety of shades and there are deep black (streaks) as well.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَاباً فَهُمْ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّنْهُ بَلْ إِن يَعِدُ الظَّالِمُونَ بَعْضُهُم بَعْضاً إِلَّا غُرُوراً (40)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا ہے جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، مجھے دکھا دو کہ انہوں نے زمین سے کیا چیز پیدا کی ہے یا آسمانوں (کی تخلیق) میں ان کی کوئی شراکت ہے، یا ہم نے انہیں کوئی کتاب عطا کر رکھی ہے کہ وہ اس کی دلیل پر قائم ہیں؟ (کچھ بھی نہیں ہے) بلکہ ظالم لوگ ایک دوسرے سے فریب کے سوا کوئی وعدہ نہیں کرتےo

Say: 'Have you seen your partner-gods you worship apart from Allah? Show me what they have created of the earth. Or do they have any share in (the creation of) the heavens? Or have We given them any Book so that they stick to its evidence? (Nothing at all!) In fact, the wrongdoers promise one another nothing but deception.

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن جَاءهُمْ نَذِيرٌ لَّيَكُونُنَّ أَهْدَى مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ فَلَمَّا جَاءهُمْ نَذِيرٌ مَّا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُوراً (42)

ترجمہ: اور یہ لوگ اللہ کے ساتھ بڑی پختہ قسمیں کھایا کرتے تھے کہ اگر اُن کے پاس کوئی ڈر سنانے والا آ جائے تو یہ ضرور ہر ایک امّت سے بڑھ کر راہِ راست پر ہوں گے، پھر جب اُن کے پاس ڈر سنانے والے (نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آئے تو اس سے اُن کی حق سے بیزاری میں اضافہ ہی ہواo

And they used to swear solemn oaths by Allah that if a Warner came to them, they would certainly be far more on the straight path than any other community. But when the Warner (the Final Messenger of Allah [blessings and peace be upon him]) came to them, it only increased their aversion to the truth.

سورۃ یٰس:

إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ (3)

ترجمہ: بے شک آپ ضرور رسولوں میں سے ہیںo

You are indeed one of the Messengers,

عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ **(4)**

ترجمہ: سیدھی راہ پر (قائم ہیں)o

On the straight path.

لِتُنذِرَ قَوْماً مَّا أُنذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ **(6)**

ترجمہ: تاکہ آپ اس قوم کو ڈر سنائیں جن کے باپ دادا کو (بھی) نہیں ڈرایا گیا سو وہ غافل ہیںo

That you may warn the people whose fathers were (also) not warned. So they are careless and neglectful.

وَسَوَاء عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ **(10)**

ترجمہ: اور اُن پر برابر ہے خواہ آپ انہیں ڈرائیں یا انہیں نہ ڈرائیں وہ ایمان نہ لائیں گےo

And it is all the same for them whether you warn or do not warn them, they will not believe.

إِنَّمَا تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمَن بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَأَجْرٍ كَرِيمٍ **(11)**

ترجمہ: آپ تو صرف اسی شخص کو ڈر سناتے ہیں جو نصیحت کی پیروی کرتا ہے اور خدائے رحمان سے بن دیکھے ڈرتا ہے، سو آپ اسے بخشش اور بڑی عزت والے اجر کی خوشخبری سنا دیںo

You can only warn the one who follows the direction and guidance and fears the Most Kind (Lord) unseen. So give him the good news of forgiveness and a reward of great honour.

وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنبَغِي لَهُ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُّبِينٌ **(69)**

ترجمہ: اور ہم نے اُن کو (یعنی نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو) شعر کہنا نہیں سکھایا اور نہ ہی یہ اُن کے شایانِ شان ہے۔ یہ (کتاب) تو فقط نصیحت اور روشن قرآن ہےo

And We have not taught him (the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]) composing poetry, nor does it befit his dignity. This (Book) is but direction and guidance and the illumining Qur'an,

لِيُنذِرَ مَن كَانَ حَيّاً وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِينَ **(70)**

ترجمہ: تاکہ وہ اس شخص کو ڈر سنائیں جو زندہ ہو اور کافروں پر فرمانِ حجت ثابت ہو جائےo

So that it may warn the one who is alive, and the word of judgment may be proved against the disbelievers.

فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ **(76)**

ترجمہ: پس اُن کی باتیں آپ کو رنجیدہ خاطر نہ کریں، بے شک ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیںo

So let not what they utter hurt you. Surely, We know whatever they hide and whatever they make public.

سورۃ الصافات:

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ (12)

ترجمہ: بلکہ آپ تعجب فرماتے ہیں اور وہ مذاق اڑاتے ہیںo

But you express your wonder whilst they make fun.

وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوا آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍ (36)

ترجمہ: اور کہتے تھے: کیا ہم ایک دیوانے شاعر کی خاطر اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیںo

And used to say: 'Are we going to forsake our gods for the sake of an insane poet?'

بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ (37)

ترجمہ: (وہ نہ مجنوں ہے نہ شاعر) بلکہ وہ (دینِ) حق لے کر آئے ہیں اور انہوں نے (اللہ کے) پیغمبروں کی تصدیق کی ہے

(He is neither an insane person nor a poet.) He has rather brought the truth (Din [Religion]) and confirmed the Messengers (of Allah).

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّى حِينٍ (174)

ترجمہ: پس ایک وقت تک آپ ان سے توجّہ ہٹا لیجئےo

So turn your attention away from them for a time.

وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّى حِينٍ (178)

ترجمہ: پس آپ اُن سے تھوڑی مدّت تک توجّہ ہٹائے رکھئےo

So turn your attention away from them for a while.

سورۃ ص:

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي عِزَّةٍ وَشِقَاقٍ (2)

ترجمہ: بلکہ کافر لوگ (ناحق) حمیّت و تکبّر میں اور (ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) مخالفت و عداوت میں (مبتلا) ہیںo

But the disbelievers are in (the trouble of undue and unjust) conceit and arrogance, (suffering from) opposition and enmity (against Our Esteemed Prophet).

وَعَجِبُوا أَن جَاءَهُم مُّنذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا سَاحِرٌ كَذَّابٌ (4)

ترجمہ: اور انہوں نے اس بات پر تعجب کیا کہ ان کے پاس اُن ہی میں سے ایک ڈر سنانے والا آ گیا ہے۔ اور کفّار کہنے لگے: یہ جادوگر ہے، بہت جھوٹا ہےo

And they wondered that a Warner had come to them from amongst themselves and the disbelievers said: 'He is a magician, a great liar.

وَانطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَاصْبِرُوا عَلَى آلِهَتِكُمْ إِنَّ هَذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ (6)

ترجمہ: اور اُن کے سردار (ابوطالب کے گھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس سے اٹھ کر) چل کھڑے ہوئے (باقی

لوگوں سے) یہ کہتے ہوئے کہ تم بھی چل پڑو، اور اپنے معبودوں (کی پرستش) پر ثابت قدم رہو، یہ ضرور ایسی بات ہے جس میں کوئی غرض (اور مراد) ہےo

And their chiefs (stood up terminating their meeting with the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] at Abu Talib's house) and walked out saying (to the rest of the people): 'You also walk out, and be firm-footed in (worshipping) your gods. There is for sure some motive (and purpose) behind it.

أَأُنزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِن بَيْنِنَا بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِّن ذِكْرِي بَل لَّمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ (8)

ترجمہ: کیا ہم سب میں سے اسی پر یہ ذکر (یعنی قرآن) اتارا گیا ہے؟ بلکہ وہ میرے ذکر کی نسبت شک میں (گرفتار) ہیں، بلکہ انہوں نے ابھی میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھاo

Has this admonition (the Qur'an) been sent down to him alone out of all of us?' To be more precise, they are (caught) in doubt about My admonition. But in truth they have not yet tasted My torment.

اصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُودَ ذَا الْأَيْدِ إِنَّهُ أَوَّابٌ (17)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) جو کچھ وہ کہتے ہیں آپ اس پر صبر جاری رکھیئے اور ہمارے بندے داؤد (علیہ السلام) کا ذکر کریں جو بڑی قوت والے تھے، بے شک وہ (ہماری طرف) بہت رجوع کرنے والے تھےo

(O My Esteemed Beloved!) Continue observing patience with what they say and remember Our servant Dawud (David), who had great power. Certainly, he was ever-turning (to Us in repentance).

كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُوا الْأَلْبَابِ (29)

ترجمہ: یہ کتاب برکت والی ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل فرمایا ہے تاکہ دانش مند لوگ اس کی آیتوں میں غور و فکر کریں اور نصیحت حاصل کریںo

This is a Blessed Book that We have revealed to you so that the wise may ponder over its Verses and seek direction and guidance.

قُلْ إِنَّمَا أَنَا مُنذِرٌ وَمَا مِنْ إِلَهٍ إِلَّا اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (65)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں تو صرف ڈر سنانے والا ہوں، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا سب پر غالب ہےo

Say: 'I am only a Warner and there is no God except Allah, the One, the All-Dominant,

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَى إِذْ يَخْتَصِمُونَ (69)

ترجمہ: مجھے تو (از خود) عالمِ بالا کی جماعتِ (ملائکہ) کی کوئی خبر نہ تھی جب وہ (تخلیقِ آدم کے بارے میں) بحث و تمحیص کر رہے تھےo

I did not know of the Supreme Assembly (of angels on my own) when they were holding discussions (about the creation of Adam).

إِن يُوحَى إِلَيَّ إِلَّا أَنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ (70)

ترجمہ: مجھے تو (اللہ کی طرف سے) وحی کی جاتی ہے مگر یہ کہ میں صاف صاف ڈر سنانے والا ہوں o

The only Revelation that is sent to me (from Allah) is that I am but a clear and straight Warner.'

إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَراً مِن طِينٍ (71)

ترجمہ: (وہ وقت یاد کیجئے) جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں (گیلی) مٹی سے ایک پیکرِ بشریت پیدا فرمانے والا ہوں o

(Recall) when your Lord said to the angels: 'I am about to create a human organism from (moist) clay.

قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ (86)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں تم سے اِس (حق کی تبلیغ) پر کوئی معاوضہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں o

Say: 'I do not ask you for any reward for this (preaching of the truth), nor am I of those who pretend.

سورۃ الزمر:

إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصاً لَّهُ الدِّينَ (2)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کی طرف (یہ) کتاب حق کے ساتھ نازل کی ہے تو آپ اللہ کی عبادت اس کے لیے طاعت و بندگی کو خالص رکھتے ہوئے کیا کریں o

Surely, We have revealed (this) Book to you with the truth. So worship Allah for His sake alone in sincere obedience.

أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَى إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ (3)

ترجمہ: (لوگوں سے کہہ دیں:) سُن لو! طاعت و بندگی خالصتاً اللہ ہی کے لیے ہے، اور جن (کفّار) نے اللہ کے سوا (بتوں کو) دوست بنا رکھا ہے، وہ (اپنی بُت پرستی کے جھوٹے جواز کے لیے یہ کہتے ہیں کہ) ہم اُن کی پرستش صرف اس لیے کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ کا مقرّب بنا دیں، بے شک اللہ اُن کے درمیان اس چیز کا فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں، یقیناً اللہ اس شخص کو ہدایت نہیں فرماتا جو جھوٹا ہے، بڑا ناشکر گزار ہے o

(Say to the people:) 'Listen! Sincere obedience and worship is only Allah's due.' And those (disbelievers) who have taken (idols as) helpers other than Allah (say in false justification of their idol-worship:) 'We worship them only that they may bring us near to Allah.' Surely, Allah will judge between them concerning the matter in which they differ. Certainly, Allah does not give guidance to the one who is a liar and highly ungrateful.

قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا فِيْ هَذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَأَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُم بِغَيْرِ حِسَابٍ (10)

ترجمہ: (محبوب! میری طرف سے) فرما دیجیے: اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو اپنے رب کا تقوٰی اختیار کرو۔ ایسے ہی لوگوں کے لیے جو اس دنیا میں صاحبانِ احسان ہوئے، بہترین صلہ ہے، اور اللہ کی سرزمین کشادہ ہے، بلاشبہ صبر کرنے والوں کو اُن کا اجر بے حساب انداز سے پورا کیا جائے گاo

(O Beloved,) say (on My behalf), 'O My servants, you who have believed, adopt Godwariness; it is for the men of spiritual excellence in this world that there is excellent reward. And Allah's earth is vast. So the steadfast will certainly be given their reward without measure.'

قُلْ إِنِّيْ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّٰهَ مُخْلِصاً لَّهُ الدِّيْنَ (11)

ترجمہ: فرما دیجیے: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت، اپنی طاعت و بندگی کو اس کے لیے خالص رکھتے ہوئے سرانجام دوں o

Say: 'I have been commanded to worship Allah in sincerest obedience and devotion to Him alone.'

وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُوْنَ أَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ (12)

ترجمہ: اور مجھے یہ (بھی) حکم دیا گیا تھا کہ میں (اُس کی مخلوقات میں) سب سے پہلا مسلمان بنوں o

And I was (also) commanded to become the first Muslim of all (His creation).

قُلْ إِنِّيْ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (13)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں زبردست دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں o

Say: 'If I disobeyed My Lord, I would fear the torment of a Terrible Day.'

قُلِ اللّٰهَ أَعْبُدُ مُخْلِصاً لَّهُ دِيْنِيْ (14)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں صرف اللہ کی عبادت کرتا ہوں، اپنے دین کو اسی کے لیے خالص رکھتے ہوئے o

Say: 'I worship Allah alone making obedience purely for Him.

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ أَفَأَنتَ تُنقِذُ مَن فِي النَّارِ (19)

ترجمہ: بھلا جس شخص پر عذاب کا حکم ثابت ہو چکا، تو کیا آپ اس شخص کو بچا سکتے ہیں جو (دائمی) دوزخی ہو چکا ہو o

But can you save him for whom the command of torment has become due and who has become the inmate of Hell (for ever)?

إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَّيِّتُوْنَ (30)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) بے شک آپ کو (تو) موت (صرف ذائقہ چکھنے کے لیے) آنی ہے اور وہ یقیناً (دائمی ہلاکت کے لیے) مردہ ہو جائیں گے (پھر دونوں موتوں کا فرق دیکھنے والا ہوگا) ☆o

☆ جس طرح آیت: 29 میں دی گئی مثال کے مطابق دو افراد کے اَحوال قطعاً برابر نہیں ہوں گے اسی طرح ارشاد فرمایا گیا ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات اور دوسروں کی موت بھی ہرگز برابر یا مماثل نہیں ہوں گی۔ دونوں کی ماہیت اور حالت

میں عظیم فرق ہوگا۔ یہ مثال اسی مقصد کے لیے بیان کی گئی تھی کہ شانِ نبوّت کے باب میں ہمسری اور برابری کا گمان کلیتہً ردّ ہو جائے۔ جیسے ایک مالک کا غلام صحیح اور سالم رہا اور بہت سے بدخو مالکوں کا غلام تباہ حال ہوا اسی طرح اے حبیبِ مکرّم! آپ تو ایک ہی مالک کے برگزیدہ بندے اور محبوب و مقرب رسول ہیں سو وہ آپ کو ہر حال میں سلامت رکھے گا اور یہ کفار بہت سے بتوں اور شریکوں کی غلامی میں ہیں سو وہ انہیں بھی اپنی طرح دائمی ہلاکت کا شکار کر دیں گےo

(O My Esteemed Beloved!) Surely, you will pass away (only to taste death) but they will certainly die (for everlasting death.* So the difference between the two deaths will be worth seeing).

*** As the two cases cited in the Verse twenty-nine cannot be equal, likewise it is said that the passing of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) and the death of others can never be equal or alike; both are far different in reality and appearance. This example has been given just to refute the idea of equality and likeness with regard to the glory and dignity of the Prophethood. As the slave of one man is safe and secure and a slave shared by many bad masters is ruined-in like manner, O My Esteemed Beloved, you are the chosen servant of One Master and are His Beloved and intimate servant, so He will keep you secure and intact under all circumstances. But these disbelievers are the servants of so many idols and self-made gods, and they will make them fall victim to eternal extinction like themselves.**

وَالَّذِیْ جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ **(33)**

ترجمہ: اور جو شخص سچ لے کر آیا اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ ہی تو متقی ہیںo

And whoever has brought the truth and he who has confirmed it, it is they who are Godfearing.

اَلَیْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ وَیُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِیْنَ مِنْ دُوْنِهٖ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ **(36)**

ترجمہ: کیا اللہ اپنے بندۂ (مقرّب نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو کافی نہیں ہے؟ اور یہ (کفّار) آپ کو اللہ کے سوا اُن بتوں سے (جن کی یہ پوجا کرتے ہیں) ڈراتے ہیں، اور جسے اللہ (اس کے قبولِ حق سے اِنکار کے باعث) گمراہ ٹھہرا دے تو اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیںo

Is Allah not enough for His (most intimate) servant (the Esteemed Prophet [blessings and peace be upon him])? And these (disbelievers) frighten you, apart from Allah, with the idols (which they worship). And there is no one to guide him whom Allah holds astray (owing to his denial of the truth).

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَیَقُوْلُنَّ اللّٰهُ قُلْ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِیَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ عَلَیْهِ یَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ **(38)**

ترجمہ: اور اگر آپ اُن سے دریافت فرمائیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور کہیں گے: اللہ نے، آپ فرما

دیجیے: بھلا یہ بتاؤ کہ جن بتوں کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا وہ (بُت) اس کی (بھیجی ہوئی) تکلیف کو دُور کر سکتے ہیں یا وہ مجھے رحمت سے نوازنا چاہے تو کیا وہ (بُت) اس کی (بھیجی ہوئی) رحمت کو روک سکتے ہیں، فرما دیجیے: مجھے اللہ کافی ہے، اسی پر توکل کرنے والے بھروسہ کرتے ہیںo

And if you ask them: 'Who has created the heavens and the earth?' they will certainly say: 'Allah.' Say: 'Well, speak up, can the idols that you worship besides Allah remove the suffering which Allah may intend to inflict upon me, or if Allah intends to grant me mercy, can they (the idols) stop that mercy (sent by Him)?' Say: 'Allah is Sufficient for me. The trusting ones put their trust in Him alone.'

قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَى مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ (39)

ترجمہ: فرما دیجیے: اے (میری) قوم! تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں (اپنی جگہ) عمل کر رہا ہوں، پھر عنقریب تم (انجام کو) جان لو گےo

Say: 'O (my) people! Carry on working according to your way; I am working (according to my way). Then you will soon know (the end),

مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيمٌ (40)

ترجمہ: (کہ) کس پر عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور اس پر ہمیشہ قائم رہنے والا عذاب اترے گاo

(That) who is afflicted with the torment that will disgrace him, and everlasting torment will come down upon him.'

إِنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ فَمَنِ اهْتَدَى فَلِنَفْسِهِ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ (41)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ پر لوگوں (کی رہنمائی) کے لیے حق کے ساتھ کتاب اتاری، سو جس نے ہدایت پائی تو اپنے ہی فائدے کے لیے اور جو گمراہ ہوا تو اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوا اور آپ اُن کے ذمّہ دار نہیں ہیںo

Surely, We revealed the Book to you with the truth for (the guidance of) people. So he who takes guidance takes it for his own benefit, and he who goes astray, he strays to his own detriment. And you are not responsible for them.

قُل لِّلَّهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيعاً لَّهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (44)

ترجمہ: فرما دیجیے: سب شفاعت (کا اِذن) اللہ ہی کے اختیار میں ہے (جو اس نے اپنے مقرّبین کے لیے مخصوص کر رکھا ہے)، آسمانوں اور زمین کی سلطنت بھی اسی کی ہے، پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Say: '(The leave for) all intercession rests with Allah alone (which He has specified for His intimate servants). The sovereignty of the heavens and the earth also belongs to Him alone. Then to Him you will be returned.'

قُلِ اللَّهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِي مَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (46)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے: اے اللہ! آسمانوں اور زمین کو عدم سے وجود میں لانے والے! غیب اور ظاہر کا علم رکھنے والے! تو ہی

اپنے بندوں کے درمیان اُن (امور) کا فیصلہ فرمائے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھےo

Say: 'O Allah! Originator of the heavens and the earth! Knower of the unseen and the seen! You alone will judge between Your servants those (matters) wherein they used to disagree.'

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعاً إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ **(53)**

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کر لی ہے! تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا، بے شک اللہ سارے گناہ معاف فرما دیتا ہے، وہ یقیناً بڑا بخشنے والا، بہت رحم فرمانے والا ہےo

Say: 'O servants of Mine who have wronged their souls, do not lose hope of Allah's mercy. Assuredly, Allah forgives all sins (and excesses). He is certainly Most Forgiving, Ever-Merciful.

قُلْ أَفَغَيْرَ اللَّهِ تَأْمُرُونِّيٓ أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ **(64)**

ترجمہ: فرما دیجیے: اے جاہلو! کیا تم مجھے غیر اللہ کی پرستش کرنے کا کہتے ہوo

Say: 'O you ignoramuses, do you ask me to worship someone other than Allah?'

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ **(65)**

ترجمہ: اور فی الحقیقت آپ کی طرف (یہ) وحی کی گئی ہے اور اُن (پیغمبروں) کی طرف (بھی) جو آپ سے پہلے (مبعوث ہوئے) تھے کہ (اے انسان!) اگر تُو نے شرک کیا تو یقیناً تیرا عمل برباد ہو جائے گا اور تُو ضرور نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگاo

And in truth (this) revelation has been sent to you and to those (Messengers as well) who were (raised) before you: '(O man,) if you associate partners with Allah, then all your works will go to waste, and you will certainly be amongst the losers.'

بَلِ اللَّهَ فَاعْبُدْ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ **(66)**

ترجمہ: بلکہ تُو اللہ کی عبادت کر اور شکر گزاروں میں سے ہو جاo

So, worship Allah and be amongst the thankful.

وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّينَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ **(75)**

ترجمہ: اور (اے حبیب!) آپ فرشتوں کو عرش کے اردگرد حلقہ باندھے ہوئے دیکھیں گے جو اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہوں گے، اور (سب) لوگوں کے درمیان حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ کُل حمد اللہ ہی کے لائق ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہےo

And, (O Beloved,) you will see the angels all around the Throne in circles glorifying the Lord with His praise, and the judgment will be given amongst (all) the people with truth and justice and it will be announced: 'All praise belongs to Allah alone, the Sustainer of all the worlds.'

سورۃ مومن:

وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ إِذِ الْقُلُوبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِينَ مَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ (18)

ترجمہ: اور آپ ان کو قریب آنے والی آفت کے دن سے ڈرائیں جب ضبطِ غم سے کلیجے منہ کو آئیں گے۔ ظالموں کے لیے نہ کوئی مہربان دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات مانی جائے o

And warn them of the Day of impending calamity when hearts will rise to throats due to the suppressed grief. The wrongdoers will have neither any kind friend nor any influential intercessor.

يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ (19)

ترجمہ: وہ خیانت کرنے والی نگاہوں کو جانتا ہے اور (ان باتوں کو بھی) جو سینے (اپنے اندر) چھپائے رکھتے ہیں o

He knows the treacherous eyes, and also those secrets which the breasts hide (inside them).

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ (55)

ترجمہ: پس آپ صبر کیجئے، بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے اور اپنی اُمت کے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے ☆ اور صبح و شام اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیا کیجئے o

☆ لِذَنبِکَ میں ''امت'' مضاف ہے جو کہ محذوف ہے، لہٰذا اس بناء پر یہاں وَاستَغفِر لِذَنبِکَ سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ امام نسفی، امام قرطبی اور علامہ شوکانی نے یہی معنی بیان کیا ہے۔ حوالہ جات ملاحظہ کریں: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) اُی لِذَنبِ اُمتِکَ یعنی اپنی امت کے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے۔ (نسفی، مدارک التنزیل وحقائق التاویل، 4:359)۔ (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: لِذَنبِ اُمتِکَ حذف المضاف واُقیم المضاف الیہ مقامہ۔'' وَاستَغفِر لِذَنبِکَ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ یہاں مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام کر دیا گیا۔'' (قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، 15:324)۔ وَقیل: لِذَنبِکَ لِذَنبِ اُمتِکَ فِی حَقِّکَ'' یہ بھی کہا گیا ہے کہ لِذَنبِکَ یعنی آپ اپنے حق میں امت سے سرزد ہونے والی خطاؤں کی بخشش طلب کیجئے۔'' (ابن حیان اندلسی، البحر المحیط، 7:471)۔ (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: المراد ذنب امتک فھو علی حذف المضاف'' کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں اور یہ معنی مضاف کے محذوف ہونے کی بناء پر ہے۔'' (علامہ شوکانی، فتح القدیر، 4: 497)

So keep patience. Assuredly, the promise of Allah is true. And ask forgiveness for the sins of your Umma (Community),* and glorify your Lord with His praise in the evening and in the morning.

*** In 'li-dhanbi-ka' the co-related noun is Umma which is omitted. On this basis, therefore, the verse 'wa-staghfir li-dhanbi-ka' denotes the sins committed by Umma. The leading scholars, Imam al-Nasafi, Imam al-Qurtubi and al-Shawkani, have drawn the same meaning. For references, see the following:**

1. 'Wa-staghfir li-dhanbi-ka' means 'li-dhanbi Ummati-ka', that is, the sins of

your Umma. (al-Nasafi in Madarik al-Tanzil wa Haqa'iq al-Ta'wil, 4:359.)
2. 'Wa-staghfir li-dhanbi-ka' means 'li-dhanbi Ummati-ka'. Hudhifa al-mudaf wa uqima al-mudaf il-ayh maqama-hu'. It is stated that 'wa-staghfir li-dhanbi-ka' implies the sins of Umma. The co-related noun has been omitted in the given phrase and is represented by the noun it is co-related to. (al-Qurtubi in al-Jami' li-Ahkam al-Qur'an, 15:324.)
3. 'Wa qila li-dhanbi Ummati-ka fi haqqi-ka'. This is also expositioned that li-dhanbi-ka means for the misdeeds committed by Umma pertaining to what is your due. (Ibn Hayyan al-Andalusi in Bahr al-Muhit, 7:471.)
4. 'Wa-staghfir li-dhanbi-ka' means 'dhanbi Ummati-ka, fa-huwa 'ala hadhfi al-mudaf'. It implies the sins of Umma and this interpretation is based on omission of the co-related noun. (al-Shawkani in Fath al-Qadir, 4:497.)

إِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ إِن فِيْ صُدُوْرِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُم بِبَالِغِيْهِ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ (56)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو اُن کے پاس آئی ہو، ان کے سینوں میں سوائے غرور کے اور کچھ نہیں ہے وہ اُس (حقیقی برتری) تک پہنچنے والے ہی نہیں۔ پس آپ (ان کے شر سے) اللہ کی پناہ مانگتے رہیے، بے شک وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے o

Surely, those who argue about the Revelations of Allah without any authority having come to them, there is nothing in their breasts except vain superiority; they will never be able to attain to that (true superiority). So keep seeking refuge with Allah (from their evil). Surely, He alone is All-Hearing, All-Seeing.

فَاصْبِرْ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَإِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ (77)

ترجمہ: پس آپ صبر کیجئے بے شک اللہ کا وعدہ سچّا ہے، پھر اگر ہم آپ کو اس (عذاب) کا کچھ حصّہ دکھا دیں جس کا ہم اُن سے وعدہ کر رہے ہیں یا ہم آپ کو (اس سے قبل) وفات دے دیں تو (دونوں صورتوں میں) وہ ہماری ہی طرف لوٹائے جائیں گے o

So keep patience. Surely, Allah's promise is true. Then whether We show you a portion of that (torment) which We have promised them, or make you depart from the visible life before that, (in both cases) they will be returned to Us.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ اللّٰهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ (78)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسولوں کو بھیجا، ان میں سے بعض کا حال ہم نے آپ پر بیان فرما دیا اور ان میں سے بعض کا حال ہم نے (ابھی تک) آپ پر بیان نہیں فرمایا، اور کسی بھی رسول کے لیے یہ (ممکن) نہ تھا کہ وہ کوئی نشانی بھی اللہ کے اِذن کے بغیر لے آئے، پھر جب اللہ کا حکم آ پہنچا (اور) حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا تو اس وقت اہلِ باطل خسارے میں رہے o

And no doubt We sent many Messengers before you. We have given you an account of some of them whilst We have not (yet) narrated to you the annals of some others. And it was not possible for any Messenger to bring any sign without Allah's leave. Then when the command of Allah came (and) the judgment was given with truth and justice, the exponents of evil went into loss.

سورۃ حم السجدۃ:

وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِيٓ أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ وَفِيٓ آذَانِنَا وَقْرٌ وَمِن بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ إِنَّنَا عَامِلُونَ (5)

ترجمہ: اور کہتے ہیں کہ ہمارے دل اُس چیز سے غلافوں میں ہیں جس کی طرف آپ ہمیں بلاتے ہیں اور ہمارے کانوں میں (بہرے پن کا) بوجھ ہے اور ہمارے اور آپ کے درمیان پردہ ہے سو آپ (اپنا) عمل کرتے رہیے ہم اپنا عمل کرنے والے ہیں o

And they say: 'Our hearts are in covers against that to which you call us, and in our ears is heaviness (of deafness), and between us and you is a barrier. So you keep doing (your) work and we do our work.'

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ (6)

ترجمہ: فرما دیجیے: (اے کافرو!) بس میں (ظاہراً) آدمی ہونے میں تو تم ہی جیسا ہوں (پھر مجھ سے اور میری دعوت سے اس قدر کیوں گریزاں ہو؟) میری طرف یہ وحی بھیجی گئی ہے کہ تمہارا معبود فقط معبودِ یکتا ہی ہے! پس تم اسی کی طرف سیدھے متوجہ رہو اور اس سے مغفرت چاہو، اور مشرکوں کے لیے ہلاکت ہے o

Say: '(O disbelievers!) Well, being a human outwardly, I am like you. (Then why are you so averse to me and my call?) This Revelation has been sent down to me that your God is the One and only God, so be straight turned towards Him alone and seek forgiveness from Him.' And destruction awaits those who associate partners with Him,

قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَاداً ذَلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ (9)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا تم اس (اللہ) کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دِن (یعنی دو مدّتوں) میں پیدا فرمایا اور تم اُس کے لیے ہمسر ٹھہراتے ہو، وہی سارے جہانوں کا پروردگار ہے o

Say: 'Do you deny Him (Allah) Who created the earth in two days (i.e., two time-lengths) and set up peers with Him? He is the One Who is the Lord of all the worlds.'

وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِيٓ أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاءً لِّلسَّائِلِينَ (10)

ترجمہ: اور اُس کے اندر (سے) بھاری پہاڑ (نکال کر) اس کے اوپر رکھ دیے اور اس کے اندر (معدنیات، آبی ذخائر، قدرتی وسائل اور دیگر قوتوں کی) برکت رکھی، اور اس میں (جملہ مخلوق کے لیے) غذائیں (اور سامانِ معیشت) مقرر فرمائے (یہ سب کچھ اس نے) چار دنوں (یعنی چار ارتقائی زمانوں) میں مکمل کیا، (یہ سارا رِزق اصلاً) تمام طلب گاروں (اور حاجت مندوں) کے لیے

برابر ہےO

And He placed over it heavy mountains (brought forth) from within it and treasured in it (His infinite) blessings (minerals, water reservoirs, natural resources and other substances and forces and energies) and provided and appointed in it sustenance (i.e., necessities of life for all the creatures. He) accomplished (all that) in four days (i.e., four evolutionary periods. All of this sustenance is in fact) equal for all seekers (and the needy).

ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعاً أَوْ كَرْهاً قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ (11)

ترجمہ: پھر وہ سماوی کائنات کی طرف متوجہ ہوا تو وہ (سب) دھواں تھا، سو اس نے اُسے (یعنی آسمانی کرّوں سے) اور زمین سے فرمایا: خواہ باہم کشش و رغبت سے یا گریزی و ناگواری سے (ہمارے نظام کے تابع) آ جاؤ، دونوں نے کہا: ہم خوشی سے حاضر ہیںO

Then He turned towards the heavenly universe-that was (all) smoke. So He said to it (the heavenly spheres) and the earth: 'Get in (compliance with Our system) either under the influence of mutual attraction and coordination or under aversion and revulsion.' Both said: 'We submit with pleasure.'

فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحَى فِي كُلِّ سَمَاءٍ أَمْرَهَا وَزَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَحِفْظاً ذَلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (12)

ترجمہ: پھر دو دِنوں (یعنی دو مرحلوں) میں سات آسمان بنا دیے اور ہر سماوی کائنات میں اس کا نظام و دیعت کر دیا اور آسمانِ دنیا کو ہم نے چراغوں (یعنی ستاروں اور سیّاروں) سے آراستہ کر دیا اور محفوظ بھی (تاکہ ایک کا نظام دوسرے میں مداخلت نہ کر سکے)، یہ زبردست غلبہ (وقوت) والے، بڑے علم والے (رب) کا مقرر کردہ نظام ہےO

Then He made seven heavens in two days (i.e., two phases), and endued every heavenly universe with its (built-in) system. And We adorned the lower heaven with lamps (i.e., stars and planets), and made it secure as well (so that the system of one may not interfere with the other). This is the system programmed by the Lord of Absolute Dominance (and Might), the All-Knowing (Lord).

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ (13)

ترجمہ: پھر اگر وہ رُوگردانی کریں تو آپ فرما دیں: میں تمہیں اُس خوفناک عذاب سے ڈراتا ہوں جو عاد اور ثمود کی ہلاکت کے مانند ہوگاO

Then if they turn away, say: 'I warn you of a terrible torment like the destruction of 'Ad and Thamud.'

إِذْ جَاءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ قَالُوا لَوْ شَاءَ رَبُّنَا لَأَنزَلَ مَلَائِكَةً فَإِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ (14)

ترجمہ: جب اُن کے پاس اُن کے آگے اور اُن کے پیچھے (یا اُن سے پہلے اور ان کے بعد) پیغمبر آئے (اور کہا) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، تو وہ کہنے لگے: اگر ہمارا رب چاہتا تو فرشتوں کو اتار دیتا سو جو کچھ تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اس کے منکر ہیںo

When the Messengers came to them from their front and from their rear (or before them and after them and said:) 'Worship none but Allah,' they said: 'Had our Lord willed, He would have sent down angels. So we deny whatever you have been sent with.'

مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ **(43)**

ترجمہ: (اے حبیب!) جو آپ سے کہی جاتی ہیں (یہ) وہی باتیں ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہی جا چکی ہیں، بے شک آپ کا رب ضرور معافی والا (بھی) ہے اور دردناک سزا دینے والا (بھی) ہےo

(O Beloved!) Whatever is said to you are the same words that have been said to the Messengers before you. Surely, your Lord is Most Forgiving and the Master of agonizing chastisement (as well).

وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآناً أَعْجَمِيّاً لَّقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ أَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاء وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى أُوْلَئِكَ يُنَادَوْنَ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ **(44)**

ترجمہ: اور اگر ہم اس (کتاب) کو عجمی زبان کا قرآن بنا دیتے تو یقیناً یہ کہتے کہ اس کی آیتیں واضح طور پر بیان کیوں نہیں کی گئیں، کیا کتاب عجمی ہے اور رسول عربی ہے (اِس لیے اے محبوبِ مکرّم! ہم نے قرآن بھی آپ ہی کی زبان میں اتار دیا ہے۔) فرما دیجیے: وہ (قرآن) ایمان والوں کے لیے ہدایت (بھی) ہے اور شفا (بھی) ہے اور جو لوگ ایمان نہیں رکھتے اُن کے کانوں میں بہرے پن کا بوجھ ہے وہ اُن کے حق میں نابینا پن (بھی) ہے (گویا) وہ لوگ کسی دور کی جگہ سے پکارے جاتے ہیںo

And if We had revealed this (Book) as a Qur'an in a non-Arabic language, they would certainly have said: 'Why have its Verses not been expounded expressly? Is the Book non-Arabic and the Prophet an Arab?' (So, O Esteemed Beloved, We have revealed the Qur'an also in your language.) Say: 'That (Qur'an) is guidance as well as healing for the believers, but those who do not believe, their ears are heavy with deafness, and that is blindness (as well) in their case, (as if) they are like men called from afar.'

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ **(45)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب عطا فرمائی تو اس میں (بھی) اختلاف کیا گیا، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے فرمان پہلے صادر نہ ہو چکا ہوتا تو اُن کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا اور بے شک وہ اس (قرآن) کے بارے میں (بھی) دھوکہ دینے والے شک میں (مبتلاء) ہیںo

And verily, We gave the Book to Musa (Moses), but disagreement was perpetrated in that (too). And had not a command already been given by your Lord, the matter would have been judged between them. And surely, they are (suffering from) a deceitful doubt about this (Qur'an as well).

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ثُمَّ كَفَرْتُم بِهِ مَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ (52)

ترجمہ: فرمادیجیے: بھلاتم بتاؤاگر یہ (قرآن) اللہ ہی کی طرف سے (اُترا) ہو پھرتم اِس کا انکار کرتے رہو تو اُس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو پرلے درجہ کی مخالفت میں (پڑا) ہوo

Say: 'Well, give your view, if this (Qur'an) is really (sent down) from Allah and you keep denying it, then who is more astray than he who is (engaged) in extreme opposition?'

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (53)

ترجمہ: ہم عنقریب انہیں اپنی نشانیاں اَطرافِ عالم میں اور خود اُن کی ذاتوں میں دِکھادیں گے یہاں تک کہ اُن پر ظاہر ہو جائے گا کہ وہی حق ہے۔ کیا آپ کا رب (آپ کی حقانیت کی تصدیق کے لیے) کافی نہیں ہے کہ وہی ہر چیز پر گواہ (بھی) ہےo

We will soon show them Our signs all around the world and in their own selves, until it dawns on them that indeed this is the truth. Is your Lord not Sufficient (to confirm your veracity), for He alone is (also) witness to everything?

سورۃ الشوریٰ:

كَذَلِكَ يُوحِي إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (3)

ترجمہ: اسی طرح آپ کی طرف اور اُن (رسولوں) کی طرف جو آپ سے پہلے ہوئے ہیں اللہ وحی بھیجتا رہا ہے جو غالب ہے بڑی حکمت والا ہےo

In like manner has Allah, Almighty, All-Wise, been sending His Revelations to you and to those (Messengers) who have passed before you.

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآناً عَرَبِيّاً لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ (7)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی زبان میں قرآن کی وحی کی تاکہ آپ مکّہ والوں کو اور اُن لوگوں کو جو اِس کے اِردگرد رہتے ہیں ڈر سنا سکیں، اور آپ جمع ہونے کے اُس دن کا خوف دلائیں جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ (اُس دن) ایک گروہ جنت میں ہوگا اور دوسرا گروہ دوزخ میں ہوگاo

And likewise, We have revealed to you the Holy Qur'an in the Arabic language so that you may warn the residents of Mecca and its suburbs, and that you may warn them of the Day of Assembly about which there is no doubt. (On that Day) one party will be in Paradise and the other in Hell.

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ (10)

ترجمہ: اور تم جس اَمر میں اختلاف کرتے ہو تو اُس کا فیصلہ اللہ ہی کی طرف (سے) ہوگا، یہی اللہ میرا رب ہے، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوںo

And the decision of the matter in which you differ rests only with Allah. That is Allah, my Lord. In Him I put my trust, and to Him alone I turn.

فَلِذَلِكَ فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ وَقُلْ آمَنتُ بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِن كِتَابٍ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ اللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ اللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ (15)

ترجمہ: پس آپ اسی (دین) کے لیے دعوت دیتے رہیں اور جیسے آپ کو حکم دیا گیا ہے (اسی پر) قائم رہیے اور اُن کی خواہشات پر کان نہ دھریے، اور (یہ) فرما دیجیے: جو کتاب بھی اللہ نے اتاری ہے میں اُس پر ایمان رکھتا ہوں، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان عدل وانصاف کروں۔ اللہ ہمارا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی بحث وتکرار نہیں، اللہ ہم سب کو جمع فرمائے گا اور اسی کی طرف (سب کا) پلٹنا ہےo

So keep calling them to this (Din [Religion]), and hold fast (to it) as the command has been given to you. And do not give any heed to their desires and say (this): 'I believe in every Book that Allah has revealed, and I have been commanded to do justice between you. Allah is our Lord as well as your Lord. For us are our deeds and for you are your deeds. There is no debate and dispute between us and you. Allah will gather us all together and to Him is the return (of all).'

تَرَى الظَّالِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا كَسَبُوا وَهُوَ وَاقِعٌ بِهِمْ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ لَهُم مَّا يَشَاؤُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ (22)

ترجمہ: آپ ظالموں کو اُن (اعمال) سے ڈرنے والا دیکھیں گے جو انہوں نے کما رکھے ہیں اور وہ (عذاب) اُن پر واقع ہو کر رہے گا، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے وہ بہشت کے چمنوں میں ہوں گے، اُن کے لیے اُن کے رب کے پاس وہ (تمام نعمتیں) ہوں گی جن کی وہ خواہش کریں گے، یہی تو بہت بڑا فضل ہےo

You will see the wrongdoers fearing those (deeds) that they have earned. And that (torment) is bound to befall them. And they who believe and persist in pious deeds will be in the Gardens of Paradise. There will be for them with their Lord (all those blessings) which they will long for. That is indeed a great bounty.

ذَلِكَ الَّذِي يُبَشِّرُ اللَّهُ عِبَادَهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ قُل لَّا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى وَمَن يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُ فِيهَا حُسْناً إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ شَكُورٌ (23)

ترجمہ: یہ وہ (انعام) ہے جس کی خوشخبری اللہ ایسے بندوں کو سناتا ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے، فرما دیجیے: میں اِس (تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا مگر (میری) قرابت (اور اللہ کی قربت) سے محبت (چاہتا ہوں)، اور جو شخص نیکی کمائے گا ہم اس کے لیے اس میں اُخروی ثواب اور بڑھا دیں گے۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا قدر دان ہےo

That is (the award) of which Allah gives the good news to those servants who

believe and do pious works persistently. Say: 'I do not ask for any recompense for this (preaching the faith in Messengership), but (seek) love for (my) kindreds (and Allah's nearness).' And whoever earns good, We shall increase for him the reward in the Hereafter. Surely, Allah is Most Forgiving, Most Appreciative.

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِباً فَإِن يَشَأِ اللَّهُ يَخْتِمْ عَلَى قَلْبِكَ وَيَمْحُ اللَّهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ **(24)**

ترجمہ: کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اللہ پر جھوٹا بہتان تراشا ہے، سو اگر اللہ چاہے تو آپ کے قلبِ اطہر پر (صبر و استقامت کی) مُہر ثبت فرما دے (تاکہ آپ کو اِن کی بیہودہ گوئی کا رنج نہ پہنچے)، اور اللہ باطل کو مٹا دیتا ہے اور اپنے کلمات سے حق کو ثابت رکھتا ہے۔ بے شک وہ سینوں کی باتوں کو خوب جاننے والا ہے o

Do they say that this (Messenger [blessings and peace be upon him]) has invented a lie against Allah? So if Allah wills, He may set a seal (of patience and steadfastness) on your holy heart (so that their absurd talk may not hurt you). And Allah eliminates falsehood and maintains the truth established by His Words. Surely, He knows best the secrets of the breasts.

وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن بَعْدِهِ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَى مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ **(44)**

ترجمہ: اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اُس کے لیے اُس کے بعد کوئی کارساز نہیں ہوتا، اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ جب وہ عذاب (آخرت) دیکھ لیں گے (تو) کہیں گے: کیا (دنیا میں) پلٹ جانے کی کوئی سبیل ہے؟ o

And the one whom Allah holds astray, for him there is no protector after that. And you will see the wrongdoers; when they see the torment (of the Last Day), they will say: 'Is there any way to go back (to the world)?'

وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ وَقَالَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ **(45)**

ترجمہ: اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ پر ذلّت اور خوف کے ساتھ سر جھکائے ہوئے پیش کیے جائیں گے (اسے چوری چوری) چھپی نگاہوں سے دیکھتے ہوں گے، اور ایمان والے کہیں گے: بے شک نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو اور اپنے اہل و عیال کو قیامت کے دن خسارے میں ڈال دیا، یاد رکھو! بے شک ظالم لوگ دائمی عذاب میں (مبتلا) رہیں گے o

And you will see them brought to Hell with their heads bent with disgrace and fear, looking at it covertly (with a stealthy glance) and the believers will say: 'Surely, the losers are those who put their own souls and their families into loss on the Day of Rising. Remember! Indeed, the wrongdoers will remain in (the agony of) a lasting torment.

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظاً إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا وَإِن تُصِبْهُمْ

سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَانَ كَفُورٌ (48)

ترجمہ: پھر (بھی) اگر وہ رُوگردانی کریں تو ہم نے آپ کو اُن پر (تباہی سے بچانے کا) ذمّہ دار بنا کر نہیں بھیجا۔ آپ پر تو صرف (پیغامِ حق) پہنچا دینے کی ذمّہ داری ہے، اور بے شک جب ہم انسان کو اپنی بارگاہ سے رحمت (کا ذائقہ) چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہو جاتا ہے اور اگر انہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے اُن کے اپنے ہاتھوں سے آگے بھیجے ہوئے اعمالِ (بد) کے باعث، تو بے شک انسان بڑا ناشکر گزار (ثابت ہوتا) ہے o

(Even) then if they turn away, We have not sent you with any responsibility for (saving) them (from destruction). You are responsible only to convey (the message of truth). And verily, when We make man taste (the savour) of mercy from Our presence, he feels pleased. But when some misfortune reaches them, owing to the (evil) deeds sent ahead by their own hands, then no doubt man (proves) to be highly ungrateful.

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحاً مِّنْ أَمْرِنَا مَا كُنتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَكِن جَعَلْنَاهُ نُوراً نَّهْدِي بِهِ مَنْ نَّشَاء مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (52)

ترجمہ: سو اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روحِ (قلوب و ارواح) کی وحی فرمائی (جو قرآن ہے)، اور آپ (وحی سے قبل اپنی ذاتی درایت و فکر سے) نہ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ ایمان (کے شرعی احکام کی تفصیلات کو ہی جانتے تھے جو بعد میں نازل اور مقرر ہوئیں) ☆ مگر ہم نے اسے نور بنا دیا۔ ہم اِس (نور) کے ذریعہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت سے نوازتے ہیں، اور بے شک آپ ہی صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت عطا فرماتے ہیں ☆☆ o

☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اُمّیت کی طرف اشارہ ہے تاکہ کفّار آپ کی زبان سے قرآن کی آیات اور ایمان کی تفصیلات سن کر یہ بدگمانی نہ پھیلائیں کہ یہ سب کچھ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ذاتی علم اور تفکر سے گھڑ لیا ہے کچھ نازل نہیں ہوا، سو یہ اَز خود نہ جاننا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عظیم معجزہ بنا دیا گیا۔

☆☆ اے حبیب! آپ کا ہدایت دینا اور ہمارا ہدایت دینا دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے اور صرف انہی کو ہدایت نصیب ہوتی ہے جو اس حقیقت کی معرفت اور اس سے وابستگی رکھتے ہیں۔

So thus We revealed to you Our Spirit (of hearts and souls) by Our command (that is the Qur'an). And (before the Revelation) you did not know what the Book was, nor did you know (through your own endeavour and insight the details of the injunctions of) faith (which were sent down and determined later).* But We made it a Light. By means of this Light, We give guidance to those of Our servants whom We intend. And assuredly, you alone provide guidance towards the straight path.**

*** Here reference is made to the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) as being an Ummi (not taught to read or write) so that the disbelievers, hearing the Verses of the Qur'an and the details of faith from him, may not spread this evil thought that the Holy Prophet Muhammad (blessings**

and peace be upon him) has invented it out of his personal knowledge, learning and scholarship and that nothing has been sent down to him. So this unletteredness has been one of his great miracles.

**** O Beloved! The reality of guidance is the same whether by you or by Us. And guidance is only the share of the one who acquires the knowledge of this fact and then sticks to it tenaciously.**

سورۃ الزخرف:

قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكُم بِأَهْدَى مِمَّا وَجَدتُّمْ عَلَيْهِ آبَاءَكُمْ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ **(24)**

ترجمہ: (پیغمبر نے) کہا: اگرچہ میں تمہارے پاس اُس (طریقہ) سے بہتر ہدایت کا (دین اور) طریقہ لے آؤں جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا تھا، تو انہوں نے کہا: جو کچھ (بھی) تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اُس کے منکر ہیںo

(The Messenger) said: 'Even though I bring you a way (and Din [Religion]) better than that on which you found your fathers?' They said: 'We deny whatever you have been sent with.'

بَلْ مَتَّعْتُ هَؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّى جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ **(29)**

ترجمہ: بلکہ میں نے انہیں اور اِن کے آباء واجداد کو (اسی ابراہیم علیہ السلام کے تصدّق اور واسطہ سے اِس دنیا میں) فائدہ پہنچایا ہے یہاں تک کہ اِن کے پاس حق (یعنی قرآن) اور واضح وروشن بیان والا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آیاo

In truth, I bestowed upon these people and their ancestors (worldly) provision (for the sake of and due to the mediation of Ibrahim [Abraham]) until there came to them the truth (the Qur'an) and the Messenger (blessings and peace be upon him) with clear and illumining exposition.

أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ أَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَن كَانَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ **(40)**

ترجمہ: پھر کیا آپ بہروں کو سنائیں گے یا اندھوں کو اور اُن لوگوں کو جو کھلی گمراہی میں ہیں راہِ ہدایت دکھائیں گےo

Then will you make the deaf hear, or show the path of guidance to the blind and those who are in open error?

فَإِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنْهُم مُّنتَقِمُونَ **(41)**

ترجمہ: پس اگر ہم آپ کو (دنیا سے) لے جائیں تو تب بھی ہم اِن سے بدلہ لینے والے ہیںo

So if We take you away (from the world), even then We shall take revenge on them,

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِي أُوحِيَ إِلَيْكَ إِنَّكَ عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ **(43)**

ترجمہ: پس آپ اس (قرآن) کو مضبوطی سے تھامے رکھیئے جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے، بے شک آپ سیدھی راہ پر (قائم) ہیںo

So hold fast to this (Qur'an) which has been revealed to you. Surely, you are

(firm) on the straight path.

وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ **(44)**

ترجمہ: اور یقیناً یہ (قرآن) آپ کے لیے اور آپ کی امت کے لیے عظیم شرف ہے، اور (لوگو!) عنقریب تم سے پوچھا جائے گا (کہ تم نے قرآن کے ساتھ کتنا تعلق استوار کیا)o

And verily, this (Qur'an) is a great honour for you and for your Umma (Community). And, (O people,) you will soon be asked (how strong and firm a relation you established with the Qur'an).

وَاسْأَلْ مَنْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رُّسُلِنَا أَجَعَلْنَا مِن دُونِ الرَّحْمَنِ آلِهَةً يُعْبَدُونَ **(45)**

ترجمہ: اور جو رسول ہم نے آپ سے پہلے بھیجے آپ اُن سے پوچھئے کہ کیا ہم نے (خدائے) رحمان کے سوا کوئی اور معبود بنائے تھے کہ اُن کی پرستش کی جائےo

And ask the Messengers We sent before you whether We made any gods to be worshipped instead of the Most Kind (Lord).

قُلْ إِن كَانَ لِلرَّحْمَنِ وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِينَ **(81)**

ترجمہ: فرما دیجیے کہ اگر (بفرضِ محال) رحمان کے (ہاں) کوئی لڑکا ہوتا (یا اولاد ہوتی) تو میں سب سے پہلے (اس کی) عبادت کرنے والا ہوتاo

Say: 'If (supposing the impossible) the Most Kind (Lord) had a son (or children), I would have been the first one to worship (him).'

سُبْحَانَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ **(82)**

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا پروردگار، عرش کا مالک پاک ہے اُن باتوں سے جو یہ بیان کرتے ہیںo

The Lord of the heavens and the earth, the Lord of the Throne, Glory be to Him, Transcendent above all what they ascribe (to Him).

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ **(83)**

ترجمہ: سو آپ انہیں چھوڑ دیجیے، بے کار بحثوں میں پڑے رہیں اور لغو کھیل کھیلتے رہیں حتٰی کہ اپنے اس دن کو پالیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

So leave them. Let them remain indulged in vain talk and absurd sport until they meet the Day which they are promised.

وَقِيلِهِ يَارَبِّ إِنَّ هَؤُلَاءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُونَ **(88)**

ترجمہ: اور اُس (حبیبِ مکرّم) کے (یوں) کہنے کی قسم کہ یارب! بے شک یہ ایسے لوگ ہیں جو ایمان (ہی) نہیں لاتےo

And by his (Esteemed Messenger's) saying: 'O Lord, surely, they are a people who (somehow) do not tend to believe.'

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلَامٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ **(89)**

ترجمہ: سو (میرے محبوب!) آپ اُن سے چہرہ پھیر لیجئے اور (یوں) کہہ دیجیے: (بس ہمارا) سلام، پھر وہ جلد ہی (اپنا حشر)

معلوم کرلیں گےo

So, (O My Beloved,) turn your face away from them and say (like this: 'Alright, our greeting is:) Peace!' Then soon they will come to know (their end).

سورۃ الدخان:

رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (6)

ترجمہ: (یہ) آپ کے رب کی جانب سے رحمت ہے، بے شک وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

(It) is mercy from your Lord. Verily, He is All-Hearing, All-Knowing,

أَنَّى لَهُمُ الذِّكْرَى وَقَدْ جَاءهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ (13)

ترجمہ: اب اُن کا نصیحت ماننا کہاں (مفید) ہوسکتا ہے حالاں کہ ان کے پاس واضح بیان فرمانے والے رسول آ چکےo

How can their acceptance of the admonition now be (of any use), whereas there came to them a Messenger with a clear exposition?

ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ (14)

ترجمہ: پھر انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا اور (گستاخی کرتے ہوئے) کہنے لگے: (وہ) سکھایا ہوا دیوانہ ہےo

But they turned their faces from him and (denigrating) they said: '(He) is a tutored madman.'

إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا الْأُولَى وَمَا نَحْنُ بِمُنشَرِينَ (35)

ترجمہ: کہ ہماری پہلی موت کے سوا (بعد میں) کچھ نہیں ہے اور ہم (دوبارہ) نہیں اٹھائے جائیں گےo

'There is nothing after our first death and we shall not be raised up (again).

فَأْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (36)

ترجمہ: سو تم ہمارے باپ دادا کو (زندہ کرکے) لے آؤ، اگر تم سچے ہوo

So bring back our ancestors (alive) if you are truthful.'

فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (58)

ترجمہ: بس ہم نے آپ ہی کی زبان میں اس (قرآن) کو آسان کر دیا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریںo

So We have made this (Qur'an) easy in your own tongue so that they may take advice.

فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ (59)

ترجمہ: سو آپ (بھی) انتظار فرمائیں، یقیناً وہ (بھی) انتظار کر رہے ہیں (آپ اُن کا حشر اور ہمارا انتقام دیکھیں گے اور وہ آپ کی شان اور آپ کے تصدّق سے مومنوں پر میرا انعام دیکھیں گے)o

So wait. Certainly, they (too) are waiting. (You will see Our revenge and their evil end, and they will see your glory and My favours to the believers through your mediation.)

سورۃ الجاثیۃ:

تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ (6)

ترجمہ: یہ اللہ کی آیتیں ہیں جنہیں ہم آپ پر پوری سچائی کے ساتھ تلاوت فرماتے ہیں، پھر اللہ اور اُس کی آیتوں کے بعد یہ لوگ کس بات پر ایمان لائیں گے o

These are the Revelations of Allah which We recite to you with absolute truth. Then what will they believe in after Allah and His Revelations?

قُل لِّلَّذِينَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللَّهِ لِيَجْزِيَ قَوْماً بِما كَانُوا يَكْسِبُونَ (14)

ترجمہ: آپ ایمان والوں سے فرما دیجیے کہ وہ اُن لوگوں کو نظر انداز کر دیں جو اللہ کے دنوں کی (آمد کی) امید اور خوف نہیں رکھتے تاکہ وہ اُن لوگوں کو اُن (کے اعمال) کا پورا بدلہ دے دے جو وہ کمایا کرتے تھے o

Say to the believers to disregard those who neither hope for nor fear (the coming of) the Days of Allah, so that He may give them full reward of those (deeds) which they used to earn.

وَآتَيْنَاهُم بَيِّنَاتٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَمَا اخْتَلَفُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (17)

ترجمہ: اور ہم نے ان کو دین (اور نبوّت) کے واضح دلائل اور نشانیاں دی ہیں مگر اس کے بعد کہ اُن کے پاس (بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا) علم آ چکا انہوں نے (اس سے) اختلاف کیا محض باہمی حسد و عداوت کے باعث، بے شک آپ کا رب اُن کے درمیان قیامت کے دن اس امر کا فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے o

And We gave them clear proofs of religion (and Prophethood). But they disagreed (about it) after the knowledge (of raising the Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) had come to them, merely because of their mutual jealousy, spite and antagonism. Surely, your Lord will judge between them on the Day of Rising concerning the matter in which they used to disagree.

ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَى شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاء الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (18)

ترجمہ: پھر ہم نے آپ کو دین کے کھلے راستے (شریعت) پر مامور فرما دیا، سو آپ اسی راہ پر چلتے جائیے اور اُن لوگوں کی خواہشوں کو قبول نہ فرمائیے جنہیں (آپ کی اور آپ کے دین کی عظمت و حقّانیت کا) علم ہی نہیں ہے o

Then We set you on the open path of Shariah (Islamic law). So follow it persistently. And do not yield to the desires of those who are simply unaware (of the glory, dignity and trueness of your Din [Religion]).

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَى عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَى سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَى بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّهِ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (23)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو معبود بنا رکھا ہے اور اللہ نے اسے علم کے باوجود گمراہ ٹھہرا دیا ہے اور اس کے کان اور اس کے دل پر مُہر لگا دی ہے اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے، پھر اُسے اللہ کے بعد کون ہدایت کر سکتا ہے، سو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے o

Have you seen him who has made his desire his god and Allah has held him astray despite his knowledge and has sealed his ears and his heart and has blindfolded his eyes? Then who can guide him after Allah? So do you not accept advice?

وَتَرَى كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَى إِلَى كِتَابِهَا الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ **(28)**

ترجمہ: اور آپ دیکھیں گے (کفّار و منکرین کا) ہر گروہ گھٹنوں کے بل گرا ہوا بیٹھا ہوگا، ہر فرقے کو اس (کے اعمال) کی کتاب کی طرف بلایا جائے گا، آج تمہیں اُن اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے o

And you will see every party (of the disbelievers and beliers) sitting, fallen on their knees. Every community will be called to its book (of deeds): 'You will be rewarded Today for the deeds that you used to do.

سورۃ الاحقاف:

قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ ائْتُونِي بِكِتَابٍ مِّن قَبْلِ هَذَا أَوْ أَثَارَةٍ مِّنْ عِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(4)**

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ مجھے بتاؤ تو کہ جن (بتوں) کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے زمین میں کیا چیز تخلیق کی ہے یا (یہ دکھا دو کہ) آسمانوں (کی تخلیق) میں ان کی کوئی شراکت ہے۔ تم میرے پاس اس (قرآن) سے پہلے کی کوئی کتاب یا (اگلوں کے) علم کا کوئی بقیہ حصہ (جو منقول چلا آ رہا ہو ثبوت کے طور پر) پیش کرو اگر تم سچے ہو o

Say: 'Tell me of (the idols) you worship instead of Allah; show me what they have created in the earth, or (bring it forth if) they have a partnership in (the creation of) the heavens. Bring me (as a proof) any Book (revealed) before this (Qur'an), or some remnant of knowledge (transmitted from the bygone people), if you are truthful.'

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئًا هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ كَفَى بِهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ **(8)**

ترجمہ: کیا وہ لوگ (یہ) کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کو (پیغمبر نے) گھڑ لیا ہے۔ آپ فرما دیں: اگر اسے میں نے گھڑا ہے تو تم مجھے اللہ (کے عذاب) سے (بچانے کا) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے، اور وہ ان (باتوں) کو خوب جانتا ہے جو تم اس (قرآن) کے بارے میں طعنہ زنی کے طور پر کر رہے ہو۔ وہی (اللہ) میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے، اور وہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے o

Do they say that (the Messenger) has fabricated it (the Qur'an)? Say: 'If I have

concocted it, then you have no authority to save me from (the torment of) Allah. And He knows best the (words) you utter about this (Qur'an) as mockery. He (Allah) is Sufficient as witness between me and you. And He is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

قُلْ مَا كُنتُ بِدْعاً مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِىْ مَا يُفْعَلُ بِىْ وَلَا بِكُمْ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَىَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (9)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ میں (انسانوں کی طرف) کوئی پہلا رسول نہیں آیا (کہ مجھ سے قبل رسالت کی کوئی مثال ہی نہ ہو) اور میں اَز خود (یعنی محض اپنی عقل و درایت سے) نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور نہ وہ جو تمہارے ساتھ کیا جائے گا، (میرا علم تو یہ ہے کہ) میں صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف بھیجی جاتی ہے (وہی مجھے ہر شے کا علم عطا کرتی ہے) اور میں تو صرف (اس علم بالوحی کی بنا پر) واضح ڈر سنانے والا ہوں o

Say: 'I am not the first Messenger (sent to mankind that no precedent of Messengership exists before me). Nor do I know of my own accord (i.e., purely by means of my own mental faculty and self-application) what will be done to me or what will be done to you. (My knowledge is nothing except that) I follow that revelation alone which is sent to me. (It is this that provides me knowledge about everything.) And I am simply a clear Warner (on the basis of this knowledge obtained through revelation).

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِىْ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ (10)

ترجمہ: فرمادیجیے: ذرا بتاؤ تو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کر دیا ہو اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ (بھی پہلی آسمانی کتابوں سے) اس جیسی کتاب (کے اترنے کے ذکر) پر گواہی دے پھر وہ (اس پر) ایمان (بھی) لایا ہو اور تم (اس کے باوجود) غرور کرتے رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا؟)، بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

Say: 'Tell me, if this (Qur'an) is from Allah and you deny it and a witness from the Children of Israel (also) bears testimony to the mention of (the revelation of) such a Book (in the Revealed Books revealed earlier), then he believes (in it as well), but (despite that) you show arrogance (then what will be your fate?) Surely, Allah does not guide the wrongdoing people.'

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لِلَّذِيْنَ آمَنُوا لَوْ كَانَ خَيْراً مَّا سَبَقُونَا إِلَيْهِ وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هَذَا إِفْكٌ قَدِيْمٌ (11)

ترجمہ: اور کافروں نے مومنوں سے کہا: اگر یہ (دینِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بہتر ہوتا تو یہ لوگ اس کی طرف ہم سے پہلے نہ بڑھتے (ہم خود ہی سب سے پہلے اسے قبول کر لیتے)، اور جب ان (کفار) نے (خود) اس سے ہدایت نہ پائی تو اب کہتے ہیں کہ یہ تو پرانا جھوٹ (اور بہتان) ہے o

And the disbelievers said to the believers: 'Had it (the Din of Muhammad [blessings and peace be upon him]) been a better (religion), these people would not have advanced towards it taking the lead over us. (We would have

accepted it before anyone else.)' And when they (the disbelievers) have not taken guidance from it (themselves), now they say: 'This is an old lie (and a fabrication).'

وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ إِذْ أَنذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ **(21)**

ترجمہ: اور (اے حبیب!) آپ قومِ عاد کے بھائی (ہود علیہ السلام) کا ذکر کیجئے، جب انہوں نے (عُمان اور مَہرہ کے درمیان یمن کی ایک وادی) اَحقاف میں اپنی قوم کو (اَعمالِ بد کے نتائج سے) ڈرایا حالاں کہ اس سے پہلے اور اس کے بعد (بھی کئی) ڈرانے والے (پیغمبر) گزر چکے تھے کہ تم اللہ کے سوا کسی اور کی پرستش نہ کرنا، مجھے ڈر ہے کہ کہیں تم پر بڑے (ہولناک) دن کا عذاب (نہ) آجائے o

And, (O Beloved,) remember (Hud) the kinship brother of the people of 'Ad, when he warned his people (of the dire consequences of their evil deeds) in al-Ahqaf, (the Sand-Dunes [a valley in Yemen, between Oman and Mahra]) although (a number of) Warners (i.e., Messengers) had passed before and after him, (saying:) 'Worship no one but Allah. I fear for you the punishment of a (Terrible) Day.'

وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَراً مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنصِتُوا فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَى قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ **(29)**

ترجمہ: اور (اے حبیب!) جب ہم نے جنّات کی ایک جماعت کو آپ کی طرف متوجہ کیا جو قرآن غور سے سنتے تھے۔ پھر جب وہ وہاں (یعنی بارگاہِ نبوت میں) حاضر ہوئے تو انہوں نے (آپس میں) کہا: خاموش رہو، پھر جب (پڑھنا) ختم ہو گیا تو وہ اپنی قوم کی طرف ڈر سنانے والے (یعنی داعی الی الحق) بن کر واپس گئے o

And, when, (O Beloved,) We diverted a group of jinn to you, listening to the Qur'an with active attention, (and) when they came there (i.e., before the holy presence of the Messenger [blessings and peace be upon him]), they said (to one another): 'Keep silent.' And when (the recitation) was over, they went back as warners to their people (i.e., the callers to the truth).

يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ **(31)**

ترجمہ: اے ہماری قوم! تم اللہ کی طرف بلانے والے (یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بات قبول کر لو اور ان پر ایمان لے آؤ (تو) اللہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں دردناک عذاب سے پناہ دے گا o

O our people! Accept the call of the Caller (the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) to Allah and believe in him. Allah will then forgive your sins and save you from a painful punishment.

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُوْلُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ (35)

ترجمہ: (اے حبیب!) پس آپ صبر کیے جائیں جس طرح (دوسرے) عالی ہمّت پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور آپ ان (منکروں) کے لیے (طلبِ عذاب میں) جلدی نہ فرمائیں، جس دن وہ اس (عذابِ آخرت) کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے تو (خیال کریں گے) گویا وہ (دنیا میں) دن کی ایک گھڑی کے سوا ٹھہرے ہی نہیں تھے، (یہ اللہ کی طرف سے) پیغام کا پہنچایا جانا ہے، نافرمان قوم کے سوا دیگر لوگ ہلاک نہیں کیے جائیں گےo

(O Beloved!) So be steadfast as (other) Messengers were with unwavering determination, and do not hasten (to seek the torment) for these (deniers). The Day they will see this (punishment in the Hereafter) which they are being promised, (they will think) as though they did not stay (in the world) for more than an hour. (This is but) the communication of the Message (from Allah). Those other than the disobedient will not be destroyed.

سورۃ محمد:

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ (2)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور اس (کتاب) پر ایمان لائے جو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل کی گئی ہے اور وہی ان کے رب کی جانب سے حق ہے اللہ نے ان کے گناہ ان (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دیے اور ان کا حال سنوار دیاo

And those who embrace faith and do pious works persistently and believe in this (Book) which has been revealed to Muhammad (blessings and peace be upon him), and that is the very truth from their Lord, Allah erases their evil works from their (record of deeds) and refines their states of being.

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن قَرْيَتِكَ الَّتِيْ أَخْرَجَتْكَ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ (13)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) کتنی ہی بستیاں تھیں جن کے باشندے (وسائل و اقتدار میں) آپ کے اس شہر (مکّہ کے باشندوں) سے زیادہ طاقتور تھے جس (کے مقتدر وڈیروں) نے آپ کو (بصورتِ ہجرت) نکال دیا ہے، ہم نے انہیں (بھی) ہلاک کر ڈالا پھر ان کا کوئی مددگار نہ ہوا (جو انہیں بچا سکتا)o

And, (O Beloved,) how many a town have We destroyed whose citizens wielded greater power (i.e., resources and authority) than (the residents of) your city (Mecca) whose (powerful chiefs) have driven you out (by emigration)! We have destroyed them as well, and no one came to their help (who could save them).

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ حَتَّى إِذَا خَرَجُوا مِنْ عِندِكَ قَالُوا لِلَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفاً أُوْلَئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءهُمْ (16)

ترجمہ: اوران میں سے بعض وہ لوگ بھی ہیں جو آپ کی طرف (دل اور دھیان لگائے بغیر) صرف کان لگائے سنتے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب وہ آپ کے پاس سے نکل کر (باہر) جاتے ہیں تو ان لوگوں سے پوچھتے ہیں جنہیں علمِ (نافع) عطا کیا گیا ہے کہ ابھی انہوں نے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے) کیا فرمایا تھا؟ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور وہ اپنی خواہشات کی پیروی کر رہے ہیں o

And amongst them are those who give ears to you (without their heads and hearts in it) till, when they leave your presence and go (out), they ask those who have been given (profitable) knowledge: 'What is it that he (the Messenger [blessings and peace be upon him]) said just now?' It is they whose hearts Allah has sealed up and they are following their lusts.

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا فَأَنَّى لَهُمْ إِذَا جَاءتْهُمْ ذِكْرَاهُمْ (18)

ترجمہ: تو اب یہ (منکر) لوگ صرف قیامت ہی کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان پر اچانک آ پہنچے؟ سو واقعی اس کی نشانیاں (قریب) آ پہنچی ہیں، پھر انہیں ان کی نصیحت کہاں (مفید) ہوگی جب (خود) قیامت (ہی) آ پہنچے گی o

So are they (the deniers) now just waiting for the Last Hour to come upon them all of a sudden? Its signs have no doubt drawn (near). But what (good) will their admonition do to them when the Last Hour (itself) approaches?

فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ (19)

ترجمہ: پس جان لیجیے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ (اظہارِ عبودیت اور تعلیمِ امت کی خاطر اللہ سے) معافی مانگتے رہا کریں کہ کہیں آپ سے (اپنی شانِ اَقدس اور خصوصی عظمت و رِفعت کے تناظر میں) خلافِ اَولیٰ فعل صادر نہ ہو جائے ☆ اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لیے بھی طلبِ مغفرت (یعنی ان کی شفاعت) فرماتے رہا کریں (یہی ان کا سامان بخشش ہے)، اور (اے لوگو!) اللہ (دنیا میں) تمہارے چلنے پھرنے کے ٹھکانے اور (آخرت میں) تمہارے ٹھہرنے کی منزلیں (سب) جانتا ہے o

☆ (حالانکہ وہ فعل اپنی جگہ شرعاً بالکل جائز بلکہ مستحسن ہوگا مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام و مرتبہ اور عظمت و رِفعت محض جواز اور اِستحسان کے مراتب سے بھی بہت بلند اور اَرفع و اَعلیٰ ہے)۔

Know then that there is no God except Allah and (to offer worship and to educate the Umma [Community]) always ask forgiveness (from Allah) lest (in the perspective of your glory, majesty and exaltation peculiar to you alone) an action unworthy of your incomparable station may transpire.* And also seek forgiveness (i.e., intercede) for the believing men and women (for that is all they may have in balance for forgiveness). And, (O people,) Allah knows (all about) the places where you move about (in the world) and your mansions of

repose (in the Hereafter).

*** Given that the action may be a pious deed compatible with Islamic law, rather an act par excellence, your august station, majesty and exaltation is far elevated and dignified than mere permissibility and higher grades of moral excellence.**

وَيَقُولُ الَّذِيْنَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ فَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ رَأَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَأَوْلَى لَهُمْ 20)

ترجمہ: اورایمان والے کہتے ہیں کہ(اپنے دفاع میں جنگ کی اِجازت سے متعلق) کوئی سورت کیوں نہیں اتاری جاتی؟ پھر جب کوئی واضح سورت نازل کی جاتی ہےاوراس میں (دفاعی) جنگ کا (صریحاً) ذکر کیا جاتا ہےتو آپ ایسےلوگوں کوجن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے (اور وہ آپ کی اور مسلمانوں کی سلامتی نہیں چاہتے) ملاحظہ فرماتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف (اس طرح) دیکھتے ہیں جیسے وہ شخص دیکھتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہورہی ہو۔سوان کے لیےخرابی ہےo

And the believers say why a Sura (Chapter) is not revealed (about the permission to fight in defence). But when a clear Sura is revealed and (defensive) fighting for the cause of Allah is (plainly) mentioned in it, you see those who have the disease (of hypocrisy) in their hearts (and who do not want your and the believers' safety) looking at you like someone who is fainting to death. So, for them is disaster.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيْلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئاً وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ (32)

ترجمہ: بےشک جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت (اوران سے جدائی کی راہ اختیار) کی اس کے بعد کہ ان پر ہدایت (یعنی عظمتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معرفت) واضح ہوچکی تھی وہ اللہ کا ہرگز کچھ نقصان نہیں کرسکیں گے (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قدر ومنزلت کوگھٹا نہیں سکیں گے)،☆ اوراللہ ان کے (سارے) اعمال کو(مخالفتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باعث) نیست ونابود کردے گاo

☆ تمام ائمہ تفسیر نے لکھا ہے: (لَن یضرّ واللّٰہَ شَیئًا) أی: لن یضرّ وارسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمشاقتہ وحذف المضاف لتعظیم شانہ۔ ملاحظہ فرمائیں: الطبری، البیضاوی، روح المعانی، روح البیان، الجمل، البحر المدید وغیرہ۔ اس اُسلوبِ کلام کی مثالیں قرآن مجید میں بہت ہیں جن میں سے ایک سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 9 (یُخٰدِعُونَ اللہَ وَالَّذِینَ اٰمَنُوا) ہے۔ اس مقام پر یخٰدعون اللہ (وہ اللہ کودھوکہ دینا چاہتے ہیں) کہہ کر مراد یُخٰدِعُونَ رَسُولَ اللہِ (وہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کودھوکہ دینا چاہتے ہیں) لیا گیا ہے۔

Indeed, those who disbelieved and hindered (the people) from the way of Allah and opposed the Messenger (blessings and peace be upon him), (and chose the path of breaking away from him,) after the guidance (i.e., the gnosis of the veneration of the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]) had

become clear to them, they would not be able to harm Allah anyway (i.e., would not be able to decrease the incomparable superiority and pre-eminence of the Messenger* [blessings and peace be upon him]). Allah will wreck (all) their works (due to their opposition to the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]).

*** According to the leading exegetes like al-Tabari, al-Baydawi, al-Alusi, al-Haqqi, al-Jumal, Ibn 'Ujayba, etc., there are many examples of this style of exposition in the Holy Qur'an such as verse 9 of Sura al-Baqara. Here the words, 'They want to deceive Allah' imply: 'They want to deceive the Holy Messenger (blessings and peace be upon him).'**

سورۃ الفتح:

إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحاً مُّبِيْناً (1)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرم!) بے شک ہم نے آپ کے لیے (اسلام کی) روشن فتح (اور غلبہ) کا فیصلہ فرما دیا (اس لیے کہ آپ کی عظیم جدّ و جہد کامیابی کے ساتھ مکمل ہو جائے)o

(O Esteemed Beloved!) Surely, We decreed for you a clear victory (and the dominance of Islam so that your great struggle might be completed with success),

لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطاً مُّسْتَقِيْماً (2)

ترجمہ: تاکہ آپ کی خاطر اللہ آپ کی امت (کے اُن تمام اَفراد) کی اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما دے☆ (جنہوں نے آپ کے حکم پر جہاد کیے اور قربانیاں دیں) اور (یوں اسلام کی فتح اور امت کی بخشش کی صورت میں) آپ پر اپنی نعمت (ظاہراً و باطناً) پوری فرما دے اور آپ (کے واسطے سے آپ کی امت) کو سیدھے راستہ پر ثابت قدم رکھےo

☆ یہاں حذفِ مضاف واقع ہوا ہے۔ مراد ''ما تقدم من ذنب امتک و ما تاخر'' ہے، کیونکہ آگے اُمت ہی کے لیے نزولِ سکینہ، دخولِ جنت اور بخششِ سیئات کی بشارت کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ مضمون آیت نمبر 1 سے 5 تک ملا کر پڑھیں تو معنی خود بخود واضح ہو جائے گا؛ اور مزید تفصیل تفسیر میں ملاحظہ فرمائیں۔ جیسا کہ سورۃ المؤمن کی آیت نمبر 55 کے تحت مفسرین کرام نے بیان کیا ہے کہ ''لِذَنبِکَ'' میں ''امت'' مضاف ہے جو کہ محذوف ہے۔ لہٰذا اس بناء پر یہاں وَاستَغفِر لِذَنبِکَ سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ امام نسفی، امام قرطبی اور علامہ شوکانی نے یہی معنی بیان کیا ہے۔ حوالہ جات ملاحظہ کریں:- 1: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) اَی لذنب امتک یعنی اپنی امت کے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے۔ (نسفی، مدارک التنزیل وحقائق التاویل، 4:359)۔ 2: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: لذنب امتک حذف المضاف وأقیم المضاف الیہ مقامہ۔ ''واستغفر لذنبک کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ یہاں مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام کر دیا گیا۔'' (قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، 15:324)۔

3: وَ قیل لذنبک لذنب امتک فی حقک'' یہ بھی کہا گیا ہے کہ لذنبک یعنی آپ اپنے حق میں امت سے سرزد ہونے والی خطاؤں کی بخشش طلب کیجئے۔'' (ابن حیان اندلسی، البحر المحیط، 7:471)۔

So that Allah forgives, for your sake, all the earlier and later sins (of all those people) of your Umma ([Community]* who struggled, fought and sacrificed by your command), and (this way) may complete His blessing on you (outwardly and inwardly) in the form of Islam's victory and forgiveness for your Umma (Community), and may keep (your Umma) firm-footed on the straight path (through your mediation),

*** The co-related noun is estimated and has been omitted here. The intention is ma taqaddama min dhanbi ummati-ka wa ma ta'akhkhar. It is because the following subject relates to glad tidings of sending down tranquillity, admission to Paradise and forgiveness of sins. If Verses 1 to 5 are studied together, the meaning will become self-evident. The leading exegetes have elucidated it under Verse 55 of Sura al-Mu'min. In li-dhanbi-ka the co-related noun is Umma which is omitted. On this basis, therefore, wa-staghfir li-dhanbi-ka denotes the sins committed by Umma. The leading scholars Imam al-Nasafi, Imam al-Qurtubi and al-Shawkani have drawn the same meaning. To summarise:**

1. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means li-dhanbi Ummati-ka, that is, the sins of your Umma. (al-Nasafi in Madarik al-Tanzil wa Haqa'iq al-Ta'wil, 4:359.)

2. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means li-dhanbi Ummati-ka, hudhifa al-mudaf wa uqima al-mudaf il-ayh maqama-hu. It is stated that wa-staghfir li-dhanbi-ka implies the sins of Umma. The co-related noun has been omitted in the given phrase and is represented by the noun it is co-related to. (al-Qurtubi in al-Jami' li-Ahkam al-Qur'an, 15:324.)

3. Wa qila li-dhanbi Ummati-ka fi haqqi-ka. This is also expositioned that li-dhanbi-ka means for the misdeeds committed by Umma pertaining to what is your due. (Ibn Hayyan al-Andalusi in al-Bahr al-Muhit, 7:471.)

4. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means dhanbi Ummati-ka, fa-huwa 'ala hadhfi al-mudaf. It implies the sins of Umma and this interpretation is based on omission of the co-related noun. (al-Shawkani in Fath al-Qadir, 4:497.)

وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْراً عَزِيْزاً (3)

ترجمہ: اور اللہ آپ کو نہایت باعزت مدد و نصرت سے نوازے o

And so that Allah grants you most honourable help and support.

إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِداً وَمُبَشِّراً وَنَذِيْراً (8)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو (روزِ قیامت گواہی دینے کے لیے اعمال و احوالِ امت کا) مشاہدہ فرمانے والا اور خوشخبری سنانے والا اور ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے o

Indeed, We have sent you as an eyewitness (of the actions and the state of affairs of Umma [Community] to bear testimony on the Day of Reckoning) and as a Bearer of good news and as a Warner,

لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلاً (9)

ترجمہ: تاکہ (اے لوگو!) تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین) کی مدد کرو اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بے حد تعظیم و تکریم کرو، اور (ساتھ) اللہ کی صبح و شام تسبیح کرو○

So that, (O people,) you may believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and may help his (Din [Religion]), and revere and venerate him heart and soul, and (with that) glorify Allah morning and evening.

إِنَّ الَّذِينَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَى نَفْسِهِ وَمَنْ أَوْفَى بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيهِ أَجْراً عَظِيماً (10)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں، ان کے ہاتھوں پر (آپ کے ہاتھ کی صورت میں) اللہ کا ہاتھ ہے۔ پھر جس شخص نے بیعت کو توڑا تو اس کے توڑنے کا وبال اس کی اپنی جان پر ہوگا اور جس نے (اس) بات کو پورا کیا جس (کے پورا کرنے) پر اس نے اللہ سے عہد کیا تھا تو وہ عنقریب اسے بہت بڑا اجر عطا فرمائے گا○

(O Beloved!) Indeed, those who pledge allegiance to you in fact pledge allegiance to Allah alone. Allah's hand is over their hands (in the form of your hand). Then whoever breaks his pledge breaks it only to his own harm. But he who fulfils what he has promised to Allah, He will bless him with immense reward.

سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئاً إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرّاً أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعاً بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيراً (11)

ترجمہ: عنقریب دیہاتیوں میں سے وہ لوگ جو (حدیبیہ میں شرکت سے) پیچھے رہ گئے تھے آپ سے (معذرتاً یہ) کہیں گے کہ ہمارے اموال اور اہل و عیال نے ہمیں مشغول کر رکھا تھا (اس لیے ہم آپ کی معیت سے محروم رہ گئے) سو آپ ہمارے لیے بخشش طلب کریں۔ یہ لوگ اپنی زبانوں سے وہ (باتیں) کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہیں۔ آپ فرما دیں کہ کون ہے جو تمہیں اللہ کے (فیصلے کے) خلاف بچانے کا اختیار رکھتا ہو اگر اس نے تمہارے نقصان کا ارادہ فرما لیا ہو یا تمہارے نفع کا ارادہ فرما لیا ہو، بلکہ اللہ تمہارے کاموں سے اچھی طرح باخبر ہے○

Soon the Bedouins who lagged behind (from participating in al-Hudaybiya) will say to you (apologetically): 'Our money matters and families kept us busy. (Therefore, we missed your company.) So ask forgiveness for us from Allah.' They utter such (words) with their tongues that are not in their hearts. Say: 'Who has the power to save you against (the decision) of Allah if He intends to do you harm, or if He intends to do you good? But Allah is Well Aware of what you do.

بَلْ ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَنقَلِبَ الرَّسُولُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَى أَهْلِيهِمْ أَبَداً وَزُيِّنَ ذَلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَكُنتُمْ قَوْماً بُوراً (12)

ترجمہ: بلکہ تم نے یہ گمان کیا تھا کہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اہلِ ایمان (یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم) اب کبھی بھی پلٹ کر اپنے گھر والوں کی طرف نہیں آئیں گے اور یہ (گمان) تمہارے دلوں میں (تمہارے نفس کی طرف سے) خوب آراستہ کر دیا گیا تھا اور تم نے بہت ہی برا گمان کیا، اور تم ہلاک ہونے والی قوم بن گئےo

No, in fact, you thought that the Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers (his Companions) would never return to their families now, and (your ill-commanding selves) made that (thought) seem to your hearts far fascinating. And you imagined a highly evil speculation and became a people bound to perish.'

قُل لِّلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَى قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ فَإِن تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْراً حَسَناً وَإِن تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُم مِّن قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَاباً أَلِيماً (16)

ترجمہ: آپ دیہاتیوں میں سے پیچھے رہ جانے والوں سے فرما دیں کہ تم عنقریب ایک سخت جنگ جو قوم (سے جہاد) کی طرف بلائے جاؤ گے تم ان سے جنگ کرتے رہو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے، سو اگر تم حکم مان لو گے تو اللہ تمہیں بہترین اجر عطا فرمائے گا۔ اور اگر تم رُوگردانی کرو گے جیسے تم نے پہلے رُوگردانی کی تھی تو وہ تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دے گاo

Say to the Bedouins lagging behind: 'You will be called up soon (to fight) against a hard-hitting, warring people. Then you will fight them on (for the promotion of peace and human dignity), or they will become Muslims. So if you obey the command, Allah will give you an excellent reward. But if you turn away as you did before, He will make you suffer from an agonizing torment.'

إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (26)

ترجمہ: جب کافر لوگوں نے اپنے دلوں میں متکبّرانہ ہٹ دھرمی رکھ لی (جو کہ) جاہلیت کی ضِد اور غیرت (تھی) تو اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور مومنوں پر اپنی خاص تسکین نازل فرمائی اور انہیں کلمۂ تقویٰ پر مستحکم فرما دیا اور وہ اسی کے زیادہ مستحق تھے اور اس کے اہل (بھی) تھے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

Whilst the disbelievers anchored in their hearts the conceited obstinacy (which was) stubbornness and egocentricity of the days of ignorance, Allah sent down on His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers an exceptional calmness and tranquillity and made them firm on the word of Godwariness. And it is this that they were most entitled to and (also) worthy of. And Allah knows everything full well.

لَقَدْ صَدَقَ اللَّهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُؤُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا

تَخَافُونَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِن دُونِ ذَلِكَ فَتْحاً قَرِيْباً (27)

ترجمہ: بے شک اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو حقیقت کے عین مطابق سچا خواب دکھایا تھا کہ تم لوگ، اگر اللہ نے چاہا تو ضرور بالضرور مسجدِ حرام میں داخل ہو گے امن و امان کے ساتھ، (کچھ) اپنے سر منڈوائے ہوئے اور (کچھ) بال کتروائے ہوئے (اس حال میں کہ) تم خوفزدہ نہیں ہو گے، پس وہ (صلح حدیبیہ کو اس خواب کی تعبیر کے پیش خیمہ کے طور پر) جانتا تھا جو تم نہیں جانتے تھے سو اس نے اس (فتحِ مکہ) سے بھی پہلے ایک فوری فتح (حدیبیہ سے پلٹتے ہی فتحِ خیبر) عطا کر دی (اور اس سے اگلے سال فتحِ مکہ اور داخلۂ حرم عطا فرما دیا)o

Surely, Allah showed His Messenger (blessings and peace be upon him) the dream exactly true to the reality that, if Allah wills, you will most certainly enter the Sacred Mosque safely, (some) with heads shaved and (some) with hair cut short, (in a state of security,) having no fear. So He knew (the al-Hudaybiya treaty as a preamble to the truth of the dream) which you did not know, and gave you an immediate victory (the victory of Khaybar even before the victory of Mecca, soon after returning from al-Hudaybiya. The next year He bestowed the victory of Mecca and entry to the Sacred Mosque.)

هُوَ الَّذِیْ أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهُ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ شَهِیْداً (28)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق عطا فرما کر بھیجا تا کہ اسے تمام ادیان پر غالب کر دے، اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت وحقانیت پر) اللہ ہی گواہ کافی ہےo

He is the One Who sent His Messenger (blessings and peace be upon him) with guidance and the Din (Religion) of truth to make it prevail over all other religions. And Allah is Sufficient as a witness (to the truthfulness and veracity of the Messenger [blessings and peace be upon him]).

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِیْنَ مَعَهُ أَشِدَّاء عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاء بَیْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً یَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَاناً سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَلِكَ مَثَلُهُمْ فِیْ التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِیْ الْإِنجِیْلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلَى سُوقِهِ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِیْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِیْماً (29)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت اور سنگت میں ہیں (وہ) کافروں پر بہت سخت اور زور آور ہیں آپس میں بہت نرم دل اور شفیق ہیں۔ آپ انہیں کثرت سے رکوع کرتے ہوئے، سجود کرتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ (صرف) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلب گار ہیں۔ اُن کی نشانی اُن کے چہروں پر سجدوں کا اثر ہے (جو بصورتِ نور نمایاں ہے)۔ ان کے یہ اوصاف تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور ان کے (یہی) اوصاف انجیل میں (بھی مرقوم) ہیں۔ وہ (صحابہ ہمارے محبوبِ مکرّم کی) کھیتی کی طرح ہیں جس نے (سب سے پہلے) اپنی باریک سی کونپل نکالی، پھر اسے طاقتور اور مضبوط کیا، پھر وہ موٹی اور دبیز ہوگئی، پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور جب سرسبز و شاداب ہو کر لہلہائی تو) کاشتکاروں کو کیا ہی اچھی لگنے لگی (اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی طرح ایمان کے تناور

درخت بنایا ہے) تاکہ اِن کے ذریعے وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلنے والے) کافروں کے دل جلائے، اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is the Messenger of Allah. And those with him are hard and tough against the disbelievers but kind-hearted and merciful amongst themselves. You see them excessively bowing and prostrating themselves. They simply seek Allah's grace and pleasure. Their mark is an impression of prostrations on their faces (prominent on the foreheads as light). These traits of theirs are (mentioned) in the Torah and the (same) qualities are also (described) in the Injil (the Gospel). These (Companions) are like a cultivated crop (of Our Esteemed Beloved) which (first of all) brought forth its thin shoot, then made it powerful and strong, and then it thickened and stood straight on its stalk. (And when it flourished, bloomed and danced,) it delighted and charmed the cultivators. (Allah has, likewise, made the Companions of His Beloved strong, grown up trees of faith,) so that by means of them He would inflame the hearts of the disbelievers (that burn in the jealousy of the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). Those who believe and do pious works, Allah has promised them forgiveness and an immense reward.

سورۃ الحجرات:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! (کسی بھی معاملے میں) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے آگے نہ بڑھا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو (کہ کہیں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے ادبی نہ ہو جائے)، بے شک اللہ (سب کچھ) سننے والا خوب جاننے والا ہےo

O believers! Do not step ahead of Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] in any matter) and keep fearing Allah (lest some discourtesy should occur displeasing the Messenger [blessings and peace be upon him]). Surely, Allah is All-Hearing, All-Knowing.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَن تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ (2)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنی آوازوں کو نبیِ مکرّم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی آواز سے بلند مت کیا کرو اور اُن کے ساتھ اِس طرح بلند آواز سے بات (بھی) نہ کیا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے بلند آواز کے ساتھ کرتے ہو (ایسا نہ ہو) کہ تمہارے سارے اعمال ہی (ایمان سمیت) غارت ہو جائیں اور تمہیں (ایمان اور اعمال کے برباد ہو جانے کا) شعور تک بھی نہ ہوo

O believers! Do not raise your voices above the voice of the Prophet (blessings and peace be upon him), and (also) do not speak to him so loud as you are loud when you speak to one another (lest) all your actions should come to nothing (including your faith), and you are not even aware (that your faith and all pious works have been wrecked).

إِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ أَصْوَاتَهُمْ عِندَ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوبَهُمْ لِلتَّقْوَى لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيْمٌ (3)

ترجمہ: بے شک جولوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بارگاہ میں (ادب و نیاز کے باعث) اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے تقوٰی کے لیے چن کر خالص کرلیا ہے۔ ان ہی کے لیے بخشش ہے اور اجرِ عظیم ہےo

Assuredly, those who keep their voices low in the presence of Allah's Messenger (out of profound veneration and submissiveness), it is they whose hearts Allah has chosen for Godwariness and permeated with sincerity. For them alone is forgiveness and an immense reward.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِن وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ (4)

ترجمہ: بے شک جولوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے اکثر (آپ کے بلند مقام و مرتبہ اور آدابِ تعظیم کی) سمجھ نہیں رکھتےo

Verily, those who call out to you from outside your apartments, most of them do not have the understanding (of your exalted station and incomparable status and polite manners of veneration that are due to you).

وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (5)

ترجمہ: اور اگر وہ لوگ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ خود ہی ان کی طرف باہر تشریف لے آتے تو یہ اُن کے لیے بہتر ہوتا، اور اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

And if they had only been patient till you had come out to them, it would have been better for them. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَاعْلَمُوْا أَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْأَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ إِلَيْكُمُ الْإِيْمَانَ وَزَيَّنَهُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ إِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ أُوْلَئِكَ هُمُ الرَّاشِدُوْنَ (7)

ترجمہ: اور جان لو کہ تم میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) موجود ہیں، اگر وہ بہت سے کاموں میں تمہارا کہنا مان لیں تو تم بڑی مشکل میں پڑ جاؤ گے لیکن اللہ نے تمہیں ایمان کی محبت عطا فرمائی اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ فرما دیا اور کفر اور نافرمانی اور گناہ سے تمہیں متنفر کر دیا، ایسے ہی لوگ دین کی راہ پر ثابت اور گامزن ہیںo

And remember that the Messenger of Allah (blessings and peace be upon him) is amongst you. If he accepted what you say in most of the matters, you would be in serious trouble. But Allah has blessed you with the love of faith and has embellished it in your hearts and has made you hate disbelief, disobedience and sins. Such are they that follow the path of Din (Religion) resolutely and

steadfastly.

فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَنِعْمَةً وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ **(8)**

ترجمہ: (یہ) اللہ کے فضل اور (اس کی) نعمت (یعنی تم میں رسولِ اُمّی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت اور موجودگی) کے باعث ہے، اور اللہ خوب جاننے والا اور بڑی حکمت والا ہےo

(It) is due to Allah's bounty and favour (i.e., the raising of the untaught Messenger and his presence amongst you). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا قُل لَّمْ تُؤْمِنُوا وَلَكِن قُولُوا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ وَإِن تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئاً إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(14)**

ترجمہ: دیہاتی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں، آپ فرما دیجیے: تم ایمان نہیں لائے، ہاں یہ کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا، اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال (کے ثواب میں) سے کچھ بھی کم نہیں کرے گا، بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

The Bedouins say: 'We have believed.' Say: 'You have not believed. Rather say: We have accepted Islam. And the belief has not yet gone into your hearts. If you obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will not decrease anything (in reward) for your deeds. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ أَسْلَمُوا قُل لَّا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُم بَلِ اللَّهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(17)**

ترجمہ: یہ لوگ آپ پر احسان جتلاتے ہیں کہ وہ اسلام لے آئے ہیں۔ فرما دیجیے: تم اپنے اسلام کا مجھ پر احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر احسان فرماتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کا راستہ دکھایا ہے، بشرطیکہ تم (ایمان میں) سچے ہوo

These people are showing off to you that they have done a favour to you by embracing Islam. Say: 'Do not show off your Islam as a favour to me. Instead, Allah is the One Who favours you by guiding you to faith, provided you are true (to belief).'

سورۃ ق:

بَلْ عَجِبُوا أَن جَاءهُم مُّنذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ **(2)**

ترجمہ: بلکہ اُن لوگوں نے تعجب کیا کہ اُن کے پاس اُنہی میں سے ایک ڈر سنانے والا آ گیا ہے، سو کافر کہتے ہیں: یہ عجیب بات ہےo

But they wondered that a Warner had come to them from amongst themselves. So the disbelievers say: 'This is strange!

بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءهُمْ فَهُمْ فِي أَمْرٍ مَّرِيجٍ **(5)**

ترجمہ: بلکہ (عجیب اور فہم و ادراک سے بعید بات تو یہ ہے کہ) انہوں نے حق (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن) کو جھٹلا

دیا جب وہ اُن کے پاس آ چکا سو وہ خود (ہی) الجھن اور اضطراب کی بات میں (پڑے) ہیںo

But (strange and far from understanding is this that) they denied the truth (i.e., the Messenger and the Qur'an) when it came to them. So they have themselves stepped into anxiety and confusion.

فَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ (39)

ترجمہ: سو آپ اُن باتوں پر جو وہ کہتے ہیں صبر کیجئے اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے طلوعِ آفتاب سے پہلے اور غروبِ آفتاب سے پہلےo

So be patient with what they say and glorify your Lord with praise before sunrise and before sunset.

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ (40)

ترجمہ: اور رات کے بعض اوقات میں بھی اس کی تسبیح کیجئے اور نمازوں کے بعد بھیo

And also glorify Him during some hours of the night and after the Prayers as well.

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ (45)

ترجمہ: ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں اور آپ اُن پر جبر کرنے والے نہیں ہیں، پس قرآن کے ذریعے اس شخص کو نصیحت فرمائیے جو میرے وعدۂ عذاب سے ڈرتا ہےo

We know best what they say, and you are not the one to coerce them. So advise by means of the Qur'an anyone who fears My threat of punishment.

سورۃ الذاریات:

يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ أُفِكَ (9)

ترجمہ: اِس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن) سے وہی پھرتا ہے جسے (علمِ ازلی سے) پھیر دیا گیاo

He alone who is turned away (from the knowledge of pre-eternity) turns away (from the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] and the Qur'an).

فَفِرُّوا إِلَى اللَّهِ إِنِّي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (50)

ترجمہ: پس تم اللہ کی طرف دوڑ چلو، بے شک میں اُس کی طرف سے تمہیں کھلا ڈر سنانے والا ہوںo

So run towards Allah. Surely, I am a clear Warner to you from Him.

وَلَا تَجْعَلُوا مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ إِنِّي لَكُم مِّنْهُ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (51)

ترجمہ: اور اللہ کے سوا کوئی دوسرا معبود نہ بناؤ، بے شک میں اس کی جانب سے تمہیں کھلا ڈر سنانے والا ہوںo

And do not set up any god apart from Allah. Surely, I am a clear Warner to you from Him.

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَا أَنتَ بِمَلُومٍ (54)

ترجمہ: سو آپ اُن سے نظرِ التفات ہٹا لیں پس آپ پر (اُن کے ایمان نہ لانے کی) کوئی ملامت نہیں ہےo

Likewise, no Messenger came to those before them, but they said the same: '(This is) a magician or a madman.'

وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَى تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ (55)

ترجمہ: اور آپ نصیحت کرتے رہیں کہ بے شک نصیحت مومنوں کو فائدہ دیتی ہےo

And keep giving direction and guidance, for direction and guidance surely benefits the believers.

سورۃ الطّور:

فَذَكِّرْ فَمَا أَنتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَلَا مَجْنُونٍ (29)

ترجمہ: سو (اے حبیبِ مکرّم!) آپ نصیحت فرماتے رہیں پس آپ اپنے رب کے فضل و کرم سے نہ تو کاہن (یعنی جنّات کے ذریعے خبریں دینے والے) ہیں اور نہ دیوانےo

So, (O Esteemed Beloved,) continue to admonish (them). By the grace and blessing of your Lord, you are neither a soothsayer (the one who gives news through the jinn) nor a madman.

قُلْ تَرَبَّصُوا فَإِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُتَرَبِّصِينَ (31)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم (بھی) منتظر رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ (تمہاری ہلاکت کا) انتظار کرنے والوں میں ہوںo

Say: 'Wait on, I am also waiting together with you (for your destruction).'

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ (33)

ترجمہ: یا وہ کہتے ہیں کہ اس (رسول) نے اس (قرآن) کو اَز خود گھڑ لیا ہے، (ایسا نہیں) بلکہ وہ (حق کو) مانتے ہی نہیں ہیںo

Or do they say: 'He (the Messenger) has invented it (the Qur'an) himself'? (No indeed;) rather they simply do not believe (in the truth).

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْراً فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ (40)

ترجمہ: کیا آپ اُن سے کوئی اُجرت طلب فرماتے ہیں کہ وہ تاوان کے بوجھ سے دبے جا رہے ہیںo

Do you ask them for wages that they are weighed down with debt?

فَذَرْهُمْ حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ (45)

ترجمہ: سو آپ اُن کو (اُن کے حال پر) چھوڑ دیجیے یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن سے آملیں جس میں وہ ہلاک کر دیے جائیں گےo

So leave them (in their plight) till they meet that Day of theirs when they will be destroyed,

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ (48)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم! اِن کی باتوں سے غم زدہ نہ ہوں) آپ اپنے رب کے حکم کی خاطر صبر جاری رکھئے بے شک آپ

(ہر وقت) ہماری آنکھوں کے سامنے (رہتے) ہیں ☆ اور آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے جب بھی آپ کھڑے ہوں o
☆ اگر ان ظالموں نے نگاہیں پھیر لی ہیں تو کیا ہوا، ہم تو آپ کی طرف سے نگاہیں ہٹاتے ہی نہیں ہیں اور ہم ہر وقت آپ کو ہی تکتے رہتے ہیں۔

And, (O Esteemed Beloved, do not grieve over what they say). Wait patiently for the command of your Lord. Surely, you are (at all times) before Our Eyes.* And glorify your Lord with His praise whenever you stand forth. * So what if the evildoers have turned away their eyes! We do not shift Our Eyes from you and keep seeing you all the time.

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ (49)

ترجمہ: اور رات کے اوقات میں بھی اس کی تسبیح کیجئے اور (پچھلی رات بھی) جب ستارے چھپتے ہیں o

And also glorify Him during the hours of the night and (in later part of it) when the stars fade out.

سورۃ النجم:

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى (1)

ترجمہ: قسم ہے روشن ستارے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جب وہ (چشمِ زدن میں شبِ معراج اوپر جا کر) نیچے اترے o

By (Muhammad [blessings and peace be upon him]), the bright star when (he ascended during the Ascension Night in the twinkling of an eye and) descended.

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَى (2)

ترجمہ: تمہیں (اپنی) صحبت سے نوازنے والے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنہوں نے تمہیں اپنا صحابی بنایا) نہ (کبھی) راہ بھولے اور نہ (کبھی) راہ سے بھٹکے o

He who bestowed on you his companionship (i.e., the Messenger, who made you his companions,) has never lost his way, nor has he (ever) strayed from the right path.

وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَى (3)

ترجمہ: اور وہ (اپنی) خواہش سے کلام نہیں کرتے o

And he does not speak out of his (own) desire.

إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَى (4)

ترجمہ: اُن کا ارشاد سَراسَر وحی ہوتا ہے جو انہیں کی جاتی ہے o

His speech is nothing but Revelation, which is sent to him.

عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَى (5)

ترجمہ: ان کو بڑی قوّتوں والے رب نے (براہِ راست) علمِ (کامل) سے نوازا○

The Lord of Mighty Powers (directly) conferred on him (perfect) knowledge,

ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَى (6)

ترجمہ: جو حسنِ مُطلَق ہے، پھر اُس نے (اپنے) ظہور کا ارادہ فرمایا○

He Who is absolute beauty. Then He decided to unveil (Himself).

وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلَى (7)

ترجمہ: اور وہ (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شبِ معراج عالمِ مکاں کے) سب سے اونچے کنارے پر تھے (یعنی عالَمِ خلق کی انتہاء پر تھے)○

And he (Muhammad [blessings and peace be upon him]) was on the uppermost horizon (of the realm of creation during the Ascension Night i.e., on the apex of the created cosmos).

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّى (8)

ترجمہ: پھر وہ (ربّ العزّت اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے) قریب ہوا پھر اور زیادہ قریب ہو گیا☆○

☆ یہ معنی امام بخاری نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے الجامع الصحیح میں روایت کیا ہے، مزید حضرت عبداللہ بن عباس، امام حسن بصری، امام جعفر الصادق، محمد بن کعب القرظی التابعی، ضحّاک رضی اللہ عنہم اور دیگر کئی ائمہِ تفسیر کا قول بھی یہی ہے۔

Then He (the Lord of Honour) drew closer (to His Beloved Muhammad [blessings and peace be upon him]) and then drew even closer.*

*** Imam al-Bukhari cites these meanings in al-Jami' al-Sahih from the venerable Companion Anas. Moreover, 'Abd Allah b. 'Abbas, Imam al-Hasan al-Basri, Imam Ja'far al-Sadiq, Muhammad b. Ka'b al-Qurazi the Successor, al-Dahhak and many other leading eminent exegetes also hold the same view.**

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى (9)

ترجمہ: پھر (جلوۂ حق اور حبیبِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں صرف) دو کمانوں کی مقدار فاصلہ رہ گیا یا (انتہائے قرب میں) اس سے بھی کم (ہو گیا)○

Then a distance measuring only two bow-lengths was left (between Allah Unveiled and His Esteemed Beloved), or even less than that (in extreme nearness).

فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى (10)

ترجمہ: پس (اُس خاص مقامِ قُرب و وصال پر) اُس (اللہ) نے اپنے عبدِ (محبوب) کی طرف وحی فرمائی جو (بھی) وحی فرمائی○

So (on that station of nearness) He (Allah) revealed to His (Beloved) servant whatever He revealed.

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأٰى (11)

ترجمہ: (اُن کے) دل نے اُس کے خلاف نہیں جانا جو (اُن کی) آنکھوں نے دیکھا o

(His) heart did not take it contrary to what (his) eyes beheld.

أَفَتُمَارُونَهُ عَلَى مَا يَرَى (12)

ترجمہ: کیا تم ان سے اِس پر جھگڑتے ہو کہ جو انہوں نے دیکھا o

Do you argue with him about what he saw?

وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى (13)

ترجمہ: اور بے شک انہوں نے تو اُس (جلوۂ حق) کو دوسری مرتبہ (پھر) دیکھا (اور تم ایک بار دیکھنے پر ہی جھگڑ رہے ہو) ☆o

☆ یہ معنی ابن عباس، ابوذر غفاری، عکرمہ التابعی، حسن البصری التابعی، محمد بن کعب القرظی التابعی، ابوالعالیہ الریاحی التابعی، عطا بن ابی رباح التابعی، کعب الاحبار التابعی، امام احمد بن حنبل اور امام ابوالحسن اشعری رضی اللہ عنہم اور دیگر ائمہ کے اَقوال پر ہے۔

And assuredly, he saw Him (Allah Unveiled) the second time (again and you argue only about seeing Him once).*

*** These meanings are based on the sayings of eminent luminaries and authorities like Ibn 'Abbas, Abu Dharr al-Ghifari, 'Ikrima the Successor, Imam al-Hasan al-Basri the Successor, Muhammad b. Ka'b al-Qurazi, Abu al-'Aliya al-Riyahi the Successor, 'Ata' b. Abi Rabah the Successor, Ka'b al-Ahbar the Successor, Imam Ahmad b. Hanbal, Imam Abu al-Hasan al-Ash'ari and several others.**

عِندَ سِدْرَةِ الْمُنتَهَى (14)

ترجمہ: سِدرۃ المنتہٰی کے قریب o

At the farthest Lote-Tree-Sidra al-Muntaha,

عِندَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَى (15)

ترجمہ: اسی کے پاس جنت الماویٰ ہے o

Adjacent to that is the Eternal Paradise-Janna al-Ma'wa,

إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى (16)

ترجمہ: جب نورِ حق کی تجلّیات سِدرَۃ (المنتہٰی) کو (بھی) ڈھانپ رہی تھیں جو کہ (اس پر) سایہ فگن تھیں ☆o

☆ یہ معنی بھی امام حسن بصری رضی اللہ عنہ و دیگر ائمہ کے اقوال پر ہے۔

When theophanies (i.e., effulgent disclosures) of the divine light wrapped up al-Sidra (the Lote-Tree at the Far End), covering it expansively.*

*** This interpretation also comes from Imam al-Hasan al-Basri and other leading scholars.**

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَى (17)

ترجمہ: اُن کی آنکھ نہ کسی اور طرف مائل ہوئی اور نہ حد سے بڑھی (جس کو تکنا تھا اسی پر جمی رہی)o

His eye neither inclined aside nor overstepped the limit; (it gazed in ecstasy at Whom it was to gaze).

لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى (18)

ترجمہ: بے شک انہوں نے (معراج کی شب) اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیںo

Surely, he saw the greatest signs of His Lord (during the Ascension Night).

فَأَعْرِضْ عَن مَّن تَوَلَّى عَن ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ إِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (29)

ترجمہ: سو آپ اپنی توجّہ اس سے ہٹا لیں جو ہماری یاد سے رُوگردانی کرتا ہے اور سوائے دنیوی زندگی کے اور کوئی مقصد نہیں رکھتاo

So divert your attention from him who turns away from Our remembrance and desires nothing but the life of this world.

ذَلِكَ مَبْلَغُهُم مِّنَ الْعِلْمِ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدَى (30)

ترجمہ: اُن لوگوں کے علم کی رسائی کی یہی حد ہے، بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اُس کی راہ سے بھٹک گیا ہے اور اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جس نے ہدایت پالی ہےo

That is but the limit of the working of their knowledge. Verily, your Lord fully knows him who has strayed from His path and (also) knows best him who has attained guidance.

أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّى (33)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے (حق سے) منہ پھیر لیاo

Have you seen him who has turned away (from the truth)?

وَأَعْطَى قَلِيلًا وَأَكْدَى (34)

ترجمہ: اور اس نے (راہِ حق میں) تھوڑا سا (مال) دیا اور (پھر ہاتھ) روک لیاo

And he gave away a little (wealth in the way of Allah) and (then) held back (his hand)?

هَذَا نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَى (56)

ترجمہ: یہ (رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اگلے ڈر سنانے والوں میں سے ایک ڈر سنانے والے ہیںo

This (Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) is also a Warner of the Warners of old.

سورۃ القمر:

اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانشَقَّ الْقَمَرُ (1)

ترجمہ: قیامت قریب آ پہنچی اور چاند دو ٹکڑے ہو گیاo

The Last Hour has drawn near and the moon has split into two.

وَإِن يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ (2)

ترجمہ: اور اگر وہ (کفّار) کوئی نشانی (یعنی معجزہ) دیکھتے ہیں تو مُنہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ (یہ تو) ہمیشہ سے چلا آنے والا طاقتور جادو ہےo

And if they (the disbelievers) see a sign (a miracle), they turn their faces away and say: 'This is the powerful magic ever running down through ages.'

حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ (5)

ترجمہ: (یہ قرآن) کامل دانائی وحکمت ہے کیا پھر بھی ڈر سنانے والے کچھ فائدہ نہیں دیتےo

(This Qur'an) is perfect intellect and reason. Are the Warners still not of any benefit?

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَى شَيْءٍ نُّكُرٍ (6)

ترجمہ: سو آپ اُن سے منہ پھیر لیں، جس دن بلانے والا (فرشتہ) ایک نہایت ناگوار چیز (میدانِ حشر) کی طرف بلائے گاo

So turn your face away from them. The Day when the caller (angel) will call towards the most detestable thing (the expanse of the last assembly),

سورۃ الرحمٰن:

الرَّحْمَنُ (1)

ترجمہ: (وہ) رحمان ہی ہےo

The Most Compassionate (is He),

عَلَّمَ الْقُرْآنَ (2)

ترجمہ: جس نے (خود رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یا ان کے ذریعے اِنسان کو) قرآن سکھایا☆o

☆ یہ آیت کفّار و مشرکینِ مکّہ کے اِس الزام کے جواب میں اُتری کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو (معاذ اللہ) کوئی شخص خفیہ قرآن سکھاتا ہے۔ حوالہ جات کے لیے ملاحظہ کریں: تفسیر القشیری، البغوی، الخازن، البحر المحیط، الجمل، اللباب، الصاوی، فتح القدیر، المظہری، السراج المنیر، المراغی، اضواء البیان اور مجمع البیان وغیرھم۔

Who (Himself) taught the Qur'an (to the Arab Messenger [blessings and peace be upon him] or the humans through him).*

*** This Holy Verse was revealed in reply to the allegation fabricated by the disbelievers and the idolaters that (God forbid!) somebody used to teach the Qur'an secretly to the Prophet Muhammad (blessings and peace be upon him). See: Tafsir al-Qushayri, al-Baghawi, al-Khazin, al-Bahr al-Muhit, al-Jumal, al-Lubab, al-Sawi, Fath al-Qadir, al-Mazhari, al-Siraj al-Munir, al-Maraghi, Adwa' al-Bayan and Majma' al-Bayan, etc.**

خَلَقَ الْإِنسَانَ (3)

ترجمہ: اُسی نے انسان کو پیدا فرمایاo

He is the One Who created humankind.

عَلَّمَهُ الْبَيَانَ (4)

ترجمہ: اسی نے اِسے بیان سکھایاo

He alone taught him the art of expression and communication.

سورۃ الواقعۃ:

فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ (75)

ترجمہ: پس میں اُن جگہوں کی قسم کھاتا ہوں جہاں جہاں قرآن کے مختلف حصے (رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) اترتے ہیں☆o

☆ یہ ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس کے بیان کردہ معنی پر کیا گیا ہے، مزید حضرت عکرمہ، حضرت مجاہد، حضرت عبداللہ بن جبیر، حضرت سدی، حضرت فراء اور حضرت زجاج رضی اللہ عنہم اور دیگر ائمہ تفسیر کا قول بھی یہی ہے؛ اور سیاقِ کلام بھی اسی کا تقاضا کرتا ہے۔ پیچھے سورۃ النجم میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نجم کہا گیا ہے، یہاں قرآن کی سورتوں کو نجوم کہا گیا ہے۔ حوالہ جات کے لیے ملاحظہ کریں: تفسیر بغوی، خازن، طبری، الدر المنثور، الکشاف، تفسیر ابن ابی حاتم، روح المعانی، ابن کثیر، اللباب، البحر المحیط، جمل، زاد المسیر، فتح القدیر، المظہری، البیضاوی، تفسیر ابی سعود اور مجمع البیان۔

So I swear by the places where different portions of the Qur'an descend (on the Arab Messenger).*

*** This translation is based on the exposition given by the venerable 'Abd Allah b. 'Abbas. Moreover 'Ikrima, Mujahid, 'Abd Allah b. Jubayr, al-Suddi, al-Farra', al-Zujaj and other Imams of tafsir also agree to it. The context of the subject also denotes the same meaning. In the preceding Sura al-Najm, the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) is called Najm and here in this Verse the Suras of the Holy Qur'an are called Nujum. See: Tafsir al-Baghawi, al-Khazin, al-Tabari, al-Durr al-Manthur, Tafsir Ibn Abi Hatim, Ruh al-Ma'ani, Ibn Kathir, al-Lubab, al-Bahr al-Muhit, al-Jumal, Zad al-Masir, Fath al-Qadir, al-Mazhari, al-Baydawi, Tafsir Abi Sa'ud and Majma' al-Bayan.**

وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ (76)

ترجمہ: اور اگر تم سمجھو تو بے شک یہ بہت بڑی قسم ہےo

And this is a mighty oath if you realize.

إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ (77)

ترجمہ: بے شک یہ بڑی عظمت والا قرآن ہے (جو بڑی عظمت والے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اتر رہا ہے)o

Surely, this is a Glorious Qur'an (which is being sent down on the most Glorious Messenger [blessings and peace be upon him]).

سورۃ الحدید:

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (8)

ترجمہ: اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے، حالاں کہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں بلا رہے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ اور بے شک (اللہ) تم سے مضبوط عہد لے چکا ہے، اگر تم ایمان لانے والے ہو o

And what is the matter with you that you do not believe in Allah whilst the Messenger (blessings and peace be upon him) is giving you the call to believe in your Lord? And surely, Allah has already taken a firm covenant from you if you are believers.

هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ عَلَى عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (9)

ترجمہ: وہی ہے جو اپنے (برگزیدہ) بندے پر واضح نشانیاں نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لے جائے، اور بے شک اللہ تم پر نہایت شفقت فرمانے والا نہایت رحم فرمانے والا ہے o

He is the One Who sends down clear signs to His (exalted) servant so that He may bring you out of the darkness into the light. Surely, Allah is the Most Clement, Ever-Merciful towards you.

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَى نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (12)

ترجمہ: (اے حبیب!) جس دن آپ (اپنی امّت کے) مومن مَردوں اور مومن عورتوں کو دیکھیں گے کہ اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کی دائیں جانب تیزی سے چل رہا ہوگا (اور اُن سے کہا جائے گا:) تمہیں بشارت ہو آج (تمہارے لیے) جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں (تم) ہمیشہ ان میں رہو گے، یہی بہت بڑی کامیابی ہے o

(O Beloved!) The Day when you will see the believing men and the believing women (of your Umma [Community]) with their light heading fast in front of them and on their right (it will be said to them:) 'Good news to you. Today there are Gardens for you with streams flowing under them. (You) will live in them forever. That is but a great success.'

يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ قَالُوا بَلَى وَلَكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّى جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ (14)

ترجمہ: وہ (منافق) اُن (مومنوں) کو پکار کر کہیں گے: کیا ہم (دنیا میں) تمہاری سنگت میں نہ تھے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! لیکن تم نے اپنے آپ کو (منافقت کے) فتنہ میں مبتلا کر دیا تھا اور تم (ہمارے لیے برائی اور نقصان کے) منتظر رہتے تھے اور تم (نبوّتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دینِ اسلام میں) شک کرتے تھے اور باطل امیدوں نے تمہیں دھوکے میں ڈال دیا، یہاں تک کہ اللہ کا اَمر (موت) آ پہنچا اور تمہیں اللہ کے بارے میں دغاباز (شیطان) دھوکہ دیتا رہا o

They (the hypocrites) will call out those (believers), saying: 'Were we not in your company (in the world)?' They will say: 'Yes indeed! But you troubled

yourselves with the disruption (of hypocrisy) and used to wait (for our woe and destruction). And you doubted (the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] and the Din [Religion of Islam]), and your false hopes deceived you till the command of Allah (i.e., death) reached, and the Arch-Deceiver (Satan) kept deluding you about Allah.

لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ 25)

ترجمہ: بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب اور میزانِ عدل نازل فرمائی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوسکیں، اور ہم نے (معدنیات میں سے) لوہا مہیّا کیا اس میں (آلاتِ حرب و دفاع کے لیے) سخت قوّت اور لوگوں کے لیے (صنعت سازی کے کئی دیگر) فوائد ہیں اور (یہ اس لیے کیا) تاکہ اللہ ظاہر کر دے کہ کون اُس کی اور اُس کے رسولوں کی (یعنی دینِ اسلام کی) بِن دیکھے مدد کرتا ہے، بے شک اللہ (خود ہی) بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہے o

Verily, We sent Our Messengers with clear signs, and We sent down with them the Book and the balance of justice so that people might grow firm and stable in justice. And (of minerals) We brought forth iron in which there is a fierce force (for weapons and defence) and which has (multiple other) benefits for people (in industrial development). And (the purpose is) that Allah may bring to light the one who helps Him and His Messengers (i.e., the Din [Religion of Islam]) without seeing. Surely, Allah is (Himself) the All-Powerful, the Almighty.

سورۃ المجادلۃ:

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَى ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَإِذَا جَاؤُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمَصِيرُ (8)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشیوں سے منع کیا گیا تھا پھر وہ لوگ وہی کام کرنے لگے جس سے روکے گئے تھے اور وہ گناہ اور سرکشی اور نافرمانیٔ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے متعلق سرگوشیاں کرتے ہیں اور جب آپ کے پاس حاضر ہوتے ہیں تو آپ کو اُن (نازیبا) کلمات کے ساتھ سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں فرمایا اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ (اگر یہ رسول سچے ہیں تو) اللہ ہمیں اِن (باتوں) پر عذاب کیوں نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں؟ انہیں دوزخ (کا عذاب) ہی کافی ہے، وہ اسی میں داخل ہوں گے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے o

Have you not seen those who were forbidden to whisper? Then they started doing the same that they were forbidden to do. And they whisper about sin and revolt and disobedience to the (Holy) Messenger (blessings and peace be upon him), and when they come to your presence, they greet you with the (unbecoming) words with which Allah has not greeted you and say in their

hearts: '(If this Messenger [blessings and peace be upon him] is truthful then) why does Allah not punish us for what we say?' (The punishment of) Hell is sufficient for them. They will enter it and it is an extremely evil abode.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِيْ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم آپس میں سرگوشی کرو تو گناہ اور ظلم و سرکشی اور نافرمانءِ رسالت مآب (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی سرگوشی نہ کیا کرو اور نیکی اور پرہیزگاری کی بات ایک دوسرے کے کان میں کہہ لیا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو جس کی طرف تم سب جمع کیے جاؤ گے o

O believers! When you whisper amongst yourselves, whisper not sin, injustice, revolt and disobedience to the Holy Prophet (blessings and peace be upon him); but whisper piety and Godwariness and keep fearing Allah before Whom you all will be gathered.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً ذَلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَأَطْهَرُ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (12)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے کوئی راز کی بات تنہائی میں عرض کرنا چاہو تو اپنی رازدارانہ بات کہنے سے پہلے کچھ صدقہ و خیرات کر لیا کرو، یہ (عمل) تمہارے لیے بہتر اور پاکیزہ تر ہے، پھر اگر (خیرات کے لیے) کچھ نہ پاؤ تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے o

O believers! When you seek to submit some secret to the Messenger (blessings and peace be upon him) in private, give something in charity before you submit your secret. This (action) is better and purer for you. But if you do not find anything (to offer in charity), then Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

أَأَشْفَقْتُمْ أَن تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيْعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَاللَّهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (13)

ترجمہ: کیا (بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) تنہائی و رازداری کے ساتھ بات کرنے سے قبل صدقات و خیرات دینے سے تم گھبرا گئے؟ پھر جب تم نے (ایسا) نہ کیا اور اللہ نے تم سے باز پرس اٹھالی (یعنی یہ پابندی اٹھادی) تو (اب) نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت بجالاتے رہو، اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب آگاہ ہے o

Are you worried about donating in charity before your submission to the Messenger (blessings and peace be upon him) in secret? So when you did not do (that) and Allah lifted from you probe (i.e., relaxed this restriction), then establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) persistently. And Allah

is Well Aware of all the deeds that you do.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِم مَّا هُم مِّنكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ **(14)**

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسی جماعت کے ساتھ دوستی رکھتے ہیں جن پر اللہ نے غضب فرمایا، نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ اُن میں سے ہیں اور جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں حالاں کہ وہ جانتے ہیںo

Have you not seen those who make friends with such a party upon whom Allah sent wrath? They are neither of you nor of them and they take false oaths whilst they know.

سورۃ الحشر:

وَمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ **(6)**

ترجمہ: اور جو (اَموالِ فَے) اللہ نے اُن سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لَوٹا دیے تو تم نے نہ تو اُن (کے حصول) پر گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، ہاں! اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے غلبہ و تسلّط عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھنے والا ہےo

And whatever spoils (materials of fay) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from them, you galloped neither horses nor camels in (procuring) them. Yes indeed! Allah gives dominance and control to His Messengers over anyone He wills. And Allah has Absolute Power over everything.

مَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنكُمْ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ **(7)**

ترجمہ: جو (اَموالِ فَے) اللہ نے (قُرَیظہ، نَضِیر، فِدَک، خَیبر، عُرَینہ سمیت دیگر بغیر جنگ کے مفتوحہ) بستیوں والوں سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لوٹائے ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے ہیں اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں (یعنی بنو ہاشم اور بنو عبد المطّلب) کے لیے اور (معاشرے کے عام) یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہیں، (یہ نظامِ تقسیم اس لیے ہے) تاکہ (سارا مال صرف) تمہارے مال داروں کے درمیان ہی نہ گردش کرتا رہے (بلکہ معاشرے کے تمام طبقات میں گردش کرے)۔ اور جو کچھ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو (اُس سے) رُک جایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقسیم و عطا پر کبھی زبانِ طعن نہ کھولو)، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہےo

And whatever (materials of fay-spoils) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from the people of (the towns captured without war in addition to those of Qurayza, Nadir, Fadak, Khaybar and 'Urayna) belong to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon

him) and (the Messenger's) near relatives (i.e., Banu Hashim and Banu 'Abd al-Muttalib) and the orphans and the needy and the wayfarer (of society at large. This distribution system is to ensure) that (the whole wealth) may not circulate (only) amongst the rich of you (but should circulate amongst all the classes of society). And whatever the Messenger (blessings and peace be upon him) gives you, take that and whatever he forbids you, abstain (from that) and keep fearing Allah (i.e., never scoff at the Messenger's distribution and award). Surely, Allah is Severe to punish.

لَوْ أَنزَلْنَا هَذَا الْقُرْآنَ عَلَى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعاً مُّتَصَدِّعاً مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ **(21)**

ترجمہ: اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل فرماتے تو (اے مخاطب!) تو اسے دیکھتا کہ وہ اللہ کے خوف سے جھک جاتا، پھٹ کر پاش پاش ہو جاتا، اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لیے بیان کر رہے ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں o

Had We sent down this Qur'an on some mountain, then, (O listener,) you would certainly have seen it bowed, split and crushed to pieces for fear of Allah. And We give these examples for the people so that they may ponder.

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاء تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءكُم مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَاداً فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاء مَرْضَاتِي تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيلِ **(1)**

ترجمہ: اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم (اپنے) دوستی کے باعث اُن تک خبریں پہنچاتے ہو حالاں کہ وہ اس حق کے ہی مُنکر ہیں جو تمہارے پاس آیا ہے، وہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور تم کو اس وجہ سے (تمہارے وطن سے) نکالتے ہیں کہ تم اللہ پر جو تمہارا پروردگار ہے، ایمان لے آئے ہو۔ اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا تلاش کرنے کے لیے نکلے ہو (تو پھر اُن سے دوستی نہ رکھو) تم اُن کی طرف دوستی کے خفیہ پیغام بھیجتے ہو حالاں کہ میں خوب جانتا ہوں جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم آشکار کرتے ہو، اور جو شخص بھی تم میں سے یہ (حرکت) کرے سو وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہے o

O believers! Do not make friends with My enemies and your enemies. You communicate to them information because of (your) friendship, whereas they just deny the very truth that has come to you. They drive out the Messenger (blessings and peace be upon him) and you (from your land) because you believe in Allah, your Sustainer. If you have set out to fight in My way and seek My pleasure (then do not have friendship with them). You send them secret messages of friendship whilst I know best what you hide and what you make

known. And whoever of you does this (misdeed) has deviated from the straight path.

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ **(6)**

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ان میں بہترین نمونۂ (اِقتداء) ہے (خاص طور پر) ہر اس شخص کے لیے جو اللہ (کی بارگاہ میں حاضری) کی اور یومِ آخرت کی امید رکھتا ہے، اور جو شخص رُوگردانی کرتا ہے تو بے شک اللہ بے نیاز اور لائقِ ہر حمد و ثناء ہےo

Indeed, there is for you an excellent example in them (to follow), for him (in particular) who hopes (to appear before the presence of) Allah and looks forward to the Last Day. But whoever turns away, then Allah is Self-Sufficient and Praiseworthy.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(12)**

ترجمہ: اے نبی! جب آپ کی خدمت میں مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان سے کوئی جھوٹا بہتان گھڑ کر نہیں لائیں گی (یعنی اپنے شوہر کو دھوکہ دیتے ہوئے کسی غیر کے بچے کو اپنے پیٹ سے جنا ہوا نہیں بتائیں گی) اور (کسی بھی) امرِ شریعت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ اُن سے بیعت لے لیا کریں اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش طلب فرمائیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O Prophet! When the believing women appear in your presence to take the oath of allegiance that they will not set up anything as partner with Allah and will not steal, nor will they commit adultery, or kill their children, or bring false blame which they have invented between their hands and feet (i.e., will not deceive their husbands declaring some other's baby as their own), or disobey you in (any) matter pertaining to law, then accept their allegiance and seek forgiveness for them from Allah. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الصّف:

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ لِمَ تُؤْذُونَنِي وَقَد تَّعْلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ فَلَمَّا زَاغُوا أَزَاغَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ **(5)**

ترجمہ: اور (اے حبیب! وہ وقت یاد کیجئے) جب موسٰی (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم مجھے اذیت کیوں دیتے ہو حالاں کہ تم جانتے ہو کہ میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں۔ پھر جب انہوں نے کج روی جاری رکھی تو اللہ نے اُن کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

And, (O Beloved, recall) when Musa (Moses) said to his people: 'O my people, why do you offend me whilst you know that I am (a Messenger) sent to you by

Allah?' So when they continued deviating, then Allah made their hearts deviate. And Allah does not guide the defiant.

وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُم مُّصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّراً بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ فَلَمَّا جَاءهُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا هَذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ (6)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کیجئے) جب عیسٰی بن مریم (علیہما السلام) نے کہا: اے بنی اسرائیل! بے شک میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں، اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والا ہوں اور اُس رسولِ (معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد آمد) کی بشارت سنانے والا ہوں جو میرے بعد تشریف لا رہے ہیں جن کا نام (آسمانوں میں اس وقت) احمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے، پھر جب وہ (رسولِ آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) واضح نشانیاں لے کر اُن کے پاس تشریف لے آئے تو وہ کہنے لگے: یہ تو کھلا جادو ہےo

(And also recall) when 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said: 'O Children of Israel, indeed I am (a Messenger) sent to you by Allah, confirming the Torah, the Book which came before me, and bearing the good news (of the pleasant arrival) of (the Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him) who will come after me, whose name is Ahmad (now in the heavens).' But when he (the Last of the Messengers) came to them with clear signs, they said: 'This is open magic.'

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ (9)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ اسے سب ادیان پر غالب و سربلند کر دے خواہ مشرک کتنا ہی ناپسند کریںo

He is the One Who has sent His Messenger with guidance and the Din (Religion) of truth so that He may make it dominate and prevail over all other religions, even though the idolaters may hate it much.

سورۃ الجمعۃ:

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولاً مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (2)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اَن پڑھ لوگوں میں انہی میں سے ایک (باعظمت) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو بھیجا وہ اُن پر اُس کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اور اُن (کے ظاہر و باطن) کو پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتے ہیں، بے شک وہ لوگ اِن (کے تشریف لانے) سے پہلے کھلی گمراہی میں تھےo

He is the One Who sent a (Glorious) Messenger (blessings and peace be upon him) amongst the illiterate people from amongst themselves who recites to them His Revelations and cleanses and purifies them (outwardly and inwardly) and teaches them the Book and wisdom. Indeed, they were in open error

before (his most welcome arrival).

وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (3)

ترجمہ: اور اِن میں سے دوسرے لوگوں میں بھی (اِس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تزکیہ وتعلیم کے لیے بھیجا ہے) جو ابھی اِن لوگوں سے نہیں ملے (جو اس وقت موجود ہیں یعنی اِن کے بعد کے زمانہ میں آئیں گے)، اور وہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

And (He has sent this Messenger for purification and education amongst) others of them also who have not yet joined these people (that are present now i.e., they will come after them in later eras). And He is Almighty, Most Wise.

ذَلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَن يَشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (4)

ترجمہ: یہ (یعنی اس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد اور اِن کا فیض و ہدایت) اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے اس سے نوازتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہےo

This (arrival of the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] as well as his spiritual benevolence) is Allah's bounty which He grants whom He likes. And Allah is Most Bountiful.

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَاراً بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ (5)

ترجمہ: اُن لوگوں کا حال جن پر تورات (کے احکام وتعلیمات) کا بوجھ ڈالا گیا پھر انہوں نے اسے نہ اٹھایا (یعنی اس میں اِس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر موجود تھا مگر وہ اِن پر ایمان نہ لائے) گدھے کی مِثل ہے جو پیٹھ پر بڑی بڑی کتابیں لادے ہوئے ہو، اُن لوگوں کی مثال کیا ہی بُری ہے جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا ہے، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

The case of those who were burdened with (the commandments and teachings of) the Torah (but) then did not bear it (i.e., this Messenger was mentioned in it, but they disbelieved in him) is like that of a donkey loaded with heavy books on its back. How evil is the example of those who have rejected Allah's Revelations! And Allah does not guide the wrongdoers.

قُلْ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوا إِن زَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ أَوْلِيَاء لِلّٰهِ مِن دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (6)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: اے یہودیو! اگر تم یہ گمان کرتے ہو کہ سب لوگوں کو چھوڑ کر تم ہی اللہ کے دوست (یعنی اولیاء) ہو تو موت کی آرزو کرو (کیونکہ اس کے اولیاء کو تو قبر و حشر میں کوئی پریشانی نہیں ہوگی) اگر تم (اپنے خیال میں) سچے ہوo

Say: 'O Jews, if you think that, leaving all other people, you alone are the friends of Allah (i.e., Awliya'), then long for death (because His Awliya' will not fear in the grave and the Hereafter) if you are true (in your thinking).'

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ أَبَداً بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْهِمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالظَّالِمِيْنَ (7)

ترجمہ: اور یہ لوگ کبھی بھی اس کی تمنا نہیں کریں گے اُس (رسول کی تکذیب اور کفر) کے باعث جو وہ آگے بھیج چکے ہیں۔ اور اللہ

ظالموں کو خوب جانتا ہےo

And these people will never long for it due to (the rejection of the Messenger and disbelief) which they have sent forward. And Allah knows the wrongdoers well.

قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّونَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِیْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَیُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (8)

ترجمہ: فرما دیجیے: جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ ضرور تمہیں ملنے والی ہے پھر تم ہر پوشیدہ و ظاہر چیز کو جاننے والے (رب) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، سو وہ تمہیں آگاہ کر دے گا جو کچھ تم کرتے تھےo

Say: 'The death from which you are fleeing is bound to catch up with you. Then you will be returned to Him (the Lord) Who knows the unseen and the seen. So He will inform you of what you used to do.'

سورۃ المنافقون:

إِذَا جَاءكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللَّهِ وَاللَّهُ یَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ وَاللَّهُ یَشْهَدُ إِنَّ الْمُنَافِقِیْنَ لَكَاذِبُونَ (1)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپ اُس کے رسول ہیں، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یقیناً منافق لوگ جھوٹے ہیںo

(O Esteemed Beloved!) When the hypocrites come to you, they say: 'We bear witness that you are certainly the Messenger of Allah.' And Allah knows that surely you are His Messenger (blessings and peace be upon him). But Allah bears witness that undoubtedly the hypocrites are liars.

اتَّخَذُوا أَیْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِیْلِ اللَّهِ إِنَّهُمْ سَاء مَا كَانُوا یَعْمَلُونَ (2)

ترجمہ: انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے پھر یہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں، بے شک وہ بہت ہی برا (کام) ہے جو یہ لوگ کر رہے ہیںo

They have made their oaths a shield. Then they hinder (the people) from the path of Allah. Surely, that is an extremely evil (work) which they are doing.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا فَطُبِعَ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا یَفْقَهُونَ (3)

ترجمہ: یہ اِس وجہ سے کہ وہ (زبان سے) ایمان لائے پھر (دل سے) کافر رہے تو اُن کے دلوں پر مُہر لگا دی گئی سو وہ (کچھ) نہیں سمجھتےo

That is because they believed (with their tongues) but remained disbelievers (at heart). So their hearts have been sealed. And they do not understand (anything).

وَإِذَا رَأَیْتَهُمْ تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ وَإِن یَقُولُوا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ یَحْسَبُونَ كُلَّ صَیْحَةٍ عَلَیْهِمْ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ قَاتَلَهُمُ اللَّهُ أَنَّى یُؤْفَكُونَ (4)

ترجمہ: (اے بندے!) جب تو انہیں دیکھے تو اُن کے جسم (اور قد و قامت) تجھے بھلے معلوم ہوں، اور اگر وہ باتیں کریں تو اُن کی

گفتگو تُو غور سے سنے (یعنی تجھے معقول دکھائی دیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ) وہ لوگ گویا دیوار کے سہارے کھڑی کی ہوئی لکڑیاں ہیں، وہ ہر اونچی آواز کو اپنے اوپر (بَلا اور آفت) سمجھتے ہیں، وہی (منافق تمہارے) دشمن ہیں سو اُن سے بچتے رہو، اللہ انہیں غارت کرے وہ کہاں بہکے پھرتے ہیںo

(O servant!) When you see them, their bodies (and height and structure) seem attractive to you, and if they speak, you lend ear to what they say (i.e., they will look sensible to you, but the fact is that) they are nothing but wooden planks propped up against a supporting wall. They take every loud voice (as some suffering and misery) befallen them. It is these (hypocrites) who are (your) enemies. So be on guard against them. May Allah ruin them; where are they wandering distracted!

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُؤُوْسَهُمْ وَرَأَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ **(5)**

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ آؤ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے لیے مغفرت طلب فرمائیں تو یہ (منافق گستاخی سے) اپنے سر جھٹک کر پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھتے ہیں کہ وہ تکبر کرتے ہوئے (آپ کی خدمت میں آنے سے) گریز کرتے ہیں☆o

☆ یہ آیت عبداللہ بن اُبَیّ (رئیس المنافقین) کے بارے میں نازل ہوئی، جب اسے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں بخشش طلبی کے لیے حاضر ہونے کا کہا گیا تو سر جھٹک کر کہنے لگا: میں نہیں جاتا، میں ایمان بھی لا چکا ہوں، ان کے کہنے پر زکوٰۃ بھی دے دی ہے۔ اب کیا باقی رہ گیا ہے فقط یہی کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سجدہ بھی کروں؟ (الطبری، الکشاف، نسفی، بغوی، خازن)۔

And when it is said to them: 'Come so that Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) may seek forgiveness for you,' these (hypocrites) jerk their heads aside (insolently) and you see them keeping away (from your presence) in arrogance.*

*** This verse was sent down concerning 'Abd Allah b. Ubayy (the chief of the hypocrites). When asked to appear before the presence of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) for seeking forgiveness, he said twisting his head: 'I will not go. I have believed and have paid Zakat (the Alms-due) on his advice. Now what is left except that I should now prostrate myself before Muhammad?'**

سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَن يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ **(6)**

ترجمہ: اِن (بدبخت گستاخانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے حق میں برابر ہے کہ آپ اُن کے لیے استغفار کریں یا آپ ان کے لیے استغفار نہ کریں، اللہ ان کو (تو) ہرگز نہیں بخشے گا (کیونکہ یہ آپ پر طعنہ زنی کرنے والے اور آپ سے بے رخی اور تکبّر کرنے والے لوگ ہیں)۔ بے شک اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

It is all the same for these (evil-fated denigrators of the Holy Prophet

[blessings and peace be upon him]) whether you seek for them forgiveness or do not seek for them forgiveness, Allah will never forgive them (because they mock you and show you dislike and arrogance). Surely, Allah does not provide guidance to the disobedient community.

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ (7)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہی وہ لوگ ہیں جو (آپ سے بُغض و عِناد کی بنا پر) یہ (بھی) کہتے ہیں کہ جو (درویش اور فقراء ۔) رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی خدمت میں رہتے ہیں اُن پر خرچ مت کرو (یعنی ان کی مالی اعانت نہ کرو) یہاں تک کہ وہ (سب انہیں چھوڑ کر) بھاگ جائیں (منتشر ہو جائیں)، حالاں کہ آسمانوں اور زمین کے سارے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن منافقین نہیں سمجھتے o

(O Esteemed Beloved!) They are the people who say this as well (out of malice and enmity against you): 'Do not spend on those (destitute devotees of Allah) who remain in the presence of the Messenger of Allah (i.e., do not provide them financial help) until they (all may desert him and) flee away (and disperse). In truth, to Allah belong all the treasures of the heavens and the earth, but the hypocrites do not understand.

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (8)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: اگر (اب) ہم مدینہ واپس ہوئے تو (ہم) عزّت والے لوگ وہاں سے ذلیل لوگوں (یعنی مسلمانوں) کو باہر نکال دیں گے، حالاں کہ عزّت تو صرف اللہ کے لیے اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے مگر منافقین (اس حقیقت کو) جانتے نہیں ہیں o

They say: 'If (now) we return to Medina, then (we) the honourable will drive out the dishonourable (i.e., the Muslims).' But in fact, honour belongs to Allah alone and His Messenger and the believers. However, the hypocrites do not understand (this reality).

سورۃ التغابن:

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ (7)

ترجمہ: کافر لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ (دوبارہ) ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے۔ فرما دیجیے: کیوں نہیں، میرے رب کی قسم! تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہیں بتا دیا جائے گا جو کچھ تم نے کیا تھا، اور یہ اللہ پر بہت آسان ہے o

The disbelievers think that they will never be raised (again). Say: 'Why not! By my Lord! You will surely be raised. Then you will be informed of what you did. And this is very easy for Allah (to do).'

فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِیٓ أَنزَلْنَا وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِیرٌ (8)

ترجمہ: پس تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اُس نور پر ایمان لاؤ جسے ہم نے نازل فرمایا ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

So believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and that Light which We have sent down. And Allah is Well Aware of the deeds that you do.

وَأَطِیعُوا اللَّهَ وَأَطِیعُوا الرَّسُولَ فَإِن تَوَلَّیْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِینُ (12)

ترجمہ: اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر اگر تم نے رُوگردانی کی تو (یاد رکھو) ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذمّہ صرف واضح طور پر (احکام کو) پہنچا دینا ہےo

And obey Allah and obey the Messenger (blessings and peace be upon him). Then if you turn away, (remember that) the responsibility of Our Messenger (blessings and peace be upon him) is only to deliver (the injunctions) clearly.

سورۃ الطلاق:

رَّسُولاً یَتْلُو عَلَیْكُمْ آیَاتِ اللَّهِ مُبَیِّنَاتٍ لِّیُخْرِجَ الَّذِینَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَمَن یُؤْمِن بِاللَّهِ وَیَعْمَلْ صَالِحاً یُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِیٓ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِینَ فِیهَا أَبَداً قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقاً (11)

ترجمہ: (اور) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بھی بھیجا ہے) جو تم پر اللہ کی واضح آیات پڑھ کر سناتے ہیں تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال کرتے ہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے، اور جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے وہ اسے ان جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، بے شک اللہ نے اُس کے لیے نہایت عمدہ رزق (تیار کر) رکھا ہےo

(And has also sent) the Messenger (blessings and peace be upon him), who recites to you clear Verses so that he may take those who have believed and do pious deeds from darkness to light. And he who believes in Allah and does pious deeds, He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Indeed, Allah has (prepared) for him excellent sustenance.

سورۃ التحریم:

یَا أَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ تَبْتَغِی مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِیمٌ (1)

ترجمہ: اے نبیٔ (مکرّم!) آپ خود کو اس چیز (یعنی شہد کے نوش کرنے) سے کیوں منع فرماتے ہیں جسے اللہ نے آپ کے لیے حلال فرما رکھا ہے؟ آپ اپنی ازواج کی (کس قدر) دل جوئی فرماتے ہیں! اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O (Esteemed) Prophet! Why do you forbid yourself (taking honey) which Allah has made lawful for you? (How well) you seek to please your wives!

And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

قَدْ فَرَضَ اللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللَّهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ **(2)**

ترجمہ: (اے مومنو!) بے شک اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کا (کفارہ دے کر) کھول ڈالنا مقرر فرما دیا ہے۔ اور اللہ تمہارا مددگار و کارساز ہے، اور وہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

(O believers!) Indeed, Allah has prescribed for you how to dissolve your oaths (by atonement). And Allah is your Helper and Protector. And He is All-Knowing, Most Wise.

وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ وَأَظْهَرَهُ اللَّهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهُ وَأَعْرَضَ عَن بَعْضٍ فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنبَأَكَ هَذَا قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ **(3)**

ترجمہ: اور جب نبء (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اپنی ایک زوجہ سے ایک راز دارانہ بات ارشاد فرمائی، پھر جب وہ اُس (بات) کا ذکر کر بیٹھیں اور اللہ نے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اسے ظاہر فرما دیا تو نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے انہیں اس کا کچھ حصہ جتا دیا اور کچھ حصہ (بتانے) سے چشم پوشی فرمائی، پھر جب نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے انہیں اِس کی خبر دے دی (کہ آپ راز اِفشاء کر بیٹھی ہیں) تو وہ بولیں: آپ کو یہ کس نے بتا دیا ہے؟ نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا کہ مجھے بڑے علم والے بڑی آگاہی والے (رب) نے بتا دیا ہے o

And when the Prophet (blessings and peace be upon him) secretly disclosed a matter to one of his wives, but when she mentioned it and Allah made it known to the Prophet (blessings and peace be upon him), then the Prophet reminded her of some part of it and overlooked (to inform) the rest of it. Then when the Prophet (blessings and peace be upon him) informed her of it (that she had disclosed that secret), she said: 'Who has told you of that?' The Prophet (blessings and peace be upon him) said: 'The All-Knowing, All-Aware (Lord) has told me.'

إِن تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا وَإِن تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَلِكَ ظَهِيرٌ **(4)**

ترجمہ: اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو (تو تمہارے لیے بہتر ہے) کیونکہ تم دونوں کے دل (ایک ہی بات کی طرف) جھک گئے ہیں، اگر تم دونوں نے اس بات پر ایک دوسرے کی اعانت کی (تو یہ نبی مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے باعثِ رنج ہو سکتا ہے) سو بے شک اللہ ہی اُن کا دوست و مددگار ہے، اور جبریل اور صالح مومنین بھی اور اس کے بعد (سارے) فرشتے بھی (اُن کے) مددگار ہیں o

If you both turn to Allah in repentance, (that is better for you) because the hearts of both of you have inclined (towards the same), but if you help one another in this matter (that may annoy the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]). So surely Allah is the One Who is his Friend and Helper and Jibril (Gabriel) and the most pious believers and after them

(all) angels too are (his) helpers.

عَسَى رَبُّهُ إِن طَلَّقَكُنَّ أَن يُبْدِلَهُ أَزْوَاجاً خَيْراً مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَاراً (5)

ترجمہ: اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو عجب نہیں کہ اُن کا رب انہیں تم سے بہتر ازواج بدلہ میں عطا فرما دے (جو) فرمانبردار، ایماندار، اطاعت گزار، توبہ شعار، عبادت گزار، روزہ دار، (بعض) شوہر دیدہ اور (بعض) کنواریاں ہوں گیo

If he divorces you, then it may well be that your Lord will give him in your place better wives than yourselves (who) will be obedient, true believers, submissive, penitent, worshippers, given to fasting, (some) formerly married and (some) virgins.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيكُمْ نَاراً وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَا يَعْصُونَ اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ (6)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں، جس پر سخت مزاج طاقتور فرشتے (مقرر) ہیں جو کسی بھی امر میں جس کا وہ انہیں حکم دیتا ہے اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کام انجام دیتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہےo

O believers! Safeguard yourselves and your families against a Fire whose fuel is men and stones. Appointed over it are strong and stern angels who do not disobey Allah in what He commands them. And they accomplish what they are ordered.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (7)

ترجمہ: اے کافرو! آج کے دن کوئی عذر پیش نہ کرو، بس تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو کرتے رہے تھےo

O disbelievers! Do not make any excuse Today. You will only be paid the reward of what you have been doing.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحاً عَسَى رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (8)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے حضور رجوعِ کامل سے خالص توبہ کرلو، یقین ہے کہ تمہارا رب تم سے تمہاری خطائیں دفع فرما دے گا اور تمہیں بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں جس دن اللہ (اپنے) نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور اُن اہلِ ایمان کو جو اُن کی (ظاہری یا باطنی) معیّت میں ہیں رسوا نہیں کرے گا، اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کے دائیں طرف (روشنی دیتا ہوا) تیزی سے چل رہا ہوگا، وہ عرض کرتے ہوں گے: اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل فرما دے اور ہماری مغفرت فرما دے، بے شک تو ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

O believers! Turn towards Allah's presence in perfect and most sincere repentance. Your Lord will certainly remove your sins from you, and admit you

to the Gardens with streams flowing under them. On the Day when Allah will not slight (His) Prophet (blessings and peace be upon him) and those believers who are in his companionship (visibly or invisibly), their light will be moving fast (brightening) ahead of them and on their right side. They will be submitting: 'O our Lord, perfect our light for us and forgive us. Surely, You have absolute power over everything.'

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ (9)

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) آپ (ان) کافروں اور منافقوں سے جہاد کیجیے (جنہوں نے آپ کے خلاف جارحیت، فتنہ وفساد اور سازشوں کا آغاز کر رکھا ہے) اور اُن پر سختی فرمائیے، اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے o

O (Esteemed) Prophet! Strive hard against the disbelievers and the hypocrites (who have initiated militancy, aggression, mischief and intrigues against you) and treat them strictly. And their abode is Hell. And what an evil abode that is!

سورۃ الملک:

قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ (23)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: وُہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دِل بنائے، تم بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو o

Say: '(Allah) is He Who created you and provided you with ears and eyes and hearts. Yet you give thanks but little.'

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (25)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہو o

And they say: 'When will this promise (of the Day of Resurrection) be fulfilled if you are truthful?'

قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ (26)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ (اُس کے وقت کا) علم تو اللہ ہی کے پاس ہے، اور میں تو صرف واضح ڈر سنانے والا ہوں (اگر وقت بتا دیا جائے تو ڈر ختم ہو جائے گا) o

Say: 'The knowledge (of that Hour) is with Allah alone and I am just a clear Warner.' (If the time is disclosed, there will be no fear any more.)

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَهْلَكَنِيَ اللَّهُ وَمَن مَّعِيَ أَوْ رَحِمَنَا فَمَن يُجِيرُ الْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (28)

ترجمہ: فرما دیجیے: بھلا یہ بتاؤ اگر اللہ مجھے موت سے ہم کنار کر دے (جیسے تم خواہش کرتے ہو) اور جو میرے ساتھ ہیں (ان کو بھی)، یا ہم پر رحم فرمائے (یعنی ہماری موت کو مؤخر کر دے) تو (ان دونوں صورتوں میں) کون ہے جو کافروں کو دردناک عذاب سے پناہ دے گا o

Say: 'Well, give your view: if Allah causes me death (as you desire) and (also)

to my Companions, or shows mercy to us (i.e., defers our death), then (in both these cases) who will shelter the disbelievers from the painful torment?'

قُلْ هُوَ الرَّحْمَنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ (29)

ترجمہ: فرما دیجیے: وُہی (خدائے) رحمان ہے جس پر ہم ایمان لائے ہیں اور اُسی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے، پس تم عنقریب جان لو گے کہ کون شخص کھلی گمراہی میں ہےo

Say: 'He alone is the Most Kind (Lord) in Whom we believe and in Whom we trust. So you will soon know who is in open error.'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْراً فَمَن يَأْتِيْكُم بِمَاءٍ مَّعِيْنٍ (30)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر تمہارا پانی زمین میں بہت نیچے اتر جائے (یعنی خشک ہو جائے) تو کون ہے جو تمہیں (زمین پر) بہتا ہوا پانی لا دےo

Say: 'If your water sinks far deep into the earth (i.e., dries up), then who will bring you flowing water (on earth)?'

سورۃ القلم:

مَا أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ (2)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے رب کے فضل سے (ہرگز) دیوانے نہیں ہیںo

(O Esteemed Beloved!) By the Grace of your Lord, you are not (at all) insane.

وَإِنَّ لَكَ لَأَجْراً غَيْرَ مَمْنُوْنٍ (3)

ترجمہ: اور بے شک آپ کے لیے ایسا اَجر ہے جو کبھی ختم نہ ہوگاo

And assuredly, for you there is a reward that will never end.

وَإِنَّكَ لَعَلى خُلُقٍ عَظِيْمٍ (4)

ترجمہ: اور بے شک آپ عظیم الشان خلق پر قائم ہیں (یعنی آدابِ قرآنی سے مزّین اور اَخلاقِ الٰہیہ سے متّصف ہیں)o

And assuredly, you are placed high on the Most Glorious and Exalted (seat of) character (i.e., adorned with the Qur'anic morality and endowed with the character traits of Allah).

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ (5)

ترجمہ: پس عنقریب آپ (بھی) دیکھ لیں گے اور وہ (بھی) دیکھ لیں گےo

Soon you will see and they (too) will see,

بِأَيِّيْكُمُ الْمَفْتُوْنُ (6)

ترجمہ: کہ تم میں سے کون دیوانہ ہےo

As to which of you is mad.

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (7)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گیا ہے، اور وہ ان کو (بھی) خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں o

Surely, your Lord knows him best who has strayed from the straight path and (also) knows best those who are rightly guided.

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ (8)

ترجمہ: سو آپ جھٹلانے والوں کی بات نہ مانیں o

So do not agree with what the beliers say.

وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ (9)

ترجمہ: وہ تو چاہتے ہیں کہ (دین کے معاملے میں) آپ (بے جا) نرمی اِختیار کرلیں تو وہ بھی نرم پڑ جائیں گے o

They wish that you should become (needlessly) flexible (in the matter of the Din [Religion]). Then they too would show flexibility.

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ (10)

ترجمہ: اور آپ کسی ایسے شخص کی بات نہ مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا اِنتہائی ذلیل ہے o

And do not agree with any vile, most mean swearer of oaths,

هَمَّازٍ مَّشَّاءٍ بِنَمِيمٍ (11)

ترجمہ: (جو) طعنہ زَن، عیب جُو (ہے اور) لوگوں میں فساد انگیزی کے لیے چغل خوری کرتا پھرتا ہے o

(The one who is) a slanderer, fault-finder, mischief-monger, (and) who backbites the people to rouse strife,

مَنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ (12)

ترجمہ: (جو) بھلائی کے کام سے بہت روکنے والا بخیل، حد سے بڑھنے والا سرکش (اور) سخت گنہگار ہے o

(The one who) greatly hinders pious works and is a miser, rebellious transgressor (and) toughened sinner,

عُتُلٍّ بَعْدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ (13)

ترجمہ: (جو) بدمزاج درُشت خو ہے، مزید برآں بداَصل (بھی) ہے ☆ o

☆ یہ آیات ولید بن مغیرہ کے بارے میں نازل ہوئیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جتنے ذِلت آمیز اَلقاب باری تعالیٰ نے اس بدبخت کو دیئے آج تک کلامِ اِلٰہی میں کسی اور کے لیے استعمال نہیں ہوئے۔ وجہ یہ تھی کہ اُس نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اَقدس میں گستاخی کی، جس پر غضبِ اِلٰہی بھڑک اٹھا۔ ولید نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کا ایک کلمہ بولا تھا، جواباً باری تعالیٰ نے اُس کے دس رذائل بیان کیے اور آخر میں نطفۂ حرام ہونا بھی ظاہر کر دیا، اور اس کی ماں نے بعد ازاں اِس اَمر کی بھی تصدیق کر دی۔ (تفسیر قرطبی، رازی، نسفی وغیرھم)

(The one who is) rude, unmannerly, crooked and, moreover, of doubtful birth.*

*** These Verses were sent down about Walid b. Mughira. The venerable 'Abd Allah b. 'Abbas states: 'For no one else have so many humiliating titles been used to date in the Holy Book as Allah has given to this evil soul.' Because Walid b. Mughira blasphemed against the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him), Allah replied, describing ten of Walid b. Mughira's evils, and He also revealed his illegitimacy in the end. Later his mother validated this fact. See: Tafsir al-Qurtubi, al-Razi, al-Nasafi, etc.**

فَذَرْنِيْ وَمَن يُكَذِّبُ بِهَذَا الْحَدِيْثِ سَنَسْتَدْرِجُهُم مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ **(44)**

ترجمہ: پس (اے حبیبِ مکرم!) آپ مجھے اور اس شخص کو جو اس کلام کو جھٹلاتا ہے (اِنتقام کے لیے) چھوڑ دیں، اب ہم انہیں آہستہ آہستہ (تباہی کی طرف) اس طرح لے جائیں گے کہ انہیں معلوم تک نہ ہوگا o

So, (O Esteemed Beloved,) leave Me (to exact revenge) from the one who rejects this Revelation. Now We shall take them (towards disaster) so gradually that they will not perceive it.

وَأُمْلِيْ لَهُمْ إِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ **(45)**

ترجمہ: اور میں اُنہیں مہلت دے رہا ہوں، بے شک میری تدبیر بہت مضبوط ہے o

And I am giving them respite. Surely, My strategy is unbeatable.

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْراً فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ **(46)**

ترجمہ: کیا آپ ان سے (تبلیغِ رسالت پر) کوئی معاوضہ مانگ رہے ہیں کہ وہ تاوان (کے بوجھ) سے دبے جا رہے ہیں o

Do you ask them for any reward (for preaching the faith in Messengership) that they are weighed down with (the burden of) paying the recompense?

أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ **(47)**

ترجمہ: کیا ان کے پاس علمِ غیب ہے کہ وہ (اس کی بنیاد پر اپنے فیصلے) لکھتے ہیں o

Do they have the knowledge of the unseen that they write down (their judgments on the basis of that)?

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَى وَهُوَ مَكْظُومٌ **(48)**

ترجمہ: پس آپ اپنے رب کے حکم کے انتظار میں صبر فرمائیے اور مچھلی والے (پیغمبر یونس علیہ السلام) کی طرح (دل گرفتہ) نہ ہوں، جب انہوں نے (اللہ کو) پکارا اس حال میں کہ وہ (اپنی قوم پر) غم و غصہ سے بھرے ہوئے تھے o

So be steadfast in waiting for the command of your Lord, and do not (take it to your heart) like (Yunus [Jonah], the Messenger with) fish episode, when he cried out (to Allah) in a state pent up with rage and grief (against his community).

لَوْلَا أَن تَدَارَكَهُ نِعْمَةٌ مِّن رَّبِّهِ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ مَذْمُومٌ **(49)**

ترجمہ: اگر ان کے رب کی رحمت و نعمت ان کی دستگیری نہ کرتی تو وہ ضرور چٹیل میدان میں پھینک دیئے جاتے اور وہ ملامت زدہ

ہوتے (مگر اللہ نے انہیں اس سے محفوظ رکھا)o

Had the mercy and blessing of his Lord not helped him, he would certainly have been thrown in the barren field, blamed. (But Allah saved him from that.)

فَاجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَجَعَلَهُ مِنَ الصَّالِحِيْنَ (50)

ترجمہ: پھر ان کے رب نے انہیں برگزیدہ بنالیا اور انہیں (اپنے قربِ خاص سے نواز کر) کامل نیکوکاروں میں (شامل) فرما دیاo

Then his Lord exalted him and (placed him) amongst the perfectly pious (blessing him with His exceptional nearness).

وَإِن يَكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ (51)

ترجمہ: اور بے شک کافر لوگ جب قرآن سنتے ہیں تو ایسے لگتا ہے کہ آپ کو اپنی (حاسدانہ بد) نظروں سے نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہےo

And indeed, when the disbelievers listen to the Qur'an, it seems as if they wish to damage you with their (jealously evil) looks and say: 'He is insane.'

وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِيْنَ (52)

ترجمہ: اور وہ (قرآن) تو سارے جہانوں کے لیے نصیحت ہےo

And it (the Qur'an) is direction and guidance for all the worlds.

سورۃ الحاقۃ:

فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ (38)

ترجمہ: سو میں قسم کھاتا ہوں ان چیزوں کی جنہیں تم دیکھتے ہوo

So I swear by the things that you see,

وَمَا لَا تُبْصِرُونَ (39)

ترجمہ: اور ان چیزوں کی (بھی) جنہیں تم نہیں دیکھتےo

And by those things that you do not see.

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيْمٍ (40)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) بزرگی و عظمت والے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا (منزّل من اللہ) فرمان ہے، (جسے وہ رسالتاً اور نیابتاً بیان فرماتے ہیں)o

Assuredly, this (Qur'an) is the (God-sent) commandment of the Exalted and Glorious Messenger ([blessings and peace be upon him] which he expounds as a Messenger and as a Vicegerent).

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيْلِ (44)

ترجمہ: اور اگر وہ ہم پر کوئی (ایک) بات بھی گھڑ کر کہہ دیتےo

And had he ascribed to Us even a (single) fabricated thing,

لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ (45)

ترجمہ: تو یقیناً ہم اُن کو پوری قوت وقدرت کے ساتھ پکڑ لیتےo

We would have seized him with full force and might,

ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ (46)

ترجمہ: پھر ہم ضرور اُن کی شہ رگ کاٹ دیتےo

Then certainly We would have cut his life artery,

فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ (47)

ترجمہ: پھر تم میں سے کوئی بھی (ہمیں) اِس سے روکنے والا نہ ہوتاo

Then no one of you could have held (Us) back from it.

وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ (48)

ترجمہ: اور پس بلاشبہ یہ (قرآن) پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہےo

So no doubt this (Qur'an) is direction and guidance for the Godfearing.

وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِيْنَ (49)

ترجمہ: اور یقیناً ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے بعض لوگ (اس کھلی سچائی کو) جھٹلانے والے ہیںo

And surely, We know that some of you are the beliers (of this open truth).

وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكَافِرِيْنَ (50)

ترجمہ: اور واقعی یہ کافروں کے لیے (موجبِ) حسرت ہےo

And surely, this is (a cause of) bitter regret for the disbelievers.

وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ (51)

ترجمہ: اور بے شک یہ حق الیقین ہےo

And undeniably, it is the truth of Absolute Certitude.

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (52)

ترجمہ: سو (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے عظمت والے رب کے نام کی تسبیح کرتے رہیںo

So, (O Esteemed Beloved,) glorify your Lord, Most Magnificent, with persistence.

سورۃ المعارج:

فَاصْبِرْ صَبْراً جَمِيْلاً (5)

ترجمہ: سو (اے حبیب!) آپ (کافروں کی باتوں پر) ہر شکوہ سے پاک صبر فرمائیںo

So, (O Beloved,) observe patience (on the assertions of the disbelievers)

without regrets.

فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا قِبَلَكَ مُهْطِعِيْنَ (36)

ترجمہ: تو کافروں کو کیا ہو گیا ہے کہ آپ کی طرف دوڑے چلے آ رہے ہیںo

So what is the matter with the disbelievers that they are coming towards you running,

عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ (37)

ترجمہ: دائیں جانب سے (بھی) اور بائیں جانب سے (بھی) گروہ در گروہo

From the right as well as the left, in groups?

أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِءٍ مِّنْهُمْ أَن يُدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ (38)

ترجمہ: کیا ان میں سے ہر شخص یہ توقع رکھتا ہے کہ وہ (بغیر ایمان و عمل کے) نعمتوں والی جنت میں داخل کر دیا جائے گا؟o

Does every one of them hope that he may be admitted to the Garden of Bliss (without faith and deeds)?

كَلَّا إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّمَّا يَعْلَمُونَ (39)

ترجمہ: ہرگز نہیں، بے شک ہم نے انہیں اس چیز سے پیدا کیا ہے جسے وہ (بھی) جانتے ہیںo

Certainly not! Surely, We have created them from a substance which they (also) know.

فَلَا أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ (40)

ترجمہ: سو میں مشارق اور مغارب کے رب کی قسم کھاتا ہوں کہ بے شک ہم پوری قدرت رکھتے ہیںo

So I swear by the Lord of the easts and the wests that surely We have Absolute Power,

عَلَى أَن نُّبَدِّلَ خَيْراً مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِيْنَ (41)

ترجمہ: اس پر کہ ہم بدل کر ان سے بہتر لوگ لے آئیں، اور ہم ہرگز عاجز نہیں ہیںo

To replace them with people better than them and We are not at all incapable (of doing it).

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ يُوعَدُونَ (42)

ترجمہ: سو آپ انہیں چھوڑ دیجیے کہ وہ اپنی بے ہودہ باتوں اور کھیل تماشے میں پڑے رہیں یہاں تک کہ اپنے اس دن سے آ ملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

So leave them occupied with their absurd talk and pastime until they meet that Day of theirs which they have been promised.

يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعاً كَأَنَّهُمْ إِلَى نُصُبٍ يُوفِضُونَ (43)

ترجمہ: جس دن وہ قبروں سے دوڑتے ہوئے یوں نکلیں گے گویا وہ بتوں کے آستھانوں کی طرف دوڑے جا رہے ہیںo

The Day when they will come forth from their graves in haste as if they are

running towards the temples of their idols.

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذَلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ (44)

ترجمہ: (ان کا) حال یہ ہوگا کہ ان کی آنکھیں (شرم اور خوف سے) جھک رہی ہوں گی، ذِلت ان پر چھا رہی ہوگی، یہی ہے وہ دن جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھاo

(Their plight) will be that their eyes will be cast down (with shame and fear) and disgrace enveloping them. It is this Day which they were promised.

سورۃ الجن:

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآناً عَجَباً (1)

ترجمہ: آپ فرما دیں: میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (میری تلاوت کو) غور سے سنا، تو (جا کر اپنی قوم سے) کہنے لگے: بے شک ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہےo

Say: 'It has been revealed to me that a party of the jinn listened to (my recitation) carefully and then (went back to their people and) said: Surely, we have heard a wonderful Qur'an.

وَأَلَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاء غَدَقاً (16)

ترجمہ: اور یہ (وحی بھی میرے پاس آئی ہے) کہ اگر وہ طریقت (راہِ حق، طریقِ ذِکرِ اِلٰہی) پر قائم رہتے تو ہم انہیں بہت سے پانی کے ساتھ سیراب کرتےo

And this (Revelation has also come to me) that if they had remained firm on the right path (the path of truth, the path of the remembrance of Allah), then We would have provided them with abundant water,

لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَاباً صَعَداً (17)

ترجمہ: تاکہ ہم اس (نعمت) میں ان کی آزمائش کریں، اور جو شخص اپنے رب کے ذِکر سے منہ پھیر لے گا تو وہ اسے نہایت سخت عذاب میں داخل کر دے گاo

So that We put them to trial by this blessing. And whoever turns away from the remembrance of his Lord, He will cause him to enter a severe torment.

وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَداً (19)

ترجمہ: اور یہ کہ جب اللہ کے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کی عبادت کرنے کھڑے ہوئے تو وہ ان پر ہجوم در ہجوم جمع ہو گئے (تاکہ ان کی قرات سن سکیں)o

And that when the servant of Allah (Muhammad [blessings and peace be upon him]) stood up to worship Him, they thronged around him (to listen to his recitation).

قُلْ إِنَّمَا أَدْعُو رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِهِ أَحَداً (20)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ میں تو صرف اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناتا o

Say: 'I worship only my Lord and do not associate any partner with Him.'

قُلْ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرّاً وَلَا رَشَداً (21)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ میں تمہارے لیے نہ تو نقصان (یعنی کفر) کا مالک ہوں اور نہ بھلائی (یعنی ایمان) کا (گویا حقیقی مالک اللہ ہے میں تو ذریعہ اور وسیلہ ہوں) o

Say: 'I do not possess any power to do you harm (i.e., make you disbelieve) or to do you good (i.e., make you believe. So Allah is the real Lord. I am a mediator and means).'

قُلْ إِنِّي لَن يُجِيرَنِي مِنَ اللَّهِ أَحَدٌ وَلَنْ أَجِدَ مِن دُونِهِ مُلْتَحَداً (22)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ نہ مجھے ہرگز کوئی اللہ کے (اَمر کے خلاف) عذاب سے پناہ دے سکتا ہے اور نہ ہی میں قطعاً اُس کے سوا کوئی جائے پناہ پاتا ہوں o

Say: 'Neither can anyone shelter me from a torment (against the command) of Allah, nor can I ever find refuge apart from Him.

إِلَّا بَلَاغاً مِّنَ اللَّهِ وَرِسَالَاتِهِ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَداً (23)

ترجمہ: مگر اللہ کی جانب سے اَحکامات اور اُس کے پیغامات کا پہنچانا (میری ذِمّہ داری ہے)، اور جو کوئی اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کرے تو بے شک اُس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے o

But (my responsibility is) to communicate from Allah His commands and messages. And whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), surely there is for him the Fire of Hell in which they will live forever.'

قُلْ إِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ مَّا تُوعَدُونَ أَمْ يَجْعَلُ لَهُ رَبِّي أَمَداً (25)

ترجمہ: آپ فرمادیں: میں نہیں جانتا کہ جس (روزِ قیامت) کا تم سے وعدہ کیا جارہا ہے وہ قریب ہے یا اس کے لیے میرے رب نے طویل مدت مقرر فرمادی ہے o

Say: 'I do not know whether that (Day of Rising) which is being promised to you is near, or my Lord has appointed a longer term for that.'

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَداً (26)

ترجمہ: (وہ) غیب کا جاننے والا ہے، پس وہ اپنے غیب پر کسی (عام شخص) کو مطلع نہیں فرماتا o

(He is) the Knower of the unseen. So He does not inform any (common man) of His unseen,

إِلَّا مَنِ ارْتَضَى مِن رَّسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَداً (27)

ترجمہ: سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے (اُنہی کو مطلع علی الغیب کرتا ہے کیونکہ یہ خاصۂ نبوت اور معجزۂ رسالت ہے)، تو بے شک وہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے آگے اور پیچھے (علمِ غیب کی حفاظت کے لیے) نگہبان مقرر فرما دیتا ہے o

Except for His Messengers with whom He is well-pleased (and reveals to them alone the unseen because that is an exclusive trait of Prophethood and a Messenger's miracle as well). So indeed He appoints protectors at both front and rear of him (the Messenger, for the security of the knowledge of the unseen),

لِيَعْلَمَ أَن قَدْ أَبْلَغُوا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَأَحْصَى كُلَّ شَيْءٍ عَدَداً (28)

ترجمہ: تاکہ اللہ (اس بات کو) ظاہر فرما دے کہ بے شک ان (رسولوں) نے اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیئے، اور (اَحکاماتِ اِلٰہیہ اور علومِ غیبیہ میں سے) جو کچھ ان کے پاس ہے اللہ نے (پہلے ہی سے) اُس کا اِحاطہ فرما رکھا ہے، اور اُس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہےo

So that Allah may bring to light that surely they (the Messengers) have communicated the messages of their Lord, and Allah has (already) encompassed what they have (of Allah's injunctions and the knowledge of the unseen) and He has kept count of everything.

سورۃ المزمل:

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ (1)

ترجمہ: اے کملی کی جھرمٹ والے (حبیب!)o

O mantled (Beloved!)

قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا (2)

ترجمہ: آپ رات کو (نماز میں) قیام فرمایا کریں مگر تھوڑی دیر (کے لیے)o

Rise and stand (in Prayer) at night but (for) a short while,

نِصْفَهُ أَوِ انقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا (3)

ترجمہ: آدھی رات یا اِس سے تھوڑا کم کر دیںo

Half the night or decrease it a little,

أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا (4)

ترجمہ: یا اس پر کچھ زیادہ کر دیں اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کریںo

Or increase a little more to it. And recite the Qur'an with most pleasant pauses.

إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا (5)

ترجمہ: ہم عنقریب آپ پر ایک بھاری فرمان نازل کریں گےo

Soon We shall send down to you a burdensome command.

إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْئًا وَأَقْوَمُ قِيلًا (6)

ترجمہ: بے شک رات کا اُٹھنا (نفس کو) سخت پامال کرتا ہے اور (دِل و دِماغ کی یک سُوئی کے ساتھ) زبان سے سیدھی بات نکالتا

ہےo

No doubt rising at night strictly subdues (the ill-commanding self), and makes the tongue deliver straight and clear speech (with the concentration of head and heart).

إِنَّ لَكَ فِيْ اَلنَّهَارِ سَبْحاً طَوِيْلاً (7)

ترجمہ: بےشک آپ کے لیے دن میں بہت سی مصروفیات ہوتی ہیںo

Of course, there are many commitments for you during the day.

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيْلاً (8)

ترجمہ: اورآپ اپنے رب کے نام کاذِکر کرتے رہیں اور (اپنے قلب و باطن میں) ہرایک سے ٹوٹ کر اُسی کے ہو رہیںo

And continue remembering the Name of your Lord, devoted completely to Him alone (in your heart and soul), broken away from everyone else.

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلاً (9)

ترجمہ: وہ مشرق و مغرب کا مالک ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، سو اُسی کو (اپنا) کارساز بنالیںo

He is the Lord of the east and the west. There is no God but He. So take Him alone as (your) Guardian.

وَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْراً جَمِيْلاً (10)

ترجمہ: اورآپ ان (باتوں) پر صبر کریں جو کچھ وہ (کفار) کہتے ہیں، اور نہایت خوبصورتی کے ساتھ ان سے کنارہ کش ہو جائیںo

And observe patience with what they (disbelievers) utter and turn aside from them in a fine manner.

وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلاً (11)

ترجمہ: اورآپ مجھے اور جھٹلانے والے سرمایہ داروں کو (اِنتقام لینے کے لیے) چھوڑ دیں اور انہیں تھوڑی سی مہلت دے دیں (تاکہ اُن کے اَعمالِ بد اپنی اِنتہاء کو پہنچ جائیں)o

And leave Me (to deal) with the denying rich money-mongers (to take revenge). And give them a little respite (so that their evil deeds may cross the limit).

إِنَّ لَدَيْنَا أَنْكَالاً وَجَحِيْماً (12)

ترجمہ: بےشک ہمارے پاس بھاری بیڑیاں اور (دوزخ کی) بھڑکتی ہوئی آگ ہےo

Surely, We have heavy shackles and the Blazing Fire (of Hell),

وَطَعَاماً ذَا غُصَّةٍ وَعَذَاباً أَلِيْماً (13)

ترجمہ: اورحلق میں اٹک جانے والا کھانا اور نہایت دردناک عذاب ہےo

And food that chokes the throat and most painful torment.

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَى وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْراً وَأَعْظَمَ أَجْراً وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(20)**

ترجمہ: بے شک آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ (کبھی) دو تہائی شب کے قریب اور (کبھی) نصف شب اور (کبھی) ایک تہائی شب (نماز میں) قیام کرتے ہیں، اور اُن لوگوں کی ایک جماعت (بھی) جو آپ کے ساتھ ہیں (قیام میں شریک ہوتی ہے)، اور اللہ ہی رات اور دن (کے گھٹنے اور بڑھنے) کا صحیح اندازہ رکھتا ہے، وہ جانتا ہے کہ تم ہرگز اُس کے اِحاطہ کی طاقت نہیں رکھتے، سو اُس نے تم پر (مشقت میں تخفیف کر کے) معافی دے دی، پس جتنا آسانی سے ہو سکے قرآن پڑھ لیا کرو، وہ جانتا ہے کہ تم میں سے (بعض لوگ) بیمار ہوں گے اور (بعض) دوسرے لوگ زمین میں سفر کریں گے تاکہ اللہ کا فضل تلاش کریں اور (بعض) دیگر اللہ کی راہ میں جنگ کریں گے، سو جتنا آسانی سے ہو سکے اُتنا (ہی) پڑھ لیا کرو، اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو قرضِ حسن دیا کرو، اور جو بھلائی تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اُسے اللہ کے حضور بہتر اور اَجر میں بزرگ تر پا لو گے، اور اللہ سے بخشش طلب کرتے رہو، اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہے o

Surely, your Lord knows that you stand (for prayer sometimes) about two-thirds of the night and (sometimes) half the night and (sometimes) a third of the night, and (also) a party of those who are with you (join in standing up for Prayer). And Allah is the One Who keeps the true measure (of increasing or decreasing) the night and the day. He knows that you just do not have the power to encompass it so He granted you forgiveness (by reducing the toil). So recite the Qur'an as much as is easy for you. He knows that (some of) you will be ill and (some) others will be travelling in the land to look for Allah's bounty and (still some) others will be fighting in the way of Allah. So recite as much as is easy for you. And establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and lend Allah a goodly loan. And whatever good you will send forward for yourselves, you will find it in the presence of Allah much better and in reward still greater. And keep seeking forgiveness from Allah. Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ المدثر:

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ **(1)**

ترجمہ: اے چادر اوڑھنے والے (حبیب!) o

O enwrapped (Beloved!)

قُمْ فَأَنذِرْ **(2)**

ترجمہ: اُٹھیں اور (لوگوں کو اللہ کا) ڈر سنائیں o

Rise and give warning (to the people).

وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ (3)

ترجمہ: اوراپنے رب کی بڑائی (اورعظمت) بیان فرمائیںo

And glorify the Greatness (and Majesty) of your Lord.

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ (4)

ترجمہ: اوراپنے (ظاہروباطن کے) لباس (پہلے کی طرح ہمیشہ) پاک رکھیںo

And (always) keep your (visible and spiritual) attire purified and cleansed (as before).

وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ (5)

ترجمہ: اور(حسبِ سابق گناہوں اور) بتوں سے الگ رہیںo

And keep away from the idols (and sins as usual).

وَلَا تَمْنُن تَسْتَكْثِرُ (6)

ترجمہ: اور(اس غرض سے کسی پر) احسان نہ کریں کہ اس سے زیادہ کے طالب ہوںo

And do not do a favour (to anyone with the purpose of) seeking more from him.

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ (7)

ترجمہ: اورآپ اپنے رب کے لیے صبر کیا کریںo

And observe patience for the sake of your Lord.

سورۃ القیامۃ:

لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ (16)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ (قرآن کو یاد کرنے کی) جلدی میں (نزولِ وحی کے ساتھ) اپنی زبان کو حرکت نہ دیا کریںo

(O Beloved!) Do not move your tongue in a hurry (to learn the Qur'an by heart when it is revealed to you).

إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ (17)

ترجمہ: بے شک اسے (آپ کے سینہ میں) جمع کرنا اور اسے (آپ کی زبان سے) پڑھانا ہمارا ذِمّہ ہےo

Assuredly, upon Us rests its collection and preservation (in your breast) and its recitation (by your tongue).

فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ (18)

ترجمہ: پھر جب ہم اسے (زبانِ جبریل سے) پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی پیروی کیا کریںo

So when We complete its recitation (by the tongue of Jibril [Gabriel]), then follow that recitation.

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ (19)

ترجمہ: پھر بے شک اس (کے معانی) کا کھول کر بیان کرنا ہمارا ہی ذِمّہ ہےo

Then surely upon Us is the clear exposition (of its implications).

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى (31)

ترجمہ: تو (کتنی بدنصیبی ہے کہ) اس نے نہ (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں کی) تصدیق کی نہ نماز پڑھیo

So (how ill-fated is he that) he neither affirmed (what the Messenger said) nor offered Prayer.

سورۃ الدہر:

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ تَنزِيلًا (23)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ پر قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے نازل فرمایا ہےo

Indeed, We have revealed the Qur'an to you piecemeal.

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِماً أَوْ كَفُوراً (24)

ترجمہ: سو آپ اپنے ربّ کے حکم کی خاطر صبر (جاری) رکھیں اور ان میں سے کسی کاذب و گنہگار یا کافر و ناشکر گزار کی بات پر کان نہ دھریںo

So (continue to) be patient for the sake of your Lord's command and do not give your ear to any liar, sinner or disbeliever or thankless person from amongst them.

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (25)

ترجمہ: اور صبح و شام اپنے رب کے نام کا ذکر کیا کریںo

And remember the Name of your Lord morning and evening.

وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا (26)

ترجمہ: اور رات کی کچھ گھڑیاں اس کے حضور سجدہ ریزی کیا کریں اور رات کے (بقیہ) طویل حصہ میں اس کی تسبیح کیا کریںo

And prostrate yourself before His presence for some hours of the night, and glorify Him during (the rest of) the long hours of the night.

سورۃ النازعات:

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا (42)

ترجمہ: (کفّار) آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگاo

(The disbelievers) ask you about the Hour of Rising: 'When will it come to pass?'

فِيمَ أَنتَ مِن ذِكْرَاهَا (43)

ترجمہ: تو آپ کو اس کے (وقت کے) ذکر سے کیا غرض o

What should be your concern in talking about (its appointed time)?

إِلَى رَبِّكَ مُنتَهَاهَا (44)

ترجمہ: اس کی انتہا تو آپ کے رب تک ہے (یعنی ابتداء کی طرح انتہاء میں بھی صرف وحدت رہ جائے گی) o

Its ultimate limit is up to your Lord (i.e., as in the beginning, only Oneness will survive in the end as well).

إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرُ مَن يَخْشَاهَا (45)

ترجمہ: آپ تو محض اس شخص کو ڈر سنانے والے ہیں جو اس سے خائف ہے o

You are but a Warner to him who fears it.

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا (46)

ترجمہ: گویا وہ جس دن اسے دیکھ لیں گے تو (یہ خیال کریں گے کہ) وہ (دنیا میں) ایک شام یا اس کی صبح کے سوا ٹھہرے ہی نہ تھے o

So the Day when they will see it, they (will feel as if they) did not tarry (in the world) but for one evening or one morning.

سورۃ عبس:

عَبَسَ وَتَوَلَّى (1)

ترجمہ: ان کے چہرۂ (اقدس) پر ناگواری آئی اور رخِ (انور) موڑ لیا o

A feeling of uneasiness came upon his (holy) face, and he turned aside his (radiant) face,

أَن جَاءهُ الْأَعْمَى (2)

ترجمہ: اس وجہ سے کہ ان کے پاس ایک نابینا آیا (جس نے آپ کی بات کو ٹوکا) o

Because a blind man approached him (who interrupted his discourse).

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّهُ يَزَّكَّى (3)

ترجمہ: اور آپ کو کیا خبر شاید وہ (آپ کی توجہ سے مزید) پاک ہو جاتا o

And what do you know? Perhaps he would be purified (further owing to your attending to him),

أَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنفَعَهُ الذِّكْرَى (4)

ترجمہ: یا (آپ کی) نصیحت قبول کرتا تو نصیحت اس کو (اور) فائدہ دیتی o

Or would accept (your) advice which would provide him benefit (more and more).

أَمَّا مَنِ اسْتَغْنَى (5)

ترجمہ: لیکن جو شخص (دین سے) بے پروا ہےo

But the one who disregards (the Din [Religion)],

فَأَنتَ لَهُ تَصَدَّى (6)

ترجمہ: تو آپ اس کے (قبولِ اسلام کے) لیے زیادہ اہتمام فرماتے ہیںo

You administer greater care (for his acceptance of Islam),

وَمَا عَلَيْكَ أَلَّا يَزَّكَّى (7)

ترجمہ: حالاں کہ آپ پر کوئی ذمہ داری (کا بوجھ) نہیں اگرچہ وہ پاکیزگی (ایمان) اختیار نہ بھی کرےo

Whereas there is no (burden of) responsibility on you, even if he does not adopt purification (i.e., faith).

وَأَمَّا مَن جَاءكَ يَسْعَى (8)

ترجمہ: اور وہ جو آپ کے پاس (خود طلبِ خیر کی) کوشش کرتا ہوا آیاo

And as for him who has (himself) come to you exerting (in pursuit of piousness),

وَهُوَ يَخْشَى (9)

ترجمہ: اور وہ (اپنے رب سے) ڈرتا بھی ہےo

And he fears (his Lord) as well,

فَأَنتَ عَنْهُ تَلَهَّى (10)

ترجمہ: تو آپ اُس سے بے توجہی فرما رہے ہیںo

But you are not focusing your attention on him.

كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ (11)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یوں نہیں بے شک یہ (آیاتِ قرآنی) تو نصیحت ہیںo

(O My Esteemed Beloved!) Not so indeed! These (Verses of the Holy Qur'an) are but advice.

فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ (12)

ترجمہ: جو شخص چاہے اسے قبول (و ازبر) کر لےo

The one who seeks may accept it (and learn by heart).

فِي صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ (13)

ترجمہ: (یہ) معزز و مکرّم اوراق میں (لکھی ہوئی) ہیں o

(They are inscribed) on venerable and revered pages,

مَّرْفُوعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ (14)

ترجمہ: جو نہایت بلند مرتبہ (اور) پاکیزہ ہیںo

Which are exalted (and) purified,

بِأَيْدِىْ سَفَرَةٍ (15)

ترجمہ: ایسے سفیروں (اور کاتبوں) کے ہاتھوں سے (آگے پہنچی) ہیںo

(Have come forth) by the hands of emissaries (and scribes),

كِرَامٍ بَرَرَةٍ (16)

ترجمہ: جو بڑے صاحبانِ کرامت (اور) پیکرانِ طاعت ہیںo

Who are possessors of eminence (and) embodiments of obedience.

قُتِلَ الْإِنسَانُ مَا أَكْفَرَهُ (17)

ترجمہ: ہلاک ہو (وہ بدبخت منکر) انسان کیسا ناشکرا ہے (جو اتنی عظیم نعمت پا کر بھی اس کی قدر نہیں کرتا)o

Be cursed (the disbelieving) man! How ungrateful he is!

سورۃ التکویر:

فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ (15)

ترجمہ: تو میں قسم کھاتا ہوں ان (آسمانی کرّوں) کی جو (ظاہر ہونے کے بعد) پیچھے ہٹ جاتے ہیںo

So I swear by (the heavenly spheres) which recede (after appearing),

الْجَوَارِ الْكُنَّسِ (16)

ترجمہ: جو بلا روک ٹوک چلتے رہتے ہیں (پھر ظاہر ہو کر) چھپ جاتے ہیںo

Which revolve freely, (then) hide (after appearing),

وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ (17)

ترجمہ: اور رات کی قسم جب اس کی تاریکی جانے لگےo

And by the night when its darkness tapers off,

وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ (18)

ترجمہ: اور صبح کی قسم جب اس کی روشنی آنے لگےo

And by the morning when its light dawns,

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (19)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) بڑی عزت و بزرگی والے رسول کا (پڑھا ہوا) کلام ہےo

Indeed, this (Qur'an) is the Word (communicated) by a glorious and most venerable Messenger (blessings and peace be upon him),

ذِىْ قُوَّةٍ عِندَ ذِى الْعَرْشِ مَكِيْنٍ (20)

ترجمہ: جو (دعوتِ حق، تبلیغِ رسالت اور روحانی استعداد میں) قوت و ہمت والے ہیں (اور) مالکِ عرش کے حضور بڑی قدر و منزلت (اور جاہ و عظمت) والے ہیںo

Who is mighty and strong (in calling to the truth, preaching the faith in

Messengership and spiritual competence, and) is held in extreme reverence and veneration (and splendour and glory) in the presence of the Lord of the Throne,

مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِيْنٍ (21)

ترجمہ: (تمام جہانوں کے لیے) واجب الاطاعت ہیں (کیونکہ ان کی اطاعت ہی اللہ کی اطاعت ہے)، امانت دار ہیں (وحی اور زمین وآسمان کے سب اُلوہی رازوں کے حامل ہیں)o

Entitled to obligatory obedience (by all the worlds because obedience to him is obedience to Allah) and faithful to His trust (possesses Revelation and all divine secrets of the heavens and the earth).

وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ (22)

ترجمہ: اور (اے لوگو!) یہ تمہیں اپنی صحبت سے نوازنے والے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) دیوانے نہیں ہیں (جو فرماتے ہیں وہ حق ہوتا ہے)o

And, (O people,) he who blesses you with his (holy) companionship (Muhammad [blessings and peace be upon him]) is not mad. (Whatever he communicates is the truth.)

وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِيْنِ (23)

ترجمہ: اور بے شک انہوں نے اس (مالکِ عرش کے حُسنِ مطلق) کو (لامکاں کے) روشن کنارے پر دیکھا ہے☆o

☆ یہ ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس، انس بن مالک، عکرمہ، ابوسلمہ، ضحّاک، ابوالعالیہ، حسن، کعب الاحبار، شریک بن عبداللہ اور شعبی وغیرھم رضی اللہ عنہم کے اَقوال پر کیا گیا ہے جنہیں بخاری، مسلم، ترمذی، ابن جریر، بغوی اور کئی ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے اور کثیر ائمہ تفسیر نے بھی اسے اختیار کیا ہے۔

And he has indeed seen (the absolute beauty of the Lord of the Throne) on the effulgent horizon (of the realm of Divinity).*

*** This translation is based on the statements of the venerable 'Abd Allah b. 'Abbas, Anas b. Malik, 'Ikrima, Abu Salama, al-Dahhak, Abu al-'Aliya, Hasan, Ka'b al-Ahbar, Sharik b. 'Abd Allah and al-Sha'bi and others, which are related by al-Bukhari, Muslim, al-Tirmidhi, Ibn Jarir, al-Baghawi and many other eminent hadith-scholars. Most exegetes have also accepted it.**

وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ (24)

ترجمہ: اور وہ (یعنی نبیءِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) غیب (کے بتانے) پر بالکل بخیل نہیں ہیں (مالکِ عرش نے ان کے لیے کوئی کمی نہیں چھوڑی)o

And he (the glorious Messenger [blessings and peace be upon him]) is not at all miserly in (disclosing) the unseen. (The Lord of the Throne has not left for him any deficiency.)

سورۃ الانشقاق:

وَإِذَا قُرِءَ عَلَيۡهِمُ ٱلۡقُرۡآنُ لَا يَسۡجُدُونَ) (21)

ترجمہ: اور جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو (اللہ کے حضور) سجدہ ریز نہیں ہوتےo

And when the Qur'an is recited to them, they do not fall down prostrate (before Allah)?

بَلِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ يُكَذِّبُونَ (22)

ترجمہ: بلکہ کافر لوگ (اسے مزید) جھٹلا رہے ہیںo

Instead, the disbelievers (further) deny it.

وَٱللَّهُ أَعۡلَمُ بِمَا يُوعُونَ (23)

ترجمہ: اور اللہ (کفر و عداوت کے اس سامان کو) خوب جانتا ہے جو وہ جمع کر رہے ہیںo

And Allah knows best (the contention and disbelief) which they are piling.

فَبَشِّرۡهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (24)

ترجمہ: سو آپ انہیں دردناک عذاب کی بشارت دے دیںo

So give them the news of a painful punishment.

سورۃ الطارق:

إِنَّهُمۡ يَكِيدُونَ كَيۡداً (15)

ترجمہ: بے شک وہ (کافر) پُر فریب تدبیروں میں لگے ہوئے ہیںo

Indeed, they (the disbelievers) are hatching plots.

وَأَكِيدُ كَيۡداً (16)

ترجمہ: اور میں اپنی تدبیر فرما رہا ہوںo

And I am designing My own strategy.

فَمَهِّلِ ٱلۡكَٰفِرِينَ أَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡداً (17)

ترجمہ: پس آپ کافروں کو (ذرا) مہلت دے دیجیے، (زیادہ نہیں بس) انہیں تھوڑی سی ڈھیل (اور) دے دیجیےo

So give the disbelievers a respite (for a while, not much); let them relax a little (more).

سورۃ الاعلیٰ:

سَبِّحِ ٱسۡمَ رَبِّكَ ٱلۡأَعۡلَى (1)

ترجمہ: اپنے رب کے نام کی تسبیح کریں جو سب سے بلند ہےo

Glorify the Name of your Lord, the Most High,

سَنُقۡرِئُكَ فَلَا تَنسَىٰٓ (6)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ہم آپ کو خود (ایسا) پڑھائیں گے کہ آپ (کبھی) نہیں بھولیں گےo

(O Esteemed Beloved!) We shall teach you (in a way) that nothing will you (ever) forget,

إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ إِنَّهُ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفَى (7)

ترجمہ: مگر جو اللہ چاہے، بے شک وہ جہر اور خفی (یعنی ظاہر و پوشیدہ اور بلند و آہستہ) سب باتوں کو جانتا ہےo

Except what Allah wills. Indeed, He knows all, the manifest as well as the hidden (i.e., open to human perception as well as veiled from it, and the audible and the inaudible).

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرَى (8)

ترجمہ: اور ہم آپ کو اس آسان (شریعت پر عمل پیرا ہونے) کے لیے (بھی) سہولت فراہم فرمائیں گےo

And We shall (also) facilitate you (to put into practice this) easy (law).

فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ الذِّكْرَى (9)

ترجمہ: پس آپ نصیحت فرماتے رہیے بشرطیکہ نصیحت (سننے والوں کو) فائدہ دےo

So keep admonishing, provided admonition benefits (the listeners).

سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَى (10)

ترجمہ: البتہ وہی نصیحت قبول کرے گا جو اللہ سے ڈرتا ہوگاo

But only he who fears (Allah) will accept the admonition.

وَيَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى (11)

ترجمہ: اور بدبخت اس (نصیحت) سے پہلوتہی کرے گاo

And the wretched one will avoid and evade it,

سورۃ الغاشیۃ:

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ (21)

ترجمہ: پس آپ نصیحت فرماتے رہیے، آپ تو نصیحت ہی فرمانے والے ہیںo

So, continuously admonish them, for you are but an admonisher,

لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ (22)

ترجمہ: آپ ان پر جابر و قاہر (کے طور پر) مسلط نہیں ہیںo

You are not imposed upon them (as) an oppressor and persecutor.

سورۃ الفجر:

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ (6)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے (قومِ) عاد کے ساتھ کیسا (سلوک) کیا؟o

Have you not seen how your Lord treated (the people of 'Ad)?

إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ (7)

ترجمہ: (جوآہلِ) اِرم تھے(اور) بڑے بڑے ستونوں (کی طرح دراز قداوراونچے محلات) والے تھےo

(They) were (the people) of Iram (and) were (tall like) lofty columns (possessing towering castles),

الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ (8)

ترجمہ: جن کامثل (دنیاکے) ملکوں میں (کوئی بھی) پیدانہیں کیا گیاo

The like of which has not (at all) been created in the countries (of the world).

وَثَمُودَ الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ (9)

ترجمہ: اورثمود (کے ساتھ کیاسلوک ہوا) جنہوں نے وادء (قری) میں چٹانوں کوکاٹ (کر پتھروں سے سینکڑوں شہروں کوتعمیر کر) ڈالاتھاo

And (what treatment was given to) Thamud, who carved rocks (and constructed hundreds of cities) in the (Qura) valley?

وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ (10)

ترجمہ: اورفرعون (کا کیاحشر ہوا) جو بڑے لشکروں والا (یالوگوں کومیخوں سے سزادینے والا) تھاo

And (how was) Pharaoh (dealt with), who wielded large armies (and used to punish victims with stakes)?

الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ (11)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ (تھے) جنہوں نے (اپنے اپنے) ملکوں میں سرکشی کی تھیo

(They were) the people who perpetrated tyranny in their (respective) countries,

فَأَكْثَرُوا فِيْهَا الْفَسَادَ (12)

ترجمہ: پھران میں بڑی فسادانگیزی کی تھیo

And spread great mischief and corruption there.

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ (13)

ترجمہ: تو آپ کے رب نے ان پرعذاب کا کوڑابرسایاo

Then your Lord unleashed the scourge of punishment on them.

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ (14)

ترجمہ: بےشک آپ کارب (سرکشوں اورنافرمانوں کی) خوب تاک میں ہےo

Indeed, your Lord is Ever-Watchful (over the tyrant transgressors).

سورۃ البلد:

لَا أُقْسِمُ بِهَذَا الْبَلَدِ (1)

ترجمہ: میں اس شہر (مکہ) کی قسم کھاتا ہوںo

I swear by this city (Mecca),

وَأَنتَ حِلٌّ بِهَذَا الْبَلَدِ (2)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) اس لیے کہ آپ اس شہر میں تشریف فرما ہیں☆o

☆ یہ ترجمہ ''لا زائدہ'' کے اعتبار سے ہے۔ لا ''نفیٔ صحیح'' کے لیے ہو تو ترجمہ یوں ہوگا: میں (اس وقت) اس شہر کی قَسم نہیں کھاؤں گا (اے حبیب!) جب آپ اس شہر سے رخصت ہو جائیں گے۔

(O My Esteemed Beloved,) because you are residing in it.*

*** This translation is based on the position that the second la is extra. If la is taken as a true negation, the translation will be: 'I will not swear by this city when, O Beloved, you will depart from it.'**

وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ (3)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم! آپ کے) والد (آدم یا ابراہیم علیہما السلام) کی قَسم اور (ان کی) قَسم جن کی ولادت ہوئی ☆o

☆ یعنی آدم علیہ السلام کی ذریّتِ صالحہ یا آپ ہی کی ذات گرامی جن کے باعث یہ شہرِ مکہ بھی لائقِ قَسم ٹھہرا ہے۔

(O My Esteemed Beloved!) By (your) father (Adam or Ibrahim [Abraham]) and by those who are born,*

*** This refers to the pious progeny of Adam or his own venerated self for whom this city of Mecca became worthy of oath.**

سورۃ اللیل:

الَّذِیْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى (16)

ترجمہ: جس نے (دینِ حق کو) جھٹلایا اور (رسول کی اطاعت سے) منہ پھیر لیا o

He who gives lie to (the Din [Religion] of truth) and turns away (from obedience to the Messenger [blessings and peace be upon him]).

سورۃ الضحیٰ:

وَالضُّحٰى (1)

ترجمہ: قَسم ہے چاشت کے وقت کی (جب آفتاب بلند ہو کر اپنا نور پھیلاتا ہے) o

یا:

قَسم ہے وقتِ چاشت (کی طرح آپ کے آفتابِ رِسالت کے بلند ہونے) کی (جس کے نور نے گمراہی کے اندھیروں کو اجالے سے بدل دیا) o

By the growing morning bright (when the sun gains height and spreads its radiance),

Or

By (the growing sunshine of your Messengership rising like) the morning

bright (whose radiance has replaced the darkness of ignorance with the enlightenment of guidance,)

وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى (2)

ترجمہ: اور قسم ہے رات کی جب وہ چھا جائے۔

And by the night when it covers up,

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى (3)

ترجمہ: آپ کے رب نے (جب سے آپ کو منتخب فرمایا ہے) آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ ہی (جب سے آپ کو محبوب بنایا ہے) ناراض ہوا ہےo

(Ever since He has chosen you,) your Lord has not forsaken you. Nor is He displeased (ever since He has taken you as His Beloved).

وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولَى (4)

ترجمہ: اور بے شک (ہر) بعد کی گھڑی آپ کے لیے پہلے سے بہتر (یعنی باعثِ عظمت و رفعت) ہےo

Indeed, every following hour is a better (source of eminence and exaltation) for you than the preceding one.

وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى (5)

ترجمہ: اور آپ کا رب عنقریب آپ کو (اتنا کچھ) عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گےo

And soon your Lord shall bestow upon you (so much) that you will be well-pleased.

أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيماً فَآوَى (6)

ترجمہ: (اے حبیب!) کیا اس نے آپ کو یتیم نہیں پایا پھر اس نے (آپ کو معزّز و مکرّم) ٹھکانا دیا۔ یا- کیا اس نے آپ کو (مہربان) نہیں پایا پھر اس نے (آپ کے ذریعے) یتیموں کو ٹھکانا دیا☆o

(O Beloved!) Did He not find you an orphan, and then provided you (a dignifying and graceful) abode?

Or

Did He not find you (compassionate) and provided (in your person) a shelter for orphans?

وَوَجَدَكَ ضَالًّا فَهَدَى (7)

ترجمہ: اور اس نے آپ کو اپنی محبت میں خود رفتہ و گم پایا تو اس نے مقصود تک پہنچا دیا۔ یا- اور اس نے آپ کو بھٹکی ہوئی قوم کے درمیان (رہنمائی فرمانے والا) پایا تو اس نے (انہیں آپ کے ذریعے) ہدایت دے دی☆o

And He found you engrossed and lost in His love and then made you achieve the coveted objective.

Or

And He found in you (a leader) for a straying people so He provided them guidance (through you).

وَوَجَدَكَ عَائِلًا فَأَغْنَى (8)

ترجمہ: اوراس نے آپ کو(وصالِ حق کا) حاجت مند پایا تو اس نے (اپنی لذت دید سے نواز کر ہمیشہ کے لیے ہر طلب سے) بے نیاز کر دیا۔ یا- اوراس نے آپ کو(جوادو کریم) پایا تو اس نے (آپ کے ذریعے) محتاجوں کو غنی کر دیا☆o

☆ ان تینوں تراجم میں یَتِیماً کو فَاٰوٰی کا، ضَآلًّا کو فَھَدٰی کا اور عَائِلًا کو فَاَغْنٰی کا مفعولِ مقدم قرار دیا ہے۔ (ملاحظہ ہو: التفسیر الکبیر، القرطبی، البحر المحیط، روح البیان، الشفاء اور شرح خفاجی)

And He found you seeking (closeness with your Lord), and (then blessed you with the pleasure of His sight and) freed you of every need (forever).

*** In translating these three Verses 6, 7 and 8 yatiman is considered the direct object of fa-'awa; dallan is considered the direct object of fa-hada and 'a'ilan is considered the direct object of fa-aghna. (See: al-Tafsir al-Kabir, al-Qurtubi, al-Bahr al-Muhit, Ruh al-Bayan, al-Shifa and Sharh al-Khafaji.)**

Or

And He found you compassionate and benevolent, then (through you) made the destitute non-liable.

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ (9)

ترجمہ: سو آپ بھی کسی یتیم پر سختی نہ فرمائیںo

So, never should you be strict with any orphan,

وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ (10)

ترجمہ: اور(اپنے در کے) کسی منگتے کو نہ جھڑکیںo

Nor reproach any beggar (seeking help at your door),

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (11)

ترجمہ: اوراپنے رب کی نعمتوں کا (خوب) تذکرہ کریںo

And proclaim (well) the bounties of your Lord.

سورۃ الشرح:

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (1)

ترجمہ: کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ (انوارِ علم وحکمت اور معرفت کے لیے) کشادہ نہیں فرما دیاo

Have We not broadened your breast for you (for the light of knowledge, wisdom and spiritual gnosis)?

وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ (2)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کا (غمِ امت کا وہ) بار آپ سے اتار دیا o

And We have taken off the load (of grief of the Umma [Community]) from you,

الَّذِىْ أَنقَضَ ظَهْرَكَ (3)

ترجمہ: جو آپ کی پشتِ (مبارک) پر گراں ہو رہا تھا o

(The load) which was growing heavier on your (holy) back.

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ (4)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کی خاطر آپ کا ذکر (اپنے ذکر کے ساتھ ملا کر دنیا و آخرت میں ہر جگہ) بلند فرما دیا o

And We exalted for you your remembrance (by annexing it to Ours everywhere in the world and in the Hereafter).

فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْراً (5)

ترجمہ: سو بے شک ہر دشواری کے ساتھ آسانی (آتی) ہے o

So surely ease (comes) with every hardship.

إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْراً (6)

ترجمہ: یقیناً (اس) دشواری کے ساتھ آسانی (بھی) ہے o

Verily, with (this) hardship (too) there is ease.

فَإِذَا فَرَغْتَ فَانصَبْ (7)

ترجمہ: پس جب آپ (تعلیمِ امت، تبلیغ و جہاد اور ادائیگیِ فرائض سے) فارغ ہوں تو (ذکر و عبادت میں) محنت فرمایا کریں o

So when you are free (from educating the Umma (Community), preaching the Din (Religion) and fighting, and fulfilling your responsibilities), then strive hard (in remembrance and the worship of your Lord),

وَإِلَى رَبِّكَ فَارْغَبْ (8)

ترجمہ: اور اپنے رب کی طرف راغب ہو جایا کریں o

And turn to your Lord earnestly.

سورۃ العلق:

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ (1)

ترجمہ: (اے حبیب!) اپنے رب کے نام سے (آغاز کرتے ہوئے) پڑھئے جس نے (ہر چیز کو) پیدا فرمایا o

(O Beloved!) Read (commencing) with the Name of Allah, Who has created (everything).

خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ (2)

ترجمہ: اس نے انسان کو (رحمِ مادر میں) جونک کی طرح معلّق وجود سے پیدا کیا o

He created man from a hanging mass (clinging) like a leech (to the mother's womb).

اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ (3)

ترجمہ: پڑھیئے اور آپ کا رب بڑا ہی کریم ہے o.

Read, and your Lord is Most Generous,

الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ (4)

ترجمہ: جس نے قلم کے ذریعے (لکھنے پڑھنے کا) علم سکھایا o

Who taught man (reading and writing) by the pen,

عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (5)

ترجمہ: جس نے انسان کو (اس کے علاوہ بھی) وہ (کچھ) سکھا دیا جو وہ نہیں جانتا تھا۔ یا۔ جس نے (سب سے بلند رتبہ) انسان (محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بغیر ذریعۂ قلم کے) وہ سارا علم عطا فرما دیا جو وہ پہلے نہ جانتے تھے o

Who (besides that) taught man (all that) which he did not know.

Or

Who imparted to (the most eminent of) mankind (the chosen Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him] without using any pen) the whole knowledge that he was not aware of before.

كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَى (6)

ترجمہ: (مگر) حقیقت یہ ہے کہ (نافرمان) انسان سرکشی کرتا ہے o

(But) the fact is that (the disobedient) man rebels,

أَن رَّآهُ اسْتَغْنَى (7)

ترجمہ: اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو (دنیا میں ظاہراً) بے نیاز دیکھتا ہے o

For the reason that (apparently) he finds himself self-sufficient (in the world).

إِنَّ إِلَى رَبِّكَ الرُّجْعَى (8)

ترجمہ: بے شک (ہر انسان کو) آپ کے رب ہی کی طرف لوٹنا ہے o

Surely, (every man) has to return to your Lord.

أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَى (9)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہے o

Have you seen him who prevents,

عَبۡداً إِذَا صَلَّى (10)

ترجمہ: (اللہ کے) بندے کو جب وہ نماز پڑھتا ہےo

یا:

(اللہ کے محبوب و برگزیدہ) بندے (محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جب وہ نماز پڑھتے ہیںo

The servant (of Allah) when he prays?

Or

The (beloved and the exalted) servant of Allah (Muhammad [blessings and peace be upon him]) when he offers Prayers.

أَرَأَيۡتَ إِن كَانَ عَلَى الۡهُدَى (11)

ترجمہ: بھلا دیکھئے تو اگر وہ ہدایت پر ہوتاo

Well, imagine! If he had been rightly guided;

أَوۡ أَمَرَ بِالتَّقۡوَى (12)

ترجمہ: یا وہ (لوگوں کو) پرہیزگاری کا حکم دیتا (تو کیا خوب ہوتا)o

Or if he had commanded (the people) to be pious (how beneficial it would have been)!

أَرَأَيۡتَ إِن كَذَّبَ وَتَوَلَّى (13)

ترجمہ: اب بتائیے! اگر اس نے (دینِ حق کو) جھٹلایا ہے اور (آپ سے) منہ پھیر لیا ہے (تو اس کا کیا حشر ہوگا)o

But see now when he has rejected (the true Din [Religion]) and has turned away (from you, what torment is he going to face?)

أَلَمۡ يَعۡلَم بِأَنَّ اللَّهَ يَرَى (14)

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ (اس کے سارے کردار کو) دیکھ رہا ہےo

Does he not know that Allah monitors (minutely all his conduct)?

كَلَّا لَئِن لَّمۡ يَنتَهِ لَنَسۡفَعاً بِالنَّاصِيَةِ (15)

ترجمہ: خبردار! اگر وہ (گستاخِ رسالت اور دینِ حق کی عداوت سے) باز نہ آیا تو ہم ضرور (اسے) پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹیں گےo

Beware! If he does not desist (from the denigration of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] and antagonism against the true Din [Religion]), We shall certainly grab his forehead and drag him by the forelock,

نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ (16)

ترجمہ: وہ پیشانی جو جھوٹی (اور) خطا کار ہےo

His lying (and) sinful forehead!

فَلْيَدْعُ نَادِيَه (17)

ترجمہ: پس وہ اپنے ہم نشینوں کو (مدد کے لیے) بلا لےo

Then let him call his companions (for help).

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ (18)

ترجمہ: ہم بھی عنقریب (اپنے) سپاہیوں (یعنی دوزخ کے عذاب پر مقرر فرشتوں) کو بلا لیں گےo

We too shall soon call (Our) guards (the angels appointed to inflict the punishment of Hell).

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ) (19)

ترجمہ: ہرگز نہیں! آپ اس کے کیے کی پرواہ نہ کیجئے، اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ سربسجود رہیے اور (ہم سے مزید) قریب ہوتے جایئےo

No indeed! Do not pay any heed to his doings and, (O Esteemed Beloved,) persist in prostration and keep drawing near (to Us more and more).

سورۃ البینہ:

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنفَكِّيْنَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ (1)

ترجمہ: اہلِ کتاب میں سے جو لوگ کافر ہو گئے اور مشرکین اس وقت تک (کفر سے) الگ ہونے والے نہ تھے جب تک ان کے پاس روشن دلیل (نہ) آ جاتیo

The disbelievers from amongst the People of the Book and the idolaters would not desist (from disbelief) until clear proof came to them.

رَسُولٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُو صُحُفاً مُّطَهَّرَةً (2)

ترجمہ: (وہ دلیل) اللہ کی طرف سے رسول (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں جو (ان پر) پاکیزہ اوراقِ (قرآن) کی تلاوت فرماتے ہیںo

That (proof) is the (last) Messenger from Allah, who recites (to them) holy pages (of the Glorious Qur'an),

فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ (3)

ترجمہ: جن میں درست اور مستحکم احکام (درج) ہیںo

In which are (written) correct and firm commandments.

سورۃ الفیل:

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيْلِ (1)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا سلوک کیاo

Have you not seen how your Lord dealt with those who had elephants?

أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ (2)

ترجمہ: کیا اس نے ان کے مکر و فریب کو باطل و ناکام نہیں کر دیا o

Did He not thwart their crafty designs?

وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْراً أَبَابِيلَ (3)

ترجمہ: اور اس نے ان پر (ہر سمت سے) پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیج دیے o

And He sent on to them (ambient) swarms of birds,

تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ (4)

ترجمہ: جو ان پر کنکر یلے پتھر مارتے تھے o

Which pelted them with stone-hard slugs.

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ (5)

ترجمہ: پھر (اللہ نے) ان کو کھائے ہوئے بھوسے کی طرح (پامال) کر دیا o

Then (Allah made them perish) like chewed-up chaff.

سورۃ الکوثر:

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو (ہر خیر و فضیلت میں) بے انتہا کثرت بخشی ہے ☆ o

☆ کوثر سے مراد حوض کوثر یا نہر جنت بھی ہے اور قرآن اور نبوت و حکمت بھی، فضائل و معجزات کی کثرت یا اصحاب و اتباع اور امت کی کثرت بھی مراد لی گئی ہے۔ رفعت ذکر اور خلق عظیم بھی مراد ہے اور دنیا و آخرت کی نعمتیں بھی، نصرت الٰہیہ اور کثرت فتوحات بھی مراد ہیں اور روز قیامت مقام محمود اور شفاعت عظمیٰ بھی مراد لی گئی ہے۔

Indeed, We have bestowed on you an infinite abundance (every kind of superiority, bliss and bounty).*

*** Al-Kawthar has various connotations: The reservoir of al-Kawthar, the stream in Paradise, the Holy Qur'an, the Prophethood and the Prophetic wisdom, limitless bounties and countless miracles, innumerable followers and a massive Umma (Community), the exalted name and divinely eminent conduct, the bounties here and Hereafter, Allah's assistance and numerous victories, the Praiseworthy Station on the Last Day and the divine privilege of Intercession.**

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ (2)

ترجمہ: پس آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھا کریں اور قربانی دیا کریں (یہ ہدیۂ تشکّر ہے) o

So pray to your Lord and offer sacrifice (a token of gratitude).

إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ (3)

ترجمہ: بے شک آپ کا دشمن ہی بے نسل اور بے نام ونشاں ہوگاo

Indeed, your enemy will remain childless and his race will be cut off.

سورۃ الکافرون:

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ (1)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: اے کافرو!o

Say: 'O disbelievers!

لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ (2)

ترجمہ: میں ان کی عبادت نہیں کرتا جنہیں تم پوجتے ہوo

I do not worship that which you worship.

وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ (3)

ترجمہ: اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں o

Nor do you worship Whom I worship.

سورۃ النصر:

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللَّهِ وَالْفَتْحُ (1)

ترجمہ: جب اللہ کی مدد اور فتح آپہنچےo

When there comes Allah's help and victory,

وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللَّهِ أَفْوَاجاً (2)

ترجمہ: اور آپ لوگوں کو دیکھ لیں (کہ) وہ اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہو رہے ہیںo

And you see people joining Allah's Din (Religion) in droves,

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّاباً (3)

ترجمہ: تو آپ (تشکراً) اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح فرمائیں اور (تواضعاً) اس سے استغفار کریں، بے شک وہ بڑا ہی توبہ قبول فرمانے والا (اور مزید رحمت کے ساتھ رجوع فرمانے والا) ہےo

Then glorify Allah's praise (in gratitude), exalting Him, and beg Him (humbly) for pardon. Surely, He is Ever-Relenting and Oft-Returning (with evermore compassion).

سورۃ اللھب:

تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ (1)

ترجمہ: ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ تباہ ہو جائے (اس نے ہمارے حبیب پر ہاتھ اٹھانے کی کوشش کی ہے)o

Perished be the two hands of Abu Lahab and be he perished himself (he has pointed his finger to Our Beloved)!

مَا أَغْنَى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ (2)

ترجمہ: اسے اس کے (موروثی) مال نے کچھ فائدہ نہ پہنچایا اور نہ ہی اس کی کمائی نے o

Neither His (inherited) wealth nor his earned riches have given him any benefit.

سَيَصْلَى نَاراً ذَاتَ لَهَبٍ (3)

ترجمہ: عنقریب وہ شعلوں والی آگ میں جا پڑے گا o

Soon he will tumble into the Flaming Fire,

وَامْرَأَتُهُ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ (4)

ترجمہ: اور اس کی (خبیث) عورت (بھی) جو (کانٹے دار) لکڑیوں کا بوجھ (سر پر) اٹھائے پھرتی ہے، (اور ہمارے حبیب کے تلووں کو زخمی کرنے کے لیے رات کو ان کی راہوں میں بچھا دیتی ہے) o

And his (damned, wretched) wife (too) who carries (on her head) the burden of (thorny) twigs (and spreads them in the way of Our Beloved, to injure the holy soles of his feet).

فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّن مَّسَدٍ (5)

ترجمہ: اس کی گردن میں کھجور کی چھال کا (وہی) رسّہ ہوگا (جس سے کانٹوں کا گٹھا باندھتی ہے) o

Around her neck will be (the same) palm-fibre rope (she uses to bind the bunch of thorny twigs).

سورۃ الاخلاص:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ (1)

ترجمہ: (اے نبی مکرّم!) آپ فرما دیجیے: وہ اللہ ہے جو یکتا ہے o

(O Esteemed Messenger!) Proclaim: 'He is Allah, Who is the One.

اللّٰهُ الصَّمَدُ (2)

ترجمہ: اللہ سب سے بے نیاز، سب کی پناہ اور سب پر فائق ہے o

Allah is the Transcendent of all, the Protector and Far-Superior to all.

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ (3)

ترجمہ: نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ہے اور نہ ہی وہ پیدا کیا گیا ہے o

He has not begotten any, nor is He begotten.

وَلَمْ يَكُن لَّهُ كُفُواً أَحَدٌ (4)

ترجمہ: اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے o

Nor is there anyone equal to Him.'

سورۃ الفلق:

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (1)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے کہ میں (ایک) دھماکے سے انتہائی تیزی کے ساتھ (کائنات کو) وجود میں لانے والے رب کی پناہ مانگتا ہوںo

Beseech: 'I seek refuge with the Lord of daybreak (or Who brought the universe into existence with an explosion extremely fast),

مِن شَرِّ مَا خَلَقَ (2)

ترجمہ: ہر اس چیز کے شر (اور نقصان) سے جو اس نے پیدا فرمائی ہےo

From the evil influence (and harmfulness) of everything that He has created,

وَمِن شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ (3)

ترجمہ: اور (بالخصوص) اندھیری رات کے شر سے جب (اس کی) ظلمت چھا جائےo

And (in particular) from the evil of the murky night when (its) darkness prevails,

وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ (4)

ترجمہ: اور گرہوں میں پھونک مارنے والی جادوگرنیوں (اور جادوگروں) کے شر سےo

And from the evil of those women (and men) who practise magic on knots by blowing,

وَمِن شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ (5)

ترجمہ: اور ہر حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرےo

And from the mischief of every envious person when he envies.'

سورۃ الناس:

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ (1)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے کہ میں (سب) انسانوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوںo

Beseech: 'I seek refuge with the Lord of (the whole of) mankind,

مَلِكِ النَّاسِ (2)

ترجمہ: جو (سب) لوگوں کا بادشاہ ہےo

Who is the King of (all) mankind,

إِلَهِ النَّاسِ (3)

ترجمہ: جو (ساری) نسلِ انسانی کا معبود ہےo

Who is the God of the (whole) human race,

مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ (4)

ترجمہ: وسوسہ انداز (شیطان) کے شر سے جو (اللہ کے ذکر کے اثر سے) پیچھے ہٹ کر چھپ جانے والا ہےo

From the evil of the slinking whisperer (Satan) who hides himself with drawing (from the influence of Allah's remembrance),

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ (5)

ترجمہ: جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہےo

Who whispers into the hearts of mankind,

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ (6)

ترجمہ: خواہ وہ (وسوسہ انداز شیطان) جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سےo

Whether he (the whispering Satan) comes from the jinn or mankind.'

13۔ معراج رسول ﷺ کا ذکر

سورۃ بنی اسرائیل:

سُبْحَانَ الَّذِیْ أَسْرَی بِعَبْدِهٖ لَیْلاً مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَی الْمَسْجِدِ الْأَقْصَی الَّذِیْ بَارَکْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ آیَاتِنَا إِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ (1)

ترجمہ: وہ ذات (ہر نقص اور کمزوری سے) پاک ہے جو رات کے تھوڑے سے حصہ میں اپنے (محبوب اور مقرّب) بندے کو مسجدِ حرام سے (اس) مسجدِ اقصٰی تک لے گئی جس کے گرد و نواح کو ہم نے بابرکت بنا دیا ہے تاکہ ہم اس (بندۂ کامل) کو اپنی نشانیاں دکھائیں، بے شک وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے o

Holy (i.e., free of any imperfection, weakness and insufficiency) is He Who took His (most beloved and intimate) Servant in a small portion of a night from the Sacred Mosque to the al-Aqsa Mosque, whose surroundings We have blessed, in order that We might show him (the Perfect Servant) Our signs. Surely, He is the One Who is All-Hearing, All-Seeing.

سورۃ النجم:

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَی (1)

ترجمہ: قسم ہے روشن ستارے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جب وہ (چشمِ زدن میں شبِ معراج اوپر جا کر) نیچے اترے o

By (Muhammad [blessings and peace be upon him]), the bright star when (he ascended during the Ascension Night in the twinkling of an eye and) descended.

وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلَی (7)

ترجمہ: اور وہ (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شبِ معراج عالمِ مکاں کے) سب سے اونچے کنارے پر تھے (یعنی عالَمِ خلق کی انتہاء پر تھے) o

And he (Muhammad [blessings and peace be upon him]) was on the uppermost horizon (of the realm of creation during the Ascension Night i.e., on the apex of the created cosmos).

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّی (8)

ترجمہ: پھر وہ (ربّ العزّت اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے) قریب ہوا پھر اور زیادہ قریب ہو گیا ☆ o

☆ یہ معنی امام بخاری نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے الجامع الصحیح میں روایت کیا ہے، مزید حضرت عبداللہ بن عباس، امام حسن بصری، امام جعفر الصادق، محمد بن کعب القرظی التابعی، ضحّاک رضی اللہ عنہم اور دیگر کئی ائمہِ تفسیر کا قول بھی یہی ہے۔

Then He (the Lord of Honour) drew closer (to His Beloved Muhammad [blessings and peace be upon him]) and then drew even closer.*

*** Imam al-Bukhari cites these meanings in al-Jami' al-Sahih from the venerable**

Companion Anas. Moreover, 'Abd Allah b. 'Abbas, Imam al-Hasan al-Basri, Imam Ja'far al-Sadiq, Muhammad b. Ka'b al-Qurazi the Successor, al-Dahhak and many other leading eminent exegetes also hold the same view.

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى (9)

ترجمہ: پھر (جلوۂ حق اور حبیبِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں صرف) دو کمانوں کی مقدار فاصلہ رہ گیا یا (انتہائے قرب میں) اس سے بھی کم (ہو گیا)o

Then a distance measuring only two bow-lengths was left (between Allah Unveiled and His Esteemed Beloved), or even less than that (in extreme nearness).

فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى (10)

ترجمہ: پس (اُس خاص مقامِ قُرب و وصال پر) اُس (اللہ) نے اپنے عبدِ (محبوب) کی طرف وحی فرمائی جو (بھی) وحی فرمائیo

So (on that station of nearness) He (Allah) revealed to His (Beloved) servant whatever He revealed.

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَى (11)

ترجمہ: (اُن کے) دل نے اُس کے خلاف نہیں جانا جو (اُن کی) آنکھوں نے دیکھاo

(His) heart did not take it contrary to what (his) eyes beheld.

أَفَتُمَارُونَهُ عَلَى مَا يَرَى (12)

ترجمہ: کیا تم ان سے اِس پر جھگڑتے ہو کہ جو انہوں نے دیکھاo

Do you argue with him about what he saw?

وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى (13)

ترجمہ: اور بے شک انہوں نے تو اُس (جلوہ حق) کو دوسری مرتبہ (پھر) دیکھا (اور تم ایک بار دیکھنے پر ہی جھگڑ رہے ہو)o☆

☆ یہ معنی ابن عباس، ابوذر غفاری، عکرمہ التابعی، حسن البصری التابعی، محمد بن کعب القرظی التابعی، ابوالعالیہ الریاحی التابعی، عطا بن ابی رباح التابعی، کعب الاحبار التابعی، امام احمد بن حنبل اور امام ابوالحسن اشعری رضی اللہ عنہم اور دیگر ائمہ کے اَقوال پر ہے۔

And assuredly, he saw Him (Allah Unveiled) the second time (again and you argue only about seeing Him once).*

*** These meanings are based on the sayings of eminent luminaries and authorities like Ibn 'Abbas, Abu Dharr al-Ghifari, 'Ikrima the Successor, Imam al-Hasan al-Basri the Successor, Muhammad b. Ka'b al-Qurazi, Abu al-'Aliya al-Riyahi the Successor, 'Ata' b. Abi Rabah the Successor, Ka'b al-Ahbar the Successor, Imam Ahmad b. Hanbal, Imam Abu al-Hasan al-Ash'ari and several others.**

عِندَ سِدْرَةِ الْمُنتَهَى (14)

ترجمہ: سِدرۃ المنتہٰی کے قریبo

At the farthest Lote-Tree-Sidra al-Muntaha,

عِندَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَى (15)

ترجمہ: اسی کے پاس جنت المأوٰی ہےo

Adjacent to that is the Eternal Paradise-Janna al-Ma'wa,

إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى (16)

ترجمہ: جب نورِ حق کی تجلیّات سِدرَۃ (المنتہٰی) کو (بھی) ڈھانپ رہی تھیں جو کہ (اس پر) سایہ فگن تھیں☆o

☆ یہ معنی بھی امام حسن بصری رضی اللہ عنہ و دیگر ائمہ کے اقوال پر ہے۔

When theophanies (i.e., effulgent disclosures) of the divine light wrapped up al-Sidra (the Lote-Tree at the Far End), covering it expansively.*

*** This interpretation also comes from Imam al-Hasan al-Basri and other leading scholars.**

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَى (17)

ترجمہ: اُن کی آنکھ نہ کسی اور طرف مائل ہوئی اور نہ حد سے بڑھی (جس کو تکنا تھا اسی پر جمی رہی)o

His eye neither inclined aside nor overstepped the limit; (it gazed in ecstasy at Whom it was to gaze).

لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى (18)

ترجمہ: بے شک انہوں نے (معراج کی شب) اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیںo

Surely, he saw the greatest signs of His Lord (during the Ascension Night).

سورۃ التکویر:

وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ (23)

ترجمہ: اور بے شک انہوں نے اس (مالکِ عرش کے حُسنِ مطلق) کو (لامکاں کے) روشن کنارے پر دیکھا ہے☆o

☆ یہ ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس، انس بن مالک، عکرمہ، ابوسلمہ، ضحّاک، ابوالعالیہ، حسن، کعب الاحبار، شریک بن عبداللہ اور شعبی وغیرھم رضی اللہ عنہم کے اَقوال پر کیا گیا ہے جنہیں بخاری، مسلم، ترمذی، ابن جریر، بغوی اور کئی ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے اور کثیر ائمہ تفسیر نے بھی اسے اختیار کیا ہے۔

And he has indeed seen (the absolute beauty of the Lord of the Throne) on the effulgent horizon (of the realm of Divinity).*

*** This translation is based on the statements of the venerable 'Abd Allah b. 'Abbas, Anas b. Malik, 'Ikrima, Abu Salama, al-Dahhak, Abu al-'Aliya, Hasan, Ka'b al-Ahbar, Sharik b. 'Abd Allah and al-Sha'bi and others, which are related by al-Bukhari, Muslim, al-Tirmidhi, Ibn Jarir, al-Baghawi and many other eminent hadith-scholars. Most exegetes have also accepted it.**

14۔ ازواجِ مطہراتؓ کا ذکر

سورۃ الاحزاب:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيماً حَكِيماً (1)

ترجمہ: اے نبی! آپ اللہ کے تقوٰی پر (حسبِ سابق استقامت سے) قائم رہیں اور کافروں اور منافقوں کا (یہ) کہنا (کہ ہمارے ساتھ مذہبی سمجھوتہ کرلیں ہرگز) نہ مانیں، بےشک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

O Prophet! Remain firm in fearing Allah (with perseverance as before) and do not agree at all to what the disbelievers and the hypocrites say (i.e., 'Conclude with us religious agreement'). Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَاتَّبِعْ مَا يُوحَى إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيراً (2)

ترجمہ: اور آپ اس (فرمان) کی پیروی جاری رکھیئے جو آپ کے پاس آپ کے رب کی طرف سے وحی کیا جاتا ہے، بےشک اللہ ان کاموں سے خبردار ہے جو تم انجام دیتے ہوo

And continue following this (command) which is revealed to you from your Lord. Surely, Allah is Well Aware of the works that you do.

وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلاً (3)

ترجمہ: اور اللہ پر بھروسہ (جاری) رکھئے، اور اللہ ہی کارساز کافی ہےo

And maintain your trust in Allah and Sufficient is Allah as a Guardian.

مَّا جَعَلَ اللَّهُ لِرَجُلٍ مِّن قَلْبَيْنِ فِي جَوْفِهِ وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللَّائِي تُظَاهِرُونَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ وَمَا جَعَلَ أَدْعِيَاءَكُمْ أَبْنَاءَكُمْ ذَلِكُمْ قَوْلُكُم بِأَفْوَاهِكُمْ وَاللَّهُ يَقُولُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيلَ (4)

ترجمہ: اللہ نے کسی آدمی کے لیے اس کے پہلو میں دو دل نہیں بنائے، اور اس نے تمہاری بیویوں کو جنہیں تم ظِہار کرتے ہوئے ماں کہہ دیتے ہو تمہاری مائیں نہیں بنایا، اور نہ تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے (حقیقی) بیٹے بنایا، یہ سب تمہارے منہ کی اپنی باتیں ہیں، اور اللہ حق بات فرماتا ہے، اور وہی (سیدھا) راستہ دکھاتا ہےo

Allah has not made for any man two hearts inside his breast, nor has He made your wives your mothers whom you call mothers by way of zihar (a form of divorce). Nor has He made your adopted sons your (real) sons. These are merely the utterances of your mouth. And Allah says the truth and He alone shows the (straight) path.

ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِندَ اللَّهِ فَإِن لَّمْ تَعْلَمُوا آبَاءَهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيمَا أَخْطَأْتُم بِهِ وَلَكِن مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوبُكُمْ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (5)

ترجمہ: تم اُن (منہ بولے بیٹوں) کو ان کے باپ (ہی کے نام) سے پکارا کرو، یہی اللہ کے نزدیک زیادہ عدل ہے، پھر اگر تمہیں ان کے باپ معلوم نہ ہوں تو (وہ) دین میں تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے دوست ہیں۔ اور اس بات میں تم پر کوئی گناہ نہیں جو تم نے غلطی سے کہی لیکن (اس پر ضرور گناہ ہوگا) جس کا ارادہ تمہارے دلوں نے کیا ہو، اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا

ہےO

Call them (the adopted sons) after their fathers' (names). That is most just in the sight of Allah. So if you do not know their fathers, then they are your brothers in the Din (Religion) and your friends. And there is no sin on you for what you said by mistake, but (that will be a sure sin) which your hearts intend. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ وَأُوْلُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِيْنَ إِلَّا أَن تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَائِكُم مَّعْرُوفاً كَانَ ذَلِكَ فِيْ الْكِتَابِ مَسْطُوراً (6)

ترجمہ: یہ نبی (مکرّم) مومنوں کے ساتھ اُن کی جانوں سے زیادہ قریب اور حق دار ہیں اور آپ کی اَزواجِ (مطہّرات) اُن کی مائیں ہیں، اور خونی رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دیگر) مومنین اور مہاجرین کی نسبت (تقسیمِ وراثت میں) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں سوائے اس کے کہ تم اپنے دوستوں پر احسان کرنا چاہو، یہ حکم کتاب (الٰہی) میں لکھا ہوا ہےO

This (Esteemed) Prophet is nearer to and has a greater claim on the believers than their own souls and his (pure) wives are their mothers. And blood relations have a greater claim one to another (in the distribution of inheritance) in the Book of Allah than (the rest of) the believers and the Emigrants except that you desire to do favour to your friends. This command is written in the Book of Allah.

وَإِذْ أَخَذْنَا مِنَ النَّبِيِّيْنَ مِيْثَاقَهُمْ وَمِنكَ وَمِن نُّوحٍ وَإِبْرَاهِيْمَ وَمُوسَى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيْثَاقاً غَلِيْظاً (7)

ترجمہ: اور (اے حبیب! یاد کیجئے) جب ہم نے انبیاء سے اُن (کی تبلیغِ رسالت) کا عہد لیا اور (خصوصاً) آپ سے اور نوح سے اور ابراہیم سے اور موسیٰ سے اور عیسیٰ ابن مریم (علیہم السلام) سے اور ہم نے اُن سے نہایت پختہ عہد لیاO

And, (O Beloved, recall) when We took a covenant from the Prophets (to preach faith in their Prophethood) and (specially) from you and from Nuh (Noah) and from Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses) and 'Isa (Jesus), the son of Maryam (Mary), and We took from them a solemn covenant,

لِيَسْأَلَ الصَّادِقِيْنَ عَن صِدْقِهِمْ وَأَعَدَّ لِلْكَافِرِيْنَ عَذَاباً أَلِيْماً (8)

ترجمہ: تاکہ (اللہ) سچوں سے اُن کے سچ کے بارے میں دریافت فرمائے، اور اس نے کافروں کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہےO

So that (Allah) asks the truthful about their truth. And He has prepared an agonizing torment for the disbelievers.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَاءتْكُمْ جُنُودٌ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحاً وَجُنُوداً لَّمْ تَرَوْهَا وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْراً (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کا احسان یاد کرو جب (کفار کی) فوجیں تم پر آ پہنچیں، تو ہم نے ان پر ہوا اور (فرشتوں کے) لشکروں کو بھیجا جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے خوب دیکھنے والا ہےO

O believers! Recall Allah's favour to you when the forces (of disbelievers) came upon you. Then We sent wind and troops (of angels) against them whom you did not see. And Allah sees best what you do.

إِذْ جَاؤُوكُم مِّن فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنكُمْ وَإِذْ زَاغَتِ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِاللَّهِ الظُّنُونَا (10)

ترجمہ: جب وہ (کافر) تمہارے اوپر (وادی کی بالائی مشرقی جانب) سے اور تمہارے نیچے (وادی کی زیریں مغربی جانب) سے چڑھ آئے تھے اور جب (ہیبت سے تمہاری) آنکھیں پھر گئی تھیں اور (دہشت سے تمہارے) دل حلقوم تک آ پہنچے تھے اور تم (خوف وامید کی کیفیت میں) اللہ کی نسبت مختلف گمان کرنے لگے تھےo

When they (the disbelievers) invaded you from above (the eastern side of the valley) and from below (the western side of the valley), and when (your) eyes were distracted (with terror), and (your) hearts rose up to your throats (with horror), and you began to think various uncertainties about Allah (in a state of fear and hope),

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالًا شَدِيدًا (11)

ترجمہ: اُس مقام پر مومنوں کی آزمائش کی گئی اور انہیں نہایت سخت جھٹکے دیئے گئےo

At that stage, the believers were put to trial and were shaken with mighty jolts.

وَإِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ إِلَّا غُرُورًا (12)

ترجمہ: اور جب منافق لوگ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (کمزورءعقیدہ اور شک وشبہ کی) بیماری تھی، یہ کہنے لگے کہ ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے صرف دھوکہ اور فریب کے لیے (فتح کا) وعدہ کیا تھاo

And when the hypocrites and those in whose hearts was a disease (of instability of faith and doubt and suspicion) said: 'Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) gave us a promise (of victory) just to deceive and betray.'

وَإِذْ قَالَت طَّائِفَةٌ مِّنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُولُونَ إِنَّ بُيُوتَنَا عَوْرَةٌ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ إِن يُرِيدُونَ إِلَّا فِرَارًا (13)

ترجمہ: اور جبکہ اُن میں سے ایک گروہ کہنے لگا: اے اہلِ یثرب! تمہارے (بحفاظت) ٹھہرنے کی کوئی جگہ نہیں رہی، تم واپس (گھروں کو) چلے جاؤ، اور ان میں سے ایک گروہ نبی (اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے یہ کہتے ہوئے (واپس جانے کی) اجازت مانگنے لگا کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں، حالاں کہ وہ کھلے نہ تھے، وہ (اس بہانے سے) صرف فرار چاہتے تھےo

And when a party of them said: 'O people of Yathrib! There is no position left for you to stay (safely), so go back (home),' and a party of them began to seek permission from the Holy Prophet ([blessings and peace be upon him] to go back), saying: 'Our houses are lying exposed,' whereas their houses were not exposed; they only wanted to escape (on this pretext).

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِم مِّنْ أَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوا بِهَا إِلَّا يَسِيرًا (14)

ترجمہ: اور اگر ان پر مدینہ کے اَطراف واَکناف سے فوجیں داخل کر دی جاتیں پھر اِن (نِفاق کا عقیدہ رکھنے والوں) سے فتنۂ (کفر وشرک) کا سوال کیا جاتا تو وہ اس (مطالبہ) کو بھی پورا کر دیتے، اور تھوڑے سے توقّف کے سوا اس میں تاخیر نہ کرتے o

And if the armies had entered upon them from all the sides of Medina, and they (the hypocrites) had been asked pertaining to the subversion (of disbelief and polytheism), they would have accepted (the demand), and would not have delayed it except for a short while.

وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللَّهَ مِن قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ وَكَانَ عَهْدُ اللَّهِ مَسْئُولًا (15)

ترجمہ: اور بے شک انہوں نے اس سے پہلے اللہ سے عہد کر رکھا تھا کہ پیٹھ پھیر کر نہ بھاگیں گے، اور اللہ سے کیے ہوئے عہد کی (ضرور) باز پُرس ہوگی o

And certainly before this they had made a covenant with Allah that they would not turn their backs and run away. And the covenant made with Allah will (certainly) be asked about.

قُل لَّن يَنفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِن فَرَرْتُم مِّنَ الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ وَإِذاً لَّا تُمَتَّعُونَ إِلَّا قَلِيلًا (16)

ترجمہ: فرما دیجیے: تمہیں فرار ہرگز کوئی نفع نہ دے گا، اگر تم موت یا قتل سے (ڈر کر) بھاگے ہو تو تم تھوڑی سی مدت کے سوا (زندگانی کا) کوئی فائدہ نہ اٹھا سکو گے o

Say: 'Escape will not benefit you at all. If you seek to flee (fearing) death or slaughter, you will gain little (from life) except a brief respite.'

قُلْ مَن ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُم مِّنَ اللَّهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءاً أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيّاً وَلَا نَصِيراً (17)

ترجمہ: فرما دیجیے: کون ایسا شخص ہے جو تمہیں اللہ سے بچا سکتا ہے اگر وہ تمہیں تکلیف دینا چاہے یا تم پر رحمت کا ارادہ فرمائے، اور وہ لوگ اپنے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی کارساز پائیں گے اور نہ کوئی مددگار o

Say: 'Who is the one that can protect you from Allah if He intends to afflict you with suffering or to bestow upon you His mercy?' And they will not find for themselves any protector or helper apart from Allah.

قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنكُمْ وَالْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا (18)

ترجمہ: بے شک اللہ تم میں سے ان لوگوں کو جانتا ہے جو (رسول سے اور ان کی معیّت میں جہاد سے) روکتے ہیں اور جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہماری طرف آ جاؤ، اور یہ لوگ لڑائی میں نہیں آتے مگر بہت ہی کم o

Surely, Allah knows those amongst you who hinder (from the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] and from fighting in his company) and who say to their brothers: 'Come to us.' And they themselves come to fight but little.

أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ فَإِذَا جَاء الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَإِذَا ذَهَبَ

الْـخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ أُوْلَئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيراً **(19)**

ترجمہ: تمہارے حق میں بخیل ہوکر (ایسا کرتے ہیں)، پھر جب خوف (کی حالت) پیش آجائے تو آپ دیکھیں گے کہ وہ آپ کی طرف تکتے ہوں گے (اور) ان کی آنکھیں اس شخص کی طرح گھومتی ہوں گی جس پر موت کی غشی طاری ہو رہی ہو، پھر جب خوف جاتا رہے تو تمہیں تیز زبانوں کے ساتھ طعنے دیں گے (آزردہ کریں گے، ان کا حال یہ ہے کہ) مالِ غنیمت پر بڑے حریص ہیں۔ یہ لوگ (حقیقت میں) ایمان ہی نہیں لائے، سو اللہ نے ان کے اعمال ضبط کر لیے ہیں اور یہ اللہ پر آسان تھا o

They do so) being miserly in your case. But when a fear (situation) arises, you will see them looking at you, their eyes rolling like those of someone fainting into death. But when fear departs, they offend you with sharp tongues (injuring your heart). They are (in a state of feeling) too greedy for spoils of war. (In fact) they have not believed at all. So Allah has annulled all their deeds. And that is easy for Allah.

يَـحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا وَإِن يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلاً **(20)**

ترجمہ: یہ لوگ (ابھی تک یہ) گمان کرتے ہیں کہ کافروں کے لشکر (واپس) نہیں گئے اور اگر وہ لشکر (دوبارہ) آجائیں تو یہ چاہیں گے کہ کاش وہ دیہاتیوں میں جا کر بادیہ نشین ہو جائیں (اور) تمہاری خبریں دریافت کرتے رہیں، اور اگر وہ تمہارے اندر موجود ہوں تو بھی بہت ہی کم لوگوں کے سوا وہ جنگ نہیں کریں گے o

They (still) imagine that the disbelievers' troops have not yet gone (back), and if those troops should come (again), they would wish them join villagers settling as nomads and (conduct surveillance to) collect news about you. And even if they were amongst you, they would not fight except a very few.

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيراً **(21)**

ترجمہ: فی الحقیقت تمہارے لیے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات) میں نہایت ہی حسین نمونۂ (حیات) ہے ہر اُس شخص کے لیے جو اللہ (سے ملنے) کی اور یومِ آخرت کی امید رکھتا ہے اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرتا ہے o

In truth, in (the sacred person of) Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) there is for you a most perfect and beautiful model (of life) for every such person that expects and aspires to (meeting) Allah and the Last Day and remembers Allah abundantly.

وَلَـمَّـا رَأَى الْـمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَذَا مَا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيمَاناً وَتَسْلِيماً **(22)**

ترجمہ: اور جب اہلِ ایمان نے (کافروں کے) لشکر دیکھے تو بول اٹھے کہ یہ ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے وعدہ فرمایا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے، سو اس (منظر) سے ان کے ایمان اور اطاعت گزاری میں اضافہ ہی ہوا o

And when the believers saw the armies (of disbelievers), they said: 'This is what Allah and His Messenger promised us, and Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have spoken the truth.' So this (spectacle) increased their faith and their commitment to submission to Allah.

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُم مَّن قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيْلًا **(23)**

ترجمہ: مومنوں میں سے (بہت سے) مَردوں نے وہ بات سچ کر دکھائی جس پر انہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا، پس ان میں سے کوئی (تو شہادت پا کر) اپنی نذر پوری کر چکا ہے اور ان میں سے کوئی (اپنی باری کا) انتظار کر رہا ہے، مگر انہوں نے (اپنے عہد میں) ذرا بھی تبدیلی نہیں کی o

Amongst the believers (a great number of) men proved true what covenant they made with Allah. Of them is someone who has fulfilled his vow (by attaining to martyrdom), and of them is someone who is waiting (for his turn). But they have not changed (their covenant) in the least,

لِيَجْزِيَ اللّٰهُ الصَّادِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِيْنَ إِن شَاء أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوراً رَّحِيْماً **(24)**

ترجمہ: (یہ) اس لیے کہ اللہ سچے لوگوں کو ان کی سچائی کا بدلہ دے اور منافقوں کو چاہے تو عذاب دے یا ان کی توبہ قبول فرما لے۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہے o

That Allah may reward the truthful for their truth and may torment the hypocrites if He wills or may accept their repentance. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْراً وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيّاً عَزِيْزاً **(25)**

ترجمہ: اور اللہ نے کافروں کو ان کے غصّہ کی جلن کے ساتھ (مدینہ سے نامراد) واپس لوٹا دیا کہ وہ کوئی کامیابی نہ پا سکے، اور اللہ ایمان والوں کے لیے جنگِ (احزاب) میں کافی ہو گیا، اور اللہ بڑی قوت والا عزت والا ہے o

And Allah repulsed the disbelievers (from Medina, defeated,) with the burning of their rage, for they failed to achieve any success. And Allah was Sufficient for the believers in the battle (of al-Ahzab [the Confederates]). And Allah is Ever-Strong, All-Powerful.

وَأَنزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقاً تَقْتُلُوْنَ وَتَأْسِرُوْنَ فَرِيْقاً **(26)**

ترجمہ: اور (بنو قریظہ کے) جن اہلِ کتاب نے (اپنا معاہدۂ اَمن توڑ کر) ان (حملہ آور کفار) کی مدد کی تھی اللہ نے انہیں (بھی) ان کے قلعوں سے اتار دیا اور ان کے دلوں میں (اسلام کا) رعب ڈال دیا تم (ان میں سے) ایک گروہ کو (ان کے جنگی جرائم کی پاداش میں) قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو جنگی قیدی بناتے ہو o

And the People of the Book (amongst the tribe of Banu Qurayza) who helped those (aggressors in breach of their peace treaty), Allah (also) brought them

down from their fortresses and filled their hearts with the fear (of Islam). You kill a party of them (for their war crimes), and make the other party prisoners of war.

وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضاً لَّمْ تَطَؤُوهَا وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيراً **(27)**

ترجمہ: اور اس نے تمہیں ان (جنگی دشمنوں) کی زمین کا اور ان کے گھروں کا اور ان کے اموال کا اور اس (مفتوحہ) زمین کا جس میں تم نے (پہلے) قدم بھی نہ رکھا تھا مالک بنا دیا، اور اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

And He made you the owners of the land, the houses and the wealth and the properties of these (war enemies) and the (captured) territory where you had not even stepped in (before). And Allah has Absolute Power over everything.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ إِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحاً جَمِيلاً **(28)**

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) اپنی اَزواج سے فرما دیں کہ اگر تم دنیا اور اس کی زینت و آرائش کی خواہش مند ہو تو آؤ میں تمہیں مال و متاع دے دوں اور تمہیں حسنِ سلوک کے ساتھ رخصت کر دوں o

O (Esteemed) Prophet! Say to your wives: 'If you long for the world and its glitter, then come! I shall make a provision for you and set you free in a handsome manner.

وَإِن كُنتُنَّ تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنكُنَّ أَجْراً عَظِيماً **(29)**

ترجمہ: اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور دارِ آخرت کی طلب گار ہو تو بے شک اللہ نے تم میں نیکوکار بیبیوں کے لیے بہت بڑا اَجر تیار فرما رکھا ہےo

But if you long for Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the abode of the Hereafter, then surely Allah has prepared for the pious amongst you a tremendous reward.'

يَا نِسَاء النَّبِيِّ مَن يَأْتِ مِنكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُضَاعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيراً **(30)**

ترجمہ: اے اَزواجِ نبیِ (مکرّم!) تم میں سے کوئی ظاہری معصیت کی مرتکب ہو تو اس کے لیے عذاب دوگنا کر دیا جائے گا، اور یہ اللہ پر بہت آسان ہےo

O wives of the (Esteemed) Prophet! Whoever of you commits an obvious indecency, the torment for her will be doubled, and that is very easy for Allah.

وَمَن يَقْنُتْ مِنكُنَّ لِلَّهِ وَرَسُولِهِ وَتَعْمَلْ صَالِحاً نُّؤْتِهَا أَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ وَأَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقاً كَرِيماً **(31)**

ترجمہ: اور تم میں سے جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت گزار رہیں اور نیک اعمال کرتی رہیں تو ہم ان کا ثواب (بھی) انہیں دوگنا دیں گے اور ہم نے اُن کے لیے (جنّت میں) باعزّت رزق تیار کر رکھا ہےo

And those of you who remain obedient to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and persist in pious works, We shall give them double

of their reward and We have prepared for them honourable sustenance (in Paradise).

يَا نِسَاء النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاء إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهِ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلاً مَّعْرُوفاً **(32)**

ترجمہ: اے اَزواجِ پیغمبر! تم عورتوں میں سے کسی ایک کی بھی مِثل نہیں ہو، اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو (مَردوں سے حسبِ ضرورت) بات کرنے میں نرم لہجہ اختیار نہ کرنا کہ جس کے دل میں (نِفاق کی) بیماری ہے (کہیں) وہ لالچ کرنے لگے اور (ہمیشہ) شک اور لچک سے محفوظ بات کرنا o

O wives of the Messenger! You are not the like of any of the womenfolk. If you want to remain pious and Godfearing, then be not soft in your speech (whilst talking to men as and when required) lest someone whose heart is diseased (with hypocrisy) should feel inclined with desire. And (always) say words that are pure of any taint of doubt and flexibility.

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَى وَأَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِيْنَ الزَّكَاةَ وَأَطِعْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً **(33)**

ترجمہ: اور اپنے گھروں میں سکون سے قیام پذیر رہنا اور پرانی جاہلیت کی طرح زیب و زینت کا اظہار مت کرنا، اور نماز قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت گزاری میں رہنا، بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) اہلِ بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا میل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے o

And remain in your houses with calm and peace and do not display adornment like that of the days of ignorance and establish prayer and pay Zakat (the Alms-due) and keep obeying Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). Allah only intends to remove all the impurity of sins from you, O People of the House (of the Prophet, [even a doubt or trace of shortcoming]) and make you absolutely pure and clean by blessing you with (perfect) purity and wholesomeness.

وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَى فِيْ بُيُوتِكُنَّ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ وَالْحِكْمَةِ إِنَّ اللَّهَ كَانَ لَطِيفاً خَبِيراً **(34)**

ترجمہ: اور تم اللہ کی آیتوں کو اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) سنت و حکمت کو جن کی تمہارے گھروں میں تلاوت کی جاتی ہے یاد رکھا کرو، بے شک اللہ (اپنے اولیاء کے لیے) صاحبِ لُطف (اور ساری مخلوق کے لیے) خبردار ہے o

And always remember the Revelations of Allah and the tradition and wisdom (of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) which are recited in your homes. Surely, Allah is the Master of subtleties (for His favourite servants-Awliya') and Well Aware (of all His Creation).

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِيْ آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّا أَفَاء اللَّهُ عَلَيْكَ وَبَنَاتِ عَمِّكَ

وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَأَةً مُّؤْمِنَةً إِن وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَن يَسْتَنكِحَهَا خَالِصَةً لَّكَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (50)

ترجمہ: اے نبی! بے شک ہم نے آپ کے لیے آپ کی وہ بیویاں حلال فرما دی ہیں جن کا مہر آپ نے ادا فرما دیا ہے اور جو (احکامِ الٰہی کے مطابق) آپ کی مملوک ہیں، جو اللہ نے آپ کو مالِ غنیمت میں عطا فرمائی ہیں، اور آپ کے چچا کی بیٹیاں، اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں، اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں، جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی ہے اور کوئی بھی مؤمنہ عورت بشرطیکہ وہ اپنے آپ کو نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح) کے لیے دے دے اور نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اسے اپنے نکاح میں لینے کا ارادہ فرمائیں (تو یہ سب آپ کے لیے حلال ہیں)، (یہ حکم) صرف آپ کے لیے خاص ہے (امّت کے) مومنوں کے لیے نہیں، واقعی ہمیں معلوم ہے جو کچھ ہم نے اُن (مسلمانوں) پر اُن کی بیویوں اور ان کی مملوکہ باندیوں کے بارے میں فرض کیا ہے، (مگر آپ کے حق میں تعدّدِ ازواج کی حِلّت کا خصوصی حکم اِس لیے ہے) تاکہ آپ پر (امتّ میں تعلیم وتربیتِ نسواں کے وسیع انتظام میں) کوئی تنگی نہ رہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

O Prophet! Surely, We have made lawful for you those of your wives whom you have paid their dower, and those who are in your possession (according to Allah's commandments) whom Allah has given you as spoils of war, and the daughters of your paternal uncles, and the daughters of your paternal aunts, and the daughters of your maternal uncles, and the daughters of your maternal aunts who have emigrated with you, and any other believing woman who dedicates herself to the Holy Prophet (for marriage), provided the Holy Prophet (too) has the intention to marry her (so all these are lawful for you. This command is) exclusively for you, not for other believers (of the Umma [Community]). Indeed, We know best what We have prescribed for them (the Muslims) concerning their wives and the slave girls they possess. (But this exclusive command for lawfulness of number of wives in your respect has been given) so that there remains no difficulty for you (in making elaborate arrangements for the education and training of the women of the Muslim Umma [community]). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

تُرْجِي مَن تَشَاء مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَن تَشَاء وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ذَلِكَ أَدْنَى أَن تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيماً حَلِيماً (51)

ترجمہ: (اے حبیب! آپ کو اختیار ہے) ان میں سے جس (زوجہ) کو چاہیں (باری میں) مؤخّر رکھیں اور جسے چاہیں اپنے پاس (پہلے) جگہ دیں، اور جن سے آپ نے (عارضی) کنارہ کشی اختیار فرما رکھی تھی آپ انہیں (اپنی قربت کے لیے) طلب فرما لیں تو آپ پر کچھ مضائقہ نہیں، یہ اس کے قریب تر ہے کہ ان کی آنکھیں (آپ کے دیدار سے) ٹھنڈی ہوں گی اور وہ غمگین نہیں رہیں گی اور وہ سب اس سے راضی رہیں گی جو کچھ آپ نے انہیں عطا فرما دیا ہے، اور اللہ جانتا ہے جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ

خوب جاننے والا بڑا حلم والا ہےo

(O Prophet! You have a choice) to postpone (the turn of) any (wife) whom you may please from amongst your wives, and keep with you (any of them on priority) whom you may please. And there is no blame on you if you desire her (to be with you) from whom you kept distance (for a while). This makes possible for them cooling their eyes (by seeing you) and they will not remain grieved and they will all feel pleased and delighted for what you have blessed them with. And Allah knows best what is in your hearts and Allah is All-Knowing, Forbearing.

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاء مِن بَعْدُ وَلَا أَن تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيباً **(52)**

ترجمہ: اس کے بعد (کہ انہوں نے دنیوی منفعتوں پر آپ کی رضا و خدمت کو ترجیح دے دی ہے) آپ کے لیے بھی اور عورتیں (نکاح میں لینا) حلال نہیں (تاکہ یہی اَزواج اپنے شرف میں ممتاز رہیں) اور یہ بھی جائز نہیں کہ (بعض کی طلاق کی صورت میں اس عدد کو ہمارا حکم سمجھ کر برقرار رکھنے کے لیے) آپ ان کے بدلے دیگر اَزواج (عقد میں) لے لیں اگرچہ آپ کو ان کا حُسنِ (سیرت و اخلاق اور اشاعتِ دین کا سلیقہ) کتنا ہی عمدہ لگے مگر جو کنیز (ہمارے حکم سے) آپ کی مِلک میں ہو (جائز ہے)، اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہےo

After that (they have preferred your pleasure and your service to the worldly benefits), it is not lawful for you also (to marry) more women (so that these wives alone may enjoy the distinction of their glory). Nor is it lawful that (in case of divorce to some and regarding it Our command to maintain the present number of wives) you take (into marriage) other wives in their place, even though their beauty (of behaviour, moral conduct and style of preaching Din [Religion]) may seem to you pleasingly excellent. But the slave girl that is in your possession (by Our command is lawful). And Allah is Ever-Watchful over everything.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِينَ إِنَاهُ وَلَكِنْ إِذَا دُعِيتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيثٍ إِنَّ ذَلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِي مِنكُمْ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعاً فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاء حِجَابٍ ذَلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَداً إِنَّ ذَلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيماً **(53)**

ترجمہ: اے ایمان والو! نبیِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو سوائے اس کے کہ تمہیں کھانے کے لیے اجازت دی جائے (پھر وقت سے پہلے پہنچ کر) کھانا پکنے کا انتظار کرنے والے نہ بنا کرو، ہاں جب تم بلائے جاؤ تو (اس وقت) اندر آیا کرو پھر جب کھانا کھا چکو تو (وہاں سے اُٹھ کر) فوراً منتشر ہو جایا کرو اور وہاں باتوں میں دل لگا کر بیٹھے رہنے والے نہ بنو۔ یقیناً تمہارا ایسے (دیر تک بیٹھے) رہنا نبیِ (اکرم) کو تکلیف دیتا ہے اور وہ تم سے (اُٹھ جانے کا کہتے ہوئے) شرماتے ہیں اور اللہ

حق (بات کہنے) سے نہیں شرماتا، اور جب تم اُن (اَزواجِ مطّہرات) سے کوئی سامان مانگو تو اُن سے پسِ پردہ پوچھا کرو، یہ (ادب) تمہارے دلوں کے لیے اور ان کے دلوں کے لیے بڑی طہارت کا سبب ہے، اور تمہارے لیے (ہرگز جائز) نہیں کہ تم رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو تکلیف پہنچاؤ اور نہ یہ (جائز) ہے کہ تم اُن کے بعد ابد تک اُن کی اَزواجِ (مطّہرات) سے نکاح کرو، بے شک یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا (گناہ) ہےo

O believers! Do not enter the houses of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) unless permission is granted to you for a meal. Nor (reach so early as to) wait for the cooking of the meal. But when you are invited, then enter (at that time). Then, when you have eaten the meal, (get up from there and) disperse without delay, and do not linger on in eagerness for talk. Surely, your (sitting for long in this) manner discomforts the Holy Prophet (blessings and peace be upon him); and he feels reluctant to (ask) you (to leave), but Allah does not hesitate in (saying) the truth. And when you ask them (the pure wives) for something, ask them from behind a curtain. This (regard and nice manner) causes great purity for your hearts and for their hearts. And it is not (at all lawful) for you that you cause inconvenience to the Holy Messenger of Allah (blessings and peace be upon him), nor is this (lawful) that you marry his (pure) wives after him, till the end of time. Surely, it is the most grievous sin in the sight of Allah.

إِن تُبْدُوا شَيْئاً أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (54)

ترجمہ: خواہ تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

Whether you disclose something or conceal it, Allah is certainly the Most Perfect Knower of everything.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلَابِيبِهِنَّ ذَلِكَ أَدْنَى أَن يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (59)

ترجمہ: اے نبی! اپنی بیویوں اور اپنی صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دیں کہ (باہر نکلتے وقت) اپنی چادریں اپنے اوپر اوڑھ لیا کریں، یہ اس بات کے قریب تر ہے کہ وہ پہچان لی جائیں (کہ یہ پاک دامن آزاد عورتیں ہیں) پھر انہیں (آوارہ باندیاں سمجھ کر غلطی سے) ایذاء نہ دی جائے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

O Prophet! Say to your wives, your daughters and the women of believers that, (whilst going out,) they should draw their veils as coverings over them. It is more likely that this way they may be recognized (as pious, free women), and may not be hurt (considered by mistake as roving slave girls). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ التحریم:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (1)

ترجمہ: اے نبیؐ (مکرّم!) آپ خود کو اس چیز (یعنی شہد کے نوش کرنے) سے کیوں منع فرماتے ہیں جسے اللہ نے آپ کے لیے حلال فرما رکھا ہے؟ آپ اپنی ازواج کی (کس قدر) دل جوئی فرماتے ہیں! اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O (Esteemed) Prophet! Why do you forbid yourself (taking honey) which Allah has made lawful for you? (How well) you seek to please your wives! And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

قَدْ فَرَضَ اللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللَّهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ (2)

ترجمہ: (اے مومنو!) بے شک اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کا (کفارہ دے کر) کھول ڈالنا مقرر فرما دیا ہے۔ اور اللہ تمہارا مددگار و کارساز ہے، اور وہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

(O believers!) Indeed, Allah has prescribed for you how to dissolve your oaths (by atonement). And Allah is your Helper and Protector. And He is All-Knowing, Most Wise.

وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ وَأَظْهَرَهُ اللَّهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهُ وَأَعْرَضَ عَن بَعْضٍ فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنبَأَكَ هَذَا قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ (3)

ترجمہ: اور جب نبیء (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اپنی ایک زوجہ سے ایک رازدارانہ بات ارشاد فرمائی، پھر جب وہ اُس (بات) کا ذکر کر بیٹھیں اور اللہ نے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اسے ظاہر فرما دیا تو نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے انہیں اس کا کچھ حصہ جتا دیا اور کچھ حصہ (بتانے) سے چشم پوشی فرمائی، پھر جب نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے انہیں اِس کی خبر دے دی (کہ آپ راز اِفشاء کر بیٹھی ہیں) تو وہ بولیں: آپ کو یہ کس نے بتا دیا ہے؟ نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے فرمایا کہ مجھے بڑے علم والے بڑی آگاہی والے (رب) نے بتا دیا ہےo

And when the Prophet (blessings and peace be upon him) secretly disclosed a matter to one of his wives, but when she mentioned it and Allah made it known to the Prophet (blessings and peace be upon him), then the Prophet reminded her of some part of it and overlooked (to inform) the rest of it. Then when the Prophet (blessings and peace be upon him) informed her of it (that she had disclosed that secret), she said: 'Who has told you of that?' The Prophet (blessings and peace be upon him) said: 'The All-Knowing, All-Aware (Lord) has told me.'

إِن تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا وَإِن تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَلِكَ ظَهِيرٌ (4)

ترجمہ: اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو (تو تمہارے لیے بہتر ہے) کیونکہ تم دونوں کے دل (ایک ہی بات کی طرف)

جھک گئے ہیں، اگر تم دونوں نے اس بات پر ایک دوسرے کی اعانت کی (تو یہ نبی مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے باعثِ رنج ہوسکتا ہے) سو بے شک اللہ ہی اُن کا دوست و مددگار ہے، اور جبریل اور صالح مومنین بھی اور اس کے بعد (سارے) فرشتے بھی (اُن کے) مددگار ہیںo

If you both turn to Allah in repentance, (that is better for you) because the hearts of both of you have inclined (towards the same), but if you help one another in this matter (that may annoy the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]). So surely Allah is the One Who is his Friend and Helper and Jibril (Gabriel) and the most pious believers and after them (all) angels too are (his) helpers.

عَسَى رَبُّهُ إِن طَلَّقَكُنَّ أَن يُبْدِلَهُ أَزْوَاجاً خَيْراً مِّنكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُّؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَاراً **(5)**

ترجمہ: اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو عجب نہیں کہ اُن کا رب انہیں تم سے بہتر ازواج بدلہ میں عطا فرما دے (جو) فرمانبردار، ایماندار، اطاعت گزار، توبہ شعار، عبادت گزار، روزہ دار، (بعض) شوہر دیدہ اور (بعض) کنواریاں ہوں گیo

If he divorces you, then it may well be that your Lord will give him in your place better wives than yourselves (who) will be obedient, true believers, submissive, penitent, worshippers, given to fasting, (some) formerly married and (some) virgins.

15۔ صحابہ کرامؓ کا ذکر

سورۃ الانفال:

وَاذْكُرُواْ إِذْ أَنتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُونَ فِي الأَرْضِ تَخَافُونَ أَن يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَآوَاكُمْ وَأَيَّدَكُم بِنَصْرِهِ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (26)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کرو) جب تم (مکی زندگی میں عدداً) تھوڑے (یعنی اَقلیّت میں) تھے ملک میں دبے ہوئے تھے (یعنی معاشی طور پر کمزور اور استحصال زدہ تھے) تم اس بات سے (بھی) خوفزدہ رہتے تھے کہ (طاقتور) لوگ تمہیں اچک لیں گے (یعنی سماجی طور پر بھی تمہیں آزادی اور تحفظ حاصل نہ تھا) پس (ہجرتِ مدینہ کے بعد) اس (اللہ) نے تمہیں (آزاد اور محفوظ) ٹھکانا عطا فرما دیا اور (اسلامی حکومت و اقتدار کی صورت میں) تمہیں اپنی مدد سے قوت بخش دی اور (مواخات، اَموالِ غنیمت اور آزاد معیشت کے ذریعے) تمہیں پاکیزہ چیزوں سے روزی عطا فرما دی تاکہ تم اللہ کی بھرپور بندگی کے ذریعے اس کا) شکر بجا لاسکو○

And (call to mind the time) when (numerically) you were small (i.e., in the minority, in the Meccan period,) and oppressed in the country (i.e., economically unstable and victims of exploitation). You were (also) afraid that (the powerful) people would snatch you away (i.e., socially too you were neither free nor secure). So, (after migration to Medina,) He (Allah) provided for you a free and secure abode, and strengthened you with His help (through Islamic rule and power) and supplied you with sustenance of pure and wholesome things (through brotherhood, spoils of war and a free economy) so that you may give thanks to Allah (by means of absolute submission to Allah's commands).

إِذْ أَنتُم بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُم بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوَى وَالرَّكْبُ أَسْفَلَ مِنكُمْ وَلَوْ تَوَاعَدتُّمْ لاَخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعَادِ وَلَـكِن لِّيَقْضِيَ اللّهُ أَمْراً كَانَ مَفْعُولاً لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَن بَيِّنَةٍ وَيَحْيَى مَنْ حَيَّ عَن بَيِّنَةٍ وَإِنَّ اللّهَ لَسَمِيعٌ عَلِيمٌ (42)

ترجمہ: جب تم (مدینہ کی جانب) وادی کے قریبی کنارے پر تھے اور وہ (کفّار دوسری جانب) دور والے کنارے پر تھے اور (تجارتی) قافلہ تم سے نیچے تھا، اور اگر تم آپس میں (جنگ کے لیے) کوئی وعدہ کر لیتے تو ضرور (اپنے) وعدہ سے مختلف (وقتوں میں) پہنچتے لیکن (اللہ نے تمہیں بغیر وعدہ ایک ہی وقت پر جمع فرما دیا) یہ اس لیے (ہوا) کہ اللہ اس کام کو پورا فرما دے جو ہو کر رہنے والا تھا تاکہ جس شخص کو مرنا ہے وہ حجت (تمام ہونے) سے مرے اور جسے جینا ہے وہ حجت (تمام ہونے) سے جیئے (یعنی ہر کسی کے سامنے اسلام اور رسول برحق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت پر حجت قائم ہو جائے)، اور بے شک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے○

(Remember) when you were on the nearer bank of the valley (the Medina side) and they (the disbelievers) were on the farther bank (the other side) and (the mercantile) caravan was below you; and had you made some mutual appointment (to fight), you would certainly have reached there (at the timings)

different from (your) appointment. (But Allah brought you face to face, at the same time, without any appointment.) This took place in order that Allah might lead that matter to completion, which was destined to happen, so that he who had to die might die (with a manifest) evidence to that effect, and he who had to survive might continue to live (with a manifest) evidence to that effect (i.e., the evidence be established for all on the veracity of Islam and the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]). Allah is surely All-Hearing, All-Knowing.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَالَّذِيْنَ آوَواْ وَّنَصَرُواْ أُوْلَـئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَلَمْ يُهَاجِرُواْ مَا لَكُم مِّن وَلاَيَتِهِم مِّن شَيْءٍ حَتَّى يُهَاجِرُواْ وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلاَّ عَلَى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيْثَاقٌ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (72)

ترجمہ: بے شک جولوگ ایمان لائے اورانہوں نے (اللہ کے لیے) وطن چھوڑ دیے اوراپنے مالوں اوراپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اورجن لوگوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی وہی لوگ ایک دوسرے کے حقیقی دوست ہیں، اور جولوگ ایمان لائے (مگر) انہوں نے (اللہ کے لیے) گھر بار نہ چھوڑے تو تمہیں ان کی دوستی سے کوئی سروکار نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اوراگر وہ دین (کے معاملات) میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر (ان کی) مدد کرنا واجب ہے مگراس قوم کے مقابلہ میں (مدد نہ کرنا) کہ تمہارے اوران کے درمیان (صلح وامن کا) معاہدہ ہو، اوراللہ ان کاموں کو جوتم کررہے ہوخوب دیکھنے والا ہے o

Indeed, those who have embraced faith and have emigrated (for the cause of Allah) and have fought in the way of Allah with their material as well as human resources, and those who have provided (the Emigrants) with shelter and helped (them), it is they who are the real friends of one another. And those who have believed (but) have not emigrated (for Allah), you do not owe anything to them for their friendship till they emigrate. And if they seek help from you in (matters of) Din (Religion), it will be your duty to help them, except against a people with whom you have a (peace) treaty. And Allah is Most Vigilant to all (the works) that you are doing.

سورۃ التوبۃ:

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنكُمْ شَيْئاً وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُم مُّدْبِرِيْنَ (25)

ترجمہ: بے شک اللہ نے بہت سے مقامات میں تمہاری مدد فرمائی اور (خصوصاً) حنین کے دن جب تمہاری (افرادی قوت کی) کثرت نے تمہیں نازاں بنادیا تھا پھر وہ (کثرت) تمہیں کچھ بھی نفع نہ دے سکی اور زمین باوجود اس کے کہ وہ فراخی رکھتی تھی، تم پر تنگ ہوگئی چنانچہ تم پیٹھ دکھاتے ہوئے پھر گئے o

Assuredly, Allah has helped you on a great many occasions, and (in particular)

on the day of Hunayn, when the superiority of your (numerical strength) exhilarated you. Then that (numerical superiority) could not prove to you of any avail, and the earth, despite its vast expanse, narrowed for you, and then you turned your backs in retreat.

ثُمَّ أَنزَلَ اللّهُ سَكِينَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَنزَلَ جُنُوداً لَّمْ تَرَوْهَا وَعذَّبَ الَّذِينَ كَفَرُواْ وَذَلِكَ جَزَاء الْكَافِرِينَ (26)

ترجمہ: پھر اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور ایمان والوں پر اپنی تسکین (رحمت) نازل فرمائی اور اس نے (ملائکہ کے ایسے) لشکر اتارے جنہیں تم نہ دیکھ سکے اور اس نے ان لوگوں کو عذاب دیا جو کفر کر رہے تھے، اور یہی کافروں کی سزا ہےo

Allah then sent down His tranquillity (i.e., mercy) upon His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers and sent down (such) armies (of angels) that you could not see. And He tormented those who were engaged in disbelief; and that is the punishment of the disbelievers.

ثُمَّ يَتُوبُ اللّهُ مِن بَعْدِ ذَلِكَ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (27)

ترجمہ: پھر اللہ اس کے بعد بھی جس کی چاہتا ہے توبہ قبول فرماتا ہے (یعنی اسے توفیقِ اسلام اور توجہِ رحمت سے نوازتا ہے)، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

Then even after this, Allah accepts repentance of the one He wills (i.e., He blesses him with an aptness for Islam and His Merciful Eye). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِلاَّ تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُواْ ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لاَ تَحْزَنْ إِنَّ اللّهَ مَعَنَا فَأَنزَلَ اللّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُواْ السُّفْلَى وَكَلِمَةُ اللّهِ هِيَ الْعُلْيَا وَاللّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ(40)

ترجمہ: اگر تم ان کی (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلبۂ اسلام کی جدوجہد میں) مدد نہ کرو گے (تو کیا ہوا) سو بے شک اللہ نے ان کو (اس وقت بھی) مدد سے نوازا تھا جب کافروں نے انہیں (وطنِ مکہ سے) نکال دیا تھا درآنحالیکہ وہ دو (ہجرت کرنے والوں) میں سے دوسرے تھے جبکہ دونوں (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) غارِ (ثور) میں تھے جب وہ اپنے ساتھی (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) سے فرما رہے تھے: غمزدہ نہ ہو بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے، پس اللہ نے ان پر اپنی تسکین نازل فرما دی اور انہیں (فرشتوں کے) ایسے لشکروں کے ذریعہ قوت بخشی جنہیں تم نہ دیکھ سکے اور اس نے کافروں کی بات کو پست و فروتر کر دیا، اور اللہ کا فرمان تو (ہمیشہ) بلند و بالا ہی ہے، اور اللہ غالب، حکمت والا ہےo

If you do not help him (the Holy Messenger of Allah in the struggle for the dominance of Islam, then what!). Indeed, Allah helped him (also at the time) when the disbelievers drove him away (from Mecca, his homeland,) whilst he was the second of the two (emigrants). Both (the Messenger [blessings and

peace be upon him] and Abu Bakr) were in the cave (of Mount Thawr) when he said to his Companion (Abu Bakr): 'Do not grieve. Allah is surely with us.' So, Allah sent down His serenity upon him, and strengthened him by means of such armies (of angels) that you could not see, and He made the word of the disbelievers the lowermost, and Allah's Word is (always) the uppermost and exalted. And Allah is Almighty, Most Wise.

لَـكِنِ الرَّسُولُ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ مَعَهُ جَاهَدُواْ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ وَأُوْلَـئِكَ لَهُمُ الْخَيْرَاتُ وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (88)

ترجمہ: لیکن رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہیں اور انہی لوگوں کے لیے سب بھلائیاں ہیں اور وہی لوگ مراد پانے والے ہیں o

But the Messenger (blessings and peace be upon him) and those who believed with him fight in the cause of Allah with their material and human resources. And for them are all good things, and they are the ones who will achieve their goal.

أَعَدَّ اللّهُ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (89)

ترجمہ: اللہ نے ان کے لیے جنتیں تیار فرما رکھی ہیں جن کے نیچے سے نہریں جاری ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، یہی بہت بڑی کامیابی ہے o

Allah has prepared for them Gardens beneath which streams flow. They are their permanent residents. This indeed is a colossal achievement.

وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّهُ عَنْهُمْ وَرَضُواْ عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (100)

ترجمہ: اور مہاجرین اور ان کے مددگار (انصار) میں سے سبقت لے جانے والے، سب سے پہلے ایمان لانے والے اور درجۂ احسان کے ساتھ اُن کی پیروی کرنے والے، اللہ ان (سب) سے راضی ہو گیا اور وہ (سب) اس سے راضی ہو گئے اور اس نے ان کے لیے جنتیں تیار فرما رکھی ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں، یہی زبردست کامیابی ہے o

And the Emigrants and their Supporters (Ansar), the vanguard of the believers, and those who follow them in the grade of spiritual excellence-Allah is well-pleased with them (all) and they (all) are well-pleased with Him. And He has prepared for them Gardens with rivers flowing under them. They will live in them forever. This is indeed a colossal achievement.

وَمِمَّنْ حَوْلَكُم مِّنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مَرَدُواْ عَلَى النِّفَاقِ لاَ تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ سَنُعَذِّبُهُم مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ إِلَى عَذَابٍ عَظِيْمٍ (101)

ترجمہ: اور (مسلمانو!) تمہارے گرد و نواح کے دیہاتی گنواروں میں بعض منافق ہیں اور بعض باشندگانِ مدینہ بھی، یہ لوگ نفاق پر اڑے ہوئے ہیں، آپ انہیں (اب تک) نہیں جانتے، ہم انہیں جانتے ہیں (بعد میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی جملہ منافقین کا

علم اور معرفت عطا کر دی گئی)۔عنقریب ہم انہیں دو مرتبہ (دنیا ہی میں) عذاب دیں گے☆ پھر وہ (قیامت میں) بڑے عذاب کی طرف پلٹائے جائیں گےo

☆ایک بار جب ان کی پہچان کرا دی گئی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبۂ جمعہ کے دوران ان منافقین کو نام لے لے کر مسجد سے نکال دیا، یہ پہلا عذاب بصورتِ ذلت و رسوائی تھا؛ اور دوسرا عذاب بصورتِ ہلاکت و مُقاتلہ ہوا جس کا حکم بعد میں آیا۔

And, (O Muslims,) some amongst the nomad villagers around you and some citizens of Medina as well are hypocrites. They are adamant about hypocrisy. (So far) you know them not; We know them. (Later, the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] was also given the knowledge and awareness of all the hypocrites.) Soon shall We torment them twice* (here in this world). Then they will be turned towards a greater torment (on the Day of Rising).

*** Firstly, they were identified and the Holy Messenger (blessings and peace be upon him) expelled them from the Mosque pointing them out by name during his Friday address. This was the first torment in the form of humiliation and ignominy. Secondly, they were punished through fighting and killings, for which the command came later.**

خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (103)

ترجمہ: آپ ان کے اموال میں سے صدقہ (زکوٰۃ) وصول کیجئے کہ آپ اس (صدقہ) کے باعث انہیں (گناہوں سے) پاک فرما دیں اور انہیں (ایمان و مال کی پاکیزگی سے) برکت بخش دیں اور ان کے حق میں دعا فرمائیں، بے شک آپ کی دعا ان کے لیے (باعثِ) تسکین ہے، اور اللہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

Collect alms (Zakat-the Alms-due) from their wealth so that by these (alms) you may purify them (of their sins) and (by this purification of faith and riches) bestow upon them blessing and pray for them. Surely, your prayer is a (source of) delightful calm for them. And Allah is All-Hearing, All-Knowing.

وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ وَسَتُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (105)

ترجمہ: اور فرما دیجیے: تم عمل کرو، سو عنقریب تمہارے عمل کو اللہ (بھی) دیکھ لے گا اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اور اہلِ ایمان (بھی)، اور تم عنقریب ہر پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والے (رب) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، سو وہ تمہیں ان اعمال سے خبردار فرما دے گا جو تم کرتے رہتے تھےo

And say: 'Work. Allah as well as His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers (too) will soon see your work. And you will shortly be returned to (the Lord) Who knows everything veiled and unveiled. So He will inform you of the works that you used to do.'

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ أَن يَسْتَغْفِرُواْ لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُواْ أُوْلِيْ قُرْبَى مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ (113)

ترجمہ: نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور ایمان والوں کی شان کے لائق نہیں کہ مشرکوں کے لیے دعائے مغفرت کریں اگرچہ وہ قرابت دار ہی ہوں اس کے بعد کہ ان کے لیے واضح ہو چکا کہ وہ (مشرکین) اہلِ جہنم ہیں o

It is not the glory of the Prophet (blessings and peace be upon him) and the dignity of the believers that they pray for the forgiveness of the polytheists, even though they are kindred, after it has become clear to them that they (the polytheists) are the inmates of Hell.

لَقَد تَّابَ اللهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ وَالأَنصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِن بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ إِنَّهُ بِهِمْ رَؤُوفٌ رَّحِيْمٌ(117)

ترجمہ: یقیناً اللہ نے نبی (معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر رحمت سے توجہ فرمائی اور ان مہاجرین اور انصار پر (بھی) جنہوں نے (غزوۂ تبوک کی) مشکل گھڑی میں (بھی) آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کی اس (صورتِ حال) کے بعد کہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک گروہ کے دل پھر جاتے، پھر وہ ان پر لطف و رحمت سے متوجہ ہوا، بے شک وہ ان پر نہایت شفیق، نہایت مہربان ہے o

Surely, Allah turned in His mercy towards the Prophet (blessings and peace be upon him) and (also) towards the Emigrants and the Helpers who followed him (even) in the hour of distress (of the battle of Tabuk), after (the situation emerged wherein) the hearts of a party of them had nearly deviated. Then He turned towards them with bestowal and mercy. Allah is indeed Most Compassionate and Ever-Merciful towards them.

وَعَلَى الثَّلاَثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُواْ حَتَّى إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ أَنفُسُهُمْ وَظَنُّواْ أَن لاَّ مَلْجَأَ مِنَ اللّهِ إِلاَّ إِلَيْهِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوبُواْ إِنَّ اللّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ (118)

ترجمہ: اور ان تینوں شخصوں پر (بھی نظرِ رحمت فرما دی) جن (کے فیصلہ) کو مؤخر کیا گیا تھا یہاں تک کہ جب زمین باوجود کشادگی کے ان پر تنگ ہوگئی اور (خود) ان کی جانیں (بھی) ان پر دوبھر ہوگئیں اور انہیں یقین ہوگیا کہ اللہ (کے عذاب) سے پناہ کا کوئی ٹھکانا نہیں بجز اس کی طرف (رجوع کے)، تب اللہ ان پر لطف و کرم سے مائل ہوا تاکہ وہ (بھی) توبہ و رجوع پر قائم رہیں، بے شک اللہ ہی بڑا توبہ قبول فرمانے والا، نہایت مہربان ہے o

And (He also turned towards) those three persons (with merciful compassion) whose (decision) was deferred until, when the earth, despite all its vastness, closed in upon them, and their (own) souls (too) became cumbersome for them, and they knew for sure that there is no refuge from (the torment of) Allah except in (turning towards) Him. Allah then inclined towards them in bestowal and kindness so that they (too) might persevere with repentance and inclination. Surely, Allah is the One Who is Most Relenting, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ اتَّقُواْ اللّهَ وَكُونُواْ مَعَ الصَّادِقِيْنَ (119)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور اہلِ صدق (کی معیت) میں شامل رہوo

O believers! Fear Allah persistently, and remain in the (company) of those who uphold the truth.

سورۃ النحل:

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُواْ فِيْ اللّهِ مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُواْ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَلَأَجْرُ الآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُواْ يَعْلَمُونَ (41)

ترجمہ: اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی اس کے بعد کہ ان پر (طرح طرح کے) ظلم توڑے گئے تو ہم ضرور انہیں دنیا (ہی) میں بہتر ٹھکانا دیں گے، اور آخرت کا اجر تو یقیناً بہت بڑا ہے، کاش! وہ (اس راز کو) جانتے ہوتےo

And those who emigrated after they had been subjected to (different kinds of) torture and brutality, We will certainly provide them with a better abode in this (very) world. And the reward in the Hereafter is certainly greater. Would that they knew (this secret);

الَّذِيْنَ صَبَرُواْ وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ(42)

ترجمہ: جن لوگوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر توکل کیے رکھتے ہیںo

Those who remain steadfast and put their trust in their Lord!

سورۃ الحج:

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوا فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ مَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّهُ رِزْقاً حَسَناً وَإِنَّ اللّهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ (58)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (وطن سے) ہجرت کی پھر قتل کر دیے گئے یا (راہِ حق کی مصیبتیں جھیلتے جھیلتے) مر گئے تو اللہ انہیں ضرور رزقِ حسن (یعنی اُخروی عطاؤں) کی روزی بخشے گا، اور بے شک اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہےo

And those who migrated from their (homeland) in the way of Allah (and) were then slain or died (suffering from the troubles of the way), Allah shall indeed provide for them an excellent provision (of bestowals specific to the Last Day). And, verily, Allah is the Best of providers.

لَيُدْخِلَنَّهُم مُّدْخَلاً يَرْضَوْنَهُ وَإِنَّ اللّهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ (59)

ترجمہ: وہ ضرور انہیں اس جگہ (یعنی مقامِ رضوان میں) داخل فرمائے گا جس سے وہ راضی ہو جائیں گے، اور بے شک اللہ خوب جاننے والا بُردبار ہےo

He will indeed admit them to that (station of divine pleasure) they will be well pleased with. And Allah is indeed All-Knowing, Most Forbearing.

ذَلِكَ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوقِبَ بِهِ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنصُرَنَّهُ اللّهُ إِنَّ اللّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ (60)

ترجمہ: (حکم) یہی ہے، اور جس شخص نے اتنا ہی بدلہ لیا جتنی اسے اذیت دی گئی تھی پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ ضرور اس کی مدد فرمائے گا۔ بے شک اللہ درگزر فرمانے والا بڑا بخشنے والا ہےo

That is (the command). And whoever takes revenge in proportion to the torture inflicted upon him and then he is again wronged, Allah will surely help him. Allah is verily Most Forgiving, Most Pardoning.

سورۃ الاحزاب:

يَـا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَاءتْكُمْ جُنُودٌ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحاً وَجُنُوداً لَّمْ تَرَوْهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْراً **(9)**

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کا احسان یاد کرو جب (کفار کی) فوجیں تم پر آ پہنچیں، تو ہم نے ان پر ہوا اور (فرشتوں کے) لشکروں کو بھیجا جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے خوب دیکھنے والا ہےo

O believers! Recall Allah's favour to you when the forces (of disbelievers) came upon you. Then We sent wind and troops (of angels) against them whom you did not see. And Allah sees best what you do.

إِذْ جَاؤُوكُم مِّن فَوْقِكُمْ وَمِنْ أَسْفَلَ مِنكُمْ وَإِذْ زَاغَتْ الْأَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّونَ بِاللّٰهِ الظُّنُونَا **(10)**

ترجمہ: جب وہ (کافر) تمہارے اوپر (وادی کی بالائی مشرقی جانب) سے اور تمہارے نیچے (وادی کی زیریں مغربی جانب) سے چڑھ آئے تھے اور جب (ہیبت سے تمہاری) آنکھیں پھر گئی تھیں اور (دہشت سے تمہارے) دل حلقوم تک آ پہنچے تھے اور تم (خوف وامید کی کیفیت میں) اللہ کی نسبت مختلف گمان کرنے لگے تھےo

When they (the disbelievers) invaded you from above (the eastern side of the valley) and from below (the western side of the valley), and when (your) eyes were distracted (with terror), and (your) hearts rose up to your throats (with horror), and you began to think various uncertainties about Allah (in a state of fear and hope),

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُونَ وَزُلْزِلُوا زِلْزَالاً شَدِيْداً **(11)**

ترجمہ: اُس مقام پر مومنوں کی آزمائش کی گئی اور انہیں نہایت سخت جھٹکے دیئے گئےo

At that stage, the believers were put to trial and were shaken with mighty jolts.

وَلَـمَّـا رَأَى الْـمُؤْمِنُونَ الْأَحْزَابَ قَالُوا هَذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ وَمَا زَادَهُمْ إِلَّا إِيْمَاناً وَتَسْلِيْماً **(22)**

ترجمہ: اور جب اہلِ ایمان نے (کافروں کے) لشکر دیکھے تو بول اٹھے کہ یہ ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے وعدہ فرمایا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا ہے، سو اس (منظر) سے ان کے ایمان اور اطاعت گزاری میں اضافہ ہی ہواo

And when the believers saw the armies (of disbelievers), they said: 'This is what Allah and His Messenger promised us, and Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have spoken the truth.' So this (spectacle) increased their faith and their commitment to submission to Allah.

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُم مَّن قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيْلاً **(23)**

ترجمہ: مومنوں میں سے (بہت سے) مَردوں نے وہ بات سچ کر دکھائی جس پر انہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا، پس ان میں سے

کوئی (تو شہادت پا کر) اپنی نذر پوری کر چکا ہے اور ان میں سے کوئی (اپنی باری کا) انتظار کر رہا ہے، مگر انہوں نے (اپنے عہد میں) ذرا بھی تبدیلی نہیں کی o

Amongst the believers (a great number of) men proved true what covenant they made with Allah. Of them is someone who has fulfilled his vow (by attaining to martyrdom), and of them is someone who is waiting (for his turn). But they have not changed (their covenant) in the least,

لِيَجْزِيَ اللَّهُ الصَّادِقِينَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِن شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُوراً رَّحِيماً **(24)**

ترجمہ: (یہ) اس لیے کہ اللہ سچے لوگوں کو ان کی سچائی کا بدلہ دے اور منافقوں کو چاہے تو عذاب دے یا ان کی توبہ قبول فرما لے۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہے o

That Allah may reward the truthful for their truth and may torment the hypocrites if He wills or may accept their repentance. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْراً وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيّاً عَزِيزاً **(25)**

ترجمہ: اور اللہ نے کافروں کو ان کے غصّہ کی جلن کے ساتھ (مدینہ سے نامراد) واپس لوٹا دیا کہ وہ کوئی کامیابی نہ پا سکے، اور اللہ ایمان والوں کے لیے جنگِ (احزاب) میں کافی ہو گیا، اور اللہ بڑی قوت والا عزت والا ہے o

And Allah repulsed the disbelievers (from Medina, defeated,) with the burning of their rage, for they failed to achieve any success. And Allah was Sufficient for the believers in the battle (of al-Ahzab [the Confederates]). And Allah is Ever-Strong, All-Powerful.

وَأَنزَلَ الَّذِينَ ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِي قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقاً تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقاً **(26)**

ترجمہ: اور (بنو قریظہ کے) جن اہلِ کتاب نے (اپنا معاہدۂ اَمن توڑ کر) ان (حملہ آور کفار) کی مدد کی تھی اللہ نے انہیں (بھی) ان کے قلعوں سے اتار دیا اور ان کے دلوں میں (اسلام کا) رعب ڈال دیا تم (ان میں سے) ایک گروہ کو (ان کے جنگی جرائم کی پاداش میں) قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو جنگی قیدی بناتے ہو o

And the People of the Book (amongst the tribe of Banu Qurayza) who helped those (aggressors in breach of their peace treaty), Allah (also) brought them down from their fortresses and filled their hearts with the fear (of Islam). You kill a party of them (for their war crimes), and make the other party prisoners of war.

وَأَوْرَثَكُمْ أَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ وَأَرْضاً لَّمْ تَطَؤُوهَا وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيراً **(27)**

ترجمہ: اور اس نے تمہیں ان (جنگی دشمنوں) کی زمین کا اور ان کے گھروں کا اور ان کے اموال کا اور اس (مفتوحہ) زمین کا جس میں تم نے (پہلے) قدم بھی نہ رکھا تھا مالک بنا دیا، اور اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

And He made you the owners of the land, the houses and the wealth and the

properties of these (war enemies) and the (captured) territory where you had not even stepped in (before). And Allah has Absolute Power over everything.

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَن يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ وَلَكِنْ إِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوا فَإِذَا طَـعِـمْتُـمْ فَـانتَشِرُوا وَلَا مُسْتَأْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ إِنَّ ذَلِكُمْ كَانَ يُؤْذِيْ النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيِيْ مِنكُمْ وَاللَّهُ لَا يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ وَإِذَا سَـأَلْتُـمُـوهُنَّ مَتَاعاً فَاسْأَلُوهُنَّ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ ذَلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَن تَنكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِن بَعْدِهِ أَبَداً إِنَّ ذَلِكُمْ كَانَ عِندَ اللَّهِ عَظِيْماً **(53)**

ترجمہ: اے ایمان والو! نبیِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو سوائے اس کے کہ تمہیں کھانے کے لیے اجازت دی جائے (پھر وقت سے پہلے پہنچ کر) کھانا پکنے کا انتظار کرنے والے نہ بنا کرو، ہاں جب تم بلائے جاؤ تو (اس وقت) اندر آیا کرو پھر جب کھانا کھا چکو تو (وہاں سے اُٹھ کر) فوراً منتشر ہو جایا کرو اور وہاں باتوں میں دل لگا کر بیٹھے رہنے والے نہ بنو۔ یقیناً تمہارا ایسے (دیر تک بیٹھے) رہنا نبیِ (اکرم) کو تکلیف دیتا ہے اور وہ تم سے (اُٹھ جانے کا کہتے ہوئے) شرماتے ہیں اور اللہ حق (بات کہنے) سے نہیں شرماتا، اور جب تم اُن (اَزواجِ مطہرات) سے کوئی سامان مانگو تو اُن سے پسِ پردہ پوچھا کرو، یہ (ادب) تمہارے دلوں کے لیے اور ان کے دلوں کے لیے بڑی طہارت کا سبب ہے، اور تمہارے لیے (ہرگز جائز) نہیں کہ تم رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو تکلیف پہنچاؤ اور نہ یہ (جائز) ہے کہ تم اُن کے بعد ابد تک اُن کی اَزواجِ (مطہرات) سے نکاح کرو، بے شک یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا (گناہ) ہے o

O believers! Do not enter the houses of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) unless permission is granted to you for a meal. Nor (reach so early as to) wait for the cooking of the meal. But when you are invited, then enter (at that time). Then, when you have eaten the meal, (get up from there and) disperse without delay, and do not linger on in eagerness for talk. Surely, your (sitting for long in this) manner discomforts the Holy Prophet (blessings and peace be upon him); and he feels reluctant to (ask) you (to leave), but Allah does not hesitate in (saying) the truth. And when you ask them (the pure wives) for something, ask them from behind a curtain. This (regard and nice manner) causes great purity for your hearts and for their hearts. And it is not (at all lawful) for you that you cause inconvenience to the Holy Messenger of Allah (blessings and peace be upon him), nor is this (lawful) that you marry his (pure) wives after him, till the end of time. Surely, it is the most grievous sin in the sight of Allah.

سورۃ محمد:

وَيَـقُـولُ الَّـذِيْـنَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ فَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ رَأَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَأَوْلَى لَهُمْ **(20)**

ترجمہ: اور ایمان والے کہتے ہیں کہ (اپنے دفاع میں جنگ کی اِجازت سے متعلق) کوئی سورت کیوں نہیں اتاری جاتی؟ پھر جب کوئی واضح سورت نازل کی جاتی ہے اور اس میں (دفاعی) جنگ کا (صریحاً) ذکر کیا جاتا ہے تو آپ ایسے لوگوں کو جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے (اور وہ آپ کی اور مسلمانوں کی سلامتی نہیں چاہتے) ملاحظہ فرماتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف (اس طرح) دیکھتے ہیں جیسے وہ شخص دیکھتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہو رہی ہو۔ سو ان کے لیے خرابی ہے o

And the believers say why a Sura (Chapter) is not revealed (about the permission to fight in defence). But when a clear Sura is revealed and (defensive) fighting for the cause of Allah is (plainly) mentioned in it, you see those who have the disease (of hypocrisy) in their hearts (and who do not want your and the believers' safety) looking at you like someone who is fainting to death. So, for them is disaster.

سورۃ الفتح:

هُوَ الَّذِیْ أَنزَلَ السَّكِيْنَةَ فِیْ قُلُوبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوا إِيْمَاناً مَّعَ إِيْمَانِهِمْ وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيْماً حَكِيْماً (4)

ترجمہ: وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں تسکین نازل فرمائی تاکہ ان کے ایمان پر مزید ایمان کا اضافہ ہو، اور آسمانوں اور زمین کے سارے لشکر اللہ ہی کے لیے ہیں، اور اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے o

He is the One Who sent down calmness and tranquillity into the hearts of the believers so that their faith gets increased with more faith. And all the armies of the heavens and the earth belong to Allah alone. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِیْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَكَانَ ذَلِكَ عِندَ اللَّهِ فَوْزاً عَظِيْماً (5)

ترجمہ: (یہ سب نعمتیں اس لیے جمع کی ہیں) تاکہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو بہشتوں میں داخل فرمائے جن کے نیچے نہریں رواں ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور (مزید یہ کہ) وہ ان کی لغزشوں کو (بھی) ان سے دور کر دے (جیسے اس نے ان کی خطائیں معاف کی ہیں)۔ اور یہ اللہ کے نزدیک (مومنوں کی) بہت بڑی کامیابی ہے o

(All these favours are put together) so that He admits the believing men and women to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. And (moreover) He removes from them their evil actions (as He has forgiven them their mistakes)-and this is a great success (of the believers) in the sight of Allah-

إِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُونَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُونَ اللَّهَ يَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيْهِمْ فَمَن نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنكُثُ عَلَى نَفْسِهِ وَمَنْ أَوْفَى بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللَّهَ فَسَيُؤْتِيْهِ أَجْراً عَظِيْماً (10)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں، ان کے ہاتھوں پر (آپ

کے ہاتھ کی صورت میں) اللہ کا ہاتھ ہے۔ پھر جس شخص نے بیعت کو توڑا تو اس کے توڑنے کا وبال اس کی اپنی جان پر ہوگا اور جس نے (اس) بات کو پورا کیا جس (کے پورا کرنے) پر اس نے اللہ سے عہد کیا تھا تو وہ عنقریب اسے بہت بڑا اجر عطا فرمائے گاo

(O Beloved!) Indeed, those who pledge allegiance to you in fact pledge allegiance to Allah alone. Allah's hand is over their hands (in the form of your hand). Then whoever breaks his pledge breaks it only to his own harm. But he who fulfils what he has promised to Allah, He will bless him with immense reward.

سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئاً إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرّاً أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعاً بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيراً **(11)**

ترجمہ: عنقریب دیہاتیوں میں سے وہ لوگ جو (حدیبیہ میں شرکت سے) پیچھے رہ گئے تھے آپ سے (معذرتاً یہ) کہیں گے کہ ہمارے اموال اور اہل وعیال نے ہمیں مشغول کر رکھا تھا (اس لیے ہم آپ کی معیت سے محروم رہ گئے) سو آپ ہمارے لیے بخشش طلب کریں۔ یہ لوگ اپنی زبانوں سے وہ (باتیں) کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہیں۔ آپ فرما دیں کہ کون ہے جو تمہیں اللہ کے (فیصلے کے) خلاف بچانے کا اختیار رکھتا ہو اگر اس نے تمہارے نقصان کا ارادہ فرما لیا ہو یا تمہارے نفع کا ارادہ فرما لیا ہو، بلکہ اللہ تمہارے کاموں سے اچھی طرح باخبر ہےo

Soon the Bedouins who lagged behind (from participating in al-Hudaybiya) will say to you (apologetically): 'Our money matters and families kept us busy. (Therefore, we missed your company.) So ask forgiveness for us from Allah.' They utter such (words) with their tongues that are not in their hearts. Say: 'Who has the power to save you against (the decision) of Allah if He intends to do you harm, or if He intends to do you good? But Allah is Well Aware of what you do.

بَلْ ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَنقَلِبَ الرَّسُولُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَى أَهْلِيهِمْ أَبَداً وَزُيِّنَ ذَلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَكُنتُمْ قَوْماً بُوراً **(12)**

ترجمہ: بلکہ تم نے یہ گمان کیا تھا کہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اہلِ ایمان (یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم) اب کبھی بھی پلٹ کر اپنے گھر والوں کی طرف نہیں آئیں گے اور یہ (گمان) تمہارے دلوں میں (تمہارے نفس کی طرف سے) خوب آراستہ کر دیا گیا تھا اور تم نے بہت ہی برا گمان کیا، اور تم ہلاک ہونے والی قوم بن گئےo

No, in fact, you thought that the Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers (his Companions) would never return to their families now, and (your ill-commanding selves) made that (thought) seem to your hearts far fascinating. And you imagined a highly evil speculation and became a people bound to perish.'

لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحاً قَرِيباً **(18)**

ترجمہ: بے شک اللہ مومنوں سے راضی ہو گیا جب وہ (حدیبیہ میں) درخت کے نیچے آپ سے بیعت کر رہے تھے، سو جو (جذبۂ صِدق و وفا) ان کے دلوں میں تھا اللہ نے معلوم کر لیا تو اللہ نے ان (کے دلوں) پر خاص تسکین نازل فرمائی اور انہیں ایک بہت ہی قریب فتح (خیبر) کا انعام عطا کیا o

Surely, Allah was well pleased with the believers when they pledged allegiance to you under the tree (at al-Hudaybiya). So (the passion of truth and fidelity) that permeated their hearts, Allah had its knowledge and sent down an exceptional calmness and tranquillity (into their hearts, and awarded them the forthcoming victory (of Khaybar),

وَمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّأْخُذُوْنَهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا (19)

ترجمہ: اور بہت سے اموالِ غنیمت (بھی) جو وہ حاصل کر رہے ہیں، اور اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے o

And (also) the abundant spoils that they are taking and Allah is Almighty, Most Wise.

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا (20)

ترجمہ: اور اللہ نے (کئی فتوحات کے نتیجے میں) تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرمایا ہے جو تم آئندہ حاصل کرو گے مگر اس نے یہ (غنیمتِ خیبر) تمہیں جلدی عطا فرما دی اور (اہلِ مکہ، اہلِ خیبر، قبائل بنی اسد و غطفان الغرض تمام دشمن) لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیے، اور تاکہ یہ مومنوں کے لیے (آئندہ کی کامیابی و فتح یابی کی) نشانی بن جائے۔ اور تمہیں (اطمینانِ قلب کے ساتھ) سیدھے راستہ پر (ثابت قدم اور) گامزن رکھے o

And Allah has promised you abundant spoils (resulting from many victories) which you will win, but He has hastened to you this (booty of Khaybar) and has held back from you the hands of the people (of Mecca, Khaybar, Banu Asad and Ghatafan tribes and all other enemies), so that it may become a sign for the believers (of the forthcoming triumph and victory), and that He may keep you treading the straight road (firm-footed and with tranquil hearts).

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا (21)

ترجمہ: اور دوسری (مکّہ، ہوازن اور حنین سے لے کر فارس اور روم تک کی بڑی فتوحات) جن پر تم قادر نہ تھے بے شک اللہ نے (تمہارے لیے) ان کا بھی احاطہ فرما لیا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھنے والا ہے o

And other (big victories of Mecca, Hawazin and Hunayn, then Persia and Rome) over which you had no power-surely Allah has also encompassed them (for you), and Allah wields Absolute Power over everything.

وَلَوْ قَاتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا (22)

ترجمہ: اور (اے مومنو!) اگر کافر لوگ (حدیبیہ میں) تم سے جنگ (شروع) کر دیتے تو وہ ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے، پھر وہ

نہ کوئی دوست پاتے اور نہ مددگار (مگر اللہ کو معاہدۂ اَمن کے ذریعے تمہارے لیے کئی فتوحات کا دروازہ کھولنا مقصود تھا)o

And, (O believers,) if the disbelievers had (initiated war and) fought with you (at al-Hudaybiya), they would certainly have fled turning their backs and found no friend and helper. (But Allah intended to open the door of victories to you through the treaty of peace.)

سُنَّةَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلُ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلاً (23)

ترجمہ: (یہ) اللہ کی سنت ہے جو پہلے سے چلی آ رہی ہے، اور آپ اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گےo

(This) is Allah's pattern that has been established through time, and you will never find any change in the Laws of Allah.

وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُم بِبَطْنِ مَكَّةَ مِن بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيراً (24)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے سرحدِ مکّہ پر (حدیبیہ کے قریب) ان (کافروں) کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیے اس کے بعد کہ اس نے تمہیں ان (کے گروہ) پر غلبہ بخش دیا تھا۔ اور اللہ ان کاموں کو جو تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہےo

And He is the One Who held back the hands of those (disbelievers) from you and your hands from them on the frontier of Mecca (near al-Hudaybiya) after giving you the upper hand over their (party). And Allah best monitors what you do.

هُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوفاً أَن يَبْلُغَ مَحِلَّهُ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُونَ وَنِسَاء مُّؤْمِنَاتٌ لَّمْ تَعْلَمُوهُمْ أَن تَطَؤُوهُمْ فَتُصِيبَكُم مِّنْهُم مَّعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِيُدْخِلَ اللَّهُ فِي رَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ لَوْ تَزَيَّلُوا لَعَذَّبْنَا الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَاباً أَلِيماً (25)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجدِ حرام سے روک دیا اور قربانی کے جانوروں کو بھی، جو اپنی جگہ پہنچنے سے رکے پڑے رہے، اور اگر کئی ایسے مومن مرد اور مومن عورتیں (مکّہ میں موجود نہ ہوتیں) جنہیں تم جانتے بھی نہیں ہو کہ تم انہیں پامال کر ڈالو گے اور تمہیں بھی لاعلمی میں ان کی طرف سے کوئی سختی اور تکلیف پہنچ جائے گی (تو ہم تمہیں اِسی موقع پر ہی جنگ کی اجازت دے دیتے۔ مگر فتحِ مکّہ کو مؤخّر اس لیے کیا گیا) تاکہ اللہ جسے چاہے (صلح کے نتیجے میں) اپنی رحمت میں داخل فرما لے۔ اگر (وہاں کے کافر اور مسلمان) الگ الگ ہو کر ایک دوسرے سے ممتاز ہو جاتے تو ہم ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب کی سزا دیتےo

It is they who disbelieved and hindered you from the Sacred Mosque, and prevented the sacrificial animals as well that were kept from reaching their place. And had there not been many such believing men and women (present in Mecca) as you also did not know that you might crush them underfoot without knowing, and some harm and hardship might also be caused to you by them inadvertently, (We would have allowed you there and then to fight. But the victory of Mecca was delayed) so that Allah might admit to His mercy whom He willed. Had (the disbelievers and the believers there) distinguishably

drawn apart from one another, We would have punished the disbelievers with a painful torment.

إِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فِيْ قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْماً (26)

ترجمہ: جب کافر لوگوں نے اپنے دلوں میں متکبّرانہ ہٹ دھرمی رکھ لی (جو کہ) جاہلیت کی ضِد اور غیرت (تھی) تو اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور مومنوں پر اپنی خاص تسکین نازل فرمائی اور انہیں کلمہء تقوٰی پر مستحکم فرما دیا اور وہ اسی کے زیادہ مستحق تھے اور اس کے اہل (بھی) تھے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے o

Whilst the disbelievers anchored in their hearts the conceited obstinacy (which was) stubbornness and egocentricity of the days of ignorance, Allah sent down on His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers an exceptional calmness and tranquillity and made them firm on the word of Godwariness. And it is this that they were most entitled to and (also) worthy of. And Allah knows everything full well.

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِن شَاء اللّٰهُ آمِنِيْنَ مُحَلِّقِيْنَ رُؤُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ لَا تَخَافُونَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِن دُونِ ذَلِكَ فَتْحاً قَرِيْباً (27)

ترجمہ: بے شک اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو حقیقت کے عین مطابق سچا خواب دکھایا تھا کہ تم لوگ، اگر اللہ نے چاہا تو ضرور بالضرور مسجدِ حرام میں داخل ہو گے امن و امان کے ساتھ، (کچھ) اپنے سر منڈوائے ہوئے اور (کچھ) بال کتروائے ہوئے (اس حال میں کہ) تم خوفزدہ نہیں ہو گے، پس وہ (صلح حدیبیہ کو اس خواب کی تعبیر کے پیش خیمہ کے طور پر) جانتا تھا جو تم نہیں جانتے تھے سو اس نے اس (فتحِ مکہ) سے بھی پہلے ایک فوری فتح (حدیبیہ سے پلٹتے ہی فتحِ خیبر) عطا کر دی (اور اس سے اگلے سال فتحِ مکہ اور داخلۂ حرم عطا فرما دیا) o

Surely, Allah showed His Messenger (blessings and peace be upon him) the dream exactly true to the reality that, if Allah wills, you will most certainly enter the Sacred Mosque safely, (some) with heads shaved and (some) with hair cut short, (in a state of security,) having no fear. So He knew (the al-Hudaybiya treaty as a preamble to the truth of the dream) which you did not know, and gave you an immediate victory (the victory of Khaybar even before the victory of Mecca, soon after returning from al-Hudaybiya. The next year He bestowed the victory of Mecca and entry to the Sacred Mosque.)

مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ أَشِدَّاء عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاء بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَاناً سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيْلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلَى سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيْماً (29)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت اور سنگت میں ہیں (وہ) کافروں پر بہت سخت اور زور آور ہیں آپس میں بہت نرم دل اور شفیق ہیں۔ آپ انہیں کثرت سے رکوع کرتے ہوئے، سجود کرتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ (صرف) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلب گار ہیں۔ اُن کی نشانی اُن کے چہروں پر سجدوں کا اثر ہے (جو بصورتِ نور نمایاں ہے)۔ ان کے یہ اوصاف تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور ان کے (یہی) اوصاف انجیل میں (بھی مرقوم) ہیں۔ وہ (صحابہ ہمارے محبوبِ مکرّم کی) کھیتی کی طرح ہیں جس نے (سب سے پہلے) اپنی باریک سی کونپل نکالی، پھر اسے طاقتور اور مضبوط کیا، پھر وہ موٹی اور دبیز ہوگئی، پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور جب سرسبز و شاداب ہو کر لہلہائی تو) کاشتکاروں کو کیا ہی اچھی لگنے لگی (اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی طرح ایمان کے تناور درخت بنایا ہے) تاکہ ان کے ذریعے وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلنے والے) کافروں کے دل جلائے، اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is the Messenger of Allah. And those with him are hard and tough against the disbelievers but kind-hearted and merciful amongst themselves. You see them excessively bowing and prostrating themselves. They simply seek Allah's grace and pleasure. Their mark is an impression of prostrations on their faces (prominent on the foreheads as light). These traits of theirs are (mentioned) in the Torah and the (same) qualities are also (described) in the Injil (the Gospel). These (Companions) are like a cultivated crop (of Our Esteemed Beloved) which (first of all) brought forth its thin shoot, then made it powerful and strong, and then it thickened and stood straight on its stalk. (And when it flourished, bloomed and danced,) it delighted and charmed the cultivators. (Allah has, likewise, made the Companions of His Beloved strong, grown up trees of faith,) so that by means of them He would inflame the hearts of the disbelievers (that burn in the jealousy of the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). Those who believe and do pious works, Allah has promised them forgiveness and an immense reward.

سورۃ الحجرات:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! (کسی بھی معاملے میں) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے آگے نہ بڑھا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو (کہ کہیں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے ادبی نہ ہو جائے)، بے شک اللہ (سب کچھ) سننے والا خوب جاننے والا ہےo

O believers! Do not step ahead of Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] in any matter) and keep fearing Allah (lest some

discourtesy should occur displeasing the Messenger [blessings and peace be upon him]). Surely, Allah is All-Hearing, All-Knowing.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيـنَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَن تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ (2)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنی آوازوں کو نبیِ مکرّم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی آواز سے بلند مت کیا کرو اور اُن کے ساتھ اِس طرح بلند آواز سے بات (بھی) نہ کیا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے بلند آواز کے ساتھ کرتے ہو (ایسا نہ ہو) کہ تمہارے سارے اعمال ہی (ایمان سمیت) غارت ہو جائیں اور تمہیں (ایمان اور اعمال کے برباد ہو جانے کا) شعور تک بھی نہ ہو○

O believers! Do not raise your voices above the voice of the Prophet (blessings and peace be upon him), and (also) do not speak to him so loud as you are loud when you speak to one another (lest) all your actions should come to nothing (including your faith), and you are not even aware (that your faith and all pious works have been wrecked).

إِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّونَ أَصْوَاتَهُمْ عِندَ رَسُولِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ لِلتَّقْوَى لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيْمٌ (3)

ترجمہ: بے شک جو لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بارگاہ میں (ادب و نیاز کے باعث) اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے تقوٰی کے لیے چن کر خالص کر لیا ہے۔ ان ہی کے لیے بخشش ہے اور اجرِ عظیم ہے○

Assuredly, those who keep their voices low in the presence of Allah's Messenger (out of profound veneration and submissiveness), it is they whose hearts Allah has chosen for Godwariness and permeated with sincerity. For them alone is forgiveness and an immense reward.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُونَكَ مِن وَرَاء الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ (4)

ترجمہ: بے شک جو لوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے اکثر (آپ کے بلند مقام و مرتبہ اور آدابِ تعظیم کی) سمجھ نہیں رکھتے○

Verily, those who call out to you from outside your apartments, most of them do not have the understanding (of your exalted station and incomparable status and polite manners of veneration that are due to you).

وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (5)

ترجمہ: اور اگر وہ لوگ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ خود ہی ان کی طرف باہر تشریف لے آتے تو یہ اُن کے لیے بہتر ہوتا، اور اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہے○

And if they had only been patient till you had come out to them, it would have been better for them. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِن جَاءكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَأٍ فَتَبَيَّنُوا أَن تُصِيْبُوا قَوْماً بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِيْنَ (6)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق (شخص) کوئی خبر لائے تو خوب تحقیق کر لیا کرو (ایسا نہ ہو) کہ تم کسی قوم کو

لاعلمی میں (ناحق) تکلیف پہنچا بیٹھو، پھر تم اپنے کیے پر پچھتاتے رہ جاؤo

O believers! If some wicked person brings you any news, inquire thoroughly into its truth (lest) you should cause (undue) harm to a people unknowingly, and later feel regret for what you have done.

وَاعْلَمُوا أَنَّ فِيكُمْ رَسُولَ اللَّهِ لَوْ يُطِيعُكُمْ فِي كَثِيرٍ مِّنَ الْأَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلَكِنَّ اللَّهَ حَبَّبَ إِلَيْكُمُ الْإِيمَانَ وَزَيَّنَهُ فِي قُلُوبِكُمْ وَكَرَّهَ إِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ أُولَئِكَ هُمُ الرَّاشِدُونَ (7)

ترجمہ: اور جان لو کہ تم میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) موجود ہیں، اگر وہ بہت سے کاموں میں تمہارا کہنا مان لیں تو تم بڑی مشکل میں پڑ جاؤ گے لیکن اللہ نے تمہیں ایمان کی محبت عطا فرمائی اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ فرما دیا اور کفر اور نافرمانی اور گناہ سے تمہیں متنفر کر دیا، ایسے ہی لوگ دین کی راہ پر ثابت اور گامزن ہیںo

And remember that the Messenger of Allah (blessings and peace be upon him) is amongst you. If he accepted what you say in most of the matters, you would be in serious trouble. But Allah has blessed you with the love of faith and has embellished it in your hearts and has made you hate disbelief, disobedience and sins. Such are they that follow the path of Din (Religion) resolutely and steadfastly.

فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَنِعْمَةً وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (8)

ترجمہ: (یہ) اللہ کے فضل اور (اس کی) نعمت (یعنی تم میں رسولِ اُمّی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت اور موجودگی) کے باعث ہے، اور اللہ خوب جاننے والا اور بڑی حکمت والا ہےo

(It) is due to Allah's bounty and favour (i.e., the raising of the untaught Messenger and his presence amongst you). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِن بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّى تَفِيءَ إِلَى أَمْرِ اللَّهِ فَإِن فَاءَتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ (9)

ترجمہ: اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑائی کریں تو اُن کے درمیان صلح کرا دیا کرو، پھر اگر ان میں سے ایک (گروہ) دوسرے پر زیادتی اور سرکشی کرے تو اس (گروہ) سے لڑو جو زیادتی کا مرتکب ہو رہا ہے یہاں تک کہ وہ (قیامِ امن کے) حکمِ الٰہی کی طرف لوٹ آئے، پھر اگر وہ رجوع کر لے تو دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو اور انصاف سے کام لو، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو بہت پسند فرماتا ہےo

And if two parties of the Muslims fight, make them reconcile. Then if either of these (parties) commits injustice and aggression against the other, fight against (the party) that is committing aggression till it returns to Allah's command (of establishing peace). When they revert and submit, make peace between them with equity. And put justice to work. Surely, Allah loves those who do justice.

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (10)

ترجمہ: بات یہی ہے کہ (سب) اہلِ ایمان (آپس میں) بھائی ہیں۔ سو تم اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائےo

The truth is that (all) believers are brothers (to one another). So make peace between your two brothers and always fear Allah, so that you may be shown mercy.

يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ أَسْلَمُوا قُل لَّا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُم بَلِ اللَّهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (17)

ترجمہ: یہ لوگ آپ پر احسان جتلاتے ہیں کہ وہ اسلام لے آئے ہیں۔ فرما دیجیے: تم اپنے اسلام کا مجھ پر احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر احسان فرماتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کا راستہ دکھایا ہے، بشرطیکہ تم (ایمان میں) سچے ہوo

These people are showing off to you that they have done a favour to you by embracing Islam. Say: 'Do not show off your Islam as a favour to me. Instead, Allah is the One Who favours you by guiding you to faith, provided you are true (to belief).'

سورۃ النجم:

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَى (2)

ترجمہ: تمہیں (اپنی) صحبت سے نوازنے والے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جنہوں نے تمہیں اپنا صحابی بنایا) نہ (کبھی) راہ بھولے اور نہ (کبھی) راہ سے بھٹکےo

He who bestowed on you his companionship (i.e., the Messenger, who made you his companions,) has never lost his way, nor has he (ever) strayed from the right path.

سورۃ الحدید:

وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ أُولَئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَى وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (10)

ترجمہ: اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالاں کہ آسمانوں اور زمین کی ساری ملکیت اللہ ہی کی ہے (تم فقط اس مالک کے نائب ہو)، تم میں سے جن لوگوں نے فتحِ (مکّہ) سے پہلے (اللہ کی راہ میں اپنا مال) خرچ کیا اور (حق کے لیے) قتال کیا وہ (اور تم) برابر نہیں ہو سکتے، وہ اُن لوگوں سے درجہ میں بہت بلند ہیں جنہوں نے بعد میں مال خرچ کیا ہے، اور قتال کیا ہے، مگر اللہ نے حسنِ آخرت (یعنی جنت) کا وعدہ سب سے فرما دیا ہے، اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اُن سے خوب آگاہ ہےo

And what is the matter with you that you do not spend in the way of Allah, whereas the ownership of the heavens and the earth belongs to Allah alone (you are merely His vicegerents)? Those of you who spent (their wealth in the way of Allah before Meccan Victory) and fought (for the sake of truth), they

(and you) cannot be equal. They are far higher in rank than those who spent their wealth afterwards and fought. But Allah has promised the most pleasing end (i.e., Paradise) to all in the Hereafter. And Allah is Well Aware of what you do.

سورۃ الحشر:

هُوَ الَّذِیْ أَخْرَجَ الَّذِیْنَ کَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْکِتَابِ مِن دِیَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ مَا ظَنَنتُمْ أَن یَخْرُجُوا وَظَنُّوا أَنَّهُم مَّانِعَتُهُمْ حُصُونُهُم مِّنَ اللَّهِ فَأَتَاهُمُ اللَّهُ مِنْ حَیْثُ لَمْ یَحْتَسِبُوا وَقَذَفَ فِیْ قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ یُخْرِبُونَ بُیُوتَهُم بِأَیْدِیهِمْ وَأَیْدِیْ الْمُؤْمِنِیْنَ فَاعْتَبِرُوا یَا أُولِیْ الْأَبْصَارِ **(2)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے اُن کافر کتابیوں کو (یعنی بنونضیر کو) پہلی جلاوطنی میں گھروں سے (جمع کر کے مدینہ سے شام کی طرف) نکال دیا۔ تمہیں یہ گمان (بھی) نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور انہیں یہ گمان تھا کہ اُن کے مضبوط قلعے انہیں اللہ (کی گرفت) سے بچا لیں گے پھر اللہ (کے عذاب) نے اُن کو وہاں سے آلیا جہاں سے وہ گمان (بھی) نہ کر سکتے تھے اور اس (اللہ) نے اُن کے دلوں میں رعب و دبدبہ ڈال دیا وہ اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں اور اہلِ ایمان کے ہاتھوں ویران کر رہے تھے۔ پس اے دیدۂ بینا والو! (اس سے) عبرت حاصل کرو○

He is the One Who collected the disbelievers from amongst the People of the Book (i.e., the tribe of Banu Nadir) from their houses and banished them the first time (from Medina towards Syria). You did not (even) think that they would go away, and they thought that their strong fortresses would save them from (the seizure of) Allah. Then (the torment of) Allah came upon them from where they could not (even) imagine. And He (Allah) cast terror into their hearts, (and thus) they ruined their houses with their own hands and the believers' hands. So, learn a lesson (from it), O people of vision!

وَلَوْلَا أَن کَتَبَ اللَّهُ عَلَیْهِمُ الْجَلَاء لَعَذَّبَهُمْ فِیْ الدُّنْیَا وَلَهُمْ فِیْ الْآخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ **(3)**

ترجمہ: اور اگر اللہ نے اُن کے حق میں جلاوطنی لکھ نہ دی ہوتی تو وہ انہیں دنیا میں (اور سخت) عذاب دیتا، اور ان کے لیے آخرت میں (بھی) دوزخ کا عذاب ہے○

And had Allah not written exile for them, He would have tormented them (more severely) in the world. And there is for them the punishment of Hell in the Hereafter (as well).

مَا قَطَعْتُم مِّن لِّیْنَةٍ أَوْ تَرَکْتُمُوهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُولِهَا فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِیُخْزِیَ الْفَاسِقِیْنَ **(5)**

ترجمہ: (اے مومنو! یہود بنونضیر کے محاصرہ کے دوران) جو کھجور کے درخت تم نے کاٹ ڈالے یا تم نے انہیں اُن کی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا تو (یہ سب) اللہ ہی کے حکم سے تھا اور اس لیے کہ وہ نافرمانوں کو ذلیل و رسوا کرے○

(O believers!) The palm-trees that you cut down or left standing upon their roots (during the siege of Banu Nadir tribe-it) was done by Allah's command

so that He might humiliate and disgrace the disobedient.

وَمَـا أَفَـاء اللّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَكِنَّ اللّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (6)

ترجمہ: اور جو (اَموالِ فَے) اللہ نے اُن سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لَوٹا دیے تو تم نے نہ تو اُن (کے حصول) پر گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، ہاں! اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے غلبہ و تسلّط عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھنے والا ہے o

And whatever spoils (materials of fay) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from them, you galloped neither horses nor camels in (procuring) them. Yes indeed! Allah gives dominance and control to His Messengers over anyone He wills. And Allah has Absolute Power over everything.

مَّا أَفَاء اللّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاء مِنكُمْ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا وَاتَّقُوا اللّهَ إِنَّ اللّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (7)

ترجمہ: جو (اَموالِ فَے) اللہ نے (قُرَیظہ، نَضِیر، فِدَک، خَیبر، عُرَینہ سمیت دیگر بغیر جنگ کے مفتوحہ) بستیوں والوں سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لوٹائے ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے ہیں اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں (یعنی بنو ہاشم اور بنو عبد المطّلب) کے لیے اور (معاشرے کے عام) یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہیں، (یہ نظامِ تقسیم اس لیے ہے) تاکہ (سارا مال صرف) تمہارے مال داروں کے درمیان ہی نہ گردش کرتا رہے (بلکہ معاشرے کے تمام طبقات میں گردش کرے)۔ اور جو کچھ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو (اُس سے) رُک جایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقسیم و عطا پر کبھی زبانِ طعن نہ کھولو)، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And whatever (materials of fay-spoils) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from the people of (the towns captured without war in addition to those of Qurayza, Nadir, Fadak, Khaybar and 'Urayna) belong to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) near relatives (i.e., Banu Hashim and Banu 'Abd al-Muttalib) and the orphans and the needy and the wayfarer (of society at large. This distribution system is to ensure) that (the whole wealth) may not circulate (only) amongst the rich of you (but should circulate amongst all the classes of society). And whatever the Messenger (blessings and peace be upon him) gives you, take that and whatever he forbids you, abstain (from that) and keep fearing Allah (i.e., never scoff at the Messenger's distribution and award). Surely, Allah is Severe to punish.

لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ الَّذِيْنَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَاناً وَيَنصُرُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ أُوْلَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ (8)

ترجمہ: (مذکورہ بالا مالِ فَے) نادار مہاجرین کے لیے (بھی) ہے جو اپنے گھروں اور اپنے اموال (اور جائیدادوں) سے باہر نکال دیے گئے ہیں، وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضاء و خوشنودی چاہتے ہیں اور (اپنے مال و وطن کی قربانی سے) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ ہی سچے مؤمن ہیں o

(The fore-mentioned fay materials) are (also) for the poor Emigrants who are driven out of their houses and possessions (and properties). They seek Allah's bounty and His favour and pleasure. And they help Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] by sacrificing their possessions and homeland). It is they who are the true believers.

وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُوا الدَّارَ وَالْإِيْمَانَ مِن قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِيْ صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِّمَّا أُوتُوا وَيُؤْثِرُونَ عَلَى أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (9)

ترجمہ: (یہ مال اُن انصار کے لیے بھی ہے) جنہوں نے اُن (مہاجرین) سے پہلے ہی شہرِ (مدینہ) اور ایمان کو گھر بنا لیا تھا۔ یہ لوگ اُن سے محبت کرتے ہیں جو اِن کی طرف ہجرت کر کے آئے ہیں۔ اور یہ اپنے سینوں میں اُس (مال) کی نسبت کوئی طلب (یا تنگی) نہیں پاتے جو اُن (مہاجرین) کو دیا جاتا ہے اور اپنی جانوں پر انہیں ترجیح دیتے ہیں اگرچہ خود اِنہیں شدید حاجت ہی ہو، اور جو شخص اپنے نفس کے بخل سے بچا لیا گیا پس وہی لوگ ہی بامراد و کامیاب ہیں o

(These spoils are for those Ansar [Supporters] as well) who had taken the city (of Medina) and the faith as their home before (the Emigrants came). They love those who have come to them as Emigrants, and do not feel any need (or niggardly feeling) in their hearts pertaining to that (wealth) which is given to the Emigrants, and prefer them to themselves, even though they may themselves be in dire need. And he who is saved from the miserliness of his (ill-commanding) self, it is they who are successful and victorious.

وَالَّذِيْنَ جَاؤُوا مِن بَعْدِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُونَا بِالْإِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَؤُوفٌ رَّحِيْمٌ (10)

ترجمہ: اور وہ لوگ (بھی) جو اُن (مہاجرین و انصار) کے بعد آئے (اور) عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی، جو ایمان لانے میں ہم سے آگے بڑھ گئے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کوئی کینہ اور بغض باقی نہ رکھ۔ اے ہمارے رب! بے شک تو بہت شفقت فرمانے والا بہت رحم فرمانے والا ہے o

And those (too) who came after these (Emigrants and the Ansar [Supporters]) submit: 'O our Lord, forgive us and our brothers who have preceded in embracing faith. And let not any spite and rancour be in our hearts against the believers. O our Lord, surely, You are Most Clement, Ever-Merciful.'

لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ (13)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) بے شک اُن کے دلوں میں اللہ سے (بھی) زیادہ تمہارا رعب اور خوف ہے، یہ اس وجہ سے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھ ہی نہیں رکھتےo

(O Muslims!) Indeed, they have greater fear of you in their hearts than Allah's. The reason is that they are the people who do not possess understanding.

لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعاً إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاء جُدُرٍ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعاً وَقُلُوبُهُمْ شَتَّى ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ (14)

ترجمہ: وہ (مدینے کے عہد شکن یہود اور منافقین) سب مل کر (بھی) تم سے جنگ نہ کرسکیں گے سوائے قلعہ بند شہروں میں یا دیواروں کی آڑ میں، اُن کی لڑائی اُن کے آپس میں (ہی) سخت ہے، تم انہیں اکٹھا سمجھتے ہو حالاں کہ اُن کے دل باہم متفرّق ہیں، یہ اس لیے کہ وہ لوگ عقل سے کام نہیں لیتےo

They (the Jews of Medina, who breached the treaty, and the hypocrites) will not be able to fight against you (even) allied, except in fortified towns or taking cover behind walls. They fight hard (but) amongst themselves. You think they are united, whereas their hearts are disunited. The reason is that they do not apply reason.

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاء تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءكُم مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَاداً فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاء مَرْضَاتِي تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيلِ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم (اپنے) دوستی کے باعث اُن تک خبریں پہنچاتے ہو حالاں کہ وہ اس حق کے ہی مُنکر ہیں جو تمہارے پاس آیا ہے، وہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور تم کو اس وجہ سے (تمہارے وطن سے) نکالتے ہیں کہ تم اللہ پر جو تمہارا پروردگار ہے، ایمان لے آئے ہو۔ اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا تلاش کرنے کے لیے نکلے ہو (تو پھر اُن سے دوستی نہ رکھو) تم اُن کی طرف دوستی کے خفیہ پیغام بھیجتے ہو حالاں کہ میں خوب جانتا ہوں جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم آشکار کرتے ہو، اور جو شخص بھی تم میں سے یہ (حرکت) کرے سو وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہےo

O believers! Do not make friends with My enemies and your enemies. You communicate to them information because of (your) friendship, whereas they just deny the very truth that has come to you. They drive out the Messenger (blessings and peace be upon him) and you (from your land) because you believe in Allah, your Sustainer. If you have set out to fight in My way and seek My pleasure (then do not have friendship with them). You send them secret messages of friendship whilst I know best what you hide and what you make known. And whoever of you does this (misdeed) has deviated from the straight

path.

إِن يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُم بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ (2)

ترجمہ: اگر وہ تم پر قدرت پالیں تو (دیکھنا) وہ تمہارے (کھلے) دشمن ہوں گے اور وہ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں تمہاری طرف برائی کے ساتھ دراز کریں گے اور آرزومند ہوں گے کہ تم (کسی طرح) کافر ہو جاؤo

Should they get the better of you, then (you will see that) they will be your open enemies. And they will extend their hands and tongues to you with evil design and will have the earnest desire that you disbelieve (somehow).

لَن تَنفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (3)

ترجمہ: تمہیں قیامت کے دن ہرگز نہ تمہاری (کافر و مشرک) قرابتیں فائدہ دیں گی اور نہ تمہاری (کافر و مشرک) اولاد، (اُس دن اللہ) تمہارے درمیان مکمل جدائی کر دے گا (مومن جنت میں اور کافر دوزخ میں بھیج دیے جائیں گے)، اور اللہ اُن کاموں کو خوب دیکھنے والا ہے جو تم کر رہے ہوo

Neither your (disbelieving and polytheist) kindred nor your (disbelieving and polytheist) children will be of any good to you on the Day of Resurrection. (On that Day Allah will) bring about complete separation between you (the believers will be sent to Paradise and the disbelievers to Hell). And Allah observes your doings well.

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (5)

ترجمہ: اے ہمارے رب! تو ہمیں کافروں کے لیے سببِ آزمائش نہ بنا (یعنی انہیں ہم پر مسلّط نہ کر) اور ہمیں بخش دے، اے ہمارے پروردگار! بے شک تو ہی غلبہ و عزت والا بڑی حکمت والا ہےo

O our Lord! Make us not a source of trial for the disbelievers (i.e., give them not control over us) and forgive us. O our Lord, surely You alone are the Almighty, the Lord of Honour, the Most Wise.'

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ (6)

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ان میں بہترین نمونہ (اِقتداء) ہے (خاص طور پر) ہر اس شخص کے لیے جو اللہ (کی بارگاہ میں حاضری) کی اور یومِ آخرت کی امید رکھتا ہے، اور جو شخص رُوگردانی کرتا ہے تو بے شک اللہ بے نیاز اور لائقِ ہر حمد و ثناء ہےo

Indeed, there is for you an excellent example in them (to follow), for him (in particular) who hopes (to appear before the presence of) Allah and looks forward to the Last Day. But whoever turns away, then Allah is Self-Sufficient and Praiseworthy.

عَسَى اللَّهُ أَن يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِينَ عَادَيْتُم مِّنْهُم مَّوَدَّةً وَاللَّهُ قَدِيرٌ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (7)

ترجمہ: عجب نہیں کہ اللہ تمہارے اور اُن میں سے بعض لوگوں کے درمیان جن سے تمہاری دشمنی ہے (کسی وقت بعد میں) دوستی پیدا کر دے، اور اللہ بڑی قدرت والا ہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

It may be that Allah brings about friendship (at a later stage) between you and

those of them who are now your foes. And Allah is All-Powerful and Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ **(8)**

ترجمہ: اللہ تمہیں اس بات سے منع نہیں فرماتا کہ جن لوگوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ نہیں کی اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے (یعنی وطن سے) نکالا ہے کہ تم ان سے بھلائی کا سلوک کرو اور اُن سے عدل و انصاف کا برتاؤ کرو، بے شک اللہ عدل و انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتا ہےo

Allah does not forbid you to be good to them and treat them with equity and justice who did not fight against you on (the question of) Din (Religion), nor did they drive you out of your homes (i.e., homeland). Surely, Allah likes those who conduct themselves with equity and justice.

إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ **(9)**

ترجمہ: اللہ تو محض تمہیں ایسے لوگوں سے دوستی کرنے سے منع فرماتا ہے جنہوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ کی اور تمہیں تمہارے گھروں (یعنی وطن) سے نکالا اور تمہارے باہر نکالے جانے پر (تمہارے دشمنوں کی) مدد کی۔ اور جو شخص اُن سے دوستی کرے گا تو وہی لوگ ظالم ہیںo

Allah only forbids you to befriend those who fought against you on (account of) the Din (Religion) and drove you out of your homes (i.e., homeland) and aided (your enemies) in expelling you. And whoever makes friends with them, it is they who are the wrongdoers.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ اللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيمَانِهِنَّ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ذَلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ **(10)**

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو انہیں اچھی طرح جانچ لیا کرو، اللہ اُن کے ایمان (کی حقیقت) سے خوب آگاہ ہے، پھر اگر تمہیں اُن کے مومن ہونے کا یقین ہو جائے تو انہیں کافروں کی طرف واپس نہ بھیجو، نہ یہ (مومنات) اُن (کافروں) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کفّار) اِن (مومن عورتوں) کے لیے حلال ہیں، اور اُن (کافروں) نے جو (مال بصورتِ مَہر اِن پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو ادا کر دو، اور تم پر اس (بات) میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اِن سے نکاح کر لو جبکہ تم اُن (عورتوں) کا مَہر انہیں ادا کر دو، اور (اے مسلمانو!) تم بھی کافر عورتوں کو (اپنے) عقدِ نکاح میں نہ روکے رکھو اور تم (کفّار سے) وہ (مال) طلب کر لو جو تم نے (اُن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا اور وہ (کفّار تم سے) وہ (مال) مانگ لیں جو انہوں نے (اِن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا، یہی اللہ کا حکم ہے، اور وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرما رہا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا

بڑی حکمت والا ہےo

O believers! When the believing women come to you as Emigrants, examine them thoroughly. Allah is Well Aware of (the reality of) their faith. Then if you find with certitude that they are true believers, do not send them back to the disbelievers. Neither are they (the believing women) lawful for those disbelievers, nor are those disbelievers lawful for these (believing women). And pay them (the disbelievers) back the money which they spent (on them as dower). And there is no sin on you if you marry them whilst you pay these (women) their dower. And, O believers, do not hold back the disbelieving women in (your) wedlock, and ask (the disbelievers) for that (money) which you spent (on those women as dower), and they (the disbelievers) may also ask you for that (money) which they spent (on these women as dower). That is the command of Allah. And He judges between you. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِينَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ (11)

ترجمہ: اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی تم سے چھوٹ کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر (جب) تم جنگ میں غالب آجاؤ اور مالِ غنیمت پاؤ تو (اس میں سے) ان لوگوں کو جن کی عورتیں چلی گئی تھیں اس قدر (مال) ادا کر دو جتنا وہ (اُن کے مَہر میں) خرچ کر چکے تھے، اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہوo

And if any of your wives deserts you and goes over to the disbelievers, then (when) you become dominant in war and gain spoils, pay (out of it) those whose wives deserted them as much (money) as they paid (to them as dower). And keep fearing Allah in Whom you believe.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (12)

ترجمہ: اے نبی! جب آپ کی خدمت میں مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان سے کوئی جھوٹا بہتان گھڑ کر نہیں لائیں گی (یعنی اپنے شوہر کو دھوکہ دیتے ہوئے کسی غیر کے بچے کو اپنے پیٹ سے جنا ہوا نہیں بتائیں گی) اور (کسی بھی) امرِ شریعت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ اُن سے بیعت لے لیا کریں اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش طلب فرمائیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O Prophet! When the believing women appear in your presence to take the oath of allegiance that they will not set up anything as partner with Allah and

will not steal, nor will they commit adultery, or kill their children, or bring false blame which they have invented between their hands and feet (i.e., will not deceive their husbands declaring some other's baby as their own), or disobey you in (any) matter pertaining to law, then accept their allegiance and seek forgiveness for them from Allah. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُوْرِ **(13)**

ترجمہ: اے ایمان والو! ایسے لوگوں سے دوستی مت رکھو جن پر اللہ غضبناک ہوا ہے بے شک وہ آخرت سے (اس طرح) مایوس ہو چکے ہیں جیسے کفار اہلِ قبور سے مایوس ہیںo

O believers! Do not make friends with those on whom Allah has sent His wrath. Surely, they have despaired of the Hereafter as the disbelievers have despaired of those in graves.

سورۃ الصّف:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى تِجَارَةٍ تُنجِيْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيْمٍ **(10)**

ترجمہ: اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایک ایسی تجارت بتادوں جو تم کو دردناک عذاب سے بچالے؟o

O believers! Shall I advise you a trade which will save you from a painful torment?

تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُوْنَ **(11)**

ترجمہ: (وہ یہ ہے کہ) تم اللہ پر اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (کامل) ایمان رکھو اور اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان سے جہاد کرو، یہی تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہوo

(It is that) you have (perfect) belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and strive hard for the cause of Allah with your human and material resources. That is better for you if you know.

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنَّاتِ عَدْنٍ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ **(12)**

ترجمہ: وہ تمہارے گناہوں کو بخش دے گا اور تمہیں جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اور نہایت عمدہ رہائش گاہوں میں (ٹھہرائے گا) جو جناتِ عدن (یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتوں) میں ہیں، یہی زبردست کامیابی ہےo

He will forgive your sins and will admit you into Gardens with streams flowing under them, and (will make you reside) in excellent dwellings in the Gardens of Eden (i.e., Gardens of Eternity). That is indeed a great success.

وَأُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ **(13)**

ترجمہ: اور (اس اُخروی نعمت کے علاوہ) ایک دوسری (دنیوی نعمت بھی عطا فرمائے گا) جسے تم بہت چاہتے ہو، (وہ) اللہ کی جانب سے مدد اور جلد ملنے والی فتح ہے، اور (اے نبی مکرّم!) آپ مومنوں کو خوشخبری سنا دیں (یہ فتحِ مکہ اور فارس و روم کی فتوحات کی شکل

میں ظاہر ہوئی)o

And, (besides this favour in the Hereafter, He will grant you) another (worldly blessing too) which you earnestly desire: (that is) help from Allah and a near victory, and, (O Esteemed Prophet,) give this good news to the believers. (This came about in the form of Meccan Victory and the conquests in Persia and Rome.)

سورۃ الجمعۃ:

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْأُمِّیِّیْنَ رَسُولاً مِّنْهُمْ یَتْلُو عَلَیْهِمْ آیَاتِهِ وَیُزَکِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْکِتَابَ وَالْحِکْمَةَ وَإِن کَانُوا مِن قَبْلُ لَفِیْ ضَلَالٍ مُّبِیْنٍ **(2)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے اَن پڑھ لوگوں میں انہی میں سے ایک (باعظمت) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو بھیجا وہ اُن پر اُس کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اور اُن (کے ظاہر و باطن) کو پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتے ہیں، بے شک وہ لوگ اِن (کے تشریف لانے) سے پہلے کھلی گمراہی میں تھےo

He is the One Who sent a (Glorious) Messenger (blessings and peace be upon him) amongst the illiterate people from amongst themselves who recites to them His Revelations and cleanses and purifies them (outwardly and inwardly) and teaches them the Book and wisdom. Indeed, they were in open error before (his most welcome arrival).

وَآخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ **(3)**

ترجمہ: اور اِن میں سے دوسرے لوگوں میں بھی (اِس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تزکیہ و تعلیم کے لیے بھیجا ہے) جو ابھی اِن لوگوں سے نہیں ملے (جو اس وقت موجود ہیں یعنی اِن کے بعد کے زمانہ میں آئیں گے)، اور وہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

And (He has sent this Messenger for purification and education amongst) others of them also who have not yet joined these people (that are present now i.e., they will come after them in later eras). And He is Almighty, Most Wise.

ذَلِکَ فَضْلُ اللَّهِ یُؤْتِیْهِ مَن یَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ **(4)**

ترجمہ: یہ (یعنی اس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد اور اِن کا فیض و ہدایت) اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے اس سے نوازتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہےo

This (arrival of the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] as well as his spiritual benevolence) is Allah's bounty which He grants whom He likes. And Allah is Most Bountiful.

یَا أَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوا إِذَا نُودِیَ لِلصَّلَاةِ مِن یَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَی ذِکْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَیْعَ ذَلِکُمْ خَیْرٌ لَّکُمْ إِن کُنتُمْ تَعْلَمُونَ **(9)**

ترجمہ: اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن (جمعہ کی) نماز کے لیے اذان دی جائے تو فوراً اللہ کے ذکر (یعنی خطبہ و نماز) کی طرف تیزی سے چل پڑو اور خرید و فروخت (یعنی کاروبار) چھوڑ دو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہوo

O believers! When on Fridays the call is made for (Jumu'a) Prayer, hasten towards the remembrance of Allah (i.e., the Jumu'a sermon and Prayer) immediately and abandon purchase and sale (i.e., business). That is better for you if you have knowledge.

فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ **(10)**

ترجمہ: پھر جب نماز ادا ہو چکے تو زمین میں منتشر ہو جاؤ اور (پھر) اللہ کا فضل (یعنی رزق) تلاش کرنے لگو اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا کرو تاکہ تم فلاح پاؤo

Then after the Prayer is offered, disperse in the land and (then) look for Allah's bounty (i.e., sustenance). And remember Allah much so that you may attain to prosperity.

وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا قُلْ مَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ **(11)**

ترجمہ: اور جب انہوں نے کوئی تجارت یا کھیل تماشا دیکھا تو (اپنی حاجت مندی اور معاشی تنگی کے باعث) اس کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے اور آپ کو (خطبہ میں) کھڑے چھوڑ گئے، فرما دیجیے: جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل سے اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہےo

And when they found some business or entertainment opportunity, they rushed towards that (due to their neediness and financial constraint) and left you standing (during the sermon). Say: 'Whatever is with Allah is better than sport and business. And Allah is the Best of sustainers.'

سورۃ المنافقون:

هُمُ الَّذِينَ يَقُولُونَ لَا تُنفِقُوا عَلَى مَنْ عِندَ رَسُولِ اللَّهِ حَتَّى يَنفَضُّوا وَلِلَّهِ خَزَائِنُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَفْقَهُونَ **(7)**

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہی وہ لوگ ہیں جو (آپ سے بُغض و عِناد کی بنا پر) یہ (بھی) کہتے ہیں کہ جو (درویش اور فقراء) رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی خدمت میں رہتے ہیں اُن پر خرچ مت کرو (یعنی ان کی مالی اعانت نہ کرو) یہاں تک کہ وہ (سب انہیں چھوڑ کر) بھاگ جائیں (منتشر ہو جائیں)، حالاں کہ آسمانوں اور زمین کے سارے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن منافقین نہیں سمجھتےo

(O Esteemed Beloved!) They are the people who say this as well (out of malice and enmity against you): 'Do not spend on those (destitute devotees of Allah) who remain in the presence of the Messenger of Allah (i.e., do not provide them financial help) until they (all may desert him and) flee away (and

disperse). In truth, to Allah belong all the treasures of the heavens and the earth, but the hypocrites do not understand.

يَقُولُونَ لَئِن رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ **(8)**

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: اگر (اب) ہم مدینہ واپس ہوئے تو (ہم) عزّت والے لوگ وہاں سے ذلیل لوگوں (یعنی مسلمانوں) کو باہر نکال دیں گے، حالاں کہ عزّت تو صرف اللہ کے لیے اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے مگر منافقین (اس حقیقت کو) جانتے نہیں ہیںo

They say: 'If (now) we return to Medina, then (we) the honourable will drive out the dishonourable (i.e., the Muslims).' But in fact, honour belongs to Allah alone and His Messenger and the believers. However, the hypocrites do not understand (this reality).

16۔ غزوات کا ذکر

سورۃ العمران:

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّهُ وَعْدَهُ إِذْ تَحُسُّونَهُم بِإِذْنِهِ حَتَّى إِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الأَمْرِ وَعَصَيْتُم مِّن بَعْدِ مَا أَرَاكُم مَّا تُحِبُّونَ مِنكُم مَّن يُرِيدُ الدُّنْيَا وَمِنكُم مَّن يُرِيدُ الآخِرَةَ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ وَلَقَدْ عَفَا عَنكُمْ وَاللّهُ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ (152)

ترجمہ: اور بیشک اللہ نے تمہیں اپنا وعدہ سچ کر دکھایا جب تم اس کے حکم سے انہیں قتل کر رہے تھے یہاں تک کہ تم نے بزدلی کی اور (رسول ﷺ کے) حکم کے بارے میں جھگڑنے لگے اور تم نے اس کے بعد (ان کی) نافرمانی کی جب کہ اللہ نے تمہیں وہ (فتح) دکھا دی تھی جو تم چاہتے تھے، تم میں سے کوئی دنیا کا خواہشمند تھا اور تم میں سے کوئی آخرت کا طلبگار تھا پھر اس نے تمہیں ان سے (مغلوب کر کے) پھیر دیا تاکہ وہ تمہیں آزمائے (بعد ازاں) اس نے تمہیں معاف کر دیا، اور اللہ اہلِ ایمان پر بڑے فضل والا ہےo

Surely, Allah fulfilled His promise to you when you were killing them by His command until you showed cowardice and you started disputing about the command (of the Messenger [blessings and peace be upon him]) and later disobeyed (him), whereas Allah had brought that victory in your sight which you coveted. Amongst you were some who desired the gains of this world, and some others who sought reward in the Hereafter. Then He turned you back from them (dominated) so that He tests you. (Later, however,) He pardoned you and Allah is Most Gracious to the believers.

إِذْ تُصْعِدُونَ وَلاَ تَلْوُونَ عَلَى أَحَدٍ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ فِي أُخْرَاكُمْ فَأَثَابَكُمْ غَمَّاً بِغَمٍّ لِّكَيْلاَ تَحْزَنُواْ عَلَى مَا فَاتَكُمْ وَلاَ مَا أَصَابَكُمْ وَاللّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ(153)

ترجمہ: جب تم (افراتفری کی حالت میں) بھاگے جا رہے تھے اور کسی کو مڑ کر نہیں دیکھتے تھے اور رسول (ﷺ) اس جماعت میں (کھڑے) جو تمہارے پیچھے (ثابت قدم) رہی تھی تمہیں پکار رہے تھے پھر اس نے تمہیں غم پر غم دیا (یہ نصیحت و تربیت تھی) تاکہ تم اس پر جو تمہارے ہاتھ سے جاتا رہا اور اس مصیبت پر جو تم پر آن پڑی، رنج نہ کرو، اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہےo

When you were running away (in panic) and did not look back at anyone, and the Messenger (blessings and peace be upon him) was calling you out (standing) amongst the party that were (steadfast) in your rear. Then He inflicted upon you sorrows one after the other (for admonition and training) so that you might not grieve over what you had lost and the calamity that had befallen you. And Allah is Well Aware of your works.

ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاساً يَغْشَى طَآئِفَةً مِّنكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ الأَمْرِ مِن شَيْءٍ قُلْ إِنَّ الأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ يُخْفُونَ فِي أَنفُسِهِم مَّا لاَ يُبْدُونَ لَكَ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَاهُنَا قُل لَّوْ كُنتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ

اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (154)

ترجمہ: پھراس نے غم کے بعد تم پر (تسکین کے لئے) غنودگی کی صورت میں امان اتاری جو تم میں سے ایک جماعت پر چھا گئی اور ایک گروہ کو (جو منافقوں کا تھا) صرف اپنی جانوں کی فکر پڑی ہوئی تھی، وہ اللہ کے ساتھ ناحق گمان کرتے تھے جو (محض) جاہلیت کے گمان تھے، وہ کہتے ہیں: کیا اس کام میں ہمارے لئے بھی کچھ (اختیار) ہے؟ فرما دیں کہ سب کام اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے، وہ اپنے دلوں میں وہ باتیں چھپائے ہوئے ہیں جو آپ پر ظاہر نہیں ہونے دیتے۔ کہتے ہیں کہ اگر اس کام میں کچھ ہمارا اختیار ہوتا تو ہم اس جگہ قتل نہ کئے جاتے۔ فرما دیں: اگر تم اپنے گھروں میں (بھی) ہوتے، تب بھی جن کا مارا جانا لکھا جا چکا تھا وہ ضرور اپنی قتل گاہوں کی طرف نکل کر آ جاتے اور یہ اس لئے (کیا گیا) ہے کہ جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اللہ اسے آزمائے اور جو (وسوسے) تمہارے دلوں میں ہیں، انہیں خوب صاف کر دے اور اللہ سینوں کی بات خوب جانتا ہے o

Then after grief He sent down on you calm (and peace for relief) in the form of a slumber that overtook a party of you, whilst another party (comprising hypocrites who) were only worried about their own souls indulged in false assumptions about Allah which were (just) the assumptions of ignorance. They say: 'Do we too have anything (i.e., authority) in this matter?' Say: 'The whole matter is in the Hand of Allah.' They have concealed in their hearts things which they let not be disclosed to you. They say: 'Had we any say in this matter, we would not have been slain here.' Say: 'Even if you had been in your homes, those for whom killing was decreed would have come over to their slaughter places. And that has been (done) so that Allah may test what is in your breasts, and purge exhaustively (the apprehensions) pent up in your hearts. And Allah has thorough knowledge of the secrets of breasts.

إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ (155)

ترجمہ: بیشک جو لوگ تم میں سے اس دن بھاگ کھڑے ہوئے تھے جب دونوں فوجیں آپس میں گتھم گتھا ہو گئی تھیں تو انہیں محض شیطان نے پھسلا دیا تھا، ان کے کسی عمل کے باعث جس کے وہ مرتکب ہوئے، بیشک اللہ نے انہیں معاف فرما دیا، یقیناً اللہ بہت بخشنے والا بڑے حلم والا ہے o

Certainly, those of you who fled on that day when the two armies engaged in fierce fighting were only caused by Satan to slip, owing to some act they had perpetrated. Allah pardoned them indeed. He is, of course, Most Forgiving, Most Forbearing.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِإِخْوَانِهِمْ إِذَا ضَرَبُوْا فِي الْأَرْضِ أَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ وَاللّٰهُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (156)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم ان کافروں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اپنے ان بھائیوں کے بارے میں یہ کہتے ہیں جو (کہیں) سفر پر گئے

ہوں یا جہاد کر رہے ہوں (اور وہاں مر جائیں) کہ اگر وہ ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے اور نہ قتل کئے جاتے، تاکہ اللہ اس (گمان) کو ان کے دلوں میں حسرت بنائے رکھے، اور اللہ ہی زندہ رکھتا اور مارتا ہے، اور اللہ تمہارے اعمال خوب دیکھ رہا ہے o

O believers! Be not like the infidels who say of those of their brothers who go (somewhere) on a journey or go to fight (and die there): 'Had they stayed with us, they would have neither died nor been slain,' so that Allah may make this (assumption) a regret in their hearts. Allah alone keeps alive and causes death. And Allah is All-Seer of what you do.

وَلَئِن قُتِلْتُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ (157)

ترجمہ: اور اگر تم اللہ کی راہ میں قتل کر دیئے جاؤ یا تمہیں موت آ جائے تو اللہ کی مغفرت اور رحمت اس (مال و متاع) سے بہت بہتر ہے جو تم جمع کرتے ہو o

And if you are slain in the cause of Allah or die, Allah's forgiveness and mercy is far better than that (wealth) which you accumulate.

أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنَّى هَـذَا قُلْ هُوَ مِنْ عِندِ أَنفُسِكُمْ إِنَّ اللّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (165)

ترجمہ: کیا جب تمہیں ایک مصیبت آ پہنچی حالانکہ تم اس سے دوچند (دشمن کو) پہنچ چکے تھے، تو تم کہنے لگے کہ یہ کہاں سے آ پڑی؟ فرما دیں: یہ تمہاری اپنی ہی طرف سے ہے، بیشک اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھتا ہے o

Is it not that when disaster seized you, whilst you had inflicted twice as much (on your enemy), you said: 'Whence has it befallen'? Say: 'It is from your own selves.' Indeed, Allah has absolute control over everything.

وَمَا أَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ اللّهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِينَ (166)

ترجمہ: اور اس دن جو تکلیف تمہیں پہنچی جب دونوں لشکر باہم مقابل ہو گئے تھے، سو وہ اللہ کے حکم (ہی) سے تھی اور یہ اس لئے کہ اللہ ایمان والوں کی پہچان کرا دے o

And the agony that hurt you on the day when the two armies clashed with each other came about (only) by Allah's command. And (this happened) so that Allah establishes the identity of the believers,

وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُواْ وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْاْ قَاتِلُواْ فِي سَبِيلِ اللّهِ أَوِ ادْفَعُواْ قَالُواْ لَوْ نَعْلَمُ قِتَالاً لاَّتَّبَعْنَاكُمْ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلإِيمَانِ يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ (167)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کی بھی پہچان کرا دے جو منافق ہیں اور جب ان سے کہا گیا کہ آؤ اللہ کی راہ میں جنگ کرو یا (دشمن کے حملے کا) دفاع کرو تو کہنے لگے اگر ہم جانتے کہ (واقعتہً کسی ڈھب کی) لڑائی ہو گی (یا ہم اسے اللہ کی راہ میں جنگ جانتے) تو ضرور تمہاری پیروی کرتے، اس دن وہ (ظاہری) ایمان کی نسبت کھلے کفر سے زیادہ قریب تھے، وہ اپنے منہ سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہیں، اور اللہ (ان باتوں) کو خوب جانتا ہے جو وہ چھپا رہے ہیں o

And (He) also distinguishes the identity of those who are hypocrites. And when it was said to them: 'Come and fight in the cause of Allah or (said

interpretively) defend (against the enemy invasion),' they said: 'If we knew that there would be (virtually) a war, (or if we considered it a war in the cause of Allah,) we would certainly follow you.' That day they were closer to an evident disbelief than (the pretended) belief. They utter from their mouths that which is not in their hearts. And Allah knows well (the matters) they hide.

الَّذِيْنَ قَالُوْا لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا لَوْ أَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا قُلْ فَادْرَؤُوْا عَنْ أَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ (168)

ترجمہ: (یہ) وہی لوگ ہیں جنہوں نے باوجود اس کے خود (گھروں میں) بیٹھے رہے اپنے بھائیوں کی نسبت کہا کہ اگر وہ ہمارا کہا مانتے تو نہ مارے جاتے، فرما دیں: تم اپنے آپ کو موت سے بچا لینا، اگر تم سچے ہو o

(They) are the ones who said about their brothers, whilst they themselves stayed back (home): 'Had they accepted our counsel, they would not have been slain.' Say: 'Protect yourselves from death if you are truthful.'

الَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيْمٌ (172)

ترجمہ: جن لوگوں نے زخم کھا چکنے کے بعد بھی اللہ اور رسول (ﷺ) کے حکم پر لبیک کہا، اُن میں جو صاحبانِ احسان ہیں اور پرہیزگار ہیں، ان کے لئے بڑا اجر ہے o

Those who submitted to the command of Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) even after sustaining injuries-for those of them who possess spiritual excellence and are God-fearing, there is an immense reward.

الَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيْمَاناً وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (173)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ (ہیں) جن سے لوگوں نے کہا کہ مخالف لوگ تمہارے مقابلے کے لئے (بڑی کثرت سے) جمع ہو چکے ہیں سو ان سے ڈرو تو (اس بات نے) ان کے ایمان کو اور بڑھا دیا اور وہ کہنے لگے: ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ کیا اچھا کارساز ہے o

They are the ones whom people said: 'The adversaries have gathered (in great number) against you, so fear them.' But this (information) further enhanced their faith and they proclaimed: 'Allah is Sufficient for us and what an excellent Guardian He is!'

فَانقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْءٌ وَاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ (174)

ترجمہ: پھر وہ (مسلمان) اللہ کے انعام اور فضل کے ساتھ واپس پلٹے انہیں کوئی گزند نہ پہنچی اور انہوں نے رضائے الٰہی کی پیروی کی، اور اللہ بڑے فضل والا ہے o

Then they (the Muslims) returned with the bounties and blessings of Allah, untouched by any suffering. They followed the will of Allah, and Allah is the Lord of great bounty.

إِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ أَوْلِيَاءَهُ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (175)

ترجمہ: بیشک یہ (مخبر) شیطان ہی ہے جو (تمہیں) اپنے دوستوں سے دھمکاتا ہے، پس ان سے مت ڈرا کرو اور مجھ ہی سے ڈرا

کرو اگر تم مومن ہو○

Surely, this (informer) is Satan alone who threatens (you) through his friends. Therefore, do not fear them and fear Me alone, if you are the believers.

وَلَا يَحْزُنكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُونَ فِيْ الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّواْ اللّهَ شَيْئاً يُرِيْدُ اللّهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظّاً فِيْ الآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ(176)

ترجمہ: (اے غمگسار عالم!) جو لوگ کفر (کی مدد کرنے) میں بہت تیزی کرتے ہیں وہ آپ کو غمزدہ نہ کریں، وہ اللہ (کے دین) کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے، اور اللہ چاہتا ہے کہ ان کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہ رکھے، اور ان کے لئے زبردست عذاب ہے○

(O sympathizer of the whole mankind!) Those who hasten in (reinforcing) disbelief should not aggrieve you. They cannot do any damage to (the Din [Religion] of) Allah, and Allah intends that there is no share for them in the Hereafter. And for them there is a severe torment.

مآخذ ومراجع

1۔ عرفان القرآن ۔ ڈاکٹر علامہ طاہر القادری صاحب

2۔ آسان ترجمہ قرآن ۔ جسٹس تقی عثمانی صاحب

3۔ القرآن الکریم ۔ جوناگڑھی صاحب

4۔ کنزالایمان ۔ احمد رضا صاحب

5۔ قرآنِ مبین ۔ حسن رضوی صاحب

6۔ تدبّر قرآن ۔ امین اصلاحی صاحب

7۔ قرآن مجید (لفظی ترجمہ) ۔ نگہت ہاشمی صاحبہ

8۔ تفہیم القرآن ۔ مولانا مودودی صاحب

10۔ اسلام360

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذٰلِكَ ٱلْكِتٰبُ لَا
رَيْبَ فِيهِ هُدًى
لِّلْمُتَّقِينَ

کتاب لاریب

KITAB-E-LARAIB

(HUNDRED QURANIC SUBJECTS)

VOLUME - II

قرآنِ پاک، انبیاء علیہم السلام اور قرآنی قصے



By

LIEUTENANT COLONEL

AHSIN JAHANGIR

M.PHIL (ISLAMIC THOUGHT AND CIVILIZATION)

GOLD MEDALIST

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابِ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد دوئم)

قرآنِ پاک، انبیاء علیہم السلامؑ اور متفرق موضوعات

از

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابٌ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد دوئم)

قرآنِ پاک، انبیاء علیہم السلامؑ اور متفرق موضوعات

از

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ وَیَسِّرۡلِیۡۤ اَمۡرِیۡ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ یَفۡقَھُوۡا قَوۡلِیۡ o

اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کشادہ فرما دے o

اور میرا کارِ (رسالت) میرے لیے آسان فرما دے o

اور میری زبان کی گرہ کھول دے o

کہ لوگ میری بات (آسانی سے) سمجھ سکیں o

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

انتساب

"میں یہ کتاب اپنے والدین،
اساتذہ کرام اور اُمتِ مسلمہ کے **غازیوں** اور **شہیدوں** کے نام کرتا ہوں"

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

مقدمہ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلیٰ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ وَعَلیٰ اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَانِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَھَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ط صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡم۔

تمام خوبیاں مالکِ ارض وسما کیلئے اور لاتعداد درود وسلام محبوبِ خدا خاتم الانبیا ﷺ پر آپ کی آل رضی اللہ عنھم اور آپکے اصحاب رضی اللہ عنھم پر اور بے شمار رحمتیں نازل ہوں اللہ کے مقربین پر حاملینِ قرآن پر اور علمائے ربانیین پر جنکی محنتوں اور برکتوں سے قرآن کا نور ہم تک پہنچا۔ بندہِ ناچیز لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر کو اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کا پورا یقین ہے کیونکہ قرآن کریم کے عالم ہزاروں کی تعداد میں ہیں اور صدیوں سے قرآن کریم کی خدمت کرنے والے مفسرین اور شارحین ومترجمین کی ایک طویل فہرست ہے لیکن قرآن کریم سے محبت نے مجھے ایک ولولہ اور حوصلہ دیا کہ جس کو جس چیز سے محبت ہوتی ہے وہ اسکا تذکرہ اس انداز میں کرنا چاہتا ہے کہ رہتی دنیا تک اسکی محبت کے نقوش ثابت رہیں تو چونکہ میں بھی اپنے خالق و مالک اللہ وحدہ لاشریک اور اسکے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ سے محبت کا دعویدار ہوں تو اسی نسبت نے مجھے قرآنِ پاک کی آیات کے موضوعات کو ترتیب دینے کی ڈھارس بندھائی۔

اللہ پاک نے قرآن پاک کو ایسی آسان کتاب بنایا ہے کہ جیسے جیسے انسان اس کتاب سے پیار کرتا ہے یہ کتاب انسان کے دل ودماغ کو معطر کرتی جاتی ہے اور اسکے دل میں گھر کر جاتی ہے الحمدللہ ہم تو مسلمان ہیں قرآن کریم تو کافر کے دل میں بھی اتر جاتا ہے جبکہ دیگر مذاہب کی کتب کا یہ معجزہ نہیں ہے۔

قرآن پاک بہت آسان کتاب ہے ہم اس کے قریب تو آئیں اس سے محبت تو کریں اس کی بات تو سنیں یہ ہمارے دل میں بھی گھر بنائے گا اللہ تعالیٰ کا تو وعدہ ہے رب پاک سورۃ القمر آیت نمبر 17 میں فرماتا ہے۔

وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَھَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ (17)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے o

یہ آیاتِ کریمہ صاف صاف بتا رہی ہے کہ قرآنِ کریم کو سمجھنا بہت آسان ہے چونکہ برصغیر پاک و ہند کے زیادہ تر لوگ عربی زبان سے ناواقف ہیں اس لیے اس خطۂ ارضی میں قرآن پاک کو سمجھنے اور سمجھانے کیلئے مقامی زبانوں میں اس کے تراجم کئے گئے اور اسکی تفاسیر لکھی گئیں احقر نے بھی ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے قرآن پاک کے اندر جو موضوعات ہیں ان کا الگ الگ ذکر کیا جائے مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ قرآنی موضوعات پر بہت سارے لوگوں نے پہلے کام کیا ہوا ہے اور ایسی کتابیں مارکیٹ میں موجود ہیں لیکن میں نے یہ سعی اپنی آخرت سنوارنے کے لیے ایک وسیلے کے طور پر کی ہے اس کام میں مجھے تمام مکاتبِ فکر کے علماء کے تراجم پڑھنے کا بھی موقعہ ملا اور میں نے اردو اور انگریزی میں قرآنی آیات کے تراجم بھی ساتھ پیش کیے ہیں تاکہ انگریزی زبان بولنے اور سمجھنے والوں کیلئے بھی قرآنی موضوعات کو سمجھنا آسان ہو اور عام بندہ جو اردو پڑھ لیتا ہے اسکو بھی سمجھ آئے کہ قرآن پاک ہم سے کیا گفتگو کر رہا ہے تو میں نے تین جلدوں میں 100 موضوعاتِ قرآنیہ کو ترتیب دینے کی ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے اور قرآنی

مضامین کے اس مجموعہ کو ''مضامین کتابِ لاریب'' کا نام دیا ہے اس مجموعہ کی جلد اول میں 16 مضامین قرآن کا ذکر کیا گیا ہے اور دوسری جلد میں 12 مضامین اور تیسری جلد میں 72 مضامین کا ذکر کیا گیا ہے قرآن کریم کے اندر چونکہ ازل سے ابد تک علم اور موضوعات موجود ہیں میں نے طوالت کے خوف سے صرف 100 موضوعات کو اس طریقے سے ترتیب دیا ہے کہ ہر موضوع پر آیات کا اردو اور انگریزی ترجمہ اور اسکے موضوع کے متعلق قرآن پاک کی کون سی سورۃ میں کیا فرمایا گیا ہے۔

میں اس کاوش کو اپنے احباب کے سامنے رکھ کے بس یہ التجا کرتا ہوں کہ آپ قرآن کریم کو پڑھیں اور پڑھ کر یہ کہ اس پر عمل کی پوری کوشش کریں اور میری اس کاوش پر میرے لیے دعا بھی کریں اور مزید نیک مشوروں سے بھی نوازیں تا کہ دوسرے ایڈیشن میں ان قرآنی موضوعات کو بہتر اور آسان طریقے سے ترتیب دیا جا سکے۔

میں اپنے ان احباب کا بھی مشکور ہوں جنہون نے اس کام میں میری رہنمائی فرمائی اور میرا حوصلہ بلند کرتے رہے بالخصوص میرے والدین کی دعائیں، تربیت اور قدم قدم پر رہنمائی شامل حال رہی ۔ محترم محمد سجاد حسین مصطفائی صاحب (سرپرستِ اعلیٰ کاروانِ محبتِ الٰہی) کی اٹھارہ سالہ تربیت اور رہنمائی نے "مضامینکتابِ لاریب" کو ترتیب دینے میں بہت کلیدی کردار ادا کیا۔ میں مسلم علماء کونسل پاکستان کے بانی پروفیسر ارشاد الحق امینی صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ انکی کوششوں، محنت اور رہنمائی سے کتاب کو پبلش کرنے کے مراحل میں آسانی ہوئی اور دیگر تمام احباب کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے قدم قدم پر رہنمائی فرمائی۔

آخر میں اپنے خالق و مالک کے حضور ملتجی ہوں کہ وہ میری اس عاجزانہ انداز ترتیب کو قبول فرما کے میرے والدین، اساتذہ کرام، میری فیملی اور بہن بھائیوں کیلئے نجاتِ اُخروی کا ذریعہ بنائے اور مجھے قرآن سے مزید شغف عطا فرمائے آمین بجاہِ خاتم النبیین خالق و مالک اللہ رب العزت کا عاجز بندہ۔

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

M. Phil - Islamic Thought and Civilization (Gold Medalist)
Cell Phone # 03009508966
E Mail: ahsinjahangir19@gmail.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

تقریظ

بعد از حمد وصلوۃ بندہ ناچیز نے محترم ومکرم جناب کرنل احسن جہانگیر صاحب کے مرتب کردہ مضامین قرآن پاک جسکو انہوں نے موضوعاتِ " کتاب لاریب " کا نام دیا تین جلدوں پر مشتمل ہیں ان کے تقریباً تمام موضوعات کا مطالعہ کیا انتہائی شاندار کام کیا ہے اور نہایت سادہ انداز میں قرآن کریم کے 100 موضوعات کو سہل انداز میں جمع کیا تا کہ پڑھنے والے کو آسانی میسر آئے اور وہ ایک موضوع پر قرآن کریم میں تمام آیات کو زیرِ مطالعہ لا کر قرآن فہمی سے مستفید ہو ویسے تو اس عنوان سے کافی لوگوں نے کام کیا ہے لیکن کرنل صاحب کے کام کی افادیت و اہمیت اپنی جگہ پر ایک اہم مقام رکھتی ہے یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اس نے اس " کتابِ لاریب " کی ہر طرح سے حفاظت فرمانی ہے وہ قرآن کریم کے الفاظ ہوں یا معانی وتشریح قیامت تک کے لیے قرآن پاک سمجھانے والے اور سمجھنے والے اللہ کے حکم سے یہ فریضہ انجام دیتے رہیں گے اور ہمیں بھی اس نیک مشن میں اپنا حصہ شامل کرنا ہے۔ ہم سب کو قرآن فہمی کے پروگرامز اور لٹریچر کو عام کرنے کے لیے سعی کی ضرورت ہے۔ کرنل صاحب کی مرتب کردہ اس تصنیف میں خوش آئند بات یہ ہے کے اُردو اور انگریزی ترجمہ کرتے وقت فرقہ پرستی اور عام الفاظ سے حد درجہ دوری اختیار کی گئی ہے تا کہ قُرآن پاک سمجھنے والا فرقہ پرستی کی بھینٹ بھی نہ چڑھے اور ترجمہ کے عامیانہ الفاظ کے استعمال کی وجہ سے بے ادبی سے بچے اور دوسرا انگریزی میں ترجمہ لکھ کر انگریزی بولنے اور سمجھنے والوں کے لیے قرآن فہمی کی راہ ہموار کی گئی ہے خدائے بزرگ و برتر کی بارگاہ حمدیت میں التجا ہے کہ اللہ تعالیٰ کرنل احسن جہانگیر صاحب کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور رہتی دُنیا تک ان کے اس ترتیب کردہ مجموعہ سے لوگ فائدہ حاصل کرتے رہیں اور رب کریم اسی طرح ان سے اپنے دین کی خدمات جلیلہ کا کام کرواتا رہے آمین۔

دُعا گو

ارشد الحق امینی (ایم اے عربی و اسلامیات)
فاضل تنظیم المدارس اہلِ سنت لاہور۔ بانی مسلم علماء کونسل پاکستان
لیکچرر پنجاب کالج گوجرہ (صدر شعبہ اسلامیات)
خطیب جامع مسجد زہرا مرید والا فیصل آباد
Mobile # 0300-6061702

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

تقریظ

نَحۡمَدُہٗ وَ نُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمُ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَانِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اللہ تعالیٰ کا بہت کرم اور بے حد احسان ہے کہ اس ذات نے لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر کو " کتابِ لاریب" ترتیب دینے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ یہ عظیم کام قرآن پاک کو موضوعات کے مطابق ترتیب دینا ہے تا کہ عام فہم قاری کو اللہ پاک کا مکمل پیغام سمجھنے میں آسانی ہو۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ " کتابِ لاریب" کو تمام دنیا میں مشہور محبوب اور اثر آفریں بنائے ان کی نجات کا وسیلہ اور قیامت تک کے لیے صدقہ جاریہ کر دے۔ اللہ رب العزت ان پر مزید اپنے انعامات کی بارش فرمائے۔ دعا ہے اللہ پاک ان کو نبی کریم ﷺ کی زیارت اور قیامت میں آپکی شفاعت سے بہرہ مند فرمائیں۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

دُعا گو

سجاد حسین مصطفائی
بانی و سرپرستِ اعلیٰ کاروانِ محبت الٰہی پاکستان
24 فروری 2022

بسم اللہ الرحمن الرحیم



مسلم علماء کونسل پاکستان

جامعہ نور الامین 6 کلومیٹر ٹوبہ روڈ گوجرہ

سند تصدیق و تائید

تصدیق کی جاتی ہے کہ محترم و مکرم **لیفٹیننٹ کرنل احسن جھانیگر** جو کہ پاک آرمی میں حاضر سروس آفیسر ہونے کے ساتھ ساتھ دینی علوم کا گہرا شغف رکھتے ہیں حال ہی میں انہوں نے عام مسلمان کیلئے قرآن پاک میں مذکور مضامین کو موضوعات کتاب لاریب کے نام سے ترتیب دیا ہے تا کہ عام قرآن پڑھنے والے احباب کو قرآن سمجھنے میں آسانی ہو انکی ترتیب دی گئی تین جلدوں کے موضوعات اور قرآنی آیات کے تراجم کو بغور دیکھا گیا ہے ہر لحاظ سے بہترین پایا بالخصوص فرقہ واریت سے مکمل اجتناب کرتے ہوئے ایسا شاندار کام کیا گیا ہے جسکی آج مسلمانوں کو اشد ضرورت ہے اس قابل فخر کام پر **کرنل صاحب** کے اس موضوعات کتاب لاریب کے نسخہ جات کی تصدیق و تائید کے لئے سند جاری کی جا رہی ہے، مالک لم یزل انکی اس کاوش کو قبول فرما کر ان کو دارین کی سعادتیں عطاء فرمائے۔ آمین

تائیدی دستخط مفتیان کرام

علامہ مفتی محمد سبطین سبزی	علامہ مفتی محمد خالد مقصود لودھرانی	علامہ مفتی محمد امین نقشبندی	پروفیسر مفتی ارشاد الحق امینی
خطیب جامع مسجد فاروق گوجرہ (مکتب دیوبند)	خطیب جامع مسجد فاروق اعظم لودھراں	مہتمم جامعہ مرکز القرآن گوجرہ	خطیب جامع مسجد ابوبکر صدیق آباد
05/12/2021	05/12/2021	05/12/2021	05-12-21

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

فہرست مضامین

سیریل	موضوعات	آیات	صفحہ نمبر
	(جلد دوئم) قرآنِ پاک، انبیاء علیہم السلام اور متفرق موضوعات		
1	قرآنِ پاک کی فضیلت	341	68-1
2	انبیاء علیہم السلام کا تذکرہ	1564	337-69
3	معجزہ کا بیان	30	344-338
4	قرآنی قصے		
a	قصہ حضرت یوسفؑ	103	368-345
b	قصہ حضرت موسیٰؑ اور حضرت خضرؑ	23	373-369
c	قومِ فرعون اور نیک آدمی کا قصہ	23	378-374
d	قصہ ذوالقرنین	17	381-379
e	قصہ قومِ عاد، ثمود اور فرعون	14	383-382
f	قصہ یاجوج اور ماجوج	9	385-384
g	قصہ حضرت سلیمانؑ اور چیونٹی	2	386
h	قصہ حضرت سلیمانؑ اور ملکہ سبا	25	391-387
i	قصہ حکیم لقمان	8	393-392
j	قصہ قارون	7	395-394
k	قصہ حضرت مریم علیہا السلام	22	399-396

سیریل	موضوعات	آیات	صفحہ نمبر
l	خندقوں والے لوگوں کا قصہ	9	401-400
m	اصحابِ کہف	18	406-402
n	اہلِ یمن (باغ والوں کا قصہ)	17	408-407
o	ہاتھی والوں کا قصہ	5	409
p	قصہ ابولہب	5	410
q	قصہ گستاخِ رسول (ولید بن مغیرہ)	7	412-411
r	دو باغات والی شخصیات کا قصہ	14	415-413
5	موت کا ذکر	3	416
6	قیامت کا ذکر	462	487-417
7	آخرت کا ذکر	9	489-488
8	جنت کا ذکر	304	539-490
9	دوزخ کا ذکر	270	583-540
10	اہلِ اعراف کون ہیں	5	585-584
11	فرشتوں کا ذکر	78	602-586
12	کفار کے متعلق آیات	1011	810-603
13	ماخذ و مراجع	-	811

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابٌ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد دوئم)

قرآنِ پاک، انبیاء علیہم السلامؑ اور متفرق موضوعات

فہرست مضامین

VOLUME 1,2,3

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر
	اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ، حضرت محمد ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم (جلد اول)	
1	کلمۂ طیبہ کا ذکر	2-1
3	اللہ پاک اور رسول پاک ﷺ کا اکٹھا ذکر	379-354
5	مسجد حرام (خانہ کعبہ) کا ذکر	396-393
7	عذابِ الٰہی کا ذکر	452-403
9	اللہ کے نزدیک دن کی مقدار	465
11	لوحِ محفوظ کا ذکر	468-467
13	معراج رسول ﷺ کا ذکر	671-669
15	صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کا ذکر	714-685
17	مآخذ و مراجع	720
	قرآنِ پاک، انبیاء علیہم السلام اور قرآنی قصے (جلد دوئم)	
1	قرآنِ پاک کی فضیلت	68-1
3	معجزہ کا بیان	344-338
	4 قرآنی قصے	
a	قصہ حضرت یوسف علیہم السلام	368-345
c	قوم فرعون اور نیک آدمی کا قصہ	378-374
e	قصہ قومِ عاد، ثمود اور فرعون	383-382
g	قصہ حضرت سلیمان علیہم السلام اور چیونٹی	386
i	قصہ حکیم لقمان	393-392
k	قصہ حضرت مریم علیہم السلام	399-396
m	اصحابِ کہف	406-402
o	ہاتھی والوں کا قصہ	409
q	قصہ گستاخِ رسول (ولید بن مغیرہ)	412-411
5	موت کا ذکر	416
7	آخرت کا ذکر	489-488
9	دوزخ کا ذکر	583-540
11	فرشتوں کا ذکر	602-586
13	مآخذ و مراجع	811
	انسان اور سائنس (جلد سوئم)	
1	اولاد آدم علیہم السلام سے لیا گیا پہلا وعدہ (عہد الست)	1
3	عبادات (نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ)	181-160
5	صبر کا ذکر	188-183

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر
2	اِسم ذات اللہ کا ذکر	353-3
4	اللہ پاک کی نشانیاں	392-380
6	اللہ پاک کی حرام کردہ حدود	402-397
8	شرک کا بیان	464-453
10	بارہ مہینوں کا ذکر	466
12	رسولِ پاک ﷺ کا ذکر	668-469
14	ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھم کا ذکر	684-672
16	غزوات کا ذکر	719-715
2	انبیاء علیہم السلام کا تذکرہ	337-69
b	قصہ حضرت موسیٰ علیہم السلام اور حضرت خضر علیہم السلام	373-369
d	قصہ ذوالقرنین	381-379
f	قصہ یاجوج اور ماجوج	385-384
h	قصہ حضرت سلیمان علیہم السلام اور ملکہ سبا	391-387
j	قصہ قارون	395-394
l	خندقوں والے لوگوں کا قصہ	401-400
n	اہلِ یمن (باغ والوں کا قصہ)	408-407
p	قصہ ابولہب	410
r	دو باغات والی شخصیات کا قصہ	415-413
6	قیامت کا ذکر	487-417
8	جنت کا ذکر	539-490
10	اہلِ اعراف کون ہیں	585-584
12	کفار کے متعلق آیات	810-603
2	انسان سے متعلق مختلف مضامین	159-2
4	پاکیزہ روحیں / گناہ گار روحیں	182
6	آزمائش کا بیان	189

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر
7	شراب وجواء، فال کا بیان	190	8	حلال وحرام رزق کا بیان	197-191
9	وصیت/وراثت کا بیان	203-198	10	فساد پھیلانے والے لوگوں کا تذکرہ	205-204
11	سود کا بیان	207-206	12	دنیاوی خواہشات کا بیان	208
13	نکاح کا بیان	213-209	14	خواتین کے متعلق مسائل واحکام	237-214
15	والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا ذکر	241-238	16	تیمّم کا بیان	243-242
17	وضو کا بیان	245-244	18	اموال اور اولاد کا ذکر	246
19	بہتان/ تہمت کا بیان	253-247	20	گواہی کا بیان	255-254
21	قسم اور اسکے کفارے کا ذکر	256	22	مالِ غنیمت کا ذکر	259-257
23	قرضِ حسنہ کا ذکر	275-260	24	منافقین کا ذکر	315-276
25	شیطان کا بیان	340-316	26	مسلمان/ایمان والے/پرہیزگار لوگ/مومن	468-341
27	خون/ قتل کا بدلہ	472-469	28	جہاد فی سبیل اللہ کا بیان	509-473
29	یتیم اور محتاج کا بیان	519-510	30	قرض اور خرید وفروخت	521-520
31	عہد کو توڑنے والے لوگوں کا ذکر	522	32	توبہ کا بیان	523
33	گناہ کبیرہ کا بیان	524	34	شکار اور تقدسِ احرام کا ذکر	528-525
35	تقویٰ کا ذکر	529	36	صراطِ مستقیم	530
37	فرقہ بندی سے ممانعت	531	38	صدقات کے مستحق لوگوں کا ذکر	532
39	زنا، بدکاری کا بیان	539-533	40	سنی سنائی بات پر عمل نہ کرنے کا بیان	540
41	مقرب بندوں کا ذکر	544-541	42	المرصوص	545
43	سجین (گناہگاروں کا نامہ اعمال)	546	44	علیین (نیک لوگوں کا نوشتہ اعمال)	547
45	جادو کا بیان	548	46	جھوٹا خدائی دعویٰ اور نبوت کا دعویٰ کرنے والا ظالم ہے	549
47	فضول خرچی کا بیان	551-550	48	نیکی کا بیان	552
49	ناپ تول کا ذکر	554-553	50	تکبر وغرور کا بیان	560-555
51	اصحاب الیمین کون ہیں	561	52	قول وفعل میں تضاد کا بیان	562
53	نمازِ جمعہ کا ذکر	563	54	امانت دار کیلئے انعام کا ذکر	564
55	اللہ پاک کی راہ میں قتل/شہید ہونے والوں کا ذکر	567-565	56	نقصان اُٹھانے والے یا خسارے والے لوگ	575-568
57	جنات کا ذکر	585-576	58	سائنس کا علم (قرآنی آیات)	659-586
59	اللہ پاک کے خوف سے پتھروں کا گرنا	660	60	لوہے کی اہمیت	661
61	شہابِ ثاقب کا ذکر	663-662	62	یہود ونصاریٰ/اہل کتاب کا ذکر	730-664
63	حرمت والے مہینوں کا ذکر	730	64	ہجرت کا بیان	735-732
65	حروفِ مقطعات کا ذکر	741-736	66	زقوم کا درخت کہاں ہے	746-742
67	شاعری کے متعلق حکمِ الٰہی	747	68	شب قدر کا بیان	748
69	وسیلہ کا معنی ومفہوم	749	70	قرآن پاک میں دل کی اقسام	754-750
71	قرآنی دعائیں	765-755	72	جانوروں کا تذکرہ	771-766
73	مآخذ ومراجع	772			

1۔ قرآنِ پاک کی فضیلت

سورۃ البقرہ:

ذَلِكَ الْكِتَابُ لاَ رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ (2)

ترجمہ: (یہ) وہ عظیم کتاب ہے جس میں کسی شک کی گنجائش نہیں، (یہ) پرہیزگاروں کے لیے ہدایت ہےo

(This is) the Glorious Book in which there is no chance of doubt. (It is) a guide for those who guard against evil and fear Allah:

وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ(4)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں، اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیںo

And those who believe in (all) that which has been revealed to you, and that which was revealed before you, and also have (perfect) faith in the Hereafter.

وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَى عَبْدِنَا فَأْتُواْ بِسُورَةٍ مِّن مِّثْلِهِ وَادْعُواْ شُهَدَاءكُم مِّن دُونِ اللّهِ إِنْ كُنتُمْ صَادِقِينَ (23)

ترجمہ: اور اگر تم اس (کلام) کے بارے میں شک میں مبتلا ہو جو ہم نے اپنے (برگزیدہ) بندے پر نازل کیا ہے تو اس جیسی کوئی ایک سورت ہی بنا لاؤ، اور (اس کام کے لیے بے شک) اللہ کے سوا اپنے (سب) حمائتیوں کو بلا لو اگر تم (اپنے شک اور انکار میں) سچے ہوo

And if you are in doubt about this (Book) which We have revealed to Our (exalted) servant, then produce only one chapter like this. And (for this task) you may call upon (all) your helpers apart from Allah if you are true (in your doubt and denial).

فَإِن لَّمْ تَفْعَلُواْ وَلَن تَفْعَلُواْ فَاتَّقُواْ النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ (24)

ترجمہ: پھر اگر تم ایسا نہ کر سکو اور ہرگز نہ کر سکو گے تو اس آگ سے بچو جس کا ایندھن آدمی (یعنی کافر) اور پتھر (یعنی ان کے بت) ہیں، جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہےo

But if you fail to do it-and you shall never be able to do it-then guard yourselves against the Fire whose fuel is human beings (the disbelievers) and stones (their idols), prepared for disbelievers.

وَآمِنُواْ بِمَا أَنزَلْتُ مُصَدِّقاً لِّمَا مَعَكُمْ وَلاَ تَكُونُواْ أَوَّلَ كَافِرٍ بِهِ وَلاَ تَشْتَرُواْ بِآيَاتِي ثَمَناً قَلِيلاً وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ (41)

ترجمہ: اور اس (کتاب) پر ایمان لاؤ جو میں نے (اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) اتاری (ہے، حالاں کہ) یہ اس کی (اصلاً) تصدیق کرتی ہے جو تمہارے پاس ہے اور تم ہی سب سے پہلے اس کے منکر نہ بنو اور میری آیتوں کو (دنیا کی) تھوڑی سی قیمت پر فروخت نہ کرو اور مجھ ہی سے ڈرتے رہوo

And believe in (the Book) that I have revealed (to My Messenger Muhammad

[blessings and peace be upon him]), whilst it confirms (originally) that which you possess. And do not be the first to deny it, nor trade My Revelations for a small (worldly) price. And fear Me alone.

قُلْ مَن كَانَ عَدُوّاً لِّجِبْرِيْلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَى قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللّهِ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرَى لِلْمُؤْمِنِيْنَ (97)

ترجمہ: آپ فرمادیں: جو شخص جبریل کا دشمن ہے (وہ ظلم کر رہا ہے) کیونکہ اس نے (تو) اس (قرآن) کو آپ کے دل پر اللہ کے حکم سے اتارا ہے (جو) اپنے سے پہلے (کی کتابوں) کی تصدیق کرنے والا ہے اور مؤمنوں کے لیے (سراسر) ہدایت اور خوشخبری ہےo

Say: 'Whoever is an enemy to Jibril ([Gabriel] is doing injustice), because he is the one who has brought it (the Qur'an) down upon your heart only by Allah's command (which) confirms the preceding (Books) and contains (absolute) guidance and glad tidings for the believers;

وَلَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَمَا يَكْفُرُ بِهَا إِلَّا الْفَاسِقُونَ (99)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ کی طرف روشن آیتیں اتاری ہیں اور ان (نشانیوں) کا سوائے نافرمانوں کے کوئی انکار نہیں کر سکتاo

And certainly We have sent down to you luminous signs and none but the disobedient can deny them.

مَا نَنسَخْ مِنْ آيَةٍ أَوْ نُنسِهَا نَأْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا أَوْ مِثْلِهَا أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (106)

ترجمہ: ہم جب کوئی آیت منسوخ کر دیتے ہیں یا اسے فراموش کرا دیتے ہیں (تو بہرصورت) اس سے بہتر یا ویسی ہی (کوئی اور آیت) لے آتے ہیں، کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہر چیز پر (کامل) قدرت رکھتا ہےo

When We abrogate some verse or cause it to be forgotten, (in either case) We bring (some other verse) better than or similar to it. Do you not know that Allah has (absolute) control over everything?

الَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَتْلُونَهُ حَقَّ تِلاَوَتِهِ أُوْلَـئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمن يَكْفُرْ بِهِ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (121)

ترجمہ: (ایسے لوگ بھی ہیں) جنہیں ہم نے کتاب دی وہ اسے اس طرح پڑھتے ہیں جیسے پڑھنے کا حق ہے، وہی لوگ اس (کتاب) پر ایمان رکھتے ہیں، اور جو اس کا انکار کر رہے ہیں سو وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیںo

(Also there are people) whom We gave the Book. They recite it as it ought to be recited. It is these people who believe in it (the Book). And those who deny it, it is they who are the losers.

إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى مِن بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِيْ الْكِتَابِ أُولَـئِكَ يَلعَنُهُمُ اللّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ (159)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہماری نازل کردہ کھلی نشانیوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں اس کے بعد کہ ہم نے اسے لوگوں کے لیے (اپنی) کتاب میں واضح کر دیا ہے تو انہی لوگوں پر اللہ لعنت بھیجتا ہے (یعنی انہیں اپنی رحمت سے دور کرتا ہے) اور لعنت بھیجنے والے بھی ان پر لعنت بھیجتے ہیںo

Surely, those who conceal the manifest signs and guidance sent down by Us after We have revealed them clearly for the people in (Our) Book, it is they whom Allah curses (i.e., deprives them of His mercy) and whom also curse all those who curse.

إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَناً قَلِيْلاً أُولٰئِكَ مَا يَأْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (174)

ترجمہ: بے شک جو لوگ کتابِ (تورات کی ان آیتوں) کو جو اللہ نے نازل فرمائی ہیں چھپاتے ہیں اور اس کے بدلے حقیر قیمت حاصل کرتے ہیں، وہ لوگ سوائے اپنے پیٹوں میں آگ بھرنے کے کچھ نہیں کھاتے اور اللہ قیامت کے روز ان سے کلام تک نہیں فرمائے گا اور نہ ہی ان کو پاک کرے گا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے o

Indeed, those who conceal (those verses of) the Book (Torah) which Allah has revealed, and take in exchange for that a small price, eat nothing but fill their bellies with Fire. And Allah will neither speak to them nor purify them on the Day of Resurrection. And for them is painful torment.

أُولٰئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ (175)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی اور مغفرت کے بدلے عذاب، کس چیز نے انہیں (دوزخ کی) آگ پر صبر کرنے والا بنا دیا ہے o

It is they who have purchased error for guidance and torment for forgiveness. What has made them steadfast to bear the Fire (of Hell)?

ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتَابِ لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ (176)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ نے کتاب حق کے ساتھ نازل فرمائی، اور بے شک جنہوں نے کتاب میں اختلاف ڈالا وہ مخالفت میں (حق سے) بہت دور (جا پڑے) ہیں o

This is so because Allah has revealed the Book with the truth. And indeed those who fabricate contradictions (and antinomies) in the Book are far (gone from the truth) in rivalry.

سورۃ العمران:

نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَنْزَلَ التَّوْرَاةَ وَالإِنجِيْلَ (3)

ترجمہ: (اے حبیب!) اُسی نے (یہ) کتاب آپ پر حق کے ساتھ نازل فرمائی ہے (یہ) اُن (سب کتابوں) کی تصدیق کرنے والی ہے جو اِس سے پہلے اتری ہیں اور اُسی نے تورات اور اِنجیل (بھی) نازل فرمائی ہے o

(O Beloved!) He is the One Who has revealed to you (this) Book with truth. (It) confirms (all those Books) that were revealed before it. And He is the One Who has revealed the Torah and the Injil (the Gospel).

مِن قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَأَنْزَلَ الْفُرْقَانَ إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِآيَاتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انتِقَامٍ (4)

ترجمہ: (جیسے) اس سے قبل لوگوں کی رہنمائی کے لیے (کتابیں اتاری گئیں) اور (اب اسی طرح) اس نے حق اور باطل میں امتیاز کرنے والا (قرآن) نازل فرمایا ہے، بے شک جو لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں ان کے لیے سنگین عذاب ہے، اور اللہ بڑا غالب انتقام لینے والا ہےo

(As the Books were revealed) before this to guide the people, He has (now, in like manner,) revealed (the Qur'an,) the criterion to distinguish right from wrong. Verily, those who deny Allah's Revelations, for them is rigorous punishment. And Allah is Almighty, the Lord of Retribution.

هُوَ الَّذِیَ أَنزَلَ عَلَیْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آیَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ فَأَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاء الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاء تَأْوِیْلِهِ وَمَا یَعْلَمُ تَأْوِیْلَهُ إِلاَّ اللّهُ وَالرَّاسِخُونَ فِیْ الْعِلْمِ یَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِندِ رَبِّنَا وَمَا یَذَّكَّرُ إِلاَّ أُوْلُواْ الأَلْبَابِ (7)

ترجمہ: وہی ہے جس نے آپ پر کتاب نازل فرمائی جس میں سے کچھ آیتیں محکم (یعنی ظاہراً بھی صاف اور واضح معنی رکھنے والی) ہیں وہی (احکام) کتاب کی بنیاد ہیں اور دوسری آیتیں متشابہ (یعنی معنی میں کئی احتمال اور اشتباہ رکھنے والی) ہیں، سو وہ لوگ جن کے دلوں میں کجی ہے اس میں سے صرف متشابہات کی پیروی کرتے ہیں (فقط) فتنہ پروری کی خواہش کے زیر اثر اور اصل مراد کی بجائے من پسند معنی مراد لینے کی غرض سے، اور اس کی اصل مراد کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور علم میں کامل پختگی رکھنے والے کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لائے، ساری (کتاب) ہمارے رب کی طرف سے اتری ہے، اور نصیحت صرف اہلِ دانش کو ہی نصیب ہوتی ہےo

He is the One Who has revealed to you the Book comprising some firm and solid Verses (i.e., literally clear and precise in meaning); they are the foundation of (the commandments of) the Book. And other Verses are figurative (i.e., containing abstract and allusive meaning). So, those who have deviation in their hearts follow only its figurative Verses (just) under the urge to create disruption and with the motive to supply them self-seeking interpretation instead of their true interpretation. But none knows its true interpretation apart from Allah. And those who are perfectly firm in knowledge say: 'We believe in it. The whole (Book) has been revealed by our Lord.' And direction and guidance is the share of only those who possess wisdom and insight.

تِلْكَ آیَاتُ اللّهِ نَتْلُوهَا عَلَیْكَ بِالْحَقِّ وَمَا اللّهُ یُرِیْدُ ظُلْماً لِّلْعَالَمِیْنَ(108)

ترجمہ: یہ اللہ کی آیتیں ہیں جنہیں ہم آپ پر حق کے ساتھ پڑھتے ہیں، اور اللہ جہان والوں پر ظلم نہیں چاہتاo

These are the Revelations of Allah which We recite to you with truth. And Allah intends no injustice to mankind.

هَـذَا بَیَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِیْنَ (138)

ترجمہ: یہ قرآن لوگوں کے لیے واضح بیان ہے اور ہدایت ہے اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہےo

This Qur'an is an exposition for mankind and guidance and counsel for those who fear Allah.

سورۃ النساء:

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيـنَ أُوتُـواْ الْـكِتَـابَ آمِنُواْ بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقاً لِّمَا مَعَكُم مِّن قَبْلِ أَن نَّطْمِسَ وُجُوهاً فَنَرُدَّهَا عَلَى أَدْبَارِهَا أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ وَكَانَ أَمْرُ اللّهِ مَفْعُولاً (47)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! اس (کتاب) پر ایمان لاؤ جو ہم نے (اب اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) اتاری ہے جو اس کتاب کی (اصلاً) تصدیق کرتی ہے جو تمہارے پاس ہے، اس سے قبل کہ ہم (بعض) چہروں (کے نقوش) کو مٹا دیں اور انہیں ان کی پشت کی حالت پر پھیر دیں یا ان پر اسی طرح لعنت کریں جیسے ہم نے ہفتہ کے دن (نافرمانی کرنے) والوں پر لعنت کی تھی اور اللہ کا حکم پورا ہو کر ہی رہتا ہےo

O People of the Book! Believe in that (Book) which We have revealed (now to Our Beloved Muhammad [blessings and peace be upon him]) which (originally) confirms the Book that is with you, before We disfigure (features of some) faces and turn them on to their rear, or cast on them a curse like the one that We cast on those (who disobeyed) in the case of Sabbath. And the commandment of Allah is bound to be executed.

إِنَّ الَّـذِيـنَ كَـفَرُواْ بِآيَاتِنَا سَوْفَ نُصْلِيهِمْ نَاراً كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُمْ بَدَّلْنَاهُمْ جُلُوداً غَيْرَهَا لِيَذُوقُواْ الْعَذَابَ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَزِيزاً حَكِيماً (56)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے ہماری آیتوں سے کفر کیا ہم عنقریب انہیں (دوزخ کی) آگ میں جھونک دیں گے، جب ان کی کھالیں جل جائیں گی تو ہم انہیں دوسری کھالیں بدل دیں گے تاکہ وہ (مسلسل) عذاب (کا مزہ) چکھتے رہیں، بے شک اللہ غالب حکمت والا ہےo

Surely, those who disbelieved in Our Revelations, We shall soon hurl them into the Fire (of Hell). When their skins are burnt off, We shall replace them with other skins so that they may taste the torment (continually). Surely, Allah is Almighty, Most Wise.

أَفَلاَ يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِندِ غَيْرِ اللّهِ لَوَجَدُواْ فِيهِ اخْتِلاَفاً كَثِيراً (82)

ترجمہ: تو کیا وہ قرآن میں غور و فکر نہیں کرتے، اور اگر یہ (قرآن) غیرِ خدا کی طرف سے (آیا) ہوتا تو یہ لوگ اس میں بہت سا اختلاف پاتےo

Do they not ponder over the Qur'an? Had this (Qur'an) come from anyone other than Allah, these people would have found in it many contradictions.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ آمِنُواْ بِاللّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِىْ نَزَّلَ عَلَى رَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِىْ أَنزَلَ مِن قَبْلُ وَمَن يَكْفُرْ بِاللّهِ وَمَلآئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلاَلاً بَعِيْداً (136)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ پر اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل فرمائی ہے اور اس کتاب پر جو اس نے (اس سے) پہلے اتاری تھی ایمان لاؤ، اور جو کوئی اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کی کتابوں کا اور اس کے رسولوں کا اور آخرت کے دن کا انکار کرے تو بے شک وہ دور دراز کی گمراہی میں بھٹک گیاo

O believers! Put faith in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and in the Book which He has revealed to His Messenger (blessings and peace be upon him) and the Book that He revealed before (it). And he who denies Allah, His angels, His Books, His Messengers and the Last Day has surely strayed far away.

سورۃ المائدہ:

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيراً مِّمَّا كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ قَدْ جَاءكُم مِّنَ اللّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِينٌ (15)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! بے شک تمہارے پاس ہمارے (یہ) رسول تشریف لائے ہیں جو تمہارے لیے بہت سی ایسی باتیں (واضح طور پر) ظاہر فرماتے ہیں جو تم کتاب میں سے چھپائے رکھتے تھے اور (تمہاری) بہت سی باتوں سے درگزر (بھی) فرماتے ہیں۔ بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور (یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آ گیا ہے اور ایک روشن کتاب (یعنی قرآن مجید)o

O People of the Book! Indeed, there has come to you Our Messenger who (clearly) unfolds to you many such things from the Book as you have been concealing and who overlooks many of (your) wrongs (too). There has indeed come to you a light from Allah (i.e., Muhammad [blessings and peace be upon him]) and an Enlightening Book (i.e., the Holy Qur'an).

يَهْدِي بِهِ اللّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلاَمِ وَيُخْرِجُهُم مِّنِ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ16)

ترجمہ: اللہ اس کے ذریعے ان لوگوں کو جو اس کی رضا کے پیرو ہیں، سلامتی کی راہوں کی ہدایت فرماتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے (کفر و جہالت کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان و ہدایت کی) روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں سیدھی راہ کی سمت ہدایت فرماتا ہےo

By this Allah guides those who seek His pleasure to the paths to peace (and security), and takes them out of darkness (of ignorance and disbelief) by His command, and leads them to the light (of faith and guidance), and directs them towards the straight road.

وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِناً عَلَيْهِ فَاحْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ وَلاَ تَتَّبِعْ

أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ الْحَقِّ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجاً وَلَوْ شَاءَ اللّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَـكِن لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَا آتَاكُم فَاسْتَبِقُوا الخَيْرَاتِ إِلَى الله مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعاً فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُونَ (48)

ترجمہ: اور (اے نبیِ مکرّم!) ہم نے آپ کی طرف سچائی کے ساتھ کتاب نازل فرمائی ہے جو اپنے سے پہلے کی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور اس (کے اصل احکام و مضامین) پر نگہبان ہے، پس آپ ان کے درمیان ان (احکام) کے مطابق فیصلہ فرمائیں جو اللہ نے نازل فرمائے ہیں اور آپ ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں، اس حق سے دور ہو کر جو آپ کے پاس آ چکا ہے۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے الگ شریعت اور کشادہ راہِ عمل بنائی ہے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو (ایک شریعت پر متفق) ایک ہی امّت بنا دیتا لیکن وہ تمہیں ان (الگ الگ احکام) میں آزمانا چاہتا ہے جو اس نے تمہیں (تمہارے حسبِ حال) دیے ہیں، سو تم نیکیوں میں جلدی کرو۔ اللہ ہی کی طرف تم سب کو پلٹنا ہے، پھر وہ تمہیں ان (سب باتوں میں حق و باطل) سے آگاہ فرما دے گا جن میں تم اختلاف کرتے رہتے تھےo

And, (O Most Esteemed Messenger,) We have revealed the Book to you (also) with the truth which confirms the Book that preceded it and stands as a guardian over (the actual commands and contents contained in) it. So judge between them according to these (commandments) which Allah has revealed. And do not follow their desires turning away from the truth that has come to you. We have designed for each one of you a discrete law and an all-embracing way of life. Had Allah so willed, He would have made you all one Umma ([Community] agreeing to the same law). But He wants to test you in these (separately given sets of commandments) which He has given you (suiting your respective life situations). So, make haste in doing pious works. To Allah have you all to return. He will then enlighten you on (the truth and falsehood in all the matters in) which you used to disagree.

وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِالله والنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاء وَلَـكِنَّ كَثِيْراً مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ(81)

ترجمہ: اور اگر وہ اللہ پر اور نبی (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اس (کتاب) پر جو ان کی طرف نازل کی گئی ہے ایمان لے آتے تو ان (دشمنانِ اسلام) کو دوست نہ بناتے، لیکن ان میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیںo

And had they believed in Allah and the (Last) Messenger (blessings and peace be upon him) and the (Book) that has been revealed to him, they would not have made friends with those (enemies of Islam). But most of them are disobedient.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَسْأَلُواْ عَنْ أَشْيَاء إِن تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ وَإِن تَسْأَلُواْ عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَكُمْ عَفَا اللّهُ عَنْهَا وَاللّهُ غَفُورٌ حَلِيْمٌ (101)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم ایسی چیزوں کی نسبت سوال مت کیا کرو (جن پر قرآن خاموش ہو) کہ اگر وہ تمہارے لیے ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں مشقت میں ڈال دیں (اور تمہیں بری لگیں)، اور اگر تم ان کے بارے میں اس وقت سوال کرو گے جبکہ قرآن نازل

کیا جارہا ہے تو وہ تم پر (نزولِ حکم کے ذریعے ظاہر (یعنی متعیّن) کر دی جائیں گی (جس سے تمہاری صواب دید ختم ہو جائے گی اور تم ایک ہی حکم کے پابند ہو جاؤ گے)۔ اللہ نے ان (باتوں اور سوالوں) سے (اب تک) درگزر فرمایا ہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بردبار ہےo

O believers! Do not ask about things (on which the Qur'an is quiet,) for if they are disclosed to you, they may put you in strain (and you will be repelled by them). But if you enquire about them whilst the Qur'an is being sent down, they will be disclosed to you (i.e., fixated through revealing the commandments, but this will put an end to your choice of discretion, binding you to only one command). Allah has (so far) overlooked (these matters and questions), and Allah is Most Forgiving, Most Forbearing.

قَدْ سَأَلَهَا قَوْمٌ مِّن قَبْلِكُمْ ثُمَّ أَصْبَحُواْ بِهَا كَافِرِيْنَ (102)

ترجمہ: بے شک تم سے پہلے ایک قوم نے ایسی (ہی) باتیں پوچھی تھیں، (جب وہ بیان کر دی گئیں) پھر وہ ان کے منکر ہو گئےo

No doubt, a people before you asked about similar things, but (when they were disclosed to them) they denied them.

سورۃ الانعام:

فَقَدْ كَذَّبُواْ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءهُمْ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنبَاء مَا كَانُواْ بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (5)

ترجمہ: پھر بے شک انہوں نے (اسی طرح) حق (یعنی قرآن) کو (بھی) جھٹلا دیا جب وہ ان کے پاس (اُلوہی نشانی کے طور پر) آیا، پس عنقریب ان کے پاس اس کی خبریں آیا چاہتی ہیں جس کا وہ مذاق اڑاتے تھےo

Then indeed (the same way) they belied the truth (the Qur'an as well) when it came to them (as a sign of Allah). But soon there is coming to them the news pertaining to what they have been making fun of.

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَاباً فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ إِنْ هَـذَا إِلاَّ سِحْرٌ مُّبِيْنٌ (7)

ترجمہ: اور ہم اگر آپ پر کاغذ پہ لکھی ہوئی کتاب نازل فرما دیتے پھر یہ لوگ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو بھی لیتے تب (بھی) کافر لوگ (یہی) کہتے کہ یہ صریح جادو کے سوا (کچھ) نہیںo

And had We revealed to you a book written on paper which these people could also have touched with their own hands, (even) then the disbelievers would have said: 'This is (nothing) but sheer magic.'

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ مَن يَشَإِ اللّهُ يُضْلِلْهُ وَمَن يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (39)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور گونگے ہیں، تاریکیوں میں (بھٹک رہے) ہیں۔ اللہ جسے چاہتا ہے اسے (انکارِ حق اور ضد کے باعث) گمراہ کر دیتا ہے، اور جسے چاہتا ہے اسے (قبولِ حق کے باعث) سیدھی راہ پر لگا دیتا ہےo

And those who reject Our Revelations are deaf and dumb, (groping) in the folds of darkness. Allah holds astray whom He wills (due to his stubbornness

and the denial of the truth), and puts whom He pleases on the straight road (due to the acceptance of the truth).

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُواْ يَفْسُقُونَ (49)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں عذاب چھو کر رہے گا، اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھےo

But those who belie Our Revelations, torment is bound to befall them because they used to disobey.

وَأَنذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُونَ أَن يُحْشَرُواْ إِلَى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُم مِّن دُونِهِ وَلِيٌّ وَلاَ شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ (51)

ترجمہ: اور آپ اس (قرآن) کے ذریعے ان لوگوں کو ڈر سنایئے جو اپنے رب کے پاس اس حال میں جمع کیے جانے سے خوف زدہ ہیں کہ ان کے لیے اس کے سوا نہ کوئی مددگار ہو اور نہ (کوئی) سفارشی تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیںo

And warn by means of this (Qur'an) those who fear that they will be assembled before their Lord whilst they are without (any) helper or intercessor apart from Him so that they may become pious.

وَهَـــذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَهَا وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَهُمْ عَلَى صَلاَتِهِمْ يُحَافِظُونَ (92)

ترجمہ: اور یہ (وہ) کتاب ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے، بابرکت ہے، جو کتابیں اس سے پہلے تھیں ان کی (اصلاً) تصدیق کرنے والی ہے۔ اور (یہ) اس لیے (نازل کی گئی ہے) کہ آپ (اولاً) سب (انسانی) بستیوں کے مرکز (مکّہ) والوں کو اور (ثانیاً ساری دنیا میں) اس کے اردگرد والوں کو ڈر سنائیں، اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اس پر وہی ایمان لاتے ہیں اور وہی لوگ اپنی نماز کی پوری حفاظت کرتے ہیںo

And this is (that) Book which We have sent down, the most blessed one. It (authentically) confirms those revealed Books that preceded it. And (this) has been (sent down) in order that (firstly) you warn the residents of the nucleus of all the (human) communities, Mecca, and (secondly) the dwellers around it (the world over). And only those who believe in it have faith in the Last Day, and they alone keep a vigilant watch over their Prayers.

وَكَذَلِكَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ وَلِيَقُولُواْ دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهُ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (105)

ترجمہ: اور ہم اسی طرح (اپنی) آیتوں کو بار بار (انداز بدل کر) بیان کرتے ہیں اور یہ اس لیے کہ وہ (کافر) بول اٹھیں کہ آپ نے (تو کہیں سے) پڑھ لیا ہے تاکہ ہم اس کو جاننے والے لوگوں کے لیے خوب واضح کر دیںo

And it is this way We elucidate (Our) Verses repeatedly (diversifying the styles) so that they (the disbelievers) may exclaim: 'You have studied (from somewhere),' and that We make it clear to the people who are prone to learn.

أَفَغَيْرَ اللّهِ أَبْتَغِىْ حَكَماً وَهُوَ الَّذِىْ أَنْزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلاً وَالَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ (114)

ترجمہ: (فرما دیجیے:) کیا میں اللہ کے سوا کسی اور کو حَکَم (و فیصل) تلاش کروں حالاں کہ وہ (اللہ) ہی ہے جس نے تمہاری طرف مفصّل کتاب نازل فرمائی ہے، اور وہ لوگ جن کو ہم نے (پہلے) کتاب دی تھی (دل سے) جانتے ہیں کہ یہ (قرآن) آپ کے رب کی طرف سے (مبنی) برحق اتارا ہوا ہے پس آپ (ان اہلِ کتاب کی نسبت) شک کرنے والوں میں نہ ہوں (کہ یہ لوگ قرآن کا وحی ہونا جانتے ہیں یا نہیں)o

(Say:) 'Should I look for someone other than Allah as authority (and judge), whilst He is the One Who has revealed to you the elaborate Book?' And those whom We gave the Book (before) know (with conviction) that this (Qur'an) has been revealed from your Lord (based on) truth. So do not be of the sceptics (with regard to these People of the Book whether or not they know that the Qur'an is a revealed Book).

وَهَـٰذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (155)

ترجمہ: اور یہ (قرآن) برکت والی کتاب ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے سو (اب) تم اس کی پیروی کیا کرو اور (اللہ سے) ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائےo

And this (Qur'an) is a Book which We have revealed full of blessings. So (now) follow it and fear (Allah) persistently so that you are shown mercy.

أَن تَقُولُوا إِنَّمَا أُنزِلَ الْكِتَابُ عَلَىٰ طَائِفَتَيْنِ مِن قَبْلِنَا وَإِن كُنَّا عَن دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِينَ (156)

ترجمہ: (قرآن اس لیے نازل کیا ہے) کہ تم کہیں یہ (نہ) کہو کہ بس (آسمانی) کتاب تو ہم سے پہلے صرف دو گروہوں (یہود و نصارٰی) پر اتاری گئی تھی اور بے شک ہم ان کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھےo

(The Qur'an has been revealed lest) you (should) say: 'The (heavenly) Book was only sent down before us to the two communities (the Jews and the Christians), and undoubtedly, we were unaware of their reading and teaching.'

أَوْ تَقُولُوا لَوْ أَنَّا أُنزِلَ عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَىٰ مِنْهُمْ فَقَدْ جَاءَكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَصَدَفَ عَنْهَا سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يَصْدِفُونَ(157)

ترجمہ: یا یہ (نہ) کہو کہ اگر ہم پر کتاب اتاری جاتی تو ہم یقیناً ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہوتے، سو اب تمہارے رب کی طرف تمہارے پاس واضح دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی ہے، پھر اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے اور ان سے کترائے۔ ہم عنقریب ان لوگوں کو جو ہماری آیتوں سے گریز کرتے ہیں برے عذاب کی سزا دیں گے اس وجہ سے کہ وہ (آیاتِ ربّانی سے) اِعراض کرتے تھےo یا یہ (نہ) کہو کہ اگر ہم پر کتاب اتاری جاتی تو ہم یقیناً ان سے زیادہ ہدایت یافتہ ہوتے، سو اب تمہارے رب کی طرف تمہارے پاس واضح دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی ہے، پھر اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلائے اور ان سے کترائے۔ ہم عنقریب ان لوگوں کو جو ہماری آیتوں سے گریز کرتے ہیں برے عذاب کی سزا دیں گے اس وجہ سے کہ وہ (آیاتِ ربّانی سے) اِعراض کرتے تھےo

Or (lest) you should say: 'Had the Book been sent down to us, we would

certainly have been better guided than they are.' So, now has come to you from your Lord the clear proof and guidance and mercy. Then who can be more unjust than he who treats the Revelations of Allah as lies and evades them? Soon shall We inflict an evil torment upon those who evade Our Revelations because they used to turn away (from the signs of Allah).

سورۃ الاعراف:

كِتَابٌ أُنزِلَ إِلَيْكَ فَلَا يَكُن فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنذِرَ بِهِ وَذِكْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ (2)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہ کتاب ہے (جو) آپ کی طرف اتاری گئی ہے سو آپ کے سینۂ (انور) میں اس (کی تبلیغ پر کفار کے انکار و تکذیب کے خیال) سے کوئی تنگی نہ ہو (یہ تو اتاری ہی اس لیے گئی ہے) کہ آپ اس کے ذریعے (منکرین کو) ڈر سنا سکیں اور یہ مومنین کے لیے نصیحت (ہے)o

(O Esteemed Beloved!) This is the Book (that) has been revealed to you. So, let there be no feeling of constriction in your (illumined) breast (on thinking of the disbelievers' belying and denying the promulgation of its message. This has been revealed with the sole purpose) that by means of it you may warn (the ones who deny), and it (provides) direction and guidance to the believers.

اتَّبِعُواْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ وَلاَ تَتَّبِعُواْ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء قَلِيلاً مَّا تَذَكَّرُونَ (3)

ترجمہ: (اے لوگو!) تم صرف اُس (وحی) کی پیروی کرو جو تمہارے رب کی جانب سے تمہاری طرف اتاری گئی ہے اور اس کے سوا (اپنے بنائے ہوئے) دوستوں کے پیچھے مت چلو۔ تم بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہوo

(O people!) Follow this (Qur'an) which has been sent down to you from your Lord, and do not follow (any heretic rulers and) friends other than Him. You take advice but little!

وَالَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُواْ عَنْهَا أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (36)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان (پر ایمان لانے) سے سرکشی کی، وہی اہلِ جہنم ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

But those who belie Our Revelations and turn away from (believing in) them in defiance, it is they who are the inmates of Hell, its permanent residents.

وَلَقَدْ جِئْنَاهُم بِكِتَابٍ فَصَّلْنَاهُ عَلَى عِلْمٍ هُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (52)

ترجمہ: اور بے شک ہم ان کے پاس ایسی کتاب (قرآن) لائے جسے ہم نے (اپنے) علم (کی بنا) پر مفصّل (یعنی واضح) کیا، وہ ایمان والوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہےo

And surely, We have brought them such a Book (the Qur'an) that We have elucidated on (the basis of Our) knowledge, a guidance and a mercy for those who believe.

سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَإِن يَرَوْاْ كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُواْ بِهَا وَإِن يَرَوْاْ سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيْلاً وَإِن يَرَوْاْ سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيْلاً ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَكَانُواْ عَنْهَا غَافِلِيْنَ (146)

ترجمہ: میں اپنی آیتوں (کے سمجھنے اور قبول کرنے) سے ان لوگوں کو باز رکھوں گا جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں اور اگر وہ تمام نشانیاں دیکھ لیں (تب بھی) اس پر ایمان نہیں لائیں گے اور اگر وہ ہدایت کی راہ دیکھ لیں (پھر بھی) اسے (اپنا) راستہ نہیں بنائیں گے اور اگر وہ گمراہی کا راستہ دیکھ لیں (تو) اسے اپنی راہ کے طور پر اپنا لیں گے، یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے غافل بنے رہے o

I shall keep those who are unjustly arrogant in the land from (comprehending and accepting) My Revelations. And (even) if they see all signs, they will not believe in them, and (even) if they find the path of guidance, they will not adopt it as (their) way, but if they perceive the wrong path, they will embrace it as their way. It is because they denied Our Revelations and remained negligent of them.

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَلِقَاء الآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلاَّ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (147)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا ان کے اعمال برباد ہو گئے۔ انہیں کیا بدلہ ملے گا مگر وہی جو کچھ وہ کیا کرتے تھے o

And those who belie Our Revelations and the meeting of the Last Day, their actions become void. What will they be rewarded except what they have been doing?

وَاكْتُبْ لَنَا فِي هَـذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ إِنَّا هُدْنَـا إِلَيْكَ قَالَ عَذَابِيْ أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاء وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَـاةَ وَالَّذِيْنَ هُم بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ (156)

ترجمہ: اور تو ہمارے لیے اس دنیا (کی زندگی) میں (بھی) بھلائی لکھ دے اور آخرت میں (بھی) بے شک ہم تیری طرف تائب و راغب ہو چکے، ارشاد ہوا: میں اپنا عذاب جسے چاہتا ہوں اسے پہنچاتا ہوں اور میری رحمت ہر چیز پر وسعت رکھتی ہے، سو میں عنقریب اس (رحمت) کو ان لوگوں کے لیے لکھ دوں گا جو پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں اور وہی لوگ ہی ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں o

And ordain for us good in (the life of) this world and in the Hereafter (as well). Surely, we have turned and totally inclined towards You.' (Allah) said: 'I inflict My punishment on whom I will and My mercy encompasses everything. So, I shall soon prescribe this (mercy) for those who adopt Godwariness and pay Zakat (the Alms-due) regularly, and it is they who have faith in Our Revelations.

الَّـذِيْـنَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الأُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُونَهُ مَكْتُوباً عِندَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالإِنْجِيْلِ يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَـنِ الْـمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالأَغْلاَلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ

آمَنُواْ بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُواْ النُّورَ الَّذِيَ أُنزِلَ مَعَهُ أُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (157)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو اس رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرتے ہیں جو اُمّی (لقب) نبی ہیں (یعنی دنیا میں کسی شخص سے پڑھے بغیر مِن جانبِ اللہ لوگوں کو اخبارِ غیب اور معاش و معاد کے علوم و معارف بتاتے ہیں) جن (کے اوصاف و کمالات) کو وہ لوگ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو انہیں اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع فرماتے ہیں اور ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور ان پر پلید چیزوں کو حرام کرتے ہیں اور ان سے ان کے بارِ گراں اور طوقِ (قیود) جو ان پر (نافرمانیوں کے باعث مسلّط) تھے، ساقط فرماتے (اور انہیں نعمتِ آزادی سے بہرہ یاب کرتے) ہیں۔ پس جو لوگ اس (برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائیں گے اور ان کی تعظیم و توقیر کریں گے اور ان (کے دین) کی مدد و نصرت کریں گے اور اس نورِ (قرآن) کی پیروی کریں گے جو ان کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں o

(They are the people) who follow the Messenger, the Prophet (titled as) al-Ummi (who imparts to the people from Allah the news of the unseen and knowledge and secrets of socio-economic disciplines of life without himself being taught by any human in the world); whose (eminent attributes and exquisite powers) these people find written in the Torah and the Injil (Gospel); who enjoins on them virtues and forbids them vices, declares wholesome things lawful and impure ones unlawful for them and removes from them their heavy burdens and yokes (i.e., shackles) weighing upon them (due to their acts of disobedience and blesses them with freedom). So those who will believe in this (most exalted Messenger [blessings and peace be upon him]) and venerate and revere him and serve and support him (in his Din [Religion]) and follow this light (the Qur'an) that has been sent down with him, it is they who will flourish and prosper.'

وَالَّذِيْنَ يُمَسَّكُونَ بِالْكِتَابِ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ إِنَّا لاَ نُضِيعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ(170)

ترجمہ: اور جو لوگ کتابِ (الٰہی) کو مضبوط پکڑے رہتے ہیں اور نماز (پابندی سے) قائم رکھتے ہیں (تو) بے شک ہم اصلاح کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے o

And those who hold fast to the Book (of Allah) and establish Prayer (with punctuality, then) certainly We do not waste the reward of those who reform.

سَاء مَثَلاً الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَأَنفُسَهُمْ كَانُواْ يَظْلِمُونَ (177)

ترجمہ: مثال کے لحاظ سے وہ قوم بہت ہی بری ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور (درحقیقت) وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہے o

As an example, they were an extremely bad community who belied Our Revelations! (In fact) they persistently wronged their own souls.

وَإِذَا قُرِءَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُواْ لَهُ وَأَنصِتُواْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (204)

ترجمہ: اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے توجہ سے سنا کرو اور خاموش رہا کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے o

And when the Qur'an is recited, listen to it attentively, and observe silence so that mercy may be bestowed upon you.

سورۃ الانفال:

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا قَالُواْ قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَاء لَقُلْنَا مِثْلَ هَـذَا إِنْ هَـذَا إِلاَّ أَسَاطِيرُ الأَوَّلِينَ (31)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں (تو) وہ کہتے ہیں: بے شک ہم نے سن لیا اگر ہم چاہیں تو ہم بھی اس (کلام) کے مثل کہہ سکتے ہیں یہ تو اگلوں کی (خیالی) داستانوں کے سوا (کچھ بھی) نہیں ہےo

And when Our Revelations are recited to them, they say: 'Of course, we have heard. If we desire, we can also compose Verses analogous to that (Word). These are (nothing) but the (imaginary) tales of the ancients.'

وَإِذْ قَالُواْ اللَّهُمَّ إِن كَانَ هَـذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِندِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (32)

ترجمہ: اور جب انہوں نے (طعناً) کہا: اے اللہ! اگر یہی (قرآن) تیری طرف سے حق ہے تو (اس کی نافرمانی کے باعث) ہم پر آسمان سے پتھر برسا دے یا ہم پر کوئی دردناک عذاب بھیج دےo

And when they said (sarcastically): 'O Allah! If this (Qur'an) is really the truth from Your side, then rain down upon us stones from the sky (for disobeying it), or seize us with some grievous torment.'

سورۃ یونس:

الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيمِ (1)

ترجمہ: الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیںo

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning). These are the Verses of the Book which is all wisdom.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ لاَ يَرْجُونَ لِقَاءنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَـذَا أَوْ بَدِّلْهُ قُلْ مَا يَكُونُ لِيَ أَنْ أُبَدِّلَهُ مِن تِلْقَاء نَفْسِيَ إِنْ أَتَّبِعُ إِلاَّ مَا يُوحَى إِلَيَّ إِنِّيَ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (15)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو ہم سے ملاقات کی توقع نہیں رکھتے، کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کے سوا کوئی اور قرآن لے آیئے یا اسے بدل دیجیے، (اے نبیِ مکرّم!) فرما دیں: مجھے حق نہیں کہ میں اسے اپنی طرف سے بدل دوں، میں تو فقط جو میری طرف وحی کی جاتی ہے (اس کی) پیروی کرتا ہوں، اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بے شک میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوںo

And when Our enlightening Verses are recited to them, those who do not believe in meeting Us say: 'Bring us a Qur'an different from this one or alter it.' (O Glorious Messenger,) say: 'I have no right to modify it of my own accord. I follow only (that) which is revealed to me. Indeed, I fear the

chastisement of the Mighty Day if I go against my Lord.'

وَمَا كَانَ هَـذَا الْقُرْآنُ أَن يُفْتَرَى مِن دُونِ اللّهِ وَلَـكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لاَ رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (37)

ترجمہ: یہ قرآن ایسا نہیں ہے کہ اسے اللہ (کی وحی) کے بغیر گھڑ لیا گیا ہو لیکن (یہ) ان (کتابوں) کی تصدیق (کرنے والا) ہے جو اس سے پہلے (نازل ہو چکی) ہیں اور جو کچھ (اللہ نے لوح میں یا احکامِ شریعت میں) لکھا ہے اس کی تفصیل ہے، اس (کی حقانیت) میں ذرا بھی شک نہیں (یہ) تمام جہانوں کے رب کی طرف سے ہے o

This Qur'an is not such as could be devised without (the Revelation of) Allah. Rather, (it) validates those (Books) which have been (revealed) before it, and is an exposition of whatever (Allah) has written (on the Tablet or in the commandments of Shariah). There is not even an iota of doubt in its (veracity). It is from the Lord of all the worlds.

وَمِنهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لاَّ يُؤْمِنُ بِهِ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ (40)

ترجمہ: ان میں سے کوئی تو اس پر ایمان لائے گا اور انہی میں سے کوئی اس پر ایمان نہ لائے گا، اور آپ کا رب فساد انگیزی کرنے والوں کو خوب جانتا ہے o

Amongst them there is someone who will believe in it and some other who will not believe in it. And your Lord knows them full well who rouse mischief.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاء لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (57)

ترجمہ: اے لوگو! بے شک تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نصیحت اور ان (بیماریوں) کی شفاء آ گئی ہے جو سینوں میں (پوشیدہ) ہیں اور ہدایت اور اہلِ ایمان کے لیے رحمت (بھی) o

O mankind! Surely, there has come to you an admonition from your Lord, and a cure for all those (diseases) which are (hidden) in the breasts. And it is guidance and mercy (too) for those who are blessed with faith.

قُلْ بِفَضْلِ اللّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْيَفْرَحُواْ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ (58)

ترجمہ: فرما دیجیے: (یہ سب کچھ) اللہ کے فضل اور اس کی رحمت کے باعث ہے (جو بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے تم پر ہوا ہے) پس مسلمانوں کو چاہئے کہ اس پر خوشیاں منائیں، یہ اس (سارے مال و دولت) سے کہیں بہتر ہے جسے وہ جمع کرتے ہیں o

Say: '(All this) is due to the bounty and mercy of Allah (bestowed upon you through raising Muhammad [blessings and peace be upon him] as the exalted Messenger). So the Muslims should rejoice over it. This is far better than (all that affluence and wealth) that they amass.'

وَمَا تَكُونُ فِي شَأْنٍ وَمَا تَتْلُو مِنْهُ مِن قُرْآنٍ وَلاَ تَعْمَلُونَ مِنْ عَمَلٍ إِلاَّ كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوداً إِذْ تُفِيضُونَ فِيهِ وَمَا يَعْزُبُ عَن رَّبِّكَ مِن مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الأَرْضِ وَلاَ فِي السَّمَاء وَلاَ أَصْغَرَ مِن ذَلِكَ وَلا أَكْبَرَ إِلاَّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ(61)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ جس حال میں بھی ہوں اور آپ اس کی طرف سے جس قدر بھی قرآن پڑھ کر سناتے ہیں اور (اے امتِ محمدیہ!) تم جو عمل بھی کرتے ہو مگر ہم (اس وقت) تم سب پر گواہ و نگہبان ہوتے ہیں جب تم اس میں مشغول ہوتے ہو، اور آپ کے رب (کے علم) سے ایک ذرّہ برابر بھی (کوئی چیز) نہ زمین میں پوشیدہ ہے اور نہ آسمان میں اور نہ اس (ذرہ) سے کوئی چھوٹی چیز ہے اور نہ بڑی مگر واضح کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں (درج) ہےo

And, (O Glorious Beloved,) in whatever state you may be and whatever portion you may recite from the Qur'an, and, (O Umma [Community] of Muhammad, [blessings and peace be upon him]) whatever work you do, We witness and watch over you (at the time) when you are engaged in it. And not even the smallest particle in the earth or in the heaven is hidden from (the knowledge of) your Lord. Nor anything smaller or bigger than that (i.e., smallest particle) is there but is (recorded) in the clear Book (the Protected Tablet [al-Lawh al-Mahfuz]).

فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ فَاسْأَلِ الَّذِينَ يَقْرَؤُونَ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكَ لَقَدْ جَاءَكَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ (94)

ترجمہ: (اے سننے والے!) اگر تو اس (کتاب) کے بارے میں ذرا بھی شک میں مبتلا ہے جو ہم نے (اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وساطت سے) تیری طرف اتاری ہے تو (اس کی حقانیت کی نسبت) ان لوگوں سے دریافت کر لے جو تجھ سے پہلے (اللہ کی) کتاب پڑھ رہے ہیں۔ بے شک تیری طرف تیرے رب کی جانب سے حق آ گیا ہے، سو تُو شک کرنے والوں میں سے ہرگز نہ ہو جاناo

(O listener!) If you have even a little doubt about this (Book), which We have revealed to you (through Our Messenger [blessings and peace be upon him]), then inquire (about its authenticity) of those who have been reading the Book (of Allah) before you. The truth has no doubt come to you from your Lord, so be not at all of those who doubt.

وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِ اللّهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخَاسِرِينَ (95)

ترجمہ: اور نہ ہرگز ان لوگوں میں سے ہو جانا جو اللہ کی آیتوں کو جھٹلاتے رہے ورنہ تُو خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائے گاo

And never be of those who deny the Revelations of Allah lest you should become of the losers.

سورۃ ہود:

الَر كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِن لَّدُنْ حَكِيمٍ خَبِيرٍ (1)

ترجمہ: الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں، یہ وہ) کتاب ہے جس کی آیتیں مستحکم بنا دی گئی ہیں، پھر حکمت والے باخبر (رب) کی جانب سے وہ مفصل بیان کر دی گئی ہیںo

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon

him] know the real meaning. This) is (that) Book whose Verses are firmly founded; then they have been explained in detail by (the Lord) Who is All-Wise, All-Aware;

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِيْنٍ (6)

ترجمہ: اورزمین میں کوئی چلنے پھرنے والا (جاندار) نہیں ہے مگر (یہ کہ) اس کا رزق اللہ (کے ذمۂ کرم) پر ہے اور وہ اس کے ٹھہرنے کی جگہ کو اور اس کے امانت رکھے جانے کی جگہ کو (بھی) جانتا ہے، ہر بات کتابِ روشن (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہےo

And there is no moving creature (living being) on the earth but (that) its sustenance is (a bountiful obligation) upon Allah. And He knows its resting-place and (also) the place where it is to be entrusted. Everything is (recorded) in the enlightening Book (the Protected Tablet [al-Lawh al-Mahfuz]).

فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَى إِلَيْكَ وَضَآئِقٌ بِهِ صَدْرُكَ أَن يَقُولُواْ لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ كَنزٌ أَوْ جَاء مَعَهُ مَلَكٌ إِنَّمَا أَنتَ نَذِيرٌ وَاللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ(12)

ترجمہ: بھلا کیا یہ ممکن ہے کہ آپ اس میں سے کچھ چھوڑ دیں جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے اور اس سے آپ کا سینہء ┘ (اَطہر) تنگ ہونے لگے (اس خیال سے) کہ کفار یہ کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر کوئی خزانہ کیوں نہ اتارا گیا یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا، (ایسا ہرگز ممکن نہیں۔ اے رسولِ معظم!) آپ تو صرف ڈر سنانے والے ہیں (کسی کو دنیوی لالچ یا سزا دینے والے نہیں)، اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہےo

How may it be that you omit a portion of what has been revealed to you, and that your (sanctified) breast feels straitened (by the idea that) the disbelievers say: 'Why has any treasure not been sent down to him (the Messenger [blessings and peace be upon him]), or why has any angel not come with him'? (O Glorious Messenger! That is impossible.) You are but a Warner. (You are neither to tempt someone nor persecute.) And Allah is a Guardian over everything.

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُواْ بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ وَادْعُواْ مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللّٰهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (13)

ترجمہ: کیا کفار یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے، فرما دیجیے: تم (بھی) اس جیسی گھڑی ہوئی دس سورتیں لے آؤ اور اللہ کے سوا (اپنی مدد کے لیے) جسے بھی بلا سکتے ہو بلا لو اگر تم سچے ہوo

Do the disbelievers say: 'The Messenger has fabricated this (Qur'an) himself'? Say: 'Bring then ten forged Chapters like this, and call (to your help) whom you can except Allah if you are truthful.'

فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُواْ لَكُمْ فَاعْلَمُواْ أَنَّمَا أُنزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَأَن لَّا إِلَـهَ إِلَّا هُوَ فَهَلْ أَنتُم مُّسْلِمُونَ (14)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) سو اگر وہ تمہاری بات قبول نہ کریں تو یقین رکھو کہ قرآن فقط اللہ کے علم سے اتارا گیا ہے اور یہ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس کیا (اب) تم اسلام پر (ثابت قدم) رہو گےo

(O Muslims!) So, if they do not accept your challenge, then firmly believe that

the Qur'an has been revealed with Allah's knowledge, and that there is no other God but He. So, will you (now) stick to Islam (firm-footed)?

أَفَمَن كَانَ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَى إِمَاماً وَرَحْمَةً أُوْلَـئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمَن يَكْفُرْ بِهِ مِنَ الْأَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهُ فَلاَ تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يُؤْمِنُونَ **(17)**

ترجمہ: وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہے اور اللہ کی جانب سے ایک گواہ (قرآن) بھی اس شخص کی تائید و تقویت کے لیے آ گیا ہے اور اس سے قبل موسٰی (علیہ السلام) کی کتاب (تورات) بھی جو رہنما اور رحمت تھی (آ چکی ہو) یہی لوگ اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں، کیا (یہ) اور (کافر) فرقوں میں سے وہ شخص جو اس (قرآن) کا منکر ہے (برابر ہو سکتے ہیں) جبکہ آتشِ دوزخ اس کا ٹھکانا ہے، سو (اے سننے والے!) تجھے چاہئے کہ تو اس سے متعلق ذرا بھی شک میں نہ رہے، بے شک یہ (قرآن) تیرے رب کی طرف سے حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے o

He who holds fast to a clear proof from his Lord, and a testimony (the Qur'an) too has come from his Lord for his strength and support, and prior to that the Book of Musa ([Moses], the Torah), a guide and a mercy (too had come)-so, it is they who believe in it (the Qur'an). Can (such a person be equal to) the one who denies (the Qur'an) from amongst (the disbelieving) sects, whilst his abode is the Fire of Hell? So, (O listener,) be not in any doubt about it. Surely, this (Qur'an) is the truth from your Lord,but most people do not believe.

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَأَنَاْ بَرِيءٌ مِّمَّا تُجْرَمُونَ **(35)**

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے، فرما دیجیے: اگر میں نے اسے گھڑ لیا ہے تو میرے جرم (کا وبال) مجھ پر ہوگا اور میں اس سے بری ہوں جو جرم تم کر رہے ہو o

(O Glorious Messenger!) Do they say: 'The Messenger has fabricated this (Qur'an) himself'? Say: 'If I have fabricated it, then I shall have to bear (the resulting torment of) my sin. And I am free of the sin that you are perpetrating.'

سورۃ یوسف:

الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ **(1)**

ترجمہ: الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں o

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the illumining Book.

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ **(2)**

ترجمہ: بے شک ہم نے اس کتاب کو قرآن کی صورت میں بزبانِ عربی اتارا تاکہ تم (اسے براہِ راست) سمجھ سکو o

Verily, We have revealed it as a Qur'an in the Arabic language so that you

comprehend (it directly).

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَـذَا الْقُرْآنَ وَإِن كُنتَ مِن قَبْلِهِ لَمِنَ الْغَافِلِيْنَ **(3)**

ترجمہ: (اے حبیب!) ہم آپ سے ایک بہترین قصہ بیان کرتے ہیں اس قرآن کے ذریعہ جسے ہم نے آپ کی طرف وحی کیا ہے، اگرچہ آپ اس سے قبل (اس قصہ سے) بے خبر تھےo

(O Beloved!) We relate to you the best narrative by means of this Qur'an which We have revealed to you, though you were unaware (of this story) before this.

وَمَا تَسْأَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِيْنَ **(104)**

ترجمہ: اور آپ ان سے اس (دعوت وتبلیغ) پر کوئی صلہ تو نہیں مانگتے، یہ قرآن جملہ جہان والوں کے لیے نصیحت ہی تو ہےo

And you do not ask for any reward from them for this (communicating and preaching the Message). This Qur'an is but a reminder to all mankind.

لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُوْلِيْ الْأَلْبَابِ مَا كَانَ حَدِيْثاً يُفْتَرَى وَلَـكِن تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُوْنَ**(111)**

ترجمہ: بے شک ان کے قصوں میں سمجھ داروں کے لیے عبرت ہے، یہ (قرآن) ایسا کلام نہیں جو گھڑ لیا جائے بلکہ (یہ تو) ان (آسمانی کتابوں) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں اور ہر چیز کی تفصیل ہے اور ہدایت ہے اور رحمت ہے اس قوم کے لیے جو ایمان لے آئےo

Truly, in their stories there is a lesson of warning for men of understanding. This (Qur'an) is not a Revelation that can be forged, but a confirmation of those (revealed Books) which were revealed before it, an explanation of everything and guidance and mercy for those who believe.

سورۃ الرعد:

المر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَالَّذِيَ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ **(1)**

ترجمہ: الف، لام، میم، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ کتابِ الٰہی کی آیتیں ہیں، اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ کی جانب نازل کیا گیا ہے (وہ) حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتےo

Alif, Lam, Mim, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the Book of Allah, and whatever has been revealed to you from your Lord is the truth, but most people do not believe.

كَـذَلِكَ أَرْسَلْنَاكَ فِيْ أُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهَا أُمَمٌ لِّتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ الَّذِيَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمَـنِ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لا إِلَـهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ مَتَابِ **(30)**

ترجمہ: (اے حبیب!) اسی طرح ہم نے آپ کو ایسی امت میں (رسول بنا کر) بھیجا ہے کہ جس سے پہلے حقیقت میں (ساری) امتیں گزر چکی ہیں (اب یہ سب سے آخری امت ہے) تاکہ آپ ان پر وہ (کتاب) پڑھ کر سنا دیں جو ہم نے آپ کی طرف وحی

کی ہے اور وہ رحمان کا انکار کر رہے ہیں، آپ فرما دیجیے: وہ میرا رب ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہےo

(O Beloved!) Thus We have sent you (as a Messenger) to an Umma (Community) before whom in fact (all) the communities have passed. (This is now the last of all the communities) so that you may recite to them that (Book) which We have revealed to you. And they are still denying al-Rahman (the Most Kind Lord). Say: 'He is my Lord. There is no God but He. In Him have I put my trust and I turn towards Him alone.'

وَالَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَن يُنكِرُ بَعْضَهُ قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّهَ وَلا أُشْرِكَ بِهِ إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ **(36)**

ترجمہ: اور جن لوگوں کو ہم کتاب (تورات) دے چکے ہیں (اگر وہ صحیح مومن ہیں تو) وہ اس (قرآن) سے خوش ہوتے ہیں جو آپ کی طرف نازل کیا گیا ہے اور ان (ہی کے) فرقوں میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اس کے کچھ حصہ کا انکار کرتے ہیں، فرما دیجیے کہ بس مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ ٹھہراؤں، اسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹ کر جانا ہےo

And those whom We have given the Book (the Torah, if they are true believers, then) they rejoice at this (Qur'an) which has been revealed to you. And also some from amongst their sects are those who deny a part of it. Say: 'I have been given the command to worship Allah and not to associate (any) partner with Him. I invite towards Him alone, and to Him I shall return.'

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَاهُ حُكْماً عَرَبِيّاً وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءهُم بَعْدَ مَا جَاءكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّهِ مِن وَلِيٍّ وَلاَ وَاقٍ **(37)**

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو حکم بنا کر عربی زبان میں اتارا ہے، اور (اے سننے والے!) اگر تو نے ان (کافروں) کی خواہشات کی پیروی کی اس کے بعد کہ تیرے پاس (قطعی) علم آ چکا ہے تو تیرے لیے اللہ کے مقابلہ میں نہ کوئی مددگار ہوگا اور نہ کوئی محافظo

And in like manner, We have revealed this (Qur'an) as a commandment in the Arabic language. And, (O listener,) if you follow the desires of these (disbelievers) after the (conclusive) knowledge has reached you, then there is no helper or protector for you against Allah.

يَمْحُو اللّهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِندَهُ أُمُّ الْكِتَابِ **(39)**

ترجمہ: اللہ جس (لکھے ہوئے) کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور (جسے چاہتا ہے) ثبت فرما دیتا ہے، اور اسی کے پاس اصل کتاب (لوحِ محفوظ) ہےo

Allah erases whatever (writing) He wills and confirms (whatever He wills). And with Him alone is the Real Book (the Protected Tablet [al-Lawh al-Mahfuz]).

سورۃ ابراہیم:

الٓرٰ كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلَى صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ (1)

ترجمہ: الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ (عظیم) کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اتارا ہے تاکہ آپ لوگوں کو (کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان کے) نور کی جانب لے آئیں (مزید یہ کہ) ان کے رب کے حکم سے اس کی راہ کی طرف (لائیں) جو غلبہ والا سب خوبیوں والا ہےo

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) It is a (glorious) Book which We have revealed to you so that you may bring mankind out of the darkness (of disbelief) to the light (of faith. And moreover) by the command of their Lord, (lead them) to the path of the Almighty, the Praiseworthy-

هَـذَا بَلَاغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنذَرُواْ بِهِ وَلِيَعْلَمُواْ أَنَّمَا هُوَ إِلَـهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ أُوْلُواْ الأَلْبَابِ(52)

ترجمہ: یہ (قرآن) لوگوں کے لیے کاملاً پیغام کا پہنچا دینا ہے، تاکہ انہیں اس کے ذریعہ ڈرایا جائے اور یہ کہ وہ خوب جان لیں کہ بس وہی (اللہ) معبودِ یکتا ہے اور یہ کہ دانش مند لوگ نصیحت حاصل کریںo

This (Qur'an) is perfect communication of the Message to mankind so that by means of this they may be warned, and that they may conscientiously bear in mind that He (Allah) is One God, and that those who possess wisdom may take advice.

سورۃ الحجر:

الٓرٰ تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَقُرْآنٍ مُّبِينٍ (1)

ترجمہ: الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ (برگزیدہ) کتاب اور روشن قرآن کی آیتیں ہیںo

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the (Glorious) Book and the Enlightening Qur'an.

وَقَالُواْ يَا أَيُّهَا الَّذِىْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ (6)

ترجمہ: اور (کفار گستاخی کرتے ہوئے) کہتے ہیں: اے وہ شخص جس پر قرآن اتارا گیا ہے! بے شک تم دیوانے ہوo

And (the disbelievers) say (insolently): 'O man on whom this Qur'an has been revealed, indeed you are insane.

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ (9)

ترجمہ: بے شک یہ ذکرِ عظیم (قرآن) ہم نے ہی اتارا ہے اور یقیناً ہم ہی اس کی حفاظت کریں گےo

Assuredly, We alone have revealed this Glorious Admonition (the Qur'an), and

surely We alone will guard it.

وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعاً مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ (87)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ کو بار بار دہرائی جانے والی سات آیتیں (یعنی سورۃ فاتحہ) اور بڑی عظمت والا قرآن عطا فرمایا ہےo

And surely We have bestowed upon you the seven oft-recited Verses (i.e., Chapter al-Fatiha) and the Glorious Qur'an.

سورۃ النحل:

وَإِذَا قِيْلَ لَهُم مَّاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ قَالُواْ أَسَاطِيْرُ الأَوَّلِيْنَ(24)

ترجمہ: اور جب اُن سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا نازل فرمایا ہے؟ (تو) وہ کہتے ہیں: اگلی قوموں کے جھوٹے قصے (اتارے ہیں)o

And when they are asked: 'What has your Lord sent down?' they retort: 'False fables of the people gone by (have been sent down).'

بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ(44)

ترجمہ: (انہیں بھی) واضح دلائل اور کتابوں کے ساتھ (بھیجا تھا)، اور (اے نبیِ مکرّم!) ہم نے آپ کی طرف ذکرِ عظیم (قرآن) نازل فرمایا ہے تاکہ آپ لوگوں کے لیے وہ (پیغام اور احکام) خوب واضح کر دیں جو ان کی طرف اتارے گئے ہیں اور تاکہ وہ غور و فکر کریںo

(They too were sent) with clear proofs and the Books. And, (O Glorious Messenger,) We have revealed to you the Glorious Reminder (the Qur'an) so that you may explain clearly to people (the message and the commandments) that have been sent down to them and that they may meditate.

وَمَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلاَّ لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ اخْتَلَفُواْ فِيْهِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ(64)

ترجمہ: اور ہم نے آپ کی طرف کتاب نہیں اتاری مگر اس لیے کہ آپ ان پر وہ (اُمور) واضح کر دیں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں اور (اس لیے کہ یہ کتاب) ہدایت اور رحمت ہے اس قوم کے لیے جو ایمان لے آئی ہےo

And We have not revealed to you the Book except that you may explain clearly to them those (matters) in which they differ; and (also that this Book) is guidance and mercy for the people that have embraced faith.

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيْداً عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْداً عَلَى هَؤُلاء وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَاناً لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَى لِلْمُسْلِمِيْنَ(89)

ترجمہ: اور (یہ) وہ دن ہوگا (جب) ہم ہر امت میں انہی میں سے خود ان پر ایک گواہ اٹھائیں گے اور (اے حبیبِ مکرّم!) ہم آپ کو ان سب (امتوں اور پیغمبروں) پر گواہ بنا کر لائیں گے، اور ہم نے آپ پر وہ عظیم کتاب نازل فرمائی ہے جو ہر چیز کا بڑا واضح بیان ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہےo

And (this) will be the Day (when) We shall raise amongst every people one witness against them from themselves, and, (O Venerable Beloved,) We shall bring you as witness to all of them (communities and Messengers). And We have revealed to you that Glorious Book which is a clear exposition of everything and is guidance, mercy and glad tidings for the believers.

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ (98)

ترجمہ: سو جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود (کی وسوسہ اندازیوں) سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریںo

So when you undertake to recite the Qur'an, seek refuge with Allah against (the wiles of) Satan, the outcast.

وَإِذَا بَدَّلْنَا آيَةً مَّكَانَ آيَةٍ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْا إِنَّمَا أَنتَ مُفْتَرٍ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (101)

ترجمہ: اور جب ہم کسی آیت کی جگہ دوسری آیت بدل دیتے ہیں اور اللہ (ہی) بہتر جانتا ہے جو (کچھ) وہ نازل فرماتا ہے (تو) کفار کہتے ہیں کہ آپ تو بس اپنی طرف سے گھڑنے والے ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر لوگ (آیتوں کے اتارنے اور بدلنے کی حکمت) نہیں جانتےo

And when We substitute some Verse in place of another Verse, and Allah (alone) knows best whatever He sends down, (then) the disbelievers say: 'You are but a forger!' But most of them do not know (the rationale of sending down and substituting the Verses).

قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَهُدًى وَبُشْرَى لِلْمُسْلِمِيْنَ(102)

ترجمہ: فرما دیجیے: اس (قرآن) کو روح القدس (جبریل علیہ السلام) نے آپ کے رب کی طرف سے سچائی کے ساتھ اتارا ہے تاکہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے اور (یہ) مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہےo

Say: 'The Holy Spirit (Gabriel) has brought it (the Qur'an) down from your Lord with truth so as to keep the believers firm-footed, and (this) is guidance and good news for the believers.'

وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ لِّسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ (103)

ترجمہ: اور بے شک ہم جانتے ہیں کہ وہ (کفار و مشرکین) کہتے ہیں کہ انہیں یہ (قرآن) محض کوئی آدمی ہی سکھاتا ہے، جس شخص کی طرف وہ بات کو حق سے ہٹاتے ہوئے منسوب کرتے ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ قرآن واضح و روشن عربی زبان (میں) ہےo

And indeed, We know that they (the disbelievers and the polytheists) say: 'It is but a human being who teaches him this (Qur'an).' But the person they point to, turning the matter away from the truth, is the one whose language is non-Arabic and this Qur'an is (in) a clear and unambiguous Arabic language.

إِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِآيَاتِ اللّٰهِ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (104)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے اللہ انہیں ہدایت (یعنی صحیح فہم و بصیرت کی توفیق بھی) نہیں دیتا اور ان

کے لیے دردناک عذاب ہےo

Surely, those who do not believe in the Revelations of Allah, Allah does not provide them with guidance (i.e., does not enable them to have understanding and insight). And for them is a grievous torment.

إِنَّمَا يَفْتَرِىُ الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللّٰهِ وَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْكَاذِبُونَ(105)

ترجمہ: بےشک جھوٹی افترا پردازی (بھی) وہی لوگ کرتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے اور وہی لوگ جھوٹے ہیںo

Indeed, they alone who do not believe in the Revelations of Allah invent false fabrications and they alone are liars.

سورۃ بنی اسرائیل:

إِنَّ هَـذَا الْقُرْآنَ يِهْدِىُ لِلَّتِىُ هِىَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْراً كَبِيْراً (9)

ترجمہ: بےشک یہ قرآن اس (منزل) کی طرف رہنمائی کرتا ہے جو سب سے درست ہے اور ان مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں اس بات کی خوشخبری سناتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہےo

Indeed, this Qur'an leads to that (destination) which is most right, and gives this good news to those believers who do righteous works, that for them is a mighty reward,

سورۃ الکہف:

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىُ أَنزَلَ عَلَى عَبْدِهِ الْكِتَابَ وَلَمْ يَجْعَل لَّهُ عِوَجَا (1)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے اپنے (محبوب ومقرّب) بندے پر کتابِ (عظیم) نازل فرمائی اور اس میں کوئی کجی نہ رکھیo

All praise belongs to Allah, Who revealed the (Glorious) Book to His (Most Beloved and Intimate) Servant, and left not in it any crookedness.

قَيِّماً لِّيُنذِرَ بَأْساً شَدِيْداً مِن لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْراً حَسَناً (2)

ترجمہ: (اسے) سیدھا اور معتدل (بنایا) تاکہ وہ (منکرین کو) اللہ کی طرف سے (آنے والے) شدید عذاب سے ڈرائے اور مومنین کو جو نیک اعمال کرتے ہیں خوشخبری سنائے کہ ان کے لیے بہتر اجر (جنت) ہےo

(He made it) straight and moderate so that he might warn (the disbelievers) of fierce torment (coming) from Allah, and give good news to the believers who do pious deeds that for them is excellent reward (Paradise),

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلَى آثَارِهِمْ إِن لَّمْ يُؤْمِنُوا بِهَذَا الْحَدِيْثِ أَسَفاً (6)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) تو کیا آپ ان کے پیچھے شدتِ غم میں اپنی جان (عزیز بھی) گھلا دیں گے اگر وہ اس کلامِ (ربّانی) پر ایمان نہ لائےo

(O Venerable Beloved!) Will you put your (dear) life at stake with the traumatic

grief for them if they do not put faith in this Word (of Allah)?

وَاتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِن كِتَابِ رَبِّكَ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَلَن تَجِدَ مِن دُونِهِ مُلْتَحَداً(27)

ترجمہ: اورآپ وہ (کلام) پڑھ کرسنائیں جوآپ کے رب کی کتاب میں سے آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے، اس کے کلام کوکوئی بدلنے والانہیں اورآپ اس کے سوا ہرگز کوئی جائے پناہ نہیں پائیں گےo

And recite that (Revelation) which has been revealed to you from the Book of your Lord. There is none who can change His Word, nor will you find any place of refuge except in Him.

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هَذَا الْقُرْآنِ لِلنَّاسِ مِن كُلِّ مَثَلٍ وَكَانَ الْإِنسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلاً (54)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لیے ہرطرح کی مثال کو(انداز بدل بدل کر) بار بار بیان کیا ہے، اورانسان جھگڑنے میں ہر چیز سے بڑھ کر ہےo

And We have indeed put forth in the Qur'an repeatedly for mankind every kind of example (alternating the styles), but man is far ahead in contention than anything else.

سورۃ مریم:

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقاً نَّبِيّاً (41)

ترجمہ: اورآپ کتاب (قرآن مجید) میں ابراہیم (علیہ السلام) کا ذکر کیجئے، بے شک وہ بڑے صاحبِ صدق نبی تھےo

And recite the account of Ibrahim (Abraham) in the Book (the Holy Qur'an). Surely, he was a Prophet blessed with truthfulness.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لِلَّذِيْنَ آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَاماً وَأَحْسَنُ نَدِيّاً (73)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو کافرلوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں: (اسی دنیا میں دیکھ لو! ہم) دونوں گروہوں میں سے کس کی رہائش گاہ بہتر اور مجلس خوب تر ہےo

And when Our enlightening Verses are recited to them, the disbelievers say to the believers: '(See in the selfsame world) which of us two groups has better housing and a more influential social circle.'

أَفَرَأَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالاً وَوَلَداً(77)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے ہماری آیتوں سے کفر کیا اور کہنے لگا: مجھے (قیامت کے روز بھی اسی طرح) مال واولاد ضرور دیے جائیں گےo

Have you seen such a person that rejected Our Signs and said: 'I shall certainly be given wealth and children (the same way, even on the Day of Resurrection)'?

فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنذِرَ بِهِ قَوْماً لُّدّاً (97)

ترجمہ: سو بے شک ہم نے اس (قرآن) کوآپ کی زبان میں ہی آسان کر دیا ہے تاکہ آپ اس کے ذریعہ پرہیزگاروں کو

خوشخبری سنا سکیں اور اس کے ذریعہ جھگڑالو قوم کو ڈر سنا سکیں o

So We have indeed made this (Qur'an) easy in your own tongue so that, by means of it, you may communicate good news to the Godfearing and may warn thereby the contentious people.

سورۃ طٰہٰ:

مَا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقَى (2)

ترجمہ: (اے محبوبِ مکرّم!) ہم نے آپ پر قرآن (اس لیے) نازل نہیں فرمایا کہ آپ مشقت میں پڑ جائیں o

(O My Esteemed Beloved!) We have not revealed the Qur'an to you that you land in distress.

إِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَن يَخْشَى (3)

ترجمہ: مگر (اسے) اس شخص کے لیے نصیحت (بنا کر اتارا) ہے جو (اپنے رب سے) ڈرتا ہے o

But (it) is (revealed as) admonition for him who fears (his Lord).

تَنزِيلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْأَرْضَ وَالسَّمَاوَاتِ الْعُلَى (4)

ترجمہ: (یہ) اس (اللہ) کی طرف سے اتارا ہوا ہے جس نے زمین اور بلند و بالا آسمان پیدا فرمائے o

(This) has been revealed by (Allah) Who created the earth and the lofty heavens.

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً وَصَرَّفْنَا فِيهِ مِنَ الْوَعِيدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْراً(113)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے اس (آخری وحی) کو عربی زبان میں (بشکلِ) قرآن اتارا ہے اور ہم نے اس میں (عذاب سے) ڈرانے کی باتیں بار بار (مختلف طریقوں سے) بیان کی ہیں تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں یا (یہ قرآن) ان (کے دلوں) میں یادِ (آخرت یا قبولِ نصیحت کا جذبہ) پیدا کر دے o

And in this way have We sent down (this last Revealed Book) in the Arabic tongue (in the shape of) the Qur'an, and have explained in it more often than not matters inspiring fear (of torment, in diverse ways,) so that they may become Godfearing, or this (Qur'an) may inculcate in their (hearts a passion for the acceptance of admonition, or) the remembrance (of the Last Day).

فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِن قَبْلِ أَن يُقْضَى إِلَيْكَ وَحْيُهُ وَقُل رَّبِّ زِدْنِي عِلْماً(114)

ترجمہ: پس اللہ بلند شان والا ہے وہی بادشاہِ حقیقی ہے، اور آپ قرآن (کے پڑھنے) میں جلدی نہ کیا کریں قبل اس کے کہ اس کی وحی آپ پر پوری اتر جائے، اور آپ (رب کے حضور یہ) عرض کیا کریں کہ اے میرے رب! مجھے علم میں اور بڑھا دے o

So Most High and Exalted is Allah. He alone is the True Sovereign. And do not hasten in (reciting) the Qur'an before its revelation is fully accomplished to you. And always submit (before the holy presence of your Lord): 'O my Lord, increase me further in knowledge.'

وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِينَا بِآيَةٍ مِّن رَّبِّهِ أَوَلَمْ تَأْتِهِم بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْأُولَى (133)

ترجمہ: اور (کفار) کہتے ہیں کہ یہ (رسول) ہمارے پاس اپنے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے، کیا ان کے پاس ان باتوں کا واضح ثبوت (یعنی قرآن) نہیں آ گیا جو اگلی کتابوں میں (مذکور) تھیں o

And (the disbelievers) say: 'Why does this (Prophet) not bring us any sign from his Lord?' Has there not come to them (the Qur'an,) a clear proof of the things (mentioned) in the former Books?

سورۃ الانبیاء:

بَلْ قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ بَلِ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ فَلْيَأْتِنَا بِآيَةٍ كَمَا أُرْسِلَ الْأَوَّلُونَ (5)

ترجمہ: بلکہ (ظالموں نے یہاں تک) کہا کہ یہ (قرآن) پریشان خوابوں (میں دیکھی ہوئی باتیں) ہیں بلکہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اسے (خود ہی) گھڑ لیا ہے بلکہ (یہ کہ) وہ شاعر ہے، (اگر یہ سچا ہے) تو یہ (بھی) ہمارے پاس کوئی نشانی لے آئے جیسا کہ اگلے (رسول نشانیوں کے ساتھ) بھیجے گئے تھے o

But (the wrongdoers go so far as to) say: 'This (Qur'an) comprises (things seen in) confused dreams. Nay! He has invented it (himself). Nay, he is (in fact) a poet. (If he is a true Prophet,) let him (also) bring us some sign as the former (Prophets) were sent (with signs).'

لَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ كِتَاباً فِيهِ ذِكْرُكُمْ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (10)

ترجمہ: بے شک ہم نے تمہاری طرف ایسی کتاب نازل فرمائی ہے جس میں تمہاری نصیحت (کا سامان) ہے، کیا تم عقل نہیں رکھتے o

Verily, We have revealed to you the Book, which contains (means and substance for) your admonition. So do you not have sense?

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ هَذَا ذِكْرُ مَن مَّعِيَ وَذِكْرُ مَن قَبْلِيَ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ الْحَقَّ فَهُم مُّعْرِضُونَ (24)

ترجمہ: کیا ان (کافروں) نے اسے چھوڑ کر اور معبود بنا لیے ہیں؟ فرما دیجیے: اپنی دلیل لاؤ، یہ (قرآن) ان لوگوں کا ذکر ہے جو میرے ساتھ ہیں اور ان کا (بھی) ذکر ہے جو مجھ سے پہلے تھے بلکہ ان میں سے اکثر لوگ حق کو نہیں جانتے اِس لیے وہ اِس سے رُوگردانی کیے ہوئے ہیں o

Have they (the disbelievers) taken gods other than Him? Say: 'Bring your proof. This (Qur'an) is the reminder of those who are with me and (also) the reminder of those who had been before me.' But most of them do not know the truth, so they are averse to it.

قُلْ إِنَّمَا أُنذِرُكُم بِالْوَحْيِ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاء إِذَا مَا يُنذَرُونَ (45)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں تو تمہیں صرف وحی کے ذریعہ ہی ڈراتا ہوں، اور بہرے پکار کو نہیں سنا کرتے جب بھی انہیں ڈرایا جائے o

Say: 'I warn you only through Revelation.' But the deaf do not hear the call whenever they are warned.

وَهَذَا ذِكْرٌ مُّبَارَكٌ أَنزَلْنَاهُ أَفَأَنتُمْ لَهُ مُنكِرُونَ **(50)**

ترجمہ: یہ (قرآن) برکت والا ذکر ہے جسے ہم نے نازل فرمایا ہے، کیا تم اِس سے انکار کرنے والے ہو o

This (Qur'an) is the Most Blessed Admonition which We have revealed. Do you deny it?

إِنَّ فِي هَذَا لَبَلَاغاً لِّقَوْمٍ عَابِدِينَ **(106)**

ترجمہ: بے شک اس (قرآن) میں عبادت گزاروں کے لیے (حصولِ مقصد کی) کفایت وضمانت ہے o

Surely, there is for the devoted worshippers a guarantee and sufficient provision in this (Qur'an of achieving the objective).

سورۃ الحج:

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يُرِيدُ **(16)**

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے اس (پورے قرآن) کو روشن دلائل کی صورت میں نازل فرمایا ہے اور بے شک اللہ جسے ارادہ فرماتا ہے ہدایت سے نوازتا ہے o

And in the same way, We have revealed this (complete Qur'an) in the format of clear, logical arguments. And surely, Allah blesses with guidance whom He wills.

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ **(52)**

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا اور نہ کوئی نبی مگر (سب کے ساتھ یہ واقعہ گزرا کہ) جب اس (رسول یا نبی) نے (لوگوں پر کلامِ الٰہی) پڑھا (تو) شیطان نے (لوگوں کے ذہنوں میں) اس (نبی کے) پڑھے ہوئے (یعنی تلاوت شدہ) کلام میں (اپنی طرف سے باطل شبہات اور فاسد خیالات کو) ملا دیا، سو شیطان جو (وسوسے سننے والوں کے ذہنوں میں) ڈالتا ہے اللہ انہیں زائل فرما دیتا ہے پھر اللہ اپنی آیتوں کو (اہلِ ایمان کے دلوں میں) نہایت مضبوط کر دیتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

And We did not send any Messenger and Prophet before you, but (it happened to them all) that when he (the Prophet or the Messenger) would recite (to the people the Revelations of Allah), Satan mixed up in their minds false doubts, and absurd ideas of his own with the Verses recited (by that Prophet). Then Allah removes those doubts from the minds of the people which Satan puts (into the minds of the listeners). And then Allah firmly establishes His Verses (in the hearts of the believers). And Allah is All-Knowing, All-Wise.

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهِ فَتُخْبِتَ لَهُ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ اللَّهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ آمَنُوا إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (54)

ترجمہ: اور تا کہ وہ لوگ جنہیں علم (صحیح) عطا کیا گیا ہے جان لیں کہ وہی (وحی جس کی پیغمبر نے تلاوت کی ہے) آپ کے رب کی طرف سے (مَبنی) برحق ہے سو وہ اسی پر ایمان لائیں (اور شیطانی وسوسوں کو ردّ کر دیں) اور ان کے دل اس (رب) کے لیے عاجزی کریں، اور بے شک اللہ مومنوں کو ضرور سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرمانے والا ہےo

And so that those who have been given (true) knowledge may know that the (Revelation which the Messenger recited) is (based on) the truth from your Lord, so they believe in the same (and reject Satan's suggestions) and their hearts beat in submissiveness (before the Lord). And no doubt, Allah does guide the believers to the straight path.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (57)

ترجمہ: اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو انہی لوگوں کے لیے ذلت آمیز عذاب ہوگاo

And those who disbelieve and reject Our Revelations, for them will be humiliating punishment.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَلِكُمُ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (72)

ترجمہ: اور جب ان (کافروں) پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں (تو) آپ ان کافروں کے چہروں میں ناپسندیدگی (و ناگواری کے آثار) صاف دیکھ سکتے ہیں۔ ایسے لگتا ہے کہ عنقریب ان لوگوں پر جھپٹ پڑیں گے جو انہیں ہماری آیات پڑھ کر سنا رہے ہیں، آپ فرما دیجیے: (اے مضطرب ہونے والے کافرو!) کیا میں تمہیں اس سے (بھی) زیادہ تکلیف دہ چیز سے آگاہ کروں؟ (وہ دوزخ کی) آگ ہے، جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کر رکھا ہے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

And when Our enlightening verses are recited to the disbelievers, you can clearly see (the signs of) displeasure (and resentment) on their faces. It seems as if they are nearly ready to violently attack those who are reciting to them Our signs. Say: '(O restless disbelievers,) shall I inform you of something more agonizing than this? (That) is the Fire (of Hell), which Allah has promised to the disbelievers. And that is the most evil abode.

سورۃ المومنون:

بَلْ قُلُوبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هَذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِن دُونِ ذَلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُونَ (63)

ترجمہ: بلکہ ان کے دل اس (قرآن کے پیغام) سے غفلت میں (پڑے) ہیں اور اس کے سوا (بھی) ان کے کئی اور (برے) اعمال ہیں جن پر وہ عمل پیرا ہیںo

But their hearts are in (utter) negligence of this (message of the Qur'an) and (also) besides that, there are many other (evil) deeds which they are doing,

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ أَهْوَاءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ وَمَن فِيهِنَّ بَلْ أَتَيْنَاهُم بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَن ذِكْرِهِم مُّعْرِضُونَ (71)

ترجمہ: اور اگر حق (تعالیٰ) ان کی خواہشات کی پیروی کرتا تو (سارے) آسمان اور زمین اور جو (مخلوقات وموجودات) ان میں ہیں سب تباہ و برباد ہو جاتے بلکہ ہم ان کے پاس وہ (قرآن) لائے ہیں جس میں ان کی عزت و شرف (اور ناموری کا راز) ہے سو وہ اپنی عزت ہی سے منہ پھیر رہے ہیںo

And had the (holy) truth (Allah) followed their vain desires, then (all) the heavens and the earth and whatever (living and non-living things) are therein, all would have been destroyed. We have rather brought them that (Qur'an) which contains (the secret of) their honour, dignity (and fame). So it is from their own honour that they are turning away.

سورۃ النور:

سُورَةٌ أَنزَلْنَاهَا وَفَرَضْنَاهَا وَأَنزَلْنَا فِيهَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ(1)

ترجمہ: (یہ) ایک (عظیم) سورت ہے جسے ہم نے اتارا ہے اور ہم نے اس (کے احکام) کو فرض کر دیا ہے اور ہم نے اس میں واضح آیتیں نازل فرمائی ہیں تاکہ تم نصیحت حاصل کروo

This is a (great) Sura (chapter) which We have revealed and We have made its (commandments) obligatory. And We have sent down in it clear Revelations so that you may take direction and guidance.

وَلَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ وَمَثَلاً مِّنَ الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ (34)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تمہاری طرف واضح اور روشن آیتیں نازل فرمائی ہیں اور کچھ ان لوگوں کی مثالیں (یعنی قصۂ عائشہ کی طرح قصۂ مریم اور قصۂ یوسف) جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں اور (یہ) پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہےo

And surely, We have sent down to you evident and enlightening Revelations and some examples of those who have passed away before you (i.e., like 'A'isha's story, the story of Maryam [Mary] and the story of Yusuf [Joseph]). And (this) is for the direction and guidance of the Godfearing.

لَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ وَاللَّهُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (46)

ترجمہ: یقیناً ہم نے واضح اور روشن بیان والی آیتیں نازل فرمائی ہیں، اور اللہ (ان کے ذریعے) جسے چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرما دیتا ہےo

We have indeed sent down clear and enlightening Revelations (through which) Allah guides whom He wills to the straight path.

سورۃ الفرقان:

تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَى عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيراً (1)

ترجمہ: (وہ اللہ) بڑی برکت والا ہے جس نے (حق و باطل میں فرق اور) فیصلہ کرنے والا (قرآن) اپنے (محبوب ومقرّب)

بندہ پر نازل فرمایا تا کہ وہ تمام جہانوں کے لیے ڈر سنانے والا ہو جائےo

Blessed is He (Allah) Who sent down to His (most beloved and most intimate) servant the Criterion (the Qur'an) that (draws the difference between right and wrong and) gives judgment in order that he may be a Warner to all the worlds;

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا إِنْ هَذَا إِلَّا إِفْكٌ افْتَرَاهُ وَأَعَانَهُ عَلَيْهِ قَوْمٌ آخَرُونَ فَقَدْ جَاؤُوا ظُلْماً وَزُوراً (4)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) محض افتراء ہے جسے اس (مدعیِ رسالت) نے گھڑ لیا ہے اور اس (کے گھڑنے) پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے، بے شک کافر ظلم اور جھوٹ پر (اتر) آئے ہیںo

And the disbelievers say: 'This (Qur'an) is but a lie which this (claimant of Prophethood) has fabricated and other people have helped him in (inventing) it.' Surely, the disbelievers have come down to sheer injustice and falsehood.

وَقَالُوا أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلَى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَأَصِيْلًا (5)

ترجمہ: اور کہتے ہیں: (یہ قرآن) اگلوں کے افسانے ہیں جن کو اس شخص نے لکھوا رکھا ہے پھر وہ (افسانے) اسے صبح و شام پڑھ کر سنائے جاتے ہیں (تا کہ انہیں یاد کر کے آگے سنا سکے)o

And they say: '(This Qur'an comprises) fables of the ancients which this man has got written; then these (fables) are recited to him morning and evening (in order to memorize and narrate further).'

قُلْ أَنزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِيْ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ كَانَ غَفُوراً رَّحِيْماً (6)

ترجمہ: فرما دیجیے: اِس (قرآن) کو اُس (اللہ) نے نازل فرمایا ہے جو آسمانوں اور زمین میں (موجود) تمام رازوں کو جانتا ہے، بے شک وہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

Say: 'He (Allah) Who knows all the secrets (present) in the heavens and the earth has sent down this Qur'an. Surely, He is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

وَقَالَ الرَّسُولُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِيْ اتَّخَذُوا هَذَا الْقُرْآنَ مَهْجُوراً (30)

ترجمہ: اور رسولِ (اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) عرض کریں گے: اے رب! بے شک میری قوم نے اس قرآن کو بالکل ہی چھوڑ رکھا تھاo

And the (Holy) Messenger (blessings and peace be upon him) will submit: 'O Lord, surely my people had utterly abandoned this Qur'an.'

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ جُمْلَةً وَاحِدَةً كَذَلِكَ لِنُثَبِّتَ بِهِ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنَاهُ تَرْتِيْلًا (32)

ترجمہ: اور کافر کہتے ہیں کہ اس (رسول) پر قرآن ایک ہی بار (یک جا کر کے) کیوں نہیں اتارا گیا؟ یوں (تھوڑا تھوڑا کر کے اسے) تدریجاً اس لیے اتارا گیا ہے تا کہ ہم اس سے آپ کے قلبِ (اطہر) کو قوت بخشیں اور (اسی وجہ سے) ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا ہے (تا کہ آپ کو ہمارے پیغام کے ذریعے بار بار سکونِ قلب ملتا رہے)o

And the disbelievers say: 'Why has the Qur'an not been (put together and) sent down to this (Prophet) in one go?' It has been revealed gradually (in segments)

so that by this We may strengthen your (most sanctified) heart, and (that is why) We have recited it gradually with pauses (in order that your heart may feel tranquil by receiving Our message again and again).

وَلَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا (33)

ترجمہ: اور یہ (کفار) آپ کے پاس کوئی (ایسی) مثال (سوال اور اعتراض کے طور پر) نہیں لاتے مگر ہم آپ کے پاس (اس کے جواب میں) حق اور (اس سے) بہتر وضاحت کا بیان لے آتے ہیںo

And these (disbelievers) do not bring you any (such) instance (as an objection or inquiry), but We provide you with the truth (to reply it) and an explanation better (than that).

فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَجَاهِدْهُم بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا (52)

ترجمہ: پس (اے مردِ مومن!) تو کافروں کا کہنا نہ مان اور تو اِس (قرآن کی دعوت اور دلائلِ علم) کے ذریعے ان کے ساتھ بڑا جہاد کرo

So, (O man of faith,) do not follow the disbelievers, and launch a large-scale struggle against them by means of (knowledge, logic and the preaching of the Qur'an).

سورۃ الشعرآء:

تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ (2)

ترجمہ: یہ (حق کو) واضح کرنے والی کتاب کی آیتیں ہیںo

These are the Verses of the Book that makes clear (the truth).

وَإِنَّهُ لَتَنزِيلُ رَبِّ الْعَالَمِينَ (192)

ترجمہ: اور بے شک یہ (قرآن) سارے جہانوں کے رب کا نازل کردہ ہےo

And indeed, this Qur'an has been revealed by the Lord of all the worlds.

سورۃ النمل:

طس تِلْكَ آيَاتُ الْقُرْآنِ وَكِتَابٍ مُّبِينٍ (1)

ترجمہ: طا، سین (حقیقی معنٰی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ قرآن اور روشن کتاب کی آیتیں ہیںo

Ta, Sin. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the (Holy) Qur'an and an enlightening Book-

هُدًى وَبُشْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ (2)

ترجمہ: (جو) ہدایت ہے اور (ایسے) ایمان والوں کے لیے خوشخبری ہےo

A guidance and good news for (those) believers,

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُوْنَ (3)

ترجمہ: جونماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہی ہیں جو آخرت پر (بھی) یقین رکھتے ہیںo

Who establish prayer and pay Zakat (the Alms-due), and it is they who believe in the Hereafter (as well).

وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِن لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ (6)

ترجمہ: اور بے شک آپ کو (یہ) قرآن بڑے حکمت والے، علم والے (رب) کی طرف سے سکھایا جا رہا ہےo

And surely, you are being taught (this) Qur'an from the All-Wise, All-Knowing (Lord).

وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (77)

ترجمہ: اور بے شک یہ ہدایت ہے اور مومنوں کے لیے رحمت ہےo

And verily, it is guidance and mercy for the believers.

وَمَا أَنتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُوْنَ (81)

ترجمہ: اور نہ ہی آپ (دل کے) اندھوں کو ان کی گمراہی سے (بچا کر) ہدایت دینے والے ہیں، آپ تو (فی الحقیقت) انہی کو سناتے ہیں جو (آپ کی دعوت قبول کر کے) ہماری آیتوں پر ایمان لے آتے ہیں سو وہی لوگ مسلمان ہیں (اور وہی زندہ کہلانے کے حق دار ہیں)o

Nor can you guide the blind (of heart, rescuing them) from their wrong path. (In fact) you make only them hear who (accepting your call) believe in Our Revelations. So it is they who are Muslims (and only they deserve to be called alive).

وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُوْنَ (82)

ترجمہ: اور جب ان پر (عذاب کا) فرمان پورا ہونے کا وقت آ جائے گا تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے گفتگو کرے گا کیونکہ لوگ ہماری نشانیوں پر یقین نہیں کرتے تھےo

And when the time to execute Our command (of torment) against them comes, We shall bring out for them from the earth a beast who will converse with them because people do not have certitude in Our signs.

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجاً مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُوْنَ (83)

ترجمہ: اور جس دن ہم ہر امت میں سے ان لوگوں کا (ایک ایک) گروہ جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے سو وہ (اکٹھا چلنے کے لیے آگے کی طرف سے) روکے جائیں گےo

And the Day when We shall gather out of every community a party of those who used to reject Our Revelations, they will be stopped (from the front in order that they all move together).

حَتَّى إِذَا جَاؤُوا قَالَ أَكَذَّبْتُم بِآيَاتِي وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْماً أَمَّاذَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (84)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ سب (مقامِ حساب پر) آ پہنچیں گے تو ارشاد ہوگا کیا تم (بغیر غور و فکر کے) میری آیتوں کو جھٹلاتے تھے حالاں کہ تم (اپنے ناقص) علم سے انہیں کاملاً جان بھی نہیں سکے تھے یا (تم خود ہی بتاؤ) اس کے علاوہ اور کیا (سبب) تھا جو تم (حق کی تکذیب) کیا کرتے تھےo

Till, when they all reach (the point of reckoning), it will be said: 'Did you reject My Revelations (without meditating on them), whereas you could not thoroughly understand them with (your inadequate) knowledge? Or (tell yourselves) what else was (the reason) that you used to (belie the truth).'

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِم بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنطِقُونَ (85)

ترجمہ: اور ان پر (ہمارا) وعدہ پورا ہو چکا اس وجہ سے کہ وہ ظلم کرتے رہے سو وہ (جواب میں) کچھ بول نہ سکیں گےo

And (Our) promise against them has been fulfilled because they continued doing injustice. So they will not be able to say anything (in reply).

سورۃ القصص:

تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِينِ (2)

ترجمہ: یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیںo

These are the Verses of the enlightening Book.

فَلَمَّا جَاءهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا لَوْلَا أُوتِيَ مِثْلَ مَا أُوتِيَ مُوسَى أَوَلَمْ يَكْفُرُوا بِمَا أُوتِيَ مُوسَى مِن قَبْلُ قَالُوا سِحْرَانِ تَظَاهَرَا وَقَالُوا إِنَّا بِكُلٍّ كَافِرُونَ (48)

ترجمہ: پھر جب ان کے پاس ہمارے حضور سے حق آ پہنچا (تو) وہ کہنے لگے کہ اس (رسول) کو ان (نشانیوں) جیسی (نشانیاں) کیوں نہیں دی گئیں جو موسٰی (علیہ السلام) کو دی گئیں تھیں؟ کیا انہوں نے ان (نشانیوں) کا انکار نہیں کیا تھا جو اس سے پہلے موسٰی (علیہ السلام) کو دی گئی تھیں؟ وہ کہنے لگے کہ دونوں (قرآن اور تورات) جادو ہیں (جو) ایک دوسرے کی تائید و موافقت کرتے ہیں، اور انہوں نے کہا کہ ہم (ان) سب کے منکر ہیںo

Then when the truth came to them from Our presence, they said: 'Why has this (Messenger) not been given the (signs) like those (signs) which were given to Musa (Moses)?' Did they not deny those (signs) which were given to Musa (Moses) before this? They said: 'Both (the Qur'an as well as the Torah) are magic (which) confirm and agree with each other.' And they said: 'We deny all (of them).'

قُلْ فَأْتُوا بِكِتَابٍ مِّنْ عِندِ اللَّهِ هُوَ أَهْدَى مِنْهُمَا أَتَّبِعْهُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (49)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ تم اللہ کے حضور سے کوئی (اور) کتاب لے آؤ جو ان دونوں سے زیادہ ہدایت والی ہو (تو) میں اس کی پیروی کروں گا اگر تم (اپنے الزامات میں) سچے ہوo

Say: 'Bring some (other) book from Allah which guides better than these two, (then) I shall follow that if you are truthful (in your blames).'

فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءَهُمْ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (50)

ترجمہ: پھر اگر وہ آپ کا ارشاد قبول نہ کریں تو آپ جان لیں (کہ ان کے لیے کوئی حجت باقی نہیں رہی) وہ محض اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں، اور اس شخص سے زیادہ گمراہ کون ہوسکتا ہے جو اللہ کی جانب سے ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہش کی پیروی کرے۔ بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

But if they do not accept what you say, then know that (they do not have any logic); they merely follow their lusts. And who can be more astray than the one who follows his desire, abandoning the guidance from Allah? Surely, Allah does not guide the wrongdoers.

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (51)

ترجمہ: اور درحقیقت ہم ان کے لیے پے در پے (قرآن کے) فرمان بھیجتے رہے تاکہ وہ نصیحت قبول کریں o

And in fact, We kept sending for them successive commands (of the Qur'an) so that they might take direction and guidance.

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِن قَبْلِهِ هُم بِهِ يُؤْمِنُونَ (52)

ترجمہ: جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب عطا کی تھی وہ (اسی ہدایت کے تسلسل میں) اس (قرآن) پر (بھی) ایمان رکھتے ہیں o

Those whom We gave the Book before this, they believe in this (Qur'an as well in the continuation of the same guidance).

وَإِذَا يُتْلَى عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّنَا إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ (53)

ترجمہ: اور جب ان پر (قرآن) پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لائے بے شک یہ ہمارے رب کی جانب سے حق ہے، حقیقت میں تو ہم اس سے پہلے ہی مسلمان (یعنی فرمانبردار) ہو چکے تھے o

And when (the Qur'an) is recited to them, they say: 'We believe in it; verily, it is the truth from our Lord. In fact, we had become Muslims (i.e., the yielding) even before this.'

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَى مَعَادٍ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ مَن جَاءَ بِالْهُدَى وَمَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (85)

ترجمہ: بے شک جس (رب) نے آپ پر قرآن (کی تبلیغ و اقامت کو) فرض کیا ہے یقیناً وہ آپ کو (آپ کی چاہت کے مطابق) لوٹنے کی جگہ (مکہ یا آخرت) کی طرف (فتح و کامیابی کے ساتھ) واپس لے جانے والا ہے۔ فرما دیجیے: میرا رب اسے خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا اور اسے (بھی) جو صریح گمراہی میں ہے۔ ☆ o

☆ (یہ آیت مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت فرماتے ہوئے جحفہ کے مقام پر نازل ہوئی اور یہ وعدہ فتح مکہ کے دن پورا ہو گیا۔)

Surely, (the Lord) Who has enjoined (the teaching, preaching and establishment of the system given in) the Qur'an upon you will bring you back (according to your desire) to the place of return (Mecca or the Hereafter with

victory and success). Say: 'My Lord knows best the one who brought guidance and (also) the one who is in open error.'*

***This Verse was revealed at Hajfa whilst migrating from Mecca on the way to Medina. This promise was fulfilled on the day of the Meccan Victory.**

وَمَا كُنتَ تَرْجُو أَن يُلْقَى إِلَيْكَ الْكِتَابُ إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ ظَهِيرًا لِّلْكَافِرِينَ **(86)**

ترجمہ: اورتم (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وساطت سے اُمتِ محمدی کو خطاب ہے) اس بات کی امید نہ رکھتے تھے کہ تم پر (یہ) کتاب اتاری جائے گی مگر (یہ) تمہارے رب کی رحمت (سے اتری) ہے، پس تم ہرگز کافروں کے مددگار نہ بننا o

(The Muslim Umma [Community] is addressed through the Prophet, blessings and peace be upon him:) And you did not expect that this (Book) will be revealed to you, but it is (revealed by) the mercy of your Lord. So never be a helper of the disbelievers.

سورۃ العنکبوت:

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَلِقَائِهِ أُولَئِكَ يَئِسُوا مِن رَّحْمَتِي وَأُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(23)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا وہ لوگ میری رحمت سے مایوس ہو گئے اور ان ہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے o

And those who reject Allah's Revelations and deny meeting with Him, they despair of My mercy. And it is they for whom there is painful punishment.

اتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ **(45)**

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ وہ کتاب پڑھ کر سنایئے جو آپ کی طرف (بذریعہ) وحی بھیجی گئی ہے، اور نماز قائم کیجئے، بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے، اور واقعی اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے، اور اللہ ان (کاموں) کو جانتا ہے جو تم کرتے ہو o

(O Esteemed Beloved!) Recite the Book which has been revealed to you and establish prayer. Surely, prayer prohibits indecency and impiety; and verily, the remembrance of Allah is the greatest. And Allah knows whatever (deeds) you do.

وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ وَقُولُوا آمَنَّا بِالَّذِي أُنزِلَ إِلَيْنَا وَأُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَإِلَهُنَا وَإِلَهُكُمْ وَاحِدٌ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ **(46)**

ترجمہ: اور (اے مومنو!) اہلِ کتاب سے نہ جھگڑا کرو مگر ایسے طریقہ سے جو بہتر ہو سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے ان میں سے ظلم کیا، اور (ان سے) کہہ دو کہ ہم اس (کتاب) پر ایمان لائے (ہیں) جو ہماری طرف اتاری گئی (ہے) اور جو تمہاری طرف اتاری گئی تھی، اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے، اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں o

And, (O believers,) do not argue with the People of the Book but in a suitable and decent way, except those of them who did injustice. And say (to them):

'We believe in that (Book) which has been revealed to us and which was sent down to you, and our God and your God is but One and we obey Him alone.'

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ فَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمِنْ هَؤُلَاءِ مَن يُؤْمِنُ بِهِ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الْكَافِرُونَ **(47)**

ترجمہ: اوراسی طرح ہم نے آپ کی طرف کتاب اتاری، تو جن (حق شناس) لوگوں کو ہم نے (پہلے سے) کتاب عطا کر رکھی تھی وہ اس (کتاب) پر ایمان لاتے ہیں، اور ان (اہلِ مکّہ) میں سے (بھی) ایسے ہیں جو اس پر ایمان لاتے ہیں، اور ہماری آیتوں کا اِنکار کافروں کے سوا کوئی نہیں کرتا o

And in like manner, We revealed the Book to you. And those (knowers of the truth) whom We had given the Book (already) believe in this (Book). And of these (inhabitants of Mecca too) there are those who believe in it. And none but the disbelievers deny Our Revelations.

بَلْ هُوَ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِي صُدُورِ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الظَّالِمُونَ **(49)**

ترجمہ: بلکہ وہ (قرآن ہی کی) واضح آیتیں ہیں جو ان لوگوں کے سینوں میں (محفوظ) ہیں جنہیں (صحیح) علم عطا کیا گیا ہے، اور ظالموں کے سوا ہماری آیتوں کا کوئی انکار نہیں کرتا o

But these are the clear Verses (of the Qur'an) that are (preserved) in the breasts of those who have been given (true) knowledge. And none other than the unjust deny Our Revelations.

أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلَى عَلَيْهِمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَرَحْمَةً وَذِكْرَى لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ **(51)**

ترجمہ: کیا ان کے لیے یہ (نشانی) کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر (وہ) کتاب نازل فرمائی ہے جو ان پر پڑھی جاتی ہے (یا ہمیشہ پڑھی جاتی رہے گی)، بے شک اس (کتاب) میں رحمت اور نصیحت ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں o

Is this (sign) not enough for them that We have revealed to you (that) Book which is recited to them (or will always be recited)? Surely, in this (Book) there is mercy and direction and guidance for the believers.

سورۃ الروم:

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ وَلَئِن جِئْتَهُم بِآيَةٍ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا مُبْطِلُونَ **(58)**

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال بیان کر دی ہے، اور اگر آپ ان کے پاس کوئی (ظاہری) نشانی لے آئیں تب بھی یہ کافر لوگ ضرور (یہی) کہہ دیں گے کہ آپ محض باطل و فریب کار ہیں o

And in truth We have elucidated every type of example in this Qur'an for the people (to make them understand). And if you bring them some (visible) sign, even then these disbelieving people will certainly say: 'You are only doing falsehood and fraud.'

سورۃ القمان:

تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيْمِ (2)

ترجمہ: یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں o

These are Verses of the Book of Wisdom,

هُدًى وَرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ (3)

ترجمہ: جو نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے o

Guidance and mercy for the pious,

أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَا فِيْ الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِيْ اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيْرٍ (20)

ترجمہ: (لوگو!) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لیے ان تمام چیزوں کو مسخّر فرما دیا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور اس نے اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں تم پر پوری کر دی ہیں۔ اور لوگوں میں کچھ ایسے (بھی) ہیں جو اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب (کی دلیل) کے o

(O people!) Have you not seen that Allah has subjected to you whatever is in the heavens and whatever is in the earth, and He has completed upon you His blessings outwardly as well as inwardly? And amongst people there are (also) those who dispute about Allah without knowledge and without guidance and without (any evidence from) the enlightening Book.

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءنَا أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَى عَذَابِ السَّعِيْرِ (21)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (کتاب) کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل فرمائی ہے تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اس (طریقہ) کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، اور اگرچہ شیطان انہیں عذابِ دوزخ کی طرف ہی بلاتا ہو o

And when it is said to them: 'Follow this Book which Allah has revealed,' they say: 'Nay, we shall follow (that) way which we found our fathers following,' even though Satan should be inviting them to the torment of Hell.

سورۃ السجدۃ:

تَنزِيْلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ (2)

ترجمہ: اس کتاب کا اتارا جانا، اس میں کچھ شک نہیں کہ تمام جہانوں کے پروردگار کی طرف سے ہے o

There is not even an iota of doubt in it that sending down of this Book is from the Lord of all the worlds.

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْماً مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيْرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ (3)

ترجمہ: کیا کفار و مشرکین یہ کہتے ہیں کہ اسے اس (رسول) نے گھڑ لیا ہے۔ بلکہ وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے تاکہ آپ اس قوم کو ڈر سنائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تاکہ وہ ہدایت پائیں o

Do the disbelievers and the polytheists say: 'He (the Holy Prophet) has fabricated it'? Nay, it is the truth from your Lord so that you may warn those to whom no Warner has come before you that they may receive guidance.

إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّداً وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ) (15)

ترجمہ: پس ہماری آیتوں پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں جنہیں اُن (آیتوں) کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدہ کرتے ہوئے گر جاتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور وہ تکبّر نہیں کرتے o

So only those who believe in Our Revelations, when directed and guided by means of these (Verses), fall down prostrating themselves and glorify their Lord with praise. And they do not behave with arrogance.

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ (22)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوسکتا ہے جسے اس کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی جائے پھر وہ اُن سے منہ پھیر لے، بے شک ہم مجرموں سے بدلہ لینے والے ہیں o

And who is a greater wrongdoer than someone who is admonished by means of Revelations of His Lord, and then he turns away from them? Surely, We take revenge on the evildoers.

سورۃ فاطر:

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ (29)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں، پوشیدہ بھی اور ظاہر بھی، اور ایسی (اُخروی) تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی خسارے میں نہیں ہوگی o

Surely, those who recite the Book of Allah and establish Prayer and spend secretly and openly in Our way out of what We have given them look forward to a trade (in the Hereafter) which will never run into loss,

لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ (30)

ترجمہ: تاکہ اللہ ان کا اجر انہیں پورا پورا عطا فرمائے اور اپنے فضل سے انہیں مزید نوازے، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا، بڑا ہی شکر قبول فرمانے والا ہے o

So that Allah pays them their reward in full and blesses them more out of His bounty. Surely, Allah is Most Forgiving, Most Appreciative of thanks.

وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ (31)

ترجمہ: اور جو کتاب (قرآن) ہم نے آپ کی طرف وحی فرمائی ہے، وہی حق ہے اور اپنے سے پہلے کی کتابوں کی تصدیق کرنے

والی ہے، بے شک اللہ اپنے بندوں سے پوری طرح باخبر ہے خوب دیکھنے والا ہےo

And the Book (the Qur'an) that We have revealed to you is the truth and confirms the former Books. Surely, Allah is Well Aware of His servants, All-Seeing.

ثُـمَّ أَوْرَثْـنَـا الْـكِتَـابَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ وَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ (32)

ترجمہ: پھر ہم نے اس کتاب (قرآن) کا وارث ایسے لوگوں کو بنایا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں سے چُن لیا (یعنی اُمّتِ محمدیہ کو)، سو ان میں سے اپنی جان پر ظلم کرنے والے بھی ہیں، اور ان میں سے درمیان میں رہنے والے بھی ہیں، اور ان میں سے اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے بڑھ جانے والے بھی ہیں۔ یہی (اس کتاب یعنی قرآن کا وارث ہونا) بڑا فضل ہےo

Then We made those whom We chose from amongst Our servants (i.e., the Muslim Umma [Community]) the inheritors of the Book (the Qur'an). So of them are those who wrong their own souls, and of them are also those who are moderate, following the middle course, and of them are still those who excel in doing pious deeds by Allah's command. This (excelling and becoming perfect) is but a great bounty (of Allah).

سورۃ یٰس:

وَالْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ (2)

ترجمہ: حکمت سے معمور قرآن کی قَسمo

By the Qur'an, full of wisdom,

تَنزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ (5)

ترجمہ: (یہ) بڑی عزت والے، بڑے رحم والے (رب) کا نازل کردہ ہےo

This is revealed by the Almighty, Ever-Merciful,

وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنبَغِيْ لَهُ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُّبِيْنٌ (69)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کو (یعنی نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو) شعر کہنا نہیں سکھایا اور نہ ہی یہ اُن کے شایانِ شان ہے۔ یہ (کتاب) تو فقط نصیحت اور روشن قرآن ہےo

And We have not taught him (the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]) composing poetry, nor does it befit his dignity. This (Book) is but direction and guidance and the illumining Qur'an,

سورۃ الصافات:

فَكَفَرُوا بِهِ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (170)

ترجمہ: پھر (اب) وہ اس (قرآن) کے منکر ہو گئے سو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گےo

But (now) they have rejected this (Qur'an). So they will soon come to know (their end).

سورۃ ص:

ص وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ **(1)**

ترجمہ: ص (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، ذکر والے قرآن کی قسم o

Sad. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) By the Holy Qur'an, full of direction and guidance.

أَأُنزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِن بَيْنِنَا بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِّن ذِكْرِي بَل لَّمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ **(8)**

ترجمہ: کیا ہم سب میں سے اسی پر یہ ذکر (یعنی قرآن) اتارا گیا ہے؟ بلکہ وہ میرے ذکر کی نسبت شک میں (گرفتار) ہیں، بلکہ انہوں نے ابھی میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا o

Has this admonition (the Qur'an) been sent down to him alone out of all of us?' To be more precise, they are (caught) in doubt about My admonition. But in truth they have not yet tasted My torment.

كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُوا الْأَلْبَابِ **(29)**

ترجمہ: یہ کتاب برکت والی ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل فرمایا ہے تاکہ دانش مند لوگ اس کی آیتوں میں غور و فکر کریں اور نصیحت حاصل کریں o

This is a Blessed Book that We have revealed to you so that the wise may ponder over its Verses and seek direction and guidance.

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ **(87)**

ترجمہ: یہ (قرآن) تو سارے جہان والوں کے لیے نصیحت ہی ہے o

This (Qur'an) is only direction and guidance for the whole world.

وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ **(88)**

ترجمہ: اور تمہیں تھوڑے ہی وقت کے بعد خود اِس کا حال معلوم ہو جائے گا o

And you will yourselves come to know its truth after a while.'

سورۃ الزمر:

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ **(1)**

ترجمہ: اس کتاب کا اتارا جانا اللہ کی طرف سے ہے جو بڑی عزت والا، بڑی حکمت والا ہے o

The revelation of this Book is from Allah, the Lord of Honour, All-Wise.

إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصاً لَّهُ الدِّينَ **(2)**

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کی طرف (یہ) کتاب حق کے ساتھ نازل کی ہے تو آپ اللہ کی عبادت اس کے لیے طاعت و بندگی کو خالص رکھتے ہوئے کیا کریں o

Surely, We have revealed (this) Book to you with the truth. So worship Allah for His sake alone in sincere obedience.

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَاباً مُّتَشَابِهاً مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ ذَلِكَ هُدَى اللَّهِ يَهْدِيْ بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَمَن يُضْلِلْ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ **(23)**

ترجمہ: اللہ ہی نے بہترین کلام نازل فرمایا ہے، جو ایک کتاب ہے جس کی باتیں (نظم اور معانی میں) ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں (جس کی آیتیں) بار بار دہرائی گئی ہیں، جس سے اُن لوگوں کے جسموں کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر اُن کی جلدیں اور دل نرم ہوجاتے ہیں (اور رِقّت کے ساتھ) اللہ کے ذکر کی طرف (محو ہوجاتے ہیں)۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ جسے چاہتا ہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے۔ اور اللہ جسے گمراہ کر دیتا (یعنی گمراہ چھوڑ دیتا) ہے تو اُس کے لیے کوئی ہادی نہیں ہوتاo

Allah is the One Who has sent down the best Word. That is a Book whose contents are in harmony with one another (in format and meaning) and (whose Verses) are repeated frequently. It sends a hair-raising shudder in the bodies of those who fear their Lord. Then their skins and hearts get softened, and they get (absorbed) into the remembrance of Allah (in a weeping mood). It is guidance from Allah and He guides with it whom He wills. And he whom Allah holds misguided (i.e., leaves astray) has no one to guide him.

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هَذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ **(27)**

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال بیان کر دی ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کرسکیںo

And truly, (to make the people understand,) We have given every kind of example in this Qur'an in order that they may take advice.

قُرآناً عَرَبِيّاً غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ **(28)**

ترجمہ: قرآن عربی زبان میں ہے (جو سب زبانوں سے زیادہ صاف اور بلیغ ہے) جس میں ذرا بھی کجی نہیں ہے تاکہ وہ تقوٰی اختیار کریںo

The Qur'an is in the Arabic language (which is the most comprehensive, lucid and communicative of all the languages) in which there is not even a bit of crookedness so that they may adopt Godwariness.

إِنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ فَمَنِ اهْتَدَى فَلِنَفْسِهِ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ **(41)**

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ پر لوگوں (کی رہنمائی) کے لیے حق کے ساتھ کتاب اتاری، سو جس نے ہدایت پائی تو اپنے ہی فائدے کے لیے اور جو گمراہ ہوا تو اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوا اور آپ اُن کے ذمّہ دار نہیں ہیںo

Surely, We revealed the Book to you with the truth for (the guidance of) people.

So he who takes guidance takes it for his own benefit, and he who goes astray, he strays to his own detriment. And you are not responsible for them.

وَاتَّبِعُوا أَحْسَنَ مَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ **(55)**

ترجمہ: اوراس بہترین (کتاب) کی پیروی کرو جوتمہارے رب کی طرف سے تمہاری جانب اتاری گئی ہے قبل اِس کے کہ تم پر اچانک عذاب آجائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہوo

And follow the Excellent (Book) that has been revealed to you by your Lord before the torment suddenly comes upon you and you are simply unaware,

بَلَى قَدْ جَاءتْكَ آيَاتِي فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنتَ مِنَ الْكَافِرِينَ **(59)**

ترجمہ: (رب فرمائے گا:) ہاں، بے شک میری آیتیں تیرے پاس آئی تھیں، سوتُو نے انہیں جھٹلا دیا، اور تُو نے تکبّر کیا اور تُو کافروں میں سے ہوگیاo

(The Lord will say:) 'Yes, no doubt, My Revelations came to you. So you rejected them and showed arrogance and became one of the disbelievers.'

لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ **(63)**

ترجمہ: اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کُنجیاں ہیں، اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کے ساتھ کفر کیا وہی لوگ ہی خسارہ اٹھانے والے ہیںo

To Him alone belong the keys of the heavens and the earth, and those who disbelieve in the Revelations of Allah, it is they who are the losers.

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ **(65)**

ترجمہ: اور فی الحقیقت آپ کی طرف (یہ) وحی کی گئی ہے اور اُن (پیغمبروں) کی طرف (بھی) جو آپ سے پہلے (مبعوث ہوئے) تھے کہ (اے انسان!) اگر تُو نے شرک کیا تو یقیناً تیرا عمل برباد ہو جائے گا اور تُو ضرور نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگاo

And in truth (this) revelation has been sent to you and to those (Messengers as well) who were (raised) before you: '(O man,) if you associate partners with Allah, then all your works will go to waste, and you will certainly be amongst the losers.'

سورۃ مومن:

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ **(2)**

ترجمہ: اِس کتاب کا اتارا جانا اللہ کی طرف سے ہے جو غالب ہے، خوب جاننے والا ہےo

The revelation of this Book is from Allah, the Almighty, All-Knowing,

مَا يُجَادِلُ فِي آيَاتِ اللَّهِ إِلَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ **(4)**

ترجمہ: اللہ کی آیتوں میں کوئی جھگڑا نہیں کرتا سوائے اُن لوگوں کے جنہوں نے کفر کیا، سو اُن کا شہروں میں (آزادی سے) گھومنا پھرنا تمہیں مغالطہ میں نہ ڈال دےo

No one disputes about the Revelations of Allah except those who do not believe. So let not their moving about (freely) in the cities delude you.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ إِنْ فِيْ صُدُوْرِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُم بِبَالِغِيْهِ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ (56)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو اُن کے پاس آئی ہو، ان کے سینوں میں سوائے غرور کے اور کچھ نہیں ہے وہ اُس (حقیقی برتری) تک پہنچنے والے ہی نہیں۔ پس آپ (ان کے شر سے) اللہ کی پناہ مانگتے رہیے، بے شک وہی خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Surely, those who argue about the Revelations of Allah without any authority having come to them, there is nothing in their breasts except vain superiority; they will never be able to attain to that (true superiority). So keep seeking refuge with Allah (from their evil). Surely, He alone is All-Hearing, All-Seeing.

كَذَلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوا بِآيَاتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ (63)

ترجمہ: اسی طرح وہ لوگ بہکے پھرتے تھے جو اللہ کی آیتوں کا انکار کیا کرتے تھےo

Likewise, those who used to deny the Revelations of Allah were wandering distracted.

الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (70)

ترجمہ: جن لوگوں نے کتاب کو (بھی) جھٹلا دیا اور ان (نشانیوں) کو (بھی) جن کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا تھا، تو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گےo

Those who have rejected the Book (as well as) the signs with which We sent Our Messengers, they will know (their end) soon,

إِذِ الْأَغْلَالُ فِيْ أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُوْنَ (71)

ترجمہ: جب اُن کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی، وہ گھسیٹے جا رہے ہوں گےo

When they have iron collars round their necks and chains, and they will be dragged away,

سورۃ حم السجدۃ:

تَنزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (2)

ترجمہ: نہایت مہربان بہت رحم فرمانے والے (رب) کی جانب سے اتارا جانا ہےo

(It is) sent down from the Most Kind (Lord), the Ever-Merciful,

كِتَابٌ فُصِّلَتْ آيَاتُهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُوْنَ (3)

ترجمہ: (اِس) کتاب کا جس کی آیات واضح طور پر بیان کر دی گئی ہیں علم و دانش رکھنے والی قوم کے لیے عربی (زبان میں) قرآن (ہے)o

A Book whose signs are expounded in detail, the Qur'an, in the Arabic (language) for a people who possess knowledge and wisdom,

بَشِيراً وَنَذِيراً فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ (4)

ترجمہ: خوشخبری سنانے والا ہے اور ڈر سنانے والا ہے، پھر ان میں سے اکثر لوگوں نے رُوگردانی کی سو وہ (اِسے) سنتے ہی نہیں ہیںo

A Bearer of good news and a Warner. Then most of them turned away. So they do not listen (to it).

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ (26)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں: تم اِس قرآن کو مت سنا کرو اور اِس (کی قرات کے اوقات) میں شور وغل مچایا کرو تا کہ تم (اِن کے قرآن پڑھنے پر) غالب رہوo

And the disbelievers say: 'Do not listen to this Qur'an, but make noises in (its recitation sessions), so that you may overwhelm (their recitation from the Qur'an).'

إِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُونَ فِيْ آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا أَفَمَن يُلْقَى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِيْ آمِناً يَوْمَ الْقِيَامَةِ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (40)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہماری آیتوں (کے معنی) میں صحیح راہ سے انحراف کرتے ہیں وہ ہم پر پوشیدہ نہیں ہیں، بھلا جو شخص آتشِ دوزخ میں جھونک دیا جائے (وہ) بہتر ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن (عذاب سے) محفوظ و مامون ہو کر آئے، تم جو چاہو کرو، بے شک جو کام تم کرتے ہو وہ خوب دیکھنے والا ہےo

Verily, those who turn away from the straight path with regard to (the meanings of) Our Verses are not hidden from Us. Then, is he who is thrown into the Fire of Hell better, or someone who comes safe and secure (from the torment) on the Day of Resurrection? Do as you wish. Surely, He sees all that you do.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءهُمْ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيْزٌ (41)

ترجمہ: بے شک جنہوں نے قرآن کے ساتھ کفر کیا جبکہ وہ اُن کے پاس آچکا تھا (تو یہ اُن کی بدنصیبی ہے)، اور بے شک وہ (قرآن) بڑی باعزت کتاب ہےo

Indeed, those who disbelieved in the Qur'an when it had come to them, (that is their ill fortune). And surely, it (the Qur'an) is a Mighty, Venerable Book.

لَا يَأْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ (42)

ترجمہ: باطل اِس (قرآن) کے پاس نہ اس کے سامنے سے آسکتا ہے اور نہ ہی اس کے پیچھے سے، (یہ) بڑی حکمت والے، بڑی حمد والے (رب) کی طرف سے اتارا ہوا ہےo

Falsehood can approach it (the Qur'an) neither from before nor from behind.

(It) has been sent down by the Most Wise, the Most Praiseworthy (Lord).

وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآناً أَعْجَمِيّاً لَّقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ أَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاء وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُونَ فِيْ آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى أُوْلَئِكَ يُنَادَوْنَ مِن مَّكَانٍ بَعِيْدٍ **(44)**

ترجمہ: اور اگر ہم اس (کتاب) کو عجمی زبان کا قرآن بنا دیتے تو یقیناً یہ کہتے کہ اِس کی آیتیں واضح طور پر بیان کیوں نہیں کی گئیں، کیا کتاب عجمی ہے اور رسول عربی ہے (اِس لیے اے محبوبِ مکرّم! ہم نے قرآن بھی آپ ہی کی زبان میں اتار دیا ہے۔) فرما دیجیے: وہ (قرآن) ایمان والوں کے لیے ہدایت (بھی) ہے اور شفا (بھی) ہے اور جو لوگ ایمان نہیں رکھتے اُن کے کانوں میں بہرے پن کا بوجھ ہے وہ اُن کے حق میں نابینا پن (بھی) ہے (گویا) وہ لوگ کسی دور کی جگہ سے پکارے جاتے ہیں o

And if We had revealed this (Book) as a Qur'an in a non-Arabic language, they would certainly have said: 'Why have its Verses not been expounded expressly? Is the Book non-Arabic and the Prophet an Arab?' (So, O Esteemed Beloved, We have revealed the Qur'an also in your language.) Say: 'That (Qur'an) is guidance as well as healing for the believers, but those who do not believe, their ears are heavy with deafness, and that is blindness (as well) in their case, (as if) they are like men called from afar.'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ثُمَّ كَفَرْتُم بِهِ مَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ **(52)**

ترجمہ: فرما دیجیے: بھلا تم بتاؤ اگر یہ (قرآن) اللہ ہی کی طرف سے (اُترا) ہو پھر تم اِس کا انکار کرتے رہو تو اُس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو پرلے درجہ کی مخالفت میں (پڑا) ہو o

Say: 'Well, give your view, if this (Qur'an) is really (sent down) from Allah and you keep denying it, then who is more astray than he who is (engaged) in extreme opposition?'

سورۃ الشوریٰ:

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآناً عَرَبِيّاً لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ فَرِيْقٌ فِيْ الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِيْ السَّعِيْرِ **(7)**

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی زبان میں قرآن کی وحی کی تاکہ آپ مکّہ والوں کو اور اُن لوگوں کو جو اِس کے اِرد گرد رہتے ہیں ڈر سنا سکیں، اور آپ جمع ہونے کے اُس دن کا خوف دلائیں جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ (اُس دن) ایک گروہ جنت میں ہوگا اور دوسرا گروہ دوزخ میں ہوگا o

And likewise, We have revealed to you the Holy Qur'an in the Arabic language so that you may warn the residents of Mecca and its suburbs, and that you may warn them of the Day of Assembly about which there is no doubt. (On that Day) one party will be in Paradise and the other in Hell.

فَلِذَلِكَ فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ وَقُلْ آمَنتُ بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِن كِتَابٍ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ اللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ اللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيْرُ **(15)**

ترجمہ: پس آپ اسی (دین) کے لیے دعوت دیتے رہیں اور جیسے آپ کو حکم دیا گیا ہے (اسی پر) قائم رہیے اور اُن کی خواہشات پر کان نہ دھریے، اور (یہ) فرما دیجیے: جو کتاب بھی اللہ نے اتاری ہے میں اُس پر ایمان رکھتا ہوں، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان عدل وانصاف کروں۔ اللہ ہمارا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی بحث وتکرار نہیں، اللہ ہم سب کو جمع فرمائے گا اور اسی کی طرف (سب کا) پلٹنا ہےo

So keep calling them to this (Din [Religion]), and hold fast (to it) as the command has been given to you. And do not give any heed to their desires and say (this): 'I believe in every Book that Allah has revealed, and I have been commanded to do justice between you. Allah is our Lord as well as your Lord. For us are our deeds and for you are your deeds. There is no debate and dispute between us and you. Allah will gather us all together and to Him is the return (of all).'

اللَّهُ الَّذِیْ أَنزَلَ الْکِتَابَ بِالْحَقِّ وَالْمِیْزَانَ وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِیْبٌ (17)

ترجمہ: اللہ وہی ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب نازل فرمائی اور (عدل وانصاف کا) ترازو (بھی اتارا)، اور آپ کو کس نے خبردار کیا، شاید قیامت قریب ہی ہوo

Allah is He Who has revealed the Book with the truth and (also sent down) the balance (of equity and justice). And who has put you on alert-perhaps the Last Hour is near?

وَکَذَلِكَ أَوْحَیْنَا إِلَیْكَ رُوحاً مِّنْ أَمْرِنَا مَا کُنتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتَابُ وَلَا الْإِیْمَانُ وَلَکِن جَعَلْنَاهُ نُوراً نَّهْدِیْ بِهِ مَنْ نَّشَاء مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِیْ إِلَی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (52)

ترجمہ: سو اسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روحِ (قلوب وارواح) کی وحی فرمائی (جو قرآن ہے)، اور آپ (وحی سے قبل اپنی ذاتی درایت وفکر سے) نہ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ ایمان (کے شرعی احکام کی تفصیلات کو ہی جانتے تھے جو بعد میں نازل اور مقرر ہوئیں) ☆ مگر ہم نے اسے نور بنا دیا۔ ہم اِس (نور) کے ذریعہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت سے نوازتے ہیں، اور بے شک آپ ہی صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت عطا فرماتے ہیں ☆☆o

☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اُمّیت کی طرف اشارہ ہے تاکہ کفّار آپ کی زبان سے قرآن کی آیات اور ایمان کی تفصیلات سن کر یہ بدگمانی نہ پھیلائیں کہ یہ سب کچھ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ذاتی علم اور تفکر سے گھڑ لیا ہے کچھ نازل نہیں ہوا، سو یہ اَز خود نہ جاننا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عظیم معجزہ بنا دیا گیا۔

☆☆ اے حبیب! آپ کا ہدایت دینا اور ہمارا ہدایت دینا دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے اور صرف انہی کو ہدایت نصیب ہوتی ہے جو اس حقیقت کی معرفت اور اس سے وابستگی رکھتے ہیں۔

So thus We revealed to you Our Spirit (of hearts and souls) by Our command (that is the Qur'an). And (before the Revelation) you did not know what the

Book was, nor did you know (through your own endeavour and insight the details of the injunctions of) faith (which were sent down and determined later).* But We made it a Light. By means of this Light, We give guidance to those of Our servants whom We intend. And assuredly, you alone provide guidance towards the straight path.**

*** Here reference is made to the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) as being an Ummi (not taught to read or write) so that the disbelievers, hearing the Verses of the Qur'an and the details of faith from him, may not spread this evil thought that the Holy Prophet Muhammad (blessings and peace be upon him) has invented it out of his personal knowledge, learning and scholarship and that nothing has been sent down to him. So this unletteredness has been one of his great miracles.**

**** O Beloved! The reality of guidance is the same whether by you or by Us. And guidance is only the share of the one who acquires the knowledge of this fact and then sticks to it tenaciously.**

سورۃ الزخرف:

وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ **(2)**

ترجمہ: قسم ہے روشن کتاب کیo

By the illumined Book,

إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ **(3)**

ترجمہ: بے شک ہم نے اسے عربی (زبان) کا قرآن بنایا ہے تا کہ تم لوگ سمجھ سکوo

Verily, We have made it, the Qur'an, in the Arabic (language) so that you may understand.

وَإِنَّهُ فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ **(4)**

ترجمہ: بے شک وہ ہمارے پاس سب کتابوں کی اصل (لوحِ محفوظ) میں ثبت ہے یقیناً (یہ سب کتابوں پر) بلند مرتبہ بڑی حکمت والا ہےo

And verily, it is inscribed with Us in (al-Lawh al-Mahfuz [the Preserved Table]), the origin of all the Books. It is certainly exalted (over all the Books), full of wisdom.

أَفَنَضْرِبُ عَنكُمُ الذِّكْرَ صَفْحاً أَن كُنتُمْ قَوْماً مُّسْرِفِيْنَ **(5)**

ترجمہ: اور کیا ہم اس نصیحت کو تم سے اِس بنا پر روک دیں کہ تم حد سے گزر جانے والی قوم ہوo

And should We withhold this Reminder from you because you are a people who exceed limits?

بَلْ مَتَّعْتُ هَؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّى جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ (29)

ترجمہ: بلکہ میں نے انہیں اور اِن کے آباء واجداد کو (اسی ابراہیم علیہ السلام کے تصدّق اور واسطہ سے اِس دنیا میں) فائدہ پہنچایا ہے یہاں تک کہ اِن کے پاس حق (یعنی قرآن) اور واضح وروشن بیان والا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آیاo

In truth, I bestowed upon these people and their ancestors (worldly) provision (for the sake of and due to the mediation of Ibrahim [Abraham]) until there came to them the truth (the Qur'an) and the Messenger (blessings and peace be upon him) with clear and illumining exposition.

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَذَا الْقُرْآنُ عَلَى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ (31)

ترجمہ: اور کہنے لگے: یہ قرآن (مکّہ اور طائف کی) دو بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی (یعنی کسی وڈیرے، سردار اور مال دار) پر کیوں نہیں اتارا گیاo

And they said: 'Why has this Qur'an not been sent down upon some high-ranking personage (i.e., some chief, landlord, or the affluent) of the two towns (Mecca and Ta'if)?'

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِي أُوحِيَ إِلَيْكَ إِنَّكَ عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (43)

ترجمہ: پس آپ اس (قرآن) کو مضبوطی سے تھامے رکھیئے جو آپ کی طرف وحی کیا گیا ہے، بے شک آپ سیدھی راہ پر (قائم) ہیںo

So hold fast to this (Qur'an) which has been revealed to you. Surely, you are (firm) on the straight path.

وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ (44)

ترجمہ: اور یقیناً یہ (قرآن) آپ کے لیے اور آپ کی امت کے لیے عظیم شرف ہے، اور (لوگو!) عنقریب تم سے پوچھا جائے گا (کہ تم نے قرآن کے ساتھ کتنا تعلق استوار کیا)o

And verily, this (Qur'an) is a great honour for you and for your Umma (Community). And, (O people,) you will soon be asked (how strong and firm a relation you established with the Qur'an).

سورۃ الدخان:

وَالْكِتَابِ الْمُبِينِ (2)

ترجمہ: اس روشن کتاب کی قسمo

By this Light-Giving Book,

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةٍ مُّبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنذِرِينَ (3)

ترجمہ: بے شک ہم نے اسے ایک بابرکت رات میں اتارا ہے بے شک ہم ڈر سنانے والے ہیںo

Surely, We have sent it down in a blessed night. Surely, We are the Warner.

فِيهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيمٍ (4)

ترجمہ: اس (رات) میں ہر حکمت والے کام کا (جدا جدا) فیصلہ کر دیا جاتا ہےo

In this (night) judgment is given on all matters of wisdom (separately),

أَمْراً مِّنْ عِندِنَا إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ (5)

ترجمہ: ہماری بارگاہ کے حکم سے، بےشک ہم ہی بھیجنے والے ہیںo

By Our command; surely, it is We Who send.

رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (6)

ترجمہ: (یہ) آپ کے رب کی جانب سے رحمت ہے، بےشک وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

(It) is mercy from your Lord. Verily, He is All-Hearing, All-Knowing,

فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (58)

ترجمہ: بس ہم نے آپ ہی کی زبان میں اس (قرآن) کو آسان کر دیا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریںo

So We have made this (Qur'an) easy in your own tongue so that they may take advice.

سورۃ الجاثیۃ:

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (2)

ترجمہ: (اِس) کتاب کا اتارا جانا اللہ کی جانب سے ہے جو بڑی عزّت والا بڑی حکمت والا ہےo

The revelation of (this) Book is from Allah, Almighty, Most Wise.

تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللَّهِ وَآيَاتِهِ يُؤْمِنُونَ (6)

ترجمہ: یہ اللہ کی آیتیں ہیں جنہیں ہم آپ پر پوری سچائی کے ساتھ تلاوت فرماتے ہیں، پھر اللہ اور اُس کی آیتوں کے بعد یہ لوگ کس بات پر ایمان لائیں گےo

These are the Revelations of Allah which We recite to you with absolute truth. Then what will they believe in after Allah and His Revelations?

هَذَا هُدًى وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ (11)

ترجمہ: یہ (قرآن) ہدایت ہے، اور جن لوگوں نے اپنے رب کی آیات کے ساتھ کفر کیا اُن کے لیے سخت ترین دردناک عذاب ہےo

This (Qur'an) is guidance. And for those who disbelieved in the Revelations of Allah is an extremely grievous torment in store.

هَذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (20)

ترجمہ: یہ (قرآن) لوگوں کے لیے بصیرت وعبرت کے دلائل ہیں اور یقین رکھنے والوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہےo

This (Qur'an) contains proofs, which provide vision and lessons of warning to the people, and is guidance and mercy for those who believe with certitude.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (25)

ترجمہ: اور جب اُن پر ہماری واضح آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو اس کے سوا اُن کی کوئی دلیل نہیں ہوتی کہ ہمارے باپ دادا کو (زندہ کر کے) لے آؤ، اگر تم سچے ہو o

And when Our clear Verses are recited to them, they do not have any plea except to say: 'Bring back our fathers (raised alive) if you are truthful.'

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْماً مُّجْرِمِينَ (31)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کُفر کیا (اُن سے کہا جائے گا:) کیا میری آیتیں تم پر پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں، پس تم نے تکبّر کیا اور تم مُجرم لوگ تھے o

And those who disbelieved (it will be said to them:) 'Were My Verses not recited to you? But you showed arrogance and you were the evildoers.'

سورۃ الاحقاف:

تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (2)

ترجمہ: اس کتاب کا نازل کیا جانا اللہ کی جانب سے ہے جو غالب حکمت والا ہے o

The revelation of this Book is from Allah, Almighty, Most Wise.

قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ ائْتُونِي بِكِتَابٍ مِّن قَبْلِ هَذَا أَوْ أَثَارَةٍ مِّنْ عِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (4)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ مجھے بتاؤ تو کہ جن (بتوں) کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے زمین میں کیا چیز تخلیق کی ہے یا (یہ دکھا دو کہ) آسمانوں (کی تخلیق) میں ان کی کوئی شراکت ہے۔ تم میرے پاس اس (قرآن) سے پہلے کی کوئی کتاب یا (اگلوں کے) علم کا کوئی بقیہ حصہ (جو منقول چلا آ رہا ہو ثبوت کے طور پر) پیش کرو اگر تم سچے ہو o

Say: 'Tell me of (the idols) you worship instead of Allah; show me what they have created in the earth, or (bring it forth if) they have a partnership in (the creation of) the heavens. Bring me (as a proof) any Book (revealed) before this (Qur'an), or some remnant of knowledge (transmitted from the bygone people), if you are truthful.'

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءهُمْ هَذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ (7)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں (تو) جو لوگ کفر کر رہے ہیں حق (یعنی قرآن) کے بارے میں، جبکہ وہ ان کے پاس آ چکا، کہتے ہیں: یہ کھلا جادو ہے o

And when Our clear Verses are recited to them, (then) the disbelievers say about the truth (the Qur'an) whilst it has come to them: 'This is obvious magic.'

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئاً هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ كَفَى بِهِ شَهِيداً بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (8)

ترجمہ: کیا وہ لوگ (یہ) کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کو (پیغمبر نے) گھڑ لیا ہے۔ آپ فرما دیں: اگر اسے میں نے گھڑا ہے تو تم مجھے اللہ (کے عذاب) سے (بچانے کا) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے، اور وہ ان (باتوں) کو خوب جانتا ہے جو تم اس (قرآن) کے بارے میں طعنہ زنی کے طور پر کر رہے ہو۔ وہی (اللہ) میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے، اور وہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےO

Do they say that (the Messenger) has fabricated it (the Qur'an)? Say: 'If I have concocted it, then you have no authority to save me from (the torment of) Allah. And He knows best the (words) you utter about this (Qur'an) as mockery. He (Allah) is Sufficient as witness between me and you. And He is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

قُلْ مَا كُنتُ بِدْعاً مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُّبِينٌ **(9)**

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ میں (انسانوں کی طرف) کوئی پہلا رسول نہیں آیا (کہ مجھ سے قبل رسالت کی کوئی مثال ہی نہ ہو) اور میں اَز خود (یعنی محض اپنی عقل و درایت سے) نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور نہ وہ جو تمہارے ساتھ کیا جائے گا، (میرا علم تو یہ ہے کہ) میں صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف بھیجی جاتی ہے (وہی مجھے ہر شے کا علم عطا کرتی ہے) اور میں تو صرف (اس علم بالوحی کی بنا پر) واضح ڈر سنانے والا ہوںO

Say: 'I am not the first Messenger (sent to mankind that no precedent of Messengership exists before me). Nor do I know of my own accord (i.e., purely by means of my own mental faculty and self-application) what will be done to me or what will be done to you. (My knowledge is nothing except that) I follow that revelation alone which is sent to me. (It is this that provides me knowledge about everything.) And I am simply a clear Warner (on the basis of this knowledge obtained through revelation).

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ **(10)**

ترجمہ: فرما دیجیے: ذرا بتاؤ تو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کر دیا ہو اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ (بھی پہلی آسمانی کتابوں سے) اس جیسی کتاب (کے اترنے کے ذکر) پر گواہی دے پھر وہ (اس پر) ایمان (بھی) لایا ہو اور تم (اس کے باوجود) غرور کرتے رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا؟)، بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتاO

Say: 'Tell me, if this (Qur'an) is from Allah and you deny it and a witness from the Children of Israel (also) bears testimony to the mention of (the revelation of) such a Book (in the Revealed Books revealed earlier), then he believes (in it as well), but (despite that) you show arrogance (then what will be your fate?) Surely, Allah does not guide the wrongdoing people.'

وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَى إِمَاماً وَرَحْمَةً وَهَذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَاناً عَرَبِيّاً لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَى لِلْمُحْسِنِينَ **(12)**

ترجمہ: اور اس سے پہلے موسٰی (علیہ السلام) کی کتاب (تورات) پیشوا اور رحمت تھی، اور یہ کتاب (اس کی) تصدیق کرنے والی

ہے، عربی زبان میں ہے تا کہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے ظلم کیا ہے اور نیکوکاروں کے لیے خوشخبری ہوo

And before it was the Book of Musa (Moses [the Torah]), a guide and mercy. And this Book confirms that. It is in the Arabic language to warn the wrongdoers and give good news to the pious.

وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَراً مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنصِتُوا فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَى قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ (29)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) جب ہم نے جنّات کی ایک جماعت کو آپ کی طرف متوجہ کیا جو قرآن غور سے سنتے تھے۔ پھر جب وہ وہاں (یعنی بارگاہِ نبوت میں) حاضر ہوئے تو انہوں نے (آپس میں) کہا: خاموش رہو، پھر جب (پڑھنا) ختم ہو گیا تو وہ اپنی قوم کی طرف ڈر سنانے والے (یعنی داعی الی الحق) بن کر واپس گئےo

And, when, (O Beloved,) We diverted a group of jinn to you, listening to the Qur'an with active attention, (and) when they came there (i.e., before the holy presence of the Messenger [blessings and peace be upon him]), they said (to one another): 'Keep silent.' And when (the recitation) was over, they went back as warners to their people (i.e., the callers to the truth).

قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَاباً أُنزِلَ مِن بَعْدِ مُوسَى مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيُ إِلَى الْحَقِّ وَإِلَى طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ (30)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے ہماری قوم (یعنی اے قومِ جنّات)! بے شک ہم نے ایک (ایسی) کتاب سنی ہے جو موسیٰ (علیہ السلام کی تورات) کے بعد اتاری گئی ہے (جو) اپنے سے پہلے (کی کتابوں) کی تصدیق کرنے والی ہے (وہ) سچّے (دین) اور سیدھے راستے کی طرف ہدایت کرتی ہےo

They said: 'O our people (O community of jinn), indeed we have heard such a Book that has been revealed after (the Torah of) Musa (Moses. It) confirms (the Books) that came before it, and guides to the true (Din [Religion]) and the straight road.

سورۃ محمد:

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ (2)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور اس (کتاب) پر ایمان لائے جو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل کی گئی ہے اور وہی ان کے رب کی جانب سے حق ہے اللہ نے ان کے گناہ ان (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دیے اور ان کا حال سنوار دیاo

And those who embrace faith and do pious works persistently and believe in this (Book) which has been revealed to Muhammad (blessings and peace be upon him), and that is the very truth from their Lord, Allah erases their evil works from their (record of deeds) and refines their states of being.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ (9)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اس (کتاب) کو ناپسند کیا جو اللہ نے نازل فرمائی تو اس نے ان کے اعمال اکارت کر دیے o

That is because they hate that (Book) which Allah has sent down so He has made their actions come to nothing.

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَى قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا (24)

ترجمہ: کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر تالے (لگے ہوئے) ہیں o

Do they not think over the Qur'an, or are their hearts locked?

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ (26)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ انہوں نے ان لوگوں سے کہا جو اللہ کی نازل کردہ کتاب کو ناپسند کرتے تھے کہ ہم بعض امور میں تمہاری پیروی کریں گے، اور اللہ ان کے خفیہ مشورہ کرنے کو خوب جانتا ہے o

That is because they said to those who dislike the Book revealed by Allah: 'We shall obey you in certain matters.' And Allah knows best their secret consultations.

سورۃ ق:

ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ (1)

ترجمہ: ق (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، قسم ہے قرآنِ مجید کی o

Qaf. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) By the Glorious Qur'an,

بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ فَهُمْ فِي أَمْرٍ مَّرِيجٍ (5)

ترجمہ: بلکہ (عجیب اور فہم و ادراک سے بعید بات تو یہ ہے کہ) انہوں نے حق (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن) کو جھٹلا دیا جب وہ اُن کے پاس آ چکا سو وہ خود (ہی) الجھن اور اضطراب کی بات میں (پڑے) ہیں o

But (strange and far from understanding is this that) they denied the truth (i.e., the Messenger and the Qur'an) when it came to them. So they have themselves stepped into anxiety and confusion.

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ (45)

ترجمہ: ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں اور آپ اُن پر جبر کرنے والے نہیں ہیں، پس قرآن کے ذریعے اس شخص کو نصیحت فرمائیے جو میرے وعدۂ عذاب سے ڈرتا ہے o

We know best what they say, and you are not the one to coerce them. So advise by means of the Qur'an anyone who fears My threat of punishment.

سورۃ الذاریات:

يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ أُفِكَ (9)

ترجمہ: اِس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن) سے وہی پھرتا ہے جسے (علمِ ازلی سے) پھیر دیا گیا o

He alone who is turned away (from the knowledge of pre-eternity) turns away (from the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] and the Qur'an).

سورۃ الطّور:

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ (33)

ترجمہ: یا وہ کہتے ہیں کہ اس (رسول) نے اس (قرآن) کو اَز خود گھڑ لیا ہے، (ایسا نہیں) بلکہ وہ (حق کو) مانتے ہی نہیں ہیںo

Or do they say: 'He (the Messenger) has invented it (the Qur'an) himself'? (No indeed;) rather they simply do not believe (in the truth).

فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ (34)

ترجمہ: پس انہیں چاہئے کہ اِس (قرآن) جیسا کوئی کلام لے آئیں اگر وہ سچے ہیںo

So let them produce a treatise like this (Qur'an) if they are truthful.

سورۃ النجم:

إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَى (4)

ترجمہ: اُن کا ارشاد سَراسَر وحی ہوتا ہے جو انہیں کی جاتی ہےo

His speech is nothing but Revelation, which is sent to him.

أَفَمِنْ هَذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ (59)

ترجمہ: پس کیا تم اس کلام سے تعجب کرتے ہوo

So do you wonder at this Revelation?

وَتَضْحَكُونَ وَلَا تَبْكُونَ (60)

ترجمہ: اور تم ہنستے ہو اور روتے نہیں ہوo

And do you laugh and not weep,

سورۃ القمر:

حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ (5)

ترجمہ: (یہ قرآن) کامل دانائی و حکمت ہے کیا پھر بھی ڈر سنانے والے کچھ فائدہ نہیں دیتےo

(This Qur'an) is perfect intellect and reason. Are the Warners still not of any benefit?

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (17)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہےo

And indeed, We have made the Qur'an easy for direction and guidance, but is there anyone who will take advice?

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (32)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہےo

And indeed, We have made the Qur'an easy for direction and guidance, but is there anyone who will take advice?

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (40)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہےo

And indeed, We have made the Qur'an easy for direction and guidance, but is there anyone who will take advice?

سورۃ الواقعۃ:

فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ (75)

ترجمہ: پس میں اُن جگہوں کی قسم کھاتا ہوں جہاں جہاں قرآن کے مختلف حصے (رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) اترتے ہیں☆o

☆ یہ ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس کے بیان کردہ معنی پر کیا گیا ہے، مزید حضرت عکرمہ، حضرت مجاہد، حضرت عبداللہ بن جبیر، حضرت سدی، حضرت فراء اور حضرت زجاج رضی اللہ عنہم اور دیگر ائمہ تفسیر کا قول بھی یہی ہے؛ اور سیاقِ کلام بھی اسی کا تقاضا کرتا ہے۔ پیچھے سورۃ النجم میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نجم کہا گیا ہے، یہاں قرآن کی سورتوں کو نجوم کہا گیا ہے۔ حوالہ جات کے لیے ملاحظہ کریں: تفسیر بغوی، خازن، طبری، الدر المنثور، الکشاف، تفسیر ابن ابی حاتم، روح المعانی، ابن کثیر، اللباب، البحر المحیط، جمل، زاد المسیر، فتح القدیر، المظہری، البیضاوی، تفسیر ابی سعود اور مجمع البیان۔

So I swear by the places where different portions of the Qur'an descend (on the Arab Messenger).*

***This translation is based on the exposition given by the venerable 'Abd Allah b. 'Abbas. Moreover 'Ikrima, Mujahid, 'Abd Allah b. Jubayr, al-Suddi, al-Farra', al-Zujaj and other Imams of tafsir also agree to it. The context of the subject also denotes the same meaning. In the preceding Sura al-Najm, the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) is called Najm and here in this Verse the Suras of the Holy Qur'an are called Nujum. See: Tafsir al-Baghawi, al-Khazin, al-Tabari, al-Durr al-Manthur, Tafsir Ibn Abi Hatim, Ruh al-Ma'ani, Ibn Kathir, al-Lubab, al-Bahr al-Muhit, al-Jumal, Zad al-Masir, Fath al-Qadir, al-Mazhari, al-Baydawi, Tafsir Abi Sa'ud and Majma' al-Bayan.**

وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ (76)

ترجمہ: اور اگر تم سمجھو تو بے شک یہ بہت بڑی قَسم ہےo

And this is a mighty oath if you realize.

إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ (77)

ترجمہ: بے شک یہ بڑی عظمت والا قرآن ہے (جو بڑی عظمت والے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اتر رہا ہے)o

Surely, this is a Glorious Qur'an (which is being sent down on the most Glorious Messenger [blessings and peace be upon him]).

فِيْ كِتَابٍ مَّكْنُوْنٍ (78)

ترجمہ: (اس سے پہلے یہ) لوحِ محفوظ میں (لکھا ہوا) ہےo

It has been (inscribed) in al-Lawh al-Mahfuz (the Preserved Tablet) before this.

لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ (79)

ترجمہ: اس کو پاک (طہارت والے) لوگوں کے سوا کوئی نہیں چُھوئے گاo

No one can touch it except the purified (and cleansed) ones.

تَنزِيْلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ (80)

ترجمہ: تمام جہانوں کے ربّ کی طرف سے اتارا گیا ہےo

It has been sent down by the Lord of all the worlds.

أَفَبِهَذَا الْحَدِيْثِ أَنتُم مُّدْهِنُوْنَ (81)

ترجمہ: سو کیا تم اسی کلام کی تحقیر کرتے ہوo

So is it this Revelation that you disdain?

وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ (82)

ترجمہ: اور تم نے اپنا رِزق (اور نصیب) اسی بات کو بنا رکھا ہے کہ تم (اسے) جھٹلاتے رہوo

And you have made your means of subsistence (and fortune) to reject it!

سورۃ الحدید:

أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِيْنَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُوْنُوا كَالَّذِيْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُوْنَ (16)

ترجمہ: کیا ایمان والوں کے لیے (ابھی) وہ وقت نہیں آیا کہ اُن کے دل اللہ کی یاد کے لیے رِقّت کے ساتھ جھک جائیں اور اس حق کے لیے (بھی) جو نازل ہوا ہے اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں اس سے پہلے کتاب دی گئی تھی پھر ان پر مدّت دراز گزر گئی تو اُن کے دل سخت ہو گئے، اور ان میں بہت سے لوگ نافرمان ہیںo

Has the time not (yet) come for the believers that their hearts get humbled with tenderness for the remembrance of Allah, and for that truth (as well) which has been sent down, and that they do not become like those who were given the Book before this, then a long time passed over them and their hearts hardened? And many of them are disobedient.

لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَأْسٌ شَدِيْدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ 25)

ترجمہ: بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب اور میزانِ عدل نازل فرمائی

تا کہ لوگ انصاف پر قائم ہوسکیں، اور ہم نے (معدنیات میں سے) لوہا مہیّا کیا اس میں (آلاتِ حرب و دفاع کے لیے) سخت قوّت اور لوگوں کے لیے (صنعت سازی کے کئی دیگر) فوائد ہیں اور (یہ اس لیے کیا) تا کہ اللہ ظاہر کر دے کہ کون اُس کی اور اُس کے رسولوں کی (یعنی دینِ اسلام کی) بِن دیکھے مدد کرتا ہے، بے شک اللہ (خود ہی) بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہےo

Verily, We sent Our Messengers with clear signs, and We sent down with them the Book and the balance of justice so that people might grow firm and stable in justice. And (of minerals) We brought forth iron in which there is a fierce force (for weapons and defence) and which has (multiple other) benefits for people (in industrial development). And (the purpose is) that Allah may bring to light the one who helps Him and His Messengers (i.e., the Din [Religion of Islam]) without seeing. Surely, Allah is (Himself) the All-Powerful, the Almighty.

سورۃ المجادلۃ:

إِنَّ الَّذِيْنَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ وَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ **(5)**

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عداوت رکھتے ہیں وہ اسی طرح ذلیل کیے جائیں گے جس طرح اُن سے پہلے لوگ ذلیل کیے جا چکے ہیں اور بے شک ہم نے واضح آیتیں نازل فرما دی ہیں، اور کافروں کے لیے ذِلت انگیز عذاب ہےo

Indeed, those who maintain rivalry against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) will be humiliated as those before them were humiliated. And surely, We have sent down clear Revelations, and there is humiliating torment for the disbelievers.

سورۃ الحشر:

لَوْ أَنزَلْنَا هَذَا الْقُرْآنَ عَلَى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعاً مُّتَصَدِّعاً مِّنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ **(21)**

ترجمہ: اگر ہم یہ قرآن کسی پہاڑ پر نازل فرماتے تو (اے مخاطب!) تو اسے دیکھتا کہ وہ اللہ کے خوف سے جھک جاتا، پھٹ کر پاش پاش ہو جاتا، اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لیے بیان کر رہے ہیں تا کہ وہ غور و فکر کریںo

Had We sent down this Qur'an on some mountain, then, (O listener,) you would certainly have seen it bowed, split and crushed to pieces for fear of Allah. And We give these examples for the people so that they may ponder.

سورۃ الجمعۃ:

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّيْنَ رَسُولاً مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِن كَانُوا مِن قَبْلُ لَفِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ **(2)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے اَن پڑھ لوگوں میں انہی میں سے ایک (باعظمت) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو بھیجا وہ اُن پر اُس کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں اور اُن (کے ظاہر و باطن) کو پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتے ہیں، بے شک وہ لوگ اِن (کے تشریف لانے) سے پہلے کھلی گمراہی میں تھےo

He is the One Who sent a (Glorious) Messenger (blessings and peace be upon him) amongst the illiterate people from amongst themselves who recites to them His Revelations and cleanses and purifies them (outwardly and inwardly) and teaches them the Book and wisdom. Indeed, they were in open error before (his most welcome arrival).

سورۃ التغابن:

فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِيٓ أَنزَلْنَا وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (8)

ترجمہ: پس تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اُس نور پر ایمان لاؤ جسے ہم نے نازل فرمایا ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

So believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and that Light which We have sent down. And Allah is Well Aware of the deeds that you do.

سورۃ الطلاق:

أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَاباً شَدِيداً فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُوْلِي الْأَلْبَابِ الَّذِينَ آمَنُوا قَدْ أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْراً (10)

ترجمہ: اللہ نے اُن کے لیے (آخرت میں بھی) سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ سو اللہ سے ڈرتے رہا کرو اے عقل والو! جو ایمان لے آئے ہو، بے شک اللہ نے تمہاری (ہی) طرف نصیحت (قرآن) کو نازل فرمایا ہےo

Allah has prepared for them severe torment (in the Hereafter as well). So keep fearing Allah, O men of reason, you who have believed. No doubt it is you towards whom Allah has sent down the Reminder (the Qur'an),

رَّسُولاً يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحاً يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَداً قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقاً (11)

ترجمہ: (اور) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بھی بھیجا ہے) جو تم پر اللہ کی واضح آیات پڑھ کر سناتے ہیں تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال کرتے ہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے، اور جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے وہ اسے ان جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، بے شک اللہ نے اُس کے لیے نہایت عمدہ رزق (تیار کر) رکھا ہےo

(And has also sent) the Messenger (blessings and peace be upon him), who recites to you clear Verses so that he may take those who have believed and do pious deeds from darkness to light. And he who believes in Allah and does

pious deeds, He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Indeed, Allah has (prepared) for him excellent sustenance.

سورۃ القلم:

وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ (51)

ترجمہ: اور بے شک کافر لوگ جب قرآن سنتے ہیں تو ایسے لگتا ہے کہ آپ کو اپنی (حاسدانہ بد) نظروں سے نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہےo

And indeed, when the disbelievers listen to the Qur'an, it seems as if they wish to damage you with their (jealously evil) looks and say: 'He is insane.'

وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ (52)

ترجمہ: اور وہ (قرآن) تو سارے جہانوں کے لیے نصیحت ہےo

And it (the Qur'an) is direction and guidance for all the worlds.

سورۃ الحاقۃ:

فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُونَ (38)

ترجمہ: سو میں قسم کھاتا ہوں ان چیزوں کی جنہیں تم دیکھتے ہوo

So I swear by the things that you see,

وَمَا لَا تُبْصِرُونَ (39)

ترجمہ: اور ان چیزوں کی (بھی) جنہیں تم نہیں دیکھتےo

And by those things that you do not see.

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ (40)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) بزرگی و عظمت والے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا (منزّل من اللہ) فرمان ہے، (جسے وہ رسالتاً اور نیابتاً بیان فرماتے ہیں)o

Assuredly, this (Qur'an) is the (God-sent) commandment of the Exalted and Glorious Messenger ([blessings and peace be upon him] which he expounds as a Messenger and as a Vicegerent).

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْأَقَاوِيلِ (44)

ترجمہ: اور اگر وہ ہم پر کوئی (ایک) بات بھی گھڑ کر کہہ دیتےo

And had he ascribed to Us even a (single) fabricated thing,

لَأَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ (45)

ترجمہ: تو یقیناً ہم اُن کو پوری قوت و قدرت کے ساتھ پکڑ لیتےo

We would have seized him with full force and might,

ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ (46)

ترجمہ: پھر ہم ضرور اُن کی شہ رگ کاٹ دیتےo

Then certainly We would have cut his life artery,

فَمَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِيْنَ (47)

ترجمہ: پھر تم میں سے کوئی بھی (ہمیں) اِس سے روکنے والا نہ ہوتاo

Then no one of you could have held (Us) back from it.

وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ (48)

ترجمہ: اور پس بلاشبہ یہ (قرآن) پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہےo

So no doubt this (Qur'an) is direction and guidance for the Godfearing.

وَإِنَّا لَنَعْلَمُ أَنَّ مِنكُم مُّكَذِّبِيْنَ (49)

ترجمہ: اور یقیناً ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے بعض لوگ (اس کھلی سچائی کو) جھٹلانے والے ہیںo

And surely, We know that some of you are the beliers (of this open truth).

وَإِنَّهُ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكَافِرِيْنَ (50)

ترجمہ: اور واقعی یہ کافروں کے لیے (موجبِ) حسرت ہےo

And surely, this is (a cause of) bitter regret for the disbelievers.

وَإِنَّهُ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ (51)

ترجمہ: اور بے شک یہ حق الیقین ہےo

And undeniably, it is the truth of Absolute Certitude.

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (52)

ترجمہ: سو (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے عظمت والے رب کے نام کی تسبیح کرتے رہیںo

So, (O Esteemed Beloved,) glorify your Lord, Most Magnificent, with persistence.

سورۃ الجن:

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآناً عَجَباً (1)

ترجمہ: آپ فرما دیں: میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (میری تلاوت کو) غور سے سنا، تو (جا کر اپنی قوم سے) کہنے لگے: بے شک ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہےo

Say: 'It has been revealed to me that a party of the jinn listened to (my recitation) carefully and then (went back to their people and) said: Surely, we have heard a wonderful Qur'an.

يَهْدِيْ إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَداً (2)

ترجمہ: جو ہدایت کی راہ دکھاتا ہے، سو ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں، اور اپنے رب کے ساتھ کسی کو ہرگز شریک نہیں ٹھہرائیں

گےo

It shows the path of guidance. So we have believed in it and will never set up any partner with our Lord.

وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَى آمَنَّا بِهِ فَمَن يُؤْمِن بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْساً وَلَا رَهَقاً (13)

ترجمہ: اور یہ کہ جب ہم نے (کتاب) ہدایت کو سنا تو ہم اس پر ایمان لے آئے، پھر جو شخص اپنے رب پر ایمان لاتا ہے تو وہ نہ نقصان ہی سے خوف زدہ ہوتا ہے اور نہ ظلم سےo

And that when we listened to (the Book of) Guidance, we believed in it. Then he who believes in his Lord fears neither loss nor injustice.

سورۃ المزمل:

أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلاً (4)

ترجمہ: یا اس پر کچھ زیادہ کر دیں اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کریںo

Or increase a little more to it. And recite the Qur'an with most pleasant pauses.

إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلاً ثَقِيلاً (5)

ترجمہ: ہم عنقریب آپ پر ایک بھاری فرمان نازل کریں گےo

Soon We shall send down to you a burdensome command.

إِنَّ هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاء اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيلاً (19)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) نصیحت ہے، پس جو شخص چاہے اپنے رب تک پہنچنے کا راستہ اِختیار کر لےo

Verily, this (Qur'an) is an admonition. So let him who desires adopt the way to reach his Lord.

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَى وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْراً وَأَعْظَمَ أَجْراً وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (20)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ (کبھی) دو تہائی شب کے قریب اور (کبھی) نصف شب اور (کبھی) ایک تہائی شب (نماز میں) قیام کرتے ہیں، اور اُن لوگوں کی ایک جماعت (بھی) جو آپ کے ساتھ ہیں (قیام میں شریک ہوتی ہے)، اور اللہ ہی رات اور دن (کے گھٹنے اور بڑھنے) کا صحیح اندازہ رکھتا ہے، وہ جانتا ہے کہ تم ہرگز اُس کے اِحاطہ کی طاقت نہیں رکھتے، سو اُس نے تم پر (مشقت میں تخفیف کر کے) معافی دے دی، پس جتنا آسانی سے ہو سکے قرآن پڑھ لیا کرو، وہ جانتا ہے کہ تم میں سے (بعض لوگ) بیمار ہوں گے اور (بعض) دوسرے لوگ زمین میں سفر کریں گے تاکہ اللہ کا فضل تلاش کریں اور (بعض) دیگر اللہ کی راہ میں جنگ کریں گے، سو جتنا آسانی سے ہو سکے اُتنا (ہی) پڑھ لیا کرو، اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو قرضِ حسن دیا

کرو، اور جو بھلائی تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اُسے اللہ کے حضور بہتر اور اَجر میں بزرگ تر پا لو گے، اور اللہ سے بخشش طلب کرتے رہو، اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہےo

Surely, your Lord knows that you stand (for prayer sometimes) about two-thirds of the night and (sometimes) half the night and (sometimes) a third of the night, and (also) a party of those who are with you (join in standing up for Prayer). And Allah is the One Who keeps the true measure (of increasing or decreasing) the night and the day. He knows that you just do not have the power to encompass it so He granted you forgiveness (by reducing the toil). So recite the Qur'an as much as is easy for you. He knows that (some of) you will be ill and (some) others will be travelling in the land to look for Allah's bounty and (still some) others will be fighting in the way of Allah. So recite as much as is easy for you. And establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and lend Allah a goodly loan. And whatever good you will send forward for yourselves, you will find it in the presence of Allah much better and in reward still greater. And keep seeking forgiveness from Allah. Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ المدثر:

كَلَّا إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ **(54)**

ترجمہ: کچھ شک نہیں کہ یہ (قرآن) نصیحت ہےo

There is no doubt that this (Qur'an) is a Reminder.

فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ **(55)**

ترجمہ: پس جو چاہے اِسے یاد رکھےo

So whoever wills may remember it.

سورۃ القیامۃ:

لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ **(16)**

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ (قرآن کو یاد کرنے کی) جلدی میں (نزولِ وحی کے ساتھ) اپنی زبان کو حرکت نہ دیا کریںo

(O Beloved!) Do not move your tongue in a hurry (to learn the Qur'an by heart when it is revealed to you).

إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ **(17)**

ترجمہ: بے شک اسے (آپ کے سینہ میں) جمع کرنا اور اسے (آپ کی زبان سے) پڑھانا ہمارا ذِمّہ ہےo

Assuredly, upon Us rests its collection and preservation (in your breast) and its recitation (by your tongue).

فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ (18)

ترجمہ: پھر جب ہم اسے (زبانِ جبریل سے) پڑھ چکیں تو آپ اس پڑھے ہوئے کی پیروی کیا کریں o

So when We complete its recitation (by the tongue of Jibril [Gabriel]), then follow that recitation.

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ (19)

ترجمہ: پھر بے شک اس (کے معانی) کا کھول کر بیان کرنا ہمارا ہی ذِمّہ ہے o

Then surely upon Us is the clear exposition (of its implications).

سورۃ الدہر:

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ تَنزِيلًا (23)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ پر قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے نازل فرمایا ہے o

Indeed, We have revealed the Qur'an to you piecemeal.

إِنَّ هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاءَ اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيلًا (29)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) نصیحت ہے، سو جو کوئی چاہے اپنے رب کی طرف (پہنچنے کا) راستہ اِختیار کر لے o

Indeed, this (Qur'an) is a Reminder. So whoever desires may adopt the way to (reach) his Lord.

وَمَا تَشَاؤُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيماً حَكِيماً (30)

ترجمہ: اور تم خود کچھ نہیں چاہ سکتے سوائے اس کے جو اللہ چاہے، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

And you cannot wish anything yourselves except what Allah wills. Indeed, Allah is All-Knowing, Most Wise.

يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمِينَ أَعَدَّ لَهُمْ عَذَاباً أَلِيماً (31)

ترجمہ: وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت (کے دائرے) میں داخل فرما لیتا ہے، اور ظالموں کے لیے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے o

He admits whom He wills to (the circle of) His mercy, and He has prepared a grievous torment for the wrongdoers.

سورۃ المرسلات:

فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ (50)

ترجمہ: پھر وہ اِس (قرآن) کے بعد کس کلام پر ایمان لائیں گے؟ o

Then in what revelation after this (Qur'an) will they believe?

سورۃ عبس:

كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ (11)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یوں نہیں بے شک یہ (آیاتِ قرآنی) تو نصیحت ہیں o

(O My Esteemed Beloved!) Not so indeed! These (Verses of the Holy Qur'an) are but advice.

فَمَن شَاء ذَكَرَهُ (12)

ترجمہ: جو شخص چاہے اسے قبول (واَزبر) کر لےo

The one who seeks may accept it (and learn by heart).

فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ (13)

ترجمہ: (یہ) معزّز و مکرّم اوراق میں (لکھی ہوئی) ہیںo

(They are inscribed) on venerable and revered pages,

مَّرْفُوعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ (14)

ترجمہ: جو نہایت بلند مرتبہ (اور) پاکیزہ ہیںo

Which are exalted (and) purified,

بِأَيْدِيْ سَفَرَةٍ (15)

ترجمہ: ایسے سفیروں (اور کاتبوں) کے ہاتھوں سے (آگے پہنچی) ہیںo

(Have come forth) by the hands of emissaries (and scribes),

كِرَامٍ بَرَرَةٍ (16)

ترجمہ: جو بڑے صاحبانِ کرامت (اور) پیکرانِ طاعت ہیںo

Who are possessors of eminence (and) embodiments of obedience.

قُتِلَ الْإِنسَانُ مَا أَكْفَرَهُ (17)

ترجمہ: ہلاک ہو (وہ بدبخت منکر) انسان کیسا ناشکرا ہے (جو اتنی عظیم نعمت پا کر بھی اس کی قدر نہیں کرتا)o

Be cursed (the disbelieving) man! How ungrateful he is!

سورۃ التکویر:

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ (25)

ترجمہ: اور وہ (قرآن) ہرگز کسی شیطان مردود کا کلام نہیں ہےo

Nor is that (Qur'an) the utterance of any accursed Satan.

فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ (26)

ترجمہ: پھر (اے بدبختو!) تم (اتنے بڑے خزانے کو چھوڑ کر) کدھر چلے جا رہے ہوo

Then, (O you doomed,) where are you going (disregarding such a valuable treasure)?

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ (27)

ترجمہ: یہ (قرآن) تو تمام جہانوں کے لیے (صحیفۂ) نصیحت ہےo

This (Qur'an) is but admonition (revealed) for all the worlds.

لِمَن شَاء مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ (28)

ترجمہ: تم میں سے ہر اس شخص کے لیے (اس چشمہ سے ہدایت میسر آسکتی ہے) جو سیدھی راہ چلنا چاہے o

Every one of you who aspires to tread the straight path (can take guidance from this source spring).

وَمَا تَشَاؤُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ (29)

ترجمہ: اور تم وہی کچھ چاہ سکتے ہو جو اللہ چاہے جو تمام جہانوں کا رب ہے o

And you can aspire only to what Allah intends, Who is the Sustainer of all the worlds.

سورۃ المطففین:

إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ (13)

ترجمہ: جب اس پر ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتا (یا سمجھتا) ہے کہ (یہ تو) اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں o

When Our Revelations are read out to him, he says (or thinks) that (they are) tales of the ancients.

كَلَّا بَلْ رَانَ عَلَى قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ (14)

ترجمہ: (ایسا) ہرگز نہیں بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) ان کے دلوں پر ان اَعمالِ (بد) کا زنگ چڑھ گیا ہے جو وہ کمایا کرتے تھے (اس لیے آیتیں ان کے دل پر اثر نہیں کرتیں) o

That is not at all (the case); rather (the fact is that the evil deeds) which they earned have rusted their hearts. (The Revelations, therefore, do not move their hearts.)

كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ (15)

ترجمہ: حق یہ ہے کہ بے شک اس دن انہیں اپنے رب کے دیدار سے (محروم کرنے کے لیے) پسِ پردہ کر دیا جائے گا o

The truth is that they will be screened off (to deprive them of) the sight of their Lord.

ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ (16)

ترجمہ: پھر وہ دوزخ میں جھونک دیے جائیں گے o

Then they will be cast into Hell.

ثُمَّ يُقَالُ هَذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (17)

ترجمہ: پھر ان سے کہا جائے گا: یہ وہ (عذابِ جہنم) ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھے o

Then it will be said to them: 'This is (the punishment of Hell) which you used to belie.'

سورۃ الانشقاق:

وَإِذَا قُرِءَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ) (21)

ترجمہ: اور جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو (اللہ کے حضور) سجدہ ریز نہیں ہوتےo

And when the Qur'an is recited to them, they do not fall down prostrate (before Allah)?

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ (22)

ترجمہ: بلکہ کافر لوگ (اسے مزید) جھٹلا رہے ہیںo

Instead, the disbelievers (further) deny it.

سورۃ البروج:

بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ (21)

ترجمہ: بلکہ یہ بڑی عظمت والا قرآن ہےo

It is indeed the Glorious Qur'an,

فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ (22)

ترجمہ: (جو) لوحِ محفوظ میں (لکھا ہوا) ہےo

(Inscribed) in the very Well-guarded Tablet (al-Lawh al-Mahfuz).

سورۃ القدر:

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں اتارا ہےo

Surely, We sent down this (Holy Qur'an) during the Night of Destiny.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ (2)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں (کہ) شبِ قدر کیا ہےo

And what have you made out what the Night of Destiny is?

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ (3)

ترجمہ: شبِ قدر (فضیلت و برکت اور اَجر و ثواب میں) ہزار مہینوں سے بہتر ہےo

The Night of Destiny is better than a thousand months (in merit, blessings, reward and recompense).

تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيْهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ (4)

ترجمہ: اس (رات) میں فرشتے اور روح الامین (جبریل) اپنے رب کے حکم سے (خیر و برکت کے) ہر امر کے ساتھ اترتے ہیںo

The angels and the Spirit of Peace (Gabriel) descend by their Lord's command during this (night) with decrees concerning all matters (of blessings and bounties).

سَلَامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (5)

ترجمہ: یہ (رات) طلوعِ فجر تک (سراسر) سلامتی ہےo

This (night) is (absolute) peace and security till daybreak.

سورۃ البینہ:

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنفَكِّيْنَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ (1)

ترجمہ: اہلِ کتاب میں سے جو لوگ کافر ہو گئے اور مشرکین اس وقت تک (کفر سے) الگ ہونے والے نہ تھے جب تک ان کے پاس روشن دلیل (نہ) آ جاتی o

The disbelievers from amongst the People of the Book and the idolaters would not desist (from disbelief) until clear proof came to them.

رَسُولٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُو صُحُفاً مُّطَهَّرَةً (2)

ترجمہ: (وہ دلیل) اللہ کی طرف سے رسول (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں جو (ان پر) پاکیزہ اوراقِ (قرآن) کی تلاوت فرماتے ہیں o

That (proof) is the (last) Messenger from Allah, who recites (to them) holy pages (of the Glorious Qur'an),

فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ (3)

ترجمہ: جن میں درست اور مستحکم احکام (درج) ہیں o

In which are (written) correct and firm commandments.

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَةُ (4)

ترجمہ: (ان) اہل کتاب میں (نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت و رسالت پر ایمان لانے اور آپ کی شانِ اقدس کو پہچاننے کے بارے میں پہلے) کوئی پھوٹ نہ پڑی تھی مگر اس کے بعد کہ جب (بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) روشن دلیل ان کے پاس آ گئی (تو وہ باہم بٹ گئے کوئی ان پر ایمان لے آیا اور کوئی حسد کے باعث منکر و کافر ہو گیا) o

These People of the Book did not dissent amongst themselves (with regard to believing in the Prophethood and Messengership of the Last Messenger and recognizing his holy status), until after the clear proof (of the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him]) had come to them. (Then, they broke up: some of them accepted belief in him whilst others became deniers and disbelievers out of jealousy,)

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَاء وَيُقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ (5)

ترجمہ: حالاں کہ انہیں فقط یہی حکم دیا گیا تھا کہ صرف اسی کے لیے اپنے دین کو خالص کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں، (ہر باطل سے جدا ہو کر) حق کی طرف یک سُوئی پیدا کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیا کریں اور یہی سیدھا اور مضبوط دین ہے o

Whereas they were commanded to worship only Allah, making their Din (faith and devotion) sincerely His (dissociating from every falsehood) to establish Prayer and to pay Zakat (the Alms-due) regularly. And this is the straight and firm Din (Religion).

2۔ انبیاء علیہم السلام کا تذکرہ

سورۃ البقرہ:

وَإِذِ ابْتَلَى إِبْرَاهِيمَ رَبُّهُ بِكَلِمَاتٍ فَأَتَمَّهُنَّ قَالَ إِنِّي جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ إِمَاماً قَالَ وَمِن ذُرِّيَّتِي قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظَّالِمِينَ **(124)**

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کرو) جب ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کے رب نے کئی باتوں میں آزمایا تو انہوں نے وہ پوری کر دیں، (اس پر) اللہ نے فرمایا: میں تمہیں لوگوں کا پیشوا بناؤں گا، انہوں نے عرض کیا: (کیا) میری اولاد میں سے بھی؟ ارشاد ہوا (ہاں مگر) میرا وعدہ ظالموں کو نہیں پہنچتاo

And (call to mind) when the Lord of Ibrahim (Abraham) tested him with several commands which he fulfilled. (On this) Allah said: 'I am going to make you the leader of mankind.' He submitted: 'And from my children as well?' Allah said: '(Yes, but) My promise does not apply to the transgressors.'

وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْناً وَاتَّخِذُواْ مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى وَعَهِدْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْعَاكِفِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ **(125)**

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ہم نے اس گھر (خانہ کعبہ) کو لوگوں کے لئے رجوع (اور اجتماع) کا مرکز اور جائے امان بنا دیا، اور (حکم دیا کہ) ابراہیم (علیہ السلام) کے کھڑے ہونے کی جگہ کو مقامِ نماز بنا لو، اور ہم نے ابراہیم اور اسماعیل (علیہ السلام) کو تاکید فرمائی کہ میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لئے پاک (صاف) کر دوo

And (remember) when We made this House (the Ka'ba) a central place for mankind to turn to (and assemble) and a sanctuary for peace and (commanded:) 'Make the place, where Ibrahim (Abraham) stood, a place of Prayer.' And We urged Ibrahim and Isma'il (Abraham and Ishmael): 'Purify (and cleanse) My House for those who circumambulate it and those who go into retreat and those who kneel down and prostrate themselves.'

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَذَا بَلَداً آمِناً وَارْزُقْ أَهْلَهُ مِنَ الثَّمَرَاتِ مَنْ آمَنَ مِنْهُم بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ قَالَ وَمَن كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُ قَلِيلاً ثُمَّ أَضْطَرُّهُ إِلَى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ **(126)**

ترجمہ: اور جب ابراہیم (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! اسے امن والا شہر بنا دے اور اس کے باشندوں کو طرح طرح کے پھلوں سے نواز (یعنی) ان لوگوں کو جو ان میں سے اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان لائے، (اللہ نے) فرمایا اور جو کوئی کفر کرے گا اس کو بھی زندگی کی تھوڑی مدت (کے لئے) فائدہ پہنچاؤں گا پھر اسے (اس کے کفر کے باعث) دوزخ کے عذاب کی طرف (جانے پر) مجبور کر دوں گا اور وہ بہت بری جگہ ہےo

And (recall) when Ibrahim (Abraham) prayed: 'O my Lord, make it a city of peace and bless its residents who believe in Allah and the Last Day with a variety of fruits.' (Allah) said: 'And as for him who disbelieves, I shall also

grant him enjoyment (for) a short span of life, then (for his disbelief) I shall drive him to the torment of Hell. And that is an extremely evil destination.'

وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (127)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ابراہیم اور اسماعیل (علیہ السلام) خانہ کعبہ کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے (تو دونوں دعا کر رہے تھے) کہ اے ہمارے رب! تو ہم سے (یہ خدمت) قبول فرما لے، بیشک تو خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے o

And (recall) when Ibrahim and Isma'il (Abraham and Ishmael) were raising the foundations of the Ka'ba (praying:) 'O our Lord, accept this (humble service) from us. You are, indeed, All-Hearing, All-Knowing.

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ (128)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم دونوں کو اپنے حکم کے سامنے جھکنے والا بنا اور ہماری اولاد سے بھی ایک امت کو خاص اپنا تابع فرمان بنا اور ہمیں ہماری عبادت (اور حج کے) قواعد بتا دیں اور ہم پر (رحمت و مغفرت) کی نظر فرما، بیشک تو ہی بہت توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے o

O our Lord! Make both of us submissive to Your command; and raise out of our future generations an Umma (Community) exclusively obedient to You; and teach us our ways of worship (and Pilgrimage) and turn to us (with mercy and forgiveness). Verily, it is You Who are Most Relenting, Ever-Merciful.

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (129)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ان میں انہی میں سے (وہ آخری اور برگزیدہ) رسول (ﷺ) مبعوث فرما جو ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے (کر دانائے راز بنا دے) اور ان (کے نفوس و قلوب) کو خوب پاک صاف کر دے، بیشک تو ہی غالب حکمت والا ہے o

O our Lord! Raise up from amongst them the (Last and the Exalted) Messenger (Muhammad [blessings and peace be upon him]), who shall recite to them Your Revelations, and teach them the Book and wisdom (logic and good judgment, making them gnostic of the divine secret), and purify and sanctify (their hearts and ill-commanding selves). Certainly, You alone are All-Mighty, All-Wise.'

وَمَن يَرْغَبُ عَن مِّلَّةِ إِبْرَاهِيمَ إِلاَّ مَن سَفِهَ نَفْسَهُ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا وَإِنَّهُ فِي الآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ (130)

ترجمہ: اور کون ہے جو ابراہیم (علیہ السلام) کے دین سے رُوگرداں ہو سوائے اس کے جس نے خود کو مبتلائے حماقت کر رکھا ہو، اور بیشک ہم نے انہیں ضرور دنیا میں (بھی) منتخب فرما لیا تھا اور یقیناً وہ آخرت میں (بھی) بلند رتبہ مقرّبین میں ہوں گے o

And who turns away from the religion of Ibrahim (Abraham) except he who has engaged himself in foolishness? And surely, We did choose him in the worldly life, and certainly in the Hereafter (too) he will be amongst the

high-ranking intimate companions.

إِذْ قَالَ لَهُ رَبُّهُ أَسْلِمْ قَالَ أَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ (131)

ترجمہ: اور جب ان کے رب نے ان سے فرمایا (میرے سامنے) گردن جھکا دو، تو عرض کرنے لگے: میں نے سارے جہانوں کے رب کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دیاo

And (recall) when his Lord commanded him: 'Bow down (before Me),' he submitted: 'I bow down before the Lord of all the worlds.'

وَوَصَّى بِهَا إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ يَا بَنِيَّ إِنَّ اللّهَ اصْطَفَى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلاَ تَمُوتُنَّ إَلاَّ وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ (132)

ترجمہ: اور ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے بیٹوں کو اسی بات کی وصیت کی اور یعقوب (علیہ السلام) نے بھی (یہی کہا) اے میرے لڑکو! بیشک اللہ نے تمہارے لئے (یہی) دین (اسلام) پسند فرمایا ہے سو تم (بہرصورت) مسلمان رہتے ہوئے ہی مرنا o

And Ibrahim (Abraham) enjoined, by way of will, the same thing upon his sons and (so did) Ya'qub (Jacob): 'O my sons, verily, Allah has chosen for you the (true) Din (Religion of Islam). So, (come what may) die not but as Muslims persevering with faith.'

أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاء إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ إِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُونَ مِن بَعْدِيْ قَالُواْ نَعْبُدُ إِلَـهَكَ وَإِلَـهَ آبَائِكَ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحَاقَ إِلَـهاً وَاحِداً وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ (133)

ترجمہ: کیا تم (اس وقت) حاضر تھے جب یعقوب (علیہ السلام) کو موت آئی، جب انہوں نے اپنے بیٹوں سے پوچھا تم میرے (انتقال کے) بعد کس کی عبادت کرو گے؟ تو انہوں نے کہا: ہم آپ کے معبود اور آپ کے باپ دادا ابراہیم اور اسماعیل اور اسحٰق (علیہ السلام) کے معبود کی عبادت کریں گے جو معبودِ یکتا ہے، اور ہم (سب) اسی کے فرماں بردار رہیں گے o

Were you present (at the time) when death approached Ya'qub (Jacob) when he asked his sons: 'Whom will you worship after (my passing away)?' They said: 'We shall worship your God, the God of your ancestors Ibrahim (Abraham) and Isma'il (Ishmael) and Ishaq (Isaac), Who is the One and Only God; and we (all) shall remain obedient to Him.'

تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ وَلاَ تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ (134)

ترجمہ: وہ ایک امت تھی جو گزر چکی، اور ان کے لئے وہی کچھ ہوگا جو انہوں کمایا اور تمہارے لئے وہ ہوگا جو تم کماؤ گے اور تم سے ان کے اعمال کی باز پُرس نہ کی جائے گی o

They were an Umma (community) who have passed away. They will have what they earned and you will have what you earn. And you will not be questioned about their doings.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الْمَلإِ مِن بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ مِن بَعْدِ مُوسَى إِذْ قَالُواْ لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكاً نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ إِن كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ أَلاَّ تُقَاتِلُواْ قَالُواْ وَمَا لَنَا أَلاَّ نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَقَدْ أُخْرِجْنَا مِن دِيَارِنَا وَأَبْنَآئِنَا فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْاْ إِلاَّ قَلِيْلاً مِّنْهُمْ وَاللّهُ عَلِيْمٌ بِالظَّالِمِيْنَ (246)

ترجمہ: (اے حبیب!) کیا آپ نے بنی اسرائیل کے اس گروہ کو نہیں دیکھا جو موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد ہوا، جب انہوں نے اپنے پیغمبر سے کہا کہ ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دیں تا کہ ہم (اس کی قیادت میں) اللہ کی راہ میں جنگ کریں، نبی نے (ان سے) فرمایا: کہیں ایسا نہ ہو کہ تم پر قتال فرض کر دیا جائے تو تم قتال ہی نہ کرو، وہ کہنے لگے: ہمیں کیا ہوا ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں جنگ نہ کریں حالانکہ ہمیں اپنے گھروں سے اور اولاد سے جدا کر دیا گیا، سو جب ان پر قتال فرض کر دیا گیا تو ان میں سے چند ایک کے سوا سب پھر گئے، اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہے o

(O Beloved!) Have you not seen the group of the Children of Israel who came after Musa (Moses)? When they said to their Prophet: 'Appoint for us a king so that we may fight in the cause of Allah (under his command),' the Prophet said (to them): 'What, if you desist from fighting, once it is prescribed for you!' They said: 'What ails us that we should not fight in the cause of Allah when we have been driven away from our homes and children?' But when fighting (against oppression and aggression) was made obligatory for them, all of them turned away, except a few. And Allah knows the wrongdoers full well.

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكاً قَالُواْ أَنَّى يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ قَالَ إِنَّ اللّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ وَاللّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ (247)

ترجمہ: اور ان سے ان کے نبی نے فرمایا: بیشک اللہ نے تمہارے لئے طالوت کو بادشاہ مقرر فرمایا ہے، تو کہنے لگے کہ اسے ہم پر حکمرانی کیسے مل گئی حالانکہ ہم اس سے حکومت (کرنے) کے زیادہ حق دار ہیں اسے تو دولت کی فراوانی بھی نہیں دی گئی، (نبی نے) فرمایا: بیشک اللہ نے اسے تم پر منتخب کر لیا ہے اور اسے علم اور جسم میں زیادہ کشادگی عطا فرما دی ہے، اور اللہ اپنی سلطنت (کی امانت) جسے چاہتا ہے عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ بڑی وسعت والا خوب جاننے والا ہے o

And their Prophet said to them: 'Allah has appointed for you Talut (Saul) as a king.' They said: 'How can he reign over us, whereas we have greater right than him to rule, and he has also not been granted affluence?' (The Prophet) said: 'Surely, Allah has chosen him above you, and has given him more affluent knowledge and vigour; and Allah (entrusts) with His kingdom whom He pleases and Allah is Infinite, All-Knowing.'

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَى وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلآئِكَةُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (248)

ترجمہ: اور ان کے نبی نے ان سے فرمایا اس کی سلطنت (مِنْ جانب اللہ ہونے) کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس صندوق آئے گا اس میں تمہارے رب کی طرف سے سکونِ قلب کا سامان ہوگا اور کچھ آلِ موسیٰ اور آلِ ہارون کے چھوڑے ہوئے تبرکات ہوں گے اسے فرشتوں نے اٹھایا ہوا ہوگا، اگر تم ایمان والے ہو تو بیشک اس میں تمہارے لئے بڑی نشانی ہے o

And their Prophet said to them: 'The sign of his kingdom (to be Allah's

bestowal) is that a box, carried by angels, shall come to you from your Lord, containing things for the tranquillity of heart, and some sacred relics left behind by the children of Musa and Harun (Moses and Aaron). Surely, there is a great sign in it for you if you are believers.'

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوتُ بِالْجُنُودِ قَالَ إِنَّ اللّهَ مُبْتَلِيكُم بِنَهَرٍ فَمَن شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّي وَمَن لَّمْ يَطْعَمْهُ فَإِنَّهُ مِنِّيَ إِلاَّ مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهِ فَشَرِبُواْ مِنْهُ إِلاَّ قَلِيلاً مِّنْهُمْ فَلَمَّا جَاوَزَهُ هُوَ وَالَّذِينَ آمَنُواْ مَعَهُ قَالُواْ لاَ طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوتَ وَجُنودِهِ قَالَ الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلاَقُو اللّهِ كَم مِّن فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللّهِ وَاللّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ **(249)**

ترجمہ: پھر جب طالوت اپنے لشکروں کو لے کر شہر سے نکلا، تو اس نے کہا: بیشک اللہ تمہیں ایک نہر کے ذریعے آزمانے والا ہے، پس جس نے اس میں سے پانی پیا سو وہ میرے (ساتھیوں میں) سے نہیں ہوگا، اور جو اس کو نہیں پیئے گا پس وہی میری (جماعت) سے ہوگا مگر جو شخص اپنے ہاتھ سے صرف ایک چُلّو (کی حد تک) پی لے (اس پر کوئی حرج نہیں) سو ان میں سے چند لوگوں کے سوا باقی سب نے اس سے پانی پی لیا، پس جب طالوت اور ان کے ایمان والے ساتھی نہر کے پار چلے گئے، تو کہنے لگے: آج ہم میں جالوت اور اس کی فوجوں سے مقابلے کی طاقت نہیں، جو لوگ یہ یقین رکھتے تھے کہ وہ (شہید ہو کر یا مرنے کے بعد) اللہ سے ملاقات کا شرف پانے والے ہیں، کہنے لگے: کئی مرتبہ اللہ کے حکم سے تھوڑی سی جماعت (خاصی) بڑی جماعت پر غالب آ جاتی ہے، اور اللہ صبر کرنے والوں کو اپنی معیّت سے نوازتا ہےo

So, when Talut (Saul) marched out of the city with his troops, he said: 'Surely, Allah will try you by means of a stream. So he who drinks from it will not be (of my companions), and he who does not drink it will be (of my party), but if someone takes (only) a sip of it from the hollow of his hand (there is no harm).' Yet, they all drank of it except a few. So, when Talut (Saul) and his companions in faith crossed the stream, they said: 'We have no strength today to face Jalut (Goliath) and his forces.' (But) those who were sure that (after martyrdom or death) they were going to meet Allah said: 'Many a time a small party has overcome a (very) large party by the command of Allah! And Allah awards His companionship to the steadfast.'

وَلَمَّا بَرَزُواْ لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُواْ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْراً وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ **(250)**

ترجمہ: اور جب وہ جالوت اور اس کی فوجوں کے مقابل ہوئے تو عرض کرنے لگے: اے ہمارے پروردگار! ہم پر صبر میں وسعت ارزانی فرما اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور ہمیں کافروں پر غلبہ عطا فرماo

And when they faced Jalut (Goliath) and his forces, they supplicated Allah: 'O our Lord, grant us plentiful patience and make our steps firm and give us victory over the disbelievers.'

فَهَزَمُوهُم بِإِذْنِ اللّهِ وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ وَآتَاهُ اللّهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ وَلَوْلاَ دَفْعُ اللّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الأَرْضُ وَلَـكِنَّ اللّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ **(251)**

ترجمہ: پھر انہوں نے ان (جالوتی فوجوں) کو اللہ کے امر سے شکست دی، اور داؤد (علیہ السلام) نے جالوت کو قتل کر دیا اور اللہ

نے ان کو (یعنی داؤد علیہ السلام کو) حکومت اور حکمت عطا فرمائی اور انہیں جو چاہا سکھایا، اور اگر اللہ لوگوں کے ایک گروہ کو دوسرے گروہ کے ذریعے نہ ہٹاتا رہتا تو زمین (میں انسانی زندگی بعض جابروں کے مسلسل تسلّط اور ظلم کے باعث) برباد ہو جاتی مگر اللہ تمام جہانوں پر بڑا فضل فرمانے والا ہےo

So they defeated them (the army of Jalut [Goliath]) by Allah's command and Dawud (David) killed Jalut. And Allah granted (Dawud) sovereignty and wisdom, and taught him what He wished. If Allah had not removed one group (that puts into force tyranny and oppression and breaches peace) by means of another (who fights for the protection of human dignity and peace) earth would have been ruined. But Allah is Bountiful to all the worlds.

تِلْكَ آيَاتُ اللّهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (252)

ترجمہ: یہ اللہ کی آیتیں ہیں ہم انہیں (اے حبیب!) آپ پر سچائی کے ساتھ پڑھتے ہیں، اور بیشک آپ رسولوں میں سے ہیںo

These are Allah's Verses. (O Beloved!) We recite them to you with the truth and indeed you are of the Messengers.

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ مِّنْهُم مَّن كَلَّمَ اللّهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَاتٍ وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ وَلَوْ شَاء اللّهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِن بَعْدِهِم مِّن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَلَـكِنِ اخْتَلَفُواْ فَمِنْهُم مَّنْ آمَنَ وَمِنْهُم مَّن كَفَرَ وَلَوْ شَاء اللّهُ مَا اقْتَتَلُواْ وَلَـكِنَّ اللّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ (253)

ترجمہ: یہ سب رسول (جو ہم نے مبعوث فرمائے) ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے، ان میں سے کسی سے اللہ نے (براہ راست) کلام فرمایا اور کسی کو درجات میں (سب پر) فوقیّت دی (یعنی حضور نبی اکرم ﷺ کو جملہ درجات میں سب پر بلندی عطا فرمائی)، اور ہم نے مریم کے فرزند عیسیٰ (علیہ السلام) کو واضح نشانیاں عطا کیں اور ہم نے پاکیزہ روح کے ذریعے اس کی مدد فرمائی، اور اگر اللہ چاہتا تو ان رسولوں کے پیچھے آنے والے لوگ اپنے پاس کھلی نشانیاں آ جانے کے بعد آپس میں کبھی بھی نہ لڑتے جھگڑتے مگر انہوں نے (اس آزادانہ توفیق کے باعث جو انہیں اپنے کئے پر اللہ کے حضور جوابدہ ہونے کے لئے دی گئی تھی) اختلاف کیا پس ان میں سے کچھ ایمان لائے اور ان میں سے کچھ نے کفر اختیار کیا، (اور یہ بات یاد رکھو کہ) اگر اللہ چاہتا (یعنی انہیں ایک ہی بات پر مجبور رکھتا) تو وہ کبھی بھی باہم نہ لڑتے، لیکن اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہےo

Of all these Messengers (whom We sent) We have exalted some above others: Allah spoke to some of them (directly), and raised some (above all others) in rank (i.e., elevated the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] to the highest of all the degrees of the glory of Messengership). And We gave 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary), clear signs and helped him with the Holy Spirit. And had Allah so willed, the people succeeding these Messengers would never have disputed and fought amongst themselves after the manifest signs had come to them. But they differed. So, some of them believed whilst others opted to disbelieve. (And keep it in mind that) if Allah had willed (i.e., restricted their choice to one opinion only), they would never

have fought amongst themselves. But Allah does what He wills (i.e., He gives the people freedom of choice and makes them responsible for their decision).

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْ حَآجَّ إِبْرَاهِيْمَ فِيْ رِبِّهِ أَنْ آتَاهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ إِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ قَالَ أَنَا أُحْيِيْ وَأُمِيْتُ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ فَإِنَّ اللّٰهَ يَأْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِيْ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ **(258)**

ترجمہ: (اے حبیب!) کیا آپ نے اس شخص کو نہیں دیکھا جو اس وجہ سے کہا اللہ نے اسے سلطنت دی تھی ابراہیم (علیہ السلام) سے (خود) اپنے رب (ہی) کے بارے میں جھگڑا کرنے لگا، جب ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: میرا رب وہ ہے جو زندہ (بھی) کرتا ہے اور مارتا (بھی) ہے تو (جواباً) کہنے لگا: میں (بھی) زندہ کرتا ہوں اور مارتا ہوں، ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: بیشک اللہ سورج کو مشرق کی طرف سے نکالتا ہے تُو اسے مغرب کی طرف سے نکال لا! سو وہ کافر دہشت زدہ ہو گیا، اور اللہ ظالم قوم کو حق کی راہ نہیں دکھاتا o

Or, likewise, (have you not seen) him who passed by a town which was a wreck with its roofs caved in? He said: 'How shall Allah bring it back to life after its death?' So (to make him witness His Power) Allah kept him dead for a hundred years, then gave him life, (and after that) asked: 'How long (have) you stayed here (after dying)?' He said: 'I stayed for a day or (only) part of a day.' Allah said: '(Nay,) you kept lying for a hundred years. So, (now) look at (the provisions of) your food and drink. (They) have not even decomposed (i.e., become stale). And (now) see your donkey (whose very bones are no more intact). And this is because We may make you a sign (of Our Might) for the people. And (now) see (these) bones how We stir (and raise) them and clothe them with flesh.' When this (phenomenon) fully dawned on him, he proclaimed: 'I have learnt (through the eye of certitude) that Allah is indeed All-Powerful to do everything.'

سورۃ العمران:

إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَى آدَمَ وَنُوحاً وَآلَ إِبْرَاهِيْمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِيْنَ **(33)**

ترجمہ: بیشک اللہ نے آدم (علیہ السلام) کو اور نوح (علیہ السلام) کو اور آلِ ابراہیم کو اور آلِ عمران کو سب جہان والوں پر (بزرگی میں) منتخب فرما لیا o

Verily, Allah chose Adam, and Nuh (Noah), and the family of Ibrahim (Abraham) and the family of 'Imran (in dignity) above all the people of the world.

ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِن بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ **(34)**

ترجمہ: یہ ایک ہی نسل ہے ان میں سے بعض بعض کی اولاد ہیں، اور اللہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے o

They are all one race, descendants of one another. And Allah is All-Hearing,

All-Knowing.

إِذْ قَالَتِ امْرَأَةُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّراً فَتَقَبَّلْ مِنِّي إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (35)

ترجمہ: اور (یاد کریں) جب عمران کی بیوی نے عرض کیا: اے میرے رب! جو میرے پیٹ میں ہے میں اسے (دیگر ذمہ داریوں سے) آزاد کر کے خالص تیری نذر کرتی ہوں سو تو میری طرف سے (یہ نذرانہ) قبول فرما لے، بیشک تو خوب جاننے والا ہےo

And (recall) when the wife of 'Imran said: 'O my Lord, I vow purely to You what is in my womb, freeing him (from other obligations). So, accept (this offering) from me. You are indeed All-Hearing, All-Knowing.'

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنثَى وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالأُنثَى وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ (36)

ترجمہ: پھر جب اس نے لڑکی جنی تو عرض کرنے لگی: مولا! میں نے تو یہ لڑکی جنی ہے، حالانکہ جو کچھ اس نے جنا تھا اللہ اسے خوب جانتا تھا، (وہ بولی) اور لڑکا (جو میں نے مانگا تھا) ہرگز اس لڑکی جیسا نہیں (ہو سکتا) تھا (جو اللہ نے عطا کی ہے)، اور میں نے اس کا نام ہی مریم (عبادت گزار) رکھ دیا ہے اور بیشک میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود (کے شر) سے تیری پناہ میں دیتی ہوںo

So when she delivered a baby girl, she submitted: 'Lord, I have given birth but to a female child.' But Allah knew best what she had given birth to. (She said:) 'And the boy (that I prayed for) could never (be) like the girl (that Allah has blessed me with); and I have named her Maryam (Mary, the worshipper); and, surely, I commit her and her children to Your protection against (the mischief of) Satan, the outcast.'

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنبَتَهَا نَبَاتاً حَسَناً وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِندَهَا رِزْقاً قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّى لَكِ هَـذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (37)

ترجمہ: سو اس کے رب نے اس (مریم) کو اچھی قبولیت کیساتھ قبول فرما لیا اور اسے اچھی پرورش کے ساتھ پروان چڑھایا اور اس کی نگہبانی زکریا (علیہ السلام) کے سپرد کر دی جب بھی زکریا (علیہ السلام) اس کے پاس عبادت گاہ میں داخل ہوتے تو وہ اس کے پاس (نئی سے نئی) کھانے کی چیزیں موجود پاتے انہوں نے پوچھا: اے مریم: یہ چیزیں تمہارے لئے کہاں سے آتی ہیں؟ اس نے کہا: یہ (رزق) اللہ کے پاس سے آتا ہے، بیشک اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق عطا کرتا ہےo

So, her Lord graciously accepted her (Maryam [Mary]) with excellent acceptance and brought her up immaculately and entrusted her guardianship to Zakariyya (Zacharias). Every time Zakariyya (Zacharias) entered her chamber of worship, he found with her (novel and uncommon) food items. He inquired: 'O Maryam, wherefrom have these things come for you?' She replied: 'This (sustenance) comes from Allah. Verily, Allah provides sustenance without measure to whom He wills.'

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ (38)

ترجمہ: اسی جگہ زکریا (علیہ السلام) نے اپنے رب سے دعا کی، عرض کیا: میرے مولا! مجھے اپنی جناب سے پاکیزہ اولاد عطا فرما،

بیشک تو ہی دعا کا سننے والا ہےo

At the same place, Zakariyya (Zacharias) supplicated his Lord. He submitted: 'O my Lord, bless me, out of Your Grace, with a virtuous and pure offspring. Surely, You alone hear the supplication.'

فَنَادَتْهُ الْمَلآئِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّيْ فِيْ الْمِحْرَابِ أَنَّ اللّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَى مُصَدِّقاً بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّهِ وَسَيِّداً وَحَصُوراً وَنَبِيّاً مِّنَ الصَّالِحِيْنَ (39)

ترجمہ: ابھی وہ حجرے میں کھڑے نماز ہی پڑھ رہے تھے (یا دعا ہی کر رہے تھے) کہ انہیں فرشتوں نے آواز دی: بیشک اللہ آپ کو (فرزند) یحییٰ (علیہ السلام) کی بشارت دیتا ہے جو کلمۃ اللہ (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) کی تصدیق کرنے والا ہوگا اور سردار ہوگا اور عورتوں (کی رغبت) سے بہت محفوظ ہوگا اور (ہمارے) خاص نیکوکار بندوں میں سے ہوگاo

Whilst he was still standing in the chamber offering the Prayer (or supplicating), the angels called out to him: 'Indeed, Allah gives you the good news of (a son) Yahya (John), who shall confirm Allah's Word (i.e., 'Isa [Jesus]), and he will be a leader, well-protected against (temptation for) women, and a Prophet from amongst (Our) exceptionally pious servants.'

قَالَ رَبِّ أَنَّى يَكُونُ لِيْ غُلاَمٌ وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِيْ عَاقِرٌ قَالَ كَذَلِكَ اللّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ (40)

ترجمہ: (زکریا علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میرے ہاں لڑکا کیسے ہوگا؟ درآنحالیکہ مجھے بڑھاپا پہنچ چکا ہے اور میری بیوی (بھی) بانجھ ہے، فرمایا: اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہےo

(Zakariyya [Zacharias]) submitted: 'O my Lord, how shall I have a son when old age has already overtaken me, and my wife is (also) barren?' He said: 'The same way as Allah does whatever He wills.'

قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّيْ آيَةً قَالَ آيَتُكَ أَلاَّ تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ إِلاَّ رَمْزاً وَاذْكُر رَّبَّكَ كَثِيْراً وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالإِبْكَارِ (41)

ترجمہ: عرض کیا: اے میرے رب! میرے لئے کوئی نشانی مقرر فرما، فرمایا تمہارے لئے نشانی یہ ہے کہ تم تین دن تک لوگوں سے سوائے اشارے کے بات نہیں کر سکو گے، اور اپنے رب کو کثرت سے یاد کرو اور شام اور صبح اس کی تسبیح کرتے رہوo

Zakariyya (Zacharias) submitted: 'O my Lord, fix a sign for me.' Allah said: 'The sign for you is that for three days you will not be able to communicate to the people except by gestures. And remember your Lord abundantly and glorify Him persistently, evening and morning.'

وَإِذْ قَالَتِ الْمَلآئِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللّهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفَاكِ عَلَى نِسَاء الْعَالَمِيْنَ (42)

ترجمہ: اور جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! بیشک اللہ نے تمہیں منتخب کر لیا ہے اور تمہیں پاکیزگی عطا کی ہے اور تمہیں آج سارے جہان کی عورتوں پر برگزیدہ کر دیا ہےo

And (remember) when the angels said: 'O Maryam (Mary), surely Allah has chosen you and has blessed you with purity and has exalted you today over all the women of the world.

يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِينَ (43)

ترجمہ: اے مریم! تم اپنے رب کی بڑی عاجزی سے بندگی بجالاتی رہو اور سجدہ کرو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کیا کرو○

O Maryam (Mary)! Obey your Lord consistently with utmost humbleness, prostrate yourself, and bow down in worship along with those who bow down.'

ذَلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ (44)

ترجمہ: (اے محبوب!) یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم آپ کی طرف وحی فرماتے ہیں، حالاں کہ آپ (اس وقت) ان کے پاس نہ تھے جب وہ (قرعہ اندازی کے طور پر) اپنے قلم پھینک رہے تھے کہ ان میں سے کون مریم (علیہا السلام) کی کفالت کرے اور نہ آپ اس وقت ان کے پاس تھے جب وہ آپس میں جھگڑ رہے تھے○

(O Beloved!) These are the tidings of the unseen which We reveal to you. But (at that time) you were not present with them when they were casting their pens (by way of a draw to determine) which of them should take care of Maryam (Mary). Nor were you with them when they were disputing with one another.

إِذْ قَالَتِ الْمَلآئِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللّهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهاً فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ(45)

ترجمہ: جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! بے شک اللہ تمہیں اپنے پاس سے ایک کلمۂ (خاص) کی بشارت دیتا ہے جس کا نام مسیح عیسٰی بن مریم (علیہما السلام) ہوگا وہ دنیا اور آخرت (دونوں) میں قدر و منزلت والا ہوگا اور اللہ کے خاص قربت یافتہ بندوں میں سے ہوگا○

When the angels said: 'O Maryam (Mary), surely, Allah gives you glad tidings of a (particular) Word from Him named the Messiah, 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary), who would be eminent and exalted, (both) in this world and in the Hereafter, and would be of those who are exceptionally intimate servants of Allah blessed with His nearness.

وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلاً وَمِنَ الصَّالِحِينَ (46)

ترجمہ: اور وہ لوگوں سے گہوارے میں اور پختہ عمر میں (یکساں) گفتگو کرے گا اور وہ (اللہ کے) نیکوکار بندوں میں سے ہوگا○

And he will talk to the people (alike) both in the cradle and in ripe years, and he will be one of the most pious servants (of Allah).'

قَالَتْ رَبِّ أَنَّى يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ قَالَ كَذَلِكِ اللّهُ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ إِذَا قَضَى أَمْراً فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ (47)

ترجمہ: (مریم علیہا السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میرے ہاں کیسے لڑکا ہوگا درآنحالیکہ مجھے تو کسی شخص نے ہاتھ تک نہیں

لگایا، ارشاد ہوا: اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے، جب کسی کام (کے کرنے) کا فیصلہ فرما لیتا ہے تو اس سے فقط اتنا فرماتا ہے کہ 'ہو جا' وہ ہو جاتا ہےo

Maryam (Mary) submitted: 'O my Lord, how shall I have a son when no man has ever touched me?' He said: 'Just as Allah creates what He pleases.' When He decides (to do) some work, He just gives it the command 'Be,' and it becomes.

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ (48)

ترجمہ: اور اللہ اسے کتاب اور حکمت اور تورات اور انجیل (سب کچھ) سکھائے گاo

And Allah will teach him the Book and the wisdom, the Torah and the Injil ([the Gospel] everything).

وَرَسُولاً إِلَى بَنِيۤ إِسْرَائِيلَ أَنِّي قَدْ جِئْتُكُم بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ أَنِّيۤ أَخْلُقُ لَكُم مِّنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيْراً بِإِذْنِ اللّهِ وَأُبْرِءُ الأَكْمَهَ وَالأَبْرَصَ وَأُحْيِـي الْمَوْتَى بِإِذْنِ اللّهِ وَأُنَبِّئُكُم بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (49)

ترجمہ: اور وہ بنی اسرائیل کی طرف رسول ہوگا (ان سے کہے گا) کہ بے شک میں تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے ایک نشانی لے کر آیا ہوں میں تمہارے لیے مٹی سے پرندے کی شکل جیسا (ایک پُتلا) بناتا ہوں پھر میں اس میں پھونک مارتا ہوں سو وہ اللہ کے حکم سے فوراً اڑنے والا پرندہ ہو جاتا ہے، اور میں مادرزاد اندھے اور سفید داغ والے کو شفایاب کرتا ہوں اور میں اللہ کے حکم سے مُردے کو زندہ کر دیتا ہوں، اور جو کچھ تم کھا کر آئے ہو اور جو کچھ تم اپنے گھروں میں جمع کرتے ہو میں تمہیں (وہ سب کچھ) بتا دیتا ہوں، بے شک اس میں تمہارے لیے نشانی ہے اگر تم ایمان رکھتے ہوo

And he will be a Messenger to the Children of Israel, (saying to them:) 'I have undoubtedly brought to you a sign from your Lord: I design for you from clay (a figure) like the shape of a bird; then I breathe into it; and at once it becomes a flying bird by Allah's command. And I restore health to the born blind, and the lepers, and raise the dead to life by the command of Allah. And I inform you of (all) what you have eaten, and what you have hoarded in your houses. Truly, there is a sign in it for you if you believe.

وَمُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَلِأُحِلَّ لَكُم بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُم بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَاتَّقُواْ اللّهَ وَأَطِيعُونِ (50)

ترجمہ: اور میں اپنے سے پہلے اتری ہوئی (کتاب) تورات کی تصدیق کرنے والا ہوں اور یہ اس لیے کہ تمہاری خاطر بعض ایسی چیزیں حلال کر دوں جو تم پر حرام کر دی گئی تھیں اور تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں، سو اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت اختیار کرلوo

And I validate the (Book) Torah sent down before me, and that is because I may declare certain things lawful for you which were forbidden to you as

unlawful. And I have come to you from your Lord with a sign. So, fear Allah and obey me.

إِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّکُمْ فَاعْبُدُوْهُ هٰـذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ (51)

ترجمہ: بے شک اللہ میرا رب ہے اور تمہارا بھی (وہی) رب ہے پس اسی کی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہےo

Verily, Allah is my Lord and your Lord too. So worship Him alone. This is the straight path.'

فَلَمَّا أَحَسَّ عِیْسَی مِنْهُمُ الْکُفْرَ قَالَ مَنْ أَنصَارِیْ إِلَی اللّٰهِ قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ أَنصَارُ اللّٰهِ آمَنَّا بِاللّٰهِ وَاشْهَدْ بِأَنَّا مُسْلِمُوْنَ(52)

ترجمہ: پھر جب عیسٰی (علیہ السلام) نے ان کا کفر محسوس کیا تو اس نے کہا: اللہ کی طرف کون لوگ میرے مددگار ہیں؟ تو اس کے مخلص ساتھیوں نے عرض کیا: ہم اللہ (کے دین) کے مددگار ہیں، ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں، اور آپ گواہ رہیں کہ ہم یقیناً مسلمان ہیںo

Later, when 'Isa (Jesus) sensed their disbelief, he said: 'Who are my helpers in the way of Allah?' His sincere companions submitted: 'We are the helpers of (the Din [Religion] of) Allah. We have believed in Allah and bear witness that we are surely Muslims.

رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاکْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِیْنَ (53)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم اس کتاب پر ایمان لائے جو تو نے نازل فرمائی اور ہم نے اس رسول کی اتباع کی سو ہمیں (حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لےo

O our Lord! We have believed in the Book which You have sent down, and we have become the followers of this Messenger. So register us amongst those who bear witness (to the truth).'

وَمَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ (54)

ترجمہ: پھر (یہودی) کافروں نے (عیسٰی علیہ السلام کے قتل کے لیے) خفیہ سازش کی اور اللہ نے (عیسٰی علیہ السلام کو بچانے کے لیے) مخفی تدبیر فرمائی، اور اللہ سب سے بہتر مخفی تدبیر فرمانے والا ہےo

Then, the disbelieving (Jews) conspired secretly (to execute 'Isa [Jesus]), but Allah covertly designed His plan (to safeguard 'Isa [Jesus]). And Allah is the Best of secret planners.

إِذْ قَالَ اللّٰهُ یَا عِیْسَی إِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ إِلَیَّ وَمُطَهِّرُکَ مِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِیْنَ اتَّبَعُوْکَ فَوْقَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا إِلَی یَوْمِ الْقِیَامَةِ ثُمَّ إِلَیَّ مَرْجِعُکُمْ فَأَحْکُمُ بَیْنَکُمْ فِیْمَا کُنتُمْ فِیْهِ تَخْتَلِفُوْنَ (55)

ترجمہ: جب اللہ نے فرمایا: اے عیسٰی! بے شک میں تمہیں پوری عمر تک پہنچانے والا ہوں اور تمہیں اپنی طرف (آسمان پر) اٹھانے والا ہوں اور تمہیں کافروں سے نجات دلانے والا ہوں اور تمہارے پیروکاروں کو (ان) کافروں پر قیامت تک برتری دینے والا ہوں، پھر تمہیں میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے سو جن باتوں میں تم جھگڑتے تھے میں تمہارے درمیان ان کا فیصلہ کر دوں

گاo

When Allah said: 'O 'Isa (Jesus), I will surely bring your term of life to completion; and I am about to lift you towards Myself (in the heavens), and deliver you from the disbelievers, and exalt your followers above (these) disbelievers till the Day of Resurrection. Then to Me you all have to return. So I shall judge between you in the matters about which you used to dispute.'

فَأَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُواْ فَأُعَذِّبُهُمْ عَذَاباً شَدِيْداً فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ (56)

ترجمہ: پھر جولوگ کافر ہوئے انہیں دنیااور آخرت (دونوں میں) سخت عذاب دوں گااوران کا کوئی مددگار نہ ہوگاo

As for those who disbelieved, I shall give them severe punishment (both) in this world and in the Hereafter, and they shall have no helpers.

وَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيْهِمْ أُجُورَهُمْ وَاللّهُ لاَ يُحِبُّ الظَّالِمِيْنَ (57)

ترجمہ: اور جولوگ ایمان لائے اورانہوں نے نیک عمل کیےتو (اللہ) انہیں ان کا بھرپوراجر دے گا، اوراللہ ظالموں کو پسندنہیں کرتاo

And those who believed and did pious deeds, (Allah) shall reward them in full. And Allah does not like the wrongdoers.

ذَلِكَ نَتْلُوهُ عَلَيْكَ مِنَ الآيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ (58)

ترجمہ: یہ جوہم آپ کو پڑھ کرسناتے ہیں (یہ) نشانیاں ہیں اورحکمت والی نصیحت ہےo

These which We read out to you are signs and the wisdom-laden advice.

إِنَّ مَثَلَ عِيْسَى عِندَ اللّهِ كَمَثَلِ آدَمَ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ (59)

ترجمہ: بےشک عیسٰی (علیہ السلام) کی مثال اللہ کےنزدیک آدم (علیہ السلام) کی سی ہے، جسےاس نےمٹی سے بنایا پھر (اسے) فرمایا'ہوجا' وہ ہوگیاo

Surely, the example of 'Isa (Jesus) in the sight of Allah is the same as that of Adam whom He formed from clay, then said (to him): 'Be.' And he became.

الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَلاَ تَكُن مِّن الْمُمْتَرِيْنَ (60)

ترجمہ: (امت کی تنبیہ کے لیےفرمایا:) یہ تمہارے رب کی طرف سےحق ہےپس شک کرنے والوں میں سےنہ ہوجاناo

(Ordained to forewarn the Umma [the Community]:) 'This is the truth from your Lord, so be not of those who doubt.'

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْاْ نَدْعُ أَبْنَاءنَا وَأَبْنَاءكُمْ وَنِسَاءنَا وَنِسَاءكُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل لَّعْنَةَ اللّهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ(61)

ترجمہ: پس آپ کے پاس علم آجانے کے بعد جوشخص عیسٰی (علیہ السلام) کےمعاملے میں آپ سے جھگڑا کرےتو آپ فرمادیں کہ آجاؤ ہم (مل کر) اپنے بیٹوں کواورتمہارے بیٹوں کواوراپنی عورتوں کواورتمہاری عورتوں کواوراپنے آپ کوبھی اورتمہیں بھی (ایک جگہ پر) بلالیتے ہیں، پھرہم مباہلہ (یعنی گڑگڑا کردعا) کرتے ہیں اورجھوٹوں پراللہ کی لعنت بھیجتے ہیںo

So, if someone contends with you about 'Isa (Jesus) after knowledge has come to you, say: 'Come, let us (jointly) call our sons and your sons, our women and your women, and ourselves and yourselves (at the same place). Then let us supplicate fervently (i.e., most submissively) and invoke the curse of Allah upon the liars.'

إِنَّ هَـذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ وَمَا مِنْ إِلَـهٍ إِلاَّ اللّهُ وَإِنَّ اللّهَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ **(62)**

ترجمہ: بے شک یہی سچا بیان ہے، اور کوئی بھی اللہ کے سوا لائقِ عبادت نہیں، اور بے شک اللہ ہی تو بڑا غالب حکمت والا ہےo

Most certainly, this is the true narrative, and there is none worthy of worship except Allah. And verily Allah is All-Mighty, All-Wise.

فَإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ **(63)**

ترجمہ: پھر اگر وہ لوگ روگردانی کریں تو یقیناً اللہ فساد کرنے والوں کو خوب جانتا ہےo

But if they turn away, then surely Allah knows the miscreants full well.

مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيّاً وَلاَ نَصْرَانِيّاً وَلَكِن كَانَ حَنِيفاً مُّسْلِماً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ**(67)**

ترجمہ: ابراہیم (علیہ السلام) نہ یہودی تھے اور نہ نصرانی وہ ہر باطل سے جدا رہنے والے (سچے) مسلمان تھے، اور وہ مشرکوں میں سے بھی نہ تھےo

Ibrahim (Abraham) was neither a Jew nor a Christian; he was a (true) Muslim, far detached from all heresy and falsehood. Nor was he one of the polytheists.

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِـلاًّ لِّبَنِىۤ إِسْرَائِيلَ إِلاَّ مَا حَرَّمَ إِسْرَائِيلُ عَلَى نَفْسِهِ مِن قَبْلِ أَن تُنَزَّلَ التَّوْرَاةُ قُلْ فَأْتُواْ بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ **(93)**

ترجمہ: تورات کے اترنے سے پہلے بنی اسرائیل کے لیے ہر کھانے کی چیز حلال تھی سوائے ان (چیزوں) کے جو یعقوب (علیہ السلام) نے خود اپنے اوپر حرام کر لی تھیں، فرما دیں: تورات لاؤ اور اسے پڑھو اگر تم سچے ہوo

Before the revelation of the Torah, everything edible was lawful for the Children of Israel except those (things) Ya'qub (Jacob) had declared forbidden for himself. Say: 'Bring the Torah and read it out if you are truthful.

فَمَنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ مِن بَعْدِ ذَلِكَ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ **(94)**

ترجمہ: پھر اس کے بعد بھی جو شخص اللہ پر جھوٹ گھڑے تو وہی لوگ ظالم ہیںo

So, whoever fabricates a lie against Allah even after this, then it is they who are the wrongdoers.

قُلْ صَدَقَ اللّهُ فَاتَّبِعُواْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفاً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ **(95)**

ترجمہ: فرما دیں کہ اللہ نے سچ فرمایا ہے، سو تم ابراہیم (علیہ السلام) کے دین کی پیروی کرو جو ہر باطل سے منہ موڑ کر صرف اللہ کے ہو گئے تھے، اور وہ مشرکوں میں سے نہیں تھےo

Say: 'Allah has proclaimed the truth, so follow the Din (Religion) of Ibrahim

(Abraham) who, rejecting every evil, devoted himself wholly to Allah. And he was not one of the polytheists.'

وَكَأَيِّن مِّن نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُواْ لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللّهِ وَمَا ضَعُفُواْ وَمَا اسْتَكَانُواْ وَاللّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ **(146)**

ترجمہ: اور کتنے ہی انبیاء ایسے ہوئے جنہوں نے جہاد کیا ان کے ساتھ بہت سے اللہ والے (اولیاء) بھی شریک ہوئے، تو نہ انہوں نے ان مصیبتوں کے باعث جو انہیں اللہ کی راہ میں پہنچیں ہمت ہاری اور نہ وہ کمزور پڑے اور نہ وہ جھکے، اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہےo

And how many Prophets have there been who fought in the cause of Allah! A large number of devotees of Allah (Awliya') also joined them. They did not lose heart due to hardships which afflicted them in the way of Allah and neither showed weakness nor gave in. And Allah loves those who remain steadfast.

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلاَّ أَن قَالُواْ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ **(147)**

ترجمہ: اور ان کا کہنا کچھ نہ تھا سوائے اس التجا کے کہ اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے اور ہمارے کام میں ہم سے ہونے والی زیادتیوں سے درگزر فرما اور ہمیں (اپنی راہ میں) ثابت قدم رکھ اور ہمیں کافروں پر غلبہ عطا فرماo

And they said nothing except this supplication: 'O our Lord, forgive our sins and overlook the excesses that we committed in our work, and keep us firm-footed (on Your path), and bestow upon us victory over the disbelievers.'

فَآتَاهُمُ اللّهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الآخِرَةِ وَاللّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ**(148)**

ترجمہ: پس اللہ نے انہیں دنیا کا بھی انعام عطا فرمایا اور آخرت کے بھی عمدہ اجر سے نوازا، اور اللہ (ان) نیکوکاروں سے پیار کرتا ہے (جو صرف اسی کو چاہتے ہیں)o

So, Allah paid them the reward of this world and also an excellent recompense in the Hereafter. And Allah loves (those) righteous people (who love Him alone).

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن يَغُلَّ وَمَن يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثُمَّ تُوَفَّى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ **(161)**

ترجمہ: اور کسی نبی کی نسبت یہ گمان ہی ممکن نہیں کہ وہ کچھ چھپائے گا، اور جو کوئی (کسی کا حق) چھپاتا ہے تو قیامت کے دن اسے وہ لانا پڑے گا جو اس نے چھپایا تھا، پھر ہر شخص کو اس کے عمل کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گاo

It is just not conceivable that any Prophet would conceal anything. And whoever hides away (another's right) will have to bring forth on the Day of Resurrection whatever he had held back. Then everyone will be paid in full for his deeds, and they will not be wronged.

سورۃ النساء:

أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلَى مَا آتَاهُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ فَقَدْ آتَيْنَا آلَ إِبْرَاهِيمَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَآتَيْنَاهُم مُّلْكاً عَظِيماً **(54)**

ترجمہ: کیا یہ (یہود) لوگوں (سے ان نعمتوں) پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا فرمائی ہیں، سو واقعی ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کے خاندان کو کتاب اور حکمت عطا کی اور ہم نے انہیں بڑی سلطنت بخشی o

Do they (the Jews) feel jealous of the people because of (the blessings) which Allah has conferred upon them of His bounty? So, surely, We have given the family of Ibrahim (Abraham) the Book and wisdom, and We also granted them a great kingdom.

وَمَنْ أَحْسَنُ دِيناً مِّمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لله وَهُوَ مُحْسِنٌ واتَّبَعَ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفاً وَاتَّخَذَ اللّهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلاً (125)

ترجمہ: اور دین اختیار کرنے کے اعتبار سے اُس شخص سے بہتر کون ہو سکتا ہے جس نے اپنا رُوئے نیاز اللہ کے لیے جھکا دیا اور وہ صاحبِ احسان بھی ہو، اور وہ دینِ ابراہیم (علیہ السلام) کی پیروی کرتا رہا جو (اللہ کے لیے) یک سُو (اور) راست رَو تھے، اور اللہ نے ابراہیم (علیہ السلام) کو اپنا مخلص دوست بنا لیا تھا (سو وہ شخص بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نسبت سے اللہ کا دوست ہو گیا) o

And with regard to adopting the Din (Religion), who can be better than the one who submits his whole being entirely to Allah, whilst he also holds spiritual excellence, and persistently follows the Din (Religion) of Ibrahim (Abraham)-a devotee (to Allah and) upright? And Allah had taken Ibrahim (Abraham) for a sincere and intimate friend. (So, he also becomes Allah's friend by virtue of his spiritual affiliation to Ibrahim [Abraham].)

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ بِاللّهِ وَرُسُلِهِ وَلَمْ يُفَرِّقُواْ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ أُوْلَـئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ أُجُورَهُمْ وَكَانَ اللّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (152)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ اور اس کے (سب) رسولوں پر ایمان لائے اور ان (پیغمبروں) میں سے کسی کے درمیان (ایمان لانے میں) فرق نہ کیا تو عنقریب وہ انہیں ان کے اجر عطا فرمائے گا، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے o

But those who believed in Allah and (all) His Messengers and, (in embracing faith,) made no distinction between any of these (Messengers), He will soon pay them their rewards. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَسْأَلُكَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَن تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتَاباً مِّنَ السَّمَاءِ فَقَدْ سَأَلُواْ مُوسَى أَكْبَرَ مِن ذَلِكَ فَقَالُواْ أَرِنَا اللّهِ جَهْرَةً فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ثُمَّ اتَّخَذُواْ الْعِجْلَ مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ فَعَفَوْنَا عَن ذَلِكَ وَآتَيْنَا مُوسَى سُلْطَاناً مُّبِيناً (153)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ سے اہلِ کتاب سوال کرتے ہیں کہ آپ ان پر آسمان سے (ایک ہی دفعہ پوری لکھی ہوئی) کوئی کتاب اتار لائیں، تو وہ موسٰی (علیہ السلام) سے اس سے بھی بڑا سوال کر چکے ہیں، انہوں نے کہا تھا کہ ہمیں اللہ (کی ذات) کھلم کھلا دکھا دو، پس ان کے (اس) ظلم (یعنی گستاخانہ سوال) کی وجہ سے انہیں آسمانی بجلی نے آ پکڑا (جس کے باعث وہ مر گئے، پھر موسٰی علیہ السلام کی دعا سے زندہ ہوئے)، پھر انہوں نے بچھڑے کو (اپنا معبود) بنا لیا اس کے بعد کہ ان کے پاس (حق کی نشاندہی کرنے والی) واضح نشانیاں آ چکی تھیں، پھر ہم نے اس (جرم) سے بھی درگزر کیا اور ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو (ان پر) واضح

غلبہ عطا فرمایاo

(O Beloved!) The People of the Book ask you to bring down to them a Book from heaven (completely inscribed in one go). They asked Musa (Moses) for something even greater than that; they said: 'Show us Allah visibly (in Person).' So owing to (their) transgression (i.e., this denigrating demand), a thunderbolt seized them. (They died and were later raised to life by Musa's [Moses's] prayer.) Then they adopted the calf (as their god) after the clear signs (pointing to the truth) had reached them. Then We overlooked this (sin) as well, and bestowed upon Musa (Moses) a marked dominance over them.

وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيحَ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ اللّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَـكِن شُبِّهَ لَهُمْ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُواْ فِيهِ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلاَّ اتِّبَاعَ الظَّنِّ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِيناً (157)

ترجمہ: اوران کے اس کہنے (یعنی فخریہ دعوٰی) کی وجہ سے (بھی) کہ ہم نے اللہ کے رسول، مریم کے بیٹے عیسٰی مسیح کو قتل کر ڈالا ہے، حالاں کہ انہوں نے نہ ان کو قتل کیا اور نہ انہیں سولی چڑھایا مگر (ہوا یہ کہ) ان کے لیے (کسی کو عیسٰی علیہ السلام کا) ہم شکل بنا دیا گیا، اور بے شک جو لوگ ان کے بارے میں اختلاف کر رہے ہیں وہ یقیناً اس (قتل کے حوالے) سے شک میں پڑے ہوئے ہیں، انہیں (حقیقتِ حال کا) کچھ بھی علم نہیں مگر یہ کہ گمان کی پیروی (کر رہے ہیں)، اور انہوں نے عیسٰی (علیہ السلام) کو یقیناً قتل نہیں کیاo

And (also) because of their uttering (the boastful claim): 'We (have) killed Allah's Messenger, the Messiah, 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary),' whereas they neither killed nor crucified him. But (in truth) someone was made the like (of 'Isa-Jesus) in their view. But those who disagree about him have surely fallen prey to doubt (concerning) this (murder). They know nothing (what the truth is) except (that they are) following fancy. And they certainly did not murder 'Isa (Jesus).

بَل رَّفَعَهُ اللّهُ إِلَيْهِ وَكَانَ اللّهُ عَزِيزاً حَكِيماً (158)

ترجمہ: بلکہ اللہ نے انہیں اپنی طرف (آسمان پر) اٹھا لیا، اور اللہ غالب حکمت والا ہےo

In fact, Allah lifted him up towards Himself (in heaven) and Allah is Almighty, Most Wise.

وَإِن مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلاَّ لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيداً (159)

ترجمہ: اور (قربِ قیامت نزولِ مسیح علیہ السلام کے وقت) اہلِ کتاب میں سے کوئی (فرد یا فرقہ) نہ رہے گا مگر وہ عیسٰی (علیہ السلام) پر ان کی موت سے پہلے ضرور (صحیح طریقے سے) ایمان لے آئے گا، اور قیامت کے دن عیسٰی (علیہ السلام) ان پر گواہ ہوں گےo

And, (shortly before the Last Hour at the time of the Messiah's descent,) there will not be any (individual or sect) of the People of the Book, but will (rightly)

believe in 'Isa (Jesus) before his death; and 'Isa (Jesus) will bear witness to them on the Day of Resurrection.

إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَى نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِن بَعْدِهِ وَأَوْحَيْنَا إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسَى وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَارُونَ وَسُلَيْمَانَ وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُوراً **(163)**

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک ہم نے آپ کی طرف (اُسی طرح) وحی بھیجی ہے جیسے ہم نے نوح (علیہ السلام) کی طرف اور ان کے بعد (دوسرے) پیغمبروں کی طرف بھیجی تھی۔ اور ہم نے ابراہیم و اسماعیل اور اسحاق و یعقوب اور (ان کی) اولاد اور عیسٰی اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمان (علیہم السلام) کی طرف (بھی) وحی فرمائی، اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو (بھی) زبور عطا کی تھیo

(O Beloved!) Indeed, We have sent Revelation to you as We sent it to Nuh (Noah) and (other) Messengers after him; and We also sent Revelation to Ibrahim (Abraham), Isma'il (Ishmael), Ishaq (Isaac), Ya'qub (Jacob) and (his) children, and 'Isa (Jesus), Ayyub (Job), Yunus (Jonah), Harun (Aaron) and Sulayman (Solomon); and We conferred the Zabur (the Book of Psalms) upon Dawud (David).

وَرُسُلاً قَدْ قَصَصْنَاهُمْ عَلَيْكَ مِن قَبْلُ وَرُسُلاً لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ وَكَلَّمَ اللّهُ مُوسَى تَكْلِيماً **(164)**

ترجمہ: اور (ہم نے کئی) ایسے رسول (بھیجے) ہیں جن کے حالات ہم (اس سے) پہلے آپ کو سنا چکے ہیں اور (کئی) ایسے رسول بھی (بھیجے) ہیں جن کے حالات ہم نے (ابھی تک) آپ کو نہیں سنائے اور اللہ نے موسٰی (علیہ السلام) سے (بلاواسطہ) گفتگو (بھی) فرمائیo

And (We have sent many) Messengers whose annals We have narrated to you earlier; and We sent (a number of) those Messengers whose details We have not (yet) related to you; and Allah (also) spoke to Musa (Moses) directly.

رُّسُلاً مُّبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ لِئَلاَّ يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَكَانَ اللّهُ عَزِيزاً حَكِيماً **(165)**

ترجمہ: رسول جو خوشخبری دینے والے اور ڈر سنانے والے تھے (اس لیے بھیجے گئے) تاکہ (ان) پیغمبروں (کے آجانے) کے بعد لوگوں کے لیے اللہ پر کوئی عذر باقی نہ رہے، اور اللہ بڑا غالب حکمت والا ہےo

The Messengers who were Bearers of good news and Warners (were sent) so that after (the arrival of these) Messengers people may not have any plea against Allah. And Allah is Almighty, Most Wise.

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لاَ تَغْلُواْ فِي دِينِكُمْ وَلاَ تَقُولُواْ عَلَى اللّهِ إِلاَّ الْحَقَّ إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللّهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ فَآمِنُواْ بِاللّهِ وَرُسُلِهِ وَلاَ تَقُولُواْ ثَلاَثَةٌ انتَهُواْ خَيْراً لَّكُمْ إِنَّمَا اللّهُ إِلَـهٌ وَاحِدٌ سُبْحَانَهُ أَن يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَكَفَى بِاللّهِ وَكِيلاً **(171)**

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! تم اپنے دین میں حد سے زائد نہ بڑھو اور اللہ کی شان میں سچ کے سوا کچھ نہ کہو، حقیقت صرف یہ ہے کہ مسیح عیسٰی ابن مریم (علیہما السلام) اللہ کا رسول اور اس کا کلمہ ہے جسے اس نے مریم کی طرف پہنچا دیا اور اس (کی طرف) سے ایک روح

ہے۔ پس تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور مت کہو کہ (معبود) تین ہیں، (اس عقیدہ سے) باز آ جاؤ، (یہ) تمہارے لیے بہتر ہے۔ بے شک اللہ ہی یکتا معبود ہے، وہ اس سے پاک ہے کہ اس کے لیے کوئی اولاد ہو، (سب کچھ) اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اللہ کا کارساز ہونا کافی ہےo

O People of the Book! Exceed not the limits in your din (religion), and speak nothing but the truth about Allah's glory. The fact is simple that the Messiah, 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) is Allah's Messenger and His Word which He conveyed to Maryam (Mary) and a Spirit from Him. So believe in Allah and His Messengers and do not say: 'There are three (Gods).' Refrain (from this belief); (that) is best for you. Verily, Allah is the Only One God, Holy is He, far above having a son. Whatever is in the heavens and whatever is in the earth (all) belongs to Him alone. And Sufficient is Allah as a Guardian.

لَّن يَسْتَنكِفَ الْمَسِيحُ أَن يَكُونَ عَبْداً لِّلّهِ وَلاَ الْمَلآئِكَةُ الْمُقَرَّبُونَ وَمَن يَسْتَنكِفْ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ إِلَيْهِ جَمِيعاً(172)

ترجمہ: مسیح (علیہ السلام) اس (بات) سے ہرگز عار نہیں رکھتا کہ وہ اللہ کا بندہ ہو اور نہ ہی مقرّب فرشتوں کو (اس سے کوئی عار ہے)، اور جو کوئی اس کی بندگی سے عار محسوس کرے اور تکبر کرے تو وہ ایسے تمام لوگوں کو عنقریب اپنے پاس جمع فرمائے گاo

The Messiah feels no embarrassment in being a servant of Allah. Nor do the closest angels (ever feel ashamed). And whoever disdains to be His servant and perpetrates arrogance, He will soon assemble together all such people before Him.

سورۃ المائدۃ:

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُواْ نِعْمَةَ اللّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنبِيَاء وَجَعَلَكُم مُّلُوكاً وَآتَاكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَداً مِّن الْعَالَمِينَ (20)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کریں) جب موسٰی (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم اپنے اوپر (کیا گیا) اللہ کا وہ انعام یاد کرو جب اس نے تم میں انبیاء پیدا فرمائے اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تمہیں وہ (کچھ) عطا فرمایا جو (تمہارے زمانے میں) تمام جہانوں میں سے کسی کو نہیں دیا تھاo

And (recall) when Musa (Moses) said to his people: 'O my people! Recollect the blessing Allah (bestowed) upon you when He raised Prophets from amongst you, and made you kings and gave (so) much to you as He had not given to anyone else in all the worlds (in your contemporary period).

يَا قَوْمِ ادْخُلُوا الأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللّهُ لَكُمْ وَلاَ تَرْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ (21)

ترجمہ: اے میری قوم! (ملکِ شام یا بیت المقدس کی) اس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دی ہے اور اپنی پشت پر (پیچھے) نہ پلٹنا ورنہ تم نقصان اٹھانے والے بن کر پلٹو گےo

O my people! Enter the holy land (of Syria or Bayt al-Maqdis [Jerusalem]) which Allah has decreed for you, and do not turn back (in retreat), or you will turn back as losers.'

قَالُوا يَا مُوسَى إِنَّ فِيهَا قَوْماً جَبَّارِينَ وَإِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا حَتَّىَ يَخْرُجُواْ مِنْهَا فَإِن يَخْرُجُواْ مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ (22)

ترجمہ: انہوں نے (جواباً) کہا: اے موسیٰ! اس میں تو زبردست (ظالم) لوگ (رہتے) ہیں اور ہم اس میں ہرگز داخل نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ اس (زمین) سے نکل جائیں، پس اگر وہ یہاں سے نکل جائیں تو ہم ضرور داخل ہو جائیں گےo

They said (in reply): 'O Musa (Moses)! There are mighty (i.e., tyrant) people (living) therein, and we shall never enter this (land) until they leave it. So, if they depart from here, then we will certainly enter it.'

قَالَ رَجُلاَنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُونَ أَنْعَمَ اللّهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُواْ عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ وَعَلَى اللّهِ فَتَوَكَّلُواْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِيْنَ(23)

ترجمہ: ان (چند) لوگوں میں سے جو (اللہ سے) ڈرتے تھے دو (ایسے) شخص بول اٹھے جن پر اللہ نے انعام فرمایا تھا (اپنی قوم سے کہنے لگے:) تم ان لوگوں پر (بلاخوف حملہ کرتے ہوئے شہر کے) دروازے سے داخل ہو جاؤ، سو جب تم اس (دروازے) میں داخل ہو جاؤ گے تو یقیناً تم غالب ہو جاؤ گے، اور اللہ ہی پر توکل کرو بشرطیکہ تم ایمان والے ہوo

Two men from amongst (a few) who feared (Allah) and whom Allah had favoured with His Blessing (said to their folk:) 'Enter the gate (of the city invading) these people (dauntlessly). Once you enter this (gate), you will certainly be victorious. And put your trust in Allah alone, provided you are people of faith.'

قَالُواْ يَا مُوسَى إِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا أَبَداً مَّا دَامُواْ فِيهَا فَاذْهَبْ أَنتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ (24)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے موسیٰ! جب تک وہ لوگ اس (سرزمین) میں ہیں ہم ہرگز کبھی وہاں داخل نہیں ہوں گے، پس تم اور تمہارا رب (ایک ساتھ) جاؤ اور جنگ کرو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیںo

They said: 'O Musa (Moses)! Never shall we enter this (land) so long as they are in it. So you (along with) your Lord go and fight; we are sitting right here.'

قَالَ رَبِّ إِنِّيْ لا أَمْلِكُ إِلاَّ نَفْسِيْ وَأَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ (25)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میں اپنی ذات اور اپنے بھائی (ہارون علیہ السلام) کے سوا (کسی پر) اختیار نہیں رکھتا پس تو ہمارے اور (اس) نافرمان قوم کے درمیان (اپنے حکم سے) جدائی فرما دےo

(Musa [Moses]) submitted: 'My Lord! I have no control (over anyone) except for myself and my brother (Harun [Aaron]). So put us apart from (these) wicked people (by Your command).'

قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً يَتِيْهُونَ فِيْ الأَرْضِ فَلاَ تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِيْنَ (26)

ترجمہ: (ربّ نے) فرمایا: پس یہ (سرزمین) ان (نافرمان) لوگوں پر چالیس سال تک حرام کر دی گئی ہے، یہ لوگ زمین میں

(پریشان حال) سرگرداں پھرتے رہیں گے، سو (اے موسٰی! اب) اس نافرمان قوم (کے عبرت ناک حال) پر افسوس نہ کرنا o

(The Lord) said: 'So this (land) is forbidden to these (rebels) for forty years. (Anguished,) they will continue wandering around the earth in distraction. So grieve not, (O Musa [Moses],) over the (warning plight) of these disobedient and unruly people.'

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِن أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الآخَرِ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ (27)

ترجمہ: (اے نبی مکرم!) آپ ان لوگوں کو آدم (علیہ السلام) کے دو بیٹوں (ہابیل و قابیل) کی خبر سنائیں جو بالکل سچی ہے۔ جب دونوں نے (اللہ کے حضور ایک ایک) قربانی پیش کی سو ان میں سے ایک (ہابیل) کی قبول کر لی گئی اور دوسرے (قابیل) سے قبول نہ کی گئی تو اس (قابیل) نے (ہابیل سے حسداً و انتقاماً) کہا: میں تجھے ضرور قتل کر دوں گا، اس (ہابیل) نے (جواباً) کہا: بے شک اللہ پرہیزگاروں سے ہی (نیاز) قبول فرماتا ہے o

(O Most Esteemed Messenger!) Relate to these people the account of the two sons of Adam (Habil and Qabil [Abel and Cain]) which is absolutely true. When both of them made offering (one each to Allah), the offering from one of them (Habil [Abel]) was accepted, whilst that from the other (Qabil [Cain]) was not accepted. Thereupon, he (Qabil) said to Habil (out of jealousy and vengeance): 'I will surely kill you.' He (Habil) said (in reply): 'Indeed, Allah accepts (offering) only from the people of piety.

لَئِن بَسَطتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَا أَنَاْ بِبَاسِطٍ يَدِيَ إِلَيْكَ لَأَقْتُلَكَ إِنِّيْ أَخَافُ اللّهَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ (28)

ترجمہ: اگر تو اپنا ہاتھ مجھے قتل کرنے کے لیے میری طرف بڑھائے گا (تو پھر بھی) میں اپنا ہاتھ تجھے قتل کرنے کے لیے تیری طرف نہیں بڑھاؤں گا کیونکہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے o

If you stretch forth your hand against me to kill me, (even then) I shall not stretch out my hand against you in order to kill you because I fear Allah, the Sustainer of all the worlds.

إِنِّيْ أُرِيْدُ أَن تَبُوءَ بِإِثْمِيْ وَإِثْمِكَ فَتَكُونَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ وَذَلِكَ جَزَاء الظَّالِمِيْنَ (29)

ترجمہ: میں چاہتا ہوں (کہ مجھ سے کوئی زیادتی نہ ہو اور) میرا گناہِ (قتل) اور تیرا اپنا (سابقہ) گناہ (جس کے باعث تیری قربانی نامنظور ہوئی سب) تو ہی حاصل کر لے پھر تو اہلِ جہنم میں سے ہو جائے گا، اور یہی ظالموں کی سزا ہے o

I want (I commit no offence and) you take my sin (i.e., the sin of killing me), and also your own sin (the preceding one on account of which your offering has been rejected all) on you. You will then become one of the inmates of Hell. And that is but the punishment of the wrongdoers.'

فَطَوَّعَتْ لَهُ نَفْسُهُ قَتْلَ أَخِيْهِ فَقَتَلَهُ فَأَصْبَحَ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ (30)

ترجمہ: پھر اس (قابیل) کے نفس نے اس کے لیے اپنے بھائی (ہابیل) کا قتل آسان (اور مرغوب) کر دکھایا، سو اس نے اس کو

قتل کر دیا، پس وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گیاo

Then the (ill-commanding) self of Qabil (Cain) made the killing of his brother Habil (Abel) easy (and tempting) for him. So, he killed him and became one of the losers.

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَاباً يَبْحَثُ فِيْ الْأَرْضِ لِيُرِيَهُ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءةَ أَخِيْهِ قَالَ يَا وَيْلَتَا أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ هَـذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْءةَ أَخِيْ فَأَصْبَحَ مِنَ النَّادِمِيْنَ(31)

ترجمہ: پھر اللہ نے ایک کوّا بھیجا جو زمین کریدنے لگا تا کہ اسے دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کس طرح چھپائے، (یہ دیکھ کر) اس نے کہا: ہائے افسوس! کیا میں اس کوّے کی مانند بھی نہ ہو سکا کہ اپنے بھائی کی لاش چھپا دیتا، سو وہ پشیمان ہونے والوں میں سے ہو گیاo

Then Allah sent a crow that started scratching the earth to show him how to hide his brother's corpse. (Seeing this,) he said: 'Alas! Could I not become even the like of this crow that I might hide the corpse of my brother!' So he became one of the remorseful people.

إِنَّـا أَنـزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيْهَا هُدًى وَنُورٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ الَّذِيْنَ أَسْلَمُواْ لِلَّذِيْنَ هَادُواْ وَالرَّبَّانِيُّونَ وَالأَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُواْ مِـن كِتَـابِ الـلّـهِ وَكَانُواْ عَلَيْهِ شُهَدَاء فَلاَ تَخْشَوُاْ النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلاَ تَشْتَرُواْ بِآيَاتِيْ ثَمَناً قَلِيْلاً وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ (44)

ترجمہ: بے شک ہم نے تورات نازل فرمائی جس میں ہدایت اور نور تھا، اس کے مطابق انبیاء جو (اللہ کے) فرمانبردار (بندے) تھے یہودیوں کو حکم دیتے رہے اور اللہ والے (یعنی ان کے اولیاء) اور علماء (بھی اسی کے مطابق فیصلے کرتے رہے)، اس وجہ سے کہ وہ اللہ کی کتاب کے محافظ بنائے گئے تھے اور وہ اس پر نگہبان (وگواہ) تھے۔ پس تم لوگوں سے مت ڈرو اور (صرف) مجھ سے ڈرا کرو اور میری آیات (یعنی احکام) کے بدلے (دنیا کی) حقیر قیمت نہ لیا کرو، اور جو شخص اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ (و حکومت) نہ کرے سو وہی لوگ کافر ہیںo

Indeed, We revealed the Torah wherein was guidance and light. In accordance with that the Messengers who were the obedient (servants of Allah) used to give orders to the Jews. And the divines (i.e., their spiritual masters) and the rabbis (also judged in accordance with that) because they were assigned to safeguard the Book of Allah and they were the guardians of (and witnesses to) it. So do not fear people and always fear Me (alone), and do not barter My signs (i.e., commands) for a paltry price (of this world). And he who does not judge (and rule) according to the injunctions sent down by Allah, it is they who are the disbelievers.

وَكَتَبْنَـا عَـلَيْهِـمْ فِيْهَـا أَنَّ الـنَّـفْـسَ بِـالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالأَنفَ بِالأَنفِ وَالأُذُنَ بِالأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ فَمَن تَصَدَّقَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ(45)

ترجمہ: اور ہم نے اس (تورات) میں ان پر فرض کر دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے عوض آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے عوض کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں میں (بھی) بدلہ ہے، تو جو شخص اس (قصاص) کو صدقہ (یعنی معاف) کر دے تو یہ اس (کے گناہوں) کے لیے کفارہ ہوگا، اور جو شخص اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ (وحکومت) نہ کرے سو وہی لوگ ظالم ہیں o

In that (the Torah) We had prescribed for them: a life for a life, an eye for an eye, a nose for a nose, an ear for an ear, and a tooth for a tooth, and in the case of injuries (too) there is a requital. But the person who (forgoes) this (requital) by way of charity, this will serve as atonement for his (sins). And he who does not judge (and rule) in compliance with the commandments sent down by Allah, it is they who are the transgressors.

وَقَفَّيْنَا عَلَى آثَارِهِم بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَآتَيْنَاهُ الإِنجِيلَ فِيهِ هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ **(46)**

ترجمہ: اور ہم نے ان (پیغمبروں) کے پیچھے ان (ہی) کے نقوشِ قدم پر عیسٰی ابن مریم (علیہما السلام) کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی (کتاب) تورات کی تصدیق کرنے والے تھے اور ہم نے ان کو انجیل عطا کی جس میں ہدایت اور نور تھا اور (یہ انجیل بھی) اپنے سے پہلے کی (کتاب) تورات کی تصدیق کرنے والی (تھی) اور (سراسر) ہدایت تھی اور پرہیزگاروں کے لیے نصیحت تھی o

And following in the footsteps of these (Messengers) We sent 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) confirming the Book (the Torah) revealed before him. And We gave him the Injil (the Gospel) which contained guidance and light, and (the Injil [the Gospel] too) confirmed the (Book) Torah that preceded it. And it was (an absolute) guidance and admonition for the Godfearing.

وَلْيَحْكُمْ أَهْلُ الإِنجِيلِ بِمَا أَنزَلَ اللّهُ فِيهِ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ **(47)**

ترجمہ: اور اہلِ انجیل کو (بھی) اس (حکم) کے مطابق فیصلہ کرنا چاہئے جو اللہ نے اس میں نازل فرمایا ہے، اور جو شخص اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ (وحکومت) نہ کرے سو وہی لوگ فاسق ہیں o

And the People of the Injil ([the Gospel] too) are required to judge in accordance with that (commandment) which Allah has sent down in it. And he who does not judge (and run the state) complying with the commandments Allah has revealed, it is they who are unruly and wicked.

لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِيْ إِسْرَائِيلَ وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلاً كُلَّمَا جَاءهُمْ رَسُولٌ بِمَا لاَ تَهْوَى أَنْفُسُهُمْ فَرِيقاً كَذَّبُواْ وَفَرِيقاً يَقْتُلُونَ**(70)**

ترجمہ: بے شک ہم نے بنی اسرائیل سے عہد (بھی) لیا اور ہم نے ان کی طرف (بہت سے) پیغمبر (بھی) بھیجے، (مگر) جب بھی ان کے پاس کوئی پیغمبر ایسا حکم لایا جسے ان کے نفس نہیں چاہتے تھے تو انہوں نے (انبیاء کی) ایک جماعت کو جھٹلایا اور ایک کو

(مسلسل) قتل کرتے رہے o

Surely, We took a promise from the Children of Israel (too), and (also) sent (many) Messengers towards them, (but) every time a Messenger brought them a commandment which their (ill-commanding) selves disliked, they belied a party (of the Messengers) and slew the other (in succession).

وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ **(71)**

ترجمہ: اور وہ (ساتھ) یہ خیال کرتے رہے کہ (انبیاء کے قتل و تکذیب سے) کوئی عذاب نہیں آئے گا، سو وہ اندھے اور بہرے ہو گئے تھے۔ پھر اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمالی، پھر ان میں سے اکثر لوگ (دوبارہ) اندھے اور بہرے (یعنی حق دیکھنے اور سننے سے قاصر) ہو گئے، اور اللہ ان کاموں کو خوب دیکھ رہا ہے جو وہ کر رہے ہیں o

And (besides) they held the view that (killing or belying the Messengers) would not result in any torment. So they became blind and deaf. Allah, then, accepted their repentance. But most of them (again) turned blind and deaf (i.e., incapable of perceiving the truth by seeing and hearing). And Allah is Ever-Watchful of what they are doing.

مَّا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ كَانَا يَاْكُلَانِ الطَّعَامَ انْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ **(75)**

ترجمہ: مسیح ابنِ مریم (علیہما السلام) رسول کے سوا (کچھ) نہیں ہیں (یعنی خدا یا خدا کا بیٹا اور شریک نہیں ہیں)، یقیناً ان سے پہلے (بھی) بہت سے رسول گزر چکے ہیں، اور ان کی والدہ بڑی صاحبِ صدق (ولیّہ) تھیں، وہ دونوں (مخلوق تھے کیونکہ) کھانا بھی کھایا کرتے تھے۔ (اے حبیب!) دیکھئے ہم ان (کی رہنمائی) کے لیے کس طرح آیتوں کو وضاحت سے بیان کرتے ہیں پھر ملاحظہ فرمائیے کہ (اس کے باوجود) وہ کس طرح (حق سے) پھرے جا رہے ہیں o

The Messiah, the son of Maryam (Mary), is (nothing) but a Messenger (neither a god nor a son of God nor His partner). Many Messengers have indeed preceded him, and his mother was a paragon of truth (a saintly person). Both (were mortal creatures as they) used to eat food. (O Beloved!) Observe how clearly We explain the Revelations for their (guidance), but again observe how (in spite of that) they are turning away (from the truth)!

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ **(76)**

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا تم اللہ کے سوا اس کی عبادت کرتے ہو جو نہ تمہارے لیے کسی نقصان کا مالک ہے نہ نفع کا، اور اللہ ہی تو خوب سننے والا اور خوب جاننے والا ہے o

Say: 'Do you worship besides Allah someone that has no power to do you any harm or good? Allah is the One Who is All-Hearing, All-Knowing.'

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ **(78)**

ترجمہ: بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا تھا انہیں داؤد اور عیسیٰ ابن مریم (علیہما السلام) کی زبان پر (سے) لعنت کی جا

چکی (ہے)۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے تجاوز کرتے تھےo

Those amongst the Children of Israel who disbelieved were cursed by the tongue of Dawud (David) and 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary). That is because they disobeyed and transgressed.

كَانُواْ لاَ يَتَنَاهَوْنَ عَن مُّنكَرٍ فَعَلُوهُ لَبِئْسَ مَا كَانُواْ يَفْعَلُونَ(79)

ترجمہ: (اور اس لعنت کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ) وہ جو برا کام کرتے تھے ایک دوسرے کو اس سے منع نہیں کرتے تھے۔ بے شک وہ کام برے تھے جنہیں وہ انجام دیتے تھےo

And they were also cursed because) they would not prevent one another from the evil deeds they used to do. Certainly, evil were the deeds they used to do.

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّهُ الرُّسُلَ فَيَقُولُ مَاذَا أُجِبْتُمْ قَالُواْ لاَ عِلْمَ لَنَا إِنَّكَ أَنتَ عَلاَّمُ الْغُيُوبِ (109)

ترجمہ: (اس دن سے ڈرو) جس دن اللہ تمام رسولوں کو جمع فرمائے گا پھر (ان سے) فرمائے گا کہ تمہیں (تمہاری امتوں کی طرف سے دعوتِ دین کا) کیا جواب دیا گیا تھا؟ وہ (حضورِ الٰہی میں) عرض کریں گے: ہمیں کچھ علم نہیں، بے شک تو ہی غیب کی سب باتوں کا خوب جاننے والا ہےo

(Fear the Day) when Allah will assemble all the Messengers and ask (them): 'What response were you served (by your respective Communities following your call for Din [Religion])?' They will (submit their) reply (to their Lord): 'We have no knowledge. It is certainly You Who know all the unseen full well.'

إِذْ قَالَ اللّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَى وَالِدَتِكَ إِذْ أَيَّدتُّكَ بِرُوحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلاً وَإِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ طَيْراً بِإِذْنِي وَتُبْرِءُ الأَكْمَهَ وَالأَبْرَصَ بِإِذْنِي وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوتَى بِإِذْنِي وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ إِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِنْهُمْ إِنْ هَـذَا إِلاَّ سِحْرٌ مُّبِينٌ (110)

ترجمہ: جب اللہ فرمائے گا: اے عیسیٰ ابن مریم! تم اپنے اوپر اور اپنی والدہ پر میرا احسان یاد کرو جب میں نے پاک روح (جبریل) کے ذریعے تمہیں تقویت بخشی، تم گہوارے میں (بعہدِ طفولیت) اور پختہ عمری میں (بعہدِ تبلیغ و رسالت یکساں انداز سے) لوگوں سے گفتگو کرتے تھے، اور جب میں نے تمہیں کتاب اور حکمت (و دانائی) اور تورات اور انجیل سکھائی، اور جب تم میرے حکم سے مٹی کے گارے سے پرندے کی شکل کی مانند (مورتی) بناتے تھے پھر تم اس میں پھونک مارتے تھے تو وہ (مورتی) میرے حکم سے پرندہ بن جاتی تھی، اور جب تم مادرزاد اندھوں اور کوڑھیوں (یعنی برص زدہ مریضوں) کو میرے حکم سے اچھا کر دیتے تھے، اور جب تم میرے حکم سے مُردوں کو (زندہ کر کے قبر سے) نکال (کھڑا کر) دیتے تھے، اور جب میں نے بنی اسرائیل کو تمہارے (قتل) سے روک دیا تھا جب کہ تم ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے تو ان میں سے کافروں نے (یہ) کہہ دیا کہ یہ تو کھلے جادو کے سوا کچھ نہیںo

When Allah will say: 'O 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary), call to mind My favour to you and your mother when I provided you strength through the Holy Spirit (Gabriel); you conversed with the people (in a uniform style

both) from the cradle (during early childhood) and in the ripe age (whilst preaching as a Messenger); and when I taught you the Book and wisdom (and insight) and the Torah and the Injil (the Gospel); and when by My command you made out of clay some (figure) looking like a bird, then you would breathe into it and by My command it would become a bird; and when you healed the blind and the leper (i.e., victims of leprosy) by My command; and when you raised up the dead (standing, bringing them back to life from the grave) by My command; and when I held back the Children of Israel from (killing) you whilst you brought them clear signs, those who disbelieved amongst them said: 'This is nothing but sheer magic.'

وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُواْ بِي وَبِرَسُولِي قَالُوَاْ آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ (111)

ترجمہ: اور جب میں نے حواریوں کے دل میں (یہ) ڈال دیا کہ تم مجھ پر اور میرے پیغمبر (عیسٰی علیہ السلام) پر ایمان لاؤ، (تو) انہوں نے کہا: ہم ایمان لے آئے اور تو گواہ ہو جا کہ ہم یقیناً مسلمان ہیں o

And when I imbued the hearts of the disciples with (this): 'Believe in Me and My Messenger ('Isa [Jesus]),' they said: 'We believe and bear witness that we are certainly Muslims.'

إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَن يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ قَالَ اتَّقُواْ اللّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (112)

ترجمہ: اور (یہ بھی یاد کرو) جب حواریوں نے کہا: اے عیسٰی ابن مریم! کیا تمہارا رب ایسا کر سکتا ہے کہ ہم پر آسمان سے (کھانے کا) خوان اتار دے، (تو) عیسٰی (علیہ السلام) نے (جواباً) کہا: (لوگو!) اللہ سے ڈرو اگر تم صاحبِ ایمان ہو o

And (also recall) when the disciples said: "Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary), is it possible for your Lord to send down to us from heaven a table (spread with food)?' 'Isa (Jesus) said (in reply): '(O people,) fear Allah if you are illumined with faith.'

قَالُواْ نُرِيدُ أَن نَّأْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوبُنَا وَنَعْلَمَ أَن قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُونَ عَلَيْهَا مِنَ الشَّاهِدِينَ(113)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: ہم (تو صرف) یہ چاہتے ہیں کہ اس میں سے کھائیں اور ہمارے دل مطمئن ہو جائیں اور ہم (مزید یقین سے) جان لیں کہ آپ نے ہم سے سچ کہا ہے اور ہم اس (خوانِ نعمت کے اترنے) پر گواہ ہو جائیں o

They said: 'We seek (only) to eat of it so that our hearts are satisfied and we know (with added certitude) that you have told us the truth and we bear witness (to the descent of the table).'

قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيداً لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنكَ وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ (114)

ترجمہ: عیسٰی ابن مریم (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے اللہ! اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے خوانِ (نعمت) نازل فرما دے

کہ (اس کے اترنے کا دن) ہمارے لیے عید ہو جائے ہمارے اگلوں کے لیے (بھی) اور ہمارے پچھلوں کے لیے (بھی) اور (وہ خوان) تیری طرف سے نشانی ہو، اور ہمیں رزق عطا کر اور تو سب سے بہتر رزق دینے والا ہے o

'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said: 'O Allah, our Lord, send down to us from heaven the table spread (with bounties) so that (the day of its descent) becomes ('Id) a festival day for us, and for our predecessors (as well as) successors, and that (spread table) comes as a sign from You, and provide us with sustenance, and You are the Best Sustainer.'

قَالَ اللّٰهُ إِنِّیْ مُنَزِّلُهَا عَلَیْكُمْ فَمَن یَكْفُرْ بَعْدُ مِنكُمْ فَإِنِّیْ أُعَذِّبُهُ عَذَاباً لَّا أُعَذِّبُهُ أَحَداً مِّنَ الْعَالَمِیْنَ (115)

ترجمہ: اللہ نے فرمایا: بے شک میں اسے تم پر نازل فرماتا ہوں، پھر تم میں سے جو شخص (اس کے) بعد کفر کرے گا تو یقیناً میں اسے ایسا عذاب دوں گا کہ تمام جہان والوں میں سے کسی کو بھی ایسا عذاب نہ دوں گا o

Allah said: 'I certainly send it down to you, but whoever of you disbelieves (after that), I shall punish him with a torment such as I will never inflict on anyone else in all the worlds.'

وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ یَا عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ أَأَنتَ قُلتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُونِیْ وَأُمِّیَ إِلَـهَیْنِ مِن دُونِ اللّٰهِ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا یَكُونُ لِیْ أَنْ أَقُولَ مَا لَیْسَ لِیْ بِحَقٍّ إِن كُنتُ قُلْتُهُ فَقَدْ عَلِمْتَهُ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَا أَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ إِنَّكَ أَنتَ عَلَّامُ الْغُیُوبِ (116)

ترجمہ: اور جب اللہ فرمائے گا: اے عیسٰی ابن مریم! کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ تم مجھ کو اور میری ماں کو اللہ کے سوا دو معبود بنا لو، وہ عرض کریں گے: تو پاک ہے، میرے لیے یہ (روا) نہیں کہ میں ایسی بات کہوں جس کا مجھے کوئی حق نہیں۔ اگر میں نے یہ بات کہی ہوتی تو یقیناً تو اسے جانتا، تو ہر اس (بات) کو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے اور میں ان (باتوں) کو نہیں جانتا جو تیرے علم میں ہیں۔ بے شک تو ہی غیب کی سب باتوں کو خوب جاننے والا ہے o

And when Allah will say: 'O 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary)! Did you ask the people to take you and your mother as two gods besides Allah?' He will submit: 'Glory be to You! It is not (justified) for me to say such a thing as I have no right to say. Had I said it, You would surely have known it. You know every such (thing) that is in my heart, but I do not know those (things) which are in Your knowledge. Indeed, it is only You Who know well all that is unseen.

مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلَّا مَا أَمَرْتَنِیْ بِهِ أَنِ اعْبُدُواْ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ وَكُنتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْداً مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنتَ أَنتَ الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ وَأَنتَ عَلَی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ (117)

ترجمہ: میں نے انہیں سوائے اس (بات) کے کچھ نہیں کہا تھا جس کا تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ تم (صرف) اللہ کی عبادت کیا کرو جو میرا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، اور میں ان (کے عقائد و اعمال) پر (اس وقت تک) خبردار رہا جب تک میں ان لوگوں میں موجود رہا، پھر جب تو نے مجھے اٹھا لیا تو تو ہی ان (کے حالات) پر نگہبان تھا، اور تو ہر چیز پر گواہ ہے o

I said to them nothing except (that) which You ordered me to say: Worship (only) Allah, Who is my Lord and your Lord (too). And I kept a vigilant watch over (their beliefs and actions) so long as I was amongst them. But when You lifted me up, then You alone watched over their (affairs), and You are a Witness to everything.

إِن تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِن تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (118)

ترجمہ: اگر تو انہیں عذاب دے تو وہ تیرے (ہی) بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے تو بے شک تو ہی بڑا غالب حکمت والا ہےo

If You torment them, they are only Your servants, and if You forgive them, You are indeed Almighty, All-Wise.'

قَالَ اللّهُ هَـذَا يَـوْمُ يَنفَعُ الصَّادِقِيْنَ صِدْقُهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً رَّضِىَ اللّهُ عَنْهُمْ وَرَضُواْ عَنْهُ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (119)

ترجمہ: اللہ فرمائے گا: یہ ایسا دن ہے (جس میں) سچے لوگوں کو ان کا سچ فائدہ دے گا، ان کے لیے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اس سے راضی ہو گئے، یہی (رضائے الٰہی) سب سے بڑی کامیابی ہےo

Allah will say: 'This is the Day (when) the truth of the truthful will benefit them. There are Gardens for them with streams flowing beneath; they will live therein forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Him. This (pleasure of Allah) is the highest achievement.'

سورۃ الانعام:

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ إِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنذِرِيْنَ فَمَنْ آمَنَ وَأَصْلَحَ فَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُوْنَ (48)

ترجمہ: اور ہم پیغمبروں کو نہیں بھیجتے مگر خوشخبری سنانے والے اور ڈر سنانے والے بنا کر، سو جو شخص ایمان لے آیا اور (عملاً) درست ہو گیا تو ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گےo

And We do not send Messengers but as Bearers of glad tidings and as Warners. So whoever believes and changes into a righteous person (practically), they will have nothing to fear, nor will they grieve.

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيْمُ لِأَبِيْهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَاماً آلِهَةً إِنِّىْ أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِىْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ (74)

ترجمہ: اور (یاد کیجئے) جب ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے باپ آزر (جو حقیقت میں چچا تھا محاورۂ عرب میں اسے باپ کہا گیا ہے) سے کہا: کیا تم بتوں کو معبود بناتے ہو؟ بے شک میں تمہیں اور تمہاری قوم کو صریح گمراہی میں (مبتلا) دیکھتا ہوںo

And recall when Ibrahim (Abraham) said to his father Azar (he was in fact his paternal uncle and is called father according to Arabic usage): 'Do you take the idols as gods? Indeed, I find you and your people (engaged) in manifest error.'

وَكَذَلِكَ نُرِيٓ إِبۡرَٰهِيمَ مَلَكُوتَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَلِيَكُونَ مِنَ ٱلۡمُوقِنِينَ (75)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کوآسمانوں اورزمین کی تمام بادشاہتیں (یعنی عجائباتِ خلق) دکھائیں اور (یہ) اس لیے کہ وہ عین الیقین والوں میں ہوجائےo

And in the same way, We showed Ibrahim (Abraham) all the kingdoms of the heavens and the earth (i.e., the wonders of Our creation) so that he might be one of those who possess the eye of certitude.

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيۡهِ ٱلَّيۡلُ رَءَا كَوۡكَبٗاۖ قَالَ هَٰذَا رَبِّيۖ فَلَمَّآ أَفَلَ قَالَ لَآ أُحِبُّ ٱلۡأٓفِلِينَ (76)

ترجمہ: پھرجب ان پررات نے اندھیرا کردیا توانہوں نے (ایک) ستارہ دیکھا (تو) کہا: (کیاتمہارے خیال میں) یہ میرارب ہے؟ پھرجب وہ ڈوب گیاتو (اپنی قوم کوسنا کر) کہنے لگے: میں ڈوب جانے والوں کوپسندنہیں کرتاo

So when the night spread its darkness over him, he beheld a star and said: 'Is this my Lord (according to your view)?' But when it set, he said (communicating to his people): 'I do not like the setting ones.'

فَلَمَّا رَءَا ٱلۡقَمَرَ بَازِغٗا قَالَ هَٰذَا رَبِّيۖ فَلَمَّآ أَفَلَ قَالَ لَئِن لَّمۡ يَهۡدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ ٱلۡقَوۡمِ ٱلضَّآلِّينَ (77)

ترجمہ: پھرجب چاندکوچمکتے دیکھا (تو) کہا: (کیاتمہارے خیال میں) یہ میرارب ہے؟ پھرجب وہ (بھی) غائب ہوگیاتو (اپنی قوم کوسنا کر) کہنے لگے: اگرمیرارب مجھے ہدایت نہ فرماتا تومیں بھی ضرور (تمہاری طرح) گمراہوں کی قوم میں سے ہوجاتاo

Then when he saw the moon shining, he asked: 'Is this my Lord (according to your view)?' But when that (also) went down, he said (communicating to his people): 'Had my Lord not guided me, I would surely have become (like you) one of those who go astray.'

فَلَمَّا رَءَا ٱلشَّمۡسَ بَازِغَةٗ قَالَ هَٰذَا رَبِّي هَٰذَآ أَكۡبَرُۖ فَلَمَّآ أَفَلَتۡ قَالَ يَٰقَوۡمِ إِنِّي بَرِيٓءٞ مِّمَّا تُشۡرِكُونَ (78)

ترجمہ: پھرجب سورج کوچمکتے دیکھا (تو) کہا: (کیااب تمہارے خیال میں) یہ میرارب ہے (کیونکہ) یہ سب سے بڑاہے؟ پھر جب وہ (بھی) چھپ گیاتو بول اٹھے: اےلوگو! میں ان (سب چیزوں) سے بیزارہوں جنہیں تم (اللہ کا) شریک گردانتے ہوo

Then when he saw the sun shining, he said: 'Is it my Lord (in your view because) this is the biggest?' But when that (too) set, he exclaimed: 'O people! I dissociate myself from (all) those (objects) that you associate (with Allah) as His partners.

إِنِّي وَجَّهۡتُ وَجۡهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضَ حَنِيفٗا وَمَآ أَنَا۠ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ (79)

ترجمہ: بےشک میں نے اپنا رُخ (ہرسمت سے ہٹا کر) یکسوئی سے اس (ذات) کی طرف پھیرلیا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کوبےمثال پیدافرمایاہےاور (جان لوکہ) میں مشرکوں میں سےنہیں ہوںo

I have indeed turned my face single-mindedly (from all sides) towards that (Being) Who has created the heavens and the earth beyond compare and (beware, for) I am not from amongst the polytheists.'

وَحَآجَّهُ قَوْمُهُ قَالَ أَتُحَاجُّونِّيْ فِي اللّهِ وَقَدْ هَدَانِ وَلاَ أَخَافُ مَا تُشْرِكُونَ بِهِ إِلاَّ أَن يَشَاءَ رَبِّيْ شَيْئاً وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْماً أَفَلاَ تَتَذَكَّرُونَ (80)

ترجمہ: اوران کی قوم ان سے بحث وجدال کرنے لگی (تو) انہوں نے کہا: بھلا تم مجھ سے اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہو حالاں کہ اس نے مجھے ہدایت فرما دی ہے، اور میں ان (باطل معبودوں) سے نہیں ڈرتا جنہیں تم اس کا شریک ٹھہرا رہے ہو مگر (یہ کہ) میرا رب جو کچھ (ضرر) چاہے (پہنچا سکتا ہے)۔ میرے رب نے ہر چیز کو (اپنے) علم سے احاطہ میں لے رکھا ہے، سو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے o

And his people started disputing and contending with him. (Then) he said: 'Do you dispute with me about Allah, Who has in fact guided me aright? And I fear not these (false gods) that you associate with Him except that whatever (harm) my Lord may will (He can do). My Lord has encompassed everything with (His) knowledge. So, do you not accept admonition?

وَكَيْفَ أَخَافُ مَا أَشْرَكْتُمْ وَلاَ تَخَافُونَ أَنَّكُمْ أَشْرَكْتُم بِاللّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَاناً فَأَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ أَحَقُّ بِالأَمْنِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ(81)

ترجمہ: اور میں ان (معبودانِ باطلہ) سے کیونکر خوفزدہ ہوسکتا ہوں جنہیں تم (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہو درآنحالیکہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ تم نے اللہ کے ساتھ (بتوں کو) شریک بنا رکھا ہے (جبکہ) اس نے تم پر اس (شرک) کی کوئی دلیل نہیں اتاری (اب تم ہی جواب دو!) سو ہر دو فریق میں سے (عذاب سے) بے خوف رہنے کا زیادہ حق دار کون ہے؟ اگر تم جانتے ہو o

And how should I fear these (false gods) that you associate as partners (with Allah) whilst you do not fear that you have set up (idols as) peers to Allah (whereas) He has not sent down to you any authority (to associate? Now reply yourselves:) Which of the two parties then has greater right to be free from the fear (of chastisement) if you have knowledge?'

الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَلَمْ يَلْبِسُواْ إِيْمَانَهُم بِظُلْمٍ أُوْلَـئِكَ لَهُمُ الأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ (82)

ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک کے) ظلم کے ساتھ نہیں ملایا انہی لوگوں کے لیے امن (یعنی اُخروی بے خوفی) ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیں o

Those who believe and do not mix up their belief with injustice (of polytheism), it is they who are entitled to peace (i.e., fearlessness in the Hereafter), and it is they who are blessed with guidance.

وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَى قَوْمِهِ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاء إِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ (83)

ترجمہ: اور یہی ہماری (توحید کی) دلیل تھی جو ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کی (مخالف) قوم کے مقابلہ میں دی تھی۔ ہم جس کے چاہتے ہیں درجات بلند کر دیتے ہیں۔ بے شک آپ کا رب بڑی حکمت والا خوب جاننے والا ہے o

And this was Our proof (of the Oneness of Allah) that We imparted to Ibrahim (Abraham) against a people (hostile to him). We exalt to higher ranks whom

We please. Surely, your Lord is Most Wise, All-Knowing.

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ كُلًّا هَدَيْنَا وَنُوحاً هَدَيْنَا مِن قَبْلُ وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَى وَهَارُونَ وَكَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ (84)

ترجمہ: اور ہم نے ان (ابراہیم علیہ السلام) کو اسحاق اور یعقوب (بیٹا اور پوتا علیہما السلام) عطا کیے، ہم نے (ان) سب کو ہدایت سے نوازا، اور ہم نے (ان سے) پہلے نوح (علیہ السلام) کو (بھی) ہدایت سے نوازا تھا اور ان کی اولاد میں سے داؤد اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور موسیٰ اور ہارون (علیہم السلام کو بھی ہدایت عطا فرمائی تھی)، اور ہم اسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیںo

And We bestowed upon him (Ibrahim [Abraham]) Ishaq (Isaac) and Ya'qub (Jacob-son and grandson) and blessed all (of them) with guidance. (Also) before (them), We provided guidance to Nuh (Noah) and (guided aright) amongst his progeny Dawud (David), Sulayman (Solomon) and Ayyub (Job) and Yusuf (Joseph) and Musa (Moses) and Harun (Aaron). And thus do We reward the pious.

وَزَكَرِيَّا وَيَحْيَى وَعِيسَى وَإِلْيَاسَ كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ (85)

ترجمہ: اور زکریا اور یحییٰ اور عیسیٰ اور الیاس (علیہم السلام کو بھی ہدایت بخشی)۔ یہ سب نیکوکار (قربت اور حضوری والے) لوگ تھےo

And (We guided also) Zakariyya (Zacharias), Yahya (John) and 'Isa (Jesus) and Ilyas (Elias). All these were the righteous people (blessed with His nearness and divine consciousness).

وَإِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطاً وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ (86)

ترجمہ: اور اسمٰعیل اور الیسع اور یونس اور لوط (علیہم السلام کو بھی ہدایت سے شرف یاب فرمایا)، اور ہم نے ان سب کو (اپنے زمانے کے) تمام جہان والوں پر فضیلت بخشیo

And (We guided) Isma'il (Ishmael), al-Yasa' (Elisha) and Yunus (Jonah) and Lut (Lot, too). And We exalted all of them above all the people (of their time).

وَمِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَإِخْوَانِهِمْ وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَهَدَيْنَاهُمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (87)

ترجمہ: اور ان کے آباؤ (واجداد) اور ان کی اولاد اور ان کے بھائیوں میں سے بھی (بعض کو ایسی فضیلت عطا فرمائی) اور ہم نے انہیں (اپنے لطفِ خاص اور بزرگی کے لیے) چن لیا تھا اور انہیں سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرما دی تھیo

And also of their ancestors and descendants and their brothers (We honoured some with similar excellence) and We chose them (for Our special favour and eminence) and guided them to the straight road.

ذَلِكَ هُدَى اللّهِ يَهْدِي بِهِ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَلَوْ أَشْرَكُواْ لَحَبِطَ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (88)

ترجمہ: یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے، اور اگر (بالفرض) یہ لوگ شرک کرتے تو ان سے وہ سارے اعمالِ (خیر) ضبط (یعنی نیست و نابود) ہو جاتے جو وہ انجام دیتے تھےo

This is the guidance of Allah whereby He guides those of His servants whom He wills. But, if (supposedly) they had associated partners with Allah, all their (pious) deeds that they performed would have been seized(i.e., become void).

أُوْلَـئِكَ الَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ فَإِن يَكْفُرْ بِهَا هَـؤُلاء فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْماً لَّيْسُواْ بِهَا بِكَافِرِيْنَ (89)

ترجمہ: (یہی) وہ لوگ ہیں جنہیں ہم نے کتاب اور حکم (شریعت) اور نبوّت عطا فرمائی تھی۔ پھر اگر یہ لوگ (یعنی کفّار) ان باتوں سے انکار کر دیں تو بے شک ہم نے ان (باتوں) پر (ایمان لانے کے لیے) ایسی قوم کو مقرر کر دیا ہے جو ان سے انکار کرنے والے نہیں (ہوں گے)o

(It is) they whom We gave the Book and the Authority of Judgement (Shariah) and Prophethood. Then if these people (the disbelievers) deny these things, We have indeed appointed such people (to believe in these things) as (will) never deny them.

أُوْلَـئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ قُل لاَّ أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِنْ هُوَ إِلاَّ ذِكْرَى لِلْعَالَمِيْنَ(90)

ترجمہ: (یہی) وہ لوگ (یعنی پیغمبرانِ خدا) ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت فرمائی ہے پس (اے رسولِ آخر الزمان!) آپ ان کے (فضیلت والے سب) طریقوں (کو اپنی سیرت میں جمع کر کے ان) کی پیروی کریں (تاکہ آپ کی ذات میں ان تمام انبیاء و رسل کے فضائل و کمالات یکجا ہو جائیں)، آپ فرما دیجیے: (اے لوگو!) میں تم سے اس (ہدایت کی فراہمی پر کوئی اجرت نہیں مانگتا۔ یہ تو صرف جہان والوں کے لیے نصیحت ہے)o

It is (these) people (the Messengers of Allah) whom Allah has granted guidance. So, (O Last of the Messengers,) put into your practice all their (exalted and superior) ways and methods (and assimilate them into your holy personage so that all the superior traits and sublime attributes of all the Messengers of Allah collect in you). Say: '(O people,) I do not ask you for any wages (for this provision of guidance); it is but an admonition for mankind.'

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوّاً شَيَاطِيْنَ الإِنسِ وَالْجِنِّ يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوراً وَلَوْ شَاء رَبُّكَ مَا فَعَلُوهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ(112)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے انسانوں اور جنّوں میں سے شیطانوں کو دشمن بنا دیا جو ایک دوسرے کے دل میں ملمع کی ہوئی (چکنی چپڑی) باتیں (وسوسہ کے طور پر) دھوکہ دینے کے لیے ڈالتے رہتے ہیں، اور اگر آپ کا ربّ (انہیں جبراً روکنا) چاہتا (تو) وہ ایسا نہ کر پاتے، سو آپ انہیں (بھی) چھوڑ دیں اور جو کچھ وہ بہتان باندھ رہے ہیں (اسے بھی)o

And the same way We made for every Prophet enemies-the satans from amongst men and jinn-who always pour into one another's hearts (flattery and) gilded talk (as suspicions) in order to deceive. And if your Lord had willed (to prevent them forcefully), they would not have done so. So leave them and (also) the falsehood which they fabricate.

يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالإِنسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي وَيُنذِرُونَكُمْ لِقَاء يَوْمِكُمْ هَـذَا قَالُواْ شَهِدْنَا عَلَى أَنفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُواْ عَلَى أَنفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُواْ كَافِرِيْنَ (130)

ترجمہ: اے گروہِ جن وانس! کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول نہیں آئے تھے جو تم پر میری آیتیں بیان کرتے تھے اور تمہاری اس دن کی پیشی سے تمہیں ڈراتے تھے؟ (تو) وہ کہیں گے: ہم اپنی جانوں کے خلاف گواہی دیتے ہیں، اور انہیں دنیا کی زندگی نے دھوکہ میں ڈال رکھا تھا اور وہ اپنی جانوں کے خلاف اس (بات) کی گواہی دیں گے کہ وہ (دنیا میں) کافر (یعنی حق کے انکاری) تھےo

O community of jinn and men! Did Messengers not come to you from amongst yourselves reciting My Verses to you, and warning you of your appearance (before Me) this Day? They will say: 'We bear witness against our own souls.' The life of the world had caught them in deception, and they will bear witness (to this effect) against themselves that (in the world) they were disbelievers (i.e., the beliers of the truth).

ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَاماً عَلَى الَّذِيَ أَحْسَنَ وَتَفْصِيلاً لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَاء رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ (154)

ترجمہ: پھر ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب عطا کی اس شخص پر (نعمت) پوری کرنے کے لیے جو نیکوکار بنے اور (اسے) ہر چیز کی تفصیل اور ہدایت اور رحمت بنا کر (اتارا) تاکہ وہ (لوگ قیامت کے دن) اپنے رب سے ملاقات پر ایمان لائیںo

Then We gave Musa (Moses) the Book to complete (the favour) on him who would become pious, and (revealed it) as explanation of everything and as guidance and mercy, so that they might believe in meeting with their Lord (on the Day of Resurrection).

قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ دِيناً قِيَماً مِّلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفاً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ(161)

ترجمہ: فرما دیجیے: بے شک مجھے میرے رب نے سیدھے راستے کی ہدایت فرما دی ہے، (یہ) مضبوط دین (کی راہ ہے اور یہی) اللہ کی طرف یک سو اور ہر باطل سے جدا ابراہیم (علیہ السلام) کی ملت ہے، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھےo

Say: 'Verily, my Lord has guided me to the straight path. (This is the path of) the well-founded Din (Religion), the path followed by Ibrahim (Abraham) single-mindedly devoted to Allah, turning aside from every falsehood. And he was not of the polytheists.'

سورۃ الاعراف:

فَلَنَسْأَلَنَّ الَّذِيْنَ أُرْسِلَ إِلَيْهِمْ وَلَنَسْأَلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ (6)

ترجمہ: پھر ہم ان لوگوں سے ضرور پرسش کریں گے جن کی طرف رسول بھیجے گئے اور ہم یقیناً رسولوں سے بھی (ان کی دعوت وتبلیغ کے ردِّعمل کی نسبت) دریافت کریں گےo

Then We shall certainly interrogate those to whom We sent Messengers, and

We shall assuredly ask the Messengers as well (with regard to the response to their call for truth and their teaching and preaching).

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِم بِعِلْمٍ وَمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ (7)

ترجمہ: پھر ہم ان پر (اپنے) علم سے (ان کے سب) حالات بیان کریں گے اور ہم (کہیں) غائب نہ تھے (کہ انہیں دیکھتے نہ ہوں)o

We shall then relate to them from (Our) knowledge (all their) affairs, and We were not absent (from anywhere, unable to monitor them).

وَيَا آدَمُ اسْكُنْ أَنتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلاَ مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلاَ تَقْرَبَا هَـذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِيْنَ (19)

ترجمہ: اور اے آدم! تم اور تمہاری زوجہ (دونوں) جنت میں سکونت اختیار کرو سو جہاں سے تم دونوں چاہو کھایا کرو اور (بس) اس درخت کے قریب مت جانا ورنہ تم دونوں حد سے تجاوز کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گےo

And, O Adam, reside (both) you and your wife in Paradise and eat from wherever you wish. And (beware!) Do not go near this tree lest you become of those who transgress.'

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطَانُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُورِيَ عَنْهُمَا مِن سَوْءَاتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهَاكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هَـذِهِ الشَّجَرَةِ إِلاَّ أَن تَكُونَا مَلَكَيْنِ أَوْ تَكُونَا مِنَ الْخَالِدِيْنَ (20)

ترجمہ: پھر شیطان نے دونوں کے دل میں وسوسہ ڈالا تاکہ ان کی شرم گاہیں جو ان (کی نظروں) سے پوشیدہ تھیں ان پر ظاہر کر دے اور کہنے لگا: (اے آدم وحوا!) تمہارے رب نے تمہیں اس درخت (کا پھل کھانے) سے نہیں روکا مگر (صرف اس لیے کہ اسے کھانے سے) تم دونوں فرشتے بن جاؤ گے (یعنی علائقِ بشری سے پاک ہو جاؤ گے) یا تم دونوں (اس میں) ہمیشہ رہنے والے بن جاؤ گے (یعنی اس مقامِ قرب سے کبھی محروم نہیں کیے جاؤ گے)o

But Satan created doubt in the hearts of both (Adam and Hawwa [Eve]) in order to make manifest to them their private parts which were hidden (from their eyes). He said: '(O Adam and Hawwa [Eve],) your Lord has not forbidden you (eating fruit of) this tree, but (because, eating it,) you both will transform into angels (free from human characteristics), or both of you become (its) permanent residents (i.e., never will you be deprived of this station of proximity).'

وَقَاسَمَهُمَا إِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النَّاصِحِيْنَ (21)

ترجمہ: اور ان دونوں سے قسم کھا کر کہا کہ بے شک میں تمہارے خیر خواہوں میں سے ہوںo

And he swore to both of them, saying: 'I am indeed of your well-wishers.'

فَدَلاَّهُمَا بِغُرُورٍ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْءَاتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِن وَرَقِ الْجَنَّةِ وَنَادَاهُمَا رَبُّهُمَا أَلَمْ أَنْهَكُمَا عَن تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَأَقُل لَّكُمَا إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ(22)

ترجمہ: پس وہ فریب کے ذریعے دونوں کو (درخت کا پھل کھانے تک) اتار لایا، سو جب دونوں نے درخت (کے پھل) کو چکھ لیا

تو دونوں کی شرم گاہیں ان کے لیے ظاہر ہوگئیں اور دونوں اپنے (بدن کے) اوپر جنت کے پتے چپکانے لگے، تو ان کے رب نے انہیں ندا فرمائی کہ کیا میں نے تم دونوں کو اس درخت (کے قریب جانے) سے روکا نہ تھا اور تم سے یہ (نہ) فرمایا تھا کہ بے شک شیطان تم دونوں کا کھلا دشمن ہےo

So by means of deceit he tempted both of them down (into eating the fruit of the tree). When both had tasted (the fruit of) the tree, their private parts became manifest to them, and they started sticking the leaves of Paradise to their (bodies). Then their Lord called out to them: 'Did I not forbid both of you (to get closer to) that tree, and did I (not) say to you: Satan is indeed an open enemy of you both?'

قَالاَ رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ (23)

ترجمہ: دونوں نے عرض کیا: اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی؛ اور اگر تو نے ہم کو نہ بخشا اور ہم پر رحم (نہ) فرمایا تو ہم یقیناً نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گےo

Both of them submitted: 'O our Lord! We have wronged our souls. And if You do not forgive us and have mercy on us, we shall certainly be amongst the losers.'

قَالَ اهْبِطُواْ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِيْ الأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَى حِيْنٍ (24)

ترجمہ: ارشادِ باری ہوا: تم (سب) نیچے اتر جاؤ تم میں سے بعض بعض کے دشمن ہیں، اور تمہارے لیے زمین میں معیّن مدت تک جائے سکونت اور متاعِ حیات (مقرر کر دیے گئے ہیں گویا تمہیں زمین میں قیام و معاش کے دو بنیادی حق دے کر اتارا جا رہا ہے، اس پر اپنا نظامِ زندگی استوار کرنا)o

(Allah) said: 'Go down (all of you and live in the earth); some of you are enemies of others. A residence and means of living (have been determined) for you in the earth for a fixed term (i.e., you are sent down with two basic rights of dwelling and subsistence in the earth; so, organize and stabilize the system of your life on that basis).'

قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ (25)

ترجمہ: ارشاد فرمایا: تم اسی (زمین) میں زندگی گزارو گے اور اسی میں مَرو گے اور (قیامت کے روز) اسی میں سے نکالے جاؤ گےo

(Allah) said: 'You will spend your life in the very same earth, and will die in it, and from the same will you be brought forth (on the Day of Resurrection).'

يَا بَنِيْ آدَمَ قَدْ أَنزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاساً يُوَارِيْ سَوْءَاتِكُمْ وَرِيْشاً وَلِبَاسُ التَّقْوَى ذَلِكَ خَيْرٌ ذَلِكَ مِنْ آيَاتِ اللّهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ (26)

ترجمہ: اے اولادِ آدم! بے شک ہم نے تمہارے لیے (ایسا) لباس اتارا ہے جو تمہاری شرم گاہوں کو چھپائے اور (تمہیں) زینت

بخشے اور (اس ظاہری لباس کے ساتھ ایک باطنی لباس بھی اتارا ہے اور وہی) تقوٰی کا لباس ہی بہتر ہے۔ یہ (ظاہر و باطن کے لباس سب) اللہ کی نشانیاں ہیں تاکہ وہ نصیحت قبول کریںo

O mankind! Surely, We have sent down for you (such) clothing that hides your private parts and adds (to your) aesthetic value. And (in addition to your outward clothes, We have also provided you an inward dress as well, and that is) the dress of Godwariness (which) is the best. (All these inner and outer attires) are the signs of Allah so that they may take advice.

لَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُواْ اللّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَـهٍ غَيْرُهُ إِنِّيَ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (59)

ترجمہ: بے شک ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا سو انہوں نے کہا: اے میری قوم (کے لوگو!) تم اللہ کی عبادت کیا کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، یقیناً مجھے تمہارے اوپر ایک بڑے دن کے عذاب کا خوف آتا ہےo

Indeed, We sent Nuh (Noah) to his people. So he said: 'O my people! Worship Allah; you have no other God except He. Verily, I fear for you the torment of a dreadful Day.'

قَالَ الْمَلأُ مِن قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِي ضَلاَلٍ مُّبِينٍ (60)

ترجمہ: ان کی قوم کے سرداروں اور رئیسوں نے کہا: (اے نوح!) بے شک ہم تمہیں کھلی گمراہی میں (مبتلا) دیکھتے ہیںo

The chiefs and the affluent of his people said: '(O Nuh [Noah],) surely, we find you (caught) in an open error.'

قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِي ضَلاَلَةٌ وَلَكِنِّي رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (61)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے میری قوم! مجھ میں کوئی گمراہی نہیں لیکن (یہ حقیقت ہے کہ) میں تمام جہانوں کے رب کی طرف سے رسول (مبعوث ہوا) ہوںo

He said: 'O my people, there is not any error in me, but (the truth is that) I am (raised as) a Messenger by the Lord of all the worlds.

أُبَلِّغُكُمْ رِسَالاَتِ رَبِّي وَأَنصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (62)

ترجمہ: میں تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچا رہا ہوں اور تمہیں نصیحت کر رہا ہوں اور اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتےo

I communicate to you the messages of my Lord and exhort you, and I know from Allah that which you do not know.

أَوَعَجِبْتُمْ أَن جَاءكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَى رَجُلٍ مِّنكُمْ لِيُنذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُواْ وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (63)

ترجمہ: کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہے کہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے تم ہی میں سے ایک مرد (کی زبان) پر نصیحت آئی تاکہ وہ تمہیں (عذابِ الٰہی سے) ڈرائے اور تم پرہیزگار بن جاؤ اور یہ اس لیے ہے کہ تم پر رحم کیا جائےo

Do you wonder that direction and guidance from your Lord has come (on the tongue) of a man from amongst yourselves so that he may warn you (of the chastisement of Allah), and that you become Godfearing, and the

purpose is that mercy may be shown to you?'

فَكَذَّبُوهُ فَأَنجَيْنَاهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ فِيْ الْفُلْكِ وَأَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا إِنَّهُمْ كَانُواْ قَوْماً عَمِيْنَ (64)

ترجمہ: پھران لوگوں نے انہیں جھٹلایا سوہم نے انہیں اوران لوگوں کو جو کشتی میں ان کی معیّت میں تھے نجات دی اور ہم نے ان لوگوں کوغرق کر دیا جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا، بے شک وہ اندھے (یعنی بے بصیرت) لوگ تھےo

Then they belied him. So We delivered him and those who were with him in the Ark, and We drowned all those who rejected Our Revelations as false. They were indeed a blind people (with no insight).

وَإِلَى عَادٍ أَخَاهُمْ هُوداً قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُواْ اللّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَـهٍ غَيْرُهُ أَفَلاَ تَتَّقُونَ (65)

ترجمہ: اور ہم نے (قومِ) عاد کی طرف ان کے (قومی) بھائی ہُود (علیہ السلام) کو (بھیجا)، انہوں نے کہا: اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کیا کرو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں، کیا تم پرہیزگار نہیں بنتےo

And to (the people of) 'Ad We (sent) their (kinship) brother Hud. He said: 'O my people, always worship Allah; you have no other God except He. Will you not become Godfearing?'

قَالَ الْمَلأُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ مِن قَوْمِهِ إِنَّا لَنَرَاكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وِإِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ (66)

ترجمہ: ان کی قوم کے سرداروں اور رئیسوں نے جو کفر (یعنی دعوتِ حق کی مخالفت ومزاحمت) کر رہے تھے کہا: (اے ہود!) بے شک ہم تمہیں حماقت (میں مبتلا) دیکھتے ہیں اور بے شک ہم تمہیں جھوٹے لوگوں میں گمان کرتے ہیںo

The chiefs and the affluent of his people who disbelieved (i.e., resisted and opposed the call for truth) said: '(O Hud,) we certainly find you (steeped) in foolishness, and we think you are surely one of the liars.'

قَالَ يَا قَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَلَكِنِّيْ رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ(67)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے میری قوم! مجھ میں کوئی حماقت نہیں لیکن (یہ حقیقت ہے کہ) میں تمام جہانوں کے رب کی طرف سے رسول (مبعوث ہوا) ہوںo

He said: 'O my people, there is no foolishness about me, but (the truth is that) I am (raised as) a Messenger from the Lord of all the worlds.

أُبَلِّغُكُمْ رِسَالاتِ رَبِّيْ وَأَنَاْ لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِيْنٌ (68)

ترجمہ: میں تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچا رہا ہوں اور میں تمہارا امانت دار خیر خواہ ہوںo

I am communicating to you the messages of my Lord and I am your trustworthy well-wisher.

أَوَعَجِبْتُمْ أَن جَاءكُمْ ذِكْرٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَلَى رَجُلٍ مِّنكُمْ لِيُنذِرَكُمْ وَاذْكُرُواْ إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاء مِن بَعْدِ قَوْمِ نُوحٍ وَزَادَكُمْ فِيْ الْخَلْقِ بَسْطَةً فَاذْكُرُواْ آلاء اللّهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (69)

ترجمہ: کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہے کہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے تم ہی میں سے ایک مرد (کی زبان) پر نصیحت آئی تاکہ وہ تمہیں (عذابِ الٰہی سے) ڈرائے، اور یاد کرو جب اس نے تمہیں قومِ نوح کے بعد (زمین پر) جانشین بنایا اور تمہاری

خلقت میں (قد وقامت اور) قوت کو مزید بڑھا دے، سو تم اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤo

Do you wonder that direction and guidance from your Lord has come (on the tongue) of a man from amongst yourselves so that he may warn you (of the chastisement of Allah)? And call to mind when He made you the successors (in the land) after the people of Nuh (Noah) and in raising you amply augmented your power (might and stature). So remember the favours of Allah so that you may prosper.'

قَالُواْ أَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّهَ وَحْدَهُ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ (70)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: کیا تم ہمارے پاس (اس لیے) آئے ہو کہ ہم صرف ایک اللہ کی عبادت کریں اور ان (سب خداؤں) کو چھوڑ دیں جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کیا کرتے تھے؟ سو تم ہمارے پاس وہ (عذاب) لے آؤ جس کی تم ہمیں وعید سناتے ہو اگر تم سچے لوگوں میں سے ہوo

They said: 'Have you come to us (that) we may worship only One God, Allah, and forsake (all those gods) whom our ancestors used to worship? So bring upon us that (torment) you have warned us of, if you are of the truthful.'

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَغَضَبٌ أَتُجَادِلُونَنِيْ فِيْ أَسْمَاء سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَآؤُكُم مَّا نَزَّلَ اللّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ فَانتَظِرُواْ إِنِّيْ مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِيْنَ (71)

ترجمہ: انہوں نے کہا: یقیناً تم پر تمہارے رب کی طرف سے عذاب اور غضب واجب ہو گیا۔ کیا تم مجھ سے ان (بتوں کے) ناموں کے بارے میں جھگڑ رہے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے (خود ہی فرضی طور پر) رکھ لیے ہیں جن کی اللہ نے کوئی سند نہیں اتاری؟ سو تم (عذاب کا) انتظار کرو میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوںo

He said: 'Certainly, the torment and wrath upon you from your Lord has become inevitable. Do you dispute with me over the names (of those idols) which you (yourselves) and your ancestors have (supposedly) named and for which Allah has not sent down any authority? So wait (for the torment); I am (also) with you amongst those who wait.'

فَأَنجَيْنَاهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَمَا كَانُواْ مُؤْمِنِيْنَ (72)

ترجمہ: پھر ہم نے ان کو اور جو لوگ ان کے ساتھ تھے اپنی رحمت کے باعث نجات بخشی اور ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا اور وہ ایمان لانے والے نہ تھےo

Then We emancipated him and those who were on his side by Our Mercy, and cut the roots of those who denied Our Revelations. And they were those who would never have believed.

وَإِلَى ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحاً قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُواْ اللّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَـهٍ غَيْرُهُ قَدْ جَاءتْكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ هَـذِهِ نَاقَةُ اللّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِيْ أَرْضِ اللّهِ وَلاَ تَمَسُّوهَا بِسُوَءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ(73)

ترجمہ: اور (قومِ) ثمود کی طرف ان کے (قومی) بھائی صالح (علیہ السلام) کو (بھیجا)، انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی

عبادت کیا کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، بے شک تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے ایک روشن دلیل آ گئی ہے۔ یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے نشانی ہے، سو تم اسے (آزاد) چھوڑے رکھنا کہ اللہ کی زمین میں چَرتی رہے اور اسے برائی (کے ارادے) سے ہاتھ نہ لگانا ورنہ تمہیں دردناک عذاب آ پکڑے گاo

And to (the people of) Thamud We (sent) their (kinship) brother Salih. He said: 'O my people, always worship Allah; you have no other God except He. Indeed, there has come to you from your Lord a clear sign. This she-camel of Allah is a sign for you. So leave her (free) to graze in Allah's earth, and do not touch her with an evil (intention), or a grievous torment will seize you.'

وَاذْكُرُواْ إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاء مِن بَعْدِ عَادٍ وَبَوَّأَكُمْ فِي الأَرْضِ تَتَّخِذُونَ مِن سُهُولِهَا قُصُوراً وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ بُيُوتاً فَاذْكُرُواْ آلاء اللّهِ وَلاَ تَعْثَوْا فِي الأَرْضِ مُفْسِدِينَ (74)

ترجمہ: اور یاد کرو جب اس نے تمہیں (قومِ) عاد کے بعد (زمین میں) جانشین بنایا اور تمہیں زمین میں سکونت بخشی کہ تم اس کے نرم (میدانی) علاقوں میں محلات بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش کر (ان میں) گھر بناتے ہو، سو تم اللہ کی (ان) نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں فساد انگیزی نہ کرتے پھرو

And remember when He made you successors (in the land) after (the people of) 'Ad and granted you settlement in the land. You build castles in the soft (plain) areas, and carve out mountains to chisel dwellings (out of them). So remember (these) Favours of Allah, and do not cause disruption and mischief in the land.

قَالَ الْمَلأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُواْ مِن قَوْمِهِ لِلَّذِينَ اسْتُضْعِفُواْ لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ صَالِحاً مُّرْسَلٌ مِّن رَّبِّهِ قَالُواْ إِنَّا بِمَا أُرْسِلَ بِهِ مُؤْمِنُونَ (75)

ترجمہ: ان کی قوم کے ان سرداروں اور رئیسوں نے جو متکبّر و سرکش تھے ان غریب پسے ہوئے لوگوں سے کہا جو ان میں سے ایمان لے آئے تھے: کیا تمہیں یقین ہے کہ واقعی صالح (علیہ السلام) اپنے ربّ کی طرف سے رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں؟ انہوں نے کہا: جو کچھ انہیں دے کر بھیجا گیا ہے بے شک ہم اس پر ایمان رکھنے والے ہیں

The arrogant and rebellious chiefs and the rich of his people asked the poor and the downtrodden who had accepted faith: 'Are you sure that Salih has been really sent from his Lord (as His Messenger)?' They said: 'We surely believe in whatever he has been sent with.'

قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُواْ إِنَّا بِالَّذِيَ آمَنتُمْ بِهِ كَافِرُونَ (76)

ترجمہ: متکبّر لوگ کہنے لگے: بے شک جس (چیز) پر تم ایمان لائے ہو ہم اس کے سخت منکر ہیں

The arrogant said: 'No doubt we strongly deny (that) which you have believed in.'

فَعَقَرُواْ النَّاقَةَ وَعَتَوْاْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُواْ يَا صَالِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ (77)

ترجمہ: پس انہوں نے اونٹنی کو (کاٹ کر) مار ڈالا اور اپنے ربّ کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے: اے صالح! تم وہ (عذاب) ہمارے پاس لے آؤ جس کی تم ہمیں وعید سناتے تھے اگر تم (واقعی) رسولوں میں سے ہو o

So they killed the she-camel (by hamstringing) and rebelled against the command of their Lord and said: 'O Salih! Bring upon us that (torment) you have threatened us with if you are (truly) from amongst the Messengers.'

فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُواْ فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ (78)

ترجمہ: سو انہیں سخت زلزلہ (کے عذاب) نے آ پکڑا پس وہ (ہلاک ہو کر) صبح اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے o

So (the torment of) a high-scale earthquake seized them, and, in the morning, they lay (dead) in their homes with faces down upon the ground.

فَتَوَلَّى عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلَكِن لاَّ تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ (79)

ترجمہ: پھر (صالح علیہ السلام نے) ان سے منہ پھیر لیا اور کہا: اے میری قوم! بے شک میں نے تمہیں اپنے رب کا پیغام پہنچا دیا تھا اور نصیحت (بھی) کر دی تھی لیکن تم نصیحت کرنے والوں کو پسند (ہی) نہیں کرتے o

Then (Salih) turned away from them, saying: 'O my people, verily I delivered the message of my Lord to you and gave you advice (as well) but you do not like the counsellors.'

وَلُوطاً إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُم بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّن الْعَالَمِينَ (80)

ترجمہ: اور لوط (علیہ السلام) کو (بھی ہم نے اسی طرح بھیجا) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم (ایسی) بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو جسے تم سے پہلے اہلِ جہاں میں سے کسی نے نہیں کیا تھا o

And (likewise We sent) Lut ([Lot] as well) when he said to his people: 'Do you perpetrate (such) lasciviousness as no people in the world have attempted before you?

إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّن دُونِ النِّسَاء بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُونَ(81)

ترجمہ: بے شک تم نفسانی خواہش کے لیے عورتوں کو چھوڑ کر مَردوں کے پاس آتے ہو بلکہ تم حد سے گزر جانے والے ہو o

Verily, you go after men for your lust, leaving the women; you are in truth given to transgression.'

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلاَّ أَن قَالُواْ أَخْرِجُوهُم مِّن قَرْيَتِكُمْ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ (82)

ترجمہ: اور ان کی قوم کا سوائے اس کے کوئی جواب نہ تھا کہ وہ کہنے لگے: ان کو بستی سے نکال دو بے شک یہ لوگ بڑے پاکیزگی کے طلب گار ہیں o

And his people had no reply except that they said: 'Drive them out of the town; indeed, they seek the utmost purity!'

فَأَنجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلاَّ امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ (83)

ترجمہ: پس ہم نے ان کو (یعنی لوط علیہ السلام کو) اور ان کے اہلِ خانہ کو نجات دے دی سوائے ان کی بیوی کے، وہ عذاب میں

پڑے رہنے والوں میں سے تھیo

So We delivered him (Lut [Lot]) and his family, except his wife; she was one of those who stayed on in torment.

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَراً فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ (84)

ترجمہ: اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) بارش کر دی سو آپ دیکھئے کہ مجرموں کا انجام کیسا ہواo

And We rained on them (stones). See then what was the end of the evildoers!

وَإِلَى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْباً قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُواْ اللّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَـهٍ غَيْرُهُ قَدْ جَاءتْكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَوْفُواْ الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ وَلاَ تَبْخَسُواْ النَّاسَ أَشْيَاءهُمْ وَلاَ تُفْسِدُواْ فِي الأَرْضِ بَعْدَ إِصْلاَحِهَا ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (85)

ترجمہ: اور مدین کی طرف (ہم نے) ان کے (قومی) بھائی شعیب (علیہ السلام) کو (بھیجا)، انہوں نے کہا: اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کیا کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، بے شک تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے روشن دلیل آ چکی ہے سو تم ماپ اور تول پورے کیا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دیا کرو اور زمین میں اس (کے ماحولِ حیات) کی اصلاح کے بعد فساد بپا نہ کیا کرو، یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم (اس الٰہی پیغام کو) ماننے والے ہوo

And towards Madyan (We sent) their (kinship) brother Shu'ayb. He said: 'O my people, always worship Allah; you have no God except He. Indeed, there has come to you from your Lord a clear sign. So give full measure and weight, and do not decrease whilst giving people their things, nor create mischief in the land after reformation (of the living conditions). This is better for you if you believe (in the divine message).

وَلاَ تَقْعُدُواْ بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ وَتَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّهِ مَنْ آمَنَ بِهِ وَتَبْغُونَهَا عِوَجاً وَاذْكُرُواْ إِذْ كُنتُمْ قَلِيلاً فَكَثَّرَكُمْ وَانظُرُواْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ (86)

ترجمہ: اور تم ہر راستہ پر اس لیے نہ بیٹھا کرو کہ تم ہر اس شخص کو جو اس (دعوت) پر ایمان لے آیا ہے خوفزدہ کرو اور (اسے) اللہ کی راہ سے روکو اور اس (دعوت) میں کجی تلاش کرو (تاکہ اسے دینِ حق سے برگشتہ اور متنفر کر سکو) اور (اللہ کا احسان) یاد کرو جب تم تھوڑے تھے تو اس نے تمہیں کثرت بخشی، اور دیکھو فساد پھیلانے والوں کا انجام کیسا ہواo

And do not sit on every path to frighten everyone who has embraced faith in this (call) and to hinder (him) from the path of Allah and to look for any crookedness in this (Message to make him feel frustrated and disgusted with the true Din [Religion]). And remember (Allah's favour) when you were small in number and He multiplied you. And see what was the end of those who spread mischief and cause disruption!

وَإِن كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنكُمْ آمَنُواْ بِالَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُواْ فَاصْبِرُواْ حَتَّى يَحْكُمَ اللّهُ بَيْنَنَا وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ(87)

ترجمہ: اور اگر تم میں سے کوئی ایک گروہ اس (دین) پر جس کے ساتھ میں بھیجا گیا ہوں ایمان لے آیا ہے اور دوسرا گروہ ایمان نہیں لایا تو (اے ایمان والو!) صبر کرو یہاں تک کہ اللہ ہمارے درمیان فیصلہ فرما دے، اور وہ سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے o

And if a party amongst you have believed in that (Din [Religion]) which I have been sent with, and some other party have not believed in it, then, (O believers,) have patience till Allah judges between us, and He is the Best of judges.

قَالَ الْمَلأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُواْ مِن قَوْمِهِ لَنُخْرِجَنَّكَ يَا شُعَيْبُ وَالَّذِينَ آمَنُواْ مَعَكَ مِن قَرْيَتِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا قَالَ أَوَلَوْ كُنَّا كَارِهِينَ (88)

ترجمہ: ان کی قوم کے سرداروں اور رئیسوں نے جو سرکش و متکبر تھے کہا: اے شعیب! ہم تمہیں اور ان لوگوں کو جو تمہاری معیت میں ایمان لائے ہیں اپنی بستی سے بہر صورت نکال دیں گے یا تمہیں ضرور ہمارے مذہب میں پلٹ آنا ہوگا۔ شعیب (علیہ السلام) نے کہا: اگرچہ ہم (تمہارے مذہب میں پلٹنے سے) بے زار ہی ہوں o

The rebellious and arrogant chiefs and the affluent of his people said: 'O Shu'ayb, we shall in any case drive you out of our town and those who, in your company, have embraced faith, or else you shall have to return to our religion.' Shu'ayb said: 'Even though we despise (to return to your religion)?

قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّهِ كَذِباً إِنْ عُدْنَا فِي مِلَّتِكُم بَعْدَ إِذْ نَجَّانَا اللّهُ مِنْهَا وَمَا يَكُونُ لَنَا أَن نَّعُودَ فِيهَا إِلاَّ أَن يَشَاءَ اللّهُ رَبُّنَا وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْماً عَلَى اللّهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ (89)

ترجمہ: بے شک ہم اللہ پر جھوٹا بہتان باندھیں گے اگر ہم تمہارے مذہب میں اس امر کے بعد پلٹ جائیں کہ اللہ نے ہمیں اس سے بچا لیا ہے، اور ہمارے لیے ہرگز (مناسب) نہیں کہ ہم اس (مذہب) میں پلٹ جائیں مگر یہ کہ اللہ چاہے جو ہمارا رب ہے۔ ہمارا رب اَز روئے علم ہر چیز پر محیط ہے۔ ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کر لیا ہے، اے ہمارے رب! ہمارے اور ہماری (مخالف) قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرما دے اور تو سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے o

Indeed, we would invent a lie against Allah if we returned to your religion after Allah has saved us from it. And it is not at all (appropriate) for us to return to that (religion) unless Allah, our Lord, so wills. As for His knowledge, our Lord encompasses everything; we have put our trust in Allah alone. O our Lord, judge between us and our (hostile) people with truth, and You are the Best of judges.'

وَقَالَ الْمَلأُ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِن قَوْمِهِ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْباً إِنَّكُمْ إِذاً لَّخَاسِرُونَ (90)

ترجمہ: اور ان کی قوم کے سرداروں اور رئیسوں نے جو کفر (و انکار) کے مرتکب ہو رہے تھے کہا: (اے لوگو!) اگر تم نے شعیب (علیہ السلام) کی پیروی کی تو اس وقت تم یقیناً نقصان اٹھانے والے ہو جاؤ گے o

And the chiefs and the affluent of his people, who had disbelieved (and denied the truth), said: 'O people, if you follow Shu'ayb, then you will surely be the losers.'

فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُواْ فِيْ دَارِهِمْ جَاثِمِيْنَ (91)

ترجمہ: پس انہیں شدید زلزلہ (کے عذاب) نے آ پکڑا، سو وہ (ہلاک ہوکر) صبح اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئےo

Then a (torment of) high-scale earthquake seized them, and in the morning, they were dead, lying prone in their homes.

الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ شُعَيْباً كَأَن لَّمْ يَغْنَوْاْ فِيْهَا الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ شُعَيْباً كَانُواْ هُمُ الْخَاسِرِيْنَ (92)

ترجمہ: جن لوگوں نے شعیب (علیہ السلام) کو جھٹلایا (وہ ایسے نیست و نابود ہوئے) گویا وہ اس (بستی) میں (کبھی) بسے ہی نہ تھے۔ جن لوگوں نے شعیب (علیہ السلام) کو جھٹلایا (حقیقت میں) وہی نقصان اٹھانے والے ہو گئےo

Those who belied Shu'ayb were (annihilated) as if they had (never) lived in that (town). Those who belied Shu'ayb, it was (in fact) they who became the losers.

فَتَوَلَّى عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالاَتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ فَكَيْفَ آسَى عَلَى قَوْمٍ كَافِرِيْنَ (93)

ترجمہ: تب (شعیب علیہ السلام) ان سے کنارہ کش ہو گئے اور کہنے لگے: اے میری قوم! بے شک میں نے تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیے تھے اور میں نے تمہیں نصیحت (بھی) کر دی تھی پھر میں کافر قوم (کے تباہ ہونے) پر افسوس کیونکر کروںo

Then (Shu'ayb) separated from them and said: 'O my people, verily, I communicated to you the Messages of my Lord and I admonished you (as well). Then why should I regret (the devastation of) a disbelieving people?'

وَمَا أَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّن نَّبِيٍّ إِلاَّ أَخَذْنَا أَهْلَهَا بِالْبَأْسَاء وَالضَّرَّاء لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُونَ (94)

ترجمہ: اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا مگر ہم نے اس کے باشندوں کو (نبی کی تکذیب و مزاحمت کے باعث) سختی و تنگی اور تکلیف و مصیبت میں گرفتار کر لیا تاکہ وہ آہ و زاری کریںo

And never did We send a Messenger to any land but that We seized its inhabitants with hardship, scarcity, adversity and suffering (due to belying and defying the Messenger) so that they might humble themselves.

تِلْكَ الْقُرَى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَآئِهَا وَلَقَدْ جَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانُواْ لِيُؤْمِنُواْ بِمَا كَذَّبُواْ مِن قَبْلُ كَذَلِكَ يَطْبَعُ اللّهُ عَلَىَ قُلُوبِ الْكَافِرِيْنَ (101)

ترجمہ: یہ وہ بستیاں ہیں جن کی خبریں ہم آپ کو سنا رہے ہیں، اور بے شک ان کے پاس ان کے رسول روشن نشانیاں لے کر آئے تو وہ (پھر بھی) اس قابل نہ ہوئے کہ اس پر ایمان لے آتے جسے وہ پہلے جھٹلا چکے تھے، اس طرح اللہ کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہےo

These are the towns whose news We are narrating to you. Surely, their Messengers came to them with clear signs. But (even then) they were not apt to believe in what they had rejected before. That is how Allah seals up the hearts of the disbelievers.

وَمَا وَجَدْنَا لأَكْثَرِهِم مِّنْ عَهْدٍ وَإِن وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِيْنَ (102)

ترجمہ: اور ہم نے ان میں سے اکثر لوگوں میں عہد (کا نباہ) نہ پایا اور ان میں سے اکثر لوگوں کو ہم نے نافرمان ہی پایاo

And We did not find (the fulfilment of) commitment in most of them, and We found most of them but disobedient.

ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِم مُّوسَى بِآيَاتِنَا إِلَى فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَظَلَمُواْ بِهَا فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ (103)

ترجمہ: پھر ہم نے ان کے بعد موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے (درباری) سرداروں کے پاس بھیجا تو انہوں نے ان (دلائل اور معجزات) کے ساتھ ظلم کیا، پھر آپ دیکھئے کہ فساد پھیلانے والوں کا انجام کیسا ہوا؟o

Then after them, We sent Musa (Moses) with Our signs to Pharaoh and the nobles of his (court), but they did injustice to (these proofs and miracles). See, then, what was the end of those who spread mischief and strife!

وَقَالَ مُوسَى يَا فِرْعَوْنُ إِنِّيْ رَسُولٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِيْنَ(104)

ترجمہ: اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے فرعون! بے شک میں تمام جہانوں کے رب کی طرف سے رسول (آیا) ہوںo

And Musa (Moses) said: 'O Pharaoh! Indeed, I am (raised as) a Messenger from the Lord of all the worlds.

حَقِيْقٌ عَلَى أَن لَّا أَقُولَ عَلَى اللّهِ إِلَّا الْحَقَّ قَدْ جِئْتُكُم بِبَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ (105)

ترجمہ: مجھے یہی زیب دیتا ہے کہ اللہ کے بارے میں حق بات کے سوا (کچھ) نہ کہوں۔ بے شک میں تمہارے رب (کی جانب) سے تمہارے پاس واضح نشانی لایا ہوں، سو تُو بنی اسرائیل کو (اپنی غلامی سے آزاد کر کے) میرے ساتھ بھیج دےo

What behooves me is to say (nothing) about Allah but the truth. I have indeed brought you a clear sign from your Lord. So send away with me the Children of Israel (setting them free of your yoke of slavery).'

قَالَ إِن كُنتَ جِئْتَ بِآيَةٍ فَأْتِ بِهَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ (106)

ترجمہ: اس (فرعون) نے کہا: اگر تم کوئی نشانی لائے ہو تو اسے (سامنے) لاؤ اگر تم سچے ہوo

He (Pharaoh) said: 'If you have brought a sign, then bring it (to the fore) if you are truthful.'

فَأَلْقَى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ (107)

ترجمہ: پس موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنا عصا (نیچے) ڈال دیا تو اسی وقت صریحاً اژدہا بن گیاo

So Musa (Moses) put his staff (down), and at once it changed into a veritable serpent.

وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاء لِلنَّاظِرِيْنَ (108)

ترجمہ: اور اپنا ہاتھ (گریبان میں ڈال کر) نکالا تو وہ (بھی) اسی وقت دیکھنے والوں کے لیے (چمک دار) سفید ہو گیاo

And he drew out his hand (after putting it into his collar opening), and that (too) at once became (radiant) white to the viewers.

قَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هَـذَا لَسَاحِرٌ عَلِيْمٌ (109)

ترجمہ: قومِ فرعون کے سردار بولے: بے شک یہ (تو کوئی) بڑا ماہر جادوگر ہےo

The chiefs of Pharaoh's people said: 'He is undoubtedly an expert magician.

يُرِيْدُ أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُمْ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ (110)

ترجمہ: (لوگو!) یہ تمہیں تمہارے ملک سے نکالنا چاہتا ہے، سو تم کیا مشورہ دیتے ہوo

(O people!) He seeks to drive you out of your land. So, what do you advise?'

قَالُواْ أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِيْ الْمَدَآئِنِ حَاشِرِيْنَ (111)

ترجمہ: انہوں نے کہا: (ابھی) اس کے اور اس کے بھائی (کے معاملہ) کو مؤخر کر دو اور (مختلف) شہروں میں (جادوگروں کو) جمع کرنے والے افراد بھیج دوo

They said: 'Put (the matter) of Musa (Moses) and his brother off (for a while), and send out heralds to (different) cities to summon (magicians).

يَأْتُوكَ بِكُلِّ سَاحِرٍ عَلِيْمٍ (112)

ترجمہ: وہ تمہارے پاس ہر ماہر جادوگر کو لے آئیںo

They will bring you every skilful sorcerer.'

وَجَاءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُواْ إِنَّ لَنَا لَأَجْراً إِن كُنَّا نَحْنُ الْغَالِبِيْنَ (113)

ترجمہ: اور جادوگر فرعون کے پاس آئے تو انہوں نے کہا: یقیناً ہمارے لیے کچھ اُجرت ہونی چاہیے بشرطیکہ ہم غالب آ جائیںo

And the magicians came to Pharaoh and said: 'There should certainly be some reward for us if we overmaster.'

قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ (114)

ترجمہ: فرعون نے کہا: ہاں! اور بے شک (عام اُجرت تو کیا اس صورت میں) تم (میرے دربار کی) قربت والوں میں سے ہو جاؤ گےo

Pharaoh said: 'Yes, of course; (what to talk of a simple reward! In that case) you will be amongst the privileged ones (of my court).'

قَالُواْ يَا مُوسَى إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ (115)

ترجمہ: ان جادوگروں نے کہا: اے موسٰی! یا تو (اپنی چیز) آپ ڈال دیں یا ہم ہی (پہلے) ڈالنے والے ہو جائیںo

(The magicians) said: 'Musa (Moses)! Either you throw (your object) or we become (the first) to throw.'

قَالَ أَلْقُوْاْ فَلَمَّا أَلْقَوْاْ سَحَرُواْ أَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوهُمْ وَجَاءوا بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ (116)

ترجمہ: موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: تم ہی (پہلے) ڈال دو پھر جب انہوں نے (اپنی رسیوں اور لاٹھیوں کو زمین پر) ڈالا (تو انہوں نے) لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر دیا اور انہیں ڈرا دیا اور وہ زبردست جادو (سامنے) لے آئےo

Musa (Moses) said: 'You throw (first).' So when they threw (their strings and sticks on the ground), they bewitched the eyes of the people, and struck them with awe, and brought (forth) an extremely effective magic.

وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ (117)

ترجمہ: اور ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کی طرف وحی فرمائی کہ (اب) آپ اپنا عصا (زمین پر) ڈال دیں تو وہ فوراً ان چیزوں کو

نگلنے لگا جوانہوں نے فریب کاری سے وضع کر رکھی تھیں o

And We revealed to Musa (Moses): '(Now) throw your staff (on the ground).' Then at once it began swallowing up what they had fabricated through deception.

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (118)

ترجمہ: پس حق ثابت ہو گیا اور جو کچھ وہ کر رہے تھے (سب) باطل ہو گیا o

So, the truth was established, and everything that they had been doing was proved false.

فَغُلِبُواْ هُنَالِكَ وَانقَلَبُواْ صَاغِرِينَ (119)

ترجمہ: سو وہ (فرعونی نمائندے) اس جگہ مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو کر پلٹ گئے o

So, they (the representatives of Pharaoh) were vanquished on the spot and backed away humiliated.

وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ(120)

ترجمہ: اور (تمام) جادوگر سجدہ میں گر پڑے o

And (all) the sorcerers fell down prostrate.

قَالُواْ آمَنَّا بِرِبِّ الْعَالَمِينَ (121)

ترجمہ: وہ بول اٹھے: ہم سارے جہانوں کے (حقیقی) رب پر ایمان لے آئے o

They exclaimed: 'We believe in the (real) Sustainer of all the worlds,

رَبِّ مُوسَى وَهَارُونَ (122)

ترجمہ: (جو) موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کا رب ہے o

(The) Lord of Musa (Moses) and Harun (Aaron).'

قَالَ فِرْعَوْنُ آمَنتُم بِهِ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ إِنَّ هَـذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوهُ فِي الْمَدِينَةِ لِتُخْرِجُواْ مِنْهَا أَهْلَهَا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ (123)

ترجمہ: فرعون کہنے لگا: (کیا) تم اس پر ایمان لے آئے ہو قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دیتا؟ بے شک یہ ایک فریب ہے جو تم (سب) نے مل کر (مجھ سے) اس شہر میں کیا ہے تاکہ تم اس (ملک) سے اس کے (قبطی) باشندوں کو نکال کر لے جاؤ، سو تم عنقریب (اس کا انجام) جان لو گے o

Pharaoh said: '(Have) you believed in Him even before I permitted you? This is indeed a plot which you (all) have hatched (against me) in this city in order that you may expatriate from this (country) its (Coptic) inhabitants. So you will know (its consequences) very soon.

لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلاَفٍ ثُمَّ لأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ (124)

ترجمہ: میں یقیناً تمہارے ہاتھوں کو اور تمہارے پاؤں کو ایک دوسرے کی الٹی سمت سے کاٹ ڈالوں گا پھر ضرور بالضرور تم سب کو

پھانسی دے دوں گاo

Surely, I shall cut off your hands and your feet on alternate sides, and then, most certainly, I shall crucify all of you.'

قَالُواْ إِنَّا إِلَى رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ (125)

ترجمہ: انہوں نے کہا: بےشک ہم اپنے رب کی طرف پلٹنے والے ہیںo

They said: 'Verily, we are to return to our Lord.

وَمَا تَنقِمُ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِآيَاتِ رَبِّنَا لَمَّا جَاءتْنَا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْراً وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ (126)

ترجمہ: اور تمہیں ہمارا کون سا عمل برا لگا ہے؟ صرف یہی کہ ہم اپنے رب کی (سچی) نشانیوں پر ایمان لے آئے ہیں جب وہ ہمارے پاس پہنچ گئیں۔ اے ہمارے رب! تو ہم پر صبر کے سرچشمے کھول دے اور ہم کو (ثابت قدمی سے) مسلمان رہتے ہوئے (دنیا سے) اٹھالےo

And which of our acts has annoyed you, except that we have believed in the (true) signs of our Lord when they reached us? O our Lord! Gush on us torrents of patience and lift us (from the world) as (steadfast) Muslims.'

وَقَالَ الْمَلأُ مِن قَوْمِ فِرْعَونَ أَتَذَرُ مُوسَى وَقَوْمَهُ لِيُفْسِدُواْ فِي الأَرْضِ وَيَذَرَكَ وَآلِهَتَكَ قَالَ سَنُقَتِّلُ أَبْنَاءهُمْ وَنَسْتَحْيِـي نِسَاءهُمْ وَإِنَّا فَوْقَهُمْ قَاهِرُونَ (127)

ترجمہ: اور (اپنے جابرانہ اِقتدار کے لیے خطرہ محسوس کرتے ہوئے) قومِ فرعون کے سرداروں نے (فرعون سے) کہا: کیا تو موسیٰ (علیہ السلام) اور اس کی قوم کو چھوڑ دے گا کہ وہ ملک میں فساد پھیلائیں؟ اور (پھر کیا) وہ تجھ کو اور تیرے معبودوں کو چھوڑ دیں گے؟ اس نے کہا: (نہیں) اب ہم ان کے لڑکوں کو قتل کر دیں گے (تاکہ ان کی مردانہ افرادی قوت ختم ہو جائے) اور ان کی عورتوں کو زندہ رکھیں گے (تاکہ ان سے زیادتی کی جا سکے) اور بےشک ہم ان پر غالب ہیںo

And (considering it a threat to their tyrannous rule) the chiefs of the people of Pharaoh said (to Pharaoh): 'Will you leave Musa (Moses) and his people to launch strife in the country? And (then) will they spare you and your gods?' He said: '(No,) we shall now kill their sons (to exhaust their male numerical strength), and let their women live (so that they may be wronged). And surely, we hold sway over them.'

قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ اسْتَعِينُوا بِاللّهِ وَاصْبِرُواْ إِنَّ الأَرْضَ لِلّهِ يُورِثُهَا مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِينَ (128)

ترجمہ: موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے فرمایا: تم اللہ سے مدد مانگو اور صبر کرو، بےشک زمین اللہ کی ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا وارث بنا دیتا ہے، اور انجامِ خیر پرہیزگاروں کے لیے ہی ہےo

Musa (Moses) said to his people: 'Seek help from Allah and be steadfast; surely, the earth belongs to Allah. He makes its inheritors whom He likes of His servants. And it ends well for the Godfearing alone.'

قَالُواْ أُوذِينَا مِن قَبْلِ أَن تَأْتِيَنَا وَمِن بَعْدِ مَا جِئْتَنَا قَالَ عَسَى رَبُّكُمْ أَن يُهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الأَرْضِ فَيَنظُرَ

كَيْفَ تَعْمَلُونَ (129)

ترجمہ: لوگ کہنے لگے: (اے موسٰی!) ہمیں تو آپ کے ہمارے پاس آنے سے پہلے بھی اذیتیں پہنچائی گئیں اور آپ کے ہمارے پاس آنے کے بعد بھی (گویا ہم دونوں طرح مارے گئے، ہماری مصیبت کب دور ہوگی؟) موسٰی (علیہ السلام) نے (اپنی قوم کو تسلی دیتے ہوئے) فرمایا: قریب ہے کہ تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے اور (اس کے بعد) زمین (کی سلطنت) میں تمہیں جانشین بنا دے پھر وہ دیکھے کہ تم (اقتدار میں آ کر) کیسے عمل کرتے ہو o

They said: '(O Musa [Moses]!) We were persecuted before you came to us and after your arrival as well. (We have suffered both ways. When will our misery end?) Musa ([Moses] appeasing his people) said: 'Your Lord will soon destroy your enemy and (then) make you the successors (to the governance) in the land and He will then monitor how you perform (after coming to power).'

وَلَقَدْ أَخَذْنَا آلَ فِرْعَونَ بِالسِّنِينَ وَنَقْصٍ مِّن الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ (130)

ترجمہ: پھر ہم نے اہلِ فرعون کو (قحط کے) چند سالوں اور میووں کے نقصان سے (عذاب کی) گرفت میں لے لیا تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں o

Then We seized the people of Pharaoh with (the torment of) some years (of famine) and a scarce yield of fruits, so that they might be admonished.

فَإِذَا جَاءتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُواْ لَنَا هَـذِهِ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَطَّيَّرُواْ بِمُوسَى وَمَن مَّعَهُ أَلا إِنَّمَا طَائِرُهُمْ عِندَ اللّهِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ (131)

ترجمہ: پھر جب انہیں آسائش پہنچتی تو کہتے: یہ ہماری اپنی وجہ سے ہے۔ اور اگر انہیں سختی پہنچتی، وہ موسٰی (علیہ السلام) اور ان کے (ایمان والے) ساتھیوں کی نسبت بدشگونی کرتے، خبردار! ان کا شگون (یعنی شامتِ اَعمال) تو اللہ ہی کے پاس ہے مگر ان میں سے اکثر لوگ علم نہیں رکھتے o

But whenever relief reached them, they would say: 'This is owing to us.' And when adversity befell them, they would ascribe it as an ill-omen to Musa (Moses) and his companions (of faith). Beware! Their omen (i.e., the evil outcome of their doings) lies with Allah alone. But most of them do not know.

وَقَالُواْ مَهْمَا تَأْتِنَا بِهِ مِن آيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ (132)

ترجمہ: اور وہ (اہلِ فرعون متکبرانہ طور پر) کہنے لگے: (اے موسٰی!) تم ہمارے پاس جو بھی نشانی لاؤ کہ تم اس کے ذریعے ہم پر جادو کر سکو، تب بھی ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں o

And they (the people of Pharaoh) said (arrogantly): '(O Musa [Moses]!) Whatever sign you bring us to cast a spell upon us, we are not prone to believe in you.'

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُّفَصَّلاَتٍ فَاسْتَكْبَرُواْ وَكَانُواْ قَوْماً مُّجْرِمِينَ (133)

ترجمہ: پھر ہم نے ان پر طوفان، ٹڈیاں، گھن، مینڈک اور خون (کتنی ہی) جداگانہ نشانیاں (بطورِ عذاب) بھیجیں، پھر (بھی) انہوں نے تکبر و سرکشی اختیار کیے رکھی اور وہ (نہایت) مجرم قوم تھے o

Then We sent upon them (many) distinct signs (as chastisement): storms, locusts, lice, frogs and blood. (Even) then they continued with arrogance and rebellion, and they were an (extremely) sinful people.

وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُواْ يَا مُوسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ لَئِن كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ إِسْرَائِيلَ (134)

ترجمہ: اور جب ان پر (کوئی) عذاب واقع ہوتا تو کہتے: اے موسٰی! آپ ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کریں اس عہد کے وسیلہ سے جو (اس کا) آپ کے پاس ہے، اگر آپ ہم سے اس عذاب کو ٹال دیں تو ہم ضرور آپ پر ایمان لے آئیں گے اور بنی اسرائیل کو (بھی آزاد کر کے) آپ کے ساتھ بھیج دیں گے o

And when (some) torment befell them, they would say: 'O Musa (Moses)! Pray for us to your Lord by means of (His) promise with you. If you avert this torment from us, we will surely believe in you, and will send with you the Children of Israel (setting them free).'

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَى أَجَلٍ هُم بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ (135)

ترجمہ: پھر جب ہم ان سے اس مدت تک کے لیے جس کو وہ پہنچنے والے ہوتے وہ عذاب ٹال دیتے تو وہ فوراً ہی عہد توڑ دیتے o

But when We would remove from them the torment for the appointed term, which they nearly completed, they would at once break their promise.

فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَكَانُواْ عَنْهَا غَافِلِينَ(136)

ترجمہ: پھر ہم نے ان سے (بالآخر تمام نافرمانیوں اور بدعہدیوں کا) بدلہ لے لیا اور ہم نے انہیں دریا میں غرق کر دیا، اس لیے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کی (پے در پے) تکذیب کی تھی اور وہ ان سے (بالکل) غافل تھے o

Then, ultimately, We took retribution from them (for all their disobedience and breach of promises) and drowned them in the river because they (successively) belied Our Revelations and were (absolutely) neglectful of them.

وَوَاعَدْنَا مُوسَى ثَلَاثِينَ لَيْلَةً وَأَتْمَمْنَاهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقَاتُ رَبِّهِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً وَقَالَ مُوسَى لِأَخِيهِ هَارُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي وَأَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ (142)

ترجمہ: اور ہم نے موسٰی (علیہ السلام) سے تیس راتوں کا وعدہ فرمایا اور ہم نے اسے (مزید) دس (راتیں) ملا کر پورا کیا، سو ان کے رب کی (مقرر کردہ) میعاد چالیس راتوں میں پوری ہوگئی۔ اور موسٰی (علیہ السلام) نے اپنے بھائی ہارون (علیہ السلام) سے فرمایا: تم (اس دوران) میری قوم میں میرے جانشین رہنا اور (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور فساد کرنے والوں کی راہ پر نہ چلنا (یعنی انہیں اس راہ پر نہ چلنے دینا) o

And We promised Musa (Moses) thirty nights, and We made it good by adding to it (another) ten (nights). So the term (appointed) by his Lord was completed in forty nights. And Musa (Moses) said to his brother Harun (Aaron): '(In the meanwhile,) officiate at my seat amongst my people and continue to do (their) reformation, and follow not the way of those who create mischief (i.e., prevent them from treading this path).'

وَلَمَّا جَاءَ مُوسَى لِمِيقَاتِنَا وَكَلَّمَهُ رَبُّهُ قَالَ رَبِّ أَرِنِيٓ أَنظُرْ إِلَيْكَ قَالَ لَن تَرَانِي وَلَٰكِنِ انظُرْ إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي فَلَمَّا تَجَلَّى رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَخَرَّ مُوسَى صَعِقًا فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِينَ(143)

ترجمہ: اور جب موسیٰ (علیہ السلام) ہمارے (مقرر کردہ) وقت پر حاضر ہوا اور اس کے رب نے اس سے کلام فرمایا تو (کلامِ ربانی کی لذت پا کر دیدار کا آرزومند ہوا اور) عرض کرنے لگا: اے رب! مجھے (اپنا جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار کر لوں، ارشاد ہوا: تم مجھے (براہِ راست) ہرگز دیکھ نہ سکو گے مگر پہاڑ کی طرف نگاہ کرو پس اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو عنقریب تم میرا جلوہ کر لو گے۔ پھر جب اس کے رب نے پہاڑ پر (اپنے حسن کا) جلوہ فرمایا تو (شدّتِ انوار سے) اسے ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ (علیہ السلام) بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ پھر جب اسے افاقہ ہوا تو عرض کیا: تیری ذات پاک ہے میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اور میں سب سے پہلا ایمان لانے والا ہوں o

And when Musa (Moses) came at the time (set) by Us and his Lord spoke to him, he (ardently aspired to behold Him out of the pleasure of hearing Allah's Word and) submitted: 'O Lord, show me (Your Beauty) so that I may savour Your Sight.' Allah said: 'By no means can you look upon Me (directly), but look towards the mountain. So if it stays firm in its place, then soon will you behold My beauty.' When his Lord unveiled the Light (of His divine beauty) on to the mountain, (He) crushed it into sand particles (with the intense divine radiance) and Musa (Moses) fell down unconscious. Then when he recovered, he submitted: 'Holy You are and I turn to You in repentance and I am the first of those who believe.'

قَالَ يَا مُوسَى إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُن مِّنَ الشَّاكِرِينَ (144)

ترجمہ: ارشاد ہوا: اے موسیٰ! بے شک میں نے تمہیں لوگوں پر اپنے پیغامات اور اپنے کلام کے ذریعے برگزیدہ و منتخب فرما لیا۔ سو میں نے تمہیں جو کچھ عطا فرمایا ہے اسے تھام لو اور شکر گزاروں میں سے ہو جاؤ o

(Allah) said: 'O Musa (Moses)! I have exalted you and chosen you above the people by My Messages and My speech. So hold fast to whatever I have bestowed upon you and be amongst the grateful.'

وَكَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِن كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا سَأُرِيكُمْ دَارَ الْفَاسِقِينَ (145)

ترجمہ: اور ہم نے ان کے لیے (تورات کی) تختیوں میں ہر ایک چیز کی نصیحت اور ہر ایک چیز کی تفصیل لکھ دی (ہے)، تم اسے مضبوطی سے تھامے رکھو اور اپنی قوم کو (بھی) حکم دو کہ وہ اس کی بہترین باتوں کو اختیار کر لیں۔ میں عنقریب تمہیں نافرمانوں کا مقام دکھاؤں گا○

And We (have) inscribed for him on the Tablets (of the Torah) instructions for every matter and details of everything. 'Hold it with firmness, and enjoin your people (as well) to adopt the best thereof. Soon shall I show you the abode of the disobedient.'

سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَإِن يَرَوْاْ كُلَّ آيَةٍ لَّا يُؤْمِنُواْ بِهَا وَإِن يَرَوْاْ سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا وَإِن يَرَوْاْ سَبِيلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَكَانُواْ عَنْهَا غَافِلِينَ **(146)**

ترجمہ: میں اپنی آیتوں (کے سمجھنے اور قبول کرنے) سے ان لوگوں کو باز رکھوں گا جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں اور اگر وہ تمام نشانیاں دیکھ لیں (تب بھی) اس پر ایمان نہیں لائیں گے اور اگر وہ ہدایت کی راہ دیکھ لیں (پھر بھی) اسے (اپنا) راستہ نہیں بنائیں گے اور اگر وہ گمراہی کا راستہ دیکھ لیں (تو) اسے اپنی راہ کے طور پر اپنا لیں گے، یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے غافل بنے رہے○

I shall keep those who are unjustly arrogant in the land from (comprehending and accepting) My Revelations. And (even) if they see all signs, they will not believe in them, and (even) if they find the path of guidance, they will not adopt it as (their) way, but if they perceive the wrong path, they will embrace it as their way. It is because they denied Our Revelations and remained negligent of them.

وَالَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَلِقَاء الآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ **(147)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا ان کے اعمال برباد ہو گئے۔ انہیں کیا بدلہ ملے گا مگر وہی جو کچھ وہ کیا کرتے تھے○

And those who belie Our Revelations and the meeting of the Last Day, their actions become void. What will they be rewarded except what they have been doing?

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوسَى مِن بَعْدِهِ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَداً لَّهُ خُوَارٌ أَلَمْ يَرَوْاْ أَنَّهُ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيهِمْ سَبِيلًا اتَّخَذُوهُ وَكَانُواْ ظَالِمِينَ **(148)**

ترجمہ: اور موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم نے ان کے (کوہِ طور پر جانے کے) بعد اپنے زیوروں سے ایک بچھڑا بنا لیا (جو) ایک جسم تھا، اس کی آواز گائے کی تھی، کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ وہ نہ ان سے بات کر سکتا ہے اور نہ ہی انہیں راستہ دکھا سکتا ہے۔ انہوں نے اسی کو (معبود) بنا لیا اور وہ ظالم تھے○

And after Musa ([Moses] left for the Mount of Tur), his people contrived a calf out of their ornaments (which was) a carving with a mooing sound. Did they

not see that it could neither speak to them nor show them any path? They took the same (as god) and they were unjust.

وَلَمَّا سُقِطَ فِيۡ أَيۡدِيۡهِمۡ وَرَأَوۡاۡ أَنَّهُمۡ قَدۡ ضَلُّواۡ قَالُواۡ لَئِن لَّمۡ يَرۡحَمۡنَا رَبُّنَا وَيَغۡفِرۡ لَنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الۡخَاسِرِيۡنَ(149)

ترجمہ: اور جب وہ اپنے کیے پر شدید نادم ہوئے اور انہوں نے دیکھ لیا کہ وہ واقعی گمراہ ہو گئے ہیں (تو) کہنے لگے: اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہ فرمایا اور ہمیں نہ بخشا تو ہم یقیناً نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گےo

And when they felt deeply ashamed of what they had done, and realized that they had really gone astray, they said: 'If our Lord does not have mercy on us and forgive us, we shall certainly be amongst the losers.'

وَلَـمَّا رَجَعَ مُوسَى إِلَى قَوۡمِهِ غَضۡبَانَ أَسِفاً قَالَ بِئۡسَمَا خَلَفۡتُمُونِيۡ مِن بَعۡدِيۡ أَعَجِلۡتُمۡ أَمۡرَ رَبِّكُمۡ وَأَلۡقَى الأَلۡوَاحَ وَأَخَذَ بِـرَأۡسِ أَخِيۡـهِ يَـجُـرُّهُ إِلَيۡهِ قَالَ ابۡنَ أُمَّ إِنَّ الۡقَوۡمَ اسۡتَضۡعَفُونِيۡ وَكَادُواۡ يَقۡتُلُونَنِيۡ فَلاَ تُشۡمِتۡ بِيَ الأَعۡدَاء وَلاَ تَجۡعَلۡنِيۡ مَعَ الۡقَوۡمِ الظَّالِمِيۡنَ (150)

ترجمہ: اور جب موسٰی (علیہ السلام) اپنی قوم کی طرف نہایت غم و غصہ سے بھرے ہوئے پلٹے تو کہنے لگے کہ تم نے میرے (جانے کے) بعد میرے پیچھے بہت ہی برا کام کیا ہے، کیا تم نے اپنے رب کے حکم پر جلد بازی کی؟ اور (موسٰی علیہ السلام نے تورات کی) تختیاں نیچے رکھ دیں اور اپنے بھائی کے سر کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچا (تو) ہارون (علیہ السلام) نے کہا: اے میری ماں کے بیٹے! بے شک اس قوم نے مجھے کمزور سمجھا اور قریب تھا کہ (میرے منع کرنے پر) مجھے قتل کر ڈالیں، سو آپ دشمنوں کو مجھ پر ہنسنے کا موقع نہ دیں اور مجھے ان ظالم لوگوں (کے زمرے) میں شامل نہ کریںo

And when Musa (Moses) returned to his people with pent-up anger and grief, he said: 'You have perpetrated a serious evil in my absence (i.e., after my departure). Did you make haste by the command of your Lord?' And (Musa [Moses]) put down the Tablets (of the Torah), and, catching his brother's head, pulled him towards himself. (Then) Harun (Aaron) said: 'O son of my mother! Surely, these people considered me weak and had nearly killed me (on my forbidding). So do not provide the enemies an opportunity to laugh at me, nor include me amongst (the clan of) these wrongdoers.'

قَالَ رَبِّ اغۡفِرۡ لِيۡ وَلأَخِيۡ وَأَدۡخِلۡنَا فِيۡ رَحۡمَتِكَ وَأَنتَ أَرۡحَمُ الرَّاحِمِيۡنَ (151)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما دے اور ہمیں اپنی رحمت (کے دامن) میں داخل فرما لے اور تو سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہےo

Musa (Moses) said: 'O my Lord! Forgive me and my brother and admit us to (the Embrace of) Your Mercy and You are the Most Merciful of those who show mercy.'

إِنَّ الَّذِيۡنَ اتَّخَذُواۡ الۡعِجۡلَ سَيَنَالُهُمۡ غَضَبٌ مِّن رَّبِّهِمۡ وَذِلَّةٌ فِيۡ الۡحَيَاةِ الدُّنۡيَا وَكَذَلِكَ نَجۡزِيۡ الۡمُفۡتَرِيۡنَ (152)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے بچھڑے کو (معبود) بنا لیا ہے انہیں ان کے رب کی طرف سے غضب بھی پہنچے گا اور دنیوی زندگی

میں ذلت بھی، اور ہم اسی طرح افترا پردازوں کو سزا دیتے ہیںo

Surely, those who have taken the calf (as a god), the wrath from their Lord will seize them together with humiliation in the life of this world. That is how We punish those who invent falsehood.

وَالَّذِيْنَ عَمِلُواْ السَّيِّئَاتِ ثُمَّ تَابُواْ مِن بَعْدِهَا وَآمَنُواْ إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيْمٌ (153)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے برے کام کیے پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور ایمان لے آئے (تو) بے شک آپ کا رب اس کے بعد بڑا ہی بخشنے والا مہربان ہےo

But those who perpetrate evil works, then repent afterwards and believe, (then) after that your Lord is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَلَمَّا سَكَتَ عَن مُّوسَى الْغَضَبُ أَخَذَ الأَلْوَاحَ وَفِي نُسْخَتِهَا هُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُونَ (154)

ترجمہ: اور جب موسیٰ (علیہ السلام) کا غصہ تھم گیا تو انہوں نے تختیاں اٹھالیں اور ان (تختیوں) کی تحریر میں ہدایت اور ایسے لوگوں کے لیے رحمت (مذکور) تھی جو اپنے رب سے بہت ڈرتے ہیںo

And when the anger of Musa (Moses) subsided, he picked up the Tablets, and in the inscription of these (Tablets) was (mentioned) guidance and mercy for those who fear their Lord much.

وَاخْتَارَ مُوسَى قَوْمَهُ سَبْعِيْنَ رَجُلاً لِّمِيْقَاتِنَا فَلَمَّا أَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُم مِّن قَبْلُ وَإِيَّايَ أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاء مِنَّا إِنْ هِيَ إِلاَّ فِتْنَتُكَ تُضِلُّ بِهَا مَن تَشَاء وَتَهْدِيْ مَن تَشَاء أَنتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ(155)

ترجمہ: اور موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کے ستر مَردوں کو ہمارے مقرر کردہ وقت (پر ہمارے حضور معذرت کی پیشی) کے لیے چن لیا، پھر جب انہیں (قوم کو برائی سے منع نہ کرنے پر تادیباً) شدید زلزلہ نے آ پکڑا تو (موسیٰ علیہ السلام نے) عرض کیا: اے رب! اگر تو چاہتا تو اس سے پہلے ہی ان لوگوں کو اور مجھے ہلاک فرما دیتا، کیا تو ہمیں اس (خطا) کے سبب ہلاک فرمائے گا جو ہم میں سے بیوقوف لوگوں نے انجام دی ہے، یہ تو محض تیری آزمائش ہے، اس کے ذریعے تو جسے چاہتا ہے گمراہ فرماتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے۔ تو ہی ہمارا کارساز ہے، سو تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہےo

And Musa (Moses) chose seventy men of his people for a time set by Us (to appear before Our presence for forgiveness), but when a high-scale earthquake seized them (as punishment for not forbidding the people to perpetrate evil), Musa (Moses) submitted: 'O Lord! If You willed, You would destroy these people and me even before this. Will You cause us to perish for that (omission) which the foolish amongst us have committed? This is just a trial from You by which You hold astray whom You will and guide whom You desire. You alone are our Guardian, so forgive us and have mercy on us. And You are the Best of those who forgive.

وَاكْتُبْ لَنَا فِي هَـذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ إِنَّا هُدْنَـا إِلَيْكَ قَالَ عَذَابِي أُصِيبُ بِهِ مَنْ أَشَاء وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَـاةَ وَالَّذِيْنَ هُم بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ(156)

ترجمہ: اورتو ہمارے لیے اس دنیا (کی زندگی) میں (بھی) بھلائی لکھ دے اور آخرت میں (بھی) بے شک ہم تیری طرف تائب وراغب ہو چکے، ارشاد ہوا: میں اپنا عذاب جسے چاہتا ہوں اسے پہنچاتا ہوں اور میری رحمت ہر چیز پر وسعت رکھتی ہے، سو میں عنقریب اس (رحمت) کو ان لوگوں کے لیے لکھ دوں گا جو پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں اور وہی لوگ ہی ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیںo

And ordain for us good in (the life of) this world and in the Hereafter (as well). Surely, we have turned and totally inclined towards You.' (Allah) said: 'I inflict My punishment on whom I will and My mercy encompasses everything. So, I shall soon prescribe this (mercy) for those who adopt Godwariness and pay Zakat (the Alms-due) regularly, and it is they who have faith in Our Revelations.

وَمِن قَوْمِ مُوسَى أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ(159)

ترجمہ: اور موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم میں سے ایک جماعت (ایسے لوگوں کی بھی) ہے جو حق کی راہ بتاتے ہیں اور اسی کے مطابق عدل (پر مبنی فیصلے) کرتے ہیںo

And a party amongst the people of Musa ([Moses] comprises those) who guide to the path of truth and according to that (make judgments based on) justice.

وَقَـطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَىْ عَشْرَةَ أَسْبَاطاً أُمَماً وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى إِذِ اسْتَسْقَاهُ قَوْمُهُ أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانبَجَسَتْ مِنْهُ اثْـنَتَـا عَشْـرَةَ عَيْناً قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى كُلُواْ مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَـكِن كَانُواْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (160)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں گروہ در گروہ بارہ قبیلوں میں تقسیم کر دیا، اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس (یہ) وحی بھیجی جب اس سے اس کی قوم نے پانی مانگا کہ اپنا عصا پتھر پر مارو، سو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے، پس ہر قبیلہ نے اپنا گھاٹ معلوم کر لیا، اور ہم نے ان پر ابر کا سائبان تان دیا، اور ہم نے ان پر منّ وسلوٰی اتارا، (اور ان سے فرمایا:) جن پاکیزہ چیزوں کا رزق ہم نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں سے کھاؤ، (مگر نافرمانی اور کفرانِ نعمت کر کے) انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کر رہے تھےo

And We divided them into twelve tribes as separate communities. And when his people asked him for water, We sent (this) Revelation to Musa (Moses): 'Strike that rock with your staff.' So twelve springs gushed out from it and every tribe found its drinking place. And We stretched over them clouds for shade and sent down to them manna and quails (and said to them:) 'Eat of the pure things that We have provided for you.' But they have not wronged Us (by

disobedience and disregard). They have rather wronged their own souls.

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْکُنَ إِلَیْهَا فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلاً خَفِیْفاً فَمَرَّتْ بِهِ فَلَمَّا أَثْقَلَت دَّعَوَا اللّهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَیْتَنَا صَالِحاً لَّنَکُونَنَّ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ (189)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے تم کو ایک جان سے پیدا فرمایا اور اسی میں سے اس کا جوڑ بنایا تا کہ وہ اس سے سکون حاصل کرے، پھر جب مرد نے اس (عورت) کو ڈھانپ لیا تو وہ خفیف بوجھ کے ساتھ حاملہ ہوگئی، پھر وہ اس کے ساتھ چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ گراں بار ہوئی تو دونوں نے اپنے رب اللہ سے دعا کی کہ اگر تو ہمیں اچھا تندرست بچہ عطا فرما دے تو ہم ضرور شکر گزاروں میں سے ہوں گےo

And He (Allah) is the One Who has created you from a single soul and made his spouse from that, so that he might find comfort in her. Then when man covers her, she conceives and, bearing a light burden, moves around. Later, when she grows heavy, then both pray to their Lord, Allah: 'If You give us a healthy child, we shall certainly be amongst the thankful.'

فَلَمَّا آتَاهُمَا صَالِحاً جَعَلاَ لَهُ شُرَکَاء فِیْمَا آتَاهُمَا فَتَعَالَى اللّهُ عَمَّا یُشْرِکُونَ (190)

ترجمہ: پھر جب اس نے انہیں تندرست بچہ عطا فرما دیا تو دونوں اس (بچے) میں جو انہیں عطا فرمایا تھا اس کے لیے شریک ٹھہرانے لگے تو اللہ ان کے شریک بنانے سے بلند و برتر ہےo

Then when He gives them a healthy child, both of them associate partners with Him with respect to that (child). But Allah is Transcendent above all that they ascribe to Him as partners.

سورۃ التوبۃ:

وَقَالَتِ الْیَهُودُ عُزَیْرٌ ابْنُ اللّهِ وَقَالَتُ النَّصَارَى الْمَسِیْحُ ابْنُ اللّهِ ذَلِكَ قَوْلُهُم بِأَفْوَاهِهِمْ یُضَاهِؤُونَ قَوْلَ الَّذِیْنَ کَفَرُواْ مِن قَبْلُ قَاتَلَهُمُ اللّهُ أَنَّى یُؤْفَکُونَ (30)

ترجمہ: اور یہود نے کہا: عزیر (علیہ السلام) اللہ کے بیٹے ہیں اور نصارٰی نے کہا: مسیح (علیہ السلام) اللہ کے بیٹے ہیں۔ یہ ان کا (لغو) قول ہے جو اپنے مونہہ سے نکالتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کے قول سے مشابہت (اختیار) کرتے ہیں جو (ان سے) پہلے کفر کر چکے ہیں، اللہ انہیں ہلاک کرے یہ کہاں بہکے پھرتے ہیںo

And the Jews said: "Uzayr (Ezra) is the son of Allah,' and the Christians said: 'The Messiah is the son of Allah.' These are their (absurd) utterances that they voice with their mouths. They (acquire) resemblance with the saying of those who have disbelieved before (them). May Allah ruin them! Where are they wandering distracted?

أَلَمْ یَأْتِهِمْ نَبَأُ الَّذِیْنَ مِن قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَقَوْمِ إِبْرَاهِیْمَ وَأَصْحَابِ مَدْیَنَ وَالْمُؤْتَفِکَاتِ أَتَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَیِّنَاتِ فَمَا کَانَ اللّهُ لِیَظْلِمَهُمْ وَلَکِن کَانُواْ أَنفُسَهُمْ یَظْلِمُونَ (70)

ترجمہ: کیا ان کے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو ان سے پہلے تھے، قومِ نوح اور عاد اور ثمود اور قومِ ابراہیم اور باشندگانِ مدین اور ان بستیوں کے مکین جو الٹ دی گئیں، ان کے پاس (بھی) ان کے رسول واضح نشانیاں لے کر آئے تھے (مگر انہوں نے نافرمانی کی) پس اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا لیکن وہ (انکارِ حق کے باعث) اپنے اوپر خود ہی ظلم کرتے تھےo

Has the news not reached them of those who were before them-the people of Nuh (Noah), 'Ad and Thamud and the people of Ibrahim (Abraham) and the citizens of Madyan and the dwellers of the towns which were overturned? Their Messengers (too) came to them with clear signs (but they disobeyed). So, it was not Allah's glory to wrong them, but it was they who used to wrong themselves (because of rejecting the truth).

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَن مَّوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ (114)

ترجمہ: اور ابراہیم (علیہ السلام) کا اپنے باپ (یعنی چچا آزر، جس نے آپ کو پالا تھا) کے لیے دعائے مغفرت کرنا صرف اس وعدہ کی غرض سے تھا جو وہ اس سے کر چکے تھے، پھر جب ان پر یہ ظاہر ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بے زار ہو گئے (اس سے لاتعلق ہو گئے اور پھر کبھی اس کے حق میں دعا نہ کی)۔ بے شک ابراہیم (علیہ السلام) بڑے دردمند (گریہ وزاری کرنے والے اور) نہایت بردبار تھےo

And Ibrahim's (Abraham's) praying for his father's (i.e., Azar, his uncle who brought him up) forgiveness was only due to the promise that he had made to him. But when it became evident to him that he was an enemy of Allah, he parted with him (dissociated himself from him and never prayed for him afterwards). Surely, Ibrahim (Abraham) was most compassionate (tender-hearted, tearful) and profoundly forbearing.

سورۃ یونس:

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (47)

ترجمہ: اور ہر امت کے لیے ایک رسول آتا رہا ہے۔ پھر جب ان کا رسول (واضح نشانیوں کے ساتھ) آچکا (اور وہ پھر بھی نہ مانے) تو ان میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا، اور (قیامت کے دن بھی اسی طرح ہوگا) ان پر ظلم نہیں کیا جائے گاo

And there has been coming one Messenger for every Umma (Community). So, when their Messenger came (with clear signs, but they did not believe,) then judgment was made amongst them with justice (and exactly the same will happen on the Last Day). They will not be wronged.

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ نُوحٍ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُم مَّقَامِي وَتَذْكِيرِي بِآيَاتِ اللَّهِ فَعَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْتُ فَأَجْمِعُوا أَمْرَكُمْ وَشُرَكَاءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ أَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوا إِلَيَّ وَلَا تُنظِرُونِ (71)

ترجمہ: اور ان پر نوح (علیہ السلام) کا قصہ بیان فرمائیے، جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم (اولادِ قابیل!) اگر تم

پر میرا قیام اور میرا اللہ کی آیتوں کے ساتھ نصیحت کرنا گراں گزر رہا ہے تو (جان لو کہ) میں نے تو صرف اللہ ہی پر توکل کر لیا ہے (اور تمہارا کوئی ڈر نہیں) سو تم اکٹھے ہو کر (میری مخالفت میں) اپنی تدبیر کو پختہ کر لو اور اپنے (گھڑے ہوئے) شریکوں کو بھی (ساتھ ملا لو اور اس قدر سوچ لو کہ) پھر تمہاری تدبیر (کا کوئی پہلو) تم پر مخفی نہ رہے، پھر میرے ساتھ (جو جی میں آئے) کر گزرو اور (مجھے) کوئی مہلت نہ دوo

And relate to them the account of Nuh (Noah) when he said to his people: 'O my people (the children of Qabil [Cain]), if my stay and my admonition to you by Allah's Revelations annoy you, then (bear in mind that) I have put my trust in Allah alone (and I am not afraid of you). Therefore, mature your plot (against me) jointly, and also (make) your (sculptured) partner-gods (join in and think hard so that no aspect of) your plot remains obscure to you; then do (whatever you like) against me and do not give me any respite.

فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَأَلْتُكُم مِّنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللّهِ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ (72)

ترجمہ: سو اگر تم نے (میری نصیحت سے) منہ پھیر لیا ہے تو میں نے تم سے کوئی معاوضہ تو نہیں مانگا، میرا اجر تو صرف اللہ (کے ذمۂ کرم) پر ہے اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں (اس کے حکم کے سامنے) سرِ تسلیم خم کیے رکھوں o

So if you have turned away (from my admonition), then I have not asked for any reward from you. My reward is only with (the bountiful obligation of) Allah, and I have been enjoined to observe perfect obedience and total submission (to His command).'

فَكَذَّبُوهُ فَنَجَّيْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنَاهُمْ خَلاَئِفَ وَأَغْرَقْنَا الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ (73)

ترجمہ: پھر آپ کی قوم نے آپ کو جھٹلایا پس ہم نے انہیں اور جو ان کے ساتھ کشتی میں تھے (عذابِ طوفان سے) نجات دی اور ہم نے انہیں (زمین میں) جانشین بنا دیا اور ان لوگوں کو غرق کر دیا جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تھا، سو آپ دیکھئے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ڈرائے گئے تھےo

Then his people belied him, so We delivered him and those who were with him in the Ark (from the torment of Deluge), and We made them successors (in the land), and drowned those who denied Our Revelations.So, see how those who were warned met their fate!

ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِ رُسُلاً إِلَى قَوْمِهِمْ فَجَآؤُوهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانُواْ لِيُؤْمِنُواْ بِمَا كَذَّبُواْ بِهِ مِن قَبْلُ كَذَلِكَ نَطْبَعُ عَلَى قُلوبِ الْمُعْتَدِينَ (74)

ترجمہ: پھر ہم نے ان کے بعد (کتنے ہی) رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا سو وہ ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے پس وہ لوگ (بھی) ایسے نہ ہوئے کہ اس (بات) پر ایمان لے آتے جسے وہ پہلے جھٹلا چکے تھے۔ اسی طرح ہم سرکشی کرنے والوں کے

دلوں پر مُہر لگا دیا کرتے ہیںo

Then (how many a) Messenger We sent after him towards their respective peoples! They brought them clear signs, but those people (too) did not prove such as would believe in that (matter) which they had already denied. That is how We seal the hearts of those who defy.

ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِم مُّوسَى وَهَارُونَ إِلَى فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ بِآيَاتِنَا فَاسْتَكْبَرُواْ وَكَانُواْ قَوْماً مُّجْرِمِينَ (75)

ترجمہ: پھر ہم نے ان کے بعد موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کو فرعون اور اس کے سردارانِ قوم کی طرف اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ مجرم لوگ تھےo

Then, after them, We sent Musa and Harun (Moses and Aaron) with Our signs to Pharaoh and his chiefs. But they displayed arrogance and they were people given to crimes.

فَلَمَّا جَاءهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُواْ إِنَّ هَـذَا لَسِحْرٌ مُّبِينٌ (76)

ترجمہ: پھر جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق آیا (تو) کہنے لگے: بے شک یہ تو کھلا جادو ہےo

So when the truth came to them from Us, they said: 'Certainly, this is clear sorcery.'

قَالَ مُوسَى أَتَقُولُونَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءكُمْ أَسِحْرٌ هَـذَا وَلاَ يُفْلِحُ السَّاحِرُونَ (77)

ترجمہ: موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم (ایسی بات) حق سے متعلق کہتے ہو جب وہ تمہارے پاس آ چکا ہے، (عقل و شعور کی آنکھیں کھول کر دیکھو) کیا یہ جادو ہے؟ اور جادوگر (کبھی) فلاح نہیں پا سکیں گےo

Musa (Moses) said: 'Do you utter (such remarks) about the truth when it has come to you? (Apply your reason and use vision and see) if it is sorcery. And the sorcerers will never be able to prosper.'

قَالُواْ أَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءنَا وَتَكُونَ لَكُمَا الْكِبْرِيَاء فِي الأَرْضِ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِينَ(78)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: (اے موسیٰ!) کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ تم ہمیں اس (طریقہ) سے پھیر دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو (گامزن) پایا اور زمین (یعنی سرزمینِ مصر) میں تم دونوں کی بڑائی (قائم) رہے؟ اور ہم لوگ تم دونوں کو ماننے والے نہیں ہیںo

They said: '(O Musa [Moses],) have you come to us to turn us away from that (way of life) which we found our fathers (following), and that the upper hand of you both should remain (intact) in the land (of Egypt)? We are not the ones who will ever believe in you both.'

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُونِي بِكُلِّ سَاحِرٍ عَلِيمٍ (79)

ترجمہ: اور فرعون کہنے لگا: میرے پاس ہر ماہر جادوگر کو لے آؤo

And Pharaoh said: 'Bring me every expert sorcerer.'

فَلَمَّا جَاء السَّحَرَةُ قَالَ لَهُم مُّوسَى أَلْقُواْ مَا أَنتُم مُّلْقُونَ (80)

ترجمہ: پھر جب جادوگر آ گئے تو موسٰی (علیہ السلام) نے ان سے کہا: تم (وہ چیزیں میدان میں) ڈال دو جو تم ڈالنا چاہتے ہوo

So, when the magicians arrived, Musa (Moses) said to them: 'Throw (all those things on the ground) which you want to throw.'

فَلَمَّا أَلْقَواْ قَالَ مُوسَى مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّهَ لاَ يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ (81)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے (اپنی رسیاں اور لاٹھیاں) ڈال دیں تو موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: جو کچھ تم لائے ہو (یہ) جادو ہے، بے شک اللہ ابھی اسے باطل کر دے گا، یقیناً اللہ مفسدوں کے کام کو درست نہیں کرتاo

When they threw (their strings and sticks), Musa (Moses) said: 'Whatever you have brought (here) is magic. Allah will surely prove it false right now. Certainly, Allah does not set right the work of the mischief-mongers.

وَيُحِقُّ اللّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ (82)

ترجمہ: اور اللہ اپنے کلمات سے حق کا حق ہونا ثابت فرما دیتا ہے اگرچہ مجرم لوگ اسے ناپسند ہی کرتے رہیںo

And Allah establishes the truth by His Words, even though the evildoers continue to dislike it.'

فَمَا آمَنَ لِمُوسَى إِلاَّ ذُرِّيَّةٌ مِّن قَوْمِهِ عَلَى خَوْفٍ مِّن فِرْعَوْنَ وَمَلَإِيهِمْ أَن يَفْتِنَهُمْ وَإِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الأَرْضِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الْمُسْرِفِينَ (83)

ترجمہ: پس موسٰی (علیہ السلام) پر ان کی قوم کے چند جوانوں کے سوا (کوئی) ایمان نہ لایا، فرعون اور اپنے (قومی) سرداروں (وڈیروں) سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں وہ انہیں (کسی) مصیبت میں مبتلا نہ کر دیں، اور بے شک فرعون سرزمینِ (مصر) میں بڑا جابر و سرکش تھا، اور وہ یقیناً (ظلم میں) حد سے بڑھ جانے والوں میں سے تھاo

With the exception of a few youth from his people, (none) believed in Musa (Moses), owing to the fear of Pharaoh and their (tribal) chiefs and (nobles), lest they should afflict them with (some) misery. And Pharaoh was indeed a tyrant in the land (of Egypt) and a transgressor. And certainly, he was amongst those who exceed limits (in oppression).

وَقَالَ مُوسَى يَا قَوْمِ إِن كُنتُمْ آمَنتُم بِاللّهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُواْ إِن كُنتُم مُّسْلِمِينَ (84)

ترجمہ: اور موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اسی پر توکل کرو، اگر تم (واقعی) مسلمان ہوo

And Musa (Moses) said: 'O my people, if you have believed in Allah, then put your trust in Him alone if you are (truly) believers.'

فَقَالُواْ عَلَى اللّهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (85)

ترجمہ: تو انہوں نے عرض کیا: ہم نے اللہ ہی پر توکل کیا ہے، اے ہمارے رب! تو ہمیں ظالم لوگوں کے لیے نشانۂ ستم نہ بناo

They submitted: 'We have put trust in Allah alone. O our Lord, make us not victims of the oppressors' injustice.

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ (86)

ترجمہ: اورتو ہمیں اپنی رحمت سے کافروں کی قوم (کے تسلّط) سے نجات بخش دےo

And deliver us with Your mercy from (the dominance of) the disbelieving people.'

وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى وَأَخِيهِ أَن تَبَوَّءَا لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوتاً وَاجْعَلُواْ بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً وَأَقِيمُواْ الصَّلاَةَ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ (87)

ترجمہ: اورہم نے موسٰی (علیہ السلام) اوران کے بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ تم دونوں مصر (کے شہر) میں اپنی قوم کے لیے چند مکانات تیار کرواوراپنے (ان) گھروں کو (نماز کی ادائیگی کے لیے) قبلہ رخ بناؤاور (پھر) نماز قائم کرو، اورایمان والوں کو (فتح و نصرت کی) خوشخبری سنادوo

And We sent Revelation to Musa (Moses) and his brother: 'Prepare some houses for your people in (the land of) Egypt, and build these (houses) facing the Qibla (direction for offering Prayer), and (then) establish Prayer and give the believers glad tidings (of victory and help).'

وَقَالَ مُوسَى رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلأَهُ زِينَةً وَأَمْوَالاً فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّواْ عَن سَبِيلِكَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَى أَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَلاَ يُؤْمِنُواْ حَتَّى يَرَوُاْ الْعَذَابَ الأَلِيمَ(88)

ترجمہ: اورموسٰی (علیہ السلام) نے کہا: اے ہمارے رب! بے شک تونے فرعون اوراس کے سرداروں کو دنیوی زندگی میں اسبابِ زینت اور مال و دولت (کی کثرت) دے رکھی ہے، اے ہمارے رب! (کیا تونے انہیں یہ سب کچھ اس لیے دیا ہے) تاکہ وہ (لوگوں کو کبھی لالچ اور کبھی خوف دلا کر) تیری راہ سے بہکا دیں۔ اے ہمارے رب! تو ان کی دولتوں کو برباد کردے اوران کے دلوں کو (اتنا) سخت کردے کہ وہ پھر بھی ایمان نہ لائیں حتٰی کہ وہ دردناک عذاب دیکھ لیںo

And Musa (Moses) said: 'O our Lord, surely You have provided Pharaoh and his chiefs with the means of embellishment and (abundance of) riches in the life of the world. O our Lord, (have You given them all this) in order that they turn (the people) away from Your Path (sometimes by tempting and sometimes by terrifying them)? O our Lord, destroy their riches and make their hearts (so) callous that even then they may not believe until they see the grievous torment.'

قَالَ قَدْ أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَلاَ تَتَّبِعَآنِّ سَبِيلَ الَّذِيْنَ لاَ يَعْلَمُونَ (89)

ترجمہ: ارشاد ہوا: بے شک تم دونوں کی دعا قبول کرلی گئی، سوتم دونوں ثابت قدم رہنا اورایسے لوگوں کے راستہ کی پیروی نہ کرنا جوعلم نہیں رکھتےo

(Allah) said: 'The prayer of you both has indeed been granted. So remain steadfast, both of you, and follow not the path of those who do not possess knowledge.'

وَجَاوَزْنَا بِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا وَعَدْواً حَتَّى إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ آمَنتُ أَنَّهُ لا إِلٰهَ إِلَّا الَّذِيْ آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيْلَ وَأَنَاْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (90)

ترجمہ: اور ہم بنی اسرائیل کو دریا کے پار لے گئے پس فرعون اور اس کے لشکر نے سرکشی اور ظلم و تعدّی سے ان کا تعاقب کیا، یہاں تک کہ جب اسے (یعنی فرعون کو) ڈوبنے نے آلیا وہ کہنے لگا: میں اس پر ایمان لے آیا کہ کوئی معبود نہیں سوائے اس (معبود) کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اور میں (اب) مسلمانوں میں سے ہوں o

And We took the Children of Israel across the sea. Pharaoh and his army chased them with rebellion, tyranny and oppression until when he (Pharaoh) was seized by drowning, he said: 'I believe that there is no god to be worshipped apart from (the God) that the Children of Israel have put faith in and I am (now) of the Muslims.'

آلآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ (91)

ترجمہ: (جواب دیا گیا کہ) اب (ایمان لاتا ہے)؟ حالاں کہ تو پہلے (مسلسل) نافرمانی کرتا رہا ہے اور تو فساد بپا کرنے والوں میں سے تھا o

(Allah said:) 'Now (you believe) whilst you have been (persistently) disobeying and defying before, and you were of those who spread disruption.

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً وَإِنَّ كَثِيْراً مِّنَ النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ (92)

ترجمہ: (اے فرعون!) سو آج ہم تیرے (بے جان) جسم کو بچالیں گے تاکہ تو اپنے بعد والوں کے لیے (عبرت کا) نشان ہو سکے اور بے شک اکثر لوگ ہماری نشانیوں (کو سمجھنے) سے غافل ہیں o

(O Pharaoh!) We shall today preserve your (lifeless) body so that you may become a sign (of warning) for those who come after you. Indeed, most of the people are neglectful (in understanding) Our signs.'

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيْمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ لَمَّا آمَنُواْ كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِيْ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَى حِيْنٍ (98)

ترجمہ: پھر قومِ یونس (کی بستی) کے سوا کوئی اور ایسی بستی کیوں نہ ہوئی جو ایمان لائی ہو اور اسے اس کے ایمان لانے نے فائدہ دیا ہو۔ جب (قومِ یونس کے لوگ نزولِ عذاب سے قبل صرف اس کی نشانی دیکھ کر) ایمان لے آئے تو ہم نے ان سے دنیوی زندگی میں (ہی) رسوائی کا عذاب دور کر دیا اور ہم نے انہیں ایک مدت تک منافع سے بہرہ مند رکھا o

Then why has there not been any town, except (the town of) the people of Yunus (Jonah), that believed and its belief brought it profit? When (the people of Yunus [Jonah]) believed (just seeing the sign of torment before it was sent down), We removed from them the punishment of humiliation (even) in the life of the world and We let them avail the profit for a time.

قُلِ انظُرُواْ مَاذَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا تُغْنِي الآيَاتُ وَالنُّذُرُ عَن قَوْمٍ لاَّ يُؤْمِنُونَ (101)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم لوگ دیکھو تو (سہی) آسمانوں اور زمین (کی اس وسیع کائنات) میں قدرتِ الٰہیہ کی کیا کیا نشانیاں ہیں اور (یہ) نشانیاں اور (عذابِ الٰہی سے) ڈرانے والے (پیغمبر) ایسے لوگوں کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے جو ایمان لانا ہی نہیں چاہتےo

Say: '(Just) observe what signs of Allah's might are there in (the boundless cosmos of) the heavens and the earth.' (These) signs and (the Messengers) who warn the people (of Allah's torment) cannot benefit those who have no intention to believe.

ثُمَّ نُنَجِّي رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُواْ كَذَلِكَ حَقّاً عَلَيْنَا نُنجِ الْمُؤْمِنِينَ(103)

ترجمہ: پھر ہم اپنے رسولوں کو بچا لیتے ہیں اور ان لوگوں کو بھی جو اس طرح ایمان لے آتے ہیں، (یہ بات) ہمارے ذمۂ کرم پر ہے کہ ہم ایمان والوں کو بچا لیںo

We then save Our Messengers and also those who believe in the same manner. This (provision) is a bountiful obligation upon Us to save the believers.

سورۃ ہود:

أَفَمَن كَانَ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَى إِمَاماً وَرَحْمَةً أُوْلَـئِكَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمَن يَكْفُرْ بِهِ مِنَ الأَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهُ فَلاَ تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يُؤْمِنُونَ (17)

ترجمہ: وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہے اور اللہ کی جانب سے ایک گواہ (قرآن) بھی اس شخص کی تائید و تقویت کے لیے آ گیا ہے اور اس سے قبل موسٰی (علیہ السلام) کی کتاب (تورات) بھی جو رہنما اور رحمت تھی (آ چکی ہو) یہی لوگ اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں، کیا (یہ) اور (کافر) فرقوں میں سے وہ شخص جو اس (قرآن) کا منکر ہے (برابر ہو سکتے ہیں) جبکہ آتشِ دوزخ اس کا ٹھکانا ہے، سو (اے سننے والے!) تجھے چاہئے کہ تو اس سے متعلق ذرا بھی شک میں نہ رہے، بے شک یہ (قرآن) تیرے رب کی طرف سے حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتےo

He who holds fast to a clear proof from his Lord, and a testimony (the Qur'an) too has come from his Lord for his strength and support, and prior to that the Book of Musa ([Moses], the Torah), a guide and a mercy (too had come)-so, it is they who believe in it (the Qur'an). Can (such a person be equal to) the one who denies (the Qur'an) from amongst (the disbelieving) sects, whilst his abode is the Fire of Hell? So, (O listener,) be not in any doubt about it. Surely, this (Qur'an) is the truth from your Lord, but most people do not believe.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (25)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا، (انہوں نے ان سے کہا:) میں تمہارے لیے کھلا ڈر سنانے والا (بن کر آیا) ہوںo

And surely, We sent Nuh (Noah) to his people. (He said to them:) 'I am

(raised and appointed as) a plain Warner to you,

أَن لَّا تَعْبُدُواْ إِلَّا اللّهَ إِنِّيَ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ أَلِيمٍ (26)

ترجمہ: کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، میں تم پر دردناک دن کے عذاب (کی آمد) کا خوف رکھتا ہوں o

That you worship none but Allah. Indeed, I fear the torment of a grievous day (coming) upon you.'

فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ مِن قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَراً مِّثْلَنَا وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ وَمَا نَرَى لَكُمْ عَلَيْنَا مِن فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كَاذِبِيْنَ (27)

ترجمہ: سو ان کی قوم کے کفر کرنے والے سرداروں اور وڈیروں نے کہا: ہمیں تو تم ہمارے اپنے ہی جیسا ایک بشر دکھائی دیتے ہو اور ہم نے کسی (معزز شخص) کو تمہاری پیروی کرتے ہوئے نہیں دیکھا سوائے ہمارے (معاشرے کے) سطحی رائے رکھنے والے پست و حقیر لوگوں کے (جو بے سوچے سمجھے تمہارے پیچھے لگ گئے ہیں)، اور ہم تمہارے اندر اپنے اوپر کوئی فضیلت و برتری (یعنی طاقت و اقتدار، مال و دولت یا تمہاری جماعت میں بڑے لوگوں کی شمولیت الغرض ایسا کوئی نمایاں پہلو) بھی نہیں دیکھتے بلکہ ہم تو تمہیں جھوٹا سمجھتے ہیں o

So the disbelieving chiefs and nobles of his people said: 'You appear to us but a human like ourselves, and we have not seen any (honourable person) following you except the most inferior and lowest of (our society) having superficial opinion (who have become your followers without using discretion). Nor do we find in you any merit and superiority over us (i.e., power and authority, wealth and riches, or the worthy people joining your party, or for that matter, any such prominent feature). Instead, we consider you to be liars.'

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّيَ وَآتَانِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِندِهِ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ أَنُلْزِمُكُمُوهَا وَأَنتُمْ لَهَا كَارِهُونَ(28)

ترجمہ: (نوح علیہ السلام نے) کہا: اے میری قوم! بتاؤ تو سہی اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر بھی ہوں اور اس نے مجھے اپنے حضور سے (خاص) رحمت بھی بخشی ہو مگر وہ تمہارے اوپر (اندھوں کی طرح) پوشیدہ کر دی گئی ہو، تو کیا ہم اسے تم پر جبراً مسلّط کر سکتے ہیں درآنحالیکہ تم اسے ناپسند کرتے ہو o

Nuh (Noah) said: 'O my people, what is your view: if I stick to a clear proof from my Lord and He has also granted me His (exceptional) mercy from Himself, but that has been veiled from you (like the blind), can we force it upon you coercively whilst you despise it?

وَيَا قَوْمِ لا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالاً إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى اللّهِ وَمَا أَنَاْ بِطَارِدِ الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِنَّهُم مُّلاَقُو رَبِّهِمْ وَلَـكِنِّيَ أَرَاكُمْ قَوْماً تَجْهَلُونَ (29)

ترجمہ: اور اے میری قوم! میں تم سے اس (دعوت و تبلیغ) پر کوئی مال و دولت (بھی) طلب نہیں کرتا، میرا اجر تو صرف اللہ (کے ذمۂ کرم) پر ہے اور میں (تمہاری خاطر) ان (غریب اور پسماندہ) لوگوں کو جو ایمان لے آئے ہیں دھتکارنے والا بھی نہیں ہوں

(تم انہیں حقیر مت سمجھو یہی حقیقت میں معزز ہیں)۔ بے شک یہ لوگ اپنے رب کی ملاقات سے بہرہ یاب ہونے والے ہیں اور میں تو درحقیقت تمہیں جاہل (و بے فہم) قوم دیکھ رہا ہوں o

And, O my people, I do not (also) demand from you any wealth for (promoting and preaching this message). My reward is only (a bountiful obligation) upon Allah. Nor shall I drive away (for your sake) these (poor and backward) people who have accepted faith. (Do not consider them inferior; it is they who are in fact superior and respectable.) Surely, they are those who will be blessed with meeting with their Lord, and truly I find you an ignorant (and insensible) people.

وَيَا قَوْمِ مَن يَنصُرُنِي مِنَ اللّهِ إِن طَرَدتُّهُمْ أَفَلاَ تَذَكَّرُونَ (30)

ترجمہ: اور اے میری قوم! اگر میں ان کو دھتکار دوں تو اللہ (کے غضب) سے (بچانے میں) میری مدد کون کر سکتا ہے، کیا تم غور نہیں کرتے o

And, O my people, if I drive them away, then who will come to my help (to rescue me) from (the wrath of) Allah? Do you not reflect?

وَلاَ أَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَآئِنُ اللّهِ وَلاَ أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلاَ أَقُولُ إِنِّي مَلَكٌ وَلاَ أَقُولُ لِلَّذِينَ تَزْدَرِي أَعْيُنُكُمْ لَن يُؤْتِيَهُمُ اللّهُ خَيْراً اللّهُ أَعْلَمُ بِمَا فِي أَنفُسِهِمْ إِنِّي إِذاً لَّمِنَ الظَّالِمِينَ (31)

ترجمہ: اور میں تم سے (یہ) نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں (یعنی میں بے حد دولت مند ہوں) اور نہ (یہ کہ) میں (اللہ کے بتائے بغیر) خود غیب جانتا ہوں اور نہ میں یہ کہتا ہوں کہ میں (انسان نہیں) فرشتہ ہوں (میری دعوت کرشماتی دعووں پر مبنی نہیں ہے) اور نہ ان لوگوں کی نسبت جنہیں تمہاری نگاہیں حقیر جان رہی ہیں یہ کہتا ہوں کہ اللہ انہیں ہرگز کوئی بھلائی نہ دے گا (یہ اللہ کا امر اور ہر شخص کا نصیب ہے)، اللہ بہتر جانتا ہے جو کچھ ان کے دلوں میں ہے، (اگر ایسا کہوں تو) بے شک میں اسی وقت ظالموں میں سے ہو جاؤں گا o

And I do not say (this) to you: I have treasures of Allah (i.e., I am a wealthy person); nor do I know of the unseen on my own (without Allah's Revelation). Nor do I say: I am an angel (not a man. My message is not based on charismatic claims). Nor do I say pertaining to those who are inferior in your eyes: Allah will not award them any good at all (that is Allah's command and everyone's share). Allah knows best what is in their hearts. (If I were to say that,) surely I shall be amongst the wrongdoers the same moment.'

قَالُواْ يَا نُوحُ قَدْ جَادَلْتَنَا فَأَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ (32)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: اے نوح! بے شک تم ہم سے جھگڑ چکے سو تم نے ہم سے بہت جھگڑا کر لیا، بس اب ہمارے پاس وہ (عذاب) لے آؤ جس کا تم ہم سے وعدہ کرتے ہو اگر تم (واقعی) سچے ہو o

They said: 'O Nuh (Noah), indeed you have disputed with us and disputed much. So now bring upon us that (torment) which you promise us if you

are (really) truthful.'

قَالَ إِنَّمَا يَأْتِيكُم بِهِ اللّهُ إِن شَاء وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ (33)

ترجمہ: (نوح علیہ السلام نے) کہا: وہ (عذاب) تو بس اللہ ہی تم پر لائے گا اگر اس نے چاہا اور تم (اسے) عاجز نہیں کر سکتےo

Nuh (Noah) said: 'Allah alone will bring upon you that (torment) if He so wills and you cannot hinder (Him).

وَلاَ يَنفَعُكُمْ نُصْحِيَ إِنْ أَرَدتُّ أَنْ أَنصَحَ لَكُمْ إِن كَانَ اللّهُ يُرِيْدُ أَن يُغْوِيَكُمْ هُوَ رَبُّكُمْ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (34)

ترجمہ: اور میری نصیحت (بھی) تمہیں نفع نہ دے گی خواہ میں تمہیں نصیحت کرنے کا ارادہ کروں اگر اللہ نے تمہیں گمراہ کرنے کا ارادہ فرما لیا ہو، وہ تمہارا رب ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

And even if I resolve to counsel you, my counsel (too) will not benefit you if Allah wills to lead you astray. He is your Lord and you will be returned to Him alone.'

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِيْ وَأَنَاْ بَرِيْءٌ مِّمَّا تُجْرَمُونَ (35)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے، فرما دیجیے: اگر میں نے اسے گھڑ لیا ہے تو میرے جرم (کا وبال) مجھ پر ہوگا اور میں اس سے بری ہوں جو جرم تم کر رہے ہوo

(O Glorious Messenger!) Do they say: 'The Messenger has fabricated this (Qur'an) himself'? Say: 'If I have fabricated it, then I shall have to bear (the resulting torment of) my sin. And I am free of the sin that you are perpetrating.'

وَأُوحِيَ إِلَى نُوحٍ أَنَّهُ لَن يُؤْمِنَ مِن قَوْمِكَ إِلاَّ مَن قَدْ آمَنَ فَلاَ تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُواْ يَفْعَلُونَ (36)

ترجمہ: اور نوح (علیہ السلام) کی طرف وحی کی گئی کہ (اب) ہرگز تمہاری قوم میں سے (مزید) کوئی ایمان نہیں لائے گا سوائے ان کے جو (اس وقت تک) ایمان لا چکے ہیں، سو آپ ان کے (تکذیب و استہزا کے) کاموں سے رنجیدہ نہ ہوںo

And it was revealed to Nuh (Noah): 'None of your people will (now) believe (any more) except those who have (so far) believed. So you should not grieve over their (belying and mocking) activities.

وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلاَ تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُواْ إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ(37)

ترجمہ: اور تم ہمارے حکم کے مطابق ہمارے سامنے ایک کشتی بناؤ اور ظالموں کے بارے میں مجھ سے (کوئی) بات نہ کرنا، وہ ضرور غرق کیے جائیں گےo

And build an Ark before Our Eyes in compliance with Our instructions, and do not converse with Me (about anything) pertaining to the wrongdoers. They will surely be drowned.'

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلأٌ مِّن قَوْمِهِ سَخِرُواْ مِنْهُ قَالَ إِن تَسْخَرُواْ مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ (38)

ترجمہ: اور نوح (علیہ السلام) کشتی بناتے رہے اور جب بھی ان کی قوم کے سردار اُن کے پاس سے گزرتے ان کا مذاق اڑاتے۔ نوح (علیہ السلام انہیں جواباً) کہتے: اگر (آج) تم ہم سے تمسخر کرتے ہو تو (کل) ہم بھی تم سے تمسخر کریں گے جیسے تم تمسخر کر رہے

ہوO

And Nuh (Noah) set himself to building the Ark. And whenever the chiefs of his people passed by him, they would scoff at him. Nuh (Noah) would say (in reply): 'If you are mocking us (today), we shall also mock you (tomorrow) as you are mocking us.

فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيمٌ (39)

ترجمہ: سوتم عنقریب جان لوگے کہ کس پر (دنیامیں ہی) عذاب آتا ہے جواسے ذلیل ورسوا کردے گااور (پھرآخرت میں بھی کس پر) ہمیشہ قائم رہنے والا عذاب اترتا ہےO

So you will soon learn upon whom the torment comes (in the world) that will humiliate him and (then whom) the eternal torment befalls (in the Hereafter too).'

حَتَّى إِذَا جَاء أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ قُلْنَا احْمِلْ فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلاَّ مَن سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ آمَنَ وَمَا آمَنَ مَعَهُ إِلاَّ قَلِيلٌ (40)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ہمارا حکم (عذاب) آپہنچااور تنور (پانی کے چشموں کی طرح) جوش سے ابلنے لگا (تو) ہم نے فرمایا: (اےنوح!) اس کشتی میں ہر جنس میں سے (نراور مادہ) دوعدد پر مشتمل جوڑا سوار کرلواور اپنے گھر والوں کو بھی (لے لو) سوائے ان کے جن پر (ہلاکت کا) فرمان پہلے صادر ہو چکا ہےاور جو کوئی ایمان لے آیا ہے (اسے بھی ساتھ لے لو)،اور چند (لوگوں) کے سوا ان کے ساتھ کوئی ایمان نہیں لایا تھاO

Until when Our command (of torment) came and the oven started gushing (like fountains, then) We said: '(O Nuh [Noah],) place aboard the Ark a pair of animals (male and female) of every species, and (take in) your family except those against whom the command (of destruction) has already gone forth, and whoever has believed (also take him with you).' And, except a few, none had believed with him.

وَقَالَ ارْكَبُواْ فِيهَا بِسْمِ اللّهِ مَجْرَاهَا وَمُرْسَاهَا إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ (41)

ترجمہ: اورنوح (علیہ السلام) نے کہا: تم لوگ اس میں سوار ہو جاؤ اللہ ہی کے نام سے اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا ہے۔ بے شک میرا رب بڑا ہی بخشنے والا نہایت مہربان ہےO

Nuh (Noah) said: 'Get into the Ark; in the Name of Allah will it sail and anchor. Surely, my Lord is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ وَنَادَى نُوحٌ ابْنَهُ وَكَانَ فِي مَعْزِلٍ يَا بُنَيَّ ارْكَب مَّعَنَا وَلاَ تَكُن مَّعَ الْكَافِرِينَ (42)

ترجمہ: اوروہ کشتی پہاڑوں جیسی (طوفانی) لہروں میں انہیں لیے چلتی جارہی تھی کہ نوح (علیہ السلام) نے اپنے بیٹے کو پکارااور وہ ان سے الگ (کافروں کے ساتھ کھڑا) تھا: اے میرے بیٹے! ہمارے ساتھ سوار ہو جااور کافروں کے ساتھ نہ رہOO

And the Ark kept sailing, carrying them through (violent) waves towering like mountains. Then Nuh (Noah) called out to his son, who had separated from him (and was standing with the disbelievers): 'O my son, get aboard with us and do not stay with the disbelievers.'

قَالَ سَآوِیۡۤ اِلٰی جَبَلٍ یَّعۡصِمُنِیۡ مِنَ الۡمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الۡیَوۡمَ مِنۡ اَمۡرِ اللّٰہِ اِلَّا مَنۡ رَّحِمَ ۚ وَ حَالَ بَیۡنَہُمَا الۡمَوۡجُ فَکَانَ مِنَ الۡمُغۡرَقِیۡنَ **(43)**

ترجمہ: وہ بولا: میں (کشتی میں سوار ہونے کے بجائے) ابھی کسی پہاڑ کی پناہ لے لیتا ہوں وہ مجھے پانی سے بچا لے گا۔ نوح (علیہ السلام) نے کہا: آج اللہ کے عذاب سے کوئی بچانے والا نہیں ہے مگر اس شخص کو جس پر وہی (اللہ) رحم فرما دے، اسی اثنا میں دونوں (یعنی باپ بیٹے) کے درمیان (طوفانی) موج حائل ہو گئی سو وہ ڈوبنے والوں میں ہو گیا o

He said: '(Instead of embarking on the Ark) I shall just now take shelter on some mountain. That will save me from the Deluge.' Nuh (Noah) said: 'None can save today from Allah's punishment except someone to whom He (Allah) shows His mercy.' In the meanwhile, a (violent) wave came between both (father and son). So he was one of the drowned.

وَ قِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ وَ یٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَ غِیۡضَ الۡمَآءُ وَ قُضِیَ الۡاَمۡرُ وَ اسۡتَوَتۡ عَلَی الۡجُوۡدِیِّ وَ قِیۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ **(44)**

ترجمہ: اور (جب سفینۂ نوح کے سوا سب ڈوب کر ہلاک ہو چکے تو) حکم دیا گیا: اے زمین! اپنا پانی نگل جا اور اے آسمان! تو تھم جا، اور پانی خشک کر دیا گیا اور کام تمام کر دیا گیا اور کشتی جودی پہاڑ پر جا ٹھہری، اور فرما دیا گیا کہ ظالموں کے لیے (رحمت سے) دوری ہے o

(And when all were drowned and annihilated except Nuh's [Noah's] Ark) it was commanded: 'O earth, swallow up your water and, O sky, cease pouring.' And the water was dried and the command was executed and the Ark came to rest on Mount al-Judi and it was said: 'Far away are the unjust (from mercy)!'

وَ نَادٰی نُوۡحٌ رَّبَّہٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابۡنِیۡ مِنۡ اَہۡلِیۡ وَ اِنَّ وَعۡدَکَ الۡحَقُّ وَ اَنۡتَ اَحۡکَمُ الۡحٰکِمِیۡنَ **(45)**

ترجمہ: اور نوح (علیہ السلام) نے اپنے رب کو پکارا اور عرض کیا: اے میرے رب! بے شک میرا لڑکا (بھی) تو میرے گھر والوں میں داخل تھا اور یقیناً تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب سے بڑا حاکم ہے o

And Nuh (Noah) called out to his Lord and submitted: 'O my Lord, indeed my son (too) was a part of my family, and certainly Your promise is true, and You are the Greatest of all rulers.'

قَالَ یٰنُوۡحُ اِنَّہٗ لَیۡسَ مِنۡ اَہۡلِکَ ۚ اِنَّہٗ عَمَلٌ غَیۡرُ صَالِحٍ ۫ فَلَا تَسۡـَٔلۡنِ مَا لَیۡسَ لَکَ بِہٖ عِلۡمٌ ؕ اِنِّیۡۤ اَعِظُکَ اَنۡ تَکُوۡنَ مِنَ الۡجٰہِلِیۡنَ **(46)**

ترجمہ: ارشاد ہو: اے نوح! بے شک وہ تیرے گھر والوں میں شامل نہیں کیونکہ اس کے عمل اچھے نہ تھے، پس مجھ سے وہ سوال نہ کیا

کرو جس کا تمہیں علم نہ ہو، میں تمہیں نصیحت کیے دیتا ہوں کہ کہیں تم نادانوں میں سے (نہ) ہو جانا○

(Allah) said: 'O Nuh (Noah), indeed he is not included in your family because his actions were not righteous. So do not ask Me a question (about matters) of which you have no knowledge. I admonish you lest you should become amongst the unwise.'

قَالَ رَبِّ إِنِّیٓ أَعُوذُ بِكَ أَنۡ أَسۡـَٔلَكَ مَا لَيۡسَ لِیۡ بِهِۦ عِلۡمٞۖ وَإِلَّا تَغۡفِرۡ لِیۡ وَتَرۡحَمۡنِیٓ أَكُن مِّنَ ٱلۡخَٰسِرِينَ (47)

ترجمہ: (نوح علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میں اس بات سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ تجھ سے وہ سوال کروں جس کا مجھے کچھ علم نہ ہو، اور اگر تو مجھے نہ بخشے گا اور مجھ پر رحم (نہ) فرمائے گا (تو) میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاؤں گا○

Nuh (Noah) submitted: 'O my Lord, I seek refuge with You from asking You that of which I have no knowledge. And if You forgive me not and bestow (not) mercy on me, (then) I shall be of the losers.'

قِيلَ يَٰنُوحُ ٱهۡبِطۡ بِسَلَٰمٖ مِّنَّا وَبَرَكَٰتٍ عَلَيۡكَ وَعَلَىٰٓ أُمَمٖ مِّمَّن مَّعَكَۚ وَأُمَمٞ سَنُمَتِّعُهُمۡ ثُمَّ يَمَسُّهُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٞ (48)

ترجمہ: فرمایا گیا: اے نوح! ہماری طرف سے سلامتی اور برکتوں کے ساتھ (کشتی سے) اتر جاؤ جو تم پر ہیں اور ان طبقات پر ہیں جو تمہارے ساتھ ہیں، اور (آئندہ پھر) کچھ طبقے ایسے ہوں گے جنہیں ہم (دنیوی نعمتوں سے) بہرہ یاب فرمائیں گے پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب آ پہنچے گا○

He was commanded: 'O Nuh (Noah), get down (from the Ark) with peace and blessings from Us on you and on the (kingdoms, classes and) species that are with you. And there will (also) be (classes and) species (in the future again) whom We shall provide with (the worldly favours); then a painful torment will come upon them from Us.'

تِلۡكَ مِنۡ أَنۢبَآءِ ٱلۡغَيۡبِ نُوحِيهَآ إِلَيۡكَۖ مَا كُنتَ تَعۡلَمُهَآ أَنتَ وَلَا قَوۡمُكَ مِن قَبۡلِ هَٰذَاۛ فَٱصۡبِرۡۖ إِنَّ ٱلۡعَٰقِبَةَ لِلۡمُتَّقِينَ (49)

ترجمہ: یہ (بیان ان) غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں، اس سے قبل نہ آپ انہیں جانتے تھے اور نہ آپ کی قوم، پس آپ صبر کریں۔ بے شک بہتر انجام پرہیزگاروں ہی کے لیے ہے○

This (narration) is of the accounts of the unseen that We reveal to you. Neither you nor your people knew them before this. So observe patience. Surely, it is the Godfearing with whom it ends well.

وَإِلَىٰ عَادٍ أَخَاهُمۡ هُودٗاۚ قَالَ يَٰقَوۡمِ ٱعۡبُدُواْ ٱللَّهَ مَا لَكُم مِّنۡ إِلَٰهٍ غَيۡرُهُۥٓۖ إِنۡ أَنتُمۡ إِلَّا مُفۡتَرُونَ (50)

ترجمہ: اور (ہم نے) قومِ عاد کی طرف ان کے بھائی ہود (علیہ السلام) کو (بھیجا)، انہوں نے کہا: اے میری قوم اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارے لیے کوئی معبود نہیں، تم اللہ پر (شریک رکھنے کا) محض بہتان باندھنے والے ہو○

And to the people of 'Ad (We sent) their (kinship) brother Hud. He said: 'O my people, worship Allah. You have no God other than Him. You merely invent a lie against Allah (of having a partner).

يَا قَوْمِ لا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِنْ أَجْرِيَ إِلاَّ عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ أَفَلاَ تَعْقِلُونَ (51)

ترجمہ: اے میری قوم! میں اس (دعوت وتبلیغ) پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر فقط اس (کے ذمۂ کرم) پر ہے جس نے مجھے پیدا فرمایا ہے، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتےo

O my people! I do not demand of you any recompense for this (promotion and preaching of the message). My reward is (a bountiful obligation) upon Him Who has created me. Do you not apply your mind?

وَيَا قَوْمِ اسْتَغْفِرُواْ رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُواْ إِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَاء عَلَيْكُم مِّدْرَاراً وَيَزِدْكُمْ قُوَّةً إِلَى قُوَّتِكُمْ وَلاَ تَتَوَلَّوْاْ مُجْرِمِيْنَ (52)

ترجمہ: اور اے لوگو! تم اپنے رب سے (گناہوں کی) بخشش مانگو پھر اس کی جناب میں (صدقِ دل سے) رجوع کرو، وہ تم پر آسمان سے موسلا دھار بارش بھیجے گا اور تمہاری قوت پر قوت بڑھائے گا اور تم مجرم بنتے ہوئے اس سے روگردانی نہ کرناo

And, O people, seek forgiveness of your Lord (for your sins), then turn towards Him (with true hearts). He will send upon you copious rain from the sky and will add strength to your strength. So, do not turn away from Him becoming sinners.'

قَالُواْ يَا هُودُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْ آلِهَتِنَا عَن قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ(53)

ترجمہ: وہ بولے: اے ہود! تم ہمارے پاس کوئی واضح دلیل لیکر نہیں آئے ہو اور نہ ہم تمہارے کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیں اور نہ ہی ہم تم پر ایمان لانے والے ہیںo

They said: 'O Hud, you have not brought us any clear proof. Neither are we going to forsake our gods at your behest, nor are we to believe in you.

إِن نَّقُولُ إِلاَّ اعْتَرَاكَ بَعْضُ آلِهَتِنَا بِسُوَءٍ قَالَ إِنِّيْ أُشْهِدُ اللّهِ وَاشْهَدُواْ أَنِّيْ بَرِيْءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ (54)

ترجمہ: ہم اس کے سوا (کچھ) نہیں کہہ سکتے کہ ہمارے معبودوں میں سے کسی نے تمہیں (دماغی خلل کی) بیماری میں مبتلا کر دیا ہے۔ ہود (علیہ السلام) نے کہا: بے شک میں اللہ کو گواہ بناتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ میں ان سے لاتعلق ہوں جنہیں تم شریک گردانتے ہوo

We can say nothing except that one of our gods has afflicted you with (mental) disorder.' Hud said: 'Indeed, I call Allah to witness, and you too bear witness that I have no concern with those whom you associate as partners with Allah.

مِن دُونِهِ فَكِيْدُونِيْ جَمِيْعاً ثُمَّ لاَ تُنظِرُونِ (55)

ترجمہ: اس (اللہ) کے سوا تم سب (بشمول تمہارے معبودانِ باطلہ) مل کر میرے خلاف (کوئی) تدبیر کر لو پھر مجھے مہلت بھی نہ دوo

Except for Him (Allah), join in to hatch (some) plot against me, all of you (including your false gods), then grant me no respite (as well).

إِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُم مَّا مِن دَآبَّةٍ إِلاَّ هُوَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا إِنَّ رَبِّيْ عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (56)

ترجمہ: بے شک میں نے اللہ پر توکل کرلیا ہے جو میرا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، کوئی چلنے والا (جاندار) ایسا نہیں مگر وہ اسے اس کی چوٹی سے پکڑے ہوئے ہے (یعنی مکمل طور پر اس کے قبضۂ قدرت میں ہے)۔ بے شک میرا رب (حق و عدل میں) سیدھی راہ پر (چلنے سے ملتا) ہےo

Surely, I have put my trust in Allah, Who is my Lord (as well as) your Lord. And there is not a moving (living) creature, but He holds it by its forelock (i.e., is completely in the grip of His mighty control). Surely, my Lord is (found by treading) the straight road (of truth and justice).

فَإِن تَوَلَّوْاْ فَقَدْ أَبْلَغْتُكُم مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ وَيَسْتَخْلِفُ رَبِّي قَوْماً غَيْرَكُمْ وَلاَ تَضُرُّونَهُ شَيْئاً إِنَّ رَبِّي عَلَىَ كُلِّ شَيْءٍ حَفِيظٌ (57)

ترجمہ: پھر بھی اگر تم روگردانی کرو تو میں نے واقعتاً وہ (تمام احکام) تمہیں پہنچا دیے ہیں جنہیں لے کر میں تمہارے پاس بھیجا گیا ہوں، اور میرا رب تمہاری جگہ کسی اور قوم کو قائم مقام بنا دے گا، اور تم اس کا کچھ بھی بگاڑ نہ سکو گے۔ بے شک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہےo

If even then you turn away, I have literally brought you (all those commandments) with which I have been sent to you. And my Lord will appoint some other people in your place as your successors, and you can do Him no harm at all. Surely, my Lord is the Protector of everything.'

وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوداً وَالَّذِينَ آمَنُواْ مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنَاهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ (58)

ترجمہ: اور جب ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا (تو) ہم نے ہود (علیہ السلام) کو اور ان کے ساتھ ایمان والوں کو اپنی رحمت کے باعث بچا لیا، اور ہم نے انہیں سخت عذاب سے نجات بخشیo

And when Our command (of torment) came to pass, (then) We saved Hud and the believers with him because of Our mercy, and We delivered them from severe punishment.

وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُواْ بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْاْ رُسُلَهُ وَاتَّبَعُواْ أَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ (59)

ترجمہ: اور یہ (قوم) عاد ہے جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا اور اپنے رسولوں کی نافرمانی کی اور ہر جابر (و متکبر) دشمنِ حق کے حکم کی پیروی کیo

And these are (the people of) 'Ad who denied the Revelations of their Lord and disobeyed their Messengers and followed the dictates of every oppressive (and arrogant) enemy of the truth.

وَأُتْبِعُواْ فِي هَـذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلا إِنَّ عَاداً كَفَرُواْ رَبَّهُمْ أَلاَ بُعْداً لِّعَادٍ قَوْمِ هُودٍ (60)

ترجمہ: اور اس دنیا میں (بھی) ان کے پیچھے لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن (بھی لگے گی)۔ یاد رکھو کہ (قومِ) عاد نے اپنے رب کے ساتھ کفر کیا تھا۔ خبردار! ہود (علیہ السلام) کی قومِ عاد کے لیے (رحمت سے) دوری ہےo

A curse was set to chase them in this world, and (will chase them) on the Day

of Resurrection (as well). Bear in mind that (the people of) 'Ad denied their Lord. Beware! Far away (from mercy) are the 'Ad, the people of Hud!

وَإِلَى ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحاً قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُواْ اللّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَـهٍ غَيْرُهُ هُوَ أَنشَأَكُم مِّنَ الأَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيهَا فَاسْتَغْفِرُوهُ ثُمَّ تُوبُواْ إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّي قَرِيبٌ مُّجِيبٌ (61)

ترجمہ: اور (ہم نے قومِ) ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح (علیہ السلام) کو (بھیجا)۔ انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی نے تمہیں زمین سے پیدا فرمایا اور اس میں تمہیں آباد فرمایا سو تم اس سے معافی مانگو پھر اس کے حضور توبہ کرو۔ بے شک میرا رب قریب ہے دعائیں قبول فرمانے والا ہےo

And (We sent) to (the people of) Thamud their (kinship) brother Salih. He said: 'O my people, worship Allah. You have no God apart from Him. He is the One Who raised you up from the earth and settled you therein. So, beg His forgiveness and then turn to Him in repentance. Surely, my Lord is Near, Granting prayers.'

قَالُواْ يَا صَالِحُ قَدْ كُنتَ فِينَا مَرْجُوّاً قَبْلَ هَـذَا أَتَنْهَانَا أَن نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا وَإِنَّنَا لَفِي شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ(62)

ترجمہ: وہ بولے: اے صالح! اس سے قبل ہماری قوم میں تم ہی امیدوں کا مرکز تھے، کیا تم ہمیں ان (بتوں) کی پرستش کرنے سے روک رہے ہو جن کی ہمارے باپ دادا پرستش کرتے رہے ہیں؟ اور جس (توحید) کی طرف تم ہمیں بلا رہے ہو یقیناً ہم اس کے بارے میں بڑے اضطراب انگیز شک میں مبتلا ہیںo

They said: 'O Salih, only you have been the centre of hopes amongst our people before this. Are you forbidding us to worship those (idols) which our forefathers used to worship? We are really caught in a disquieting doubt about (the Oneness of Allah) towards which you are calling us.'

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَآتَانِي مِنْهُ رَحْمَةً فَمَن يَنصُرُنِي مِنَ اللّهِ إِنْ عَصَيْتُهُ فَمَا تَزِيدُونَنِي غَيْرَ تَخْسِيرٍ (63)

ترجمہ: صالح (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! ذرا سوچو تو سہی اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر (قائم) ہوں اور مجھے اس کی جانب سے (خاص) رحمت نصیب ہوئی ہے، (اس کے بعد اس کے احکام تم تک نہ پہنچا کر) اگر میں اس کی نافرمانی کر بیٹھوں تو کون شخص ہے جو اللہ (کے عذاب) سے بچانے میں میری مدد کر سکتا ہے؟ پس سوائے نقصان پہنچانے کے تم میرا (اور) کچھ نہیں بڑھا سکتےo

Salih said: 'O my people, just think, if I cling to a clear proof from my Lord, and I have been blessed with a (special) mercy from Him, (then after that) if I disobey Him (by holding back His commandments from you), then who can help me escape from (the torment of) Allah? So, you can add to me nothing except inflicting loss.

وَيَا قَوْمِ هَـٰذِهِ نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِي أَرْضِ اللَّهِ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيبٌ (64)

ترجمہ: اور اے میری قوم! یہ اللہ کی (خاص طریقہ سے پیدا کردہ) اونٹنی ہے (جو) تمہارے لیے نشانی ہے سو اسے چھوڑے رکھو (یہ) اللہ کی زمین میں کھاتی پھرے اور اسے کوئی تکلیف نہ پہنچانا ورنہ تمہیں قریب (واقع ہونے والا) عذاب آ پکڑے گاo

And, O my people, this is a (peculiarly created) she-camel of Allah, (which is) a sign for you. So leave her free to graze in Allah's earth, and do her no harm lest an imminent torment should seize you.'

فَعَقَرُوهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوا فِي دَارِكُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ ذَٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ (65)

ترجمہ: پھر انہوں نے اسے (کونچیں کاٹ کر) ذبح کر ڈالا، صالح (علیہ السلام) نے کہا: (اب) تم اپنے گھروں میں (صرف) تین دن (تک) عیش کر لو، یہ وعدہ ہے جو (کبھی) جھوٹا نہ ہوگاo

Then they (hamstrung and) slaughtered her. Salih said: '(Now) luxuriate in your abodes (only) for three days. This is a promise which will (never) become untrue.'

فَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا صَالِحًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ (66)

ترجمہ: پھر جب ہمارا حکمِ (عذاب) آ پہنچا (تو) ہم نے صالح (علیہ السلام) کو اور جوان کے ساتھ ایمان والے تھے اپنی رحمت کے سبب سے بچا لیا اور اس دن کی رسوائی سے (بھی نجات بخشی)۔ بے شک آپ کا رب ہی طاقتور غالب ہےo

Then, when Our command (of torment) came to pass, We saved Salih and the believers with him through Our mercy and (also delivered them) from the humiliation of that day. Surely, your Lord alone is Powerful, Sovereign.

وَأَخَذَ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ (67)

ترجمہ: اور ظالم لوگوں کو ہولناک آواز نے آ پکڑا، سو انہوں نے صبح اس طرح کی کہ اپنے گھروں میں (مُردہ حالت میں) اوندھے پڑے رہ گئےo

And a dreadful blast overtook the wrongdoers. So morning found them (dead), lying prone in their homes,

كَأَن لَّمْ يَغْنَوْا فِيهَا أَلَا إِنَّ ثَمُودَ كَفَرُوا رَبَّهُمْ أَلَا بُعْدًا لِّثَمُودَ (68)

ترجمہ: گویا وہ کبھی ان میں بسے ہی نہ تھے، یاد رکھو! (قومِ) ثمود نے اپنے رب سے کفر کیا تھا۔ خبردار! (قومِ) ثمود کے لیے (رحمت سے) دوری ہےo

As if they had never dwelled there. Remember! (The people of) Thamud denied their Lord. Beware! Far away (from mercy) are (the people of) Thamud!

وَلَقَدْ جَاءَتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَىٰ قَالُوا سَلَامًا قَالَ سَلَامٌ فَمَا لَبِثَ أَن جَاءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ (69)

ترجمہ: اور بے شک ہمارے فرستادہ فرشتے ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس خوشخبری لے کر آئے، انہوں نے سلام کہا، ابراہیم (علیہ السلام) نے بھی (جواباً) سلام کہا، پھر (آپ علیہ السلام نے) دیر نہ کی یہاں تک کہ (ان کی میزبانی کے لیے) ایک بھنا ہوا

بچھڑا لے آئےo

And indeed, Our deputed angels came to Ibrahim (Abraham), bearing glad tidings. They greeted him, saying: 'Peace (be on you),' and Ibrahim (Abraham) reciprocated: 'Peace (be on you).' Then he did not take any time and brought (them) a roasted calf (out of hospitality).

فَلَمَّا رَأَى أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً قَالُوا لَا تَخَفْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَى قَوْمِ لُوطٍ (70)

ترجمہ: پھر جب (ابراہیم علیہ السلام نے) دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس (کھانے) کی طرف نہیں بڑھ رہے تو انہیں اجنبی سمجھا اور (اپنے) دل میں ان سے کچھ خوف محسوس کرنے لگے، انہوں نے کہا: آپ مت ڈریئے! ہم قومِ لوط کی طرف بھیجے گئے ہیںo

Then, when (Ibrahim [Abraham]) saw that their hands did not stretch towards that (dish), he took them as strangers and felt a little fear of them in (his) heart. They said: 'Do not be afraid. We have been sent to the people of Lut (Lot).'

وَامْرَأَتُهُ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَاقَ وَمِن وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ(71)

ترجمہ: اور ان کی اہلیہ (سارہ پاس ہی) کھڑی تھیں تو وہ ہنس پڑیں، سو ہم نے ان (کی زوجہ) کو اسحاق (علیہ السلام) کی اور اسحاق (علیہ السلام) کے بعد یعقوب (علیہ السلام) کی بشارت دیo

And his wife (Sara) who was standing (beside him) laughed. So We conveyed to his (wife) the glad tidings of the birth of Ishaq (Isaac) and beyond Ishaq of Ya'qub (Jacob).

قَالَتْ يَا وَيْلَتَى أَأَلِدُ وَأَنَا عَجُوزٌ وَهَـذَا بَعْلِي شَيْخاً إِنَّ هَـذَا لَشَيْءٌ عَجِيبٌ (72)

ترجمہ: وہ کہنے لگیں: وائے حیرانی! کیا میں بچہ جنوں گی حالاں کہ میں بوڑھی (ہو چکی) ہوں اور میرے یہ شوہر (بھی) بوڑھے ہیں؟ بے شک یہ تو بڑی عجیب چیز ہےo

She said: 'Amazing! Shall I bear a child whilst I have grown old and my husband (too) is an old man? This is extremely astonishing indeed!'

قَالُوا أَتَعْجَبِينَ مِنْ أَمْرِ اللّهِ رَحْمَتُ اللّهِ وَبَرَكَاتُهُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ إِنَّهُ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ (73)

ترجمہ: فرشتوں نے کہا: کیا تم اللہ کے حکم پر تعجب کر رہی ہو؟ اے گھر والو! تم پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہیں، بے شک وہ قابلِ ستائش (ہے) بزرگی والا ہےo

The angels said: 'Are you wondering at Allah's command? O people of the house, (showered) upon you are mercy and blessings of Allah. Indeed, He (is) Praiseworthy, Glorious.'

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ وَجَاءتْهُ الْبُشْرَى يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ لُوطٍ (74)

ترجمہ: پھر جب ابراہیم (علیہ السلام) سے خوف جاتا رہا اور ان کے پاس بشارت آ چکی تو ہمارے (فرشتوں کے) ساتھ قومِ لوط کے بارے میں جھگڑنے لگےo

So when fear disappeared from Ibrahim (Abraham) and the glad tidings reached him, he disputed (with) Our (angels) about the people of Lut (Lot).

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ مُّنِيبٌ (75)

ترجمہ: بے شک ابراہیم (علیہ السلام) بڑے متحمل مزاج، آہ وزاری کرنے والے ہر حال میں ہماری طرف رجوع کرنے والے تھےo

Assuredly, Ibrahim (Abraham) was most forbearing, sobbing and submissive and turning to Us under all circumstances.

يَا إِبْرَاهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَذَا إِنَّهُ قَدْ جَاء أَمْرُ رَبِّكَ وَإِنَّهُمْ آتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ (76)

ترجمہ: (فرشتوں نے کہا:) اے ابراہیم! اس (بات) سے درگزر کیجئے، بے شک اب تو آپ کے رب کا حکم (عذاب) آچکا ہے، اور انہیں عذاب پہنچنے ہی والا ہے جو پلٹایا نہیں جا سکتاo

(The angels said:) 'O Ibrahim (Abraham), leave off this (matter). Surely, the command of (torment from) your Lord has now come to pass, and the torment is about to seize them which cannot be averted.'

وَلَمَّا جَاءتْ رُسُلُنَا لُوطاً سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعاً وَقَالَ هَـذَا يَوْمٌ عَصِيبٌ (77)

ترجمہ: اور جب ہمارے فرستادہ فرشتے لوط (علیہ السلام) کے پاس آئے (تو) وہ ان کے آنے سے پریشان ہوئے اور ان کے باعث (ان کی) طاقت کمزور پڑ گئی اور کہنے لگے: یہ بہت سخت دن ہے (فرشتے نہایت خوب رُو تھے اور حضرت لوط علیہ السلام کو اپنی قوم کی بری عادت کا علم تھا سو ممکنہ فتنہ کے اندیشہ سے پریشان ہوئے)o

And when Our deputed angels visited Lut (Lot), he felt worried on their arrival and on account of them his strength sank and he said: 'This is a day of great distress.' (The angels were extremely handsome, and Lut [Lot] was aware of the evil habit of his people, so he was perturbed for fear of possible mischief.)

وَجَاءهُ قَوْمُهُ يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ وَمِن قَبْلُ كَانُواْ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ قَالَ يَا قَوْمِ هَـؤُلاء بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُواْ اللّهَ وَلاَ تُخْزُونِ فِي ضَيْفِي أَلَيْسَ مِنكُمْ رَجُلٌ رَّشِيدٌ (78)

ترجمہ: (سو وہی ہوا جس کا انہیں اندیشہ تھا) اور لوط (علیہ السلام) کی قوم (مہمانوں کی خبر سنتے ہی) ان کے پاس دوڑتی ہوئی آ گئی، اور وہ پہلے ہی برے کام کیا کرتے تھے۔ لوط (علیہ السلام) نے کہا: اے میری (نافرمان) قوم! یہ میری (قوم کی) بیٹیاں ہیں یہ تمہارے لیے (بطریقِ نکاح) پاکیزہ و حلال ہیں سو تم اللہ سے ڈرو اور میرے مہمانوں میں (اپنی بے حیائی کے باعث) مجھے رسوا نہ کرو! کیا تم میں سے کوئی بھی نیک سیرت آدمی نہیں ہےo

(So, that which he feared took place.) The people of Lut ([Lot], hearing about the arrival of the guests,) came to him running. And they were already addicted to evil-doing. Lut (Lot) said: 'O my (disobedient) people, here are my (people's) daughters. They are pure and lawful for you (through marriage). So, fear Allah and do not humiliate me in the presence of my guests (because of your indecency). Is there not amongst you even a single man of upright character?

قَالُواْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ وَإِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ (79)

ترجمہ: وہ بولے: تم خوب جانتے ہو کہ ہمیں تمہاری (قوم کی) بیٹیوں سے کوئی غرض نہیں، اور تم یقیناً جانتے ہو جو کچھ ہم چاہتے ہیںo

They said: 'You know well that we have nothing to do with your (people's) daughters. And you certainly know what we desire.'

قَالَ لَوْ أَنَّ لِي بِكُمْ قُوَّةً أَوْ آوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ (80)

ترجمہ: لوط (علیہ السلام) نے کہا: کاش! مجھ میں تمہارے مقابلہ کی ہمت ہوتی یا میں (آج) کسی مضبوط قلعہ میں پناہ لے سکتاo

Lut (Lot) said: 'Would that I had the power to resist you, or I could seek shelter (today) in some unassailable fort!'

قَالُواْ يَا لُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَن يَصِلُواْ إِلَيْكَ فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ اللَّيْلِ وَلاَ يَلْتَفِتْ مِنكُمْ أَحَدٌ إِلاَّ امْرَأَتَكَ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَا أَصَابَهُمْ إِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ أَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيبٍ(81)

ترجمہ: (تب فرشتے) کہنے لگے: اے لوط! ہم آپ کے رب کے بھیجے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ تم تک ہرگز نہ پہنچ سکیں گے، پس آپ اپنے گھر والوں کو رات کے کچھ حصہ میں لے کر نکل جائیں اور تم میں سے کوئی مڑ کر (پیچھے) نہ دیکھے مگر اپنی عورت کو (ساتھ نہ لینا)، یقیناً اسے (بھی) وہی (عذاب) پہنچنے والا ہے جو انہیں پہنچے گا۔ بے شک ان (کے عذاب) کا مقررہ وقت صبح (کا) ہے، کیا صبح قریب نہیں ہےo

(Thereupon the angels) said: 'O Lut (Lot), we are the messengers of your Lord. These people shall never be able to get at you. So leave during a part of the night with your family and let not any of you look (back); but (do not take) your wife (with you). The same (torment) that will come upon them is going to reach her (too). Surely, the time appointed for their (torment) is the morning. And is the morning not near?'

فَلَمَّا جَاء أَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ مَّنضُودٍ (82)

ترجمہ: پھر جب ہمارا حکم (عذاب) آ پہنچا تو ہم نے (الٹ کر) اس بستی کے اوپر کے حصہ کو نچلا حصہ کر دیا اور ہم نے اس پر پتھر اور پکی ہوئی مٹی کے کنکر برسائے جو پے در پے (اور تہ بہ تہ) گرتے رہےo

Then, when Our command (of chastisement) came to pass, We turned the town upside down, and We rained upon it stones and pebbles of baked clay which incessantly teemed down (layer upon layer),

مُّسَوَّمَةً عِندَ رَبِّكَ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ بِبَعِيدٍ (83)

ترجمہ: جو آپ کے رب کی طرف سے نشان کیے ہوئے تھے، اور یہ (سنگ ریزوں کا عذاب) ظالموں سے (اب بھی) کچھ دور نہیں ہےo

Which were marked by your Lord. And this (torment of stones) is not far away from the wrongdoers (even now).

وَإِلَى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْباً قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُواْ اللّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَـهٍ غَيْرُهُ وَلاَ تَنقُصُواْ الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ إِنِّيَ أَرَاكُم بِخَيْرٍ وَإِنِّيَ أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ (84)

ترجمہ: اور (ہم نے اہلِ) مدین کی طرف ان کے بھائی شعیب (علیہ السلام کو بھیجا)، انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو تمہارے لیے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اور ناپ اور تول میں کمی مت کیا کرو بے شک میں تمہیں آسودہ حال دیکھتا ہوں اور میں تم پر ایسے دن کے عذاب کا خوف (محسوس) کرتا ہوں جو (تمہیں) گھیر لینے والا ہےo

And We (sent) to (the people of) Madyan their (kinship) brother Shu'ayb. He said: 'O my people, worship Allah. You have no God but He. And do not give short measure and weight. Indeed, I see you prosperous, but I fear for you the torment of a day which is about to encompass (you).

وَيَا قَوْمِ أَوْفُواْ الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلاَ تَبْخَسُواْ النَّاسَ أَشْيَاءهُمْ وَلاَ تَعْثَوْاْ فِي الأَرْضِ مُفْسِدِيْنَ (85)

ترجمہ: اور اے میری قوم! تم ناپ اور تول انصاف کے ساتھ پورے کیا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دیا کرو اور فساد کرنے والے بن کر ملک میں تباہی مت مچاتے پھروo

And, O my people, give full measure and full weight with justice, and do not give people their things less than their due. And do not spread destruction in the land by becoming mischief-mongers.

بَقِيَّةُ اللّهِ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِيْنَ وَمَا أَنَاْ عَلَيْكُم بِحَفِيْظٍ (86)

ترجمہ: جو اللہ کے دیے میں بچ رہے (وہی) تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم ایمان والے ہو، اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوںo

That which is left over from Allah's provision (only that) is better for you if you have faith. And I am not a guardian over you.'

قَالُواْ يَا شُعَيْبُ أَصَلاَتُكَ تَأْمُرُكَ أَن نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَن نَّفْعَلَ فِيْ أَمْوَالِنَا مَا نَشَاء إِنَّكَ لَأَنتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ (87)

ترجمہ: وہ بولے! اے شعیب! کیا تمہاری نماز تمہیں یہی حکم دیتی ہے کہ ہم ان (معبودوں) کو چھوڑ دیں جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کرتے رہے ہیں یا یہ کہ ہم جو کچھ اپنے اموال کے بارے میں چاہیں (نہ) کریں؟ بے شک تم ہی (ایک) بڑے تحمل والے ہدایت یافتہ (رہ گئے) ہوo

They said: 'O Shu'ayb, does your prayer only command you that we forsake those (gods) which our fathers have been worshipping, or that we refrain from doing with our wealth what we like? Surely, you (alone) must be the most tolerant and guided one!'

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىَ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقاً حَسَناً وَمَا أُرِيْدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَى مَا أَنْهَاكُمْ عَنْهُ إِنْ أُرِيْدُ إِلاَّ الإِصْلاَحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِيْقِيْ إِلاَّ بِاللّهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيْبُ (88)

ترجمہ: شعیب (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! ذرا بتاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنی بارگاہ سے عمدہ رزق (بھی) عطا فرمایا (تو پھر حق کی تبلیغ کیوں نہ کروں؟)، اور میں یہ (بھی) نہیں چاہتا کہ تمہارے پیچھے

لگ کر (حق کے خلاف) خود وہی کچھ کرنے لگوں جس سے میں تمہیں منع کر رہا ہوں، میں تو جہاں تک مجھ سے ہو سکتا ہے (تمہاری) اصلاح ہی چاہتا ہوں، اور میری توفیق اللہ ہی (کی مدد) سے ہے، میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں o

Shu'ayb said: 'O my people, tell me if I adhere to the clear proof from my Lord, and He has also granted me pure and fine means of living from His presence (then why should I not preach the truth)? I (also) do not want that, following you, I myself start doing (against the truth) the same that I am forbidding you. All I desire is to reform (you) as far as I can, and my capability comes only from Allah's (help). So I have put my trust in Him alone and I turn towards Him alone.

وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيٓ أَن يُصِيبَكُم مِّثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ قَوْمَ هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ وَمَا قَوْمُ لُوطٍ مِّنكُم بِبَعِيدٍ (89)

ترجمہ: اور اے میری قوم! مجھ سے دشمنی و مخالفت تمہیں یہاں تک نہ ابھار دے کہ (جس کے باعث) تم پر وہ (عذاب) آ پہنچے جیسا (عذاب) قومِ نوح یا قومِ ہود یا قومِ صالح کو پہنچا تھا، اور قومِ لوط (کا زمانہ تو) تم سے کچھ دور نہیں (گزرا) o

And, O my people, let not your enmity and hostility against me incite you (due to which) there comes upon you (the torment) that befell the people of Nuh (Noah), or the people of Hud, or the people of Salih. And (the days of) the people of Lut (Lot) have not passed far before you.

وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ وَدُودٌ (90)

ترجمہ: اور تم اپنے رب سے مغفرت مانگو پھر اس کے حضور (صدقِ دل سے) توبہ کرو، بے شک میرا رب نہایت مہربان محبت فرمانے والا ہے o

And seek forgiveness from your Lord, then turn to Him in repentance (with true hearts). Indeed, my Lord is Ever-Merciful, Most Loving.

قَالُوا يَا شُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَاكَ وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ (91)

ترجمہ: وہ بولے: اے شعیب! تمہاری اکثر باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور ہم تمہیں اپنے معاشرے میں ایک کمزور شخص جانتے ہیں، اور اگر تمہارا کنبہ نہ ہوتا تو ہم تمہیں سنگ سار کر دیتے اور (ہمیں اسی کا لحاظ ہے ورنہ) تم ہماری نگاہ میں کوئی عزت والے نہیں ہو o

They said: 'O Shu'ayb, we do not understand most of your words, and we know you as a weak person in society. And were it not for your family, we would stone you. (This is what we are conceding for, otherwise) you enjoy no respect in our eyes.'

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَهْطِي أَعَزُّ عَلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ وَاتَّخَذْتُمُوهُ وَرَاءَكُمْ ظِهْرِيًّا إِنَّ رَبِّي بِمَا تَعْمَلُونَ مُحِيطٌ (92)

ترجمہ: شعیب (علیہ السلام) نے کہا: اے میری قوم! کیا میرا کنبہ تمہارے نزدیک اللہ سے زیادہ معزز ہے، اور تم نے اسے (یعنی اللہ تعالیٰ کو گویا) اپنے پس پشت ڈال رکھا ہے۔ بے شک میرا رب تمہارے (سب) کاموں کو احاطہ میں لیے ہوئے ہے o

Shu'ayb said: 'O my people, is my family more venerable to you than Allah? And you have (as if) cast Him (Allah) behind your backs. Surely, my Lord has encompassed (all) your works.

وَيَا قَوْمِ اعْمَلُواْ عَلَى مَكَانَتِكُمْ إِنِّيْ عَامِلٌ سَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيْهِ عَذَابٌ يُخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ وَارْتَقِبُواْ إِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ (93)

ترجمہ: اوراے میری قوم! تم اپنی جگہ کام کرتے رہو میں اپنا کام کر رہا ہوں۔ تم عنقریب جان لوگے کہ کس پر وہ عذاب آپہنچتا ہے جو رسوا کر ڈالے گا اور کون ہے جو جھوٹا ہے، اور تم بھی انتظار کرتے رہو اور میں (بھی) تمہارے ساتھ منتظر ہوں o

And, O my people, keep working in your place; I am doing my work. Soon will you come to know whom that torment seizes which will humiliate him, and who it is that is a liar. And wait on, and I (too) wait along with you.'

وَلَمَّا جَاء أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْباً وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَأَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُواْ الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُواْ فِيْ دِيَارِهِمْ جَاثِمِيْنَ (94)

ترجمہ: اور جب ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا تو ہم نے شعیب (علیہ السلام) کو اور ان کے ساتھ ایمان والوں کو اپنی رحمت کے باعث بچالیا اور ظالموں کو خوفناک آواز نے آ پکڑا، سو انہوں نے صبح اس حال میں کی کہ اپنے گھروں میں (مردہ حالت) میں اوندھے پڑے رہ گئے o

And when Our command (of torment) came, We saved Shu'ayb and the believers with him through Our mercy, but a dreadful blast seized the wrongdoers. So they reached the morning (as dead) lying prostrate in their homes-

كَأَن لَّمْ يَغْنَوْاْ فِيْهَا أَلَا بُعْداً لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُودُ (95)

ترجمہ: گویا وہ ان میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ سنو! (اہلِ) مدین کے لیے ہلاکت ہے جیسے (قومِ) ثمود ہلاک ہوئی تھی o

As if they had never put up there. Listen! (The people of) Madyan are doomed as were doomed (the people of) Thamud.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَى بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِيْنٍ (96)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (بھی) اپنی نشانیوں اور روشن برہان کے ساتھ بھیجا o

And indeed, We sent Musa (Moses too) with Our signs and a clear proof,

إِلَى فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَاتَّبَعُواْ أَمْرَ فِرْعَوْنَ وَمَا أَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ(97)

ترجمہ: فرعون اور اس کے سرداروں کے پاس، تو (قوم کے) سرداروں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی حالاں کہ فرعون کا حکم درست نہ تھا o

To Pharaoh and his chiefs. The chiefs of the people obeyed the command of Pharaoh, although Pharaoh's command was not right.

يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ (98)

ترجمہ: وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے چلے گا بالآخر انہیں آتشِ دوزخ میں لا گرائے گا، اور وہ داخل کیے جانے کی کتنی بری جگہ ہے o

On the Day of Resurrection, he will lead his people, and will ultimately bring them down into the Fire of Hell. And how evil that place is to be ushered into!

وَأُتْبِعُواْ فِي هَـذِهِ لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ (99)

ترجمہ: اور اس دنیا میں (بھی) لعنت ان کے پیچھے لگا دی گئی اور قیامت کے دن (بھی ان کے پیچھے رہے گی)، کتنا برا عطیہ ہے جو انہیں دیا گیا ہے o

And the curse has been made to chase them in this world, and (this will chase them) on the Day of Resurrection (as well). What an evil gift has been bestowed upon them!

ذَلِكَ مِنْ أَنبَاء الْقُرَى نَقُصُّهُ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَحَصِيدٌ (100)

ترجمہ: (اے رسولِ معظم!) یہ (ان) بستیوں کے کچھ حالات ہیں جو ہم آپ کو سنا رہے ہیں ان میں سے کچھ برقرار ہیں اور (کچھ) نیست و نابود ہو گئیں o

(O Glorious Messenger!) That is some of the news We are relating to you of (those) towns some of which still exist and (some) were totally annihilated.

وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَـكِن ظَلَمُواْ أَنفُسَهُمْ فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ الَّتِي يَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ مِن شَيْءٍ لَّمَّا جَاء أَمْرُ رَبِّكَ وَمَا زَادُوهُمْ غَيْرَ تَتْبِيبٍ (101)

ترجمہ: اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا تھا لیکن انہوں نے (خود ہی) اپنی جانوں پر ظلم کیا، سو ان کے وہ جھوٹے معبود جنہیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے ان کے کچھ کام نہ آئے، جب آپ کے رب کا حکمِ (عذاب) آیا، اور وہ (دیوتا) تو صرف ان کی ہلاکت و بربادی میں ہی اضافہ کر سکے o

And We did not wrong them, but they (themselves) wronged their souls. So, their false gods whom they worshipped besides Allah proved to them of no help when the command (of the torment) of your Lord came forth. And those (gods) could add only to their destruction and devastation.

وَكَذَلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ (102)

ترجمہ: اور اسی طرح آپ کے رب کی پکڑ ہوا کرتی ہے جب وہ بستیوں کی اس حال میں گرفت فرماتا ہے کہ وہ ظالم (بن چکی) ہوتی ہیں۔ بے شک اس کی گرفت دردناک (اور) سخت ہوتی ہے o

And that is how your Lord grips: He seizes the communities when they (become) tyrannous and corrupt. Surely, His grip is agonizing and fierce.

إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الآخِرَةِ ذَلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذَلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُودٌ (103)

ترجمہ: بے شک ان (واقعات) میں اس شخص کے لیے عبرت ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہے۔ یہ (روزِ قیامت) وہ دن ہے جس کے لیے سارے لوگ جمع کیے جائیں گے اور یہی وہ دن ہے جب سب کو حاضر کیا جائے گا o

Indeed, these (episodes) contain lessons of warning for him who fears the chastisement of the Last Day. This (Day of Rising) is the Day when entire mankind will be gathered together, and it is this Day when all will be made present.

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ **(110)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب دی پھر اس میں اختلاف کیا جانے لگا، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے صادر نہ ہو چکی ہوتی تو ان کے درمیان ضرور فیصلہ کر دیا گیا ہوتا، اور وہ یقیناً اس (قرآن) کے بارے میں اضطراب انگیز شک میں مبتلا ہیںo

And indeed, We gave Musa (Moses) the Book. Then differences arose concerning it. And had there not been a decree from your Lord that had gone forth before, the judgment between them would surely have been passed. And they are certainly caught in a disquieting doubt about it (the Qur'an).

وَإِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ **(111)**

ترجمہ: بے شک آپ کا رب ان سب کو ان کے اَعمال کا پورا پورا بدلہ دے گا، وہ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً وہ اس سے خوب آگاہ ہےo

Your Lord will doubtlessly pay them in full for their works. He is certainly Well Aware of whatever they are doing.

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ وَجَاءكَ فِي هَـذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ **(120)**

ترجمہ: اور ہم رسولوں کی خبروں میں سے سب حالات آپ کو سنا رہے ہیں جس سے ہم آپ کے قلبِ (اَطہر) کو تقویت دیتے ہیں، اور آپ کے پاس اس (سورت) میں حق اور نصیحت آئی ہے اور اہلِ ایمان کے لیے عبرت (و یاددہانی بھی)o

And We are relating to you all the news of the Messengers whereby We strengthen your (most purified) heart. And in this (Chapter), there has come to you the truth and advice and a lesson of warning (and also a reminder) for the believers.

سورۃ یوسف:

إِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَباً وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَأَيْتُهُمْ لِي سَاجِدِينَ**(4)**

ترجمہ: (وہ قصّہ یوں ہے) جب یوسف (علیہ السلام) نے اپنے باپ سے کہا: اے میرے والد گرامی! میں نے (خواب میں) گیارہ ستاروں کو اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے، میں نے انہیں اپنے لیے سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہےo

(Recall) when Yusuf (Joseph) said to his father: 'O my venerable father! I have seen (in a dream) eleven stars and the sun and the moon. I have seen them prostrating themselves before me.'

قَالَ يَا بُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ عَلَى إِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوا لَكَ كَيْداً إِنَّ الشَّيْطَانَ لِلإِنسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (5)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے میرے بیٹے! اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا، ورنہ وہ تمہارے خلاف کوئی پُرفریب چال چلیں گے۔ بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہےo

He said: 'O my son, do not relate your dream to your brothers, lest they should maneuver a plot against you. Surely, Satan is an open enemy to man.

وَكَذَلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِن تَأْوِيْلِ الأَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَعَلَى آلِ يَعْقُوبَ كَمَا أَتَمَّهَا عَلَى أَبَوَيْكَ مِن قَبْلُ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْحَاقَ إِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (6)

ترجمہ: اسی طرح تمہارا رب تمہیں (بزرگی کے لیے) منتخب فرمالے گا اور تمہیں باتوں کے انجام تک پہنچنا (یعنی خوابوں کی تعبیر کا علم) سکھائے گا اور تم پر اور اولادِ یعقوب پر اپنی نعمت تمام فرمائے گا جیسا کہ اس نے اس سے قبل تمہارے دونوں باپ (یعنی پردادا اور دادا) ابراہیم اور اسحاق (علیہما السلام) پر تمام فرمائی تھی۔ بے شک تمہارا رب خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And in the same way, your Lord will choose you (for a divine station) and will teach you how to infer conclusions (i.e., the knowledge of the interpretation of dreams) and will perfect His favour upon you and the House of Ya'qub (Jacob) as He perfected it upon your fathers (grandfather and great grandfather) Ibrahim (Abraham) and Ishaq (Isaac). Indeed, your Lord is All-Knowing, Most Wise.'

لَّقَدْ كَانَ فِيْ يُوسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِّلسَّائِلِيْنَ (7)

ترجمہ: بے شک یوسف (علیہ السلام) اور ان کے بھائیوں (کے واقعہ) میں پوچھنے والوں کے لیے (بہت سی) نشانیاں ہیںo

Surely, there are (many) signs (in the parable of) Yusuf (Joseph) and his brothers for those who are inquisitive.

إِذْ قَالُوا لَيُوسُفُ وَأَخُوهُ أَحَبُّ إِلَى أَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّ أَبَانَا لَفِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ (8)

ترجمہ: (وہ وقت یاد کیجئے) جب یوسف (علیہ السلام) کے بھائیوں نے کہا کہ واقعی یوسف (علیہ السلام) اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ محبوب ہیں حالاں کہ ہم (دس افراد پر مشتمل) زیادہ قوی جماعت ہیں۔ بے شک ہمارے والد (ان کی محبت کی) کھلی واردگی میں گم ہیںo

(Recall) when the brothers of Yusuf (Joseph) said: 'Certainly, Yusuf (Joseph) and his brother are dearer to our father than we are, whereas we are a stronger party (comprising ten members). No doubt, our father is lost in an evident ecstasy (resulting from deep love for them).'

اقْتُلُوا يُوسُفَ أَوِ اطْرَحُوهُ أَرْضاً يَخْلُ لَكُمْ وَجْهُ أَبِيْكُمْ وَتَكُونُوا مِن بَعْدِهِ قَوْماً صَالِحِيْنَ (9)

ترجمہ: (اب یہی حل ہے کہ) تم یوسف (علیہ السلام) کو قتل کر ڈالو یا دور کسی غیر معلوم علاقہ میں پھینک آؤ (اس طرح) تمہارے باپ کی توجہ خالصتًا تمہاری طرف ہو جائے گی اور اس کے بعد تم (توبہ کر کے) صالحین کی جماعت بن جانا o

(Now the only solution is:) 'Kill Yusuf (Joseph), or banish him to some distant,

unknown place. (Thus) your father's attention will be focused purely on you, and after that you will become a group of righteous people (by turning towards Allah in repentance).'

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوا يُوسُفَ وَأَلْقُوهُ فِي غَيَابَةِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ إِن كُنتُمْ فَاعِلِينَ (10)

ترجمہ: ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا: یوسف (علیہ السلام) کو قتل مت کرو اور اسے کسی تاریک کنویں کی گہرائی میں ڈال دو اسے کوئی راہ گیر مسافر اٹھالے جائے گا اگر تم (کچھ) کرنے والے ہو (تو یہ کرو)o

A negotiator from amongst them said: 'Do not kill Yusuf (Joseph), rather lower him down at the bottom of a deep, dark well. Some traveller will pick him up and carry him away. (So do this) if you are (at all) up to (something).'

قَالُوا يَا أَبَانَا مَا لَكَ لَا تَأْمَنَّا عَلَى يُوسُفَ وَإِنَّا لَهُ لَنَاصِحُونَ (11)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے ہمارے باپ! آپ کو کیا ہو گیا ہے آپ یوسف (علیہ السلام) کے بارے میں ہم پر اعتبار نہیں کرتے حالاں کہ ہم یقینی طور پر اس کے خیر خواہ ہیںo

They said: 'O our father, what has happened to you that you do not trust us in the case of Yusuf (Joseph), whilst we are certainly his well-wishers?

أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَداً يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ (12)

ترجمہ: آپ اسے کل ہمارے ساتھ بھیج دیجیے وہ خوب کھائے اور کھیلے اور بے شک ہم اس کے محافظ ہیںo

Send him with us tomorrow. He will eat lavishly and play and certainly we are his guards.'

قَالَ إِنِّي لَيَحْزُنُنِي أَن تَذْهَبُوا بِهِ وَأَخَافُ أَن يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ وَأَنتُمْ عَنْهُ غَافِلُونَ (13)

ترجمہ: انہوں نے کہا: بے شک مجھے یہ خیال مغموم کرتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور میں (اس خیال سے بھی) خوف زدہ ہوں کہ اسے بھیڑیا کھا جائے اور تم اس (کی حفاظت) سے غافل رہوo

He said: 'This idea indeed makes me sad that you take him along, and I am (also) afraid (of this idea) that some wolf may devour him, whilst you are careless of his (safeguard).'

قَالُوا لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّا إِذاً لَّخَاسِرُونَ(14)

ترجمہ: وہ بولے: اگر اسے بھیڑیا کھا جائے حالاں کہ ہم ایک قوی جماعت بھی (موجود) ہوں تو ہم تو بالکل ناکارہ ہوئےo

They said: 'If the wolf devours him whilst we, a strong party, too are (present), then we are inept losers.'

فَلَمَّا ذَهَبُوا بِهِ وَأَجْمَعُوا أَن يَجْعَلُوهُ فِي غَيَابَةِ الْجُبِّ وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُم بِأَمْرِهِمْ هَـذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (15)

ترجمہ: پھر جب وہ اسے لے گئے اور سب اس پر متفق ہو گئے کہ اسے تاریک کنویں کی گہرائی میں ڈال دیں تب ہم نے اس کی طرف وحی بھیجی: (اے یوسف! پریشان نہ ہونا ایک وقت آئے گا) کہ تم یقیناً انہیں ان کا یہ کام جتلاؤ گے اور انہیں (تمہارے بلند رتبہ کا) شعور نہیں ہوگاo

Then, when they took him along and all agreed to throw him into some deep, dark well, We revealed to him: '(O Yusuf [Joseph], do not worry. A time will come when) you will certainly remind them of this affair of theirs, and they will not have the sense (of your exalted station).'

وَجَاؤُوا أَبَاهُمْ عِشَاءً يَبْكُونَ (16)

ترجمہ: اور وہ (یوسف علیہ السلام کو کنویں میں پھینک کر) اپنے باپ کے پاس رات کے وقت (مکاری کا رونا) روتے ہوئے آئےo

And (throwing Yusuf [Joseph] into the well,) they came to their father at night, weeping (deceptively).

قَالُوا يَا أَبَانَا إِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَأَكَلَهُ الذِّئْبُ وَمَا أَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَنَا وَلَوْ كُنَّا صَادِقِينَ (17)

ترجمہ: کہنے لگے: اے ہمارے باپ! ہم لوگ دوڑ میں مقابلہ کرنے چلے گئے اور ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا تو اسے بھیڑیئے نے کھالیا، اور آپ (تو) ہماری بات کا یقین (بھی) نہیں کریں گے اگرچہ ہم سچے ہی ہوںo

They said: 'O our father, we went racing with one another and left Yusuf (Joseph) with our belongings. Then a wolf devoured him, but you will not believe us even though we are truthful.'

وَجَاؤُوا عَلَى قَمِيصِهِ بِدَمٍ كَذِبٍ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنْفُسُكُمْ أَمْرًا فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ (18)

ترجمہ: اور وہ اس کے قمیض پر جھوٹا خون (بھی) لگا کر لے آئے، (یعقوب علیہ السلام نے) کہا: (حقیقت یہ نہیں ہے) بلکہ تمہارے (حاسد) نفسوں نے ایک (بہت بڑا) کام تمہارے لیے آسان اور خوشگوار بنا دیا (جو تم نے کر ڈالا)، پس (اس حادثہ پر) صبر ہی بہتر ہے، اور اللہ ہی سے مدد چاہتا ہوں اس پر جو کچھ تم بیان کر رہے ہوo

And they produced Yusuf's (Joseph's) shirt, smeared (also) with false blood. (Ya'qub [Jacob]) said: '(This is not the truth.) But your (jealous, ill-commanding) selves have made (a colossal) task easy and pleasant-looking for you (which you eventually did accomplish). So better it is to be steadfast (over this tragedy), and I seek only Allah's help against whatever you are narrating.'

وَجَاءَتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ فَأَدْلَى دَلْوَهُ قَالَ يَا بُشْرَى هَذَا غُلَامٌ وَأَسَرُّوهُ بِضَاعَةً وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَعْمَلُونَ (19)

ترجمہ: اور (ادھر) راہ گیروں کا ایک قافلہ آ پہنچا تو انہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا سو اس نے اپنا ڈول (اس کنویں میں) لٹکایا، وہ بول اٹھا: خوشخبری ہو یہ ایک لڑکا ہے، اور انہوں نے اسے قیمتی سامانِ تجارت سمجھتے ہوئے چھپا لیا، اور اللہ ان کاموں کو جو وہ کر رہے تھے خوب جاننے والا ہےo

And (there) came a caravan of travellers. They sent their water-drawer. So he lowered his bucket (into the well) and he exclaimed: 'Good news! Here is a boy!' And they hid him, regarding him a valuable trade item. And Allah

knows well the activities they were busy doing.

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ وَكَانُواْ فِيهِ مِنَ الزَّاهِدِينَ (20)

ترجمہ: اور یوسف (علیہ السلام) کے بھائیوں نے (جو موقع پر آ گئے تھے اسے اپنا بھگوڑا غلام کہہ کر انہی کے ہاتھوں) بہت کم قیمت گنتی کے چند درہموں کے عوض بیچ ڈالا کیونکہ وہ راہ گیر اس (یوسف علیہ السلام کے خریدنے) کے بارے میں (پہلے ہی) بے رغبت تھے (پھر راہ گیروں نے اسے مصر لے جا کر بیچ دیا)o

And Yusuf's (Joseph's) brothers (who had returned to the site showed him as their deserter servant and) sold him (to the same caravan) for a low price-a few dirhams-because the travellers were (already) disinterested in (buying) him. (And later, the travellers took him to Egypt where they sold him.)

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ مِن مِّصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ عَسَى أَن يَنفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَداً وَكَذَلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهُ مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ وَاللّهُ غَالِبٌ عَلَى أَمْرِهِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَعْلَمُونَ (21)

ترجمہ: اور مصر کے جس شخص نے اسے خریدا تھا (اس کا نام قطفیر تھا اور وہ بادشاہِ مصر ریان بن ولید کا وزیرِ خزانہ تھا اسے عرف عام میں عزیزِ مصر کہتے تھے) اس نے اپنی بیوی (زلیخا) سے کہا: اسے عزت و اکرام سے ٹھہراؤ! شاید یہ ہمیں نفع پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں، اور اس طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو زمین (مصر) میں استحکام بخشا اور یہ اس لیے کہ ہم اسے باتوں کے انجام تک پہنچنا (یعنی علمِ تعبیرِ رؤیا) سکھائیں، اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتےo

And the man in Egypt who purchased him (named Qatfir, the finance minister of the King of Egypt Riyan b. Walid, commonly known as 'Aziz [of Egypt,]) said to his wife (Zulaykha): 'Make his stay honourable. He may bring us profit, or we may adopt him as a son.' Thus We established Yusuf (Joseph), and strengthened his position in the land (of Egypt), so that We might teach him how to infer from the events (i.e., the interpretation of dreams). And Allah is the Master of His work, but most people do not know.

وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ آتَيْنَاهُ حُكْماً وَعِلْماً وَكَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ(22)

ترجمہ: اور جب وہ اپنے کمالِ شباب کو پہنچ گیا (تو) ہم نے اسے حکم (نبوت) اور علم (تعبیر) عطا فرمایا، اور اسی طرح ہم نیکوکاروں کو صلہ بخشا کرتے ہیںo

And when he reached his full manhood, We endowed him with the judgment (of Prophethood) and the knowledge (of the interpretation of dreams). And this is how We bless the pious with reward.

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَن نَّفْسِهِ وَغَلَّقَتِ الْأَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ قَالَ مَعَاذَ اللّهِ إِنَّهُ رَبِّي أَحْسَنَ مَثْوَايَ إِنَّهُ لاَ يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ (23)

ترجمہ: اور اس عورت (زلیخا) نے جس کے گھر وہ رہتے تھے آپ سے آپ کی ذات کی شدید خواہش کی اور اس نے دروازے (بھی) بند کر دیے اور کہنے لگی: جلدی آ جاؤ (میں تم سے کہتی ہوں)۔ یوسف (علیہ السلام) نے کہا: اللہ کی پناہ! بے شک وہ (جو تمہارا

شوہر ہے) میرا مربّی ہے اس نے مجھے بڑی عزت سے رکھا ہے۔ بے شک ظالم لوگ فلاح نہیں پائیں گےo

And the woman (Zulaykha), in whose house he was putting up, sought intensely to seduce him and she bolted the doors (as well) and said: 'Come! Make haste! (I ask you.)' Yusuf (Joseph) said: 'I seek Allah's refuge. Surely, he (your husband) is my master. He has kept me most honourably. Indeed, the wrongdoers will not prosper.'

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ وَهَمَّ بِهَا لَوْلا أَن رَّأَى بُرْهَانَ رَبِّهِ كَذَلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوءَ وَالْفَحْشَاء إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِينَ (24)

ترجمہ: (یوسف علیہ السلام نے انکار کر دیا) اور بے شک اس (زلیخا) نے (تو) ان کا ارادہ کر (ہی) لیا تھا، (شاید) وہ بھی اس کا قصد کر لیتے اگر انہوں نے اپنے رب کی روشن دلیل کو نہ دیکھا ہوتا۔ ☆ اس طرح (اس لیے کیا گیا) کہ ہم ان سے تکلیف اور بے حیائی (دونوں) کو دور رکھیں، بے شک وہ ہمارے چنے ہوئے (برگزیدہ) بندوں میں سے تھےo

☆ (یا انہوں نے بھی اس کو طاقت سے دور کرنے کا قصد کر لیا تھا۔ اگر وہ اپنے رب کی روشن دلیل کو نہ دیکھ لیتے تو اپنے دفاع میں سختی کر گزرتے اور ممکن ہے اس دوران ان کا قمیض آگے سے پھٹ جاتا جو بعد ازاں ان کے خلاف شہادت اور وجہ تکلیف بنتا، سو اللہ کی نشانی نے انہیں سختی کرنے سے روک دیا۔)

(Yusuf [Joseph] refused) but she (Zulaykha) had definitely made up her mind for him. And he too (might) have resolved had he not seen the clear sign of his Lord.* It was (made to happen) like that (in order that) We might keep both affliction and indecency away from him. Assuredly, he was of Our chosen (exalted) servants.

*** Or he could have made up his mind to repel her by force. Had he not seen the manifest sign of his Lord, he would have used force in his defence, and it was likely that his shirt would have been torn from the front in the struggle, later causing him trouble by serving as evidence against him. So Allah's sign stopped him from using force.**

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيصَهُ مِن دُبُرٍ وَأَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَى الْبَابِ قَالَتْ مَا جَزَاء مَنْ أَرَادَ بِأَهْلِكَ سُوَءاً إِلاَّ أَن يُسْجَنَ أَوْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (25)

ترجمہ: اور دونوں دروازے کی طرف (آگے پیچھے) دوڑے اور اس (زلیخا) نے ان کا قمیض پیچھے سے پھاڑ ڈالا اور دونوں نے اس کے خاوند (عزیزِ مصر) کو دروازے کے قریب پا لیا وہ (فوراً) بول اٹھی کہ اس شخص کی سزا جو تمہاری بیوی کے ساتھ برائی کا ارادہ کرے اور کیا ہو سکتی ہے سوائے اس کے کہ وہ قید کر دیا جائے یا (اسے) دردناک عذاب دیا جائےo

And they both ran (one behind the other) towards the door, and she (Zulaykha) tore his shirt from behind, and both found her husband ('Aziz of Egypt) at the door. She (immediately) said: 'What can be the punishment for him who

intends to commit indecency with your wife, except that he should be put in prison, or (he) be given painful torment?'

قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِي عَن نَّفْسِي وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ أَهْلِهَا إِن كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكَاذِبِينَ (26)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے کہا: (نہیں بلکہ) اس نے خود مجھ سے مطلب براری کے لیے مجھے پھسلانا چاہا اور (اتنے میں خود) اس کے گھر والوں میں سے ایک گواہ نے (جو شیر خوار بچہ تھا) گواہی دی کہ اگر اس کا قمیض آگے سے پھٹا ہوا ہے تو یہ سچی ہے اور وہ جھوٹوں میں سے ہےo

Yusuf (Joseph) said: '(No indeed! In truth) it was she herself who sought to seduce me for her purpose.' And (in the meanwhile) one of her household (who was an infant) bore witness: 'If his shirt is torn from the front, then she has spoken the truth and he is of the liars.

وَإِنْ كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصَّادِقِينَ (27)

ترجمہ: اور اگر اس کا قمیض پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو یہ جھوٹی ہے اور وہ سچوں میں سے ہےo

But if his shirt is torn from behind, then she is a liar and he is of the truthful.'

فَلَمَّا رَأَى قَمِيصَهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ قَالَ إِنَّهُ مِن كَيْدِكُنَّ إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ (28)

ترجمہ: پھر جب اس (عزیزِ مصر) نے ان کا قمیض دیکھا (کہ) وہ پیچھے سے پھٹا ہوا تھا تو اس نے کہا: بے شک یہ تم عورتوں کا فریب ہے۔ یقیناً تم عورتوں کا فریب بڑا (خطرناک) ہوتا ہےo

Then, when he ('Aziz of Egypt) saw his shirt and found it torn from behind, he said: 'This is the craft of you women. Certainly, your women-craft is highly (dangerous).

يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَـذَا وَاسْتَغْفِرِي لِذَنبِكِ إِنَّكِ كُنتِ مِنَ الْخَاطِئِينَ (29)

ترجمہ: اے یوسف! تم اس بات سے درگزر کرو اور (اے زلیخا!) تو اپنے گناہ کی معافی مانگ، بے شک تو ہی خطا کاروں میں سے تھیo

O Yusuf (Joseph)! Ignore it and, (O Zulaykha,) ask forgiveness for your sin. Surely, it is you who are of the sinful.'

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَةُ الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتَاهَا عَن نَّفْسِهِ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا إِنَّا لَنَرَاهَا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ(30)

ترجمہ: اور شہر میں (اُمراء کی) کچھ عورتوں نے کہنا (شروع) کر دیا کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام کو اس سے مطلب براری کے لیے پھسلاتی ہے، اس (غلام) کی محبت اس کے دل میں گھر کر گئی ہے، بے شک ہم اسے کھلی گمراہی میں دیکھ رہی ہیںo

And some women of (the elite class in) the city began to say: 'The wife of 'Aziz seeks to seduce her slave-boy for her purpose. The love for him (the slave) has gone deep into her heart. We surely see her in manifest error.'

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَآتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّينًا وَقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا هَـٰذَا بَشَرًا إِنْ هَـٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ (31)

ترجمہ: پس جب اس (زلیخا) نے ان کی مکارانہ باتیں سنیں (تو) انہیں بلوا بھیجا اور ان کے لیے مجلس آراستہ کی (پھر ان کے سامنے پھل رکھ دیے) اور ان میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری دے دی اور (یوسف علیہ السلام سے) درخواست کی کہ ذرا ان کے سامنے سے (ہو کر) نکل جاؤ (تاکہ انہیں بھی میری کیفیت کا سبب معلوم ہو جائے)، سو جب انہوں نے یوسف (علیہ السلام کے حسنِ زیبا) کو دیکھا تو اس (کے جلوۂ جمال) کی بڑائی کرنے لگیں اور وہ (مدہوشی کے عالم میں پھل کاٹنے کے بجائے) اپنے ہاتھ کاٹ بیٹھیں اور (دیکھ لینے کے بعد بے ساختہ) بول اٹھیں: اللہ کی پناہ! یہ تو بشر نہیں ہے، یہ تو بس کوئی برگزیدہ فرشتہ (یعنی عالمِ بالا سے اترا ہوا نور کا پیکر) ہےo

So when she (Zulaykha) heard their deceitful talk, she sent for them and arranged a meeting for them. (She placed fruit before them) and gave each one of them a knife and requested (Yusuf): 'Walk out before them (so that they may realize the cause of my state of mind).' So, when they glanced at Yusuf (Joseph and) saw (his dazzling beauty), they began to exalt (the charm of his ecstatic beauty) and (in a dazed state) cut their hands (instead of the fruits served to them). And (having seen him) they exclaimed (spontaneously): 'God save us! This is not a human being; he must be some exalted angel (i.e., an embodiment of light descending from the transcendent realm of divinity)!'

قَالَتْ فَذَٰلِكُنَّ الَّذِي لُمْتُنَّنِي فِيهِ وَلَقَدْ رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ فَاسْتَعْصَمَ وَلَئِن لَّمْ يَفْعَلْ مَا آمُرُهُ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُونًا مِّنَ الصَّاغِرِينَ (32)

ترجمہ: (زلیخا کی تدبیر کامیاب ہوگئی تب) وہ بولی: یہی وہ (پیکرِ نور) ہے جس کے بارے میں تم مجھے ملامت کرتی تھیں اور بے شک میں نے ہی (اپنی خواہش کی شدت میں) اسے پھسلانے کی کوشش کی مگر وہ سراپا عصمت ہی رہا، اور اگر (اب بھی) اس نے وہ نہ کیا جو میں اسے کہتی ہوں تو وہ ضرور قید کیا جائے گا اور وہ یقیناً بے آبرو کیا جائے گاo

(Zulaykha's trick worked.) She spoke (at this juncture): 'It is this (embodiment of light) you have been reproaching me for. It is, no doubt, I who sought to seduce him (under violent urge), but he remained firmly upright and did not yield. And if (even now) he does not do what I bid him, he will surely be put into prison and will certainly be disgraced.'

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُن مِّنَ الْجَاهِلِينَ (33)

ترجمہ: (اب زنانِ مصر بھی زلیخا کی ہم نوا بن گئی تھیں) یوسف (علیہ السلام) نے (سب کی باتیں سن کر) عرض کیا: اے میرے رب! مجھے قید خانہ اس کام سے کہیں زیادہ محبوب ہے جس کی طرف یہ مجھے بلاتی ہیں، (پھر یوسف علیہ السلام تضرّع اور استغاثہ کی غرض سے بارگاہِ الٰہی کی طرف متوجہ ہوئے جیسے انبیاء و مرسلین کی عادت ہے،) اور (عرض کیا:) اگر تو نے ان کے مکر کو مجھ سے نہ پھیرا تو (تیری مدد اور حفاظت کے بغیر) میں اُن کی (باتوں کی) طرف مائل ہو جاؤں گا اور میں نادانوں میں سے ہو جاؤں گاo

(By now the elite Egyptian women too had agreed to Zulaykha's viewpoint. Hearing them,) Yusuf (Joseph) submitted: 'O my Lord! The prison is far dearer to me than what these women are inviting me to. And if You do not turn away their craft from me, I shall incline towards their (words) and shall become of the unwise.'

فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (34)

ترجمہ: سوان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمالی اور عورتوں کے مکر وفریب کو ان سے دور کر دیا۔ بے شک وہی خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

So, his Lord granted him the prayer and removed the women-craft from him. Surely, He is the One Who is All-Hearing, All-Knowing.

ثُمَّ بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ مَا رَأَوُاْ الآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّى حِينٍ (35)

ترجمہ: پھر انہیں (یوسف علیہ السلام کی پاک بازی کی) نشانیاں دیکھ لینے کے بعد بھی یہی مناسب معلوم ہوا کہ اسے ایک مدت تک قید کر دیں (تاکہ عوام میں اس واقعہ کا چرچا ختم ہو جائے)o

Then even after seeing the signs of (Yusuf's [Joseph's] decency and righteousness), they deemed it appropriate to imprison him for a time (so that the gossip of the episode amongst the people might die down).

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانَ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّيَ أَرَانِيَ أَعْصِرُ خَمْراً وَقَالَ الآخَرُ إِنِّيَ أَرَانِيَ أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِيَ خُبْزاً تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ (36)

ترجمہ: اور ان کے ساتھ دو جوان بھی قید خانہ میں داخل ہوئے۔ ان میں سے ایک نے کہا: میں نے اپنے آپ کو (خواب میں) دیکھا ہے کہ میں (انگور سے) شراب نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرے نے کہا: میں نے اپنے آپ کو (خواب میں) دیکھا ہے کہ میں اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں، اس میں سے پرندے کھا رہے ہیں۔ (اے یوسف!) ہمیں اس کی تعبیر بتائیے، بے شک ہم آپ کو نیک لوگوں میں سے دیکھ رہے ہیںo

And with him, two young men also entered the prison. One of them said: 'I have seen myself (in a dream) pressing wine (from grapes).' And the other said: 'I have seen myself (in a dream) that I am carrying bread on my head, with birds picking at it. O Yusuf (Joseph)! Tell us its interpretation. Surely, we see you as one of the spiritually excellent.'

قَالَ لاَ يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلاَّ نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَن يَأْتِيَكُمَا ذَلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ إِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لاَّ يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَهُم بِالآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ(37)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے کہا: جو کھانا (روز) تمہیں کھلایا جاتا ہے وہ تمہارے پاس آنے بھی نہ پائے گا کہ میں تم دونوں کو اس کی تعبیر تمہارے پاس اس کے آنے سے قبل بتا دوں گا، یہ (تعبیر) ان علوم میں سے ہے جو میرے رب نے مجھے سکھائے ہیں۔ بے شک میں نے اس قوم کا مذہب (شروع ہی سے) چھوڑ رکھا ہے جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ آخرت کے بھی منکر ہیںo

Yusuf (Joseph) said: 'The food which is served to you (daily) will not have yet come to you when I shall inform both of you about its interpretation before its coming to you. This (interpretation) is of those branches of knowledge that my Lord has taught me. Verily, I have rejected (from the very beginning) the religion of the people who do not believe in Allah, and they deny the Hereafter as well.

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَآئِيۤ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ مَا كَانَ لَنَا أَن نُّشْرِكَ بِاللّهِ مِن شَيْءٍ ذَلِكَ مِن فَضْلِ اللّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَشْكُرُونَ **(38)**

ترجمہ: اور میں نے تو اپنے باپ دادا، ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام) کے دین کی پیروی کر رکھی ہے، ہمیں کوئی حق نہیں کہ ہم کسی چیز کو بھی اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرائیں، یہ (توحید) ہم پر اور لوگوں پر اللہ کا (خاص) فضل ہے لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتےo

And I follow the Din (Religion) of my father and forefathers: Ibrahim (Abraham), Ishaq (Isaac) and Ya'qub (Jacob). And we have no right to associate anything as a partner with Allah. This (belief in the Oneness of Allah) is a (special) bounty of Allah upon us and the people, but most people do not give thanks.

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ **(39)**

ترجمہ: اے میرے قید خانہ کے دونوں ساتھیو! (بتاؤ) کیا الگ الگ بہت سے معبود بہتر ہیں یا ایک اللہ جو سب پر غالب ہےo

O my two companions of the prison! (Say:) Are many separate gods better or One Allah, Who dominates and controls all?

مَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِهِ إِلاَّ أَسْمَاء سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَآؤُكُم مَّا أَنزَلَ اللّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلاَّ لِلّهِ أَمَرَ أَلاَّ تَعْبُدُواْ إِلاَّ إِيَّاهُ ذَلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَعْلَمُونَ **(40)**

ترجمہ: تم (حقیقت میں) اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے ہو مگر چند ناموں کی جو خود تم نے اور تمہارے باپ دادا نے (اپنے پاس سے) رکھ لیے ہیں، اللہ نے ان کی کوئی سند نہیں اتاری۔ حکم کا اختیار صرف اللہ کو ہے، اسی نے حکم فرمایا ہے کہ تم اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، یہی سیدھا راستہ (درست دین) ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتےo

(In fact) you worship none besides Allah except a few names which you and your forefathers have forged (on your own). Allah has not sent down any authority for them. Judgment rests with Allah alone. He alone has commanded that you worship none but Him. This is the straight path (true Din [Religion]), but most people do not know.

يَـا صَـاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْراً وَأَمَّا الآخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِن رَّأْسِهِ قُضِيَ الأَمْرُ الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيَانِ **(41)**

ترجمہ: اے میرے قید خانہ کے دونوں ساتھیو! تم میں سے ایک (کے خواب کی تعبیر یہ ہے کہ وہ) اپنے مربّی (یعنی بادشاہ) کو شراب پلایا کرے گا، اور رہا دوسرا (جس نے سر پر روٹیاں دیکھی ہیں) تو وہ پھانسی دیا جائے گا پھر پرندے اس کے سر سے (گوشت

نوچ کر) کھائیں گے، (قطعی) فیصلہ کر دیا گیا جس کے بارے میں تم دریافت کرتے ہوo

O my two companions of the prison! (The interpretation of the dream of) one of you (is that he) will serve wine to his master (the king), and as for the other, (who has seen bread on his head,) he will be crucified and then birds will pick at his head. The (final) judgment has been given about which you have asked.'

وَقَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِندَ رَبِّكَ فَأَنسَاهُ الشَّیْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ بِضْعَ سِنِیْنَ (42)

ترجمہ: اور یوسف (علیہ السلام) نے اس شخص سے کہا جسے ان دونوں میں سے رہائی پانے والا سمجھا کہ اپنے بادشاہ کے پاس میرا ذکر کر دینا (شاید اسے یاد آ جائے کہ ایک اور بے گناہ بھی قید میں ہے) مگر شیطان نے اسے اپنے بادشاہ کے پاس (وہ) ذکر کرنا بھلا دیا نتیجتاً یوسف (علیہ السلام) کئی سال تک قید خانہ میں ٹھہرے رہےo

And Yusuf (Joseph) said to the one whom he believed to be released: 'Mention me to your king (he may thus recall that another innocent one is also lying in imprisonment).' But Satan made him forget to mention (him) to his king, and consequently, Yusuf (Joseph) remained in prison for several years.'

وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّیْ أَرَى سَبْعَ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ یَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعَ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ یَابِسَاتٍ یَا أَیُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِیْ فِیْ رُؤْیَایَ إِن كُنتُمْ لِلرُّؤْیَا تَعْبُرُونَ(43)

ترجمہ: اور (ایک روز) بادشاہ نے کہا: میں نے (خواب میں) سات موٹی تازی گائیں دیکھی ہیں، انہیں سات دبلی پتلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات سبز خوشے (دیکھے) ہیں اور دوسرے (سات ہی) خشک، اے درباریو! مجھے میرے خواب کا جواب بیان کرو اگر تم خواب کی تعبیر جانتے ہوo

And (one day) the king said: 'I have beheld (in a dream) seven fat cows whom seven lean cows are devouring, and (I have beheld) seven green ears of corn and (seven) others dry. O courtiers! Explain to me the implication of my dream if you know the interpretation of dreams.'

قَالُواْ أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ وَمَا نَحْنُ بِتَأْوِیْلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِیْنَ (44)

ترجمہ: انہوں نے کہا: (یہ) پریشاں خوابیں ہیں، اور ہم پریشاں خوابوں کی تعبیر نہیں جانتےo

They said: 'These are confused dreams, and we do not know the interpretation of confused dreams.'

وَقَالَ الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ أَنَاْ أُنَبِّئُكُم بِتَأْوِیْلِهِ فَأَرْسِلُونِ (45)

ترجمہ: اور وہ شخص جو ان دونوں میں سے رہائی پا چکا تھا بولا، اور (اب) اسے ایک مدت کے بعد (یوسف علیہ السلام کے ساتھ کیا ہوا وعدہ) یاد آ گیا: میں تمہیں اس کی تعبیر بتاؤں گا سو تم مجھے (یوسف علیہ السلام کے پاس) بھیجوo

And one of the two prisoners, who had been released and (now) after a long time remembered (his promise to Yusuf [Joseph]), said: 'I shall tell you its interpretation; so send me (to Yusuf [Joseph]).'

يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعِ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ لَّعَلِّيٓ أَرْجِعُ إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ (46)

ترجمہ: (وہ قید خانہ میں پہنچ کر کہنے لگا:) اے یوسف، اے صدقِ مجسّم! آپ ہمیں (اس خواب کی) تعبیر بتا دیں کہ سات فربہ گائیں ہیں جنہیں سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات سبز خوشے ہیں اور دوسرے سات خشک؛ تاکہ میں (یہ تعبیر لے کر) واپس لوگوں کے پاس جاؤں شاید انہیں (آپ کی قدر و منزلت) معلوم ہو جائےo

(Reaching the prison, he said:) 'O Yusuf (Joseph), the embodiment of truth, explain to us the interpretation (of this dream) that there are seven fat cows whom seven lean ones are devouring and there are seven green ears of corn and seven others which are dry, so that I may return to the people (taking the interpretation) and that they may realize (your value and dignity).'

قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِينَ دَأَباً فَمَا حَصَدتُّمْ فَذَرُوهُ فِي سُنبُلِهِ إِلَّا قَلِيلاً مِّمَّا تَأْكُلُونَ (47)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے کہا: تم لوگ دائمی عادت کے مطابق مسلسل سات برس تک کاشت کرو گے سو جو کھیتی تم کاٹا کرو گے اسے اس کے خوشوں (ہی) میں (ذخیرہ کے طور پر) رکھتے رہنا مگر تھوڑا سا (نکال لینا) جسے تم (ہر سال) کھالوo

Yusuf (Joseph) said: 'You will cultivate as usual, consecutively for seven years. So whatever you reap, keep it (in storage), leaving the grains in their ears except a small quantity (to thresh) for your (yearly) consumption.

ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ إِلَّا قَلِيلاً مِّمَّا تُحْصِنُونَ (48)

ترجمہ: پھر اس کے بعد سات (سال) بہت سخت (خشک سالی کے) آئیں گے وہ اس (ذخیرہ) کو کھا جائیں گے جو تم ان کے لیے پہلے جمع کرتے رہے تھے مگر تھوڑا سا (بچ جائے گا) جو تم محفوظ کر لو گےo

Then after this, there will come seven hard years (of drought) which will consume that (store) which you will have laid up for these years except a small quantity (which will fall surplus and) which you will keep in reserve.

ثُمَّ يَأْتِي مِن بَعْدِ ذَلِكَ عَامٌ فِيهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيهِ يَعْصِرُونَ (49)

ترجمہ: پھر اس کے بعد ایک سال ایسا آئے گا جس میں لوگوں کو (خوب) بارش دی جائے گی اور (اس سال اس قدر پھل ہوں گے کہ) لوگ اس میں (پھلوں کا) رس نچوڑیں گےo

Then, following this, will come a year during which people will be blessed with (plenty of) rain, and (the yield of fruits will be such as) they will press juices (of fruits that year).'

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ فَلَمَّا جَاءهُ الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ عَلِيمٌ (50)

ترجمہ: اور (یہ تعبیر سنتے ہی) بادشاہ نے کہا: یوسف (علیہ السلام) کو (فوراً) میرے پاس لے آؤ، پس جب یوسف (علیہ السلام) کے پاس قاصد آیا تو انہوں نے کہا: اپنے بادشاہ کے پاس لوٹ جا اور اس سے (یہ) پوچھ (کہ) ان عورتوں کا (اب) کیا حال ہے

جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے تھے؟ بے شک میرا رب ان کے مکر و فریب کو خوب جاننے والا ہےo

And (hearing this interpretation) the king said: 'Bring Yusuf (Joseph) to me (immediately).' So when the messenger reached Yusuf (Joseph), he said to him: 'Go back to your king and ask him: What is the state of those women (now) who cut their hands? Surely, my Lord knows their craft well.'

قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدتُّنَّ يُوسُفَ عَن نَّفْسِهِ قُلْنَ حَاشَ لِلّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِن سُوءٍ قَالَتِ امْرَأَةُ الْعَزِيزِ الآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَاْ رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ **(51)**

ترجمہ: بادشاہ نے (زلیخا سمیت عورتوں کو بلا کر) پوچھا: تم پر کیا بیتا تھا جب تم (سب) نے یوسف (علیہ السلام) کو ان کی راست روی سے بہکانا چاہا تھا (بتاؤ وہ معاملہ کیا تھا)؟ وہ سب (بہ یک زبان) بولیں: اللہ کی پناہ! ہم نے (تو) یوسف (علیہ السلام) میں کوئی برائی نہیں پائی۔ عزیزِ مصر کی بیوی (زلیخا بھی) بول اٹھی: اب تو حق آشکار ہو چکا ہے (حقیقت یہ ہے کہ) میں نے ہی انہیں اپنی مطلب براری کے لیے پھسلانا چاہا تھا اور بے شک وہی سچے ہیںo

The king (called all the women including Zulaykha and) asked: 'What happened to you when you (all) attempted to seduce Yusuf (Joseph) to turn him away from righteousness? (Explain what that affair was.) They all (unanimously) uttered: 'Allah save us! We have not noticed any evil in Yusuf (Joseph).' The wife of 'Aziz (of Egypt, Zulaykha, too) spoke: 'The truth has now become evident. (The fact is that) it was I who sought to seduce him for my purpose, and it is surely he who is truthful.'

ذَلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ **(52)**

ترجمہ: (یوسف علیہ السلام نے کہا: میں نے) یہ اس لیے (کیا ہے) کہ وہ (عزیزِ مصر جو میرا محسن و مربّی تھا) جان لے کہ میں نے اس کی غیابت میں (پشت پیچھے) اس کی کوئی خیانت نہیں کی اور بے شک اللہ خیانت کرنے والوں کے مکر و فریب کو کامیاب نہیں ہونے دیتاo

(Yusuf [Joseph]) said: 'I have done this) so that he ('Aziz of Egypt, who has been my master and benefactor,) may know that I have not betrayed his trust in his absence, and surely Allah lets not the plots of those who betray trusts prove successful.

وَمَا أُبَرِّئُ نَفْسِي إِنَّ النَّفْسَ لأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ إِلاَّ مَا رَحِمَ رَبِّيَ إِنَّ رَبِّي غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(53)**

ترجمہ: اور میں اپنے نفس کی برات (کا دعویٰ) نہیں کرتا، بے شک نفس تو برائی کا بہت ہی حکم دینے والا ہے سوائے اس کے جس پر میرا رب رحم فرما دے۔ بے شک میرا رب بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

And I do not (claim) absolution of my self. Certainly, the self commands much evil except the one on whom my Lord bestows mercy. Surely, my Lord is All-Forgiving, Ever-Merciful.'

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ **(54)**

ترجمہ: اور بادشاہ نے کہا: انہیں میرے پاس لے آؤ کہ میں انہیں اپنے لیے (مشیر) خاص کرلوں، سو جب بادشاہ نے آپ سے (بالمشافہ) گفتگو کی (تو نہایت متاثر ہوا اور) کہنے لگا: (اے یوسف!) بے شک آپ آج سے ہمارے ہاں مقتدر (اور) معتمد ہیں (یعنی آپ کو اقتدار میں شریک کرلیا گیا ہے)o

And the king said: 'Bring him to me so that I may appoint him specifically (as an adviser) to me.' So, when the king had a (one-to-one) dialogue with him, he (felt highly impressed and) said: '(O Yusuf [Joseph],) surely from today onward you are a man of authority and trust with us (i.e., you are inducted into the governance of the state).'

قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلَى خَزَآئِنِ الْأَرْضِ إِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ (55)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا: (اگر تم نے واقعی مجھ سے کوئی خاص کام لینا ہے تو) مجھے سرزمینِ (مصر) کے خزانوں پر (وزیر اور امین) مقرر کر دو، بے شک میں (ان کی) خوب حفاظت کرنے والا (اور اقتصادی امور کا) خوب جاننے والا ہوںo

Yusuf (Joseph) said: '(If you really want me to accomplish a special assignment, then) appoint me as (a minister and trustee of) the treasures in the land (of Egypt). Indeed, I am well versed in resource management and resource protection and an expert (in financial management).'

وَكَذَلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِيْ الْأَرْضِ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَن نَّشَاء وَلاَ نُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (56)

ترجمہ: اور اس طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو ملک (مصر) میں اقتدار بخشا (تاکہ) اس میں جہاں چاہیں رہیں۔ ہم جسے چاہتے ہیں اپنی رحمت سے سرفراز فرماتے ہیں اور نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتےo

This is how We bestowed upon Yusuf (Joseph) the rule over the land (of Egypt so that) he could live therein wherever he desired. We honour with Our mercy whom We will, and We waste not the reward of the pious.

وَلَأَجْرُ الآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ آمَنُواْ وَكَانُواْ يَتَّقُونَ (57)

ترجمہ: اور یقیناً آخرت کا اجر ان لوگوں کے لیے بہتر ہے جو ایمان لائے اور روشِ تقویٰ پر گامزن رہےo

And certainly, the reward of the Hereafter is of greater value for those who believe and tread the path of Godwariness.

وَجَاء إِخْوَةُ يُوسُفَ فَدَخَلُواْ عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهُ مُنكِرُونَ (58)

ترجمہ: اور (قحط کے زمانہ میں) یوسف (علیہ السلام) کے بھائی (غلہ لینے کے لیے مصر) آئے تو ان کے پاس حاضر ہوئے پس یوسف (علیہ السلام) نے انہیں پہچان لیا اور وہ انہیں نہ پہچان سکےo

(During the days of famine) Yusuf's (Joseph's) brothers came (to Egypt to procure grain) and came to him. So Yusuf (Joseph) recognized them, but they could not recognize him.

وَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِيْ بِأَخٍ لَّكُم مِّنْ أَبِيْكُمْ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّيْ أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَاْ خَيْرُ الْمُنزِلِيْنَ (59)

ترجمہ: اور جب یوسف (علیہ السلام) نے ان کا سامان (زاد و متاع) انہیں مہیا کر دیا (تو) فرمایا: اپنے پدری بھائی (بنیامین) کو میرے پاس لے آؤ، کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں (کس قدر) پورا ناپتا ہوں اور میں بہترین مہمان نواز (بھی) ہوں o

And when Yusuf (Joseph) had furnished them with their provisions (supplies and material), he said: 'Bring me (Benjamin) your brother on the father's side. Do you not see (how) full I measure and I am the best host (too)?

فَإِن لَّمْ تَأْتُونِي بِهِ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِندِي وَلَا تَقْرَبُونِ (60)

ترجمہ: پس اگر تم اسے میرے پاس نہ لائے تو (آئندہ) تمہارے لیے میرے پاس (غلہ کا) کوئی پیمانہ نہ ہوگا اور نہ (ہی) تم میرے قریب آسکو گے o

So if you do not bring him to me, then (in the future) there will not be any measure (of grain) with me for you, nor will you be able to approach me.'

قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ (61)

ترجمہ: وہ بولے: ہم اس کے بھیجنے سے متعلق اس کے باپ سے ضرور تقاضا کریں گے اور ہم یقیناً (ایسا) کریں گے o

They said: 'We will solicit his father in connection with sending him and we will certainly do (it).'

وَقَالَ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ فِي رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا إِذَا انقَلَبُوا إِلَى أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (62)

ترجمہ: اور یوسف (علیہ السلام) نے اپنے غلاموں سے فرمایا: ان کی رقم (جو انہوں نے غلہ کے عوض ادا کی تھی واپس) ان کی بوریوں میں رکھ دو تاکہ جب وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹیں تو اسے پہچان لیں (کہ یہ رقم تو واپس آ گئی ہے) شاید وہ (اسی سبب سے) لوٹ کر آ جائیں o

And Yusuf (Joseph) said to his servants: 'Put their money (which they paid for grain back) into their sacks so that when they return to their family, they may identify it (that the money is back). It is likely that they may come again (for the very same reason).'

فَلَمَّا رَجِعُوا إِلَى أَبِيهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ(63)

ترجمہ: سو جب وہ اپنے والد کی طرف لوٹے (تو) کہنے لگے: اے ہمارے باپ! (آئندہ کے لیے) ہم پر غلہ بند کر دیا گیا ہے (سوائے اس کے کہ بنیامین ہمارے ساتھ جائے) پس ہمارے بھائی (بنیامین) کو ہمارے ساتھ بھیج دیں (تاکہ) ہم (مزید) غلہ لے آئیں اور ہم یقیناً اس کے محافظ ہوں گے o

So when they returned to their father, they said: 'O our father, (further provision of) grain for us has been banned (except that Benjamin accompanies us). So send our brother (Benjamin) with us (in order that) we may fetch (more) grain, and we shall certainly be his guards.'

قَالَ هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا أَمِنتُكُمْ عَلَى أَخِيهِ مِن قَبْلُ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظاً وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ (64)

ترجمہ: یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا میں اس کے بارے میں (بھی) تم پر اسی طرح اعتماد کر لوں جیسے اس سے قبل میں نے

اس کے بھائی (یوسف علیہ السلام) کے بارے میں تم پر اعتماد کر لیا تھا؟ تو اللہ ہی بہتر حفاظت فرمانے والا ہے اور وہی سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہےo

Ya'qub (Jacob) said: 'Shall I trust you with him (as well) the same way as before this I trusted you with his brother (Yusuf-Joseph)? Then Allah alone is the Best Protector, and He alone is the Most Merciful of all the merciful.'

وَلَمَّا فَتَحُواْ مَتَاعَهُمْ وَجَدُواْ بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ قَالُواْ يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي هَـذِهِ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ ذَلِكَ كَيْلٌ يَسِيرٌ (65)

ترجمہ: جب انہوں نے اپنا سامان کھولا (تو اس میں) اپنی رقم پائی (جو) انہیں لوٹا دی گئی تھی، وہ کہنے لگے: اے ہمارے والد گرامی! ہمیں اور کیا چاہئے؟ یہ ہماری رقم (بھی) ہماری طرف لوٹا دی گئی ہے اور (اب تو) ہم اپنے گھر والوں کے لیے (ضرور ہی) غلہ لائیں گے اور ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ اور زیادہ لائیں گے، اور یہ (غلہ جو ہم پہلے لائے ہیں) تھوڑی مقدار (میں) ہےo

And when they opened their packs, (therein) they found their money (which) had been returned to them. They said: 'O our respectable father, what else do we want? Here is our money (too) that has been returned to us, and we shall (now be obliged to) fetch grain for our family. And we shall take good care of our brother, and shall bring the load of a camel in addition. This grain (that we have already brought) is a small quantity.'

قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّى تُؤْتُونِ مَوْثِقاً مِّنَ اللّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلاَّ أَن يُحَاطَ بِكُمْ فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّهُ عَلَى مَا نَقُولُ وَكِيلٌ (66)

ترجمہ: یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: میں اسے ہرگز تمہارے ساتھ نہیں بھیجوں گا یہاں تک کہ تم اللہ کی قسم کھا کر مجھے پختہ وعدہ دو کہ تم اسے ضرور میرے پاس (واپس) لے آؤ گے سوائے اس کے کہ تم (سب) کو (کہیں) گھیر لیا جائے (یا ہلاک کر دیا جائے)، پھر جب انہوں نے یعقوب (علیہ السلام) کو اپنا پختہ عہد دے دیا تو یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں اس پر اللہ نگہبان ہےo

Ya'qub (Jacob) said: 'I shall not send him with you at all until you give me a firm promise by swearing a solemn oath by Allah that you shall certainly bring him (back) to me unless you (all) are beset (somewhere or slain). Then, when they gave Ya'qub (Jacob) the firm promise, he said: 'Allah is the Guardian to watch over what we are saying.'

وَقَالَ يَا بَنِيَّ لاَ تَدْخُلُواْ مِن بَابٍ وَاحِدٍ وَادْخُلُواْ مِنْ أَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ وَمَا أُغْنِي عَنكُم مِّنَ اللّهِ مِن شَيْءٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلاَّ لِلّهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ (67)

ترجمہ: اور فرمایا: اے میرے بیٹو! (شہر میں) ایک دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ مختلف دروازوں سے (تقسیم ہو کر) داخل ہونا، اور میں تمہیں اللہ (کے اَمر) سے کچھ نہیں بچا سکتا کہ حکم (تقدیر) صرف اللہ ہی کے لیے ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور

بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہئے o

And he said: 'O my sons, do not enter (the city) all of you by one gate, but enter (dispersed) through different gates. And I cannot save you by any means from Allah's (decree) because judgment (i.e., destiny) rests with Allah alone. In Him have I put my trust, and all those who trust must trust in Him alone.'

وَلَمَّا دَخَلُواْ مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِي عَنْهُم مِّنَ اللّهِ مِن شَيْءٍ إِلاَّ حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا وَإِنَّهُ لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَعْلَمُونَ (68)

ترجمہ: اور جب وہ (مصر میں) داخل ہوئے جس طرح ان کے باپ نے انہیں حکم دیا تھا، وہ (حکم) انہیں اللہ (کی تقدیر) سے کچھ نہیں بچا سکتا تھا مگر یہ یعقوب (علیہ السلام) کے دل کی ایک خواہش تھی جسے اس نے پورا کیا، اور (اس خواہش و تدبیر کو لغو بھی نہ سمجھنا، تمہیں کیا خبر!) بے شک یعقوب (علیہ السلام) صاحبِ علم تھے اس وجہ سے کہ ہم نے انہیں علمِ (خاص) سے نوازا تھا مگر اکثر لوگ (ان حقیقتوں کو) نہیں جانتے o

And when they entered (Egypt) in compliance with what their father had commanded, that command could not save them from Allah's (decree), but it was Ya'qub's (Jacob's) heartfelt desire which he fulfilled and (also take not this desire or strategy as meaningless-for you know it not). Surely, Ya'qub (Jacob) possessed knowledge as We had blessed (him) with (special) knowledge, but most people do not know (these realities).

وَلَمَّا دَخَلُواْ عَلَى يُوسُفَ آوَى إِلَيْهِ أَخَاهُ قَالَ إِنِّي أَنَاْ أَخُوكَ فَلاَ تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ(69)

ترجمہ: اور جب وہ یوسف (علیہ السلام) کے پاس حاضر ہوئے تو یوسف (علیہ السلام) نے اپنے بھائی (بنیامین) کو اپنے پاس جگہ دی (اسے آہستہ سے) کہا: بے شک میں ہی تیرا بھائی (یوسف) ہوں پس تو غمزدہ نہ ہو ان کاموں پر جو یہ کرتے رہے ہیں o

And when they came to Yusuf (Joseph), he offered his brother (Benjamin) a seat close to him (and) said (to him quietly): 'Verily, I am your brother (Yusuf [Joseph]) so feel not aggrieved at what they have been doing.'

فَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ (70)

ترجمہ: پھر جب (یوسف علیہ السلام نے) ان کا سامان انہیں مہیا کر دیا تو (شاہی) پیالہ اپنے بھائی (بنیامین) کی بوری میں رکھ دیا بعد ازاں پکارنے والے نے آواز دی: اے قافلہ والو! (ٹھہرو) یقیناً تم لوگ ہی چور (معلوم ہوتے) ہو o

So when (Yusuf [Joseph]) had provided them with their material, he placed (the king's) goblet into his brother's (Benjamin's) sack. Later a herald called out: 'O you men of caravan, (halt;) surely, you (seem to be) thieves.'

قَالُواْ وَأَقْبَلُواْ عَلَيْهِم مَّاذَا تَفْقِدُونَ (71)

ترجمہ: وہ ان کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے: تمہاری کیا چیز گم ہو گئی ہے o

They turned towards them and said: 'What have you found missing?'

قَالُواْ نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَن جَاء بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ وَأَنَاْ بِهِ زَعِيمٌ (72)

ترجمہ: وہ (درباری ملازم) بولے: ہمیں بادشاہ کا پیالہ نہیں مل رہا اور جو کوئی اسے (ڈھونڈ کر) لے آئے اس کے لیے ایک اونٹ کا غلہ (انعام) ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوں o

They (the servants of the king's court) said: 'We are missing the royal goblet, and the man who brings it (after searching) will get a camel's load of grain as reward and I pledge myself for it.'

قَالُواْ تَاللّهِ لَقَدْ عَلِمْتُم مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الأَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ (73)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: اللہ کی قسم! بے شک تم جان گئے ہو (گے) ہم اس لیے نہیں آئے تھے کہ (جرم کا ارتکاب کر کے) زمین میں فساد بپا کریں اور نہ ہی ہم چور ہیں o

They said: 'By Allah, indeed you know well we have not come (here to commit some crime) and create mischief in the land, nor are we thieves.'

قَالُواْ فَمَا جَزَآؤُهُ إِن كُنتُمْ كَاذِبِينَ (74)

ترجمہ: وہ (ملازم) بولے: (تم خود ہی بتاؤ) کہ اس (چور) کی کیا سزا ہوگی اگر تم جھوٹے نکلے o

They (the servants) said: '(Decide for yourselves) what the punishment (of the thief) should be if you turn out to be liars.'

قَالُواْ جَزَآؤُهُ مَن وُجِدَ فِي رَحْلِهِ فَهُوَ جَزَاؤُهُ كَذَلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ (75)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اس کی سزا یہ ہے کہ جس کے سامان میں سے وہ (پیالہ) برآمد ہو وہ خود ہی اس کا بدلہ ہے (یعنی اسی کو اس کے بدلہ میں رکھ لیا جائے)، ہم ظالموں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں o

They said: 'Its penalty will be that the one from whose sack (the goblet) is found, he himself will be its penalty (i.e., he should be held in retribution). That is how we punish the wrongdoers.'

فَبَدَأَ بِأَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَاء أَخِيهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِن وِعَاء أَخِيهِ كَذَلِكَ كِدْنَا لِيُوسُفَ مَا كَانَ لِيَأْخُذَ أَخَاهُ فِي دِينِ الْمَلِكِ إِلاَّ أَن يَشَاءَ اللّهُ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مِّن نَّشَاء وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ (76)

ترجمہ: پس یوسف (علیہ السلام) نے اپنے بھائی کی بوری سے پہلے ان کی بوریوں کی تلاشی شروع کی پھر (بالآخر) اس (پیالے) کو اپنے (سگے) بھائی (بنیامین) کی بوری سے نکال لیا۔ یوں ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو تدبیر بتائی۔ وہ اپنے بھائی کو بادشاہِ (مصر) کے قانون کی رو سے (اسیر بنا کر) نہیں رکھ سکتے تھے مگر یہ کہ (جیسے) اللہ چاہے۔ ہم جس کے چاہتے ہیں درجات بلند کر دیتے ہیں، اور ہر صاحبِ علم سے اوپر (بھی) ایک علم والا ہوتا ہے o

So Yusuf (Joseph) began to search their sacks before his brother's. Then (at last) he took (the goblet) out of his (real) brother's (Benjamin's) sack. That is how We revealed to Yusuf (Joseph) the plan. He could not have held his brother (as a captive) under the law of the king (of Egypt) except (as) Allah wills. We exalt in ranks whom We like. And above every possessor of knowledge is (also) One possessing greater knowledge.

قَالُواْ إِن يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ أَخٌ لَّهُ مِن قَبْلُ فَأَسَرَّهَا يُوسُفُ فِي نَفْسِهِ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ قَالَ أَنتُمْ شَرٌّ مَّكَاناً وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَصِفُونَ (77)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اگر اس نے چوری کی ہے (تو کوئی تعجب نہیں) بے شک اس کا بھائی (یوسف) بھی اس سے پہلے چوری کر چکا ہے، سو یوسف (علیہ السلام) نے یہ بات اپنے دل میں (چھپائی) رکھی اور اسے ان پر ظاہر نہ کیا، (دل میں ہی) کہا: تمہارا حال نہایت برا ہے، اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم بیان کر رہے ہوo

They said: 'If he has committed theft (then there is nothing to wonder at). Indeed, his brother (Yusuf [Joseph]) has also committed theft before. So Yusuf (Joseph) kept it (hidden) in his heart and did not reveal it to them and said (only to himself): 'Yours is the worst case and Allah knows well whatever you are saying.'

قَالُواْ يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ إِنَّ لَهُ أَباً شَيْخاً كَبِيراً فَخُذْ أَحَدَنَا مَكَانَهُ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ(78)

ترجمہ: وہ بولے: اے عزیزِ مصر! اس کے والد بڑے معمر بزرگ ہیں، آپ اس کی جگہ ہم میں سے کسی کو پکڑ لیں، بے شک ہم آپ کو احسان کرنے والوں میں پاتے ہیںo

They said: 'O 'Aziz (of Egypt), his father is an aged, elderly person. So detain any one of us in his stead. Surely, we have seen that you are of the generous (and benevolent) people.'

قَالَ مَعَاذَ اللّهِ أَن نَّأْخُذَ إِلاَّ مَن وَجَدْنَا مَتَاعَنَا عِندَهُ إِنَّـا إِذاً لَّظَالِمُونَ (79)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے کہا: اللہ کی پناہ کہ ہم نے جس کے پاس اپنا سامان پایا اس کے سوا کسی (اور) کو پکڑ لیں تب تو ہم ظالموں میں سے ہو جائیں گےo

Yusuf (Joseph) said: 'Allah save us from detaining someone (other) than him with whom we have found our item! Then we shall become of the unjust.'

فَلَمَّا اسْتَيْأَسُواْ مِنْهُ خَلَصُواْ نَجِيّاً قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُواْ أَنَّ أَبَاكُمْ قَدْ أَخَذَ عَلَيْكُم مَّوْثِقاً مِّنَ اللّهِ وَمِن قَبْلُ مَا فَرَّطتُمْ فِي يُوسُفَ فَلَنْ أَبْرَحَ الأَرْضَ حَتَّىَ يَأْذَنَ لِيَ أَبِي أَوْ يَحْكُمَ اللّهُ لِيَ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ (80)

ترجمہ: پھر جب وہ یوسف (علیہ السلام) سے مایوس ہو گئے تو علیحدگی میں (باہم) سرگوشی کرنے لگے، ان کے بڑے (بھائی) نے کہا: کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے تم سے اللہ کی قسم اٹھوا کر پختہ وعدہ لیا تھا اور اس سے پہلے تم یوسف کے حق میں جو زیادتیاں کر چکے ہو (تمہیں وہ بھی معلوم ہیں)، سو میں اس سرزمین سے ہرگز نہیں جاؤں گا جب تک مجھے میرا باپ اجازت (نہ) دے یا میرے لیے اللہ کوئی فیصلہ فرما دے، اور وہ سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہےo

So, when they lost hope about Yusuf (Joseph), they counselled (amongst themselves) in isolation. The eldest (brother) amongst them said: 'Do you not know that your father took a firm covenant from you in the Name of Allah, and before that (you also know) you committed excesses with respect to Yusuf (Joseph)? So I shall not leave this land at all until my father accords me

permission, or Allah gives some judgment in my case, and He is the Best of those who judge.

ارْجِعُواْ إِلَى أَبِيكُمْ فَقُولُواْ يَا أَبَانَا إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ وَمَا شَهِدْنَا إِلاَّ بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حَافِظِينَ (81)

ترجمہ: تم اپنے باپ کی طرف لوٹ جاؤ پھر (جا کر) کہو: اے ہمارے باپ! بے شک آپ کے بیٹے نے چوری کی ہے (اس لیے وہ گرفتار کرلیا گیا) اور ہم نے فقط اسی بات کی گواہی دی تھی جس کا ہمیں علم تھا اور ہم غیب کے نگہبان نہ تھےo

Go you back to your father and say: O our father, your son has surely committed theft (and consequently he has been held). And we bore witness only to what we knew. And we were no guardians of the unseen.

وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَالْعِيرَ الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا وَإِنَّا لَصَادِقُونَ (82)

ترجمہ: اور (اگر آپ کو اعتبار نہ آئے تو) اس بستی (والوں) سے پوچھ لیں جس میں ہم تھے اور اس قافلہ (والوں) سے (معلوم کر لیں) جس میں ہم آئے ہیں، اور بے شک ہم (اپنے قول میں) یقیناً سچے ہیںo

And (if you do not believe us, then) you may enquire of (the people of) the town where we have been, and (find out) from the caravan we have travelled with, and we are certainly truthful (in what we are saying).'

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنفُسُكُمْ أَمْراً فَصَبْرٌ جَمِيلٌ عَسَى اللّهُ أَن يَأْتِيَنِي بِهِمْ جَمِيعاً إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ (83)

ترجمہ: یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: (ایسا نہیں) بلکہ تمہارے نفسوں نے یہ بات تمہارے لیے مرغوب بنا دی ہے، اب صبر (ہی) اچھا ہے، قریب ہے کہ اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے، بے شک وہ بڑا علم والا بڑی حکمت والا ہےo

Ya'qub (Jacob) said: '(It is not so.) In fact, your (ill-commanding) selves have made this affair attractive for you. Now (only) patience is the finest (option). It is likely that Allah brings to me all of them. He is indeed All-Knowing, Most Wise.'

وَتَوَلَّى عَنْهُمْ وَقَالَ يَا أَسَفَى عَلَى يُوسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ (84)

ترجمہ: اور یعقوب (علیہ السلام) نے ان سے منہ پھیر لیا اور کہا: ہائے افسوس! یوسف (علیہ السلام کی جدائی) پر اور ان کی آنکھیں غم سے سفید ہو گئیں سو وہ غم کو ضبط کیے ہوئے تھےo

Ya'qub (Jacob) then turned his face away from them and said: 'Alas! (My dear son) Yusuf (Joseph's unbearable separation)!' And his eyes had gone white with grief. And he was suppressing his sorrow.

قَالُواْ تَاللهِ تَفْتَأُ تَذْكُرُ يُوسُفَ حَتَّى تَكُونَ حَرَضاً أَوْ تَكُونَ مِنَ الْهَالِكِينَ (85)

ترجمہ: وہ بولے: اللہ کی قسم! آپ ہمیشہ یوسف (علیہ السلام ہی) کو یاد کرتے رہیں گے یہاں تک کہ آپ قریب مرگ ہو جائیں گے یا آپ وفات پا جائیں گےo

They said: 'By Allah, you will continue remembering Yusuf ([Joseph] alone) till you get near death or pass away.'

قَالَ إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ(86)

ترجمہ: انہوں نے فرمایا: میں تو اپنی پریشانی اور غم کی فریاد صرف اللہ کے حضور کرتا ہوں اور میں اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتےo

He said: 'I bewail my worry and grief to Allah alone, and I know from Allah what you do not know.

يَا بَنِيَّ اذْهَبُواْ فَتَحَسَّسُواْ مِن يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلاَ تَيْأَسُواْ مِن رَّوْحِ اللّهِ إِنَّهُ لاَ يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ اللّهِ إِلاَّ الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ (87)

ترجمہ: اے میرے بیٹو! جاؤ (کہیں سے) یوسف (علیہ السلام) اور اس کے بھائی کی خبر لے آؤ اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ کی رحمت سے صرف وہی لوگ مایوس ہوتے ہیں جو کافر ہیںo

O my sons, go and fetch me some news about Yusuf (Joseph) and his brother (from somewhere) and despair not of Allah's mercy, for indeed only those who reject faith despair of Allah's mercy.'

فَلَمَّا دَخَلُواْ عَلَيْهِ قَالُواْ يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجَاةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا إِنَّ اللّهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ (88)

ترجمہ: سو جب وہ (دوبارہ) یوسف (علیہ السلام) کے پاس حاضر ہوئے تو کہنے لگے: اے عزیزِ مصر! ہم پر اور ہمارے گھر والوں پر مصیبت آن پڑی ہے (ہم شدید قحط میں مبتلا ہیں) اور ہم (یہ) تھوڑی سی رقم لے کر آئے ہیں سو (اس کے بدلے) ہمیں (غلہ کا) پورا پورا ناپ دے دیں اور (اس کے علاوہ) ہم پر (کچھ) صدقہ (بھی) کر دیں۔ بے شک اللہ خیرات کرنے والوں کو جزا دیتا ہےo

So when they came back to Yusuf ([Joseph] again), they submitted: 'O 'Aziz (of Egypt), a distress has fallen upon us and our family (and we are suffering from a dreadful famine). And we have brought only (this) meager amount. So give us full measure (of grain against it) and (in addition) extend to us (some) charity (as well). Indeed, Allah plenteously rewards those who give away charity.'

قَالَ هَلْ عَلِمْتُم مَّا فَعَلْتُم بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنتُمْ جَاهِلُونَ (89)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا (سلوک) کیا تھا کیا تم (اس وقت) نادان تھےo

Yusuf (Joseph) said: 'Do you remember what you did to Yusuf (Joseph) and his brother? Were you (then) ignorant?'

قَالُواْ أَإِنَّكَ لَأَنتَ يُوسُفُ قَالَ أَنَاْ يُوسُفُ وَهَـذَا أَخِي قَدْ مَنَّ اللّهُ عَلَيْنَا إِنَّهُ مَن يَتَّقِ وَيِصْبِرْ فَإِنَّ اللّهَ لاَ يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ (90)

ترجمہ: وہ بولے: کیا واقعی تم ہی یوسف ہو؟ انہوں نے فرمایا: (ہاں) میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے بے شک اللہ نے ہم پر احسان فرمایا ہے، یقیناً جو شخص اللہ سے ڈرتا اور صبر کرتا ہے تو بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتاo

They said: 'Are you really Yusuf (Joseph)?' He said: '(Yes,) I am Yusuf (Joseph)

and here is my brother. Indeed, Allah has been gracious to us. Surely, the one who fears Allah and remains steadfast, then surely Allah does not waste the reward of the pious.'

قَالُواْ تَاللّهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللّهُ عَلَيْنَا وَإِن كُنَّا لَخَاطِئِينَ (91)

ترجمہ: وہ بول اٹھے: اللہ کی قسم! بے شک اللہ نے آپ کو ہم پر فضیلت دی ہے اور یقیناً ہم ہی خطا کار تھے o

They exclaimed: 'By Allah, Allah has certainly exalted you above us, and certainly we alone were the sinners.'

قَالَ لاَ تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّهُ لَكُمْ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ (92)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا: آج کے دن تم پر کوئی ملامت (اور گرفت) نہیں ہے، اللہ تمہیں معاف فرما دے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے o

Yusuf (Joseph) said: 'No blame (or penalty) lies on you today. May Allah grant you His forgiveness and He is the Most Merciful of all the merciful!

اذْهَبُواْ بِقَمِيصِي هَـذَا فَأَلْقُوهُ عَلَى وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيراً وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ (93)

ترجمہ: میرا یہ قمیض لے جاؤ، سو اسے میرے باپ کے چہرے پر ڈال دینا، وہ بینا ہو جائیں گے، اور (پھر) اپنے سب گھر والوں کو میرے پاس لے آؤ o

Take this shirt of mine and cast it over my father's face; he will recover his sight. (Then) bring me the whole of your family.'

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيرُ قَالَ أَبُوهُمْ إِنِّي لَأَجِدُ رِيحَ يُوسُفَ لَوْلاَ أَن تُفَنِّدُونِ (94)

ترجمہ: اور جب قافلہ (مصر سے) روانہ ہوا ان کے والد (یعقوب علیہ السلام) نے (کنعان میں بیٹھے ہی) فرما دیا: بے شک میں یوسف کی خوشبو پا رہا ہوں اگر تم مجھے بڑھاپے کے باعث بہکا ہوا خیال نہ کرو o

And when the caravan left (Egypt), his father (Ya'qub [Jacob]) said (whilst sitting in Canaan): 'If you do not consider me unstable due to senility, I am smelling the fragrance of Yusuf (Joseph).'

قَالُواْ تَاللّهِ إِنَّكَ لَفِي ضَلاَلِكَ الْقَدِيمِ(95)

ترجمہ: وہ بولے: اللہ کی قسم یقیناً آپ اپنی (اسی) پرانی محبت کی خود رفتگی میں ہیں o

They said: 'By Allah, you are certainly in the (same) ecstasy of your (old) love.'

فَلَمَّا أَن جَاء الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَى وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيراً قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ مِنَ اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (96)

ترجمہ: پھر جب خوشخبری سنانے والا آ پہنچا اس نے وہ قمیض یعقوب (علیہ السلام) کے چہرے پر ڈال دیا تو اسی وقت ان کی بینائی لوٹ آئی، یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا میں تم سے نہیں کہتا تھا کہ بے شک میں اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے o

But when the bearer of the glad tidings arrived, and he cast that shirt over Ya'qub's (Jacob's) face, his sight returned at that same moment. Ya'qub

(Jacob) said: 'Did I not say to you that I know from Allah what you do not know?'

قَالُواْ يَا أَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا إِنَّا كُنَّا خَاطِئِينَ (97)

ترجمہ: وہ بولے: اے ہمارے باپ! ہمارے لیے (اللہ سے) ہمارے گناہوں کی مغفرت طلب کیجئے، بے شک ہم ہی خطا کار تھےo

They said: 'O our father, seek for us forgiveness (from Allah) for our sins. Indeed, we alone are the sinners.'

قَالَ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيَ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (98)

ترجمہ: یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: میں عنقریب تمہارے لیے اپنے رب سے بخشش طلب کروں گا، بے شک وہی بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

Ya'qub (Jacob) said: 'Soon shall I pray to my Lord for forgiveness for you. Indeed, He alone is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

فَلَمَّا دَخَلُواْ عَلَى يُوسُفَ آوَى إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُواْ مِصْرَ إِن شَاء اللّهُ آمِنِينَ (99)

ترجمہ: پھر جب وہ (سب اَفرادِ خانہ) یوسف (علیہ السلام) کے پاس آئے (تو) یوسف (علیہ السلام) نے (شہر سے باہر آ کر ہزار ہا سواریوں، فوجیوں اور لوگوں کے ہمراہ شاہی جلوس کی صورت میں ان کا استقبال کیا اور) اپنے ماں باپ کو تعظیماً اپنے قریب جگہ دی (یا انہیں اپنے گلے سے لگا لیا) اور (خوش آمدید کہتے ہوئے) فرمایا: آپ مصر میں داخل ہو جائیں اگر اللہ نے چاہا (تو) امن و عافیت کے ساتھ (یہیں قیام کریں)o

Then, when they (all the members of the family) came to Yusuf (Joseph, he presented them a reception outside the city in the form of a royal procession comprising extensive transport arrangements, soldiers and general public, and) he venerated his parents and made them sit beside him, (or embraced them,) and (offering them welcome) said: 'Enter Egypt, and if Allah so wills (then stay here) with peace and comfort.'

وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّواْ لَهُ سُجَّداً وَقَالَ يَا أَبَتِ هَـذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقّاً وَقَدْ أَحْسَنَ بِيَ إِذْ أَخْـرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاء بِكُم مِّنَ الْبَدْوِ مِن بَعْدِ أَن نَّزغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ (100)

ترجمہ: اور یوسف (علیہ السلام) نے اپنے والدین کو اوپر تخت پر بٹھا لیا اور وہ (سب) یوسف (علیہ السلام) کے لیے سجدہ میں گر پڑے، اور یوسف (علیہ السلام) نے کہا: اے ابا جان! یہ میرے (اس) خواب کی تعبیر ہے جو (بہت) پہلے آیا تھا (اکثر مفسرین کے نزدیک اسے چالیس سال کا عرصہ گزر گیا تھا) اور بے شک میرے رب نے اسے سچ کر دکھایا ہے، اور بے شک اس نے مجھ پر (بڑا) احسان فرمایا جب مجھے جیل سے نکالا اور آپ سب کو صحرا سے (یہاں) لے آیا اس کے بعد کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد پیدا کر دیا تھا، اور بے شک میرا رب جس چیز کو چاہے (اپنی) تدبیر سے آسان فرما دے، بے شک وہی خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And he seated his parents on the throne and they (all) fell down prostrate before Yusuf (Joseph) and Yusuf (Joseph) said: 'O father, this is the interpretation of (that) dream of mine which I had seen (long) before. (Most commentators state that it took forty years.) And my Lord has surely proved it true. And indeed He did me a (great) favour when He took me out of the prison and brought all of you (here) from the desert after Satan had stirred up discord between me and my brothers. The fact is that my Lord makes easy with (His) plan whatever He wills. Indeed, He alone is All-Knowing, Most Wise.

رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ تَوَفَّنِي مُسْلِماً وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ (101)

ترجمہ: اے میرے رب! بے شک تو نے مجھے سلطنت عطا فرمائی اور تو نے مجھے خوابوں کی تعبیر کے علم سے نوازا، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا فرمانے والے! تو دنیا میں (بھی) میرا کارساز ہے اور آخرت میں (بھی)، مجھے حالتِ اسلام پر موت دینا اور مجھے صالح لوگوں کے ساتھ ملا دےo

O my Lord! Verily, You granted me dominion and blessed me with the knowledge of the interpretation of dreams. O Creator of the heavens and the earth! You are my Helper in this world and in the Hereafter (as well). Make me die in a state of total submission to (the Din [Religion] of) Islam, and make me join the company of those who are upright.'

حَتَّى إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّواْ أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُواْ جَاءهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَن نَّشَاء وَلاَ يُرَدُّ بَأْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ (110)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب پیغمبر (اپنی نافرمان قوموں سے) مایوس ہو گئے اور ان منکر قوموں نے گمان کر لیا کہ ان سے جھوٹ بولا گیا ہے (یعنی ان پر کوئی عذاب نہیں آئے گا) تو ان رسولوں کو ہماری مدد آ پہنچی پھر ہم نے جسے چاہا (اسے) نجات بخش دی، اور ہمارا عذاب مجرم قوم سے پھیرا نہیں جاتاo

Until, when the Messengers despaired (of their disobedient people,) and those denying communities developed this scepticism that they were told a lie (i.e., they will not be tormented), Our help reached the Messengers. Then We delivered whom We willed. And Our torment is not averted from the people committed to do evil.

سورۃ ابراہیم:

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهِ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ فَيُضِلُّ اللّهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (4)

ترجمہ: اور ہم نے کسی رسول کو نہیں بھیجا مگر اپنی قوم کی زبان کے ساتھ تاکہ وہ ان کے لیے (پیغامِ حق) خوب واضح کر سکے، پھر اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت بخشتا ہے، اور وہ غالب حکمت والا ہےo

And We have not sent any Messenger but with the language of his people so

that he may make (the message of the truth) more and more clear to them. Then Allah holds astray whom He wills and provides with guidance whom He wills. And He is Almighty, Most Wise.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَى بِآيَاتِنَا أَنْ أَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَذَكِّرْهُمْ بِأَيَّامِ اللَّهِ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ(5)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا کہ (اے موسٰی!) تم اپنی قوم کو اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے جاؤ اور انہیں اللہ کے دنوں کی یاد دلاؤ (جو ان پر اور پہلی امتوں پر آ چکے تھے)۔ بے شک اس میں ہر زیادہ صبر کرنے والے (اور) خوب شکر بجالانے والے کے لیے نشانیاں ہیں o

And indeed, We sent Musa (Moses) with Our signs: '(O Musa [Moses],) bring your people out of the darkness to the light, and remind them of the Days of Allah (which had come upon them and their preceding generations).' Surely, there are signs in it for those who are highly steadfast (and) deeply grateful.

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ أَنجَاكُم مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُونَ أَبْنَاءكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءكُمْ وَفِي ذَلِكُم بَلاء مِّن رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ (6)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کیجئے) جب موسٰی (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا: تم اپنے اوپر اللہ کے (اس) انعام کو یاد کرو جب اس نے تمہیں آلِ فرعون سے نجات دی جو تمہیں سخت عذاب پہنچاتے تھے اور تمہارے لڑکوں کو ذبح کر ڈالتے تھے اور تمہاری عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے، اور اس میں تمہارے رب کی جانب سے بڑی بھاری آزمائش تھی o

And (recall) when Musa (Moses) said to his people: 'Recall (that) blessing of Allah conferred upon you when He delivered you from the people of Pharaoh who used to afflict you with severe torment, slaying your male children and sparing the female ones. And in it was a great trial for you from your Lord.'

وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِن شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِن كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ (7)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب تمہارے رب نے آگاہ فرمایا کہ اگر تم شکر ادا کرو گے تو میں تم پر (نعمتوں میں) ضرور اضافہ کروں گا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو میرا عذاب یقیناً سخت ہے o

And (recall) when your Lord proclaimed: 'If you are thankful, I shall certainly increase (My blessings on) you, and if you are ungrateful, then My torment is surely severe.'

وَقَالَ مُوسَى إِن تَكْفُرُوا أَنتُمْ وَمَن فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً فَإِنَّ اللّهَ لَغَنِيٌّ حَمِيدٌ (8)

ترجمہ: اور موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: اگر تم اور وہ سب کے سب لوگ جو زمین میں ہیں کفر کرنے لگیں تو بے شک اللہ (ان سب سے) یقیناً بے نیاز لائقِ حمد و ثنا ہے o

And Musa (Moses) said: 'If you and all others on earth disbelieve, then Allah is indeed Self-Sufficient, Most Praiseworthy.'

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَالَّذِينَ مِن بَعْدِهِمْ لَا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا اللَّهُ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرَدُّوا أَيْدِيَهُمْ فِي أَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوا إِنَّا كَفَرْنَا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ وَإِنَّا لَفِي شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُونَنَا إِلَيْهِ مُرِيبٍ (9)

ترجمہ: کیا تمہیں ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں، (وہ) قومِ نوح اور عاد اور ثمود (کی قوموں کے لوگ) تھے اور (کچھ) لوگ جو ان کے بعد ہوئے، انہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا (کیونکہ وہ صفحۂ ہستی سے بالکل نیست و نابود ہو چکے ہیں)، ان کے پاس ان کے رسول واضح نشانیوں کے ساتھ آئے تھے پس انہوں نے (از راہِ تمسخر و عناد) اپنے ہاتھ اپنے مونہوں میں ڈال لیے اور (بڑی جسارت کے ساتھ) کہنے لگے: ہم نے اس (دین) کا انکار کر دیا جس کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو اور یقیناً ہم اس چیز کی نسبت اضطراب انگیز شک میں مبتلا ہیں جس کی طرف تم ہمیں دعوت دیتے ہو o

Has the account of those who have passed away before you not reached you? They were the people of Nuh (Noah) and (of the communities) of 'Ad and Thamud and (others) who came after them. No one knows them except Allah (because they have been totally annihilated from the surface of the earth). Their Messengers came to them with clear signs. So they put their hands into their mouths (out of mockery and spite) and (dared) say: 'We deny this (Din [Religion]) which you have been sent with, and we are certainly in disquieting doubt about what you invite us to.'

قَالَتْ رُسُلُهُمْ أَفِي اللَّهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَدْعُوكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى قَالُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا تُرِيدُونَ أَن تَصُدُّونَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ آبَاؤُنَا فَأْتُونَا بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ(10)

ترجمہ: ان کے پیغمبروں نے کہا: کیا اللہ کے بارے میں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کا پیدا فرمانے والا ہے، (جو) تمہیں بلاتا ہے کہ تمہارے گناہوں کو تمہاری خاطر بخش دے اور (تمہاری نافرمانیوں کے باوجود) تمہیں ایک مقرر میعاد تک مہلت دیے رکھتا ہے۔ وہ (کافر) بولے: تم تو صرف ہمارے جیسے بشر ہی ہو، تم یہ چاہتے ہو کہ ہمیں ان (بتوں) سے روک دو جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کیا کرتے تھے، سو تم ہمارے پاس کوئی روشن دلیل لاؤ o

Their Messengers said: 'Do you have doubt about Allah, Who is the Creator of the heavens and the earth, (Who) calls you so that He forgives your sins for you, and (despite your disobedience) gives you respite for a fixed term?' They (the disbelievers) said: 'You are but human beings like us. You seek to hold us back from these (idols) our fathers used to worship. So bring us some clear proof.'

قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ إِن نَّحْنُ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلَكِنَّ اللَّهَ يَمُنُّ عَلَى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَمَا كَانَ لَنَا أَن نَّأْتِيَكُم بِسُلْطَانٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (11)

ترجمہ: ان کے رسولوں نے ان سے کہا: اگرچہ ہم (نفسِ بشریت میں) تمہاری طرح انسان ہی ہیں لیکن (اس فرق پر بھی غور کرو کہ) اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے احسان فرماتا ہے (پھر برابری کیسی؟)، اور (رہ گئی روشن دلیل کی بات) یہ ہمارا کام نہیں کہ ہم اللہ کے حکم کے بغیر تمہارے پاس کوئی دلیل لے آئیں، اور اللہ ہی پر مومنوں کو بھروسہ کرنا چاہئے o

Their Messengers said to them: 'Though (in constitution of self) we are humans like you, but (also mark the difference that) Allah favours whom He likes of His servants. (Then how are you equal?) And (as for clear proof) it is not for us to bring you a proof without Allah's decree, and the believers must put their trust in Allah alone.

وَمَا لَنَا أَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّهِ وَقَدْ هَدَانَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلَى مَا آذَيْتُمُونَا وَعَلَى اللّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ (12)

ترجمہ: اور ہمیں کیا ہے کہ ہم اللہ پر بھروسہ نہ کریں درآنحالیکہ اسی نے ہمیں (ہدایت و کامیابی کی) راہیں دکھائی ہیں، اور ہم ضرور تمہاری اذیت رسانیوں پر صبر کریں گے اور اہلِ توکل کو اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے o

And what is the matter with us that we should not put our trust in Allah, whilst He alone has shown us the paths (of guidance and success)? And we will certainly bear your persecutions with patience, and those who trust should put their trust in Allah alone.'

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُواْ لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُم مِّنْ أَرْضِنَا أَوْ لَتَعُودُنَّ فِي مِلَّتِنَا فَأَوْحَى إِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظَّالِمِينَ (13)

ترجمہ: اور کافر لوگ اپنے پیغمبروں سے کہنے لگے: ہم بہرصورت تمہیں اپنے ملک سے نکال دیں گے یا تمہیں ضرور ہمارے مذہب میں لوٹ آنا ہوگا، تو ان کے رب نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ ہم ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے o

And the disbelievers said to their Messengers: 'We will banish you by all means from our country, or you will have to return to our faith.' Their Lord then revealed to them: 'We shall certainly destroy the unjust people,

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْأَرْضَ مِن بَعْدِهِمْ ذَلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِي وَخَافَ وَعِيدِ (14)

ترجمہ: اور ان کے بعد ہم تمہیں ضرور (اسی) ملک میں آباد فرمائیں گے۔ یہ (وعدہ) ہر اس شخص کے لیے ہے جو میرے حضور کھڑا ہونے سے ڈرا اور میرے وعدۂ (عذاب) سے خائف ہوا o

And We shall certainly settle you in the (same) land after them. This (covenant) is for every such person that fears standing before My presence and dreads My promise (of torment).'

وَاسْتَفْتَحُواْ وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ (15)

ترجمہ: اور (بالآخر) رسولوں نے (اللہ سے) فتح مانگی اور ہر سرکش ضدی نامراد ہو گیا o

And (ultimately) the Messengers sought victory (from Allah), and every obstinate rebel met defeat and came to nothing.

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هَـذَا الْبَلَدَ آمِناً وَاجْنُبْنِي وَبَنِيَّ أَن نَّعْبُدَ الأَصْنَامَ (35)

ترجمہ: اور (یاد کیجئے) جب ابراہیم (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! اس شہر (مکہ) کو جائے امن بنا دے اور مجھے اور میرے بچوں کو اس (بات) سے بچا لے کہ ہم بتوں کی پرستش کریں o

And (recall) when Ibrahim (Abraham) submitted: 'O my Lord, make this city (Mecca) a land of peace and keep me and my children from idol-worship.

رَبِّ إِنَّهُنَّ أَضْلَلْنَ كَثِيراً مِّنَ النَّاسِ فَمَن تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي وَمَنْ عَصَانِي فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (36)

ترجمہ: اے میرے رب! ان (بتوں) نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر ڈالا ہے۔ پس جس نے میری پیروی کی وہ تو میرا ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی تو بے شک تُو بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O my Lord! These (idols) have led many people astray. So whoever follows me will belong to me, and whoever disobeys me, then indeed You are Most Forgiving, Ever-Merciful.

رَّبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُواْ الصَّلاَةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِي إِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُم مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ (37)

ترجمہ: اے ہمارے رب! بے شک میں نے اپنی اولاد (اسماعیل علیہ السلام) کو (مکہ کی) بے آب و گیاہ وادی میں تیرے حرمت والے گھر کے پاس بسا دیا ہے، اے ہمارے رب! تاکہ وہ نماز قائم رکھیں پس تو لوگوں کے دلوں کو ایسا کر دے کہ وہ شوق و محبت کے ساتھ ان کی طرف مائل رہیں اور انہیں (ہر طرح کے) پھلوں کا رزق عطا فرما، تاکہ وہ شکر بجالاتے رہیںo

O our Lord! Verily, I have settled my offspring (Isma'il [Ishmael]) in the barren valley (of Mecca) in the close vicinity of Your Sacred House, O our Lord, so that they may establish Prayer. So make the hearts of the people incline towards them with love and fondness, and provide for them (all kinds of) fruits as sustenance so that they may remain grateful.

رَبَّنَا إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِي وَمَا نُعْلِنُ وَمَا يَخْفَى عَلَى اللّهِ مِن شَيْءٍ فِي الأَرْضِ وَلاَ فِي السَّمَاء (38)

ترجمہ: اے ہمارے رب! بے شک تو وہ (سب کچھ) جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ہم ظاہر کرتے ہیں، اور اللہ پر کوئی بھی چیز نہ زمین میں پوشیدہ ہے اور نہ ہی آسمان میں (مخفی ہے)o

O our Lord! Surely, You know (all) what we hide and what we show, and there is nothing which is hidden from Allah either on earth or in the heaven.

الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِي وَهَبَ لِي عَلَى الْكِبَرِ إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَاء (39)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیل اور اسحاق (علیہما السلام دو فرزند) عطا فرمائے، بے شک میرا رب دعا خوب سننے والا ہےo

All praise belongs to Allah alone, Who has bestowed upon me (two sons) in old age, Isma'il (Ishmael) and Ishaq (Isaac). Indeed, my Lord is the All-Hearer of prayer.

رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلاَةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاء (40)

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم رکھنے والا بنا دے، اے ہمارے رب! اور تو میری دعا قبول فرما لےo

O my Lord! Make me and my children the ones who establish Prayer; O my Lord, and grant my prayer.

رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ (41)

ترجمہ: اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے والدین کو (بخش دے) ☆ اور دیگر سب مومنوں کو بھی، جس دن حساب قائم ہوگا○

☆ (یہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حقیقی والد تارخ کی طرف اشارہ ہے، یہ کافر و مشرک نہ تھے بلکہ دینِ حق پر تھے۔ آزر دراصل آپ کا چچا تھا، اس نے آپ علیہ السلام کو آپ علیہ السلام کے والد کی وفات کے بعد پالا تھا، اس لیے اسے عرفاً باپ کہا گیا ہے، وہ مشرک تھا اور آپ کو اس کے لیے دعائے مغفرت سے روک دیا گیا تھا جبکہ یہاں حقیقی والدین کے لیے دعائے مغفرت کی جا رہی ہے۔ یہ دعا اللہ تعالیٰ کو اس قدر پسند آئی کہ اسے امتِ محمدی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نمازوں میں بھی برقرار رکھ دیا گیا۔)

O my Lord! Forgive me and (forgive) my parents* and all the believers as well on the Day when reckoning (and accountability) will be held.'

*** Here reference is made to the real father of the Prophet Ibrahim (Abraham) Tarakh who was neither a disbeliever nor a polytheist. He was rather a believer in the true Din (Religion). Azar was in fact Ibrahim's uncle who brought him up after his father's demise and was called his father figuratively. He was a polytheist, and Ibrahim (Abraham) was forbidden to pray for his forgiveness. In this Verse the prayer is meant for his real parents. Allah liked this prayer so much that it has been prescribed for the Umma (Community) to supplicate with it in all of the ritual Prayers.**

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ رُسُلَهُ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ (47)

ترجمہ: سو اللہ کو ہرگز اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرنے والا نہ سمجھنا! بے شک اللہ غالب، بدلہ لینے والا ہے○

So never think that Allah will break His promise with His Messengers. Indeed, Allah is Almighty, the Lord of Retribution.

سورۃ الحجر:

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْأَوَّلِيْنَ (10)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ سے قبل پہلی امتوں میں بھی رسول بھیجے تھے○

And We indeed sent Messengers before you as well amongst the earlier generations.

وَمَا يَأْتِيْهِم مِّن رَّسُوْلٍ إِلَّا كَانُوْا بِهِ يَسْتَهْزِئُوْنَ (11)

ترجمہ: اور ان کے پاس کوئی رسول نہیں آتا تھا مگر یہ کہ وہ اس کے ساتھ مذاق کیا کرتے تھے○

And there did not come to them any Messenger but they would mock him.

كَذَلِكَ نَسْلُكُهُ فِيْ قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ (12)

ترجمہ: اسی طرح ہم اس (تمسخر اور استہزاء) کو مجرموں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں○

That is how We infuse this (mockery and ridicule) into the hearts of the sinners;

وَنَبِّئْهُمْ عَن ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ(51)

ترجمہ: اورانہیں ابراہیم (علیہ السلام) کے مہمانوں کی خبر (بھی) سنایئےo

And (also) relate to them the news about the guests of Ibrahim (Abraham).

إِذْ دَخَلُواْ عَلَيْهِ فَقَالُواْ سَلاماً قَالَ إِنَّا مِنكُمْ وَجِلُونَ (52)

ترجمہ: جب وہ ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس آئے تو انہوں نے (آپ کو) سلام کہا۔ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ ہم آپ سے کچھ ڈر محسوس کر رہے ہیںo

When they came to Ibrahim (Abraham), they greeted (him with): 'Peace.' Ibrahim (Abraham) said: 'We are feeling somewhat afraid of you.'

قَالُواْ لاَ تَوْجَلْ إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلاَمٍ عَلِيمٍ (53)

ترجمہ: (مہمان فرشتوں نے) کہا: آپ خائف نہ ہوں ہم آپ کو ایک دانش مند لڑکے (کی پیدائش) کی خوشخبری سناتے ہیںo

(The guest angels) said: 'Do not feel afraid. We give you the glad tidings of (the birth of) a son endowed with knowledge and wisdom.'

قَالَ أَبَشَّرْتُمُونِي عَلَى أَن مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُونَ (54)

ترجمہ: ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: تم مجھے اس حال میں خوشخبری سنا رہے ہو جبکہ مجھے بڑھاپا لاحق ہو چکا ہے سو اب تم کس چیز کی خوشخبری سناتے ہو؟o

Ibrahim (Abraham) said: 'You are giving me the glad tidings at a time when old age has already overtaken me. So what good news are you giving me now?'

قَالُواْ بَشَّرْنَاكَ بِالْحَقِّ فَلاَ تَكُن مِّنَ الْقَانِطِينَ (55)

ترجمہ: انہوں نے کہا: ہم آپ کو سچی بشارت دے رہے ہیں سو آپ ناامید نہ ہوںo

They said: 'We give you the good news which is true. So do not lose hope.'

قَالَ وَمَن يَقْنَطُ مِن رَّحْمَةِ رَبِّهِ إِلاَّ الضَّآلُّونَ (56)

ترجمہ: ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: اپنے رب کی رحمت سے گمراہوں کے سوا اور کون مایوس ہو سکتا ہےo

Ibrahim (Abraham) said: 'Who can lose hope of his Lord's mercy except the strayed ones?'

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ (57)

ترجمہ: ابراہیم (علیہ السلام) نے دریافت کیا: اے (اللہ کے) بھیجے ہوئے فرشتو! (اس بشارت کے علاوہ) اور تمہارا کیا کام ہے (جس کے لیے آئے ہو)o

Ibrahim (Abraham) asked: 'O deputed angels (sent by Allah), what other assignment do you have (to accomplish besides these glad tidings for which you have come)?'

قَالُواْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَى قَوْمٍ مُّجْرِمِينَ (58)

ترجمہ: انہوں نے کہا: ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیںo

They said: 'We have been sent towards a sinful people,

إِلَّآ آلَ لُوطٍ إِنَّا لَمُنَجُّوهُمْ أَجْمَعِيْنَ (59)

ترجمہ: سوائے لوط (علیہ السلام) کے گھرانے کے، بے شک ہم ان سب کو ضرور بچالیں گے o

Except the family of Lut (Lot) all of whom We will indeed save,

إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَا إِنَّهَا لَمِنَ الْغَابِرِيْنَ (60)

ترجمہ: بجز ان کی بیوی کے، ہم (یہ) طے کر چکے ہیں کہ وہ ضرور (عذاب کے لیے) پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے o

With the exception of his wife. We have decided that she shall certainly be amongst those who stay back (to become the victims of the torment).'

فَلَمَّا جَاءَ آلَ لُوطٍ الْمُرْسَلُونَ (61)

ترجمہ: پھر جب لوط (علیہ السلام) کے خاندان کے پاس وہ فرستادہ (فرشتے) آئے o

Then, when those deputed (angels) came to the house of Lut (Lot),

قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنكَرُونَ (62)

ترجمہ: لوط (علیہ السلام) نے کہا: بے شک تم اجنبی لوگ (معلوم ہوتے) ہو o

Lut (Lot) said: 'Indeed, you are (looking) strangers.'

قَالُواْ بَلْ جِئْنَاكَ بِمَا كَانُواْ فِيْهِ يَمْتَرُونَ (63)

ترجمہ: انہوں نے کہا: (ایسا نہیں) بلکہ ہم آپ کے پاس وہ (عذاب) لے کر آئے ہیں جس میں یہ لوگ شک کرتے رہے ہیں o

They said: '(No indeed;) in fact we have come to you with the (punishment) about which these people have had doubts.

وَأَتَيْنَاكَ بَالْحَقِّ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ (64)

ترجمہ: اور ہم آپ کے پاس حق (کا فیصلہ) لے کر آئے ہیں اور ہم یقیناً سچے ہیں o

And we have brought you (the judgment of) the truth and we are certainly truthful.

فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ اللَّيْلِ وَاتَّبِعْ أَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنكُمْ أَحَدٌ وَامْضُواْ حَيْثُ تُؤْمَرُونَ (65)

ترجمہ: پس آپ اپنے اہلِ خانہ کو رات کے کسی حصہ میں لے کر نکل جائیے اور آپ خود ان کے پیچھے پیچھے چلیے اور آپ میں سے کوئی مڑ کر (بھی) پیچھے نہ دیکھے اور آپ کو جہاں جانے کا حکم دیا گیا ہے (وہاں) چلے جائیے o

So set off with your family sometime during the night, and follow them in the rear, and none of you should (even) look back, and proceed to the place (where) you have been commanded.'

وَقَضَيْنَا إِلَيْهِ ذَلِكَ الْأَمْرَ أَنَّ دَابِرَ هَؤُلاء مَقْطُوعٌ مُّصْبِحِيْنَ (66)

ترجمہ: اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو اس فیصلہ سے بذریعہ وحی آگاہ کر دیا کہ بے شک اُن کے صبح کرتے ہی اُن لوگوں کی جڑ کٹ جائے گی o

And We informed Lut (Lot) of this judgment through Revelation that the root of

these people would be cut off the moment it dawns.

وَجَاءَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ يَسْتَبْشِرُونَ (67)

ترجمہ: اوراہلِ شہر (اپنی بدمستی میں) خوشیاں مناتے ہوئے (لوط علیہ السلام کے پاس) آپہنچےo

And the people of the city (possessed by their lust) approached (Lut [Lot]), rejoicing.

قَالَ إِنَّ هَؤُلاءِ ضَيْفِي فَلاَ تَفْضَحُونِ (68)

ترجمہ: لوط (علیہ السلام) نے کہا: بےشک یہ لوگ میرے مہمان ہیں پس تم مجھے (اِن کے بارے میں) شرمسار نہ کروo

Lut (Lot) said: 'Surely, they are my guests, so do not put me to shame (about them).

وَاتَّقُوا اللّهَ وَلاَ تُخْزُونِ (69)

ترجمہ: اوراللہ (کے غضب) سے ڈرواور مجھے رسوا نہ کروo

And fear (the wrath of) Allah and do not humiliate me.'

قَالُوا أَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعَالَمِينَ(70)

ترجمہ: وہ (بدمست لوگ) بولے: (اے لوط!) کیا ہم نے تمہیں دنیا بھر کے لوگوں (کی حمایت) سے منع نہیں کیا تھاo

Those (lost in wickedness) said: '(O Lut [Lot],) did we not forbid you (to provide protection to) all the people of the world?'

قَالَ هَؤُلاءِ بَنَاتِي إِن كُنتُمْ فَاعِلِينَ (71)

ترجمہ: لوط (علیہ السلام) نے کہا: یہ میری (قوم کی) بیٹیاں ہیں اگر تم کچھ کرنا چاہتے ہو (تو بجائے بدکرداری کے ان سے نکاح کر لو)o

Lut (Lot) said: 'There are my (people's) daughters. If you desire to do something (then marry them instead of perpetrating indecency).'

لَعَمْرُكَ إِنَّهُمْ لَفِي سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُونَ (72)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ کی عمرِ مبارک کی قسم، بےشک یہ لوگ (بھی قومِ لوط کی طرح) اپنی بدمستی میں سرگرداں پھر رہے ہیںo

(O Glorious Beloved!) By your (sacred) life, surely these people (too) are wandering astray, possessed by their lust (like the people of Lut [Lot]).

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِينَ (73)

ترجمہ: پس انہیں طلوعِ آفتاب کے ساتھ ہی سخت آتشیں کڑک نے آلیاo

So, the blazing blast seized them at sunrise.

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ (74)

ترجمہ: سو ہم نے ان کی بستی کو زِیر و زَبر کر دیا اور ہم نے ان پر پتھر کی طرح سخت مٹی کے کنکر برسائےo

And We turned their town upside down and rained upon them stones of baked

clay.

إِنَّ فِيْ ذَلِكَ لآيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ (75)

ترجمہ: بے شک اس (واقعہ) میں اہلِ فراست کے لیے نشانیاں ہیں o

Verily, in this (occurrence) there are signs for those who possess the ability to probe into reality.

وَإِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ (76)

ترجمہ: اور بے شک وہ بستی ایک آباد راستہ پر واقع ہے o

And truly that town lies along a frequented highway.

إِنَّ فِيْ ذَلِكَ لآيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (77)

ترجمہ: بے شک اس (واقعۂ قومِ لوط) میں اہلِ ایمان کے لیے نشانی (عبرت) ہے o

Surely, in this (episode of the people of Lut [Lot]), there is a sign of (warning) for the believers.

وَإِن كَانَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ لَظَالِمِيْنَ (78)

ترجمہ: اور بے شک باشندگانِ اَیکہ (یعنی گھنی جھاڑیوں کے رہنے والے) بھی بڑے ظالم تھے o

And, in reality, the dwellers of al-Ayka (the Thick Wood) too were hardened wrongdoers.

فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَإِنَّهُمَا لَبِإِمَامٍ مُّبِيْنٍ (79)

ترجمہ: پس ہم نے ان سے (بھی) انتقام لیا، اور یہ دونوں (بستیاں) کھلے راستہ پر (موجود) ہیں o

So We avenged Ourselves on them (as well), and (archeological remains of) both these (towns still exist) on the highway.

وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحَابُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ (80)

ترجمہ: اور بے شک وادیٔ حجر کے باشندوں نے بھی رسولوں کو جھٹلایا o

And no doubt, the people of the valley of al-Hijr (the Rock) too denied the Messengers.

وَآتَيْنَاهُمْ آيَاتِنَا فَكَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ (81)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں (بھی) اپنی نشانیاں دیں مگر وہ ان سے رُوگردانی کرتے رہے o

And We (also) bestowed upon them Our signs, but they persisted in turning away from them.

وَكَانُوا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتاً آمِنِيْنَ (82)

ترجمہ: اور وہ لوگ بے خوف و خطر پہاڑوں میں گھر تراشتے تھے o

And they used to carve out houses in the mountains without any threat and fear.

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِينَ (83)

ترجمہ: تو انہیں (بھی) صبح کرتے ہی خوفناک کڑک نے آ پکڑا○

And the dreadful blast seized them (as well) the moment it dawned.

فَمَا أَغْنَى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ (84)

ترجمہ: سو جو (مال) وہ کمایا کرتے تھے وہ ان سے (اللہ کے عذاب) کو دفع نہ کر سکا○

So (the riches) they used to earn could not repel (Allah's punishment) from them.

سورۃ النحل:

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولاً أَنِ اعْبُدُوا اللّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلالَةُ فَسِيرُوا فِي الأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ (36)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیجا کہ (لوگو) تم اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت (یعنی شیطان اور بتوں کی اطاعت و پرستش) سے اجتناب کرو، سو اُن میں بعض وہ ہوئے جنہیں اللہ نے ہدایت فرما دی اور اُن میں بعض وہ ہوئے جن پر گمراہی (ٹھیک) ثابت ہوئی، سو تم لوگ زمین میں سیر و سیاحت کرو اور دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا○

And indeed We raised a Messenger amongst every people (saying): '(O people,) worship Allah and keep away from Taghut (i.e., Satan and idol-worship).' Then some amongst them were those whom Allah guided, and there were others amongst them for whom misguidance proved (appropriate). So travel through the land and see what was the end of those who belied (the truth)!

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلاَّ رِجَالاً نُّوحِي إِلَيْهِمْ فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (43)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے بھی مَردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے سو تم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تمہیں خود (کچھ) معلوم نہ ہو○

And before you also, We sent only men as Messengers towards whom We sent Our Revelations. So if you yourselves do not know (anything), then ask the People of remembrance.

بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ44)

ترجمہ: (انہیں بھی) واضح دلائل اور کتابوں کے ساتھ (بھیجا تھا)، اور (اے نبیِ مکرّم!) ہم نے آپ کی طرف ذکرِ عظیم (قرآن) نازل فرمایا ہے تاکہ آپ لوگوں کے لیے وہ (پیغام اور احکام) خوب واضح کر دیں جو ان کی طرف اتارے گئے ہیں اور تاکہ وہ غور و فکر کریں○

(They too were sent) with clear proofs and the Books. And, (O Glorious Messenger,) We have revealed to you the Glorious Reminder (the Qur'an) so that you may explain clearly to people (the message and the commandments)

that have been sent down to them and that they may meditate.

وَيَجْعَلُونَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنَى لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُم مُّفْرَطُونَ (62)

ترجمہ: اور وہ اللہ کے لیے وہ کچھ مقرر کرتے ہیں جو (اپنے لیے) ناپسند کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹ بولتی ہیں کہ ان کے لیے بھلائی ہے، (ہرگز نہیں!) حقیقت یہ ہے کہ ان کے لیے دوزخ ہے اور یہ (دوزخ میں) سب سے پہلے بھیجے جائیں گے (اور اس میں ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیے جائیں گے)o

And they attribute to Allah what they loathe (for themselves), and their tongues utter falsehood that there is good for them. (No indeed!) The truth is that for them there is Hell, and they will be the first ones to be sent (into Hell where they shall be left forever).

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيداً ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِينَ كَفَرُواْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ (84)

ترجمہ: اور جس دن ہم ہر اُمت سے (اس کے نبی کو اس کے اعمال پر) گواہ بنا کر اٹھائیں گے پھر کافر لوگوں کو (کوئی عذر پیش کرنے کی) اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ (اس وقت) ان سے توبہ و رجوع کا مطالبہ کیا جائے گاo

And the Day when We shall raise from every people (their Messenger as) a witness (to their deeds), then the disbelievers will not be accorded permission (to put forward any excuse), nor will they be asked (then) to turn to Allah in repentance.

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيداً عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيداً عَلَى هَؤُلاء وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَاناً لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَى لِلْمُسْلِمِينَ(89)

ترجمہ: اور (یہ) وہ دن ہوگا (جب) ہم ہر امت میں انہی میں سے خود ان پر ایک گواہ اٹھائیں گے اور (اے حبیبِ مکرّم!) ہم آپ کو ان سب (امتوں اور پیغمبروں) پر گواہ بنا کر لائیں گے، اور ہم نے آپ پر وہ عظیم کتاب نازل فرمائی ہے جو ہر چیز کا بڑا واضح بیان ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت ہےo

And (this) will be the Day (when) We shall raise amongst every people one witness against them from themselves, and, (O Venerable Beloved,) We shall bring you as witness to all of them (communities and Messengers). And We have revealed to you that Glorious Book which is a clear exposition of everything and is guidance, mercy and glad tidings for the believers.

وَلَوْ شَاء اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلكِن يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ وَلَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ(93)

ترجمہ: اور اگر اللہ چاہتا تو تم (سب) کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرما دیتا ہے، اور تم سے ان کاموں کی نسبت ضرور پوچھا جائے گا جو تم انجام دیا کرتے تھےo

And had Allah so willed, He would have made (all) of you one Umma (Community) but He holds strayed whom He wills and leads to guidance whom He wills. And you will surely be asked about the deeds you used to do.

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتاً لِلّٰهِ حَنِيفاً وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (120)

ترجمہ: بے شک ابراہیم (علیہ السلام تنہا ذات میں) ایک اُمت تھے، اللہ کے بڑے فرمانبردار تھے، ہر باطل سے کنارہ کش (صرف اسی کی طرف یک سُو) تھے، اور مشرکوں میں سے نہ تھےo

Surely, Ibrahim (Abraham) was an Umma ([Community] in himself), exclusively obedient to Allah, turning away from all falsehood (ever inclined and given to Him alone) and was not of those who associate partners with Allah,

شَاكِراً لِّأَنْعُمِهِ اجْتَبَاهُ وَهَدَاهُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (121)

ترجمہ: اس (اللہ) کی نعمتوں پر شاکر تھے، اللہ نے انہیں چن (کر اپنی بارگاہ میں خاص برگزیدہ بنا) لیا اور انہیں سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرما دیo

Grateful to (Allah) for His blessings. Allah chose him (and exalted him to a high office in His presence) and guided him to the straight path.

وَآتَيْنَاهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَإِنَّهُ فِي الآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ (122)

ترجمہ: اور ہم نے اسے دنیا میں (بھی) بھلائی عطا فرمائی، اور بے شک وہ آخرت میں (بھی) صالحین میں سے ہوں گےo

And We bestowed upon him good in this world, and he will surely be of the upright in the Hereafter (as well).

ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفاً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (123)

ترجمہ: پھر (اے حبیبِ مکرّم!) ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی کہ آپ ابراہیم (علیہ السلام) کے دین کی پیروی کریں جو ہر باطل سے جدا تھے، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھےo

Then, (O Glorious Beloved,) We sent down Revelation to you: 'Follow the Din (Religion) of Ibrahim (Abraham), who was at variance with every falsehood, and was not of those who associate partners with Allah.'

إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ اخْتَلَفُواْ فِيهِ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُواْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (124)

ترجمہ: ہفتہ کا دن صرف انہی لوگوں پر مقرر کیا گیا تھا جنہوں نے اس میں اختلاف کیا، اور بے شک آپ کا رب قیامت کے دن اُن کے درمیان اُن (باتوں) کا فیصلہ فرما دے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھےo

Saturday (the Sabbath) was ordained only for those who differed about it, and indeed your Lord will judge amongst them on the Day of Resurrection (in the matters) in which they used to differ.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَآتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ أَلَّا تَتَّخِذُواْ مِن دُونِي وَكِيلًا (2)

ترجمہ: اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (تورات) عطا کی اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا (اور انہیں حکم دیا) کہ تم میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہراؤo

And We gave Musa (Moses) the Book (the Torah) and made it guidance for the Children of Israel (and enjoined them:) 'Do not take anyone other

than Me as Guardian.'

ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ إِنَّهُ كَانَ عَبْداً شَكُوراً (3)

ترجمہ: (اے) ان لوگوں کی اولاد جنہیں ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ (کشتی میں) اٹھا لیا تھا، بے شک نوح (علیہ السلام) بڑے شکرگزار بندے تھےo

(O) children of those whom We carried (in the Ark) with Nuh (Noah)! Indeed, Nuh (Noah) was a highly grateful servant.

سورۃ الکہف:

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنذِرُوا هُزُواً (56)

ترجمہ: اور ہم رسولوں کو نہیں بھیجا کرتے مگر (لوگوں کو) خوشخبری سنانے والے اور ڈر سنانے والے (بنا کر)، اور کافر لوگ (ان رسولوں سے) بیہودہ باتوں کے سہارے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس (باطل) کے ذریعہ حق کو زائل کر دیں اور وہ میری آیتوں کو اور اس (عذاب) کو جس سے وہ ڈرائے جاتے ہیں ہنسی مذاق بنا لیتے ہیںo

And We do not send Messengers but as Bearers of glad tidings (to the people) and as Warners. And the disbelievers dispute with (these Messengers) taking leverage of false arguments so as to eliminate the truth with (falsehood). And they scoff at My Revelations, and (the torment) of which they are warned.

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّى أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُباً (60)

ترجمہ: اور (وہ واقعہ بھی یاد کیجئے) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے (جواں سال ساتھی اور) خادم (یوشع بن نون علیہ السلام) سے کہا: میں (پیچھے) نہیں ہٹ سکتا یہاں تک کہ میں دو دریاؤں کے سنگم کی جگہ تک پہنچ جاؤں یا مدتوں چلتا رہوںo

And (also call to mind the incident) when Musa (Moses) said to his (young companion and) disciple (Yusha' b. Nun [Joshua, the son of Nun]): 'I will not step (back) until I arrive at the junction of the two seas, or I travel on infinitely.'

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَباً(61)

ترجمہ: سو جب وہ دونوں دو دریاؤں کے درمیان سنگم پر پہنچے تو وہ دونوں اپنی مچھلی (وہیں) بھول گئے پس وہ (تلی ہوئی مچھلی زندہ ہو کر) دریا میں سرنگ کی طرح اپنا راستہ بناتے ہوئے نکل گئیo

So when both of them reached the junction of the two seas, they forgot their fish (there). So, that (fried fish came back to life, and) made its way into the sea like a tunnel and slipped off.

فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءنَا لَقَدْ لَقِينَا مِن سَفَرِنَا هَذَا نَصَباً (62)

ترجمہ: پھر جب وہ دونوں آگے بڑھ گئے (تو) موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے خادم سے کہا: ہمارا کھانا ہمارے پاس لاؤ بے شک

ہم نے اپنے اس سفر میں بڑی مشقت کا سامنا کیا ہےo

Then, when both of them had gone ahead, Musa (Moses) asked his disciple: 'Bring us our meal. Surely, we have faced great hardship during this journey of ours.'

قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ عَجَباً (63)

ترجمہ: (خادم نے) کہا: کیا آپ نے دیکھا جب ہم نے پتھر کے پاس آرام کیا تھا تو میں (وہاں) مچھلی بھول گیا تھا، اور مجھے یہ کسی نے نہیں بھلایا سوائے شیطان کے کہ میں آپ سے اس کا ذکر کروں، اور اس (مچھلی) نے تو (زندہ ہوکر) دریا میں عجیب طریقہ سے اپنا راستہ بنالیا تھا (اور وہ غائب ہوگئی تھی)o

(The disciple) said: 'Did you see when we reposed beside the rock? I forgot the fish (there), and none but Satan made me forget to mention it to you. And that fish (after coming back to life) made its way into the sea in a strange way (and it disappeared).'

قَالَ ذَلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصاً (64)

ترجمہ: موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: یہی وہ (مقام) ہے ہم جسے تلاش کر رہے تھے، پس دونوں اپنے قدموں کے نشانات پر (وہی راستہ) تلاش کرتے ہوئے (اسی مقام پر) واپس پلٹ آئےo

Musa (Moses) said: 'That is the place we were looking for.' So both returned to (the same place), tracing the (same path), following their footsteps.

فَوَجَدَا عَبْداً مِّنْ عِبَادِنَا آتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِنْ عِندِنَا وَعَلَّمْنَاهُ مِن لَّدُنَّا عِلْماً (65)

ترجمہ: تو دونوں نے (وہاں) ہمارے بندوں میں سے ایک (خاص) بندے (خضر علیہ السلام) کو پا لیا جسے ہم نے اپنی بارگاہ سے (خصوصی) رحمت عطا کی تھی اور ہم نے اسے علم لدنی (یعنی اسرار و معارف کا الہامی علم) سکھایا تھاo

Then both found (there) one of Our (elite) servants (Khidr) upon whom We had bestowed from Our Presence (special) mercy and had taught him infused knowledge (i.e., the inspired knowledge of secrets and gnosis).

قَالَ لَهُ مُوسَى هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَى أَن تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْداً (66)

ترجمہ: اس سے موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: کیا میں آپ کے ساتھ اس (شرط) پر رہ سکتا ہوں کہ آپ مجھے (بھی) اس علم میں سے کچھ سکھائیں گے جو آپ کو بغرضِ ارشاد سکھایا گیا ہےo

Musa (Moses) said to him: 'Can I stay with you under this (condition) that you will teach me (as well) some of that knowledge, which has been conferred on you for guidance?'

قَالَ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْراً (67)

ترجمہ: اس (یعنی خضر علیہ السلام) نے کہا: بے شک آپ میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہ کر سکیں گےo

He (Khidr) said: 'No doubt, you will not be able to have patience being in my company.

وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَى مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْراً (68)

ترجمہ: اورآپ اس (بات) پر کیسے صبر کر سکتے ہیں جسے آپ (پورے طور پر) اپنے احاطہء علم میں نہیں لائے ہوں گےo

And how can you observe patience in (the matter of) which you will not have acquired (thorough) knowledge?'

قَالَ سَتَجِدُنِيٓ إِن شَاء اللَّهُ صَابِراً وَلَا أَعْصِي لَكَ أَمْراً (69)

ترجمہ: موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: آپ اِن شاء اللہ مجھے ضرور صابر پائیں گے اور میں آپ کی کسی بات کی خلاف ورزی نہیں کروں گاo

Musa (Moses) said: 'You will certainly find me patient, if Allah so pleases, and I will not violate any of your instructions.'

قَالَ فَإِنِ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْأَلْنِي عَن شَيْءٍ حَتَّى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْراً (70)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا: پس اگر آپ میرے ساتھ رہیں تو مجھ سے کسی چیز کی بابت سوال نہ کریں یہاں تک کہ میں خود آپ سے اس کا ذکر کر دوںo

(Khidr) said: 'So if you are in my company, then do not question me about anything until I myself mention that to you.'

فَانطَلَقَا حَتَّى إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا قَالَ أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئاً إِمْراً (71)

ترجمہ: پس دونوں چل دیے یہاں تک کہ جب دونوں کشتی میں سوار ہوئے (تو خضر علیہ السلام نے) اس (کشتی) میں شگاف کر دیا، موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: کیا آپ نے اسے اس لیے (شگاف کر کے) پھاڑ ڈالا ہے کہ آپ کشتی والوں کو غرق کر دیں، بے شک آپ نے بڑی عجیب بات کیo

So both of them set out till, when they embarked on a boat, (Khidr) bored a hole in it. Musa (Moses) said: 'Have you bored (a hole in) it to drown the people aboard? Surely, you have done something strange.'

قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْراً (72)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا: کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہیں کر سکیں گےo

(Khidr) said: 'Did I not tell you that you would not be able to restrain yourself in my company?'

قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْراً (73)

ترجمہ: موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: آپ میری بھول پر میری گرفت نہ کریں اور میرے (اس) معاملہ میں مجھے زیادہ مشکل میں نہ ڈالیںo

Musa (Moses) said: 'Call me not to account for my omission, and put me not in any more difficulty in (this) affair of mine.'

فَانطَلَقَا حَتَّى إِذَا لَقِيَا غُلَاماً فَقَتَلَهُ قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْساً زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَّقَدْ جِئْتَ شَيْئاً نُّكْراً(74)

ترجمہ: پھر وہ دونوں چل دیے یہاں تک کہ دونوں ایک لڑکے سے ملے تو (خضر علیہ السلام نے) اسے قتل کر ڈالا، موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: کیا آپ نے بے گناہ جان کو بغیر کسی جان (کے بدلہ) کے قتل کر دیا ہے، بے شک آپ نے بڑا ہی سخت کام کیا ہےo

Then both of them proceeded till they met a boy. (Khidr) killed him. Musa (Moses) said: 'Have you killed a harmless soul without any (retribution due) for anyone killed? Indeed, you have done a horrible thing!'

قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكَ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْراً (75)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا: کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہ کر سکیں گےo

(Khidr) said: 'Did I not tell you that you would never be able to keep patience in my company?'

قَالَ إِن سَأَلْتُكَ عَن شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِن لَّدُنِّي عُذْراً (76)

ترجمہ: موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: اگر میں اس کے بعد آپ سے کسی چیز کی نسبت سوال کروں تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیئے گا، بے شک میری طرف سے آپ حدِ عذر کو پہنچ گئے ہیںo

Musa (Moses) said: 'If I ask you about anything after this, then do not keep me with you. Indeed, in my opinion, you have reached the limit to excuse.'

فَانطَلَقَا حَتَّى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَن يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَاراً يُرِيدُ أَنْ يَنقَضَّ فَأَقَامَهُ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْراً (77)

ترجمہ: پھر دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب دونوں ایک بستی والوں کے پاس آ پہنچے، دونوں نے وہاں کے باشندوں سے کھانا طلب کیا تو انہوں نے ان دونوں کی میزبانی کرنے سے انکار کر دیا، پھر دونوں نے وہاں ایک دیوار پائی جو گرا چاہتی تھی تو (خضر علیہ السلام نے) اسے سیدھا کر دیا، موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: اگر آپ چاہتے تو اس (تعمیر) پر مزدوری لے لیتےo

Then both set off, until they reached the people of a town; both asked its residents for food but they refused to entertain them. Then they found there a wall, which was about to fall. (Khidr) erected it. Musa (Moses) said: 'If you desired, you could take wages for this (construction work).'

قَالَ هَذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِع عَّلَيْهِ صَبْراً (78)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا: یہ میرے اور آپ کے درمیان جدائی (کا وقت) ہے، اب میں آپ کو ان باتوں کی حقیقت سے آگاہ کیے دیتا ہوں جن پر آپ صبر نہیں کر سکےo

(Khidr) said: 'This is the parting (time) between me and you. Now I shall impart to you the truth of the matters about which you have not been able to keep patience.

أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ فَأَرَدتُّ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَاءهُم مَّلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْباً (79)

ترجمہ: وہ جو کشتی تھی سو وہ چند غریب لوگوں کی تھی وہ دریا میں محنت مزدوری کیا کرتے تھے پس میں نے ارادہ کیا کہ اسے عیب دار کر دوں اور (اس کی وجہ یہ تھی کہ) ان کے آگے ایک (جابر) بادشاہ (کھڑا) تھا جو ہر (بے عیب) کشتی کو زبردستی (مالکوں سے بلا معاوضہ) چھین رہا تھاo

As for the boat, that belonged to some poor people who used to toil for wages on the river. So I decided to make it defective (because) a (cruel) king was (standing) ahead of them, snatching every (undamaged) boat by force (from the owners without any compensation).

وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِينَا أَن يُرْهِقَهُمَا طُغْيَاناً وَكُفْراً (80)

ترجمہ: اور وہ جو لڑکا تھا تو اس کے ماں باپ صاحبِ ایمان تھے پس ہمیں اندیشہ ہوا کہ یہ (اگر زندہ رہا تو کافر بنے گا اور) ان دونوں کو (بڑا ہو کر) سرکشی اور کفر میں مبتلا کر دے گاo

And as for the boy, his parents were blessed with faith. So we feared that (if he lived on, he would become a disbeliever, and on attaining to maturity) he would afflict both of them with disobedience and disbelief.

فَأَرَدْنَا أَن يُبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْراً مِّنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْماً (81)

ترجمہ: پس ہم نے ارادہ کیا کہ ان کا رب انہیں (ایسا) بدل عطا فرمائے جو پاکیزگی میں (بھی) اس (لڑکے) سے بہتر ہو اور شفقت و رحم دلی میں (بھی والدین سے) قریب تر ہوo

So we intended that their Lord might bless them with (such) a substitute as would be better than this (boy) in purity and nearer (to his parents as well) in clemency and kindness.

وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ وَكَانَ تَحْتَهُ كَنزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحاً فَأَرَادَ رَبُّكَ أَنْ يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ذَلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ صَبْراً (82)

ترجمہ: اور وہ جو دیوار تھی تو وہ شہر میں (رہنے والے) دو یتیم بچوں کی تھی اور اس کے نیچے ان دونوں کے لیے ایک خزانہ (مدفون) تھا اور ان کا باپ صالح (شخص) تھا، سو آپ کے رب نے ارادہ کیا کہ وہ دونوں اپنی جوانی کو پہنچ جائیں اور آپ کے رب کی رحمت سے وہ اپنا خزانہ (خود ہی) نکالیں، اور میں نے (جو کچھ بھی کیا) وہ از خود نہیں کیا، یہ ان (واقعات) کی حقیقت ہے جن پر آپ صبر نہ کر سکےo

And as for the wall, that belonged to two orphan boys (residing) in the town. And a treasure was (buried) beneath it for both of them. And their father was (a) pious (man). So your Lord willed that both of them should reach their age of maturity, and dig out their treasure (themselves) by mercy from your Lord. And I did not do (whatever I did) of my own accord. This is the truth (of the matters) about which you could not hold yourself.'

سورۃ مریم:

ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا (2)

ترجمہ: یہ آپ کے رب کی رحمت کا ذکر ہے (جو اس نے) اپنے (برگزیدہ) بندے زکریا (علیہ السلام) پر (فرمائی تھی)o

This is an account of the mercy of your Lord (bestowed) upon His (chosen) servant Zakariyya (Zacharias),

إِذْ نَادَى رَبَّهُ نِدَاء خَفِيّاً (3)

ترجمہ: جب انہوں نے اپنے رب کو (ادب بھری) دبی آواز سے پکارا o

When he called upon his Lord in a low voice (charged with politeness and submissiveness).

قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّي وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْباً وَلَمْ أَكُن بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيّاً (4)

ترجمہ: عرض کیا: اے میرے رب! میرے جسم کی ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں اور بڑھاپے کے باعث سر آگ کے شعلہ کی مانند سفید ہوگیا ہے اور اے میرے رب! میں تجھ سے مانگ کر کبھی محروم نہیں رہا o

He submitted: 'O my Lord, my bones have grown tender and (my) head has turned white like a flame due to old age and, O my Lord, I have never been unblessed when supplicating You.

وَإِنِّي خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِن وَرَائِي وَكَانَتِ امْرَأَتِي عَاقِراً فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيّاً (5)

ترجمہ: اور میں اپنے (رخصت ہوجانے کے) بعد (بے دین) رشتہ داروں سے ڈرتا ہوں (کہ وہ دین کی نعمت ضائع نہ کر بیٹھیں) اور میری بیوی (بھی) بانجھ ہے سو تو مجھے اپنی (خاص) بارگاہ سے ایک وارث (فرزند) عطا فرما o

And I fear my (disbelieving) relatives (may ruin the blessing of Din [Religion]) after my (soul departs) and my wife (too) is barren. So bless me from Your presence with an heir (son),

يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيّاً (6)

ترجمہ: جو (آسمانی نعمت میں) میرا (بھی) وارث بنے اور یعقوب (علیہ السلام) کی اولاد (کے سلسلۂ نبوت) کا (بھی) وارث ہو، اور اے میرے رب! تو (بھی) اسے اپنی رضا کا حامل بنا لے o

(The one) who should be my heir (of divine blessing), and also the heir of (the chain of Prophethood from) the Children of Ya'qub (Jacob). And, O my Lord, (also) make him a recipient of Your Pleasure.'

يَا زَكَرِيَّا إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَى لَمْ نَجْعَل لَّهُ مِن قَبْلُ سَمِيّاً (7)

ترجمہ: (ارشاد ہوا:) اے زکریا! بے شک ہم تمہیں ایک لڑکے کی خوشخبری سناتے ہیں جس کا نام یحییٰ (علیہ السلام) ہوگا ہم نے اس سے پہلے اس کا کوئی ہم نام نہیں بنایا o

(Allah said:) 'O Zakariyya (Zacharias), indeed We give you the good news of a son whose name shall be Yahya (John). We have not given this name to

anyone before him.'

قَالَ رَبِّ أَنَّى يَكُونُ لِيْ غُلَامٌ وَكَانَتِ امْرَأَتِيْ عَاقِراً وَقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيّاً (8)

ترجمہ: (زکریا علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میرے ہاں لڑکا کیسے ہوسکتا ہے درآنحالیکہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں خود بڑھاپے کے باعث (انتہائی ضعف میں) سوکھ جانے کی حالت کو پہنچ گیا ہوں o

Zakariyya [Zacharias]) submitted: 'My Lord, how can there be a son to me whilst my wife is barren, and I have shrivelled (into extreme debility) on account of old age?'

قَالَ كَذَلِكَ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِن قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئاً (9)

ترجمہ: فرمایا: (تعجب نہ کرو) ایسے ہی ہوگا، تمہارے رب نے فرمایا ہے: یہ (لڑکا پیدا کرنا) مجھ پر آسان ہے اور بے شک میں اس سے پہلے تمہیں (بھی) پیدا کر چکا ہوں اس حالت سے کہ تم (سرے سے) کوئی چیز ہی نہ تھے o

(He) said: '(Don't be amazed.) It will be the same way.' Your Lord said: 'It is easy for Me (to create a son). Certainly, I created you (too) before, whilst you were (just) nothing.'

قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّيْ آيَةً قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَ لَيَالٍ سَوِيّاً (10)

ترجمہ: (زکریا علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میرے لیے کوئی نشانی مقرر فرما، ارشاد ہوا: تمہاری نشانی یہ ہے کہ تم بالکل تندرست ہوتے ہوئے بھی تین رات (دن) لوگوں سے کلام نہ کرسکو گے o

(Zakariyya [Zacharias]) submitted: 'My Lord, set a sign for me.' He said: 'Your sign is that, despite good health, you shall not be able to speak to the people for three nights (and days).'

فَخَرَجَ عَلَى قَوْمِهِ مِنَ الْمِحْرَابِ فَأَوْحَى إِلَيْهِمْ أَن سَبِّحُوا بُكْرَةً وَعَشِيّاً(11)

ترجمہ: پھر (زکریا علیہ السلام) حجرۂ عبادت سے نکل کر اپنے لوگوں کے پاس آئے تو ان کی طرف اشارہ کیا (اور سمجھایا) کہ تم صبح و شام (اللہ کی) تسبیح کیا کرو o

Then (Zakariyya [Zacharias]) came out from his worshipping chamber to his people and conveyed to them (i.e., made them understand) by gestures to glorify (Allah) morning and evening.

يَا يَحْيَى خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ وَآتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيّاً (12)

ترجمہ: اے یحییٰ! (ہماری) کتاب (تورات) کو مضبوطی سے تھامے رکھو، اور ہم نے انہیں بچپن ہی سے حکمت و بصیرت (نبوت) عطا فرما دی تھی o

O Yahya (John)! Hold fast to (Our) Book (the Torah). And We granted him wisdom and vision (i.e., Prophethood) whilst yet a child,

وَحَنَاناً مِّن لَّدُنَّا وَزَكَاةً وَكَانَ تَقِيّاً (13)

ترجمہ: اور اپنے لطفِ خاص سے (انہیں) درد و گداز اور پاکیزگی و طہارت (سے بھی نوازا تھا)، اور وہ بڑے پرہیزگار تھے o

And (blessed him) with sympathy and tenderness and purity and virtuousness from Our kind presence, and he was very Godfearing.

وَبَرّاً بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُن جَبَّاراً عَصِيّاً (14)

ترجمہ: اور اپنے ماں باپ کے ساتھ بڑی نیکی (اور خدمت) سے پیش آنے والے (تھے) اور (عام لڑکوں کی طرح) ہرگز سرکش و نافرمان نہ تھےo

(He was) greatly righteous (and dutiful) to his parents, and was neither disobedient nor arrogant (like common boys).

وَسَلَامٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيّاً (15)

ترجمہ: اور یحییٰ پر سلام ہو ان کے میلاد کے دن اور ان کی وفات کے دن اور جس دن وہ زندہ اٹھائے جائیں گےo

And peace be on Yahya (John) the day he was born, the day he dies, and the day he will be raised up alive!

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقاً نَّبِيّاً (41)

ترجمہ: اور آپ کتاب (قرآن مجید) میں ابراہیم (علیہ السلام) کا ذکر کیجئے، بے شک وہ بڑے صاحبِ صدق نبی تھےo

And recite the account of Ibrahim (Abraham) in the Book (the Holy Qur'an). Surely, he was a Prophet blessed with truthfulness.

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنكَ شَيْئاً (42)

ترجمہ: جب انہوں نے اپنے باپ (یعنی چچا آزر سے جس نے آپ کے والد تارخ کے انتقال کے بعد آپ کو پالا تھا) سے کہا: اے میرے باپ! تم ان (بتوں) کی پرستش کیوں کرتے ہو جو نہ سن سکتے ہیں اور نہ دیکھ سکتے ہیں اور نہ تم سے کوئی (تکلیف دہ) چیز دور کر سکتے ہیںo

When he said to his father (i.e., his uncle Azar who brought him up after his father Tarakh died): 'O my father, why do you worship these (idols) which cannot hear or see, nor can they remove any (troublesome) thing from you?

يَا أَبَتِ إِنِّي قَدْ جَاءنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِي أَهْدِكَ صِرَاطاً سَوِيّاً (43)

ترجمہ: اے میرے ابّا! بے شک میرے پاس (بارگاہِ الٰہی سے) وہ علم آچکا ہے جو تمہارے پاس نہیں آیا تم میری پیروی کرو میں تمہیں سیدھی راہ دکھاؤں گاo

O my father! No doubt there has come to me knowledge (from the divine presence of Allah) which has not come to you. Follow me; I shall show you the straight path.

يَا أَبَتِ لَا تَعْبُدِ الشَّيْطَانَ إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلرَّحْمَنِ عَصِيّاً (44)

ترجمہ: اے میرے ابّا! شیطان کی پرستش نہ کیا کرو، بے شک شیطان (خدائے) رحمان کا بڑا ہی نافرمان ہےo

O my father! Do not worship Satan. Surely, Satan is a great rebel against the Most Kind (Lord).

يَا أَبَتِ إِنِّيٓ أَخَافُ أَن يَمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحۡمَنِ فَتَكُونَ لِلشَّيۡطَانِ وَلِيّٗا (45)

ترجمہ: اے میرے ابّا! بے شک میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ تمہیں (خدائے) رحمان کا عذاب پہنچے اور تم شیطان کے ساتھی بن جاؤo

O my father! Indeed, I fear that a torment from the Most Kind (Lord) may seize you and you become a companion of Satan.'

قَالَ أَرَاغِبٌ أَنتَ عَنۡ آلِهَتِي يَا إِبۡرَاهِيمُ لَئِن لَّمۡ تَنتَهِ لَأَرۡجُمَنَّكَ وَاهۡجُرۡنِي مَلِيّٗا (46)

ترجمہ: (آزر نے) کہا: اے ابراہیم! کیا تم میرے معبودوں سے روگرداں ہو؟ اگر واقعی تم (اس مخالفت سے) باز نہ آئے تو میں تمہیں ضرور سنگسار کر دوں گا اور ایک طویل عرصہ کے لیے تم مجھ سے الگ ہو جاؤo

(Azar) said: 'Ibrahim (Abraham), have you turned away from my gods? If you do not practically desist (from this opposition), I shall certainly stone you to death. And keep away from me for a long while.'

قَالَ سَلَامٌ عَلَيۡكَ سَأَسۡتَغۡفِرُ لَكَ رَبِّيٓ إِنَّهُۥ كَانَ بِي حَفِيّٗا (47)

ترجمہ: (ابراہیم علیہ السلام نے) کہا: (اچھا) تمہیں سلام، میں اب (بھی) اپنے رب سے تمہارے لیے بخشش مانگوں گا، بے شک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے (شاید تمہیں ہدایت عطا فرما دے)o

Ibrahim (Abraham) said: '(All right,) peace be on you. I shall beg forgiveness for you from my Lord (even) now. He is indeed very kind to me. (He may bestow guidance upon you.)

وَأَعۡتَزِلُكُمۡ وَمَا تَدۡعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ وَأَدۡعُواْ رَبِّي عَسَىٰٓ أَلَّآ أَكُونَ بِدُعَآءِ رَبِّي شَقِيّٗا (48)

ترجمہ: اور میں تم (سب) سے اور ان (بتوں) سے جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو کنارہ کش ہوتا ہوں اور اپنے رب کی عبادت میں (یکسُو ہو کر) مصروف ہوتا ہوں، امید ہے میں اپنے رب کی عبادت کے باعث محروم (کرم) نہ رہوں گاo

And I turn away from you (all), and these (idols) which you worship besides Allah. And I worship my Lord (with absolute concentration). I hope that, owing to the worship of my Lord, I shall not be deprived (of His bounty).'

فَلَمَّا اعۡتَزَلَهُمۡ وَمَا يَعۡبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ وَهَبۡنَا لَهُۥٓ إِسۡحَاقَ وَيَعۡقُوبَ وَكُلّٗا جَعَلۡنَا نَبِيّٗا (49)

ترجمہ: پھر جب ابراہیم (علیہ السلام) ان لوگوں سے اور ان (بتوں) سے جن کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتے تھے (میل ملاپ چھوڑ کر) بالکل جدا ہو گئے (تو) ہم نے انہیں (بیٹے) اسحاق اور (پوتے) یعقوب (علیہما السلام) سے نوازا، اور ہم نے ہر (دو) کو نبی بنایاo

So when Ibrahim (Abraham, giving up all social links,) completely separated from the people and those (idols) that they worshipped apart from Allah, We blessed him with Ishaq (Isaac) and Ya'qub (Jacob, son and grandson,) and We made each of them a Prophet.

وَوَهَبۡنَا لَهُم مِّن رَّحۡمَتِنَا وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ لِسَانَ صِدۡقٍ عَلِيّٗا (50)

ترجمہ: اور ہم نے ان (سب) کو اپنی (خاص) رحمت بخشی اور ہم نے ان کے لیے (ہر آسمانی مذہب کے ماننے والوں میں) تعریف وستائش کی زبان بلند کر دی o

And We awarded (all of) them Our (special) mercy, and put their praise and admiration on high rhetoric (amongst the believers of every religion).

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مُوسَى إِنَّهُ كَانَ مُخْلَصاً وَكَانَ رَسُولاً نَّبِيّاً(51)

ترجمہ: اور (اس) کتاب میں موسٰی (علیہ السلام) کا ذکر کیجئے، بے شک وہ (نفس کی گرفت سے خلاصی پا کر) برگزیدہ ہو چکے تھے اور صاحبِ رسالت نبی تھے o

And recite the account of Musa (Moses) in (this Holy) Book. Surely, (getting rid of the grip of self,) he had become exalted and was a Messenger and Prophet.

وَنَادَيْنَاهُ مِن جَانِبِ الطُّورِ الْأَيْمَنِ وَقَرَّبْنَاهُ نَجِيّاً (52)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں (کوہِ) طور کی داہنی جانب سے ندا دی اور راز و نیاز کی باتیں کرنے کے لیے ہم نے انہیں قربتِ (خاص) سے نوازا o

And We called him out from the right of (Mount) Tur, and blessed him with Our (special) nearness for intimate discourse.

وَوَهَبْنَا لَهُ مِن رَّحْمَتِنَا أَخَاهُ هَارُونَ نَبِيّاً (53)

ترجمہ: اور ہم نے اپنی رحمت سے ان کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو نبی بنا کر انہیں بخشا (تاکہ وہ ان کے کام میں معاون ہوں) o

And out of Our mercy We granted him his brother Harun (Aaron), making him a Prophet (to assist him in his task).

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِسْمَاعِيلَ إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُولاً نَّبِيّاً (54)

ترجمہ: اور آپ (اس) کتاب میں اسماعیل (علیہ السلام) کا ذکر کریں، بے شک وہ وعدہ کے سچے تھے اور صاحبِ رسالت نبی تھے o

And recite the account of Isma'il (Ishmael) in (this) Book. Surely, he was true to (his) promise and was a Messenger (and) a Prophet.

وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَكَانَ عِندَ رَبِّهِ مَرْضِيّاً (55)

ترجمہ: اور وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیتے تھے، اور وہ اپنے رب کے حضور مقامِ مرضیّہ پر (فائز) تھے (یعنی ان کا رب ان سے راضی تھا) o

And he used to enjoin on his family Prayer and Zakat (the Alms-due), and (held) the station of mardiyya in the presence of his Lord (i.e., his Lord was well-pleased with him).

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقاً نَّبِيّاً (56)

ترجمہ: اور (اس) کتاب میں ادریس (علیہ السلام) کا ذکر کیجئے، بے شک وہ بڑے صاحبِ صدق نبی تھے o

And mention in the Book the account of Idris. Verily, he was a Prophet possessing the truth.

وَرَفَعْنَاهُ مَكَاناً عَلِيّاً (57)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں بلند مقام پر اٹھالیا تھاo

And We raised him to a lofty station.

أُوْلَـئِكَ الَّـذِيـنَ أَنْـعَـمَ الـلَّـهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ مِن ذُرِّيَّةِ آدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ وَمِن ذُرِّيَّةِ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْرَائِيلَ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُ الرَّحْمَن خَرُّوا سُجَّداً وَبُكِيّاً (58)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے انعام فرمایا ہے زمرۂ انبیاء میں سے آدم (علیہ السلام) کی اولاد سے ہیں اور ان (مومنوں) میں سے ہیں جنہیں ہم نے نوح (علیہ السلام) کے ساتھ کشتی میں (طوفان سے بچا کر) اٹھالیا تھا، اور ابراہیم (علیہ السلام) کی اور اسرائیل (یعنی یعقوب علیہ السلام) کی اولاد سے ہیں اور ان (منتخب) لوگوں میں سے ہیں جنہیں ہم نے ہدایت بخشی اور برگزیدہ بنایا، جب ان پر (خدائے) رحمان کی آیتوں کی تلاوت کی جاتی ہے وہ سجدہ کرتے ہوئے اور (زار و قطار) روتے ہوئے گر پڑتے ہیںo

These are the people on whom Allah bestowed favour from amongst the Prophets of the seed of Adam, and of those (believers) whom We (saved from Deluge and) carried with Nuh (Noah) in the Ark, and of the posterity of Ibrahim (Abraham) and Isra'il (Israel i.e., Ya'qub [Jacob]) and of those (chosen ones) whom We guided and exalted. When the Verses of the Most Kind (Lord) are recited to them, they fall down prostrating themselves in (profuse) tears.

سورۃ طٰہٰ:

وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَى (9)

ترجمہ: اور کیا آپ کے پاس موسٰی (علیہ السلام) کی خبر آچکی ہےo

And has the account of Musa (Moses) reached you?

إِذْ رَأَى نَاراً فَقَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّيْ آنَسْتُ نَاراً لَّعَلِّيْ آتِيكُم مِّنْهَا بِقَبَسٍ أَوْ أَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى (10)

ترجمہ: جب موسٰی (علیہ السلام) نے (مدین سے واپس مصر آتے ہوئے) ایک آگ دیکھی تو انہوں نے اپنے گھر والوں سے کہا: تم یہاں ٹھہرے رہو میں نے ایک آگ دیکھی ہے (یا میں نے ایک آگ میں انس و محبت کا شعلہ پایا ہے) شاید میں اس میں سے کوئی چنگاری تمہارے لیے (بھی) لے آؤں یا میں اس آگ پر (سے وہ) رہنمائی پالوں (جس کی تلاش میں سرگرداں ہوں)o

When Musa (Moses) saw a fire (on his way back to Egypt from Madyan), he said to his family: 'Stay here. I have seen a fire (or I have perceived a flash of love and cordiality in a fire). Perhaps I may bring a brand from it for you (also), or I find at that fire the guidance (which I am searching for).'

فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ يَا مُوسَى (11)

ترجمہ: پھر جب وہ اس (آگ) کے پاس پہنچے تو ندا کی گئی: اے موسیٰ o

So when he reached that (fire), a call was made: 'O Musa (Moses)!

إِنِّيْ أَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ إِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى (12)

ترجمہ: بے شک میں ہی تمہارا رب ہوں سو تم اپنے جوتے اتار دو، بے شک تم طوٰی کی مقدس وادی میں ہو o

Certainly, I am your Lord, so take off your shoes. Verily, you are in the sacred valley of Tuwa.

وَأَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوحَى (13)

ترجمہ: اور میں نے تمہیں (اپنی رسالت کے لیے) چن لیا ہے پس تم پوری توجہ سے سنو جو تمہیں وحی کی جا رہی ہے o

And I have chosen you (for My Messengership), so listen to what is being revealed to you with absolute attentiveness.

إِنَّنِيْ أَنَا اللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِيْ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِيْ (14)

ترجمہ: بے شک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں سو تم میری عبادت کیا کرو اور میری یاد کی خاطر نماز قائم کیا کرو o

Verily, I am Allah. There is no God other than Me. So always worship Me, and establish Prayer for the sake of My remembrance.

إِنَّ السَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيْهَا لِتُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَى (15)

ترجمہ: بے شک قیامت کی گھڑی آنے والی ہے، میں اسے پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں تاکہ ہر جان کو اس (عمل) کا بدلہ دیا جائے جس کے لیے وہ کوشاں ہے o

Certainly, the Last Hour is about to come. I want to keep it secret so that every soul may be rewarded for that (deed) for which it is exerting.

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَتَرْدَى (16)

ترجمہ: پس تمہیں وہ شخص اس (کے دھیان) سے روکے نہ رکھے جو (خود) اس پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی خواہش (نفس) کا پیرو ہے ورنہ تم (بھی) ہلاک ہو جاؤ گے o

So let not someone who (himself) does not believe in it and follows his own lust (of the lower self) prevent you from (focusing on) it, otherwise you (too) will perish.

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يَا مُوسَى (17)

ترجمہ: اور یہ تمہارے داہنے ہاتھ میں کیا ہے اے موسیٰ o

And what is this in your right hand, O Musa (Moses)?'

قَالَ هِيَ عَصَايَ أَتَوَكَّأُ عَلَيْهَا وَأَهُشُّ بِهَا عَلَى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَآرِبُ أُخْرَى (18)

ترجمہ: انہوں نے کہا: یہ میری لاٹھی ہے، میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں اور میں اس سے اپنی بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں اور اس میں میرے لیے کئی اور فائدے بھی ہیں o

He submitted: 'This is my staff. I lean on it, and beat down leaves with it for my

goats, and in it there are also many other benefits for me.'

قَالَ أَلْقِهَا يَا مُوسَى (19)

ترجمہ: ارشاد ہوا: اے موسٰی! اسے (زمین پر) ڈال دوo

(Allah) said: 'O Musa (Moses), cast it down (on the ground).'

فَأَلْقَاهَا فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعَى (20)

ترجمہ: پس انہوں نے اسے (زمین پر) ڈال دیا تو وہ اچانک سانپ ہو گیا (جو ادھر ادھر) دوڑنے لگاo

So he cast it down (on the ground), and suddenly it became a serpent slithering (here and there).

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيدُهَا سِيرَتَهَا الْأُولَى (21)

ترجمہ: ارشاد فرمایا: اسے پکڑ لو اور مت ڈرو ہم اسے ابھی اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گےo

Allah said: 'Catch it and do not fear. We shall transform it to its former state just now.'

وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاء مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرَى (22)

ترجمہ: اور (حکم ہوا:) اپنا ہاتھ اپنی بغل میں دبا لو وہ بغیر کسی بیماری کے سفید چمک دار ہو کر نکلے گا (یہ) دوسری نشانی ہےo

And (it was commanded:) 'Press your hand in your armpit. It will come out radiant white without any disease. (This) is another sign.

لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرَى (23)

ترجمہ: یہ اس لیے (کر رہے ہیں) کہ ہم تمہیں اپنی (قدرت کی) بڑی بڑی نشانیاں دکھائیںo

(We are doing) this so that We show you greater signs of Our (might).

اذْهَبْ إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَى (24)

ترجمہ: تم فرعون کے پاس جاؤ وہ (نافرمانی و سرکشی میں) حد سے بڑھ گیا ہےo

Go to Pharaoh. He has exceeded limits (in defiance and rebellion).'

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي (25)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کشادہ فرما دےo

Musa (Moses) prayed: 'O my Lord, expand my breast for me.

وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي (26)

ترجمہ: اور میرا کار (رسالت) میرے لیے آسان فرما دےo

And make my task (as a Messenger) easy for me.

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي (27)

ترجمہ: اور میری زبان کی گرہ کھول دےo

And untie the knot from my tongue,

يَفْقَهُوا قَوْلِي (28)

ترجمہ: کہ لوگ میری بات (آسانی سے) سمجھ سکیں o

That people may understand (easily) what I say.

وَاجْعَل لِّي وَزِيرًا مِّنْ أَهْلِي (29)

ترجمہ: اور میرے گھر والوں میں سے میرا ایک وزیر بنا دے o

And appoint for me a minister from my family.

هَارُونَ أَخِي (30)

ترجمہ: (وہ) میرا بھائی ہارون (علیہ السلام) ہو o

(That) is Harun (Aaron), my brother.

اشْدُدْ بِهِ أَزْرِي (31)

ترجمہ: اس سے میری کمرِ ہمت مضبوط فرما دے o

Provide me strength and backup with him.

وَأَشْرِكْهُ فِي أَمْرِي (32)

ترجمہ: اور اسے میرے کارِ (رسالت) میں شریک فرما دے o

And make him share my task (of Messengership),

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيرًا (33)

ترجمہ: تاکہ ہم (دونوں) کثرت سے تیری تسبیح کیا کریں o

So that we (both) may amply glorify You,

وَنَذْكُرَكَ كَثِيرًا (34)

ترجمہ: اور ہم کثرت سے تیرا ذکر کیا کریں o

And amply remember You.

إِنَّكَ كُنتَ بِنَا بَصِيرًا (35)

ترجمہ: بے شک تو ہمیں (سب حالات کے تناظر میں) خوب دیکھنے والا ہے o

Surely, You see us well (in the perspective of total scenario).'

قَالَ قَدْ أُوتِيتَ سُؤْلَكَ يَا مُوسَى (36)

ترجمہ: (اللہ نے) ارشاد فرمایا: اے موسٰی! تمہاری ہر مانگ تمہیں عطا کر دی o

(Allah) said: 'O Musa (Moses), you are granted your every prayer.

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً أُخْرَى (37)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تم پر ایک اور بار (اس سے پہلے بھی) احسان فرمایا تھا o

And surely, We graciously favoured you once (earlier as well),

إِذْ أَوْحَيْنَا إِلَى أُمِّكَ مَا يُوحَى (38)

ترجمہ: جب ہم نے تمہاری والدہ کے دل میں وہ بات ڈال دی جو ڈالی گئی تھی o

When We revealed to your mother's heart what was revealed-

أَنِ اقْذِفِيهِ فِي التَّابُوتِ فَاقْذِفِيهِ فِي الْيَمِّ فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَأْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّي وَعَدُوٌّ لَّهُ وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَى عَيْنِي (39)

ترجمہ: کہ تم اس (موسیٰ علیہ السلام) کو صندوق میں رکھ دو پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دو پھر دریا اسے کنارے کے ساتھ آ لگائے گا، اسے میرا دشمن اور اس کا دشمن اٹھالے گا، اور میں نے تجھ پر اپنی جناب سے (خاص) محبت کا پرتَو ڈال دیا ہے (یعنی تیری صورت کو اس قدر پیاری اور من موہنی بنا دیا ہے کہ جو تجھے دیکھے گا فریفتہ ہو جائے گا)، اور (یہ اس لیے کیا) تاکہ تمہاری پرورش میری آنکھوں کے سامنے کی جائےo

To put him (Musa [Moses]) into a box and place that (box) into the river. Then the river will drift it to the bank. My enemy and his enemy will pick him up. And I cast on you from My presence a reflection of My (exceptional) love (i.e., We have made you so lovely and charismatic that whoever glances at you will be fascinated). And (this was done) so that you might be brought up before My eyes.

إِذْ تَمْشِي أُخْتُكَ فَتَقُولُ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى مَن يَكْفُلُهُ فَرَجَعْنَاكَ إِلَى أُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْساً فَنَجَّيْنَاكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنَّاكَ فُتُوناً فَلَبِثْتَ سِنِينَ فِي أَهْلِ مَدْيَنَ ثُمَّ جِئْتَ عَلَى قَدَرٍ يَا مُوسَى (40)

ترجمہ: اور جب تمہاری بہن (اجنبی بن کر) چلتے چلتے (فرعون کے گھر والوں سے) کہنے لگی: کیا میں تمہیں کسی (ایسی عورت) کی نشاندہی کر دوں جو اس (بچہ) کی پرورش کر دے، پھر ہم نے تم کو تمہاری والدہ کی طرف (پرورش کے بہانے) واپس لوٹا دیا تاکہ اس کی آنکھ بھی ٹھنڈی ہوتی رہے اور وہ رنجیدہ بھی نہ ہو، اور تم نے (قومِ فرعون کے) ایک (کافر) شخص کو مار ڈالا تھا پھر ہم نے تمہیں (اس) غم سے (بھی) نجات بخشی اور ہم نے تمہیں بہت سی آزمائشوں سے گزار کر خوب جانچا، پھر تم کئی سال اہلِ مدین میں ٹھہرے رہے پھر تم (اللہ کے) مقرر کردہ وقت پر (یہاں) آ گئے اے موسیٰ! (اس وقت ان کی عمر ٹھیک چالیس برس ہو گئی تھی)o

(And) when your sister, (posing as a stranger,) walking along, said (to Pharaoh's family): Shall I point out to you (a woman) who will nurse this (infant)? Then We brought you back to your mother (on the pretext of nursing) so that she might cool her eyes and might not feel aggrieved as well. And you killed a man (a disbeliever of Pharaoh's people). Then We delivered you from (that) agony (too), and tested and assessed you through many trials. Then you stayed amongst the people of Madyan for many years. Musa (Moses)! Then you came (here) at the time fixed (by Allah. He was then exactly forty years old).

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِي (41)

ترجمہ: اور (اب) میں نے تمہیں اپنے (امرِ رسالت اور خصوصی انعام کے) لیے چن لیا ہےo

And (now) I have chosen you for Myself (for the task of Messengership and the exceptional favour).

اذْهَبْ أَنتَ وَأَخُوكَ بِآيَاتِي وَلَا تَنِيَا فِي ذِكْرِي (42)

ترجمہ: تم اور تمہارا بھائی (ہارون) میری نشانیاں لے کر جاؤ اور میری یاد میں سستی نہ کرنا o

Go, you and your brother (Harun [Aaron]), with My signs and do not slacken in remembering Me.

اذْهَبَا إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَى (43)

ترجمہ: تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ بے شک وہ سرکشی میں حد سے گزر چکا ہے o

Go, both of you, to Pharaoh; surely, he has transgressed all bounds in rebellion.

فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهُ يَتَذَكَّرُ أَوْ يَخْشَى (44)

ترجمہ: سو تم دونوں اس سے نرم (انداز میں) گفتگو کرنا شاید وہ نصیحت قبول کر لے یا (میرے غضب سے) ڈرنے لگے o

So talk to him politely. He may perhaps accept admonition or fear (My wrath).'

قَالَا رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَن يَفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَن يَطْغَى (45)

ترجمہ: دونوں نے عرض کیا: اے ہمارے رب! بے شک ہمیں اندیشہ ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے (گا) یا (زیادہ) سرکش ہو جائے (گا) o

Both of them submitted: 'O our Lord, we fear lest he should commit some excess against us, or become (more) rebellious.'

قَالَ لَا تَخَافَا إِنَّنِي مَعَكُمَا أَسْمَعُ وَأَرَى (46)

ترجمہ: ارشاد فرمایا: تم دونوں نہ ڈرو بے شک میں تم دونوں کے ساتھ ہوں میں (سب کچھ) سنتا اور دیکھتا ہوں o

(Allah) said: 'Do not fear. I am indeed with you both. I hear and see (all).

فَأْتِيَاهُ فَقُولَا إِنَّا رَسُولَا رَبِّكَ فَأَرْسِلْ مَعَنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ قَدْ جِئْنَاكَ بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكَ وَالسَّلَامُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى (47)

ترجمہ: پس تم دونوں اس کے پاس جاؤ اور کہو: ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے (رسول) ہیں سو تو بنی اسرائیل کو (اپنی غلامی سے آزاد کر کے) ہمارے ساتھ بھیج دے اور انہیں (مزید) اذیت نہ پہنچا، بے شک ہم تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے نشانی لے کر آئے ہیں، اور اس شخص پر سلامتی ہو جس نے ہدایت کی پیروی کی o

So, go you both to him and say: We are (the Messengers) sent by your Lord. So (set free) the Children of Israel (from your slavery and) send them with us. And do not persecute them (anymore). Surely, we have brought you a sign from your Lord. And peace be upon him who follows guidance!

إِنَّا قَدْ أُوحِيَ إِلَيْنَا أَنَّ الْعَذَابَ عَلَى مَن كَذَّبَ وَتَوَلَّى (48)

ترجمہ: بے شک ہماری طرف وحی بھیجی گئی ہے کہ عذاب (ہر) اس شخص پر ہوگا جو (رسول کو) جھٹلائے گا اور (اس سے) منہ پھیر لے گا o

Verily, it has been revealed to us that the torment will come upon (every) such

person that rejects (the Messenger) and turns away from him.'

قَالَ فَمَن رَّبُّكُمَا يَا مُوسَى (49)

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: تو اے موسٰی! تم دونوں کا رب کون ہےo

(Pharaoh) said: 'O Musa (Moses)! Who is the Lord of you both?'

قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْ أَعْطَى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَى (50)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) فرمایا: ہمارا رب وہی ہے جس نے ہر چیز کو (اس کے لائق) وجود بخشا پھر (اس کے حسبِ حال) اس کی رہنمائی کیo

Musa (Moses) said: 'Our Lord is He Who brought everything into being (as most suitable), then guided it (according to its potential).'

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُونِ الْأُولَى (51)

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: تو (ان) پہلی قوموں کا کیا حال ہوا (جو تمہارے رب کو نہیں مانتی تھیں)o

(Pharaoh) said: 'So, what was the fate of former people (who did not believe in your Lord)?'

قَالَ عِلْمُهَا عِندَ رَبِّيْ فِيْ كِتَابٍ لَّا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنسَى (52)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) فرمایا: ان کا علم میرے رب کے پاس کتاب میں (محفوظ) ہے، نہ میرا رب بھٹکتا ہے اور نہ بھولتا ہےo

(Musa [Moses]) said: 'The knowledge about them is recorded (and saved) in a Book with My Lord. My Lord does not go wrong, nor does He forget.'

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْداً وَسَلَكَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلاً وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجاً مِّن نَّبَاتٍ شَتَّى (53)

ترجمہ: وہی ہے جس نے زمین کو تمہارے رہنے کی جگہ بنایا اور اس میں تمہارے (سفر کرنے کے) لیے راستے بنائے اور آسمان کی جانب سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے (زمین سے) انواع و اقسام کی نباتات کے جوڑے نکال دیےo

He is the One Who made the earth habitable for you and provided therein paths for you (to travel) and sent down water from the sky. Then by means of that (water) We bring forth (from the earth) pairs of various kinds of vegetation.

كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ إِنَّ فِيْ ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُوْلِي النُّهَى (54)

ترجمہ: تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ، بے شک اس میں دانش مندوں کے لیے نشانیاں ہیںo

Eat and pasture your cattle. Surely, there are signs in it for the wise.

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَى (55)

ترجمہ: (زمین کی) اسی (مٹی) سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں ہم تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے ہم تمہیں دوسری مرتبہ (پھر) نکالیں گےo

We created you from this (very soil of the earth), and We shall return you into

the same, and shall bring you forth from the very same once more.

وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَى (56)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے اس (فرعون) کو اپنی ساری نشانیاں (جو موسٰی اور ہارون علیہما السلام کو دی گئی تھیں) دکھائیں مگر اس نے جھٹلایا اور (ماننے سے) انکار کر دیاo

And surely We showed him (Pharaoh) all Our signs (bestowed upon Musa [Moses] and Harun [Aaron]), but he belied and refused to believe.

قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَى (57)

ترجمہ: اس نے کہا: اے موسٰی! کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ تم اپنے جادو کے ذریعہ ہمیں ہمارے ملک سے نکال دوo

He said: 'Musa (Moses), have you come to us to drive us out of our land with your magic?

فَلَنَأْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِداً لَّا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنتَ مَكَاناً سُوًى (58)

ترجمہ: سو ہم بھی تمہارے پاس اسی کی مانند جادو لائیں گے تم ہمارے اور اپنے درمیان (مقابلہ کے لیے) وعدہ طے کر لو جس کی خلاف ورزی نہ ہم کریں اور نہ ہی تم، (مقابلہ کی جگہ) کھلا اور ہموار میدان ہوo

So we shall also bring you magic resembling it. Therefore, settle an appointment between us and yourself (for the contest) which neither we nor you shall violate. (The place of contest) is to be an open and smooth ground.'

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَن يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى (59)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) فرمایا: تمہارے وعدے کا دن یومِ عید (سالانہ جشن کا دن) ہے اور یہ کہ (اس دن) سارے لوگ چاشت کے وقت جمع ہو جائیںo

(Musa [Moses]) said: 'The day of your promise is the Eid ('Id) Day (the day of Annual Festival), and that (on that day) all the people are to assemble there early in the forenoon.'

فَتَوَلَّى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَى (60)

ترجمہ: پھر فرعون (مجلس سے) واپس مڑ گیا سو اس نے اپنے مکر و فریب (کی تدبیروں) کو اکٹھا کیا پھر (مقررہ وقت پر) آ گیاo

Then Pharaoh went back (from the meeting), put together his (schemes of) pretension and deception and then came back (at the appointed time).

قَالَ لَهُم مُّوسَى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ كَذِباً فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَى (61)

ترجمہ: موسٰی (علیہ السلام) نے ان (جادوگروں) سے فرمایا: تم پر افسوس (خبردار!) اللہ پر جھوٹا بہتان مت باندھنا ورنہ وہ تمہیں عذاب کے ذریعے تباہ و برباد کر دے گا اور واقعی وہ شخص نامراد ہوا جس نے (اللہ پر) بہتان باندھاo

Musa (Moses) said to them(the sorcerers): 'Woe to you! (Beware!) Do not invent a lie against Allah lest He should eliminate you by torment. And surely, he who fabricates a lie (against Allah) is a failure.'

فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى (62)

ترجمہ: چنانچہ وہ (جادوگر) اپنے معاملہ میں باہم جھگڑ پڑے اور چپکے چپکے سرگوشیاں کرنے لگےo

Thereupon, they (the sorcerers) disputed amongst themselves about their affair and started whispering inaudibly.

قَالُوا إِنْ هَذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيدَانِ أَن يُخْرِجَاكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَى (63)

ترجمہ: کہنے لگے: یہ دونوں واقعی جادوگر ہیں جو یہ ارادہ رکھتے ہیں کہ تمہیں جادو کے ذریعہ تمہاری سرزمین سے نکال باہر کریں اور تمہارے مثالی مذہب وثقافت کو نابود کردیںo

They said: 'These two are really magicians who have the intention to drive you out of your land with sorcery, and put an end to your exemplary culture and religion.

فَأَجْمِعُوا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوا صَفّاً وَقَدْ أَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلَى (64)

ترجمہ: (انہوں نے باہم فیصلہ کیا) پس تم (جادو کی) اپنی ساری تدابیر جمع کرلو پھر قطار باندھ کر (اکٹھے ہی) میدان میں آجاؤ، اور آج کے دن وہی کامیاب رہے گا جو غالب آجائے گاo

(They mutually decided.) So, collect all your tricks (of magic), and come into the arena (together) in a queue, and the one who prevails today will be victorious.'

قَالُوا يَا مُوسَى إِمَّا أَن تُلْقِيَ وَإِمَّا أَن نَّكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَلْقَى (65)

ترجمہ: (جادوگر) بولے: اے موسیٰ! یا تو آپ (اپنی چیز) ڈال دیں اور یا ہم ہی پہلے ڈالنے والے ہوجائیںo

(The magicians) said: 'O Musa (Moses), either you cast (your thing) or we become the first ones to cast.'

قَالَ بَلْ أَلْقُوا فَإِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ إِلَيْهِ مِن سِحْرِهِمْ أَنَّهَا تَسْعَى (66)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) فرمایا: بلکہ تم ہی ڈال دو، پھر کیا تھا اچانک ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں ان کے جادو کے اثر سے موسیٰ (علیہ السلام) کے خیال میں یوں محسوس ہونے لگیں جیسے وہ (میدان میں) دوڑ رہی ہیںo

(Musa [Moses]) said: 'Rather you cast down.' Then the sight was that suddenly their cords and rods, by the effect of their magic, seemed to Musa (Moses) as if they were slithering (on the ground).

فَأَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً مُّوسَى (67)

ترجمہ: تو موسیٰ (علیہ السلام) اپنے دل میں ایک چھپا ہوا خوف سا پانے لگےo

Now Musa (Moses) felt a sort of hidden fear in his heart.

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنتَ الْأَعْلَى (68)

ترجمہ: ہم نے (موسیٰ علیہ السلام سے) فرمایا: خوف مت کرو بے شک تم ہی غالب رہوگےo

We said (to Musa [Moses]): 'Do not fear. Verily, you will have the upper hand.

وَأَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَى (69)

ترجمہ: اورتم (اس لاٹھی کو) جوتمہارے داہنے ہاتھ میں ہے (زمین پر) ڈال دو وہ اس (فریب) کونگل جائے گی جوانہوں نے (مصنوعی طور پر) بنارکھا ہے۔ جو کچھ انہوں نے بنارکھا ہے (وہ تو) فقط جادوگر کا فریب ہے، اور جادوگر جہاں کہیں بھی آئے گا فلاح نہیں پائے گاo

And cast down (this staff) that is in your right hand (on the ground). It will swallow up that (craft) which they have contrived (artificially). Whatever they have wrought is but a deceitful trick of a sorcerer, and wherever a magician may come, he will not be successful.'

فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّداً قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَى (70)

ترجمہ: پس (ایسا ہی ہوا اور) سارے جادوگر سجدے میں گرا دیے گئے کہنے لگے: ہم ہارون اور موسٰی (علیہما السلام) کے رب پر ایمان لے آئےo

(Then things happened the same way.) So all the sorcerers were made to fall down in prostration (and) said: 'We embrace faith in the Lord of Harun (Aaron) and Musa (Moses).'

قَالَ آمَنتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَاباً وَأَبْقَى (71)

ترجمہ: (فرعون) کہنے لگا: تم اس پر ایمان لے آئے ہو قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دوں، بے شک وہ (موسٰی) تمہارا (بھی) بڑا (استاد) ہے جس نے تم کو جادو سکھایا ہے، پس (اب) میں ضرور تمہارے ہاتھ اور تمہارے پاؤں الٹی سمتوں سے کاٹوں گا اور تمہیں ضرور کھجور کے تنوں میں سولی چڑھاؤں گا اور تم ضرور جان لو گے کہ ہم میں سے کون عذاب دینے میں زیادہ سخت اور زیادہ مدت تک باقی رہنے والا ہےo

(Pharaoh) said: 'You have embraced faith in Him before I grant you permission. Surely, he (Musa [Moses]) is also your chief (trainer) who has taught you magic. So, (now) I shall certainly cut off your hands and your feet on the opposite sides and shall certainly crucify you on the palm trunks. Then you shall come to know for sure which of us is sterner in inflicting torture and lasts for a longer term.'

قَالُوا لَن نُّؤْثِرَكَ عَلَى مَا جَاءنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَا أَنتَ قَاضٍ إِنَّمَا تَقْضِيْ هَذِهِ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (72)

ترجمہ: (جادوگروں نے) کہا: ہم تمہیں ہرگز ان واضح دلائل پر ترجیح نہیں دیں گے جو ہمارے پاس آ چکے ہیں، اس (رب) کی قسم جس نے ہمیں پیدا فرمایا ہے! تو جو حکم کرنے والا ہے کر لے، تُو فقط (اس چند روزہ) دنیوی زندگی ہی سے متعلق فیصلہ کر سکتا ہےo

(The magicians) said: 'We shall not at all prefer you to the clear signs that have come to us. By that (Lord) Who has created us, decide whatever you want to do, for you can decide merely about (this few days') worldly life.

إِنَّا آمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطَايَانَا وَمَا أَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ وَاللَّهُ خَيْرٌ وَأَبْقَى (73)

ترجمہ: بے شک ہم اپنے رب پر ایمان لائے ہیں تا کہ وہ ہماری خطائیں بخش دے اور اسے بھی (معاف فرما دے) جس جادوگری پر تو نے ہمیں مجبور کیا تھا، اور اللہ ہی بہتر ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہےo

We have indeed believed in our Lord in order that He forgives us our sins, and also (forgives) that sorcery to which you forced us, and Allah is the Best and Ever-Abiding.'

إِنَّهُ مَن يَأْتِ رَبَّهُ مُجْرِماً فَإِنَّ لَهُ جَهَنَّمَ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَى (74)

ترجمہ: بے شک جو شخص اپنے رب کے پاس مجرم بن کر آئے گا تو بے شک اس کے لیے جہنم ہے، (اور وہ ایسا عذاب ہے کہ) نہ وہ اس میں مر سکے گا اور نہ ہی زندہ رہے گاo

Surely, whoever comes to his Lord as an evildoer, certainly for him is Hell. (And it is such a torment) wherein he will neither die nor survive.

وَمَنْ يَأْتِهِ مُؤْمِناً قَدْ عَمِلَ الصَّالِحَاتِ فَأُوْلَئِكَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ الْعُلَى (75)

ترجمہ: اور جو شخص اس کے حضور مومن بن کر آئے گا (مزید یہ کہ) اس نے نیک عمل کیے ہوں گے تو ان ہی لوگوں کے لیے بلند درجات ہیںo

And whoever comes to His presence as a believer (and) has (also) done good deeds, it is they for whom are high ranks.

جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَذَلِكَ جَزَاء مَن تَزَكَّى (76)

ترجمہ: (وہ) سدا بہار باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اور یہ اس شخص کا صلہ ہے جو (کفر و معصیت کی آلودگی سے) پاک ہو گیاo

(Those) are evergreen gardens beneath which streams flow. (They) will dwell therein forever. And that is the reward for the one who purifies himself (of the impurity and indecency of disbelief and immorality).

وَلَقَدْ أَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقاً فِيْ الْبَحْرِ يَبَساً لَّا تَخَافُ دَرَكاً وَلَا تَخْشَى (77)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے کر نکل جاؤ، سو ان کے لیے دریا میں (اپنا عصا مار کر) خشک راستہ بنا لو، نہ (فرعون کے) آ پکڑنے کا خوف کرو اور نہ (غرق ہونے کا) اندیشہ رکھوo

And certainly We sent Revelation to Musa (Moses): 'Move out at night taking My servants with you. So, make a dry path in the river (by striking your staff). Have no fear to be overtaken (by Pharaoh), nor be afraid (of drowning).'

فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُودِهِ فَغَشِيَهُم مِّنَ الْيَمِّ مَا غَشِيَهُمْ (78)

ترجمہ: پھر فرعون نے اپنے لشکروں کے ساتھ ان کا تعاقب کیا پس دریا (کی موجوں) نے انہیں ڈھانپ لیا جتنا بھی انہیں ڈھانپاo

Then Pharaoh chased them with his troops. So, the (waves of the) river swept

over them as much as they covered them up.

وَأَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهُ وَمَا هَدَى (79)

ترجمہ: اورفرعون نے اپنی قوم کوگمراہ کردیااورانہیں سیدھے راستہ پرنہ لگایاo

And Pharaoh led his people astray, and did not guide them to the right path.

وَمَا أَعْجَلَكَ عَن قَوْمِكَ يَا مُوسَى (83)

ترجمہ: اوراے موسیٰ !تم نے اپنی قوم سے (پہلے طور پرآجانے میں) جلدی کیوں کیo

And, O Musa (Moses), why did you hasten (in coming to Tur ahead of) your people?

قَالَ هُمْ أُولَاءِ عَلَى أَثَرِي وَعَجِلْتُ إِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضَى (84)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) عرض کیا: وہ لوگ بھی میرے پیچھے آرہے ہیں اور میں نے (غلبۂ شوق ومحبت میں) تیرے حضور پہنچنے میں جلدی کی ہے اے میرے رب! تاکہ تو راضی ہوجائےo

(Musa [Moses]) submitted: 'They too are coming behind me, and I have hastened to appear before Your presence (possessed by love and ecstasy) in order that You may be pleased, O my Lord!'

قَالَ فَإِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِن بَعْدِكَ وَأَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ (85)

ترجمہ: ارشاد ہوا: بے شک ہم نے تمہارے (آنے کے) بعد تمہاری قوم کوفتنہ میں مبتلا کردیا ہےاورانہیں سامری نے گمراہ کرڈالا ہےo

(Allah) said: 'We have indeed put your people to trial after you (came away) and Samiri has led them astray.'

فَرَجَعَ مُوسَى إِلَى قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفاً قَالَ يَا قَوْمِ أَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْداً حَسَناً أَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ أَمْ أَرَدتُّمْ أَن يَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَخْلَفْتُم مَّوْعِدِي (86)

ترجمہ: پس موسیٰ (علیہ السلام) اپنی قوم کی طرف سخت غضبناک (اور) رنجیدہ ہوکر پلٹ گئے (اور) فرمایا: اے میری قوم! کیا تمہارے رب نے تم سے ایک اچھا وعدہ نہیں فرمایا تھا، کیا تم پر وعدہ (کے پورے ہونے) میں طویل مدت گزر گئی تھی، کیا تم نے یہ چاہا کہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے غضب واجب (اور نازل) ہوجائے؟ پس تم نے میرے وعدہ کی خلاف ورزی کی ہےo

So, Musa (Moses) returned to his people, angered and grieved, (and) said: 'O my people, did your Lord not give you a fair promise? Had a long time lapsed on you in (the fulfilment of) the promise? (Or) did you wish that the wrath of your Lord should come due (and befall) you? So you have violated (your) promise to me.'

قَالُوا مَا أَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلَكِنَّا حُمِّلْنَا أَوْزَاراً مِّن زِينَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنَاهَا فَكَذَلِكَ أَلْقَى السَّامِرِيُّ(87)

ترجمہ: وہ بولے: ہم نے اپنے اختیار سے آپ کے وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کی مگر (ہوا یہ کہ) قوم کے زیورات کے بھاری بوجھ ہم پر لاد دیے گئے تھے تو ہم نے انہیں (آگ میں) ڈال دیا پھر اسی طرح سامری نے (بھی) ڈال دیےo

They said: 'We have not violated our promise to you of our own will, but (what happened is that) we were loaded with the heavy burden of the ornaments of the people, so we cast them (into the fire); then similarly,Samiri (too) cast them away.'

فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلاً جَسَداً لَهُ خُوَارٌ فَقَالُوا هَذَا إِلَهُكُمْ وَإِلَهُ مُوسَى فَنَسِيَ (88)

ترجمہ: پھر اس (سامری) نے ان کے لیے (ان گلے ہوئے زیورات سے) ایک بچھڑے کا قالب (تیار کر کے) نکال لیا اس میں (سے) گائے کی سی آواز (نکلتی) تھی تو انہوں نے کہا: یہ تمہارا معبود ہے اور موسیٰ (علیہ السلام) کا (بھی یہی) معبود ہے بس وہ (سامری یہاں پر) بھول گیا○

Then he (Samiri) moulded (out of the molten ornaments) a statue of a calf for them which produced a sound like that of a cow. Then they said: 'This is your Lord and the Lord of Musa (Moses too). So he (Samiri) forgot (at this point).'

أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلاً وَلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرّاً وَلَا نَفْعاً (89)

ترجمہ: بھلا کیا وہ (اتنا بھی) نہیں دیکھتے تھے کہ وہ (بچھڑا) انہیں کسی بات کا جواب (بھی) نہیں دے سکتا اور نہ ان کے لیے کسی نقصان کا اختیار رکھتا ہے اور نہ نفع کا○

Well, did they not see (even this much) that this (calf) could not answer them a word, nor had it any power to cause them any loss or profit?

وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هَارُونُ مِن قَبْلُ يَا قَوْمِ إِنَّمَا فُتِنتُم بِهِ وَإِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمَنُ فَاتَّبِعُونِي وَأَطِيعُوا أَمْرِي (90)

ترجمہ: اور بے شک ہارون (علیہ السلام) نے (بھی) ان کو اس سے پہلے (تنبیہاً) کہہ دیا تھا کہ اے قوم! تم اس (بچھڑے) کے ذریعہ تو بس فتنہ میں ہی مبتلا ہو گئے ہو، حالاں کہ بے شک تمہارا رب (یہ نہیں وہی) رحمان ہے پس تم میری پیروی کرو اور میرے حکم کی اطاعت کرو○

Earlier, Harun (Aaron also) had said to them, (warning): 'O people, you have undergone a trial by virtue of this (calf), whilst your Lord is (not this,) but surely (He) the Most Kind One. So follow me and obey my command.'

قَالُوا لَن نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَاكِفِينَ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَى (91)

ترجمہ: وہ بولی: ہم تو اسی (کی پوجا) پر جمے رہیں گے تاوقتیکہ موسیٰ (علیہ السلام) ہماری طرف پلٹ آئیں○

They said: 'We shall hold fast to its (worship) until Musa (Moses) comes back to us.'

قَالَ يَا هَارُونُ مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ ضَلُّوا (92)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) فرمایا: اے ہارون! تم کو کس چیز نے روکے رکھا جب تم نے دیکھا کہ یہ گمراہ ہو رہے ہیں○

Musa (Moses) said: 'O Harun (Aaron), when you saw them erring, what stopped you,

أَلَّا تَتَّبِعَنِ أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي (93)

ترجمہ: (مزید یہ کہ تمہیں کس نے منع کیا کہ انہیں سختی سے روکنے میں) تم میرے طریقے کی پیروی نہ کرو، کیا تم نے میری نافرمانی کی o

(Moreover, who prohibited you) from following my way (in forbidding them fiercely)? Did you disobey me?'

قَالَ يَا ابْنَ أُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي إِنِّي خَشِيتُ أَن تَقُولَ فَرَّقْتَ بَيْنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي (94)

ترجمہ: (ہارون علیہ السلام نے) کہا: اے میری ماں کے بیٹے! آپ نہ میری داڑھی پکڑیں اور نہ میرا سر، میں (سختی کرنے میں) اس بات سے ڈرتا تھا کہ کہیں آپ یہ (نہ) کہیں کہ تم نے بنی اسرائیل کے درمیان فرقہ بندی کر دی ہے اور میرے قول کی نگہداشت نہیں کی o

(Harun [Aaron]) said: 'O son of my mother, seize me not by my beard or my head. (In being harsh) I feared you would say: You have created division amongst the Children of Israel and have not safeguarded my word.'

قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ (95)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) فرمایا: اے سامری! (بتا) تیرا کیا معاملہ ہے o

(Musa [Moses]) said: 'Samiri, (tell me,) what is the matter with you?'

قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوا بِهِ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ الرَّسُولِ فَنَبَذْتُهَا وَكَذَلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي (96)

ترجمہ: اس نے کہا: میں نے وہ چیز دیکھی جو ان لوگوں نے نہیں دیکھی تھی سو میں نے اُس فرستادہ (فرشتے) کے نقشِ قدم سے (جو آپ کے پاس آیا تھا) ایک مٹھی (مٹی کی) بھر لی پھر میں نے اسے (بچھڑے کے قالب میں) ڈال دیا اور اسی طرح میرے نفس نے مجھے (یہ بات) بھلی کر دکھائی o

He said: 'I saw what these people had not seen. I took a handful (of dust) from the footstep of the angel (that visited you); then I cast it (into the model of the calf), and this way my (lower) self made (it) attractive to me.'

قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَن تَقُولَ لَا مِسَاسَ وَإِنَّ لَكَ مَوْعِداً لَّن تُخْلَفَهُ وَانظُرْ إِلَى إِلَهِكَ الَّذِي ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفاً لَّنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسْفاً (97)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) فرمایا: پس تو (یہاں سے نکل کر) چلا جا چنانچہ تیرے لیے (ساری) زندگی میں یہ (سزا) ہے کہ تو (ہر کسی کو یہی) کہتا رہے: (مجھے) نہ چھونا (مجھے نہ چھونا)، اور بے شک تیرے لیے ایک اور وعدۂ (عذاب) بھی ہے جس کی ہرگز خلاف ورزی نہ ہوگی، اور تو اپنے اس (من گھڑت) معبود کی طرف دیکھ جس (کی پوجا) پر تو جم کر بیٹھا رہا، ہم اسے ضرور جلا ڈالیں گے پھر ہم اس (کی راکھ) کو ضرور دریا میں اچھی طرح بکھیر دیں گے o

Musa (Moses) said: 'So (get out from here and) go away. There is for you a lifelong (punishment) that you will keep saying (to everyone): Touch (me) not, (touch me not). And there is yet another promise (of punishment) for you which will not be averted at all. And look at this (self-made) god of yours to which you held fast (in worship). We will surely burn it and scatter

(its dust) well over the river.

إِنَّمَا إِلَهُكُمُ اللَّهُ الَّذِیْ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَسِعَ كُلَّ شَیْءٍ عِلْماً (98)

ترجمہ: (لوگو!) تمہارا معبود صرف (وہی) اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ہر چیز کو (اپنے) علم کے احاطہ میں لیے ہوئے ہےo

(O my people! He) Allah alone is your God apart from Whom there is no God. He has encompassed everything in (His) knowledge.'

كَذَلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِن لَّدُنَّا ذِكْراً (99)

ترجمہ: اس طرح ہم آپ کو (اے حبیبِ معظّم!) ان (قوموں) کی خبریں سناتے ہیں جو گزر چکی ہیں اور بے شک ہم نے آپ کو اپنی خاص جناب سے ذکر (یعنی نصیحت نامہ) عطا فرمایا ہےo

(O Esteemed Beloved!) Thus We communicate to you news about (the communities) who have passed away, and We have surely given you from Our exclusive presence the Reminder (i.e., an Admonishing Book).

وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلَى آدَمَ مِن قَبْلُ فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْماً (115)

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے اس سے (بہت) پہلے آدم (علیہ السلام) کو تاکیدی حکم فرمایا تھا سو وہ بھول گئے اور ہم نے ان میں بالکل (نافرمانی کا کوئی) ارادہ نہیں پایا (یہ محض ایک بھول تھی)o

And truly, (far) earlier than this, We had given a strict command to Adam but he forgot. And We did not observe in him any intention (to disobey) at all (it was just an omission).

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِیْسَ أَبَى (116)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کریں) جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا: تم آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، اس نے انکار کیاo

And (recall the time) when We commanded the angels: 'Prostrate yourselves before Adam,' they fell down in prostration except Iblis. He refused.

فَقُلْنَا يَا آدَمُ إِنَّ هَذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقَى (117)

ترجمہ: پھر ہم نے فرمایا: اے آدم! بے شک یہ (شیطان) تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے، سو یہ کہیں تم دونوں کو جنت سے نکلوا نہ دے پھر تم مشقت میں پڑ جاؤ گےo

Then We said: 'O Adam, verily, this (Satan) is an enemy to you and your wife. So let him not get you both ousted from Paradise; then you shall be put to toil.

إِنَّ لَكَ أَلَّا تَجُوعَ فِيهَا وَلَا تَعْرَى (118)

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے اس (جنت) میں یہ (راحت) ہے کہ تمہیں نہ بھوک لگے گی اور نہ برہنہ ہو گےo

Surely, there is this (comfort) for you (in Paradise) that you will neither feel hungry nor go naked.

وَأَنَّكَ لَا تَظْمَأُ فِيهَا وَلَا تَضْحَى (119)

ترجمہ: اور یہ کہ تمہیں نہ یہاں پیاس لگے گی اور نہ دھوپ ستائے گیo

And that you will neither feel thirsty here, nor suffer the heat of the sun.'

فَوَسْوَسَ إِلَيْهِ الشَّيْطَانُ قَالَ يَا آدَمُ هَلْ أَدُلُّكَ عَلَى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلَى (120)

ترجمہ: پس شیطان نے انہیں (ایک) خیال دلا دیا وہ کہنے لگا: اے آدم! کیا میں تمہیں (قربِ الٰہی کی جنت میں) دائمی زندگی بسر کرنے کا درخت بتا دوں اور (ایسی ملکوتی) بادشاہت (کا راز) بھی جسے نہ زوال آئے گا نہ فنا ہوگیo

But Satan suggested him (an) idea. He said: 'O Adam! Shall I inform you of the tree of immortality (in the Paradise of Allah's nearness), and also the (secret of that divine) dominion which will neither fall nor cease to exist?'

فَأَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ لَهُمَا سَوْآتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِن وَرَقِ الْجَنَّةِ وَعَصَى آدَمُ رَبَّهُ فَغَوَى (121)

ترجمہ: سو دونوں نے (اس مقامِ قربِ الٰہی کی لازوال زندگی کے شوق میں) اس درخت سے پھل کھا لیا پس ان پر ان کے مقام ہائے سَتر ظاہر ہو گئے اور دونوں اپنے (بدن) پر جنت (کے درختوں) کے پتے چپکانے لگے اور آدم (علیہ السلام) سے اپنے رب کے حکم (کو سمجھنے) میں فروگذاشت ہوئی ☆ سو وہ (جنت میں دائمی زندگی کی) مراد نہ پا سکےo

☆ (کہ ممانعت مخصوص ایک درخت کی تھی یا اس کی پوری نوع کی تھی، کیونکہ آپ علیہ السلام نے پھل اس مخصوص درخت کا نہیں کھایا تھا بلکہ اسی نوع کے دوسرے درخت سے کھایا تھا، یہ سمجھ کر کہ شاید ممانعت اسی ایک درخت کی تھی۔)

So (in fondness of that station of eternal nearness to Allah) both ate the fruit of that tree. So, their private parts became exposed to them, and both began to stick to their (bodies) the leaves of (the trees in) Paradise. And Adam made a mistake (by way of omission) in (understanding) his Lord's command.* So he could not achieve the aim (of eternal life in Paradise).

*** The prohibition did not pertain to a particular tree; it rather signified the whole of its kind. He did not eat of a particular tree but of another tree of the same kind. He was under the impression that perhaps it was a particular tree which was prohibited and which he abstained from.**

ثُمَّ اجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدَى (122)

ترجمہ: پھر ان کے رب نے انہیں (اپنی قربت و نبوت کے لیے) چن لیا اور ان پر (عفو و رحمت کی خاص) توجہ فرمائی اور منزلِ مقصود کی راہ دکھا دیo

Then his Lord chose him (for His nearness and Prophethood), and turned to him (in His exceptional forgiveness and mercy), and showed the path to the coveted destination.

قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيعاً بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقَى (123)

ترجمہ: ارشاد ہوا: تم یہاں سے سب کے سب اتر جاؤ، تم میں سے بعض بعض کے دشمن ہوں گے، پھر جب میری جانب سے

تمہارے پاس کوئی ہدایت (وحی) آجائے سو جو شخص میری ہدایت کی پیروی کرے گا تو وہ نہ (دنیا میں) گمراہ ہوگا اور نہ (آخرت میں) بدنصیب ہوگاo

(Allah) said: 'Go down from here, all of you. Some of you will be enemies to some others. Then if there comes to you any Guidance (Revelation) from Me, whoever will follow My Guidance will neither lose the straight path (in the world), nor face misfortune (in the Hereafter).

سورۃ الانبیاء:

وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ إِلَّا رِجَالاً نُّوحِيۤ إِلَيْهِمْ فَاسْأَلُواْ أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (7)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) ہم نے آپ سے پہلے (بھی) مَردوں کو ہی (رسول بنا کر) بھیجا تھا ہم ان کی طرف وحی بھیجا کرتے تھے (لوگو!) تم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تم (خود) نہ جانتے ہوo

And, (O Esteemed Beloved,) We sent only men (as Prophets) before you (also). We used to send them Revelations. So, (O people,) if you do not know (yourselves), ask the people of remembrance.

وَمَا جَعَلْنَاهُمْ جَسَداً لَّا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَمَا كَانُوا خَالِدِيْنَ (8)

ترجمہ: اور ہم نے ان (انبیاء) کو ایسے جسم والا نہیں بنایا تھا کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ ہی وہ (دنیا میں بہ حیاتِ ظاہری) ہمیشہ رہنے والے تھےo

And We did not create them (the Prophets) with such bodies as would not eat food, nor were they to live (their visible life in the world) forever.

ثُمَّ صَدَقْنَاهُمُ الْوَعْدَ فَأَنجَيْنَاهُمْ وَمَن نَّشَاء وَأَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ (9)

ترجمہ: پھر ہم نے انہیں اپنا وعدہ سچا کر دکھایا پھر ہم نے انہیں اور جسے ہم نے چاہا نجات بخشی اور ہم نے حد سے بڑھ جانے والوں کو ہلاک کر ڈالاo

Then We fulfilled Our promise to them. So We delivered them and those whom We liked and We destroyed the transgressors.

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى وَهَارُونَ الْفُرْقَانَ وَضِيَاء وَذِكْراً لِّلْمُتَّقِيْنَ (48)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی اور ہارون (علیہما السلام) کو (حق و باطل میں) فرق کرنے والی اور (سراپا) روشنی اور پرہیز گاروں کے لیے نصیحت (پر مبنی کتاب تورات) عطا فرمائیo

And indeed, We granted Musa (Moses) and Harun ([Aaron] the Book, the Torah) the criterion distinguishing (between right and wrong) and (the embodiment of) light and admonition for the Godfearing.

وَلَقَدْ آتَيْنَا إِبْرَاهِيمَ رُشْدَهُ مِن قَبْلُ وَكُنَّا بِهِ عَالِمِيْنَ (51)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے پہلے سے ہی ابراہیم (علیہ السلام) کو ان کے (مرتبہ کے مطابق) فہم و ہدایت دے رکھی تھی اور ہم ان

(کی استعداد واہلیت) کو خوب جاننے والے تھےo

And surely, We awarded Ibrahim (Abraham) understanding and guidance (commensurate with his rank) well before, and We knew him full well (his competence and capability).

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا هَذِهِ التَّمَاثِيلُ الَّتِي أَنتُمْ لَهَا عَاكِفُونَ (52)

ترجمہ: جب انہوں نے اپنے باپ (چچا) اور اپنی قوم سے فرمایا: یہ کیسی مورتیاں ہیں جن (کی پرستش) پر تم جمے بیٹھے ہوo

When he said to his father (i.e., uncle) and his people: 'What idols are these (whose worship) you are stuck to, squatting?'

قَالُوا وَجَدْنَا آبَاءنَا لَهَا عَابِدِينَ (53)

ترجمہ: وہ بولے: ہم نے اپنے باپ دادا کو انہی کی پرستش کرتے پایا تھاo

They said: 'We found our fathers worshipping them.'

قَالَ لَقَدْ كُنتُمْ أَنتُمْ وَآبَاؤُكُمْ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (54)

ترجمہ: (ابراہیم علیہ السلام نے) فرمایا: بے شک تم اور تمہارے باپ دادا (سب) صریح گمراہی میں تھےo

Ibrahim (Abraham) said: 'Surely, you and your fathers (all) were in manifest error.'

قَالُوا أَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ أَمْ أَنتَ مِنَ اللَّاعِبِينَ (55)

ترجمہ: وہ بولے: کیا (صرف) تم ہی حق لائے ہو یا تم (محض) تماشا گروں میں سے ہوo

They said: 'Have you (alone) brought the truth, or are you (just) one of the entertainers?'

قَالَ بَل رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الَّذِي فَطَرَهُنَّ وَأَنَا عَلَى ذَلِكُم مِّنَ الشَّاهِدِينَ (56)

ترجمہ: (ابراہیم علیہ السلام نے) فرمایا: بلکہ تمہارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے ان (سب) کو پیدا فرمایا اور میں اس (بات) پر گواہی دینے والوں میں سے ہوںo

Ibrahim (Abraham) said: 'The truth is that your Lord, Who created them (all), is the Lord of the heavens and the earth, and I am of those who bear witness to this (truth).

وَتَاللَّهِ لَأَكِيدَنَّ أَصْنَامَكُم بَعْدَ أَن تُوَلُّوا مُدْبِرِينَ (57)

ترجمہ: اور اللہ کی قسم! میں تمہارے بتوں کے ساتھ ضرور ایک تدبیر عمل میں لاؤں گا اس کے بعد کہ جب تم پیٹھ پھیر کر پلٹ جاؤ گےo

And I swear by Allah, I shall certainly implement a plan against your idols after you turn back and go away.'

فَجَعَلَهُمْ جُذَاذاً إِلَّا كَبِيراً لَّهُمْ لَعَلَّهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُونَ (58)

ترجمہ: پھر ابراہیم (علیہ السلام) نے ان (بتوں) کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا سوائے بڑے (بُت) کے تاکہ وہ لوگ اس کی طرف

رجوع کریںo

Then Ibrahim (Abraham) broke those (idols) into pieces except the biggest (idol) so that they might turn to it.

قَالُوا مَن فَعَلَ هَذَا بِآلِهَتِنَا إِنَّهُ لَمِنَ الظَّالِمِينَ (59)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: ہمارے معبودوں کا یہ حال کس نے کیا ہے؟ بے شک وہ ضرور ظالموں میں سے ہےo

They said: 'Who has done this to our gods? Surely, he is of the wrongdoers.'

قَالُوا سَمِعْنَا فَتًى يَذْكُرُهُمْ يُقَالُ لَهُ إِبْرَاهِيمُ (60)

ترجمہ: (کچھ) لوگ بولے: ہم نے ایک نوجوان کا سنا ہے جو ان کا ذکر (انکار و تنقید سے) کرتا ہے اسے ابراہیم کہا جاتا ہےo

(Some of the) people said: 'We have heard of a young man who speaks of them (with denial and disgust). He is known as Ibrahim (Abraham).'

قَالُوا فَأْتُوا بِهِ عَلَى أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُونَ (61)

ترجمہ: وہ بولے: اسے لوگوں کے سامنے لے آؤ تاکہ وہ (اسے) دیکھ لیںo

They said: 'Bring him before the people so that they may see (him).'

قَالُوا أَأَنتَ فَعَلْتَ هَذَا بِآلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيمُ (62)

ترجمہ: (جب ابراہیم علیہ السلام آئے تو) وہ کہنے لگے: کیا تم نے ہی ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ حال کیا ہے اے ابراہیمo

(When Ibrahim [Abraham] came) they said: 'O Ibrahim (Abraham), is it you who have done this to our gods?'

قَالَ بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَذَا فَاسْأَلُوهُمْ إِن كَانُوا يَنطِقُونَ (63)

ترجمہ: آپ نے فرمایا: بلکہ یہ (کام) ان کے اس بڑے (بت) نے کیا ہوگا تو ان (بتوں) سے ہی پوچھو اگر وہ بول سکتے ہیںo

He said: 'Nay, this biggest (idol) of them would have done this. So ask these (very idols) if they can speak.'

فَرَجَعُوا إِلَى أَنفُسِهِمْ فَقَالُوا إِنَّكُمْ أَنتُمُ الظَّالِمُونَ (64)

ترجمہ: پھر وہ اپنی ہی (سوچوں کی) طرف پلٹ گئے تو کہنے لگے: بے شک تم خود ہی (ان مجبور و بے بس بتوں کی پوجا کر کے) ظالم (ہو گئے) ہوo

Then they turned to their own (reflections) and said: 'Surely, you yourselves have become the wrongdoers (by worshipping these helpless idols incapable of doing anything).'

ثُمَّ نُكِسُوا عَلَى رُؤُوسِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَا هَؤُلَاءِ يَنطِقُونَ (65)

ترجمہ: پھر وہ اپنے سروں کے بل اوندھے کر دیے گئے (یعنی ان کی عقلیں اوندھی ہو گئیں اور کہنے لگے:) بے شک (اے ابراہیم!) تم خود ہی جانتے ہو کہ یہ تو بولتے نہیں ہیںo

Then they were turned upside down upon their heads (i.e., their thinking reverted and they said: 'Ibrahim [Abraham]), surely you yourself know that they

do not speak.'

قَالَ أَفَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُكُمْ شَيْئاً وَلَا يَضُرُّكُمْ (66)

ترجمہ: (ابراہیم علیہ السلام نے) فرمایا: پھر کیا تم اللہ کو چھوڑ کر ان (مورتیوں) کو پوجتے ہو جو نہ تمہیں کچھ نفع دے سکتی ہیں اور نہ تمہیں نقصان پہنچا سکتی ہیںo

(Ibrahim [Abraham]) said: 'Then do you worship apart from Allah these (idols) which can neither bring you any benefit, nor do you any harm?

أُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (67)

ترجمہ: تف ہے تم پر (بھی) اور ان (بتوں) پر (بھی) جنہیں تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، تو کیا تم عقل نہیں رکھتےo

Fie on you and (also) on these (idols) that you worship apart from Allah! Do you not then have sense?'

قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِن كُنتُمْ فَاعِلِينَ (68)

ترجمہ: وہ بولے: اس کو جلا دو اور اپنے (تباہ حال) معبودوں کی مدد کرو اگر تم (کچھ) کرنے والے ہوo

They said: 'Burn him and help your (ruined) gods if you have to do (something).'

قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْداً وَسَلَاماً عَلَى إِبْرَاهِيمَ (69)

ترجمہ: ہم نے فرمایا: اے آگ! تو ابراہیم پر ٹھنڈی اور سراپا سلامتی ہو جاo

We said: 'O fire, be cool and become absolute safety for Ibrahim (Abraham).'

وَأَرَادُوا بِهِ كَيْداً فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ (70)

ترجمہ: اور انہوں نے ابراہیم (علیہ السلام) کے ساتھ بری چال کا ارادہ کیا تھا مگر ہم نے انہیں بری طرح ناکام کر دیاo

And they had intended an evil plot against Ibrahim (Abraham) but We failed them badly.

وَنَجَّيْنَاهُ وَلُوطاً إِلَى الْأَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ (71)

ترجمہ: اور ہم ابراہیم (علیہ السلام) کو اور لوط (علیہ السلام) کو (جو آپ کے بھتیجے یعنی آپ کے بھائی ہاران کے بیٹے تھے) بچا کر (عراق سے) اس سرزمین (شام) کی طرف لے گئے جس میں ہم نے جہان والوں کے لیے برکتیں رکھی ہیںo

And (from Iraq) We rescued Ibrahim (Abraham) and Lut (Lot, his nephew, the son of his brother Haran,) towards (Syria), the land in which We have placed blessings for the people of the world.

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ نَافِلَةً وَكُلّاً جَعَلْنَا صَالِحِينَ (72)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں (فرزند) اسحاق (علیہ السلام) بخشا اور (پوتا) یعقوب (علیہ السلام ان کی دعا سے) اضافی بخشا، اور ہم نے ان سب کو صالح بنایا تھاo

And We blessed him with (a son) Ishaq (Isaac) and (by his prayer a grandson) Ya'qub (Jacob) in addition, and We made all of them pious.

وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَإِقَامَ الصَّلَاةِ وَإِيْتَاءَ الزَّكَاةِ وَكَانُوا لَنَا عَابِدِيْنَ (73)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں (انسانیت کا) پیشوا بنایا وہ (لوگوں کو) ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے اور ہم نے ان کی طرف اَعمالِ خیر اور نماز قائم کرنے اور زکوٰۃ ادا کرنے (کے احکام) کی وحی بھیجی، اور وہ سب ہمارے عبادت گزار تھے o

And We made them the leaders (of mankind) who guided (people) by Our command, and We sent to them Revelation (giving commands) to do good deeds, establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due). And all of them were Our devoted worshippers.

وَلُوطاً آتَيْنَاهُ حُكْماً وَعِلْماً وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَت تَّعْمَلُ الْخَبَائِثَ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ سَوْءٍ فَاسِقِيْنَ (74)

ترجمہ: اور لوط (علیہ السلام) کو (بھی) ہم نے حکمت اور علم سے نوازا تھا اور ہم نے انہیں اس بستی سے نجات دی جہاں کے لوگ گندے کام کیا کرتے تھے۔ بے شک وہ بہت ہی بری (اور) بدکردار قوم تھی o

And We (also) bestowed upon Lut (Lot) wisdom and knowledge, and We delivered him from the town whose people practised filthy deeds. They were indeed a people with extremely evil (and) immoral character.

وَأَدْخَلْنَاهُ فِي رَحْمَتِنَا إِنَّهُ مِنَ الصَّالِحِيْنَ (75)

ترجمہ: اور ہم نے لوط (علیہ السلام) کو اپنے حریمِ رحمت میں داخل فرما لیا۔ بے شک وہ صالحین میں سے تھے o

And We admitted Lut (Lot) to the fold of Our Mercy. Truly, he was of the pious.

وَنُوحاً إِذْ نَادَى مِن قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهُ فَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ (76)

ترجمہ: اور نوح (علیہ السلام کو بھی یاد کریں) جب انہوں نے ان (انبیاء علیہم السلام) سے پہلے (ہمیں) پکارا تھا سو ہم نے ان کی دعا قبول فرمائی پس ہم نے ان کو اور ان کے گھر والوں کو بڑے شدید غم واندوہ سے نجات بخشی o

And (recall) Nuh (Noah as well) when he called (on Us) before these (Prophets). So We granted his prayer. Then We delivered him and his family from great distress and grief.

وَنَصَرْنَاهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمَ سَوْءٍ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِيْنَ (77)

ترجمہ: اور ہم نے اس قوم (کے اذیت ناک ماحول) میں ان کی مدد فرمائی جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے۔ بے شک وہ (بھی) بہت بری قوم تھی سو ہم نے ان سب کو غرق کر دیا o

And We helped him against (most torturous circumstances of) the people who rejected Our Revelations. Surely, they (too) were a very evil people, so We drowned them all.

وَدَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ إِذْ يَحْكُمَانِ فِي الْحَرْثِ إِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ وَكُنَّا لِحُكْمِهِمْ شَاهِدِيْنَ (78)

ترجمہ: اور داؤد اور سلیمان (علیہما السلام کا قصہ بھی یاد کریں) جب وہ دونوں کھیتی (کے ایک مقدمہ) میں فیصلہ کرنے لگے جب ایک قوم کی بکریاں اس میں رات کے وقت بغیر چرواہے کے گھس گئی تھیں (اور اس کھیتی کو تباہ کر دیا تھا)، اور ہم ان کے فیصلہ کا مشاہدہ فرما رہے تھے o

And (also call to mind the account of) Dawud (David) and Sulayman (Solomon) when both of them were to decide (the dispute) of a crop when the goats of a tribe, unattended by the shepherd, entered the field at night (and destroyed it). And We were witnessing their judgment.

فَفَهَّمْنَاهَا سُلَيْمَانَ وَكُلًّا آتَيْنَا حُكْماً وَعِلْماً وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوُودَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ وَكُنَّا فَاعِلِيْنَ (79)

ترجمہ: چنانچہ ہم ہی نے سلیمان (علیہ السلام) کو وہ (فیصلہ کرنے کا طریقہ) سکھایا تھا اور ہم نے ان سب کو حکمت اور علم سے نوازا تھا اور ہم نے پہاڑوں اور پرندوں (تک) کو داؤد (علیہ السلام) کے (حکم کے) ساتھ پابند کر دیا تھا وہ (سب ان کے ساتھ مل کر) تسبیح پڑھتے تھے، اور ہم ہی (یہ سب کچھ) کرنے والے تھےo

So We alone taught Sulayman ([Solomon] the way to make that judgment) and blessed them all with reason and knowledge. And We made (even) the mountains and the birds subservient to (the command of) Dawud (David). They all celebrated (Our) praise (with him jointly). And it was We Who were doing (all this).

وَعَلَّمْنَاهُ صَنْعَةَ لَبُوسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُم مِّن بَأْسِكُمْ فَهَلْ أَنتُمْ شَاكِرُونَ (80)

ترجمہ: اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو تمہارے لیے زِرہ بنانے کا فن سکھایا تھا تاکہ وہ تمہاری لڑائی میں تمہیں ضرر سے بچائے، تو کیا تم شکرگزار ہوo

And We taught Dawud (David) the art of making the coats of mail for you to protect you from injury in your battle. Are you then grateful?

وَلِسُلَيْمَانَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِىْ بِأَمْرِهِ إِلَى الْأَرْضِ الَّتِىْ بَارَكْنَا فِيْهَا وَكُنَّا بِكُلِّ شَىْءٍ عَالِمِيْنَ (81)

ترجمہ: اور (ہم نے) سلیمان (علیہ السلام) کے لیے تیز ہوا کو (مسخّر کر دیا) جو ان کے حکم سے (جملہ اَطراف واَکناف سے) اس سرزمینِ (شام) کی طرف چلا کرتی تھی جس میں ہم نے برکتیں رکھی ہیں، اور ہم ہر چیز کو (خوب) جاننے والے ہیںo

And to Sulayman ([Solomon] We subjected) the violent wind which used to blow by his command (from all sides and directions) towards (Syria), the land in which We have placed blessings. And We know everything (full) well.

وَمِنَ الشَّيَاطِيْنِ مَن يَغُوصُونَ لَهُ وَيَعْمَلُونَ عَمَلاً دُونَ ذَلِكَ وَكُنَّا لَهُمْ حَافِظِيْنَ (82)

ترجمہ: اور کچھ شیاطین (دیووں اور جنّوں) کو بھی (سلیمان علیہ السلام کے تابع کر دیا تھا) جو ان کے لیے (دریا میں) غوطے لگاتے تھے اور اس کے سوا (ان کے حکم پر) دیگر خدمات بھی انجام دیتے تھے، اور ہم ہی ان (دیووں) کے نگہبان تھےo

And (We) also made (subservient to Sulayman [Solomon]) some of satans (devils and jinn) who dived for him (into the seas) and, besides that, accomplished other services also (under his command). And We alone kept watch over them (devils).

وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَى رَبَّهُ أَنِّىْ مَسَّنِىَ الضُّرُّ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ (83)

ترجمہ: اور ایوب (علیہ السلام کا قصّہ یاد کریں) جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے تکلیف چھو رہی ہے اور تو سب رحم کرنے

والوں سے بڑھ کر مہربان ہےo

And (call to mind the account of) Ayyub (Job) when he called out to his Lord: 'Misery has laid a hand on me, and You are the Most Merciful of all the merciful.'

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ فَكَشَفْنَا مَا بِهِ مِن ضُرٍّ وَآتَيْنَاهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِندِنَا وَذِكْرَى لِلْعَابِدِيْنَ **(84)**

ترجمہ: تو ہم نے ان کی دعا قبول فرمالی اور انہیں جو تکلیف (پہنچ رہی) تھی سو ہم نے اسے دور کر دیا اور ہم نے انہیں ان کے اہل و عیال (بھی) عطا فرمائے اور ان کے ساتھ اتنے ہی اور (عطا فرما دیے)، یہ ہماری طرف سے خاص رحمت اور عبادت گزاروں کے لیے نصیحت ہے (کہ اللہ صبر و شکر کا اجر کیسے دیتا ہے)o

So We granted his prayer, and We removed the misery that was afflicting him. And We (also) gave him back his family, and (bestowed upon him) the like of them along with them. This is an exceptional mercy from Us, and Advice for those who are devoted to Our worship (that is how Allah rewards patience and gratitude).

وَإِسْمَاعِيلَ وَإِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ كُلٌّ مِّنَ الصَّابِرِيْنَ **(85)**

ترجمہ: اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل (علیہم السلام کو بھی یاد فرمائیں)، یہ سب صابر لوگ تھےo

And (also recall) Isma'il (Ishmael), and Idris and Dhu al-Kifl. They were all steadfast men of patience.

وَأَدْخَلْنَاهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا إِنَّهُم مِّنَ الصَّالِحِيْنَ **(86)**

ترجمہ: اور ہم نے انہیں اپنے (دامنِ) رحمت میں داخل فرمایا۔ بے شک وہ نیکوکاروں میں سے تھےo

And We admitted them to (the embrace of) Our mercy. Surely, they were of the pious.

وَذَا النُّونِ إِذ ذَّهَبَ مُغَاضِباً فَظَنَّ أَن لَّن نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادَى فِيْ الظُّلُمَاتِ أَن لَّا إِلَهَ إِلَّا أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ **(87)**

ترجمہ: اور ذوالنون (مچھلی کے پیٹ والے نبی علیہ السلام کو بھی یاد فرمائیے) جب وہ (اپنی قوم پر) غضبناک ہو کر چل دیے پس انہوں نے یہ خیال کر لیا کہ ہم ان پر (اس سفر میں) کوئی تنگی نہیں کریں گے پھر انہوں نے (دریا، رات اور مچھلی کے پیٹ کی تہہ در تہہ) تاریکیوں میں (پھنس کر) پکارا کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تیری ذات پاک ہے، بے شک میں ہی (اپنی جان پر) زیادتی کرنے والوں میں سے تھاo

And (also remember) Dhu al-Nun (the Prophet whom the fish swallowed) when he went away enraged (at his people). So he thought that We would not cause him any distress (during that journey). Then he cried out (entangled) in (the layers of) the darkness (of night, under the sea and in the fish belly): 'There is no God except You. Glory be to You! Surely, I was of those who wrong (their souls).'

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذَلِكَ نُنجِي الْمُؤْمِنِينَ (88)

ترجمہ: پس ہم نے ان کی دعا قبول فرمالی اور ہم نے انہیں غم سے نجات بخشی، اور اسی طرح ہم مومنوں کو نجات دیا کرتے ہیں o

So We granted his prayer and We delivered him from grief. And likewise, We always deliver the believers.

وَزَكَرِيَّا إِذْ نَادَى رَبَّهُ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْداً وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ (89)

ترجمہ: اور زکریا (علیہ السلام کو بھی یاد کریں) جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا: اے میرے رب! مجھے اکیلا مت چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے o

And (remember) Zakariyya ([Zacharias] as well) when he called out to his Lord: 'O my Lord, leave me not single and You are the Best of all inheritors.'

فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَوَهَبْنَا لَهُ يَحْيَى وَأَصْلَحْنَا لَهُ زَوْجَهُ إِنَّهُمْ كَانُوا يُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَيَدْعُونَنَا رَغَباً وَرَهَباً وَكَانُوا لَنَا خَاشِعِينَ (90)

ترجمہ: تو ہم نے ان کی دعا قبول فرمالی اور ہم نے انہیں یحییٰ (علیہ السلام) عطا فرمایا اور ان کی خاطر ان کی زوجہ کو (بھی) درست (قابلِ اولاد) بنا دیا۔ بے شک یہ (سب) نیکی کے کاموں (کی انجام دہی) میں جلدی کرتے تھے اور ہمیں شوق و رغبت اور خوف و خشیّت (کی کیفیتوں) کے ساتھ پکارا کرتے تھے، اور ہمارے حضور بڑے عجز و نیاز کے ساتھ گڑگڑاتے تھے o

So We granted his prayer, and We blessed him with Yahya (John) and, for his sake, made his wife healthy (i.e., fertile). Surely, they (all) used to hasten in (doing) pious deeds and used to call on Us (feeling) eager, fond, fearful and frightened, and used to humble before Our presence in tearful submissions.

وَالَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهَا مِن رُّوحِنَا وَجَعَلْنَاهَا وَابْنَهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ (91)

ترجمہ: اور اُس (پاکیزہ) خاتون (مریم علیہا السلام) کو بھی (یاد کریں) جس نے اپنی عفت کی حفاظت کی پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی اور ہم نے اسے اور اس کے بیٹے (عیسٰی علیہ السلام) کو جہان والوں کے لیے (اپنی قدرت کی) نشانی بنا دیا o

And (call to mind) that (embodiment of purity) Maryam ([Mary] as well) who guarded her chastity. Then We breathed into her of Our Spirit, and We made her and her son ('Isa [Jesus]) a sign (of Our power) for the people of the world.

إِنَّ هَذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُونِ (92)

ترجمہ: بے شک یہ تمہاری ملت ہے (سب) ایک ہی ملت ہے اور میں تمہارا رب ہوں پس تم میری (ہی) عبادت کیا کرو o

Surely, these (people) are your Umma ([Community] and all) are one Umma. And I am your Lord, so worship Me (alone).

سورۃ الحج:

وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ أَن لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ السُّجُودِ (26)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کیجئے) جب ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کے لیے بیت اللہ (یعنی خانہ کعبہ کی تعمیر) کی جگہ کا تعین کر دیا (اور انہیں حکم فرمایا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرانا اور میرے گھر کو (تعمیر کرنے کے بعد) طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں اور سجود کرنے والوں کے لیے پاک وصاف رکھنا o

And (recall) when We fixed for Ibrahim (Abraham) the site of the House of Allah (for the construction of the Ka'ba and ordained him:) 'Do not associate with Me anything and keep My House (after its construction) purified and clean for those who circumambulate it and those who stand and those who kneel and prostrate themselves in Prayer.'

وَأَذِّن فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَى كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ (27)

ترجمہ: اور تم لوگوں میں حج کا بلند آواز سے اعلان کر دو وہ تمہارے پاس پیدل اور تمام دبلے اونٹوں پر (سوار) حاضر ہو جائیں گے جو دور دراز کے راستوں سے آتے ہیں o

And proclaim the ±ajj (Pilgrimage) aloud amongst the people. They will approach you on foot and (mounted) on all lean camels, coming by distant tracks-

لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ فِي أَيَّامٍ مَّعْلُومَاتٍ عَلَى مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْبَائِسَ الْفَقِيرَ (28)

ترجمہ: تاکہ وہ اپنے فوائد (بھی) پائیں اور (قربانی کے) مقررہ دنوں کے اندر اللہ نے جو مویشی چوپائے ان کو بخشے ہیں ان پر (ذبح کے وقت) اللہ کے نام کا ذکر بھی کریں، پس تم اس میں سے خود (بھی) کھاؤ اور خستہ حال محتاج کو (بھی) کھلاؤ o

So that they may avail themselves of their benefits, and invoke the Name of Allah as well (whilst slaughtering) over the cattle which Allah has provided for them (for sacrifice), during the appointed days. Then eat of them yourselves and feed the distressed and the needy.

ثُمَّ لْيَقْضُوا تَفَثَهُمْ وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ وَلْيَطَّوَّفُوا بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ (29)

ترجمہ: پھر انہیں چاہئے کہ (احرام سے نکلتے ہوئے بال اور ناخن کٹوا کر) اپنا میل کچیل دور کریں اور اپنی نذریں (یا بقیہ مناسک) پوری کریں اور (اللہ کے) قدیم گھر (خانہ کعبہ) کا طوافِ (زیارت) کریں o

Then let them cleanse their dirt (i.e., cut their hair and nails on removing ihram, the Pilgrim attire), fulfil their vows (or the remaining prescribed rituals of Pilgrimage) and make (the prescribed visitation) circumambulation of Allah's Ancient House (the Ka'ba).

وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ (42)

ترجمہ: اوراگر یہ (کفار) آپ کو جھٹلاتے ہیں تو ان سے پہلے قومِ نوح اور عاد و ثمود نے بھی (اپنے رسولوں کو) جھٹلایا تھاo

And if these (disbelievers) reject you, then the people of Nuh (Noah) and 'Ad and Thamud (also) denied (their Prophets),

وَقَوْمُ إِبْرَاهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ **(43)**

ترجمہ: اورقومِ ابراہیم اورقومِ لوط نے (بھی)o

And the people of Ibrahim (Abraham) and (also) the people of Lut (Lot),

وَأَصْحَابُ مَدْيَنَ وَكُذِّبَ مُوسَى فَأَمْلَيْتُ لِلْكَافِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ **(44)**

ترجمہ: اور باشندگانِ مدین نے (بھی جھٹلایا تھا) اور موسیٰ (علیہ السلام) کو بھی جھٹلایا گیا سو میں (ان سب) کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر میں نے انہیں پکڑ لیا، پھر (بتائیے) میرا عذاب کیسا تھاo

And the inhabitants of Madyan (too belied). And Musa (Moses) was also rejected. So I kept giving respite to (all) the disbelievers. Ultimately, I seized them. (Say) how terrible was My punishment!

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ **(52)**

ترجمہ: اورہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا اور نہ کوئی نبی مگر (سب کے ساتھ یہ واقعہ گزرا کہ) جب اس (رسول یا نبی) نے (لوگوں پر کلامِ الٰہی) پڑھا (تو) شیطان نے (لوگوں کے ذہنوں میں) اس (نبی کے) پڑھے ہوئے (یعنی تلاوت شدہ) کلام میں (اپنی طرف سے باطل شبہات اور فاسد خیالات کو) ملا دیا، سو شیطان جو (وسوسے سننے والوں کے ذہنوں میں) ڈالتا ہے اللہ انہیں زائل فرما دیتا ہے پھر اللہ اپنی آیتوں کو (اہلِ ایمان کے دلوں میں) نہایت مضبوط کر دیتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And We did not send any Messenger and Prophet before you, but (it happened to them all) that when he (the Prophet or the Messenger) would recite (to the people the Revelations of Allah), Satan mixed up in their minds false doubts, and absurd ideas of his own with the Verses recited (by that Prophet). Then Allah removes those doubts from the minds of the people which Satan puts (into the minds of the listeners). And then Allah firmly establishes His Verses (in the hearts of the believers). And Allah is All-Knowing, All-Wise.

لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكاً هُمْ نَاسِكُوهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَى رَبِّكَ إِنَّكَ لَعَلَى هُدًى مُّسْتَقِيمٍ **(67)**

ترجمہ: ہم نے ہر ایک امت کے لیے (احکامِ شریعت یا عبادت و قربانی کی) ایک راہ مقرر کر دی ہے، انہیں اسی پر چلنا ہے، سو یہ لوگ آپ سے ہرگز (اللہ کے) حکم میں جھگڑا نہ کریں، اور آپ اپنے رب کی طرف بلاتے رہیں۔ بے شک آپ ہی سیدھی (راہِ) ہدایت پر ہیںo

We have appointed for every people a way (of Islamic injunctions or worship and sacrifice) which they are to act upon. So let them not at all dispute with

you over the command (of Allah). And keep calling towards your Lord. Certainly, it is you who are on the straight (path of) guidance.

وَجَاهِدُوا فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ هُوَ اجْتَبَاكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّينِ مِنْ حَرَجٍ مِّلَّةَ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ مِن قَبْلُ وَفِي هَذَا لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيداً عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا شُهَدَاء عَلَى النَّاسِ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللَّهِ هُوَ مَوْلَاكُمْ فَنِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيرُ (78)

ترجمہ: اور (خاتمۂ ظلم، قیامِ اَمن اور تکریمِ اِنسانیت کے لیے) اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ اس کے جہاد کا حق ہے۔ اس نے تمہیں منتخب فرما لیا ہے اور اس نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی۔ (یہی) تمہارے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کا دین ہے۔ اس (اللہ) نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے، اس سے پہلے (کی کتابوں میں) بھی اور اس (قرآن) میں بھی تاکہ یہ رسولِ (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تم پر گواہ ہو جائیں اور تم بنی نوع انسان پر گواہ ہو جاؤ، پس (اس مرتبہ پر فائز رہنے کے لیے) تم نماز قائم کیا کرو اور زکوٰۃ ادا کیا کرو اور اللہ (کے دامن) کو مضبوطی سے تھامے رکھو، وہی تمہارا مددگار (و کارساز) ہے، پس وہ کتنا اچھا کارساز (ہے) اور کتنا اچھا مددگار ہے o

And strive hard in the way of Allah (for the elimination of oppression, and the establishment of peace and human dignity,) such a striving as is due to Him. He has chosen you, and has not laid upon you any hardship or constriction (in the matter of) Din (Religion). This is the Din (Religion) of your father Ibrahim (Abraham). He (Allah) has named you Muslims in the previous (Books) as well as in this (Holy Qur'an) so that this (final) Messenger may be a witness over you and you be witnesses over mankind. So, (to sustain this status) establish the Prayer, pay Zakat (the Alms-due, i.e., mandatory charity) and hold fast to (the embrace of) Allah. He (alone) is your Helper (i.e., Patron). So what an excellent Patron and what an excellent Helper is He!

سورۃ المومنون:

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَهٍ غَيْرُهُ أَفَلَا تَتَّقُونَ (23)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو انہوں نے فرمایا: اے لوگو! تم اللہ کی عبادت کیا کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے، تو کیا تم نہیں ڈرتے o

And surely, We sent Nuh (Noah) to his people. He said: 'O people, always worship Allah. There is no God for you other than He. So do you not fear?'

فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ مَا هَذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُرِيدُ أَن يَتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ وَلَوْ شَاء اللَّهُ لَأَنزَلَ مَلَائِكَةً مَّا سَمِعْنَا بِهَذَا فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ (24)

ترجمہ: تو ان کی قوم کے سردار (اور وڈیرے) جو کفر کر رہے تھے کہنے لگے: یہ شخص محض تمہارے ہی جیسا ایک بشر ہے (اس کے سوا کچھ نہیں)، یہ تم پر (اپنی) فضیلت و برتری قائم کرنا چاہتا ہے، اور اگر اللہ (ہدایت کے لیے کسی پیغمبر کو بھیجنا) چاہتا تو فرشتوں کو اتار

دیتا، ہم نے تو یہ بات (کہ ہمارے جیسا ہی ایک شخص ہمارا رسول بنا دیا جائے) اپنے اگلے آباء واجداد میں (کبھی) نہیں سنیo

Then the chiefs (and the lords) of his people who disbelieved said: 'This man is just a human being like you (nothing else). He seeks to establish (his) superiority and predominance over you. And if Allah wanted (to send some Messenger for guidance), He would send down angels. We have never heard of it from our ancestors (that a human being like us should be appointed as our Messenger).

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ بِهِ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتَّى حِيْنٍ **(25)**

ترجمہ: یہ شخص تو سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ اسے دیوانگی (کا عارضہ لاحق ہو گیا) ہے سو تم ایک عرصہ تک اس کا انتظار کرو (دیکھو آگے کیا کرتا ہے)o

He is nothing but a man (afflicted) with madness. So wait for him, for a while (and keep an eye on what he does next).'

قَالَ رَبِّ انصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ **(26)**

ترجمہ: نوح (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! میری مدد فرما کیونکہ انہوں نے مجھے جھٹلا دیا ہےo

Nuh (Noah) submitted: 'O my Lord, help me because they have rejected me.'

فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ فَاسْلُكْ فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوا إِنَّهُم مُّغْرَقُوْنَ **(27)**

ترجمہ: پھر ہم نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ تم ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم کے مطابق ایک کشتی بناؤ سو جب ہمارا حکم (عذاب) آ جائے اور تنور (بھر کر پانی) ابلنے لگے تو تم اس میں ہر قسم کے جانوروں میں سے دو دو جوڑے (نر و مادہ) بٹھا لینا اور اپنے گھر والوں کو بھی (اس میں سوار کر لینا) سوائے ان میں سے اس شخص کے جس پر فرمانِ (عذاب) پہلے ہی صادر ہو چکا ہے، اور مجھ سے ان لوگوں کے بارے میں کچھ عرض بھی نہ کرنا جنہوں نے (تمہارے انکار و استہزاء کی صورت میں) ظلم کیا ہے، وہ (بہرطور) ڈبو دیے جائیں گےo

Then We revealed to him: 'Build an Ark under Our supervision according to Our command. So when Our command (for torment) comes and the (water-filled) oven starts overflowing, load into it of every kind of animals two pairs each (male and female) and also your family, except that one amongst them about whom the command (of torment) has already been issued. And also do not supplicate Me concerning those who have wronged (by denying and mocking you). They shall (surely) be drowned.

فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنتَ وَمَن مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِيْ نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ **(28)**

ترجمہ: پھر جب تم اور تمہاری سنگت والے (لوگ) کشتی میں ٹھیک طرح سے بیٹھ جائیں تو کہنا (کہ) ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں ظالم قوم سے نجات بخشیo

So when you and the (people) accompanying you get settled in the Ark, then

say: All praise be to Allah alone, Who has delivered us from the unjust people.

وَقُل رَّبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلاً مُّبَارَكاً وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ (29)

ترجمہ: اورعرض کرنا: اے میرے رب! مجھے بابرکت منزل پر اتاراورتو سب سے بہتر اتارنے والا ہےo

And submit: O my Lord, land me at a blessed destination, and You are the Best of all who bring to land.'

إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ وَإِن كُنَّا لَمُبْتَلِينَ (30)

ترجمہ: بےشک اس (واقعہ) میں (بہت سی) نشانیاں ہیں اور یقیناً ہم آزمائش کرنے والے ہیںo

Surely in this (event), there are (many) signs and We do certainly make trials.

ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْناً آخَرِينَ (31)

ترجمہ: پھر ہم نے ان کے بعد دوسری قوم کو پیدا فرمایاo

Then We raised after them another community.

فَأَرْسَلْنَا فِيهِمْ رَسُولاً مِّنْهُمْ أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَهٍ غَيْرُهُ أَفَلَا تَتَّقُونَ (32)

ترجمہ: سوہم نے ان میں (بھی) انہی میں سے رسول بھیجا کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے، تو کیا تم نہیں ڈرتےo

So We sent amongst them (also) a Messenger from amongst themselves: 'Worship Allah. There is no God for you other than He. So do you not fear?'

وَقَالَ الْمَلَأُ مِن قَوْمِهِ الَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِلِقَاء الْآخِرَةِ وَأَتْرَفْنَاهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا مَا هَذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَأْكُلُ مِمَّا تَأْكُلُونَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُونَ (33)

ترجمہ: اوران کی قوم کے (بھی وہی) سردار (اوروڈیرے) بول اٹھے جوکفر کررہے تھے اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلاتے تھے اور ہم نے انہیں دنیوی زندگی میں (مال ودولت کی کثرت کے باعث) آسودگی (بھی) دے رکھی تھی (لوگوں سے کہنے لگے) کہ یہ شخص تو محض تمہارے ہی جیسا ایک بشر ہے، وہی چیزیں کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہی کچھ پیتا ہے جو تم پیتے ہوo

And thus proclaimed the chiefs (and the lords) of his people (too) who disbelieved and rejected the meeting of the Hereafter and whom We had (also) given prosperity (on account of abundant wealth) in the worldly life: 'He is only a human being like you. He eats what you eat and drinks what you drink.

وَلَئِنْ أَطَعْتُم بَشَراً مِّثْلَكُمْ إِنَّكُمْ إِذاً لَّخَاسِرُونَ (34)

ترجمہ: اوراگر تم نے اپنے ہی جیسے ایک بشر کی اطاعت کرلی تو پھر تم ضرور خسارہ اٹھانے والے ہوگےo

And if you obey a human being like yourselves, then you shall be the sure losers.

أَيَعِدُكُمْ أَنَّكُمْ إِذَا مِتُّمْ وَكُنتُمْ تُرَاباً وَعِظَاماً أَنَّكُم مُّخْرَجُونَ (35)

ترجمہ: کیا یہ (شخص) تم سے یہ وعدہ کررہا ہے کہ جب تم مرجاؤ گے اور تم مٹی اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہوجاؤ گے تو تم (دوبارہ زندہ ہو

کر) نکالے جاؤ گےo

Does he promise you that, when you die and become dust and (decomposed) bones, you will be brought forth (alive again)?

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوعَدُونَ (36)

ترجمہ: بعید (اَز قیاس) بعید (اَز وقوع) ہیں وہ باتیں جن کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

Far (from understanding), far (off from likelihood) are the things you are being promised.

إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ (37)

ترجمہ: وہ (آخرت کی زندگی کچھ) نہیں ہماری زندگانی تو یہی دنیا ہے ہم (یہیں) مرتے اور جیتے ہیں اور (بس ختم)، ہم (دوبارہ) نہیں اٹھائے جائیں گےo

There is nothing (like life after death). Our life is only this world. We live and die (here alone) and (that is all). We shall not be raised up (again).

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِباً وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ (38)

ترجمہ: یہ تو محض ایسا شخص ہے جس نے اللہ پر جھوٹا بہتان لگایا ہے اور ہم بالکل اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیںo

He is merely a man who has put a false blame on Allah, and we are not going to believe in him at all.'

قَالَ رَبِّ انصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ (39)

ترجمہ: (پیغمبر نے) عرض کیا: اے میرے رب! میری مدد فرما اس صورتحال میں کہ انہوں نے مجھے جھٹلا دیا ہےo

(The Prophet) submitted: 'O my Lord, help me in the circumstances that they have rejected me.'

قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَيُصْبِحُنَّ نَادِمِينَ (40)

ترجمہ: ارشاد ہوا: تھوڑی ہی دیر میں وہ پشیماں ہو کر رہ جائیں گےo

(Allah) said: 'They will be full of regret in a little while.'

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً فَبُعْداً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (41)

ترجمہ: پس سچے وعدہ کے مطابق انہیں خوفناک آواز نے آ پکڑا سو ہم نے انہیں خس و خاشاک بنا دیا، پس ظالم قوم کے لیے (ہماری رحمت سے) دوری و محرومی ہےo

So, according to the true promise, the dreadful Blast seized them, and We made them a waste of withered grass. Far distant from, and deprived (of, Our mercy) are the unjust and wrongdoing people.

ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قُرُوناً آخَرِينَ (42)

ترجمہ: پھر ہم نے ان کے بعد (یکے بعد دیگرے) دوسری امتوں کو پیدا فرمایاo

Later We raised after them other communities (one after the other).

مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ (43)

ترجمہ: کوئی بھی امت اپنے وقت مقرر سے نہ آگے بڑھ سکتی ہے اور نہ وہ لوگ پیچھے ہٹ سکتے ہیںo

No community can step ahead of its appointed time, nor can it step back.

ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا كُلَّ مَا جَاء أُمَّةً رَّسُولُهَا كَذَّبُوهُ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُم بَعْضاً وَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ فَبُعْداً لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ (44)

ترجمہ: پھر ہم نے پے در پے اپنے رسولوں کو بھیجا۔ جب بھی کسی امت کے پاس اس کا رسول آتا وہ اسے جھٹلا دیتے تو ہم (بھی) ان میں سے بعض کو بعض کے پیچھے (ہلاک در ہلاک) کرتے چلے گئے اور ہم نے انہیں داستانیں بنا ڈالا، پس ہلاکت ہو ان لوگوں کے لیے جو ایمان نہیں لاتےo

Then We sent Our Messengers one after the other. Whenever there came to a community their Messenger, they rejected him. Then We also destroyed them one after another (by successive torments) and We reduced them to mere tales. So woe to the people who do not believe!

ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَى وَأَخَاهُ هَارُونَ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ (45)

ترجمہ: پھر ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) اور ان کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں اور روشن دلیل دے کر بھیجاo

Then We sent Musa (Moses) and his brother Harun (Aaron) with Our signs and an evident authority,

إِلَى فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْماً عَالِينَ (46)

ترجمہ: فرعون اور اس (کی قوم) کے سرداروں کی طرف تو انہوں نے بھی تکبّر و رعونت سے کام لیا اور وہ بھی (بڑے) ظالم و سرکش لوگ تھےo

To Pharaoh and the chiefs (of his people). They too behaved with arrogance and conceit. And they too were (extremely) wrongdoing and a disobedient people.

فَقَالُوا أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَابِدُونَ (47)

ترجمہ: سو انہوں نے (بھی یہی) کہا کہ کیا ہم اپنے جیسے دو بشروں پر ایمان لے آئیں حالاں کہ ان کی قوم کے لوگ ہماری پرستش کرتے ہیںo

So they (also) said (the same): 'Shall we believe in two human beings like ourselves whilst their people worship us?'

فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا مِنَ الْمُهْلَكِينَ (48)

ترجمہ: پس انہوں نے (بھی) ان دونوں کو جھٹلا دیا سو وہ بھی ہلاک کیے گئے لوگوں میں سے ہو گئےo

They (also) belied both of them. So they too became of those who were eliminated.

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ (49)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب عطا فرمائی تا کہ وہ لوگ ہدایت پا جائیں o

And indeed, We gave Musa (Moses) the Book so that they might take guidance.

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ آيَةً وَآوَيْنَاهُمَا إِلَى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَمَعِينٍ (50)

ترجمہ: اور ہم نے ابن مریم (عیسٰی علیہ السلام) کو اور ان کی ماں کو اپنی (زبردست) نشانی بنایا اور ہم نے ان دونوں کو ایک (ایسی) بلند زمین میں سکونت بخشی جو آسائش و آرام رہنے کے قابل (بھی) تھی اور وہاں آنکھوں کے (نظارے کے) لیے بہتے پانی (یعنی نہریں، آبشاریں اور چشمے بھی) تھے o

And We made 'Isa (Jesus), the son of Maryam (Mary), and his mother Our (great) sign. And We provided them a comfortable and facilitated abode on a pleasant, elevated ground fit for living with ease and comfort, and there was flowing water (i.e., streams, waterfalls and springs-a feast) for sight.

يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوا صَالِحاً إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ (51)

ترجمہ: اے رُسُلِ (عظام!) تم پاکیزہ چیزوں میں سے کھایا کرو (جیسا کہ تمہارا معمول ہے) اور نیک عمل کرتے رہو، بے شک جو عمل بھی تم کرتے ہو میں اس سے خوب واقف ہوں o

O (My Esteemed) Messengers! Eat of the pure things (as your practice is) and do good deeds with persistence. Surely, I am Well Aware of whatever (deed) you do.

وَإِنَّ هَذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُونِ (52)

ترجمہ: اور بے شک یہ تمہاری امت ہے (جو حقیقت میں) ایک ہی امت (ہے) اور میں تمہارا رب ہوں سو مجھ سے ڈرا کرو o

And surely, this is your Umma ([Community] which is in fact) but one Umma (Community) and I am your Lord. Therefore, always fear Me.

فَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ زُبُراً كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ (53)

ترجمہ: پس انہوں نے اپنے (دین کے) امر کو آپس میں اختلاف کر کے فرقہ فرقہ کر ڈالا، ہر فرقہ والے اسی قدر (دین کے حصہ) سے جو ان کے پاس ہے خوش ہیں o

But they broke the command of their din (religion) into sects by disagreeing amongst themselves. Each sect is pleased with that much (portion of din [religion]) which they have.

فَذَرْهُمْ فِي غَمْرَتِهِمْ حَتَّى حِينٍ (54)

ترجمہ: پس آپ ان کو ایک عرصہ تک ان کے نشۂ جہالت و ضلالت میں چھوڑے رکھئے o

So leave them ditched in their ignorance and error for a time.

أَيَحْسَبُونَ أَنَّمَا نُمِدُّهُم بِهِ مِن مَّالٍ وَبَنِينَ (55)

ترجمہ: کیا وہ لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم جو (دنیا میں) مال و اولاد کے ذریعہ ان کی مدد کر رہے ہیں o

Do they think that the help We are giving them (in this world) in the shape of

wealth and children,

نُسَارِعُ لَهُمْ فِيْ الْخَيْرَاتِ بَل لَّا يَشْعُرُوْنَ **(56)**

ترجمہ: تو ہم ان کے لیے بھلائیوں (کی فراہمی) میں جلدی کر رہے ہیں، (ایسا نہیں) بلکہ انہیں شعور ہی نہیں ہےo

(Implies that) We are hastening (the provision of) good things to them? (Nay!) The truth is that they have no awareness.

سورۃ الفرقان:

وَمَا أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ إِلَّا إِنَّهُمْ لَيَأْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِيْ الْأَسْوَاقِ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً أَتَصْبِرُوْنَ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْراً **(20)**

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے رسول نہیں بھیجے مگر (یہ کہ) وہ کھانا (بھی) یقیناً کھاتے تھے اور بازاروں میں بھی (حسبِ ضرورت) چلتے پھرتے تھے اور ہم نے تم کو ایک دوسرے کے لیے آزمائش بنایا ہے، کیا تم (آزمائش پر) صبر کرو گے؟ اور آپ کا رب خوب دیکھنے والا ہےo

And We did not send Messengers before you but (that) they certainly ate food and also walked about in the marketplaces (as needed). And We have made you a trial for one another. Will you observe patience (in trial)? And your Lord is All-Seeing.

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوّاً مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ وَكَفَى بِرَبِّكَ هَادِيْاً وَنَصِيْراً **(31)**

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے جرائم شعار لوگوں میں سے (ان کے) دشمن بنائے تھے (جو ان کے پیغمبرانہ مشن کی مخالفت کرتے اور اس طرح حق اور باطل قوتوں کے درمیان تضاد پیدا ہوتا جس سے انقلاب کے لیے سازگار فضا تیار ہو جاتی تھی)، اور آپ کا رب ہدایت کرنے اور مدد فرمانے کے لیے کافی ہےo

And that is how We made for every Prophet (their) enemy from the evildoers (who used to oppose their Prophetic mission, and this way, a conflict between the forces of good and evil would develop and a favourable and congenial environment for peaceful change would take shape against tyranny, oppression and injustice). And your Lord is sufficient to guide and help.

سورۃ الشعرآء:

وَإِذْ نَادَى رَبُّكَ مُوسَى أَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ **(10)**

ترجمہ: اور (وہ واقعہ یاد کیجئے) جب آپ کے رب نے موسٰی (علیہ السلام) کو ندا دی کہ تم ظالموں کی قوم کے پاس جاؤo

And (recall) when your Lord called to Musa (Moses): 'Go to the wrongdoing people;

قَوْمَ فِرْعَوْنَ أَلَا يَتَّقُوْنَ **(11)**

ترجمہ: (یعنی) قومِ فرعون کے پاس، کیا وہ (اللہ سے) نہیں ڈرتےo

(That is) the people of Pharaoh. Do they not fear (Allah)?'

قَالَ رَبِّ إِنِّيٓ أَخَافُ أَن يُكَذِّبُونِ (12)

ترجمہ: موسیٰ (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے رب! میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے جھٹلا دیں گےo

Musa (Moses) submitted: 'O my Lord, I fear that they will reject me.

وَيَضِيقُ صَدۡرِي وَلَا يَنطَلِقُ لِسَانِي فَأَرۡسِلۡ إِلَىٰ هَٰرُونَ (13)

ترجمہ: اور (ایسے ناسازگار ماحول میں) میرا سینہ تنگ ہو جاتا ہے اور میری زبان (روانی سے) نہیں چلتی سو ہارون (علیہ السلام) کی طرف (بھی جبریل علیہ السلام کو وحی کے ساتھ) بھیج دے (تاکہ وہ میرا معاون بن جائے)o

And my breast constricts (under such adverse circumstances) and my tongue does not express (fluently), so send (Gabriel with revelation) to Harun ([Aaron] as well so that he becomes my helper).

وَلَهُمۡ عَلَيَّ ذَنۢبٞ فَأَخَافُ أَن يَقۡتُلُونِ (14)

ترجمہ: اور ان کا میرے اوپر (قبطی کو مار ڈالنے کا) ایک الزام بھی ہے سو میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر ڈالیں گےo

And they also have a charge against me (of killing a Copt), so I fear they may kill me.'

قَالَ كَلَّاۖ فَٱذۡهَبَا بِـَٔايَٰتِنَآۖ إِنَّا مَعَكُم مُّسۡتَمِعُونَ (15)

ترجمہ: ارشاد ہوا: ہرگز نہیں، پس تم دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ بے شک ہم تمہارے ساتھ (ہر بات) سننے والے ہیںo

(Allah) said: 'By no means, so go both of you, with Our signs. Surely, We are with you, hearing (everything).

فَأۡتِيَا فِرۡعَوۡنَ فَقُولَآ إِنَّا رَسُولُ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ (16)

ترجمہ: پس تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور کہو: ہم سارے جہانوں کے پروردگار کے (بھیجے ہوئے) رسول ہیںo

So go, both of you, to Pharaoh and say: We are the Messengers (sent) by the Lord of all the worlds.

أَنۡ أَرۡسِلۡ مَعَنَا بَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ (17)

ترجمہ: (ہمارا مدعا یہ ہے) کہ تو بنی اسرائیل کو (آزادی دے کر) ہمارے ساتھ بھیج دےo

(Our aim is that) you send the Children of Israel with us (setting them free).'

قَالَ أَلَمۡ نُرَبِّكَ فِينَا وَلِيدٗا وَلَبِثۡتَ فِينَا مِنۡ عُمُرِكَ سِنِينَ (18)

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: کیا ہم نے تمہیں اپنے یہاں بچپن کی حالت میں پالا نہیں تھا اور تم نے اپنی عمر کے کتنے ہی سال ہمارے اندر بسر کیے تھےo

Pharaoh said: 'Did we not bring you up amongst us as a child, and you spent many years of your life with us?'

وَفَعَلۡتَ فَعۡلَتَكَ ٱلَّتِي فَعَلۡتَ وَأَنتَ مِنَ ٱلۡكَٰفِرِينَ (19)

ترجمہ: اور (پھر) تم نے اپنا وہ کام کر ڈالا جو تم نے کیا تھا (یعنی ایک قبطی کو قتل کر دیا) اور تم ناشکر گزاروں میں سے ہو (ہماری

پرورش اور احسانات کو بھول گئے ہو)o

And (then) you committed that deed which you committed (i.e., you killed a Copt), and you are one of the ungrateful (you have forgotten our guardianship and favours).

قَالَ فَعَلْتُهَا إِذاً وَأَنَا مِنَ الضَّالِّيْنَ (20)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) فرمایا: جب میں نے وہ کام کیا میں بے خبر تھا (کہ کیا ایک گھونسے سے اس کی موت بھی واقع ہو سکتی ہے)o

(Musa [Moses]) said: 'When I did that deed, I was unaware (that even a single blow would take his life).

فَفَرَرْتُ مِنكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْماً وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (21)

ترجمہ: پھر میں (اس وقت) تمہارے (دائرہ اختیار) سے نکل گیا جب میں تمہارے (ارادوں) سے خوفزدہ ہوا پھر میرے رب نے مجھے حکمِ (نبوت) بخشا اور (بالآخر) مجھے رسولوں میں شامل فرما دیاo

So (at that time), I went out of your (line of control) when I feared your (designs). Then my Lord bestowed on me the commandment (of Prophethood) and (finally) made me one of the Messengers.

وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ أَنْ عَبَّدتَّ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ (22)

ترجمہ: اور کیا وہ (کوئی) بھلائی ہے جس کا تو مجھ پر احسان جتا رہا ہے (اس کا سبب بھی یہ تھا) کہ تو نے (میری پوری قوم) بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا تھاo

And is that (any) favour of which you are reminding me? (That happened also because) you had enslaved (all my people) the Children of Israel.'

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعَالَمِيْنَ (23)

ترجمہ: فرعون نے کہا: سارے جہانوں کا پروردگار کیا چیز ہےo

(Pharaoh) said: 'What is the Lord of all the worlds?'

قَالَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُم مُّوقِنِيْنَ (24)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) فرمایا: (وہ) جملہ آسمانوں کا اور زمین کا اور اُس (ساری کائنات) کا رب ہے جو ان دونوں کے درمیان ہے اگر تم یقین کرنے والے ہوo

(Musa [Moses]) said: '(He) is the Lord of all the heavens and the earth and (the whole universe) between the two if you are a firm believer.'

قَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ أَلَا تَسْتَمِعُوْنَ (25)

ترجمہ: اس نے ان (لوگوں) سے کہا جو اس کے گرد (بیٹھے) تھے: کیا تم سن نہیں رہے ہوo

He said to those seated around him: 'Are you not listening?'

قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِيْنَ (26)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے مزید) کہا کہ (وہی) تمہارا (بھی) رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا (بھی) رب ہےo

(Musa [Moses]) added: '(The One Who) is your Lord and the Lord of your forefathers (too).'

قَالَ إِنَّ رَسُولَكُمُ الَّذِيٓ أُرۡسِلَ إِلَيۡكُمۡ لَمَجۡنُونٞ (27)

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: بے شک تمہارا رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے ضرور دیوانہ ہےo

(Pharaoh) said: 'Surely, your Messenger that has been sent to you is but insane.'

قَالَ رَبُّ ٱلۡمَشۡرِقِ وَٱلۡمَغۡرِبِ وَمَا بَيۡنَهُمَآ إِن كُنتُمۡ تَعۡقِلُونَ (28)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) کہا: (وہ) مشرق اور مغرب اور اس (ساری کائنات) کا رب ہے جو ان دونوں کے درمیان ہے اگر تم (کچھ) عقل رکھتے ہوo

(Musa [Moses]) said: '(He) is the Lord of the east and the west, and (the whole universe) between the two if you have (some) sense.'

قَالَ لَئِنِ ٱتَّخَذۡتَ إِلَٰهًا غَيۡرِي لَأَجۡعَلَنَّكَ مِنَ ٱلۡمَسۡجُونِينَ (29)

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: (اے موسٰی!) اگر تم نے میرے سوا کسی اور کو معبود بنایا تو میں تم کو ضرور (گرفتار کر کے) قیدیوں میں شامل کر دوں گاo

(Pharaoh) said: '(O Musa [Moses,]) if you take a god other than me, I will certainly (arrest and) put you amongst the prisoners.'

قَالَ أَوَلَوۡ جِئۡتُكَ بِشَيۡءٖ مُّبِينٖ (30)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) فرمایا: اگرچہ میں تیرے پاس کوئی واضح چیز (بطور معجزہ بھی) لے آؤں Oo

(Musa [Moses]) said: 'Even if I bring you something manifest (also as a miracle)?'

قَالَ فَأۡتِ بِهِۦٓ إِن كُنتَ مِنَ ٱلصَّٰدِقِينَ (31)

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: تم اسے لے آؤ اگر تم سچے ہوo

(Pharaoh) said: 'Bring it if you are truthful.'

فَأَلۡقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعۡبَانٞ مُّبِينٞ (32)

ترجمہ: پس موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنا عصا (زمین پر) ڈال دیا وہ اُسی وقت واضح (طور پر) اژدہا بن گیاo

So Musa (Moses) put his staff down (on the ground) and that, at once, became a serpent, evidently clear.

وَنَزَعَ يَدَهُۥ فَإِذَا هِيَ بَيۡضَآءُ لِلنَّٰظِرِينَ (33)

ترجمہ: اور (موسٰی علیہ السلام نے) اپنا ہاتھ (بغل میں ڈال کر) باہر نکالا تو وہ اسی وقت دیکھنے والوں کے لیے (چمک دار) سفید ہو گیاo

And (Musa [Moses]) brought out his hand (after putting it under his armpit) and

there it became radiant white to the viewers.

قَالَ لِلْمَلَإِ حَوْلَهُ إِنَّ هَذَا لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ (34)

ترجمہ: (فرعون نے) اپنے اردگرد (بیٹھے ہوئے) سرداروں سے کہا: بلاشبہ یہ بڑا دانا جادوگر ہےo

(Pharaoh) said to the chiefs (sitting) around him: 'Undoubtedly, he is a (highly) learned sorcerer.

يُرِيدُ أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ أَرْضِكُم بِسِحْرِهِ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ (35)

ترجمہ: یہ چاہتا ہے کہ تمہیں اپنے جادو (کے زور) سے تمہارے ملک سے باہر نکال دے پس تم (اب اس کے بارے میں) کیا رائے دیتے ہوo

He seeks to drive you out of your land by (the force of) his magic. So what is your opinion (about him now)?'

قَالُوا أَرْجِهِ وَأَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ (36)

ترجمہ: وہ بولے کہ تو اسے اور اس کے بھائی (ہارون کے حکمِ سزا سنانے) کو مؤخر کر دے اور (تمام) شہروں میں (جادوگروں کو بلانے کے لیے) ہرکارے بھیج دےo

They said: 'Put off (the announcement of sentence for) him and his brother (Harun [Aaron]) and send callers to (all) the cities (to summon the sorcerers).

يَأْتُوكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيمٍ (37)

ترجمہ: وہ تیرے پاس ہر بڑے ماہرِ فن جادوگر کو لے آئیںo

They will bring you every high ranking, expert sorcerer.'

فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ (38)

ترجمہ: پس سارے جادوگر مقررہ دن کے معینہ وقت پر جمع کر لیے گئےo

So all the sorcerers were assembled at the appointed time on the fixed day.

وَقِيلَ لِلنَّاسِ هَلْ أَنتُم مُّجْتَمِعُونَ (39)

ترجمہ: اور (فرعون کی طرف سے) لوگوں کو کہا گیا کہ تم (اس موقع پر) جمع ہونے والے ہوo

And it was said to the people (from Pharaoh's side): 'You will assemble together (on this occasion),

لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ إِن كَانُوا هُمُ الْغَالِبِينَ (40)

ترجمہ: تاکہ ہم جادوگروں (کے دین) کی پیروی کر سکیں اگر وہ (موسٰی اور ہارون پر) غالب آ گئےo

So that we may follow (the din [religion] of) the sorcerers if they overmaster (Musa [Moses] and Harun [Aaron]).'

فَلَمَّا جَاءَ السَّحَرَةُ قَالُوا لِفِرْعَوْنَ أَئِنَّ لَنَا لَأَجْراً إِن كُنَّا نَحْنُ الْغَالِبِينَ (41)

ترجمہ: پھر جب وہ جادوگر آ گئے (تو) انہوں نے فرعون سے کہا: کیا ہمارے لیے کوئی اُجرت (بھی مقرر) ہے اگر ہم (مقابلہ میں) غالب ہو جائیںo

Then when the sorcerers arrived, they said to Pharaoh: 'Is there (also) any reward (fixed) for us if we gain the upper hand (in the contest)?'

قَالَ نَعَمْ وَإِنَّكُمْ إِذاً لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ (42)

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: ہاں بے شک تم اسی وقت (اجرت والوں کی بجائے میرے) قربت والوں میں شامل ہو جاؤ گے (اور قربت کا درجہ اُجرت سے کہیں بلند ہے)o

(Pharaoh) said: 'Yes indeed! (Instead of the rewarded ones,) you will straight away join (my) closer circle (and intimate relationship is far higher in grade than reward).'

قَالَ لَهُم مُّوسَى أَلْقُوا مَا أَنتُم مُّلْقُونَ (43)

ترجمہ: موسیٰ (علیہ السلام) نے ان (جادوگروں سے) فرمایا: تم وہ (جادو کی) چیزیں ڈال دو جو تم ڈالنے والے ہوo

(Musa [Moses]) said to those (sorcerers): 'Throw down the (magic) items which you are about to throw.'

فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ إِنَّا لَنَحْنُ الْغَالِبُونَ (44)

ترجمہ: تو انہوں نے اپنی رسیاں اور اپنی لاٹھیاں ڈال دیں اور کہنے لگے: فرعون کی عزت کی قسم! ہم ضرور غالب ہوں گےo

So they cast down their strings and sticks and said: 'By the honour of Pharaoh, we shall certainly win.'

فَأَلْقَى مُوسَى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ (45)

ترجمہ: پھر موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنا ڈنڈا ڈال دیا تو وہ (اژدھا بن کر) فوراً ان چیزوں کو نگلنے لگا جو انہوں نے فریب کاری سے (اپنی اصل حقیقت سے) پھیر رکھی تھیںo

Then Musa (Moses) cast down his staff which, (changing into a serpent,) began swallowing up those things which they had made look different (from reality) through trickery.

فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِيْنَ (46)

ترجمہ: پس سارے جادوگر سجدہ کرتے ہوئے گر پڑےo

So, all the magicians fell down prostrating themselves.

قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ (47)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: ہم سارے جہانوں کے پروردگار پر ایمان لے آئےo

They said: 'We believe in the Lord of all the worlds,

رَبِّ مُوسَى وَهَارُونَ (48)

ترجمہ: (جو) موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) کا رب ہےo

The Lord of Musa (Moses) and Harun (Aaron).'

قَالَ آمَنتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُونَ لَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُم مِّنْ

خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ أَجْمَعِينَ (49)

ترجمہ: (فرعون نے) کہا: تم اس پر ایمان لے آئے ہو قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دیتا، بے شک یہ (موسٰی علیہ السلام) ہی تمہارا بڑا (استاد) ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے، تم جلد ہی (اپنا انجام) معلوم کر لو گے، میں ضرور ہی تمہارے ہاتھ اور تمہارے پاؤں الٹی طرف سے کاٹ ڈالوں گا اور تم سب کو یقیناً سولی پر چڑھا دوں گاo

(Pharaoh) said: 'You have believed in Him before I granted you permission. Surely, it is he (Musa [Moses]) who is your chief (coach) and who has taught you magic. You will soon come to know (your end). I will definitely cut off your hands and your feet on opposite sides and will surely crucify you all.'

قَالُوا لَا ضَيْرَ إِنَّا إِلَى رَبِّنَا مُنقَلِبُونَ (50)

ترجمہ: انہوں نے کہا: (اس میں) کوئی نقصان نہیں، بے شک ہم اپنے رب کی طرف پلٹنے والے ہیںo

They said: 'There is no harm (in it). Surely, we are to return to our Lord.

إِنَّا نَطْمَعُ أَن يَغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطَايَانَا أَن كُنَّا أَوَّلَ الْمُؤْمِنِينَ (51)

ترجمہ: ہم قوی امید رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہماری خطائیں معاف فرما دے گا، اس وجہ سے کہ (اب) ہم ہی سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیںo

We have strong hope that our Lord will forgive our sins since it is we who are the first to believe (now).'

وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِي إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ (52)

ترجمہ: اور ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کی طرف وحی بھیجی کہ تم میرے بندوں کو راتوں رات (یہاں سے) لے جاؤ بے شک تمہارا تعاقب کیا جائے گاo

And We revealed to Musa (Moses): 'Take away My servants (from here) by night; you will certainly be chased.'

فَأَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ (53)

ترجمہ: پھر فرعون نے شہروں میں ہرکارے بھیج دیےo

Then Pharaoh sent callers to the cities.

إِنَّ هَؤُلَاءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيلُونَ (54)

ترجمہ: (اور کہا:) بے شک یہ (بنی اسرائیل) تھوڑی سی جماعت ہےo

(And he conveyed:) 'Surely, these (Children of Israel) are but a small party.

وَإِنَّهُمْ لَنَا لَغَائِظُونَ (55)

ترجمہ: اور بلاشبہ وہ ہمیں غصہ دلا رہے ہیںo

And undoubtedly, they are provoking us.

وَإِنَّا لَجَمِيعٌ حَاذِرُونَ (56)

ترجمہ: اور یقیناً ہم سب (بھی) مستعد اور چوکس ہیںo

And verily, we all are (also) alert and vigilant.'

فَأَخْرَجْنَاهُم مِّن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (57)

ترجمہ: پس ہم نے ان (فرعونیوں) کو باغوں اور چشموں سے نکال باہر کیاo

Then We drove them (Pharaoh's people) out of gardens and springs,

وَكُنُوزٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ (58)

ترجمہ: اور خزانوں اور نفیس قیام گاہوں سے (بھی نکال دیا)o

And (also expelled them) from treasures and refined dwellings.

كَذَٰلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا بَنِي إِسْرَائِيلَ (59)

ترجمہ: (ہم نے) اسی طرح (کیا) اور ہم نے بنی اسرائیل کو ان (سب چیزوں) کا وارث بنا دیاo

So (We did) and made the Children of Israel inheritors of all (those bounties).

فَأَتْبَعُوهُم مُّشْرِقِينَ (60)

ترجمہ: پھر سورج نکلتے وقت ان (فرعونیوں) نے ان کا تعاقب کیاo

Then at sunrise, they (Pharaoh's people) chased them.

فَلَمَّا تَرَاءَى الْجَمْعَانِ قَالَ أَصْحَابُ مُوسَىٰ إِنَّا لَمُدْرَكُونَ (61)

ترجمہ: پھر جب دونوں جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں (تو) موسٰی (علیہ السلام) کے ساتھیوں نے کہا: (اب) ہم ضرور پکڑے گئےo

So when the two parties came face to face, the companions of Musa (Moses) said: '(Now) we are sure to be caught.'

قَالَ كَلَّا إِنَّ مَعِيَ رَبِّي سَيَهْدِينِ (62)

ترجمہ: (موسٰی علیہ السلام نے) فرمایا: ہرگز نہیں، بے شک میرے ساتھ میرا رب ہے وہ ابھی مجھے راہِ (نجات) دکھا دے گاo

(Musa [Moses]) said: 'Never! Surely, my Lord is with me. He will show me the way (to deliverance) just now.'

فَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ مُوسَىٰ أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ فَانفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيمِ (63)

ترجمہ: پھر ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کی طرف وحی بھیجی کہ اپنا عصا دریا پر مارو، پس دریا (بارہ حصوں میں) پھٹ گیا اور ہر ٹکڑا زبردست پہاڑ کی مانند ہو گیاo

Then We revealed to Musa (Moses): 'Strike the sea with your staff.' So the sea split (into twelve parts) and each part became like a huge mountain.

وَأَزْلَفْنَا ثَمَّ الْآخَرِينَ (64)

ترجمہ: اور ہم نے دوسروں (یعنی فرعون اور اس کے ساتھیوں) کو اس جگہ کے قریب کر دیاo

And We brought the other party (Pharaoh and his companions) closer to that place.

وَأَنجَيْنَا مُوسَىٰ وَمَن مَّعَهُ أَجْمَعِينَ (65)

ترجمہ: اور ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو (بھی) نجات بخشی اور ان سب لوگوں کو (بھی) جو ان کے ساتھ تھے o

And We saved Musa (Moses) and (also) all those who were with him.

ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ (66)

ترجمہ: پھر ہم نے دوسروں (یعنی فرعونیوں) کو غرق کر دیا o

Then We drowned the others (i.e., Pharaoh and his people).

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (67)

ترجمہ: بے شک اس (واقعہ) میں (قدرتِ الٰہیہ) کی بڑی نشانی ہے، اور ان میں سے اکثر لوگ مومن نہ تھے o

Surely, in this (incident), there is a great sign (of Allah's Infinite Power). And most of them were not believers.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (68)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی یقیناً غالب رحمت والا ہے o

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful indeed.

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ إِبْرَاهِيمَ (69)

ترجمہ: اور آپ ان پر ابراہیم (علیہ السلام) کا قصہ (بھی) پڑھ کر سنا دیں o

And also recite to them the story of Ibrahim (Abraham).

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَا تَعْبُدُونَ (70)

ترجمہ: جب انہوں نے اپنے باپ ☆ اور اپنی قوم سے فرمایا: تم کس چیز کو پوجتے ہو o

☆ (یہ حقیقی باپ نہ تھا، چچا تھا۔ اسی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی پرورش کی تھی جس کی وجہ سے اسے باپ کہا کرتے تھے۔ اس کا نام آزر ہے جبکہ آپ کے حقیقی والد کا نام تارخ ہے۔)

When he said to his father* and his people: 'What do you worship?'

*** It was his uncle and not his real father who brought him up. In view of that he used to call him father. His name was Azar, whereas his real father's name was Tarakh.**

قَالُوا نَعْبُدُ أَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عَاكِفِينَ (71)

ترجمہ: انہوں نے کہا: ہم بتوں کی پرستش کرتے ہیں اور ہم انہی (کی عبادت و خدمت) کے لیے جمے رہنے والے ہیں o

They said: 'We worship idols and remain stuck to their (worship and care).'

قَالَ هَلْ يَسْمَعُونَكُمْ إِذْ تَدْعُونَ (72)

ترجمہ: (ابراہیم علیہ السلام نے) فرمایا: کیا وہ تمہیں سنتے ہیں جب تم (ان کو) پکارتے ہو o

(Ibrahim [Abraham]) said: 'Do they hear you when you call (them)?

أَوْ يَنفَعُونَكُمْ أَوْ يَضُرُّونَ (73)

ترجمہ: یا وہ تمہیں نفع پہنچاتے ہیں یا نقصان پہنچاتے ہیں o

Or do they bring you any profit or loss?'

قَالُوا بَلْ وَجَدْنَا آبَاءَنَا كَذَلِكَ يَفْعَلُونَ (74)

ترجمہ: وہ بولے: (یہ تو معلوم نہیں) لیکن ہم نے اپنے باپ دادا کو ایسا ہی کرتے پایا تھاo

They said: '(We do not know that) but we found our fathers doing the same.'

قَالَ أَفَرَأَيْتُم مَّا كُنتُمْ تَعْبُدُونَ (75)

ترجمہ: (ابراہیم علیہ السلام نے) فرمایا: کیا تم نے (کبھی ان کی حقیقت میں) غور کیا ہے جن کی تم پرستش کرتے ہوo

(Ibrahim [Abraham]) said: 'Have you (ever) thought (of their reality) you worship?'

أَنتُمْ وَآبَاؤُكُمُ الْأَقْدَمُونَ (76)

ترجمہ: تم اور تمہارے اگلے آباء واجداد (الغرض کسی نے بھی سوچا)o

(Did) you or (any of) your forefathers (ever realize)?

فَإِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيَ إِلَّا رَبَّ الْعَالَمِينَ (77)

ترجمہ: پس وہ (سب بُت) میرے دشمن ہیں سوائے تمام جہانوں کے رب کے (وہی میرا معبود ہے)o

So (all) these (idols) are enemies to me except the Lord of all the worlds. (He is the One Who is my God.)

الَّذِي خَلَقَنِي فَهُوَ يَهْدِينِ (78)

ترجمہ: وہ جس نے مجھے پیدا کیا سو وہی مجھے ہدایت فرماتا ہےo

He Who created me and He is the One Who guides me.

وَالَّذِي هُوَ يُطْعِمُنِي وَيَسْقِينِ (79)

ترجمہ: اور وہی ہے جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہےo

And He is the One Who provides me with food and drink.

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ (80)

ترجمہ: اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہےo

And when I fall ill, He is the One Who cures me.

وَالَّذِي يُمِيتُنِي ثُمَّ يُحْيِينِ (81)

ترجمہ: اور وہی مجھے موت دے گا پھر وہی مجھے (دوبارہ) زندہ فرمائے گاo

And He is the One Who will cause me to die and then He alone will give me life (again),

وَالَّذِي أَطْمَعُ أَن يَغْفِرَ لِي خَطِيئَتِي يَوْمَ الدِّينِ (82)

ترجمہ: اور اسی سے میں امید رکھتا ہوں کہ روزِ قیامت وہ میری خطائیں معاف فرما دے گاo

And Who, I hope, will forgive me my misdeeds on the Day of Judgment.

رَبِّ هَبْ لِي حُكْماً وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ (83)

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے علم و عمل میں کمال عطا فرما اور مجھے اپنے قربِ خاص کے سزاواروں میں شامل فرما لےo

O my Lord! Bless me with excellence in knowledge and deeds, and include me amongst those who deserve Your exceptional intimacy.

وَاجْعَل لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِيْ الْآخِرِيْنَ **(84)**

ترجمہ: اور میرے لیے بعد میں آنے والوں میں (بھی) ذکرِ خیر اور قبولیت جاری فرماo

And ordain for me virtuous remembrance and acceptance amongst the coming generations (too).

وَاجْعَلْنِيْ مِن وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ **(85)**

ترجمہ: اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں سے بنا دےo

And include me amongst the inheritors of the Garden of Bliss.

وَاغْفِرْ لِأَبِيْ إِنَّهُ كَانَ مِنَ الضَّالِّيْنَ **(86)**

ترجمہ: اور میرے باپ کو بخش دے بے شک وہ گمراہوں میں سے تھاo

And forgive my father. Surely, he was of the misguided.

وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ **(87)**

ترجمہ: اور مجھے (اُس دن) رسوا نہ کرنا جس دن لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گےo

And disgrace me not on the Day (when) people will be raised up (from the graves),

يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُوْنَ **(88)**

ترجمہ: جس دن نہ کوئی مال نفع دے گا اور نہ اولادo

The Day when neither wealth nor sons will profit.

إِلَّا مَنْ أَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ **(89)**

ترجمہ: مگر وہی شخص (نفع مند ہوگا) جو اللہ کی بارگاہ میں سلامتی والے بے عیب دل کے ساتھ حاضر ہواo

But he alone (will be the gainer) who appears before the presence of Allah with a heart protected (from) and pure (of all evils).'

وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ **(90)**

ترجمہ: اور (اس دن) جنت پرہیزگاروں کے قریب کر دی جائے گےo

And (on that Day) Paradise will be brought closer to the Godfearing (and self-protecting).

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغَاوِيْنَ **(91)**

ترجمہ: اور دوزخ گمراہوں کے سامنے ظاہر کر دی جائے گیo

And Hell will be uncovered before the misguided.

وَقِيْلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ تَعْبُدُوْنَ **(92)**

ترجمہ: اور ان سے کہا جائے گا: وہ (بت) کہاں ہیں جنہیں تم پوجتے تھےo

And it will be said to them: 'Where are those (idols) which you used to worship,

مِن دُونِ اللَّهِ هَلْ يَنصُرُونَكُمْ أَوْ يَنتَصِرُونَ (93)

ترجمہ: اللہ کے سوا، کیا وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں یا خود اپنی مدد کر سکتے ہیں؟ (کہ اپنے آپ کو دوزخ سے بچالیں)o

Besides Allah? Can they help you, or can they help themselves (to protect themselves from Hell)?'

فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ (94)

ترجمہ: سو وہ (بت بھی) اس (دوزخ) میں اوندھے منہ گرا دیے جائیں گے اور گمراہ لوگ (بھی)o

So into Hell will be thrown headlong (the idols as well as) the people who lost the straight road.

وَجُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ (95)

ترجمہ: اور ابلیس کی ساری فوجیں (بھی واصل جہنم ہوں گی)o

And all the troops of Iblis (too will be hurled into Hell).

قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ (96)

ترجمہ: وہ (گمراہ لوگ) اس (دوزخ) میں باہم جھگڑا کرتے ہوئے کہیں گےo

Those (misguided people) will say whilst disputing amongst themselves (in the Hell):

تَاللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (97)

ترجمہ: اللہ کی قسم! ہم کھلی گمراہی میں تھےo

'By Allah, we were in manifest error,

إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ (98)

ترجمہ: جب ہم تمہیں سب جہانوں کے رب کے برابر ٹھہراتے تھےo

When we held you equal to the Lord of all the worlds.

وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ (99)

ترجمہ: اور ہم کو (ان) مجرموں کے سوا کسی نے گمراہ نہیں کیاo

And no other than (these) evildoers led us astray.

فَمَا لَنَا مِن شَافِعِينَ (100)

ترجمہ: سو (آج) نہ کوئی ہماری سفارش کرنے والا ہےo

So we do not have any intercessor (Today).

وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ (101)

ترجمہ: اور نہ کوئی گرم جوش دوست ہےo

Nor do we have any passionate friend.

فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (102)

ترجمہ: سوکاش ہمیں ایک بار (دنیا میں) پلٹنا (نصیب) ہوجاتا تو ہم مومن ہوجاتےo

Alas! If once we could have (a chance to) return (to the world), we would become believers.'

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (103)

ترجمہ: بےشک اس (واقعہ) میں (قدرتِ الٰہیہ کی) بڑی نشانی ہے، اوران کے اکثر لوگ مومن نہ تھےo

Surely, in this (incident), there is a great sign (of Allah's Infinite Power). And most of them were not the believers.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (104)

ترجمہ: اور بےشک آپ کا رب ہی یقیناً غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ (105)

ترجمہ: نوح (علیہ السلام) کی قوم نے (بھی) پیغمبروں کو جھٹلایاo

The people of Nuh (Noah also) rejected the Messengers.

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ (106)

ترجمہ: جب ان سے ان کے (قومی) بھائی نوح (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہوo

When their (kinship) brother Nuh (Noah) said to them: 'Do you not fear (Allah)?

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ (107)

ترجمہ: بےشک میں تمہارے لیے امانت دار رسول (بن کر آیا) ہوںo

Indeed, I (have come as) a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ (108)

ترجمہ: سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کروo

So fear Allah and obey me.

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ (109)

ترجمہ: اور میں تم سے اس (تبلیغِ حق) پر کوئی معاوضہ نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف سب جہانوں کے رب کے ذمہ ہےo

And I do not demand of you any wages for this (preaching of the truth). My reward is only with the Lord of all the worlds.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ (110)

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری کروo

So fear Allah and obey me.'

قَالُوا أَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْأَرْذَلُونَ (111)

ترجمہ: وہ بولے: کیا ہم تم پر ایمان لے آئیں حالاں کہ تمہاری پیروی (معاشرے کے) انتہائی نچلے اور حقیر (طبقات کے) لوگ

کررہے ہیںo

They said: 'Should we believe in you whilst the people of the lowest and most worthless (classes of society) are following you?'

قَالَ وَمَا عِلْمِیْ بِمَا کَانُوا یَعْمَلُوْنَ (112)

ترجمہ: (نوح علیہ السلام نے) فرمایا: میرے علم کو ان کے (پیشہ وارانہ) کاموں سے کیا سروکارo

(Nuh [Noah]) said: 'What has my knowledge to do with their (professional) tasks?

إِنْ حِسَابُهُمْ إِلَّا عَلَى رَبِّیْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ (113)

ترجمہ: ان کا حساب تو صرف میرے رب ہی کے ذمہ ہے۔ کاش! تم سمجھتے (کہ حقیقی عزت وذلت کیا ہے)o

Their account is only with my Lord. If you could but understand (what the real honour and dishonour is)!

وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِیْنَ (114)

ترجمہ: اور میں مومنوں کو دھتکارنے والا نہیں ہوںo

And I am not the one who casts out the believers.

إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ (115)

ترجمہ: میں تو فقط کھلا ڈر سنانے والا ہوںo

I am only a clear Warner.'

قَالُوا لَئِن لَّمْ تَنتَهِ یَا نُوحُ لَتَکُونَنَّ مِنَ الْمَرْجُومِیْنَ (116)

ترجمہ: وہ بولے: اے نوح! اگر تم (ان باتوں سے) باز نہ آئے تو تمہیں یقیناً سنگسار کر دیا جائے گاo

They said: 'O Nuh (Noah), if you do not stop (saying these things), then surely you will be stoned to death.'

قَالَ رَبِّ إِنَّ قَوْمِیْ کَذَّبُونِ (117)

ترجمہ: (نوح علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میری قوم نے مجھے جھٹلا دیاo

(Nuh [Noah]) submitted: 'O my Lord, my people have rejected me.

فَافْتَحْ بَیْنِیْ وَبَیْنَهُمْ فَتْحاً وَنَجِّنِیْ وَمَن مَّعِیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ (118)

ترجمہ: پس تو میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما دے اور مجھے اور ان مومنوں کو جو میرے ساتھ ہیں نجات دے دےo

So judge between me and them, and deliver me and the believers who are in my company.'

فَأَنجَیْنَاهُ وَمَن مَّعَهُ فِیْ الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ (119)

ترجمہ: پس ہم نے ان کو اور جو ان کے ساتھ بھری ہوئی کشتی میں (سوار) تھے نجات دے دیo

So We delivered him and those who were (aboard) with him in the fully loaded Ark.

ثُمَّ أَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبَاقِينَ (120)

ترجمہ: پھر اس کے بعد ہم نے باقی ماندہ لوگوں کو غرق کر دیا o

Then thereafter We drowned all the rest.

إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (121)

ترجمہ: بے شک اس (واقعہ) میں (قدرتِ الٰہیہ کی) بڑی نشانی ہے اور ان کے اکثر لوگ مومن نہ تھے o

Surely, in this (incident), there is a great sign (of Allah's Infinite Power) and most of them were not the believers.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (122)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی یقیناً غالب رحمت والا ہے o

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

كَذَّبَتْ عَادٌ الْمُرْسَلِينَ (123)

ترجمہ: (قومِ) عاد نے (بھی) پیغمبروں کو جھٹلایا o

(The people of) 'Ad (too) rejected the Messengers.

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ هُودٌ أَلَا تَتَّقُونَ (124)

ترجمہ: جب اُن سے اُن کے (قومی) بھائی ھود (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہو o

When their (kinship) brother Hud said to them: 'Do you not fear (Allah)?

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ (125)

ترجمہ: بے شک میں تمہارے لیے امانت دار رسول (بن کر آیا) ہوں o

Verily, I (have come as) a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ (126)

ترجمہ: سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو o

So fear Allah and obey me.

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى رَبِّ الْعَالَمِينَ (127)

ترجمہ: اور میں تم سے اس (تبلیغِ حق) پر کوئی معاوضہ نہیں مانگتا، میرا اجر تو فقط تمام جہانوں کے رب کے ذمہ ہے o

And I do not demand of you any wages for this (preaching of the truth). My reward is only with the Lord of all the worlds.

أَتَبْنُونَ بِكُلِّ رِيعٍ آيَةً تَعْبَثُونَ (128)

ترجمہ: کیا تم ہر اونچی جگہ پر ایک یادگار تعمیر کرتے ہو (محض) تفاخر اور فضول مشغلوں کے لیے o

Do you build a monument on every high point (merely) for vanity and vain pursuits?

وَتَتَّخِذُونَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُونَ (129)

ترجمہ: اور تم (تالابوں والے) مضبوط محلات بناتے ہو اس امید پر کہ تم (دنیا میں) ہمیشہ رہو گے o

And do you erect strongly-built palaces (having pools) with the hope of living (in the world) forever?

وَإِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِينَ (130)

ترجمہ: اور جب تم کسی کی گرفت کرتے ہو تو سخت ظالم و جابر بن کر گرفت کرتے ہوo

And when you lay hand on someone, you do it like ruthless tyrants.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ (131)

ترجمہ: سو تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری اختیار کروo

So fear Allah and obey me.

وَاتَّقُوا الَّذِي أَمَدَّكُم بِمَا تَعْلَمُونَ (132)

ترجمہ: اور اس (اللہ) سے ڈرو جس نے تمہاری ان چیزوں سے مدد کی جو تم جانتے ہوo

And fear Him (Allah) Who has helped you with the things which you know.

أَمَدَّكُم بِأَنْعَامٍ وَبَنِينَ (133)

ترجمہ: اس نے تمہاری چوپایہ جانوروں اور اولاد سے مدد فرمائیo

He has helped you with cattle and children,

وَجَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (134)

ترجمہ: اور باغات اور چشموں سے (بھی)o

And (also) with gardens and springs.

إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (135)

1 ترجمہ: بے شک میں تم پر ایک زبردست دن کے عذاب کا خوف رکھتا ہوں o

Surely, I fear the torment of a Terrible Day coming upon you.'

قَالُوا سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَوَعَظْتَ أَمْ لَمْ تَكُن مِّنَ الْوَاعِظِينَ (136)

ترجمہ: وہ بولے: ہمارے حق میں برابر ہے خواہ تم نصیحت کرو یا نصیحت کرنے والوں میں نہ بنو (ہم نہیں مانیں گے)o

They said: 'It is all the same to us whether you admonish, or do not become of those who admonish (we shall not believe).

إِنْ هَذَا إِلَّا خُلُقُ الْأَوَّلِينَ (137)

ترجمہ: یہ (اور) کچھ نہیں مگر صرف پہلے لوگوں کی عادات (و اطوار) ہیں (جنہیں ہم چھوڑ نہیں سکتے)o

It is nothing (else) but the habits (and customs) of the ancients (which we cannot abandon).

وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ (138)

ترجمہ: اور ہم پر عذاب نہیں کیا جائے گاo

And we shall not be afflicted with the torment.

فَكَذَّبُوهُ فَأَهْلَكْنَاهُمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (139)

ترجمہ: سوانہوں نے اس کو (یعنی ھود علیہ السلام کو) جھٹلا دیا پس ہم نے انہیں ہلاک کر ڈالا، بے شک اس (قصہ) میں (قدرتِ الٰہیہ کی) بڑی نشانی ہے، اور ان میں سے اکثر لوگ مومن نہ تھےo

So they rejected him (Hud) and We destroyed them. Surely, in this (incident), there is a great sign (of Allah's Infinite Power) and most of them were not the believers.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ **(140)**

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی یقیناً غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

كَذَّبَتْ ثَمُودُ الْمُرْسَلِيْنَ **(141)**

ترجمہ: (قومِ) ثمود نے (بھی) پیغمبروں کو جھٹلایاo

(The people of) Thamud (also) rejected the Messengers.

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ صَالِحٌ أَلَا تَتَّقُونَ **(142)**

ترجمہ: جب ان سے ان کے (قومی) بھائی صالح (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہوo

When Salih, their (kinship) brother, said to them: 'Do you not fear (Allah)?

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِيْنٌ **(143)**

ترجمہ: بے شک میں تمہارے لیے امانت دار رسول (بن کر آیا) ہوںo

Verily, I (have come as) a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيْعُونِ **(144)**

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کروo

So fear Allah and obey me.

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى رَبِّ الْعَالَمِيْنَ **(145)**

ترجمہ: اور میں تم سے اس (تبلیغِ حق) پر کچھ معاوضہ طلب نہیں کرتا، میرا اجر تو صرف سارے جہانوں کے پروردگار کے ذمہ ہےo

And I do not demand of you any wages for this (preaching of the truth). My reward is only with the Lord of all the worlds.

أَتُتْرَكُونَ فِي مَا هَاهُنَا آمِنِيْنَ **(146)**

ترجمہ: کیا تم ان (نعمتوں) میں جو یہاں (تمہیں میسر) ہیں (ہمیشہ کے لیے) امن و اطمینان سے چھوڑ دیے جاؤ گےo

Will you be left in peace and contentment (forever) in these (bounties) which are (available to you) here?

فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ **(147)**

ترجمہ: (یعنی یہاں کے) باغوں اور چشموں میںo

(Here) in the gardens and springs?

وَزُرُوعٍ وَنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيمٌ (148)

ترجمہ: اور کھیتوں اور کھجوروں میں جن کے خوشے نرم و نازک ہوتے ہیں o

And in crops and palm-trees which have soft and fine blossoms?

وَتَنْحِتُونَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتاً فَارِهِينَ (149)

ترجمہ: اور تم (سنگ تراشی کی) مہارت کے ساتھ پہاڑوں میں تراش (تراش) کر مکانات بناتے ہو o

And, skilled (in stone-carving), you carve out houses in the mountains.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ (150)

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو o

So fear Allah and obey me.

وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ (151)

ترجمہ: اور حد سے تجاوز کرنے والوں کا کہنا نہ مانو o

And do not obey the instructions of those who exceed limits,

الَّذِينَ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ (152)

ترجمہ: جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں اور (معاشرہ کی) اصلاح نہیں کرتے o

Those who spread destructive activities in the land and do not do constructive works (for society).'

قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ مِنَ الْمُسَحَّرِينَ (153)

ترجمہ: وہ بولے کہ تم تو فقط جادوزدہ لوگوں میں سے ہو o

They said: 'You are but of the magic-stricken people.

مَا أَنتَ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا فَأْتِ بِآيَةٍ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ (154)

ترجمہ: تم تو محض ہمارے جیسے بشر ہو، پس تم کوئی نشانی لے آؤ اگر تم سچے ہو o

You are but a human being like us, so bring some sign if you are truthful.'

قَالَ هَذِهِ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ (155)

ترجمہ: (صالح علیہ السلام نے) فرمایا: (وہ نشانی) یہ اونٹنی ہے پانی کا ایک وقت اس کے لیے (مقرر) ہے اور ایک مقررہ دن تمہارے پانی کی باری ہے o

(Salih) said: '(That sign) is this she-camel. A time for water is (appointed) for her, and on an appointed day is your turn for water.

وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيمٍ (156)

ترجمہ: اور اِسے برائی (کے ارادہ) سے ہاتھ مت لگانا ورنہ بڑے (سخت) دن کا عذاب تمہیں آ پکڑے گا o

And do not touch her with evil (intention), or the torment of a (gravely) terrible day will seize you.'

فَعَقَرُوهَا فَأَصْبَحُوا نَادِمِينَ (157)

ترجمہ: پھرانہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں (سوا سے ہلاک کر دیا) پھر وہ (اپنے کیے پر) پشیمان ہو گئےo

But they hamstrung her (and killed her). Then they became remorseful (because of what they did).

فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (158)

ترجمہ: سوانہیں عذاب نے آ پکڑا، بے شک اس (واقعہ) میں بڑی نشانی ہے، اوران میں سے اکثر لوگ مومن نہ تھےo

So the torment seized them. Surely, in this (incident), there is a great sign and most of them were not the believers.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (159)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ الْمُرْسَلِينَ (160)

ترجمہ: قومِ لوط نے (بھی) پیغمبروں کو جھٹلایاo

(The people of) Lut (Lot) also rejected the Messengers,

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ لُوطٌ أَلَا تَتَّقُونَ (161)

ترجمہ: جب ان سے ان کے (قومی) بھائی لوط (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہوo

When Lut (Lot), their (kinship) brother, said to them: 'Do you not fear (Allah)?

إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ (162)

ترجمہ: بے شک میں تمہارے لیے امانت دار رسول (بن کر آیا) ہوںo

Verily, I (have come as) a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ (163)

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت اختیار کروo

So fear Allah and obey me.

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَىٰ رَبِّ الْعَالَمِينَ (164)

ترجمہ: اور میں تم سے اس (تبلیغِ حق) پر کوئی اجرت طلب نہیں کرتا، میرا اجر تو صرف تمام جہانوں کے رب کے ذمہ ہےo

And I do not demand of you any wages for this (preaching of the truth). My reward is only with the Lord of all the worlds.

أَتَأْتُونَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعَالَمِينَ (165)

ترجمہ: کیا تم سارے جہان والوں میں سے صرف مَردوں ہی کے پاس (اپنی شہوانی خواہشات پوری کرنے کے لیے) آتے ہوo

Do you approach only males (to satisfy your sexual desire) from amongst the people of the world;

وَتَذَرُونَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ عَادُونَ (166)

ترجمہ: اور اپنی بیویوں کو چھوڑ دیتے ہو جو تمہارے رب نے تمہارے لیے پیدا کی ہیں، بلکہ تم (سرکشی میں) حد سے نکل جانے والے لوگ ہو o

And you leave your wives your Lord has created for you? You are rather of those who exceed bounds (in transgression).'

قَالُوا لَئِن لَّمْ تَنتَهِ يَا لُوطُ لَتَكُونَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِينَ (167)

ترجمہ: وہ بولے: اے لوط! اگر تم (ان باتوں سے) باز نہ آئے تو تم ضرور شہر بدر کیے جانے والوں میں سے ہو جاؤ گے o

They said: 'O Lut (Lot), if you do not stop (saying these things), you will surely become of the exiled.'

قَالَ إِنِّي لِعَمَلِكُم مِّنَ الْقَالِينَ (168)

ترجمہ: (لوط علیہ السلام نے) فرمایا: بے شک میں تمہارے عمل سے بیزار ہونے والوں میں سے ہوں o

(Lut [Lot]) said: 'No doubt I am of those who are disgusted by your practice.

رَبِّ نَجِّنِي وَأَهْلِي مِمَّا يَعْمَلُونَ (169)

ترجمہ: اے رب! تو مجھے اور میرے گھر والوں کو اس (کام کے وبال) سے نجات عطا فرما جو یہ کر رہے ہیں o

O Lord! Deliver me and my family from (the consequent suffering of) this practice which they are doing.'

فَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ (170)

ترجمہ: پس ہم نے ان کو اور ان کے سب گھر والوں کو نجات عطا فرما دی o

So We delivered him and his entire family,

إِلَّا عَجُوزاً فِي الْغَابِرِينَ (171)

ترجمہ: سوائے ایک بوڑھی عورت کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھی o

Except for an old woman who was amongst those who stayed behind.

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ (172)

ترجمہ: پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا o

Then We destroyed the others.

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَراً فَسَاء مَطَرُ الْمُنذَرِينَ (173)

ترجمہ: اور ہم نے ان پر (پتھروں کی) بارش برسائی سو ڈرائے ہوئے لوگوں کی بارش کتنی تباہ کن تھی o

And We rained on them (stones). So how devastating was that rain on the people who were stressed with horror!

إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (174)

ترجمہ: بے شک اس (واقعہ) میں بڑی نشانی ہے اور ان کے اکثر لوگ مومن نہ تھے o

Surely, in this (incident), there is a great sign and most of them were not believers.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (175)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب رحمت والا ہےo

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

كَذَّبَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ (176)

ترجمہ: باشندگانِ ایکہ (یعنی جنگل کے رہنے والوں) نے (بھی) رسولوں کو جھٹلایاo

The dwellers of al-Ayka (i.e., the People of the Wood also) rejected the Messengers,

إِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ أَلَا تَتَّقُوْنَ (177)

ترجمہ: جب ان سے شعیب (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں ہوo

When Shu'ayb said to them: 'Do you not fear (Allah)?

إِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ أَمِيْنٌ (178)

ترجمہ: بے شک میں تمہارے لیے امانت دار رسول (بن کر آیا) ہوںo

Verily, I (have come as) a trustworthy Messenger to you.

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَطِيْعُوْنِ (179)

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرو اور میری فرمانبرداری اختیار کروo

So fear Allah and obey me.

وَمَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (180)

ترجمہ: اور میں تم سے اس (تبلیغِ حق) پر کوئی اجرت نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف تمام جہانوں کے رب کے ذمہ ہےo

And I do not demand of you any wages for this (preaching of the truth). My reward is only with the Lord of all the worlds.

أَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ (181)

ترجمہ: تم پیمانہ پورا بھرا کرو اور (لوگوں کے حقوق کو) نقصان پہنچانے والے نہ بنوo

Always fill up full measure and do not become injurious (to the rights of the people).

وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ (182)

ترجمہ: اور سیدھی ترازو سے تولا کروo

And weigh with a straight balance.

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِيْنَ (183)

ترجمہ: اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم (تول کے ساتھ) مت دیا کرو اور ملک میں (ایسی اخلاقی، مالی اور سماجی خیانتوں کے ذریعے) فساد انگیزی مت کرتے پھرو

And do not give to the people their things (weighing) less than what is due, nor provoke strife in the land (by such moral, economic and social

corruption and fraud).

وَاتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَکُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْأَوَّلِیْنَ (184)

ترجمہ: اوراس (اللہ) سے ڈرو جس نے تم کو اور پہلی امتوں کو پیدا فرمایا o

And fear Him (Allah) Who has created you and the former generations.'

قَالُوا إِنَّمَا أَنتَ مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ (185)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: (اے شعیب!) تم تو محض جادوزدہ لوگوں میں سے ہو o

They said: '(O Shu'ayb,) you are but of the magic-stricken people.

وَمَا أَنتَ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَإِن نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكَاذِبِیْنَ (186)

ترجمہ: اورتم فقط ہمارے جیسے بشر ہی تو ہو اور ہم تمہیں یقیناً جھوٹے لوگوں میں سے خیال کرتے ہیں o

And you are but a human being like us, and surely we consider you amongst the liars.

فَأَسْقِطْ عَلَیْنَا كِسَفاً مِّنَ السَّمَاءِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِیْنَ (187)

ترجمہ: پس تم ہمارے اوپر آسمان کا کوئی ٹکڑا گرادو اگر تم سچے ہو o

So, make a piece of heaven fall on us if you are truthful.'

قَالَ رَبِّیْ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (188)

ترجمہ: (شعیب علیہ السلام نے) فرمایا: میرا رب ان (کارستانیوں) کو خوب جاننے والا ہے جو تم انجام دے رہے ہو o

(Shu'ayb) said: 'My Lord knows best these (frauds) which you are doing.'

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمْ عَذَابُ یَوْمِ الظُّلَّةِ إِنَّهُ كَانَ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ (189)

ترجمہ: سوانہوں نے شعیب (علیہ السلام) کو جھٹلا دیا پس انہیں سائبان کے دن کے عذاب نے آ پکڑا، بے شک وہ زبردست دن کا عذاب تھا o

So they rejected Shu'ayb, and the torment of the Day of Shadow seized them. No doubt, that was the torment of a terrible day.

إِنَّ فِیْ ذَلِكَ لَآیَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِیْنَ (190)

ترجمہ: بے شک اس (واقعہ) میں بڑی نشانی ہے اور ان کے اکثر لوگ مومن نہ تھے۔ o

Surely, in this (incident), there is a great sign and most of them were not believers.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ (191)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب رحمت والا ہے o

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

سورۃ النمل:

إِذْ قَالَ مُوسَى لِأَهْلِهِ إِنِّيْ آنَسْتُ نَاراً سَآتِيْكُم مِّنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ آتِيْكُم بِشِهَابٍ قَبَسٍ لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ (7)

ترجمہ: (وہ واقعہ یاد کریں) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی اہلیہ سے فرمایا کہ میں نے ایک آگ دیکھی ہے (یا مجھے ایک آگ میں شعلۂ انس و محبت نظر آیا ہے)، عنقریب میں تمہارے پاس اس میں سے کوئی خبر لاتا ہوں (جس کے لیے مدت سے دشت و بیاباں میں پھر رہے ہیں) یا تمہیں (بھی اس میں سے) کوئی چمکتا ہوا انگارا لا دیتا ہوں تاکہ تم (بھی اس کی حرارت سے) تپ اٹھوo

(Recall that incident) when Musa (Moses) said to his wife: 'I have seen a fire (or I have perceived a flash of love and liking in the fire). Soon I shall bring you some news from it (for which we have been wandering in deserts and forests since long), or I shall bring (you also from there) some burning brand so that you (too) may feel the burn (of its heat).'

فَلَمَّا جَاءهَا نُودِيَ أَن بُورِكَ مَن فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا وَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (8)

ترجمہ: پھر جب وہ اس کے پاس آ پہنچے تو آواز دی گئی کہ بابرکت ہے جو اس آگ میں (اپنے حجاب نور کی تجلی فرما رہا) ہے اور وہ (بھی) جو اس کے آس پاس (اُلوہی جلووں کے پرتَو میں) ہے، اور اللہ (ہر قسم کے جسم و مثال سے) پاک ہے جو سارے جہانوں کا رب ہےo

So when he neared it, a call was given: 'Blessed is He Who is (luminously unveiling His veil of Light) in this fire, and (also) he who is around it (in the reflection of the theophanies of Allah's Light). And Allah is Holy (and Glorified, High above any resemblance and physical manifestation), the Lord of all the worlds.

يَا مُوسَى إِنَّهُ أَنَا اللَّهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (9)

ترجمہ: اے موسیٰ! بے شک وہ (جلوہ فرمانے والا) میں ہی اللہ ہوں جو نہایت غالب حکمت والا ہےo

O Musa (Moses)! It is I, Allah (Unveiling My Light), Almighty, All-Wise.

وَأَلْقِ عَصَاكَ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّى مُدْبِراً وَلَمْ يُعَقِّبْ يَا مُوسَى لَا تَخَفْ إِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ (10)

ترجمہ: اور (اے موسیٰ!) اپنی لاٹھی (زمین پر) ڈال دو، پھر جب (موسیٰ نے لاٹھی کو زمین پر ڈالنے کے بعد) اسے دیکھا کہ سانپ کی مانند تیز حرکت کر رہی ہے تو (فطری ردِعمل کے طور پر) پیٹھ پھیر کر بھاگے اور پیچھے مڑ کر (بھی) نہ دیکھا، (ارشاد ہوا): اے موسیٰ! خوف نہ کرو بے شک پیغمبر میرے حضور ڈرا نہیں کرتےo

And, (O Musa [Moses],) cast your staff (on the ground).' So when (Musa (Moses) after casting the staff on the ground) saw it moving fast as if it were a serpent, he (reacting naturally) turned back running and did not (even) look back. (Allah said:) 'O Musa (Moses), do not fear. Surely, the Messengers do not fear in My presence.

إِلَّا مَن ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْناً بَعْدَ سُوءٍ فَإِنِّي غَفُورٌ رَّحِيمٌ (11)

ترجمہ: مگر جس نے ظلم کیا پھر برائی کے بعد (اسے) نیکی سے بدل دیا تو بے شک میں بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہوں o

But whoever wrongs, then after doing evil replaces (it) with good, then I am indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَأَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاء مِنْ غَيْرِ سُوءٍ فِي تِسْعِ آيَاتٍ إِلَى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهِ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْماً فَاسِقِينَ (12)

ترجمہ: اور تم اپنا ہاتھ اپنے گریبان کے اندر ڈالو وہ بغیر کسی عیب کے سفید چمک دار (ہو کر) نکلے گا، (یہ دونوں اللہ کی) نو نشانیوں میں (سے) ہیں (انہیں لے کر) فرعون اور اس کی قوم کے پاس جاؤ۔ بے شک وہ نافرمان قوم ہیں o

And put your hand into the opening of your collar. It will come out radiant white without any ill. (Both these are) of the nine signs (of Allah). Go (with them) to Pharaoh and his people. Surely, they are a disobedient people.'

فَلَمَّا جَاءتْهُمْ آيَاتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوا هَذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ (13)

ترجمہ: پھر جب ان کے پاس ہماری نشانیاں واضح اور روشن ہو کر پہنچ گئیں تو وہ کہنے لگے کہ یہ کھلا جادو ہے o

But when Our clear and sight-giving signs reached them, they said: 'This is plain magic.'

وَجَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنفُسُهُمْ ظُلْماً وَعُلُوّاً فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ (14)

ترجمہ: اور انہوں نے ظلم اور تکبّر کے طور پر ان کا سراسر انکار کر دیا حالاں کہ ان کے دل ان (نشانیوں کے حق ہونے) کا یقین کر چکے تھے۔ پس آپ دیکھئے کہ فساد بپا کرنے والوں کا کیسا (بُرا) انجام ہوا o

And out of vanity and wickedness, they rejected them straight away whilst their hearts had accepted these (signs as true). So see how (evil) was the end of the evildoers!

وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ عِلْماً وَقَالَا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي فَضَّلَنَا عَلَى كَثِيرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ (15)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے داؤد اور سلیمان (علیہما السلام) کو (غیر معمولی) علم عطا کیا، اور دونوں نے کہا کہ ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر فضیلت بخشی ہے o

And indeed, We bestowed upon Dawud (David) and Sulayman ([Solomon] extraordinary knowledge) and both said: 'All praise be to Allah, Who has exalted us above many of His believing servants.'

وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُودَ وَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنطِقَ الطَّيْرِ وَأُوتِينَا مِن كُلِّ شَيْءٍ إِنَّ هَذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِينُ (16)

ترجمہ: اور سلیمان (علیہ السلام)، داؤد (علیہ السلام) کے جانشین ہوئے اور انہوں نے کہا: اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی (بھی) سکھائی گئی ہے اور ہمیں ہر چیز عطا کی گئی ہے۔ بے شک یہ (اللہ کا) واضح فضل ہے o

And Sulayman (Solomon) succeeded Dawud (David) and said: 'O people, we have been taught the speech of birds (as well) and we have been granted

everything. No doubt, this is the most obvious Grace (of Allah).'

وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوزَعُونَ **(17)**

ترجمہ: اور سلیمان (علیہ السلام) کے لیے ان کے لشکر جنّوں اور انسانوں اور پرندوں (کی تمام جنسوں) میں سے جمع کیے گئے تھے، چنانچہ وہ بغرضِ نظم و تربیت (ان کی خدمت میں) روکے جاتے تھےo

And armies for Sulayman (Solomon) were collected from amongst (all species of) the jinn, human beings and birds. So they were held on (in his service) for discipline and training.

حَتَّى إِذَا أَتَوْا عَلَى وَادِي النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ **(18)**

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ (لشکر) چیونٹیوں کے میدان پر پہنچے تو ایک چیونٹی کہنے لگی: اے چیونٹیو! اپنی رہائش گاہوں میں داخل ہو جاؤ کہیں سلیمان (علیہ السلام) اور ان کے لشکر تمہیں کچل نہ دیں اس حال میں کہ انہیں خبر بھی نہ ہوo

Until when these (troops) reached an open field of ants, one ant said: 'O ants, enter your dwellings, lest Sulayman (Solomon) and his troops crush you whilst they remain just unaware.'

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكاً مِّن قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ **(19)**

ترجمہ: تو وہ (یعنی سلیمان علیہ السلام) اس (چیونٹی) کی بات سے ہنسی کے ساتھ مسکرائے اور عرض کیا: اے پروردگار! مجھے اپنی توفیق سے اس بات پر قائم رکھ کہ میں تیری اس نعمت کا شکر بجالاتا رہوں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر انعام فرمائی ہے اور میں ایسے نیک عمل کرتا رہوں جن سے تو راضی ہوتا ہے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے خاص قرب والے نیکوکار بندوں میں داخل فرما لےo

So he (Sulayman [Solomon]) smiled, feeling amused at the ant's words, and submitted: 'O Lord, keep me by Your bestowal firm on it that I remain ever-thankful for Your favour You have conferred on me and on my parents, and I do such pious deeds as You are pleased with, and admit me by Your mercy amongst Your pious slaves enjoying exceptional nearness to You.'

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ **(20)**

ترجمہ: اور سلیمان (علیہ السلام) نے پرندوں کا جائزہ لیا تو کہنے لگے: مجھے کیا ہوا ہے کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھ پا رہا یا وہ (واقعی) غائب ہو گیا ہےo

And Sulayman (Solomon) inspected the birds and said: 'How is it that I do not see the hoopoe? Or has he (really) vanished?

لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَاباً شَدِيداً أَوْ لَأَذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ **(21)**

ترجمہ: میں اسے (بغیر اجازت غائب ہونے پر) ضرور سخت سزا دوں گا یا اسے ضرور ذبح کر ڈالوں گا یا وہ میرے پاس (اپنے بے

قصور ہونے کی) واضح دلیل لائے گاo

I will certainly award him severe punishment (for being absent without leave), or will certainly slaughter him, or he will bring me a sound plea (of being not guilty).'

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِن سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ (22)

ترجمہ: پس وہ تھوڑی ہی دیر (باہر) ٹھہرا تھا کہ اس نے (حاضر ہو کر) عرض کیا: مجھے ایک ایسی بات معلوم ہوئی ہے جس پر (شاید) آپ مطلع نہ تھے اور میں آپ کے پاس (ملکِ) سبا سے ایک یقینی خبر لایا ہوںo

It was only for a little while that he stayed (outside), then he (appeared and) said: 'I have come to know a thing that is (perhaps) not in your knowledge, and I have brought you from (the land of) Saba (Sheba) a sure and true piece of news.

إِنِّي وَجَدتُّ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَأُوتِيَتْ مِن كُلِّ شَيْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ (23)

ترجمہ: میں نے (وہاں) ایک ایسی عورت کو پایا ہے جو ان (یعنی ملکِ سبا کے باشندوں) پر حکومت کرتی ہے اور اسے (ملکیت و اقتدار میں) ہر ایک چیز بخشی گئی ہے اور اس کے پاس بہت بڑا تخت ہےo

I have found (there) a woman who is ruling over them (i.e., the citizens of the land of Saba [Sheba]), and she has been given everything (of possession and authority), and she has a great throne.

وَجَدتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِن دُونِ اللَّهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُونَ (24)

ترجمہ: میں نے اسے اور اس کی قوم کو اللہ کی بجائے سورج کو سجدہ کرتے پایا ہے اور شیطان نے ان کے اَعمالِ (بد) ان کے لیے خوب خوش نما بنا دیے ہیں اور انہیں (توحید کی) راہ سے روک دیا ہے سو وہ ہدایت نہیں پا رہےo

I found her and her people prostrating themselves before the sun instead of Allah. And Satan has made their (evil) deeds highly fascinating to them, and has hindered them from the path (of the Oneness of Allah). So they are not getting guidance.

أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ 25)

ترجمہ: اس لیے (روکے گئے ہیں) کہ وہ اس اللہ کے حضور سجدہ ریز نہ ہوں جو آسمانوں اور زمین میں پوشیدہ (حقائق اور موجودات) کو باہر نکالتا (یعنی ظاہر کرتا) ہے اور ان (سب) چیزوں کو جانتا ہے جسے تم چھپاتے ہو اور جسے تم آشکار کرتے ہوo

(They are hindered) so that they do not fall in prostration before the presence of Allah, Who brings forth (i.e., unveils the realities and forms of matter) hidden in the heavens and the earth and knows (all) those things which you hide and which you disclose.

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ) (26)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں (وہی) عظیم تختِ اقتدار کا مالک ہےo

There is none worthy of worship except Allah. He alone is the Master of the Supreme Throne of Authority.'

قَالَ سَنَنظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ **(27)**

ترجمہ: (سلیمان علیہ السلام نے) فرمایا: ہم ابھی دیکھتے ہیں کیا تو سچ کہہ رہا ہے یا تو جھوٹ بولنے والوں سے ہےo

(Sulayman [Solomon]) said: 'We see right now whether you speak the truth or you are of the liars.

اذْهَب بِّكِتَابِي هَذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ **(28)**

ترجمہ: میرا یہ خط لے جا اور اسے ان کی طرف ڈال دے پھر ان کے پاس سے ہٹ آ پھر دیکھ وہ کس بات کی طرف رجوع کرتے ہیںo

Go with this letter of mine and deliver it to them. Then withdraw from them and see what they turn to.'

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ إِنِّي أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتَابٌ كَرِيمٌ **(29)**

ترجمہ: (ملکہ نے) کہا: اے سردارو! میری طرف ایک نامۂ بزرگ ڈالا گیا ہےo

(The Queen) said: 'O chiefs, a noble letter has been delivered to me.

إِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ **(30)**

ترجمہ: بے شک وہ (خط) سلیمان (علیہ السلام) کی جانب سے (آیا) ہے اور وہ اللہ کے نام سے شروع (کیا گیا) ہے جو بے حد مہربان بڑا رحم فرمانے والا ہےo

That (letter) has indeed (come) from Sulayman (Solomon), and that begins with the Name of Allah, Who is Most Kind, Ever-Merciful.

أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ **(31)**

ترجمہ: (اس کا مضمون یہ ہے) کہ تم لوگ مجھ پر سربلندی (کی کوشش) مت کرو اور فرمانبردار ہو کر میرے پاس آ جاؤo

(Its contents read:) 'Do not (strive to) rise above me and come to me in submission.'

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي أَمْرِي مَا كُنتُ قَاطِعَةً أَمْراً حَتَّى تَشْهَدُونِ **(32)**

ترجمہ: (ملکہ نے) کہا: اے دربار والو! تم مجھے میرے (اس) معاملہ میں مشورہ دو، میں کسی کام کا قطعی فیصلہ کرنے والی نہیں ہوں یہاں تک کہ تم میرے پاس حاضر ہو کر (اس اَمر کے موافق یا مخالف) گواہی دوo

(The Queen) said: 'O courtiers, advise me in this matter. I do not make a final decision on any matter until you come to me and state your opinions (for or against the matter).'

قَالُوا نَحْنُ أُولُوا قُوَّةٍ وَأُولُوا بَأْسٍ شَدِيدٍ وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ **(33)**

ترجمہ: انہوں نے کہا: ہم طاقتور اور سخت جنگ جُو ہیں مگر حکم آپ کے اختیار میں ہے سو آپ (خود ہی) غور کر لیں کہ آپ کیا حکم

دیتی ہیںo

They said: 'We are powerful and great warriors but the command is your prerogative. So consider (yourself) what command you should give.'

قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً وَكَذَلِكَ يَفْعَلُونَ (34)

ترجمہ: (ملکہ نے) کہا: بے شک جب بادشاہ کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ و برباد کر دیتے ہیں اور وہاں کے باعزت لوگوں کو ذلیل و رسوا کر ڈالتے ہیں اور یہ (لوگ بھی) اسی طرح کریں گےo

(The Queen) said: 'No doubt when kings enter a town, they destroy it and disgrace and humiliate its elite citizens. And these (people) too will do the same.

وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ (35)

ترجمہ: اور بے شک میں ان کی طرف کچھ تحفہ بھیجنے والی ہوں پھر دیکھتی ہوں قاصد کیا جواب لے کر واپس لوٹتے ہیںo

And, surely, I am sending him some gifts and see what reply the messengers bring back.'

فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ مِّمَّا آتَاكُم بَلْ أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ (36)

ترجمہ: سو جب وہ (قاصد) سلیمان (علیہ السلام) کے پاس آیا (تو سلیمان علیہ السلام نے اس سے) فرمایا: کیا تم لوگ مال و دولت سے میری مدد کرنا چاہتے ہو۔ سو جو کچھ اللہ نے مجھے عطا فرمایا ہے اس (دولت) سے بہتر ہے جو اس نے تمہیں عطا کی ہے بلکہ تم ہی ہو جو اپنے تحفہ سے فرحاں (اور) نازاں ہوo

So when that (messenger) came to Sulayman (Solomon, he) said (to him [i.e., the messenger]): 'Do you want to help me with wealth, whereas what Allah has given me is better than this (wealth) which He has given you? It is rather you who take pleasure (and) pride in your gifts.

ارْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ بِجُنُودٍ لَّا قِبَلَ لَهُم بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُم مِّنْهَا أَذِلَّةً وَهُمْ صَاغِرُونَ (37)

ترجمہ: تو ان کے پاس (تحفہ سمیت) واپس پلٹ جا سو ہم ان پر ایسے لشکروں کے ساتھ (حملہ کرنے) آئیں گے جن سے انہیں مقابلہ (کی طاقت) نہیں ہوگی اور ہم انہیں وہاں سے بے عزت کر کے اس حال میں نکالیں گے کہ وہ (قیدی بن کر) رسوا ہوں گےo

So go back to them (with your gifts). We shall come with such troops (to invade) them that they will not have (the power) to fight back, and, humiliating them, we shall drive them out from there in such a plight that they will be dishonoured (becoming prisoners).'

قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَن يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ (38)

ترجمہ: (سلیمان علیہ السلام نے) فرمایا: اے دربار والو! تم میں سے کون اس (ملکہ) کا تخت میرے پاس لا سکتا ہے قبل اس کے کہ وہ لوگ فرمانبردار ہو کر میرے پاس آ جائیںo

Sulayman (Solomon) said: 'O courtiers, which of you can bring me the throne (of the Queen) before they come to me in submission?'

قَالَ عِفْرِيتٌ مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ **(39)**

ترجمہ: ایک قوی ہیکل جن نے عرض کیا: میں اسے آپ کے پاس لاسکتا ہوں قبل اس کے کہ آپ اپنے مقام سے اٹھیں اور بے شک میں اس (کے لانے) پر طاقتور (اور) امانت دار ہوں o

One mighty jinn submitted: 'I can bring it to you before you rise from your seat. And I am indeed powerful (enough) and trustworthy (to bring it).'

قَالَ الَّذِي عِندَهُ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ فَلَمَّا رَآهُ مُسْتَقِرّاً عِندَهُ قَالَ هَذَا مِن فَضْلِ رَبِّي لِيَبْلُوَنِي أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ وَمَن شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ **(40)**

ترجمہ: (پھر) ایک ایسے شخص نے عرض کیا جس کے پاس (آسمانی) کتاب کا کچھ علم تھا کہ میں اسے آپ کے پاس لاسکتا ہوں قبل اس کے کہ آپ کی نگاہ آپ کی طرف پلٹے (یعنی پلک جھپکنے سے بھی پہلے)، پھر جب (سلیمان علیہ السلام نے) اس (تخت) کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا (تو) کہا: یہ میرے رب کا فضل ہے تاکہ وہ مجھے آزمائے کہ آیا میں شکر گزاری کرتا ہوں یا ناشکری، اور جس نے (اللہ کا) شکر ادا کیا سو وہ محض اپنی ہی ذات کے فائدہ کے لیے شکر مندی کرتا ہے اور جس نے ناشکری کی تو بے شک میرا رب بے نیاز، کرم فرمانے والا ہے o

Then the one who had some knowledge of the (heavenly) Book submitted: 'I can bring it to you before your vision turns back to you (i.e., even before the twinkling of an eye).' So, when (Sulayman [Solomon]) saw it (the throne) placed before him, he said: 'This is by the Grace of my Lord so that He may put me to the test whether I thank (Him) or not. And he who thanks (Allah), his gratitude is for the good of his own self, and he who is ungrateful, then surely my Lord is Self-Sufficient, Most Generous.'

قَالَ نَكِّرُوا لَهَا عَرْشَهَا نَنظُرْ أَتَهْتَدِي أَمْ تَكُونُ مِنَ الَّذِينَ لَا يَهْتَدُونَ **(41)**

ترجمہ: (سلیمان علیہ السلام نے) فرمایا: اس (ملکہ کے امتحان) کے لیے اس کے تخت کی صورت اور ہیئت بدل دو ہم دیکھیں گے کہ آیا وہ (پہچان کی) راہ پاتی ہے یا ان میں سے ہوتی ہے جو سوجھ بوجھ نہیں رکھتے o

Sulayman (Solomon) said: '(To test the Queen) change the display and appearance of her throne. We shall see whether she gets some clue (to recognize it) or proves to be of those who do not have quick reflexes.'

فَلَمَّا جَاءتْ قِيلَ أَهَكَذَا عَرْشُكِ قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ وَأُوتِينَا الْعِلْمَ مِن قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ **(42)**

ترجمہ: پھر جب وہ (ملکہ) آئی تو اس سے کہا گیا: کیا تمہارا تخت اسی طرح کا ہے، وہ کہنے لگی: گویا یہ وہی ہے اور ہمیں اس سے پہلے ہی (نبوتِ سلیمان کے حق ہونے کا) علم ہو چکا تھا اور ہم مسلمان ہو چکے ہیں o

Then when she (the Queen) came, she was asked: 'Is your throne like this?' She said: 'It looks as if it is the same and we have already known (the truth of Sulayman's [Solomon's] Prophethood) and we have become Muslims.'

وَصَدَّهَا مَا كَانَت تَّعْبُدُ مِن دُونِ اللَّهِ إِنَّهَا كَانَتْ مِن قَوْمٍ كَافِرِينَ (43)

ترجمہ: اور اس (ملکہ) کو اس (معبودِ باطل) نے (پہلے قبولِ حق سے) روک رکھا تھا جس کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتی رہی تھی۔ بے شک وہ کافروں کی قوم میں سے تھی o

And (the false god) she worshipped besides Allah prevented her (the Queen from accepting the truth before this). No doubt, she was of a disbelieving people.

قِيلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَكَشَفَتْ عَن سَاقَيْهَا قَالَ إِنَّهُ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّن قَوَارِيرَ قَالَتْ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمَانَ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (44)

ترجمہ: اس (ملکہ) سے کہا گیا: اس محل کے صحن میں داخل ہو جا (جس کے نیچے نیلگوں پانی کی لہریں چلتی تھیں)، پھر جب ملکہ نے اس (مزیّن بلوریں فرش) کو دیکھا تو اسے گہرے پانی کا تالاب سمجھا اور اس نے (پائینچے اٹھا کر) اپنی دونوں پنڈلیاں کھول دیں، سلیمان (علیہ السلام) نے فرمایا: یہ تو محل کا شیشوں جڑا صحن ہے، اس (ملکہ) نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! (میں اسی طرح فریبِ نظر میں مبتلا تھی) بے شک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اب میں سلیمان (علیہ السلام) کی معیّت میں اس اللہ کی فرمانبردار ہو گئی ہوں جو تمام جہانوں کا رب ہے o

It was said to her (the Queen): 'Enter the compound of the palace (beneath which were flowing waves of bluish water).' So when the Queen saw that (elegant, crystal floor), she thought it was a deep pool. And (pulling up her skirt) she uncovered her lower legs. Sulayman (Solomon) said: 'This is the compound of the palace paved with crystal slabs.' The Queen submitted: 'O my Lord, (I was deluded in like manner.) Surely, I wronged my soul. And now along with Sulayman (Solomon), I submit to Allah, Who is the Lord of all the worlds.'

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَى ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحاً أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ فَإِذَا هُمْ فَرِيقَانِ يَخْتَصِمُونَ (45)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قومِ ثمود کے پاس ان کے (قومی) بھائی صالح (علیہ السلام) کو (پیغمبر بنا کر) بھیجا کہ تم لوگ اللہ کی عبادت کرو تو اس وقت وہ دو فرقے ہو گئے جو آپس میں جھگڑتے تھے o

And, surely, We sent to the people of Thamud their (kinship) brother Salih (as a Messenger:) 'Worship Allah.' Then they became two parties disputing with each other.

قَالَ يَا قَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُونَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُونَ اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (46)

ترجمہ: (صالح علیہ السلام نے) فرمایا: اے میری قوم! تم لوگ بھلائی (یعنی رحمت) سے پہلے برائی (یعنی عذاب) میں کیوں جلدی چاہتے ہو؟ تم اللہ سے بخشش کیوں طلب نہیں کرتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے o

(Salih) said: 'O my people, why do you hasten the evil (i.e., torment) before the good (i.e., mercy)? Why do you not ask for forgiveness from Allah so that you are shown mercy?'

قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَن مَّعَكَ قَالَ طَائِرُكُمْ عِندَ اللَّهِ بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُونَ (47)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: ہمیں تم سے (بھی) نحوست پہنچی ہے اور ان لوگوں سے (بھی) جو تمہارے ساتھ ہیں۔ (صالح علیہ السلام نے) فرمایا: تمہاری نحوست (کا سبب) اللہ کے پاس (لکھا ہوا) ہے بلکہ تم لوگ فتنہ میں مبتلا کیے گئے ہو○

They said: 'You have caused us misfortune, and so have your companions.' (Salih) said: '(The cause of) your misfortune is (written) with Allah; you people have rather been put to trial.'

وَكَانَ فِي الْمَدِينَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ وَلَا يُصْلِحُونَ (48)

ترجمہ: اور (قومِ ثمود کے) شہر میں نو سرکردہ لیڈر (جو اپنی اپنی جماعتوں کے سربراہ) تھے ملک میں فساد پھیلاتے تھے اور اصلاح نہیں کرتے تھے○

And there were in the city (of the people of Thamud) nine prominent leaders (leading their respective parties) who used to spread destructive activities in the land and would not do constructive works.

قَالُوا تَقَاسَمُوا بِاللَّهِ لَنُبَيِّتَنَّهُ وَأَهْلَهُ ثُمَّ لَنَقُولَنَّ لِوَلِيِّهِ مَا شَهِدْنَا مَهْلِكَ أَهْلِهِ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ (49)

ترجمہ: (ان سرغنوں نے) کہا: تم آپس میں اللہ کی قسم کھا کر عہد کرو کہ ہم ضرور رات کو صالح (علیہ السلام) اور اس کے گھر والوں پر قاتلانہ حملہ کریں گے پھر ان کے وارثوں سے کہہ دیں گے کہ ہم ان کی ہلاکت کے موقع پر حاضر ہی نہ تھے اور بے شک ہم سچے ہیں○

(These leaders) said: 'Vow amongst yourselves by swearing in the Name of Allah that we will certainly launch a murder attack against Salih and his family at night, and will then tell their heirs that we were not present on the occasion of their murder. And surely, we are telling the truth.'

وَمَكَرُوا مَكْراً وَمَكَرْنَا مَكْراً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (50)

ترجمہ: اور انہوں نے خفیہ سازش کی اور ہم نے (بھی اس کے توڑ کے لیے) خفیہ تدبیر فرمائی اور انہیں خبر بھی نہ ہوئی○

And they worked out a plan in secret, and We (also) devised a secret scheme (to foil that), and they did not get a hint of it.

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ مَكْرِهِمْ أَنَّا دَمَّرْنَاهُمْ وَقَوْمَهُمْ أَجْمَعِينَ (51)

ترجمہ: تو آپ دیکھئے کہ ان کی (مکارانہ) سازش کا انجام کیسا ہوا، بے شک ہم نے ان (سرداروں) کو اور ان کی ساری قوم کو تباہ و برباد کر دیا○

See then what was the end of their (wicked) plan! Surely, We destroyed those (leaders) and their entire people altogether.

فَتِلْكَ بُيُوتُهُمْ خَاوِيَةً بِمَا ظَلَمُوا إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (52)

ترجمہ: سو یہ ان کے گھر ویران پڑے ہیں اس لیے کہ انہوں نے ظلم کیا تھا۔ بے شک اس میں اس قوم کے لیے (عبرت کی) نشانی ہے جو علم رکھتے ہیں○

So these are their houses lying ruined, for they committed oppression and injustice. No doubt there is a sign (of warning) in it for those who have knowledge.

وَأَنجَيْنَا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ (53)

ترجمہ: اور ہم نے ان لوگوں کو نجات بخشی جو ایمان لائے اور تقوٰی شعار ہوئے o

And We delivered those who believed and became Godfearing.

وَلُوطاً إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ (54)

ترجمہ: اور لوط (علیہ السلام) کو (یاد کریں) جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا: کیا تم بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو حالاں کہ تم دیکھتے (بھی) ہو o

And (recall) Lut (Lot) when he said to his people: 'Do you commit indecency whilst you see (as well)?

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّن دُونِ النِّسَاء بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ (55)

ترجمہ: کیا تم اپنی نفسانی خواہش پوری کرنے کے لیے عورتوں کو چھوڑ کر مَردوں کے پاس جاتے ہو بلکہ تم جاہل لوگ ہو o

Do you approach men rather than women to satisfy your sexual desire? The truth is that you are ignorant people.'

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا أَخْرِجُوا آلَ لُوطٍ مِّن قَرْيَتِكُمْ إِنَّهُمْ أُنَاسٌ يَتَطَهَّرُونَ (56)

ترجمہ: تو ان کی قوم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ وہ کہنے لگے: تم لوط کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکال دو یہ بڑے پاک باز بنتے ہیں o

The only answer of his people was that they said: 'Drive out the family of Lut (Lot) from your town; they claim to be very pious!'

فَأَنجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَاهَا مِنَ الْغَابِرِيْنَ (57)

ترجمہ: پس ہم نے لوط (علیہ السلام) کو اور ان کے گھر والوں کو نجات بخشی سوائے ان کی بیوی کے کہ ہم نے اسے (عذاب کے لیے) پیچھے رہ جانے والوں میں سے مقرر کر لیا تھا o

So We delivered Lut (Lot) and his family except his wife, for We destined her to be amongst those who stayed behind (for torment).

وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَراً فَسَاء مَطَرُ الْمُنذَرِيْنَ (58)

ترجمہ: اور ہم نے ان پر خوب (پتھروں کی) بارش برسائی، سو (ان) ڈرائے گئے لوگوں پر (پتھروں کی) بارش نہایت ہی بری تھی۔ o

And We heavily rained upon them (stones). So evil was the rain (of stones) upon those people who were stressed with horror.

سورۃ القصص:

نَتْلُوا عَلَيْكَ مِن نَّبَإِ مُوسَى وَفِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (3)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ہم آپ پر موسٰی (علیہ السلام) اور فرعون کے حقیقت پر مبنی حال میں سے ان لوگوں کے لیے کچھ پڑھ کر سناتے ہیں جو ایمان رکھتے ہیںo

(O Esteemed Beloved!) We recite to you from the true account of Musa (Moses) and Pharaoh for those who have believed.

إِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْأَرْضِ وَجَعَلَ أَهْلَهَا شِيَعاً يَسْتَضْعِفُ طَائِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ أَبْنَاءهُمْ وَيَسْتَحْيِي نِسَاءهُمْ إِنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ (4)

ترجمہ: بے شک فرعون زمین میں سرکش و متکبّر (یعنی آمرِ مطلق) ہو گیا تھا اور اس نے اپنے (ملک کے) باشندوں کو (مختلف) فرقوں (اور گروہوں) میں بانٹ دیا تھا اس نے ان میں سے ایک گروہ (یعنی بنی اسرائیل کے عوام) کو کمزور کر دیا تھا کہ ان کے لڑکوں کو (ان کے مستقبل کی طاقت کچلنے کے لیے) ذبح کر ڈالتا اور ان کی عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتا (تاکہ مَردوں کے بغیر ان کی تعداد بڑھے اور ان میں اخلاقی بے راہ روی کا اضافہ ہو)، بے شک وہ فساد انگیز لوگوں میں سے تھاo

Certainly, Pharaoh had become an arrogant rebel (i.e., a tyrannical despot) in the land, and he had divided the citizens of his (state) into (various) sects (and groups). He had oppressed and weakened one of these groups (the population comprising the Children of Israel). He used to kill their sons (to crush their future strength), and let their women live (to increase their number without men and spread immorality and indecency amongst them). Surely, he was one of those who rouse disruption.

وَنُرِيدُ أَن نَّمُنَّ عَلَى الَّذِينَ اسْتُضْعِفُوا فِي الْأَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ أَئِمَّةً وَنَجْعَلَهُمُ الْوَارِثِينَ (5)

ترجمہ: اور ہم چاہتے تھے کہ ہم ایسے لوگوں پر احسان کریں جو زمین میں (حقوق اور آزادی سے محرومی اور ظلم و استحصال کے باعث) کمزور کر دیے گئے تھے اور انہیں (مظلوم قوم کے) رہبر و پیشوا بنا دیں اور انہیں (ملکی تخت کا) وارث بنا دیںo

And We wanted to do favour to the people who had been weakened in the land (through oppression, exploitation and deprivation of rights and freedom) and make them leaders (of the oppressed people) and inheritors (of the throne of the kingdom);

وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَنُرِيَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا مِنْهُم مَّا كَانُوا يَحْذَرُونَ (6)

ترجمہ: اور ہم انہیں ملک میں حکومت و اقتدار بخشیں اور فرعون اور ہامان اور ان دونوں کی فوجوں کو وہ (انقلاب) دکھا دیں جس سے وہ ڈرا کرتے تھےo

And to give them governance and power in the land and show Pharaoh and Haman and their armies (the revolution) that they used to fear.

وَأَوْحَيْنَا إِلَى أُمِّ مُوسَى أَنْ أَرْضِعِيهِ فَإِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَأَلْقِيهِ فِي الْيَمِّ وَلَا تَخَافِي وَلَا تَحْزَنِي إِنَّا رَادُّوهُ إِلَيْكِ وَجَاعِلُوهُ مِنَ الْمُرْسَلِينَ (7)

ترجمہ: اور ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کی والدہ کے دل میں یہ بات ڈالی کہ تم انہیں دودھ پلاتی رہو، پھر جب تمہیں ان پر (قتل کر دیے جانے کا) اندیشہ ہو جائے تو انہیں دریا میں ڈال دینا اور نہ تم (اس صورتِ حال سے) خوفزدہ ہونا اور نہ رنجیدہ ہونا، بے شک ہم انہیں تمہاری طرف واپس لوٹانے والے ہیں اور انہیں رسولوں میں (شامل) کرنے والے ہیں۔o

And We revealed to the heart of the mother of Musa (Moses): 'Suckle him on, but when you fear (for his life), put him afloat into the river, and be not afraid (of this situation) nor grieve. Surely, We shall bring him back to you, and shall make him one of Our Messengers.'

فَالْتَقَطَهُ آلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُونَ لَهُمْ عَدُوّاً وَحَزَناً إِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَجُنُودَهُمَا كَانُوا خَاطِئِينَ (8)

ترجمہ: پھر فرعون کے گھر والوں نے انہیں (دریا سے) اٹھا لیا تاکہ وہ (مشیّتِ الٰہی سے) ان کے لیے دشمن اور (باعثِ) غم ثابت ہوں، بے شک فرعون اور ہامان اور ان دونوں کی فوجیں سب خطا کار تھے o

Then Pharaoh's family picked him up (from the river) so that (by the will of Allah) he proved for them an enemy and (a cause of) grief. Surely, Pharaoh, Haman and their armies were the evildoers.

وَقَالَتِ امْرَأَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّي وَلَكَ لَا تَقْتُلُوهُ عَسَى أَن يَنفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَداً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (9)

ترجمہ: اور فرعون کی بیوی نے (موسٰی علیہ السلام کو دیکھ کر) کہا کہ (یہ بچہ) میری اور تیری آنکھ کے لیے ٹھنڈک ہے۔ اسے قتل نہ کرو، شاید یہ ہمیں فائدہ پہنچائے یا ہم اس کو بیٹا بنا لیں اور وہ (اس تجویز کے انجام سے) بے خبر تھے o

And the wife of Pharaoh said (on seeing Musa [Moses]): '(This child) is coolness of eyes for me and for you; do not kill him. He may perhaps bring us benefit or we may adopt him as a son.' And they were unaware (of the outcome of this plan).

وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوسَى فَارِغاً إِن كَادَتْ لَتُبْدِي بِهِ لَوْلَا أَن رَّبَطْنَا عَلَى قَلْبِهَا لِتَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (10)

ترجمہ: اور موسٰی (علیہ السلام) کی والدہ کا دل (صبر سے) خالی ہو گیا، قریب تھا کہ وہ (اپنی بے قراری کے باعث) اس راز کو ظاہر کر دیتیں اگر ہم ان کے دل پر صبر و سکون کی قوّت نہ اتارتے تاکہ وہ (وعدۂ الٰہی پر) یقین رکھنے والوں میں سے رہیں o

And the heart of Musa's (Moses's) mother felt empty (of patience). And she would nearly have disclosed the secret (owing to her impatience), had We not energized her heart with the strength of peace and patience so that she might remain one of the firm believers (in Allah's promise).

وَقَالَتْ لِأُخْتِهِ قُصِّيهِ فَبَصُرَتْ بِهِ عَن جُنُبٍ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (11)

ترجمہ: اور (موسٰی علیہ السلام کی والدہ نے) ان کی بہن سے کہا کہ (ان کا حال معلوم کرنے کے لیے) ان کے پیچھے جاؤ سو وہ انہیں دور سے دیکھتے رہے اور وہ لوگ (بالکل) بے خبر تھے o

And (Musa's [Moses's] mother) said to his sister: 'Follow him (to be aware of him).' So she watched him from a distance, but they were (completely) unaware.

وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِن قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى أَهْلِ بَيْتٍ يَكْفُلُونَهُ لَكُمْ وَهُمْ لَهُ نَاصِحُونَ **(12)**

ترجمہ: اور ہم نے پہلے ہی سے موسٰی (علیہ السلام) پر دائیوں کا دودھ حرام کر دیا تھا سو (موسٰی علیہ السلام کی بہن نے) کہا: کیا میں تمہیں ایسے گھر والوں کی نشاندہی کروں جو تمہارے لیے اس (بچے) کی پرورش کر دیں اور وہ اس کے خیر خواہ (بھی) ہوں o

And We had in advance prohibited him from the feed of wet nurses. So (Musa's [Moses's] sister) said: 'Shall I tell you about a family who will bring up this (child) for you and will (also) be his well-wisher?'

فَرَدَدْنَاهُ إِلَى أُمِّهِ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(13)**

ترجمہ: پس ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو (یوں) ان کی والدہ کے پاس لوٹا دیا تاکہ ان کی آنکھ ٹھنڈی رہے اور وہ رنجیدہ نہ ہوں اور تاکہ وہ (یقین سے) جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے o

So (this way) We returned Musa (Moses) to his mother so that her eyes might keep cool and so that she might not feel grieved and in order that she might know (with certitude) that Allah's promise is true but most of the people do not know.

وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَاسْتَوَى آتَيْنَاهُ حُكْماً وَعِلْماً وَكَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ **(14)**

ترجمہ: اور جب موسٰی (علیہ السلام) اپنی جوانی کو پہنچ گئے اور (سنِ) اعتدال پر آ گئے تو ہم نے انہیں حکمِ (نبوّت) اور علم و دانش سے نوازا، اور ہم نیکوکاروں کو اسی طرح صلہ دیا کرتے ہیں o

And when Musa (Moses) reached his maturity and (the age of) moderation and stability, We honoured him with the command (of Prophethood) and knowledge and wisdom. And that is how We reward the righteous.

وَدَخَلَ الْمَدِينَةَ عَلَى حِينِ غَفْلَةٍ مِّنْ أَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ هَذَا مِن شِيعَتِهِ وَهَذَا مِنْ عَدُوِّهِ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِي مِن شِيعَتِهِ عَلَى الَّذِي مِنْ عَدُوِّهِ فَوَكَزَهُ مُوسَى فَقَضَى عَلَيْهِ قَالَ هَذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِينٌ **(15)**

ترجمہ: اور موسٰی (علیہ السلام) شہرِ (مصر) میں داخل ہوئے اس حال میں کہ شہر کے باشندے (نیند میں) غافل پڑے تھے، تو انہوں نے اس میں دو مَردوں کو باہم لڑتے ہوئے پایا یہ (ایک) تو ان کے (اپنے) گروہ (بنی اسرائیل) میں سے تھا اور یہ (دوسرا) ان کے دشمنوں (قومِ فرعون) میں سے تھا، پس اس شخص نے جو انہی کے گروہ میں سے تھا آپ سے اس شخص کے خلاف مدد طلب کی جو آپ کے دشمنوں میں سے تھا پس موسٰی (علیہ السلام) نے اسے مکّا مارا تو اس کا کام تمام کر دیا، (پھر) فرمانے لگے: یہ شیطان کا کام ہے (جو مجھ سے سرزَد ہوا ہے)، بے شک وہ صریح بہکانے والا دشمن ہے o

And Musa (Moses) entered the city (in Egypt) at a time when its people were lying (asleep) unaware. There he found two men fighting with each other, one from his (own) party (the Children of Israel), and the other from his enemies (the people of Pharaoh). The man from his own party asked him for help

against the other who was from his enemies. So Musa (Moses) struck him with his fist and killed him. (Then) he said: 'This is Satan's work (which I have committed); no doubt he is an open, misleading enemy.'

قَالَ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ **(16)**

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام) عرض کرنے لگے: اے میرے رب! بے شک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا سو تو مجھے معاف فرما دے پس اس نے انہیں معاف فرما دیا، بے شک وہ بڑا ہی بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

(Musa [Moses]) submitted: 'O my Lord, no doubt I have wronged my soul; so bless me with forgiveness.' Then He forgave him. Surely, He is the Most Forgiving, Ever-Merciful.

قَالَ رَبِّ بِمَا أَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ أَكُونَ ظَهِيراً لِّلْمُجْرِمِينَ **(17)**

ترجمہ: (مزید) عرض کرنے لگے: اے میرے رب! اس سبب سے کہ تو نے مجھ پر (اپنی مغفرت کے ذریعہ) احسان فرمایا ہے اب میں ہرگز مجرموں کا مددگار نہیں بنوں گاo

(Moreover) he submitted: 'O my Lord, because of Your favour (of forgiveness) You have blessed me with, I shall never be a helper of the wrongdoers.'

فَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفاً يَتَرَقَّبُ فَإِذَا الَّذِي اسْتَنصَرَهُ بِالْأَمْسِ يَسْتَصْرِخُهُ قَالَ لَهُ مُوسَى إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِينٌ **(18)**

ترجمہ: پس موسیٰ (علیہ السلام) نے اس شہر میں ڈرتے ہوئے صبح کی اس انتظار میں (کہ اب کیا ہوگا؟) تو دفعتہً وہی شخص جس نے آپ سے گزشتہ روز مدد طلب کی تھی آپ کو (دوبارہ) امداد کے لیے پکار رہا ہے تو موسیٰ (علیہ السلام) نے اس سے کہا: بے شک تو صریح گمراہ ہےo

So Musa (Moses), anxious and afraid, kept waiting till morning (to discover what would happen next). Then, suddenly, the man who sought his help the day before was crying out to him for help (again). Musa (Moses) said to him: 'Surely, you are the one who has truly lost the right path.'

فَلَمَّا أَنْ أَرَادَ أَن يَبْطِشَ بِالَّذِي هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا قَالَ يَا مُوسَى أَتُرِيدُ أَن تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْساً بِالْأَمْسِ إِن تُرِيدُ إِلَّا أَن تَكُونَ جَبَّاراً فِي الْأَرْضِ وَمَا تُرِيدُ أَن تَكُونَ مِنَ الْمُصْلِحِينَ **(19)**

ترجمہ: سو جب انہوں نے ارادہ کیا کہ اس شخص کو پکڑیں جو ان دونوں کا دشمن ہے تو وہ بول اٹھا: اے موسیٰ! کیا تم مجھے (بھی) قتل کرنا چاہتے ہو جیسا کہ تم نے کل ایک شخص کو قتل کر ڈالا تھا۔ تم صرف یہی چاہتے ہو کہ ملک میں بڑے جابر بن جاؤ اور تم یہ نہیں چاہتے کہ اصلاح کرنے والوں میں سے بنوo

Then, when Musa (Moses) decided to catch hold of the person who was an enemy to both of them, he exclaimed: 'O Musa (Moses), do you want to kill me (too) as you killed a man the day before? You intend only to become a tyrant in the land, and you do not desire to become one of the reformers.'

وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ يَسْعَى قَالَ يَا مُوسَى إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُونَ بِكَ لِيَقْتُلُوكَ فَاخْرُجْ إِنِّي لَكَ مِنَ النَّاصِحِينَ **(20)**

ترجمہ: اور شہر کے آخری کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اس نے کہا: اے موسٰی! (قومِ فرعون کے) سردار آپ کے بارے میں مشورہ کر رہے ہیں کہ وہ آپ کو قتل کر دیں سو آپ (یہاں سے) نکل جائیں بے شک میں آپ کے خیر خواہوں میں سے ہوں o

And a man came running from the far end of the city and said: 'O Musa (Moses), the chiefs (of the people of Pharaoh) are counselling about you to kill you, so depart (from here). Surely, I am of your well-wishers.'

فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفاً يَتَرَقَّبُ قَالَ رَبِّ نَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (21)

ترجمہ: سو موسٰی (علیہ السلام) وہاں سے خوف زدہ ہو کر (مددِ الٰہی کا) انتظار کرتے ہوئے نکل کھڑے ہوئے، عرض کیا: اے رب! مجھے ظالم قوم سے نجات عطا فرما o

So Musa (Moses), afraid and waiting for (Allah's help), went off from there. He prayed: 'O my Lord, deliver me from the oppressing people.'

وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسَى رَبِّي أَن يَهْدِيَنِي سَوَاءَ السَّبِيلِ (22)

ترجمہ: اور جب وہ مَدیَن کی طرف رخ کر کے چلے (تو) کہنے لگے: امید ہے میرا رب مجھے (منزلِ مقصود تک پہنچانے کے لیے) سیدھی راہ دکھا دے گا o

And when he moved towards Madyan, he said: 'I hope my Lord will show me the straight path (to take me to the desired destination).'

وَلَمَّا وَرَدَ مَاءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ أُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُونَ وَوَجَدَ مِن دُونِهِمُ امْرَأَتَيْنِ تَذُودَانِ قَالَ مَا خَطْبُكُمَا قَالَتَا لَا نَسْقِي حَتَّى يُصْدِرَ الرِّعَاءُ وَأَبُونَا شَيْخٌ كَبِيرٌ (23)

ترجمہ: اور جب وہ مَدیَن کے پانی (کے کنویں) پر پہنچے تو انہوں نے اس پر لوگوں کا ایک ہجوم پایا جو (اپنے جانوروں کو) پانی پلا رہے تھے اور ان سے الگ ایک جانب دو عورتیں دیکھیں جو (اپنی بکریوں کو) روکے ہوئے تھیں (موسٰی علیہ السلام نے) فرمایا: تم دونوں اس حال میں کیوں (کھڑی) ہو؟ دونوں بولیں کہ ہم (اپنی بکریوں کو) پانی نہیں پلا سکتیں یہاں تک کہ چرواہے (اپنے مویشیوں کو) واپس لے جائیں، اور ہمارے والد عمر رسیدہ بزرگ ہیں o

And when he arrived at the watering (well) of Madyan, he found there a crowd of people watering (their flocks). And on a side, he saw two women, withdrawn, holding back (their goats. Musa [Moses]) asked: 'Why are you (standing) in this condition?' Both said: 'We cannot water (our goats) till the shepherds take back their flocks and our father is an aged man.'

فَسَقَى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلَّى إِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ (24)

ترجمہ: سو انہوں نے دونوں (کے ریوڑ) کو پانی پلا دیا پھر سایہ کی طرف پلٹ گئے اور عرض کیا: اے رب! میں ہر اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے محتاج ہوں o

So he watered their (flocks) and then turned back to the shade and submitted: 'O Lord, I am in need of whatever good You send down to me.'

فَجَاءتْهُ إِحْدَاهُمَا تَمْشِي عَلَى اسْتِحْيَاءٍ قَالَتْ إِنَّ أَبِي يَدْعُوكَ لِيَجْزِيَكَ أَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا فَلَمَّا جَاءهُ وَقَصَّ عَلَيْهِ الْقَصَصَ قَالَ لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (25)

ترجمہ: پھر (تھوڑی دیر بعد) ان کے پاس ان دونوں میں سے ایک (لڑکی) آئی جو شرم وحیاء (کے انداز) سے چل رہی تھی۔ اس نے کہا: میرے والد آپ کو بلا رہے ہیں تا کہ وہ آپ کو اس (محنت) کا معاوضہ دیں جو آپ نے ہمارے لیے (بکریوں کو) پانی پلایا ہے۔ سو جب موسٰی (علیہ السلام) ان (لڑکیوں کے والد شعیب علیہ السلام) کے پاس آئے اور ان سے (پچھلے) واقعات بیان کیے تو انہوں نے کہا: آپ خوف نہ کریں آپ نے ظالم قوم سے نجات پا لی ہےo

Then (after a while) one of those two (girls) came to him walking modestly. She said: 'My father invites you so that he may reward you for (your labour in) watering (the flocks) for us. So when Musa (Moses) came to (Shu'ayb, the father of those girls,) and narrated to him (the preceding) incidents, he said: 'Do not fear. You are safe and secure from the oppressive people.'

قَالَتْ إِحْدَاهُمَا يَا أَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ (26)

ترجمہ: ان میں سے ایک (لڑکی) نے کہا: اے میرے ابا جان! انہیں اپنے پاس مزدوری پر رکھ لیں بے شک بہترین شخص جسے آپ مزدوری پر رکھیں وہی ہے جو طاقتور امانت دار ہو (اور یہ اس ذمہ داری کے اہل ہیں)o

One of those (girls) said: 'O my respectable father, take him into your service. Surely, the best person you can employ is the one who is strong and trustworthy (and he is worthy of this assignment).'

قَالَ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُنكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ عَلَى أَن تَأْجُرَنِي ثَمَانِيَ حِجَجٍ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْراً فَمِنْ عِندِكَ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ سَتَجِدُنِي إِن شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّالِحِينَ (27)

ترجمہ: انہوں نے (موسٰی علیہ السلام سے) کہا: میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان دو لڑکیوں میں سے ایک کا نکاح آپ سے کر دوں اس (مہر) پر کہ آپ آٹھ سال تک میرے پاس اُجرت پر کام کریں، پھر اگر آپ نے دس (سال) پورے کر دیے تو آپ کی طرف سے (احسان) ہوگا اور میں آپ پر مشقت نہیں ڈالنا چاہتا، اگر اللہ نے چاہا تو آپ مجھے نیک لوگوں میں سے پائیں گےo

He said (to Musa [Moses]): 'I intend to marry you to one of my two daughters by (the dower) that you serve me on hire for eight years, but if you complete ten (years), it will be (a favour) from you. And I do not want to make it hard for you. If Allah wills, you will find me of the pious.'

قَالَ ذَلِكَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ أَيَّمَا الْأَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ عَلَيَّ وَاللَّهُ عَلَى مَا نَقُولُ وَكِيلٌ (28)

ترجمہ: موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: یہ (معاہدہ) میرے اور آپ کے درمیان (طے) ہو گیا، دو میں سے جو مدت بھی میں پوری کروں سو مجھ پر کوئی جبر نہیں ہوگا، اور اللہ اس (بات) پر جو ہم کہہ رہے ہیں نگہبان ہےo

Musa (Moses) said: 'This (agreement) is (settled) between me and you. Whichever of the two terms I complete, I shall not be forced. And Allah is the Custodian over what we say.'

فَلَمَّا قَضَى مُوسَى الْأَجَلَ وَسَارَ بِأَهْلِهِ آنَسَ مِن جَانِبِ الطُّورِ نَاراً قَالَ لِأَهْلِهِ امْكُثُوا إِنِّي آنَسْتُ نَاراً لَّعَلِّي آتِيكُم مِّنْهَا بِخَبَرٍ أَوْ جَذْوَةٍ مِنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ تَصْطَلُونَ (29)

ترجمہ: پھر جب موسیٰ (علیہ السلام) نے مقررہ مدت پوری کر لی اور اپنی اہلیہ کو لے کر چلے (تو) انہوں نے طور کی جانب سے ایک آگ دیکھی (وہ شعلۂ حسنِ مطلق تھا جس کی طرف آپ کی طبیعت مانوس ہوگئی)، انہوں نے اپنی اہلیہ سے فرمایا: تم (یہیں) ٹھہرو میں نے آگ دیکھی ہے۔ شاید میں تمہارے لیے اس (آگ) سے کچھ (اُس کی) خبر لاؤں (جس کی تلاش میں مدتوں سے سرگرداں ہوں) یا آتشِ (سوزاں) کی کوئی چنگاری (لادوں) تاکہ تم (بھی) تپ اٹھوo

So when Musa (Moses) completed the appointed term and set out with his wife, he saw a fire in the direction of Tur. (That was a flash of absolute beauty which caught his heart and fascinated him.) He said to his wife: 'Stay (here). I have seen a fire. I may bring you some news (about Him) from that (fire in whose pursuit I have long been wandering), or (I may bring you) some burning brand from the (febrile) fire so that you (too) may feel the burn.'

فَلَمَّا أَتَاهَا نُودِيَ مِن شَاطِئِ الْوَادِي الْأَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنَ الشَّجَرَةِ أَن يَا مُوسَى إِنِّي أَنَا اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ (30)

ترجمہ: جب موسیٰ (علیہ السلام) وہاں پہنچے تو وادء (طور) کے دائیں کنارے سے بابرکت مقام میں (واقع) ایک درخت سے آواز دی گئی کہ اے موسیٰ! بے شک میں ہی اللہ ہوں (جو) تمام جہانوں کا پروردگار (ہوں)o

When Musa (Moses) reached there, a call was made from the right side of (the blessed Tur) valley from a tree (located) in a blessed spot: 'O Musa (Moses), verily, I am Allah, the Sustainer of all the worlds.

وَأَنْ أَلْقِ عَصَاكَ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَانٌّ وَلَّى مُدْبِراً وَلَمْ يُعَقِّبْ يَا مُوسَى أَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ إِنَّكَ مِنَ الْآمِنِينَ (31)

ترجمہ: اور یہ کہ اپنی لاٹھی (زمین پر) ڈال دو، پھر جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اسے دیکھا کہ وہ تیز لہراتی تڑپتی ہوئی حرکت کر رہی ہے گویا وہ سانپ ہو، تو پیٹھ پھیر کر چل پڑے اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھا، (ندا آئی:) اے موسیٰ! سامنے آؤ اور خوف نہ کرو، بے شک تم امان یافتہ لوگوں میں سے ہوo

And throw your staff (on the ground).' So when Musa (Moses) saw it moving fast, coiling and curling as if it was a snake, he turned his back, jogged off and did not look behind. (The Voice said:) 'O Musa (Moses), come forth and do not fear. Surely, you are of the secure.

اسْلُكْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاء مِنْ غَيْرِ سُوءٍ وَاضْمُمْ إِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ الرَّهْبِ فَذَانِكَ بُرْهَانَانِ مِن رَّبِّكَ إِلَى فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْماً فَاسِقِينَ (32)

ترجمہ: اپنا ہاتھ اپنے گریبان میں ڈالو وہ بغیر کسی عیب کے سفید چمک دار ہو کر نکلے گا اور خوف (دور کرنے کی غرض) سے اپنا بازو اپنے (سینے کی) طرف سکیڑ لو، پس تمہارے رب کی جانب سے یہ دو دلیلیں فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف (بھیجنے اور مشاہدہ کرانے کے لیے) ہیں، بے شک وہ نافرمان لوگ ہیںo

Put your hand inside your collar opening. It will come out shining white without any disease. And flex your hand close to your (breast to remove) fear. These two signs from your Lord are for (sending to) Pharaoh and his courtiers (to observe). Surely, they are disobedient people.'

قَالَ رَبِّ إِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْساً فَأَخَافُ أَن يَقْتُلُونِ **(33)**

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) عرض کیا: اے پروردگار! میں نے ان میں سے ایک شخص کو قتل کر ڈالا تھا سو میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل کر ڈالیں گےo

Musa (Moses) submitted: 'O Lord, I killed one of them, so I fear they would kill me.

وَأَخِيْ هَارُونُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّيْ لِسَاناً فَأَرْسِلْهُ مَعِيَ رِدْءاً يُصَدِّقُنِيْ إِنِّيْ أَخَافُ أَن يُكَذِّبُونِ **(34)**

ترجمہ: اور میرے بھائی ہارون (علیہ السلام)، وہ زبان میں مجھ سے زیادہ فصیح ہیں سو انہیں میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج دے کہ وہ میری تصدیق کر سکیں میں اس بات سے (بھی) ڈرتا ہوں کہ (وہ) لوگ مجھے جھٹلائیں گےo

And my brother Harun (Aaron) is more communicative and eloquent in speech than I, so send him with me as a helper that he may bear me out. And I (also) fear that they will reject me.'

قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِأَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطَاناً فَلَا يَصِلُونَ إِلَيْكُمَا بِآيَاتِنَا أَنتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغَالِبُونَ **(35)**

ترجمہ: ارشاد فرمایا: ہم تمہارا بازو تمہارے بھائی کے ذریعے مضبوط کر دیں گے۔ اور ہم تم دونوں کے لیے (لوگوں کے دلوں میں اور تمہاری کاوشوں میں) ہیبت و غلبہ پیدا کیے دیتے ہیں۔ سو وہ ہماری نشانیوں کے سبب سے تم تک (گزند پہنچانے کے لیے) نہیں پہنچ سکیں گے، تم دونوں اور جو لوگ تمہاری پیروی کریں گے غالب رہیں گےo

(Allah) said: 'We shall strengthen your arm with your brother and shall create for both of you dread and dominance (in the hearts of the people and in the impact of your endeavours). So they will not be able to reach you (to do harm) because of Our signs. You two and your followers will triumph and prevail.'

فَلَمَّا جَاءهُم مُّوسَى بِآيَاتِنَا بَيِّنَاتٍ قَالُوا مَا هَذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى وَمَا سَمِعْنَا بِهَذَا فِيْ آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ **(36)**

ترجمہ: پھر جب موسیٰ (علیہ السلام) ان کے پاس ہماری واضح اور روشن نشانیاں لے کر آئے تو وہ لوگ کہنے لگے کہ یہ تو مَن گھڑت جادو کے سوا (کچھ) نہیں ہے۔ اور ہم نے یہ باتیں اپنے پہلے آباء و اجداد میں (کبھی) نہیں سنی تھیںo

So when Musa (Moses) came to them with Our clear and enlightening Signs, they said: 'This is nothing but invented magic; we (never) heard of these things amongst our ancestors.'

وَقَالَ مُوسَى رَبِّيْ أَعْلَمُ بِمَن جَاءبِالْهُدَى مِنْ عِندِهِ وَمَن تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ **(37)**

ترجمہ: اور موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: میرا رب اس کو خوب جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت لے کر آیا ہے اور اس کو (بھی) جس کے لیے آخرت کے گھر کا انجام (بہتر) ہوگا، بے شک ظالم فلاح نہیں پائیں گےo

And Musa (Moses) said: 'My Lord knows best the one who has brought

guidance from Him, and (also) the one for whom the House of the Hereafter will be the (best) end. Surely, the wrongdoers will not prosper.'

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ مَا عَلِمْتُ لَكُم مِّنْ إِلَهٍ غَيْرِي فَأَوْقِدْ لِي يَا هَامَانُ عَلَى الطِّينِ فَاجْعَل لِّي صَرْحاً لَّعَلِّي أَطَّلِعُ إِلَى إِلَهِ مُوسَى وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ مِنَ الْكَاذِبِينَ (38)

ترجمہ: اورفرعون نے کہا: اے درباریو! میں تمہارے لیے اپنے سوا کوئی دوسرا معبود نہیں جانتا۔ اے ہامان! میرے لیے گارے کو آگ لگا (کر کچھ اینٹیں پکا) دے، پھر میرے لیے (ان سے) ایک اونچی عمارت تیار کر، شاید میں (اس پر چڑھ کر) موسٰی کے خدا تک رسائی پا سکوں، اور میں تو اس کو جھوٹ بولنے والوں میں گمان کرتا ہوں o

And Pharaoh said: 'O courtiers, I do not know any god other than me for you. O Haman! Kindle a fire on clay (to bake bricks) for me; then build me a high tower (with them. Climbing it,) I may perhaps have an access to the Lord of Musa (Moses). And I regard him as one of the liars.'

وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُودُهُ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ إِلَيْنَا لَا يُرْجَعُونَ (39)

ترجمہ: اوراس (فرعون) نے خود اور اس کی فوجوں نے ملک میں ناحق تکبّر و سرکشی کی اور یہ گمان کر بیٹھے کہ وہ ہماری طرف نہیں لوٹائے جائیں گے o

And he (Pharaoh) himself and his warriors were unjust in the land, committing arrogance and defiance and thought they would not be brought back to Us.

فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُودَهُ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ (40)

ترجمہ: سو ہم نے اس کو اور اس کی فوجوں کو (عذاب میں) پکڑ لیا اور ان کو دریا میں پھینک دیا، تو آپ دیکھئے کہ ظالموں کا انجام کیسا (عبرت ناک) ہوا o

So We seized him and his forces (in the torment) and threw them into the sea. Observe then how (terrible) was the end of the tyrants!

وَجَعَلْنَاهُمْ أَئِمَّةً يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يُنصَرُونَ (41)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں (دوزخیوں کا) پیشوا بنا دیا کہ وہ (لوگوں کو) دوزخ کی طرف بلاتے تھے اور قیامت کے دن ان کی کوئی مدد نہیں کی جائے گی o

And We made them the leaders (of the inmates of Hell), for they used to invite (people) towards Hell. And they will not be given any help on the Day of Resurrection.

وَأَتْبَعْنَاهُمْ فِي هَذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ هُم مِّنَ الْمَقْبُوحِينَ (42)

ترجمہ: اور ہم نے ان کے پیچھے اس دنیا میں (بھی) لعنت لگا دی اور قیامت کے دن (بھی) وہ بدحال لوگوں میں (شمار) ہوں گے o

And We made a curse to chase them in this world, and on the Day of Resurrection (as well) they will be (counted) amongst the miserable.

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ مِن بَعْدِ مَا أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ الْأُولَى بَصَائِرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (43)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے اس (صورتِ حال) کے بعد کہ ہم پہلی (نافرمان) قوموں کو ہلاک کر چکے تھے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب عطا کی جو لوگوں کے لیے (خزانۂ) بصیرت اور ہدایت و رحمت تھی، تاکہ وہ نصیحت قبول کریںo

And surely, after (this situation that) We had destroyed the former (defiant) communities, We gave Musa (Moses) the Book which was (a rich source of) vision, guidance and mercy for the people so that they might take advice.

وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ إِذْ قَضَيْنَا إِلَى مُوسَى الْأَمْرَ وَمَا كُنتَ مِنَ الشَّاهِدِينَ (44)

ترجمہ: اور آپ (اس وقت طُور کے) مغربی جانب (تو موجود) نہیں تھے جب ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کی طرف حکمِ (رسالت) بھیجا تھا، اور نہ (ہی) آپ (ان ستّر افراد میں شامل تھے جو وحیِ موسٰی علیہ السلام کی) گواہی دینے والوں میں سے تھے (پس یہ سارا بیان غیب کی خبر نہیں تو اور کیا ہے؟)o

And you were not (present at that time) on the western side (of Tur) when We sent the command (of Prophethood) towards Musa (Moses), nor were you amongst (those seventy people who were) witnesses (to the Revelation to Musa [Moses]. So what else is this narration except the news of the unseen?)

وَلَكِنَّا أَنشَأْنَا قُرُوناً فَتَطَاوَلَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ وَمَا كُنتَ ثَاوِياً فِي أَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَلَكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ (45)

ترجمہ: لیکن ہم نے (موسیٰ علیہ السلام کے بعد یکے بعد دیگرے) کئی قومیں پیدا فرمائیں پھر ان پر طویل مدّت گزر گئی، اور نہ (ہی) آپ (موسیٰ اور شعیب علیہما السلام کی طرح) اہلِ مدین میں مقیم تھے کہ آپ ان پر ہماری آیتیں پڑھ کر سناتے ہوں لیکن ہم ہی (آپ کو اخبارِ غیب سے سرفراز فرما کر) مبعوث فرمانے والے ہیںo

But We raised many generations (successively after Musa [Moses]) and long ages passed over them. Nor were you living amongst the people of Madyan (like Musa [Moses] and Shu'ayb) reciting Our Verses to them. But it is for Us to send (you exalting with tidings of the unseen).

وَمَا كُنتَ بِجَانِبِ الطُّورِ إِذْ نَادَيْنَا وَلَكِن رَّحْمَةً مِّن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْماً مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (46)

ترجمہ: اور نہ (ہی) آپ طُور کے کنارے (اس وقت موجود) تھے جب ہم نے (موسٰی علیہ السلام کو) ندا فرمائی مگر (آپ کو ان تمام احوالِ غیب پر مطلع فرمانا) آپ کے رب کی جانب سے (خصوصی) رحمت ہے۔ تاکہ آپ (ان واقعات سے باخبر ہو کر) اس قوم کو (عذابِ الٰہی سے) ڈرائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا، تاکہ وہ نصیحت قبول کریںo

Nor were you (present at that time) on the side of Tur when We called out to Musa (Moses). But (enlightening you on all these matters of the unseen) is an (exceptional) mercy from your Lord so that (having awareness of these incidents) you may warn these people (of the torment of Allah) to whom no Warner has come before you, in order that they may accept admonition.

وَلَوْلَا أَن تُصِيبَهُم مُّصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَيَقُولُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولاً فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (47)

ترجمہ: اور (ہم کوئی رسول نہ بھیجتے) اگر یہ بات نہ ہوتی کہ جب انہیں کوئی مصیبت پہنچے ان کے اعمالِ بد کے باعث جو انہوں نے خود انجام دیے تو وہ یہ نہ کہنے لگیں کہ اے ہمارے رب! تو نے ہماری طرف کوئی رسول کیوں نہ بھیجا تاکہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کرتے اور ہم ایمان والوں میں سے ہو جاتے o

And (We would not send any Messenger) if this was not the case that when some suffering should seize them due to their own evil deeds which they did, they would say: 'O our Lord, why did You not send us any Messenger so that we might follow Your Revelations and become of the believers?'

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَى حَتَّى يَبْعَثَ فِي أُمِّهَا رَسُولاً يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرَى إِلَّا وَأَهْلُهَا ظَالِمُونَ (59)

ترجمہ: اور آپ کا رب بستیوں کو تباہ کرنے والا نہیں ہے یہاں تک کہ وہ اس کے بڑے مرکزی شہر (capital) میں پیغمبر بھیج دے جو ان پر ہماری آیتیں تلاوت کرے، اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہیں ہیں مگر اس حال میں کہ وہاں کے مکین ظالم ہوں o

And your Lord does not destroy the towns until He sends to their capital city a Messenger who recites to them Our Verses. And We do not destroy towns unless their dwellers are given to oppression.

سورۃ العنکبوت:

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ فَلَبِثَ فِيهِمْ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَاماً فَأَخَذَهُمُ الطُّوفَانُ وَهُمْ ظَالِمُونَ (14)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ ان میں پچاس برس کم ایک ہزار سال رہے، پھر ان لوگوں کو طوفان نے آ پکڑا اس حال میں کہ وہ ظالم تھے o

And indeed We sent Nuh (Noah) to his people. He lived amongst them for a millennium less fifty years. Then the Great Flood seized them whilst they were wrongdoers.

فَأَنجَيْنَاهُ وَأَصْحَابَ السَّفِينَةِ وَجَعَلْنَاهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ (15)

ترجمہ: پھر ہم نے نوح (علیہ السلام) کو اور (ان کے ہمراہ) کشتی والوں کو نجات بخشی اور ہم نے اس (کشتی اور واقعہ) کو تمام جہان والوں کے لیے نشانی بنا دیا o

Then We delivered Nuh (Noah) and those (with him) in the Ark, and made that (Ark and the incident) a sign for the people of the world.

وَإِبْرَاهِيمَ إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (16)

ترجمہ: اور ابراہیم (علیہ السلام) کو (یاد کریں) جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس سے ڈرو، یہی

تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم (حقیقت کو) جانتے ہوo

And (remember) Ibrahim (Abraham) when he said to his people: 'Worship Allah and fear Him. That is better for you if you know (the reality).

إِنَّمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَوْثَاناً وَتَخْلُقُونَ إِفْكاً إِنَّ الَّذِينَ تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَا يَمْلِكُونَ لَكُمْ رِزْقاً فَابْتَغُوا عِندَ اللَّهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوهُ وَاشْكُرُوا لَهُ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (17)

ترجمہ: تم تو اللہ کے سوا بتوں کی پوجا کرتے ہو اور محض جھوٹ گھڑتے ہو، بے شک تم اللہ کے سوا جن کی پوجا کرتے ہو وہ تمہارے لیے رزق کے مالک نہیں ہیں پس تم اللہ کی بارگاہ سے رزق طلب کیا کرو اور اسی کی عبادت کیا کرو اور اسی کا شکر بجالایا کرو، تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گےo

You worship idols besides Allah and fabricate mere lies. Surely, those you worship instead of Allah are not masters of your sustenance. So always seek sustenance from Allah, and worship Him alone, and give thanks to Him. You will be returned to Him alone.

وَإِن تُكَذِّبُوا فَقَدْ كَذَّبَ أُمَمٌ مِّن قَبْلِكُمْ وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (18)

ترجمہ: اور اگر تم نے (میری باتوں کو) جھٹلایا تو یقیناً تم سے پہلے (بھی) کئی امتیں (حق کو) جھٹلا چکی ہیں، اور رسول پر واضح طریق سے (احکام) پہنچا دینے کے سوا (کچھ لازم) نہیں ہےo

And if you reject (my words), then no doubt many generations have rejected (the truth) before as well. And nothing is (obligatory) upon the Messenger but to convey (the commandments) in a clear way.'

أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللَّهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ (19)

ترجمہ: کیا انہوں نے نہیں دیکھا (یعنی غور نہیں کیا) کہ اللہ کس طرح تخلیق کی ابتداء فرماتا ہے پھر (اسی طرح) اس کا اعادہ فرماتا ہے۔ بے شک یہ (کام) اللہ پر آسان ہےo

Have they not seen (i.e., pondered) how Allah originates creation, then repeats it (the same way)? Surely, this is easy for Allah.

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللَّهُ يُنشِئُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (20)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم زمین میں (کائناتی زندگی کے مطالعہ کے لیے) چلو پھرو، پھر دیکھو (یعنی غور و تحقیق کرو) کہ اس نے مخلوق کی (زندگی کی) ابتداء کیسے فرمائی پھر وہ دوسری زندگی کو کس طرح اٹھا کر (ارتقاء کے مراحل سے گزارتا ہوا) نشو و نما دیتا ہے۔ بے شک اللہ ہر شے پر بڑی قدرت رکھنے والا ہےo

Say: 'Travel in the land (to study life in the universe), then observe (i.e., meditate and research) as to how He initiated (the life of) Creation and how He raises and nourishes the second life (passing it through evolutionary stages). Surely, Allah has perfect power over all things.

يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَرْحَمُ مَن يَشَاءُ وَإِلَيْهِ تُقْلَبُونَ (21)

ترجمہ: وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم فرماتا ہے اور اسی کی طرف تم پلٹائے جاؤ گے o

He torments whom He wills and shows mercy to whom He pleases. And to Him will you be returned.

وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ **(22)**

ترجمہ: اور نہ تم (اللہ کو) زمین میں عاجز کرنے والے ہو اور نہ آسمان میں اور نہ تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار o

And you can escape (from Allah) neither in the earth nor in the heavens, nor is there for you any guardian or helper except Allah.

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَلِقَائِهِ أُولَئِكَ يَئِسُوا مِن رَّحْمَتِي وَأُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(23)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا وہ لوگ میری رحمت سے مایوس ہو گئے اور ان ہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے o

And those who reject Allah's Revelations and deny meeting with Him, they despair of My mercy. And it is they for whom there is painful punishment.

فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا اقْتُلُوهُ أَوْ حَرِّقُوهُ فَأَنجَاهُ اللَّهُ مِنَ النَّارِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ **(24)**

ترجمہ: سو قومِ ابراہیم کا جواب اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ وہ کہنے لگے: تم اسے قتل کر ڈالو یا اسے جلا دو، پھر اللہ نے اسے (نمرود کی) آگ سے نجات بخشی، بے شک اس (واقعہ) میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان لائے ہیں o

So the people of Ibrahim (Abraham) had no answer except that they said: 'Kill him or burn him.' Then Allah delivered him from the fire (of Nimrod). Surely, there are signs in this incident for those who have believed.

وَقَالَ إِنَّمَا اتَّخَذْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ أَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُم بِبَعْضٍ وَيَلْعَنُ بَعْضُكُم بَعْضًا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ **(25)**

ترجمہ: اور ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: بس تم نے تو اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو معبود بنا لیا ہے محض دنیوی زندگی میں آپس کی دوستی کی خاطر پھر روزِ قیامت تم میں سے (ہر) ایک دوسرے (کی دوستی) کا انکار کر دے گا اور تم میں سے (ہر) ایک دوسرے پر لعنت بھیجے گا، تو تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور تمہارے لیے کوئی بھی مددگار نہ ہوگا o

And Ibrahim (Abraham) said: 'You have taken up the worship of idols leaving Allah merely for the sake of mutual friendship in the life of this world. Then, on the Day of Resurrection, (each) one of you will deny (the friendship of) the other and (each) one of you will curse the other. And Hell is your abode and there will be no helper for you.

فَآمَنَ لَهُ لُوطٌ وَقَالَ إِنِّي مُهَاجِرٌ إِلَى رَبِّي إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ **(26)**

ترجمہ: پھر لوط (علیہ السلام) ان پر (یعنی ابراہیم علیہ السلام پر) ایمان لے آئے اور انہوں نے کہا: میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں۔ بے شک وہ غالب ہے حکمت والا ہے o

Then Lut (Lot) believed in him (Ibrahim [Abraham]) and he said: 'I am migrating towards my Lord. Surely, He is Almighty, Most Wise.'

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ وَآتَيْنَاهُ أَجْرَهُ فِي الدُّنْيَا وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصَّالِحِينَ (27)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں اسحاق اور یعقوب (علیہما السلام بیٹا اور پوتا) عطا فرمائے اور ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کی اولاد میں نبوت اور کتاب مقرر فرما دی اور ہم نے انہیں دنیا میں (ہی) ان کا صلہ عطا فرما دیا، اور بے شک وہ آخرت میں (بھی) نیکوکاروں میں سے ہیں o

And We blessed him with Ishaq (Isaac) and Ya'qub ([Jacob], a son and a grandson,) and We ordained Prophethood and the Book in Ibrahim's (Abraham's) descendants. And We gave him his reward (here) in this world, and surely he is amongst the most pious in the Hereafter (as well).

وَلُوطاً إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُم بِهَا مِنْ أَحَدٍ مِّنَ الْعَالَمِينَ (28)

ترجمہ: اور لوط (علیہ السلام) کو (یاد کریں) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: بے شک تم بڑی بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو، اقوامِ عالم میں سے کسی ایک (قوم) نے (بھی) اس (بے حیائی) میں تم سے پہل نہیں کی o

And (remember) Lut (Lot) when he said to his people: 'Surely, you commit the worst indecency. None of the nations in the whole world has ever committed this (indecency) before you.

أَئِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُونَ السَّبِيلَ وَتَأْتُونَ فِي نَادِيكُمُ الْمُنكَرَ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهِ إِلَّا أَن قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللَّهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ (29)

ترجمہ: کیا تم (شہوت رانی کے لیے) مَردوں کے پاس جاتے ہو اور ڈاکہ زنی کرتے ہو اور اپنی (بھری) مجلس میں ناپسندیدہ کام کرتے ہو، تو ان کی قوم کا جواب (بھی) اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ کہنے لگے: تم ہم پر اللہ کا عذاب لے آؤ اگر تم سچے ہو o

Do you approach men (for your sexual desire) and commit highway robberies and do indecent deeds in your (crowded) meetings?' And his people (also) had no answer except that they said: 'Bring Allah's torment upon us if you are truthful.'

قَالَ رَبِّ انصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ (30)

ترجمہ: لوط (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے رب! تو فساد انگیزی کرنے والی قوم کے خلاف میری مدد فرما o

Lut (Lot) submitted: 'O Lord! Help me against the mischief mongers.'

وَلَمَّا جَاءتْ رُسُلُنَا إِبْرَاهِيمَ بِالْبُشْرَى قَالُوا إِنَّا مُهْلِكُو أَهْلِ هَذِهِ الْقَرْيَةِ إِنَّ أَهْلَهَا كَانُوا ظَالِمِينَ (31)

ترجمہ: اور جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس خوشخبری لے کر آئے (تو) انہوں نے (ساتھ) یہ (بھی) کہا کہ ہم اس بستی کے مکینوں کو ہلاک کرنے والے ہیں کیونکہ یہاں کے باشندے ظالم ہیں o

And when Our messengers (angels) came to Ibrahim (Abraham) with good news (then, adding,) they (also) said: 'We are going to destroy the dwellers of this town because its inhabitants are the wrongdoers.'

قَالَ إِنَّ فِيهَا لُوطاً قَالُوا نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَن فِيهَا لَنُنَجِّيَنَّهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ (32)

ترجمہ: ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: اس (بستی) میں تو لوط (علیہ السلام بھی) ہیں، انہوں نے کہا: ہم ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو (جو) اس میں (رہتے) ہیں ہم لوط (علیہ السلام) کو اور ان کے گھر والوں کو سوائے ان کی عورت کے ضرور بچا لیں گے، وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہےo

Ibrahim (Abraham) said: 'Lut (Lot) is (also) here in this (town).' They said: 'We know very well the people who (live) in it. We shall certainly save Lut (Lot) and his family except his wife. She is of those who remain behind.'

وَلَمَّا أَن جَاءتْ رُسُلُنَا لُوطاً سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعاً وَقَالُوا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ إِلَّا امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ (33)

ترجمہ: اور جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوط (علیہ السلام) کے پاس آئے تو وہ ان (کے آنے) سے رنجیدہ ہوئے اور ان کے (ارادۂ عذاب کے) باعث نڈھال سے ہو گئے اور (فرشتوں نے) کہا: آپ نہ خوفزدہ ہوں اور نہ غم زدہ ہوں، بے شک ہم آپ کو اور آپ کے گھر والوں کو بچانے والے ہیں سوائے آپ کی عورت کے وہ (عذاب کے لیے) پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہےo

And when Our messengers (angels) came to Lut (Lot), he felt distressed (on their arrival) and felt depressed for their (intention to torment). And (the messengers) said: 'Do not feel afraid or grieved. We shall no doubt save you and your family except your wife. She is of those who will remain behind (for torment).

إِنَّا مُنزِلُونَ عَلَى أَهْلِ هَذِهِ الْقَرْيَةِ رِجْزاً مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ (34)

ترجمہ: بے شک ہم اس بستی کے باشندوں پر آسمان سے عذاب نازل کرنے والے ہیں اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کیا کرتے تھےo

Surely, we are about to bring down from the heaven torment for the inhabitants of this town because they used to disobey.'

وَلَقَد تَّرَكْنَا مِنْهَا آيَةً بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (35)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے اس بستی سے (ویران مکانوں کو) ایک واضح نشانی کے طور پر عقل مند لوگوں کے لیے برقرار رکھاo

And verily, We sustained (the ruined houses) of this town as a clear sign for the wise.

وَإِلَى مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْباً فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ (36)

ترجمہ: اور مَدیَن کی طرف ان کے (قومی) بھائی شعیب (علیہ السلام) کو (بھیجا)، سو انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اور یومِ آخرت کی امید رکھو اور زمین میں فساد انگیزی نہ کرتے پھروo

And (We sent) to Madyan their (kinship) brother Shu'ayb. So he said: 'O my people, worship Allah and look forward to the Last Day and do not do

mischief in the land.'

فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ (37)

ترجمہ: تو انہوں نے شعیب (علیہ السلام) کو جھٹلا ڈالا پس انہیں (بھی) زلزلہ (کے عذاب) نے آ پکڑا، سو انہوں نے صبح اس حال میں کی کہ اپنے گھروں میں اوندھے منہ (مُردہ) پڑے تھےo

Then they rejected Shu'ayb. So (the torment of) the earthquake seized them (as well), and at dawn they were lying prone (dead) in their houses.

وَعَاداً وَثَمُودَ وَقَد تَّبَيَّنَ لَكُم مِّن مَّسَاكِنِهِمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ (38)

ترجمہ: اور عاد اور ثمود کو (بھی ہم نے ہلاک کیا) اور بے شک ان کے کچھ (تباہ شدہ) مکانات تمہارے لیئے (بطورِ عبرت) ظاہر ہو چکے ہیں اور شیطان نے ان کے اَعمالِ بد، ان کے لیے خوش نما بنا دیے تھے اور انہیں (حق کی) راہ سے پھیر دیا تھا حالاں کہ وہ بینا و دانا تھےo

And (We destroyed) 'Ad and Thamud (as well). And indeed (ruins of) some of their houses stand out (i.e., have lived to tell the tale) for you (as a lesson of warning). And Satan made their evil deeds look charming to them, and turned them away from the path (of truth) though they were vigilant and wise.

وَقَارُونَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَلَقَدْ جَاءهُم مُّوسَى بِالْبَيِّنَاتِ فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ وَمَا كَانُوا سَابِقِينَ (39)

ترجمہ: اور (ہم نے) قارون اور فرعون اور ہامان کو (بھی ہلاک کیا) اور بے شک موسیٰ (علیہ السلام) ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے تھے تو انہوں نے ملک میں غرور و سرکشی کی اور وہ (ہماری گرفت سے) آگے بڑھ جانے والے نہ تھےo

And (We also destroyed) Qarun (Korah), Pharaoh and Haman. And surely, Musa (Moses) brought them clear signs and they were arrogant and violent in the land but could not escape (Our seizure).

فَكُلًّا أَخَذْنَا بِذَنبِهِ فَمِنْهُم مَّنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِباً وَمِنْهُم مَّنْ أَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ وَمِنْهُم مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْأَرْضَ وَمِنْهُم مَّنْ أَغْرَقْنَا وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (40)

ترجمہ: سو ہم نے (ان میں سے) ہر ایک کو اس کے گناہ کے باعث پکڑ لیا، اور ان میں سے وہ (طبقہ بھی) تھا جس پر ہم نے پتھر برسانے والی آندھی بھیجی اور ان میں سے وہ (طبقہ بھی) تھا جسے دہشت ناک آواز نے آ پکڑا اور ان میں سے وہ (طبقہ بھی) تھا جسے ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور ان میں سے (ایک) وہ (طبقہ بھی) تھا جسے ہم نے غرق کر دیا اور ہرگز ایسا نہ تھا کہ اللہ ان پر ظلم کرے بلکہ وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھےo

So We seized (every one of) them for his sin. And there was (a faction) of those against whom We sent a storm of pelting stones. And of them was (also a group) whom a roaring blast seized. And (a party) of them were such whom We sank into the earth. And of them there was (yet another community) that We drowned. And Allah would never have wronged them,but they themselves wronged their own souls .

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاء كَمَثَلِ الْعَنكَبُوتِ اتَّخَذَتْ بَيْتاً وَإِنَّ أَوْهَنَ الْبُيُوتِ لَبَيْتُ الْعَنكَبُوتِ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ (41)

ترجمہ: ایسے (کافر) لوگوں کی مثال جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر اوروں (یعنی بتوں) کو کارساز بنالیا ہے مکڑی کی داستان جیسی ہے جس نے (اپنے لیے جالے کا) گھر بنایا، اور بے شک سب گھروں سے زیادہ کمزور مکڑی کا گھر ہے، کاش! وہ لوگ (یہ بات) جانتے ہوتےo

The example of those (disbelievers) who have taken others (i.e., idols) as guardians instead of Allah is like the story of a spider who builds (for herself) a house (of cobweb). And no doubt the weakest of all houses is the spider's house. Would that they knew it!

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُونَ مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (42)

ترجمہ: بے شک اللہ ان (بتوں کی حقیقت) کو جانتا ہے جن کی بھی وہ اس کے سوا پوجا کرتے ہیں، اور وہی غالب ہے حکمت والا ہےo

Surely, Allah knows (the truth of the idols) that they worship instead of Him and He alone is Almighty, Most Wise.

وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ وَمَا يَعْقِلُهَا إِلَّا الْعَالِمُونَ (43)

ترجمہ: اور یہ مثالیں ہیں ہم انہیں لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے بیان کرتے ہیں، اور انہیں اہلِ علم کے سوا کوئی نہیں سمجھتاo

And these are the examples We explain for the people (to understand), and none understands them except those who have knowledge.

خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ (44)

ترجمہ: اللہ نے آسمانوں اور زمین کو درست تدبیر کے ساتھ پیدا فرمایا ہے، بے شک اس (تخلیق) میں اہلِ ایمان کے لیے (اس کی وحدانیت اور قدرت کی) نشانی ہےo

Allah has created the heavens and the earth with a decreed celestial order. Surely, there is in this (creation) a sign (of His Oneness and Might) for those who believe.

سورۃ الروم:

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَأَثَارُوا الْأَرْضَ وَعَمَرُوهَا أَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوهَا وَجَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (9)

ترجمہ: کیا ان لوگوں نے زمین میں سَیر و سیاحت نہیں کی تاکہ وہ دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیا ہوا جو ان سے پہلے تھے، وہ لوگ اِن سے زیادہ طاقتور تھے، اور انہوں نے زمین میں زراعت کی تھی اور اسے آباد کیا تھا، اس سے کہیں بڑھ کر جس قدر اِنہوں نے زمین کو آباد کیا ہے، پھر ان کے پاس ان کے پیغمبر واضح نشانیاں لے کر آئے تھے، سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا، لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھےo

Have they not travelled in the earth and seen what was the end of those before them? They were more powerful than them. And they cultivated the earth, and inhabited it far more than these people have done. Then their Messengers came to them with clear signs. So Allah would not wrong them but they wronged their souls themselves.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ رُسُلًا إِلَى قَوْمِهِمْ فَجَاؤُوهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَانتَقَمْنَا مِنَ الَّذِينَ أَجْرَمُوا وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ (47)

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے آپ سے پہلے رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا اور وہ ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے پھر ہم نے (تکذیب کرنے والے) مجرموں سے بدلہ لے لیا، اور مومنوں کی مدد کرنا ہمارے ذمۂ کرم پر تھا (اور ہے)o

And in fact We sent before you Messengers to their respective peoples and they came to them with clear Signs. Then We took revenge on the wicked (who belied and disbelieved), and to help the believers was (and is) a binding obligation upon Our Grace.

سورۃ السجدۃ:

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُن فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَائِهِ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ (23)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب (تورات) عطا فرمائی تو آپ ان کی ملاقات کی نسبت شک میں نہ رہیں (وہ ملاقات آپ سے عنقریب شبِ معراج ہونے والی ہے) اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایاo

And verily, We gave Musa (Moses) the Book (Torah). So do not have any doubt with regard to his meeting. (That meeting is about to take place during the Night of the Ascension.) And We made it a guidance for the Children of Israel.

سورۃ الاحزاب:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِندَ اللَّهِ وَجِيهًا (69)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسٰی (علیہ السلام) کو (گستاخانہ کلمات کے ذریعے) اذیت پہنچائی، پس اللہ نے انہیں اُن باتوں سے بے عیب ثابت کر دیا جو وہ کہتے تھے، اور وہ (موسٰی علیہ السلام) اللہ کے ہاں بڑی قدر و منزلت والے تھےo

O believers! Do not be like those who hurt Musa ([Moses] by means of their denigrating words). So Allah proved him clear of the blames which they levelled against him. And he (Musa [Moses]) had great honour and high standing in the sight of Allah.

سورۃ فاطر:

وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الأُمُورُ (4)

ترجمہ: اور اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو آپ سے پہلے کتنے ہی رسول جھٹلائے گئے، اور تمام کام اللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گےo

And if they reject you, many Messengers have been rejected before you. And all matters will be returned to Allah alone.

إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ بِالْحَقِّ بَشِيراً وَنَذِيراً وَإِن مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خلَا فِيهَا نَذِيرٌ **(24)**

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو حق و ہدایت کے ساتھ، خوشخبری سنانے والا اور (آخرت کا) ڈر سنانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اور کوئی امّت (ایسی) نہیں مگر اُس میں کوئی (نہ کوئی) ڈر سنانے والا (ضرور) گزرا ہےo

Surely, We have sent you with the truth and guidance as a Bearer of good news and a Warner (for the Hereafter). And there is not a single Umma (community) but amongst whom there came (some) Warner.

وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ جَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتَابِ الْمُنِيرِ **(25)**

ترجمہ: اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں تو بے شک اِن سے پہلے لوگ (بھی) جھٹلا چکے ہیں، اُن کے پاس (بھی) اُن کے رسول واضح نشانیاں اور صحیفے اور روشن کرنے والی کتاب لے کر آئے تھےo

And if they deny you, then surely the people before you have (also) denied. Their Messengers (also) came to them with clear signs and scriptures and the illumining Book.

سورۃ یٰس:

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلاً أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ إِذْ جَاءهَا الْمُرْسَلُونَ **(13)**

ترجمہ: اور آپ اُن کے لیے ایک بستی (انطاکیہ) کے باشندوں کی مثال (حکایتاً) بیان کریں، جب اُن کے پاس کچھ پیغمبر آئےo

And narrate to them the (legendary) example of the people of a city (Antioch-an ancient city in Northern Syria) when there came to them some Messengers.

إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوا إِنَّا إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ **(14)**

ترجمہ: جبکہ ہم نے اُن کی طرف (پہلے) دو (پیغمبر) بھیجے تو انہوں نے ان دونوں کو جھٹلا دیا پھر ہم نے (ان کو) تیسرے (پیغمبر) کے ذریعے قوت دی، پھر اُن تینوں نے کہا: بے شک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیںo

When (at first) We sent to them two Messengers, they rejected them both. Then We reinforced (them) with a third (Messenger). Then the three of them said: 'Surely, we have been sent to you.'

قَالُوا مَا أَنتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَمَا أَنزَلَ الرَّحْمنُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ **(15)**

ترجمہ: (بستی والوں نے) کہا: تم تو محض ہماری طرح بشر ہو اور خدائے رحمان نے کچھ بھی نازل نہیں کیا، تم فقط جھوٹ بول رہے ہوo

(The people of the city) said: 'You are but human beings like us, and the Most Kind (Lord) has not sent down anything. You are only lying.'

قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ **(16)**

ترجمہ: (پیغمبروں نے) کہا: ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم یقیناً تمہاری طرف بھیجے گئے ہیںo

(The Messengers) said: 'Surely, our Lord knows that we have been sent to you.

وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (17)

ترجمہ: اور واضح طور پر پیغام پہنچا دینے کے سوا ہم پر کچھ لازم نہیں ہےo

And there is nothing binding upon us except to communicate the message clearly.'

قَالُوا إِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ لَئِن لَّمْ تَنتَهُوا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُم مِّنَّا عَذَابٌ أَلِيمٌ (18)

ترجمہ: (بستی والوں نے) کہا: ہمیں تم سے نحوست پہنچی ہے اگر تم واقعی باز نہ آئے تو ہم تمہیں یقیناً سنگ سار کر دیں گے اور ہماری طرف سے تمہیں ضرور دردناک عذاب پہنچے گاo

(The people of the city) said: 'An evil omen has reached us from you. If you do not desist, we shall certainly stone you, and you will definitely suffer an agonizing punishment at our hands.'

قَالُوا طَائِرُكُمْ مَعَكُمْ أَئِن ذُكِّرْتُم بَلْ أَنتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُونَ (19)

ترجمہ: (پیغمبروں نے) کہا: تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے، کیا یہ نحوست ہے کہ تمہیں نصیحت کی گئی، بلکہ تم لوگ حد سے گزر جانے والے ہوo

(The Messengers) said: 'Your evil omen is with you. Is it an evil omen that you are admonished? Nay, but you are a people who exceed limits.'

وَجَاءَ مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ رَجُلٌ يَسْعَى قَالَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِينَ (20)

ترجمہ: اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا: اے میری قوم! تم پیغمبروں کی پیروی کروo

And a person came running from the farthest end of the city. He said: 'O my people, follow the Messengers.

اتَّبِعُوا مَن لَّا يَسْأَلُكُمْ أَجْراً وَهُم مُّهْتَدُونَ (21)

ترجمہ: ایسے لوگوں کی پیروی کرو جو تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتے اور وہ ہدایت یافتہ ہیںo

Follow those who do not ask from you any compensation and who are rightly guided.

وَمَا لِيَ لَا أَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (22)

ترجمہ: اور مجھے کیا ہے کہ میں اس ذات کی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا فرمایا ہے اور تم (سب) اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

And what is the matter with me that I should not worship Him Who has created me and to Him (all of) you will be returned?

أَأَتَّخِذُ مِن دُونِهِ آلِهَةً إِن يُرِدْنِ الرَّحْمَنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئاً وَلَا يُنقِذُونِ (23)

ترجمہ: کیا میں اس (اللہ) کو چھوڑ کر ایسے معبود بنالوں کہ اگر خدائے رحمان مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو نہ مجھے اُن کی سفارش کچھ نفع پہنچا سکے اور نہ وہ مجھے چھڑا ہی سکیںo

Should I take such gods apart from Him (Allah) that if the Most Kind (Lord) intends to do me any harm, their intercession would not bring me any benefit, nor would they be able to rescue me?

إِنِّيٓ إِذاً لَّفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ **(24)**

ترجمہ: بے شک تب تو میں کھلی گمراہی میں ہوں گاo

Then, certainly, I would be in open error.

إِنِّيٓ آمَنتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُونِ **(25)**

ترجمہ: بے شک میں تمہارے رب پر ایمان لے آیا ہوں، سو تم مجھے (غور سے) سنوo

Surely, I have believed in your Lord, so listen to me (attentively).'

قِيلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يَا لَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ **(26)**

ترجمہ: (اسے کافروں نے شہید کر دیا تو اسے) کہا گیا: (آ) بہشت میں داخل ہو جا، اس نے کہا: اے کاش! میری قوم کو معلوم ہو جاتاo

(The disbelievers martyred him; then it) was said (to him): '(Come,) enter Paradise.' He said: 'Alas! Would that my people knew,

بِمَا غَفَرَ لِي رَبِّي وَجَعَلَنِي مِنَ الْمُكْرَمِينَ **(27)**

ترجمہ: کہ میرے رب نے میری مغفرت فرما دی ہے اور مجھے عزت و قربت والوں میں شامل فرما دیا ہےo

That my Lord has forgiven me, and put me amongst the honoured and near ones.'

وَمَا أَنزَلْنَا عَلَى قَوْمِهِ مِن بَعْدِهِ مِن جُندٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَمَا كُنَّا مُنزِلِينَ **(28)**

ترجمہ: اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر آسمان سے (فرشتوں کا) کوئی لشکر نہیں اتارا اور نہ ہی ہم (ان کی ہلاکت کے لیے فرشتوں کو) اتارنے والے تھےo

And, after him, We did not send any army (of angels) from the heaven to his people, nor were We to send down (angels to destroy them).

إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ خَامِدُونَ **(29)**

ترجمہ: (ان کا عذاب) ایک سخت چنگھاڑ کے سوا اور کچھ نہ تھا، بس وہ اُسی دم (مر کر کوئلے کی طرح) بُجھ گئےo

(Their torment) was nothing but a Mighty Blast, and there were they extinguished (dead like charred coal).

يَا حَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ مَا يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ **(30)**

ترجمہ: ہائے (اُن) بندوں پر افسوس! اُن کے پاس کوئی رسول نہ آتا تھا مگر یہ کہ وہ اس کا مذاق اڑاتے تھےo

Ah! Woe to (these) servants! Never did a Messenger come to them but they used to mock him.

أَلَمْ يَرَوْا كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ **(31)**

ترجمہ: کیا اِنہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اِن سے پہلے کتنی ہی قومیں ہلاک کر ڈالیں، کہ اب وہ لوگ ان کی طرف پلٹ کر نہیں آئیں گےo

Have they not seen how many communities We destroyed before them, and that now they will not return to them,

وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ (32)

ترجمہ: مگر یہ کہ وہ سب کے سب ہمارے حضور حاضر کیے جائیں گےo

But that all of them will be brought before Our presence?

سورۃ الصافات:

وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُونَ (75)

ترجمہ: اور بے شک ہمیں نوح (علیہ السلام) نے پکارا تو ہم کتنے اچھے فریاد رَس ہیںo

And, verily, Nuh (Noah) cried to Us. So how excellent We are to respond to the prayers!

وَنَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ (76)

ترجمہ: اور ہم نے اُنہیں اور اُن کے گھر والوں کو سخت تکلیف سے بچا لیاo

And We delivered him and his family from the ordeal.

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِينَ (77)

ترجمہ: اور ہم نے فقط اُن ہی کی نسل کو باقی رہنے والا بنایاo

And We made his offspring the only survivors.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ (78)

ترجمہ: اور پیچھے آنے والوں (یعنی انبیاء و اُمم) میں ہم نے ان کا ذکرِ خیر باقی رکھاo

And We made his virtuous remembrance endure amongst the successors (i.e., the Messengers and their people).

سَلَامٌ عَلَى نُوحٍ فِي الْعَالَمِينَ (79)

ترجمہ: سلام ہو نوح پر سب جہانوں میںo

Peace be on Nuh (Noah) in all the worlds!

إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ (80)

ترجمہ: بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیںo

Surely, We requite the pious the same way.

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ (81)

ترجمہ: بے شک وہ ہمارے (کامل) ایمان والے بندوں میں سے تھےo

He was indeed of Our servants blessed with (perfect) faith.

ثُمَّ أَغْرَقْنَا الْآخَرِينَ (82)

ترجمہ: پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا o

Then We drowned the others.

وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِ لَإِبْرَاهِيمَ (83)

ترجمہ: بے شک اُن کے گروہ میں سے ابراہیم (علیہ السلام بھی) تھے o

And verily, of his party was Ibrahim ([Abraham] as well, on him be peace).

إِذْ جَاءَ رَبَّهُ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ (84)

ترجمہ: جب وہ اپنے رب کی بارگاہ میں قلبِ سلیم کے ساتھ حاضر ہوئے o

When he appeared before his Lord with a purified and submissive heart,

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ مَاذَا تَعْبُدُونَ (85)

ترجمہ: جبکہ انہوں نے اپنے باپ (جو حقیقت میں چچا تھا، آپ بوجہ پرورش اسے باپ کہتے تھے) اور اپنی قوم سے کہا: تم کن چیزوں کی پرستش کرتے ہو؟ o

He said to his father (who was in fact his uncle, and he used to call him father, for he had brought him up) and his people: 'What is it that you worship?

أَئِفْكاً آلِهَةً دُونَ اللَّهِ تُرِيدُونَ (86)

ترجمہ: کیا تم بہتان باندھ کر اللہ کے سوا (جھوٹے) معبودوں کا ارادہ کرتے ہو؟ o

Do you go for false gods besides Allah, inventing a false allegation?

فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ (87)

ترجمہ: بھلا تمام جہانوں کے رب کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ o

Well! What do you think of the Lord of all the worlds?'

فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُومِ (88)

ترجمہ: پھر (ابراہیم علیہ السلام نے اُنہیں وہم میں ڈالنے کے لیے) ایک نظر ستاروں کی طرف کی o

Then Ibrahim (Abraham) cast a look at the stars (to put them in doubt),

فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ (89)

ترجمہ: اور کہا: میری طبیعت مُضمحل ہے (تمہارے ساتھ میلے پر نہیں جا سکتا) o

And said: 'I am not well (so cannot accompany you to the festival).'

فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ (90)

ترجمہ: سو وہ اُن سے پیٹھ پھیر کر لوٹ گئے o

At that they turned their backs on him and left (for the festival).

فَرَاغَ إِلَى آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ (91)

ترجمہ: پھر (ابراہیم علیہ السلام) ان کے معبودوں (یعنی بتوں) کے پاس خاموشی سے گئے اور اُن سے کہا: کیا تم کھاتے نہیں

ہو؟o

Then Ibrahim (Abraham) went up to their gods (idols) quietly and said to them: 'Do you not eat?

مَا لَكُمْ لَا تَنطِقُونَ (92)

ترجمہ: تمہیں کیا ہے کہ تم بولتے نہیں ہو؟o

What is the matter with you that you do not speak?'

فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْباً بِالْيَمِينِ (93)

ترجمہ: پھر (ابراہیم علیہ السلام) پوری قوّت کے ساتھ انہیں مارنے (اور توڑنے) لگےo

Then Ibrahim (Abraham) began striking (and breaking) them with full force.

فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَزِفُّونَ (94)

ترجمہ: پھر لوگ (میلے سے واپسی پر) دوڑتے ہوئے ان کی طرف آئےo

Then the people came to him running (on returning from the festival).

قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ (95)

ترجمہ: ابراہیم (علیہ السلام) نے (اُن سے) کہا: کیا تم اِن (ہی بے جان پتھروں) کو پوجتے ہو جنہیں خود تراشتے ہو؟o

Ibrahim (Abraham) said (to them): 'Do you worship these (inanimate stones) which you yourselves carve out,

وَاللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ (96)

ترجمہ: حالاں کہ اللہ نے تمہیں اور تمہارے (سارے) کاموں کو خَلق فرمایا ہےo

Whilst Allah has created you and (all) your doings?'

قَالُوا ابْنُوا لَهُ بُنْيَاناً فَأَلْقُوهُ فِي الْجَحِيمِ (97)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: ان کے (جلانے کے) لیے ایک عمارت بناؤ پھر ان کو (اس کے اندر) سخت بھڑکتی آگ میں ڈال دوo

They said: 'Raise for him a building (to burn him), then cast him into the blazing fire (in it).'

فَأَرَادُوا بِهِ كَيْداً فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَسْفَلِينَ (98)

ترجمہ: غرض انہوں نے ابراہیم (علیہ السلام) کے ساتھ ایک چال چلنا چاہی سو ہم نے اُن ہی کو نیچا دکھا دیا (نتیجتاً آگ گلزار بن گئی)o

So they attempted to play a trick against Ibrahim (Abraham), but We humiliated them (when the fire eventually turned into a flower garden).

وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَى رَبِّي سَيَهْدِينِ (99)

ترجمہ: پھر ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: میں (ہجرت کر کے) اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں وہ مجھے ضرور راستہ دکھائے گا (وہ ملکِ شام کی طرف ہجرت فرما گئے)o

Then Ibrahim (Abraham) said: '(Migrating,) I am going to my Lord. He will

certainly guide me.' (He migrated to Syria).

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ (100)

ترجمہ: (پھر اَرضِ مقدّس میں پہنچ کر دعا کی:) اے میرے رب! صالحین میں سے مجھے ایک (فرزند) عطا فرما o

(Reaching the sacred land, he prayed:) 'O my Lord, bless me with (a son,) one of the pious.'

فَبَشَّرْنَاهُ بِغُلَامٍ حَلِيْمٍ (101)

ترجمہ: پس ہم نے انہیں بڑے بُردبار بیٹے (اسماعیل علیہ السلام) کی بشارت دی o

So We gave him the good news of a very forbearing son (Isma'il [Ishmael]).

فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يَا بُنَيَّ إِنِّيْ أَرَى فِي الْمَنَامِ أَنِّيْ أَذْبَحُكَ فَانظُرْ مَاذَا تَرَى قَالَ يَا أَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْ إِن شَاءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ (102)

ترجمہ: پھر جب وہ (اسماعیل علیہ السلام) ان کے ساتھ دوڑ کر چل سکنے (کی عمر) کو پہنچ گیا تو (ابراہیم علیہ السلام نے) فرمایا: اے میرے بیٹے! میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں سوغور کرو کہ تمہاری کیا رائے ہے۔ (اسماعیل علیہ السلام نے) کہا: ابّا جان! وہ کام (فوراً) کر ڈالیے جس کا آپ کو حکم دیا جا رہا ہے۔ اگر اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صبر کرنے والوں میں سے پائیں گے o

Then when (Isma'il [Ishmael]) reached (the age of) the ability to run about with him, Ibrahim (Abraham) said: 'O my son, I have seen in a dream that I am sacrificing you. So think, what is your opinion?' Isma'il (Ishmael) said: 'O my father, do that (immediately) which you are being commanded. If Allah wills, you will find me amongst the patient (and steadfast).'

فَلَمَّا أَسْلَمَا وَتَلَّهُ لِلْجَبِيْنِ (103)

ترجمہ: پھر جب دونوں (رضائے الٰہی کے سامنے) جھک گئے (یعنی دونوں نے مولا کے حکم کو تسلیم کر لیا) اور ابراہیم (علیہ السلام) نے اسے پیشانی کے بل لِٹا دیا (اگلا منظر بیان نہیں فرمایا) o

So when both submitted (to the will of Allah i.e., both surrendered to Allah's command), and Ibrahim (Abraham) laid him down on his forehead-(the subsequent sight has not been described;)

وَنَادَيْنَاهُ أَنْ يَا إِبْرَاهِيْمُ (104)

ترجمہ: اور ہم نے اسے ندا دی کہ اے ابراہیم! o

And We called out to him: 'O Ibrahim (Abraham)!

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّؤْيَا إِنَّا كَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ (105)

ترجمہ: واقعی تم نے اپنا خواب (کیا خوب) سچا کر دکھایا۔ بے شک ہم محسنوں کو ایسا ہی صلہ دیا کرتے ہیں (سو تمہیں مقامِ خلّت سے نواز دیا گیا ہے) o

(How wonderfully) have you made your dream really true!' Surely, We pay back

the spiritually excellent the same way. (So you are blessed with the prominence of Our closest friend.)

إِنَّ هَذَا لَهُوَ الْبَلَاء الْمُبِيْنُ (106)

ترجمہ: بے شک یہ بہت بڑی کھلی آزمائش تھیo

It was by far a great open trial.

وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ (107)

ترجمہ: اور ہم نے ایک بہت بڑی قربانی کے ساتھ اِس کا فدیہ کر دیاo

And We ransomed him with a great sacrifice.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِيْ الْآخِرِيْنَ (108)

ترجمہ: اور ہم نے پیچھے آنے والوں میں اس کا ذکرِ خیر برقرار رکھاo

And We preserved his virtuous remembrance (i.e., praise) amongst the succeeding generations.

سَلَامٌ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ (109)

ترجمہ: سلام ہو ابراہیم پرo

Peace be upon Ibrahim (Abraham)!

كَذَلِكَ نَجْزِيْ الْمُحْسِنِيْنَ (110)

ترجمہ: ہم اسی طرح محسنوں کو صلہ دیا کرتے ہیںo

That is how We pay back those who are committed to spiritual excellence.

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ (111)

ترجمہ: بے شک وہ ہمارے (کامل) ایمان والے بندوں میں سے تھےo

Surely, he was of Our servants with (perfect faith).

وَبَشَّرْنَاهُ بِإِسْحَاقَ نَبِيّاً مِّنَ الصَّالِحِيْنَ (112)

ترجمہ: اور ہم نے (اِسماعیل علیہ السلام کے بعد) انہیں اِسحاق (علیہ السلام) کی بشارت دی (وہ بھی) صالحین میں سے نبی تھےo

And (after Isma'il [Ishmael]) We gave him the good news of Ishaq (Isaac). He was (also) a Prophet, one of the most pious.

وَبَارَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلَى إِسْحَاقَ وَمِن ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ مُبِيْنٌ (113)

ترجمہ: اور ہم نے اُن پر اور اسحاق (علیہ السلام) پر برکتیں نازل فرمائیں، اور ان دونوں کی نسل میں نیکوکار بھی ہیں اور اپنی جان پر کھلے ظلم شِعار بھیo

And We bestowed blessings on him and on Ishaq (Isaac). And amongst their descendants are both the virtuous as well as those who expressly wrong themselves.

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَى مُوسَى وَهَارُونَ (114)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر بھی احسان کیے o

And surely, We blessed Musa (Moses) and Harun (Aaron) as well with Our favours.

وَنَجَّيْنَاهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيمِ (115)

ترجمہ: اور ہم نے خود ان دونوں کو اور دونوں کی قوم کو سخت تکلیف سے نجات بخشی o

And We delivered them and their people from the ordeal.

وَنَصَرْنَاهُمْ فَكَانُوا هُمُ الْغَالِبِينَ (116)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کی مدد فرمائی تو وہی غالب ہو گئے o

And We helped them, so it was they who overmastered.

وَآتَيْنَاهُمَا الْكِتَابَ الْمُسْتَبِينَ (117)

ترجمہ: اور ہم نے ان دونوں کو واضح اور بیّن کتاب (تورات) عطا فرمائی o

And We gave both of them the clear and enlightening Book (the Torah).

وَهَدَيْنَاهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ (118)

ترجمہ: اور ہم نے ان دونوں کو سیدھی راہ پر چلایا o

And We guided them both to the straight path.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْآخِرِينَ (119)

ترجمہ: اور ہم نے ان دونوں کے حق میں (بھی) پیچھے آنے والوں میں ذکرِ خیر باقی رکھا o

And We preserved their virtuous remembrance (also) amongst the succeeding generations.

سَلَامٌ عَلَى مُوسَى وَهَارُونَ (120)

ترجمہ: سلام ہو موسیٰ اور ہارون پر o

Peace be upon Musa (Moses) and Harun (Aaron)!

إِنَّا كَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ (121)

ترجمہ: بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح صِلہ دیا کرتے ہیں o

That is how We pay back those who are committed to spiritual excellence.

إِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ (122)

ترجمہ: بے شک وہ دونوں ہمارے (کامل) ایمان والے بندوں میں سے تھے o

Surely, both of them were of Our servants blessed with (perfect faith).

وَإِنَّ إِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ (123)

ترجمہ: اور یقیناً الیاس (علیہ السلام بھی) رسولوں میں سے تھے o

And indeed, Ilyas (Elias too) was one of the Messengers.

إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَلَا تَتَّقُونَ (124)

ترجمہ: جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم (اللہ سے) نہیں ڈرتے ہو؟o

When he said to his people: 'Do you not fear (Allah)?

أَتَدْعُونَ بَعْلًا وَتَذَرُونَ أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ (125)

ترجمہ: کیا تم بَعل (نامی بُت) کو پوجتے ہو اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑ دیتے ہو؟o

Do you worship (the idol named) Ba'l and turn away from the Best of creators,

اللَّهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ (126)

ترجمہ: (یعنی) اللہ جو تمہارا (بھی) رب ہے اور تمہارے اگلے باپ دادوں کا (بھی) رب ہےo

Allah, Who is your Lord and the Lord of your foregoing ancestors (as well)?'

فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ (127)

ترجمہ: تو ان لوگوں نے (یعنی قومِ بعلبک نے) الیاس (علیہ السلام) کو جھٹلایا پس وہ (بھی عذابِ جہنم میں) حاضر کر دیے جائیں گےo

But they (the people of Ba'lbek) gave lie to Ilyas (Elias), so they will (also) be brought (to the torment of Hell),

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ (128)

ترجمہ: سوائے اللہ کے چُنے ہوئے بندوں کےo

Except the chosen servants of Allah.

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ (129)

ترجمہ: اور ہم نے ان کا ذکرِ خیر (بھی) پیچھے آنے والوں میں برقرار رکھاo

And We preserved his virtuous remembrance (also) amongst the succeeding generations.

سَلَامٌ عَلَى إِلْ يَاسِينَ (130)

ترجمہ: سلام ہو الیاس پرo

Peace be upon Ilyas (Elias)!

إِنَّا كَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ (131)

ترجمہ: بے شک ہم نیکوکاروں کو اسی طرح صِلہ دیا کرتے ہیںo

That is how We pay back those who are committed to spiritual excellence.

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ (132)

ترجمہ: بے شک وہ ہمارے (کامل) ایمان والے بندوں میں سے تھےo

Surely, he was of Our servants blessed with (perfect faith).

وَإِنَّ لُوطاً لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (133)

ترجمہ: اور بے شک لوط (علیہ السلام بھی) رسولوں میں سے تھےo

And verily, Lut (Lot too) was one of the Messengers.

إِذْ نَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِيْنَ (134)

ترجمہ: جب ہم نے اُن کو اور ان کے سب گھر والوں کو نجات بخشیo

When We delivered him and the whole of his family,

إِلَّا عَجُوزاً فِيْ الْغَابِرِيْنَ (135)

1 ترجمہ: سوائے اس بڑھیا کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھیo

Except that old woman who was of those who stayed behind;

ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِيْنَ (136)

ترجمہ: پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر ڈالاo

Then We destroyed the others.

وَإِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِم مُّصْبِحِيْنَ (137)

ترجمہ: اور بے شک تم لوگ اُن (کی اُجڑی بستیوں) پر (مَکّہ سے ملکِ شام کی طرف جاتے ہوئے) صبح کے وقت بھی گزرتے ہوo

And surely, you pass by (the remains of their ruined towns whilst going from Mecca to Syria) in the morning,

وَبِاللَّيْلِ أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (138)

ترجمہ: اور رات کو بھی، کیا پھر بھی تم عقل نہیں رکھتےo

And at night as well. Do you not even then understand?

وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (139)

ترجمہ: اور یونس (علیہ السلام بھی) واقعی رسولوں میں سے تھےo

And Yunus (Jonah too) was indeed one of the Messengers,

إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ (140)

ترجمہ: جب وہ بھری ہوئی کشتی کی طرف دوڑےo

When he ran towards the full boat.

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ (141)

ترجمہ: پھر (کشتی بھنور میں پھنس گئی تو) انہوں نے قرعہ ڈالا تو وہ (قرعہ میں) مغلوب ہو گئے (یعنی ان کا نام نکل آیا اور کشتی والوں نے انہیں دریا میں پھینک دیا)o

Then (when it was caught into a whirlpool) they cast lots, and (in the draws) he came to be the loser (i.e., his name was drawn and those in the boat cast him overboard into the river).

فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ (142)

ترجمہ: پھر مچھلی نے ان کو نگل لیا اور وہ (اپنے آپ پر) نادم رہنے والے تھےo

Then the fish swallowed him and he was a (self-condemning) repentant.

فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ (143)

ترجمہ: پھر اگر وہ (اللہ کی) تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتےo

Then if he had not been of those who glorify (Allah),

لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُونَ (144)

ترجمہ: تو اس (مچھلی) کے پیٹ میں اُس دن تک رہتے جب لوگ (قبروں سے) اٹھائے جائیں گےo

He would have stayed in the belly (of the fish) till the Day when people will be resurrected (from the graves).

فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ سَقِيمٌ (145)

ترجمہ: پھر ہم نے انہیں (ساحلِ دریا پر) کھلے میدان میں ڈال دیا حالاں کہ وہ بیمار تھےo

Then We cast him onto a wide plain (i.e., the beach) whilst he was sick.

وَأَنْبَتْنَا عَلَيْهِ شَجَرَةً مِّن يَقْطِينٍ (146)

ترجمہ: اور ہم نے ان پر (کدّو کا) بیل دار درخت اُگا دیاo

And We caused a creeping (gourd) plant to grow over him.

وَأَرْسَلْنَاهُ إِلَى مِئَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيدُونَ (147)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں (اَرضِ موصل میں قومِ نینوٰی کے) ایک لاکھ یا اس سے زیادہ افراد کی طرف بھیجا تھاo

And We sent him towards (the people of Nineveh in the land of Mosul,) a population of a hundred thousand or more.

فَآمَنُوا فَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَى حِينٍ (148)

ترجمہ: سو (آثارِ عذاب کو دیکھ کر) وہ لوگ ایمان لائے تو ہم نے انہیں ایک وقت تک فائدہ پہنچایاo

(Seeing the signs of torment,) they believed. So We granted them prosperity for a time.

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِينَ (181)

ترجمہ: اور (تمام) رسولوں پر سلام ہوo

And peace be upon (all) the Messengers!

سورۃ ص:

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ ذُو الْأَوْتَادِ (12)

ترجمہ: اِن سے پہلے قومِ نوح نے اور عاد نے اور بڑی مضبوط حکومت والے (یا میخوں سے اذیّت دینے والے) فرعون نے (بھی) جھٹلایا تھاo

Before them the people of Nuh (Noah) and 'Ad and (also) Pharaoh, the powerful king (who tortured with stakes), belied and disbelieved;

وَثَمُودُ وَقَوْمُ لُوطٍ وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ أُولَئِكَ الْأَحْزَابُ (13)

ترجمہ: اور ثمود نے اور قومِ لوط نے اور اَیکہ (بَن) کے رہنے والوں نے (یعنی قومِ شعیب نے) بھی (جھٹلایا تھا)، یہی وہ بڑے لشکر تھے o

And Thamud and the people of Lut (Lot) and the dwellers of (the Wood) al-Ayka (i.e., the people of Shu'ayb) too (denied). These were the large armies.

إِن كُلٌّ إِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ (14)

ترجمہ: (اِن میں سے) ہر ایک گروہ نے رسولوں کو جھٹلایا تو (اُن پر) میرا عذاب واجب ہو گیا o

Each (one of these) people rejected the Messengers and My torment became inevitable (for them).

اصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا دَاوُودَ ذَا الْأَيْدِ إِنَّهُ أَوَّابٌ (17)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) جو کچھ وہ کہتے ہیں آپ اس پر صبر جاری رکھیئے اور ہمارے بندے داؤد (علیہ السلام) کا ذکر کریں جو بڑی قوت والے تھے، بے شک وہ (ہماری طرف) بہت رجوع کرنے والے تھے o

(O My Esteemed Beloved!) Continue observing patience with what they say and remember Our servant Dawud (David), who had great power. Certainly, he was ever-turning (to Us in repentance).

إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ (18)

ترجمہ: بے شک ہم نے پہاڑوں کو اُن کے زیرِ فرمان کر دیا تھا، جو (اُن کے ساتھ مل کر) شام کو اور صبح کو تسبیح کیا کرتے تھے o

Indeed, We put mountains under his command which (joining him) used to glorify Me evening and morning,

وَالطَّيْرَ مَحْشُورَةً كُلٌّ لَّهُ أَوَّابٌ (19)

ترجمہ: اور پرندوں کو بھی جو (اُن کے پاس) جمع رہتے تھے، ہر ایک ان کی طرف (اطاعت کے لیے) رجوع کرنے والا تھا o

And the birds as well that used to flock (in his presence); each would turn towards him (seeking to obey his commands).

وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ (20)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کے ملک و سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور ہم نے انہیں حکمت و دانائی اور فیصلہ کن اندازِ خطاب عطا کیا تھا o

And We strengthened and stabilized his state and rule, and blessed him with wisdom, insight and a decisive (and distinctive) oratory.

وَهَلْ أَتَاكَ نَبَأُ الْخَصْمِ إِذْ تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ (21)

ترجمہ: اور کیا آپ کے پاس جھگڑنے والوں کی خبر پہنچی؟ جب وہ دیوار پھاند کر (داؤد علیہ السلام کی) عبادت گاہ میں داخل ہو گئے o

And has the news of the contenders reached you when they jumped over the wall and entered the chamber of worship (of Dawud [David])?

إِذْ دَخَلُوا عَلَى دَاوُودَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ قَالُوا لَا تَخَفْ خَصْمَانِ بَغَى بَعْضُنَا عَلَى بَعْضٍ فَاحْكُم بَيْنَنَا بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَا إِلَى سَوَاءِ الصِّرَاطِ **(22)**

ترجمہ: جب وہ داؤد (علیہ السلام) کے پاس اندر آ گئے تو وہ اُن سے گھبرائے، انہوں نے کہا: گھبرایئے نہیں، ہم (ایک) مقدّمہ میں دو فریق ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے۔ آپ ہمارے درمیان حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیں اور حد سے تجاوز نہ کریں اور ہمیں سیدھی راہ کی طرف رہبری کر دیںo

When they came inside to Dawud (David), he felt nervous. They said: 'Do not feel upset. We are two parties in a dispute. One of us has wronged the other. So judge between us with truth and justice, and do not exceed limits, and lead us towards the right path.

إِنَّ هَذَا أَخِي لَهُ تِسْعٌ وَتِسْعُونَ نَعْجَةً وَلِيَ نَعْجَةٌ وَاحِدَةٌ فَقَالَ أَكْفِلْنِيهَا وَعَزَّنِي فِي الْخِطَابِ **(23)**

ترجمہ: بے شک یہ میرا بھائی ہے، اِس کی ننانوے دُنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک ہی دُنبی ہے، پھر کہتا ہے یہ (بھی) میرے حوالہ کر دو اور گفتگو میں (بھی) مجھے دبا لیتا ہےo

Surely, he is my brother; he has ninety-nine ewes and I have only one ewe. Yet he says: 'Give it (also) to me,' and he suppresses me in conversation (as well).

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ إِلَى نِعَاجِهِ وَإِنَّ كَثِيراً مِّنَ الْخُلَطَاء لَيَبْغِي بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَقَلِيلٌ مَّا هُمْ وَظَنَّ دَاوُودُ أَنَّمَا فَتَنَّاهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهُ وَخَرَّ رَاكِعاً وَأَنَابَ **(24)**

ترجمہ: داؤد (علیہ السلام) نے کہا: تمہاری دُنبی کو اپنی دُنبیوں سے ملانے کا سوال کر کے اس نے تم سے زیادتی کی ہے اور بے شک اکثر شریک ایک دوسرے پر زیادتی کرتے ہیں سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے، اور ایسے لوگ بہت کم ہیں۔ اور داؤد (علیہ السلام) نے خیال کیا کہ ہم نے (اس مقدّمہ کے ذریعہ) اُن کی آزمائش کی ہے، سو انہوں نے اپنے رب سے مغفرت طلب کی اور سجدہ میں گر پڑے اور توبہ کیo

Dawud (David) said: 'He has done you a wrong in demanding your ewe to add to his own ewes, and it is true that most of the partners wrong one another except those who believe and do pious deeds, and such people are very few.' And it occurred to Dawud (David) that We had put him to trial (through that dispute). So he prayed for forgiveness from his Lord and fell down prostrate and turned (to Allah) in repentance.

فَغَفَرْنَا لَهُ ذَلِكَ وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَى وَحُسْنَ مَآبٍ **(25)**

ترجمہ: تو ہم نے اُن کو معاف فرما دیا، اور بے شک اُن کے لیے ہماری بارگاہ میں قربِ خاص ہے اور (آخرت میں) اَعلیٰ مقام ہےo

So We granted him forgiveness, and surely he enjoys special nearness in Our

presence and an exalted position (in the Hereafter).

يَا دَاوُودُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ فَاحْكُم بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوَى فَيُضِلَّكَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ إِنَّ الَّذِينَ يَضِلُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا نَسُوا يَوْمَ الْحِسَابِ **(26)**

ترجمہ: اے داؤد! بے شک ہم نے آپ کو زمین میں (اپنا) نائب بنایا سو تم لوگوں کے درمیان حق و انصاف کے ساتھ فیصلے (یا حکومت) کیا کرو اور خواہش کی پیروی نہ کرنا ورنہ (یہ پیروی) تمہیں راہِ خدا سے بھٹکا دے گی، بے شک جو لوگ اللہ کی راہ سے بھٹک جاتے ہیں اُن کے لیے سخت عذاب ہے اس وجہ سے کہ وہ یومِ حساب کو بھول گئے o

O Dawud (David)! Verily, We have made you (Our) vicegerent in the earth. So judge between the people (or rule) with truth and justice. And do not follow your desire, for this (pursuance of desire) shall turn you away from the path of Allah. Surely, those who turn away from the path of Allah, for them is severe punishment because they forget the Day of Reckoning.

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ذَلِكَ ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ **(27)**

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کائنات دونوں کے درمیان ہے اسے بے مقصد و بے مصلحت نہیں بنایا۔ یہ (بے مقصد یعنی اتفاقیہ تخلیق) کافر لوگوں کا خیال و نظریہ ہے۔ سو کافر لوگوں کے لیے آتشِ دوزخ کی ہلاکت ہے o

And We have not created the heavens and the earth and all that is between them without any purpose and good reason. It is the view and concept of the disbelievers (that this is a purposeless creation that came about by chance). So for the disbelievers there is torment of the Fire of Hell.

أَمْ نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَالْمُفْسِدِينَ فِي الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ **(28)**

ترجمہ: کیا ہم اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ بجالائے اُن لوگوں جیسا کر دیں گے جو زمین میں فساد بپا کرنے والے ہیں یا ہم پرہیزگاروں کو بدکرداروں جیسا بنا دیں گے o

Shall We make those who believe and do constructive works like those who corrupt the earth with mischief and destructive works? Or shall We make the pious like the corrupt and wicked?

كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُوا الْأَلْبَابِ **(29)**

ترجمہ: یہ کتاب برکت والی ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل فرمایا ہے تاکہ دانش مند لوگ اس کی آیتوں میں غور و فکر کریں اور نصیحت حاصل کریں o

This is a Blessed Book that We have revealed to you so that the wise may ponder over its Verses and seek direction and guidance.

وَوَهَبْنَا لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ **(30)**

ترجمہ: اور ہم نے داؤد (علیہ السلام) کو (فرزند) سلیمان (علیہ السلام) بخشا، وہ کیا خوب بندہ تھا، بے شک وہ بڑی کثرت سے توبہ کرنے والا ہے o

And We blessed Dawud (David) with (a son) Sulayman (Solomon). How excellent a servant was he! He is indeed oft-returning to Allah in repentance.

إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ (31)

ترجمہ: جب اُن کے سامنے شام کے وقت نہایت سُبک رفتار عمدہ گھوڑے پیش کیے گئےo

When swift horses of a fine breed were presented to him in the evening,

فَقَالَ إِنِّيٓ أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَن ذِكْرِ رَبِّي حَتَّىٰ تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ (32)

ترجمہ: توانہوں نے (اِناباً) کہا: میں مال (یعنی گھوڑوں) کی محبت کو اپنے رب کے ذکر سے بھی (زیادہ) پسند کر بیٹھا ہوں یہاں تک کہ (سورج رات کے) پردے میں چھپ گیاo

He said (remorsefully): 'I have cherished love for wealth (i.e., horses) more than the love for the remembrance of my Lord until (the sun) disappeared behind the veil (of night).'

رُدُّوهَا عَلَيَّ فَطَفِقَ مَسْحاً بِالسُّوقِ وَالْأَعْنَاقِ (33)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اُن (گھوڑوں) کو میرے پاس واپس لاؤ، تو انہوں نے (تلوار سے) اُن کی پنڈلیاں اور گردنیں کاٹ ڈالیں (یوں اپنی محبت کو اللہ کے تقرّب کے لیے ذبح کر دیا)o

He said: 'Bring them (horses) back to me.' So he cut away their legs and necks (with a sword, and thus he slaughtered his love for nearness to Allah).

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَداً ثُمَّ أَنَابَ (34)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کی (بھی) آزمائش کی اور ہم نے اُن کے تخت پر ایک (عجیب الخلقت) جسم ڈال دیا پھر انہوں نے دوبارہ (سلطنت) پالیo

And indeed, We (also) put Sulayman (Solomon) to trial, and placed an (unusually created) body on his throne. Then he regained (the rule).

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكاً لَّا يَنبَغِي لِأَحَدٍ مِّنْ بَعْدِي إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ (35)

ترجمہ: عرض کیا: اے میرے پروردگار! مجھے بخش دے، اور مجھے ایسی حکومت عطا فرما کہ میرے بعد کسی کو میسّر نہ ہو، بے شک تو ہی بڑا عطا فرمانے والا ہےo

He submitted: 'O my Lord, forgive me, and bestow on me such a reign that no one may have after me. Surely, You are Most Benevolent.'

فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً حَيْثُ أَصَابَ (36)

ترجمہ: پھر ہم نے اُن کے لیے ہوا کو تابع کر دیا، وہ اُن کے حکم سے نرم نرم چلتی تھی جہاں کہیں (بھی) وہ پہنچنا چاہتےo

Then We caused the wind to obey him. It used to blow gently under his command wherever he would desire (it) to go.

وَالشَّيَاطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَغَوَّاصٍ (37)

ترجمہ: اور کل جنّات (وشیاطین بھی ان کے تابع کر دیے) اور ہر معمار اور غوطہ زَن (بھی)o

And all the jinn (and devils were also subdued to him) and every architect and diver (too),

وَآخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْأَصْفَادِ (38)

ترجمہ: اور دوسرے (جنّات) بھی جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھےo

And (also) other jinn bound in chains.

هَذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ (39)

ترجمہ: (ارشاد ہوا:) یہ ہماری عطا ہے (خواہ دوسروں پر) احسان کرو یا (اپنے تک) روکے رکھو (دونوں حالتوں میں) کوئی حساب نہیںo

(Allah said:) 'This is Our bestowal. (Whether you) confer (it) on others or hold back (to you), no account will be asked for (in both the cases).'

وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَى وَحُسْنَ مَآبٍ (40)

ترجمہ: اور بے شک اُن کے لیے ہماری بارگاہ میں خصوصی قربت اور آخرت میں عمدہ مقام ہےo

And surely, he enjoys exclusive nearness in Our presence and an exalted position in the Hereafter.

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ إِذْ نَادَى رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ (41)

ترجمہ: اور ہمارے بندے ایّوب (علیہ السلام) کا ذکر کیجئے جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے شیطان نے بڑی اذیّت اور تکلیف پہنچائی ہےo

And mention Our servant Ayyub (Job) when he cried to his Lord: 'Satan has afflicted me with great torture and suffering.'

ارْكُضْ بِرِجْلِكَ هَذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَشَرَابٌ (42)

ترجمہ: (ارشاد ہوا:) تم اپنا پاؤں زمین پر مارو، یہ (پانی کا) ٹھنڈا چشمہ ہے نہانے کے لیے اور پینے کے لیےo

(Allah said:) 'Strike the ground with your foot. Here is a spring (of cool water) to bathe and drink.'

وَوَهَبْنَا لَهُ أَهْلَهُ وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرَى لِأُوْلِي الْأَلْبَابِ (43)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کو اُن کے اہل و عیال اور اُن کے ساتھ اُن کے برابر (مزید اہل و عیال) عطا کر دیے، ہماری طرف سے خصوصی رحمت کے طور پر، اور دانش مندوں کے لیے نصیحت کے طور پرo

And We gave him his family, and as many more (members of family) along with them, as a special mercy from Us and as advice for the wise.

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثاً فَاضْرِب بِّهِ وَلَا تَحْنَثْ إِنَّا وَجَدْنَاهُ صَابِراً نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ (44)

ترجمہ: (اے ایوب!) تم اپنے ہاتھ میں (سَو) تنکوں کی جھاڑو پکڑ لو اور (اپنی قسم پوری کرنے کے لیے) اس سے (ایک بار اپنی زوجہ کو) مارو اور قسم نہ توڑو، بے شک ہم نے اسے ثابت قدم پایا، (ایّوب علیہ السلام) کیا خوب بندہ تھا، بے شک وہ (ہماری طرف) بہت رجوع کرنے والا تھاo

(O Ayyub [Job]!) Take a broom of (one hundred) twigs in your hand, and strike (your wife once) with that (to fulfil your oath), and do not break your oath. Surely, We found him steadfast. How excellent a servant was (Ayyub [Job])! Surely, he was oft-returning (to Us) in repentance.

وَاذْكُرْ عِبَادَنَا إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ أُولِي الْأَيْدِي وَالْأَبْصَارِ **(45)**

ترجمہ: اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام) کا ذکر کیجئے جو بڑی قوّت والے اور نظر والے تھےo

And mention Our servants Ibrahim (Abraham) and Ishaq (Isaac) and Ya'qub (Jacob), who wielded great power and possessed vision.

إِنَّا أَخْلَصْنَاهُم بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ **(46)**

ترجمہ: بےشک ہم نے اُن کو آخرت کے گھر کی یاد کی خاص (خصلت) کی وجہ سے چن لیا تھاo

Surely, We chose them for an exclusive (characteristic of) the remembrance of the home in the Hereafter.

وَإِنَّهُمْ عِندَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْأَخْيَارِ **(47)**

ترجمہ: اور بےشک وہ ہمارے حضور بڑے منتخب و برگزیدہ (اور) پسندیدہ بندوں میں سے تھےo

And verily, in Our Sight they were of the chosen, exalted (and) most liked servants.

وَاذْكُرْ إِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ وَكُلٌّ مِّنَ الْأَخْيَارِ **(48)**

ترجمہ: اور آپ اسماعیل اور الیسع اور ذوالکفل (علیہم السلام) کا (بھی) ذکر کیجئے، اور وہ سارے کے سارے چنے ہوئے لوگوں میں سے تھےo

And (also) mention Isma'il (Ishmael) and al-Yasa' (Isaiah) and Dhu al-Kifl (Ezekiel). And all of them were of the chosen ones.

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَى إِذْ يَخْتَصِمُونَ **(69)**

ترجمہ: مجھے تو (اَز خود) عالمِ بالا کی جماعتِ (ملائکہ) کی کوئی خبر نہ تھی جب وہ (تخلیقِ آدم کے بارے میں) بحث و تمحیص کر رہے تھےo

I did not know of the Supreme Assembly (of angels on my own) when they were holding discussions (about the creation of Adam).

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ **(72)**

ترجمہ: پھر جب میں اس (کے ظاہر) کو درست کر لوں اور اس (کے باطن) میں اپنی (نورانی) روح پھونک دوں تو تم اس (کی تعظیم) کے لیے سجدہ کرتے ہوئے گر پڑناo

Then when I have perfected its (visible body) and blown into its (invisible) self My Own (illumining) spirit, fall down prostrate before him (in his honour).'

فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ **(73)**

ترجمہ: پس سب کے سب فرشتوں نے اکٹھے سجدہ کیاo

So all the angels fell down together prostrating themselves before him,

سورۃ الزمر:

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ **(65)**

ترجمہ: اور فی الحقیقت آپ کی طرف (یہ) وحی کی گئی ہے اور اُن (پیغمبروں) کی طرف (بھی) جو آپ سے پہلے (مبعوث ہوئے) تھے کہ (اے انسان!) اگر تُو نے شرک کیا تو یقیناً تیرا عمل برباد ہو جائے گا اور تُو ضرور نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگاo

And in truth (this) revelation has been sent to you and to those (Messengers as well) who were (raised) before you: '(O man,) if you associate partners with Allah, then all your works will go to waste, and you will certainly be amongst the losers.'

وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتَابُ وَجِيءَ بِالنَّبِيِّينَ وَالشُّهَدَاءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ **(69)**

ترجمہ: اور زمین (محشر) اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور (ہر ایک کے اعمال کی) کتاب رکھ دی جائے گی اور انبیاء کو اور گواہوں کو لایا جائے گا اور لوگوں کے درمیان حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گاo

And the earth (on the Day of Judgment) will be illumined with the Light of its Lord, and the Book (of everyone's deeds) will be laid down. And the Prophets and the witnesses will be brought, and judgment will be given between the people with truth and justice. And they will not be done any wrong.

سورۃ مومن:

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَالْأَحْزَابُ مِن بَعْدِهِمْ وَهَمَّتْ كُلُّ أُمَّةٍ بِرَسُولِهِمْ لِيَأْخُذُوهُ وَجَادَلُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ فَأَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ **(5)**

ترجمہ: اِن سے پہلے قومِ نوح نے اور اُن کے بعد (اور) بہت سی امتّوں نے (اپنے رسولوں کو) جھٹلایا اور ہر امّت نے اپنے رسول کے بارے میں ارادہ کیا کہ اسے پکڑ (کر قتل کر دیں یا قید کر) لیں اور بے بنیاد باتوں کے ذریعے جھگڑا کیا تاکہ اس (جھگڑے) کے ذریعے حق (کا اثر) زائل کر دیں سو میں نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا، پس (میرا) عذاب کیسا تھا؟o

Before them the people of Nuh (Noah) and after them many (other) communities rejected (their Messengers). And every people intended to seize its Messenger (to assassinate or imprison him), and raised dispute through baseless issues to dilute (the influence of) the truth by means of that (dispute). So I seized them (in torment). So how was (My) torment!

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَكَفَرُوا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ إِنَّهُ قَوِيٌّ شَدِيدُ الْعِقَابِ **(22)**

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہوا کہ ان کے پاس ان کے رسول کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے پھر انہوں نے کفر کیا تو اللہ نے انہیں (عذاب میں) پکڑ لیا، بے شک وہ بڑی قوت والا، سخت عذاب دینے والا ہےo

That was because their Messengers brought them open signs but they denied. So Allah seized them (in the torment). Surely, He is All-Powerful, Most Severe in punishing.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَى بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ **(23)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ بھیجاo

And indeed We sent Musa (Moses) with Our signs and a clear authority,

إِلَى فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَقَارُونَ فَقَالُوا سَاحِرٌ كَذَّابٌ **(24)**

ترجمہ: فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف، تو وہ کہنے لگے کہ یہ جادوگر ہے، بڑا جھوٹا ہےo

Towards Pharaoh, Haman and Qarun (Korah) but they said: 'He is a sorcerer, a great liar.'

فَلَمَّا جَاءهُم بِالْحَقِّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا اقْتُلُوا أَبْنَاء الَّذِيْنَ آمَنُوا مَعَهُ وَاسْتَحْيُوا نِسَاءهُمْ وَمَا كَيْدُ الْكَافِرِيْنَ إِلَّا فِيْ ضَلَالٍ **(25)**

ترجمہ: پھر جب وہ ہماری بارگاہ سے پیغامِ حق لے کر ان کے پاس آئے تو انہوں نے کہا: ان لوگوں کے لڑکوں کو قتل کر دو جو ان کے ساتھ ایمان لائے ہیں اور ان کی عورتوں کو زندہ چھوڑ دو، اور کافروں کی پرفریب چالیں صرف ہلاکت ہی تھیں (انہوں نے پُر امن لوگوں کی نسل کُشی کی)o

Then when he came to them with the message of truth from Us, they said: 'Kill the sons of those who have believed with him but leave their women alive.' And the treacherous plots of the disbelievers were nothing but ruination. (They massacred the generations of peaceful community.)

وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُونِيْ أَقْتُلْ مُوسَى وَلْيَدْعُ رَبَّهُ إِنِّيْ أَخَافُ أَن يُبَدِّلَ دِيْنَكُمْ أَوْ أَن يُظْهِرَ فِي الْأَرْضِ الْفَسَادَ **(26)**

ترجمہ: اور فرعون بولا: مجھے چھوڑ دو میں موسٰی کو قتل کر دوں اور اسے چاہیے کہ اپنے رب کو بلا لے۔ مجھے خوف ہے کہ وہ تمہارا دین بدل دے گا یا ملک (مصر) میں فساد پھیلا دے گاo

And Pharaoh said: 'Leave me to kill Musa (Moses) and let him call his Lord. I fear he will change your religion or will spread violence in the country (Egypt).'

وَقَالَ مُوسَى إِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُم مِّن كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ **(27)**

ترجمہ: اور موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: میں اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ لے چکا ہوں، ہر متکبر شخص سے جو یومِ حساب پر ایمان نہیں رکھتاo

And Musa (Moses) said: 'I have taken refuge with my Lord and your Lord from every arrogant character who does not believe in the Day of Reckoning.'

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيْمَانَهُ أَتَقْتُلُونَ رَجُلاً أَن يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ وَقَدْ جَاءكُم بِالْبَيِّنَاتِ مِن رَّبِّكُمْ وَإِن يَكُ كَاذِباً فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ وَإِن يَكُ صَادِقاً يُصِبْكُم بَعْضُ الَّذِيْ يَعِدُكُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ **(28)**

ترجمہ: اور ملّتِ فرعون میں سے ایک مردِ مومن نے کہا جو اپنا ایمان چھپائے ہوئے تھا: کیا تم ایک شخص کو قتل کرتے ہو (صرف)

اس لیے کہ وہ کہتا ہے: میرا رب اللہ ہے، اور وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح نشانیاں لے کر آیا ہے، اور اگر (بالفرض) وہ جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا بوجھ اسی پر ہوگا اور اگر وہ سچا ہے تو جس قدر عذاب کا وہ تم سے وعدہ کر رہا ہے تمہیں پہنچ کر رہے گا، بے شک اللہ اسے ہدایت نہیں دیتا جو حد سے گزرنے والا سراسر جھوٹا ہوo

And a believing man amongst the people of Pharaoh who had kept his faith secret said, 'Do you kill a man (just) because he says: Allah is my Lord? And he has brought you clear signs from your Lord. And (suppose) if he is a liar, then the burden of his lie will fall back on him alone, but if he is truthful, then as much torment is bound to seize you as he has promised you. Surely, Allah does not give guidance to someone who exceeds limits and is a downright liar.

يَا قَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظَاهِرِيْنَ فِي الْأَرْضِ فَمَن يَنصُرُنَا مِن بَأْسِ اللَّهِ إِنْ جَاءنَا قَالَ فِرْعَوْنُ مَا أُرِيكُمْ إِلَّا مَا أَرَى وَمَا أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ **(29)**

ترجمہ: اے میری قوم! آج کے دن تمہاری حکومت ہے (تم ہی) سرزمینِ (مصر) میں اقتدار پر ہو، پھر کون ہمیں اللہ کے عذاب سے بچا سکتا ہے اگر وہ (عذاب) ہمارے پاس آجائے۔ فرعون نے کہا: میں تمہیں فقط وہی بات سمجھاتا ہوں جسے میں خود (صحیح) سمجھتا ہوں اور میں تمہیں بھلائی کی راہ کے سوا (اور کوئی راستہ) نہیں دکھاتاo

O my people! You are in power today; (it is you who) are ruling over the land (of Egypt). But who can save us from the torment of Allah if that (torment) comes upon us?' Pharaoh said: 'I instruct you only what I myself deem (correct), and I do not show you (any path) except the path of righteousness.'

وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُم مِّثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ **(30)**

ترجمہ: اور اس شخص نے کہا جو ایمان لا چکا تھا: اے میری قوم! میں تم پر (بھی اگلی) قوموں کے روزِ بد کی طرح (عذاب) کا خوف رکھتا ہوںo

And he who had embraced faith said: 'O my people, I fear (the torment of) an evil day coming upon you (too) like the day that seized (the former) generations,

مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَالَّذِينَ مِن بَعْدِهِمْ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْماً لِّلْعِبَادِ **(31)**

ترجمہ: قومِ نوح اور عاد اور ثمود اور جو لوگ ان کے بعد ہوئے (ان) کے دستورِ سزا کی طرح، اور اللہ بندوں پر ہرگز زیادتی نہیں چاہتاo

On the pattern of the punishment of the people of Nuh (Noah), 'Ad and Thamud and the later communities. And Allah does not intend any injustice to (His) servants.

وَيَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ **(32)**

ترجمہ: اور اے قوم! میں تم پر چیخ و پکار کے دن (یعنی قیامت) سے خوف زدہ ہوںo

And, O people, I fear for you a Day of Hue and Cry (i.e., the Day of Rising),

يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ مَا لَكُم مِّنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ **(33)**

ترجمہ: جس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو گے اور تمہیں اللہ (کے عذاب) سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اس کے لیے کوئی ہادی و رہنما نہیں ہوتاo

The Day when you will turn your backs and flee away, and there will be no one to save you from (the torment of) Allah, and for him whom Allah holds astray there is no guide or leader.

وَلَقَدْ جَاءكُمْ يُوسُفُ مِن قَبْلُ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ مِّمَّا جَاءكُم بِهِ حَتَّى إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَن يَبْعَثَ اللَّهُ مِن بَعْدِهِ رَسُولاً كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابٌ **(34)**

ترجمہ: اور (اے اہلِ مصر!) بے شک تمہارے پاس اس سے پہلے یوسف (علیہ السلام) واضح نشانیوں کے ساتھ آ چکے اور تم ہمیشہ ان (نشانیوں) کے بارے میں شک میں (پڑے) رہے جو وہ تمہارے پاس لائے تھے، یہاں تک کہ جب وہ وفات پا گئے تو تم کہنے لگے کہ اب اللہ ان کے بعد ہرگز کسی رسول کو نہیں بھیجے گا۔ اسی طرح اللہ اس شخص کو گمراہ ٹھہرا دیتا ہے جو حد سے گزرنے والا شک کرنے والا ہوo

And, (O people of Egypt,) no doubt Yusuf (Joseph) came to you with clear signs before this. And you always remained doubtful about those (signs) which he brought to you until, when he passed away, you started saying: 'Now Allah will never send any Messenger after him.' In like manner, Allah holds one astray who is a transgressor and a sceptic,

الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ كَبُرَ مَقْتاً عِندَ اللَّهِ وَعِندَ الَّذِينَ آمَنُوا كَذَلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ **(35)**

ترجمہ: جو لوگ اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو ان کے پاس آئی ہو، (یہ جھگڑا کرنا) اللہ کے نزدیک اور ایمان والوں کے نزدیک سخت بیزاری (کی بات) ہے، اسی طرح اللہ ہر ایک مغرور (اور) سرکش کے دل پر مُہر لگا دیتا ہےo

Those who argue about the Revelations of Allah without any proof that has come to them, (their argumentation) is awfully displeasing in the sight of Allah and in the sight of believers. That is how Allah seals up the heart of every arrogant (and) tyrant.'

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِي صَرْحاً لَّعَلِّي أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ **(36)**

ترجمہ: اور فرعون نے کہا: اے ہامان! تو میرے لیے ایک اونچا محل بنا دے تاکہ میں (اس پر چڑھ کر) راستوں پر جا پہنچوںo

And Pharaoh said: 'O Haman, build me a towering palace so that (climbing it) I may reach the tracts,

أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَى إِلَهِ مُوسَى وَإِنِّي لَأَظُنُّهُ كَاذِباً وَكَذَلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوءُ عَمَلِهِ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيلِ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِي تَبَابٍ **(37)**

ترجمہ: (یعنی) آسمانوں کے راستوں پر، پھر میں موسٰی کے خدا کو جھانک کر دیکھ سکوں اور میں تو اسے جھوٹا ہی سمجھتا ہوں، اور اس طرح فرعون کے لیے اس کی بدعملی خوش نما کر دی گئی اور وہ (اللہ کی) راہ سے روک دیا گیا، اور فرعون کی پُر فریب تدبیر محض ہلاکت ہی میں تھی o

The tracts to the heavens; then I may peer and glance at the God of Musa (Moses); and I consider him but a liar.' And in this way, the evil conduct of Pharaoh was made charming for him and he was hindered from the path (of Allah). And the treacherous plan of Pharaoh was nothing but a catastrophe.

وَقَالَ الَّذِیْ آمَنَ یَا قَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِیْلَ الرَّشَادِ (38)

ترجمہ: اور اس شخص نے کہا جو ایمان لا چکا تھا: اے میری قوم! تم میری پیروی کرو میں تمہیں خیر و ہدایت کی راہ پر لگا دوں گا o

And the man who had believed said: 'O my people, follow me, I will lead you to the path of guidance and piousness.

یَا قَوْمِ إِنَّمَا هَذِهِ الْحَیَاةُ الدُّنْیَا مَتَاعٌ وَإِنَّ الْآخِرَةَ هِیَ دَارُ الْقَرَارِ (39)

ترجمہ: اے میری قوم! یہ دنیا کی زندگی بس (چند روزہ) فائدہ اٹھانے کے سوا کچھ نہیں اور بے شک آخرت ہی ہمیشہ رہنے کا گھر ہے o

O my people! The life of this world is nothing but (a few days') gain, and the Hereafter is certainly a home to live in forever.

مَنْ عَمِلَ سَیِّئَةً فَلَا یُجْزَی إِلَّا مِثْلَهَا وَمَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَی وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُوْلَئِكَ یَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ یُرْزَقُونَ فِیْهَا بِغَیْرِ حِسَابٍ (40)

ترجمہ: جس نے برائی کی تو اسے بدلہ نہیں دیا جائے گا مگر صرف اسی قدر، اور جس نے نیکی کی، خواہ مرد ہو یا عورت اور مومن بھی ہو تو وہی لوگ جنّت میں داخل ہوں گے انہیں وہاں بے حساب رِزق دیا جائے گا o

He who commits evil will not be rewarded but with the same measure. And whoever behaves piously, whether male or female, and is a believer as well, it is they who will enter Paradise. There they will be given sustenance without measure.

وَیَا قَوْمِ مَا لِیْ أَدْعُوكُمْ إِلَی النَّجَاةِ وَتَدْعُونَنِیْ إِلَی النَّارِ (41)

ترجمہ: اور اے میری قوم! مجھے کیا ہوا ہے کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے دوزخ کی طرف بلاتے ہو o

And, O my people, why is it that I call you to salvation and you call me to Hell?

تَدْعُونَنِیْ لِأَكْفُرَ بِاللَّهِ وَأُشْرِكَ بِهِ مَا لَیْسَ لِیْ بِهِ عِلْمٌ وَأَنَا أَدْعُوكُمْ إِلَی الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ (42)

ترجمہ: تم مجھے (یہ) دعوت دیتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں اور اس کے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہراؤں جس کا مجھے کچھ علم بھی نہیں اور میں تمہیں خدائے غالب کی طرف بلاتا ہوں جو بڑا بخشنے والا ہے o

You invite me to deny Allah, and associate with Him that of which I have no knowledge, whilst I invite you to the Almighty God, Who is Most Forgiving.

لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِي إِلَيْهِ لَيْسَ لَهُ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَأَنَّ مَرَدَّنَا إِلَى اللَّهِ وَأَنَّ الْمُسْرِفِينَ هُمْ أَصْحَابُ النَّارِ (43)

ترجمہ: سچ تو یہ ہے کہ تم مجھے جس چیز کی طرف بلا رہے ہو وہ نہ تو دنیا میں پکارے جانے کے قابل ہے اور نہ (ہی) آخرت میں اور بے شک ہمارا واپس لوٹنا اللہ ہی کی طرف ہے اور یقیناً حد سے گزرنے والے ہی دوزخی ہیں o

The truth is that what you are calling me to is not worth calling either in this world or in the Hereafter. And surely, our return is to Allah alone, and certainly those who transgress are the inmates of Hell.

فَسَتَذْكُرُونَ مَا أَقُولُ لَكُمْ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ (44)

ترجمہ: سو تم عنقریب (وہ باتیں) یاد کرو گے جو میں تم سے کہہ رہا ہوں، اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں، بے شک اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہے o

So you will soon recall (these words) that I am saying to you. And I consign my affair to Allah. Surely, Allah is Ever-Watchful of the servants.'

فَوَقَاهُ اللَّهُ سَيِّئَاتِ مَا مَكَرُوا وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ سُوءُ الْعَذَابِ (45)

ترجمہ: پھر اللہ نے اُسے اُن لوگوں کی برائیوں سے بچا لیا جن کی وہ تدبیر کر رہے تھے اور آلِ فرعون کو بُرے عذاب نے گھیر لیا o

Then Allah safeguarded him against their evils which they were planning. And an evil torment engulfed the people of Pharaoh.

النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ (46)

ترجمہ: آتشِ دوزخ کے سامنے یہ لوگ صبح و شام پیش کیے جاتے ہیں اور جس دن قیامت بپا ہوگی (تو حکم ہوگا:) آلِ فرعون کو سخت ترین عذاب میں داخل کر دو o

They are brought before the Fire of Hell morning and evening. And the Day when Resurrection occurs (a voice will command:) 'Cast the people of Pharaoh into the most miserable chastisement.'

وَإِذْ يَتَحَاجُّونَ فِي النَّارِ فَيَقُولُ الضُّعَفَاءُ لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعاً فَهَلْ أَنْتُمْ مُغْنُونَ عَنَّا نَصِيباً مِنَ النَّارِ (47)

ترجمہ: اور جب وہ لوگ دوزخ میں باہم جھگڑیں گے تو کمزور لوگ ان سے کہیں گے جو (دنیا میں) بڑائی ظاہر کرتے تھے کہ ہم تو تمہارے پیروکار تھے سو کیا تم آتشِ دوزخ کا کچھ حصّہ (ہی) ہم سے دور کر سکتے ہو o

And when they will fall out with one another in Hell, the weak will say to those who used to show arrogance (in the world): 'We were your followers, so can you remove from us (even) a portion of the Fire of Hell?'

قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُلٌّ فِيهَا إِنَّ اللَّهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ (48)

ترجمہ: تکبر کرنے والے کہیں گے: ہم سب ہی اسی (دوزخ) میں پڑے ہیں بے شک اللہ نے بندوں کے درمیان حتمی فیصلہ فرما دیا ہے o

Those who practised arrogance will say: 'We all are doomed in the same Hell;

surely, Allah has given His final judgment amongst the servants.'

وَقَالَ الَّذِيْنَ فِيْ النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْماً مِّنَ الْعَذَابِ (49)

ترجمہ: اور آگ میں پڑے ہوئے لوگ دوزخ کے داروغوں سے کہیں گے: اپنے رب سے دعا کرو کہ وہ کسی دن تو ہم سے عذاب ہلکا کر دےo

And those burning in the Fire will say to the keepers of Hell: 'Pray to your Lord that He lessens our torment some day.'

قَالُوا أَوَلَمْ تَكُ تَأْتِيْكُمْ رُسُلُكُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا بَلَى قَالُوا فَادْعُوا وَمَا دُعَاء الْكَافِرِيْنَ إِلَّا فِيْ ضَلَالٍ (50)

ترجمہ: وہ کہیں گے: کیا تمہارے پاس تمہارے پیغمبر واضح نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے، وہ کہیں گے: کیوں نہیں، (پھر داروغے) کہیں گے: تم خود ہی دعا کرو اور کافروں کی دعا (ہمیشہ) رائیگاں ہی ہوگیo

They will say: 'Did your Messengers not come to you with clear signs?' They will reply: 'Yes, of course.' (Then the keepers) will say: 'So pray yourselves.' But the disbelievers' prayer will (always) be in vain.

إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ آمَنُوا فِيْ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ (51)

ترجمہ: بے شک ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان لانے والوں کی دنیوی زندگی میں (بھی) مدد کرتے ہیں اور اس دن (بھی کریں گے) جب گواہ کھڑے ہوں گےo

Surely, We help Our Messengers and those who believe both in the life of this world and on the Day when the witnesses will rise,

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْهُدَى وَأَوْرَثْنَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْكِتَابَ (53)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (کتاب) ہدایت عطا کی اور ہم نے (اُن کے بعد) بنی اسرائیل کو (اُس) کتاب کا وارث بنایاo

And verily We gave Musa ([Moses] the Book of) guidance, and (after him) We made the Children of Israel the inheritors of that (Book),

هُدًى وَذِكْرَى لِأُولِيْ الْأَلْبَابِ (54)

ترجمہ: جو ہدایت ہے اور عقل والوں کے لیے نصیحت ہےo

A guidance and a reminder for those who possess wisdom.

الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (70)

ترجمہ: جن لوگوں نے کتاب کو (بھی) جھٹلا دیا اور ان (نشانیوں) کو (بھی) جن کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا تھا، تو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گےo

Those who have rejected the Book (as well as) the signs with which We sent Our Messengers, they will know (their end) soon,

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَنْ يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ فَإِذَا جَاء أَمْرُ اللَّهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ (78)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسولوں کو بھیجا، ان میں سے بعض کا حال ہم نے آپ پر بیان فرما دیا اور ان میں سے بعض کا حال ہم نے (ابھی تک) آپ پر بیان نہیں فرمایا، اور کسی بھی رسول کے لیے یہ (ممکن) نہ تھا کہ وہ کوئی نشانی بھی اللہ کے اِذن کے بغیر لے آئے، پھر جب اللہ کا حکم آ پہنچا (اور) حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا تو اس وقت اہلِ باطل خسارے میں رہےo

And no doubt We sent many Messengers before you. We have given you an account of some of them whilst We have not (yet) narrated to you the annals of some others. And it was not possible for any Messenger to bring any sign without Allah's leave. Then when the command of Allah came (and) the judgment was given with truth and justice, the exponents of evil went into loss.

فَلَمَّا جَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرِحُوا بِمَا عِندَهُم مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ **(83)**

ترجمہ: پھر جب اُن کے پیغمبر اُن کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے تو اُن کے پاس جو (دنیاوی) علم و فن تھا وہ اس پر اِتراتے رہے اور (اسی حال میں) انہیں اُس (عذاب) نے آگھیرا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

So have they not travelled in the earth that they could see how they who passed before them met their fate? They were far greater (in number) than these people and mightier in power and (much more advanced) in respect of the remains and traces (as well) that (they) have left behind in the earth (as archeological sites). But whatever they used to earn brought them no benefit.

سورۃ حم السجدۃ:

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ **(13)**

ترجمہ: پھر اگر وہ رُوگردانی کریں تو آپ فرما دیں: میں تمہیں اُس خوفناک عذاب سے ڈراتا ہوں جو عاد اور ثمود کی ہلاکت کے مانند ہوگاo

Then if they turn away, say: 'I warn you of a terrible torment like the destruction of 'Ad and Thamud.'

إِذْ جَاءتْهُمُ الرُّسُلُ مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ قَالُوا لَوْ شَاءَ رَبُّنَا لَأَنزَلَ مَلَائِكَةً فَإِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ **(14)**

ترجمہ: جب اُن کے پاس اُن کے آگے اور اُن کے پیچھے (یا اُن سے پہلے اور ان کے بعد) پیغمبر آئے (اور کہا) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، تو وہ کہنے لگے: اگر ہمارا رب چاہتا تو فرشتوں کو اتار دیتا سو جو کچھ تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اس کے منکر ہیںo

When the Messengers came to them from their front and from their rear (or before them and after them and said:) 'Worship none but Allah,' they said: 'Had our Lord willed, He would have sent down angels. So we deny whatever you have been sent with.'

فَـأَمَّـا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوا فِيْ الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوا مَنْ أَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُوْنَ (15)

ترجمہ: پس جو قومِ عاد تھی سو انہوں نے زمین میں ناحق تکبر (و سرکشی) کی اور کہنے لگے: ہم سے بڑھ کر طاقتور کون ہے؟ اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس نے انہیں پیدا فرمایا ہے وہ اُن سے کہیں بڑھ کر طاقتور ہے، اور وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے رہے o

As for the people of 'Ad, they were unrightfully arrogant (and rebellious) in the land and said: 'Who is greater in might than we are?' And have they not seen that Allah, Who has created them, is far mightier in power than they are? And they kept denying Our Revelations.

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحاً صَرْصَراً فِيْ أَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِيْ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَى وَهُمْ لَا يُنصَرُوْنَ (16)

ترجمہ: سو ہم نے اُن پر منحوس دنوں میں خوفناک تیز و تند آندھی بھیجی تاکہ ہم انہیں دنیوی زندگی میں ذِلت کے عذاب کا مزہ چکھائیں، اور آخرت کا عذاب تو سب سے زیادہ ذِلت انگیز ہوگا اور اُن کی کوئی مدد نہ کی جائے گی o

So We sent upon them an appalling and violent wind during ill-omened days to make them taste the torment of humiliation in the worldly life, and the torment of the Hereafter will be far more degrading. And they will not be helped at all.

وَأَمَّا ثَمُودُ فَهَدَيْنَاهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمَى عَلَى الْهُدَى فَأَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُونِ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (17)

ترجمہ: اور جو قومِ ثمود تھی، سو ہم نے انہیں راہِ ہدایت دکھائی تو انہوں نے ہدایت کے مقابلہ میں اندھا رہنا ہی پسند کیا تو انہیں ذِلّت کے عذاب کی کڑک نے پکڑ لیا اُن اعمال کے بدلے جو وہ کمایا کرتے تھے o

And as for the people of Thamud, We showed them the path of guidance, but they preferred blindness to guidance. So a blast of humiliating devastation seized them for the deeds that they used to earn.

وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُوْنَ (18)

ترجمہ: اور ہم نے اُن لوگوں کو نجات بخشی جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے o

And We delivered those who believed and performed acts of piety (and self-protection).

مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ وَذُو عِقَابٍ أَلِيْمٍ (43)

ترجمہ: (اے حبیب!) جو آپ سے کہی جاتی ہیں (یہ) وہی باتیں ہیں جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہی جا چکی ہیں، بے شک آپ کا رب ضرور معافی والا (بھی) ہے اور دردناک سزا دینے والا (بھی) ہے o

(O Beloved!) Whatever is said to you are the same words that have been said to the Messengers before you. Surely, your Lord is Most Forgiving and

the Master of agonizing chastisement (as well).

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ **(45)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب عطا فرمائی تو اس میں (بھی) اختلاف کیا گیا، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے فرمان پہلے صادر نہ ہو چکا ہوتا تو اُن کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا اور بے شک وہ اس (قرآن) کے بارے میں (بھی) دھوکہ دینے والے شک میں (مبتلاء) ہیںo

And verily, We gave the Book to Musa (Moses), but disagreement was perpetrated in that (too). And had not a command already been given by your Lord, the matter would have been judged between them. And surely, they are (suffering from) a deceitful doubt about this (Qur'an as well).

سورۃ الشوریٰ:

كَذَلِكَ يُوحِيُ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ **(3)**

ترجمہ: اسی طرح آپ کی طرف اور اُن (رسولوں) کی طرف جو آپ سے پہلے ہوئے ہیں اللہ وحی بھیجتا رہا ہے جو غالب ہے بڑی حکمت والا ہےo

In like manner has Allah, Almighty, All-Wise, been sending His Revelations to you and to those (Messengers) who have passed before you.

شَرَعَ لَكُم مِّنَ الدِّينِ مَا وَصَّى بِهِ نُوحاً وَالَّذِيَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ اللَّهُ يَجْتَبِيَ إِلَيْهِ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِيَ إِلَيْهِ مَن يُنِيبُ **(13)**

ترجمہ: اُس نے تمہارے لیے دین کا وہی راستہ مقرّر فرمایا جس کا حکم اُس نے نُوح (علیہ السلام) کو دیا تھا اور جس کی وحی ہم نے آپ کی طرف بھیجی اور جس کا حکم ہم نے ابراھیم اور موسٰی و عیسٰی (علیہم السلام) کو دیا تھا (وہ یہی ہے) کہ تم (اِسی) دین پر قائم رہو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو، مشرکوں پر بہت ہی گراں ہے وہ (توحید کی بات) جس کی طرف آپ انہیں بلا رہے ہیں۔ اللہ جسے (خود) چاہتا ہے اپنے حضور میں (قربِ خاص کے لیے) منتخب فرما لیتا ہے، اور اپنی طرف (آنے کی) راہ دکھا دیتا ہے (ہر) اس شخص کو جو (اللہ کی طرف) قلبی رجوع کرتا ہےo

He has prescribed for you the same path of the Din (Religion) that He enjoined on Nuh (Noah), and that We have revealed to you, and that We enjoined on Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses) and 'Isa (Jesus. And all it denotes is) that you should hold fast to the same Din (Religion) and do not make divisions in it. That (Oneness of Allah) to which you call them is quite hard for those who set up partners with Allah. Allah chooses whom He pleases (for exclusive nearness) in His presence, and shows the path to (come) towards Himself to everyone who turns (towards Allah) heartily.

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْياً أَوْ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولاً فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ **(51)**

ترجمہ: اور ہر بشر کی (یہ) مجال نہیں کہ اللہ اس سے (براہِ راست) کلام کرے مگر یہ کہ وحی کے ذریعے (کسی کو شانِ نبوت سے

سرفراز فرمادے) یا پردے کے پیچھے سے (بات کرے جیسے موسیٰ علیہ السلام سے طورِ سینا پر کی) یا کسی فرشتے کو فرستادہ بنا کر بھیجے اور وہ اُس کے اِذن سے جو اللہ چاہے وحی کرے (الغرض عالمِ بشریت کے لیے خطابِ اِلٰہی کا واسطہ اور وسیلہ صرف نبی اور رسول ہی ہوگا)، بے شک وہ بلند مرتبہ بڑی حکمت والا ہے o

And every man does not have the faculty that Allah should speak to him (directly) except by Revelation (He bestows upon some the holy status of Prophethood), or (should speak) from behind a veil (as He spoke to Musa [Moses] on Mount Tur of Sinai), or by sending some angel as a messenger to reveal with His permission what Allah may will. (In any case, the medium and mediation of the communication of Allah's Word for mankind is none but the Prophet and the Messenger.) Surely, He is Most High, Most Wise.

سورۃ الزخرف:

وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِيٍّ فِي الْأَوَّلِينَ (6)

ترجمہ: اور پہلے لوگوں میں ہم نے کتنے ہی نبی بھیجے تھے o

And how many a Messenger We sent amongst the preceding communities!

وَمَا يَأْتِيهِم مِّن نَّبِيٍّ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (7)

ترجمہ: اور کوئی نبی اُن کے پاس نہیں آتا تھا مگر وہ اُس کا مذاق اڑایا کرتے تھے o

And no Prophet came to them, but they used to make fun of him.

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ (26)

ترجمہ: اور جب ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے (حقیقی چچا مگر پرورش کی نسبت سے) باپ اور اپنی قوم سے فرمایا: بے شک میں اُن سب چیزوں سے بیزار ہوں جنہیں تم پوجتے ہو o

And when Ibrahim (Abraham) said to his father (i.e., his uncle but called him father as he brought him up) and his people: 'Surely, I despise all these things that you worship,

إِلَّا الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ (27)

ترجمہ: بجز اس ذات کے جس نے مجھے پیدا کیا، سو وہی مجھے عنقریب راستہ دکھائے گا o

Except for Him Who has created me. So He alone will show me the path very soon.'

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (28)

ترجمہ: اور ابراہیم (علیہ السلام) نے اس (کلمۂ توحید) کو اپنی نسل و ذریّت میں باقی رہنے والا کلمہ بنا دیا تاکہ وہ (اللہ کی طرف) رجوع کرتے رہیں o

And Ibrahim (Abraham) made that (formula of the Oneness of Allah) the lasting word amongst his descendants and race so that they may remain

bent (towards Allah).

بَلْ مَتَّعْتُ هَؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّى جَاءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُولٌ مُّبِينٌ (29)

ترجمہ: بلکہ میں نے انہیں اور اِن کے آباء واجداد کو (اسی ابراہیم علیہ السلام کے تصدّق اور واسطہ سے اِس دنیا میں) فائدہ پہنچایا ہے یہاں تک کہ اِن کے پاس حق (یعنی قرآن) اور واضح وروشن بیان والا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آیاo

In truth, I bestowed upon these people and their ancestors (worldly) provision (for the sake of and due to the mediation of Ibrahim [Abraham]) until there came to them the truth (the Qur'an) and the Messenger (blessings and peace be upon him) with clear and illumining exposition.

وَاسْأَلْ مَنْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رُّسُلِنَا أَجَعَلْنَا مِن دُونِ الرَّحْمَنِ آلِهَةً يُعْبَدُونَ (45)

ترجمہ: اور جو رسول ہم نے آپ سے پہلے بھیجے آپ اُن سے پوچھئے کہ کیا ہم نے (خدائے) رحمان کے سوا کوئی اور معبود بنائے تھے کہ اُن کی پرستش کی جائےo

And ask the Messengers We sent before you whether We made any gods to be worshipped instead of the Most Kind (Lord).

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَى بِآيَاتِنَا إِلَى فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ (46)

ترجمہ: اور یقیناً ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجا تو انہوں نے کہا: بے شک میں سب جہانوں کے پروردگار کا رسول ہوںo

chiefs. And certainly, We sent Musa (Moses) with Our signs to Pharaoh and his He said: 'Indeed, I am the Messenger of the Lord of all the worlds.'

فَلَمَّا جَاءَهُم بِآيَاتِنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ (47)

ترجمہ: پھر جب وہ ہماری نشانیاں لے کر اُن کے پاس آئے تو وہ اسی وقت ان (نشانیوں) پر ہنسنے لگےo

So when he came to them with Our signs, there they began laughing at them (the signs).

وَمَا نُرِيهِم مِّنْ آيَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا وَأَخَذْنَاهُم بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (48)

ترجمہ: اور ہم انہیں کوئی نشانی نہیں دکھاتے تھے مگر (یہ کہ) وہ اپنے سے پہلی مشابہ نشانی سے کہیں بڑھ کر ہوتی تھی اور (بالآخر) ہم نے انہیں (کئی بار) عذاب میں پکڑا تاکہ وہ باز آ جائیںo

And never did We show them any sign but (that) it used to be far greater than the resembling sign preceding it. And (eventually) We seized them (many a time) with the torment so that they might desist (from the evil course they followed).

وَقَالُوا يَا أَيُّهَا السَّاحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِندَكَ إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ (49)

ترجمہ: اور وہ کہنے لگے: اے جادوگر! تو اپنے رب سے ہمارے لیے اُس عہد کے مطابق دعا کر جو اُس نے تجھ سے کر رکھا ہے (تو) بے شک ہم ہدایت یافتہ ہو جائیں گے o

And they said: 'O magician, pray to your Lord for us according to the promise He has made to you. (Then) surely we shall be guided.'

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ (50)

ترجمہ: پھر جب ہم نے (دعائے موسیٰ سے) وہ عذاب اُن سے ہٹا دیا تو وہ فوراً عہد شکنی کرنے لگے o

But when (granting the prayer of Musa [Moses]) We removed from them that torment, they at once violated the promise.

وَنَادَى فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ وَهَذِهِ الْأَنْهَارُ تَجْرِي مِن تَحْتِي أَفَلَا تُبْصِرُونَ (51)

ترجمہ: اور فرعون نے اپنی قوم میں (فخر سے) پکارا (اور) کہا: اے میری قوم! کیا ملکِ مصر میرے قبضہ میں نہیں ہے اور یہ نہریں جو میرے (محلّات کے) نیچے سے بہہ رہی ہیں (کیا میری نہیں ہیں؟) سو کیا تم دیکھتے نہیں ہو o

And Pharaoh (arrogantly) proclaimed amongst his people, saying: 'O my people, is the kingdom of Egypt not under my control, and (are) these streams (not mine) which are flowing beneath my (palaces)? So do you not see?

أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ هَذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ وَلَا يَكَادُ يُبِينُ (52)

ترجمہ: کیا (یہ حقیقت نہیں کہ) میں اِس شخص سے بہتر ہوں جو حقیر و بے وقعت ہے اور صاف طریقے سے گفتگو بھی نہیں کر سکتا؟ o

(Is it not the fact that) I am better than this worthless, lowly man who cannot even talk clearly?

فَلَوْلَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ مِّن ذَهَبٍ أَوْ جَاء مَعَهُ الْمَلَائِكَةُ مُقْتَرِنِينَ (53)

ترجمہ: پھر (اگر یہ سچا رسول ہے تو) اِس پر (پہننے کے لیے) سونے کے کنگن کیوں نہیں اتارے جاتے یا اِس کے ساتھ فرشتے جمع ہو کر (پے در پے) کیوں نہیں آ جاتے؟ o

Then (if he is a truthful Messenger,) why are the bracelets of gold not sent upon him, or why do the angels not come with him in ranks (in succession)?'

فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهُ فَأَطَاعُوهُ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْماً فَاسِقِينَ (54)

ترجمہ: پس اُس نے (اِن باتوں سے) اپنی قوم کو بے وقوف بنا لیا، سو اُن لوگوں نے اُس کا کہنا مان لیا، بے شک وہ لوگ ہی نافرمان قوم تھے o

So he made fools of his people (by these utterances) and they followed him. They were, indeed, a disobedient people.

فَلَمَّا آسَفُونَا انتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِينَ (55)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے (موسیٰ علیہ السلام کی شان میں گستاخی کر کے) ہمیں شدید غضبناک کر دیا (تو) ہم نے اُن سے بدلہ لے لیا اور ہم نے اُن سب کو غرق کر دیا o

But when they spurred Our wrath (by denigrating the dignity of Musa

[Moses]), We took revenge on them and drowned them all.

فَجَعَلْنَاهُمْ سَلَفاً وَمَثَلاً لِّلْآخِرِيْنَ (56)

ترجمہ: سوہم نے انہیں گیا گزرا کر دیا اور پیچھے آنے والوں کے لیے نمونۂ عبرت بنا دیا o

So We made them a tale and a lesson of warning for the communities to succeed.

وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ مَثَلاً إِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّونَ (57)

ترجمہ: اور جب (عیسٰی) ابنِ مریم (علیہما السلام) کی مثال بیان کی جائے تو اس وقت آپ کی قوم (کے لوگ) اس سے (خوشی کے مارے) ہنستے ہیں o

And when the example of ('Isa [Jesus]) the son of Maryam (Mary) is given, your people laugh (mockingly),

وَقَالُوا أَآلِهَتُنَا خَيْرٌ أَمْ هُوَ مَا ضَرَبُوهُ لَكَ إِلَّا جَدَلاً بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُونَ (58)

ترجمہ: اور کہتے ہیں: آیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ (عیسٰی علیہ السلام)، وہ آپ سے یہ بات محض جھگڑنے کے لیے کرتے ہیں، بلکہ وہ لوگ بڑے جھگڑالو ہیں o

And say: 'Are our gods better or he ('Isa [Jesus])?' They say this only to have a dispute with you. No doubt, they are very quarrelsome.

إِنْ هُوَ إِلَّا عَبْدٌ أَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنَاهُ مَثَلاً لِّبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ (59)

ترجمہ: وہ (عیسٰی علیہ السلام) محض ایک (برگزیدہ) بندہ تھے جن پر ہم نے انعام فرمایا اور ہم نے انہیں بنی اسرائیل کے لیے (اپنی قدرت کا) نمونہ بنایا تھا o

He ('Isa [Jesus]) was only an (exalted) servant whom We blessed with favour. And We made him an example (of Our might) for the Children of Israel.

وَلَوْ نَشَاء لَجَعَلْنَا مِنكُم مَّلَائِكَةً فِيْ الْأَرْضِ يَخْلُفُونَ (60)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو ہم تمہارے بدلے زمین میں فرشتے پیدا کر دیتے جو تمہارے جانشین ہوتے o

And had We so willed, We would have made angels who would have been your successors to replace you in the earth.

وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُونِ هَذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (61)

ترجمہ: اور بے شک وہ (عیسٰی علیہ السلام جب آسمان سے نزول کریں گے تو قربِ) قیامت کی علامت ہوں گے، پس تم ہرگز اس میں شک نہ کرنا اور میری پیروی کرتے رہنا، یہ سیدھا راستہ ہے o

And surely (when) he, (Isa [Jesus], descends from heaven), he will be a sign of (the nearness of) the Last Hour. So do not doubt it at all. And keep following Me. This is the straight path.

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطَانُ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (62)

ترجمہ: اور شیطان تمہیں ہرگز (اس راہ سے) روکنے نہ پائے، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے o

And let not Satan hinder you (from this way) at all. No doubt he is your open enemy.

وَلَمَّا جَاءَ عِيسَى بِالْبَيِّنَاتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُم بِالْحِكْمَةِ وَلِأُبَيِّنَ لَكُم بَعْضَ الَّذِي تَخْتَلِفُونَ فِيهِ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ **(63)**

ترجمہ: اور جب عیسٰی (علیہ السلام) واضح نشانیاں لے کر آئے تو انہوں نے کہا: یقیناً میں تمہارے پاس حکمت و دانائی لے کر آیا ہوں اور (اس لیے آیا ہوں) کہ بعض باتیں جن میں تم اختلاف کر رہے ہو تمہارے لیے خوب واضح کر دوں، سو تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو○

And when 'Isa (Jesus) came with evident signs, he said: 'Surely, I have come to you with wisdom and understanding, and (with the purpose) that I may make clear to you some of the matters on which you disagree. So fear Allah and obey me.

إِنَّ اللَّهَ هُوَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ **(64)**

ترجمہ: بے شک اللہ ہی میرا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، پس اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے○

Surely, Allah is the One Who is your Lord and my Lord (as well). So worship Him alone. That is the only straight path.'

فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِن بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ **(65)**

ترجمہ: پس اُن کے درمیان (آپس میں ہی) مختلف فرقے ہو گئے، سو جن لوگوں نے ظلم کیا اُن کے لیے دردناک دن کے عذاب کی خرابی ہے○

Then various sects cropped up amongst them. So those who did wrong, woe to them on account of the torment of a grievous Day!

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ **(66)**

ترجمہ: یہ لوگ کیا انتظار کر رہے ہیں (بس یہی) کہ قیامت اُن پر اچانک آ جائے اور انہیں خبر بھی نہ ہو○

What are they waiting for (save) the Hour that should seize them all of a sudden whilst they have no awareness of it?

الْأَخِلَّاء يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ **(67)**

ترجمہ: سارے دوست و احباب اُس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے سوائے پرہیزگاروں کے (انہی کی دوستی اور ولایت کام آئے گی)○

On that Day, all friends and acquaintances will become enemies to one another except the pious. (Only their friendship and nearness [wilaya] will prove fruitful.)

سورۃ الدخان:

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاءهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ **(17)**

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے اِن سے پہلے قومِ فرعون کی (بھی) آزمائش کی تھی اور اُن کے پاس بزرگی والے رسول (موسٰی علیہ

السلام) آئے تھےo

And in fact, We put to trial the people of Pharaoh (also) before them and the exalted Messenger (Musa [Moses]) came to them.

أَنْ أَدُّوا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ (18)

ترجمہ: (انہوں نے کہا تھا) کہ تم بندگانِ خدا (یعنی بنی اسرائیل) کو میرے حوالے کردو، بے شک میں تمہاری قیادت و رہبری کے لیے امانت دار رسول ہوںo

(He said:) 'Hand over to me the servants of Allah (the Children of Israel). Verily, I am a trusted Messenger for your guidance and leadership.

وَأَنْ لَّا تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ إِنِّي آتِيكُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ (19)

ترجمہ: اور یہ کہ اللہ کے مقابلے میں سرکشی نہ کرو، میں تمہارے پاس روشن دلیل لے کر آیا ہوںo

And do not rebel against Allah. I have come to you with the enlightening proof.

وَإِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَن تَرْجُمُونِ (20)

ترجمہ: اور بے شک میں نے اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ لے لی ہے اس سے کہ تم مجھے سنگ سار کروo

And I have indeed sought the protection of my Lord and your Lord lest you should stone me.

وَإِن لَّمْ تُؤْمِنُوا لِي فَاعْتَزِلُونِ (21)

ترجمہ: اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے کنارہ کش ہو جاؤo

And if you do not believe in me, then keep away from me.'

فَدَعَا رَبَّهُ أَنَّ هَؤُلَاءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُونَ (22)

ترجمہ: پھر انہوں نے اپنے رب سے دعا کی کہ بے شک یہ لوگ مجرم قوم ہیںo

Then he prayed to his Lord: 'Surely, they are a sinful people.'

فَأَسْرِ بِعِبَادِي لَيْلًا إِنَّكُم مُّتَّبَعُونَ (23)

ترجمہ: (ارشاد ہوا:) پھر تم میرے بندوں کو راتوں رات لے کر چلے جاؤ بے شک تمہارا تعاقب کیا جائے گاo

(Allah said:) 'Then set out with My servants by night. You shall certainly be chased.

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا إِنَّهُمْ جُندٌ مُّغْرَقُونَ (24)

ترجمہ: اور (خود گزر جانے کے بعد) دریا کو ساکن اور کھلا چھوڑ دینا، بے شک وہ ایسا لشکر ہے جسے ڈبو دیا جائے گاo

And (after you pass through) leave the river still and split open. Surely, they are an army who will be drowned.'

كَمْ تَرَكُوا مِن جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (25)

ترجمہ: وہ کتنے ہی باغات اور چشمے چھوڑ گئےo

How many a garden and spring they left behind!

وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ (26)

ترجمہ: اورزراعتیں اور عالی شان عمارتیں o

And green crops and magnificent buildings!

وَنَعْمَةٍ كَانُوا فِيهَا فَاكِهِينَ (27)

ترجمہ: اورنعمتیں (اورراحتیں) جن میں وہ عیش کیا کرتے تھے o

And blessings (and comforts) in which they used to luxuriate!

كَذَلِكَ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْماً آخَرِينَ (28)

ترجمہ: اسی طرح ہوا، اور ہم نے اِن سب کا دوسرے لوگوں کو وارث بنا دیا o

So it happened! We made another people the inheritors of all that.

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا مُنظَرِينَ (29)

ترجمہ: پھر نہ (تو) اُن پر آسمان اور زمین روئے اور نہ ہی انہیں مہلت دی گئی o

Then neither the heaven nor the earth wept over them, nor were they given respite.

وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِينِ (30)

ترجمہ: اورواقعتہً ہم نے بنی اسرائیل کو ذِلّت انگیز عذاب سے نجات بخشی o

And verily, We delivered the Children of Israel from a humiliating suffering,

مِن فِرْعَوْنَ إِنَّهُ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِينَ (31)

ترجمہ: فرعون سے، بے شک وہ بڑا سرکش، حد سے گزرنے والوں میں سے تھا o

From Pharaoh. Indeed, he was of the most rebellious transgressors.

وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَى عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِينَ (32)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے ان (بنی اسرائیل) کو علم کی بنا پر ساری دنیا (کی معاصر تہذیبوں) پر چُن لیا تھا o

And surely, We chose them (the Children of Israel) above (their contemporary civilizations of) the world on the basis of knowledge.

وَآتَيْنَاهُم مِّنَ الْآيَاتِ مَا فِيهِ بَلَاءٌ مُّبِينٌ (33)

ترجمہ: اورہم نے انہیں وہ نشانیاں عطا فرمائیں جن میں ظاہری نعمت (اور صریح آزمائش) تھی o

And We bestowed upon them signs containing an obvious favour (and a clear trial).

سورۃ الاحقاف:

وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ إِذْ أَنذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللَّهَ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (21)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) آپ قومِ عاد کے بھائی (ہود علیہ السلام) کا ذکر کیجئے، جب انہوں نے (عُمان اور مَہرہ کے درمیان

یمن کی ایک وادی) اَحقاف میں اپنی قوم کو (اَعمالِ بد کے نتائج سے) ڈرایا حالاں کہ اس سے پہلے اور اس کے بعد (بھی کئی) ڈرانے والے (پیغمبر) گزر چکے تھے کہ تم اللہ کے سوا کسی اور کی پرستش نہ کرنا، مجھے ڈر ہے کہ کہیں تم پر بڑے (ہولناک) دن کا عذاب (نہ) آجائےo

And, (O Beloved,) remember (Hud) the kinship brother of the people of 'Ad, when he warned his people (of the dire consequences of their evil deeds) in al-Ahqaf, (the Sand-Dunes [a valley in Yemen, between Oman and Mahra]) although (a number of) Warners (i.e., Messengers) had passed before and after him, (saying:) 'Worship no one but Allah. I fear for you the punishment of a (Terrible) Day.'

قَالُوا أَجِئْتَنَا لِتَأْفِكَنَا عَنْ آلِهَتِنَا فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ **(22)**

ترجمہ: وہ کہنے لگے کہ کیا آپ ہمارے پاس اس لیے آئے ہیں کہ ہمیں ہمارے معبودوں سے برگشتہ کر دیں، پس وہ (عذاب) لے آئیں جس سے ہمیں ڈرا رہے ہیں اگر آپ سچوں میں سے ہیںo

They said: 'Have you come to us to turn us away from our gods? So bring us that (torment) you are threatening us with if you are of those who speak the truth.'

قَالَ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ وَأُبَلِّغُكُم مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ وَلَكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْماً تَجْهَلُونَ **(23)**

ترجمہ: انہوں نے کہا کہ (اس عذاب کے وقت کا) علم تو اللہ ہی کے پاس ہے اور میں تمہیں وہی احکام پہنچا رہا ہوں جو میں دے کر بھیجا گیا ہوں لیکن میں تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ تم جاہل لوگ ہوo

He said: 'The knowledge (of the Hour of the torment) is with Allah alone. And I am only transmitting to you the injunctions which I have been sent with. But I can see that you are an ignorant people.'

فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضاً مُّسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَذَا عَارِضٌ مُّمْطِرُنَا بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُم بِهِ رِيحٌ فِيهَا عَذَابٌ أَلِيمٌ **(24)**

ترجمہ: پھر جب انہوں نے اس (عذاب) کو بادل کی طرح اپنی وادیوں کے سامنے آتا ہوا دیکھا تو کہنے لگے: یہ (تو) بادل ہے جو ہم پر برسنے والا ہے، (ایسا نہیں ہے) بلکہ وہ (بادل) تو وہ (عذاب) ہے جس کی تم نے جلدی مچا رکھی تھی۔ (یہ) آندھی ہے جس میں دردناک عذاب (آ رہا) ہےo

So when they saw that (torment) advancing on their valleys like a cloud, they said: 'This is the cloud that is going to rain upon us.' (Nay, not that,) rather this (cloud) is that (torment) which you were restlessly seeking to hasten. (This) is the storm in which is (approaching) a grievous punishment.

تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍ بِأَمْرِ رَبِّهَا فَأَصْبَحُوا لَا يُرَى إِلَّا مَسَاكِنُهُمْ كَذَلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِينَ **(25)**

ترجمہ: (جو) اپنے پروردگار کے حکم سے ہر شے کو تباہ و برباد کر دے گی پس وہ ایسے (تباہ) ہو گئے کہ ان کے (مسمار) گھروں کے سوا کچھ نظر ہی نہیں آتا تھا۔ ہم مجرم لوگوں کو اِس طرح سزا دیا کرتے ہیںo

(That) will destroy everything by the command of its Lord. They were

(destroyed) in such a way that nothing could be seen except their (ruined) houses. That is how We punish the evildoers.

وَلَقَدْ مَكَّنَّاهُمْ فِيمَا إِن مَّكَّنَّاكُمْ فِيهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعاً وَأَبْصَاراً وَأَفْئِدَةً فَمَا أَغْنَى عَنْهُمْ سَمْعُهُمْ وَلَا أَبْصَارُهُمْ وَلَا أَفْئِدَتُهُم مِّن شَيْءٍ إِذْ كَانُوا يَجْحَدُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ **(26)**

ترجمہ: (اے اہلِ مکہ!) درحقیقت ہم نے ان کو ان امور میں طاقت و قدرت دے رکھی تھی جن میں ہم نے تم کو قدرت نہیں دی اور ہم نے انہیں سماعت اور بصارت اور دل و دماغ (کی بے بہا صلاحیتوں) سے نوازا تھا مگر نہ تو ان کے کان ہی ان کے کچھ کام آ سکے اور نہ ان کی آنکھیں اور نہ (ہی) ان کے دل و دماغ جبکہ وہ اللہ کی نشانیوں کا انکار ہی کرتے رہے اور (بالآخر) اس (عذاب) نے انہیں آ گھیرا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

(O people of Mecca!) In fact, We had given them power and ability in those fields of activity in which We have not granted you potential. And We blessed them with hearing and sight and (invaluable qualities of) head and heart. But neither their ears nor their eyes, nor their heads and hearts were of any use to them since they kept denying the signs of Allah. And (at last) that (torment) which they used to laugh at besieged them.

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُوْلُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ **(35)**

ترجمہ: (اے حبیب!) پس آپ صبر کیے جائیں جس طرح (دوسرے) عالی ہمّت پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور آپ ان (منکروں) کے لیے (طلبِ عذاب میں) جلدی نہ فرمائیں، جس دن وہ اس (عذابِ آخرت) کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے تو (خیال کریں گے) گویا وہ (دنیا میں) دن کی ایک گھڑی کے سوا ٹھہرے ہی نہیں تھے، (یہ اللہ کی طرف سے) پیغام کا پہنچایا جانا ہے، نافرمان قوم کے سوا دیگر لوگ ہلاک نہیں کیے جائیں گےo

(O Beloved!) So be steadfast as (other) Messengers were with unwavering determination, and do not hasten (to seek the torment) for these (deniers). The Day they will see this (punishment in the Hereafter) which they are being promised, (they will think) as though they did not stay (in the world) for more than an hour. (This is but) the communication of the Message (from Allah). Those other than the disobedient will not be destroyed.

سورۃ الفتح:

مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاء عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاء بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَاناً سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلَى سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيماً **(29)**

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت اور سنگت میں ہیں (وہ) کافروں پر بہت سخت اور زور آور ہیں آپس میں بہت نرم دل اور شفیق ہیں۔ آپ انہیں کثرت سے رکوع کرتے ہوئے، سجود کرتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ (صرف) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلب گار ہیں۔ اُن کی نشانی اُن کے چہروں پر سجدوں کا اثر ہے (جو بصورتِ نور نمایاں ہے)۔ ان کے یہ اوصاف تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور ان کے (یہی) اوصاف انجیل میں (بھی مرقوم) ہیں۔ وہ (صحابہ ہمارے محبوبِ مکرّم کی) کھیتی کی طرح ہیں جس نے (سب سے پہلے) اپنی باریک سی کونپل نکالی، پھر اسے طاقتور اور مضبوط کیا، پھر وہ موٹی اور دبیز ہوگئی، پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور جب سرسبز و شاداب ہو کر لہلہائی تو) کاشتکاروں کو کیا ہی اچھی لگنے لگی (اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی طرح ایمان کے تناور درخت بنایا ہے) تاکہ ان کے ذریعے وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلنے والے) کافروں کے دل جلائے، اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is the Messenger of Allah. And those with him are hard and tough against the disbelievers but kind-hearted and merciful amongst themselves. You see them excessively bowing and prostrating themselves. They simply seek Allah's grace and pleasure. Their mark is an impression of prostrations on their faces (prominent on the foreheads as light). These traits of theirs are (mentioned) in the Torah and the (same) qualities are also (described) in the Injil (the Gospel). These (Companions) are like a cultivated crop (of Our Esteemed Beloved) which (first of all) brought forth its thin shoot, then made it powerful and strong, and then it thickened and stood straight on its stalk. (And when it flourished, bloomed and danced,) it delighted and charmed the cultivators. (Allah has, likewise, made the Companions of His Beloved strong, grown up trees of faith,) so that by means of them He would inflame the hearts of the disbelievers (that burn in the jealousy of the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). Those who believe and do pious works, Allah has promised them forgiveness and an immense reward.

سورۃ ق:

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَأَصْحَابُ الرَّسِّ وَثَمُودُ (12)

ترجمہ: اِن (کفّارِ مکہ) سے پہلے قومِ نوح نے، اور (سرزمینِ یمامہ کے اندھے) کنویں والوں نے، اور (مدینہ سے شام کی طرف تبوک کے قریب بستیِ حجر میں آباد صالح علیہ السلام کی قوم) ثمود نے جھٹلایا تھاo

Before these (disbelievers of Mecca), the people of Nuh (Noah) and the people of the blind well (al-Rass in al-Yamama) and Thamud (the people of Salih, in the town of al-Hijr near Tabuk on the Medina-Syria road),

وَعَادٌ وَفِرْعَوْنُ وَإِخْوَانُ لُوطٍ (13)

ترجمہ: اور (عُمان اور اَرضِ مَہرہ کے درمیان یمن کی وادیٔ اَحقاف میں آباد ہود علیہ السلام کی قومِ) عاد نے اور (مصر کے حکمران) فرعون نے اور (اَرضِ فلسطین میں سدوم اور عمورہ کی رہنے والی) قومِ لُوط نے o

And 'Ad (the people of Hud in Ahqaf valley of Yemen situated between Oman and the al-Mahra) and Pharaoh (the ruler of Egypt) and the people of Lut [Lot] (living in Sodom and 'Amura [Gomorrah] in Palestine),

وَأَصْحَابُ الْأَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيدِ (14)

ترجمہ: اور (مَدیَن کے گھنے درختوں والے بَن) اَیکہ کے رہنے والوں نے (یہ قومِ شعیب تھی) اور (بادشاہِ یَمن اسعد ابوکریب) تُبّع (الحِمیَری) کی قوم نے، (الغرض اِن) سب نے رسولوں کو جھٹلایا، پس (اِن پر) میرا وعدۂ عذاب ثابت ہو کر رہا o

And the inhabitants of al-Ayka (the wood in Madyan, the people of Shu'ayb), and the people of Tubba' (the people of As'ad Abu Kurib al-Himyari, the King of Yemen)-(in sum) all (of them) rejected the Messengers. So My promise of punishment (against them) proved true.

سورۃ الذاریات:

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ ضَيْفِ إِبْرَاهِيمَ الْمُكْرَمِينَ (24)

ترجمہ: کیا آپ کے پاس ابراہیم (علیہ السلام) کے معزّز مہمانوں کی خبر پہنچی ہے o

Has the news of the venerable guests of Ibrahim (Abraham) come to you?

إِذْ دَخَلُوا عَلَيْهِ فَقَالُوا سَلَاماً قَالَ سَلَامٌ قَوْمٌ مُّنكَرُونَ (25)

ترجمہ: جب وہ (فرشتے) اُن کے پاس آئے تو انہوں نے سلام پیش کیا، ابراہیم (علیہ السلام) نے بھی (جواباً) سلام کہا، (ساتھ ہی دل میں سوچنے لگے کہ) یہ اجنبی لوگ ہیں o

When those (angels) came to him, they wished him peace. Ibrahim (Abraham) also said (in reply): 'Peace (be upon you)!' (and thought in his mind that) they were strangers.

فَرَاغَ إِلَى أَهْلِهِ فَجَاء بِعِجْلٍ سَمِينٍ (26)

ترجمہ: پھر جلدی سے اپنے گھر کی طرف گئے اور ایک فربہ بچھڑے کی سِجّی لے آئے o

Then he went to his home in haste and brought a healthy, roasted calf.

فَقَرَّبَهُ إِلَيْهِمْ قَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ (27)

ترجمہ: پھر اسے ان کے سامنے پیش کر دیا، فرمانے لگے: کیا تم نہیں کھاؤ گے o

Then he presented it to them and said: 'Will you not eat?'

فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً قَالُوا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ (28)

ترجمہ: پھر اُن (کے نہ کھانے) سے دل میں ہلکی سی گھبراہٹ محسوس کی۔ وہ (فرشتے) کہنے لگے: آپ گھبرائیے نہیں، اور اُن کو علم و

دانش والے بیٹے (اسحاق علیہ السلام) کی خوشخبری سنادیo

Then he felt somewhat concerned about them (when they did not eat). They (the angels) said: 'Do not worry,' then they gave him the news about a son possessing knowledge and wisdom (Ishaq [Isaac]).

فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ (29)

ترجمہ: پھر اُن کی بیوی (سارہ) حیرت وحسرت کی آواز نکالتے ہوئے متوجہ ہوئیں اور تعجّب سے اپنے ماتھے پر ہاتھ مارا اور کہنے لگی: (کیا) بوڑھیا بانجھ عورت (بچہ جنے گی؟)o

Then his wife (Sara) came with a voice laden with wonder and frustration, patted her forehead in astonishment and said: '(Will) an old and barren woman (give birth to a child)?'

قَالُوا كَذَلِكِ قَالَ رَبُّكِ إِنَّهُ هُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ (30)

ترجمہ: (فرشتوں نے) کہا: ایسے ہی ہوگا، تمہارے رب نے فرمایا ہے۔ بے شک وہ بڑی حکمت والا بہت علم والا ہےo

(The angels) said: 'It will happen exactly as your Lord has said; surely, He is Most Wise, All-Knowing.'

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ (31)

ترجمہ: (ابراہیم علیہ السلام نے) کہا: اے بھیجے ہوئے فرشتو! (اس بشارت کے علاوہ) تمہارا (آنے کا) بنیادی مقصد کیا ہےo

Ibrahim (Abraham) said: 'O deputed angels, what is your intent (for coming, apart from this good news)?'

قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَى قَوْمٍ مُجْرِمِينَ (32)

ترجمہ: انہوں نے کہا: ہم مجرم قوم (یعنی قومِ لُوط) کی طرف بھیجے گئے ہیںo

They said: 'We have been sent to the evildoing people (the people of Lut [Lot]),

لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِنْ طِينٍ (33)

ترجمہ: تاکہ ہم اُن پر مٹی کے پتھریلے کنکر برسائیںo

So that we may rain on them the stones of baked clay,

مُسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِينَ (34)

ترجمہ: (وہ پتھر جن پر) حد سے گزر جانے والوں کے لیے آپ کے رب کی طرف سے نشان لگا دیا گیا ہےo

(The stones) that have been marked from your Lord for those who transgress.'

فَأَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيهَا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (35)

ترجمہ: پھر ہم نے ہر اُس شخص کو (قومِ لُوط کی بستی سے) باہر نکال دیا جو اس میں اہلِ ایمان میں سے تھاo

Then We moved everyone who was of the believers in it out (from the town of the people of Lut [Lot]).

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ (36)

ترجمہ: سوہم نے اُس بستی میں مسلمانوں کے ایک گھر کے سوا (اور کوئی گھر) نہیں پایا (اس میں حضرت لوط علیہ السلام اوران کی دو صاحبزادیاں تھیں)o

So We did not find in that town (any house) of the Muslims except one (in which were the Prophet Lut [Lot] and his two daughters).

وَتَرَكْنَا فِيْهَا آيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْأَلِيْمَ (37)

ترجمہ: اورہم نے اُس (بستی) میں اُن لوگوں کے لیے (عبرت کی) ایک نشانی باقی رکھی جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیںo

And We made in that (town) a sign to subsist (as a lesson of warning) for those who fear the grievous torment.

وَفِيْ مُوْسَى إِذْ أَرْسَلْنَاهُ إِلَى فِرْعَوْنَ بِسُلْطَانٍ مُّبِيْنٍ (38)

ترجمہ: اورموسیٰ (علیہ السلام کے واقعہ) میں (بھی نشانیاں ہیں) جب ہم نے انہیں فرعون کی طرف واضح دلیل دے کر بھیجاo

And (there are signs) in (the incident of) Musa (Moses) as well when We sent him to Pharaoh with clear proof.

فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُوْنٌ (39)

ترجمہ: تو اُس نے اپنے ارکینِ سلطنت سمیت رُوگردانی کی اور کہنے لگا: (یہ) جادوگر یا دیوانہ ہےo

He turned away along with his cabinet members and said: '(Here is) a magician or a madman.'

فَأَخَذْنَاهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنَاهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ (40)

ترجمہ: پھر ہم نے اُسے اور اُس کے لشکر کو (عذاب کی) گرفت میں لے لیا اور اُن (سب) کو دریا میں غرق کر دیا اور وہ تھا ہی قابلِ ملامت کام کرنے والاo

Then We seized him and his army (with torment), and drowned them (all) in the river. And he was but the perpetrator of condemnable works.

وَفِيْ عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ (41)

ترجمہ: اور (قومِ) عاد (کی ہلاکت) میں بھی (نشانی) ہے جبکہ ہم نے اُن پر بے خیر و برکت ہوا بھیجیo

And there is (a sign) in (the destruction of) the people of 'Ad too when We sent upon them a wind devoid of any good and blessing.

مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ (42)

ترجمہ: وہ جس چیز پر بھی گزرتی تھی اسے ریزہ ریزہ کیے بغیر نہیں چھوڑتی تھیo

Whatever it passed over, it did not leave without turning it to dust.

وَفِيْ ثَمُوْدَ إِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى حِيْنٍ (43)

ترجمہ: اور (قومِ) ثمود (کی ہلاکت) میں بھی (عبرت کی نشانی ہے) جبکہ اُن سے کہا گیا کہ تم ایک معیّنہ وقت تک فائدہ اٹھالوo

And also there is (a sign of warning) in (the destruction of) the people of

Thamud when they were told: 'Take benefit for an appointed term.'

فَعَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ وَهُمْ يَنظُرُونَ (44)

ترجمہ: تو انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی، پس انہیں ہولناک کڑک نے آن لیا اور وہ دیکھتے ہی رہ گئےo

But they disobeyed the command of their Lord. So a horrifying thunder seized them, and they could only stare at it stunned.

فَمَا اسْتَطَاعُوا مِن قِيَامٍ وَمَا كَانُوا مُنتَصِرِينَ (45)

ترجمہ: پھر وہ نہ کھڑے رہنے پر قدرت پا سکے اور نہ وہ (ہم سے) بدلہ لے سکنے والے تھےo

Then they could neither gather strength to stand, nor take revenge (on Us).

وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْماً فَاسِقِينَ 46)

ترجمہ: اور اس سے پہلے نُوح (علیہ السلام) کی قوم کو (بھی ہلاک کیا)، بے شک وہ سخت نافرمان لوگ تھےo

And (We also destroyed) the people of Nuh (Noah) before this. Surely, they were a people extremely disobedient.

كَذَلِكَ مَا أَتَى الَّذِينَ مِن قَبْلِهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا قَالُوا سَاحِرٌ أَوْ مَجْنُونٌ (52)

ترجمہ: اسی طرح اُن سے پہلے لوگوں کے پاس بھی کوئی رسول نہیں آیا مگر انہوں نے یہی کہا کہ (یہ) جادوگر ہے یا دیوانہ ہےo

Likewise, no Messenger came to those before them, but they said the same: '(This is) a magician or a madman.'

أَتَوَاصَوْا بِهِ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ (53)

ترجمہ: کیا وہ لوگ ایک دوسرے کو اس بات کی وصیت کرتے رہے؟ بلکہ وہ (سب) سرکش و باغی لوگ تھےo

Were they transmitting this advice to one another? In truth, they were (all) a disobedient and rebellious people.

سورۃ النجم:

أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِي صُحُفِ مُوسَى (36)

ترجمہ: کیا اُسے اُن (باتوں) کی خبر نہیں دی گئی جو موسٰی (علیہ السلام) کے صحیفوں میں (مذکور) تھیںo

Has he not been given the knowledge of (matters) mentioned in the scriptures of Musa (Moses),

وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّى (37)

ترجمہ: اور ابراہیم (علیہ السلام) کے (صحیفوں میں تھیں) جنہوں نے (اللہ کے ہر امر کو) بتمام و کمال پورا کیاo

And in the (scriptures) of Ibrahim (Abraham), who accomplished (all the commands of Allah) with perfection?

أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى (38)

ترجمہ: کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے (کے گناہوں) کا بوجھ نہیں اٹھائے گاo

That no bearer of a burden will carry the burden of (the sins of) another;

وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَى (39)

ترجمہ: اور یہ کہ انسان کو (عدل میں) وہی کچھ ملے گا جس کی اُس نے کوشش کی ہوگی (رہا فضل اس پر کسی کا حق نہیں وہ محض اللہ کی عطاء ٗ ورضا ہے جس پر جتنا چاہے کردے)o

And that man (according to justice) will get only that for which he strives. (As for bounty, no one has any right to it. That is merely Allah's bestowal and pleasure, granting as much as He wills to whom He pleases.)

وَأَنَّ سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَى (40)

ترجمہ: اور یہ کہ اُس کی ہر کوشش عنقریب دکھادی جائے گی (یعنی ظاہر کردی جائے گی)o

And that all his endeavours will soon be shown (i.e., exposed).

ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاء الْأَوْفَى (41)

ترجمہ: پھر اُسے (اُس کی ہر کوشش کا) پورا پورا بدلہ دیا جائے گاo

Then he will be given full reward (for all his endeavours);

وَأَنَّ إِلَى رَبِّكَ الْمُنتَهَى (42)

ترجمہ: اور یہ کہ (بالآخر سب کو) آپ کے رب ہی کی طرف پہنچنا ہےo

And that (ultimately all) have to return to your Lord;

وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَى (43)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی (خوشی دے کر) ہنساتا ہے اور (غم دے کر) رُلاتا ہےo

And that He is the One Who makes one laugh (granting delight) and makes one weep (granting grief);

وَأَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا (44)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور جِلاتا ہےo

And that He is the One Who causes death and gives life;

وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَى (45)

ترجمہ: اور یہ کہ اُسی نے نَر اور مادہ دو قسموں کو پیدا کیاo

And that He is the One Who has created the two genders, male and female,

مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَى (46)

ترجمہ: نطفہ (ایک تولیدی قطرہ) سے جبکہ وہ (رَحمِ مادہ میں) ٹپکایا جاتا ہےo

Out of a (sperm) drop when it is ejaculated (into the mother's womb);

وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَى (47)

ترجمہ: اور یہ کہ (مرنے کے بعد) دوبارہ زندہ کرنا (بھی) اسی پر ہےo

And that it is upon Him alone to raise up alive (also after death);

وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَى وَأَقْنَى (48)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی (بقدرِ ضرورت دے کر) غنی کر دیتا ہے اور وہی (ضرورت سے زائد دے کر) خزانے بھر دیتا ہےo

And that He is the One Who makes self-sufficient (by providing according to needs), and He is the One Who enriches treasures (by giving surplus to the needs);

وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرَى (49)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی شِعرٰی (ستارے) کا رب ہے (جس کی دورِ جاہلیت میں پوجا کی جاتی تھی)o

And that He alone is the Lord of Sirius (a star that was worshipped in the days of ignorance);

وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَاداً الْأُولَى (50)

ترجمہ: اور یہ کہ اسی نے پہلی (قومِ) عاد کو ہلاک کیاo

And that He is the One Who destroyed the first (people of) 'Ad,

وَثَمُودَ فَمَا أَبْقَى (51)

ترجمہ: اور (قومِ) ثمود کو (بھی)، پھر (ان میں سے کسی کو) باقی نہ چھوڑاo

And (the people of) Thamud (as well). Then He did not spare (any of them) to survive.

وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَأَطْغَى (52)

ترجمہ: اور اس سے پہلے قومِ نوح کو (بھی ہلاک کیا)، بے شک وہ بڑے ہی ظالم اور بڑے ہی سرکش تھےo

And before that, He destroyed the people of Nuh ([Noah] as well). Surely, they were extremely wicked and exceedingly defiant.

وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوَى (53)

ترجمہ: اور (قومِ لُوط کی) الٹی ہوئی بستیوں کو (اوپر اٹھا کر) اُسی نے نیچے دے پٹکاo

And He is the One Who (raised up) the overturned towns (of the people of Lut [Lot]) and smashed them down.

فَغَشَّاهَا مَا غَشَّى (54)

ترجمہ: پس اُن کو ڈھانپ لیا جس نے ڈھانپ لیا (یعنی پھر اُن پر پتھروں کی بارش کر دی گئی)o

Then covered them that which did cover (i.e., the stones were rained on them).

سورۃ القمر:

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ فَكَذَّبُوا عَبْدَنَا وَقَالُوا مَجْنُونٌ وَازْدُجِرَ (9)

ترجمہ: اِن سے پہلے قومِ نوح نے (بھی) جھٹلایا تھا۔ سو انہوں نے ہمارے بندۂ (مُرسَل نُوح علیہ السلام) کی تکذیب کی اور کہا: (یہ) دیوانہ ہے، اور انہیں دھمکیاں دی گئیںo

The people of Nuh (Noah) also denied before this. So they belied Our servant (Nuh [Noah], the Messenger) and said: '(He) is mad.' And he was

given threats.

فَدَعَا رَبَّهُ أَنِّي مَغْلُوبٌ فَانتَصِرْ (10)

ترجمہ: سوانہوں نے اپنے رب سے دعا کی کہ میں (اپنی قوم کے مظالم سے) عاجز ہوں پس تو انتقام لےo

So he prayed to his Lord: 'I am powerless (before the transgressions of my people) so exact revenge.'

فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ (11)

ترجمہ: پھر ہم نے موسلا دھار بارش کے ساتھ آسمان کے دروازے کھول دیئےo

Then We opened the gates of heaven with torrential rain.

وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُوناً فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلَى أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ (12)

ترجمہ: اور ہم نے زمین سے چشمے جاری کر دیے، سو (زمین و آسمان کا) پانی ایک ہی کام کے لیے جمع ہو گیا جو (اُن کی ہلاکت کے لیے) پہلے سے مقرر ہو چکا تھاo

And We burst springs from the earth. So the water (of the earth and the heaven) collected for the same purpose that had been decreed already (for their destruction).

وَحَمَلْنَاهُ عَلَى ذَاتِ أَلْوَاحٍ وَدُسُرٍ (13)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کو (یعنی نوح علیہ السلام کو) تختوں اور میخوں والی (کشتی) پر سوار کر لیاo

And We carried him (Nuh [Noah]) in (the Ark) built with planks and nails,

تَجْرِي بِأَعْيُنِنَا جَزَاءً لِّمَن كَانَ كُفِرَ (14)

ترجمہ: جو ہماری نگاہوں کے سامنے (ہماری حفاظت میں) چلتی تھی، (یہ سب کچھ) اس (ایک) شخص (نوح علیہ السلام) کا بدلہ لینے کی خاطر تھا جس کا انکار کیا گیا تھاo

Which floated before Our eyes (under Our security. All this) was done to exact revenge for him, Nuh (Noah), who was rejected.

وَلَقَد تَّرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (15)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے اِس (طوفانِ نوح کے آثار) کو نشانی کے طور پر باقی رکھا تو کیا کوئی سوچنے (اور نصیحت قبول کرنے) والا ہےo

And surely, We made (the ruins of the Deluge) subsist as a sign. So is there anyone who will think (and take advice)?

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ (16)

ترجمہ: سو میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا تھا؟o

So how My torment and My warning were!

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (17)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہےo

And indeed, We have made the Qur'an easy for direction and guidance, but is there anyone who will take advice?

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ (18)

ترجمہ: (قومِ) عاد نے بھی (پیغمبروں کو) جھٹلایا تھا سو (اُن پر) میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا (عبرت ناک) رہا o

(The people of) 'Ad too rejected (the Messengers). So how (awful) My torment (upon them) and My warning were!

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحاً صَرْصَراً فِي يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ (19)

ترجمہ: بے شک ہم نے اُن پر نہایت سخت آواز والی تیز آندھی (اُن کے حق میں) دائمی نحوست کے دن میں بھیجی o

Surely, We sent upon them a howling windstorm on a day of lasting evil (in their favour),

تَنزِعُ النَّاسَ كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ مُّنقَعِرٍ (20)

ترجمہ: جو لوگوں کو (اس طرح) اکھاڑ پھینکتی تھی گویا وہ اکھڑے ہوئے کھجور کے درختوں کے تنے ہیں o

That plucked out people as if they were uprooted stems of date-palms.

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ (21)

ترجمہ: پھر میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا (عبرت ناک) رہا o

Then how (awful) My torment and My warning were!

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (22)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے o

And indeed, We have made the Qur'an easy for direction and guidance, but is there anyone who will take advice?

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِالنُّذُرِ (23)

ترجمہ: (قومِ) ثمود نے بھی ڈر سنانے والے پیغمبروں کو جھٹلایا o

(The people of) Thamud also rejected the Warning Messengers.

فَقَالُوا أَبَشَراً مِّنَّا وَاحِداً نَّتَّبِعُهُ إِنَّا إِذاً لَّفِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ (24)

ترجمہ: پس وہ کہنے لگے: کیا ایک بشر جو ہم ہی میں سے ہے، ہم اس کی پیروی کریں، تب تو ہم یقیناً گمراہی اور دیوانگی میں ہوں گے o

So they said: 'Are we to follow a human being who is one of us? Then we shall certainly run into error and insanity.

أَأُلْقِيَ الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِن بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ (25)

ترجمہ: کیا ہم سب میں سے اسی پر نصیحت (یعنی وحی) اتاری گئی ہے؟ بلکہ وہ بڑا جھوٹا، خود پسند (اور متکبّر) ہے o

Has the direction and guidance (Revelation) been sent down to him alone out of all of us? The truth is that he is a great liar, self-conceited (and arrogant).'

سَيَعْلَمُونَ غَداً مَّنِ الْكَذَّابُ الْأَشِرُ (26)

ترجمہ: انہیں کل (قیامت کے دن) ہی معلوم ہو جائے گا کہ کون بڑا جھوٹا، خود پسند (اور متکبّر) ہےo

They will come to know tomorrow (on the Day of Judgment) who is a great liar, self-conceited (and arrogant).

إِنَّا مُرْسِلُو النَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ (27)

ترجمہ: بے شک ہم اُن کی آزمائش کے لیے اونٹنی بھیجنے والے ہیں، پس (اے صالح!) اُن (کے انجام) کا انتظار کریں اور صبر جاری رکھیںo

Indeed, We are going to send a she-camel for them to test them. So, (O Salih,) wait for their (end) and continue observing patience.

وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ الْمَاءَ قِسْمَةٌ بَيْنَهُمْ كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ (28)

ترجمہ: اور انہیں اس بات سے آگاہ کر دیں کہ اُن کے (اور اونٹنی کے) درمیان پانی تقسیم کر دیا گیا ہے، ہر ایک (کو) پانی کا حصّہ اس کی باری پر حاضر کیا جائے گاo

And make it known to them that water has been divided between them (and the she-camel). Everyone will be served with the share of water by turn.

فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَى فَعَقَرَ (29)

ترجمہ: پس انہوں نے (قدار نامی) اپنے ایک ساتھی کو بلایا، اس نے (اونٹنی پر تلوار سے) وار کیا اور کونچیں کاٹ دیںo

So they called one of their companions (named Qidar). He attacked (the she-camel with a sword) and hamstrung her.

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ (30)

ترجمہ: پھر میرا عذاب اور میرا ڈرانا کیسا (عبرت ناک) ہوا؟o

Then how (awful) My torment and My warning were!

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَاحِدَةً فَكَانُوا كَهَشِيمِ الْمُحْتَظِرِ (31)

ترجمہ: بے شک ہم نے اُن پر ایک نہایت خوفناک آواز بھیجی سو وہ باڑ لگانے والے کے بچے ہوئے اور روندے گئے بھوسے کی طرح ہو گئےo

Verily, We sent upon them a terrible roar. So they became like a thatcher's trampled stubble.

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (32)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہےo

And indeed, We have made the Qur'an easy for direction and guidance, but is there anyone who will take advice?

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍ بِالنُّذُرِ (33)

ترجمہ: قومِ لُوط نے بھی ڈر سنانے والوں کو جھٹلایاo

The people of Lut (Lot) also rejected the Warners.

إِنَّا أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِباً إِلَّا آلَ لُوطٍ نَّجَّيْنَاهُم بِسَحَرٍ (34)

ترجمہ: بے شک ہم نے اُن پر کنکریاں برسانے والی آندھی بھیجی سوائے اولادِ لُوط (علیہ السلام) کے، ہم نے انہیں پچھلی رات (عذاب سے) بچالیاo

Surely, We sent a windstorm raining stones upon them except the family of Lut (Lot). We saved them (from the torment) in the later part of the night,

نِعْمَةً مِّنْ عِندِنَا كَذَلِكَ نَجْزِي مَن شَكَرَ (35)

ترجمہ: اپنی طرف سے خاص انعام کے ساتھ، اسی طرح ہم اس شخص کو جزا دیا کرتے ہیں جو شکر گزار ہوتا ہےo

With a special favour from Us. In the same way, We give reward to him who gives thanks.

وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا بِالنُّذُرِ (36)

ترجمہ: اور بے شک لُوط (علیہ السلام) نے انہیں ہماری پکڑ سے ڈرایا تھا پھر اُن لوگوں نے اُن کے ڈرانے میں شک کرتے ہوئے جھٹلایاo

And no doubt, Lut (Lot) warned them of Our seizure but, having doubts about his warnings, they denied.

وَلَقَدْ رَاوَدُوهُ عَن ضَيْفِهِ فَطَمَسْنَا أَعْيُنَهُمْ فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ (37)

ترجمہ: اور بے شک اُن لوگوں نے لُوط (علیہ السلام) سے اُن کے مہمانوں کو چھین لینے کا ارادہ کیا سو ہم نے اُن کی آنکھوں کی ساخت مٹا کر انہیں بے نور کر دیا۔ پھر (اُن سے کہا:) میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھوo

And indeed, they made up their minds to snatch from Lut (Lot) his guests. So We erased the structure of their eyes and stripped them of sight, then (said to them:) 'Taste My punishment and warning.'

وَلَقَدْ صَبَّحَهُم بُكْرَةً عَذَابٌ مُّسْتَقِرٌّ (38)

ترجمہ: اور بے شک اُن پر صبح سویرے ہی ہمیشہ قائم رہنے والا عذاب آ پہنچاo

And surely, the everlasting punishment reached them early in the morning.

فَذُوقُوا عَذَابِي وَنُذُرِ (39)

ترجمہ: پھر (اُن سے کہا گیا:) میرے عذاب اور ڈرانے کا مزہ چکھوo

Then (it was said to them:) 'Taste My punishment and warning.'

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (40)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہےo

And indeed, We have made the Qur'an easy for direction and guidance, but is there anyone who will take advice?

وَلَقَدْ جَاءَ آلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ (41)

ترجمہ: اور بے شک قومِ فرعون کے پاس (بھی) ڈر سنانے والے آئےo

And surely, the Warners came to the people of Pharaoh (as well).

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كُلِّهَا فَأَخَذْنَاهُمْ أَخْذَ عَزِيزٍ مُّقْتَدِرٍ **(42)**

ترجمہ: انہوں نے ہماری سب نشانیوں کو جھٹلا دیا پھر ہم نے انہیں بڑے غالب بڑی قدرت والے کی پکڑ کی شان کے مطابق پکڑ لیاo

They denied all Our signs. Then We seized them with the seizure befitting the Glory of Almighty, All-Powerful.

أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ أُولَئِكُمْ أَمْ لَكُم بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ **(43)**

ترجمہ: (اے قریشِ مکہ!) کیا تمہارے کافر اُن (اگلے) لوگوں سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے (آسمانی) کتابوں میں نجات لکھی ہوئی ہےo

(O Quraysh of Mecca!) Are your disbelievers better than the people (before), or has your salvation been written in the (revealed) Books?

سورۃ الحدید:

لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ **(25)**

ترجمہ: بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب اور میزانِ عدل نازل فرمائی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوسکیں، اور ہم نے (معدنیات میں سے) لوہا مہیّا کیا اس میں (آلاتِ حرب و دفاع کے لیے) سخت قوّت اور لوگوں کے لیے (صنعت سازی کے کئی دیگر) فوائد ہیں اور (یہ اس لیے کیا) تاکہ اللہ ظاہر کر دے کہ کون اُس کی اور اُس کے رسولوں کی (یعنی دینِ اسلام کی) بن دیکھے مدد کرتا ہے، بے شک اللہ (خود ہی) بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہےo

Verily, We sent Our Messengers with clear signs, and We sent down with them the Book and the balance of justice so that people might grow firm and stable in justice. And (of minerals) We brought forth iron in which there is a fierce force (for weapons and defence) and which has (multiple other) benefits for people (in industrial development). And (the purpose is) that Allah may bring to light the one who helps Him and His Messengers (i.e., the Din [Religion of Islam]) without seeing. Surely, Allah is (Himself) the All-Powerful, the Almighty.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحاً وَإِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِي ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ فَمِنْهُم مُّهْتَدٍ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ **(26)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے نوح اور ابراہیم علیہما السلام کو بھیجا اور ہم نے دونوں کی اولاد میں رسالت اور کتاب مقرر فرما دی تو ان میں سے (بعض) ہدایت یافتہ ہیں، اور ان میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیںo

And indeed, We sent Nuh (Noah) and Ibrahim (Abraham), and We placed Prophethood and the revealed Book amongst their children. So (some) of them are rightly guided and most of them are disobedient.

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلَى آثَارِهِم بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَآتَيْنَاهُ الْإِنجِيلَ وَجَعَلْنَا فِي قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً وَرَهْبَانِيَّةً ابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاءَ رِضْوَانِ اللَّهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا فَآتَيْنَا الَّذِينَ آمَنُوا مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ (27)

ترجمہ: پھر ہم نے ان رسولوں کے نقوشِ قدم پر (دوسرے) رسولوں کو بھیجا اور ہم نے ان کے پیچھے عیسٰی ابنِ مریم (علیہما السلام) کو بھیجا اور ہم نے انہیں انجیل عطا کی اور ہم نے اُن لوگوں کے دلوں میں جو اُن کی (یعنی عیسٰی علیہ السلام کی صحیح) پیروی کر رہے تھے شفقت اور رحمت پیدا کر دی۔ اور رہبانیت (یعنی عبادتِ الٰہی کے لیے ترکِ دنیا اور لذّتوں سے کنارہ کشی) کی بدعت انہوں نے خود ایجاد کر لی تھی، اسے ہم نے اُن پر فرض نہیں کیا تھا، مگر (انہوں نے رہبانیت کی یہ بدعت) محض اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے (شروع کی تھی) پھر اس کی عملی نگہداشت کا جو حق تھا وہ اس کی ویسی نگہداشت نہ کر سکے (یعنی اسے اسی جذبہ اور پابندی سے جاری نہ رکھ سکی)، سو ہم نے اُن لوگوں کو جو ان میں سے ایمان لائے (اور بدعتِ رہبانیت کو رضائے الٰہی کے لیے جاری رکھے ہوئے) تھے، اُن کا اجر و ثواب عطا کر دیا اور ان میں سے اکثر لوگ (جو اس کے تارک ہو گئے اور بدل گئے) بہت نافرمان ہیںo

Then in the footsteps of these Messengers, We sent (other) Messengers and We sent 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) after them and gave him the Injil (the Gospel). And We created kindness and mercy in the hearts of those who were (the true) followers (of 'Isa [Jesus]). And they themselves invented the innovation of monasticism. We did not prescribe it for them. But they (introduced this innovation of monasticism) merely to seek Allah's pleasure. Then they could not practically keep and maintain that check which was its due (i.e., could not continue its spirit and discipline). So We paid those of them who believed (and continued the innovation of monasticism to seek the pleasure of Allah) their reward. And most of them (who left it and changed their ways) are disobedient.

سورۃ الحشر:

وَمَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (6)

ترجمہ: اور جو (اَموالِ فَے) اللہ نے اُن سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لَوٹا دیے تو تم نے نہ تو اُن (کے حصول) پر گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، ہاں! اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے غلبہ و تسلّط عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھنے والا ہےo

And whatever spoils (materials of fay) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from them, you galloped neither horses nor camels in (procuring) them. Yes indeed! Allah gives dominance and control to His Messengers over anyone He wills. And Allah has Absolute Power over everything.

سورۃ الممتحنۃ:

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْ إِبْرَاهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَءٰؤُا مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِن دُوْنِ اللّٰهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَداً حَتّٰى تُؤْمِنُوا بِاللّٰهِ وَحْدَهُ إِلَّا قَوْلَ إِبْرَاهِيْمَ لِأَبِيْهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَا أَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِن شَيْءٍ رَّبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (4)

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ابراہیم (علیہ السلام) میں اور اُن کے ساتھیوں میں بہترین نمونۂ (اقتداء) ہے، جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: ہم تم سے اور اُن بتوں سے جن کی تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو کلیتہً بیزار (اور لاتعلق) ہیں، ہم نے تم سب کا کھلا انکار کیا ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور نفرت و عناد ہمیشہ کے لیے ظاہر ہو چکا، یہاں تک کہ تم ایک اللہ پر ایمان لے آؤ، مگر ابراہیم (علیہ السلام) کا اپنے (پرورش کرنے والے) باپ سے یہ کہنا کہ میں تمہارے لیے ضرور بخشش طلب کروں گا، (فقط پہلے کا کیا ہوا ایک وعدہ تھا جو انہوں نے پورا کر دیا اور ساتھ یوں جتا بھی دیا) اور یہ کہ میں تمہارے لیے (تمہارے کفر و شرک کے باعث) اللہ کے حضور کسی چیز کا مالک نہیں ہوں۔ (پھر وہ یہ دعا کر کے قوم سے الگ ہو گئے:) اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر ہی بھروسہ کیا اور ہم نے تیری طرف ہی رجوع کیا اور (سب کو) تیری ہی طرف لوٹنا ہے o

Indeed, in Ibrahim (Abraham) and his companions there is an excellent example for you (to follow), when they said to their people: 'We are utterly weary of (and cut off from) you and the idols that you worship apart from Allah; we have openly rejected you all. The enmity, hatred and malice between us and you have become evident forever until you believe in Allah, the One.' But Ibrahim's (Abraham's) saying to his (foster) father: 'I shall certainly pray for your forgiveness,' (was just a promise made to him well before, which he fulfilled and gave him a reminder as well saying:) 'I do not possess anything for you before Allah (owing to your disbelief and idol-worship.' Then he separated from his people, praying:) 'O our Lord, we put our trust in You alone, and we turn in repentance to You alone, and (all) have to return to You alone.

سورۃ الصّف:

وَإِذْ قَالَ مُوسٰى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَد تَّعْلَمُوْنَ أَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَيْكُمْ فَلَمَّا زَاغُوا أَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوبَهُمْ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِيْ الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ (5)

ترجمہ: اور (اے حبیب! وہ وقت یاد کیجئے) جب موسٰی (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم مجھے اذیت کیوں دیتے ہو حالاں کہ تم جانتے ہو کہ میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں۔ پھر جب انہوں نے کج روی جاری رکھی تو اللہ نے اُن کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا o

And, (O Beloved, recall) when Musa (Moses) said to his people: 'O my people, why do you offend me whilst you know that I am (a Messenger) sent to you by Allah?' So when they continued deviating, then Allah made

their hearts deviate. And Allah does not guide the defiant.

وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِيٓ إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُم مُّصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّراً بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ فَلَمَّا جَاءهُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا هَذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ (6)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کیجئے) جب عیسٰی بن مریم (علیہما السلام) نے کہا: اے بنی اسرائیل! بے شک میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں، اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والا ہوں اور اُس رسولِ (معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد آمد) کی بشارت سنانے والا ہوں جو میرے بعد تشریف لا رہے ہیں جن کا نام (آسمانوں میں اس وقت) احمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے، پھر جب وہ (رسولِ آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) واضح نشانیاں لے کر اُن کے پاس تشریف لے آئے تو وہ کہنے لگے: یہ تو کھلا جادو ہےo

(And also recall) when 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said: 'O Children of Israel, indeed I am (a Messenger) sent to you by Allah, confirming the Torah, the Book which came before me, and bearing the good news (of the pleasant arrival) of (the Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him) who will come after me, whose name is Ahmad (now in the heavens).' But when he (the Last of the Messengers) came to them with clear signs, they said: 'This is open magic.'

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونوا أَنصَارَ اللَّهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنصَارِيٓ إِلَى اللَّهِ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ فَآمَنَت طَّائِفَةٌ مِّن بَنِيٓ إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَت طَّائِفَةٌ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَى عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ (14)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے مددگار بن جاؤ جیسا کہ عیسٰی ابن مریم (علیہما السلام) نے (اپنے) حواریوں سے کہا تھا: اللہ کی (راہ کی) طرف میرے مددگار کون ہیں؟ حواریوں نے کہا: ہم اللہ کے مددگار ہیں۔ پس بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور دوسرا گروہ کافر ہو گیا، سو ہم نے اُن لوگوں کی جو ایمان لے آئے تھے اُن کے دشمنوں پر مدد فرمائی پس وہ غالب ہو گئےo

O believers! Be helpers of Allah as 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said to (his) disciples: 'Who are my helpers towards (the path of) Allah?' The disciples said: 'We are Allah's helpers.' So a party of the Children of Israel believed and a party disbelieved. So We helped the believers against their enemies and they gained the upper hand.

سورۃ التغابن:

ذَلِكَ بِأَنَّهُ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللَّهُ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ (6)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ اُن کے پاس اُن کے رسول واضح نشانیاں لے کر آتے تھے تو وہ کہتے تھے: کیا (ہماری ہی مثل اور ہم جنس) بشر☆ ہمیں ہدایت کریں گے؟ سو وہ کافر ہو گئے اور انہوں نے (حق سے) رُوگردانی کی اور اللہ نے بھی (اُن کی) کچھ پرواہ نہ کی، اور اللہ بے نیاز ہے لائقِ حمد و ثنا ہےo

☆ بشر کا یہ معنی ائمہ تفاسیر کے بیان کردہ معنی کے مطابق ہے۔ حوالہ جات کے لیے دیکھیں: تفسیر طبری، الکشاف، نسفی، بغوی،

خازن، جمل، مظہری اور فتح القدیر وغیرہ۔

That is because their Messengers brought them clear signs, but they said: 'Shall a human being (who is our like and from our kind) guide us?'* So they became disbelievers and turned away (from the truth). And Allah too disregarded (them) and Allah is Self-Sufficient, Praiseworthy.

*** This meaning of the word bashar (human being) is according to what the eminent exegetes have described. See: Tafsir al-Tabari, al-Kashshaf, al-Nasafi, al-Baghawi, al-Khazin, al-Jumal, al-Mazhari and Fath al-Qadir, etc.**

سورۃ الطلاق:

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ أَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهِ فَحَاسَبْنَاهَا حِسَاباً شَدِيْداً وَعَذَّبْنَاهَا عَذَاباً نُّكْراً **(8)**

ترجمہ: اور کتنی ہی بستیاں ایسی تھیں جن (کے رہنے والوں) نے اپنے رب کے حکم اور اُس کے رسولوں سے سرکشی و سرتابی کی تو ہم نے اُن کا سخت حساب کی صورت میں محاسبہ کیا اور انہیں ایسے سخت عذاب میں مبتلا کیا جو نہ دیکھا نہ سنا گیا تھاo

And how many towns there were (the inhabitants of) which disobeyed and revolted against the command of their Lord and His Messengers! So We called them to account in the shape of fierce accountability, and seized them with such a severe torment as was never seen or even heard of.

سورۃ التحریم:

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا اِمْرَأَةَ نُوحٍ وَاِمْرَأَةَ لُوطٍ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئاً وَقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدَّاخِلِيْنَ **(10)**

ترجمہ: اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے کفر کیا ہے نوح (علیہ السلام) کی عورت (واعلہ) اور لوط (علیہ السلام) کی عورت (واہلہ) کی مثال بیان فرمائی ہے، وہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو صالح بندوں کے نکاح میں تھیں، سو دونوں نے اُن سے خیانت کی پس وہ اللہ (کے عذاب) کے سامنے اُن کے کچھ کام نہ آئے اور اُن سے کہہ دیا گیا کہ تم دونوں (عورتیں) داخل ہونے والوں کے ساتھ دوزخ میں داخل ہو جاؤo

Allah has described for disbelievers the example of Nuh's (Noah's) wife (Wahila) and Lut's (Lot's) wife (Wa'ila). They were married to two of Our pious servants. But both of them betrayed them. So they could not help them before (the torment of) Allah, and it was said to them: 'Both of you (women), enter Hell along with all who enter it.'

وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِيْ أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِن رُّوحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِيْنَ **(12)**

ترجمہ: اور (دوسری مثال) عمران کی بیٹی مریم کی (بیان فرمائی ہے) جس نے اپنی عصمت و عفّت کی خوب حفاظت کی تو ہم نے

(اس کے) گریبان میں اپنی روح پھونک دی اور اس نے اپنے رب کے فرامین اور اس کی (نازل کردہ) کتابوں کی تصدیق کی اور وہ اطاعت گزاروں میں سے تھیo

And (the second example is given of) Maryam (Mary), the daughter of 'Imran, who guarded well her chastity and purity. And We breathed Our Spirit into the sternal opening of (her) shirt. And she confirmed the commandments of her Lord and the (revealed) Books and she was of the obedient.

سورۃ الملک:

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ (8)

ترجمہ: گویا (ابھی) شدتِ غضب سے پھٹ کر پارہ پارہ ہو جائے گی، جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو اس کے داروغے ان سے پوچھیں گے: کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تھاo

As if it is about to burst into pieces with intense wrath. When a group will be cast into it, its guards will ask them: 'Did no Warner come to you?'

قَالُوا بَلَى قَدْ جَاءنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ (9)

ترجمہ: وہ کہیں گے: کیوں نہیں! بے شک ہمارے پاس ڈر سنانے والا آیا تھا تو ہم نے جھٹلا دیا اور ہم نے کہا کہ اللہ نے کوئی چیز نازل نہیں کی، تم تو محض بڑی گمراہی میں (پڑے ہوئے) ہوo

They will say: 'Yes indeed! A Warner did come to us, but we rejected him and said: Allah has not sent down anything. You are just in great error.'

سورۃ القلم:

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَى وَهُوَ مَكْظُومٌ (48)

ترجمہ: پس آپ اپنے رب کے حکم کے انتظار میں صبر فرمائیے اور مچھلی والے (پیغمبر یونس علیہ السلام) کی طرح (دل گرفتہ) نہ ہوں، جب انہوں نے (اللہ کو) پکارا اس حال میں کہ وہ (اپنی قوم پر) غم و غصہ سے بھرے ہوئے تھےo

So be steadfast in waiting for the command of your Lord, and do not (take it to your heart) like (Yunus [Jonah], the Messenger with) fish episode, when he cried out (to Allah) in a state pent up with rage and grief (against his community).

لَوْلَا أَن تَدَارَكَهُ نِعْمَةٌ مِّن رَّبِّهِ لَنُبِذَ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ مَذْمُومٌ (49)

ترجمہ: اگر ان کے رب کی رحمت و نعمت ان کی دستگیری نہ کرتی تو وہ ضرور چٹیل میدان میں پھینک دیئے جاتے اور وہ ملامت زدہ ہوتے (مگر اللہ نے انہیں اس سے محفوظ رکھا)o

Had the mercy and blessing of his Lord not helped him, he would certainly have been thrown in the barren field, blamed. (But Allah saved him from that.)

فَاجْتَبَاهُ رَبُّهُ فَجَعَلَهُ مِنَ الصَّالِحِينَ (50)

ترجمہ: پھر ان کے رب نے انہیں برگزیدہ بنالیا اور انہیں (اپنے قربِ خاص سے نواز کر) کامل نیکوکاروں میں (شامل) فرما دیاo

Then his Lord exalted him and (placed him) amongst the perfectly pious (blessing him with His exceptional nearness).

سورۃ الحاقۃ:

كَذَّبَتْ ثَمُودُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ (4)

ترجمہ: ثمود اور عاد نے (جملہ موجودات کو) باہمی ٹکراؤ سے پاش پاش کر دینے والی (قیامت) کو جھٹلایا تھاo

Thamud and 'Ad rejected the (calamity of a) Shattering Gravitational Collision (of all the existent cosmic bodies).

فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهْلِكُوا بِالطَّاغِيَةِ (5)

ترجمہ: پس قومِ ثمود کے لوگ! تو وہ حد سے زیادہ کڑک دار چنگھاڑ والی آواز سے ہلاک کر دیئے گئےo

So, as for the people of Thamud, they were destroyed by the extremely violent, Deafening Blast.

وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ (6)

ترجمہ: اور رہے قومِ عاد کے لوگ! تو وہ (بھی) ایسی تیز آندھی سے ہلاک کر دیئے گئے جو انتہائی سرد نہایت گرج دار تھیo

And as for the people of 'Ad, they (too) were destroyed by a violently cold, roaring gale.

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُوماً فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَى كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ (7)

ترجمہ: اللہ نے اس (آندھی) کو ان پر مسلسل سات راتیں اور آٹھ دن مسلّط رکھا، سو تُو ان لوگوں کو اس (عرصہ) میں (اس طرح) مرے پڑے دیکھتا (تو یوں لگتا) گویا وہ کھجور کے گرے ہوئے درختوں کی کھوکھلی جڑیں ہیںo

Allah made that (gale) seize them for consecutive seven nights and eight days. So, you could see them lying dead (during that time as if) they were hollow roots of the uprooted palm trees.

فَهَلْ تَرَى لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ (8)

ترجمہ: سو تُو کیا ان میں سے کسی کو باقی دیکھتا ہےo

So do you see any of them surviving?

وَجَاء فِرْعَوْنُ وَمَن قَبْلَهُ وَالْمُؤْتَفِكَاتُ بِالْخَاطِئَةِ (9)

ترجمہ: اور فرعون اور جو اُس سے پہلے تھے اور (قومِ لوط کی) اُلٹی ہوئی بستیوں (کے باشندوں) نے بڑی خطائیں کی تھیںo

And Pharaoh and those before him and (the dwellers of) the overthrown towns (of the community of Lut [Lot]) committed grave sins.

فَعَصَوْا رَسُولَ رَبِّهِمْ فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً رَّابِيَةً (10)

ترجمہ: پس انہوں نے (بھی) اپنے رب کے رسول کی نافرمانی کی، سو اللہ نے انہیں نہایت سخت گرفت میں پکڑ لیاo

So they (also) disobeyed the Messenger of their Lord. And Allah seized

them with a mighty seizure.

إِنَّا لَمَّا طَغَى الْمَاء حَمَلْنَاكُمْ فِي الْجَارِيَةِ (11)

ترجمہ: بے شک جب (طوفانِ نوح کا) پانی حد سے گزر گیا تو ہم نے تمہیں رواں کشتی میں سوار کر لیا o

Indeed, when the water (of the Deluge) overflowed the limit, We carried you in the floating Ark,

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَتَعِيَهَا أُذُنٌ وَاعِيَةٌ (12)

ترجمہ: تاکہ ہم اس (واقعہ) کو تمہارے لیے (یادگار) نصیحت بنا دیں اور محفوظ رکھنے والے کان اسے یاد رکھیں o

So that We make this (episode a reminding) lesson of warning for you and that the retentive ears may retain it.

سورۃ نوح:

إِنَّا أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ أَنْ أَنذِرْ قَوْمَكَ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے نوح (علیہ السلام) کو ان کی قوم کی طرف بھیجا کہ آپ اپنی قوم کو ڈرائیں قبل اس کے کہ اُنہیں دردناک عذاب آ پہنچے o

Surely, We sent Nuh (Noah) to his people: 'Warn your people before a painful torment comes upon them.'

قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (2)

ترجمہ: اُنہوں نے کہا: اے میری قوم! بے شک میں تمہیں واضح ڈر سنانے والا ہوں o

He said: 'O my people! Indeed, I am a clear Warner to you,

أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاتَّقُوهُ وَأَطِيعُونِ (3)

ترجمہ: کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اُس سے ڈرو اور میری اِطاعت کرو o

That you must worship Allah and fear Him and obey me.

يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُؤَخِّرْكُمْ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى إِنَّ أَجَلَ اللَّهِ إِذَا جَاء لَا يُؤَخَّرُ لَوْ كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (4)

ترجمہ: وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں مقررہ مدت تک مہلت عطا کرے گا، بے شک اللہ کی (مقرر کردہ) مدت جب آ جائے تو مہلت نہیں دی جاتی، کاش! تم جانتے ہوتے o

He will forgive your sins and will give you respite till an appointed term. Surely, when (the appointed) time of Allah comes, then respite is not given if only you knew.'

قَالَ رَبِّ إِنِّي دَعَوْتُ قَوْمِي لَيْلاً وَنَهَاراً (5)

ترجمہ: نوح (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! بے شک میں اپنی قوم کو رات دن بلاتا رہا o

Nuh (Noah) submitted: 'O my Lord! Indeed, I kept calling my people night and day,

فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَائِيْ إِلَّا فِرَاراً (6)

ترجمہ: لیکن میری دعوت نے ان کے لیے سوائے بھاگنے کے کچھ زیادہ نہیں کیاo

But my calling did no good except making them flee away.

وَإِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ جَعَلُوا أَصَابِعَهُمْ فِيْ آذَانِهِمْ وَاسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَأَصَرُّوا وَاسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَاراً (7)

ترجمہ: اور میں نے جب (بھی) اُنہیں (ایمان کی طرف) بلایا تاکہ تو انہیں بخش دے تو انہوں نے اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں دے لیں اور اپنے اوپر اپنے کپڑے لپیٹ لیے اور (کفر پر) ہٹ دھرمی کی اور شدید تکبر کیاo

And every time I called them (towards faith) so that You might forgive them, they only thrust their fingers into their ears and wrapped their clothes over themselves and stuck obstinately (to disbelief) and behaved most arrogantly.

ثُمَّ إِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَاراً (8)

ترجمہ: پھر میں نے انہیں بلند آواز سے دعوت دیo

Then I called them aloud.

ثُمَّ إِنِّيْ أَعْلَنتُ لَهُمْ وَأَسْرَرْتُ لَهُمْ إِسْرَاراً (9)

ترجمہ: پھر میں نے انہیں اِعلانیہ (بھی) سمجھایا اور انہیں پوشیدہ رازدارانہ طور پر (بھی) سمجھایاo

Then I advised them publicly and privately and secretly (as well).

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ إِنَّهُ كَانَ غَفَّاراً (10)

ترجمہ: پھر میں نے کہا کہ تم اپنے رب سے بخشش طلب کرو، بے شک وہ بڑا بخشنے والا ہےo

Then I said: 'Seek forgiveness from your Lord. Surely, He is Most Forgiving.

يُرْسِلِ السَّمَاءَ عَلَيْكُم مِّدْرَاراً (11)

ترجمہ: وہ تم پر بڑی زوردار بارش بھیجے گاo

He will send down on you torrents of rain,

وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِيْنَ وَيَجْعَل لَّكُمْ جَنَّاتٍ وَيَجْعَل لَّكُمْ أَنْهَاراً (12)

ترجمہ: اور تمہاری مدد اَموال اور اولاد کے ذریعے فرمائے گا اور تمہارے لیے باغات اُگائے گا اور تمہارے لیے نہریں جاری کر دے گاo

And will help you with wealth and sons and will grow for you gardens and will make streams flow for you.

مَّا لَكُمْ لَا تَرْجُونَ لِلّٰهِ وَقَاراً (13)

ترجمہ: تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی عظمت کا اِعتقاد اور معرفت نہیں رکھتےo

What is the matter with you that you do not have faith in, or the gnosis of, Allah's Majesty,

وَقَدْ خَلَقَكُمْ أَطْوَاراً (14)

ترجمہ: حالاں کہ اس نے تمہیں طرح طرح کی حالتوں سے پیدا فرمایاo

Whereas He has created you through diverse conditions?

أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللَّهُ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقاً (15)

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کس طرح سات (یا متعدّد) آسمانی کرّے باہمی مطابقت کے ساتھ (طبق در طبق) پیدا فرمائےo

Have you not seen how Allah has created seven (or many) heavenly spheres corresponding to one another (layer upon layer)?

وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُوراً وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجاً (16)

ترجمہ: اور اس نے ان میں چاند کو روشن کیا اور اس نے سورج کو چراغ (یعنی روشنی اور حرارت کا منبع) بنایاo

And He brightened in them the moon and made the sun a radiant lamp (i.e., the source of light and heat).

وَاللَّهُ أَنبَتَكُم مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتاً (17)

ترجمہ: اور اللہ نے تمہیں زمین سے سبزے کی مانند اُگایا☆o

☆ اَرضی زندگی میں پودوں کی طرح حیاتِ اِنسانی کی اِبتداء اور نشو ونما بھی کیمیائی اور حیاتیاتی مراحل سے گزرتے ہوئے تدریجاً ہوئی، اِسی لیے اِسے اَنْبَتَکُم مِّنَ الاَرضِ نَبَاتًا کے بلیغ اِستعارہ کے ذریعے بیان کیا گیا ہے۔

And Allah has caused you to grow like vegetation from the earth.*

*** Like plants, the genesis and growth of human life has also taken place on earth gradually, passing through its chemical and biological phases. This has been explained here through comprehensive metaphorical expression: vegetation-anbata-kum mina'-l ardi nabata.**

ثُمَّ يُعِيدُكُمْ فِيهَا وَيُخْرِجُكُمْ إِخْرَاجاً (18)

ترجمہ: پھر تم کو اسی (زمین) میں لوٹا دے گا اور (پھر) تم کو (اسی سے دوبارہ) باہر نکالے گاo

Then He will return you into the same (earth) and will then bring you forth (from the same again).

وَاللَّهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطاً (19)

ترجمہ: اور اللہ نے تمہارے لیے زمین کو فرش بنا دیاo

And Allah has made the earth a vast expanse for you,

لِتَسْلُكُوا مِنْهَا سُبُلاً فِجَاجاً (20)

ترجمہ: تاکہ تم اس کے کشادہ راستوں میں چلو پھروo

So that you may move around through its broad ways.'

قَالَ نُوحٌ رَّبِّ إِنَّهُمْ عَصَوْنِي وَاتَّبَعُوا مَن لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهُ وَوَلَدُهُ إِلَّا خَسَاراً (21)

ترجمہ: نوح (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! انہوں نے میری نافرمانی کی اور اُس (سرکش رؤساء ۱ کے طبقے) کی پیروی کرتے رہے جس کے مال و دولت اور اولاد نے انہیں سوائے نقصان کے اور کچھ نہیں بڑھایاo

Nuh (Noah) submitted: 'O my Lord! They have disobeyed me and kept following that (class of the rebellious rich) whose wealth and children have not increased for them anything but loss.

وَمَكَرُوا مَكْراً كُبَّاراً (22)

ترجمہ: اور (عوام کو گمراہی میں رکھنے کے لیے) وہ بڑی بڑی چالیں چلتے رہے o

And they kept perpetrating huge frauds (to keep the common man in error).

وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدّاً وَلَا سُوَاعاً وَلَا يَغُوثَ وَيَعُوقَ وَنَسْراً (23)

ترجمہ: اور کہتے رہے کہ تم اپنے معبودوں کو مت چھوڑنا اور وَدّ اور سُوَاع اور یَغُوث اور یَعُوق اور نَسر (نامی بتوں) کو (بھی) ہرگز نہ چھوڑنا o

And they kept saying: Do not turn away from your gods and never abandon (the idols named as) Wadd, Suwa', Yaghuth, Ya'uq and Nasr (as well).

وَقَدْ أَضَلُّوا كَثِيراً وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا ضَلَالاً (24)

ترجمہ: اور واقعی انہوں نے بہت لوگوں کو گمراہ کیا، سو (اے میرے رب!) تو (بھی ان) ظالموں کو سوائے گمراہی کے (کسی اور چیز میں) نہ بڑھا o

And truly, they have misled many people. So, (O my Lord,) do not increase these wrongdoers (in anything) except misguidance.'

مِمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَاراً فَلَمْ يَجِدُوا لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ أَنصَاراً (25)

ترجمہ: (بالآخر) وہ اپنے گناہوں کے سبب غرق کر دیئے گئے، پھر آگ میں ڈال دیئے گئے، سو وہ اپنے لیے اللہ کے مقابل کسی کو مددگار نہ پا سکے o

(In the end) they were drowned due to their sins and then flung into Fire. So they could not find any helper for themselves against Allah.

وَقَالَ نُوحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّاراً (26)

ترجمہ: اور نوح (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے میرے رب! زمین پر کافروں میں سے کوئی بسنے والا باقی نہ چھوڑ o

And Nuh (Noah) submitted: 'O my Lord! Do not leave even a single disbeliever living on earth.

إِنَّكَ إِن تَذَرْهُمْ يُضِلُّوا عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوا إِلَّا فَاجِراً كَفَّاراً (27)

ترجمہ: بے شک اگر تو انہیں (زندہ) چھوڑے گا تو وہ تیرے بندوں کو گمراہ کرتے رہیں گے، اور وہ بدکار (اور) سخت کافر اولاد کے سوا کسی کو جنم نہیں دیں گے o

Surely, if You leave them (alive), they will keep leading your servants astray and will beget none but the most wicked and extremely disbelieving children.

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَن دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِناً وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِیْنَ إِلَّا تَبَاراً (28)

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے بخش دے اور میرے والدین کو اور ہر اس شخص کو جو مومن ہو کر میرے گھر میں داخل ہوا اور (جملہ) مومن مردوں کو اور مومن عورتوں کو، اور ظالموں کے لیے سوائے ہلاکت کے کچھ (بھی) زیادہ نہ فرما o

O my Lord! Forgive me and my parents and everyone who enters my home as a believer and (all) the believing men and the believing women, and do not increase anything for the wrongdoers except destruction.'

سورۃ الجن:

عَالِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلَی غَیْبِهِ أَحَداً (26)

ترجمہ: (وہ) غیب کا جاننے والا ہے، پس وہ اپنے غیب پر کسی (عام شخص) کو مطلع نہیں فرماتا o

(He is) the Knower of the unseen. So He does not inform any (common man) of His unseen,

إِلَّا مَنِ ارْتَضَی مِن رَّسُولٍ فَإِنَّهُ یَسْلُكُ مِن بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَداً (27)

ترجمہ: سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے (اُنہی کو مطلع علی الغیب کرتا ہے کیونکہ یہ خاصۂ نبوت اور معجزۂ رسالت ہے)، تو بے شک وہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے آگے اور پیچھے (علمِ غیب کی حفاظت کے لیے) نگہبان مقرر فرما دیتا ہے o

Except for His Messengers with whom He is well-pleased (and reveals to them alone the unseen because that is an exclusive trait of Prophethood and a Messenger's miracle as well). So indeed He appoints protectors at both front and rear of him (the Messenger, for the security of the knowledge of the unseen),

لِیَعْلَمَ أَن قَدْ أَبْلَغُوا رِسَالَاتِ رَبِّهِمْ وَأَحَاطَ بِمَا لَدَیْهِمْ وَأَحْصَی كُلَّ شَیْءٍ عَدَداً (28)

ترجمہ: تاکہ اللہ (اس بات کو) ظاہر فرما دے کہ بے شک ان (رسولوں) نے اپنے رب کے پیغامات پہنچا دیئے، اور (اَحکاماتِ اِلٰہیہ اور علومِ غیبیہ میں سے) جو کچھ ان کے پاس ہے اللہ نے (پہلے ہی سے) اُس کا اِحاطہ فرما رکھا ہے، اور اُس نے ہر چیز کی گنتی شمار کر رکھی ہے o

So that Allah may bring to light that surely they (the Messengers) have communicated the messages of their Lord, and Allah has (already) encompassed what they have (of Allah's injunctions and the knowledge of the unseen) and He has kept count of everything.

سورۃ المزمل:

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَیْكُمْ رَسُولاً شَاهِداً عَلَیْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَی فِرْعَوْنَ رَسُولاً (15)

ترجمہ: بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھیجا ہے جو تم پر (اَحوال کا مشاہدہ فرما کر) گواہی دینے والا ہے، جیسا کہ ہم نے فرعون کی طرف ایک رسول کو بھیجا تھا o

Surely, We have sent towards you a Messenger (blessings and peace be upon him) who bears witness to you (seeing thoroughly your states of being) as We sent a Messenger towards Pharaoh.

فَعَصَى فِرْعَوْنُ الرَّسُولَ فَأَخَذْنَاهُ أَخْذاً وَبِيلًا (16)

ترجمہ: پس فرعون نے اس رسول (علیہ السلام) کی نافرمانی کی، سو ہم نے اس کو ہلاکت انگیز گرفت میں پکڑ لیا o

So Pharaoh disobeyed that Messenger, and We seized him with a devastating seizure.

سورۃ المرسلات:

وَإِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ (11)

ترجمہ: اور جب پیغمبر وقتِ مقررہ پر (اپنی اپنی اُمتوں پر گواہی کے لیے) جمع کیے جائیں گے o

And when the Messengers will be brought together at the appointed time (to bear witness to their respective communities),

سورۃ النازعات:

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ مُوسَى (15)

ترجمہ: کیا آپ کے پاس موسٰی (علیہ السلام) کی خبر پہنچی ہے o

Has the account of Musa (Moses) reached you?

إِذْ نَادَاهُ رَبُّهُ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى (16)

ترجمہ: جب ان کے رب نے طوٰی کی مقدّس وادی میں انہیں پکارا تھا o

When His Lord called out to him in the sacred valley of Tuwa,

اذْهَبْ إِلَى فِرْعَوْنَ إِنَّهُ طَغَى (17)

ترجمہ: (اور حکم دیا تھا کہ) فرعون کے پاس جاؤ وہ سرکش ہو گیا ہے o

(And commanded:) 'Go to Pharaoh. He has transgressed all bounds.'

فَقُلْ هَل لَّكَ إِلَى أَن تَزَكَّى (18)

ترجمہ: پھر (اس سے) کہو: کیا تیری خواہش ہے کہ تو پاک ہو جائے o

Then say (to him): 'Do you wish that you should be purified?

وَأَهْدِيَكَ إِلَى رَبِّكَ فَتَخْشَى (19)

ترجمہ: اور (کیا تو چاہتا ہے کہ) میں تیرے رب کی طرف تیری رہنمائی کروں تاکہ تو (اس سے) ڈرنے لگے o

And (do you desire that) I guide you to your Lord so that you may fear (Him)?'

فَأَرَاهُ الْآيَةَ الْكُبْرَى (20)

ترجمہ: پھر موسٰی (علیہ السلام) نے اسے بڑی نشانی دکھائی o

Then Musa (Moses) showed him the great sign.

فَكَذَّبَ وَعَصَى (21)

ترجمہ: تو اس نے جھٹلا دیا اور نافرمانی کی o

But he denied it and disobeyed.

ثُمَّ أَدْبَرَ يَسْعَى (22)

ترجمہ: پھر وہ (حق سے) ژ وگرداں ہوکر (موسٰی علیہ السلام کی مخالفت میں) سعی وکاوش کرنے لگا o

Then, turning away (from the truth), he launched struggle (in rivalry against Musa [Moses]).

فَحَشَرَ فَنَادَى (23)

ترجمہ: پھر اس نے (لوگوں کو) جمع کیا اور پکارنے لگا o

So he gathered (people) and started calling out,

فَقَالَ أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَى (24)

ترجمہ: پھر اس نے کہا: میں تمہارا سب سے بلند و بالا رب ہوں o

And said: 'I am your lord, most high.'

فَأَخَذَهُ اللَّهُ نَكَالَ الْآخِرَةِ وَالْأُولَى (25)

ترجمہ: تو اللہ نے اسے آخرت اور دنیا کی (دوہری) سزا میں پکڑ لیا o

Then Allah seized him in (dual) punishment of this world and the Hereafter.

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَن يَخْشَى (26)

ترجمہ: بے شک اس (واقعہ) میں اس شخص کے لیے بڑی عبرت ہے جو (اللہ سے) ڈرتا ہے o

Surely, in this (incident) there is a great lesson of warning for him who fears (Allah).

سورۃ الاعلیٰ:

وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَى (17)

ترجمہ: حالاں کہ آخرت (کی لذت وراحت) بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہے o

Whereas (the comfort and pleasure of) the Hereafter is preferable and everlasting.

إِنَّ هَٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَى (18)

ترجمہ: بے شک یہ (تعلیم) اگلے صحیفوں میں (بھی مذکور) ہے o

Indeed, this (enlightenment) is (also contained) in earlier scriptures,

صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى (19)

ترجمہ: (جو) ابراہیم اور موسٰی (علیہما السلام) کے صحائف ہیں o

The scriptures of Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses).

3۔ معجزہ کا بیان

سورۃ البقرہ:

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى كُلُواْ مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَـكِن كَانُواْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (57)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ہم نے تم پر (وادیٔ تِیہ میں) بادل کا سایہ کیے رکھا اور ہم نے تم پر مَنّ وسلوٰی اتارا کہ تم ہماری عطا کی ہوئی پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ، سو انہوں نے (نافرمانی اور ناشکری کر کے) ہمارا کچھ نہیں بگاڑا مگر اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہےo

And (recall) when We cast the shade of clouds over you (in the Tiha valley) and sent down for you manna and quails so that you might eat of the pure things We provided for you. So they did not harm Us at all (by disobeying and showing Us disregard), but persistently harmed their own souls.

وَإِذِ اسْتَسْقَى مُوسَى لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْناً قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُواْ وَاشْرَبُواْ مِن رِّزْقِ اللّهِ وَلاَ تَعْثَوْاْ فِي الأَرْضِ مُفْسِدِينَ (60)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم کے لیے پانی مانگا تو ہم نے فرمایا: اپنا عصا اس پتھر پر مارو، پھر اس (پتھر) سے بارہ چشمے پھوٹ پڑے، واقعتاً ہر گروہ نے اپنا اپنا گھاٹ پہچان لیا، (ہم نے فرمایا:) اللہ کے (عطا کردہ) رزق میں سے کھاؤ اور پیو لیکن زمین میں فساد انگیزی نہ کرتے پھروo

And (recall) when Musa (Moses) prayed for water for his people. We directed: 'Strike that rock with your stick.' Then twelve springs gushed out of that (rock). Verily, each clan identified their respective drinking place. (We said:) 'Eat and drink of the sustenance (given) by Allah, but do not seek to do mischief in the land.'

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُواْ مِن دِيَارِهِمْ وَهُمْ أُلُوفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّهُ مُوتُواْ ثُمَّ أَحْيَاهُمْ إِنَّ اللّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَشْكُرُونَ (243)

ترجمہ: (اے حبیب!) کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں سے نکل گئے حالاں کہ وہ ہزاروں (کی تعداد میں) تھے، تو اللہ نے انہیں حکم دیا: مر جاؤ (سو وہ مر گئے)، پھر انہیں زندہ فرما دیا، بے شک اللہ لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے مگر اکثر لوگ (اس کا) شکر ادا نہیں کرتےo

(O Beloved!) Have you not seen the people who went out of their houses, fearing death, though they were in thousands? Allah commanded them: 'Die,' (and they died). Then He restored them to life. Surely, Allah is Most Bountiful towards mankind, but most of them do not give (Him) thanks.

أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَى قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا قَالَ أَنَّى يُحْيِي هَذِهِ اللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِئَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ قَالَ لَبِثْتُ يَوْماً أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالَ بَل لَّبِثْتَ مِئَةَ عَامٍ فَانظُرْ إِلَى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ وَانظُرْ إِلَى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ وَانظُرْ إِلَى العِظَامِ كَيْفَ نُنشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْماً فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (259)

ترجمہ: یا اسی طرح اس شخص کو (نہیں دیکھا) جو ایک بستی پر سے گزرا جو اپنی چھتوں پر گری پڑی تھی تو اس نے کہا کہ اللہ اس کی موت کے بعد اسے کیسے زندہ فرمائے گا، سو (اپنی قدرت کا مشاہدہ کرانے کے لیے) اللہ نے اسے سو برس تک مُردہ رکھا پھر اُسے زندہ کیا، (بعد ازاں) پوچھا: تُو یہاں (مرنے کے بعد) کتنی دیر ٹھہرا رہا (ہے)؟ اس نے کہا: میں ایک دن یا ایک دن کا (بھی) کچھ حصہ ٹھہرا ہوں، فرمایا: (نہیں) بلکہ تُو سو برس پڑا رہا (ہے) پس (اب) تُو اپنے کھانے اور پینے (کی چیزوں) کو دیکھ (وہ) متغیّر (باسی) بھی نہیں ہوئیں اور (اب) اپنے گدھے کی طرف نظر کر (جس کی ہڈیاں بھی سلامت نہیں رہیں) اور یہ اس لیے کہ ہم تجھے لوگوں کے لیے (اپنی قدرت کی) نشانی بنا دیں اور (اب ان) ہڈیوں کی طرف دیکھ ہم انہیں کیسے جُنبش دیتے (اور اٹھاتے) ہیں پھر انہیں گوشت (کا لباس) پہناتے ہیں، جب یہ (معاملہ) اس پر خوب آشکار ہو گیا تو بول اٹھا: میں (مشاہداتی یقین سے) جان گیا ہوں کہ بے شک اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہےo

Or, likewise, (have you not seen) him who passed by a town which was a wreck with its roofs caved in? He said: 'How shall Allah bring it back to life after its death?' So (to make him witness His Power) Allah kept him dead for a hundred years, then gave him life, (and after that) asked: 'How long (have) you stayed here (after dying)?' He said: 'I stayed for a day or (only) part of a day.' Allah said: '(Nay,) you kept lying for a hundred years. So, (now) look at (the provisions of) your food and drink. (They) have not even decomposed (i.e., become stale). And (now) see your donkey (whose very bones are no more intact). And this is because We may make you a sign (of Our Might) for the people. And (now) see (these) bones how We stir (and raise) them and clothe them with flesh.' When this (phenomenon) fully dawned on him, he proclaimed: 'I have learnt (through the eye of certitude) that Allah is indeed All-Powerful to do everything.'

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَى قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِن قَالَ بَلَى وَلَكِن لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلَى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءاً ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْياً وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (260)

ترجمہ: اور (وہ واقعہ بھی یاد کریں) جب ابراہیم (علیہ السلام) نے عرض کیا: میرے رب! مجھے دکھا دے کہ تُو مُردوں کو کس طرح زندہ فرماتا ہے؟ ارشاد ہوا: کیا تم یقین نہیں رکھتے؟ اس نے عرض کیا: کیوں نہیں (یقین رکھتا ہوں) لیکن (چاہتا ہوں کہ) میرے دل کو بھی خوب سکون نصیب ہو جائے، ارشاد فرمایا: سو تم چار پرندے پکڑ لو پھر انہیں اپنی طرف مانوس کر لو پھر (انہیں ذبح کر کے) ان کا ایک ایک ٹکڑا ایک ایک پہاڑ پر رکھ دو پھر انہیں بلاؤ وہ تمہارے پاس دوڑتے ہوئے آ جائیں گے، اور جان لو کہ یقیناً اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

And (also recall) when Ibrahim (Abraham) said: 'My Lord, show me how You bring the dead to life.' Allah said: 'Do you not have faith?' He submitted: 'Why not! (I do believe,) but (I wish) my heart is blessed with gratifying calm.' Allah ordained: 'Well, take four birds and tame them to feel attached to you; then (slaughter them and) place a piece of each of them on each hill; then call them. They will come to you at high speed. And know that surely Allah is All-Mighty, All-Wise.'

سورۃ یونس:

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ آيَةً وَإِنَّ كَثِيراً مِّنَ النَّاسِ عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ **(92)**

ترجمہ: (اے فرعون!) سو آج ہم تیرے (بے جان) جسم کو بچالیں گے تاکہ تو اپنے بعد والوں کے لیے (عبرت کا) نشان ہو سکے اور بے شک اکثر لوگ ہماری نشانیوں (کو سمجھنے) سے غافل ہیںo

(O Pharaoh!) We shall today preserve your (lifeless) body so that you may become a sign (of warning) for those who come after you. Indeed, most of the people are neglectful (in understanding) Our signs.'

سورۃ یوسف:

فَلَمَّا أَن جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَى وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيراً قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّيَ أَعْلَمُ مِنَ اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ **(96)**

ترجمہ: پھر جب خوشخبری سنانے والا آپہنچا اس نے وہ قمیض یعقوب (علیہ السلام) کے چہرے پر ڈال دیا تو اسی وقت ان کی بینائی لوٹ آئی، یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا میں تم سے نہیں کہتا تھا کہ بے شک میں اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتےo

But when the bearer of the glad tidings arrived, and he cast that shirt over Ya'qub's (Jacob's) face, his sight returned at that same moment. Ya'qub (Jacob) said: 'Did I not say to you that I know from Allah what you do not know?'

سورۃ ہود:

وَيَا قَوْمِ هَـذِهِ نَاقَةُ اللّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ فِيَ أَرْضِ اللّهِ وَلاَ تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيبٌ **(64)**

ترجمہ: اور اے میری قوم! یہ اللہ کی (خاص طریقہ سے پیدا کردہ) اونٹنی ہے (جو) تمہارے لیے نشانی ہے سو اسے چھوڑے رکھو (یہ) اللہ کی زمین میں کھاتی پھرے اور اسے کوئی تکلیف نہ پہنچانا ورنہ تمہیں قریب (واقع ہونے والا) عذاب آ پکڑے گاo

And, O my people, this is a (peculiarly created) she-camel of Allah, (which is) a sign for you. So leave her free to graze in Allah's earth, and do her no harm lest an imminent torment should seize you.'

فَعَقَرُوهَا فَقَالَ تَمَتَّعُواْ فِيَ دَارِكُمْ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ ذَلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوبٍ **(65)**

ترجمہ: پھرانہوں نے اسے (کونچیں کاٹ کر) ذبح کر ڈالا، صالح (علیہ السلام) نے کہا: (اب) تم اپنے گھروں میں (صرف) تین دن (تک) عیش کرلو، یہ وعدہ ہے جو (کبھی) جھوٹا نہ ہوگا o

Then they (hamstrung and) slaughtered her. Salih said: '(Now) luxuriate in your abodes (only) for three days. This is a promise which will (never) become untrue.'

سورۃ الشعرآء:

مَا أَنتَ إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا فَأْتِ بِآيَةٍ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ (154)

ترجمہ: تم تو محض ہمارے جیسے بشر ہو، پس تم کوئی نشانی لے آؤ اگر تم سچے ہو o

You are but a human being like us, so bring some sign if you are truthful.'

قَالَ هَذِهِ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ (155)

ترجمہ: (صالح علیہ السلام نے) فرمایا: (وہ نشانی) یہ اونٹنی ہے پانی کا ایک وقت اس کے لیے (مقرر) ہے اور ایک مقررہ دن تمہارے پانی کی باری ہے o

(Salih) said: '(That sign) is this she-camel. A time for water is (appointed) for her, and on an appointed day is your turn for water.

وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيمٍ (156)

ترجمہ: اور اِسے برائی (کے ارادہ) سے ہاتھ مت لگانا ورنہ بڑے (سخت) دن کا عذاب تمہیں آ پکڑے گا o

And do not touch her with evil (intention), or the torment of a (gravely) terrible day will seize you.'

فَعَقَرُوهَا فَأَصْبَحُوا نَادِمِينَ (157)

ترجمہ: پھرانہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں (سو اسے ہلاک کر دیا) پھر وہ (اپنے کیے پر) پشیمان ہو گئے o

But they hamstrung her (and killed her). Then they became remorseful (because of what they did).

فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (158)

ترجمہ: سو انہیں عذاب نے آ پکڑا، بے شک اس (واقعہ) میں بڑی نشانی ہے، اور ان میں سے اکثر لوگ مومن نہ تھے o

So the torment seized them. Surely, in this (incident), there is a great sign and most of them were not the believers.

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (159)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ہی بڑا غالب رحمت والا ہے o

And verily, your Lord alone is Almighty, Ever-Merciful.

سورۃ النمل:

وَأَدْخِلْ يَدَكَ فِي جَيْبِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاء مِنْ غَيْرِ سُوءٍ فِي تِسْعِ آيَاتٍ إِلَى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهِ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْماً فَاسِقِيْنَ **(12)**

ترجمہ: اورتم اپنا ہاتھ اپنے گریبان کے اندر ڈالو وہ بغیر کسی عیب کے سفید چمک دار (ہوکر) نکلے گا، (یہ دونوں اللہ کی) نونشانیوں میں (سے) ہیں (انہیں لے کر) فرعون اوراس کی قوم کے پاس جاؤ۔ بے شک وہ نافرمان قوم ہیںo

And put your hand into the opening of your collar. It will come out radiant white without any ill. (Both these are) of the nine signs (of Allah). Go (with them) to Pharaoh and his people. Surely, they are a disobedient people.'

فَلَمَّا جَاءتْهُمْ آيَاتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوا هَذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ **(13)**

ترجمہ: پھر جب ان کے پاس ہماری نشانیاں واضح اور روشن ہوکر پہنچ گئیں تو وہ کہنے لگے کہ یہ کھلا جادو ہےo

But when Our clear and sight-giving signs reached them, they said: 'This is plain magic.'

وَجَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنفُسُهُمْ ظُلْماً وَعُلُوّاً فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ **(14)**

ترجمہ: اورانہوں نے ظلم اورتکبّر کے طور پران کا سراسرانکار کردیا حالاں کہ ان کے دل ان (نشانیوں کے حق ہونے) کا یقین کر چکے تھے۔ پس آپ دیکھئے کہ فساد بپا کرنے والوں کا کیسا (بُرا) انجام ہواo

And out of vanity and wickedness, they rejected them straight away whilst their hearts had accepted these (signs as true). So see how (evil) was the end of the evildoers!

أَمَّن جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَاراً وَجَعَلَ خِلَالَهَا أَنْهَاراً وَجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزاً أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(61)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جس نے زمین کو قرارگاہ بنایا اوراس کے درمیان نہریں بنائیں اوراس کے لیے بھاری پہاڑ بنائے۔ اور (کھاری اورشیریں) دوسمندروں کے درمیان آڑ بنائی؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اوربھی) معبود ہے؟ بلکہ ان (کفار) میں سے اکثر لوگ بےعلم ہیںo

Or, Who made the earth a dwelling place and made rivers amid it and made for it huge mountains and put a barrier between the two seas (of salt and sweet waters)? Is there any (other) God besides Allah? But most of these (disbelievers) do not have knowledge.

أَمَّن يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاء الْأَرْضِ أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ قَلِيْلاً مَّا تَذَكَّرُونَ **(62)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو بےقرار شخص کی دعا قبول فرماتا ہے جب وہ اسے پکارے اورتکلیف دور فرماتا ہے اورتمہیں زمین میں (پہلے لوگوں کا) وارث وجانشین بناتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اوربھی) معبود ہے؟ تم لوگ بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہوo

Or, Who grants the supplication of the anxiety-stricken caller when he calls upon Him, and Who removes the trouble and makes you successors and inheritors (of the predecessors) in the earth? Is there any (other) God besides Allah? You people accept advice but little.

وَإِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِّنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا بِآيَاتِنَا لَا يُوقِنُونَ (82)

ترجمہ: اور جب ان پر (عذاب کا) فرمان پورا ہونے کا وقت آ جائے گا تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے گفتگو کرے گا کیونکہ لوگ ہماری نشانیوں پر یقین نہیں کرتے تھےo

And when the time to execute Our command (of torment) against them comes, We shall bring out for them from the earth a beast who will converse with them because people do not have certitude in Our signs.

سورۃ القمر:

اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانشَقَّ الْقَمَرُ (1)

ترجمہ: قیامت قریب آ پہنچی اور چاند دو ٹکڑے ہو گیاo

The Last Hour has drawn near and the moon has split into two.

وَإِن يَرَوْا آيَةً يُعْرِضُوا وَيَقُولُوا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ (2)

ترجمہ: اور اگر وہ (کفّار) کوئی نشانی (یعنی معجزہ) دیکھتے ہیں تو مُنہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ (یہ تو) ہمیشہ سے چلا آنے والا طاقتور جادو ہےo

And if they (the disbelievers) see a sign (a miracle), they turn their faces away and say: 'This is the powerful magic ever running down through ages.'

وَكَذَّبُوا وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ وَكُلُّ أَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ (3)

ترجمہ: اور انہوں نے (اب بھی) جھٹلایا اور اپنی خواہشات کے پیچھے چلے اور ہر کام (جس کا وعدہ کیا گیا ہے) مقرّرہ وقت پر ہونے والا ہےo

And they have rejected (the truth even now) and followed their vain desires. And everything (that has been promised) is to take place at the appointed time.

وَلَقَد تَّرَكْنَاهَا آيَةً فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (15)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے اِس (طوفانِ نوح کے آثار) کو نشانی کے طور پر باقی رکھا تو کیا کوئی سوچنے (اور نصیحت قبول کرنے) والا ہےo

And surely, We made (the ruins of the Deluge) subsist as a sign. So is there anyone who will think (and take advice)?

سورۃ الرحمٰن:

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ (19)

ترجمہ: اسی نے دو سمندر رواں کیے جو باہم مل جاتے ہیںo

He is the One Who has made the two seas flow that join each other;

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ (20)

ترجمہ: اُن دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے وہ (اپنی اپنی) حد سے تجاوز نہیں کر سکتےo

There is a barrier between them; they cannot breach (their respective) limits.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (21)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ (22)

ترجمہ: اُن دونوں (سمندروں) سے موتی (جس کی جھلک سبز ہوتی ہے) اور مَرجان (جس کی رنگت سرخ ہوتی ہے) نکلتے ہیںo

The pearls (shading green) and corals (shading red) come forth from both (the seas).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (23)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

4۔ قرآنی قصے

a۔ قصہ حضرت یوسفؑ

سورۃ یوسف:

الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ (1)

ترجمہ: الف،لام،را(حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں o

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the illumining Book.

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (2)

ترجمہ: بے شک ہم نے اس کتاب کو قرآن کی صورت میں بزبانِ عربی اتارا تاکہ تم (اسے براہِ راست) سمجھ سکو o

Verily, We have revealed it as a Qur'an in the Arabic language so that you comprehend (it directly).

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَـذَا الْقُرْآنَ وَإِن كُنتَ مِن قَبْلِهِ لَمِنَ الْغَافِلِيْنَ (3)

ترجمہ: (اے حبیب!) ہم آپ سے ایک بہترین قصہ بیان کرتے ہیں اس قرآن کے ذریعہ جسے ہم نے آپ کی طرف وحی کیا ہے، اگرچہ آپ اس سے قبل (اس قصہ سے) بے خبر تھے o

(O Beloved!) We relate to you the best narrative by means of this Qur'an which We have revealed to you, though you were unaware (of this story) before this.

إِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيْهِ يَا أَبَتِ إِنِّىْ رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَباً وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَأَيْتُهُمْ لِىْ سَاجِدِيْنَ(4)

ترجمہ: (وہ قصّہ یوں ہے) جب یوسف (علیہ السلام) نے اپنے باپ سے کہا: اے میرے والدِ گرامی! میں نے (خواب میں) گیارہ ستاروں کو اور سورج اور چاند کو دیکھا ہے، میں نے انہیں اپنے لیے سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے o

(Recall) when Yusuf (Joseph) said to his father: 'O my venerable father! I have seen (in a dream) eleven stars and the sun and the moon. I have seen them prostrating themselves before me.'

قَالَ يَا بُنَىَّ لاَ تَقْصُصْ رُؤْيَاكَ عَلَى إِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُواْ لَكَ كَيْداً إِنَّ الشَّيْطَانَ لِلإِنسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (5)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے میرے بیٹے! اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا، ورنہ وہ تمہارے خلاف کوئی پُر فریب چال چلیں گے۔ بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے o

He said: 'O my son, do not relate your dream to your brothers, lest they should maneuver a plot against you. Surely, Satan is an open enemy to man.

وَكَذَلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِن تَأْوِيْلِ الأَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَعَلَى آلِ يَعْقُوبَ كَمَا أَتَمَّهَا عَلَى أَبَوَيْكَ مِن قَبْلُ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْحَاقَ إِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (6)

ترجمہ: اسی طرح تمہارا رب تمہیں (بزرگی کے لیے) منتخب فرمالے گا اور تمہیں باتوں کے انجام تک پہنچنا (یعنی خوابوں کی تعبیر کا

علم) سکھائے گا اور تم پر اور اولادِ یعقوب پر اپنی نعمت تمام فرمائے گا جیسا کہ اس نے اس سے قبل تمہارے دونوں باپ (یعنی پردادا اور دادا) ابراہیم اور اسحاق (علیہما السلام) پر تمام فرمائی تھی۔ بے شک تمہارا رب خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And in the same way, your Lord will choose you (for a divine station) and will teach you how to infer conclusions (i.e., the knowledge of the interpretation of dreams) and will perfect His favour upon you and the House of Ya'qub (Jacob) as He perfected it upon your fathers (grandfather and great grandfather) Ibrahim (Abraham) and Ishaq (Isaac). Indeed, your Lord is All-Knowing, Most Wise.'

لَّقَدْ كَانَ فِيْ يُوسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِّلسَّائِلِيْنَ (7)

ترجمہ: بے شک یوسف (علیہ السلام) اور ان کے بھائیوں (کے واقعہ) میں پوچھنے والوں کے لیے (بہت سی) نشانیاں ہیںo

Surely, there are (many) signs (in the parable of) Yusuf (Joseph) and his brothers for those who are inquisitive.

إِذْ قَالُواْ لَيُوسُفُ وَأَخُوهُ أَحَبُّ إِلَى أَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّ أَبَانَا لَفِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ (8)

ترجمہ: (وہ وقت یاد کیجئے) جب یوسف (علیہ السلام) کے بھائیوں نے کہا کہ واقعی یوسف (علیہ السلام) اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ محبوب ہیں حالاں کہ ہم (دس افراد پر مشتمل) زیادہ قوی جماعت ہیں۔ بے شک ہمارے والد (ان کی محبت کی) کھلی وارفتگی میں گم ہیںo

(Recall) when the brothers of Yusuf (Joseph) said: 'Certainly, Yusuf (Joseph) and his brother are dearer to our father than we are, whereas we are a stronger party (comprising ten members). No doubt, our father is lost in an evident ecstasy (resulting from deep love for them).'

اقْتُلُواْ يُوسُفَ أَوِ اطْرَحُوهُ أَرْضاً يَخْلُ لَكُمْ وَجْهُ أَبِيْكُمْ وَتَكُونُواْ مِن بَعْدِهِ قَوْماً صَالِحِيْنَ (9)

ترجمہ: (اب یہی حل ہے کہ) تم یوسف (علیہ السلام) کو قتل کر ڈالو یا دور کسی غیر معلوم علاقہ میں پھینک آؤ (اس طرح) تمہارے باپ کی توجہ خالصتًا تمہاری طرف ہو جائے گی اور اس کے بعد تم (توبہ کر کے) صالحین کی جماعت بن جانا o

(Now the only solution is:) 'Kill Yusuf (Joseph), or banish him to some distant, unknown place. (Thus) your father's attention will be focused purely on you, and after that you will become a group of righteous people (by turning towards Allah in repentance).'

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لاَ تَقْتُلُواْ يُوسُفَ وَأَلْقُوهُ فِيْ غَيَابَةِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ إِن كُنتُمْ فَاعِلِيْنَ (10)

ترجمہ: ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا: یوسف (علیہ السلام) کو قتل مت کرو اور اسے کسی تاریک کنویں کی گہرائی میں ڈال دو اسے کوئی راہ گیر مسافر اٹھا لے جائے گا اگر تم (کچھ) کرنے والے ہو (تو یہ کرو)o

A negotiator from amongst them said: 'Do not kill Yusuf (Joseph), rather lower him down at the bottom of a deep, dark well. Some traveller will pick him up and carry him away. (So do this) if you are (at all) up to (something).'

قَالُواْ يَا أَبَانَا مَا لَكَ لاَ تَأْمَنَّا عَلَى يُوسُفَ وَإِنَّا لَهُ لَنَاصِحُونَ (11)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے ہمارے باپ! آپ کو کیا ہو گیا ہے آپ یوسف (علیہ السلام) کے بارے میں ہم پر اعتبار نہیں کرتے حالاں کہ ہم یقینی طور پر اس کے خیر خواہ ہیںo

They said: 'O our father, what has happened to you that you do not trust us in the case of Yusuf (Joseph), whilst we are certainly his well-wishers?

أَرْسِلْهُ مَعَنَا غَداً يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ (12)

ترجمہ: آپ اسے کل ہمارے ساتھ بھیج دیجیے وہ خوب کھائے اور کھیلے اور بے شک ہم اس کے محافظ ہیںo

Send him with us tomorrow. He will eat lavishly and play and certainly we are his guards.'

قَالَ إِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْ أَن تَذْهَبُواْ بِهِ وَأَخَافُ أَن يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ وَأَنتُمْ عَنْهُ غَافِلُونَ (13)

ترجمہ: انہوں نے کہا: بے شک مجھے یہ خیال مغموم کرتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور میں (اس خیال سے بھی) خوف زدہ ہوں کہ اسے بھیڑیا کھا جائے اور تم اس (کی حفاظت) سے غافل رہوo

He said: 'This idea indeed makes me sad that you take him along, and I am (also) afraid (of this idea) that some wolf may devour him, whilst you are careless of his (safeguard).'

قَالُواْ لَئِنْ أَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ إِنَّا إِذاً لَّخَاسِرُونَ(14)

ترجمہ: وہ بولے: اگر اسے بھیڑیا کھا جائے حالاں کہ ہم ایک قوی جماعت بھی (موجود) ہوں تو ہم تو بالکل ناکارہ ہوئےo

They said: 'If the wolf devours him whilst we, a strong party, too are (present), then we are inept losers.'

فَلَمَّا ذَهَبُواْ بِهِ وَأَجْمَعُواْ أَن يَجْعَلُوهُ فِيْ غَيَابَةِ الْجُبِّ وَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُم بِأَمْرِهِمْ هَـذَا وَهُمْ لاَ يَشْعُرُونَ (15)

ترجمہ: پھر جب وہ اسے لے گئے اور سب اس پر متفق ہو گئے کہ اسے تاریک کنویں کی گہرائی میں ڈال دیں تب ہم نے اس کی طرف وحی بھیجی: (اے یوسف! پریشان نہ ہونا ایک وقت آئے گا) کہ تم یقیناً انہیں ان کا یہ کام جتلاؤ گے اور انہیں (تمہارے بلند رتبہ کا) شعور نہیں ہوگاo

Then, when they took him along and all agreed to throw him into some deep, dark well, We revealed to him: '(O Yusuf [Joseph], do not worry. A time will come when) you will certainly remind them of this affair of theirs, and they will not have the sense (of your exalted station).'

وَجَاؤُواْ أَبَاهُمْ عِشَاء يَبْكُونَ (16)

ترجمہ: اور وہ (یوسف علیہ السلام کو کنویں میں پھینک کر) اپنے باپ کے پاس رات کے وقت (مکاری کا رونا) روتے ہوئے آئےo

And (throwing Yusuf [Joseph] into the well,) they came to their father at night, weeping (deceptively).

قَالُواْ يَا أَبَانَا إِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِندَ مَتَاعِنَا فَأَكَلَهُ الذِّئْبُ وَمَا أَنتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صَادِقِيْنَ (17)

ترجمہ: کہنے لگے: اے ہمارے باپ! ہم لوگ دوڑ میں مقابلہ کرنے چلے گئے اور ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا تو اسے بھیڑیئے نے کھالیا، اور آپ (تو) ہماری بات کا یقین (بھی) نہیں کریں گے اگرچہ ہم سچے ہی ہوں o

They said: 'O our father, we went racing with one another and left Yusuf (Joseph) with our belongings. Then a wolf devoured him, but you will not believe us even though we are truthful.'

وَجَآؤُوا عَلَى قَمِيْصِهِ بِدَمٍ كَذِبٍ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنفُسُكُمْ أَمْراً فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ وَاللّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ (18)

ترجمہ: اور وہ اس کے قمیض پر جھوٹا خون (بھی) لگا کر لے آئے، (یعقوب علیہ السلام نے) کہا: (حقیقت یہ نہیں ہے) بلکہ تمہارے (حاسد) نفسوں نے ایک (بہت بڑا) کام تمہارے لیے آسان اور خوشگوار بنا دیا (جو تم نے کر ڈالا)، پس (اس حادثہ پر) صبر ہی بہتر ہے، اور اللہ ہی سے مدد چاہتا ہوں اس پر جو کچھ تم بیان کر رہے ہو o

And they produced Yusuf's (Joseph's) shirt, smeared (also) with false blood. (Ya'qub [Jacob]) said: '(This is not the truth.) But your (jealous, ill-commanding) selves have made (a colossal) task easy and pleasant-looking for you (which you eventually did accomplish). So better it is to be steadfast (over this tragedy), and I seek only Allah's help against whatever you are narrating.'

وَجَاءتْ سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُواْ وَارِدَهُمْ فَأَدْلَى دَلْوَهُ قَالَ يَا بُشْرَى هَـذَا غُلاَمٌ وَأَسَرُّوهُ بِضَاعَةً وَاللّهُ عَلِيْمٌ بِمَا يَعْمَلُونَ (19)

ترجمہ: اور (ادھر) راہ گیروں کا ایک قافلہ آ پہنچا تو انہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا سو اس نے اپنا ڈول (اس کنویں میں) لٹکایا، وہ بول اٹھا: خوشخبری ہو یہ ایک لڑکا ہے، اور انہوں نے اسے قیمتی سامانِ تجارت سمجھتے ہوئے چھپا لیا، اور اللہ ان کاموں کو جو وہ کر رہے تھے خوب جاننے والا ہے o

And (there) came a caravan of travellers. They sent their water-drawer. So he lowered his bucket (into the well) and he exclaimed: 'Good news! Here is a boy!' And they hid him, regarding him a valuable trade item. And Allah knows well the activities they were busy doing.

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُودَةٍ وَكَانُواْ فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ (20)

ترجمہ: اور یوسف (علیہ السلام) کے بھائیوں نے (جو موقع پر آ گئے تھے اسے اپنا بھگوڑا غلام کہہ کر انہی کے ہاتھوں) بہت کم قیمت گنتی کے چند درہموں کے عوض بیچ ڈالا کیونکہ وہ راہ گیر اس (یوسف علیہ السلام کے خریدنے) کے بارے میں (پہلے ہی) بے رغبت تھے (پھر راہ گیروں نے اسے مصر لے جا کر بیچ دیا) o

And Yusuf's (Joseph's) brothers (who had returned to the site showed him as their deserter servant and) sold him (to the same caravan) for a low price-a few dirhams-because the travellers were (already) disinterested in (buying) him. (And later, the travellers took him to Egypt where they sold him.)

وَقَالَ الَّذِیْ اشْتَرَاهُ مِن مِّصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِیْ مَثْوَاهُ عَسَى أَن يَنفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَداً وَكَذَلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِیْ الْأَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهُ مِن تَأْوِيْلِ الْأَحَادِيْثِ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلَى أَمْرِهِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَعْلَمُونَ (21)

ترجمہ: اور مصر کے جس شخص نے اسے خریدا تھا (اس کا نام قطفیر تھا اور وہ بادشاہِ مصر ریان بن ولید کا وزیرِ خزانہ تھا اسے عرف عام میں عزیزِ مصر کہتے تھے) اس نے اپنی بیوی (زلیخا) سے کہا: اسے عزت و اکرام سے ٹھہراؤ! شاید یہ ہمیں نفع پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنا لیں، اور اس طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو زمین (مصر) میں استحکام بخشا اور یہ اس لیے کہ ہم اسے باتوں کے انجام تک پہنچنا (یعنی علمِ تعبیرِ رؤیا) سکھائیں، اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے o

And the man in Egypt who purchased him (named Qatfir, the finance minister of the King of Egypt Riyan b. Walid, commonly known as 'Aziz [of Egypt,]) said to his wife (Zulaykha): 'Make his stay honourable. He may bring us profit, or we may adopt him as a son.' Thus We established Yusuf (Joseph), and strengthened his position in the land (of Egypt), so that We might teach him how to infer from the events (i.e., the interpretation of dreams). And Allah is the Master of His work, but most people do not know.

وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ آتَيْنَاهُ حُكْماً وَعِلْماً وَكَذَلِكَ نَجْزِیْ الْمُحْسِنِيْنَ(22)

ترجمہ: اور جب وہ اپنے کمالِ شباب کو پہنچ گیا (تو) ہم نے اسے حکم (نبوت) اور علم (تعبیر) عطا فرمایا، اور اسی طرح ہم نیکوکاروں کو صلہ بخشا کرتے ہیں o

And when he reached his full manhood, We endowed him with the judgment (of Prophethood) and the knowledge (of the interpretation of dreams). And this is how We bless the pious with reward.

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِیْ هُوَ فِیْ بَيْتِهَا عَن نَّفْسِهِ وَغَلَّقَتِ الْأَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ إِنَّهُ رَبِّیْ أَحْسَنَ مَثْوَایَ إِنَّهُ لاَ يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ (23)

ترجمہ: اور اس عورت (زلیخا) نے جس کے گھر وہ رہتے تھے آپ سے آپ کی ذات کی شدید خواہش کی اور اس نے دروازے (بھی) بند کر دیے اور کہنے لگی: جلدی آ جاؤ (میں تم سے کہتی ہوں)۔ یوسف (علیہ السلام) نے کہا: اللہ کی پناہ! بے شک وہ (جو تمہارا شوہر ہے) میرا مربّی ہے اس نے مجھے بڑی عزت سے رکھا ہے۔ بے شک ظالم لوگ فلاح نہیں پائیں گے o

And the woman (Zulaykha), in whose house he was putting up, sought intensely to seduce him and she bolted the doors (as well) and said: 'Come! Make haste! (I ask you.)' Yusuf (Joseph) said: 'I seek Allah's refuge. Surely, he (your husband) is my master. He has kept me most honourably. Indeed, the wrongdoers will not prosper.'

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ وَهَمَّ بِهَا لَوْلا أَن رَّأَى بُرْهَانَ رَبِّهِ كَذَلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوءَ وَالْفَحْشَاء إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ (24)

ترجمہ: (یوسف علیہ السلام نے انکار کر دیا) اور بے شک اس (زلیخا) نے (تو) ان کا ارادہ کر (ہی) لیا تھا، (شاید) وہ بھی اس کا

قصد کر لیتے اگر انہوں نے اپنے رب کی روشن دلیل کو نہ دیکھا ہوتا۔☆اس طرح (اس لیے کیا گیا) کہ ہم ان سے تکلیف اور بے حیائی (دونوں) کو دور رکھیں، بے شک وہ ہمارے چنے ہوئے (برگزیدہ) بندوں میں سے تھےo

☆ (یا انہوں نے بھی اس کو طاقت سے دور کرنے کا قصد کر لیا تھا۔ اگر وہ اپنے رب کی روشن دلیل کو نہ دیکھ لیتے تو اپنے دفاع میں سختی کر گزرتے اور ممکن ہے اس دوران ان کا قمیض آگے سے پھٹ جاتا جو بعد ازاں ان کے خلاف شہادت اور وجہ تکلیف بنتا، سو اللہ کی نشانی نے انہیں سختی کرنے سے روک دیا۔)

(Yusuf [Joseph] refused) but she (Zulaykha) had definitely made up her mind for him. And he too (might) have resolved had he not seen the clear sign of his Lord.* It was (made to happen) like that (in order that) We might keep both affliction and indecency away from him. Assuredly, he was of Our chosen (exalted) servants.

*** Or he could have made up his mind to repel her by force. Had he not seen the manifest sign of his Lord, he would have used force in his defence, and it was likely that his shirt would have been torn from the front in the struggle, later causing him trouble by serving as evidence against him. So Allah's sign stopped him from using force.**

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيصَهُ مِن دُبُرٍ وَأَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَى الْبَابِ قَالَتْ مَا جَزَاء مَنْ أَرَادَ بِأَهْلِكَ سُوَءاً إِلَّا أَن يُسْجَنَ أَوْ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(25)**

ترجمہ: اور دونوں دروازے کی طرف (آگے پیچھے) دوڑے اور اس (زلیخا) نے ان کا قمیض پیچھے سے پھاڑ ڈالا اور دونوں نے اس کے خاوند (عزیزِ مصر) کو دروازے کے قریب پا لیا وہ (فوراً) بول اٹھی کہ اس شخص کی سزا جو تمہاری بیوی کے ساتھ برائی کا ارادہ کرے اور کیا ہو سکتی ہے سوائے اس کے کہ وہ قید کر دیا جائے یا (اسے) دردناک عذاب دیا جائےo

And they both ran (one behind the other) towards the door, and she (Zulaykha) tore his shirt from behind, and both found her husband ('Aziz of Egypt) at the door. She (immediately) said: 'What can be the punishment for him who intends to commit indecency with your wife, except that he should be put in prison, or (he) be given painful torment?'

قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِي عَن نَّفْسِي وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ أَهْلِهَا إِن كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكَاذِبِينَ **(26)**

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے کہا: (نہیں بلکہ) اس نے خود مجھ سے مطلب براری کے لیے مجھے پھسلانا چاہا اور (اتنے میں خود) اس کے گھر والوں میں سے ایک گواہ نے (جو شیر خوار بچہ تھا) گواہی دی کہ اگر اس کا قمیض آگے سے پھٹا ہوا ہے تو یہ سچی ہے اور وہ جھوٹوں میں سے ہےo

Yusuf (Joseph) said: '(No indeed! In truth) it was she herself who sought to seduce me for her purpose.' And (in the meanwhile) one of her household (who was an infant) bore witness: 'If his shirt is torn from the front, then she has spoken the truth and he is of the liars.

وَإِنْ كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِن الصَّادِقِينَ (27)

ترجمہ: اوراگراس کاقمیض پیچھے سے پھٹا ہواہےتو یہ جھوٹی ہےاوروہ سچوں میں سے ہےo

But if his shirt is torn from behind, then she is a liar and he is of the truthful.'

فَلَمَّا رَأَى قَمِيصَهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ قَالَ إِنَّهُ مِن كَيْدِكُنَّ إِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيمٌ (28)

ترجمہ: پھر جب اس (عزیزِ مصر) نے ان کا قمیض دیکھا (کہ) وہ پیچھے سے پھٹا ہوا تھا تو اس نے کہا: بے شک یہ تم عورتوں کا فریب ہے۔یقیناً تم عورتوں کا فریب بڑا (خطرناک) ہوتا ہےo

Then, when he ('Aziz of Egypt) saw his shirt and found it torn from behind, he said: 'This is the craft of you women. Certainly, your women-craft is highly (dangerous).

يُوسُفُ أَعْرِضْ عَنْ هَـذَا وَاسْتَغْفِرِي لِذَنبِكِ إِنَّكِ كُنتِ مِنَ الْخَاطِئِينَ (29)

ترجمہ: اے یوسف! تم اس بات سے درگزر کرو اور (اے زلیخا!) تو اپنے گناہ کی معافی مانگ، بے شک تو ہی خطا کاروں میں سے تھیo

O Yusuf (Joseph)! Ignore it and, (O Zulaykha,) ask forgiveness for your sin. Surely, it is you who are of the sinful.'

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَةُ الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتَاهَا عَن نَّفْسِهِ قَدْ شَغَفَهَا حُبّاً إِنَّا لَنَرَاهَا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ(30)

ترجمہ: اور شہر میں (اُمراء کی) کچھ عورتوں نے کہنا (شروع) کر دیا کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام کو اس سے مطلب براری کے لیے پھسلاتی ہے، اس (غلام) کی محبت اس کے دل میں گھر کر گئی ہے، بے شک ہم اسے کھلی گمراہی میں دیکھ رہی ہیں o

And some women of (the elite class in) the city began to say: 'The wife of 'Aziz seeks to seduce her slave-boy for her purpose. The love for him (the slave) has gone deep into her heart. We surely see her in manifest error.'

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ أَرْسَلَتْ إِلَيْهِنَّ وَأَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَآتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيناً وَقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ فَلَمَّا رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّهِ مَا هَـذَا بَشَراً إِنْ هَـذَا إِلاَّ مَلَكٌ كَرِيمٌ (31)

ترجمہ: پس جب اس (زلیخا) نے ان کی مکارانہ باتیں سنیں (تو) انہیں بلوا بھیجا اور ان کے لیے مجلس آراستہ کی (پھر ان کے سامنے پھل رکھ دیے) اور ان میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری دے دی اور (یوسف علیہ السلام سے) درخواست کی کہ ذرا ان کے سامنے سے (ہو کر) نکل جاؤ (تاکہ انہیں بھی میری کیفیت کا سبب معلوم ہو جائے)، سو جب انہوں نے یوسف (علیہ السلام کے حسنِ زیبا) کو دیکھا تو اس (کے جلوۂ جمال) کی بڑائی کرنے لگیں اور وہ (مدہوشی کے عالم میں پھل کاٹنے کے بجائے) اپنے ہاتھ کاٹ بیٹھیں اور (دیکھ لینے کے بعد بے ساختہ) بول اٹھیں: اللہ کی پناہ! یہ تو بشر نہیں ہے، یہ تو بس کوئی برگزیدہ فرشتہ (یعنی عالمِ بالا سے اترا ہوا نور کا پیکر) ہےo

So when she (Zulaykha) heard their deceitful talk, she sent for them and arranged a meeting for them. (She placed fruit before them) and gave each one of them a knife and requested (Yusuf): 'Walk out before them (so that they may realize the cause of my state of mind).' So, when they glanced at Yusuf

(Joseph and) saw (his dazzling beauty), they began to exalt (the charm of his ecstatic beauty) and (in a dazed state) cut their hands (instead of the fruits served to them). And (having seen him) they exclaimed (spontaneously): 'God save us! This is not a human being; he must be some exalted angel (i.e., an embodiment of light descending from the transcendent realm of divinity)!'

قَالَتْ فَذَلِكُنَّ الَّذِي لُمْتُنَّنِي فِيهِ وَلَقَدْ رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ فَاسْتَعْصَمَ وَلَئِن لَّمْ يَفْعَلْ مَا آمُرُهُ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُونًا مِّنَ الصَّاغِرِينَ (32)

ترجمہ: (زلیخا کی تدبیر کامیاب ہوگئی تب) وہ بولی: یہی وہ (پیکرِ نور) ہے جس کے بارے میں تم مجھے ملامت کرتی تھیں اور بے شک میں نے ہی (اپنی خواہش کی شدت میں) اسے پھسلانے کی کوشش کی مگر وہ سراپا عصمت ہی رہا، اور اگر (اب بھی) اس نے وہ نہ کیا جو میں اسے کہتی ہوں تو وہ ضرور قید کیا جائے گا اور وہ یقیناً بے آبرو کیا جائے گاo

(Zulaykha's trick worked.) She spoke (at this juncture): 'It is this (embodiment of light) you have been reproaching me for. It is, no doubt, I who sought to seduce him (under violent urge), but he remained firmly upright and did not yield. And if (even now) he does not do what I bid him,he will surely be put into prison and will certainly be disgraced.'

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا يَدْعُونَنِي إِلَيْهِ وَإِلَّا تَصْرِفْ عَنِّي كَيْدَهُنَّ أَصْبُ إِلَيْهِنَّ وَأَكُن مِّنَ الْجَاهِلِينَ (33)

ترجمہ: (اب زنانِ مصر بھی زلیخا کی ہم نوا بن گئی تھیں) یوسف (علیہ السلام) نے (سب کی باتیں سن کر) عرض کیا: اے میرے رب! مجھے قید خانہ اس کام سے کہیں زیادہ محبوب ہے جس کی طرف یہ مجھے بلاتی ہیں، (پھر یوسف علیہ السلام تضرّع اور استغاثہ کی غرض سے بارگاہ الٰہی کی طرف متوجہ ہوئے جیسے اَنبیاء و مرسلین کی عادت ہے،) اور (عرض کیا:) اگر تو نے ان کے مکر کو مجھ سے نہ پھیرا تو (تیری مدد اور حفاظت کے بغیر) میں اُن کی (باتوں کی) طرف مائل ہو جاؤں گا اور میں نادانوں میں سے ہو جاؤں گاo

(By now the elite Egyptian women too had agreed to Zulaykha's viewpoint. Hearing them,) Yusuf (Joseph) submitted: 'O my Lord! The prison is far dearer to me than what these women are inviting me to. And if You do not turn away their craft from me, I shall incline towards their (words) and shall become of the unwise.'

فَاسْتَجَابَ لَهُ رَبُّهُ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (34)

ترجمہ: سو ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرما لی اور عورتوں کے مکر و فریب کو ان سے دور کر دیا۔ بے شک وہی خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

So, his Lord granted him the prayer and removed the women-craft from him. Surely, He is the One Who is All-Hearing, All-Knowing.

ثُمَّ بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّى حِينٍ (35)

ترجمہ: پھر انہیں (یوسف علیہ السلام کی پاک بازی کی) نشانیاں دیکھ لینے کے بعد بھی یہی مناسب معلوم ہوا کہ اسے ایک مدت تک قید کر دیں (تاکہ عوام میں اس واقعہ کا چرچا ختم ہو جائے)o

Then even after seeing the signs of (Yusuf's [Joseph's] decency and righteousness), they deemed it appropriate to imprison him for a time (so that the gossip of the episode amongst the people might die down).

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانَ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّيَ أَرَانِيَ أَعْصِرُ خَمْراً وَقَالَ الآخَرُ إِنِّيَ أَرَانِيَ أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِيَ خُبْزاً تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ (36)

ترجمہ: اوران کے ساتھ دو جوان بھی قید خانہ میں داخل ہوئے۔ان میں سے ایک نے کہا: میں نے اپنے آپ کو(خواب میں) دیکھا ہے کہ میں (انگور سے) شراب نچوڑ رہا ہوں،اور دوسرے نے کہا: میں نے اپنے آپ کو(خواب میں) دیکھا ہے کہ میں اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں،اس میں سے پرندے کھا رہے ہیں۔(اے یوسف!) ہمیں اس کی تعبیر بتایئے، بے شک ہم آپ کو نیک لوگوں میں سے دیکھ رہے ہیںo

And with him, two young men also entered the prison. One of them said: 'I have seen myself (in a dream) pressing wine (from grapes).' And the other said: 'I have seen myself (in a dream) that I am carrying bread on my head, with birds picking at it. O Yusuf (Joseph)! Tell us its interpretation. Surely, we see you as one of the spiritually excellent.'

قَالَ لاَ يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلاَّ نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَن يَأْتِيَكُمَا ذَلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيَ رَبِّيَ إِنِّيَ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لاَّ يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَهُم بِالآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ(37)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے کہا: جو کھانا (روز) تمہیں کھلایا جاتا ہے وہ تمہارے پاس آنے بھی نہ پائے گا کہ میں تم دونوں کو اس کی تعبیر تمہارے پاس اس کے آنے سے قبل بتا دوں گا، یہ (تعبیر) ان علوم میں سے ہے جو میرے رب نے مجھے سکھائے ہیں۔ بے شک میں نے اس قوم کا مذہب (شروع ہی سے) چھوڑ رکھا ہے جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ آخرت کے بھی منکر ہیںo

Yusuf (Joseph) said: 'The food which is served to you (daily) will not have yet come to you when I shall inform both of you about its interpretation before its coming to you. This (interpretation) is of those branches of knowledge that my Lord has taught me. Verily, I have rejected (from the very beginning) the religion of the people who do not believe in Allah, and they deny the Hereafter as well.

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَآئِيَ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ مَا كَانَ لَنَا أَن نُّشْرِكَ بِاللّهِ مِن شَيْءٍ ذَلِكَ مِن فَضْلِ اللّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَشْكُرُونَ (38)

ترجمہ: اور میں نے تو اپنے باپ دادا، ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام) کے دین کی پیروی کر رکھی ہے، ہمیں کوئی حق نہیں کہ ہم کسی چیز کو بھی اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرائیں، یہ (توحید) ہم پر اور لوگوں پر اللہ کا (خاص) فضل ہے لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتےo

And I follow the Din (Religion) of my father and forefathers: Ibrahim (Abraham), Ishaq (Isaac) and Ya'qub (Jacob). And we have no right to associate anything as a partner with Allah. This (belief in the Oneness of Allah) is a (special)

bounty of Allah upon us and the people, but most people do not give thanks.

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (39)

ترجمہ: اے میرے قید خانہ کے دونوں ساتھیو! (بتاؤ) کیا الگ الگ بہت سے معبود بہتر ہیں یا ایک اللہ جو سب پر غالب ہےo

O my two companions of the prison! (Say:) Are many separate gods better or One Allah, Who dominates and controls all?

مَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِهِ إِلاَّ أَسْمَاء سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَآؤُكُم مَّا أَنزَلَ اللّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلاَّ لِلّهِ أَمَرَ أَلاَّ تَعْبُدُواْ إِلاَّ إِيَّاهُ ذَلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَعْلَمُونَ (40)

ترجمہ: تم (حقیقت میں) اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے ہو مگر چند ناموں کی جو خود تم نے اور تمہارے باپ دادا نے (اپنے پاس سے) رکھ لیے ہیں، اللہ نے ان کی کوئی سند نہیں اتاری۔ حکم کا اختیار صرف اللہ کو ہے، اسی نے حکم فرمایا ہے کہ تم اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، یہی سیدھا راستہ (درست دین) ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتےo

(In fact) you worship none besides Allah except a few names which you and your forefathers have forged (on your own). Allah has not sent down any authority for them. Judgment rests with Allah alone. He alone has commanded that you worship none but Him. This is the straight path (true Din [Religion]), but most people do not know.

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْراً وَأَمَّا الآخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِن رَّأْسِهِ قُضِيَ الأَمْرُ الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيَانِ (41)

ترجمہ: اے میرے قید خانہ کے دونوں ساتھیو! تم میں سے ایک (کے خواب کی تعبیر یہ ہے کہ وہ) اپنے مربّی (یعنی بادشاہ) کو شراب پلایا کرے گا، اور رہا دوسرا (جس نے سر پر روٹیاں دیکھی ہیں) تو وہ پھانسی دیا جائے گا پھر پرندے اس کے سر سے (گوشت نوچ کر) کھائیں گے، (قطعی) فیصلہ کر دیا گیا جس کے بارے میں تم دریافت کرتے ہوo

O my two companions of the prison! (The interpretation of the dream of) one of you (is that he) will serve wine to his master (the king), and as for the other, (who has seen bread on his head,) he will be crucified and then birds will pick at his head. The (final) judgment has been given about which you have asked.'

وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي عِندَ رَبِّكَ فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ (42)

ترجمہ: اور یوسف (علیہ السلام) نے اس شخص سے کہا جسے ان دونوں میں سے رہائی پانے والا سمجھا کہ اپنے بادشاہ کے پاس میرا ذکر کر دینا (شاید اسے یاد آ جائے کہ ایک اور بے گناہ بھی قید میں ہے) مگر شیطان نے اسے اپنے بادشاہ کے پاس (وہ) ذکر کرنا بھلا دیا نتیجتاً یوسف (علیہ السلام) کئی سال تک قید خانہ میں ٹھہرے رہےo

And Yusuf (Joseph) said to the one whom he believed to be released: 'Mention me to your king (he may thus recall that another innocent one is also lying in imprisonment).' But Satan made him forget to mention (him) to his king, and consequently, Yusuf (Joseph) remained in prison for several years.'

وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّيٓ أَرَىٰ سَبْعَ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعَ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي رُؤْيَايَ إِن كُنتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُونَ(43)

ترجمہ: اور(ایک روز) بادشاہ نے کہا: میں نے (خواب میں) سات موٹی تازی گائیں دیکھی ہیں، انہیں سات دبلی پتلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات سبز خوشے (دیکھے) ہیں اور دوسرے (سات ہی) خشک، اے درباریو! مجھے میرے خواب کا جواب بیان کرو اگر تم خواب کی تعبیر جانتے ہوo

And (one day) the king said: 'I have beheld (in a dream) seven fat cows whom seven lean cows are devouring, and (I have beheld) seven green ears of corn and (seven) others dry. O courtiers! Explain to me the implication of my dream if you know the interpretation of dreams.'

قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ وَمَا نَحْنُ بِتَأْوِيلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِينَ (44)

ترجمہ: انہوں نے کہا: (یہ) پریشاں خوابیں ہیں، اور ہم پریشاں خوابوں کی تعبیر نہیں جانتےo

They said: 'These are confused dreams, and we do not know the interpretation of confused dreams.'

وَقَالَ الَّذِي نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ أَنَا أُنَبِّئُكُم بِتَأْوِيلِهِ فَأَرْسِلُونِ (45)

ترجمہ: اور وہ شخص جو ان دونوں میں سے رہائی پا چکا تھا بولا، اور (اب) اسے ایک مدت کے بعد (یوسف علیہ السلام کے ساتھ کیا ہوا وعدہ) یاد آ گیا: میں تمہیں اس کی تعبیر بتاؤں گا سو تم مجھے (یوسف علیہ السلام کے پاس) بھیجوo

And one of the two prisoners, who had been released and (now) after a long time remembered (his promise to Yusuf [Joseph]), said: 'I shall tell you its interpretation; so send me (to Yusuf [Joseph]).'

يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعِ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ لَّعَلِّيٓ أَرْجِعُ إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ (46)

ترجمہ: (وہ قید خانہ میں پہنچ کر کہنے لگا:) اے یوسف، اے صدقِ مجسّم! آپ ہمیں (اس خواب کی) تعبیر بتا دیں کہ سات فربہ گائیں ہیں جنہیں سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات سبز خوشے ہیں اور دوسرے سات خشک؛ تاکہ میں (یہ تعبیر لے کر) واپس لوگوں کے پاس جاؤں شاید انہیں (آپ کی قدر و منزلت) معلوم ہو جائےo

(Reaching the prison, he said:) 'O Yusuf (Joseph), the embodiment of truth, explain to us the interpretation (of this dream) that there are seven fat cows whom seven lean ones are devouring and there are seven green ears of corn and seven others which are dry, so that I may return to the people (taking the interpretation) and that they may realize (your value and dignity).'

قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِينَ دَأَبًا فَمَا حَصَدتُّمْ فَذَرُوهُ فِي سُنبُلِهِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تَأْكُلُونَ (47)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے کہا: تم لوگ دائمی عادت کے مطابق مسلسل سات برس تک کاشت کرو گے سو جو کھیتی تم کاٹا کرو گے اسے اس کے خوشوں (ہی) میں (ذخیرہ کے طور پر) رکھتے رہنا مگر تھوڑا سا (نکال لینا) جسے تم (ہر سال) کھالوo

Yusuf (Joseph) said: 'You will cultivate as usual, consecutively for seven years. So whatever you reap, keep it (in storage), leaving the grains in their ears except a small quantity (to thresh) for your (yearly) consumption.

ثُمَّ يَأْتِيْ مِن بَعْدِ ذَلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَأْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ إِلَّا قَلِيْلاً مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ (48)

ترجمہ: پھر اس کے بعد سات (سال) بہت سخت (خشک سالی کے) آئیں گے وہ اس (ذخیرہ) کو کھا جائیں گے جو تم ان کے لیے پہلے جمع کرتے رہے تھے مگر تھوڑا سا (بچ جائے گا) جو تم محفوظ کر لو گےo

Then after this, there will come seven hard years (of drought) which will consume that (store) which you will have laid up for these years except a small quantity (which will fall surplus and) which you will keep in reserve.

ثُمَّ يَأْتِيْ مِن بَعْدِ ذَلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ (49)

ترجمہ: پھر اس کے بعد ایک سال ایسا آئے گا جس میں لوگوں کو (خوب) بارش دی جائے گی اور (اس سال اس قدر پھل ہوں گے کہ) لوگ اس میں (پھلوں کا) رس نچوڑیں گےo

Then, following this, will come a year during which people will be blessed with (plenty of) rain, and (the yield of fruits will be such as) they will press juices (of fruits that year).'

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهِ فَلَمَّا جَاءهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِيْ قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ إِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ (50)

ترجمہ: اور (یہ تعبیر سنتے ہی) بادشاہ نے کہا: یوسف (علیہ السلام) کو (فوراً) میرے پاس لے آؤ، پس جب یوسف (علیہ السلام) کے پاس قاصد آیا تو انہوں نے کہا: اپنے بادشاہ کے پاس لوٹ جا اور اس سے (یہ) پوچھ (کہ) ان عورتوں کا (اب) کیا حال ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے تھے؟ بے شک میرا رب ان کے مکر و فریب کو خوب جاننے والا ہےo

And (hearing this interpretation) the king said: 'Bring Yusuf (Joseph) to me (immediately).' So when the messenger reached Yusuf (Joseph), he said to him: 'Go back to your king and ask him: What is the state of those women (now) who cut their hands? Surely, my Lord knows their craft well.'

قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدتُّنَّ يُوسُفَ عَن نَّفْسِهِ قُلْنَ حَاشَ لِلّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِن سُوءٍ قَالَتِ امْرَأَةُ الْعَزِيْزِ الآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَاْ رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ (51)

ترجمہ: بادشاہ نے (زلیخا سمیت عورتوں کو بلا کر) پوچھا: تم پر کیا بیتا تھا جب تم (سب) نے یوسف (علیہ السلام) کو ان کی راست روی سے بہکانا چاہا تھا (بتاؤ وہ معاملہ کیا تھا)؟ وہ سب (بہ یک زبان) بولیں: اللہ کی پناہ! ہم نے (تو) یوسف (علیہ السلام) میں کوئی برائی نہیں پائی۔ عزیزِ مصر کی بیوی (زلیخا بھی) بول اٹھی: اب تو حق آشکار ہو چکا ہے (حقیقت یہ ہے کہ) میں نے ہی انہیں اپنی مطلب براری کے لیے پھسلانا چاہا تھا اور بے شک وہی سچے ہیںo

The king (called all the women including Zulaykha and) asked: 'What happened to you when you (all) attempted to seduce Yusuf (Joseph) to turn

him away from righteousness? (Explain what that affair was.) They all (unanimously) uttered: 'Allah save us! We have not noticed any evil in Yusuf (Joseph).' The wife of 'Aziz (of Egypt, Zulaykha, too) spoke: 'The truth has now become evident. (The fact is that) it was I who sought to seduce him for my purpose, and it is surely he who is truthful.'

ذَلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ(52)

ترجمہ: (یوسف علیہ السلام نے کہا: میں نے) یہ اس لیے (کیا ہے) کہ وہ (عزیزِ مصر جو میرا محسن و مربّی تھا) جان لے کہ میں نے اس کی غیابت میں (پشت پیچھے) اس کی کوئی خیانت نہیں کی اور بے شک اللہ خیانت کرنے والوں کے مکر و فریب کو کامیاب نہیں ہونے دیتا o

(Yusuf [Joseph]) said: 'I have done this) so that he ('Aziz of Egypt, who has been my master and benefactor,) may know that I have not betrayed his trust in his absence, and surely Allah lets not the plots of those who betray trusts prove successful.

وَمَا أُبَرِّئُ نَفْسِي إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ إِلاَّ مَا رَحِمَ رَبِّيَ إِنَّ رَبِّي غَفُورٌ رَّحِيمٌ (53)

ترجمہ: اور میں اپنے نفس کی برات (کا دعویٰ) نہیں کرتا، بے شک نفس تو برائی کا بہت ہی حکم دینے والا ہے سوائے اس کے جس پر میرا رب رحم فرما دے۔ بے شک میرا رب بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے o

And I do not (claim) absolution of my self. Certainly, the self commands much evil except the one on whom my Lord bestows mercy. Surely, my Lord is All-Forgiving, Ever-Merciful.'

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ (54)

ترجمہ: اور بادشاہ نے کہا: انہیں میرے پاس لے آؤ کہ میں انہیں اپنے لیے (مشیر) خاص کر لوں، سو جب بادشاہ نے آپ سے (بالمشافہ) گفتگو کی (تو نہایت متاثر ہوا اور) کہنے لگا: (اے یوسف!) بے شک آپ آج سے ہمارے ہاں مقتدر (اور) معتمد ہیں (یعنی آپ کو اقتدار میں شریک کر لیا گیا ہے) o

And the king said: 'Bring him to me so that I may appoint him specifically (as an adviser) to me.' So, when the king had a (one-to-one) dialogue with him, he (felt highly impressed and) said: '(O Yusuf [Joseph],) surely from today onward you are a man of authority and trust with us (i.e., you are inducted into the governance of the state).'

قَالَ اجْعَلْنِي عَلَى خَزَآئِنِ الأَرْضِ إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٌ (55)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا: (اگر تم نے واقعی مجھ سے کوئی خاص کام لینا ہے تو) مجھے سرزمینِ (مصر) کے خزانوں پر (وزیر اور امین) مقرر کر دو، بے شک میں (ان کی) خوب حفاظت کرنے والا (اور اقتصادی امور کا) خوب جاننے والا ہوں o

Yusuf (Joseph) said: '(If you really want me to accomplish a special assignment, then) appoint me as (a minister and trustee of) the treasures in

the land (of Egypt). Indeed, I am well versed in resource management and resource protection and an expert (in financial management).'

وَكَذَلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ نُصِيبُ بِرَحْمَتِنَا مَن نَّشَاءُ وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ (56)

ترجمہ: اوراس طرح ہم نے یوسف (علیہ السلام) کوملک (مصر) میں اقتدار بخشا (تا کہ) اس میں جہاں چاہیں رہیں۔ ہم جسے چاہتے ہیں اپنی رحمت سے سرفراز فرماتے ہیں اور نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتےo

This is how We bestowed upon Yusuf (Joseph) the rule over the land (of Egypt so that) he could live therein wherever he desired. We honour with Our mercy whom We will, and We waste not the reward of the pious.

وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ (57)

ترجمہ: اور یقیناً آخرت کا اجران لوگوں کے لیے بہتر ہے جو ایمان لائے اور روشِ تقویٰ پر گامزن رہےo

And certainly, the reward of the Hereafter is of greater value for those who believe and tread the path of Godwariness.

وَجَاءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ فَدَخَلُوا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهُ مُنكِرُونَ (58)

ترجمہ: اور (قحط کے زمانہ میں) یوسف (علیہ السلام) کے بھائی (غلہ لینے کے لیے مصر) آئے تو ان کے پاس حاضر ہوئے پس یوسف (علیہ السلام) نے انہیں پہچان لیا اور وہ انہیں نہ پہچان سکےo

(During the days of famine) Yusuf's (Joseph's) brothers came (to Egypt to procure grain) and came to him. So Yusuf (Joseph) recognized them, but they could not recognize him.

وَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِي بِأَخٍ لَّكُم مِّنْ أَبِيكُمْ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّي أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا خَيْرُ الْمُنزِلِينَ (59)

ترجمہ: اور جب یوسف (علیہ السلام) نے ان کا سامان (زاد ومتاع) انہیں مہیا کر دیا (تو) فرمایا: اپنے پدری بھائی (بنیامین) کو میرے پاس لے آؤ، کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں (کس قدر) پورا ناپتا ہوں اور میں بہترین مہمان نواز (بھی) ہوںo

And when Yusuf (Joseph) had furnished them with their provisions (supplies and material), he said: 'Bring me (Benjamin) your brother on the father's side. Do you not see (how) full I measure and I am the best host (too)?

فَإِن لَّمْ تَأْتُونِي بِهِ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِندِي وَلَا تَقْرَبُونِ (60)

ترجمہ: پس اگر تم اسے میرے پاس نہ لائے تو (آئندہ) تمہارے لیے میرے پاس (غلہ کا) کوئی پیمانہ نہ ہوگا اور نہ (ہی) تم میرے قریب آسکو گےo

So if you do not bring him to me, then (in the future) there will not be any measure (of grain) with me for you, nor will you be able to approach me.'

قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ (61)

ترجمہ: وہ بولے: ہم اس کے بھیجنے سے متعلق اس کے باپ سے ضرور تقاضا کریں گے اور ہم یقیناً (ایسا) کریں گےo

They said: 'We will solicit his father in connection with sending him and we will certainly do (it).'

وَقَالَ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُواْ بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا إِذَا انقَلَبُواْ إِلَى أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (62)

ترجمہ: اور یوسف (علیہ السلام) نے اپنے غلاموں سے فرمایا: ان کی رقم (جو انہوں نے غلہ کے عوض ادا کی تھی واپس) ان کی بوریوں میں رکھ دو تا کہ جب وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹیں تو اسے پہچان لیں (کہ یہ رقم تو واپس آ گئی ہے) شاید وہ (اسی سبب سے) لوٹ کر آ جائیں o

And Yusuf (Joseph) said to his servants: 'Put their money (which they paid for grain back) into their sacks so that when they return to their family, they may identify it (that the money is back). It is likely that they may come again (for the very same reason).'

فَلَمَّا رَجِعُوا إِلَى أَبِيْهِمْ قَالُواْ يَا أَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ(63)

ترجمہ: سو جب وہ اپنے والد کی طرف لوٹے (تو) کہنے لگے: اے ہمارے باپ! (آئندہ کے لیے) ہم پر غلہ بند کر دیا گیا ہے (سوائے اس کے کہ بنیامین ہمارے ساتھ جائے) پس ہمارے بھائی (بنیامین) کو ہمارے ساتھ بھیج دیں (تا کہ) ہم (مزید) غلہ لے آئیں اور ہم یقیناً اس کے محافظ ہوں گے o

So when they returned to their father, they said: 'O our father, (further provision of) grain for us has been banned (except that Benjamin accompanies us). So send our brother (Benjamin) with us (in order that) we may fetch (more) grain, and we shall certainly be his guards.'

قَالَ هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلاَّ كَمَا أَمِنتُكُمْ عَلَى أَخِيْهِ مِن قَبْلُ فَاللّهُ خَيْرٌ حَافِظاً وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ (64)

ترجمہ: یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا میں اس کے بارے میں (بھی) تم پر اسی طرح اعتماد کر لوں جیسے اس سے قبل میں نے اس کے بھائی (یوسف علیہ السلام) کے بارے میں تم پر اعتماد کر لیا تھا؟ تو اللہ ہی بہتر حفاظت فرمانے والا ہے اور وہی سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے o

Ya'qub (Jacob) said: 'Shall I trust you with him (as well) the same way as before this I trusted you with his brother (Yusuf-Joseph)? Then Allah alone is the Best Protector, and He alone is the Most Merciful of all the merciful.'

وَلَمَّا فَتَحُواْ مَتَاعَهُمْ وَجَدُواْ بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ قَالُواْ يَا أَبَانَا مَا نَبْغِيْ هَـذِهِ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا وَنَمِيْرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ذَلِكَ كَيْلٌ يَسِيْرٌ (65)

ترجمہ: جب انہوں نے اپنا سامان کھولا (تو اس میں) اپنی رقم پائی (جو) انہیں لوٹا دی گئی تھی، وہ کہنے لگے: اے ہمارے والد گرامی! ہمیں اور کیا چاہئے؟ یہ ہماری رقم (بھی) ہماری طرف لوٹا دی گئی ہے اور (اب تو) ہم اپنے گھر والوں کے لیے (ضرور ہی) غلہ لائیں گے اور ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور ایک اونٹ کا بوجھ اور زیادہ لائیں گے، اور یہ (غلہ جو ہم پہلے لائے ہیں) تھوڑی مقدار (میں) ہے o

And when they opened their packs, (therein) they found their money (which)

had been returned to them. They said: 'O our respectable father, what else do we want? Here is our money (too) that has been returned to us, and we shall (now be obliged to) fetch grain for our family. And we shall take good care of our brother, and shall bring the load of a camel in addition. This grain (that we have already brought) is a small quantity.'

قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّى تُؤْتُونِ مَوْثِقاً مِّنَ اللّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلاَّ أَن يُحَاطَ بِكُمْ فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّهُ عَلَى مَا نَقُولُ وَكِيلٌ (66)

ترجمہ: یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: میں اسے ہرگز تمہارے ساتھ نہیں بھیجوں گا یہاں تک کہ تم اللہ کی قسم کھا کر مجھے پختہ وعدہ دو کہ تم اسے ضرور میرے پاس (واپس) لے آؤ گے سوائے اس کے کہ تم (سب) کو (کہیں) گھیر لیا جائے (یا ہلاک کر دیا جائے)، پھر جب انہوں نے یعقوب (علیہ السلام) کو اپنا پختہ عہد دے دیا تو یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں اس پر اللہ نگہبان ہےo

Ya'qub (Jacob) said: 'I shall not send him with you at all until you give me a firm promise by swearing a solemn oath by Allah that you shall certainly bring him (back) to me unless you (all) are beset (somewhere or slain). Then, when they gave Ya'qub (Jacob) the firm promise, he said: 'Allah is the Guardian to watch over what we are saying.'

وَقَالَ يَا بَنِيَّ لاَ تَدْخُلُواْ مِن بَابٍ وَاحِدٍ وَادْخُلُواْ مِنْ أَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ وَمَا أُغْنِي عَنكُم مِّنَ اللّهِ مِن شَيْءٍ إِنِ الْحُكْمُ إِلاَّ لِلّهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ (67)

ترجمہ: اور فرمایا: اے میرے بیٹو! (شہر میں) ایک دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ مختلف دروازوں سے (تقسیم ہو کر) داخل ہونا، اور میں تمہیں اللہ (کے اَمر) سے کچھ نہیں بچا سکتا کہ حکم (تقدیر) صرف اللہ ہی کے لیے ہے۔ میں نے اسی پر بھروسہ کیا ہے اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہئےo

And he said: 'O my sons, do not enter (the city) all of you by one gate, but enter (dispersed) through different gates. And I cannot save you by any means from Allah's (decree) because judgment (i.e., destiny) rests with Allah alone. In Him have I put my trust, and all those who trust must trust in Him alone.'

وَلَمَّا دَخَلُواْ مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِي عَنْهُم مِّنَ اللّهِ مِن شَيْءٍ إِلاَّ حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا وَإِنَّهُ لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يَعْلَمُونَ (68)

ترجمہ: اور جب وہ (مصر میں) داخل ہوئے جس طرح ان کے باپ نے انہیں حکم دیا تھا، وہ (حکم) انہیں اللہ (کی تقدیر) سے کچھ نہیں بچا سکتا تھا مگر یہ یعقوب (علیہ السلام) کے دل کی ایک خواہش تھی جسے اس نے پورا کیا، اور (اس خواہش و تدبیر کو لغو بھی نہ سمجھنا، تمہیں کیا خبر!) بے شک یعقوب (علیہ السلام) صاحبِ علم تھے اس وجہ سے کہ ہم نے انہیں علمِ (خاص) سے نوازا تھا مگر اکثر لوگ (ان حقیقتوں کو) نہیں جانتےo

And when they entered (Egypt) in compliance with what their father had

commanded, that command could not save them from Allah's (decree), but it was Ya'qub's (Jacob's) heartfelt desire which he fulfilled and (also take not this desire or strategy as meaningless-for you know it not). Surely, Ya'qub (Jacob) possessed knowledge as We had blessed (him) with (special) knowledge, but most people do not know (these realities).

وَلَمَّا دَخَلُواْ عَلَى يُوسُفَ آوَى إِلَيْهِ أَخَاهُ قَالَ إِنِّيۤ أَنَاْ أَخُوكَ فَلاَ تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ(69)

ترجمہ: اور جب وہ یوسف (علیہ السلام) کے پاس حاضر ہوئے تو یوسف (علیہ السلام) نے اپنے بھائی (بنیامین) کو اپنے پاس جگہ دی (اسے آہستہ سے) کہا: بے شک میں ہی تیرا بھائی (یوسف) ہوں پس تو غمزدہ نہ ہو ان کاموں پر جو یہ کرتے رہے ہیںo

And when they came to Yusuf (Joseph), he offered his brother (Benjamin) a seat close to him (and) said (to him quietly): 'Verily, I am your brother (Yusuf [Joseph]) so feel not aggrieved at what they have been doing.'

فَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيۤ رَحْلِ أَخِيهِ ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ (70)

ترجمہ: پھر جب (یوسف علیہ السلام نے) ان کا سامان انہیں مہیا کر دیا تو (شاہی) پیالہ اپنے بھائی (بنیامین) کی بوری میں رکھ دیا بعد ازاں پکارنے والے نے آواز دی: اے قافلہ والو! (ٹھہرو) یقیناً تم لوگ ہی چور (معلوم ہوتے) ہوo

So when (Yusuf [Joseph]) had provided them with their material, he placed (the king's) goblet into his brother's (Benjamin's) sack. Later a herald called out: 'O you men of caravan, (halt;) surely, you (seem to be) thieves.'

قَالُواْ وَأَقْبَلُواْ عَلَيْهِم مَّاذَا تَفْقِدُونَ (71)

ترجمہ: وہ ان کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے: تمہاری کیا چیز گم ہو گئی ہےo

They turned towards them and said: 'What have you found missing?'

قَالُواْ نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَن جَاء بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ وَأَنَاْ بِهِ زَعِيمٌ (72)

ترجمہ: وہ (درباری ملازم) بولے: ہمیں بادشاہ کا پیالہ نہیں مل رہا اور جو کوئی اسے (ڈھونڈ کر) لے آئے اس کے لیے ایک اونٹ کا غلہ (انعام) ہے اور میں اس کا ذمہ دار ہوںo

They (the servants of the king's court) said: 'We are missing the royal goblet, and the man who brings it (after searching) will get a camel's load of grain as reward and I pledge myself for it.'

قَالُواْ تَاللّهِ لَقَدْ عَلِمْتُم مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الأَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ (73)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: اللہ کی قسم! بے شک تم جان گئے ہو (گے) ہم اس لیے نہیں آئے تھے کہ (جرم کا ارتکاب کر کے) زمین میں فساد بپا کریں اور نہ ہی ہم چور ہیںo

They said: 'By Allah, indeed you know well we have not come (here to commit some crime) and create mischief in the land, nor are we thieves.'

قَالُواْ فَمَا جَزَآؤُهُ إِن كُنتُمْ كَاذِبِينَ (74)

ترجمہ: وہ (ملازم) بولے: (تم خود ہی بتاؤ) کہ اس (چور) کی کیا سزا ہوگی اگر تم جھوٹے نکلےo

They (the servants) said: '(Decide for yourselves) what the punishment (of the thief) should be if you turn out to be liars.'

قَالُواْ جَزَآؤُهُ مَن وُجِدَ فِي رَحْلِهِ فَهُوَ جَزَاؤُهُ كَذَلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ (75)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اس کی سزا یہ ہے کہ جس کے سامان میں سے وہ (پیالہ) برآمد ہو وہ خود ہی اس کا بدلہ ہے (یعنی اسی کو اس کے بدلہ میں رکھ لیا جائے)، ہم ظالموں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں o

They said: 'Its penalty will be that the one from whose sack (the goblet) is found, he himself will be its penalty (i.e., he should be held in retribution). That is how we punish the wrongdoers.'

فَبَدَأَ بِأَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَاء أَخِيهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِن وِعَاء أَخِيهِ كَذَلِكَ كِدْنَا لِيُوسُفَ مَا كَانَ لِيَأْخُذَ أَخَاهُ فِي دِينِ الْمَلِكِ إِلاَّ أَن يَشَاءَ اللّهُ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مِّن نَّشَاء وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ (76)

ترجمہ: پس یوسف (علیہ السلام) نے اپنے بھائی کی بوری سے پہلے ان کی بوریوں کی تلاشی شروع کی پھر (بالآخر) اس (پیالے) کو اپنے (سگے) بھائی (بنیامین) کی بوری سے نکال لیا۔ یوں ہم نے یوسف (علیہ السلام) کو تدبیر بتائی۔ وہ اپنے بھائی کو بادشاہِ (مصر) کے قانون کی رو سے (اسیر بنا کر) نہیں رکھ سکتے تھے مگر یہ کہ (جیسے) اللہ چاہے۔ ہم جس کے چاہتے ہیں درجات بلند کر دیتے ہیں، اور ہر صاحبِ علم سے اوپر (بھی) ایک علم والا ہوتا ہے o

So Yusuf (Joseph) began to search their sacks before his brother's. Then (at last) he took (the goblet) out of his (real) brother's (Benjamin's) sack. That is how We revealed to Yusuf (Joseph) the plan. He could not have held his brother (as a captive) under the law of the king (of Egypt) except (as) Allah wills. We exalt in ranks whom We like. And above every possessor of knowledge is (also) One possessing greater knowledge.

قَالُواْ إِن يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ أَخٌ لَّهُ مِن قَبْلُ فَأَسَرَّهَا يُوسُفُ فِي نَفْسِهِ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ قَالَ أَنتُمْ شَرٌّ مَّكَاناً وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَصِفُونَ (77)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اگر اس نے چوری کی ہے (تو کوئی تعجب نہیں) بے شک اس کا بھائی (یوسف) بھی اس سے پہلے چوری کر چکا ہے، سو یوسف (علیہ السلام) نے یہ بات اپنے دل میں (چھپائی) رکھی اور اسے ان پر ظاہر نہ کیا، (دل میں ہی) کہا: تمہارا حال نہایت برا ہے، اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم بیان کر رہے ہو o

They said: 'If he has committed theft (then there is nothing to wonder at). Indeed, his brother (Yusuf [Joseph]) has also committed theft before. So Yusuf (Joseph) kept it (hidden) in his heart and did not reveal it to them and said (only to himself): 'Yours is the worst case and Allah knows well whatever you are saying.'

قَالُواْ يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ إِنَّ لَهُ أَباً شَيْخاً كَبِيراً فَخُذْ أَحَدَنَا مَكَانَهُ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ(78)

ترجمہ: وہ بولے: اے عزیزِ مصر! اس کے والد بڑے معمر بزرگ ہیں، آپ اس کی جگہ ہم میں سے کسی کو پکڑ لیں، بے شک ہم آپ کو

احسان کرنے والوں میں پاتے ہیںo

They said: 'O 'Aziz (of Egypt), his father is an aged, elderly person. So detain any one of us in his stead. Surely, we have seen that you are of the generous (and benevolent) people.'

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ أَن نَّأْخُذَ إِلَّا مَن وَجَدْنَا مَتَاعَنَا عِندَهُ إِنَّـا إِذاً لَّظَالِمُونَ (79)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے کہا: اللہ کی پناہ کہ ہم نے جس کے پاس اپنا سامان پایا اس کے سوا کسی (اور) کو پکڑ لیں تب تو ہم ظالموں میں سے ہو جائیں گےo

Yusuf (Joseph) said: 'Allah save us from detaining someone (other) than him with whom we have found our item! Then we shall become of the unjust.'

فَلَمَّا اسْتَيْأَسُواْ مِنْهُ خَلَصُواْ نَجِيّاً قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُواْ أَنَّ أَبَاكُمْ قَدْ أَخَذَ عَلَيْكُم مَّوْثِقاً مِّنَ اللّٰهِ وَمِن قَبْلُ مَا فَرَّطتُمْ فِي يُوسُفَ فَلَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتَّىَ يَأْذَنَ لِيَ أَبِي أَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيَ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ (80)

ترجمہ: پھر جب وہ یوسف (علیہ السلام) سے مایوس ہو گئے تو علیحدگی میں (باہم) سرگوشی کرنے لگے، ان کے بڑے (بھائی) نے کہا: کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے تم سے اللہ کی قسم اٹھوا کر پختہ وعدہ لیا تھا اور اس سے پہلے تم یوسف کے حق میں جو زیادتیاں کر چکے ہو (تمہیں وہ بھی معلوم ہیں)، سو میں اس سرزمین سے ہرگز نہیں جاؤں گا جب تک مجھے میرا باپ اجازت (نہ) دے یا میرے لیے اللہ کوئی فیصلہ فرما دے، اور وہ سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہےo

So, when they lost hope about Yusuf (Joseph), they counselled (amongst themselves) in isolation. The eldest (brother) amongst them said: 'Do you not know that your father took a firm covenant from you in the Name of Allah, and before that (you also know) you committed excesses with respect to Yusuf (Joseph)? So I shall not leave this land at all until my father accords me permission, or Allah gives some judgment in my case,and He is the Best of those who judge.

ارْجِعُواْ إِلَى أَبِيكُمْ فَقُولُواْ يَا أَبَانَا إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حَافِظِينَ (81)

ترجمہ: تم اپنے باپ کی طرف لوٹ جاؤ پھر (جا کر) کہو: اے ہمارے باپ! بے شک آپ کے بیٹے نے چوری کی ہے (اس لیے وہ گرفتار کر لیا گیا) اور ہم نے فقط اسی بات کی گواہی دی تھی جس کا ہمیں علم تھا اور ہم غیب کے نگہبان نہ تھےo

Go you back to your father and say: O our father, your son has surely committed theft (and consequently he has been held). And we bore witness only to what we knew. And we were no guardians of the unseen.

وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَالْعِيرَ الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا وَإِنَّا لَصَادِقُونَ (82)

ترجمہ: اور (اگر آپ کو اعتبار نہ آئے تو) اس بستی (والوں) سے پوچھ لیں جس میں ہم تھے اور اس قافلہ (والوں) سے (معلوم کر لیں) جس میں ہم آئے ہیں، اور بے شک ہم (اپنے قول میں) یقیناً سچے ہیںo

And (if you do not believe us, then) you may enquire of (the people of) the town where we have been, and (find out) from the caravan we have travelled with,

and we are certainly truthful (in what we are saying).'

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنفُسُكُمْ أَمْراً فَصَبْرٌ جَمِيلٌ عَسَى اللّهُ أَن يَأْتِيَنِي بِهِمْ جَمِيعاً إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ (83)

ترجمہ: یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: (ایسا نہیں) بلکہ تمہارے نفسوں نے یہ بات تمہارے لیے مرغوب بنا دی ہے، اب صبر (ہی) اچھا ہے، قریب ہے کہ اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے، بے شک وہ بڑا علم والا بڑی حکمت والا ہے o

Ya'qub (Jacob) said: '(It is not so.) In fact, your (ill-commanding) selves have made this affair attractive for you. Now (only) patience is the finest (option). It is likely that Allah brings to me all of them. He is indeed All-Knowing, Most Wise.'

وَتَوَلَّى عَنْهُمْ وَقَالَ يَا أَسَفَى عَلَى يُوسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ (84)

ترجمہ: اور یعقوب (علیہ السلام) نے ان سے منہ پھیر لیا اور کہا: ہائے افسوس! یوسف (علیہ السلام کی جدائی) پر اور ان کی آنکھیں غم سے سفید ہو گئیں سو وہ غم کو ضبط کیے ہوئے تھے o

Ya'qub (Jacob) then turned his face away from them and said: 'Alas! (My dear son) Yusuf (Joseph's unbearable separation)!' And his eyes had gone white with grief. And he was suppressing his sorrow.

قَالُواْ تَاللهِ تَفْتَأُ تَذْكُرُ يُوسُفَ حَتَّى تَكُونَ حَرَضاً أَوْ تَكُونَ مِنَ الْهَالِكِينَ (85)

ترجمہ: وہ بولے: اللہ کی قسم! آپ ہمیشہ یوسف (علیہ السلام ہی) کو یاد کرتے رہیں گے یہاں تک کہ آپ قریب مرگ ہو جائیں گے یا آپ وفات پا جائیں گے o

They said: 'By Allah, you will continue remembering Yusuf ([Joseph] alone) till you get near death or pass away.'

قَالَ إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ(86)

ترجمہ: انہوں نے فرمایا: میں تو اپنی پریشانی اور غم کی فریاد صرف اللہ کے حضور کرتا ہوں اور میں اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے o

He said: 'I bewail my worry and grief to Allah alone, and I know from Allah what you do not know.

يَا بَنِيَّ اذْهَبُواْ فَتَحَسَّسُواْ مِن يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلاَ تَيْأَسُواْ مِن رَّوْحِ اللّهِ إِنَّهُ لاَ يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ اللّهِ إِلاَّ الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ (87)

ترجمہ: اے میرے بیٹو! جاؤ (کہیں سے) یوسف (علیہ السلام) اور اس کے بھائی کی خبر لے آؤ اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بے شک اللہ کی رحمت سے صرف وہی لوگ مایوس ہوتے ہیں جو کافر ہیں o

O my sons, go and fetch me some news about Yusuf (Joseph) and his brother (from somewhere) and despair not of Allah's mercy, for indeed only those who reject faith despair of Allah's mercy.'

فَلَمَّا دَخَلُواْ عَلَيْهِ قَالُواْ يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجَاةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا إِنَّ اللّهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ (88)

ترجمہ: سو جب وہ (دوبارہ) یوسف (علیہ السلام) کے پاس حاضر ہوئے تو کہنے لگے: اے عزیزِ مصر! ہم پر اور ہمارے گھر والوں پر مصیبت آن پڑی ہے (ہم شدید قحط میں مبتلا ہیں) اور ہم (یہ) تھوڑی سی رقم لے کر آئے ہیں سو (اس کے بدلے) ہمیں (غلہ کا) پورا پورا ناپ دے دیں اور (اس کے علاوہ) ہم پر (کچھ) صدقہ (بھی) کر دیں۔ بے شک اللہ خیرات کرنے والوں کو جزا دیتا ہےo

So when they came back to Yusuf ([Joseph] again), they submitted: 'O 'Aziz (of Egypt), a distress has fallen upon us and our family (and we are suffering from a dreadful famine). And we have brought only (this) meager amount. So give us full measure (of grain against it) and (in addition) extend to us (some) charity (as well). Indeed, Allah plenteously rewards those who give away charity.'

قَالَ هَلْ عَلِمْتُم مَّا فَعَلْتُم بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنتُمْ جَاهِلُونَ (89)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا (سلوک) کیا تھا کیا تم (اس وقت) نادان تھےo

Yusuf (Joseph) said: 'Do you remember what you did to Yusuf (Joseph) and his brother? Were you (then) ignorant?'

قَالُواْ أَإِنَّكَ لَأَنتَ يُوسُفُ قَالَ أَنَاْ يُوسُفُ وَهَـذَا أَخِي قَدْ مَنَّ اللّهُ عَلَيْنَا إِنَّهُ مَن يَتَّقِ وَيِصْبِرْ فَإِنَّ اللّهَ لاَ يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ (90)

ترجمہ: وہ بولے: کیا واقعی تم ہی یوسف ہو؟ انہوں نے فرمایا: (ہاں) میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے بے شک اللہ نے ہم پر احسان فرمایا ہے، یقیناً جو شخص اللہ سے ڈرتا اور صبر کرتا ہے تو بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتاo

They said: 'Are you really Yusuf (Joseph)?' He said: '(Yes,) I am Yusuf (Joseph) and here is my brother. Indeed, Allah has been gracious to us. Surely, the one who fears Allah and remains steadfast, then surely Allah does not waste the reward of the pious.'

قَالُواْ تَاللّهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللّهُ عَلَيْنَا وَإِن كُنَّا لَخَاطِئِينَ (91)

ترجمہ: وہ بول اٹھے: اللہ کی قسم! بے شک اللہ نے آپ کو ہم پر فضیلت دی ہے اور یقیناً ہم ہی خطا کار تھےo

They exclaimed: 'By Allah, Allah has certainly exalted you above us, and certainly we alone were the sinners.'

قَالَ لاَ تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّهُ لَكُمْ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ (92)

ترجمہ: یوسف (علیہ السلام) نے فرمایا: آج کے دن تم پر کوئی ملامت (اور گرفت) نہیں ہے، اللہ تمہیں معاف فرما دے اور وہ سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہےo

Yusuf (Joseph) said: 'No blame (or penalty) lies on you today. May Allah grant you His forgiveness and He is the Most Merciful of all the merciful!

اذْهَبُواْ بِقَمِيصِي هَـذَا فَأَلْقُوهُ عَلَى وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيراً وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ (93)

ترجمہ: میرا یہ قمیض لے جاؤ، سو اسے میرے باپ کے چہرے پر ڈال دینا، وہ بینا ہو جائیں گے، اور (پھر) اپنے سب گھر والوں کو میرے پاس لے آؤ o

Take this shirt of mine and cast it over my father's face; he will recover his sight. (Then) bring me the whole of your family.'

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيرُ قَالَ أَبُوهُمْ إِنِّي لَأَجِدُ رِيحَ يُوسُفَ لَوْلاَ أَن تُفَنِّدُونِ (94)

ترجمہ: اور جب قافلہ (مصر سے) روانہ ہوا ان کے والد (یعقوب علیہ السلام) نے (کنعان میں بیٹھے ہی) فرما دیا: بے شک میں یوسف کی خوشبو پا رہا ہوں اگر تم مجھے بڑھاپے کے باعث بہکا ہوا خیال نہ کرو o

And when the caravan left (Egypt), his father (Ya'qub [Jacob]) said (whilst sitting in Canaan): 'If you do not consider me unstable due to senility, I am smelling the fragrance of Yusuf (Joseph).'

قَالُواْ تَاللّهِ إِنَّكَ لَفِي ضَلاَلِكَ الْقَدِيمِ(95)

ترجمہ: وہ بولے: اللہ کی قسم یقیناً آپ اپنی (اسی) پرانی محبت کی خود رفتگی میں ہیں o

They said: 'By Allah, you are certainly in the (same) ecstasy of your (old) love.'

فَلَمَّا أَن جَاء الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَى وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيراً قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ مِنَ اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (96)

ترجمہ: پھر جب خوشخبری سنانے والا آ پہنچا اس نے وہ قمیض یعقوب (علیہ السلام) کے چہرے پر ڈال دیا تو اسی وقت ان کی بینائی لوٹ آئی، یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا میں تم سے نہیں کہتا تھا کہ بے شک میں اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے o

But when the bearer of the glad tidings arrived, and he cast that shirt over Ya'qub's (Jacob's) face, his sight returned at that same moment. Ya'qub (Jacob) said: 'Did I not say to you that I know from Allah what you do not know?'

قَالُواْ يَا أَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا إِنَّا كُنَّا خَاطِئِينَ (97)

ترجمہ: وہ بولے: اے ہمارے باپ! ہمارے لیے (اللہ سے) ہمارے گناہوں کی مغفرت طلب کیجئے، بے شک ہم ہی خطا کار تھے o

They said: 'O our father, seek for us forgiveness (from Allah) for our sins. Indeed, we alone are the sinners.'

قَالَ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّي إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (98)

ترجمہ: یعقوب (علیہ السلام) نے فرمایا: میں عنقریب تمہارے لیے اپنے رب سے بخشش طلب کروں گا، بے شک وہی بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے o

Ya'qub (Jacob) said: 'Soon shall I pray to my Lord for forgiveness for you. Indeed, He alone is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

فَلَمَّا دَخَلُواْ عَلَى يُوسُفَ آوَى إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُواْ مِصْرَ إِن شَاء اللّهُ آمِنِينَ (99)

ترجمہ: پھر جب وہ (سب اَفرادِ خانہ) یوسف (علیہ السلام) کے پاس آئے (تو) یوسف (علیہ السلام) نے (شہر سے باہر آ کر ہزار ہا سواریوں، فوجیوں اور لوگوں کے ہمراہ شاہی جلوس کی صورت میں ان کا استقبال کیا اور) اپنے ماں باپ کو تعظیماً اپنے قریب جگہ دی (یا انہیں اپنے گلے سے لگا لیا) اور (خوش آمدید کہتے ہوئے) فرمایا: آپ مصر میں داخل ہو جائیں اگر اللہ نے چاہا (تو) امن و عافیت کے ساتھ (یہیں قیام کریں)o

Then, when they (all the members of the family) came to Yusuf (Joseph, he presented them a reception outside the city in the form of a royal procession comprising extensive transport arrangements, soldiers and general public, and) he venerated his parents and made them sit beside him, (or embraced them,) and (offering them welcome) said: 'Enter Egypt, and if Allah so wills (then stay here) with peace and comfort.'

وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّواْ لَهُ سُجَّداً وَقَالَ يَا أَبَتِ هَـذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقّاً وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاء بِكُم مِّنَ الْبَدْوِ مِن بَعْدِ أَن نَّزغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ (100)

ترجمہ: اور یوسف (علیہ السلام) نے اپنے والدین کو اوپر تخت پر بٹھا لیا اور وہ (سب) یوسف (علیہ السلام) کے لیے سجدہ میں گر پڑے، اور یوسف (علیہ السلام) نے کہا: اے ابا جان! یہ میرے (اس) خواب کی تعبیر ہے جو (بہت) پہلے آیا تھا (اکثر مفسرین کے نزدیک اسے چالیس سال کا عرصہ گزر گیا تھا) اور بے شک میرے رب نے اسے سچ کر دکھایا ہے، اور بے شک اس نے مجھ پر (بڑا) احسان فرمایا جب مجھے جیل سے نکالا اور آپ سب کو صحرا سے (یہاں) لے آیا اس کے بعد کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد پیدا کر دیا تھا، اور بے شک میرا رب جس چیز کو چاہے (اپنی) تدبیر سے آسان فرما دے، بے شک وہی خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And he seated his parents on the throne and they (all) fell down prostrate before Yusuf (Joseph) and Yusuf (Joseph) said: 'O father, this is the interpretation of (that) dream of mine which I had seen (long) before. (Most commentators state that it took forty years.) And my Lord has surely proved it true. And indeed He did me a (great) favour when He took me out of the prison and brought all of you (here) from the desert after Satan had stirred up discord between me and my brothers. The fact is that my Lord makes easy with (His) plan whatever He wills. Indeed, He alone is All-Knowing, Most Wise.

رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي مِن تَأْوِيلِ الأَحَادِيثِ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ أَنتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ تَوَفَّنِي مُسْلِماً وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ (101)

ترجمہ: اے میرے رب! بے شک تو نے مجھے سلطنت عطا فرمائی اور تو نے مجھے خوابوں کی تعبیر کے علم سے نوازا، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا فرمانے والے! تو دنیا میں (بھی) میرا کارساز ہے اور آخرت میں (بھی)، مجھے حالتِ اسلام پر موت دینا اور مجھے صالح لوگوں کے ساتھ ملا دے o

O my Lord! Verily, You granted me dominion and blessed me with the knowledge of the interpretation of dreams. O Creator of the heavens and the earth! You are my Helper in this world and in the Hereafter (as well). Make me die in a state of total submission to (the Din [Religion] of) Islam, and make me join the company of those who are upright.'

ذَلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُواْ أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ **(102)**

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہ (قصّہ) غیب کی خبروں میں سے ہے جسے ہم آپ کی طرف وحی فرما رہے ہیں، اور آپ (کوئی) ان کے پاس موجود نہ تھے جب وہ (برادرانِ یوسف) اپنی سازشی تدبیر پر جمع ہو رہے تھے اور وہ مکر و فریب کر رہے تھے o

(O My Esteemed Beloved!) This (narrative) is of the news of the unseen which We are revealing to you, and you were not present with them when they (Yusuf's [Joseph's] brothers) were co-working to conclude their conspiracy and were plotting to deceive.

لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُوْلِي الأَلْبَابِ مَا كَانَ حَدِيثاً يُفْتَرَى وَلَـكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ**(111)**

ترجمہ: بے شک ان کے قصوں میں سمجھ داروں کے لیے عبرت ہے، یہ (قرآن) ایسا کلام نہیں جو گھڑ لیا جائے بلکہ (یہ تو) ان (آسمانی کتابوں) کی تصدیق ہے جو اس سے پہلے (نازل ہوئی) ہیں اور ہر چیز کی تفصیل ہے اور ہدایت ہے اور رحمت ہے اس قوم کے لیے جو ایمان لے آئے o

Truly, in their stories there is a lesson of warning for men of understanding. This (Qur'an) is not a Revelation that can be forged, but a confirmation of those (revealed Books) which were revealed before it, an explanation of everything and guidance and mercy for those who believe.

b۔ قصہ حضرت موسیٰؑ اور حضرت خضرؑ

سورۃ الکہف:

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّى أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُباً (60)

ترجمہ: اور (وہ واقعہ بھی یاد کیجئے) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے (جواں سال ساتھی اور) خادم (یوشع بن نون علیہ السلام) سے کہا: میں (پیچھے) نہیں ہٹ سکتا یہاں تک کہ میں دو دریاؤں کے سنگم کی جگہ تک پہنچ جاؤں یا مدتوں چلتا رہوں o

And (also call to mind the incident) when Musa (Moses) said to his (young companion and) disciple (Yusha' b. Nun [Joshua, the son of Nun]): 'I will not step (back) until I arrive at the junction of the two seas, or I travel on infinitely.'

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَباً(61)

ترجمہ: سو جب وہ دونوں دو دریاؤں کے درمیان سنگم پر پہنچے تو وہ دونوں اپنی مچھلی (وہیں) بھول گئے پس وہ (تلی ہوئی مچھلی زندہ ہو کر) دریا میں سرنگ کی طرح اپنا راستہ بناتے ہوئے نکل گئی o

So when both of them reached the junction of the two seas, they forgot their fish (there). So, that (fried fish came back to life, and) made its way into the sea like a tunnel and slipped off.

فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءنَا لَقَدْ لَقِينَا مِن سَفَرِنَا هَذَا نَصَباً (62)

ترجمہ: پھر جب وہ دونوں آگے بڑھ گئے (تو) موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے خادم سے کہا: ہمارا کھانا ہمارے پاس لاؤ بے شک ہم نے اپنے اس سفر میں بڑی مشقت کا سامنا کیا ہے o

Then, when both of them had gone ahead, Musa (Moses) asked his disciple: 'Bring us our meal. Surely, we have faced great hardship during this journey of ours.'

قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ عَجَباً (63)

ترجمہ: (خادم نے) کہا: کیا آپ نے دیکھا جب ہم نے پتھر کے پاس آرام کیا تھا تو میں (وہاں) مچھلی بھول گیا تھا، اور مجھے یہ کسی نے نہیں بھلایا سوائے شیطان کے کہ میں آپ سے اس کا ذکر کروں، اور اس (مچھلی) نے تو (زندہ ہو کر) دریا میں عجیب طریقہ سے اپنا راستہ بنا لیا تھا (اور وہ غائب ہو گئی تھی) o

(The disciple) said: 'Did you see when we reposed beside the rock? I forgot the fish (there), and none but Satan made me forget to mention it to you. And that fish (after coming back to life) made its way into the sea in a strange way (and it disappeared).'

قَالَ ذَلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصاً (64)

ترجمہ: موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: یہی وہ (مقام) ہے ہم جسے تلاش کر رہے تھے، پس دونوں اپنے قدموں کے نشانات پر (وہی

راستہ) تلاش کرتے ہوئے (اسی مقام پر) واپس پلٹ آئےo

Musa (Moses) said: 'That is the place we were looking for.' So both returned to (the same place), tracing the (same path), following their footsteps.

فَوَجَدَا عَبْداً مِّنْ عِبَادِنَا آتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِنْ عِندِنَا وَعَلَّمْنَاهُ مِن لَّدُنَّا عِلْماً (65)

ترجمہ: تو دونوں نے (وہاں) ہمارے بندوں میں سے ایک (خاص) بندے (خضر علیہ السلام) کو پا لیا جسے ہم نے اپنی بارگاہ سے (خصوصی) رحمت عطا کی تھی اور ہم نے اسے علم لدنی (یعنی اسرار و معارف کا الہامی علم) سکھایا تھاo

Then both found (there) one of Our (elite) servants (Khidr) upon whom We had bestowed from Our Presence (special) mercy and had taught him infused knowledge (i.e., the inspired knowledge of secrets and gnosis).

قَالَ لَهُ مُوسَى هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَى أَن تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْداً (66)

ترجمہ: اس سے موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: کیا میں آپ کے ساتھ اس (شرط) پر رہ سکتا ہوں کہ آپ مجھے (بھی) اس علم میں سے کچھ سکھائیں گے جو آپ کو بغرضِ ارشاد سکھایا گیا ہےo

Musa (Moses) said to him: 'Can I stay with you under this (condition) that you will teach me (as well) some of that knowledge, which has been conferred on you for guidance?'

قَالَ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْراً (67)

ترجمہ: اس (یعنی خضر علیہ السلام) نے کہا: بے شک آپ میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہ کر سکیں گےo

He (Khidr) said: 'No doubt, you will not be able to have patience being in my company.

وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَى مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْراً (68)

ترجمہ: اور آپ اس (بات) پر کیسے صبر کر سکتے ہیں جسے آپ (پورے طور پر) اپنے احاطۂ علم میں نہیں لائے ہوں گےo

And how can you observe patience in (the matter of) which you will not have acquired (thorough) knowledge?'

قَالَ سَتَجِدُنِيٓ إِن شَاء اللَّهُ صَابِراً وَلَا أَعْصِي لَكَ أَمْراً (69)

ترجمہ: موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: آپ اِن شاء اللہ مجھے ضرور صابر پائیں گے اور میں آپ کی کسی بات کی خلاف ورزی نہیں کروں گاo

Musa (Moses) said: 'You will certainly find me patient, if Allah so pleases, and I will not violate any of your instructions.'

قَالَ فَإِنِ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْأَلْنِي عَن شَيْءٍ حَتَّى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْراً (70)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا: پس اگر آپ میرے ساتھ رہیں تو مجھ سے کسی چیز کی بابت سوال نہ کریں یہاں تک کہ میں خود آپ سے اس کا ذکر کر دوںo

(Khidr) said: 'So if you are in my company, then do not question me about

anything until I myself mention that to you.'

فَانطَلَقَا حَتَّى إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا قَالَ أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئاً إِمْراً (71)

ترجمہ: پس دونوں چل دیے یہاں تک کہ جب دونوں کشتی میں سوار ہوئے (تو خضر علیہ السلام نے) اس (کشتی) میں شگاف کر دیا، موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: کیا آپ نے اسے اس لیے (شگاف کر کے) پھاڑ ڈالا ہے کہ آپ کشتی والوں کو غرق کر دیں، بے شک آپ نے بڑی عجیب بات کی o

So both of them set out till, when they embarked on a boat, (Khidr) bored a hole in it. Musa (Moses) said: 'Have you bored (a hole in) it to drown the people aboard? Surely, you have done something strange.'

قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْراً (72)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا: کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہیں کر سکیں گے o

(Khidr) said: 'Did I not tell you that you would not be able to restrain yourself in my company?'

قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْراً (73)

ترجمہ: موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: آپ میری بھول پر میری گرفت نہ کریں اور میرے (اس) معاملہ میں مجھے زیادہ مشکل میں نہ ڈالیں o

Musa (Moses) said: 'Call me not to account for my omission, and put me not in any more difficulty in (this) affair of mine.'

فَانطَلَقَا حَتَّى إِذَا لَقِيَا غُلَاماً فَقَتَلَهُ قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْساً زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَّقَدْ جِئْتَ شَيْئاً نُّكْراً(74)

ترجمہ: پھر وہ دونوں چل دیے یہاں تک کہ دونوں ایک لڑکے سے ملے تو (خضر علیہ السلام نے) اسے قتل کر ڈالا، موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: کیا آپ نے بے گناہ جان کو بغیر کسی جان (کے بدلہ) کے قتل کر دیا ہے، بے شک آپ نے بڑا ہی سخت کام کیا ہے o

Then both of them proceeded till they met a boy. (Khidr) killed him. Musa (Moses) said: 'Have you killed a harmless soul without any (retribution due) for anyone killed? Indeed, you have done a horrible thing!'

قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكَ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْراً (75)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا: کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ رہ کر ہرگز صبر نہ کر سکیں گے o

(Khidr) said: 'Did I not tell you that you would never be able to keep patience in my company?'

قَالَ إِن سَأَلْتُكَ عَن شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِن لَّدُنِّي عُذْراً (76)

ترجمہ: موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: اگر میں اس کے بعد آپ سے کسی چیز کی نسبت سوال کروں تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیئے گا، بے شک میری طرف سے آپ حدِ عذر کو پہنچ گئے ہیں o

Musa (Moses) said: 'If I ask you about anything after this, then do not keep me with you. Indeed, in my opinion, you have reached the limit to excuse.'

فَانطَلَقَا حَتَّى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَن يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَاراً يُرِيدُ أَنْ يَنقَضَّ فَأَقَامَهُ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْراً (77)

ترجمہ: پھر دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب دونوں ایک بستی والوں کے پاس آ پہنچے، دونوں نے وہاں کے باشندوں سے کھانا طلب کیا تو انہوں نے ان دونوں کی میزبانی کرنے سے انکار کر دیا، پھر دونوں نے وہاں ایک دیوار پائی جو گرا چاہتی تھی تو (خضر علیہ السلام نے) اسے سیدھا کر دیا، موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: اگر آپ چاہتے تو اس (تعمیر) پر مزدوری لے لیتےo

Then both set off, until they reached the people of a town; both asked its residents for food but they refused to entertain them. Then they found there a wall, which was about to fall. (Khidr) erected it. Musa (Moses) said: 'If you desired, you could take wages for this (construction work).'

قَالَ هَذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِع عَّلَيْهِ صَبْراً (78)

ترجمہ: (خضر علیہ السلام نے) کہا: یہ میرے اور آپ کے درمیان جدائی (کا وقت) ہے، اب میں آپ کو ان باتوں کی حقیقت سے آگاہ کیے دیتا ہوں جن پر آپ صبر نہیں کر سکےo

(Khidr) said: 'This is the parting (time) between me and you. Now I shall impart to you the truth of the matters about which you have not been able to keep patience.

أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ فَأَرَدتُّ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَاءهُم مَّلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْباً (79)

ترجمہ: وہ جو کشتی تھی سو وہ چند غریب لوگوں کی تھی وہ دریا میں محنت مزدوری کیا کرتے تھے پس میں نے ارادہ کیا کہ اسے عیب دار کر دوں اور (اس کی وجہ یہ تھی کہ) ان کے آگے ایک (جابر) بادشاہ (کھڑا) تھا جو ہر (بے عیب) کشتی کو زبردستی (مالکوں سے بلا معاوضہ) چھین رہا تھاo

As for the boat, that belonged to some poor people who used to toil for wages on the river. So I decided to make it defective (because) a (cruel) king was (standing) ahead of them, snatching every (undamaged) boat by force (from the owners without any compensation).

وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِينَا أَن يُرْهِقَهُمَا طُغْيَاناً وَكُفْراً (80)

ترجمہ: اور وہ جو لڑکا تھا تو اس کے ماں باپ صاحبِ ایمان تھے پس ہمیں اندیشہ ہوا کہ یہ (اگر زندہ رہا تو کافر بنے گا اور) ان دونوں کو (بڑا ہو کر) سرکشی اور کفر میں مبتلا کر دے گاo

And as for the boy, his parents were blessed with faith. So we feared that (if he lived on, he would become a disbeliever, and on attaining to maturity) he would afflict both of them with disobedience and disbelief.

فَأَرَدْنَا أَن يُبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْراً مِّنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْماً (81)

ترجمہ: پس ہم نے ارادہ کیا کہ ان کا رب انہیں (ایسا) بدل عطا فرمائے جو پاکیزگی میں (بھی) اس (لڑکے) سے بہتر ہو اور

شفقت ورحم دلی میں (بھی والدین سے) قریب تر ہوo

So we intended that their Lord might bless them with (such) a substitute as would be better than this (boy) in purity and nearer (to his parents as well) in clemency and kindness.

وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ وَكَانَ تَحْتَهُ كَنزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحاً فَأَرَادَ رَبُّكَ أَنْ يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ذَلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ صَبْراً **(82)**

ترجمہ: اور وہ جو دیوار تھی تو وہ شہر میں (رہنے والے) دو یتیم بچوں کی تھی اور اس کے نیچے ان دونوں کے لیے ایک خزانہ (مدفون) تھا اور ان کا باپ صالح (شخص) تھا، سو آپ کے رب نے ارادہ کیا کہ وہ دونوں اپنی جوانی کو پہنچ جائیں اور آپ کے رب کی رحمت سے وہ اپنا خزانہ (خود ہی) نکالیں، اور میں نے (جو کچھ بھی کیا) وہ از خود نہیں کیا، یہ ان (واقعات) کی حقیقت ہے جن پر آپ صبر نہ کر سکےo

And as for the wall, that belonged to two orphan boys (residing) in the town. And a treasure was (buried) beneath it for both of them. And their father was (a) pious (man). So your Lord willed that both of them should reach their age of maturity, and dig out their treasure (themselves) by mercy from your Lord. And I did not do (whatever I did) of my own accord. This is the truth (of the matters) about which you could not hold yourself.'

c۔ قومِ فرعون اور نیک آدمی کا قصہ

سورۃ مومن:

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيمَانَهُ أَتَقْتُلُونَ رَجُلاً أَن يَقُولَ رَبِّيَ اللَّهُ وَقَدْ جَاءكُم بِالْبَيِّنَاتِ مِن رَّبِّكُمْ وَإِن يَكُ كَاذِباً فَعَلَيْهِ كَذِبُهُ وَإِن يَكُ صَادِقاً يُصِبْكُم بَعْضُ الَّذِي يَعِدُكُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ (28)

ترجمہ: اور ملّتِ فرعون میں سے ایک مردِ مومن نے کہا جو اپنا ایمان چھپائے ہوئے تھا: کیا تم ایک شخص کو قتل کرتے ہو (صرف) اس لیے کہ وہ کہتا ہے: میرا رب اللہ ہے، اور وہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح نشانیاں لے کر آیا ہے، اور اگر (بالفرض) وہ جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا بوجھ اسی پر ہوگا اور اگر وہ سچا ہے تو جس قدر عذاب کا وہ تم سے وعدہ کر رہا ہے تمہیں پہنچ کر رہے گا، بے شک اللہ اسے ہدایت نہیں دیتا جو حد سے گزرنے والا سراسر جھوٹا ہو O

And a believing man amongst the people of Pharaoh who had kept his faith secret said, 'Do you kill a man (just) because he says: Allah is my Lord? And he has brought you clear signs from your Lord. And (suppose) if he is a liar, then the burden of his lie will fall back on him alone, but if he is truthful, then as much torment is bound to seize you as he has promised you. Surely, Allah does not give guidance to someone who exceeds limits and is a downright liar.

يَا قَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظَاهِرِينَ فِي الْأَرْضِ فَمَن يَنصُرُنَا مِن بَأْسِ اللَّهِ إِنْ جَاءنَا قَالَ فِرْعَوْنُ مَا أُرِيكُمْ إِلَّا مَا أَرَى وَمَا أَهْدِيكُمْ إِلَّا سَبِيلَ الرَّشَادِ (29)

ترجمہ: اے میری قوم! آج کے دن تمہاری حکومت ہے (تم ہی) سرزمین (مصر) میں اقتدار پر ہو، پھر کون ہمیں اللہ کے عذاب سے بچا سکتا ہے اگر وہ (عذاب) ہمارے پاس آ جائے۔ فرعون نے کہا: میں تمہیں فقط وہی بات سمجھاتا ہوں جسے میں خود (صحیح) سمجھتا ہوں اور میں تمہیں بھلائی کی راہ کے سوا (اور کوئی راستہ) نہیں دکھاتا O

O my people! You are in power today; (it is you who) are ruling over the land (of Egypt). But who can save us from the torment of Allah if that (torment) comes upon us?' Pharaoh said: 'I instruct you only what I myself deem (correct), and I do not show you (any path) except the path of righteousness.'

وَقَالَ الَّذِي آمَنَ يَا قَوْمِ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُم مِّثْلَ يَوْمِ الْأَحْزَابِ (30)

ترجمہ: اور اس شخص نے کہا جو ایمان لا چکا تھا: اے میری قوم! میں تم پر (بھی اگلی) قوموں کے روزِ بد کی طرح (عذاب) کا خوف رکھتا ہوں O

And he who had embraced faith said: 'O my people, I fear (the torment of) an evil day coming upon you (too) like the day that seized (the former) generations,

مِثْلَ دَأْبِ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ وَالَّذِينَ مِن بَعْدِهِمْ وَمَا اللَّهُ يُرِيدُ ظُلْماً لِّلْعِبَادِ (31)

ترجمہ: قومِ نوح اور عاد اور ثمود اور جو لوگ ان کے بعد ہوئے (ان) کے دستورِ سزا کی طرح، اور اللہ بندوں پر ہرگز زیادتی نہیں چاہتا o

On the pattern of the punishment of the people of Nuh (Noah), 'Ad and Thamud and the later communities. And Allah does not intend any injustice to (His) servants.

وَيَا قَوْمِ إِنِّيٓ أَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ التَّنَادِ (32)

ترجمہ: اور اے قوم! میں تم پر چیخ و پکار کے دن (یعنی قیامت) سے خوف زدہ ہوں o

And, O people, I fear for you a Day of Hue and Cry (i.e., the Day of Rising),

يَوْمَ تُوَلُّونَ مُدْبِرِينَ مَا لَكُم مِّنَ اللَّهِ مِنْ عَاصِمٍ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ (33)

ترجمہ: جس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو گے اور تمہیں اللہ (کے عذاب) سے بچانے والا کوئی نہیں ہوگا اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اس کے لیے کوئی ہادی و رہنما نہیں ہوتا o

The Day when you will turn your backs and flee away, and there will be no one to save you from (the torment of) Allah, and for him whom Allah holds astray there is no guide or leader.

وَلَقَدْ جَاءَكُمْ يُوسُفُ مِن قَبْلُ بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا زِلْتُمْ فِي شَكٍّ مِّمَّا جَاءَكُم بِهِ حَتَّىٰ إِذَا هَلَكَ قُلْتُمْ لَن يَبْعَثَ اللَّهُ مِن بَعْدِهِ رَسُولًا كَذَٰلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ مُّرْتَابٌ (34)

ترجمہ: اور (اے اہلِ مصر!) بے شک تمہارے پاس اس سے پہلے یوسف (علیہ السلام) واضح نشانیوں کے ساتھ آ چکے اور تم ہمیشہ ان (نشانیوں) کے بارے میں شک میں (پڑے) رہے جو وہ تمہارے پاس لائے تھے، یہاں تک کہ جب وہ وفات پا گئے تو تم کہنے لگے کہ اب اللہ ان کے بعد ہرگز کسی رسول کو نہیں بھیجے گا۔ اسی طرح اللہ اس شخص کو گمراہ ٹھہرا دیتا ہے جو حد سے گزرنے والا شک کرنے والا ہو o

And, (O people of Egypt,) no doubt Yusuf (Joseph) came to you with clear signs before this. And you always remained doubtful about those (signs) which he brought to you until, when he passed away, you started saying: 'Now Allah will never send any Messenger after him.' In like manner, Allah holds one astray who is a transgressor and a sceptic,

الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ كَبُرَ مَقْتاً عِندَ اللَّهِ وَعِندَ الَّذِينَ آمَنُوا كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ (35)

ترجمہ: جو لوگ اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو ان کے پاس آئی ہو، (یہ جھگڑا کرنا) اللہ کے نزدیک اور ایمان والوں کے نزدیک سخت بیزاری (کی بات) ہے، اسی طرح اللہ ہر ایک مغرور (اور) سرکش کے دل پر مُہر لگا دیتا ہے o

Those who argue about the Revelations of Allah without any proof that has come to them, (their argumentation) is awfully displeasing in the sight of Allah and in the sight of believers. That is how Allah seals up the heart of

every arrogant (and) tyrant.'

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يَا هَامَانُ ابْنِ لِيْ صَرْحاً لَّعَلِّيْ أَبْلُغُ الْأَسْبَابَ (36)

ترجمہ: اورفرعون نے کہا: اے ہامان! تو میرے لیے ایک اونچا محل بنا دے تا کہ میں (اس پر چڑھ کر) راستوں پر جا پہنچوں o

And Pharaoh said: 'O Haman, build me a towering palace so that (climbing it) I may reach the tracts,

أَسْبَابَ السَّمَاوَاتِ فَأَطَّلِعَ إِلَى إِلَهِ مُوسَى وَإِنِّيْ لَأَظُنُّهُ كَاذِباً وَكَذَلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوءُ عَمَلِهِ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ وَمَا كَيْدُ فِرْعَوْنَ إِلَّا فِيْ تَبَابٍ (37)

ترجمہ: (یعنی) آسمانوں کے راستوں پر، پھر میں موسٰی کے خدا کو جھانک کر دیکھ سکوں اور میں تو اسے جھوٹا ہی سمجھتا ہوں، اور اس طرح فرعون کے لیے اس کی بدعملی خوش نما کر دی گئی اور وہ (اللہ کی) راہ سے روک دیا گیا، اور فرعون کی پُر فریب تدبیر محض ہلاکت ہی میں تھی o

The tracts to the heavens; then I may peer and glance at the God of Musa (Moses); and I consider him but a liar.' And in this way, the evil conduct of Pharaoh was made charming for him and he was hindered from the path (of Allah). And the treacherous plan of Pharaoh was nothing but a catastrophe.

وَقَالَ الَّذِيْ آمَنَ يَا قَوْمِ اتَّبِعُونِ أَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ (38)

ترجمہ: اوراس شخص نے کہا جو ایمان لا چکا تھا: اے میری قوم! تم میری پیروی کرو میں تمہیں خیر و ہدایت کی راہ پر لگا دوں گا o

And the man who had believed said: 'O my people, follow me, I will lead you to the path of guidance and piousness.

يَا قَوْمِ إِنَّمَا هَذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ وَإِنَّ الْآخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ (39)

ترجمہ: اے میری قوم! یہ دنیا کی زندگی بس (چند روزہ) فائدہ اٹھانے کے سوا کچھ نہیں اور بے شک آخرت ہی ہمیشہ رہنے کا گھر ہے o

O my people! The life of this world is nothing but (a few days') gain, and the Hereafter is certainly a home to live in forever.

مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزَى إِلَّا مِثْلَهَا وَمَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُوْلَئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُونَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ (40)

ترجمہ: جس نے برائی کی تو اسے بدلہ نہیں دیا جائے گا مگر صرف اسی قدر، اور جس نے نیکی کی، خواہ مرد ہو یا عورت اور مومن بھی ہو تو وہی لوگ جنّت میں داخل ہوں گے انہیں وہاں بے حساب رِزق دیا جائے گا o

He who commits evil will not be rewarded but with the same measure. And whoever behaves piously, whether male or female, and is a believer as well, it is they who will enter Paradise. There they will be given sustenance without measure.

وَيَا قَوْمِ مَا لِيْ أَدْعُوكُمْ إِلَى النَّجَاةِ وَتَدْعُونَنِيْ إِلَى النَّارِ (41)

ترجمہ: اورا ے میری قوم! مجھے کیا ہوا ہے کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے دوزخ کی طرف بلاتے ہوo

And, O my people, why is it that I call you to salvation and you call me to Hell?

تَدْعُونَنِي لِأَكْفُرَ بِاللَّهِ وَأُشْرِكَ بِهِ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ وَأَنَا أَدْعُوكُمْ إِلَى الْعَزِيزِ الْغَفَّارِ (42)

ترجمہ: تم مجھے (یہ) دعوت دیتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں اور اس کے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہراؤں جس کا مجھے کچھ علم بھی نہیں اور میں تمہیں خدائے غالب کی طرف بلاتا ہوں جو بڑا بخشنے والا ہےo

You invite me to deny Allah, and associate with Him that of which I have no knowledge, whilst I invite you to the Almighty God, Who is Most Forgiving.

لَا جَرَمَ أَنَّمَا تَدْعُونَنِي إِلَيْهِ لَيْسَ لَهُ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ وَأَنَّ مَرَدَّنَا إِلَى اللَّهِ وَأَنَّ الْمُسْرِفِينَ هُمْ أَصْحَابُ النَّارِ (43)

ترجمہ: سچ تو یہ ہے کہ تم مجھے جس چیز کی طرف بلا رہے ہو وہ نہ تو دنیا میں پکارے جانے کے قابل ہے اور نہ (ہی) آخرت میں اور بے شک ہمارا واپس لوٹنا اللہ ہی کی طرف ہے اور یقیناً حد سے گزرنے والے ہی دوزخی ہیںo

The truth is that what you are calling me to is not worth calling either in this world or in the Hereafter. And surely, our return is to Allah alone, and certainly those who transgress are the inmates of Hell.

فَسَتَذْكُرُونَ مَا أَقُولُ لَكُمْ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ (44)

ترجمہ: سو تم عنقریب (وہ باتیں) یاد کرو گے جو میں تم سے کہہ رہا ہوں، اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں، بے شک اللہ بندوں کو دیکھنے والا ہےo

So you will soon recall (these words) that I am saying to you. And I consign my affair to Allah. Surely, Allah is Ever-Watchful of the servants.'

فَوَقَاهُ اللَّهُ سَيِّئَاتِ مَا مَكَرُوا وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ سُوءُ الْعَذَابِ (45)

ترجمہ: پھر اللہ نے اُسے اُن لوگوں کی برائیوں سے بچا لیا جن کی وہ تدبیر کر رہے تھے اور آلِ فرعون کو بُرے عذاب نے گھیر لیاo

Then Allah safeguarded him against their evils which they were planning. And an evil torment engulfed the people of Pharaoh.

النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ (46)

ترجمہ: آتشِ دوزخ کے سامنے یہ لوگ صبح و شام پیش کیے جاتے ہیں اور جس دن قیامت بپا ہوگی (تو حکم ہوگا:) آلِ فرعون کو سخت ترین عذاب میں داخل کر دوo

They are brought before the Fire of Hell morning and evening. And the Day when Resurrection occurs (a voice will command:) 'Cast the people of Pharaoh into the most miserable chastisement.'

وَإِذْ يَتَحَاجُّونَ فِي النَّارِ فَيَقُولُ الضُّعَفَاء لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعاً فَهَلْ أَنتُم مُّغْنُونَ عَنَّا نَصِيباً مِّنَ النَّارِ (47)

ترجمہ: اور جب وہ لوگ دوزخ میں باہم جھگڑیں گے تو کمزور لوگ ان سے کہیں گے جو (دنیا میں) بڑائی ظاہر کرتے تھے کہ ہم تو تمہارے پیروکار تھے سو کیا تم آتشِ دوزخ کا کچھ حصّہ (ہی) ہم سے دور کر سکتے ہوo

And when they will fall out with one another in Hell, the weak will say to those who used to show arrogance (in the world): 'We were your followers, so can you remove from us (even) a portion of the Fire of Hell?'

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا إِنَّا كُلٌّ فِيْهَا إِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ **(48)**

ترجمہ: تکبر کرنے والے کہیں گے: ہم سب ہی اسی (دوزخ) میں پڑے ہیں بے شک اللہ نے بندوں کے درمیان حتمی فیصلہ فرما دیا ہےo

Those who practised arrogance will say: 'We all are doomed in the same Hell; surely, Allah has given His final judgment amongst the servants.'

وَقَالَ الَّذِيْنَ فِيْ النَّارِ لِخَزَنَةِ جَهَنَّمَ ادْعُوا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا يَوْماً مِّنَ الْعَذَابِ **(49)**

ترجمہ: اور آگ میں پڑے ہوئے لوگ دوزخ کے داروغوں سے کہیں گے: اپنے رب سے دعا کرو کہ وہ کسی دن تو ہم سے عذاب ہلکا کر دےo

And those burning in the Fire will say to the keepers of Hell: 'Pray to your Lord that He lessens our torment some day.'

قَالُوا أَوَلَمْ تَكُ تَأْتِيْكُمْ رُسُلُكُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا بَلَى قَالُوا فَادْعُوا وَمَا دُعَاء الْكَافِرِيْنَ إِلَّا فِيْ ضَلَالٍ **(50)**

ترجمہ: وہ کہیں گے: کیا تمہارے پاس تمہارے پیغمبر واضح نشانیاں لے کر نہیں آئے تھے، وہ کہیں گے: کیوں نہیں، (پھر داروغے) کہیں گے: تم خود ہی دعا کرو اور کافروں کی دعا (ہمیشہ) رائیگاں ہی ہوگیo

They will say: 'Did your Messengers not come to you with clear signs?' They will reply: 'Yes, of course.' (Then the keepers) will say: 'So pray yourselves.' But the disbelievers' prayer will (always) be in vain.

d۔ قصہ ذوالقرنین

سورۃ الکہف:

وَيَسْأَلُونَكَ عَن ذِي الْقَرْنَيْنِ قُلْ سَأَتْلُو عَلَيْكُم مِّنْهُ ذِكْراً(83)

ترجمہ: اور(اے حبیبِ معظّم!) یہ آپ سے ذوالقرنین کے بارے میں سوال کرتے ہیں،فرما دیجیے: میں ابھی تمہیں اس کے حال کا تذکرہ پڑھ کر سناتا ہوںo

And, (O Most Esteemed Beloved,) they ask you about Dhu al-Qarnayn. Say: 'I recite to you an account of him now.'

إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيْءٍ سَبَباً (84)

ترجمہ: بے شک ہم نے اسے (زمانۂ قدیم میں) زمین پر اقتدار بخشا تھا اور ہم نے اس (کی سلطنت) کو تمام وسائل و اسباب سے نوازا تھاo

(In ancient times) We did grant him power in the land and blessed (his rule) with all the means and resources.

فَأَتْبَعَ سَبَباً (85)

ترجمہ: پھر وہ ایک (اور) راستے پر چل پڑاo

Then he took another way,

حَتَّى إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ عِندَهَا قَوْماً قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا أَن تُعَذِّبَ وَإِمَّا أَن تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْناً (86)

ترجمہ: یہاں تک کہ وہ غروبِ آفتاب (کی سمت آبادی) کے آخری کنارے پر جا پہنچا وہاں اس نے سورج کے غروب کے منظر کو ایسے محسوس کیا جیسے وہ (کیچڑ کی طرح سیاہ رنگ) پانی کے گرم چشمہ میں ڈوب رہا ہو اور اس نے وہاں ایک قوم کو (آباد) پایا۔ ہم نے فرمایا: اے ذوالقرنین! (یہ تمہاری مرضی پر منحصر ہے) خواہ تم انہیں سزا دو یا ان کے ساتھ اچھا سلوک کروo

Until he reached the boundary of (a locality towards) the west where he perceived the setting of the sun as if going down into a spring of (muddy black) hot water, and he found a people (living) there. We said: 'O Dhu al-Qarnayn, (it is up to you) whether you punish them or treat them nicely.'

قَالَ أَمَّا مَن ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهُ ثُمَّ يُرَدُّ إِلَى رَبِّهِ فَيُعَذِّبُهُ عَذَاباً نُّكْراً (87)

ترجمہ: ذوالقرنین نے کہا: جو شخص (کفر و فسق کی صورت میں) ظلم کرے گا تو ہم اسے ضرور سزا دیں گے، پھر وہ اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا، پھر وہ اسے بہت ہی سخت عذاب دے گاo

Dhu al-Qarnayn said: 'Whoever perpetrates injustice (by way of disbelief and mischief-mongering), we will certainly punish him. He will then be brought back to his Lord. And then He will award him most grievous punishment.

وَأَمَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً فَلَهُ جَزَاء الْحُسْنَى وَسَنَقُولُ لَهُ مِنْ أَمْرِنَا يُسْراً (88)

ترجمہ: اور جو شخص ایمان لے آئے گا اور نیک عمل کرے گا تو اس کے لیے بہتر جزا ہے اور ہم (بھی) اس کے لیے اپنے احکام میں

آسان بات کہیں گےo

And whoever believes and does pious acts will have better reward, and We shall (also) say for him in Our commands what is lenient.'

ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَباً (89)

ترجمہ: (مغرب میں فتوحات مکمل کرنے کے بعد) پھر وہ (دوسرے) راستہ پر چل پڑاo

Then (after consolidating his conquests in the west) he set forth on (another) course,

حَتَّى إِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلَى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَل لَّهُم مِّن دُونِهَا سِتْراً (90)

ترجمہ: یہاں تک کہ وہ طلوعِ آفتاب (کی سمت آبادی) کے آخری کنارے پر جا پہنچا، وہاں اس نے سورج (کے طلوع کے منظر) کو ایسے محسوس کیا (جیسے) سورج (زمین کے اس خطہ پر آباد) ایک قوم پر اُبھر رہا ہو جس کے لیے ہم نے سورج سے (بچاؤ کی خاطر) کوئی حجاب تک نہیں بنایا تھا (یعنی وہ لوگ بغیر لباس اور مکان کے غاروں میں رہتے تھے)o

Until he reached the boundary (of a locality in the direction) of the sunrise. There he perceived (the rising of) the sun (as if) it were rising on the people (living in that piece of land) for whom We had provided no cover (for protection) against the sun (i.e., they lived in the caves, without clothes and houses).

كَذَلِكَ وَقَدْ أَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْراً (91)

ترجمہ: واقعہ اسی طرح ہے، اور جو کچھ اس کے پاس تھا ہم نے اپنے علم سے اس کا احاطہ کر لیا ہےo

It occurred the same way. And We have encompassed with Our knowledge whatever he had.

ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَباً (92)

ترجمہ: (مشرق میں فتوحات مکمل کرنے کے بعد) پھر وہ (ایک اور) راستہ پر چل پڑاo

(Having accomplished his conquests in the east,) he then followed (still another) route,

حَتَّى إِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِن دُونِهِمَا قَوْماً لَّا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلاً (93)

ترجمہ: یہاں تک کہ وہ (ایک مقام پر) دو پہاڑوں کے درمیان جا پہنچا اس نے ان پہاڑوں کے پیچھے ایک ایسی قوم کو آباد پایا جو (کسی کی) بات نہیں سمجھ سکتے تھےo

Until he reached (a place) between two mountains. He found a people dwelling behind these mountains. They were unable to understand (anyone's) speech.

قَالُوا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجاً عَلَى أَن تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدّاً (94)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے ذوالقرنین! بے شک یاجوج اور ماجوج نے زمین میں فساد بپا کر رکھا ہے تو کیا ہم آپ کے لیے اس (شرط) پر کچھ مالِ (خراج) مقرر کر دیں کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان ایک بلند دیوار بنا دیںo

They said: 'O Dhu al-Qarnayn! Gog and Magog have spread disorder in the

land. Should we fix some money (as a tribute) for you on this (condition) that you raise a high wall between us and them?'

قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَأَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْماً (95)

ترجمہ: (ذوالقرنین نے) کہا: مجھے میرے رب نے اس بارے میں جو اختیار دیا ہے (وہ) بہتر ہے، تم اپنے زورِ بازو (یعنی محنت ومشقت) سے میری مدد کرو، میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط دیوار بنا دوں گاo

(Dhu al-Qarnayn) said: 'The power my Lord has given me in this connection is better. Assist me with your vigour (diligence and labour), and I shall erect a fortified wall between you and them.

آتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ حَتَّى إِذَا سَاوَى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا حَتَّى إِذَا جَعَلَهُ نَاراً قَالَ آتُوْنِيْ أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْراً (96)

ترجمہ: تم مجھے لوہے کے بڑے بڑے ٹکڑے لا دو، یہاں تک کہ جب اس نے دونوں چوٹیوں کے درمیان والے حصے کو برابر کر دیا تو کہنے لگا: (اب آگ لگا کر اسے) دھونکو، یہاں تک کہ جب اس نے اس (لوہے) کو (دھونک دھونک کر) آگ بنا ڈالا تو کہنے لگا: (اب) میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ جو میں اس پر ڈالوں گاo

Bring me large blocks of iron.' So, when he levelled (that iron wall) between the two (mountain) tops, he said: '(Now) blow (it after putting it on fire).' So, when he turned that (iron) into a fire (by successive blowing), he said: '(Now) bring me molten copper to pour on it.'

فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْباً(97)

ترجمہ: پھر ان (یاجوج اور ماجوج) میں نہ اتنی طاقت تھی کہ اس پر چڑھ سکیں اور نہ اتنی قدرت پا سکے کہ اس میں سوراخ کر دیںo

Then they (Gog and Magog) did not have the ability to scale it, nor could they acquire the capability to bore through it.

قَالَ هَذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّيْ فَإِذَا جَاء وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهُ دَكَّاء وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقّاً (98)

ترجمہ: (ذوالقرنین نے) کہا: یہ میرے رب کی جانب سے رحمت ہے، پھر جب میرے رب کا وعدہ (قیامت قریب) آئے گا تو وہ اس دیوار کو (گرا کر) ہموار کر دے گا (دیوار ریزہ ریزہ ہو جائے گی)، اور میرے رب کا وعدہ برحق ہےo

(Dhu al-Qarnayn) said: 'This is mercy from my Lord. But when my Lord's promise (of the Last Hour) comes (near), He will (demolish this wall and) level it with the ground (i.e., it will be reduced to dust particles). And the promise of my Lord is bound to come true.'

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِيْ بَعْضٍ وَنُفِخَ فِيْ الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعاً (99)

ترجمہ: اور ہم اس وقت (جملہ مخلوقات یا یاجوج اور ماجوج کو) آزاد کر دیں گے وہ (تیز وتند موجوں کی طرح) ایک دوسرے میں گھس جائیں گے اور صور پھونکا جائے گا تو ہم ان سب کو (میدانِ حشر میں) جمع کر لیں گےo

And at that time, We shall release (all the creation or Gog and Magog). They will run into each other (like surging waves). And the trumpet will be blown. Then We shall gather them all (in the Last Day Assembly).

e۔ قصہ قومِ عاد، ثمود اور فرعون

سورۃ الفجر:

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ (6)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے (قومِ) عاد کے ساتھ کیسا (سلوک) کیا؟o

Have you not seen how your Lord treated (the people of 'Ad)?

إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ (7)

ترجمہ: (جو اہلِ) اِرم تھے (اور) بڑے بڑے ستونوں (کی طرح دراز قد اور اونچے محلات) والے تھےo

(They) were (the people) of Iram (and) were (tall like) lofty columns (possessing towering castles),

الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ (8)

ترجمہ: جن کا مثل (دنیا کے) ملکوں میں (کوئی بھی) پیدا نہیں کیا گیاo

The like of which has not (at all) been created in the countries (of the world).

وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ (9)

ترجمہ: اور ثمود (کے ساتھ کیا سلوک ہوا) جنہوں نے وادء (قری) میں چٹانوں کو کاٹ (کر پتھروں سے سینکڑوں شہروں کو تعمیر کر) ڈالا تھاo

And (what treatment was given to) Thamud, who carved rocks (and constructed hundreds of cities) in the (Qura) valley?

وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ (10)

ترجمہ: اور فرعون (کا کیا حشر ہوا) جو بڑے لشکروں والا (یا لوگوں کو میخوں سے سزا دینے والا) تھاo

And (how was) Pharaoh (dealt with), who wielded large armies (and used to punish victims with stakes)?

الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ (11)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ (تھے) جنہوں نے (اپنے اپنے) ملکوں میں سرکشی کی تھیo

(They were) the people who perpetrated tyranny in their (respective) countries,

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ (12)

ترجمہ: پھر ان میں بڑی فساد انگیزی کی تھیo

And spread great mischief and corruption there.

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ (13)

ترجمہ: تو آپ کے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسایاo

Then your Lord unleashed the scourge of punishment on them.

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ (14)

ترجمہ: بےشک آپ کا رب (سرکشوں اور نافرمانوں کی) خوب تاک میں ہےo

Indeed, your Lord is Ever-Watchful (over the tyrant transgressors).

سورۃ الشّمس:

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَاهَا (11)

ترجمہ: ثمود نے اپنی سرکشی کے باعث (اپنے پیغمبر صالح علیہ السلام کو) جھٹلایاo

The people of Thamud rejected (their Messenger Salih) due to their rebellion.

إِذِ انبَعَثَ أَشْقَاهَا (12)

ترجمہ: جبکہ ان میں سے ایک بڑا بد بخت اٹھاo

When the most wretched of them stood up,

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ اللَّهِ وَسُقْيَاهَا (13)

ترجمہ: ان سے اللہ کے رسول نے فرمایا: اللہ کی (اس) اونٹنی اور اس کو پانی پلانے (کے دن) کی حفاظت کرناo

Allah's Messenger said to them: 'Guard (that) she-camel and (the time of) her taking water.'

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُم بِذَنبِهِمْ فَسَوَّاهَا (14)

ترجمہ: تو انہوں نے اس (رسول) کو جھٹلا دیا، پھر اس (اونٹنی) کی کونچیں کاٹ ڈالیں تو ان کے رب نے ان کے گناہ کی وجہ سے ان پر ہلاکت نازل کر دی، پھر (پوری) بستی کو (تباہ کر کے عذاب میں سب کو) برابر کر دیاo

But they rejected the Messenger and hamstrung (the she-camel). So because of their sin, their Lord sent down destruction on them, and levelled (them all in the torment devastating) the town.

وَلَا يَخَافُ عُقْبَاهَا (15)

ترجمہ: اور اللہ کو اس (ہلاکت) کے انجام کا کوئی خوف نہیں ہوتاo

And Allah does not fear any repercussions of this (devastation).

f۔ قصہ یاجوج اور ماجوج

سورۃ الکہف:

ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَباً (92)

ترجمہ: (مشرق میں فتوحات مکمل کرنے کے بعد) پھر وہ (ایک اور) راستہ پر چل پڑاo

(Having accomplished his conquests in the east,) he then followed (still another) route,

حَتَّى إِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِن دُونِهِمَا قَوْماً لَّا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلاً (93)

ترجمہ: یہاں تک کہ وہ (ایک مقام پر) دو پہاڑوں کے درمیان جا پہنچا اس نے ان پہاڑوں کے پیچھے ایک ایسی قوم کو آباد پایا جو (کسی کی) بات نہیں سمجھ سکتے تھےo

Until he reached (a place) between two mountains. He found a people dwelling behind these mountains. They were unable to understand (anyone's) speech.

قَالُوا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجاً عَلَى أَن تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدّاً (94)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے ذوالقرنین! بے شک یاجوج اور ماجوج نے زمین میں فساد بپا کر رکھا ہے تو کیا ہم آپ کے لیے اس (شرط) پر کچھ مالِ (خراج) مقرر کر دیں کہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان ایک بلند دیوار بنا دیںo

They said: 'O Dhu al-Qarnayn! Gog and Magog have spread disorder in the land. Should we fix some money (as a tribute) for you on this (condition) that you raise a high wall between us and them?'

قَالَ مَا مَكَّنِّي فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْماً (95)

ترجمہ: (ذوالقرنین نے) کہا: مجھے میرے رب نے اس بارے میں جو اختیار دیا ہے (وہ) بہتر ہے، تم اپنے زورِ بازو (یعنی محنت ومشقت) سے میری مدد کرو، میں تمہارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط دیوار بنا دوں گاo

(Dhu al-Qarnayn) said: 'The power my Lord has given me in this connection is better. Assist me with your vigour (diligence and labour), and I shall erect a fortified wall between you and them.

آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ حَتَّى إِذَا سَاوَى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا حَتَّى إِذَا جَعَلَهُ نَاراً قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْراً (96)

ترجمہ: تم مجھے لوہے کے بڑے بڑے ٹکڑے لا دو، یہاں تک کہ جب اس نے دونوں چوٹیوں کے درمیان والے حصے کو برابر کر دیا تو کہنے لگا: (اب آگ لگا کر اسے) دھونکو، یہاں تک کہ جب اس نے اس (لوہے) کو (دھونک دھونک کر) آگ بنا ڈالا تو کہنے لگا: (اب) میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ جو میں اس پر ڈالوں گاo

Bring me large blocks of iron.' So, when he levelled (that iron wall) between

the two (mountain) tops, he said: '(Now) blow (it after putting it on fire).' So, when he turned that (iron) into a fire (by successive blowing), he said: '(Now) bring me molten copper to pour on it.'

فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْباً(97)

ترجمہ: پھران (یاجوج اور ماجوج) میں نہ اتنی طاقت تھی کہ اس پر چڑھ سکیں اور نہ اتنی قدرت پا سکے کہ اس میں سوراخ کر دیں o

Then they (Gog and Magog) did not have the ability to scale it, nor could they acquire the capability to bore through it.

قَالَ هَذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي فَإِذَا جَاء وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاء وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقّاً (98)

ترجمہ: (ذوالقرنین نے) کہا: یہ میرے رب کی جانب سے رحمت ہے، پھر جب میرے رب کا وعدۂ (قیامت قریب) آئے گا تو وہ اس دیوار کو (گرا کر) ہموار کر دے گا (دیوار ریزہ ریزہ ہو جائے گی)، اور میرے رب کا وعدہ برحق ہے o

(Dhu al-Qarnayn) said: 'This is mercy from my Lord. But when my Lord's promise (of the Last Hour) comes (near), He will (demolish this wall and) level it with the ground (i.e., it will be reduced to dust particles). And the promise of my Lord is bound to come true.'

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعاً (99)

ترجمہ: اور ہم اس وقت (جملہ مخلوقات یا یاجوج اور ماجوج کو) آزاد کر دیں گے وہ (تیز و تند موجوں کی طرح) ایک دوسرے میں گھس جائیں گے اور صور پھونکا جائے گا تو ہم ان سب کو (میدانِ حشر میں) جمع کر لیں گے o

And at that time, We shall release (all the creation or Gog and Magog). They will run into each other (like surging waves). And the trumpet will be blown. Then We shall gather them all (in the Last Day Assembly).

سورۃ الانبیاء:

حَتَّى إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ وَهُم مِّن كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ (96)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے اتر آئیں گے o

Until when Gog and Magog are let loose, and they will come down running from every high place,

g۔ قصہ حضرت سلیمانؑ اور چیونٹی

سورۃ النمل:

حَتَّى إِذَا أَتَوْا عَلَى وَادِي النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (18)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ (لشکر) چیونٹیوں کے میدان پر پہنچے تو ایک چیونٹی کہنے لگی: اے چیونٹیو! اپنی رہائش گاہوں میں داخل ہو جاؤ کہیں سلیمان (علیہ السلام) اور ان کے لشکر تمہیں کچل نہ دیں اس حال میں کہ انہیں خبر بھی نہ ہو o

Until when these (troops) reached an open field of ants, one ant said: 'O ants, enter your dwellings, lest Sulayman (Solomon) and his troops crush you whilst they remain just unaware.'

فَتَبَسَّمَ ضَاحِكاً مِّن قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ (19)

ترجمہ: تو وہ (یعنی سلیمان علیہ السلام) اس (چیونٹی) کی بات سے ہنسی کے ساتھ مسکرائے اور عرض کیا: اے پروردگار! مجھے اپنی توفیق سے اس بات پر قائم رکھ کہ میں تیری اس نعمت کا شکر بجالاتا رہوں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر انعام فرمائی ہے اور میں ایسے نیک عمل کرتا رہوں جن سے تو راضی ہوتا ہے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے خاص قرب والے نیکوکار بندوں میں داخل فرما لے o

So he (Sulayman [Solomon]) smiled, feeling amused at the ant's words, and submitted: 'O Lord, keep me by Your bestowal firm on it that I remain ever-thankful for Your favour You have conferred on me and on my parents, and I do such pious deeds as You are pleased with, and admit me by Your mercy amongst Your pious slaves enjoying exceptional nearness to You.'

h۔ قصہ حضرت سلیمانؑ اور ملکہ سبا

سورۃ النمل:

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ (20)

ترجمہ: اور سلیمان (علیہ السلام) نے پرندوں کا جائزہ لیا تو کہنے لگے: مجھے کیا ہوا ہے کہ میں ہدہد کو نہیں دیکھ پا رہا یا وہ (واقعی) غائب ہو گیا ہےo

And Sulayman (Solomon) inspected the birds and said: 'How is it that I do not see the hoopoe? Or has he (really) vanished?

لَأُعَذِّبَنَّهُ عَذَابًا شَدِيدًا أَوْ لَأَذْبَحَنَّهُ أَوْ لَيَأْتِيَنِّي بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ (21)

ترجمہ: میں اسے (بغیر اجازت غائب ہونے پر) ضرور سخت سزا دوں گا یا اسے ضرور ذبح کر ڈالوں گا یا وہ میرے پاس (اپنے بے قصور ہونے کی) واضح دلیل لائے گاo

I will certainly award him severe punishment (for being absent without leave), or will certainly slaughter him, or he will bring me a sound plea (of being not guilty).'

فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيدٍ فَقَالَ أَحَطتُ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهِ وَجِئْتُكَ مِن سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ (22)

ترجمہ: پس وہ تھوڑی ہی دیر (باہر) ٹھہرا تھا کہ اس نے (حاضر ہو کر) عرض کیا: مجھے ایک ایسی بات معلوم ہوئی ہے جس پر (شاید) آپ مطلع نہ تھے اور میں آپ کے پاس (ملکِ) سبا سے ایک یقینی خبر لایا ہوںo

It was only for a little while that he stayed (outside), then he (appeared and) said: 'I have come to know a thing that is (perhaps) not in your knowledge, and I have brought you from (the land of) Saba (Sheba) a sure and true piece of news.

إِنِّي وَجَدتُّ امْرَأَةً تَمْلِكُهُمْ وَأُوتِيَتْ مِن كُلِّ شَيْءٍ وَلَهَا عَرْشٌ عَظِيمٌ (23)

ترجمہ: میں نے (وہاں) ایک ایسی عورت کو پایا ہے جو ان (یعنی ملکِ سبا کے باشندوں) پر حکومت کرتی ہے اور اسے (ملکیت و اقتدار میں) ہر ایک چیز بخشی گئی ہے اور اس کے پاس بہت بڑا تخت ہےo

I have found (there) a woman who is ruling over them (i.e., the citizens of the land of Saba [Sheba]), and she has been given everything (of possession and authority), and she has a great throne.

وَجَدتُّهَا وَقَوْمَهَا يَسْجُدُونَ لِلشَّمْسِ مِن دُونِ اللَّهِ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُونَ (24)

ترجمہ: میں نے اسے اور اس کی قوم کو اللہ کی بجائے سورج کو سجدہ کرتے پایا ہے اور شیطان نے ان کے اَعمالِ (بد) ان کے لیے خوب خوش نما بنا دیے ہیں اور انہیں (توحید کی) راہ سے روک دیا ہے سو وہ ہدایت نہیں پا رہےo

I found her and her people prostrating themselves before the sun instead of Allah. And Satan has made their (evil) deeds highly fascinating to them, and has hindered them from the path (of the Oneness of Allah). So they are not getting guidance.

أَلَّا يَسْجُدُوا لِلَّهِ الَّذِي يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُونَ وَمَا تُعْلِنُونَ (25)

ترجمہ: اس لیے (روکے گئے ہیں) کہ وہ اس اللہ کے حضور سجدہ ریز نہ ہوں جو آسمانوں اور زمین میں پوشیدہ (حقائق اور موجودات) کو باہر نکالتا (یعنی ظاہر کرتا) ہے اور ان (سب) چیزوں کو جانتا ہے جسے تم چھپاتے ہو اور جسے تم آشکار کرتے ہوo

(They are hindered) so that they do not fall in prostration before the presence of Allah, Who brings forth (i.e., unveils the realities and forms of matter) hidden in the heavens and the earth and knows (all) those things which you hide and which you disclose.

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ) (26)

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں (وہی) عظیم تختِ اقتدار کا مالک ہےo

There is none worthy of worship except Allah. He alone is the Master of the Supreme Throne of Authority.'

س (قَالَ سَنَنظُرُ أَصَدَقْتَ أَمْ كُنتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ (27)

ترجمہ: (سلیمان علیہ السلام نے) فرمایا: ہم ابھی دیکھتے ہیں کیا تو سچ کہہ رہا ہے یا تو جھوٹ بولنے والوں سے ہےo

(Sulayman [Solomon]) said: 'We see right now whether you speak the truth or you are of the liars.

اذْهَب بِّكِتَابِي هَذَا فَأَلْقِهْ إِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانظُرْ مَاذَا يَرْجِعُونَ (28)

ترجمہ: میرا یہ خط لے جا اور اسے ان کی طرف ڈال دے پھر ان کے پاس سے ہٹ آ پھر دیکھ وہ کس بات کی طرف رجوع کرتے ہیںo

Go with this letter of mine and deliver it to them. Then withdraw from them and see what they turn to.'

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ إِنِّي أُلْقِيَ إِلَيَّ كِتَابٌ كَرِيمٌ (29)

ترجمہ: (ملکہ نے) کہا: اے سردارو! میری طرف ایک نامۂ بزرگ ڈالا گیا ہےo

(The Queen) said: 'O chiefs, a noble letter has been delivered to me.

إِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ (30)

ترجمہ: بے شک وہ (خط) سلیمان (علیہ السلام) کی جانب سے (آیا) ہے اور وہ اللہ کے نام سے شروع (کیا گیا) ہے جو بے حد مہربان بڑا رحم فرمانے والا ہےo

That (letter) has indeed (come) from Sulayman (Solomon), and that begins with the Name of Allah, Who is Most Kind, Ever-Merciful.

أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ (31)

ترجمہ: (اس کا مضمون یہ ہے) کہ تم لوگ مجھ پر سر بلندی (کی کوشش) مت کرو اور فرمانبردار ہو کر میرے پاس آ جاؤo

(Its contents read:) 'Do not (strive to) rise above me and come to me in submission.'

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي أَمْرِي مَا كُنتُ قَاطِعَةً أَمْراً حَتَّى تَشْهَدُونِ (32)

ترجمہ: (ملکہ نے) کہا: اے دربار والو! تم مجھے میرے (اس) معاملہ میں مشورہ دو، میں کسی کام کا قطعی فیصلہ کرنے والی نہیں ہوں یہاں تک کہ تم میرے پاس حاضر ہو کر (اس اَمر کے موافق یا مخالف) گواہی دوo

(The Queen) said: 'O courtiers, advise me in this matter. I do not make a final decision on any matter until you come to me and state your opinions (for or against the matter).'

قَالُوا نَحْنُ أُوْلُوا قُوَّةٍ وَأُوْلُوا بَأْسٍ شَدِيدٍ وَالْأَمْرُ إِلَيْكِ فَانظُرِي مَاذَا تَأْمُرِينَ (33)

ترجمہ: انہوں نے کہا: ہم طاقتور اور سخت جنگ جُو ہیں مگر حکم آپ کے اختیار میں ہے سو آپ (خود ہی) غور کر لیں کہ آپ کیا حکم دیتی ہیںo

They said: 'We are powerful and great warriors but the command is your prerogative. So consider (yourself) what command you should give.'

قَالَتْ إِنَّ الْمُلُوكَ إِذَا دَخَلُوا قَرْيَةً أَفْسَدُوهَا وَجَعَلُوا أَعِزَّةَ أَهْلِهَا أَذِلَّةً وَكَذَلِكَ يَفْعَلُونَ (34)

ترجمہ: (ملکہ نے) کہا: بے شک جب بادشاہ کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ و برباد کر دیتے ہیں اور وہاں کے باعزت لوگوں کو ذلیل و رسوا کر ڈالتے ہیں اور یہ (لوگ بھی) اسی طرح کریں گےo

(The Queen) said: 'No doubt when kings enter a town, they destroy it and disgrace and humiliate its elite citizens. And these (people) too will do the same.

وَإِنِّي مُرْسِلَةٌ إِلَيْهِم بِهَدِيَّةٍ فَنَاظِرَةٌ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُونَ (35)

ترجمہ: اور بے شک میں ان کی طرف کچھ تحفہ بھیجنے والی ہوں پھر دیکھتی ہوں قاصد کیا جواب لے کر واپس لوٹتے ہیںo

And, surely, I am sending him some gifts and see what reply the messengers bring back.'

فَلَمَّا جَاءَ سُلَيْمَانَ قَالَ أَتُمِدُّونَنِ بِمَالٍ فَمَا آتَانِيَ اللَّهُ خَيْرٌ مِّمَّا آتَاكُم بَلْ أَنتُم بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُونَ (36)

ترجمہ: سو جب وہ (قاصد) سلیمان (علیہ السلام) کے پاس آیا (تو سلیمان علیہ السلام نے اس سے) فرمایا: کیا تم لوگ مال و دولت سے میری مدد کرنا چاہتے ہو۔ سو جو کچھ اللہ نے مجھے عطا فرمایا ہے اس (دولت) سے بہتر ہے جو اس نے تمہیں عطا کی ہے بلکہ تم ہی ہو جو اپنے تحفہ سے فرحاں (اور) نازاں ہوo

So when that (messenger) came to Sulayman (Solomon, he) said (to him [i.e., the messenger]): 'Do you want to help me with wealth, whereas what Allah has given me is better than this (wealth) which He has given you? It is rather you who take pleasure (and) pride in your gifts.

ارْجِعْ إِلَيْهِمْ فَلَنَأْتِيَنَّهُمْ بِجُنُودٍ لَّا قِبَلَ لَهُم بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُم مِّنْهَا أَذِلَّةً وَهُمْ صَاغِرُونَ (37)

ترجمہ: تو ان کے پاس (تحفہ سمیت) واپس پلٹ جا سو ہم ان پر ایسے لشکروں کے ساتھ (حملہ کرنے) آئیں گے جن سے انہیں مقابلہ (کی طاقت) نہیں ہوگی اور ہم انہیں وہاں سے بے عزت کر کے اس حال میں نکالیں گے کہ وہ (قیدی بن کر) رسوا ہوں گےo

So go back to them (with your gifts). We shall come with such troops (to invade) them that they will not have (the power) to fight back, and, humiliating them, we shall drive them out from there in such a plight that they will be dishonoured (becoming prisoners).'

قَالَ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَيُّكُمْ يَأْتِينِي بِعَرْشِهَا قَبْلَ أَن يَأْتُونِي مُسْلِمِينَ (38)

ترجمہ: (سلیمان علیہ السلام نے) فرمایا: اے دربار والو! تم میں سے کون اس (ملکہ) کا تخت میرے پاس لا سکتا ہے قبل اس کے کہ وہ لوگ فرمانبردار ہو کر میرے پاس آ جائیںo

Sulayman (Solomon) said: 'O courtiers, which of you can bring me the throne (of the Queen) before they come to me in submission?'

قَالَ عِفْرِيتٌ مِّنَ الْجِنِّ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن تَقُومَ مِن مَّقَامِكَ وَإِنِّي عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ أَمِينٌ (39)

ترجمہ: ایک قوی ہیکل جن نے عرض کیا: میں اسے آپ کے پاس لا سکتا ہوں قبل اس کے کہ آپ اپنے مقام سے اٹھیں اور بے شک میں اس (کے لانے) پر طاقتور (اور) امانت دار ہوںo

One mighty jinn submitted: 'I can bring it to you before you rise from your seat. And I am indeed powerful (enough) and trustworthy (to bring it).'

قَالَ الَّذِي عِندَهُ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتَابِ أَنَا آتِيكَ بِهِ قَبْلَ أَن يَرْتَدَّ إِلَيْكَ طَرْفُكَ فَلَمَّا رَآهُ مُسْتَقِرّاً عِندَهُ قَالَ هَذَا مِن فَضْلِ رَبِّي لِيَبْلُوَنِي أَأَشْكُرُ أَمْ أَكْفُرُ وَمَن شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ (40)

ترجمہ: (پھر) ایک ایسے شخص نے عرض کیا جس کے پاس (آسمانی) کتاب کا کچھ علم تھا کہ میں اسے آپ کے پاس لا سکتا ہوں قبل اس کے کہ آپ کی نگاہ آپ کی طرف پلٹے (یعنی پلک جھپکنے سے بھی پہلے)، پھر جب (سلیمان علیہ السلام نے) اس (تخت) کو اپنے پاس رکھا ہوا دیکھا (تو) کہا: یہ میرے رب کا فضل ہے تاکہ وہ مجھے آزمائے کہ آیا میں شکر گزاری کرتا ہوں یا ناشکری، اور جس نے (اللہ کا) شکر ادا کیا سو وہ محض اپنی ہی ذات کے فائدہ کے لیے شکر مندی کرتا ہے اور جس نے ناشکری کی تو بے شک میرا رب بے نیاز، کرم فرمانے والا ہےo

Then the one who had some knowledge of the (heavenly) Book submitted: 'I can bring it to you before your vision turns back to you (i.e., even before the twinkling of an eye).' So, when (Sulayman [Solomon]) saw it (the throne) placed before him, he said: 'This is by the Grace of my Lord so that He may put me to the test whether I thank (Him) or not. And he who thanks (Allah), his gratitude is for the good of his own self, and he who is ungrateful, then surely my Lord is Self-Sufficient, Most Generous.'

قَالَ نَكِّرُوا لَهَا عَرْشَهَا نَنظُرْ أَتَهْتَدِيٓ أَمْ تَكُونُ مِنَ الَّذِينَ لَا يَهْتَدُونَ (41)

ترجمہ: (سلیمان علیہ السلام نے) فرمایا: اس (ملکہ کے امتحان) کے لیے اس کے تخت کی صورت اور ہیئت بدل دو ہم دیکھیں گے کہ آیا وہ (پہچان کی) راہ پاتی ہے یا ان میں سے ہوتی ہے جو سوجھ بوجھ نہیں رکھتے o

Sulayman (Solomon) said: '(To test the Queen) change the display and appearance of her throne. We shall see whether she gets some clue (to recognize it) or proves to be of those who do not have quick reflexes.'

فَلَمَّا جَآءَتْ قِيلَ أَهَٰكَذَا عَرْشُكِ قَالَتْ كَأَنَّهُۥ هُوَ وَأُوتِينَا الْعِلْمَ مِن قَبْلِهَا وَكُنَّا مُسْلِمِينَ (42)

ترجمہ: پھر جب وہ (ملکہ) آئی تو اس سے کہا گیا: کیا تمہارا تخت اسی طرح کا ہے، وہ کہنے لگی: گویا یہ وہی ہے اور ہمیں اس سے پہلے ہی (نبوتِ سلیمان کے حق ہونے کا) علم ہو چکا تھا اور ہم مسلمان ہو چکے ہیں o

Then when she (the Queen) came, she was asked: 'Is your throne like this?' She said: 'It looks as if it is the same and we have already known (the truth of Sulayman's [Solomon's] Prophethood) and we have become Muslims.'

وَصَدَّهَا مَا كَانَت تَّعْبُدُ مِن دُونِ اللَّهِ إِنَّهَا كَانَتْ مِن قَوْمٍ كَافِرِينَ (43)

ترجمہ: اور اس (ملکہ) کو اس (معبودِ باطل) نے (پہلے قبولِ حق سے) روک رکھا تھا جس کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتی رہی تھی۔ بے شک وہ کافروں کی قوم میں سے تھی o

And (the false god) she worshipped besides Allah prevented her (the Queen from accepting the truth before this). No doubt, she was of a disbelieving people.

قِيلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ فَلَمَّا رَأَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَكَشَفَتْ عَن سَاقَيْهَا قَالَ إِنَّهُۥ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّن قَوَارِيرَ قَالَتْ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمَانَ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (44)

ترجمہ: اس (ملکہ) سے کہا گیا: اس محل کے صحن میں داخل ہو جا (جس کے نیچے نیلگوں پانی کی لہریں چلتی تھیں)، پھر جب ملکہ نے اس (مزیّن بلوریں فرش) کو دیکھا تو اسے گہرے پانی کا تالاب سمجھا اور اس نے (پائینچے اٹھا کر) اپنی دونوں پنڈلیاں کھول دیں، سلیمان (علیہ السلام) نے فرمایا: یہ تو محل کا شیشوں جڑا صحن ہے، اس (ملکہ) نے عرض کیا: اے میرے پروردگار! (میں اسی طرح فریبِ نظر میں مبتلا تھی) بے شک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اب میں سلیمان (علیہ السلام) کی معیّت میں اس اللہ کی فرمانبردار ہو گئی ہوں جو تمام جہانوں کا رب ہے o

It was said to her (the Queen): 'Enter the compound of the palace (beneath which were flowing waves of bluish water).' So when the Queen saw that (elegant, crystal floor), she thought it was a deep pool. And (pulling up her skirt) she uncovered her lower legs. Sulayman (Solomon) said: 'This is the compound of the palace paved with crystal slabs.' The Queen submitted: 'O my Lord, (I was deluded in like manner.) Surely, I wronged my soul. And now along with Sulayman (Solomon), I submit to Allah, Who is the Lord of all the worlds.'

i۔ قصہ حکیم لقمان

سورۃ القمان:

وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ وَمَن يَشْكُرْ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ (12)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے لقمان کو حکمت و دانائی عطا کی، (اور اس سے فرمایا) کہ اللہ کا شکر ادا کرو اور جو شکر کرتا ہے وہ اپنے ہی فائدہ کے لیے شکر کرتا ہے، اور جو ناشکری کرتا ہے تو بے شک اللہ بے نیاز ہے (خود ہی) سزاوارِ حمد ہے o

And surely, We blessed Luqman with wisdom and sound judgment (and said to him:) 'Be grateful to Allah. And whoever gives thanks gives thanks for his own good; and whoever shows ingratitude, then surely Allah is Self-Sufficient, Worthy of all praise.'

وَإِذْ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ (13)

ترجمہ: اور (یاد کیجئے) جب لقمان نے اپنے بیٹے سے کہا اور وہ اسے نصیحت کر رہا تھا: اے میرے فرزند! اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنا، بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے o

And (recall) when Luqman said to his son as he was advising him: 'O my son, do not set up partners with Allah. Verily, associating partners with Allah is a very grave injustice.'

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْناً عَلَى وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ إِلَيَّ الْمَصِيرُ (14)

ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اس کے والدین کے بارے میں (نیکی کا) تاکیدی حکم فرمایا، جسے اس کی ماں تکلیف پر تکلیف کی حالت میں (اپنے پیٹ میں) برداشت کرتی رہی اور جس کا دودھ چھوٹنا بھی دو سال میں ہے (اسے یہ حکم دیا) کہ تو میرا (بھی) شکر ادا کر اور اپنے والدین کا بھی۔ (تجھے) میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے o

And We emphatically enjoined upon man (to do good) to his parents-whose mother bore him (in her reproductive system) in pain after pain, and whose weaning also takes two years (and commanded him:) 'Give thanks to Me and to your parents. (You) shall return to Me alone.'

وَإِن جَاهَدَاكَ عَلى أَن تُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفاً وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (15)

ترجمہ: اور اگر وہ دونوں تجھ پر اس بات کی کوشش کریں کہ تو میرے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہرائے جس (کی حقیقت) کا تجھے کچھ علم نہیں ہے تو ان کی اطاعت نہ کرنا، اور دنیا (کے کاموں) میں ان کا اچھے طریقے سے ساتھ دینا، اور (عقیدہ و امورِ آخرت میں) اس شخص کی پیروی کرنا جس نے میری طرف توبہ و طاعت کا سلوک اختیار کیا۔ پھر میری ہی طرف تمہیں پلٹ کر آنا ہے تو میں تمہیں ان کاموں سے باخبر کر دوں گا جو تم کرتے رہے تھے o

And if both of them contend with you that you should associate (others) with

Me, of which you have no knowledge, then do not obey them. And cooperate with them in worldly affairs in a decent manner. But (in the matter of faith and the Last Hour and the related affairs) follow someone who adopts the path of turning to Me in repentance and submitting to My injunctions. Then you are to return to Me alone. So I shall inform you about the works that you used to do.'

يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ **(16)**

ترجمہ: (لقمان نے کہا:) اے میرے فرزند! اگر کوئی چیز رائی کے دانہ کے برابر ہو، پھر خواہ وہ کسی چٹان میں (چھپی) ہو یا آسمانوں میں یا زمین میں (تب بھی) اللہ اسے (روزِ قیامت حساب کے لیے) موجود کر دے گا۔ بے شک اللہ باریک بین (بھی) ہے آگاہ وخبردار (بھی) ہےo

(Luqman said:) 'O my son, if there is a thing equal to the grain of a mustard seed (hidden) inside a rock or in the heavens or in the earth, (even then) Allah will bring it forth (for reckoning on the Day of Judgment). Surely, Allah is the Subtle Knower of the minutest matters, All-Aware and Most Vigilant (as well).

يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلَاةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنكَرِ وَاصْبِرْ عَلَى مَا أَصَابَكَ إِنَّ ذَلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ **(17)**

ترجمہ: اے میرے فرزند! تو نماز قائم رکھ اور نیکی کا حکم دے اور برائی سے منع کر اور جو تکلیف تجھے پہنچے اس پر صبر کر، بے شک یہ بڑی ہمت کے کام ہیںo

O my son! Establish Prayer and enjoin good and forbid evil, and patiently endure every suffering that touches you. Verily, these are matters of great courage and high resolve.

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحاً إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ **(18)**

ترجمہ: اور لوگوں سے (غرور کے ساتھ) اپنا رخ نہ پھیر، اور زمین پر اکڑ کر مت چل، بے شک اللہ ہر متکبّر، اِترا کر چلنے والے کو ناپسند فرماتا ہےo

And do not turn your face away from the people (in arrogance), nor walk haughtily on earth. Surely, Allah does not love the arrogant one who walks gloatingly in self-conceit.

وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِن صَوْتِكَ إِنَّ أَنكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ **(19)**

ترجمہ: اور اپنے چلنے میں میانہ روی اختیار کر، اور اپنی آواز کو کچھ پست رکھا کر، بے شک سب سے بری آواز گدھے کی آواز ہےo

And adopt moderation whilst walking and keep your voice low. Surely, the worst voice is the bray of a donkey.'

j۔ قصہ قارون

سورۃ القصص:

إِنَّ قَارُونَ كَانَ مِن قَوْمِ مُوسَى فَبَغَى عَلَيْهِمْ وَآتَيْنَاهُ مِنَ الْكُنُوزِ مَا إِنَّ مَفَاتِحَهُ لَتَنُوءُ بِالْعُصْبَةِ أُولِي الْقُوَّةِ إِذْ قَالَ لَهُ قَوْمُهُ لَا تَفْرَحْ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِينَ (76)

ترجمہ: بے شک قارون موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم سے تھا پھر اس نے لوگوں پر سرکشی کی اور ہم نے اسے اس قدر خزانے عطا کیے تھے کہ اس کی کنجیاں (اٹھانا) ایک بڑی طاقتور جماعت کو دشوار ہوتا تھا، جبکہ اس کی قوم نے اس سے کہا: تُو (خوشی کے مارے) غُرور نہ کر بے شک اللہ اِترانے والوں کو پسند نہیں فرماتاo

No doubt Qarun (Korah) was of the people of Musa (Moses) but he oppressed them. And We gave him so much of treasures that it was hard for a powerful party of strong men to (carry) his keys whilst his people said to him: 'Do not be arrogant and conceited (out of rejoicing). Verily, Allah does not like those who gloat.

وَابْتَغِ فِيمَا آتَاكَ اللَّهُ الدَّارَ الْآخِرَةَ وَلَا تَنسَ نَصِيبَكَ مِنَ الدُّنْيَا وَأَحْسِن كَمَا أَحْسَنَ اللَّهُ إِلَيْكَ وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ (77)

ترجمہ: اور تو اس (دولت) میں سے جو اللہ نے تجھے دے رکھی ہے آخرت کا گھر طلب کر، اور دنیا سے (بھی) اپنا حصہ نہ بھول اور تو (لوگوں سے ویسا ہی) احسان کر جیسا احسان اللہ نے تجھ سے فرمایا ہے اور ملک میں (ظلم، ارتکاز اور استحصال کی صورت میں) فساد انگیزی (کی راہیں) تلاش نہ کر، بے شک اللہ فساد بپا کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتاo

And seek the home of the Hereafter with what (wealth) Allah has given you, and (also) do not forget your share of the world. And do (such) good (to the people) as Allah has done good to you. But do not look for (ways to spread) evil and terror in the land (through oppression, accumulation of wealth and exploitation). Surely, Allah does not like those who violate peace.'

قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَى عِلْمٍ عِندِي أَوَلَمْ يَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ قَدْ أَهْلَكَ مِن قَبْلِهِ مِنَ الْقُرُونِ مَنْ هُوَ أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَأَكْثَرُ جَمْعًا وَلَا يُسْأَلُ عَن ذُنُوبِهِمُ الْمُجْرِمُونَ (78)

ترجمہ: وہ کہنے لگا: (میں یہ مال معاشرے اور عوام پر کیوں خرچ کروں) مجھے تو یہ مال صرف اس (کسبی) علم و ہنر کی بنا پر دیا گیا ہے جو میرے پاس ہے۔ کیا اسے یہ معلوم نہ تھا کہ اللہ نے واقعتاً اس سے پہلے بہت سی ایسی قوموں کو ہلاک کر دیا تھا جو طاقت میں اس سے کہیں زیادہ سخت تھیں اور (مال و دولت اور افرادی قوت کے) جمع کرنے میں کہیں زیادہ (آگے) تھیں، اور (بوقتِ ہلاکت) مجرموں سے ان کے گناہوں کے بارے میں (مزید تحقیق یا کوئی عذر اور سبب) نہیں پوچھا جائے گاo

He said: '(Why should I spend this capital for the good of people and society?) This wealth has been given to me only on the basis of (the professional) knowledge and skill I possess.' Did he not know that Allah had indeed destroyed before him many communities who were far stronger than him in might and far ahead in accumulating (wealth and manpower)? And the culprits will not be questioned (for fact-finding or any excuse or reason) about their

sins (at the time of destruction).

فَخَرَجَ عَلَى قَوْمِهِ فِي زِينَتِهِ قَالَ الَّذِينَ يُرِيدُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا يَا لَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَا أُوتِيَ قَارُونُ إِنَّهُ لَذُو حَظٍّ عَظِيمٍ **(79)**

ترجمہ: پھر وہ اپنی قوم کے سامنے (پوری) زینت و آرائش (کی حالت) میں نکلا۔ (اس کی ظاہری شان و شوکت کو دیکھ کر) وہ لوگ بول اٹھے جو دنیوی زندگی کے خواہش مند تھے: کاش! ہمارے لیے (بھی) ایسا (مال و متاع) ہوتا جیسا قارون کو دیا گیا ہے، بے شک وہ بڑے نصیب والا ہےo

Then he went forth before his people, (fully) adorned and ornamented. (Seeing his apparent pomp and show) those who were desirous of worldly life could not help saying: 'Would that there were such (affluence and riches) for us (as well) as Qarun (Korah) has been given! Surely, he has a mighty fortune.'

وَقَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللَّهِ خَيْرٌ لِّمَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً وَلَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الصَّابِرُونَ **(80)**

ترجمہ: اور (دوسری طرف) وہ لوگ جنہیں علم (حق) دیا گیا تھا بول اٹھے: تم پر افسوس ہے اللہ کا ثواب اس شخص کے لیے (اس دولت و زینت سے کہیں زیادہ) بہتر ہے جو ایمان لایا ہو اور نیک عمل کرتا ہو، مگر یہ (اجر و ثواب) صبر کرنے والوں کے سوا کسی کو عطا نہیں کیا جائے گاo

And (on the other side) those who had been granted knowledge (of the truth) said: 'Woe to you! Allah's reward is (far) better (than this wealth and adornment) for him who has believed and is committed to pious deeds. But this (reward and compensation) will not be given except to those who keep patience.'

فَخَسَفْنَا بِهِ وَبِدَارِهِ الْأَرْضَ فَمَا كَانَ لَهُ مِن فِئَةٍ يَنصُرُونَهُ مِن دُونِ اللَّهِ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنتَصِرِينَ **(81)**

ترجمہ: پھر ہم نے اس (قارون) کو اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا، سو اللہ کے سوا اس کے لیے کوئی بھی جماعت (ایسی) نہ تھی جو (عذاب سے بچانے میں) اس کی مدد کر سکتی اور نہ وہ خود ہی عذاب کو روک سکاo

Then We sank him (Qarun [Korah]) and his house into the earth. So except Allah, there was no (such) party that could help him (in saving from the torment). Nor could he stop the torment himself.

وَأَصْبَحَ الَّذِينَ تَمَنَّوْا مَكَانَهُ بِالْأَمْسِ يَقُولُونَ وَيْكَأَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَوْلَا أَن مَّنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا وَيْكَأَنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ **(82)**

ترجمہ: اور جو لوگ کل اس کے مقام و مرتبہ کی تمنا کر رہے تھے (از رہِ ندامت) کہنے لگے: کتنا عجیب ہے کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ فرماتا اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ فرماتا ہے، اگر اللہ نے ہم پر احسان نہ فرمایا ہوتا تو ہمیں (بھی) دھنسا دیتا، ہائے تعجب ہے! (اب معلوم ہوا) کہ کافر نجات نہیں پا سکتےo

And those who were longing for his position and prominence the day before said (feeling sorry and regretful): 'How amazing! Allah gives abundantly to whom He wills and sparingly (to whom He wills) of His servants. Had Allah not done favour to us, He would have sunk us (too). Ah! (It is now understood) that the disbelievers cannot attain to deliverance.'

k۔ قصہ حضرت مریم علیہا السلام

سورۃ مریم:

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَاناً شَرْقِيّاً (16)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ کتاب (قرآن مجید) میں مریم (علیہا السلام) کا ذکر کیجئے، جب وہ اپنے گھر والوں سے الگ ہوکر (عبادت کے لیے خلوت اختیار کرتے ہوئے) مشرقی مکان میں آ گئیںo

And, (O My Esteemed Beloved,) recite the account of Maryam (Mary) in the Book (the Holy Qur'an) when she separated from her family (adopting seclusion for worship and) moved to the eastern house.

فَاتَّخَذَتْ مِن دُونِهِمْ حِجَاباً فَأَرْسَلْنَا إِلَيْهَا رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَراً سَوِيّاً (17)

ترجمہ: پس انہوں نے ان (گھر والوں اور لوگوں) کی طرف سے حجاب اختیار کر لیا (تاکہ حسنِ مطلق اپنا حجاب اٹھا دے)، تو ہم نے ان کی طرف اپنی روح (یعنی فرشتہ جبریل) کو بھیجا سو (جبریل) ان کے سامنے مکمل بشری صورت میں ظاہر ہواo

So she adopted veiling from them (the family and the people so that the absolute divine beauty unveils Himself). Then We sent towards her Our Spirit (the angel, Gabriel), who appeared before her in complete form of a human being.

قَالَتْ إِنِّيَ أَعُوذُ بِالرَّحْمَنِ مِنكَ إِن كُنتَ تَقِيّاً (18)

ترجمہ: (مریم علیہا السلام نے) کہا: بے شک میں تجھ سے (خدائے) رحمان کی پناہ مانگتی ہوں اگر تو (اللہ سے) ڈرنے والا ہےo

(Maryam [Mary]) said: 'I seek refuge with the Most Gracious (Lord) from you if you fear (Allah).'

قَالَ إِنَّمَا أَنَا رَسُولُ رَبِّكِ لِأَهَبَ لَكِ غُلَاماً زَكِيّاً (19)

ترجمہ: (جبریل علیہ السلام نے) کہا: میں تو فقط تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں، (اس لیے آیا ہوں) کہ میں تجھے ایک پاکیزہ بیٹا عطا کروںo

(Jibra'il [Gabriel]) said: 'I am only a messenger from your Lord. (I have come) to bestow upon you a pure son.'

قَالَتْ أَنَّى يَكُونُ لِيَ غُلَامٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيّاً (20)

ترجمہ: (مریم علیہا السلام نے) کہا: میرے ہاں لڑکا کیسے ہوسکتا ہے جبکہ مجھے کسی انسان نے چھوا تک نہیں اور نہ ہی میں بدکار ہوںo

(Maryam [Mary]) said: 'How can there be a son to me, whereas no man has even touched me, nor am I unchaste?'

قَالَ كَذَلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَلِنَجْعَلَهُ آيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا وَكَانَ أَمْراً مَّقْضِيّاً (21)

ترجمہ: (جبریل علیہ السلام نے) کہا: (تعجب نہ کر) ایسے ہی ہوگا، تیرے رب نے فرمایا ہے: یہ (کام) مجھ پر آسان ہے، اور (یہ اس لیے ہوگا) تاکہ ہم اسے لوگوں کے لیے نشانی اور اپنی جانب سے رحمت بنا دیں، اور یہ امر (پہلے سے) طے شدہ ہےo

(Jibra'il [Gabriel]) said: '(Do not wonder.) It will be the same way. Your Lord says: This (work) is easy for Me, and (the objective is) that We may make him a sign for the people and mercy from Us. And it is a matter (already) decreed.'

فَحَمَلَتْهُ فَانتَبَذَتْ بِهِ مَكَاناً قَصِيّاً (22)

ترجمہ: پس مریم نے اسے پیٹ میں لے لیا اور (آبادی سے) الگ ہو کر دور ایک مقام پر جا بیٹھیںo

So Maryam (Mary) conceived him and positioned herself at a remote site, aloof (from the people).

فَأَجَاءهَا الْمَخَاضُ إِلَى جِذْعِ النَّخْلَةِ قَالَتْ يَا لَيْتَنِي مِتُّ قَبْلَ هَذَا وَكُنتُ نَسْياً مَّنسِيّاً (23)

ترجمہ: پھر دردِ زہ انہیں ایک کھجور کے تنے کی طرف لے آیا، وہ (پریشانی کے عالم میں) کہنے لگیں: اے کاش! میں پہلے سے مر گئی ہوتی اور بالکل بھولی بسری ہو چکی ہوتیo

Then the birth pangs drove her to the trunk of a palm-tree. She said (in anxiety): 'Would that I had died before this and had become totally forgotten!'

فَنَادَاهَا مِن تَحْتِهَا أَلَّا تَحْزَنِي قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيّاً (24)

ترجمہ: پھر ان کے نیچے کی جانب سے (جبریل نے یا خود عیسیٰ علیہ السلام نے) انہیں آواز دی کہ تو رنجیدہ نہ ہو، بے شک تمہارے رب نے تمہارے نیچے ایک چشمہ جاری کر دیا ہے (یا تمہارے نیچے ایک عظیم المرتبہ انسان کو پیدا کر کے لٹا دیا ہے)o

Then (Gabriel or 'Isa [Jesus] himself) called out to her from beneath her: 'Grieve not. Surely, your Lord has made a water spring flow under you (or has created and laid under you an exalted human being).

وَهُزِّي إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ رُطَباً جَنِيّاً(25)

ترجمہ: اور کھجور کے تنے کو اپنی طرف ہلاؤ وہ تم پر تازہ پکی ہوئی کھجوریں گرا دے گاo

And shake the trunk of the date-palm towards you. It will shed fresh ripe dates upon you.

فَكُلِي وَاشْرَبِي وَقَرِّي عَيْناً فَإِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ أَحَداً فَقُولِي إِنِّي نَذَرْتُ لِلرَّحْمَنِ صَوْماً فَلَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ إِنسِيّاً (26)

ترجمہ: سو تم کھاؤ اور پیو اور (اپنے حسین و جمیل فرزند کو دیکھ کر) آنکھیں ٹھنڈی کرو، پھر اگر تم کسی بھی انسان کو دیکھو تو (اشارے سے) کہہ دینا کہ میں نے (خدائے) رحمان کے لیے (خاموشی کے) روزہ کی نذر مانی ہوئی ہے سو میں آج کسی انسان سے قطعاً گفتگو نہیں کروں گیo

So eat and drink and cool (your) eyes (with the sight of your beautiful, lovely baby). Then if you see any man, say (to him by gestures): 'I have vowed a fast (of silence) to the Most Gracious (Lord), so I shall just not talk to any human being today.'

فَأَتَتْ بِهِ قَوْمَهَا تَحْمِلُهُ قَالُوا يَا مَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئاً فَرِيّاً (27)

ترجمہ: پھر وہ اس (بچے) کو (گود میں) اٹھائے ہوئے اپنی قوم کے پاس آ گئیں۔ وہ کہنے لگے: اے مریم! یقیناً تو بہت ہی عجیب چیز لائی ہےo

Then, carrying (the baby in her lap), she came to her people. They said: 'O Maryam (Mary), surely you have brought quite an amazing thing!

يَا أُخْتَ هَارُونَ مَا كَانَ أَبُوكِ امْرَأَ سَوْءٍ وَمَا كَانَتْ أُمُّكِ بَغِيّاً (28)

ترجمہ: اے ہارون کی بہن! نہ تیرا باپ برا آدمی تھا اور نہ ہی تیری ماں بدچلن تھیo

O sister of Harun (Aaron)! Neither was your father a bad man, nor was your mother an unchaste woman.'

فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ قَالُوا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَن كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيّاً (29)

ترجمہ: تو مریم نے اس (بچے) کی طرف اشارہ کیا، وہ کہنے لگے: ہم اس سے کس طرح بات کریں جو (ابھی) گہوارہ میں بچہ ہےo

On this Maryam (Mary) pointed to (the baby). They said: 'How can we talk to him who is (yet) an infant in the cradle?'

قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِي نَبِيّاً (30)

ترجمہ: (بچہ خود) بول پڑا: بے شک میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب عطا فرمائی ہے اور مجھے نبی بنایا ہےo

(The infant himself) spoke out: 'I am indeed a servant of Allah. He has given me the Book and has raised me as a Prophet.

وَجَعَلَنِي مُبَارَكاً أَيْنَ مَا كُنتُ وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيّاً (31)

ترجمہ: اور میں جہاں کہیں بھی رہوں اس نے مجھے سراپا برکت بنایا ہے اور میں جب تک (بھی) زندہ ہوں اس نے مجھے نماز اور زکوٰۃ کا حکم فرمایا ہےo

And wherever I may reside, He has made me an embodiment of blessing. And He has enjoined upon me Prayer and Zakat (the Alms-due) as long as I am alive.

وَبَرّاً بِوَالِدَتِي وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّاراً شَقِيّاً (32)

ترجمہ: اور اپنی والدہ کے ساتھ نیک سلوک کرنے والا (بنایا ہے) اور اس نے مجھے سرکش و بدبخت نہیں بنایاo

And (He has made me) treat my mother with excellence and has not made me disobedient and ill-fated.

وَالسَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدتُّ وَيَوْمَ أَمُوتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ حَيّاً (33)

ترجمہ: اور مجھ پر سلام ہو میرے میلاد کے دن، اور میری وفات کے دن، اور جس دن میں زندہ اٹھایا جاؤں گاo

And peace be upon me on the day of my birth, the day of my demise and the day I shall be raised up alive!'

ذَلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُونَ (34)

ترجمہ: یہ مریم (علیہا السلام) کے بیٹے عیسٰی (علیہ السلام) ہیں، (یہی) سچی بات ہے جس میں یہ لوگ شک کرتے ہیںo

Such is 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary. That is) the truth about which these people doubt.

مَا كَانَ لِلَّهِ أَن يَتَّخِذَ مِن وَلَدٍ سُبْحَانَهُ إِذَا قَضَى أَمْراً فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ (35)

ترجمہ: یہ اللہ کی شان نہیں کہ وہ (کسی کو اپنا) بیٹا بنائے، وہ (اس سے) پاک ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو اسے صرف یہی حکم دیتا ہے: ''ہوجا'' بس وہ ہوجاتا ہےo

It is not Allah's Glory that He should take (to Himself anyone as) a son. Holy and Glorified is He (above this)! When He decrees any matter, He only says to it: 'Be,' and it becomes.

سورۃ الانبیاء:

وَالَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهَا مِن رُّوحِنَا وَجَعَلْنَاهَا وَابْنَهَا آيَةً لِّلْعَالَمِينَ (91)

ترجمہ: اور اُس (پاکیزہ) خاتون (مریم علیہا السلام) کو بھی (یاد کریں) جس نے اپنی عفت کی حفاظت کی پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی اور ہم نے اسے اور اس کے بیٹے (عیسٰی علیہ السلام) کو جہان والوں کے لیے (اپنی قدرت کی) نشانی بنا دیاo

And (call to mind) that (embodiment of purity) Maryam ([Mary] as well) who guarded her chastity. Then We breathed into her of Our Spirit, and We made her and her son ('Isa [Jesus]) a sign (of Our power) for the people of the world.

سورۃ التحریم:

وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِي أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِن رُّوحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِينَ (12)

ترجمہ: اور (دوسری مثال) عمران کی بیٹی مریم کی (بیان فرمائی ہے) جس نے اپنی عصمت وعفّت کی خوب حفاظت کی تو ہم نے (اس کے) گریبان میں اپنی روح پھونک دی اور اس نے اپنے رب کے فرامین اور اس کی (نازل کردہ) کتابوں کی تصدیق کی اور وہ اطاعت گزاروں میں سے تھیo

And (the second example is given of) Maryam (Mary), the daughter of 'Imran, who guarded well her chastity and purity. And We breathed Our Spirit into the sternal opening of (her) shirt. And she confirmed the commandments of her Lord and the (revealed) Books and she was of the obedient.

ا۔ خندقوں والے لوگوں کا قصہ

سورۃ البروج:

قُتِلَ أَصْحَابُ الْأُخْدُودِ (4)

ترجمہ: خندقوں والے (لوگ) ہلاک کر دیے گئےo

(The people) of the trenches were slain,

النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ (5)

ترجمہ: (یعنی) اس بھڑکتی آگ (والے) جو بڑے ایندھن سے (جلائی گئی) تھیo

(The people of) the fierce fire which was (fed) with abundant fuel,

إِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُودٌ (6)

ترجمہ: جب وہ اس کے کناروں پر بیٹھے تھےo

When they sat beside it,

وَهُمْ عَلَى مَا يَفْعَلُونَ بِالْمُؤْمِنِينَ شُهُودٌ (7)

ترجمہ: اور وہ خود گواہ ہیں جو کچھ وہ اہلِ ایمان کے ساتھ کر رہے تھے (یعنی انہیں آگ میں پھینک پھینک کر جلا رہے تھے)o

And they are themselves witnesses to all they did to the believers (i.e., casting them into the fire and burning them).

وَمَا نَقَمُوا مِنْهُمْ إِلَّا أَن يُؤْمِنُوا بِاللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ (8)

ترجمہ: اور انہیں ان (مومنوں) کی طرف سے اور کچھ (بھی) ناگوار نہ تھا سوائے اس کے کہ وہ اللہ پر ایمان لے آئے تھے جو غالب (اور) لائقِ حمد و ثنا ہےo

And nothing (of the believers) was annoying them except that they had believed in Allah the Almighty, All-Praiseworthy,

الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (9)

ترجمہ: جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی (ساری) بادشاہت ہے، اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہےo

To Whom the (entire) kingdom of the heavens and the earth belongs and Allah is Witness over everything.

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ (10)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اذیت دی پھر توبہ (بھی) نہ کی تو ان کے لیے عذابِ جہنم ہے اور ان کے لیے (بالخصوص) آگ میں جلنے کا عذاب ہےo

Indeed, those who persecute the believing men and women and then do not (even) repent, for them is the punishment of Hell, and for them is (especially) the torment of burning in the Fire.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ (11)

ترجمہ: بے شک جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں جاری ہیں، یہی بڑی کامیابی ہے o

And indeed, those who believe and keep doing pious deeds, for them are Gardens with streams flowing under them. This is the great victory.

إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ (12)

ترجمہ: بے شک آپ کے رب کی پکڑ بہت سخت ہے o

Surely, the seizure of your Lord is most severe.

m۔ اصحابِ کہف

سورۃ الکہف:

أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيمِ كَانُوا مِنْ آيَاتِنَا عَجَباً (9)

ترجمہ: کیا آپ نے یہ خیال کیا ہے کہ کہف و رقیم (یعنی غار اور لوحِ غار یا وادیٔ رقیم) والے ہماری (قدرت کی) نشانیوں میں سے (کتنی) عجیب نشانی تھے؟o

Have you thought of it (how) wondrous a sign of the signs (of Our might) were the People of the Kahf and the Raqim (i.e., the People of Cave and the Cave Tablet or the Raqim valley)?

إِذْ أَوَى الْفِتْيَةُ إِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوا رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَداً (10)

ترجمہ: (وہ وقت یاد کیجئے) جب چند نوجوان غار میں پناہ گزیں ہوئے تو انہوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمیں اپنی بارگاہ سے رحمت عطا فرما اور ہمارے کام میں راہ یابی (کے اسباب) مہیا فرماo

(Call to mind the time) when a few youths took refuge in the cave. They said: 'O our Lord, bestow upon us mercy from Your presence and provide (means of) guidance in our affair.'

فَضَرَبْنَا عَلَى آذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِينَ عَدَداً (11)

ترجمہ: پس ہم نے اس غار میں گنتی کے چند سال ان کے کانوں پر تھپکی دے کر (انہیں سلا دیا)o

So We patted their ears (putting them to slumber) for some countable years in that cave.

ثُمَّ بَعَثْنَاهُمْ لِنَعْلَمَ أَيُّ الْحِزْبَيْنِ أَحْصَى لِمَا لَبِثُوا أَمَداً (12)

ترجمہ: پھر ہم نے انہیں اٹھا دیا کہ دیکھیں دونوں گروہوں میں سے کون اس (مدّت) کو صحیح شمار کرنے والا ہے جو وہ (غار میں) ٹھہرے رہےo

Then We raised them up to see which of the two groups would most rightly calculate (the time) that they stayed (in the cave).

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَأَهُم بِالْحَقِّ إِنَّهُمْ فِتْيَةٌ آمَنُوا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنَاهُمْ هُدًى (13)

ترجمہ: (اب) ہم آپ کو ان کا حال صحیح صحیح سناتے ہیں، بے شک وہ (چند) نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے ان کے لیے (نورِ) ہدایت میں اور اضافہ فرما دیاo

We (now) narrate to you their actual state of affairs. They were indeed (a few) young men who believed in their Lord, and We increased for them (the light of) guidance.

وَرَبَطْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ إِذْ قَامُوا فَقَالُوا رَبُّنَا رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَن نَّدْعُوَ مِن دُونِهِ إِلَهاً لَقَدْ قُلْنَا إِذاً شَطَطاً (14)

ترجمہ: اور ہم نے ان کے دلوں کو (اپنے ربط و نسبت سے) مضبوط و مستحکم فرما دیا، جب وہ (اپنے بادشاہ کے سامنے) کھڑے

ہوئے تو کہنے لگے: ہمارا رب تو آسمانوں اور زمین کا رب ہے ہم اس کے سوا ہرگز کسی (جھوٹے) معبود کی پرستش نہیں کریں گے (اگر ایسا کریں تو) اس وقت ہم ضرور حق سے ہٹی ہوئی بات کریں گےo

And We strengthened and stabilized their hearts (through Our communication and divine affinity). When they stood (before their king), they said: 'Our Lord is the Lord of the heavens and the earth. We shall never worship any (false) god besides Him. (If we do that,) then we shall certainly say something profane.

هَؤُلَاءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً لَّوْلَا يَأْتُونَ عَلَيْهِم بِسُلْطَانٍ بَيِّنٍ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِباً(15)

ترجمہ: یہ ہماری قوم کے لوگ ہیں جنہوں نے اس کے سوا کئی معبود بنا لیے ہیں، تو یہ ان (کے معبود ہونے) پر کوئی واضح سند کیوں نہیں لاتے؟ سو اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتا ہےo

These are the people of our community who have made many gods apart from Him. Why do they not bring any clear proof (in support of their godhood)? So, who is a greater wrongdoer than he who fabricates a lie against Allah?'

وَإِذِ اعْتَزَلْتُمُوهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ إِلَّا اللَّهَ فَأْوُوا إِلَى الْكَهْفِ يَنشُرْ لَكُمْ رَبُّكُم مِّن رَّحمته ويُهَيِّءْ لَكُم مِّنْ أَمْرِكُم مِّرْفَقاً (16)

ترجمہ: اور (ان نوجوانوں نے آپس میں کہا:) جب تم ان سے اور ان (جھوٹے معبودوں) سے جنہیں یہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں کنارہ کش ہو گئے ہو تو تم (اس) غار میں پناہ لے لو، تمہارا رب تمہارے لیے اپنی رحمت کشادہ فرما دے گا اور تمہارے لیے تمہارے کام میں سہولت مہیا فرما دے گاo

And (those young men mutually discussed:) 'When you have withdrawn yourselves from them, and those (false gods) which they worship other than Allah, take shelter in (this) cave. Your Lord will open up His mercy for you and will facilitate you in your affair.'

وَتَرَى الشَّمْسَ إِذَا طَلَعَت تَّزَاوَرُ عَن كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَإِذَا غَرَبَت تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِي فَجْوَةٍ مِّنْهُ ذَلِكَ مِنْ آيَاتِ اللَّهِ مَن يَهْدِ اللَّهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ وَمَن يُضْلِلْ فَلَن تَجِدَ لَهُ وَلِيّاً مُّرْشِداً (17)

ترجمہ: اور آپ دیکھتے ہیں جب سورج طلوع ہوتا ہے تو ان کے غار سے دائیں جانب ہٹ جاتا ہے اور جب غروب ہونے لگتا ہے تو ان سے بائیں جانب کترا جاتا ہے اور وہ اس غار کے کشادہ میدان میں (لیٹے) ہیں، یہ (سورج کا اپنے راستے کو بدل لینا) اللہ کی (قدرت کی بڑی) نشانیوں میں سے ہے، جسے اللہ ہدایت فرما دے سو وہی ہدایت یافتہ ہے، اور جسے وہ گمراہ ٹھہرا دے تو آپ اس کے لیے کوئی ولی مرشد (یعنی راہ دکھانے والا مددگار) نہیں پائیں گےo

And you see that the sun, when it rises, moves to the right from their cave, and inclines obliquely from them to the left when it sets, whilst they are (lying) in the open chamber of the cave. This (change of the sun's course) is one of the (great) signs of Allah's (might). He whom Allah guides is the one who is rightly guided, but the one whom He holds strayed, you will not find for him any wali (friend to help) and murshid (guide to show the path).

وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظاً وَهُمْ رُقُودٌ وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ وَكَلْبُهُم بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَاراً وَلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْباً (18)

ترجمہ: اور (اے سننے والے!) تو انہیں (دیکھے تو) بیدار خیال کرے گا حالاں کہ وہ سوئے ہوئے ہیں اور ہم (وقفوں کے ساتھ) انہیں دائیں جانب اور بائیں جانب کروٹیں بدلاتے رہتے ہیں، اور ان کا کتا (ان کی) چوکھٹ پر اپنے دونوں بازو پھیلائے (بیٹھا) ہے، اگر تو انہیں جھانک کر دیکھ لیتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتا اور تیرے دل میں ان کی دہشت بھر جاتی o

And, (O listener,) if you (look) at them, you will deem them awake, whereas they are asleep. And We keep changing their sides to the right and to the left (after regular intervals), and their dog is sitting on (their) threshold sprawling both its forelegs. Had you glanced at them (secretly), you would have run away, turning your back on them, and your heart would have been filled with their terror.

وَكَذَلِكَ بَعَثْنَاهُمْ لِيَتَسَاءلُوا بَيْنَهُمْ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْماً أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ قَالُوا رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ فَابْعَثُوا أَحَدَكُم بِوَرِقِكُمْ هَذِهِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنظُرْ أَيُّهَا أَزْكَى طَعَاماً فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَداً (19)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے انہیں اٹھا دیا تاکہ وہ آپس میں دریافت کریں، (چنانچہ) ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا: تم (یہاں) کتنا عرصہ ٹھہرے ہو؟ انہوں نے کہا: ہم (یہاں) ایک دن یا اس کا (بھی) کچھ حصہ ٹھہرے ہیں، (بالآخر) کہنے لگے: تمہارا رب ہی بہتر جانتا ہے کہ تم (یہاں) کتنا عرصہ ٹھہرے ہو، سو تم اپنے میں سے کسی ایک کو اپنا یہ سکہ دے کر شہر کی طرف بھیجو پھر وہ دیکھے کہ کون سا کھانا زیادہ حلال اور پاکیزہ ہے تو اس میں سے کچھ کھانا تمہارے پاس لے آئے اور اسے چاہئے کہ (آنے جانے اور خریدنے میں) آہستگی اور نرمی سے کام لے اور کسی ایک شخص کو (بھی) تمہاری خبر نہ ہونے دے o

And likewise, We raised them up so that they could probe amongst themselves. (So) the vocal one amongst them said: 'How long have you stayed (here)?' They said: 'We have tarried (here) for a day or (even) a part of that.' (Winding it up, they) said: 'Your Lord knows best how long you have stayed (here). So send someone of you to the city with this coin of yours. He should then find which food is more lawful and clean and bring you some of that. He should remain slow and polite (in going, buying and coming back), not leaving any clue about you (even) to a single person.

إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيْدُوكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَن تُفْلِحُوا إِذاً أَبَداً (20)

ترجمہ: بے شک اگر انہوں نے تم (سے آگاہ ہو کر تم) پر دسترس پالی تو تمہیں سنگسار کر ڈالیں گے یا تمہیں (جبرًا) اپنے مذہب میں پلٹا لیں گے اور (اگر ایسا ہو گیا تو) تب تم ہرگز کبھی بھی فلاح نہیں پاؤ گے o

Surely, if they overpower you (after becoming aware of you), they will stone you to death, or force you (through oppression) to return to their faith. And, (if it so happens,) then you will not prosper at all.

وَكَذَلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوا أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيهَا إِذْ يَتَنَازَعُونَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِم بُنْيَاناً رَّبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَى أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِم مَّسْجِداً (21)

ترجمہ: اوراس طرح ہم نے ان (کے حال) پران لوگوں کو (جو چندصدیاں بعد کے تھے) مطلع کردیا تا کہ وہ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ (بھی) کہ قیامت کے آنے میں کوئی شک نہیں ہے۔ جب وہ (بستی والے) آپس میں ان کے معاملہ میں جھگڑا کرنے لگے (جب اصحابِ کہف وفات پاگئے) تو انہوں نے کہا کہ ان (کے غار) پر ایک عمارت (بطور یادگار) بنادو، ان کا رب ان (کے حال) سے خوب واقف ہے، ان (ایمان والوں) نے کہا جنہیں ان کے معاملہ پر غلبہ حاصل تھا کہ ہم ان (کے دروازہ) پر ضرور ایک مسجد بنائیں گے (تا کہ مسلمان اس میں نماز پڑھیں اور ان کی قربت سے خصوصی برکت حاصل کریں)o

And in this way, We unveiled their (state) to those (who succeeded them some centuries later) so that they might know that Allah's promise is true, and (also) that there is no doubt about the coming of the Last Hour. (When these people of the cave died) and the people of the town disputed concerning their matter, they said: 'Raise a building over their (cave as a monument). Their Lord knows best their state of (saintly) affairs.' Those (believers) who had the upper hand in their matter said: 'We shall certainly build a mosque (at their door so that the believers may pray therein, and acquire special bounty by obtaining spiritual nearness to the people of the cave).'

سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْماً بِالْغَيْبِ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاء ظَاهِراً وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَداً (22)

ترجمہ: (اب) کچھ لوگ کہیں گے: (اصحابِ کہف) تین تھے ان میں سے چوتھا ان کا کتا تھا، اور بعض کہیں گے: پانچ تھے ان میں سے چھٹا ان کا کتا تھا، یہ بن دیکھے اندازے ہیں، اور بعض کہیں گے: (وہ) سات تھے اور ان میں سے آٹھواں ان کا کتا تھا۔ فرما دیجیے: میرا رب ہی ان کی تعداد کو خوب جانتا ہے اور سوائے چند لوگوں کے ان (کی صحیح تعداد) کا علم کسی کو نہیں، سو آپ کسی سے ان کے بارے میں بحث نہ کیا کریں سوائے اس قدر وضاحت کے جو ظاہر ہو چکی ہے اور نہ ان میں سے کسی سے ان (اصحابِ کہف) کے بارے میں کچھ دریافت کریںo

(Now) some will say: '(The people of the cave) were three and the fourth was their dog,' and still some will say: '(They) were five and the sixth was their dog.' These are the estimations made without seeing. And others will say: '(They) were seven and the eighth was their dog.' Say: 'My Lord is the One Who exactly knows their number and none knows their (exact number) except a few.' So do not discuss about them with anyone except the details that have been revealed. Nor seek any information from any of them (about the People of the Cave).

وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَلِكَ غَداً (23)

ترجمہ: اور کسی بھی چیز کی نسبت یہ ہرگز نہ کہا کریں کہ میں اس کام کو کل کرنے والا ہوںo

And never say about anything: 'I shall do this tomorrow.'

إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ وَاذْكُر رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَى أَن يَهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ مِنْ هَذَا رَشَداً (24)

ترجمہ: مگر یہ کہ اگر اللہ چاہے (یعنی اِن شاء اللہ کہہ کر) اور اپنے رب کا ذکر کیا کریں جب آپ بھول جائیں اور کہیں: امید ہے میرا رب مجھے اس سے (بھی) قریب تر ہدایت کی راہ دکھا دے گاo

But that: 'If Allah so wills (i.e., saying: In sha Allah).' And remember your Lord when you forget and say: 'I believe my Lord will show me the path of guidance which is (even) nearer than this one.'

وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِئَةٍ سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعاً (25)

ترجمہ: اور وہ (اصحابِ کہف) اپنی غار میں تین سو برس ٹھہرے رہے اور انہوں نے (اس پر) نو (سال) اور بڑھا دیےo

And (the People of the Cave [Kahf]) stayed in their cave for three hundred years and they added another (nine) years (to that).

قُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوا لَهُ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَبْصِرْ بِهِ وَأَسْمِعْ مَا لَهُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِ أَحَداً (26)

ترجمہ: فرما دیجیے: اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ کتنی مدت (وہاں) ٹھہرے رہے، آسمانوں اور زمین کی (سب) پوشیدہ باتیں اسی کے علم میں ہیں، کیا خوب دیکھنے والا اور کیا خوب سننے والا ہے، اس کے سوا ان کا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک فرماتا ہےo

Say: 'Allah is the One Who knows best for how long they remained (there).' He alone knows (all) the secrets of the heavens and the earth. How well He sees and how well He hears! They have no protector besides Him, nor does He share His sovereignty with anyone.

n۔ اہلِ یمن (باغ والوں کا قصہ)

سورۃ القلم:

إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ (17)

ترجمہ: بے شک ہم ان (اہلِ مکہ) کی (اُسی طرح) آزمائش کریں گے جس طرح ہم نے (یمن کے) ان باغ والوں کو آزمایا تھا جب انہوں نے قسم کھائی تھی کہ ہم صبح سویرے یقیناً اس کے پھل توڑ لیں گےo

Surely, We will try them (the inhabitants of Mecca in the same way) as We tried (in Yemen) the owners of the garden when they swore that they would surely pluck its fruit the next morning.

وَلَا يَسْتَثْنُونَ (18)

ترجمہ: اورانہوں نے (اِن شاءاللہ کہہ کر یا غریبوں کے حصہ کا) اِستثناء نہ کیاo

And they did not make any exception (saying 'if Allah wills' or for the share of the orphans).

فَطَافَ عَلَيْهَا طَائِفٌ مِّن رَّبِّكَ وَهُمْ نَائِمُونَ (19)

ترجمہ: پس آپ کے رب کی جانب سے ایک پھرنے والا (عذاب رات ہی رات میں) اس (باغ) پر پھر گیا اور وہ سوتے ہی رہےo

So a whirl (of disaster) from your Lord went round (that garden during the night) whilst they were asleep,

فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ (20)

ترجمہ: سو وہ (لہلہاتا پھلوں سے لدا ہوا باغ) صبح کو کٹی ہوئی کھیتی کی طرح ہو گیاo

So, that (waving fruit-laden garden) became a harvested field in the morning.

فَتَنَادَوا مُصْبِحِينَ (21)

ترجمہ: پھر صبح ہوتے ہی وہ ایک دوسرے کو پکارنے لگےo

Then as the day dawned, they started calling out one another:

أَنِ اغْدُوا عَلَى حَرْثِكُمْ إِن كُنتُمْ صَارِمِينَ (22)

ترجمہ: کہ اپنی کھیتی پر سویرے سویرے چلے چلو اگر تم پھل توڑنا چاہتے ہوo

'Leave early for your tilth if you want to pick the fruit.'

فَانطَلَقُوا وَهُمْ يَتَخَافَتُونَ (23)

ترجمہ: سو وہ لوگ چل پڑے اور وہ آپس میں چپکے چپکے کہتے جاتے تھےo

So they set off whispering to one another:

أَن لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُم مِّسْكِينٌ (24)

ترجمہ: کہ آج اس باغ میں تمہارے پاس ہرگز کوئی محتاج نہ آنے پائےo

Do not let any pauper come near you in the garden today.'

وَغَدَوْا عَلَى حَرْدٍ قَادِرِيْنَ (25)

ترجمہ: اور وہ صبح سویرے (پھل کاٹنے اور غریبوں کو اُن کے حصہ سے محروم کرنے کے) منصوبے پر قادِر بنتے ہوئے چل پڑےo

And early in the morning they left, (feeling) quite competent to execute their plan (of getting the yield and depriving the poor of their share).

فَلَمَّا رَأَوْهَا قَالُوا إِنَّا لَضَالُّونَ (26)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے اس (ویران باغ) کو دیکھا تو کہنے لگے: ہم یقیناً راستہ بھول گئے ہیں (یہ ہمارا باغ نہیں ہے)o

Then when they saw that (ruined garden), they said: 'We must have lost our way; (this is not our garden).'

بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ (27)

ترجمہ: (جب غور سے دیکھا تو پکار اٹھے: نہیں نہیں،) بلکہ ہم تو محروم ہو گئے ہیںo

(But when they saw it cautiously, they cried: 'Oh no!) We have been deprived indeed.'

قَالَ أَوْسَطُهُمْ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ لَوْلَا تُسَبِّحُونَ (28)

ترجمہ: ان کے ایک عدل پسند زِیرک شخص نے کہا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ تم (اللہ کا) ذِکر و تسبیح کیوں نہیں کرتےo

One of them, wise and inclined to the balanced judgment, said: 'Did I not say to you: Why do you not glorify and remember Allah?'

قَالُوا سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ (29)

ترجمہ: (تب) وہ کہنے لگے کہ ہمارا رب پاک ہے، بے شک ہم ہی ظالم تھےo

(Then) they said: 'Our Lord is Holy. Surely, it is we who were the wrongdoers.'

فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَلَاوَمُونَ (30)

ترجمہ: سو وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باہم ملامت کرنے لگےo

So, blaming and maligning, they turned to one another.

قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا طَاغِينَ (31)

ترجمہ: کہنے لگے: ہائے ہماری شامت! بے شک ہم ہی سرکش و باغی تھےo

They said: 'Woe to us! No doubt it is we who were disobedient and rebellious.

عَسَى رَبُّنَا أَن يُبْدِلَنَا خَيْراً مِّنْهَا إِنَّا إِلَى رَبِّنَا رَاغِبُونَ (32)

ترجمہ: امید ہے ہمارا رب ہمیں اس کے بدلہ میں اس سے بہتر دے گا، بے شک ہم اپنے رب کی طرف رجوع کرتے ہیںo

We hope that our Lord may give us something better than this in exchange. Verily, we turn to our Lord.'

كَذَلِكَ الْعَذَابُ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ (33)

ترجمہ: عذاب اسی طرح ہوتا ہے، اور واقعی آخرت کا عذاب (اِس سے) کہیں بڑھ کر ہے، کاش! وہ لوگ جانتے ہوتےo

Such is the punishment. And truly, the torment of the Hereafter is far greater (than this). Would that they only knew!

o۔ ہاتھی والوں کا قصہ

سورۃ الفیل:

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ (1)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا سلوک کیاo

Have you not seen how your Lord dealt with those who had elephants?

أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ (2)

ترجمہ: کیا اس نے ان کے مکر وفریب کو باطل و ناکام نہیں کر دیاo

Did He not thwart their crafty designs?

وَأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْراً أَبَابِيلَ (3)

ترجمہ: اور اس نے ان پر (ہر سمت سے) پرندوں کے جھنڈ کے جھنڈ بھیج دیےo

And He sent on to them (ambient) swarms of birds,

تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ (4)

ترجمہ: جو ان پر کنکریلے پتھر مارتے تھےo

Which pelted them with stone-hard slugs.

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ (5)

ترجمہ: پھر (اللہ نے) ان کو کھائے ہوئے بھوسے کی طرح (پامال) کر دیاo

Then (Allah made them perish) like chewed-up chaff.

p۔ قصہ ابولہب

سورۃ اللہب:

تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ (1)

ترجمہ: ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ تباہ ہو جائے (اس نے ہمارے حبیب پر ہاتھ اٹھانے کی کوشش کی ہے)o

Perished be the two hands of Abu Lahab and be he perished himself (he has pointed his finger to Our Beloved)!

مَا أَغْنَى عَنْهُ مَالُهُ وَمَا كَسَبَ (2)

ترجمہ: اسے اس کے (موروثی) مال نے کچھ فائدہ نہ پہنچایا اور نہ ہی اس کی کمائی نےo

Neither His (inherited) wealth nor his earned riches have given him any benefit.

سَيَصْلَى نَاراً ذَاتَ لَهَبٍ (3)

ترجمہ: عنقریب وہ شعلوں والی آگ میں جا پڑے گاo

Soon he will tumble into the Flaming Fire,

وَامْرَأَتُهُ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ (4)

ترجمہ: اور اس کی (خبیث) عورت (بھی) جو (کانٹے دار) لکڑیوں کا بوجھ (سر پر) اٹھائے پھرتی ہے، (اور ہمارے حبیب کے تلووں کو زخمی کرنے کے لیے رات کو ان کی راہوں میں بچھا دیتی ہے)o

And his (damned, wretched) wife (too) who carries (on her head) the burden of (thorny) twigs (and spreads them in the way of Our Beloved, to injure the holy soles of his feet).

فِي جِيدِهَا حَبْلٌ مِّن مَّسَدٍ (5)

ترجمہ: اس کی گردن میں کھجور کی چھال کا (وہی) رسّہ ہوگا (جس سے کانٹوں کا گٹھا باندھتی ہے)o

Around her neck will be (the same) palm-fibre rope (she uses to bind the bunch of thorny twigs).

q۔ قصہ گستاخِ رسول (ولید بن مغیرہ)

سورۃ القلم:

وَلَا تُطِعۡ كُلَّ حَلَّافٖ مَّهِيۡنٍ (10)

ترجمہ: اورآپ کسی ایسے شخص کی بات نہ مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا اِنتہائی ذلیل ہےo

And do not agree with any vile, most mean swearer of oaths,

هَمَّازٖ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيۡمٍ (11)

ترجمہ: (جو) طعنہ زَن، عیب جُو (ہے اور) لوگوں میں فساد انگیزی کے لیے چغل خوری کرتا پھرتا ہےo

(The one who is) a slanderer, fault-finder, mischief-monger, (and) who backbites the people to rouse strife,

مَّنَّاعٍ لِّلۡخَيۡرِ مُعۡتَدٍ اَثِيۡمٍ (12)

ترجمہ: (جو) بھلائی کے کام سے بہت روکنے والا بخیل، حد سے بڑھنے والا سرکش (اور) سخت گنہگار ہےo

(The one who) greatly hinders pious works and is a miser, rebellious transgressor (and) toughened sinner,

عُتُلٍّۭ بَعۡدَ ذٰلِكَ زَنِيۡمٍ (13)

ترجمہ: (جو) بدمزاج درُشت خو ہے، مزید برآں بداَصل (بھی) ہے☆o

☆ یہ آیات ولید بن مغیرہ کے بارے میں نازل ہوئیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جتنے ذِلت آمیز اَلقاب باری تعالیٰ نے اس بدبخت کو دیئے آج تک کلامِ اِلٰہی میں کسی اور کے لیے استعمال نہیں ہوئے۔ وجہ یہ تھی کہ اُس نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اَقدس میں گستاخی کی، جس پر غضبِ اِلٰہی بھڑک اٹھا۔ ولید نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کا ایک کلمہ بولا تھا، جواباً باری تعالیٰ نے اُس کے دس رذائل بیان کیے اور آخر میں نطفۂ حرام ہونا بھی ظاہر کر دیا، اور اس کی ماں نے بعد ازاں اِس اَمر کی بھی تصدیق کر دی۔ (تفسیر قرطبی، رازی، نسفی وغیرھم)

(The one who is) rude, unmannerly, crooked and, moreover, of doubtful birth.*

*** These Verses were sent down about Walid b. Mughira. The venerable 'Abd Allah b. 'Abbas states: 'For no one else have so many humiliating titles been used to date in the Holy Book as Allah has given to this evil soul.' Because Walid b. Mughira blasphemed against the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him), Allah replied, describing ten of Walid b. Mughira's evils, and He also revealed his illegitimacy in the end. Later his mother validated this fact. See: Tafsir al-Qurtubi, al-Razi,al-Nasafi, etc.**

اَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِيۡنَ (14)

ترجمہ: اِس لیے (اس کی بات کو اہمیت نہ دیں) کہ وہ مال دار اور صاحبِ اَولاد ہےo

So (do not pay any heed to him) because he is wealthy and has children.

إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ (15)

ترجمہ: جب اس پر ہماری آیتیں تلاوت کی جائیں (تو) کہتا ہے: یہ (تو) پہلے لوگوں کے اَفسانے ہیںo

When Our Verses are recited to him, he says: 'These are the fictitious stories of the bygone people.'

سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُومِ (16)

ترجمہ: اب ہم اس کی سونڈ جیسی ناک پر داغ لگا دیں گےo

Now We shall brand him on the snout.

r۔ دو باغات والی شخصیات کا قصہ:

سورۃ الکہف:

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا (32)

ترجمہ: اور آپ ان سے ان دو شخصوں کی مثال بیان کریں جن میں سے ایک کے لیے ہم نے انگور کے دو باغات بنائے اور ہم نے ان دونوں کو تمام اَطراف سے کھجور کے درختوں کے ساتھ ڈھانپ دیا اور ہم نے ان کے درمیان (سرسبز و شاداب) کھیتیاں اگا دیںo

And relate to them the example of two men, one of whom We provided with two gardens of grapevines, and We hedged both from all sides with date-palms, and We grew between them (rich green) cultivated fields.

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِم مِّنْهُ شَيْئًا وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا (33)

ترجمہ: یہ دونوں باغ (کثرت سے) اپنے پھل لائے اور ان کی (پیداوار) میں کوئی کمی نہ رہی اور ہم نے ان دونوں (میں سے ہر ایک) کے درمیان ایک نہر (بھی) جاری کر دیo

Both these gardens yielded (abundant) fruits, and their (produce) did not fall short of the mark. And We (also) made one stream flow in the middle of (each of) the two.

وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهِ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَنَا أَكْثَرُ مِنكَ مَالًا وَأَعَزُّ نَفَرًا(34)

ترجمہ: اور اس شخص کے پاس (اس کے سوا بھی) بہت سے پھل (یعنی وسائل) تھے، تو اس نے اپنے ساتھی سے کہا اور وہ اس سے تبادلہ خیال کر رہا تھا کہ میں تجھ سے مال و دولت میں کہیں زیادہ ہوں اور قبیلہ و خاندان کے لحاظ سے (بھی) زیادہ باعزت ہوںo

And this man had (also besides this) abundant fruits (i.e., resources). Whilst exchanging views with his companion, he said to him: 'I am far more affluent than you and (also) more honourable with regard to family and tribal strength.'

وَدَخَلَ جَنَّتَهُ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ قَالَ مَا أَظُنُّ أَن تَبِيدَ هَذِهِ أَبَدًا (35)

ترجمہ: اور وہ (اسے لے کر) اپنے باغ میں داخل ہوا (تکبّر کی صورت میں) اپنی جان پر ظلم کرتے ہوئے کہنے لگا: میں یہ گمان (ہی) نہیں کرتا کہ یہ باغ تباہ ہوگاo

And (taking him along) he entered his garden. Doing wrong to his soul (by way of arrogance), he said: 'I do not (even) imagine that this garden will perish.

وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّدِدتُّ إِلَى رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنقَلَبًا (36)

ترجمہ: اور نہ ہی یہ گمان کرتا ہوں کہ قیامت قائم ہوگی اور اگر (بالفرض) میں اپنے رب کی طرف لوٹایا بھی گیا تو بھی یقیناً میں ان باغات سے بہتر پلٹنے کی جگہ پاؤں گاo

Nor do I entertain the idea that the Last Hour will take place. And if (supposedly) I am returned to my Lord, even then I shall certainly get a

place to return better than these gardens.'

قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ رَجُلاً (37)

ترجمہ: اس کے ساتھی نے اس سے کہا اور وہ اس سے تبادلہء خیال کر رہا تھا: کیا تو نے اس (رب) کا انکار کیا ہے جس نے تجھے (اوّلاً) مٹی سے پیدا کیا پھر ایک تولیدی قطرہ سے پھر تجھے (جسمانی طور پر) پورا مرد بنا دیا؟o

His companion, whilst exchanging views with him, said to him: 'Have you denied (the Lord) Who has created you (first) from clay, and then from a drop of vital fluid, and then accomplished you (physically) into a full-grown man?

لَّكِنَّا هُوَ اللَّهُ رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِرَبِّي أَحَداً (38)

ترجمہ: لیکن میں (تو یہ کہتا ہوں) کہ وہی اللہ میرا رب ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں گردانتاo

But (this is what) I say: Allah alone is my Lord, and I do not associate any partner with my Lord.

وَلَوْلَا إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاء اللَّهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ إِن تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنكَ مَالاً وَوَلَداً (39)

ترجمہ: اور جب تو اپنے باغ میں داخل ہوا تو تو نے کیوں نہیں کہا: ''ماشاء اللہ لاقوۃ اِلا باللہ'' (وہی ہونا ہے جو اللہ چاہے کسی کو کچھ طاقت نہیں مگر اللہ کی مدد سے)، اگر تو (اِس وقت) مجھے مال و اولاد میں اپنے سے کم تر دیکھتا ہے (تو کیا ہوا)o

And why did you not say when you entered your garden: It happens exactly as Allah wills. No one owns any power but with the help of Allah (Ma sha Allah, la quwwata illa bi-llah)? If (today) you find me inferior to you in wealth and riches (then what!)

فَعَسَى رَبِّي أَن يُؤْتِيَنِ خَيْراً مِّن جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَاناً مِّنَ السَّمَاءِ فَتُصْبِحَ صَعِيداً زَلَقاً (40)

ترجمہ: کچھ بعید نہیں کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر عطا فرمائے اور اس (باغ) پر آسمان سے کوئی عذاب بھیج دے پھر وہ چٹیل چکنی زمین بن جائےo

It is not far from possible that my Lord may give me a garden better than yours, and send from heaven some torment upon this (garden) turning it into a barren, slippery piece of land.

أَوْ يُصْبِحَ مَاؤُهَا غَوْراً فَلَن تَسْتَطِيعَ لَهُ طَلَباً (41)

ترجمہ: یا اس کا پانی زمین کی گہرائی میں چلا جائے پھر تو اسے حاصل کرنے کی طاقت بھی نہ پا سکےo

Or its water may sink so deep into the earth that it gets beyond your means to fetch.'

وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلَى مَا أَنفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّي أَحَداً (42)

ترجمہ: اور (اس تکبّر کے باعث) اس کے (سارے) پھل (تباہی میں) گھیر لیے گئے تو صبح کو وہ اس پونجی پر جو اس نے اس (باغ کے لگانے) میں خرچ کی تھی کفِ افسوس ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنے چھپروں پر گرا پڑا تھا اور وہ (سراپا حسرت و یاس بن کر) کہہ رہا

تھا: ہائے کاش! میں نے اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہوتا (اور اپنے اوپر گھمنڈ نہ کیا ہوتا)o

And (because of his arrogance) all his fruits were besieged (with destruction), and in the morning he was but wringing his hands with grief bewailing all that wealth, which he had invested (in raising this garden). And the garden had fallen down on its trellises, and he (the embodiment of despair and despondence) said: 'Would that I had not attributed peers to Allah (and had not employed self-conceit)!'

وَلَمْ تَكُن لَّهُ فِئَةٌ يَنصُرُونَهُ مِن دُونِ اللَّهِ وَمَا كَانَ مُنتَصِراً (43)

ترجمہ: اور اس کے لیے کوئی گروہ (بھی) ایسا نہ تھا جو اللہ کے مقابلے میں اس کی مدد کرتا اور نہ وہ خود (ہی اس تباہی کا) بدلہ لینے کے قابل تھاo

And there was (also) no party for him to come to his help against Allah, nor was he himself able to avenge (this destruction).

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلَّهِ الْحَقِّ هُوَ خَيْرٌ ثَوَاباً وَخَيْرٌ عُقْباً (44)

ترجمہ: یہاں (پتہ چلتا ہے) کہ سب اختیار اللہ ہی کا ہے (جو) حق ہے، وہی بہتر ہے انعام دینے میں اور وہی بہتر ہے انجام کرنے میںo

(Here it becomes evident) that all authority belongs to Allah alone (Who is) the truth. He is the best to reward and the best to end.

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاء أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ فَأَصْبَحَ هَشِيماً تَذْرُوهُ الرِّيَاحُ وَكَانَ اللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِراً(45)

ترجمہ: اور آپ انہیں دنیوی زندگی کی مثال (بھی) بیان کیجئے (جو) اس پانی جیسی ہے جسے ہم نے آسمان کی طرف سے اتارا تو اس کے باعث زمین کا سبزہ خوب گھنا ہو گیا پھر وہ سوکھی گھاس کا چورا بن گیا جسے ہوائیں اڑا لے جاتی ہیں، اور اللہ ہر چیز پر کامل قدرت والا ہےo

And explain to them the example of the worldly life (as well): it is like water that We pour from the sky. With this the vegetation of the earth grows thick, but then it becomes dry stubble which the winds blow about, and Allah has perfect control over everything.

5۔ موت کا ذکر

سورۃ العمران:

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَن زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ(185)

ترجمہ: ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے، اور تمہارے اجر پورے کے پورے تو قیامت کے دن ہی دیئے جائیں گے، پس جو کوئی دوزخ سے بچا لیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا وہ واقعتاً کامیاب ہو گیا، اور دنیا کی زندگی دھوکے کے مال کے سوا کچھ بھی نہیں o

Every soul is going to taste death. And your full recompense will be paid back only on the Day of Resurrection. So, whoever will be saved from Hell and admitted to Paradise will be truly successful. And the worldly life is nothing but illusory wealth.

سورۃ الانبیاء:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَنَبْلُوكُم بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ (35)

ترجمہ: ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے، اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی میں آزمائش کے لیے مبتلا کرتے ہیں، اور تم ہماری ہی طرف پلٹائے جاؤ گے o

Every soul has to taste death, and We make you undergo foul and fair for trial, and towards Us will you be returned.

سورۃ العنکبوت:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ (57)

ترجمہ: ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے، پھر تم ہماری ہی طرف لوٹائے جاؤ گے o

Every soul is to taste death and then to Us you will be returned.

6۔ قیامت کا ذکر

سورۃ البقرہ:

وَاتَّقُواْ يَوْماً لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئاً وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا هُمْ يُنصَرُوْنَ (48)

ترجمہ: اور اُس دن سے ڈرو جس دن کوئی جان کسی دوسرے کی طرف سے کچھ بدلہ نہ دے سکے گی اور نہ اس کی طرف سے (کسی ایسے شخص کی) کوئی سفارش قبول کی جائے گی (جسے اذنِ الٰہی حاصل نہ ہوگا) اور نہ اس کی طرف سے (جان چھڑانے کے لئے) کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ (امرِ الٰہی کے خلاف) ان کی اِمداد کی جا سکے گیo

And fear that Day when no soul shall be able to pay any compensation on behalf of another. Nor shall any intercession be accepted from him (of a person who shall not have Allah's permission to intercede). Nor shall any compensation be accepted from him (for his own salvation). And they will not be helped (against Allah's decree).

وَاتَّقُواْ يَوْماً لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئاً وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا تَنفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَلَا هُمْ يُنصَرُوْنَ (123)

ترجمہ: اور اس دن سے ڈرو جب کوئی جان کسی دوسری جان کی جگہ کوئی بدلہ نہ دے سکے گی اور نہ اس کی طرف سے (اپنے آپ کو چھڑانے کے لئے) کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ اس کو (اذنِ الٰہی کے بغیر) کوئی سفارش ہی فائدہ پہنچا سکے گی اور نہ (امرِ الٰہی کے خلاف) انہیں کوئی مدد دی جا سکے گیo

And fear that Day when no soul shall be able to recompense anything on behalf of another; nor shall any ransom be accepted from him (to deliver himself); nor shall any intercession benefit him (without Allah's permission); nor shall they be helped (against the command of Allah).

وَاتَّقُواْ يَوْماً تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ إِلَى اللّهِ ثُمَّ تُوَفَّى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (281)

ترجمہ: اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر ہر شخص کو جو کچھ عمل اس نے کیا ہے اس کی پوری پوری جزا دی جائے گی اور ان پر ظلم نہیں ہوگاo

And fear the Day when you will be returned to Allah. Then everyone will be paid in full for whatever he has done, and they will not be wronged.

سورۃ العمران:

رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ إِنَّ اللّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ(9)

ترجمہ: اے ہمارے رب! بیشک تو اس دن کہ جس میں کوئی شک نہیں سب لوگوں کو جمع فرمانے والا ہے، یقیناً اللہ (اپنے) وعدے کے خلاف نہیں کرتاo

O our Lord! You will surely bring together mankind on the Day about which there is no doubt. Verily, Allah does not go against (His) promise.'

فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنَاهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (25)

ترجمہ: سو کیا حال ہوگا جب ہم ان کو اس دن جس (کے بپا ہونے) میں کوئی شک نہیں جمع کریں گے، اور جس جان نے جو کچھ بھی (اعمال میں سے) کمایا ہوگا اسے اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا o

So, what will be their plight when We shall assemble all of them together on the Day in (the happening of) which there is no doubt, and everyone will be paid back in full for whatever (deeds) he has earned, and no injustice will be done to them?

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَراً وَمَا عَمِلَتْ مِن سُوَءٍ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ أَمَداً بَعِيداً وَيُحَذِّرُكُمُ اللّهُ نَفْسَهُ وَاللّهُ رَؤُوفٌ بِالْعِبَادِ (30)

ترجمہ: جس دن ہر جان ہر اس نیکی کو بھی (اپنے سامنے) حاضر پالے گی جو اس نے کی تھی اور ہر برائی کو بھی جو اس نے کی تھی تو آرزو کرے گی کاش! میرے اور اس برائی (یا اس دن) کے درمیان بہت زیادہ فاصلہ ہوتا، اور اللہ تمہیں اپنی ذات (کے غضب) سے ڈراتا ہے، اور اللہ بندوں پر بہت مہربان ہے o

On the Day when every soul shall find present (before him) every good that he accomplished and every evil that he perpetrated, he will wish there were a great distance between him and that evil (or that Day). Allah warns you to fear (the wrath of) His divine essence, and Allah is Most Compassionate towards His servants.

يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ فَذُوقُواْ الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ (106)

ترجمہ: جس دن کئی چہرے سفید ہوں گے اور کئی چہرے سیاہ ہوں گے، تو جن کے چہرے سیاہ ہو جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) کیا تم نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا؟ تو جو کفر تم کرتے رہے تھے سو اس کے عذاب (کا مزہ) چکھ لو o

On the Day when many faces will be bright and many others will be dark, the ones with dark faces (will be asked): 'Did you reject faith after you had believed? So taste the torment for the disbelief you had been committing.'

وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللّهِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (107)

ترجمہ: اور جن لوگوں کے چہرے سفید (روشن) ہوں گے تو وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے، اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے o

But those with (glittering) white faces will be in Allah's mercy. Therein will they live forever.

سورۃ الانعام:

قُل لِّمَن مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ قُل لِلّهِ كَتَبَ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لاَ رَيْبَ فِيهِ الَّذِينَ خَسِرُواْ أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (12)

ترجمہ: آپ (ان سے سوال) فرمائیں کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے کس کا ہے؟ (پھر یہ بھی) فرما دیں کہ اللہ ہی کا ہے، اس نے اپنی ذات (کے ذمہ کرم) پر رحمت لازم فرما لی ہے، وہ تمہیں روزِ قیامت جس میں کوئی شک نہیں ضرور جمع فرمائے گا، جنہوں نے اپنی جانوں کو (دائمی) خسارے میں ڈال دیا ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گے o

Ask (them this question): 'To whom belongs whatever is in the heavens and the earth?' And (then) proclaim (this as well): 'Allah's it is.' He has made mercy incumbent upon Himself (as a gracious obligation). He will gather you together on the Day of Resurrection in which there is no doubt. Those who have brought (eternal) loss upon their souls will not believe.

مَّن يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ وَذَلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ (16)

ترجمہ: اس دن جس شخص سے وہ (عذاب) پھیر دیا گیا تو بے شک (اللہ نے) اس پر رحم فرمایا، اور یہی (اُخروی بخشش) کھلی کامیابی ہے o

He from whom that (torment) is averted on that Day shall have been shown great mercy (by Allah). And it is this (deliverance on the Last Day) which is an evident success.

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعاً ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُواْ أَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ (22)

ترجمہ: اور جس دن ہم سب کو جمع کریں گے پھر ہم ان لوگوں سے کہیں گے جو شرک کرتے تھے: تمہارے وہ شریک کہاں ہیں جنہیں تم (معبود) خیال کرتے تھے o

And the Day when We shall assemble them all together and ask those who used to associate partners with Us: 'Where are your partners you assumed (to be your gods)?'

ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَن قَالُواْ وَاللّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ (23)

ترجمہ: پھر ان کی (کوئی) معذرت نہ رہے گی بجز اس کے کہ وہ کہیں (گے): ہمیں اپنے رب اللہ کی قَسم ہے! ہم مشرک نہ تھے o

Then they will be left with no other excuse except that they (will) say: 'By Allah, our Lord, we did not associate partners with Allah.'

نظُرْ كَيْفَ كَذَبُواْ عَلَى أَنفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (24)

ترجمہ: دیکھئے انہوں نے خود اپنے اوپر کیسا جھوٹ بولا اور جو بہتان وہ (دنیا میں) تراشا کرتے تھے وہ ان سے غائب ہو گیا o

See how they lie against their own selves, and the blame they used to fabricate (in the world) has vanished from them!

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِلِقَاء اللّهِ حَتَّى إِذَا جَاءتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُواْ يَا حَسْرَتَنَا عَلَى مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَى ظُهُورِهِمْ أَلَا سَاء مَا يَزِرُونَ (31)

ترجمہ: پس ایسے لوگ نقصان میں رہے جنہوں نے اللہ کی ملاقات کو جھٹلا دیا یہاں تک کہ جب ان کے پاس اچانک قیامت آ پہنچے گی (تو) کہیں گے: ہائے افسوس! ہم پر جو ہم نے اس (قیامت پر ایمان لانے) کے بارے میں (تقصیر) کی، اور وہ اپنی پیٹھوں پر

اپنے (گناہوں کے) بوجھ لادے ہوئے ہوں گے، سن لو! وہ بہت برا بوجھ ہے جو یہ اٹھا رہے ہیںo

So those who belie their meeting with Allah incur loss, so much so that when the Last Hour comes upon them all of a sudden, they will say: 'Oh, woe to us! We committed a (serious) blunder with regard to (believing in) this (Day of Resurrection).' And they will be carrying the burdens (of their sins) on their backs. Beware! Most evil is that burden which they are bearing.

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُم مَّا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِن شَيْءٍ ثُمَّ إِلَى رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ (38)

ترجمہ: اور (اے انسانو!) کوئی بھی چلنے پھرنے والا (جانور) اور پرندہ جو اپنے دو بازوؤں سے اڑتا ہو (ایسا) نہیں ہے مگر یہ کہ (بہت سی صفات میں) وہ سب تمہارے ہی مماثل طبقات ہیں، ہم نے کتاب میں کوئی چیز نہیں چھوڑی (جسے صراحتاً یا اشارتاً بیان نہ کر دیا ہو) پھر سب (لوگ) اپنے رب کے پاس جمع کیے جائیں گےo

And, (O mankind,) there is no moving (animal) on the earth nor a bird that flies on its two wings but (such) that they are species like you (umamun amthalu-kum-in several traits). We have not omitted anything (which is not given symbolic or elaborate details) in the Book. Then all (the people) will be gathered before their Lord.

وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَى أَجَلٌ مُّسَمًّى ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (60)

ترجمہ: اور وہی ہے جو رات کے وقت تمہاری روحیں قبض فرما لیتا ہے اور جو کچھ تم دن کے وقت کماتے ہو وہ جانتا ہے پھر وہ تمہیں دن میں اٹھا دیتا ہے تاکہ (تمہاری زندگی کی) معینہ میعاد پوری کر دی جائے پھر تمہارا پلٹنا اسی کی طرف ہے، پھر وہ (روزِ محشر) تمہیں ان (تمام اعمال) سے آگاہ فرما دے گا جو تم (اس زندگانی میں) کرتے رہے تھےo

And He is the One Who takes your souls by night and knows whatever you earn by day, and then wakes you up in the day, so that the appointed term (of your life) may be completed. Then to Him will you return. Then (on the Day of Reckoning) He will unfold to you (all those actions) which you used to do (during this term of life).

ثُمَّ رُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ (62)

ترجمہ: پھر وہ (سب) اللہ کے حضور لوٹائے جائیں گے جو ان کا مالکِ حقیقی ہے، جان لو! حکم (فرمانا) اسی کا (کام) ہے، اور وہ سب سے جلد حساب کرنے والا ہےo

Then they will (all) be returned to the presence of Allah, their true Lord. Beware! It is only His (prerogative) to decree. And He is the Quickest in taking account.

لِّكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ (67)

ترجمہ: ہر خبر (کے واقع ہونے) کا وقت مقرر ہے اور تم عنقریب جان لو گے o

Every news has a fixed time (to occur) and soon will you come to know.

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَیَوْمَ یَقُولُ کُن فَیَکُونُ قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْکُ یَوْمَ یُنفَخُ فِیْ الصُّوَرِ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ(73)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق (پر مبنی تدبیر) کے ساتھ پیدا فرمایا ہے اور جس دن وہ فرمائے گا: ہو جا، تو وہ (روزِ محشر بپا) ہو جائے گا۔ اس کا فرمان حق ہے، اور اس دن اسی کی بادشاہی ہو گی جب (اسرافیل کے ذریعے صور میں پھونک ماری جائے گے، (وہی) ہر پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا ہے، اور وہی بڑا حکمت والا خبردار ہے o

And He is the One (Allah) Who has created the heavens and the earth (in accordance with His decreed celestial order based) on truth. And the Day when He will say: 'Be,' then that (Day of Judgment) will come into being. His Word is the truth. And His will be the sovereignty on the Day when the Trumpet will be blown (by Israfil). He (is the One Who) has the knowledge of the unseen and the seen, and He is All-Wise, All-Aware.

سورۃ الاعراف:

وَالْوَزْنُ یَوْمَئِذٍ الْحَقُّ فَمَن ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهُ فَأُوْلَـئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (8)

ترجمہ: اور اس دن (اعمال کا) تولا جانا حق ہے، سو جن کے (نیکیوں کے) پلڑے بھاری ہوں گے تو وہی لوگ کامیاب ہوں گے o

And on that Day, the weighing (of deeds) is a truth. So those whose scales (of righteous deeds) are heavy will be successful,

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُهُ فَأُوْلَـئِکَ الَّذِیْنَ خَسِرُواْ أَنفُسَهُم بِمَا کَانُواْ بِآیَاتِنَا یَظْلِمُونَ (9)

ترجمہ: اور جن کے (نیکیوں کے) پلڑے ہلکے ہوں گے تو یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو نقصان پہنچایا، اس وجہ سے کہ وہ ہماری آیتوں کے ساتھ ظلم کرتے تھے o

But those whose scales (of righteous deeds) are light, it is they who have harmed their souls because they had been unjust to Our Revelations.

یَسْأَلُونَکَ عَنِ السَّاعَةِ أَیَّانَ مُرْسَاهَا قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ رَبِّیْ لاَ یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَا إِلاَّ هُوَ ثَقُلَتْ فِیْ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لاَ تَأْتِیْکُمْ إِلاَّ بَغْتَةً یَسْأَلُونَکَ کَأَنَّکَ حَفِیٌّ عَنْهَا قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللّهِ وَلَـکِنَّ أَکْثَرَ النَّاسِ لاَ یَعْلَمُونَ(187)

ترجمہ: یہ (کفار) آپ سے قیامت کی نسبت دریافت کرتے ہیں کہ اس کے قائم ہونے کا وقت کب ہے؟ فرما دیں کہ اس کا علم تو صرف میرے رب کے پاس ہے، اسے اپنے (مقررہ) وقت پر اس (اللہ) کے سوا کوئی ظاہر نہیں کرے گا۔ وہ آسمانوں اور زمین (کے رہنے والوں) پر (شدائد و مصائب کے خوف کے باعث) بوجھل (لگ رہی) ہے۔ وہ تم پر اچانک (حادثاتی طور پر) آجائے گی، یہ لوگ آپ سے (اس طرح) سوال کرتے ہیں گویا آپ اس کی کھوج میں لگے ہوئے ہیں، فرما دیں کہ اس کا علم تو محض اللہ کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ (اس حقیقت کو) نہیں جانتے o

These (disbelievers) ask you about the Last Hour: 'When will it take place?' Say: 'Knowledge of it rests with my Lord alone; none but He (Allah) will manifest it at its (appointed) time. It is (seemingly) heavy on (the inhabitants of) the heavens and the earth (due to the horror of its adversities and intensities). It will occur to you all of a sudden (accidentally).' They ask you (in such a manner) as if you are engaged in its pursuit! Say: 'Its knowledge is only with Allah, but most people do not know (this fact).'

سورۃ یونس:

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُواْ إِلاَّ سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِلِقَاء اللّهِ وَمَا كَانُواْ مُهْتَدِيْنَ **(45)**

ترجمہ: اور جس دن وہ انہیں جمع کرے گا (وہ محسوس کریں گے) گویا وہ دن کی ایک گھڑی کے سوا دنیا میں ٹھہرے ہی نہ تھے، وہ ایک دوسرے کو پہچانیں گے۔ بے شک وہ لوگ خسارے میں رہے جنہوں نے اللہ سے ملاقات کو جھٹلایا تھا اور وہ ہدایت یافتہ نہ ہوئےo

And the Day when He gathers them, (they will feel) as if they had not stayed in the world but for an hour of the day. They will recognize each other. Losers indeed are those who denied the meeting with Allah, and they were not the rightly guided.

وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَشْكُرُونَ **(60)**

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کا روزِ قیامت کے بارے میں کیا خیال ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں، بے شک اللہ لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے لیکن ان میں سے اکثر (لوگ) شکر گزار نہیں ہیںo

And what do those who fabricate lies against Allah think about the Day of Resurrection? Truly, Allah is Most Gracious to the people, but most of them are not thankful.

سورۃ ہود:

إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الآخِرَةِ ذَلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذَلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُودٌ **(103)**

ترجمہ: بے شک ان (واقعات) میں اس شخص کے لیے عبرت ہے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہے۔ یہ (روزِ قیامت) وہ دن ہے جس کے لیے سارے لوگ جمع کیے جائیں گے اور یہی وہ دن ہے جب سب کو حاضر کیا جائے گاo

Indeed, these (episodes) contain lessons of warning for him who fears the chastisement of the Last Day. This (Day of Rising) is the Day when entire mankind will be gathered together, and it is this Day when all will be made present.

وَمَا نُؤَخِّرُهُ إِلاَّ لِأَجَلٍ مَّعْدُودٍ **(104)**

ترجمہ: اور ہم اسے مؤخر نہیں کر رہے ہیں مگر مقررہ مدت کے لیے (جو پہلے سے طے ہے)o

And We are not deferring it but for an appointed term (which has already been fixed).

يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ (105)

ترجمہ: جب وہ دن آئے گا کوئی شخص (بھی) اس کی اجازت کے بغیر کلام نہیں کر سکے گا، پھر ان میں بعض بد بخت ہوں گے اور بعض نیک بختo

When that Day comes, not a soul will be able to speak without His permission. Then some of them will be unfortunate and others fortunate.

فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ (106)

ترجمہ: سو جو لوگ بد بخت ہوں گے (وہ) دوزخ میں (پڑے) ہوں گے ان کے مقدر میں وہاں چیخنا اور چلاّنا ہوگاo

So those who will be unfortunate will be (put) into Hell; there they will be given to screaming and wailing.

وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوذٍ(108)

ترجمہ: اور جو لوگ نیک بخت ہوں گے (وہ) جنت میں ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین (جو اس وقت ہوں گے) قائم رہیں مگر یہ کہ جو آپ کا رب چاہے، یہ وہ عطا ہوگی جو کبھی منقطع نہ ہوگیo

And those who will be fortunate will be in Paradise. They will abide in it forever till the heavens and the earth (which will then exist) endure except as your Lord wills. This is a bounty which will never be withdrawn.

سورۃ یوسف:

أَفَأَمِنُوا أَن تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللَّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (107)

ترجمہ: کیا وہ اس بات سے بے خوف ہو گئے ہیں کہ ان پر اللہ کے عذاب کی چھا جانے والی آفت آ جائے یا ان پر اچانک قیامت آ جائے اور انہیں خبر بھی نہ ہوo

Have they gone free from this fear that a prevailing calamity of Allah's torment will come upon them, or the Last Hour will seize them all of a sudden whilst they have no news of it?

سورۃ ابراہیم:

وَبَرَزُوا لِلَّهِ جَمِيعاً فَقَالَ الضُّعَفَاء لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعاً فَهَلْ أَنتُم مُّغْنُونَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللَّهِ مِن شَيْءٍ قَالُوا لَوْ هَدَانَا اللَّهُ لَهَدَيْنَاكُمْ سَوَاء عَلَيْنَا أَجَزِعْنَا أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِن مَّحِيصٍ (21)

ترجمہ: اور (روزِ محشر) اللہ کے سامنے سب (چھوٹے بڑے) حاضر ہوں گے تو (پیروی کرنے والے) کمزور لوگ (طاقتور) متکبروں سے کہیں گے: ہم تو (عمر بھر) تمہارے تابع رہے تو کیا تم اللہ کے عذاب سے بھی ہمیں کسی قدر بچا سکتے ہو؟ وہ (اُمراء اپنے

پیچھے لگنے والے غریبوں سے) کہیں گے: اگر اللہ ہمیں ہدایت کرتا تو ہم تمہیں بھی ضرور ہدایت کی راہ دکھاتے (ہم خود بھی گمراہ تھے سو تمہیں بھی گمراہ کرتے رہے)۔ ہم پر برابر ہے خواہ (آج) ہم آہ وزاری کریں یا صبر کریں ہمارے لیے کوئی راہِ فرار نہیں ہےo

And (on the Day of Grand Assembly) all (the higher and the lower ranks) will appear before Allah. The weak ones (the followers) will ask the (powerful) arrogant ones: 'We obeyed you (the whole life). So can you now manage for us some degree of rescue from Allah's torment?' Those (affluent ones) will reply (to their poor followers): 'Had Allah guided us, we would also have shown you the path of guidance (i.e., we were ourselves misguided so we misguided you too). It is all the same (Today) whether we sigh and wail or forbear. We have no way to escape.'

وَأَنذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُولُ الَّذِينَ ظَلَمُواْ رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلَى أَجَلٍ قَرِيبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ أَوَلَمْ تَكُونُواْ أَقْسَمْتُم مِّن قَبْلُ مَا لَكُم مِّن زَوَالٍ (44)

ترجمہ: اور آپ لوگوں کو اس دن سے ڈرائیں جب ان پر عذاب آ پہنچے گا تو وہ لوگ جو ظلم کرتے رہے ہوں گے کہیں گے: اے ہمارے رب! ہمیں تھوڑی دیر کے لیے مہلت دے دے کہ ہم تیری دعوت کو قبول کر لیں اور رسولوں کی پیروی کر لیں۔ (ان سے کہا جائے گا) کہ کیا تم ہی لوگ پہلے قسمیں نہیں کھاتے رہے کہ تمہیں کبھی زوال نہیں آئے گاo

And warn the people of the Day when the torment will come upon them. Those who did injustice will say: 'O our Lord, grant us respite for a while so that we may accept Your message and follow the Messengers.' (It will be said to them:) 'Are you not those who used to swear before that you would never fall?'

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُواْ لِلّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (48)

ترجمہ: جس دن (یہ) زمین دوسری زمین سے بدل دی جائے گی اور جملہ آسمان بھی بدل دیے جائیں گے اور سب لوگ اللہ کے رُوبرو حاضر ہوں گے جو ایک ہے سب پر غالب ہےo

The Day when (this) earth will be changed into a different earth and all the heavens will also be changed and the entire mankind will appear before Allah, the One, (and) the Dominant over all;

وَتَرَى الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِينَ فِي الْأَصْفَادِ (49)

ترجمہ: اور اس دن آپ مجرموں کو زنجیروں میں جکڑے ہوئے دیکھیں گےo

And that Day you will see the sinners fettered in chains;

سَرَابِيلُهُم مِّن قَطِرَانٍ وَتَغْشَى وُجُوهَهُمُ النَّارُ (50)

ترجمہ: ان کے لباس گندھک (یا ایسے روغن) کے ہوں گے (جو آگ کو خوب بھڑکاتا ہے) اور ان کے چہروں کو آگ ڈھانپ رہی ہوگیo

Their garments will be of pitch (or some inflammable oil), and the Fire will be enveloping their faces,

لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ إِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ (51)

ترجمہ: تاکہ اللہ ہر شخص کو ان (اَعمال) کا بدلہ دے دے جو اس نے کما رکھے ہیں۔ بے شک اللہ حساب میں جلدی فرمانے والا ہےo

So that Allah requites every soul for (the deeds) it has earned. Indeed, Allah is Swift in Reckoning.

سورۃ الحجر:

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَإِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ (85)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے عبث پیدا نہیں کیا، اور یقیناً قیامت کی گھڑی آنے والی ہے، سو (اے اخلاقِ مجسّم!) آپ بڑے حسن و خوبی کے ساتھ درگزر کرتے رہیےo

And We have not created the heavens and the earth and whatever is between them without any purpose. And the Hour of Resurrection is certainly approaching. So, (O embodiment of excellent morality,) bear with (them) most graciously and effectively with perseverance.

سورۃ النحل:

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ أَيْنَ شُرَكَآئِيَ الَّذِيْنَ كُنتُمْ تُشَاقُّوْنَ فِيْهِمْ قَالَ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْعِلْمَ إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْءَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ (27)

ترجمہ: پھر وہ اُنہیں قیامت کے دن رسوا کرے گا اور ارشاد فرمائے گا: میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کے حق میں تم (مومنوں سے) جھگڑا کرتے تھے؟ وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے کہیں گے: بے شک آج کافروں پر (ہر قسم کی) رسوائی اور بربادی ہےo

Then He will humiliate them on the Day of Resurrection and say: 'Where are those that you set up as peers to Me, and in whose favour you disputed (with the believers)?' Those endowed with knowledge will say: 'Today (all types of) humiliation and destruction will surely befall the disbelievers,

الَّذِيْنَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِيْ أَنفُسِهِمْ فَأَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِن سُوْءٍ بَلَى إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (28)

ترجمہ: جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر (بدستور) ظلم کیے جا رہے ہوں، سو وہ (روزِ قیامت) اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کریں گے (اور کہیں گے:) ہم (دنیا میں) کوئی برائی نہیں کیا کرتے تھے، کیوں نہیں بے شک اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کیا کرتے تھےo

Those whom the angels cause to die, whilst they are (constantly) doing wrong to their own souls.' They will display obedience and submission (on the Day of Resurrection and say:) 'We were not given to doing any evil (in the world).' No indeed! Allah surely has thorough knowledge of what you used to do.

لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِیْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنَّهُمْ كَانُوْا كَاذِبِيْنَ (39)

ترجمہ: (مُردوں کا اٹھایا جانا اس لیے ہے) تاکہ ان کے لیے وہ (حق) بات واضح کر دے جس میں وہ لوگ اختلاف کرتے ہیں اور یہ کہ کافر لوگ جان لیں کہ حقیقت میں وہی جھوٹے ہیں o

(The dead will be raised up again) so that He makes evident (the truth) wherein they disagree, and that the disbelievers may realize that they alone are in fact liars.

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا أَمْرُ السَّاعَةِ إِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ إِنَّ اللّٰهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (77)

ترجمہ: اور آسمانوں اور زمین کا (سب) غیب اللہ ہی کے لیے ہے، اور قیامت کے بپا ہونے کا واقعہ اس قدر تیزی سے ہوگا جیسے آنکھ کا جھپکنا یا اس سے بھی تیز تر، بے شک اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

And to Allah belongs (all) the unseen of the heavens and the earth, and the advent of the Last Hour will be as quick as a twinkling of an eye or even faster. Surely, Allah has mighty control over everything.

يَوْمَ تَأْتِیْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (111)

ترجمہ: وہ دن (یاد کریں) جب ہر شخص محض اپنی جان کی طرف سے (دفاع کے لیے) جھگڑتا ہوا حاضر ہوگا اور ہر جان کو جو کچھ اس نے کیا ہوگا اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا o

And (recall) that Day when every person will appear pleading for himself (in his defence), and every soul will be given full recompense for whatever it will have done, and they will not be wronged in the least.

إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ (124)

ترجمہ: ہفتہ کا دن صرف انہی لوگوں پر مقرر کیا گیا تھا جنہوں نے اس میں اختلاف کیا، اور بے شک آپ کا رب قیامت کے دن اُن کے درمیان اُن (باتوں) کا فیصلہ فرما دے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھے o

Saturday (the Sabbath) was ordained only for those who differed about it, and indeed your Lord will judge amongst them on the Day of Resurrection (in the matters) in which they used to differ.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَكُلَّ إِنسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَآئِرَهُ فِیْ عُنُقِهِ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَاباً يَلْقَاهُ مَنشُوراً (13)

ترجمہ: اور ہم نے ہر انسان کے اعمال کا نوشتہ اس کی گردن میں لٹکا دیا ہے، اور ہم اس کے لیے قیامت کے دن (یہ) نامۂ اعمال نکالیں گے جسے وہ (اپنے سامنے) کھلا ہوا پائے گا o

And We have slung every man's record of deeds around his neck, and on the Day of Resurrection We shall bring forth (this) record, which he will find spread out (before him).

اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا (14)

ترجمہ: (اس سے کہا جائے گا:) اپنی کتاب (اَعمال) پڑھ لے، آج تو اپنا حساب جانچنے کے لیے خود ہی کافی ہےo

(It will be said to him:) 'Read your book (of deeds). Today, you yourself are enough for examining your own account.'

انظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَلَلآخِرَةُ أَكْبَرُ دَرَجَاتٍ وَأَكْبَرُ تَفْضِيلاً (21)

ترجمہ: دیکھئے ہم نے ان میں سے بعض کو بعض پر کس طرح فضیلت دے رکھی ہے، اور یقیناً آخرت (دنیا کے مقابلہ میں) درجات کے لحاظ سے (بھی) بہت بڑی ہے اور فضیلت کے لحاظ سے (بھی) بہت بڑی ہےo

See how We have exalted some of them above the others! And surely, the Hereafter (as compared to this world) is far greater in degrees and in terms of superiority (as well).

سورۃ الکہف:

وَيَوْمَ يَقُولُ نَادُوا شُرَكَائِيَ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُم مَّوْبِقًا (52)

ترجمہ: اور اُس دن (کو یاد کرو جب) اللہ فرمائے گا: انہیں پکارو جنہیں تم میرا شریک گمان کرتے تھے، سو وہ انہیں بلائیں گے مگر وہ انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان (ایک وادیٔ جہنم کو) ہلاکت کی جگہ بنا دیں گےo

And (remember) the Day (when) Allah will say: 'Call those that you deemed to be My peers.' So they will call them, but they will not give them any answer, and We shall place between them (a valley of Hell), the site of destruction.

سورۃ مریم:

أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَكِنِ الظَّالِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ(38)

ترجمہ: جس دن وہ ہمارے پاس حاضر ہوں گے تو کیسے (کان کھول کر) سنیں گے اور (آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر) دیکھیں گے لیکن ظالم لوگ آج کھلی گمراہی میں (غرق) ہیںo

How (curiously) will they hear (with their ears wide open), and how (bewilderedly) will they see (with their eyes stunned) on the Day when they will appear before Us! But Today the wrongdoers are but (sunk) into manifest error.

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا (68)

ترجمہ: پس آپ کے رب کی قسم ہم ان کو اور (جملہ) شیطانوں کو (قیامت کے دن) ضرور جمع کریں گے پھر ہم ان (سب) کو جہنم کے گرد ضرور حاضر کر دیں گے اس طرح کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے پڑے ہوں گےo

So, by your Lord, We will certainly gather them and (all) satans together (on the Day of Judgment). We will then bring them (all) around Hell fallen down in kneeling position.

قُلْ مَن كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَنُ مَدّاً حَتَّى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضْعَفُ جُنداً(75)

ترجمہ: فرما دیجیے: جو شخص گمراہی میں مبتلا ہو تو (خدائے) رحمان (بھی) اسے عمر و عیش میں خوب مہلت دیتا رہتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ لوگ اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے خواہ عذاب اور خواہ قیامت، تب وہ اس شخص کو جان لیں گے جو رہائش گاہ کے اعتبار سے (بھی) برا ہے اور لشکر کے اعتبار سے (بھی) کمزور تر ہےo

Say: 'The Most Kind (Lord also) grants respite in age and luxury to the one who is lost in error until, when they see what they have been promised-the torment or the Day of Rising-then they will come to know him who is worse in respect of dwelling and (also) weaker in respect of troops.'

لَا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِندَ الرَّحْمَنِ عَهْداً (87)

ترجمہ: (اس دن) لوگ شفاعت کے مالک نہ ہوں گے سوائے ان کے جنہوں نے (خدائے) رحمان سے وعدۂ (شفاعت) لے لیا ہےo

(On that Day,) people will not possess the authority to intercede, except those who have taken a promise (of intercession) from the Most Kind (Lord).

سورۃ طٰہٰ:

إِنَّ السَّاعَةَ ءَاتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا لِتُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَى (15)

ترجمہ: بے شک قیامت کی گھڑی آنے والی ہے، میں اسے پوشیدہ رکھنا چاہتا ہوں تاکہ ہر جان کو اس (عمل) کا بدلہ دیا جائے جس کے لیے وہ کوشاں ہےo

Certainly, the Last Hour is about to come. I want to keep it secret so that every soul may be rewarded for that (deed) for which it is exerting.

مَنْ أَعْرَضَ عَنْهُ فَإِنَّهُ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وِزْراً (100)

ترجمہ: جو شخص اس سے روگردانی کرے گا تو بے شک وہ قیامت کے دن سخت بوجھ اٹھائے گاo

Whoever turns away from it will certainly carry an unmanageable burden on the Day of Rising.

خَالِدِينَ فِيهِ وَسَاءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِمْلاً (101)

ترجمہ: وہ اس (عذاب) میں ہمیشہ (پڑے) رہیں گے، اور ان کے لیے قیامت کے دن بہت ہی بُرا بوجھ ہوگاo

They will (remain) in this (torment) forever, and it will be a very evil burden for them on the Day of Rising.

يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِينَ يَوْمَئِذٍ زُرْقاً (102)

ترجمہ: جس دن صور پھونکا جائے گا اور اس دن ہم مجرموں کو یوں جمع کریں گے کہ ان کے جسم اور آنکھیں (شدّتِ خوف اور اندھے پن کے باعث) نیلگوں ہوں گیo

The Day when the trumpet will be blown, We shall assemble the evildoers with their bodies and eyes turned blue (due to intense fear and loss of sight),

يَتَخَافَتُونَ بَيْنَهُمْ إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا عَشْراً (103)

ترجمہ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرتے ہوں گے کہ تم دنیا میں مشکل سے دس دن ہی ٹھہرے ہو گےo

Inaudibly whispering to one another: 'You stayed in the world hardly for ten days.'

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ إِذْ يَقُولُ أَمْثَلُهُمْ طَرِيقَةً إِن لَّبِثْتُمْ إِلَّا يَوْماً (104)

ترجمہ: ہم خوب جانتے ہیں وہ جو کچھ کہہ رہے ہوں گے جبکہ ان میں سے ایک عقل وعمل میں بہتر شخص کہے گا کہ تم تو ایک دن کے سوا (دنیا میں) ٹھہرے ہی نہیں ہوo

We know best what they will be saying, whilst one of them better in wisdom and deeds will say: 'You have not stayed (in the world) for more than a day.'

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفاً (105)

ترجمہ: اور آپ سے یہ لوگ پہاڑوں کی نسبت سوال کرتے ہیں، سو فرما دیجیے: میرا رب انہیں ریزہ ریزہ کر کے اڑا دے گاo

And they ask you concerning mountains. So say: 'My Lord will blow them off as dust particles,

فَيَذَرُهَا قَاعاً صَفْصَفاً (106)

ترجمہ: پھر اسے ہموار اور بے آب و گیاہ زمین بنا دے گاo

Then will change it into a levelled, barren land,

لَا تَرَى فِيهَا عِوَجاً وَلَا أَمْتاً (107)

ترجمہ: جس میں آپ نہ کوئی پستی دیکھیں گے نہ کوئی بلندیo

In which you will find neither any depression nor any elevation.'

يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْساً (108)

ترجمہ: اس دن لوگ پکارنے والے کے پیچھے چلتے جائیں گے اس (کے پیچھے چلنے) میں کوئی کجی نہیں ہوگی، اور (خدائے) رحمان کے جلال سے سب آوازیں پست ہو جائیں گی پس تم ہلکی سی آہٹ کے سوا کچھ نہ سنو گےo

On that Day, people will tread on behind the caller, and there will be no deviation in (following) him. And all voices will be hushed due to the Majesty of the Most Kind (Lord). So you will not hear anything except a faint sound of a stir.

يَوْمَئِذٍ لَّا تَنفَعُ الشَّفَاعَةُ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَنُ وَرَضِيَ لَهُ قَوْلاً (109)

ترجمہ: اس دن سفارش سود مند نہ ہوگی سوائے اس شخص (کی سفارش) کے جسے (خدائے) رحمان نے اذن (واجازت) دے دی ہے اور جس کی بات سے وہ راضی ہو گیا ہے (جیسا کہ انبیاء و مرسلین، اولیاء، متقین، معصوم بچوں اور دیگر کئی بندوں کا شفاعت کرنا ثابت ہے)o

On that Day, no intercession shall be fruitful except his (intercession) whom the Most Kind (Lord) has granted leave (and permission) and with whose word He is pleased (such as Prophets and Messengers, Allah's chosen and pious servants, Godwary slaves, innocent children, and many other devoted servants of Allah whose intercession is validated).

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَكَانَ لِزَاماً وَأَجَلٌ مُسَمًّى (129)

ترجمہ: اوراگرآپ کے رب کی جانب سے ایک بات پہلے سے طے نہ ہوچکی ہوتی اور(ان کے عذاب کے لیے قیامت کا)وقت مقرر نہ ہوتا تو(ان پرعذاب کا ابھی اترنا)لازم ہوجاتاo

And had it not been settled already by your Lord, and the time (of the Day of Resurrection) not fixed (for their torment, befalling them) the calamity (right now) would have been inevitable.

سورۃ الانبیاء:

اقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ مُّعْرِضُونَ (1)

ترجمہ: لوگوں کے لیےان کے حساب کا وقت قریب آپہنچا مگر وہ غفلت میں(پڑے طاعت سے)منہ پھیرے ہوئے ہیںo

The time of reckoning for people has drawn near but, rapt in heedlessness, they are disinclined (to obedience).

بَلْ تَأْتِيهِم بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ (40)

ترجمہ: بلکہ(قیامت)انہیں اچانک آپہنچے گی تو انہیں بدحواس کردے گی سووہ نہ تو اسے لوٹا دینے کی طاقت رکھتے ہوں گے اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گیo

In fact, it (the Last Day) will come upon them all of a sudden and stun them. So neither will they have the power to avert it, nor will they be granted respite.

وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئاً وَإِن كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا وَكَفَى بِنَا حَاسِبِينَ (47)

ترجمہ: اورہم قیامت کے دن عدل وانصاف کے ترازو رکھ دیں گے سوکسی جان پرکوئی ظلم نہ کیا جائے گا،اوراگر(کسی کا عمل)رائی کے دانہ کے برابر بھی ہوگا(تو)ہم اسے(بھی)حاضر کردیں گے،اورہم حساب کرنے کو کافی ہیںo

And on the Day of Resurrection, We shall set up balances of fairness and justice. So no soul will be wronged in the least. And if there is (someone's deed) equal to the weight of a mustard seed, We shall bring forth that (as well). And We are Sufficient to take account.

وَحَرَامٌ عَلَى قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُونَ (95)

ترجمہ: اورجس بستی کوہم نے ہلاک کرڈالا ناممکن ہے کہ اس کے لوگ(مرنے کے بعد)ہماری طرف پلٹ کرنہ آئیںo

And it is not possible that the people of the town whom We destroyed will not

return to Us (after death),

حَتَّى إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوجُ وَمَأْجُوجُ وَهُم مِّن كُلِّ حَدَبٍ يَنسِلُونَ **(96)**

ترجمہ: یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے دوڑتے ہوئے اتر آئیں گےo

Until when Gog and Magog are let loose, and they will come down running from every high place,

وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَإِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ أَبْصَارُ الَّذِينَ كَفَرُوا يَا وَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هَذَا بَلْ كُنَّا ظَالِمِينَ **(97)**

ترجمہ: اور (قیامت کا) سچا وعدہ قریب ہو جائے گا تو اچانک کافر لوگوں کی آنکھیں کھلی رہ جائیں گی (وہ پکار اٹھیں گے:) ہائے ہماری شومءِ قسمت! کہ ہم اس (دن کی آمد) سے غفلت میں پڑے رہے بلکہ ہم ظالم تھےo

And the true promise (of the Day of Resurrection) will draw near, then the eyes of the disbelievers will suddenly fix staring (and they will cry out:) 'Woe to us! We were indeed oblivious of (the arrival of) this (Day); in fact, we were unjust.'

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَذَا يَوْمُكُمُ الَّذِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ **(103)**

ترجمہ: (روزِ قیامت کی) سب سے بڑی ہولناکی (بھی) انہیں رنجیدہ نہیں کرے گی اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے (اور کہیں گے:) یہ تمہارا (ہی) دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا رہاo

(Even) the Greatest Horror (of the Day of Rising) will not grieve them and the angels will welcome them, (saying:) 'This is (but) your Day which you were promised.'

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيدُهُ وَعْداً عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِينَ **(104)**

ترجمہ: اس دن ہم (ساری) سماوی کائنات کو اس طرح لپیٹ دیں گے جیسے لکھے ہوئے کاغذات کو لپیٹ دیا جاتا ہے، جس طرح ہم نے (کائنات کو) پہلی بار پیدا کیا تھا ہم (اس کے ختم ہو جانے کے بعد) اسی عملِ تخلیق کو دہرائیں گے۔ یہ وعدہ پورا کرنا ہم نے لازم کر لیا ہے۔ ہم (یہ اعادہ) ضرور کرنے والے ہیںo

On that Day, We shall roll up the (whole) heavenly universe as the written papers are rolled up. The way We created (the universe) the first time, We shall repeat the same process of creation (after its extinction). We have made it binding upon Us to fulfil this promise. We will do (repeat it).

سورۃ الحج:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ **(1)**

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرتے رہو۔ بے شک قیامت کا زلزلہ بڑی سخت چیز ہےo

O mankind! Keep fearing your Lord. No doubt, the earthquake of the Hour of Rising is a terrible thing.

يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَى وَمَا هُم بِسُكَارَى وَلَكِنَّ عَذَابَ اللَّهِ شَدِيدٌ **(2)**

ترجمہ: جس دن تم اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی (ماں) اس (بچی) کو بھول جائے گی جسے وہ دودھ پلا رہی تھی اور ہر حمل والی عورت اپنا حمل گرا دے گی اور (اے دیکھنے والے!) تو لوگوں کو نشہ (کی حالت) میں دیکھے گا حالاں کہ وہ (فی الحقیقت) نشہ میں نہیں ہوں گے لیکن اللہ کا عذاب (ہی اتنا) سخت ہوگا (کہ ہر شخص حواس باختہ ہو جائے گا)o

The Day when you see it, every suckling woman (i.e., mother) will forget (the infant) she was suckling and every pregnant woman will abort her fetus. And, (O observer,) you will see people in a drunken (state), whereas actually they will not be drunk, but the torment of Allah will be (so) severe (that everyone will lose his senses).

وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ مَن فِي الْقُبُورِ (7)

ترجمہ: اور بے شک قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں اور یقیناً اللہ ان لوگوں کو زندہ کر کے اٹھا دے گا جو قبروں میں ہوں گےo

And, certainly, the Last Hour is bound to come. There is no doubt about it. And, verily, Allah shall raise up alive those who are in the graves.

ثَانِيَ عِطْفِهِ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ اللَّهِ لَهُ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَنُذِيقُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَذَابَ الْحَرِيقِ (9)

ترجمہ: اپنی گردن کو (تکبّر سے) مروڑے ہوئے تا کہ (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے بہکا دے، اس کے لیے دنیا میں (بھی) رسوائی ہے اور قیامت کے دن ہم اسے جلا دینے والے عذاب کا مزہ چکھائیں گےo

Turning his neck (in arrogance) so that he may lead (others also) astray from the path of Allah. For him is disgrace in the world (too), and on the Day of Resurrection, We shall make him taste the burning torment.

ذَٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ (10)

ترجمہ: یہ تیرے ان اعمال کے باعث ہے جو تیرے ہاتھ آگے بھیج چکے تھے اور بے شک اللہ اپنے بندوں پر بالکل ظلم کرنے والا نہیں ہےo

This is because of the doings which your hands sent forth, and indeed, Allah is not in the least unjust to His servants.

وَكَذَٰلِكَ أَنزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يُرِيدُ (16)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے اس (پورے قرآن) کو روشن دلائل کی صورت میں نازل فرمایا ہے اور بے شک اللہ جسے ارادہ فرماتا ہے ہدایت سے نوازتا ہےo

And in the same way, We have revealed this (complete Qur'an) in the format of clear, logical arguments. And surely, Allah blesses with guidance whom He wills.

وَلَا يَزَالُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتَّىٰ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً أَوْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيمٍ (55)

ترجمہ: اور کافر لوگ ہمیشہ اس (قرآن) کے حوالے سے شک میں رہیں گے یہاں تک کہ اچانک ان پر قیامت آ پہنچے یا اس

دن کا عذاب آجائے جس سے نجات کا کوئی امکان نہیں o

And the disbelievers will always remain in doubt about this (Holy Qur'an) until the Last Hour comes suddenly upon them, or the torment of the Day from which salvation is least possible.

الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (56)

ترجمہ: حکمرانی اس دن صرف اللہ ہی کی ہوگی۔ وہی ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا، پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے (وہ) نعمت کے باغات میں (قیام پذیر) ہوں گے o

On that Day, sovereignty will be Allah's alone. He is the One Who will judge amongst them. So those who believe and do good deeds will (reside) in the Gardens of Bliss.

اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ (69)

ترجمہ: اللہ تمہارے درمیان قیامت کے دن ان تمام باتوں کا فیصلہ فرما دے گا جن میں تم اختلاف کرتے رہے تھے o

Allah will judge between you on the Day of Resurrection all those matters in which you used to disagree.

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَاناً وَمَا لَيْسَ لَهُم بِهِ عِلْمٌ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ (71)

ترجمہ: اور یہ لوگ اللہ کے سوا ان (بتوں) کی پرستش کرتے ہیں جس کی اُس نے کوئی سند نہیں اتاری اور نہ (ہی) انہیں اس (بت پرستی کے انجام) کا کچھ علم ہے، اور (قیامت کے دن) ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا o

And they worship these (idols), besides Allah, for which He has not sent down any authority. Nor do they have any knowledge of (the consequence of) this (idol-worship). And there will be no helper of the wrongdoers (on the Day of Judgment).

سورۃ المومنون:

ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُبْعَثُونَ (16)

ترجمہ: پھر بے شک تم قیامت کے دن (زندہ کر کے) اٹھائے جاؤ گے o

Then indeed, on the Day of Resurrection, you will be raised up (after brought to life).

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ فَلَا أَنسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَلَا يَتَسَاءلُونَ (101)

ترجمہ: پھر جب صور پھونکا جائے گا تو ان کے درمیان اس دن نہ رشتے (باقی) رہیں گے اور نہ وہ ایک دوسرے کا حال پوچھ سکیں گے o

Then when the trumpet will be blown, neither will any relation remain (intact) amongst them that Day, nor will they be able to ask of one another.

فَمَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (102)

ترجمہ: پس جن کے پلڑے (زیادہ اعمال کے باعث) بھاری ہوں گے تو وہی لوگ کامیاب و کامران ہوں گے o

So they whose scales will weigh heavy (due to a great number of good deeds) will be successful and prosperous.

سورۃ النور:

يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ **(24)**

ترجمہ: جس دن (خود) ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں انہی کے خلاف گواہی دیں گے کہ جو کچھ وہ کرتے رہے تھے o

On the Day when their (own) tongues and their hands and their feet will bear witness against them for whatever they used to do,

يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ **(25)**

ترجمہ: اس دن اللہ انہیں ان (کے اعمال) کی پوری پوری جزا جس کے وہ صحیح حق دار ہیں دے دے گا اور وہ جان لیں گے کہ اللہ (خود بھی) حق ہے (اور حق کو) ظاہر فرمانے والا (بھی) ہے o

On that Day, Allah will pay them full recompense that they truly deserve (for their deeds). And they will come to know that Allah is (Himself) the truth (and also) the Revealer (of the truth).

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاءِ الزَّكَاةِ يَخَافُونَ يَوْماً تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ **(37)**

ترجمہ: (اللہ کے اس نور کے حامل) وہی مردانِ (خدا) ہیں جنہیں تجارت اور خرید و فروخت نہ اللہ کی یاد سے غافل کرتی ہے اور نہ نماز قائم کرنے سے اور نہ زکوٰۃ ادا کرنے سے (بلکہ دنیوی فرائض کی ادائیگی کے دوران بھی) وہ (ہمہ وقت) اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں (خوف کے باعث) دل اور آنکھیں (سب) الٹ پلٹ ہو جائیں گی o

(Blessed with this Light) are those servants (of Allah) whom neither trade nor sale diverts from the remembrance of Allah and from establishing Prayer and paying Zakat (the Alms-due. Even whilst performing their worldly duties) they keep fearing the Day when hearts and eyes will (all) overturn (with terror),

أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ قَدْ يَعْلَمُ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ وَيَوْمَ يُرْجَعُونَ إِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ **(64)**

ترجمہ: خبردار! جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اللہ ہی کا ہے، وہ یقیناً جانتا ہے جس حال پر تم ہو (ایمان پر ہو یا منافقت پر)، اور جس دن لوگ اس کی طرف لوٹائے جائیں گے تو وہ انہیں بتا دے گا جو کچھ وہ کیا کرتے تھے اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے o

Beware! To Allah belongs (all) that is in the heavens and in the earth. He certainly knows your state of mind (i.e., state of belief or that of hypocrisy). And on the Day when they will be returned to Him, He will disclose to them what they used to do and Allah knows everything full well.

سورۃ الفرقان:

بَلْ كَذَّبُوا بِالسَّاعَةِ وَأَعْتَدْنَا لِمَن كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيراً (11)

ترجمہ: بلکہ انہوں نے قیامت کو (بھی) جھٹلا دیا ہے، اور ہم نے (ہر) اس شخص کے لیے جو قیامت کو جھٹلاتا ہے (دوزخ کی) بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہےo

But they have denied the Last Hour (as well), and for everyone who denies the Last Hour, We have prepared the blazing Fire (of Hell).

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَاء بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلَائِكَةُ تَنزِيلاً (25)

ترجمہ: اور اس دن آسمان پھٹ کر بادل (کی طرح دھوئیں) میں بدل جائے گا اور فرشتے گروہ در گروہ اتارے جائیں گےo

And that Day, the sky will be rent asunder, changed into (the resemblance of smoke, like) a cloud, and the angels will be sent down rank upon rank.

الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ الْحَقُّ لِلرَّحْمَنِ وَكَانَ يَوْماً عَلَى الْكَافِرِينَ عَسِيراً (26)

ترجمہ: اس دن سچی حکمرانی صرف (خدائے) رحمان کی ہوگی اور وہ دن کافروں پر سخت (مشکل) ہوگاo

That Day, true sovereignty will belong to the Most Kind (Lord) and that will be very hard (i.e., tough) Day on the disbelievers.

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَى يَدَيْهِ يَقُولُ يَا لَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلاً (27)

ترجمہ: اور اس دن ہر ظالم (غصہ اور حسرت سے) اپنے ہاتھوں کو کاٹ کاٹ کھائے گا (اور) کہے گا: کاش! میں نے رسولِ (اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیّت میں (آ کر ہدایت کا) راستہ اختیار کر لیا ہوتاo

And that Day, every wrongdoer will bite his hands (in fury and frustration and) will say: 'Would that I had taken the path (of guidance by joining) the companionship of the Holy Messenger (blessings and peace be upon him)!

يَا وَيْلَتَى لَيْتَنِي لَمْ أَتَّخِذْ فُلَاناً خَلِيلاً (28)

ترجمہ: ہائے افسوس! کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتاo

Ah! Woe to me! Would that I had not taken such a one for a friend!

لَقَدْ أَضَلَّنِي عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَاءنِي وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ خَذُولاً (29)

ترجمہ: بے شک اس نے میرے پاس نصیحت آ جانے کے بعد مجھے اس سے بہکا دیا، اور شیطان انسان کو (مصیبت کے وقت) بے یار و مددگار چھوڑ دینے والا ہےo

Surely, he led me astray from the direction and guidance after it had come to me, and Satan leaves man helpless and forlorn (in the time of distress).

وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَاماً (68)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کی پوجا نہیں کرتے اور نہ (ہی) کسی ایسی جان کو قتل کرتے ہیں جسے بغیرِ حق مارنا اللہ نے حرام فرمایا ہے اور نہ (ہی) بدکاری کرتے ہیں، اور جو شخص یہ کام کرے گا وہ سزائے گناہ پائے گاo

And these are the people who do not worship any other god apart from Allah, nor do they kill the soul whose killing without any lawful cause Allah has forbidden, nor do they commit adultery. And whoever does this will receive the punishment due for the sin.

يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِ مُهَاناً **(69)**

ترجمہ: اس کے لیے قیامت کے دن عذاب دوگنا کر دیا جائے گا اور وہ اس میں ذلت وخواری کے ساتھ ہمیشہ رہے گاo

His punishment will be doubled on the Day of Rising and, disgraced and humiliated, he will live in it forever.

سورۃ الشعرآء:

وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ **(87)**

ترجمہ: اور مجھے (اُس دن) رسوا نہ کرنا جس دن لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گےo

And disgrace me not on the Day (when) people will be raised up (from the graves),

يَوْمَ لَا يَنفَعُ مَالٌ وَلَا بَنُونَ **(88)**

ترجمہ: جس دن نہ کوئی مال نفع دے گا اور نہ اولادo

The Day when neither wealth nor sons will profit.

إِلَّا مَنْ أَتَى اللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ **(89)**

ترجمہ: مگر وہی شخص (نفع مند ہوگا) جو اللہ کی بارگاہ میں سلامتی والے بے عیب دل کے ساتھ حاضر ہواo

But he alone (will be the gainer) who appears before the presence of Allah with a heart protected (from) and pure (of all evils).'

وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ **(90)**

ترجمہ: اور (اس دن) جنت پرہیزگاروں کے قریب کر دی جائے گےo

And (on that Day) Paradise will be brought closer to the Godfearing (and self-protecting).

سورۃ النمل:

وَلُوطاً إِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ أَتَأْتُونَ الْفَاحِشَةَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ **(54)**

ترجمہ: اور لوط (علیہ السلام) کو (یاد کریں) جب انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا: کیا تم بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو حالاں کہ تم دیکھتے (بھی) ہوo

And (recall) Lut (Lot) when he said to his people: 'Do you commit indecency whilst you see (as well)?

وَيَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ فَفَزِعَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاء اللَّهُ وَكُلٌّ أَتَوْهُ دَاخِرِينَ **(87)**

ترجمہ: اور جس دن صُور پھونکا جائے گا تو وہ (سب لوگ) گھبرا جائیں گے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں مگر جنہیں اللہ چاہے گا (نہیں گھبرائیں گے)، اور سب اس کی بارگاہ میں عاجزی کرتے ہوئے حاضر ہوں گے o

And on the Day when the trumpet is blown, (all) those in the heavens and in the earth will be terrified except those whom Allah wills (they will not worry). And all will appear before His presence submissively.

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ صُنْعَ اللَّهِ الَّذِيْ أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ إِنَّهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَفْعَلُوْنَ **(88)**

ترجمہ: اور (اے انسان!) تو پہاڑوں کو دیکھے گا تو خیال کرے گا کہ جمے ہوئے ہیں حالاں کہ وہ بادل کے اڑنے کی طرح اڑ رہے ہوں گے۔ (یہ) اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو (حکمت و تدبیر کے ساتھ) مضبوط و مستحکم بنا رکھا ہے۔ بے شک وہ ان سب (کاموں) سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو o

And, (O man,) you will see the mountains and think them firmly fixed, whereas they will be flying like the passing of clouds. (This) is the work of Allah, Who has made everything strong and stable (with wisdom and strategy). Surely, He is Well Aware of all (the works) that you do.

مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِّنْهَا وَهُم مِّن فَزَعٍ يَوْمَئِذٍ آمِنُوْنَ **(89)**

ترجمہ: جو شخص (اس دن) نیکی لے کر آئے گا اس کے لیے اس سے بہتر (جزا) ہوگی اور وہ لوگ اس دن گھبراہٹ سے محفوظ و مامون ہوں گے o

Whoever brings good (that Day), for him (the reward) will be better than that, and they will be peaceful and secure against terror that Day.

وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ **(90)**

ترجمہ: اور جو شخص برائی لے کر آئے گا تو ان کے منہ (دوزخ کی) آگ میں اوندھے ڈالے جائیں گے۔ بس تمہیں وہی بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھے o

And whoever brings evil will be thrown prone into the Fire (of Hell). So you will be rewarded only for what you used to do.

سورۃ القصص:

أَفَمَن وَعَدْنَاهُ وَعْداً حَسَناً فَهُوَ لَاقِيْهِ كَمَن مَّتَّعْنَاهُ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الْمُحْضَرِيْنَ **(61)**

ترجمہ: کیا وہ شخص جس سے ہم نے کوئی (آخرت کا) اچھا وعدہ فرمایا ہو پھر وہ اسے پانے والا ہو جائے، اس (بدنصیب) کی مثل ہو سکتا ہے جسے ہم نے دنیوی زندگی کے سامان سے نوازا ہو پھر وہ (کفرانِ نعمت کے باعث) روزِ قیامت (عذاب کے لیے) حاضر کیے جانے والوں میں سے ہو جائے o

Can he to whom We have made an excellent promise (pertaining to Hereafter), and who becomes one to attain to it be like the (ill-fated) one We have given the good things of worldly life, then (owing to ingratitude for the bounties) becomes of those who will be brought forth on the Last Day (for punishment)?

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ (62)

ترجمہ: اور جس دن (اللہ) انہیں پکارے گا تو فرمائے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جنہیں تم (معبود) خیال کیا کرتے تھےo

And the Day when (Allah) will call them and say: 'Where are those that you regarded as My partners and considered them (gods)?'

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ مَاذَا أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِينَ (65)

ترجمہ: اور جس دن (اللہ) انہیں پکارے گا تو وہ فرمائے گا: تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھاo

And the Day when (Allah) will call to them, He will say: 'What answer did you serve to the Messengers?'

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنبَاء يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَاءلُونَ (66)

ترجمہ: تو ان پر اس دن خبریں پوشیدہ ہو جائیں گی سو وہ ایک دوسرے سے پوچھ (بھی) نہ سکیں گےo

On that Day, all information will become unknown to them, and they will not be able to ask (even) one another.

وَيَوْمَ يُنَادِيهِمْ فَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَائِيَ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ (74)

ترجمہ: اور جس دن وہ انہیں پکارے گا تو ارشاد فرمائے گا کہ میرے وہ شریک کہاں ہیں جنہیں تم (معبود) خیال کرتے تھےo

And the Day when He will call to them and say: 'Where are they who you regarded as My partners and considered (gods)?'

مَن جَاء بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ خَيْرٌ مِّنْهَا وَمَن جَاء بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِينَ عَمِلُوا السَّيِّئَاتِ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (84)

ترجمہ: جو شخص نیکی لے کر آئے گا اس کے لیے اس سے بہتر (صلہ) ہے اور جو شخص برائی لے کر آئے گا تو برے کام کرنے والوں کو کوئی بدلہ نہیں دیا جائے گا مگر اسی قدر جو وہ کرتے رہے تھےo

Whoever brings good, for him is reward better than that; and whoever brings evil, then there is no compensation for the evildoers but equal to what they used to do.

سورۃ العنکبوت:

وَلَيَحْمِلُنَّ أَثْقَالَهُمْ وَأَثْقَالاً مَّعَ أَثْقَالِهِمْ وَلَيُسْأَلُنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَمَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ (13)

ترجمہ: وہ یقیناً اپنے (گناہوں کے) بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ کئی (دوسرے) بوجھ (بھی اپنے اوپر لادے ہوں گے) اور ان سے روزِ قیامت ان (بہتانوں) کی ضرور پرسش کی جائے گی جو وہ گھڑا کرتے تھےo

And they will certainly carry their own burdens (of sins), and (will also have loaded) many (other) burdens (over themselves) along with their own burdens. And they will certainly be interrogated on the Day of Resurrection about those (false allegations) which they used to invent.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللّٰهِ وَلِقَائِهِ أُوْلَئِكَ يَئِسُوا مِن رَّحْمَتِيْ وَأُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (23)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا وہ لوگ میری رحمت سے مایوس ہو گئے اور ان ہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے o

And those who reject Allah's Revelations and deny meeting with Him, they despair of My mercy. And it is they for whom there is painful punishment.

سورۃ الروم:

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ (12)

ترجمہ: اور جس دن قیامت قائم ہوگی تو مجرم لوگ مایوس ہو جائیں گے o

And the Day when the Last Hour is established, the evildoers will lose hope.

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَتَفَرَّقُوْنَ (14)

ترجمہ: اور جس دن قیامت برپا ہوگی اس دن لوگ (نفسانفسی میں) الگ الگ ہو جائیں گے o

And the Day when the Last Hour will be established, people will separate from one another (in personal agony).

وَمِنْ آيَاتِهِ أَن تَقُوْمَ السَّمَاء وَالْأَرْضُ بِأَمْرِهِ ثُمَّ إِذَا دَعَاكُمْ دَعْوَةً مِّنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنتُمْ تَخْرُجُوْنَ (25)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ آسمان و زمین اس کے (نظامِ) اَمر کے ساتھ قائم ہیں پھر جب وہ تم کو زمین سے (نکلنے کے لیے) ایک بار پکارے گا تو تم اچانک (باہر) نکل آؤ گے o

And (also) of His signs is that the heavens and the earth stand firm by His (system of) command. Then, when He will give you one call to come (forth) from the earth, at once you will come (forth).

فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللّٰهِ يَوْمَئِذٍ يَصَّدَّعُوْنَ (43)

ترجمہ: سو آپ اپنا رُخِ (انور) سیدھے دین کے لیے قائم رکھیئے قبل اس کے کہ وہ دن آ جائے جسے اللہ کی طرف سے (قطعاً) نہیں پھرنا ہے۔ اس دن سب لوگ جدا جدا ہو جائیں گے o

So set your (radiant) face to the straight Din (Religion) before that Day comes from Allah which will not avert (at all). On that Day people will separate from one another.

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ كَذَلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ (55)

ترجمہ: اور جس دن قیامت برپا ہوگی مُجرم لوگ قسمیں کھائیں گے کہ وہ (دنیا میں) ایک گھڑی کے سوا ٹھہرے ہی نہیں تھے، اسی طرح وہ (دنیا میں بھی حق سے) پھرے رہتے تھے o

And the Day when the Last Hour is established, the evildoers will swear they did not stay (in the world) for more than an hour. They used to turn back (from truth) in the same manner (in the world as well).

وَقَالَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَالْإِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ إِلَى يَوْمِ الْبَعْثِ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ (56)

ترجمہ: اور جنہیں علم اور ایمان سے نوازا گیا ہے (ان سے) کہیں گے: درحقیقت تم اللہ کی کتاب میں (ایک گھڑی نہیں بلکہ) اٹھنے کے دن تک ٹھہرے رہے ہو، سو یہ ہے اٹھنے کا دن، لیکن تم جانتے ہی نہ تھےo

And those blessed with knowledge and faith will say (to them): 'Indeed, according to the Book of Allah, you have stayed till the Day of Resurrection (instead of one hour). So this is the Day of Resurrection but you did not know it.'

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ (57)

ترجمہ: پس اس دن ظالموں کو ان کی معذرت کوئی فائدہ نہ دے گی اور نہ ہی ان سے (اللہ کو) راضی کرنے کا مطالبہ کیا جائے گاo

So on that Day, the excuse of the wrongdoers will not be of any benefit to them, nor will they be asked to please (Allah).

سورۃ القمان:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْماً لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَن وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَالِدِهِ شَيْئاً إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللّٰهِ الْغَرُورُ (33)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، اور اس دن سے ڈرو جس دن کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے بدلہ نہیں دے سکے گا اور نہ کوئی ایسا فرزند ہوگا جو اپنے والد کی طرف سے کچھ بھی بدلہ دینے والا ہو، بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے سو دنیا کی زندگی تمہیں ہرگز دھوکہ میں نہ ڈال دے، اور نہ ہی فریب دینے والا (شیطان) تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکہ میں ڈال دےo

O people! Fear your Lord and fear that Day when no father will be able to expiate for his son, nor will a son be able to atone for his father. Surely, the promise of Allah is true. So let not the worldly life deceive you, nor let the Arch-Deceiver (Satan) deceive you concerning Allah.

إِنَّ اللّٰهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَداً وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ (34)

ترجمہ: بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے، اور وہی بارش اتارتا ہے، اور جو کچھ رحموں میں ہے وہ جانتا ہے، اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وہ کل کیا (عمل) کمائے گا، اور نہ کوئی شخص یہ جانتا ہے کہ وہ کس سرزمین پر مرے گا، بے شک اللہ خوب جاننے والا ہے، خبر رکھنے والا ہے (یعنی علیم بالذّات ہے اور خبیر للغیر ہے، از خود ہر شے کا علم رکھتا ہے اور جسے پسند فرمائے باخبر بھی کر دیتا ہے)o

Surely, Allah is the One with Whom is the knowledge of the Last Hour. And He is the One Who sends down rain and knows whatever is in the wombs. And no one knows what (deed) he will earn the next day, nor does anyone know in what land he will die. Surely, Allah is All-Knowing, All-Aware (i.e., Self-Knowing and fully Aware of everything besides Him. He Himself

knows everything and also informs him whom He likes).

سورۃ السجدۃ:

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْفَتْحُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (28)

ترجمہ: اور کہتے ہیں: یہ فیصلہ (کا دن) کب ہوگا اگر تم سچے ہوo

And they say: 'When will this (Day of) Judgment take place if you are truthful?'

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنفَعُ الَّذِينَ كَفَرُوا إِيمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ (29)

ترجمہ: آپ فرما دیں: فیصلہ کے دن نہ کافروں کو ان کا ایمان فائدہ دے گا اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گیo

Say: 'On the Day of Judgment, the belief of disbelievers will bring them no benefit, nor will they be given any respite.'

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانتَظِرْ إِنَّهُم مُّنتَظِرُونَ (30)

ترجمہ: پس آپ اُن سے منہ پھیر لیجئے اور انتظار کیجئے اور وہ لوگ (بھی) انتظار کر رہے ہیںo

So turn your face away from them and wait and they (too) are waiting.

سورۃ الاحزاب:

يَسْأَلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِندَ اللَّهِ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُونُ قَرِيباً (63)

ترجمہ: لوگ آپ سے قیامت کے (وقت کے) بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ فرما دیجیے: اس کا علم تو اللہ ہی کے پاس ہے، اور آپ کو کس نے آگاہ کیا شاید قیامت قریب ہی آچکی ہوo

The people ask you about (the Hour of) Resurrection. Say: 'Its knowledge is with Allah alone. And who has made you aware-it may be that the Last Hour has drawn near?'

سورۃ یٰس:

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (48)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدۂ (قیامت) کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہوo

And they say: 'When will this promise (of the Last Hour) be fulfilled if you are truthful?'

مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ (49)

ترجمہ: وہ لوگ صرف ایک سخت چنگھاڑ کے ہی منتظر ہیں جو انہیں (اچانک) پکڑے گی اور وہ آپس میں جھگڑ رہے ہوں گےo

They are simply waiting for a Mighty Blast which will seize them (all of a sudden), and they will be disputing amongst themselves.

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَى أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ (50)

ترجمہ: پھر وہ نہ تو وصیّت کرنے کے ہی قابل رہیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف واپس پلٹ سکیں گےo

Then they will not be able to make a will or to return to their families.

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَى رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ (51)

ترجمہ: اور (جس وقت دوبارہ) صُور پھونکا جائے گا تو وہ فوراً قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف دوڑ پڑیں گےo

And (when) the Trumpet will be blown (again) they will come out of the graves at once and run towards their Lord.

قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا هَذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ (52)

ترجمہ: (روزِ محشر کی ہولناکیاں دیکھ کر) کہیں گے: ہائے ہماری کم بختی! ہمیں کس نے ہماری خواب گاہوں سے اٹھا دیا، (یہ زندہ ہونا) وہی تو ہے جس کا خدائے رحمان نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ فرمایا تھاo

(Seeing the horrors of the Hour of Resurrection,) they will say: 'Ah, woe to us! Who has raised us from our sleeping places? This (coming back to life) is the same that the Most Kind (Lord) promised and the Messengers spoke the truth.'

إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ (53)

ترجمہ: یہ محض ایک بہت سخت چنگھاڑ ہوگی تو وہ سب کے سب یکا یک ہمارے حضور لا کر حاضر کر دیے جائیں گےo

This will only be a Mighty Blast. Then all of them will be brought to Our presence straight away.

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (54)

ترجمہ: پھر آج کے دن کسی جان پر کچھ ظلم نہ کیا جائے گا اور نہ تمہیں کوئی بدلہ دیا جائے گا سوائے اُن کاموں کے جو تم کیا کرتے تھےo

So Today no soul will be wronged in the least. Nor will you be rewarded except for the deeds you used to do.

سورۃ الصافات:

فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ (19)

ترجمہ: پس وہ تو محض ایک (زوردار آواز کی) سخت جھڑک ہوگی سو سب اچانک (اٹھ کر) دیکھنے لگ جائیں گےo

So, it will be merely a single dreadful shout (of a stern call). Then all will suddenly (rise and) begin to stare.

وَقَالُوا يَا وَيْلَنَا هَذَا يَوْمُ الدِّينِ (20)

ترجمہ: اور کہیں گے: ہائے ہماری شامت! یہ تو جزا کا دن ہےo

And they will say: 'Woe to us! This is the Day of Requital.'

هَذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (21)

ترجمہ: (کہا جائے گا: ہاں) یہ وہی فیصلہ کا دن ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said: 'Yes,) this is the same Day of Judgment which you used to reject.

مِن دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَى صِرَاطِ الْجَحِيمِ (23)

ترجمہ: اللہ کو چھوڑ کر، پھر ان سب کو دوزخ کی راہ پر لے چلو o

Besides Allah. Then take them to the path of Hell.

وَقِفُوهُمْ إِنَّهُم مَّسْئُولُونَ (24)

ترجمہ: اور انہیں (صراط کے پاس) روکو، اُن سے پوچھ گچھ ہوگی o

And halt them (near the passage); they shall be interrogated.'

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُونَ (25)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) تمہیں کیا ہوا تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ o

(It will be said to them:) 'What has happened to you that you do not help one another?'

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ (26)

ترجمہ: (وہ مدد کیا کریں گے) بلکہ آج تو وہ خود گردنیں جھکائے کھڑے ہوں گے o

(What help can they provide?) For, in truth, they will be standing bending their necks Today.

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَسَاءلُونَ (27)

ترجمہ: اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باہم سوال کریں گے o

And turning to one another, they will mutually question.

سورۃ ص:

وَمَا يَنظُرُ هَؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَّا لَهَا مِن فَوَاقٍ (15)

ترجمہ: اور یہ سب لوگ ایک نہایت سخت آواز (چنگھاڑ) کا انتظار کر رہے ہیں جس میں کچھ بھی توقّف نہ ہوگا o

And all of them are waiting for a single mighty blast (shout) in which there will be no deferment.

قُلْ هُوَ نَبَأٌ عَظِيمٌ (67)

ترجمہ: فرما دیجیے: وہ (قیامت) بہت بڑی خبر ہے o

Say: 'That (Day of Rising) is the tremendous piece of news.

أَنتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ (68)

ترجمہ: تم اس سے منہ پھیرے ہوئے ہو o

You have turned your faces away from it.

إِلَى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ (81)

ترجمہ: وقتِ مقررہ کے دن (قیامت) تک o

Till the Day of the appointed time (Resurrection).'

سورۃ الزمر:

قُلْ إِنِّيٓ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (13)

ترجمہ: فرمادیجیے: اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں زبردست دن کے عذاب سے ڈرتا ہوںo

Say: 'If I disobeyed My Lord, I would fear the torment of a Terrible Day.'

فَاعْبُدُوا مَا شِئْتُم مِّن دُونِهِ قُلْ إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا ذَٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ (15)

ترجمہ: سوتم اللہ کے سوا جس کی چاہو پوجا کرو، فرمادیجیے: بے شک نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنی جانوں کو اور اپنے گھر والوں کو خسارہ میں ڈالا۔ یاد رکھو یہی کھلا نقصان ہےo

So worship what you like besides Allah.' Say: 'Surely, losers are only those who will bring loss to their own souls and their families on the Day of Resurrection. Remember! That truly is the manifest loss.

أَفَمَن يَتَّقِي بِوَجْهِهِ سُوءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقِيلَ لِلظَّالِمِينَ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ (24)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو قیامت کے دن (آگ کے) برے عذاب کو اپنے چہرے سے روک رہا ہوگا (کیونکہ اس کے دونوں ہاتھ بندھے ہونگے، اس کا کیا حال ہوگا؟) اور ایسے ظالموں سے کہا جائے گا: اُن بداعمالیوں کا مزہ چکھو جو تم انجام دیا کرتے تھےo

Well, on the Day of Resurrection, (what will be the plight of the one) who will be trying to halt the evil torment (of the Fire) with his face (because both his hands will be fastened)? And it will be said to these wrongdoers: 'Taste the consequence of the evil deeds that you used to do.'

وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِن سُوءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ (47)

ترجمہ: اور اگر ظالموں کو وہ سب کا سب (مال ومتاع) میسر ہو جائے جو روئے زمین میں ہے اور اُس کے ساتھ اس کے برابر (اور بھی مل جائے) تو وہ اسے قیامت کے دن بُرے عذاب (سے نجات پانے) کے بدلے میں دے ڈالیں گے، اور اللہ کی طرف سے اُن کے لیے وہ (عذاب) ظاہر ہوگا جس کا وہ گمان بھی نہیں کرتے تھےo

And if the wrongdoers possessed all (the wealth and assets) that are on earth and (obtained) the same again in addition, they would ransom themselves with it (for deliverance) from the evil torment on the Day of Resurrection. But there will appear to them from Allah such a torment as they could never have even imagined.

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُم مُّسْوَدَّةٌ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِينَ (60)

ترجمہ: اور آپ قیامت کے دن اُن لوگوں کو جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ہے دیکھیں گے کہ اُن کے چہرے سیاہ ہوں گے، کیا تکبّر کرنے والوں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟o

And on the Day of Resurrection, you will see those who have fabricated a lie against Allah that their faces are darkened. Is the abode of the arrogant not in

Hell?

وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعاً قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّماوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (67)

ترجمہ: اورانہوں نے اللہ کی قدر وتعظیم نہیں کی جیسے اُس کی قدر وتعظیم کا حق تھا اور ساری کی ساری زمین قیامت کے دن اُس کی مٹھی میں ہوگی اور سارے آسمانی کرّے اُس کے دائیں ہاتھ (یعنی قبضۂ قدرت) میں لپٹے ہوئے ہوں گے، وہ پاک ہے اور ہر اس چیز سے بلند و برتر ہے جسے یہ لوگ شریک ٹھہراتے ہیں o

And they did not realize true appreciation and veneration of Allah's Glory as was due. And the whole earth will be in His grip on the Day of Resurrection, and all the heavenly spheres will be rolled up in His right hand (i.e., firm hold of His Might). Holy is He and High and Exalted above all that they associate with Him.

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاء اللَّهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَى فَإِذَا هُم قِيَامٌ يَنظُرُونَ (68)

ترجمہ: اور صُور پھونکا جائے گا تو سب لوگ جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں بے ہوش ہو جائیں گے سوائے اُس کے جسے اللہ چاہے گا، پھر اس میں دوسرا صُور پھونکا جائے گا، سو وہ سب اچانک دیکھتے ہوئے کھڑے ہو جائیں گے o

And the Trumpet will be blown. Then all the people that are in the heavens and that are in the earth will become senseless except him whom Allah wills. Then the Trumpet will be blown again; so they will stand up gazing all at once.

وَأَشْرَقَتِ الْأَرْضُ بِنُورِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الْكِتَابُ وَجِيءَ بِالنَّبِيِّينَ وَالشُّهَدَاء وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (69)

ترجمہ: اور زمین (محشر) اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی اور (ہر ایک کے اعمال کی) کتاب رکھ دی جائے گی اور انبیاء کو اور گواہوں کو لایا جائے گا اور لوگوں کے درمیان حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا o

And the earth (on the Day of Judgment) will be illumined with the Light of its Lord, and the Book (of everyone's deeds) will be laid down. And the Prophets and the witnesses will be brought, and judgment will be given between the people with truth and justice. And they will not be done any wrong.

سورۃ مومن:

رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ لِيُنذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ (15)

ترجمہ: درجات بلند کرنے والا، مالکِ عرش، اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے روح (یعنی وحی) اپنے حکم سے القا فرماتا ہے تاکہ وہ (لوگوں کو) اکٹھا ہونے والے دن سے ڈرائے o

The Exalter of Ranks and the Owner of the Mighty Throne, He sends His Spirit (i.e., Revelation) upon whomever of His servants He wills by His command, so that He warns them (people) of the Day of Assembly,

يَوْمَ هُم بَارِزُونَ لَا يَخْفَى عَلَى اللَّهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ لِّمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (16)

ترجمہ: جس دن وہ سب (قبروں سے) نکل پڑیں گے اور ان (کے اعمال) سے کچھ بھی اللہ پر پوشیدہ نہ رہے گا، (ارشاد ہوگا:) آج کس کی بادشاہی ہے؟ (پھر ارشاد ہوگا:) اللہ ہی کی جو یکتا ہے سب پر غالب ہےo

The Day when they all will come forth (from the graves), and nothing of their (deeds) will remain hidden from Allah, (He will say:) 'Whose is the Kingdom this Day?' (It will be further added:) 'It belongs to Allah, the One,the Most Dominant.'

الْيَوْمَ تُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ (17)

ترجمہ: آج کے دن ہر جان کو اس کی کمائی کا بدلہ دیا جائے گا، آج کوئی ناانصافی نہ ہوگی، بے شک اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہےo

Today every soul will be rewarded for what it has earned. There will be no injustice Today. Surely, Allah is Swift in taking an account.

وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْآزِفَةِ إِذِ الْقُلُوبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِينَ مَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ (18)

ترجمہ: اور آپ ان کو قریب آنے والی آفت کے دن سے ڈرائیں جب ضبطِ غم سے کلیجے منہ کو آئیں گے۔ ظالموں کے لیے نہ کوئی مہربان دوست ہوگا اور نہ کوئی سفارشی جس کی بات مانی جائےo

And warn them of the Day of impending calamity when hearts will rise to throats due to the suppressed grief. The wrongdoers will have neither any kind friend nor any influential intercessor.

يَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ (19)

ترجمہ: وہ خیانت کرنے والی نگاہوں کو جانتا ہے اور (ان باتوں کو بھی) جو سینے (اپنے اندر) چھپائے رکھتے ہیںo

He knows the treacherous eyes, and also those secrets which the breasts hide (inside them).

إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ (51)

ترجمہ: بے شک ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان لانے والوں کی دنیوی زندگی میں (بھی) مدد کرتے ہیں اور اس دن (بھی کریں گے) جب گواہ کھڑے ہوں گےo

Surely, We help Our Messengers and those who believe both in the life of this world and on the Day when the witnesses will rise,

يَوْمَ لَا يَنفَعُ الظَّالِمِينَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ (52)

ترجمہ: جس دن ظالموں کو اُن کی معذرت فائدہ نہیں دے گی اور اُن کے لیے پھٹکار ہوگی اور اُن کے لیے (جہنّم کا) بُرا گھر ہوگاo

The Day when the excuse of the wrongdoers will not benefit them. And there will be the curse on them, and for them will be the evil home (in Hell).

إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ (59)

ترجمہ: بے شک قیامت ضرور آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں۔ لیکن اکثر لوگ یقین نہیں رکھتےo

Surely, the Last Hour is bound to come. There is no doubt in that. Yet most people do not believe.

سورۃ حم السجدۃ:

إِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُونَ فِيْ آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا أَفَمَن يُلْقَى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِيْ آمِناً يَوْمَ الْقِيَامَةِ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (40)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہماری آیتوں (کے معنی) میں صحیح راہ سے انحراف کرتے ہیں وہ ہم پر پوشیدہ نہیں ہیں، بھلا جو شخص آتشِ دوزخ میں جھونک دیا جائے (وہ) بہتر ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن (عذاب سے) محفوظ و مامون ہو کر آئے، تم جو چاہو کرو، بے شک جو کام تم کرتے ہو وہ خوب دیکھنے والا ہےo

Verily, those who turn away from the straight path with regard to (the meanings of) Our Verses are not hidden from Us. Then, is he who is thrown into the Fire of Hell better, or someone who comes safe and secure (from the torment) on the Day of Resurrection? Do as you wish. Surely, He sees all that you do.

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ وَمَا تَخْرُجُ مِن ثَمَرَاتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَى وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ أَيْنَ شُرَكَائِيْ قَالُوا آذَنَّاكَ مَا مِنَّا مِن شَهِيْدٍ (47)

ترجمہ: اسی (اللہ) کی طرف ہی وقتِ قیامت کے علم کا حوالہ دیا جاتا ہے، اور نہ پھل اپنے غلافوں سے نکلتے ہیں اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ وہ بچہ جنتی ہے مگر (یہ سب کچھ) اُس کے علم میں ہوتا ہے۔ اور جس دن وہ انہیں ندا فرمائے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں، (تو) وہ (مشرک) کہیں گے: ہم آپ سے عرض کیے دیتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی بھی (کسی کے آپ کے ساتھ شریک ہونے پر) گواہ نہیں ہےo

Whoever does pious work does it for (the benefit) of his own self, and whoever commits sin, its (resultant evil suffering) will fall back on him alone. And your Lord is not at all unjust to His servants.

وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِن بَعْدِ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَذَا لِيْ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَى رَبِّيْ إِنَّ لِيْ عِندَهُ لَلْحُسْنَى فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيْقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ (50)

ترجمہ: اور اگر ہم اسے اپنی جانب سے رحمت (کا مزہ) چکھا دیں اُس تکلیف کے بعد جو اُسے پہنچ چکی تھی تو وہ ضرور کہنے لگتا ہے کہ یہ تو میرا حق تھا اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت برپا ہونے والی ہے اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو بھی اس کے حضور میرے لیے یقیناً بھلائی ہوگی سو ہم ضرور کفر کرنے والوں کو اُن کاموں سے آگاہ کر دیں گے جو انہوں نے انجام دیے اور ہم انہیں ضرور سخت ترین عذاب (کا مزہ) چکھا دیں گےo

And if We give him a taste of mercy from Us after that misery which touched him, he surely starts saying: 'This is my privilege. And I do not think that the

Last Hour will ever take place. And if at all I am returned to my Lord, even then there will surely be good fortune for me in His presence.' So We shall certainly inform the disbelievers of the deeds which they did, and We shall indeed make them taste the most severe torment.

سورۃ الشوریٰ:

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآناً عَرَبِيّاً لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ (7)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی زبان میں قرآن کی وحی کی تاکہ آپ مکّہ والوں کو اور اُن لوگوں کو جو اِس کے اِرد گرد رہتے ہیں ڈر سنا سکیں، اور آپ جمع ہونے کے اُس دن کا خوف دلائیں جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ (اُس دن) ایک گروہ جنت میں ہوگا اور دوسرا گروہ دوزخ میں ہوگاo

And likewise, We have revealed to you the Holy Qur'an in the Arabic language so that you may warn the residents of Mecca and its suburbs, and that you may warn them of the Day of Assembly about which there is no doubt. (On that Day) one party will be in Paradise and the other in Hell.

وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيَاً بَيْنَهُمْ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّ الَّذِينَ أُورِثُوا الْكِتَابَ مِن بَعْدِهِمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ (14)

ترجمہ: اور انہوں نے فرقہ بندی نہیں کی تھی مگر اِس کے بعد جبکہ اُن کے پاس علم آ چکا تھا محض آپس کی ضِد (اور ہٹ دھرمی) کی وجہ سے، اور اگر آپ کے رب کی جانب سے مقررہ مدّت تک (کی مہلت) کا فرمان پہلے صادر نہ ہوا ہوتا تو اُن کے درمیان فیصلہ کیا جا چکا ہوتا، اور بے شک جو لوگ اُن کے بعد کتاب کے وارث بنائے گئے تھے وہ خود اُس کی نسبت فریب دینے والے شک میں (مبتلا) ہیںo

And they did not break up into factions, but only after knowledge had reached them, merely on account of their mutual obstinacy (and stubbornness). And had the command of your Lord not gone forth concerning (a respite for) an appointed time, the judgment would have been given between them. And verily, those who were made inheritors of the Book after them are themselves in deceitful doubt about it.

فَلِذَلِكَ فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ وَقُلْ آمَنتُ بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِن كِتَابٍ وَأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ اللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ اللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ (15)

ترجمہ: پس آپ اسی (دین) کے لیے دعوت دیتے رہیں اور جیسے آپ کو حکم دیا گیا ہے (اسی پر) قائم رہیے اور اُن کی خواہشات پر کان نہ دھریے، اور (یہ) فرما دیجیے: جو کتاب بھی اللہ نے اتاری ہے میں اُس پر ایمان رکھتا ہوں، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان عدل و انصاف کروں۔ اللہ ہمارا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور

تمہارے لیے تمہارے اعمال، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی بحث وتکرار نہیں، اللہ ہم سب کو جمع فرمائے گا اور اسی کی طرف (سب کا) پلٹنا ہےo

So keep calling them to this (Din [Religion]), and hold fast (to it) as the command has been given to you. And do not give any heed to their desires and say (this): 'I believe in every Book that Allah has revealed, and I have been commanded to do justice between you. Allah is our Lord as well as your Lord. For us are our deeds and for you are your deeds. There is no debate and dispute between us and you. Allah will gather us all together and to Him is the return (of all).'

اللَّهُ الَّذِيْ أَنزَلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ **(17)**

ترجمہ: اللہ وہی ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب نازل فرمائی اور (عدل وانصاف کا) ترازو (بھی اتارا)، اور آپ کو کس نے خبردار کیا، شاید قیامت قریب ہی ہوo

Allah is He Who has revealed the Book with the truth and (also sent down) the balance (of equity and justice). And who has put you on alert-perhaps the Last Hour is near?

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا وَالَّذِيْنَ آمَنُوا مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ أَلَا إِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُونَ فِيْ السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلَالٍ بَعِيْدٍ **(18)**

ترجمہ: اِس (قیامت) میں وہ لوگ جلدی مچاتے ہیں جو اِس پر ایمان (ہی) نہیں رکھتے اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ اِس کا آنا حق ہے، جان لو! جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں وہ پرلے درجہ کی گمراہی میں ہیںo

They who do not put (any) belief in it seek to hasten this (Hour), and those who believe fear it and know that its coming is the truth. Beware! Those who argue about the Hour are in extreme error.

اسْتَجِيْبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَأٍ يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيْرٍ **(47)**

ترجمہ: تم لوگ اپنے رب کا حکم قبول کرلو قبل اِس کے کہ وہ دن آجائے جو اللہ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں ہے، نہ تمہارے لیے اُس دن کوئی جائے پناہ ہوگی اور نہ تمہارے لیے کوئی جائے انکارo

Accept and submit to the command of your Lord before the Day comes for which there is no averting from Allah. There will be no shelter for you on that Day. Nor will there be any possibility for you to deny.

سورۃ الزخرف:

إِنَّ اللَّهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ **(64)**

ترجمہ: بے شک اللہ ہی میرا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، پس اسی کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہےo

Surely, Allah is the One Who is your Lord and my Lord (as well). So worship Him alone. That is the only straight path.'

فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِن بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ أَلِيمٍ **(65)**

ترجمہ: پس اُن کے درمیان (آپس میں ہی) مختلف فرقے ہو گئے، سو جن لوگوں نے ظلم کیا اُن کے لیے دردناک دن کے عذاب کی خرابی ہےo

Then various sects cropped up amongst them. So those who did wrong, woe to them on account of the torment of a grievous Day!

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ **(66)**

ترجمہ: یہ لوگ کیا انتظار کر رہے ہیں (بس یہی) کہ قیامت اُن پر اچانک آ جائے اور انہیں خبر بھی نہ ہوo

What are they waiting for (save) the Hour that should seize them all of a sudden whilst they have no awareness of it?

الْأَخِلَّاء يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ **(67)**

ترجمہ: سارے دوست واحباب اُس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے سوائے پرہیزگاروں کے (انہی کی دوستی اور ولایت کام آئے گی)o

On that Day, all friends and acquaintances will become enemies to one another except the pious. (Only their friendship and nearness [wilaya] will prove fruitful.)

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ **(83)**

ترجمہ: سو آپ انہیں چھوڑ دیجیے، بے کار بحثوں میں پڑے رہیں اور لغو کھیل کھیلتے رہیں حتٰی کہ اپنے اس دن کو پالیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

So leave them. Let them remain indulged in vain talk and absurd sport until they meet the Day which they are promised.

وَتَبَارَكَ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ **(85)**

ترجمہ: اور وہ ذات بڑی بابرکت ہے جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور (اُن کی بھی) جو کچھ اِن کے درمیان ہے، اور (وقتِ) قیامت کا علم (بھی) اس کے پاس ہے، اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

And Most Blessed is He to Whom belongs the Kingdom of the heavens and the earth and (also of all) that is between them. And He has the knowledge of the Last Hour (as well), and you will be returned to Him alone.

سورۃ الدخان:

يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَى إِنَّا مُنتَقِمُونَ **(16)**

ترجمہ: جس دن ہم بڑی سخت گرفت کریں گے تو (اس دن) ہم یقیناً انتقام لے ہی لیں گےo

The Day when We will seize with the Greatest Seizure, (that Day) We shall

certainly exact revenge.

إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيقَاتُهُمْ أَجْمَعِينَ (40)

ترجمہ: بے شک فیصلہ کا دن، اُن سب کے لیے مقرّرہ وقت ہےo

Surely, the Day of Judgment is the appointed time for all of them;

يَوْمَ لَا يُغْنِي مَوْلًى عَن مَّوْلًى شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ (41)

ترجمہ: جس دن کوئی دوست کسی دوست کے کچھ کام نہ آئے گا اور نہ ہی اُن کی مدد کی جائے گیo

The Day when a friend shall not avail a friend at all, nor will they be helped,

فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ (59)

ترجمہ: سو آپ (بھی) انتظار فرمائیں، یقیناً وہ (بھی) انتظار کر رہے ہیں (آپ اُن کا حشر اور ہمارا انتقام دیکھیں گے اور وہ آپ کی شان اور آپ کے تصدّق سے مومنوں پر میرا انعام دیکھیں گے)o

So wait. Certainly, they (too) are waiting. (You will see Our revenge and their evil end, and they will see your glory and My favours to the believers through your mediation.)

سورۃ الجاثیۃ:

قُلِ اللَّهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (26)

ترجمہ: فرما دیجیے: اللہ ہی تمہیں زندگی دیتا ہے اور پھر وہی تمہیں موت دیتا ہے پھر تم سب کو قیامت کے دن کی طرف جمع فرمائے گا جس میں کوئی شک نہیں ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتےo

Say: 'Allah is the One Who gives you life, and He is the One Who causes you to die. Then He will gather all of you towards the Day of Resurrection about which there is no doubt. But most people do not know.'

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ (27)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور جس دن قیامت برپا ہوگی تب (سب) اہلِ باطل سخت خسارے میں پڑ جائیں گےo

And the Kingdom of the heavens and the earth belongs to Allah alone. And the Day when the Last Hour comes, then (all) the disbelievers will run into serious loss.

وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ (32)

ترجمہ: اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت (کے آنے) میں کوئی شک نہیں ہے تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہے، ہم اُسے وہم و گمان کے سوا کچھ نہیں سمجھتے اور ہم (اِس پر) یقین کرنے والے نہیں ہیںo

And when it was said: 'The promise of Allah is true, and there is no doubt about (the coming of) the Last Hour,' you used to say: 'We do not know what the Last Hour is; we regard it nothing but a conjecture; nor do we

have any faith in it.'

سورۃ الاحقاف:

وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّن يَدْعُو مِن دُونِ اللَّهِ مَن لَّا يَسْتَجِيبُ لَهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَهُمْ عَن دُعَائِهِمْ غَافِلُونَ (5)

ترجمہ: اوراس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہوسکتا ہے جو اللہ کے سوا ایسے (بتوں) کی عبادت کرتا ہے جو قیامت کے دن تک اسے (سوال کا) جواب نہ دے سکیں اور وہ (بت) ان کی دعاء وعبادت سے (ہی) بے خبر ہیںo

And who can be more in error than someone who worships such (idols) apart from Allah as cannot answer (his question) till the Day of Resurrection? And those (idols) have no consciousness of their prayer and worship.

وَإِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوا لَهُمْ أَعْدَاء وَكَانُوا بِعِبَادَتِهِمْ كَافِرِينَ (6)

ترجمہ: اور جب لوگ (قیامت کے دن) جمع کیے جائیں گے تو وہ (معبودانِ باطلہ) ان کے دشمن ہوں گے اور (اپنی برات کی خاطر) ان کی عبادت سے ہی منکر ہو جائیں گےo

And when mankind shall be gathered (on the Day of Resurrection), those (false gods) will be their enemies and will deny their worship (for their own absolution).

وَالَّذِي قَالَ لِوَالِدَيْهِ أُفٍّ لَّكُمَا أَتَعِدَانِنِي أَنْ أُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُونُ مِن قَبْلِي وَهُمَا يَسْتَغِيثَانِ اللَّهَ وَيْلَكَ آمِنْ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَيَقُولُ مَا هَذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ (17)

ترجمہ: اور جس نے اپنے والدین سے کہا: تم سے بیزاری ہے، تم مجھے (یہ) وعدہ دیتے ہو کہ میں (قبر سے دوبارہ زندہ کر کے) نکالا جاؤں گا حالاں کہ مجھ سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکیں۔ اب وہ دونوں (ماں باپ) اللہ سے فریاد کرنے لگے (اور لڑکے سے کہا:) تو ہلاک ہوگا۔ (اے لڑکے!) ایمان لے آ، بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے۔ تو وہ (جواب میں) کہتا ہے: یہ (باتیں) اگلے لوگوں کے جھوٹے افسانوں کے سوا (کچھ) نہیں ہیںo

And he who says to his parents: 'Fie on you! Do you promise me that I shall be brought forth (from the grave and given life once more) when generations have passed away before me?' Now both (the parents) pray to Allah for help (and say to the son:) 'Woe to you, (O son!) Accept faith. Surely, Allah's promise is true.' But he says (in reply): 'These (words) are nothing but the fiction of the bygone people.'

سورۃ محمد:

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً فَقَدْ جَاء أَشْرَاطُهَا فَأَنَّى لَهُمْ إِذَا جَاءتْهُمْ ذِكْرَاهُمْ (18)

ترجمہ: تو اب یہ (منکر) لوگ صرف قیامت ہی کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان پر اچانک آ پہنچے؟ سو واقعی اس کی نشانیاں (قریب) آ پہنچی ہیں، پھر انہیں ان کی نصیحت کہاں (مفید) ہوگی جب (خود) قیامت (ہی) آ پہنچے گےo

So are they (the deniers) now just waiting for the Last Hour to come upon them

all of a sudden? Its signs have no doubt drawn (near). But what (good) will their admonition do to them when the Last Hour (itself) approaches?

سورۃ ق:

وَنُفِخَ فِيْ الصُّورِ ذَلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ (20)

ترجمہ: اور صُور پھونکا جائے گا، یہی (عذاب ہی) وعید کا دن ہے o

And the Trumpet will be blown. It is (this torment) the Day of Warning.

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِن مَّكَانٍ قَرِيْبٍ (41)

ترجمہ: اور (اُس دِن کا حال) خوب سن لیجئے جس دن ایک پکارنے والا قریبی جگہ سے پکارے گا o

And listen attentively (of the Day) when a caller will call from a near place,

يَوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذَلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ (42)

ترجمہ: جس دن لوگ سخت چنگھاڑ کی آواز کو بالیقین سنیں گے، یہی قبروں سے نکلنے کا دن ہوگا o

The Day when people will assuredly hear a mighty roar. That will be the Day of coming out from the graves.

يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعاً ذَلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ 44)

ترجمہ: جس دن زمین اُن پر سے پھٹ جائے گی تو وہ جلدی جلدی نکل پڑیں گے، یہ حشر (پھر سے لوگوں کو جمع کرنا) ہم پر نہایت آسان ہے o

The Day when the earth will split apart from above them, they will come out in haste. This raising them alive (i.e., gathering the people once again) is quite easy for Us.

سورۃ الذاریات:

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا مِن يَوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوعَدُوْنَ (60)

ترجمہ: سو کافروں کے لیے اُن کے اُس دِن میں بڑی تباہی ہے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے o

So a terrible destruction awaits the disbelievers on that Day of theirs which they have been promised.

سورۃ الطّور:

يَوْمَ تَمُوْرُ السَّمَاء مَوْراً (9)

ترجمہ: جس دن آسمان سخت تھرتھراہٹ کے ساتھ لرزے گا o

The Day when the heaven will shake with a terrible tremor,

وَتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْراً (10)

ترجمہ: اور پہاڑ (اپنی جگہ چھوڑ کر بادلوں کی طرح) تیزی سے اڑنے اور (ذرّات کی طرح) بکھرنے لگیں گے o

And the mountains (leaving their locations) will fly fast (like clouds) and scatter (like dust particles),

فَوَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِيْنَ (11)

ترجمہ: سواُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہےo

So on that Day, woe to those who belie,

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَلْعَبُوْنَ (12)

ترجمہ: جو باطل (بے ہودگی) میں پڑے غفلت کا کھیل کھیل رہے ہیںo

Those who are playing a game of negligence, rapt in falsehood (i.e., absurdity).

يَوْمَ يُدَعُّوْنَ إِلَى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا (13)

ترجمہ: جس دن کو وہ دھکیل دھکیل کر آتشِ دوزخ کی طرف لائے جائیں گےo

The Day when they will be forcefully pushed towards the Fire of Hell,

هَذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُوْنَ (14)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) یہ ہے وہ جہنّم کی آگ جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said to them:) 'This is the Fire of Hell you used to belie.

أَفَسِحْرٌ هَذَا أَمْ أَنتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ (15)

ترجمہ: سو کیا یہ جادو ہے یا تمہیں دکھائی نہیں دیتاo

So is it magic, or do you not see?

اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا سَوَاء عَلَيْكُمْ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (16)

ترجمہ: اس میں داخل ہو جاؤ، پھر تم صبر کرو یا صبر نہ کرو، تم پر برابر ہے، تمہیں صرف انہی کاموں کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے رہے تھےo

Enter it. Then it is all the same for you whether you observe patience, or you do not observe patience. You will be paid only for those deeds which you used to do.'

سورۃ النجم:

أَزِفَتِ الْآزِفَةُ (57)

ترجمہ: آنے والی (قیامت کی گھڑی) قریب آ پہنچیo

The imminent (Hour of Judgment) has drawn near.

لَيْسَ لَهَا مِن دُوْنِ اللَّهِ كَاشِفَةٌ (58)

ترجمہ: اللہ کے سوا اِسے کوئی ظاہر (اور قائم) کرنے والا نہیں ہےo

No one except Allah can bring it forth (and establish).

سورۃ القمر:

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَى شَيْءٍ نُّكُرٍ (6)

ترجمہ: سوآپ اُن سے منہ پھیر لیں، جس دن بلانے والا (فرشتہ) ایک نہایت ناگوار چیز (میدانِ حشر) کی طرف بلائے گاo

So turn your face away from them. The Day when the caller (angel) will call towards the most detestable thing (the expanse of the last assembly),

خُشَّعاً أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنتَشِرٌ (7)

ترجمہ: اپنی آنکھیں جھکائے ہوئے قبروں سے نکل پڑیں گے گویا وہ پھیلی ہوئی ٹڈیاں ہیںo

With eyes cast down, they will come out of their graves like scattered locusts,

مُّهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَذَا يَوْمٌ عَسِرٌ (8)

ترجمہ: پکارنے والے کی طرف دوڑ کر جا رہے ہوں گے، کفّار کہتے ہوں گے: یہ بڑا سخت دِن ہےo

Rushing towards the caller running. The disbelievers will say: 'This is a very hard Day.'

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَى وَأَمَرُّ (46)

ترجمہ: بلکہ اُن کا (اصل) وعدہ تو قیامت ہے اور قیامت کی گھڑی بہت ہی سخت اور بہت ہی تلخ ہےo

But their (actual) promise is the Last Hour, and the Last Hour is extremely terrible and most agonizing.

إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ (47)

ترجمہ: بے شک مجرم لوگ گمراہی اور دیوانگی (یا آگ کی لپیٹ) میں ہیںo

Assuredly, the evildoers are in (the fold of) error and insanity (or Fire).

يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ (48)

ترجمہ: جس دن وہ لوگ اپنے مُنہ کے بل دوزخ میں گھسیٹے جائیں گے (تو اُن سے کہا جائے گا:) آگ میں جلنے کا مزہ چکھوo

The Day when they will be dragged into Hell on their faces (it will be said to them:) 'Taste burning in Hell.'

سورۃ الرحمٰن:

فَإِذَا انشَقَّتِ السَّمَاء فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ (37)

ترجمہ: پھر جب آسمان پھٹ جائے گا اور جلے ہوئے تیل (یا سرخ چمڑے) کی طرح گلابی ہو جائے گاo

And when the heavens will split apart and will become rosy like burnt oil (or red leather),

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْأَلُ عَن ذَنبِهِ إِنسٌ وَلَا جَانٌّ (39)

ترجمہ: سواُس دن نہ تو کسی انسان سے اُس کے گناہ کی بابت پوچھا جائے گا اور نہ ہی کسی جِن سےo

That Day no man or jinn will be asked about his sin.

سورۃ الواقعۃ:

إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ (1)

ترجمہ: جب واقع ہونے والی (قیامت) واقع ہو جائے گیo

When what is to occur (the Hour of Resurrection) will occur,

لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ (2)

ترجمہ: اُس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں ہےo

There is no falsehood in its occurrence.

خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ (3)

ترجمہ: (وہ قیامت کسی کو) نیچا کر دینے والی (کسی کو) اونچا کر دینے والی (ہے)o

(That Hour) will lower (some) and raise (some others) high.

إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجّاً (4)

ترجمہ: جب زمین کپکپا کر شدید لرزنے لگے گیo

When the earth will tremor and then shake violently,

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسّاً (5)

ترجمہ: اور پہاڑ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں گےo

And the mountains will be crumbled into bits,

فَكَانَتْ هَبَاءً مُّنْبَثّاً (6)

ترجمہ: پھر وہ غبار بن کر منتشر ہو جائیں گےo

Then will become dust particles spread in the air,

وَكُنتُمْ أَزْوَاجاً ثَلَاثَةً (7)

ترجمہ: اور تم لوگ تین قسموں میں بٹ جاؤ گےo

And you will be divided into three classes.

فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (8)

ترجمہ: سو (ایک) دائیں جانب والے، دائیں جانب والوں کا کیا کہناo

So (first) those on the Right Hand; what a class the Right Hand will be!

وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ (9)

ترجمہ: اور (دوسرے) بائیں جانب والے، کیا (ہی برے حال میں ہوں گے) بائیں جانب والےo

And (second) those on the Left Hand; (in what miserable plight will be) the Left Hand party!

وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ (10)

ترجمہ: اور (تیسرے) سبقت لے جانے والے (یہ) پیش قدمی کرنے والے ہیںo

And (third) the Excellent; (they) are the Foremost.

أُولَٰئِكَ الْمُقَرَّبُونَ (11)

ترجمہ: یہی لوگ (اللہ کے) مقرّب ہوں گےo

It is they who will be the ones drawn near (to Allah).

فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (12)

ترجمہ: نعمتوں کے باغات میں (رہیں گے)o

(They will live) in the Gardens of Bliss.

ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ (13)

ترجمہ: (اِن مقرّبین میں) بڑا گروہ اگلے لوگوں میں سے ہوگاo

A large group (of those drawn near) will be from the earlier people.

وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ (14)

ترجمہ: اور پچھلے لوگوں میں سے (ان میں) تھوڑے ہوں گےo

And a small number (amongst them) will be from the later generations.

عَلَىٰ سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ (15)

ترجمہ: (یہ مقرّبین) زرنگار تختوں پر ہوں گےo

(Those drawn near) will be on the thrones ornamented with gold,

مُّتَّكِئِينَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِينَ (16)

ترجمہ: اُن پر تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گےo

Reclining there on cushions, face to face.

يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ (17)

ترجمہ: ہمیشہ ایک ہی حال میں رہنے والے نوجوان خدمت گاران کے اردگرد گھومتے ہوں گےo

The serving youths, rapt always in the same state of being, will go round them.

بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ وَكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ (18)

ترجمہ: کوزے، آفتابے اور چشموں سے بہتی ہوئی (شفاف) شرابِ (قربت) کے جام لے کر (حاضرِ خدمت رہیں گے)o

(They will be attending) carrying bowls, ewers and cups filled with (transparent) drink of (nearness) from the free-flowing springs.

لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ (19)

ترجمہ: انہیں نہ تو اُس (کے پینے) سے دردِ سر کی شکایت ہوگی اور نہ ہی عقل میں فتور (اور بدمستی) آئے گیo

By (drinking) this, they will have neither headache nor derangement of senses (and stupefaction).

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ (20)

ترجمہ: اور (جنّتی خدمت گزار) پھل (اور میوے) لے کر (بھی پھر رہے ہوں گے) جنہیں وہ (مقرّبین) پسند کریں گےo

And (the servants of Paradise) will be (roaming about) with fruits which (the ones drawn near) will like,

وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ (21)

ترجمہ: اور پرندوں کا گوشت بھی (دستیاب ہوگا) جس کی وہ (اہلِ قربت) خواہش کریں گےo

And (there will be) bird-meat as well which they (the ones drawn near) will desire.

وَحُورٌ عِينٌ (22)

ترجمہ: اور خوبصورت کشادہ آنکھوں والی حوریں بھی (اُن کی رفاقت میں ہوں گی)o

And also (in their companionship will be) maidens with wide lovely eyes,

كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ (23)

ترجمہ: جیسے محفوظ چھپائے ہوئے موتی ہوںo

Like pearls kept hidden, well-guarded.

جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (24)

ترجمہ: (یہ) اُن (نیک) اعمال کی جزا ہوگی جو وہ کرتے رہے تھےo

(That) will be the reward of the (pious) works which they used to do.

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً وَلَا تَأْثِيماً (25)

ترجمہ: وہ اِس میں نہ کوئی بیہودگی سنیں گے اور نہ کوئی گناہ کی باتo

There they will hear nothing absurd nor any word of sin,

إِلَّا قِيلًا سَلَاماً سَلَاماً (26)

ترجمہ: مگر ایک ہی بات (کہ یہ سلام والے ہر طرف سے) سلام ہی سلام سنیں گےo

But (these people of peace will hear) only one thing (from all sides:) 'Peace, Peace.'

وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ (27)

ترجمہ: اور دائیں جانب والے، کیا کہنا دائیں جانب والوں کاo

And those of the Right Hand; what a class the Right Hand are!

فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ (28)

ترجمہ: وہ بے خار بیریوں میںo

Amid thornless lote-trees,

وَطَلْحٍ مَّنضُودٍ (29)

ترجمہ: اور تہ بہ تہ کیلوں میںo

And layers of banana fruit,

وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ (30)

ترجمہ: اور لمبے لمبے (پھیلے ہوئے) سایوں میںo

And long-stretching, (wide-spreading) shades,

وَمَاءٍ مَّسْكُوبٍ (31)

ترجمہ: اور بہتے چھلکتے پانیوں میںo

And flowing, gushing waters,

وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ (32)

ترجمہ: اور بکثرت پھلوں اور میووں میں (لطف اندوز ہوں گے)o

And (they will be rejoicing) in abundance of fruits.

لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ (33)

ترجمہ: جو نہ (کبھی) ختم ہوں گے اور نہ اُن (کے کھانے) کی ممانعت ہوگیo

They will be neither exhausted nor restricted (to eat).

وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ (34)

ترجمہ: اور (وہ) اونچے (پرشکوہ) فرشوں پر (قیام پذیر) ہوں گےo

And (they) will be (staying) on raised (splendid) floors.

إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً (35)

ترجمہ: بے شک ہم نے اِن (حوروں) کو (حسن و لطافت کی آئینہ دار) خاص خِلقت پر پیدا فرمایا ہےo

Surely, We have created these (maidens) as a special creation (reflecting beauty and refinement).

فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا (36)

ترجمہ: پھر ہم نے اِن کو کنواریاں بنایا ہےo

Then We have made them virgins,

عُرُبًا أَتْرَابًا (37)

ترجمہ: جو خوب محبت کرنے والی ہم عمر (ازواج) ہیںo

The ardently loving (wives) of the same age.

لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ (38)

ترجمہ: یہ (حوریں اور دیگر نعمتیں) دائیں جانب والوں کے لیے ہیںo

These (maidens and other bounties) are for those on the Right Hand.

ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ (39)

ترجمہ: (ان میں) بڑی جماعت اگلے لوگوں میں سے ہوگیo

A large group of them will be from the earlier people.

وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِيْنَ (40)

ترجمہ: اور (ان میں) پچھلے لوگوں میں سے (بھی) بڑی ہی جماعت ہوگیo

And from later generations will (also) be a large group (amongst them).

وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ (41)

ترجمہ: اور بائیں جانب والے، کیا (ہی برے لوگ) ہیں بائیں جانب والےo

And those of the Left Hand; what (an evil people) on the Left Hand are!

فِيْ سَمُوْمٍ وَحَمِيْمٍ (42)

ترجمہ: جو دوزخ کی سخت گرم ہوا اور کھولتے ہوئے پانی میںo

They will be amid fierce, hot wind of Hell and simmering water,

وَظِلٍّ مِّن يَحْمُوْمٍ (43)

ترجمہ: اور سیاہ دھویں کے سایے میں ہوں گےo

And under the shadow of black smoke.

لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيْمٍ (44)

ترجمہ: جو نہ (کبھی) ٹھنڈا ہوگا اور نہ فرحت بخش ہوگاo

That will neither (ever) cool nor be pleasing.

إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَلِكَ مُتْرَفِيْنَ (45)

ترجمہ: بے شک وہ (اہلِ دوزخ) اس سے پہلے (دنیا میں) خوش حال رہ چکے تھےo

No doubt, these (inmates of Hell) lived luxuriously before this (in the world),

وَكَانُوا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنثِ الْعَظِيْمِ (46)

ترجمہ: اور وہ گناہِ عظیم (یعنی کفر و شرک) پر اصرار کیا کرتے تھےo

And obstinately persisted in great sin (of denying Allah and setting up partners with Him).

وَكَانُوا يَقُوْلُوْنَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ (47)

ترجمہ: اور کہا کرتے تھے کہ کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم خاک (کا ڈھیر) اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم (پھر زندہ کر کے) اٹھائے جائیں گےo

And they used to say: 'When we are dead and become (a heap of) dust and (decomposed bones), shall we then be raised up (alive again)?

أَوَ آبَاؤُنَا الْأَوَّلُوْنَ (48)

ترجمہ: اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (زندہ کیے جائیں گے)o

And shall our ancestors too (be given life)?'

قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ (49)

ترجمہ: آپ فرمادیں: بے شک اگلے اور پچھلے o

Say: 'Indeed, the earlier and the later,

لَمَجْمُوعُونَ إِلَى مِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ (50)

ترجمہ: (سب کے سب) ایک معیّن دِن کے مقرّرہ وقت پر جمع کیے جائیں گے o

(All of them) will be gathered together on a fixed Hour of an appointed Day.

ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ (51)

ترجمہ: پھر بے شک تم لوگ اے گمراہو! جھٹلانے والو o

Then surely, O strayed people, deniers,

لَآكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ (52)

ترجمہ: تم ضرور کانٹے دار (تھوہڑ کے) درخت سے کھانے والے ہو o

You will certainly eat of thorny (cactus) tree,

فَمَالِؤُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ (53)

ترجمہ: سو اُس سے اپنے پیٹ بھرنے والے ہو o

And will fill your stomachs with it.

فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ (54)

ترجمہ: پھر اُس پر سخت کھولتا پانی پینے والے ہو o

And (you) will drink boiling water over it,

فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ (55)

ترجمہ: پس تم سخت پیاسے اونٹ کے پینے کی طرح پینے والے ہو o

Drinking as a thirst-stricken camel drinks.'

هَذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ (56)

ترجمہ: یہ قیامت کے دِن اُن کی ضیافت ہوگی o

This will be their feast on the Day of Resurrection.

سورۃ المجادلۃ:

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعاً فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا أَحْصَاهُ اللَّهُ وَنَسُوهُ وَاللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (6)

ترجمہ: جس دن اللہ ان سب لوگوں کو (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے گا پھر انہیں اُن کے اعمال سے آگاہ فرمائے گا، اللہ نے (ان کے) ہر عمل کو شمار کر رکھا ہے حالاں کہ وہ اسے بھول (بھی) چکے ہیں، اور اللہ ہر چیز پر مطّلع (اور آگاہ) ہے o

On the Day when Allah will raise them all up (giving life again), He will then inform them of their actions. Allah has counted up (their) every action whilst they have forgotten it. And Allah is Witness over (and Well Aware of) everything.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَى ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَى مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (7)

ترجمہ: (اے انسان!) کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ اُن سب چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، کہیں بھی تین (آدمیوں) کی کوئی سرگوشی نہیں ہوتی مگر یہ کہ وہ (اللہ اپنے محیط علم و آگہی کے ساتھ) اُن کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی پانچ (آدمیوں) کی سرگوشی ہوتی ہے مگر وہ (اپنے علمِ محیط کے ساتھ) اُن کا چھٹا ہوتا ہے، اور نہ اس سے کم (لوگوں) کی اور نہ زیادہ کی مگر وہ (ہمیشہ) اُن کے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں بھی وہ ہوتے ہیں، پھر وہ قیامت کے دن انہیں اُن کاموں سے خبردار کر دے گا جو وہ کرتے رہے تھے، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

(O man!) Do you not know that Allah knows all those things which are in the heavens and in the earth? There is no whisper of three (men) anywhere but He is their fourth (with His all-encompassing knowledge and awareness). Nor is there any whisper of five (men) but He is the sixth of them (with His all-encompassing knowledge). Nor of less or more than that but He is (always) with them wherever they are. Then on the Day of Rising, He will alert them to the actions that they used to do. Surely, Allah knows everything full well.

سورۃ الحشر:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (18)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھتے رہنا چاہئے کہ اس نے کل (قیامت) کے لیے آگے کیا بھیجا ہے، اور تم اللہ سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ اُن کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہوo

O believers! Keep fearing Allah. And everyone should be vigilant to what he has sent forward for tomorrow (the Day of Reckoning). And always fear Allah. Indeed, Allah is Well Aware of what you do.

سورۃ الصّف:

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ لِمَ تُؤْذُونَنِي وَقَد تَّعْلَمُونَ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ فَلَمَّا زَاغُوا أَزَاغَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ (5)

ترجمہ: اور (اے حبیب! وہ وقت یاد کیجئے) جب موسٰی (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم مجھے اذیت کیوں دیتے ہو حالاں کہ تم جانتے ہو کہ میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں۔ پھر جب انہوں نے کج روی جاری رکھی تو اللہ نے اُن کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

And, (O Beloved, recall) when Musa (Moses) said to his people: 'O my people, why do you offend me whilst you know that I am (a Messenger) sent to you by Allah?' So when they continued deviating, then Allah made

their hearts deviate. And Allah does not guide the defiant.

وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِيٓ إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُم مُّصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّراً بِرَسُولٍ يَأْتِي مِن بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ فَلَمَّا جَاءهُم بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا هَذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ (6)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کیجئے) جب عیسٰی بن مریم (علیہما السلام) نے کہا: اے بنی اسرائیل! بے شک میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا (رسول) ہوں، اپنے سے پہلی کتاب تورات کی تصدیق کرنے والا ہوں اور اُس رسولِ (معظّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد آمد) کی بشارت سنانے والا ہوں جو میرے بعد تشریف لا رہے ہیں جن کا نام (آسمانوں میں اس وقت) احمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہے، پھر جب وہ (رسولِ آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) واضح نشانیاں لے کر اُن کے پاس تشریف لے آئے تو وہ کہنے لگے: یہ تو کھلا جادو ہےo

(And also recall) when 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said: 'O Children of Israel, indeed I am (a Messenger) sent to you by Allah, confirming the Torah, the Book which came before me, and bearing the good news (of the pleasant arrival) of (the Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him) who will come after me, whose name is Ahmad (now in the heavens).' But when he (the Last of the Messengers) came to them with clear signs, they said: 'This is open magic.'

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعَى إِلَى الْإِسْلَامِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (7)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوسکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے حالاں کہ اسے اسلام کی طرف بلایا جا رہا ہو، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

And who can be a greater wrongdoer than he who invents a lie against Allah whilst he is being invited towards Islam? And Allah does not guide the wrongdoers.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونوا أَنصَارَ اللَّهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ فَآمَنَت طَّائِفَةٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَت طَّائِفَةٌ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَى عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ (14)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے مددگار بن جاؤ جیسا کہ عیسٰی ابن مریم (علیہما السلام) نے (اپنے) حواریوں سے کہا تھا: اللہ کی (راہ کی) طرف میرے مددگار کون ہیں؟ حواریوں نے کہا: ہم اللہ کے مددگار ہیں۔ پس بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور دوسرا گروہ کافر ہو گیا، سو ہم نے اُن لوگوں کی جو ایمان لے آئے تھے اُن کے دشمنوں پر مدد فرمائی پس وہ غالب ہو گئےo

O believers! Be helpers of Allah as 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said to (his) disciples: 'Who are my helpers towards (the path of) Allah?' The disciples said: 'We are Allah's helpers.' So a party of the Children of Israel believed and a party disbelieved. So We helped the believers against their enemies and they gained the upper hand.

سورۃ التغابن:

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحاً يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (9)

ترجمہ: جس دن وہ تمہیں جمع ہونے کے دن (میدانِ حشر میں) اکٹھا کرے گا یہ ہار اور نقصان ظاہر ہونے کا دن ہے۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے تو (اللہ) اس (کے نامۂ اعمال) سے اس کی خطائیں مٹا دے گا اور اسے جنتوں میں داخل فرما دے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے، یہ بہت بڑی کامیابی ہے o

The Day when He will gather you on the Day of Assembly (in the vast expanse for Great Gathering), that will be the Day of Manifestation of Loss and Defeat. And he who believes in Allah and does pious deeds, Allah will remove his sins from his (record of deeds) and will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. This is a great success.

سورۃ التحریم:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (7)

ترجمہ: اے کافرو! آج کے دن کوئی عذر پیش نہ کرو، بس تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو کرتے رہے تھے o

O disbelievers! Do not make any excuse Today. You will only be paid the reward of what you have been doing.

سورۃ الملک:

قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ (24)

ترجمہ: فرما دیجیے: وُہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلا دیا اور تم (روزِ قیامت) اُسی کی طرف جمع کیے جاؤ گے o

Say: 'He is the One Who has spread you in the earth, and you will be gathered towards Him (on the Day of Assembly).'

وَيَقُوْلُوْنَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (25)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہو o

And they say: 'When will this promise (of the Day of Resurrection) be fulfilled if you are truthful?'

قُلْ إِنَّمَا الْعِلْمُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (26)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ (اُس کے وقت کا) علم تو اللہ ہی کے پاس ہے، اور میں تو صرف واضح ڈر سنانے والا ہوں (اگر وقت بتا دیا جائے تو ڈر ختم ہو جائے گا) o

Say: 'The knowledge (of that Hour) is with Allah alone and I am just a clear Warner.' (If the time is disclosed, there will be no fear any more.)

فَلَمَّا رَأَوْهُ زُلْفَةً سِيئَتْ وُجُوهُ الَّذِينَ كَفَرُوا وَقِيلَ هَذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تَدَّعُونَ (27)

ترجمہ: پھر جب اس (دن) کو قریب دیکھ لیں گے تو کافروں کے چہرے بگڑ کر سیاہ ہو جائیں گے، اور (ان سے) کہا جائے گا: یہی وہ (وعدہ) ہے جس کے (جلد ظاہر کیے جانے کے) تم بہت طلب گار تھے o

Then, when they will see that (Day) near, the faces of the disbelievers will be deformed and darkened, and it will be said (to them): 'This is (the promise) which you asked for (to come to pass in haste).'

سورۃ القلم:

يَوْمَ يُكْشَفُ عَن سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ (42)

ترجمہ: جس دن ساق (یعنی اَحوالِ قیامت کی ہولناک شدت) سے پردہ اٹھایا جائے گا اور وہ (نافرمان) لوگ سجدہ کے لیے بلائے جائیں گے تو وہ (سجدہ) نہ کر سکیں گے o

The Day when the 'shin' (i.e., the terrifying fierceness of the Hour of Rising) will be laid bare, and (the disobedient) people will be called to prostrate themselves, but they will not be able to do so (i.e., to prostrate themselves).

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ (43)

ترجمہ: ان کی آنکھیں (ہیبت اور ندامت کے باعث) جھکی ہوئی ہوں گی (اور) ان پر ذِلت چھا رہی ہوگی، حالاں کہ وہ (دنیا میں بھی) سجدہ کے لیے بلائے جاتے تھے جبکہ وہ تندرست تھے (مگر پھر بھی سجدہ کے اِنکاری تھے) o

Their eyes will be cast down (with terror and shame) and disgrace will be spreading over them, whereas they were called to prostrate themselves (in the world also) when they were healthy (but they, even then, refused to fall prostrate).

سورۃ الحاقۃ:

الْحَاقَّةُ (1)

ترجمہ: یقیناً واقع ہونے والی گھڑی o

The surely Inevitable Hour!

مَا الْحَاقَّةُ (2)

ترجمہ: کیا چیز ہے یقیناً واقع ہونے والی گھڑی o

What is the surely Inevitable Hour?

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحَاقَّةُ (3)

ترجمہ: اور آپ کو کس چیز نے خبردار کیا کہ یقیناً واقع ہونے والی (قیامت) کیسی ہے o

And what has made you alert what (calamity) surely is the Inevitable Hour?

فَإِذَا نُفِخَ فِي الصُّورِ نَفْخَةٌ وَاحِدَةٌ (13)

ترجمہ: پھر جب صور میں ایک مرتبہ پھونک ماری جائے گےo

Then when the Trumpet will be blown once,

وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً (14)

ترجمہ: اورزمین اور پہاڑ (اپنی جگہوں سے) اٹھالیے جائیں گے، پھر وہ ایک ہی بارٹکرا کر ریزہ ریزہ کردیے جائیں گےo

And the earth and mountains will be removed (from their places), they will then be crushed to sand particles in a single crash.

فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ (15)

ترجمہ: سواُس وقت واقع ہونے والی (قیامت) برپا ہوجائے گےo

Then that will be the Hour when the surely Inevitable (calamity) will occur.

وَانشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ (16)

ترجمہ: اور (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گے اور یہ کائنات (ایک نظام میں مربوط اور حرکت میں رکھنے والی قوت کے ذریعے سیاہ) شگافوں ☆ پر مشتمل ہوجائے گیo

☆ واھی.....الوَھی: وَھِی، یَھِی، وَھیًا کا معنیٰ ہے: شق فی الادیم والثوب ونحوھما، یقال: وَھِیَ الثوب اَی انشَقّ وَتَخَرّق (چمڑے، کپڑے یا اس قسم کی دوسری چیزوں کا پھٹ جانا اور ان میں شگاف ہوجانا۔ اِسی لیے کہا جاتا ہے: کپڑا پھٹ گیا اور اس میں شگاف ہوگیا).....(المفردات، لسان العرب، قاموس المحیط، المنجد وغیرہ)۔ اسے جدید سائنس نے holesblack سے تعبیر کیا ہے۔

And (all) the **heavenly bodies will split apart and this universe will come to comprise (black) holes (by means of a force which coordinates and keeps the system going).***

*** The word wahiya means wear and tear of some leather, cloth or similar substance with a hole developing in it. Statements like 'cloth is worn with a hole in it' refer to the same phenomenon that modern science has described as 'black holes'. Al-Mufradat, Lisan al-'Arab, Qamus al-Muhit, al-Munjid, etc.**

وَالْمَلَكُ عَلَى أَرْجَائِهَا وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ (17)

ترجمہ: اورفرشتے اس کے کناروں پر کھڑے ہوں گے، اور آپ کے رب کے عرش کو اس دن ان کے اوپر آٹھ (فرشتے یا فرشتوں کے طبقات) اٹھائے ہوئے ہوں گےo

And the angels will be standing on its edges and above them that Day, and eight (angels or parties of angels) will be carrying the Throne of your Lord.

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفَى مِنكُمْ خَافِيَةٌ (18)

ترجمہ: اُس دن تم (حساب کے لیے) پیش کیے جاؤ گے، تمہاری کوئی پوشیدہ بات چھپی نہ رہے گیo

That Day you will be made to appear (for reckoning). Nothing of your secrets will remain hidden.

إِنِّي ظَنَنتُ أَنِّي مُلَاقٍ حِسَابِيَهْ (20)

ترجمہ: میں تو یقین رکھتا تھا کہ میں اپنے حساب کو (آسان) پانے والا ہوں o

I firmly believed that I would find my account (easy).'

سورۃ المعارج:

يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاء كَالْمُهْلِ (8)

ترجمہ: جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہو جائے گا o

On that Day the sky will become like molten copper,

وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ (9)

ترجمہ: اور پہاڑ (دُھنکی ہوئی) رنگین اُون کی طرح ہو جائیں گے o

And the mountains like (flakes of) coloured wool,

وَلَا يَسْأَلُ حَمِيمٌ حَمِيماً (10)

ترجمہ: اور کوئی دوست کسی دوست کا پرساں نہ ہوگا o

And no friend will enquire after his friend,

يُبَصَّرُونَهُمْ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ (11)

ترجمہ: (حالاں کہ) وہ (ایک دوسرے کو) دکھائے جا رہے ہوں گے، مجرم آرزو کرے گا کہ کاش! اس دن کے عذاب (سے رہائی) کے بدلہ میں اپنے بیٹے دے دے o

(Though) they will be shown (to one another). The sinner would desire to ransom himself from the torment of that Day by his children,

وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ (12)

ترجمہ: اور اپنی بیوی اور اپنا بھائی (دے ڈالے) o

And (by giving) his wife and his brother,

وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ (13)

ترجمہ: اور اپنا (تمام) خاندان جو اُسے پناہ دیتا تھا o

And (all) his family who used to provide him shelter,

وَمَن فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً ثُمَّ يُنجِيهِ (14)

ترجمہ: اور جتنے لوگ بھی زمین میں ہیں، سب کے سب (اپنی ذات کے لیے بدلہ کر دے)، پھر یہ (فدیہ) اُسے (اللہ کے عذاب سے) بچا لے o

And all the people on earth (as recompense for himself), so that this (atonement) may save him from (Allah's torment).

كَلَّا إِنَّهَا لَظَى (15)

ترجمہ: ایسا ہرگز نہ ہوگا، بے شک وہ شعلہ زن آگ ہے o

But no! By no means! Surely, that is a Flaming Fire,

نَزَّاعَةً لِّلشَّوَى (16)

ترجمہ: سراور تمام اَعضائے بدن کی کھال اتار دینے والی ہےo

Stripping off the skin of all the limbs and the scalp.

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ (42)

ترجمہ: سوآپ انہیں چھوڑ دیجیے کہ وہ اپنی بے ہودہ باتوں اور کھیل تماشے میں پڑے رہیں یہاں تک کہ اپنے اس دن سے آملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

So leave them occupied with their absurd talk and pastime until they meet that Day of theirs which they have been promised.

يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعاً كَأَنَّهُمْ إِلَى نُصُبٍ يُوفِضُونَ (43)

ترجمہ: جس دن وہ قبروں سے دوڑتے ہوئے یوں نکلیں گے گویا وہ بتوں کے اَستھانوں کی طرف دوڑے جا رہے ہیںo

The Day when they will come forth from their graves in haste as if they are running towards the temples of their idols.

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذَلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ (44)

ترجمہ: (ان کا) حال یہ ہوگا کہ ان کی آنکھیں (شرم اور خوف سے) جھک رہی ہوں گی، ذِلت ان پر چھا رہی ہوگی، یہی ہے وہ دن جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھاo

(Their plight) will be that their eyes will be cast down (with shame and fear) and disgrace enveloping them. It is this Day which they were promised.

سورۃ الجن:

قُلْ إِنْ أَدْرِي أَقَرِيبٌ مَّا تُوعَدُونَ أَمْ يَجْعَلُ لَهُ رَبِّي أَمَداً (25)

ترجمہ: آپ فرما دیں: میں نہیں جانتا کہ جس (روزِ قیامت) کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے یا اس کے لیے میرے رب نے طویل مدت مقرر فرما دی ہےo

Say: 'I do not know whether that (Day of Rising) which is being promised to you is near, or my Lord has appointed a longer term for that.'

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَداً (26)

ترجمہ: (وہ) غیب کا جاننے والا ہے، پس وہ اپنے غیب پر کسی (عام شخص) کو مطلع نہیں فرماتاo

(He is) the Knower of the unseen. So He does not inform any (common man) of His unseen,

سورۃ المزمل:

يَوْمَ تَرْجُفُ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيباً مَّهِيلاً (14)

ترجمہ: جس دن زمین اور پہاڑ زور سے لرزنے لگیں گے اور پہاڑ بکھرتی ریت کے ٹیلے ہو جائیں گےo

The Day when the earth and the mountains shall shake violently and

mountains will turn into heaps of flying away sand.

إِنَّا أَرْسَلْنَا إِلَيْكُمْ رَسُولاً شَاهِداً عَلَيْكُمْ كَمَا أَرْسَلْنَا إِلَى فِرْعَوْنَ رَسُولاً (15)

ترجمہ: بے شک ہم نے تمہاری طرف ایک رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھیجا ہے جو تم پر (اَحوال کا مشاہدہ فرما کر) گواہی دینے والا ہے، جیسا کہ ہم نے فرعون کی طرف ایک رسول کو بھیجا تھاo

Surely, We have sent towards you a Messenger (blessings and peace be upon him) who bears witness to you (seeing thoroughly your states of being) as We sent a Messenger towards Pharaoh.

فَكَيْفَ تَتَّقُونَ إِن كَفَرْتُمْ يَوْماً يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيباً (17)

ترجمہ: اگر تم کفر کرتے رہو تو اُس دن (کے عذاب) سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گاo

If you continue disbelieving, then how will you save yourselves from (the torment of) that Day which will turn the children old,

السَّمَاء مُنفَطِرٌ بِهِ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولاً (18)

ترجمہ: (جس دن کی) شدت کے باعث آسمان پھٹ جائے گا، اُس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گاo

(The Day) by whose severity the heaven will be split apart? His promise is bound to be fulfilled.

سورۃ المدثر:

فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُورِ (8)

ترجمہ: پھر جب (دوبارہ) صور میں پھونک ماری جائے گیo

Then when the Trumpet will be blown (a second time),

فَذَلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيرٌ (9)

ترجمہ: سو وہ دن (یعنی روزِ قیامت) بڑا ہی سخت دن ہوگاo

So that Day (the Day of Resurrection) will be an extremely hard day,

عَلَى الْكَافِرِينَ غَيْرُ يَسِيرٍ (10)

ترجمہ: کافروں پر ہرگز آسان نہ ہوگاo

Not at all easy for the disbelievers.

سورۃ القیامۃ:

لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ (1)

ترجمہ: میں قسم کھاتا ہوں روزِ قیامت کیo

I swear by the Day of Resurrection.

أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَلَّن نَجْمَعَ عِظَامَهُ (3)

ترجمہ: کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اُس کی ہڈیوں کو (جو مرنے کے بعد ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جائیں گی) ہرگز اِکٹھا نہ کریں

گےo

Does man think We shall not at all collect his bones (which will decompose into dust particles after his death)?

بَلَى قَادِرِيْنَ عَلَى أَن نُّسَوِّيَ بَنَانَهُ (4)

ترجمہ: کیوں نہیں! ہم تو اس بات پر بھی قادر ہیں کہ اُس کی اُنگلیوں کے ایک ایک جوڑ اور پوروں تک کو درست کر دیںo

Yes, of course! We have also the power to restore and set right even his finger joints and finger tips.

بَلْ يُرِيْدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ (5)

ترجمہ: بلکہ انسان یہ چاہتا ہے کہ اپنے آگے (کی زندگی میں) بھی گناہ کرتا رہےo

Yet man still wants to continue committing sins also (in the life to come).

يَسْأَلُ أَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ (6)

ترجمہ: وہ (بہ اَندازِ تمسخر) پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہوگاo

He asks (scornfully): 'When is the Day of Resurrection?'

فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ (7)

ترجمہ: پھر جب آنکھیں چوندھیا جائیں گیo

But when the eyes will be dazzled,

وَخَسَفَ الْقَمَرُ (8)

ترجمہ: اور چاند (اپنی) روشنی کھو دے گاo

And the moon will be eclipsed,

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ (9)

ترجمہ: اور سورج اور چاند اِکٹھے (بے نور) ہو جائیں گےo

And the sun and the moon will be fused (i.e., darkened) together,

يَقُولُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ (10)

ترجمہ: اُس وقت انسان پکار اٹھے گا کہ بھاگ جانے کا ٹھکانا کہاں ہےo

On that Day man will cry out: 'Where to flee away?'

كَلَّا لَا وَزَرَ (11)

ترجمہ: ہرگز نہیں! کوئی جائے پناہ نہیں ہےo

No indeed! There is no place of refuge.

إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ (12)

ترجمہ: اُس دن آپ کے رب ہی کے پاس قرارگاہ ہوگیo

The place of refuge and repose that Day will be with your Lord alone.

يُنَبَّأُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ (13)

ترجمہ: اُس دن اِنسان اُن (اَعمال) سے خبردار کیا جائے گا جو اُس نے آگے بھیجے تھے اور جو (اَثرات اپنی موت کے بعد) پیچھے چھوڑے تھےo

That Day man will be informed of those (deeds) which he sent forward and those (repercussions) which he left behind (after his death).

بَلِ الْإِنسَانُ عَلَى نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ (14)

ترجمہ: بلکہ اِنسان اپنے (اَحوالِ) نفس پر (خود ہی) آگاہ ہوگاo

In truth, man will (himself) be aware of (the affairs of) his self,

وَلَوْ أَلْقَى مَعَاذِيرَهُ (15)

ترجمہ: اگرچہ وہ اپنے تمام عذر پیش کرے گاo

Even though he will offer all his excuses.

سورۃ الدہر:

إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْماً عَبُوساً قَمْطَرِيراً (10)

ترجمہ: ہمیں تو اپنے ربّ سے اُس دن کا خوف رہتا ہے جو (چہروں کو) نہایت سیاہ (اور) بدنما کر دینے والا ہےo

We fear from our Lord the Day which will make (the faces) look very dark (and) ugly.'

فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُوراً (11)

ترجمہ: پس اللہ انہیں (خوفِ اِلٰہی کے سبب سے) اس دن کی سختی سے بچا لے گا اور انہیں (چہروں پر) رونق و تازگی اور (دلوں میں) سرور و مسرّت بخشے گاo

So Allah will save them from the terror of that Day (for their fear of Allah) and will grant them freshness, bloom and blush (on their faces) and ecstasy and delight (in their hearts),

سورۃ المرسلات:

وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفاً (1)

ترجمہ: نرم و خوش گوار ہواؤں کی قَسم جو پے در پے چلتی ہیںo

By the soft blowing, pleasant breezes which blow in succession,

فَالْعَاصِفَاتِ عَصْفاً (2)

ترجمہ: پھر تند و تیز ہواؤں کی قَسم جو شدید جھونکوں سے چلتی ہیںo

Then by the violent winds which blow with fierce gusts,

وَالنَّاشِرَاتِ نَشْراً (3)

ترجمہ: اور ان کی قَسم جو بادلوں کو ہر طرف پھیلا دیتی ہیںo

And by those which spread the clouds all around,

فَالْفَارِقَاتِ فَرْقاً (4)

ترجمہ: پھران کی قسم جو(اُنہیں) پھاڑ کرجداجدا کردیتی ہیںo

Then by those which split (them) apart and break them off,

فَالْمُلْقِيَاتِ ذِكْراً (5)

ترجمہ: پھران کی قسم جونصیحت لانے والی ہیںo

Then by those which bring direction and guidance,

عُذْراً أَوْ نُذْراً (6)

ترجمہ: حجت تمام کرنے یاڈرانے کے لیےo

To accomplish the argument or to warn,

إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَوَاقِعٌ (7)

ترجمہ: بےشک جووعدۂ(قیامت)تم سے کیاجارہاہےوہ ضرور پوراہوکررہےگاo

Surely, the promise (of the Last Day) which is being given to you will be certainly fulfilled.

فَإِذَا النُّجُومُ طُمِسَتْ (8)

ترجمہ: پھرجب ستاروں کی روشنی زائل کردی جائے گیo

Then when the light of the stars will be extinguished,

وَإِذَا السَّمَاء فُرِجَتْ (9)

ترجمہ: اورجب آسمانی کائنات میں شگاف ہوجائیں گےo

And when the heavenly universe will be split open,

وَإِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ (10)

ترجمہ: اورجب پہاڑ(ریزہ ریزہ کرکے)اُڑادیے جائیں گےo

And when the mountains will be (broken down to dust) and blown off,

وَإِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ (11)

ترجمہ: اورجب پیغمبروقتِ مقررہ پر(اپنی اپنی اُمتوں پرگواہی کے لیے)جمع کیے جائیں گےo

And when the Messengers will be brought together at the appointed time (to bear witness to their respective communities),

لِأَيِّ يَوْمٍ أُجِّلَتْ (12)

ترجمہ: بھلاکس دن کے لیے(ان سب اُمورکی)مدت مقررکی گئی ہےo

Well, for what Day is the term (of all the affairs) appointed?

لِيَوْمِ الْفَصْلِ (13)

ترجمہ: فیصلہ کےدن کے لیےo

For the Day of Judgment!

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ (14)

ترجمہ: اورآپ کوکس نے بتایا کہ فیصلہ کا دن کیا ہےo

And who has told you what the Day of Judgment is?

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (15)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیےخرابی (وتباہی) ہےo

Woe (and devastation) to the deniers on that Day!

أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِيْنَ (16)

ترجمہ: کیاہم نے اگلے (جھٹلانے والے) لوگوں کو ہلاک نہیں کرڈالا تھاo

Did We not destroy the people (who denied) before?

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْآخِرِيْنَ (17)

ترجمہ: پھرہم بعد کےلوگوں کوبھی (ہلاکت میں) ان کے پیچھے چلائے دیتے ہیںo

Then We also cause the later ones to follow them (in destruction).

كَذَلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ (18)

ترجمہ: ہم مجرموں کے ساتھ اِسی طرح (کامعاملہ) کرتے ہیںo

This is how We sort out (the matter) with the evildoers.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (19)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی خرابی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

هَذَا يَوْمُ لَا يَنطِقُوْنَ (35)

ترجمہ: یہ ایسادن ہے کہ وہ (اس میں) بول بھی نہ سکیں گےo

This is a Day (on which) they will not be able to speak too.

وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ (36)

ترجمہ: اورنہ ہی انہیں اجازت دی جائے گی کہ وہ معذرت کرسکیںo

Nor will they be allowed to offer any excuses.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (37)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی ہلاکت ہےo

Woe to the deniers on that Day!

هَذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنَاكُمْ وَالْأَوَّلِيْنَ (38)

ترجمہ: یہ فیصلے کا دن ہے (جس میں) ہم تمہیں اور (سب) پہلے لوگوں کو جمع کریں گےo

This is the Day of Judgment (on which) We shall gather you and (all) the earlier communities.

فَإِن كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيدُونِ (39)

ترجمہ: پھر اگر تمہارے پاس (عذاب سے بچنے کا) کوئی حیلہ (اور داؤ) ہے تو (وہ) داؤ مجھ پر چلا لوo

Then if you have any scheme (and trick to escape from the torment), try (that) against Me.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (40)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑا افسوس ہےo

Woe (i.e., dejection) to the deniers on that Day!

سورۃ النبا:

عَمَّ يَتَسَاءلُونَ (1)

ترجمہ: یہ لوگ آپس میں کس (چیز) سے متعلق سوال کرتے ہیںo

What is (it) they are questioning about one another?

عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيمِ (2)

ترجمہ: (کیا) اس عظیم خبر سے متعلق (پوچھ گچھ کر رہے ہیں)o

(Are they asking) of the Great News,

الَّذِي هُمْ فِيهِ مُخْتَلِفُونَ (3)

ترجمہ: جس کے بارے میں وہ اختلاف کرتے ہیںo

About which they differ?

كَلَّا سَيَعْلَمُونَ (4)

ترجمہ: ہرگز (وہ خبر لائقِ انکار) نہیں! وہ عنقریب (اس حقیقت کو) جان جائیں گےo

(That News is) not at all (deniable). They will soon know (that reality).

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُونَ (5)

ترجمہ: (ہم) پھر (کہتے ہیں: اختلاف وانکار) ہرگز (درست) نہیں! وہ عنقریب جان جائیں گےo

(We) once more (assert: Dissent and denial are) in no way (right). They will come to know soon.

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهَاداً (6)

ترجمہ: کیا ہم نے زمین کو (زندگی کے) قیام اور کسب وعمل کی جگہ نہیں بنایاo

Have We not made the earth a place to stay for (life) and to earn living and deeds?

إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَاداً (21)

ترجمہ: بے شک دوزخ ایک گھات ہےo

Surely, Hell is a place of ambush.

لِلطَّاغِيْنَ مَآباً (22)

ترجمہ: (وہ) سرکشوں کا ٹھکانا ہےo

(That) is the abode of rebels.

لَابِثِيْنَ فِيْهَا أَحْقَاباً (23)

ترجمہ: وہ ختم نہ ہونے والی پے در پے مدتیں اسی میں پڑے رہیں گےo

They will abide there for recurrent, infinite periods.

لَّا يَذُوقُوْنَ فِيْهَا بَرْداً وَلَا شَرَاباً (24)

ترجمہ: نہ وہ اس میں (کسی قسم کی) ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور نہ کسی پینے کی چیز کاo

They will taste in it neither coolness (of any sort) nor any drink,

إِلَّا حَمِيْماً وَغَسَّاقاً (25)

ترجمہ: سوائے کھولتے ہوئے گرم پانی اور (دوزخیوں کے زخموں سے) بہتی ہوئی پیپ کےo

Except boiling water and suppurated fluid oozing (from the wounds of the inmates of Hell),

جَزَاء وِفَاقاً (26)

ترجمہ: (یہی ان کی سرکشی کے) موافق بدلہ ہےo

A compensation commensurate with (their revolt),

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَاباً (27)

ترجمہ: اس لیے کہ وہ قطعًا حسابِ (آخرت) کا خوف نہیں رکھتے تھےo

For they had no fear of Reckoning (on the Last Day) in the least.

وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّاباً (28)

ترجمہ: اور وہ ہماری آیتوں کو خوب جھٹلایا کرتے تھےo

And they used to utterly deny Our signs.

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَاباً (29)

ترجمہ: اور ہم نے ہر (چھوٹی بڑی) چیز کو لکھ کر محفوظ کر رکھا ہےo

And We have preserved everything (major or minor) in writing.

فَذُوقُوا فَلَن نَّزِيْدَكُمْ إِلَّا عَذَاباً (30)

ترجمہ: (اے منکرو!) اب تم (اپنے کیے کا) مزہ چکھو (تم دنیا میں کفر و سرکشی میں بڑھتے گئے) اب ہم تم پر عذاب ہی کو بڑھاتے جائیں گےo

(O disbelievers, you excelled in rebellion and disbelief in the world.) Now taste the outcome (of your actions). We shall keep increasing but the torment upon you.

إِنَّا أَنذَرْنَاكُمْ عَذَاباً قَرِيْباً يَوْمَ يَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُولُ الْكَافِرُ يَا لَيْتَنِيْ كُنتُ تُرَاباً (40)

ترجمہ: بلاشبہ ہم نے تمہیں عنقریب آنے والے عذاب سے ڈرا دیا ہے، اس دن ہر آدمی ان (اعمال) کو جو اس نے آگے بھیجے ہیں دیکھ لے گا، اور (ہر) کافر کہے گا: اے کاش! میں مٹی ہوتا (اور اس عذاب سے بچ جاتا)o

We have, indeed, warned you of the impending torment. On that Day, everyone will see whatever (acts) he has sent ahead and (every) disbeliever will say: 'Would that I were dust (and escaped this punishment)!'

سورۃ النازعات:

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقاً (1)

ترجمہ: ان (فرشتوں) کی قَسم جو (کافروں کی جان ان کے جسموں کے ایک ایک انگ میں سے) نہایت سختی سے کھینچ لاتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر گھس کر کیمیائی جوڑوں کو سختی سے توڑ پھوڑ دیتی ہیںo

By (the angels) who violently snatch out (the souls of the disbelievers from each tendon and ligament of their body),

Or

By the waves of energy that pierce into matter and break up the chemical bonds fiercely,

وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطاً (2)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (مومنوں کی جان کے) بند نہایت نرمی سے کھول دیتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر سے کیمیائی جوڑوں کو نہایت نرمی اور آرام سے توڑ دیتی ہیںo

And by (the angels) who unweave sinews (of the believers' organisms) gently and peacefully,

Or

By the waves of energy that disintegrate gently and peacefully the chemical bonds within matter,

وَالسَّابِحَاتِ سَبْحاً (3)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (زمین و آسمان کے درمیان) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو آسمانی خلا و فضا میں بلا روک ٹوک چلتی پھرتی ہیںo

And by (the angels) who swiftly glide (between the heavens and the earth),

Or

By the waves of energy that move around freely in space and atmosphere,

فَالسَّابِقَاتِ سَبْقاً (4)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جولپک کر (دوسروں سے) آگے بڑھ جاتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جورفتار، طاقت اور جاذبیت کے لحاظ سے دوسری لہروں پرسبقت لے جاتی ہیںo

Then by (the angels) who with burst of speed sprint past others,

Or

By the waves of energy that surpass other waves in speed, force and assimilation,

فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْراً (5)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جومختلف اُمور کی تدبیر کرتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جو باہمی تعامل سے کائناتی نظام کی بقا کے لیے توازن وتدبیر قائم رکھتی ہیںo

Then by (the angels) who manage different affairs well,

Or

By the waves of energy that, through mutual dynamism and coordination, maintain equilibrium and keep the balance of the management going for the survival of the system of the universe,

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ (6)

ترجمہ: (جب انہیں اس نظامِ کائنات کے درہم برہم کردینے کا حکم ہوگا تو) اس دن (کائنات کی) ہر متحرک چیز شدید حرکت میں آجائے گیo

(When they will be commanded to devastate the system of the universe) that Day, everything in motion (in the universe) will tremor into violent convulsion,

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ (7)

ترجمہ: پیچھے آنے والا ایک اور زلزلہ اس کے پیچھے آئے گاo

Chased by a succeeding convulsion.

قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ (8)

ترجمہ: اس دن (لوگوں کے) دل خوف واضطراب سے دھڑکتے ہوں گےo

That Day, hearts (of the people) will pound with agony and terror.

أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ (9)

ترجمہ: ان کی آنکھیں (خوف وہیبت سے) جھکی ہوں گیo

Their eyes will be downcast (with dread and horror).

يَقُولُونَ أَئِنَّا لَمَرْدُودُونَ فِي الْحَافِرَةِ (10)

ترجمہ: (کفّار) کہتے ہیں: کیا ہم پہلی زندگی کی طرف پلٹائے جائیں گےo

The disbelievers say: 'Shall we be reverted to the former life?

أَئِذَا كُنَّا عِظَاماً نَّخِرَةً (11)

ترجمہ: کیا جب ہم بوسیدہ (کھوکھلی) ہڈیاں ہو جائیں گے (تب بھی زندہ کیے جائیں گے)o

(Shall we be given life even) when we shall have become rotten (hollow) bones?'

قَالُوا تِلْكَ إِذاً كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ (12)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: یہ (لوٹنا) تو اس وقت بڑے خسارے کا لوٹنا ہوگاo

They say: 'This (return) would then be a losing return.'

فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ (13)

ترجمہ: پھر تو یہ ایک ہی بار شدید ہیبت ناک آواز کے ساتھ (کائنات کے تمام اَجرام کا) پھٹ جانا ہوگاo

Then it will be rending (of all heavenly bodies) asunder with single extremely horrible explosion.

فَإِذَا هُم بِالسَّاهِرَةِ (14)

ترجمہ: پھر وہ (سب لوگ) یکا یک کھلے میدانِ (حشر) میں آموجود ہوں گےo

Then they (all) will forgather suddenly in the open expanse (for assembly).

فَإِذَا جَاءتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَى (34)

ترجمہ: پھر اس وقت (کائنات کے) بڑھتے بڑھتے (اس کی انتہا پر) ہر چیز پر غالب آجانے والی بہت سخت آفتِ (قیامت) آئے گیo

Then, whilst (the universe) attains (to its acme through evolution), there will befall the great all-encompassing calamity (the Hour of Resurrection).

يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ مَا سَعَى (35)

ترجمہ: اُس دن انسان اپنی (ہر) کوشش و عمل کو یاد کرے گاo

That Day man will retrospect his (every) effort and action.

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا (42)

ترجمہ: (کفّار) آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگاo

(The disbelievers) ask you about the Hour of Rising: 'When will it come to pass?'

فِيمَ أَنتَ مِن ذِكْرَاهَا (43)

ترجمہ: تو آپ کو اس کے (وقت کے) ذکر سے کیا غرضo

What should be your concern in talking about (its appointed time)?

إِلَى رَبِّكَ مُنتَهَاهَا (44)

ترجمہ: اس کی انتہا تو آپ کے رب تک ہے (یعنی ابتداء کی طرح انتہاء میں بھی صرف وحدت رہ جائے گی)o

Its ultimate limit is up to your Lord (i.e., as in the beginning, only Oneness will survive in the end as well).

سورۃ عبس:

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ (33)

ترجمہ: پھر جب کان پھاڑ دینے والی آواز آئے گیo

So, when the Deafening Blast comes,

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ (34)

ترجمہ: اُس دن آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گاo

On that Day man will flee from his brother,

وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ (35)

ترجمہ: اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے (بھی)o

And from his mother and his father (too),

وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ (36)

ترجمہ: اور اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے (بھی)o

And (even) from his wife and his children.

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ (37)

ترجمہ: اس دن ہر شخص کو ایسی (پریشان کن) حالت لاحق ہوگی جو اسے (ہر دوسرے سے) بے پروا کر دے گیo

On that Day every person will be in such a (dismal) state that will make him unconcerned (with everyone else).

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ (38)

ترجمہ: اسی دن بہت سے چہرے (ایسے بھی ہوں گے جو نور سے) چمک رہے ہوں گےo

The same Day many faces will be shining (with light).

ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ (39)

ترجمہ: (وہ) مسکراتے ہنستے (اور) خوشیاں مناتے ہوں گےo

(They will be) smiling, laughing (and) rejoicing.

وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ (40)

ترجمہ: اور بہت سے چہرے ایسے ہوں گے جن پر اس دن گرد پڑی ہوگیo

And numerous faces there will be covered with dust that Day.

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ (41)

ترجمہ: (مزید) ان (چہروں) پر سیاہی چھائی ہوگیo

These (faces) will be overshadowed with darkness (as well).

أُولَئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ (42)

ترجمہ: یہی لوگ کافر (اور) فاجر (بدکردار) ہوں گےo

They are the people who are disbelievers (and) mischief-mongers (i.e., evildoers).

سورۃ التکویر:

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ (1)

ترجمہ: جب سورج لپیٹ کر بے نور کر دیا جائے گاo

When the sun will be folded up and extinguished,

وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ (2)

ترجمہ: اور جب ستارے (اپنی کہکشاؤں سے) گر پڑیں گےo

And the stars will fall (from their galaxies),

وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ (3)

ترجمہ: اور جب پہاڑ (غبار بنا کر فضا میں) چلا دیے جائیں گےo

And when the mountains, (after having changed into dust,) will be set in motion (into the atmosphere),

وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ (4)

ترجمہ: اور جب حاملہ اونٹنیاں بے کار چھوٹی پھریں گی (کوئی ان کا خبر گیر نہ ہوگا)o

And when the she-camels heavy with young will be left neglected and discarded (i.e., no one will tend them),

وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ (5)

ترجمہ: اور جب وحشی جانور (خوف کے مارے) جمع کر دیے جائیں گےo

And when (fear-stricken) wild beasts will be herded together,

وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ (6)

ترجمہ: جب سمندر اور دریا (سب) ابھار دیے جائیں گےo

And when (all) oceans and rivers will be made to rise and swell,

وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ (7)

ترجمہ: اور جب روحیں (بدنوں سے) ملا دی جائیں گیo

And when souls will be united (with their bodies),

وَإِذَا الْمَوْؤُودَةُ سُئِلَتْ (8)

ترجمہ: اور جب زندہ دفن کی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائے گاo

And when the infant girl buried alive will be asked,

بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ (9)

ترجمہ: کہ وہ کس گناہ کے باعث قتل کی گئی تھیo

For what crime was she slain?

وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ (10)

ترجمہ: اور جب اَعمال نامے کھول دیے جائیں گےo

And when the records of deeds will be laid open,

وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ (11)

ترجمہ: اور جب سماوی طبقات کو پھاڑ کر اپنی جگہوں سے ہٹا دیا جائے گاo

And when the layers of heaven will be torn asunder and moved away from their places,

وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ (12)

ترجمہ: اور جب دوزخ (کی آگ) بھڑکائی جائے گیo

And when (the Fire of) Hell will be burnt ablaze,

وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ (13)

ترجمہ: اور جب جنت قریب کردی جائے گیo

And when Paradise will be brought up close,

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ (14)

ترجمہ: ہر شخص جان لے گا جو کچھ اس نے حاضر کیا ہےo

Everyone will come to know what he has brought forth.

سورۃ الانفطار:

إِذَا السَّمَاءُ انفَطَرَتْ (1)

ترجمہ: جب (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گےo

When (all) the heavenly spheres will be split apart,

وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انتَثَرَتْ (2)

ترجمہ: اور جب سیارے بکھر جائیں گےo

And when the planets will scatter,

وَإِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ (3)

ترجمہ: اور جب سمندر (اور دریا) ابھر کر بہہ جائیں گےo

And when oceans (and rivers) will flood and overflow,

وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ (4)

ترجمہ: اور جب قبریں زیروزبر کردی جائیں گیo

And when graves will be overturned,

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَأَخَّرَتْ (5)

ترجمہ: تو ہر شخص جان لے گا کہ کیا عمل اس نے آگے بھیجا اور (کیا) پیچھے چھوڑ آیا تھاo

Then everyone will come to know what actions he sent forward and what he left behind.

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ (13)

ترجمہ: بے شک نیکوکار جنّتِ نعمت میں ہوں گےo

Indeed, the truly good will be in the Garden of Bliss.

وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ (14)

ترجمہ: اور بے شک بدکار دوزخ (سوزاں) میں ہوں گےo

And surely, the evildoers will be in the (Blazing Fire of) Hell.

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّينِ (15)

ترجمہ: وہ اس میں قیامت کے روز داخل ہوں گےo

They will enter it on the Day of Rising,

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِينَ (16)

ترجمہ: اور وہ اس (دوزخ) سے (کبھی بھی) غائب نہ ہوسکیں گےo

And will never be able to absent themselves from it (Hell).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ (17)

ترجمہ: اور آپ نے کیا سمجھا کہ روزِ جزا کیا ہےo

And what have you made out what the Day of Recompense is?

ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّينِ (18)

ترجمہ: پھر آپ نے کیا جانا کہ روزِ جزا کیا ہےo

So what have you learnt about what the Day of Recompense is?

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِلَّهِ (19)

ترجمہ: (یہ) وہ دن ہے جب کوئی شخص کسی کے لیے کسی چیز کا مالک نہ ہوگا، اور حکم فرمائی اس دن اللہ ہی کی ہوگیo

It is the Day when no soul will own anything for any other soul, and the command on that Day will be entirely Allah's.

سورۃ الانشقاق:

إِذَا السَّمَاء انشَقَّتْ (1)

ترجمہ: جب (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گےo

When (all) the heavenly bodies will split asunder,

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (2)

ترجمہ: اور اپنے رب کا حکم (اِنشقاق) بجالائیں گے اور (یہی تعمیلِ اَمر) اُس کے لائق ہےo

And obey the command of their Lord (with regard to the catastrophic split) and (it is this implementation of the command) that they are bound to do,

وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ (3)

ترجمہ: اور جب زمین (ریزہ ریزہ کرکے) پھیلا دی جائے گیo

And when the earth will be flattened out (after it is broken into dust particles),

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ (4)

ترجمہ: اور جو کچھ اس کے اندر ہے وہ اسے نکال باہر پھینکے گی اور خالی ہو جائے گیo

And it will cast out all that is inside it and become empty,

وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (5)

ترجمہ: اور (وہ بھی) اپنے رب کا حکم (اِنشقاق) بجالائے گی اور (یہی اِطاعت) اُس کے لائق ہےo

And (it) will (also) obey the command of its Lord (with regard to the catastrophic split) and (it is this obedience) which it is worthy of.

سورۃ البروج:

وَالْيَوْمِ الْمَوْعُودِ (2)

ترجمہ: اور اس دن کی قسم جس کا وعدہ کیا گیا ہےo

And by the Promised Day,

وَشَاهِدٍ وَمَشْهُودٍ (3)

ترجمہ: جو (اس دن) حاضر ہوگا اس کی قَسم اور جو کچھ حاضر کیا جائے گا اس کی قَسمo

And by the One Who will be Present (that Day) and by what will be brought to the presence,

سورۃ الطارق:

إِنَّهُ عَلَى رَجْعِهِ لَقَادِرٌ (8)

ترجمہ: بے شک وہ اس (زندگی) کو پھر واپس لانے پر بھی قادر ہےo

Indeed, He has the power to bring it (life) back,

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ (9)

ترجمہ: جس دن سب راز ظاہر کر دیے جائیں گےo

The Day when all secrets will be disclosed.

فَمَا لَهُ مِن قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ (10)

ترجمہ: پھر انسان کے پاس نہ (خود) کوئی قوت ہوگی اور نہ کوئی (اس کا) مددگار ہوگاo

Then man will have neither any strength (himself) nor any helper.

سورۃ الاعلیٰ:

الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَى (12)

ترجمہ: جو (قیامت کے دن) سب سے بڑی آگ میں داخل ہوگاo

He who will enter the greatest Fire (on the Day of Judgment).

ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَى (13)

ترجمہ: پھر وہ اس میں نہ مرے گا اور نہ جیئے گاo

Then he will neither die nor live in it.

سورۃ الغاشیۃ:

هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ (1)

ترجمہ: کیا آپ کو (ہر چیز پر) چھا جانے والی قیامت کی خبر پہنچی ہےo

Has the news of the Calamity overwhelming (everything) reached you?

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ (2)

ترجمہ: اس دن کتنے ہی چہرے ذلیل وخوار ہوں گےo

Many faces on that Day will be humiliated and degraded,

سورۃ الفجر:

كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا (21)

ترجمہ: یقیناً جب زمین پاش پاش کر کے ریزہ ریزہ کر دی جائے گیo

Assuredly, when the earth will be cleft asunder and crushed to dust particles,

وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا (22)

ترجمہ: اور آپ کا رب جلوہ فرما ہوگا اور فرشتے قطار در قطار (اس کے حضور) حاضر ہوں گےo

And your Lord will unveil His Light and the angels will appear (before His presence) rank upon rank,

سورۃ الزلزال:

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا (1)

ترجمہ: جب زمین اپنے سخت بھونچال سے بڑی شدت کے ساتھ تھرتھرائی جائے گیo

When the earth will be violently shaken with a high-scale quake,

وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا (2)

ترجمہ: اورزمین اپنے (سب) بوجھ نکال باہر پھینکے گیo

And when the earth will throw out (all) her burdens,

وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا (3)

ترجمہ: اورانسان (حیران وششدر ہوکر) کہے گا: اسے کیا ہوگیا ہےo

And man (bewildered and baffled) will say: 'What has happened to her?'

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا (4)

ترجمہ: اس دن وہ اپنے حالات خود ظاہر کردے گیo

On that Day, she will herself bring to light her experiences,

بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَى لَهَا (5)

ترجمہ: اس لیے کہ آپ کے رب نے اس کے لیے تیز اشاروں (کی زبان) کو مسخر فرمادیا ہوگاo

For your Lord will have made subservient to her (the symbolic language of) sharp signals.

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتاً لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ (6)

ترجمہ: اس دن لوگ مختلف گروہ بن کر (جداجدا حالتوں کے ساتھ) نکلیں گے تاکہ انہیں ان کے اَعمال دکھائے جائیںo

On that Day, people will form up in different groups, (in diverse conditions,) so that they may be shown their works.

فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْراً يَرَهُ (7)

ترجمہ: تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گاo

Then he who will have done even an atom's weight of good will see it.

وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرّاً يَرَهُ (8)

ترجمہ: اورجس نے ذرہ بھر برائی کی ہوگی وہ اسے (بھی) دیکھ لے گاo

And he who will have done even an atom's weight of evil will (also) see it.

سورۃ العادیات:

أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ (9)

ترجمہ: تو کیا اسے معلوم نہیں جب وہ (مُردے) اٹھائے جائیں گے جو قبروں میں ہیںo

But does he not know when those (dead) in the graves will be raised,

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ (10)

ترجمہ: اور (راز) ظاہر کر دیے جائیں گے جو سینوں میں ہیں o

And secrets which are in hearts will be disclosed?

إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ (11)

ترجمہ: بے شک ان کا رب اس دن ان (کے اعمال) سے خوب خبردار ہوگا o

Indeed, their Lord will be Well Aware of their (deeds) on that Day.

سورۃ القارعۃ:

الْقَارِعَةُ (1)

ترجمہ: (زمین و آسمان کی ساری کائنات کو) کھڑکھڑا دینے والا شدید جھٹکا اور کڑک o

The high-scale jolt rocking (the whole universe of the heavens and the earth) and thunder!

مَا الْقَارِعَةُ (2)

ترجمہ: وہ (ہر شے کو) کھڑکھڑا دینے والا شدید جھٹکا اور کڑک کیا ہے o

And what is that high-scale jolt rocking (everything) and that thunder?

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ (3)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ (ہر شے کو) کھڑکھڑا دینے والے شدید جھٹکے اور کڑک سے مراد کیا ہے o

And what have you made out what the high-scale jolt and thunder implies?

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ (4)

ترجمہ: (اس سے مراد) وہ یومِ قیامت ہے جس دن (سارے) لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہو جائیں گے o

(It implies) the Day of Resurrection when (the whole of) mankind will become like scattered moths,

وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنفُوشِ (5)

ترجمہ: اور پہاڑ رنگ برنگ دھنکی ہوئی اُون کی طرح ہو جائیں گے o

And the mountains will be like multicoloured carded wool.

فَأَمَّا مَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ (6)

ترجمہ: پس وہ شخص کہ جس (کے اعمال) کے پلڑے بھاری ہوں گے o

So he whose scales of deeds in the balance will be heavy,

فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ (7)

ترجمہ: تو وہ خوش گوار عیش و مسرت میں ہوگا o

He will be in luxury and delight.

وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ (8)

ترجمہ: اور جس شخص کے (اعمال کے) پلڑے ہلکے ہوں گےo

But as for him whose scales of deeds in the balance will be light,

فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ (9)

ترجمہ: تو اس کا ٹھکانا ہاویہ (جہنم کا گڑھا) ہوگاo

His abode will be Hawiya (a pit in Hell)!

وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ (10)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ ہاویہ کیا ہےo

And what have you made out what that (Hawiya) is?

نَارٌ حَامِيَةٌ (11)

ترجمہ: (وہ جہنم کی) سخت دہکتی آگ (کا انتہائی گہرا گڑھا) ہےo

It is (an extremely deep pit of) the fiercely Blazing Fire (of Hell).

سورۃ التکاثر:

ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ (8)

ترجمہ: پھر اس دن تم سے (اللہ کی) نعمتوں کے بارے میں ضرور پوچھا جائے گا (کہ تم نے انہیں کہاں کہاں اور کیسے کیسے خرچ کیا تھا)o

Then on that Day, you will certainly be questioned about the bounties (given to you by Allah and the way you consumed them).

7۔ آخرت کا ذکر

سورۃ البقرۃ:

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ(4)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں، اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیں o

And those who believe in (all) that which has been revealed to you, and that which was revealed before you, and also have (perfect) faith in the Hereafter.

سورۃ الذاریات:

وَالذَّارِيَاتِ ذَرْواً (1)

ترجمہ: اُڑا کر بکھیر دینے والی ہواؤں کی قَسم o

By the winds that blow and scatter,

فَالْحَامِلَاتِ وِقْراً (2)

ترجمہ: اور (پانی کا) بارِگراں اٹھانے والی بدلیوں کی قَسم o

And by the clouds that carry a heavy load (of water),

فَالْجَارِيَاتِ يُسْراً (3)

ترجمہ: اور خراماں خراماں چلنے والی کشتیوں کی قَسم o

And by the vessels that float with elegance,

فَالْمُقَسِّمَاتِ أَمْراً (4)

ترجمہ: اور کام تقسیم کرنے والے فرشتوں کی قَسم o

And by the angels that distribute work,

إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَصَادِقٌ (5)

ترجمہ: بے شک (آخرت کا) جو وعدہ تم سے کیا جا رہا ہے بالکل سچا ہے o

Surely the promise (of the Hereafter) being made to you is absolutely true.

وَإِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ (6)

ترجمہ: اور بے شک (اعمال کی) جزا و سزا ضرور واقع ہو کر رہے گی o

And surely, the reward and the punishment (of actions) are bound to take place.

سورۃ الممتحنۃ:

إِن يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاء وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُم بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ (2)

ترجمہ: اگر وہ تم پر قدرت پا لیں تو (دیکھنا) وہ تمہارے (کھلے) دشمن ہوں گے اور وہ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں تمہاری طرف برائی

کے ساتھ دراز کریں گے اور آرزومند ہوں گے کہ تم (کسی طرح) کافر ہو جاؤo

Should they get the better of you, then (you will see that) they will be your open enemies. And they will extend their hands and tongues to you with evil design and will have the earnest desire that you disbelieve (somehow).

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ **(6)**

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ان میں بہترین نمونہ (اِقتداء) ہے (خاص طور پر) ہر اس شخص کے لیے جو اللہ (کی بارگاہ میں حاضری) کی اور یومِ آخرت کی امید رکھتا ہے، اور جو شخص رُوگردانی کرتا ہے تو بے شک اللہ بے نیاز اور لائقِ ہر حمد و ثناء ہےo

Indeed, there is for you an excellent example in them (to follow), for him (in particular) who hopes (to appear before the presence of) Allah and looks forward to the Last Day. But whoever turns away, then Allah is Self-Sufficient and Praiseworthy.

8۔ جنت کا ذکر

سورۃ البقرہ:

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ كُلَّمَا رُزِقُواْ مِنْهَا مِن ثَمَرَةٍ رِّزْقاً قَالُواْ هَـذَا الَّذِىْ رُزِقْنَا مِن قَبْلُ وَأُتُواْ بِهِ مُتَشَابِهاً وَلَهُمْ فِيْهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَهُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ (25)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) آپ ان لوگوں کو خوشخبری سنا دیں جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے کہ ان کے لئے (بہشت کے) باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، جب انہیں ان باغات میں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا تو (اس کی ظاہری صورت دیکھ کر) کہیں گے یہ تو وہی پھل ہے جو ہمیں (دنیا میں) پہلے دیا گیا تھا، حالانکہ انہیں (صورت میں) ملتے جلتے پھل دیئے گئے ہوں گے، ان کے لئے جنت میں پاکیزہ بیویاں (بھی) ہوں گی اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گےo

And, (O Beloved Prophet,) give glad tidings to those who believe and keep doing pious deeds that for them there are Gardens (of Paradise) beneath which streams flow. When some fruit will be given to them from these Gardens to eat, they will say (looking at its appearance): 'This is the same fruit that was provided to us (in the world) before,' whereas they will be given fruits resembling (only in appearance). In Paradise, there will (also) be chaste spouses for them, and they shall abide there for ever.

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُواْ الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُم مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْاْ مِن قَبْلِكُم مَّسَّتْهُمُ الْبَأْسَاء وَالضَّرَّاء وَزُلْزِلُواْ حَتَّى يَقُولَ الرَّسُولُ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ مَعَهُ مَتَى نَصْرُ اللّهِ أَلا إِنَّ نَصْرَ اللّهِ قَرِيْبٌ (214)

ترجمہ: کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ تم (یونہی بلا آزمائش) جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ تم پر تو ابھی ان لوگوں جیسی حالت (ہی) نہیں بیتی جو تم سے پہلے گزر چکے، انہیں تو طرح طرح کی سختیاں اور تکلیفیں پہنچیں اور انہیں (اس طرح) ہلا ڈالا گیا کہ (خود) پیغمبر اور ان کے ایمان والے ساتھی (بھی) پکار اٹھے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی؟ آگاہ ہو جاؤ کہ بیشک اللہ کی مدد قریب ہےo

Do you think that you will enter Paradise (for nothing, without any trial,) whilst you have not yet undergone the predicament of those who passed away before you? They were afflicted with a diversity of sufferings and hardships and were jolted (in such a manner) that the Messenger (of that nation) and his companions in faith (too) cried out: 'When will the help of Allah arrive?' Beware! The help of Allah is definitely at hand.

سورۃ العمران:

قُلْ أَؤُنَبِّئُكُم بِخَيْرٍ مِّن ذَلِكُمْ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّهِ وَاللّهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ(15)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ فرما دیں: کیا میں تمہیں ان سب سے بہترین چیز کی خبر دوں؟ (ہاں) پرہیزگاروں کے لئے ان کے رب کے پاس (ایسی) جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے (ان کے لئے پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور

(سب سے بڑی بات یہ ہے کہ) اللہ کی طرف سے خوشنودی نصیب ہوگی، اور اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہےo

(O Beloved!) Say: 'Shall I give you the news of something far better than all this? (Yes,) for the Godfearing there are (such) Gardens with their Lord beneath which streams flow. They will live there forever. There will be (for them) chaste wives, and (above all) they shall enjoy the pleasure of Allah.' And Allah monitors His servants well.

وَسَارِعُواْ إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ (133)

ترجمہ: اور اپنے رب کی بخشش اور اس جنت کی طرف تیزی سے بڑھو جس کی وسعت میں سب آسمان اور زمین آجاتے ہیں، جو پرہیزگاروں کے لیے تیار کی گئی ہےo

And advance fast towards forgiveness from your Lord and Paradise whose vastness encompasses the heavens and the earth (and) which has been prepared for the pious.

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُواْ الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُواْ مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِيْنَ (142)

ترجمہ: کیا تم یہ گمان کیے ہوئے ہو کہ تم (یونہی) جنت میں چلے جاؤ گے؟ حالاں کہ ابھی اللہ نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو پرکھا ہی نہیں ہے اور نہ ہی صبر کرنے والوں کو جانچا ہےo

Do you assume that you will enter Paradise (without any good), whereas Allah has not yet tested those of you who fight for His cause, nor has He judged the steadfast?

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَن زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ(185)

ترجمہ: ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے، اور تمہارے اجر پورے کے پورے تو قیامت کے دن ہی دیئے جائیں گے، پس جو کوئی دوزخ سے بچالیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا وہ واقعتاً کامیاب ہوگیا، اور دنیا کی زندگی دھوکے کے مال کے سوا کچھ بھی نہیں ہےo

Every soul is going to taste death. And your full recompense will be paid back only on the Day of Resurrection. So, whoever will be saved from Hell and admitted to Paradise will be truly successful. And the worldly life is nothing but illusory wealth.

لَكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْاْ رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلاً مِّنْ عِندِ اللّهِ وَمَا عِندَ اللّهِ خَيْرٌ لِّلأَبْرَارِ(198)

ترجمہ: لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لیے بہشتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اللہ کے ہاں سے (ان کی) مہمانی ہے اور (پھر اس کا حریمِ قرب، جلوۂ حُسن اور نعمتِ وصال، الغرض) جو کچھ بھی اللہ کے پاس ہے وہ نیک لوگوں کے لیے بہت ہی اچھا ہےo

But those who persist in fearing their Lord, for them there are Gardens beneath which rivers flow. There they will reside forever. This is hospitality

(for them) from Allah. And (His chamber of Proximity, lustre of His Beauty and the Blessing of meeting with Him, in sum,) whatever there is with Allah is excellent for the pious.

سورۃ النساء:

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً لَّهُمْ فِيْهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَنُدْخِلُهُمْ ظِلاًّ ظَلِيْلاً (57)

ترجمہ: اور جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ہم انہیں بہشتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں رواں ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، ان کے لیے وہاں پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور ہم ان کو بہت گھنے سائے میں داخل کریں گے o

Those who believe and assiduously perform pious acts, We shall admit them to Gardens beneath which streams flow. They will live there forever. Therein will be pure spouses for them. And We shall admit them into plenteous, deep shades.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً وَعْدَ اللّهِ حَقّاً وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّهِ قِيْلاً (122)

ترجمہ: اور جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ہم انہیں عنقریب بہشتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ (یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے، اور اللہ سے زیادہ بات کا سچا کون ہوسکتا ہے o

But those who have believed and persistently did pious acts, We shall soon admit them to Gardens with rivers flowing beneath. They will reside in them for ever. This is Allah's true promise, and who can be more truthful in Word than Allah?

لَّيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلا أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتَابِ مَن يَعْمَلْ سُوءاً يُجْزَ بِهِ وَلاَ يَجِدْ لَهُ مِن دُونِ اللّهِ وَلِيّاً وَلاَ نَصِيْراً (123)

ترجمہ: (اللہ کا وعدۂ مغفرت) نہ تمہاری خواہشات پر موقوف ہے اور نہ اہلِ کتاب کی خواہشات پر، جو کوئی برا عمل کرے گا اسے اس کی سزا دی جائے گی اور نہ وہ اللہ کے سوا اپنا کوئی حمایتی پائے گا اور نہ مددگار o

(Allah's promise of salvation) does not accord with what you desire, nor with what the People of the Book aspire to. Whoever does an evil deed will be punished for it, and he will not find for himself any supporter or helper apart from Allah.

وَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُوْلَـئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلاَ يُظْلَمُونَ نَقِيْراً (124)

ترجمہ: اور جو کوئی نیک اعمال کرے گا (خواہ) مرد ہو یا عورت درآنحالیکہ وہ مومن ہے پس وہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان کی تِل برابر (بھی) حق تلفی نہیں کی جائے گی o

But anyone, whether man or woman, who does pious acts and is a believer, they are the ones who will enter Paradise and will not be wronged a speck.

سورۃ الاعراف:

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ لاَ نُكَلِّفُ نَفْساً إِلاَّ وُسْعَهَا أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (42)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلّف نہیں کرتے، یہی لوگ اہلِ جنت ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گےo

But those who believe and do good works persistently, We do not burden anyone beyond his endurance; it is they who are the people of Paradise; they will live in it forever.

وَنَـزَعْنَا مَا فِيْ صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهِمُ الأَنْهَارُ وَقَالُواْ الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِيْ هَدَانَا لِهَـذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلا أَنْ هَدَانَا اللّهُ لَقَدْ جَاءتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُودُواْ أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ(43)

ترجمہ: اور ہم وہ (رنجش و) کینہ جو ان کے سینوں میں (دنیا کے اندر ایک دوسرے کے لیے) تھا نکال (کے دور کر) دیں گے ان کے (محلوں کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور وہ کہیں گے: سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں یہاں تک پہنچا دیا، اور ہم (اس مقام تک کبھی) راہ نہ پا سکتے تھے اگر اللہ ہمیں ہدایت نہ فرماتا، بے شک ہمارے رب کے رسول حق (کا پیغام) لائے تھے، اور (اس دن) ندا دی جائے گی کہ تم لوگ اس جنت کے وارث بنا دیے گئے ہو ان (نیک) اعمال کے باعث جو تم انجام دیتے تھےo

And We shall remove from their breasts (rancour and) spite (that they had for others in the world). Streams will flow under (their palaces), and they will say: 'All praise belongs to Allah alone, Who has brought us here. Had Allah not guided us, we would never have made our way through (to this station). Verily, the Messengers of our Lord brought us (the message of) truth.' It will be called out (that Day): 'You have been made heirs to this Paradise for the (pious) deeds that you used to do.'

وَنَـادَى أَصْـحَـابُ الْـجَنَّةِ أَصْحَابَ النَّارِ أَن قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقّاً فَهَلْ وَجَدتُّم مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقّاً قَالُواْ نَعَمْ فَأَذَّنَ مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ أَن لَّعْنَةُ اللّهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ (44)

ترجمہ: اور اہلِ جنت دوزخ والوں کو پکار کر کہیں گے: ہم نے تو واقعتاً اسے سچّا پا لیا جو وعدہ ہمارے رب نے ہم سے فرمایا تھا، سو کیا تم نے (بھی) اسے سچّا پایا جو وعدہ تمہارے ربّ نے (تم سے) کیا تھا؟ وہ کہیں گے: ہاں۔ پھر ان کے درمیان ایک آواز دینے والا آواز دے گا کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہےo

And the people of Paradise will call out to the inmates of Hell: 'We have really found true the promise that our Lord made to us. Have you (also) found true what your Lord promised (you)?' They will answer: 'Yes.' Thereupon a herald will call out amongst them: 'The curse of Allah is on the wrongdoers.

وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ وَنَادَوْا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَن سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ (46)

ترجمہ: اور (ان) دونوں (یعنی جنتیوں اور دوزخیوں) کے درمیان ایک حجاب (یعنی فصیل) ہے، اور اَعراف (یعنی اسی فصیل) پر کچھ مرد ہوں گے جو سب کو ان کی نشانیوں سے پہچان لیں گے۔ اور وہ اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو۔ وہ (اہلِ اَعراف خود ابھی) جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے حالاں کہ وہ (اس کے) امیدوار ہوں گے o

And between both (of them, the inmates of Paradise and Hell) there is a barrier (i.e., ramparts or heights), and on the A'raf (the Heights), there will be men who will recognize all by their features. And they will call out to the people of Paradise: 'Peace be upon you.' They (the people of the A'raf [the Heights]) will not have entered Paradise (themselves as yet) but will be aspiring (to that).

أَهَـؤُلاء الَّذِيْنَ أَقْسَمْتُمْ لاَ يَنَالُهُمُ اللّهُ بِرَحْمَةٍ ادْخُلُواْ الْجَنَّةَ لاَ خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلاَ أَنتُمْ تَحْزَنُونَ (49)

ترجمہ: کیا یہی وہ لوگ ہیں (جن کی خستہ حالت دیکھ کر) تم قسمیں کھایا کرتے تھے کہ اللہ انہیں اپنی رحمت سے (کبھی) نہیں نوازے گا؟ (سن لو! اب انہی کو کہا جا رہا ہے:) تم جنت میں داخل ہو جاؤ نہ تم پر کوئی خوف ہوگا اور نہ تم غمگین ہو گے o

Is it they about whom you used to swear (on seeing their miserable plight): Allah will (never) bless them with His mercy? (But listen! It is they who are now being called:) Enter Paradise; you will neither fear nor grieve.'

وَنَادَى أَصْحَابُ النَّارِ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ أَفِيضُواْ عَلَيْنَا مِنَ الْمَاء أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكَافِرِيْنَ (50)

ترجمہ: اور دوزخ والے اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ ہمیں (جنّتی) پانی سے کچھ فیض یاب کر دو یا اس (رزق) میں سے جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے۔ وہ کہیں گے: بے شک اللہ نے یہ دونوں (نعمتیں) کافروں پر حرام کر دی ہیں o

And the inmates of Hell will call out to the inhabitants of Paradise: 'Bless us with some water (of Paradise), or of (the provision) that Allah has granted you.' They will say: 'Allah has indeed forbidden both (these bounties) to the disbelievers,

سورۃ یونس:

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ فِىْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ (9)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے انہیں ان کا رب ان کے ایمان کے باعث (جنتوں تک) پہنچا دے گا، جہاں ان (کی رہائش گاہوں) کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی (یہ ٹھکانے) اُخروی نعمت کے باغات میں (ہوں گے) o

Indeed, those who believe and consistently practise piety, their Lord will take them, for their faith, (to the Gardens) with streams flowing (under their abodes, located) in the Gardens of Bliss in the Hereafter.

دَعْوَاهُمْ فِيهَا سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (10)

ترجمہ: (نعمتوں اور بہاروں کو دیکھ کر) ان (جنتوں) میں ان کی دعا (یہ) ہوگی: ''اے اللہ! تو پاک ہے'' اور اس میں ان کی آپس میں دعائے خیر (کا کلمہ) ''سلام'' ہوگا (یا اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے ان کے لیے کلمۂ استقبال) ''سلام'' ہوگا) اور ان کی دعا (ان کلمات پر) ختم ہوگی کہ ''تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو سب جہانوں کا پروردگار ہے''o

(Finding these blessings and bounties,) they will pray in these (Gardens): 'Holy You are, O Allah!' And the word of their mutual greetings will be: 'Peace.' (Or the word for their reception from Allah and the angels will be: 'Peace.') And their supplication will end (with these words): 'All praise belongs to Allah, the Lord of all the worlds.'

وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى دَارِ السَّلَامِ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ(25)

ترجمہ: اور اللہ سلامتی کے گھر (جنت) کی طرف بلاتا ہے، اور جسے چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرماتا ہےo

And Allah calls towards the Home of Peace (Paradise), and guides whom He wills to the straight path.

لِّلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوهَهُمْ قَتَرٌ وَلَا ذِلَّةٌ أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (26)

ترجمہ: ایسے لوگوں کے لیے جو نیک کام کرتے ہیں نیک جزا ہے بلکہ (اس پر) اضافہ بھی ہے، اور نہ ان کے چہروں پر (غبار اور) سیاہی چھائے گی اور نہ ذلت و رسوائی، یہی اہلِ جنت ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

For those who do pious works, there is good recompense rather more (added to it). And neither (dust and) darkness nor humiliation and disgrace will cover their faces. It is they who are the people of Paradise, its permanent residents.

سورۃ ہود:

يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ (105)

ترجمہ: جب وہ دن آئے گا کوئی شخص (بھی) اس کی اجازت کے بغیر کلام نہیں کر سکے گا، پھر ان میں بعض بدبخت ہوں گے اور بعض نیک بختo

When that Day comes, not a soul will be able to speak without His permission. Then some of them will be unfortunate and others fortunate.

وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوذٍ(108)

ترجمہ: اور جو لوگ نیک بخت ہوں گے (وہ) جنت میں ہوں گے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین (جو اس وقت ہوں گے) قائم رہیں مگر یہ کہ جو آپ کا رب چاہے، یہ وہ عطا ہوگی جو کبھی منقطع نہ ہوگیo

And those who will be fortunate will be in Paradise. They will abide in it forever till the heavens and the earth (which will then exist) endure except as your Lord wills. This is a bounty which will never be withdrawn.

سورۃ الرعد:

أَفَمَن يَعْلَمُ أَنَّمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ أَعْمَى إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُوْلُواْ الأَلْبَابِ (19)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو یہ جانتا ہے کہ جو کچھ آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے حق ہے، اس شخص کے مانند ہوسکتا ہے جو اندھا ہے، بات یہی ہے کہ نصیحت عقل مند ہی قبول کرتے ہیںo

Someone who knows that whatever has been revealed to you is the truth, can he be like the one who is blind? Truly it is only those endowed with wisdom who accept admonition,

الَّذِيْنَ يُوفُونَ بِعَهْدِ اللّهِ وَلاَ يِنقُضُونَ الْمِيْثَاقَ (20)

ترجمہ: جو لوگ اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور قول و قرار کو نہیں توڑتےo

Those who fulfil their pledge to Allah and do not breach their covenant,

وَالَّذِيْنَ يَصِلُونَ مَا أَمَرَ اللّهُ بِهِ أَن يُوصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُونَ سُوءَ الحِسَابِ (21)

ترجمہ: اور جو لوگ ان سب (حقوق اللہ، حقوق الرسول، حقوق العباد اور اپنے حقوقِ قرابت) کو جوڑے رکھتے ہیں، جن کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم فرمایا ہے اور اپنے رب کی خشیّت میں رہتے ہیں اور برے حساب سے خائف رہتے ہیںo

And who keep unified all (i.e., fulfil all their obligations to Allah, to the Messenger [blessings and peace be upon him], to humanity at large and to their close relatives) that Allah has enjoined to be unified and remain in a state of fear from Allah and dread an evil reckoning;

وَالَّذِيْنَ صَبَرُواْ ابْتِغَاء وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ وَأَنفَقُواْ مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلاَنِيَةً وَيَدْرَؤُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُوْلَئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ (22)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کی رضا جوئی کے لیے صبر کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ (دونوں طرح) خرچ کرتے ہیں اور نیکی کے ذریعہ برائی کو دور کرتے رہتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت کا (حسین) گھر ہےo

And who remain steadfast in seeking the pleasure of their Lord, and establish Prayer, and spend (both) secretly and openly out of the sustenance We have provided, and continue eliminating evil by means of good; they are the ones for whom there is a (beautiful) home in the Hereafter.

جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَالمَلاَئِكَةُ يَدْخُلُونَ عَلَيْهِم مِّن كُلِّ بَابٍ (23)

ترجمہ: (جہاں) سدا بہار باغات ہیں ان میں وہ لوگ داخل ہوں گے اور ان کے آباء و اجداد اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے جو بھی نیکوکار ہوگا اور فرشتے ان کے پاس (جنت کے) ہر دروازے سے آئیں گےo

(There) are evergreen gardens. They will enter them with the pious from amongst their ancestors, their wives and their children. And the angels will come to them through every door (of Paradise).

سَلَامٌ عَلَيْكُم بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ (24)

ترجمہ: (انہیں خوش آمدید کہتے اور مبارک باد دیتے ہوئے کہیں گے:) تم پر سلامتی ہو تمہارے صبر کرنے کے صلہ میں، پس (اب دیکھو) آخرت کا گھر کیا خوب ہےo

(Greeting, they will say:) 'Peace be upon you as a reward for your patience! So (see now) what a beautiful home the Hereafter is!'

مَّثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ أُكُلُهَا دَآئِمٌ وِظِلُّهَا تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ اتَّقَواْ وَّعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ (35)

ترجمہ: اس جنت کا حال جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے (یہ ہے) کہ اس کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، اس کا پھل بھی ہمیشہ رہنے والا ہے اور اس کا سایہ (بھی)، یہ ان لوگوں کا (حسنِ) انجام ہے جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا، اور کافروں کا انجام آتشِ دوزخ ہےo

A glimpse of the Paradise that has been promised to the Godfearing (depicts that) it has rivers flowing under it; its fruits are everlasting, and so is its shade. This is (the beauty of) the end of those who adopt Godwariness. And the end of the disbelievers is the Fire of Hell.

سورۃ ابراہیم:

وَأُدْخِلَ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ تَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ (23)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ جنتوں میں داخل کیے جائیں گے جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں (وہ) ان میں اپنے رب کے حکم سے ہمیشہ رہیں گے، (ملاقات کے وقت) اس میں ان کا دعائیہ کلمہ ''سلام'' ہوگاo

And those who believe and stick to pious deeds will be admitted to the Gardens with streams flowing under them. They will live there forever by the command of Allah. Their greeting word there (at the time of meeting) will be: 'Peace.'

سورۃ الحجر:

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (45)

ترجمہ: بے شک متقی لوگ باغوں اور چشموں میں رہیں گےo

Indeed, the Godfearing will be amid Gardens and fountains.

ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ (46)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) ان میں سلامتی کے ساتھ بے خوف ہو کر داخل ہو جاؤo

(It will be said to them:) 'Enter them peacefully, casting aside all fears.'

وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِم مِّنْ غِلٍّ إِخْوَاناً عَلَى سُرُرٍ مُّتَقَابِلِيْنَ (47)

ترجمہ: اور ہم وہ ساری کدورت باہر کھینچ لیں گے جو (دنیا میں) ان کے سینوں میں (مغالطہ کے باعث ایک دوسرے سے) تھی، وہ (جنت میں) بھائی بھائی بن کر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گےo

And We shall remove from their breasts all spite that they had (in the world against one another due to misunderstanding). They shall be brothers seated on couches face to face (in Paradise).

لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَمَا هُم مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ (48)

ترجمہ: انہیں وہاں کوئی تکلیف نہ پہنچے گی اور نہ ہی وہ وہاں سے نکالے جائیں گےo

No discomfort will touch them, nor will they be driven out from there.

نَبِّءْ عِبَادِيْ أَنِّيْ أَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (49)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ میرے بندوں کو بتا دیجیے کہ میں ہی بے شک بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہوںo

(O Beloved!) Tell My servants: 'Indeed, I am Most Forgiving, Ever-Merciful.'

وَ أَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيْمَ (50)

ترجمہ: اور (اس بات سے بھی آگاہ کر دیجیے) کہ میرا ہی عذاب بڑا دردناک عذاب ہےo

And (also warn) that: 'It is My torment which is the most grievous torment.'

سورۃ النحل:

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْاْ مَاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ قَالُواْ خَيْراً لِّلَّذِيْنَ أَحْسَنُواْ فِيْ هَذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَلَدَارُ الآخِرَةِ خَيْرٌ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ (30)

ترجمہ: اور پرہیزگار لوگوں سے کہا جائے کہ تمہارے رب نے کیا نازل فرمایا ہے؟ وہ کہتے ہیں: (دنیا و آخرت کی) بھلائی (اتاری ہے)، ان لوگوں کے لیے جو نیکی کرتے رہے اس دنیا میں (بھی) بھلائی ہے، اور آخرت کا گھر تو ضرور ہی بہتر ہے، اور پرہیزگاروں کا گھر کیا ہی خوب ہےo

And (when) the Godfearing are asked: 'What has your Lord sent down?' they say: 'All good (for here and the Hereafter has been sent down).' There is good for those who do good in this world (too), and certainly the abode of the Hereafter is even better. And how excellent is the abode of those who are Godfearing!

جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآؤُونَ كَذَلِكَ يَجْزِي اللّهُ الْمُتَّقِيْنَ (31)

ترجمہ: سدا بہار باغات ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی، اِن میں اُن کے لیے جو کچھ وہ چاہیں گے (میسّر) ہوگا، اس طرح اللہ پرہیزگاروں کو صلہ عطا فرماتا ہےo

There are Gardens of Eternity which they will enter with streams flowing under them. Therein will be (available) whatever they will long for. That is

how Allah rewards the Godfearing.

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلآئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلاَمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (32)

ترجمہ: جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (نیکی وطاعت کے باعث) پاکیزہ اور خوش وخرم ہوں، (ان سے فرشتے قبضِ روح کے وقت ہی کہہ دیتے ہیں:) تم پر سلامتی ہو، تم جنت میں داخل ہو جاؤ ان (اَعمالِ صالحہ) کے باعث جو تم کیا کرتے تھےo

The angels take their lives whilst they are pure, clean, pleased and contented (due to obedience and piety. The angels tell them the moment they take their lives:) 'Peace be upon you! Enter Paradise due to (the pious deeds) that you used to do.'

سورۃ الکہف:

أُوْلَـئِكَ لَهُـمْ جَنَّـاتُ عَـدْنٍ تَـجْـرِىْ مِـن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَيَلْبَسُوْنَ ثِيَاباً خُضْراً مِّن سُنْدُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِئِيْنَ فِيْهَا عَلَى الْأَرَائِكِ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقاً (31)

ترجمہ: ان لوگوں کے لیے ہمیشہ (آباد) رہنے والے باغات ہیں (جن میں) ان (کے محلات) کے نیچے نہریں جاری ہیں انہیں ان جنتوں میں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ باریک دیبا اور بھاری اطلس کے (ریشمی) سبز لباس پہنیں گے اور پرتکلف تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے، کیا خوب ثواب ہے اور کتنی حسین آرام گاہ ہےo

For them there are (everlasting) Gardens with streams flowing under their (palaces). They will be adorned with bracelets of gold in these Gardens, and they will wear green attires of fine brocade and heavy silk. And there they will recline upon raised and richly adorned thrones. What an excellent reward and how beautiful a resting place!

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً وَحَشَرْنَاهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ أَحَداً (47)

ترجمہ: وہ دن (قیامت کا) ہوگا جب ہم پہاڑوں کو (ریزہ ریزہ کر کے فضا میں) چلائیں گے اور آپ زمین کو صاف میدان دیکھیں گے (اس پر شجر، حجر اور حیوانات ونباتات میں سے کچھ بھی نہ ہوگا) اور ہم سب انسانوں کو جمع فرمائیں گے اور ان میں سے کسی کو (بھی) نہیں چھوڑیں گےo

And that will be the Day (of Resurrection) when We shall move the mountains (in the atmosphere, broken to dust particles,) and you will see the earth as a clear plain (void of plantation, stones, animals and vegetation). And We shall gather together the whole of mankind, and shall not leave out any of them.

وَعُرِضُوا عَلَى رَبِّكَ صَفّاً لَّقَدْ جِئْتُمُونَا كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ بَلْ زَعَمْتُمْ أَلَّن نَّجْعَلَ لَكُم مَّوْعِداً (48)

ترجمہ: اور (سب لوگ) آپ کے رب کے حضور قطار در قطار پیش کیے جائیں گے، (ان سے کہا جائے گا:) بے شک تم ہمارے پاس (آج اسی طرح) آئے ہو جیسا کہ ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا بلکہ تم یہ گمان کرتے تھے کہ ہم تمہارے لیے ہرگز وعدہ کا

وقت مقرر ہی نہیں کریں گےo

And (all) mankind will be presented to your Lord standing in rows. (It will be said to them:) 'Indeed, you have come to Us (Today the way) We created you for the first time. In fact, you thought that We would never appoint for you the Hour of Promise.'

وَوُضِعَ الْكِتَابُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يَا وَيْلَتَنَا مَالِ هَذَا الْكِتَابِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَلَا كَبِيْرَةً إِلَّا أَحْصَاهَا وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا حَاضِراً وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ أَحَداً (49)

ترجمہ: اور (ہرایک کے سامنے) اَعمال نامہ رکھ دیا جائے گا سو آپ مجرموں کو دیکھیں گے (وہ) ان (گناہوں اور جرموں) سے خوفزدہ ہوں گے جو اس (اَعمال نامہ) میں درج ہوں گے اور کہیں گے: ہائے ہلاکت! اس اَعمال نامہ کو کیا ہوا ہے اس نے نہ کوئی چھوٹی (بات) چھوڑی ہے اور نہ کوئی بڑی (بات)، مگر اس نے (ہر ہر بات کو) شمار کر لیا ہے اور وہ جو کچھ کرتے رہے تھے (اپنے سامنے) حاضر پائیں گے، اور آپ کا رب کسی پر ظلم نہ فرمائے گاo

And the record of deeds will be placed (before everyone). So, you will see the evildoers terrified at the (sins, wrongs and offences) registered (in the record). And they will say: 'Oh, woe to us! What is the matter with this record that it has left out neither any insignificant (wrong) nor any big (blunder)? It has rather taken into account (each and every act).' And they will find (before them) whatever they used to do, and your Lord will not do injustice to anyone.

سورۃ مریم:

إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً فَأُوْلَئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْئاً (60)

ترجمہ: سوائے اس شخص کے جس نے توبہ کر لی اور ایمان لے آیا اور نیک عمل کرتا رہا تو یہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گاo

Except the one who repents and believes and persists in righteous works; they will enter Paradise and will not be wronged in the least.

جَنَّاتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمَنُ عِبَادَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّهُ كَانَ وَعْدُهُ مَأْتِيّاً (61)

ترجمہ: ایسے سدا بہار باغات میں (رہیں گے) جن کا (خدائے) رحمان نے اپنے بندوں سے غیب میں وعدہ کیا ہے، بے شک اس کا وعدہ پہنچنے ہی والا ہےo

(They will dwell) in such evergreen gardens which the Most Kind (Lord) has promised to His servants in the unseen. Certainly, His promise is about to come true.

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْواً إِلَّا سَلَاماً وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَعَشِيّاً (62)

ترجمہ: وہ اس میں کوئی بے ہودہ بات نہیں سنیں گے مگر (ہر طرف سے) سلام (سنائی دے گا)، ان کے لیے ان کا رزق اس میں صبح و شام (میسر) ہوگاo

They will not hear in it any absurd talk but only greetings of peace (pouring in from every direction). And for them, their sustenance will be (available) in it morning and evening.

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَن كَانَ تَقِيّاً **(63)**

ترجمہ: یہ وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے بندوں میں سے اسے وارث بنائیں گے جو متقی ہوگاo

This is the Paradise which We shall award as inheritance to those of Our servants who are Godfearing.

وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَاباً وَخَيْرٌ مَّرَدّاً**(76)**

ترجمہ: اور اللہ ہدایت یافتہ لوگوں کی ہدایت میں مزید اضافہ فرماتا ہے، اور باقی رہنے والے نیک اعمال آپ کے رب کے نزدیک اجر و ثواب میں (بھی) بہتر ہیں اور انجام میں (بھی) خوب تر ہیںo

Allah adds to the guidance of those who are guided aright. And in the sight of your Lord, the lasting pious deeds are better in respect of reward and (also) more valuable in terms of end result.

سورۃ طٰہٰ:

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَى مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجاً مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَى **(131)**

ترجمہ: اور آپ دنیوی زندگی میں زیب و آرائش کی ان چیزوں کی طرف حیرت و تعجب کی نگاہ نہ فرمائیں جو ہم نے (کافر دنیاداروں کے) بعض طبقات کو (عارضی) لطف اندوزی کے لیے دے رکھی ہیں تاکہ ہم ان (ہی چیزوں) میں ان کے لیے فتنہ پیدا کر دیں، اور آپ کے رب کی (اخروی) عطا بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہےo

And do not glance with amazement and wonder at the adornments (of worldly life) which We have provided to some classes (of the disbelieving materialists) for their (short-term) luxury so that We may cause for them a trial in these (very things). And the provision of your Lord (in the Hereafter) is the best and eternal.

سورۃ الحج:

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ **(14)**

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں، یقیناً اللہ جو ارادہ فرماتا ہے کر دیتا ہےo

Indeed, Allah will admit those who believe and keep doing good deeds to the Gardens with streams flowing beneath them. Surely, Allah does what He wills.

سورۃ المومنون:

قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ (1)

ترجمہ: بے شک ایمان والے مراد پا گئے o

Certainly, the believers have attained their goal,

الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ (2)

ترجمہ: جو لوگ اپنی نماز میں عجز و نیاز کرتے ہیں o

Those who become most humble and submissive in their Prayers,

وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ (3)

ترجمہ: اور جو بیہودہ باتوں سے (ہر وقت) کنارہ کش رہتے ہیں o

And who (always) keep away from absurd talk,

وَالَّذِينَ هُمْ لِلزَّكَاةِ فَاعِلُونَ (4)

ترجمہ: اور جو (ہمیشہ) زکوٰۃ ادا (کر کے اپنی جان و مال کو پاک) کرتے رہتے ہیں o

And who (always) pay Zakat (the Alms-due [and keep purifying their wealth and souls]),

وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ (5)

ترجمہ: اور جو (دائماً) اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے رہتے ہیں o

And who guard their private parts (all the time),

إِلَّا عَلَى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ (6)

ترجمہ: سوائے اپنی بیویوں کے یا ان باندیوں کے جو ان کے ہاتھوں کی مملوک ہیں، بے شک (احکامِ شریعت کے مطابق ان کے پاس جانے سے) ان پر کوئی ملامت نہیں o

Except from their wives or those slave-girls who are the possessions of their hands. (If they go to them according to the Islamic injunctions,) there is surely no blame on them.

فَمَنِ ابْتَغَى وَرَاءَ ذَلِكَ فَأُولَئِكَ هُمُ الْعَادُونَ (7)

ترجمہ: پھر جو شخص ان (حلال عورتوں) کے سوا کسی اور کا خواہش مند ہوا تو ایسے لوگ ہی حد سے تجاوز کرنے والے (سرکش) ہیں o

But whoever desires someone beyond these (lawful women), it is they who are transgressors (and disobedient).

وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ (8)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنی امانتوں اور اپنے وعدوں کی پاسداری کرنے والے ہیں o

And those who are watchful of their trusts and their pledges,

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلَى صَلَوَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ (9)

ترجمہ: اور جو اپنی نمازوں کی (مداومت کے ساتھ) حفاظت کرنے والے ہیں o

And who guard their Prayers (with persistence),

أُوْلَئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ (10)

ترجمہ: یہی لوگ (جنت کے) وارث ہیں o

It is they who will be the inheritors (of Paradise).

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ (11)

ترجمہ: یہ لوگ جنت کے سب سے اعلیٰ باغات (جہاں تمام نعمتوں، راحتوں اور قربِ الٰہی کی لذتوں کی کثرت ہوگی ان) کی وراثت (بھی) پائیں گے، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے o

They will (also) inherit the most superior Gardens of Paradise (where all the bounties, comforts and pleasures of nearness to Allah will abound). They will live there forever.

سورۃ الفرقان:

قُلْ أَذَلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً وَمَصِيْرًا (15)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا یہ (حالت) بہتر ہے یا دائمی جنت (کی زندگی) جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے، یہ ان (کے اعمال) کی جزا اور ٹھکانا ہے o

Say: 'Is this (a) better (state), or the (life of) eternal Paradise promised to the Godfearing? This is their reward (of deeds) and their abode.

لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَاؤُوْنَ خَالِدِيْنَ كَانَ عَلَى رَبِّكَ وَعْدًا مَسْؤُوْلًا (16)

ترجمہ: ان کے لیے ان (جنتوں) میں وہ (سب کچھ میسّر) ہوگا جو وہ چاہیں گے (اس میں) ہمیشہ رہیں گے، یہ آپ کے رب کے ذمۂ (کرم) پر مطلوبہ وعدہ ہے (جو پورا ہو کر رہے گا) o

(All) that they long for will be (available) for them in these (Gardens of Paradise). They will live (in it) for ever. That is a coveted promise which your Lord has made a (bountiful) obligation upon Himself (and which will surely be fulfilled).'

أَصْحَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّأَحْسَنُ مَقِيْلًا (24)

ترجمہ: اس دن اہلِ جنت کی قیام گاہ (بھی) بہتر ہوگی اور آرام گاہ بھی خوب تر (جہاں وہ حساب و کتاب کی دوپہر کے بعد جا کر قیلولہ کریں گے) o

On that Day, the lodging for the inmates of Paradise will be the best, and their resting place (too) will be excellent (where they will retire for a nap after the reckoning noon).

أُوْلَئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَاماً (75)

ترجمہ: انہی لوگوں کو (جنت میں) بلند ترین محلات ان کے صبر کرنے کی جزا کے طور پر بخشے جائیں گے اور وہاں دعائے خیر اور سلام کے ساتھ ان کا استقبال کیا جائے گا o

They will be rewarded with lofty palaces (in Paradise) as recompense for their patience and steadfastness and will be welcomed therein with greetings and salutations of peace.

خَالِدِيْنَ فِيهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرّاً وَمُقَاماً (76)

ترجمہ: یہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں وہ (بلند محلاتِ جنت) بہترین قرارگاہ اور (عمدہ) قیام گاہ ہیں o

They will live therein forever. Those (lofty palaces in Paradise) are the most excellent lodgings and (decent) abodes.

سورۃ القصص:

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوّاً فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَاداً وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ (83)

ترجمہ: (یہ) وہ آخرت کا گھر ہے جسے ہم نے ایسے لوگوں کے لیے بنایا ہے جو نہ (تو) زمین میں سرکشی و تکبر چاہتے ہیں اور نہ فساد انگیزی، اور نیک انجام پرہیزگاروں کے لیے ہے o

(This) is the Home of the Hereafter We have made for such people that seek neither violence and vanity nor mischief in the land. And good end is for the Godfearing.

سورۃ العنکبوت:

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفاً تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِيْنَ (58)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے ہم انہیں ضرور جنت کے بالائی محلّات میں جگہ دیں گے جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ عملِ (صالح) کرنے والوں کا کیا ہی اچھا اجر ہے o

And those who believe and persevere with right actions, We shall certainly house them in the upper palaces of Paradise with streams flowing beneath them; they will live there forever. What an excellent reward for those who do (constructive) works!

وَمَا هَذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ (64)

ترجمہ: اور (اے لوگو!) یہ دنیا کی زندگی کھیل اور تماشے کے سوا کچھ نہیں ہے، اور حقیقت میں آخرت کا گھر ہی (صحیح) زندگی ہے۔ کاش! وہ لوگ (یہ راز) جانتے ہوتے o

And, (O people,) the life of this world is nothing but sport and pastime and the Home of the Hereafter is the only (true) life. Would that they knew (this

secret)!

سورۃ الروم:

فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ يُحْبَرُوْنَ (15)

ترجمہ: پس جولوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے تو وہ باغاتِ جنت میں خوش حال ومسرور کردیے جائیں گےo

So those who believe and always do pious deeds will be pleased and delighted in the Gardens of Paradise.

سورۃ السجدۃ:

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُوْنَ (17)

ترجمہ: سوکسی کومعلوم نہیں جوآنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لیے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اَعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہوگا جو وہ کرتے رہے تھےo

So no one knows what coolness of eyes is kept hidden for them. This will be a reward for those (pious deeds) which they used to do.

أَفَمَن كَانَ مُؤْمِناً كَمَن كَانَ فَاسِقاً لَّا يَسْتَوُوْنَ (18)

ترجمہ: بھلاوہ شخص جوصاحبِ ایمان ہواس کی مثل ہوسکتا ہے جونافرمان ہو، (نہیں) یہ (دونوں) برابرنہیں ہوسکتےo

How can a person who is a believer be like him who is disobedient? (Nay,) they (both) cannot be equal.

أَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَى نُزُلاً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُوْنَ (19)

ترجمہ: چنانچہ جولوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے تو ان کے لیے دائمی سکونت کے باغات ہیں، (اللہ کی طرف سے ان کی) ضیافت واِکرام میں اُن (اَعمال) کے بدلے جو وہ کرتے رہے تھےo

So those who believe and keep doing good deeds, for them are Gardens of eternal repose as an entertainment and honour (from their Lord) in reward for those (works) which they used to do.

سورۃ فاطر:

ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ وَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ (32)

ترجمہ: پھرہم نے اس کتاب (قرآن) کا وارث ایسے لوگوں کو بنایا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں سے چُن لیا (یعنی اُمّتِ محمدیہ کو)، سوان میں سے اپنی جان پرظلم کرنے والے بھی ہیں، اوران میں سے درمیان میں رہنے والے بھی ہیں، اوران میں سے اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے بڑھ جانے والے بھی ہیں۔ یہی (اس کتاب یعنی قرآن کا وارث ہونا) بڑا فضل ہےo

Then We made those whom We chose from amongst Our servants (i.e., the Muslim Umma [Community]) the inheritors of the Book (the Qur'an). So of them

are those who wrong their own souls, and of them are also those who are moderate, following the middle course, and of them are still those who excel in doing pious deeds by Allah's command. This (excelling and becoming perfect) is but a great bounty (of Allah).

جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤاً وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ (33)

ترجمہ: (دائمی اِقامت کے لیے) عدن کی جنّتیں ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے، ان میں انہیں سونے اور موتیوں کے کنگنوں سے آراستہ کیا جائے گا اور وہاں ان کی پوشاک ریشمی ہوگیo

They shall enter the Gardens of Eden (Eden Paradise for eternal stay). Therein they will be adorned with bracelets of gold and pearls, and their dress will be made of silk.

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ (34)

ترجمہ: اور وہ کہیں گے: اللہ کا شکر و حمد ہے جس نے ہم سے کُل غم دور فرما دیا، بے شک ہمارا رب بڑا بخشنے والا، بڑا شکر قبول فرمانے والا ہےo

And they will say: 'All gratitude and praise belong to Allah, Who has removed from us all grief. Surely, our Lord is Most Forgiving, Most Appreciative of gratitude,

الَّذِي أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِن فَضْلِهِ لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَلَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوبٌ (35)

ترجمہ: جس نے ہمیں اپنے فضل سے دائمی اقامت کے گھر لا اتارا ہے، جس میں ہمیں نہ کوئی مشقّت پہنچے گی اور نہ اس میں ہمیں کوئی تھکن پہنچے گیo

Who has, out of His bounty, admitted us to a timeless abode wherein will touch us neither labour nor fatigue.'

سورۃ یٰس:

إِنِّي آمَنتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُونِ (25)

ترجمہ: بے شک میں تمہارے رب پر ایمان لے آیا ہوں، سو تم مجھے (غور سے) سنوo

Surely, I have believed in your Lord, so listen to me (attentively).'

قِيلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يَا لَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ (26)

ترجمہ: (اسے کافروں نے شہید کر دیا تو اسے) کہا گیا: (آ) بہشت میں داخل ہو جا، اس نے کہا: اے کاش! میری قوم کو معلوم ہو جاتاo

(The disbelievers martyred him; then it) was said (to him): '(Come,) enter Paradise.' He said: 'Alas! Would that my people knew,

إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِي شُغُلٍ فَاكِهُونَ (55)

ترجمہ: بے شک اہلِ جنت آج (اپنے) دل پسند مشاغل (مثلاً زیارتوں، ضیافتوں، سماع اور دیگر نعمتوں) میں لطف اندوز ہو رہے

ہوں گےo

Surely, the residents of Paradise will be rejoicing Today (in their) favourite pastime pursuits (like spiritual visits, entertainments, sessions of hymns and eulogies).

هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلَالٍ عَلَى الْأَرَائِكِ مُتَّكِؤُونَ **(56)**

ترجمہ: وہ اوران کی بیویاں گھنے سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گےo

They and their wives will be reclining on raised couches under the deep, calming shades.

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ **(57)**

ترجمہ: اُن کے لیے اس میں (ہر قسم کا) میوہ ہوگا اوران کے لیے ہر وہ چیز (میسر) ہوگی جو وہ طلب کریں گےo

There they will be provided with fruits (of every kind) and will find (available) everything they will solicit.

سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رَّحِيْمٍ **(58)**

ترجمہ: (تم پر) سلام ہو، (یہ) ربِّ رحیم کی طرف سے فرمایا جائے گاo

'Peace (be upon you)!' (This) greeting will be conveyed (to them) from the Ever-Merciful Lord.

سورۃ الصافات:

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِيْنَ **(40)**

ترجمہ: (ہاں) مگر اللہ کے وہ (برگزیدہ و منتخب) بندے جنہیں (نفس اور نفسانیت سے) رہائی مل چکی ہےo

(Yes,) but those (exalted and chosen) servants of Allah who have divested themselves of (their ill-commanding selves and its pursuits),

أُوْلَئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ **(41)**

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے (صبح و شام) رزقِ خاص مقرّر ہےo

It is they for whom a special provision is appointed (morning and evening),

فَوَاكِهُ وَهُم مُّكْرَمُونَ **(42)**

ترجمہ: (ہر قسم کے) میوے ہوں گے، اوران کی تعظیم و تکریم ہوگیo

Fruits (of every kind). And they will be honoured and venerated,

فِيْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ **(43)**

ترجمہ: نعمتوں اور راحتوں کے باغات میں (مقیم ہوں گے)o

(Abiding) in Gardens of bliss and bounty,

عَلَى سُرُرٍ مُّتَقَابِلِيْنَ **(44)**

ترجمہ: تختوں پر مسند لگائے آمنے سامنے (جلوہ افروز ہوں گے)o

(Making spiritual disclosures) face to face on raised couches.

يُطَافُ عَلَيْهِم بِكَأْسٍ مِن مَّعِينٍ (45)

ترجمہ: اُن پر چھلکتی ہوئی شرابِ (طہور) کے جام کا دور چل رہا ہوگاo

Round them will be passed cups of (sacred) overflowing drink.

بَيْضَاء لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ (46)

ترجمہ: جو نہایت سفید ہوگی، پینے والوں کے لیے سراسر لذّت ہوگیo

It will be sparkling white and superbly delicious, a treat for those who drink.

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنزَفُونَ (47)

ترجمہ: نہ اس میں کوئی ضرر یا سَر کا چکرانا ہوگا اور نہ وہ اس (کے پینے) سے بہک سکیں گےo

It will not cause any harm or giddiness; nor will they lose balance (after drinking it).

وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ (48)

ترجمہ: اور ان کے پہلو میں نگاہیں نیچی رکھنے والی، بڑی خوبصورت آنکھوں والی (حوریں بیٹھی) ہوں گیo

And beside them will be (sitting chaste women) with lowered gazes and wide beautiful eyes,

كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ (49)

ترجمہ: (وہ سفید و دلکش رنگت میں ایسے لگیں گی) گویا گرد و غبار سے محفوظ انڈے (رکھے) ہوںo

(Fair, charming complexion, they will look) as if they were eggs protected from dust.

فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَسَاءلُونَ (50)

ترجمہ: پھر وہ (جنّتی) آپس میں متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے (حال و احوال) دریافت کریں گےo

Then those (residents of Paradise) will turn to one another and mutually inquire (about their well-being).

قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ (51)

ترجمہ: ان میں سے ایک کہنے والا (دوسرے سے) کہے گا کہ میرا ایک ملنے والا تھا (جو آخرت کا منکر تھا)o

One (of the participants in conversation) will say (to the other): 'There was an acquaintance of mine (who disbelieved in the Hereafter).

يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ (52)

ترجمہ: وہ (مجھے) کہتا تھا: کیا تم بھی (ان باتوں کا) یقین اور تصدیق کرنے والوں میں سے ہوo

He used to say (to me): Are you (also) of those who confirm and firmly believe (in these things)?

أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَدِينُونَ (53)

ترجمہ: کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں (اس حال میں) بدلہ دیا جائے گا o

(That) when we are dead and have become dust and bones, so shall we be requited (in that condition)?'

قَالَ هَلْ أَنتُم مُّطَّلِعُونَ (54)

ترجمہ: پھر وہ (جنّتی) کہے گا: کیا تم (اُسے) جھانک کر دیکھو گے (کہ وہ کس حال میں ہے) o

Then he (the dweller of Paradise) will say: 'Will you peer down to see (him in which plight he is)?'

فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ (55)

ترجمہ: پھر وہ جھانکے گا تو اسے دوزخ کے (بالکل) وسط میں پائے گا o

Then on peering down, he will find him (right) in the middle of Hell.

قَالَ تَاللَّهِ إِنْ كِدتَّ لَتُرْدِينِ (56)

ترجمہ: (اس سے) کہے گا: خدا کی قسم! تو اس کے قریب تھا کہ مجھے بھی ہلاک کر ڈالے o

(He) will say (to him): 'By my Lord, you had nearly ruined me.

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ (57)

ترجمہ: اور اگر میرے رب کا احسان نہ ہوتا تو میں (بھی تمہارے ساتھ عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں شامل ہو جاتا o

And had it not been the favour of my Lord, I (too) would have joined those who are brought (for torment with you).'

أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ (58)

ترجمہ: سو (جنّتی خوشی سے پوچھیں گے:) کیا اب ہم مریں گے تو نہیں o

So (the dwellers of Paradise will gladly ask:) 'Shall we not die now?

إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ (59)

ترجمہ: اپنی پہلی موت کے سوا (جس سے گزر کر ہم یہاں آ چکے) اور نہ ہم پر کبھی عذاب کیا جائے گا o

Except for the first death (which we have passed through and have reached here) and shall we not be ever tormented?'

إِنَّ هَذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (60)

ترجمہ: بے شک یہی تو عظیم کامیابی ہے o

This is surely the supreme success.

لِمِثْلِ هَذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ (61)

ترجمہ: ایسی (کامیابی) کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے o

For such (a success) the doers should do work.

أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ (62)

ترجمہ: بھلا یہ (خُلد کی) مہمانی بہتر ہے یا زقّوم کا درخت o

Is the hospitality (of Paradise) better or the tree of Zaqqum?

سورۃ ص:

هَٰذَا ذِكْرٌ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ لَحُسْنَ مَآبٍ (49)

ترجمہ: یہ (وہ) ذکر ہے (جس کا بیان اس سورت کی پہلی آیت میں ہے)، اور بے شک پرہیزگاروں کے لیے عمدہ ٹھکانا ہے o

This is the direction and guidance (which is cited in the first Verse of this Sura). And surely, for the Godfearing there is a blessed abode.

جَنَّاتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ (50)

ترجمہ: (جو) دائمی اِقامت کے لیے باغاتِ عدن ہیں جن کے دروازے اُن کے لیے کھلے ہوں گے o

(They are) the Gardens of Eden to live in forever. Their doors will be opened for them.

مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ (51)

ترجمہ: وہ اس میں (مَسندوں پر) تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے اس میں (وقفے وقفے سے) بہت سے عمدہ پھل اور میوے اور (لذیذ) شربت طلب کرتے رہیں گے o

There, reclining on cushions, they will be sitting (on couches), calling (at intervals) for plenteous fine fruits and (delicious) drinks.

وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ (52)

ترجمہ: اور اُن کے پاس نیچی نگاہوں والی (باحیا) ہم عمر (حوریں) ہوں گی o

And beside them will be pure women (houris) with gazes lowered (i.e., chaste) and of equal age.

هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ (53)

ترجمہ: یہ وہ نعمتیں ہیں جن کا روزِ حساب کے لیے تم سے وعدہ کیا جاتا ہے o

These are the blessings which you are promised for the Day of Reckoning.

إِنَّ هَٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِن نَّفَادٍ (54)

ترجمہ: بے شک یہ ہماری بخشش ہے اسے کبھی بھی ختم نہیں ہونا o

Surely, this is Our provision which is never to exhaust.

هَٰذَا وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ لَشَرَّ مَآبٍ (55)

ترجمہ: یہ (تو مومنوں کے لیے ہے)، اور بے شک سرکشوں کے لیے بہت ہی برا ٹھکانا ہے o

This (is for the believers), and surely for the defiant there is an extremely evil abode.

سورۃ الزمر:

لَـكِـنِ الَّـذِيْـنَ اتَّـقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّن فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَعْدَ اللَّهِ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيْعَادَ (20)

ترجمہ: لیکن جولوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے (جنت میں) بلند محلات ہوں گے جن کے اوپر (بھی) بالا خانے بنائے گئے ہوں گے، اُن کے نیچے سے نہریں رواں ہوں گی۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے، اللہ وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا o

But for those who fear their Lord are lofty palaces (in Paradise) with lofty mansions built over and rivers flowing beneath. This is Allah's promise. Allah does not go against His promise.

وَالَّذِىْ جَاء بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ (33)

ترجمہ: اور جو شخص سچ لے کر آیا اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ ہی تو متقی ہیں o

And whoever has brought the truth and he who has confirmed it, it is they who are Godfearing.

لَهُم مَّا يَشَاءُوْنَ عِندَ رَبِّهِمْ ذَلِكَ جَزَاء الْمُحْسِنِيْنَ (34)

ترجمہ: اُن کے لیے وہ (سب نعمتیں) ان کے رب کے پاس (موجود) ہیں جن کی وہ خواہش کریں گے، یہی محسنوں کی جزا ہے o

(All) those (favours) which they will long for (are in store) for them with their Lord. This is the reward of those who are committed to spiritual excellence,

لِيُكَفِّرَ اللَّهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِىْ عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ الَّذِىْ كَانُوا يَعْمَلُوْنَ (35)

ترجمہ: تا کہ اللہ اُن کی خطاؤں کو جو انہوں نے کیں اُن سے دور کر دے اور انہیں ان کا ثواب اُن نیکیوں کے بدلہ میں عطا فرمائے جو وہ کیا کرتے تھے o

So that Allah removes from them errors which they did, and grants them the reward for the pious deeds they used to do.

وَسِيْقَ الَّـذِيْـنَ اتَّـقَـوْا رَبَّهُـمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَراً حَتَّى إِذَا جَاؤُوهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِيْنَ (73)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے انہیں (بھی) جنّت کی طرف گروہ در گروہ لے جایا جائے گا، یہاں تک کہ جب وہ اس (جنّت) کے پاس پہنچیں گے اور اُس کے دروازے (پہلے ہی) کھولے جا چکے ہوں گے تو اُن سے وہاں کے نگران (خوش آمدید کرتے ہوئے) کہیں گے: تم پر سلام ہو، تم خوش و خرّم رہو سو ہمیشہ رہنے کے لیے اس میں داخل ہو جاؤ o

And those who persisted in fear of Allah will (also) be conducted to Paradise in groups until, when they approach it (Paradise), its doors will have been opened for them (well before) and the keepers of Paradise will say, (greeting them): 'Peace be upon you! Be glad and rejoice, and enter it to dwell here forever.'

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِیْ صَدَقَنَا وَعْدَهُ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَیْثُ نَشَاء فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِیْنَ (74)

ترجمہ: اور وہ (جنتی) کہیں گے: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اور ہمیں سرزمینِ جنت کا وارث بنا دیا کہ ہم (اِس) جنّت میں جہاں چاہیں قیام کریں، سو نیک عمل کرنے والوں کا کیسا اچھا اجر ہے o

And they (the residents of Paradise) will say: 'All praise belongs to Allah alone, Who has fulfilled His promise to us, and has made us inheritors of the land of Paradise that we may reside in (this) Paradise wherever we desire.' So how excellent is the reward of those who do righteous acts!

سورۃ مومن:

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِیْ وَعَدتَّهُم وَمَن صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیَّاتِهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ (8)

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور انہیں (ہمیشہ رہنے کے لیے) جنّاتِ عدن میں داخل فرما، جن کا تُو نے اُن سے وعدہ فرما رکھا ہے اور اُن کے آباء واجداد سے اور اُن کی بیویوں سے اور اُن کی اولاد و ذرّیت سے جو نیک ہوں (انہیں بھی اُن کے ساتھ داخل فرما)، بے شک تو ہی غالب، بڑی حکمت والا ہے o

O our Lord! And admit them to the Gardens of Eden (for eternal living) You have promised them. And (also admit with them) the pious ones of their fathers and their wives and their children. Surely, You are Almighty, Most Wise.

سورۃ حم السجدۃ:

إِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَیْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنتُمْ تُوعَدُونَ (30)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے، پھر وہ (اِس پر مضبوطی سے) قائم ہو گئے، تو اُن پر فرشتے اترتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ تم خوف نہ کرو اور نہ غم کرو اور تم جنت کی خوشیاں مناؤ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا o

Surely, those who say: 'Our Lord is Allah,' then stick to it (firmly), angels descend upon them (and say:) 'Do not fear or grieve, and rejoice in the Paradise that you were promised.

نَحْنُ أَوْلِیَاؤُكُمْ فِی الْحَیَاةِ الدُّنْیَا وَفِی الْآخِرَةِ وَلَكُمْ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْ أَنفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِیْهَا مَا تَدَّعُونَ (31)

ترجمہ: ہم دنیا کی زندگی میں (بھی) تمہارے دوست اور مددگار ہیں اور آخرت میں (بھی)، اور تمہارے لیے وہاں ہر وہ نعمت ہے جسے تمہارا جی چاہے اور تمہارے لیے وہاں وہ تمام چیزیں (حاضر) ہیں جو تم طلب کرو o

We are your friends and helpers in the life of this world and in the Hereafter (too). And there is for you every blessing that you long for. And all those things that you ask for are (available) for you there.

نُزُلًا مِّنْ غَفُورٍ رَّحِیْمٍ (32)

ترجمہ: (یہ) بڑے بخشنے والے، بہت رحم فرمانے والے (رب) کی طرف سے مہمانی ہےo

(This) is hospitality from the Most Forgiving, Ever-Merciful (Lord).'

سورۃ الشوریٰ:

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآناً عَرَبِيّاً لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ (7)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی زبان میں قرآن کی وحی کی تاکہ آپ مکّہ والوں کو اور اُن لوگوں کو جو اِس کے اِرد گرد رہتے ہیں ڈر سنا سکیں، اور آپ جمع ہونے کے اُس دن کا خوف دلائیں جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ (اُس دن) ایک گروہ جنت میں ہوگا اور دوسرا گروہ دوزخ میں ہوگاo

And likewise, We have revealed to you the Holy Qur'an in the Arabic language so that you may warn the residents of Mecca and its suburbs, and that you may warn them of the Day of Assembly about which there is no doubt. (On that Day) one party will be in Paradise and the other in Hell.

سورۃ الزخرف:

يَا عِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَا أَنتُمْ تَحْزَنُونَ (68)

ترجمہ: (اُن سے فرمایا جائے گا): اے میرے (مقرّب) بندو! آج کے دن تم پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی تم غم زدہ ہوگےo

(It will be said to them:) 'O My (intimate) servants, there is no fear for you this Day, nor shall you grieve.'

الَّذِينَ آمَنُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا مُسْلِمِينَ (69)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور ہمیشہ (ہمارے) تابعِ فرمان رہےo

(It is) they who believed in Our Revelations and were always obedient (to Us).

ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ (70)

ترجمہ: تم اور تمہارے ساتھ جڑے رہنے والے ساتھی☆ (سب) جنت میں داخل ہو جاؤ (جنت کی نعمتوں، راحتوں اور لذّتوں کے ساتھ) تمہاری تکریم کی جائے گیo

☆ مفسرین کرام نے آیتِ کریمہ میں اَزوَاجُکُم کا معنی بیویوں کے علاوہ 'قریبی ساتھی' بھی کیا ہے جیسے امام قرطبی نے تفسیر 'الجامع لاحکام القرآن (16:111)' میں، امام ابن کثیر نے 'تفسیر القرآن العظیم (4:134)' میں، اور امام شوکانی نے تفسیر 'فتح القدیر (4: 563)' میں یہ معنی بیان کیا ہے۔ اسی بناء پر یہاں اَزوَاج کا معنی بیویوں کی بجائے 'ساتھ جڑے رہنے والے ساتھی' کیا گیا ہے۔

Enter Paradise, you and your intimate companions* (all); you will be honoured (with blessings, comforts and the pleasures of Paradise).

*** According to the eminent exegetes like Imam al-Qurtubi, al-Jami' li-Ahkam al-Qur'an (16:111), Ibn Kathir, Tafsir al-Qur'an al-'Azim (4:134), and al-Shawkani, Fath al-Qadir (4:563) the words azwaju-kum in this Verse also**

imply 'intimate companions' in addition to 'wives'. On the basis of this authority, the word azwaj has been translated as 'intimate companions' instead of 'wives'.

يُطَافُ عَلَيْهِم بِصِحَافٍ مِّن ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ وَأَنتُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (71)

ترجمہ: ان پر سونے کی پلیٹوں اور گلاسوں کا دور چلایا جائے گا اور وہاں وہ سب چیزیں (موجود) ہوں گی جن کو دل چاہیں گے اور (جن سے) آنکھیں راحت پائیں گی اور تم وہاں ہمیشہ رہو گے o

The plates and drinking cups made of gold will be passed around amongst them, and all those things which the hearts will long for, and (that which) will cool the eyes will be available there. And you will dwell there forever.

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (72)

ترجمہ: اور (اے پرہیزگارو!) یہ وہ جنت ہے جس کے تم مالک بنا دیے گئے ہو، اُن (اعمال) کے صلہ میں جو تم انجام دیتے تھے o

And, (O Godfearing folk,) this is the Paradise of which you have been made the owners, a recompense of those (works) which you used to do.

لَكُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِّنْهَا تَأْكُلُونَ (73)

ترجمہ: تمہارے لیے اس میں بکثرت پھل اور میوے ہیں تم ان میں سے کھاتے رہو گے o

There are abundant fruits in it for you to eat.

سورۃ الاحقاف:

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (13)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر انہوں نے استقامت اختیار کی تو ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے o

Surely, those who say: 'Allah is our Lord,' then hold fast (to it) have nothing to fear, nor shall they grieve.

أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (14)

ترجمہ: یہی لوگ اہلِ جنت ہیں جو اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ یہ ان اعمال کی جزا ہے جو وہ کیا کرتے تھے o

They it is, the people of Paradise, who will live in it forever. This is the reward of the deeds they used to do.

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَاناً حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهاً وَوَضَعَتْهُ كُرْهاً وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْراً حَتَّى إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ (15)

ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم فرمایا۔ اس کی ماں نے اس کو تکلیف سے (پیٹ میں) اٹھائے رکھا اور اسے تکلیف کے ساتھ جنا، اور اس کا (پیٹ میں) اٹھانا اور اس کا دودھ چھڑانا (یعنی زمانۂ حمل و رضاعت) تیس ماہ

(پر مشتمل) ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جاتا ہے اور (پھر) چالیس سال (کی پختہ عمر) کو پہنچتا ہے، تو کہتا ہے: اے میرے رب: مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر فرمایا ہے اور یہ کہ میں ایسے نیک اعمال کروں جن سے تو راضی ہو اور میرے لیے میری اولاد میں نیکی اور خیر رکھ دے۔ بے شک میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں یقیناً فرمانبرداروں میں سے ہوں o

And We have commanded man to be benevolent towards his parents. His mother bears him (in the womb) with pain and gives birth to him with pain. And bearing him (in the womb) and weaning of him (i.e., the period of pregnancy and feeding) is (spread over) thirty months. Till, when he attains to manhood and then reaches (the age of) forty years, he says: 'O my Lord, bestow on me the ability to give You thanks for the favour which You have done to me and my parents, and that I may do such deeds as may please You, and endow me and my children with virtue and piety. Assuredly I turn to You, and certainly I am of those who obey You in submissiveness.'

أُوْلَـئِكَ الَّـذِيْـنَ نَتَـقَبَّـلُ عَـنْهُـمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجاوَزُ عَن سَيِّئَاتِهِمْ فِيْ أَصْحَابِ الْجَنَّةِ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوا يُوعَدُونَ **(16)**

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں ہم جن کے نیک اعمال قبول کرتے ہیں اور ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرماتے ہیں، (یہی) اہلِ جنت ہیں۔ یہ سچا وعدہ ہے جو ان سے کیا جا رہا ہے o

It is they whose good works We accept and overlook their omissions. (It is) they (who) are the people of Paradise. This is the true promise which is being made to them.

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُوا وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ **19)**

ترجمہ: اور سب کے لیے ان (نیک و بد) اعمال کی وجہ سے جو انہوں نے کیے (جنت و دوزخ میں الگ الگ) درجات مقرر ہیں تاکہ (اللہ) ان کو ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا o

And the ranks (in Paradise and Hell) are allocated for all (separately) according to the (good and evil) deeds which they do, so that (Allah) pays them back in full for their actions and they will not be wronged at all.

سورۃ محمد:

فَـإِذا لَـقِيْتُـمُ الَّـذِيْـنَ كَـفَـرُوا فَـضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّى إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنّاً بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاء حَتَّى تَضَعَ الْـحَـرْبُ أَوْزَارَهَا ذَلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوا فِيْ سَبِيْلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ **(4)**

ترجمہ: پھر جب (میدان جنگ میں) تمہارا مقابلہ (متحارب) کافروں سے ہو تو (دورانِ جنگ) ان کی گردنیں اڑا دو (کیونکہ انہوں نے انسانیت کا قتل عام کیا اور فساد انگیزی کے ذریعے امن برباد کیا)، یہاں تک کہ جب تم انہیں (جنگی معرکہ میں) خوب قتل

کر چکو تو (بقیہ قیدیوں کو) مضبوطی سے باندھ لو، پھر اس کے بعد یا تو (انہیں) احسان کرتے ہوئے (بلا معاوضہ چھوڑ دو) یا فدیہ (یعنی معاوضۂ رہائی) لے کر (آزاد کر دو) یہاں تک کہ جنگ (کرنے والی مخالف فوج) اپنے ہتھیار رکھ دے (یعنی صلح و امن کا اعلان کر دے)۔ یہی (حکم) ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے (بغیر جنگ) انتقام لے لیتا مگر (اس نے ایسا نہیں کیا) تاکہ تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کر دیے گئے تو وہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہ کرے گاo

So when you are to fight (for the elimination of militancy and terrorism) against the (warring) disbelievers (in the battlefield), strike their necks (whilst fighting because they slaughtered harmless human lives and destroyed peace by their terrorist activities) till, when you have killed a good many of them (in the battle), then tie (the remaining prisoners) tightly. Thereafter, either set (them) free (without ransom) as a favour or (free them) for ransom (i.e., cost of freedom) till the warring (hostile army) lays down its weapons (i.e., announces the truce). That is (the command). And if Allah had willed, He would have avenged Himself on them (without war). But (He did not do so) in order to try some of you by means of others. And as for those who are slain in the way of Allah, He will not at all make their actions fruitless.

سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ (5)

ترجمہ: وہ عنقریب انہیں (جنت کی) سیدھی راہ پر ڈال دے گا اور ان کے احوالِ (اُخروی) کو خوب بہتر کر دے گاo

He will soon put them on the straight path (of Paradise), and will greatly enhance their states of being (in the Hereafter).

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ (6)

ترجمہ: اور (بالآخر) انہیں جنت میں داخل فرما دے گا جس کی اس نے (پہلے ہی سے) انہیں خوب پہچان کرا دی ہےo

And He will (ultimately) admit them to Paradise which He has (already) made well known to them.

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ (15)

ترجمہ: جس جنّت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی صفت یہ ہے کہ اس میں (ایسے) پانی کی نہریں ہوں گی جس میں کبھی (بو یا رنگت کا) تغیّر نہ آئے گا، اور (اس میں ایسے) دودھ کی نہریں ہوں گی جس کا ذائقہ اور مزہ کبھی نہ بدلے گا، اور (ایسے) شرابِ (طہور) کی نہریں ہوں گی جو پینے والوں کے لیے سراسر لذّت ہے، اور خوب صاف کیے ہوئے شہد کی نہریں ہوں گی، اور ان کے لیے اس میں ہر قسم کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی جانب سے (ہر طرح کی) بخشائش ہوگی، (کیا یہ پرہیزگار) ان لوگوں کی طرح ہو سکتا ہے جو ہمیشہ دوزخ میں رہنے والے ہیں اور جنہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا تو وہ ان کی آنتوں کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دے گاo

A feature of the Paradise which is promised to the Godfearing is that therein are streams of (such) water as will never putrefy (in smell or colour), and (in it) will be streams of milk whose taste and flavour will never change, and streams of (such a pure) wine that is an absolute delight for all who drink it and streams of purified honey; and (in it) will be fruits of every kind (for them) and forgiveness (of every sort) from their Lord. Can this (pious man) be like those who are permanent residents of Hell and who will be given scalding water to drink which will cut their gut into pieces?

سورۃ الفتح:

لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَكَانَ ذَٰلِكَ عِندَ اللَّهِ فَوْزاً عَظِيماً **(5)**

ترجمہ: (یہ سب نعمتیں اس لیے جمع کی ہیں) تاکہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو بہشتوں میں داخل فرمائے جن کے نیچے نہریں رواں ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔اور (مزید یہ کہ) وہ ان کی لغزشوں کو (بھی) ان سے دور کردے (جیسے اس نے ان کی خطائیں معاف کی ہیں)۔اور یہ اللہ کے نزدیک (مومنوں کی) بہت بڑی کامیابی ہے o

(All these favours are put together) so that He admits the believing men and women to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. And (moreover) He removes from them their evil actions (as He has forgiven them their mistakes)-and this is a great success (of the believers) in the sight of Allah-

لَّيْسَ عَلَى الْأَعْمَىٰ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَن يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَاباً أَلِيماً **(17)**

ترجمہ: (جہاد سے رہ جانے میں) نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ (ہی) بیمار پر کوئی گناہ ہے، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرے گا وہ اسے بہشتوں میں داخل فرما دے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہوں گی، اور جو شخص (اطاعت سے) منہ پھیرے گا وہ اسے دردناک عذاب میں مبتلا کر دے گا o

There is no blame on the blind or the lame or the sick (for their disability to fight). And He who obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. But whoever turns away (from obedience), He will punish him with a grievous torment.

سورۃ ق:

وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ غَيْرَ بَعِيدٍ **(31)**

ترجمہ: اور جنت پرہیزگاروں کے لیے قریب کر دی جائے گی، بالکل دُور نہیں ہوگی o

And Paradise will be brought close to the pious; it will not be distant at all.

هَذَا مَا تُوعَدُونَ لِكُلِّ أَوَّابٍ حَفِيظٍ (32)

ترجمہ: (اور اُن سے ارشاد ہوگا): یہ ہے وہ جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا (کہ) ہر توبہ کرنے والے (اپنے دین اور ایمان کی) حفاظت کرنے والے کے لیے (ہے)o

(And it will be said to them:) 'This is what you were promised; (it is meant) for everyone who turns to Allah in repentance and who guards (his Din [Religion] and faith),

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمَنَ بِالْغَيْبِ وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ (33)

ترجمہ: جو (خدائے) رحمان سے بن دیکھے ڈرتا رہا اور (اللہ کی بارگاہ میں) رجوع و اِنابت والا دل لے کر حاضر ہوا o

Who fears the Most Kind (Lord) unseen, and comes (before the presence of Allah) with a heart turned in repentance.

ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ ذَلِكَ يَوْمُ الْخُلُودِ (34)

ترجمہ: اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ، یہ ہمیشگی کا دن ہے o

Enter it in peace; this is the Day of Eternity.'

لَهُم مَّا يَشَاؤُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ (35)

ترجمہ: اِس (جنت) میں اُن کے لیے وہ تمام نعمتیں (موجود) ہوں گی جن کی وہ خواہش کریں گے اور ہمارے حضور میں ایک نعمت مزید بھی ہے (یا اور بھی بہت کچھ ہے، سو عاشق مَست ہو جائیں گے)o

All those blessings which they will long for will be there for them in that (Paradise), and there is still another blessing with Us (or much more; so the lovers will be enchanted).

سورۃ الذاریات:

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (15)

ترجمہ: بے شک پرہیزگار باغوں اور چشموں میں (لطف اندوز ہوتے) ہوں گے o

Surely, the pious will be (rejoicing) in gardens and springs,

آخِذِينَ مَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَلِكَ مُحْسِنِينَ (16)

ترجمہ: اُن نعمتوں کو (کیف و سرور) سے لیتے ہوں گے جو اُن کا رب انہیں (لطف و کرم سے) دیتا ہوگا، بے شک یہ وہ لوگ ہیں جو اس سے قبل (کی زندگی میں) صاحبانِ احسان تھے o

Receiving those blessings (in ecstatic delight) which their Lord will be giving them (with munificence and benevolence). Surely, it is they who were people of spiritual excellence (in their life) before this.

كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ (17)

ترجمہ: وہ راتوں کو تھوڑی سی دیر سویا کرتے تھےo

They used to sleep at night only for a short while,

وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ (18)

ترجمہ: اور رات کے پچھلے پہروں میں (اٹھ اٹھ کر) مغفرت طلب کرتے تھےo

And used to (get up and) seek forgiveness in the later part of the night.

وَفِيٓ أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ 19)

ترجمہ: اور اُن کے اموال میں سائل اور محروم (سب حاجت مندوں) کا حق مقرر تھاo

And in their wealth was appointed a due share for the beggars and the destitute (i.e., all the needy).

سورۃ الطّور:

فَاكِهِينَ بِمَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ وَوَقَاهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ (18)

ترجمہ: خوش اور لطف اندوز ہوں گے اُن (عطاؤں) سے جن سے اُن کے رب نے انہیں نوازا ہوگا، اور اُن کا رب انہیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھے گاo

They will be delighted at (the bestowals) their Lord will have blessed them with. And their Lord will keep them safe from the punishment of Hell.

كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئًا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (19)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) تم اُن (نیک) اعمال کے صلہ میں جو تم کرتے رہے تھے خوب مزے سے کھاؤ اور پیوo

(It will be said to them:) 'Relish food and drink as a reward for the (pious) deeds which you used to do.'

مُتَّكِئِينَ عَلَى سُرُرٍ مَّصْفُوفَةٍ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِينٍ (20)

ترجمہ: وہ صف در صف بچھے ہوئے تختوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے، اور ہم گوری رنگت (اور) دلکش آنکھوں والی حوروں کو اُن کی زوجیت میں دے دیں گےo

They will be reclining (sitting) on couches arranged in rows, and We will marry them to maidens with fair colour (and) fascinating eyes.

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُم بِإِيمَانٍ أَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَا أَلَتْنَاهُم مِّنْ عَمَلِهِم مِّن شَيْءٍ كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ (21)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور اُن کی اولاد نے ایمان میں اُن کی پیروی کی، ہم اُن کی اولاد کو (بھی درجاتِ جنت میں) اُن کے ساتھ ملا دیں گے (خواہ اُن کے اپنے عمل اس درجہ کے نہ بھی ہوں یہ صرف اُن کے صالح آباء کے اکرام میں ہوگا) اور ہم اُن (صالح آباء) کے ثوابِ اعمال سے بھی کوئی کمی نہیں کریں گے، (علاوہ اِس کے) ہر شخص اپنے ہی عمل (کی جزا و سزا) میں گرفتار ہوگاo

And those who believe and whose children follow them in faith, We shall also

unite their children with them (in the ranks of Paradise even if their actions would not fall in that grade. It would be in the honour of their pious fathers). And We shall also not reduce in anyway the reward of the actions of their (pious fathers. Besides this,) everyone will be held in (reward and punishment for) his own works.

وَأَمْدَدْنَاهُم بِفَاكِهَةٍ وَلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ (22)

ترجمہ: اور ہم انہیں پھل (میوے) اور گوشت، جو وہ چاہیں گے زیادہ سے زیادہ دیتے رہیں گےo

And We will keep giving them fruit and meat more and more as they desire.

يَتَنَازَعُونَ فِيهَا كَأْساً لَّا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ (23)

ترجمہ: وہاں یہ لوگ جھپٹ جھپٹ کر (شرابِ طہور کے) جام لیں گے، اس (شرابِ جنت) میں نہ کوئی بے ہودہ گوئی ہوگی اور نہ گناہ گاری ہوگیo

There, they will take the cups (of holy drink) by grabbing. This (holy drink of Paradise) will be free of foolish talk and sinful acts.

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُونٌ (24)

ترجمہ: اور نوجوان (خدمت گزار) اُن کے اِرد گرد گھومتے ہوں گے، گویا وہ غلاف میں چھپائے ہوئے موتی ہیںo

And (the serving) youths will go round them as if they were pearls kept hidden in covers.

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَسَاءلُونَ (25)

ترجمہ: اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہوکر باہم پرسشِ احوال کریں گےo

And they will turn to one another, enquiring well-being.

قَالُوا إِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِي أَهْلِنَا مُشْفِقِينَ (26)

ترجمہ: وہ کہیں گے: بے شک ہم اس سے پہلے اپنے گھروں میں (عذابِ الٰہی سے) ڈرتے رہتے تھےo

They will say: 'Surely before this, we used to live in fear (of Allah's torment) in our homes.

فَمَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا وَوَقَانَا عَذَابَ السَّمُومِ (27)

ترجمہ: پس اللہ نے ہم پر احسان فرما دیا اور ہمیں نارِ جہنّم کے عذاب سے بچا لیاo

So Allah has been Gracious to favour us and has saved us from the punishment of the Fire of Hell.

إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلُ نَدْعُوهُ إِنَّهُ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيمُ (28)

ترجمہ: بے شک ہم پہلے سے ہی اُسی کی عبادت کیا کرتے تھے، بے شک وہ احسان فرمانے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

Indeed, we used to worship Him alone beforehand. Surely, He is Most Gracious, Ever-Merciful.'

سورۃ النجم:

عِندَ سِدْرَةِ الْمُنتَهَى (14)

ترجمہ: سِدرۃ المنتہٰی کے قریب o

At the farthest Lote-Tree-Sidra al-Muntaha,

عِندَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَى (15)

ترجمہ: اسی کے پاس جنت الماویٰ ہے o

Adjacent to that is the Eternal Paradise-Janna al-Ma'wa,

سورۃ الرحمٰن:

ذَوَاتَا أَفْنَانٍ (48)

ترجمہ: جو دونوں (سرسبز وشاداب) گھنی شاخوں والی (جنتیں) ہیں o

They are (green and fresh Gardens) with deep thick branches.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (49)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ (50)

ترجمہ: ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہیں o

Two springs are flowing in both of them.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (51)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا مِن كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ (52)

ترجمہ: ان دونوں میں ہر پھل (اور میوے) کی دو دو قسمیں ہیں o

In them are two kinds of every fruit.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (53)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُتَّكِئِينَ عَلَى فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ (54)

ترجمہ: اہلِ جنت ایسے بستروں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر نفیس اور دبیز ریشم (یعنی اَطلس) کے ہوں گے، اور دونوں جنتوں کے پھل (اُن کے) قریب جھک رہے ہوں گے o

The residents of Paradise will be reclining on couches lined with fine and thick brocade (i.e., satin) and the fruits of both the Gardens will be hanging low (over them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (55)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ (56)

ترجمہ: اور اُن میں نیچی نگاہ رکھنے والی (حوریں) ہوں گی جنہیں پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے o

And in them will be (chaste maidens) with downcast gazes, untouched either by any man or jinn.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (57)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ (58)

ترجمہ: گویا وہ (حوریں) یاقوت اور مرجان ہیں o

As if they (chaste maidens) were rubies and pearls.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (59)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ (60)

ترجمہ: نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہے o

The reward of good cannot be anything but good.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (61)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

وَمِن دُونِهِمَا جَنَّتَانِ (62)

ترجمہ: اور (اُن کے لیے) اِن دو کے سوا دو اور بہشتیں بھی ہیں o

And apart from these two there are also two more gardens (for them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (63)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُدْهَامَّتَانِ (64)

ترجمہ: وہ دونوں گہری سبز رنگت میں سیاہی مائل لگتی ہیںo

Both appear deep green tinting black.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (65)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ (66)

ترجمہ: اُن دونوں میں (بھی) دو چشمے ہیں جو خوب چھلک رہے ہوں گےo

There are two springs which will be gushing with force in these two (as well).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (67)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ (68)

ترجمہ: ان دونوں میں (بھی) پھل اور کھجوریں اور انار ہیںo

In both of them there are also fruits, date-palms and pomegranates.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (69)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ (70)

ترجمہ: ان میں (بھی) خوب سیرت و خوب صورت (حوریں) ہیںo

In them are pious and beautiful (chaste maidens as well).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (71)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

حُورٌ مَّقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ (72)

ترجمہ: ایسی حوریں جو خیموں میں پردہ نشین ہیںo

The maidens who are veiling, confined in tents.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (73)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ (74)

ترجمہ: انہیں پہلے نہ کسی انسان ہی نے ہاتھ سے چھُوا ہے اور نہ کسی جن نےo

Untouched before either by any man or jinn.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ **(75)**

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُتَّكِئِينَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ **(76)**

ترجمہ: (اہلِ جنت) سبز قالینوں پر اور نادر و نفیس بچھونوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے o

(The residents of Paradise) will be (sitting) reclining on cushions over green carpets and rare and exquisite, fine rugs.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ **(77)**

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ **(78)**

ترجمہ: آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے، جو صاحبِ عظمت و جلال اور صاحبِ اِنعام و اِکرام ہے o

Most Blessed is the Name of your Lord, the Master of glory and splendour and the Master of bounty and honour.

سورۃ الواقعۃ:

وَكُنتُمْ أَزْوَاجاً ثَلَاثَةً **(7)**

ترجمہ: اور تم لوگ تین قسموں میں بٹ جاؤ گے o

And you will be divided into three classes.

فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ **(8)**

ترجمہ: سو (ایک) دائیں جانب والے، دائیں جانب والوں کا کیا کہنا o

So (first) those on the Right Hand; what a class the Right Hand will be!

وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ **(9)**

ترجمہ: اور (دوسرے) بائیں جانب والے، کیا (ہی برے حال میں ہوں گے) بائیں جانب والے o

And (second) those on the Left Hand; (in what miserable plight will be) the Left Hand party!

وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ **(10)**

ترجمہ: اور (تیسرے) سبقت لے جانے والے (یہ) پیش قدمی کرنے والے ہیں o

And (third) the Excellent; (they) are the Foremost.

أُولَئِكَ الْمُقَرَّبُونَ **(11)**

ترجمہ: یہی لوگ (اللہ کے) مقرّب ہوں گے o

It is they who will be the ones drawn near (to Allah).

فِیۡ جَنّٰتِ النَّعِیۡمِ (12)

ترجمہ: نعمتوں کے باغات میں (رہیں گے)o

(They will live) in the Gardens of Bliss.

ثُلَّۃٌ مِّنَ الۡاَوَّلِیۡنَ (13)

ترجمہ: (اِن مقرّبین میں) بڑا گروہ اگلے لوگوں میں سے ہوگاo

A large group (of those drawn near) will be from the earlier people.

وَقَلِیۡلٌ مِّنَ الۡاٰخِرِیۡنَ (14)

ترجمہ: اور پچھلے لوگوں میں سے (ان میں) تھوڑے ہوں گےo

And a small number (amongst them) will be from the later generations.

عَلٰی سُرُرٍ مَّوۡضُوۡنَۃٍ (15)

ترجمہ: (یہ مقرّبین) زرنگار تختوں پر ہوں گےo

(Those drawn near) will be on the thrones ornamented with gold,

مُّتَّکِـِٕیۡنَ عَلَیۡہَا مُتَقٰبِلِیۡنَ (16)

ترجمہ: اُن پر تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گےo

Reclining there on cushions, face to face.

یَطُوۡفُ عَلَیۡہِمۡ وِلۡدَانٌ مُّخَلَّدُوۡنَ (17)

ترجمہ: ہمیشہ ایک ہی حال میں رہنے والے نوجوان خدمت گاران کے اردگرد گھومتے ہوں گےo

The serving youths, rapt always in the same state of being, will go round them.

بِاَکۡوَابٍ وَّاَبَارِیۡقَ ۙ وَکَاۡسٍ مِّنۡ مَّعِیۡنٍ (18)

ترجمہ: کوزے، آفتابے اور چشموں سے بہتی ہوئی (شفاف) شرابِ (قربت) کے جام لے کر (حاضرِ خدمت رہیں گے)o

(They will be attending) carrying bowls, ewers and cups filled with (transparent) drink of (nearness) from the free-flowing springs.

لَا یُصَدَّعُوۡنَ عَنۡہَا وَلَا یُنۡزِفُوۡنَ (19)

ترجمہ: انہیں نہ تو اُس (کے پینے) سے دردِ سر کی شکایت ہوگی اور نہ ہی عقل میں فتور (اور بدمستی) آئے گیo

By (drinking) this, they will have neither headache nor derangement of senses (and stupefaction).

وَفَاکِہَۃٍ مِّمَّا یَتَخَیَّرُوۡنَ (20)

ترجمہ: اور (جنّتی خدمت گزار) پھل (اور میوے) لے کر (بھی پھر رہے ہوں گے) جنہیں وہ (مقرّبین) پسند کریں گےo

And (the servants of Paradise) will be (roaming about) with fruits which (the ones drawn near) will like,

وَلَحۡمِ طَیۡرٍ مِّمَّا یَشۡتَہُوۡنَ (21)

ترجمہ: اور پرندوں کا گوشت بھی (دستیاب ہوگا) جس کی وہ (اہلِ قربت) خواہش کریں گےo

And (there will be) bird-meat as well which they (the ones drawn near) will desire.

وَحُورٌ عِيْنٌ (22)

ترجمہ: اور خوبصورت کشادہ آنکھوں والی حوریں بھی (اُن کی رفاقت میں ہوں گی)o

And also (in their companionship will be) maidens with wide lovely eyes,

كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ (23)

ترجمہ: جیسے محفوظ چھپائے ہوئے موتی ہوںo

Like pearls kept hidden, well-guarded.

جَزَاء بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (24)

ترجمہ: (یہ) اُن (نیک) اعمال کی جزا ہوگی جو وہ کرتے رہے تھےo

(That) will be the reward of the (pious) works which they used to do.

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً وَلَا تَأْثِيماً (25)

ترجمہ: وہ اِس میں نہ کوئی بیہودگی سنیں گے اور نہ کوئی گناہ کی باتo

There they will hear nothing absurd nor any word of sin,

إِلَّا قِيلًا سَلَاماً سَلَاماً (26)

ترجمہ: مگر ایک ہی بات (کہ یہ سلام والے ہر طرف سے) سلام ہی سلام سنیں گےo

But (these people of peace will hear) only one thing (from all sides:) 'Peace, Peace.'

وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ (27)

ترجمہ: اور دائیں جانب والے، کیا کہنا دائیں جانب والوں کاo

And those of the Right Hand; what a class the Right Hand are!

فِي سِدْرٍ مَّخْضُودٍ (28)

ترجمہ: وہ بے خار بیریوں میںo

Amid thornless lote-trees,

وَطَلْحٍ مَّنضُودٍ (29)

ترجمہ: اور تہ بہ تہ کیلوں میںo

And layers of banana fruit,

وَظِلٍّ مَّمْدُودٍ (30)

ترجمہ: اور لمبے لمبے (پھیلے ہوئے) سایوں میںo

And long-stretching, (wide-spreading) shades,

وَمَاء مَّسْكُوبٍ (31)

ترجمہ: اور بہتے چھلکتے پانیوں میںo

And flowing, gushing waters,

وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ (32)

ترجمہ: اور بکثرت پھلوں اور میووں میں (لطف اندوز ہوں گے)o

And (they will be rejoicing) in abundance of fruits.

لَّا مَقْطُوعَةٍ وَلَا مَمْنُوعَةٍ (33)

ترجمہ: جو نہ (کبھی) ختم ہوں گے اور نہ اُن (کے کھانے) کی ممانعت ہوگیo

They will be neither exhausted nor restricted (to eat).

وَفُرُشٍ مَّرْفُوعَةٍ (34)

ترجمہ: اور (وہ) اونچے (پرشکوہ) فرشوں پر (قیام پذیر) ہوں گےo

And (they) will be (staying) on raised (splendid) floors.

إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً (35)

ترجمہ: بے شک ہم نے اِن (حوروں) کو (حسن و لطافت کی آئینہ دار) خاص خِلقت پر پیدا فرمایا ہےo

Surely, We have created these (maidens) as a special creation (reflecting beauty and refinement).

فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا (36)

ترجمہ: پھر ہم نے اِن کو کنواریاں بنایا ہےo

Then We have made them virgins,

عُرُبًا أَتْرَابًا (37)

ترجمہ: جو خوب محبت کرنے والی ہم عمر (ازواج) ہیںo

The ardently loving (wives) of the same age.

لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ (38)

ترجمہ: یہ (حوریں اور دیگر نعمتیں) دائیں جانب والوں کے لیے ہیںo

These (maidens and other bounties) are for those on the Right Hand.

ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ (39)

ترجمہ: (ان میں) بڑی جماعت اگلے لوگوں میں سے ہوگیo

A large group of them will be from the earlier people.

وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ (40)

ترجمہ: اور (ان میں) پچھلے لوگوں میں سے (بھی) بڑی ہی جماعت ہوگیo

And from later generations will (also) be a large group (amongst them).

سورۃ الحدید:

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَى نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (12)

ترجمہ: (اے حبیب!) جس دن آپ (اپنی امّت کے) مومن مَردوں اور مومن عورتوں کو دیکھیں گے کہ اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کی دائیں جانب تیزی سے چل رہا ہوگا (اور اُن سے کہا جائے گا:) تمہیں بشارت ہو آج (تمہارے لیے) جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں (تم) ہمیشہ ان میں رہو گے، یہی بہت بڑی کامیابی ہے o

(O Beloved!) The Day when you will see the believing men and the believing women (of your Umma [Community]) with their light heading fast in front of them and on their right (it will be said to them:) 'Good news to you. Today there are Gardens for you with streams flowing under them. (You) will live in them forever. That is but a great success.'

سَابِقُوا إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ لِلَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ذَلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (21)

ترجمہ: (اے بندو!) تم اپنے رب کی بخشش کی طرف تیز لپکو اور جنت کی طرف (بھی) جس کی چوڑائی (ہی) آسمان اور زمین کی وسعت جتنی ہے، اُن لوگوں کیلیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں، یہ اللہ کا فضل ہے جسے وہ چاہتا ہے اسے عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ عظیم فضل والا ہے o

(O servants!) Race in pursuit of forgiveness from your Lord and towards Paradise (also) which is as wide as the vast expanse of the heaven and the earth, prepared for those who believe in Allah and His Messengers. This is Allah's bounty which He gives to whom He wills. And Allah is the Lord of infinite bounty.

سورۃ المجادلۃ:

لَا تَجِدُ قَوْماً يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءهُمْ أَوْ أَبْنَاءهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ أُوْلَئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ أُوْلَئِكَ حِزْبُ اللَّهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (22)

ترجمہ: آپ اُن لوگوں کو جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں کبھی اس شخص سے دوستی کرتے ہوئے نہ پائیں گے جو اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے دشمنی رکھتا ہے خواہ وہ اُن کے باپ (اور دادا) ہوں یا بیٹے (اور پوتے) ہوں یا اُن کے بھائی ہوں یا اُن کے قریبی رشتہ دار ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اُس (اللہ) نے ایمان ثبت فرما دیا ہے اور انہیں اپنی روح (یعنی فیضِ خاص) سے تقویت بخشی ہے، اور انہیں (ایسی) جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اللہ اُن سے راضی ہو گیا ہے اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے ہیں، یہی اللہ (والوں) کی جماعت ہے،

یادرکھو! بے شک اللہ (والوں) کی جماعت ہی مراد پانے والی ہےo

You will never find those who believe in Allah and the Day of Rising making friends with anyone who is hostile to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), even though they are their fathers (and forefathers), or their sons (and grandsons), or their brothers, or their near relatives. It is they in whose hearts Allah has inscribed faith and has strengthened them with His spirit (i.e., special spiritual benefit). And He will admit them to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Allah. It is they who are the party of (the devotees of) Allah. Remember! It is the party of (the devotees of) Allah that attain to the goal.

سورۃ الحشر:

لَا يَسْتَوِيٓ أَصْحَابُ النَّارِ وَأَصْحَابُ الْجَنَّةِ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُونَ **(20)**

ترجمہ: اہلِ دوزخ اور اہلِ جنت برابر نہیں ہو سکتے، اہلِ جنت ہی کامیاب و کامران ہیںo

The inmates of Hell and the people of Paradise cannot be equal. It is the people of Paradise who are successful and victorious.

سورۃ الصّف:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَىٰ تِجَارَةٍ تُنجِيكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ **(10)**

ترجمہ: اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایک ایسی تجارت بتادوں جو تم کو دردناک عذاب سے بچالے؟o

O believers! Shall I advise you a trade which will save you from a painful torment?

تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ **(11)**

ترجمہ: (وہ یہ ہے کہ) تم اللہ پر اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (کامل) ایمان رکھو اور اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان سے جہاد کرو، یہی تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہوo

(It is that) you have (perfect) belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and strive hard for the cause of Allah with your human and material resources. That is better for you if you know.

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ **(12)**

ترجمہ: وہ تمہارے گناہوں کو بخش دے گا اور تمہیں جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اور نہایت عمدہ رہائش گاہوں میں (ٹھہرائے گا) جو جناتِ عدن (یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتوں) میں ہیں، یہی زبردست کامیابی ہےo

He will forgive your sins and will admit you into Gardens with streams flowing

under them, and (will make you reside) in excellent dwellings in the Gardens of Eden (i.e., Gardens of Eternity). That is indeed a great success.

سورۃ التغابن:

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحاً يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (9)

ترجمہ: جس دن وہ تمہیں جمع ہونے کے دن (میدانِ حشر میں) اکٹھا کرے گا یہ ہار اور نقصان ظاہر ہونے کا دن ہے۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے تو (اللہ) اس (کے نامۂ اعمال) سے اس کی خطائیں مٹا دے گا اور اسے جنتوں میں داخل فرما دے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے، یہ بہت بڑی کامیابی ہے o

The Day when He will gather you on the Day of Assembly (in the vast expanse for Great Gathering), that will be the Day of Manifestation of Loss and Defeat. And he who believes in Allah and does pious deeds, Allah will remove his sins from his (record of deeds) and will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever.This is a great success.

سورۃ الطلاق:

رَّسُولاً يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحاً يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقاً (11)

ترجمہ: (اور) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بھی بھیجا ہے) جو تم پر اللہ کی واضح آیات پڑھ کر سناتے ہیں تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال کرتے ہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے، اور جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے وہ اسے ان جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، بے شک اللہ نے اُس کے لیے نہایت عمدہ رزق (تیار کر) رکھا ہے o

(And has also sent) the Messenger (blessings and peace be upon him), who recites to you clear Verses so that he may take those who have believed and do pious deeds from darkness to light. And he who believes in Allah and does pious deeds, He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Indeed, Allah has (prepared) for him excellent sustenance.

سورۃ التحریم:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحاً عَسَى رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِيْ اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا مَعَهُ نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (8)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے حضور رجوعِ کامل سے خالص توبہ کرلو، یقین ہے کہ تمہارا رب تم سے تمہاری خطائیں دفع فرما دے گا اور تمہیں بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں جس دن اللہ (اپنے) نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور اُن اہلِ ایمان کو جو اُن کی (ظاہری یا باطنی) معیّت میں ہیں رسوا نہیں کرے گا، اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کے دائیں طرف (روشنی دیتا ہوا) تیزی سے چل رہا ہوگا، وہ عرض کرتے ہوں گے: اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل فرما دے اور ہماری مغفرت فرما دے، بے شک تو ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

O believers! Turn towards Allah's presence in perfect and most sincere repentance. Your Lord will certainly remove your sins from you, and admit you to the Gardens with streams flowing under them. On the Day when Allah will not slight (His) Prophet (blessings and peace be upon him) and those believers who are in his companionship (visibly or invisibly), their light will be moving fast (brightening) ahead of them and on their right side. They will be submitting: 'O our Lord, perfect our light for us and forgive us. Surely, You have absolute power over everything.'

سورۃ الحاقۃ:

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ (21)

ترجمہ: سو وہ پسندیدہ زندگی بسر کرے گا o

So he will live a pleasant life,

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ (22)

ترجمہ: بلند و بالا جنت میں o

In an elevated lofty Paradise,

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ (23)

ترجمہ: جس کے خوشے (پھلوں کی کثرت کے باعث) جھکے ہوئے ہوں گے o

The clusters of its fruits hanging low (due to abundance).

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ (24)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) خوب لطف اندوزی کے ساتھ کھاؤ اور پیو اُن (اَعمال) کے بدلے جو تم گزشتہ (زندگی کے) اَیام میں آگے بھیج چکے تھے o

(It will be said to them:) 'Eat and drink rejoicing, in recompense of (your deeds) that you had sent forward during the days of your past (life).'

سورۃ المدثر:

اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ (39)

ترجمہ: سوائے دائیں جانب والوں کے o

Except for those on the Right Side.

فِيْ جَنَّاتٍ يَتَسَاءلُونَ (40)

ترجمہ: (وہ) باغات میں ہوں گے، اور آپس میں پوچھتے ہوں گے o

(They) will be in Gardens and will be asking one another,

سورۃ الدہر:

إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِن كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوراً (5)

ترجمہ: بے شک مخلص اِطاعت گزار (شرابِ طہور کے) ایسے جام پئیں گے جس میں (خوشبو، رنگت اور لذت بڑھانے کے لیے) کافور کی آمیزش ہوگی o

Surely, the sincerely devoted and obedient will drink from the cups (of the holy drink) mixed with kafur (to enhance its aroma, colour and taste).

عَيْناً يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيراً (6)

ترجمہ: (کافور جنت کا) ایک چشمہ ہے جس سے (خاص) بندگانِ خدا (یعنی اَولیاء اللہ) پیا کریں گے (اور) جہاں چاہیں گے (دوسروں کو پلانے کے لیے) اسے چھوٹی چھوٹی نہروں کی شکل میں بہا کر (بھی) لے جائیں گے o

(Kafur is) a spring (in Paradise) that (the privileged) servants of Allah (i.e., Awliya' Allah) will drink from, and will (also) make it flow to wherever they will desire in the form of small brooks (to make others drink of it).

يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْماً كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيراً (7)

ترجمہ: (یہ بندگانِ خاص وہ ہیں) جو (اپنی) نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی سختی خوب پھیل جانے والی ہے o

(These privileged servants of Allah are those) who fulfil their vows and keep fearing that Day whose severity spreads afar.

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَى حُبِّهِ مِسْكِيناً وَيَتِيماً وَأَسِيراً (8)

ترجمہ: اور (اپنا) کھانا اللہ کی محبت میں (خود اس کی طلب و حاجت ہونے کے باوُجود اِیثاراً) محتاج کو اور یتیم کو اور قیدی کو کھلا دیتے ہیں o

And they give (their own) food, in deep love of Allah, to the needy, the orphan and prisoner (out of sacrifice, despite their own desire and need for it),

إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنكُمْ جَزَاء وَلَا شُكُوراً (9)

ترجمہ: (اور کہتے ہیں کہ) ہم تو محض اللہ کی رضا کے لیے تمہیں کھلا رہے ہیں، نہ تم سے کسی بدلہ کے خواست گار ہیں اور نہ شکر گزاری کے (خواہش مند) ہیں o

(And say:) 'We are feeding you only to please Allah. We do not seek any recompense from you nor (wish for) any thanks.

إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْماً عَبُوساً قَمْطَرِيراً (10)

ترجمہ: ہمیں تو اپنے ربّ سے اُس دن کا خوف رہتا ہے جو (چہروں کو) نہایت سیاہ (اور) بدنما کر دینے والا ہےo

We fear from our Lord the Day which will make (the faces) look very dark (and) ugly.'

فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُوراً (11)

ترجمہ: پس اللہ انہیں (خوفِ اِلٰہی کے سبب سے) اس دن کی سختی سے بچا لے گا اور انہیں (چہروں پر) رونق و تازگی اور (دلوں میں) سرور و مسرّت بخشے گاo

So Allah will save them from the terror of that Day (for their fear of Allah) and will grant them freshness, bloom and blush (on their faces) and ecstasy and delight (in their hearts),

وَجَزَاهُم بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيراً (12)

ترجمہ: اور اِس بات کے عوض کہ انہوں نے صبر کیا ہے (رہنے کو) جنت اور (پہننے کو) ریشمی پوشاک عطا کرے گاo

And will bless them with Gardens (to live in) and silky clothes (to wear), a reward for their patience.

مُّتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْساً وَلَا زَمْهَرِيراً (13)

ترجمہ: یہ لوگ اس میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے، نہ وہاں دھوپ کی تپش پائیں گے اور نہ سردی کی شدّتo

Reclining in it against cushions on raised couches, they will find there neither intense cold nor heat.

وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلاً (14)

ترجمہ: اور (جنت کے درختوں کے) سائے ان پر جھک رہے ہوں گے اور ان کے (میووں کے) گچھے جھک کر لٹک رہے ہوں گےo

And the shades (of trees in Paradise) will close upon them, and the bunches of their (fruits) will be hanging low.

وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا (15)

ترجمہ: اور (خُدام) ان کے گرد چاندی کے برتن اور (صاف ستھرے) شیشے کے گلاس لیے پھرتے ہوں گےo

And (the servants) will go round them with vessels of silver and (pure and clean) goblets of shining glass,

قَوَارِيرَ مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيراً (16)

ترجمہ: (اور) شیشے بھی چاندی کے (بنے) ہوں گے جنہیں انہوں نے (ہر ایک کی طلب کے مطابق) ٹھیک ٹھیک اندازہ سے بھرا ہوگاo

And glasses made of silver which they will have filled with exact measures (according to everyone's desire).

وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْساً كَانَ مِزَاجُهَا زَنجَبِيلاً (17)

ترجمہ: اورانہیں وہاں (شرابِ طہور کے) ایسے جام پلائے جائیں گے جن میں زنجبیل کی آمیزش ہوگیo

And they will be made to drink there cups of (the holy drink) mixed with Zanjabil.

عَيْناً فِيهَا تُسَمَّى سَلْسَبِيلاً (18)

ترجمہ: (زنجبیل) اس (جنت) میں ایک ایسا چشمہ ہے جس کا نام 'سلسبیل' رکھا گیا ہےo

(Zanjabil is) a spring in this (Paradise) named Salsabil.

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤاً مَّنثُوراً (19)

ترجمہ: اوران کے اِردگرد ایسے (معصوم) بچے گھومتے رہیں گے، جو ہمیشہ اسی حال میں رہیں گے، جب آپ انہیں دیکھیں گے تو انہیں بکھرے ہوئے موتی گمان کریں گےo

And going round them will be (innocent) adolescents who will remain ever-young. When you will see them, you will consider them as scattered pearls.

وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيماً وَمُلْكاً كَبِيراً (20)

ترجمہ: اور جب آپ (بہشت پر) نظر ڈالیں گے تو وہاں (کثرت سے) نعمتیں اور (ہر طرف) بڑی سلطنت دیکھیں گےo

And when you will look (at Paradise), you will find blessings (in abundance) and a mighty kingdom (all around).

عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ خُضْرٌ وَإِسْتَبْرَقٌ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَاباً طَهُوراً (21)

ترجمہ: ان (کے جسموں) پر باریک ریشم کے سبز اور دبیز اطلس کے کپڑے ہوں گے، اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اوران کا ربّ انہیں پاکیزہ شراب پلائے گاo

They will be clad in green, fine silk and rich brocade attire, and they will be made to wear silver bracelets, and their Lord will make them drink a holy beverage.

إِنَّ هَذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاء وَكَانَ سَعْيُكُم مَّشْكُوراً (22)

ترجمہ: بے شک یہ تمہارا صلہ ہوگا اور تمہاری محنت مقبول ہو چکیo

Surely, that will be your reward and your hard work is acknowledged.

سورۃ المرسلات:

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي ظِلَالٍ وَعُيُونٍ (41)

ترجمہ: بے شک پرہیزگار ٹھنڈے سایوں اور چشموں میں (عیش وراحت کے ساتھ) ہوں گےo

Surely, the Godfearing will be (rejoicing) under cool shades and amid springs.

وَفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُونَ (42)

ترجمہ: اور پھل اور میوے جس کی بھی وہ خواہش کریں گے (ان کے لیے موجود ہوں گے)o

And whatever fruits they will long for (will be available for them).

كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئاً بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (43)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) تم خوب مزے سے کھاؤ پیو اُن اَعمالِ (صالحہ) کے عوض جو تم کرتے رہے تھےo

(It will be said to them:) 'Enjoy eating and drinking to your taste as a reward for what you used to do.'

إِنَّا كَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ (44)

ترجمہ: بے شک ہم اِسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیںo

Indeed, the same way do We reward the pious.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (45)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی خرابی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

سورۃ النبا:

إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ مَفَازاً (31)

ترجمہ: بے شک پرہیزگاروں کے لیے کامیابی ہےo

Surely, the Godfearing will triumph.

حَدَائِقَ وَأَعْنَاباً (32)

ترجمہ: (ان کے لیے) باغات اور انگور (ہوں گے)o

(For them) there will be gardens and grapes,

وَكَوَاعِبَ أَتْرَاباً (33)

ترجمہ: اور جواں سال ہم عمر دوشیزائیں (ہوں گی)o

And well-matched young maidens,

وَكَأْساً دِهَاقاً (34)

ترجمہ: اور (شرابِ طہور کے) چھلکتے ہوئے جام (ہوں گے)o

And overflowing cups (of holy beverage).

لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً وَلَا كِذَّاباً (35)

ترجمہ: وہاں یہ (لوگ) نہ کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ (ایک دوسرے کو) جھٹلانا (ہوگا)o

There, these (people) will neither hear any foolish talk nor belie (one another).

جَزَاء مِّن رَّبِّكَ عَطَاء حِسَاباً (36)

ترجمہ: یہ آپ کے رب کی طرف سے صلہ ہے جو (اعمال کے حساب سے) کافی (بڑی) عطا ہےo

From your Lord this is the reward which is an (amply) sufficient bestowal (in proportion to your works).

سورۃ النازعات:

وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَى (40)

ترجمہ: اور جو شخص اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرتا رہا اور اُس نے (اپنے) نفس کو (بری) خواہشات و شہوات سے باز رکھا o

But as for him who feared standing in the presence of his Lord and forbade (his ill-commanding) self its appetites and lusts,

فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَى (41)

ترجمہ: تو بے شک جنت ہی (اُس کا) ٹھکانا ہوگا o

Paradise will surely be (his) abode.

سورۃ الانفطار:

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ (13)

ترجمہ: بے شک نیکوکار جنّتِ نعمت میں ہوں گے o

Indeed, the truly good will be in the Garden of Bliss.

سورۃ المطففین:

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ (22)

ترجمہ: بے شک نیکوکار (راحت و مسرت سے) نعمتوں والی جنت میں ہوں گے o

Indeed, the truly pious, (joyful and glad,) will be in blissful Paradise,

عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ (23)

ترجمہ: تختوں پر بیٹھے نظارے کر رہے ہوں گے o

Reclining on couches, enjoying the wonderful sights.

تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ (24)

ترجمہ: آپ ان کے چہروں سے ہی نعمت و راحت کی رونق اور شگفتگی معلوم کر لیں گے o

You will find on their faces the glow and freshness of bliss and delight.

يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ (25)

ترجمہ: انہیں سربمہر بڑی لذیذ شرابِ طہور پلائی جائے گی o

They shall be served with securely sealed delicious and holy beverage.

خِتَامُهُ مِسْكٌ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ (26)

ترجمہ: اس کی مُہر کستوری کی ہوگی، اور (یہی وہ شراب ہے) جس کے حصول میں شائقین کو جلد کوشش کر کے سبقت لینی چاہیے (کوئی شرابِ نعمت کا طالب و شائق ہے، کوئی شرابِ قربت کا اور کوئی شرابِ دیدار کا۔ ہر کسی کو اس کے شوق کے مطابق پلائی جائے

گی)o

Its seal will be musk. And (it is this beverage which) all aspirants should hastily strive and compete to acquire. (Some seek the drink of bliss whilst others long for the drink of nearness, and still others yearn for the drink of countenance-all will be served according to their respective tastes).

وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ (27)

ترجمہ: اوراس (شراب) میں آبِ تسنیم کی آمیزش ہوگیo

And this (beverage of Paradise) will be mixed with the water of Tasnim.

عَيْناً يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ (28)

ترجمہ: (یہ تسنیم) ایک چشمہ ہے جہاں سے صرف اہلِ قربت پیتے ہیںo

(This Tasnim) is a fountain at which only those drawn close will drink.

إِنَّ الَّذِيْنَ أَجْرَمُوا كَانُواْ مِنَ الَّذِيْنَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ (29)

ترجمہ: بےشک مجرم لوگ ایمان والوں کا (دنیا میں) مذاق اڑایا کرتے تھےo

Surely (in the worldly life), the evildoers used to ridicule the believers,

وَإِذَا مَرُّواْ بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ (30)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس سے گزرتے تو آپس میں آنکھوں سے اشارہ بازی کرتے تھےo

And winked at one another when they passed by them.

وَإِذَا انقَلَبُواْ إِلَى أَهْلِهِمُ انقَلَبُواْ فَكِهِيْنَ (31)

ترجمہ: اور جب اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے تو (مومنوں کی تنگ دستی اور اپنی خوش حالی کا موازنہ کرکے) اِتراتے اور دل لگی کرتے ہوئے پلٹتے تھےo

And when they went back to their families, they used to exult over the believers (by comparing the believers' destitution and their own affluence) and returned speaking of them with jests.

وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هَؤُلَاءِ لَضَالُّونَ (32)

ترجمہ: اور جب یہ (مغرور لوگ) ان (کمزور حال مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے: یقیناً یہ لوگ راہ سے بھٹک گئے ہیں (یعنی یہ دنیا گنوا بیٹھے ہیں اور آخرت تو ہے ہی فقط افسانہ)o

And when they (the arrogant people) saw these (the indigent believers), they used to say: 'They have gone astray,' (i.e., they have lost the world whilst the Hereafter is nothing but fiction.)

وَمَا أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ حَافِظِيْنَ (33)

ترجمہ: حالاں کہ وہ ان (کے حال) پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے تھےo

Yet they had not been sent to watch over their (state of affairs).

فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ آمَنُواْ مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ (34)

ترجمہ: پس آج (دیکھو) اہلِ ایمان کافروں پر ہنس رہے ہیںo

So (see) Today the believers are laughing at the disbelievers.

عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ (35)

ترجمہ: سجے ہوئے تختوں پر بیٹھے (اپنی خوش حالی اور کافروں کی بدحالی کا) نظارہ کررہے ہیںo

Reclining on ornamented couches, they are viewing the sight (comparing their own prosperity and the disbelievers' impoverishment).

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ (36)

ترجمہ: سوکیا کافروں کواس (مذاق) کا پورا بدلہ دے دیا گیا جووہ (مسلمانوں سے) کیا کرتے تھےo

So, have the disbelievers been rewarded in full for (the mockery), which they used to inflict upon (the believers)?

سورۃ البروج:

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ (11)

ترجمہ: بے شک جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں جاری ہیں، یہی بڑی کامیابی ہےo

And indeed, those who believe and keep doing pious deeds, for them are Gardens with streams flowing under them. This is the great victory.

سورۃ الغاشیۃ:

لِسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ (9)

ترجمہ: اپنی (نیک) کاوشوں کے باعث خوش وخرم ہوں گےo

Delighted and rejoicing over their (righteous) travail,

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ (10)

ترجمہ: عالی شان جنت میں (قیام پذیر) ہوں گےo

(Abiding) in a magnificent Paradise,

لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً (11)

ترجمہ: اس میں کوئی لغو بات نہ سنیں گے (جیسے اہلِ باطل ان سے دنیا میں کیا کرتے تھے)o

Where they will not hear anything absurd (as the disbelievers used to say to them in the world).

فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ (12)

ترجمہ: اس میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گےo

In it there will be flowing springs,

فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ (13)

ترجمہ: اس میں اونچے (بچھے ہوئے) تخت ہوں گےo

And raised-up couches (laid),

وَّأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ (14)

ترجمہ: اور جام (بڑے قرینے سے) رکھے ہوئے ہوں گےo

And goblets (decently) set in place,

وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ (15)

ترجمہ: اور غالیچے اور گاؤ تکیے قطار در قطار لگے ہوں گےo

And silken cushions orderly lined up,

وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ (16)

ترجمہ: اور نرم و نفیس قالین اور مَسندیں بچھی ہوں گیo

And soft and refined carpets and rugs (richly) spread.

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ (17)

ترجمہ: (منکرین تعجب کرتے ہیں کہ جنت میں یہ سب کچھ کیسے بن جائے گا! تو) کیا یہ لوگ اونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح (عجیب ساخت پر) بنایا گیا ہےo

(The disbelievers wonder how all that would be arranged in Paradise. So) do they not see how the camel has been created (in an unusual form)?

سورۃ الفجر:

فَادْخُلِي فِي عِبَادِي (29)

ترجمہ: پس تو میرے (کامل) بندوں میں شامل ہو جاo

So join My (perfect) servants.

وَادْخُلِي جَنَّتِي (30)

ترجمہ: اور میری جنتِ (قربت و دیدار) میں داخل ہو جاo

And enter My Paradise (of nearness and sight).

9۔ دوزخ کا ذکر

سورۃ البقرہ:

وَالَّذِيْنَ كَفَرواْ وَكَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا أُولَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (39)

ترجمہ: اور جولوگ کفر کریں گے اور ہماری آیتوں کو جھٹلائیں گے تو وہی دوزخی ہوں گی، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے o

And those who disbelieve and deny Our Revelations, it is they who shall be the inmates of the Fire. They shall abide in it forever.'

سورۃ العمران:

كُـلُّ نَـفْـسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَن زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَما الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ(185)

ترجمہ: ہر جان موت کا مزہ چکھنے والی ہے، اور تمہارے اجر پورے کے پورے تو قیامت کے دن ہی دیئے جائیں گے، پس جو کوئی دوزخ سے بچالیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا وہ واقعتاً کامیاب ہوگیا، اور دنیا کی زندگی دھوکے کے مال کے سوا کچھ بھی نہیں o

Every soul is going to taste death. And your full recompense will be paid back only on the Day of Resurrection. So, whoever will be saved from Hell and admitted to Paradise will be truly successful. And the worldly life is nothing but illusory wealth.

سورۃ الاعراف:

لَهُم مِّن جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَمِن فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ وَكَذَلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ (41)

ترجمہ: اور ان کے لیے (آتشِ) دوزخ کا بچھونا اور ان کے اوپر (اسی کا) اوڑھنا ہوگا، اور ہم ظالموں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں o

The (Fire of) Hell will be their mattress as well as a covering over them, and We torment the wrongdoers the same way.

وَبَيْـنَهُمَا حِجَابٌ وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ وَنَادَوْاْ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَن سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ (46)

ترجمہ: اور (ان) دونوں (یعنی جنتیوں اور دوزخیوں) کے درمیان ایک حجاب (یعنی فصیل) ہے، اور اَعراف (یعنی اسی فصیل) پر کچھ مرد ہوں گے جو سب کو ان کی نشانیوں سے پہچان لیں گے۔ اور وہ اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو۔ وہ (اہلِ اَعراف خود ابھی) جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے حالاں کہ وہ (اس کے) امیدوار ہوں گے o

And between both (of them, the inmates of Paradise and Hell) there is a barrier (i.e., ramparts or heights), and on the A'raf (the Heights), there will be men who will recognize all by their features. And they will call out to the people of Paradise: 'Peace be upon you.' They (the people of the A'raf [the Heights]) will not have entered Paradise (themselves as yet) but will be aspiring (to that).

وَإِذَا صُرِفَتْ أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاءَ أَصْحَابِ النَّارِ قَالُواْ رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ (47)

ترجمہ: اور جب ان کی نگاہیں دوزخ والوں کی طرف پھیری جائیں گی تو وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہمیں ظالم گروہ کے ساتھ (جمع) نہ کرo

And when their eyes will be turned towards the inmates of Hell, they will say: 'O our Lord, (join) us not (together) with the unjust people.'

وَنَادَى أَصْحَابُ الأَعْرَافِ رِجَالاً يَعْرِفُونَهُمْ بِسِيمَاهُمْ قَالُواْ مَا أَغْنَى عَنكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ (48)

ترجمہ: اور اہلِ اعراف (ان دوزخی) مردوں کو پکاریں گے جنہیں وہ ان کی نشانیوں سے پہچان رہے ہوں گے (ان سے) کہیں گے: تمہاری جماعتیں تمہارے کام نہ آسکیں اور نہ (وہ) تکبّر (تمہیں بچا سکا) جو تم کیا کرتے تھےo

And the people of the A'raf (the Heights) will call out to those people (of Hell) whom they will be recognizing by their identification marks saying (to them): 'Your parties could not be of any use to you, nor (could rescue you) your arrogance you used to practise.

أَهَـؤُلاء الَّذِيْنَ أَقْسَمْتُمْ لاَ يَنَالُهُمُ اللّهُ بِرَحْمَةٍ ادْخُلُواْ الْجَنَّةَ لاَ خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلاَ أَنتُمْ تَحْزَنُونَ (49)

ترجمہ: کیا یہی وہ لوگ ہیں (جن کی خستہ حالت دیکھ کر) تم قسمیں کھایا کرتے تھے کہ اللہ انہیں اپنی رحمت سے (کبھی) نہیں نوازے گا؟ (سن لو! اب انہی کو کہا جا رہا ہے:) تم جنت میں داخل ہو جاؤ نہ تم پر کوئی خوف ہوگا اور نہ تم غمگین ہو گےo

Is it they about whom you used to swear (on seeing their miserable plight): Allah will (never) bless them with His mercy? (But listen! It is they who are now being called:) Enter Paradise; you will neither fear nor grieve.'

وَنَادَى أَصْحَابُ النَّارِ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ أَفِيْضُواْ عَلَيْنَا مِنَ الْمَاء أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكَافِرِيْنَ (50)

ترجمہ: اور دوزخ والے اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ ہمیں (جنّتی) پانی سے کچھ فیض یاب کر دو یا اس (رزق) میں سے جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے۔ وہ کہیں گے: بے شک اللہ نے یہ دونوں (نعمتیں) کافروں پر حرام کر دی ہیںo

And the inmates of Hell will call out to the inhabitants of Paradise: 'Bless us with some water (of Paradise), or of (the provision) that Allah has granted you.' They will say: 'Allah has indeed forbidden both (these bounties) to the disbelievers,

سورۃ الانفال:

لِيَمِيْزَ اللّهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهُ عَلَى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيْعاً فَيَجْعَلَهُ فِيْ جَهَنَّمَ أُوْلَـئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (37)

ترجمہ: تاکہ اللہ (تعالیٰ) ناپاک کو پاکیزہ سے جدا فرما دے اور ناپاک (یعنی نجاست بھرے کرداروں) کو ایک دوسرے کے اوپر تلے رکھ دے پھر سب کو اکٹھا ڈھیر بنا دے گا پھر اس (ڈھیر) کو دوزخ میں ڈال دے گا، یہی لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیںo

So that Allah separates the impious from the pious and puts the impious (i.e., filthy characters) one over the other and heaps them all up together and then casts this (heap) into Hell. It is they who are the losers.

سورۃ الاعراف:

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُواْ عَنْهَا أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ **(36)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان (پر ایمان لانے) سے سرکشی کی، وہی اہلِ جہنم ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں o

But those who belie Our Revelations and turn away from (believing in) them in defiance, it is they who are the inmates of Hell, its permanent residents.

وَلَـقَـدْ ذَرَأْنَـا لِـجَهَـنَّـمَ كَثِيْراً مِّنَ الْجِنِّ وَالإِنسِ لَهُمْ قُلُوبٌ لاَّ يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لاَّ يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لاَّ يَسْمَعُونَ بِهَا أُوْلَـئِكَ كَالأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ أُوْلَـئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ**(179)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے جہنم کے لیے جنّوں اور انسانوں میں سے بہت سے (افراد) کو پیدا فرمایا وہ دل (و دماغ) رکھتے ہیں (مگر) وہ ان سے (حق کو) سمجھ نہیں سکتے اور وہ آنکھیں رکھتے ہیں (مگر) وہ ان سے (حق کو) دیکھ نہیں سکتے اور وہ کان (بھی) رکھتے ہیں (مگر) وہ ان سے (حق کو) سن نہیں سکتے، وہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ (ان سے بھی) زیادہ گمراہ، وہی لوگ ہی غافل ہیں o

And surely, We have created a large (number) of jinn and human beings for Hell: they have hearts (and minds but) cannot understand (the truth) with them; and they have eyes (but) cannot perceive (the truth) with them; and (also) they possess ears (but) cannot hear (the truth) with them. They are like cattle, rather more misguided (than them). It is they who are neglectful.

سورۃ یونس:

وَالَّـذِيْـنَ كَسَبُواْ السَّيِّئَاتِ جَزَاء سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ مَّا لَهُم مِّنَ اللّهِ مِنْ عَاصِمٍ كَأَنَّمَا أُغْشِيَتْ وُجُوهُهُمْ قِطَعاً مِّنَ اللَّيْلِ مُظْلِماً أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ **(27)**

ترجمہ: اور جنہوں نے برائیاں کما رکھی ہیں (ان کے لیے) برائی کا بدلہ اسی کی مثل ہوگا، اور ان پر ذلت و رسوائی چھا جائے گی ان کے لیے اللہ (کے عذاب) سے کوئی بھی بچانے والا نہیں ہوگا (یوں لگے گا) گویا ان کے چہرے اندھیری رات کے ٹکڑوں سے ڈھانپ دیے گئے ہیں۔ یہی اہلِ جہنم ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں o

And those who have earned evil, the recompense of evil (for them) will be a matching evil and humiliation and ignominy will spread over them. There will be no one to rescue them from (the torment of) Allah. (It will appear) as if their faces have been covered by dark patches of night. It is they who are the inmates of Hell, its permanent residents.

سورۃ ہود:

يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ (105)

ترجمہ: جب وہ دن آئے گا کوئی شخص (بھی) اس کی اجازت کے بغیر کلام نہیں کر سکے گا، پھر ان میں بعض بد بخت ہوں گے اور بعض نیک بخت o

When that Day comes, not a soul will be able to speak without His permission. Then some of them will be unfortunate and others fortunate.

فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ (106)

ترجمہ: سو جو لوگ بد بخت ہوں گے (وہ) دوزخ میں (پڑے) ہوں گے ان کے مقدر میں وہاں چیخنا اور چلّانا ہوگا o

So those who will be unfortunate will be (put) into Hell; there they will be given to screaming and wailing.

خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ (107)

ترجمہ: وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین (جو اس وقت ہوں گے) قائم رہیں مگر یہ کہ جو آپ کا رب چاہے۔ بے شک آپ کا رب جو ارادہ فرماتا ہے کر گزرتا ہے o

They will abide in it till the heavens and the earth (which will then exist) last except as your Lord wills. Surely, your Lord executes what He wills.

إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ (119)

ترجمہ: سوائے اس شخص کے جس پر آپ کا رب رحم فرمائے، اور اسی لیے اس نے انہیں پیدا فرمایا ہے، اور آپ کے رب کا فرمان پورا ہو چکا بے شک میں دوزخ کو جنّوں اور انسانوں میں سے سب (اہلِ باطل) سے ضرور بھر دوں گا o

Except for him on whom your Lord has bestowed His mercy, and that is what He has created them for. And the Word of your Lord has been fulfilled: 'Surely, I will fill Hell with all the (disbelieving) jinn and men.'

سورۃ الرعد:

وَإِن تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ أَئِذَا كُنَّا تُرَابًا أَئِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ وَأُولَٰئِكَ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (5)

ترجمہ: اور اگر آپ (کفار کے انکار پر) تعجب کریں تو ان کا (یہ) کہنا عجیب (تر) ہے کہ کیا جب ہم (مر کر) خاک ہو جائیں گے تو کیا ہم از سرِ نو تخلیق کیے جائیں گے؟ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا، اور انہی لوگوں کی گردنوں میں طوق (پڑے) ہوں گے اور یہی لوگ اہلِ جہنم ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں o

And if you are surprised (at the denial of the disbelievers), then (more) surprising is that they say: 'What, when we become dust (after death), shall we then be created anew?' They are the ones who deny their Lord, and they alone will have shackles around their necks. And they are the ones who are

the inmates of Hell. They will reside in it forever.

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُواْ لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَى وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُواْ لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الأَرْضِ جَمِيْعاً وَمِثْلَهُ مَعَهُ لاَفْتَدَوْاْ بِهِ أُوْلَـئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ(18)

ترجمہ: ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا حکم قبول کیا بھلائی ہے، اور جنہوں نے اس کا حکم قبول نہیں کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اتنا اور بھی ہو سو وہ اسے (عذاب سے نجات کے لیے) فدیہ دے ڈالیں (تب بھی) انہی لوگوں کا حساب برا ہوگا، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ نہایت برا ٹھکانا ہے o

For those who accept the command of their Lord, there is the excellent outcome. And those who reject His command, even though they possess all that is in the earth, and the like of it added to that, and they offer it as ransom (to be delivered from the torment, even then) they are the ones whose accountability will be horrible. And Hell is their abode, and that is a wretched abode.

سورۃ ابراہیم:

مِّن وَرَآئِهِ جَهَنَّمُ وَيُسْقَى مِن مَّاء صَدِيْدٍ (16)

ترجمہ: اس (بربادی) کے پیچھے (پھر) جہنم ہے اور اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا o

Beyond this (devastation) is Hell (again). And he will be served with fetid water of oozing pus,

يَتَجَرَّعُهُ وَلاَ يَكَادُ يُسِيْغُهُ وَيَأْتِيْهِ الْمَوْتُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِن وَرَآئِهِ عَذَابٌ غَلِيْظٌ (17)

ترجمہ: جسے وہ بمشکل ایک ایک گھونٹ پیئے گا اور اسے حلق سے نیچے اتار نہ سکے گا، اور اسے ہر طرف سے موت آ گھیرے گی اور وہ مر (بھی) نہ سکے گا، اور (پھر) اس کے پیچھے (ایک اور) بڑا ہی سخت عذاب ہوگا o

Which he will take sip by sip with great difficulty, and will not be able to gulp it down the throat. And death will assail him from all sides, and he will not be able (even) to die. And that (again) will be followed by (one more) extremely grievous torment.

سورۃ النحل:

الَّذِيْنَ تَتَوَفَّاهُمُ الْمَلآئِكَةُ ظَالِمِيْ أَنفُسِهِمْ فَأَلْقَوُاْ السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِن سُوءٍ بَلَى إِنَّ اللّهَ عَلِيْمٌ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (28)

ترجمہ: جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر (بدستور) ظلم کیے جا رہے ہوں، سو وہ (روزِ قیامت) اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کریں گے (اور کہیں گے:) ہم (دنیا میں) کوئی برائی نہیں کیا کرتے تھے، کیوں نہیں بے شک اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کیا کرتے تھے o

Those whom the angels cause to die, whilst they are (constantly) doing wrong

to their own souls.' They will display obedience and submission (on the Day of Resurrection and say:) 'We were not given to doing any evil (in the world).' No indeed! Allah surely has thorough knowledge of what you used to do.

فَادْخُلُواْ أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ (29)

ترجمہ: پس تم دوزخ کے دروازوں سے داخل ہو جاؤ، تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو، سو تکبّر کرنے والوں کا کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

So, enter the gates of Hell. You are its permanent residents. So how evil is the abode of the arrogant!

وَيَجْعَلُونَ لِلّهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنَى لاَ جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُم مُّفْرَطُونَ (62)

ترجمہ: اور وہ اللہ کے لیے وہ کچھ مقرر کرتے ہیں جو (اپنے لیے) ناپسند کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹ بولتی ہیں کہ ان کے لیے بھلائی ہے، (ہرگز نہیں!) حقیقت یہ ہے کہ ان کے لیے دوزخ ہے اور یہ (دوزخ میں) سب سے پہلے بھیجے جائیں گے (اور اس میں ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیے جائیں گے)o

And they attribute to Allah what they loathe (for themselves), and their tongues utter falsehood that there is good for them. (No indeed!) The truth is that for them there is Hell, and they will be the first ones to be sent (into Hell where they shall be left forever).

سورۃ بنی اسرائیل:

مَّن كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهُ فِيْهَا مَا نَشَاء لِمَن نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهُ جَهَنَّمَ يَصْلاهَا مَذْمُوماً مَّدْحُوراً (18)

ترجمہ: جو کوئی صرف دنیا کی خوشحالی (کی صورت میں اپنی محنت کا جلدی بدلہ) چاہتا ہے تو ہم اسی دنیا میں جسے چاہتے ہیں جتنا چاہتے ہیں جلدی دے دیتے ہیں پھر ہم نے اس کے لیے دوزخ بنا دی ہے جس میں وہ ملامت سنتا ہوا (رب کی رحمت سے) دھتکارا ہوا داخل ہوگاo

Whoever longs for (quick recompense for his labour in the form of) worldly riches alone, We readily grant whatever We like to whoever We please, here in this world. Thereafter, We have set up Hell for him which he will enter hearing condemnation and contempt, rejected (from the mercy of his Lord).

ذَلِكَ مِمَّا أَوْحَى إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ وَلاَ تَجْعَلْ مَعَ اللّهِ إِلَهاً آخَرَ فَتُلْقَى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوماً مَّدْحُوراً (39)

ترجمہ: یہ حکمت و دانائی کی ان باتوں میں سے ہے جو آپ کے رب نے آپ کی طرف وحی فرمائی ہیں، اور (اے انسان!) اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ ٹھہرا (ورنہ) تو ملامت زدہ (اور اللہ کی رحمت سے) دھتکارا ہوا ہو کر دوزخ میں جھونک دیا جائے گاo

This is of those wisdom-loaded values which your Lord has revealed to you and, (O man,) do not set up another god with Allah, (lest) you should be cast into Hell, cursed (and) rejected (from Allah's mercy).

سورۃ الکہف:

وَقُلِ الْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ فَمَن شَاءَ فَلْيُؤْمِن وَمَن شَاءَ فَلْيَكْفُرْ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَاراً أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا وَإِن يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوهَ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقاً (29)

ترجمہ: اور فرما دیجیے کہ (یہ) حق تمہارے رب کی طرف سے ہے، پس جو چاہے ایمان لے آئے اور جو چاہے انکار کر دے، بے شک ہم نے ظالموں کے لیے (دوزخ کی) آگ تیار کر رکھی ہے جس کی دیواریں انہیں گھیر لیں گی، اور اگر وہ (پیاس اور تکلیف کے باعث) فریاد کریں گے تو ان کی فریاد رسی ایسے پانی سے کی جائے گی جو پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا جو ان کے چہروں کو بھون دے گا، کتنا برا مشروب ہے، اور کتنی بری آرام گاہ ہے o

And say: '(This) truth is from your Lord. So whoever desires may believe and whoever desires may deny.' Indeed, We have prepared for the wrongdoers the Fire (of Hell) whose walls will surround them. And if (due to thirst and distress) they cry, they will be helped with water like molten copper which will scald their faces. How dreadful a drink and how terrible a resting place!

وَيَوْمَ يَقُولُ نَادُوا شُرَكَائِيَ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُم مَّوْبِقاً (52)

ترجمہ: اور اُس دن (کو یاد کرو جب) اللہ فرمائے گا: انہیں پکارو جنہیں تم میرا شریک گمان کرتے تھے، سو وہ انہیں بلائیں گے مگر وہ انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان (ایک وادیٔ جہنم کو) ہلاکت کی جگہ بنا دیں گے o

And (remember) the Day (when) Allah will say: 'Call those that you deemed to be My peers.' So they will call them, but they will not give them any answer, and We shall place between them (a valley of Hell), the site of destruction.

وَرَأَى الْمُجْرِمُونَ النَّارَ فَظَنُّوا أَنَّهُم مُّوَاقِعُوهَا وَلَمْ يَجِدُوا عَنْهَا مَصْرِفاً(53)

ترجمہ: اور مجرم لوگ آتشِ دوزخ کو دیکھیں گے تو جان لیں گے کہ وہ یقیناً اسی میں گرنے والے ہیں اور وہ اس سے گریز کی کوئی جگہ نہ پا سکیں گے o

And the evildoers will see the Fire of Hell, and realize that certainly they are about to fall into it. And they will not be able to find any means to escape from it.

وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكَافِرِينَ عَرْضاً (100)

ترجمہ: اور ہم اس دن دوزخ کو کافروں کے سامنے بالکل عیاں کر کے پیش کریں گے o

And on that Day, We shall present Hell before the disbelievers fully exposed,

الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ فِي غِطَاءٍ عَن ذِكْرِي وَكَانُوا لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعاً (101)

ترجمہ: وہ لوگ جن کی آنکھیں میری یاد سے حجاب (غفلت) میں تھیں اور وہ (میرا ذکر) سن بھی نہ سکتے تھے o

Those whose eyes were veiled (by negligence) against My remembrance and they could not even listen (to My remembrance).

أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِن دُونِي أَوْلِيَاءَ إِنَّا أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ نُزُلاً (102)

ترجمہ: کیا کافر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو کارساز بنالیں گے، بے شک ہم نے کافروں کے لیے جہنم کی میزبانی کو تیار کر رکھا ہےo

Do the disbelievers think that, instead of Me, they will take My servants as helpers? Surely, We have prepared Hell as hospitality for the disbelievers.

ذَلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُواً (106)

ترجمہ: یہی دوزخ ہی ان کی جزا ہے اس وجہ سے کہ وہ کفر کرتے رہے اور میری نشانیوں اور میرے رسولوں کا مذاق اڑاتے رہےo

This very Hell is their reward because they kept disbelieving and mocking My signs and My Messengers.

سورۃ مریم:

فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيَاطِينَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيّاً (68)

ترجمہ: پس آپ کے رب کی قسم ہم ان کو اور (جملہ) شیطانوں کو (قیامت کے دن) ضرور جمع کریں گے پھر ہم ان (سب) کو جہنم کے گرد ضرور حاضر کر دیں گے اس طرح کہ وہ گھٹنوں کے بل گرے پڑے ہوں گےo

So, by your Lord, We will certainly gather them and (all) satans together (on the Day of Judgment). We will then bring them (all) around Hell fallen down in kneeling position.

ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَنِ عِتِيّاً (69)

ترجمہ: پھر ہم ہر گروہ سے ایسے شخص کو ضرور چن کر نکال لیں گے جو ان میں سے (خدائے) رحمان پر سب سے زیادہ نافرمان و سرکش ہوگاo

Then We shall indeed pick out from every group the one who had been most disobedient to, and rebellious against, the Most Kind (Lord).

ثُمَّ لَنَحْنُ أَعْلَمُ بِالَّذِينَ هُمْ أَوْلَى بِهَا صِلِيّاً (70)

ترجمہ: پھر ہم ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں جو دوزخ میں جھونکے جانے کے زیادہ سزاوار ہیںo

And We know best those who are most deserving of being thrown into Hell.

وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا كَانَ عَلَى رَبِّكَ حَتْماً مَّقْضِيّاً (71)

ترجمہ: اور تم میں سے کوئی شخص نہیں ہے مگر اس کا اس (دوزخ) پر سے گزر ہونے والا ہے، یہ (وعدہ) قطعی طور پر آپ کے رب کے ذمہ ہے جو ضرور پورا ہو کر رہے گاo

And there is none of you but will pass over Hell. This (promise,) which will certainly be fulfilled, is absolutely with your Lord.

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوا وَّنَذَرُ الظَّالِمِينَ فِيهَا جِثِيّاً (72)

ترجمہ: پھر ہم پرہیزگاروں کو نجات دے دیں گے اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل گرا ہوا چھوڑ دیں گےo

Then We shall deliver the Godfearing, and shall leave the wrongdoers in it

(Hell) down on their knees.

وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ إِلَى جَهَنَّمَ وِرْداً **(86)**

ترجمہ: اورہم مجرموں کوجہنم کی طرف پیاسا ہانک کرلے جائیں گےo

And We shall drive the sinners thirsty towards Hell;

سورۃطٰہٰ:

إِنَّهُ مَن يَأْتِ رَبَّهُ مُجْرِماً فَإِنَّ لَهُ جَهَنَّمَ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَى **(74)**

ترجمہ: بےشک جوشخص اپنے رب کے پاس مجرم بن کرآئے گا توبےشک اس کے لیےجہنم ہے،(اوروہ ایساعذاب ہے کہ) نہ وہ اس میں مرسکے گااورنہ ہی زندہ رہے گاo

And whoever comes to His presence as a believer (and) has (also) done good deeds, it is they for whom are high ranks.

خَالِدِينَ فِيهِ وَسَاء لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِمْلاً **(101)**

ترجمہ: وہ اس(عذاب)میں ہمیشہ(پڑے)رہیں گے،اوران کے لیےقیامت کے دن بہت ہی بُرا بوجھ ہوگاo

They will (remain) in this (torment) forever, and it will be a very evil burden for them on the Day of Rising.

سورۃالانبیاء:

وَمَن يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّيٓ إِلَهٌ مِّن دُونِهِ فَذَلِكَ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ كَذَلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ **(29)**

ترجمہ: اوران میں سےکون ہے جوکہہ دے کہ میں اس(اللہ)کےسوامعبود ہوں سوہم اسی کودوزخ کی سزادیں گے،اسی طرح ہم ظالموں کوسزادیا کرتے ہیںo

And who is it amongst them to say: 'I am a God besides (Allah)'? So, him shall We award Hell as punishment. This is the way We punish the wrongdoers.

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ **(39)**

ترجمہ: اگرکافرلوگ وہ وقت جان لیتے جبکہ وہ(دوزخ کی)آگ کونہ اپنے چہروں سے روک سکیں گےاورنہ اپنی پشتوں سےاورنہ ہی ان کی مدد کی جائے گی(توپھرعذاب طلب کرنے میں جلدی کا شورنہ کرتے)o

If the disbelievers knew the time when they will not be able to keep off the Fire (of Hell) from their faces and their backs, nor will they be helped (then they would not call out to hasten the torment).

إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ أَنتُمْ لَهَا وَارِدُونَ **(98)**

ترجمہ: بےشک تم اوروہ(بت)جن کی تم اللہ کےسواپرستش کرتے تھے(سب)دوزخ کا ایندھن ہیں،تم اس میں داخل ہونے والےہوo

Surely, you and (the idols) you worship besides Allah (all) are the fuel of Hell. You are going to enter it.

لَوْ كَانَ هَؤُلَاءِ آلِهَةً مَّا وَرَدُوهَا وَكُلٌّ فِيهَا خَالِدُونَ (99)

ترجمہ: اگر یہ (واقعتاً) معبود ہوتے تو جہنم میں داخل نہ ہوتے، اور وہ سب اس میں ہمیشہ رہیں گےo

Had they been (true) gods, they would not have entered Hell. And all of them will stay in it forever.

لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَهُمْ فِيهَا لَا يَسْمَعُونَ (100)

ترجمہ: وہاں ان کی (آہوں کا شور اور) چیخ و پکار ہوگی اور اس میں کچھ (اور) نہ سن سکیں گےo

There will be their (sighing and wailing, a) roar of screaming in it, and they will not be able to hear in it anything (else).

إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُم مِّنَّا الْحُسْنَى أُولَئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ (101)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں کے لیے پہلے سے ہی ہماری طرف سے بھلائی مقرر ہو چکی ہے وہ اس (جہنم) سے دور رکھے جائیں گےo

Surely, those for whom good has already been decreed from Us will be kept away from (Hell).

لَا يَسْمَعُونَ حَسِيسَهَا وَهُمْ فِي مَا اشْتَهَتْ أَنفُسُهُمْ خَالِدُونَ (102)

ترجمہ: وہ اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ ان (نعمتوں) میں ہمیشہ رہیں گے جن کی ان کے دل خواہش کریں گےo

They shall not hear even its slightest hissing sound, and they shall live forever amongst those (bounties) which their hearts will long for.

سورۃ الحج:

كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَن تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلَى عَذَابِ السَّعِيرِ (4)

ترجمہ: جس (شیطان) کے بارے میں لکھ دیا گیا ہے کہ جو شخص اسے دوست رکھے گا سو وہ اسے گمراہ کر دے گا اور اسے دوزخ کے عذاب کا راستہ دکھائے گاo

(Satan) for whom it is written that whoever takes him for a friend, he will lead him astray, and show him the road to the torment of Hell.

هَذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ فَالَّذِينَ كَفَرُوا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّن نَّارٍ يُصَبُّ مِن فَوْقِ رُؤُوسِهِمُ الْحَمِيمُ (19)

ترجمہ: یہ دو فریق ہیں جو اپنے رب کے بارے میں جھگڑ رہے ہیں پس جو کافر ہو گئے ہیں ان کے لیے آتشِ دوزخ کے کپڑے کاٹ (کر، سی) دیے گئے ہیں۔ ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی انڈیلا جائے گاo

There are two groups who dispute about their Lord. So those who have become disbelievers, the clothes of (Hell) Fire have been cut out (and stitched) for them. The boiling hot water will be poured over their heads.

يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالْجُلُودُ (20)

ترجمہ: جس سے ان کے شکموں میں جو کچھ ہے پگھل جائے گا اور (ان کی) کھالیں بھیo

With it will melt whatever is in their bellies and also (their) skins.

وَلَهُم مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ (21)

ترجمہ: اوران (کے سروں پر مارنے) کے لیے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گےo

And for them will be hammers of iron (to strike their heads).

كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ أُعِيْدُوا فِيْهَا وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيْقِ (22)

ترجمہ: وہ جب بھی شدّتِ تکلیف سے وہاں سے نکلنے کا ارادہ کریں گے (تو) اس میں واپس لوٹا دیے جائیں گے اور (ان سے کہا جائے گا:) سخت آگ کے عذاب کا مزہ چکھوo

Whenever they intend to get out from there due to intense suffering, they will be turned back into it and (it will be said to them:) 'Taste the torment of the fierce Fire.'

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْ آيَاتِنَا مُعَاجِزِيْنَ أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ (51)

ترجمہ: اور جو لوگ ہماری آیتوں (کے ردّ) میں کوشاں رہتے ہیں اس خیال سے کہ (ہمیں) عاجز کر دیں گے وہی لوگ اہلِ دوزخ ہیںo

And those who strive in (refuting) Our Verses with the idea to frustrate (Us), it is they who are the inmates of Hell.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَلِكُمُ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (72)

ترجمہ: اور جب ان (کافروں) پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں (تو) آپ ان کافروں کے چہروں میں ناپسندیدگی (و ناگواری کے آثار) صاف دیکھ سکتے ہیں۔ ایسے لگتا ہے کہ عنقریب ان لوگوں پر جھپٹ پڑیں گے جو انہیں ہماری آیات پڑھ کر سنا رہے ہیں، آپ فرما دیجیے: (اے مضطرب ہونے والے کافرو!) کیا میں تمہیں اس سے (بھی) زیادہ تکلیف دہ چیز سے آگاہ کروں؟ (وہ دوزخ کی) آگ ہے، جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کر رکھا ہے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

And when Our enlightening verses are recited to the disbelievers, you can clearly see (the signs of) displeasure (and resentment) on their faces. It seems as if they are nearly ready to violently attack those who are reciting to them Our signs. Say: '(O restless disbelievers,) shall I inform you of something more agonizing than this? (That) is the Fire (of Hell), which Allah has promised to the disbelievers. And that is the most evil abode.

سورۃ المومنون:

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهُ فَأُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ (103)

ترجمہ: اور جن کے پلڑے (اعمال کا وزن نہ ہونے کے باعث) ہلکے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا وہ ہمیشہ دوزخ میں رہنے والے ہیںo

And the ones whose scales will be light (due to the little weight of good deeds), it is they who have harmed themselves. They are permanent residents of Hell.

تَلْفَحُ وُجُوهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيهَا كَالِحُونَ (104)

ترجمہ: ان کے چہروں کو آگ جھلس دے گی اور وہ اس میں دانت نکلے بگڑے ہوئے منہ کے ساتھ پڑے ہوں گےo

The Fire will burn their faces, and they will be lying in it with teeth bulging out and mouths deformed.

أَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَى عَلَيْكُمْ فَكُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ (105)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) کیا تم پر میری آیتیں پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں پھر تم انہیں جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said to them:) 'Were My Revelations not repeatedly recited to you, and then you used to belie them?'

قَالُوا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْماً ضَالِّينَ (106)

ترجمہ: وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! ہم پر ہماری بدبختی غالب آ گئی تھی اور ہم یقیناً گمراہ قوم تھےo

They will say: 'O our Lord, our misfortune overwhelmed us, and surely we were the misguided people.

رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظَالِمُونَ (107)

ترجمہ: اے ہمارے رب! تو ہمیں یہاں سے نکال دے پھر اگر ہم (اسی گمراہی کا) اعادہ کریں تو بے شک ہم ظالم ہوں گےo

O our Lord! Take us out from here. Then if we repeat (the same error), we shall certainly be the wrongdoers.'

قَالَ اخْسَؤُوا فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ (108)

ترجمہ: ارشاد ہوگا: (اب) اسی میں ذلت کے ساتھ پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کروo

(Allah will) say: 'Stay on therein with disgrace and do not speak to Me.

سورۃ النور:

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ وَلَبِئْسَ الْمَصِيرُ (57)

ترجمہ: اور یہ خیال ہرگز نہ کرنا کہ انکار و ناشکری کرنے والے لوگ زمین میں (اپنے ہلاک کیے جانے سے اللہ کو) عاجز کر دیں گے، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

And let it not occur to you at all that those who disbelieve and are ungrateful will make (Allah) powerless (to destroy them) in the earth. And Hell is their abode and the worst is that abode.

سورۃ الفرقان:

بَلْ كَذَّبُوا بِالسَّاعَةِ وَأَعْتَدْنَا لِمَن كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيراً (11)

ترجمہ: بلکہ انہوں نے قیامت کو (بھی) جھٹلا دیا ہے، اور ہم نے (ہر) اس شخص کے لیے جو قیامت کو جھٹلاتا ہے (دوزخ کی)

بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہےo

But they have denied the Last Hour (as well), and for everyone who denies the Last Hour, We have prepared the blazing Fire (of Hell).

إِذَا رَأَتْهُم مِّن مَّكَانٍ بَعِيدٍ سَمِعُوا لَهَا تَغَيُّظاً وَزَفِيراً (12)

ترجمہ: جب وہ (آتشِ دوزخ) دور کی جگہ سے (ہی) ان کے سامنے ہوگی یہ اس کے جوش مارنے اور چنگھاڑنے کی آواز کو سنیں گےo

When that (Fire of Hell) will be visible to them (even) from a distant place, they will hear it raging and roaring.

وَإِذَا أُلْقُوا مِنْهَا مَكَاناً ضَيِّقاً مُّقَرَّنِينَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوراً (13)

ترجمہ: اور جب وہ اس میں کسی تنگ جگہ سے زنجیروں کے ساتھ جکڑے ہوئے (یا اپنے شیطانوں کے ساتھ بندھے ہوئے) ڈالے جائیں گے اس وقت وہ (اپنی) ہلاکت کو پکاریں گےo

And when, tightly bound (together or bound to their satans,) they will be thrown into it from some narrow place, then they will cry out for (their) destruction.

لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوراً وَاحِداً وَادْعُوا ثُبُوراً كَثِيراً (14)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) آج (صرف) ایک ہی ہلاکت کو نہ پکارو بلکہ بہت سی ہلاکتوں کو پکاروo

(It will be said to them:) 'Do not call out (just) for one destruction Today but call for many more destructions.'

الَّذِينَ يُحْشَرُونَ عَلَى وُجُوهِهِمْ إِلَى جَهَنَّمَ أُوْلَئِكَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضَلُّ سَبِيلاً (34)

ترجمہ: (یہ) ایسے لوگ ہیں جو اپنے چہروں کے بل دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے یہی لوگ ہیں جو ٹھکانے کے لحاظ سے نہایت برے اور راستے سے (بھی) بہت بہکے ہوئے ہیںo

(They) are such people as will be driven headlong towards Hell. It is they who are the worst ones as for their abode and are (also) much distracted from the (straight) path.

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَا مَعَهُ أَخَاهُ هَارُونَ وَزِيراً (35)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب عطا فرمائی اور ہم نے ان کے ساتھ (ان کی معاونت کے لیے) ان کے بھائی ہارون (علیہ السلام) کو وزیر بنایاo

And surely, We gave Musa (Moses) the Book, and appointed his brother Harun (Aaron) with him as his minister (for his help).

فَقُلْنَا اذْهَبَا إِلَى الْقَوْمِ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَدَمَّرْنَاهُمْ تَدْمِيراً (36)

ترجمہ: پھر ہم نے کہا: تم دونوں اس قوم کے پاس جاؤ جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے (جب وہ ہماری تکذیب سے پھر بھی باز نہ آئے) تو ہم نے انہیں بالکل ہی ہلاک کر ڈالاo

Then We said: 'Go, both of you, to the people who have rejected Our signs.' (But when, despite that, they did not abstain from belying Us) We totally destroyed them.

وَقَوْمَ نُوحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ أَغْرَقْنَاهُمْ وَجَعَلْنَاهُمْ لِلنَّاسِ آيَةً وَأَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ عَذَاباً أَلِيماً (37)

ترجمہ: اورنوح (علیہ السلام) کی قوم کو (بھی)، جب انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا (تو) ہم نے انہیں غرق کر ڈالا اور ہم نے انہیں (دوسرے) لوگوں کے لیے نشانِ عبرت بنا دیا اور ہم نے ظالموں کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہےo

And the people of Nuh ([Noah] as well), when they denied the Prophets, We drowned them and made them a sign of warning for (other) people. And We have prepared a painful torment for the wrongdoers.

وَعَاداً وَثَمُودَ وَأَصْحَابَ الرَّسِّ وَقُرُوناً بَيْنَ ذَلِكَ كَثِيراً (38)

ترجمہ: اور عاد اور ثمود اور باشندگانِ رس کو، اور ان کے درمیان بہت سی (اور) امتوں کو (بھی ہلاک کر ڈالا)o

And (We also annihilated) 'Ad and Thamud and the residents of Rass and many (other) people in between.

وَكُلّاً ضَرَبْنَا لَهُ الْأَمْثَالَ وَكُلّاً تَبَّرْنَا تَتْبِيراً (39)

ترجمہ: اور ہم نے (ان میں سے) ہر ایک (کی نصیحت) کے لیے مثالیں بیان کیں اور (جب وہ سرکشی سے باز نہ آئے تو) ہم نے ان سب کو نیست و نابود کر دیاo

And We explained examples to each one (of them for direction and guidance,) but (when they did not refrain from rebellion,) We wiped them off completely.

وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَاماً (65)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو (ہمہ وقت حضورِ باری تعالیٰ میں) عرض گزار رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! تو ہم سے دوزخ کا عذاب ہٹا لے، بے شک اس کا عذاب بڑا مہلک (اور دائمی) ہےo

And (these) are the people who pray (all the time before the presence of Allah): 'O our Lord, turn away from us the torment of Hell. Surely, its torment is most injurious (and everlasting).

إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرّاً وَمُقَاماً (66)

ترجمہ: بے شک وہ (عارضی ٹھہرنے والوں کے لیے) بُری قرارگاہ اور (دائمی رہنے والوں کے لیے) بُری قیام گاہ ہےo

Surely, that is an evil lodging (for temporary lodgers) and an evil abode (for permanent dwellers).'

قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَاماً (77)

ترجمہ: فرما دیجیے: میرے رب کو تمہاری کوئی پرواہ نہیں اگر تم (اس کی) عبادت نہ کرو، پس واقعی تم نے (اسے) جھٹلایا ہے تو اب یہ (جھٹلانا تمہارے لیے) دائمی عذاب بنا رہے گاo

Say: 'My Lord cares little for you if you do not worship (Him). But you have indeed rejected (Him). So now this (denial) will ever endure as a permanent

torment (for you).'

سورۃ الشعرآء:

وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ يُبْعَثُونَ (87)

ترجمہ: اور مجھے (اُس دن) رسوانہ کرنا جس دن لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گےo

And disgrace me not on the Day (when) people will be raised up (from the graves),

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِلْغَاوِينَ (91)

ترجمہ: اوردوزخ گمراہوں کے سامنے ظاہر کردی جائے گیo

And Hell will be uncovered before the misguided.

وَقِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ تَعْبُدُونَ (92)

ترجمہ: اوران سے کہا جائے گا: وہ (بت) کہاں ہیں جنہیں تم پوجتے تھےo

And it will be said to them: 'Where are those (idols) which you used to worship,

مِن دُونِ اللَّهِ هَلْ يَنصُرُونَكُمْ أَوْ يَنتَصِرُونَ (93)

ترجمہ: اللہ کے سوا، کیا وہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں یا خود اپنی مدد کر سکتے ہیں؟ (کہ اپنے آپ کو دوزخ سے بچالیں)o

Besides Allah? Can they help you, or can they help themselves (to protect themselves from Hell)?'

فَكُبْكِبُوا فِيهَا هُمْ وَالْغَاوُونَ (94)

ترجمہ: سووہ (بت بھی) اس (دوزخ) میں اوندھے منہ گرادیے جائیں گے اور گمراہ لوگ (بھی)o

So into Hell will be thrown headlong (the idols as well as) the people who lost the straight road.

قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ (96)

ترجمہ: وہ (گمراہ لوگ) اس (دوزخ) میں باہم جھگڑا کرتے ہوئے کہیں گےo

Those (misguided people) will say whilst disputing amongst themselves (in the Hell):

تَاللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (97)

ترجمہ: اللہ کی قسم! ہم کھلی گمراہی میں تھےo

'By Allah, we were in manifest error,

إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ (98)

ترجمہ: جب ہم تمہیں سب جہانوں کے رب کے برابر ٹھہراتے تھےo

When we held you equal to the Lord of all the worlds.

وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ (99)

ترجمہ: اور ہم کو (ان) مجرموں کے سوا کسی نے گمراہ نہیں کیا o

And no other than (these) evildoers led us astray.

فَمَا لَنَا مِن شَافِعِينَ (100)

ترجمہ: سو (آج) نہ کوئی ہماری سفارش کرنے والا ہے o

So we do not have any intercessor (Today).

وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ (101)

ترجمہ: اور نہ کوئی گرم جوش دوست ہے o

Nor do we have any passionate friend.

فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (102)

ترجمہ: سو کاش ہمیں ایک بار (دنیا میں) پلٹنا (نصیب) ہو جاتا تو ہم مومن ہو جاتے o

Alas! If once we could have (a chance to) return (to the world), we would become believers.'

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (103)

ترجمہ: بے شک اس (واقعہ) میں (قدرتِ الٰہیہ کی) بڑی نشانی ہے، اور ان کے اکثر لوگ مومن نہ تھے o

Surely, in this (incident), there is a great sign (of Allah's Infinite Power). And most of them were not the believers.

سورۃ العنکبوت:

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِباً أَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكَافِرِينَ (68)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا حق کو جھٹلا دے جب وہ اس کے پاس آ پہنچے۔ کیا دوزخ میں کافروں کے لیے ٹھکانہ (مقرر) نہیں ہے o

And who can be more unjust than someone who fabricates a lie concerning Allah or belies the truth when it comes to him? Is there not an apartment in Hell (appointed) for the disbelievers?

سورۃ القمان:

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَى عَذَابِ السَّعِيرِ (21)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (کتاب) کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل فرمائی ہے تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اس (طریقہ) کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، اور اگرچہ شیطان انہیں عذابِ دوزخ کی طرف ہی بلاتا ہو o

And when it is said to them: 'Follow this Book which Allah has revealed,' they say: 'Nay, we shall follow (that) way which we found our fathers following,' even though Satan should be inviting them to the torment of Hell.

سورۃ السجدۃ:

وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلَكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ (13)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو ہم ہر نفس کو اس کی ہدایت (اَز خود ہی) عطا کر دیتے لیکن میری طرف سے (یہ) فرمان ثابت ہو چکا ہے کہ میں ضرور سب (منکر) جنّات اور انسانوں سے دوزخ کو بھر دوں گاo

And had We intended, We would have given guidance to every soul (Ourselves), but this command from Me has been confirmed: I will certainly fill Hell with all the (disbelieving) jinn and mankind.

فَذُوقُوا بِمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَذَا إِنَّا نَسِينَاكُمْ وَذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (14)

ترجمہ: پس (اب) تم مزہ چکھو کہ تم نے اپنے اس دن کی پیشی کو بھلا رکھا تھا، بے شک ہم نے تم کو بھلا دیا ہے اور اپنے ان اعمال کے بدلے جو تم کرتے رہے تھے دائمی عذاب چکھتے رہوo

So (now) savour the taste that you had forgotten your meeting of this Day. Surely, We have forgotten you. And enjoy the flavour of everlasting torment, a reward for your deeds which you used to do.

وَأَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوا فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا أُعِيْدُوا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (20)

ترجمہ: اور جو لوگ نافرمان ہوئے سو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ وہ جب بھی اس سے نکل بھاگنے کا ارادہ کریں گے تو اسی میں لوٹا دیے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ اِس آتشِ دوزخ کا عذاب چکھتے رہو جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

But as for those who disobeyed, their abode is Hell. Every time they will intend to get out of it and escape, they will be turned back into it and it will be said to them: 'Keep enjoying the taste of this Fire of Hell which you used to belie.'

سورۃ الاحزاب:

إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِيْنَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْراً (64)

ترجمہ: بے شک اللہ نے کافروں پر لعنت فرمائی ہے اور اُن کے لیے (دوزخ کی) بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہےo

Surely, Allah has cursed the disbelievers and readied for them the Blazing Fire (of Hell).

خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً لَّا يَجِدُونَ وَلِيّاً وَلَا نَصِيْراً (65)

ترجمہ: جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ نہ وہ کوئی حمایتی پائیں گے اور نہ مددگارo

They will dwell in it forever. They will find neither any caring friend nor any supporting helper.

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُونَ يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا (66)

ترجمہ: جس دن ان کے مُنہ آتشِ دوزخ میں (بار بار) الٹائے جائیں گے (تو) وہ کہیں گے: اے کاش! ہم نے اللہ کی اطاعت

کی ہوتی اور ہم نے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کی ہوتیo

On the Day when their faces will be (repeatedly) turned over in the Fire of Hell, they will say: 'Alas! Would that we had obeyed Allah and obeyed the Holy Messenger (blessings and peace be upon him)!'

سورۃ فاطر:

إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوهُ عَدُوّاً إِنَّمَا يَدْعُو حِزْبَهُ لِيَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيرِ (6)

ترجمہ: بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے سو تم بھی (اس کی مخالفت کی شکل میں) اسے دشمن ہی بنائے رکھو، وہ تو اپنے گروہ کو صرف اِس لیے بلاتا ہے کہ وہ دوزخیوں میں شامل ہو جائیںo

Assuredly, Satan is your enemy, so keep treating him as an enemy (being his adversary). He only calls his party to make them join the denizens of Hell.

وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَى عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُم مِّنْ عَذَابِهَا كَذَلِكَ نَجْزِي كُلَّ كَفُورٍ (36)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے، نہ ان پر (موت کا) فیصلہ کیا جائے گا کہ مر جائیں اور نہ ان سے عذاب میں سے کچھ کم کیا جائے گا، اسی طرح ہم ہر نافرمان کو بدلہ دیا کرتے ہیںo

And those who disbelieved, for them is the Fire of Hell. Neither will (death) be decreed for them that they should die, nor will anything of their torment be lessened. We pay back every disobedient person the same way.

وَهُمْ يَصْطَرِخُونَ فِيهَا رَبَّنَا أَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحاً غَيْرَ الَّذِي كُنَّا نَعْمَلُ أَوَلَمْ نُعَمِّرْكُم مَّا يَتَذَكَّرُ فِيهِ مَن تَذَكَّرَ وَجَاءكُمُ النَّذِيرُ فَذُوقُوا فَمَا لِلظَّالِمِينَ مِن نَّصِيرٍ (37)

ترجمہ: اور وہ اس دوزخ میں چلاّئیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں (یہاں سے) نکال دے، (اب) ہم نیک عمل کریں گے ان (اَعمال) سے مختلف جو ہم (پہلے) کیا کرتے تھے۔ (ارشاد ہوگا:) کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی کہ اس میں جو شخص نصیحت حاصل کرنا چاہتا، وہ سوچ سکتا تھا اور (پھر) تمہارے پاس ڈر سنانے والا بھی آ چکا تھا، پس اب (عذاب کا) مزہ چکھو سو ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہ ہوگاo

And they will howl in Hell: 'O our Lord, take us out (from here). We shall (now) do righteous works different from those (works) we used to do (before).' (Allah will say:) 'Did We not grant you long enough life during which whoever wanted to seek advice might reflect? And (moreover) the Warner too had come to you. So savour now the taste (of the torment), and there will be no helper for the wrongdoers.

سورۃ یٰس:

هَذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِیْ كُنتُمْ تُوعَدُونَ (63)

ترجمہ: یہ وہی دوزخ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا رہا ہےo

This is the same Hell that was being promised to you.

اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ (64)

ترجمہ: آج اس دوزخ میں داخل ہو جاؤ اس وجہ سے کہ تم کفر کرتے رہے تھےo

Enter this Hell Today, for you kept disbelieving.'

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَى أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (65)

ترجمہ: آج ہم اُن کے مونہوں پر مُہر لگا دیں گے اور اُن کے ہاتھ ہم سے باتیں کریں گے اور اُن کے پاؤں اُن اعمال کی گواہی دیں گے جو وہ کمایا کرتے تھےo

Today We shall seal their mouths, and their hands will speak to Us, and their feet will bear witness to the deeds which they used to earn.

وَمَنْ نُعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ أَفَلَا يَعْقِلُونَ (68)

ترجمہ: اور ہم جسے طویل عمر دیتے ہیں اسے قوت وطبیعت میں واپس (بچپن یا کمزوری کی طرف) پلٹا دیتے ہیں، پھر کیا وہ عقل نہیں رکھتےo

And someone whom We give long life, We cause him to degenerate (towards childhood and debility) in strength and disposition. So, do they not have sense?

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُم مِّمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَاماً فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ (71)

ترجمہ: کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اپنے دستِ قدرت سے بنائی ہوئی (مخلوق) میں سے اُن کے لیے چوپائے پیدا کیے تو وہ ان کے مالک ہیںo

Have they not seen that We created for them cattle out of the (creation) We made with Our Mighty Hand, so they are their owners?

وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ (72)

ترجمہ: اور ہم نے اُن (چوپایوں) کو ان کے تابع کر دیا سو ان میں سے کچھ تو اُن کی سواریاں ہیں اور ان میں سے بعض کو وہ کھاتے ہیںo

And We subjected those (cattle) to them. So some of them are their riding animals and they eat some of them.

وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ أَفَلَا يَشْكُرُونَ (73)

ترجمہ: اور ان میں ان کے لیے اور بھی فوائد ہیں اور مشروب ہیں، تو پھر وہ شکر ادا کیوں نہیں کرتےo

And there are other benefits and drinks in them as well for them. Then why do they not give thanks?

سورۃ الصافات:

مِن دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَى صِرَاطِ الْجَحِيمِ (23)

ترجمہ: اللہ کو چھوڑ کر، پھر ان سب کو دوزخ کی راہ پر لے چلو o

Besides Allah. Then take them to the path of Hell.

وَقِفُوهُمْ إِنَّهُم مَّسْئُولُونَ (24)

ترجمہ: اور انہیں (صراط کے پاس) روکو، اُن سے پوچھ گچھ ہوگی o

And halt them (near the passage); they shall be interrogated.'

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُونَ (25)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) تمہیں کیا ہوا تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے ؟ o

(It will be said to them:) 'What has happened to you that you do not help one another?'

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ (26)

ترجمہ: (وہ مدد کیا کریں گے) بلکہ آج تو وہ خود گردنیں جھکائے کھڑے ہوں گے o

(What help can they provide?) For, in truth, they will be standing bending their necks Today.

سورۃ ص:

هَذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ لَا مَرْحَباً بِهِمْ إِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ (59)

ترجمہ: (دوزخ کے داروغے یا پہلے سے موجود جہنمی کہیں گے:) یہ ایک (اور) فوج ہے جو تمہارے ساتھ (جہنم میں) گھستی چلی آ رہی ہے، انہیں کوئی خوش آمدید نہیں، بے شک وہ (بھی) دوزخ میں داخل ہونے والے ہیں o

(The Guards of Hell or the inmates of Hell already there will say:) 'This is an(other) army which is rushing into Hell along with you. There is no welcome for them. Surely, they (too) are about to enter Hell.'

قَالُوا بَلْ أَنتُمْ لَا مَرْحَباً بِكُمْ أَنتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا فَبِئْسَ الْقَرَارُ (60)

ترجمہ: وہ (آنے والے) کہیں گے: بلکہ تم ہی ہو کہ تمہیں کوئی فراخی نصیب نہ ہو، تم ہی نے یہ (کفر اور عذاب) ہمارے سامنے پیش کیا، سو (یہ) بری قرارگاہ ہے o

They (the arrivals) will say: 'In fact, it is you; may there be no reception for you! It is but you who brought us this (disbelief and torment). So (this) is an evil resting place.'

قَالُوا رَبَّنَا مَن قَدَّمَ لَنَا هَذَا فَزِدْهُ عَذَاباً ضِعْفاً فِي النَّارِ (61)

ترجمہ: وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! جس نے یہ (کفر یا عذاب) ہمارے لیے پیش کیا تھا تو اسے دوزخ میں دوگنا عذاب بڑھا دے o

They will say: 'O our Lord, the one who brought for us this (disbelief or torment), increase his torment in Hell twofold.'

وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُم مِّنَ الْأَشْرَارِ (62)

ترجمہ: اور وہ کہیں گے: ہمیں کیا ہو گیا ہے ہم (اُن) اشخاص کو (یہاں) نہیں دیکھتے جنہیں ہم برے لوگوں میں شمار کرتے تھےo

And they will say: 'What is the matter with us that we do not see (those) persons (here) we used to count amongst the evil people?'

أَتَّخَذْنَاهُمْ سِخْرِيًّا أَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ (63)

ترجمہ: کیا ہم ان کا (ناحق) مذاق اڑاتے تھے یا ہماری آنکھیں انہیں (پہچاننے) سے چوک گئی تھیں (یہ عمّار، خباب، صُہیب، بلال اور سلمان رضی اللہ عنہما جیسے فقراء اور درویش تھے)o

Did we use to scoff at them (unjustly) or did our eyes miss (to recognize) them? (These were the sold-to-God divines like 'Ammar, Khabab, Suhayb, Bilal and Salman, [may Allah be well pleased with all of them.])

إِنَّ ذَلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ (64)

ترجمہ: بے شک یہ اہلِ جہنم کا آپس میں جھگڑنا یقیناً حق ہےo

Surely, this mutual dispute of the inmates of Hell is true.

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ (84)

ترجمہ: ارشاد ہوا: پس حق (یہ) ہے اور میں حق ہی کہتا ہوںo

Allah said: 'So the truth is (this), and the truth I say,

لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنكَ وَمِمَّن تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ (85)

ترجمہ: کہ میں تجھ سے اور جو لوگ تیری (گستاخانہ سوچ کی) پیروی کریں گے اُن سب سے دوزخ کو بھر دوں گاo

That I will fill Hell with you and with all those who will follow your (denigrating mindset).'

سورۃ الزمر:

وَسِيقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَى جَهَنَّمَ زُمَراً حَتَّى إِذَا جَاؤُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنذِرُونَكُمْ لِقَاء يَوْمِكُمْ هَذَا قَالُوا بَلَى وَلَكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِينَ (71)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ دوزخ کی طرف گروہ در گروہ ہانکے جائیں گے، یہاں تک کہ جب وہ اُس (جہنم) کے پاس پہنچیں گے تو اُس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اس کے داروغے اُن سے کہیں گے: کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول نہیں آئے تھے جو تم پر تمہارے رب کی آیات پڑھ کر سناتے تھے اور تمہیں اِس دن کی پیشی سے ڈراتے تھے؟ وہ (دوزخی) کہیں گے: ہاں (آئے تھے)، لیکن کافروں پر فرمانِ عذاب ثابت ہو چکا ہوگاo

And those who have disbelieved will be driven to Hell in groups until, when they approach it (Hell), its gates will be opened and its keepers will say to them: 'Did Messengers not come to you from amongst yourselves who recited

to you the Verses of your Lord and warned you of this Day's appearance?' They (the inmates of Hell) will say: 'Yes, (they came).' But the command of torment will have been carried out against the disbelievers.

قِيْلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ **(72)**

ترجمہ: اُن سے کہا جائے گا: دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، (تم) اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو، سو غرور کرنے والوں کا ٹھکانا کتنا برا ہے o

It will be said to them: 'Enter the gates of Hell. (You) will live in it for ever. So how evil is the abode of the arrogant!'

سورۃ مومن:

وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ **(6)**

ترجمہ: اور اسی طرح آپ کے رب کا فرمان اُن لوگوں پر پورا ہو کر رہا جنہوں نے کفر کیا تھا بے شک وہ لوگ دوزخ والے ہیں o

That is how the judgment of your Lord was fulfilled against those who disbelieved. Surely, they are the inmates of Hell.

اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوا رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَعِلْماً فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ **(7)**

ترجمہ: جو (فرشتے) عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُس کے اِرد گرد ہیں وہ (سب) اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور اہلِ ایمان کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں (یہ عرض کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب! تو (اپنی) رحمت اور علم سے ہر شے کا احاطہ فرمائے ہوئے ہے، پس اُن لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیرے راستہ کی پیروی کی اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے o

The angels who are bearing the Throne and those who are around it, (all) glorify their Lord with His praise and believe in Him and pray for forgiveness of the believers (and submit): 'O our Lord, You encompass everything in (Your) mercy and knowledge. So forgive those who turn to You in repentance and follow Your path and protect them from the torment of Hell.

يَوْمَ لَا يَنفَعُ الظَّالِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ **(52)**

ترجمہ: جس دن ظالموں کو اُن کی معذرت فائدہ نہیں دے گی اور اُن کے لیے پھٹکار ہو گی اور اُن کے لیے (جہنّم کا) بُرا گھر ہو گا o

The Day when the excuse of the wrongdoers will not benefit them. And there will be the curse on them, and for them will be the evil home (in Hell).

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ **(60)**

ترجمہ: اور تمہارے رب نے فرمایا ہے: تم لوگ مجھ سے دعا کیا کرو میں ضرور قبول کروں گا، بے شک جو لوگ میری بندگی سے سرکشی کرتے ہیں وہ عنقریب دوزخ میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے o

And your Lord has said: 'Always pray to Me; I shall certainly grant your prayer.

Surely, those who turn away from My worship in defiance will soon enter Hell disgraced.'

ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِينَ (76)

ترجمہ: دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ تم اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو، سو غرور کرنے والوں کا ٹھکانا کتنا بُرا ہے o

Enter the gates of Hell. You will live in it forever. So how evil is the abode of the arrogant!

سورۃ حم السجدۃ:

وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاء اللَّهِ إِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوزَعُونَ (19)

ترجمہ: اور جس دن اللہ کے دشمنوں کو دوزخ کی طرف جمع کر کے لایا جائے گا پھر انہیں روک روک کر (اور ہانک کر) چلایا جائے گا o

And the Day when the enemies of Allah will be gathered and driven to Hell, they will be impeded (i.e., shepherded) and driven (forcefully),

حَتَّى إِذَا مَا جَاؤُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (20)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ دوزخ تک پہنچ جائیں گے تو اُن کے کان اور اُن کی آنکھیں اور اُن (کے جسموں) کی کھالیں اُن کے خلاف گواہی دیں گی اُن اعمال پر جو وہ کرتے رہے تھے o

Until, when they reach Hell, their ears, their eyes and their skins will bear witness against them concerning the works that they used to do.

وَذَلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنتُم بِرَبِّكُمْ أَرْدَاكُمْ فَأَصْبَحْتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ (23)

ترجمہ: اور تمہارا یہی گمان جو تم نے اپنے رب کے بارے میں قائم کیا، تمہیں ہلاک کر گیا سو تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئے o

Then they will say to their skins: 'Why did you bear witness against us?' They will say: 'Allah, Who gives speech to everything, has enabled us to speak. And He is the One Who created you the first time, and you will be returned to Him alone.'

فَإِن يَصْبِرُوا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ وَإِن يَسْتَعْتِبُوا فَمَا هُم مِّنَ الْمُعْتَبِينَ (24)

ترجمہ: اب اگر وہ صبر کریں تب بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور اگر وہ (توبہ کے ذریعے اللہ کی) رضا حاصل کرنا چاہیں تو بھی وہ رضا پانے والوں میں نہیں ہوں گے o

Now even if they keep patience, their abode is Hell; and if they seek to earn (Allah's) pleasure (by turning to Him in repentance), even then they will not be amongst those who attain to Allah's pleasure.

إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا أَفَمَن يُلْقَى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِي آمِناً يَوْمَ الْقِيَامَةِ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (40)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہماری آیتوں (کے معنی) میں صحیح راہ سے انحراف کرتے ہیں وہ ہم پر پوشیدہ نہیں ہیں، بھلا جو شخص آتشِ دوزخ میں جھونک دیا جائے (وہ) بہتر ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن (عذاب سے) محفوظ و مامون ہو کر آئے، تم جو چاہو کرو، بے شک جو کام تم کرتے ہو وہ خوب دیکھنے والا ہےo

Verily, those who turn away from the straight path with regard to (the meanings of) Our Verses are not hidden from Us. Then, is he who is thrown into the Fire of Hell better, or someone who comes safe and secure (from the torment) on the Day of Resurrection? Do as you wish. Surely, He sees all that you do.

سورۃ الشوریٰ:

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآناً عَرَبِيّاً لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ فَرِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ (7)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی زبان میں قرآن کی وحی کی تاکہ آپ مکّہ والوں کو اور اُن لوگوں کو جو اِس کے اِرد گرد رہتے ہیں ڈر سنا سکیں، اور آپ جمع ہونے کے اُس دن کا خوف دلائیں جس میں کوئی شک نہیں ہے۔ (اُس دن) ایک گروہ جنت میں ہوگا اور دوسرا گروہ دوزخ میں ہوگاo

And likewise, We have revealed to you the Holy Qur'an in the Arabic language so that you may warn the residents of Mecca and its suburbs, and that you may warn them of the Day of Assembly about which there is no doubt. (On that Day) one party will be in Paradise and the other in Hell.

وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ وَقَالَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ (45)

ترجمہ: اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ پر ذلّت اور خوف کے ساتھ سر جھکائے ہوئے پیش کیے جائیں گے (اسے چوری چوری) چھپی نگاہوں سے دیکھتے ہوں گے، اور ایمان والے کہیں گے: بے شک نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو اور اپنے اہل و عیال کو قیامت کے دن خسارے میں ڈال دیا، یاد رکھو! بے شک ظالم لوگ دائمی عذاب میں (مبتلا) رہیں گےo

And you will see them brought to Hell with their heads bent with disgrace and fear, looking at it covertly (with a stealthy glance) and the believers will say: 'Surely, the losers are those who put their own souls and their families into loss on the Day of Rising. Remember! Indeed, the wrongdoers will remain in (the agony of) a lasting torment.

سورۃ الزخرف:

إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ (74)

ترجمہ: بے شک مجرم لوگ دوزخ کے عذاب میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

Indeed, the sinners will live forever in the torment of Hell,

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ (75)

ترجمہ: جو اُن سے ہلکا نہیں کیا جائے گا اور وہ اس میں ناامید ہو کر پڑے رہیں گےo

Which will never be decreased for them, and they will be lying there in endless despair.

وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَكِن كَانُوا هُمُ الظَّالِمِينَ (76)

ترجمہ: اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی ظلم کرنے والے تھےo

And We have not wronged them, but they were themselves the wrongdoers.

وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ (77)

ترجمہ: اور وہ (داروغۂ جہنّم کو) پکاریں گے: اے مالک! آپ کا رب ہمیں موت دے دے (تو اچھا ہے)۔ وہ کہے گا کہ تم (اب اِسی حال میں ہی) ہمیشہ رہنے والے ہوo

And they will cry out (to the guard of Hell): 'O master, (better it is if) your Lord causes us to die.' He will say: '(Now) you will live (in the same plight) forever.

سورۃ الدخان:

إِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّومِ (43)

ترجمہ: بے شک کانٹے دار پھل کا درختo

Indeed, the tree bearing thorny fruit,

طَعَامُ الْأَثِيمِ (44)

ترجمہ: بڑے نافرمانوں کا کھانا ہوگاo

Will be the food of the major sinners.

كَالْمُهْلِ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ (45)

ترجمہ: پگھلے ہوئے تانبے کی طرح وہ پیٹوں میں کھولے گاo

It will boil in the bellies like molten copper,

كَغَلْيِ الْحَمِيمِ (46)

ترجمہ: کھولتے ہوئے پانی کے جوش کی مانندo

Like the seething of simmering water.

خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ إِلَى سَوَاءِ الْجَحِيمِ (47)

ترجمہ: (حکم ہوگا:) اس کو پکڑ لو اور دوزخ کے وسط تک اسے زور سے گھسیٹتے ہوئے لے جاؤ o

(It will be commanded:) 'Seize him and drag him forcefully to the midst of Hell,

ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ **(48)**

ترجمہ: پھر اِس کے سَر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب ڈالو o

Then torment him by pouring boiling water over his head.

ذُقْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ **(49)**

ترجمہ: مَزہ چکھ لے، ہاں تُو ہی (اپنے گمان اور دعوٰی میں) بڑا معزّز و مکرّم ہے o

Taste it! Yes, you it is, the respectable and venerable (in your notion and claim).

إِنَّ هَذَا مَا كُنتُم بِهِ تَمْتَرُونَ **(50)**

ترجمہ: بے شک یہ وہی (دوزخ) ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے o

Certainly, this is the very Hell you used to doubt.'

سورۃ الجاثیۃ:

مِن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِي عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْئاً وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاء وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ **(10)**

ترجمہ: اُن کے (اس عرصۂ حیات کے) بعد دوزخ ہے اور جو (مالِ دنیا) انہوں نے کمار کھا ہے اُن کے کچھ کام نہیں آئے گا اور نہ وہ بت (ہی کام آئیں گے) جنہیں اللہ کے سوا انہوں نے کارساز بنا رکھا ہے، اور اُن کے لیے بہت سخت عذاب ہے o

Beyond (their current term of life), there is Hell. And (the worldly riches) which they have earned will be of no use to them. Nor will those idols be (of any benefit) that they have made guardians instead of Allah. And there is a very severe torment for them.

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاء يَوْمِكُمْ هَذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ **(34)**

ترجمہ: اور (اُن سے) کہا جائے گا: آج ہم تمہیں بھلائے دیتے ہیں جس طرح تم نے اپنے اِس دن کی پیشی کو بھلا دیا تھا اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور تمہارے لیے کوئی بھی مددگار نہ ہوگا o

And it will be said (to them): 'Today We forget you as you forgot your Meeting on this Day. And Hell is your abode and there will be no helper for you.

ذَلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُواً وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ **(35)**

ترجمہ: یہ اس وجہ سے (ہے) کہ تم نے اللہ کی آیتوں کو مذاق بنا رکھا تھا اور دنیوی زندگی نے تمہیں دھوکہ میں ڈال دیا تھا، سو آج نہ تو وہ اُس (دوزخ) سے نکالے جائیں گے اور نہ اُن سے توبہ کے ذریعے (اللہ کی) رضا جوئی قبول کی جائے گی o

That (is) so because you made fun of Allah's Revelations, and the worldly life deceived you.' So Today neither will they be taken out of that (Hell), nor will there be accepted from them any attempt to seek (Allah's) pleasure by means of repentance.

سورۃ الاحقاف:

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُوا وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (19)

ترجمہ: اور سب کے لیے ان (نیک و بد) اعمال کی وجہ سے جو انہوں نے کیے (جنت و دوزخ میں الگ الگ) درجات مقرر ہیں تاکہ (اللہ) ان کو ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دے اور ان پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا o

And the ranks (in Paradise and Hell) are allocated for all (separately) according to the (good and evil) deeds which they do, so that (Allah) pays them back in full for their actions and they will not be wronged at all.

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِينَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَذَا بِالْحَقِّ قَالُوا بَلَى وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ (34)

ترجمہ: اور جس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا آتشِ دوزخ کے سامنے پیش کیے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا:) کیا یہ (عذاب) برحق نہیں ہے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! ہمارے رب کی قسم (برحق ہے)، ارشاد ہوگا: پھر عذاب کا مزہ چکھو جس کا تم انکار کیا کرتے تھے o

And the Day when the disbelievers will be brought to the Fire (it will be said to them:) 'Is this (punishment) not based on the truth?' They will say: 'Yes, of course! By our Lord (it is true).' (Allah) will say: 'Then taste the punishment you used to deny.'

سورۃ محمد:

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ (12)

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور جن لوگوں نے کفر کیا اور (دنیوی) فائدے اٹھا رہے ہیں اور (اس طرح) کھا رہے ہیں جیسے چوپائے (جانور) کھاتے ہیں سو دوزخ ہی ان کا ٹھکانا ہے o

Surely, those who believe and do pious works, Allah will admit them to Gardens with streams flowing under them, and those who disbelieve and are enjoying (worldly) gains and eat as cattle (animals) do, so Hell alone will be their abode.

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِّن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَاءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ (15)

ترجمہ: جس جنّت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی صفت یہ ہے کہ اس میں (ایسے) پانی کی نہریں ہوں گی جس میں کبھی (بو یا رنگت کا) تغیّر نہ آئے گا، اور (اس میں ایسے) دودھ کی نہریں ہوں گی جس کا ذائقہ اور مزہ کبھی نہ بدلے گا، اور (ایسے) شرابِ (طہور) کی نہریں ہوں گی جو پینے والوں کے لیے سراسر لذّت ہے، اور خوب صاف کیے ہوئے شہد کی نہریں ہوں گی، اور ان کے

لیے اس میں ہر قسم کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی جانب سے (ہر طرح کی) بخشائش ہوگی، (کیا یہ پرہیزگار) ان لوگوں کی طرح ہوسکتا ہے جو ہمیشہ دوزخ میں رہنے والے ہیں اور جنہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا تو وہ ان کی آنتوں کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا○

A feature of the Paradise which is promised to the Godfearing is that therein are streams of (such) water as will never putrefy (in smell or colour), and (in it) will be streams of milk whose taste and flavour will never change, and streams of (such a pure) wine that is an absolute delight for all who drink it and streams of purified honey; and (in it) will be fruits of every kind (for them) and forgiveness (of every sort) from their Lord. Can this (pious man) be like those who are permanent residents of Hell and who will be given scalding water to drink which will cut their gut into pieces?

سورۃ الفتح:

وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ الظَّانِّينَ بِاللَّهِ ظَنَّ السَّوْءِ عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ وَسَاءتْ مَصِيراً **(6)**

ترجمہ: اور (اس لیے بھی کہ ان) منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے جو اللہ کے ساتھ بُری بدگمانیاں رکھتے ہیں، انہی پر بُری گردش (مقرر) ہے، اور ان پر اللہ نے غضب فرمایا اور ان پر لعنت فرمائی اور ان کے لیے دوزخ تیار کی، اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے○

And (so that) He may punish the hypocritical men and women and the polytheistic men and women who entertain evil assumptions about Allah. For them is (predestined) an evil turn of fortune. And Allah has afflicted them with His wrath, has cursed them and has prepared for them Hell. And that is a very evil resting place.

وَمَن لَّمْ يُؤْمِن بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَعِيراً **(13)**

ترجمہ: اور جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان نہ لائے تو ہم نے کافروں کے لیے دوزخ تیار کر رکھی ہے○

And whoever does not believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), then We have prepared Hell for the disbelievers.

سورۃ ق:

أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ **(24)**

ترجمہ: (حکم ہوگا): پس تم دونوں (ایسے) ہر ناشکر گزار سرکش کو دوزخ میں ڈال دو○

(It will be commanded:) 'Both of you hurl into Hell every (such) ungrateful rebel,

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيبٍ **(25)**

ترجمہ: جو نیکی سے روکنے والا ہے، حد سے بڑھ جانے والا ہے، شک کرنے اور ڈالنے والا ہےo

That hinders from good, exceeds the limits, doubts and puts into doubt,

الَّذِیْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهاً آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِیْ الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ (26)

ترجمہ: جس نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود ٹھہرا رکھا تھا سو تم اسے سخت عذاب میں ڈال دوo

That had set up another god besides Allah. So hurl him into a fierce torment.'

يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِن مَّزِيْدٍ (30)

ترجمہ: اس دن ہم دوزخ سے فرمائیں گے: کیا تو بھر گئی ہے؟ اور وہ کہے گی: کیا کچھ اور زیادہ بھی ہےo

That Day We shall ask Hell: 'Are you filled up?' And it will say: 'Is there any more?'

سورۃ الذاریات:

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ (13)

ترجمہ: (فرما دیجیے:) اُس دن (ہوگا جب) وہ آتشِ دوزخ میں تپائے جائیں گےo

(Say:) 'The Day (when) they will be roasted in the Fire of Hell.'

ذُوقُوا فِتْنَتَكُمْ هَذَا الَّذِیْ كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ (14)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) اپنی سزا کا مزہ چکھو، یہی وہ عذاب ہے جسے تم جلدی مانگتے ہوo

(It will be said to them:) 'Relish your punishment. It is this punishment which you seek to hasten.'

سورۃ الطّور:

هَذِهِ النَّارُ الَّتِیْ كُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ (14)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) یہ ہے وہ جہنّم کی آگ جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said to them:) 'This is the Fire of Hell you used to belie.

أَفَسِحْرٌ هَذَا أَمْ أَنتُمْ لَا تُبْصِرُونَ (15)

ترجمہ: سو کیا یہ جادو ہے یا تمہیں دکھائی نہیں دیتاo

So is it magic, or do you not see?

اصْلَوْهَا فَاصْبِرُوا أَوْ لَا تَصْبِرُوا سَوَاء عَلَيْكُمْ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (16)

ترجمہ: اس میں داخل ہو جاؤ، پھر تم صبر کرو یا صبر نہ کرو، تم پر برابر ہے، تمہیں صرف انہی کاموں کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے رہے تھےo

Enter it. Then it is all the same for you whether you observe patience, or you do not observe patience. You will be paid only for those deeds which you used to do.'

سورۃ القمر:

إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي ضَلَالٍ وَسُعُرٍ (47)

ترجمہ: بے شک مجرم لوگ گمراہی اور دیوانگی (یا آگ کی لپیٹ) میں ہیں o

Assuredly, the evildoers are in (the fold of) error and insanity (or Fire).

يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ (48)

ترجمہ: جس دن وہ لوگ اپنے مُنہ کے بل دوزخ میں گھسیٹے جائیں گے (تو اُن سے کہا جائے گا:) آگ میں جلنے کا مزہ چکھو o

The Day when they will be dragged into Hell on their faces (it will be said to them:) 'Taste burning in Hell.'

سورۃ الرحمٰن:

هَذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ (43)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) یہی ہے وہ دوزخ جسے مجرم لوگ جھٹلایا کرتے تھے o

(It will be said to them:) 'It is this Hell which the evildoers used to deny.'

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ (44)

ترجمہ: وہ اُس (دوزخ) میں اور کھولتے گرم پانی میں گھومتے پھریں گے o

They will move about in that (Hell) and in the boiling hot water.

سورۃ الواقعۃ:

وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ (41)

ترجمہ: اور بائیں جانب والے، کیا (ہی برے لوگ) ہیں بائیں جانب والے o

And those of the Left Hand; what (an evil people) on the Left Hand are!

فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ (42)

ترجمہ: جو دوزخ کی سخت گرم ہوا اور کھولتے ہوئے پانی میں o

They will be amid fierce, hot wind of Hell and simmering water,

وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ (43)

ترجمہ: اور سیاہ دھویں کے سایے میں ہوں گے o

And under the shadow of black smoke.

لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ (44)

ترجمہ: جو نہ (کبھی) ٹھنڈا ہوگا اور نہ فرحت بخش ہوگا o

That will neither (ever) cool nor be pleasing.

إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ (45)

ترجمہ: بے شک وہ (اہلِ دوزخ) اس سے پہلے (دنیا میں) خوش حال رہ چکے تھے o

No doubt, these (inmates of Hell) lived luxuriously before this (in the world),

وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنثِ الْعَظِيمِ (46)

ترجمہ: اور وہ گناہِ عظیم (یعنی کفر و شرک) پر اصرار کیا کرتے تھےo

And obstinately persisted in great sin (of denying Allah and setting up partners with Him).

وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ (47)

ترجمہ: اور کہا کرتے تھے کہ کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم خاک (کا ڈھیر) اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم (پھر زندہ کر کے) اٹھائے جائیں گےo

And they used to say: 'When we are dead and become (a heap of) dust and (decomposed bones), shall we then be raised up (alive again)?

أَوَ آبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ (48)

ترجمہ: اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (زندہ کیے جائیں گے)o

And shall our ancestors too (be given life)?'

قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ (49)

ترجمہ: آپ فرما دیں: بے شک اگلے اور پچھلےo

Say: 'Indeed, the earlier and the later,

لَمَجْمُوعُونَ إِلَى مِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ (50)

ترجمہ: (سب کے سب) ایک معیّن دِن کے مقرّرہ وقت پر جمع کیے جائیں گےo

(All of them) will be gathered together on a fixed Hour of an appointed Day.

ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ (51)

ترجمہ: پھر بے شک تم لوگ اے گمراہو! جھٹلانے والوo

Then surely, O strayed people, deniers,

لَآكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ (52)

ترجمہ: تم ضرور کانٹے دار (تھوہڑ کے) درخت سے کھانے والے ہوo

You will certainly eat of thorny (cactus) tree,

فَمَالِؤُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ (53)

ترجمہ: سو اُس سے اپنے پیٹ بھرنے والے ہوo

And will fill your stomachs with it.

فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ (54)

ترجمہ: پھر اُس پر سخت کھولتا پانی پینے والے ہوo

And (you) will drink boiling water over it,

فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ (55)

ترجمہ: پس تم سخت پیاسے اونٹ کے پینے کی طرح پینے والے ہوo

Drinking as a thirst-stricken camel drinks.'

هَذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ (56)

ترجمہ: یہ قیامت کے دِن اُن کی ضیافت ہوگیo

This will be their feast on the Day of Resurrection.

وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ الضَّالِّينَ (92)

ترجمہ: اور اگر وہ (مرنے والا) جھٹلانے والے گمراہوں میں سے تھاo

But if he (who died) was of the strayed beliers,

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيمٍ (93)

ترجمہ: تو (اس کی) سخت کھولتے ہوئے پانی سے ضیافت ہوگیo

Then he will be entertained with scalding, boiling water.

وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ (94)

ترجمہ: اور (اس کا انجام) دوزخ میں داخل کر دیا جانا ہےo

And his (end) is the admission to Hell.

سورۃ الحدید:

فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مَأْوَاكُمُ النَّارُ هِيَ مَوْلَاكُمْ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ (15)

ترجمہ: پس آج کے دن (اے منافقو!) تم سے کوئی معاوضہ قبول نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی اُن سے جنھوں نے کفر کیا تھا اور تم (سب) کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور یہی (ٹھکانا) تمہارا مولا (یعنی ساتھی) ہے، اور وہ نہایت بری جگہ ہے (کیونکہ تم نے اُن کو مولا ماننے سے انکار کر دیا تھا جہاں سے تمہیں نورِ ایمان اور بخشش کی خیرات ملنی تھے)o

So Today, (O hypocrites,) no recompense will be accepted from you or from those who disbelieved. Hell is the abode for you (all). And it is this (abode) which is your mawla (companion). And quite an evil resort is that (because you denied accepting those as mawla from whom the charity of the light of faith and forgiveness is obtained).

وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ أُولَئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ وَالشُّهَدَاء عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ (19)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں، اُن کے لیے اُن کا اجر (بھی) ہے اور ان کا نور (بھی) ہے، اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیں o

And those who believe in Allah and His Messengers are al-siddiqun (the champions of truth) and al-shuhada' (the faithful witnesses) in the sight of

their Lord. For them is their reward and their light (as well), and those who disbelieved and denied Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell.

سورۃ المجادلۃ:

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَى ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَإِذَا جَاؤُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمَصِيرُ (8)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشیوں سے منع کیا گیا تھا پھر وہ لوگ وہی کام کرنے لگے جس سے روکے گئے تھے اور وہ گناہ اور سرکشی اور نافرمانیٔ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے متعلق سرگوشیاں کرتے ہیں اور جب آپ کے پاس حاضر ہوتے ہیں تو آپ کو اُن (نازیبا) کلمات کے ساتھ سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں فرمایا اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ (اگر یہ رسول سچے ہیں تو) اللہ ہمیں اِن (باتوں) پر عذاب کیوں نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں؟ انہیں دوزخ (کا عذاب) ہی کافی ہے، وہ اسی میں داخل ہوں گے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

Have you not seen those who were forbidden to whisper? Then they started doing the same that they were forbidden to do. And they whisper about sin and revolt and disobedience to the (Holy) Messenger (blessings and peace be upon him), and when they come to your presence, they greet you with the (unbecoming) words with which Allah has not greeted you and say in their hearts: '(If this Messenger [blessings and peace be upon him] is truthful then) why does Allah not punish us for what we say?' (The punishment of) Hell is sufficient for them. They will enter it and it is an extremely evil abode.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ تَوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِم مَّا هُم مِّنكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (14)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسی جماعت کے ساتھ دوستی رکھتے ہیں جن پر اللہ نے غضب فرمایا، نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ اُن میں سے ہیں اور جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں حالاں کہ وہ جانتے ہیںo

Have you not seen those who make friends with such a party upon whom Allah sent wrath? They are neither of you nor of them and they take false oaths whilst they know.

أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَاباً شَدِيداً إِنَّهُمْ سَاء مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (15)

ترجمہ: اللہ نے اُن کے لیے سخت عذاب تیار فرما رکھا ہے، بے شک وہ برا (کام) ہے جو وہ کر رہے ہیںo

Allah has prepared for them severe punishment. Indeed, it is an evil (work) that they are doing.

اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ (16)

ترجمہ: انہوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے سو وہ (دوسروں کو) راہِ خدا سے روکتے ہیں، پس اُن کے لیے ذِلّت انگیز عذاب ہےo

They have made their (false) oaths a shield. So they hinder (others) from the way of Allah. Consequently, there is a humiliating punishment for them.

لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئاً أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ **(17)**

ترجمہ: اللہ (کے عذاب) سے ہرگز نہ ہی اُن کے مال انہیں بچا سکیں گے اور نہ اُن کی اولاد ہی (انہیں بچا سکے گی)، یہی لوگ اہلِ دوزخ ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں o

Neither their wealth nor their children will ever be able to save them from (the punishment of) Allah. It is they who are the inmates of Hell. They will live in it forever.

سورۃ التغابن:

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ **(10)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیں (جو) اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے o

And those who disbelieve and reject Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell, its permanent residents. And what an evil abode that is!

سورۃ التحریم:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ **(9)**

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) آپ (ان) کافروں اور منافقوں سے جہاد کیجیے (جنہوں نے آپ کے خلاف جارحیت، فتنہ و فساد اور سازشوں کا آغاز کر رکھا ہے) اور اُن پر سختی فرمائیے، اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے o

O (Esteemed) Prophet! Strive hard against the disbelievers and the hypocrites (who have initiated militancy, aggression, mischief and intrigues against you) and treat them strictly. And their abode is Hell. And what an evil abode that is!

سورۃ الملک:

وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ **(6)**

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا اِنکار کیا دوزخ کا عذاب ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے o

And for those who have denied their Lord is the torment of Hell. And what an evil abode it is!

إِذَا أُلْقُوا فِيْهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيْقاً وَهِيَ تَفُورُ **(7)**

ترجمہ: جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی خوف ناک آواز سنیں گے اور وہ (آگ) جوش مار رہی ہوگی o

When they will be flung into it, they will hear its horrifying roar. And that (Fire) will be boiling (with rage),

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيْرٌ **(8)**

ترجمہ: گویا (ابھی) شدتِ غضب سے پھٹ کر پارہ پارہ ہو جائے گی، جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو اس کے داروغے ان سے پوچھیں گے: کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تھاo

As if it is about to burst into pieces with intense wrath. When a group will be cast into it, its guards will ask them: 'Did no Warner come to you?'

قَالُوا بَلَى قَدْ جَاءنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ (9)

ترجمہ: وہ کہیں گے: کیوں نہیں! بے شک ہمارے پاس ڈر سنانے والا آیا تھا تو ہم نے جھٹلا دیا اور ہم نے کہا کہ اللہ نے کوئی چیز نازل نہیں کی، تم تو محض بڑی گمراہی میں (پڑے ہوئے) ہوo

They will say: 'Yes indeed! A Warner did come to us, but we rejected him and said: Allah has not sent down anything. You are just in great error.'

وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ (10)

ترجمہ: اور کہیں گے: اگر ہم (حق کو) سنتے یا سمجھتے ہوتے تو ہم (آج) اہلِ جہنم میں (شامل) نہ ہوتےo

And they will say: 'Had we listened to or understood (the truth), we would not have been (put) amongst the inmates of Hell (Today).'

فَاعْتَرَفُوا بِذَنبِهِمْ فَسُحْقاً لِّأَصْحَابِ السَّعِيرِ (11)

ترجمہ: پس وہ اپنے گناہ کا اِعتراف کر لیں گے، سو دوزخ والوں کے لیے (رحمتِ الٰہی سے) دُوری (مقرر) ہےo

Then they will confess their sin. So remoteness for the inmates of Hell (from Allah's mercy) is (destined).

سورۃ الحاقۃ:

كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئاً بِمَا أَسْلَفْتُمْ فِي الْأَيَّامِ الْخَالِيَةِ (24)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) خوب لطف اندوزی کے ساتھ کھاؤ اور پیو اُن (اَعمال) کے بدلے جو تم گزشتہ (زندگی کے) اَیام میں آگے بھیج چکے تھےo

(It will be said to them:) 'Eat and drink rejoicing, in recompense of (your deeds) that you had sent forward during the days of your past (life).'

وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ فَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُوتَ كِتَابِيَهْ (25)

ترجمہ: اور وہ شخص جس کا نامۂ اَعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا تو وہ کہے گا: ہائے کاش! مجھے میرا نامۂ اَعمال نہ دیا گیا ہوتاo

And as for him who will be given his record in his left hand, he will say: 'Would that I had not been given my record!

وَلَمْ أَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ (26)

ترجمہ: اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہےo

And would that I had not known about my account!

يَا لَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ (27)

ترجمہ: ہائے کاش! وُہی (موت) کام تمام کر چکی ہوتیo

Alas! Would that (death) had settled my affair once and for all!

مَا أَغْنَى عَنِّيْ مَالِيَهْ (28)

ترجمہ: (آج) میرا مال مجھ سے (عذاب کو) کچھ بھی دور نہ کر سکاo

Today my wealth has not been able to keep (the torment) away from me even a little.

هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطَانِيَهْ (29)

ترجمہ: مجھ سے میری قوت وسلطنت (بھی) جاتی رہیo

My power and domain have (also) gone from me.'

خُذُوهُ فَغُلُّوهُ (30)

ترجمہ: (حکم ہوگا:) اسے پکڑ لو اور اسے طوق پہنا دوo

(It will be commanded:) 'Seize him and put him in neck-fetter.

ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوهُ (31)

ترجمہ: پھر اسے دوزخ میں جھونک دوo

Then cast him into Hell.

ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعاً فَاسْلُكُوهُ (32)

ترجمہ: پھر ایک زنجیر میں جس کی لمبائی ستر گز ہے اسے جکڑ دوo

Then bind him tightly in a seventy yard long chain.

إِنَّهُ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيْمِ (33)

ترجمہ: بے شک یہ بڑی عظمت والے اللہ پر ایمان نہیں رکھتا تھاo

Verily, he did not believe in Allah, the Lord of Majesty.

وَلَا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ (34)

ترجمہ: اور نہ محتاج کو کھانا کھلانے پر رغبت دلاتا تھاo

Nor did he urge the feeding of the poor.

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيْمٌ (35)

ترجمہ: سو آج کے دن نہ اس کا کوئی گرم جوش دوست ہےo

So Today he does not have any warm friend.

وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ (36)

ترجمہ: اور نہ پیپ کے سوا (اُس کے لیے) کوئی کھانا ہےo

Nor has he anything to eat except filthy pus,

لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِؤُونَ (37)

ترجمہ: جسے گنہگاروں کے سوا کوئی نہ کھائے گاo

That no one will eat except the sinners.'

سورۃ المعارج:

كَلَّا إِنَّهَا لَظَى (15)

ترجمہ: ایسا ہرگز نہ ہوگا، بے شک وہ شعلہ زن آگ ہےo

But no! By no means! Surely, that is a Flaming Fire,

نَزَّاعَةً لِّلشَّوَى (16)

ترجمہ: سر اور تمام اَعضائے بدن کی کھال اتار دینے والی ہےo

Stripping off the skin of all the limbs and the scalp.

تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّى (17)

ترجمہ: وہ اُسے بلا رہی ہے جس نے (حق سے) پیٹھ پھیری اور رُوگردانی کیo

It is calling him who turned his back (on the truth) and turned away,

سورۃ الجن:

إِلَّا بَلَاغاً مِّنَ اللَّهِ وَرِسَالَاتِهِ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً (23)

ترجمہ: مگر اللہ کی جانب سے اَحکامات اور اُس کے پیغامات کا پہنچانا (میری ذِمّہ داری ہے)، اور جو کوئی اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کرے تو بے شک اُس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گےo

But (my responsibility is) to communicate from Allah His commands and messages. And whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), surely there is for him the Fire of Hell in which they will live forever.'

حَتَّى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ أَضْعَفُ نَاصِراً وَأَقَلُّ عَدَداً (24)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب یہ لوگ وہ (عذاب) دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے تو (اُس وقت) انہیں معلوم ہوگا کہ کون مددگار کے اعتبار سے کمزور تر اور عدد کے اِعتبار سے کم تر ہےo

Until, when they will see that torment which is being promised to them, (then) they will come to know who is weaker in helpers and fewer in numbers.

سورۃ المدثر:

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ (30)

ترجمہ: اس پر اُنیس (19 فرشتے داروغے مقرر) ہیںo

There are nineteen (angels appointed as guards) over it.

وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ آمَنُوا إِيْمَاناً وَلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِهَذَا مَثَلاً كَذَلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِيْ مَن يَشَاءُ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَى لِلْبَشَرِ (31)

ترجمہ: اور ہم نے دوزخ کے داروغے صرف فرشتے ہی مقرر کیے ہیں اور ہم نے ان کی گنتی کافروں کے لیے محض آزمائش کے طور پر مقرر کی ہے تاکہ اہلِ کتاب یقین کر لیں (کہ قرآن اور نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہے کیونکہ ان کی کتب میں بھی یہی تعداد بیان کی گئی تھی) اور اہلِ ایمان کا ایمان (اس تصدیق سے) مزید بڑھ جائے، اور اہلِ کتاب اور مومنین (اس کی حقانیت میں) شک نہ کر سکیں، اور تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور کفار یہ کہیں کہ اس (تعداد کی) مثال سے اللہ کی مراد کیا ہے؟ اسی طرح اللہ (ایک ہی بات سے) جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ (دوزخ کا بیان) اِنسان کی نصیحت کے لیے ہی ہے o

And We have appointed only angels as guards of Hell. And We have fixed their number only as a trial for the disbelievers so that the People of the Book may believe with certitude (that the Qur'an and the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] is a truth because the same number was given in their scriptures as well), and that the faith of the believers may further be strengthened (with this confirmation), and that the People of the Book and the believers may not doubt (its veracity), and that those having a disease (of hypocrisy) in their hearts and the disbelievers may say: 'What does Allah intend by this example (of number)?' In this way, Allah holds astray whom He wills, and guides aright whom He wills (with the same stroke). And no one knows the armies of your Lord except Him. And this (description of Hell is nothing else) but an admonition to mankind.

كَلَّا وَالْقَمَرِ (32)

ترجمہ: ہاں، چاند کی قسم (جس کا گھٹنا، بڑھنا اور غائب ہو جانا گواہی ہے) o

Yes! By the moon (whose increase, decrease and disappearance is evidence),

وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ (33)

ترجمہ: اور رات کی قسم جب وہ پیٹھ پھیر کر رخصت ہونے لگے o

And by the night when it backs away to depart,

وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ (34)

ترجمہ: اور صبح کی قسم جب وہ روشن ہو جائے o

And by the morning when it brightens,

إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ (35)

ترجمہ: بے شک یہ (دوزخ) بہت بڑی آفتوں میں سے ایک ہے o

Surely, this (Hell) is one of the greatest calamities.

نَذِيراً لِّلْبَشَرِ (36)

ترجمہ: انسان کو ڈرانے والی ہےo

It is a warning to mankind,

لِمَن شَاء مِنكُمْ أَن يَتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ (37)

ترجمہ: (یعنی) اس شخص کے لیے جو تم میں سے (نیکی میں) آگے بڑھنا چاہے یا جو (بدی میں پھنس کر) پیچھے رہ جائےo

For any of you who seeks to advance forward (in piety) or who lags behind (trapped in evil);

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ (38)

ترجمہ: ہر شخص اُن (اَعمال) کے بدلے جو اُس نے کمار کھے ہیں گروی ہےo

Everyone is held in pledge for (the deeds) that he has earned,

سورۃ المرسلات:

انطَلِقُوا إِلَى مَا كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (29)

ترجمہ: (اب) تم اس (عذاب) کی طرف چلو جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

(Now) move on to that (torment) which you used to deny.

انطَلِقُوا إِلَى ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ شُعَبٍ (30)

ترجمہ: تم (دوزخ کے دھویں پر مبنی) اس سائے کی طرف چلو جس کے تین حصے ہیںo

Proceed towards that shadow (of the smoke of Hell) that forks into three columns,

لَا ظَلِيلٍ وَلَا يُغْنِي مِنَ اللَّهَبِ (31)

ترجمہ: جو نہ (تو) ٹھنڈا سایہ ہے اور نہ ہی آگ کی تپش سے بچانے والا ہےo

A shadow which is neither cool nor protecting against the heat of Fire.

إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ (32)

ترجمہ: بے شک وہ (دوزخ) اونچے محل کی طرح (بڑے بڑے) شعلے اور چنگاریاں اڑاتی ہےo

Indeed, that (Hell) throws up sparks and flames (huge) as a lofty palace.

كَأَنَّهُ جِمَالَتٌ صُفْرٌ (33)

ترجمہ: (یوں بھی لگتا ہے) گویا وہ (چنگاریاں) زرد رنگ والے اونٹ ہیںo

(It also appears) as if those (sparks) are yellow camels.

سورۃ النبا:

إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَاداً (21)

ترجمہ: بے شک دوزخ ایک گھات ہےo

Surely, Hell is a place of ambush.

لِلطَّاغِيْنَ مَآباً (22)

ترجمہ: (وہ) سرکشوں کا ٹھکانا ہےo

(That) is the abode of rebels.

لَابِثِيْنَ فِيْهَا أَحْقَاباً (23)

ترجمہ: وہ ختم نہ ہونے والی پے در پے مدتیں اسی میں پڑے رہیں گےo

They will abide there for recurrent, infinite periods.

لَّا يَذُوقُونَ فِيْهَا بَرْداً وَلَا شَرَاباً (24)

ترجمہ: نہ وہ اس میں (کسی قسم کی) ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور نہ کسی پینے کی چیز کاo

They will taste in it neither coolness (of any sort) nor any drink,

إِلَّا حَمِيْماً وَغَسَّاقاً (25)

ترجمہ: سوائے کھولتے ہوئے گرم پانی اور (دوزخیوں کے زخموں سے) بہتی ہوئی پیپ کےo

Except boiling water and suppurated fluid oozing (from the wounds of the inmates of Hell),

جَزَاء وِفَاقاً (26)

ترجمہ: (یہی ان کی سرکشی کے) موافق بدلہ ہےo

A compensation commensurate with (their revolt),

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَاباً (27)

ترجمہ: اس لیے کہ وہ قطعًا حسابِ (آخرت) کا خوف نہیں رکھتے تھےo

For they had no fear of Reckoning (on the Last Day) in the least.

وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّاباً (28)

ترجمہ: اور وہ ہماری آیتوں کو خوب جھٹلایا کرتے تھےo

And they used to utterly deny Our signs.

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَاباً (29)

ترجمہ: اور ہم نے ہر (چھوٹی بڑی) چیز کو لکھ کر محفوظ کر رکھا ہےo

And We have preserved everything (major or minor) in writing.

فَذُوقُوا فَلَن نَّزِيْدَكُمْ إِلَّا عَذَاباً (30)

ترجمہ: (اے منکرو!) اب تم (اپنے کیے کا) مزہ چکھو (تم دنیا میں کفر و سرکشی میں بڑھتے گئے) اب ہم تم پر عذاب ہی کو بڑھاتے جائیں گےo

(O disbelievers, you excelled in rebellion and disbelief in the world.) Now taste the outcome (of your actions). We shall keep increasing but the torment upon you.

سورۃ النازعات:

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَن يَرَى (36)

ترجمہ: اور ہر دیکھنے والے کے لیے دوزخ ظاہر کر دی جائے گیo

And Hell will be made manifest to everyone who can see.

فَأَمَّا مَن طَغَى (37)

ترجمہ: پھر جس شخص نے سرکشی کی ہوگیo

Then he who transgressed the limits,

وَآثَرَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (38)

ترجمہ: اور دنیاوی زندگی کو (آخرت پر) ترجیح دی ہوگیo

And preferred the life of the world (to the Hereafter),

فَإِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَأْوَى (39)

ترجمہ: تو بے شک دوزخ ہی (اُس کا) ٹھکانا ہوگاo

Hell will truly be (his) abode.

سورۃ الانفطار:

وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ (14)

ترجمہ: اور بے شک بدکار دوزخ (سوزاں) میں ہوں گےo

And surely, the evildoers will be in the (Blazing Fire of) Hell.

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ (15)

ترجمہ: وہ اس میں قیامت کے روز داخل ہوں گےo

They will enter it on the Day of Rising,

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِيْنَ (16)

ترجمہ: اور وہ اس (دوزخ) سے (کبھی بھی) غائب نہ ہو سکیں گےo

And will never be able to absent themselves from it (Hell).

سورۃ الغاشیۃ:

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ (3)

ترجمہ: (اللہ کو بھول کر دنیاوی) محنت کرنے والے (چند روزہ عیش و آرام کی خاطر سخت) مشقتیں جھیلنے والےo

(Forgetting Allah,) toiling (for worldly gains), sustaining (strenuous) rigours (for a fleeting luxury),

تَصْلَى نَاراً حَامِيَةً (4)

ترجمہ: دہکتی ہوئی آگ میں جا گریں گےo

Will plunge into the Blazing Fire.

تُسۡقَى مِنۡ عَيۡنٍ آنِيَةٍ (5)

ترجمہ: (انہیں) کھولتے ہوئے چشمہ سے (پانی) پلایا جائے گاo

(They will be) offered to drink (water) from a boiling spring.

لَّيۡسَ لَهُمۡ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ (6)

ترجمہ: ان کے لیے خاردار خشک زہریلی جھاڑیوں کے سوا کچھ کھانا نہ ہوگاo

They will have no food except thorny and dry venomous herbage.

لَا يُسۡمِنُ وَلَا يُغۡنِي مِن جُوعٍ (7)

ترجمہ: (یہ کھانا) نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک ہی دور کرے گاo

(This food) will neither nourish nor gratify hunger.

سورۃ الفجر:

وَجِيۡءَ يَوۡمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ يَوۡمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الۡإِنسَانُ وَأَنَّى لَهُ الذِّكۡرَى (23)

ترجمہ: اور اس دن دوزخ پیش کی جائے گی، اس دن انسان کو سمجھ آ جائے گی مگر (اب) اسے نصیحت کہاں (فائدہ مند) ہوگیo

And that Day, Hell will be brought forth. On that Day man will come to understand, but how will admonition (avail him then)?

يَقُولُ يَا لَيۡتَنِي قَدَّمۡتُ لِحَيَاتِي (24)

ترجمہ: وہ کہے گا: اے کاش! میں نے اپنی (اس اصل) زندگی کے لیے (کچھ) آگے بھیج دیا ہوتا (جو آج میرے کام آتا)o

He will say: 'Would that I had sent (something) ahead of me for my (real) life (which would have helped me Today)!'

فَيَوۡمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ (25)

ترجمہ: سو اس دن نہ اس کے عذاب کی طرح کوئی عذاب دے سکے گاo

But that Day no one will be able to torment like His torment,

وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ (26)

ترجمہ: اور نہ اس کے جکڑنے کی طرح کوئی جکڑ سکے گاo

And no one will be able to bind as He binds.

سورۃ التکاثر:

ثُمَّ كَلَّا سَوۡفَ تَعۡلَمُونَ (4)

ترجمہ: پھر (آگاہ کیا جاتا ہے:) ہرگز نہیں! عنقریب تمہیں (اپنا انجام) معلوم ہو جائے گاo

Again (you are warned.) No! Never! You will soon learn about (your end).

كَلَّا لَوۡ تَعۡلَمُونَ عِلۡمَ الۡيَقِينِ (5)

ترجمہ: ہاں ہاں! کاش تم (مال و زر کی ہوس اور اپنی غفلت کے انجام کو) یقینی علم کے ساتھ جانتے (تو دنیا میں کھو کر آخرت کو اس

طرح نہ بھولتے)o

Yes indeed! Would that you knew with the knowledge of certitude (the consequence of greed for wealth and riches and your negligence! Then, lost in the worldly pleasures, you would never forget the Hereafter like this).

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ (6)

ترجمہ: تم (اپنی حرص کے نتیجے میں) دوزخ کو ضرور دیکھ کر رہو گےo

(Consequent on your greed) you will surely see Hell.

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ (7)

ترجمہ: پھر تم اسے ضرور یقین کی آنکھ سے دیکھ لو گےo

Then you will certainly see it with the eye of certitude.

ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ (8)

ترجمہ: پھر اس دن تم سے (اللہ کی) نعمتوں کے بارے میں ضرور پوچھا جائے گا (کہ تم نے انہیں کہاں کہاں اور کیسے کیسے خرچ کیا تھا)o

Then on that Day, you will certainly be questioned about the bounties (given to you by Allah and the way you consumed them).

سورۃ الہمزۃ:

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ (3)

ترجمہ: وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی دولت اسے ہمیشہ زندہ رکھے گیo

He thinks that his riches will keep him alive forever.

كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِيْ الْحُطَمَةِ (4)

ترجمہ: ہرگز نہیں! وہ ضرور حطمہ (یعنی چوراچورا کر دینے والی آگ) میں پھینک دیا جائے گاo

By no means! He will certainly be cast into al-Hutama (the crushing up Fire).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ (5)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ حطمہ (چوراچورا کر دینے والی آگ) کیا ہےo

And what will make you understand what al-Hutama (the crushing up Fire) is?

نَارُ اللّٰهِ الْمُوقَدَةُ (6)

ترجمہ: (یہ) اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہےo

(It) is a Fire kindled by Allah.

الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ (7)

ترجمہ: جو دلوں پر (اپنی اذیت کے ساتھ) چڑھ جائے گیo

That will rise over the hearts (with its torture).

إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ (8)

ترجمہ: بےشک وہ (آگ) ان لوگوں پر ہر طرف سے بند کر دی جائے گی o

Indeed, that (Fire) will be closed upon them all around,

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ (9)

ترجمہ: (بھڑکتے شعلوں کے) لمبے لمبے ستونوں میں (اور ان لوگوں کے لیے کوئی راہِ فرار نہ رہے گی) o

In towering columns (of fierce flames and they will not find any way to escape).

10۔ اہلِ اعراف کون ہیں

سورۃ الاعراف:

وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ وَعَلَى الْأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلًّا بِسِيمَاهُمْ وَنَادَوْا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَن سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ (46)

ترجمہ: اور (ان) دونوں (یعنی جنتیوں اور دوزخیوں) کے درمیان ایک حجاب (یعنی فصیل) ہے، اور اَعراف (یعنی اسی فصیل) پر کچھ مرد ہوں گے جو سب کو ان کی نشانیوں سے پہچان لیں گے۔ اور وہ اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو۔ وہ (اہلِ اَعراف خود ابھی) جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے حالاں کہ وہ (اس کے) امیدوار ہوں گےo

And between both (of them, the inmates of Paradise and Hell) there is a barrier (i.e., ramparts or heights), and on the A'raf (the Heights), there will be men who will recognize all by their features. And they will call out to the people of Paradise: 'Peace be upon you.' They (the people of the A'raf [the Heights]) will not have entered Paradise (themselves as yet) but will be aspiring (to that).

وَإِذَا صُرِفَتْ أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاءَ أَصْحَابِ النَّارِ قَالُوا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (47)

ترجمہ: اور جب ان کی نگاہیں دوزخ والوں کی طرف پھیری جائیں گی تو وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہمیں ظالم گروہ کے ساتھ (جمع) نہ کرo

And when their eyes will be turned towards the inmates of Hell, they will say: 'O our Lord, (join) us not (together) with the unjust people.'

وَنَادَى أَصْحَابُ الْأَعْرَافِ رِجَالًا يَعْرِفُونَهُم بِسِيمَاهُمْ قَالُوا مَا أَغْنَى عَنكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ (48)

ترجمہ: اور اہلِ اعراف (ان دوزخی) مردوں کو پکاریں گے جنہیں وہ ان کی نشانیوں سے پہچان رہے ہوں گے (ان سے) کہیں گے: تمہاری جماعتیں تمہارے کام نہ آسکیں اور نہ (وہ) تکبّر (تمہیں بچا سکا) جو تم کیا کرتے تھےo

And the people of the A'raf (the Heights) will call out to those people (of Hell) whom they will be recognizing by their identification marks saying (to them): 'Your parties could not be of any use to you, nor (could rescue you) your arrogance you used to practise.

أَهَـٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللَّهُ بِرَحْمَةٍ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَا أَنتُمْ تَحْزَنُونَ (49)

ترجمہ: کیا یہی وہ لوگ ہیں (جن کی خستہ حالت دیکھ کر) تم قسمیں کھایا کرتے تھے کہ اللہ انہیں اپنی رحمت سے (کبھی) نہیں نوازے گا؟ (سن لو! اب انہی کو کہا جا رہا ہے:) تم جنت میں داخل ہو جاؤ نہ تم پر کوئی خوف ہوگا اور نہ تم غمگین ہو گےo

Is it they about whom you used to swear (on seeing their miserable plight): Allah will (never) bless them with His mercy? (But listen! It is they who are now being called:) Enter Paradise; you will neither fear nor grieve.'

وَنَادَى أَصْحَابُ النَّارِ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ أَفِيضُوا عَلَيْنَا مِنَ الْمَاءِ أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكَافِرِينَ (50)

ترجمہ: اور دوزخ والے اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ ہمیں (جنّتی) پانی سے کچھ فیض یاب کر دو یا اس (رزق) میں سے جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے۔ وہ کہیں گے: بے شک اللہ نے یہ دونوں (نعمتیں) کافروں پر حرام کر دی ہیںo

And the inmates of Hell will call out to the inhabitants of Paradise: 'Bless us with some water (of Paradise), or of (the provision) that Allah has granted you.' They will say: 'Allah has indeed forbidden both (these bounties) to the disbelievers,

11۔ فرشتوں کا ذکر

سورۃ الانعام:

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُم حَفَظَةً حَتَّىَ إِذَا جَاء أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لاَ يُفَرِّطُونَ (61)

ترجمہ: اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے اور وہ تم پر (فرشتوں کو بطور) نگہبان بھیجتا ہے، یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت آتی ہے (تو) ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور وہ خطا (یا کوتاہی) نہیں کرتےo

And He has dominance over His servants, and He sends to you (angels as) guardians until when death approaches any of you, (then the angels) We send take his soul and they do not err (or default).

سورۃ الاعراف:

وَلَقَدْ خَلَقْنَاكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنَاكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلآئِكَةِ اسْجُدُواْ لآدَمَ فَسَجَدُواْ إِلاَّ إِبْلِيسَ لَمْ يَكُن مِّنَ السَّاجِدِيْنَ(11)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تمہیں (یعنی تمہاری اصل کو) پیدا کیا پھر تمہاری صورت گری کی (یعنی تمہاری زندگی کی کیمیائی اور حیاتیاتی ابتداء وارتقاء کے مراحل کو آدم (علیہ السلام) کے وجود کی تشکیل تک مکمل کیا)، پھر ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ وہ سجدہ کرنے والوں میں سے نہ ہواo

And certainly, We did create you (i.e., your real being), then gave you shape (i.e., accomplished the phases of chemical and biological genesis and evolution of life till the completion of the physical existence of Adam). Then We commanded the angels: 'Prostrate yourselves before Adam.' They all prostrated themselves except Iblis; he was not of those who prostrate themselves.

إِنَّ الَّذِيْنَ عِندَ رَبِّكَ لاَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَيُسَبِّحُونَهُ وَلَهُ يَسْجُدُونَ. (206)

ترجمہ: بے شک جو (ملائکہ مقربین) تمہارے رب کے حضور میں ہیں وہ (کبھی بھی) اس کی عبادت سے سرکشی نہیں کرتے اور (ہمہ وقت) اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اس کی بارگاہ میں سجدہ ریز رہتے ہیںo

Indeed, (the angels) who are close in the presence of your Lord (never) turn away from His worship in arrogance, and they glorify Him (all the time) and remain prostrate before Him.

سورۃ یونس:

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاء مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِيْ آيَاتِنَا قُلِ اللّهُ أَسْرَعُ مَكْراً إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ (21)

ترجمہ: اور جب ہم لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد (اپنی) رحمت سے لذت آشنا کرتے ہیں تو فوراً (ہمارے احسان کو بھول کر) ہماری نشانیوں میں ان کا مکر و فریب (شروع) ہو جاتا ہے۔ فرما دیجیے: اللہ مکر کی سزا جلد دینے والا ہے۔ بے شک ہمارے بھیجے

ہوئے فرشتے، جو بھی فریب تم کر رہے ہو (اسے) لکھتے رہتے ہیںo

And when We make the people relish (Our) mercy after they are afflicted with distress, their plotting immediately begins against Our signs (consigning Our favour to oblivion). Say: 'Allah is Swift to punish intrigues.' Surely, the angels We have sent keep writing whatever plots you contrive.

سورۃ الرعد:

لَـهُ مُـعَـقِّبَاتٌ مِّن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ يَحْفَظُونَهُ مِنْ أَمْرِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ لاَ يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنْفُسِهِمْ وَإِذَا أَرَادَ اللّهُ بِقَوْمٍ سُوءاً فَلاَ مَرَدَّ لَهُ وَمَا لَهُم مِّن دُونِهِ مِن وَالٍ (11)

ترجمہ: (ہر) انسان کے لیے یکے بعد دیگرے آنے والے (فرشتے) ہیں جو اس کے آگے اور اس کے پیچھے اللہ کے حکم سے اس کی نگہبانی کرتے ہیں۔ بے شک اللہ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا یہاں تک کہ وہ لوگ اپنے آپ میں خود تبدیلی پیدا کر ڈالیں، اور جب اللہ کسی قوم کے ساتھ (اس کی اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے) عذاب کا ارادہ فرما لیتا ہے تو اسے کوئی ٹال نہیں سکتا، اور نہ ہی ان کے لیے اللہ کے مقابلہ میں کوئی مددگار ہوتا ہےo

For (every) human being there are (angels) coming in succession who, before him and behind him, guard him by the command of Allah. Verily, Allah does not change the state of a people until they bring about a change in themselves. And when Allah intends to torment a people (due to their own evil works), then none can avert it. Nor is there any helper for them apart from Allah.

وَيُسَبِّحُ الـرَّعْـدُ بِـحَـمْـدِهِ وَالْمَلاَئِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيبُ بِهَا مَن يَشَاءُ وَهُمْ يُجَادِلُونَ فِي اللّهِ وَهُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ(13)

ترجمہ: (بجلیوں اور بادلوں کی) گرج (یا اس پر متعین فرشتہ) اور تمام فرشتے اس کے خوف سے اس کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں، اور وہ کڑکتی بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے اسے گرا دیتا ہے، اور وہ (کفار قدرت کی ان نشانیوں کے باوجود) اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں، اور وہ سخت تدبیر و گرفت والا ہےo

And the thunder (of clouds and lightning or the angel appointed over it) and all angels glorify Him with His praise out of His fear. And He sends thunderbolts and strikes with them whom He wills. And they (the disbelievers, despite these signs of His Might,) dispute about Allah. And He is Stern in strategy and Severe in grip.

سورۃ الحجر:

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلاَئِكَةِ إِنِّيْ خَالِقٌ بَشَراً مِّن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ (28)

ترجمہ: اور (وہ واقعہ یاد کیجئے) جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں سن رسیدہ (اور) سیاہ بودار، بجنے والے گارے سے ایک بشری پیکر پیدا کرنے والا ہوںo

And (recall) when your Lord said to the angels: 'I am about to create a human organism from old (and) black stinking, resounding mud.

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُوا لَهُ سَاجِدِينَ (29)

ترجمہ: پھر جب میں اس کی (ظاہری) تشکیل کو کامل طور پر درست حالت میں لا چکوں اور اس پیکرِ (بشری کے باطن) میں اپنی (نورانی) روح پھونک دوں تو تم اس کے لیے سجدہ میں گر پڑنا o

So when I accomplish the perfection of his (physical) constitution into his real being, and breathe My (divine) spirit into (the inner self of) this (human physical) organism, then fall down prostrate before him.'

فَسَجَدَ الْمَلآئِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ (30)

ترجمہ: پس (اس پیکرِ بشری کے اندر نورِ ربانی کا چراغ جلتے ہی) سارے کے سارے فرشتوں نے سجدہ کیا o

So, (no sooner did the light of Allah's effulgence illumine the human organism than) all the angels fell down in prostration together,

سورۃ النحل:

يُنَزِّلُ الْمَلآئِكَةَ بِالْرُّوحِ مِنْ أَمْرِهِ عَلَى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ أَنْ أَنذِرُوا أَنَّهُ لاَ إِلَـهَ إِلاَّ أَنَاْ فَاتَّقُونِ (2)

ترجمہ: وہی فرشتوں کو وحی کے ساتھ (جو جملہ تعلیماتِ دین کی روح اور جان ہے) اپنے حکم سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے نازل فرماتا ہے کہ (لوگوں کو) ڈر سناؤ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں سو میری پرہیزگاری اختیار کرو o

He alone sends down the angels by His command with Revelation (which is the spirit of all the teachings of Din [Religion]) to those of His servants He likes: 'Warn (the people) that there is no God except Me, so fear Me against all evils.'

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (28)

ترجمہ: جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر (بدستور) ظلم کیے جا رہے ہوں، سو وہ (روزِ قیامت) اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کریں گے (اور کہیں گے:) ہم (دنیا میں) کوئی برائی نہیں کیا کرتے تھے، کیوں نہیں بے شک اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کیا کرتے تھے o

Those whom the angels cause to die, whilst they are (constantly) doing wrong to their own souls.' They will display obedience and submission (on the Day of Resurrection and say:) 'We were not given to doing any evil (in the world).' No indeed! Allah surely has thorough knowledge of what you used to do.

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (32)

ترجمہ: جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (نیکی و طاعت کے باعث) پاکیزہ اور خوش و خرم ہوں، (ان سے فرشتے قبضِ روح کے وقت ہی کہہ دیتے ہیں:) تم پر سلامتی ہو، تم جنت میں داخل ہو جاؤ ان (اَعمالِ صالحہ) کے

باعث جوتم کیا کرتے تھےo

The angels take their lives whilst they are pure, clean, pleased and contented (due to obedience and piety. The angels tell them the moment they take their lives:) 'Peace be upon you! Enter Paradise due to (the pious deeds) that you used to do.'

سورۃ الکہف:

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِ أَفَتَتَّخِذُونَهُ وَذُرِّيَّتَهُ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِي وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ بِئْسَ لِلظَّالِمِينَ بَدَلًا **(50)**

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کیجئے) جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ تم آدم (علیہ السلام) کو سجدۂ (تعظیم) کرو سوان (سب) نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ (ابلیس) جنّات میں سے تھا تو وہ اپنے رب کی طاعت سے باہر نکل گیا، کیا تم اس کو اور اس کی اولاد کو مجھے چھوڑ کر دوست بنا رہے ہو حالاں کہ وہ تمہارے دشمن ہیں، یہ ظالموں کے لیے کیا ہی برا بدل ہے (جو انہوں نے میری جگہ منتخب کیا ہے)o

And (recall) when We said to the angels: 'Prostrate yourselves before Adam (in veneration).' So they all prostrated themselves except Iblis. He (Iblis) was of the jinn, and he walked out of the obedience to his Lord. Are you taking him and his offspring for friends leaving Me, whereas, in truth, they are your enemies? How evil a substitute the evildoers (have opted in My place)!

سورۃ طٰہٰ:

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَى **(116)**

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کریں) جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا: تم آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، اس نے انکار کیاo

And (recall the time) when We commanded the angels: 'Prostrate yourselves before Adam,' they fell down in prostration except Iblis. He refused.

سورۃ الانبیاء:

وَلَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ عِندَهُ لَا يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِهِ وَلَا يَسْتَحْسِرُونَ **(19)**

ترجمہ: اور جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے اسی کا (بندہ و مملوک) ہے، اور جو (فرشتے) اس کی قربت میں (رہتے) ہیں وہ نہ تو اس کی عبادت سے تکبّر کرتے ہیں اور نہ وہ (اس کی طاعت بجالاتے ہوئے) تھکتے ہیںo

And whoever is in the heavens and in the earth (serves and) belongs to Him alone. And those (angels) who (remain) in His presence are not arrogant towards His worship, nor do they become weary (of carrying out His obedience).

يُسَبِّحُونَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُونَ (20)

ترجمہ: وہ رات دن (اس کی) تسبیح کرتے رہتے ہیں اور معمولی سا وقفہ بھی نہیں کرتےo

They glorify (Him) night and day ceaselessly, and do not observe even a momentary pause.

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَنُ وَلَداً سُبْحَانَهُ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُونَ (26)

ترجمہ: یہ لوگ کہتے ہیں کہ (خدائے) رحمان نے (فرشتوں کو اپنی) اولاد بنا رکھا ہے وہ پاک ہے، بلکہ (جن فرشتوں کو یہ اُس کی اولاد سمجھتے ہیں) وہ (اللہ کے) معزز بندے ہیںo

And they say: 'The Most Kind (Lord) has taken (angels as His) children.' Holy is He. Nay, (the angels whom they consider His children) are but (Allah's) esteemed servants.

لَا يَسْبِقُونَهُ بِالْقَوْلِ وَهُم بِأَمْرِهِ يَعْمَلُونَ (27)

ترجمہ: وہ کسی بات (کے کرنے) میں اس سے سبقت نہیں کرتے اور وہ اسی کے امر کی تعمیل کرتے رہتے ہیںo

They do not precede Him in (uttering) any word, and they remain engaged in carrying out only His command.

سورۃ الحج:

اللَّهُ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلَائِكَةِ رُسُلاً وَمِنَ النَّاسِ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ (75)

ترجمہ: اللہ فرشتوں میں سے (بھی) اور انسانوں میں سے (بھی اپنا) پیغام پہنچانے والوں کو منتخب فرما لیتا ہے۔ بے شک اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Allah chooses His Messengers from amongst angels and from amongst men (as well). Surely, Allah is All-Hearing, All-Seeing.

سورۃ الفرقان:

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَاء بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلَائِكَةُ تَنزِيلاً (25)

ترجمہ: اور اس دن آسمان پھٹ کر بادل (کی طرح دھوئیں) میں بدل جائے گا اور فرشتے گروہ در گروہ اتارے جائیں گےo

And that Day, the sky will be rent asunder, changed into (the resemblance of smoke, like) a cloud, and the angels will be sent down rank upon rank.

سورۃ الاحزاب:

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيماً (56)

ترجمہ: بے شک اللہ اور اس کے (سب) فرشتے نبیِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود بھیجتے رہتے ہیں، اے ایمان والو! تم (بھی) اُن پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کروo

Surely, Allah and (all) His angels send blessings and greetings on the Holy Prophet (blessings and peace be upon him). O believers! Invoke blessings on

him and salute him with a worthy salutation of peace abundantly (and fervently).

سورۃ فاطر:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَاعِلِ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا أُولِيْ أَجْنِحَةٍ مَّثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ إِنَّ اللّٰهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (1)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو آسمانوں اور زمین (کی تمام وسعتوں) کا پیدا فرمانے والا ہے، فرشتوں کو جو دو دو اور تین تین اور چار چار پَروں والے ہیں، قاصد بنانے والا ہے، اور تخلیق میں جس قدر چاہتا ہے اضافہ (اور توسیع) فرماتا رہتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

All praise belongs to Allah alone, Who is the Creator of (all the infinities of) the heavens and the earth, and Who makes the angels messengers having two or three or four wings. He adds to (and expands) the creation as He wills. Surely, Allah is All-Powerful over everything.

سورۃ الصافات:

وَالصَّافَّاتِ صَفًّا (1)

ترجمہ: قسم ہے قطار در قطار صف بستہ جماعتوں کیo

By the parties ranged in close ranks,

فَالزَّاجِرَاتِ زَجْرًا (2)

ترجمہ: پھر بادلوں کو کھینچ کر لے جانے والی یا برائیوں پر سختی سے جھڑکنے والی جماعتوں کیo

And by those who drive away the clouds or by those parties who severely reprimand evils,

فَالتَّالِيَاتِ ذِكْرًا (3)

ترجمہ: پھر ذکرِ الٰہی (یا قرآن مجید) کی تلاوت کرنے والی جماعتوں کیo

Then by those parties that remember Allah (or) recite (the Holy Qur'an),

وَمَا مِنَّا إِلَّا لَهُ مَقَامٌ مَّعْلُومٌ (164)

ترجمہ: اور (فرشتے کہتے ہیں:) ہم میں سے بھی ہر ایک کا مقام مقرر ہےo

And (the angels say:) 'Every one of us has an appointed station;

وَإِنَّا لَنَحْنُ الصَّافُّونَ (165)

ترجمہ: اور یقیناً ہم تو خود صف بستہ رہنے والے ہیںo

And surely, we ourselves are those who remain standing in rows;

وَإِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُونَ (166)

ترجمہ: اور یقیناً ہم تو خود (اللہ کی) تسبیح کرنے والے ہیںo

And surely, we ourselves remain engaged in glorifying (Allah).'

سورۃ ص:

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَى إِذْ يَخْتَصِمُونَ **(69)**

ترجمہ: مجھے تو (اَز خود) عالمِ بالا کی جماعتِ (ملائکہ) کی کوئی خبر نہ تھی جب وہ (تخلیقِ آدم کے بارے میں) بحث و تمحیص کر رہے تھےo

I did not know of the Supreme Assembly (of angels on my own) when they were holding discussions (about the creation of Adam).

إِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَراً مِن طِينٍ **(71)**

ترجمہ: (وہ وقت یاد کیجئے) جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں (گیلی) مٹی سے ایک پیکرِ بشریت پیدا فرمانے والا ہوںo

(Recall) when your Lord said to the angels: 'I am about to create a human organism from (moist) clay.

فَسَجَدَ الْمَلَائِكَةُ كُلُّهُمْ أَجْمَعُونَ **(73)**

ترجمہ: پس سب کے سب فرشتوں نے اکٹھے سجدہ کیاo

So all the angels fell down together prostrating themselves before him,

سورۃ الزمر:

وَتَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّينَ مِنْ حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَقُضِيَ بَيْنَهُم بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ **(75)**

ترجمہ: اور (اے حبیب!) آپ فرشتوں کو عرش کے اردگرد حلقہ باندھے ہوئے دیکھیں گے جو اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہوں گے، اور (سب) لوگوں کے درمیان حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ کُل حمد اللہ ہی کے لائق ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہےo

And, (O Beloved,) you will see the angels all around the Throne in circles glorifying the Lord with His praise, and the judgment will be given amongst (all) the people with truth and justice and it will be announced: 'All praise belongs to Allah alone, the Sustainer of all the worlds.'

سورۃ مومن:

الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَعِلْماً فَاغْفِرْ لِلَّذِينَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ **(7)**

ترجمہ: جو (فرشتے) عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُس کے اِرد گرد ہیں وہ (سب) اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور اہلِ ایمان کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں (یہ عرض کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب! تو (اپنی) رحمت اور علم سے ہر شے کا احاطہ فرمائے ہوئے ہے، پس اُن لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیرے راستہ کی پیروی کی اور

انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالےo

The angels who are bearing the Throne and those who are around it, (all) glorify their Lord with His praise and believe in Him and pray for forgiveness of the believers (and submit): 'O our Lord, You encompass everything in (Your) mercy and knowledge. So forgive those who turn to You in repentance and follow Your path and protect them from the torment of Hell.

سورۃ حم السجدۃ:

إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنتُمْ تُوعَدُونَ (30)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے، پھر وہ (اِس پر مضبوطی سے) قائم ہو گئے، تو اُن پر فرشتے اترتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ تم خوف نہ کرو اور نہ غم کرو اور تم جنت کی خوشیاں مناؤ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھاo

Surely, those who say: 'Our Lord is Allah,' then stick to it (firmly), angels descend upon them (and say:) 'Do not fear or grieve, and rejoice in the Paradise that you were promised.

نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِيْ أَنفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ (31)

ترجمہ: ہم دنیا کی زندگی میں (بھی) تمہارے دوست اور مددگار ہیں اور آخرت میں (بھی)، اور تمہارے لیے وہاں ہر وہ نعمت ہے جسے تمہارا جی چاہے اور تمہارے لیے وہاں وہ تمام چیزیں (حاضر) ہیں جو تم طلب کرو

We are your friends and helpers in the life of this world and in the Hereafter (too). And there is for you every blessing that you long for. And all those things that you ask for are (available) for you there.

فَإِنِ اسْتَكْبَرُوا فَالَّذِيْنَ عِندَ رَبِّكَ يُسَبِّحُونَ لَهُ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْأَمُونَ (38)

ترجمہ: پھر اگر وہ تکبّر کریں (تو آپ اُن کی پرواہ نہ کریں) پس جو فرشتے آپ کے رب کے حضور میں ہیں وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے رہتے ہیں اور وہ تھکتے (اور اکتاتے) ہی نہیں ہیںo

Then if they show arrogance (do not care for them). So the angels that are in the presence of your Lord glorify Him night and day, and never are they tired (and disgruntled).

سورۃ الشوریٰ:

تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِن فَوْقِهِنَّ وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَن فِي الْأَرْضِ أَلَا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيْمُ (5)

ترجمہ: قریب ہے آسمانی کرّے اپنے اوپر کی جانب سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اُن لوگوں کے لیے جو زمین میں ہیں بخشش طلب کرتے رہتے ہیں۔ یاد رکھو! اللہ ہی بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

The heavenly spheres are nearly rent asunder from above them. And the

angels keep glorifying their Lord with His praise, and begging for forgiveness for those on the earth. Remember! Allah alone is Most Forgiving, Ever-Merciful.

شَرَعَ لَكُم مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصَّى بِهِ نُوحاً وَالَّذِىْ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيْمَ وَمُوسَى وَعِيْسَى أَنْ أَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيْهِ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ اللّٰهُ يَجْتَبِىْ إِلَيْهِ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِىْ إِلَيْهِ مَن يُنِيْبُ **(13)**

ترجمہ: اُس نے تمہارے لیے دین کا وہی راستہ مقرّر فرمایا جس کا حکم اُس نے نُوح (علیہ السلام) کو دیا تھا اور جس کی وحی ہم نے آپ کی طرف بھیجی اور جس کا حکم ہم نے ابراھیم اور موسٰی و عیسٰی (علیہم السلام) کو دیا تھا (وہ یہی ہے) کہ تم (اِسی) دین پر قائم رہو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو، مشرکوں پر بہت ہی گراں ہے وہ (توحید کی بات) جس کی طرف آپ انہیں بلا رہے ہیں۔ اللہ جسے (خود) چاہتا ہے اپنے حضور میں (قربِ خاص کے لیے) منتخب فرما لیتا ہے، اور اپنی طرف (آنے کی) راہ دکھا دیتا ہے (ہر) اس شخص کو جو (اللہ کی طرف) قلبی رجوع کرتا ہےo

He has prescribed for you the same path of the Din (Religion) that He enjoined on Nuh (Noah), and that We have revealed to you, and that We enjoined on Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses) and 'Isa (Jesus. And all it denotes is) that you should hold fast to the same Din (Religion) and do not make divisions in it. That (Oneness of Allah) to which you call them is quite hard for those who set up partners with Allah. Allah chooses whom He pleases (for exclusive nearness) in His presence, and shows the path to (come) towards Himself to everyone who turns (towards Allah) heartily.

سورۃ الزخرف:

وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ **(77)**

ترجمہ: اور وہ (داروغۂ جہنّم کو) پکاریں گے: اے مالک! آپ کا رب ہمیں موت دے دے (تو اچھا ہے)۔ وہ کہے گا کہ تم (اب اِسی حال میں ہی) ہمیشہ رہنے والے ہوo

And they will cry out (to the guard of Hell): 'O master, (better it is if) your Lord causes us to die.' He will say: '(Now) you will live (in the same plight) forever.'

لَقَدْ جِئْنَاكُم بِالْحَقِّ وَلَكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ **(78)**

ترجمہ: بے شک ہم تمہارے پاس حق لائے لیکن تم میں سے اکثر لوگ حق کو ناپسند کرتے تھےo

Surely, We brought you the truth, but most of you disliked the truth.

أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُم بَلَى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ **(80)**

ترجمہ: کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ باتیں اور اُن کی سرگوشیاں نہیں سنتے؟ کیوں نہیں (ضرور سنتے ہیں)! اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے بھی اُن کے پاس لکھ رہے ہوتے ہیںo

Do they think that We do not hear their secret talk and whisperings? Why not? (We do listen.) And the angels sent by Us also remain with them, writing.

سورۃ محمد:

فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ (27)

ترجمہ: پھر (اس وقت ان کا حشر) کیسا ہوگا جب فرشتے ان کی جان (اس حال میں) نکالیں گے کہ ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر ضربیں لگاتے ہوں گےo

Then what will be (their plight at the time) when the angels will snatch out their souls (this way) that they will be striking their faces and their backs?

سورۃ ق:

إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ (17)

ترجمہ: جب دو لینے والے (فرشتے اس کے ہر قول و فعل کو تحریر میں) لے لیتے ہیں (جو) دائیں طرف اور بائیں طرف بیٹھے ہوئے ہیںo

When the two receivers receive (the recording angels write down his every communication and work), sitting on the right and on the left,

مَا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ (18)

ترجمہ: وہ مُنہ سے کوئی بات نہیں کہنے پاتا مگر اس کے پاس ایک نگہبان (لکھنے کے لیے) تیار رہتا ہےo

Not a word does he utter but a watcher is there beside him ready (to write it).

وَجَاءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيدٌ (21)

ترجمہ: اور ہر جان (ہمارے حضور اس طرح) آئے گی کہ اُس کا ایک ہانکنے والا (فرشتہ) اور (دوسرا اعمال پر) گواہ ہوگاo

And every soul will appear (before Our presence), one (angel) forcing it forward and (the other) a witness (to its actions).

وَقَالَ قَرِينُهُ هَذَا مَا لَدَيَّ عَتِيدٌ (23)

ترجمہ: اور اس کے ساتھ رہنے والا (فرشتہ) کہے گا: یہ ہے جو کچھ میرے پاس تیار ہےo

And his close companion (angel) will say: 'That is what I have ready (for you).'

أَلْقِيَا فِي جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيدٍ (24)

ترجمہ: (حکم ہوگا): پس تم دونوں (ایسے) ہر ناشکر گزار سرکش کو دوزخ میں ڈال دوo

(It will be commanded:) 'Both of you hurl into Hell every (such) ungrateful rebel,

سورۃ النجم:

ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَى (6)

ترجمہ: جو حسنِ مُطلَق ہے، پھر اُس نے (اپنے) ظہور کا ارادہ فرمایاo

He Who is absolute beauty. Then He decided to unveil (Himself).

وَكَم مِّن مَّلَكٍ فِي السَّمَاوَاتِ لَا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئاً إِلَّا مِن بَعْدِ أَن يَأْذَنَ اللَّهُ لِمَن يَشَاءُ وَيَرْضَى (26)

ترجمہ: اور آسمانوں میں کتنے ہی فرشتے ہیں (کہ کفّار و مشرکین اُن کی عبادت کرتے اور ان سے شفاعت کی امید رکھتے ہیں) جن کی شفاعت کچھ کام نہیں آئے گی مگر اس کے بعد کہ اللہ جسے چاہتا ہے اور پسند فرماتا ہے اُس کے لیے اِذن (جاری) فرما دیتا ہےo

And how many angels there are in the heavens (whom the disbelievers and the idolaters worship and expect from them intercession but) whose intercession will be of no use at all, except after Allah (awards) permission for whom He wills and likes!

إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ لَيُسَمُّونَ الْمَلَائِكَةَ تَسْمِيَةَ الْأُنثَى (27)

ترجمہ: بے شک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کو عورتوں کے نام سے موسوم کر دیتے ہیںo

Surely, those who do not believe in the Hereafter give the angels female names.

سورۃ القمر:

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَى شَيْءٍ نُّكُرٍ (6)

ترجمہ: سو آپ اُن سے منہ پھیر لیں، جس دن بلانے والا (فرشتہ) ایک نہایت ناگوار چیز (میدانِ حشر) کی طرف بلائے گاo

So turn your face away from them. The Day when the caller (angel) will call towards the most detestable thing (the expanse of the last assembly),

سورۃ التحریم:

إِن تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا وَإِن تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَلِكَ ظَهِيرٌ (4)

ترجمہ: اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو (تو تمہارے لیے بہتر ہے) کیونکہ تم دونوں کے دل (ایک ہی بات کی طرف) جھک گئے ہیں، اگر تم دونوں نے اس بات پر ایک دوسرے کی اعانت کی (تو یہ نبی مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے باعثِ رنج ہو سکتا ہے) سو بے شک اللہ ہی اُن کا دوست و مددگار ہے، اور جبریل اور صالح مومنین بھی اور اس کے بعد (سارے) فرشتے بھی (اُن کے) مددگار ہیںo

If you both turn to Allah in repentance, (that is better for you) because the hearts of both of you have inclined (towards the same), but if you help one another in this matter (that may annoy the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]). So surely Allah is the One Who is his Friend and Helper and Jibril (Gabriel) and the most pious believers and after them (all) angels too are (his) helpers.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَاراً وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَا يَعْصُونَ اللّٰهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ (6)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں، جس پر سخت مزاج طاقتور فرشتے (مقرر) ہیں جو کسی بھی امر میں جس کا وہ انہیں حکم دیتا ہے اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کام انجام دیتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہےo

O believers! Safeguard yourselves and your families against a Fire whose fuel is men and stones. Appointed over it are strong and stern angels who do not disobey Allah in what He commands them. And they accomplish what they are ordered.

سورۃ الملک:

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيْرٌ (8)

ترجمہ: گویا (ابھی) شدتِ غضب سے پھٹ کر پارہ پارہ ہو جائے گی، جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو اس کے داروغے ان سے پوچھیں گے: کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تھاo

As if it is about to burst into pieces with intense wrath. When a group will be cast into it, its guards will ask them: 'Did no Warner come to you?'

سورۃ القلم:

ن وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ (1)

ترجمہ: نون (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، قلم کی قَسم اور اُس (مضمون) کی قَسم جو (فرشتے) لکھتے ہیںo

Nun. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) By the pen and by that (subject) which (the angels) write down!

سورۃ الحاقۃ:

وَالْمَلَكُ عَلَى أَرْجَائِهَا وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ (17)

ترجمہ: اور فرشتے اس کے کناروں پر کھڑے ہوں گے، اور آپ کے رب کے عرش کو اس دن ان کے اوپر آٹھ (فرشتے یا فرشتوں کے طبقات) اٹھائے ہوئے ہوں گےo

And the angels will be standing on its edges and above them that Day, and eight (angels or parties of angels) will be carrying the Throne of your Lord.

سورۃ المعارج:

تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ **(4)**

ترجمہ: اس (کے عرش) کی طرف فرشتے اور روح الامین عروج کرتے ہیں ایک دن میں، جس کا اندازہ (دنیوی حساب سے) پچاس ہزار برس کا ہے☆o

The angels and al-Ruh al-Amin (the Spirit) rise towards His (Throne) in a Day which measures fifty thousand years (according to the worldly scale).*

*** If fi yawm is co-related to waqi', it implies '50,000 year long Day of Judgement when the torment will befall'. But if it is co-related to ta'ruju, it denotes fifty millennium year a day speed of ascension by the angels and by the souls of the believers that ascend towards Allah's Throne. It is known to Allah alone as to what time they take to reach the destination. This generates the concept of 'light year'.**

سورۃ المدثر:

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ **(30)**

ترجمہ: اس پر اُنیس (19 فرشتے داروغے مقرر) ہیں o

There are nineteen (angels appointed as guards) over it.

وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَاناً وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَذَا مَثَلاً كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَى لِلْبَشَرِ **(31)**

ترجمہ: اور ہم نے دوزخ کے داروغے صرف فرشتے ہی مقرر کیے ہیں اور ہم نے ان کی گنتی کافروں کے لیے محض آزمائش کے طور پر مقرر کی ہے تاکہ اہلِ کتاب یقین کر لیں (کہ قرآن اور نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہے کیونکہ ان کی کتب میں بھی یہی تعداد بیان کی گئی تھی) اور اہلِ ایمان کا ایمان (اس تصدیق سے) مزید بڑھ جائے، اور اہلِ کتاب اور مومنین (اس کی حقانیت میں) شک نہ کر سکیں، اور تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور کفار یہ کہیں کہ اس (تعداد کی) مثال سے اللہ کی مراد کیا ہے؟ اسی طرح اللہ (ایک ہی بات سے) جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ (دوزخ کا بیان) اِنسان کی نصیحت کے لیے ہی ہے o

And We have appointed only angels as guards of Hell. And We have fixed their number only as a trial for the disbelievers so that the People of the Book may believe with certitude (that the Qur'an and the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] is a truth because the same number was given in their scriptures as well), and that the faith of the believers may further be strengthened (with this confirmation), and that the People of the Book and the believers may not doubt (its veracity), and that those having a disease (of

hypocrisy) in their hearts and the disbelievers may say: 'What does Allah intend by this example (of number)?' In this way, Allah holds astray whom He wills, and guides aright whom He wills (with the same stroke). And no one knows the armies of your Lord except Him. And this (description of Hell is nothing else) but an admonition to mankind.

سورۃ النبا:

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمَنِ لَا يَمْلِكُونَ مِنْهُ خِطَاباً **(37)**

ترجمہ: (وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے (سب) کا پروردگار ہے، بڑی ہی رحمت والا ہے (مگر روزِ قیامت اس کے رعب وجلال کا عالم یہ ہوگا کہ) اس سے بات کرنے کا (مخلوقات میں سے) کسی کو (بھی) یارا نہ ہوگاo

He is the Lord of (all) the heavens and the earth and whatever is between them, the Most Kind. (But on the Last Day, the effect and impact of His mighty power and most high authority will be such that) none (from His creation) will dare converse with Him.

يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلَائِكَةُ صَفّاً لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمَنُ وَقَالَ صَوَاباً **(38)**

ترجمہ: جس دن جبریل (روح الامین) اور (تمام) فرشتے صف بستہ کھڑے ہوں گے، کوئی لب کشائی نہ کر سکے گا، سوائے اس شخص کے جسے خدائے رحمان نے اِذنِ (شفاعت) دے رکھا تھا اور اس نے (زندگی میں تعلیماتِ اسلام کے مطابق) بات بھی درست کہی تھیo

That Day Gabriel (the Spirit of peace and security) and (all) angels will stand in ranks, none able to speak except he whom the Most Kind (Lord) would already have awarded sanction (to intercede) and who also said the right thing (in keeping with the teachings of Islam, during his life of the world).

سورۃ النازعات:

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقاً **(1)**

ترجمہ: ان (فرشتوں) کی قَسم جو (کافروں کی جان ان کے جسموں کے ایک ایک انگ میں سے) نہایت سختی سے کھینچ لاتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر گھس کر کیمیائی جوڑوں کو سختی سے توڑ پھوڑ دیتی ہیںo

By (the angels) who violently snatch out (the souls of the disbelievers from each tendon and ligament of their body),

Or

By the waves of energy that pierce into matter and break up the chemical bonds fiercely,

وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطاً (2)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (مومنوں کی جان کے) بندنہایت نرمی سے کھول دیتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر سے کیمیائی جوڑوں کونہایت نرمی اورآرام سے توڑ دیتی ہیںo

And by (the angels) who unweave sinews (of the believers' organisms) gently and peacefully,

Or

By the waves of energy that disintegrate gently and peacefully the chemical bonds within matter,

وَالسَّابِحَاتِ سَبْحاً (3)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (زمین وآسمان کے درمیان) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جوآسمانی خلاوفضامیں بلاروک ٹوک چلتی پھرتی ہیںo

And by (the angels) who swiftly glide (between the heavens and the earth),

Or

By the waves of energy that move around freely in space and atmosphere,

فَالسَّابِقَاتِ سَبْقاً (4)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جولپک کر (دوسروں سے) آگے بڑھ جاتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جورفتار، طاقت اورجاذبیت کے لحاظ سے دوسری لہروں پرسبقت لے جاتی ہیںo

Then by (the angels) who with burst of speed sprint past others,

Or

By the waves of energy that surpass other waves in speed, force and assimilation,

فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْراً (5)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جومختلف اُمورکی تدبیر کرتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جوباہمی تعامل سے کائناتی نظام کی بقاکے لیےتوازن وتدبیر قائم رکھتی ہیںo

Then by (the angels) who manage different affairs well,

Or

By the waves of energy that, through mutual dynamism and coordination, maintain equilibrium and keep the balance of the management going for the

survival of the system of the universe,

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ (6)

ترجمہ: (جب انہیں اس نظامِ کائنات کے درہم برہم کر دینے کا حکم ہوگا تو) اس دن (کائنات کی) ہر متحرک چیز شدید حرکت میں آجائے گیo

(When they will be commanded to devastate the system of the universe) that Day, everything in motion (in the universe) will tremor into violent convulsion,

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ (7)

ترجمہ: پیچھے آنے والا ایک اور زلزلہ اس کے پیچھے آئے گاo

Chased by a succeeding convulsion.

قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ (8)

ترجمہ: اس دن (لوگوں کے) دل خوف واضطراب سے دھڑکتے ہوں گےo

That Day, hearts (of the people) will pound with agony and terror.

أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ (9)

ترجمہ: ان کی آنکھیں (خوف وہیبت سے) جھکی ہوں گیo

Their eyes will be downcast (with dread and horror).

سورۃ الانفطار:

وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ (10)

ترجمہ: حالاں کہ تم پر نگہبان فرشتے مقرر ہیںo

Whereas there are guardian angels appointed over you,

كِرَاماً كَاتِبِينَ (11)

ترجمہ: (جو) بہت معزز ہیں (تمہارے اعمال نامے) لکھنے والے ہیںo

(Who are) dignified, the scribes (writing the records of all your deeds).

يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ (12)

ترجمہ: وہ ان (تمام کاموں) کو جانتے ہیں جو تم کرتے ہوo

They know (all) those (actions) which you do.

سورۃ الطارق:

إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ (4)

ترجمہ: کوئی شخص ایسا نہیں جس پر ایک نگہبان (مقرر) نہیں ہےo

There is no human soul but with a protector (appointed) over it.

سورۃ الفجر:

كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا (21)

ترجمہ: یقیناً جب زمین پاش پاش کر کے ریزہ ریزہ کر دی جائے گیo

Assuredly, when the earth will be cleft asunder and crushed to dust particles,

وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا (22)

ترجمہ: اور آپ کا رب جلوہ فرما ہوگا اور فرشتے قطار در قطار (اس کے حضور) حاضر ہوں گےo

And your Lord will unveil His Light and the angels will appear (before His presence) rank upon rank,

سورۃ القدر:

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ (3)

ترجمہ: شبِ قدر (فضیلت و برکت اور اَجر و ثواب میں) ہزار مہینوں سے بہتر ہےo

The Night of Destiny is better than a thousand months (in merit, blessings, reward and recompense).

تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ (4)

ترجمہ: اس (رات) میں فرشتے اور روح الامین (جبریل) اپنے رب کے حکم سے (خیر و برکت کے) ہر امر کے ساتھ اترتے ہیںo

The angels and the Spirit of Peace (Gabriel) descend by their Lord's command during this (night) with decrees concerning all matters (of blessings and bounties).

12۔ کفار کے متعلق آیات

سورۃ البقرہ:

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (6)

ترجمہ: بیشک جنہوں نے کفر اپنالیا ہے ان کے لئے برابر ہے خواہ آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں، وہ ایمان نہیں لائیں گے o

Verily, those who have adopted disbelief, it is the same for them whether you warn them or you warn them not, they will not believe.

خَتَمَ اللّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ عظِيْمٌ (7)

ترجمہ: اللہ نے (ان کے اپنے انتخاب کے نتیجے میں) ان کے دلوں اور کانوں پر مہر لگا دی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ (پڑ گیا) ہے اور ان کے لئے سخت عذاب ہے o

Allah (as a result of their own choice) has set a seal on their hearts and their ears, and there is a blindfold (set) over their eyes. And for them there is a severe torment.

كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَكُنتُمْ أَمْوَاتاً فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (28)

ترجمہ: تم کس طرح اللہ کا انکار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے اس نے تمہیں زندگی بخشی، پھر تمہیں موت سے ہمکنار کرے گا اور پھر تمہیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے o

How can you deny Allah, whereas you were lifeless and He gave you life, then He will cause you to die and will again bring you back to life, and then to Him you will be returned?

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّهِ أَن يُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهُ وَسَعَى فِيْ خَرَابِهَا أُوْلَـئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَن يَدْخُلُوهَا إِلاَّ خَآئِفِيْنَ لهُمْ فِيْ الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِيْ الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (114)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو اللہ کی مسجدوں میں اس کے نام کا ذکر کیے جانے سے روک دے اور انہیں ویران کرنے کی کوشش کرے! انہیں ایسا کرنا مناسب نہ تھا کہ مسجدوں میں داخل ہوتے مگر ڈرتے ہوئے، ان کے لیے دنیا میں (بھی) ذلّت ہے اور ان کے لیے آخرت میں (بھی) بڑا عذاب ہے o

And who is more unjust than he who forbids remembering Allah's Name in His mosques and strives to desolate them? It was not proper for them to enter the mosques but fearing (Allah). For them is disgrace in this world, and (also) there is a dreadful torment for them in the Hereafter.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ أُوْلَئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّهِ وَالْمَلآئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ (161)

ترجمہ: بیشک جنہوں نے (حق کو چھپا کر) کفر کیا اور اس حال میں مرے کہ وہ کافر ہی تھے ان پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے o

Indeed, those who disbelieved (by concealing the truth), and left this world

whilst they were disbelievers, upon them is the curse of Allah and of the angels and of all mankind.

خَالِدِيْنَ فِيْهَا لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ (162)

ترجمہ: وہ ہمیشہ اسی (لعنت) میں (گرفتار) رہیں گے، ان پر سے عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گیo

They shall be (held) under this (curse) forever. Their punishment shall not be mitigated. Nor shall they be given respite.

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ (170)

ترجمہ: اور جب ان (کافروں) سے کہا جاتا ہے کہ جو اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کی پیروی کرو تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اسی (روش) پر چلیں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ عقل رکھتے ہوں اور نہ ہی ہدایت پر ہوں،

And when it is said to them (the disbelievers): 'Follow that which Allah has sent down,' they say: '(Nay) we shall rather follow the same (path) on which we found our ancestors,' even though their ancestors had neither any sense nor any guidance.

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ إِلَّا دُعَاءً وَنِدَاءً صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ (171)

ترجمہ: اور ان کافروں (کو ہدایت کی طرف بلانے) کی مثال ایسے شخص کی سی ہے جو کسی ایسے (جانور) کو پکارے جو سوائے پکار اور آواز کے کچھ نہیں سنتا، یہ لوگ بہرے، گونگے، اندھے ہیں سو انہیں کچھ سمجھ نہیں آتیo

The example of inviting these disbelievers (to guidance) is like that of a person who calls out to such (an animal) as hears nothing except a shout or cry. Deaf, dumb and blind, they have no sense.

اللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَوْلِيَآؤُهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ إِلَى الظُّلُمَاتِ أُوْلٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ (257)

ترجمہ: اللہ ایمان والوں کا کارساز ہے وہ انہیں تاریکیوں سے نکال کر نور کی طرف لے جاتا ہے، اور جو لوگ کافر ہیں ان کے حمایتی شیطان ہیں وہ انہیں (حق کی) روشنی سے نکال کر (باطل کی) تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں، یہی لوگ جہنمی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گےo

Allah is the Guardian of the believers. He brings them out of (all kinds of) darkness and takes them towards the light. And those who are disbelievers, their supporters are satans who take them out of the light (of truth) into the darkness (of evil). It is they who are the inmates of Hell. They will dwell there forever.

سورۃ العمران:

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلاَ أَوْلاَدُهُم مِّنَ اللّهِ شَيْئاً وَأُولَـئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ (10)

ترجمہ: بیشک جنہوں نے کفر کیا نہ ان کے مال انہیں اللہ (کے عذاب) سے کچھ بھی بچا سکیں گے اور نہ ان کی اولاد، اور وہی لوگ دوزخ کا ایندھن ہیں o

Indeed, those who reject faith, neither their wealth nor their children shall be able to save them anyway from (the torment of) Allah. It is they who are the fuel of Hell.

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا فَأَخَذَهُمُ اللّهُ بِذُنُوبِهِمْ وَاللّهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ (11)

ترجمہ: (ان کا بھی) قومِ فرعون اور ان سے پہلی قوموں جیسا طریقہ ہے، جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو اللہ نے ان کے گناہوں کے باعث انہیں پکڑ لیا، اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

(Their) line of action (also) resembles that of the people of Pharaoh and those before them who belied Our Revelations. So, Allah seized them because of their sins and Allah gives severe punishment.

قُل لِّلَّذِيْنَ كَفَرُواْ سَتُغْلَبُونَ وَتُحْشَرُونَ إِلَى جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ (12)

ترجمہ: کافروں سے فرما دیں: تم عنقریب مغلوب ہو جاؤ گے اور جہنم کی طرف ہانکے جاؤ گے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے o

Say to the disbelievers: 'You will soon be overpowered and driven towards Hell, and that is a very evil abode.'

كَيْفَ يَهْدِيْ اللّهُ قَوْماً كَفَرُواْ بَعْدَ إِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُواْ أَنَّ الرَّسُولَ حَقٌّ وَجَاءهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَاللّهُ لاَ يَهْدِيْ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ (86)

ترجمہ: اللہ ان لوگوں کو کیونکر ہدایت فرمائے جو ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے حالانکہ وہ اس امر کی گواہی دے چکے تھے کہ یہ رسول سچا ہے اور انکے پاس واضح نشانیاں بھی آ چکی تھیں، اور اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

How shall Allah guide those who disbelieved after embracing faith whilst they had borne witness that this Messenger is true, and clear signs too had come to them? And Allah does not guide the wrongdoers.

أُوْلَـئِكَ جَزَآؤُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّهِ وَالْمَلآئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ (87)

ترجمہ: ایسے لوگوں کی سزا یہ ہے کہ ان پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور تمام انسانوں کی لعنت پڑتی رہے o

The punishment of such people is that they are continually plagued by the curse of Allah, of the angels and of all mankind.

خَالِدِيْنَ فِيْهَا لاَ يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلاَ هُمْ يُنظَرُونَ (88)

ترجمہ: وہ اس پھٹکار میں ہمیشہ (گرفتار) رہیں گے اور ان سے اس عذاب میں کمی نہیں کی جائے گی اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی o

They shall remain (imprisoned) under this curse forever. And neither will this torment be lessened, nor will they be given respite,

إِلاَّ الَّذِيْنَ تَابُواْ مِن بَعْدِ ذَلِكَ وَأَصْلَحُواْ فَإِنَّ الله غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (89)

ترجمہ: سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے اس کے بعد توبہ کر لی اور (اپنی) اصلاح کر لی، تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

Except those who repent and mend (their) ways. Allah is, indeed, Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ بَعْدَ إِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُواْ كُفْراً لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الضَّآلُّونَ (90)

ترجمہ: بیشک جن لوگوں نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا پھر وہ کفر میں بڑھتے گئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہیں کی جائے گی، اور وہی لوگ گمراہ ہیںo

Assuredly, the people who disbelieve after accepting belief and then advance in disbelief, their repentance will not be accepted at all, and it is they who have lost the right path.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ وَمَاتُواْ وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِم مِّلْءُ الأَرْضِ ذَهَباً وَلَوِ افْتَدَى بِهِ أُوْلَـئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ(91)

ترجمہ: بیشک جو لوگ کافر ہوئے اور حالتِ کفر میں ہی مر گئے سو ان میں سے کوئی شخص اگر زمین بھر سونا بھی (اپنی نجات کے لئے) معاوضہ میں دینا چاہے تو اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، انہی لوگوں کے لئے دردناک عذاب ہے اور ان کا کوئی مددگار نہیں ہو سکے گاo

Surely, those who disbelieved and died whilst they were disbelievers, if any of them offers an earthful of gold as ransom (for his salvation), that shall not be accepted from him at all. It is they for whom there is painful torment. And no helper will be possible for them.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلاَ أَوْلاَدُهُم مِّنَ اللّهِ شَيْئاً وَأُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (116)

ترجمہ: یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا ہے نہ ان کے مال انہیں اللہ (کے عذاب) سے کچھ بچا سکیں گے اور نہ ان کی اولاد، اور وہی لوگ جہنمی ہیں، جو اس میں ہمیشہ رہیں گےo

Certainly, those who have disbelieved, neither their riches nor their children will provide them any protection against (the torment of) Allah. And they are the ones who are the inmates of Hell and will live there forever.

مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ فِيْ هـذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُواْ أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّهُ وَلَـكِنْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (117)

ترجمہ: (یہ لوگ) جو مال (بھی) اس دنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں اس کی مثال اس ہوا جیسی ہے جس میں سخت پالا ہو (اور) وہ ایسی قوم کی کھیتی پر جا پڑے جو اپنی جانوں پر ظلم کرتی ہو اور وہ اسے تباہ کر دے، اور اللہ نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیںo

(Whatever) wealth (these people) spend in the life of this world is like the frost-laden wind which strikes and destroys the harvest of a people who wrong their own souls. And Allah has not done them any wrong, but they have wronged their own selves.

وَاتَّقُواْ النَّارَ الَّتِيْ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِيْنَ(131)

ترجمہ: اوراس آگ سے ڈرو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہےo

And fear the Fire, which has been prepared for those who reject faith.

سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوبِ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ الرُّعْبَ بِمَا أَشْرَكُواْ بِاللّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَاناً وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ وَبِئْسَ مَثْوَى الظَّالِمِيْنَ (151)

ترجمہ: ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں (تمہارا) رعب ڈال دیں گے اس وجہ سے کہ انہوں نے اس چیز کو اللہ کا شریک ٹھہرایا ہے جس کے لیے اللہ نے کوئی سند نہیں اتاری اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور ظالموں کا (وہ) ٹھکانا بہت ہی برا ہےo

Soon shall We plant (your) awesomeness into the hearts of disbelievers because they have associated with Allah partners for which He has not sent down any authority. And Hell is their abode, and extremely horrible is (that) abode of the wrongdoers.

إِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُاْ الْكُفْرَ بِالإِيْمَانِ لَن يَضُرُّواْ اللّهَ شَيْئاً وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ(177)

ترجمہ: بے شک جنہوں نے ایمان کے بدلے کفر خرید لیا ہے وہ اللہ کا کچھ نقصان نہیں کر سکتے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہےo

Indeed, those who purchase disbelief at the cost of belief cannot harm Allah the least, and for them there is a grievous chastisement.

وَلاَ يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ أَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ إِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُواْ إِثْماً وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (178)

ترجمہ: اور کافر یہ گمان ہرگز نہ کریں کہ ہم جو انہیں مہلت دے رہے ہیں (یہ) ان کی جانوں کے لیے بہتر ہے، ہم تو (یہ) مہلت انہیں صرف اس لیے دے رہے ہیں کہ وہ گناہ میں اور بڑھ جائیں، اور ان کے لیے (بالآخر) ذلّت انگیز عذاب ہےo

And the disbelievers must never assume that the respite We are providing them is of any good to their souls. We are granting them (this) respite that they may grow further in sins. And (ultimately) there is for them a humiliating torment.

اَ يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ فِيْ الْبِلاَدِ (196)

ترجمہ: (اے اللہ کے بندے!) کافروں کا شہروں میں (عیش وعشرت کے ساتھ) گھومنا پھرنا تجھے کسی دھوکہ میں نہ ڈال دےo

(O servant of Allah!) The roaming about of the disbelievers in the cities (with luxurious riches) should not cause you any illusion.

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ (197)

ترجمہ: یہ تھوڑی سی (چند دنوں کی) متاع ہے، پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہوگا، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

This is an insignificant possession (for a brief period). Then their abode will be Hell and that is a very evil abode.

سورۃ النساء:

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ وَصَدُّواْ عَن سَبِيْلِ اللّهِ قَدْ ضَلُّواْ ضَلاَلاً بَعِيْداً (167)

ترجمہ: بے شک جنہوں نے کفر کیا (یعنی نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکذیب کی) اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا، یقیناً وہ (حق سے) بہت دور کی گمراہی میں جا بھٹکے o

Verily, those who disbelieved (i.e., belied the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him]) and hindered (people) from the path of Allah, they undoubtedly went far astray (from the truth).

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ وَظَلَمُواْ لَمْ يَكُنِ اللّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلاَ لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقاً (168)

ترجمہ: بے شک جنہوں نے (اللہ کی گواہی کو نہ مان کر) کفر کیا اور (رسول کی شان کو نہ مان کر) ظلم کیا، اللہ ہرگز (ایسا) نہیں کہ انہیں بخش دے اور نہ (ایسا ہے کہ آخرت میں) انہیں کوئی راستہ دکھائے o

Indeed, those who have disbelieved (by denying Allah's witness) and done injustice (by denying the Messenger's glory), Allah will by no means forgive them, nor will show them any path (on the Day of Judgment),

إِلاَّ طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللّهِ يَسِيْراً (169)

ترجمہ: سوائے جہنم کے راستے کے جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اور یہ کام اللہ پر آسان ہے o

Except the path of Hell wherein they shall dwell beyond the count of time and that is easy for Allah.

سورۃ المائدۃ:

وَالَّذِيْنَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ (10)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخ (میں جلنے) والے ہیں o

But those who disbelieve and deny Our Revelations, they are the people who will be (on fire) in Hell.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الأَرْضِ جَمِيْعاً وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُواْ بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ(36)

ترجمہ: بے شک جو لوگ کفر کے مرتکب ہو رہے ہیں اگر ان کے پاس وہ سب کچھ (مال و متاع اور خزانہ موجود) ہو جو روئے زمین میں ہے بلکہ اس کے ساتھ اتنا اور (بھی) تاکہ وہ روزِ قیامت کے عذاب سے (نجات کے لیے) اسے فدیہ (یعنی اپنی جان کے بدلہ) میں دے دیں تو (وہ سب کچھ بھی) ان سے قبول نہیں کیا جائے گا، اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے o

Assuredly, those who disbelieve, if they possess all (the riches and treasures) that exist in the earth, and even with it as much more, so that they may offer it

as ransom (i.e., a recompense for their souls to redeem themselves) from the torment of the Day of Resurrection, (all that too) will not be accepted from them and there is a torturous punishment for them.

يُرِيْدُونَ أَن يَخْرُجُواْ مِنَ النَّارِ وَمَا هُم بِخَارِجِيْنَ مِنْهَا وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ (37)

ترجمہ: وہ چاہیں گے کہ (کسی طرح) دوزخ سے نکل جائیں جب کہ وہ اس سے نہیں نکل سکیں گے اور ان کے لیے دائمی عذاب ہےo

They will desire to get out of Hell (somehow), whereas they will not be able to get out of it. And their torment will be eternal.

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ اعْبُدُواْ اللّهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ إِنَّهُ مَن يُشْرِكْ بِاللّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ وَمَا لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ أَنصَارٍ (72)

ترجمہ: درحقیقت ایسے لوگ کافر ہوگئے ہیں جنہوں نے کہا کہ اللہ ہی مسیح ابنِ مریم (علیہما السلام) ہے حالاں کہ مسیح (علیہ السلام) نے (تو یہ) کہا تھا: اے بنی اسرائیل! تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا (بھی) ربّ ہے اور تمہارا (بھی) ربّ ہے۔ بے شک جو اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو یقیناً اللہ نے اس پر جنت حرام فرما دی ہے اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور ظالموں کے لیے کوئی بھی مددگار نہ ہوگاo

In fact, they have become disbelievers who say: 'Allah is the Messiah, the son of Maryam (Mary),' whereas the Messiah (himself) said: 'O Children of Israel! Worship Allah, Who is my (as well as) your Lord.' Indeed, Allah has forbidden Paradise to him who associates partners with Him. And Hell is his abode and the wrongdoers will not find any helpers.

لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ ثَالِثُ ثَلاَثَةٍ وَمَا مِنْ إِلَـهٍ إِلاَّ إِلَـهٌ وَاحِدٌ وَإِن لَّمْ يَنتَهُواْ عَمَّا يَقُولُونَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (73)

ترجمہ: بے شک ایسے لوگ (بھی) کافر ہوگئے ہیں جنہوں نے کہا کہ اللہ تین (معبودوں) میں سے تیسرا ہے، حالاں کہ معبودِ یکتا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اور اگر وہ ان (بیہودہ باتوں) سے جو وہ کہہ رہے ہیں باز نہ آئے تو ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب ضرور پہنچے گاo

Certainly, they (also) become disbelievers who say: 'Allah is the third of the three (Gods),' whereas there is none worthy of worship except the One God. If they do not desist from (the absurdity) which they utter, a grievous punishment will surely torment those of them who disbelieve.

أَفَلاَ يَتُوبُونَ إِلَى اللّهِ وَيَسْتَغْفِرُونَهُ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (74)

ترجمہ: کیا یہ لوگ اللہ کی بارگاہ میں رجوع نہیں کرتے اور اس سے مغفرت طلب (نہیں) کرتے، حالاں کہ اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

Will they not turn towards Allah (in repentance) and beg forgiveness from Him? For Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تُحَرِّمُواْ طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّهُ لَكُمْ وَلاَ تَعْتَدُواْ إِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ (87)

ترجمہ: اے ایمان والو! جو پاکیزہ چیزیں اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہیں انہیں (اپنے اوپر) حرام مت ٹھہراؤ اور نہ (ہی) حد سے بڑھو، بے شک اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا o

O believers! Do not make (for yourselves) unlawful those pure things which Allah has made lawful for you and do not exceed limits either. Indeed, Allah does not like those who transgress the prescribed bounds.

مَا جَعَلَ اللّهُ مِن بَحِيْرَةٍ وَلاَ سَآئِبَةٍ وَلاَ وَصِيْلَةٍ وَلاَ حَامٍ وَلَـكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ وَأَكْثَرُهُمْ لاَ يَعْقِلُونَ(103)

ترجمہ: اللہ نے نہ تو بحیرہ کو (اَمرِ شرعی) مقرر کیا ہے اور نہ سائبہ کو اور نہ وصیلہ کو اور نہ حام کو، لیکن کافر لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں، اور ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے o

Allah has not made (lawful in the Shariah a cattle dedicated to idols), such as a Bahira, a Sa'iba, a Wasila or a Ham. But the disbelievers fabricate lies against Allah and most of them do not have sense.

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْاْ إِلَى مَا أَنزَلَ اللّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ قَالُواْ حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءنَا أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ شَيْئاً وَلاَ يَهْتَدُونَ (104)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس (قرآن) کی طرف جسے اللہ نے نازل فرمایا ہے اور رسولِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف رجوع کرو تو کہتے ہیں: ہمیں وہی (طریقہ) کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔ اگرچہ ان کے باپ دادا نہ کچھ (دین کا) علم رکھتے ہوں اور نہ ہی ہدایت یافتہ ہوں o

And when it is said to them: 'Turn towards this (Qur'an) revealed by Allah and towards the (most venerable) Messenger (blessings and peace be upon him),' they say: 'Sufficient for us is (the way) on which we found our fathers,' though their fathers did not have any knowledge (of Din [Religion]), nor were they rightly guided.

سورۃ الانعام:

وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلاَّ كَانُواْ عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ (4)

ترجمہ: اور ان کے رب کی نشانیوں میں سے ان کے پاس کوئی نشانی نہیں آتی مگر (یہ کہ) وہ اس سے روگردانی کرتے ہیں o

And there comes to them no sign of the signs of their Lord but (that) they turn away from it.

فَقَدْ كَذَّبُواْ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءهُمْ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنبَاء مَا كَانُواْ بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (5)

ترجمہ: پھر بے شک انہوں نے (اسی طرح) حق (یعنی قرآن) کو (بھی) جھٹلا دیا جب وہ ان کے پاس (اُلوہی نشانی کے طور پر)

آیا، پس عنقریب ان کے پاس اس کی خبریں آیا چاہتی ہیں جس کا وہ مذاق اڑاتے تھےo

Then indeed (the same way) they belied the truth (the Qur'an as well) when it came to them (as a sign of Allah). But soon there is coming to them the news pertaining to what they have been making fun of.

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَاباً فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ إِنْ هَـذَا إِلاَّ سِحْرٌ مُّبِيْنٌ (7)

ترجمہ: اور ہم اگر آپ پر کاغذ پہ لکھی ہوئی کتاب نازل فرما دیتے پھر یہ لوگ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو بھی لیتے تب (بھی) کافر لوگ (یہی) کہتے کہ یہ صریح جادو کے سوا (کچھ) نہیںo

And had We revealed to you a book written on paper which these people could also have touched with their own hands, (even) then the disbelievers would have said: 'This is (nothing) but sheer magic.'

وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكاً لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلاً وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِم مَّا يَلْبِسُونَ (9)

ترجمہ: اور وہ (کفّار) کہتے ہیں کہ اس (رسولِ مکرّم) پر کوئی فرشتہ کیوں نہ اتارا گیا (جسے ہم ظاہراً دیکھ سکتے اور وہ ان کی تصدیق کر دیتا)، اور ہم اگر فرشتہ اتار دیتے تو (ان کا) کام ہی تمام ہو چکا ہوتا پھر انہیں (ذرا بھی) مہلت نہ دی جاتیo

And if We had made the Messenger an angel, even then We would have made him (the form of) a man, and (even in that case) We would have put them in the same doubt which they are (already) in (i.e., confused over his physical appearance, they would say: 'He is a human being like us.')

قُلْ سِيرُواْ فِي الأَرْضِ ثُمَّ انظُرُواْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ (11)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ تم زمین پر چلو پھرو، پھر (نگاہِ عبرت سے) دیکھو کہ (حق کو) جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہواo

Say: 'Travel through the earth and see (with a warned eye) what has been the end of those who denied (the truth).'

قُل لِّمَن مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ قُل لِلّهِ كَتَبَ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لاَ رَيْبَ فِيْهِ الَّذِيْنَ خَسِرُواْ أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (12)

ترجمہ: آپ (ان سے سوال) فرمائیں کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے کس کا ہے؟ (پھر یہ بھی) فرما دیں کہ اللہ ہی کا ہے، اس نے اپنی ذات (کے ذمہ کرم) پر رحمت لازم فرمالی ہے، وہ تمہیں روزِ قیامت جس میں کوئی شک نہیں ضرور جمع فرمائے گا، جنہوں نے اپنی جانوں کو (دائمی) خسارے میں ڈال دیا ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گےo

Ask (them this question): 'To whom belongs whatever is in the heavens and the earth?' And (then) proclaim (this as well): 'Allah's it is.' He has made mercy incumbent upon Himself (as a gracious obligation). He will gather you together on the Day of Resurrection in which there is no doubt. Those who have brought (eternal) loss upon their souls will not believe.

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ وَجَعَلْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِيْ آذَانِهِمْ وَقْراً وَإِن يَرَوْاْ كُلَّ آيَةٍ لاَّ يُؤْمِنُواْ بِهَا حَتَّى إِذَا جَآؤُوكَ يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ إِنْ هَذَا إِلاَّ أَسَاطِيْرُ الأَوَّلِيْنَ (25)

ترجمہ: اوران میں کچھ وہ (بھی) ہیں جو آپ کی طرف کان لگائے رہتے ہیں اور ہم نے ان کے دلوں پر (ان کی اپنی بدنیتی کے باعث) پردے ڈال دیے ہیں سو (اب ان کے لیے) ممکن نہیں کہ وہ اس (قرآن) کو سمجھ سکیں اور (ہم نے) ان کے کانوں میں ڈاٹ دے دی ہے، اور اگر وہ تمام نشانیوں کو (کھلا بھی) دیکھ لیں تو (بھی) اس پر ایمان نہیں لائیں گے۔ حتیٰ کہ جب آپ کے پاس آتے ہیں، آپ سے جھگڑا کرتے ہیں (اس وقت) کافر لوگ کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) پہلے لوگوں کی جھوٹی کہانیوں کے سوا (کچھ) نہیں o

And amongst them are (also) some who keep their ears towards you, and (in view of their evil intentions) We have wrapped their hearts in veils. (So, it is not possible for them now) that they may understand it (the Qur'an) and (We have) plugged their ears. And even if they see all signs (naked), they (still) will not believe in them, so much so that when they approach you and quarrel with you, the disbelievers say (at that time): 'This (Qur'an) is nothing but fabricated stories of the old folk.'

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ وَإِن يُهْلِكُونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ (26)

ترجمہ: اور وہ (دوسروں کو) اس (نبی کی اتباع اور قرآن) سے روکتے ہیں اور (خود بھی) اس سے دور بھاگتے ہیں، اور وہ محض اپنی ہی جانوں کو ہلاک کر رہے ہیں اور وہ (اس ہلاکت کا) شعور (بھی) نہیں رکھتے o

And they hinder (others from following) this (Messenger [blessings and peace be upon him] and the Qur'an) and (also themselves) flee far away from it. They ruin but their own souls, and have no awareness (of this destruction at all).

وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ(27)

ترجمہ: اگر آپ (انہیں اس وقت) دیکھیں جب وہ آگ (کے کنارے) پر کھڑے کیے جائیں گے تو کہیں گے: اے کاش! ہم (دنیا میں) پلٹا دیے جائیں تو (اب) ہم اپنے رب کی آیتوں کو (کبھی) نہیں جھٹلائیں گے اور ایمان والوں میں سے ہو جائیں گے o

If you see (them at the time) when they will be made to stand (on the verge of) the Fire, they will say: 'Would that we were sent back (to the world), then we would not (at all) belie the signs of our Lord and would be of the believers!'

بَلْ بَدَا لَهُم مَّا كَانُوا يُخْفُونَ مِن قَبْلُ وَلَوْ رُدُّوا لَعَادُوا لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (28)

ترجمہ: (اس اقرار میں کوئی سچائی نہیں) بلکہ ان پر وہ (سب کچھ) ظاہر ہو گیا ہے جو وہ پہلے چھپایا کرتے تھے، اور اگر وہ (دنیا میں) لوٹا (بھی) دیے جائیں تو (پھر) وہی دہرائیں گے جس سے وہ روکے گئے تھے اور بے شک وہ (پکے) جھوٹے ہیں o

(This affirmation contains no truth.) In fact, whatever they used to hide before (all that) has become visible to them. And (even) if they were sent back (to the world), they would (once again) do the same that they had been forbidden. And undoubtedly, they are (seasoned) liars.

وَقَالُواْ إِنْ هِيَ إِلاَّ حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِيْنَ (29)

ترجمہ: اور وہ (یہی) کہتے رہیں گے (جیسے انہوں نے پہلے کہا تھا) کہ ہماری اس دنیوی زندگی کے سوا (اور) کوئی (زندگی) نہیں اور ہم (مرنے کے بعد) نہیں اٹھائے جائیں گےo

And they will keep saying (what they said before): 'There is no other (life) except the life of this world, nor shall we be raised up (after death).'

وَلَوْ تَرَى إِذْ وُقِفُواْ عَلَى رَبِّهِمْ قَالَ أَلَيْسَ هَذَا بِالْحَقِّ قَالُواْ بَلَى وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوقُواْ الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ (30)

ترجمہ: اور اگر آپ (انہیں اس وقت) دیکھیں جب وہ اپنے رب کے حضور کھڑے کیے جائیں گے، (اور انہیں) اللہ فرمائے گا: کیا یہ (زندگی) حق نہیں ہے؟ (تو) کہیں گے: کیوں نہیں! ہمارے رب کی قسم (یہ حق ہے، پھر) اللہ فرمائے گا: پس (اب) تم عذاب کا مزہ چکھو اس وجہ سے کہ تم کفر کیا کرتے تھےo

If you see (them at the time) when they will be made to stand before their Lord and Allah will say (to them): 'Is this (life) not a truth?' They will submit: 'Yes, of course, by our Lord (it is the truth).' Allah will (then) say: 'So (now) taste the torment because you used to disbelieve.'

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِلِقَاء اللّهِ حَتَّى إِذَا جَاءتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُواْ يَا حَسْرَتَنَا عَلَى مَا فَرَّطْنَا فِيهَا وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَى ظُهُورِهِمْ أَلاَ سَاء مَا يَزِرُونَ (31)

ترجمہ: پس ایسے لوگ نقصان میں رہے جنہوں نے اللہ کی ملاقات کو جھٹلا دیا یہاں تک کہ جب ان کے پاس اچانک قیامت آپہنچے گی (تو) کہیں گے: ہائے افسوس! ہم پر جو ہم نے اس (قیامت پر ایمان لانے) کے بارے میں (تقصیر) کی، اور وہ اپنی پیٹھوں پر اپنے (گناہوں کے) بوجھ لادے ہوئے ہوں گے، سن لو! وہ بہت برا بوجھ ہے جو یہ اٹھا رہے ہیںo

So those who belie their meeting with Allah incur loss, so much so that when the Last Hour comes upon them all of a sudden, they will say: 'Oh, woe to us! We committed a (serious) blunder with regard to (believing in) this (Day of Resurrection).' And they will be carrying the burdens (of their sins) on their backs. Beware! Most evil is that burden which they are bearing.

وَإِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَن تَبْتَغِيَ نَفَقاً فِي الأَرْضِ أَوْ سُلَّماً فِي السَّمَاء فَتَأْتِيَهُم بِآيَةٍ وَلَوْ شَاء اللّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَى فَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ(35)

ترجمہ: اور اگر آپ پر ان کی رُوگردانی شاق گزر رہی ہے (اور آپ بہرصورت ان کے ایمان لانے کے خواہش مند ہیں) تو اگر آپ سے (یہ) ہو سکے کہ زمین میں (اترنے والی) کوئی سرنگ یا آسمان میں (چڑھنے والی) کوئی سیڑھی تلاش کر لیں پھر (انہیں دکھانے کے لیے) ان کے پاس کوئی (خاص) نشانی لے آئیں (وہ تب بھی ایمان نہیں لائیں گے)، اور اگر اللہ چاہتا تو ان کو ہدایت پر ضرور جمع فرما دیتا پس آپ (اپنی رحمت و شفقت کے بے پایاں جوش کے باعث ان کی بدبختی سے) بے خبر نہ ہو جائیںo

And if their disinclination and turning away is distressing you (and you ardently desire them to believe in any case), then, if possible, manage a tunnel, (going down) into the earth, or seek some ladder, (climbing up) to heaven, and

bring them some (exceptional) sign (to show them, even then they will not believe). And if Allah so willed, He would indeed assemble them together on guidance. So (owing to the overwhelming enthusiasm generating from your compassion, kindness and concern) do not be unaware (of their ill fortune).

إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ وَالْمَوْتَى يَبْعَثُهُمُ اللّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ (36)

ترجمہ: بات یہ ہے کہ (دعوتِ حق) صرف وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو (اسے سچے دل سے) سنتے ہیں، اور مُردوں (یعنی حق کے منکروں) کو اللہ (حالتِ کفر میں ہی قبروں سے) اٹھائے گا پھر وہ اسی (رب) کی طرف (جس کا انکار کرتے تھے) لوٹائے جائیں گے o

The truth is that they alone who listen to it (with truthful hearts) accept (the invitation of truth). And Allah will raise the dead (the deniers of the truth from the graves as disbelievers). Then they will be returned to the same (Lord that they used to deny).

وَقَالُواْ لَوْلاَ نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللّهَ قَادِرٌ عَلَى أَن يُنَزِّلَ آيَةً وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ (37)

ترجمہ: اور انہوں نے کہا کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اس کے رب کی طرف سے (ہر وقت ساتھ رہنے والی) کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی؟ فرما دیجیے: بے شک اللہ اس بات پر (بھی) قادر ہے کہ وہ (ایسی) کوئی نشانی اتار دے لیکن ان میں سے اکثر لوگ (اس کی حکمتوں کو) نہیں جانتے o

And they said: 'Why has a (permanent) sign not been sent down to this (Messenger [blessings and peace be upon him]) from his Lord?' Say: 'Allah assuredly has the power to send down (such a) sign, but most of them do not know (the secrets of His wisdom).'

قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ أَغَيْرَ اللّهِ تَدْعُونَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (40)

ترجمہ: آپ (ان کافروں سے) فرمائیے: ذرا یہ تو بتاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب آ جائے یا تم پر قیامت آ پہنچے تو کیا (اس وقت عذاب سے بچنے کے لیے) اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے؟ (بتاؤ) اگر تم سچے ہو o

Say (to these disbelievers): 'Give your view: if Allah's torment befalls you, or the Last Hour comes upon you, will you then call upon anyone other than Allah (to escape the torment? Reply) if you are truthful.'

بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاء وَتَنسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ (41)

ترجمہ: (ایسا ہرگز ممکن نہیں) بلکہ تم (اب بھی) اسی (اللہ) کو ہی پکارتے ہو پھر اگر وہ چاہے تو ان (مصیبتوں) کو دور فرما دیتا ہے جن کے لیے تم (اسے) پکارتے ہو اور (اس وقت) تم ان (بتوں) کو بھول جاتے ہو جنہیں (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہو o

(Nay, that is not possible at all.) The truth is that it is (Allah) Whom you call upon (even now). Then, if He wills, He averts those (hardships) for which you call upon (Him). (At that time) you forget those (idols) that you associate as partners (with Allah).

وَلَقَدْ أَرْسَلنَا إِلَى أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَخَذْنَاهُمْ بِالْبَأْسَاء وَالضَّرَّاء لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ (42)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے بہت سی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے، پھر ہم نے ان کو (نافرمانی کے باعث) تنگ دستی اور تکلیف کے ذریعے پکڑ لیا تاکہ وہ (عجز و نیاز کے ساتھ) گڑگڑائیں o

Indeed, We sent Messengers to many communities before you. Then We seized them with scarcity and distress (due to their disobedience and defiance), so that they might beseech (with submissiveness and humility).

فَلَوْلا إِذْ جَاءهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُواْ وَلَـكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (43)

ترجمہ: پھر جب ان تک ہمارا عذاب آ پہنچا تو انہوں نے عاجزی و زاری کیوں نہ کی؟ لیکن (حقیقت یہ ہے کہ) ان کے دل سخت ہو گئے تھے اور شیطان نے ان کے لیے وہ (گناہ) آراستہ کر دکھائے تھے جو وہ کیا کرتے تھے o

Then why did they not humble themselves and wail and moan when Our torment came upon them? But (the fact is that) their hearts became hardened, and Satan made those (sinful) acts that they used to perpetrate appear to them attractive and alluring.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخَذَ اللّهُ سَمْعَكُمْ وَأَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلَى قُلُوبِكُم مَّنْ إِلَـهٌ غَيْرُ اللّهِ يَأْتِيكُم بِهِ انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُونَ (46)

ترجمہ: (ان سے) فرما دیجیے کہ تم یہ تو بتاؤ اگر اللہ تمہاری سماعت اور تمہاری آنکھیں لے لے اور تمہارے دلوں پر مُہر لگا دے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ایسا ہے جو یہ (نعمتیں دوبارہ) تمہارے پاس لے آئے؟ دیکھئے ہم کس طرح گوناگوں آیتیں بیان کرتے ہیں پھر (بھی) وہ روگردانی کیے جاتے ہیں o

Say (to them): 'What do you think if Allah deprives you of hearing and sight and seals up your hearts, (then) who is the god other than Allah who can restore to you these (blessings afresh)?' Look how diversely We explain Our Revelations! Yet they continue turning away.

قُلْ مَن يُنَجِّيكُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعاً وَخُفْيَةً لَّئِنْ أَنجَانَا مِنْ هَـذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ (63)

ترجمہ: آپ (ان سے دریافت) فرمائیں کہ بیابان اور دریا کی تاریکیوں سے تمہیں کون نجات دیتا ہے؟ (اس وقت تو) تم گڑگڑا کر (بھی) اور چپکے چپکے (بھی) اسی کو پکارتے ہو کہ اگر وہ ہمیں اس (مصیبت) سے نجات دے دے تو ہم ضرور شکرگزاروں میں سے ہو جائیں گے o

Inquire of them: 'Who delivers you from the layers of the darkness of the land and the sea? When (in trouble) you supplicate Him, totally prostrated and (also) in secret: 'If He delivers us from that (adversity), we shall surely be amongst the grateful.'

وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ قُل لَّسْتُ عَلَيْكُم بِوَكِيلٍ (66)

ترجمہ: اور آپ کی قوم نے اس (قرآن) کو جھٹلا ڈالا حالاں کہ وہ سراسر حق ہے۔ فرما دیجیے: میں تم پر نگہبان نہیں ہوں o

And your people have rejected this (Qur'an) as false, whereas it is the absolute truth. Say: 'I am not a guardian over you.'

وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَى كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُم مَّا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ وَمَا نَرَى مَعَكُمْ شُفَعَاءَكُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاءُ لَقَد تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنكُم مَّا كُنتُمْ تَزْعُمُونَ(94)

ترجمہ: اور بے شک تم (روزِ قیامت) ہمارے پاس اسی طرح تنہا آؤ گے جیسے ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ (تنہا) پیدا کیا تھا اور (اموال واولاد میں سے) جو کچھ ہم نے تمہیں دے رکھا تھا وہ سب اپنی پیٹھ پیچھے چھوڑ آؤ گے، اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے ان سفارشیوں کو نہیں دیکھیں گے جن کی نسبت تم (یہ) گمان کرتے تھے کہ وہ تمہارے (معاملات) میں ہمارے شریک ہیں۔ بے شک (آج) تمہارا باہمی تعلق (واعتماد) منقطع ہو گیا اور وہ (سب) دعوے جو تم کیا کرتے تھے تم سے جاتے رہے o

And verily, (on the Day of Resurrection) you will come to Us all alone as We created you (all alone) the first time, and you will leave all that behind you which We have bestowed on you (of wealth and children). And We shall not see your intercessors accompanying you whom you have assumed to be Our partners in your affairs. Surely, (Today) your mutual relation (and confidence) has broken off, and (all) the claims that you used to make have become void.

وَجَعَلُواْ لِلّهِ شُرَكَاءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُواْ لَهُ بَنِينَ وَبَنَاتٍ بِغَيْرِ عِلْمٍ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يَصِفُونَ (100)

ترجمہ: اور ان کافروں نے جنّات کو اللہ کا شریک بنایا حالاں کہ اسی نے ان کو پیدا کیا تھا اور انہوں نے اللہ کے لیے بغیر علم (و دانش) کے لڑکے اور لڑکیاں (بھی) گھڑ لیں۔ وہ ان (تمام) باتوں سے پاک اور بلند و بالا ہے جو یہ (اس سے متعلق) کرتے پھرتے ہیں o

And these (disbelievers) associate jinn as partners with Allah, whereas He is the One Who has created them. And (also) without knowledge (and reason), they falsely attribute sons and daughters to Allah. Holy is He and far Exalted above (all) that they attribute (to Him).

وَكَذَلِكَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ وَلِيَقُولُواْ دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهُ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (105)

ترجمہ: اور ہم اسی طرح (اپنی) آیتوں کو بار بار (انداز بدل کر) بیان کرتے ہیں اور یہ اس لیے کہ وہ (کافر) بول اٹھیں کہ آپ نے (تو کہیں سے) پڑھ لیا ہے تاکہ ہم اس کو جاننے والے لوگوں کے لیے خوب واضح کر دیں o

And it is this way We elucidate (Our) Verses repeatedly (diversifying the styles) so that they (the disbelievers) may exclaim: 'You have studied (from somewhere),' and that We make it clear to the people who are prone to learn.

وَأَقْسَمُواْ بِاللّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن جَاءتْهُمْ آيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا قُلْ إِنَّمَا الآيَاتُ عِندَ اللّهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا جَاءتْ لاَ يُؤْمِنُونَ (109)

ترجمہ: وہ بڑے تاکیدی حلف کے ساتھ اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی (کھلی) نشانی آجائے تو وہ اس پر ضرور ایمان لے آئیں گے۔ (ان سے) کہہ دو کہ نشانیاں تو صرف اللہ ہی کے پاس ہیں، اور (اے مسلمانو!) تمہیں کیا خبر کہ جب وہ

نشانی آجائے گی (تو) وہ (پھر بھی) ایمان نہیں لائیں گےo

They swear their most solemn oaths by Allah that if there comes to them some (manifest) sign, they shall certainly believe in that. Say (to them): 'Signs are but with Allah alone. And, (O Muslims,) you are not aware that when the sign comes, they will (still) not believe.'

وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُواْ بِهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَنَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ(110)

ترجمہ: اور ہم ان کے دلوں کو اور ان کی آنکھوں کو (ان کی اپنی بدنیتی کے باعث قبولِ حق) سے (اسی طرح) پھیر دیں گے جس طرح وہ اس (نبی) پر پہلی بار ایمان نہیں لائے (سو وہ نشانی دیکھ کر بھی ایمان نہیں لائیں گے) اور ہم انہیں ان کی سرکشی میں (ہی) چھوڑ دیں گے کہ وہ بھٹکتے پھریںo

And (due to their own malice) We shall turn their hearts and their eyes away from (accepting the truth the same way) as they have disbelieved (in the Messenger [blessings and peace be upon him]) the first time. (So, they will not believe even on seeing the sign). And We shall leave them to wander astray in their rebellion and defiance.

وَلَوْ أَنَّنَا نَزَّلْنَا إِلَيْهِمُ الْمَلآئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتَى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلاً مَّا كَانُواْ لِيُؤْمِنُواْ إِلاَّ أَن يَشَاءَ اللّهُ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُونَ (111)

ترجمہ: اور اگر ہم ان کی طرف فرشتے اتار دیتے اور ان سے مُردے باتیں کرنے لگتے اور ہم ان پر ہر چیز (آنکھوں کے سامنے) گروہ در گروہ جمع کر دیتے وہ تب بھی ایمان نہ لاتے سوائے اس کے جو اللہ چاہتا اور ان میں سے اکثر لوگ جہالت سے کام لیتے ہیںo

And if We sent down to them angels, and the dead started talking to them, and We gathered everything in clusters (before their eyes), even then they would not believe except what Allah willed, and most of them put ignorance to work.

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوّاً شَيَاطِينَ الإِنسِ وَالْجِنِّ يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوراً وَلَوْ شَاء رَبُّكَ مَا فَعَلُوهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ (112)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے انسانوں اور جنّوں میں سے شیطانوں کو دشمن بنا دیا جو ایک دوسرے کے دل میں ملمع کی ہوئی (چکنی چپڑی) باتیں (وسوسہ کے طور پر) دھوکہ دینے کے لیے ڈالتے رہتے ہیں، اور اگر آپ کا ربّ (انہیں جبراً روکنا) چاہتا (تو) وہ ایسا نہ کر پاتے، سو آپ انہیں (بھی) چھوڑ دیں اور جو کچھ وہ بہتان باندھ رہے ہیں (اسے بھی)o

And the same way We made for every Prophet enemies-the satans from amongst men and jinn-who always pour into one another's hearts (flattery and) gilded talk (as suspicions) in order to deceive. And if your Lord had willed (to prevent them forcefully), they would not have done so. So leave them and (also) the falsehood which they fabricate.

وَلِتَصْغَى إِلَيْهِ أَفْئِدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالآخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُم مُّقْتَرِفُوْنَ (113)

ترجمہ: اور (یہ) اس لیے کہ ان لوگوں کے دل اس (فریب) کی طرف مائل ہو جائیں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور (یہ) کہ وہ اسے پسند کرنے لگیں اور (یہ بھی) کہ وہ (انہی اعمالِ بد کا) ارتکاب کرنے لگیں جن کے وہ خود (مرتکب) ہو رہے ہیں o

And (its) purpose is that the hearts of the people who do not believe in the Hereafter may incline to this (deceit), and that they may develop fondness for it, and (also) that they may begin to do (the evil deeds) which they are themselves (perpetrating).

أَوَ مَن كَانَ مَيْتاً فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُوراً يَمْشِيْ بِهِ فِيْ النَّاسِ كَمَن مَّثَلُهُ فِيْ الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا كَذَلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ(122)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو مُردہ (یعنی ایمان سے محروم) تھا پھر ہم نے اسے (ہدایت کی بدولت) زندہ کیا اور ہم نے اس کے لیے (ایمان و معرفت کا) نور پیدا فرما دیا (اب) وہ اس کے ذریعے (بقیہ) لوگوں میں (بھی روشنی پھیلانے کے لیے) چلتا ہے اس شخص کی مانند ہو سکتا ہے جس کا حال یہ ہو کہ (وہ جہالت اور گمراہی کے) اندھیروں میں (اس طرح گھرا) پڑا ہے کہ اس سے نکل ہی نہیں سکتا۔ اسی طرح کافروں کے لیے ان کے وہ اعمال (ان کی نظروں میں) خوش نما دکھائے جاتے ہیں جو وہ انجام دیتے رہتے ہیں o

Can he who was dead (i.e., devoid of faith), then We gave him life (by guidance) and created for him the light (of faith and gnosis), and (now) by means of that, he walks amongst (the rest of) the people (also to spread that light) be like the one who is steeped in the darkness of (ignorance and error in such a way) that he can by no means come out of it? Likewise, the actions disbelievers keep doing are made alluring and attractive (in their sight).

وَإِذَا جَاءتْهُمْ آيَةٌ قَالُوْا لَن نُّؤْمِنَ حَتَّى نُؤْتَى مِثْلَ مَا أُوْتِيَ رُسُلُ اللّهِ اللّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ أَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِندَ اللّهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ(124)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس کوئی نشانی آتی ہے (تو) کہتے ہیں: ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ ہمیں بھی ویسی ہی (نشانی) دی جائے جیسی اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ اسے اپنی رسالت کا محل کسے بنانا ہے۔ عنقریب مجرموں کو اللہ کے حضور ذلت رسید ہو گی اور سخت عذاب بھی (ملے گا) اس وجہ سے کہ وہ مکر (اور دھوکہ دہی) کرتے تھے o

And when a sign comes to them, they say: 'We shall never believe until we too are given (a sign) like the one bestowed upon the Messengers of Allah.' Allah knows best whom He is to assign the station of His Messengership. Soon the criminals will face humiliation before Allah, and (will undergo) a severe torment as well because they used to defraud (and deceive).

وَكَذَلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظَّالِمِيْنَ بَعْضاً بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ (129)

ترجمہ: اسی طرح ہم ظالموں میں سے بعض کو بعض پر مسلط کرتے رہتے ہیں ان اعمالِ (بد) کے باعث جو وہ کمایا کرتے ہیں o

And in this manner, We continue making some of the oppressors dominate over others due to the (evil) deeds that they earn.

وَجَعَلُواْ لِلّهِ مِمَّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ وَالأَنْعَامِ نَصِيباً فَقَالُواْ هَـذَا لِلّهِ بِزَعْمِهِمْ وَهَـذَا لِشُرَكَآئِنَا فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلاَ يَصِلُ إِلَى اللّهِ وَمَا كَانَ لِلّهِ فَهُوَ يَصِلُ إِلَى شُرَكَآئِهِمْ سَاء مَا يَحْكُمُونَ **(136)**

ترجمہ: انہوں نے اللہ کے لیے انہی (چیزوں) میں سے ایک حصہ مقرر کرلیا ہے جنہیں اس نے کھیتی اور مویشیوں میں سے پیدا فرمایا ہے پھر اپنے گمانِ (باطل) سے کہتے ہیں کہ یہ (حصہ) اللہ کے لیے ہے اور یہ ہمارے (خودساختہ) شریکوں کے لیے ہے، پھر جو (حصہ) ان کے شریکوں کے لیے ہے سو وہ تو اللہ تک نہیں پہنچتا اور جو (حصہ) اللہ کے لیے ہے تو وہ ان کے شریکوں تک پہنچ جاتا ہے، (وہ) کیا ہی برا فیصلہ کر رہے ہیں o

They have fixed for Allah a share of the same (things) that He has produced of crops and cattle. Then, out of their (false) speculation, they say: 'This share is for Allah and that for our (so-called) partners.' Then (the share) meant for their partners does not reach Allah, and that (portion) which is for Allah reaches their partners. What an evil judgment (they) are making!

وَكَذَلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلاَدِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُواْ عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ وَلَوْ شَاء اللّهُ مَا فَعَلُوهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ **(137)**

ترجمہ: اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کے لیے ان کے شریکوں نے اپنی اولاد کو مار ڈالنا (ان کی نگاہ میں) خوش نما کر دکھایا ہے تاکہ وہ انہیں برباد کر ڈالیں اور ان کے (بچے کھچے) دین کو (بھی) ان پر مشتبہ کر دیں، اور اگر اللہ (انہیں جبراً روکنا) چاہتا تو وہ ایسا نہ کر پاتے پس آپ انہیں اور جو افترا پردازی وہ کر رہے ہیں (اسے نظر انداز کرتے ہوئے) چھوڑ دیجیے o

And in like manner, their partners have made the killing of their children appear attractive to many of the idolaters in order to ruin them, and (also) make their (leftover) religion doubtful for them. And had Allah willed (to prevent them forcefully), they could not have done it. So leave them alone (paying no heed to them) and that which they fabricate.

وَقَالُواْ هَـذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لاَّ يَطْعَمُهَا إِلاَّ مَن نَّشَاء بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لاَّ يَذْكُرُونَ اسْمَ اللّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاء عَلَيْهِ سَيَجْزِيهِم بِمَا كَانُواْ يَفْتَرُونَ **(138)**

ترجمہ: اور اپنے خیالِ (باطل) سے (یہ بھی) کہتے ہیں کہ یہ (مخصوص) مویشی اور کھیتی ممنوع ہے، اسے کوئی نہیں کھا سکتا سوائے اس کے جسے ہم چاہیں اور (یہ کہ بعض) چوپائے ایسے ہیں جن کی پیٹھ (پر سواری) کو حرام کیا گیا ہے اور (بعض) مویشی ایسے ہیں کہ جن پر (ذبح کے وقت) یہ لوگ اللہ کا نام نہیں لیتے (یہ سب) اللہ پر بہتان باندھنا ہے، عنقریب وہ انہیں (اس بات کی) سزا دے گا جو وہ بہتان باندھتے تھے o

And, according to their (heretic) concept, they (also) say: 'These (particular) cattle and crops are prohibited. None can eat them except the one whom we wish. (And) there are (certain) cattle whose backs are forbidden (to ride). And

there are (some) cattle on which these people do not pronounce the Name of Allah (at the time of slaughter. All this) amounts to fabrication against Allah.' Soon He will punish them for (that) which they used to fabricate.

وَقَالُواْ مَا فِيْ بُطُونِ هَـذِهِ الأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَى أَزْوَاجِنَا وَإِن يَكُن مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَاء سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ إِنَّهُ حِكِيْمٌ عَلِيْمٌ **(139)**

ترجمہ: اور (یہ بھی) کہتے ہیں کہ جو (بچہ) ان چوپایوں کے پیٹ میں ہے وہ ہمارے مَردوں کے لیے مخصوص ہے اور ہماری عورتوں پر حرام کر دیا گیا ہے، اور اگر وہ (بچہ) مرا ہوا (پیدا) ہو تو وہ (مرد اور عورتیں) سب اس میں شریک ہوتے ہیں، عنقریب وہ انہیں ان کی (من گھڑت) باتوں کی سزا دے گا، بے شک وہ بڑی حکمت والا خوب جاننے والا ہےo

And they (also) say: 'The (offspring) in the wombs of these cattle is exclusively for our men but forbidden to our women, and if that (offspring) is stillborn, then they (men and women) all are partners in it.' Soon He will punish them for their (invented) dogmas. He is indeed Most Wise, All-Knowing.

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُواْ أَوْلاَدَهُمْ سَفَهاً بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُواْ مَا رَزَقَهُمُ اللّهُ افْتِرَاء عَلَى اللّهِ قَدْ ضَلُّواْ وَمَا كَانُواْ مُهْتَدِيْنَ **(140)**

ترجمہ: واقعی ایسے لوگ برباد ہو گئے جنہوں نے اپنی اولاد کو بغیر علم (صحیح) کے (محض) بیوقوفی سے قتل کر ڈالا اور ان (چیزوں) کو جو اللہ نے انہیں (روزی کے طور پر) بخشی تھیں اللہ پر بہتان باندھتے ہوئے حرام کر ڈالا، بے شک وہ گمراہ ہو گئے اور ہدایت یافتہ نہ ہو سکےo

Certainly, ruined are they who kill their children without (true) knowledge out of (sheer) foolishness, and make those (things) unlawful which Allah has bestowed upon them (as sustenance), inventing a lie against Allah. They have certainly lost the straight path and could not be rightly guided.

وَهُوَ الَّذِيْ أَنشَأَ جَنَّاتٍ مَّعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفاً أُكُلُهُ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهاً وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ كُلُواْ مِن ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُواْ حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ وَلاَ تُسْرِفُواْ إِنَّهُ لاَ يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ **(141)**

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے برداشتہ اور غیر برداشتہ (یعنی بیلوں کے ذریعے اوپر چڑھائے گئے اور بغیر اوپر چڑھائے گئے) باغات پیدا فرمائے اور کھجور (کے درخت) اور زراعت جس کے پھل گونا گوں ہیں اور زیتون اور انار (جو شکل میں) ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں اور (ذائقہ میں) جداگانہ ہیں (بھی پیدا کیے)۔ جب (یہ درخت) پھل لائیں تو تم ان کے پھل کھایا (بھی) کرو اور اس (کھیتی اور پھل) کے کٹنے کے دن اس کا (اللہ کی طرف سے مقرر کردہ) حق (بھی) ادا کر دیا کرو اور فضول خرچی نہ کیا کرو، بے شک وہ بے جا خرچ کرنے والوں کو پسند نہیں کرتاo

And He is the One Who has produced trellised and untrellised gardens (i.e., plants climbing up with supports and those not climbing up) and (also created) date (palms) and vegetation with a wide variety of fruits and olive and pomegranates (that) resemble (in shape) but differ (in taste). When (these

trees) bear fruit, eat of their fruits, and (also) give away its due (as appointed by Allah) on the day of harvest (of the crop and the fruit), and do not spend wastefully. Surely, He does not like those who spend extravagantly.

وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشاً كُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ وَلاَ تَتَّبِعُواْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ(142)

ترجمہ: اور (اس نے) بار برداری کرنے والے (بلند قامت) چوپائے اور زمین پر (ذبح کے لیے یا چھوٹے قد کے باعث) بچھنے والے (مویشی پیدا فرمائے)، تم اس (رزق) میں سے (بھی بطریقِ ذبح) کھایا کرو جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے اور شیطان کے راستوں پر نہ چلا کرو، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے o

And (He) has created (large) cattle to carry burden, and the ones lying-on-earth (due to short height or for slaughter). Eat of this (provision also by way of slaughter) which Allah has provided for you. And do not follow in the footsteps of Satan; certainly, he is your open enemy.

قُل لاَّ أَجِدُ فِي مَا أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّماً عَلَى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ إِلاَّ أَن يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَماً مَّسْفُوحاً أَوْ لَحْمَ خِنزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ أَوْ فِسْقاً أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّهِ بِهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلاَ عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ(145)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ میری طرف جو وحی بھیجی گئی ہے اس میں تو میں کسی (بھی) کھانے والے پر (ایسی چیز کو) جسے وہ کھاتا ہو حرام نہیں پاتا سوائے اس کے کہ وہ مُردار ہو یا بہتا ہوا خون ہو یا سؤر کا گوشت ہو کیونکہ یہ ناپاک ہے یا نافرمانی کا جانور جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام بلند کیا گیا ہو۔ پھر جو شخص (بھوک کے باعث) سخت لاچار ہو جائے نہ تو نافرمانی کر رہا ہو اور نہ حد سے تجاوز کر رہا ہو تو بے شک آپ کا رب بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے o

Say: 'I do not find in that Revelation which has been sent to me anything forbidden to anyone who eats (such things) as he takes in food except carrion, or flowing blood, or the flesh of swine, for it is filthy and impious, or the sinfully slaughtered animal on which some name other than Allah's Name has been invoked at the time of slaughter. But he who becomes helpless (due to hunger), and is neither disobeying nor transgressing, then surely your Lord is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُواْ لَوْ شَاء اللّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلاَ آبَاؤُنَا وَلاَ حَرَّمْنَا مِن شَيْءٍ كَذَلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِم حَتَّى ذَاقُواْ بَأْسَنَا قُلْ هَلْ عِندَكُم مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا إِن تَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَإِنْ أَنتُمْ إِلاَّ تَخْرُصُونَ(148)

ترجمہ: جلد ہی مشرک لوگ کہیں گے کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ (ہی) ہم شرک کرتے اور نہ ہمارے آباء و اجداد اور نہ کسی چیز کو (بلا سند) حرام قرار دیتے۔ اسی طرح ان لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے حتیٰ کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھ لیا۔ فرما دیجیے: کیا تمہارے پاس کوئی (قابلِ حجت) علم ہے کہ تم اسے ہمارے لیے نکال لاؤ (تو اسے پیش کرو)، تم (علمِ یقینی کو چھوڑ کر) صرف گمان ہی کی پیروی کرتے ہو اور تم محض (تخمینہ کی بنیاد پر) دروغ گوئی کرتے ہو o

Those who associate partners with Allah will soon say: 'Had Allah so willed, neither we nor our fathers would have committed polytheism; nor would we have declared anything forbidden (without authority).' In like manner, the

people before them also belied until they tasted Our torment. Say: 'Do you have any (authentic) knowledge which you may bring forth for us? (If so, then present it).' You (abandoning knowledge of certitude) follow only assumptions and speculations and tell sheer lies (based on guesswork).'

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلآئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لاَ يَنفَعُ نَفْساً إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِن قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْراً قُلِ انتَظِرُواْ إِنَّا مُنتَظِرُونَ **(158)**

ترجمہ: وہ فقط اسی انتظار میں ہیں کہ ان کے پاس (عذاب کے) فرشتے آ پہنچیں یا آپ کا رب (خود) آ جائے یا آپ کے رب کی کچھ (مخصوص) نشانیاں (عیاناً) آ جائیں۔ (انہیں بتا دیجیے کہ) جس دن آپ کے رب کی بعض نشانیاں (یوں ظاہراً) آ پہنچیں گی (تو اس وقت) کسی (ایسے) شخص کا ایمان اسے فائدہ نہیں پہنچائے گا جو پہلے سے ایمان نہیں لایا تھا یا اس نے اپنے ایمان (کی حالت) میں کوئی نیکی نہیں کمائی تھی، فرما دیجیے: تم انتظار کرو ہم (بھی) منتظر ہیں o

They are just waiting for the angels (of torment) to reach them, or your Lord to come (Himself), or some (exclusive) signs of your Lord to come (perceptibly. Tell them:) 'The Day when some signs of your Lord will come (in such an evident way, then accepting) the belief will not benefit someone who had not believed before, or did not earn any good (in the state of) having believed.' Say: 'Wait; we (too) are waiting.'

سورۃ الاعراف:

وَإِذَا فَعَلُواْ فَاحِشَةً قَالُواْ وَجَدْنَا عَلَيْهَا آبَاءنَا وَاللّهُ أَمَرَنَا بِهَا قُلْ إِنَّ اللّهَ لاَ يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاء أَتَقُولُونَ عَلَى اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ **(28)**

ترجمہ: اور جب وہ کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں (تو) کہتے ہیں: ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی (طریقہ) پر پایا اور اللہ نے ہمیں اسی کا حکم دیا ہے۔ فرما دیجیے کہ اللہ بے حیائی کے کاموں کا حکم نہیں دیتا۔ کیا تم اللہ (کی ذات) پر ایسی باتیں کرتے ہو جو تم خود (بھی) نہیں جانتے o

And when they commit some indecency, they say: 'We found our ancestors on the same (way) and Allah has enjoined the same upon us.' Say: 'Allah does not enjoin acts of indecency. Do you say about (the Essence of) Allah such things as you do not know (even) yourselves?'

فَرِيقاً هَدَى وَفَرِيقاً حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلاَلَةُ إِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيَاطِينَ أَوْلِيَاء مِن دُونِ اللّهِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ **(30)**

ترجمہ: ایک گروہ کو اس نے ہدایت فرمائی اور ایک گروہ پر (اس کے اپنے کسب و عمل کے نتیجے میں) گمراہی ثابت ہو گئی۔ بے شک انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو دوست بنا لیا تھا اور وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیں o

He guided one group, but error was proved against the other (consequent on their own doings). Indeed, they made friends with satans, leaving Allah aside, and think that they are the rightly guided.

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِباً أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ أُوْلَـئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيبُهُم مِّنَ الْكِتَابِ حَتَّى إِذَا جَاءتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ قَالُواْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ قَالُواْ ضَلُّواْ عَنَّا وَشَهِدُواْ عَلَى أَنفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُواْ كَافِرِينَ(37)

ترجمہ: پھر اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوسکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے؟ ان لوگوں کو ان کا (وہ) حصہ پہنچ جائے گا (جو) نوشتہ کتاب ہے، یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) آئیں گے کہ ان کی روحیں قبض کرلیں (تو ان سے) کہیں گے: اب وہ (جھوٹے معبود) کہاں ہیں جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے تھے؟ وہ (جواباً) کہیں گے کہ وہ ہم سے گم ہوگئے (یعنی اب کہاں نظر آتے ہیں) اور وہ اپنی جانوں کے خلاف (خود یہ) گواہی دیں گے کہ بے شک وہ کافر تھےo

Then who can be a greater wrongdoer than the one who fabricates a lie against Allah or rejects His Revelations as false? The share of such people will reach them as has been written in the Book until, when (the angels) whom We send will come to them to take away their souls, they will say (to them): 'Now where are those (false gods) whom you used to worship besides Allah?' They will say (replying): 'They are lost from us (i.e., how they can be seen now!),' and they will bear witness (themselves) against their own souls that they were doubtlessly disbelievers.

قَالَ ادْخُلُواْ فِيَ أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِكُم مِّنَ الْجِنِّ وَالإِنسِ فِيَ النَّارِ كُلَّمَا دَخَلَتْ أُمَّةٌ لَّعَنَتْ أُخْتَهَا حَتَّى إِذَا ادَّارَكُواْ فِيهَا جَمِيعاً قَالَتْ أُخْرَاهُمْ لأُولاَهُمْ رَبَّنَا هَـؤُلاء أَضَلُّونَا فَآتِهِمْ عَذَاباً ضِعْفاً مِّنَ النَّارِ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَلَـكِن لاَّ تَعْلَمُونَ (38)

ترجمہ: اللہ فرمائے گا: تم جنوں اور انسانوں کی ان (جہنّمی) جماعتوں میں شامل ہو کر جو تم سے پہلے گزر چکی ہیں دوزخ میں داخل ہو جاؤ۔ جب بھی کوئی جماعت (دوزخ میں) داخل ہوگی وہ اپنے جیسی دوسری جماعت پر لعنت بھیجے گی، یہاں تک کہ جب اس میں سارے (گروہ) جمع ہو جائیں گے تو ان کے پچھلے اپنے اگلوں کے حق میں کہیں گے کہ اے ہمارے ربّ! انہی لوگوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا سو ان کو دوزخ کا دوگنا عذاب دے۔ ارشاد ہوگا: ہر ایک کے لیے دوگنا ہے مگر تم جانتے نہیں ہوo

Allah will say: 'Enter the Fire, joining those (Hellish) groups of jinn and men who have passed before you.' Whenever a party will enter (Hell), it will curse its sister party until, when all (groups) will forgather, their successors will say in respect of their predecessors: 'O our Lord, these are the people who led us astray, so increase their torment of Hell two times.' He will say: 'It is double for everyone but you know it not.'

وَقَالَتْ أُولاَهُمْ لأُخْرَاهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِن فَضْلٍ فَذُوقُواْ الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ (39)

ترجمہ: اور ان کے اگلے اپنے پچھلوں سے کہیں گے: سو تمہیں ہم پر کچھ فضیلت نہ ہوئی پس (اب) تم (بھی) عذاب (کا مزہ) چکھو اس کے سبب جو کچھ تم کماتے تھےo

And their predecessors will say to their successors: 'You have not gained any

superiority over us, so you (too) taste the torment (now) for what you used to earn.'

إِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُواْ عَنْهَا لاَ تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلاَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ وَكَذَلِكَ نَجْزِيْ الْمُجْرِمِيْنَ **(40)**

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سرکشی کی ان کے لیے آسمانِ (رحمت وقبولیت) کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور نہ ہی وہ جنت میں داخل ہوسکیں گے یہاں تک کہ سوئی کے سوراخ میں اونٹ داخل ہو جائے (یعنی جیسے یہ ناممکن ہے اسی طرح ان کا جنت میں داخل ہونا بھی ناممکن ہے)، اور ہم مجرموں کو اسی طرح سزا دیتے ہیںo

Indeed, those who reject Our Revelations as false and rebel against them, the gates of the heavens (of mercy and acceptance) shall not be opened to them, nor will they be able to enter Paradise until the camel passes through the eye of a needle (i.e., their entrance into Paradise will be impossible the same way). And it is like that We punish the evildoers.

وَنَادَى أَصْحَابُ الْجَنَّةِ أَصْحَابَ النَّارِ أَن قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقّاً فَهَلْ وَجَدتُّم مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقّاً قَالُواْ نَعَمْ فَأَذَّنَ مُؤَذِّنٌ بَيْنَهُمْ أَن لَّعْنَةُ اللّهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ **(44)**

ترجمہ: اور اہلِ جنت دوزخ والوں کو پکار کر کہیں گے: ہم نے تو واقعتاً اسے سچّا پالیا جو وعدہ ہمارے رب نے ہم سے فرمایا تھا، سو کیا تم نے (بھی) اسے سچّا پایا جو وعدہ تمہارے ربّ نے (تم سے) کیا تھا؟ وہ کہیں گے: ہاں۔ پھر ان کے درمیان ایک آواز دینے والا آواز دے گا کہ ظالموں پر اللہ کی لعنت ہےo

And the people of Paradise will call out to the inmates of Hell: 'We have really found true the promise that our Lord made to us. Have you (also) found true what your Lord promised (you)?' They will answer: 'Yes.' Thereupon a herald will call out amongst them: 'The curse of Allah is on the wrongdoers.

الَّذِيْنَ يَصُدُّونَ عَن سَبِيْلِ اللّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجاً وَهُم بِالآخِرَةِ كَافِرُونَ **(45)**

ترجمہ: (یہ وہی ہیں) جو (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے تھے اور اس میں کجی تلاش کرتے تھے اور وہ آخرت کا انکار کرنے والے تھےo

(It is they) who used to hinder (the people) from the path of Allah and look for crookedness in it and they disbelieved in the Hereafter.'

الَّذِيْنَ اتَّخَذُواْ دِيْنَهُمْ لَهْواً وَلَعِباً وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ نَنسَاهُمْ كَمَا نَسُواْ لِقَاءَ يَوْمِهِمْ هَـذَا وَمَا كَانُواْ بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ **(51)**

ترجمہ: جنہوں نے اپنے دین کو تماشا اور کھیل بنا لیا اور جنہیں دنیوی زندگی نے فریب دے رکھا تھا، آج ہم انہیں اسی طرح بھلا دیں گے جیسے وہ (ہم سے) اپنے اس دن کی ملاقات کو بھولے ہوئے تھے اور جیسے وہ ہماری آیتوں کا انکار کرتے تھےo

Those that made their din (religion) a funfair and sport and whom the worldly life had deceived.' We shall forget them Today as they forgot their meeting of

this Day (with Us) and as they used to deny Our Revelations.

هَلۡ يَنظُرُونَ إِلَّا تَأۡوِيلَهُۥۚ يَوۡمَ يَأۡتِي تَأۡوِيلُهُۥ يَقُولُ ٱلَّذِينَ نَسُوهُ مِن قَبۡلُ قَدۡ جَآءَتۡ رُسُلُ رَبِّنَا بِٱلۡحَقِّۖ فَهَل لَّنَا مِن شُفَعَآءَ فَيَشۡفَعُواْ لَنَآ أَوۡ نُرَدُّ فَنَعۡمَلَ غَيۡرَ ٱلَّذِي كُنَّا نَعۡمَلُۚ قَدۡ خَسِرُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ وَضَلَّ عَنۡهُم مَّا كَانُواْ يَفۡتَرُونَ **(53)**

ترجمہ: وہ صرف اس (کہی ہوئی بات) کے انجام کے منتظر ہیں، جس دن اس (بات) کا انجام سامنے آجائے گا وہ لوگ جو اس سے قبل اسے بھلا چکے تھے کہیں گے: بے شک ہمارے رب کے رسول حق (بات) لے کر آئے تھے، سو کیا (آج) ہمارے کوئی سفارشی ہیں جو ہمارے لیے سفارش کر دیں یا ہم (پھر دنیا میں) لوٹا دیے جائیں تاکہ ہم (اس مرتبہ) ان (اعمال) سے مختلف عمل کریں جو (پہلے) کرتے رہے تھے۔ بے شک انہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا اور وہ (بہتان و افتراء) ان سے جاتا رہا جو وہ گھڑا کرتے تھےo

They are just waiting for the outcome of that (stated matter). The Day when the outcome of that (matter) will be unfolded, the people who had forgotten it before this will say: 'No doubt the Messengers of our Lord came with the truth. So, are there any intercessors (Today) who will intercede for us? Or, can we be returned (to the world again) so that (this time) we might do deeds different from (those) that we had been perpetrating (before)?' They certainly harmed themselves, and that (lie and fabrication) which they used to invent has parted with them.

ثُمَّ بَدَّلۡنَا مَكَانَ ٱلسَّيِّئَةِ ٱلۡحَسَنَةَ حَتَّىٰ عَفَواْ وَّقَالُواْ قَدۡ مَسَّ آبَاءَنَا ٱلضَّرَّآءُ وَٱلسَّرَّآءُ فَأَخَذۡنَٰهُم بَغۡتَةً وَهُمۡ لَا يَشۡعُرُونَ**(95)**

ترجمہ: پھر ہم نے (ان کی) بدحالی کی جگہ خوش حالی بدل دی، یہاں تک کہ وہ (ہر لحاظ سے) بہت بڑھ گئے۔ اور (ناشکری سے) کہنے لگے کہ ہمارے باپ دادا کو بھی (اسی طرح) رنج اور راحت پہنچتی رہی ہے سو ہم نے انہیں اس کفرانِ نعمت پر اچانک پکڑ لیا اور انہیں (اس کی) خبر بھی نہ تھیo

We then changed (their) misfortune with good fortune till they made (an all-embracing) progress. But (out of ingratitude) they said: 'Our ancestors too have been living through pain and pleasure (the same way).' So We caught them unawares on this ingratitude and they did not even notice (it).

وَٱلَّذِينَ كَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَا سَنَسۡتَدۡرِجُهُم مِّنۡ حَيۡثُ لَا يَعۡلَمُونَ **(182)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا ہے ہم عنقریب انہیں آہستہ آہستہ ہلاکت کی طرف لے جائیں گے ایسے طریقے سے کہ انہیں خبر بھی نہیں ہوگیo

But those who deny Our Revelations, We shall soon lead them gradually towards catastrophe in such an imperceptible manner that they will not even notice it.

وَأُمۡلِي لَهُمۡۚ إِنَّ كَيۡدِي مَتِينٞ **(183)**

ترجمہ: اور میں انہیں مہلت دے رہا ہوں، بے شک میری گرفت بڑی مضبوط ہےo

And I am giving them respite; indeed, My grip is inescapable.

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُواْ مَا بِصَاحِبِهِم مِّن جِنَّةٍ إِنْ هُوَ إِلاَّ نَذِيرٌ مُّبِينٌ (184)

ترجمہ: کیا انہوں نے غور نہیں کیا کہ انہیں (اپنی) صحبت کے شرف سے نوازنے والے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جنون سے کوئی علاقہ نہیں، وہ تو (نافرمانوں کو) صرف واضح ڈر سنانے والے ہیںo

Have they not reflected that the Messenger (blessings and peace be upon him), who honours them with (his) companionship, has not contracted any mania? He is only a plain Warner (to the disobedient).

أَوَلَمْ يَنظُرُواْ فِي مَلَكُوتِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّهُ مِن شَيْءٍ وَأَنْ عَسَى أَن يَكُونَ قَدِ اقْتَرَبَ أَجَلُهُمْ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ (185)

ترجمہ: کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت میں اور (علاوہ ان کے) جو کوئی چیز بھی اللہ نے پیدا فرمائی ہے (اس میں) نگاہ نہیں ڈالی؟ اور اس میں کہ کیا عجب ہے ان کی مدتِ (موت) قریب آ چکی ہو، پھر اس کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گےo

Have they not looked into the kingdom of the heavens and the earth and whatever Allah has created (apart from that? And have they not considered that) it may well be that their appointed term (death) has drawn near? Then what will they believe in after this?

مَن يُضْلِلِ اللّهُ فَلاَ هَادِيَ لَهُ وَيَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ (186)

ترجمہ: جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اس کے لیے (کوئی) راہ دکھانے والا نہیں، اور وہ انہیں ان کی سرکشی میں چھوڑے رکھتا ہے تاکہ (مزید) بھٹکتے رہیںo

There is no guide for the one whom Allah holds astray. And He leaves them to wander in defiance so that they may grope on.

أَيُشْرِكُونَ مَا لاَ يَخْلُقُ شَيْئاً وَهُمْ يُخْلَقُونَ (191)

ترجمہ: کیا وہ ایسوں کو شریک بناتے ہیں جو کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے اور وہ (خود) پیدا کیے گئے ہیںo

Do they associate as partners with Him those who cannot create anything and have (themselves) been created?

وَلاَ يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْراً وَلاَ أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ (192)

ترجمہ: اور نہ وہ ان (مشرکوں) کی مدد کرنے پر قدرت رکھتے ہیں اور نہ اپنے آپ ہی کی مدد کر سکتے ہیںo

Neither do they have power to help these (polytheists), nor can they help even themselves.

وَإِن تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَى لاَ يَتَّبِعُوكُمْ سَوَاء عَلَيْكُمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنتُمْ صَامِتُونَ (193)

ترجمہ: اور اگر تم ان کو (راہِ) ہدایت کی طرف بلاؤ تو تمہاری پیروی نہ کریں گے۔ تمہارے حق میں برابر ہے خواہ تم انہیں (حق و ہدایت کی طرف) بلاؤ یا تم خاموش رہوo

And if you call them to (the path of) guidance, they will not follow you. For you, it is all the same whether you call them (towards guidance and truth) or you remain silent.

إِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِن دُونِ اللّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُواْ لَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (194)

ترجمہ: بے شک جن (بتوں) کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو وہ بھی تمہاری ہی طرح (اللہ کے) مملوک ہیں، پھر جب تم انہیں پکارو تو انہیں چاہئے کہ تمہیں جواب دیں اگر تم (انہیں معبود بنانے میں) سچے ہوo

Surely, those (idols) whom you worship besides Allah are also slaves (of Allah) just like you. So when you call on them, they should answer you if you are true (in making them gods).

أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا قُلِ ادْعُواْ شُرَكَاءكُمْ ثُمَّ كِيْدُونِ فَلاَ تُنظِرُونِ(195)

ترجمہ: کیا ان کے پاؤں ہیں جن سے وہ چل سکیں، یا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑ سکیں، یا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھ سکیں یا ان کے کان ہیں جن سے وہ سن سکیں؟ آپ فرما دیں: (اے کافرو!) تم اپنے (باطل) شریکوں کو (میری ہلاکت کے لیے) بلا لو پھر مجھ پر (اپنا) داؤ چلاؤ اور مجھے کوئی مہلت نہ دوo

Do they have feet to walk with or hands to hold with or eyes to see with or ears to hear with? Say: '(O disbelievers!) Call your (false) partners (for my destruction). Then execute (your) plot against me and do not give me any respite.

إِنَّ وَلِيِّيَ اللّهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتَابَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِيْنَ (196)

ترجمہ: بے شک میرا مددگار اللہ ہے جس نے کتاب نازل فرمائی ہے اور وہی صلحاء کی بھی نصرت و ولایت فرماتا ہےo

Indeed, my Helper is Allah, Who has revealed the Book, and He is the One Who also protects and helps the pious.

وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِن دُونِهِ لاَ يَسْتَطِيْعُونَ نَصْرَكُمْ وَلا أَنفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ (197)

ترجمہ: اور جن (بتوں) کو تم اس کے سوا پوجتے ہو وہ تمہاری مدد کرنے پر کوئی قدرت نہیں رکھتے اور نہ ہی اپنے آپ کی مدد کر سکتے ہیںo

And (the idols) whom you worship besides Him have no power to help you, nor can they help themselves.'

وَإِن تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَى لاَ يَسْمَعُواْ وَتَرَاهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ وَهُمْ لاَ يُبْصِرُونَ (198)

ترجمہ: اور اگر تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ سن (بھی) نہیں سکیں گے، اور آپ ان (بتوں) کو دیکھتے ہیں (وہ اس طرح تراشے گئے ہیں) کہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں حالاں کہ وہ (کچھ) نہیں دیکھتےo

And if you call them towards guidance, they cannot (even) hear. And you see these (idols are sculptured in such a way) as if they were looking at you, whereas they do not see (anything).

سورۃ الانفال:

إِن تَسْتَفْتِحُواْ فَقَدْ جَاءكُمُ الْفَتْحُ وَإِن تَنتَهُواْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَإِن تَعُودُواْ نَعُدْ وَلَن تُغْنِيَ عَنكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئاً وَلَوْ كَثُرَتْ وَأَنَّ اللّهَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ (19)

ترجمہ: (اے کافرو!) اگر تم نے فیصلہ کن فتح مانگی تھی تو یقیناً تمہارے پاس (حق کی) فتح آ چکی اور اگر تم (اب بھی) باز آ جاؤ تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے، اور اگر تم پھر یہی (شرارت) کرو گے (تو) ہم (بھی) پھر یہی (سزا) دیں گے اور تمہارا لشکر تمہیں ہرگز کفایت نہ کر سکے گا اگرچہ کتنا ہی زیادہ ہو اور بے شک اللہ مومنوں کے ساتھ ہےo

(O disbelievers!) If you sought a decisive victory, then the victory (of the truth) has certainly reached you. It will be best for you if you desist (even now). But if you opt for the same (mischief), We shall (also) afflict you with the same (punishment) and your army, may it be of any large size, will not be of any avail to you. And Allah is surely on the side of the believers.

إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللّهِ الصُّمُّ الْبُكْمُ الَّذِينَ لاَ يَعْقِلُونَ (22)

ترجمہ: بے شک اللہ کے نزدیک جانداروں میں سب سے بدتر وہی بہرے، گونگے ہیں جو (نہ حق سنتے ہیں، نہ حق کہتے ہیں اور حق کو حق) سمجھتے بھی نہیں ہیںo

Surely, the worst of the living creatures in the sight of Allah are the deaf and the dumb who (neither listen to nor speak the truth and) also do not understand (the truth).

وَلَوْ عَلِمَ اللّهُ فِيهِمْ خَيْراً لَّأَسْمَعَهُمْ وَلَوْ أَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّواْ وَّهُم مُّعْرِضُونَ (23)

ترجمہ: اور اگر اللہ ان میں کچھ بھی خیر (کی طرف رغبت) جانتا تو انہیں (ضرور) سنا دیتا، اور (ان کی حالت یہ ہے کہ) اگر وہ انہیں (حق) سنا دے تو وہ (پھر بھی) روگردانی کر لیں اور وہ (حق سے) گریز ہی کرنے والے ہیںo

And had Allah known even a little (inclination towards) good in them, He would (certainly) have made them hear. But (their state of mind is such that) if He makes them hear (the truth), they will (even then) turn away, and they are those who are averse (to the truth).

وَاتَّقُواْ فِتْنَةً لاَّ تُصِيبَنَّ الَّذِينَ ظَلَمُواْ مِنكُمْ خَآصَّةً وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ(25)

ترجمہ: اور اس فتنہ سے ڈرو جو خاص طور پر صرف ان لوگوں ہی کو نہیں پہنچے گا جو تم میں سے ظالم ہیں (بلکہ اس ظلم کا ساتھ دینے والے اور اس پر خاموش رہنے والے بھی انہی میں شریک کر لیے جائیں گے)، اور جان لو کہ اللہ عذاب میں سختی فرمانے والا ہےo

And fear the plague which will not afflict exclusively those who are the tyrants amongst you (but its victims will also include those who are accomplices in tyranny or who remain indifferent to it). And bear in mind that Allah is Severe in inflicting torment.

وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ أَوْ يَقْتُلُوْكَ أَوْ يُخْرِجُوْكَ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ (30)

ترجمہ: اور جب کافر لوگ آپ کے خلاف خفیہ سازشیں کر رہے تھے کہ وہ آپ کو قید کر دیں یا آپ کو قتل کر ڈالیں یا آپ کو (وطن سے) نکال دیں، اور (اِدھر) وہ سازشی منصوبے بنا رہے تھے اور (اُدھر) اللہ (ان کے مکر کے ردّ کے لیے اپنی) تدبیر فرما رہا تھا، اور اللہ سب سے بہتر مخفی تدبیر فرمانے والا ہے o

And when the disbelievers were engaged in hatching conspiracies against you to captivate you or slay you or banish you (from the country on the one side), they were plotting intrigues, and (on the other) Allah was planning His strategy (to thwart their intrigues). And Allah is the Best of the secret planners.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَاء لَقُلْنَا مِثْلَ هَـذَا إِنْ هَـذَا إِلَّا أَسَاطِيْرُ الأَوَّلِيْنَ (31)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری آیتیں پڑھی جاتی ہیں (تو) وہ کہتے ہیں: بے شک ہم نے سن لیا اگر ہم چاہیں تو ہم بھی اس (کلام) کے مثل کہہ سکتے ہیں یہ تو اگلوں کی (خیالی) داستانوں کے سوا (کچھ بھی) نہیں ہے o

And when Our Revelations are recited to them, they say: 'Of course, we have heard. If we desire, we can also compose Verses analogous to that (Word). These are (nothing) but the (imaginary) tales of the ancients.'

وَإِذْ قَالُوْا اللّٰهُمَّ إِن كَانَ هَـذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِندِكَ فَأَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَاءِ أَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ (32)

ترجمہ: اور جب انہوں نے (طعناً) کہا: اے اللہ! اگر یہی (قرآن) تیری طرف سے حق ہے تو (اس کی نافرمانی کے باعث) ہم پر آسمان سے پتھر برسا دے یا ہم پر کوئی دردناک عذاب بھیج دے o

And when they said (sarcastically): 'O Allah! If this (Qur'an) is really the truth from Your side, then rain down upon us stones from the sky (for disobeying it), or seize us with some grievous torment.'

وَمَا لَهُمْ أَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْا أَوْلِيَاءهُ إِنْ أَوْلِيَآؤُهُ إِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (34)

ترجمہ: (آپ کی ہجرتِ مدینہ کے بعد مکہ کے) ان (کافروں) کے لیے اور کیا وجہ ہو سکتی ہے کہ اللہ انہیں (اب) عذاب نہ دے حالاں کہ وہ (لوگوں کو) مسجدِ حرام (یعنی کعبۂ اللہ) سے روکتے ہیں اور وہ اس کے ولی (یا متولی) ہونے کے اہل بھی نہیں، اس کے اولیاء (یعنی دوست) تو صرف پرہیزگار لوگ ہوتے ہیں مگر ان میں سے اکثر (اس حقیقت کو) جانتے ہی نہیں o

And what might be any other reason that Allah should not punish these (disbelievers of Mecca now after your emigration to Medina), whilst they hinder people from the Sacred Mosque (Ka'ba), and they do not deserve to be its guardians (or custodians) as well? Its friends (i.e., guardians) are only the righteous people, but most of them do not know (this truth).

وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِندَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاء وَتَصْدِيَةً فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُوْنَ (35)

ترجمہ: اور بیت اللہ (یعنی خانہ کعبہ) کے پاس ان کی (نام نہاد) نماز سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے، سو تم

عذاب (کا مزہ) چکھو اس وجہ سے کہ تم کفر کیا کرتے تھےo

And their (so-called) Prayer at the House of Allah (Ka'ba) is nothing more than whistling and clapping hands. So taste the torment because you used to disbelieve.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّواْ عَن سَبِيْلِ اللّهِ فَسَيُنفِقُونَهَا ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ وَالَّذِيْنَ كَفَرُواْ إِلَى جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ (36)

ترجمہ: بے شک کافر لوگ اپنا مال و دولت (اس لیے) خرچ کرتے ہیں کہ (اس کے اثر سے) وہ (لوگوں کو) اللہ (کے دین) کی راہ سے روکیں، سو ابھی وہ اسے خرچ کرتے رہیں گے پھر (یہ خرچ کرنا) ان کے حق میں پچھتاوا (یعنی حسرت و ندامت) بن جائے گا پھر وہ (گرفتِ الٰہی کے ذریعے) مغلوب کر دیے جائیں گے، اور جن لوگوں نے کفر اپنا لیا ہے وہ دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گےo

Undoubtedly, the disbelievers spend their wealth (in order to influence and) prevent people from the path of Allah's Din (Religion). So, presently, they will continue spending it, but later (this spending) will become for them a source of regret (i.e., repentance and despondency). They will then be overpowered (by Allah's seizure), and those who have adopted disbelief will be driven towards Hell,

لِيَمِيْزَ اللّهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهُ عَلَى بَعْضٍ فَيَرْكُمَهُ جَمِيْعاً فَيَجْعَلَهُ فِيْ جَهَنَّمَ أُوْلَـئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (37)

ترجمہ: تاکہ اللہ (تعالیٰ) ناپاک کو پاکیزہ سے جدا فرما دے اور ناپاک (یعنی نجاست بھرے کرداروں) کو ایک دوسرے کے اوپر تلے رکھ دے پھر سب کو اکٹھا ڈھیر بنا دے گا پھر اس (ڈھیر) کو دوزخ میں ڈال دے گا، یہی لوگ خسارہ اٹھانے والے ہیںo

So that Allah separates the impious from the pious and puts the impious (i.e., filthy characters) one over the other and heaps them all up together and then casts this (heap) into Hell. It is they who are the losers.

قُل لِّلَّذِيْنَ كَفَرُواْ إِن يَنتَهُواْ يُغْفَرْ لَهُم مَّا قَدْ سَلَفَ وَإِنْ يَعُودُواْ فَقَدْ مَضَتْ سُنَّةُ الأَوَّلِيْنِ (38)

ترجمہ: آپ کفر کرنے والوں سے فرما دیں: اگر وہ (اپنے کافرانہ اَفعال سے) باز آ جائیں تو ان کے وہ (گناہ) بخش دیے جائیں گے جو پہلے گزر چکے ہیں، اور اگر وہ پھر وہی کچھ کریں گے تو یقیناً اگلوں (کے عذاب در عذاب) کا طریقہ گزر چکا ہے (ان کے ساتھ بھی وہی کچھ ہوگا)o

Say to those who disbelieve: 'If they desist (from their blasphemous acts), then (the sins) which have passed will be forgiven. But if they repeat the same, then the pattern of (multiple punishments given to) the forerunners has passed. (They will also be dealt with the same way.)'

وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لاَ تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّيْنُ كُلُّهُ لِلّهِ فَإِنِ انتَهَواْ فَإِنَّ اللّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (39)

ترجمہ: اور (اے اہلِ حق!) تم ان (ظلم و طاغوت کے سرغنوں) کے ساتھ (قیامِ امن کے لیے) جنگ کرتے رہو یہاں تک کہ کوئی فتنہ (باقی) نہ رہ جائے اور سب دین (یعنی نظامِ بندگی و زندگی) اللہ ہی کا ہو جائے، پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بے شک اللہ اس (عمل) کو جو وہ انجام دے رہے ہیں، خوب دیکھ رہا ہے o

And, (O people of truth,) continue your fight against these (chieftains of oppression and aggression for the establishment of enduring peace), until there does not (remain) any disruption and Din (the system of living in servitude and compliance) is devoted to Allah alone. And if they desist, then Allah surely sees well (the action) that they are accomplishing.

وَإِن تَوَلَّوْاْ فَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ مَوْلاَكُمْ نِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيرُ (40)

ترجمہ: اور اگر انہوں نے (اطاعتِ حق سے) روگردانی کی تو جان لو کہ بے شک اللہ ہی تمہارا مولیٰ (یعنی حمایتی) ہے، (وہی) بہتر حمایتی اور بہتر مددگار ہے o

But if they turn away (from obeying Allah), then know that surely Allah alone is your Excellent Protector (i.e., Patron); what an Excellent Protector (Patron) and what an Excellent Helper!

وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لاَ غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ فَلَمَّا تَرَاءتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَى عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَى مَا لاَ تَرَوْنَ إِنِّيَ أَخَافُ اللّهَ وَاللّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ (48)

ترجمہ: اور جب شیطان نے ان (کافروں) کے لیے ان کے اَعمال خوش نما کر دکھائے اور اس نے (ان سے) کہا: آج لوگوں میں سے کوئی تم پر غالب نہیں (ہو سکتا) اور بے شک میں تمہیں پناہ دینے والا (مددگار) ہوں۔ پھر جب دونوں فوجوں نے ایک دوسرے کو (مقابل) دیکھ لیا تو وہ الٹے پاؤں بھاگ گیا اور کہنے لگا: بے شک میں تم سے بے زار ہوں، یقیناً میں وہ (کچھ) دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھتے، بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں، اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And (recall) when Satan made the actions of these (disbelievers) appear attractive to them, and he said (to them): 'None of the people (can) overpower you today and I am certainly your protector (helper).' But when both the armies stood (face to face) against each other, he turned on his heels and said: 'I am indeed averse to you. Certainly, I see what you do not see. Surely, I fear Allah, and Allah is Severe in punishing.'

إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَـؤُلاء دِينُهُمْ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّهِ فَإِنَّ اللّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (49)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب منافقین اور وہ لوگ جن کے دل میں (کفر کی) بیماری ہے کہہ رہے تھے کہ ان (مسلمانوں) کو ان کے دین نے بڑا مغرور کر رکھا ہے، (جبکہ حقیقتِ حال یہ ہے کہ) جو کوئی اللہ پر توکل کرتا ہے تو (اللہ اس کے جملہ امور کا کفیل ہو جاتا ہے)، بے شک اللہ بہت غالب بڑی حکمت والا ہے o

And (also recall) when the hypocrites and those in whose hearts is the disease (of disbelief) were saying: 'The Din (Religion) of these (Muslims) has made them greatly arrogant.' But (the truth is that) he who trusts Allah (then Allah is the Sustainer of all his matters). Surely, Allah is Almighty, Most Wise.

وَلَوْ تَرَى إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُواْ الْمَلآئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ وَذُوقُواْ عَذَابَ الْحَرِيْقِ **(50)**

ترجمہ: اور اگر آپ (وہ منظر) دیکھیں (تو بڑا تعجب کریں) جب فرشتے کافروں کی جان قبض کرتے ہیں وہ ان کے چہروں اور ان کی پشتوں پر (ہتھوڑے) مارتے جاتے ہیں اور (کہتے ہیں کہ دوزخ کی) آگ کا عذاب چکھ لو o

And you (will wonder) if you see (the spectacle) when the angels take away the souls of the disbelievers. They continue striking their faces and backs (with hammers and say): 'Taste the torment of the Fire (of Hell).'

ذَلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْكُمْ وَأَنَّ اللّهَ لَيْسَ بِظَلاَّمٍ لِّلْعَبِيْدِ **(51)**

ترجمہ: یہ (عذاب) ان (اعمالِ بد) کے بدلہ میں ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجے اور اللہ ہرگز بندوں پر ظلم فرمانے والا نہیں o

This (torment) is in retribution of those (impious acts) which your hands have sent forward, and Allah does not at all do injustice to His servants.

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ كَفَرُواْ بِآيَاتِ اللّهِ فَأَخَذَهُمُ اللّهُ بِذُنُوبِهِمْ إِنَّ اللّهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ **(52)**

ترجمہ: (ان کافروں کا حال بھی) قومِ فرعون اور ان سے پہلے کے لوگوں کے حال کی مانند ہے۔ انہوں نے (بھی) اللہ کی آیات کا انکار کیا تھا، سو اللہ نے انہیں ان کے گناہوں کے باعث (عذاب میں) پکڑ لیا۔ بے شک اللہ قوت والا سخت عذاب دینے والا ہے o

(The case of these disbelievers is also) like (that of) the people of Pharaoh and those who preceded them. They (too) denied the Revelations of Allah. So, Allah seized them (with torment) for their sins. Surely, Allah is Mighty, Severe in afflicting torment.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللّهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّراً نِّعْمَةً أَنْعَمَهَا عَلَى قَوْمٍ حَتَّى يُغَيِّرُواْ مَا بِأَنفُسِهِمْ وَأَنَّ اللّهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ **(53)**

ترجمہ: یہ (عذاب) اس وجہ سے ہے کہ اللہ کسی نعمت کو ہرگز بدلنے والا نہیں جو اس نے کسی قوم پر ارزانی فرمائی ہو یہاں تک کہ وہ لوگ از خود اپنی حالتِ نعمت کو بدل دیں (یعنی کفرانِ نعمت اور معصیت و نافرمانی کے مرتکب ہوں اور پھر ان میں احساسِ زیاں بھی باقی نہ رہے تب وہ قوم ہلاکت و بربادی کی زد میں آجاتی ہے)، بے شک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے o

This (torment) is because Allah never changes any blessing that He grants affluently to some people till they change their blessed state themselves (i.e., when they commit ingratitude, disobedience and sins and even lose the sense of loss, they are seized by destruction and devastation). And Allah is indeed All-Hearing, All-Knowing.

كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ كَذَّبُواْ بِآيَاتِ رَبِّهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَكُلٌّ كَانُواْ ظَالِمِيْنَ **(54)**

ترجمہ: یہ (عذاب بھی) قومِ فرعون اور ان سے پہلے کے لوگوں کے دستور کی مانند ہے، انہوں نے (بھی) اپنے رب کی نشانیوں کو جھٹلایا تھا سو ہم نے ان کے گناہوں کے باعث انہیں ہلاک کر ڈالا اور ہم نے فرعون والوں کو (دریا میں) غرق کر دیا اور وہ سب کے سب ظالم تھے o

This (torment too) is on the pattern of the people of Pharaoh and those who preceded them: they (also) denied the signs of their Lord. So, We destroyed them due to their sins, and We drowned the people of Pharaoh (in the river). And they all were oppressors.

إِنَّ شَرَّ الدَّوَابِّ عِندَ اللّهِ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ فَهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (55)

ترجمہ: بے شک اللہ کے نزدیک سب جانوروں سے (بھی) بدتر وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا پھر وہ ایمان نہیں لاتے o

Surely, worse than (even) all the beasts in the sight of Allah are the people who disbelieve. So they do not believe.

الَّذِيْنَ عَاهَدتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ يَنقُضُونَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَهُمْ لاَ يَتَّقُونَ (56)

ترجمہ: یہ (بنونضیر اور بنوقریظہ کے وہ) لوگ ہیں جن سے آپ نے (بارہا باہمی امن اور ریاستی حفاظت کا) عہد لیا، پھر وہ ہر بار (کفارِ مکہ کی مدینہ پر جارحیت کے دوران انہیں جنگی ساز و سامان اور معلومات کی فراہمی کے ذریعے) اپنا عہد توڑ ڈالتے ہیں اور وہ (اس برائی سے) نہیں بچتے o

They are the ones from whom you took a promise (many a time), but they break their promise every time and do not fear (Allah).

فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ (57)

ترجمہ: سو اگر آپ انہیں (میدانِ) جنگ میں پالیں تو ان کے ساتھ (وہ) سلوک کریں کہ اس کے ذریعے آپ ان کے پچھلوں کو (بھی) راہِ فرار اختیار کرنے پر مجبور کر دیں تاکہ انہیں نصیحت حاصل ہو o

So if you come upon them in the battlefield, then by killing them (for violating the peace treaty) in an exemplary manner, make those who are behind them (also) run on their heels so that they may learn a lesson of warning.

وَإِمَّا تَخَافَنَّ مِن قَوْمٍ خِيَانَةً فَانبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَى سَوَاء إِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبُّ الخَائِنِيْنَ (58)

ترجمہ: اور اگر آپ کو کسی قوم سے خیانت کا اندیشہ ہو تو ان کا عہد ان کی طرف برابری کی بنیاد پر پھینک دیں۔ بے شک اللہ دغابازوں کو پسند نہیں کرتا o

And if you apprehend treachery from a people, then throw their promise back to them on the basis of equality. Indeed, Allah does not like the treacherous.

وَلاَ يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ سَبَقُواْ إِنَّهُمْ لاَ يُعْجِزُونَ (59)

ترجمہ: اور کافر لوگ اس گمان میں ہرگز نہ رہیں کہ وہ سبقت لے گئے (یا وہ منشاءِ ایزدی پر غالب آ گئے)۔ بے شک وہ (اللہ کی طاقت کو) شکست نہیں دے سکتے o

And let not the disbelievers ever assume that they have escaped (safe and sound). Assuredly, they can never make (Us) powerless.

وَأَعِدُّواْ لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِن دُونِهِمْ لاَ تَعْلَمُونَهُمُ اللّهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنفِقُواْ مِن شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لاَ تُظْلَمُونَ (60)

ترجمہ: اور (اے مسلمانو!) ان کے (مقابلے کے) لیے تم سے جس قدر ہو سکے (ہتھیاروں اور آلاتِ جنگ کی) قوت مہیا رکھو اور بندھے ہوئے گھوڑوں کی (کھیپ بھی)، اس (دفاعی تیاری) سے تم اللہ کے دشمن اور اپنے دشمن کو (اپنے اوپر حملہ آور ہونے سے) ڈراتے رہو اور ان کے سوا دوسروں کو بھی جن (کی چھپی دشمنی) کو تم نہیں جانتے، اللہ انہیں جانتا ہے۔ اور تم جو کچھ (بھی اپنے دفاع کی خاطر) اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے تمہیں اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور تم سے ناانصافی نہ کی جائے گی o

And, (O Muslims,) muster up as much defence strength as you can (in the form of weapons and equipment of war) and (also formations) of war steeds (i.e., war mounts) to combat them. Cause deterrence with this (defensive readiness) amongst the enemy of Allah and your enemy, and also those besides them whose (secret enmity) you know not; Allah knows them. And whatever you spend in the way of Allah, you will be paid back in full, and you will not be done any injustice.

وَإِن جَنَحُواْ لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (61)

ترجمہ: اور اگر (تمہارے ساتھ نبرد آزما) وہ (کفار) صلح و آشتی کے لیے جھکیں تو آپ بھی اس کی طرف مائل ہو جائیں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ بے شک وہی خوب سننے والا جاننے والا ہے o

And if they (the combatant or hostile disbelievers) incline to peace and reconciliation, you also incline to it and put your trust in Allah. Surely, He alone is All-Hearing, All-Knowing.

وَإِن يُرِيدُواْ أَن يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللّهُ هُوَ الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ (62)

ترجمہ: اور اگر وہ چاہیں کہ آپ کو دھوکہ دیں تو بے شک آپ کے لیے اللہ کافی ہے، وہی ہے جس نے آپ کو (براہ راست) اپنی مدد کے ذریعے اور اہل ایمان کے ذریعے طاقت بخشی (جو آپ کی پیروی کرتے ہیں) o

And if they seek to deceive you, then surely Allah is Sufficient for you. He is the One Who has given you strength with His help and with the believers.

وَالَّذِينَ كَفَرُواْ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ إِلاَّ تَفْعَلُوهُ تَكُن فِتْنَةٌ فِي الأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ (73)

ترجمہ: اور جو لوگ کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے مددگار ہیں، (اے مسلمانو!) اگر تم (ایک دوسرے کے ساتھ) ایسا (تعاون اور مدد و نصرت) نہیں کرو گے تو زمین میں (غلبۂ کفر و باطل کا) فتنہ اور بڑا فساد بپا ہو جائے گا o

And those who disbelieve are the allies of one another. (O Muslims!) If you do not extend (to one another) the same (help and cooperation for the cause of Allah), then great mischief and disruption (for the dominance of

disbelief and falsehood) will break out in the land.

سورۃ التوبۃ:

بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَى الَّذِيْنَ عَاهَدتُّم مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ (1)

ترجمہ: اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف سے بیزاری (ودست برداری) کا اعلان ہے ان مشرک لوگوں کی طرف جن سے تم نے (صلح وامن کا) معاہدہ کیا تھا (لیکن اُنہوں نے معاہدہ توڑتے ہوئے حالتِ جنگ کو پھر بحال کر دیا)o

Absolution (i.e., renunciation) is declared from Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) to those polytheists with whom you had made a treaty of peace (but they breached the truce and restored the state of war).

فَسِيْحُواْ فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَاعْلَمُواْ أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ وَأَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكَافِرِيْنَ (2)

ترجمہ: پس (اے مشرکو!) تم زمین میں چار ماہ (تک) گھوم پھر لو (اس مہلت کے اختتام پر تمہیں جنگ کا سامنا کرنا ہوگا) اور جان لو کہ تم اللہ کو ہرگز عاجز نہیں کر سکتے اور بے شک اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہےo

So, (O polytheists,) you may move about in the land (for) four months. (You will face war after this term.) And bear in mind that you cannot at all weaken Allah, and surely Allah is the Abaser of the disbelievers.

وَأَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُولِهِ إِلَى النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ أَنَّ اللّٰهَ بَرِيءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُولُهُ فَإِن تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُواْ أَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ (3)

ترجمہ: (یہ آیات) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی جانب سے تمام لوگوں کی طرف حجِ اکبر کے دن اعلانِ (عام) ہے کہ اللہ مشرکوں سے بے زار ہے اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھی (ان سے بری الذمّہ ہے)، پس (اے مشرکو!) اگر تم توبہ کر لو تو وہ تمہارے حق میں بہتر ہے اور اگر تم نے روگردانی کی تو جان لو کہ تم ہرگز اللہ کو عاجز نہ کر سکو گے، اور (اے حبیب!) آپ کافروں کو دردناک عذاب کی خبر سنا دیںo

(These Verses) are a (public) declaration from Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) for all mankind on the day of the Great Pilgrimage that Allah is absolved of all obligations to the polytheists, and His Messenger (blessings and peace be upon him) too (is free from all obligations to them). So, (O polytheists,) if you repent, that is better for you, but if you turn away, then know that you cannot at all make Allah's strategy ineffective. And, (O Beloved,) warn the disbelievers of a grievous torment,

إِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدتُّم مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ثُمَّ لَمْ يَنقُصُوكُمْ شَيْئاً وَلَمْ يُظَاهِرُواْ عَلَيْكُمْ أَحَداً فَأَتِمُّواْ إِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ إِلَى مُدَّتِهِمْ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ (4)

ترجمہ: سوائے ان مشرکوں کے جن سے تم نے معاہدہ کیا تھا پھر انہوں نے تمہارے ساتھ (اپنے عہد کو پورا کرنے میں) کوئی کمی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ پر کسی کی مدد (یا پشت پناہی) کی سو تم ان کے عہد کو ان کی مقررہ مدت تک ان کے ساتھ پورا کرو، بے

شک اللہ پرہیزگاروں کو پسند فرماتا ہےo

Except those idolaters with whom you made an agreement, who then did not show any latitude (in executing the treaty) and who did not support (or reinforce) anyone against you. So fulfil the treaty with them till the end of the term. Surely, Allah loves those who fear Him.

وَإِنْ أَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَأَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلَامَ اللّٰهِ ثُمَّ أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ(6)

ترجمہ: اور اگر مشرکوں میں سے کوئی بھی آپ سے پناہ کا خواستگار ہو تو اسے پناہ دے دیں تا آنکہ وہ اللہ کا کلام سنے پھر آپ اسے اس کی جائے امن تک پہنچا دیں، یہ اس لیے کہ وہ لوگ (حق کا) علم نہیں رکھتےo

And if any of the idolaters seeks asylum with you, provide him with protection until he listens to the Words of Allah. Then escort him to his haven. This is because these people do not possess the knowledge (of the truth).

كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖ إِلَّا الَّذِيْنَ عَاهَدتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ (7)

ترجمہ: (بھلا) مشرکوں کے لیے اللہ کے ہاں اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ہاں کوئی عہد کیوں کر ہو سکتا ہے؟ سوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے مسجدِ حرام کے پاس (حدیبیہ میں) معاہدہ کیا ہے سو جب تک وہ تمہارے ساتھ (عہد پر) قائم رہیں تم ان کے ساتھ قائم رہو۔ بے شک اللہ پرہیزگاروں کو پسند فرماتا ہےo

(How) can there be a promise for the polytheists with Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) except for those with whom you have made a treaty near the Sacred Mosque (at al-Hudaybiya)? So as long as they remain true to (the treaty with) you, remain true to them. Surely, Allah loves those who fear Him.

كَيْفَ وَإِن يَظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً يُرْضُوْنَكُم بِأَفْوَاهِهِمْ وَتَأْبٰى قُلُوْبُهُمْ وَأَكْثَرُهُمْ فَاسِقُوْنَ (8)

ترجمہ: (بھلا ان سے عہد کی پاس داری کی توقع) کیونکر ہو! ان کا حال تو یہ ہے کہ اگر تم پر غلبہ پا جائیں تو نہ تمہارے حق میں کسی قرابت (یا سفارتی ضابطے) کا لحاظ کریں اور نہ کسی عہد کا، وہ (خوش کن الفاظ بول کر) تمہیں اپنے مونہہ سے تو راضی رکھتے ہیں جب کہ ان کے دل (ان باتوں سے) انکار کرتے ہیں اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیںo

How (can one expect from them an honouring of the agreement)? They are in such a state that if they overpower you, they will have regard neither for any tie of kinship with you nor for any covenant. They please you with lip service only, but their hearts deny (all what they say). And most of them are those who break agreements.

اشْتَرَوْا بِآيَاتِ اللّٰهِ ثَمَناً قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَن سَبِيْلِهٖ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (9)

ترجمہ: انہوں نے آیاتِ الٰہی کے بدلے (دنیوی مفاد کی) تھوڑی سی قیمت حاصل کر لی پھر اس (کے دین) کی راہ سے (لوگوں کو) روکنے لگے، بے شک بہت ہی برا کام ہے جو وہ کرتے رہتے ہیںo

They gained a paltry price (in terms of worldly interests) for the Revelations of Allah and then started hindering (people) from His path (of the Din [Religion]). Indeed, it is extremely evil what they keep doing.

لَا يَرْقُبُونَ فِيْ مُؤْمِنٍ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُونَ (10)

ترجمہ: نہ وہ کسی مسلمان کے حق میں قرابت کا لحاظ کرتے ہیں اور نہ عہد کا، اور وہی لوگ (سرکشی میں) حد سے بڑھنے والے ہیںo

They have no regard for either a tie of kinship or a covenant in respect of a Muslim, and they are the people who have exceeded limits (in disobedience).

فَإِن تَابُواْ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ وَآتَوُاْ الزَّكَاةَ فَإِخْوَانُكُمْ فِيْ الدِّيْنِ وَنُفَصِّلُ الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (11)

ترجمہ: پھر (بھی) اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کرنے لگیں تو (وہ) دین میں تمہارے بھائی ہیں (سو تمہیں ایک دوسرے کے درمیان پُر اَمن تعلقات استوار کرنے کے لیے الگ سے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں) اور ہم (اپنی) آیتیں ان لوگوں کے لیے تفصیل سے بیان کرتے ہیں جو علم و دانش رکھتے ہیںo

(Even) then if they repent and establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due), they are your brothers in Din (Religion). And We elucidate (Our) Revelations in detail for those who possess knowledge and understanding.

وَإِن نَّكَثُواْ أَيْمَانَهُم مِّن بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُواْ فِيْ دِيْنِكُمْ فَقَاتِلُواْ أَئِمَّةَ الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنتَهُونَ (12)

ترجمہ: اور اگر وہ (تم سے کیے گئے) اپنے معاہدہ کے بعد اپنے عہد توڑ دیں اور (معاہدۂ اَمن سے اِنحراف کر کے قتلِ عام اور پُر تشدد کارروائیوں کے ذریعے حالتِ جنگ بحال کرنے اور ریاستی اَمن کے لیے سخت خطرات پیدا کرنے کے ساتھ سرِ عام) تمہارے دین میں طعنہ زنی کریں تو (اس صورت میں) تم (فتنہ و فساد اور دہشت گردی کا اِمکان ختم کرنے کے لیے) محاربت کے ان سرغنوں سے (پیشگی دفاعی) جنگ کرو، بے شک ان کی قسموں کا کوئی اعتبار نہیں ہے (یہ دفاعی اقدام اس لیے کرو) کہ وہ (اپنی فتنہ پروری سے) باز آ جائیںo

And if after making a promise (for peaceful bilateral relations), they break their oaths, (i.e., restore the state of war,) and taunt you with sarcasm in your Din (Religion), then, (in that case), wage (deterring defensive) war against (those) chieftains of disbelief (to pre-empt and eliminate the chance of militancy and terrorism). Surely, their oaths are not worth any regard, (take this defensive action) so that they may desist (from their mischief-mongering).

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ أَن يَعْمُرُواْ مَسَاجِدَ الله شَاهِدِيْنَ عَلَى أَنفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ أُوْلَئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ وَفِي النَّارِ هُمْ خَالِدُونَ (17)

ترجمہ: مشرکوں کے لیے یہ روا نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدیں آباد کریں درآنحالیکہ وہ خود اپنے اوپر کفر کے گواہ ہیں، ان لوگوں کے تمام اعمال باطل ہو چکے ہیں اور وہ ہمیشہ دوزخ ہی میں رہنے والے ہیںo

It is not for the polytheists to maintain and frequent the mosques of Allah, whereas they themselves bear witness to their disbelief. All their deeds have become void and in Hell they shall dwell forever.

أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَجَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللّهِ لاَ يَسْتَوُونَ عِندَ اللّهِ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (19)

ترجمہ: کیا تم نے (محض) حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجدِ حرام کی آبادی و مرمت کا بندوبست کرنے (کے عمل) کو اس شخص کے (اعمال) کے برابر قرار دے رکھا ہے جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان لے آیا اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، یہ لوگ اللہ کے حضور برابر نہیں ہو سکتے، اور اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

Do you consider (the mere) serving of drinking water to the pilgrims and the management of populating and maintaining the Sacred Mosque (an act) equal to (the works of) a person who believes in Allah and the Last Day and fights in the cause of Allah? They cannot be equal in the sight of Allah, and Allah does not guide those who do injustice.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ آبَاءكُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاء إِنِ اسْتَحَبُّواْ الْكُفْرَ عَلَى الإِيْمَانِ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (23)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنے باپ (دادا) اور بھائیوں کو بھی دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر کو محبوب رکھتے ہوں، اور تم میں سے جو شخص بھی انہیں دوست رکھے گا سو وہی لوگ ظالم ہیں o

O believers! Do not take your fathers (and forefathers) and brothers for friends if they love disbelief more than belief. And whoever of you befriends them, it is they who are the wrongdoers.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلاَ يَقْرَبُواْ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَـذَا وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ إِن شَاء إِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (28)

ترجمہ: اے ایمان والو! مشرکین تو سراپا نجاست ہیں سو وہ اپنے اس سال کے بعد (یعنی فتحِ مکہ کے بعد 9ھ سے) مسجدِ حرام کے قریب نہ آنے پائیں، اور اگر تمہیں (تجارت میں کمی کے باعث) مفلسی کا ڈر ہے تو (گھبراؤ نہیں) عنقریب اللہ اگر چاہے گا تو تمہیں اپنے فضل سے مال دار کر دے گا، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

O believers! The polytheists are an embodiment of impurity, so let them not come closer to the Sacred Mosque after this year of theirs (i.e., after victory over Mecca in 9 AH). If you fear poverty (due to a decline in your trade), then (do not worry). Allah will soon enrich you from His bounty if He so wills. Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

إِنَّمَا النَّسِيءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِينَ كَفَرُواْ يُحِلِّونَهُ عَاماً وَيُحَرِّمُونَهُ عَاماً لِّيُوَاطِؤُواْ عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّهُ فَيُحِلُّواْ مَا حَرَّمَ اللّهُ زُيِّنَ لَهُمْ سُوءُ أَعْمَالِهِمْ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ (37)

ترجمہ: (حرمت والے مہینوں کو) آگے پیچھے ہٹا دینا محض کفر میں زیادتی ہے اس سے وہ کافر لوگ بہکائے جاتے ہیں جو اسے ایک سال حلال گردانتے ہیں اور دوسرے سال اسے حرام ٹھہرا لیتے ہیں تاکہ ان (مہینوں) کا شمار پورا کر دیں جنہیں اللہ نے حرمت بخشی ہے اور اس (مہینے) کو حلال (بھی) کر دیں جسے اللہ نے حرام فرمایا ہے۔ ان کے لیے ان کے برے اعمال خوش نما بنا دیے گئے ہیں

اور اللہ کافروں کے گروہ کو ہدایت نہیں فرماتا o

Postponing and deferring (the sacred months) is just an addition to disbelief. By this, the disbelievers are led astray; they, in one year, count it lawful and in another year regard it forbidden to complete the count (of the months) which Allah has made sacred and (they also) make that (month) lawful which Allah has declared unlawful. Their evil deeds have been made attractive to them, and Allah does not guide the community of disbelievers.

وَعَدَ اللهُ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا هِيَ حَسْبُهُمْ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ(68)

ترجمہ: اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں سے آتشِ دوزخ کا وعدہ فرما رکھا ہے (وہ) اس میں ہمیشہ رہیں گے، وہ (آگ) انہیں کافی ہے، اور اللہ نے ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے ہمیشہ برقرار رہنے والا عذاب ہے o

Allah has promised the hypocrites, men and women, and the disbelievers, the Fire of Hell in which (they) will live forever. That (Fire) will suffice them. And Allah has cast His curse upon them, and for them is a torment that will last forever.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (73)

ترجمہ: اے نبی (معظم!) آپ (اِسلام دشمنی پر کارفرما) کافروں اور منافقوں سے جہاد کریں اور (اَمن دشمنی، فساد انگیزی اور جارحیت کے اِرتکاب کی وجہ سے) ان پر سختی کریں، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ برا ٹھکانا ہے o

O (Glorious) Messenger! Fight against the disbelievers and the hypocrites, and treat them harshly (for violating peace, creating disorder and committing militancy and aggression). And Hell is their abode and that is an evil abode.

الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْراً وَنِفَاقاً وَأَجْدَرُ أَلَّا يَعْلَمُواْ حُدُودَ مَا أَنزَلَ اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (97)

ترجمہ: (یہ) دیہاتی لوگ سخت کافر اور سخت منافق ہیں اور (اپنے کفر و نفاق کی شدت کے باعث) اسی قابل ہیں کہ وہ ان حدود و احکام سے جاہل رہیں جو اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل فرمائے ہیں، اور اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے o

(These) nomad villagers are unyielding disbelievers and incorrigible hypocrites. And (due to their stubbornness in disbelief and hypocrisy) they deserve to remain ignorant of those limits and commandments which Allah has sent down to His Messenger (blessings and peace be upon him). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُم مِّنَ الْأَعْرَابِ أَن يَتَخَلَّفُواْ عَن رَّسُولِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُواْ بِأَنفُسِهِمْ عَن نَّفْسِهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَأٌ وَلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَؤُونَ مَوْطِئاً يَغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُم بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ (120)

ترجمہ: اہلِ مدینہ اور ان کے گرد و نواح کے (رہنے والے) دیہاتی لوگوں کے لیے مناسب نہ تھا کہ وہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے (الگ ہو کر) پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ ان کی جانِ (مبارک) سے زیادہ اپنی جانوں سے رغبت رکھیں، یہ (حکم) اس لیے ہے کہ انہیں اللہ کی راہ میں جو پیاس (بھی) لگتی ہے اور جو مشقت (بھی) پہنچتی ہے اور جو بھوک (بھی) لگتی ہے اور جو کسی ایسی جگہ پر چلتے ہیں جہاں کا چلنا کافروں کو غضبناک کرتا ہے اور دشمن سے جو کچھ بھی پاتے ہیں (خواہ قتل اور زخم ہو یا مالِ غنیمت وغیرہ) مگر یہ کہ ہر ایک بات کے بدلہ میں ان کے لیے ایک نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کا اَجر ضائع نہیں فرماتا o

It was unbecoming the people of Medina and the villagers (inhabitants) of the suburbs to lag behind (stepping aside from) Allah's Messenger (blessings and peace be upon him), nor to feel for their own souls greater concern than his (blessed and sacred) soul. This (command) is because in the cause of Allah (whatever) thirst they suffer, (whatever) turmoil they undergo, (whatever) hunger they endure, and stepping on a track where treading rouses violent reaction amongst the disbelievers, and whatever they receive from the enemy (killing and injury or spoils of war): in recompense of everything is recorded a good deed to their credit. Surely, Allah does not waste the reward of the righteous.

سورۃ یونس:

إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعاً وَعْدَ اللّهِ حَقّاً إِنَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ وَالَّذِينَ كَفَرُواْ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُواْ يَكْفُرُونَ (4)

ترجمہ: (لوگو!) تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے۔ بے شک وہی پیدائش کی ابتداء کرتا ہے پھر وہی اسے دہرائے گا تاکہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے، انصاف کے ساتھ جزا دے، اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہے، اس کا بدلہ جو وہ کفر کیا کرتے تھے o

(O people!) It is to Him that you are all to return; (that) is Allah's true promise. Surely, He is the One Who originates the creation. Then He is the One Who will repeat it so that He rewards with justice those who believe and do righteous works. And those who reject faith and disbelieve, there is for them scalding water to drink and a painful torment, a reward for their disbelief.

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُم بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ أَجَلُهُمْ فَنَذَرُ الَّذِينَ لاَ يَرْجُونَ لِقَاءنَا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ (11)

ترجمہ: اور اگر اللہ (ان کافر) لوگوں کو برائی (یعنی عذاب) پہنچانے میں جلد بازی کرتا، جیسے وہ طلبِ نعمت میں جلد بازی کرتے ہیں تو یقیناً ان کی میعادِ (عمر) ان کے حق میں (جلد) پوری کر دی گئی ہوتی (تاکہ وہ مَر کے جلد دوزخ میں پہنچیں)، بلکہ ہم ایسے لوگوں کو جو ہم سے ملاقات کی توقع نہیں رکھتے ان کی سرکشی میں چھوڑے رکھتے ہیں کہ وہ بھٹکتے رہیں o

If Allah were to hasten evil (i.e., torment) for the (disbelieving) people, as they make haste for the worldly gains, then certainly their term (of life) would have been (hastily) completed for them (so that they reach Hell fast after dying). But We leave those who do not expect to meet Us in their rebellion (and revolt) so that they keep wandering disoriented.

وَإِذَا مَسَّ الإِنسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنبِهِ أَوْ قَاعِداً أَوْ قَآئِماً فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهُ مَرَّ كَأَن لَّمْ يَدْعُنَا إِلَى ضُرٍّ مَّسَّهُ كَذَلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (12)

ترجمہ: اور جب (ایسے) انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں اپنے پہلو پر لیٹے یا بیٹھے یا کھڑے پکارتا ہے، پھر جب ہم اس سے اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو وہ (ہمیں بھلا کر اس طرح) چل دیتا ہے گویا اس نے کسی تکلیف میں جو اسے پہنچی تھی ہمیں (کبھی) پکارا ہی نہیں تھا۔ اسی طرح حد سے بڑھنے والوں کے لیے ان کے (غلط) اَعمال آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں جو وہ کرتے رہے تھےo

And when a misery touches (such a) man, he calls out to Us whilst lying on his side or sitting or standing. But when We remove from him his affliction, he passes on (forgetting Us) as if he (never) called out to Us in the pain that had touched him. This is how the (wrong) deeds which the transgressors do are made to appear to them fascinating.

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا الْقُرُونَ مِن قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُواْ وَجَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ وَمَا كَانُواْ لِيُؤْمِنُواْ كَذَلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ (13)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تم سے پہلے (بھی بہت سی) قوموں کو ہلاک کر دیا جب انہوں نے ظلم کیا، اور ان کے رسول ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے مگر وہ ایمان لاتے ہی نہ تھے، اسی طرح ہم مجرم قوم کو (ان کے عمل کی) سزا دیتے ہیںo

And indeed, before you We (also) destroyed (a number of) communities when they perpetrated injustice. And their Messengers brought to them clear signs, but they would not believe. That is how We punish the evildoers (for their impious behaviour).

ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلاَئِفَ فِي الأَرْضِ مِن بَعْدِهِم لِنَنظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ(14)

ترجمہ: پھر ہم نے ان کے بعد تمہیں زمین میں (ان کا) جانشین بنایا تاکہ ہم دیکھیں کہ (اب) تم کیسے عمل کرتے ہوo

Then, after them, We made you (their) successors in the land so that We might observe how you would behave (now).

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِيْنَ لاَ يَرْجُونَ لِقَاءنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَـذَا أَوْ بَدِّلْهُ قُلْ مَا يَكُونُ لِيَ أَنْ أُبَدِّلَهُ مِن تِلْقَاءِ نَفْسِيَ إِنْ أَتَّبِعُ إِلاَّ مَا يُوحَى إِلَيَّ إِنِّيَ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيَ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ (15)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ لوگ جو ہم سے ملاقات کی توقع نہیں رکھتے، کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کے سوا کوئی اور قرآن لے آیئے یا اسے بدل دیجیے، (اے نبیِ مکرّم!) فرما دیں: مجھے حق نہیں کہ میں اسے اپنی طرف سے

بدل دوں، میں تو فقط جو میری طرف وحی کی جاتی ہے (اس کی) پیروی کرتا ہوں، اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بے شک میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں o

And when Our enlightening Verses are recited to them, those who do not believe in meeting Us say: 'Bring us a Qur'an different from this one or alter it.' (O Glorious Messenger,) say: 'I have no right to modify it of my own accord. I follow only (that) which is revealed to me. Indeed, I fear the chastisement of the Mighty Day if I go against my Lord.'

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِباً أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ إِنَّهُ لاَ يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ (17)

ترجمہ: پس اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلا دے۔ بے شک مجرم لوگ فلاح نہیں پائیں گے o

So who is more unjust than one who fabricates lies against Allah or belies His Revelations? Certainly, the evildoers will never triumph.

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَضُرُّهُمْ وَلاَ يَنفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَـؤُلاء شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللّهِ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللّهَ بِمَا لاَ يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلاَ فِي الأَرْضِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (18)

ترجمہ: اور (مشرکین) اللہ کے سوا ان (بتوں) کو پوجتے ہیں جو نہ انہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں اور نہ انہیں نفع پہنچا سکتے ہیں اور (اپنی باطل پوجا کے جواز میں) کہتے ہیں کہ یہ (بت) اللہ کے حضور ہمارے سفارشی ہیں، فرما دیجیے: کیا تم اللہ کو اس (شفاعتِ اَصنام کے من گھڑت) مفروضہ سے آگاہ کر رہے ہو جس (کے وجود) کو وہ نہ آسمانوں میں جانتا ہے اور نہ زمین میں (یعنی اس کی بارگاہ میں کسی بت کا سفارش کرنا اس کے علم میں نہیں ہے)۔ اس کی ذات پاک ہے اور وہ ان سب چیزوں سے بلند و بالا ہے جنہیں یہ (اس کا) شریک گردانتے ہیں o

And (the idolaters) worship, apart from Allah, those (idols) which can neither harm nor benefit them, and (in justification of their false worship) they say: 'These (idols) are our intercessors with Allah.' Say: 'Do you seek to inform Allah of the (fabricated) presumption (of intercession by idols) whose (existence) He is not aware of either in the heavens or in the earth (i.e., intercession with Him by any idol is not in His knowledge)? Holy is He, and far Exalted above those whom they set up as (His) peers.'

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعاً ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُواْ مَكَانَكُمْ أَنتُمْ وَشُرَكَآؤُكُمْ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُم مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ (28)

ترجمہ: اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے پھر ہم مشرکوں سے کہیں گے: تم اور تمہارے شریک (بتانِ باطل) اپنی اپنی جگہ ٹھہرو۔ پھر ہم ان کے درمیان پھوٹ ڈال دیں گے۔ اور ان کے (اپنے گھڑے ہوئے) شریک (ان سے) کہیں گے کہ تم ہماری عبادت تو نہیں کرتے تھے o

And the Day when We gather them all together, We shall say to the polytheists:

'Remain at your respective places, you and your partners (false gods).' Then We shall disunite them and their (sculptured) partners will say (to them): 'It was not we that you used to worship.

فَكَفَى بِاللّهِ شَهِيْداً بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِن كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِيْنَ **(29)**

ترجمہ: پس ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے کہ ہم تمہاری پرستش سے (یقیناً) بے خبر تھے o

So, sufficient is Allah as witness between us and you, for we were (certainly) unaware of your worship.'

هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَّا أَسْلَفَتْ وَرُدُّواْ إِلَى اللّهِ مَوْلاَهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ **(30)**

ترجمہ: اس (دہشت ناک) مقام پر ہر شخص ان (اعمال کی حقیقت) کو جانچ لے گا جو اس نے آگے بھیجے تھے اور وہ اللہ کی جانب لوٹائے جائیں گے جو ان کا مالکِ حقیقی ہے اور ان سے وہ بہتان تراشی جاتی رہے گی جو وہ کیا کرتے تھے o

At that (horrifying) stage, everyone will assess (the reality of the works) which he sent forward, and they will be returned to Allah, Who is their Real Master, and that fabrication of lies they used to practise will vanish from them.

كَذَلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُواْ أَنَّهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ**(33)**

ترجمہ: اسی طرح آپ کے رب کا حکم نافرمانوں پر ثابت ہو کر رہا کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے o

That is how the judgment of your Lord is proved true against the defiant that they will not believe.

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ فَأْتُواْ بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُواْ مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ **(38)**

ترجمہ: کیا وہ کہتے ہیں کہ اسے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے خود گھڑ لیا ہے، آپ فرما دیجیے: پھر تم اس کی مثل کوئی (ایک) سورت لے آؤ (اور اپنی مدد کے لیے) اللہ کے سوا جنہیں تم بلا سکتے ہو بلا لو اگر تم سچے ہو o

Do they say: 'The Messenger has fabricated it himself'? Say: 'Then bring forth any (one) Sura (chapter) like it, and call on (for your help) all you can besides Allah if you are truthful.'

وَمِنهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ وَمِنْهُم مَّن لاَّ يُؤْمِنُ بِهِ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ **(40)**

ترجمہ: ان میں سے کوئی تو اس پر ایمان لائے گا اور انہی میں سے کوئی اس پر ایمان نہ لائے گا، اور آپ کا رب فساد انگیزی کرنے والوں کو خوب جانتا ہے o

Amongst them there is someone who will believe in it and some other who will not believe in it. And your Lord knows them full well who rouse mischief.

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُواْ لاَ يَعْقِلُونَ**(42)**

ترجمہ: اور ان میں سے بعض وہ ہیں جو (ظاہراً) آپ کی طرف کان لگاتے ہیں، تو کیا آپ بہروں کو سنا دیں گے خواہ وہ کچھ عقل بھی نہ رکھتے ہوں o

And if they belie you, then say: 'For me is my work and for you is your work. You are not accountable for what I do, and I am not accountable for

what you do.'

وَمِنهُم مَّن يَنظُرُ إِلَيْكَ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُواْ لاَ يُبْصِرُونَ (43)

ترجمہ: ان میں سے بعض وہ ہیں جو (ظاہراً) آپ کی طرف دیکھتے ہیں، کیا آپ اندھوں کو راہ دکھا دیں گے خواہ وہ کچھ بصارت بھی نہ رکھتے ہوںo

There are some amongst them who (apparently) look towards you. Will you make the blind see the path even though they have no sight?

وَيَقُولُونَ مَتَى هَـذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (48)

ترجمہ: اور وہ (طعنہ زنی کے طور پر) کہتے ہیں کہ یہ وعدۂ (عذاب) کب (پورا) ہوگا (مسلمانو! بتاؤ) اگر تم سچے ہوo

And they say (sarcastically): 'When will this promise (of torment) be (fulfilled? Tell us, O Muslims,) if you are truthful.'

قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا أَنزَلَ اللّهُ لَكُم مِّن رِّزْقٍ فَجَعَلْتُم مِّنْهُ حَرَاماً وَحَلاَلاً قُلْ آللّهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى اللّهِ تَفْتَرُونَ (59)

ترجمہ: فرما دیجیے: ذرا بتاؤ تو سہی اللہ نے جو (پاکیزہ) رزق تمہارے لیے اتارا سو تم نے اس میں سے بعض (چیزوں) کو حرام اور (بعض کو) حلال قرار دے دیا۔ فرما دیں: کیا اللہ نے تمہیں (اس کی) اجازت دی تھی یا تم اللہ پر بہتان باندھ رہے ہوo

Say: 'Give your view: Allah sent down for you (pure and clean) provision, but you declared some of those (things) unlawful and (others) lawful.' Say: 'Did Allah accord you (its) permission? Or are you fabricating a lie against Allah?'

وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللّهَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَشْكُرُونَ (60)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کا روزِ قیامت کے بارے میں کیا خیال ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں، بے شک اللہ لوگوں پر فضل فرمانے والا ہے لیکن ان میں سے اکثر (لوگ) شکر گزار نہیں ہیںo

And what do those who fabricate lies against Allah think about the Day of Resurrection? Truly, Allah is Most Gracious to the people, but most of them are not thankful.

وَلاَ يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّهِ جَمِيعاً هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (65)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ان کی (عناد و عداوت پر مبنی) گفتگو آپ کو غمگین نہ کرے۔ بے شک ساری عزت و غلبہ اللہ ہی کے لیے ہے (جو جسے چاہتا ہے دیتا ہے)، وہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

(O Glorious Messenger!) Let not their (hostile and malicious) conversation grieve you. Surely, all grandeur and authority belong to Allah alone (Who bestows upon whom He wills anything He may please). He is All-Hearing, All-Knowing.

أَلا إِنَّ لِلّهِ مَن فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَن فِيْ الأَرْضِ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ شُرَكَاء إِن يَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلاَّ يَخْرُصُونَ (66)

ترجمہ: جان لو جو کوئی آسمانوں میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے سب اللہ ہی کے (مملوک) ہیں، اور جو لوگ اللہ کے سوا (بتوں)

کی پرستش کرتے ہیں (درحقیقت اپنے گھڑے ہوئے) شریکوں کی پیروی (بھی) نہیں کرتے، بلکہ وہ صرف (اپنے) وہم وگمان کی پیروی کرتے ہیں اور وہ محض غلط اندازے لگاتے رہتے ہیںo

Know! To Allah belongs whoever is in the heavens and whoever is in the earth. And those who worship (idols) besides Allah do not (in fact) follow (even) their (own sculptured) partner-gods. They follow but only (their own) assumption and conjecture, and they merely indulge in wrong guesswork.

قُلْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ (69)

ترجمہ: فرما دیجیے: بے شک جو لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح نہیں پائیں گےo

Say: 'Surely, those who fabricate lies against Allah shall not prosper.'

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ(70)

ترجمہ: دنیا میں (چند روزہ) لطف اندوزی ہے پھر انہیں ہماری ہی طرف پلٹنا ہے پھر ہم انہیں سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے اس کے بدلے میں جو وہ کفر کیا کرتے تھےo

There is (but a few days') enjoyment in this world. Then they are to return to Us. We shall then afflict them with a severe torment as recompense for their disbelief.

فَهَلْ يَنتَظِرُوْنَ إِلَّا مِثْلَ أَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِن قَبْلِهِمْ قُلْ فَانتَظِرُوْا إِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُنتَظِرِيْنَ (102)

ترجمہ: سو کیا یہ لوگ انہی لوگوں (کے بُرے دنوں) جیسے دِنوں کا انتظار کر رہے ہیں جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں؟ فرما دیجیے کہ تم (بھی) انتظار کرو میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوںo

Are they waiting for (the evil days) similar to those of the people who have passed away before them? Say: 'Wait (then); I am (also) with you amongst those who wait.'

سورۃ ہود:

أَلَا إِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ أَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ إِنَّهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ(5)

ترجمہ: جان لو! بے شک وہ (کفار) اپنے سینوں کو دُہرا کر لیتے ہیں تاکہ وہ اس (خدا) سے (اپنے دلوں کا حال) چھپا سکیں، خبردار! جس وقت وہ اپنے کپڑے (جسموں پر) اوڑھ لیتے ہیں (تو اس وقت بھی) وہ ان سب باتوں کو جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ آشکار کرتے ہیں، بے شک وہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں کو خوب جاننے والا ہےo

Bear in mind! These (disbelievers) fold up their breasts so that they may hide (the state of their hearts) from Him (Allah). Beware! When they cover (their bodies) with their clothes, (even then) He knows all those matters which they hide and which they lay open. Surely, He knows best (the secrets of) the hearts.

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِباً أُوْلَـئِكَ يُعْرَضُونَ عَلَى رَبِّهِمْ وَيَقُولُ الأَشْهَادُ هَـؤُلاء الَّذِيْنَ كَذَبُواْ عَلَى رَبِّهِمْ أَلاَ لَعْنَةُ اللّهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ (18)

ترجمہ: اوراس سے بڑھ کرظالم کون ہوسکتا ہے جواللہ پرجھوٹا بہتان باندھتا ہے،ایسے ہی لوگ اپنے رب کے حضور پیش کیے جائیں گےاورگواہ کہیں گے: یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پرجھوٹ بولا تھا، جان لو کہ ظالموں پراللہ کی لعنت ہےo

And who can be a greater wrongdoer than the one who fabricates a lie against Allah? Such people will be brought before their Lord and the witnesses will say: 'These are the ones who foisted a lie upon their Lord.' Know that Allah's curse is upon the wrongdoers-

الَّذِيْنَ يَصُدُّونَ عَن سَبِيْلِ اللّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجاً وَهُم بِالآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ(19)

ترجمہ: جولوگ (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اوراس میں کجی تلاش کرتے ہیں،اوروہی لوگ آخرت کے منکر ہیںo

Those who hinder (others) from the path of Allah and look for crookedness in it. And it is they who deny the Hereafter.

أُولَـئِكَ لَمْ يَكُونُواْ مُعْجِزِيْنَ فِيْ الأَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُم مِّن دُونِ اللّهِ مِنْ أَوْلِيَاء يُضَاعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ مَا كَانُواْ يَسْتَطِيْعُونَ السَّمْعَ وَمَا كَانُواْ يُبْصِرُونَ (20)

ترجمہ: یہ لوگ (اللہ کو) زمین میں عاجز کر سکنے والے نہیں اور نہ ہی ان کے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار ہیں۔ان کے لیے عذاب دوگنا کر دیا جائے گا (کیونکہ) نہ وہ (حق بات) سننے کی طاقت رکھتے تھے اور نہ (حق کو) دیکھ ہی سکتے تھےo

They have no capability at all to frustrate (Allah) on earth, nor are there any helpers for them apart from Allah. The torment will be doubled for them (because) they had neither courage to hear (the truth) nor vision to see (it).

أُوْلَـئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُواْ أَنفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (21)

ترجمہ: یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کونقصان پہنچایااور جو بہتان وہ باندھتے تھےوہ (سب) ان سے جاتے رہےo

It is they who ruined their souls, and the lies they used to invent are (all) gone from them.

لاَ جَرَمَ أَنَّهُمْ فِيْ الآخِرَةِ هُمُ الأَخْسَرُونَ (22)

ترجمہ: یہ بالکل حق ہے کہ یقیناً وہی لوگ آخرت میں سب سے زیادہ خسارہ اٹھانے والے ہیںo

This is absolutely true that it is certainly they who will be the greatest losers in the Hereafter.

مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالأَعْمَى وَالأَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلاً أَفَلاَ تَذَكَّرُونَ (24)

ترجمہ: (کافر و مسلم) دونوں فریقوں کی مثال اندھے اور بہرے اور (اس کے برعکس) دیکھنے والے اور سننے والے کی سی ہے۔کیا دونوں کا حال برابر ہے؟ کیا تم پھر (بھی) نصیحت قبول نہیں کرتےo

The example of the two parties (the disbelievers and the believers) is like the blind and the deaf (versus) the seeing and the hearing. Are both cases

equal? Will you not take advice (even) then?

فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هَـٰؤُلَاءِ مَا يَعْبُدُونَ إِلَّا كَمَا يَعْبُدُ آبَاؤُهُم مِّن قَبْلُ وَإِنَّا لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنقُوصٍ (109)

ترجمہ: پس (اے سننے والے!) تو ان کے بارے میں کسی (بھی) شک میں مبتلا نہ ہو جن کی یہ لوگ پوجا کرتے ہیں۔ یہ لوگ (کسی دلیل و بصیرت کی بنا پر) پرستش نہیں کرتے مگر (صرف اس طرح کرتے ہیں) جیسے ان سے قبل ان کے باپ دادا پرستش کرتے چلے آ رہے ہیں۔ اور بے شک ہم انہیں یقیناً ان کا پورا حصہ (عذاب) دیں گے جس میں کوئی کمی نہیں کی جائے گیo

So, (O listener,) do not have any doubt at all about those which they worship. They do not worship (on the basis of any reason or insight), but they worship only as their ancestors have done contiguously before. And certainly, We will pay them their full share (of torment) which will not be diminished in the least.

وَقُل لِّلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنَّا عَامِلُونَ (121)

ترجمہ: اور آپ ان لوگوں سے جو ایمان نہیں لاتے فرما دیں: تم اپنی جگہ عمل کرتے رہو (اور) ہم (اپنے مقام پر) عمل پیرا ہیںo

And say to those who do not believe: 'Work on in your place, and we are doing (what our station demands).

وَانتَظِرُوا إِنَّا مُنتَظِرُونَ (122)

ترجمہ: اور تم (بھی) انتظار کرو ہم (بھی) منتظر ہیںo

And wait on; we (too) are waiting.'

سورۃ الرعد:

وَإِن تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ أَإِذَا كُنَّا تُرَابًا أَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ أُولَـٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ وَأُولَـٰئِكَ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَأُولَـٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ(5)

ترجمہ: اور اگر آپ (کفار کے انکار پر) تعجب کریں تو ان کا (یہ) کہنا عجیب (تر) ہے کہ کیا جب ہم (مر کر) خاک ہو جائیں گے تو کیا ہم از سرِ نو تخلیق کیے جائیں گے؟ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کا انکار کیا، اور انہی لوگوں کی گردنوں میں طوق (پڑے) ہوں گے اور یہی لوگ اہلِ جہنم ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

And if you are surprised (at the denial of the disbelievers), then (more) surprising is that they say: 'What, when we become dust (after death), shall we then be created anew?' They are the ones who deny their Lord, and they alone will have shackles around their necks. And they are the ones who are the inmates of Hell. They will reside in it forever.

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِمُ الْمَثُلَاتُ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلَىٰ ظُلْمِهِمْ وَإِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيدُ الْعِقَابِ (6)

ترجمہ: اور یہ لوگ رحمت سے پہلے آپ سے عذاب طلب کرنے میں جلدی کرتے ہیں، حالاں کہ ان سے پہلے کئی عذاب گزر چکے

ہیں، اور (اے حبیب!) بے شک آپ کا رب لوگوں کے لیے ان کے ظلم کے باوجود بخشش والا ہے اور یقیناً آپ کا رب سخت عذاب دینے والا (بھی) ہےo

And they hasten to demand from you punishment before mercy though many torments have passed before them. And, (O Beloved,) your Lord is Most Forgiving to the people despite their (oppression and) injustice. But certainly, your Lord is Severe in punishment (as well).

وَيَقُولُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَوْلا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ (7)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ اس (رسول) پر ان کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی؟ (اے رسولِ مکرّم!) آپ تو فقط (نافرمانوں کو انجامِ بد سے) ڈرانے والے اور (دنیا کی) ہر قوم کے لیے ہدایت پہنچانے والے ہیںo

And the disbelievers say: 'Why has any sign not been sent down to this (Messenger) from his Lord?' (O My Glorious Messenger!) You are only a warner (to the disobedient of their evil consequences) and a provider of guidance to every community (of the world).

لَهُ دَعْوَةُ الْحَقِّ وَالَّذِيْنَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ لاَ يَسْتَجِيبُونَ لَهُم بِشَيْءٍ إِلاَّ كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ إِلَى الْمَاء لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهِ وَمَا دُعَاء الْكَافِرِيْنَ إِلاَّ فِيْ ضَلاَلٍ (14)

ترجمہ: اسی کے لیے حق (یعنی توحید) کی دعوت ہے، اور وہ (کافر) لوگ جو اس کے سوا (معبودانِ باطلہ یعنی بتوں) کی عبادت کرتے ہیں، وہ انہیں کسی چیز کا جواب بھی نہیں دے سکتے۔ ان کی مثال تو صرف اس شخص جیسی ہے جو اپنی دونوں ہتھیلیاں پانی کی طرف پھیلائے (بیٹھا) ہو کہ پانی (خود) اس کے منہ تک پہنچ جائے اور (یوں تو) وہ (پانی) اس تک پہنچنے والا نہیں، اور (اسی طرح) کافروں کا (بتوں کی عبادت اور ان سے) دعا کرنا گمراہی میں بھٹکنے کے سوا کچھ نہیں ہےo

Calling towards the truth (i.e., the Oneness of Allah) is for Him alone. And those (false gods-idols) they (disbelievers) worship besides Him cannot give them any answer at all. Their example is like the one who (sits) stretching both his palms towards water so that it may reach his mouth (itself), but it (the water) reaches not (like this). And (in like manner) the praying of disbelievers (to idols and their idol-worship) is but a distraction.

قُلْ مَن رَّبُّ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ قُلِ اللّهُ قُلْ أَفَاتَّخَذْتُم مِّن دُونِهِ أَوْلِيَاء لاَ يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ نَفْعاً وَلاَ ضَرّاً قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الأَعْمَى وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمَاتُ وَالنُّورُ أَمْ جَعَلُوا لِلّهِ شُرَكَاء خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللّهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ (16)

ترجمہ: (ان کافروں کے سامنے) فرمائیے کہ آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے؟ آپ (خود ہی) فرما دیجیے: اللہ ہے۔ (پھر) آپ (ان سے دریافت) فرمائیے: کیا تم نے اس کے سوا (ان بتوں) کو کارساز بنا لیا ہے جو نہ اپنی ذاتوں کے لیے کسی نفع کے مالک ہیں اور نہ کسی نقصان کے۔ آپ فرما دیجیے: کیا اندھا اور بینا برابر ہو سکتے ہیں یا کیا تاریکیاں اور روشنی برابر ہو سکتی ہیں۔ کیا انہوں نے اللہ کے لیے ایسے شریک بنائے ہیں جنہوں نے اللہ کی مخلوق کی طرح (کچھ مخلوق) خود (بھی) پیدا کی ہو، سو (ان بتوں

کی پیدا کردہ) اس مخلوق سے ان کو تشابُہ (یعنی مغالطہ) ہو گیا ہو، فرما دیجیے: اللہ ہی ہر چیز کا خالق ہے اور وہ ایک ہے، وہ سب پر غالب ہےo

Say(to these disbelievers): 'Who is the Sustainer of the heavens and the earth?' Say (yourself): 'Allah.' (Again) ask (them): 'Have you taken besides Allah (these idols) as your protectors who cannot control any profit or loss even for themselves?' Say: 'Can the blind and the seeing be equal? Or can darkness and light be the same? Have they associated such partners with Allah that have also created (some creation) themselves similar to that of Allah, so this creation (created by these idols) has caused them doubt of resemblance (i.e., error of judgment that they too could create as Allah does)?' Say: 'Allah alone is the Creator of everything. And He is One. He is Dominant over all.'

لِلَّذِينَ اسْتَجَابُواْ لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَى وَالَّذِينَ لَمْ يَسْتَجِيبُواْ لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الأَرْضِ جَمِيعاً وَمِثْلَهُ مَعَهُ لاَفْتَدَوْاْ بِهِ أُوْلَـئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ(18)

ترجمہ: ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا حکم قبول کیا بھلائی ہے، اور جنہوں نے اس کا حکم قبول نہیں کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اتنا اور بھی ہو سو وہ اسے (عذاب سے نجات کے لیے) فدیہ دے ڈالیں (تب بھی) انہی لوگوں کا حساب برا ہوگا، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ نہایت برا ٹھکانا ہےo

For those who accept the command of their Lord, there is the excellent outcome. And those who reject His command, even though they possess all that is in the earth, and the like of it added to that, and they offer it as ransom (to be delivered from the torment, even then) they are the ones whose accountability will be horrible. And Hell is their abode, and that is a wretched abode.

وَالَّذِينَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللّهِ مِن بَعْدِ مِيثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللّهُ بِهِ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الأَرْضِ أُوْلَئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ (25)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ کا عہد اس کے مضبوط کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں اور ان تمام (رشتوں اور حقوق) کو قطع کر دیتے ہیں جن کے جوڑے رکھنے کا اللہ نے حکم فرمایا ہے اور زمین میں فساد انگیزی کرتے ہیں انہی لوگوں کے لیے لعنت ہے اور ان کے لیے برا گھر ہےo

And those who break the promise of Allah after making it firm and sever all (the relations and obligations) that Allah has commanded to be kept unified, and do mischief and strife in the land-upon them is the curse and for them is an evil home;

اللّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ وَفَرِحُواْ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فِي الآخِرَةِ إِلاَّ مَتَاعٌ (26)

ترجمہ: اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے، اور وہ (کافر) دنیا کی زندگی سے بہت مسرور ہیں، حالاں کہ دنیوی زندگی آخرت کے مقابلہ میں ایک حقیر متاع کے سوا کچھ بھی نہیں o

Allah releases the provision abundantly for whom He pleases and restrains (for whom He wills). And these (disbelievers) are greatly charmed by the worldly life whereas, in contrast with the life in the Hereafter, the worldly life is nothing but a worthless provision.

وَيَقُولُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَوْلاَ أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِيْ إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ (27)

ترجمہ: اور کافر لوگ یہ کہتے ہیں کہ اس (رسول) پر اس کے رب کی جانب سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتری، فرما دیجیے: بے شک اللہ جسے چاہتا ہے (نشانیوں کے باوجود) گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اسے اپنی جانب رہنمائی فرما دیتا ہے o

And the disbelievers say: 'Why has any sign not been sent down to him (the Messenger) from his Lord?' Say: 'Verily, Allah (despite the signs) holds astray whom He wills, and leads him who turns to Him in repentance towards Himself.

وَلَوْ أَنَّ قُرْآناً سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَى بَل لِّلّهِ الأَمْرُ جَمِيْعاً أَفَلَمْ يَيْأَسِ الَّذِيْنَ آمَنُواْ أَن لَّوْ يَشَاءُ اللّهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعاً وَلاَ يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ تُصِيْبُهُم بِمَا صَنَعُواْ قَارِعَةٌ أَوْ تَحُلُّ قَرِيْباً مِّن دَارِهِمْ حَتَّى يَأْتِيَ وَعْدُ اللّهِ إِنَّ اللّهَ لاَ يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (31)

ترجمہ: اور اگر کوئی ایسا قرآن ہوتا جس کے ذریعے پہاڑ چلا دیے جاتے یا اس سے زمین پھاڑ دی جاتی یا اس کے ذریعے مُردوں سے بات کرا دی جاتی (تب بھی وہ ایمان نہ لاتے)، بلکہ سب کام اللہ ہی کے اختیار میں ہیں، تو کیا ایمان والوں کو (یہ) معلوم نہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت فرما دیتا، اور ہمیشہ کافر لوگوں کو ان کے کرتوتوں کے باعث کوئی (نہ کوئی) مصیبت پہنچتی رہے گی یا ان کے گھروں (یعنی بستیوں) کے آس پاس اترتی رہے گی یہاں تک کہ اللہ کا وعدۂ (عذاب) آ پہنچے، بے شک اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا o

And if there were a Qur'an by which mountains could be set in motion, or by which the earth could be split open, or by which the dead could be spoken to (even then they would not believe in it). But all matters are under the control of Allah. Have the believers not yet perceived that if Allah had so willed, He would have guided all mankind? And (some) disaster will continue afflicting the disbelievers due to their misdeeds, or will be alighting close to their homes (i.e., towns) until Allah's promise (of torment) comes to pass. Surely, Allah does not go against His promise.

وَلَقَدِ اسْتُهْزِءَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ فَأَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُواْ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ (32)

ترجمہ: اور بے شک آپ سے قبل (بھی کفار کی جانب سے) رسولوں کے ساتھ مذاق کیا جاتا رہا سو میں نے کافروں کو مہلت دی

پھر میں نے انہیں (عذاب کی) گرفت میں لے لیا۔ پھر (دیکھئے) میرا عذاب کیسا تھاo

And indeed the Messengers were mocked (by the disbelievers) before you (as well). So I granted the disbelievers respite and then seized them (with torment). (See) then how My torment was!

أَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلَى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَجَعَلُواْ لِلّهِ شُرَكَاء قُلْ سَمُّوهُمْ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لاَ يَعْلَمُ فِي الأَرْضِ أَم بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُواْ مَكْرُهُمْ وَصُدُّواْ عَنِ السَّبِيلِ وَمَن يُضْلِلِ اللّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ **(33)**

ترجمہ: کیا وہ (اللہ) جو ہر جان پر اس کے اعمال کی نگہبانی فرما رہا ہے اور (وہ بت جو کافر) لوگوں نے اللہ کے شریک بنا لیے (ایک جیسے ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں)۔ آپ فرما دیجیے کہ ان کے نام (تو) بتاؤ۔ (نادانو!) کیا تم اس (اللہ) کو اس چیز کی خبر دیتے ہو جس (کے وجود) کو وہ ساری زمین میں نہیں جانتا یا (یہ صرف) ظاہری باتیں ہی ہیں (جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں) بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) کافروں کے لیے ان کا فریب خوش نما بنا دیا گیا ہے اور وہ (سیدھی) راہ سے روک دیے گئے ہیں، اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اس کے لیے کوئی ہادی نہیں ہو سکتاo

He (Allah) Who is watching the conduct of every soul and (these idols that the disbelievers) have made peers to Allah-(can they be alike? No way!) Say: '(Just) name them. (You fools!) Do you inform Him (Allah) of something whose (existence) He does not know in the whole earth? Or is it all (mere) superficial talk (which has no contact with reality)?' Rather (the truth is that) the deceptive scheme of the disbelievers has been made fascinating to them, and they have been hindered from the (straight) path. And he whom Allah holds strayed, there is none who can be his guide.

لَّهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الآخِرَةِ أَشَقُّ وَمَا لَهُم مِّنَ اللّهِ مِن وَاقٍ **(34)**

ترجمہ: ان کے لیے دنیوی زندگی میں (بھی) عذاب ہے اور یقیناً آخرت کا عذاب زیادہ سخت ہے، اور انہیں اللہ (کے عذاب) سے کوئی بچانے والا نہیںo

There is for them a chastisement in the worldly life (as well), but certainly the torment in the Hereafter is fiercer. And there is none who can rescue them from (the punishment of) Allah.

وَإِن مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلاَغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ **(40)**

ترجمہ: اور اگر ہم (اس عذاب کا) کچھ حصہ جس کا ہم نے ان (کافروں) سے وعدہ کیا ہے آپ کو (حیاتِ ظاہری میں ہی) دکھا دیں یا ہم آپ کو (اس سے قبل) اٹھا لیں (یہ دونوں چیزیں ہماری مرضی پر منحصر ہیں) آپ پر تو صرف (احکام کے) پہنچا دینے کی ذمہ داری ہے اور حساب لینا ہمارا کام ہےo

And whether We show you (during your visible life) a portion (of the torment) that We have promised these (disbelievers), or We lift you (before that-both these options are subject to Our Will). Your assignment is only to communicate (the commandments) and accountability rests with Us.

أَوَلَمْ يَرَوْاْ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا وَاللّهُ يَحْكُمُ لاَ مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ وَهُوَ سَرِيعُ الْحِسَابِ (41)

ترجمہ: کیا وہ نہیں دیکھ رہے کہ ہم (ان کے زیرِ تسلّط) زمین کو ہر طرف سے گھٹاتے چلے جا رہے ہیں (اور ان کے بیشتر علاقے رفتہ رفتہ اسلام کے تابع ہوتے جا رہے ہیں)، اور اللہ ہی حکم فرماتا ہے کوئی بھی اس کے حکم کو ردّ کرنے والا نہیں، اور وہ حساب جلد لینے والا ہےo

Do they not see that We are persistently reducing the land (under their control-most of the areas under their rule are gradually accepting the Islamic Rule)? And Allah is the One Who decrees; there is none who can undo His decree. And He is Swift in calling to account.

وَقَدْ مَكَرَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَلِلّهِ الْمَكْرُ جَمِيعاً يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ وَسَيَعْلَمُ الْكُفَّارُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ(42)

ترجمہ: اور بے شک ان لوگوں نے بھی مکر و فریب کیا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے ہیں سو ان سب تدبیروں کو توڑنا (بھی) اللہ کے اختیار میں ہے۔ وہ خوب جانتا ہے جو کچھ ہر شخص کما رہا ہے، اور کفّار جلد ہی جان لیں گے کہ آخرت کا گھر کس کے لیے ہےo

And no doubt, those who have passed before them also indulged in deceitful plots. So the power to reverse all these plots (also) rests with Allah. He knows best what every soul is busy earning, and the disbelievers will soon come to know for whom is the home of the Hereafter!

وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُواْ لَسْتَ مُرْسَلاً قُلْ كَفَى بِاللّهِ شَهِيداً بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِندَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ(43)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ آپ پیغمبر نہیں ہیں، فرما دیجیے: (میری رسالت پر) میرے اور تمہارے درمیان اللہ بطورِ گواہ کافی ہے اور وہ شخص بھی جس کے پاس (صحیح طور پر آسمانی) کتاب کا علم ہےo

And the disbelievers say: 'You are not a Messenger.' Say: 'Sufficient is Allah as a Witness between you and me (on my Messengership), as well as the one who possesses the knowledge of the (revealed) Book.'

سورۃ ابراہیم:

اللّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَوَيْلٌ لِّلْكَافِرِينَ مِنْ عَذَابٍ شَدِيدٍ (2)

ترجمہ: وہ اللہ کہ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے (سب) اسی کا ہے، اور کفّار کے لیے سخت عذاب کے باعث بربادی ہےo

Allah, to Whom belongs (all) that is in the heavens and all that is in the earth. And there is destruction for the disbelievers on account of a severe punishment.

الَّذِينَ يَسْتَحِبُّونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الآخِرَةِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّهِ وَيَبْغُونَهَا عِوَجاً أُوْلَـئِكَ فِي ضَلاَلٍ بَعِيدٍ(3)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو دنیوی زندگی کو آخرت کے مقابلہ میں زیادہ پسند کرتے ہیں اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں اور اس (دینِ حق) میں کجی تلاش کرتے ہیں۔ یہ لوگ دور کی گمراہی میں (پڑ چکے) ہیںo

They are the people who love the life of this world more than the Hereafter,

and hinder (the people) from the path of Allah, and look for crookedness in it (the True Din [Religion]). They (have fallen) deep into error.

مَّثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ أَعْمَالُهُمْ كَرَمَادٍ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ لَّا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلَى شَيْءٍ ذَلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيْدُ(18)

ترجمہ: جن لوگوں نے اپنے رب سے کفر کیا ہے، ان کی مثال یہ ہے کہ ان کے اعمال (اس) راکھ کی مانند ہیں جس پر تیز آندھی کے دن سخت ہوا کا جھونکا آ گیا، وہ ان (اَعمال) میں سے جو انہوں نے کمائے تھے کسی چیز پر قابو نہیں پا سکیں گے۔ یہی بہت دور کی گمراہی ہے o

The example of those who have rejected faith in their Lord is that their works are like ashes on which blows the strong wind on a stormy day-they are unable to grasp anything of (the works) that they earned. This is straying far into error.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْراً وَّأَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ (28)

ترجمہ: کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمتِ (ایمان) کو کفر سے بدل ڈالا اور انہوں نے اپنی قوم کو تباہی کے گھر میں اتار دیا o

Have you not seen those who have exchanged Allah's favour (of belief) for disbelief and have lowered their people into the house of destruction?

جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا وَبِئْسَ الْقَرَارُ (29)

ترجمہ: (وہ) دوزخ ہے جس میں جھونکے جائیں گے، اور وہ برا ٹھکانا ہے o

(That) is Hell into which they will be thrown headlong, and that is an evil abode.

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ أَنْدَاداً لِّيُضِلُّوْا عَن سَبِيْلِهِ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَإِنَّ مَصِيْرَكُمْ إِلَى النَّارِ (30)

ترجمہ: اور انہوں نے اللہ کے لیے شریک بنا ڈالے تاکہ وہ (لوگوں کو) اس کی راہ سے بہکائیں۔ فرما دیجیے: تم (چند روزہ) فائدہ اٹھا لو بے شک تمہارا انجام آگ ہی کی طرف (جانا) ہے o

And they set up partners with Allah so that they may turn (the people) away from His path. Say: 'Benefit (a few days') gain; surely, you will end up in the Fire.'

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلاً عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُوْنَ إِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْأَبْصَارُ(42)

ترجمہ: اور اللہ کو ان کاموں سے ہرگز بے خبر نہ سمجھنا جو ظالم انجام دے رہے ہیں، بس وہ تو ان (ظالموں) کو فقط اس دن کے لیے مہلت دے رہا ہے جس میں (خوف کے مارے) آنکھیں پھٹی رہ جائیں گی o

And never think of Allah to be unaware of the works the wrongdoers are doing. He is only giving them (the wrongdoers) respite till the Day on which the eyes will be stare-fixed (in horror).

مُهْطِعِينَ مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ (43)

ترجمہ: وہ لوگ (میدانِ حشر کی طرف) اپنے سر اوپر اٹھائے دوڑتے جا رہے ہوں گے اس حال میں کہ ان کی پلکیں بھی نہ جھپکتی ہوں گی اور ان کے دل سکت سے خالی ہو رہے ہوں گےo

Their heads lifted up, they will be running (towards the Field of Grand Assembly), with eyes unable to twinkle and with hearts being drained of strength.

وَأَنذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُولُ الَّذِينَ ظَلَمُوا رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ أَوَلَمْ تَكُونُوا أَقْسَمْتُم مِّن قَبْلُ مَا لَكُم مِّن زَوَالٍ (44)

ترجمہ: اور آپ لوگوں کو اس دن سے ڈرائیں جب ان پر عذاب آ پہنچے گا تو وہ لوگ جو ظلم کرتے رہے ہوں گے کہیں گے: اے ہمارے رب! ہمیں تھوڑی دیر کے لیے مہلت دے دے کہ ہم تیری دعوت کو قبول کر لیں اور رسولوں کی پیروی کر لیں۔ (ان سے کہا جائے گا) کہ کیا تم ہی لوگ پہلے قسمیں نہیں کھاتے رہے کہ تمہیں کبھی زوال نہیں آئے گاo

And warn the people of the Day when the torment will come upon them. Those who did injustice will say: 'O our Lord, grant us respite for a while so that we may accept Your message and follow the Messengers.' (It will be said to them:) 'Are you not those who used to swear before that you would never fall?'

وَسَكَنتُمْ فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ (45)

ترجمہ: اور تم (اپنی باری پر) انہی لوگوں کے (چھوڑے ہوئے) محلات میں رہتے تھے (جنہوں نے اپنے اپنے دور میں) اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا حالاں کہ تم پر عیاں ہو چکا تھا کہ ہم نے ان کے ساتھ کیا معاملہ کیا تھا اور ہم نے تمہارے (فہم کے) لیے مثالیں بھی بیان کی تھیںo

And (in your own turn) you were dwelling in the palaces (vacated by) those who had wronged their souls (during their respective eras), whereas this had dawned on you how We had dealt with them, and We also elucidated examples for your (easy comprehension).

وَقَدْ مَكَرُوا مَكْرَهُمْ وَعِندَ اللَّهِ مَكْرُهُمْ وَإِن كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ (46)

ترجمہ: اور انہوں نے (دولت و اقتدار کے نشہ میں بدمست ہو کر) اپنی طرف سے بڑی فریب کاریاں کیں جبکہ اللہ کے پاس ان کے ہر فریب کا توڑ تھا، اگرچہ ان کی مکّارانہ تدبیریں ایسی تھیں کہ ان سے پہاڑ بھی اکھڑ جائیںo

And (having lost their balance, intoxicated by wealth and power,) they hatched many plots, whilst Allah had the countermeasures to foil all their plots, although their deceitful strategies were sufficient even to uproot the mountains.

سورۃ الحجر:

رُّبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَوْ كَانُواْ مُسْلِمِيْنَ (2)

ترجمہ: کفار (آخرت میں مومنوں پر اللہ کی رحمت کے مناظر دیکھ کر) بار بار آرزو کریں گے کہ کاش! وہ مسلمان ہوتے o

(Watching the scenes of Allah's mercy on the believers in the Hereafter,) the disbelievers will persistently aspire: would that they were Muslims!

ذَرْهُمْ يَأْكُلُواْ وَيَتَمَتَّعُواْ وَيُلْهِهِمُ الأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (3)

ترجمہ: آپ (غمگین نہ ہوں) انہیں چھوڑ دیجیے وہ کھاتے (پیتے) رہیں اور عیش کرتے رہیں اور (ان کی) جھوٹی امیدیں انہیں (آخرت سے) غافل رکھیں پھر وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گے o

(Feel not aggrieved.) Leave them. Let them eat (and drink) and make merry and let (their) false hopes keep them negligent (of the Hereafter).Then they will come to know (their end) soon.

وَقَالُواْ يَا أَيُّهَا الَّذِىْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ (6)

ترجمہ: ور (کفار گستاخی کرتے ہوئے) کہتے ہیں: اے وہ شخص جس پر قرآن اتارا گیا ہے! بے شک تم دیوانے ہو o

And (the disbelievers) say (insolently): 'O man on whom this Qur'an has been revealed, indeed you are insane.

لَّوْ مَا تَأْتِيْنَا بِالْمَلآئِكَةِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ (7)

ترجمہ: تم ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتے اگر تم سچے ہو o

Why do you not bring us angels if you are truthful?'

كَذَلِكَ نَسْلُكُهُ فِىْ قُلُوبِ الْمُجْرِمِيْنَ (12)

ترجمہ: اسی طرح ہم اس (تمسخر اور استہزاء) کو مجرموں کے دلوں میں داخل کر دیتے ہیں o

That is how We infuse this (mockery and ridicule) into the hearts of the sinners;

لاَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الأَوَّلِيْنَ (13)

ترجمہ: یہ لوگ اِس (قرآن) پر ایمان نہیں لائیں گے اور بے شک پہلوں کی (یہی) روش گزر چکی ہے o

These people will not believe in this (Qur'an), and (this) is what has been the practice of the bygone people.

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِم بَاباً مِّنَ السَّمَاءِ فَظَلُّواْ فِيْهِ يَعْرُجُونَ (14)

ترجمہ: اور اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ (بھی) کھول دیں (اور ان کے لیے یہ بھی ممکن بنا دیں کہ) وہ سارا دن اس میں (سے) اوپر چڑھتے رہیں o

And if We open to them some gate in the heaven (and also make this possible for them that) they keep ascending through (it) the whole day,

لَقَالُواْ إِنَّمَا سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُورُونَ(15)

ترجمہ: (تب بھی) یہ لوگ یقیناً (یہ) کہیں گے کہ ہماری آنکھیں (کسی حیلہ وفریب کے ذریعے) باندھ دی گئی ہیں بلکہ ہم لوگوں پر جادو کر دیا گیا ہےo

(Even then) they will certainly say (this): 'Our eyes have been hypnotized (through some magic trick and deceit), rather we are spellbound.'

اَ تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَى مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجاً مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ (88)

ترجمہ: آپ ان چیزوں کی طرف نگاہ اٹھا کر بھی نہ دیکھئے جن سے ہم نے کافروں کے گروہوں کو (چند روزہ) عیش کے لیے بہرہ مند کیا ہے، اور ان (کی گمراہی) پر رنجیدہ خاطر بھی نہ ہوں اور اہلِ ایمان (کی دل جوئی) کے لیے اپنے (شفقت والتفات کے) بازو جھکائے رکھئےo

Do not even lift your eyes towards the things with which We have benefitted the disbelievers for their (few days') luxury, nor grieve over their (turning away from the straight path), and keep your wings (of affection and care) lowered over the believers (to make them feel contented and cared for).

الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰـهاً آخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (96)

ترجمہ: جو اللہ کے ساتھ دوسرا معبود بناتے ہیں سو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گےo

Who set up other gods along with Allah. So they will come to know (their end) soon.

سورۃ النحل:

أَتَى أَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (1)

ترجمہ: اللہ کا وعدہ (قریب) آ پہنچا سو تم اس کے چاہنے میں عجلت نہ کرو۔ وہ پاک ہے اور وہ ان چیزوں سے برتر ہے جنہیں کفار (اس کا) شریک ٹھہراتے ہیںo

The promise of Allah has drawn (near), so do not hasten in seeking it. Holy is He and Exalted far above those objects, which the disbelievers set up as (His) peers.

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ تَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (3)

ترجمہ: اُسی نے آسمانوں اور زمین کو درست تدبیر کے ساتھ پیدا فرمایا، وہ ان چیزوں سے برتر ہے جنہیں کفار (اس کا) شریک گردانتے ہیںo

He alone has created the heavens and the earth with a decreed celestial order. He is Exalted far above those objects which the disbelievers set up as (His) peers.

وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِن دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئاً وَهُمْ يُخْلَقُوْنَ(20)

ترجمہ: اور یہ (مشرک) لوگ جن (بتوں) کو اللہ کے سوا پوجتے ہیں وہ کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ وہ خود پیدا کیے گئے ہیںo

And (the idols) whom these (polytheists) worship besides Allah cannot create anything; they have rather been created themselves.

اَ جَرَمَ أَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ (23)

ترجمہ: یہ بات حق و ثابت ہے کہ اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں، بے شک وہ سرکشوں متکبّروں کو پسند نہیں کرتاo

This is true and established that Allah knows all that they hide and all that they show. Surely, He does not like the defiers and arrogant.

وَإِذَا قِيْلَ لَهُم مَّاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ قَالُواْ أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ (24)

ترجمہ: اور جب اُن سے پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے کیا نازل فرمایا ہے؟ (تو) وہ کہتے ہیں: اگلی قوموں کے جھوٹے قصے (اتارے ہیں)o

And when they are asked: 'What has your Lord sent down?' they retort: 'False fables of the people gone by (have been sent down).'

لِيَحْمِلُواْ أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّونَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ (25)

ترجمہ: (یہ سب کچھ اس لیے کہہ رہے ہیں) تاکہ روزِ قیامت وہ اپنے (اعمالِ بد کے) پورے پورے بوجھ اٹھائیں اور کچھ بوجھ اُن لوگوں کے بھی (اٹھائیں) جنہیں (اپنی) جہالت کے ذریعہ گمراہ کیے جا رہے ہیں، جان لو! بہت بُرا بوجھ ہے جو یہ اٹھا رہے ہیںo

(They are making all these utterances) so that they may carry a full load (of their evildoings) on the Day of Resurrection, and also (carry) some of the load of those that they are misguiding due to (their) ignorance. Beware! It is an extremely evil load which they are carrying.

قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُم مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِن فَوْقِهِمْ وَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ(26)

ترجمہ: بے شک اُن لوگوں نے (بھی) فریب کیا جو اِن سے پہلے تھے تو اللہ نے اُن (کے مکر و فریب) کی عمارت کو بنیادوں سے اکھاڑ دیا تو ان کے اوپر سے ان پر چھت گر پڑی اور ان پر اس طرف سے عذاب آ پہنچا جس کا اُنہیں کچھ خیال بھی نہ تھاo

No doubt, those who lived before them (also) devised plots, but Allah knocked down the edifice (of their deceptive plots) from its foundations, and the roof caved in upon them, and the torment came at them from whence they least expected.

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُولُ أَيْنَ شُرَكَآئِيَ الَّذِيْنَ كُنتُمْ تُشَاقُّونَ فِيْهِمْ قَالَ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْعِلْمَ إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوءَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ (27)

ترجمہ: پھر وہ اُنہیں قیامت کے دن رسوا کرے گا اور ارشاد فرمائے گا: میرے وہ شریک کہاں ہیں جن کے حق میں تم (مومنوں

سے) جھگڑا کرتے تھے؟ وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے کہیں گے: بے شک آج کافروں پر (ہر قسم کی) رسوائی اور بربادی ہےo

Then He will humiliate them on the Day of Resurrection and say: 'Where are those that you set up as peers to Me, and in whose favour you disputed (with the believers)?' Those endowed with knowledge will say: 'Today (all types of) humiliation and destruction will surely befall the disbelievers,

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمُ الْمَلَائِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ أَمْرُ رَبِّكَ كَذَلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَلَكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (33)

ترجمہ: یہ اور کس چیز کا انتظار کر رہے ہیں سوائے اِس کے کہ اِن کے پاس فرشتے آ جائیں یا آپ کے رب کا حکم (عذاب) آ پہنچے، یہی کچھ ان لوگوں نے (بھی) کیا تھا جو اِن سے پہلے تھے، اور اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا تھا لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کیا کرتے تھےo

And what else are they waiting for except that the angels should come to them, or there should reach the command (of torment) from your Lord? Those before them (also) did the same. And Allah did not do them any wrong, but they themselves used to wrong their own souls.

فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ(34)

ترجمہ: سو جو اَعمال انہوں نے کیے تھے انہی کی سزائیں ان کو پہنچیں اور اسی (عذاب) نے انہیں آ گھیرا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

So the punishments that came upon them were due to the acts that they had perpetrated, and the same (chastisement) they used to make fun of engulfed them.

وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا عَبَدْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِن دُونِهِ مِن شَيْءٍ كَذَلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (35)

ترجمہ: اور مشرک لوگ کہتے ہیں: اگر اللہ چاہتا تو ہم اس کے سوا کسی بھی چیز کی پرستش نہ کرتے، نہ ہی ہم اور نہ ہمارے باپ دادا، اور نہ ہم اس کے (حکم کے) بغیر کسی چیز کو حرام قرار دیتے، یہی کچھ ان لوگوں نے (بھی) کیا تھا جو اِن سے پہلے تھے، تو کیا رسولوں کے ذمہ (اللہ کے پیغام اور احکام) واضح طور پر پہنچا دینے کے علاوہ بھی کچھ ہےo

And those who set up peers with Allah say: 'Had Allah so willed, we would not have worshipped anything apart from Him, neither we nor our fathers. Nor would we have forbidden anything without His (command).' Those before them (also) did the same. Are the Messengers responsible for anything in addition to clearly conveying (the message and commandments of Allah)?

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللَّهُ مَن يَمُوتُ بَلَى وَعْداً عَلَيْهِ حَقّاً وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (38)

ترجمہ: اور یہ لوگ بڑی شدّ و مد سے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ جو مَر جائے اللہ اسے (دوبارہ) نہیں اٹھائے گا، کیوں نہیں اس کے

ذمۂ کرم پر سچا وعدہ ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتےo

And they swear by Allah most earnestly that Allah will not resurrect him who dies. No indeed! The true promise is a bountiful obligation upon Him, but most people do not know.

لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي يَخْتَلِفُونَ فِيهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ كَانُوا كَاذِبِينَ (39)

ترجمہ: (مُردوں کا اٹھایا جانا اس لیے ہے) تاکہ ان کے لیے وہ (حق) بات واضح کر دے جس میں وہ لوگ اختلاف کرتے ہیں اور یہ کہ کافر لوگ جان لیں کہ حقیقت میں وہی جھوٹے ہیںo

(The dead will be raised up again) so that He makes evident (the truth) wherein they disagree, and that the disbelievers may realize that they alone are in fact liars.

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى مَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ يَتَفَيَّأُ ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّداً لِلَّهِ وَهُمْ دَاخِرُونَ (48)

ترجمہ: کیا انہوں نے ان (سایہ دار) چیزوں کی طرف نہیں دیکھا جو اللہ نے پیدا فرمائی ہیں (کہ) ان کے سائے دائیں اور بائیں اَطراف سے اللہ کے لیے سجدہ کرتے ہوئے پھرتے رہتے ہیں اور وہ (درحقیقت) طاعت و عاجزی کا اظہار کرتے ہیںo

Have they not seen those (shady) objects that Allah has created; their shadows keep crawling on the right and the left sides, prostrating themselves before Allah? And, (in fact, in this way) they display humbleness and obedience.

لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ (55)

ترجمہ: (یہ کفر و شرک اس لیے) تاکہ وہ ان (نعمتوں) کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں عطا کر رکھی ہیں، پس (اے مشرکو! چند روزہ) فائدہ اٹھا لو پھر تم عنقریب (اپنے انجام کو) جان لو گےo

(This disbelief and polytheism is perpetrated) so that they may show ingratitude for those (blessings) which We have bestowed upon them. So, (O polytheists,) take this (a few days') benefit, then soon will you know (your end).

وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ نَصِيباً مِّمَّا رَزَقْنَاهُمْ تَاللَّهِ لَتُسْأَلُنَّ عَمَّا كُنتُمْ تَفْتَرُونَ (56)

ترجمہ: اور یہ ان (بتوں) کے لیے جن (کی حقیقت) کو وہ خود بھی نہیں جانتے اس رزق میں سے حصہ مقرر کرتے ہیں جو ہم نے انہیں عطا کر رکھا ہے۔ اللہ کی قسم! تم سے اس بہتان کی نسبت ضرور پوچھ گچھ کی جائے گی جو تم باندھا کرتے ہوo

And they ascribe a portion of the provisions which We have given them to those (idols) whose (reality) even they themselves do not know. By Allah, you will indeed be asked about what you fabricate.

وَيَجْعَلُونَ لِلَّهِ الْبَنَاتِ سُبْحَانَهُ وَلَهُم مَّا يَشْتَهُونَ (57)

ترجمہ: اور یہ (کفار و مشرکین) اللہ کے لیے بیٹیاں مقرر کرتے ہیں وہ (اس سے) پاک ہے اور اپنے لیے وہ کچھ (یعنی بیٹے) جن کی وہ خواہش کرتے ہیںo

And they (the disbelievers and polytheists) ascribe daughters to Allah-Glory be

to Him (He is far above that)!-and for themselves they prefer what they desire (i.e., sons).

وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِالْأُنثَى ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدّاً وَهُوَ كَظِيْمٌ (58)

ترجمہ: اور جب ان میں سے کسی کو لڑکی (کی پیدائش) کی خبر سنائی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ غصہ سے بھر جاتا ہےo

And when the news (of the birth) of a daughter is disclosed to any of them, his face turns dark and he gets pent up with anger.

يَتَوَارَى مِنَ الْقَوْمِ مِن سُوءِ مَا بُشِّرَ بِهِ أَيُمْسِكُهُ عَلَى هُونٍ أَمْ يَدُسُّهُ فِي التُّرَابِ أَلَا سَاء مَا يَحْكُمُونَ (59)

ترجمہ: وہ لوگوں سے چھپا پھرتا ہے (بزعمِ خویش) اس بری خبر کی وجہ سے جو اسے سنائی گئی ہے، (اب یہ سوچنے لگتا ہے کہ) آیا اسے ذلت و رسوائی کے ساتھ (زندہ) رکھے یا اسے مٹی میں دبا دے (یعنی زندہ درگور کر دے)، خبردار! کتنا برا فیصلہ ہے جو وہ کرتے ہیںo

He seeks to hide himself from people due to the (presumed) bad news that is given to him. (He now gets down to thinking) whether he should keep her (alive) despite humiliation and disgrace, or bury her (alive) in the earth. See! How wicked is the decision that they make!

لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ وَلِلّهِ الْمَثَلُ الأَعْلَى وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (60)

ترجمہ: ان لوگوں کی جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے (یہ) نہایت بری صفت ہے، اور بلند تر صفت اللہ ہی کی ہے اور وہ غالب حکمت والا ہےo

(This) is the most evil attribute of those who do not believe in the Hereafter and the most exalted attribute is only Allah's. And He is Almighty, Most Wise.

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِم مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِن دَآبَّةٍ وَلَكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى فَإِذَا جَاء أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ (61)

ترجمہ: اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے ظلم کے عوض (فوراً) پکڑ لیا کرتا تو اس (زمین) پر کسی جاندار کو نہ چھوڑتا لیکن وہ انہیں مقررہ میعاد تک مہلت دیتا ہے، پھر جب ان کا مقرر وقت آ پہنچتا ہے تو وہ نہ ایک گھڑی پیچھے ہو سکتے ہیں اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیںo

And had Allah seized people (instantly) for their injustice, He would not have left any living being (on the surface of the earth). But He grants them respite till an appointed term. When their fixed time arrives, then they can neither advance, nor hold it back for a single moment.

وَيَجْعَلُونَ لِلّهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنَى لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُم مُّفْرَطُونَ (62)

ترجمہ: اور وہ اللہ کے لیے وہ کچھ مقرر کرتے ہیں جو (اپنے لیے) ناپسند کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹ بولتی ہیں کہ ان کے لیے بھلائی ہے، (ہرگز نہیں!) حقیقت یہ ہے کہ ان کے لیے دوزخ ہے اور یہ (دوزخ میں) سب سے پہلے بھیجے جائیں گے (اور اس میں ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیے جائیں گے)o

And they attribute to Allah what they loathe (for themselves), and their tongues utter falsehood that there is good for them. (No indeed!) The truth is that for them there is Hell, and they will be the first ones to be sent (into Hell where they shall be left forever).

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقاً مِّنَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ شَيْئاً وَلاَ يَسْتَطِيعُونَ (73)

ترجمہ: اور اللہ کے سوا ان (بتوں) کی پرستش کرتے ہیں جو آسمانوں اور زمین سے ان کے لیے کسی قدر رزق دینے کے بھی مالک نہیں ہیں اور نہ ہی کچھ قدرت رکھتے ہیں o

And besides Allah, they worship those (idols) who are helpless to provide them with any provision from the heavens and the earth, nor do they have any power.

فَلاَ تَضْرِبُواْ لِلّهِ الأَمْثَالَ إِنَّ اللّهَ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (74)

ترجمہ: پس تم اللہ کے لیے مثل نہ ٹھہرایا کرو، بے شک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے o

So never put forward any similitude about Allah. Surely, Allah knows and you do not.

يَعْرِفُونَ نِعْمَتَ اللّهِ ثُمَّ يُنكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكَافِرُونَ (83)

ترجمہ: یہ لوگ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں سے اکثر کافر ہیں o

They recognize Allah's favour, then deny it and most of them are disbelievers.

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيداً ثُمَّ لاَ يُؤْذَنُ لِلَّذِينَ كَفَرُواْ وَلاَ هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ (84)

ترجمہ: اور جس دن ہم ہر اُمت سے (اس کے نبی کو اس کے اعمال پر) گواہ بنا کر اٹھائیں گے پھر کافر لوگوں کو (کوئی عذر پیش کرنے کی) اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ (اس وقت) ان سے توبہ و رجوع کا مطالبہ کیا جائے گا o

And the Day when We shall raise from every people (their Messenger as) a witness (to their deeds), then the disbelievers will not be accorded permission (to put forward any excuse), nor will they be asked (then) to turn to Allah in repentance.

وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُواْ الْعَذَابَ فَلاَ يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلاَ هُمْ يُنظَرُونَ (85)

ترجمہ: اور جب ظالم لوگ عذاب دیکھ لیں گے تو نہ ان سے (اس عذاب کی) تخفیف کی جائے گی اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی o

And when the wrongdoers see the torment, neither will (this torment) be mitigated for them, nor will they be granted any respite.

وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُواْ شُرَكَاءهُمْ قَالُواْ رَبَّنَا هَـؤُلاء شُرَكَآؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُو مِن دُونِكَ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكَاذِبُونَ (86)

ترجمہ: اور جب مشرک لوگ اپنے (خود ساختہ) شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی ہمارے شریک تھے

جن کی ہم تجھے چھوڑ کر پرستش کرتے تھے، پس وہ (شرکاء ۱) انہیں (جواباً) پیغام بھیجیں گے کہ بے شک تم جھوٹے ہو o

And when the idolaters see their (self-made) partners, they will say: 'O our Lord, these are our partner-gods which we worshipped besides You.' Thereupon those (partner-gods) will send them the message (in reply): 'You are liars indeed.'

وَأَلْقَوْاْ إِلَى اللّهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (87)

ترجمہ: اور یہ (مشرکین) اس دن اللہ کے حضور عاجزی وفرمانبرداری ظاہر کریں گے اور ان سے وہ سارا بہتان جاتا رہے گا جو یہ باندھا کرتے تھے o

And that Day, these (polytheists) will show humbleness and obedience to Allah, and all falsehood that they used to fabricate will vanish from them.

الَّذِيْنَ كَفَرُواْ وَصَدُّواْ عَن سَبِيْلِ اللّهِ زِدْنَاهُمْ عَذَاباً فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُواْ يُفْسِدُونَ (88)

ترجمہ: جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے روکتے رہے ہم ان کے عذاب پر عذاب کا اضافہ کریں گے اس وجہ سے کہ وہ فساد انگیزی کرتے تھے o

Those who disbelieved and persistently hindered (others) from the path of Allah, We shall add torment to their torment because they used to spread mischief and spoil peace.

إِنَّمَا يَفْتَرِىْ الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللّهِ وَأُوْلـئِكَ هُمُ الْكَاذِبُونَ (105)

ترجمہ: بے شک جھوٹی افترا پردازی (بھی) وہی لوگ کرتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے اور وہی لوگ جھوٹے ہیں o

Indeed, they alone who do not believe in the Revelations of Allah invent false fabrications and they alone are liars.

مَن كَفَرَ بِاللّهِ مِن بَعْدِ إِيْمَانِهِ إِلاَّ مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالإِيْمَانِ وَلَـكِن مَّن شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْراً فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (106)

ترجمہ: جو شخص اپنے ایمان لانے کے بعد کفر کرے، سوائے اس کے جسے انتہائی مجبور کر دیا گیا مگر اس کا دل (بدستور) ایمان سے مطمئن ہے، لیکن (ہاں) وہ شخص جس نے (دوبارہ) شرحِ صدر کے ساتھ کفر (اختیار) کیا سو ان پر اللہ کی طرف سے غضب ہے اور ان کے لیے زبردست عذاب ہے o

The one who disbelieves after having believed, except someone who is coercively forced to do so, and at heart remains contented with belief (as before), but (of course) he who (adopts) disbelief (afresh) wholeheartedly with an open mind, on them is a wrath from Allah and for them is a fierce torment.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّواْ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الآخِرَةِ وَأَنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِىْ الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ (107)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے دنیوی زندگی کو آخرت پر عزیز رکھا اور اس لیے کہ اللہ کافروں کی قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

That is because they loved and preferred the life of this world to the Hereafter, and because Allah does not guide the disbelieving folk.

أُولَـئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ وَأُولَـئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ (108)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر اور ان کی آنکھوں پر مُہر لگا دی ہے اور یہی لوگ ہی (آخرت کے انجام سے) غافل ہیں o

They are those whose hearts and whose ears and whose eyes Allah has sealed, and they are the ones who are neglectful (of their end in the Hereafter).

لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِي الآخِرَةِ هُمُ الْخَاسِرونَ(109)

ترجمہ: یہ حقیقت ہے کہ بے شک یہی لوگ آخرت میں خسارہ اٹھانے والے ہیں o

It is a fact that these are certainly those who are the losers in the Hereafter.

وَلَا تَقُولُواْ لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هَـذَا حَلاَلٌ وَهَـذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُواْ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ إِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ لاَ يُفْلِحُونَ (116)

ترجمہ: اور وہ جھوٹ مت کہا کرو جو تمہاری زبانیں بیان کرتی رہتی ہیں کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے اس طرح کہ تم اللہ پر جھوٹا بہتان باندھو، بے شک جو لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں وہ (کبھی) فلاح نہیں پائیں گے o

And do not tell a lie which your tongues utter: 'This is lawful and that is forbidden,' thus fabricating a lie against Allah. Indeed, those who fabricate lies against Allah will (never) be delivered.

مَتَاعٌ قَلِيْلٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (117)

ترجمہ: فائدہ تھوڑا ہے مگر ان کے لیے عذاب (بڑا) دردناک ہے o

There is only a little profit, but the torment for them is painful (beyond proportion).

سورۃ بنی اسرائیل:

وَأَنَّ الَّذِيْنَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَاباً أَلِيماً(10)

ترجمہ: اور یہ کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے ان کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے o

And that those who do not believe in the Hereafter, We have prepared for them a painful punishment.

لاَّ تَجْعَل مَعَ اللّهِ إِلَـهاً آخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوماً مَّخْذُولاً (22)

ترجمہ: (اے سننے والے!) اللہ کے ساتھ دوسرا معبود نہ بنا (ورنہ) تو ملامت زدہ (اور) بے یار و مددگار ہو کر بیٹھا رہ جائے گا o

(O listener!) Do not set up another god along with Allah (lest) you should sit back condemned (and) forsaken.

وَلاَ تَقْتُلُواْ أَوْلاَدَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلاقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُم إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْءاً كَبِيراً (31)

ترجمہ: اور تم اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے قتل مت کرو، ہم ہی انہیں (بھی) روزی دیتے ہیں اور تمہیں بھی، بے شک ان کو قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہے o

And do not kill your children due to fear of poverty. We alone provide for them and for you (as well). Indeed, killing them is a major sin.

أَفَأَصْفَاكُمْ رَبُّكُم بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلآئِكَةِ إِنَاثاً إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلاً عَظِيماً (40)

ترجمہ: (اے مشرکو! خود سوچو!) بھلا تمہیں تو تمہارے رب نے بیٹوں کے لیے چن لیا ہے اور (اپنے لیے) اس نے فرشتوں کو بیٹیاں بنالیا ہے، بے شک تم (اپنے ہی گھڑے ہوئے خیالات کے پیمانہ پر) بڑی سخت بات کہتے ہوo

(O idolaters! Think for yourselves!) Has your Lord picked you for sons and taken (for Himself) angels as daughters? Indeed, you utter a most awful saying (in the framework of your own fabricated ideas).

سورۃ الکہف:

وَيُنذِرَ الَّذِينَ قَالُوا اتَّخَذَ اللَّهُ وَلَداً(4)

ترجمہ: اور (نیز) ان لوگوں کو ڈرائے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے (اپنے لیے) لڑکا بنا رکھا ہےo

And (moreover) create fear in those who say that Allah has taken a son (for Himself).

مَّا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ وَلَا لِآبَائِهِمْ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ إِن يَقُولُونَ إِلَّا كَذِباً (5)

ترجمہ: نہ اس کا کوئی علم انہیں ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو تھا، (یہ) کتنا بڑا بول ہے جو ان کے منہ سے نکل رہا ہے، وہ (سراسر) جھوٹ کے سوا کچھ کہتے ہی نہیںo

Neither have they any knowledge of it, nor had their fathers. How dreadful is (this) utterance that is coming out of their mouths! They speak nothing but (sheer) falsehood.

إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً (7)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے اُن تمام چیزوں کو جو زمین پر ہیں اس کے لیے باعثِ زینت (و آرائش) بنایا تاکہ ہم ان لوگوں کو (جو زمین کے باسی ہیں) آزمائیں کہ ان میں سے بہ اِعتبارِ عمل کون بہتر ہےo

And indeed, We have made whatever is on earth a means of its beauty (and adornment) so that We test (the inhabitants of the earth) as to who is better in deeds.

وَإِنَّا لَجَاعِلُونَ مَا عَلَيْهَا صَعِيداً جُرُزاً (8)

ترجمہ: اور بے شک ہم اِن (تمام) چیزوں کو جو اس (روئے زمین) پر ہیں (نابود کر کے) بنجر میدان بنا دینے والے ہیںo

And, surely, We shall reduce it to a barren land (perishing all) that is on (the surface of the earth).

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءهُمُ الْهُدَى وَيَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلاً (55)

ترجمہ: اور لوگوں کو جبکہ ان کے پاس ہدایت آ چکی تھی کسی نے (اس بات سے) منع نہیں کیا تھا کہ وہ ایمان لائیں اور اپنے رب سے مغفرت طلب کریں سوائے اس (انتظار) کے کہ انہیں اگلے لوگوں کا طریقہ (ہلاکت) پیش آئے یا عذاب ان کے سامنے

آجائےo

And nothing prevented the people from embracing faith and imploring forgiveness from their Lord, whilst guidance had reached them, except (waiting for) the pattern of the ancients' (destruction) occurring to them, or that the torment should come in front of them.

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ إِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنذِرِيْنَ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوا آيَاتِيْ وَمَا أُنذِرُوا هُزُواً (56)

ترجمہ: اور ہم رسولوں کو نہیں بھیجا کرتے مگر (لوگوں کو) خوشخبری سنانے والے اور ڈر سنانے والے (بنا کر)، اور کافر لوگ (ان رسولوں سے) بیہودہ باتوں کے سہارے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس (باطل) کے ذریعہ حق کو زائل کر دیں اور وہ میری آیتوں کو اور اس (عذاب) کو جس سے وہ ڈرائے جاتے ہیں ہنسی مذاق بنا لیتے ہیںo

And We do not send Messengers but as Bearers of glad tidings (to the people) and as Warners. And the disbelievers dispute with (these Messengers) taking leverage of false arguments so as to eliminate the truth with (falsehood). And they scoff at My Revelations, and (the torment) of which they are warned.

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِيْ آذَانِهِمْ وَقْراً وَإِن تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَى فَلَن يَهْتَدُوا إِذاً أَبَداً (57)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جسے اس کے رب کی نشانیاں یاد دلائی گئیں تو اس نے ان سے رُوگردانی کی اور ان (بداَعمالیوں) کو بھول گیا جو اس کے ہاتھ آگے بھیج چکے تھے، بے شک ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیے ہیں کہ وہ اس حق کو سمجھ (نہ) سکیں اور ان کے کانوں میں بوجھ پیدا کر دیا ہے (کہ وہ اس حق کو سن نہ سکیں)، اور اگر آپ انہیں ہدایت کی طرف بلائیں تو وہ کبھی بھی قطعًا ہدایت نہیں پائیں گےo

And who is a greater wrongdoer than one who was reminded of the signs of Allah, but he turned away from them and forgot those (evil deeds) which his hands had sent forward? Verily, We have cast veils over their hearts so that they may (not) understand this truth, and have plugged their ears with heaviness (so that they may not hear this truth). And if you invite them towards guidance, never ever will they take guidance.

وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا مِن دُونِهِ مَوْئِلاً (58)

ترجمہ: اور آپ کا رب بڑا بخشنے والا صاحبِ رحمت ہے، اگر وہ ان کے کیے پر ان کا مؤاخذہ فرماتا تو ان پر یقیناً جلد عذاب بھیجتا، بلکہ ان کے لیے (تو) وقتِ وعدہ (مقرر) ہے (جب وہ وقت آئے گا تو) اس کے سوا ہرگز کوئی جائے پناہ نہیں پائیں گےo

And your Lord is Most Forgiving, Full of Mercy. If He had to take them to task for their doings, He would certainly send the torment upon them quickly. And in truth, the Hour of Promise is (appointed) for them. (When that time comes,) they will not find any place of shelter except with Him.

وَتِلْكَ الْقُرَى أَهْلَكْنَاهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِم مَّوْعِداً59)

ترجمہ: اور یہ بستیاں ہیں ہم نے جن کے رہنے والوں کو ہلاک کر ڈالا جب انہوں نے ظلم کیا اور ہم نے ان کی ہلاکت کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا تھاo

And these are the towns whose inhabitants We destroyed when they perpetrated oppression and injustice. And We had fixed a time for their destruction.

وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكَافِرِينَ عَرْضاً (100)

ترجمہ: اور ہم اس دن دوزخ کو کافروں کے سامنے بالکل عیاں کر کے پیش کریں گےo

And on that Day, We shall present Hell before the disbelievers fully exposed,

أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِن دُونِيَ أَوْلِيَاء إِنَّا أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ نُزُلاً (102)

ترجمہ: کیا کافر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو کارساز بنالیں گے، بے شک ہم نے کافروں کے لیے جہنم کی میزبانی کو تیار کر رکھا ہےo

Do the disbelievers think that, instead of Me, they will take My servants as helpers? Surely, We have prepared Hell as hospitality for the disbelievers.

ذَلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُواً (106)

ترجمہ: یہی دوزخ ہی ان کی جزا ہے اس وجہ سے کہ وہ کفر کرتے رہے اور میری نشانیوں اور میرے رسولوں کا مذاق اڑاتے رہےo

This very Hell is their reward because they kept disbelieving and mocking My signs and My Messengers.

سورۃ مریم:

فَاخْتَلَفَ الْأَحْزَابُ مِن بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِن مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيمٍ (37)

ترجمہ: پھر ان کے فرقے آپس میں اختلاف کرنے لگے، پس کافروں کے لیے (قیامت کے) بڑے دن کی حاضری سے تباہی ہےo

Then their sects began to differ amongst themselves. So the disbelievers are doomed due to the presence on the Mighty Day (of Resurrection).

أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَكِنِ الظَّالِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ(38)

ترجمہ: جس دن وہ ہمارے پاس حاضر ہوں گے تو کیسے (کان کھول کر) سنیں گے اور (آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر) دیکھیں گے لیکن ظالم لوگ آج کھلی گمراہی میں (غرق) ہیںo

How (curiously) will they hear (with their ears wide open), and how (bewilderedly) will they see (with their eyes stunned) on the Day when they will appear before Us! But Today the wrongdoers are but (sunk) into manifest error.

وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (39)

ترجمہ: اورآپ انہیں حسرت (وندامت) کے دن سے ڈرایئے جب (ہر) بات کا فیصلہ کر دیا جائے گا، مگر وہ غفلت (کی حالت) میں پڑے ہیں اور ایمان لاتے ہی نہیں o

And warn them of the Day of Regret (and Shame) when (every) matter shall be decided, but they are rapt in (a state of) negligence and simply do not believe.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَاماً وَأَحْسَنُ نَدِيّاً (73)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں: (اسی دنیا میں دیکھ لو! ہم) دونوں گروہوں میں سے کس کی رہائش گاہ بہتر اور مجلس خوب تر ہے o

And when Our enlightening Verses are recited to them, the disbelievers say to the believers: '(See in the selfsame world) which of us two groups has better housing and a more influential social circle.'

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَحْسَنُ أَثَاثاً وَرِئْياً (74)

ترجمہ: اور ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر ڈالا جو ساز و سامانِ زندگی اور نمود و نمائش کے لحاظ سے (ان سے بھی) کہیں بہتر تھے o

And how many a people have We destroyed before them who were better off (than these) in worldly assets and pomp and show!

قُلْ مَن كَانَ فِي الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَنُ مَدّاً حَتَّى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضْعَفُ جُنداً(75)

ترجمہ: فرما دیجیے: جو شخص گمراہی میں مبتلا ہو تو (خدائے) رحمان (بھی) اسے عمر و عیش میں خوب مہلت دیتا رہتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ لوگ اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے خواہ عذاب اور خواہ قیامت، تب وہ اس شخص کو جان لیں گے جو رہائش گاہ کے اعتبار سے (بھی) برا ہے اور لشکر کے اعتبار سے (بھی) کمزور تر ہے o

Say: 'The Most Kind (Lord also) grants respite in age and luxury to the one who is lost in error until, when they see what they have been promised-the torment or the Day of Rising-then they will come to know him who is worse in respect of dwelling and (also) weaker in respect of troops.'

أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالاً وَوَلَداً (77)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے ہماری آیتوں سے کفر کیا اور کہنے لگا: مجھے (قیامت کے روز بھی اسی طرح) مال و اولاد ضرور دیے جائیں گے o

Have you seen such a person that rejected Our Signs and said: 'I shall certainly be given wealth and children (the same way, even on the Day of Resurrection)'?

أَاطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِندَ الرَّحْمَنِ عَهْداً (78)

ترجمہ: وہ غیب پر مطلع ہے یا اس نے (خدائے) رحمان سے (کوئی) عہد لے رکھا ہےo

Is he aware of the unseen, or has he taken any promise from the Most Kind (Lord)?

كَلَّا سَنَكْتُبُ مَا يَقُولُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدّاً (79)

ترجمہ: ہرگز نہیں! اب ہم وہ سب کچھ لکھتے رہیں گے جو وہ کہتا ہے اور اس کے لیے عذاب (پر عذاب) خوب بڑھاتے چلے جائیں گےo

No way! We shall keep writing down what he says, and shall keep increasing for him torment (upon torment).

وَنَرِثُهُ مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْداً (80)

ترجمہ: اور (مرنے کے بعد) جو یہ کہہ رہا ہے اس کے ہم ہی وارث ہوں گے اور وہ ہمارے پاس تنہا آئے گا (اس کے مال و اولاد ساتھ نہ ہوں گے)o

And (after his death) We shall inherit from him what he proclaims, and he will come to Us all alone (without wealth and children).

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِّيَكُونُوا لَهُمْ عِزّاً (81)

ترجمہ: اور انہوں نے اللہ کے سوا (کئی اور) معبود بنا لیے ہیں تاکہ وہ ان کے لیے باعثِ عزت ہوںo

And they have taken (many other) gods apart from Allah so that they may be a source of honour for them.

كَلَّا سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدّاً (82)

ترجمہ: ہرگز (ایسا) نہیں ہے، عنقریب وہ (معبودانِ باطلہ خود) ان کی پرستش کا انکار کر دیں گے اور ان کے دشمن ہو جائیں گےo

By no means! Soon will these (false gods themselves) reject their worship and become their enemies.

أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزّاً (83)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیطانوں کو کافروں پر بھیجا ہے وہ انہیں ہر وقت (اسلام کی مخالفت پر) اکساتے رہتے ہیںo

Have you not seen that We have sent satans upon the disbelievers? They keep rousing them (against Islam) all the time.

فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدّاً (84)

ترجمہ: سو آپ ان پر (عذاب کے لیے) جلدی نہ کریں ہم تو خود ہی ان کے (انجام کے) لیے دن شمار کرتے رہتے ہیںo

So do not make haste against them (for torment). We Ourselves keep counting the days (for their impending catastrophe).

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَنُ وَلَداً (88)

ترجمہ: اور (کافر) کہتے ہیں کہ (خدائے) رحمان نے (اپنے لیے) لڑکا بنالیا ہےo

And (the disbelievers) say: 'The Most Kind (Lord) has taken (to Himself) a son.'

لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئاً إِدّاً (89)

ترجمہ: (اے کافرو!) بے شک تم بہت ہی سخت اور عجیب بات (زبان پر) لائے ہوo

(O disbelievers!) You have indeed brought most horrible and unusual evil (on your tongues).

تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدّاً (90)

ترجمہ: کچھ بعید نہیں کہ اس (بہتان) سے آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر گر جائیںo

The heavens may just burst at this (fabricated lie) and the earth split asunder and the mountains fall down to pieces,

أَن دَعَوْا لِلرَّحْمَنِ وَلَداً (91)

ترجمہ: کہ انہوں نے (خدائے) رحمان کے لیے لڑکے کا دعوٰی کیا ہےo

That they have attributed a son to the Most Kind (Lord).

وَمَا يَنبَغِي لِلرَّحْمَنِ أَن يَتَّخِذَ وَلَداً (92)

ترجمہ: اور (خدائے) رحمان کے شایانِ شان نہیں ہے کہ وہ (کسی کو اپنا) لڑکا بنائےo

And it is not befitting the Glory of the Most Kind (Lord) to take (someone as) a son.

فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنذِرَ بِهِ قَوْماً لُّدّاً (97)

ترجمہ: سو بے شک ہم نے اس (قرآن) کو آپ کی زبان میں ہی آسان کر دیا ہے تاکہ آپ اس کے ذریعہ پرہیزگاروں کو خوشخبری سنا سکیں اور اس کے ذریعہ جھگڑالو قوم کو ڈر سنا سکیںo

So We have indeed made this (Qur'an) easy in your own tongue so that, by means of it, you may communicate good news to the Godfearing and may warn thereby the contentious people.

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُم مِّنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزاً(98)

ترجمہ: اور ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر دیا ہے، کیا آپ ان میں سے کسی کا وجود بھی دیکھتے ہیں یا کسی کی کوئی آہٹ بھی سنتے ہیںo

And how many a community have We destroyed before them! Do you perceive even a trace or hear even the faintest fizzle of any of them?

سورۃ طٰہٰ:

وَكَذَلِكَ نَجْزِي مَنْ أَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِن بِآيَاتِ رَبِّهِ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقَى (127)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم اس شخص کو بدلہ دیتے ہیں جو (گناہوں میں) حد سے نکل جائے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ

لائے، اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا ہی سخت اور ہمیشہ رہنے والا ہےo

And that is how We recompense the one who exceeds the limit (in sins), and does not believe in the Revelations of his Lord, and surely the torment of the Last Day is extremely severe and everlasting.

أَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ (128)

ترجمہ: کیا انہیں (اس بات نے) ہدایت نہ دی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کر دیا جن کی رہائش گاہوں میں (اب) یہ لوگ چلتے پھرتے ہیں، بے شک اس میں دانش مندوں کے لیے (بہت سی) نشانیاں ہیںo

Has (this fact) not guided them as to how many people We destroyed before them in whose dwelling places they (now) walk about? Undoubtedly, in this are (many) signs for the wise.

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ (131)

ترجمہ: اور آپ دنیوی زندگی میں زیب و آرائش کی ان چیزوں کی طرف حیرت و تعجب کی نگاہ نہ فرمائیں جو ہم نے (کافر دنیاداروں کے) بعض طبقات کو (عارضی) لطف اندوزی کے لیے دے رکھی ہیں تاکہ ہم ان (ہی چیزوں) میں ان کے لیے فتنہ پیدا کر دیں، اور آپ کے رب کی (اخروی) عطا بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہےo

And do not glance with amazement and wonder at the adornments (of worldly life) which We have provided to some classes (of the disbelieving materialists) for their (short-term) luxury so that We may cause for them a trial in these (very things). And the provision of your Lord (in the Hereafter) is the best and eternal.

وَقَالُوا لَوْلَا يَأْتِينَا بِآيَةٍ مِّن رَّبِّهِ أَوَلَمْ تَأْتِهِم بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ (133)

ترجمہ: اور (کفار) کہتے ہیں کہ یہ (رسول) ہمارے پاس اپنے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے، کیا ان کے پاس ان باتوں کا واضح ثبوت (یعنی قرآن) نہیں آ گیا جو اگلی کتابوں میں (مذکور) تھیںo

And (the disbelievers) say: 'Why does this (Prophet) not bring us any sign from his Lord?' Has there not come to them (the Qur'an,) a clear proof of the things (mentioned) in the former Books?

وَلَوْ أَنَّا أَهْلَكْنَاهُم بِعَذَابٍ مِّن قَبْلِهِ لَقَالُوا رَبَّنَا لَوْلَا أَرْسَلْتَ إِلَيْنَا رَسُولًا فَنَتَّبِعَ آيَاتِكَ مِن قَبْلِ أَن نَّذِلَّ وَنَخْزَىٰ (134)

ترجمہ: اور اگر ہم ان لوگوں کو اس سے پہلے (ہی) کسی عذاب کے ذریعہ ہلاک کر ڈالتے تو یہ کہتے: اے ہمارے رب! تو نے ہمارے پاس کسی رسول کو کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری آیتوں کی پیروی کر لیتے اس سے قبل کہ ہم ذلیل اور رسوا ہوتےo

And had We destroyed them through some calamity already, they would have said: 'O Lord, why did You not send us any Messenger so that we might have followed Your Revelations before we were humiliated and disgraced?'

قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَىٰ (135)

ترجمہ: فرما دیجیے: ہر کوئی منتظر ہے، سو تم انتظار کرتے رہو، پس تم جلد ہی جان لو گے کہ کون لوگ راہِ راست والے ہیں اور کون

ہدایت یافتہ ہیںo

Say: 'Everyone is waiting, so wait on. You will soon come to know who are the people of the right path and who are the guided ones.'

سورۃ الانبیاء:

مَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّن رَّبِّهِم مُّحْدَثٍ إِلَّا اسْتَمَعُوهُ وَهُمْ يَلْعَبُونَ (2)

ترجمہ: ان کے پاس ان کے رب کی جانب سے جب بھی کوئی نئی نصیحت آتی ہے تو وہ اسے یوں (بے پرواہی سے) سنتے ہیں گویا وہ کھیل کود میں لگے ہوئے ہیںo

Whenever some new admonition comes to them from their Lord, they listen to it (with such carelessness) as if they are engaged in sport.

مَا آمَنَتْ قَبْلَهُم مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا أَفَهُمْ يُؤْمِنُونَ (6)

ترجمہ: ان سے پہلے ہم نے جس بھی بستی کو ہلاک کیا وہ (انہی نشانیوں پر) ایمان نہیں لائی تھی، تو کیا یہ ایمان لے آئیں گےo

Every community whom We destroyed before them disbelieved (in these signs). So, will these people believe?

وَكَمْ قَصَمْنَا مِن قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَأَنشَأْنَا بَعْدَهَا قَوْماً آخَرِينَ (11)

ترجمہ: اور ہم نے کتنی ہی بستیوں کو تباہ و برباد کر ڈالا جو ظالم تھیں اور ان کے بعد ہم نے اور قوموں کو پیدا فرما دیاo

And how many communities, which were unjust, did We destroy and We raised up other communities after them!

فَلَمَّا أَحَسُّوا بَأْسَنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَرْكُضُونَ (12)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے ہمارے عذاب (کی آمد) کو محسوس کیا تو وہ وہاں سے تیزی کے ساتھ بھاگنے لگےo

Then, when they sensed Our punishment (approaching), they started fleeing fast from there.

لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوا إِلَى مَا أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ (13)

ترجمہ: (ان سے کہا گیا:) تم جلدی مت بھاگو اور اسی جگہ واپس لوٹ جاؤ جس میں تمہیں آسائشیں دی گئی تھیں اور اپنی (پرتعیش) رہائش گاہوں کی طرف (پلٹ جاؤ) شاید تم سے باز پرس کی جائےo

(It was said to them:) 'Do not flee in haste, and return to the same place where you were given comforts, and (go back) to your (luxurious) dwellings. It is likely that you are interrogated.'

قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ (14)

ترجمہ: وہ کہنے لگے: ہائے شومءِ قسمت! بے شک ہم ظالم تھےo

They said: 'Woe to us! Surely, we were wrongdoers.'

فَمَا زَالَت تِّلْكَ دَعْوَاهُمْ حَتَّى جَعَلْنَاهُمْ حَصِيداً خَامِدِينَ (15)

ترجمہ: سو ہمیشہ ان کی یہی فریاد رہی یہاں تک کہ ہم نے ان کو کٹی ہوئی کھیتی (اور) بجھی ہوئی آگ (کے ڈھیر) کی طرح بنا دیاo

So this is what they always bewailed till We made them like a reaped field (and a heap) of extinguished fire.

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ وَلَكُمُ الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُونَ (18)

ترجمہ: بلکہ ہم حق سے باطل پر پوری قوت کے ساتھ چوٹ لگاتے ہیں سو حق اسے کچل دیتا ہے پس وہ (باطل) ہلاک ہو جاتا ہے، اور تمہارے لیے ان باتوں کے باعث تباہی ہے جو تم بیان کرتے ہوo

Nay, We strike at falsehood with the truth with full force. So, the truth crushes it and it (i.e., the falsehood) gets destroyed. And you are bound to ruin yourselves owing to what you utter.

أَمِ اتَّخَذُوا آلِهَةً مِّنَ الْأَرْضِ هُمْ يُنشِرُونَ (21)

ترجمہ: کیا ان (کافروں) نے زمین (کی چیزوں) میں سے ایسے معبود بنا لیے ہیں جو (مُردوں کو) زندہ کر کے اٹھا سکتے ہیںo

Have they (the disbelievers) taken from (the contents of) the earth gods that can raise (the dead) alive?

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ هَذَا ذِكْرُ مَن مَّعِيَ وَذِكْرُ مَن قَبْلِيَ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ الْحَقَّ فَهُم مُّعْرِضُونَ (24)

ترجمہ: کیا ان (کافروں) نے اسے چھوڑ کر اور معبود بنا لیے ہیں؟ فرما دیجیے: اپنی دلیل لاؤ، یہ (قرآن) ان لوگوں کا ذکر ہے جو میرے ساتھ ہیں اور ان کا (بھی) ذکر ہے جو مجھ سے پہلے تھے بلکہ ان میں سے اکثر لوگ حق کو نہیں جانتے اِس لیے وہ اِس سے رُوگردانی کیے ہوئے ہیںo

Have they (the disbelievers) taken gods other than Him? Say: 'Bring your proof. This (Qur'an) is the reminder of those who are with me and (also) the reminder of those who had been before me.' But most of them do not know the truth, so they are averse to it.

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقاً فَفَتَقْنَاهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ (30)

ترجمہ: اور کیا کافر لوگوں نے نہیں دیکھا کہ جملہ آسمانی کائنات اور زمین (سب) ایک اکائی کی شکل میں جڑے ہوئے تھے پس ہم نے ان کو پھاڑ کر جدا کر دیا، اور ہم نے (زمین پر) ہر پیکرِ حیات (کی زندگی) کی نمود پانی سے کی، تو کیا وہ (قرآن کے بیان کردہ اِن حقائق سے آگاہ ہو کر بھی) ایمان نہیں لاتےo

And have the disbelievers not seen that the whole heavenly universe and the earth were (all) joined together as one unit, and then We split them apart? And We originated (the life of) all the living organism (on earth) from water. So do they not accept faith (even after learning these facts brought forth by the Qur'an)?

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّن قَبْلِكَ الْخُلْدَ أَفَإِن مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ (34)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے کسی اِنسان کو (دنیا کی ظاہری زندگی میں) بقائے دوام نہیں بخشی، تو کیا اگر آپ (یہاں سے) اِنتقال فرما جائیں تو یہ لوگ ہمیشہ رہنے والے ہیں؟o

And We have not granted eternity to any human being before you (in the physical life of the world). So, if you pass away (from here), will they live forever?

وَإِذَا رَآكَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُوًا أَهَٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ آلِهَتَكُمْ وَهُم بِذِكْرِ الرَّحْمَٰنِ هُمْ كَافِرُونَ (36)

ترجمہ: اور جب کافر لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ سے محض تمسخر ہی کرنے لگتے ہیں (اور کہتے ہیں:) کیا یہی ہے وہ شخص جو تمہارے معبودوں کا (ردّ و انکار کے ساتھ) ذکر کرتا ہے؟ اور وہ خود (خدائے) رحمان کے ذکر سے انکاری ہیںo

And when the disbelievers see you, they just start mocking you (and say:) 'Is this the one who talks about your gods (with rejection and denial)?' And yet it is they themselves who reject the mention of the Most Kind (Lord).

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (38)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: یہ وعدۂ (عذاب) کب (پورا) ہوگا اگر تم سچے ہوo

And they say: 'When will this promise (of torment) be (fulfilled) if you are truthful?'

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِينَ كَفَرُوا حِينَ لَا يَكُفُّونَ عَن وُجُوهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمْ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ (39)

ترجمہ: اگر کافر لوگ وہ وقت جان لیتے جبکہ وہ (دوزخ کی) آگ کو نہ اپنے چہروں سے روک سکیں گے اور نہ اپنی پشتوں سے اور نہ ہی ان کی مدد کی جائے گی (تو پھر عذاب طلب کرنے میں جلدی کا شور نہ کرتے)o

If the disbelievers knew the time when they will not be able to keep off the Fire (of Hell) from their faces and their backs, nor will they be helped (then they would not call out to hasten the torment).

بَلْ تَأْتِيهِم بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنظَرُونَ (40)

ترجمہ: بلکہ (قیامت) انہیں اچانک آ پہنچے گی تو انہیں بدحواس کر دے گی سو وہ نہ تو اسے لوٹا دینے کی طاقت رکھتے ہوں گے اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گیo

In fact, it (the Last Day) will come upon them all of a sudden and stun them. So neither will they have the power to avert it, nor will they be granted respite.

قُلْ مَن يَكْلَؤُكُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمَٰنِ بَلْ هُمْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِم مُّعْرِضُونَ (42)

ترجمہ: فرما دیجیے: شب و روز (خدائے) رحمان (کے عذاب) سے تمہاری حفاظت و نگہبانی کون کر سکتا ہے، بلکہ وہ اپنے (اسی) رب کے ذکر سے گریزاں ہےo

Say: 'Who can guard and save you from (the punishment of) the Most Kind

(Lord) by night and by day?' In fact, they keep away from the remembrance of the (same) Lord.

أَمْ لَهُمْ آلِهَةٌ تَمْنَعُهُم مِّن دُونِنَا لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَ أَنفُسِهِمْ وَلَا هُم مِّنَّا يُصْحَبُونَ (43)

ترجمہ: کیا ہمارے سوا ان کے کچھ اور معبود ہیں جو انہیں (عذاب سے) بچا سکیں، وہ تو خود اپنی ہی مدد پر قدرت نہیں رکھتے اور نہ ہماری طرف سے انہیں کوئی تائید و رفاقت میسّر ہوگیo

Have they any gods apart from Us capable of saving them (from the torment)? They do not have any power even to help themselves. Nor will they get any support and alliance from Us.

بَلْ مَتَّعْنَا هَؤُلَاءِ وَآبَاءَهُمْ حَتَّى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ أَفَلَا يَرَوْنَ أَنَّا نَأْتِي الْأَرْضَ نَنقُصُهَا مِنْ أَطْرَافِهَا أَفَهُمُ الْغَالِبُونَ (44)

ترجمہ: بلکہ ہم نے ان کو اور ان کے آباء و اجداد کو (فراخیٔ عیش سے) بہرہ مند فرمایا تھا یہاں تک کہ ان کی عمریں بھی دراز ہوتی گئیں، تو کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم (اب اسلامی فتوحات کے ذریعہ ان کے زیرِ تسلّط) علاقوں کو تمام اَطراف سے گھٹاتے چلے جا رہے ہیں، تو کیا وہ (اب) غلبہ پانے والے ہیںo

Nay, We provided for them and their fathers (generous luxuries) so much so that their life spans also gradually prolonged. So, do they not perceive that (through Islamic conquests) We are gradually reducing the land (under their control) from all borders? So, will they dominate (now)?

قُلْ إِنَّمَا أُنذِرُكُم بِالْوَحْيِ وَلَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَاءَ إِذَا مَا يُنذَرُونَ (45)

ترجمہ: فرما دیجیے: میں تو تمہیں صرف وحی کے ذریعہ ہی ڈراتا ہوں، اور بہرے پکار کو نہیں سنا کرتے جب بھی انہیں ڈرایا جائےo

Say: 'I warn you only through Revelation.' But the deaf do not hear the call whenever they are warned.

وَلَئِن مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ (46)

ترجمہ: اگر واقعتاً انہیں آپ کے رب کی طرف سے تھوڑا سا عذاب (بھی) چھو جائے تو وہ ضرور کہنے لگیں گے: ہائے ہماری بدقسمتی! بے شک ہم ہی ظالم تھےo

If (even) a minor calamity from your Lord is to really touch them, they will surely say: 'Woe to us. Certainly, we were the unjust.'

وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَإِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ أَبْصَارُ الَّذِينَ كَفَرُوا يَا وَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِي غَفْلَةٍ مِّنْ هَذَا بَلْ كُنَّا ظَالِمِينَ (97)

ترجمہ: اور (قیامت کا) سچا وعدہ قریب ہو جائے گا تو اچانک کافر لوگوں کی آنکھیں کھلی رہ جائیں گی (وہ پکار اٹھیں گے:) ہائے ہماری شومیٔ قسمت! کہ ہم اس (دن کی آمد) سے غفلت میں پڑے رہے بلکہ ہم ظالم تھےo

And the true promise (of the Day of Resurrection) will draw near, then the eyes of the disbelievers will suddenly fix staring (and they will cry out:) 'Woe to us! We were indeed oblivious of (the arrival of) this (Day); in fact, we were unjust.'

قَالَ رَبِّ احْكُم بِالْحَقِّ وَرَبُّنَا الرَّحْمَنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُونَ (112)

ترجمہ: (ہمارے حبیب نے) عرض کیا: اے میرے رب! (ہمارے درمیان) حق کے ساتھ فیصلہ فرما دے، اور ہمارا رب بے حد رحم فرمانے والا ہے، اسی سے مدد طلب کی جاتی ہے ان (دل آزار) باتوں پر جو (اے کافرو!) تم بیان کرتے ہوo

(Our Beloved) submitted: 'My Lord, judge (between us) with truth, and Our Lord is Ever-Merciful and He is the One Whose help is sought against the (heart-rending) words which, (O disbelievers,) you utter.'

سورۃ الحج:

وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطَانٍ مَّرِيدٍ (3)

ترجمہ: اور کچھ لوگ (ایسے) ہیں جو اللہ کے بارے میں بغیر علم و دانش کے جھگڑا کرتے ہیں اور ہر سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیںo

And there are some people who dispute about Allah without any knowledge and understanding and follow every disobedient Satan,

كُتِبَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَن تَوَلَّاهُ فَأَنَّهُ يُضِلُّهُ وَيَهْدِيهِ إِلَى عَذَابِ السَّعِيرِ (4)

ترجمہ: جس (شیطان) کے بارے میں لکھ دیا گیا ہے کہ جو شخص اسے دوست رکھے گا سو وہ اسے گمراہ کر دے گا اور اسے دوزخ کے عذاب کا راستہ دکھائے گاo

(Satan) for whom it is written that whoever takes him for a friend, he will lead him astray, and show him the road to the torment of Hell.

وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ (8)

ترجمہ: اور لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو اللہ (کی ذات و صفات اور قدرتوں) کے بارے میں جھگڑا کرتے رہتے ہیں بغیر علم و دانش کے اور بغیر کسی ہدایت و دلیل کے اور بغیر کسی روشن کتاب کے (جو آسمان سے اتری ہو)o

And there are some of the people who dispute about Allah (His Essence, Attributes and Powers) without knowledge and understanding, and without any guidance and logic, and without any enlightening Book (sent down from heaven),

يَدْعُو مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُ وَمَا لَا يَنفَعُهُ ذَٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ (12)

ترجمہ: وہ (شخص) اللہ کو چھوڑ کر اس (بت) کی عبادت کرتا ہے جو نہ اسے نقصان پہنچا سکے اور نہ ہی اسے نفع پہنچا سکے، یہی تو (بہت) دور کی گمراہی ہےo

(Such a person) worships besides Allah that (idol) which can neither harm nor bring him benefit. That is indeed straying (quite) far off.

يَدْعُو لَمَن ضَرُّهُ أَقْرَبُ مِن نَّفْعِهِ لَبِئْسَ الْمَوْلَى وَلَبِئْسَ الْعَشِيرُ (13)

ترجمہ: وہ اسے پوجتا ہے جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے، وہ کیا ہی برا مددگار ہے اور کیا ہی برا ساتھی ہےo

He worships someone whose loss is nearer than his profit. What an evil helper and what an evil companion!

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَى وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (17)

ترجمہ: بے شک جولوگ ایمان لائے اور جولوگ یہودی ہوئے اور ستارہ پرست اور نصاریٰ (عیسائی) اور آتش پرست اور جو مشرک ہوئے، یقیناً اللہ قیامت کے دن ان (سب) کے درمیان فیصلہ فرما دے گا۔ بے شک اللہ ہر چیز کا مشاہدہ فرما رہا ہےo

Indeed, those who believe and those who are the Jews and the Sabeans and the Christians and the Magians and those who are polytheists-verily, Allah will judge amongst (all of) them on the Day of Resurrection. Surely, Allah is witnessing everything.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَسْجُدُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُومُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ وَكَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ وَكَثِيرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ وَمَن يُهِنِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن مُّكْرِمٍ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ) (18)

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی کے لیے (وہ ساری مخلوق) سجدہ ریز ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج (بھی) اور چاند (بھی) اور ستارے (بھی) اور پہاڑ (بھی) اور درخت (بھی) اور جانور (بھی) اور بہت سے انسان (بھی)، اور بہت سے (انسان) ایسے بھی ہیں جن پر (ان کے کفر و شرک کے باعث) عذاب ثابت ہو چکا ہے، اور اللہ جسے ذلیل کر دے تو اسے کوئی عزت دینے والا نہیں ہے۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے کر دیتا ہےo

Have you not seen that to Allah bows in prostration (the whole creation) that is in the heavens and in the earth, and the sun, and the moon and the stars, and the mountains, and the vegetable as well as the animal kingdoms and many of mankind (too)? But there are still many (human beings) for whom the torment has been proved (due to their disbelief and polytheism). And he whom Allah dishonours none can bring him honour. Indeed, Allah does what He wills.

هَذَانِ خَصْمَانِ اخْتَصَمُوا فِي رَبِّهِمْ فَالَّذِينَ كَفَرُوا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّن نَّارٍ يُصَبُّ مِن فَوْقِ رُؤُوسِهِمُ الْحَمِيمُ (19)

ترجمہ: یہ دو فریق ہیں جو اپنے رب کے بارے میں جھگڑ رہے ہیں پس جو کافر ہو گئے ہیں ان کے لیے آتشِ دوزخ کے کپڑے کاٹ (کر، سی) دیے گئے ہیں۔ ان کے سروں پر کھولتا ہوا پانی انڈیلا جائے گاo

There are two groups who dispute about their Lord. So those who have become disbelievers, the clothes of (Hell) Fire have been cut out (and stitched) for them. The boiling hot water will be poured over their heads.

يُصْهَرُ بِهِ مَا فِي بُطُونِهِمْ وَالْجُلُودُ (20)

ترجمہ: جس سے ان کے شکموں میں جو کچھ ہے پگھل جائے گا اور (ان کی) کھالیں بھیo

With it will melt whatever is in their bellies and also (their) skins.

وَلَهُم مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيدٍ (21)

ترجمہ: اوران (کے سروں پر مارنے) کے لیے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گےo

And for them will be hammers of iron (to strike their heads).

كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ أُعِيدُوا فِيهَا وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ (22)

ترجمہ: وہ جب بھی شدّتِ تکلیف سے وہاں سے نکلنے کا ارادہ کریں گے (تو) اس میں واپس لوٹا دیے جائیں گے اور (ان سے کہا جائے گا:) سخت آگ کے عذاب کا مزہ چکھوo

Whenever they intend to get out from there due to intense suffering, they will be turned back into it and (it will be said to them:) 'Taste the torment of the fierce Fire.'

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (25)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا ہے اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے اور اس مسجدِ حرام (کعبۂ اللہ) سے روکتے ہیں جسے ہم نے سب لوگوں کے لیے یکساں بنایا ہے اس میں وہاں کے باسی اور پردیسی (میں کوئی فرق نہیں)، اور جو شخص اس میں ناحق طریقہ سے کج روی (یعنی مقررہ حدود و حقوق کی خلاف ورزی) کا ارادہ کرے ہم اسے دردناک عذاب کا مزہ چکھائیں گےo

Surely, those who disbelieve and hinder (others) from the Path of Allah and this Sacred Mosque (the Ka'ba) which We have made equal for all the people-(there is no discrimination) in it between its inhabitants and the visitors-and he who resolves in it to deviate unjustly (i.e., transgress the appointed limits and violate rights), We shall make him taste grievous torment.

وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ (42)

ترجمہ: اور اگر یہ (کفار) آپ کو جھٹلاتے ہیں تو ان سے پہلے قومِ نوح اور عاد و ثمود نے بھی (اپنے رسولوں کو) جھٹلایا تھاo

And if these (disbelievers) reject you, then the people of Nuh (Noah) and 'Ad and Thamud (also) denied (their Prophets),

وَأَصْحَابُ مَدْيَنَ وَكُذِّبَ مُوسَى فَأَمْلَيْتُ لِلْكَافِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ (44)

ترجمہ: اور باشندگانِ مدین نے (بھی جھٹلایا تھا) اور موسیٰ (علیہ السلام) کو بھی جھٹلایا گیا سو میں (ان سب) کافروں کو مہلت دیتا رہا پھر میں نے انہیں پکڑ لیا، پھر (بتائیے) میرا عذاب کیسا تھاo

And the inhabitants of Madyan (too belied). And Musa (Moses) was also rejected. So I kept giving respite to (all) the disbelievers. Ultimately, I seized them. (Say) how terrible was My punishment!

فَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ أَهْلَكْنَاهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَى عُرُوشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَقَصْرٍ مَّشِيدٍ (45)

ترجمہ: پھر کتنی ہی (ایسی) بستیاں ہیں جنہیں ہم نے ہلاک کر ڈالا اس حال میں کہ وہ ظالم تھیں پس وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور (ان کی ہلاکت سے) کتنے کنویں بے کار (ہو گئے) اور کتنے مضبوط محل اجڑے پڑے (ہیں)o

Then how many a town was there which We annihilated because they were

oppressors! They are fallen down on their roofs. And, (owing to their devastation,) how many a well (was) deserted, and how many a strongly built castle (is) lying ruined (as an archeological site)!

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَكِن تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ (46)

ترجمہ: تو کیا انہوں نے زمین میں سیر و سیاحت نہیں کی کہ (شاید ان کھنڈرات کو دیکھ کر) ان کے دل (ایسے) ہو جاتے جن سے وہ سمجھ سکتے یا کان (ایسے) ہو جاتے جن سے وہ (حق کی بات) سن سکتے، تو حقیقت یہ ہے کہ (ایسوں کی) آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں لیکن دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہیں o

Have they not travelled in the land that (perhaps by seeing these ruins) their hearts should become (such) as to understand, or the ears (such) as to hear (the truth)? So the fact is that it is not the eyes (of such people) that are blind, but the hearts, which are in the breasts, turn blind.

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ وَعْدَهُ وَإِنَّ يَوْماً عِندَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّونَ (47)

ترجمہ: اور یہ آپ سے عذاب میں جلدی کے خواہش مند ہیں اور اللہ ہرگز اپنے وعدہ کی خلاف ورزی نہ کرے گا، اور (جب عذاب کا وقت آئے گا) تو (عذاب کا) ایک دن آپ کے رب کے ہاں ایک ہزار سال کی مانند ہے (اس حساب سے) جو تم شمار کرتے ہو o

And they seek from you torment in haste and Allah never goes against His promise. And (when the Hour of torment will come) then one day (of torment) with your Lord is like a thousand years according to your (scale of) counting.

وَالَّذِينَ سَعَوْا فِي آيَاتِنَا مُعَاجِزِينَ أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ (51)

ترجمہ: اور جو لوگ ہماری آیتوں (کے ردّ) میں کوشاں رہتے ہیں اس خیال سے کہ (ہمیں) عاجز کر دیں گے وہی لوگ اہلِ دوزخ ہیں o

And those who strive in (refuting) Our Verses with the idea to frustrate (Us), it is they who are the inmates of Hell.

لِيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِّلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ (53)

ترجمہ: (یہ اس لیے ہوتا ہے) تاکہ اللہ ان (باطل خیالات اور فاسد شبہات) کو جو شیطان (لوگوں کے ذہنوں میں) ڈالتا ہے ایسے لوگوں کے لیے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں (منافقت کی) بیماری ہے اور جن لوگوں کے دل (کفر و عناد کے باعث) سخت ہیں، اور بے شک ظالم لوگ بڑی شدید مخالفت میں مبتلا ہیں o

(It happens) so that Allah may make these (false ideas and absurd doubts) which Satan puts (into their minds) a trial for those people whose hearts are diseased (of hypocrisy) and whose hearts are hardened (owing to disbelief and disgust). And surely, the wrongdoers are engaged in serious rivalry;

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً أَوْ يَأْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ (55)

ترجمہ: اور کافر لوگ ہمیشہ اس (قرآن) کے حوالے سے شک میں رہیں گے یہاں تک کہ اچانک ان پر قیامت آپہنچے یا اس دن کا عذاب آجائے جس سے نجات کا کوئی امکان نہیں o

And the disbelievers will always remain in doubt about this (Holy Qur'an) until the Last Hour comes suddenly upon them, or the torment of the Day from which salvation is least possible.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (57)

ترجمہ: اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو انہی لوگوں کے لیے ذلت آمیز عذاب ہوگا o

And those who disbelieve and reject Our Revelations, for them will be humiliating punishment.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِن دُوْنِهِ هُوَ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ (62)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ اللہ ہی حق ہے اور بے شک وہ (کفار) اس کے سوا جو کچھ (بھی) پوجتے ہیں وہ باطل ہے اور یقیناً اللہ ہی بہت بلند بہت بڑا ہے o

And that is because Allah alone is the truth, and whatever they (the disbelievers) worship besides Him is certainly falsehood, and verily Allah is Most High, Most Great.

وَيَعْبُدُوْنَ مِن دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَاناً وَمَا لَيْسَ لَهُم بِهِ عِلْمٌ وَمَا لِلظَّالِمِيْنَ مِن نَّصِيْرٍ (71)

ترجمہ: اور یہ لوگ اللہ کے سوا ان (بتوں) کی پرستش کرتے ہیں جس کی اُس نے کوئی سند نہیں اتاری اور نہ (ہی) انہیں اس (بت پرستی کے انجام) کا کچھ علم ہے، اور (قیامت کے دن) ظالموں کا کوئی مددگار نہ ہوگا o

And they worship these (idols), besides Allah, for which He has not sent down any authority. Nor do they have any knowledge of (the consequence of) this (idol-worship). And there will be no helper of the wrongdoers (on the Day of Judgment).

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنكَرَ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَلِكُمُ النَّارُ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (72)

ترجمہ: اور جب ان (کافروں) پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں (تو) آپ ان کافروں کے چہروں میں ناپسندیدگی (و ناگواری کے آثار) صاف دیکھ سکتے ہیں۔ ایسے لگتا ہے کہ عنقریب ان لوگوں پر جھپٹ پڑیں گے جو انہیں ہماری آیات پڑھ کر سنا رہے ہیں، آپ فرما دیجیے: (اے مضطرب ہونے والے کافرو!) کیا میں تمہیں اس سے (بھی) زیادہ تکلیف دہ چیز سے آگاہ کروں؟ (وہ دوزخ کی) آگ ہے، جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کر رکھا ہے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے o

And when Our enlightening verses are recited to the disbelievers, you can clearly see (the signs of) displeasure (and resentment) on their faces. It seems as if they are nearly ready to violently attack those who are reciting to them

Our signs. Say: '(O restless disbelievers,) shall I inform you of something more agonizing than this? (That) is the Fire (of Hell), which Allah has promised to the disbelievers. And that is the most evil abode.

يَـا أَيُّهَـا الـنَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ إِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَاباً وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ وَإِن يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئاً لَّا يَسْتَنقِذُوهُ مِنْهُ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ (73)

ترجمہ: اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے سو اسے غور سے سنو: بے شک جن (بتوں) کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو وہ ہرگز ایک مکھی (بھی) پیدا نہیں کر سکتے اگرچہ وہ سب اس (کام) کے لیے جمع ہو جائیں، اور اگر ان سے مکھی کوئی چیز چھین کر لے جائے (تو) وہ اس چیز کو اس (مکھی) سے چھڑا (بھی) نہیں سکتے، کتنا بے بس ہے طالب (عابد) بھی اور مطلوب (معبود) بھیo

O mankind! An example is given, so listen to it attentively. Verily, (the idols) you worship besides Allah cannot create (even) a fly, though they all may join in for this (purpose). And if the fly snatches a thing away from them, they cannot (even) recover it from that (fly). How helpless is the seeker (worshipper) and the sought (false god)!

مَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ (74)

ترجمہ: ان (کافروں) نے اللہ کی قدر نہ کی جیسی اس کی قدر کرنا چاہئے تھی۔ بے شک اللہ بڑی قوت والا (ہر چیز پر) غالب ہےo

These (disbelievers) did not recognize the value of Allah as was His due. Surely, Allah is Most Powerful, Most Dominant (over everything).

سورۃ المومنون:

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْساً إِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (62)

ترجمہ: اور ہم کسی جان کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی استعداد کے مطابق اور ہمارے پاس نوشتہ (اَعمال موجود) ہے جو سچ سچ کہہ دے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گاo

And We do not strain any soul but commensurate with its capacity, and with Us is the record (of deeds) which will speak the truth, and they will not be wronged.

بَلْ قُلُوبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هَذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِن دُونِ ذَلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُونَ (63)

ترجمہ: بلکہ ان کے دل اس (قرآن کے پیغام) سے غفلت میں (پڑے) ہیں اور اس کے سوا (بھی) ان کے کئی اور (برے) اعمال ہیں جن پر وہ عمل پیرا ہیںo

But their hearts are in (utter) negligence of this (message of the Qur'an) and (also) besides that, there are many other (evil) deeds which they are doing,

حَتَّى إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِم بِالْعَذَابِ إِذَا هُمْ يَجْأَرُونَ (64)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ہم ان کے امیر اور آسودہ حال لوگوں کو عذاب کی گرفت میں لیں گے تو اس وقت وہ چیخ اٹھیں گے o

Until when We seize the rich and the prosperous of them with torment, then they will cry out.

لَا تَجْأَرُوا الْيَوْمَ إِنَّكُم مِّنَّا لَا تُنصَرُونَ (65)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) تم آج مت چیخو، بے شک ہماری طرف سے تمہاری کوئی مدد نہیں کی جائے گے o

(It will be said to them:) 'Do not cry today. Surely, you will not be helped by Us.'

قَدْ كَانَتْ آيَاتِي تُتْلَى عَلَيْكُمْ فَكُنتُمْ عَلَى أَعْقَابِكُمْ تَنكِصُونَ (66)

ترجمہ: بے شک میری آیتیں تم پر پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی تھیں تو تم ایڑیوں کے بل الٹے پلٹ جایا کرتے تھے o

Certainly, My Verses were repeatedly recited to you but you used to turn back on your heels.

مُسْتَكْبِرِينَ بِهِ سَامِراً تَهْجُرُونَ (67)

ترجمہ: اس سے غرور و تکبّر کرتے ہوئے رات کے اندھیرے میں بے ہودہ گوئی کرتے تھے o

Displaying haughtiness and arrogance against it, you used to utter absurdity in the darkness of night.

أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ أَمْ جَاءهُم مَّا لَمْ يَأْتِ آبَاءهُمُ الْأَوَّلِينَ (68)

ترجمہ: سو کیا انہوں نے اس فرمانِ (الٰہی) میں غور و خوض نہیں کیا یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آ گئی ہے جو ان کے اگلے باپ دادا کے پاس نہیں آئی تھی o

So have they not pondered over this command (of Allah)? Or has there come to them such a thing that did not come to their fathers?

أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهُ مُنكِرُونَ (69)

ترجمہ: یا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا سو (اس لیے) وہ اس کے منکر ہو گئے ہیں o

Or have they not recognized their Messenger and (so) they deny him?

أَمْ يَقُولُونَ بِهِ جِنَّةٌ بَلْ جَاءهُم بِالْحَقِّ وَأَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ (70)

ترجمہ: یا یہ کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جنون (لاحق) ہو گیا ہے، (ایسا ہرگز نہیں) بلکہ وہ ان کے پاس حق لے کر تشریف لائے ہیں اور ان میں سے اکثر لوگ حق کو پسند نہیں کرتے o

Or do they say: 'He (the Prophet) is (afflicted) with mania'? (Nay, not at all;) he has rather brought to them the truth, but most of them do not like the truth.

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ أَهْوَاءهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ وَمَن فِيهِنَّ بَلْ أَتَيْنَاهُم بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَن ذِكْرِهِم مُّعْرِضُونَ (71)

ترجمہ: اور اگر حق (تعالیٰ) ان کی خواہشات کی پیروی کرتا تو (سارے) آسمان اور زمین اور جو (مخلوقات و موجودات) ان میں ہیں سب تباہ و برباد ہو جاتے بلکہ ہم ان کے پاس وہ (قرآن) لائے ہیں جس میں ان کی عزت و شرف (اور ناموری کا راز) ہے سو وہ اپنی عزت ہی سے منہ پھیر رہے ہیں o

And had the (holy) truth (Allah) followed their vain desires, then (all) the heavens and the earth and whatever (living and non-living things) are therein, all would have been destroyed. We have rather brought them that (Qur'an) which contains (the secret of) their honour, dignity (and fame). So it is from their own honour that they are turning away.

أَمْ تَسْأَلُهُمْ خَرْجاً فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ (72)

ترجمہ: کیا آپ ان سے (تبلیغِ رسالت پر) کچھ اجرت مانگتے ہیں؟ (ایسا بھی نہیں ہے) آپ کے تو رب کا اجر (ہی بہت) بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر روزی رساں ہے o

Do you demand of them any recompense (for preaching the faith in Messengership? Nay, that too is not the case.) The recompense of your Lord itself is (by far) the best and He is the Best of all sustainers.

وَإِنَّكَ لَتَدْعُوهُمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (73)

ترجمہ: اور بے شک آپ تو (انہی کے بھلے کے لیے) انہیں سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہیں o

And surely, you call them to the straight path (for their own good).

وَإِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنَاكِبُونَ (74)

ترجمہ: اور بے شک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے (وہ) ضرور (سیدھی) راہ سے کترائے رہتے ہیں o

And surely, those who do not believe in the Hereafter remain deviated from the (straight) path.

وَلَوْ رَحِمْنَاهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِم مِّن ضُرٍّ لَّلَجُّوا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ (75)

ترجمہ: اور اگر ہم ان پر رحم فرما دیں اور جو تکلیف انہیں (لاحق) ہے اسے دور کر دیں تو وہ بھٹکتے ہوئے اپنی سرکشی میں مزید پکے ہو جائیں گے o

And if We have mercy on them and remove the distress that has (afflicted) them, they will become hardened in their transgression, wandering disorientated.

وَلَقَدْ أَخَذْنَاهُم بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُونَ (76)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے انہیں عذاب میں پکڑ لیا پھر (بھی) انہوں نے اپنے رب کے لیے عاجزی اختیار نہ کی اور نہ وہ (اس کے حضور) گڑگڑائے o

And indeed, We seized them with torment, but (still) they did not adopt submissiveness to their Lord, nor did they entreat in humility (before His presence),

حَتَّى إِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِم بَاباً ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ إِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُونَ (77)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ہم ان پر نہایت سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے (تو) اس وقت وہ اس میں انتہائی حیرت سے ساکت و مایوس (پڑے) رہیں گےo

Until when We open to them the gate of an extremely harsh torment, (then,) at that time, taken aback, they will (stay) therein, stunned in despair.

بَلْ قَالُوا مِثْلَ مَا قَالَ الْأَوَّلُونَ (81)

ترجمہ: بلکہ یہ لوگ (بھی) اسی طرح کی باتیں کرتے ہیں جس طرح کی اگلے (کافر) کرتے رہے ہیںo

But these people (too) utter similar words that the former (disbelievers) used to utter.

قَالُوا أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ (82)

ترجمہ: یہ کہتے ہیں کہ جب ہم مر جائیں گے اور ہم خاک اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم (پھر زندہ کر کے) اٹھائے جائیں گےo

They say: 'When we die and turn into dust and (decomposed) bones, then shall we be raised up (after given life again)?'

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا هَذَا مِن قَبْلُ إِنْ هَذَا إِلَّا أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ (83)

ترجمہ: بے شک ہم سے (بھی) اور ہمارے آباء و اجداد سے (بھی) پہلے یہی وعدہ کیا جاتا رہا (ہے)، یہ (باتیں) محض پہلے لوگوں کے افسانے ہیںo

Surely, this is what we and our fathers have (also) been promised. These (sayings) are but the tales of the bygone people.

قُل لِّمَنِ الْأَرْضُ وَمَن فِيْهَا إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (84)

ترجمہ: (ان سے) فرمائیے کہ زمین اور جو کوئی اس میں (رہ رہا) ہے (سب) کس کی مِلک ہے، اگر تم (کچھ) جانتے ہوo

Say (to them): 'To whom belongs the earth and everyone (living) in it, if you know (anything)?'

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (85)

ترجمہ: وہ فوراً بول اٹھیں گے کہ (سب کچھ) اللہ کا ہے، (تو) آپ فرمائیں: پھر تم نصیحت قبول کیوں نہیں کرتے؟o

They will promptly say: '(All) belongs to Allah.' (Then) say: 'Then why do you not accept guidance?'

قُلْ مَن رَّبُّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (86)

ترجمہ: (ان سے دریافت) فرمائیے کہ ساتوں آسمانوں کا اور عرشِ عظیم (یعنی ساری کائنات کے اقتدارِ اعلیٰ) کا مالک کون ہے؟o

Ask (them): 'Who is the Lord of the seven heavens and the Mighty Throne (i.e., the Sovereign Authority of the entire universe)?'

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ (87)

ترجمہ: وہ فوراً کہیں گے: یہ (سب کچھ) اللہ کا ہے (تو) آپ فرمائیں: پھر تم ڈرتے کیوں نہیں ہوo

They will spontaneously say: '(All) this belongs to Allah.' Say: 'Then why do you not fear?'

قُلْ مَن بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (88)

ترجمہ: آپ (ان سے) فرمائیے کہ وہ کون ہے جس کے دستِ قدرت میں ہر چیز کی کامل ملکیت ہے اور جو پناہ دیتا ہے اور جس کے خلاف (کوئی) پناہ نہیں دی جا سکتی، اگر تم (کچھ) جانتے ہوo

Say (to them): 'Who is He in Whose Mighty Hand is the absolute ownership of everything and Who gives asylum, but against Whom no asylum can be given, if you know (anything)?'

سَيَقُولُونَ لِلَّهِ قُلْ فَأَنَّى تُسْحَرُونَ (89)

ترجمہ: وہ فوراً کہیں گے: یہ (سب شانیں) اللہ ہی کے لیے ہیں، (تو) آپ فرمائیں: پھر تمہیں کہاں سے (جادو کی طرح) فریب دیا جا رہا ہےo

They will readily say: 'That is all Allah's (glory).' So, say: 'From where then are you being deceived (as if under a spell)?'

مَا اتَّخَذَ اللَّهُ مِن وَلَدٍ وَمَا كَانَ مَعَهُ مِنْ إِلَهٍ إِذاً لَّذَهَبَ كُلُّ إِلَهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ (91)

ترجمہ: اللہ نے (اپنے لیے) کوئی اولاد نہیں بنائی اور نہ ہی اس کے ساتھ کوئی اور خدا ہے ورنہ ہر خدا اپنی اپنی مخلوق کو ضرور (الگ) لے جاتا اور یقیناً وہ ایک دوسرے پر غلبہ حاصل کرتے (اور پوری کائنات میں فساد بپا ہو جاتا)۔ اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیںo

Allah has not taken (to Himself) any son, nor is there any god with Him. In that case, each god would certainly have taken (away) what he had created, and they would surely have dominated each other (and the whole universe would have undergone violence and chaos). Glorified is Allah, above all that they describe.

عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (92)

ترجمہ: (وہ) پوشیدہ اور آشکار (سب چیزوں) کا جاننے والا ہے سو وہ ان چیزوں سے بلند و برتر ہے جنہیں یہ شریک ٹھہراتے ہیںo

(He) is the Knower of (all things) hidden and disclosed. So He is Exalted, High above all what they associate with Him.

حَتَّى إِذَا جَاءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ (99)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آ جائے گی (تو) وہ کہے گا: اے میرے رب! مجھے (دنیا میں) واپس بھیج دےo

Until when death comes to any of them, (then) he will say: 'O my Lord, send me back (to the world),

لَعَلِّيٓ أَعۡمَلُ صَٰلِحٗا فِيمَا تَرَكۡتُ كَلَّآۚ إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَاۖ وَمِن وَرَآئِهِم بَرۡزَخٌ إِلَىٰ يَوۡمِ يُبۡعَثُونَ (100)

ترجمہ: تاکہ میں اس (دنیا) میں کچھ نیک عمل کرلوں جسے میں چھوڑ آیا ہوں۔ ہرگز نہیں، یہ وہ بات ہے جسے وہ (بطورِ حسرت) کہہ رہا ہوگا اور ان کے آگے اس دن تک ایک پردہ (حائل) ہے (جس دن) وہ (قبروں سے) اٹھائے جائیں گےo

So that I may do some righteous works in that (world) which I have left behind.' No way! He will be saying this (only in despair). And ahead of them is a barrier (erected) till the Day (when) they will be raised up (from the graves).

فَإِذَا نُفِخَ فِي ٱلصُّورِ فَلَآ أَنسَابَ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَئِذٖ وَلَا يَتَسَآءَلُونَ (101)

ترجمہ: پھر جب صور پھونکا جائے گا تو ان کے درمیان اس دن نہ رشتے (باقی) رہیں گے اور نہ وہ ایک دوسرے کا حال پوچھ سکیں گےo

Then when the trumpet will be blown, neither will any relation remain (intact) amongst them that Day, nor will they be able to ask of one another.

أَلَمۡ تَكُنۡ ءَايَٰتِي تُتۡلَىٰ عَلَيۡكُمۡ فَكُنتُم بِهَا تُكَذِّبُونَ (105)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) کیا تم پر میری آیتیں پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں پھر تم انہیں جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said to them:) 'Were My Revelations not repeatedly recited to you, and then you used to belie them?'

قَالُواْ رَبَّنَا غَلَبَتۡ عَلَيۡنَا شِقۡوَتُنَا وَكُنَّا قَوۡمٗا ضَآلِّينَ (106)

ترجمہ: وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! ہم پر ہماری بدبختی غالب آ گئی تھی اور ہم یقیناً گمراہ قوم تھےo

They will say: 'O our Lord, our misfortune overwhelmed us, and surely we were the misguided people.

رَبَّنَآ أَخۡرِجۡنَا مِنۡهَا فَإِنۡ عُدۡنَا فَإِنَّا ظَٰلِمُونَ (107)

ترجمہ: اے ہمارے رب! تو ہمیں یہاں سے نکال دے پھر اگر ہم (اسی گمراہی کا) اعادہ کریں تو بے شک ہم ظالم ہوں گےo

O our Lord! Take us out from here. Then if we repeat (the same error), we shall certainly be the wrongdoers.'

قَالَ ٱخۡسَـُٔواْ فِيهَا وَلَا تُكَلِّمُونِ (108)

ترجمہ: ارشاد ہوگا: (اب) اسی میں ذلت کے ساتھ پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کروo

(Allah will) say: 'Stay on therein with disgrace and do not speak to Me.

فَٱتَّخَذۡتُمُوهُمۡ سِخۡرِيًّا حَتَّىٰٓ أَنسَوۡكُمۡ ذِكۡرِي وَكُنتُم مِّنۡهُمۡ تَضۡحَكُونَ (110)

ترجمہ: تو تم ان کا تمسخر کیا کرتے تھے یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھی بھلا دی اور تم (صرف) ان کی تضحیک ہی کرتے رہتے تھےo

But you used to laugh at them till they made you forget My remembrance and

you (just) continued making fun of them.

وَمَن يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ **(117)**

ترجمہ: اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی پرستش کرتا ہے اس کے پاس اس کی کوئی سند نہیں ہے سو اس کا حساب اس کے رب ہی کے پاس ہے۔ بے شک کافر لوگ فلاح نہیں پائیں گےo

And anyone who worships another god along with Allah has no proof of this. So he will be accountable for that to his Lord alone. Surely, the disbelievers will not be successful.

سورۃ النور:

وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيعَةٍ يَحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَاء حَتَّى إِذَا جَاءهُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئاً وَوَجَدَ اللَّهَ عِندَهُ فَوَفَّاهُ حِسَابَهُ وَاللَّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ **(39)**

ترجمہ: اور کافروں کے اعمال چٹیل میدان میں سراب کی مانند ہیں جس کو پیاسا پانی سمجھتا ہے۔ یہاں تک کہ جب اس کے پاس آتا ہے تو اسے کچھ (بھی) نہیں پاتا (اسی طرح اس نے آخرت میں) اللہ کو اپنے پاس پایا مگر اللہ نے اس کا پورا حساب (دنیا میں ہی) چکا دیا تھا، اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہےo

And the deeds of the disbelievers are like a mirage in a vast barren field which the thirsty one deems to be water, until when he gets near it he finds it to be nothing. (Likewise, in the Hereafter) he will find Allah near him, but Allah fully paid him back (in the world). And Allah is Swift in taking account.

أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا وَمَن لَّمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ نُوراً فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ **(40)**

ترجمہ: یا (کافروں کے اعمال) اس گہرے سمندر کی تاریکیوں کی مانند ہیں جسے موج نے ڈھانپا ہوا ہو (پھر) اس کے اوپر ایک اور موج ہو (اور) اس کے اوپر بادل ہوں (یہ تہ در تہ) تاریکیاں ایک دوسرے کے اوپر ہیں، جب (ایسے سمندر میں ڈوبنے والا کوئی شخص) اپنا ہاتھ باہر نکالے تو اسے (کوئی بھی) دیکھ نہ سکے، اور جس کے لیے اللہ ہی نے نورِ (ہدایت) نہیں بنایا تو اس کے لیے (کہیں بھی) نور نہیں ہوتاo

Or (the disbelievers' deeds are like) the darkness in a deep sea covered by a wave, rolled upon (yet) by another wave and above that are clouds. (This) darkness is (in layers) one over another. When (a person drowning into such a sea) stretches his hand out, no one can see it. And he for whom Allah has not formed any light (of guidance), for him there is no light (anywhere).

وَيَقُولُونَ آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِالرَّسُولِ وَأَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلَّى فَرِيقٌ مِّنْهُم مِّن بَعْدِ ذَلِكَ وَمَا أُوْلَئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ **(47)**

ترجمہ: اور وہ (لوگ) کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آئے ہیں اور اطاعت کرتے ہیں پھر

اس (قول) کے بعد ان میں سے ایک گروہ (اپنے اقرار سے) رُوگردانی کرتا ہے، اور یہ لوگ (حقیقت میں) مومن (ہی) نہیں ہیںo

And they say: 'We have believed in Allah and the Messenger and we obey.' Then, after (saying) this, a group of them turn away (from their affirmation). And (in fact) these people are not (at all) believers.

وَإِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُم مُّعْرِضُونَ (48)

ترجمہ: اور جب ان لوگوں کو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف بلایا جاتا ہے کہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرما دے تو اس وقت ان میں سے ایک گروہ (دربارِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آنے سے) گریزاں ہوتا ہےo

And when they are called to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) that he may judge between them, a party of them turn away (from appearing before the Messenger [blessings and peace be upon him]).

وَإِن يَكُن لَّهُمُ الْحَقُّ يَأْتُوا إِلَيْهِ مُذْعِنِينَ (49)

ترجمہ: اور اگر وہ حق والے ہوتے تو وہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف مطیع ہو کر تیزی سے چلے آتےo

And had they been in the right, they would have come fast to him (the Messenger [blessings and peace be upon him]) most submissively.

سورۃ الفرقان:

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِهِ آلِهَةً لَّا يَخْلُقُونَ شَيْئاً وَهُمْ يُخْلَقُونَ وَلَا يَمْلِكُونَ لِأَنفُسِهِمْ ضَرّاً وَلَا نَفْعاً وَلَا يَمْلِكُونَ مَوْتاً وَلَا حَيَاةً وَلَا نُشُوراً (3)

ترجمہ: اور ان (مشرکین) نے اللہ کو چھوڑ کر اور معبود بنا لیے ہیں جو کوئی چیز بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ وہ خود پیدا کیے گئے ہیں اور نہ ہی وہ اپنے لیے کسی نقصان کے مالک ہیں اور نہ نفع کے اور نہ وہ موت کے مالک ہیں اور نہ حیات کے اور نہ (ہی مرنے کے بعد) اٹھا کر جمع کرنے کا (اختیار رکھتے ہیں)o

And these (polytheists) have taken besides Him other gods which cannot create anything and are themselves created and possess no power either to harm or to benefit themselves and control neither death nor life, nor (have they any authority) to raise up (after death) and assemble.

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ هَذَا إِلَّا إِفْكٌ افْتَرَاهُ وَأَعَانَهُ عَلَيْهِ قَوْمٌ آخَرُونَ فَقَدْ جَاؤُوا ظُلْماً وَزُوراً (4)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں کہ یہ (قرآن) محض افتراء ہے جسے اس (مدعیٔ رسالت) نے گھڑ لیا ہے اور اس (کے گھڑنے) پر دوسرے لوگوں نے اس کی مدد کی ہے، بے شک کافر ظلم اور جھوٹ پر (اتر) آئے ہیںo

And the disbelievers say: 'This (Qur'an) is but a lie which this (claimant of Prophethood) has fabricated and other people have helped him in (inventing)

it.' Surely, the disbelievers have come down to sheer injustice and falsehood.

وَقَالُوا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلَى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (5)

ترجمہ: اور کہتے ہیں: (یہ قرآن) اگلوں کے افسانے ہیں جن کو اس شخص نے لکھوا رکھا ہے پھر وہ (افسانے) اسے صبح و شام پڑھ کر سنائے جاتے ہیں (تاکہ انہیں یاد کر کے آگے سنا سکے)o

And they say: '(This Qur'an comprises) fables of the ancients which this man has got written; then these (fables) are recited to him morning and evening (in order to memorize and narrate further).'

وَقَالُوا مَالِ هَذَا الرَّسُولِ يَأْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِي فِي الْأَسْوَاقِ لَوْلَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُونَ مَعَهُ نَذِيرًا (7)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں کہ اس رسول کو کیا ہوا ہے، یہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے۔ اس کی طرف کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا کہ وہ اس کے ساتھ (مل کر) ڈر سنانے والا ہوتاo

And they say: 'What is the matter with this Messenger (blessings and peace be upon him)? He eats food and walks about in the marketplaces. Why has an angel not been sent down to him that he might (join) him as a Warner?

أَوْ يُلْقَى إِلَيْهِ كَنزٌ أَوْ تَكُونُ لَهُ جَنَّةٌ يَأْكُلُ مِنْهَا وَقَالَ الظَّالِمُونَ إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا رَجُلًا مَّسْحُورًا (8)

ترجمہ: یا اس کی طرف کوئی خزانہ اتار دیا جاتا یا (کم از کم) اس کا کوئی باغ ہوتا جس (کی آمدنی) سے وہ کھایا کرتا اور ظالم لوگ (مسلمانوں) سے کہتے ہیں کہ تم تو محض ایک سحر زدہ شخص کی پیروی کر رہے ہوo

Or a treasure should have been sent down to him, or (at least) he should have owned a garden so that he might eat (of its income).' And the wrongdoers say (to the Muslims): 'You are following but a man spellbound.'

انظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوا لَكَ الْأَمْثَالَ فَضَلُّوا فَلَا يَسْتَطِيعُونَ سَبِيلًا (9)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) ملاحظہ فرمائیے یہ لوگ آپ کے لیے کیسی (کیسی) مثالیں بیان کرتے ہیں پس یہ گمراہ ہو چکے ہیں سو یہ (ہدایت کا) کوئی راستہ نہیں پا سکتےo

(O Esteemed Beloved!) Just see what sort of comparisons they utter for you! So they have gone astray and cannot find any path (to guidance).

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ فَيَقُولُ أَأَنتُمْ أَضْلَلْتُمْ عِبَادِي هَؤُلَاءِ أَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيلَ (17)

ترجمہ: اور اس دن اللہ انہیں اور ان کو، جن کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتے تھے، جمع کرے گا، پھر فرمائے گا: کیا تم نے ہی میرے ان بندوں کو گمراہ کر دیا تھا یا وہ (خود) ہی راہ سے بھٹک گئے تھےo

And on that Day, Allah will assemble them together with those they worshipped besides Allah. He will then say: 'Was it you who led these My servants astray, or did they (themselves) go astray from the path?'

قَالُوا سُبْحَانَكَ مَا كَانَ يَنبَغِي لَنَا أَن نَّتَّخِذَ مِن دُونِكَ مِنْ أَوْلِيَاء وَلَكِن مَّتَّعْتَهُمْ وَآبَاءهُمْ حَتَّى نَسُوا الذِّكْرَ وَكَانُوا قَوْماً بُوراً (18)

ترجمہ: وہ کہیں گے: تیری ذات پاک ہے ہمیں (تو) یہ بات (بھی) زیبا نہ تھی کہ ہم تیرے سوا اوروں کو دوست (ہی) بنائیں (چہ جائے کہ ہم انہیں تیرے غیر کی عبادت کا کہتے) لیکن (اے مولا!) تو نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو (دنیوی مال و اسباب سے) اتنا بہرہ مند فرمایا، یہاں تک کہ وہ تیری یاد (بھی) بھول گئے، اور یہ (بدبخت) ہلاک ہونے والے لوگ (ہی) تھےo

They will say: 'Glory be to You. It did not become us (even) to take friends other than You (let alone asking them to worship others besides You). But, (O Lord,) You bestowed upon them and their fathers worldly riches to such an extent that they forgot (even) Your remembrance. And these were but the (doomed) people to be destroyed.'

فَقَدْ كَذَّبُوكُم بِمَا تَقُولُونَ فَمَا تَسْتَطِيعُونَ صَرْفاً وَلَا نَصْراً وَمَن يَظْلِم مِّنكُمْ نُذِقْهُ عَذَاباً كَبِيراً (19)

ترجمہ: سو (اے کافرو!) انہوں نے (تو) ان باتوں میں تمہیں جھٹلا دیا ہے جو تم کہتے تھے پس (اب) تم نہ تو عذاب پھیرنے کی طاقت رکھتے ہو اور نہ (اپنی) مدد کی، اور (سن لو!) تم میں سے جو شخص (بھی) ظلم کرتا ہے ہم اسے بڑے عذاب کا مزہ چکھائیں گےo

(O disbelievers!) They have denied what you said. So, (now) you can neither avert the torment nor help yourselves. And, (listen,) whoever of you does injustice, We shall make him taste a mighty torment.

وَقَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءنَا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْنَا الْمَلَائِكَةُ أَوْ نَرَى رَبَّنَا لَقَدِ اسْتَكْبَرُوا فِي أَنفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوّاً كَبِيراً (21)

ترجمہ: اور جو لوگ ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے کہتے ہیں کہ ہمارے اوپر فرشتے کیوں نہیں اتارے گئے یا ہم اپنے رب کو (اپنی آنکھوں سے) دیکھ لیتے (تو پھر ضرور ایمان لے آتے)، حقیقت میں یہ لوگ اپنے دِلوں میں (اپنے آپ کو) بہت بڑا سمجھنے لگے ہیں اور حد سے بڑھ کر سرکشی کر رہے ہیںo

And those who do not hope for meeting with Us say: 'Why were angels not sent down to us? Or if we could see our Lord (with our own eyes, we would certainly believe).' In fact, they esteem (themselves) very highly in their hearts and are rebelling beyond bounds.

يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلَائِكَةَ لَا بُشْرَى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِينَ وَيَقُولُونَ حِجْراً مَّحْجُوراً (22)

ترجمہ: جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے (تو) اس دن مجرموں کے لیے چنداں خوشی کی بات نہ ہوگی بلکہ وہ (انہیں دیکھ کر ڈرتے ہوئے) کہیں گے: کوئی روک والی آڑ ہوتی (جو ہمیں ان سے بچا لیتی یا فرشتے انہیں دیکھ کر کہیں گے کہ تم پر داخلۂ جنت قطعاً ممنوع ہے)o

The Day when they will see the angels, there will be no matter of joy for the evildoers anyway on that Day. They will rather say (frightened on seeing them):

'Would that there were a barricade (which could save us from them! Or the angels, on seeing them, will say: Entry to Paradise is totally forbidden for you.)'

وَقَدِمْنَا إِلَى مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنْثُوراً (23)

ترجمہ: اور (پھر) ہم ان اعمال کی طرف متوجہ ہوں گے جو (بزعمِ خویش) انہوں نے (زندگی میں) کیے تھے تو ہم انہیں بکھرا ہوا غبار بنا دیں گےo

And (then) We shall turn to the deeds they (presumably) did (in life) and shall make them scattered dust particles.

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ لِلرَّحْمَنِ وَكَانَ يَوْماً عَلَى الْكَافِرِيْنَ عَسِيْراً (26)

ترجمہ: اس دن سچی حکمرانی صرف (خدائے) رحمان کی ہوگی اور وہ دن کافروں پر سخت (مشکل) ہوگاo

That Day, true sovereignty will belong to the Most Kind (Lord) and that will be very hard (i.e., tough) Day on the disbelievers.

وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يَا لَيْتَنِيْ اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلاً (27)

ترجمہ: اور اس دن ہر ظالم (غصہ اور حسرت سے) اپنے ہاتھوں کو کاٹ کاٹ کھائے گا (اور) کہے گا: کاش! میں نے رسولِ (اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیّت میں (آ کر ہدایت کا) راستہ اختیار کر لیا ہوتاo

And that Day, every wrongdoer will bite his hands (in fury and frustration and) will say: 'Would that I had taken the path (of guidance by joining) the companionship of the Holy Messenger (blessings and peace be upon him)!

يَا وَيْلَتَى لَيْتَنِيْ لَمْ أَتَّخِذْ فُلَاناً خَلِيْلاً (28)

ترجمہ: ہائے افسوس! کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتاo

Ah! Woe to me! Would that I had not taken such a one for a friend!

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ جُمْلَةً وَاحِدَةً كَذَلِكَ لِنُثَبِّتَ بِهِ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنَاهُ تَرْتِيْلاً (32)

ترجمہ: اور کافر کہتے ہیں کہ اس (رسول) پر قرآن ایک ہی بار (یک جا کر کے) کیوں نہیں اتارا گیا؟ یوں (تھوڑا تھوڑا کر کے اسے) تدریجاً اس لیے اتارا گیا ہے تاکہ ہم اس سے آپ کے قلبِ (اطہر) کو قوت بخشیں اور (اسی وجہ سے) ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا ہے (تاکہ آپ کو ہمارے پیغام کے ذریعے بار بار سکونِ قلب ملتا رہے)o

And the disbelievers say: 'Why has the Qur'an not been (put together and) sent down to this (Prophet) in one go?' It has been revealed gradually (in segments) so that by this We may strengthen your (most sanctified) heart, and (that is why) We have recited it gradually with pauses (in order that your heart may feel tranquil by receiving Our message again and again).

اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلَى وُجُوْهِهِمْ إِلَى جَهَنَّمَ أُوْلَئِكَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضَلُّ سَبِيْلاً (34)

ترجمہ: (یہ) ایسے لوگ ہیں جو اپنے چہروں کے بل دوزخ کی طرف ہانکے جائیں گے یہی لوگ ہیں جو ٹھکانے کے لحاظ سے

نہایت برے اور راستے سے (بھی) بہت بہکے ہوئے ہیںo

(They) are such people as will be driven headlong towards Hell. It is they who are the worst ones as for their abode and are (also) much distracted from the (straight) path.

وَلَقَدْ أَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْ أُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ أَفَلَمْ يَكُونُوا يَرَوْنَهَا بَلْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ نُشُوراً (40)

ترجمہ: اور بے شک یہ (کفار) اس بستی پر سے گزرے ہیں جس پر بری طرح (پتھروں کی) بارش برسائی گئی تھی، تو کیا یہ اس (تباہ شدہ بستی) کو دیکھتے نہ تھے بلکہ یہ تو (مرنے کے بعد) اٹھائے جانے کی امید ہی نہیں رکھتےo

And certainly these (disbelievers) have passed by (the remains of) that town on which was showered a disastrous rain (of stones). Did they not see that (ruined town)? But the truth is that they do not expect to be raised up (after death).

وَإِذَا رَأَوْكَ إِن يَتَّخِذُونَكَ إِلَّا هُزُواً أَهَذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللَّهُ رَسُولاً (41)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) جب (بھی) وہ آپ کو دیکھتے ہیں آپ کا مذاق اڑانے کے سوا کچھ نہیں کرتے (اور کہتے ہیں:) کیا یہی وہ (شخص) ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہےo

And, (O Esteemed Beloved,) when they see you, they do nothing but make fun of you (and say:) 'Is this (the one) Allah has sent as a Messenger?

إِن كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ آلِهَتِنَا لَوْلَا أَن صَبَرْنَا عَلَيْهَا وَسَوْفَ يَعْلَمُونَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ أَضَلُّ سَبِيْلاً (42)

ترجمہ: قریب تھا کہ یہ ہمیں ہمارے معبودوں سے بہکا دیتا اگر ہم ان (کی پرستش) پر ثابت قدم نہ رہتے اور وہ عنقریب جان لیں گے جس وقت عذاب دیکھیں گے کہ کون زیادہ گمراہ تھاo

He had nearly turned us away from our gods, had we not held fast to their (worship).' And when they see the torment, they will soon realize who was astray.

أَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ أَفَأَنتَ تَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيْلاً (43)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے اپنی خواہشِ نفس کو اپنا معبود بنا لیا ہے؟ تو کیا آپ اس پر نگہبان بنیں گےo

Have you seen him who has taken the desire of his lower self as god? Would you then become a guardian over him?

أَمْ تَحْسَبُ أَنَّ أَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُونَ أَوْ يَعْقِلُونَ إِنْ هُمْ إِلَّا كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ سَبِيْلاً (44)

ترجمہ: کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر لوگ سنتے یا سمجھتے ہیں؟ (نہیں) وہ تو چوپایوں کی مانند (ہو چکے) ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر گمراہ ہیںo

Do you think that most of them hear or understand? (Nay,) they have become like cattle, rather worse in error than they are.

فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِيْنَ وَجَاهِدْهُم بِهِ جِهَاداً كَبِيْراً (52)

ترجمہ: پس (اے مردِ مومن!) تو کافروں کا کہنا نہ مان اور تو اِس (قرآن کی دعوت اور دلائلِ علم) کے ذریعے ان کے ساتھ بڑا جہاد کرo

So, (O man of faith,) do not follow the disbelievers, and launch a large-scale struggle against them by means of (knowledge, logic and the preaching of the Qur'an).

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلَى رَبِّهِ ظَهِيراً (55)

ترجمہ: اور وہ (کفار) اللہ کے سوا ان (بتوں) کی عبادت کرتے ہیں جو انہیں نہ (تو) نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ (ہی) انہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں، اور کافر اپنے رب (کی نافرمانی) پر (ہمیشہ شیطان کا) مددگار رہتا ہےo

And they (disbelievers) worship besides Allah those (idols) that can neither bring them any profit, nor do them any harm. And the disbeliever is (always) a helper (of Satan) in (disobeying) his Lord.

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اسْجُدُوا لِلرَّحْمَنِ قَالُوا وَمَا الرَّحْمَنُ أَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوراً) (60)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم رحمان کو سجدہ کرو تو وہ (منکرینِ حق) کہتے ہیں کہ رحمان کیا (چیز) ہے؟ کیا ہم اسی کو سجدہ کرنے لگ جائیں جس کا آپ ہمیں حکم دے دیں اور اس (حکم) نے انہیں نفرت میں اور بڑھا دیاo

And when it is said to them: 'Prostrate yourselves before the Most Kind (Lord),' (the deniers of the truth) say: 'What is the Most Kind Lord? Shall we prostrate ourselves before whatever you command us?' And this (command) increased only hatred in them.

قُلْ مَا يَعْبَأُ بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَاماً (77)

ترجمہ: فرما دیجیے: میرے رب کو تمہاری کوئی پرواہ نہیں اگر تم (اس کی) عبادت نہ کرو، پس واقعی تم نے (اسے) جھٹلایا ہے تو اب یہ (جھٹلانا تمہارے لیے) دائمی عذاب بنا رہے گاo

Say: 'My Lord cares little for you if you do not worship (Him). But you have indeed rejected (Him). So now this (denial) will ever endure as a permanent torment (for you).'

سورۃ الشعرآء:

إِن نَّشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ آيَةً فَظَلَّتْ أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خَاضِعِينَ (4)

ترجمہ: اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے (ایسی) نشانی اتار دیں کہ ان کی گردنیں اس کے آگے جھکی رہ جائیںo

If We intend, We should send down upon them (such) a sign from heaven as their necks would not but bow down before it.

وَمَا يَأْتِيهِم مِّن ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمَنِ مُحْدَثٍ إِلَّا كَانُوا عَنْهُ مُعْرِضِينَ (5)

ترجمہ: اور ان کے پاس (خدائے) رحمان کی جانب سے کوئی نئی نصیحت نہیں آتی مگر وہ اس سے رُوگرداں ہو جاتے ہیںo

And there does not come to them any new admonition from the Most Kind

(Lord) but they turn away from it.

فَقَدْ كَذَّبُوا فَسَيَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (6)

ترجمہ: سو بے شک وہ (حق کو) جھٹلا چکے پس عنقریب انہیں اس امر کی خبریں پہنچ جائیں گی جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

Thus they have indeed denied (the truth), so the news of what they used to make fun of will reach them soon.

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الْأَرْضِ كَمْ أَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ (7)

ترجمہ: اور کیا انہوں نے زمین کی طرف نگاہ نہیں کی کہ ہم نے اس میں کتنی ہی نفیس چیزیں اگائی ہیںo

And have they not discerned the earth-what a variety of excellent vegetation We have caused to grow in it?

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (8)

ترجمہ: بے شک اس میں ضرور (قدرتِ الٰہیہ کی) نشانی ہے اور ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیںo

Surely, there is a sign in it (of Allah's might), but most of them are not the ones to believe.

قَالُوا وَهُمْ فِيهَا يَخْتَصِمُونَ (96)

ترجمہ: وہ (گمراہ لوگ) اس (دوزخ) میں باہم جھگڑا کرتے ہوئے کہیں گےo

Those (misguided people) will say whilst disputing amongst themselves (in the Hell):

تَاللَّهِ إِن كُنَّا لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (97)

ترجمہ: اللہ کی قسم! ہم کھلی گمراہی میں تھےo

'By Allah, we were in manifest error,

إِذْ نُسَوِّيكُم بِرَبِّ الْعَالَمِينَ (98)

ترجمہ: جب ہم تمہیں سب جہانوں کے رب کے برابر ٹھہراتے تھےo

When we held you equal to the Lord of all the worlds.

وَمَا أَضَلَّنَا إِلَّا الْمُجْرِمُونَ (99)

ترجمہ: اور ہم کو (ان) مجرموں کے سوا کسی نے گمراہ نہیں کیاo

And no other than (these) evildoers led us astray.

فَمَا لَنَا مِن شَافِعِينَ (100)

ترجمہ: سو (آج) نہ کوئی ہماری سفارش کرنے والا ہےo

So we do not have any intercessor (Today).

وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ (101)

ترجمہ: اور نہ کوئی گرم جوش دوست ہےo

Nor do we have any passionate friend.

فَلَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ (102)

ترجمہ: سوکاش ہمیں ایک بار (دنیا میں) پلٹنا (نصیب) ہوجاتا تو ہم مومن ہوجاتےo

Alas! If once we could have (a chance to) return (to the world), we would become believers.'

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُم مُّؤْمِنِينَ (103)

ترجمہ: بےشک اس (واقعہ) میں (قدرتِ الٰہیہ کی) بڑی نشانی ہے، اوران کے اکثر لوگ مومن نہ تھےo

Surely, in this (incident), there is a great sign (of Allah's Infinite Power). And most of them were not the believers.

كَذَٰلِكَ سَلَكْنَاهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ (200)

ترجمہ: اس طرح ہم نے اس (کے انکار) کو مجرموں کے دلوں میں پختگی سے داخل کر دیا ہےo

Thus have We forced its (denial) firmly into the hearts of the sinners.

لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ (201)

ترجمہ: وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ دردناک عذاب دیکھ لیںo

They will not believe in it until they see the painful torment.

فَيَأْتِيَهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ (202)

ترجمہ: پس وہ (عذاب) انہیں اچانک آپہنچے گا اور انہیں شعور (بھی) نہ ہوگاo

So that (torment) will come upon them all of a sudden, and they will not (even) perceive it.

فَيَقُولُوا هَلْ نَحْنُ مُنظَرُونَ (203)

ترجمہ: تب وہ کہیں گے: کیا ہمیں مہلت دی جائے گیo

They will then say: 'Shall we be given respite?'

أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ (204)

ترجمہ: کیا یہ ہمارے عذاب میں جلدی کے طلب گار ہیںo

Do they seek to hasten Our punishment?

أَفَرَأَيْتَ إِن مَّتَّعْنَاهُمْ سِنِينَ (205)

ترجمہ: بھلا بتایئے اگر ہم انہیں برسوں فائدہ پہنچاتے رہیںo

Tell Me, if We provide them benefit for years,

ثُمَّ جَاءَهُم مَّا كَانُوا يُوعَدُونَ (206)

ترجمہ: پھر ان کے پاس وہ (عذاب) آپہنچے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

Then comes to them that (torment) which they are being promised,

مَا أَغْنَىٰ عَنْهُم مَّا كَانُوا يُمَتَّعُونَ (207)

ترجمہ: (تو) وہ چیزیں (ان سے عذاب کو دفع کرنے میں) کیا کام آئیں گی جن سے وہ فائدہ اٹھاتے رہے تھےo

Then what will those resources which they were utilizing do (to drive that torment away from them)?

وَمَا أَهْلَكْنَا مِن قَرْيَةٍ إِلَّا لَهَا مُنذِرُونَ (208)

ترجمہ: اور ہم نے سوائے ان (بستیوں) کے جن کے لیے ڈرانے والے (آ چکے) تھے کسی بستی کو ہلاک نہیں کیا o

And We have not destroyed any town except those (towns) for which Warners had come,

ذِكْرَى وَمَا كُنَّا ظَالِمِينَ (209)

ترجمہ: (اور یہ بھی) نصیحت کے لیے اور ہم ظالم نہ تھے o

(And that too) for direction and guidance. And We were not unjust.

وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ (210)

ترجمہ: اور شیطان اس (قرآن) کو لے کر نہیں اترے o

And it is not satans who descended with this (Qur'an).

وَمَا يَنبَغِي لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيعُونَ (211)

ترجمہ: نہ (یہ) ان کے لیے سزاوار ہے اور نہ وہ (اس کی) طاقت رکھتے ہیں o

They are neither worthy nor capable (of it).

إِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُولُونَ (212)

ترجمہ: بے شک وہ (اس کلام کے) سننے سے روک دیے گئے ہیں o

Surely, they have been debarred from hearing (this divine communication).

فَلَا تَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ فَتَكُونَ مِنَ الْمُعَذَّبِينَ (213)

ترجمہ: پس (اے بندے!) تو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو نہ پوجا کر ورنہ تو عذاب یافتہ لوگوں میں سے ہو جائے گا o

So, (O My servant,) do not call upon any other god besides Allah lest you become of those who are punished.

سورۃ النمل:

إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ زَيَّنَّا لَهُمْ أَعْمَالَهُمْ فَهُمْ يَعْمَهُونَ (4)

ترجمہ: بے شک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ہم نے ان کے اَعمالِ (بدان کی نگاہوں میں) خوش نما کر دیے ہیں سو وہ (گمراہی میں) سرگرداں رہتے ہیں o

Surely, those who do not believe in the Hereafter, We have made their (evil) deeds appear fascinating (to them). So they wander distracted (in error).

أُولَئِكَ الَّذِينَ لَهُمْ سُوءُ الْعَذَابِ وَهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ (5)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے بُرا عذاب ہے اور یہی لوگ آخرت میں (سب سے) زیادہ نقصان اٹھانے والے ہیں o

It is they for whom there is an evil punishment, and it is they who are

(the greatest) losers in the Hereafter.

قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسَلَامٌ عَلَى عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفَى آللَّهُ خَيْرٌ أَمَّا يُشْرِكُونَ **(59)**

ترجمہ: فرما دیجیے کہ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اس کے منتخب (برگزیدہ) بندوں پر سلامتی ہو، کیا اللہ ہی بہتر ہے یا وہ (معبودانِ باطلہ) جنہیں یہ لوگ (اس کا) شریک ٹھہراتے ہیںo

Say: 'All praise be to Allah, and peace be upon His Servants whom He has chosen (and exalted). Is Allah better or those (false gods) that these people associate (with Him)?'

أَمَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَأَنزَلَ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاء فَأَنبَتْنَا بِهِ حَدَائِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ مَّا كَانَ لَكُمْ أَن تُنبِتُوا شَجَرَهَا أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ بَلْ هُمْ قَوْمٌ يَعْدِلُونَ **(60)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور تمہارے لیے آسمانی فضا سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس (پانی) سے تازہ اور خوش نما باغات اُگائے؟ تمہارے لیے ممکن نہ تھا کہ تم ان (باغات) کے درخت اُگا سکتے۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ بلکہ یہ وہ لوگ ہیں جو (راہِ حق سے) پرے ہٹ رہے ہیںo

Well, Who has created the heavens and the earth and poured down water for you from the atmosphere in the sky? Then with that (water), We brought forth fresh and beautiful gardens. It was not possible for you to grow plants in these (gardens). Is there any (other) God besides Allah? In fact, they are the people who are turning away (from the path of truth).

أَمَّن جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَاراً وَجَعَلَ خِلَالَهَا أَنْهَاراً وَجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزاً أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(61)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جس نے زمین کو قرارگاہ بنایا اور اس کے درمیان نہریں بنائیں اور اس کے لیے بھاری پہاڑ بنائے۔ اور (کھاری اور شیریں) دو سمندروں کے درمیان آڑ بنائی؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ بلکہ ان (کفار) میں سے اکثر لوگ بے علم ہیںo

Or, Who made the earth a dwelling place and made rivers amid it and made for it huge mountains and put a barrier between the two seas (of salt and sweet waters)? Is there any (other) God besides Allah? But most of these (disbelievers) do not have knowledge.

أَمَّن يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاء الْأَرْضِ أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ قَلِيلاً مَّا تَذَكَّرُونَ **(62)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو بے قرار شخص کی دعا قبول فرماتا ہے جب وہ اسے پکارے اور تکلیف دور فرماتا ہے اور تمہیں زمین میں (پہلے لوگوں کا) وارث و جانشین بناتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ تم لوگ بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہوo

Or, Who grants the supplication of the anxiety-stricken caller when he calls upon Him, and Who removes the trouble and makes you successors and

inheritors (of the predecessors) in the earth? Is there any (other) God besides Allah? You people accept advice but little.

أَمَّن يَهْدِيكُمْ فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَن يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْراً بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ تَعَالَى اللَّهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ **(63)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو تمہیں خشک و تر (یعنی زمین اور سمندر) کی تاریکیوں میں راستہ دکھاتا ہے اور جو ہواؤں کو اپنی (بارانِ) رحمت سے پہلے خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ اللہ ان (معبودانِ باطلہ) سے برتر ہے جنہیں وہ شریک ٹھہراتے ہیںo

Or, Who guides you in the darkness of land and sea and sends winds as good news before (the rain of) His mercy? Is there any (other) God besides Allah? Exalted is Allah, High above (the false gods) which they associate with Him.

أَمَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَمَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(64)**

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو مخلوق کو پہلی بار پیدا فرماتا ہے پھر اسی (عملِ تخلیق) کو دہرائے گا اور جو تمہیں آسمان و زمین سے رزق عطا فرماتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ فرما دیجیے: (اے مشرکو!) اپنی دلیل پیش کرو اگر تم سچے ہوo

Well, Who originates creation and shall repeat the same (process of creation), and Who grants you sustenance from the heavens and the earth? Is there any (other) God besides Allah? Say: '(O polytheists,) bring your proof if you are truthful.'

بَلِ ادَّارَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْآخِرَةِ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِّنْهَا بَلْ هُم مِّنْهَا عَمُونَ **(66)**

ترجمہ: بلکہ آخرت کے بارے میں ان کا علم (اپنی) انتہاء کو پہنچ کر منقطع ہو گیا، مگر وہ اس سے متعلق محض شک میں ہی (مبتلاء) ہیں، بلکہ وہ اس (کے علمِ قطعی) سے اندھے ہیںo

The truth is that their knowledge about the Hereafter terminated after reaching (its) limit, but they are just (caught) in doubt about it. Nay, they are blind to its (exact knowledge).

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَئِذَا كُنَّا تُرَاباً وَآبَاؤُنَا أَئِنَّا لَمُخْرَجُونَ **(67)**

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں: کیا جب ہم اور ہمارے باپ دادا (مر کر) مٹی ہو جائیں گے تو کیا ہم (پھر زندہ کر کے قبروں میں سے) نکالے جائیں گےo

And the disbelievers say: 'When we and our fathers become dust (after death), shall we be brought forth (from graves alive)?

لَقَدْ وُعِدْنَا هَذَا نَحْنُ وَآبَاؤُنَا مِن قَبْلُ إِنْ هَذَا إِلَّا أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ **(68)**

ترجمہ: درحقیقت اس کا وعدہ ہم سے (بھی) کیا گیا اور اس سے پہلے ہمارے باپ دادا سے (بھی)، یہ اگلے لوگوں کے من گھڑت افسانوں کے سوا کچھ نہیںo

In fact, we and, before this, our ancestors (too) have been promised this.

These are but stories fabricated by the ancients.'

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ (69)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم زمین میں سیر و سیاحت کرو پھر دیکھو مجرموں کا انجام کیسا ہوا o

Say: 'Travel in the land and see how was the end of the evildoers.'

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُن فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ (70)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ ان (کی باتوں) پر غم زدہ نہ ہوا کریں اور نہ اس مکر و فریب کے باعث جو وہ کر رہے ہیں تنگ دلی میں (مبتلاء) ہوں o

And, (O Esteemed Beloved,) do not grieve (over what they say), nor (undergo) distress at the deceitful and treacherous activities which they are carrying out.

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (71)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو (بتاؤ) یہ (عذابِ آخرت کا) وعدہ کب پورا ہوگا o

And they say: '(Tell us) when this promise (of the Last Day) will come true if you are truthful.'

وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (77)

ترجمہ: اور بے شک یہ ہدایت ہے اور مومنوں کے لیے رحمت ہے o

And verily, it is guidance and mercy for the believers.

وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِن كُلِّ أُمَّةٍ فَوْجاً مِّمَّن يُكَذِّبُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ يُوزَعُونَ (83)

ترجمہ: اور جس دن ہم ہر امت میں سے ان لوگوں کا (ایک ایک) گروہ جمع کریں گے جو ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے سو وہ (اکٹھا چلنے کے لیے آگے کی طرف سے) روکے جائیں گے o

And the Day when We shall gather out of every community a party of those who used to reject Our Revelations, they will be stopped (from the front in order that they all move together).

حَتَّى إِذَا جَاؤُوا قَالَ أَكَذَّبْتُم بِآيَاتِي وَلَمْ تُحِيطُوا بِهَا عِلْماً أَمَّاذَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (84)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ سب (مقامِ حساب پر) آ پہنچیں گے تو ارشاد ہوگا کیا تم (بغیر غور و فکر کے) میری آیتوں کو جھٹلاتے تھے حالاں کہ تم (اپنے ناقص) علم سے انہیں کاملاً جان بھی نہیں سکے تھے یا (تم خود ہی بتاؤ) اس کے علاوہ اور کیا (سبب) تھا جو تم (حق کی تکذیب) کیا کرتے تھے o

Till, when they all reach (the point of reckoning), it will be said: 'Did you reject My Revelations (without meditating on them), whereas you could not thoroughly understand them with (your inadequate) knowledge? Or (tell yourselves) what else was (the reason) that you used to (belie the truth).'

وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِم بِمَا ظَلَمُوا فَهُمْ لَا يَنطِقُونَ (85)

ترجمہ: اوران پر(ہمارا)وعدہ پوراہو چکااس وجہ سے کہ وہ ظلم کرتے رہے سووہ(جواب میں) کچھ بول نہ سکیں گےo

And (Our) promise against them has been fulfilled because they continued doing injustice. So they will not be able to say anything (in reply).

سورۃ القصص:

فَلَمَّا جَاءهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِندِنَا قَالُوا لَوْلَا أُوتِيَ مِثْلَ مَا أُوتِيَ مُوسَى أَوَلَمْ يَكْفُرُوا بِمَا أُوتِيَ مُوسَى مِن قَبْلُ قَالُوا سِحْرَانِ تَظَاهَرَا وَقَالُوا إِنَّا بِكُلٍّ كَافِرُونَ (48)

ترجمہ: پھر جب ان کے پاس ہمارے حضور سے حق آ پہنچا(تو)وہ کہنے لگے کہ اس(رسول)کو ان(نشانیوں)جیسی(نشانیاں) کیوں نہیں دی گئیں جو موسٰی(علیہ السلام)کو دی گئیں تھیں؟ کیا انہوں نے ان(نشانیوں)کا انکار نہیں کیا تھا جو اس سے پہلے موسٰی (علیہ السلام)کو دی گئی تھیں؟ وہ کہنے لگے کہ دونوں(قرآن اور تورات)جادو ہیں(جو)ایک دوسرے کی تائید وموافقت کرتے ہیں،اورانہوں نے کہا کہ ہم(ان)سب کے منکر ہیںo

Then when the truth came to them from Our presence, they said: 'Why has this (Messenger) not been given the (signs) like those (signs) which were given to Musa (Moses)?' Did they not deny those (signs) which were given to Musa (Moses) before this? They said: 'Both (the Qur'an as well as the Torah) are magic (which) confirm and agree with each other.' And they said: 'We deny all (of them).'

قُلْ فَأْتُوا بِكِتَابٍ مِّنْ عِندِ اللَّهِ هُوَ أَهْدَى مِنْهُمَا أَتَّبِعْهُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (49)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ تم اللہ کے حضور سے کوئی(اور)کتاب لے آؤ جو ان دونوں سے زیادہ ہدایت والی ہو(تو)میں اس کی پیروی کروں گا اگر تم(اپنے الزامات میں)سچے ہوo

Say: 'Bring some (other) book from Allah which guides better than these two, (then) I shall follow that if you are truthful (in your blames).'

فَإِن لَّمْ يَسْتَجِيبُوا لَكَ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يَتَّبِعُونَ أَهْوَاءهُمْ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (50)

ترجمہ: پھر اگر وہ آپ کا ارشاد قبول نہ کریں تو آپ جان لیں(کہ ان کے لیے کوئی حجت باقی نہیں رہی)وہ محض اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں،اوراس شخص سے زیادہ گمراہ کون ہوسکتا ہے جو اللہ کی جانب سے ہدایت کو چھوڑ کر اپنی خواہش کی پیروی کرے۔ بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتاo

But if they do not accept what you say, then know that (they do not have any logic); they merely follow their lusts. And who can be more astray than the one who follows his desire, abandoning the guidance from Allah? Surely, Allah does not guide the wrongdoers.

وَقَالُوا إِن نَّتَّبِعِ الْهُدَى مَعَكَ نُتَخَطَّفْ مِنْ أَرْضِنَا أَوَلَمْ نُمَكِّن لَّهُمْ حَرَماً آمِناً يُجْبَى إِلَيْهِ ثَمَرَاتُ كُلِّ شَيْءٍ رِزْقاً مِن لَّدُنَّا وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ (57)

ترجمہ: اور (قدر ناشناس) کہتے ہیں کہ اگر ہم آپ کی معیّت میں ہدایت کی پیروی کر لیں تو ہم اپنے ملک سے اچک لیے جائیں گے۔ کیا ہم نے انہیں (اس) امن والے حرم (شہرِ مکہ جو آپ ہی کا وطن ہے) میں نہیں بسایا جہاں ہماری طرف سے رزق کے طور پر (دنیا کی ہر سمت سے) ہر جنس کے پھل پہنچائے جاتے ہیں، لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے (کہ یہ سب کچھ کس کے صدقے سے ہو رہا ہے)o

And (the ignorant of its value) say: 'If we follow the guidance in your company, we shall be snatched out of our land.' Have We not made them settle in (this) secure and peaceful Sanctuary (Mecca-your own land) where all kinds of fruits are supplied (from all over the world) as sustenance from Us? But most of them do not know (for whose sake this whole process operates).

قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هَؤُلَاءِ الَّذِيْنَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ مَا كَانُوا إِيَّانَا يَعْبُدُونَ (63)

ترجمہ: وہ لوگ جن پر (عذاب کا) فرمان ثابت ہو چکا کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے گمراہ کیا تھا ہم نے انہیں (اسی طرح) گمراہ کیا تھا جس طرح ہم (خود) گمراہ ہوئے تھے، ہم ان سے بیزاری ظاہر کرتے ہوئے تیری طرف متوجہ ہوتے ہیں اور وہ (درحقیقت) ہماری پرستش نہیں کرتے تھے (بلکہ اپنی نفسانی خواہشات کے پجاری تھے)o

The people against whom the command (of torment) has been proved will say: 'O our Lord, it is these people who we misguided. We led them astray (the same way) as we (ourselves) lost the right path. We turn to You showing our disgust towards them and (in fact) they did not worship us. (They rather worshipped their lusts.)'

وَقِيْلَ ادْعُوا شُرَكَاءَكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوا لَهُمْ وَرَأَوُا الْعَذَابَ لَوْ أَنَّهُمْ كَانُوا يَهْتَدُونَ (64)

ترجمہ: اور (ان سے) کہا جائے گا: تم اپنے (خود ساختہ) شریکوں کو بلاؤ، سو وہ انہیں پکاریں گے پس وہ (شریک) انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور وہ لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے، کاش! وہ (دنیا میں) راہِ ہدایت پا چکے ہوتےo

And it will be said (to them): 'Call your (self-made) partners.' So they will call them but they (the partners) will not respond to them and those people will see the torment. Would that they had taken guidance (in the world)!

وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُولُ مَاذَا أَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ (65)

ترجمہ: اور جس دن (اللہ) انہیں پکارے گا تو وہ فرمائے گا: تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھاo

And the Day when (Allah) will call to them, He will say: 'What answer did you serve to the Messengers?'

فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنبَاءُ يَوْمَئِذٍ فَهُمْ لَا يَتَسَاءَلُونَ (66)

ترجمہ: تو ان پر اس دن خبریں پوشیدہ ہو جائیں گی سو وہ ایک دوسرے سے پوچھ (بھی) نہ سکیں گےo

On that Day, all information will become unknown to them, and they will not be able to ask (even) one another.

وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُورُهُمْ وَمَا يُعْلِنُونَ **(69)**

ترجمہ: اورآپ کا رب ان (تمام باتوں) کو جانتا ہے جوان کے سینے (اپنے اندر) چھپائے ہوئے ہیں اور جو کچھ وہ آشکار کرتے ہیں۔o

And your Lord knows (all) what their breasts hide (inside) and what they make known.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَ سَرْمَداً إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِضِيَاء أَفَلَا تَسْمَعُونَ **(71)**

ترجمہ: فرمادیجیے: ذرا اتنا بتاؤ کہ اگر اللہ تمہارے اوپر روزِ قیامت تک ہمیشہ رات طاری فرمادے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں روشنی لادے۔ کیا تم (یہ باتیں) سنتے نہیں ہوo

Say: 'Just answer: If Allah prolongs the night over you till the Day of Resurrection, (then) what god is there besides Allah who will bring you light? Do you not hear (these words)?'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن جَعَلَ اللَّهُ عَلَيْكُمُ النَّهَارَ سَرْمَداً إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَنْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ يَأْتِيكُم بِلَيْلٍ تَسْكُنُونَ فِيهِ أَفَلَا تُبْصِرُونَ **(72)**

ترجمہ: فرمادیجیے: ذرا یہ (بھی) بتاؤ کہ اگر اللہ تمہارے اوپر روزِ قیامت تک ہمیشہ دن طاری فرمادے (تو) اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں رات لادے کہ تم اس میں آرام کرسکو، کیا تم دیکھتے نہیں ہوo

Say: 'Just tell me this (as well): If Allah prolongs the day over you till the Day of Resurrection, (then) what god is there besides Allah who will bring you night in which you may take rest? Do you not see?'

وَنَزَعْنَا مِن كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيداً فَقُلْنَا هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوا أَنَّ الْحَقَّ لِلَّهِ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ **(75)**

ترجمہ: اورہم ہرامت سے ایک گواہ نکالیں گے پھر ہم (کفار سے) کہیں گے کہ تم اپنی دلیل لاؤ تو وہ جان لیں گے کہ سچ بات اللہ ہی کی ہے اوران سے وہ سب (باتیں) جاتی رہیں گی جو وہ جھوٹ باندھا کرتے تھےo

And We shall take out from every community a witness, and We shall then say (to the disbelievers): 'Bring your proof.' Then they will know that the truth belongs to Allah, and all (the lies) they used to invent will disappear from them.

سورۃ العنکبوت:

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ أَن يَسْبِقُونَا سَاء مَا يَحْكُمُونَ **(4)**

ترجمہ: کیا جولوگ برے کام کرتے ہیں یہ گمان کیے ہوئے ہیں کہ وہ ہمارے (قابو) سے باہر نکل جائیں گے؟ کیا ہی برا ہے جو وہ (اپنے ذہنوں میں) فیصلہ کرتے ہیںo

Do the evildoers think that they will slip away from Our (grip)? How evil is what

they decide (in their minds)!

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لِلَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّبِعُوا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطَايَاكُمْ وَمَا هُم بِحَامِلِيْنَ مِنْ خَطَايَاهُم مِّن شَيْءٍ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُوْنَ (12)

ترجمہ: اور کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں کہ تم ہماری راہ کی پیروی کرو اور ہم تمہاری خطاؤں (کے بوجھ) کو اٹھا لیں گے، حالاں کہ وہ ان کے گناہوں کا کچھ بھی (بوجھ) اٹھانے والے نہیں ہیں بے شک وہ جھوٹے ہیں o

And the disbelievers say to the believers: 'Follow our way and we shall bear (the burden of) your sins,' whereas they will not bear any (burden) of their sins. Surely, they are liars.

وَلَيَحْمِلُنَّ أَثْقَالَهُمْ وَأَثْقَالاً مَّعَ أَثْقَالِهِمْ وَلَيُسْأَلُنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَمَّا كَانُوا يَفْتَرُوْنَ (13)

ترجمہ: وہ یقیناً اپنے (گناہوں کے) بوجھ اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ کئی (دوسرے) بوجھ (بھی اپنے اوپر لادے ہوں گے) اور ان سے روزِ قیامت ان (بہتانوں) کی ضرور پرسش کی جائے گی جو وہ گھڑا کرتے تھے o

And they will certainly carry their own burdens (of sins), and (will also have loaded) many (other) burdens (over themselves) along with their own burdens. And they will certainly be interrogated on the Day of Resurrection about those (false allegations) which they used to invent.

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاء كَمَثَلِ الْعَنكَبُوتِ اتَّخَذَتْ بَيْتاً وَإِنَّ أَوْهَنَ الْبُيُوتِ لَبَيْتُ الْعَنكَبُوتِ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُوْنَ (41)

ترجمہ: ایسے (کافر) لوگوں کی مثال جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر اوروں (یعنی بتوں) کو کارساز بنا لیا ہے مکڑی کی داستان جیسی ہے جس نے (اپنے لیے جالے کا) گھر بنایا، اور بے شک سب گھروں سے زیادہ کمزور مکڑی کا گھر ہے، کاش! وہ لوگ (یہ بات) جانتے ہوتے o

The example of those (disbelievers) who have taken others (i.e., idols) as guardians instead of Allah is like the story of a spider who builds (for herself) a house (of cobweb). And no doubt the weakest of all houses is the spider's house. Would that they knew it!

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ فَالَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يُؤْمِنُونَ بِهِ وَمِنْ هَؤُلَاء مَن يُؤْمِنُ بِهِ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الْكَافِرُوْنَ (47)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف کتاب اتاری، تو جن (حق شناس) لوگوں کو ہم نے (پہلے سے) کتاب عطا کر رکھی تھی وہ اس (کتاب) پر ایمان لاتے ہیں، اور اِن (اہلِ مکّہ) میں سے (بھی) ایسے ہیں جو اس پر ایمان لاتے ہیں، اور ہماری آیتوں کا اِنکار کافروں کے سوا کوئی نہیں کرتا o

And in like manner, We revealed the Book to you. And those (knowers of the truth) whom We had given the Book (already) believe in this (Book). And of these (inhabitants of Mecca too) there are those who believe in it.

And none but the disbelievers deny Our Revelations.

بَلْ هُوَ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِي صُدُورِ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الظَّالِمُونَ **(49)**

ترجمہ: بلکہ وہ (قرآن ہی کی) واضح آیتیں ہیں جو ان لوگوں کے سینوں میں (محفوظ) ہیں جنہیں (صحیح) علم عطا کیا گیا ہے، اور ظالموں کے سوا ہماری آیتوں کا کوئی انکار نہیں کرتا○

But these are the clear Verses (of the Qur'an) that are (preserved) in the breasts of those who have been given (true) knowledge. And none other than the unjust deny Our Revelations.

وَقَالُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِّن رَّبِّهِ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ **(50)**

ترجمہ: اور کفّار کہتے ہیں کہ اِن پر (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) ان کے رب کی طرف سے نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں، آپ فرما دیجیے کہ نشانیاں تو اللہ ہی کے پاس ہیں اور میں تو محض صریح ڈر سنانے والا ہوں○

And the disbelievers say: 'Why have signs not been sent down on him (the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) from his Lord?' Say: 'The signs are with Allah alone and I am simply an open Warner.'

أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلَى عَلَيْهِمْ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَرَحْمَةً وَذِكْرَى لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ **(51)**

ترجمہ: کیا ان کے لیے یہ (نشانی) کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر (وہ) کتاب نازل فرمائی ہے جو ان پر پڑھی جاتی ہے (یا ہمیشہ پڑھی جاتی رہے گی)، بے شک اس (کتاب) میں رحمت اور نصیحت ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیں○

Is this (sign) not enough for them that We have revealed to you (that) Book which is recited to them (or will always be recited)? Surely, in this (Book) there is mercy and direction and guidance for the believers.

قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيدًا يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ آمَنُوا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ **(52)**

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: میرے اور تمہارے درمیان اللہ ہی گواہ کافی ہے۔ وہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے (سب کا حال) جانتا ہے، اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور اللہ کا انکار کیا وہی نقصان اٹھانے والے ہیں○

Say: 'Sufficient is Allah as a Witness between me and you. He knows (the state of) all that is in the heavens and in the earth. And those who believe in falsehood and disbelieve in Allah, it is they who are the losers.'

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَلَوْلَا أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاءَهُمُ الْعَذَابُ وَلَيَأْتِيَنَّهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ **(53)**

ترجمہ: اور یہ لوگ آپ سے عذاب میں جلدی چاہتے ہیں، اور اگر (عذاب کا) وقت مقرر نہ ہوتا تو ان پر عذاب آ چکا ہوتا، اور وہ (عذاب یا وقتِ عذاب) ضرور انہیں اچانک آ پہنچے گا اور انہیں خبر بھی نہ ہوگی○

And they want you to hasten the torment. And had the time (of the torment) not been fixed, the torment would have overtaken them. And that (torment, or the time of the torment,) shall certainly come upon them all of a sudden and they will not be aware (of it).

يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ (54)

ترجمہ: یہ لوگ آپ سے عذاب جلد طلب کرتے ہیں، اور بے شک دوزخ کافروں کو گھیر لینے والی ہےo

They seek the torment from you in haste, and surely Hell is about to besiege the disbelievers.

يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (55)

ترجمہ: جس دن عذاب انہیں ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے ڈھانپ لے گا تو ارشاد ہوگا: تم ان کاموں کا مزہ چکھو جو تم کرتے تھےo

The Day when the torment wraps them from above them and from beneath their feet, Allah will say: 'Savour the taste of works you used to perform.'

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ (61)

ترجمہ: اور اگر آپ اِن (کفّار) سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کس نے تابع فرمان بنا دیا، تو وہ ضرور کہہ دیں گے: اللہ نے، پھر وہ کدھر الٹے جا رہے ہیںo

And if you ask these (disbelievers): 'Who created the heavens and the earth and made the sun and the moon law-abiding?' they will certainly say: 'Allah.' Then where are they turning away?

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّن نَّزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ مِن بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ (63)

ترجمہ: اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان سے پانی کس نے اتارا پھر اس سے زمین کو اس کی مُردنی کے بعد حیات (اور تازگی) بخشی، تو وہ ضرور کہہ دیں گے: اللہ نے، آپ فرما دیں: ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر (لوگ) عقل نہیں رکھتےo

And if you ask them: 'Who sends down water from the sky, then gives life (and freshness) to the earth after its death?' they will surely say: 'Allah.' Say: 'All praise belongs to Allah alone.' But most of them do not have sense.

وَمَا هَذِهِ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَهْوٌ وَلَعِبٌ وَإِنَّ الدَّارَ الْآخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ (64)

ترجمہ: اور (اے لوگو!) یہ دنیا کی زندگی کھیل اور تماشے کے سوا کچھ نہیں ہے، اور حقیقت میں آخرت کا گھر ہی (صحیح) زندگی ہے۔ کاش! وہ لوگ (یہ راز) جانتے ہوتےo

And, (O people,) the life of this world is nothing but sport and pastime and the Home of the Hereafter is the only (true) life. Would that they knew (this secret)!

فَإِذَا رَكِبُوا فِي الْفُلْكِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ إِذَا هُمْ يُشْرِكُونَ (65)

ترجمہ: پھر جب وہ کشتی میں سوار ہوتے ہیں تو (مشکل وقت میں بتوں کو چھوڑ کر) صرف اللہ کو اس کے لیے (اپنا) دین خالص کرتے ہوئے پکارتے ہیں، پھر جب اللہ انہیں بچا کر خشکی تک پہنچا دیتا ہے تو اس وقت وہ (دوبارہ) شرک کرنے لگتے ہیںo

When they board a vessel they (abandon the idols in hard times and) call upon Allah alone, making their Din (faith and devotion) sincerely (and purely) for Him. Then, when Allah rescues and brings them safe to the land, they start setting up partners with Him (again),

لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ وَلِيَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (66)

ترجمہ: تاکہ اس (نعمتِ نجات) کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں عطا کی اور (کفر کی زندگی کے حرام) فائدے اٹھاتے رہیں۔ پس وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گےo

So that they may show ingratitude towards that (favour of deliverance) which We granted them and enjoy (the unlawful) benefits (of the life of disbelief). But soon they will know (their fate).

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا جَعَلْنَا حَرَماً آمِناً وَيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَةِ اللَّهِ يَكْفُرُونَ (67)

ترجمہ: اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے حرم (کعبہ) کو جائے امان بنا دیا ہے اور اِن کے اِرد گرد کے لوگ اُچک لیے جاتے ہیں، تو کیا (پھر بھی) وہ باطل پر ایمان رکھتے اور اللہ کے احسان کی ناشکری کرتے رہیں گےo

And have they not seen that We have made the Sanctuary (of the Ka'ba) a safe haven while people are abducted from all around them? Do they (still) believe in falsehood, and will they continue disregarding the favour of Allah?

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ كَذِباً أَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكَافِرِينَ (68)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوسکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا حق کو جھٹلا دے جب وہ اس کے پاس آ پہنچے۔ کیا دوزخ میں کافروں کے لیے ٹھکانہ (مقرر) نہیں ہےo

And who can be more unjust than someone who fabricates a lie concerning Allah or belies the truth when it comes to him? Is there not an apartment in Hell (appointed) for the disbelievers?

سورۃ الروم:

يَعْلَمُونَ ظَاهِراً مِّنَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ عَنِ الْآخِرَةِ هُمْ غَافِلُونَ (7)

ترجمہ: وہ (تو) دنیا کی ظاہری زندگی کو (ہی) جانتے ہیں اور وہ لوگ آخرت (کی حقیقی زندگی) سے غافل و بے خبر ہیںo

They know only the visible worldly life, and they are neglectful and unaware of (the real life of) the Hereafter.

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا فِي أَنفُسِهِمْ مَا خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى وَإِنَّ كَثِيراً مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ لَكَافِرُونَ (8)

ترجمہ: کیا انہوں نے اپنے مَن میں کبھی غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے پیدا نہیں فرمایا مگر (نظامِ) حق اور مقرّرہ مدت (کے دورانیے) کے ساتھ، اور بے شک بہت سے لوگ اپنے رب کی ملاقات کے مُنکِر ہیںo

Have they not meditated within themselves that Allah has not created the heavens and the earth and whatever is between the two except with (a system of) truth and for a fixed term? And surely, most of the people do not believe in the meeting with their Lord.

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ كَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَأَثَارُوا الْأَرْضَ وَعَمَرُوهَا أَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوهَا وَجَاءتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ **(9)**

ترجمہ: کیا ان لوگوں نے زمین میں سَیر وسیاحت نہیں کی تا کہ وہ دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیا ہوا جو ان سے پہلے تھے، وہ لوگ اِن سے زیادہ طاقتور تھے، اورانہوں نے زمین میں زراعت کی تھی اور اسے آباد کیا تھا، اس سے کہیں بڑھ کر جس قدر اِنہوں نے زمین کو آباد کیا ہے، پھر ان کے پاس ان کے پیغمبر واضح نشانیاں لے کر آئے تھے، سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا، لیکن وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھےo

Have they not travelled in the earth and seen what was the end of those before them? They were more powerful than them. And they cultivated the earth, and inhabited it far more than these people have done. Then their Messengers came to them with clear signs. So Allah would not wrong them but they wronged their souls themselves.

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِينَ أَسَاؤُوا السُّوأَى أَن كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَكَانُوا بِهَا يَسْتَهْزِئُونَ **(10)**

ترجمہ: پھر ان لوگوں کا انجام بہت برا ہوا جنہوں نے برائی کی اس لیے کہ وہ اللہ کی آیتوں کو جھٹلاتے اور ان کا مذاق اڑایا کرتے تھےo

Then much evil came to be the end of those who did evil because they used to belie the Revelations of Allah and used to ridicule them.

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُونَ **(12)**

ترجمہ: اور جس دن قیامت قائم ہوگی تو مجرم لوگ مایوس ہو جائیں گےo

And the Day when the Last Hour is established, the evildoers will lose hope.

وَلَمْ يَكُن لَّهُم مِّن شُرَكَائِهِمْ شُفَعَاء وَكَانُوا بِشُرَكَائِهِمْ كَافِرِينَ **(13)**

ترجمہ: اور ان کے (خودساختہ) شریکوں میں سے ان کے لیے سفارشی نہیں ہوں گے اور وہ (بالآخر) اپنے شریکوں کے (ہی) مُنکِر ہو جائیں گےo

And none of their (self-made) partners will intercede for them, and (ultimately) they will deny their very same partners.

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَلِقَاء الْآخِرَةِ فَأُوْلَئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُونَ **(16)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو اور آخرت کی پیشی کو جھٹلایا تو یہی لوگ عذاب میں حاضر کیے جائیں گےo

And those who disbelieve and belie Our Revelations and the meeting of the Last Day, it is they who will be brought forth to the torment.

بَلِ اتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا أَهْوَاءَ هُم بِغَيْرِ عِلْمٍ فَمَن يَهْدِيْ مَنْ أَضَلَّ اللّٰهُ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ (29)

ترجمہ: بلکہ جن لوگوں نے ظلم کیا ہے وہ بغیر علم (و ہدایت) کے اپنی نفسانی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں، پس اس شخص کو کون ہدایت دے سکتا ہے جسے اللہ نے گمراہ ٹھہرا دیا ہو اور ان لوگوں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہےo

But those who have done injustice follow the desires of their (ill-commanding) selves without any knowledge (and guidance). So who can guide him whom Allah has held astray? And there are no helpers for them.

وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا رَبَّهُم مُّنِيْبِيْنَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا أَذَاقَهُم مِّنْهُ رَحْمَةً إِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُم بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ (33)

ترجمہ: اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے رب کو اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے پکارتے ہیں، پھر جب وہ ان کو اپنی جانب سے رحمت سے لطف اندوز فرماتا ہے تو پھر فوراً ان میں سے کچھ لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیںo

And when suffering afflicts people, they call upon their Lord turning towards Him, but when He delights them with the taste of mercy from Him, then some of them straight away start setting up partners with their Lord,

لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنَاهُمْ فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (34)

ترجمہ: تاکہ اس نعمت کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں عطا کی ہے پس تم (چند روزہ زندگی کے) فائدے اٹھا لو، پھر عنقریب تم (اپنے انجام کو) جان لوگےo

To show ingratitude for the bounty which We have given them. So enjoy benefits (of a few days' life), then soon you will know (your end).

أَمْ أَنزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطَاناً فَهُوَ يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوا بِهِ يُشْرِكُوْنَ (35)

ترجمہ: کیا ہم نے ان پر کوئی (ایسی) دلیل اتاری ہے جو ان (بتوں) کے حق میں شہادتاً کلام کرتی ہو جنہیں وہ اللہ کا شریک بنا رہے ہیںo

Have We sent down to them any (such) authority that speaks as a witness in favour of these idols they associate as partners with Allah?

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوا بِهَا وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْهِمْ إِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ (36)

ترجمہ: اور جب ہم لوگوں کو رحمت سے لطف اندوز کرتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہو جاتے ہیں، اور جب انہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے ان (گناہوں) کے باعث جو وہ پہلے سے کر چکے ہیں تو وہ فوراً مایوس ہو جاتے ہیںo

And when We delight people with the taste of mercy, they cheer up with that, and when some suffering touches them due to the sins they have already perpetrated, they lose hope at once.

اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم مَّن يَفْعَلُ مِن ذَلِكُم مِّن شَيْءٍ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (40)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا پھر اس نے تمہیں رزق بخشا پھر تمہیں موت دیتا ہے پھر تمہیں زندہ فرمائے گا، کیا تمہارے (خودساختہ) شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو ان (کاموں) میں سے کچھ بھی کر سکے، وہ (اللہ) پاک ہے اور ان چیزوں

سے برتر ہے جنہیں وہ (اس کا) شریک ٹھہراتے ہیںo

Allah is the One Who created you, then granted you sustenance, then causes you to die and then will bring you back to life. Is there any of your (self-made) partners who may do any of these (works)? Holy is He (Allah) the Glorious, the Transcendent, far above these things which they associate as partners (with Him).

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلُ كَانَ أَكْثَرُهُم مُّشْرِكِينَ **(42)**

ترجمہ: آپ فرما دیجیے کہ تم زمین میں سیر و سیاحت کیا کرو پھر دیکھو پہلے لوگوں کا کیسا (عبرت ناک) انجام ہوا، ان میں زیادہ تر مشرک تھےo

Say: 'Travel in the land, then see how (alarming) was the end of the people before you! Most of them were polytheists.'

مَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحاً فَلِأَنفُسِهِمْ يَمْهَدُونَ **(44)**

ترجمہ: جس نے کفر کیا تو اس کا (وبالِ) کفر اسی پر ہے اور جو نیک عمل کرے سو یہ لوگ اپنے لیے (جنّت کی) آرام گاہیں درست کر رہے ہیںo

Whoever disbelieves will himself face the (evil consequences) of disbelief, whilst those who act piously are setting aright for themselves the places of rest (in Paradise),

لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِن فَضْلِهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ **(45)**

ترجمہ: تاکہ اللہ اپنے فضل سے ان لوگوں کو بدلہ دے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے۔ بے شک وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتاo

So that Allah rewards out of His bounty those who believe and do good deeds. Surely, He does not take the disbelievers for friends.

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُونَ مَا لَبِثُوا غَيْرَ سَاعَةٍ كَذَلِكَ كَانُوا يُؤْفَكُونَ **(55)**

ترجمہ: اور جس دن قیامت برپا ہوگی مُجرم لوگ قسمیں کھائیں گے کہ وہ (دنیا میں) ایک گھڑی کے سوا ٹھہرے ہی نہیں تھے، اسی طرح وہ (دنیا میں بھی حق سے) پھرے رہتے تھےo

And the Day when the Last Hour is established, the evildoers will swear they did not stay (in the world) for more than an hour. They used to turn back (from truth) in the same manner (in the world as well).

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ وَلَئِن جِئْتَهُم بِآيَةٍ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنتُمْ إِلَّا مُبْطِلُونَ **(58)**

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال بیان کر دی ہے، اور اگر آپ ان کے پاس کوئی (ظاہری) نشانی لے آئیں تب بھی یہ کافر لوگ ضرور (یہی) کہہ دیں گے کہ آپ محض باطل و فریب کار ہیںo

And in truth We have elucidated every type of example in this Qur'an for the people (to make them understand). And if you bring them some (visible) sign,

even then these disbelieving people will certainly say: 'You are only doing falsehood and fraud.'

كَذَلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ **(59)**

ترجمہ: اسی طرح اللہ ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے جو (حق واضح ہو جانے کے باوجود) نہیں جانتےo

That is how Allah seals the hearts of the people who do not know (the truth, despite it becomes evident).

سورۃ القمان:

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا أُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ **(6)**

ترجمہ: اور لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو بیہودہ کلام خرید تے ہیں تا کہ بغیر سوجھ بوجھ کے لوگوں کو اللہ کی راہ سے بھٹکا دیں اور اس (راہ) کا مذاق اڑائیں، ان ہی لوگوں کے لیے رسوا کن عذاب ہےo

And of people there are those who buy absurd narrations to make the people lacking in knowledge lose the path of Allah and to mock this (path). It is they for whom there is painful torment.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا وَلَّى مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ **(7)**

ترجمہ: اور جب اس پر ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ غرور کرتے ہوئے منہ پھیر لیتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں، جیسے اس کے کانوں میں (بہرے پن کی) گرانی ہے، سو آپ اسے دردناک عذاب کی خبر سنا دیںo

And when Our Revelations are recited to such a one, he turns his face away showing arrogance as though he had not heard it at all, as if there were weight (of deafness) in his ears. So give him the news of an agonizing torment.

هَذَا خَلْقُ اللَّهِ فَأَرُونِي مَاذَا خَلَقَ الَّذِينَ مِن دُونِهِ بَلِ الظَّالِمُونَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ **(11)**

ترجمہ: یہ اللہ کی مخلوق ہے، پس (اے مشرکو!) مجھے دکھاؤ جو کچھ اللہ کے سوا دوسروں نے پیدا کیا ہو۔ بلکہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیںo

This is Allah's Creation. So, (O polytheists,) show Me what others, apart from Allah, have created. In truth, the wrongdoers are in open error.

أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ **(20)**

ترجمہ: (لوگو!) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لیے ان تمام چیزوں کو مسخّر فرما دیا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور اس نے اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں تم پر پوری کر دی ہیں۔ اور لوگوں میں کچھ ایسے (بھی) ہیں جو اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب (کی دلیل) کےo

(O people!) Have you not seen that Allah has subjected to you whatever is in the heavens and whatever is in the earth, and He has completed upon you His blessings outwardly as well as inwardly? And amongst people there are (also) those who dispute about Allah without knowledge and without guidance and

without (any evidence from) the enlightening Book.

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَى عَذَابِ السَّعِيرِ **(21)**

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (کتاب) کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل فرمائی ہے تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اس (طریقہ) کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، اور اگرچہ شیطان انہیں عذابِ دوزخ کی طرف ہی بلاتا ہو○

And when it is said to them: 'Follow this Book which Allah has revealed,' they say: 'Nay, we shall follow (that) way which we found our fathers following,' even though Satan should be inviting them to the torment of Hell.

وَمَن كَفَرَ فَلَا يَحْزُنكَ كُفْرُهُ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ **(23)**

ترجمہ: اور جو کفر کرتا ہے (اے حبیبِ مکرّم!) اس کا کفر آپ کو غمگین نہ کر دے، انہیں (بھی) ہماری ہی طرف پلٹ کر آنا ہے، ہم انہیں ان اعمال سے آگاہ کر دیں گے جو وہ کرتے رہے ہیں، بے شک اللہ سینوں کی (مخفی) باتوں کو خوب جاننے والا ہے○

And whoever disbelieves, (O Esteemed Beloved,) let not his disbelief grieve you. They (too) are to return to Us. We shall inform them of the deeds which they used to do. Surely, Allah knows best the (hidden) contents of the breasts.

نُمَتِّعُهُمْ قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَى عَذَابٍ غَلِيظٍ **(24)**

ترجمہ: ہم انہیں (دنیا میں) تھوڑا سا فائدہ پہنچائیں گے پھر ہم انہیں بے بس کر کے سخت عذاب کی طرف لے جائیں گے○

We shall provide them a little benefit (in the world) then, making them helpless, We shall drive them towards the severe torment.

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(25)**

ترجمہ: اور اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا۔ تو وہ ضرور کہہ دیں گے کہ اللہ نے، آپ فرما دیجیے: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے○

And if you ask them: 'Who created the heavens and the earth?' they shall answer: 'Allah.' Say: 'All praise belongs to Allah alone.' But most of them do not know.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِن دُونِهِ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ **(30)**

ترجمہ: یہ اس لیے کہ اللہ ہی حق ہے اور جن کی یہ لوگ اللہ کے سوا عبادت کرتے ہیں، وہ باطل ہیں اور یہ کہ اللہ ہی بلند و بالا، بڑائی والا ہے○

That is because Allah alone is the truth and those whom these people worship besides Allah are false and because Allah is Most High, the Supreme.

وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ **(32)**

ترجمہ: اور جب سمندر کی موج (پہاڑوں، بادلوں یا) سائبانوں کی طرح ان پر چھا جاتی ہے تو وہ (کفّار و مشرکین) اللہ کو اسی کے لیے اطاعت کو خالص رکھتے ہوئے پکارنے لگتے ہیں، پھر جب وہ انہیں بچا کر خشکی کی طرف لے جاتا ہے تو ان میں سے چند ہی اعتدال کی راہ (یعنی راہِ ہدایت) پر چلنے والے ہوتے ہیں، ہماری آیتوں کا کوئی انکار نہیں کرتا سوائے ہر بڑے عہد شکن اور بڑے ناشکر گزار کے o

And when the sea wave engulfs them like (clouds or towering mountains or) canopies, they (the disbelievers and polytheists) start calling upon Allah, dedicating their most sincere devotion to Him alone. But when rescuing them He brings them back to land, then only a few of them remain on the moderate path (i.e., the path of guidance). And none but every deceptive and ungrateful person denies Our signs.

سورۃ السجدۃ:

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ لِتُنذِرَ قَوْماً مَّا أَتَاهُم مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ (3)

ترجمہ: کیا کفار و مشرکین یہ کہتے ہیں کہ اسے اس (رسول) نے گھڑ لیا ہے۔ بلکہ وہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے تاکہ آپ اس قوم کو ڈر سنائیں جن کے پاس آپ سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تاکہ وہ ہدایت پائیں o

Do the disbelievers and the polytheists say: 'He (the Holy Prophet) has fabricated it'? Nay, it is the truth from your Lord so that you may warn those to whom no Warner has come before you that they may receive guidance.

وَقَالُوا أَئِذَا ضَلَلْنَا فِي الْأَرْضِ أَئِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ بَلْ هُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ كَافِرُونَ (10)

ترجمہ: اور کفار کہتے ہیں کہ جب ہم مٹی میں مِل کر گم ہو جائیں گے تو (کیا) ہم ازسرِ نَو پیدائش میں آئیں گے، بلکہ وہ اپنے رب سے ملاقات ہی کے منکِر ہیں o

And the disbelievers say: 'When we are lost in the earth, shall we then be created anew?' In fact, they deny the meeting with their Lord.

وَلَوْ تَرَى إِذِ الْمُجْرِمُونَ نَاكِسُو رُؤُوسِهِمْ عِندَ رَبِّهِمْ رَبَّنَا أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحاً إِنَّا مُوقِنُونَ (12)

ترجمہ: اور اگر آپ دیکھیں (تو ان پر تعجب کریں) کہ جب مُجرِم لوگ اپنے رب کے حضور سر جھکائے ہوں گے اور (کہیں گے:) اے ہمارے رب! ہم نے دیکھ لیا اور ہم نے سُن لیا، پس (اب) ہمیں (دنیا میں) واپس لوٹا دے کہ ہم نیک عمل کر لیں بے شک ہم یقین کرنے والے ہیں o

And (you will wonder at them) if you see the sinners hanging down their heads before the presence of their Lord (and saying:) 'O our Lord, we have seen and heard, so send us back (to the world now) so that we do pious deeds. Surely, we believe with certitude.'

وَأَمَّا الَّذِينَ فَسَقُوا فَمَأْوَاهُمُ النَّارُ كُلَّمَا أَرَادُوا أَن يَخْرُجُوا مِنْهَا أُعِيدُوا فِيهَا وَقِيلَ لَهُمْ ذُوقُوا عَذَابَ النَّارِ الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (20)

ترجمہ: اور جو لوگ نافرمان ہوئے سو ان کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ وہ جب بھی اس سے نکل بھاگنے کا ارادہ کریں گے تو اسی میں لوٹا دیے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ اِس آتشِ دوزخ کا عذاب چکھتے رہو جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

But as for those who disobeyed, their abode is Hell. Every time they will intend to get out of it and escape, they will be turned back into it and it will be said to them: 'Keep enjoying the taste of this Fire of Hell which you used to belie.'

وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَى دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (21)

ترجمہ: اور ہم ان کو یقیناً (آخرت کے) بڑے عذاب سے پہلے قریب تر (دنیوی) عذاب (کا مزہ) چکھائیں گے تاکہ وہ (کفر سے) باز آجائیںo

And surely, before the major torment (of the Hereafter), We shall make them savour (the taste of) nearby torment (in this world) so that they abstain (from disbelief).

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ (22)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوسکتا ہے جسے اس کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی جائے پھر وہ اُن سے منہ پھیر لے، بے شک ہم مجرموں سے بدلہ لینے والے ہیںo

And who is a greater wrongdoer than someone who is admonished by means of Revelations of His Lord, and then he turns away from them? Surely, We take revenge on the evildoers.

أَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ أَفَلَا يَسْمَعُونَ (26)

ترجمہ: اور کیا انہیں (اس امر سے) ہدایت نہیں ہوئی کہ ہم نے اِن سے پہلے کتنی ہی امّتوں کو ہلاک کر ڈالا تھا جن کی رہائش گاہوں میں (اب) یہ لوگ چلتے پھرتے ہیں۔ بے شک اس میں نشانیاں ہیں، تو کیا وہ سنتے نہیں ہیںo

And have they not taken any guidance (from this proclamation) that how many generations We have destroyed before them in whose dwellings these people (now) move about? Surely, there are signs in it. So do they not hear?

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا نَسُوقُ الْمَاءَ إِلَى الْأَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهِ زَرْعًا تَأْكُلُ مِنْهُ أَنْعَامُهُمْ وَأَنفُسُهُمْ أَفَلَا يُبْصِرُونَ (27)

ترجمہ: اور کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم پانی کو بنجر زمین کی طرف بہالے جاتے ہیں، پھر ہم اس سے کھیت نکالتے ہیں جس سے ان کے چوپائے (بھی) کھاتے ہیں اور وہ خود بھی کھاتے ہیں، تو کیا وہ دیکھتے نہیں ہیںo

And have they not seen that We stream water towards the dry land, then with that We produce crops of which their cattle as well as they themselves eat? Do they not observe?

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْفَتْحُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (28)

ترجمہ: اور کہتے ہیں: یہ فیصلہ (کا دن) کب ہوگا اگر تم سچے ہوo

And they say: 'When will this (Day of) Judgment take place if you are truthful?'

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا إِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ يُنظَرُوْنَ (29)

ترجمہ: آپ فرمادیں: فیصلہ کے دن نہ کافروں کو ان کا ایمان فائدہ دے گا اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی o

Say: 'On the Day of Judgment, the belief of disbelievers will bring them no benefit, nor will they be given any respite.'

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانتَظِرْ إِنَّهُم مُّنتَظِرُوْنَ (30)

ترجمہ: پس آپ اُن سے منہ پھیر لیجئے اور انتظار کیجئے اور وہ لوگ (بھی) انتظار کر رہے ہیں o

So turn your face away from them and wait and they (too) are waiting.

سورۃ الاحزاب:

وَرَدَّ اللَّهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوا خَيْراً وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيّاً عَزِيْزاً (25)

ترجمہ: اور اللہ نے کافروں کو ان کے غصّہ کی جلن کے ساتھ (مدینہ سے نامراد) واپس لوٹا دیا کہ وہ کوئی کامیابی نہ پا سکے، اور اللہ ایمان والوں کے لیے جنگِ (احزاب) میں کافی ہو گیا، اور اللہ بڑی قوت والا عزت والا ہے o

And Allah repulsed the disbelievers (from Medina, defeated,) with the burning of their rage, for they failed to achieve any success. And Allah was Sufficient for the believers in the battle (of al-Ahzab [the Confederates]). And Allah is Ever-Strong, All-Powerful.

وَأَنزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقاً تَقْتُلُوْنَ وَتَأْسِرُوْنَ فَرِيْقاً (26)

ترجمہ: اور (بنو قریظہ کے) جن اہلِ کتاب نے (اپنا معاہدۂ اَمن توڑ کر) ان (حملہ آور کفار) کی مدد کی تھی اللہ نے انہیں (بھی) ان کے قلعوں سے اتار دیا اور ان کے دلوں میں (اسلام کا) رعب ڈال دیا تم (ان میں سے) ایک گروہ کو (ان کے جنگی جرائم کی پاداش میں) قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو جنگی قیدی بناتے ہو o

And the People of the Book (amongst the tribe of Banu Qurayza) who helped those (aggressors in breach of their peace treaty), Allah (also) brought them down from their fortresses and filled their hearts with the fear (of Islam). You kill a party of them (for their war crimes), and make the other party prisoners of war.

وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِيْنَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيْلاً (48)

ترجمہ: اور آپ کافروں اور منافقوں کا (یہ) کہنا (کہ ہمارے ساتھ مذہبی سمجھوتہ کر لیں ہرگز) نہ مانیں اور اُن کی ایذاء ٗ رسانی سے درگزر فرمائیں، اور اللہ پر بھروسہ (جاری) رکھیں، اور اللہ ہی (حق و باطل کی معرکہ آرائی میں) کافی کارساز ہے o

And never agree to what the disbelievers and the hypocrites say (i.e., 'Conclude with us a religious agreement'). And disregard their hurtful misbehaviour, and maintain your trust in Allah (with persistence). And Allah alone is Sufficient as a Guardian (in the conflict between truth and falsehood).

إِنَّ اللَّهَ لَعَنَ الْكَافِرِيْنَ وَأَعَدَّ لَهُمْ سَعِيْراً (64)

ترجمہ: بےشک اللہ نے کافروں پر لعنت فرمائی ہے اور اُن کے لیے (دوزخ کی) بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہےo

Surely, Allah has cursed the disbelievers and readied for them the Blazing Fire (of Hell).

خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً لَّا يَجِدُوْنَ وَلِيّاً وَلَا نَصِيْراً (65)

ترجمہ: جس میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ نہ وہ کوئی حمایتی پائیں گے اور نہ مددگارo

They will dwell in it forever. They will find neither any caring friend nor any supporting helper.

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُولُوْنَ يَا لَيْتَنَا أَطَعْنَا اللَّهَ وَأَطَعْنَا الرَّسُولَا (66)

ترجمہ: جس دن ان کے مُنہ آتشِ دوزخ میں (بار بار) الٹائے جائیں گے (تو) وہ کہیں گے: اے کاش! ہم نے اللہ کی اطاعت کی ہوتی اور ہم نے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کی ہوتیo

On the Day when their faces will be (repeatedly) turned over in the Fire of Hell, they will say: 'Alas! Would that we had obeyed Allah and obeyed the Holy Messenger (blessings and peace be upon him)!'

وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَ نَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيْلَا (67)

ترجمہ: اور وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! بے شک ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کا کہا مانا تھا تو انہوں نے ہمیں (سیدھی) راہ سے بہکا دیاo

And they will say: 'O our Lord, surely we followed what our chiefs and the influential ones directed, so they turned us away from the (straight) path.

رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْناً كَبِيْراً (68)

ترجمہ: اے ہمارے رب! انہیں دوگنا عذاب دے اور اُن پر بہت بڑی لعنت کرo

O our Lord! Afflict them with double torment and lay on them a mighty curse.'

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُوماً جَهُولاً (72)

ترجمہ: بےشک ہم نے (اِطاعت کی) امانت آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کی تو انہوں نے اس (بوجھ) کے اٹھانے سے انکار کر دیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اسے اٹھا لیا، بے شک وہ (اپنی جان پر) بڑی زیادتی کرنے والا (ادائیگِ امانت میں کوتاہی کے انجام سے) بڑا بے خبر و نادان ہےo

Indeed, We offered the trust (of obedience) to the heavens and the earth and the mountains, but they declined to bear this (burden) and felt scared of it, but man took it on. Verily, he is given to wrongdoing (against his own soul), unwise and extremely ignorant (of the consequence of lapse in paying back the trust).

لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (73)

ترجمہ: (یہ) اس لیے کہ اللہ منافق مَردوں اور منافق عورتوں اور مشرِک مَردوں اور مشرِک عورتوں کو عذاب دے اور اللہ مومن مَردوں اور مومن عورتوں کی توبہ قبول فرمائے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

(This is) so because Allah torments the hypocrites, men and women, and the polytheists, men and women, and Allah accepts repentance of the believers, men and women. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ فاطر:

الَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ (7)

ترجمہ: کافر لوگوں کے لیے سخت عذاب ہے، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے ان کے لیے مغفرت اور بہت بڑا ثواب ہےo

There is a severe torment for those who disbelieve and there is forgiveness and a mighty reward for those who believe and keep doing pious deeds.

أَفَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ فَرَآهُ حَسَناً فَإِنَّ اللَّهَ يُضِلُّ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرَاتٍ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَصْنَعُونَ (8)

ترجمہ: بھلا جس شخص کے لیے اس کا برا عمل آراستہ کر دیا گیا ہو اور وہ اسے (حقیقتاً) اچھا سمجھنے لگے (کیا وہ مومنِ صالح جیسا ہو سکتا ہے)، سو بے شک اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہرا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، سو (اے جانِ جہاں!) ان پر حسرت اور فرطِ غم میں آپ کی جان نہ جاتی رہے، بے شک وہ جو کچھ سرانجام دیتے ہیں اللہ اسے خوب جاننے والا ہےo

So what about him whose evil action has been made attractive to him, but he (actually) starts to consider it good? (How can he be like a virtuous believer?) Surely, Allah holds astray whoever He wills and guides to the straight path whoever He wills. (O Life of the universe!) Let not your soul waste away in grief for them. Surely, Allah is Best Aware of whatever they do.

مَن كَانَ يُرِيدُ الْعِزَّةَ فَلِلَّهِ الْعِزَّةُ جَمِيعاً إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ وَالَّذِينَ يَمْكُرُونَ السَّيِّئَاتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَكْرُ أُوْلَئِكَ هُوَ يَبُورُ (10)

ترجمہ: جو شخص عزت چاہتا ہے تو اللہ ہی کے لیے ساری عزت ہے، پاکیزہ کلمات اسی کی طرف چڑھتے ہیں اور وہی نیک عمل (کے مدارج) کو بلند فرماتا ہے، اور جو لوگ بری چالوں میں لگے رہتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور ان کا مکر و فریب نیست و نابود ہو جائے گاo

Whoever desires honour, then to Allah belongs all honour. The pure words ascend to Him alone, and He is the One Who elevates (the grades of) a pious

deed. And those who are continually engaged in evil maneuvers, for them is severe punishment and their deceiving schemes will go void.

إِن تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيرٍ (14)

ترجمہ: (اے مشرکو!) اگر تم انہیں پکارو تو وہ (بت ہیں) تمہاری پکار نہیں سُن سکتے اور اگر (بالفرض) وہ سُن لیں تو تمہیں جواب نہیں دے سکتے، اور قیامت کے دن وہ تمہارے شِرک کا بالکل انکار کر دیں گے، اور تجھے خدائے باخبر جیسا کوئی خبردار نہ کرے گاo

(O polytheists!) If you call upon them (the idols), they cannot hear your call. But if (supposing) they (the idols) hear, they cannot give you an answer. And on the Day of Resurrection, they will downright deny your setting up of partners with Allah. And none will make you aware like Allah, the Well Aware.

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَالْبَصِيرُ (19)

ترجمہ: اور اندھا اور بینا برابر نہیں ہو سکتےo

And the blind and the seeing cannot be alike;

وَلَا الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُ (20)

ترجمہ: اور نہ تاریکیاں اور نہ نور (برابر ہو سکتے ہیں)o

Nor (can) the darkness and the light (be alike);

وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ (21)

ترجمہ: اور نہ سایہ اور نہ دھوپo

Nor the shade and the hot sun;

وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَن يَشَاءُ وَمَا أَنتَ بِمُسْمِعٍ مَّن فِي الْقُبُورِ (22)

ترجمہ: اور نہ زندہ لوگ اور نہ مُردے برابر ہو سکتے ہیں، بے شک اللہ جسے چاہتا ہے سنا دیتا ہے، اور آپ کے ذِمّے اُن کو سنانا نہیں جو قبروں میں (مدفون مُردوں کی مانند) ہیں (یعنی آپ کافروں سے اپنی بات قبول کروانے کے ذمّہ دار نہیں ہیں)☆o

☆ یہاں پر مَن فِی الْقُبُورِ (قبروں میں مدفون مُردوں) سے مراد کافر ہیں۔ اَئمہ تفسیر نے صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے یہی معنی بیان کیا ہے۔ بطور حوالہ ملاحظہ فرمائیں: تفسیر البغوی (3:569)، زاد المسیر لابن الجوزی (7:484)، تفسیر القرطبی (14:340)، تفسیر الخازن (3:498)، تفسیر ابن کثیر (3:553)، تفسیر اللباب لابی حفص الحنبلی (15:199، 200)، الدر المنثور للسیوطی (7:18)، اور فتح القدیر للشوکانی (4:346)

Nor can the living and the dead be alike. Surely, Allah makes whom He wills hear, and it is not your responsibility to make those hear who are (like those buried) in the graves* (i.e., you are not responsible to make the disbelievers accept what you say).

*** Here the words man fi'l-qubur (who are [like those buried] in the graves) allude to the disbelievers. The leading exegetes have reported that the**

Companions and the Followers narrated the same meaning. References: Tafsir al-Baghawi (3:569); Zad al-Masir by Ibn al-Jawzi (7:484); Tafsir al-Qurtubi (14:340); Tafsir al-Khazin (3:498); Tafsir Ibn Kathir (3:553); Tafsir al-Lubab by Ibn 'Adil al-Damashqi (15:199-200); al-Durr al-Manthur by al-Suyuti (7:18) and Fath al-Qadir by al-Shawkani (4:346).

ثُمَّ أَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ **(26)**

ترجمہ: پھر میں نے ان کافروں کو (عذاب میں) پکڑ لیا سو میرا انکار (کیا جانا) کیسا (عبرت ناک) ثابت ہوا○

Then I seized those disbelievers (with the torment). So how (awful) was My denial indeed!

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا يُقْضَى عَلَيْهِمْ فَيَمُوتُوا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُم مِّنْ عَذَابِهَا كَذَلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ **(36)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے دوزخ کی آگ ہے، نہ ان پر (موت کا) فیصلہ کیا جائے گا کہ مر جائیں اور نہ ان سے عذاب میں سے کچھ کم کیا جائے گا، اسی طرح ہم ہر نافرمان کو بدلہ دیا کرتے ہیں○

And those who disbelieved, for them is the Fire of Hell. Neither will (death) be decreed for them that they should die, nor will anything of their torment be lessened. We pay back every disobedient person the same way.

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ فَمَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ وَلَا يَزِيْدُ الْكَافِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ إِلَّا مَقْتاً وَلَا يَزِيْدُ الْكَافِرِيْنَ كُفْرُهُمْ إِلَّا خَسَاراً **(39)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں (گزشتہ اقوام کا) جانشین بنایا، پس جس نے کفر کیا سو اس کا وبالِ کفر اسی پر ہوگا، اور کافروں کے حق میں ان کا کفر اُن کے رب کے حضور سوائے ناراضگی کے اور کچھ نہیں بڑھاتا، اور کافروں کے حق میں ان کا کفر سوائے نقصان کے کسی (بھی) اور چیز کا اضافہ نہیں کرتا○

He is the One Who made you successors (of former communities) in the earth. So the one who disbelieves is to face the suffering of disbelief. And the denial of the disbelievers increases nothing for them in the sight of their Lord except His displeasure. And the infidels' disbelief adds to them nothing but loss.

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن جَاءهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُونُنَّ أَهْدَى مِنْ إِحْدَى الْأُمَمِ فَلَمَّا جَاءهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ إِلَّا نُفُوراً **(42)**

ترجمہ: اور یہ لوگ اللہ کے ساتھ بڑی پختہ قَسمیں کھایا کرتے تھے کہ اگر اُن کے پاس کوئی ڈر سنانے والا آ جائے تو یہ ضرور ہر ایک امّت سے بڑھ کر راہِ راست پر ہوں گے، پھر جب اُن کے پاس ڈر سنانے والے (نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تشریف لے آئے تو اس سے اُن کی حق سے بیزاری میں اضافہ ہی ہوا○

And they used to swear solemn oaths by Allah that if a Warner came to them, they would certainly be far more on the straight path than any other community. But when the Warner (the Final Messenger of Allah [blessings and

peace be upon him]) came to them, it only increased their aversion to the truth.

اسْتِكْبَاراً فِي الْأَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّءِ وَلَا يَحِيقُ الْمَكْرُ السَّيِّءُ إِلَّا بِأَهْلِهِ فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ فَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَبْدِيلًا وَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللَّهِ تَحْوِيلًا **(43)**

ترجمہ: (انہوں نے) زمین میں اپنے آپ کو سب سے بڑا سمجھنا اور بری چالیں چلنا (اختیار کیا)، اور بُری چالیں اُسی چال چلنے والے کو ہی گھیر لیتی ہیں، سو یہ اگلے لوگوں کی رَوِش (عذاب) کے سوا (کسی اور چیز کے) منتظر نہیں ہیں۔ سو آپ اللہ کی سُنّت میں ہرگز کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے اور نہ ہی اللہ کی سنت میں ہرگز کوئی پھرنا پائیں گےo

(They opted) to consider themselves the greatest in the earth and to maneuver evil schemes. And the evil schemes encompass only the schemer. So they are waiting (for nothing) but the pattern of (torment that seized) the bygone people. And you will not find any amendment in Allah's Sunna. Nor will you find any divergence (and digression) in Allah's Sunna.

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَكَانُوا أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُعْجِزَهُ مِن شَيْءٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ إِنَّهُ كَانَ عَلِيماً قَدِيراً **(44)**

ترجمہ: کیا یہ لوگ زمین میں چلتے پھرتے نہیں ہیں کہ دیکھ لیتے کہ اُن لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو اِن سے پہلے تھے حالاں کہ وہ اِن سے کہیں زیادہ زور آور تھے، اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ آسمانوں میں کوئی بھی چیز اسے عاجز کر سکے اور نہ ہی زمین میں (ایسی کوئی چیز ہے)، بے شک وہ بہت علم والا بڑی قدرت والا ہےo

Have they not travelled in the land and seen what was the end of the people who have passed before them? They were far more powerful than these people are. And nothing in the heavens or earth can make Allah helpless. Indeed, He is All-Knowing, All-Powerful.

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللَّهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوا مَا تَرَكَ عَلَى ظَهْرِهَا مِن دَابَّةٍ وَلَكِن يُؤَخِّرُهُمْ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى فَإِذَا جَاء أَجَلُهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِعِبَادِهِ بَصِيراً **(45)**

ترجمہ: اور اگر اللہ لوگوں کو اُن اعمالِ (بد) کے بدلے جو انہوں نے کما رکھے ہیں (عذاب کی) گرفت میں لینے لگے تو وہ اس زمین کی پشت پر کسی چلنے والے کو نہ چھوڑے لیکن وہ انہیں مقررہ مدّت تک مہلت دے رہا ہے۔ پھر جب ان کا مقررہ وقت آ جائے گا تو بے شک اللہ اپنے بندوں کو خوب دیکھنے والا ہےo

And if Allah were to seize people (by torment) for the (evil) deeds which they have earned, He would not spare any moving creature on the surface of the earth. But He is giving them respite till an appointed time. Then when their appointed time comes, Allah is Ever-Vigilant of His servants.

سورۃ یٰس:

لِتُنذِرَ قَوْماً مَّا أُنذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ (6)

ترجمہ: تاکہ آپ اس قوم کو ڈر سنائیں جن کے باپ دادا کو (بھی) نہیں ڈرایا گیا سو وہ غافل ہیں o

That you may warn the people whose fathers were (also) not warned. So they are careless and neglectful.

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلَى أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (7)

ترجمہ: درحقیقت اُن کے اکثر لوگوں پر ہمارا فرمان (سچ) ثابت ہو چکا ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گے o

In fact, Our command has proved true against most of them. So they will not believe.

إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالاً فَهِيَ إِلَى الأَذْقَانِ فَهُم مُّقْمَحُونَ (8)

ترجمہ: بے شک ہم نے اُن کی گردنوں میں طوق ڈال دیے ہیں تو وہ اُن کی ٹھوڑیوں تک ہیں، پس وہ سر اوپر اٹھائے ہوئے ہیں o

Surely, We have put iron collars round their necks reaching their chins. So they have raised their heads up.

وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدّاً وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدّاً فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ (9)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کے آگے سے (بھی) ایک دیوار اور اُن کے پیچھے سے (بھی) ایک دیوار بنا دی ہے، پھر ہم نے اُن (کی آنکھوں) پر پردہ ڈال دیا ہے سو وہ کچھ نہیں دیکھتے o

And We have set a barrier before them and a barrier behind them, and We have cast a veil over their eyes so they do not see anything.

وَسَوَاء عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ (10)

ترجمہ: اور اُن پر برابر ہے خواہ آپ انہیں ڈرائیں یا انہیں نہ ڈرائیں وہ ایمان نہ لائیں گے o

And it is all the same for them whether you warn or do not warn them, they will not believe.

وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبّاً فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ (33)

ترجمہ: اور اُن کے لیے ایک نشانی مُردہ زمین ہے، جسے ہم نے زندہ کیا اور ہم نے اس سے (اناج کے) دانے نکالے، پھر وہ اس میں سے کھاتے ہیں o

And a sign for them is the dead earth to which We gave life, and We brought forth from it (grain); then they eat of it.

وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ الْعُيُونِ (34)

ترجمہ: اور ہم نے اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغات بنائے اور اس میں ہم نے کچھ چشمے بھی جاری کر دیے o

And We produced in it gardens of date-palms and grapes, and also caused some springs as well to gush forth in it,

لِيَأْكُلُوا مِن ثَمَرِهِ وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ أَفَلَا يَشْكُرُونَ (35)

ترجمہ: تاکہ وہ اس کے پھل کھائیں اور اسے اُن کے ہاتھوں نے نہیں بنایا، پھر (بھی) کیا وہ شکر نہیں کرتےo

So that they may eat of its fruits. And it is not their hands that made it. Do they not thank (even) then?

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّقُوا مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (45)

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (عذاب) سے ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے تاکہ تم پر رحم کیا جائےo

And (recall) when it is said to them: 'Fear that (torment) which is before you and which is behind you so that you may be shown mercy.'

وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ (46)

ترجمہ: اور اُن کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی (بھی) نشانی اُن کے پاس نہیں آتی مگر وہ اس سے رُوگردانی کرتے ہیںo

And not a sign of the signs of their Lord comes to them but they turn away from it.

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (47)

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم اس میں سے (راہِ خدا میں) خرچ کرو جو تمہیں اللہ نے عطا کیا ہے تو کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں: کیا ہم اس (غریب) شخص کو کھلائیں جسے اگر اللہ چاہتا تو (خود ہی) کھلا دیتا۔ تم تو کھلی گمراہی میں ہی (مبتلا) ہو گئے ہوo

And when it is said to them: 'Spend (in the way of Allah) of what Allah has given you,' the disbelievers say to the believers: 'Shall we feed that (poor) man whom, if Allah so willed, He would feed (Himself)?' You are but (caught) in clear error.

وَيَقُولُونَ مَتَى هَذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (48)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدۂ (قیامت) کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہوo

And they say: 'When will this promise (of the Last Hour) be fulfilled if you are truthful?'

مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُونَ (49)

ترجمہ: وہ لوگ صرف ایک سخت چنگھاڑ کے ہی منتظر ہیں جو انہیں (اچانک) پکڑے گی اور وہ آپس میں جھگڑ رہے ہوں گےo

They are simply waiting for a Mighty Blast which will seize them (all of a sudden), and they will be disputing amongst themselves.

فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَا إِلَى أَهْلِهِمْ يَرْجِعُونَ (50)

ترجمہ: پھر وہ نہ تو وصیّت کرنے کے ہی قابل رہیں گے اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف واپس پلٹ سکیں گےo

Then they will not be able to make a will or to return to their families.

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ (59)

ترجمہ: اورائے مجرمو!تم آج (نیکوکاروں سے) الگ ہوجاؤo

'And, O evildoers, get aside (from the righteous) this Day.

اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ (64)

ترجمہ: آج اس دوزخ میں داخل ہوجاؤاس وجہ سے کہ تم کفر کرتے رہے تھےo

Enter this Hell Today, for you kept disbelieving.'

وَلَوْ نَشَاء لَطَمَسْنَا عَلَى أَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَأَنَّى يُبْصِرُونَ (66)

ترجمہ: اوراگرہم چاہتے تو اُن کی آنکھوں کے نشان تک مِٹا دیتے پھر وہ راستے پر دوڑتے تو کہاں دیکھ سکتےo

And if We had so willed, We would have obliterated the very marks of their eyes. Then if they would have run on the path, how could they have seen?

وَلَوْ نَشَاء لَمَسَخْنَاهُمْ عَلَى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوا مُضِيّاً وَلَا يَرْجِعُونَ (67)

ترجمہ: اوراگرہم چاہتے تو اُن کی رہائش گاہوں پر ہی ہم ان کی صورتیں بگاڑ دیتے پھر نہ وہ آگے جانے کی قدرت رکھتے اور نہ ہی واپس لوٹ سکتےo

And if We had so intended, We would have defaced them in their places. Then they would have power neither to go forward nor to turn back.

لِيُنذِرَ مَن كَانَ حَيّاً وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِينَ (70)

ترجمہ: تاکہ وہ اس شخص کوڈرسنائیں جوزندہ ہواورکافروں پرفرمانِ حجت ثابت ہوجائےo

So that it may warn the one who is alive, and the word of judgment may be proved against the disbelievers.

وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ (74)

ترجمہ: اورانہوں نے اللہ کےسوابتوں کومعبود بنالیاہےاس امید پرکہ ان کی مدد کی جائے گیo

And they have made idols their gods other than Allah with the hope that they will be helped.

لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ (75)

ترجمہ: وہ بت اُن کی مدد کی قدرت نہیں رکھتے اور یہ (کفارومشرکین) اُن (بتوں) کے لشکر ہوں گے جو (اکٹھے دوزخ میں) حاضرکردیے جائیں گےo

These idols are incapable of helping them. And these (disbelievers and polytheists) will be an army of these (idols) that will be brought (into Hell together).

فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ (76)

ترجمہ: پس اُن کی باتیں آپ کورنجیدہ خاطرنہ کریں، بےشک ہم جانتے ہیں جوکچھ وہ چھپاتے ہیں اور جوکچھ وہ ظاہرکرتے ہیںo

So let not what they utter hurt you. Surely, We know whatever they hide and whatever they make public.

سورۃ الصافات:

فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقاً أَم مَّنْ خَلَقْنَا إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ (11)

ترجمہ: اِن سے پوچھئے کہ کیا یہ لوگ تخلیق کیے جانے میں زیادہ سخت (اور مشکل) ہیں یا وہ چیزیں جنہیں ہم نے (آسمانی کائنات میں) تخلیق فرمایا ہے، بے شک ہم نے اِن لوگوں کو چپکنے والے گارے سے پیدا کیا ہےo

Ask them: 'Are they harder (and more difficult) to create, or those things which We have created (in the heavenly universe)? Surely, We have created them from sticky clay.'

بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ (12)

ترجمہ: بلکہ آپ تعجب فرماتے ہیں اور وہ مذاق اڑاتے ہیںo

But you express your wonder whilst they make fun.

وَإِذَا ذُكِّرُوا لَا يَذْكُرُونَ (13)

ترجمہ: اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو نصیحت قبول نہیں کرتےo

And when they are given advice, they do not accept it.

وَإِذَا رَأَوْا آيَةً يَسْتَسْخِرُونَ (14)

ترجمہ: اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو تمسخر کرتے ہیںo

And when they see some sign, they mock it,

وَقَالُوا إِنْ هَذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ (15)

ترجمہ: اور کہتے ہیں کہ یہ تو صرف کھلا جادو ہےo

And say: 'This is but obvious magic.

أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ (16)

ترجمہ: کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو ہم یقینی طور پر (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے جائیں گےo

What! When we are dead and turned to dust and bones, shall we certainly be raised (alive again)?

أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ (17)

ترجمہ: اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (اٹھائے جائیں گے)o

And shall our forefathers too (be raised)?'

قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَاخِرُونَ (18)

ترجمہ: فرما دیجیے: ہاں اور (بلکہ) تم ذلیل و رسوا (بھی) ہو گےo

Say: 'Yes, (of course,) and you will be disgraced and humiliated (as well).'

فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ (19)

ترجمہ: پس وہ تو محض ایک (زوردار آواز کی) سخت جھڑک ہوگی سو سب اچانک (اٹھ کر) دیکھنے لگ جائیں گےo

So, it will be merely a single dreadful shout (of a stern call). Then all will suddenly (rise and) begin to stare.

وَقَالُوا يَا وَيْلَنَا هَذَا يَوْمُ الدِّينِ (20)

ترجمہ: اور کہیں گے: ہائے ہماری شامت! یہ تو جزا کا دن ہےo

And they will say: 'Woe to us! This is the Day of Requital.'

هَذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِي كُنتُمْ بِهِ تُكَذِّبُونَ (21)

ترجمہ: (کہا جائے گا: ہاں) یہ وہی فیصلہ کا دن ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said: 'Yes,) this is the same Day of Judgment which you used to reject.

احْشُرُوا الَّذِينَ ظَلَمُوا وَأَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوا يَعْبُدُونَ (22)

ترجمہ: اُن (سب) لوگوں کو جمع کرو جنہوں نے ظلم کیا اور ان کے ساتھیوں اور پیروکاروں کو (بھی) اور اُن (معبودانِ باطلہ) کو (بھی) جنہیں وہ پوجا کرتے تھےo

Assemble all those who committed injustice as well as their companions and followers and those (false gods) that they used to worship,

مِن دُونِ اللَّهِ فَاهْدُوهُمْ إِلَى صِرَاطِ الْجَحِيمِ (23)

ترجمہ: اللہ کو چھوڑ کر، پھر ان سب کو دوزخ کی راہ پر لے چلوo

Besides Allah. Then take them to the path of Hell.

وَقِفُوهُمْ إِنَّهُم مَّسْئُولُونَ (24)

ترجمہ: اور انہیں (صراط کے پاس) روکو، اُن سے پوچھ گچھ ہوگیo

And halt them (near the passage); they shall be interrogated.'

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُونَ (25)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) تمہیں کیا ہوا تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟o

(It will be said to them:) 'What has happened to you that you do not help one another?'

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ (26)

ترجمہ: (وہ مدد کیا کریں گے) بلکہ آج تو وہ خود گردنیں جھکائے کھڑے ہوں گےo

(What help can they provide?) For, in truth, they will be standing bending their necks Today.

وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَسَاءلُونَ (27)

ترجمہ: اور وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر باہم سوال کریں گےo

And turning to one another, they will mutually question.

قَالُوا إِنَّكُمْ كُنتُمْ تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ (28)

ترجمہ: وہ کہیں گے: بے شک تم ہی تو ہمارے پاس دائیں طرف سے (یعنی اپنے حق پر ہونے کی قسمیں کھاتے ہوئے) آیا کرتے تھےo

They will say: 'Surely, it is you who used to come to us from the right side (i.e., asserting on oath of being right).'

قَالُوا بَل لَّمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ (29)

ترجمہ: (انہیں گمراہ کرنے والے پیشوا) کہیں گے: بلکہ تم خود ہی ایمان لانے والے نہ تھےo

(Their misleading leaders) will say: 'The truth is that it was you yourselves who did not believe.

وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُم مِّن سُلْطَانٍ بَلْ كُنتُمْ قَوْماً طَاغِينَ (30)

ترجمہ: اور ہمارا تم پر کچھ زور (اور دباؤ) نہ تھا بلکہ تم خود سرکش لوگ تھےo

Nor did we have any authority (and control) over you. But you yourselves were a rebellious people.

فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا إِنَّا لَذَائِقُونَ (31)

ترجمہ: پس ہم پر ہمارے رب کا فرمان ثابت ہو گیا۔ (اب) ہم ذائقۂ (عذاب) چکھنے والے ہیںo

So the command of our Lord has been proved against us. (Now) we are about to taste (the torment).

فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ (32)

ترجمہ: سو ہم نے تمہیں گمراہ کر دیا بے شک ہم خود گمراہ تھےo

So we led you astray. Surely, we ourselves had gone astray.'

فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ (33)

ترجمہ: پس اس دن عذاب میں وہ (سب) باہم شریک ہوں گےo

So on that Day, they (all) will share the torment.

إِنَّا كَذَلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ (34)

ترجمہ: بے شک ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے ہیںo

No doubt, this is how We deal with the sinners.

إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ (35)

ترجمہ: یقیناً وہ ایسے لوگ تھے کہ جب ان سے کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں تو وہ تکبّر کرتے تھےo

Surely, they were such people that when it was said to them: 'There is none worthy of worship except Allah,' they used to show arrogance,

وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُوا آلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُونٍ (36)

ترجمہ: اور کہتے تھے: کیا ہم ایک دیوانے شاعر کی خاطر اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے ہیںo

And used to say: 'Are we going to forsake our gods for the sake of an insane poet?'

بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ (37)

ترجمہ: (وہ نہ مجنوں ہے نہ شاعر) بلکہ وہ (دینِ) حق لے کر آئے ہیں اور انہوں نے (اللہ کے) پیغمبروں کی تصدیق کی ہےo

(He is neither an insane person nor a poet.) He has rather brought the truth (Din [Religion]) and confirmed the Messengers (of Allah).

إِنَّكُمْ لَذَائِقُو الْعَذَابِ الْأَلِيْمِ (38)

ترجمہ: بے شک تم دردناک عذاب کا مزہ چکھنے والے ہوo

Verily, you are about to taste the painful torment.

وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (39)

ترجمہ: اور تمہیں (کوئی) بدلہ نہیں دیا جائے گا مگر صرف اسی کا جو تم کیا کرتے تھےo

And you will not be given (any) reward but for what you used to do.

فَاسْتَفْتِهِمْ أَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ (149)

ترجمہ: پس آپ اِن (کفّارِ مکّہ) سے پوچھئے کیا آپ کے رب کے لیے بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے ہیںo

So ask these (disbelievers of Mecca): 'Are there daughters for your Lord and sons for them?

أَمْ خَلَقْنَا الْمَلَائِكَةَ إِنَاثاً وَهُمْ شَاهِدُوْنَ (150)

ترجمہ: کیا ہم نے فرشتوں کو عورتیں بنا کر پیدا کیا تو وہ اس وقت (موقع پر) حاضر تھےo

Did We create the angels as females and were they present (on the occasion)?'

أَلَا إِنَّهُم مِّنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ (151)

ترجمہ: سن لو! وہ لوگ یقیناً اپنی بہتان تراشی سے (یہ) بات کرتے ہیںo

Listen! They assuredly say (this) out of their fabrications,

وَلَدَ اللّٰهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُوْنَ (152)

ترجمہ: کہ اللہ نے اولاد جنی، اور بے شک یہ لوگ جھوٹے ہیںo

That Allah has begotten children and surely they are liars.

أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِيْنَ (153)

ترجمہ: کیا اس نے بیٹوں کے مقابلہ میں بیٹیوں کو پسند فرمایا ہے (کفّارِ مکّہ کی ذہنیت کی زبان میں انہی کے عقیدے کا ردّ کیا جا رہا ہے)o

Has He chosen daughters instead of sons? (The creed of the disbelievers of Mecca is being refuted in the language of their logic and mentality.)

مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ (154)

ترجمہ: تمہیں کیا ہوا ہے؟ تم کیسا انصاف کرتے ہو؟o

What is the matter with you? How do you judge?

أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (155)

ترجمہ: کیا تم غور نہیں کرتے؟o

Do you not ponder?

أَمْ لَكُمْ سُلْطَانٌ مُّبِينٌ (156)

ترجمہ: کیا تمہارے پاس (اپنے فکر و نظریہ پر) کوئی واضح دلیل ہےo

Do you have any clear proof (to establish your philosophy and ideology)?

فَأْتُوا بِكِتَابِكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (157)

ترجمہ: تم اپنی کتاب پیش کرو اگر تم سچے ہوo

Produce your book if you are truthful.

وَجَعَلُوا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَباً وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ (158)

ترجمہ: اور انہوں نے (تو) اللہ اور جِنّات کے درمیان (بھی) نسبی رشتہ مقرر کر رکھا ہے، حالاں کہ جنّات کو معلوم ہے کہ وہ (بھی اللہ کے حضور) یقیناً پیش کیے جائیں گےo

And they have fabricated a blood relationship between Allah and the jinn (as well), whereas the jinn know that they (too) will be made to appear (before the presence of Allah).

سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ (159)

ترجمہ: اللہ ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیںo

Holy is Allah, Transcendent of what they utter.

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ (160)

ترجمہ: مگر اللہ کے چُنیدہ و برگزیدہ بندے (اِن باتوں سے مستثنٰی ہیں)o

But the chosen and exalted servants of Allah (do not say such things; they are not amongst them).

فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ (161)

ترجمہ: پس تم اور جن (بتوں) کی تم پرستش کرتے ہوo

So you and (the idols) which you worship,

مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ بِفَاتِنِينَ (162)

ترجمہ: تم سب اللہ کے خلاف کسی کو گمراہ نہیں کر سکتےo

You all cannot misguide (anyone against Allah),

إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيمِ (163)

ترجمہ: سوائے اس شخص کے جو دوزخ میں جا گرنے والا ہےo

Except the one who is bound to fall into Hell.

وَإِنْ كَانُوا لَيَقُولُونَ (167)

ترجمہ: اور یہ لوگ یقیناً کہا کرتے تھےo

And no doubt, these people used to say:

لَوْ أَنَّ عِندَنَا ذِكْراً مِّنَ الْأَوَّلِينَ (168)

ترجمہ: کہ اگر ہمارے پاس (بھی) پہلے لوگوں کی کوئی (کتابِ) نصیحت ہوتیo

'If we (too) had some (Book) of direction and guidance from the bygone people,

لَكُنَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ (169)

ترجمہ: تو ہم (بھی) ضرور اللہ کے برگزیدہ بندے ہوتےo

Then, certainly, we (too) would have been Allah's exalted servants.'

فَكَفَرُوا بِهِ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (170)

ترجمہ: پھر (اب) وہ اس (قرآن) کے منکر ہو گئے سو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گےo

But (now) they have rejected this (Qur'an). So they will soon come to know (their end).

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ (171)

ترجمہ: اور بے شک ہمارا فرمان ہمارے بھیجے ہوئے بندوں (یعنی رسولوں) کے حق میں پہلے صادر ہو چکا ہےo

And verily, Our command has been put into effect in respect of the servants whom We sent (i.e., the Messengers),

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّى حِينٍ (174)

ترجمہ: پس ایک وقت تک آپ ان سے توجّہ ہٹا لیجئےo

So turn your attention away from them for a time.

وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ (175)

ترجمہ: اور انہیں (برابر) دیکھتے رہیے سو وہ عنقریب (اپنا انجام) دیکھ لیں گےo

And keep watching them (constantly). So they will soon come to know (their end).

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ (180)

ترجمہ: آپ کا رب، جو عزت کا مالک ہے اُن (باتوں) سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیںo

Holy is your Lord, the Lord of Honour, Transcendent above these (things) which they utter.

سورۃ ص:

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فِيْ عِزَّةٍ وَشِقَاقٍ (2)

ترجمہ: بلکہ کافر لوگ (ناحق) حمیّت وتکبّر میں اور (ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) مخالفت وعداوت میں (مبتلا) ہیںo

But the disbelievers are in (the trouble of undue and unjust) conceit and arrogance, (suffering from) opposition and enmity (against Our Esteemed Prophet).

كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ فَنَادَوْا وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ (3)

ترجمہ: ہم نے کتنی ہی امّتوں کو اُن سے پہلے ہلاک کر دیا تو وہ (عذاب کو دیکھ کر) پکارنے لگے حالاں کہ اب خلاصی (اور رہائی) کا وقت نہیں رہا تھاo

How many a community We have destroyed before them! And they started crying (on seeing the torment) when there was no time left for deliverance (and release).

وَعَجِبُوا أَن جَاءهُم مُّنذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا سَاحِرٌ كَذَّابٌ (4)

ترجمہ: اور انہوں نے اس بات پر تعجب کیا کہ ان کے پاس اُن ہی میں سے ایک ڈر سنانے والا آ گیا ہے۔ اور کفّار کہنے لگے: یہ جادوگر ہے، بہت جھوٹا ہےo

And they wondered that a Warner had come to them from amongst themselves and the disbelievers said: 'He is a magician, a great liar.

أَجَعَلَ الْآلِهَةَ إِلَهاً وَاحِداً إِنَّ هَذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ (5)

ترجمہ: کیا اس نے سب معبودوں کو ایک ہی معبود بنا رکھا ہے؟ بے شک یہ تو بڑی ہی عجیب بات ہےo

Has he turned all the gods into one God? That is indeed a very strange thing!'

وَانطَلَقَ الْمَلَأُ مِنْهُمْ أَنِ امْشُوا وَاصْبِرُوا عَلَى آلِهَتِكُمْ إِنَّ هَذَا لَشَيْءٌ يُرَادُ (6)

ترجمہ: اور اُن کے سردار (ابوطالب کے گھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مجلس سے اٹھ کر) چل کھڑے ہوئے (باقی لوگوں سے) یہ کہتے ہوئے کہ تم بھی چل پڑو، اور اپنے معبودوں (کی پرستش) پر ثابت قدم رہو، یہ ضرور ایسی بات ہے جس میں کوئی غرض (اور مراد) ہےo

And their chiefs (stood up terminating their meeting with the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] at Abu Talib's house) and walked out saying (to the rest of the people): 'You also walk out, and be firm-footed in (worshipping) your gods. There is for sure some motive (and purpose) behind it.

مَا سَمِعْنَا بِهَذَا فِي الْمِلَّةِ الْآخِرَةِ إِنْ هَذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ (7)

ترجمہ: ہم نے اس (عقیدۂ توحید) کو آخری ملّتِ (نصرانی یا مذہبِ قریش) میں بھی نہیں سنا، یہ صرف خود ساختہ جھوٹ ہےo

We have not heard of this (belief in the Oneness of God) even amongst the last community (of Christianity or the religion of the Quraysh). This is but a fabricated lie.

أَأُنزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِن بَيْنِنَا بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِّن ذِكْرِي بَلْ لَمَّا يَذُوقُوا عَذَابِ (8)

ترجمہ: کیا ہم سب میں سے اسی پر یہ ذکر (یعنی قرآن) اتارا گیا ہے؟ بلکہ وہ میرے ذکر کی نسبت شک میں (گرفتار) ہیں، بلکہ انہوں نے ابھی میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھاo

Has this admonition (the Qur'an) been sent down to him alone out of all of us?' To be more precise, they are (caught) in doubt about My admonition. But in truth they have not yet tasted My torment.

أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيزِ الْوَهَّابِ (9)

ترجمہ: کیا ان کے پاس آپ کے رب کی رحمت کے خزانے ہیں جو غالب ہے بہت عطا فرمانے والا ہے؟o

Do they have the treasures of the mercy of your Lord, Who is the Almighty, the Most Benevolent?

أَمْ لَهُم مُّلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَلْيَرْتَقُوا فِي الْأَسْبَابِ (10)

ترجمہ: یا اُن کے پاس آسمانوں اور زمین کی اور جو کچھ اِن دونوں کے درمیان ہے اس کی بادشاہت ہے؟ (اگر ہے) تو انہیں چاہئے کہ رسّیاں باندھ کر (آسمان پر) چڑھ جائیںo

Or do they possess the kingdom of the heavens and the earth and all that is between them? (If so,) then they should tie up ropes and climb up (to heaven).

جُندٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِّنَ الْأَحْزَابِ (11)

ترجمہ: (کفّار کے) لشکروں میں سے یہ ایک حقیر سا لشکر ہے جو اسی جگہ شکست خوردہ ہونے والا ہےo

They are just a worthless army of the armies (of the disbelievers) that is about to be badly defeated at this very place.

وَمَا يَنظُرُ هَؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَّا لَهَا مِن فَوَاقٍ (15)

ترجمہ: اور یہ سب لوگ ایک نہایت سخت آواز (چنگھاڑ) کا انتظار کر رہے ہیں جس میں کچھ بھی توقّف نہ ہوگاo

And all of them are waiting for a single mighty blast (shout) in which there will be no deferment.

وَقَالُوا رَبَّنَا عَجِّل لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ (16)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: اے ہمارے رب! روزِ حساب سے پہلے ہی ہمارا حصّہ ہمیں جلد دے دےo

And they say: 'O our Lord, hasten to us our share even before the Day of Reckoning.'

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ذَلِكَ ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ (27)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کائنات دونوں کے درمیان ہے اسے بے مقصد و بے مصلحت نہیں بنایا۔ یہ (بے مقصد یعنی اتفاقیہ تخلیق) کافر لوگوں کا خیال و نظریہ ہے۔ سو کافر لوگوں کے لیے آتشِ دوزخ کی ہلاکت ہےo

And We have not created the heavens and the earth and all that is between them without any purpose and good reason. It is the view and concept of the disbelievers (that this is a purposeless creation that came about by chance). So for the disbelievers there is torment of the Fire of Hell.

هَذَا وَإِنَّ لِلطَّاغِيْنَ لَشَرَّ مَآبٍ (55)

ترجمہ: یہ (تو مومنوں کے لیے ہے)، اور بے شک سرکشوں کے لیے بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

This (is for the believers), and surely for the defiant there is an extremely evil abode.

جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمِهَادُ (56)

ترجمہ: (وہ) دوزخ ہے، اس میں وہ داخل ہوں گے، سو بہت ہی بُرا بچھونا ہےo

(That is) Hell which they will enter, and that is extremely evil bedding.

هَذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيْمٌ وَغَسَّاقٌ (57)

ترجمہ: یہ (عذاب ہے) پس انہیں یہ چکھنا چاہئے کھولتا ہوا پانی ہے اور پیپ ہےo

This (is punishment) so they should taste it: boiling water and pus.

وَآخَرُ مِن شَكْلِهِ أَزْوَاجٌ (58)

ترجمہ: اور اسی شکل میں اور بھی طرح طرح کا (عذاب) ہےo

And there is also a variety of (torments of) similar nature.

هَذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ لَا مَرْحَباً بِهِمْ إِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ (59)

ترجمہ: (دوزخ کے داروغے یا پہلے سے موجود جہنمی کہیں گے:) یہ ایک (اور) فوج ہے جو تمہارے ساتھ (جہنم میں) گھستی چلی آ رہی ہے، انہیں کوئی خوش آمدید نہیں، بے شک وہ (بھی) دوزخ میں داخل ہونے والے ہیںo

(The Guards of Hell or the inmates of Hell already there will say:) 'This is an(other) army which is rushing into Hell along with you. There is no welcome for them. Surely, they (too) are about to enter Hell.'

قَالُوا بَلْ أَنتُمْ لَا مَرْحَباً بِكُمْ أَنتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا فَبِئْسَ الْقَرَارُ (60)

ترجمہ: وہ (آنے والے) کہیں گے: بلکہ تم ہی ہو کہ تمہیں کوئی فراخی نصیب نہ ہو، تم ہی نے یہ (کفر اور عذاب) ہمارے سامنے پیش کیا، سو (یہ) بری قرارگاہ ہےo

They (the arrivals) will say: 'In fact, it is you; may there be no reception for you! It is but you who brought us this (disbelief and torment). So (this) is an evil resting place.'

قَالُوا رَبَّنَا مَن قَدَّمَ لَنَا هَذَا فَزِدْهُ عَذَاباً ضِعْفاً فِي النَّارِ (61)

ترجمہ: وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! جس نے یہ (کفر یا عذاب) ہمارے لیے پیش کیا تھا تو اسے دوزخ میں دوگنا عذاب بڑھا دےo

They will say: 'O our Lord, the one who brought for us this (disbelief or torment), increase his torment in Hell twofold.'

وَقَالُوا مَا لَنَا لَا نَرَى رِجَالاً كُنَّا نَعُدُّهُم مِّنَ الْأَشْرَارِ (62)

ترجمہ: اور وہ کہیں گے: ہمیں کیا ہو گیا ہے ہم (اُن) اشخاص کو (یہاں) نہیں دیکھتے جنہیں ہم برے لوگوں میں شمار کرتے تھےo

And they will say: 'What is the matter with us that we do not see (those) persons (here) we used to count amongst the evil people?'

أَتَّخَذْنَاهُمْ سِخْرِيّاً أَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ الْأَبْصَارُ (63)

ترجمہ: کیا ہم ان کا (ناحق) مذاق اڑاتے تھے یا ہماری آنکھیں انہیں (پہچاننے) سے چوک گئی تھیں (یہ عمّار، خباب، صُہیب، بلال اور سلمان رضی اللہ عنہما جیسے فقراء اور درویش تھے)o

Did we use to scoff at them (unjustly) or did our eyes miss (to recognize) them? (These were the sold-to-God divines like 'Ammar, Khabab, Suhayb, Bilal and Salman, [may Allah be well pleased with all of them.])

إِنَّ ذَلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ النَّارِ (64)

ترجمہ: بے شک یہ اہلِ جہنم کا آپس میں جھگڑنا یقیناً حق ہےo

Surely, this mutual dispute of the inmates of Hell is true.

إِلَّا إِبْلِيسَ اسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ (74)

ترجمہ: سوائے ابلیس کے، اس نے (شانِ نبوّت کے سامنے) تکبّر کیا اور کافروں میں سے ہو گیاo

Except Iblis. He showed arrogance (against the dignity of the Prophet) and became one of the disbelievers.

وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ (88)

ترجمہ: اور تمہیں تھوڑے ہی وقت کے بعد خود اِس کا حال معلوم ہو جائے گاo

And you will yourselves come to know its truth after a while.'

سورۃ الزمر:

أَلَا لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَى إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ كَاذِبٌ كَفَّارٌ (3)

ترجمہ: (لوگوں سے کہہ دیں:) سُن لو! طاعت و بندگی خالصتاً اللہ ہی کے لیے ہے، اور جن (کفّار) نے اللہ کے سوا (بتوں کو) دوست بنا رکھا ہے، وہ (اپنی بُت پرستی کے جھوٹے جواز کے لیے یہ کہتے ہیں کہ) ہم اُن کی پرستش صرف اس لیے کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ کا مقرّب بنا دیں، بے شک اللہ اُن کے درمیان اس چیز کا فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں، یقیناً اللہ اس

شخص کو ہدایت نہیں فرماتا جو جھوٹا ہے، بڑا ناشکر گزار ہےo

(Say to the people:) 'Listen! Sincere obedience and worship is only Allah's due.' And those (disbelievers) who have taken (idols as) helpers other than Allah (say in false justification of their idol-worship:) 'We worship them only that they may bring us near to Allah.' Surely, Allah will judge between them concerning the matter in which they differ. Certainly, Allah does not give guidance to the one who is a liar and highly ungrateful.

خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَأَنزَلَ لَكُم مِّنَ الْأَنْعَامِ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ يَخْلُقُكُمْ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ خَلْقاً مِن بَعْدِ خَلْقٍ فِي ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَأَنَّى تُصْرَفُونَ (6)

ترجمہ: اُس نے تم سب کو ایک حیاتیاتی خلیہ سے پیدا فرمایا پھر اس سے اسی جیسا جوڑ بنایا پھر اُس نے تمہارے لیے جانوروں میں سے آٹھ (نر اور مادہ) جوڑے مہیا کیے، وہ تمہاری ماؤں کے رحموں میں ایک تخلیقی مرحلہ سے اگلے تخلیقی مرحلہ میں ترتیب کے ساتھ تمہاری تشکیل کرتا ہے (اِس عمل کو) تین قسم کے تاریک پردوں میں (مکمل فرماتا ہے)، یہی تمہارا پروردگار ہے جو سب قدرت و سلطنت کا مالک ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر (تخلیق کے یہ مخفی حقائق جان لینے کے بعد بھی) تم کہاں بہکے پھرتے ہوo

He has created all of you from a single life cell, and then made from it a similar pair. And then He brought about for you eight living animals in pairs. He shapes you in the wombs of your mothers from one creative phase into the next in sequence and (completes this process) in three (germinal) layers. This is Allah, your Lord, to Whom belongs all Power and Authority. There is no God except He. Where then are you deviated (and disoriented after knowing these concealed realities of creation)?

إِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنكُمْ وَلَا يَرْضَى لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ وَإِن تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى ثُمَّ إِلَى رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (7)

ترجمہ: اگر تم کفر کرو تو بے شک اللہ تم سے بے نیاز ہے اور وہ اپنے بندوں کے لیے کفر (و ناشکری) پسند نہیں کرتا، اور اگر تم شکر گزاری کرو (تو) اسے تمہارے لیے پسند فرماتا ہے، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، پھر تمہیں اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے پھر وہ تمہیں اُن کاموں سے خبردار کر دے گا جو تم کرتے رہے تھے، بے شک وہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں کو (بھی) خوب جاننے والا ہےo

If you disbelieve, then surely Allah is Self-Sufficient and He does not like disbelief (and ingratitude) for His servants, and if you give thanks, (so) He likes that for you. And no bearer of burden will bear the burden of any other. Then you have to return to your Lord. Then He will inform you of the deeds which you used to do. Surely, He knows best the secrets of the hearts.

وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيباً إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُو إِلَيْهِ مِن قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَندَاداً لِّيُضِلَّ عَن سَبِيلِهِ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلاً إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ (8)

ترجمہ: اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے رب کو اسی کی طرف رجوع کرتے ہوئے پکارتا ہے، پھر جب (اللہ) اُسے اپنی جانب سے کوئی نعمت بخش دیتا ہے تو وہ اُس (تکلیف) کو بھول جاتا ہے جس کے لیے وہ پہلے دعا کیا کرتا تھا اور (پھر) اللہ کے لیے (بتوں کو) شریک ٹھہرانے لگتا ہے تاکہ (دوسرے لوگوں کو بھی) اس کی راہ سے بھٹکا دے، فرما دیجیے: (اے کافر!) تو اپنے کُفر کے ساتھ تھوڑا سا (ظاہری) فائدہ اٹھالے، تو بے شک دوزخیوں میں سے ہےo

And when some suffering afflicts man, he turns to his Lord and cries out. Then when (Allah) grants him some blessing from Himself, he forgets that (suffering) which he used to beseech relief from. And (then) he sets up (idols) as partners with Allah to make (others also) lose His way. Say: '(O disbeliever,) profit a little (worldly gain) from your disbelief; you are certainly of the inmates of Hell.

فَاعْبُدُوا مَا شِئْتُم مِّن دُونِهِ قُلْ إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا ذَلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ (15)

ترجمہ: سو تم اللہ کے سوا جس کی چاہو پوجا کرو، فرما دیجیے: بے شک نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے قیامت کے دن اپنی جانوں کو اور اپنے گھر والوں کو خسارہ میں ڈالا۔ یاد رکھو یہی کھلا نقصان ہےo

So worship what you like besides Allah.' Say: 'Surely, losers are only those who will bring loss to their own souls and their families on the Day of Resurrection. Remember! That truly is the manifest loss.

لَهُم مِّن فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِن تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ذَلِكَ يُخَوِّفُ اللَّهُ بِهِ عِبَادَهُ يَا عِبَادِ فَاتَّقُونِ (16)

ترجمہ: ان کے لیے اُن کے اوپر (بھی) آگ کے بادل (سائبان بنے) ہوں گے اور ان کے نیچے بھی آگ کے فرش ہوں گے، یہ وہ (عذاب) ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، اے میرے بندو! بس مجھ سے ڈرتے رہوo

For them there will be clouds of fire (as covers) over them and pavements of fire beneath them too. This is (the torment) with which Allah warns His servants.' O My servants! Always fear Me.

كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَاهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ (25)

ترجمہ: ایسے لوگوں نے جو اِن سے پہلے تھے (رسولوں کو) جھٹلایا تھا سو اُن پر ایسی جگہ سے عذاب آ پہنچا کہ انہیں کچھ شعور ہی نہ تھاo

The people who passed before them rejected (the Messengers), so the torment came upon them whence they had no perception.

فَأَذَاقَهُمُ اللَّهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ (26)

ترجمہ: پس اللہ نے انہیں دنیا کی زندگی میں (ہی) ذِلّت و رسوائی کا مزہ چکھا دیا اور یقیناً آخرت کا عذاب کہیں بڑا ہے، کاش وہ جانتے ہوتےo

So Allah made them taste disgrace and humiliation (here) in this world, and surely the torment of the Hereafter is far greater. Would that they knew!

ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِندَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُونَ (31)

ترجمہ: پھر بلاشبہ تم لوگ قیامت کے دن اپنے رب کے حضور باہم جھگڑا کرو گے (ایک گروہ دوسرے کو کہے گا کہ ہمیں مقامِ نبوّت اور شانِ رسالت کو سمجھنے سے تم نے روکا تھا، وہ کہیں گے: نہیں تم خود ہی بد بخت اور گمراہ تھے)o

Then, certainly, on the Day of Resurrection you will dispute with one another in the presence of your Lord. (One party will say to the other: 'You stopped us from understanding the station of the Prophet and the glory of the Messenger.' They will reply: 'No, you were yourselves ill-fated and misguided.')

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَبَ عَلَى اللَّهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ إِذْ جَاءَهُ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكَافِرِينَ (32)

ترجمہ: سو اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے اور سچ کو جھٹلائے جبکہ وہ اس کے پاس آ چکا ہو، کیا کافروں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہےo

So who is more unjust than he who invents lies against Allah and denies the truth when it comes to him? Is the abode for disbelievers not in Hell?

أَلَيْسَ اللَّهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ وَيُخَوِّفُونَكَ بِالَّذِينَ مِن دُونِهِ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ (36)

ترجمہ: کیا اللہ اپنے بندۂ (مقرّب نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو کافی نہیں ہے؟ اور یہ (کفّار) آپ کو اللہ کے سوا اُن بتوں سے (جن کی یہ پوجا کرتے ہیں) ڈراتے ہیں، اور جسے اللہ (اس کے قبولِ حق سے اِنکار کے باعث) گمراہ ٹھہرا دے تو اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیںo

Is Allah not enough for His (most intimate) servant (the Esteemed Prophet [blessings and peace be upon him])? And these (disbelievers) frighten you, apart from Allah, with the idols (which they worship). And there is no one to guide him whom Allah holds astray (owing to his denial of the truth).

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلْ أَفَرَأَيْتُم مَّا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ إِنْ أَرَادَنِيَ اللَّهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كَاشِفَاتُ ضُرِّهِ أَوْ أَرَادَنِي بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكَاتُ رَحْمَتِهِ قُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ (38)

ترجمہ: اور اگر آپ اُن سے دریافت فرمائیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور کہیں گے: اللہ نے، آپ فرما دیجیے: بھلا یہ بتاؤ کہ جن بتوں کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا وہ (بُت) اس کی (بھیجی ہوئی) تکلیف کو دُور کر سکتے ہیں یا وہ مجھے رحمت سے نوازنا چاہے تو کیا وہ (بُت) اس کی (بھیجی ہوئی) رحمت کو روک سکتے ہیں، فرما دیجیے: مجھے اللہ کافی ہے، اسی پر توکل کرنے والے بھروسہ کرتے ہیںo

And if you ask them: 'Who has created the heavens and the earth?' they will certainly say: 'Allah.' Say: 'Well, speak up, can the idols that you worship besides Allah remove the suffering which Allah may intend to inflict upon me, or if Allah intends to grant me mercy, can they (the idols) stop that mercy (sent by Him)?' Say: 'Allah is Sufficient for me. The trusting ones put their trust in Him alone.'

قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَى مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ (39)

ترجمہ: فرما دیجیے: اے (میری) قوم! تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ میں (اپنی جگہ) عمل کر رہا ہوں، پھر عنقریب تم (انجام کو) جان لو گےo

Say: 'O (my) people! Carry on working according to your way; I am working (according to my way). Then you will soon know (the end),

إِنَّا أَنزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ فَمَنِ اهْتَدَى فَلِنَفْسِهِ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ (41)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ پر لوگوں (کی رہنمائی) کے لیے حق کے ساتھ کتاب اتاری، سو جس نے ہدایت پائی تو اپنے ہی فائدے کے لیے اور جو گمراہ ہوا تو اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوا اور آپ اُن کے ذمّہ دار نہیں ہیںo

Surely, We revealed the Book to you with the truth for (the guidance of) people. So he who takes guidance takes it for his own benefit, and he who goes astray, he strays to his own detriment. And you are not responsible for them.

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ شُفَعَاء قُلْ أَوَلَوْ كَانُوا لَا يَمْلِكُونَ شَيْئاً وَلَا يَعْقِلُونَ (43)

ترجمہ: کیا انہوں نے اللہ کے اِذن کے خلاف (بتوں کو) سفارشی بنا رکھا ہے؟ فرما دیجیے: اگرچہ وہ کسی چیز کے مالک بھی نہ ہوں اور ذی عقل بھی نہ ہوںo

Have they taken (idols as) intercessors against Allah's leave? Say: 'Even though they do not own anything, nor do they have any reason?'

وَإِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِن دُونِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ (45)

ترجمہ: اور جب تنہا اللہ ہی کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن لوگوں کے دل گھٹن اور کراہت کا شکار ہو جاتے ہیں جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے، اور جب اللہ کے سوا اُن بتوں کا ذکر کیا جاتا ہے (جنہیں وہ پوجتے ہیں) تو وہ اچانک خوش ہو جاتے ہیںo

And when Allah alone is mentioned, the hearts of those who do not believe in the Hereafter constrict and recoil with disgust, and when the idols (that they worship) are mentioned apart from Allah, they rejoice all of a sudden.

وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْا بِهِ مِن سُوءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَبَدَا لَهُم مِّنَ اللَّهِ مَا لَمْ يَكُونُوا يَحْتَسِبُونَ (47)

ترجمہ: اور اگر ظالموں کو وہ سب کا سب (مال و متاع) میسر ہو جائے جو روئے زمین میں ہے اور اُس کے ساتھ اس کے برابر (اور بھی مل جائے) تو وہ اسے قیامت کے دن بُرے عذاب (سے نجات پانے) کے بدلے میں دے ڈالیں گے، اور اللہ کی طرف سے اُن کے لیے وہ (عذاب) ظاہر ہوگا جس کا وہ گمان بھی نہیں کرتے تھےo

And if the wrongdoers possessed all (the wealth and assets) that are on earth and (obtained) the same again in addition, they would ransom themselves with it (for deliverance) from the evil torment on the Day of Resurrection. But there will appear to them from Allah such a torment as they could never have even

imagined.

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (48)

ترجمہ: اور اُن کے لیے وہ (سب) برائیاں ظاہر ہو جائیں گی جو انہوں نے کمار کھی ہیں اور انہیں وہ (عذاب) گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

And there will appear to them (all) the evildoings which they have earned, and that (torment) will encompass them which they used to laugh at.

قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ (50)

ترجمہ: فی الواقع یہ (باتیں) وہ لوگ بھی کیا کرتے تھے جو اُن سے پہلے تھے، سو جو کچھ وہ کماتے رہے اُن کے کسی کام نہ آ سکاo

In truth, those who have passed away before them also used to say the same (things). So whatever they earned could not benefit them.

فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوا مِنْ هَؤُلَاءِ سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَمَا هُم بِمُعْجِزِيْنَ (51)

ترجمہ: تو انہیں وہ برائیاں آ پہنچیں جو انہوں نے کمار کھی تھیں، اور اُن لوگوں میں سے جو ظلم کر رہے ہیں انہیں (بھی) عنقریب وہ برائیاں آ پہنچیں گی جو انہوں نے کمار کھی ہیں، اور وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتےo

And the evil deeds which they had done fell upon them, and those of them who are engaged in doing wrongs, their evil works that they have earned will (also) catch up with them soon and they cannot prevent (Allah).

بَلَى قَدْ جَاءتْكَ آيَاتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنتَ مِنَ الْكَافِرِيْنَ (59)

ترجمہ: (رب فرمائے گا:) ہاں، بے شک میری آیتیں تیرے پاس آئی تھیں، سو تُو نے انہیں جھٹلا دیا، اور تُو نے تکبّر کیا اور تُو کافروں میں سے ہو گیاo

(The Lord will say:) 'Yes, no doubt, My Revelations came to you. So you rejected them and showed arrogance and became one of the disbelievers.'

قُلْ أَفَغَيْرَ اللّهِ تَأْمُرُونِّيْ أَعْبُدُ أَيُّهَا الْجَاهِلُونَ (64)

ترجمہ: فرما دیجیے: اے جاہلو! کیا تم مجھے غیر اللہ کی پرستش کرنے کا کہتے ہوo

Say: 'O you ignoramuses, do you ask me to worship someone other than Allah?'

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا إِلَى جَهَنَّمَ زُمَراً حَتَّى إِذَا جَاؤُوهَا فُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَتْلُونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِ رَبِّكُمْ وَيُنذِرُونَكُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَذَا قَالُوا بَلَى وَلَكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى الْكَافِرِيْنَ (71)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ دوزخ کی طرف گروہ در گروہ ہانکے جائیں گے، یہاں تک کہ جب وہ اُس (جہنم) کے پاس پہنچیں گے تو اُس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور اس کے داروغے اُن سے کہیں گے: کیا تمہارے پاس تم ہی میں سے رسول نہیں آئے تھے جو تم پر تمہارے رب کی آیات پڑھ کر سناتے تھے اور تمہیں اِس دن کی پیشی سے ڈراتے تھے؟ وہ (دوزخی) کہیں گے: ہاں (آئے تھے)، لیکن کافروں پر فرمانِ عذاب ثابت ہو چکا ہوگاo

And those who have disbelieved will be driven to Hell in groups until, when

they approach it (Hell), its gates will be opened and its keepers will say to them: 'Did Messengers not come to you from amongst yourselves who recited to you the Verses of your Lord and warned you of this Day's appearance?' They (the inmates of Hell) will say: 'Yes, (they came).' But the command of torment will have been carried out against the disbelievers.

قِيْلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ (72)

ترجمہ: اُن سے کہا جائے گا: دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، (تم) اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو، سو غرور کرنے والوں کا ٹھکانا کتنا برا ہےo

It will be said to them: 'Enter the gates of Hell. (You) will live in it for ever. So how evil is the abode of the arrogant!'

سورۃ مومن:

مَا يُجَادِلُ فِيْ آيَاتِ اللّٰهِ إِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ (4)

ترجمہ: اللہ کی آیتوں میں کوئی جھگڑا نہیں کرتا سوائے اُن لوگوں کے جنہوں نے کفر کیا، سو اُن کا شہروں میں (آزادی سے) گھومنا پھرنا تمہیں مغالطہ میں نہ ڈال دےo

No one disputes about the Revelations of Allah except those who do not believe. So let not their moving about (freely) in the cities delude you.

وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ أَصْحَابُ النَّارِ (6)

ترجمہ: اور اسی طرح آپ کے رب کا فرمان اُن لوگوں پر پورا ہو کر رہا جنہوں نے کفر کیا تھا بے شک وہ لوگ دوزخ والے ہیںo

That is how the judgment of your Lord was fulfilled against those who disbelieved. Surely, they are the inmates of Hell.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ أَكْبَرُ مِن مَّقْتِكُمْ أَنفُسَكُمْ إِذْ تُدْعَوْنَ إِلَى الْإِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ (10)

ترجمہ: بے شک جنہوں نے کفر کیا انہیں پکار کر کہا جائے گا: (آج) تم سے اللہ کی بیزاری، تمہاری جانوں سے تمہاری اپنی بیزاری سے زیادہ بڑھی ہوئی ہے، جبکہ تم ایمان کی طرف بلائے جاتے تھے مگر تم انکار کرتے تھےo

Surely, the disbelievers will be called out and addressed: '(Today) Allah's displeasure with you is greater than your own disgust for yourselves whilst you used to deny when called to believe.'

قَالُوا رَبَّنَا أَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَأَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوبِنَا فَهَلْ إِلَى خُرُوجٍ مِّن سَبِيْلٍ (11)

ترجمہ: وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! تو نے ہمیں دو بار موت دی اور تو نے ہمیں دو بار (ہی) زندگی بخشی، سو (اب) ہم اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں، پس کیا (عذاب سے بچ) نکلنے کی طرف کوئی راستہ ہےo

They will say: 'O our Lord, You have caused us to die twice and You have (also) given us life twice. (Now) we confess our sins. So is there any way out (to escape from this chastisement)?'

ذَلِكُم بِأَنَّهُ إِذَا دُعِيَ اللَّهُ وَحْدَهُ كَفَرْتُمْ وَإِن يُشْرَكْ بِهِ تُؤْمِنُوا فَالْحُكْمُ لِلَّهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيرِ (12)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا: نہیں) یہ (دائمی عذاب) اس وجہ سے ہے کہ جب اللہ کو تنہا پکارا جاتا تھا تو تم انکار کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ (کسی کو) شریک ٹھہرایا جاتا تو تم مان جاتے تھے، پس (اب) اللہ ہی کا حکم ہے جو (سب سے) بلند و بالا ہےo

(It will be said to them: 'No,) this (eternal punishment) is because, when Allah alone was called upon, you used to deny, but when (something) was associated with Him, you used to believe. So (now) the command is Allah's alone, Who is Most High, Supreme.'

فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ (14)

ترجمہ: پس تم اللہ کی عبادت اس کے لیے طاعت و بندگی کو خالص رکھتے ہوئے کیا کرو، اگرچہ کافروں کو ناگوار ہی ہوo

So worship Allah for His own sake in sincere obedience and true devotion, even though the disbelievers may despise it.

وَاللَّهُ يَقْضِي بِالْحَقِّ وَالَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ لَا يَقْضُونَ بِشَيْءٍ إِنَّ اللَّهَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (20)

ترجمہ: اور اللہ حق کے ساتھ فیصلہ فرماتا ہے، اور جن (بتوں) کو یہ لوگ اللہ کے سوا پوجتے ہیں وہ کچھ بھی فیصلہ نہیں کر سکتے، بے شک اللہ ہی سننے والا، دیکھنے والا ہےo

And Allah judges with truth, and (the idols) they worship other than Allah can judge nothing at all. Surely, Allah is the One Who is All-Hearing, All-Seeing.

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ كَانُوا مِن قَبْلِهِمْ كَانُوا هُمْ أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَآثَاراً فِي الْأَرْضِ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ وَمَا كَانَ لَهُم مِّنَ اللَّهِ مِن وَاقٍ (21)

ترجمہ: اور کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ دیکھ لیتے ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے، وہ لوگ قوّت میں (بھی) ان سے بہت زیادہ تھے اور اُن آثار و نشانات میں (بھی) جو زمین میں (چھوڑ گئے) تھے۔ پھر اللہ نے ان کے گناہوں کی وجہ سے انہیں پکڑ لیا، اور ان کے لیے اللہ (کے عذاب) سے بچانے والا کوئی نہ تھاo

And have they not travelled in the land so that they could see what was the end of those who were before them? They were far mightier in power than these and (also) greater in their remains and signs (which they left behind) in the earth. Then Allah seized them for their sins, and there was none to protect them from (the torment of) Allah.

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَالْبَصِيرُ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَلَا الْمُسِيءُ قَلِيلًا مَّا تَتَذَكَّرُونَ (58)

ترجمہ: اور اندھا اور بینا برابر نہیں ہو سکتے سو (اسی طرح) جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے (وہ) اور بدکار بھی (برابر) نہیں ہیں۔ تم بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہوo

And the blind and the seeing cannot be equal. So (in the same way) those who believe and do righteous works and the evildoers cannot be (alike). You accept direction and guidance but little.

إِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُونَ (59)

ترجمہ: بے شک قیامت ضرور آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں۔ لیکن اکثر لوگ یقین نہیں رکھتے o

Surely, the Last Hour is bound to come. There is no doubt in that. Yet most people do not believe.

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِيٓ أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِينَ يَسْتَكْبِرُونَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُونَ جَهَنَّمَ دَاخِرِينَ (60)

ترجمہ: اور تمہارے رب نے فرمایا ہے: تم لوگ مجھ سے دعا کیا کرو میں ضرور قبول کروں گا، بے شک جو لوگ میری بندگی سے سرکشی کرتے ہیں وہ عنقریب دوزخ میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے o

And your Lord has said: 'Always pray to Me; I shall certainly grant your prayer. Surely, those who turn away from My worship in defiance will soon enter Hell disgraced.'

قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَمَّا جَاءنِيَ الْبَيِّنَاتُ مِن رَّبِّي وَأُمِرْتُ أَنْ أُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ (66)

ترجمہ: فرما دیجیے: مجھے منع کیا گیا ہے کہ میں اُن کی پرستش کروں جن بتوں کی تم اللہ کو چھوڑ کر پرستش کرتے ہو جبکہ میرے پاس میرے رب کی جانب سے واضح نشانیاں آ چکی ہیں اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کی فرمانبرداری کروں o

Say: 'I have been forbidden to worship those idols that you worship apart from Allah, whereas manifest signs have come to me from my Lord, and I have been commanded to obey the Lord of all the worlds.'

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ أَنَّى يُصْرَفُونَ (69)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں، وہ کہاں بھٹکے جا رہے ہیں o

Have you not seen those who argue about the Revelations of Allah? Where are they straying?

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِالْكِتَابِ وَبِمَا أَرْسَلْنَا بِهِ رُسُلَنَا فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ (70)

ترجمہ: جن لوگوں نے کتاب کو (بھی) جھٹلا دیا اور ان (نشانیوں) کو (بھی) جن کے ساتھ ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا تھا، تو وہ عنقریب (اپنا انجام) جان لیں گے o

Those who have rejected the Book (as well as) the signs with which We sent Our Messengers, they will know (their end) soon,

إِذِ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلَاسِلُ يُسْحَبُونَ (71)

ترجمہ: جب اُن کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی، وہ گھسیٹے جا رہے ہوں گے o

When they have iron collars round their necks and chains, and they will be dragged away,

فِي الْحَمِيمِ ثُمَّ فِي النَّارِ يُسْجَرُونَ (72)

ترجمہ: کھولتے ہوئے پانی میں، پھر آگ میں (ایندھن کے طور پر) جھونک دیے جائیں گے o

Into the boiling water and then will be thrown into the Fire as fuel.

ثُمَّ قِيلَ لَهُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ تُشْرِكُونَ (73)

ترجمہ: پھر اُن سے کہا جائے گا: کہاں ہیں وہ (بُت) جنہیں تم شریک ٹھہراتے تھےo

Then it will be said to them: 'Where are those (idols) which you used to set up as partners,

مِن دُونِ اللَّهِ قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا بَل لَّمْ نَكُن نَّدْعُو مِن قَبْلُ شَيْئًا كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ الْكَافِرِينَ (74)

ترجمہ: اللہ کے سوا، وہ کہیں گے: وہ ہم سے گم ہو گئے بلکہ ہم تو پہلے کسی بھی چیز کی پرستش نہیں کرتے تھے، اسی طرح اللہ کافروں کو گمراہ ٹھہراتا ہےo

Apart from Allah?' They will say: 'They have been lost from us. In fact, we never worshipped anything before.' That is how Allah holds the disbelievers astray.

ذَٰلِكُم بِمَا كُنتُمْ تَفْرَحُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ تَمْرَحُونَ (75)

ترجمہ: یہ (سزا) اس کا بدلہ ہے کہ تم زمین میں ناحق خوشیاں منایا کرتے تھے اور اُس کا بدلہ ہے کہ تم اِترایا کرتے تھےo

This (punishment) is the requital of your undue rejoicing in the earth and the recompense of your gloating.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّن قَبْلِكَ مِنْهُم مَّن قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُم مَّن لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ وَمَا كَانَ لِرَسُولٍ أَن يَأْتِيَ بِآيَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ فَإِذَا جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُونَ (78)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسولوں کو بھیجا، ان میں سے بعض کا حال ہم نے آپ پر بیان فرما دیا اور ان میں سے بعض کا حال ہم نے (ابھی تک) آپ پر بیان نہیں فرمایا، اور کسی بھی رسول کے لیے یہ (ممکن) نہ تھا کہ وہ کوئی نشانی بھی اللہ کے اِذن کے بغیر لے آئے، پھر جب اللہ کا حکم آ پہنچا (اور) حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا تو اس وقت اہلِ باطل خسارے میں رہےo

And no doubt We sent many Messengers before you. We have given you an account of some of them whilst We have not (yet) narrated to you the annals of some others. And it was not possible for any Messenger to bring any sign without Allah's leave. Then when the command of Allah came (and) the judgment was given with truth and justice, the exponents of evil went into loss.

فَلَمَّا جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَرِحُوا بِمَا عِندَهُم مِّنَ الْعِلْمِ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (83)

ترجمہ: پھر جب اُن کے پیغمبر اُن کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے تو اُن کے پاس جو (دنیاوی) علم و فن تھا وہ اس پر اِتراتے رہے اور (اسی حال میں) انہیں اُس (عذاب) نے آ گھیرا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

So when their Messengers came to them with manifest signs, they kept rejoicing in the pride of (the worldly) knowledge and skill they possessed. And (in the same state) that torment which they used to mock engulfed them.

فَلَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا قَالُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَحْدَهُ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهِ مُشْرِكِينَ (84)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو کہنے لگے: ہم اللہ پر ایمان لائے جو یکتا ہے اور ہم نے اُن (سب) کا انکار کر دیا

جنہیں ہم اس کا شریک ٹھہرایا کرتے تھےo

But when they saw Our torment, they started saying: 'We believe in Allah, the One, and reject (all) those we used to associate with Him as partners.'

فَلَمْ يَكُ يَنفَعُهُمْ إِيمَانُهُمْ لَمَّا رَأَوْا بَأْسَنَا سُنَّتَ اللَّهِ الَّتِي قَدْ خَلَتْ فِي عِبَادِهِ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكَافِرُونَ (85)

ترجمہ: پھر اُن کا ایمان لانا اُن کے کچھ کام نہ آیا جبکہ انہوں نے ہمارے عذاب کو دیکھ لیا تھا، اللہ کا (یہی) دستور ہے جو اُس کے بندوں میں گزرتا چلا آ رہا ہے اور اس مقام پر کافروں نے (ہمیشہ) سخت نقصان اٹھایاo

Then their acceptance of faith could not profit them at all whilst they had seen Our torment. That is Allah's way which has always been in practice in respect of His servants, and the disbelievers always suffered heavy loss at this juncture.

سورۃ حم السجدۃ:

بَشِيراً وَنَذِيراً فَأَعْرَضَ أَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ (4)

ترجمہ: خوشخبری سنانے والا ہے اور ڈر سنانے والا ہے، پھر ان میں سے اکثر لوگوں نے رُوگردانی کی سو وہ (اِسے) سنتے ہی نہیں ہیںo

A Bearer of good news and a Warner. Then most of them turned away. So they do not listen (to it).

وَقَالُوا قُلُوبُنَا فِي أَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُونَا إِلَيْهِ وَفِي آذَانِنَا وَقْرٌ وَمِن بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ إِنَّنَا عَامِلُونَ (5)

ترجمہ: اور کہتے ہیں کہ ہمارے دل اُس چیز سے غلافوں میں ہیں جس کی طرف آپ ہمیں بلاتے ہیں اور ہمارے کانوں میں (بہرے پن کا) بوجھ ہے اور ہمارے اور آپ کے درمیان پردہ ہے سو آپ (اپنا) عمل کرتے رہیے ہم اپنا عمل کرنے والے ہیںo

And they say: 'Our hearts are in covers against that to which you call us, and in our ears is heaviness (of deafness), and between us and you is a barrier. So you keep doing (your) work and we do our work.'

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ (6)

ترجمہ: فرما دیجیے: (اے کافرو!) بس میں (ظاہراً) آدمی ہونے میں تو تم ہی جیسا ہوں (پھر مجھ سے اور میری دعوت سے اس قدر کیوں گریزاں ہو؟) میری طرف یہ وحی بھیجی گئی ہے کہ تمہارا معبود فقط معبودِ یکتا ہی ہے! پس تم اسی کی طرف سیدھے متوجہ رہو اور اس سے مغفرت چاہو، اور مشرکوں کے لیے ہلاکت ہےo

Say: '(O disbelievers!) Well, being a human outwardly, I am like you. (Then why are you so averse to me and my call?) This Revelation has been sent down to me that your God is the One and only God, so be straight turned towards Him alone and seek forgiveness from Him.' And destruction awaits those who associate partners with Him,

الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ (7)

ترجمہ: جو زکوٰۃ ادا نہیں کرتے اور وہی تو آخرت کے بھی منکر ہیںo

Those who do not pay Zakat (the Alms-due), and it is they who deny the Hereafter as well.

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَا تَسْمَعُوا لِهَذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ (26)

ترجمہ: اور کافر لوگ کہتے ہیں: تم اِس قرآن کو مت سنا کرو اور اِس (کی قرات کے اوقات) میں شور وغل مچایا کرو تا کہ تم (اِن کے قرآن پڑھنے پر) غالب رہوo

And the disbelievers say: 'Do not listen to this Qur'an, but make noises in (its recitation sessions), so that you may overwhelm (their recitation from the Qur'an).'

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا عَذَاباً شَدِيْداً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَسْوَأَ الَّذِيْ كَانُوا يَعْمَلُونَ (27)

ترجمہ: پس ہم کافروں کو سخت عذاب کا مزہ ضرور چکھائیں گے اور ہم انہیں اُن برے اعمال کا بدلہ ضرور دیں گے جو وہ کرتے رہے تھےo

So We will most certainly make the disbelievers taste the severe torment, and will most certainly requite them for the evil deeds which they used to do.

ذَلِكَ جَزَاء أَعْدَاء اللَّهِ النَّارُ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ جَزَاء بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ (28)

ترجمہ: یہ دوزخ اللہ کے دشمنوں کی جزا ہے، اُن کے لیے اِس میں ہمیشہ رہنے کا گھر ہے، یہ اُس کا بدلہ ہے جو وہ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھےo

This Hell is the recompense of the enemies of Allah. There is a home in it for them to dwell in forever-a requital for their denial of Our Revelations.

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِيْنَ (29)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے کہیں گے: اے ہمارے رب! ہمیں جنّات اور انسانوں میں سے وہ دونوں دِکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا ہے ہم انہیں اپنے قدموں کے نیچے (روند) ڈالیں تا کہ وہ سب سے زیادہ ذِلّت والوں میں ہو جائیںo

And those who disbelieved will say: 'O our Lord, show us those of the jinn and men who led us astray, so that we may (crush) them under our feet, and so that they may become of the most humiliated ones.'

إِلَيْهِ يُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ وَمَا تَخْرُجُ مِن ثَمَرَاتٍ مِّنْ أَكْمَامِهَا وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَى وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ أَيْنَ شُرَكَائِيْ قَالُوا آذَنَّاكَ مَا مِنَّا مِن شَهِيْدٍ (47)

ترجمہ: اسی (اللہ) کی طرف ہی وقتِ قیامت کے علم کا حوالہ دیا جاتا ہے، اور نہ پھل اپنے غلافوں سے نکلتے ہیں اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ وہ بچہ جنتی ہے مگر (یہ سب کچھ) اُس کے علم میں ہوتا ہے۔ اور جس دن وہ انہیں ندا فرمائے گا کہ میرے شریک کہاں ہیں، (تو) وہ (مشرک) کہیں گے: ہم آپ سے عرض کیے دیتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی بھی (کسی کے آپ کے ساتھ شریک ہونے پر) گواہ نہیں ہےo

The knowledge of the Hour of Resurrection is referred to Him (Allah) alone. And no fruits come out of their sheath, nor does a female conceive or give birth to a child but (all this) is in His knowledge. And on the Day when He will call out to them: 'Where are My partners?' they (the polytheists) will say: 'We submit that none of us is a witness (to anyone being Your partner).'

وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَدْعُونَ مِن قَبْلُ وَظَنُّوا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ **(48)**

ترجمہ: وہ سب (بت) اُن سے غائب ہو جائیں گے جن کی وہ پہلے پوجا کیا کرتے تھے وہ سمجھ لیں گے کہ اُن کے لیے بھاگنے کی کوئی راہ نہیں رہی o

And all those (idols) that they used to worship will disappear from them. And they will make out that they are not left with any way to escape.

لَوَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِن بَعْدِ ضَرَّاء مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَذَا لِيْ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَى رَبِّيْ إِنَّ لِيْ عِندَهُ لَلْحُسْنَى فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيْقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ **(50)**

ترجمہ: اور اگر ہم اسے اپنی جانب سے رحمت (کا مزہ) چکھا دیں اُس تکلیف کے بعد جو اُسے پہنچ چکی تھی تو وہ ضرور کہنے لگتا ہے کہ یہ تو میرا حق تھا اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت برپا ہونے والی ہے اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو بھی اس کے حضور میرے لیے یقیناً بھلائی ہوگی سو ہم ضرور کفر کرنے والوں کو اُن کاموں سے آگاہ کر دیں گے جو انہوں نے انجام دیے اور ہم انہیں ضرور سخت ترین عذاب (کا مزہ) چکھا دیں گے o

And if We give him a taste of mercy from Us after that misery which touched him, he surely starts saying: 'This is my privilege. And I do not think that the Last Hour will ever take place. And if at all I am returned to my Lord, even then there will surely be good fortune for me in His presence.' So We shall certainly inform the disbelievers of the deeds which they did, and We shall indeed make them taste the most severe torment.

سورۃ الشوریٰ:

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء اللَّهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيْلٍ **(6)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو دوست و کارساز بنا رکھا ہے اللہ اُن (کے حالات) پر خوب نگہبان ہے اور آپ ان (کافروں) کے ذمّہ دار نہیں ہیں o

And those who have taken idols instead of Allah as their protectors and guardians, Allah is Ever-Watchful over their (affairs). And you are not responsible for them (the disbelievers).

أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء فَاللَّهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتَى وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ **(9)**

ترجمہ: کیا انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو اولیاء بنا لیا ہے، پس اللہ ہی ولی ہے (اسی کے دوست ہی اولیاء ہیں)، اور وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہی ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

Have they taken idols as their guardians instead of Allah? So Allah alone is the Guardian. (And only His friends are Awliya'.) And He alone gives life to the dead, and He alone is Most Powerful over everything.

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ (10)

ترجمہ: اورتم جس اَمر میں اختلاف کرتے ہوتو اُس کا فیصلہ اللہ ہی کی طرف (سے) ہوگا، یہی اللہ میرا رب ہے، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوںo

And the decision of the matter in which you differ rests only with Allah. That is Allah, my Lord. In Him I put my trust, and to Him alone I turn.

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا وَالَّذِينَ آمَنُوا مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ أَلَا إِنَّ الَّذِينَ يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ (18)

ترجمہ: اِس (قیامت) میں وہ لوگ جلدی مچاتے ہیں جو اِس پر ایمان (ہی) نہیں رکھتے اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ اِس کا آنا حق ہے، جان لو! جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں وہ پرلے درجہ کی گمراہی میں ہیںo

They who do not put (any) belief in it seek to hasten this (Hour), and those who believe fear it and know that its coming is the truth. Beware! Those who argue about the Hour are in extreme error.

تَرَى الظَّالِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا كَسَبُوا وَهُوَ وَاقِعٌ بِهِمْ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِي رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ لَهُم مَّا يَشَاؤُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ (22)

ترجمہ: آپ ظالموں کو اُن (اعمال) سے ڈرنے والا دیکھیں گے جو انہوں نے کما رکھے ہیں اور وہ (عذاب) اُن پر واقع ہو کر رہے گا، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے وہ بہشت کے چمنوں میں ہوں گے، اُن کے لیے اُن کے رب کے پاس وہ (تمام نعمتیں) ہوں گی جن کی وہ خواہش کریں گے، یہی تو بہت بڑا فضل ہےo

You will see the wrongdoers fearing those (deeds) that they have earned. And that (torment) is bound to befall them. And they who believe and persist in pious deeds will be in the Gardens of Paradise. There will be for them with their Lord (all those blessings) which they will long for. That is indeed a great bounty.

وَيَسْتَجِيبُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ وَالْكَافِرُونَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ (26)

ترجمہ: اور اُن لوگوں کی دعا قبول فرماتا ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے اور اپنے فضل سے انہیں (اُن کی دعا سے بھی) زیادہ دیتا ہے، اور جو کافر ہیں اُن کے لیے سخت عذاب ہےo

And He grants the prayers of those who believe and keep doing pious works, and gives them of His bounty more (than they pray for). But there is severe punishment for those who do not believe.

وَمَا كَانَ لَهُم مِّنْ أَوْلِيَاء يَنصُرُونَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن سَبِيلٍ (46)

ترجمہ: اور اُن (کافروں) کے لیے کوئی حمایتی نہیں ہوں گے جو اللہ کے مقابل اُن کی مدد کر سکیں، اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دیتا ہے تو اس کے لیے (ہدایت کی) کوئی راہ نہیں رہتی o

And there will be no supporters for the (disbelievers) to help them against Allah. And he whom Allah holds astray, there is no way left for him (towards guidance).

اسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَأٍ يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ (47)

ترجمہ: تم لوگ اپنے رب کا حکم قبول کر لو قبل اِس کے کہ وہ دن آ جائے جو اللہ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں ہے، نہ تمہارے لیے اُس دن کوئی جائے پناہ ہوگی اور نہ تمہارے لیے کوئی جائے انکار o

Accept and submit to the command of your Lord before the Day comes for which there is no averting from Allah. There will be no shelter for you on that Day. Nor will there be any possibility for you to deny.

سورۃ الزخرف:

أَفَنَضْرِبُ عَنكُمُ الذِّكْرَ صَفْحاً أَن كُنتُمْ قَوْماً مُّسْرِفِينَ (5)

ترجمہ: اور کیا ہم اس نصیحت کو تم سے اِس بنا پر روک دیں کہ تم حد سے گزر جانے والی قوم ہو o

And should We withhold this Reminder from you because you are a people who exceed limits?

فَأَهْلَكْنَا أَشَدَّ مِنْهُم بَطْشاً وَمَضَى مَثَلُ الْأَوَّلِينَ (8)

ترجمہ: اور ہم نے اِن (کفّارِ مکہ) سے زیادہ زور آور لوگوں کو ہلاک کر دیا اور اگلے لوگوں کا حال (کئی جگہ پہلے) گزر چکا o

And We destroyed the people who were more powerful than these (disbelievers of Mecca). And the annals of the bygone people have been cited (on many preceding occasions).

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ (9)

ترجمہ: اور اگر آپ اُن سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ یقیناً کہیں گے کہ انہیں غالب، علم والے (رب) نے پیدا کیا ہے o

And if you ask them: 'Who has created the heavens and the earth?' they will certainly say: 'The Almighty, All-Knowing (Lord) has created them.'

وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءاً إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ (15)

ترجمہ: اور اُن (مشرکوں) نے اس کے بندوں میں سے (بعض کو اس کی اولاد قرار دے کر) اس کے جزو بنا دیے، بے شک انسان صریحاً بڑا ناشکر گزار ہے o

And those (polytheists) have made some of His servants His component (of divinity by declaring them His children). Verily, man is blatantly ungrateful.

أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَأَصْفَاكُم بِالْبَنِينَ (16)

ترجمہ: (اے کافرو! اپنے پیمانۂ فکر کے مطابق یہی جواب دو کہ) کیا اس نے اپنی مخلوقات میں سے (خود اپنے لیے تو) بیٹیاں بنا رکھی ہیں اور تمہیں بیٹوں کے ساتھ مختص کر رکھا ہےo

(O disbelievers! Reply according to your calibre of thinking:) 'Has He chosen (for Himself) daughters out of His Creation and has specified sons for you?'

وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُم بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَنِ مَثَلاً ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدّاً وَهُوَ كَظِيمٌ (17)

ترجمہ: حالاں کہ جب ان میں سے کسی کو اُس (کے گھر میں بیٹی کی پیدائش) کی خبر دی جاتی ہے جسے انہوں نے (خدائے) رحمان کی شبیہ بنا رکھا ہے تو اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے اور غم و غصّہ سے بھر جاتا ہےo

Whereas when the news is given to any one of them (of the birth of a daughter at his home) whom they have held as an image of the Most Kind (Lord), his face turns dark and he is filled with anger and grief.

وَجَعَلُوا الْمَلآئِكَةَ الَّذِينَ هُمْ عِبَادُ الرَّحْمَنِ إِنَاثاً أَشَهِدُوا خَلْقَهُمْ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْأَلُونَ (19)

ترجمہ: اور انہوں نے فرشتوں کو جو کہ (خدائے) رحمان کے بندے ہیں عورتیں قرار دیا ہے، کیا وہ اُن کی پیدائش پر حاضر تھے؟ (نہیں، تو) اب اُن کی گواہی لکھ لی جائے گی اور (روزِ قیامت) اُن سے باز پُرس ہوگیo

And they have declared the angels who are the servants of the Most Kind (Lord) to be women. Were they present at the time of their creation? (They were not, so) now their witness will be recorded, and they will be interrogated (on the Last Day).

وَقَالُوا لَوْ شَاء الرَّحْمَنُ مَا عَبَدْنَاهُم مَّا لَهُم بِذَلِكَ مِنْ عِلْمٍ إِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ (20)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں کہ اگر رحمان چاہتا تو ہم اِن (بتوں) کی پرستش نہ کرتے، انہیں اِس کا (بھی) کچھ علم نہیں ہے وہ محض اَٹکل سے جھوٹی باتیں کرتے ہیںo

And they say: 'If the Most Kind (Lord) had intended, we would not have worshipped these (idols).' They do not know anything about this (as well). They only tell lies out of fancy.

أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَاباً مِّن قَبْلِهِ فَهُم بِهِ مُسْتَمْسِكُونَ (21)

ترجمہ: کیا ہم نے انہیں اس سے پہلے کوئی کتاب دے رکھی ہے کہ جسے وہ سند کے طور پر تھامے ہوئے ہیںo

Have We given them before this any Book which they stick to as an authority?

بَلْ قَالُوا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءنَا عَلَى أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَى آثَارِهِم مُّهْتَدُونَ (22)

ترجمہ: (نہیں) بلکہ وہ کہتے ہیں: بے شک ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک ملّت (و مذہب) پر پایا اور یقیناً ہم انہی کے نقوشِ قدم پر (چلتے ہوئے) ہدایت یافتہ ہیںo

(No,) but they say: 'Indeed, we found our fathers following a course (and a religion), and surely we are rightly guided (following) in their footsteps.'

وَكَذَلِكَ مَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِي قَرْيَةٍ مِّن نَّذِيرٍ إِلَّا قَالَ مُتْرَفُوهَا إِنَّا وَجَدْنَا آبَاءنَا عَلَى أُمَّةٍ وَإِنَّا عَلَى آثَارِهِم مُّقْتَدُونَ (23)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم نے کسی بستی میں آپ سے پہلے کوئی ڈر سنانے والا نہیں بھیجا مگر وہاں کے وڈیروں اور خوشحال لوگوں نے کہا: بے شک ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقہ و مذہب پر پایا اور ہم یقیناً انہی کے نقوشِ قدم کی اقتداء کرنے والے ہیںo

And the same way, We never sent any Warner to a town before you, but their chiefs and the affluent people amongst them said: 'Surely, we found our fathers following a course and a religion, and certainly we are following in their footsteps.'

قَالَ أَوَلَوْ جِئْتُكُم بِأَهْدَى مِمَّا وَجَدتُّمْ عَلَيْهِ آبَاءكُمْ قَالُوا إِنَّا بِمَا أُرْسِلْتُم بِهِ كَافِرُونَ (24)

ترجمہ: (پیغمبر نے) کہا: اگرچہ میں تمہارے پاس اُس (طریقہ) سے بہتر ہدایت کا (دین اور) طریقہ لے آؤں جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا تھا، تو انہوں نے کہا: جو کچھ (بھی) تم دے کر بھیجے گئے ہو ہم اُس کے منکر ہیںo

(The Messenger) said: 'Even though I bring you a way (and Din [Religion]) better than that on which you found your fathers?' They said: 'We deny whatever you have been sent with.'

فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ (25)

ترجمہ: سو ہم نے اُن سے بدلہ لے لیا پس آپ دیکھئے کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہواo

So We took revenge on them. So see what was the end of those who denied!

وَلَمَّا جَاءهُمُ الْحَقُّ قَالُوا هَذَا سِحْرٌ وَإِنَّا بِهِ كَافِرُونَ (30)

ترجمہ: اور جب اُن کے پاس حق آ پہنچا تو کہنے لگے: یہ جادو ہے اور ہم اس کے منکر ہیںo

And when the truth reached them, they said: 'This is magic and we deny it.'

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هَذَا الْقُرْآنُ عَلَى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيمٍ (31)

ترجمہ: اور کہنے لگے: یہ قرآن (مکّہ اور طائف کی) دو بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی (یعنی کسی وڈیرے، سردار اور مال دار) پر کیوں نہیں اتارا گیاo

And they said: 'Why has this Qur'an not been sent down upon some high-ranking personage (i.e., some chief, landlord, or the affluent) of the two towns (Mecca and Ta'if)?'

أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَةَ رَبِّكَ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَتَّخِذَ بَعْضُهُم بَعْضاً سُخْرِيّاً وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ (32)

ترجمہ: کیا آپ کے رب کی رحمتِ (نبوّت) کو یہ لوگ تقسیم کرتے ہیں؟ ہم اِن کے درمیان دنیوی زندگی میں ان کے (اسبابِ) معیشت کو تقسیم کرتے ہیں اور ہم ہی ان میں سے بعض کو بعض پر (وسائل و دولت میں) درجات کی فوقیت دیتے ہیں، (کیا ہم یہ اس لیے کرتے ہیں) کہ ان میں سے بعض (جو امیر ہیں) بعض (غریبوں) کا مذاق اڑائیں (یہ غربت کا تمسخر ہے کہ تم اس وجہ سے کسی

کو رحمتِ نبوت کا حق دار ہی نہ سمجھو)، اور آپ کے رب کی رحمت اس (دولت) سے بہتر ہے جسے وہ جمع کرتے (اور گھمنڈ کرتے) ہیںo

Is it they who distribute the mercy (of the Prophethood) of your Lord? We distribute amongst them (the resources of) economy in the life of this world, and We alone raise some of them in grades (of wealth and resources) over the others. (Do We do this so that) some of them (who are rich) should make fun of the others (who are poor? This is mockery of poverty if, due to this, you do not consider someone as deserving the mercy of the Prophethood.) And the mercy of your Lord is better than that (wealth) which they amass (and become arrogant).

وَلَوْلَا أَن يَكُونَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً لَجَعَلْنَا لِمَن يَكْفُرُ بِالرَّحْمَنِ لِبُيُوتِهِمْ سُقُفاً مِّن فَضَّةٍ وَمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُونَ (33)

ترجمہ: اور اگر یہ نہ ہوتا کہ سب لوگ (کفر پر جمع ہو کر) ایک ہی ملّت بن جائیں گے تو ہم (خدائے) رحمان کے ساتھ کفر کرنے والے تمام لوگوں کے گھروں کی چھتیں (بھی) چاندی کی کر دیتے اور سیڑھیاں (بھی) جن پر وہ چڑھتے ہیںo

And had it not been that mankind (converging on disbelief) would have become one community, We would have made, for those who disbelieve in the Most Kind (Lord), silver roofs for their houses and silver staircases by which they ascend,

وَلِبُيُوتِهِمْ أَبْوَاباً وَسُرُراً عَلَيْهَا يَتَّكِؤُونَ (34)

ترجمہ: اور (اسی طرح) اُن کے گھروں کے دروازے (بھی چاندی کے کر دیتے) اور تخت (بھی) جن پر وہ مسند لگاتے ہیںo

And likewise, (silver) doors of their houses and the couches (too) on which they recline,

وَزُخْرُفاً وَإِن كُلُّ ذَلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةُ عِندَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ (35)

ترجمہ: اور (چاندی کے اوپر) سونے اور جواہرات کی آرائش بھی (کر دیتے)، اور یہ سب کچھ دنیوی زندگی کی عارضی اور حقیر متاع ہے، اور آخرت (کا حُسن و زیبائش) آپ کے رب کے پاس ہے (جو) صرف پرہیزگاروں کے لیے ہےo

And (embellish) ornamentation of gold and jewels (over this silver work). But all that is the temporary and worthless possession of the life of this world. And (the beauty and ornamentation of) the Hereafter is with your Lord (which is) only for the pious.

أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ أَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ وَمَن كَانَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (40)

ترجمہ: پھر کیا آپ بہروں کو سنائیں گے یا اندھوں کو اور اُن لوگوں کو جو کھلی گمراہی میں ہیں راہِ ہدایت دکھائیں گےo

Then will you make the deaf hear, or show the path of guidance to the blind and those who are in open error?

فَإِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنْهُم مُّنتَقِمُونَ (41)

ترجمہ: پس اگر ہم آپ کو (دنیا سے) لے جائیں تو تب بھی ہم اِن سے بدلہ لینے والے ہیں o

So if We take you away (from the world), even then We shall take revenge on them,

أَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِي وَعَدْنَاهُمْ فَإِنَّا عَلَيْهِم مُّقْتَدِرُونَ (42)

ترجمہ: یا ہم آپ کو وہ (عذاب ہی) دکھا دیں جس کا ہم نے اُن سے وعدہ کیا ہے، سو بے شک ہم اُن پر کامل قدرت رکھنے والے ہیں o

Or We show you that (torment) which We have promised them. Certainly, We have absolute control over them.

أَمْ أَبْرَمُوا أَمْراً فَإِنَّا مُبْرِمُونَ (79)

ترجمہ: کیا انہوں نے (یعنی کفّارِ مکہ نے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف کوئی تدبیر) پختہ کر لی ہے تو ہم (بھی) پختہ فیصلہ کرنے والے ہیں o

Have they (the disbelievers of Mecca) finalized (any scheme against the Messenger [blessings and peace be upon him])? So We (too) are going to take the ultimate decision.

أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُم بَلَى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ (80)

ترجمہ: کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ باتیں اور اُن کی سرگوشیاں نہیں سنتے؟ کیوں نہیں (ضرور سنتے ہیں)! اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے بھی اُن کے پاس لکھ رہے ہوتے ہیں o

Do they think that We do not hear their secret talk and whisperings? Why not? (We do listen.) And the angels sent by Us also remain with them,writing.

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ (83)

ترجمہ: سو آپ انہیں چھوڑ دیجیے، بے کار بحثوں میں پڑے رہیں اور لغو کھیل کھیلتے رہیں حتٰی کہ اپنے اس دن کو پالیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے o

So leave them. Let them remain indulged in vain talk and absurd sport until they meet the Day which they are promised.

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِهِ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَن شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (86)

ترجمہ: اور جن کی یہ (کافر لوگ) اللہ کے سوا پرستش کرتے ہیں وہ (تو) شفاعت کا (کوئی) اختیار نہیں رکھتے مگر (ان کے برعکس شفاعت کا اختیار ان کو حاصل ہے) جنہوں نے حق کی گواہی دی اور وہ اسے (یقین کے ساتھ) جانتے بھی تھے o

And those whom they (the disbelievers) worship instead of Allah have no power to intercede. But, (on the contrary, they do have the power of intercession) who bear witness to the truth, and they also know it (with certitude).

وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ فَأَنَّى يُؤْفَكُونَ (87)

ترجمہ: اور اگر آپ اِن سے دریافت فرمائیں کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے تو ضرور کہیں گے: اللہ نے، پھر وہ کہاں بھٹکتے پھرتے ہیںo

And if you ask them: 'Who has created them?' they will certainly say: 'Allah.' Then where are they wandering disorientated?

وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ (88)

ترجمہ: اور اُس (حبیبِ مکرّم) کے (یوں) کہنے کی قسم کہ یارب! بے شک یہ ایسے لوگ ہیں جو ایمان (ہی) نہیں لاتےo

And by his (Esteemed Messenger's) saying: 'O Lord, surely, they are a people who (somehow) do not tend to believe.'

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ (89)

ترجمہ: سو (میرے محبوب!) آپ اُن سے چہرہ پھیر لیجئے اور (یوں) کہہ دیجیے: (بس ہمارا) سلام، پھر وہ جلد ہی (اپنا حشر) معلوم کر لیں گےo

So, (O My Beloved,) turn your face away from them and say (like this: 'Alright, our greeting is:) Peace!' Then soon they will come to know (their end).

سورۃ الدخان:

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ (7)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اِن کے درمیان ہے (اُس کا) پروردگار ہے، بشرطیکہ تم یقین رکھنے والے ہوo

The Lord of the heavens and the earth and all that is between them, provided you have faith with certitude.

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ (8)

ترجمہ: اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی زندگی دیتا اور موت دیتا ہے (وہ) تمہارا (بھی) رب ہے اور تمہارے اگلے آباء و اجداد کا (بھی) رب ہےo

There is no God but He. He is the One Who gives life and causes death. He is your Lord and the Lord of your fathers (as well).

بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ (9)

ترجمہ: بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیںo

Yet they are in doubt, busy playing.

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيْنٍ (10)

ترجمہ: سو آپ اُس دن کا انتظار کریں جب آسمان واضح دھواں ظاہر کر دے گاo

So wait for the Day when the sky will cause a clear smoke to appear,

يَّغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ (11)

ترجمہ: جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا (یعنی ہر طرف محیط ہو جائے گا)، یہ دردناک عذاب ہےo

Which will envelop people (i.e., will encompass everything). That will be a painful torment.

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ **(12)**

ترجمہ: (اس وقت کہیں گے:) اے ہمارے رب! تو ہم سے (اس) عذاب کو دور کر دے، بے شک ہم ایمان لاتے ہیںo

(They will then say:) 'O our Lord! Remove this torment from us. Surely, we believe.'

أَنَّى لَهُمُ الذِّكْرَى وَقَدْ جَاءهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ **(13)**

ترجمہ: اب اُن کا نصیحت ماننا کہاں (مفید) ہوسکتا ہے حالاں کہ ان کے پاس واضح بیان فرمانے والے رسول آ چکےo

How can their acceptance of the admonition now be (of any use), whereas there came to them a Messenger with a clear exposition?

ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَّجْنُونٌ **(14)**

ترجمہ: پھر انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا اور (گستاخی کرتے ہوئے) کہنے لگے: (وہ) سکھایا ہوا دیوانہ ہےo

But they turned their faces from him and (denigrating) they said: '(He) is a tutored madman.'

إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ **(15)**

ترجمہ: بے شک ہم تھوڑا سا عذاب دور کیے دیتے ہیں (مگر) تم یقیناً (وہی کفر) دہرانے لگو گےo

Indeed, We remove the torment a little (but) you will certainly reiterate (the same disbelief).

إِنَّ هَؤُلَاءِ لَيَقُولُونَ **(34)**

ترجمہ: بے شک وہ لوگ کہتے ہیںo

Surely, they say:

إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا الْأُولَى وَمَا نَحْنُ بِمُنشَرِينَ **(35)**

ترجمہ: کہ ہماری پہلی موت کے سوا (بعد میں) کچھ نہیں ہے اور ہم (دوبارہ) نہیں اٹھائے جائیں گےo

'There is nothing after our first death and we shall not be raised up (again).

فَأْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(36)**

ترجمہ: سو تم ہمارے باپ دادا کو (زندہ کر کے) لے آؤ، اگر تم سچے ہوo

So bring back our ancestors (alive) if you are truthful.'

أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ أَهْلَكْنَاهُمْ إِنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ **(37)**

ترجمہ: بھلا یہ لوگ بہتر ہیں یا (بادشاہِ یمن اسعد ابوکریب) تُبّع (الحمیری) کی قوم اور وہ لوگ جو اِن سے پہلے تھے، ہم نے اُن (سب) کو ہلاک کر ڈالا تھا، بے شک وہ لوگ مجرم تھےo

Well, are they better or the people of Tubba' (the people of As'ad Abu Kurib al-Himyari, the King of Yemen) and those who were before them? We destroyed

(all of) them. Surely, they were people given to evildoing.

إِنَّ شَجَرَةَ الزَّقُّومِ (43)

ترجمہ: بے شک کانٹے دار پھل کا درخت o

Indeed, the tree bearing thorny fruit,

طَعَامُ الْأَثِيمِ (44)

ترجمہ: بڑے نافرمانوں کا کھانا ہوگا o

Will be the food of the major sinners.

كَالْمُهْلِ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ (45)

ترجمہ: پگھلے ہوئے تانبے کی طرح وہ پیٹوں میں کھولے گا o

It will boil in the bellies like molten copper,

كَغَلْيِ الْحَمِيمِ (46)

ترجمہ: کھولتے ہوئے پانی کے جوش کی مانند o

Like the seething of simmering water.

خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ إِلَى سَوَاءِ الْجَحِيمِ (47)

ترجمہ: (حکم ہوگا:) اس کو پکڑ لو اور دوزخ کے وسط تک اسے زور سے گھسیٹتے ہوئے لے جاؤ o

(It will be commanded:) 'Seize him and drag him forcefully to the midst of Hell,

ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيمِ (48)

ترجمہ: پھر اِس کے سَر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب ڈالو o

Then torment him by pouring boiling water over his head.

ذُقْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ (49)

ترجمہ: مَزہ چکھ لے، ہاں تُو ہی (اپنے گمان اور دعوٰی میں) بڑا معزّز و مکرّم ہے o

Taste it! Yes, you it is, the respectable and venerable (in your notion and claim).

إِنَّ هَذَا مَا كُنتُم بِهِ تَمْتَرُونَ (50)

ترجمہ: بے شک یہ وہی (دوزخ) ہے جس میں تم شک کیا کرتے تھے o

Certainly, this is the very Hell you used to doubt.'

فَارْتَقِبْ إِنَّهُم مُّرْتَقِبُونَ (59)

ترجمہ: سو آپ (بھی) انتظار فرمائیں، یقیناً وہ (بھی) انتظار کر رہے ہیں (آپ اُن کا حشر اور ہمارا انتقام دیکھیں گے اور وہ آپ کی شان اور آپ کے تصدّق سے مومنوں پر میرا انعام دیکھیں گے) o

So wait. Certainly, they (too) are waiting. (You will see Our revenge and their evil end, and they will see your glory and My favours to the believers through your mediation.)

سورۃ الجاثیۃ:

وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ (7)

ترجمہ: ہر بہتان تراشنے والے کذّاب (اور) بڑے سیاہ کار کے لیے ہلاکت ہےo

Woe to every liar given to fabricating false allegations (and) every dreadful evildoer,

يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِراً كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (8)

ترجمہ: جو اللہ کی (اُن) آیتوں کو سنتا ہے جو اُس پر پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں پھر (اپنے کفر پر) اصرار کرتا ہے تکبّر کرتے ہوئے، گویا اُس نے انہیں سنا ہی نہیں، تو آپ اسے دردناک عذاب کی بشارت دے دیںo

The one who listens to the Revelations of Allah that are recited to him, then insists (on his disbelief) arrogantly as if he did not hear them, give him the news of a grievous torment!

وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئاً اتَّخَذَهَا هُزُواً أُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ (9)

ترجمہ: اور جب اسے ہماری (قرآنی) آیات میں سے کسی چیز کا (بھی) علم ہو جاتا ہے تو اسے مذاق بنا لیتا ہے، ایسے ہی لوگوں کے لیے ذلّت انگیز عذاب ہےo

And when he learns about anything of Our Verses (of the Qur'an), he makes it a joke. It is they for whom there is humiliating torment.

مِن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِي عَنْهُم مَّا كَسَبُوا شَيْئاً وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاء وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ (10)

ترجمہ: اُن کے (اس عرصۂ حیات کے) بعد دوزخ ہے اور جو (مالِ دنیا) انہوں نے کما رکھا ہے اُن کے کچھ کام نہیں آئے گا اور نہ وہ بت (ہی کام آئیں گے) جنہیں اللہ کے سوا انہوں نے کارساز بنا رکھا ہے، اور اُن کے لیے بہت سخت عذاب ہےo

Beyond (their current term of life), there is Hell. And (the worldly riches) which they have earned will be of no use to them. Nor will those idols be (of any benefit) that they have made guardians instead of Allah. And there is a very severe torment for them.

ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَى شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاء الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (18)

ترجمہ: پھر ہم نے آپ کو دین کے کھلے راستے (شریعت) پر مامور فرما دیا، سو آپ اسی راہ پر چلتے جائیے اور اُن لوگوں کی خواہشوں کو قبول نہ فرمائیے جنہیں (آپ کی اور آپ کے دین کی عظمت و حقّانیت کا) علم ہی نہیں ہےo

Then We set you on the open path of Shariah (Islamic law). So follow it persistently. And do not yield to the desires of those who are simply unaware (of the glory, dignity and trueness of your Din [Religion]).

إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئاً وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ (19)

ترجمہ: بے شک یہ لوگ اللہ کی جانب سے (اسلام کی راہ میں پیش آمدہ مشکلات کے وقت میں وعدوں کے باوجود) ہرگز آپ کے

کام نہیں آئیں گے، اور بے شک ظالم لوگ (دنیا میں) ایک دوسرے کے ہی دوست اور مددگار ہوا کرتے ہیں، اور اللہ پرہیزگاروں کا دوست اور مددگار ہےo

Surely, these people will not be of any help to you at all (despite promises) from Allah (for crucial time of hardships coming in the way of Islam). And in truth, the wrongdoers (in the world) are friends and helpers only to one another and Allah is the Friend and Helper of the Godfearing.

أَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاء مَّحْيَاهُم وَمَمَاتُهُمْ سَاء مَا يَحْكُمُونَ (21)

ترجمہ: کیا وہ لوگ جنہوں نے برائیاں کما رکھی ہیں یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم انہیں اُن لوگوں کی مانند کر دیں گے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے (کہ) اُن کی زندگی اور ان کی موت برابر ہو جائے۔ جو دعوٰی (یہ کفّار) کر رہے ہیں نہایت برا ہےo

Do those who have earned evil deeds think that We shall make them resemble those who believe and do good deeds (so as) to make their life and death alike? The claim, which they (the disbelievers) make, is the worst evil.

وَخَلَقَ اللّهُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (22)

ترجمہ: اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق (پر مبنی حکمت) کے ساتھ پیدا فرمایا اور اس لیے کہ ہر جان کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے جو اس نے کمائے ہیں اور اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گاo

And Allah created the heavens and the earth with (a strategy based on) truth, in order that every soul is rewarded for the deeds that it earns and they will not be wronged.

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللّهُ عَلَى عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَى سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَى بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللّهِ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (23)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو معبود بنا رکھا ہے اور اللہ نے اسے علم کے باوجود گمراہ ٹھہرا دیا ہے اور اس کے کان اور اس کے دل پر مُہر لگا دی ہے اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے، پھر اُسے اللہ کے بعد کون ہدایت کر سکتا ہے، سو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتےo

Have you seen him who has made his desire his god and Allah has held him astray despite his knowledge and has sealed his ears and his heart and has blindfolded his eyes? Then who can guide him after Allah? So do you not accept advice?

وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ وَمَا لَهُم بِذَلِكَ مِنْ عِلْمٍ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ (24)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: ہماری دنیوی زندگی کے سوا (اور) کچھ نہیں ہے ہم (بس) یہیں مرتے اور جیتے ہیں اور ہمیں زمانے کے (حالات و واقعات کے) سوا کوئی ہلاک نہیں کرتا (گویا خدا اور آخرت کا مکمل انکار کرتے ہیں)، اور انہیں اس (حقیقت) کا کچھ بھی علم نہیں ہے، وہ صرف خیال و گمان سے کام لے رہے ہیںo

And they say: 'There is nothing (else) except our worldly life. We die and live here (only). And nothing kills us except (circumstances and occurrences of) time (i.e., they deny Allah and the Hereafter absolutely). And they simply do not have any knowledge of this (reality). They follow only their speculation and assumption.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَّا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا ائْتُوا بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(25)**

ترجمہ: اور جب اُن پر ہماری واضح آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو اس کے سوا اُن کی کوئی دلیل نہیں ہوتی کہ ہمارے باپ دادا کو (زندہ کر کے) لے آؤ، اگر تم سچے ہوo

And when Our clear Verses are recited to them, they do not have any plea except to say: 'Bring back our fathers (raised alive) if you are truthful.'

قُلِ اللَّهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ **(26)**

ترجمہ: فرما دیجیے: اللہ ہی تمہیں زندگی دیتا ہے اور پھر وہی تمہیں موت دیتا ہے پھر تم سب کو قیامت کے دن کی طرف جمع فرمائے گا جس میں کوئی شک نہیں ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتےo

Say: 'Allah is the One Who gives you life, and He is the One Who causes you to die. Then He will gather all of you towards the Day of Resurrection about which there is no doubt. But most people do not know.'

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرضِ وَيَومَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ **(27)**

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور جس دن قیامت برپا ہوگی تب (سب) اہلِ باطل سخت خسارے میں پڑ جائیں گےo

And the Kingdom of the heavens and the earth belongs to Allah alone. And the Day when the Last Hour comes, then (all) the disbelievers will run into serious loss.

وَتَرَى كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعَى إِلَى كِتَابِهَا الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ **(28)**

ترجمہ: اور آپ دیکھیں گے (کفّار و منکرین کا) ہر گروہ گھٹنوں کے بل گرا ہوا بیٹھا ہوگا، ہر فرقے کو اس (کے اعمال) کی کتاب کی طرف بلایا جائے گا، آج تمہیں اُن اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کیا کرتے تھےo

And you will see every party (of the disbelievers and beliers) sitting, fallen on their knees. Every community will be called to its book (of deeds): 'You will be rewarded Today for the deeds that you used to do.

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِي تُتْلَى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْماً مُّجْرِمِينَ **(31)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کُفر کیا (اُن سے کہا جائے گا:) کیا میری آیتیں تم پر پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں، پس تم نے تکبّر کیا اور تم مُجرم لوگ تھےo

And those who disbelieved (it will be said to them:) 'Were My Verses not recited to you? But you showed arrogance and you were the evildoers.'

وَإِذَا قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِينَ (32)

ترجمہ: اور جب کہا جاتا تھا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت (کے آنے) میں کوئی شک نہیں ہے تو تم کہتے تھے کہ ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہے، ہم اُسے وہم وگمان کے سوا کچھ نہیں سمجھتے اور ہم (اِس پر) یقین کرنے والے نہیں ہیںo

And when it was said: 'The promise of Allah is true, and there is no doubt about (the coming of) the Last Hour,' you used to say: 'We do not know what the Last Hour is; we regard it nothing but a conjecture; nor do we have any faith in it.'

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ (33)

ترجمہ: اور اُن کے لیے وہ سب برائیاں ظاہر ہو جائیں گی جو وہ انجام دیتے تھے اور وہ (عذاب) انہیں گھیر لے گا جس کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھےo

And all their evil works which they used to do will be exposed, and that (torment) which they used to make fun of will beset them.

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَذَا وَمَأْوَاكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن نَّاصِرِينَ (34)

ترجمہ: اور (اُن سے) کہا جائے گا: آج ہم تمہیں بھلائے دیتے ہیں جس طرح تم نے اپنے اِس دن کی پیشی کو بھلا دیا تھا اور تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اور تمہارے لیے کوئی بھی مددگار نہ ہوگاo

And it will be said (to them): 'Today We forget you as you forgot your Meeting on this Day. And Hell is your abode and there will be no helper for you.

ذَلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ هُزُواً وَغَرَّتْكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ (35)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے (ہے) کہ تم نے اللہ کی آیتوں کو مذاق بنا رکھا تھا اور دنیوی زندگی نے تمہیں دھوکہ میں ڈال دیا تھا، سو آج نہ تو وہ اُس (دوزخ) سے نکالے جائیں گے اور نہ اُن سے توبہ کے ذریعے (اللہ کی) رضا جوئی قبول کی جائے گیo

That (is) so because you made fun of Allah's Revelations, and the worldly life deceived you.' So Today neither will they be taken out of that (Hell), nor will there be accepted from them any attempt to seek (Allah's) pleasure by means of repentance.

سورۃ الاحقاف:

مَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى وَالَّذِينَ كَفَرُوا عَمَّا أُنذِرُوا مُعْرِضُونَ (3)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور اس (مخلوقات) کو جو ان کے درمیان ہے پیدا نہیں کیا مگر حکمت اور مقررہ مدّت (کے تعیّن) کے ساتھ، اور جنہوں نے کفر کیا ہے انہیں جس چیز سے ڈرایا گیا اسی سے رُوگردانی کرنے والے ہیںo

We have not created the heavens and the earth and (the creation) that is between them but with wisdom and (the fixing of) an appointed term. And those who have disbelieved turn away from what they have been warned of.

قُلْ أَرَأَيْتُم مَّا تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ أَرُونِي مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ ائْتُونِي بِكِتَابٍ مِّن قَبْلِ هَذَا أَوْ أَثَارَةٍ مِّنْ عِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (4)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ مجھے بتاؤ تو کہ جن (بتوں) کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو مجھے دکھاؤ کہ انہوں نے زمین میں کیا چیز تخلیق کی ہے یا (یہ دکھادو کہ) آسمانوں (کی تخلیق) میں ان کی کوئی شراکت ہے۔ تم میرے پاس اس (قرآن) سے پہلے کی کوئی کتاب یا (اگلوں کے) علم کا کوئی بقیہ حصہ (جو منقول چلا آرہا ہو ثبوت کے طور پر) پیش کرو اگر تم سچے ہوo

Say: 'Tell me of (the idols) you worship instead of Allah; show me what they have created in the earth, or (bring it forth if) they have a partnership in (the creation of) the heavens. Bring me (as a proof) any Book (revealed) before this (Qur'an), or some remnant of knowledge (transmitted from the bygone people), if you are truthful.'

وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّن يَدْعُو مِن دُونِ اللَّهِ مَن لَّا يَسْتَجِيبُ لَهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَهُمْ عَن دُعَائِهِمْ غَافِلُونَ (5)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہوسکتا ہے جو اللہ کے سوا ایسے (بتوں) کی عبادت کرتا ہے جو قیامت کے دن تک اسے (سوال کا) جواب نہ دے سکیں اور وہ (بت) ان کی دعاء ۔ وعبادت سے (ہی) بے خبر ہیںo

And who can be more in error than someone who worships such (idols) apart from Allah as cannot answer (his question) till the Day of Resurrection? And those (idols) have no consciousness of their prayer and worship.

وَإِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوا لَهُمْ أَعْدَاء وَكَانُوا بِعِبَادَتِهِمْ كَافِرِينَ (6)

ترجمہ: اور جب لوگ (قیامت کے دن) جمع کیے جائیں گے تو وہ (معبودانِ باطلہ) ان کے دشمن ہوں گے اور (اپنی برات کی خاطر) ان کی عبادت سے ہی منکر ہو جائیں گےo

And when mankind shall be gathered (on the Day of Resurrection), those (false gods) will be their enemies and will deny their worship (for their own absolution).

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلْحَقِّ لَمَّا جَاءهُمْ هَذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ (7)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں (تو) جو لوگ کفر کر رہے ہیں حق (یعنی قرآن) کے بارے میں، جبکہ وہ ان کے پاس آچکا، کہتے ہیں: یہ کھلا جادو ہےo

And when Our clear Verses are recited to them, (then) the disbelievers say about the truth (the Qur'an) whilst it has come to them: 'This is obvious magic.'

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَلَا تَمْلِكُونَ لِي مِنَ اللَّهِ شَيْئاً هُوَ أَعْلَمُ بِمَا تُفِيضُونَ فِيهِ كَفَى بِهِ شَهِيداً بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (8)

ترجمہ: کیا وہ لوگ (یہ) کہتے ہیں کہ اس (قرآن) کو (پیغمبر نے) گھڑ لیا ہے۔ آپ فرمادیں: اگر اسے میں نے گھڑا ہے تو تم مجھے اللہ (کے عذاب) سے (بچانے کا) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتے، اور وہ ان (باتوں) کو خوب جانتا ہے جو تم اس (قرآن) کے بارے میں طعنہ زنی کے طور پر کر رہے ہو۔ وہی (اللہ) میرے اور تمہارے درمیان گواہ کافی ہے، اور وہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے

والا ہےO

Do they say that (the Messenger) has fabricated it (the Qur'an)? Say: 'If I have concocted it, then you have no authority to save me from (the torment of) Allah. And He knows best the (words) you utter about this (Qur'an) as mockery. He (Allah) is Sufficient as witness between me and you. And He is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

قُلْ مَا كُنتُ بِدْعاً مِّنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِىْ مَا يُفْعَلُ بِىْ وَلَا بِكُمْ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَىَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ (9)

ترجمہ: آپ فرمادیں کہ میں (انسانوں کی طرف) کوئی پہلا رسول نہیں آیا (کہ مجھ سے قبل رسالت کی کوئی مثال ہی نہ ہو) اور میں اَز خود (یعنی محض اپنی عقل و درایت سے) نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور نہ وہ جو تمہارے ساتھ کیا جائے گا، (میرا علم تو یہ ہے کہ) میں صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف بھیجی جاتی ہے (وہی مجھے ہر شے کا علم عطا کرتی ہے) اور میں تو صرف (اس علم بالوحی کی بنا پر) واضح ڈر سنانے والا ہوںO

Say: 'I am not the first Messenger (sent to mankind that no precedent of Messengership exists before me). Nor do I know of my own accord (i.e., purely by means of my own mental faculty and self-application) what will be done to me or what will be done to you. (My knowledge is nothing except that) I follow that revelation alone which is sent to me. (It is this that provides me knowledge about everything.) And I am simply a clear Warner (on the basis of this knowledge obtained through revelation).

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِىْ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ (10)

ترجمہ: فرمادیجیے: ذرا بتاؤ تو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کر دیا ہو اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ (بھی پہلی آسمانی کتابوں سے) اس جیسی کتاب (کے اترنے کے ذکر) پر گواہی دے پھر وہ (اس پر) ایمان (بھی) لایا ہو اور تم (اس کے باوجود) غرور کرتے رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا؟)، بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتاO

Say: 'Tell me, if this (Qur'an) is from Allah and you deny it and a witness from the Children of Israel (also) bears testimony to the mention of (the revelation of) such a Book (in the Revealed Books revealed earlier), then he believes (in it as well), but (despite that) you show arrogance (then what will be your fate?) Surely, Allah does not guide the wrongdoing people.'

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لِلَّذِيْنَ آمَنُوا لَوْ كَانَ خَيْراً مَّا سَبَقُونَا إِلَيْهِ وَإِذْ لَمْ يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هَذَا إِفْكٌ قَدِيْمٌ (11)

ترجمہ: اور کافروں نے مومنوں سے کہا: اگر یہ (دینِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بہتر ہوتا تو یہ لوگ اس کی طرف ہم سے پہلے نہ بڑھتے (ہم خود ہی سب سے پہلے اسے قبول کر لیتے)، اور جب ان (کفار) نے (خود) اس سے ہدایت نہ پائی تو اب کہتے ہیں کہ یہ تو پرانا جھوٹ (اور بہتان) ہےO

And the disbelievers said to the believers: 'Had it (the Din of Muhammad

[blessings and peace be upon him]) been a better (religion), these people would not have advanced towards it taking the lead over us. (We would have accepted it before anyone else.)' And when they (the disbelievers) have not taken guidance from it (themselves), now they say: 'This is an old lie (and a fabrication).'

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُم بِهَا فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ فِيْ الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ تَفْسُقُونَ (20)

ترجمہ: اور جس دن کافر لوگ آتشِ دوزخ کے سامنے پیش کیے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا:) تم اپنی لذیذ و مرغوب چیزیں اپنی دنیوی زندگی میں ہی حاصل کر چکے اور ان سے (خوب) نفع اندوز بھی ہو چکے۔ پس آج کے دن تمہیں ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی اس وجہ سے کہ تم زمین میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے اور اس وجہ سے (بھی) کہ تم نافرمانی کیا کرتے تھےo

And the Day when the disbelievers will be brought before the Fire of Hell (it will be said to them:) 'You received your favourite and tasteful luxuries in the life of the world and exacted from them (maximum) benefit. So, Today you will be rewarded the punishment of humiliation because you lived on earth with arrogance unjustly and (also) because you used to disobey.'

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُم مِّنَ الْقُرَى وَصَرَّفْنَا الْآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (27)

ترجمہ: اور (اے اہلِ مکہ!) بے شک ہم نے کتنی ہی بستیوں کو ہلاک کر ڈالا جو تمہارے اردگرد تھیں اور ہم نے اپنی نشانیاں بار بار ظاہر کیں تاکہ وہ (کفر سے) رجوع کر لیںo

And, (O people of Mecca,) indeed We destroyed many a town around you, and displayed Our signs time and again so that they might turn (back to them from disbelief).

فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ قُرْبَاناً آلِهَةً بَلْ ضَلُّوا عَنْهُمْ وَذَلِكَ إِفْكُهُمْ وَمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ (28)

ترجمہ: پھر ان (بتوں) نے ان کی مدد کیوں نہ کی جن کو انہوں نے تقرّبِ (الٰہی) کے لیے اللہ کے سوا معبود بنا رکھا تھا، بلکہ وہ (معبودانِ باطلہ) ان سے گم ہو گئے، اور یہ (بتوں کو معبود بنانا) ان کا جھوٹ تھا اور یہی وہ بہتان (تھا) جو وہ باندھا کرتے تھےo

Then why did those (idols) not come to their aid, which they had taken as gods besides Allah for attaining (His) nearness? But in fact, they (false gods) were lost from them. And this (setting up false gods) was their lie. And (it was) this fabrication that they used to weave.

وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِيْ الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء أُوْلَئِكَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ (32)

ترجمہ: اور جو شخص اللہ کی طرف بلانے والے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بات قبول نہیں کرے گا تو وہ زمین میں (بھاگ کر اللہ کو) عاجز نہیں کر سکے گا اور نہ ہی اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار ہوں گے۔ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیںo

And he who does not accept the call of the Caller (the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) to Allah cannot thwart Allah (by running

away) on earth. Nor will there be any helpers for him except Allah. It is they who are in open error.'

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَلَيْسَ هَذَا بِالْحَقِّ قَالُوا بَلَى وَرَبِّنَا قَالَ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ **(34)**

ترجمہ: اور جس دن وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا آتشِ دوزخ کے سامنے پیش کیے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا:) کیا یہ (عذاب) برحق نہیں ہے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! ہمارے رب کی قسم (برحق ہے)، ارشاد ہوگا: پھر عذاب کا مزہ چکھو جس کا تم انکار کیا کرتے تھےo

And the Day when the disbelievers will be brought to the Fire (it will be said to them:) 'Is this (punishment) not based on the truth?' They will say: 'Yes, of course! By our Lord (it is true).' (Allah) will say: 'Then taste the punishment you used to deny.'

فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ أُوْلُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِل لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّن نَّهَارٍ بَلَاغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ إِلَّا الْقَوْمُ الْفَاسِقُونَ **(35)**

ترجمہ: (اے حبیب!) پس آپ صبر کیے جائیں جس طرح (دوسرے) عالی ہمّت پیغمبروں نے صبر کیا تھا اور آپ ان (منکروں) کے لیے (طلبِ عذاب میں) جلدی نہ فرمائیں، جس دن وہ اس (عذابِ آخرت) کو دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے تو (خیال کریں گے) گویا وہ (دنیا میں) دن کی ایک گھڑی کے سوا ٹھہرے ہی نہیں تھے، (یہ اللہ کی طرف سے) پیغام کا پہنچایا جانا ہے، نافرمان قوم کے سوا دیگر لوگ ہلاک نہیں کیے جائیں گےo

(O Beloved!) So be steadfast as (other) Messengers were with unwavering determination, and do not hasten (to seek the torment) for these (deniers). The Day they will see this (punishment in the Hereafter) which they are being promised, (they will think) as though they did not stay (in the world) for more than an hour. (This is but) the communication of the Message (from Allah). Those other than the disobedient will not be destroyed.

سورۃ محمد:

الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيْلِ اللَّهِ أَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ **(1)**

ترجمہ: جن لوگوں نے کفر کیا اور (دوسروں کو) اللہ کی راہ سے روکا (تو) اللہ نے ان کے اعمال (اخروی اجر کے لحاظ سے) برباد کر دیےo

Those who disbelieve and hinder (others) from the way of Allah, Allah destroys their actions (as for their reward in the Hereafter).

ذَلِكَ بِأَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَأَنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِن رَّبِّهِمْ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ لِلنَّاسِ أَمْثَالَهُمْ **(3)**

ترجمہ: یہ اس لیے کہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ باطل کے پیچھے چلے اور جو لوگ ایمان لائے انہوں نے اپنے رب کی طرف سے (اتارے گئے) حق کی پیروی کی، اسی طرح اللہ لوگوں کے لیے ان کے احوال بیان فرماتا ہےo

That is because those who disbelieve follow falsehood, and those who believe

follow the truth (sent down) from their Lord. That is how Allah illustrates for people their states of being.

فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّى إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً حَتَّى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ذَلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ (4)

ترجمہ: پھر جب (میدان جنگ میں) تمہارا مقابلہ (متحارب) کافروں سے ہوتو (دورانِ جنگ) ان کی گردنیں اڑادو (کیونکہ انہوں نے انسانیت کا قتل عام کیا اور فساد انگیزی کے ذریعے امن برباد کیا)، یہاں تک کہ جب تم انہیں (جنگی معرکہ میں) خوب قتل کر چکوتو (بقیہ قیدیوں کو) مضبوطی سے باندھ لو، پھر اس کے بعد یا تو (انہیں) احسان کرتے ہوئے (بلا معاوضہ چھوڑ دو) یا فدیہ (یعنی معاوضۂ رہائی) لے کر (آزاد کردو) یہاں تک کہ جنگ (کرنے والی مخالف فوج) اپنے ہتھیار رکھ دے (یعنی صلح وامن کا اعلان کردے)۔ یہی (حکم) ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے (بغیر جنگ) انتقام لے لیتا مگر (اس نے ایسا نہیں کیا) تاکہ تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کر دیے گئے تو وہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہ کرے گاo

So when you are to fight (for the elimination of militancy and terrorism) against the (warring) disbelievers (in the battlefield), strike their necks (whilst fighting because they slaughtered harmless human lives and destroyed peace by their terrorist activities) till, when you have killed a good many of them (in the battle), then tie (the remaining prisoners) tightly. Thereafter, either set (them) free (without ransom) as a favour or (free them) for ransom (i.e., cost of freedom) till the warring (hostile army) lays down its weapons (i.e., announces the truce). That is (the command). And if Allah had willed, He would have avenged Himself on them (without war). But (He did not do so) in order to try some of you by means of others. And as for those who are slain in the way of Allah, He will not at all make their actions fruitless.

وَالَّذِينَ كَفَرُوا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ (8)

ترجمہ: اور جنہوں نے کفر کیا تو ان کے لیے ہلاکت ہے اور (اللہ نے) ان کے اعمال برباد کر دیےo

And those who disbelieve, for them is destruction and (Allah) has ruined their actions.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ (9)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اس (کتاب) کو ناپسند کیا جو اللہ نے نازل فرمائی تو اس نے ان کے اعمال اکارت کر دیےo

That is because they hate that (Book) which Allah has sent down so He has made their actions come to nothing.

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا (10)

ترجمہ: کیا انہوں نے زمین میں سفر و سیاحت نہیں کی کہ وہ دیکھ لیتے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ان سے پہلے تھے۔ اللہ نے ان پر ہلاکت و بربادی ڈال دی۔ اور کافروں کے لیے اسی طرح کی بہت سی ہلاکتیں ہیںo

Have they not travelled and toured in the earth so that they could see the fate of those who passed before them? Allah cast upon them total destruction. There are many such calamities awaiting the disbelievers.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ آمَنُوا وَأَنَّ الْكَافِرِيْنَ لَا مَوْلَى لَهُمْ (11)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ ان لوگوں کا ولی و مددگار ہے جو ایمان لائے ہیں اور بے شک کافروں کے لیے کوئی ولی و مددگار نہیں ہےo

That is because Allah is the Protector and Helper of those who believe, and for sure the disbelievers do not have any protector and helper.

إِنَّ اللَّـهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ (12)

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور جن لوگوں نے کفر کیا اور (دنیوی) فائدے اٹھا رہے ہیں اور (اس طرح) کھا رہے ہیں جیسے چوپائے (جانور) کھاتے ہیں سو دوزخ ہی ان کا ٹھکانا ہےo

Surely, those who believe and do pious works, Allah will admit them to Gardens with streams flowing under them, and those who disbelieve and are enjoying (worldly) gains and eat as cattle (animals) do, so Hell alone will be their abode.

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن قَرْيَتِكَ الَّتِيْ أَخْرَجَتْكَ أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ (13)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) کتنی ہی بستیاں تھیں جن کے باشندے (وسائل واقتدار میں) آپ کے اس شہر (مکّہ کے باشندوں) سے زیادہ طاقتور تھے جس (کے مقتدر وڈیروں) نے آپ کو (بصورتِ ہجرت) نکال دیا ہے، ہم نے انہیں (بھی) ہلاک کر ڈالا پھر ان کا کوئی مددگار نہ ہوا (جو انہیں بچا سکتا)o

And, (O Beloved,) how many a town have We destroyed whose citizens wielded greater power (i.e., resources and authority) than (the residents of) your city (Mecca) whose (powerful chiefs) have driven you out (by emigration)! We have destroyed them as well, and no one came to their help (who could save them).

أَفَمَن كَانَ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ كَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَ هُمْ (14)

ترجمہ: سو کیا وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر (قائم) ہو ان لوگوں کی مثل ہو سکتا ہے جن کے برے اعمال ان کے لیے آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے چل رہے ہوںo

Is someone who is (firm) on the clear proof from his Lord like those whose evil actions are shown to them as fair and who follow the desires of their (ill-commanding) selves?

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ حَتَّى إِذَا خَرَجُوا مِنْ عِندِكَ قَالُوا لِلَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفاً أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءهُمْ (16)

ترجمہ: اوران میں سے بعض وہ لوگ بھی ہیں جو آپ کی طرف (دل اور دھیان لگائے بغیر) صرف کان لگائے سنتے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب وہ آپ کے پاس سے نکل کر (باہر) جاتے ہیں تو ان لوگوں سے پوچھتے ہیں جنہیں علمِ (نافع) عطا کیا گیا ہے کہ ابھی انہوں نے (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے) کیا فرمایا تھا؟ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور وہ اپنی خواہشات کی پیروی کر رہے ہیں o

And amongst them are those who give ears to you (without their heads and hearts in it) till, when they leave your presence and go (out), they ask those who have been given (profitable) knowledge: 'What is it that he (the Messenger [blessings and peace be upon him]) said just now?' It is they whose hearts Allah has sealed up and they are following their lusts.

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً فَقَدْ جَاءَ أَشْرَاطُهَا فَأَنَّى لَهُمْ إِذَا جَاءتْهُمْ ذِكْرَاهُمْ (18)

ترجمہ: تو اب یہ (منکر) لوگ صرف قیامت ہی کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان پر اچانک آ پہنچے؟ سو واقعی اس کی نشانیاں (قریب) آ پہنچی ہیں، پھر انہیں ان کی نصیحت کہاں (مفید) ہوگی جب (خود) قیامت (ہی) آ پہنچے گی o

So are they (the deniers) now just waiting for the Last Hour to come upon them all of a sudden? Its signs have no doubt drawn (near). But what (good) will their admonition do to them when the Last Hour (itself) approaches?

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى لَن يَضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئاً وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ (32)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت (اور ان سے جدائی کی راہ اختیار) کی اس کے بعد کہ ان پر ہدایت (یعنی عظمتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معرفت) واضح ہو چکی تھی وہ اللہ کا ہرگز کچھ نقصان نہیں کر سکیں گے (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قدر و منزلت کو گھٹا نہیں سکیں گے)، ☆ اور اللہ ان کے (سارے) اعمال کو (مخالفتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باعث) نیست و نابود کر دے گا o

☆ تمام ائمہ تفسیر نے لکھا ہے: (لَن یضرّ واللّٰہَ شَیئًا) أی: لن یضرّ وا رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمشاقتہ وحذف المضاف لتعظیم شانہ۔ ملاحظہ فرمائیں: الطبری، البیضاوی، روح المعانی، روح البیان، الجمل، البحر المدید وغیرہ۔ اس اُسلوبِ کلام کی مثالیں قرآن مجید میں بہت ہیں جن میں سے ایک سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 9 (یُخٰدِعُونَ اللہَ وَالَّذِینَ اٰمَنُوا) ہے۔ اس مقام پر یخٰدعون اللہ (وہ اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں) کہہ کر مراد یُخٰدِعُونَ رَسُولَ اللہِ (وہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں) لیا گیا ہے۔

Indeed, those who disbelieved and hindered (the people) from the way of Allah and opposed the Messenger (blessings and peace be upon him), (and chose the path of breaking away from him,) after the guidance (i.e., the gnosis of the veneration of the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]) had

become clear to them, they would not be able to harm Allah anyway (i.e., would not be able to decrease the incomparable superiority and pre-eminence of the Messenger* [blessings and peace be upon him]). Allah will wreck (all) their works (due to their opposition to the
Holy Messenger [blessings and peace be upon him]).
*** According to the leading exegetes like al-Tabari, al-Baydawi, al-Alusi, al-Haqqi, al-Jumal, Ibn 'Ujayba, etc., there are many examples of this style of exposition in the Holy Qur'an such as verse 9 of Sura al-Baqara. Here the words, 'They want to deceive Allah' imply: 'They want to deceive the Holy Messenger (blessings and peace be upon him).'**

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيْلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ **(34)**

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا پھر اس حال میں مر گئے کہ وہ کافر تھے تو اللہ انہیں کبھی نہ بخشے گاo

Indeed, those who disbelieved and hindered (the people) from the way of Allah and then died as disbelievers, Allah will never forgive them.

فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَن يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ **(35)**

ترجمہ: (اے مومنو!) پس تم ہمت نہ ہارو اور ان (متحارب کافروں) سے صلح کی درخواست نہ کرو (کہیں تمہاری کمزوری ظاہر نہ ہو)، اور تم ہی غالب رہو گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ تمہارے اعمال (کا ثواب) ہرگز کم نہ کرے گاo

(O believers!) Do not lose heart and do not ask (the warring disbelievers) for peace (lest it should suggest your weakness). And it is you who will have the upper hand. And Allah is with you, and He will never reduce (the reward of) your actions.

إِنَّمَا الحَيَاةُ الدُّنيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَإِن تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ **(36)**

ترجمہ: بس دنیا کی زندگی تو محض کھیل اور تماشا ہے، اور اگر تم ایمان لے آؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو وہ تمہیں تمہارے (اعمال پر کامل) ثواب عطا فرمائے گا اور تم سے تمہارے مال طلب نہیں کرے گاo

Doubtlessly, the life of the world is nothing but merely a sport and pastime. And if you believe and adopt Godwariness, He will pay you the recompense (of your deeds in full), and will not require of you your wealth.

إِن يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ **(37)**

ترجمہ: اگر وہ تم سے اس مال کو طلب کر لے پھر تمہیں طلب میں تنگی دے تو تمہیں (دل میں) تنگی محسوس ہوگی (اور) تم بخل کرو گے اور (اس طرح) وہ تمہارے (دنیا پرستی کے باعث باطنی) زنگ ظاہر کر دے گاo

If He asks you for this wealth and puts you under scarcity for that, then you will feel constrained (at heart and) become miserly. And in this way, He will expose your (inner) rust (which results from worldly pursuits).

هَـاأَنتُـمْ هَـؤُلَاءِ تُـدْعَـوْنَ لِتُنفِقُوا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمِنكُم مَّن يَبْخَلُ وَمَن يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَن نَّفْسِهِ وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَاءُ وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ (38)

ترجمہ: یادرکھو! تم وہ لوگ ہو جنہیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے بلایا جاتا ہے تو تم میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو بُخل کرتے ہیں، اور جو کوئی بھی بخل کرتا ہے وہ محض اپنی جان ہی سے بخل کرتا ہے، اور اللہ بے نیاز ہے اور تم (سب) محتاج ہو، اور اگر تم (حکمِ الٰہی سے) رُوگردانی کرو گے تو وہ تمہاری جگہ بدل کر دوسری قوم کو لے آئے گا پھر وہ تمہارے جیسے نہ ہوں گےo

Remember! You are those who are called to spend in the way of Allah. Then there are some of you who act miserly. And whoever acts miserly does it only against himself. And Allah is Independent and you (all) are dependent. And if you turn away from the command of Allah, He will replace you with another people who will not be like you.

سورۃ الفتح:

وَمَن لَّمْ يُؤْمِن بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ فَإِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِيْنَ سَعِيْراً (13)

ترجمہ: اور جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان نہ لائے تو ہم نے کافروں کے لیے دوزخ تیار کر رکھی ہےo

And whoever does not believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), then We have prepared Hell for the disbelievers.

وَلَوْ قَاتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَوَلَّوُا الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُونَ وَلِيّاً وَلَا نَصِيْراً (22)

ترجمہ: اور (اے مومنو!) اگر کافر لوگ (حدیبیہ میں) تم سے جنگ (شروع) کر دیتے تو وہ ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے، پھر وہ نہ کوئی دوست پاتے اور نہ مددگار (مگر اللہ کو معاہدۂ اَمن کے ذریعے تمہارے لیے کئی فتوحات کا دروازہ کھولنا مقصود تھا)o

And, (O believers,) if the disbelievers had (initiated war and) fought with you (at al-Hudaybiya), they would certainly have fled turning their backs and found no friend and helper. (But Allah intended to open the door of victories to you through the treaty of peace.)

هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا وَصَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوفاً أَن يَبْلُغَ مَحِلَّهُ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُونَ وَنِسَاء مُّؤْمِنَاتٌ لَّمْ تَعْلَمُوهُمْ أَن تَطَؤُوهُمْ فَتُصِيبَكُم مِّنْهُم مَّعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ لَوْ تَزَيَّلُوا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَاباً أَلِيْماً (25)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجدِ حرام سے روک دیا اور قربانی کے جانوروں کو بھی، جو اپنی جگہ پہنچنے سے رکے پڑے رہے، اور اگر کئی ایسے مومن مرد اور مومن عورتیں (مکہّ میں موجود نہ ہوتیں) جنہیں تم جانتے بھی نہیں ہو کہ تم انہیں پامال کر ڈالو گے اور تمہیں بھی لاعلمی میں ان کی طرف سے کوئی سختی اور تکلیف پہنچ جائے گی (تو ہم تمہیں اِسی موقع پر ہی جنگ کی اجازت دے دیتے۔ مگر فتحِ مکّہ کو مؤخّر اس لیے کیا گیا) تاکہ اللہ جسے چاہے (صلح کے نتیجے میں) اپنی رحمت میں داخل فرما لے۔ اگر (وہاں کے کافر اور مسلمان) الگ الگ ہو کر ایک دوسرے سے ممتاز ہو جاتے تو ہم ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب کی سزا دیتےo

It is they who disbelieved and hindered you from the Sacred Mosque, and

prevented the sacrificial animals as well that were kept from reaching their place. And had there not been many such believing men and women (present in Mecca) as you also did not know that you might crush them underfoot without knowing, and some harm and hardship might also be caused to you by them inadvertently, (We would have allowed you there and then to fight. But the victory of Mecca was delayed) so that Allah might admit to His mercy whom He willed. Had (the disbelievers and the believers there) distinguishably drawn apart from one another, We would have punished the disbelievers with a painful torment.

إِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فِيْ قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْماً (26)

ترجمہ: جب کافر لوگوں نے اپنے دلوں میں متکبّرانہ ہٹ دھرمی رکھ لی (جو کہ) جاہلیت کی ضِد اور غیرت (تھی) تو اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور مومنوں پر اپنی خاص تسکین نازل فرمائی اور انہیں کلمہءتقوٰی پر مستحکم فرما دیا اور وہ اسی کے زیادہ مستحق تھے اور اس کے اہل (بھی) تھے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے o

Whilst the disbelievers anchored in their hearts the conceited obstinacy (which was) stubbornness and egocentricity of the days of ignorance, Allah sent down on His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers an exceptional calmness and tranquillity and made them firm on the word of Godwariness. And it is this that they were most entitled to and (also) worthy of. And Allah knows everything full well.

مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ أَشِدَّاء عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاء بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَاناً سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنجِيْلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلَى سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيْماً (29)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت اور سنگت میں ہیں (وہ) کافروں پر بہت سخت اور زور آور ہیں آپس میں بہت نرم دل اور شفیق ہیں۔ آپ انہیں کثرت سے رکوع کرتے ہوئے، سجود کرتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ (صرف) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلب گار ہیں۔ اُن کی نشانی اُن کے چہروں پر سجدوں کا اثر ہے (جو بصورتِ نور نمایاں ہے)۔ ان کے یہ اوصاف تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور ان کے (یہی) اوصاف انجیل میں (بھی مرقوم) ہیں۔ وہ (صحابہ ہمارے محبوبِ مکرّم کی) کھیتی کی طرح ہیں جس نے (سب سے پہلے) اپنی باریک سی کونپل نکالی، پھر اسے طاقتور اور مضبوط کیا، پھر وہ موٹی اور دبیز ہوگئی، پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور جب سرسبز و شاداب ہو کر لہلہائی تو) کاشتکاروں کو کیا ہی اچھی لگنے لگی (اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی طرح ایمان کے تناور درخت بنایا ہے) تاکہ اِن کے ذریعے وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلنے والے) کافروں کے دل جلائے، اللہ نے

ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is the Messenger of Allah. And those with him are hard and tough against the disbelievers but kind-hearted and merciful amongst themselves. You see them excessively bowing and prostrating themselves. They simply seek Allah's grace and pleasure. Their mark is an impression of prostrations on their faces (prominent on the foreheads as light). These traits of theirs are (mentioned) in the Torah and the (same) qualities are also (described) in the Injil (the Gospel). These (Companions) are like a cultivated crop (of Our Esteemed Beloved) which (first of all) brought forth its thin shoot, then made it powerful and strong, and then it thickened and stood straight on its stalk. (And when it flourished, bloomed and danced,) it delighted and charmed the cultivators. (Allah has, likewise, made the Companions of His Beloved strong, grown up trees of faith,) so that by means of them He would inflame the hearts of the disbelievers (that burn in the jealousy of the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). Those who believe and do pious works, Allah has promised them forgiveness and an immense reward.

سورۃ ق:

بَلْ عَجِبُوا أَن جَاءهُمْ مُنذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ **(2)**

ترجمہ: بلکہ اُن لوگوں نے تعجب کیا کہ اُن کے پاس اُنہی میں سے ایک ڈر سنانے والا آ گیا ہے، سو کافر کہتے ہیں: یہ عجیب بات ہےo

But they wondered that a Warner had come to them from amongst themselves. So the disbelievers say: 'This is strange!

أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً ذَلِكَ رَجْعٌ بَعِيدٌ **(3)**

ترجمہ: کیا جب ہم مَر جائیں گے اور ہم مٹّی ہو جائیں گے (تو پھر زندہ ہوں گے)؟ یہ پلٹنا (فہم و ادراک سے) بعید ہےo

Is it that when we are dead and have become dust (then we shall become alive again)? This return is far (from understanding and perception).'

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ وَعِندَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ **(4)**

ترجمہ: بے شک ہم جانتے ہیں کہ زمین اُن (کے جسموں) سے (کھا کھا کر) کتنا کم کرتی ہے، اور ہمارے پاس (ایسی) کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہےo

Definitely, We know how much the earth (eats up and) consumes their (bodies), and We have a Book wherein everything is preserved.

بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءهُمْ فَهُمْ فِيْ أَمْرٍ مَّرِيجٍ **(5)**

ترجمہ: بلکہ (عجیب اور فہم و ادراک سے بعید بات تو یہ ہے کہ) انہوں نے حق (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن) کو جھٹلا دیا جب وہ اُن کے پاس آ چکا سو وہ خود (ہی) الجھن اور اضطراب کی بات میں (پڑے) ہیںo

But (strange and far from understanding is this that) they denied the truth (i.e., the Messenger and the Qur'an) when it came to them. So they have themselves stepped into anxiety and confusion.

أَفَلَمْ يَنظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِن فُرُوجٍ (6)

ترجمہ: سو کیا انہوں نے آسمان کی طرف نگاہ نہیں کی جو ان کے اوپر ہے کہ ہم نے اسے کیسے بنایا ہے اور (کیسے) سجایا ہے اور اس میں کوئی شگاف (تک) نہیں ہےo

Have they not looked at the sky above them how We made it and (how) We adorned it, and there is no crack in it?

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ (7)

ترجمہ: اور (اِسی طرح) ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس میں ہم نے بہت بھاری پہاڑ رکھے اور ہم نے اس میں ہر قسم کے خوش نما پودے اُگائےo

And (in the same way) We spread out the earth and We placed in it heavy mountains and produced in it every kind of beautiful plants.

أَفَعَيِينَا بِالْخَلْقِ الْأَوَّلِ بَلْ هُمْ فِي لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيدٍ (15)

ترجمہ: سو کیا ہم پہلی بار پیدا کرنے کے باعث تھک گئے ہیں؟ (ایسا نہیں) بلکہ وہ لوگ اَز سرِ نَو پیدائش کی نسبت شک میں (پڑے) ہیںo

So are We tired by the first creation? (Nay!) In fact, it is they who are in doubt about the new creation.

الَّذِي جَعَلَ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيدِ (26)

ترجمہ: جس نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود ٹھہرا رکھا تھا سو تم اسے سخت عذاب میں ڈال دوo

That had set up another god besides Allah. So hurl him into a fierce torment.'

قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَكِن كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ (27)

ترجمہ: (اب) اس کا (دوسرا) ساتھی (شیطان) کہے گا: اے ہمارے رب! اِسے میں نے گمراہ نہیں کیا بلکہ یہ (خود ہی) پرلے درجے کی گمراہی میں مبتلا تھاo

(Now) his (other) companion (Satan) will say: 'O our Lord, I did not misguide him. In fact, he was himself suffering from misguidance of extreme degree.'

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ (29)

ترجمہ: میری بارگاہ میں فرمان بدلا نہیں جاتا اور نہ ہی میں بندوں پر ظلم کرنے والا ہوںo

The command is never changed in My presence. Nor do I wrong the servants.'

يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِن مَّزِيدٍ (30)

ترجمہ: اس دن ہم دوزخ سے فرمائیں گے: کیا تو بھر گئی ہے؟ اور وہ کہے گی: کیا کچھ اور زیادہ بھی ہے o

That Day We shall ask Hell: 'Are you filled up?' And it will say: 'Is there any more?'

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُم بَطْشاً فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن مَّحِيصٍ (36)

ترجمہ: اور ہم نے اُن (کفار و مشرکینِ مکہ) سے پہلے کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا جو طاقت و قوّت میں ان سے کہیں بڑھ کر تھیں، چنانچہ انہوں نے (دنیا کے) شہروں کو چھان مارا تھا کہ کہیں (موت یا عذاب سے) بھاگ جانے کی کوئی جگہ ہو o

And how many generations We destroyed before them (the disbelievers and idolaters of Mecca) who were far stronger in power and might than they! So they searched the cities (of the world) to run away somewhere for refuge (from death or torment).

سورۃ الذاریات:

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ (7)

ترجمہ: اور (ستاروں اور سیّاروں کی) کہکشاؤں اور گزرگاہوں والے آسمان کی قَسم o

And by the heaven with its galaxies and orbits (of stars and planets),

إِنَّكُمْ لَفِي قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ (8)

ترجمہ: بے شک تم مختلف بے جوڑ باتوں میں (پڑے) ہو o

Certainly you are (caught) in inconsistent statements.

يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ أُفِكَ (9)

ترجمہ: اِس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن) سے وہی پھرتا ہے جسے (علمِ ازلی سے) پھیر دیا گیا o

He alone who is turned away (from the knowledge of pre-eternity) turns away (from the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] and the Qur'an).

قُتِلَ الْخَرَّاصُونَ (10)

ترجمہ: ظنّ و تخمین سے جھوٹ بولنے والے ہلاک ہو گئے o

Ruined are those who tell lies out of assumption and conjecture,

الَّذِينَ هُمْ فِي غَمْرَةٍ سَاهُونَ (11)

ترجمہ: جو جہالت و غفلت میں (آخرت کو) بھول جانے والے ہیں o

Those who are oblivious (of the Hereafter) due to negligence and ignorance.

يَسْأَلُونَ أَيَّانَ يَوْمُ الدِّينِ (12)

ترجمہ: پوچھتے ہیں یومِ جزا کب ہوگا؟ o

They ask: 'When is the Day of Requital?'

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ (13)

ترجمہ: (فرما دیجیے:) اُس دن (ہوگا جب) وہ آتشِ دوزخ میں تپائے جائیں گےo

(Say:) 'The Day (when) they will be roasted in the Fire of Hell.'

ذُوقُوا فِتْنَتَكُمْ هَذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ (14)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) اپنی سزا کا مزہ چکھو، یہی وہ عذاب ہے جسے تم جلدی مانگتے ہوo

It will be said to them:) 'Relish your punishment. It is this punishment which you seek to hasten.'

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَا أَنتَ بِمَلُومٍ (54)

ترجمہ: سو آپ اُن سے نظرِ التفات ہٹا لیں پس آپ پر (اُن کے ایمان نہ لانے کی) کوئی ملامت نہیں ہےo

So turn away your kind and caring looks from them. There is no blame on you (for their disbelief).

فَإِنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذَنُوباً مِّثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ (59)

ترجمہ: پس ان ظالموں کے لیے (بھی) حصۂ عذاب مقرّر ہے ان کے (پہلے گزرے ہوئے) ساتھیوں کے حصۂ عذاب کی طرح، سو وہ مجھ سے جلدی طلب نہ کریںo

So there is a fixed share of the torment for these wrongdoers (too) like the share of the torment of their companions (who have passed before). So let them not ask Me to hasten (it).

فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِن يَوْمِهِمُ الَّذِي يُوعَدُونَ (60)

ترجمہ: سو کافروں کے لیے اُن کے اُس دِن میں بڑی تباہی ہے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

So a terrible destruction awaits the disbelievers on that Day of theirs which they have been promised.

سورۃ الطّور:

أَمْ يَقُولُونَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهِ رَيْبَ الْمَنُونِ (30)

ترجمہ: کیا (کفّار) کہتے ہیں: (یہ) شاعر ہیں؟ ہم اِن کے حق میں حوادثِ زمانہ کا انتظار کر رہے ہیں؟o

Do the disbelievers say: '(He is) a poet for whom we look forward to some temporal disasters'?

قُلْ تَرَبَّصُوا فَإِنِّي مَعَكُم مِّنَ الْمُتَرَبِّصِينَ (31)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم (بھی) منتظر رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ (تمہاری ہلاکت کا) انتظار کرنے والوں میں ہوںo

Say: 'Wait on, I am also waiting together with you (for your destruction).'

أَمْ تَأْمُرُهُمْ أَحْلَامُهُم بِهَذَا أَمْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُونَ (32)

ترجمہ: کیا اُن کی عقلیں انہیں یہ (بے عقلی کی باتیں) سُجھاتی ہیں یا وہ سرکش و باغی لوگ ہیںo

Do their mental faculties suggest them this (foolishness), or are they rioters and rebels?

أَمْ يَقُولُونَ تَقَوَّلَهُ بَل لَّا يُؤْمِنُونَ (33)

ترجمہ: یا وہ کہتے ہیں کہ اس (رسول) نے اس (قرآن) کو از خود گھڑ لیا ہے، (ایسا نہیں) بلکہ وہ (حق کو) مانتے ہی نہیں ہیںo

Or do they say: 'He (the Messenger) has invented it (the Qur'an) himself'? (No indeed;) rather they simply do not believe (in the truth).

فَلْيَأْتُوا بِحَدِيثٍ مِّثْلِهِ إِن كَانُوا صَادِقِينَ (34)

ترجمہ: پس انہیں چاہئے کہ اِس (قرآن) جیسا کوئی کلام لے آئیں اگر وہ سچے ہیںo

So let them produce a treatise like this (Qur'an) if they are truthful.

أَمْ خُلِقُوا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ أَمْ هُمُ الْخَالِقُونَ (35)

ترجمہ: کیا وہ کسی شے کے بغیر ہی پیدا کر دیے گئے ہیں یا وہ خود ہی خالق ہیںo

Have they been created by nothing, or are they themselves the creators?

أَمْ خَلَقُوا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بَل لَّا يُوقِنُونَ (36)

ترجمہ: یا انہوں نے ہی آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، (ایسا نہیں) بلکہ وہ (حق بات پر) یقین ہی نہیں رکھتےo

Or did they create the heavens and the earth themselves? (No,) in fact, they do not have any faith (in the truth).

أَمْ عِندَهُمْ خَزَائِنُ رَبِّكَ أَمْ هُمُ الْمُصَيْطِرُونَ (37)

ترجمہ: یا اُن کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں یا وہ اُن پر نگران (اور) داروغے ہیںo

Or do they own the treasures of your Lord? Or are they guards and watchmen over them?

أَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَسْتَمِعُونَ فِيهِ فَلْيَأْتِ مُسْتَمِعُهُم بِسُلْطَانٍ مُّبِينٍ (38)

ترجمہ: یا اُن کے پاس کوئی سیڑھی ہے (جس پر چڑھ کر) وہ اُس (آسمان) میں کان لگا کر باتیں سن لیتے ہیں؟ سو جو اُن میں سے سننے والا ہے اُسے چاہئے کہ روشن دلیل لائےo

Or do they have any ladder (by which they ascend) and listen stealthily (to the heaven)? So let the listener amongst them bring the clear proof.

أَمْ لَهُ الْبَنَاتُ وَلَكُمُ الْبَنُونَ (39)

ترجمہ: کیا اس (خدا) کے لیے بیٹیاں ہیں اور تمہارے لیے بیٹے ہیںo

Are there daughters for Him (the Lord) and sons for you?

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْراً فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ (40)

ترجمہ: کیا آپ اُن سے کوئی اُجرت طلب فرماتے ہیں کہ وہ تاوان کے بوجھ سے دبے جا رہے ہیںo

Do you ask them for wages that they are weighed down with debt?

أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ (41)

ترجمہ: کیا اُن کے پاس غیب (کا علم) ہے کہ وہ لکھ لیتے ہیںo

Do they have (the knowledge of) the unseen that they write down?

أَمْ يُرِيْدُونَ كَيْداً فَالَّذِيْنَ كَفَرُوا هُمُ الْمَكِيْدُونَ (42)

ترجمہ: کیا وہ (آپ سے) کوئی چال چلنا چاہتے ہیں، تو جن لوگوں نے کفر کیا ہے وہ خود ہی اپنے دامِ فریب میں پھنسے جا رہے ہیںo

Do they seek to deceive (you) by trickery? Those who disbelieve are being caught in their own trap.

أَمْ لَهُمْ إِلَهٌ غَيْرُ اللَّهِ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ (43)

ترجمہ: کیا اللہ کے سوا اُن کا کوئی معبود ہے، اللہ ہر اُس چیز سے پاک ہے جسے وہ (اللہ کا) شریک ٹھہراتے ہیںo

Do they have any god other than Allah? Glory be to Allah, above all what they set up as a partner (with Allah).

وَإِن يَرَوْا كِسْفاً مِّنَ السَّمَاءِ سَاقِطاً يَقُولُوا سَحَابٌ مَّرْكُومٌ (44)

ترجمہ: اور اگر وہ آسمان سے کوئی ٹکڑا (اپنے اوپر) گرتا ہوا دیکھ لیں تو (تب بھی یہ) کہیں گے کہ تہ بہ تہ (گہرا) بادل ہےo

And if they see a fragment of the sky falling (on them, even then) they will say: 'It is a layered (thick) cloud.'

فَذَرْهُمْ حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُونَ (45)

ترجمہ: سو آپ اُن کو (اُن کے حال پر) چھوڑ دیجیے یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن سے آملیں جس میں وہ ہلاک کر دیے جائیں گےo

So leave them (in their plight) till they meet that Day of theirs when they will be destroyed,

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئاً وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ (46)

ترجمہ: جس دِن نہ اُن کا مکر و فریب ان کے کچھ کام آئے گا اور نہ ہی اُن کی مدد کی جائے گےo

The Day when their plots will be of no use to them, nor will they be helped.

وَإِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوا عَذَاباً دُونَ ذَلِكَ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ 47)

ترجمہ: اور بے شک جو لوگ ظلم کر رہے ہیں اُن کے لیے اس عذاب کے علاوہ بھی عذاب ہے، لیکن اُن میں سے اکثر لوگ جانتے نہیں ہیںo

And for those who are committed to doing wrong, there is a torment for them besides this torment as well but most of them do not know.

سورۃ النجم:

أَفَرَأَيْتُمُ اللَّاتَ وَالْعُزَّى (19)

ترجمہ: کیا تم نے لات اور عزّٰی (دیویوں) پر غور کیا ہےo

Have you taken a look at (the goddesses) Lat and 'Uzza?

وَمَنَاةَ الثَّالِثَةَ الْأُخْرَى (20)

ترجمہ: اور اُس تیسری ایک اور (دیوی) منات کو بھی (غور سے دیکھا ہے؟ تم نے انہیں اللہ کی بیٹیاں بنا رکھا ہے؟)o

And (have you) also (seen thoughtfully) another, that third one (goddess) Manat? (Have you declared them daughters of Allah?)

أَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْأُنثَى (21)

ترجمہ: (اے مشرکو!) کیا تمہارے لیے بیٹے ہیں اور اس (اللہ) کے لیے بیٹیاں ہیںo

(O idolaters!) Are sons for you and daughters for Him (Allah)?

تِلْكَ إِذاً قِسْمَةٌ ضِيزَى (22)

ترجمہ: (اگر تمہارا تصور درست ہے) تب تو یہ تقسیم بڑی ناانصافی ہےo

(If your concept is correct,) then that division is serious injustice.

إِنْ هِيَ إِلَّا أَسْمَاء سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا أَنزَلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْأَنفُسُ وَلَقَدْ جَاءهُم مِّن رَّبِّهِمُ الْهُدَى (23)

ترجمہ: مگر (حقیقت یہ ہے کہ) وہ (بت) محض نام ہی نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں۔ اللہ نے ان کی نسبت کوئی دلیل نہیں اتاری، وہ لوگ محض وہم و گمان کی اور نفسانی خواہشات کی پیروی کر رہے ہیں حالاں کہ اُن کے پاس اُن کے رب کی طرف سے ہدایت آ چکی ہےo

But (the truth is that) these (idols) are nothing but mere names which you and your fathers have given. Allah has not sent down any authority for them. They follow only whims and suspicions and the desires of their (ill-commanding) selves, whereas guidance has already come to them from their Lord.

إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ لَيُسَمُّونَ الْمَلَائِكَةَ تَسْمِيَةَ الْأُنثَى (27)

ترجمہ: بے شک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کو عورتوں کے نام سے موسوم کر دیتے ہیںo

Surely, those who do not believe in the Hereafter give the angels female names.

وَمَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِن يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئاً (28)

ترجمہ: اور انہیں اِس کا کچھ بھی علم نہیں ہے، وہ صرف گمان کے پیچھے چلتے ہیں، اور بے شک گمان یقین کے مقابلے میں کسی کام نہیں آتاo

And they know nothing about it. They follow only assumption, and surely assumption serves no purpose in comparison with certitude.

فَأَعْرِضْ عَن مَّن تَوَلَّى عَن ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ إِلَّا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (29)

ترجمہ: سو آپ اپنی توجّہ اس سے ہٹا لیں جو ہماری یاد سے رُوگردانی کرتا ہے اور سوائے دنیوی زندگی کے اور کوئی مقصد نہیں رکھتاo

So divert your attention from him who turns away from Our remembrance and desires nothing but the life of this world.

ذَلِكَ مَبْلَغُهُم مِّنَ الْعِلْمِ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدَى (30)

ترجمہ: اُن لوگوں کے علم کی رسائی کی یہی حد ہے، بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اُس کی راہ سے بھٹک گیا ہے اور اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جس نے ہدایت پالی ہےo

That is but the limit of the working of their knowledge. Verily, your Lord fully knows him who has strayed from His path and (also) knows best him who has attained guidance.

وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاؤُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى (31)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے تاکہ جن لوگوں نے برائیاں کیں انہیں اُن کے اعمال کا بدلہ دے اور جن لوگوں نے نیکیاں کیں انہیں اچھا اجر عطا فرمائےo

And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is in the earth so that He recompenses the acts of those who have committed vices and gives good reward to those who have performed virtues.

وَتَضْحَكُونَ وَلَا تَبْكُونَ (60)

ترجمہ: اور تم ہنستے ہو اور روتے نہیں ہوo

And do you laugh and not weep,

وَأَنتُمْ سَامِدُونَ (61)

ترجمہ: اور تم (غفلت کی) کھیل میں پڑے ہوo

Whilst you are busy playing a game (of negligence)?

فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا (62)

ترجمہ: سو اللہ کے لیے سجدہ کرو اور (اُس کی) عبادت کروo

So prostrate yourselves before Allah and worship (Him).

سورۃ القمر:

وَلَقَدْ جَاءهُم مِّنَ الْأَنبَاءِ مَا فِيهِ مُزْدَجَرٌ (4)

ترجمہ: اور بے شک اُن کے پاس (پہلی قوموں کی) ایسی خبریں آچکی ہیں جن میں (کفر و نافرمانی پر بڑی) عبرت و سرزنش ہےo

And indeed, the news has come to them (of the earlier communities) containing lessons of warning and admonition (on disbelief and disobedience).

حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ (5)

ترجمہ: (یہ قرآن) کامل دانائی و حکمت ہے کیا پھر بھی ڈر سنانے والے کچھ فائدہ نہیں دیتےo

(This Qur'an) is perfect intellect and reason. Are the Warners still not of any benefit?

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ إِلَى شَيْءٍ نُّكُرٍ (6)

ترجمہ: سو آپ اُن سے منہ پھیر لیں، جس دن بلانے والا (فرشتہ) ایک نہایت ناگوار چیز (میدانِ حشر) کی طرف بلائے گاo

So turn your face away from them. The Day when the caller (angel) will call towards the most detestable thing (the expanse of the last assembly),

خُشَّعاً أَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ كَأَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنتَشِرٌ (7)

ترجمہ: اپنی آنکھیں جھکائے ہوئے قبروں سے نکل پڑیں گے گویا وہ پھیلی ہوئی ٹڈیاں ہیںo

With eyes cast down, they will come out of their graves like scattered locusts,

مُّهْطِعِينَ إِلَى الدَّاعِ يَقُولُ الْكَافِرُونَ هَذَا يَوْمٌ عَسِرٌ (8)

ترجمہ: پکارنے والے کی طرف دوڑ کر جا رہے ہوں گے، کفّار کہتے ہوں گے: یہ بڑا سخت دِن ہےo

Rushing towards the caller running. The disbelievers will say: 'This is a very hard Day.'

أَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ أُوْلَئِكُمْ أَمْ لَكُم بَرَاءةٌ فِي الزُّبُرِ (43)

ترجمہ: (اے قریشِ مکہ!) کیا تمہارے کافر اُن (اگلے) لوگوں سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے (آسمانی) کتابوں میں نجات لکھی ہوئی ہےo

(O Quraysh of Mecca!) Are your disbelievers better than the people (before), or has your salvation been written in the (revealed) Books?

أَمْ يَقُولُونَ نَحْنُ جَمِيعٌ مُّنتَصِرٌ (44)

ترجمہ: یا یہ (کفّار) کہتے ہیں کہ ہم (نبیِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) غالب رہنے والی مضبوط جماعت ہیںo

Or do these (disbelievers) say: 'We are a strong party dominant (over the Prophet [blessings and peace be upon him])'?

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ (45)

ترجمہ: عنقریب یہ جتّھہ (میدانِ بدر میں) شکست کھائے گا اور یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گےo

Soon this party will be defeated (in the battlefield of Badr), and they will flee away, turning their backs.

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَى وَأَمَرُّ (46)

ترجمہ: بلکہ اُن کا (اصل) وعدہ تو قیامت ہے اور قیامت کی گھڑی بہت ہی سخت اور بہت ہی تلخ ہےo

But their (actual) promise is the Last Hour, and the Last Hour is extremely terrible and most agonizing.

سورۃ الواقعۃ:

وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ (41)

ترجمہ: اور بائیں جانب والے، کیا (ہی برے لوگ) ہیں بائیں جانب والےo

And those of the Left Hand; what (an evil people) on the Left Hand are!

فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ (42)

ترجمہ: جو دوزخ کی سخت گرم ہوا اور کھولتے ہوئے پانی میں o

They will be amid fierce, hot wind of Hell and simmering water,

وَظِلٍّ مِّن يَحْمُوْمٍ (43)

ترجمہ: اور سیاہ دھویں کے سایے میں ہوں گے o

And under the shadow of black smoke.

لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ (44)

ترجمہ: جو نہ (کبھی) ٹھنڈا ہوگا اور نہ فرحت بخش ہوگا o

That will neither (ever) cool nor be pleasing.

إِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذَلِكَ مُتْرَفِيْنَ (45)

ترجمہ: بے شک وہ (اہلِ دوزخ) اس سے پہلے (دنیا میں) خوش حال رہ چکے تھے o

No doubt, these (inmates of Hell) lived luxuriously before this (in the world),

وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنثِ الْعَظِيْمِ (46)

ترجمہ: اور وہ گناہِ عظیم (یعنی کفر و شرک) پر اصرار کیا کرتے تھے o

And obstinately persisted in great sin (of denying Allah and setting up partners with Him).

وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ (47)

ترجمہ: اور کہا کرتے تھے کہ کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم خاک (کا ڈھیر) اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم (پھر زندہ کر کے) اٹھائے جائیں گے o

And they used to say: 'When we are dead and become (a heap of) dust and (decomposed bones), shall we then be raised up (alive again)?

أَوَ آبَاؤُنَا الْأَوَّلُوْنَ (48)

ترجمہ: اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (زندہ کیے جائیں گے) o

And shall our ancestors too (be given life)?'

قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِيْنَ وَالْآخِرِيْنَ (49)

ترجمہ: آپ فرما دیں: بے شک اگلے اور پچھلے o

Say: 'Indeed, the earlier and the later,

لَمَجْمُوْعُوْنَ إِلَى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ (50)

ترجمہ: (سب کے سب) ایک معیّن دِن کے مقرّرہ وقت پر جمع کیے جائیں گے o

(All of them) will be gathered together on a fixed Hour of an appointed Day.

ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ (51)

ترجمہ: پھر بے شک تم لوگ اے گمراہو! جھٹلانے والوo

Then surely, O strayed people, deniers,

لَآكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ (52)

ترجمہ: تم ضرور کانٹے دار (تھوہڑ کے) درخت سے کھانے والے ہوo

You will certainly eat of thorny (cactus) tree,

فَمَالِـُٔونَ مِنْهَا الْبُطُونَ (53)

ترجمہ: سو اُس سے اپنے پیٹ بھرنے والے ہوo

And will fill your stomachs with it.

فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ (54)

ترجمہ: پھر اُس پر سخت کھولتا پانی پینے والے ہوo

And (you) will drink boiling water over it,

فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ (55)

ترجمہ: پس تم سخت پیاسے اونٹ کے پینے کی طرح پینے والے ہوo

Drinking as a thirst-stricken camel drinks.'

هَذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ (56)

ترجمہ: یہ قیامت کے دِن اُن کی ضیافت ہوگیo

This will be their feast on the Day of Resurrection.

تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (80)

ترجمہ: تمام جہانوں کے ربّ کی طرف سے اتارا گیا ہےo

It has been sent down by the Lord of all the worlds.

أَفَبِهَذَا الْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ (81)

ترجمہ: سو کیا تم اسی کلام کی تحقیر کرتے ہوo

So is it this Revelation that you disdain?

وَتَجْعَلُونَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ (82)

ترجمہ: اور تم نے اپنا رِزق (اور نصیب) اسی بات کو بنا رکھا ہے کہ تم (اسے) جھٹلاتے رہوo

And you have made your means of subsistence (and fortune) to reject it!

فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ (83)

ترجمہ: پھر کیوں نہیں (روح کو واپس لوٹا لیتے) جب وہ (پرواز کرنے کے لیے) حلق تک آ پہنچتی ہےo

Then why do you not (make the soul return) when it reaches the throat (to pass away)?

وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ (84)

ترجمہ: اورتم اس وقت دیکھتے ہی رہ جاتے ہوo

And at that moment, you do nothing but helplessly look on!

وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنكُمْ وَلَكِن لَّا تُبْصِرُونَ (85)

ترجمہ: اورہم اس (مرنے والے) سے تمہاری نسبت زیادہ قریب ہوتے ہیں لیکن تم (ہمیں) دیکھتے نہیں ہوo

And We are nearer to him (the dying one) than you but you do not see (Us).

فَلَوْلَا إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ (86)

ترجمہ: پھر کیوں نہیں (ایسا کر سکتے) اگر تم کسی کی مِلک واختیار میں نہیں ہوo

Then if you are under no one's command and control, why do you not (do this),

تَرْجِعُونَهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (87)

ترجمہ: کہ اس (رُوح) کو واپس پھیر لو اگر تم سچّے ہوo

That you turn that soul back if you are truthful?

وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ الضَّالِّينَ (92)

ترجمہ: اوراگر وہ (مرنے والا) جھٹلانے والے گمراہوں میں سے تھاo

But if he (who died) was of the strayed beliers,

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيمٍ (93)

ترجمہ: تو (اس کی) سخت کھولتے ہوئے پانی سے ضیافت ہوگیo

Then he will be entertained with scalding, boiling water.

وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ (94)

ترجمہ: اور (اس کا انجام) دوزخ میں داخل کر دیا جانا ہےo

And his (end) is the admission to Hell.

إِنَّ هَذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ (95)

ترجمہ: بے شک یہی قطعی طور پر حق الیقین ہےo

Assuredly, this is the absolute truth of certitude.

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ (96)

ترجمہ: سو آپ اپنے ربِّ عظیم کے نام کی تسبیح کیا کریںo

So always glorify the Name of your Lord, Most Magnificent.

سورۃ الحدید:

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ لِتُؤْمِنُوا بِرَبِّكُمْ وَقَدْ أَخَذَ مِيثَاقَكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (8)

ترجمہ: اورتمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے، حالاں کہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں بلا رہے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ اور بے شک (اللہ) تم سے مضبوط عہد لے چکا ہے، اگر تم ایمان لانے والے ہوo

And what is the matter with you that you do not believe in Allah whilst the

Messenger (blessings and peace be upon him) is giving you the call to believe in your Lord? And surely, Allah has already taken a firm covenant from you if you are believers.

هُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبْدِهٖٓ اٰیٰتٍۢ بَیِّنٰتٍ لِّیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ **(9)**

ترجمہ: وہی ہے جو اپنے (برگزیدہ) بندے پر واضح نشانیاں نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لے جائے، اور بے شک اللہ تم پر نہایت شفقت فرمانے والا نہایت رحم فرمانے والا ہےo

He is the One Who sends down clear signs to His (exalted) servant so that He may bring you out of the darkness into the light. Surely, Allah is the Most Clement, Ever-Merciful towards you.

فَالْیَوْمَ لَا یُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْیَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ؕ هِیَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ **(15)**

ترجمہ: پس آج کے دن (اے منافقو!) تم سے کوئی معاوضہ قبول نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی اُن سے جنھوں نے کفر کیا تھا اور تم (سب) کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور یہی (ٹھکانا) تمہارا مولا (یعنی ساتھی) ہے، اور وہ نہایت بری جگہ ہے (کیونکہ تم نے اُن کو مولا ماننے سے انکار کر دیا تھا جہاں سے تمہیں نورِ ایمان اور بخشش کی خیرات ملنی تھے)o

So Today, (O hypocrites,) no recompense will be accepted from you or from those who disbelieved. Hell is the abode for you (all). And it is this (abode) which is your mawla (companion). And quite an evil resort is that (because you denied accepting those as mawla from whom the charity of the light of faith and forgiveness is obtained).

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ ۖ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ؕ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ **(19)**

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں، اُن کے لیے اُن کا اجر (بھی) ہے اور ان کا نور (بھی) ہے، اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیںo

And those who believe in Allah and His Messengers are al-siddiqun (the champions of truth) and al-shuhada' (the faithful witnesses) in the sight of their Lord. For them is their reward and their light (as well), and those who disbelieved and denied Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell.

سورۃ المجادلۃ:

فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّتَمَآسَّا ؕ فَمَنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّیْنَ مِسْكِیْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَلِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ **(4)**

ترجمہ: پھر جسے (غلام یا باندی) میسّر نہ ہو تو دو ماہ متواتر روزے رکھنا (لازم ہے) قبل اِس کے کہ وہ ایک دوسرے کو مَس کریں، پھر جو شخص اِس کی (بھی) طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا (لازم ہے)، یہ اِس لیے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھو۔ اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدود ہیں، اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہےo

But the one who does not find (a slave) must fast for two consecutive months (as an obligation) before they touch each other. Then someone who is unable to do that must feed sixty poor people (under obligation). That is in order that you may keep your belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). And these are the limits (set by) Allah. And there is a painful punishment for the disbelievers.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ وَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ **(5)**

ترجمہ: بے شک جولوگ اللہ اوراس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عداوت رکھتے ہیں وہ اسی طرح ذلیل کیے جائیں گے جس طرح اُن سے پہلے لوگ ذلیل کیے جا چکے ہیں اور بے شک ہم نے واضح آیتیں نازل فرما دی ہیں، اور کافروں کے لیے ذِلت انگیز عذاب ہے o

Indeed, those who maintain rivalry against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) will be humiliated as those before them were humiliated. And surely, We have sent down clear Revelations, and there is humiliating torment for the disbelievers.

سورۃ الحشر:

كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّيْ بَرِيْءٌ مِّنكَ إِنِّيْ أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ **(16)**

ترجمہ: (منافقوں کی مثال) شیطان جیسی ہے جب وہ انسان سے کہتا ہے کہ تُو کافر ہو جا، پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے تو (شیطان) کہتا ہے: میں تجھ سے بیزار ہوں، بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا رب ہے o

(The example of hypocrites) is like that of Satan when he says to man: 'Become a disbeliever,' but when he disbelieves, he (Satan) says: 'I feel sick of you. Surely, I fear Allah, the Lord of all the worlds.'

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا وَذَلِكَ جَزَاء الظَّالِمِيْنَ **(17)**

ترجمہ: پھر ان دونوں کا انجام یہ ہوگا کہ وہ دونوں دوزخ میں ہوں گے ہمیشہ اسی میں رہیں گے، اور ظالموں کی یہی سزا ہے o

Then both of them will end up in Hell and will dwell in it forever. And that is indeed the punishment of the wrongdoers.

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاء تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءكُم مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَاداً فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَاء مَرْضَاتِيْ تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيْلِ **(1)**

ترجمہ: اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم (اپنے) دوستی کے باعث اُن تک خبریں پہنچاتے ہو حالاں

کہ وہ اس حق کے ہی مُنکر ہیں جو تمہارے پاس آیا ہے، وہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور تم کو اس وجہ سے (تمہارے وطن سے) نکالتے ہیں کہ تم اللہ پر جو تمہارا پروردگار ہے، ایمان لے آئے ہو۔ اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا تلاش کرنے کے لیے نکلے ہو (تو پھر اُن سے دوستی نہ رکھو) تم اُن کی طرف دوستی کے خفیہ پیغام بھیجتے ہو حالاں کہ میں خوب جانتا ہوں جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم آشکار کرتے ہو، اور جو شخص بھی تم میں سے یہ (حرکت) کرے سو وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہےo

O believers! Do not make friends with My enemies and your enemies. You communicate to them information because of (your) friendship, whereas they just deny the very truth that has come to you. They drive out the Messenger (blessings and peace be upon him) and you (from your land) because you believe in Allah, your Sustainer. If you have set out to fight in My way and seek My pleasure (then do not have friendship with them). You send them secret messages of friendship whilst I know best what you hide and what you make known. And whoever of you does this (misdeed) has deviated from the straight path.

إِن يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُم بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ **(2)**

ترجمہ: اگر وہ تم پر قدرت پالیں تو (دیکھنا) وہ تمہارے (کھلے) دشمن ہوں گے اور وہ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں تمہاری طرف برائی کے ساتھ دراز کریں گے اور آرزومند ہوں گے کہ تم (کسی طرح) کافر ہو جاؤo

Should they get the better of you, then (you will see that) they will be your open enemies. And they will extend their hands and tongues to you with evil design and will have the earnest desire that you disbelieve (somehow).

لَن تَنفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ **(3)**

ترجمہ: تمہیں قیامت کے دن ہرگز نہ تمہاری (کافر و مشرک) قرابتیں فائدہ دیں گی اور نہ تمہاری (کافر و مشرک) اولاد، (اُس دن اللہ) تمہارے درمیان مکمل جدائی کر دے گا (مومن جنت میں اور کافر دوزخ میں بھیج دیے جائیں گے)، اور اللہ اُن کاموں کو خوب دیکھنے والا ہے جو تم کر رہے ہوo

Neither your (disbelieving and polytheist) kindred nor your (disbelieving and polytheist) children will be of any good to you on the Day of Resurrection. (On that Day Allah will) bring about complete separation between you (the believers will be sent to Paradise and the disbelievers to Hell). And Allah observes your doings well.

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ **(5)**

ترجمہ: اے ہمارے رب! تو ہمیں کافروں کے لیے سببِ آزمائش نہ بنا (یعنی انہیں ہم پر مسلّط نہ کر) اور ہمیں بخش دے، اے ہمارے پروردگار! بے شک تو ہی غلبہ و عزت والا بڑی حکمت والا ہےo

O our Lord! Make us not a source of trial for the disbelievers (i.e., give them not control over us) and forgive us. O our Lord, surely You alone are

the Almighty, the Lord of Honour, the Most Wise.'

لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ (8)

ترجمہ: اللہ تمہیں اس بات سے منع نہیں فرماتا کہ جن لوگوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ نہیں کی اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے (یعنی وطن سے) نکالا ہے کہ تم ان سے بھلائی کا سلوک کرو اور اُن سے عدل و انصاف کا برتاؤ کرو، بے شک اللہ عدل و انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتا ہےo

Allah does not forbid you to be good to them and treat them with equity and justice who did not fight against you on (the question of) Din (Religion), nor did they drive you out of your homes (i.e., homeland). Surely, Allah likes those who conduct themselves with equity and justice.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ اللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيمَانِهِنَّ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ذَٰلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (10)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو انہیں اچھی طرح جانچ لیا کرو، اللہ اُن کے ایمان (کی حقیقت) سے خوب آگاہ ہے، پھر اگر تمہیں اُن کے مومن ہونے کا یقین ہو جائے تو انہیں کافروں کی طرف واپس نہ بھیجو، نہ یہ (مومنات) اُن (کافروں) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کفّار) اِن (مومن عورتوں) کے لیے حلال ہیں، اور اُن (کافروں) نے جو (مال بصورتِ مَہر اِن پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو ادا کر دو، اور تم پر اس (بات) میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اِن سے نکاح کر لو جبکہ تم اُن (عورتوں) کا مَہر انہیں ادا کر دو، اور (اے مسلمانو!) تم بھی کافر عورتوں کو (اپنے) عقدِ نکاح میں نہ روکے رکھو اور تم (کفّار سے) وہ (مال) طلب کر لو جو تم نے (اُن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا اور وہ (کفّار تم سے) وہ (مال) مانگ لیں جو انہوں نے (اِن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا، یہی اللہ کا حکم ہے، اور وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرما رہا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

O believers! When the believing women come to you as Emigrants, examine them thoroughly. Allah is Well Aware of (the reality of) their faith. Then if you find with certitude that they are true believers, do not send them back to the disbelievers. Neither are they (the believing women) lawful for those disbelievers, nor are those disbelievers lawful for these (believing women). And pay them (the disbelievers) back the money which they spent (on them as dower). And there is no sin on you if you marry them whilst you pay these (women) their dower. And, O believers, do not hold back the disbelieving women in (your) wedlock, and ask (the disbelievers) for that (money) which you spent (on those women as dower), and they (the disbelievers) may also ask you

for that (money) which they spent (on these women as dower). That is the command of Allah. And He judges between you. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن فَـاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِىْ أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ (11)

ترجمہ: اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی تم سے چھوٹ کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر (جب) تم جنگ میں غالب آجاؤ اور مالِ غنیمت پاؤ تو (اس میں سے) ان لوگوں کو جن کی عورتیں چلی گئی تھیں اس قدر (مال) ادا کر دو جتنا وہ (اُن کے مَہر میں) خرچ کر چکے تھے، اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہوo

And if any of your wives deserts you and goes over to the disbelievers, then (when) you become dominant in war and gain spoils, pay (out of it) those whose wives deserted them as much (money) as they paid (to them as dower). And keep fearing Allah in Whom you believe.

يَـا أَيُّهَـا الـنَّبِيُّ إِذَا جَاءكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئاً وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَـأْتِيْـنَ بِبُهْتَـانٍ يَـفْتَـرِيْنَهُ بَيْنَ أَيْدِيْهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِىْ مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (12)

ترجمہ: اے نبی! جب آپ کی خدمت میں مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان سے کوئی جھوٹا بہتان گھڑ کر نہیں لائیں گی (یعنی اپنے شوہر کو دھوکہ دیتے ہوئے کسی غیر کے بچے کو اپنے پیٹ سے جنا ہوا نہیں بتائیں گی) اور (کسی بھی) امرِ شریعت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ اُن سے بیعت لے لیا کریں اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش طلب فرمائیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O Prophet! When the believing women appear in your presence to take the oath of allegiance that they will not set up anything as partner with Allah and will not steal, nor will they commit adultery, or kill their children, or bring false blame which they have invented between their hands and feet (i.e., will not deceive their husbands declaring some other's baby as their own), or disobey you in (any) matter pertaining to law, then accept their allegiance and seek forgiveness for them from Allah. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـوا لَا تَتَـوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُوْرِ (13)

ترجمہ: اے ایمان والو! ایسے لوگوں سے دوستی مت رکھو جن پر اللہ غضبناک ہوا ہے بے شک وہ آخرت سے (اس طرح) مایوس ہو چکے ہیں جیسے کفار اہلِ قبور سے مایوس ہیںo

O believers! Do not make friends with those on whom Allah has sent His wrath.

Surely, they have despaired of the Hereafter as the disbelievers have despaired of those in graves.

سورۃ الصّف:

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعَى إِلَى الْإِسْلَامِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (7)

ترجمہ: اوراس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوسکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے حالاں کہ اسے اسلام کی طرف بلایا جارہا ہو، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا o

And who can be a greater wrongdoer than he who invents a lie against Allah whilst he is being invited towards Islam? And Allah does not guide the wrongdoers.

يُرِيدُونَ لِيُطْفِؤُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ (8)

ترجمہ: یہ (منکرینِ حق) چاہتے ہیں کہ وہ اللہ کے نور کو اپنے منہ (کی پھونکوں) سے بجھا دیں، جبکہ اللہ اپنے نور کو پورا فرمانے والا ہے اگرچہ کافر کتنا ہی ناپسند کریں o

These (deniers of the truth) desire to put out the Light of Allah by (blowing) with their mouths, whereas Allah will take His Light to perfection, even though the disbelievers may dislike it intensely.

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ (9)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ اسے سب ادیان پر غالب و سربلند کردے خواہ مشرک کتنا ہی ناپسند کریں o

He is the One Who has sent His Messenger with guidance and the Din (Religion) of truth so that He may make it dominate and prevail over all other religions, even though the idolaters may hate it much.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا أَنصَارَ اللَّهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ فَآمَنَت طَّائِفَةٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَت طَّائِفَةٌ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَى عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ (14)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے مددگار بن جاؤ جیسا کہ عیسٰی ابن مریم (علیہما السلام) نے (اپنے) حواریوں سے کہا تھا: اللہ کی (راہ کی) طرف میرے مددگار کون ہیں؟ حواریوں نے کہا: ہم اللہ کے مددگار ہیں۔ پس بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور دوسرا گروہ کافر ہوگیا، سو ہم نے اُن لوگوں کی جو ایمان لے آئے تھے اُن کے دشمنوں پر مدد فرمائی پس وہ غالب ہوگئے o

O believers! Be helpers of Allah as 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said to (his) disciples: 'Who are my helpers towards (the path of) Allah?' The disciples said: 'We are Allah's helpers.' So a party of the Children of Israel believed and a party disbelieved. So We helped the believers against their enemies and they gained the upper hand.

سورۃ التغابن:

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ فَمِنکُمْ کَافِرٌ وَمِنکُم مُّؤْمِنٌ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ (2)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، پس تم میں سے (کوئی) کافر ہوگیا، اور تم میں سے (کوئی) مومن ہوگیا، اور اللہ اُن کاموں کو جو تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہےo

He is the One Who created you. Then (someone) of you became a disbeliever and (the other one) of you became a believer, and Allah sees best the actions that you do.

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (5)

ترجمہ: کیا تمہیں اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جنہوں نے (تم سے) پہلے کفر کیا تھا تو انہوں نے (دنیا میں) اپنے کام کی سزا چکھ لی اور ان کے لیے (آخرت میں بھی) دردناک عذاب ہےo

Has the news not reached you of those who disbelieved before you and tasted the punishment of their work (in the world), and there is a grievous torment for them (in the Hereafter as well)?

ذَلِكَ بِأَنَّهُ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ (6)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ اُن کے پاس اُن کے رسول واضح نشانیاں لے کر آتے تھے تو وہ کہتے تھے: کیا (ہماری ہی مثل اور ہم جنس) بشر☆ ہمیں ہدایت کریں گے؟ سو وہ کافر ہوگئے اور انہوں نے (حق سے) رُوگردانی کی اور اللہ نے بھی (اُن کی) کچھ پرواہ نہ کی، اور اللہ بے نیاز ہے لائقِ حمد و ثنا ہےo

☆ بشر کا یہ معنی ائمہ تفاسیر کے بیان کردہ معنی کے مطابق ہے۔ حوالہ جات کے لیے دیکھیں: تفسیر طبری، الکشاف، نسفی، بغوی، خازن، جمل، مظہری اور فتح القدیر وغیرہ۔

That is because their Messengers brought them clear signs, but they said: 'Shall a human being (who is our like and from our kind) guide us?'* So they became disbelievers and turned away (from the truth). And Allah too disregarded (them) and Allah is Self-Sufficient, Praiseworthy.

*** This meaning of the word bashar (human being) is according to what the eminent exegetes have described. See: Tafsir al-Tabari, al-Kashshaf, al-Nasafi, al-Baghawi, al-Khazin, al-Jumal, al-Mazhari and Fath al-Qadir, etc.**

زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا أَن لَّن يُبْعَثُوا قُلْ بَلَى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ وَذَلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ (7)

ترجمہ: کافر لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ (دوبارہ) ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے۔ فرما دیجیے: کیوں نہیں، میرے رب کی قسم! تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہیں بتا دیا جائے گا جو کچھ تم نے کیا تھا، اور یہ اللہ پر بہت آسان ہےo

The disbelievers think that they will never be raised (again). Say: 'Why not! By my Lord! You will surely be raised. Then you will be informed of what you did. And this is very easy for Allah (to do).'

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (10)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیں (جو) اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

And those who disbelieve and reject Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell, its permanent residents. And what an evil abode that is!

سورۃ التحریم:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ إِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (7)

ترجمہ: اے کافرو! آج کے دن کوئی عذر پیش نہ کرو، بس تمہیں اسی کا بدلہ دیا جائے گا جو کرتے رہے تھےo

O disbelievers! Do not make any excuse Today. You will only be paid the reward of what you have been doing.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (9)

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) آپ (ان) کافروں اور منافقوں سے جہاد کیجیے (جنہوں نے آپ کے خلاف جارحیت، فتنہ وفساد اور سازشوں کا آغاز کر رکھا ہے) اور اُن پر سختی فرمائیے، اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

O (Esteemed) Prophet! Strive hard against the disbelievers and the hypocrites (who have initiated militancy, aggression, mischief and intrigues against you) and treat them strictly. And their abode is Hell. And what an evil abode that is!

سورۃ الملک:

وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (6)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا اِنکار کیا دوزخ کا عذاب ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

And for those who have denied their Lord is the torment of Hell. And what an evil abode it is!

إِذَا أُلْقُوا فِيْهَا سَمِعُوا لَهَا شَهِيْقاً وَهِيَ تَفُوْرُ (7)

ترجمہ: جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی خوف ناک آواز سنیں گے اور وہ (آگ) جوش مار رہی ہوگیo

When they will be flung into it, they will hear its horrifying roar. And that (Fire) will be boiling (with rage),

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيْرٌ (8)

ترجمہ: گویا (ابھی) شدتِ غضب سے پھٹ کر پارہ پارہ ہو جائے گی، جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو اس کے داروغے ان سے پوچھیں گے: کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تھاo

As if it is about to burst into pieces with intense wrath. When a group will be cast into it, its guards will ask them: 'Did no Warner come to you?'

قَالُوا بَلَى قَدْ جَاءنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ (9)

ترجمہ: وہ کہیں گے: کیوں نہیں! بے شک ہمارے پاس ڈر سنانے والا آیا تھا تو ہم نے جھٹلا دیا اور ہم نے کہا کہ اللہ نے کوئی چیز نازل نہیں کی، تم تو محض بڑی گمراہی میں (پڑے ہوئے) ہوo

They will say: 'Yes indeed! A Warner did come to us, but we rejected him and said: Allah has not sent down anything. You are just in great error.'

وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ (10)

ترجمہ: اور کہیں گے: اگر ہم (حق کو) سنتے یا سمجھتے ہوتے تو ہم (آج) اہلِ جہنم میں (شامل) نہ ہوتےo

And they will say: 'Had we listened to or understood (the truth), we would not have been (put) amongst the inmates of Hell (Today).'

فَاعْتَرَفُوا بِذَنبِهِمْ فَسُحْقاً لِّأَصْحَابِ السَّعِيرِ (11)

ترجمہ: پس وہ اپنے گناہ کا اِعتراف کرلیں گے، سو دوزخ والوں کے لیے (رحمتِ الٰہی سے) دُوری (مقرر) ہےo

Then they will confess their sin. So remoteness for the inmates of Hell (from Allah's mercy) is (destined).

أَمَّنْ هَذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَنِ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ (20)

ترجمہ: بھلا کوئی ایسا ہے جو تمہاری فوج بن کر (خدائے) رحمان کے مقابلہ میں تمہاری مدد کرے؟ کافر محض دھوکہ میں (مبتلا) ہیںo

Well, is there anyone that can muster an army to help you against the Most Kind Lord? The disbelievers are merely (snared) in deception.

أَمَّنْ هَذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ (21)

ترجمہ: بھلا کوئی ایسا ہے جو تمہیں رِزق دے سکے اگر (اللہ تم سے) اپنا رِزق روک لے؟ بلکہ وہ سرکشی اور (حق سے) نفرت میں مضبوطی سے اَڑے ہوئے ہیںo

Well, is there anyone that can provide you sustenance if (Allah) holds back His sustenance (from you)? In fact, they are adamantly fixed in rebellion and hatred (for truth).

أَفَمَن يَمْشِي مُكِبّاً عَلَى وَجْهِهِ أَهْدَى أَمَّن يَمْشِي سَوِيّاً عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (22)

ترجمہ: کیا وہ شخص جو منہ کے بل اوندھا چل رہا ہے زیادہ راہِ راست پر ہے یا وہ شخص جو سیدھی حالت میں صحیح راہ پر گامزن ہے؟o

Is he who walks in prone position more rightly guided, or he who walks upright on a straight path?

قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلاً مَّا تَشْكُرُونَ (23)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: وُہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دِل بنائے، تم بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہوo

Say: '(Allah) is He Who created you and provided you with ears and eyes and

hearts. Yet you give thanks but little.'

قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَاِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ (24)

ترجمہ: فرما دیجیے: وُہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلا دیا اور تم (روزِ قیامت) اُسی کی طرف جمع کیے جاؤ گےo

Say: 'He is the One Who has spread you in the earth, and you will be gathered towards Him (on the Day of Assembly).'

وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ (25)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: یہ (قیامت کا) وعدہ کب پورا ہوگا اگر تم سچے ہوo

And they say: 'When will this promise (of the Day of Resurrection) be fulfilled if you are truthful?'

قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ (26)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ (اُس کے وقت کا) علم تو اللہ ہی کے پاس ہے، اور میں تو صرف واضح ڈر سنانے والا ہوں (اگر وقت بتا دیا جائے تو ڈر ختم ہو جائے گا)o

Say: 'The knowledge (of that Hour) is with Allah alone and I am just a clear Warner.' (If the time is disclosed, there will be no fear any more.)

فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَقِیْلَ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ (27)

ترجمہ: پھر جب اس (دن) کو قریب دیکھ لیں گے تو کافروں کے چہرے بگڑ کر سیاہ ہو جائیں گے، اور (ان سے) کہا جائے گا: یہی وہ (وعدہ) ہے جس کے (جلد ظاہر کیے جانے کے) تم بہت طلب گار تھےo

Then, when they will see that (Day) near, the faces of the disbelievers will be deformed and darkened, and it will be said (to them): 'This is (the promise) which you asked for (to come to pass in haste).'

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِیَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِیَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ یُّجِیْرُ الْكٰفِرِیْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِیْمٍ (28)

ترجمہ: فرما دیجیے: بھلا یہ بتاؤ اگر اللہ مجھے موت سے ہم کنار کر دے (جیسے تم خواہش کرتے ہو) اور جو میرے ساتھ ہیں (ان کو بھی)، یا ہم پر رحم فرمائے (یعنی ہماری موت کو مؤخر کر دے) تو (ان دونوں صورتوں میں) کون ہے جو کافروں کو دردناک عذاب سے پناہ دے گاo

Say: 'Well, give your view: if Allah causes me death (as you desire) and (also) to my Companions, or shows mercy to us (i.e., defers our death), then (in both these cases) who will shelter the disbelievers from the painful torment?'

قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَیْهِ تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ (29)

ترجمہ: فرما دیجیے: وُہی (خدائے) رحمان ہے جس پر ہم ایمان لائے ہیں اور اُسی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے، پس تم عنقریب جان لو گے کہ کون شخص کھلی گمراہی میں ہےo

Say: 'He alone is the Most Kind (Lord) in Whom we believe and in Whom we trust. So you will soon know who is in open error.'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْراً فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاء مَّعِينٍ (30)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر تمہارا پانی زمین میں بہت نیچے اتر جائے (یعنی خشک ہو جائے) تو کون ہے جو تمہیں (زمین پر) بہتا ہوا پانی لا دے o

Say: 'If your water sinks far deep into the earth (i.e., dries up), then who will bring you flowing water (on earth)?'

سورۃ القلم:

فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُونَ (5)

ترجمہ: پس عنقریب آپ (بھی) دیکھ لیں گے اور وہ (بھی) دیکھ لیں گے o

Soon you will see and they (too) will see,

بِأَيِّيكُمُ الْمَفْتُونُ (6)

ترجمہ: کہ تم میں سے کون دیوانہ ہے o

As to which of you is mad.

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (7)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گیا ہے، اور وہ ان کو (بھی) خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیں o

Surely, your Lord knows him best who has strayed from the straight path and (also) knows best those who are rightly guided.

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِينَ (8)

ترجمہ: سو آپ جھٹلانے والوں کی بات نہ مانیں o

So do not agree with what the beliers say.

وَدُّوا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ (9)

ترجمہ: وہ تو چاہتے ہیں کہ (دین کے معاملے میں) آپ (بے جا) نرمی اختیار کر لیں تو وہ بھی نرم پڑ جائیں گے o

They wish that you should become (needlessly) flexible (in the matter of the Din [Religion]). Then they too would show flexibility.

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ (10)

ترجمہ: اور آپ کسی ایسے شخص کی بات نہ مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا انتہائی ذلیل ہے o

And do not agree with any vile, most mean swearer of oaths,

هَمَّازٍ مَّشَّاء بِنَمِيمٍ (11)

ترجمہ: (جو) طعنہ زَن، عیب جُو (ہے اور) لوگوں میں فساد انگیزی کے لیے چغل خوری کرتا پھرتا ہے o

(The one who is) a slanderer, fault-finder, mischief-monger, (and) who backbites the people to rouse strife,

مَنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ (12)

ترجمہ: (جو) بھلائی کے کام سے بہت روکنے والا بخیل، حد سے بڑھنے والا سرکش (اور) سخت گنہگار ہےo

(The one who) greatly hinders pious works and is a miser, rebellious transgressor (and) toughened sinner,

عُتُلٍّ بَعْدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ (13)

ترجمہ: (جو) بدمزاج درُشت خو ہے، مزید برآں بداَصل (بھی) ہے☆o

☆ یہ آیات ولید بن مغیرہ کے بارے میں نازل ہوئیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جتنے ذِلت آمیز اَلقاب باری تعالیٰ نے اس بدبخت کو دیئے آج تک کلامِ اِلٰہی میں کسی اور کے لیے استعمال نہیں ہوئے۔ وجہ یہ تھی کہ اُس نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اَقدس میں گستاخی کی، جس پر غضبِ اِلٰہی بھڑک اٹھا۔ ولید نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کا ایک کلمہ بولا تھا، جواباً باری تعالیٰ نے اُس کے دس رذائل بیان کیے اور آخر میں نطفۂ حرام ہونا بھی ظاہر کر دیا، اور اس کی ماں نے بعد ازاں اِس اَمر کی بھی تصدیق کر دی۔ (تفسیر قرطبی، رازی، نسفی وغیرھم)

(The one who is) rude, unmannerly, crooked and, moreover, of doubtful birth.*

*** These Verses were sent down about Walid b. Mughira. The venerable 'Abd Allah b. 'Abbas states: 'For no one else have so many humiliating titles been used to date in the Holy Book as Allah has given to this evil soul.' Because Walid b. Mughira blasphemed against the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him), Allah replied, describing ten of Walid b. Mughira's evils, and He also revealed his illegitimacy in the end. Later his mother validated this fact. See: Tafsir al-Qurtubi, al-Razi, al-Nasafi, etc.**

أَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ (14)

ترجمہ: اِس لیے (اس کی بات کو اہمیت نہ دیں) کہ وہ مال دار اور صاحبِ اَولاد ہےo

So (do not pay any heed to him) because he is wealthy and has children.

إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ (15)

ترجمہ: جب اس پر ہماری آیتیں تلاوت کی جائیں (تو) کہتا ہے: یہ (تو) پہلے لوگوں کے اَفسانے ہیںo

When Our Verses are recited to him, he says: 'These are the fictitious stories of the bygone people.'

سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُومِ (16)

ترجمہ: اب ہم اس کی سونڈ جیسی ناک پر داغ لگا دیں گےo

Now We shall brand him on the snout.

إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ (17)

ترجمہ: بے شک ہم ان (اہلِ مکہ) کی (اُسی طرح) آزمائش کریں گے جس طرح ہم نے (یمن کے) ان باغ والوں کو آزمایا تھا

جب انہوں نے قَسم کھائی تھی کہ ہم صبح سویرے یقیناً اس کے پھل توڑ لیں گےo

Surely, We will try them (the inhabitants of Mecca in the same way) as We tried (in Yemen) the owners of the garden when they swore that they would surely pluck its fruit the next morning.

أَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِينَ كَالْمُجْرِمِينَ (35)

ترجمہ: کیا ہم فرمانبرداروں کو مجرموں کی طرح (محروم) کر دیں گےo

Shall We (deprive) the obedient like the disobedient?

مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ (36)

ترجمہ: تمہیں کیا ہو گیا ہے، کیا فیصلہ کرتے ہوo

What is the matter with you? How do you make a judgment?

أَمْ لَكُمْ كِتَابٌ فِيهِ تَدْرُسُونَ (37)

ترجمہ: کیا تمہارے پاس کوئی کتاب ہے جس میں تم (یہ) پڑھتے ہوo

Do you have any Book with you in which you read (this),

إِنَّ لَكُمْ فِيهِ لَمَا تَخَيَّرُونَ (38)

ترجمہ: کہ تمہارے لیے اس میں وہ کچھ ہے جو تم پسند کرتے ہوo

That it contains all that you like?

أَمْ لَكُمْ أَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ إِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُونَ (39)

ترجمہ: یا تمہارے لیے ہمارے ذِمّہ کچھ (ایسے) پختہ عہد و پیمان ہیں جو روزِ قیامت تک باقی رہیں (جن کے ذریعے ہم پابند ہوں) کہ تمہارے لیے وہی کچھ ہوگا جس کا تم (اپنے حق میں) فیصلہ کرو گےo

Or have you any (such) firm covenants from Us as will subsist till the Day of Resurrection (by means of which We are bound) that you will be provided with whatever you shall decide (for yourselves)?

سَلْهُمْ أَيُّهُمْ بِذَلِكَ زَعِيمٌ (40)

ترجمہ: ان سے پوچھئے کہ ان میں سے کون اس (قسم کی بے ہودہ بات) کا ذِمّہ دار ہےo

Ask them which of them will vouch for such (a baseless assertion)!

أَمْ لَهُمْ شُرَكَاءُ فَلْيَأْتُوا بِشُرَكَائِهِمْ إِنْ كَانُوا صَادِقِينَ (41)

ترجمہ: یا ان کے کچھ اور شریک (بھی) ہیں؟ تو انہیں چاہئے کہ اپنے شریکوں کو لے آئیں اگر وہ سچے ہیںo

Or do they have any partners (as well)? Then they should bring their partners if they are truthful.

يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ (42)

ترجمہ: جس دن ساق (یعنی اَحوالِ قیامت کی ہولناک شدت) سے پردہ اٹھایا جائے گا اور وہ (نافرمان) لوگ سجدہ کے لیے بلائے جائیں گے تو وہ (سجدہ) نہ کر سکیں گےo

The Day when the 'shin' (i.e., the terrifying fierceness of the Hour of Rising) will be laid bare, and (the disobedient) people will be called to prostrate themselves, but they will not be able to do so (i.e., to prostrate themselves).

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ **(43)**

ترجمہ: ان کی آنکھیں (ہیبت اور ندامت کے باعث) جھکی ہوئی ہوں گی (اور) ان پر ذِلت چھا رہی ہوگی، حالاں کہ وہ (دنیا میں بھی) سجدہ کے لیے بلائے جاتے تھے جبکہ وہ تندرست تھے (مگر پھر بھی سجدہ کے اِنکاری تھے)o

Their eyes will be cast down (with terror and shame) and disgrace will be spreading over them, whereas they were called to prostrate themselves (in the world also) when they were healthy (but they, even then, refused to fall prostrate).

فَذَرْنِي وَمَن يُكَذِّبُ بِهَذَا الْحَدِيثِ سَنَسْتَدْرِجُهُم مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ **(44)**

ترجمہ: پس (اے حبیبِ مکرم!) آپ مجھے اور اس شخص کو جو اس کلام کو جھٹلاتا ہے (اِنتقام کے لیے) چھوڑ دیں، اب ہم انہیں آہستہ آہستہ (تباہی کی طرف) اس طرح لے جائیں گے کہ انہیں معلوم تک نہ ہوگاo

So, (O Esteemed Beloved,) leave Me (to exact revenge) from the one who rejects this Revelation. Now We shall take them (towards disaster) so gradually that they will not perceive it.

وَأُمْلِي لَهُمْ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ **(45)**

ترجمہ: اور میں اُنہیں مہلت دے رہا ہوں، بے شک میری تدبیر بہت مضبوط ہےo

And I am giving them respite. Surely, My strategy is unbeatable.

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْراً فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ **(46)**

ترجمہ: کیا آپ ان سے (تبلیغِ رسالت پر) کوئی معاوضہ مانگ رہے ہیں کہ وہ تاوان (کے بوجھ) سے دبے جا رہے ہیںo

Do you ask them for any reward (for preaching the faith in Messengership) that they are weighed down with (the burden of) paying the recompense?

أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ **(47)**

ترجمہ: کیا ان کے پاس علمِ غیب ہے کہ وہ (اس کی بنیاد پر اپنے فیصلے) لکھتے ہیںo

Do they have the knowledge of the unseen that they write down (their judgments on the basis of that)?

وَإِن يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ **(51)**

ترجمہ: اور بے شک کافر لوگ جب قرآن سنتے ہیں تو ایسے لگتا ہے کہ آپ کو اپنی (حاسدانہ بد) نظروں سے نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو دیوانہ ہےo

And indeed, when the disbelievers listen to the Qur'an, it seems as if they wish to damage you with their (jealously evil) looks and say: 'He is insane.'

وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِيْنَ (52)

ترجمہ: اوروہ (قرآن) توسارے جہانوں کے لیے نصیحت ہےo

And it (the Qur'an) is direction and guidance for all the worlds.

سورۃ الحاقۃ:

فَلَا أُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ (38)

ترجمہ: سومیں قسم کھاتا ہوں ان چیزوں کی جنہیں تم دیکھتے ہوo

So I swear by the things that you see,

وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ (39)

ترجمہ: اوران چیزوں کی (بھی) جنہیں تم نہیں دیکھتےo

And by those things that you do not see.

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ (40)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) بزرگی وعظمت والے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا (منزّل من اللہ) فرمان ہے، (جسے وہ رسالتاً اور نیابتاً بیان فرماتے ہیں)o

Assuredly, this (Qur'an) is the (God-sent) commandment of the Exalted and Glorious Messenger ([blessings and peace be upon him] which he expounds as a Messenger and as a Vicegerent).

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ قَلِيْلًا مَا تُؤْمِنُوْنَ (41)

ترجمہ: اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں (کہ اَدبی مہارت سے خود لکھا گیا ہو)، تم بہت ہی کم یقین رکھتے ہوo

And it is not the poetry of a poet (composed with literary expertise). You have but little faith.

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ قَلِيْلًا مَا تَذَكَّرُوْنَ (42)

ترجمہ: اورنہ (یہ) کسی کاہن کا کلام ہے (کہ فنی اَندازوں سے وضع کیا گیا ہو)، تم بہت ہی کم نصیحت حاصل کرتے ہوo

Nor is it the word of a fortune-teller (designed by skilful guesswork). You take but little advice.

سورۃ المعارج:

سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ (1)

ترجمہ: ایک سائل نے ایسا عذاب طلب کیا جو واقع ہونے والا ہےo

A questioner asked for the torment which is sure to come about,

لِّلْكَافِرِيْنَ لَيْسَ لَهُ دَافِعٌ (2)

ترجمہ: کافروں کے لیے جسے کوئی دفع کرنے والا نہیںo

Upon the disbelievers, which no one can repel.

تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ (4)

ترجمہ: اس (کے عرش) کی طرف فرشتے اور روح الامین عروج کرتے ہیں ایک دن میں، جس کا اندازہ (دنیوی حساب سے) پچاس ہزار برس کا ہے☆o

☆فِی یَوْمٍ اگر وَاقِعٍ کا صلہ ہو تو معنی ہوگا کہ جس دن (یوم قیامت کو) عذاب واقع ہوگا اس کا دورانیہ 50 ہزار برس کے قریب ہے۔ اور اگر یہ تَعْرُجُ کا صلہ ہو تو معنی ہوگا کہ ملائکہ اور اَرواحِ مومنین جو عرشِ اِلٰہی کی طرف عروج کرتی ہیں ان کے عروج کی رفتار 50 ہزار برس یومیہ ہے، وہ پھر بھی کتنی مدت میں منزلِ مقصود تک پہنچتے ہیں۔ واللہ اَعلم بالصواب۔ (یہاں سے نوری سال (light year) کے تصور کا اِستنباط ہوتا ہے۔)

The angels and al-Ruh al-Amin (the Spirit) rise towards His (Throne) in a Day which measures fifty thousand years (according to the worldly scale).* * If fi yawm is co-related to waqi', it implies '50,000 year long Day of Judgement when the torment will befall'. But if it is co-related to ta'ruju, it denotes fifty millennium year a day speed of ascension by the angels and by the souls of the believers that ascend towards Allah's Throne. It is known to Allah alone as to what time they take to reach the destination.This generates the concept of 'light year'.

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا (5)

ترجمہ: سو (اے حبیب!) آپ (کافروں کی باتوں پر) ہر شکوہ سے پاک صبر فرمائیں o

So, (O Beloved,) observe patience (on the assertions of the disbelievers) without regrets.

إِنَّهُمْ يَرَوْنَهُ بَعِيدًا (6)

ترجمہ: بے شک وہ (تو) اس (دن) کو دور سمجھ رہے ہیں o

Surely, they imagine that (Day) to be far off,

وَنَرَاهُ قَرِيبًا (7)

ترجمہ: اور ہم اسے قریب ہی دیکھتے ہیں o

But We see it very near.

يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ (8)

ترجمہ: جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہو جائے گا o

On that Day the sky will become like molten copper,

فَمَالِ الَّذِينَ كَفَرُوا قِبَلَكَ مُهْطِعِينَ (36)

ترجمہ: تو کافروں کو کیا ہو گیا ہے کہ آپ کی طرف دوڑے چلے آ رہے ہیں o

So what is the matter with the disbelievers that they are coming towards you running,

عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ عِزِيْنَ (37)

ترجمہ: دائیں جانب سے (بھی) اور بائیں جانب سے (بھی) گروہ در گروہo

From the right as well as the left, in groups?

أَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِءٍ مِّنْهُمْ أَن يُدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ (38)

ترجمہ: کیا ان میں سے ہر شخص یہ توقع رکھتا ہے کہ وہ (بغیر ایمان و عمل کے) نعمتوں والی جنت میں داخل کر دیا جائے گا؟o

Does every one of them hope that he may be admitted to the Garden of Bliss (without faith and deeds)?

كَلَّا إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّمَّا يَعْلَمُونَ (39)

ترجمہ: ہرگز نہیں، بے شک ہم نے انہیں اس چیز سے پیدا کیا ہے جسے وہ (بھی) جانتے ہیںo

Certainly not! Surely, We have created them from a substance which they (also) know.

فَلَا أُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ إِنَّا لَقَادِرُونَ (40)

ترجمہ: سو میں مشارق اور مغارب کے رب کی قسم کھاتا ہوں کہ بے شک ہم پوری قدرت رکھتے ہیںo

So I swear by the Lord of the easts and the wests that surely We have Absolute Power,

عَلَى أَن نُّبَدِّلَ خَيْراً مِّنْهُمْ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِيْنَ (41)

ترجمہ: اس پر کہ ہم بدل کر ان سے بہتر لوگ لے آئیں، اور ہم ہرگز عاجز نہیں ہیںo

To replace them with people better than them and We are not at all incapable (of doing it).

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ (42)

ترجمہ: سو آپ انہیں چھوڑ دیجیے کہ وہ اپنی بے ہودہ باتوں اور کھیل تماشے میں پڑے رہیں یہاں تک کہ اپنے اس دن سے آملیں جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

So leave them occupied with their absurd talk and pastime until they meet that Day of theirs which they have been promised.

يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعاً كَأَنَّهُمْ إِلَى نُصُبٍ يُوفِضُونَ (43)

ترجمہ: جس دن وہ قبروں سے دوڑتے ہوئے یوں نکلیں گے گویا وہ بتوں کے اَستھانوں کی طرف دوڑے جا رہے ہیںo

The Day when they will come forth from their graves in haste as if they are running towards the temples of their idols.

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ذَلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ (44)

ترجمہ: (ان کا) حال یہ ہوگا کہ ان کی آنکھیں (شرم اور خوف سے) جھک رہی ہوں گی، ذِلت ان پر چھا رہی ہوگی، یہی ہے وہ دن جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھاo

(Their plight) will be that their eyes will be cast down (with shame and fear) and

disgrace enveloping them. It is this Day which they were promised.

سورۃ المزمل:

وَذَرْنِیْ وَالْمُکَذِّبِیْنَ أُولِیْ النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِیْلاً (11)

ترجمہ: اور آپ مجھے اور جھٹلانے والے سرمایہ داروں کو (اِنتقام لینے کے لیے) چھوڑ دیں اور انہیں تھوڑی سی مہلت دے دیں (تاکہ اُن کے اَعمالِ بد اپنی اِنتہاء کو پہنچ جائیں)o

And leave Me (to deal) with the denying rich money-mongers (to take revenge). And give them a little respite (so that their evil deeds may cross the limit).

إِنَّ لَدَیْنَا أَنکَالاً وَجَحِیْماً (12)

ترجمہ: بے شک ہمارے پاس بھاری بیڑیاں اور (دوزخ کی) بھڑکتی ہوئی آگ ہےo

Surely, We have heavy shackles and the Blazing Fire (of Hell),

وَطَعَاماً ذَا غُصَّةٍ وَعَذَاباً أَلِیْماً (13)

ترجمہ: اور حلق میں اٹک جانے والا کھانا اور نہایت دردناک عذاب ہےo

And food that chokes the throat and most painful torment.

فَکَیْفَ تَتَّقُوْنَ إِن کَفَرْتُمْ یَوْماً یَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِیْباً (17)

ترجمہ: اگر تم کفر کرتے رہو تو اُس دن (کے عذاب) سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گاo

If you continue disbelieving, then how will you save yourselves from (the torment of) that Day which will turn the children old,

السَّمَاء مُنفَطِرٌ بِهِ کَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولاً (18)

ترجمہ: (جس دن کی) شدت کے باعث آسمان پھٹ جائے گا، اُس کا وعدہ پورا ہو کر رہے گاo

(The Day) by whose severity the heaven will be split apart? His promise is bound to be fulfilled.

سورۃ المدثر:

ذَرْنِیْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِیْداً (11)

ترجمہ: آپ مجھے اور اس شخص کو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا (اِنتقام لینے کے لیے) چھوڑ دیںo

Leave Me (to take revenge) on him whom I have created alone,

وَجَعَلْتُ لَهُ مَالاً مَّمْدُوداً (12)

ترجمہ: اور میں نے اسے بہت وسیع مال مہیا کیا تھاo

And I provided him wealth in abundance,

وَبَنِیْنَ شُهُوداً (13)

ترجمہ: اور (اس کے سامنے) حاضر رہنے والے بیٹے (دیئے) تھےo

And (gave) him sons remaining present (before him),

وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهِيْداً (14)

ترجمہ: اور میں نے اسے (سامانِ عیش وعشرت میں) خوب وُسعت دی تھیo

And granted him affluence (in sources of luxury).

ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيْدَ (15)

ترجمہ: پھر (بھی) وہ حرص رکھتا ہے کہ میں اور زیادہ کروںo

Yet he desires that I should give him more.

كَلَّا إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيْداً (16)

ترجمہ: ہرگز (ایسا) نہ ہوگا، بے شک وہ ہماری آیتوں کا دشمن رہا ہےo

No way! He has certainly been inimical to Our Revelations.

سَأُرْهِقُهُ صَعُوداً (17)

ترجمہ: عنقریب میں اسے سخت مشقت (کے عذاب) کی تکلیف دوں گاo

Soon I shall afflict him with (the punishment of) a severe toil.

إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ (18)

ترجمہ: بے شک اس نے سوچ بچار کی اور ایک سازش وضع کر لیo

Surely, he reflected and devised a plot.

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ (19)

ترجمہ: بس اس پر (اللہ کی) مار (یعنی لعنت) ہو، اس نے کیسی سازش تیار کیo

So let (Allah's) curse be on him! How he plotted!

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ (20)

ترجمہ: اس پر پھر (اللہ کی) مار (یعنی لعنت) ہو، اس نے (یہ) کیسی سازش کیo

Let again (Allah's) curse be on him! How he plotted!

ثُمَّ نَظَرَ (21)

ترجمہ: پھر اس نے (اپنی تجویز پر دوبارہ) غور کیاo

Then he pondered (over his scheme again).

ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ (22)

ترجمہ: پھر تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑاo

Then he frowned and twisted his face.

ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ (23)

ترجمہ: پھر (حق سے) پیٹھ پھیر لی اور تکبّر کیاo

Then he turned back (from the truth) and showed arrogance.

فَقَالَ إِنْ هَذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ (24)

ترجمہ: پھر کہنے لگا کہ یہ (قرآن) جادو کے سوا کچھ نہیں جو (اگلے جادوگروں سے) نقل ہوتا چلا آ رہا ہےo

Then he said: 'This (Qur'an) is nothing but magic which is being transmitted from the past (magicians).

إِنْ هَذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (25)

ترجمہ: یہ (قرآن) بجز اِنسان کے کلام کے (اور کچھ) نہیںo

This (Qur'an) is nothing (else) but the words of a human being.'

سَأُصْلِيهِ سَقَرَ (26)

ترجمہ: میں عنقریب اسے دوزخ میں جھونک دوں گاo

I will soon cast him into Hell.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ (27)

ترجمہ: اور آپ کو کس نے بتایا ہے کہ سَقَر کیا ہےo

And who has told you what Saqar (the Fire of Hell) is?

لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ (28)

ترجمہ: وہ (ایسی آگ ہے جو) نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہےo

That (is the Fire which) does not spare, nor does it leave out.

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (29)

ترجمہ: (وہ) جسمانی کھال کو جھلسا کر سیاہ کر دینے والی ہےo

(That) scorches the skin and blackens it.

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ (30)

ترجمہ: اس پر اُنیس (19 فرشتے داروغے مقرر) ہیںo

There are nineteen (angels appointed as guards) over it.

وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَاناً وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَذَا مَثَلاً كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَى لِلْبَشَرِ (31)

ترجمہ: اور ہم نے دوزخ کے داروغے صرف فرشتے ہی مقرر کیے ہیں اور ہم نے ان کی گنتی کافروں کے لیے محض آزمائش کے طور پر مقرر کی ہے تاکہ اہلِ کتاب یقین کر لیں (کہ قرآن اور نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہے کیونکہ ان کی کتب میں بھی یہی تعداد بیان کی گئی تھی) اور اہلِ ایمان کا ایمان (اس تصدیق سے) مزید بڑھ جائے، اور اہلِ کتاب اور مومنین (اس کی حقانیت میں) شک نہ کر سکیں، اور تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور کفار یہ کہیں کہ اس (تعداد کی) مثال سے اللہ کی مراد کیا ہے؟ اسی طرح اللہ (ایک ہی بات سے) جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ (دوزخ کا بیان) اِنسان کی نصیحت کے لیے ہی ہےo

And We have appointed only angels as guards of Hell. And We have fixed their

number only as a trial for the disbelievers so that the People of the Book may believe with certitude (that the Qur'an and the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] is a truth because the same number was given in their scriptures as well), and that the faith of the believers may further be strengthened (with this confirmation), and that the People of the Book and the believers may not doubt (its veracity), and that those having a disease (of hypocrisy) in their hearts and the disbelievers may say: 'What does Allah intend by this example (of number)?' In this way, Allah holds astray whom He wills, and guides aright whom He wills (with the same stroke). And no one knows the armies of your Lord except Him. And this (description of Hell is nothing else) but an admonition to mankind.

عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ **(41)**

ترجمہ: مجرموں کے بارے میںo

About the evildoers.

كَلَّا بَل لَا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ **(53)**

ترجمہ: ایسا ہرگز ممکن نہیں، بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) وہ لوگ آخرت سے ڈرتے ہی نہیںo

That is not possible at all. Rather (the fact is that) they fear not the Last Day.

سورۃ القیامۃ:

كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ **(20)**

ترجمہ: حقیقت یہ ہے (اے کفّار!) تم جلد ملنے والی (دنیا) کو محبوب رکھتے ہوo

The truth is, (O disbelievers,) that you love (the world) which you can readily gain.

وَتَذَرُونَ الْآخِرَةَ **(21)**

ترجمہ: اور تم آخرت کو چھوڑے ہوئے ہوo

And you have left aside the Hereafter.

وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ **(24)**

ترجمہ: اور کتنے ہی چہرے اُس دن بگڑی ہوئی حالت میں (مایوس اور سیاہ) ہوں گےo

And many faces will be deformed (depressed and dark) that Day,

تَظُنُّ أَن يُفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ **(25)**

ترجمہ: یہ گمان کرتے ہوں گے کہ اُن کے ساتھ ایسی سختی کی جائے گی جو اُن کی کمر توڑ دے گیo

Thinking that they will be subjected to such a harsh treatment that will break their backbones.

كَلَّا إِذَا بَلَغَتُ التَّرَاقِيَ (26)

ترجمہ: نہیں نہیں، جب جان گلے تک پہنچ جائےo

No indeed! When the soul reaches the throat,

وَقِيْلَ مَنْ رَاقٍ (27)

ترجمہ: اور کہا جارہا ہو کہ (اِس وقت) کون ہے جھاڑ پھونک سے علاج کرنے والا (جس سے شفایابی کرائیں)o

And it is said: 'Who can (now) treat him with magic (to cure him)?'

وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ (28)

ترجمہ: اور (جان دینے والا) سمجھ لے کہ (اب سب سے) جدائی ہےo

And (the departing soul) comes to realize that (now) is the hour of parting (with all).

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ (29)

ترجمہ: اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹنے لگےo

And one leg clings to the other;

إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ (30)

ترجمہ: تو اس دن آپ کے رب کی طرف جانا ہوتا ہےo

Towards your Lord is the departure that Day.

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلَّى (31)

ترجمہ: تو (کتنی بدنصیبی ہے کہ) اس نے نہ (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں کی) تصدیق کی نہ نماز پڑھیo

So (how ill-fated is he that) he neither affirmed (what the Messenger said) nor offered Prayer.

وَلَكِن كَذَّبَ وَتَوَلَّى (32)

ترجمہ: بلکہ وہ جھٹلاتا رہا اور رُوگردانی کرتا رہاo

Rather he kept belying and turning away.

ثُمَّ ذَهَبَ إِلَى أَهْلِهِ يَتَمَطَّى (33)

ترجمہ: پھر اپنے اہلِ خانہ کی طرف اکڑ کر چل دیاo

Then he went off towards his family in arrogance.

أَوْلَى لَكَ فَأَوْلَى (34)

ترجمہ: تمہارے لیے (مرتے وقت) تباہی ہے، پھر (قبر میں) تباہی ہےo

Woe to you (when dying), then woe to you (in the grave),

ثُمَّ أَوْلَى لَكَ فَأَوْلَى (35)

ترجمہ: پھر تمہارے لیے (روزِ قیامت) ہلاکت ہے، پھر (دوزخ کی) ہلاکت ہےo

Then again woe to you (on the Last Day), then woe to you (in Hell)!

أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَن يُتْرَكَ سُدًى (36)

ترجمہ: کیا اِنسان یہ خیال کرتا ہے کہ اُسے بے کار (بغیر حساب و کتاب کے) چھوڑ دیا جائے گاo

Does man think that he will be left for nothing (without any reckoning)?

أَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّن مَّنِيٍّ يُمْنَى (37)

ترجمہ: کیا وہ (اپنی اِبتداء ؑ میں) منی کا ایک قطرہ نہ تھا جو (عورت کے رحم میں) ٹپکا دیا جاتا ہےo

Was he not (in his beginning) a sperm drop ejaculated (into the woman's womb)?

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوَّى (38)

ترجمہ: پھر وہ (رحم میں جال کی طرح جما ہوا) ایک معلّق وجود بن گیا، پھر اُس نے (تمام جسمانی اَعضاء ؑ کی اِبتدائی شکل کو اس وجود میں) پیدا فرمایا، پھر اس نے (انہیں) درست کیاo

Then it developed into a hanging mass (clinging to the womb like a nest). Then He created (in it the preliminary form of all the limbs of the body). Then He set (them) right.

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَى (39)

ترجمہ: پھر یہ کہ اس نے اسی نطفہ ہی کے ذریعہ دو قسمیں بنائیں: مرد اور عورتo

Then He made from the same sperm drop two genders: male and female.

أَلَيْسَ ذَلِكَ بِقَادِرٍ عَلَى أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَى (40)

ترجمہ: تو کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ مُردوں کو پھر سے زندہ کر دےo

Then has He not the power to give life to the dead again?

سورۃ الدہر:

إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَا وَأَغْلَالاً وَسَعِيراً (4)

ترجمہ: بے شک ہم نے کافروں کے لیے (پاؤں کی) زنجیریں اور (گردن کے) طوق اور (دوزخ کی) دہکتی آگ تیار کر رکھی ہےo

Verily, We have prepared for the disbelievers chains (for the feet), neck-fetters and the Blazing Fire (of Hell).

إِنَّ هَؤُلَاء يُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ وَرَاءهُمْ يَوْماً ثَقِيلاً (27)

ترجمہ: بے شک یہ (طالبانِ دنیا) جلد ملنے والے مفاد کو عزیز رکھتے ہیں اور سخت بھاری دن (کی یاد) کو اپنے پسِ پشت چھوڑے ہوئے ہیںo

Surely, these (world-mongers) love the gains that are achievable right away. And they have put behind their backs (the remembrance of) the very hard Day.

نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ وَإِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا أَمْثَالَهُمْ تَبْدِيلًا (28)

ترجمہ: (وہ نہیں سوچتے کہ) ہم ہی نے انہیں پیدا فرمایا ہے اور ان کے جوڑ جوڑ کو مضبوط بنایا ہے، اور ہم جب چاہیں (انہیں) انہی جیسے لوگوں سے بدل ڈالیںo

(They do not realize that) We alone have created them and have made their every joint strong, and We can replace them whenever We may please with the people like them.

سورۃ المرسلات:

انطَلِقُوا إِلَى مَا كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (29)

ترجمہ: (اب) تم اس (عذاب) کی طرف چلو جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

(Now) move on to that (torment) which you used to deny.

انطَلِقُوا إِلَى ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ شُعَبٍ (30)

ترجمہ: تم (دوزخ کے دھویں پر مبنی) اس سائے کی طرف چلو جس کے تین حصے ہیںo

Proceed towards that shadow (of the smoke of Hell) that forks into three columns,

لَا ظَلِيلٍ وَلَا يُغْنِي مِنَ اللَّهَبِ (31)

ترجمہ: جو نہ (تو) ٹھنڈا سایہ ہے اور نہ ہی آگ کی تپش سے بچانے والا ہےo

A shadow which is neither cool nor protecting against the heat of Fire.

إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ (32)

ترجمہ: بے شک وہ (دوزخ) اونچے محل کی طرح (بڑے بڑے) شعلے اور چنگاریاں اڑاتی ہےo

Indeed, that (Hell) throws up sparks and flames (huge) as a lofty palace.

كَأَنَّهُ جِمَالَتٌ صُفْرٌ (33)

ترجمہ: (یوں بھی لگتا ہے) گویا وہ (چنگاریاں) زرد رنگ والے اونٹ ہیںo

(It also appears) as if those (sparks) are yellow camels.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (34)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

هَذَا يَوْمُ لَا يَنطِقُونَ (35)

ترجمہ: یہ ایسا دن ہے کہ وہ (اس میں) بول بھی نہ سکیں گےo

This is a Day (on which) they will not be able to speak too.

وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُونَ (36)

ترجمہ: اور نہ ہی انہیں اجازت دی جائے گی کہ وہ معذرت کر سکیںo

Nor will they be allowed to offer any excuses.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (37)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی ہلاکت ہےo

Woe to the deniers on that Day!

هَذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنَاكُمْ وَالْأَوَّلِيْنَ (38)

ترجمہ: یہ فیصلے کا دن ہے (جس میں) ہم تمہیں اور (سب) پہلے لوگوں کو جمع کریں گےo

This is the Day of Judgment (on which) We shall gather you and (all) the earlier communities.

فَإِن كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ (39)

ترجمہ: پھر اگر تمہارے پاس (عذاب سے بچنے کا) کوئی حیلہ (اور داؤ) ہے تو (وہ) داؤ مجھ پر چلا لوo

Then if you have any scheme (and trick to escape from the torment), try (that) against Me.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (40)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑا افسوس ہےo

Woe (i.e., dejection) to the deniers on that Day!

كُلُوا وَتَمَتَّعُوا قَلِيْلًا إِنَّكُم مُّجْرِمُوْنَ (46)

ترجمہ: (اے حق کے منکرو!) تم تھوڑا عرصہ کھا لو اور فائدہ اٹھا لو، بے شک تم مجرم ہوo

(O deniers of the truth!) Eat and enjoy yourselves for a short while. No doubt, you are the evildoers.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (47)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی خرابی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُوْنَ (48)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم (اللہ کے حضور) جھکو تو وہ نہیں جھکتےo

And when it is said to them: 'Bow down (before Allah),' they do not bow.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (49)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

فَبِأَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُوْنَ (50)

ترجمہ: پھر وہ اِس (قرآن) کے بعد کس کلام پر ایمان لائیں گے؟o

Then in what revelation after this (Qur'an) will they believe?

سورۃ النازعات:

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقاً (1)

ترجمہ: ان (فرشتوں) کی قَسم جو (کافروں کی جان ان کے جسموں کے ایک ایک انگ میں سے) نہایت سختی سے کھینچ لاتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر گھس کر کیمیائی جوڑوں کو سختی سے توڑ پھوڑ دیتی ہیںo

By (the angels) who violently snatch out (the souls of the disbelievers from each tendon and ligament of their body),

Or

By the waves of energy that pierce into matter and break up the chemical bonds fiercely,

وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطاً (2)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (مومنوں کی جان کے) بندنہایت نرمی سے کھول دیتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر سے کیمیائی جوڑوں کو نہایت نرمی اور آرام سے توڑ دیتی ہیںo

And by (the angels) who unweave sinews (of the believers' organisms) gently and peacefully,

Or

By the waves of energy that disintegrate gently and peacefully the chemical bonds within matter,

وَالسَّابِحَاتِ سَبْحاً (3)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (زمین وآسمان کے درمیان) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو آسمانی خلاوفضا میں بلا روک ٹوک چلتی پھرتی ہیںo

And by (the angels) who swiftly glide (between the heavens and the earth),

Or

By the waves of energy that move around freely in space and atmosphere,

فَالسَّابِقَاتِ سَبْقاً (4)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جو لپک کر (دوسروں سے) آگے بڑھ جاتے ہیںo

یا:

پھر توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو رفتار، طاقت اور جاذبیت کے لحاظ سے دوسری لہروں پر سبقت لے جاتی ہیںo

Then by (the angels) who with burst of speed sprint past others,

Or

By the waves of energy that surpass other waves in speed, force and assimilation,

فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْراً (5)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جومختلف اُمور کی تدبیر کرتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جو باہمی تعامل سے کائناتی نظام کی بقا کے لیےتوازن وتدبیر قائم رکھتی ہیںo

Then by (the angels) who manage different affairs well,

Or

By the waves of energy that, through mutual dynamism and coordination, maintain equilibrium and keep the balance of the management going for the survival of the system of the universe,

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ (6)

ترجمہ: (جب انہیں اس نظامِ کائنات کے درہم برہم کردینے کا حکم ہوگا تو) اس دن (کائنات کی) ہر متحرک چیز شدید حرکت میں آجائے گیo

(When they will be commanded to devastate the system of the universe) that Day, everything in motion (in the universe) will tremor into violent convulsion,

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ (7)

ترجمہ: پیچھے آنے والا ایک اور زلزلہ اس کے پیچھے آئے گاo

Chased by a succeeding convulsion.

قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ (8)

ترجمہ: اس دن (لوگوں کے) دل خوف واضطراب سے دھڑکتے ہوں گےo

That Day, hearts (of the people) will pound with agony and terror.

أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ (9)

ترجمہ: ان کی آنکھیں (خوف وہیبت سے) جھکی ہوں گیo

Their eyes will be downcast (with dread and horror).

يَقُولُونَ أَئِنَّا لَمَرْدُودُونَ فِي الْحَافِرَةِ (10)

ترجمہ: (کفّار) کہتے ہیں: کیا ہم پہلی زندگی کی طرف پلٹائے جائیں گےo

The disbelievers say: 'Shall we be reverted to the former life?

أَئِذَا كُنَّا عِظَاماً نَّخِرَةً (11)

ترجمہ: کیا جب ہم بوسیدہ (کھوکھلی) ہڈیاں ہوجائیں گے (تب بھی زندہ کیے جائیں گے)o

(Shall we be given life even) when we shall have become rotten (hollow)

bones?'

قَالُوا تِلْكَ إِذاً كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ (12)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: یہ (لوٹنا) تو اس وقت بڑے خسارے کا لوٹنا ہوگا o

They say: 'This (return) would then be a losing return.'

يَسْأَلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسَاهَا (42)

ترجمہ: (کفّار) آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ اس کا وقوع کب ہوگا o

(The disbelievers) ask you about the Hour of Rising: 'When will it come to pass?'

فِيمَ أَنتَ مِن ذِكْرَاهَا (43)

ترجمہ: تو آپ کو اس کے (وقت کے) ذکر سے کیا غرض o

What should be your concern in talking about (its appointed time)?

سورۃ عبس:

وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ (40)

ترجمہ: اور بہت سے چہرے ایسے ہوں گے جن پر اس دن گرد پڑی ہوگی o

And numerous faces there will be covered with dust that Day.

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ (41)

ترجمہ: (مزید) ان (چہروں) پر سیاہی چھائی ہوگی o

These (faces) will be overshadowed with darkness (as well).

أُوْلَئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ (42)

ترجمہ: یہی لوگ کافر (اور) فاجر (بدکردار) ہوں گے o

They are the people who are disbelievers (and) mischief-mongers (i.e., evildoers).

سورۃ المطففین:

إِنَّ الَّذِيْنَ أَجْرَمُوا كَانُواْ مِنَ الَّذِيْنَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ (29)

ترجمہ: بے شک مجرم لوگ ایمان والوں کا (دنیا میں) مذاق اڑایا کرتے تھے o

Surely (in the worldly life), the evildoers used to ridicule the believers,

وَإِذَا مَرُّواْ بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ (30)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس سے گزرتے تو آپس میں آنکھوں سے اشارہ بازی کرتے تھے o

And winked at one another when they passed by them.

وَإِذَا انقَلَبُواْ إِلَى أَهْلِهِمُ انقَلَبُواْ فَكِهِيْنَ (31)

ترجمہ: اور جب اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے تو (مومنوں کی تنگ دستی اور اپنی خوش حالی کا موازنہ کر کے) اِتراتے اور دل لگی کرتے ہوئے پلٹتے تھےo

And when they went back to their families, they used to exult over the believers (by comparing the believers' destitution and their own affluence) and returned speaking of them with jests.

وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هَؤُلَاء لَضَالُّونَ (32)

ترجمہ: اور جب یہ (مغرور لوگ) ان (کمزور حال مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے: یقیناً یہ لوگ راہ سے بھٹک گئے ہیں (یعنی یہ دنیا گنوا بیٹھے ہیں اور آخرت تو ہے ہی فقط افسانہ)o

And when they (the arrogant people) saw these (the indigent believers), they used to say: 'They have gone astray,' (i.e., they have lost the world whilst the Hereafter is nothing but fiction.)

وَمَا أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ حَافِظِيْنَ (33)

ترجمہ: حالاں کہ وہ ان (کے حال) پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے تھےo

Yet they had not been sent to watch over their (state of affairs).

فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ آمَنُواْ مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ (34)

ترجمہ: پس آج (دیکھو) اہلِ ایمان کافروں پر ہنس رہے ہیںo

So (see) Today the believers are laughing at the disbelievers.

عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ (35)

ترجمہ: سجے ہوئے تختوں پر بیٹھے (اپنی خوش حالی اور کافروں کی بدحالی کا) نظارہ کر رہے ہیںo

Reclining on ornamented couches, they are viewing the sight (comparing their own prosperity and the disbelievers' impoverishment).

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ (36)

ترجمہ: سو کیا کافروں کو اس (مذاق) کا پورا بدلہ دے دیا گیا جو وہ (مسلمانوں سے) کیا کرتے تھےo

So, have the disbelievers been rewarded in full for (the mockery), which they used to inflict upon (the believers)?

سورۃ الانشقاق:

وَإِذَا قُرِءَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ لَا يَسْجُدُونَ) (21)

ترجمہ: اور جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو (اللہ کے حضور) سجدہ ریز نہیں ہوتےo

And when the Qur'an is recited to them, they do not fall down prostrate (before Allah)?

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا يُكَذِّبُوْنَ (22)

ترجمہ: بلکہ کافر لوگ (اسے مزید) جھٹلا رہے ہیں o

Instead, the disbelievers (further) deny it.

وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ (23)

ترجمہ: اور اللہ (کفر و عداوت کے اس سامان کو) خوب جانتا ہے جو وہ جمع کر رہے ہیں o

And Allah knows best (the contention and disbelief) which they are piling.

فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ (24)

ترجمہ: سو آپ انہیں دردناک عذاب کی بشارت دے دیں o

So give them the news of a painful punishment.

سورۃ الطارق:

إِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْداً (15)

ترجمہ: بے شک وہ (کافر) پُر فریب تدبیروں میں لگے ہوئے ہیں o

Indeed, they (the disbelievers) are hatching plots.

وَأَكِيْدُ كَيْداً (16)

ترجمہ: اور میں اپنی تدبیر فرما رہا ہوں o

And I am designing My own strategy.

فَمَهِّلِ الْكَافِرِيْنَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْداً (17)

ترجمہ: پس آپ کافروں کو (ذرا) مہلت دے دیجیے، (زیادہ نہیں بس) انہیں تھوڑی سی ڈھیل (اور) دے دیجیے o

So give the disbelievers a respite (for a while, not much); let them relax a little (more).

سورۃ الغاشیۃ:

هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ (1)

ترجمہ: کیا آپ کو (ہر چیز پر) چھا جانے والی قیامت کی خبر پہنچی ہے o

Has the news of the Calamity overwhelming (everything) reached you?

وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ (2)

ترجمہ: اس دن کتنے ہی چہرے ذلیل و خوار ہوں گے o

Many faces on that Day will be humiliated and degraded,

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ (3)

ترجمہ: (اللہ کو بھول کر دنیاوی) محنت کرنے والے (چند روزہ عیش و آرام کی خاطر سخت) مشقتیں جھیلنے والے o

(Forgetting Allah,) toiling (for worldly gains), sustaining (strenuous) rigours (for a fleeting luxury),

تَصْلَى نَاراً حَامِيَةً (4)

ترجمہ: دہکتی ہوئی آگ میں جا گریں گےo

Will plunge into the Blazing Fire.

تُسْقَى مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ (5)

ترجمہ: (انہیں) کھولتے ہوئے چشمہ سے (پانی) پلایا جائے گاo

(They will be) offered to drink (water) from a boiling spring.

لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ (6)

ترجمہ: ان کے لیے خاردار خشک زہریلی جھاڑیوں کے سوا کچھ کھانا نہ ہوگاo

They will have no food except thorny and dry venomous herbage.

لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِن جُوعٍ (7)

ترجمہ: (یہ کھانا) نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک ہی دور کرے گاo

(This food) will neither nourish nor gratify hunger.

سورۃ البینہ:

لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ مُنفَكِّينَ حَتَّى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ (1)

ترجمہ: اہلِ کتاب میں سے جو لوگ کافر ہو گئے اور مشرکین اس وقت تک (کفر سے) الگ ہونے والے نہ تھے جب تک ان کے پاس روشن دلیل (نہ) آ جاتیo

The disbelievers from amongst the People of the Book and the idolaters would not desist (from disbelief) until clear proof came to them.

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أُولَئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ (6)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اہلِ کتاب میں سے کافر ہو گئے اور مشرکین (سب) دوزخ کی آگ میں (پڑے) ہوں گے وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہیں، یہی لوگ بدترین مخلوق ہیںo

Indeed, those who disbelieve from amongst the People of the Book and the polytheists (all) will be (abiding) in the Fire of Hell. They are its permanent dwellers. It is they who are the worst of the creation.

سورۃ الکوثر:

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو (ہر خیر و فضیلت میں) بے انتہا کثرت بخشی ہےo☆

☆ کوثر سے مراد حوض کوثر یا نہر جنت بھی ہے اور قرآن اور نبوت و حکمت بھی، فضائل و معجزات کی کثرت یا اصحاب و اتباع اور امت کی کثرت بھی مراد لی گئی ہے۔ رفعت ذکر اور خلق عظیم بھی مراد ہے اور دنیا و آخرت کی نعمتیں بھی، نصرت الٰہیہ اور کثرت فتوحات بھی مراد ہیں اور روز قیامت مقام محمود اور شفاعت عظمیٰ بھی مراد لی گئی ہے۔

Indeed, We have bestowed on you an infinite abundance (every kind of superiority, bliss and bounty).*

*** Al-Kawthar has various connotations: The reservoir of al-Kawthar, the stream in Paradise, the Holy Qur'an, the Prophethood and the Prophetic wisdom, limitless bounties and countless miracles, innumerable followers and a massive Umma (Community), the exalted name and divinely eminent conduct, the bounties here and Hereafter, Allah's assistance and numerous victories, the Praiseworthy Station on the Last Day and the divine privilege of Intercession.**

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ (2)

ترجمہ: پس آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھا کریں اور قربانی دیا کریں (یہ ہدیۂ تشکّر ہے)o

So pray to your Lord and offer sacrifice (a token of gratitude).

إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ (3)

ترجمہ: بے شک آپ کا دشمن ہی بے نسل اور بے نام ونشاں ہوگاo

Indeed, your enemy will remain childless and his race will be cut off.

سورۃ الکافرون:

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ (1)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: اے کافرو!o

Say: 'O disbelievers!

لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ (2)

ترجمہ: میں ان کی عبادت نہیں کرتا جنہیں تم پوجتے ہوo

I do not worship that which you worship.

وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ (3)

ترجمہ: اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوںo

Nor do you worship Whom I worship.

وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدتُّمْ (4)

ترجمہ: اور نہ (ہی) میں (آئندہ کبھی) ان کی عبادت کرنے والا ہوں جن کی تم پرستش کرتے ہوo

And I shall never worship that which you worship.

وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُونَ مَا أَعْبُدُ (5)

ترجمہ: اور نہ تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوںo

Nor will you worship Whom I worship.

لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ (6)

ترجمہ: (سو) تمہارا دین تمہارے لیے اور میرا دین میرے لیے ہےo

(So) you have your din (religion), and I have my Din (Religion).'

مآخذ ومراجع

1۔ عرفان القرآن ۔ ڈاکٹر علامہ طاہر القادری صاحب

2۔ آسان ترجمہ قرآن ۔ جسٹس تقی عثمانی صاحب

3۔ القرآن الکریم ۔ جوناگڑھی صاحب

4۔ کنزالایمان ۔ احمد رضا صاحب

5۔ قرآنِ مبین ۔ حسن رضوی صاحب

6۔ تدبّر قرآن ۔ امین اصلاحی صاحب

7۔ قرآن مجید (لفظی ترجمہ) ۔ نگہت ہاشمی صاحبہ

8۔ تفہیم القرآن ۔ مولانا مودودی صاحب

10۔ اسلام360

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ فِيهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ

کتاب لاریب

KITAB-E-LARAIB

(HUNDRED QURANIC SUBJECTS)

VOLUME - III

انسان اور سائنس



By

LIEUTENANT COLONEL

AHSIN JAHANGIR

M.PHIL (ISLAMIC THOUGHT AND CIVILIZATION)

GOLD MEDALIST

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابِ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد سوئم)

انسان اور سائنس

از

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابِ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد سوئم)

انسان اور سائنس

از

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ وَیَسِّرۡلِیۡۤ اَمۡرِیۡ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَۃً مِّنۡ لِّسَانِیۡ یَفۡقَھُوۡا قَوۡلِیۡ o

اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کشادہ فرما دے o

اور میرا کارِ (رسالت) میرے لیے آسان فرما دے o

اور میری زبان کی گرہ کھول دے o

کہ لوگ میری بات (آسانی سے) سمجھ سکیں o

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

انتساب

"میں یہ کتاب اپنے والدین،
اساتذہ کرام اور اُمتِ مسلمہ کے **غازیوں** اور **شہیدوں** کے نام کرتا ہوں"

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

مقدمہ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلیٰ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ وَعَلیٰ اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَانِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَھَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ ط صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡم۔

تمام خوبیاں مالکِ ارض وسما کیلئے اور لاتعداد درود وسلام محبوبِ خدا خاتم الانبیا ﷺ پر آپ کی آل رضی اللہ عنھم اور آپکے اصحاب رضی اللہ عنھم پر اور بے شمار رحمتیں نازل ہوں اللہ کے مقربین پر حاملینِ قرآن پر اور علمائے ربانیین پر جنکی محنتوں اور برکتوں سے قرآن کا نور ہم تک پہنچا۔ بندہِ ناچیز لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر کو اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کا پورا یقین ہے کیونکہ قرآن کریم کے عالم ہزاروں کی تعداد میں ہیں اور صدیوں سے قرآن کریم کی خدمت کرنے والے مفسرین اور شارحین ومترجمین کی ایک طویل فہرست ہے لیکن قرآن کریم سے محبت نے مجھے ایک ولولہ اور حوصلہ دیا کہ جس کو جس چیز سے محبت ہوتی ہے وہ اسکا تذکرہ اس انداز میں کرنا چاہتا ہے کہ رہتی دنیا تک اسکی محبت کے نقوش ثابت رہیں تو چونکہ میں بھی اپنے خالق و مالک اللہ وحدہ لاشریک اور اسکے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ سے محبت کا دعویدار ہوں تو اسی نسبت نے مجھے قرآنِ پاک کی آیات کے موضوعات کو ترتیب دینے کی ڈھارس بندھائی۔

اللہ پاک نے قرآن پاک کو ایسی آسان کتاب بنایا ہے کہ جیسے جیسے انسان اس کتاب سے پیار کرتا ہے یہ کتاب انسان کے دل ودماغ کو معطر کرتی جاتی ہے اور اسکے دل میں گھر کر جاتی ہے الحمدللہ ہم تو مسلمان ہیں قرآن کریم تو کافر کے دل میں بھی اتر جاتا ہے جبکہ دیگر مذاہب کی کتب کا یہ معجزہ نہیں ہے۔

قرآن پاک بہت آسان کتاب ہے ہم اس کے قریب تو آئیں اس سے محبت تو کریں اس کی بات تو سنیں یہ ہمارے دل میں بھی گھر بنائے گا اللہ تعالیٰ کا تو وعدہ ہے رب پاک سورۃ القمر آیت نمبر 17 میں فرماتا ہے۔

وَلَقَدۡ یَسَّرۡنَا الۡقُرۡاٰنَ لِلذِّکۡرِ فَھَلۡ مِنۡ مُّدَّکِرٍ (17)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے o

یہ آیاتِ کریمہ صاف صاف بتا رہی ہے کہ قرآنِ کریم کو سمجھنا بہت آسان ہے چونکہ برصغیر پاک و ہند کے زیادہ تر لوگ عربی زبان سے ناواقف ہیں اس لیے اس خطۂ ارضی میں قرآن پاک کو سمجھنے اور سمجھانے کیلئے مقامی زبانوں میں اس کے تراجم کئے گئے اور اسکی تفاسیر لکھی گئیں احقر نے بھی ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے قرآن پاک کے اندر جو موضوعات ہیں ان کا الگ الگ ذکر کیا جائے مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ قرآنی موضوعات پر بہت سارے لوگوں نے پہلے کام کیا ہوا ہے اور ایسی کتابیں مارکیٹ میں موجود ہیں لیکن میں نے یہ سعی اپنی آخرت سنوارنے کے لیے ایک وسیلے کے طور پر کی ہے اس کام میں مجھے تمام مکاتبِ فکر کے علماء کے تراجم پڑھنے کا بھی موقعہ ملا اور میں نے اردو اور انگریزی میں قرآنی آیات کے تراجم بھی ساتھ پیش کیے ہیں تاکہ انگریزی زبان بولنے اور سمجھنے والوں کیلئے بھی قرآنی موضوعات کو سمجھنا آسان ہو اور عام بندہ جو اردو پڑھ لیتا ہے اسکو بھی سمجھ آئے کہ قرآن پاک ہم سے کیا گفتگو کر رہا ہے تو میں نے تین جلدوں میں 100 موضوعاتِ قرآنیہ کو ترتیب دینے کی ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے اور قرآنی

مضامین کے اس مجموعہ کو ''مضامین کتابِ لاریب'' کا نام دیا ہے اس مجموعہ کی جلد اول میں 16 مضامین قرآن کا ذکر کیا گیا ہے اور دوسری جلد میں 12 مضامین اور تیسری جلد میں 72 مضامین کا ذکر کیا گیا ہے قرآن کریم کے اندر چونکہ ازل سے ابد تک علم اور موضوعات موجود ہیں میں نے طوالت کے خوف سے صرف 100 موضوعات کو اس طریقے سے ترتیب دیا ہے کہ ہر موضوع پر آیات کا اردو اور انگریزی ترجمہ اور اسکے موضوع کے متعلق قرآن پاک کی کون سی سورۃ میں کیا فرمایا گیا ہے۔

میں اس کاوش کو اپنے احباب کے سامنے رکھ کے بس یہ التجا کرتا ہوں کہ آپ قرآن کریم کو پڑھیں اور پڑھ کر یہ کہ اس پر عمل کی پوری کوشش کریں اور میری اس کاوش پر میرے لیے دعا بھی کریں اور مزید نیک مشوروں سے بھی نوازیں تا کہ دوسرے ایڈیشن میں ان قرآنی موضوعات کو بہتر اور آسان طریقے سے ترتیب دیا جا سکے۔

میں اپنے ان احباب کا بھی مشکور ہوں جنہون نے اس کام میں میری رہنمائی فرمائی اور میرا حوصلہ بلند کرتے رہے بالخصوص میرے والدین کی دعائیں، تربیت اور قدم قدم پر رہنمائی شامل حال رہی ۔ محترم محمد سجاد حسین مصطفائی صاحب (سرپرستِ اعلیٰ کاروانِ محبتِ الٰہی) کی اٹھارہ سالہ تربیت اور رہنمائی نے "مضامینکتابِ لاریب" کو ترتیب دینے میں بہت کلیدی کردار ادا کیا۔ میں مسلم علماء کونسل پاکستان کے بانی پروفیسر ارشاد الحق امینی صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ انکی کوششوں، محنت اور رہنمائی سے کتاب کو پبلش کرنے کے مراحل میں آسانی ہوئی اور دیگر تمام احباب کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے قدم قدم پر رہنمائی فرمائی۔

آخر میں اپنے خالق و مالک کے حضور ملتجی ہوں کہ وہ میری اس عاجزانہ انداز ترتیب کو قبول فرما کے میرے والدین، اساتذہ کرام، میری فیملی اور بہن بھائیوں کیلئے نجاتِ اُخروی کا ذریعہ بنائے اور مجھے قرآن سے مزید شغف عطا فرمائے آمین بجاہِ خاتم النبیین خالق و مالک اللہ رب العزت کا عاجز بندہ۔

لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر

M. Phil - Islamic Thought and Civilization (Gold Medalist)
Cell Phone # 03009508966
E Mail: ahsinjahangir19@gmail.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

تقریظ

بعد از حمد وصلوۃ بندہ ناچیز نے محترم ومکرم جناب کرنل احسن جہانگیر صاحب کے مرتب کردہ مضامین قرآن پاک جسکو انہوں نے موضوعاتِ " کتاب لاریب " کا نام دیا تین جلدوں پر مشتمل ہیں ان کے تقریباً تمام موضوعات کا مطالعہ کیا انتہائی شاندار کام کیا ہے اور نہایت سادہ انداز میں قرآن کریم کے 100 موضوعات کو سہل انداز میں جمع کیا تا کہ پڑھنے والے کو آسانی میسر آئے اور وہ ایک موضوع پر قرآن کریم میں تمام آیات کو زیرِ مطالعہ لا کر قرآن فہمی سے مستفید ہو ویسے تو اس عنوان سے کافی لوگوں نے کام کیا ہے لیکن کرنل صاحب کے کام کی افادیت و اہمیت اپنی جگہ پر ایک اہم مقام رکھتی ہے یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اس نے اس " کتابِ لاریب " کی ہر طرح سے حفاظت فرمانی ہے وہ قرآن کریم کے الفاظ ہوں یا معانی وتشریح قیامت تک کے لیے قرآن پاک سمجھانے والے اور سمجھنے والے اللہ کے حکم سے یہ فریضہ انجام دیتے رہیں گے اور ہمیں بھی اس نیک مشن میں اپنا حصہ شامل کرنا ہے۔ ہم سب کو قرآن فہمی کے پروگرامز اور لٹریچر کو عام کرنے کے لیے سعی کی ضرورت ہے۔ کرنل صاحب کی مرتب کردہ اس تصنیف میں خوش آئند بات یہ ہے کے اُردو اور انگریزی ترجمہ کرتے وقت فرقہ پرستی اور عام الفاظ سے حد درجہ دوری اختیار کی گئی ہے تا کہ قُرآن پاک سمجھنے والا فرقہ پرستی کی بھینٹ بھی نہ چڑھے اور ترجمہ کے عامیانہ الفاظ کے استعمال کی وجہ سے بے ادبی سے بچے اور دوسرا انگریزی میں ترجمہ لکھ کر انگریزی بولنے اور سمجھنے والوں کے لیے قرآن فہمی کی راہ ہموار کی گئی ہے خدائے بزرگ و برتر کی بارگاہ حمدیت میں التجا ہے کہ اللہ تعالیٰ کرنل احسن جہانگیر صاحب کی اس کاوش کو قبول فرمائے اور رہتی دُنیا تک ان کے اس ترتیب کردہ مجموعہ سے لوگ فائدہ حاصل کرتے رہیں اور رب کریم اسی طرح ان سے اپنے دین کی خدمات جلیلہ کا کام کرواتا رہے آمین۔

دُعا گو

ارشد الحق امینی (ایم اے عربی و اسلامیات)
فاضل تنظیم المدارس اہلِ سنت لاہور۔ بانی مسلم علماء کونسل پاکستان
لیکچرر پنجاب کالج گوجرہ (صدر شعبہ اسلامیات)
خطیب جامع مسجد زہرا مرید والا فیصل آباد
Mobile # 0300-6061702

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

تقریظ

نَحۡمَدُہٗ وَ نُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمُ اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَانِ الرَّجِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اللہ تعالیٰ کا بہت کرم اور بے حد احسان ہے کہ اس ذات نے لیفٹیننٹ کرنل احسن جہانگیر کو " کتابِ لاریب" ترتیب دینے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ یہ عظیم کام قرآن پاک کو موضوعات کے مطابق ترتیب دینا ہے تا کہ عام فہم قاری کو اللہ پاک کا مکمل پیغام سمجھنے میں آسانی ہو۔

اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ " کتابِ لاریب" کو تمام دنیا میں مشہور محبوب اور اثر آفریں بنائے ان کی نجات کا وسیلہ اور قیامت تک کے لیے صدقہ جاریہ کر دے۔ اللہ رب العزت ان پر مزید اپنے انعامات کی بارش فرمائے۔ دعا ہے اللہ پاک ان کو نبی کریم ﷺ کی زیارت اور قیامت میں آپکی شفاعت سے بہرہ مند فرمائیں۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

دُعا گو

سجاد حسین مصطفائی
بانی و سرپرستِ اعلیٰ کاروانِ محبت الٰہی پاکستان
24 فروری 2022

بسم اللہ الرحمن الرحیم



مسلم علماء کونسل پاکستان

جامعہ نور الامین 6 کلومیٹر ٹوبہ روڈ گوجرہ

سند تصدیق و تائید

تصدیق کی جاتی ہے کہ محترم و مکرم **لیفٹیننٹ کرنل احسن جھانگیر** جو کہ پاک آرمی میں حاضر سروس آفیسر ہونے کے ساتھ ساتھ دینی علوم کا گہرا شغف رکھتے ہیں حال ہی میں انہوں نے عام مسلمان کیلئے قرآن پاک میں مذکور مضامین کو موضوعات کتاب لاریب کے نام سے ترتیب دیا ہے تا کہ عام قرآن پڑھنے والے احباب کو قرآن سمجھنے میں آسانی ہو انکی ترتیب دی گئی تین جلدوں کے موضوعات اور قرآنی آیات کے تراجم کو بغور دیکھا گیا ہے ہر لحاظ سے بہترین پایا بالخصوص فرقہ واریت سے مکمل اجتناب کرتے ہوئے ایسا شاندار کام کیا گیا ہے جسکی آج مسلمانوں کو اشد ضرورت ہے اس قابل فخر کام پر **کرنل صاحب** کے اس موضوعات کتاب لاریب کے نسخہ جات کی تصدیق و تائید کے لئے سند جاری کی جارہی ہے مالک لم یزل انکی اس کاوش کو قبول فرما کر ان کو دارین کی سعادتیں عطاء فرمائے۔ آمین

تائیدی دستخط مفتیان کرام

علامہ مفتی محمد سبطین سبزی	مفتی محمد خالد مقصود لودھرانی	علامہ مفتی محمد امین نقشبندی	پروفیسر مفتی ارشاد الحق امینی
خطیب جامع مسجد فاروق اعظم (کلر والا)	خطیب جامع مسجد ضیاء پور لاہور	مہتمم جامعات مرکز القرآن گوجرہ	خطیب جامع مسجد ہدایاک
05/12/2021	05/12/2021	05/12/2021	05-12-21

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

فہرست مضامین

سیریل	موضوعات	آیات	صفحہ نمبر
	(جلد سوئم) انسان اور سائنس		
1	اولاد آدمؑ سے لیا گیا پہلا وعدہ (عہدِ الست)	5	1
2	انسان سے متعلق مختلف مضامین	1065	159-2
3	عبادات (نماز، روزہ، حج اور زکواۃ)	86	181-160
4	پاکیزہ روحیں/ گناہ گار روحیں	2	182
5	صبر کا ذکر	25	188-183
6	آزمائش کا بیان	4	189
7	شراب وجواء، فال کا بیان	3	190
8	حلال وحرام رزق کا بیان	17	197-191
9	وصیت/وراثت کا بیان	15	203-198
10	فساد پھیلانے والے لوگوں کا تذکرہ	5	205-204
11	سود کا بیان	6	207-206
12	دنیاوی خواہشات کا بیان	1	208
13	نکاح کا بیان	12	213-209
14	خواتین کے متعلق مسائل واحکام	62	237-214
15	والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا ذکر	11	241-238

سیریل	موضوعات	آیات	صفحہ نمبر
16	تیمّم کا بیان	2	243-242
17	وضو کا بیان	2	245-244
18	اموال اور اولاد کا ذکر	4	246
19	بہتان/ تہمت کا بیان	27	253-247
20	گواہی کا بیان	5	255-254
21	قسم اور اسکے کفارے کا ذکر	1	256
22	مالِ غنیمت کا ذکر	8	259-257
23	قرضِ حسنہ کا ذکر	66	275-260
24	منافقین کا ذکر	151	315-276
25	شیطان کا بیان	118	340-316
26	مسلمان/ایمان والے/پرہیزگار لوگ/مومن	658	468-341
27	خون/ قتل کا بدلہ	12	472-469
28	جہاد فی السبیل اللہ کا بیان	114	509-473
29	یتیم اور محتاج کا بیان	39	519-510
30	قرض اور خرید وفروخت کا بیان	2	521-520
31	عہد کو توڑنے والے لوگوں کا ذکر	2	522
32	توبہ کا بیان	2	523
33	گناہ کبیرہ کا بیان	2	524

سیریل	موضوعات	آیات	صفحہ نمبر
34	شکار اور تقدسِ احرام کا ذکر	10	528-525
35	تقویٰ کا ذکر	3	529
36	صراطِ مستقیم	4	530
37	فرقہ بندی سے ممانعت	1	531
38	صدقات کے مستحق لوگوں کا ذکر	1	532
39	زنا، بدکاری کا بیان	25	539-533
40	سنی سنائی بات پر عمل نہ کرنے کا بیان	2	540
41	مقرب بندوں کا ذکر	25	544-541
42	المرصوص	1	545
43	سجین (گناہگاروں کا نامہ اعمال)	3	546
44	علیین (نیک لوگوں کا نوشتۂ اعمال)	4	547
45	جادو کا بیان	1	548
46	جھوٹا خدائی دعویٰ اور نبوت کا دعویٰ کرنے والا ظالم ہے	1	549
47	فضول خرچی کا بیان	6	551-550
48	نیکی کا بیان	1	552
49	ناپ تول کا ذکر	10	554-553
50	تکبر وغرور کا بیان	26	560-555
51	اصحاب الیمین کون ہیں	2	561

سیریل	موضوعات	آیات	صفحہ نمبر
52	قول وفعل میں تضاد کا بیان	2	562
53	نمازِ جمعہ کا ذکر	3	563
54	امانت دار کیلئے انعام کا ذکر	4	564
55	اللہ پاک کی راہ میں قتل/شہید ہونے والوں کا ذکر	10	567-565
56	نقصان اُٹھانے والے یا خسارے والے لوگ	37	575-568
57	جنات کا ذکر	75	585-576
58	سائنس کا علم (قرآنی آیات)	381	659-586
59	اللہ پاک کے خوف سے پتھروں کا گرنا	1	660
60	لوہے کی اہمیت	1	661
61	شہابِ ثاقب کا ذکر	8	663-662
62	یہود ونصاریٰ/اہل کتاب کا ذکر	241	730-664
63	حرمت والے مہینوں کا ذکر	2	731
64	ہجرت کا بیان	14	735-732
65	حروفِ مقطعات کا ذکر	29	741-736
66	زقوم کا درخت کہاں ہے	30	746-742
67	شاعری کے متعلق حکمِ الٰہی	4	747
68	شب قدر کا بیان	5	748
69	وسیلہ کا معنی ومفہوم	1	749

سیریل	موضوعات	آیات	صفحہ نمبر
70	قرآن پاک میں دل کی اقسام	13	754-750
71	قرآنی دعائیں	40	765-755
72	جانورون کا تذکرہ	23	771-766
73	مآخذ ومراجع	-	772

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

کِتَابٌ لَا رَیۡبَ

100 قرآنی موضوعات

(جلد سوئم)

انسان اور سائنس

فہرست مضامین

VOLUME 1,2,3

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر
	اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ، حضرت محمد ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنھم (جلد اول)	
1	کلمۂ طیبہ کا ذکر	2-1
3	اللہ پاک اور رسول پاک ﷺ کا اکٹھا ذکر	379-354
5	مسجد حرام (خانہ کعبہ) کا ذکر	396-393
7	عذابِ الٰہی کا ذکر	452-403
9	اللہ کے نزدیک دن کی مقدار	465
11	لوحِ محفوظ کا ذکر	468-467
13	معراج رسول ﷺ کا ذکر	671-669
15	صحابہ کرام رضی اللہ عنھم کا ذکر	714-685
17	مآخذ و مراجع	720
	قرآنِ پاک، انبیاء علیہم السلام اور قرآنی قصے (جلد دوئم)	
1	قرآنِ پاک کی فضیلت	68-1
3	معجزہ کا بیان	344-338
	4 قرآنی قصے	
a	قصہ حضرت یوسف علیہم السلام	368-345
c	قوم فرعون اور نیک آدمی کا قصہ	378-374
e	قصہ قومِ عاد، ثمود اور فرعون	383-382
g	قصہ حضرت سلیمان علیہم السلام اور چیونٹی	386
i	قصہ حکیم لقمان	393-392
k	قصہ حضرت مریم علیہم السلام	399-396
m	اصحابِ کہف	406-402
o	ہاتھی والوں کا قصہ	409
q	قصہ گستاخِ رسول (ولید بن مغیرہ)	412-411
5	موت کا ذکر	416
7	آخرت کا ذکر	489-488
9	دوزخ کا ذکر	583-540
11	فرشتوں کا ذکر	602-586
13	مآخذ و مراجع	811
	انسان اور سائنس (جلد سوئم)	
1	اولاد آدم علیہم السلام سے لیا گیا پہلا وعدہ (عہد الست)	1
3	عبادات (نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ)	181-160
5	صبر کا ذکر	188-183

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر
2	اِسم ذات اللہ کا ذکر	353-3
4	اللہ پاک کی نشانیاں	392-380
6	اللہ پاک کی حرام کردہ حدود	402-397
8	شرک کا بیان	464-453
10	بارہ مہینوں کا ذکر	466
12	رسولِ پاک ﷺ کا ذکر	668-469
14	ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنھم کا ذکر	684-672
16	غزوات کا ذکر	719-715
2	انبیاء علیہم السلام کا تذکرہ	337-69
b	قصہ حضرت موسیٰ علیہم السلام اور حضرت خضر علیہم السلام	373-369
d	قصہ ذوالقرنین	381-379
f	قصہ یاجوج اور ماجوج	385-384
h	قصہ حضرت سلیمان علیہم السلام اور ملکہ سبا	391-387
j	قصہ قارون	395-394
l	خندقوں والے لوگوں کا قصہ	401-400
n	اہلِ یمن (باغ والوں کا قصہ)	408-407
p	قصہ ابولہب	410
r	دو باغات والی شخصیات کا قصہ	415-413
6	قیامت کا ذکر	487-417
8	جنت کا ذکر	539-490
10	اہلِ اعراف کون ہیں	585-584
12	کفار کے متعلق آیات	810-603
2	انسان سے متعلق مختلف مضامین	159-2
4	پاکیزہ روحیں / گناہ گار روحیں	182
6	آزمائش کا بیان	189

نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر	نمبر شمار	موضوعات	صفحہ نمبر
7	شراب وجواء، فال کا بیان	190	8	حلال وحرام رزق کا بیان	197-191
9	وصیت/وراثت کا بیان	203-198	10	فساد پھیلانے والے لوگوں کا تذکرہ	205-204
11	سود کا بیان	207-206	12	دنیاوی خواہشات کا بیان	208
13	نکاح کا بیان	213-209	14	خواتین کے متعلق مسائل واحکام	237-214
15	والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا ذکر	241-238	16	تیمّم کا بیان	243-242
17	وضو کا بیان	245-244	18	اموال اور اولاد کا ذکر	246
19	بہتان/ تہمت کا بیان	253-247	20	گواہی کا بیان	255-254
21	قسم اور اسکے کفارے کا ذکر	256	22	مالِ غنیمت کا ذکر	259-257
23	قرضِ حسنہ کا ذکر	275-260	24	منافقین کا ذکر	315-276
25	شیطان کا بیان	340-316	26	مسلمان/ایمان والے/پرہیزگار لوگ/مومن	468-341
27	خون/ قتل کا بدلہ	472-469	28	جہاد فی سبیل اللہ کا بیان	509-473
29	یتیم اور محتاج کا بیان	519-510	30	قرض اور خرید وفروخت	521-520
31	عہد کو توڑنے والے لوگوں کا ذکر	522	32	توبہ کا بیان	523
33	گناہ کبیرہ کا بیان	524	34	شکار اور تقدسِ احرام کا ذکر	528-525
35	تقویٰ کا ذکر	529	36	صراطِ مستقیم	530
37	فرقہ بندی سے ممانعت	531	38	صدقات کے مستحق لوگوں کا ذکر	532
39	زنا، بدکاری کا بیان	539-533	40	سنی سنائی بات پر عمل نہ کرنے کا بیان	540
41	مقرب بندوں کا ذکر	544-541	42	المرصوص	545
43	سجین (گناہگاروں کا نامہ اعمال)	546	44	علیین (نیک لوگوں کا نوشتہ اعمال)	547
45	جادو کا بیان	548	46	جھوٹا خدائی دعویٰ اور نبوت کا دعویٰ کرنے والا ظالم ہے	549
47	فضول خرچی کا بیان	551-550	48	نیکی کا بیان	552
49	ناپ تول کا ذکر	554-553	50	تکبر وغرور کا بیان	560-555
51	اصحاب الیمین کون ہیں	561	52	قول وفعل میں تضاد کا بیان	562
53	نمازِ جمعہ کا ذکر	563	54	امانت دار کیلئے انعام کا ذکر	564
55	اللہ پاک کی راہ میں قتل/شہید ہونے والوں کا ذکر	567-565	56	نقصان اُٹھانے والے یا خسارے والے لوگ	575-568
57	جنات کا ذکر	585-576	58	سائنس کا علم (قرآنی آیات)	659-586
59	اللہ پاک کے خوف سے پتھروں کا گرنا	660	60	لوہے کی اہمیت	661
61	شہابِ ثاقب کا ذکر	663-662	62	یہود ونصاریٰ/اہل کتاب کا ذکر	730-664
63	حرمت والے مہینوں کا ذکر	730	64	ہجرت کا بیان	735-732
65	حروفِ مقطعات کا ذکر	741-736	66	زقوم کا درخت کہاں ہے	746-742
67	شاعری کے متعلق حکمِ الٰہی	747	68	شب قدر کا بیان	748
69	وسیلہ کا معنی ومفہوم	749	70	قرآن پاک میں دل کی اقسام	754-750
71	قرآنی دعائیں	765-755	72	جانوروں کا تذکرہ	771-766
73	مآخذ ومراجع	772			

1۔ اولادِ آدمؑ سے لیا گیا پہلا وعدہ (عہدِ الست)

سورۃ الاعراف:

وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِن بَنِيٓ آدَمَ مِن ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَى أَنفُسِهِمْ أَلَسْتَ بِرَبِّكُمْ قَالُواْ بَلَى شَهِدْنَا أَن تَقُولُواْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هَذَا غَافِلِينَ (172)

ترجمہ: اور (یاد کیجئے!) جب آپ کے رب نے اولادِ آدم کی پشتوں سے ان کی نسل نکالی اور ان کو انہی کی جانوں پر گواہ بنایا (اور فرمایا:) کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ وہ (سب) بول اٹھے: کیوں نہیں! (تو ہی ہمارا رب ہے،) ہم گواہی دیتے ہیں تاکہ قیامت کے دن یہ (نہ) کہو کہ ہم اس عہد سے بے خبر تھےo

And (call to mind) when your Lord brought forth the human race from the loins of the Children of Adam and made them bear testimony to their own souls (and said:) 'Am I not your Lord?' They (all) said: 'Why not! We bear witness (that You alone are our Lord.' This He did) lest you should say on the Day of Resurrection: 'We were unaware of this promise.'

أَوْ تَقُولُواْ إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّن بَعْدِهِمْ أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ (173)

ترجمہ: یا (ایسا نہ ہو کہ) تم کہنے لگو کہ شرک تو محض ہمارے آباء واجداد نے پہلے کیا تھا اور ہم تو ان کے بعد (ان کی) اولاد تھے (گویا ہم مجرم نہیں اصل مجرم وہ ہیں)، تو کیا تو ہمیں اس (گناہ) کی پاداش میں ہلاک فرمائے گا جو اہلِ باطل نے انجام دیا تھاo

Or (lest) you start saying: 'It was but our ancestors who associated partners with Allah before, and we were but (their) descendants after them (i.e., they are the real sinners, not we). So, will You destroy us on account of that (sin) which the infidels perpetrated?'

وَكَذَلِكَ نُفَصِّلُ الآيَاتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (174)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم آیتوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ (حق کی طرف) رجوع کریںo

And this is how We elucidate Our Revelations so that they may turn (towards the truth).

سورۃ یٰس:

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِيٓ آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (60)

ترجمہ: اے بنی آدم! کیا میں نے تم سے اس بات کا عہد نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی پرستش نہ کرنا، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہےo

O Children of Adam! Did I not take this covenant from you not to worship Satan; no doubt he is your open enemy;

وَأَنُ اعْبُدُونِيْ هَذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ (61)

ترجمہ: اور یہ کہ میری عبادت کرتے رہنا، یہی سیدھا راستہ ہےo

And that you keep worshipping Me alone? That is the straight path.

2۔ انسان سے میں متعلق مختلف مضامین

سورۃ الفاتحہ:

مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ(4)

ترجمہ: (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیںo

(O Allah!) You alone do we worship and to You alone do we look for help.

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ(5)

ترجمہ: ہمیں سیدھا راستہ دکھاo

Show us the straight path,

اهدِنَـــا الصِّرَاطَ المُستَقِيْمَ(6)

ترجمہ: ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایاo

The path of those upon whom You have bestowed Your favours,

صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنعَمتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ المَغضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلاَ الضَّالِّيْنَ(7)

ترجمہ: ان لوگوں کا نہیں جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ (ہی) گمراہوں کاo

Not of those who have been afflicted with wrath, nor of those who have gone astray.

سورۃ البقرۃ:

ذَلِكَ الْكِتَابُ لاَ رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ (2)

ترجمہ: (یہ) وہ عظیم کتاب ہے جس میں کسی شک کی گنجائش نہیں، (یہ) پرہیزگاروں کے لیے ہدایت ہےo

(This is) the Glorious Book in which there is no chance of doubt. (It is) a guide for those who guard against evil and fear Allah:

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُونَ الصَّلاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (3)

ترجمہ: جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری راہ میں) سے خرچ کرتے ہیںo

Those who believe in the unseen, and establish Prayer (fulfilling all its requisites) and spend (in Our way) out of what We have given them;

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ(4)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو آپ کی طرف نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا (سب) پر ایمان لاتے ہیں، اور وہ آخرت پر بھی (کامل) یقین رکھتے ہیںo

And those who believe in (all) that which has been revealed to you, and that which was revealed before you, and also have (perfect) faith in the Hereafter.

أُوْلَـئِكَ عَلَى هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (5)

ترجمہ: وہی اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور وہی حقیقی کامیابی پانے والے ہیںo

It is they who follow guidance from their Lord, and it is they who shall achieve real success.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُواْ رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (21)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو (بھی) جو تم سے پیشتر تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤo

O people! Worship your Lord, Who created you and (also) those who were before you, so that you become Godwary.

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ كُلَّمَا رُزِقُواْ مِنْهَا مِن ثَمَرَةٍ رِّزْقاً قَالُواْ هَـذَا الَّذِىْ رُزِقْنَا مِن قَبْلُ وَأُتُواْ بِهِ مُتَشَابِهاً وَلَهُمْ فِيْهَا أَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَهُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (25)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) آپ ان لوگوں کو خوشخبری سنا دیں جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے کہ ان کے لیے (بہشت کے) باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، جب انہیں ان باغات میں سے کوئی پھل کھانے کو دیا جائے گا تو (اس کی ظاہری صورت دیکھ کر) کہیں گے: یہ تو وہی پھل ہے جو ہمیں (دنیا میں) پہلے دیا گیا تھا، حالاں کہ انہیں (صورت میں) ملتے جلتے پھل دیے گئے ہوں گے، ان کے لیے جنت میں پاکیزہ بیویاں (بھی) ہوں گی اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گےo

And, (O Beloved Prophet,) give glad tidings to those who believe and keep doing pious deeds that for them there are Gardens (of Paradise) beneath which streams flow. When some fruit will be given to them from these Gardens to eat, they will say (looking at its appearance): 'This is the same fruit that was provided to us (in the world) before,' whereas they will be given fruits resembling (only in appearance). In Paradise, there will (also) be chaste spouses for them, and they shall abide there for ever.

إِنَّ اللّهَ لاَ يَسْتَحْيِىْ أَن يَضْرِبَ مَثَلاً مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُواْ فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ وَأَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُواْ فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللّهُ بِهَـذَا مَثَلاً يُضِلُّ بِهِ كَثِيْراً وَيَهْدِىْ بِهِ كَثِيْراً وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلاَّ الْفَاسِقِيْنَ (26)

ترجمہ: بے شک اللہ اس بات سے نہیں شرماتا کہ (سمجھانے کے لیے) کوئی بھی مثال بیان فرمائے (خواہ) مچھر کی ہو یا (ایسی چیز کی جو حقارت میں) اس سے بھی بڑھ کر ہو، تو جو لوگ ایمان لائے وہ خوب جانتے ہیں کہ یہ مثال ان کے رب کی طرف سے حق (کی نشاندہی) ہے، اور جنہوں نے کفر اختیار کیا وہ (اسے سن کر یہ) کہتے ہیں کہ ایسی تمثیل سے اللہ کو کیا سروکار؟ (اس طرح) اللہ ایک ہی بات کے ذریعے بہت سے لوگوں کو گمراہ ٹھہراتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے اور اس سے صرف انہی کو گمراہی میں ڈالتا ہے جو (پہلے ہی) نافرمان ہیںo

Indeed, Allah is not reluctant to narrate some example (for better comprehension), whether of a mosquito or something even more (disgusting) than that. The believers know well that this example is (a pointer to the truth)

from their Lord. But those who have adopted disbelief ask (on hearing): 'What could Allah mean by this example?' (In this way) Allah holds many astray, and guides many aright with the same example. And by this He leaves in error only those who are (already) disobedient.

الَّذِيْنَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِن بَعْدِ مِيْثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِيْ الْأَرْضِ أُولَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (27)

ترجمہ: (یہ نافرمان وہ لوگ ہیں) جو اللہ کے عہد کو اس سے پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں، اور اس (تعلق) کو کاٹتے ہیں جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں فساد بپا کرتے ہیں، یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیںo

(These disobedient people are those) who break the promise of Allah after having confirmed it, and break that (relationship) which Allah has ordered to be joined, and create disorder in the land. It is they who are the losers.

كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَكُنتُمْ أَمْوَاتاً فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (28)

ترجمہ: تم کس طرح اللہ کا انکار کرتے ہو حالاں کہ تم بے جان تھے اس نے تمہیں زندگی بخشی، پھر تمہیں موت سے ہمکنار کرے گا اور پھر تمہیں زندہ کرے گا، پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

How can you deny Allah, whereas you were lifeless and He gave you life, then He will cause you to die and will again bring you back to life, and then to Him you will be returned?

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُم مَّا فِيْ الْأَرْضِ جَمِيْعاً ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاء فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (29)

ترجمہ: وہی ہے جس نے سب کچھ جو زمین میں ہے تمہارے لیے پیدا کیا، پھر وہ (کائنات کے) بالائی حصوں کی طرف متوجہ ہوا تو اس نے انہیں درست کر کے ان کے سات آسمانی طبقات بنا دیے، اور وہ ہر چیز کا جاننے والا ہےo

He is the One Who created for you all that is in the earth. Then He turned towards the higher regions (of the universe) and perfected them into seven heavenly firmaments. And He has full knowledge of everything.

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّيْ جَاعِلٌ فِيْ الْأَرْضِ خَلِيْفَةً قَالُواْ أَتَجْعَلُ فِيْهَا مَن يُفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاء وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ قَالَ إِنِّيْ أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ (30)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کریں) جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں، انہوں نے عرض کیا: کیا تُو زمین میں کسی ایسے شخص کو (نائب) بنائے گا جو اس میں فساد انگیزی کرے گا اور خونریزی کرے گا؟ حالاں کہ ہم تیری حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور (ہمہ وقت) پاکیزگی بیان کرتے ہیں، (اللہ نے) فرمایا: میں وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتےo

And (recall) when your Lord said to the angels: 'I am about to place My vicegerent on the earth.' They submitted: 'Will You put (the vicegerent) on the

earth such as will do mischief in it and shed blood, whilst we are engaged in glorifying You with celebrating Your Praise and extolling Your Holiness (all the time)?' (Allah) said: 'I know that which you do not know.'

وَعَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلَائِكَةِ فَقَالَ أَنبِئُونِي بِأَسْمَاءِ هَـٰؤُلَاءِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (31)

ترجمہ: اور اللہ نے آدم (علیہ السلام) کو تمام (اشیاء کے) نام سکھا دیے پھر انہیں فرشتوں کے سامنے پیش کیا، اور فرمایا: مجھے ان اشیاء کے نام بتا دو اگر تم (اپنے خیال میں) سچے ہوo

And Allah taught Adam the names of all (things), and then presented them before the angels and said: 'Tell Me the names of these things if you are true (in your assumption).'

قَالُوا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ (32)

ترجمہ: فرشتوں نے عرض کیا: تیری ذات (ہر نقص سے) پاک ہے ہمیں کچھ علم نہیں مگر اسی قدر جو تو نے ہمیں سکھایا ہے، بے شک تو ہی (سب کچھ) جاننے والا حکمت والا ہےo

The angels (humbly) submitted: 'Glory to You, You are Holy (free from every deficiency). We have no knowledge except that which You have taught us. Surely, You alone are All-Knowing, All-Wise.'

قَالَ يَا آدَمُ أَنبِئْهُم بِأَسْمَائِهِمْ فَلَمَّا أَنبَأَهُم بِأَسْمَائِهِمْ قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ (33)

ترجمہ: اللہ نے فرمایا: اے آدم! (اب تم) انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کرو، پس جب آدم (علیہ السلام) نے انہیں ان اشیاء کے ناموں سے آگاہ کیا تو (اللہ نے) فرمایا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں آسمانوں اور زمین کی (سب) مخفی حقیقتوں کو جانتا ہوں، اور وہ بھی جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہوo

Allah said: 'O Adam, (now) apprise them of the names of these things.' So when Adam had told them the names of those things, (Allah) said: 'Did I not tell you I know (all) the hidden realities of the heavens and the earth and also know all that you disclose and all that you conceal?'

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (42)

ترجمہ: اور حق کی آمیزش باطل کے ساتھ نہ کرو اور نہ ہی حق کو جان بوجھ کر چھپاؤo

And do not mix up the truth with falsehood, nor conceal the truth deliberately.

أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنسَوْنَ أَنفُسَكُمْ وَأَنتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (44)

ترجمہ: کیا تم دوسرے لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو حالانکہ تم (اللہ کی) کتاب (بھی) پڑھتے ہو، تو کیا تم نہیں سوچتے؟

Do you command others for piety and forget yourselves, whilst you (also) recite the Book (of Allah)? So, do you not think?

وَاسْتَعِيْنُواْ بِالصَّبْرِ وَالصَّلاَةِ وَإِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ إِلاَّ عَلَى الْخَاشِعِيْنَ (45)

ترجمہ: اورصبر اورنماز کے ذریعے (اللہ سے) مدد چاہو، اور بے شک یہ گراں ہے مگر (ان) عاجزوں پر (ہرگز) نہیں (جن کے دل محبتِ الٰہی سے خستہ اورخشیتِ الٰہی سے شکستہ ہیں)o

And seek (Allah's) help through patience and Prayer. But this is no doubt hard except for the humble (whose hearts have been softened with the Love of Allah and gripped with His Fear).

الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ أَنَّهُم مُّلاَقُوا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ (46)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب سے ملاقات کرنے والے ہیں اور وہ اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیںo

(It is they) who are certain that they are about to meet their Lord and to Him are they going to return.

يَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ اذْكُرُواْ نِعْمَتِيَ الَّتِيْ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِيْنَ (47)

ترجمہ: اے اولادِ یعقوب! میرے وہ انعام یاد کرو جو میں نے تم پر کیے اور یہ کہ میں نے تمہیں (اس زمانے میں) سب لوگوں پر فضیلت دیo

O Children of Ya'qub (Jacob)! Recall those favours that I bestowed upon you, and that I exalted you above all the people (of your age).

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَالَّذِيْنَ هَادُواْ وَالنَّصَارَى وَالصَّابِئِيْنَ مَنْ آمَنَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحاً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُوْنَ (62)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور (جو) نصاریٰ اور صابی (تھے ان میں سے) جو (بھی) اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لایا اور اس نے اچھے عمل کیے، تو ان کے لیے ان کے رب کے ہاں ان کا اجر ہے، ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گےo

Verily, those who have believed, and (those who were) Jews and Christians and Sabians, those (of them) who believe in Allah and the Last Day and act piously, there is for them their reward with their Lord. Neither shall any fear afflict them, nor shall they grieve.

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هَـذَا مِنْ عِندِ اللّهِ لِيَشْتَرُواْ بِهِ ثَمَناً قَلِيْلاً فَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ (79)

ترجمہ: پس ایسے لوگوں کے لیے بڑی خرابی ہے جو اپنے ہی ہاتھوں سے کتاب لکھتے ہیں، پھر کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ اس کے عوض تھوڑے سے دام کما لیں، سو ان کے لیے اس (کتاب کی وجہ) سے ہلاکت ہے جو ان کے ہاتھوں نے تحریر کی اور اس (معاوضہ کی وجہ) سے تباہی ہے جو وہ کما رہے ہیںo

So, a serious disaster awaits those who write the Book with their own hands, then say: 'This is from Allah,' just to earn a paltry price for that. So they will

face destruction (owing to the Book) that their hands have written and (for the compensation) that they are earning.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ أُولَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (82)

ترجمہ: اور جولوگ ایمان لائے اور (انہوں نے) نیک عمل کیے تو وہی لوگ جنّتی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

And those who have believed and have done pious deeds, it is they who are the inhabitants of Paradise. They shall live there forever.

وَأَقِيْمُواْ الصَّلاَةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ وَمَا تُقَدِّمُواْ لأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللّهِ إِنَّ اللّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (110)

ترجمہ: اور نماز قائم (کیا) کرو اور زکوٰۃ دیتے رہا کرو، اور تم اپنے لیے جو نیکی بھی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے حضور پالو گے، جو کچھ تم کر رہے ہو یقیناً اللہ اسے دیکھ رہا ہےo

And (always) establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) regularly. And whatever virtue you will send ahead, you shall find it with Allah. Surely, Allah is watching all that you are doing.

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّهِ أَن يُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهُ وَسَعَى فِيْ خَرَابِهَا أُوْلَـئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَن يَدْخُلُوهَا إِلاَّ خَآئِفِيْنَ لهُمْ فِيْ الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِيْ الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (114)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو اللہ کی مسجدوں میں اس کے نام کا ذکر کیے جانے سے روک دے اور انہیں ویران کرنے کی کوشش کرے! انہیں ایسا کرنا مناسب نہ تھا کہ مسجدوں میں داخل ہوتے مگر ڈرتے ہوئے، ان کے لیے دنیا میں (بھی) ذلّت ہے اور ان کے لیے آخرت میں (بھی) بڑا عذاب ہےo

And who is more unjust than he who forbids remembering Allah's Name in His mosques and strives to desolate them? It was not proper for them to enter the mosques but fearing (Allah). For them is disgrace in this world, and (also) there is a dreadful torment for them in the Hereafter.

وَلِلّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّواْ فَثَمَّ وَجْهُ اللّهِ إِنَّ اللّهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (115)

ترجمہ: اور مشرق و مغرب (سب) اللہ ہی کا ہے، پس تم جدھر بھی رخ کرو ادھر ہی اللہ کی توجہ ہے (یعنی ہر سمت ہی اللہ کی ذات جلوہ گر ہے)، بے شک اللہ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہےo

And the east and the west (all) belong to Allah alone. So whichever direction you turn to, there is the presence of Allah (i.e., the essence of Allah is radiantly manifest in all directions). Surely, Allah is Infinite, All-Knowing.

وَقَالَ الَّذِيْنَ لاَ يَعْلَمُونَ لَوْلاَ يُكَلِّمُنَا اللّهُ أَوْ تَأْتِيْنَا آيَةٌ كَذَلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِم مِّثْلَ قَوْلِهِمْ تَشَابَهَتْ قُلُوبُهُمْ قَدْ بَيَّنَّا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يُوقِنُونَ (118)

ترجمہ: اور جو لوگ علم نہیں رکھتے کہتے ہیں کہ اللہ ہم سے کلام کیوں نہیں فرماتا یا ہمارے پاس (براہِ راست) کوئی نشانی کیوں نہیں آتی؟ اسی طرح ان سے پہلے لوگوں نے بھی انہی جیسی بات کہی تھی، ان (سب) لوگوں کے دل آپس میں ایک جیسے ہیں، بے شک ہم نے یقین والوں کے لیے نشانیاں خوب واضح کر دی ہیںo

And those who lack knowledge say: 'Why does Allah not speak to us, or why does any sign not come to us (directly)?' Likewise, the people before them also said words similar to theirs. The hearts of (all) these people are alike. We have indeed made the signs explicit for those whose faith is firm.

وَاتَّقُواْ يَوْماً لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئاً وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا تَنفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَلَا هُمْ يُنصَرُوْنَ (123)

ترجمہ: اوراس دن سے ڈرو جب کوئی جان کسی دوسری جان کی جگہ کوئی بدلہ نہ دے سکے گی اور نہ اس کی طرف سے (اپنے آپ کو چھڑانے کے لیے) کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ اس کو (اِذنِ الٰہی کے بغیر) کوئی سفارش ہی فائدہ پہنچا سکے گی اور نہ (اَمرِ الٰہی کے خلاف) انہیں کوئی مدد دی جا سکے گیo

And fear that Day when no soul shall be able to recompense anything on behalf of another; nor shall any ransom be accepted from him (to deliver himself); nor shall any intercession benefit him (without Allah's permission); nor shall they be helped (against the command of Allah).

فَاذْكُرُونِىْ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُواْ لِىْ وَلَا تَكْفُرُونِ (152)

ترجمہ: سوتم مجھے یاد کیا کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر ادا کیا کرو اور میری ناشکری نہ کیا کروo

So remember Me, I shall remember you. And always be thankful to Me and never be ungrateful to Me.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ اسْتَعِيْنُواْ بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ إِنَّ اللّهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ (153)

ترجمہ: اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ذریعے (مجھ سے) مدد چاہا کرو، یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ (ہوتا) ہےo

O believers! Always seek help (from Me) through patience and Prayer. Certainly, Allah is (always) with those who observe patience.

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَىْءٍ مِّنَ الْخَوفُ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الأَمَوَالِ وَالأنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ (155)

ترجمہ: اور ہم ضرور بالضرور تمہیں آزمائیں گے کچھ خوف اور بھوک سے اور کچھ مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے، اور (اے حبیب!) آپ (ان) صبر کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیںo

And We will most certainly test you somewhat by means of fear and hunger and certain loss of wealth and lives and fruits. And, (O Beloved,) give glad tidings to those who observe patience.

الَّذِيْنَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُواْ إِنَّا لِلّهِ وَإِنَّـا إِلَيْهِ رَاجِعونَ (156)

ترجمہ: جن پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو کہتے ہیں: بے شک ہم بھی اللہ ہی کا (مال) ہیں اور ہم بھی اسی کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیںo

(They are the ones) who, when afflicted with some distress, say: 'Indeed, to Allah we belong and to Him we shall return.'

أُولَـئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَـئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ (157)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی طرف سے پے در پے نوازشیں ہیں اور رحمت ہے، اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیںo

It is they upon whom are bestowed successive blessings and mercy from their Lord. And it is they who are the guided ones.

إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى مِن بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِيْ الْكِتَابِ أُولَئِكَ يَلعَنُهُمُ اللّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُوْنَ **(159)**

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہماری نازل کردہ کھلی نشانیوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں اس کے بعد کہ ہم نے اسے لوگوں کے لیے (اپنی) کتاب میں واضح کر دیا ہے تو انہی لوگوں پر اللہ لعنت بھیجتا ہے (یعنی انہیں اپنی رحمت سے دور کرتا ہے) اور لعنت بھیجنے والے بھی ان پر لعنت بھیجتے ہیں o

Surely, those who conceal the manifest signs and guidance sent down by Us after We have revealed them clearly for the people in (Our) Book, it is they whom Allah curses (i.e., deprives them of His mercy) and whom also curse all those who curse.

إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُواْ وَأَصْلَحُواْ وَبَيَّنُواْ فَأُوْلَئِكَ أَتُوبُ عَلَيْهِمْ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ **(160)**

ترجمہ: مگر جو لوگ توبہ کر لیں اور (اپنی) اصلاح کر لیں اور (حق کو) ظاہر کر دیں تو میں (بھی) انہیں معاف فرما دوں گا، اور میں بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہوں o

But those who repent, mend (their) ways and make known (the truth), so I (too) shall forgive them. And I am Most Relenting, Ever-Merciful.

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَتَّخِذُ مِن دُونِ اللّهِ أَندَاداً يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّهِ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ أَشَدُّ حُبّاً لِّلّهِ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُواْ إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلّهِ جَمِيعاً وَأَنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ **(165)**

ترجمہ: اور لوگوں میں بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ کے غیروں کو اللہ کا شریک ٹھہراتے ہیں اور ان سے ''اللہ سے محبت'' جیسی محبت کرتے ہیں، اور جو لوگ ایمان والے ہیں وہ (ہر ایک سے بڑھ کر) اللہ سے بہت ہی زیادہ محبت کرتے ہیں، اور اگر یہ ظالم لوگ اس وقت کو دیکھ لیں جب (اُخروی) عذاب ان کی آنکھوں کے سامنے ہوگا (تو جان لیں) کہ ساری قوتوں کا مالک اللہ ہے اور بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And there are some amongst the people who take others besides Allah as His partners and love them as it is Allah's due alone. But those who believe love Allah the most (far more intensely than anyone else). And if these wrongdoers happen to see that time when the torment (of the Last Day) will be before their eyes (then they will become aware) that the Master of all the forces is Allah. And certainly Allah is severe in punishment.

إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُواْ مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُواْ وَرَأَوُاْ الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْأَسْبَابُ **(166)**

ترجمہ: (اور) جب وہ (پیشوایانِ کفر) جن کی پیروی کی گئی اپنے پیروکاروں سے بے زار ہوں گے اور (وہ سب اللہ کا) عذاب دیکھ لیں گے اور سارے اسباب ان سے منقطع ہو جائیں گے o

And when those (leaders of the disbelievers) who were followed would be

disgusted with their followers and (they all) would see (Allah's) torment and all their means and resources would be cut off,

وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (179)

ترجمہ: اور تمہارے لیے قصاص (یعنی خون کا بدلہ لینے) میں ہی زندگی (کی ضمانت) ہے اے عقلمندلوگو! تاکہ تم (خوں ریزی اور بربادی سے) بچوo

And there is a (guarantee of) life for you in retribution (i.e., vengeance of murder), O wise people, so that you may guard (against bloodshed and destruction).

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْراً الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ حَقّاً عَلَى الْمُتَّقِينَ (180)

ترجمہ: تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت قریب آ پہنچے اگر اس نے کچھ مال چھوڑا ہو، تو (اپنے) والدین اور قریبی رشتہ داروں کے حق میں بھلے طریقے سے وصیت کرے، یہ پرہیزگاروں پر لازم ہےo

It is prescribed for you that when death approaches someone of you, and he leaves some property behind, then he is to make a will for (his) parents and kindred in a reasonable manner. This is imperative for the true believers.

فَمَن بَدَّلَهُ بَعْدَ مَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ إِنَّ اللّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (181)

ترجمہ: پھر جس شخص نے اس (وصیّت) کو سننے کے بعد اسے بدل دیا تو اس کا گناہ انہی بدلنے والوں پر ہے، بے شک اللہ بڑا سننے والا خوب جاننے والا ہےo

Then he who alters this (will) after hearing it, its sin will be on those who alter it. Allah is indeed All-Hearing, All-Knowing.

فَمَنْ خَافَ مِن مُّوصٍ جَنَفاً أَوْ إِثْماً فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (182)

ترجمہ: پس اگر کسی شخص کو وصیّت کرنے والے سے (کسی کی) طرف داری یا (کسی کے حق میں) زیادتی کا اندیشہ ہو پھر وہ ان کے درمیان صلح کرا دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بے شک اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہےo

So, if a person fears any partiality by a testator (for someone) or injustice (towards some other), and then brings about reconciliation amongst them, it shall be no sin on him. Verily, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نِسَآئِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ فَالآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُواْ مَا كَتَبَ اللّهُ لَكُمْ وَكُلُواْ وَاشْرَبُواْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ أَتِمُّواْ الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ وَلاَ تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللّهِ فَلاَ تَقْرَبُوهَا كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ (187)

ترجمہ: تمہارے لیے روزوں کی راتوں میں اپنی بیویوں کے پاس جانا حلال کر دیا گیا ہے، وہ تمہاری پوشاک ہیں اور تم ان کی پوشاک ہو، اللہ کو معلوم ہے کہ تم اپنے حق میں خیانت کرتے تھے سو اس نے تمہارے حال پر رحم کیا اور تمہیں معاف فرما دیا، پس اب

(روزوں کی راتوں میں بے شک) ان سے مباشرت کیا کرو اور جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے چاہا کرو اور کھاتے پیتے رہا کرو یہاں تک کہ تم پر صبح کا سفید ڈورا (رات کے) سیاہ ڈورے سے (الگ ہو کر) نمایاں ہو جائے، پھر روزہ رات (کی آمد) تک پورا کرو، اور عورتوں سے اس دوران شب باشی نہ کیا کرو جب تم مسجدوں میں اعتکاف بیٹھے ہو، یہ اللہ کی (قائم کردہ) حدیں ہیں پس ان (کے توڑنے) کے نزدیک نہ جاؤ، اسی طرح اللہ لوگوں کے لیے اپنی آیتیں (کھول کر) بیان فرماتا ہے تاکہ وہ پرہیزگاری اختیار کریںo

It is made lawful for you to approach your wives during the nights of the fasts. They are like clothes for you and you are like clothes for them. Allah knows that you broke the trust in the case of your own right. But He has shown mercy to you and has forgiven you. So, have sexual relations with them now (during the nights of the fasts without any inhibition) and seek what Allah has prescribed for you. And eat and drink until the white thread of dawn becomes distinct to you (separated) from the black thread (of night). Then complete the fast till dusk. And refrain from having sexual contact with your wives, whilst you are in retreat in the mosques. These are the bounds (set) by Allah. So do not draw near to them (to step over). Thus Allah explains His Verses (clearly) for the people, so that they may embrace piety.

وَلاَ تَأْكُلُواْ أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُواْ بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُواْ فَرِيقاً مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالإِثْمِ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (188)

ترجمہ: اور تم ایک دوسرے کے مال آپس میں ناحق نہ کھایا کرو اور نہ مال کو (بطورِ رشوت) حاکموں تک پہنچایا کرو کہ یوں لوگوں کے مال کا کچھ حصہ تم (بھی) ناجائز طریقے سے کھا سکو حالاں کہ تمہارے علم میں ہو (کہ یہ گناہ ہے)o

And do not eat up one another's wealth amongst yourselves through injustice, nor take wealth to the authorities (as a bribe) so that, this way, you may (also) swallow a portion of others' wealth unfairly, whilst you are aware (that this is a sin).

أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ أَن تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ لَهُ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَأَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاء فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ (266)

ترجمہ: کیا تم میں سے کوئی شخص یہ پسند کرے گا کہ اس کے پاس کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو جس کے نیچے نہریں بہتی ہوں اس کے لیے اس میں (کھجوروں اور انگوروں کے علاوہ بھی) ہر قسم کے پھل ہوں اور (ایسے وقت میں) اسے بڑھاپا آ پہنچے اور (ابھی) اس کی اولاد بھی ناتواں ہو اور (ایسے وقت میں) اس باغ پر ایک بگولا آ جائے جس میں (نری) آگ ہو اور وہ باغ جل جائے (تو اس کی محرومی اور پریشانی کا عالم کیا ہوگا)، اسی طرح اللہ تمہارے لیے نشانیاں واضح طور پر بیان فرماتا ہے تاکہ تم غور کرو (سو کیا تم چاہتے ہو کہ آخرت میں تمہارے اعمال کا باغ بھی ریاکاری کی آگ میں جل کر بھسم ہو جائے اور تمہیں سنبھالا دینے والا بھی کوئی نہ ہو)o

Would any of you like to have a garden of date-palms and grapevines with streams flowing beneath it and all kinds of fruit (in addition to dates and grapes); and (under these conditions) old age overtakes him, whilst his children are (still) tender; and (in the meanwhile) the garden is struck with a whirlwind composed (entirely) of fire and gets burnt? (Imagine the state of his helplessness, agony and anxiety.) Thus Allah makes clear His signs for you so that you may reflect. (So, do you wish that the orchard of your deeds should also burn to ashes in the fire of pretentiousness on the Last Day, and there should be none to support you?)

يُؤْتِيْ الْحِكْمَةَ مَن يَشَاءُ وَمَن يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْراً كَثِيْراً وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُوْلُواْ الْأَلْبَابِ (269)

ترجمہ: جسے چاہتا ہے دانائی عطا فرما دیتا ہے، اور جسے (حکمت و) دانائی عطا کی گئی اسے بہت بڑی بھلائی نصیب ہوگئی، اور صرف وہی لوگ نصیحت حاصل کرتے ہیں جو صاحبِ عقل و دانش ہیں o

He blesses with wisdom whom He wills. And he who is granted wisdom (and reason) receives tremendous good. And only those who are endowed with wisdom and insight receive direction and guidance.

وَإِن كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَى مَيْسَرَةٍ وَأَن تَصَدَّقُواْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (280)

ترجمہ: اور اگر قرض دار تنگدست ہو تو خوشحالی تک مہلت دی جانی چاہئے، اور تمہارا (قرض کو) معاف کر دینا تمہارے لیے بہتر ہے اگر تمہیں معلوم ہو (کہ غریب کی دل جوئی اللہ کی نگاہ میں کیا مقام رکھتی ہے) o

And if a debtor is under financial stress, he should be given respite till he feels at ease to pay. And your forgoing (the loan) is better for you if you know (what significance it has in the sight of Allah to console the poor).

وَاتَّقُواْ يَوْماً تُرْجَعُونَ فِيْهِ إِلَى اللّهِ ثُمَّ تُوَفَّى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ (281)

ترجمہ: اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے، پھر ہر شخص کو جو کچھ عمل اس نے کیا ہے اس کی پوری پوری جزا دی جائے گی اور ان پر ظلم نہیں ہوگا o

And fear the Day when you will be returned to Allah. Then everyone will be paid in full for whatever he has done, and they will not be wronged.

لِّلَّهِ مَا فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَا فِيْ الأَرْضِ وَإِن تُبْدُواْ مَا فِيْ أَنفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُم بِهِ اللّهُ فَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (284)

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے سب اللہ کے لیے ہے، وہ باتیں جو تمہارے دلوں میں ہیں خواہ انہیں ظاہر کرو یا انہیں چھپاؤ اللہ تم سے اس کا حساب لے گا، پھر جسے وہ چاہے گا بخش دے گا اور جسے چاہے گا عذاب دے گا، اور اللہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے o

Whatever exists in the heavens and the earth belongs to Allah. Whether you reveal or conceal the secrets of your heart, Allah will call you to account for

that. Then Allah shall forgive whom He wills and torment whom He wills. And Allah has Absolute Power over everything.

آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ كُلٌّ آمَنَ بِاللّهِ وَمَلآئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لاَ نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ وَقَالُواْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ (285)

ترجمہ: (وہ) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس پر ایمان لائے (یعنی اس کی تصدیق کی) جو کچھ ان پر ان کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا اور اہلِ ایمان نے بھی، سب ہی (دل سے) اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے، (نیز کہتے ہیں:) ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی کے درمیان بھی (ایمان لانے میں) فرق نہیں کرتے، اور (اللہ کے حضور) عرض کرتے ہیں: ہم نے (تیرا حکم) سنا اور اطاعت (قبول) کی، اے ہمارے رب! ہم تیری بخشش کے طلب گار ہیں اور (ہم سب کو) تیری ہی طرف لوٹنا ہے o

(He) the Messenger (blessings and peace be upon him) believed in (i.e., affirmed) what was revealed to him by his Lord, and so have done the believers. All embraced faith (from the core of their hearts) in Allah, His angels, His Books and His Messengers. (They also say:) 'We do not differentiate between any of His Messengers (in believing).' And they submit (before His holy presence): 'We have heard (Your command) and (accepted to) obey. 'O our Lord! We seek Your forgiveness and to You (we all) have to return.'

لاَ يُكَلِّفُ اللّهُ نَفْساً إِلاَّ وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لاَ تُؤَاخِذْنَا إِن نَّسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلاَ تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْراً كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلاَ تُحَمِّلْنَا مَا لاَ طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنتَ مَوْلاَنَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ (286)

ترجمہ: اللہ کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہیں دیتا، اس نے جو نیکی کمائی اس کے لیے اس کا اجر ہے اور اس نے جو گناہ کمایا اس پر اس کا عذاب ہے، اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا خطا کر بیٹھیں تو ہماری گرفت نہ فرما، اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر اتنا (بھی) بوجھ نہ ڈال جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر اتنا بوجھ (بھی) نہ ڈال جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں، اور ہمارے (گناہوں) سے درگزر فرما، اور ہمیں بخش دے، اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا کارساز ہے پس ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما o

Allah does not put under stress any soul more than its endurance. There is a reward for whatever good it has earned, and there is torment for whatever evil it has perpetrated. 'O our Lord, do not take us to task if we forget or do some mistake. O our Lord, lay not on us such a (heavy) burden as You laid on those before us. O our Lord, put not on us (also) the burden that we have not the strength to bear, and overlook (our sins), and forgive us and have mercy on us. You alone are our Master and Helper. So grant us victory over the disbelievers.'

سورۃ العمران:

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاء وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذَلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاللّهُ عِندَهُ حُسْنُ الْمَآبِ (14)

ترجمہ: لوگوں کے لیے ان خواہشات کی محبت (خوب) آراستہ کر دی گئی ہے (جن میں) عورتیں اور اولاد اور سونے اور چاندی کے جمع کیے ہوئے خزانے اور نشان کیے ہوئے خوبصورت گھوڑے اور مویشی اور کھیتی (شامل ہیں)، یہ (سب) دنیوی زندگی کا سامان ہے، اور اللہ کے پاس بہتر ٹھکانا ہےo

(Excessively) attractive has been made, for the people, the love of lusts (that) include women, children, and hoarded treasures of gold and silver, and branded horses and cattle and crops. (All) this is the provision of the worldly life and with Allah is the best abode.

قُلْ أَؤُنَبِّئُكُم بِخَيْرٍ مِّن ذَلِكُمْ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّهِ وَاللّهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ(15)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ فرما دیں: کیا میں تمہیں ان سب سے بہترین چیز کی خبر دوں؟ (ہاں) پرہیزگاروں کے لیے ان کے رب کے پاس (ایسی) جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے (ان کے لیے) پاکیزہ بیویاں ہوں گی اور (سب سے بڑی بات یہ کہ) اللہ کی طرف سے خوشنودی نصیب ہوگی، اور اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہےo

(O Beloved!) Say: 'Shall I give you the news of something far better than all this? (Yes,) for the Godfearing there are (such) Gardens with their Lord beneath which streams flow. They will live there forever. There will be (for them) chaste wives, and (above all) they shall enjoy the pleasure of Allah.' And Allah monitors His servants well.

فَأَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُواْ فَأُعَذِّبُهُمْ عَذَاباً شَدِيْداً فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ (56)

ترجمہ: پھر جو لوگ کافر ہوئے انہیں دنیا اور آخرت (دونوں میں) سخت عذاب دوں گا اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگاo

As for those who disbelieved, I shall give them severe punishment (both) in this world and in the Hereafter, and they shall have no helpers.

وَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيْهِمْ أُجُورَهُمْ وَاللّهُ لاَ يُحِبُّ الظَّالِمِيْنَ (57)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے تو (اللہ) انہیں ان کا بھرپور اجر دے گا، اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتاo

And those who believed and did pious deeds, (Allah) shall reward them in full. And Allah does not like the wrongdoers.

إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَناً قَلِيْلاً أُوْلَئِكَ لاَ خَلاَقَ لَهُمْ فِيْ الآخِرَةِ وَلاَ يُكَلِّمُهُمُ اللّهُ وَلاَ يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلاَ يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ(77)

ترجمہ: بے شک جولوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کا تھوڑی سی قیمت کے عوض سودا کر دیتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور نہ قیامت کے دن اللہ ان سے کلام فرمائے گا اور نہ ہی ان کی طرف نگاہ فرمائے گا اور نہ انہیں پاکیزگی دے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہوگا○

Certainly, those who sell the promise of Allah and their own oaths for a small price, it is they who will not have any share in the Hereafter. And on the Day of Resurrection Allah will neither speak to nor look at them, nor will He purify them, and for them will be painful torment.

وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقاً يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ الْكِتَابِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (78)

ترجمہ: اور بے شک ان میں ایک گروہ ایسا بھی ہے جو کتاب پڑھتے ہوئے اپنی زبانوں کو مروڑ لیتے ہیں تاکہ تم ان کی الٹ پھیر کو بھی کتاب (کا حصّہ) سمجھو حالاں کہ وہ کتاب میں سے نہیں ہے، اور کہتے ہیں: یہ (سب) اللہ کی طرف سے ہے، اور وہ (ہرگز) اللہ کی طرف سے نہیں ہے، اور وہ اللہ پر جھوٹ گھڑتے ہیں اور (یہ) انہیں خود بھی معلوم ہے○

And there is indeed another section of them who, whilst reciting the Book, twist their tongues so that you may take their inverted expression as (part of) the Book, whereas it is not from the Book. And they say: 'It is (all) from Allah,' while it is not (at all) from Allah. They invent a lie against Allah and they know (it) themselves as well.

مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُؤْتِيَهُ اللّهُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُواْ عِبَاداً لِّي مِن دُونِ اللّهِ وَلَـكِن كُونُواْ رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ تُعَلِّمُونَ الْكِتَابَ وَبِمَا كُنتُمْ تَدْرُسُونَ (79)

ترجمہ: کسی بشر کو یہ حق نہیں کہ اللہ اسے کتاب اور حکمت اور نبوت عطا فرمائے پھر وہ لوگوں سے یہ کہنے لگے کہ تم اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ بلکہ (وہ تو یہ کہے گا) تم اللہ والے بن جاؤ اس سبب سے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور اس وجہ سے کہ تم خود اسے پڑھتے بھی ہو○

No human being whom Allah blesses with the Book and Wisdom and Prophethood has the right to say to the people: 'Be my servants instead of Allah's.' (He would rather say:) 'Be the devotees of Allah because you teach the Book and because you study it yourselves as well.'

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُواْ كُفْراً لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الضَّآلُّونَ (90)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا پھر وہ کفر میں بڑھتے گئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہیں کی جائے گی، اور وہی لوگ گمراہ ہیں○

Assuredly, the people who disbelieve after accepting belief and then advance in disbelief, their repentance will not be accepted at all, and it is they who have lost the right path.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ وَمَاتُواْ وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِم مِّلْءُ الأَرْضِ ذَهَباً وَلَوِ افْتَدَى بِهِ أُوْلَـئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ(91)

ترجمہ: بے شک جولوگ کافر ہوئے اور حالتِ کفر میں ہی مر گئے سوان میں سے کوئی شخص اگر زمین بھر سونا بھی (اپنی نجات کے لیے) معاوضہ میں دینا چاہے تو اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، انہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے اور ان کا کوئی مددگار نہیں ہو سکے گاo

Surely, those who disbelieved and died whilst they were disbelievers, if any of them offers an earthful of gold as ransom (for his salvation), that shall not be accepted from him at all. It is they for whom there is painful torment. And no helper will be possible for them.

لَن تَنَالُواْ الْبِرَّ حَتَّى تُنفِقُواْ مِمَّا تُحِبُّونَ وَمَا تُنفِقُواْ مِن شَيْءٍ فَإِنَّ اللّهَ بِهِ عَلِيْمٌ(92)

ترجمہ: تم ہرگز نیکی کو نہیں پہنچ سکو گے جب تک تم (اللہ کی راہ میں) اپنی محبوب چیزوں میں سے خرچ نہ کرو، اور تم جو کچھ بھی خرچ کرتے ہو بے شک اللہ اسے خوب جاننے والا ہےo

You can never attain to piety unless you spend (in the cause of Allah) out of that which you like the most; and Allah surely knows well whatever you give away.

وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (104)

ترجمہ: اور تم میں سے ایسے لوگوں کی ایک جماعت ضرور ہونی چاہئے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائیں اور بھلائی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں، اور وہی لوگ بامراد ہیںo

And from amongst you there must be a community comprising the people who invite mankind towards piety, enjoin righteousness and forbid evil. And they are the successful people.

كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْراً لَّهُم مِّنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ (110)

ترجمہ: تم بہترین اُمّت ہو جو سب لوگوں (کی رہنمائی) کے لیے ظاہر کی گئی ہے، تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو، اور اگر اہلِ کتاب بھی ایمان لے آتے تو یقیناً ان کے لیے بہتر ہوتا، ان میں سے کچھ ایمان والے بھی ہیں اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیںo

You are the best community brought forth for (the guidance of) mankind: you enjoin righteousness, forbid evil and believe in Allah. Had the People of the Book also embraced faith, that would certainly have been in their favour. There are some amongst them who believe, whilst the majority of them are disobedient.

وَسَارِعُواْ إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ (133)

ترجمہ: اوراپنے رب کی بخشش اوراس جنت کی طرف تیزی سے بڑھوجس کی وسعت میں سب آسمان اورزمین آجاتے ہیں، جو پرہیزگاروں کے لیے تیارکی گئی ہےo

And advance fast towards forgiveness from your Lord and Paradise whose vastness encompasses the heavens and the earth (and) which has been prepared for the pious.

قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيْرُواْ فِيْ الأَرْضِ فَانْظُرُواْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ(137)

ترجمہ: تم سے پہلے (گذشتہ امتوں کے لیے قانونِ قدرت کے) بہت سے ضابطے گزر چکے ہیں سوتم زمین میں چلا پھرا کرواور دیکھا کروکہ جھٹلانے والوں کا کیاانجام ہواo

Before you many codes (of divine law) have passed (for the preceding nations). So travel in the earth and observe what was the end of those who belied!

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَمَن زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلاَّ مَتَاعُ الْغُرُورِ(185)

ترجمہ: ہرجان موت کا مزہ چکھنے والی ہے، اورتمہارے اجر پورے کے پورے تو قیامت کے دن ہی دیئے جائیں گے، پس جوکوئی دوزخ سے بچالیا گیااور جنت میں داخل کیا گیاوہ واقعتاً کامیاب ہوگیا، اوردنیا کی زندگی دھوکے کے مال کے سوا کچھ بھی نہیںo

Every soul is going to taste death. And your full recompense will be paid back only on the Day of Resurrection. So, whoever will be saved from Hell and admitted to Paradise will be truly successful. And the worldly life is nothing but illusory wealth.

لَتُبْلَوُنَّ فِيْ أَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُواْ أَذًى كَثِيْراً وَإِن تَصْبِرُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ ذَلِكَ مِنْ عَزْمِ الأُمُورِ(186)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تمہیں ضرور بالضرور تمہارے اموال اورتمہاری جانوں میں آزمایا جائے گا، اورتمہیں بہرصورت ان لوگوں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی اوران لوگوں سے جومشرک ہیں بہت سے اذیت ناک (طعنے) سننے ہوں گے، اوراگرتم صبر کرتے رہواورتقوٰی اختیار کیے رکھوتو یہ بڑی ہمت کے کاموں سے ہےo

(O believers!) You will most certainly be tested in your possessions and your selves. And of course you shall also hear many torturing (taunts) from those who were given the Book before you and who are polytheists. But if you remain patient and stick to self-protection, that is one of the works demanding high resolve.

سورۃ النساء:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُواْ رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالاً كَثِيراً وَنِسَاء وَاتَّقُواْ اللّهَ الَّذِي تَسَاءلُونَ بِهِ وَالأَرْحَامَ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيباً (1)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہاری پیدائش (کی ابتداء) ایک جان سے کی پھر اسی سے اس کا جوڑ پیدا فرمایا پھر ان دونوں میں سے بکثرت مردوں اور عورتوں (کی تخلیق) کو پھیلا دیا، اور ڈرو اس اللہ سے جس کے واسطے سے تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور قرابتوں (میں بھی تقویٰ اختیار کرو)، بے شک اللہ تم پر نگہبان ہےo

O mankind! Fear your Lord, Who (initiated) your creation from a single soul, then from it created its mate, and from these two spread (the creation of) countless men and women. So, fear Allah for Whose sake you solicit needs from one another. And (become Godfearing) towards your own kith and kin (as well). Allah is indeed Ever-Watchful over you.

وَمَن يَعْصِ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَيَتَعَدَّ حُدُودَهُ يُدْخِلْهُ نَاراً خَالِداً فِيهَا وَلَهُ عَذَابٌ مُّهِينٌ(14)

ترجمہ: اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کرے اور اس کی حدود سے تجاوز کرے اسے وہ دوزخ میں داخل کرے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا، اور اس کے لیے ذلّت انگیز عذاب ہےo

But whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and exceeds His limits, He will admit him to Hell wherein shall he dwell forever; and there is a humiliating torment for him.

وَاللَّذَانَ يَأْتِيَانِهَا مِنكُمْ فَآذُوهُمَا فَإِن تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُواْ عَنْهُمَا إِنَّ اللّهَ كَانَ تَوَّاباً رَّحِيماً (16)

ترجمہ: اور تم میں سے جو بھی کوئی بدکاری کا ارتکاب کریں تو ان دونوں کو ایذا پہنچاؤ، پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور (اپنی) اصلاح کر لیں تو انہیں سزا دینے سے گریز کرو، بے شک اللہ بڑا توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہےo

And the two persons who commit adultery from amongst you, punish them both. Then, if they repent and mend (their) ways, refrain from punishing them. Indeed, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّهِ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِن قَرِيبٍ فَأُوْلَـئِكَ يَتُوبُ اللّهُ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللّهُ عَلِيماً حَكِيماً (17)

ترجمہ: اللہ نے صرف انہی لوگوں کی توبہ قبول کرنے کا وعدہ فرمایا ہے جو نادانی کے باعث برائی کر بیٹھیں پھر جلد ہی توبہ کر لیں پس اللہ ایسے لوگوں پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرمائے گا، اور اللہ بڑے علم بڑی حکمت والا ہےo

Allah has only promised to accept the repentance of those who commit evil deeds due to ignorance and then repent soon after. So Allah will turn to such people with His mercy and Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَلَا تَتَمَنَّوْاْ مَا فَضَّلَ اللّهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُواْ وَلِلنِّسَاء نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ وَاسْأَلُواْ اللّهَ مِن فَضْلِهِ إِنَّ اللّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (32)

ترجمہ: اورتم اس چیز کی تمنا نہ کیا کرو جس میں اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے، مردوں کے لیے اس میں سے حصہ ہے جوانہوں نے کمایا، اور عورتوں کے لیے اس میں سے حصہ ہے جوانہوں نے کمایا، اور اللہ سے اس کا فضل مانگا کرو، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

And do not long for the thing in which Allah has made some of you superior to others. Men will have a share of what they earn, and women will have a share of what they earn, and keep begging Allah for His bounty.Surely, Allah knows best everything .

الَّذِيْنَ يَبْخَلُونَ وَيَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُونَ مَا آتَاهُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِيْنَ عَذَاباً مُّهِيناً(37)

ترجمہ: جولوگ (خود بھی) بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو (بھی) بخل کا حکم دیتے ہیں اور اس (نعمت) کو چھپاتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا کی ہے، اور ہم نے کافروں کے لیے ذلت انگیز عذاب تیار کر رکھا ہےo

Those who are miserly and bid others (also) to be miserly and hide that (blessing) which Allah has granted them of His bounty. And We have prepared a disgraceful torment for the disbelievers,

وَالَّذِيْنَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ رِئَاء النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَن يَكُنِ الشَّيْطَانُ لَهُ قَرِيْناً فَسَاء قَرِيْناً (38)

ترجمہ: اور جولوگ اپنے مال لوگوں کے دکھاوے کے لیے خرچ کرتے ہیں اور نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ یومِ آخرت پر، اور شیطان جس کا بھی ساتھی ہو گیا تو وہ برا ساتھی ہےo

And those who spend their wealth to show off to people, and believe neither in Allah nor in the Last Day. And whoever Satan sides with as a companion, so he is an evil companion!

إِنَّ اللّهَ يَأْمُرُكُمْ أَن تُؤدُّواْ الأَمَانَاتِ إِلَى أَهْلِهَا وَإِذَا حَكَمْتُم بَيْنَ النَّاسِ أَن تَحْكُمُواْ بِالْعَدْلِ إِنَّ اللّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِ إِنَّ اللّهَ كَانَ سَمِيْعاً بَصِيْراً (58)

ترجمہ: بے شک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ امانتیں انہی لوگوں کے سپرد کرو جو ان کے اہل ہیں، اور جب تم لوگوں پر حکومت کرو تو عدل وانصاف کے ساتھ کیا کرو (یا: اور جب تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل و اِنصاف کے ساتھ فیصلہ کیا کرو)۔ بے شک اللہ تمہیں کیا ہی اچھی نصیحت فرماتا ہے، بے شک اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہےo

Surely, Allah commands you to render the trusts to those who are worthy of them; and when you rule over people, rule with justice (or: and when you judge matters amongst people, give judgment with justice). What an excellent advice Allah gives you! Surely, Allah is All-Hearing, All-Seeing.

وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ أَنِ اقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ أَوِ اخْرُجُوا مِن دِيَارِكُم مَّا فَعَلُوهُ إِلَّا قَلِيلٌ مِّنْهُمْ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتاً (66)

ترجمہ: اور اگر ہم ان پر فرض کر دیتے کہ تم اپنے آپ کو قتل کر ڈالو یا اپنے گھروں کو چھوڑ کر نکل جاؤ تو ان میں سے بہت تھوڑے لوگ اس پر عمل کرتے، اور انہیں جو نصیحت کی جاتی ہے اگر وہ اس پر عمل پیرا ہو جاتے تو یہ ان کے حق میں بہتر ہوتا اور (ایمان پر) بہت زیادہ ثابت قدم رکھنے والا ہوتا○

If We had prescribed for them: 'Kill yourselves, or leave your homes and go away,' only a few of them would have acted upon it. If they had abided by what they were advised to do, that would have been in their favour, enabling them to tenaciously hold fast (to the Faith).

وَإِذاً لَّآتَيْنَاهُم مِّن لَّدُنَّا أَجْراً عَظِيماً (67)

ترجمہ: اور اس وقت ہم بھی انہیں اپنے حضور سے عظیم اجر عطا فرماتے○

And then We too would have bestowed upon them a great reward from Our presence.

وَلَهَدَيْنَاهُمْ صِرَاطاً مُّسْتَقِيماً (68)

ترجمہ: اور ہم انہیں واقعتاً سیدھی راہ پر لگا دیتے○

And We would have surely guided them to the straight path.

مَّن يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُن لَّهُ نَصِيبٌ مِّنْهَا وَمَن يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُن لَّهُ كِفْلٌ مِّنْهَا وَكَانَ اللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيتاً (85)

ترجمہ: جو شخص کوئی نیک سفارش کرے تو اس کے لیے اس (کے ثواب) سے حصہ (مقرر) ہے، اور جو کوئی بری سفارش کرے تو اس کے لیے اس (کے گناہ) سے حصہ (مقرر) ہے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے○

Whoever makes a righteous intercession has a (fixed) share (in its reward), and he who makes an evil intercession has a (fixed) share (in its sin), and Allah has full control over everything.

وَإِذَا حُيِّيتُم بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّواْ بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيباً(86)

ترجمہ: اور جب (کسی لفظ) سلام کے ذریعے تمہاری تکریم کی جائے تو تم (جواب میں) اس سے بہتر (لفظ کے ساتھ) سلام پیش کیا کرو یا (کم از کم) وہی (الفاظ جواب میں) لوٹا دیا کرو، بے شک اللہ ہر چیز پر حساب لینے والا ہے○

And when you are honoured with (a word of) greeting, then (in reply) greet with a better (salutation) or (at least) reciprocate (in the same words). Surely, Allah takes account of everything.

يَسْتَخْفُونَ مِنَ النَّاسِ وَلاَ يَسْتَخْفُونَ مِنَ اللّهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا لاَ يَرْضَى مِنَ الْقَوْلِ وَكَانَ اللّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطاً (108)

ترجمہ: وہ لوگوں سے (شرماتے ہوئے اپنی دغابازی کو) چھپاتے ہیں اور اللہ سے نہیں شرماتے درآنحالیکہ وہ ان کے ساتھ ہوتا

ہے جب وہ رات کو (کسی) ایسی بات سے متعلق (چھپ کر) مشورہ کرتے ہیں جسے اللہ ناپسند فرماتا ہے، اور اللہ جو کچھ وہ کرتے ہیں (اسے) احاطہ کیے ہوئے ہےo

They hide (their deceitfulness) from people (feeling ashamed), but feel no shame before Allah, whilst He is with them when they hold consultations (secretly) at night about that matter which Allah disapproves. And Allah has encompassed whatever they do.

هَاأَنتُمْ هَـؤُلاء جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَمَن يُجَادِلُ اللّهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَم مَّن يَكُونُ عَلَيْهِمْ وَكِيلاً (109)

ترجمہ: خبردار! تم وہ لوگ ہو جو دنیا کی زندگی میں ان کی طرف سے جھگڑے۔ پھر کون ایسا شخص ہے جو قیامت کے دن (بھی) ان کی طرف سے اللہ کے ساتھ جھگڑے گا یا کون ہے جو (اس دن بھی) ان پر وکیل ہوگا؟o

Beware! You are those who pleaded on their behalf in the life of this world, but who will contend with Allah on their behalf (even) on the Day of Resurrection, or who will be their advocate (on that Day too)?

وَمَن يَعْمَلْ سُوءاً أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّهَ يَجِدِ اللّهَ غَفُوراً رَّحِيماً (110)

ترجمہ: اور جو کوئی برا کام کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش طلب کرے وہ اللہ کو بڑا بخشنے والا نہایت مہربان پائے گاo

And he who commits evil or wrongs his own soul and then seeks Allah's forgiveness will find Allah Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَمَن يَكْسِبْ إِثْماً فَإِنَّمَا يَكْسِبُهُ عَلَى نَفْسِهِ وَكَانَ اللّهُ عَلِيماً حَكِيماً (111)

ترجمہ: اور جو شخص کوئی گناہ کرے تو بس وہ اپنی ہی جان پر (اس کا وبال عائد) کر رہا ہے اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And whoever commits sin is only bringing (its consequent misery) to his own soul and Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَمَن يَكْسِبْ خَطِيئَةً أَوْ إِثْماً ثُمَّ يَرْمِ بِهِ بَرِيئاً فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَاناً وَإِثْماً مُّبِيناً (112)

ترجمہ: اور جو شخص کسی خطا یا گناہ کا ارتکاب کرے پھر اس کی تہمت کسی بے گناہ پر لگا دے تو اس نے یقیناً ایک بہتان اور کھلے گناہ (کے بوجھ) کو اٹھا لیاo

And whoever commits some error or sin and then casts its blame on some blameless person has certainly taken (the burden of) a calumny and an open sin.

وَالَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَداً وَعْدَ اللّهِ حَقّاً وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّهِ قِيلاً (122)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ہم انہیں عنقریب بہشتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔ (یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے، اور اللہ سے زیادہ بات کا سچا کون ہو سکتا ہےo

But those who have believed and persistently did pious acts, We shall soon

admit them to Gardens with rivers flowing beneath. They will reside in them for ever. This is Allah's true promise, and who can be more truthful in Word than Allah?

سورۃ المائدۃ:

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِيْ الأَرْضِ جَمِيْعاً وَمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُواْ بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ(36)

ترجمہ: بے شک جولوگ کفر کے مرتکب ہورہے ہیں اگران کے پاس وہ سب کچھ (مال ومتاع اورخزانہ موجود) ہو جوروئے زمین میں ہے بلکہ اس کے ساتھ اتنا اور (بھی) تاکہ وہ روزِ قیامت کے عذاب سے (نجات کے لیے) اسے فدیہ (یعنی اپنی جان کے بدلہ) میں دے دیں تو (وہ سب کچھ بھی) ان سے قبول نہیں کیا جائے گا، اوران کے لیے دردناک عذاب ہےo

Assuredly, those who disbelieve, if they possess all (the riches and treasures) that exist in the earth, and even with it as much more, so that they may offer it as ransom (i.e., a recompense for their souls to redeem themselves) from the torment of the Day of Resurrection, (all that too) will not be accepted from them and there is a torturous punishment for them.

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ يُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (40)

ترجمہ: (اے انسان!) کیا تو نہیں جانتا کہ آسمانوں اورزمین کی (ساری) بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے، وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے، اوراللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھتا ہےo

(O man!) Do you not know that (the absolute) sovereignty of the heavens and the earth belongs to Allah alone? He torments whom He wills and forgives whom He pleases and Allah has absolute power over everything.

سورۃ الانعام:

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُم مِّن طِيْنٍ ثُمَّ قَضَى أَجَلاً وَأَجَلٌ مُّسَمًّى عِندَهُ ثُمَّ أَنتُمْ تَمْتَرُوْنَ (2)

ترجمہ: (اللہ) وہی ہے جس نے تمہیں مٹی کے گارے سے پیدا فرمایا (یعنی کرّۂ اَرضی پر حیاتِ انسانی کی کیمیائی ابتداء اس سے کی)۔ پھراس نے (تمہاری موت کی) میعاد مقرر فرمادی، اور (انعقادِ قیامت کا) معیّنہ وقت اسی کے پاس (مقرر) ہے پھر (بھی) تم شک کرتے ہوo

(Allah) is He Who created you from mud (i.e., originated from it the chemical genesis of human life on the planet Earth). Then He fixed a term (for you to die). And with Him alone is the appointed time (for holding the Day of Resurrection); yet you doubt.

وَهُوَ اللّهُ فِيْ السَّمَاوَاتِ وَفِيْ الأَرْضِ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ (3)

ترجمہ: اورآسمانوں میں اورزمین میں وہی اللہ ہی (معبودِ برحق) ہے، جوتمہاری پوشیدہ اورتمہاری ظاہر (سب باتوں) کو جانتا ہے

اور جو کچھ تم کمار ہے ہو وہ (اسے بھی) جانتا ہےo

And He alone is Allah (the True God to be worshipped) in the heavens and the earth Who knows (all) your hidden and your open (things). And He (also) knows that which you are earning.

أَلَمْ يَرَوْاْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّن لَّكُمْ وَأَرْسَلْنَا السَّمَاء عَلَيْهِم مِّدْرَاراً وَجَعَلْنَا الْأَنْهَارَ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْناً آخَرِينَ (6)

ترجمہ: کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر دیا جنہیں ہم نے زمین میں (ایسا مستحکم) اقتدار دیا تھا کہ ایسا اقتدار (اور جماؤ) تمہیں بھی نہیں دیا اور ہم نے ان پر لگاتار برسنے والی بارش بھیجی اور ہم نے ان (کے مکانات و محلّات) کے نیچے سے نہریں بہائیں پھر (اتنی پُرعشرت زندگی دینے کے باوجود) ہم نے ان کے گناہوں کے باعث انہیں ہلاک کر دیا اور ان کے بعد ہم نے دوسری اُمتوں کو پیدا کیاo

Have they not seen how many a generation We eliminated before them whom We had given (such an indomitable) dominion (and stronghold) in the land as We have not given even to you? And We sent upon them persistently falling rain, and caused streams to flow beneath (their dwellings and castles). Then, (despite giving them such a luxurious life,) We destroyed them because of their sins and raised other communities after them.

وَكَذَلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لِّيَقُولواْ أَهَـؤُلاء مَنَّ اللّهُ عَلَيْهِم مِّن بَيْنِنَا أَلَيْسَ اللّهُ بِأَعْلَمَ بِالشَّاكِرِينَ (53)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم ان میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزماتے ہیں تاکہ وہ (دولت مند کافر غریب مسلمانوں کو دیکھ کر استہزاء یہ) کہیں: کیا ہم میں سے یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا ہے؟ کیا اللہ شکر گزاروں کو خوب جاننے والا نہیں ہےo

And in this way, We put to the test some of them by means of some others so that these (affluent disbelievers seeing the poor Muslims) say (mockingly): 'Are these the ones from amongst us upon whom Allah has bestowed His favours?' Does Allah not know best the grateful?

وَإِذَا جَاءكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلاَمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ أَنَّهُ مَن عَمِلَ مِنكُمْ سُوءاً بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِن بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (54)

ترجمہ: اور جب آپ کے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو آپ (ان سے شفقتاً) فرمائیں کہ تم پر سلام ہو تمہارے رب نے اپنی ذات (کے ذمّہ کرم) پر رحمت لازم کر لی ہے، سو تم میں سے جو شخص نادانی سے کوئی برائی کر بیٹھے پھر اس کے بعد توبہ کر لے اور (اپنی) اصلاح کر لے تو بے شک وہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

And when those who believe in Our Revelations come to you, then say (affectionately): 'Peace be upon you!' Your Lord has made mercy incumbent upon Himself (as a gracious obligation). So whoever from amongst you commits some evil out of ignorance (or suspension of discretion) but later turns to (Allah in) repentance and amends (himself), then surely He is Most

Forgiving, Ever-Merciful.

وَكَذَلِكَ نفَصِّلُ الآيَاتِ وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ (55)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم آیتوں کوتفصیلاً بیان کرتے ہیں اور (یہ) اس لیے کہ مجرموں کا راستہ (سب پر) ظاہر ہوجائےo

And so do We elucidate in detail the Revelations, (and this is) in order that the pattern of behaviour of the evildoers may become distinctly known (to all).

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُواْ فِيهَا وَمَا يَمْكُرُونَ إِلاَّ بِأَنفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ (123)

ترجمہ: اوراسی طرح ہم نے ہربستی میں وڈیروں (اوررئیسوں) کووہاں کے جرائم کا سرغنہ بنایا تا کہ وہ اس (بستی) میں مکاریاں کریں،اوروہ (حقیقت میں) اپنی جانوں کےسواکسی (اور) سےفریب نہیں کررہےاوروہ (اس کےانجامِ بدکا) شعورنہیں رکھتےo

And in like manner, We made the lords (and the affluent) in every community the ringleaders of their crimes, so that they might execute frauds in that (town), and (in fact) they do not defraud anyone other than their own selves. And they are not aware (of its evil outcome).

وَإِذَا جَاءتْهُمْ آيَةٌ قَالُواْ لَن نُّؤْمِنَ حَتَّى نُؤْتَى مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللّهِ اللّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُواْ صَغَارٌ عِندَ اللّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُواْ يَمْكُرُونَ(124)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس کوئی نشانی آتی ہے (تو) کہتے ہیں: ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ ہمیں بھی ویسی ہی (نشانی) دی جائے جیسی اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ اسے اپنی رسالت کا محل کسے بنانا ہے۔ عنقریب مجرموں کواللہ کےحضورذلت رسید ہوگی اورسخت عذاب بھی (ملے گا) اس وجہ سے کہ وہ مکر (اوردھوکہ دہی) کرتے تھےo

And when a sign comes to them, they say: 'We shall never believe until we too are given (a sign) like the one bestowed upon the Messengers of Allah.' Allah knows best whom He is to assign the station of His Messengership. Soon the criminals will face humiliation before Allah, and (will undergo) a severe torment as well because they used to defraud (and deceive).

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُواْ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ (132)

ترجمہ: اور ہرایک کے لیےان کے اعمال کےلحاظ سےدرجات (مقرر) ہیں،اورآپ کا رب ان کاموں سے بےخبرنہیں جووہ انجام دیتے ہیںo

And there are ranks (determined) for all according to their works, and your Lord is not unaware (of the works) they do.

مَن جَاءبِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا وَمَن جَاء بِالسَّيِّئَةِ فَلاَ يُجْزَى إِلاَّ مِثْلَهَا وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ (160)

ترجمہ: جوکوئی ایک نیکی لائے گا تواس کے لیے (بطورِاجر) اس جیسی دس نیکیاں ہیں،اورجوکوئی ایک گناہ لائے گا تواس کواس جیسے ایک (گناہ) کےسواسزانہیں دی جائے گی اوروہ ظلم نہیں کیے جائیں گےo

Whoever brings one good deed will have to his credit (as a reward) ten more like it, and whoever brings an evil deed will not be punished for more than one similar (evil deed). And no injustice will be done to them.

سورۃ الاعراف:

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ فَإِذَا جَاء أَجَلُهُمْ لاَ يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلاَ يَسْتَقْدِمُونَ (34)

ترجمہ: اور ہر گروہ کے لیے ایک میعاد (مقرر) ہے پھر جب ان کا (مقررہ) وقت آجاتا ہے تو وہ ایک گھڑی (بھی) پیچھے نہیں ہٹ سکتے اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیںo

And how many a town (is such as) We destroyed! Our torment came upon them at night or (whilst) they were asleep at noon.

وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ وَعَلَى الأَعْرَافِ رِجَالٌ يَعْرِفُونَ كُلاًّ بِسِيمَاهُمْ وَنَادَوْاْ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَن سَلاَمٌ عَلَيْكُمْ لَمْ يَدْخُلُوهَا وَهُمْ يَطْمَعُونَ (46)

ترجمہ: اور (ان) دونوں (یعنی جنتیوں اور دوزخیوں) کے درمیان ایک حجاب (یعنی فصیل) ہے، اور اَعراف (یعنی اسی فصیل) پر کچھ مرد ہوں گے جو سب کو ان کی نشانیوں سے پہچان لیں گے۔ اور وہ اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ تم پر سلامتی ہو۔ وہ (اہلِ اَعراف خود ابھی) جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے حالاں کہ وہ (اس کے) امیدوار ہوں گےo

And between both (of them, the inmates of Paradise and Hell) there is a barrier (i.e., ramparts or heights), and on the A'raf (the Heights), there will be men who will recognize all by their features. And they will call out to the people of Paradise: 'Peace be upon you.' They (the people of the A'raf [the Heights]) will not have entered Paradise (themselves as yet) but will be aspiring (to that).

وَإِذَا صُرِفَتْ أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاء أَصْحَابِ النَّارِ قَالُواْ رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (47)

ترجمہ: اور جب ان کی نگاہیں دوزخ والوں کی طرف پھیری جائیں گی تو وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہمیں ظالم گروہ کے ساتھ (جمع) نہ کرo

And when their eyes will be turned towards the inmates of Hell, they will say: 'O our Lord, (join) us not (together) with the unjust people.'

وَنَادَى أَصْحَابُ الأَعْرَافِ رِجَالاً يَعْرِفُونَهُمْ بِسِيمَاهُمْ قَالُواْ مَا أَغْنَى عَنكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُونَ (48)

ترجمہ: اور اہلِ اعراف (ان دوزخی) مردوں کو پکاریں گے جنہیں وہ ان کی نشانیوں سے پہچان رہے ہوں گے (ان سے) کہیں گے: تمہاری جماعتیں تمہارے کام نہ آسکیں اور نہ (وہ) تکبّر (تمہیں بچا سکا) جو تم کیا کرتے تھےo

And the people of the A'raf (the Heights) will call out to those people (of Hell) whom they will be recognizing by their identification marks saying (to them): 'Your parties could not be of any use to you, nor (could rescue you) your arrogance you used to practise.

وَنَادَى أَصْحَابُ النَّارِ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ أَنْ أَفِيضُواْ عَلَيْنَا مِنَ الْمَاء أَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكَافِرِينَ (50)

ترجمہ: اور دوزخ والے اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ ہمیں (جنّتی) پانی سے کچھ فیض یاب کر دو یا اس (رزق) میں سے جو اللہ

نے تمہیں بخشا ہے۔ وہ کہیں گے: بے شک اللہ نے یہ دونوں (نعمتیں) کافروں پر حرام کر دی ہیںo

And the inmates of Hell will call out to the inhabitants of Paradise: 'Bless us with some water (of Paradise), or of (the provision) that Allah has granted you.' They will say: 'Allah has indeed forbidden both (these bounties) to the disbelievers,

ادْعُواْ رَبَّكُمْ تَضَرُّعاً وَخُفْيَةً إِنَّهُ لاَ يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ (55)

ترجمہ: تم اپنے رب سے گڑگڑا کر اور آہستہ (دونوں طریقوں سے) دعا کیا کرو، بے شک وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتاo

Invoke your Lord (both) most submissively and quietly. Surely, He does not like the transgressors.

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ الَّذِيَ آتَيْنَاهُ آيَاتِنَا فَانسَلَخَ مِنْهَا فَأَتْبَعَهُ الشَّيْطَانُ فَكَانَ مِنَ الْغَاوِيْنَ (175)

ترجمہ: اور آپ انہیں اس شخص کا قصہ (بھی) سنا دیں جسے ہم نے اپنی نشانیاں دیں پھر وہ ان (کے علم و نصیحت) سے نکل گیا اور شیطان اس کے پیچھے لگ گیا تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیاo

And (also) relate to them his account to whom We gave Our signs, but then he made an exit from their (knowledge and admonition) and Satan chased him. So he turned into one of those who lost the right path.

وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنَاهُ بِهَا وَلَـكِنَّهُ أَخْلَدَ إِلَى الأَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوَاهُ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ الْكَلْبِ إِن تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ أَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَث ذَّلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ (176)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو اسے ان (آیتوں کے علم و عمل) کے ذریعے بلند فرما دیتے لیکن وہ (خود) زمینی دنیا کی (پستی کی) طرف راغب ہو گیا اور اپنی خواہش کا پیرو بن گیا، تو (اب) اس کی مثال اس کتے کی مثال جیسی ہے کہ اگر تو اس پر سختی کرے تو وہ زبان نکال دے یا تو اسے چھوڑ دے (تب بھی) زبان نکالے رہے۔ یہ ایسے لوگوں کی مثال ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا، سو آپ یہ واقعات (لوگوں سے) بیان کریں تاکہ وہ غور و فکر کریںo

And had We so willed, We would have exalted him by means of (knowledge and implementation of) these (Revelations), but he (himself) inclined to (the lowest levels of the) earthly life and became a follower of his lust. (Now) his example is that of a dog: if you treat him harshly, he will loll out his tongue, or if you leave him alone, he will (still) loll out his tongue. This example is of those who deny Our Revelations. So relate these occurrences (to the people) so that they may contemplate.

سَاءَ مَثَلاً الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا وَأَنفُسَهُمْ كَانُواْ يَظْلِمُونَ (177)

ترجمہ: مثال کے لحاظ سے وہ قوم بہت ہی بری ہے جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور (درحقیقت) وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہےo

As an example, they were an extremely bad community who belied Our

Revelations! (In fact) they persistently wronged their own souls.

سورۃ التوبۃ:

أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَى تَقْوَى مِنَ اللّهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَم مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىَ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (109)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جس نے اپنی عمارت (یعنی مسجد) کی بنیاد اللہ سے ڈرنے اور (اس کی) رضا و خوشنودی پر رکھی، بہتر ہے یا وہ شخص جس نے اپنی عمارت کی بنیاد ایسے گڑھے کے کنارے پر رکھی جو گرنے والا ہے۔ سو وہ (عمارت) اس معمار کے ساتھ ہی آتشِ دوزخ میں گر پڑی، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا o

Who is better-the one who founds his edifice (i.e., mosque) on the fear of Allah and (His) pleasure and satisfaction, or the one who lays the foundation of his building on the edge of a crumbling precipice? So, that (building) tumbled down with its architect into the Fire of Hell. And Allah does not guide the wrongdoers.

لاَ يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْاْ رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلاَّ أَن تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ وَاللّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (110)

ترجمہ: ان کی عمارت جسے انہوں نے (مسجد کے نام پر) بنا رکھا ہے ہمیشہ ان کے دلوں میں (شک اور نفاق کے باعث) کھٹکتی رہے گی سوائے اس کے کہ ان کے دل (مسلسل خراش کی وجہ سے) پارہ پارہ ہو جائیں، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

Their structure which they have raised (in the name of a mosque) will continue pricking their hearts (due to doubt and hypocrisy), except that their hearts are torn to pieces (due to persistently piercing concerns). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

سورۃ یونس:

وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلاَّ أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُواْ وَلَوْلاَ كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (19)

ترجمہ: اور سارے لوگ (ابتداء) میں ایک ہی جماعت تھے پھر (باہم اختلاف کر کے) جدا جدا ہو گئے، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے سے طے نہ ہو چکی ہوتی (کہ عذاب میں جلد بازی نہیں ہوگی) تو ان کے درمیان ان باتوں کے بارے میں فیصلہ کیا جا چکا ہوتا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں o

And the entire mankind was one Umma ([Community] in the beginning). Then they (differed amongst themselves and) disintegrated. And if it had not been decreed by your Lord (that the torment would not be hastened), the matters would have been settled between them in which they disagreed.

وَإِذَا أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّن بَعْدِ ضَرَّاء مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِي آيَاتِنَا قُلِ اللّهُ أَسْرَعُ مَكْراً إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ (21)

ترجمہ: اور جب ہم لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد (اپنی) رحمت سے لذت آشنا کرتے ہیں تو فوراً (ہمارے احسان کو بھول کر) ہماری نشانیوں میں ان کا مکر وفریب (شروع) ہو جاتا ہے۔ فرما دیجیے: اللہ مکر کی سزا جلد دینے والا ہے۔ بے شک ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے، جو بھی فریب تم کر رہے ہو (اسے) لکھتے رہتے ہیںo

And when We make the people relish (Our) mercy after they are afflicted with distress, their plotting immediately begins against Our signs (consigning Our favour to oblivion). Say: 'Allah is Swift to punish intrigues.' Surely, the angels We have sent keep writing whatever plots you contrive.

سورۃ ہود:

مَن كَانَ يُرِيدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيهَا وَهُمْ فِيهَا لَا يُبْخَسُونَ (15)

ترجمہ: جو لوگ (فقط) دنیوی زندگی اور اس کی زینت (و آرائش) کے طالب ہیں ہم ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ اسی دنیا میں دے دیتے ہیں اور انہیں اس (دنیا کے صلہ) میں کوئی کمی نہیں دی جاتیo

Those who lust after the worldly life (only) with its beauty (and embellishment), We pay them back in full for their works here in this world, and their (worldly recompense) is not diminished in the least.

أُولَئِكَ الَّذِينَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوا فِيهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ (16)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں کچھ (حصہ) نہیں سوائے آتشِ (دوزخ) کے، اور وہ سب (اَعمال اپنے اُخروی اَجر کے حساب سے) اکارت ہو گئے جو انہوں نے دنیا میں انجام دیے تھے اور وہ (سب کچھ) باطل و بے کار ہو گیا جو وہ کرتے رہے تھے (کیونکہ ان کا حساب پورے اجر کے ساتھ دنیا میں ہی چکا دیا گیا ہے اور آخرت کے لیے کچھ نہیں بچا)o

They are the people for whom there is no (share) in the Hereafter except the Fire (of Hell). And (as for reward in the Hereafter) all (the works) they did in the world have come to nothing, and (all that) they used to do is null and void (because their account is cleared by paying them in full measure in the life of the world, and nothing remains in their balance for the Hereafter).

سورۃ ابراہیم:

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ (24)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا، اللہ نے کیسی مثال بیان فرمائی ہے کہ پاکیزہ بات اس پاکیزہ درخت کی مانند ہے جس کی جڑ (زمین میں) مضبوط ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیںo

Have you not seen how Allah sets forth an example: a good word is like a good tree? Its root is firm (in the earth) and its branches reach into the sky.

تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (25)

ترجمہ: وہ (درخت) اپنے رب کے حکم سے ہر وقت پھل دے رہا ہے، اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بیان فرماتا ہے تاکہ وہ

نصیحت حاصل کریںo

(That tree) yields fruit at all times by the command of its Lord, and Allah illustrates examples for the people so that they may take advice.

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِن فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِن قَرَارٍ (26)

ترجمہ: اورناپاک بات کی مثال اس ناپاک درخت کی سی ہے جسے زمین کے اوپر ہی سے اکھاڑ لیا جائے، اسے ذرا بھی قرار (وبقا) نہ ہوo

And the example of an evil word is like that of an evil tree, which is uprooted from the surface of the earth (and) which has no chance to get firm (in the soil and survive).

سورۃ الحجر:

مَّا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ (5)

ترجمہ: کوئی بھی قوم (قانونِ عروج وزوال کی) اپنی مقررہ مدت سے نہ آگے بڑھ سکتی ہے اور نہ پیچھے ہٹ سکتی ہےo

No people can go beyond their appointed term, nor can they step back (under the law of rise and fall).

سورۃ النحل:

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالاً نُّوحِيۤ إِلَيْهِمْ فَاسْأَلُواْ أَهْلَ الذِّكْرِ إِن كُنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (43)

ترجمہ: اورہم نے آپ سے پہلے بھی مَردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے سوتم اہلِ ذکر سے پوچھ لیا کرو اگر تمہیں خود (کچھ) معلوم نہ ہوo

And before you also, We sent only men as Messengers towards whom We sent Our Revelations. So if you yourselves do not know (anything), then ask the People of remembrance.

وَاللّهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفَّاكُمْ وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لاَ يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئاً إِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ قَدِيرٌ (70)

ترجمہ: اوراللہ نے تمہیں پیدا فرمایا ہے پھر وہ تمہیں وفات دیتا (یعنی تمہاری روح قبض کرتا) ہے۔ اورتم میں سے کسی کو ناقص ترین عمر (بڑھاپا) کی طرف پھیر دیا جاتا ہے تاکہ (زندگی میں بہت کچھ) جان لینے کے بعد اب کچھ بھی نہ جانے (یعنی انسان مرنے سے پہلے اپنی بے بسی وکم مائیگی کا منظر بھی دیکھ لے)، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی قدرت والا ہےo

And Allah has brought you into being; then He causes you to die; and He turns some of you to the most worthless age (i.e., senility) so that after knowing (so much in life) he should now know nothing (i.e., man may see to his helplessness and paucity of resources before death). Surely, Allah is All-Knowing, All-Powerful.

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلَى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَاءٌ أَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ (71)

ترجمہ: اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر رزق (کے درجات) میں فضیلت دی ہے (تاکہ وہ تمہیں حکمِ انفاق کے ذریعے آزمائے)، مگر جن لوگوں کو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنی دولت (کے کچھ حصہ کو بھی) اپنے زیردست لوگوں پر نہیں لوٹاتے (یعنی خرچ نہیں کرتے) حالاں کہ وہ سب اس میں (بنیادی ضروریات کی حد تک) برابر ہیں، تو کیا وہ اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیںo

And Allah has preferred some of you to others in (grades of) provision (so that He puts you to trial through the command of spending in His way). But those who have been preferred do not divert (even a portion of) their wealth to (i.e., do not spend on) their dependants, whilst they all are equal in it (as for as their basic necessities are concerned). So do they deny Allah's favour?

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلَى شَيْءٍ وَمَن رَّزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَجَهْرًا هَلْ يَسْتَوُوْنَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (75)

ترجمہ: اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی ہے (کہ) ایک غلام ہے (جو کسی کی) ملکیت میں ہے (خود) کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور (دوسرا) وہ شخص ہے جسے ہم نے اپنی طرف سے عمدہ روزی عطا فرمائی ہے سو وہ اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا ہے، کیا وہ برابر ہو سکتے ہیں، سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر (بنیادی حقیقت کو بھی) نہیں جانتےo

Allah has explained an example (that) there is a slave, possessed by (some master), having no control over anything (himself), and (the other) is the one to whom We have given the best provision, so he gives out to others out of it secretly and openly: can the two be held equal? All praise belongs to Allah alone. But most of them do not know (even the basic reality).

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلَى شَيْءٍ وَهُوَ كَلٌّ عَلَى مَوْلَاهُ أَيْنَمَا يُوَجِّههُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ وَمَن يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَهُوَ عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (76)

ترجمہ: اور اللہ نے دو (ایسے) آدمیوں کی مثال بیان فرمائی ہے جن میں سے ایک گونگا ہے وہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور وہ اپنے مالک پر بوجھ ہے وہ (مالک) اسے جدھر بھی بھیجتا ہے کوئی بھلائی لے کر نہیں آتا، کیا وہ (گونگا) اور (دوسرا) وہ شخص جو (اس منصب کا حامل ہے کہ) لوگوں کو عدل و انصاف کا حکم دیتا ہے اور وہ خود بھی سیدھی راہ پر گامزن ہے (دونوں) برابر ہو سکتے ہیںo

And Allah has illustrated an example of two (such) men of whom one is dumb, has no power over anything and is a burden on his master; wherever he (the master) sends him, he brings no good. Can he (the dumb) be equal to the (other) one who (holds such an office that he) enjoins the people to do justice, and he himself also follows the straight path?

سورۃ بنی اسرائیل:

وَيَدْعُ الإِنسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاءهُ بِالْخَيْرِ وَكَانَ الإِنسَانُ عَجُولاً (11)

ترجمہ: اورانسان (کبھی تنگ دل اور پریشان ہوکر) برائی کی دعا مانگنے لگتا ہے جس طرح (اپنے لیے) بھلائی کی دعا مانگتا ہے، اور انسان بڑا ہی جلد باز واقع ہوا ہےo

And (intolerant and anguished) man prays (sometimes) for evil as he prays for good (for himself). And man has happened to be very impulsive indeed.

مَّنِ اهْتَدَى فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَلاَ تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولاً (15)

ترجمہ: جوکوئی راہِ ہدایت اختیار کرتا ہے تو وہ اپنے فائدہ کے لیے ہدایت پر چلتا ہے اور جو شخص گمراہ ہوتا ہے تو اس کی گمراہی کا وبال (بھی) اسی پر ہے، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے (کے گناہوں) کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، اور ہم ہرگز عذاب دینے والے نہیں ہیں یہاں تک کہ ہم (اس قوم میں) کسی رسول کو بھیج لیںo

Whoever adopts the path of guidance follows it to his own benefit, and whoever goes astray, then the evil consequences of his error also fall back on him alone. And no bearer of burden will bear the burden (of the sins) of any other. And We do not torment (any people) at all until We send a Messenger (to them).

وَإِذَا أَرَدْنَا أَن نُّهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُواْ فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنَاهَا تَدْمِيراً (16)

ترجمہ: اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتے ہیں تو ہم وہاں کے امراء اور خوشحال لوگوں کو (کوئی) حکم دیتے ہیں (تاکہ ان کے ذریعہ عوام اور غرباء بھی درست ہو جائیں) تو وہ اس (بستی) میں نافرمانی کرتے ہیں پس اس پر ہمارا فرمانِ (عذاب) واجب ہو جاتا ہے پھر ہم اس بستی کو بالکل ہی مسمار کر دیتے ہیںo

And when We resolve to destroy a town, We send (some) command to the rich and the affluent amongst them (so that the common man and the poor may make amends) but they act disobediently in (the town). Thus Our decree (of torment) becomes due against it. Then We totally demolish that town.

وَلاَ تَقْتُلُواْ أَوْلادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلاقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُمْ إِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْءاً كَبِيراً (31)

ترجمہ: اورتم اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے قتل مت کرو، ہم ہی انہیں (بھی) روزی دیتے ہیں اور تمہیں بھی، بے شک ان کو قتل کرنا بہت بڑا گناہ ہےo

And do not kill your children due to fear of poverty. We alone provide for them and for you (as well). Indeed, killing them is a major sin.

وَلاَ تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولـئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْؤُولاً (36)

ترجمہ: اور (اے انسان!) تو اس بات کی پیروی نہ کر جس کا تجھے (صحیح) علم نہیں، بے شک کان اور آنکھ اور دل ان میں سے ہر

ایک سے باز پرس ہوگیo

And, (O man,) do not follow that of which you have no (authentic) knowledge. Indeed the ear, the eye and the heart-each of them will be questioned.

سورۃ الکہف:

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا (32)

ترجمہ: اورآپ ان سے ان دوشخصوں کی مثال بیان کریں جن میں سے ایک کے لیے ہم نے انگور کے دو باغات بنائے اور ہم نے ان دونوں کو تمام اَطراف سے کھجور کے درختوں کے ساتھ ڈھانپ دیا اور ہم نے ان کے درمیان (سرسبز وشاداب) کھیتیاں اگا دیںo

And relate to them the example of two men, one of whom We provided with two gardens of grapevines, and We hedged both from all sides with date-palms, and We grew between them (rich green) cultivated fields.

سورۃ مریم:

ثُمَّ لَنَنزِعَنَّ مِن كُلِّ شِيعَةٍ أَيُّهُمْ أَشَدُّ عَلَى الرَّحْمَنِ عِتِيًّا (69)

ترجمہ: پھر ہم ہر گروہ سے ایسے شخص کو ضرور چن کر نکال لیں گے جو ان میں سے (خدائے) رحمان پر سب سے زیادہ نافرمان و سرکش ہوگاo

Then We shall indeed pick out from every group the one who had been most disobedient to, and rebellious against, the Most Kind (Lord).

سورۃ الانبیاء:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَنَبْلُوكُم بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ (35)

ترجمہ: ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے، اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی میں آزمائش کے لیے مبتلا کرتے ہیں، اور تم ہماری ہی طرف پلٹائے جاؤ گےo

Every soul has to taste death, and We make you undergo foul and fair for trial, and towards Us will you be returned.

خُلِقَ الْإِنسَانُ مِنْ عَجَلٍ سَأُرِيكُمْ آيَاتِي فَلَا تَسْتَعْجِلُونِ (37)

ترجمہ: انسان (فطرتاً) جلد بازی میں سے پیدا کیا گیا ہے، میں تمہیں جلد ہی اپنی نشانیاں دکھاؤں گا پس تم جلدی کا مطالبہ نہ کروo

Man has been created (instinctually) from haste. I shall soon show you My signs, so do not seek hurry.

سورۃ الحج:

مَن كَانَ يَظُنُّ أَن لَّن يَنصُرَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ إِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ لِيَقْطَعْ فَلْيَنظُرْ هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهُ مَا يَغِيظُ (15)

ترجمہ: جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ اللہ اپنے (محبوب و برگزیدہ) رسول کی دنیا و آخرت میں ہرگز مدد نہیں کرے گا اسے چاہئے کہ (گھر کی) چھت سے ایک رسی باندھ کر لٹک جائے پھر (خود کو) پھانسی دے لے پھر دیکھے کیا اس کی یہ تدبیر اس (نصرتِ الٰہی) کو دور کر دیتی ہے جس پر غصہ کھا رہا ہے o

Whoever thinks that Allah will not at all help His (beloved and most exalted) Prophet in the world and in the Hereafter should tie a rope to the ceiling (of his house) and then hang and strangle (himself). Then let him see whether his plan removes that (help of Allah) at which he feels enraged.

سورۃ النور:

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِينَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحاً حَتَّى يُغْنِيَهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَالَّذِينَ يَبْتَغُونَ الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيهِمْ خَيْراً وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّناً لِّتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَن يُكْرِههُّنَّ فَإِنَّ اللَّهَ مِن بَعْدِ إِكْرَاهِهِنَّ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (33)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کو پاک دامنی اختیار کرنا چاہئے جو نکاح (کی استطاعت) نہیں پاتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی فرما دے، اور تمہارے زیرِ دست (غلاموں اور باندیوں) میں سے جو مکاتب (کچھ مال کما کر دینے کی شرط پر آزاد) ہونا چاہیں تو انہیں مکاتب (مذکورہ شرط پر آزاد) کر دو اگر تم ان میں بھلائی جانتے ہو، اور تم (خود بھی) انہیں اللہ کے مال میں سے (آزاد ہونے کے لیے) دے دو جو اس نے تمہیں عطا فرمایا ہے، اور تم اپنی باندیوں کو دنیوی زندگی کا فائدہ حاصل کرنے کے لیے بدکاری پر مجبور نہ کرو جبکہ وہ پاک دامن (یا حفاظتِ نکاح میں) رہنا چاہتی ہیں، اور جو شخص انہیں مجبور کرے گا تو اللہ ان کے مجبور ہو جانے کے بعد (بھی) بڑا بخشنے والا مہربان ہے o

And those who cannot afford marriage (for lack of financial means) should adopt chastity until Allah enriches them out of His bounty. And from amongst (the male and female slaves) under your control, those who seek to write out a deed (of manumission-freedom through earning and paying,) write it for them, and free them (under the given condition) if you see any good in them. Pay them (also yourselves) out of that wealth which Allah has given you (to help them get freedom). And do not force your maids into prostitution to obtain benefit of the worldly life if they desire to keep themselves chaste (or wish to safeguard their chastity through marriage). And whoever will compel them, then (even) after they are compelled, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى أَنفُسِكُمْ أَن تَأْكُلُوا مِن بُيُوتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ آبَائِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أُمَّهَاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ إِخْوَانِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَخَوَاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَعْمَامِكُمْ أَوْ بُيُوتِ عَمَّاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَخْوَالِكُمْ أَوْ بُيُوتِ خَالَاتِكُمْ أَوْ مَا مَلَكْتُم مَّفَاتِحَهُ أَوْ صَدِيقِكُمْ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَأْكُلُوا جَمِيعاً أَوْ أَشْتَاتاً فَإِذَا دَخَلْتُم بُيُوتاً فَسَلِّمُوا عَلَى أَنفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ **(61)**

ترجمہ: اندھے پر کوئی رکاوٹ نہیں اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے اور نہ خود تمہارے لیے (کوئی مضائقہ ہے) کہ تم اپنے گھروں سے (کھانا) کھالو یا اپنے باپ دادا کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جن گھروں کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں (یعنی جن میں ان کے مالکوں کی طرف سے تمہیں ہر قسم کے تصرّف کی اجازت ہے) یا اپنے دوستوں کے گھروں سے (کھانا کھا لینے میں مضائقہ نہیں)، تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ تم سب کے سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ، پھر جب تم گھروں میں داخل ہوا کرو تو اپنے (گھر والوں) پر سلام کہا کرو (یہ) اللہ کی طرف سے بابرکت پاکیزہ دعا ہے، اس طرح اللہ اپنی آیتوں کو تمہارے لیے واضح فرماتا ہے تاکہ تم (احکامِ شریعت اور آدابِ زندگی کو) سمجھ سکو○

There is no restriction on the blind, nor any blame on the lame, nor is there any sin on the sick, nor (any harm) for you if you eat (food) from your own houses or from the houses of your fathers, or the houses of your mothers, or the houses of your brothers, or the houses of your sisters, or the houses of your fathers' brothers, or the houses of your fathers' sisters, or the houses of your mothers' brothers, or the houses of your mothers' sisters, or the houses whose keys are in your charge (i.e., whose owners have permitted you for any use. Nor is there any harm to eat food) from your friends' houses. There is no sin on you whether you all eat together or separately. Then, when you enter the houses, greet (the members of) your (family) with the greeting of peace and security. (This) is a blissful and pure greeting from Allah. Thus Allah makes clear His Verses for you so that you may understand (the commands of the Shariah and the manners of life).

سورۃ القصص:

وَمَا أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَزِينَتُهَا وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَى أَفَلَا تَعْقِلُونَ **(60)**

ترجمہ: اور جو چیز بھی تمہیں عطا کی گئی ہے سو (وہ) دنیوی زندگی کا سامان اور اس کی رونق و زینت ہے۔ مگر جو چیز (بھی) اللہ کے پاس ہے وہ (اس سے) زیادہ بہتر اور دائمی ہے۔ کیا تم (اس حقیقت کو) نہیں سمجھتے○

And whatever you have been given are but provisions of the worldly life, its charms and beauty. But what is (yet) with Allah is far better (than this) and eternal. Do you not understand (this fact)?

سورۃ العنکبوت:

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللَّهِ فَإِذَا أُوذِيَ فِي اللَّهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللَّهِ وَلَئِن جَاءَ نَصْرٌ مِّن رَّبِّكَ لَيَقُولُنَّ إِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ أَوَلَيْسَ اللَّهُ بِأَعْلَمَ بِمَا فِي صُدُورِ الْعَالَمِينَ (10)

ترجمہ: اورلوگوں میں ایسے شخص (بھی) ہوتے ہیں جو (زبان سے) کہتے ہیں کہ ہم اللہ پر ایمان لائے، پھر جب انہیں اللہ کی راہ میں (کوئی) تکلیف پہنچائی جاتی ہے تو وہ لوگوں کی آزمائش کو اللہ کے عذاب کی مانند قرار دیتے ہیں، اور اگر آپ کے رب کی جانب سے کوئی مدد آ پہنچتی ہے تو وہ یقیناً یہ کہنے لگتے ہیں کہ ہم تو تمہارے ساتھ ہی تھے، کیا اللہ ان (باتوں) کو نہیں جانتا جو جہان والوں کے سینوں میں (پوشیدہ) ہیں o

And there are (also) those amongst the people who say: 'We believe in Allah,' but when they are put to (some) trouble in the way of Allah, they consider the trial of the people like punishment from Allah. And if some help comes from your Lord, then indeed they start saying: 'We were with you.' Is Allah not best aware of those (things) which are (hidden) in the breasts of all the people of the world?

سورۃ الروم:

ضَرَبَ لَكُم مَّثَلًا مِنْ أَنفُسِكُمْ هَل لَّكُم مِّن مَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُم مِّن شُرَكَاءَ فِي مَا رَزَقْنَاكُمْ فَأَنتُمْ فِيهِ سَوَاءٌ تَخَافُونَهُمْ كَخِيفَتِكُمْ أَنفُسَكُمْ كَذَلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (28)

ترجمہ: اُس نے (نکتۂ توحید سمجھانے کے لیے) تمہارے لیے تمہاری ذاتی زندگیوں سے ایک مثال بیان فرمائی ہے کہ کیا جو (لونڈی، غلام) تمہاری مِلک میں ہیں اس مال میں جو ہم نے تمہیں عطا کیا ہے شراکت دار ہیں، کہ تم (سب) اس (ملکیت) میں برابر ہو جاؤ۔ (مزید یہ کہ کیا) تم ان سے اسی طرح ڈرتے ہو جس طرح تمہیں اپنوں کا خوف ہوتا ہے (نہیں) اسی طرح ہم عقل رکھنے والوں کے لیے نشانیاں کھول کر بیان کرتے ہیں (کہ اللہ کا بھی اس کی مخلوق میں کوئی شریک نہیں ہے) o

(To bring home the point of the Oneness of God) He has illustrated an example for you from your personal lives: Are those (slaves), whom you possess, your partners in the wealth which We have given you, that you (all) become equal sharers (owners? Moreover, do) you fear them as you fear one another? (No,) We explain the signs expressly in the same way for those who possess wisdom (that there is no partner of Allah also in His creation).

وَلَئِنْ أَرْسَلْنَا رِيحاً فَرَأَوْهُ مُصْفَرّاً لَّظَلُّوا مِن بَعْدِهِ يَكْفُرُونَ (51)

ترجمہ: اور اگر ہم (خشک) ہوا بھیج دیں اور وہ (اپنی) کھیتی کو زرد ہوتا ہوا دیکھ لیں تو اس کے بعد وہ (پہلی تمام نعمتوں سے) کفر کرنے لگیں گے o

And if We send a dry wind and they see (their) crops turning yellow, then after this they will start denying (all the earlier favours).

سورۃ یٰس:

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِيْ آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (60)

ترجمہ: اے بنی آدم! کیا میں نے تم سے اس بات کا عہد نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی پرستش نہ کرنا، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہےo

O Children of Adam! Did I not take this covenant from you not to worship Satan; no doubt he is your open enemy;

وَأَنُ اعْبُدُونِيْ هَذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (61)

ترجمہ: اور یہ کہ میری عبادت کرتے رہنا، یہی سیدھا راستہ ہےo

And that you keep worshipping Me alone? That is the straight path.

وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيْراً أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ (62)

ترجمہ: اور بے شک اس نے تم میں سے بہت سی خلقت کو گمراہ کر ڈالا، پھر کیا تم عقل نہیں رکھتے تھےo

And surely, he led great many of you astray, so had you not any wisdom?

هَذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنتُمْ تُوعَدُونَ (63)

ترجمہ: یہ وہی دوزخ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا رہا ہےo

This is the same Hell that was being promised to you.

أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ (77)

ترجمہ: کیا انسان نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے ایک تولیدی قطرہ سے پیدا کیا، پھر بھی وہ کھلے طور پر سخت جھگڑالو بن گیاo

Has man not seen that We have created him from a sperm drop? Even then, he has become an open adversary.

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ قَالَ مَنْ يُحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ (78)

ترجمہ: اور (خود) ہمارے لیے مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش (کی حقیقت) کو بھول گیا۔ کہنے لگا: ہڈیوں کو کون زندہ کرے گا جبکہ وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں گی؟o

And he (himself) puts forth examples for Us and has forgotten (the truth of) his creation. He says: 'Who will give life to bones when they will have been decomposed?'

سورۃ الزمر:

Mوَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيْباً إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُو إِلَيْهِ مِن قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَندَاداً لِّيُضِلَّ عَن سَبِيْلِهِ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلاً إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ (8)

ترجمہ: اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اپنے رب کو اسی کی طرف رجوع کرتے ہوئے پکارتا ہے، پھر جب (اللہ) اُسے اپنی جانب سے کوئی نعمت بخش دیتا ہے تو وہ اُس (تکلیف) کو بھول جاتا ہے جس کے لیے وہ پہلے دعا کیا کرتا تھا اور (پھر) اللہ کے لیے (بتوں کو) شریک ٹھہرانے لگتا ہے تاکہ (دوسرے لوگوں کو بھی) اس کی راہ سے بھٹکا دے، فرما دیجیے: (اے کافر!) تو اپنے

کُفر کے ساتھ تھوڑا سا (ظاہری) فائدہ اٹھالے، تو بے شک دوزخیوں میں سے ہےo

And when some suffering afflicts man, he turns to his Lord and cries out. Then when (Allah) grants him some blessing from Himself, he forgets that (suffering) which he used to beseech relief from. And (then) he sets up (idols) as partners with Allah to make (others also) lose His way. Say: '(O disbeliever,) profit a little (worldly gain) from your disbelief; you are certainly of the inmates of Hell.

قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا فِيْ هَذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَأَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُم بِغَيْرِ حِسَابٍ **(10)**

ترجمہ: (محبوب! میری طرف سے) فرما دیجیے: اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو اپنے رب کا تقوٰی اختیار کرو۔ ایسے ہی لوگوں کے لیے جو اس دنیا میں صاحبانِ احسان ہوئے، بہترین صلہ ہے، اور اللہ کی سرزمین کشادہ ہے، بلاشبہ صبر کرنے والوں کو اُن کا اجر بے حساب انداز سے پورا کیا جائے گاo

(O Beloved,) say (on My behalf), 'O My servants, you who have believed, adopt Godwariness; it is for the men of spiritual excellence in this world that there is excellent reward. And Allah's earth is vast. So the steadfast will certainly be given their reward without measure.'

الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ أَحْسَنَهُ أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ هَدَاهُمُ اللّٰهُ وَأُوْلَئِكَ هُمْ أُوْلُوا الْأَلْبَابِ **(18)**

ترجمہ: جو لوگ بات کو غور سے سنتے ہیں، پھر اس کے بہتر پہلو کی اتباع کرتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت فرمائی ہے اور یہی لوگ عقل مند ہیںo

Those who listen attentively to what is said, then follow the best in it, it is they whom Allah has given guidance, and it is they who have wisdom.

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ أَفَأَنْتَ تُنقِذُ مَن فِي النَّارِ **(19)**

ترجمہ: بھلا جس شخص پر عذاب کا حکم ثابت ہو چکا، تو کیا آپ اس شخص کو بچا سکتے ہیں جو (دائمی) دوزخی ہو چکا ہوo

But can you save him for whom the command of torment has become due and who has become the inmate of Hell (for ever)?

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعاً مُّخْتَلِفاً أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرّاً ثُمَّ يَجْعَلُهُ حُطَاماً إِنَّ فِي ذَلِكَ لَذِكْرَى لِأُوْلِي الْأَلْبَابِ **(21)**

ترجمہ: (اے انسان!) کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا، پھر زمین میں اس کے چشمے رواں کیے، پھر اس کے ذریعے کھیتی پیدا کرتا ہے جس کے رنگ جدا گانہ ہوتے ہیں، پھر وہ (تیار ہو کر) خشک ہو جاتی ہے، پھر (پکنے کے بعد) تو اسے زرد دیکھتا ہے، پھر وہ اسے چورا چورا کر دیتا ہے، بے شک اس میں عقل والوں کے لیے نصیحت ہےo

(O man!) Have you not seen that Allah showered water from the sky, then made it sprout from the earth as water springs? Then He brings forth with it crops of various colours. Then (growing fully) it dries up. Then, (ripening,) you see it turns yellow. Then He reduces it to broken straw. Surely, there is

advice in it for the wise.

أَفَمَن شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلَى نُورٍ مِّن رَّبِّهِ فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُم مِّن ذِكْرِ اللَّهِ أُولَئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ **(22)**

ترجمہ: بھلا اللہ نے جس شخص کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیا ہو تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر (فائز) ہو جاتا ہے، (اس کے برعکس) پس اُن لوگوں کے لیے ہلاکت ہے جن کے دل اللہ کے ذکر (کے فیض) سے (محروم ہو کر) سخت ہو گئے، یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں o

Well! He whose breast Allah has opened for Islam is (stationed) in the light from his Lord. (But on the contrary) those whose hearts are hardened for (being deprived of the bounty of) Allah's remembrance are destined to ruin. It is they who are in open error.

أَفَمَن يَتَّقِي بِوَجْهِهِ سُوءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقِيلَ لِلظَّالِمِينَ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ **(24)**

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو قیامت کے دن (آگ کے) برے عذاب کو اپنے چہرے سے روک رہا ہو گا (کیونکہ اس کے دونوں ہاتھ بندھے ہونگے، اس کا کیا حال ہو گا؟) اور ایسے ظالموں سے کہا جائے گا: اُن بداعمالیوں کا مزہ چکھو جو تم انجام دیا کرتے تھے o

Well, on the Day of Resurrection, (what will be the plight of the one) who will be trying to halt the evil torment (of the Fire) with his face (because both his hands will be fastened)? And it will be said to these wrongdoers: 'Taste the consequence of the evil deeds that you used to do.'

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَذَا الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ **(27)**

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے لوگوں کے (سمجھانے کے) لیے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال بیان کر دی ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کر سکیں o

And truly, (to make the people understand,) We have given every kind of example in this Qur'an in order that they may take advice.

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيهِ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا الْحَمْدُ لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ **(29)**

ترجمہ: اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی ہے ایسے (غلام) شخص کی جس کی ملکیت میں کئی ایسے لوگ شریک ہوں جو بداخلاق بھی ہوں اور باہم جھگڑالو بھی۔ اور (دوسری طرف) ایک ایسا شخص ہو جو صرف ایک ہی فرد کا غلام ہو، کیا یہ دونوں (اپنے) حالات کے لحاظ سے یکساں ہو سکتے ہیں؟ (ہرگز نہیں) ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر لوگ (حقیقتِ توحید کو) نہیں جانتے o

Allah has given an example of such a (slave) person that is owned by many partners who are ill-mannered and mutually quarrelsome as well. And (on the other side) there is a person who is a slave only to one master. Can they both

be alike? (Not at all!) All praise belongs to Allah alone. But most of them do not know (the truth of the Oneness of Allah).

إِنَّـا أَنـزَلْـنَـا عَـلَيْكَ الْـكِتَـابَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ فَمَنِ اهْتَدَى فَلِنَفْسِهِ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيْلٍ **(41)**

ترجمہ: بے شک ہم نے آپ پر لوگوں (کی رہنمائی) کے لیے حق کے ساتھ کتاب اتاری، سو جس نے ہدایت پائی تو اپنے ہی فائدے کے لیے اور جو گمراہ ہوا تو اپنے ہی نقصان کے لیے گمراہ ہوا اور آپ اُن کے ذمّہ دار نہیں ہیںo

Surely, We revealed the Book to you with the truth for (the guidance of) people. So he who takes guidance takes it for his own benefit, and he who goes astray, he strays to his own detriment. And you are not responsible for them.

اللّـهُ يَتَـوَفَّـى الْأَنـفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِىْ لَمْ تَمُتْ فِىْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِىْ قَضَى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْأُخْرَى إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى إِنَّ فِىْ ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُوْنَ **(42)**

ترجمہ: اللہ جانوں کو اُن کی موت کے وقت قبض کر لیتا ہے اور اُن (جانوں) کو جنہیں موت نہیں آئی ہے اُن کی نیند کی حالت میں، پھر اُن کو روک لیتا ہے جن پر موت کا حکم صادر ہو چکا ہو اور دوسری (جانوں) کو مقرّرہ وقت تک چھوڑے رکھتا ہے۔ بے شک اس میں اُن لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیںo

Allah takes away souls at the time of their death and those whose death has not yet arrived during their sleep. Then He withholds those souls whose death He has ordained and sets other (souls) free till an appointed time. Surely, in it are signs for those who contemplate.

قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِىْ مَا كَانُوا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ **(46)**

ترجمہ: آپ عرض کیجئے: اے اللہ! آسمانوں اور زمین کو عدم سے وجود میں لانے والے! غیب اور ظاہر کا علم رکھنے والے! تو ہی اپنے بندوں کے درمیان اُن (امور) کا فیصلہ فرمائے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھےo

Say: 'O Allah! Originator of the heavens and the earth! Knower of the unseen and the seen! You alone will judge between Your servants those (matters) wherein they used to disagree.'

فَـإِذَا مَـسَّ الْـإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ثُمَّ إِذَا خَوَّلْنَاهُ نِعْمَةً مِّنَّا قَالَ إِنَّمَا أُوتِيْتُهُ عَلَى عِلْمٍ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ **(49)**

ترجمہ: پھر جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اسے اپنی طرف سے کوئی نعمت بخش دیتے ہیں تو کہنے لگتا ہے کہ یہ نعمت تو مجھے (میرے) علم و تدبیر (کی بنا) پر ملی ہے، بلکہ یہ آزمائش ہے مگر ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتےo

When some suffering touches man, he cries to Us. But when We grant him some favour from Us, he starts saying: 'This favour has come to me on (the basis of my own) knowledge and planning.' In fact, it is a trial, but most of them do not know.

قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ فَمَا أَغْنَى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ (50)

ترجمہ: فی الواقع یہ (باتیں) وہ لوگ بھی کیا کرتے تھے جو اُن سے پہلے تھے، سو جو کچھ وہ کماتے رہے اُن کے کسی کام نہ آ سکاo

In truth, those who have passed away before them also used to say the same (things). So whatever they earned could not benefit them.

فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَالَّذِيْنَ ظَلَمُوا مِنْ هَؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَمَا هُم بِمُعْجِزِيْنَ (51)

ترجمہ: تو انہیں وہ برائیاں آ پہنچیں جو انہوں نے کما رکھی تھیں، اور اُن لوگوں میں سے جو ظلم کر رہے ہیں انہیں (بھی) عنقریب وہ برائیاں آ پہنچیں گی جو انہوں نے کما رکھی ہیں، اور وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتےo

And the evil deeds which they had done fell upon them, and those of them who are engaged in doing wrongs, their evil works that they have earned will (also) catch up with them soon and they cannot prevent (Allah).

أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (52)

ترجمہ: اور کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے، بے شک اس میں ایمان رکھنے والوں کے لیے نشانیاں ہیںo

And do they not know that Allah gives abundantly to whom He wills and sparingly (to whom He wills)? Surely, in that are signs for those who (truly) believe.

قُلْ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ أَسْرَفُوا عَلَى أَنفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِن رَّحْمَةِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعاً إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيْمُ (53)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کر لی ہے! تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا، بے شک اللہ سارے گناہ معاف فرما دیتا ہے، وہ یقیناً بڑا بخشنے والا، بہت رحم فرمانے والا ہےo

Say: 'O servants of Mine who have wronged their souls, do not lose hope of Allah's mercy. Assuredly, Allah forgives all sins (and excesses). He is certainly Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَأَنِيبُوا إِلَى رَبِّكُمْ وَأَسْلِمُوا لَهُ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ (54)

ترجمہ: اور تم اپنے رب کی طرف توبہ و انابت اختیار کرو اور اس کے اطاعت گزار بن جاؤ قبل اِس کے کہ تم پر عذاب آ جائے پھر تمہاری کوئی مدد نہیں کی جائے گیo

And turn to your Lord in repentance and total submission and become thoroughly obedient to Him before the torment comes upon you. Then you will not be helped at all.

وَاتَّبِعُوا أَحْسَنَ مَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَأَنتُمْ لَا تَشْعُرُونَ (55)

ترجمہ: اور اس بہترین (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری جانب اتاری گئی ہے قبل اِس کے کہ تم پر اچانک عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہوo

And follow the Excellent (Book) that has been revealed to you by your Lord before the torment suddenly comes upon you and you are simply unaware,

أَن تَقُولَ نَفْسٌ يَا حَسْرَتَى عَلَى مَا فَرَّطتُ فِي جَنبِ اللَّهِ وَإِن كُنتُ لَمِنَ السَّاخِرِينَ (56)

ترجمہ: (ایسا نہ ہو) کہ کوئی شخص کہنے لگے: ہائے افسوس! اس کمی اور کوتاہی پر جو میں نے اللہ کے حقِ (طاعت) میں کی اور میں یقیناً مذاق اڑانے والوں میں سے تھاo

(Lest) someone should say: 'Alas! Woe to me for my lapse and neglect of my duty (of obedience) to Allah and I was certainly of those who mocked.'

أَوْ تَقُولَ لَوْ أَنَّ اللَّهَ هَدَانِي لَكُنتُ مِنَ الْمُتَّقِينَ (57)

ترجمہ: یا کہنے لگے کہ اگر اللہ مجھے ہدایت دیتا تو میں ضرور پرہیزگاروں میں سے ہوتاo

Or should say: 'If Allah had given me guidance, I would certainly have been of the righteous.'

أَوْ تَقُولَ حِينَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ أَنَّ لِي كَرَّةً فَأَكُونَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ (58)

ترجمہ: یا عذاب دیکھتے وقت کہنے لگے کہ اگر ایک بار میرا دنیا میں لوٹنا ہو جائے تو میں نیکوکاروں میں سے ہو جاؤںo

Or should say on seeing the torment: 'Would that I was able to return to the world but once, I would then become one of the pious.'

بَلَى قَدْ جَاءتْكَ آيَاتِي فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنتَ مِنَ الْكَافِرِينَ (59)

ترجمہ: (رب فرمائے گا:) ہاں، بے شک میری آیتیں تیرے پاس آئی تھیں، سو تُو نے انہیں جھٹلا دیا، اور تُو نے تکبّر کیا اور تُو کافروں میں سے ہو گیاo

(The Lord will say:) 'Yes, no doubt, My Revelations came to you. So you rejected them and showed arrogance and became one of the disbelievers.'

لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ أُولَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (63)

ترجمہ: اسی کے پاس آسمانوں اور زمین کی کُنجیاں ہیں، اور جن لوگوں نے اللہ کی آیتوں کے ساتھ کفر کیا وہی لوگ ہی خسارہ اٹھانے والے ہیںo

To Him alone belong the keys of the heavens and the earth, and those who disbelieve in the Revelations of Allah, it is they who are the losers.

وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيْكَ وَإِلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكَ لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ (65)

ترجمہ: اور فی الحقیقت آپ کی طرف (یہ) وحی کی گئی ہے اور اُن (پیغمبروں) کی طرف (بھی) جو آپ سے پہلے (مبعوث ہوئے) تھے کہ (اے انسان!) اگر تُو نے شرک کیا تو یقیناً تیرا عمل برباد ہو جائے گا اور تُو ضرور نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگاo

And in truth (this) revelation has been sent to you and to those (Messengers as well) who were (raised) before you: '(O man,) if you associate partners with Allah, then all your works will go to waste, and you will certainly be amongst the losers.'

وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعاً قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّماوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (67)

ترجمہ: اورانہوں نے اللہ کی قدر وتعظیم نہیں کی جیسے اُس کی قدر وتعظیم کا حق تھا اور ساری کی ساری زمین قیامت کے دن اُس کی مُٹھی میں ہوگی اور سارے آسمانی کرّے اُس کے دائیں ہاتھ (یعنی قبضۂ قدرت) میں لپٹے ہوئے ہوں گے، وہ پاک ہے اور ہر اس چیز سے بلند وبرتر ہے جسے یہ لوگ شریک ٹھہراتے ہیںo

And they did not realize true appreciation and veneration of Allah's Glory as was due. And the whole earth will be in His grip on the Day of Resurrection, and all the heavenly spheres will be rolled up in His right hand (i.e., firm hold of His Might). Holy is He and High and Exalted above all that they associate with Him.

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُونَ (70)

ترجمہ: اور ہر شخص کو اُس کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور وہ خوب جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیںo

And everyone will be given recompense in full for his doings, and He Knows full well what they do.

سورۃ حم السجدۃ:

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ (34)

ترجمہ: اور نیکی اور بدی برابر نہیں ہو سکتے، اور برائی کو بہتر (طریقے) سے دور کیا کرو سو نتیجتاً وہ شخص کہ تمہارے اور جس کے درمیان دشمنی تھی گویا وہ گرم جوش دوست ہو جائے گاo

And good and evil cannot be equal. And remove the evil in a better (way) with the result that the one with whom you had rivalry becomes your most warmhearted friend.

سورۃ الشوریٰ:

تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِن فَوْقِهِنَّ وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَن فِي الْأَرْضِ أَلَا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ (5)

ترجمہ: قریب ہے آسمانی کرّے اپنے اوپر کی جانب سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے رہتے ہیں اور اُن لوگوں کے لیے جو زمین میں ہیں بخشش طلب کرتے رہتے ہیں۔ یاد رکھو! اللہ ہی بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

The heavenly spheres are nearly rent asunder from above them. And the angels keep glorifying their Lord with His praise, and begging for forgiveness for those on the earth. Remember! Allah alone is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَهُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلَكِن يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ (8)

ترجمہ: اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سب کو ایک ہی امّت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل فرماتا ہے، اور ظالموں کے

لیے نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار o

And had Allah so willed, He would have made all of them a single community. But He admits to His mercy whom He likes. And for the wrongdoers there will be no protector or guardian.

لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ **(12)**

ترجمہ: وہی آسمانوں اور زمین کی کنجیوں کا مالک ہے (یعنی جس کے لیے وہ چاہے خزانے کھول دیتا ہے) وہ جس کے لیے چاہتا ہے رِزق وعطا کشادہ فرما دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ بے شک وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے o

To Him belong the keys of the heavens and the earth (i.e., He opens His treasures to whom He wills). He grants sustenance abundantly to whom He likes and sparingly (to whom He wills). Surely, He knows everything best.

شَرَعَ لَكُم مِّنَ الدِّينِ مَا وَصَّى بِهِ نُوحاً وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ اللَّهُ يَجْتَبِي إِلَيْهِ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي إِلَيْهِ مَن يُنِيبُ **(13)**

ترجمہ: اُس نے تمہارے لیے دین کا وہی راستہ مقرّر فرمایا جس کا حکم اُس نے نُوح (علیہ السلام) کو دیا تھا اور جس کی وحی ہم نے آپ کی طرف بھیجی اور جس کا حکم ہم نے ابراھیم اور موسٰی وعیسٰی (علیہم السلام) کو دیا تھا (وہ یہی ہے) کہ تم (اِسی) دین پر قائم رہو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو، مشرکوں پر بہت ہی گراں ہے وہ (توحید کی بات) جس کی طرف آپ انہیں بلا رہے ہیں۔ اللہ جسے (خود) چاہتا ہے اپنے حضور میں (قربِ خاص کے لیے) منتخب فرما لیتا ہے، اور اپنی طرف (آنے کی) راہ دکھا دیتا ہے (ہر) اس شخص کو جو (اللہ کی طرف) قلبی رجوع کرتا ہے o

He has prescribed for you the same path of the Din (Religion) that He enjoined on Nuh (Noah), and that We have revealed to you, and that We enjoined on Ibrahim (Abraham) and Musa (Moses) and 'Isa (Jesus. And all it denotes is) that you should hold fast to the same Din (Religion) and do not make divisions in it. That (Oneness of Allah) to which you call them is quite hard for those who set up partners with Allah. Allah chooses whom He pleases (for exclusive nearness) in His presence, and shows the path to (come) towards Himself to everyone who turns (towards Allah) heartily.

وَمَا تَفَرَّقُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيَاً بَيْنَهُمْ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّ الَّذِينَ أُورِثُوا الْكِتَابَ مِن بَعْدِهِمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ **(14)**

ترجمہ: اور انہوں نے فرقہ بندی نہیں کی تھی مگر اِس کے بعد جبکہ اُن کے پاس علم آ چکا تھا محض آپس کی ضِد (اور ہٹ دھرمی) کی وجہ سے، اور اگر آپ کے رب کی جانب سے مقررہ مدّت تک (کی مہلت) کا فرمان پہلے صادر نہ ہوا ہوتا تو اُن کے درمیان فیصلہ کیا جا چکا ہوتا، اور بے شک جو لوگ اُن کے بعد کتاب کے وارث بنائے گئے تھے وہ خود اُس کی نسبت فریب دینے والے شک میں (مبتلا) ہیں o

And they did not break up into factions, but only after knowledge had reached

them, merely on account of their mutual obstinacy (and stubbornness). And had the command of your Lord not gone forth concerning (a respite for) an appointed time, the judgment would have been given between them. And verily, those who were made inheritors of the Book after them are themselves in deceitful doubt about it.

وَالَّذِيْنَ يُحَاجُّوْنَ فِيْ اللّٰهِ مِن بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِندَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ **(16)**

ترجمہ: اور جولوگ اللہ (کے دین کے بارے) میں جھگڑتے ہیں بعد اِس کے کہ اسے قبول کرلیا گیا اُن کی بحث وتکرار اُن کے رب کے نزدیک باطل ہے اور اُن پر (اللہ کا) غضب ہے اور اُن کے لیے سخت عذاب ہےo

And those who dispute about (the Din [Religion] of) Allah after it has been accepted, their discussion and contention is false in the sight of their Lord. And upon them is the wrath (of Allah) and for them is a severe torment.

مَن كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ وَمَن كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْآخِرَةِ مِن نَّصِيْبٍ **(20)**

ترجمہ: جو شخص آخرت کی کھیتی چاہتا ہے ہم اُس کے لیے اُس کی کھیتی میں مزید اضافہ فرما دیتے ہیں اور جو شخص دنیا کی کھیتی کا طالب ہوتا ہے (تو) ہم اُس کو اس میں سے کچھ عطا کر دیتے ہیں، پھر اُس کے لیے آخرت میں کچھ حصہ نہیں رہتاo

He who seeks the harvest of the Hereafter, We grant him further increase in his harvest. And he who desires the harvest of this world, We give him some of it, but in the Hereafter there does not remain any share for him.

أَمْ لَهُمْ شُرَكَاء شَرَعُوا لَهُم مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَأْذَن بِهِ اللّٰهُ وَلَوْلَا كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَإِنَّ الظَّالِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ **(21)**

ترجمہ: کیا اُن کے لیے کچھ (ایسے) شریک ہیں جنہوں نے اُن کے لیے دین کا ایسا راستہ مقرر کر دیا ہو جس کا اللہ نے حکم نہیں دیا تھا، اور اگر فیصلہ کا فرمان (صادر) نہ ہوا ہوتا تو اُن کے درمیان قصہ چکا دیا جاتا، اور بے شک ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہےo

Have they any (such) partners that have established for them a path of din (religion) about which Allah has not given any command? And had the command of judgment not (gone forth) already, the matter between them would have been settled. And surely, there is a painful torment for the wrongdoers.

تَرَى الظَّالِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوا وَهُوَ وَاقِعٌ بِهِمْ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِيْ رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ لَهُم مَّا يَشَاؤُوْنَ عِندَ رَبِّهِمْ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ **(22)**

ترجمہ: آپ ظالموں کو اُن (اعمال) سے ڈرنے والا دیکھیں گے جو انہوں نے کما رکھے ہیں اور وہ (عذاب) اُن پر واقع ہو کر رہے گا، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے وہ بہشت کے چمنوں میں ہوں گے، اُن کے لیے اُن کے رب کے

پاس وہ (تمام نعمتیں) ہوں گی جن کی وہ خواہش کریں گے، یہی تو بہت بڑا فضل ہےo

You will see the wrongdoers fearing those (deeds) that they have earned. And that (torment) is bound to befall them. And they who believe and persist in pious deeds will be in the Gardens of Paradise. There will be for them with their Lord (all those blessings) which they will long for. That is indeed a great bounty.

وَهُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَیَعْفُوْا عَنِ السَّیِّاٰتِ وَیَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ (25)

ترجمہ: اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور لغزشوں سے درگزر فرماتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو (اسے) جانتا ہےo

And He is the One Who accepts His servants' repentance and forgives sins and knows what you do.

وَیَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَیَزِیْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ (26)

ترجمہ: اور اُن لوگوں کی دعا قبول فرماتا ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے اور اپنے فضل سے انہیں (اُن کی دعا سے بھی) زیادہ دیتا ہے، اور جو کافر ہیں اُن کے لیے سخت عذاب ہےo

And He grants the prayers of those who believe and keep doing pious works, and gives them of His bounty more (than they pray for). But there is severe punishment for those who do not believe.

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ وَلٰكِنْ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا یَشَآءُ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِیْرٌۢ بَصِیْرٌ (27)

ترجمہ: اور اگر اللہ اپنے تمام بندوں کے لیے روزی کشادہ فرما دے تو وہ ضرور زمین میں سرکشی کرنے لگیں لیکن وہ (ضروریات کے) اندازے کے ساتھ جتنی چاہتا ہے اتارتا ہے، بے شک وہ اپنے بندوں (کی ضرورتوں) سے خبردار ہے خوب دیکھنے والا ہےo

And if Allah were to expand sustenance for all His servants abundantly, they would surely transgress and revolt in the earth. But He sends it down as He pleases according to the measure (of needs). Surely, He is Best Aware of His servants' (needs), All-Seeing.

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِیْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَیْدِیْكُمْ وَیَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍ (30)

ترجمہ: اور جو مصیبت بھی تم کو پہنچتی ہے تو اُس (بداعمالی) کے سبب سے ہی (پہنچتی ہے) جو تمہارے ہاتھوں نے کمائی ہوتی ہے حالاں کہ بہت سی (کوتاہیوں) سے تو وہ درگزر بھی فرما دیتا ہےo

And whatever misfortune befalls you (comes upon you) as a result of that (evil work) which your own hands have done whilst He forgives most of your (misdoings).

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ فِی الْاَرْضِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ (31)

ترجمہ: اور تم (اپنی تدبیروں سے) اللہ کو (پوری) زمین میں عاجز نہیں کر سکتے اور اللہ کو چھوڑ کر (بتوں میں سے) نہ کوئی تمہارا حامی ہوگا اور نہ مددگارo

And you cannot thwart Allah (anywhere) on earth (with your schemes). And, except Allah, none (of your idols) will be your guardian and helper.

أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ (34)

ترجمہ: یا اُن (جہازوں اور کشتیوں) کو اُن کے اعمالِ (بد) کے باعث جو انہوں نے کمار کھے ہیں غرق کر دے، مگر وہ بہت (سی خطاؤں) کو معاف فرما دیتا ہےo

Or He would drown those (vessels or ships) due to their (evil) deeds which they have earned but He forgives many (mistakes).

وَيَعْلَمَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِنَا مَا لَهُم مِّن مَّحِيصٍ (35)

ترجمہ: اور ہماری آیتوں میں جھگڑا کرنے والے جان لیں کہ اُن کے لیے بھاگ نکلنے کی کوئی راہ نہیں ہےo

And those who argue about Our Revelations should know that there is for them no way to escape.

فَمَا أُوتِيتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ وَأَبْقَى لِلَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (36)

ترجمہ: سو تمہیں جو کچھ بھی (مال و متاع) دیا گیا ہے وہ دنیوی زندگی کا (چند روزہ) فائدہ ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور پائیدار ہے، (یہ) اُن لوگوں کے لیے ہے جو ایمان لاتے اور اپنے رب پر توکّل کرتے ہیںo

And whatever (wealth and comforts) have been given to you is a small benefit for (a few days') worldly life, and what is with Allah is better and everlasting. And (that) is for those who believe and put trust in their Lord,

وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ (37)

ترجمہ: اور جو لوگ کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب انہیں غصّہ آتا ہے تو معاف کر دیتے ہیںo

And those who refrain from major sins and the indecencies; and when they feel furious, they forgive;

وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (38)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور اُن کا فیصلہ باہمی مشورہ سے ہوتا ہے اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا ہے خرچ کرتے ہیںo

And those who submit to the command of their Lord, and establish prayer; and their decisions are made through mutual consultations; and they spend in Our way out of the provision which We have given them;

وَالَّذِينَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنتَصِرُونَ (39)

ترجمہ: اور وہ لوگ کہ جب انہیں (کسی ظالم و جابر) سے ظلم پہنچتا ہے تو (اس سے) بدلہ لیتے ہیںo

And those who take revenge when they are wronged (by a tyrant and wrongdoer).

وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ (40)

ترجمہ: اور برائی کا بدلہ اسی برائی کی مِثل ہوتا ہے، پھر جس نے معاف کر دیا اور (معافی کے ذریعہ) اصلاح کی تو اُس کا اجر اللہ کے ذمّہ ہے۔ بے شک وہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتاo

And the requital of an evil is the like of that evil. Then he who forgives and (by forgiving) reforms, his reward is with Allah. Verily, He does not make friends with the wrongdoers.

وَلَمَنِ انتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهِ فَأُوْلَئِكَ مَا عَلَيْهِم مِّن سَبِيلٍ (41)

ترجمہ: اور یقیناً جو شخص اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد بدلہ لے تو ایسے لوگوں پر (ملامت و گرفت) کی کوئی راہ نہیں ہےo

And indeed, he who avenges the wrong that has been done to him, they will no way be (blamed and taken to task).

إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَظْلِمُونَ النَّاسَ وَيَبْغُونَ فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ أُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (42)

ترجمہ: بس (ملامت و گرفت کی) راہ صرف اُن کے خلاف ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور زمین میں ناحق سرکشی و فساد پھیلاتے ہیں، ایسے ہی لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہےo

But the way (to persecute) is only against those who wrong the people and spread corruption and violence unjustly in the land. It is they for whom there is a painful torment.

وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ (43)

ترجمہ: اور یقیناً جو شخص صبر کرے اور معاف کر دے تو بے شک یہ بلند ہمت کاموں میں سے ہےo

And surely, he who keeps patience and forgives, this is certainly of the deeds that demand great courage and resolve.

وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن بَعْدِهِ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَى مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ (44)

ترجمہ: اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اُس کے لیے اُس کے بعد کوئی کارساز نہیں ہوتا، اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ جب وہ عذابِ (آخرت) دیکھ لیں گے (تو) کہیں گے: کیا (دنیا میں) پلٹ جانے کی کوئی سبیل ہے؟o

And the one whom Allah holds astray, for him there is no protector after that. And you will see the wrongdoers; when they see the torment (of the Last Day), they will say: 'Is there any way to go back (to the world)?'

وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ وَقَالَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ (45)

ترجمہ: اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ پر ذلّت اور خوف کے ساتھ سر جھکائے ہوئے پیش کیے جائیں گے (اسے چوری چوری) چھپی نگاہوں سے دیکھتے ہوں گے، اور ایمان والے کہیں گے: بے شک نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو اور اپنے اہل و عیال کو قیامت کے دن خسارے میں ڈال دیا، یاد رکھو! بے شک ظالم لوگ دائمی عذاب میں (مبتلا) رہیں گےo

And you will see them brought to Hell with their heads bent with disgrace and fear, looking at it covertly (with a stealthy glance) and the believers will say: 'Surely, the losers are those who put their own souls and their families into loss on the Day of Rising. Remember! Indeed, the wrongdoers will remain in (the agony of) a lasting torment.

اسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَأٍ يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ (47)

ترجمہ: تم لوگ اپنے رب کا حکم قبول کرلو قبل اِس کے کہ وہ دن آجائے جو اللہ کی طرف سے ٹلنے والا نہیں ہے، نہ تمہارے لیے اُس دن کوئی جائے پناہ ہوگی اور نہ تمہارے لیے کوئی جائے انکارo

Accept and submit to the command of your Lord before the Day comes for which there is no averting from Allah. There will be no shelter for you on that Day. Nor will there be any possibility for you to deny.

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظاً إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنسَانَ كَفُورٌ (48)

ترجمہ: پھر (بھی) اگر وہ رُوگردانی کریں تو ہم نے آپ کو اُن پر (تباہی سے بچانے کا) ذمّہ دار بنا کر نہیں بھیجا۔ آپ پر تو صرف (پیغامِ حق) پہنچا دینے کی ذمّہ داری ہے، اور بے شک جب ہم انسان کو اپنی بارگاہ سے رحمت (کا ذائقہ) چکھاتے ہیں تو وہ اس سے خوش ہو جاتا ہے اور اگر انہیں کوئی مصیبت پہنچتی ہے اُن کے اپنے ہاتھوں سے آگے بھیجے ہوئے اعمالِ (بد) کے باعث، تو بے شک انسان بڑا ناشکر گزار (ثابت ہوتا) ہےo

(Even) then if they turn away, We have not sent you with any responsibility for (saving) them (from destruction). You are responsible only to convey (the message of truth). And verily, when We make man taste (the savour) of mercy from Our presence, he feels pleased. But when some misfortune reaches them, owing to the (evil) deeds sent ahead by their own hands, then no doubt man (proves) to be highly ungrateful.

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْياً أَوْ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولاً فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ (51)

ترجمہ: اور ہر بشر کی (یہ) مجال نہیں کہ اللہ اس سے (براہِ راست) کلام کرے مگر یہ کہ وحی کے ذریعے (کسی کو شانِ نبوت سے سرفراز فرما دے) یا پردے کے پیچھے سے (بات کرے جیسے موسٰی علیہ السلام سے طورِ سینا پر کی) یا کسی فرشتے کو فرستادہ بنا کر بھیجے اور وہ اُس کے اِذن سے جو اللہ چاہے وحی کرے (الغرض عالمِ بشریت کے لیے خطابِ اِلٰہی کا واسطہ اور وسیلہ صرف نبی اور رسول ہی ہوگا)، بے شک وہ بلند مرتبہ بڑی حکمت والا ہےo

And every man does not have the faculty that Allah should speak to him (directly) except by Revelation (He bestows upon some the holy status of Prophethood), or (should speak) from behind a veil (as He spoke to Musa [Moses] on Mount Tur of Sinai), or by sending some angel as a messenger to reveal with His permission what Allah may will. (In any case, the medium and

mediation of the communication of Allah's Word for mankind is none but the Prophet and the Messenger.) Surely, He is Most High, Most Wise.

وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحاً مِّنْ أَمْرِنَا مَا كُنتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَٰكِن جَعَلْنَاهُ نُوراً نَّهْدِي بِهِ مَنْ نَّشَاء مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ **(52)**

ترجمہ: سواسی طرح ہم نے آپ کی طرف اپنے حکم سے روحِ (قلوب وارواح) کی وحی فرمائی (جوقرآن ہے)، اورآپ (وحی سے قبل اپنی ذاتی درایت وفکر سے) نہ یہ جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ ایمان (کے شرعی احکام کی تفصیلات کو ہی جانتے تھے جو بعد میں نازل اور مقرر ہوئیں) ☆ مگر ہم نے اسے نور بنا دیا۔ ہم اِس (نور) کے ذریعہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت سے نوازتے ہیں، اور بے شک آپ ہی صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت عطا فرماتے ہیں ☆☆o

☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اُمّیت کی طرف اشارہ ہے تاکہ کفّار آپ کی زبان سے قرآن کی آیات اور ایمان کی تفصیلات سن کر یہ بدگمانی نہ پھیلائیں کہ یہ سب کچھ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ذاتی علم اور تفکر سے گھڑ لیا ہے کچھ نازل نہیں ہوا، سو یہ اَز خود نہ جاننا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عظیم معجزہ بنا دیا گیا۔

☆☆ اے حبیب! آپ کا ہدایت دینا اور ہمارا ہدایت دینا دونوں کی حقیقت ایک ہی ہے اور صرف انہی کو ہدایت نصیب ہوتی ہے جو اس حقیقت کی معرفت اور اس سے وابستگی رکھتے ہیں۔

So thus We revealed to you Our Spirit (of hearts and souls) by Our command (that is the Qur'an). And (before the Revelation) you did not know what the Book was, nor did you know (through your own endeavour and insight the details of the injunctions of) faith (which were sent down and determined later).* But We made it a Light. By means of this Light, We give guidance to those of Our servants whom We intend. And assuredly, you alone provide guidance towards the straight path.**

*** Here reference is made to the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) as being an Ummi (not taught to read or write) so that the disbelievers, hearing the Verses of the Qur'an and the details of faith from him, may not spread this evil thought that the Holy Prophet Muhammad (blessings and peace be upon him) has invented it out of his personal knowledge, learning and scholarship and that nothing has been sent down to him. So this unletteredness has been one of his great miracles.**

**** O Beloved! The reality of guidance is the same whether by you or by Us. And guidance is only the share of the one who acquires the knowledge of this fact and then sticks to it tenaciously.**

سورۃ الزخرف:

وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءاً إِنَّ الْإِنسَانَ لَكَفُورٌ مُّبِينٌ **(15)**

ترجمہ: اور اُن (مشرکوں) نے اس کے بندوں میں سے (بعض کو اس کی اولاد قرار دے کر) اس کے جزو بنا دیے، بے شک انسان صریحاً بڑا ناشکر گزار ہےo

And those (polytheists) have made some of His servants His component (of divinity by declaring them His children). Verily, man is blatantly ungrateful.

أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَةَ رَبِّكَ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُم مَّعِيشَتَهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِيَتَّخِذَ بَعْضُهُم بَعْضاً سُخْرِيّاً وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ (32)

ترجمہ: کیا آپ کے رب کی رحمتِ (نبوّت) کو یہ لوگ تقسیم کرتے ہیں؟ ہم اِن کے درمیان دنیوی زندگی میں ان کے (اسبابِ) معیشت کو تقسیم کرتے ہیں اور ہم ہی ان میں سے بعض کو بعض پر (وسائل و دولت میں) درجات کی فوقیت دیتے ہیں، (کیا ہم یہ اس لیے کرتے ہیں) کہ ان میں سے بعض (جو امیر ہیں) بعض (غریبوں) کا مذاق اڑائیں (یہ غربت کا تمسخر ہے کہ تم اس وجہ سے کسی کو رحمتِ نبوت کا حق دار ہی نہ سمجھو)، اور آپ کے رب کی رحمت اس (دولت) سے بہتر ہے جسے وہ جمع کرتے (اور گھمنڈ کرتے) ہیںo

Is it they who distribute the mercy (of the Prophethood) of your Lord? We distribute amongst them (the resources of) economy in the life of this world, and We alone raise some of them in grades (of wealth and resources) over the others. (Do We do this so that) some of them (who are rich) should make fun of the others (who are poor? This is mockery of poverty if, due to this, you do not consider someone as deserving the mercy of the Prophethood.) And the mercy of your Lord is better than that (wealth) which they amass (and become arrogant).

وَمَن يَعْشُ عَن ذِكْرِ الرَّحْمَنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَاناً فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ (36)

ترجمہ: اور جو شخص (خدائے) رحمان کی یاد سے صرف نظر کر لے تو ہم اُس کے لیے ایک شیطان مسلّط کر دیتے ہیں جو ہر وقت اس کے ساتھ جڑا رہتا ہےo

And whoever turns away from the remembrance of the Most Kind (Lord), We appoint a Satan to dominate him and stick to him constantly.

وَإِنَّهُمْ لَيَصُدُّونَهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ (37)

ترجمہ: اور وہ (شیاطین) انہیں (ہدایت کے) راستہ سے روکتے ہیں اور وہ یہی گمان کیے رہتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیںo

And these (satans) hinder them from the path (of guidance), but they maintain the wrong perception that they are on the path of guidance.

حَتَّى إِذَا جَاءنَا قَالَ يَا لَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِينُ (38)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئے گا تو (اپنے ساتھی شیطان سے) کہے گا: اے کاش! میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کا فاصلہ ہوتا پس (تو) بہت ہی برا ساتھی تھاo

Until when he will come to Us, he will say (to his companion, Satan): 'Alas!

Would that there had been between me and you the distance of east and west; So (you were) the most evil companion indeed!'

وَلَن يَنفَعَكُمُ الْيَوْمَ إِذ ظَّلَمْتُمْ أَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ (39)

ترجمہ: اورآج کے دن تمہیں (یہ آرزو کرنا) سودمند نہیں ہوگا جبکہ تم (عمر بھر) ظلم کرتے رہے، (آج) تم سب عذاب میں شریک ہوo

And this Day it is not profitable for you (to have this aspiration), whereas you kept doing wrong (all your life. Today) all of you will share the torment.

وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ (44)

ترجمہ: اور یقیناً یہ (قرآن) آپ کے لیے اور آپ کی امت کے لیے عظیم شرف ہے، اور (لوگو!) عنقریب تم سے پوچھا جائے گا (کہ تم نے قرآن کے ساتھ کتنا تعلق استوار کیا)o

And verily, this (Qur'an) is a great honour for you and for your Umma (Community). And, (O people,) you will soon be asked (how strong and firm a relation you established with the Qur'an).

إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ (74)

ترجمہ: بے شک مجرم لوگ دوزخ کے عذاب میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

Indeed, the sinners will live forever in the torment of Hell,

لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ (75)

ترجمہ: جو اُن سے ہلکا نہیں کیا جائے گا اور وہ اس میں ناامید ہو کر پڑے رہیں گےo

Which will never be decreased for them, and they will be lying there in endless despair.

وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَكِن كَانُوا هُمُ الظَّالِمِينَ (76)

ترجمہ: اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ہی ظلم کرنے والے تھےo

And We have not wronged them, but they were themselves the wrongdoers.

وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ قَالَ إِنَّكُم مَّاكِثُونَ (77)

ترجمہ: اور وہ (داروغۂ جہنّم کو) پکاریں گے: اے مالک! آپ کا رب ہمیں موت دے دے (تو اچھا ہے)۔ وہ کہے گا کہ تم (اب اِسی حال میں ہی) ہمیشہ رہنے والے ہوo

And they will cry out (to the guard of Hell): 'O master, (better it is if) your Lord causes us to die.' He will say: '(Now) you will live (in the same plight) forever.'

لَقَدْ جِئْنَاكُم بِالْحَقِّ وَلَكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ (78)

ترجمہ: بے شک ہم تمہارے پاس حق لائے لیکن تم میں سے اکثر لوگ حق کو ناپسند کرتے تھےo

Surely, We brought you the truth, but most of you disliked the truth.

أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُم بَلَى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ (80)

ترجمہ: کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ باتیں اور اُن کی سرگوشیاں نہیں سنتے؟ کیوں نہیں (ضرور سنتے ہیں)! اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے بھی اُن کے پاس لکھ رہے ہوتے ہیںo

Do they think that We do not hear their secret talk and whisperings? Why not? (We do listen.) And the angels sent by Us also remain with them, writing.

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّى يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ (83)

ترجمہ: سو آپ انہیں چھوڑ دیجیے، بے کار بحثوں میں پڑے رہیں اور لغو کھیل کھیلتے رہیں حتٰی کہ اپنے اس دن کو پالیں گے جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہےo

So leave them. Let them remain indulged in vain talk and absurd sport until they meet the Day which they are promised.

وَتَبَارَكَ الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَعِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (85)

ترجمہ: اور وہ ذات بڑی بابرکت ہے جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور (اُن کی بھی) جو کچھ اِن کے درمیان ہے، اور (وقتِ) قیامت کا علم (بھی) اس کے پاس ہے، اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

And Most Blessed is He to Whom belongs the Kingdom of the heavens and the earth and (also of all) that is between them. And He has the knowledge of the Last Hour (as well), and you will be returned to Him alone.

سورۃ الدخان:

رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا إِن كُنتُم مُّوقِنِينَ (7)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ اِن کے درمیان ہے (اُس کا) پروردگار ہے، بشرطیکہ تم یقین رکھنے والے ہوo

The Lord of the heavens and the earth and all that is between them, provided you have faith with certitude.

لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ رَبُّكُمْ وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ (8)

ترجمہ: اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی زندگی دیتا اور موت دیتا ہے (وہ) تمہارا (بھی) رب ہے اور تمہارے اگلے آباء و اجداد کا (بھی) رب ہےo

There is no God but He. He is the One Who gives life and causes death. He is your Lord and the Lord of your fathers (as well).

بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ يَلْعَبُونَ (9)

ترجمہ: بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیںo

Yet they are in doubt, busy playing.

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاء بِدُخَانٍ مُّبِينٍ (10)

ترجمہ: سو آپ اُس دن کا انتظار کریں جب آسمان واضح دھواں ظاہر کر دے گاo

So wait for the Day when the sky will cause a clear smoke to appear,

يَغْشَى النَّاسَ هَذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ (11)

ترجمہ: جولوگوں کوڈھانپ لے گا (یعنی ہرطرف محیط ہوجائے گا)، یہ دردناک عذاب ہےo

Which will envelop people (i.e., will encompass everything). That will be a painful torment.

رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ (12)

ترجمہ: (اس وقت کہیں گے:) اے ہمارے رب! تو ہم سے (اس) عذاب کو دور کر دے، بے شک ہم ایمان لاتے ہیںo

(They will then say:) 'O our Lord! Remove this torment from us. Surely, we believe.'

أَنَّى لَهُمُ الذِّكْرَى وَقَدْ جَاءهُمْ رَسُولٌ مُّبِينٌ (13)

ترجمہ: اب اُن کا نصیحت ماننا کہاں (مفید) ہوسکتا ہے حالاں کہ ان کے پاس واضح بیان فرمانے والے رسول آ چکےo

How can their acceptance of the admonition now be (of any use), whereas there came to them a Messenger with a clear exposition?

إِلَّا مَن رَّحِمَ اللَّهُ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ (42)

ترجمہ: سوائے اُن کے جن پر اللہ نے رحمت فرمائی ہے (وہ ایک دوسرے کی شفاعت کریں گے)، بے شک وہ بڑا غالب بہت رحم فرمانے والا ہےo

Except those to whom Allah has shown mercy. (They will intercede for one another.) Surely, He is Almighty, Ever-Merciful.

سورۃ الجاثیۃ:

اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (12)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے سمندر کو تمہارے قابو میں کر دیا تا کہ اس کے حکم سے اُس میں جہاز اور کشتیاں چلیں اور تا کہ تم (بحری راستوں سے بھی) اُس کا فضل (یعنی رزق) تلاش کر سکو، اور اس لیے کہ تم شکر گزار ہو جاؤo

Allah is the One Who has placed the sea under your control so that ships and vessels may sail in it by His command, so that you may look for His bounty (i.e., sustenance through the sea routes as well), and that you may become grateful (to Him).

وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً مِّنْهُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (13)

ترجمہ: اور اُس نے تمہارے لیے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، سب کو اپنی طرف سے (نظام کے تحت) مسخر کر دیا ہے، بے شک اس میں اُن لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیںo

And He has made subservient to you, out of His will, whatever is in the heavens and whatever is in the earth, all of it (under a system). Surely, there are signs in it for those who ponder.

مَنْ عَمِلَ صَالِحاً فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاء فَعَلَيْهَا ثُمَّ إِلَى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ (15)

ترجمہ: جس نے کوئی نیک عمل کیا سو اپنی ہی جان کے (نفع کے) لیے اور جس نے برائی کی تو (اس کا وبال بھی) اسی پر ہے پھر تم سب اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Whoever does a righteous work does it for (the benefit of) his own soul, and whoever commits some evil act, then he alone is to face (suffering caused by it). Then all of you will be returned to your Lord.

إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئاً وإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ (19)

ترجمہ: بے شک یہ لوگ اللہ کی جانب سے (اسلام کی راہ میں پیش آمدہ مشکلات کے وقت میں وعدوں کے باوجود) ہرگز آپ کے کام نہیں آئیں گے، اور بے شک ظالم لوگ (دنیا میں) ایک دوسرے کے ہی دوست اور مددگار رہوا کرتے ہیں، اور اللہ پرہیزگاروں کا دوست اور مددگار ہےo

Surely, these people will not be of any help to you at all (despite promises) from Allah (for crucial time of hardships coming in the way of Islam). And in truth, the wrongdoers (in the world) are friends and helpers only to one another and Allah is the Friend and Helper of the Godfearing.

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاء مَّحْيَاهُم وَمَمَاتُهُمْ سَاء مَا يَحْكُمُونَ (21)

ترجمہ: کیا وہ لوگ جنہوں نے برائیاں کما رکھی ہیں یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم انہیں اُن لوگوں کی مانند کر دیں گے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے (کہ) اُن کی زندگی اور ان کی موت برابر ہو جائے۔ جو دعوٰی (یہ کفّار) کر رہے ہیں نہایت برا ہےo

Do those who have earned evil deeds think that We shall make them resemble those who believe and do good deeds (so as) to make their life and death alike? The claim, which they (the disbelievers) make, is the worst evil.

وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزَى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ (22)

ترجمہ: اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حق (پر مبنی حکمت) کے ساتھ پیدا فرمایا اور اس لیے کہ ہر جان کو اس کے اعمال کا بدلہ دیا جائے جو اس نے کمائے ہیں اور اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گاo

And Allah created the heavens and the earth with (a strategy based on) truth, in order that every soul is rewarded for the deeds that it earns and they will not be wronged.

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَى عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَى سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَى بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّهِ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ (23)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے اپنی نفسانی خواہش کو معبود بنا رکھا ہے اور اللہ نے اسے علم کے باوجود گمراہ ٹھہرا دیا ہے اور اس کے کان اور اس کے دل پر مُہر لگا دی ہے اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے، پھر اُسے اللہ کے بعد کون ہدایت کر سکتا ہے، سو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتےo

Have you seen him who has made his desire his god and Allah has held him

astray despite his knowledge and has sealed his ears and his heart and has blindfolded his eyes? Then who can guide him after Allah? So do you not accept advice?

قُلِ اللَّهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ **(26)**

ترجمہ: فرما دیجیے: اللہ ہی تمہیں زندگی دیتا ہے اور پھر وہی تمہیں موت دیتا ہے پھر تم سب کو قیامت کے دن کی طرف جمع فرمائے گا جس میں کوئی شک نہیں ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتےo

Say: 'Allah is the One Who gives you life, and He is the One Who causes you to die. Then He will gather all of you towards the Day of Resurrection about which there is no doubt. But most people do not know.'

وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرضِ وَيَومَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ **(27)**

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے اور جس دن قیامت برپا ہوگی تب (سب) اہلِ باطل سخت خسارے میں پڑ جائیں گےo

And the Kingdom of the heavens and the earth belongs to Allah alone. And the Day when the Last Hour comes, then (all) the disbelievers will run into serious loss.

سورۃ الاحقاف:

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَاناً حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهاً وَوَضَعَتْهُ كُرْهاً وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْراً حَتَّى إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ الْمُسْلِمِينَ **(15)**

ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم فرمایا۔ اس کی ماں نے اس کو تکلیف سے (پیٹ میں) اٹھائے رکھا اور اسے تکلیف کے ساتھ جنا، اور اس کا (پیٹ میں) اٹھانا اور اس کا دودھ چھڑانا (یعنی زمانۂ حمل و رضاعت) تیس ماہ (پر مشتمل) ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جاتا ہے اور (پھر) چالیس سال (کی پختہ عمر) کو پہنچتا ہے، تو کہتا ہے: اے میرے رب: مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر فرمایا ہے اور یہ کہ میں ایسے نیک اعمال کروں جن سے تو راضی ہو اور میرے لیے میری اولاد میں نیکی اور خیر رکھ دے۔ بے شک میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں یقیناً فرمانبرداروں میں سے ہوںo

And We have commanded man to be benevolent towards his parents. His mother bears him (in the womb) with pain and gives birth to him with pain. And bearing him (in the womb) and weaning of him (i.e., the period of pregnancy and feeding) is (spread over) thirty months. Till, when he attains to manhood and then reaches (the age of) forty years, he says: 'O my Lord, bestow on me the ability to give You thanks for the favour which You have done to me and my parents, and that I may do such deeds as may please You, and endow me and

my children with virtue and piety. Assuredly I turn to You, and certainly I am of those who obey You in submissiveness.'

أُوْلَـئِكَ الَّـذِيْـنَ نَتَـقَبَّـلُ عَـنْهُـمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجاوَزُ عَن سَيِّئَاتِهِمْ فِيْ أَصْحَابِ الْجَنَّةِ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوا يُوعَدُوْنَ **(16)**

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں ہم جن کے نیک اعمال قبول کرتے ہیں اوران کی کوتاہیوں سے درگزر فرماتے ہیں، (یہی) اہلِ جنت ہیں۔ یہ سچا وعدہ ہے جوان سے کیا جارہا ہےo

It is they whose good works We accept and overlook their omissions. (It is) they (who) are the people of Paradise. This is the true promise which is being made to them.

أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْ أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِيْنَ **(18)**

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں فرمانِ (عذاب) ثابت ہو چکا ہے بہت سی امتوں میں جوان سے پہلے گزر چکی ہیں جنّات کی (بھی) اورانسانوں کی (بھی)، بے شک وہ (سب) نقصان اٹھانے والے تھےo

It is they against whom the command of Allah's (torment) has proved true amongst generations that have passed of the jinn as well as mankind. Surely, they (all) were the losers.

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُوا وَلِيُوَفِّيَهُمْ أَعْمَالَهُمْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ **(19)**

ترجمہ: اورسب کے لیےان (نیک وبد) اعمال کی وجہ سے جوانہوں نے کیے (جنت ودوزخ میں الگ الگ) درجات مقرر ہیں تاکہ (اللہ) ان کوان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دےاوران پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گاo

And the ranks (in Paradise and Hell) are allocated for all (separately) according to the (good and evil) deeds which they do, so that (Allah) pays them back in full for their actions and they will not be wronged at all.

وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاء أُوْلَئِكَ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ **(32)**

ترجمہ: اورجوشخص اللہ کی طرف بلانے والے (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بات قبول نہیں کرے گا تو وہ زمین میں (بھاگ کر اللہ کو) عاجز نہیں کرسکے گا اور نہ ہی اس کے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار ہوں گے۔ یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیںo

And he who does not accept the call of the Caller (the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) to Allah cannot thwart Allah (by running away) on earth. Nor will there be any helpers for him except Allah. It is they who are in open error.'

سورۃ محمد:

وَالَّـذِيْـنَ آمَـنُـوا وَعَـمِـلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ **(2)**

ترجمہ: اورجولوگ ایمان لائے اورنیک عمل کرتے رہےاوراس (کتاب) پرایمان لائے جومحمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پرنازل

کی گئی ہے اور وہی ان کے رب کی جانب سے حق ہے اللہ نے ان کے گناہ ان (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دیے اور ان کا حال سنوار دیاo

And those who embrace faith and do pious works persistently and believe in this (Book) which has been revealed to Muhammad (blessings and peace be upon him), and that is the very truth from their Lord, Allah erases their evil works from their (record of deeds) and refines their states of being.

ذَلِكَ بِأَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَأَنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِن رَّبِّهِمْ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ أَمْثَالَهُمْ (3)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ باطل کے پیچھے چلے اور جو لوگ ایمان لائے انہوں نے اپنے رب کی طرف سے (اتارے گئے) حق کی پیروی کی، اسی طرح اللہ لوگوں کے لیے ان کے احوال بیان فرماتا ہےo

That is because those who disbelieve follow falsehood, and those who believe follow the truth (sent down) from their Lord. That is how Allah illustrates for people their states of being.

أَفَمَن كَانَ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ كَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ (14)

ترجمہ: سو کیا وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر (قائم) ہو ان لوگوں کی مثل ہو سکتا ہے جن کے برے اعمال ان کے لیے آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے چل رہے ہوںo

evil Is someone who is (firm) on the clear proof from his Lord like those whose actions are shown to them as fair and who follow the desires of their (ill-commanding) selves?

أَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَن لَّن يُخْرِجَ اللّٰهُ أَضْغَانَهُمْ (29)

ترجمہ: کیا وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے یہ گمان کرتے ہیں کہ اللہ ان کے کینوں اور عداوتوں کو ہرگز ظاہر نہ فرمائے گاo

Do those who have the disease (of hypocrisy) in their hearts think that Allah will never make known their malice and hostilities?

وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُم بِسِيمَاهُمْ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ (30)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہیں تو آپ کو بلاشبہ وہ (منافق) لوگ (اس طرح) دکھا دیں کہ آپ انہیں ان کے چہروں کی علامت سے ہی پہچان لیں، اور (اسی طرح) یقیناً آپ ان کے اندازِ کلام سے بھی انہیں پہچان لیں گے، اور اللہ تمہارے سب اعمال کو (خوب) جانتا ہےo

And if We will, We can surely show these (hypocrites) to you (in such a manner) that you may recognize them by their facial expressions and (likewise) you may recognize them by their conversation style and Allah knows (best) all your actions.

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ وَنَبْلُوَ أَخْبَارَكُمْ (31)

ترجمہ: اور ہم ضرور تمہاری آزمائش کریں گے یہاں تک کہ تم میں سے (ثابت قدمی کے ساتھ) جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو (بھی) ظاہر کر دیں اور تمہاری (منافقانہ بزدلی کی مخفی) خبریں (بھی) ظاہر کر دیںo

And We shall certainly try you till We bring to light those of you who strive hard and fight (firm-footed) and who observe patience and expose your (secret) news (of hypocritical cowardice) as well.

إِنَّمَا الحَيَاةُ الدُّنيَا لَعِبٌ وَلَهوٌ وَإِن تُؤمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤتِكُم أُجُورَكُم وَلَا يَسأَلكُم أَموَالَكُم (36)

ترجمہ: بس دنیا کی زندگی تو محض کھیل اور تماشا ہے، اور اگر تم ایمان لے آؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو وہ تمہیں تمہارے (اعمال پر کامل) ثواب عطا فرمائے گا اور تم سے تمہارے مال طلب نہیں کرے گاo

Doubtlessly, the life of the world is nothing but merely a sport and pastime. And if you believe and adopt Godwariness, He will pay you the recompense (of your deeds in full), and will not require of you your wealth.

إِن يَسأَلكُمُوهَا فَيُحفِكُم تَبخَلُوا وَيُخرِجْ أَضغَانَكُم (37)

ترجمہ: اگر وہ تم سے اس مال کو طلب کر لے پھر تمہیں طلب میں تنگی دے تو تمہیں (دل میں) تنگی محسوس ہوگی (اور) تم بخل کرو گے اور (اس طرح) وہ تمہارے (دنیا پرستی کے باعث باطنی) زنگ ظاہر کر دے گاo

If He asks you for this wealth and puts you under scarcity for that, then you will feel constrained (at heart and) become miserly. And in this way, He will expose your (inner) rust (which results from worldly pursuits).

هَـاأَنتُـمْ هَـؤُلَاء تُـدْعَـوْنَ لِتُنفِقُوا فِيْ سَبِيلِ اللّهِ فَمِنكُم مَّن يَبْخَلُ وَمَن يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَن نَّفْسِهِ وَاللّهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَاء وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ (38)

ترجمہ: یاد رکھو! تم وہ لوگ ہو جنہیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے بلایا جاتا ہے تو تم میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو بخل کرتے ہیں، اور جو کوئی بھی بخل کرتا ہے وہ محض اپنی جان ہی سے بخل کرتا ہے، اور اللہ بے نیاز ہے اور تم (سب) محتاج ہو، اور اگر تم (حکمِ الٰہی سے) رُوگردانی کرو گے تو وہ تمہاری جگہ بدل کر دوسری قوم کو لے آئے گا پھر وہ تمہارے جیسے نہ ہوں گےo

Remember! You are those who are called to spend in the way of Allah. Then there are some of you who act miserly. And whoever acts miserly does it only against himself. And Allah is Independent and you (all) are dependent. And if you turn away from the command of Allah, He will replace you with another people who will not be like you.

سورۃ الفتح:

لِتُؤمِنُوا بِاللّهِ وَرَسُولِهِ وَتُعَزِّرُوهُ وَتُوَقِّرُوهُ وَتُسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (9)

ترجمہ: تاکہ (اے لوگو!) تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین) کی مدد کرو اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بے حد تعظیم و تکریم کرو، اور (ساتھ) اللہ کی صبح و شام تسبیح کروo

So that, (O people,) you may believe in Allah and His Messenger (blessings and

peace be upon him) and may help his (Din [Religion]), and revere and venerate him heart and soul, and (with that) glorify Allah morning and evening.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ إِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ أَيْدِيْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ فَإِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ أَوْفٰى بِمَا عَاهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ أَجْراً عَظِيْماً (10)

ترجمہ: (اے حبیب!) بے شک جو لوگ آپ سے بیعت کرتے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں، ان کے ہاتھوں پر (آپ کے ہاتھ کی صورت میں) اللہ کا ہاتھ ہے۔ پھر جس شخص نے بیعت کو توڑا تو اس کے توڑنے کا وبال اس کی اپنی جان پر ہوگا اور جس نے (اس) بات کو پورا کیا جس (کے پورا کرنے) پر اس نے اللہ سے عہد کیا تھا تو وہ عنقریب اسے بہت بڑا اجر عطا فرمائے گا○

(O Beloved!) Indeed, those who pledge allegiance to you in fact pledge allegiance to Allah alone. Allah's hand is over their hands (in the form of your hand). Then whoever breaks his pledge breaks it only to his own harm. But he who fulfils what he has promised to Allah, He will bless him with immense reward.

سورۃ الحجرات:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَومٌ مِّن قَوْمٍ عَسَى أَن يَكُونُوا خَيْراً مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاء مِّن نِّسَاء عَسَى أَن يَكُنَّ خَيْراً مِّنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيْمَانِ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (11)

ترجمہ: اے ایمان والو! کوئی قوم کسی قوم کا مذاق نہ اڑائے ممکن ہے وہ لوگ اُن (تمسخر کرنے والوں) سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں ہی دوسری عورتوں کا (مذاق اڑائیں) ممکن ہے وہی عورتیں اُن (مذاق اڑانے والی عورتوں) سے بہتر ہوں، اور نہ آپس میں طعنہ زنی اور الزام تراشی کیا کرو اور نہ ایک دوسرے کے برے نام رکھا کرو، کسی کے ایمان (لانے) کے بعد اسے فاسق و بدکردار کہنا بہت ہی برا نام ہے، اور جس نے توبہ نہیں کی سو وہی لوگ ظالم ہیں○

O believers! Let no community ridicule another community. It is likely that they may be better than those (who ridicule). Nor should women make fun of other women. It is likely that they may be better than those (who make fun). And do not offend or find fault with one another, nor call each other names. Calling someone wicked or indecent after (he embraces) faith is an extremely evil name. And those who do not turn to Allah in repentance, it is they who are the wrongdoers.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيْراً مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضاً أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتاً فَكَرِهْتُمُوهُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ (12)

ترجمہ: اے ایمان والو! زیادہ تر گمانوں سے بچا کرو بے شک بعض گمان (ایسے) گناہ ہوتے ہیں (جن پر اُخروی سزا واجب ہوتی ہے) اور (کسی کے عیبوں اور رازوں کی) جستجو نہ کیا کرو اور نہ پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کی برائی کیا کرو، کیا تم میں سے کوئی شخص پسند کرے گا کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے، سو تم اس سے نفرت کرتے ہو۔ اور (اِن تمام معاملات میں) اللہ سے ڈرو بے

شک اللہ توبہ کو بہت قبول فرمانے والا بہت رحم فرمانے والا ہےO

O believers! Avoid most conjectures. Indeed, some conjectures are sins (liable to punishment in the Hereafter). And spy not (on someone's unknown matters or secrets), nor backbite one another. Would any of you like to eat the flesh of his dead brother? You would hate it. And fear Allah (in all such matters). Indeed, Allah is Ever-Returning, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوباً وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ **(13)**

ترجمہ: اے لوگو! ہم نے تمہیں مرد اور عورت سے پیدا فرمایا اور ہم نے تمہیں (بڑی بڑی) قوموں اور قبیلوں میں (تقسیم) کیا تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ باعزت وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہو، بے شک اللہ خوب جاننے والا خوب خبر رکھنے والا ہےO

O people! We created you from a male and a female, and (divided) you into (large) peoples and tribes, so that you might recognize one another. Surely, the most honourable amongst you in the sight of Allah is he who fears Allah the most. Certainly, Allah is All-Knowing, All-Aware.

سورۃ ق:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ بِهِ نَفْسُهُ وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ **(16)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے اور ہم اُن وسوسوں کو (بھی) جانتے ہیں جو اس کا نفس (اس کے دل و دماغ میں) ڈالتا ہے۔ اور ہم اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیںO

And assuredly, We created man and We know (also) the doubts which his (ill-commanding) self puts (into his heart and mind). And We are nearer to him than his jugular vein.

إِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيَانِ عَنِ الْيَمِينِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيدٌ **(17)**

ترجمہ: جب دو لینے والے (فرشتے اس کے ہر قول و فعل کو تحریر میں) لے لیتے ہیں (جو) دائیں طرف اور بائیں طرف بیٹھے ہوئے ہیںO

When the two receivers receive (the recording angels write down his every communication and work), sitting on the right and on the left,

مَا يَلْفِظُ مِن قَوْلٍ إِلَّا لَدَيْهِ رَقِيبٌ عَتِيدٌ **(18)**

ترجمہ: وہ مُنہ سے کوئی بات نہیں کہنے پاتا مگر اس کے پاس ایک نگہبان (لکھنے کے لیے) تیار رہتا ہےO

Not a word does he utter but a watcher is there beside him ready (to write it).

وَجَاءتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذَلِكَ مَا كُنتَ مِنْهُ تَحِيدُ **(19)**

ترجمہ: اور موت کی بے ہوشی حق کے ساتھ آ پہنچی۔ (اے انسان!) یہی وہ چیز ہے جس سے تو بھاگتا تھاO

And the stupor of death comes with the truth. (O man,) that is what you were running away from!

وَجَاءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَائِقٌ وَشَهِيْدٌ (21)

ترجمہ: اور ہر جان (ہمارے حضور اس طرح) آئے گی کہ اُس کا ایک ہانکنے والا (فرشتہ) اور (دوسرا اعمال پر) گواہ ہوگاo

And every soul will appear (before Our presence), one (angel) forcing it forward and (the other) a witness (to its actions).

لَقَدْ كُنتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هَذَا فَكَشَفْنَا عَنكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (22)

ترجمہ: حقیقت میں تُو اِس (دن) سے غفلت میں پڑا رہا سو ہم نے تیرا پردۂ (غفلت) ہٹا دیا پس آج تیری نگاہ تیز ہےo

The truth is that you were negligent of this (Day), so We have removed your veil (of negligence) and Today your sight is sharp.

وَقَالَ قَرِيْنُهُ هَذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ (23)

ترجمہ: اور اس کے ساتھ رہنے والا (فرشتہ) کہے گا: یہ ہے جو کچھ میرے پاس تیار ہےo

And his close companion (angel) will say: 'That is what I have ready (for you).'

أَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ (24)

ترجمہ: (حکم ہوگا): پس تم دونوں (ایسے) ہر ناشکر گزار سرکش کو دوزخ میں ڈال دوo

(It will be commanded:) 'Both of you hurl into Hell every (such) ungrateful rebel,

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ (25)

ترجمہ: جو نیکی سے روکنے والا ہے، حد سے بڑھ جانے والا ہے، شک کرنے اور ڈالنے والا ہےo

That hinders from good, exceeds the limits, doubts and puts into doubt,

الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهاً آخَرَ فَأَلْقِيَاهُ فِيْ الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ (26)

ترجمہ: جس نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود ٹھہرا رکھا تھا سو تم اسے سخت عذاب میں ڈال دوo

That had set up another god besides Allah. So hurl him into a fierce torment.'

قَالَ قَرِيْنُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَكِن كَانَ فِيْ ضَلَالٍ بَعِيْدٍ (27)

ترجمہ: (اب) اس کا (دوسرا) ساتھی (شیطان) کہے گا: اے ہمارے رب! اِسے میں نے گمراہ نہیں کیا بلکہ یہ (خود ہی) پرلے درجے کی گمراہی میں مبتلا تھاo

(Now) his (other) companion (Satan) will say: 'O our Lord, I did not misguide him. In fact, he was himself suffering from misguidance of extreme degree.'

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَمَا أَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (29)

ترجمہ: میری بارگاہ میں فرمان بدلا نہیں جاتا اور نہ ہی میں بندوں پر ظلم کرنے والا ہوں o

The command is never changed in My presence. Nor do I wrong the servants.'

يَوْمَ نَقُولُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَأْتِ وَتَقُولُ هَلْ مِن مَّزِيدٍ (30)

ترجمہ: اس دن ہم دوزخ سے فرمائیں گے: کیا تو بھر گئی ہے؟ اور وہ کہے گی: کیا کچھ اور زیادہ بھی ہے o

That Day We shall ask Hell: 'Are you filled up?' And it will say: 'Is there any more?'

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّن قَرْنٍ هُمْ أَشَدُّ مِنْهُم بَطْشاً فَنَقَّبُوا فِي الْبِلَادِ هَلْ مِن مَّحِيصٍ (36)

ترجمہ: اور ہم نے اُن (کفار و مشرکینِ مکہ) سے پہلے کتنی ہی اُمتوں کو ہلاک کر دیا جو طاقت و قوّت میں ان سے کہیں بڑھ کر تھیں، چنانچہ انہوں نے (دنیا کے) شہروں کو چھان مارا تھا کہ کہیں (موت یا عذاب سے) بھاگ جانے کی کوئی جگہ ہو o

And how many generations We destroyed before them (the disbelievers and idolaters of Mecca) who were far stronger in power and might than they! So they searched the cities (of the world) to run away somewhere for refuge (from death or torment).

إِنَّ فِي ذَلِكَ لَذِكْرَى لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيدٌ (37)

ترجمہ: بے شک اس میں یقیناً انتباہ اور تذکّر ہے اس شخص کے لیے جو صاحبِ دل ہے (یعنی غفلت سے دوری اور قلبی بیداری رکھتا ہے) یا کان لگا کر سُنتا ہے (یعنی توجہ کو یک سُو اور غیر سے منقطع رکھتا ہے) اور وہ (باطنی) مشاہدہ میں ہے (یعنی حسن و جمالِ الوھیّت کی تجلّیات میں گم رہتا ہے) o

There is indeed sure warning and admonition in it for him who has a heart (vigilant and awake, far from negligence,) or listens with active attention (i.e., focuses attention having no contact with anyone other than Allah) and is in a state of (spiritual) vision (i.e., remains lost in the effulgent disclosures of Allah's absolute beauty).

يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذَلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ (42)

ترجمہ: جس دن لوگ سخت چنگھاڑ کی آواز کو بالیقین سنیں گے، یہی قبروں سے نکلنے کا دن ہوگا o

The Day when people will assuredly hear a mighty roar. That will be the Day of coming out from the graves.

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ (45)

ترجمہ: ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ کہتے ہیں اور آپ اُن پر جبر کرنے والے نہیں ہیں، پس قرآن کے ذریعے اس شخص کو نصیحت فرمایئے جو میرے وعدۂ عذاب سے ڈرتا ہے o

We know best what they say, and you are not the one to coerce them. So advise by means of the Qur'an anyone who fears My threat of punishment.

سورۃ الذاریات:

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحُبُكِ (7)

ترجمہ: اور (ستاروں اور سیّاروں کی) کہکشاؤں اور گزرگاہوں والے آسمان کی قَسم o

And by the heaven with its galaxies and orbits (of stars and planets),

إِنَّكُمْ لَفِي قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ (8)

ترجمہ: بے شک تم مختلف بے جوڑ باتوں میں (پڑے) ہو o

Certainly you are (caught) in inconsistent statements.

يُؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ أُفِكَ (9)

ترجمہ: اِس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قرآن) سے وہی پھرتا ہے جسے (علمِ ازلی سے) پھیر دیا گیا o

He alone who is turned away (from the knowledge of pre-eternity) turns away (from the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] and the Qur'an).

قُتِلَ الْخَرَّاصُونَ (10)

ترجمہ: ظنّ و تخمین سے جھوٹ بولنے والے ہلاک ہو گئے o

Ruined are those who tell lies out of assumption and conjecture,

الَّذِينَ هُمْ فِي غَمْرَةٍ سَاهُونَ (11)

ترجمہ: جو جہالت و غفلت میں (آخرت کو) بھول جانے والے ہیں o

Those who are oblivious (of the Hereafter) due to negligence and ignorance.

يَسْأَلُونَ أَيَّانَ يَوْمُ الدِّينِ (12)

ترجمہ: پوچھتے ہیں یومِ جزا کب ہوگا؟ o

They ask: 'When is the Day of Requital?'

يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُونَ (13)

ترجمہ: (فرما دیجیے:) اُس دن (ہوگا جب) وہ آتشِ دوزخ میں تپائے جائیں گے o

(Say:) 'The Day (when) they will be roasted in the Fire of Hell.'

ذُوقُوا فِتْنَتَكُمْ هَذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تَسْتَعْجِلُونَ (14)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) اپنی سزا کا مزہ چکھو، یہی وہ عذاب ہے جسے تم جلدی مانگتے ہو o

(It will be said to them:) 'Relish your punishment. It is this punishment which you seek to hasten.'

وَفِي الْأَرْضِ آيَاتٌ لِّلْمُوقِنِينَ (20)

ترجمہ: اور زمین میں صاحبانِ ایقان (یعنی کامل یقین والوں) کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں o

And there are many signs in the earth for the people with the truth of certitude (i.e., people of perfect certitude),

وَفِيۡۤ اَنۡفُسِكُمۡ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ (21)

ترجمہ: اورخودتمہارےنفوس میں (بھی ہیں)،سوکیاتم دیکھتےنہیں ہوo

And in your selves (as well). So do you not notice?

وَفِى السَّمَآءِ رِزۡقُكُمۡ وَمَا تُوۡعَدُوۡنَ (22)

ترجمہ: اورآسمان میں تمہارارِزق (بھی) ہےاوروہ (سب کچھ بھی) جس کاتم سےوعدہ کیاجاتاہےo

And (also) there is sustenance for you in the heaven and (all that too) which you are promised.

فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالۡاَرۡضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثۡلَ مَاۤ اَنَّكُمۡ تَنۡطِقُوۡنَ (23)

ترجمہ: پس آسمان اورزمین کے مالک کی قسم! یہ (ہماراوعدہ) اسی طرح یقینی ہےجس طرح تمہارااپنابولنا (تمہیں اس پرکامل یقین ہوتاہےکہ منہ سے کیاکہہ رہےہو)o

So, by the Lord of heavens and the earth, this (promise of Ours) is true just as is your speech. (You firmly believe in what you utter.)

كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا قَالُوۡا سَاحِرٌ اَوۡ مَجۡنُوۡنٌ (52)

ترجمہ: اسی طرح اُن سے پہلےلوگوں کے پاس بھی کوئی رسول نہیں آیامگرانہوں نے یہی کہاکہ (یہ) جادوگرہے یادیوانہ ہےo

Likewise, no Messenger came to those before them, but they said the same: '(This is) a magician or a madman.'

اَتَوَاصَوۡا بِهٖ بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ طَاغُوۡنَ (53)

ترجمہ: کیاوہ لوگ ایک دوسرےکواس بات کی وصیت کرتے رہے؟ بلکہ وہ (سب) سرکش وباغی لوگ تھےo

Were they transmitting this advice to one another? In truth, they were (all) a disobedient and rebellious people.

وَمَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ اِلَّا لِيَعۡبُدُوۡنِ (56)

ترجمہ: اورمیں نےجنّات اورانسانوں کوصرف اسی لیے پیدا کیاکہ وہ میری بندگی اختیارکریںo

And I created the jinn and human beings solely to adopt My servitude.

مَاۤ اُرِيۡدُ مِنۡهُمۡ مِّنۡ رِّزۡقٍ وَّمَاۤ اُرِيۡدُ اَنۡ يُّطۡعِمُوۡنِ (57)

ترجمہ: نہ میں اُن سے رِزق (یعنی کمائی) طلب کرتاہوں اورنہ اس کاطلب گارہوں کہ وہ مجھے (کھانا) کھلائیںo

I do not ask for any sustenance (i.e., earning) from them, nor do I require that they should feed Me.

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّةِ الۡمَتِيۡنُ (58)

ترجمہ: بےشک اللہ ہی ہرایک کاروزی رساں ہے، بڑی قوت والاہے، زبردست مضبوط ہے (اسے کسی کی مدد وتعاون کی حاجت نہیں)o

Truly, Allah alone is the Sustainer of everyone, the Lord of Great Might, the Most Strong. (He does not need anyone's help and assistance.)

فَإِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوا ذَنُوباً مِّثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ (59)

ترجمہ: پس ان ظالموں کے لیے (بھی) حصۂ عذاب مقرّر ہے ان کے (پہلے گزرے ہوئے) ساتھیوں کے حصۂ عذاب کی طرح، سو وہ مجھ سے جلدی طلب نہ کریں o

So there is a fixed share of the torment for these wrongdoers (too) like the share of the torment of their companions (who have passed before). So let them not ask Me to hasten (it).

سورۃ الطّور:

وَإِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوا عَذَاباً دُونَ ذَلِكَ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ (47)

ترجمہ: اور بے شک جو لوگ ظلم کر رہے ہیں اُن کے لیے اس عذاب کے علاوہ بھی عذاب ہے، لیکن اُن میں سے اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں o

And for those who are committed to doing wrong, there is a torment for them besides this torment as well but most of them do not know.

سورۃ النجم:

أَمْ لِلْإِنسَانِ مَا تَمَنَّى (24)

ترجمہ: کیا انسان کے لیے وہ (سب کچھ) میسّر ہے جس کی وہ تمنا کرتا ہے o

Is (all) that available for man what he longs for?

فَلِلَّهِ الْآخِرَةُ وَالْأُولَى (25)

ترجمہ: پس آخرت اور دنیا کا مالک تو اللہ ہی ہے o

So Allah alone is the Master of the Hereafter and the world.

ذَلِكَ مَبْلَغُهُم مِّنَ الْعِلْمِ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدَى (30)

ترجمہ: اُن لوگوں کے علم کی رسائی کی یہی حد ہے، بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اُس کی راہ سے بھٹک گیا ہے اور اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جس نے ہدایت پالی ہے o

That is but the limit of the working of their knowledge. Verily, your Lord fully knows him who has strayed from His path and (also) knows best him who has attained guidance.

وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ أَسَاؤُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى (31)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے تاکہ جن لوگوں نے برائیاں کیں انہیں اُن کے اعمال کا بدلہ دے اور جن لوگوں نے نیکیاں کیں انہیں اچھا اجر عطا فرمائے o

And to Allah belongs whatever is in the heavens and whatever is in the earth so that He recompenses the acts of those who have committed vices and gives good reward to those who have performed virtues.

الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ أُمَّهَاتِكُمْ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَى (32)

ترجمہ: جولوگ چھوٹے گناہوں (اورلغزشوں) کے سوابڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں، بے شک آپ کا رب بخشش کی بڑی گنجائش رکھنے والا ہے، وہ تمہیں خوب جانتا ہے جب اس نے تمہاری زندگی کی ابتداء اورنشو ونما زمین (یعنی مٹی) سے کی تھی اور جبکہ تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں جَنِین (یعنی حمل) کی صورت میں تھے، پس تم اپنے آپ کو بڑا پاک وصاف مَت جتایا کرو، وہ خوب جانتا ہے کہ (اصل) پرہیزگار کون ہےo

Those who guard against grave sins and indecencies excepting small sins (and omissions), surely your Lord has vast prospects of forgiveness (for them). He knows you best when He originated your life and nourishment from the earth (i.e., soil) and when you were embryos (conceived) in your mothers' wombs. So never pose yourselves as clean and pure; He knows best who is (really) pious.

أَفَرَأَيْتَ الَّذِيْ تَوَلَّى (33)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے (حق سے) منہ پھیر لیاo

Have you seen him who has turned away (from the truth)?

وَأَعْطَى قَلِيْلًا وَأَكْدَى (34)

ترجمہ: اوراس نے (راہِ حق میں) تھوڑا سا (مال) دیا اور (پھر ہاتھ) روک لیاo

And he gave away a little (wealth in the way of Allah) and (then) held back (his hand)?

أَعِندَهُ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرَى (35)

ترجمہ: کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے کہ وہ دیکھ رہا ہےo

Does he have the knowledge of the unseen that he can see?

أَمْ لَمْ يُنَبَّأْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوسَى (36)

ترجمہ: کیا اُسے اُن (باتوں) کی خبر نہیں دی گئی جو موسٰی (علیہ السلام) کے صحیفوں میں (مذکور) تھیںo

Has he not been given the knowledge of (matters) mentioned in the scriptures of Musa (Moses),

وَإِبْرَاهِيْمَ الَّذِيْ وَفَّى (37)

ترجمہ: اورابراہیم (علیہ السلام) کے (صحیفوں میں تھیں) جنہوں نے (اللہ کے ہر امر کو) بتمام وکمال پورا کیاo

And in the (scriptures) of Ibrahim (Abraham), who accomplished (all the commands of Allah) with perfection?

أَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى (38)

ترجمہ: کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے (کے گناہوں) کا بوجھ نہیں اٹھائے گاo

That no bearer of a burden will carry the burden of (the sins of) another;

وَأَن لَّيْسَ لِلْإِنسَانِ إِلَّا مَا سَعَى (39)

ترجمہ: اور یہ کہ انسان کو (عدل میں) وہی کچھ ملے گا جس کی اُس نے کوشش کی ہوگی (رہا فضل اس پر کسی کا حق نہیں وہ محض اللہ کی عطاء ورضا ہے جس پر جتنا چاہے کر دے)o

And that man (according to justice) will get only that for which he strives. (As for bounty, no one has any right to it. That is merely Allah's bestowal and pleasure, granting as much as He wills to whom He pleases.)

وَأَنَّ سَعْيَهُ سَوْفَ يُرَى (40)

ترجمہ: اور یہ کہ اُس کی ہر کوشش عنقریب دکھا دی جائے گی (یعنی ظاہر کر دی جائے گی)o

And that all his endeavours will soon be shown (i.e., exposed).

ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفَى (41)

ترجمہ: پھر اُسے (اُس کی ہر کوشش کا) پورا پورا بدلہ دیا جائے گاo

Then he will be given full reward (for all his endeavours);

وَأَنَّ إِلَى رَبِّكَ الْمُنتَهَى (42)

ترجمہ: اور یہ کہ (بالآخر سب کو) آپ کے رب ہی کی طرف پہنچنا ہےo

And that (ultimately all) have to return to your Lord;

وَأَنَّهُ هُوَ أَضْحَكَ وَأَبْكَى (43)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی (خوشی دے کر) ہنساتا ہے اور (غم دے کر) رُلاتا ہےo

And that He is the One Who makes one laugh (granting delight) and makes one weep (granting grief);

وَأَنَّهُ هُوَ أَمَاتَ وَأَحْيَا (44)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی مارتا ہے اور جِلاتا ہےo

And that He is the One Who causes death and gives life;

وَأَنَّهُ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَى (45)

ترجمہ: اور یہ کہ اُسی نے نَر اور مادہ دو قسموں کو پیدا کیاo

And that He is the One Who has created the two genders, male and female,

مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَى (46)

ترجمہ: نطفہ (ایک تولیدی قطرہ) سے جبکہ وہ (رَحمِ مادہ میں) ٹپکایا جاتا ہےo

Out of a (sperm) drop when it is ejaculated (into the mother's womb);

وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَى (47)

ترجمہ: اور یہ کہ (مرنے کے بعد) دوبارہ زندہ کرنا (بھی) اسی پر ہےo

And that it is upon Him alone to raise up alive (also after death);

وَأَنَّهُ هُوَ أَغْنَى وَأَقْنَى (48)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی (بقدرِ ضرورت دے کر) غنی کر دیتا ہے اور وہی (ضرورت سے زائد دے کر) خزانے بھر دیتا ہےo

And that He is the One Who makes self-sufficient (by providing according to needs), and He is the One Who enriches treasures (by giving surplus to the needs);

وَأَنَّهُ هُوَ رَبُّ الشِّعْرَى (49)

ترجمہ: اور یہ کہ وہی شِعرٰی (ستارے) کا رب ہے (جس کی دورِ جاہلیت میں پوجا کی جاتی تھی)o

And that He alone is the Lord of Sirius (a star that was worshipped in the days of ignorance);

وَأَنَّهُ أَهْلَكَ عَاداً الْأُولَى (50)

ترجمہ: اور یہ کہ اسی نے پہلی (قومِ) عاد کو ہلاک کیاo

And that He is the One Who destroyed the first (people of) 'Ad,

وَثَمُودَ فَمَا أَبْقَى (51)

ترجمہ: اور (قومِ) ثمود کو (بھی)، پھر (ان میں سے کسی کو) باقی نہ چھوڑاo

And (the people of) Thamud (as well). Then He did not spare (any of them) to survive.

وَقَوْمَ نُوحٍ مِّن قَبْلُ إِنَّهُمْ كَانُوا هُمْ أَظْلَمَ وَأَطْغَى (52)

ترجمہ: اور اس سے پہلے قومِ نوح کو (بھی ہلاک کیا)، بے شک وہ بڑے ہی ظالم اور بڑے ہی سرکش تھےo

And before that, He destroyed the people of Nuh ([Noah] as well). Surely, they were extremely wicked and exceedingly defiant.

وَالْمُؤْتَفِكَةَ أَهْوَى (53)

ترجمہ: اور (قومِ لُوط کی) الٹی ہوئی بستیوں کو (اوپر اٹھا کر) اُسی نے نیچے دے پٹکاo

And He is the One Who (raised up) the overturned towns (of the people of Lut [Lot]) and smashed them down.

فَغَشَّاهَا مَا غَشَّى (54)

ترجمہ: پس اُن کو ڈھانپ لیا جس نے ڈھانپ لیا (یعنی پھر اُن پر پتھروں کی بارش کر دی گئی)o

Then covered them that which did cover (i.e., the stones were rained on them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكَ تَتَمَارَى (55)

ترجمہ: سو (اے انسان!) تو اپنے پروردگار کی کن کن نعمتوں میں شک کرے گاo

So, (O man,) which of the favours of your Lord will you doubt?

هَذَا نَذِيرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْأُولَى (56)

ترجمہ: یہ (رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اگلے ڈر سنانے والوں میں سے ایک ڈر سنانے والے ہیںo

This (Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) is also a Warner of the

Warners of old.

أَزِفَتِ الْآزِفَةُ (57)

ترجمہ: آنے والی (قیامت کی گھڑی) قریب آ پہنچیo

The imminent (Hour of Judgment) has drawn near.

لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ اللَّهِ كَاشِفَةٌ (58)

ترجمہ: اللہ کے سوا اِسے کوئی ظاہر (اور قائم) کرنے والا نہیں ہےo

No one except Allah can bring it forth (and establish).

أَفَمِنْ هَذَا الْحَدِيثِ تَعْجَبُونَ (59)

ترجمہ: پس کیا تم اس کلام سے تعجب کرتے ہوo

So do you wonder at this Revelation?

وَتَضْحَكُونَ وَلَا تَبْكُونَ (60)

ترجمہ: اور تم ہنستے ہو اور روتے نہیں ہوo

And do you laugh and not weep,

وَأَنتُمْ سَامِدُونَ (61)

ترجمہ: اور تم (غفلت کی) کھیل میں پڑے ہوo

Whilst you are busy playing a game (of negligence)?

فَاسْجُدُوا لِلَّهِ وَاعْبُدُوا (62)

ترجمہ: سو اللہ کے لیے سجدہ کرو اور (اُس کی) عبادت کروo

So prostrate yourselves before Allah and worship (Him).

سورۃ القمر:

يَوْمَ يُسْحَبُونَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوهِهِمْ ذُوقُوا مَسَّ سَقَرَ (48)

ترجمہ: جس دن وہ لوگ اپنے مُنہ کے بل دوزخ میں گھسیٹے جائیں گے (تو اُن سے کہا جائے گا:) آگ میں جلنے کا مزہ چکھوo

The Day when they will be dragged into Hell on their faces (it will be said to them:) 'Taste burning in Hell.'

وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا أَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِن مُّدَّكِرٍ (51)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تمہارے (بہت سے) گروہوں کو ہلاک کر ڈالا، سو کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہےo

And surely, We destroyed (many of) your groups. So is there anyone who will take advice?

وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوهُ فِي الزُّبُرِ (52)

ترجمہ: اور جو کچھ (بھی) انہوں نے کیا اعمال ناموں میں (درج) ہےo

And whatever they did is (recorded) in (their) Books of Deeds.

وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَكَبِيْرٍ مُسْتَطَرٌ (53)

ترجمہ: اور ہر چھوٹا اور بڑا (عمل) لکھ دیا گیا ہےo

And every (action), small or big, has been written.

سورۃ الرحمٰن:

وَالسَّمَاءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ (7)

ترجمہ: اور اسی نے آسمان کو بلند کر رکھا ہے اور (اسی نے عدل کے لیے) ترازو قائم کر رکھی ہےo

And He is the One Who has maintained the sky raised high and (He is the One) Who has set up the balance (for justice),

أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ (8)

ترجمہ: تاکہ تم تولنے میں بے اعتدالی نہ کروo

So that you violate not the balance whilst weighing.

وَأَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ (9)

ترجمہ: اور انصاف کے ساتھ وزن کو ٹھیک رکھو اور تول کو کم نہ کروo

And keep weighing justly and do not make the balance fall short.

وَالْأَرْضَ وَضَعَهَا لِلْأَنَامِ (10)

ترجمہ: زمین کو اسی نے مخلوق کے لیے بچھا دیاo

He is the One Who has spread out the earth for the creatures.

فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَالنَّخْلُ ذَاتُ الْأَكْمَامِ (11)

ترجمہ: اس میں میوے ہیں اور خوشوں والی کھجوریں ہیںo

There are fruits in it and blossom-bearing date-palms,

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ (12)

ترجمہ: اور بھوسہ والا اناج ہے اور خوشبودار (پھل) پھول ہیںo

And chaff-covered grain and fragrant (fruits and) blooms.

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ (26)

ترجمہ: ہر کوئی جو بھی زمین پر ہے فنا ہو جانے والا ہےo

Whoever is on the earth will perish.

سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَا الثَّقَلَانِ (31)

ترجمہ: اے ہر دو گروہانِ (اِنس و جن!) ہم عنقریب تمہارے حساب کی طرف متوجّہ ہوتے ہیںo

O both the groups (of men and jinn), soon shall We attend to your account.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (32)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ (33)

ترجمہ: اے گروہِ جن و اِنس! اگر تم اِس بات پر قدرت رکھتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے باہر نکل سکو (اور تسخیرِ کائنات کرو) تو تم نکل جاؤ، تم جس (کرۂ سماوی کے) مقام پر بھی نکل کر جاؤ گے وہاں بھی اسی کی سلطنت ہوگیo

O company of the jinn and men! If you have the power to go across the boundaries of the heaven and the earth (and overpower the universe), then go ahead. Whichever station (i.e., heavenly sphere) you will go to, there too will be His Kingdom alone.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (34)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ (35)

ترجمہ: تم دونوں پر آگ کے خالص شعلے بھیج دیے جائیں گے اور (بغیر شعلوں کے) دھواں (بھی بھیجا جائے گا) اور تم دونوں اِن سے بچ نہ سکو گےo

The flames of pure (i.e., smokeless) fire will be sent upon both of you and (flameless) smoke (too will be sent) and you both will be unable to escape from them.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (36)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْأَلُ عَن ذَنبِهِ إِنسٌ وَلَا جَانٌّ (39)

ترجمہ: سو اُس دن نہ تو کسی انسان سے اُس کے گناہ کی بابت پوچھا جائے گا اور نہ ہی کسی جن سےo

That Day no man or jinn will be asked about his sin.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (40)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالْأَقْدَامِ (41)

ترجمہ: مجرِم لوگ اپنے چہروں کی سیاہی سے پہچان لیے جائیں گے پس انہیں پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ کر کھینچا جائے گاo

The evildoers will be recognized by the darkness of their faces and so they will be pulled, seized by their forelocks and feet.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (42)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

هَذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ (43)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) یہی ہے وہ دوزخ جسے مجرِم لوگ جھٹلایا کرتے تھےo

(It will be said to them:) 'It is this Hell which the evildoers used to deny.'

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ (44)

ترجمہ: وہ اُس (دوزخ) میں اَور کھولتے گرم پانی میں گھومتے پھریں گےo

They will move about in that (Hell) and in the boiling hot water.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (45)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ (46)

ترجمہ: اور جو شخص اپنے رب کے حضور (پیشی کے لیے) کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اُس کے لیے دو جنتیں ہیںo

And whoever fears standing before his Lord (for meeting), for him are two Gardens.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (47)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

ذَوَاتَا أَفْنَانٍ (48)

ترجمہ: جو دونوں (سرسبز و شاداب) گھنی شاخوں والی (جنتیں) ہیںo

They are (green and fresh Gardens) with deep thick branches.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (49)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ (50)

ترجمہ: ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہیںo

Two springs are flowing in both of them.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (51)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا مِن كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ (52)

ترجمہ: ان دونوں میں ہر پھل (اور میوے) کی دو دو قسمیں ہیںo

In them are two kinds of every fruit.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (53)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُتَّكِئِينَ عَلَى فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ (54)

ترجمہ: اہلِ جنت ایسے بستروں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر نفیس اور دبیز ریشم (یعنی اَطلس) کے ہوں گے، اور دونوں جنتوں کے پھل (اُن کے) قریب جھک رہے ہوں گےo

The residents of Paradise will be reclining on couches lined with fine and thick brocade (i.e., satin) and the fruits of both the Gardens will be hanging low (over them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (55)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ (56)

ترجمہ: اور اُن میں نیچی نگاہ رکھنے والی (حوریں) ہوں گی جنہیں پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نےo

And in them will be (chaste maidens) with downcast gazes, untouched either by any man or jinn.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (57)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ (58)

ترجمہ: گویا وہ (حوریں) یاقوت اور مرجان ہیںo

As if they (chaste maidens) were rubies and pearls.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (59)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ (60)

ترجمہ: نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہےo

The reward of good cannot be anything but good.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (61)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

وَمِن دُونِهِمَا جَنَّتَانِ (62)

ترجمہ: اور (اُن کے لیے) اِن دو کے سوا دو اور بہشتیں بھی ہیںo

And apart from these two there are also two more gardens (for them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (63)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُدْهَامَّتَانِ (64)

ترجمہ: وہ دونوں گہری سبز رنگت میں سیاہی مائل لگتی ہیںo

Both appear deep green tinting black.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (65)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ (66)

ترجمہ: اُن دونوں میں (بھی) دو چشمے ہیں جو خوب چھلک رہے ہوں گےo

There are two springs which will be gushing with force in these two (as well).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (67)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ (68)

ترجمہ: ان دونوں میں (بھی) پھل اور کھجوریں اور انار ہیںo

In both of them there are also fruits, date-palms and pomegranates.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (69)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ (70)

ترجمہ: ان میں (بھی) خوب سیرت و خوب صورت (حوریں) ہیںo

In them are pious and beautiful (chaste maidens as well).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (71)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

حُورٌ مَّقْصُورَاتٌ فِيْ الْخِيَامِ (72)

ترجمہ: ایسی حوریں جو خیموں میں پردہ نشین ہیںo

The maidens who are veiling, confined in tents.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (73)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ (74)

ترجمہ: انہیں پہلے نہ کسی انسان ہی نے ہاتھ سے چھوا ہے اور نہ کسی جن نےo

Untouched before either by any man or jinn.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (75)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُتَّكِئِيْنَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ (76)

ترجمہ: (اہلِ جنت) سبز قالینوں پر اور نادر و نفیس بچھونوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گےo

(The residents of Paradise) will be (sitting) reclining on cushions over green carpets and rare and exquisite, fine rugs.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (77)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِيْ الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ (78)

ترجمہ: آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے، جو صاحبِ عظمت و جلال اور صاحبِ اِنعام و اِکرام ہےo

Most Blessed is the Name of your Lord, the Master of glory and splendour and the Master of bounty and honour.

سورۃ الواقعۃ:

وَكُنتُمْ أَزْوَاجاً ثَلَاثَةً (7)

ترجمہ: اور تم لوگ تین قسموں میں بٹ جاؤ گےo

And you will be divided into three classes.

فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (8)

ترجمہ: سو (ایک) دائیں جانب والے، دائیں جانب والوں کا کیا کہناo

So (first) those on the Right Hand; what a class the Right Hand will be!

وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ (9)

ترجمہ: اور (دوسرے) بائیں جانب والے، کیا (ہی برے حال میں ہوں گے) بائیں جانب والے o

And (second) those on the Left Hand; (in what miserable plight will be) the Left Hand party!

وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ (10)

ترجمہ: اور (تیسرے) سبقت لے جانے والے (یہ) پیش قدمی کرنے والے ہیں o

And (third) the Excellent; (they) are the Foremost.

أُولَئِكَ الْمُقَرَّبُونَ (11)

ترجمہ: یہی لوگ (اللہ کے) مقرّب ہوں گے o

It is they who will be the ones drawn near (to Allah).

فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (12)

ترجمہ: نعمتوں کے باغات میں (رہیں گے) o

(They will live) in the Gardens of Bliss.

ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ (13)

ترجمہ: (اِن مقرّبین میں) بڑا گروہ اگلے لوگوں میں سے ہوگا o

A large group (of those drawn near) will be from the earlier people.

وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ (14)

ترجمہ: اور پچھلے لوگوں میں سے (ان میں) تھوڑے ہوں گے o

And a small number (amongst them) will be from the later generations.

عَلَى سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ (15)

ترجمہ: (یہ مقرّبین) زرنگار تختوں پر ہوں گے o

(Those drawn near) will be on the thrones ornamented with gold,

مُّتَّكِئِينَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِينَ (16)

ترجمہ: اُن پر تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے o

Reclining there on cushions, face to face.

يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ (17)

ترجمہ: ہمیشہ ایک ہی حال میں رہنے والے نوجوان خدمت گاران کے اردگرد گھومتے ہوں گے o

The serving youths, rapt always in the same state of being, will go round them.

بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ وَكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ (18)

ترجمہ: کوزے، آفتابے اور چشموں سے بہتی ہوئی (شفاف) شرابِ (قربت) کے جام لے کر (حاضرِ خدمت رہیں گے) o

(They will be attending) carrying bowls, ewers and cups filled with (transparent) drink of (nearness) from the free-flowing springs.

لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ (19)

ترجمہ: انہیں نہ تو اُس (کے پینے) سے دردِسر کی شکایت ہوگی اور نہ ہی عقل میں فتور (اور بدمستی) آئے گیo

By (drinking) this, they will have neither headache nor derangement of senses (and stupefaction).

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ (20)

ترجمہ: اور (جنّتی خدمت گزار) پھل (اور میوے) لے کر (بھی پھر رہے ہوں گے) جنہیں وہ (مقرّبین) پسند کریں گےo

And (the servants of Paradise) will be (roaming about) with fruits which (the ones drawn near) will like,

وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ (21)

ترجمہ: اور پرندوں کا گوشت بھی (دستیاب ہوگا) جس کی وہ (اہلِ قربت) خواہش کریں گےo

And (there will be) bird-meat as well which they (the ones drawn near) will desire.

وَحُورٌ عِينٌ (22)

ترجمہ: اور خوبصورت کشادہ آنکھوں والی حوریں بھی (اُن کی رفاقت میں ہوں گی)o

And also (in their companionship will be) maidens with wide lovely eyes,

كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ (23)

ترجمہ: جیسے محفوظ چھپائے ہوئے موتی ہوںo

Like pearls kept hidden, well-guarded.

جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (24)

ترجمہ: (یہ) اُن (نیک) اعمال کی جزا ہوگی جو وہ کرتے رہے تھےo

(That) will be the reward of the (pious) works which they used to do.

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً وَلَا تَأْثِيماً (25)

ترجمہ: وہ اِس میں نہ کوئی بیہودگی سنیں گے اور نہ کوئی گناہ کی باتo

There they will hear nothing absurd nor any word of sin,

إِلَّا قِيلًا سَلَاماً سَلَاماً (26)

ترجمہ: مگر ایک ہی بات (کہ یہ سلام والے ہر طرف سے) سلام ہی سلام سنیں گےo

But (these people of peace will hear) only one thing (from all sides:) 'Peace, Peace.'

وَأَصْحَابُ الْيَمِينِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِينِ (27)

ترجمہ: اور دائیں جانب والے، کیا کہنا دائیں جانب والوں کاo

And those of the Right Hand; what a class the Right Hand are!

فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ (28)

ترجمہ: وہ بے خار بیریوں میںo

Amid thornless lote-trees,

وَطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ (29)

ترجمہ: اور تہ بہ تہ کیلوں میںo

And layers of banana fruit,

وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ (30)

ترجمہ: اور لمبے لمبے (پھیلے ہوئے) سایوں میںo

And long-stretching, (wide-spreading) shades,

وَمَاءٍ مَّسْكُوْبٍ (31)

ترجمہ: اور بہتے چھلکتے پانیوں میںo

And flowing, gushing waters,

وَفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ (32)

ترجمہ: اور بکثرت پھلوں اور میووں میں (لطف اندوز ہوں گے)o

And (they will be rejoicing) in abundance of fruits.

لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ (33)

ترجمہ: جو نہ (کبھی) ختم ہوں گے اور نہ اُن (کے کھانے) کی ممانعت ہوگیo

They will be neither exhausted nor restricted (to eat).

وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ (34)

ترجمہ: اور (وہ) اونچے (پرشکوہ) فرشوں پر (قیام پذیر) ہوں گےo

And (they) will be (staying) on raised (splendid) floors.

إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً (35)

ترجمہ: بے شک ہم نے اِن (حوروں) کو (حسن و لطافت کی آئینہ دار) خاص خِلقت پر پیدا فرمایا ہےo

Surely, We have created these (maidens) as a special creation (reflecting beauty and refinement).

فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا (36)

ترجمہ: پھر ہم نے اِن کو کنواریاں بنایا ہےo

Then We have made them virgins,

عُرُبًا أَتْرَابًا (37)

ترجمہ: جو خوب محبت کرنے والی ہم عمر (ازواج) ہیںo

The ardently loving (wives) of the same age.

لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ (38)

ترجمہ: یہ (حوریں اور دیگر نعمتیں) دائیں جانب والوں کے لیے ہیںo

These (maidens and other bounties) are for those on the Right Hand.

ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ (39)

ترجمہ: (ان میں) بڑی جماعت اگلے لوگوں میں سے ہوگیo

A large group of them will be from the earlier people.

وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ (40)

ترجمہ: اور (ان میں) پچھلے لوگوں میں سے (بھی) بڑی ہی جماعت ہوگیo

And from later generations will (also) be a large group (amongst them).

وَأَصْحَابُ الشِّمَالِ مَا أَصْحَابُ الشِّمَالِ (41)

ترجمہ: اور بائیں جانب والے، کیا (ہی برے لوگ) ہیں بائیں جانب والےo

And those of the Left Hand; what (an evil people) on the Left Hand are!

فِي سَمُومٍ وَحَمِيمٍ (42)

ترجمہ: جو دوزخ کی سخت گرم ہوا اور کھولتے ہوئے پانی میںo

They will be amid fierce, hot wind of Hell and simmering water,

وَظِلٍّ مِّن يَحْمُومٍ (43)

ترجمہ: اور سیاہ دھویں کے سایے میں ہوں گےo

And under the shadow of black smoke.

لَّا بَارِدٍ وَلَا كَرِيمٍ (44)

ترجمہ: جو نہ (کبھی) ٹھنڈا ہوگا اور نہ فرحت بخش ہوگاo

That will neither (ever) cool nor be pleasing.

إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَٰلِكَ مُتْرَفِينَ (45)

ترجمہ: بے شک وہ (اہلِ دوزخ) اس سے پہلے (دنیا میں) خوش حال رہ چکے تھےo

No doubt, these (inmates of Hell) lived luxuriously before this (in the world),

وَكَانُوا يُصِرُّونَ عَلَى الْحِنثِ الْعَظِيمِ (46)

ترجمہ: اور وہ گناہِ عظیم (یعنی کفر و شرک) پر اصرار کیا کرتے تھےo

And obstinately persisted in great sin (of denying Allah and setting up partners with Him).

وَكَانُوا يَقُولُونَ أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ (47)

ترجمہ: اور کہا کرتے تھے کہ کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم خاک (کا ڈھیر) اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم (پھر زندہ کر کے) اٹھائے جائیں گےo

And they used to say: 'When we are dead and become (a heap of) dust and (decomposed bones), shall we then be raised up (alive again)?

أَوَ آبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ (48)

ترجمہ: اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (زندہ کیے جائیں گے)o

And shall our ancestors too (be given life)?'

قُلْ إِنَّ الْأَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ (49)

ترجمہ: آپ فرما دیں: بے شک اگلے اور پچھلےo

Say: 'Indeed, the earlier and the later,

لَمَجْمُوعُونَ إِلَى مِيقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُومٍ (50)

ترجمہ: (سب کے سب) ایک معیّن دِن کے مقرّرہ وقت پر جمع کیے جائیں گےo

(All of them) will be gathered together on a fixed Hour of an appointed Day.

ثُمَّ إِنَّكُمْ أَيُّهَا الضَّالُّونَ الْمُكَذِّبُونَ (51)

ترجمہ: پھر بے شک تم لوگ اے گمراہو! جھٹلانے والوo

Then surely, O strayed people, deniers,

لَآكِلُونَ مِن شَجَرٍ مِّن زَقُّومٍ (52)

ترجمہ: تم ضرور کانٹے دار (تھوہڑ کے) درخت سے کھانے والے ہوo

You will certainly eat of thorny (cactus) tree,

فَمَالِؤُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ (53)

ترجمہ: سو اُس سے اپنے پیٹ بھرنے والے ہوo

And will fill your stomachs with it.

فَشَارِبُونَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيمِ (54)

ترجمہ: پھر اُس پر سخت کھولتا پانی پینے والے ہوo

And (you) will drink boiling water over it,

فَشَارِبُونَ شُرْبَ الْهِيمِ (55)

ترجمہ: پس تم سخت پیاسے اونٹ کے پینے کی طرح پینے والے ہوo

Drinking as a thirst-stricken camel drinks.'

هَذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّينِ (56)

ترجمہ: یہ قیامت کے دِن اُن کی ضیافت ہوگیo

This will be their feast on the Day of Resurrection.

نَحْنُ خَلَقْنَاكُمْ فَلَوْلَا تُصَدِّقُونَ (57)

ترجمہ: ہم ہی نے تمہیں پیدا کیا تھا پھر تم (دوبارہ پیدا کیے جانے کی) تصدیق کیوں نہیں کرتےo

It is We Who created you. Then why do you not confirm (resurrection)?

أَفَرَأَيْتُم مَّا تُمْنُونَ (58)

ترجمہ: بھلا یہ بتاؤ جو نطفہ (تولیدی قطرہ) تم (رِحم میں) ٹپکاتے ہوo

Well, give your view: the semen (sperm drop) that you ejaculate (into the womb)-

أَأَنتُمْ تَخْلُقُونَهُ أَمْ نَحْنُ الْخَالِقُونَ (59)

ترجمہ: تو کیا اس (سے انسان) کو تم پیدا کرتے ہو یا ہم پیدا فرمانے والے ہیںo

Is it you who create (a human being) from it, or are We the Creator?

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ (60)

ترجمہ: ہم ہی نے تمہارے درمیان موت کو مقرّر فرمایا ہے اور ہم (اِس کے بعد پھر زندہ کرنے سے بھی) عاجز نہیں ہیںo

It is We Who have decreed death amongst you, and We are not helpless either (to bring you back to life after this).

عَلَى أَن نُّبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَنُنشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ (61)

ترجمہ: اس بات سے (بھی عاجز نہیں ہیں) کہ تمہارے جیسے اوروں کو بدل (کر بنا) دیں اور تمہیں ایسی صورت میں پیدا کر دیں جسے تم جانتے بھی نہ ہوo

Nor are We (powerless) to change others into the like of you in your place and make you grow into a form which you do not know.

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُولَى فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ (62)

ترجمہ: اور بے شک تم نے پہلی پیدائش (کی حقیقت) معلوم کر لی پھر تم نصیحت قبول کیوں نہیں کرتےo

And surely, you have learnt (the reality of) the first creation. Then why do you not accept advice?

أَفَرَأَيْتُم مَّا تَحْرُثُونَ (63)

ترجمہ: بھلا یہ بتاؤ جو (بیج) تم کاشت کرتے ہوo

Well, give your view: (the seed) that you cultivate-

أَأَنتُمْ تَزْرَعُونَهُ أَمْ نَحْنُ الزَّارِعُونَ (64)

ترجمہ: تو کیا اُس (سے کھیتی) کو تم اُگاتے ہو یا ہم اُگانے والے ہیںo

Is it you who make (the crop) grow from it, or are We its Grower?

لَوْ نَشَاءُ لَجَعَلْنَاهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُونَ (65)

ترجمہ: اگر ہم چاہیں تو اسے ریزہ ریزہ کر دیں پھر تم تعجب اور ندامت ہی کرتے رہ جاؤo

If We so intend, We would crumble it to pieces. Then you would only be struck with awe and shame!

إِنَّا لَمُغْرَمُونَ (66)

ترجمہ: (اور کہنے لگو): ہم پر تاوان پڑ گیاo

(And you may say:) 'We are punished with ransom;

بَلۡ نَحۡنُ مَحۡرُومُونَ (67)

ترجمہ: بلکہ ہم بےنصیب ہوگئےo

Rather we are seized by misfortune.'

أَفَرَأَيۡتُمُ الۡمَاء الَّذِىۡ تَشۡرَبُونَ (68)

ترجمہ: بھلا یہ بتاؤ جو پانی تم پیتے ہوo

Well, give your view: the water that you drink-

أَأَنتُمۡ أَنزَلۡتُمُوهُ مِنَ الۡمُزۡنِ أَمۡ نَحۡنُ الۡمُنزِلُونَ (69)

ترجمہ: کیا اسے تم نے بادل سے اتارا ہے یا ہم اتارنے والے ہیںo

Have you sent it down from the cloud, or are We its Sender?

لَوۡ نَشَاء جَعَلۡنَاهُ أُجَاجاً فَلَوۡلَا تَشۡكُرُونَ (70)

ترجمہ: اگر ہم چاہیں تو اسے کھاری بنا دیں، پھر تم شکر ادا کیوں نہیں کرتےo

If We will, We can make it bitter. Then why do you not give thanks?

أَفَرَأَيۡتُمُ النَّارَ الَّتِىۡ تُورُونَ (71)

ترجمہ: بھلا یہ بتاؤ جو آگ تم سُلگاتے ہوo

Well, give your view: the fire that you kindle-

أَأَنتُمۡ أَنشَأۡتُمۡ شَجَرَتَهَا أَمۡ نَحۡنُ الۡمُنشِؤُونَ (72)

ترجمہ: کیا اِس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم (اسے) پیدا فرمانے والے ہیںo

Have you grown its tree, or are We its Grower?

نَحۡنُ جَعَلۡنَاهَا تَذۡكِرَةً وَمَتَاعاً لِّلۡمُقۡوِينَ (73)

ترجمہ: ہم ہی نے اِس (درخت کی آگ) کو (آتشِ جہنّم کی) یاد دلانے والی (نصیحت وعبرت) اور جنگلوں کے مسافروں کے لیے باعثِ منفعت بنایا ہےo

It is We Who have made it (the fire of tree) a reminder (of the Fire of Hell, an admonition and a warning) and a source of profit and comfort for the travellers in forests.

فَسَبِّحۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الۡعَظِيمِ (74)

ترجمہ: سو اپنے ربِّ عظیم کے نام کی تسبیح کیا کریںo

So always glorify the Name of your Lord, Most Magnificent.

فَلَا أُقۡسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ (75)

ترجمہ: پس میں اُن جگہوں کی قسم کھاتا ہوں جہاں جہاں قرآن کے مختلف حصے (رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر) اترتے ہیں☆o

☆ یہ ترجمہ حضرت عبداللہ بن عباس کے بیان کردہ معنی پر کیا گیا ہے، مزید حضرت عکرمہ، حضرت مجاہد، حضرت عبداللہ بن جبیر، حضرت سدی، حضرت فراء اور حضرت زجاج رضی اللہ عنہم اور دیگر ائمہ تفسیر کا قول بھی یہی ہے؛ اور سیاقِ کلام بھی اسی کا تقاضا کرتا ہے۔ پیچھے سورۂ النجم میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نجم کہا گیا ہے، یہاں قرآن کی سورتوں کو نجوم کہا گیا ہے۔ حوالہ جات کے لیے ملاحظہ کریں: تفسیر بغوی، خازن، طبری، الدر المنثور، الکشاف، تفسیر ابن ابی حاتم، روح المعانی، ابن کثیر، اللباب، البحر المحیط، جمل، زاد المسیر، فتح القدیر، المظہری، البیضاوی، تفسیر ابی سعود اور مجمع البیان۔

So I swear by the places where different portions of the Qur'an descend (on the Arab Messenger).*

*** This translation is based on the exposition given by the venerable 'Abd Allah b. 'Abbas. Moreover 'Ikrima, Mujahid, 'Abd Allah b. Jubayr, al-Suddi, al-Farra', al-Zujaj and other Imams of tafsir also agree to it. The context of the subject also denotes the same meaning. In the preceding Sura al-Najm, the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) is called Najm and here in this Verse the Suras of the Holy Qur'an are called Nujum. See: Tafsir al-Baghawi, al-Khazin, al-Tabari, al-Durr al-Manthur, Tafsir Ibn Abi Hatim, Ruh al-Ma'ani, Ibn Kathir, al-Lubab, al-Bahr al-Muhit, al-Jumal, Zad al-Masir, Fath al-Qadir, al-Mazhari, al-Baydawi, Tafsir Abi Sa'ud and Majma' al-Bayan.**

وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ (76)

ترجمہ: اور اگر تم سمجھو تو بے شک یہ بہت بڑی قَسم ہےo

And this is a mighty oath if you realize.

إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ (77)

ترجمہ: بے شک یہ بڑی عظمت والا قرآن ہے (جو بڑی عظمت والے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اتر رہا ہے)o

Surely, this is a Glorious Qur'an (which is being sent down on the most Glorious Messenger [blessings and peace be upon him]).

فِي كِتَابٍ مَّكْنُونٍ (78)

ترجمہ: (اس سے پہلے یہ) لوحِ محفوظ میں (لکھا ہوا) ہےo

It has been (inscribed) in al-Lawh al-Mahfuz (the Preserved Tablet) before this.

لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ (79)

ترجمہ: اس کو پاک (طہارت والے) لوگوں کے سوا کوئی نہیں چھوئے گاo

No one can touch it except the purified (and cleansed) ones.

تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (80)

ترجمہ: تمام جہانوں کے ربّ کی طرف سے اتارا گیا ہےo

It has been sent down by the Lord of all the worlds.

أَفَبِهَذَا الْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ (81)

ترجمہ: سو کیا تم اسی کلام کی تحقیر کرتے ہوo

So is it this Revelation that you disdain?

وَتَجْعَلُونَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُونَ (82)

ترجمہ: اور تم نے اپنا رِزق (اور نصیب) اسی بات کو بنا رکھا ہے کہ تم (اسے) جھٹلاتے رہوo

And you have made your means of subsistence (and fortune) to reject it!

فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ (83)

ترجمہ: پھر کیوں نہیں (روح کو واپس لوٹا لیتے) جب وہ (پرواز کرنے کے لیے) حلق تک آ پہنچتی ہےo

Then why do you not (make the soul return) when it reaches the throat (to pass away)?

وَأَنتُمْ حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ (84)

ترجمہ: اور تم اس وقت دیکھتے ہی رہ جاتے ہوo

And at that moment, you do nothing but helplessly look on!

وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ مِنكُمْ وَلَكِن لَّا تُبْصِرُونَ (85)

ترجمہ: اور ہم اس (مرنے والے) سے تمہاری نسبت زیادہ قریب ہوتے ہیں لیکن تم (ہمیں) دیکھتے نہیں ہوo

And We are nearer to him (the dying one) than you but you do not see (Us).

فَلَوْلَا إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ (86)

ترجمہ: پھر کیوں نہیں (ایسا کر سکتے) اگر تم کسی کی مِلک و اختیار میں نہیں ہوo

Then if you are under no one's command and control, why do you not (do this),

تَرْجِعُونَهَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (87)

ترجمہ: کہ اس (رُوح) کو واپس پھیر لو اگر تم سچّے ہوo

That you turn that soul back if you are truthful?

فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ (88)

ترجمہ: پھر اگر وہ (وفات پانے والا) مقرّبین میں سے تھاo

Then if he (who died) was of those drawn near,

فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّةُ نَعِيمٍ (89)

ترجمہ: تو (اس کے لیے) سرور و فرحت اور روحانی رزق و استراحت اور نعمتوں بھری جنت ہےo

For him is Paradise packed with bounties, pleasure and delight and spiritual sustenance and comforts.

وَأَمَّا إِن كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ (90)

ترجمہ: اور اگر وہ اصحاب الیمین میں سے تھاo

And if he was of those on the Right Hand,

فَسَلَامٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ (91)

ترجمہ: تو (اس سے کہا جائے گا:) تمہارے لیے دائیں جانب والوں کی طرف سے سلام ہے (یا اے نبی! آپ پر اصحابِ یمین کی جانب سے سلام ہے)o

Then (it will be said to him:) 'Peace for you from those on the Right Hand! (Or, O Prophet, peace on you from those on the Right Hand!)'

وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِينَ الضَّالِّينَ (92)

ترجمہ: اور اگر وہ (مرنے والا) جھٹلانے والے گمراہوں میں سے تھاo

But if he (who died) was of the strayed beliers,

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيمٍ (93)

ترجمہ: تو (اس کی) سخت کھولتے ہوئے پانی سے ضیافت ہوگیo

Then he will be entertained with scalding, boiling water.

وَتَصْلِيَةُ جَحِيمٍ (94)

ترجمہ: اور (اس کا انجام) دوزخ میں داخل کر دیا جانا ہےo

And his (end) is the admission to Hell.

إِنَّ هَذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ (95)

ترجمہ: بے شک یہی قطعی طور پر حق الیقین ہےo

Assuredly, this is the absolute truth of certitude.

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ (96)

ترجمہ: سو آپ اپنے ربِّ عظیم کے نام کی تسبیح کیا کریںo

So always glorify the Name of your Lord, Most Magnificent.

سورۃ الحدید:

هُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (4)

ترجمہ: وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ اَدوار میں پیدا فرمایا پھر کائنات کی مسند اقتدار پر (اپنی شان کے مطابق) جلوہ افروز ہوا (یعنی پوری کائنات کو اپنے امر کے ساتھ منظّم فرمایا)، وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس میں سے خارج ہوتا ہے اور جو کچھ آسمانی کرّوں سے اترتا (یا نکلتا) ہے یا جو کچھ ان میں چڑھتا (یا داخل ہوتا) ہے۔ وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے تم جہاں کہیں بھی ہو، اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو (اسے) خوب دیکھنے والا ہےo

He is the One Who created the heavens and the earth in six periods, then unveiled His Might taking the Throne of sovereignty of the universe (i.e., organized the whole universe under His command befitting His Glory). He knows what goes into the earth and what comes out of it, and what descends (or comes forth) from the heavenly bodies or what ascends to (or goes into)

them. Wherever you are, He is with you. And Allah monitors best what you do.

لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الأُمُورُ **(5)**

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کی ساری سلطنت اسی کی ہے، اور اسی کی طرف سارے امور لوٹائے جاتے ہیںo

His is the entire kingdom of the heavens and the earth, and to Him are returned all the affairs.

هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلَى عَبْدِهِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ لَرَؤُوفٌ رَّحِيْمٌ **(9)**

ترجمہ: وہی ہے جو اپنے (برگزیدہ) بندے پر واضح نشانیاں نازل فرماتا ہے تاکہ تمہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لے جائے، اور بے شک اللہ تم پر نہایت شفقت فرمانے والا نہایت رحم فرمانے والا ہےo

He is the One Who sends down clear signs to His (exalted) servant so that He may bring you out of the darkness into the light. Surely, Allah is the Most Clement, Ever-Merciful towards you.

وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِيْ سَبِيْلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيْرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَا يَسْتَوِيْ مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ أُوْلَئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَى وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ **(10)**

ترجمہ: اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالاں کہ آسمانوں اور زمین کی ساری ملکیت اللہ ہی کی ہے (تم فقط اس مالک کے نائب ہو)، تم میں سے جن لوگوں نے فتحِ (مکّہ) سے پہلے (اللہ کی راہ میں اپنا مال) خرچ کیا اور (حق کے لیے) قتال کیا وہ (اور تم) برابر نہیں ہو سکتے، وہ اُن لوگوں سے درجہ میں بہت بلند ہیں جنہوں نے بعد میں مال خرچ کیا ہے، اور قتال کیا ہے، مگر اللہ نے حسنِ آخرت (یعنی جنت) کا وعدہ سب سے فرما دیا ہے، اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اُن سے خوب آگاہ ہےo

And what is the matter with you that you do not spend in the way of Allah, whereas the ownership of the heavens and the earth belongs to Allah alone (you are merely His vicegerents)? Those of you who spent (their wealth in the way of Allah before Meccan Victory) and fought (for the sake of truth), they (and you) cannot be equal. They are far higher in rank than those who spent their wealth afterwards and fought. But Allah has promised the most pleasing end (i.e., Paradise) to all in the Hereafter. And Allah is Well Aware of what you do.

إِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيْمٌ **(18)**

ترجمہ: بے شک صدقہ و خیرات دینے والے مرد اور صدقہ و خیرات دینے والی عورتیں اور جنہوں نے اللہ کو قرضِ حسنہ کے طور پر قرض دیا ان کے لیے (صدقہ و قرضہ کا اجر) کئی گنا بڑھا دیا جائے گا اور اُن کے لیے بڑی عزت والا ثواب ہوگاo

Surely, both the men and the women who give charity and those who lend a goodly loan to Allah, (the reward of charity) will be increased for them manifold, and there will be most honourable reward for them.

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ أُوْلَئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ وَالشُّهَدَاءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِآيَاتِنَآ أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ (19)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں، اُن کے لیے اُن کا اجر (بھی) ہے اور ان کا نور (بھی) ہے، اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیں o

And those who believe in Allah and His Messengers are al-siddiqun (the champions of truth) and al-shuhada' (the faithful witnesses) in the sight of their Lord. For them is their reward and their light (as well), and those who disbelieved and denied Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell.

سَابِقُوْٓا إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (21)

ترجمہ: (اے بندو!) تم اپنے رب کی بخشش کی طرف تیز لپکو اور جنت کی طرف (بھی) جس کی چوڑائی (ہی) آسمان اور زمین کی وسعت جتنی ہے، اُن لوگوں کیلیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں، یہ اللہ کا فضل ہے جسے وہ چاہتا ہے اسے عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ عظیم فضل والا ہے o

(O servants!) Race in pursuit of forgiveness from your Lord and towards Paradise (also) which is as wide as the vast expanse of the heaven and the earth, prepared for those who believe in Allah and His Messengers. This is Allah's bounty which He gives to whom He wills. And Allah is the Lord of infinite bounty.

مَا أَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِيْٓ أَنْفُسِكُمْ إِلَّا فِيْ كِتَابٍ مِّنْ قَبْلِ أَنْ نَّبْرَأَهَا إِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ (22)

ترجمہ: کوئی بھی مصیبت نہ تو زمین میں پہنچتی ہے اور نہ تمہاری زندگیوں میں مگر وہ ایک کتاب میں (یعنی لوحِ محفوظ میں جو اللہ کے علمِ قدیم کا مرتبہ ہے) اس سے قبل کہ ہم اسے پیدا کریں (موجود) ہوتی ہے، بے شک یہ (علمِ محیط و کامل) اللہ پر بہت ہی آسان ہے o

No calamity occurs in the earth or in your lives but it is in a Book (al-Lawh al-Mahfuz, the station of Allah's pre-eternal knowledge,) before We make it happen. Surely, this (all-encompassing and perfect knowledge) is very easy for Allah,

لِكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ آتَاكُمْ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ (23)

ترجمہ: تاکہ تم اس چیز پر غم نہ کرو جو تمہارے ہاتھ سے جاتی رہی اور اس چیز پر نہ اِتراؤ جو اس نے تمہیں عطا کی، اور اللہ کسی تکبّر کرنے والے، فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا o

So that you may not grieve over what goes out of your hands, nor gloat in pride over what He grants you. And Allah does not like anyone arrogant and proud-

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ (24)

ترجمہ: جولوگ (خود بھی) بخل کرتے ہیں اور (دوسرے) لوگوں کو (بھی) بخل کی تلقین کرتے ہیں، اور جو شخص (احکامِ الٰہی سے) رُوگردانی کرتا ہے تو بے شک اللہ (بھی) بے پرواہ ہے بڑا قابلِ حمد وستائش ہےo

They who are (themselves) miserly and (also) urge others to be miserly. And he who turns away from (Allah's injunctions), then surely Allah is (also) Self-Sufficient, Most Praiseworthy.

لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَأَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَأْسٌ شَدِيْدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَنْصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ (25)

ترجمہ: بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب اور میزانِ عدل نازل فرمائی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوسکیں، اور ہم نے (معدنیات میں سے) لوہا مہیّا کیا اس میں (آلاتِ حرب و دفاع کے لیے) سخت قوّت اور لوگوں کے لیے (صنعت سازی کے کئی دیگر) فوائد ہیں اور (یہ اس لیے کیا) تاکہ اللہ ظاہر کردے کہ کون اُس کی اور اُس کے رسولوں کی (یعنی دینِ اسلام کی) بِن دیکھے مدد کرتا ہے، بے شک اللہ (خود ہی) بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہےo

Verily, We sent Our Messengers with clear signs, and We sent down with them the Book and the balance of justice so that people might grow firm and stable in justice. And (of minerals) We brought forth iron in which there is a fierce force (for weapons and defence) and which has (multiple other) benefits for people (in industrial development). And (the purpose is) that Allah may bring to light the one who helps Him and His Messengers (i.e., the Din [Religion of Islam]) without seeing. Surely, Allah is (Himself) the All-Powerful, the Almighty.

سورۃ المجادلۃ:

الَّذِيْنَ يُظَاهِرُوْنَ مِنْكُم مِّن نِّسَائِهِم مَّا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ إِنْ أُمَّهَاتُهُمْ إِلَّا اللَّائِيْ وَلَدْنَهُمْ وَإِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنكَراً مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوراً وَإِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ (2)

ترجمہ: تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظِہار کر بیٹھتے ہیں (یعنی یہ کہہ بیٹھتے ہیں کہ تم مجھ پر میری ماں کی پشت کی طرح ہو)، تو (یہ کہنے سے) وہ اُن کی مائیں نہیں (ہو جاتیں)، اُن کی مائیں تو صرف وہی ہیں جنہوں نے اُن کو جَنا ہے، اور بے شک وہ لوگ بری اور جھوٹی بات کہتے ہیں، اور بے شک اللہ ضرور درگزر فرمانے والا بڑا بخشنے والا ہےo

Those of you who separate their wives by zihar (i.e., they say to their wives: You are to me as my mother's back. But by saying this) they do not become their mothers. Their mothers are only those who have given them birth. And no doubt they utter evil and false words. Surely, Allah is Most Forbearing, Most Forgiving.

وَالَّذِيْنَ يُظَاهِرُوْنَ مِن نِّسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا ذَلِكُمْ تُوعَظُوْنَ بِهِ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (3)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کر بیٹھیں پھر جو کہا ہے اس سے پلٹنا چاہیں تو ایک گردن (غلام یا باندی) کا آزاد کرنا لازم ہے قبل اِس کے کہ وہ ایک دوسرے کو مَس کریں، تمہیں اس بات کی نصیحت کی جاتی ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

And those who separate their wives by zihar, but then seek to go back on what they have said, setting free a neck (a slave) is obligatory before they touch each other. This is what you are admonished. And Allah is Well Aware of the works that you do.

فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّينَ مِسْكِيناً ذَلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(4)**

ترجمہ: پھر جسے (غلام یا باندی) میسّر نہ ہو تو دو ماہ متواتر روزے رکھنا (لازم ہے) قبل اِس کے کہ وہ ایک دوسرے کو مَس کریں، پھر جو شخص اِس کی (بھی) طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا (لازم ہے)، یہ اِس لیے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھو۔ اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدود ہیں، اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہےo

But the one who does not find (a slave) must fast for two consecutive months (as an obligation) before they touch each other. Then someone who is unable to do that must feed sixty poor people (under obligation). That is in order that you may keep your belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). And these are the limits (set by) Allah. And there is a painful punishment for the disbelievers.

إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ كُبِتُوا كَمَا كُبِتَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَقَدْ أَنزَلْنَا آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ **(5)**

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عداوت رکھتے ہیں وہ اسی طرح ذلیل کیے جائیں گے جس طرح اُن سے پہلے لوگ ذلیل کیے جا چکے ہیں اور بے شک ہم نے واضح آیتیں نازل فرما دی ہیں، اور کافروں کے لیے ذِلت انگیز عذاب ہےo

Indeed, those who maintain rivalry against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) will be humiliated as those before them were humiliated. And surely, We have sent down clear Revelations, and there is humiliating torment for the disbelievers.

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعاً فَيُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا أَحْصَاهُ اللَّهُ وَنَسُوهُ وَاللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ **(6)**

ترجمہ: جس دن اللہ ان سب لوگوں کو (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے گا پھر انہیں اُن کے اعمال سے آگاہ فرمائے گا، اللہ نے (ان کے) ہر عمل کو شمار کر رکھا ہے حالاں کہ وہ اسے بھول (بھی) چکے ہیں، اور اللہ ہر چیز پر مطّلع (اور آگاہ) ہےo

On the Day when Allah will raise them all up (giving life again), He will then inform them of their actions. Allah has counted up (their) every action whilst they have forgotten it. And Allah is Witness over (and Well Aware of) everything.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَا يَكُونُ مِن نَّجْوَى ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَا أَدْنَى مِن ذَٰلِكَ وَلَا أَكْثَرَ إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوا ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (7)

ترجمہ: (اے انسان!) کیا تجھے معلوم نہیں کہ اللہ اُن سب چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، کہیں بھی تین (آدمیوں) کی کوئی سرگوشی نہیں ہوتی مگر یہ کہ وہ (اللہ اپنے محیط علم و آگہی کے ساتھ) اُن کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی پانچ (آدمیوں) کی سرگوشی ہوتی ہے مگر وہ (اپنے علمِ محیط کے ساتھ) اُن کا چھٹا ہوتا ہے، اور نہ اس سے کم (لوگوں) کی اور نہ زیادہ کی مگر وہ (ہمیشہ) اُن کے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں بھی وہ ہوتے ہیں، پھر وہ قیامت کے دن انہیں اُن کاموں سے خبردار کر دے گا جو وہ کرتے رہے تھے، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

(O man!) Do you not know that Allah knows all those things which are in the heavens and in the earth? There is no whisper of three (men) anywhere but He is their fourth (with His all-encompassing knowledge and awareness). Nor is there any whisper of five (men) but He is the sixth of them (with His all-encompassing knowledge). Nor of less or more than that but He is (always) with them wherever they are. Then on the Day of Rising, He will alert them to the actions that they used to do. Surely, Allah knows everything full well.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نُهُوا عَنِ النَّجْوَى ثُمَّ يَعُودُونَ لِمَا نُهُوا عَنْهُ وَيَتَنَاجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَإِذَا جَاؤُوكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللَّهُ وَيَقُولُونَ فِي أَنفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللَّهُ بِمَا نَقُولُ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ الْمَصِيرُ (8)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشیوں سے منع کیا گیا تھا پھر وہ لوگ وہی کام کرنے لگے جس سے روکے گئے تھے اور وہ گناہ اور سرکشی اور نافرمانیٔ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے متعلق سرگوشیاں کرتے ہیں اور جب آپ کے پاس حاضر ہوتے ہیں تو آپ کو اُن (نازیبا) کلمات کے ساتھ سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں فرمایا اور اپنے دلوں میں کہتے ہیں کہ (اگر یہ رسول سچے ہیں تو) اللہ ہمیں اِن (باتوں) پر عذاب کیوں نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں؟ انہیں دوزخ (کا عذاب) ہی کافی ہے، وہ اسی میں داخل ہوں گے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

Have you not seen those who were forbidden to whisper? Then they started doing the same that they were forbidden to do. And they whisper about sin and revolt and disobedience to the (Holy) Messenger (blessings and peace be upon him), and when they come to your presence, they greet you with the (unbecoming) words with which Allah has not greeted you and say in their hearts: '(If this Messenger [blessings and peace be upon him] is truthful then) why does Allah not punish us for what we say?' (The punishment of) Hell is sufficient for them. They will enter it and it is an extremely evil abode.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِم مَّا هُم مِّنكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (14)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسی جماعت کے ساتھ دوستی رکھتے ہیں جن پر اللہ نے غضب فرمایا، نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ اُن میں سے ہیں اور جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں حالاں کہ وہ جانتے ہیںo

Have you not seen those who make friends with such a party upon whom Allah sent wrath? They are neither of you nor of them and they take false oaths whilst they know.

لَا تَجِدُ قَوْماً يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءهُمْ أَوْ أَبْنَاءهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ أُوْلَئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيْمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ أُوْلَئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (22)

ترجمہ: آپ اُن لوگوں کو جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں کبھی اس شخص سے دوستی کرتے ہوئے نہ پائیں گے جو اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے دشمنی رکھتا ہے خواہ وہ اُن کے باپ (اور دادا) ہوں یا بیٹے (اور پوتے) ہوں یا اُن کے بھائی ہوں یا اُن کے قریبی رشتہ دار ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اُس (اللہ) نے ایمان ثبت فرما دیا ہے اور انہیں اپنی روح (یعنی فیضِ خاص) سے تقویت بخشی ہے، اور انہیں (ایسی) جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اللہ اُن سے راضی ہو گیا ہے اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے ہیں، یہی اللہ (والوں) کی جماعت ہے، یاد رکھو! بے شک اللہ (والوں) کی جماعت ہی مراد پانے والی ہےo

You will never find those who believe in Allah and the Day of Rising making friends with anyone who is hostile to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), even though they are their fathers (and forefathers), or their sons (and grandsons), or their brothers, or their near relatives. It is they in whose hearts Allah has inscribed faith and has strengthened them with His spirit (i.e., special spiritual benefit). And He will admit them to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Allah. It is they who are the party of (the devotees of) Allah. Remember! It is the party of (the devotees of) Allah that attain to the goal.

سورۃ الصّف:

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعَى إِلَى الْإِسْلَامِ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ (7)

ترجمہ: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے حالاں کہ اسے اسلام کی طرف بلایا جا رہا ہو، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

And who can be a greater wrongdoer than he who invents a lie against Allah whilst he is being invited towards Islam? And Allah does not guide the wrongdoers.

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِؤُوا نُورَ اللّٰهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ (8)

ترجمہ: یہ (منکرینِ حق) چاہتے ہیں کہ وہ اللہ کے نور کو اپنے منہ (کی پھونکوں) سے بجھا دیں، جبکہ اللہ اپنے نور کو پورا فرمانے والا ہے اگرچہ کافر کتنا ہی ناپسند کریںo

These (deniers of the truth) desire to put out the Light of Allah by (blowing) with their mouths, whereas Allah will take His Light to perfection, even though the disbelievers may dislike it intensely.

سورۃ المنافقون:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد (کہیں) تمہیں اللہ کی یاد سے ہی غافل نہ کر دیں، اور جو شخص ایسا کرے گا تو وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیںo

O believers! Let not your wealth and your children make you neglectful of the very remembrance of Allah. And whoever does so, it is they who are the losers.

وَأَنفِقُوا مِن مَّا رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِيْ إِلَى أَجَلٍ قَرِيْبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُن مِّنَ الصَّالِحِيْنَ (10)

ترجمہ: اور تم اس (مال) میں سے جو ہم نے تمہیں عطا کیا ہے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرو قبل اِس کے کہ تم میں سے کسی کو موت آ جائے پھر وہ کہنے لگے: اے میرے رب! تو نے مجھے تھوڑی مدت تک کی مہلت اور کیوں نہ دے دی کہ میں صدقہ و خیرات کر لیتا اور نیکوکاروں میں سے ہو جاتاo

And spend (in the way of Allah) out of (the wealth) which We have given you before death approaches one of you, and he says: 'O my Lord, why did You not give me respite for a short while so that I could donate in charity and become one of the most pious?'

وَلَن يُؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْساً إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (11)

ترجمہ: اور اللہ ہرگز کسی شخص کو مہلت نہیں دیتا جب اس کی موت کا وقت آ جاتا ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

And Allah never grants respite to anyone when his hour of death approaches. And Allah is Well Aware of the actions that you do.

سورۃ التغابن:

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَإِلَيْهِ الْمَصِيْرُ (3)

ترجمہ: اسی نے آسمانوں اور زمین کو حکمت و مقصد کے ساتھ پیدا فرمایا اور (اسی نے) تمہاری صورتیں بنائیں پھر تمہاری صورتوں کو خوب تر کیا، اور (سب کو) اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہےo

He is the One Who created the heavens and the earth with a rationale and

purpose. And (He is the One Who) gave you shapes and then did up your shapes. And (all) have to return to Him alone.

يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّونَ وَمَا تُعْلِنُونَ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ **(4)**

ترجمہ: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ جانتا ہے اور ان باتوں کو (بھی) جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو، اور جو ظاہر کرتے ہو اور اللہ سینوں والی (راز کی) باتوں کو (بھی) خوب جاننے والا ہےo

He knows what is in the heavens and in the earth and (also) knows those things that you hide and that you disclose, and Allah knows best (the secret) matters contained in the breasts.

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَبْلُ فَذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(5)**

ترجمہ: کیا تمہیں اُن لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جنہوں نے (تم سے) پہلے کفر کیا تھا تو انہوں نے (دنیا میں) اپنے کام کی سزا چکھ لی اور ان کے لیے (آخرت میں بھی) دردناک عذاب ہےo

Has the news not reached you of those who disbelieved before you and tasted the punishment of their work (in the world), and there is a grievous torment for them (in the Hereafter as well)?

ذَلِكَ بِأَنَّهُ كَانَت تَّأْتِيهِمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالُوا أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللَّهُ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ **(6)**

ترجمہ: یہ اس لیے کہ اُن کے پاس اُن کے رسول واضح نشانیاں لے کر آتے تھے تو وہ کہتے تھے: کیا (ہماری ہی مثل اور ہم جنس) بشر☆ ہمیں ہدایت کریں گے؟ سو وہ کافر ہو گئے اور انہوں نے (حق سے) رُوگردانی کی اور اللہ نے بھی (اُن کی) کچھ پرواہ نہ کی، اور اللہ بے نیاز ہے لائقِ حمد و ثنا ہےo

☆ بشر کا یہ معنی ائمہ تفاسیر کے بیان کردہ معنی کے مطابق ہے۔ حوالہ جات کے لیے دیکھیں: تفسیر طبری، الکشاف، نسفی، بغوی، خازن، جمل، مظہری اور فتح القدیر وغیرہ۔

That is because their Messengers brought them clear signs, but they said: 'Shall a human being (who is our like and from our kind) guide us?'* So they became disbelievers and turned away (from the truth). And Allah too disregarded (them) and Allah is Self-Sufficient, Praiseworthy.

*** This meaning of the word bashar (human being) is according to what the eminent exegetes have described. See: Tafsir al-Tabari, al-Kashshaf, al-Nasafi, al-Baghawi, al-Khazin, al-Jumal, al-Mazhari and Fath al-Qadir, etc.**

زَعَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن لَّن يُبْعَثُوا قُلْ بَلَى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ وَذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ **(7)**

ترجمہ: کافر لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ (دوبارہ) ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے۔ فرما دیجیے: کیوں نہیں، میرے رب کی قسم! تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہیں بتا دیا جائے گا جو کچھ تم نے کیا تھا، اور یہ اللہ پر بہت آسان ہےo

The disbelievers think that they will never be raised (again). Say: 'Why not! By my Lord! You will surely be raised. Then you will be informed of what you did. And this is very easy for Allah (to do).'

فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِيٓ أَنزَلْنَا وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (8)

ترجمہ: پس تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور اُس نور پر ایمان لاؤ جسے ہم نے نازل فرمایا ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

So believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and that Light which We have sent down. And Allah is Well Aware of the deeds that you do.

يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحاً يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِيٓ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيهَا أَبَداً ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (9)

ترجمہ: جس دن وہ تمہیں جمع ہونے کے دن (میدانِ حشر میں) اکٹھا کرے گا یہ ہار اور نقصان ظاہر ہونے کا دن ہے۔ اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے تو (اللہ) اس (کے نامۂ اعمال) سے اس کی خطائیں مٹا دے گا اور اسے جنتوں میں داخل فرما دے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہوں گے، یہ بہت بڑی کامیابی ہےo

The Day when He will gather you on the Day of Assembly (in the vast expanse for Great Gathering), that will be the Day of Manifestation of Loss and Defeat. And he who believes in Allah and does pious deeds, Allah will remove his sins from his (record of deeds) and will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. This is a great success.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِيْنَ فِيهَا وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (10)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیں (جو) اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

And those who disbelieve and reject Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell, its permanent residents. And what an evil abode that is!

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (11)

ترجمہ: (کسی کو) کوئی مصیبت نہیں پہنچتی مگر اللہ کے حکم سے اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے تو وہ اُس کے دل کو ہدایت فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

No suffering afflicts (anyone) except by the command of Allah. And he who believes in Allah, He guides his heart and Allah knows best everything.

وَأَطِيْعُوا اللَّهَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُولَ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَى رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ (12)

ترجمہ: اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر اگر تم نے رُوگردانی کی تو (یاد رکھو) ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذمّہ صرف واضح طور پر (احکام کو) پہنچا دینا ہےo

And obey Allah and obey the Messenger (blessings and peace be upon him). Then if you turn away, (remember that) the responsibility of Our Messenger (blessings and peace be upon him) is only to deliver (the injunctions) clearly.

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (13)

ترجمہ: اللہ (ہی معبود) ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے o

Allah (alone) is (God). There is no God but He. And the believers should put their trust in Allah alone.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (14)

ترجمہ: اے ایمان والو! بے شک تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں پس اُن سے ہوشیار رہو۔ اور اگر تم صرفِ نظر کر لو اور درگزر کرو اور معاف کر دو تو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے o

O believers! Surely, amongst your wives and your children there are some who are your enemies. So, beware of them! And if you overlook it and forbear and forgive, Allah is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَاللَّهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ (15)

ترجمہ: تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض آزمائش ہی ہیں، اور اللہ کی بارگاہ میں بہت بڑا اجر ہے o

Your riches and your children are merely a trial. And there is a mighty reward in the presence of Allah.

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (16)

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرتے رہو جس قدر تم سے ہو سکے اور (اُس کے احکام) سنو اور اطاعت کرو اور (اس کی راہ میں) خرچ کرو یہ تمہارے لیے بہتر ہوگا، اور جو اپنے نفس کے بخل سے بچا لیا جائے سو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں o

So fear Allah as much as you are able to. And listen to (His commands) and obey and spend (in His way). That will be better for you. And whoever is saved from the miserliness of his (ill-commanding) self, it is they who will attain prosperity.

سورۃ التحریم:

قَدْ فَرَضَ اللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللَّهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ (2)

ترجمہ: (اے مومنو!) بے شک اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کا (کفارہ دے کر) کھول ڈالنا مقرر فرما دیا ہے۔ اور اللہ تمہارا مددگار و کارساز ہے، اور وہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

(O believers!) Indeed, Allah has prescribed for you how to dissolve your oaths (by atonement). And Allah is your Helper and Protector. And He is All-Knowing, Most Wise.

سورۃ الملک:

الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیَاۃَ لِیَبْلُوَکُمْ أَیُّکُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ (2)

ترجمہ: جس نے موت اور زندگی کو (اِس لیے) پیدا فرمایا کہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون عمل کے لحاظ سے بہتر ہے، اور وہ غالب ہے بڑا بخشنے والا ہےo

He Who has created death and life (so that) He may test you as to which of you is best in conduct. And He is Almighty, Most Forgiving;

وَلِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّھِمْ عَذَابُ جَھَنَّمَ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ (6)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا اِنکار کیا دوزخ کا عذاب ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

And for those who have denied their Lord is the torment of Hell. And what an evil abode it is!

إِذَا أُلْقُوْا فِیْھَا سَمِعُوْا لَھَا شَھِیْقاً وَھِیَ تَفُوْرُ (7)

ترجمہ: جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کی خوف ناک آواز سنیں گے اور وہ (آگ) جوش مار رہی ہوگیo

When they will be flung into it, they will hear its horrifying roar. And that (Fire) will be boiling (with rage),

تَکَادُ تَمَیَّزُ مِنَ الْغَیْظِ کُلَّمَا أُلْقِیَ فِیْھَا فَوْجٌ سَأَلَھُمْ خَزَنَتُھَا أَلَمْ یَأْتِکُمْ نَذِیْرٌ (8)

ترجمہ: گویا (ابھی) شدتِ غضب سے پھٹ کر پارہ پارہ ہو جائے گی، جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا تو اس کے داروغے ان سے پوچھیں گے: کیا تمہارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا تھاo

As if it is about to burst into pieces with intense wrath. When a group will be cast into it, its guards will ask them: 'Did no Warner come to you?'

قَالُوْا بَلَی قَدْ جَاءنَا نَذِیْرٌ فَکَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰہُ مِن شَیْءٍ إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِیْ ضَلَالٍ کَبِیْرٍ (9)

ترجمہ: وہ کہیں گے: کیوں نہیں! بے شک ہمارے پاس ڈر سنانے والا آیا تھا تو ہم نے جھٹلا دیا اور ہم نے کہا کہ اللہ نے کوئی چیز نازل نہیں کی، تم تو محض بڑی گمراہی میں (پڑے ہوئے) ہوo

They will say: 'Yes indeed! A Warner did come to us, but we rejected him and said: Allah has not sent down anything. You are just in great error.'

وَقَالُوْا لَوْ کُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا کُنَّا فِیْ أَصْحَابِ السَّعِیْرِ (10)

ترجمہ: اور کہیں گے: اگر ہم (حق کو) سنتے یا سمجھتے ہوتے تو ہم (آج) اہلِ جہنم میں (شامل) نہ ہوتےo

And they will say: 'Had we listened to or understood (the truth), we would not have been (put) amongst the inmates of Hell (Today).'

فَاعْتَرَفُوْا بِذَنبِھِمْ فَسُحْقاً لِّأَصْحَابِ السَّعِیْرِ (11)

ترجمہ: پس وہ اپنے گناہ کا اِعتراف کر لیں گے، سو دوزخ والوں کے لیے (رحمتِ اِلٰہی سے) دُوری (مقرر) ہےo

Then they will confess their sin. So remoteness for the inmates of Hell (from Allah's mercy) is (destined).

إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ (12)

ترجمہ: بے شک جولوگ بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے بخشش اور بڑا اَجر ہےo

Surely, those who fear their Lord unseen, for them is forgiveness and great reward.

وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (13)

ترجمہ: اورتم لوگ اپنی بات چھپا کر کہو یا اُسے بلند آواز میں کہو، یقیناً وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو (بھی) خوب جانتا ہےo

And whether you speak in secret or aloud, certainly He knows best (even) the things (hidden) in the hearts.

أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ (14)

ترجمہ: بھلا وہ نہیں جانتا جس نے پیدا کیا ہے؟ حالاں کہ وہ بڑا باریک بین (ہر چیز سے) خبردار ہےo

Does He, Who has created, not know? In truth, He is the One Who can see the essence and is Well Aware (of everything).

هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولًا فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ (15)

ترجمہ: وُہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو نرم و مسخر کر دیا، سو تم اس کے راستوں میں چلو پھرو، اور اُس کے (دیئے ہوئے) رِزق میں سے کھاؤ، اور اُسی کی طرف (مرنے کے بعد) اُٹھ کر جانا ہےo

He is the One Who has made the earth soft and subservient to you. So walk about through its tracks and eat of the sustenance (given) by Him, and towards Him alone is the return, rising (after death).

أَأَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يَخْسِفَ بِكُمُ الْأَرْضَ فَإِذَا هِيَ تَمُورُ (16)

ترجمہ: کیا تم آسمان والے (رب) سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے (اس طرح) کہ وہ اچانک لرزنے لگےo

Have you gone fearless of (the Lord of) the heaven that He may sink you into the earth when it suddenly shakes?

أَمْ أَمِنتُم مَّن فِي السَّمَاءِ أَن يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِباً فَسَتَعْلَمُونَ كَيْفَ نَذِيرِ (17)

ترجمہ: کیا تم آسمان والے (رب) سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تم پر پتھر برسانے والی ہوا بھیج دے؟ سو تم عنقریب جان لو گے کہ میرا ڈرانا کیسا ہےo

Have you gone fearless of (the Lord of) the heaven that He may send against you a stone-pelting wind? Then soon will you come to know how My Warning is!

وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ (18)

ترجمہ: اور بے شک ان لوگوں نے (بھی) جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے تھے، سو میرا اِنکار کیسا (عبرت ناک ثابت) ہواo

And surely, those before them (also) denied. But how (awful) proved My

denial!

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَنُ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ (19)

ترجمہ: کیا اُنہوں نے پرندوں کو اپنے اوپر پر پھیلائے ہوئے اور (کبھی) پر سمیٹے ہوئے نہیں دیکھا؟ اُنہیں (فضا میں گرنے سے) کوئی نہیں روک سکتا سوائے رحمان کے (بنائے ہوئے قانون کے)، بے شک وہ ہر چیز کو خوب دیکھنے والا ہےo

Have they not seen the birds above them spreading out their wings and (sometimes) folding them? Nothing can hold them (from falling) except (the law made by) the Most Kind (Lord). Surely, He sees everything best.

أَمَّنْ هَذَا الَّذِي هُوَ جُندٌ لَّكُمْ يَنصُرُكُم مِّن دُونِ الرَّحْمَنِ إِنِ الْكَافِرُونَ إِلَّا فِي غُرُورٍ (20)

ترجمہ: بھلا کوئی ایسا ہے جو تمہاری فوج بن کر (خدائے) رحمان کے مقابلہ میں تمہاری مدد کرے؟ کافر محض دھوکہ میں (مبتلا) ہیںo

Well, is there anyone that can muster an army to help you against the Most Kind Lord? The disbelievers are merely (snared) in deception.

أَمَّنْ هَذَا الَّذِي يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهُ بَل لَّجُّوا فِي عُتُوٍّ وَنُفُورٍ (21)

ترجمہ: بھلا کوئی ایسا ہے جو تمہیں رِزق دے سکے اگر (اللہ تم سے) اپنا رِزق روک لے؟ بلکہ وہ سرکشی اور (حق سے) نفرت میں مضبوطی سے اَڑے ہوئے ہیںo

Well, is there anyone that can provide you sustenance if (Allah) holds back His sustenance (from you)? In fact, they are adamantly fixed in rebellion and hatred (for truth).

أَفَمَن يَمْشِي مُكِبّاً عَلَى وَجْهِهِ أَهْدَى أَمَّن يَمْشِي سَوِيّاً عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (22)

ترجمہ: کیا وہ شخص جو منہ کے بل اوندھا چل رہا ہے زیادہ راہِ راست پر ہے یا وہ شخص جو سیدھی حالت میں صحیح راہ پر گامزن ہے؟o

Is he who walks in prone position more rightly guided, or he who walks upright on a straight path?

قُلْ هُوَ الَّذِي أَنشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ (23)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: وُہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں پیدا فرمایا اور تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دِل بنائے، تم بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہوo

Say: '(Allah) is He Who created you and provided you with ears and eyes and hearts. Yet you give thanks but little.'

قُلْ هُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (24)

ترجمہ: فرما دیجیے: وُہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلا دیا اور تم (روزِ قیامت) اُسی کی طرف جمع کیے جاؤ گےo

Say: 'He is the One Who has spread you in the earth, and you will be gathered towards Him (on the Day of Assembly).'

قُلْ هُوَ الرَّحْمَنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (29)

ترجمہ: فرما دیجیے: وُہی (خدائے) رحمان ہے جس پر ہم ایمان لائے ہیں اور اُسی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے، پس تم عنقریب جان لو گے کہ کون شخص کھلی گمراہی میں ہےo

Say: 'He alone is the Most Kind (Lord) in Whom we believe and in Whom we trust. So you will soon know who is in open error.'

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْراً فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاء مَّعِينٍ (30)

ترجمہ: فرما دیجیے: اگر تمہارا پانی زمین میں بہت نیچے اتر جائے (یعنی خشک ہو جائے) تو کون ہے جو تمہیں (زمین پر) بہتا ہوا پانی لا دےo

Say: 'If your water sinks far deep into the earth (i.e., dries up), then who will bring you flowing water (on earth)?'

سورۃ القلم:

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ (10)

ترجمہ: اور آپ کسی ایسے شخص کی بات نہ مانیں جو بہت قسمیں کھانے والا اِنتہائی ذلیل ہےo

And do not agree with any vile, most mean swearer of oaths,

هَمَّازٍ مَّشَّاء بِنَمِيمٍ (11)

ترجمہ: (جو) طعنہ زَن، عیب جُو (ہے اور) لوگوں میں فساد انگیزی کے لیے چغل خوری کرتا پھرتا ہےo

(The one who is) a slanderer, fault-finder, mischief-monger, (and) who backbites the people to rouse strife,

مَنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ (12)

ترجمہ: (جو) بھلائی کے کام سے بہت روکنے والا بخیل، حد سے بڑھنے والا سرکش (اور) سخت گنہگار ہےo

(The one who) greatly hinders pious works and is a miser, rebellious transgressor (and) toughened sinner,

عُتُلٍّ بَعْدَ ذَلِكَ زَنِيمٍ (13)

ترجمہ: (جو) بدمزاج درُشت خو ہے، مزید برآں بداَصل (بھی) ہےo☆

☆ یہ آیات ولید بن مغیرہ کے بارے میں نازل ہوئیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جتنے ذِلت آمیز اَلقاب باری تعالیٰ نے اس بدبخت کو دیئے آج تک کلامِ اِلٰہی میں کسی اور کے لیے استعمال نہیں ہوئے۔ وجہ یہ تھی کہ اُس نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اَقدس میں گستاخی کی، جس پر غضبِ اِلٰہی بھڑک اٹھا۔ ولید نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کا ایک کلمہ بولا تھا، جواباً باری تعالیٰ نے اُس کے دس رذائل بیان کیے اور آخر میں نطفۂ حرام ہونا بھی ظاہر کر دیا، اور اس کی ماں نے بعد ازاں اِس اَمر کی بھی تصدیق کر دی۔ (تفسیر قرطبی، رازی، نسفی وغیرھم)

(The one who is) rude, unmannerly, crooked and, moreover, of doubtful birth.*

*** These Verses were sent down about Walid b. Mughira. The venerable 'Abd**

Allah b. 'Abbas states: 'For no one else have so many humiliating titles been used to date in the Holy Book as Allah has given to this evil soul.' Because Walid b. Mughira blasphemed against the glory of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him), Allah replied, describing ten of Walid b. Mughira's evils, and He also revealed his illegitimacy in the end. Later his mother validated this fact. See: Tafsir al-Qurtubi, al-Razi, al-Nasafi, etc.

أَن كَانَ ذَا مَالٍ وَبَنِينَ (14)

ترجمہ: اِس لیے (اس کی بات کو اہمیت نہ دیں) کہ وہ مال دار اور صاحبِ اَولاد ہےo

So (do not pay any heed to him) because he is wealthy and has children.

إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيرُ الْأَوَّلِينَ (15)

ترجمہ: جب اس پر ہماری آیتیں تلاوت کی جائیں (تو) کہتا ہے: یہ (تو) پہلے لوگوں کے اَفسانے ہیںo

When Our Verses are recited to him, he says: 'These are the fictitious stories of the bygone people.'

سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُومِ (16)

ترجمہ: اب ہم اس کی سونڈ جیسی ناک پر داغ لگا دیں گےo

Now We shall brand him on the snout.

يَوْمَ يُكْشَفُ عَن سَاقٍ وَيُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ (42)

ترجمہ: جس دن ساق (یعنی اَحوالِ قیامت کی ہولناک شدت) سے پردہ اٹھایا جائے گا اور وہ (نافرمان) لوگ سجدہ کے لیے بلائے جائیں گے تو وہ (سجدہ) نہ کر سکیں گےo

The Day when the 'shin' (i.e., the terrifying fierceness of the Hour of Rising) will be laid bare, and (the disobedient) people will be called to prostrate themselves, but they will not be able to do so (i.e., to prostrate themselves).

خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ وَقَدْ كَانُوا يُدْعَوْنَ إِلَى السُّجُودِ وَهُمْ سَالِمُونَ (43)

ترجمہ: ان کی آنکھیں (ہیبت اور ندامت کے باعث) جھکی ہوئی ہوں گی (اور) ان پر ذِلت چھا رہی ہوگی، حالاں کہ وہ (دنیا میں بھی) سجدہ کے لیے بلائے جاتے تھے جبکہ وہ تندرست تھے (مگر پھر بھی سجدہ کے اِنکاری تھے)o

Their eyes will be cast down (with terror and shame) and disgrace will be spreading over them, whereas they were called to prostrate themselves (in the world also) when they were healthy (but they, even then, refused to fall prostrate).

فَذَرْنِي وَمَن يُكَذِّبُ بِهَذَا الْحَدِيثِ سَنَسْتَدْرِجُهُم مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُونَ (44)

ترجمہ: پس (اے حبیبِ مکرم!) آپ مجھے اور اس شخص کو جو اس کلام کو جھٹلاتا ہے (اِنتقام کے لیے) چھوڑ دیں، اب ہم انہیں آہستہ آہستہ (تباہی کی طرف) اس طرح لے جائیں گے کہ انہیں معلوم تک نہ ہوگاo

So, (O Esteemed Beloved,) leave Me (to exact revenge) from the one who

rejects this Revelation. Now We shall take them (towards disaster) so gradually that they will not perceive it.

وَأُمْلِي لَهُمْ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ (45)

ترجمہ: اور میں اُنہیں مہلت دے رہا ہوں، بے شک میری تدبیر بہت مضبوط ہےo

And I am giving them respite. Surely, My strategy is unbeatable.

أَمْ تَسْأَلُهُمْ أَجْراً فَهُم مِّن مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُونَ (46)

ترجمہ: کیا آپ ان سے (تبلیغِ رسالت پر) کوئی معاوضہ مانگ رہے ہیں کہ وہ تاوان (کے بوجھ) سے دبے جا رہے ہیںo

Do you ask them for any reward (for preaching the faith in Messengership) that they are weighed down with (the burden of) paying the recompense?

أَمْ عِندَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُونَ (47)

ترجمہ: کیا ان کے پاس علمِ غیب ہے کہ وہ (اس کی بنیاد پر اپنے فیصلے) لکھتے ہیںo

Do they have the knowledge of the unseen that they write down (their judgments on the basis of that)?

وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ (52)

ترجمہ: اور وہ (قرآن) تو سارے جہانوں کے لیے نصیحت ہےo

And it (the Qur'an) is direction and guidance for all the worlds.

سورۃ الحاقۃ:

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحَاقَّةُ (3)

ترجمہ: اور آپ کو کس چیز نے خبردار کیا کہ یقیناً واقع ہونے والی (قیامت) کیسی ہےo

And what has made you alert what (calamity) surely is the Inevitable Hour?

كَذَّبَتْ ثَمُودُ وَعَادٌ بِالْقَارِعَةِ (4)

ترجمہ: ثمود اور عاد نے (جملہ موجودات کو) باہمی ٹکراؤ سے پاش پاش کر دینے والی (قیامت) کو جھٹلایا تھاo

Thamud and 'Ad rejected the (calamity of a) Shattering Gravitational Collision (of all the existent cosmic bodies).

فَأَمَّا ثَمُودُ فَأُهْلِكُوا بِالطَّاغِيَةِ (5)

ترجمہ: پس قومِ ثمود کے لوگ! تو وہ حد سے زیادہ کڑک دار چنگھاڑ والی آواز سے ہلاک کر دیئے گئےo

So, as for the people of Thamud, they were destroyed by the extremely violent, Deafening Blast.

وَأَمَّا عَادٌ فَأُهْلِكُوا بِرِيحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ (6)

ترجمہ: اور رہے قومِ عاد کے لوگ! تو وہ (بھی) ایسی تیز آندھی سے ہلاک کر دیئے گئے جو انتہائی سرد نہایت گرج دار تھیo

And as for the people of 'Ad, they (too) were destroyed by a violently cold, roaring gale.

سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ حُسُوماً فَتَرَى الْقَوْمَ فِيهَا صَرْعَى كَأَنَّهُمْ أَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ (7)

ترجمہ: اللہ نے اس (آندھی) کو ان پر مسلسل سات راتیں اور آٹھ دن مسلّط رکھا، سو تُو ان لوگوں کو اس (عرصہ) میں (اس طرح) مرے پڑے دیکھتا (تو یوں لگتا) گویا وہ کھجور کے گرے ہوئے درختوں کی کھوکھلی جڑیں ہیں o

Allah made that (gale) seize them for consecutive seven nights and eight days. So, you could see them lying dead (during that time as if) they were hollow roots of the uprooted palm trees.

فَهَلْ تَرَى لَهُم مِّن بَاقِيَةٍ (8)

ترجمہ: سو تُو کیا ان میں سے کسی کو باقی دیکھتا ہے o

So do you see any of them surviving?

وَجَاء فِرْعَوْنُ وَمَن قَبْلَهُ وَالْمُؤْتَفِكَاتُ بِالْخَاطِئَةِ (9)

ترجمہ: اور فرعون اور جو اُس سے پہلے تھے اور (قومِ لوط کی) اُلٹی ہوئی بستیوں (کے باشندوں) نے بڑی خطائیں کی تھیں o

And Pharaoh and those before him and (the dwellers of) the overthrown towns (of the community of Lut [Lot]) committed grave sins.

فَعَصَوْا رَسُولَ رَبِّهِمْ فَأَخَذَهُمْ أَخْذَةً رَّابِيَةً (10)

ترجمہ: پس انہوں نے (بھی) اپنے رب کے رسول کی نافرمانی کی، سو اللہ نے انہیں نہایت سخت گرفت میں پکڑ لیا o

So they (also) disobeyed the Messenger of their Lord. And Allah seized them with a mighty seizure.

إِنَّا لَمَّا طَغَى الْمَاء حَمَلْنَاكُمْ فِي الْجَارِيَةِ (11)

ترجمہ: بے شک جب (طوفانِ نوح کا) پانی حد سے گزر گیا تو ہم نے تمہیں رواں کشتی میں سوار کر لیا o

Indeed, when the water (of the Deluge) overflowed the limit, We carried you in the floating Ark,

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَتَعِيَهَا أُذُنٌ وَاعِيَةٌ (12)

ترجمہ: تاکہ ہم اس (واقعہ) کو تمہارے لیے (یادگار) نصیحت بنا دیں اور محفوظ رکھنے والے کان اسے یاد رکھیں o

So that We make this (episode a reminding) lesson of warning for you and that the retentive ears may retain it.

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفَى مِنكُمْ خَافِيَةٌ (18)

ترجمہ: اُس دن تم (حساب کے لیے) پیش کیے جاؤ گے، تمہاری کوئی پوشیدہ بات چھپی نہ رہے گی o

That Day you will be made to appear (for reckoning). Nothing of your secrets will remain hidden.

فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ فَيَقُولُ هَاؤُمُ اقْرَؤُوا كِتَابِيَهْ (19)

ترجمہ: سو وہ شخص جس کا نامۂ اَعمال اس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا تو وہ (خوشی سے) کہے گا: آؤ میرا نامۂ اَعمال پڑھ لو o

So the one who will be given his record in the right hand will say (pleased):

'Come and read my record.

إِنِّیۡ ظَنَنۡتُ أَنِّیۡ مُلَاقٍ حِسَابِیَهۡ (20)

ترجمہ: میں تو یقین رکھتا تھا کہ میں اپنے حساب کو (آسان) پانے والا ہوں o

I firmly believed that I would find my account (easy).'

فَهُوَ فِیۡ عِیۡشَةٍ رَّاضِیَةٍ (21)

ترجمہ: سو وہ پسندیدہ زندگی بسر کرے گا o

So he will live a pleasant life,

فِیۡ جَنَّةٍ عَالِیَةٍ (22)

ترجمہ: بلند و بالا جنت میں o

In an elevated lofty Paradise,

قُطُوفُهَا دَانِیَةٌ (23)

ترجمہ: جس کے خوشے (پھلوں کی کثرت کے باعث) جھکے ہوئے ہوں گے o

The clusters of its fruits hanging low (due to abundance).

كُلُوا وَاشۡرَبُوا هَنِیۡٓئًا بِمَا أَسۡلَفۡتُمۡ فِیۡ الۡأَیَّامِ الۡخَالِیَةِ (24)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) خوب لطف اندوزی کے ساتھ کھاؤ اور پیو اُن (اَعمال) کے بدلے جو تم گزشتہ (زندگی کے) اَیام میں آگے بھیج چکے تھے o

(It will be said to them:) 'Eat and drink rejoicing, in recompense of (your deeds) that you had sent forward during the days of your past (life).'

وَأَمَّا مَنۡ أُوۡتِیَ كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ فَیَقُولُ یَا لَیۡتَنِیۡ لَمۡ أُوۡتَ كِتَابِیَهۡ (25)

ترجمہ: اور وہ شخص جس کا نامۂ اَعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا تو وہ کہے گا: ہائے کاش! مجھے میرا نامۂ اَعمال نہ دیا گیا ہوتا o

And as for him who will be given his record in his left hand, he will say: 'Would that I had not been given my record!

وَلَمۡ أَدۡرِ مَا حِسَابِیَهۡ (26)

ترجمہ: اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے o

And would that I had not known about my account!

یَا لَیۡتَهَا كَانَتِ الۡقَاضِیَةَ (27)

ترجمہ: ہائے کاش! وُہی (موت) کام تمام کر چکی ہوتی o

Alas! Would that (death) had settled my affair once and for all!

مَا أَغۡنَى عَنِّیۡ مَالِیَهۡ (28)

ترجمہ: (آج) میرا مال مجھ سے (عذاب کو) کچھ بھی دور نہ کر سکا o

Today my wealth has not been able to keep (the torment) away from me

even a little.

هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطَانِيَهْ (29)

ترجمہ: مجھ سے میری قوت وسلطنت (بھی) جاتی رہی o

My power and domain have (also) gone from me.'

خُذُوهُ فَغُلُّوهُ (30)

ترجمہ: (حکم ہوگا:) اسے پکڑ لو اور اسے طوق پہنا دو o

(It will be commanded:) 'Seize him and put him in neck-fetter.

ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوهُ (31)

ترجمہ: پھر اسے دوزخ میں جھونک دو o

Then cast him into Hell.

ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُونَ ذِرَاعاً فَاسْلُكُوهُ (32)

ترجمہ: پھر ایک زنجیر میں جس کی لمبائی ستر گز ہے اسے جکڑ دو o

Then bind him tightly in a seventy yard long chain.

إِنَّهُ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ الْعَظِيْمِ (33)

ترجمہ: بے شک یہ بڑی عظمت والے اللہ پر ایمان نہیں رکھتا تھا o

Verily, he did not believe in Allah, the Lord of Majesty.

وَلَا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ (34)

ترجمہ: اور نہ محتاج کو کھانا کھلانے پر رغبت دلاتا تھا o

Nor did he urge the feeding of the poor.

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هَاهُنَا حَمِيْمٌ (35)

ترجمہ: سو آج کے دن نہ اس کا کوئی گرم جوش دوست ہے o

So Today he does not have any warm friend.

وَلَا طَعَامٌ إِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ (36)

ترجمہ: اور نہ پیپ کے سوا (اُس کے لیے) کوئی کھانا ہے o

Nor has he anything to eat except filthy pus,

لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْخَاطِؤُونَ (37)

ترجمہ: جسے گنہگاروں کے سوا کوئی نہ کھائے گا o

That no one will eat except the sinners.'

سورۃ المعارج:

وَلَا يَسْأَلُ حَمِيْمٌ حَمِيْماً (10)

ترجمہ: اور کوئی دوست کسی دوست کا پرساں نہ ہوگا o

And no friend will enquire after his friend,

يُبَصَّرُونَهُمْ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ (11)

ترجمہ: (حالاں کہ) وہ (ایک دوسرے کو) دکھائے جا رہے ہوں گے، مجرم آرزو کرے گا کہ کاش! اس دن کے عذاب (سے رہائی) کے بدلہ میں اپنے بیٹے دے دےo

(Though) they will be shown (to one another). The sinner would desire to ransom himself from the torment of that Day by his children,

وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ (12)

ترجمہ: اور اپنی بیوی اور اپنا بھائی (دے ڈالے)o

And (by giving) his wife and his brother,

وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُؤْوِيهِ (13)

ترجمہ: اور اپنا (تمام) خاندان جو اُسے پناہ دیتا تھاo

And (all) his family who used to provide him shelter,

وَمَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً ثُمَّ يُنجِيهِ (14)

ترجمہ: اور جتنے لوگ بھی زمین میں ہیں، سب کے سب (اپنی ذات کے لیے بدلہ کر دے)، پھر یہ (فدیہ) اُسے (اللہ کے عذاب سے) بچا لےo

And all the people on earth (as recompense for himself), so that this (atonement) may save him from (Allah's torment).

كَلَّا إِنَّهَا لَظَى (15)

ترجمہ: ایسا ہرگز نہ ہوگا، بے شک وہ شعلہ زن آگ ہےo

But no! By no means! Surely, that is a Flaming Fire,

نَزَّاعَةً لِّلشَّوَى (16)

ترجمہ: سر اور تمام اَعضائے بدن کی کھال اتار دینے والی ہےo

Stripping off the skin of all the limbs and the scalp.

تَدْعُو مَنْ أَدْبَرَ وَتَوَلَّى (17)

ترجمہ: وہ اُسے بلا رہی ہے جس نے (حق سے) پیٹھ پھیری اور رُوگردانی کیo

It is calling him who turned his back (on the truth) and turned away,

وَجَمَعَ فَأَوْعَى (18)

ترجمہ: اور (اس نے) مال جمع کیا پھر (اسے تقسیم سے) روکے رکھاo

And (he who) accumulated wealth and then held it (from distribution).

إِنَّ الْإِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعاً (19)

ترجمہ: بے شک انسان بے صبرا اور لالچی پیدا ہوا ہےo

Surely, man has been created impatient and greedy.

إِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوعاً (20)

ترجمہ: جب اسے مصیبت (یا مالی نقصان) پہنچے تو گھبرا جاتا ہےo

He gets upset and worried when some hardship (or financial loss) afflicts him,

وَإِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوعاً (21)

ترجمہ: اور جب اسے بھلائی (یا مالی فراخی) حاصل ہو تو بخل کرتا ہےo

But becomes miserly when he receives good fortune (or affluence),

إِلَّا الْمُصَلِّيْنَ (22)

ترجمہ: مگر وہ نماز ادا کرنے والےo

Except for those who offer Prayer,

الَّذِيْنَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ (23)

ترجمہ: جو اپنی نماز پر ہمیشگی قائم رکھنے والے ہیںo

And are constant in their Prayer,

وَالَّذِيْنَ فِيْ أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُومٌ (24)

ترجمہ: اور وہ (ایثار کیش) لوگ جن کے اَموال میں حصہ مقرر ہےo

And those (who are committed to sacrifice and) in whose wealth there is a fixed share,

لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ (25)

ترجمہ: مانگنے والے اور نہ مانگنے والے محتاج کاo

Of one who begs and of one who is needy but does not beg,

وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ (26)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو روزِ جزا کی تصدیق کرتے ہیںo

And those who affirm the Day of Requital,

وَالَّذِيْنَ هُم مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِم مُّشْفِقُوْنَ (27)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے ہیںo

And those who fear the torment of their Lord;

إِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُوْنٍ (28)

ترجمہ: بے شک ان کے رب کا عذاب ایسا نہیں جس سے بے خوف ہوا جائےo

Surely, the torment of their Lord is not a thing which should not be feared;

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حَافِظُوْنَ (29)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیںo

And those who safeguard their private parts,

إِلَّا عَلَى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ (30)

ترجمہ: سوائے اپنی منکوحہ بیویوں کے یا اپنی مملوکہ کنیزوں کے، سو (اِس میں) اُن پر کوئی ملامت نہیں o

Except from their wives or the female slaves they possess. So (in this) there is no blame on them.

فَمَنِ ابْتَغَى وَرَاء ذَلِكَ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْعَادُونَ (31)

ترجمہ: سو جو ان کے علاوہ طلب کرے تو وہی لوگ حد سے گزرنے والے ہیں o

But he who looks for more than that, then it is they who transgress the limits.

وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ (32)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے وعدوں کی نگہداشت کرتے ہیں o

And those who safeguard their trusts and promises,

وَالَّذِينَ هُم بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ (33)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی گواہیوں پر قائم رہتے ہیں o

And those who stand firm on their testimonies,

وَالَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ (34)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں o

And those who safeguard their Prayers,

أُوْلَئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُّكْرَمُونَ (35)

ترجمہ: یہی لوگ ہیں جو جنتوں میں معزّز و مکرّم ہوں گے o

It is they who will enjoy great honour and respect in the Gardens.

سورۃ الجن:

وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن تَقُولَ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِباً (5)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم گمان کرتے تھے کہ انسان اور جنّ اللہ کے بارے میں ہرگز جھوٹ نہیں بولیں گے o

And that we thought that man and jinn would never tell a lie against Allah.

وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقاً (6)

ترجمہ: اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ لوگ جنات میں سے بعض اَفراد کی پناہ لیتے تھے، سو اُن لوگوں نے اُن جنات کی سرکشی اور بڑھا دی o

And that some of the men used to take shelter with some of the jinn. So they increased defiance amongst the jinn.

وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَداً (7)

ترجمہ: اور (اے گروہِ جنات!) وہ انسان بھی ایسا ہی گمان کرنے لگے جیسا گمان تم نے کیا کہ اللہ (مرنے کے بعد) ہرگز کسی کو نہیں

اٹھائے گاo

And, (O party of jinn,) those men also thought just as you thought that Allah would never raise up anyone (after death).

وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاء فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَساً شَدِيْداً وَشُهُباً (8)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم نے آسمانوں کو چھوا، اور انہیں سخت پہرہ داروں اور (اَنگاروں کی طرح) جلنے اور چمکنے والے ستاروں سے بھرا ہوا پایاo

And that we touched the heavens and found them filled with high-alert guards and stars shining and burning (like brands).

وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَاباً رَّصَداً (9)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم (پہلے آسمانی خبریں سننے کے لیے) اس کے بعض مقامات میں بیٹھا کرتے تھے، مگر اب کوئی سننا چاہے تو وہ اپنی تاک میں آگ کا شعلہ (منتظر) پائے گاo

And that we used to sit on certain seats (in the heavens previously, to listen to the news), but if someone now seeks to listen, then he will find a flame of fire (waiting) for him in ambush.

وَأَنَّا لَا نَدْرِيْ أَشَرٌّ أُرِيْدَ بِمَن فِيْ الْأَرْضِ أَمْ أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَداً (10)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم نہیں جانتے کہ (ہماری بندش سے) ان لوگوں کے حق میں جو زمین میں ہیں کسی برائی کا اِرادہ کیا گیا ہے یا ان کے رب نے ان کے ساتھ بھلائی کا اِرادہ فرمایا ہےo

And that we do not know whether some evil has been intended (by our restriction) in respect of those people who are in the earth, or their Lord intends some good for them.

سورۃ المزمل:

إِنَّ هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاء اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيْلاً (19)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) نصیحت ہے، پس جو شخص چاہے اپنے رب تک پہنچنے کا راستہ اِختیار کر لےo

Verily, this (Qur'an) is an admonition. So let him who desires adopt the way to reach his Lord.

سورۃ المدثر:

ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْداً (11)

ترجمہ: آپ مجھے اور اس شخص کو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا (اِنتقام لینے کے لیے) چھوڑ دیںo

Leave Me (to take revenge) on him whom I have created alone,

وَجَعَلْتُ لَهُ مَالاً مَّمْدُوداً (12)

ترجمہ: اور میں نے اسے بہت وسیع مال مہیا کیا تھاo

And I provided him wealth in abundance,

وَبَنِيْنَ شُهُوداً (13)

ترجمہ: اور (اس کے سامنے) حاضر رہنے والے بیٹے (دیئے) تھےo

And (gave) him sons remaining present (before him),

وَمَهَّدتُّ لَهُ تَمْهِيْداً (14)

ترجمہ: اور میں نے اسے (سامانِ عیش وعشرت میں) خوب وُسعت دی تھیo

And granted him affluence (in sources of luxury).

ثُمَّ يَطْمَعُ أَنْ أَزِيْدَ (15)

ترجمہ: پھر (بھی) وہ حرص رکھتا ہے کہ میں اور زیادہ کروںo

Yet he desires that I should give him more.

كَلَّا إِنَّهُ كَانَ لِآيَاتِنَا عَنِيْداً (16)

ترجمہ: ہرگز (ایسا) نہ ہوگا، بے شک وہ ہماری آیتوں کا دشمن رہا ہےo

No way! He has certainly been inimical to Our Revelations.

سَأُرْهِقُهُ صَعُوداً (17)

ترجمہ: عنقریب میں اسے سخت مشقت (کے عذاب) کی تکلیف دوں گاo

Soon I shall afflict him with (the punishment of) a severe toil.

إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ (18)

ترجمہ: بے شک اس نے سوچ بچار کی اور ایک سازش وضع کر لیo

Surely, he reflected and devised a plot.

فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ (19)

ترجمہ: بس اس پر (اللہ کی) مار (یعنی لعنت) ہو، اس نے کیسی سازش تیار کیo

So let (Allah's) curse be on him! How he plotted!

ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ (20)

ترجمہ: اس پر پھر (اللہ کی) مار (یعنی لعنت) ہو، اس نے (یہ) کیسی سازش کیo

Let again (Allah's) curse be on him! How he plotted!

ثُمَّ نَظَرَ (21)

ترجمہ: پھر اس نے (اپنی تجویز پر دوبارہ) غور کیاo

Then he pondered (over his scheme again).

ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ (22)

ترجمہ: پھر تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑاo

Then he frowned and twisted his face.

ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ (23)

ترجمہ: پھر (حق سے) پیٹھ پھیر لی اور تکبّر کیاo

Then he turned back (from the truth) and showed arrogance.

فَقَالَ إِنْ هَذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ (24)

ترجمہ: پھر کہنے لگا کہ یہ (قرآن) جادو کے سوا کچھ نہیں جو (اگلے جادوگروں سے) نقل ہوتا چلا آ رہا ہےo

Then he said: 'This (Qur'an) is nothing but magic which is being transmitted from the past (magicians).

إِنْ هَذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ (25)

ترجمہ: یہ (قرآن) بجز اِنسان کے کلام کے (اور کچھ) نہیںo

This (Qur'an) is nothing (else) but the words of a human being.'

سَأُصْلِيهِ سَقَرَ (26)

ترجمہ: میں عنقریب اسے دوزخ میں جھونک دوں گاo

I will soon cast him into Hell.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سَقَرُ (27)

ترجمہ: اور آپ کو کس نے بتایا ہے کہ سَقَر کیا ہےo

And who has told you what Saqar (the Fire of Hell) is?

لَا تُبْقِي وَلَا تَذَرُ (28)

ترجمہ: وہ (ایسی آگ ہے جو) نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہےo

That (is the Fire which) does not spare, nor does it leave out.

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (29)

ترجمہ: (وہ) جسمانی کھال کو جھلسا کر سیاہ کر دینے والی ہےo

(That) scorches the skin and blackens it.

عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ (30)

ترجمہ: اس پر اُنیس (19 فرشتے داروغے مقرر) ہیںo

There are nineteen (angels appointed as guards) over it.

وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِينَ آمَنُوا إِيمَاناً وَلَا يَرْتَابَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَذَا مَثَلاً كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَى لِلْبَشَرِ (31)

ترجمہ: اور ہم نے دوزخ کے داروغے صرف فرشتے ہی مقرر کیے ہیں اور ہم نے ان کی گنتی کافروں کے لیے محض آزمائش کے طور پر مقرر کی ہے تاکہ اہلِ کتاب یقین کر لیں (کہ قرآن اور نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہے کیونکہ ان کی کتب میں بھی یہی تعداد بیان کی گئی تھی) اور اہلِ ایمان کا ایمان (اس تصدیق سے) مزید بڑھ جائے، اور اہلِ کتاب اور مومنین (اس کی حقانیت میں)

شک نہ کرسکیں، اور تا کہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور کفار یہ کہیں کہ اس (تعداد کی) مثال سے اللہ کی مراد کیا ہے؟ اسی طرح اللہ (ایک ہی بات سے) جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ (دوزخ کا بیان) اِنسان کی نصیحت کے لیے ہی ہےo

And We have appointed only angels as guards of Hell. And We have fixed their number only as a trial for the disbelievers so that the People of the Book may believe with certitude (that the Qur'an and the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] is a truth because the same number was given in their scriptures as well), and that the faith of the believers may further be strengthened (with this confirmation), and that the People of the Book and the believers may not doubt (its veracity), and that those having a disease (of hypocrisy) in their hearts and the disbelievers may say: 'What does Allah intend by this example (of number)?' In this way, Allah holds astray whom He wills, and guides aright whom He wills (with the same stroke). And no one knows the armies of your Lord except Him. And this (description of Hell is nothing else) but an admonition to mankind.

كَلَّا وَالْقَمَرِ (32)

ترجمہ: ہاں، چاند کی قسم (جس کا گھٹنا، بڑھنا اور غائب ہوجانا گواہی ہے)o

Yes! By the moon (whose increase, decrease and disappearance is evidence),

وَاللَّيْلِ إِذْ أَدْبَرَ (33)

ترجمہ: اور رات کی قسم جب وہ پیٹھ پھیر کر رخصت ہونے لگےo

And by the night when it backs away to depart,

وَالصُّبْحِ إِذَا أَسْفَرَ (34)

ترجمہ: اور صبح کی قسم جب وہ روشن ہوجائےo

And by the morning when it brightens,

إِنَّهَا لَإِحْدَى الْكُبَرِ (35)

ترجمہ: بےشک یہ (دوزخ) بہت بڑی آفتوں میں سے ایک ہےo

Surely, this (Hell) is one of the greatest calamities.

نَذِيرًا لِّلْبَشَرِ (36)

ترجمہ: انسان کو ڈرانے والی ہےo

It is a warning to mankind,

لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَتَقَدَّمَ أَوْ يَتَأَخَّرَ (37)

ترجمہ: (یعنی) اس شخص کے لیے جو تم میں سے (نیکی میں) آگے بڑھنا چاہے یا جو (بدی میں پھنس کر) پیچھے رہ جائےo

For any of you who seeks to advance forward (in piety) or who lags behind

(trapped in evil);

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ (38)

ترجمہ: ہر شخص اُن (اَعمال) کے بدلے جو اُس نے کمار کھے ہیں گروی ہےo

Everyone is held in pledge for (the deeds) that he has earned,

إِلَّا أَصْحَابَ الْيَمِينِ (39)

ترجمہ: سوائے دائیں جانب والوں کےo

Except for those on the Right Side.

فِي جَنَّاتٍ يَتَسَاءلُونَ (40)

ترجمہ: (وہ) باغات میں ہوں گے، اور آپس میں پوچھتے ہوں گےo

(They) will be in Gardens and will be asking one another,

عَنِ الْمُجْرِمِينَ (41)

ترجمہ: مجرموں کے بارے میںo

About the evildoers.

مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ (42)

ترجمہ: (اور کہیں گے:) تمہیں کیا چیز دوزخ میں لے گئیo

(And they will say:) 'What has brought you into Hell?'

قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ (43)

ترجمہ: وہ کہیں گے: ہم نماز پڑھنے والوں میں نہ تھےo

They will say: 'We were not of those who used to offer Prayers.

وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ (44)

ترجمہ: اور ہم محتاجوں کو کھانا نہیں کھلاتے تھےo

Nor did we feed the poor.

وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ (45)

ترجمہ: اور بیہودہ مشاغل والوں کے ساتھ (مل کر) ہم بھی بیہودہ مشغلوں میں پڑے رہتے تھےo

And we indulged in vain activities with those who had cast themselves into vain activities.

وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّينِ (46)

ترجمہ: اور ہم روزِ جزا کو جھٹلایا کرتے تھےo

And we rejected the Day of Reward and Punishment,

حَتَّى أَتَانَا الْيَقِينُ (47)

ترجمہ: یہاں تک کہ ہم پر جس کا آنا یقینی تھا (وہ موت) آ پہنچیo

Until that (death), which was certain to come, came upon us.'

فَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ (48)

ترجمہ: سو(اب) شفاعت کرنے والوں کی شفاعت انہیں کوئی نفع نہیں پہنچائے گیo

So (now) the intercession of the intercessors will not be of any benefit to them.

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِينَ (49)

ترجمہ: تو ان (کفّار) کو کیا ہو گیا ہے کہ (پھر بھی) نصیحت سے رُوگردانی کیے ہوئے ہیںo

Then what is the matter with these (disbelievers that even then) they turn away from the Reminder,

كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ (50)

ترجمہ: گویا وہ بِدکے ہوئے (وحشی) گدھے ہیںo

As if they were startled (wild) donkeys,

فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ (51)

ترجمہ: جو شیر سے بھاگ کھڑے ہوئے ہیںo

Fleeing away from a lion?

بَلْ يُرِيدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ أَن يُؤْتَىٰ صُحُفاً مُّنَشَّرَةً (52)

ترجمہ: بلکہ ان میں سے ہر ایک شخص یہ چاہتا ہے کہ اُسے (براہِ راست) کھلے ہوئے (آسمانی) صحیفے دے دیئے جائیںo

In fact, every one of them desires that he should be given (directly) open scrolls of (heavenly) scriptures.

كَلَّا بَل لَا يَخَافُونَ الْآخِرَةَ (53)

ترجمہ: ایسا ہرگز ممکن نہیں، بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) وہ لوگ آخرت سے ڈرتے ہی نہیںo

That is not possible at all. Rather (the fact is that) they fear not the Last Day.

كَلَّا إِنَّهُ تَذْكِرَةٌ (54)

ترجمہ: کچھ شک نہیں کہ یہ (قرآن) نصیحت ہےo

There is no doubt that this (Qur'an) is a Reminder.

فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ (55)

ترجمہ: پس جو چاہے اِسے یاد رکھےo

So whoever wills may remember it.

وَمَا يَذْكُرُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ هُوَ أَهْلُ التَّقْوَىٰ وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ (56)

ترجمہ: اور یہ لوگ (اِسے) یاد نہیں رکھیں گے مگر جب اللہ چاہے گا، وُہی تقوٰی (و پرہیزگاری) کا مستحق ہے اور مغفرت کا مالک ہےo

And they will not remember (it) unless Allah so wills. He is the One to Whom fear (and righteousness) is due, and He alone is the Lord of forgiveness.

سورۃ القیامۃ:

لَآ أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ (1)

ترجمہ: میں قسم کھاتا ہوں روزِ قیامت کیo

I swear by the Day of Resurrection.

وَلَآ أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ (2)

ترجمہ: اور میں قسم کھاتا ہوں (برائیوں پر) ملامت کرنے والے نفس کیo

And I swear by the blaming self, reproaching (itself for evil deeds).

أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَلَّن نَّجْمَعَ عِظَامَهُ (3)

ترجمہ: کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اُس کی ہڈیوں کو (جو مرنے کے بعد ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جائیں گی) ہرگز اِکٹھا نہ کریں گےo

Does man think We shall not at all collect his bones (which will decompose into dust particles after his death)?

بَلَى قَادِرِينَ عَلَى أَن نُّسَوِّيَ بَنَانَهُ (4)

ترجمہ: کیوں نہیں! ہم تو اس بات پر بھی قادر ہیں کہ اُس کی اُنگلیوں کے ایک ایک جوڑ اور پوروں تک کو درست کر دیںo

Yes, of course! We have also the power to restore and set right even his finger joints and finger tips.

بَلْ يُرِيدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ (5)

ترجمہ: بلکہ انسان یہ چاہتا ہے کہ اپنے آگے (کی زندگی میں) بھی گناہ کرتا رہےo

Yet man still wants to continue committing sins also (in the life to come).

يَسْأَلُ أَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ (6)

ترجمہ: وہ (بہ اَندازِ تمسخر) پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہوگاo

He asks (scornfully): 'When is the Day of Resurrection?'

فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ (7)

ترجمہ: پھر جب آنکھیں چوندھیا جائیں گیo

But when the eyes will be dazzled,

وَخَسَفَ الْقَمَرُ (8)

ترجمہ: اور چاند (اپنی) روشنی کھو دے گاo

And the moon will be eclipsed,

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ (9)

ترجمہ: اور سورج اور چاند اِکٹھے (بے نور) ہو جائیں گےo

And the sun and the moon will be fused (i.e., darkened) together,

يَقُولُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ (10)

ترجمہ: اُس وقت انسان پکار اٹھے گا کہ بھاگ جانے کا ٹھکانا کہاں ہےo

On that Day man will cry out: 'Where to flee away?'

كَلَّا لَا وَزَرَ (11)

ترجمہ: ہرگز نہیں! کوئی جائے پناہ نہیں ہےo

No indeed! There is no place of refuge.

إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ (12)

ترجمہ: اُس دن آپ کے رب ہی کے پاس قرارگاہ ہوگیo

The place of refuge and repose that Day will be with your Lord alone.

يُنَبَّأُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ (13)

ترجمہ: اُس دن اِنسان اُن (اَعمال) سے خبردار کیا جائے گا جو اُس نے آگے بھیجے تھے اور جو (اَثرات اپنی موت کے بعد) پیچھے چھوڑے تھےo

That Day man will be informed of those (deeds) which he sent forward and those (repercussions) which he left behind (after his death).

بَلِ الْإِنسَانُ عَلَى نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ (14)

ترجمہ: بلکہ اِنسان اپنے (اَحوالِ) نفس پر (خود ہی) آگاہ ہوگاo

In truth, man will (himself) be aware of (the affairs of) his self,

وَلَوْ أَلْقَى مَعَاذِيرَهُ (15)

ترجمہ: اگرچہ وہ اپنے تمام عذر پیش کرے گاo

Even though he will offer all his excuses.

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ (22)

ترجمہ: بہت سے چہرے اُس دن شگفتہ و تروتازہ ہوں گےo

Many faces will be fresh and in full bloom that Day,

إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ (23)

ترجمہ: اور (بلاحجاب) اپنے رب (کے حسن و جمال) کو تک رہے ہوں گےo

Beholding (the enchanting radiance and beauty of) their Lord (unveiled).

وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ (24)

ترجمہ: اور کتنے ہی چہرے اُس دن بگڑی ہوئی حالت میں (مایوس اور سیاہ) ہوں گےo

And many faces will be deformed (depressed and dark) that Day,

تَظُنُّ أَن يُفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ (25)

ترجمہ: یہ گمان کرتے ہوں گے کہ اُن کے ساتھ ایسی سختی کی جائے گی جو اُن کی کمر توڑ دے گیo

Thinking that they will be subjected to such a harsh treatment that will break their backbones.

كَلَّا إِذَا بَلَغَتُ التَّرَاقِيَ (26)

ترجمہ: نہیں نہیں، جب جان گلے تک پہنچ جائےo

No indeed! When the soul reaches the throat,

وَقِيْلَ مَنْ رَاقٍ (27)

ترجمہ: اور کہا جارہا ہو کہ (اِس وقت) کون ہے جھاڑ پھونک سے علاج کرنے والا (جس سے شفایابی کرائیں)o

And it is said: 'Who can (now) treat him with magic (to cure him)?'

وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ (28)

ترجمہ: اور (جان دینے والا) سمجھ لے کہ (اب سب سے) جدائی ہےo

And (the departing soul) comes to realize that (now) is the hour of parting (with all).

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ (29)

ترجمہ: اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹنے لگےo

And one leg clings to the other;

إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ (30)

ترجمہ: تو اس دن آپ کے رب کی طرف جانا ہوتا ہےo

Towards your Lord is the departure that Day.

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلَّى (31)

ترجمہ: تو (کتنی بدنصیبی ہے کہ) اس نے نہ (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں کی) تصدیق کی نہ نماز پڑھیo

So (how ill-fated is he that) he neither affirmed (what the Messenger said) nor offered Prayer.

وَلَكِن كَذَّبَ وَتَوَلَّى (32)

ترجمہ: بلکہ وہ جھٹلاتا رہا اور رُوگردانی کرتا رہاo

Rather he kept belying and turning away.

ثُمَّ ذَهَبَ إِلَى أَهْلِهِ يَتَمَطَّى (33)

ترجمہ: پھر اپنے اہلِ خانہ کی طرف اکڑ کر چل دیاo

Then he went off towards his family in arrogance.

أَوْلَى لَكَ فَأَوْلَى (34)

ترجمہ: تمہارے لیے (مرتے وقت) تباہی ہے، پھر (قبر میں) تباہی ہےo

Woe to you (when dying), then woe to you (in the grave),

ثُمَّ أَوْلَى لَكَ فَأَوْلَى 35)

ترجمہ: پھر تمہارے لیے (روزِ قیامت) ہلاکت ہے، پھر (دوزخ کی) ہلاکت ہےo

Then again woe to you (on the Last Day), then woe to you (in Hell)!

أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَن يُتْرَكَ سُدًى (36)

ترجمہ: کیا اِنسان یہ خیال کرتا ہے کہ اُسے بے کار (بغیر حساب و کتاب کے) چھوڑ دیا جائے گاo

Does man think that he will be left for nothing (without any reckoning)?

أَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّن مَّنِيٍّ يُمْنَى (37)

ترجمہ: کیا وہ (اپنی اِبتداء میں) منی کا ایک قطرہ نہ تھا جو (عورت کے رحم میں) ٹپکا دیا جاتا ہےo

Was he not (in his beginning) a sperm drop ejaculated (into the woman's womb)?

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوَّى (38)

ترجمہ: پھر وہ (رحم میں جال کی طرح جما ہوا) ایک معلّق وجود بن گیا، پھر اُس نے (تمام جسمانی اَعضاء کی اِبتدائی شکل کو اس وجود میں) پیدا فرمایا، پھر اس نے (انہیں) درست کیاo

Then it developed into a hanging mass (clinging to the womb like a nest). Then He created (in it the preliminary form of all the limbs of the body). Then He set (them) right.

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَى (39)

ترجمہ: پھر یہ کہ اس نے اسی نطفہ ہی کے ذریعہ دو قسمیں بنائیں: مرد اور عورتo

Then He made from the same sperm drop two genders: male and female.

أَلَيْسَ ذَلِكَ بِقَادِرٍ عَلَى أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَى (40)

ترجمہ: تو کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ مُردوں کو پھر سے زندہ کر دےo

Then has He not the power to give life to the dead again?

سورۃ الدہر:

هَلْ أَتَى عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا (1)

ترجمہ: بے شک انسان پر زمانے کا ایک ایسا وقت بھی گزر چکا ہے کہ وہ کوئی قابلِ ذِکر چیز ہی نہ تھاo

Surely, there has passed over man a period of time when he was not a thing worth mentioning.

إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا (2)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو مخلوط نطفہ سے پیدا فرمایا جسے ہم (تولّد تک ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ کی طرف) پلٹتے اور جانچتے رہتے ہیں، پس ہم نے اسے (ترتیب سے) سننے والا (پھر) دیکھنے والا بنایا ہےo

Surely, We created man from a fertilized ovum that We keep turning and examining (from one stage to the next till birth). So We have made him (in

the order of) hearing (then) seeing.

إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيْلَ إِمَّا شَاكِراً وَإِمَّا كَفُوراً (3)

ترجمہ: بے شک ہم نے اسے (حق و باطل میں تمیز کرنے کے لیے شعور و بصیرت کی) راہ بھی دکھا دی، (اب) خواہ وہ شکر گزار ہو جائے یا ناشکر گزار رہے o

Indeed, We also showed him the way (to understanding and insight for distinguishing between the truth and falsehood) whether he (now) becomes thankful or continues to be ungrateful.

إِنَّ هَؤُلَاءِ يُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُونَ وَرَاءَهُمْ يَوْماً ثَقِيْلاً (27)

ترجمہ: بے شک یہ (طالبانِ دنیا) جلد ملنے والے مفاد کو عزیز رکھتے ہیں اور سخت بھاری دن (کی یاد) کو اپنے پسِ پشت چھوڑے ہوئے ہیں o

Surely, these (world-mongers) love the gains that are achievable right away. And they have put behind their backs (the remembrance of) the very hard Day.

نَحْنُ خَلَقْنَاهُمْ وَشَدَدْنَا أَسْرَهُمْ وَإِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَا أَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلاً (28)

ترجمہ: (وہ نہیں سوچتے کہ) ہم ہی نے انہیں پیدا فرمایا ہے اور ان کے جوڑ جوڑ کو مضبوط بنایا ہے، اور ہم جب چاہیں (انہیں) انہی جیسے لوگوں سے بدل ڈالیں o

(They do not realize that) We alone have created them and have made their every joint strong, and We can replace them whenever We may please with the people like them.

سورۃ المرسلات:

وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفاً (1)

ترجمہ: نرم و خوش گوار ہواؤں کی قَسم جو پے در پے چلتی ہیں o

By the soft blowing, pleasant breezes which blow in succession,

فَالْعَاصِفَاتِ عَصْفاً (2)

ترجمہ: پھر تند و تیز ہواؤں کی قَسم جو شدید جھونکوں سے چلتی ہیں o

Then by the violent winds which blow with fierce gusts,

وَالنَّاشِرَاتِ نَشْراً (3)

ترجمہ: اور ان کی قَسم جو بادلوں کو ہر طرف پھیلا دیتی ہیں o

And by those which spread the clouds all around,

فَالْفَارِقَاتِ فَرْقاً (4)

ترجمہ: پھر ان کی قَسم جو (اُنہیں) پھاڑ کر جدا جدا کر دیتی ہیں o

Then by those which split (them) apart and break them off,

فَالْمُلْقِيَاتِ ذِكْراً (5)

ترجمہ: پھران کی قسم جونصیحت لانے والی ہیںo

Then by those which bring direction and guidance,

عُذْراً أَوْ نُذْراً (6)

ترجمہ: حجت تمام کرنے یاڈرانے کے لیےo

To accomplish the argument or to warn,

إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَوَاقِعٌ (7)

ترجمہ: بےشک جووعدۂ (قیامت) تم سے کیا جارہاہے وہ ضرور پوراہوکررہے گاo

Surely, the promise (of the Last Day) which is being given to you will be certainly fulfilled.

فَإِذَا النُّجُومُ طُمِسَتْ (8)

ترجمہ: پھرجب ستاروں کی روشنی زائل کردی جائے گیo

Then when the light of the stars will be extinguished,

وَإِذَا السَّمَاء فُرِجَتْ (9)

ترجمہ: اورجب آسمانی کائنات میں شگاف ہوجائیں گےo

And when the heavenly universe will be split open,

وَإِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ (10)

ترجمہ: اورجب پہاڑ (ریزہ ریزہ کرکے) اُڑادیے جائیں گےo

And when the mountains will be (broken down to dust) and blown off,

وَإِذَا الرُّسُلُ أُقِّتَتْ (11)

ترجمہ: اورجب پیغمبروقتِ مقررہ پر (اپنی اپنی اُمتوں پرگواہی کے لیے) جمع کیے جائیں گےo

And when the Messengers will be brought together at the appointed time (to bear witness to their respective communities),

لِأَيِّ يَوْمٍ أُجِّلَتْ (12)

ترجمہ: بھلاکس دن کے لیے (ان سب اُمورکی) مدت مقررکی گئی ہےo

Well, for what Day is the term (of all the affairs) appointed?

لِيَوْمِ الْفَصْلِ (13)

ترجمہ: فیصلہ کے دن کے لیےo

For the Day of Judgment!

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ (14)

ترجمہ: اورآپ کوکس نے بتایا کہ فیصلہ کادن کیا ہےo

And who has told you what the Day of Judgment is?

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (15)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے خرابی (وتباہی) ہےo

Woe (and devastation) to the deniers on that Day!

أَلَمْ نُهْلِكِ الْأَوَّلِيْنَ (16)

ترجمہ: کیا ہم نے اگلے (جھٹلانے والے) لوگوں کو ہلاک نہیں کر ڈالا تھاo

Did We not destroy the people (who denied) before?

ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْآخِرِيْنَ (17)

ترجمہ: پھر ہم بعد کے لوگوں کو بھی (ہلاکت میں) ان کے پیچھے چلائے دیتے ہیںo

Then We also cause the later ones to follow them (in destruction).

كَذَلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ (18)

ترجمہ: ہم مجرموں کے ساتھ اِسی طرح (کا معاملہ) کرتے ہیںo

This is how We sort out (the matter) with the evildoers.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (19)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی خرابی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

أَلَمْ نَخْلُقكُّم مِّن مَّاءٍ مَّهِيْنٍ (20)

ترجمہ: کیا ہم نے تمہیں حقیر پانی (کی ایک بوند) سے پیدا نہیں کیاo

Did We not create you from (a drop) of detestable fluid?

فَجَعَلْنَاهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ (21)

ترجمہ: پھر اس کو محفوظ جگہ (یعنی رحمِ مادر) میں رکھاo

Then We placed it in a secure place (i.e., the mother's womb),

إِلَى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ (22)

ترجمہ: (وقت کے) ایک معیّن اندازے تکo

Till an appointed period (of time).

فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُوْنَ (23)

ترجمہ: پھر ہم نے (نطفہ سے تولّد تک تمام مراحل کے لیے) وقت کے اندازے مقرر کیے، پس (ہم) کیا ہی خوب اندازے مقرر کرنے والے ہیںo

Then We determined time periods (for all the stages of growth from conception to birth). And how excellent do We determine!

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (24)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ كِفَاتاً (25)

ترجمہ: کیا ہم نے زمین کو سمیٹ لینے والی نہیں بنایاo

Have We not made the earth an assembling expanse,

أَحْيَاء وَأَمْوَاتاً (26)

ترجمہ: (جو سمیٹتی ہے) زندوں کو (بھی) اور مُردوں کو (بھی)o

(That draws together) the living (as well as) the dead?

وَجَعَلْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ شَامِخَاتٍ وَأَسْقَيْنَاكُم مَّاء فُرَاتاً (27)

ترجمہ: ہم نے اس پر بلند و مضبوط پہاڑ رکھ دیئے اور ہم نے تمہیں (شیریں چشموں کے ذریعے) میٹھا پانی پلایاo

And We placed on it soaring high and firm mountains, and gave you sweet water to drink (from springs of sweet, fresh water).

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (28)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی بربادی ہوگیo

Woe to the deniers on that Day!

انطَلِقُوا إِلَى مَا كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (29)

ترجمہ: (اب) تم اس (عذاب) کی طرف چلو جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

(Now) move on to that (torment) which you used to deny.

انطَلِقُوا إِلَى ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ شُعَبٍ (30)

ترجمہ: تم (دوزخ کے دھویں پر مبنی) اس سائے کی طرف چلو جس کے تین حصے ہیںo

Proceed towards that shadow (of the smoke of Hell) that forks into three columns,

لَا ظَلِيلٍ وَلَا يُغْنِي مِنَ اللَّهَبِ (31)

ترجمہ: جو نہ (تو) ٹھنڈا سایہ ہے اور نہ ہی آگ کی تپش سے بچانے والا ہےo

A shadow which is neither cool nor protecting against the heat of Fire.

إِنَّهَا تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ (32)

ترجمہ: بے شک وہ (دوزخ) اونچے محل کی طرح (بڑے بڑے) شعلے اور چنگاریاں اڑاتی ہےo

Indeed, that (Hell) throws up sparks and flames (huge) as a lofty palace.

كَأَنَّهُ جِمَالَتٌ صُفْرٌ (33)

ترجمہ: (یوں بھی لگتا ہے) گویا وہ (چنگاریاں) زرد رنگ والے اونٹ ہیںo

(It also appears) as if those (sparks) are yellow camels.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (34)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

هَذَا يَوْمُ لَا يَنطِقُونَ (35)

ترجمہ: یہ ایسا دن ہے کہ وہ (اس میں) بول بھی نہ سکیں گےo

This is a Day (on which) they will not be able to speak too.

وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُونَ (36)

ترجمہ: اور نہ ہی انہیں اجازت دی جائے گی کہ وہ معذرت کر سکیںo

Nor will they be allowed to offer any excuses.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (37)

ترجمہ: اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی ہلاکت ہےo

Woe to the deniers on that Day!

هَذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنَاكُمْ وَالْأَوَّلِينَ (38)

ترجمہ: یہ فیصلے کا دن ہے (جس میں) ہم تمہیں اور (سب) پہلے لوگوں کو جمع کریں گےo

This is the Day of Judgment (on which) We shall gather you and (all) the earlier communities.

فَإِن كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيدُونِ (39)

ترجمہ: پھر اگر تمہارے پاس (عذاب سے بچنے کا) کوئی حیلہ (اور داؤ) ہے تو (وہ) داؤ مجھ پر چلا لوo

Then if you have any scheme (and trick to escape from the torment), try (that) against Me.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (40)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑا افسوس ہےo

Woe (i.e., dejection) to the deniers on that Day!

كُلُوا وَتَمَتَّعُوا قَلِيلًا إِنَّكُم مُّجْرِمُونَ (46)

ترجمہ: (اے حق کے منکرو!) تم تھوڑا عرصہ کھا لو اور فائدہ اٹھا لو، بے شک تم مجرم ہوo

(O deniers of the truth!) Eat and enjoy yourselves for a short while. No doubt, you are the evildoers.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِينَ (47)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی خرابی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ ارْكَعُوا لَا يَرْكَعُونَ (48)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم (اللہ کے حضور) جھکو تو وہ نہیں جھکتےo

And when it is said to them: 'Bow down (before Allah),' they do not bow.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (49)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی تباہی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

فَبِأَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُوْنَ (50)

ترجمہ: پھر وہ اِس (قرآن) کے بعد کس کلام پر ایمان لائیں گے؟o

Then in what revelation after this (Qur'an) will they believe?

سورۃ النبا:

عَمَّ يَتَسَاءلُوْنَ (1)

ترجمہ: یہ لوگ آپس میں کس (چیز) سے متعلق سوال کرتے ہیںo

What is (it) they are questioning about one another?

عَنِ النَّبَإِ الْعَظِيْمِ (2)

ترجمہ: (کیا) اس عظیم خبر سے متعلق (پوچھ گچھ کر رہے ہیں)o

(Are they asking) of the Great News,

الَّذِىْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ (3)

ترجمہ: جس کے بارے میں وہ اختلاف کرتے ہیںo

About which they differ?

كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ (4)

ترجمہ: ہرگز (وہ خبر لائقِ انکار) نہیں! وہ عنقریب (اس حقیقت کو) جان جائیں گےo

(That News is) not at all (deniable). They will soon know (that reality).

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ (5)

ترجمہ: (ہم) پھر (کہتے ہیں: اختلاف وانکار) ہرگز (درست) نہیں! وہ عنقریب جان جائیں گےo

(We) once more (assert: Dissent and denial are) in no way (right). They will come to know soon.

أَلَمْ نَجْعَلِ الْأَرْضَ مِهَاداً (6)

ترجمہ: کیا ہم نے زمین کو (زندگی کے) قیام اور کسب وعمل کی جگہ نہیں بنایاo

Have We not made the earth a place to stay for (life) and to earn living and deeds?

وَالْجِبَالَ أَوْتَاداً (7)

ترجمہ: اور (کیا) پہاڑوں کو (اس میں) ابھار کر کھڑا (نہیں) کیاo

And (have We not) erected mountains raised (out of it)?

وَخَلَقْنَاكُمْ أَزْوَاجاً (8)

ترجمہ: اور (غور کرو) ہم نے تمہیں (فروغِ نسل کے لیے) جوڑا جوڑا پیدا فرمایا (ہے)o

And (ponder:) We (have) created you in pairs (for reproduction).

وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتاً (9)

ترجمہ: اور ہم نے تمہاری نیند کو (جسمانی) راحت (کا سبب) بنایا (ہے)o

And We (have) made your sleep (a means of bodily) rest,

وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ لِبَاساً (10)

ترجمہ: اور ہم نے رات کو (اس کی تاریکی کے باعث) پردہ پوش بنایا (ہے)o

And We (have) made the night a covering (by virtue of its darkness).

وَجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشاً (11)

ترجمہ: اور ہم نے دن کو (کسبِ) معاش (کا وقت) بنایا (ہے)o

And We (have) made the day (a time) for (earning) livelihood.

وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعاً شِدَاداً (12)

ترجمہ: اور (اب خلائی کائنات میں بھی غور کرو) ہم نے تمہارے اوپر سات مضبوط (طبقات) بنائےo

And (now study the spatial universe as well). We built above you seven strong (firmaments).

وَجَعَلْنَا سِرَاجاً وَهَّاجاً (13)

ترجمہ: اور ہم نے (سورج کو) روشنی اور حرارت کا (زبردست) منبع بنایاo

And We made (the sun a massive) fountainhead of light and heat.

وَأَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاء ثَجَّاجاً (14)

ترجمہ: اور ہم نے بھرے بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایاo

And We poured water in torrents from rain-laden clouds,

لِنُخْرِجَ بِهِ حَبّاً وَنَبَاتاً (15)

ترجمہ: تاکہ ہم اس (بارش) کے ذریعے (زمین سے) اناج اور سبزہ نکالیںo

So that by means of this (downpour), We bring forth (from the earth) grain and vegetation,

وَجَنَّاتٍ أَلْفَافاً (16)

ترجمہ: اور گھنے گھنے باغات (اگائیں)o

And (grow) thick gardens.

إِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيقَاتاً (17)

ترجمہ: (ہماری قدرت کی ان نشانیوں کو دیکھ کر جان لو کہ) بے شک فیصلہ کا دن (قیامت بھی) ایک مقررہ وقت ہےo

(Observing these signs of Our Might, know that) the Day of Judgment (i.e., Resurrection too) is certainly a fixed time.

يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجاً (18)

ترجمہ: جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم گروہ در گروہ (اللہ کے حضور) چلے آؤ گےo

The Day when the Trumpet will be blown, you will flock (in the holy presence of Allah) in droves.

إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَاداً (21)

ترجمہ: بےشک دوزخ ایک گھات ہےo

Surely, Hell is a place of ambush.

لِلطَّاغِينَ مَآباً (22)

ترجمہ: (وہ) سرکشوں کا ٹھکانا ہےo

(That) is the abode of rebels.

لَابِثِينَ فِيهَا أَحْقَاباً (23)

ترجمہ: وہ ختم نہ ہونے والی پے در پے مدتیں اسی میں پڑے رہیں گےo

They will abide there for recurrent, infinite periods.

لَّا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْداً وَلَا شَرَاباً (24)

ترجمہ: نہ وہ اس میں (کسی قسم کی) ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے اور نہ کسی پینے کی چیز کاo

They will taste in it neither coolness (of any sort) nor any drink,

إِلَّا حَمِيماً وَغَسَّاقاً (25)

ترجمہ: سوائے کھولتے ہوئے گرم پانی اور (دوزخیوں کے زخموں سے) بہتی ہوئی پیپ کےo

Except boiling water and suppurated fluid oozing (from the wounds of the inmates of Hell),

جَزَاءً وِفَاقاً (26)

ترجمہ: (یہی ان کی سرکشی کے) موافق بدلہ ہےo

A compensation commensurate with (their revolt),

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَاباً (27)

ترجمہ: اس لیے کہ وہ قطعًا حسابِ (آخرت) کا خوف نہیں رکھتے تھےo

For they had no fear of Reckoning (on the Last Day) in the least.

وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّاباً (28)

ترجمہ: اور وہ ہماری آیتوں کو خوب جھٹلایا کرتے تھےo

And they used to utterly deny Our signs.

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ كِتَاباً (29)

ترجمہ: اور ہم نے ہر (چھوٹی بڑی) چیز کو لکھ کر محفوظ کر رکھا ہےo

And We have preserved everything (major or minor) in writing.

فَذُوقُوا فَلَن نَّزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَاباً (30)

ترجمہ: (اے منکرو!) اب تم (اپنے کیے کا) مزہ چکھو (تم دنیا میں کفر و سرکشی میں بڑھتے گئے) اب ہم تم پر عذاب ہی کو بڑھاتے جائیں گےo

(O disbelievers, you excelled in rebellion and disbelief in the world.) Now taste the outcome (of your actions). We shall keep increasing but the torment upon you.

إِنَّا أَنذَرْنَاكُمْ عَذَاباً قَرِيباً يَوْمَ يَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ وَيَقُولُ الْكَافِرُ يَا لَيْتَنِي كُنتُ تُرَاباً (40)

ترجمہ: بلاشبہ ہم نے تمہیں عنقریب آنے والے عذاب سے ڈرا دیا ہے، اس دن ہر آدمی ان (اعمال) کو جو اس نے آگے بھیجے ہیں دیکھ لے گا، اور (ہر) کافر کہے گا: اے کاش! میں مٹی ہوتا (اور اس عذاب سے بچ جاتا)o

We have, indeed, warned you of the impending torment. On that Day, everyone will see whatever (acts) he has sent ahead and (every) disbeliever will say: 'Would that I were dust (and escaped this punishment)!'

سورۃ النازعات:

وَالنَّازِعَاتِ غَرْقاً (1)

ترجمہ: ان (فرشتوں) کی قَسم جو (کافروں کی جان ان کے جسموں کے ایک ایک انگ میں سے) نہایت سختی سے کھینچ لاتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر گھس کر کیمیائی جوڑوں کو سختی سے توڑ پھوڑ دیتی ہیںo

By (the angels) who violently snatch out (the souls of the disbelievers from each tendon and ligament of their body),

Or

By the waves of energy that pierce into matter and break up the chemical bonds fiercely,

وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطاً (2)

ترجمہ: اور ان (فرشتوں) کی قَسم جو (مومنوں کی جان کے) بند نہایت نرمی سے کھول دیتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر سے کیمیائی جوڑوں کو نہایت نرمی اور آرام سے توڑ دیتی ہیںo

And by (the angels) who unweave sinews (of the believers' organisms) gently and peacefully,

Or

By the waves of energy that disintegrate gently and peacefully the chemical bonds within matter,

وَالسَّابِحَاتِ سَبْحاً (3)

ترجمہ: اوران (فرشتوں) کی قَسم جو (زمین وآسمان کے درمیان) تیزی سے تیرتے پھرتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جوآسمانی خلاوفضامیں بلاروک ٹوک چلتی پھرتی ہیںo

And by (the angels) who swiftly glide (between the heavens and the earth),

Or

By the waves of energy that move around freely in space and atmosphere,

فَالسَّابِقَاتِ سَبْقاً (4)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جولپک کر (دوسروں سے) آگے بڑھ جاتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جورفتار، طاقت اور جاذبیت کے لحاظ سے دوسری لہروں پرسبقت لے جاتی ہیںo

Then by (the angels) who with burst of speed sprint past others,

Or

By the waves of energy that surpass other waves in speed, force and assimilation,

فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْراً (5)

ترجمہ: پھران (فرشتوں) کی قَسم جومختلف اُمور کی تدبیر کرتے ہیںo

یا:

پھرتوانائی کی ان لہروں کی قَسم جو باہمی تعامل سے کائناتی نظام کی بقا کے لیے توازن وتدبیر قائم رکھتی ہیںo

Then by (the angels) who manage different affairs well,

Or

By the waves of energy that, through mutual dynamism and coordination, maintain equilibrium and keep the balance of the management going for the survival of the system of the universe,

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ (6)

ترجمہ: (جب انہیں اس نظامِ کائنات کے درہم برہم کردینے کا حکم ہوگا تو) اس دن (کائنات کی) ہرمتحرک چیز شدید حرکت میں آجائے گیo

(When they will be commanded to devastate the system of the universe) that Day, everything in motion (in the universe) will tremor into violent convulsion,

تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ (7)

ترجمہ: پیچھے آنے والا ایک اورزلزلہ اس کے پیچھے آئے گاo

Chased by a succeeding convulsion.

قُلُوبٌ يَوْمَئِذٍ وَاجِفَةٌ (8)

ترجمہ: اس دن (لوگوں کے) دل خوف واضطراب سے دھڑکتے ہوں گےo

That Day, hearts (of the people) will pound with agony and terror.

أَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ (9)

ترجمہ: ان کی آنکھیں (خوف وہیبت سے) جھکی ہوں گیo

Their eyes will be downcast (with dread and horror).

فَإِذَا جَاءتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَى (34)

ترجمہ: پھر اس وقت (کائنات کے) بڑھتے بڑھتے (اس کی انتہا پر) ہر چیز پر غالب آجانے والی بہت سخت آفتِ (قیامت) آئے گیo

Then, whilst (the universe) attains (to its acme through evolution), there will befall the great all-encompassing calamity (the Hour of Resurrection).

يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ مَا سَعَى (35)

ترجمہ: اُس دن انسان اپنی (ہر) کوشش وعمل کو یاد کرے گاo

That Day man will retrospect his (every) effort and action.

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيمُ لِمَن يَرَى (36)

ترجمہ: اور ہر دیکھنے والے کے لیے دوزخ ظاہر کردی جائے گیo

And Hell will be made manifest to everyone who can see.

فَأَمَّا مَن طَغَى (37)

ترجمہ: پھر جس شخص نے سرکشی کی ہوگیo

Then he who transgressed the limits,

وَآثَرَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (38)

ترجمہ: اور دنیاوی زندگی کو (آخرت پر) ترجیح دی ہوگیo

And preferred the life of the world (to the Hereafter),

فَإِنَّ الْجَحِيمَ هِيَ الْمَأْوَى (39)

ترجمہ: تو بے شک دوزخ ہی (اُس کا) ٹھکانا ہوگاo

Hell will truly be (his) abode.

وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَى (40)

ترجمہ: اور جو شخص اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرتا رہا اور اُس نے (اپنے) نفس کو (بری) خواہشات وشہوات سے باز رکھاo

But as for him who feared standing in the presence of his Lord and forbade (his ill-commanding) self its appetites and lusts,

فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَى (41)

ترجمہ: تو بے شک جنت ہی (اُس کا) ٹھکانا ہوگاo

Paradise will surely be (his) abode.

إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرُ مَن يَخْشَاهَا (45)

ترجمہ: آپ تو محض اس شخص کو ڈر سنانے والے ہیں جو اس سے خائف ہےo

You are but a Warner to him who fears it.

كَأَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا عَشِيَّةً أَوْ ضُحَاهَا (46)

ترجمہ: گویا وہ جس دن اسے دیکھ لیں گے تو (یہ خیال کریں گے کہ) وہ (دنیا میں) ایک شام یا اس کی صبح کے سوا ٹھہرے ہی نہ تھےo

So the Day when they will see it, they (will feel as if they) did not tarry (in the world) but for one evening or one morning.

سورۃ عبس:

مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهُ (18)

ترجمہ: اللہ نے اسے کس چیز سے پیدا فرمایا ہےo

From what stuff has Allah created him?

مِن نُّطْفَةٍ خَلَقَهُ فَقَدَّرَهُ (19)

ترجمہ: نطفہ میں سے اس کو پیدا فرمایا، پھر ساتھ ہی اس کا (خواص و جنس کے لحاظ سے) تعین فرما دیاo

He created him from a sperm drop, then determined his measure along with that (regarding genes and sex),

ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ (20)

ترجمہ: پھر (تشکیل، ارتقاء اور تکمیل کے بعد بطنِ مادر سے نکلنے کی) راہ اس کے لیے آسان فرما دیo

Then (after structuring, developing and completing it) eased for him the passage (of delivery from the mother's womb),

ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ (21)

ترجمہ: پھر اسے موت دی، پھر اسے قبر میں (دفن) کر دیاo

Then caused him to die and (buried him) in a grave.

ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنشَرَهُ (22)

ترجمہ: پھر جب وہ چاہے گا اسے (دوبارہ زندہ کر کے) کھڑا کرے گاo

Then whenever He wills, He will raise them up (alive again).

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ (23)

ترجمہ: یقیناً اس (نافرمان انسان) نے وہ (حق) پورا نہ کیا جس کا اسے (اللہ نے) حکم دیا تھاo

Indeed, he (the disobedient man) did not fulfil that (obligatory due) which (Allah) had commanded him.

فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ إِلَى طَعَامِهِ (24)

ترجمہ: پس انسان کو چاہیے کہ اپنی غذا کی طرف دیکھے (اور غور کرے)o

So man should look at his food (and ponder).

أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاء صَبّاً (25)

ترجمہ: بے شک ہم نے خوب زور سے پانی برسایاo

Indeed, We pour down water in torrents.

ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقّاً (26)

ترجمہ: پھر ہم نے زمین کو پھاڑ کر چیر ڈالاo

Then We split the earth and tear it asunder.

فَأَنبَتْنَا فِيهَا حَبّاً (27)

ترجمہ: پھر ہم نے اس میں اناج اگایاo

We then grow from it grain,

وَعِنَباً وَقَضْباً (28)

ترجمہ: اور انگور اور ترکاریo

And grapes and vegetables,

وَزَيْتُوناً وَنَخْلاً (29)

ترجمہ: اور زیتون اور کھجورo

And the olive and the date palm,

وَحَدَائِقَ غُلْباً (30)

ترجمہ: اور گھنے گھنے باغاتo

And thickly planted dense gardens,

وَفَاكِهَةً وَأَبّاً (31)

ترجمہ: اور (طرح طرح کے) پھل میوے اور (جانوروں کا) چارہo

And (a variety of) fruits and (animals') fodder,

مَّتَاعاً لَّكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ (32)

ترجمہ: خود تمہارے اور تمہارے مویشیوں کے لیے متاعِ (زیست)o

As provision both for you and your livestock (to live on).

فَإِذَا جَاءتِ الصَّاخَّةُ (33)

ترجمہ: پھر جب کان پھاڑ دینے والی آواز آئے گیo

So, when the Deafening Blast comes,

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ (34)

ترجمہ: اُس دن آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گاo

On that Day man will flee from his brother,

وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ (35)

ترجمہ: اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے (بھی)o

And from his mother and his father (too),

وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ (36)

ترجمہ: اور اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے (بھی)o

And (even) from his wife and his children.

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ (37)

ترجمہ: اس دن ہر شخص کو ایسی (پریشان کن) حالت لاحق ہوگی جو اسے (ہر دوسرے سے) بے پروا کر دے گیo

On that Day every person will be in such a (dismal) state that will make him unconcerned (with everyone else).

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ (38)

ترجمہ: اسی دن بہت سے چہرے (ایسے بھی ہوں گے جو نور سے) چمک رہے ہوں گےo

The same Day many faces will be shining (with light).

ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ (39)

ترجمہ: (وہ) مسکراتے ہنستے (اور) خوشیاں مناتے ہوں گےo

(They will be) smiling, laughing (and) rejoicing.

وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ (40)

ترجمہ: اور بہت سے چہرے ایسے ہوں گے جن پر اس دن گرد پڑی ہوگیo

And numerous faces there will be covered with dust that Day.

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ (41)

ترجمہ: (مزید) ان (چہروں) پر سیاہی چھائی ہوگیo

These (faces) will be overshadowed with darkness (as well).

أُولَئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ (42)

ترجمہ: یہی لوگ کافر (اور) فاجر (بدکردار) ہوں گےo

They are the people who are disbelievers (and) mischief-mongers (i.e., evildoers).

سورۃ التکویر:

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ (1)

ترجمہ: جب سورج لپیٹ کر بے نور کر دیا جائے گا o

When the sun will be folded up and extinguished,

وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ (2)

ترجمہ: اور جب ستارے (اپنی کہکشاؤں سے) گر پڑیں گے o

And the stars will fall (from their galaxies),

وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ (3)

ترجمہ: اور جب پہاڑ (غبار بنا کر فضا میں) چلا دیے جائیں گے o

And when the mountains, (after having changed into dust,) will be set in motion (into the atmosphere),

وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ (4)

ترجمہ: اور جب حاملہ اونٹنیاں بے کار چھوٹی پھریں گی (کوئی ان کا خبر گیر نہ ہوگا) o

And when the she-camels heavy with young will be left neglected and discarded (i.e., no one will tend them),

وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ (5)

ترجمہ: اور جب وحشی جانور (خوف کے مارے) جمع کر دیے جائیں گے o

And when (fear-stricken) wild beasts will be herded together,

وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ (6)

ترجمہ: جب سمندر اور دریا (سب) ابھار دیے جائیں گے o

And when (all) oceans and rivers will be made to rise and swell,

وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ (7)

ترجمہ: اور جب روحیں (بدنوں سے) ملا دی جائیں گی o

And when souls will be united (with their bodies),

وَإِذَا الْمَوْؤُودَةُ سُئِلَتْ (8)

ترجمہ: اور جب زندہ دفن کی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائے گا o

And when the infant girl buried alive will be asked,

بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ (9)

ترجمہ: کہ وہ کس گناہ کے باعث قتل کی گئی تھی o

For what crime was she slain?

وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ (10)

ترجمہ: اور جب اَعمال نامے کھول دیے جائیں گےo

And when the records of deeds will be laid open,

وَإِذَا السَّمَاء كُشِطَتْ (11)

ترجمہ: اور جب سماوی طبقات کو پھاڑ کر اپنی جگہوں سے ہٹا دیا جائے گاo

And when the layers of heaven will be torn asunder and moved away from their places,

وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ (12)

ترجمہ: اور جب دوزخ (کی آگ) بھڑکائی جائے گیo

And when (the Fire of) Hell will be burnt ablaze,

وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ (13)

ترجمہ: اور جب جنت قریب کر دی جائے گیo

And when Paradise will be brought up close,

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ (14)

ترجمہ: ہر شخص جان لے گا جو کچھ اس نے حاضر کیا ہےo

Everyone will come to know what he has brought forth.

وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ (25)

ترجمہ: اور وہ (قرآن) ہرگز کسی شیطان مردود کا کلام نہیں ہےo

Nor is that (Qur'an) the utterance of any accursed Satan.

فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ (26)

ترجمہ: پھر (اے بدبختو!) تم (اتنے بڑے خزانے کو چھوڑ کر) کدھر چلے جا رہے ہوo

Then, (O you doomed,) where are you going (disregarding such a valuable treasure)?

إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ (27)

ترجمہ: یہ (قرآن) تو تمام جہانوں کے لیے (صحیفۂ) نصیحت ہےo

This (Qur'an) is but admonition (revealed) for all the worlds.

لِمَن شَاء مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ (28)

ترجمہ: تم میں سے ہر اس شخص کے لیے (اس چشمہ سے ہدایت میسر آ سکتی ہے) جو سیدھی راہ چلنا چاہےo

Every one of you who aspires to tread the straight path (can take guidance from this source spring).

وَمَا تَشَاؤُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ (29)

ترجمہ: اور تم وہی کچھ چاہ سکتے ہو جو اللہ چاہے جو تمام جہانوں کا رب ہےo

And you can aspire only to what Allah intends, Who is the Sustainer of all the

worlds.

سورۃ الانفطار:

يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيمِ (6)

ترجمہ: اے انسان! تجھے کس چیز نے اپنے ربِ کریم کے بارے میں دھوکے میں ڈال دیاo

O man! What has deluded you concerning your Gracious Lord,

الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ (7)

ترجمہ: جس نے (رحمِ مادر کے اندر ایک نطفہ میں سے) تجھے پیدا کیا، پھر اس نے تجھے (اعضا سازی کے لیے ابتداء) درست اور سیدھا کیا، پھر وہ تیری ساخت میں متناسب تبدیلی لایاo

(The One) Who created you (from a fertiled ovum in the mother's womb), then, (to structure your limbs at the fetal stage,) He shaped you aright, then brought about proportionate alteration in your constitution?

فِي أَيِّ صُورَةٍ مَّا شَاءَ رَكَّبَكَ (8)

ترجمہ: جس صورت میں بھی چاہا اس نے تجھے ترکیب دے دیاo

He constituted you in whatever form He willed.

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُونَ بِالدِّينِ (9)

ترجمہ: حقیقت تو یہ ہے (اور) تم اِس کے برعکس روزِ جزا کو جھٹلاتے ہوo

That is the truth, (but) on the contrary, you deny the Day of Recompense,

وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَافِظِينَ (10)

ترجمہ: حالاں کہ تم پر نگہبان فرشتے مقرر ہیںo

Whereas there are guardian angels appointed over you,

كِرَاماً كَاتِبِينَ (11)

ترجمہ: (جو) بہت معزز ہیں (تمہارے اعمال نامے) لکھنے والے ہیںo

(Who are) dignified, the scribes (writing the records of all your deeds).

يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ (12)

ترجمہ: وہ ان (تمام کاموں) کو جانتے ہیں جو تم کرتے ہوo

They know (all) those (actions) which you do.

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ (13)

ترجمہ: بے شک نیکوکار جنّتِ نعمت میں ہوں گےo

Indeed, the truly good will be in the Garden of Bliss.

وَإِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ (14)

ترجمہ: اور بے شک بدکار دوزخِ (سوزاں) میں ہوں گےo

And surely, the evildoers will be in the (Blazing Fire of) Hell.

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ (15)

ترجمہ: وہ اس میں قیامت کے روز داخل ہوں گےo

They will enter it on the Day of Rising,

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِيْنَ (16)

ترجمہ: اور وہ اس (دوزخ) سے (کبھی بھی) غائب نہ ہوسکیں گےo

And will never be able to absent themselves from it (Hell).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ (17)

ترجمہ: اور آپ نے کیا سمجھا کہ روزِ جزا کیا ہےo

And what have you made out what the Day of Recompense is?

ثُمَّ مَا أَدْرَاكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ (18)

ترجمہ: پھر آپ نے کیا جانا کہ روزِ جزا کیا ہےo

So what have you learnt about what the Day of Recompense is?

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئاً وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِلَّهِ (19)

ترجمہ: (یہ) وہ دن ہے جب کوئی شخص کسی کے لیے کسی چیز کا مالک نہ ہوگا، اور حکم فرمائی اس دن اللہ ہی کی ہوگیo

It is the Day when no soul will own anything for any other soul, and the command on that Day will be entirely Allah's.

سورۃ المطففین:

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ (1)

ترجمہ: بربادی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیےo

Woe to those who give less in measure or weight!

الَّذِيْنَ إِذَا اكْتَالُواْ عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ (2)

ترجمہ: یہ لوگ جب (دوسرے) لوگوں سے ناپ لیتے ہیں تو (ان سے) پورا لیتے ہیںo

When (they) take by measure from others, they take (from them) full.

وَإِذَا كَالُوْهُمْ أَو وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ (3)

ترجمہ: اور جب انہیں (خود) ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو گھٹا کر دیتے ہیںo

And when they (themselves) give by measure or weigh to others, they give them less.

أَلَا يَظُنُّ أُولَئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوْثُوْنَ (4)

ترجمہ: کیا یہ لوگ اس بات کا یقین نہیں رکھتے کہ وہ (مرنے کے بعد دوبارہ) اٹھائے جائیں گےo

Do they not believe that they will be raised up (again after death),

لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ (5)

ترجمہ: ایک بڑے سخت دن کے لیےo

For a Terrible Day,

يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ (6)

ترجمہ: جس دن سب لوگ تمام جہانوں کے رب کے حضور کھڑے ہوں گےo

The Day when all mankind will stand before the Lord of all the worlds?

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ (7)

ترجمہ: یہ حق ہے کہ بدکرداروں کا نامۂ اعمال سجین (یعنی دیوان خانۂ جہنم) میں ہےo

It is true that the record of the evildoers is kept in Sijjin (the ante-chamber of Hell).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّيْنٌ (8)

ترجمہ: اور آپ نے کیا جانا کہ سجین کیا ہےo

And what do you know what Sijjin is?

كِتَابٌ مَّرْقُوْمٌ (9)

ترجمہ: (یہ قید خانۂ دوزخ میں اس بڑے دیوان کے اندر) لکھی ہوئی (ایک) کتاب ہے (جس میں ہر جہنمی کا نام اور اس کے اعمال درج ہیں)o

It is an inscribed book (set down in the large ante-chamber of the prison of Hell, with the names and evil deeds of every inmate of Hell registered in it).

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (10)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے تباہی ہوگیo

Woe to the deniers on that Day,

الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ (11)

ترجمہ: جو لوگ روزِ جزا کو جھٹلاتے ہیںo

Those who deny the Day of Recompense!

وَمَا يُكَذِّبُ بِهِ إِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ أَثِيْمٍ (12)

ترجمہ: اور اسے کوئی نہیں جھٹلاتا سوائے ہر اس شخص کے جو سرکش و گنہگار ہےo

And no one else denies it except every defiant and sinner.

إِذَا تُتْلَى عَلَيْهِ آيَاتُنَا قَالَ أَسَاطِيْرُ الْأَوَّلِيْنَ (13)

ترجمہ: جب اس پر ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو کہتا (یا سمجھتا) ہے کہ (یہ تو) اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیںo

When Our Revelations are read out to him, he says (or thinks) that (they are) tales of the ancients.

كَلَّا بَلْ رَانَ عَلَى قُلُوبِهِم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ (14)

ترجمہ: (ایسا) ہرگز نہیں بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) ان کے دلوں پر ان اَعمالِ (بد) کا زنگ چڑھ گیا ہے جو وہ کمایا کرتے تھے (اس لیے آیتیں ان کے دل پر اثر نہیں کرتیں)o

That is not at all (the case); rather (the fact is that the evil deeds) which they earned have rusted their hearts. (The Revelations, therefore, do not move their hearts.)

كَلَّا إِنَّهُمْ عَن رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوبُونَ (15)

ترجمہ: حق یہ ہے کہ بے شک اس دن انہیں اپنے رب کے دیدار سے (محروم کرنے کے لیے) پسِ پردہ کر دیا جائے گاo

The truth is that they will be screened off (to deprive them of) the sight of their Lord.

ثُمَّ إِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيمِ (16)

ترجمہ: پھر وہ دوزخ میں جھونک دیے جائیں گےo

Then they will be cast into Hell.

ثُمَّ يُقَالُ هَذَا الَّذِي كُنتُم بِهِ تُكَذِّبُونَ (17)

ترجمہ: پھر ان سے کہا جائے گا: یہ وہ (عذابِ جہنم) ہے جسے تم جھٹلایا کرتے تھےo

Then it will be said to them: 'This is (the punishment of Hell) which you used to belie.'

سورۃ الانشقاق:

يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَى رَبِّكَ كَدْحاً فَمُلَاقِيهِ (6)

ترجمہ: اے انسان! تو اپنے رب تک پہنچنے میں سخت مشقتیں برداشت کرتا ہے بالآخر تجھے اسی سے جا ملنا ہےo

O man! You sustain rigours to reach your Lord. Ultimately, you will meet Him.

فَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ (7)

ترجمہ: پس جس شخص کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گاo

So as for him who will be given his record in his right hand,

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَاباً يَسِيراً (8)

ترجمہ: تو عنقریب اس سے آسان سا حساب لیا جائے گاo

He will soon be given an easy reckoning,

وَيَنقَلِبُ إِلَى أَهْلِهِ مَسْرُوراً (9)

ترجمہ: اور وہ اپنے اہلِ خانہ کی طرف مسرور و شاداں پلٹے گاo

And will return to his family rejoicing.

وَأَمَّا مَنْ أُوتِيَ كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ (10)

ترجمہ: اورالبتہ وہ شخص جس کا نامۂ اعمال اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گاo

And as for him who will be given his record behind his back,

فَسَوْفَ يَدْعُو ثُبُوراً (11)

ترجمہ: تو وہ عنقریب موت کو پکارے گاo

He will soon cry out for death.

وَيَصْلَى سَعِيراً (12)

ترجمہ: اور وہ دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ میں داخل ہوگاo

And he will enter the Blazing Fire of Hell.

إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ مَسْرُوراً (13)

ترجمہ: بے شک وہ (دنیا میں) اپنے اہلِ خانہ میں خوش وخرم رہتا تھاo

Surely, he lived joyfully with his family (in the world).

إِنَّهُ ظَنَّ أَن لَّن يَحُورَ (14)

ترجمہ: بے شک اس نے یہ گمان کرلیا تھا کہ وہ حساب کے لیے (اللہ کے پاس) ہرگز لوٹ کر نہ جائے گاo

No doubt, he thought he would never return (to his Lord) for reckoning.

بَلَى إِنَّ رَبَّهُ كَانَ بِهِ بَصِيراً (15)

ترجمہ: کیوں نہیں! بے شک اس کا رب اس کو خوب دیکھنے والا ہےo

Why not! Indeed, his Lord is ever watching him.

سورۃ البروج:

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْجُنُودِ (17)

ترجمہ: کیا آپ کے پاس لشکروں کی خبر پہنچی ہےo

Has the news of the troops reached you?

فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ (18)

ترجمہ: فرعون اور ثمود (کے لشکروں) کےo

The troops of Pharaoh and Thamud?

بَلِ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي تَكْذِيبٍ (19)

ترجمہ: بلکہ ایسے کافر (ہمیشہ حق کو) جھٹلانے میں (ہی کوشاں رہتے) ہیںo

But such disbelievers (persistently strive to) belie (the truth).

وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ (20)

ترجمہ: اور اللہ اُن کے گرد و پیش سے (انہیں) گھیرے ہوئے ہےo

And Allah encompasses (them) from all sides.

سورۃ الطارق:

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ (1)

ترجمہ: آسمان (کی فضائے بسیط اور خلائے عظیم) کی قسم اور رات کو (نظر) آنے والے کی قسم o

By the (endless expanse and infinite space of) heaven and the Nightly (discernable) Visitant.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ (2)

ترجمہ: اور آپ کو کیا معلوم کہ رات کو (نظر) آنے والا کیا ہے o

And what do you know what the Nightly (discernable) Visitant is?

النَّجْمُ الثَّاقِبُ (3)

ترجمہ: (اس سے مراد) ہر وہ آسمانی کرّہ ہے (خواہ وہ ستارہ ہو یا سیارہ یا اَجرامِ سماوی کا کوئی اور کرّہ) جو چمک کر (فضا کو) روشن کر دیتا ہے ☆o

☆ النجم الثاقب سے مراد ذاتِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہے، جس نے سراجاً منیراً کی شان کے ساتھ آسمانِ رسالت پر چمک کر ظلمت بھری کائنات کو نورِ ایمان سے روشن کر دیا ہے۔ (الشفاء)

(It implies) every heavenly body (be it a star, a planet, or any of the heavenly spheres) which shines and brightens (the space).*

*** Al-najm al-thaqib refers also to the chosen Messenger Muhammad (blessings and peace be upon him) who shone as a sirajan munira (luminous lamp), with a sun's glow, on the horizon of Prophethood, and brightened the universe with the Light of Faith. See: al-Shifa by al-Qadi 'Iyad.**

إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ (4)

ترجمہ: کوئی شخص ایسا نہیں جس پر ایک نگہبان (مقرر) نہیں ہے o

There is no human soul but with a protector (appointed) over it.

فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ مِمَّ خُلِقَ (5)

ترجمہ: پس انسان کو غور (و تحقیق) کرنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے o

So man should ponder (and find out) from what substance he has been created.

خُلِقَ مِن مَّاءٍ دَافِقٍ (6)

ترجمہ: وہ قوت سے اچھلنے والے پانی (یعنی قوی اور متحرک مادۂ تولید) میں سے پیدا کیا گیا ہے o

He has been created from the ejaculated fluid (i.e., virile and motile sperm).

يَخْرُجُ مِن بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ (7)

ترجمہ: جو پیٹھ اور کولہے کی ہڈیوں کے درمیان (پیڑو کے حلقہ میں) سے گزر کر باہر نکلتا ہے o

That proceeds from the middle of the sacrum (and pelvic girdle) and is ejected.

إِنَّهُ عَلَى رَجْعِهِ لَقَادِرٌ (8)

ترجمہ: بےشک وہ اس (زندگی) کو پھر واپس لانے پر بھی قادر ہےo

Indeed, He has the power to bring it (life) back,

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ (9)

ترجمہ: جس دن سب راز ظاہر کر دیے جائیں گےo

The Day when all secrets will be disclosed.

فَمَا لَهُ مِن قُوَّةٍ وَلَا نَاصِرٍ (10)

ترجمہ: پھر انسان کے پاس نہ (خود) کوئی قوت ہوگی اور نہ کوئی (اس کا) مددگار ہوگاo

Then man will have neither any strength (himself) nor any helper.

سورۃ الاعلیٰ:

قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّى (14)

ترجمہ: بےشک وہی بامراد ہوا جو (نفس کی آفتوں اور گناہ کی آلودگیوں سے) پاک ہو گیاo

Indeed, only he who is purified (from the afflictions of his ill-commanding self and pollution of sins) will triumph,

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى (15)

ترجمہ: اور وہ اپنے رب کے نام کا ذکر کرتا رہا اور (کثرت و پابندی سے) نماز پڑھتا رہاo

And the one who remembers the Name of his Lord and offers Prayers (regularly and abundantly).

بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا (16)

ترجمہ: بلکہ تم (اللہ کی طرف رجوع کرنے کی بجائے) دنیاوی زندگی (کی لذتوں) کو اختیار کرتے ہوo

Yet you go for (the pleasures of) the worldly life (instead of turning towards Allah),

وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَى (17)

ترجمہ: حالاں کہ آخرت (کی لذت و راحت) بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والی ہےo

Whereas (the comfort and pleasure of) the Hereafter is preferable and everlasting.

سورۃ الغاشیۃ:

هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ (1)

ترجمہ: کیا آپ کو (ہر چیز پر) چھا جانے والی قیامت کی خبر پہنچی ہےo

Has the news of the Calamity overwhelming (everything) reached you?

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ (2)

ترجمہ: اس دن کتنے ہی چہرے ذلیل وخوار ہوں گےo

Many faces on that Day will be humiliated and degraded,

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ (3)

ترجمہ: (اللہ کو بھول کر دنیاوی) محنت کرنے والے (چند روزہ عیش وآرام کی خاطر سخت) مشقتیں جھیلنے والےo

(Forgetting Allah,) toiling (for worldly gains), sustaining (strenuous) rigours (for a fleeting luxury),

تَصْلَى نَاراً حَامِيَةً (4)

ترجمہ: دہکتی ہوئی آگ میں جا گریں گےo

Will plunge into the Blazing Fire.

تُسْقَى مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ (5)

ترجمہ: (انہیں) کھولتے ہوئے چشمہ سے (پانی) پلایا جائے گاo

(They will be) offered to drink (water) from a boiling spring.

لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ (6)

ترجمہ: ان کے لیے خاردار خشک زہریلی جھاڑیوں کے سوا کچھ کھانا نہ ہوگاo

They will have no food except thorny and dry venomous herbage.

لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِي مِن جُوعٍ (7)

ترجمہ: (یہ کھانا) نہ فربہ کرے گا اور نہ بھوک ہی دور کرے گاo

(This food) will neither nourish nor gratify hunger.

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ (8)

ترجمہ: (اس کے برعکس) اس دن بہت سے چہرے (حسین) بارونق اور تروتازہ ہوں گےo

(On the contrary) that Day a number of faces will be (pleasing to the eye,) glowing with joy and freshness,

لِسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ (9)

ترجمہ: اپنی (نیک) کاوشوں کے باعث خوش وخرم ہوں گےo

Delighted and rejoicing over their (righteous) travail,

فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ (10)

ترجمہ: عالی شان جنت میں (قیام پذیر) ہوں گےo

(Abiding) in a magnificent Paradise,

لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً (11)

ترجمہ: اس میں کوئی لغو بات نہ سنیں گے (جیسے اہلِ باطل ان سے دنیا میں کیا کرتے تھے)o

Where they will not hear anything absurd (as the disbelievers used to say to them in the world).

فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ (12)

ترجمہ: اس میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گےo

In it there will be flowing springs,

فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ (13)

ترجمہ: اس میں اونچے (بچھے ہوئے) تخت ہوں گےo

And raised-up couches (laid),

وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ (14)

ترجمہ: اور جام (بڑے قرینے سے) رکھے ہوئے ہوں گےo

And goblets (decently) set in place,

وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ (15)

ترجمہ: اور غالیچے اور گاؤ تکیے قطار در قطار لگے ہوں گےo

And silken cushions orderly lined up,

وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ (16)

ترجمہ: اور نرم و نفیس قالین اور مَسندیں بچھی ہوں گیo

And soft and refined carpets and rugs (richly) spread.

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ (17)

ترجمہ: (منکرین تعجب کرتے ہیں کہ جنت میں یہ سب کچھ کیسے بن جائے گا! تو) کیا یہ لوگ اونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح (عجیب ساخت پر) بنایا گیا ہےo

(The disbelievers wonder how all that would be arranged in Paradise. So) do they not see how the camel has been created (in an unusual form)?

وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ (18)

ترجمہ: اور آسمان کی طرف (نگاہ نہیں کرتے) کہ وہ کیسے (عظیم وسعتوں کے ساتھ) اٹھایا گیا ہےo

And (do they not observe) how the heaven is raised so high (with its vast expanse)?

وَإِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ (19)

ترجمہ: اور پہاڑوں کو (نہیں دیکھتے) کہ وہ کس طرح (زمین سے ابھار کر) کھڑے کیے گئے ہیںo

And (do they not see) how the mountains have been created (raised out of the earth)?

وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ (20)

ترجمہ: اور زمین کو (نہیں دیکھتے) کہ وہ کس طرح (گولائی کے باوجود) بچھائی گئی ہےo

(Nor do they consider) how the earth has been spread out (besides its round shape)?

فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ (21)

ترجمہ: پس آپ نصیحت فرماتے رہیے، آپ تو نصیحت ہی فرمانے والے ہیںo

So, continuously admonish them, for you are but an admonisher,

لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ (22)

ترجمہ: آپ ان پر جابر و قاہر (کے طور پر) مسلط نہیں ہیںo

You are not imposed upon them (as) an oppressor and persecutor.

إِلَّا مَن تَوَلَّى وَكَفَرَ (23)

ترجمہ: مگر جو رُوگردانی کرے اور کفر کرےo

But anyone who turns away and becomes a disbeliever,

فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ (24)

ترجمہ: تو اسے اللہ سب سے بڑا عذاب دے گاo

Allah will torment him with the greatest punishment.

إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ (25)

ترجمہ: بے شک (بالآخر) ہماری ہی طرف ان کا پلٹنا ہےo

Indeed, it is to Us that they will return (in the end);

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم (26)

ترجمہ: پھر یقیناً ہمارے ہی ذمہ ان کا حساب (لینا) ہےo

Then, surely, it is Our concern to call them to account.

سورۃ الفجر:

فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ (15)

ترجمہ: مگر انسان (ایسا ہے) کہ جب اس کا رب اسے (راحت و آسائش دے کر) آزماتا ہے اور اسے عزت سے نوازتا ہے اور اسے نعمتیں بخشتا ہے تو وہ کہتا ہے: میرے رب نے مجھ پر کرم فرمایاo

But as for man, when his Lord tests him (by providing him pleasure and comfort) and honours him and gives him bounties, he says: 'My Lord has honoured me.'

وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ (16)

ترجمہ: لیکن جب وہ اسے (تکلیف و مصیبت دے کر) آزماتا ہے اور اس پر اس کا رزق تنگ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے: میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیاo

But when He tries him (by afflicting him with pain and discomfort) and limits his means of sustenance, he says: 'My Lord has humiliated me.'

كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ (17)

ترجمہ: یہ بات نہیں بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ عزت اور مال و دولت کے ملنے پر) تم یتیموں کی قدر و اِکرام نہیں کرتےo

No indeed! But (the truth is that after you gain honour and good fortune), you do not give honour and care to orphans.

وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ (18)

ترجمہ: اور نہ ہی تم مسکینوں (یعنی غریبوں اور محتاجوں) کو کھانا کھلانے کی (معاشرے میں) ایک دوسرے کو ترغیب دیتے ہوo

Nor do you inspire one another (in society) to promote the feeding of the destitute (i.e., the poor and the needy).

وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلاً لَّمّاً (19)

ترجمہ: اور وراثت کا سارا مال سمیٹ کر (خود ہی) کھا جاتے ہو (اس میں سے افلاس زدہ لوگوں کا حق نہیں نکالتے)o

And you lay hand on the inherited wealth and devour it (yourselves and do not pay the poverty-stricken their due).

وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبّاً جَمّاً (20)

ترجمہ: اور تم مال و دولت سے حد درجہ محبت رکھتے ہوo

And you love wealth and riches inordinately.

كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكّاً دَكّاً (21)

ترجمہ: یقیناً جب زمین پاش پاش کر کے ریزہ ریزہ کر دی جائے گیo

Assuredly, when the earth will be cleft asunder and crushed to dust particles,

وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفّاً صَفّاً (22)

ترجمہ: اور آپ کا رب جلوہ فرما ہوگا اور فرشتے قطار در قطار (اس کے حضور) حاضر ہوں گےo

And your Lord will unveil His Light and the angels will appear (before His presence) rank upon rank,

وَجِيْءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ وَأَنَّى لَهُ الذِّكْرَى (23)

ترجمہ: اور اس دن دوزخ پیش کی جائے گی، اس دن انسان کو سمجھ آ جائے گی مگر (اب) اسے نصیحت کہاں (فائدہ مند) ہوگیo

And that Day, Hell will be brought forth. On that Day man will come to understand, but how will admonition (avail him then)?

يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي (24)

ترجمہ: وہ کہے گا: اے کاش! میں نے اپنی (اس اصل) زندگی کے لیے (کچھ) آگے بھیج دیا ہوتا (جو آج میرے کام آتا)o

He will say: 'Would that I had sent (something) ahead of me for my (real) life (which would have helped me Today)!'

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ (25)

ترجمہ: سو اس دن نہ اس کے عذاب کی طرح کوئی عذاب دے سکے گاo

But that Day no one will be able to torment like His torment,

وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ (26)

ترجمہ: اور نہ اس کے جکڑنے کی طرح کوئی جکڑ سکے گاo

And no one will be able to bind as He binds.

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ (27)

ترجمہ: اے اطمینان پا جانے والے نفسo

O contented (pleased) self!

ارْجِعِي إِلَى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً (28)

ترجمہ: تو اپنے رب کی طرف اس حال میں لوٹ آ کہ تو اس کی رضا کا طالب بھی ہو اور اس کی رضا کا مطلوب بھی (گویا اس کی رضا تیری مطلوب ہو اور تیری رضا اس کی مطلوب)o

Return to your Lord in such a state that you are both the aspirant to, and the aspired of, His pleasure (i.e., you seek His pleasure and He seeks yours).

فَادْخُلِي فِي عِبَادِي (29)

ترجمہ: پس تو میرے (کامل) بندوں میں شامل ہو جاo

So join My (perfect) servants.

وَادْخُلِي جَنَّتِي (30)

ترجمہ: اور میری جنتِ (قربت و دیدار) میں داخل ہو جاo

And enter My Paradise (of nearness and sight).

سورۃ البلد:

لَا أُقْسِمُ بِهَذَا الْبَلَدِ (1)

ترجمہ: میں اس شہر (مکہ) کی قَسم کھاتا ہوںo

I swear by this city (Mecca),

وَأَنتَ حِلٌّ بِهَذَا الْبَلَدِ (2)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) اس لیے کہ آپ اس شہر میں تشریف فرما ہیں☆o

☆ یہ ترجمہ ''لا زائدہ'' کے اعتبار سے ہے۔ لا ''نفءِ صحیح'' کے لیے ہو تو ترجمہ یوں ہوگا: میں (اس وقت) اس شہر کی قَسم نہیں کھاؤں گا (اے حبیب!) جب آپ اس شہر سے رخصت ہو جائیں گے۔

(O My Esteemed Beloved,) because you are residing in it.*

*** This translation is based on the position that the second la is extra. If la is taken as a true negation, the translation will be: 'I will not swear by this city when, O Beloved, you will depart from it.'**

وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ (3)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم! آپ کے) والد (آدم یا ابراہیم علیہما السلام) کی قَسم اور (ان کی) قَسم جن کی ولادت ہوئی☆o

☆یعنی آدم علیہ السلام کی ذریّتِ صالحہ یا آپ ہی کی ذات گرامی جن کے باعث یہ شہرِ مکہ بھی لائقِ قَسم ٹھہرا ہے۔

(O My Esteemed Beloved!) By (your) father (Adam or Ibrahim [Abraham]) and by those who are born,*

*** This refers to the pious progeny of Adam or his own venerated self for whom this city of Mecca became worthy of oath.**

لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِيْ كَبَدٍ (4)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو مشقت میں (مبتلا رہنے والا) پیدا کیا ہےo

Indeed, We have created man (ever suffering) in rigours.

أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ (5)

ترجمہ: کیا وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اس پر ہرگز کوئی بھی قابو نہ پا سکے گا؟o

Does he think that no one can ever overpower him?

يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالاً لُّبَداً (6)

ترجمہ: وہ (بڑے فخر سے) کہتا ہے کہ میں نے ڈھیروں مال خرچ کیا ہےo

(Boasting,) he says: 'I have spent heaps of wealth.'

أَيَحْسَبُ أَن لَّمْ يَرَهُ أَحَدٌ (7)

ترجمہ: کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اسے (یہ فضول خرچیاں کرتے ہوئے) کسی نے نہیں دیکھاo

Does he think that no one has seen him (making this extravagant spending)?

أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ (8)

ترجمہ: کیا ہم نے اس کے لیے دو آنکھیں نہیں بنائیںo

Have We not made for him two eyes?

وَلِسَاناً وَشَفَتَيْنِ (9)

ترجمہ: اور (اسے) ایک زبان اور دو ہونٹ (نہیں دیئے)o

And (have We not given him) a tongue and two lips?

وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ (10)

ترجمہ: اور ہم نے اسے (خیر و شر کے) دو نمایاں راستے (بھی) دکھا دیےo

And (have We also not) shown him the two highways (of good and evil)?

فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ (11)

ترجمہ: وہ تو (دینِ حق اور عملِ خیر کی) دشوار گزار گھاٹی میں داخل ہی نہیں ہواo

But he has not yet attempted the steep ascent (of the Din [Religion]) of truth and the practical life dedicated to good and piety).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْعَقَبَةُ (12)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ وہ (دینِ حق کے مجاہدہ کی) گھاٹی کیا ہےo

And what have you thought of the steep ascent (of the rigours of the Din [Religion] of truth)?

فَكُّ رَقَبَةٍ (13)

ترجمہ: وہ (غلامی ومحکومی کی زندگی سے) کسی گردن کا آزاد کرانا ہےo

It is freeing a neck (from slavery and subjugation),

أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ (14)

ترجمہ: یا بھوک والے دن (یعنی قحط واَفلاس کے دور میں غریبوں اور محروم المعیشت لوگوں کو) کھانا کھلانا ہے (یعنی ان کے معاشی تعطل اور ابتلاء کو ختم کرنے کی جدّ وجہد کرنا ہے)o

Or feeding on a day of scarcity (the poor and the needy during famine and scarcity i.e., striving to put an end to their sufferings and economic crises),

يَتِيماً ذَا مَقْرَبَةٍ (15)

ترجمہ: قرابت دار یتیم کوo

The orphaned relative,

أَوْ مِسْكِيناً ذَا مَتْرَبَةٍ (16)

ترجمہ: یا شدید غربت کے مارے ہوئے محتاج کو جو محض خاک نشین (اور بے گھر) ہےo

Or the poverty-stricken destitute who is completely rundown (and homeless).

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ (17)

ترجمہ: پھر (شرط یہ ہے کہ ایسی جدّ وجہد کرنے والا) وہ شخص ان لوگوں میں سے ہو جو ایمان لائے ہیں اور ایک دوسرے کو صبر وتحمل کی نصیحت کرتے ہیں اور باہم رحمت وشفقت کی تاکید کرتے ہیںo

(Provided this striving soul is) one of those who believe and advise one another patience and tolerance and urge one another for mutual affection and mercy.

أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (18)

ترجمہ: یہی لوگ دائیں طرف والے (یعنی اہلِ سعادت ومغفرت) ہیںo

These are the people of the Right Hand (i.e., the privileged and the pardoned).

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ (19)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا وہ بائیں طرف والے ہیں (یعنی اہلِ شقاوت وعذاب) ہیںo

And those who reject Our signs are the people of the Left Hand (the callous and the doomed).

عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ (20)

ترجمہ: ان پر (ہر طرف سے) بند کی ہوئی آگ (چھائی) ہوگیo

Fire will be enclosed upon them (covering from all sides).

سورۃ الشّمس:

وَنَفۡسٍ وَمَا سَوّٰهَا (7)

ترجمہ: اورانسانی جان کی قَسم اوراسے ہمہ پہلوتوازن ودرستگی دینے والے کی قَسم o

And by the human soul and by the One Who provided it with an all-dimensional poise, proportion and perfection,

فَأَلۡهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقۡوَاهَا (8)

ترجمہ: پھراس نے اسے اس کی بدکاری اور پرہیزگاری (کی تمیز) سمجھادی o

Then He inspired it with (discrimination between) vice and virtue,

قَدۡ أَفۡلَحَ مَن زَكّٰهَا (9)

ترجمہ: بےشک وہ شخص فلاح پاگیا جس نے اس (نفس) کو (رذائل سے) پاک کرلیا (اوراس میں نیکی کی نشوونما کی) o

Indeed, the one who purifies his (ill-commanding) self (from all vain and vicious desires and cultivates in it virtue and piousness) succeeds,

وَقَدۡ خَابَ مَن دَسّٰهَا (10)

ترجمہ: اوربےشک وہ شخص نامراد ہوگیا جس نے اسے (گناہوں میں) ملوث کرلیا (اورنیکی کودبادیا) o

But the one who corrupts himself (in sins and suppresses virtue) is doomed indeed.

سورۃ التین:

وَالتِّينِ وَالزَّيۡتُونِ (1)

ترجمہ: انجیر کی قَسم اورزیتون کی قَسم o

By the fig and by the olive!

وَطُورِ سِينِينَ (2)

ترجمہ: اورسینا کے (پہاڑ) طور کی قَسم o

And by (Mount) Tur of Sinai!

وَهَٰذَا الۡبَلَدِ الۡأَمِينِ (3)

ترجمہ: اوراس امن والے شہر (مکہ) کی قَسم o

And by this city of peace (Mecca)!

لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡإِنسَانَ فِيٓ أَحۡسَنِ تَقۡوِيمٍ (4)

ترجمہ: بےشک ہم نے انسان کو بہترین (اعتدال اورتوازن والی) ساخت میں پیدا فرمایا ہے o

Indeed, We have created man in the best constitution (equipoised in the finest proportion).

ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِيْنَ (5)

ترجمہ: پھر ہم نے اسے پست سے پست تر حالت میں لوٹا دیاo

Then We returned him to the lowest state of the low,

إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ (6)

ترجمہ: سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ان کے لیے ختم نہ ہونے والا (دائمی) اجر ہےo

Except for those who believe and do good works. For them is an unending (i.e., everlasting) reward.

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ (7)

ترجمہ: پھر اس کے بعد کون ہے جو آپ کو دین (یا قیامت اور جزا و سزا) کے بارے میں جھٹلاتا ہےo

Then who denies you after this regarding the Din (Religion or the Last Hour and reward and punishment)?

أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ (8)

ترجمہ: کیا اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ہےo

Is Allah not the Greatest of all the rulers?

سورۃ العلق:

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ (1)

ترجمہ: (اے حبیب!) اپنے رب کے نام سے (آغاز کرتے ہوئے) پڑھئے جس نے (ہر چیز کو) پیدا فرمایاo

(O Beloved!) Read (commencing) with the Name of Allah, Who has created (everything).

خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ (2)

ترجمہ: اس نے انسان کو (رحمِ مادر میں) جونک کی طرح معلّق وجود سے پیدا کیاo

He created man from a hanging mass (clinging) like a leech (to the mother's womb).

اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ (3)

ترجمہ: پڑھیئے اور آپ کا رب بڑا ہی کریم ہےo.

Read, and your Lord is Most Generous,

الَّذِىْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ (4)

ترجمہ: جس نے قلم کے ذریعے (لکھنے پڑھنے کا) علم سکھایاo

Who taught man (reading and writing) by the pen,

عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (5)

ترجمہ: جس نے انسان کو (اس کے علاوہ بھی) وہ (کچھ) سکھا دیا جو وہ نہیں جانتا تھا۔ یا۔ جس نے (سب سے بلند رتبہ) انسان

(محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بغیر ذریعۂ قلم کے) وہ سارا علم عطا فرما دیا جو وہ پہلے نہ جانتے تھےo

Who (besides that) taught man (all that) which he did not know.

Or

Who imparted to (the most eminent of) mankind (the chosen Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him] without using any pen) the whole knowledge that he was not aware of before.

كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَى (6)

ترجمہ: (مگر) حقیقت یہ ہے کہ (نافرمان) انسان سرکشی کرتا ہےo

(But) the fact is that (the disobedient) man rebels,

أَن رَّآهُ اسْتَغْنَى (7)

ترجمہ: اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو (دنیا میں ظاہراً) بے نیاز دیکھتا ہےo

For the reason that (apparently) he finds himself self-sufficient (in the world).

إِنَّ إِلَى رَبِّكَ الرُّجْعَى (8)

ترجمہ: بےشک (ہر انسان کو) آپ کے رب ہی کی طرف لوٹنا ہےo

Surely, (every man) has to return to your Lord.

أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَى (9)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو منع کرتا ہےo

Have you seen him who prevents,

عَبْداً إِذَا صَلَّى (10)

ترجمہ: (اللہ کے) بندے کو جب وہ نماز پڑھتا ہےo

یا:

(اللہ کے محبوب و برگزیدہ) بندے (محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جب وہ نماز پڑھتے ہیںo

The servant (of Allah) when he prays?

Or

The (beloved and the exalted) servant of Allah (Muhammad [blessings and peace be upon him]) when he offers Prayers.

أَرَأَيْتَ إِن كَانَ عَلَى الْهُدَى (11)

ترجمہ: بھلا دیکھئے تو اگر وہ ہدایت پر ہوتاo

Well, imagine! If he had been rightly guided;

أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوَى (12)

ترجمہ: یا وہ (لوگوں کو) پرہیزگاری کا حکم دیتا (تو کیا خوب ہوتا)o

Or if he had commanded (the people) to be pious (how beneficial it would have

been)!

أَرَأَيْتَ إِن كَذَّبَ وَتَوَلَّى (13)

ترجمہ: اب بتائیے! اگر اس نے (دینِ حق کو) جھٹلایا ہے اور (آپ سے) منہ پھیر لیا ہے (تو اس کا کیا حشر ہوگا)o

But see now when he has rejected (the true Din [Religion]) and has turned away (from you, what torment is he going to face?)

أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللَّهَ يَرَى (14)

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتا کہ اللہ (اس کے سارے کردار کو) دیکھ رہا ہےo

Does he not know that Allah monitors (minutely all his conduct)?

كَلَّا لَئِن لَّمْ يَنتَهِ لَنَسْفَعاً بِالنَّاصِيَةِ (15)

ترجمہ: خبردار! اگر وہ (گستاخءِ رسالت اور دینِ حق کی عداوت سے) باز نہ آیا تو ہم ضرور (اسے) پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹیں گےo

Beware! If he does not desist (from the denigration of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] and antagonism against the true Din [Religion]), We shall certainly grab his forehead and drag him by the forelock,

نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ (16)

ترجمہ: وہ پیشانی جو جھوٹی (اور) خطا کار ہےo

His lying (and) sinful forehead!

فَلْيَدْعُ نَادِيَه (17)

ترجمہ: پس وہ اپنے ہم نشینوں کو (مدد کے لیے) بلا لےo

Then let him call his companions (for help).

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ (18)

ترجمہ: ہم بھی عنقریب (اپنے) سپاہیوں (یعنی دوزخ کے عذاب پر مقرر فرشتوں) کو بلا لیں گےo

We too shall soon call (Our) guards (the angels appointed to inflict the punishment of Hell).

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ) (19)

ترجمہ: ہرگز نہیں! آپ اس کے کیے کی پرواہ نہ کیجئے، اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ سربسجود رہیے اور (ہم سے مزید) قریب ہوتے جائیےo

No indeed! Do not pay any heed to his doings and, (O Esteemed Beloved,) persist in prostration and keep drawing near (to Us more and more).

سورۃ القدر:

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں اتارا ہےo

Surely, We sent down this (Holy Qur'an) during the Night of Destiny.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ (2)

ترجمہ: اورآپ کیا سمجھے ہیں (کہ) شبِ قدر کیا ہےo

And what have you made out what the Night of Destiny is?

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ (3)

ترجمہ: شبِ قدر (فضیلت وبرکت اوراَجروثواب میں) ہزارمہینوں سے بہتر ہےo

The Night of Destiny is better than a thousand months (in merit, blessings, reward and recompense).

تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ (4)

ترجمہ: اس (رات) میں فرشتے اور روح الامین (جبریل) اپنے رب کے حکم سے (خیر و برکت کے) ہرامر کے ساتھ اترتے ہیںo

The angels and the Spirit of Peace (Gabriel) descend by their Lord's command during this (night) with decrees concerning all matters (of blessings and bounties).

سَلَامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (5)

ترجمہ: یہ (رات) طلوعِ فجر تک (سراسر) سلامتی ہےo

This (night) is (absolute) peace and security till daybreak.

سورۃ الزلزال:

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا (1)

ترجمہ: جب زمین اپنے سخت بھونچال سے بڑی شدت کے ساتھ تھرتھرائی جائے گیo

When the earth will be violently shaken with a high-scale quake,

وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا (2)

ترجمہ: اورزمین اپنے (سب) بوجھ نکال باہر پھینکے گیo

And when the earth will throw out (all) her burdens,

وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا (3)

ترجمہ: اورانسان (حیران وششدر رہ کر) کہے گا: اسے کیا ہو گیا ہےo

And man (bewildered and baffled) will say: 'What has happened to her?'

يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا (4)

ترجمہ: اس دن وہ اپنے حالات خود ظاہر کر دے گیo

On that Day, she will herself bring to light her experiences,

بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَى لَهَا (5)

ترجمہ: اس لیے کہ آپ کے رب نے اس کے لیے تیز اشاروں (کی زبان) کو مسخر فرما دیا ہوگاo

For your Lord will have made subservient to her (the symbolic language of) sharp signals.

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتاً لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ (6)

ترجمہ: اس دن لوگ مختلف گروہ بن کر (جدا جدا حالتوں کے ساتھ) نکلیں گے تاکہ انہیں ان کے اَعمال دکھائے جائیںo

On that Day, people will form up in different groups, (in diverse conditions,) so that they may be shown their works.

فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْراً يَرَهُ (7)

ترجمہ: تو جس نے ذرہ بھر نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گاo

Then he who will have done even an atom's weight of good will see it.

وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرّاً يَرَهُ (8)

ترجمہ: اور جس نے ذرہ بھر برائی کی ہوگی وہ اسے (بھی) دیکھ لے گاo

And he who will have done even an atom's weight of evil will (also) see it.

سورۃ العادیات:

إِنَّ الْإِنسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ (6)

ترجمہ: بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا ہےo

Indeed, man is most ungrateful to his Lord,

وَإِنَّهُ عَلَى ذَلِكَ لَشَهِيدٌ (7)

ترجمہ: اور یقیناً وہ اس (ناشکری) پر خود گواہ ہےo

And verily, he is himself a witness to this ingratitude.

وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ (8)

ترجمہ: اور بے شک وہ مال کی محبت میں بہت سخت ہےo

And indeed, he is quite stubborn in his love of wealth.

أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ (9)

ترجمہ: تو کیا اسے معلوم نہیں جب وہ (مُردے) اٹھائے جائیں گے جو قبروں میں ہیںo

But does he not know when those (dead) in the graves will be raised,

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ (10)

ترجمہ: اور (راز) ظاہر کر دیے جائیں گے جو سینوں میں ہیںo

And secrets which are in hearts will be disclosed?

إِنَّ رَبَّهُم بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيرٌ (11)

ترجمہ: بے شک ان کا رب اس دن ان (کے اعمال) سے خوب خبردار ہوگاo

Indeed, their Lord will be Well Aware of their (deeds) on that Day.

سورۃ القارعۃ:

اَلْقَارِعَةُ (1)

ترجمہ: (زمین وآسمان کی ساری کائنات کو) کھڑکھڑا دینے والا شدید جھٹکا اور کڑک o

The high-scale jolt rocking (the whole universe of the heavens and the earth) and thunder!

مَا الْقَارِعَةُ (2)

ترجمہ: وہ (ہر شے کو) کھڑکھڑا دینے والا شدید جھٹکا اور کڑک کیا ہے o

And what is that high-scale jolt rocking (everything) and that thunder?

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ (3)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ (ہر شے کو) کھڑکھڑا دینے والے شدید جھٹکے اور کڑک سے مراد کیا ہے o

And what have you made out what the high-scale jolt and thunder implies?

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ (4)

ترجمہ: (اس سے مراد) وہ یومِ قیامت ہے جس دن (سارے) لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہو جائیں گے o

(It implies) the Day of Resurrection when (the whole of) mankind will become like scattered moths,

وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنفُوشِ (5)

ترجمہ: اور پہاڑ رنگ برنگ دھنکی ہوئی اُون کی طرح ہو جائیں گے o

And the mountains will be like multicoloured carded wool.

فَأَمَّا مَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ (6)

ترجمہ: پس وہ شخص کہ جس (کے اعمال) کے پلڑے بھاری ہوں گے o

So he whose scales of deeds in the balance will be heavy,

فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَّاضِيَةٍ (7)

ترجمہ: تو وہ خوش گوار عیش و مسرت میں ہوگا o

He will be in luxury and delight.

وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ (8)

ترجمہ: اور جس شخص کے (اعمال کے) پلڑے ہلکے ہوں گے o

But as for him whose scales of deeds in the balance will be light,

فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ (9)

ترجمہ: تو اس کا ٹھکانا ہاویہ (جہنم کا گڑھا) ہوگا o

His abode will be Hawiya (a pit in Hell)!

وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ (10)

ترجمہ: اورآپ کیا سمجھے ہیں کہ ہاویہ کیا ہےo

And what have you made out what that (Hawiya) is?

نَارٌ حَامِيَةٌ (11)

ترجمہ: (وہ جہنم کی) سخت دہکتی آگ (کا انتہائی گہرا گڑھا) ہےo

It is (an extremely deep pit of) the fiercely Blazing Fire (of Hell).

سورۃ التکاثر:

أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ (1)

ترجمہ: تمہیں کثرتِ مال کی ہوس اور فخر نے (آخرت سے) غافل کر دیاo

Your greed for massive wealth and the superiority complex has made you negligent (of the Hereafter),

حَتَّى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ (2)

ترجمہ: یہاں تک کہ تم قبروں میں جا پہنچےo

Until you go down to the graves.

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ (3)

ترجمہ: ہرگز نہیں! (مال و دولت تمہارے کام نہیں آئیں گے) تم عنقریب (اس حقیقت کو) جان لو گےo

No indeed! You will soon learn (this reality that wealth and riches will avail you nothing).

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ (4)

ترجمہ: پھر (آگاہ کیا جاتا ہے:) ہرگز نہیں! عنقریب تمہیں (اپنا انجام) معلوم ہو جائے گاo

Again (you are warned.) No! Never! You will soon learn about (your end).

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ عِلْمَ الْيَقِينِ (5)

ترجمہ: ہاں ہاں! کاش تم (مال و زَر کی ہوس اور اپنی غفلت کے انجام کو) یقینی علم کے ساتھ جانتے (تو دنیا میں کھو کر آخرت کو اس طرح نہ بھولتے)o

Yes indeed! Would that you knew with the knowledge of certitude (the consequence of greed for wealth and riches and your negligence! Then, lost in the worldly pleasures, you would never forget the Hereafter like this).

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيمَ (6)

ترجمہ: تم (اپنی حرص کے نتیجے میں) دوزخ کو ضرور دیکھ کر رہو گےo

(Consequent on your greed) you will surely see Hell.

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِينِ (7)

ترجمہ: پھر تم اسے ضرور یقین کی آنکھ سے دیکھ لو گے o

Then you will certainly see it with the eye of certitude.

ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيمِ (8)

ترجمہ: پھر اس دن تم سے (اللہ کی) نعمتوں کے بارے میں ضرور پوچھا جائے گا (کہ تم نے انہیں کہاں کہاں اور کیسے کیسے خرچ کیا تھا) o

Then on that Day, you will certainly be questioned about the bounties (given to you by Allah and the way you consumed them).

سورۃ العصر:

وَالْعَصْرِ (1)

ترجمہ: زمانہ کی قسم (جس کی گردش انسانی حالات پر گواہ ہے)

یا:

نماز عصر کی قسم (کہ وہ سب نمازوں کا وسط ہے)

یا:

وقت عصر کی قسم (جب دن بھر چمکنے والا سورج خود ڈوبنے کا منظر پیش کرتا ہے)

یا:

زمانۂ بعثت مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی قسم (جو سارے زمانوں کا ماحصل اور مقصود ہے) o

By the passing time (whose rotation bears witness to the affairs of mankind).

Or

By the Prayer of declining day ('Asr, for this Prayer is the middle of all Prayers).

Or

By the declining time of the day, (when the sun, after shining for the whole day, presents the sight of its setting).

Or

By the holy era of the Prophethood of Muhammad (blessings and peace be upon him), the sole objective and the most coveted achievement of all ages historic as well as pre-historic, and of all times to come.

إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِي خُسْرٍ (2)

ترجمہ: بے شک انسان خسارے میں ہے (کہ وہ عمرِ عزیز گنوا رہا ہے) o

Indeed, man is at a loss (for he is losing his valuable lifetime),

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ (3)

ترجمہ: سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے اور (معاشرے میں) ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہے اور (تبلیغِ حق کے نتیجے میں پیش آمدہ مصائب و آلام میں) باہم صبر کی تاکید کرتے رہےo

Except for those who believe and do good deeds and exhort one another to truth and exhort one another to patience (in the face of hardships and afflictions that are faced whilst preaching the Din [Religion] of truth).

سورۃ الہمزۃ:

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ (1)ا

ترجمہ: ہر اس شخص کے لیے ہلاکت ہے جو (روبرو) طعنہ زنی کرنے والا ہے (اور پسِ پشت) عیب جوئی کرنے والا ہےo

Woe to everyone who slanders (face to face) and finds fault (in absence)!

لَّذِىْ جَمَعَ مَالاً وَعَدَّدَهُ (2)

ترجمہ: (خرابی و تباہی ہے اس شخص کے لیے) جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھتا ہےo

(Woe to him) who accumulates wealth and keeps counting it!

يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ (3)

ترجمہ: وہ یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی دولت اسے ہمیشہ زندہ رکھے گیo

He thinks that his riches will keep him alive forever.

كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِىْ الْحُطَمَةِ (4)

ترجمہ: ہرگز نہیں! وہ ضرور حطمہ (یعنی چورا چورا کر دینے والی آگ) میں پھینک دیا جائے گاo

By no means! He will certainly be cast into al-Hutama (the crushing up Fire).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْحُطَمَةُ (5)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں کہ حطمہ (چورا چورا کر دینے والی آگ) کیا ہےo

And what will make you understand what al-Hutama (the crushing up Fire) is?

نَارُ اللَّهِ الْمُوقَدَةُ (6)

ترجمہ: (یہ) اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہےo

(It) is a Fire kindled by Allah.

الَّتِىْ تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ (7)

ترجمہ: جو دلوں پر (اپنی اذیت کے ساتھ) چڑھ جائے گیo

That will rise over the hearts (with its torture).

إِنَّهَا عَلَيْهِم مُّؤْصَدَةٌ (8)

ترجمہ: بے شک وہ (آگ) ان لوگوں پر ہر طرف سے بند کر دی جائے گیo

Indeed, that (Fire) will be closed upon them all around,

فِىْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ (9)

ترجمہ: (بھڑکتے شعلوں کے) لمبے لمبے ستونوں میں (اوران لوگوں کے لیے کوئی راہِ فرار نہ رہے گی)o

In towering columns (of fierce flames and they will not find any way to escape).

سورۃ الماعون:

أَرَأَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ (1)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو دین کو جھٹلاتا ہےo

Have you seen him who denies the Din (Religion)?

فَذَلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ (2)

ترجمہ: تو یہ وہ شخص ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے (یعنی یتیموں کی حاجات کو ردّ کرتا اور انہیں حق سے محروم رکھتا ہے)o

So he is the one who pushes away the orphan (i.e., rejects the needs of the orphans and deprives them of their right),

وَلَا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ (3)

ترجمہ: اور محتاج کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا (یعنی معاشرے سے غریبوں اور محتاجوں کے معاشی اِستحصال کے خاتمے کی کوشش نہیں کرتا)o

And does not promote the cause of feeding the poor (i.e., does not strive to end the economic exploitation of the poor and the needy).

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ (4)

ترجمہ: پس افسوس (اور خرابی) ہے ان نمازیوں کے لیےo

So woe to those worshippers,

الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ (5)

ترجمہ: جو اپنی نماز (کی روح) سے بے خبر ہیں (یعنی انہیں محض حقوق اللہ یاد ہیں حقوق العباد بھلا بیٹھے ہیں)o

Who are unaware of (the spirit of) their Prayers (i.e., they are mindful only of the rights of Allah, but are heedless of the rights of fellow human beings),

الَّذِيْنَ هُمْ يُرَاؤُوْنَ (6)

ترجمہ: وہ لوگ (عبادت میں) دکھلاوا کرتے ہیں (کیونکہ وہ خالق کی رسمی بندگی بجالاتے ہیں اور پسی ہوئی مخلوق سے بے پرواہی برت رہے ہیں)o

Who show off (their worship, for they only render a formal service to the Creator and are inconsiderate to the oppressed humanity),

وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ (7)

ترجمہ: اور وہ برتنے کی معمولی سی چیز بھی مانگے نہیں دیتےo

And who refuse to lend a worthless small object of use even on demand!

سورۃ الناس:

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ (1)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے کہ میں (سب) انسانوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوںo

Beseech: 'I seek refuge with the Lord of (the whole of) mankind,

مَلِكِ النَّاسِ (2)

ترجمہ: جو (سب) لوگوں کا بادشاہ ہےo

Who is the King of (all) mankind,

إِلَهِ النَّاسِ (3)

ترجمہ: جو (ساری) نسلِ انسانی کا معبود ہےo

Who is the God of the (whole) human race,

مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ (4)

ترجمہ: وسوسہ انداز (شیطان) کے شر سے جو (اللہ کے ذکر کے اثر سے) پیچھے ہٹ کر چھپ جانے والا ہےo

From the evil of the slinking whisperer (Satan) who hides himself withdrawing (from the influence of Allah's remembrance),

الَّذِي يُوَسْوِسُ فِي صُدُورِ النَّاسِ (5)

ترجمہ: جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہےo

Who whispers into the hearts of mankind,

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ (6)

ترجمہ: خواہ وہ (وسوسہ انداز شیطان) جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سےo

Whether he (the whispering Satan) comes from the jinn or mankind.'

3۔ عبادات (نماز، روزہ، حج اور زکواۃ)

سورۃ البقرہ:

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُونَ الصَّلاَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (3)

ترجمہ: جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری راہ میں) سے خرچ کرتے ہیںo

Those who believe in the unseen, and establish Prayer (fulfilling all its requisites) and spend (in Our way) out of what We have given them;

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُواْ رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (21)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو جس نے تمہیں پیدا کیا اور ان لوگوں کو (بھی) جو تم سے پیشتر تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤo

O people! Worship your Lord, Who created you and (also) those who were before you, so that you become Godwary.

وَأَقِيْمُواْ الصَّلاَةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ وَارْكَعُواْ مَعَ الرَّاكِعِيْنَ (43)

ترجمہ: اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیا کرو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ (مل کر) رکوع کیا کروo

And establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) regularly and kneel down (together) with those who kneel down.

وَأَقِيْمُواْ الصَّلاَةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ وَمَا تُقَدِّمُواْ لأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللّهِ إِنَّ اللّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (110)

ترجمہ: اور نماز قائم (کیا) کرو اور زکوٰۃ دیتے رہا کرو، اور تم اپنے لئے جو نیکی بھی آگے بھیجو گے اسے اللہ کے حضور پالو گے، جو کچھ تم کر رہے ہو یقیناً اللہ اسے دیکھ رہا ہےo

And (always) establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) regularly. And whatever virtue you will send ahead, you shall find it with Allah. Surely, Allah is watching all that you are doing.

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَآئِرِ اللّهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا وَمَن تَطَوَّعَ خَيْراً فَإِنَّ اللّهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ (158)

ترجمہ: بیشک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں، چنانچہ جو شخص بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ ان دونوں کے (درمیان) چکر لگائے، اور جو شخص اپنی خوشی سے کوئی نیکی کرے تو یقیناً اللہ (بڑا) قدر شناس (بڑا) خبردار ہےo

Verily, Safa and Marwa are indeed amongst the signs of Allah. So, he who performs ±ajj (Pilgrimage) or 'Umra (Visitation) to the House of Allah, there is no sin on him if he ambulates (i.e., walks up and down between) the two. And if a person does a pious act voluntarily, then Allah is certainly Most Appreciative, Well Aware.

لَّيْسَ الْبِرَّ أَن تُوَلُّواْ وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَـكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَالْمَلآئِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ وَآتَى الْمَالَ عَلَى حُبِّهِ ذَوِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَالسَّآئِلِينَ وَفِي الرِّقَابِ وَأَقَامَ الصَّلاةَ وَآتَى الزَّكَـاةَ وَالْمُوفُونَ بِعَهْدِهِمْ إِذَا عَاهَدُواْ وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاء والضَّرَّاء وَحِينَ الْبَأْسِ أُولَـئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا وَأُولَـئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ (177)

ترجمہ: نیکی صرف یہی نہیں کہ تم اپنے منہ مشرق اور مغرب کی طرف پھیر لو بلکہ اصل نیکی تو یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر اور فرشتوں پر اور (اللہ کی) کتاب پر اور پیغمبروں پر ایمان لائے، اور اللہ کی محبت میں (اپنا) مال قرابت داروں پر اور یتیموں پر اور محتاجوں پر اور مسافروں پر اور مانگنے والوں پر اور (غلاموں کی) گردنوں (کو آزاد کرانے) میں خرچ کرے، اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ دے اور جب کوئی وعدہ کریں تو اپنا وعدہ پورا کرنے والے ہوں، اور سختی (تنگدستی) میں اور مصیبت (بیماری) میں اور جنگ کی شدّت (جہاد) کے وقت صبر کرنے والے ہوں، یہی لوگ سچے ہیں اور یہی پرہیزگار ہیں o

Righteousness is not merely that you turn your faces to the east or the west. But true righteousness is that a person believes in Allah, the Last Day, the angels, the Book (revealed by Allah) and the Messengers. Driven by love for Allah, he spends (his) wealth on the kindred, the orphans, the needy, the wayfarers and those who ask and in (liberating slaves') necks, and establishes Prayer and pays Zakat (the Alms-due). And when they make a promise, they fulfil it and are steadfast in hardship (i.e., poverty) and suffering (i.e., ailment) and at the time of fierce fighting (i.e., jihad). It is these who are truthful and it is these who are righteous.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (183)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم پر اسی طرح روزے فرض کیے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ o

O believers! Fasting is prescribed for you as it was prescribed for the people before you so that you may become pious.

أَيَّاماً مَّعْدُودَاتٍ فَمَن كَانَ مِنكُم مَّرِيضاً أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ فَمَن تَطَوَّعَ خَيْراً فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ وَأَن تَصُومُواْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (184)

ترجمہ: (یہ) گنتی کے چند دن (ہیں)، پس اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں (کے روزوں) سے گنتی پوری کر لے، اور جنہیں اس کی طاقت نہ ہو ان کے ذمے ایک مسکین کے کھانے کا بدلہ ہے، پھر جو کوئی اپنی خوشی سے (زیادہ) نیکی کرے تو وہ اس کے لیے بہتر ہے، اور تمہارا روزہ رکھ لینا تمہارے لیے بہتر ہے اگر تمہیں سمجھ ہو o

(These are) a fixed number of days. So, whoever amongst you is ill or on a journey, then he shall complete fasting for the fixed number by (fasting on) other days. But those who are not able to fast, it is obligatory on them to provide food for a needy person in lieu of that. But whoever does (greater)

good seeking pleasure, that is better for him. And your fasting is better for you if you understand.

شَهْـرُ رَمَـضَانَ الَّذِیَ أُنزِلَ فِیْهِ الْقُرْآنُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَبَیِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَی وَالْفُرْقَانِ فَمَن شَهِدَ مِنکُمُ الشَّهْرَ فَلْیَصُمْهُ وَمَن کَـانَ مَـرِیْـضاً أَوْ عَلَی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَیَّامٍ أُخَرَ یُرِیْدُ اللّهُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلاَ یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ وَلِتُکْمِلُواْ الْعِدَّةَ وَلِتُکَبِّرُواْ اللّهَ عَلَی مَا هَدَاکُمْ وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُونَ (185)

ترجمہ: رمضان کا مہینہ (وہ ہے) جس میں قرآن اتارا گیا ہے جو لوگوں کے لیے ہدایت ہے اور (جس میں) رہنمائی کرنے والی اور (حق و باطل میں) امتیاز کرنے والی واضح نشانیاں ہیں، پس تم میں سے جو کوئی اس مہینہ کو پالے تو وہ اس کے روزے ضرور رکھے اور جو کوئی بیمار ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں (کے روزوں) سے گنتی پوری کرے، اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور تمہارے لیے دشواری نہیں چاہتا، اور اس لیے کہ تم گنتی پوری کر سکو اور اس لیے کہ اس نے تمہیں جو ہدایت فرمائی ہے اس پر اس کی بڑائی بیان کرو اور اس لیے کہ تم شکر گزار بن جاؤ o

The month of Ramadan (is the month) in which the Qur'an has been sent down as guidance for mankind containing clear signs which lead (to the straight road) and distinguishing (the truth from falsehood). Therefore, he who witnesses this month must fast it, and he who is ill or on a journey should complete the count by (fasting on equal number of) other days. Allah desires ease for you and does not desire hardship for you so that you complete the prescribed number of fasting days, and that you glorify Him for the guidance which He has blessed you with, and that you may become grateful.

وَأَتِـمُّـواْ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّهِ فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَیْسَرَ مِنَ الْهَدْیِ وَلاَ تَحْلِقُواْ رُؤُوسَکُمْ حَتَّی یَبْلُغَ الْهَدْیُ مَحِلَّهُ فَمَن کَانَ مِنکُم مَّرِیْضاً أَوْ بِهِ أَذًی مِّن رَّأْسِهِ فَفِدْیَةٌ مِّن صِیَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُکٍ فَإِذَا أَمِنتُمْ فَمَن تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَی الْحَجِّ فَمَا اسْتَیْسَرَ مِنَ الْهَدْیِ فَمَن لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ ثَلاَثَةِ أَیَّامٍ فِیْ الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعْتُمْ تِلْکَ عَشَرَةٌ کَامِلَةٌ ذَلِکَ لِمَن لَّمْ یَکُنْ أَهْلُهُ حَاضِرِیْ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاتَّقُواْ اللّهَ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ (196)

ترجمہ: اور حج اور عمرہ (کے مناسک) اللہ کے لیے مکمل کرو، پھر اگر تم (راستے میں) روک لیے جاؤ تو جو قربانی بھی میسر آئے (کرنے کے لیے بھیج دو) اور اپنے سروں کو اس وقت تک نہ منڈواؤ جب تک قربانی (کا جانور) اپنے مقام پر نہ پہنچ جائے، پھر تم میں سے جو کوئی بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ تکلیف ہو (اس وجہ سے قبل از وقت سر منڈوا لے) تو (اس کے) بدلے میں روزے (رکھے) یا صدقہ (دے) یا قربانی (کرے)، پھر جب تم اطمینان کی حالت میں ہو تو جو کوئی عمرہ کو حج کے ساتھ ملانے کا فائدہ اٹھائے تو جو بھی قربانی میسّر آئے (کر دے)، پھر جسے یہ بھی میسّر نہ ہو وہ تین دن کے روزے (زمانۂ) حج میں رکھے اور سات جب تم حج سے واپس لوٹو، یہ پورے دس (روزے) ہوئے، یہ (رعایت) اس کے لیے ہے جس کے اہل و عیال مسجدِ حرام کے پاس نہ رہتے ہوں (یعنی جو مکہ کا رہنے والا نہ ہو)، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And accomplish (the ceremonies of) ±ajj (Pilgrimage) and 'Umra (Visitation) for Allah. But if you are prevented (on the way), then (send for slaughter) whatever sacrificial animal is available. And do not shave your heads until the sacrificial

animal has reached its place. But whoever amongst you is ill or suffers from some ailment of the head (and because of that gets his head shaved before time), then he has to recompense (it) by (keeping) fasts or (giving) alms or (offering) sacrifice. Then, when in peaceful condition, anyone of you who takes the advantage of combining 'Umra (Visitation) with ±ajj (Pilgrimage) should (offer whatever) sacrifice is available. However, the one who fails to manage even this shall fast for three days during ±ajj ([Pilgrimage] days) and for seven days on returning from ±ajj, making ten days (fasting) in all. This (dispensation) is meant for the one whose family does not reside in the vicinity of the Sacred Mosque (i.e., not a resident of Mecca). And fear Allah and remember that Allah gives severe punishment.

الْحَجُّ أَشْهُرٌ مَّعْلُومَاتٌ فَمَن فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلاَ رَفَثَ وَلاَ فُسُوقَ وَلاَ جِدَالَ فِي الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُواْ مِنْ خَيْرٍ يَعْلَمْهُ اللّهُ وَتَزَوَّدُواْ فَإِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوَى وَاتَّقُونِ يَا أُوْلِي الأَلْبَابِ **(197)**

ترجمہ: حج کے چند مہینے معیّن ہیں (یعنی شوّال، ذوالقعدہ اور عشرہء ذی الحجہ)، تو جو شخص ان (مہینوں) میں نیت کر کے (اپنے اوپر) حج لازم کر لے تو حج کے دنوں میں نہ عورتوں سے اختلاط کرے اور نہ کوئی (اور) گناہ اور نہ ہی کسی سے جھگڑا کرے، اور تم جو بھلائی بھی کرو اللہ اسے خوب جانتا ہے، اور (آخرت کے) سفر کا سامان کر لو، بے شک سب سے بہتر زادِ راہ تقویٰ ہے، اور اے عقل والو! میرا تقویٰ اختیار کرو○

Some months are appointed for ±ajj (Pilgrimage: Shawwal, Dhu al-Qa'da and first ten days of Dhu al-Hijja). So, he who undertakes to perform ±ajj (Pilgrimage) during these (months) and makes it obligatory (for himself) must not commit sexual intercourse with the women, nor any (other) sin, nor should he quarrel with anyone during the ±ajj (Pilgrimage) days. And whatever good you do, Allah knows it well. And collect the provisions required for the journey (to the Hereafter). And surely the best of provisions is the fear of Allah. So, fear Me, O men of sound judgment!

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَبْتَغُواْ فَضْلاً مِّن رَّبِّكُمْ فَإِذَا أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُواْ اللّهَ عِندَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِن كُنتُم مِّن قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ **(198)**

ترجمہ: اور تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں اگر تم (زمانۂ حج میں تجارت کے ذریعے) اپنے رب کا فضل (بھی) تلاش کرو، پھر جب تم عرفات سے واپس آؤ تو مشعرِ حرام (مُزدلفہ) کے پاس اللہ کا ذکر کیا کرو اور اس کا ذکر اس طرح کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت فرمائی، اور بے شک اس سے پہلے تم بھٹکے ہوئے تھے○

And it is no sin on you if you (also) seek your Lord's bounty (through trade during the ±ajj days). Then when you return from 'Arafat, celebrate the remembrance of Allah near Mash'ar al-Haram (Muzdalifa). And remember Him as He has guided you. And you were certainly wandering disorientated before.

ثُمَّ أَفِيضُواْ مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (199)

ترجمہ: پھر تم وہیں سے جا کر واپس آیا کرو جہاں سے (اور) لوگ واپس آتے ہیں اور اللہ سے (خوب) بخشش طلب کرو، بے شک اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہےo

Then return after going to that very place from where (the other) people return. And (earnestly) beg forgiveness from Allah. Allah is, of course, Most Forgiving, Ever-Merciful.

فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُواْ اللّهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْراً فَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهُ فِي الآخِرَةِ مِنْ خَلاَقٍ (200)

ترجمہ: پھر جب تم اپنے حج کے ارکان پورے کر چکو تو (منیٰ میں) اللہ کا خوب ذکر کیا کرو جیسے تم اپنے باپ دادا کا (بڑے شوق سے) ذکر کرتے ہو یا اس سے بھی زیادہ شدّتِ شوق سے (اللہ کا) ذکر کیا کرو، پھر لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں (ہی) عطا کر دے اور ایسے شخص کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہےo

Then, when you have completed the ceremonies of ±ajj (Pilgrimage), celebrate the remembrance of Allah most fervently (at Mina), as you remember your fathers and forefathers (with great fondness), or remember (Allah) with even deeper intensity of fondness. There are some of the people who say: 'O our Lord, grant us benefits in this (very) world.' For such there is no share in the Hereafter.

وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (201)

ترجمہ: اور انہی میں سے ایسے بھی ہیں جو عرض کرتے ہیں: اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں (بھی) بھلائی عطا فرما اور آخرت میں (بھی) بھلائی سے نواز اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھo

And there are others of them who submit: 'O our Lord, grant us excellence in this world, and excellence in the Hereafter (as well), and save us from the torment of Hell.'

أُولَـئِكَ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّمَّا كَسَبُواْ وَاللّهُ سَرِيعُ الْحِسَابِ (202)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے ان کی (نیک) کمائی میں سے حصہ ہے، اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہےo

It is they for whom there is a share of their (virtuous) earning, and Allah is Swift at reckoning.

وَاذْكُرُواْ اللّهَ فِي أَيَّامٍ مَّعْدُودَاتٍ فَمَن تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ وَمَن تَأَخَّرَ فَلا إِثْمَ عَلَيْهِ لِمَنِ اتَّقَى وَاتَّقُواْ اللّهَ وَاعْلَمُواْ أَنَّكُمْ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (203)

ترجمہ: اور اللہ کو (ان) گنتی کے چند دنوں میں (خوب) یاد کیا کرو، پھر جس کسی نے (منیٰ سے واپسی میں) دو ہی دنوں میں جلدی کی تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور جس نے (اس میں) تاخیر کی تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں، یہ اس کے لیے ہے جو پرہیزگاری اختیار کرے، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ تم سب کو اسی کے پاس جمع کیا جائے گاo

And remember Allah (the most) during (these) numbered days. Then, if someone hastens just in two days (to return from Mina), it is no sin on him, and he who delays (it) also commits no sin. This is for him who embraces piety. And keep fearing Allah, and remember that all of you shall be assembled before Him.

حَافِظُواْ عَلَى الصَّلَوَاتِ والصَّلاَةِ الْوُسْطَى وَقُومُواْ لِلّهِ قَانِتِيْنَ (238)

ترجمہ: سب نمازوں کی محافظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی، اور اللہ کے حضور سراپا ادب و نیاز بن کر قیام کیا کرو o

Guard strictly all the Prayers, especially the middle Prayer. And stand before Allah as an epitome of submissiveness and lowliness.

فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالاً أَوْ رُكْبَاناً فَإِذَا أَمِنتُمْ فَاذْكُرُواْ اللّهَ كَمَا عَلَّمَكُم مَّا لَمْ تَكُونُواْ تَعْلَمُونَ (239)

ترجمہ: پھر اگر تم حالتِ خوف میں ہو تو پیادہ یا سوار (جیسے بھی ہو نماز پڑھ لیا کرو)، پھر جب تم حالتِ امن میں آ جاؤ تو انہی طریقوں پر اللہ کی یاد کرو جو اس نے تمہیں سکھائے ہیں جنہیں تم (پہلے) نہیں جانتے تھے o

Should you be in a state of fear, then (do offer Prayer) whether on foot or whilst riding (as the case may be), but once you get back to peace, remember Allah in the manner He has taught you which you did not know (before).

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ وَآتَوُاْ الزَّكَاةَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ (277)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کیے اور نماز قائم رکھی اور زکوٰۃ دیتے رہے ان کے لیے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے، اور ان پر (آخرت میں) نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے o

Surely, those who believe and do pious acts and establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) regularly have their reward with their Lord. And (on the Last Day) they will neither fear nor grieve.

سورۃ العمران:

فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَّقَامُ إِبْرَاهِيمَ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ آمِناً وَلِلّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ الله غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِيْنَ (97)

ترجمہ: اس میں کھلی نشانیاں ہیں (ان میں سے ایک) ابراہیم (علیہ السلام) کی جائے قیام ہے، اور جو اس میں داخل ہو گیا امان پا گیا، اور اللہ کے لیے لوگوں پر اس گھر کا حج فرض ہے جو بھی اس تک پہنچنے کی استطاعت رکھتا ہو، اور جو (اس کا) منکر ہو تو بے شک اللہ سب جہانوں سے بے نیاز ہے o

There are manifest signs in it, (one of which is) the station of Ibrahim (Abraham). Whoever enters it attains safety and protection; and the Pilgrimage to this House is prescribed for the people for the sake of Allah whoever may afford its journey; and whoever denies (it), then indeed Allah

is Self-Sufficient, Beyond Need of all the worlds.

سورۃ النساء:

وَاعْبُدُواْ اللّهَ وَلاَ تُشْرِكُواْ بِهِ شَيْئاً وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً وَبِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبَى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالجَنبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ إِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبُّ مَن كَانَ مُخْتَالاً فَخُوراً(36)

ترجمہ: اورتم اللہ کی عبادت کرواوراس کے ساتھ کسی کوشریک نہ ٹھہراؤاور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرواور رشتہ داروں اور یتیموں اورمحتاجوں (سے) اورنزدیکی ہمسائے اوراجنبی پڑوسی اورہم مجلس اورمسافر (سے)،اورجن کے تم مالک ہو چکے ہو،(ان سے نیکی کیا کرو)، بےشک اللہ اس شخص کو پسند نہیں کرتا جوتکبّر کرنے والا (مغرور) فخر کرنے والا (خود بین) ہوo

And worship Allah and do not set up any partners with Him. And treat the parents with moral excellence and (do good to) relatives, orphans, the needy, the close as well as unacquainted neighbours, and your fellows and the wayfarers and those whom you possess. Surely, Allah does not like the one who is arrogant (i.e., self-conceited) and boastful (i.e., egoist),

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَقْرَبُواْ الصَّلاَةَ وَأَنتُمْ سُكَارَى حَتَّىَ تَعْلَمُواْ مَا تَقُولُونَ وَلاَ جُنُباً إِلاَّ عَابِرِي سَبِيْلٍ حَتَّىَ تَغْتَسِلُواْ وَإِن كُنتُم مَّرْضَى أَوْ عَلَى سَفَرٍ أَوْ جَاء أَحَدٌ مِّنكُم مِّن الْغَآئِطِ أَوْ لاَمَسْتُمُ النِّسَاء فَلَمْ تَجِدُواْ مَاء فَتَيَمَّمُواْ صَعِيْداً طَيِّباً فَامْسَحُواْ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَفُوّاً غَفُوراً (43)

ترجمہ: اےایمان والو!تم نشہ کی حالت میں نماز کے قریب مت جاؤ یہاں تک کہ تم وہ بات سمجھنے لگو جو کہتے ہواور نہ حالتِ جنابت میں (نماز کے قریب جاؤ) تا آنکہ تم غسل کرلوسوائے اس کے کہ تم سفر میں راستہ طے کررہے ہو،اوراگرتم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے لوٹے یا تم نے (اپنی) عورتوں سے مباشرت کی ہو پھر تم پانی نہ پاسکوتو تم پاک مٹی سے تیمّم کرلو پس اپنے چہروں اوراپنے ہاتھوں پرمسح کرلیا کرو، بےشک اللہ معاف فرمانے والا بہت بخشنے والا ہےo

O believers! Do not go near Prayer in a drunken state until you are able to understand what you say. Nor (should you approach Prayer) until you bathe after total ablution becomes obligatory, unless you are travelling. And if you are sick, or on a journey, or return from a call of nature, or make sexual contact with (your) women and then fail to find water, then clean yourselves by using pure soil. So wipe your faces and hands. Surely, Allah is Most Pardoning, Most Forgiving.

وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَقْصُرُواْ مِنَ الصَّلاَةِ إِنْ خِفْتُمْ أَن يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ إِنَّ الْكَافِرِيْنَ كَانُواْ لَكُمْ عَدُوّاً مُّبِيْناً(101)

ترجمہ: اور جب تم زمین میں سفر کروتو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم نماز میں قصر کرو (یعنی چار رکعت فرض کی جگہ دو پڑھو) اگر تمہیں اندیشہ ہے کہ کافر تمہیں تکلیف میں مبتلا کردیں گے۔ بےشک کفار تمہارے کھلے دشمن ہیںo

And when you travel in the land, there will be no sin on you if you shorten the Prayer (i.e., offer two instead of four mandatory cycles), if you fear that the

disbelievers are likely to afflict you with distress. Assuredly, the disbelievers are your open enemies.

سورۃ المائدہ:

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْنَ آمَنُواْ أَوْفُواْ بِالْعُقُودِ أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيْمَةُ الْأَنْعَامِ إِلاَّ مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ إِنَّ اللّهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! (اپنے) عہد پورے کرو۔ تمہارے لیے چوپائے جانور (یعنی مویشی) حلال کر دیے گئے (ہیں) سوائے ان (جانوروں) کے جن کا بیان تم پر آئندہ کیا جائے گا (لیکن) جب تم اِحرام کی حالت میں ہو، شکار کو حلال نہ سمجھنا۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے حکم فرماتا ہےo

O believers! Fulfil (your) promises. The quadrupeds (i.e., cattle) have been made lawful for you except those (animals) that will be announced to you afterwards. (But) when clad in ihram (the Pilgrim's sacred dress), do not presume hunting lawful. Surely, Allah ordains what He wills.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـواْ لاَ تُحِلُّواْ شَعَآئِرَ اللّهِ وَلاَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلاَ الْهَدْىَ وَلاَ الْقَلآئِدَ وَلا آمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَـضْلاً مِّـن رَّبِّهِـمْ وَرِضْـوَانـاً وَإِذَا حَـلَـلْتُمْ فَاصْطَادُواْ وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَن تَعْتَدُواْ وَتَعَاوَنُواْ عَلَى الْبرِّ وَالتَّقْوَى وَلاَ تَعَاوَنُواْ عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(2)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ حرمت (وادب) والے مہینے کی (یعنی ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب میں سے کسی ماہ کی) اور نہ حرمِ کعبہ کو بھیجے ہوئے قربانی کے جانوروں کی اور نہ مکّہ لائے جانے والے ان جانوروں کی جن کے گلے میں علامتی پٹے ہوں اور نہ حرمت والے گھر (یعنی خانہ کعبہ) کا قصد کر کے آنے والوں (کے جان و مال اور عزت و آبرو) کی (بے حرمتی کرو کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں) جو اپنے رب کا فضل اور رضا تلاش کر رہے ہیں، اور جب تم حالتِ اِحرام سے باہر نکل آؤ تو تم شکار کر سکتے ہو، اور تمہیں کسی قوم کی (یہ) دشمنی کہ انہوں نے تم کو مسجدِ حرام (یعنی خانہ کعبہ کی حاضری) سے روکا تھا اس بات پر ہرگز نہ ابھارے کہ تم (ان کے ساتھ) زیادتی کرو، اور نیکی اور پرہیزگاری (کے کاموں) پر ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظلم (کے کاموں) پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک اللہ (نافرمانی کرنے والوں کو) سخت سزا دینے والا ہےo

O believers! Do not denigrate the signs of Allah, nor the sacred (and venerable) month (i.e., any one of Dhu al-Qa'da, Dhu al-Hijja, Muharram and Rajab), nor the sacrificial animals sent to the Sacred House-the Ka'ba-nor the animals brought to Mecca with ritual straps around their necks. Also do not violate the sanctity (of life and property, and honour and dignity) of those resorting to the Sacred House, the Ka'ba, (for they are the ones) seeking bounty and pleasure of their Lord. And when you take off ihram (the Pilgrim's garb), then you are allowed to hunt. And never let the enmity of a people incite you to aggression (against them) since they barred you from the Sacred House (i.e., visiting the Ka'ba).

And always support one another in (the works of) righteousness and piety, but do not become accomplices in (works of) sin and transgression. And fear Allah persistently. Indeed, Allah awards severe punishment (to those who disobey and defy).

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْنَ آمَنُواْ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاةِ فاغْسِلُواْ وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُواْ بِرُؤُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَـى الْـكَـعْبَيْـنِ وَإِن كُـنتُـمْ جُـنُبـاً فَاطَّهَّرُواْ وَإِن كُنتُم مَّرْضَى أَوْ عَلَى سَفَرٍ أَوْ جَاء أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لاَمَسْتُمُ النِّسَاء فَلَمْ تَجِدُواْ مَاء فَتَيَمَّمُواْ صَعِيْداً طَيِّباً فَامْسَحُواْ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيْكُم مِّنْهُ مَا يُرِيْدُ اللّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَـكِن يُرِيْدُ لِيُطَهَّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ(6)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب (تمہارا) نماز کیلئے کھڑے (ہونے کا ارادہ) ہوتو (وضو کے لیے) اپنے چہروں کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھولو اور اپنے سروں کا مسح کرو اور اپنے پاؤں (بھی) ٹخنوں سمیت (دھولو)، اور اگر تم حالتِ جنابت میں ہوتو (نہا کر) خوب پاک ہو جاؤ، اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم سے کوئی رفعِ حاجت سے (فارغ ہوکر) آیا ہو یا تم نے عورتوں سے قربت (مجامعت) کی ہو پھر تم پانی نہ پاؤ تو (اندریں صورت) پاک مٹی سے تیمّم کرلیا کرو۔ پس (تیمّم یہ ہے کہ) اس (پاک مٹی) سے اپنے چہروں اور اپنے (پورے) ہاتھوں کا مسح کرلو۔ اللہ نہیں چاہتا کہ وہ تمہارے اوپر کسی قسم کی سختی کرے لیکن وہ (یہ) چاہتا ہے کہ تمہیں پاک کردے اور تم پر اپنی نعمت پوری کردے تاکہ تم شکرگزار بن جاؤo

O believers! When you (intend to) stand for Prayer, then, (for ablution,) wash your faces and hands up to the elbows, and pass your wet hands over your heads and (also wash) your feet up to the ankles. And if you are in a state of obligation for total ablution, purify yourselves well (by bathing). Should you be ill or on a journey, or someone of you comes (after) defecation, or you have had sexual contact with women and then you do not find water, (in these cases,) perform tayammum with clean soil. So, it is wiping your faces and (full) hands with it (i.e., clean soil). Allah does not want to make things hard for you, but He wants to purify you, and complete the bestowal of His favour upon you so that you may become grateful.

سورۃ الانعام:

وَأَنْ أَقِيْمُواْ الصَّلاةَ وَاتَّقُوهُ وَهُوَ الَّذِيَ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (72)

ترجمہ: اور یہ (بھی حکم ہوا ہے) کہ تم نماز قائم رکھو اور اس سے ڈرتے رہو اور وہی اللہ ہے جس کی طرف تم (سب) جمع کیے جاؤ گےo

And this (has also been commanded:) 'Establish Prayer and always fear Him, and Allah is He to Whom you (all) will be gathered.'

قُلْ إِنَّ صَلاَتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (162)

ترجمہ: فرما دیجیے کہ بے شک میری نماز اور میرا حج اور قربانی (سمیت سب بندگی) اور میری زندگی اور میری موت اللہ کے لیے

ہے جو تمام جہانوں کا رب ہےo

Say: 'My Prayer, my ±ajj (Pilgrimage) and my sacrifice (together with the entire worship and servitude) and my life and my death are for Allah alone, the Lord of all the worlds.

سورۃ الاعراف:

قُلْ أَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ وَأَقِيْمُواْ وُجُوهَكُمْ عِندَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَادْعُوهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ كَمَا بَدَأَكُمْ تَعُودُونَ (29)

ترجمہ: فرما دیجیے: میرے رب نے انصاف کا حکم دیا ہے، اور تم ہر سجدہ کے وقت و مقام پر اپنے رُخ (کعبہ کی طرف) سیدھے کر لیا کرو اور تمام تر فرمانبرداری اس کے لیے خالص کرتے ہوئے اس کی عبادت کیا کرو۔ جس طرح اس نے تمہاری (خلق و حیات کی) ابتداء کی تم اسی طرح (اس کی طرف) پلٹو گےo

Say: 'My Lord has enjoined justice. And set your direction aright (towards the Ka'ba) on every occasion and place of prostration. And worship Him, devoting your obedience sincerely to Him alone. As He has originated your (creation and life) so will you return (towards Him).'

يَا بَنِيْ آدَمَ خُذُواْ زِيْنَتَكُمْ عِندَ كُلِّ مَسْجِدٍ وكُلُواْ وَاشْرَبُواْ وَلاَ تُسْرِفُواْ إِنَّهُ لاَ يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ (31)

ترجمہ: اے اولادِ آدم! تم ہر نماز کے وقت اپنا لباسِ زینت (پہن) لیا کرو اور کھاؤ اور پیو اور حد سے زیادہ خرچ نہ کرو کہ بے شک وہ بے جا خرچ کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتاo

O Children of Adam! Dress up decently every time you offer Prayer. And eat and drink, but do not spend extravagantly because certainly He does not like the extravagant.

وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هَـذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ إِنَّا هُدْنَـا إِلَيْكَ قَالَ عَذَابِيْ أُصِيْبُ بِهِ مَنْ أَشَاء وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَـاةَ وَالَّذِيْنَ هُم بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ (156)

ترجمہ: اور تو ہمارے لیے اس دنیا (کی زندگی) میں (بھی) بھلائی لکھ دے اور آخرت میں (بھی) بے شک ہم تیری طرف تائب و راغب ہو چکے، ارشاد ہوا: میں اپنا عذاب جسے چاہتا ہوں اسے پہنچاتا ہوں اور میری رحمت ہر چیز پر وسعت رکھتی ہے، سو میں عنقریب اس (رحمت) کو ان لوگوں کے لیے لکھ دوں گا جو پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے رہتے ہیں اور وہی لوگ ہی ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیںo

And ordain for us good in (the life of) this world and in the Hereafter (as well). Surely, we have turned and totally inclined towards You.' (Allah) said: 'I inflict My punishment on whom I will and My mercy encompasses everything. So, I shall soon prescribe this (mercy) for those who adopt Godwariness and pay Zakat (the Alms-due) regularly, and it is they who have faith in Our Revelations.

وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُونَ بِالْكِتَابِ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ إِنَّا لاَ نُضِيْعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ(170)

ترجمہ: اور جو لوگ کتابِ (الٰہی) کو مضبوط پکڑے رہتے ہیں اور نماز (پابندی سے) قائم رکھتے ہیں (تو) بے شک ہم اصلاح

کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتےo

And those who hold fast to the Book (of Allah) and establish Prayer (with punctuality, then) certainly We do not waste the reward of those who reform.

سورۃ الانفال:

الَّذِيْنَ يُقِيْمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (3)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو نماز قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (اس کی راہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیںo

(They) are those who establish Prayer, and spend (in the cause of Allah) out of whatever We have bestowed upon them.

سورۃ التوبۃ:

إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّهِ مَنْ آمَنَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلاَةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلاَّ اللّهَ فَعَسَى أُوْلَـئِكَ أَن يَكُونُواْ مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ18)

ترجمہ: اللہ کی مسجدیں صرف وہی آباد کرسکتا ہے جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان لایا اور اس نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی اور اللہ کے سوا (کسی سے) نہ ڈرا۔ سو امید ہے کہ یہی لوگ ہدایت پانے والوں میں ہو جائیں گےo

Only he who believes in Allah and the Last Day and establishes Prayer and pays Zakat (the Alms-due) and who fears none but Allah can maintain and frequent the mosques of Allah. So they alone are expected to become the rightly-guided.

وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُقِيْمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيْعُونَ اللّهَ وَرَسُولَهُ أُوْلَـئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّهُ إِنَّ اللّهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (71)

ترجمہ: اور اہلِ ایمان مرد اور اہلِ ایمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق و مددگار ہیں۔ وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت بجالاتے ہیں، ان ہی لوگوں پر اللہ عنقریب رحم فرمائے گا، بے شک اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

The believers, men and women, are helpers and friends to one another. They command good and forbid evil and establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). It is they on whom Allah will soon shower His Mercy. Surely, Allah is Almighty, Most Wise.

التَّائِبُونَ الْعَابِدُونَ الْحَامِدُونَ السَّائِحُونَ الرَّاكِعُونَ السَّاجِدونَ الآمِرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّاهُونَ عَنِ الْمُنكَرِ وَالْحَافِظُونَ لِحُدُودِ اللّهِ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ(112)

ترجمہ: (یہ مومنین جنہوں نے اللہ سے اُخروی سودا کرلیا ہے) توبہ کرنے والے، عبادت گذار، (اللہ کی) حمد وثنا کرنے والے،

دنیوی لذتوں سے کنارہ کش روزہ دار، (خشوع وخضوع سے) رکوع کرنے والے، (قربِ الٰہی کی خاطر) سجود کرنے والے، نیکی کا حکم کرنے والے اور برائی سے روکنے والے اور اللہ کی (مقرر کردہ) حدود کی حفاظت کرنے والے ہیں، اور ان اہلِ ایمان کو خوشخبری سنا دیجیےo

(These believers who have bargained with Allah for the Hereafter are those) who turn to Allah in repentance, and who worship, praise and glorify (Allah), and fast, abstaining from the worldly lusts, and bow down before Him (most humbly and submissively), and who prostrate themselves before Him (seeking His nearness), command good and forbid evil, and guard the limits (set) by Allah. And give glad tidings to these believers.

سورۃ ہود:

أَلَّا تَعْبُدُواْ إِلَّا اللّهَ إِنَّنِيْ لَكُم مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَبَشِيْرٌ (2)

ترجمہ: یہ کہ اللہ کے سوا تم کسی کی عبادت مت کرو، بے شک میں تمہارے لیے اس (اللہ) کی جانب سے ڈر سنانے والا اور بشارت دینے والا ہوںo

That do not worship anyone but Allah. Verily, I am a Warner from Him (Allah) to you and a Bearer of glad tidings;

وَأَقِمِ الصَّلاَةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفاً مِّنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِيْنَ (114)

ترجمہ: اور آپ دن کے دونوں کناروں میں اور رات کے کچھ حصوں میں نماز قائم کیجئے۔ بے شک نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں۔ یہ نصیحت قبول کرنے والوں کے لیے نصیحت ہےo

And establish Prayer at the two ends of the day and in some parts of the night. Surely, good actions erase the evil ones. This is an admonition for those who accept admonition.

سورۃ ابراہیم:

قُل لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ آمَنُواْ يُقِيْمُواْ الصَّلاَةَ وَيُنفِقُواْ مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلاَنِيَةً مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لاَّ بَيْعٌ فِيْهِ وَلاَ خِلاَلٌ (31)

ترجمہ: آپ میرے مومن بندوں سے فرما دیں کہ وہ نماز قائم رکھیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ (ہماری راہ میں) خرچ کرتے رہیں اس دن کے آنے سے پہلے جس دن میں نہ کوئی خرید وفروخت ہوگی اور نہ ہی کوئی (دنیاوی) دوستی (کام آئے گی)o

Say to My servants who have believed that they must establish Prayer and spend (in Our way) both secretly and openly of the provision that We have granted them before the dawn of the Day when neither any transaction will take place, nor any (worldly) friendship (will profit).

سورۃ مریم:

وَإِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ (36)

ترجمہ: اور بے شک اللہ میرا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے سو تم اسی کی عبادت کیا کرو، یہی سیدھا راستہ ہےo

And surely, Allah is my Lord and your Lord (too). So always worship Him alone. This is the straight path.

رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا (65)

ترجمہ: (وہ) آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان دو کے درمیان ہے (سب) کا رب ہے پس اس کی عبادت کیجئے اور اس کی عبادت میں ثابت قدم رہیے، کیا آپ اس کا کوئی ہم نام جانتے ہیںo

(He) is the Lord of the heavens and the earth and whatever is between the two. So worship Him and remain steadfast in His worship. Do you know who is His namesake?'

سورۃ طٰہٰ:

إِنَّنِي أَنَا اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدْنِي وَأَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِي (14)

ترجمہ: بے شک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں سو تم میری عبادت کیا کرو اور میری یاد کی خاطر نماز قائم کیا کروo

Verily, I am Allah. There is no God other than Me. So always worship Me, and establish Prayer for the sake of My remembrance.

فَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوبِهَا وَمِنْ آنَاءِ اللَّيْلِ فَسَبِّحْ وَأَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضَى (130)

1 ترجمہ: پس آپ ان کی (دل آزار) باتوں پر صبر فرمایا کریں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیا کریں طلوعِ آفتاب سے پہلے (نمازِ فجر میں) اور اس کے غروب سے قبل (نمازِ عصر میں)، اور رات کی ابتدائی ساعتوں میں (یعنی مغرب اور عشاء میں) بھی تسبیح کیا کریں اور دن کے کناروں پر بھی (نمازِ ظہر میں جب دن کا نصفِ اوّل ختم اور نصفِ ثانی شروع ہوتا ہے، (اے حبیبِ مکرّم! یہ سب کچھ اس لیے ہے) تاکہ آپ راضی ہو جائیںo

So bear their (heart-rending) talk patiently and glorify your Lord with His praise before the rising of the sun (in Fajr [Dawn] Prayer) and before its setting (in the 'Asr [Afternoon] Prayer) and glorify Him in the early hours of night (the Maghrib [Sunset] and 'Isha' [Night] Prayer) and also at the ends of the day (in Zuhr [Midday] Prayer when the first half of the day ends and the second half starts. O Esteemed Beloved, all this is designed) so that you may be pleased.

وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا نَّحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوَى (132)

ترجمہ: اور آپ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم فرمائیں اور اس پر ثابت قدم رہیں، ہم آپ سے رزق طلب نہیں کرتے (بلکہ) ہم آپ کو رزق دیتے ہیں، اور بہتر انجام پرہیزگاری کا ہی ہےo

And enjoin Prayer on your family and strictly adhere to it. And We do not ask for provision from you, (rather) We provide for you. And it is the act of fearing God that brings about best results.

سورۃ الحج:

ذَلِكَ وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ فَإِنَّهَا مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ **(32)**

ترجمہ: یہی (حکم) ہے، اور جو شخص اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرتا ہے (یعنی ان جانداروں، یادگاروں، مقامات، احکام اور مناسک وغیرہ کی تعظیم جو اللہ یا اللہ والوں کے ساتھ کسی اچھی نسبت یا تعلق کی وجہ سے جانے پہچانے جاتے ہیں) تو یہ (تعظیم) دلوں کے تقوٰی میں سے ہے (یہ تعظیم وہی لوگ بجالاتے ہیں جن کے دلوں کو تقوٰی نصیب ہو گیا ہو)o

That is (the command). And whoever venerates the signs of Allah (i.e., honouring those living beings, shrines, monumental sites, commands and prescribed duties known and recognized due to some pious association or link with Allah or Allah's devoted servants), this (veneration) is of the Godwariness of hearts (only those whose hearts have been blessed with the fear of God venerate these signs).

لَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَا إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ **(33)**

ترجمہ: تمہارے لیے ان (قربانی کے جانوروں) میں مقررہ مدت تک فوائد ہیں پھر انہیں قدیم گھر (خانہ کعبہ) کی طرف (ذبح کے لیے) پہنچنا ہےo

There are benefits for you in these (sacrificial animals) for a fixed term. Then they are to arrive at the Ancient House (the Ka'ba for sacrifice).

سورۃ النور:

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَإِقَامِ الصَّلَاةِ وَإِيتَاء الزَّكَاةِ يَخَافُونَ يَوْماً تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ **(37)**

ترجمہ: (اللہ کے اس نور کے حامل) وہی مردانِ (خدا) ہیں جنہیں تجارت اور خرید و فروخت نہ اللہ کی یاد سے غافل کرتی ہے اور نہ نماز قائم کرنے سے اور نہ زکوٰۃ ادا کرنے سے (بلکہ دنیوی فرائض کی ادائیگی کے دوران بھی) وہ (ہمہ وقت) اس دن سے ڈرتے رہتے ہیں جس میں (خوف کے باعث) دل اور آنکھیں (سب) الٹ پلٹ ہو جائیں گیo

(Blessed with this Light) are those servants (of Allah) whom neither trade nor sale diverts from the remembrance of Allah and from establishing Prayer and paying Zakat (the Alms-due. Even whilst performing their worldly duties) they keep fearing the Day when hearts and eyes will (all) overturn (with terror),

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُسَبِّحُ لَهُ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالطَّيْرُ صَافَّاتٍ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهُ وَتَسْبِيحَهُ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ **(41)**

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو کوئی بھی آسمانوں اور زمین میں ہے وہ (سب) اللہ ہی کی تسبیح کرتے ہیں اور پرندے (بھی فضاؤں میں) پر پھیلائے ہوئے (اسی کی تسبیح کرتے ہیں)، ہر ایک (اللہ کے حضور) اپنی نماز اور اپنی تسبیح کو جانتا ہے، اور اللہ ان کاموں سے خوب آگاہ ہے جو وہ انجام دیتے ہیںo

Have you not seen that (all) who are in the heavens and the earth glorify Allah alone, and the birds (too in the air around) with wings outspread (do celebrate His praise)? Each one knows his own mode of prayer and praise (before the presence of Allah). And Allah is Well Aware of the deeds they accomplish.

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (56)

ترجمہ: اور تم نماز (کے نظام) کو قائم رکھو اور زکوٰۃ کی ادائیگی (کا انتظام) کرتے رہو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی (مکمل) اطاعت بجالاؤ تاکہ تم پر رحم فرمایا جائے (یعنی غلبہ و اقتدار، استحکام اور امن و حفاظت کی نعمتوں کو برقرار رکھا جائے)o

And establish (the system of) prayers and (ensure) the payment of Zakat (the Alms-due) and accomplish (absolute) obedience to the Messenger (blessings and peace be upon him) so that you may be granted mercy (i.e., the blessings of sovereign rule, stability, peace and security may endure and continue).

سورۃ العنکبوت:

اتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ وَأَقِمِ الصَّلَاةَ إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ (45)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) آپ وہ کتاب پڑھ کر سنایئے جو آپ کی طرف (بذریعہ) وحی بھیجی گئی ہے، اور نماز قائم کیجئے، بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے، اور واقعی اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے، اور اللہ ان (کاموں) کو جانتا ہے جو تم کرتے ہوo

(O Esteemed Beloved!) Recite the Book which has been revealed to you and establish prayer. Surely, prayer prohibits indecency and impiety; and verily, the remembrance of Allah is the greatest. And Allah knows whatever (deeds) you do.

يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ (56)

ترجمہ: اے میرے بندو! جو ایمان لے آئے ہو بے شک میری زمین کشادہ ہے سو تم میری ہی عبادت کرو o

O My servants who have believed! Surely, My earth is vast, so worship Me alone.

سورۃ الروم:

فَسُبْحَانَ اللَّهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ (17)

ترجمہ: پس تم اللہ کی تسبیح کیا کرو جب تم شام کرو (یعنی مغرب اور عشاء کے وقت) اور جب تم صبح کرو (یعنی فجر کے وقت)o

So glorify Allah when you enter the evening (Maghrib and 'Isha' times) and

when you enter the morning (Fajr time).

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيّاً وَحِينَ تُظْهِرُونَ (18)

ترجمہ: اور ساری تعریفیں آسمانوں اور زمین میں اسی کے لیے ہیں اور (تم تسبیح کیا کرو) سہ پہر کو بھی (یعنی عصر کے وقت) اور جب تم دوپہر کرو (یعنی ظہر کے وقت)o

And all praise in the heavens and the earth be to Him alone, and (glorify Him) in the afternoon ('Asr time) and at noon (Zuhr time) as well.

مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ (31)

ترجمہ: اسی کی طرف رجوع و انابت کا حال رکھو اور اس کا تقویٰ اختیار کرو اور نماز قائم کرو اور مشرکوں میں سے مت ہو جاؤo

Have your mind set in turning towards Him alone in repentance and remorse and fear Him and establish Prayer and be not of the polytheists.

وَمَا آتَيْتُم مِّن رِّبًا لِّيَرْبُوَ فِي أَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُو عِندَ اللَّهِ وَمَا آتَيْتُم مِّن زَكَاةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ (39)

ترجمہ: اور جو مال تم سود پر دیتے ہو تا کہ (تمہارا اثاثہ) لوگوں کے مال میں مل کر بڑھتا رہے تو وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھے گا اور جو مال تم زکوٰۃ (وخیرات) میں دیتے ہو (فقط) اللہ کی رضا چاہتے ہوئے تو وہی لوگ (اپنا مال عنداللہ) کثرت سے بڑھانے والے ہیںo

And the money that you lend as usury so that (your wealth) may increase through mingling with other people's money will not increase with Allah, but the money that you give as Zakat ([the obligatory Alms-due] and charity donations), seeking (solely) Allah's pleasure-so it is they who multiply (their money with Allah) manifold.

سورۃ فاطر:

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ (29)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں، پوشیدہ بھی اور ظاہر بھی، اور ایسی (اُخروی) تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی خسارے میں نہیں ہوگیo

Surely, those who recite the Book of Allah and establish Prayer and spend secretly and openly in Our way out of what We have given them look forward to a trade (in the Hereafter) which will never run into loss,

سورۃ الزمر:

قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ مُخْلِصاً لَّهُ الدِّينَ (11)

ترجمہ: فرما دیجیے: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت، اپنی طاعت و بندگی کو اس کے لیے خالص رکھتے ہوئے سرانجام دوںo

Say: 'I have been commanded to worship Allah in sincerest obedience and

devotion to Him alone.'

سورۃ حم السجدۃ:

الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ **(7)**

ترجمہ: جو زکوٰۃ ادا نہیں کرتے اور وہی تو آخرت کے بھی منکر ہیں o

Those who do not pay Zakat (the Alms-due), and it is they who deny the Hereafter as well.

سورۃ الشوریٰ:

وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ **(38)**

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور اُن کا فیصلہ باہمی مشورہ سے ہوتا ہے اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا ہے خرچ کرتے ہیں o

And those who submit to the command of their Lord, and establish prayer; and their decisions are made through mutual consultations; and they spend in Our way out of the provision which We have given them;

سورۃ ق:

فَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ **(39)**

ترجمہ: سو آپ اُن باتوں پر جو وہ کہتے ہیں صبر کیجئے اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے طلوعِ آفتاب سے پہلے اور غروبِ آفتاب سے پہلے o

So be patient with what they say and glorify your Lord with praise before sunrise and before sunset.

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُودِ **(40)**

ترجمہ: اور رات کے بعض اوقات میں بھی اس کی تسبیح کیجئے اور نمازوں کے بعد بھی o

And also glorify Him during some hours of the night and after the Prayers as well.

سورۃ الطّور:

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ **(48)**

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم! اِن کی باتوں سے غم زدہ نہ ہوں) آپ اپنے رب کے حکم کی خاطر صبر جاری رکھئے بے شک آپ (ہر وقت) ہماری آنکھوں کے سامنے (رہتے) ہیں ☆ اور آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے جب بھی آپ کھڑے ہوں o

☆ اگر ان ظالموں نے نگاہیں پھیر لی ہیں تو کیا ہوا، ہم تو آپ کی طرف سے نگاہیں ہٹاتے ہی نہیں ہیں اور ہم ہر وقت آپ کو ہی تکتے رہتے ہیں۔

And, (O Esteemed Beloved, do not grieve over what they say). Wait patiently for

the command of your Lord. Surely, you are (at all times) before Our Eyes.* And glorify your Lord with His praise whenever you stand forth.

*** So what if the evildoers have turned away their eyes! We do not shift Our Eyes from you and keep seeing you all the time.**

وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُومِ (49)

ترجمہ: اوررات کے اوقات میں بھی اس کی تسبیح کیجئے اور (پچھلی رات بھی) جب ستارے چھپتے ہیںo

And also glorify Him during the hours of the night and (in later part of it) when the stars fade out.

سورۃ المجادلۃ:

أَأَشْفَقْتُمْ أَن تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ فَإِذْ لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ فَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (13)

ترجمہ: کیا (بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) تنہائی وراز داری کے ساتھ بات کرنے سے قبل صدقات وخیرات دینے سے تم گھبرا گئے؟ پھر جب تم نے (ایسا) نہ کیا اور اللہ نے تم سے باز پرس اٹھالی (یعنی یہ پابندی اٹھادی) تو (اب) نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت بجالاتے رہو، اور اللہ تمہارے سب کاموں سے خوب آگاہ ہےo

Are you worried about donating in charity before your submission to the Messenger (blessings and peace be upon him) in secret? So when you did not do (that) and Allah lifted from you probe (i.e., relaxed this restriction), then establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) persistently. And Allah is Well Aware of all the deeds that you do.

سورۃ الجمعۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن (جمعہ کی) نماز کے لیے اذان دی جائے تو فوراً اللہ کے ذکر (یعنی خطبہ ونماز) کی طرف تیزی سے چل پڑو اور خرید وفروخت (یعنی کاروبار) چھوڑ دو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہوo

O believers! When on Fridays the call is made for (Jumu'a) Prayer, hasten towards the remembrance of Allah (i.e., the Jumu'a sermon and Prayer) immediately and abandon purchase and sale (i.e., business). That is better for you if you have knowledge.

فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (10)

ترجمہ: پھر جب نماز ادا ہو چکے تو زمین میں منتشر ہو جاؤ اور (پھر) اللہ کا فضل (یعنی رزق) تلاش کرنے لگو اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا کرو تا کہ تم فلاح پاؤ o

Then after the Prayer is offered, disperse in the land and (then) look for Allah's bounty (i.e., sustenance). And remember Allah much so that you may attain to prosperity.

وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْواً انفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِماً قُلْ مَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ **(11)**

ترجمہ: اور جب انہوں نے کوئی تجارت یا کھیل تماشا دیکھا تو (اپنی حاجت مندی اور معاشی تنگی کے باعث) اس کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے اور آپ کو (خطبہ میں) کھڑے چھوڑ گئے، فرما دیجیے: جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل سے اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے o

And when they found some business or entertainment opportunity, they rushed towards that (due to their neediness and financial constraint) and left you standing (during the sermon). Say: 'Whatever is with Allah is better than sport and business. And Allah is the Best of sustainers.'

سورۃ الجن:

وَأَنَّ الْمَسَاجِدَ لِلَّهِ فَلَا تَدْعُوا مَعَ اللَّهِ أَحَداً **(18)**

ترجمہ: اور یہ کہ سجدہ گاہیں اللہ کے لیے (مخصوص) ہیں، سو اللہ کے ساتھ کسی اور کی پرستش مت کیا کرو o

And that mosques are (specified) for Allah alone. So never worship anyone else besides Allah.

سورۃ المزمل:

يَا أَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ **(1)**

ترجمہ: اے کملی کی جھرمٹ والے (حبیب!) o

O mantled (Beloved!)

قُمِ اللَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا **(2)**

ترجمہ: آپ رات کو (نماز میں) قیام فرمایا کریں مگر تھوڑی دیر (کے لیے) o

Rise and stand (in Prayer) at night but (for) a short while,

نِصْفَهُ أَوِ انقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا **(3)**

ترجمہ: آدھی رات یا اِس سے تھوڑا کم کر دیں o

Half the night or decrease it a little,

أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْآنَ تَرْتِيلًا **(4)**

ترجمہ: یا اس پر کچھ زیادہ کر دیں اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کریں o

Or increase a little more to it. And recite the Qur'an with most pleasant pauses.

إِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْءاً وَأَقْوَمُ قِيلاً (6)

ترجمہ: بےشک رات کا اُٹھنا (نفس کو) سخت پامال کرتا ہے اور (دِل و دِماغ کی یک سُوئی کے ساتھ) زبان سے سیدھی بات نکالتا ہےo

No doubt rising at night strictly subdues (the ill-commanding self), and makes the tongue deliver straight and clear speech (with the concentration of head and heart).

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَى وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْراً وَأَعْظَمَ أَجْراً وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (20)

ترجمہ: بےشک آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ (کبھی) دو تہائی شب کے قریب اور (کبھی) نصف شب اور (کبھی) ایک تہائی شب (نماز میں) قیام کرتے ہیں، اور اُن لوگوں کی ایک جماعت (بھی) جو آپ کے ساتھ ہیں (قیام میں شریک ہوتی ہے)، اور اللہ ہی رات اور دن (کے گھٹنے اور بڑھنے) کا صحیح اندازہ رکھتا ہے، وہ جانتا ہے کہ تم ہرگز اُس کے اِحاطہ کی طاقت نہیں رکھتے، سو اُس نے تم پر (مشقت میں تخفیف کر کے) معافی دے دی، پس جتنا آسانی سے ہو سکے قرآن پڑھ لیا کرو، وہ جانتا ہے کہ تم میں سے (بعض لوگ) بیمار ہوں گے اور (بعض) دوسرے لوگ زمین میں سفر کریں گے تاکہ اللہ کا فضل تلاش کریں اور (بعض) دیگر اللہ کی راہ میں جنگ کریں گے، سو جتنا آسانی سے ہو سکے اُتنا (ہی) پڑھ لیا کرو، اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو قرضِ حسن دیا کرو، اور جو بھلائی تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اُسے اللہ کے حضور بہتر اور اَجر میں بزرگ تر پا لو گے، اور اللہ سے بخشش طلب کرتے رہو، اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہےo

Surely, your Lord knows that you stand (for prayer sometimes) about two-thirds of the night and (sometimes) half the night and (sometimes) a third of the night, and (also) a party of those who are with you (join in standing up for Prayer). And Allah is the One Who keeps the true measure (of increasing or decreasing) the night and the day. He knows that you just do not have the power to encompass it so He granted you forgiveness (by reducing the toil). So recite the Qur'an as much as is easy for you. He knows that (some of) you will be ill and (some) others will be travelling in the land to look for Allah's bounty and (still some) others will be fighting in the way of Allah. So recite as much as is easy for you. And establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and lend Allah a goodly loan. And whatever good you will send forward for yourselves, you will find it in the presence of Allah much better and in reward still greater. And keep seeking forgiveness from Allah. Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ المدثر:

عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ (41)

ترجمہ: مجرموں کے بارے میںo

About the evildoers.

مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ (42)

ترجمہ: (اور کہیں گے:) تمہیں کیا چیز دوزخ میں لے گئیo

(And they will say:) 'What has brought you into Hell?'

قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ (43)

ترجمہ: وہ کہیں گے: ہم نماز پڑھنے والوں میں نہ تھےo

They will say: 'We were not of those who used to offer Prayers.

سورۃ القیامۃ:

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى (31)

ترجمہ: تو (کتنی بدنصیبی ہے کہ) اس نے نہ (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتوں کی) تصدیق کی نہ نماز پڑھیo

So (how ill-fated is he that) he neither affirmed (what the Messenger said) nor offered Prayer.

سورۃ الدہر:

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا (25)

ترجمہ: اور صبح وشام اپنے رب کے نام کا ذکر کیا کریںo

And remember the Name of your Lord morning and evening.

وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيْلًا (26)

ترجمہ: اور رات کی کچھ گھڑیاں اس کے حضور سجدہ ریزی کیا کریں اور رات کے (بقیہ) طویل حصہ میں اس کی تسبیح کیا کریںo

And prostrate yourself before His presence for some hours of the night, and glorify Him during (the rest of) the long hours of the night.

سورۃ الاعلیٰ:

قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكّٰى (14)

ترجمہ: بے شک وہی بامراد ہوا جو (نفس کی آفتوں اور گناہ کی آلودگیوں سے) پاک ہو گیاo

Indeed, only he who is purified (from the afflictions of his ill-commanding self and pollution of sins) will triumph,

وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى (15)

ترجمہ: اور وہ اپنے رب کے نام کا ذکر کرتا رہا اور (کثرت و پابندی سے) نماز پڑھتا رہا o

And the one who remembers the Name of his Lord and offers Prayers (regularly and abundantly).

سورۃ الماعون:

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ **(4)**

ترجمہ: پس افسوس (اور خرابی) ہے ان نمازیوں کے لیے o

So woe to those worshippers,

الَّذِينَ هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ **(5)**

ترجمہ: جو اپنی نماز (کی روح) سے بے خبر ہیں (یعنی انہیں محض حقوق اللہ یاد ہیں حقوق العباد بھلا بیٹھے ہیں) o

Who are unaware of (the spirit of) their Prayers (i.e., they are mindful only of the rights of Allah, but are heedless of the rights of fellow human beings),

الَّذِينَ هُمْ يُرَاؤُونَ **(6)**

ترجمہ: وہ لوگ (عبادت میں) دکھلاوا کرتے ہیں (کیونکہ وہ خالق کی رسمی بندگی بجالاتے ہیں اور پسی ہوئی مخلوق سے بے پرواہی برت رہے ہیں) o

Who show off (their worship, for they only render a formal service to the Creator and are inconsiderate to the oppressed humanity),

4۔ پاکیزہ روحیں/ گناہ گار روحیں

سورۃ النحل:

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (28)

ترجمہ: جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر (بدستور) ظلم کیے جا رہے ہوں، سو وہ (روزِ قیامت) اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کریں گے (اور کہیں گے:) ہم (دنیا میں) کوئی برائی نہیں کیا کرتے تھے، کیوں نہیں بے شک اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ تم کیا کرتے تھےo

Those whom the angels cause to die, whilst they are (constantly) doing wrong to their own souls.' They will display obedience and submission (on the Day of Resurrection and say:) 'We were not given to doing any evil (in the world).' No indeed! Allah surely has thorough knowledge of what you used to do.

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (32)

ترجمہ: جن کی روحیں فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (نیکی و طاعت کے باعث) پاکیزہ اور خوش و خرم ہوں، (ان سے فرشتے قبضِ روح کے وقت ہی کہہ دیتے ہیں:) تم پر سلامتی ہو، تم جنت میں داخل ہو جاؤ ان (اَعمالِ صالحہ) کے باعث جو تم کیا کرتے تھےo

The angels take their lives whilst they are pure, clean, pleased and contented (due to obedience and piety. The angels tell them the moment they take their lives:) 'Peace be upon you! Enter Paradise due to (the pious deeds) that you used to do.'

5۔ صبر کا ذکر

سورۃ البقرہ:

وَاسْتَعِينُواْ بِالصَّبْرِ وَالصَّلاَةِ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلاَّ عَلَى الْخَاشِعِينَ (45)

ترجمہ: اور صبر اور نماز کے ذریعے (اللہ سے) مدد چاہو، اور بیشک یہ گراں ہے مگر (ان) عاجزوں پر (ہرگز) نہیں (جن کے دل محبتِ الٰہی سے خستہ اور خشیّتِ الٰہی سے شکستہ ہیں)o

And seek (Allah's) help through patience and Prayer. But this is no doubt hard except for the humble (whose hearts have been softened with the Love of Allah and gripped with His Fear).

الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلاَقُوا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ (46)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب سے ملاقات کرنے والے ہیں اور وہ اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیںo

(It is they) who are certain that they are about to meet their Lord and to Him are they going to return.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اسْتَعِينُواْ بِالصَّبْرِ وَالصَّلاَةِ إِنَّ اللّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ (153)

ترجمہ: اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ذریعے (مجھ سے) مدد چاہا کرو، یقیناً اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ (ہوتا) ہےo

O believers! Always seek help (from Me) through patience and Prayer. Certainly, Allah is (always) with those who observe patience.

سورۃ العمران:

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُواْ الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّهُ الَّذِينَ جَاهَدُواْ مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِينَ (142)

ترجمہ: کیا تم یہ گمان کئے ہوئے ہو کہ تم (یونہی) جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو پرکھا ہی نہیں ہے اور نہ ہی صبر کرنے والوں کو جانچا ہےo

Do you assume that you will enter Paradise (without any good), whereas Allah has not yet tested those of you who fight for His cause, nor has He judged the steadfast?

وَكَأَيِّن مِّن نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُواْ لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللّهِ وَمَا ضَعُفُواْ وَمَا اسْتَكَانُواْ وَاللّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ (146)

ترجمہ: اور کتنے ہی انبیاء ایسے ہوئے جنہوں نے جہاد کیا ان کے ساتھ بہت سے اللہ والے (اولیاء) بھی شریک ہوئے، تو نہ انہوں نے ان مصیبتوں کے باعث جو انہیں اللہ کی راہ میں پہنچیں ہمت ہاری اور نہ وہ کمزور پڑے اور نہ وہ جھکے، اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہےo

And how many Prophets have there been who fought in the cause of Allah! A

large number of devotees of Allah (Awliya') also joined them. They did not lose heart due to hardships which afflicted them in the way of Allah and neither showed weakness nor gave in. And Allah loves those who remain steadfast.

سورۃ الانفال:

الآنَ خَفَّفَ اللّهُ عَنكُمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيكُمْ ضَعْفاً فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّئَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُواْ مِئَتَيْنِ وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُواْ أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللّهِ وَاللّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ **(66)**

ترجمہ: اب اللہ نے تم سے (اپنے حکم کا بوجھ) ہلکا کر دیا اسے معلوم ہے کہ تم میں (کسی قدر) کمزوری ہے سو (اب تخفیف کے بعد حکم یہ ہے کہ) اگر تم میں سے (ایک) سو (آدمی) ثابت قدم رہنے والے ہوں (تو) وہ دوسو (کفار) پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں سے (ایک) ہزار ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار (کافروں) پر غالب آئیں گے، اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (یہ مومنوں کے لیے ہدف ہے کہ میدانِ جہاد میں ان کے جذبۂ ایمانی کا اثر کم سے کم یہ ہونا چاہیئے)o

Allah has, at present, lightened the burden (of His commandment) on you. He knows that there is (some degree of) weakness in you. So (now after mitigation the command is) that if there are (one) hundred resolute and steadfast (men) from amongst you, they will overpower two hundred (combating disbelievers). And if there are (one) thousand of you, they will triumph over two thousand (disbelievers) by the command of Allah, and Allah is with those who remain steadfast. (This is the target fixed for the believers which should be the minimum possible effect of the vehemence of their faith in the battlefield.)

سورۃ ہود:

إِلاَّ الَّذِينَ صَبَرُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ أُوْلَـئِكَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ **(11)**

ترجمہ: سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے صبر کیا اور نیک عمل کرتے رہے، (تو) ایسے لوگوں کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہےo

Except for those who remain steadfast and continue doing pious deeds. For them is forgiveness and great reward.

وَأَقِمِ الصَّلاَةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفاً مِّنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِينَ **(114)**

ترجمہ: اور آپ دن کے دونوں کناروں میں اور رات کے کچھ حصوں میں نماز قائم کیجئے۔ بے شک نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں۔ یہ نصیحت قبول کرنے والوں کے لیے نصیحت ہےo

And establish Prayer at the two ends of the day and in some parts of the night. Surely, good actions erase the evil ones. This is an admonition for those who accept admonition.

وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللّهَ لاَ يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ **(115)**

ترجمہ: اور آپ صبر کریں بے شک اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں فرماتاo

And be steadfast. Surely, Allah does not let the reward of the pious go to

waste.

سورۃ الرعد:

وَالَّذِيْنَ صَبَرُواْ ابْتِغَاء وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ وَأَنفَقُواْ مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلاَنِيَةً وَيَدْرَؤُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُوْلَئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ (22)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کی رضا جوئی کے لیے صبر کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ (دونوں طرح) خرچ کرتے ہیں اور نیکی کے ذریعہ برائی کو دور کرتے رہتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت کا (حسین) گھر ہےo

And who remain steadfast in seeking the pleasure of their Lord, and establish Prayer, and spend (both) secretly and openly out of the sustenance We have provided, and continue eliminating evil by means of good; they are the ones for whom there is a (beautiful) home in the Hereafter.

سورۃ النحل:

مَا عِندَكُمْ يَنفَدُ وَمَا عِندَ اللّهِ بَاقٍ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُواْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ96)

ترجمہ: جو (مال وزر) تمہارے پاس ہے فنا ہو جائے گا اور جو اللہ کے پاس ہے باقی رہنے والا ہے، اور ہم ان لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا ضرور ان کا اجر عطا فرمائیں گے ان کے اچھے اعمال کے عوض جو وہ انجام دیتے رہے تھےo

(The riches) that you possess will be no more and what is with Allah will last. And those who remain steadfast, We shall certainly pay their recompense for their righteous deeds which they used to do.

وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُواْ بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُم بِهِ وَلَئِن صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصَّابِرِيْنَ (126)

ترجمہ: اور اگر تم سزا دینا چاہو تو اتنی ہی سزا دو جس قدر تکلیف تمہیں دی گئی تھی، اور اگر تم صبر کرو تو یقیناً وہ صبر کرنے والوں کے لیے بہتر ہےo

And if you want to punish, then punish only (as severely) as you were afflicted, but if you remain patient, then certainly that is better for those who keep patience.

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلاَّ بِاللّهِ وَلاَ تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلاَ تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ (127)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) صبر کیجئے اور آپ کا صبر کرنا اللہ ہی کے ساتھ ہے اور آپ ان (کی سرکشی) پر رنجیدہ خاطر نہ ہوا کریں اور آپ ان کی فریب کاریوں سے (اپنے کشادہ سینہ میں) تنگی (بھی) محسوس نہ کیا کریںo

And, (O Glorious Beloved,) be patient and your patience is by Allah alone. And you should not grieve over their (defiance), nor distress (your gracious and benevolent heart) on account of their deceptive plots.

سورۃ الحج:

الَّذِيْنَ إِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِيْنَ عَلَى مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ **(35)**

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (تو) ان کے دل ڈرنے لگتے ہیں اور جو مصیبتیں انہیں پہنچتی ہیں ان پر صبر کرتے ہیں اور نماز قائم رکھنے والے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیںo

(They are) the people whose hearts get into fear when Allah is mentioned, and they bear with fortitude whatever troubles touch them. And they establish Prayer, and give away out of what We have bestowed upon them.

سورۃ محمد:

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ وَنَبْلُوَ أَخْبَارَكُمْ **(31)**

ترجمہ: اور ہم ضرور تمہاری آزمائش کریں گے یہاں تک کہ تم میں سے (ثابت قدمی کے ساتھ) جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو (بھی) ظاہر کر دیں اور تمہاری (منافقانہ بزدلی کی مخفی) خبریں (بھی) ظاہر کر دیںo

And We shall certainly try you till We bring to light those of you who strive hard and fight (firm-footed) and who observe patience and expose your (secret) news (of hypocritical cowardice) as well.

سورۃ الحجرات:

وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ **(5)**

ترجمہ: اور اگر وہ لوگ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ خود ہی ان کی طرف باہر تشریف لے آتے تو یہ اُن کے لیے بہتر ہوتا، اور اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

And if they had only been patient till you had come out to them, it would have been better for them. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ ق:

فَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوبِ **(39)**

ترجمہ: سو آپ اُن باتوں پر جو وہ کہتے ہیں صبر کیجئے اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے طلوعِ آفتاب سے پہلے اور غروبِ آفتاب سے پہلےo

So be patient with what they say and glorify your Lord with praise before sunrise and before sunset.

سورۃ الطّور:

وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُومُ **(48)**

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم! اِن کی باتوں سے غم زدہ نہ ہوں) آپ اپنے رب کے حکم کی خاطر صبر جاری رکھئے بے شک آپ

(ہر وقت) ہماری آنکھوں کے سامنے (رہتے) ہیں☆ اور آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے جب بھی آپ کھڑے ہوںo

And, (O Esteemed Beloved, do not grieve over what they say). Wait patiently for the command of your Lord. Surely, you are (at all times) before Our Eyes.* And glorify your Lord with His praise whenever you stand forth.

*** So what if the evildoers have turned away their eyes! We do not shift Our Eyes from you and keep seeing you all the time.**

سورۃ القلم:

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُن كَصَاحِبِ الْحُوتِ إِذْ نَادَى وَهُوَ مَكْظُومٌ (48)

ترجمہ: پس آپ اپنے رب کے حکم کے انتظار میں صبر فرمائیے اور مچھلی والے (پیغمبر یونس علیہ السلام) کی طرح (دل گرفتہ) نہ ہوں، جب انہوں نے (اللہ کو) پکارا اس حال میں کہ وہ (اپنی قوم پر) غم و غصہ سے بھرے ہوئے تھےo

So be steadfast in waiting for the command of your Lord, and do not (take it to your heart) like (Yunus [Jonah], the Messenger with) fish episode, when he cried out (to Allah) in a state pent up with rage and grief (against his community).

سورۃ المعارج:

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا (5)

ترجمہ: سو (اے حبیب!) آپ (کافروں کی باتوں پر) ہر شکوہ سے پاک صبر فرمائیںo

So, (O Beloved,) observe patience (on the assertions of the disbelievers) without regrets.

يَوْمَ تَكُونُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ (8)

ترجمہ: جس دن آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہو جائے گاo

On that Day the sky will become like molten copper,

سورۃ المزمل:

وَاصْبِرْ عَلَى مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا (10)

ترجمہ: اور آپ ان (باتوں) پر صبر کریں جو کچھ وہ (کفار) کہتے ہیں، اور نہایت خوبصورتی کے ساتھ ان سے کنارہ کش ہو جائیںo

And no friend will enquire after his friend,

سورۃ المدثر:

وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ (7)

ترجمہ: اور آپ اپنے رب کے لیے صبر کیا کریںo

And observe patience for the sake of your Lord.

سورۃ الدہر:

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ آثِماً أَوْ كَفُوراً (24)

ترجمہ: سو آپ اپنے ربّ کے حکم کی خاطر صبر (جاری) رکھیں اور ان میں سے کسی کاذب و گنہگار یا کافر و ناشکر گزار کی بات پر کان نہ دھریں o

So (continue to) be patient for the sake of your Lord's command and do not give your ear to any liar, sinner or disbeliever or thankless person from amongst them.

سورۃ العصر:

إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ (3)

ترجمہ: سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے اور (معاشرے میں) ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہے اور (تبلیغِ حق کے نتیجے میں پیش آمدہ مصائب و آلام میں) باہم صبر کی تاکید کرتے رہے o

Except for those who believe and do good deeds and exhort one another to truth and exhort one another to patience (in the face of hardships and afflictions that are faced whilst preaching the Din [Religion] of truth).

6۔ آزمائش کا بیان

سورۃ البقرہ:

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوفُ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الأَمَوَالِ وَالأنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ (155)

ترجمہ: اور ہم ضرور بالضرور تمہیں آزمائیں گے کچھ خوف اور بھوک سے اور کچھ مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصان سے، اور (اے حبیب!) آپ (ان) صبر کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیں o

And We will most certainly test you somewhat by means of fear and hunger and certain loss of wealth and lives and fruits. And, (O Beloved,) give glad tidings to those who observe patience.

الَّذِيْنَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيْبَةٌ قَالُواْ إِنَّا لِلّهِ وَإِنَّـا إِلَيْهِ رَاجِعونَ (156)

ترجمہ: جن پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو کہتے ہیں: بیشک ہم بھی اللہ ہی کا (مال) ہیں اور ہم بھی اسی کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں o

(They are the ones) who, when afflicted with some distress, say: 'Indeed, to Allah we belong and to Him we shall return.'

أُولَـئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولَـئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُونَ (157)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی طرف سے پے در پے نوازشیں ہیں اور رحمت ہے، اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں o

It is they upon whom are bestowed successive blessings and mercy from their Lord. And it is they who are the guided ones.

سورۃ الانبیاء:

كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ وَنَبْلُوكُم بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا تُرْجَعُونَ (35)

ترجمہ: ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے، اور ہم تمہیں برائی اور بھلائی میں آزمائش کے لیے مبتلا کرتے ہیں، اور تم ہماری ہی طرف پلٹائے جاؤ گے o

Every soul has to taste death, and We make you undergo foul and fair for trial, and towards Us will you be returned.

7۔ شراب وجواء، فال کا بیان

سورۃ البقرہ:

يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا وَيَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ (219)

ترجمہ: آپ سے شراب اور جوئے کی نسبت سوال کرتے ہیں فرمادیں: ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لئے کچھ (دنیوی) فائدے بھی ہیں مگر ان دونوں کا گناہ ان کے نفع سے بڑھ کر ہے اور آپ سے یہ بھی پوچھتے ہیں کہ کیا کچھ خرچ کریں؟ فرمادیں جو ضرورت سے زیادہ ہے (خرچ کردو)، اسی طرح اللہ تمہارے لئے (اپنے) احکام کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم غور وفکر کرو۔

They ask you about alcohol (i.e., intoxicants) and gambling. Say: 'Major sin lies in both of them and also some (worldly) profit for the people, but their sin is greater than their profit.' And they also ask you about what they should spend. Say: '(Spend) whatever is surplus to your needs.' Thus does Allah make His commandments clear to you so that you may meditate.

سورۃ المائدہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالأَنصَابُ وَالأَزْلاَمُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (90)

ترجمہ: اے ایمان والو! بیشک شراب اور جوا اور (عبادت کے لئے) نصب کئے گئے بُت اور (قسمت معلوم کرنے کے لئے) فال کے تیر (سب) ناپاک شیطانی کام ہیں۔ سو تم ان سے (کلیتًا) پرہیز کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤ۔

O believers! Wine and gambling and idols mounted (for worship) and divining arrows (for seeking luck-all) are filthy works of Satan. So turn away from them (completely) so that you may prosper.

إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاء فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَن ذِكْرِ اللّهِ وَعَنِ الصَّلاَةِ فَهَلْ أَنتُم مُّنتَهُونَ (91)

ترجمہ: شیطان یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان عداوت اور کینہ ڈلوادے اور تمہیں اللہ کے ذکر سے اور نماز سے روک دے۔ کیا تم (ان شر انگیز باتوں سے) باز آؤ گے؟

Satan seeks only to breed enmity and spite amongst you by means of wine and gambling, and hinder you from remembering Allah and observing Prayer. Will you abstain (from these evil-generating temptations)?

8۔ حلال وحرام رزق کا بیان

سورۃ المائدہ:

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُواْ أَوْفُواْ بِالْعُقُودِ أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيْمَةُ الْأَنْعَامِ إِلاَّ مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ إِنَّ اللّهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! (اپنے) عہد پورے کرو۔ تمہارے لیے چوپائے جانور (یعنی مویشی) حلال کر دیے گئے (ہیں) سوائے ان (جانوروں) کے جن کا بیان تم پر آئندہ کیا جائے گا (لیکن) جب تم اِحرام کی حالت میں ہو، شکار کو حلال نہ سمجھنا۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے حکم فرماتا ہےo

O believers! Fulfil (your) promises. The quadrupeds (i.e., cattle) have been made lawful for you except those (animals) that will be announced to you afterwards. (But) when clad in ihram (the Pilgrim's sacred dress), do not presume hunting lawful. Surely, Allah ordains what He wills.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـواْ لاَ تُحِلُّواْ شَعَآئِرَ اللّهِ وَلاَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلاَ الْهَدْىَ وَلاَ الْقَلآئِدَ وَلا آمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَـضْلاً مِّـن رَّبِّهِـمْ وَرِضْـوَانـاً وَإِذَا حَـلَـلْتُمْ فَاصْطَادُواْ وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَن تَعْتَدُواْ وَتَعَاوَنُواْ عَلَى الْبرِّ وَالتَّقْوَى وَلاَ تَعَاوَنُواْ عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(2)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ حرمت (وادب) والے مہینے کی (یعنی ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب میں سے کسی ماہ کی) اور نہ حرمِ کعبہ کو بھیجے ہوئے قربانی کے جانوروں کی اور نہ مکّہ لائے جانے والے ان جانوروں کی جن کے گلے میں علامتی پٹے ہوں اور نہ حرمت والے گھر (یعنی خانہ کعبہ) کا قصد کر کے آنے والوں (کے جان و مال اور عزت و آبرو) کی (بے حرمتی کرو کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں) جو اپنے رب کا فضل اور رضا تلاش کر رہے ہیں، اور جب تم حالتِ اِحرام سے باہر نکل آؤ تو تم شکار کر سکتے ہو، اور تمہیں کسی قوم کی (یہ) دشمنی کہ انہوں نے تم کو مسجدِ حرام (یعنی خانہ کعبہ کی حاضری) سے روکا تھا اس بات پر ہرگز نہ ابھارے کہ تم (ان کے ساتھ) زیادتی کرو، اور نیکی اور پرہیزگاری (کے کاموں) پر ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظلم (کے کاموں) پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک اللہ (نافرمانی کرنے والوں کو) سخت سزا دینے والا ہےo

O believers! Do not denigrate the signs of Allah, nor the sacred (and venerable) month (i.e., any one of Dhu al-Qa'da, Dhu al-Hijja, Muharram and Rajab), nor the sacrificial animals sent to the Sacred House-the Ka'ba-nor the animals brought to Mecca with ritual straps around their necks. Also do not violate the sanctity (of life and property, and honour and dignity) of those resorting to the Sacred House, the Ka'ba, (for they are the ones) seeking bounty and pleasure of their Lord. And when you take off ihram (the Pilgrim's garb), then you are allowed to hunt. And never let the enmity of a people incite you to aggression (against them) since they barred you from the Sacred House (i.e., visiting the Ka'ba).

And always support one another in (the works of) righteousness and piety, but do not become accomplices in (works of) sin and transgression. And fear Allah persistently. Indeed, Allah awards severe punishment (to those who disobey and defy).

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلاَّ مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَن تَسْتَقْسِمُواْ بِالأَزْلاَمِ ذَلِكُمْ فِسْقٌ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ مِن دِيْنِكُمْ فَلاَ تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلاَمَ دِيْناً فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ فَإِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (3)

ترجمہ: تم پر مردار (یعنی بغیر شرعی ذبح کے مرنے والا جانور) حرام کر دیا گیا ہے اور (بہایا ہوا) خون اور سؤر کا گوشت اور وہ (جانور) جس پر ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو اور گلا گھٹ کر مرا ہوا (جانور) اور (دھار دار آلے کے بغیر کسی چیز کی) ضرب سے مرا ہوا اور اوپر سے گر کر مرا ہوا اور (کسی جانور کے) سینگ مارنے سے مرا ہوا اور وہ (جانور) جسے درندے نے پھاڑ کھایا ہو سوائے اس کے جسے (مرنے سے پہلے) تم نے ذبح کر لیا، اور (وہ جانور بھی حرام ہے) جو باطل معبودوں کے تھانوں (یعنی بتوں کے لیے مخصوص کی گئی قربان گاہوں) پر ذبح کیا گیا ہو اور یہ (بھی حرام ہے) کہ تم پانسوں (یعنی فال کے تیروں) کے ذریعے قسمت کا حال معلوم کرو (یا حصے تقسیم کرو)، یہ سب کام گناہ ہیں۔ آج کافر لوگ تمہارے دین (کے غالب آجانے کے باعث اپنے ناپاک ارادوں) سے مایوس ہو گئے، سو (اے مسلمانو!) تم ان سے مت ڈرو اور مجھ ہی سے ڈرا کرو۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو (بطور) دین (یعنی مکمل نظامِ حیات کی حیثیت سے) پسند کر لیا۔ پھر اگر کوئی شخص بھوک (اور پیاس) کی شدت میں اضطراری (یعنی انتہائی مجبوری کی) حالت کو پہنچ جائے (اس شرط کے ساتھ) کہ گناہ کی طرف مائل ہونے والا نہ ہو (یعنی حرام چیز گناہ کی رغبت کے باعث نہ کھائے) تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے o

Forbidden to you is carrion (the animal that dies and is not slaughtered according to Islamic law) and (the discharged) blood and pork and that (animal) on which the name of someone other than Allah has been invoked whilst slaughtering and (the animal) that dies by strangling or by a violent blow (not by any sharp instrument) or by falling from a height or the one that has been gored to death or which has been ripped apart and gnawed by a wild beast, save the one which you slaughter (before it dies), and (that animal too is forbidden) which has been slaughtered on idolatrous altars (dedicated to false gods). And this (is also unlawful) that you learn your fortune through divining (with arrows or divide shares by such means). All these works are sins. This day, the disbelievers have lost all hopes of (their heinous designs because) your Din ([Religion] has prevailed). So, (O believers,) fear them not and always fear Me alone. Today I have perfected your Din (Religion) for you, and have completed My Blessing upon you, and have chosen for you Islam (as) Din (a

complete code of life). Then if someone gets into a survival situation (and is forced by) ravenous hunger (and intense thirst i.e., driven by dire necessity, provided) he is not prone to sinning (i.e., eats what is forbidden without being wilfully inclined to sin), then Allah is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَسْأَلُونَكَ مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّهُ فَكُلُواْ مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُواْ اسْمَ اللّهِ عَلَيْهِ وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ (4)

ترجمہ: لوگ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ ان کے لیے کیا چیزیں حلال کی گئی ہیں، آپ (ان سے) فرما دیں کہ تمہارے لیے پاک چیزیں حلال کر دی گئی ہیں اور وہ شکاری جانور جنہیں تم نے شکار پر دوڑاتے ہوئے یوں سِدھا لیا ہے کہ تم انہیں (شکار کے وہ طریقے) سکھاتے ہو جو تمہیں اللہ نے سکھائے ہیں، سو تم اس (شکار) میں سے (بھی) کھاؤ جو وہ (شکاری جانور) تمہارے لیے (مار کر) روک رکھیں اور (شکار پر چھوڑتے وقت) اس (شکاری جانور) پر اللہ کا نام لیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک اللہ حساب میں جلدی فرمانے والا ہےo

People ask you what has been made lawful for them. Say (to them): 'The pure provisions are declared lawful for you.' And the hunting animals that you have tamed running after game and, this way, teach them (the methods of hunting) which Allah has taught you; so eat (also) of that (prey) which the hunting animals hold on for you (after hunting). And pronounce the Name of Allah over that (hunting beast when you unleash it for hunting). And keep fearing Allah. Indeed, Allah is Swift in calling to account.

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلاَ مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ وَمَن يَكْفُرْ بِالإِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ(5)

ترجمہ: آج تمہارے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں، اور ان لوگوں کا ذبیحہ (بھی) جنہیں (اِلہامی) کتاب دی گئی تمہارے لیے حلال ہے اور تمہارا ذبیحہ ان کے لیے حلال ہے، اور (اسی طرح) پاک دامن مسلمان عورتیں اور ان لوگوں میں سے پاک دامن عورتیں جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی (تمہارے لیے حلال ہیں) جب کہ تم انہیں ان کے مَہر ادا کر دو، (مگر شرط) یہ کہ تم (انہیں) قیدِ نکاح میں لانے والے (عفت شعار) بنو نہ کہ (محض ہوس رانی کی خاطر) اِعلانیہ بدکاری کرنے والے اور نہ خفیہ آشنائی کرنے والے، اور جو شخص (اَحکامِ الٰہی پر) ایمان (لانے) سے انکار کرے تو اس کا سارا عمل برباد ہو گیا اور وہ آخرت میں (بھی) نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگاo

This day, good and pure things have been made lawful for you. And the sacrificed animal of those given the (Revealed) Book is (also) lawful for you, whilst your sacrificed animal is lawful for them. And (likewise) chaste Muslim women as well as chaste women from amongst those given the Book before you (are lawful for you) when you have paid them their dower, (provided) you marry them for a conjugal life (adhering to chasteness and decency), and not

for open lasciviousness (merely satisfying your lust), nor for secret love affairs. The one who denies faith (in the commandments of Allah), all his work is ruined, and he will (also) be amongst the losers in the Hereafter.

لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُواْ إِذَا مَا اتَّقَواْ وَّآمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَواْ وَّآمَنُواْ ثُمَّ اتَّقَواْ وَّأَحْسَنُواْ وَاللّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ **(93)**

ترجمہ: ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اس (احرام) میں کوئی گناہ نہیں جو وہ (حکمِ حرمت اُتارنے سے پہلے) کھا پی چکے ہیں جبکہ وہ (بقیہ معاملات میں) بچتے رہے اور (دیگر احکامِ الٰہی پر) ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ پر عمل پیرا رہے پھر (احکامِ حرمت کے آجانے کے بعد بھی ان سب حرام اشیاء سے) پرہیز کرتے رہے اور (ان کی حرمت پر صدقِ دل سے) ایمان لائے، پھر صاحبانِ تقویٰ ہوئے اور (بالآخر) صاحبانِ احسان (یعنی اللہ کے خاص محبوب و مقرب و نیکوکار بندے) بن گئے، اور اللہ احسان والوں سے محبت فرماتا ہےo

There is no sin on those who believe and do righteous deeds with regard to what they have eaten (of the unlawful things before the prohibition came), whereas (in all other matters) they were Godwary and put firm faith (in other commandments of Allah), and practised pious deeds consistently. Later, (also after the revelation of the prohibitions,) they desisted from (all the unlawful things) and believed (true-heartedly in their unlawfulness), became men of piety and Godwariness, and (finally) rose to the station of men of spiritual excellence (i.e., Allah's beloved, favourite, intimate and righteous servants). And Allah loves those who live with spiritual excellence.

يَـا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهُ أَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّهُ مَن يَخَافُهُ بِالْغَيْبِ فَمَنِ اعْتَدَى بَعْدَ ذَلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيْمٌ **(94)**

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کسی قدر (ایسے) شکار سے تمہیں ضرور آزمائے گا جس تک تمہارے ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچ سکتے ہیں تاکہ اللہ اس شخص کی پہچان کروا دے جو اس سے غائبانہ ڈرتا ہے پھر جو شخص اس کے بعد (بھی) حد سے تجاوز کر جائے تو اس کے لئے دردناک عذاب ہےo

O believers! Allah will certainly test you by means of (some) game animals your hands and your lances can reach so that Allah makes him identifiable who fears Him in secret. Then whoever transgresses (even) after that, for him is a painful chastisement.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُواْ لاَ تَقْتُلُواْ الصَّيْدَ وَأَنتُمْ حُرُمٌ وَمَن قَتَلَهُ مِنكُم مُّتَعَمِّداً فَجَزَاء مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَـدْلٍ مِّـنـكُـمْ هَدْيَاً بَالِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسَاكِيْنَ أَو عَدْلُ ذَلِكَ صِيَاماً لِّيَذُوقَ وَبَالَ أَمْرِهِ عَفَا اللّهُ عَمَّا سَلَف وَمَنْ عَادَ فَيَنتَقِمُ اللّهُ مِنْهُ وَاللّهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ**(95)**

ترجمہ: اے ایمان والو! تم احرام کی حالت میں شکار کو مت مارا کرو، اور تم میں سے جس نے (بحالتِ احرام) قصداً اسے مار ڈالا تو

(اس کا) بدلہ مویشیوں میں سے اسی کے برابر (کوئی جانور) ہے جسے اس نے قتل کیا ہے جس کی نسبت تم میں سے دو عادل شخص فیصلہ کریں (کہ واقعی یہ جانور اس شکار کے برابر ہے بشرطیکہ) وہ قربانی کعبہ پہنچنے والی ہو یا (اس کا) کفارہ چند محتاجوں کا کھانا ہے (یعنی جانور کی قیمت کے برابر معمول کا کھانا جتنے بھی محتاجوں کو پورا آ جائے) یا اس کے برابر (یعنی جتنے محتاجوں کا کھانا بنے اسقدر) روزے ہیں تاکہ اپنے کیے (کے بوجھ) کا مزہ چکھے۔ جو کچھ (اس سے) پہلے ہو گزرا اللہ نے اسے معاف فرما دیا، اور جو کوئی (ایسا کام) دوبارہ کرے گا تو اللہ اس سے (نافرمانی) کا بدلہ لے لے گا، اور اللہ بڑا غالب بدلہ لینے والا ہےo

O believers! Do not kill game whilst you are in pilgrim attire (ihram). Whoever of you (pilgrim-clad) kills it intentionally will recompense (it) in kind of cattle equivalent to the one he has killed. In this regard, two men of probity out of you are to judge (whether this animal is really the game's equal, provided) that offering is to be brought to the Ka'ba. Or its atonement is feeding a few indigent persons (i.e., usual food for the number of poor people manageable in the animal's cost), or fasting corresponding to that (number of days manageable within the same food meant for the poor,) so that he tastes (the gravity of) his offence. Allah has forgiven whatever has gone by earlier (to it), but whoever repeats (a similar act) Allah will avenge (his defiance). And Allah is Mighty, the Lord of Retribution.

أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعاً لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُماً وَاتَّقُواْ اللّهَ الَّذِيَ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (96)

ترجمہ: تمہارے لئے دریا کا شکار اور اس کا کھانا تمہارے اور مسافروں کے فائدے کی خاطر حلال کر دیا گیا ہے اور خشکی کا شکار تم پر حرام کیا گیا ہے جب تک کہ تم حالتِ احرام میں ہو، اور اللہ سے ڈرتے رہو جس کی (بارگاہ کی) طرف تم (سب) جمع کیے جاؤ گےo

The game of the sea and its eating has been made lawful for your benefit and that of travellers, but the game of the land has been prohibited for you so long as you are in pilgrim dress (ihram). And always fear Allah towards Whose (presence) you (all) will be assembled.

جَعَلَ اللّهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَاماً لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلآئِدَ ذَلِكَ لِتَعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَأَنَّ اللّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (97)

ترجمہ: اللہ نے عزت (وادب) والے گھر کعبہ کو لوگوں کے (دینی و دنیوی امور میں) قیام (امن) کا باعث بنا دیا ہے اور حرمت والے مہینے کو اور کعبہ کی قربانی کو اور گلے میں علامتی پٹے والے جانوروں کو بھی (جو حرمِ مکہ میں لائے گئے ہوں سب کو اسی نسبت سے عزت و احترام عطا کر دیا گیا ہے)، یہ اس لیے کہ تمہیں علم ہو جائے کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ خوب جانتا ہے اور اللہ ہر چیز سے بہت واقف ہےo

Allah has made the Ka'ba, the sacred (and venerable) House, a means to keep (peace in the spiritual and worldly matters of) the people. And also the Sacred

Month and the animals of offerings to the Holy Ka'ba and the animals with collars symbolic of sacrifice around their necks (brought into the sacred confines of Mecca, all have been granted sanctity and veneration by virtue of the same affinity); that is to make you know that Allah has the best knowledge of whatever there is in the heavens and whatever is in the earth, and Allah is Well Aware of everything.

اعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (98)

ترجمہ: جان لو کہ اللہ سخت گرفت والا ہے اور یہ کہ اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا (بھی) ہےo

Know that Allah is Severe in punishment and that Allah is Most Forgiving and Ever-Merciful (as well).

مَّا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ وَاللّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ (99)

ترجمہ: رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (احکام کاملاً) پہنچا دینے کے سوا (کوئی اور ذمہ داری) نہیں، اور اللہ وہ (سب) کچھ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہوo

The Messenger (blessings and peace be upon him) has (no other responsibility) but to communicate (the revealed commands with absolute perfection). And Allah knows (all) that you make known and that you hide.

قُل لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ فَاتَّقُواْ اللّهَ يَا أُوْلِي الأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (100)

ترجمہ: فرما دیجیے: پاک اور ناپاک (دونوں) برابر نہیں ہو سکتے (اے مخاطب!) اگرچہ تمہیں ناپاک (چیزوں) کی کثرت بھلی لگے۔ پس اے عقلمند لوگو! تم (کثرت و قلت کا فرق دیکھنے کی بجائے) اللہ سے ڈرا کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤo

Say: '(Both) the pure and the impure can never be alike, (O listener,) even though the abundance of the polluted and foul (objects) may fascinate you. So, (instead of observing the difference of abundance and scarcity) fear Allah, O men of wisdom, so that you may flourish and prosper.'

سورۃ النحل:

فَكُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ حَلالاً طَيِّباً وَاشْكُرُواْ نِعْمَتَ اللّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ (114)

ترجمہ: پس جو حلال اور پاکیزہ رزق تمہیں اللہ نے بخشا ہے، تم اس میں سے کھایا کرو اور اللہ کی نعمت کا شکر بجالاتے رہو اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہوo

So always eat of that clean and lawful sustenance which Allah has given you, and give thanks for the favour of Allah if it is indeed Him alone that you worship.

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالْدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّهِ بِهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلاَ عَادٍ فَإِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (115)

ترجمہ: اس نے تم پر صرف مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور وہ (جانور) جس پر ذبح کرتے وقت غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو، حرام کیا ہے، پھر جو شخص حالتِ اضطرار (یعنی انتہائی مجبوری کی حالت) میں ہو، نہ (طلبِ لذت میں احکامِ الٰہی سے) سرکشی کرنے والا ہو اور نہ (مجبوری کی حد سے) تجاوز کرنے والا ہو، تو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

He has only forbidden you carrion, blood, the flesh of swine and (the animal) on which the name of other than Allah is invoked at the time of slaughter. But he who is faced with a survival condition (forced by necessity), neither defying (Allah's injunctions seeking taste of lust), nor transgressing (the limit of necessity), then Allah is surely Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَلَا تَقُولُواْ لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هَـذَا حَلَالٌ وَهَـذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُواْ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ إِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ **(116)**

ترجمہ: اور وہ جھوٹ مت کہا کرو جو تمہاری زبانیں بیان کرتی رہتی ہیں کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے اس طرح کہ تم اللہ پر جھوٹا بہتان باندھو، بے شک جو لوگ اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتے ہیں وہ (کبھی) فلاح نہیں پائیں گےo

And do not tell a lie which your tongues utter: 'This is lawful and that is forbidden,' thus fabricating a lie against Allah. Indeed, those who fabricate lies against Allah will (never) be delivered.

سورۃ الحج:

ذَلِكَ وَمَن يُعَظِّمْ حُرُمَاتِ اللّهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ عِندَ رَبِّهِ وَأُحِلَّتْ لَكُمُ الْأَنْعَامُ إِلَّا مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ **(30)**

ترجمہ: یہی (حکم) ہے، اور جو شخص اللہ (کی بارگاہ) سے عزت یافتہ چیزوں کی تعظیم کرتا ہے تو وہ اس کے رب کے ہاں اس کے لیے بہتر ہے، اور تمہارے لیے (سب) مویشی (چوپائے) حلال کر دیے گئے ہیں سوائے ان کے جن کی ممانعت تمہیں پڑھ کر سنائی گئی ہے سو تم بتوں کی پلیدی سے بچا کرو اور جھوٹی بات سے پرہیز کیا کروo

That is (the command). And whoever venerates the things sanctified before (the presence of) Allah, that is better for him in the sight of his Lord. (All) the cattle (i.e., quadrupeds) are made lawful for you except those whose prohibition has been recited to you. So always keep away from the filth of idols and guard yourselves against telling lies.

9۔ وصیت اوراثت کا بیان

سورۃ البقرہ:

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِن تَرَكَ خَيْراً الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ حَقّاً عَلَى الْمُتَّقِينَ (180)

ترجمہ: تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت قریب آ پہنچے اگر اس نے کچھ مال چھوڑا ہو، تو (اپنے) والدین اور قریبی رشتہ داروں کے حق میں بھلے طریقے سے وصیت کرے، یہ پرہیزگاروں پر لازم ہےo

It is prescribed for you that when death approaches someone of you, and he leaves some property behind, then he is to make a will for (his) parents and kindred in a reasonable manner. This is imperative for the true believers.

فَمَن بَدَّلَهُ بَعْدَ مَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ إِنَّ اللّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (181)

ترجمہ: پھر جس شخص نے اس (وصیّت) کو سننے کے بعد اسے بدل دیا تو اس کا گناہ انہی بدلنے والوں پر ہے، بیشک اللہ بڑا سننے والا خوب جاننے والا ہےo

Then he who alters this (will) after hearing it, its sin will be on those who alter it. Allah is indeed All-Hearing, All-Knowing.

فَمَنْ خَافَ مِن مُّوصٍ جَنَفاً أَوْ إِثْماً فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (182)

ترجمہ: پس اگر کسی شخص کو وصیّت کرنے والے سے (کسی کی) طرفداری یا (کسی کے حق میں) زیادتی کا اندیشہ ہو پھر وہ ان کے درمیان صلح کرا دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بیشک اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہےo

So, if a person fears any partiality by a testator (for someone) or injustice (towards some other), and then brings about reconciliation amongst them, it shall be no sin on him. Verily, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ النساء:

لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالأَقْرَبُونَ وَلِلنِّسَاء نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ نَصِيباً مَّفْرُوضاً (7)

ترجمہ: مردوں کے لئے اس (مال) میں سے حصہ ہے جو ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں نے چھوڑا ہو اور عورتوں کے لئے (بھی) ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں کے ترکہ میں سے حصہ ہے۔ وہ ترکہ تھوڑا ہو یا زیادہ (اللہ کا) مقرر کردہ حصہ ہےo

Men have a share in (the assets) that their parents and nearest kin leave behind, and women (also) have a share in the inheritance of their parents and the nearest kin. Be it small or large, the share has been fixed (by Allah).

وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُوْلُواْ الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُواْ لَهُمْ قَوْلاً مَّعْرُوفاً (8)

ترجمہ: اور اگر تقسیمِ (وراثت) کے موقع پر (غیر وارث) رشتہ دار اور یتیم اور محتاج موجود ہوں تو اس میں سے کچھ انہیں بھی دے دو

اوران سے نیک بات کہوo

If the relatives (other than heirs) and the orphans and the indigent are present on the occasion of the division (of inheritance), give them also something out of it and say to them good and nice words.

يُوصِيكُمُ اللّهُ فِيَ أَوْلاَدِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ فَإِن كُنَّ نِسَاء فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ وَإِن كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ وَلأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِن كَانَ لَهُ وَلَدٌ فَإِن لَّمْ يَكُن لَّهُ وَلَدٌ وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلأُمِّهِ الثُّلُثُ فَإِن كَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلأُمِّهِ السُّدُسُ مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِيَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ آبَآؤُكُمْ وَأَبنَاؤُكُمْ لاَ تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعاً فَرِيضَةً مِّنَ اللّهِ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلِيماً حَكِيماً(11)

ترجمہ: اللہ تمہیں تمہاری اولاد (کی وراثت) کے بارے میں حکم دیتا ہے کہ لڑکے کے لئے دو لڑکیوں کے برابر حصہ ہے، پھر اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں (دو یا) دو سے زائد تو ان کے لئے اس ترکہ کا دو تہائی حصہ ہے، اور اگر وہ اکیلی ہو تو اس کے لئے آدھا ہے، اور مورث کے ماں باپ کے لئے ان دونوں میں سے ہر ایک کو ترکہ کا چھٹا حصہ (ملے گا) بشرطیکہ مورث کی کوئی اولاد ہو، پھر اگر اس میت (مورث) کی کوئی اولاد نہ ہو اور اس کے وارث صرف اس کے ماں باپ ہوں تو اس کی ماں کے لئے تہائی ہے (اور باقی سب باپ کا حصہ ہے)، پھر اگر مورث کے بھائی بہن ہوں تو وصیّت (کے پورا کرنے) کے بعد جو اس نے کی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد (ہوگی)، تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے تمہیں معلوم نہیں کہ فائدہ پہنچانے میں ان میں سے کون تمہارے قریب تر ہے یہ (تقسیم) اللہ کی طرف سے فریضہ (یعنی مقرر) ہے، بیشک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

Allah commands you concerning (the inheritance of) your children: The share of a son is equal to that of two daughters; then if there are only daughters (two or) more, they are entitled to two-thirds of the inheritance; if there is only one daughter, her share will be one half; the mother and the father of the deceased will get one-sixth of the inheritance each if the deceased leaves children behind; but in case the deceased has no children and the heirs are only his mother and his father, the mother's share is one-third (and the rest is the father's); then, if he has brothers and sisters, the mother will have a sixth portion. This distribution will be (executed) after (the fulfilment of) the will he may have made or after (the payment of) the debt. You know not which of them, whether your parents or your sons, are closer to you in bringing you benefit. This (distribution) is a duty assigned (i.e., fixed) by Allah. Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِن لَّمْ يَكُن لَّهُنَّ وَلَدٌ فَإِن كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِن لَّمْ يَكُن لَّكُمْ وَلَدٌ فَإِن كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُم مِّن بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ وَإِن كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلاَلَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ فَإِن كَانُوَاْ أَكْثَرَ مِن ذَلِكَ فَهُمْ شُرَكَاء فِيَ الثُّلُثِ مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصَى بِهَا أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَآرٍّ وَصِيَّةً مِّنَ اللّهِ وَاللّهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ (12)

ترجمہ: اورتمہارے لئے اس (مال) کا آدھا حصہ ہے جوتمہاری بیویاں چھوڑ جائیں بشرطیکہ ان کی کوئی اولاد نہ ہو، پھر اگر ان کی کوئی اولاد ہوتو تمہارے لئے ان کے ترکہ سے چوتھائی ہے (یہ بھی) اس وصیت (کے پورا کرنے) کے بعد جوانہوں نے کی ہو یا قرض (کے پورا کرنے) کے بعد جوانہوں نے کی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد، اورتمہاری بیویوں کا تمہارے چھوڑے ہوئے (مال) میں سے چوتھا حصہ ہے بشرطیکہ تمہاری کوئی اولاد نہ ہو، پھر اگر تمہاری کوئی اولاد ہوتو ان کے لئے تمہارے ترکہ میں سے آٹھواں حصہ ہے تمہاری اس (مال) کی نسبت کی ہوئی وصیت (پوری کرنے) یا (تمہارے) قرض کی ادائیگی کے بعد، اوراگر کسی ایسے مرد یا عورت کی وارثت تقسیم کی جارہی ہو جس کے نہ ماں باپ ہوں نہ کوئی اولاد اوراس کا (ماں کے طرف سے) ایک بھائی یا ایک بہن ہو (یعنی اخیافی بھائی یا بہن) تو ان دونوں میں سے ہرایک کے لئے چھٹا حصہ ہے، پھر اگر وہ بھائی بہن ایک سے زیادہ ہوں تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے (یہ تقسیم بھی) اس وصیت کے بعد (ہوگی) جو (وارثوں کو) نقصان پہنچائے بغیر کی گئی ہو یا قرض (کی ادائیگی) کے بعد، یہ اللہ کی طرف سے حکم ہے، اوراللہ خوب علم وحلم والا ہےo

And for you, the share in the property your wives leave is one half, provided they have no children. In case they have offspring, then there is one-fourth of inheritance for you, (that too) after (the fulfilment of) the will that may have been made or after the (payment of) debt. And the share of your wives in the assets you leave is one-fourth, provided you have no children. But if you have children, then their share in your inheritance is one-eighth, after (the fulfilment of) the will made pertaining to (the inheritance) or the payment of (your) debt. In the case of a man or a woman who leaves neither parents nor children, but who has a brother or a sister (on the mother's side i.e., a uterine brother or a sister), there is a one-sixth share for each of the two. But if they are more than that, they all will be sharers in one-third. (This division shall also be accomplished) after the will which is made without any prejudice towards the heirs or after the (payment of) debt. This is a command from Allah, and Allah is All-Knowing, Most Forbearing.

تِلْكَ حُدُودُ اللّهِ وَمَن يُطِعِ اللّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (13)

ترجمہ: یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں، اور جوکوئی اللہ اوراس کے رسول (ﷺ) کی فرمانبرداری کرے اسے وہ بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہیں ان میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہےo

These are the limits set by Allah. And the one who obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He (Allah) will admit him to the Gardens beneath which rivers flow. They shall reside therein forever, and this is a great achievement.

وَمَن يَعْصِ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَيَتَعَدَّ حُدُودَهُ يُدْخِلْهُ نَاراً خَالِداً فِيهَا وَلَهُ عَذَابٌ مُّهِينٌ(14)

ترجمہ: اور جوکوئی اللہ اوراس کے رسول (ﷺ) کی نافرمانی کرے اوراس کی حدود سے تجاوز کرے اسے وہ دوزخ میں داخل

کرے گا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس کے لئے ذلّت انگیز عذاب ہےo

But whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and exceeds His limits, He will admit him to Hell wherein shall he dwell forever; and there is a humiliating torment for him.

وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالأَقْرَبُونَ وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوهُمْ نَصِيبَهُمْ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْداً(33)

ترجمہ: اور ہم نے سب کے لئے ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں کے چھوڑے ہوئے مال میں حقدار (یعنی وارث) مقرر کر دیئے ہیں، اور جن سے تمہارا معاہدہ ہو چکا ہے سو اُنہیں ان کا حصہ دے دو، بیشک اللہ ہر چیز کا مشاہدہ فرمانے والا ہےo

And We have appointed to everyone heirs of the property left by parents and near relations. And to those with whom you have made an agreement, give them their share. Assuredly, Allah observes everything.

يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ إِنِ امْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَهُوَ يَرِثُهَا إِن لَّمْ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ فَإِن كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثَانِ مِمَّا تَرَكَ وَإِن كَانُواْ إِخْوَةً رِّجَالاً وَنِسَاء فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الأُنثَيَيْنِ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمْ أَن تَضِلُّواْ وَاللّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ(176)

ترجمہ: لوگ آپ سے فتویٰ (یعنی شرعی حکم) دریافت کرتے ہیں۔ فرما دیجئے کہ اللہ تمہیں (بغیر اولاد اور بغیر والدین کے فوت ہونے والے) کلالہ (کی وراثت) کے بارے میں یہ حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی ایسا شخص فوت ہو جائے جو بے اولاد ہو مگر اس کی ایک بہن ہو تو اس کے لئے اس (مال) کا آدھا (حصہ) ہے جو اس نے چھوڑا ہے، اور (اگر اس کے برعکس بہن کلالہ ہو تو اس کے مرنے کی صورت میں اس کا) بھائی اس (بہن) کا وارث (کامل) ہوگا اگر اس (بہن) کی کوئی اولاد نہ ہو، پھر اگر (کلالہ بھائی کی موت پر) دو (بہنیں وارث) ہوں تو ان کے لئے اس (مال) کا دو تہائی (حصہ) ہے جو اس نے چھوڑا ہے، اور اگر (بصورتِ کلالہ مرحوم کے) چند بھائی بہن مرد (بھی) اور عورتیں (بھی وارث) ہوں تو پھر (ہر) ایک مرد کا (حصہ) دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہوگا، (یہ احکام) اللہ تمہارے لئے کھول کر بیان فرما رہا ہے تاکہ تم بھٹکتے نہ پھرو، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

They seek edict (i.e., judgment under Islamic law) from you. Say: 'Allah ordains pertaining to (the inheritance of) kalala (the deceased leaving neither children nor parents behind): If a man dies childless but has one sister, she shall have (as her share) half (the property) that he leaves. (If, on the contrary, a sister is kalala, then in the case of her death) the brother will be (the sole) heir (to his sister), if she has no children. Then, if (after a kalala brother's death) two (sisters) are (the heirs), they are entitled to share two-thirds of (the property) he leaves. And if (in the case of the deceased who is kalala) he has some brothers and sisters, male (as well as) female heirs, then the share of each male shall be as much as the (portion of) two females.' Allah is clearly explaining (these laws) to you lest you should go astray. And Allah knows everything well.

سورۃ المائدہ:

يـا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ أَوْ آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ إِنْ أَنتُمْ ضَرَبْتُمْ فِيْ الأَرْضِ فَأَصَابَتْكُم مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ تَحْبِسُونَهُمَا مِن بَعْدِ الصَّلاَةِ فَيُقْسِمَانِ بِاللّهِ إِنِ ارْتَبْتُمْ لاَ نَشْتَرِيْ بِهِ ثَمَناً وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَى وَلاَ نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّهِ إِنَّا إِذاً لَّمِنَ الآثِمِيْنَ (106)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کی موت آئے تو وصیت کرتے وقت تمہارے درمیان گواہی (کے لئے) تم میں سے دو عادل شخص ہوں، یا تمہارے غیروں میں سے (کوئی) دوسرے دو شخص ہوں اگر تم ملک میں سفر کر رہے ہو پھر (اسی حال میں) تمہیں موت کی مصیبت آ پہنچے تو تم ان دونوں کو نماز کے بعد روک لو، اگر تمہیں (ان پر) شک گزرے تو وہ دونوں اللہ کی قسمیں کھائیں کہ ہم اس کے عوض کوئی قیمت حاصل نہیں کریں گے خواہ کوئی (کتنا ہی) قرابت دار ہو اور نہ ہم اللہ کی (مقرر کردہ) گواہی کو چھپائیں گے (اگر چھپائیں تو) ہم اسی وقت گنہگاروں میں ہو جائیں گے o

O believers! When death approaches any one of you, then at the time of making a bequest there should be two men of probity from amongst you (for) taking testimony, or (any) two men from amongst others if you are travelling in the land. If (in the meanwhile) the agony of death overtakes you, detain both of them after Prayer. If you suspect (them), they shall both swear by Allah: 'We shall not sell it for any price, even though one is a (very close) relative, nor shall we conceal the testimony (ordained) by Allah. (If we hide it,) we shall be amongst sinners there and then.'

فَإِنْ عُثِرَ عَلَى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْماً فَآخَرَانِ يِقُومَانُ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الأَوْلَيَانِ فَيُقْسِمَانِ بِاللّهِ لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِن شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا إِنَّا إِذاً لَّمِنَ الظَّالِمِيْنَ (107)

ترجمہ: پھر اگر اس (بات) کی اطلاع ہو جائے کہ وہ دونوں (صحیح گواہی چھپانے کے باعث) گناہ کے سزاوار ہو گئے ہیں تو ان کی جگہ دو اور (گواہ) ان لوگوں میں کھڑے ہو جائیں جن کا حق پہلے دو (گواہوں) نے دبایا ہے (وہ میت کے زیادہ قرابت دار ہوں) پھر وہ اللہ کی قسم کھائیں کہ بیشک ہماری گواہی ان دونوں کی گواہی سے زیادہ سچی ہے اور ہم (حق سے) تجاوز نہیں کر رہے، (اگر ایسا کریں تو) ہم اسی وقت ظالموں میں سے ہو جائیں گے o

But if it is learnt later that both of them have earned sin (owing to concealing the true witness), then, in their stead, two other (witnesses) should rise from amongst those whose right the two former (witnesses) have seized. (Let them both be closer relatives of the deceased.) They should then swear by Allah: 'Indeed, our testimony is truer than the testimony of both of them; we are not transgressing the bounds (of Truth. If we do so,) we shall be amongst the wrongdoers there and then.'

ذَلِكَ أَدْنَى أَن يَأْتُواْ بِالشَّهَادَةِ عَلَى وَجْهِهَا أَوْ يَخَافُواْ أَن تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ وَاتَّقُوا اللّهَ وَاسْمَعُواْ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ(108)

ترجمہ: یہ (طریقہ) اس بات سے قریب تر ہے کہ لوگ صحیح طور پر گواہی ادا کریں یا اس بات سے خوفزدہ ہوں کہ (غلط گواہی کی صورت میں) ان کی قسموں کے بعد (وہی) قسمیں (زیادہ قریبی ورثاء کی طرف) لوٹائی جائیں گی، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور (اس کے احکام کو غور سے) سنا کرو، اور اللہ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں دیتا o

This (method) is closer to the mode of making people give their evidence true to the facts, or they feel afraid that (in the case of false testimony,) following their oaths, (equally solemn) oaths will be turned (towards closer heirs). So fear Allah with perseverance and always listen (attentively to the commandments of Allah). And Allah does not guide the people who disobey and defy.

سورۃ الاحزاب:

النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ وَأُوْلُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ إِلَّا أَن تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَائِكُم مَّعْرُوفاً كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُوراً (6)

ترجمہ: یہ نبیِ (مکرّم) مومنوں کے ساتھ اُن کی جانوں سے زیادہ قریب اور حق دار ہیں اور آپ کی اَزواجِ (مطہّرات) اُن کی مائیں ہیں، اور خونی رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دیگر) مومنین اور مہاجرین کی نسبت (تقسیمِ وراثت میں) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں سوائے اس کے کہ تم اپنے دوستوں پر احسان کرنا چاہو، یہ حکم کتابِ (الٰہی) میں لکھا ہوا ہے o

This (Esteemed) Prophet is nearer to and has a greater claim on the believers than their own souls and his (pure) wives are their mothers. And blood relations have a greater claim one to another (in the distribution of inheritance) in the Book of Allah than (the rest of) the believers and the Emigrants except that you desire to do favour to your friends. This command is written in the Book of Allah.

10۔ فساد پھیلانے والے لوگوں کا تذکرہ

سورۃ البقرہ:

وَمِنَ النَّاسِ مَن يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّهَ عَلَى مَا فِي قَلْبِهِ وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ (204)

ترجمہ: اور لوگوں میں کوئی شخص ایسا بھی (ہوتا) ہے کہ جس کی گفتگو دنیاوی زندگی میں تجھے اچھی لگتی ہے اور وہ اللہ کو اپنے دل کی بات پر گواہ بھی بناتا ہے، حالانکہ وہ سب سے زیادہ جھگڑالو ہےo

And amongst people there is also someone whose conversation seems pleasing to you in the life of the world, and who calls Allah to witness that which is in his heart, but in truth he is most quarrelsome.

وَإِذَا تَوَلَّى سَعَى فِي الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ وَاللّهُ لَا يُحِبُّ الفَسَادَ (205)

ترجمہ: اور جب وہ (آپ سے) پھر جاتا ہے تو زمین میں (ہر ممکن) بھاگ دوڑ کرتا ہے تاکہ اس میں فساد انگیزی کرے اور کھتیاں اور جانیں تباہ کر دے، اللہ فساد کو پسند نہیں فرماتاo

And when he turns away (from you), he runs about in the land to do (everything possible) to rouse mischief and destroy crops and life. And Allah does not like mischief and violence.

وَإِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللّهَ أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالإِثْمِ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ (206)

ترجمہ: اور جب اسے اس (ظلم و فساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہےo

And when it is said to him (on account of this tyranny and violence): 'Fear Allah,' his arrogance stimulates him for more sins. Hell is, therefore, sufficient for him. And that is indeed an evil abode.

سورۃ الاعراف:

وَلَا تُفْسِدُواْ فِي الْأَرْضِ بَعْدَ إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفاً وَطَمَعاً إِنَّ رَحْمَتَ اللّهِ قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ (56)

ترجمہ: اور زمین میں اس کے سنور جانے (یعنی ملک کا ماحولِ حیات درست ہو جانے) کے بعد فساد انگیزی نہ کرو اور (اس کے عذاب سے) ڈرتے ہوئے اور (اس کی رحمت کی) امید رکھتے ہوئے اس سے دعا کرتے رہا کرو، بے شک اللہ کی رحمت احسان شعار لوگوں (یعنی نیکوکاروں) کے قریب ہوتی ہےo

And do not cause disruption and mischief in the land after it has been set in order (i.e., after reformation of the living conditions in the country). And keep supplicating Him fearing (His torment) and aspiring (to His mercy). Assuredly, Allah's mercy is near to those who are (spiritually excellent,) committed to doing pious works.

سورۃ الروم:

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِیْ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا کَسَبَتْ أَیْدِیْ النَّاسِ لِیُذِیْقَهُم بَعْضَ الَّذِیْ عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ **(41)**

ترجمہ: بحر و بر میں فساد ان (گناہوں) کے باعث پھیل گیا ہے جو لوگوں کے ہاتھوں نے کما رکھے ہیں تاکہ (اللہ) انہیں بعض (برے) اعمال کا مزہ چکھا دے جو انہوں نے کیے ہیں، تاکہ وہ باز آ جائیں o

Corruption and disorder has spread over land and sea on account of (the sins) which people have earned with their hands so that Allah makes them taste the outcome of some of their (evil) deeds that they have committed in order that they may desist.

11۔ سود کا بیان

سورۃ البقرہ:

الَّذِيْنَ يَأْكُلُونَ الرِّبَا لَا يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبَا وَأَحَلَّ اللّهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبَا فَمَن جَاءهُ مَوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّهِ فَانتَهَى فَلَهُ مَا سَلَفَ وَأَمْرُهُ إِلَى اللّهِ وَمَنْ عَادَ فَأُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (275)

ترجمہ: جولوگ سود کھاتے ہیں وہ (روزِ قیامت) کھڑے نہیں ہوسکیں گے مگر جیسے وہ شخص کھڑا ہوتا ہے جسے شیطان (آسیب) نے چھو کر بدحواس کر دیا ہو، یہ اس لئے کہ وہ کہتے تھے کہ تجارت (خرید وفروخت) بھی تو سود کی مانند ہے، حالانکہ اللہ نے تجارت (سوداگری) کو حلال فرمایا ہے اور سود کو حرام کیا ہے، پس جس کے پاس اس کے رب کی جانب سے نصیحت پہنچی سو وہ (سود سے) باز آ گیا تو جو پہلے گزر چکا وہ اسی کا ہے، اور اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے، اور جس نے پھر بھی سود لیا سو ایسے لوگ جہنمی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گےo

Those who live on usury will not be able to stand (on the Day of Judgment), but like the one whom Satan has made insane with his touch (i.e., damnation). This is because they used to say that trade (i.e., buying and selling) is similar to usury, whereas Allah has declared trade (i.e., buying and selling) lawful and usury unlawful. So, if someone refrains (from usury) on receiving admonition from his Lord, then he can keep whatever he took in the past and his case is with Allah. But those who continued with usury (despite the admonition) would be the inmates of Hell. They will abide there permanently.

يَمْحَقُ اللّهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ وَاللّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ (276)

ترجمہ: اور اللہ سود کو مٹاتا ہے (یعنی سودی مال سے برکت کو ختم کرتا ہے) اور صدقات کو بڑھاتا ہے (یعنی صدقہ کے ذریعے مال کی برکت کو زیادہ کرتا ہے)، اور اللہ کسی بھی ناسپاس نافرمان کو پسند نہیں کرتاo

Allah eliminates usury (i.e., deprives usurious profits of prosperous growth) and multiplies alms gifts (i.e., increases blessings of clean wealth manifold through charity donations). And Allah does not like anyone who is ungrateful and disobedient.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِيْنَ (278)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور جو کچھ بھی سود میں سے باقی رہ گیا ہے چھوڑ دو اگر تم (صدقِ دل سے) ایمان رکھتے ہوo

O believers! Fear Allah and write off whatever balance remains of usury if you are believers (true to the core of your hearts).

فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّهِ وَرَسُولِهِ وَإِن تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُؤُوسُ أَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ (279)

ترجمہ: پھر اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی طرف سے اعلانِ جنگ پر خبردار ہو جاؤ اور اگر تم توبہ کر لو تو تمہارے لئے تمہارے اصل مال (جائز) ہیں، نہ تم خود ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائےo

But if you do not do so, then be warned of the declaration of war from Allah

and His Holy Messenger (blessings and peace be upon him). And if you repent, then your principal amounts are (lawfully) yours. (In this case) you will neither do any wrong, nor be wronged.

سورۃ العمران:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَأْكُلُواْ الرِّبَا أَضْعَافاً مُّضَاعَفَةً وَاتَّقُواْ اللّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ(130)

ترجمہ: اے ایمان والو! دوگنا اور چوگنا کر کے سود مت کھایا کرو، اور اللہ سے ڈرا کرو تا کہ تم فلاح پاؤ o

O believers! Do not live on usury doubled and redoubled, and keep fearing Allah so that you may prosper.

سورۃ الروم:

وَمَا آتَيْتُم مِّن رِّباً لِّيَرْبُوَ فِيْ أَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُو عِندَ اللَّهِ وَمَا آتَيْتُم مِّن زَكَاةٍ تُرِيْدُونَ وَجْهَ اللَّهِ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ (39)

ترجمہ: اور جو مال تم سود پر دیتے ہو تا کہ (تمہارا اثاثہ) لوگوں کے مال میں مل کر بڑھتا رہے تو وہ اللہ کے نزدیک نہیں بڑھے گا اور جو مال تم زکوٰۃ (و خیرات) میں دیتے ہو (فقط) اللہ کی رضا چاہتے ہوئے تو وہی لوگ (اپنا مال عنداللہ) کثرت سے بڑھانے والے ہیں o

And the money that you lend as usury so that (your wealth) may increase through mingling with other people's money will not increase with Allah, but the money that you give as Zakat ([the obligatory Alms-due] and charity donations), seeking (solely) Allah's pleasure-so it is they who multiply (their money with Allah) manifold.

12۔ دنیاوی خواہشات کا بیان

سورۃ العمران:

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاء وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذَلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاللّهُ عِندَهُ حُسْنُ الْمَآبِ(14)

ترجمہ: لوگوں کے لئے ان خواہشات کی محبت (خوب) آراستہ کردی گئی ہے (جن میں) عورتیں اور اولاد اور سونے اور چاندی کے جمع کئے ہوئے خزانے اور نشان کئے ہوئے خوبصورت گھوڑے اور مویشی اور کھیتی (شامل ہیں)، یہ (سب) دنیوی زندگی کا سامان ہے، اور اللہ کے پاس بہتر ٹھکانہ ہےO

(Excessively) attractive has been made, for the people, the love of lusts (that) include women, children, and hoarded treasures of gold and silver, and branded horses and cattle and crops. (All) this is the provision of the worldly life and with Allah is the best abode.

13۔ نکاح کا بیان

سورۃ النساء:

وَلَا تَنكِحُواْ مَا نَكَحَ آبَاؤُكُم مِّنَ النِّسَاء إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَمَقْتاً وَسَاء سَبِيْلاً (22)

ترجمہ: اوران عورتوں سے نکاح نہ کروجن سے تمہارے باپ دادا نکاح کر چکے ہوں مگر جو (اس حکم سے پہلے) گزر چکا (وہ معاف ہے)، بیشک یہ بڑی بے حیائی اور غضب (کا باعث) ہے اور بہت بری روش ہےo

And do not marry women whom your fathers and forefathers married. But that which has passed (before this command is forgiven). It is indeed highly indecent, infuriating and an evil custom.

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالاَتُكُمْ وَبَنَاتُ الأَخِ وَبَنَاتُ الأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِيْ أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِيْ فِيْ حُجُورِكُم مِّن نِّسَآئِكُمُ اللَّاتِيْ دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ تَكُونُواْ دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلاَئِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ أَصْلاَبِكُمْ وَأَن تَجْمَعُواْ بَيْنَ الأُخْتَيْنِ إِلاَّ مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّ اللّهَ كَانَ غَفُوراً رَّحِيْماً(23)

ترجمہ: تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری (وہ) مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا وہ اور تمہاری رضاعت میں شریک بہنیں اور تمہاری بیویوں کی مائیں (سب) حرام کر دی گئی ہیں اور (اسی طرح) تمہاری گود میں پرورش پانے والی وہ لڑکیاں جو تمہاری ان عورتوں (کے بطن) سے ہیں جن سے تم صحبت کر چکے ہو (بھی حرام ہیں) پھر اگر تم نے ان سے صحبت نہ کی ہو تو تم پر (ان کی لڑکیوں سے نکاح کرنے میں) کوئی حرج نہیں اور تمہارے ان بیٹوں کی بیویاں (بھی تم پر حرام ہے) جو تمہاری پشت سے ہیں اور یہ (بھی حرام ہے) کہ تم دونوں بہنوں کو ایک ساتھ (نکاح میں) جمع کرو سوائے اس کے کہ جو دور جہالت میں گزر چکا۔ بیشک اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

Forbidden to you are your mothers and your daughters and your sisters and your father's sisters and your mother's sisters and your brother's daughters and sister's daughters and your mothers (who) have suckled you, your foster sisters and mothers of your wives. And (similarly) your stepdaughters brought up under your parentage born of your women with whom you have had marital relations (are also forbidden to you.) If you have not had martial relations, then there is no harm (in marrying their daughters). Also forbidden are the wives of your real sons who are of your loins, and having (in marriage) two sisters together, except what has passed in the days of ignorance. Allah indeed is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاء إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ كِتَابَ اللّهِ عَلَيْكُمْ وَأُحِلَّ لَكُم مَّا وَرَاء ذَلِكُمْ أَن تَبْتَغُواْ بِأَمْوَالِكُم مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُم بِهِ مِنْهُنَّ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيْضَةً وَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرَاضَيْتُم بِهِ مِن بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلِيْماً حَكِيْماً (24)

ترجمہ: اور شوہر والی عورتیں (بھی تم پر حرام ہیں) سوائے ان (جنگی قیدی عورتوں) کے جو تمہاری مِلک میں آ جائیں، (ان احکامِ حرمت کو) اللہ نے تم پر فرض کر دیا ہے، اور ان کے سوا (سب عورتیں) تمہارے لئے حلال کر دی گئی ہیں تاکہ تم اپنے اموال کے ذریعے طلبِ نکاح کرو پاکدامن رہتے ہوئے نہ کہ شہوت رانی کرتے ہوئے، پھر ان میں سے جن سے تم نے اس (مال) کے عوض فائدہ اٹھایا ہے انہیں ان کا مقرر شدہ مہر ادا کر دو، اور تم پر اس مال کے بارے میں کوئی گناہ نہیں جس پر تم مہر مقرر کرنے کے بعد باہم رضامند ہو جاؤ، بیشک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے O

And (forbidden to you are also) women having husbands except those (prisoners of war) who come into your legal possession. Allah has prescribed for you (these prohibitions). And (all women) other than these are made lawful for you, so that you may wish them for marriage by means of your money (i.e., dower), maintaining chastity and not in pursuit of satisfying lust. Then those of them from whom you have received benefit in exchange for that (money), pay them their fixed dowers. And there is no sin on you pertaining to the money on which you mutually agree after fixing the dower. Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنكُمْ طَوْلاً أَن يَنكِحَ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ فَمِن مَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُم مِّن فَتَيَاتِكُمُ الْمُؤْمِنَاتِ وَاللّهُ أَعْلَمُ بِإِيْمَانِكُمْ بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ فَانكِحُوهُنَّ بِإِذْنِ أَهْلِهِنَّ وَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ مُحْصَنَاتٍ غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ وَلاَ مُتَّخِذَاتِ أَخْدَانٍ فَإِذَا أُحْصِنَّ فَإِنْ أَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنَاتِ مِنَ الْعَذَابِ ذَلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ وَأَن تَصْبِرُواْ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (25)

ترجمہ: اور تم میں سے جو کوئی (اتنی) استطاعت نہ رکھتا ہو کہ آزاد مسلمان عورتوں سے نکاح کر سکے تو ان مسلمان کنیزوں سے نکاح کر لے جو (شرعاً) تمہاری ملکیت میں ہیں، اور اللہ تمہارے ایمان (کی کیفیت) کو خوب جانتا ہے، تم (سب) ایک دوسرے کی جنس میں سے ہی ہو، پس ان (کنیزوں) سے ان کے مالکوں کی اجازت کے ساتھ نکاح کرو اور انہیں ان کے مہر حسبِ دستور ادا کرو درآنحالیکہ وہ (عفت قائم رکھتے ہوئے) قیدِ نکاح میں آنے والی ہوں نہ بدکاری کرنے والی ہوں اور نہ در پردہ آشنائی کرنے والی ہوں، پس جب وہ نکاح کے حصار میں آ جائیں پھر اگر بدکاری کی مرتکب ہوں تو ان پر اس سزا کی آدھی سزا لازم ہے جو آزاد (کنواری) عورتوں کے لئے (مقرر) ہے، یہ اجازت اس شخص کے لئے ہے جسے تم میں سے گناہ (کے ارتکاب) کا اندیشہ ہو، اور اگر تم صبر کرو تو (یہ) تمہارے حق میں بہتر ہے، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے O

And whoever of you cannot afford to marry free believing women may marry those believing slave girls who are in your possession (under Islamic law). And Allah knows best (the state of) your belief. You (all) are one from another. So, marry these (slave girls) with the permission of their masters, and pay them their dowers according to custom, provided they are wedlocked (being chaste), neither committing illegal sex, nor taking secret lovers. If they commit fornication after they have entered into wedlock, their punishment will be the half of that (appointed) for free (unmarried) women. This permission is for him

amongst you who fears (indulging in) sin, and if you practise self-restraint, that is better for you. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِكُمْ وَيَتُوبَ عَلَيْكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ(26)

ترجمہ: اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے لئے (اپنے احکام کی) وضاحت فرما دے اور تمہیں ان (نیک) لوگوں کی راہوں پر چلائے جو تم سے پہلے ہو گزرے ہیں اور تمہارے اوپر رحمت کے ساتھ رجوع فرمائے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

Allah intends to explain to you (His commands) and guide you to the ways of those (pious) people who have passed before you and turn to you in mercy. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَاللّٰهُ يُرِيْدُ أَن يَتُوبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوَاتِ أَن تَمِيلُواْ مَيْلاً عَظِيْماً (27)

ترجمہ: اور اللہ تم پر مہربانی فرمانا چاہتا ہے، اور جو لوگ خواہشاتِ (نفسانی) کی پیروی کر رہے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم راہِ راست سے بھٹک کر بہت دور جا پڑوo

And Allah intends to bestow upon you His favour, but those who pursue the lusts (of the ill-commanding selves) wish you to turn far away from the right path.

يُرِيْدُ اللّٰهُ أَن يُخَفِّفَ عَنكُمْ وَخُلِقَ الإِنسَانُ ضَعِيْفاً (28)

ترجمہ: اللہ چاہتا ہے کہ تم سے بوجھ ہلکا کر دے، اور انسان کمزور پیدا کیا گیا ہےo

Allah intends to lighten your burden. And man has been created weak (and infirm).

سورۃ النور:

وَأَنكِحُوا الْأَيَامَى مِنكُمْ وَالصَّالِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِن يَكُونُوا فُقَرَاء يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِن فَضْلِهِ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (32)

ترجمہ: اور تم اپنے مردوں اور عورتوں میں سے ان کا نکاح کر دیا کرو جو (عمرِ نکاح کے باوجود) بغیر ازدواجی زندگی کے (رہ رہے) ہوں اور اپنے باصلاحیت غلاموں اور باندیوں کا بھی (نکاح کر دیا کرو)، اگر وہ محتاج ہوں گے (تو) اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے گا، اور اللہ بڑی وسعت والا بڑے علم والا ہےo

And marry those of your men and women who are leading an unmarried life (despite reaching the age of marriage), and also (marry) those of your male and female slaves who are capable. If they are poor, Allah will make them rich out of His bounty and Allah is Most Infinite, All-Knowing.

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُونَ نِكَاحاً حَتَّى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِن فَضْلِهِ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُونَ الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْراً وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْ آتَاكُمْ وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاء إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّناً لِّتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَن يُكْرِههُّنَّ فَإِنَّ اللّٰهَ مِن بَعْدِ إِكْرَاهِهِنَّ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (33)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کو پاک دامنی اختیار کرنا چاہئے جو نکاح (کی استطاعت) نہیں پاتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی فرما دے، اور تمہارے زیردست (غلاموں اور باندیوں) میں سے جو مکاتب (کچھ مال کما کر دینے کی شرط پر آزاد) ہونا چاہیں تو انہیں مکاتب (مذکورہ شرط پر آزاد) کر دو اگر تم ان میں بھلائی جانتے ہو، اور تم (خود بھی) انہیں اللہ کے مال میں سے (آزاد ہونے کے لیے) دے دو جو اس نے تمہیں عطا فرمایا ہے، اور تم اپنی باندیوں کو دنیوی زندگی کا فائدہ حاصل کرنے کے لیے بدکاری پر مجبور نہ کرو جبکہ وہ پاک دامن (یا حفاظت نکاح میں) رہنا چاہتی ہیں، اور جو شخص انہیں مجبور کرے گا تو اللہ ان کے مجبور ہو جانے کے بعد (بھی) بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

And those who cannot afford marriage (for lack of financial means) should adopt chastity until Allah enriches them out of His bounty. And from amongst (the male and female slaves) under your control, those who seek to write out a deed (of manumission-freedom through earning and paying,) write it for them, and free them (under the given condition) if you see any good in them. Pay them (also yourselves) out of that wealth which Allah has given you (to help them get freedom). And do not force your maids into prostitution to obtain benefit of the worldly life if they desire to keep themselves chaste (or wish to safeguard their chastity through marriage). And whoever will compel them, then (even) after they are compelled, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ اللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيمَانِهِنَّ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ذَٰلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (10)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو انہیں اچھی طرح جانچ لیا کرو، اللہ اُن کے ایمان (کی حقیقت) سے خوب آگاہ ہے، پھر اگر تمہیں اُن کے مومن ہونے کا یقین ہو جائے تو انہیں کافروں کی طرف واپس نہ بھیجو، نہ یہ (مومنات) اُن (کافروں) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کفّار) اِن (مومن عورتوں) کے لیے حلال ہیں، اور اُن (کافروں) نے جو (مال بصورتِ مَہر اِن پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو ادا کر دو، اور تم پر اس (بات) میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اِن سے نکاح کر لو جبکہ تم اُن (عورتوں) کا مَہر انہیں ادا کر دو، اور (اے مسلمانو!) تم بھی کافر عورتوں کو (اپنے) عقدِ نکاح میں نہ روکے رکھو اور تم (کفّار سے) وہ (مال) طلب کر لو جو تم نے (اُن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا اور وہ (کفّار تم سے) وہ (مال) مانگ لیں جو انہوں نے (اِن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا، یہی اللہ کا حکم ہے، اور وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرما رہا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

O believers! When the believing women come to you as Emigrants, examine them thoroughly. Allah is Well Aware of (the reality of) their faith. Then if you

find with certitude that they are true believers, do not send them back to the disbelievers. Neither are they (the believing women) lawful for those disbelievers, nor are those disbelievers lawful for these (believing women). And pay them (the disbelievers) back the money which they spent (on them as dower). And there is no sin on you if you marry them whilst you pay these (women) their dower. And, O believers, do not hold back the disbelieving women in (your) wedlock, and ask (the disbelievers) for that (money) which you spent (on those women as dower), and they (the disbelievers) may also ask you for that (money) which they spent (on these women as dower). That is the command of Allah. And He judges between you. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن فَـاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِىْ أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ (11)

ترجمہ: اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی تم سے چھوٹ کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر (جب) تم جنگ میں غالب آجاؤ اور مالِ غنیمت پاؤ تو (اس میں سے) ان لوگوں کو جن کی عورتیں چلی گئی تھیں اس قدر (مال) ادا کر دو جتنا وہ (اُن کے مَہر میں) خرچ کر چکے تھے، اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہوo

And if any of your wives deserts you and goes over to the disbelievers, then (when) you become dominant in war and gain spoils, pay (out of it) those whose wives deserted them as much (money) as they paid (to them as dower). And keep fearing Allah in Whom you believe.

يَـا أَيُّهَـا الـنَّبِىُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئاً وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَـأْتِيْـنَ بِبُهْتَـانٍ يَـفْتَـرِيْنَهُ بَيْنَ أَيْدِيْهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِىْ مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (12)

ترجمہ: اے نبی! جب آپ کی خدمت میں مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان سے کوئی جھوٹا بہتان گھڑ کر نہیں لائیں گی (یعنی اپنے شوہر کو دھوکہ دیتے ہوئے کسی غیر کے بچے کو اپنے پیٹ سے جنا ہوا نہیں بتائیں گی) اور (کسی بھی) امرِ شریعت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ اُن سے بیعت لے لیا کریں اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش طلب فرمائیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O Prophet! When the believing women appear in your presence to take the oath of allegiance that they will not set up anything as partner with Allah and will not steal, nor will they commit adultery, or kill their children, or bring false blame which they have invented between their hands and feet (i.e., will not deceive their husbands declaring some other's baby as their own), or disobey you in (any) matter pertaining to law, then accept their allegiance and seek forgiveness for them from Allah. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

14۔ خواتین کے متعلق مسائل واحکام

سورۃ البقرہ:

وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُواْ النِّسَاء فِيْ الْمَحِيْضِ وَلاَ تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىَ يَطْهُرْنَ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللّهُ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ (222)

ترجمہ: اور آپ سے حیض (ایامِ ماہواری) کی نسبت سوال کرتے ہیں، فرما دیں وہ نجاست ہے، سو تم حیض کے دنوں میں عورتوں سے کنارہ کش رہا کرو، اور جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں ان کے قریب نہ جایا کرو، اور جب وہ خوب پاک وصاف ہو جائیں تو جس راستے سے اللہ نے تمہیں اجازت دی ہے ان کے پاس جایا کرو، بیشک اللہ بہت توبہ قبول کرنیوالوں سے محبت فرماتا ہے اور خوب پاکیزگی اختیار کرنے والوں سے محبت فرماتا ہےo

And they ask you about menstruation. Say: 'It is filth; so keep away from women during menstruation and do not approach them until they become pure. And when they have washed themselves clean, consort with them the way by which Allah has permitted you.' Undoubtedly, Allah loves those who repent much, and He loves those who keep themselves thoroughly pure and clean.

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُواْ حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ وَقَدِّمُواْ لأَنفُسِكُمْ وَاتَّقُواْ اللّهَ وَاعْلَمُواْ أَنَّكُم مُّلاَقُوهُ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ (223)

ترجمہ: تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں پس تم اپنی کھیتیوں میں جیسے چاہو آؤ، اور اپنے لئے آئندہ کا کچھ سامان کر لو اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور جان لو کہ تم اس کے حضور پیش ہونے والے ہو، اور (اے حبیب!) آپ اہلِ ایمان کو خوشخبری سنا دیں (کہ اللہ کے حضور ان کی پیشی بہتر رہے گی)o

Your wives are for you like a harvest-producing field. So, go to your field as you may desire. And manage some provisions for yourselves for the next world. Inculcate in yourselves the fear of Allah, and be mindful that you shall appear before Him. And, (O Beloved,) give good news to the believers (that their appearance before Allah will be gainful for them).

لِّلَّذِيْنَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَإِنْ فَآؤُوا فَإِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (226)

ترجمہ: اور ان لوگوں کے لئے جو اپنی بیویوں کے قریب نہ جانے کی قسم کھا لیں چار ماہ کی مہلت ہے پس اگر وہ (اس مدت میں) رجوع کر لیں تو بیشک اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

And for those who swear not to go near their wives, there is a (reconsideration) period of four months. So, if (during this period) they resume their relations, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَإِنْ عَزَمُواْ الطَّلاَقَ فَإِنَّ اللّهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (227)

ترجمہ: اور اگر انہوں طلاق کا پختہ ارادہ کرلیا ہو تو بیشک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

But if they resolve firmly to divorce, then certainly Allah is All-Hearing, All-Knowing.

وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ ثَلاَثَةَ قُرُوَءٍ وَلاَ يَحِلُّ لَهُنَّ أَن يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّهُ فِيَ أَرْحَامِهِنَّ إِن كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيَ ذَلِكَ إِنْ أَرَادُواْ إِصْلاَحاً وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيَ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (228)

ترجمہ: اور طلاق یافتہ عورتیں اپنے آپ کو تین حیض تک روکے رکھیں، اور ان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اسے چھپائیں جو اللہ نے ان کے رحموں میں پیدا فرما دیا ہو، اگر وہ اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتی ہیں، اور اس مدت کے اندر ان کے شوہروں کو انہیں (پھر) اپنی زوجیت میں لوٹا لینے کا حق زیادہ ہے اگر وہ اصلاح کا ارادہ کرلیں، اور دستور کے مطابق عورتوں کے بھی مردوں پر اسی طرح حقوق ہیں جیسے مردوں کے عورتوں پر، البتہ مردوں کو ان پر فضیلت ہے، اور اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

And the divorced women shall hold themselves back till three menstrual cycles. And it is not lawful for them to conceal what Allah may have created in their wombs if they believe in Allah and the Last Day. And during this period, their husbands have a greater right to take them back (again) into conjugal bond, provided they intend to reconcile. And, according to usage, women too have rights over men similar to the rights of men over women. Men, however, have an advantage over them. And Allah is All-Mighty, Most Wise.

الطَّلاَقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ وَلاَ يَحِلُّ لَكُمْ أَن تَأْخُذُواْ مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئاً إِلاَّ أَن يَخَافَا أَلاَّ يُقِيمَا حُدُودَ اللّهِ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلاَّ يُقِيمَا حُدُودَ اللّهِ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ تِلْكَ حُدُودُ اللّهِ فَلاَ تَعْتَدُوهَا وَمَن يَتَعَدَّ حُدُودَ اللّهِ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (229)

ترجمہ: طلاق (صرف) دوبار (تک) ہے، پھر یا تو (بیوی کو) اچھے طریقے سے (زوجیت میں) روک لینا ہے یا بھلائی کے ساتھ چھوڑ دینا ہے، تمہارے لئے جائز نہیں کہ جو چیزیں تم انہیں دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لو سوائے اس کے کہ دونوں کو اندیشہ ہو کہ (اب رشتۂ زوجیت برقرار رکھتے ہوئے) دونوں اللہ کی حدود کو قائم نہ رکھ سکیں گے، پھر اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ دونوں اللہ کی حدود کو قائم نہ رکھ سکیں گے، سو (اندریں صورت) ان پر کوئی گناہ نہیں کہ بیوی (خود) کچھ بدلہ دے کر (اس تکلیف دہ بندھن سے) آزادی لے لے یہ اللہ کی (مقرر کی ہوئی) حدیں ہیں، پس تم ان سے آگے مت بڑھو اور جو لوگ اللہ کی حدود سے تجاوز کرتے ہیں سو وہی لوگ ظالم ہیںo

Divorce is (revocable) two times (only). Then either retain (the wife) with honour (in marital relationship) or release her with kindness. And it is not lawful for you to take back anything of that which you have given them, unless both fear that (now by maintaining marital ties) they may not be able to observe the limits set by Allah. So if you fear that both will be unable to keep within Allah's limits, then (in that case) there shall be no sin upon either of them if the

wife (herself) may give up something as recompense to free herself (from this distressing bond). These are the limits (set) by Allah. So, do not exceed them. And those who exceed the limits prescribed by Allah, it is they who are the wrongdoers.

فَإِن طَلَّقَهَا فَلاَ تَحِلُّ لَهُ مِن بَعْدُ حَتَّىَ تَنكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ فَإِن طَلَّقَهَا فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَن يَتَرَاجَعَا إِن ظَنَّا أَن يُقِيمَا حُدُودَ اللّهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللّهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (230)

ترجمہ: پھر اگر اس نے (تیسری مرتبہ) طلاق دے دی تو اس کے بعد وہ اس کے لئے حلال نہ ہوگی یہاں تک کہ وہ کسی اور شوہر کے ساتھ نکاح کر لے، پھر اگر وہ (دوسرا شوہر) بھی طلاق دے دے تو اب ان دونوں (یعنی پہلے شوہر اور اس عورت) پر کوئی گناہ نہ ہوگا اگر وہ (دوبارہ رشتۂ زوجیت میں) پلٹ جائیں بشرطیکہ دونوں یہ خیال کریں (اب) وہ حدودِ الٰہی قائم رکھ سکیں گے، یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدود ہیں جنہیں وہ علم والوں کے لئے بیان فرماتا ہےo

Then if he divorces (for the third time), she will not be lawful for him until she marries some husband other than him. But if he (the latter) also divorces her, in such a case there shall be no sin on both of them (the former husband and the wife) if they return (once more to the wedlock), provided both of them (now) think that they would be able to observe the limits set by Allah. And these are the limits (prescribed) by Allah which He explains to those who have knowledge.

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاء فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَلاَ تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَاراً لِّتَعْتَدُواْ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ وَلاَ تَتَّخِذُوَاْ آيَاتِ اللّهِ هُزُواً وَاذْكُرُواْ نِعْمَتَ اللّهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنَ الْكِتَابِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُم بِهِ وَاتَّقُواْ اللّهَ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (231)

ترجمہ: اور جب تم عورتوں کو طلاق دو اور وہ اپنی عدت (پوری ہونے) کو آ پہنچیں تو انہیں اچھے طریقے سے (اپنی زوجیت میں) روک لو یا انہیں اچھے طریقے سے چھوڑ دو، اور انہیں محض تکلیف دینے کے لئے نہ روکے رکھو کہ (ان) پر زیادتی کرتے رہو اور جو کوئی ایسا کرے پس اس نے اپنے ہی جان پر ظلم کیا، اور اللہ کے احکام کو مذاق نہ بنا لو، اور یاد کرو اللہ کی اس نعمت کو جو تم پر (کی گئی) ہے اور اس کتاب کو جو اس نے تم پر نازل فرمائی ہے اور دانائی (کی باتوں) کو (جن کی اس نے تمہیں تعلیم دی ہے) وہ تمہیں (اس امر کی) نصیحت فرماتا ہے اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ بیشک اللہ سب کچھ جاننے والا ہےo

And when you divorce the women, and they reach (the completion of) their waiting period, then either retain them (in marital bond) in a graceful manner or release them nicely. But do not retain them to hurt (them) so that you subject (them) to excesses. And he who does so wrongs his own soul. And do not make fun of Allah's commands. And call to mind Allah's favour that has been (bestowed) upon you, and the Book that He has sent down to you, and (the pearls of) wisdom (with which He has enlightened you). He advises you (by means of this code of conduct). And fear Allah, and bear in mind that Allah is

indeed All-Knowing.

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَن يَنكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْاْ بَيْنَهُم بِالْمَعْرُوفِ ذَلِكَ يُوعَظُ بِهِ مَن كَانَ مِنكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ ذَلِكُمْ أَزْكَى لَكُمْ وَأَطْهَرُ وَاللّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (232)

ترجمہ: اور جب تم عورتوں کو طلاق دو اور وہ اپنی عدت (پوری ہونے) کو آ پہنچیں تو جب وہ شرعی دستور کے مطابق باہم رضامند ہو جائیں تو انہیں اپنے (پرانے یا نئے) شوہروں سے نکاح کرنے سے مت روکو، اس شخص کو اس امر کی نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں سے اللہ پر اور یومِ قیامت پر ایمان رکھتا ہو، یہ تمہارے لئے بہت ستھری اور نہایت پاکیزہ بات ہے، اور اللہ جانتا ہے اور تم (بہت سی باتوں) نہیں جانتےo

And when you divorce the women and they reach (the completion of) their waiting period, then do not prevent them from remarrying (their former or latter) husbands when they have mutually agreed according to the Islamic law. This is a direction for him amongst you who believes in Allah and the Last Day. It is most pure, clean and wholesome for you. And Allah knows and you do not know (so many things).

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلاَدَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَن يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لاَ تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلاَّ وُسْعَهَا لاَ تُضَآرَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلاَ مَوْلُودٌ لَّهُ بِوَلَدِهِ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَلِكَ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالاً عَن تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا وَإِنْ أَرَدتُّمْ أَن تَسْتَرْضِعُواْ أَوْلاَدَكُمْ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُم مَّا آتَيْتُم بِالْمَعْرُوفِ وَاتَّقُواْ اللّهَ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (233)

ترجمہ: اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو برس تک دودھ پلائیں یہ (حکم) اس کے لئے ہے جو دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے، اور دودھ پلانے والی ماؤں کا کھانا اور پہننا دستور کے مطابق بچے کے باپ پر لازم ہے، کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہ دی جائے، (اور) نہ ماں کو اس بچے کے باعث نقصان پہنچایا جائے اور نہ باپ کو اس کی اولاد کے سبب سے، اور وارثوں پر بھی یہی حکم عائد ہوگا، پھر اگر ماں باپ دونوں باہمی رضامندی اور مشورے سے (دو برس سے پہلے ہی) دودھ چھڑانا چاہیں تو ان پر کوئی گناہ نہیں اور پھر اگر تم اپنی اولاد کو (دایہ سے) دودھ پلوانے کا ارادہ رکھتے ہو تب بھی تم کوئی گناہ نہیں جب کہ جو تم دستور کے مطابق دینے ہو انہیں ادا کر دو، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور یہ جان لو کہ بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے خوب دیکھنے والا ہےo

And the mothers shall suckle their infants for two full years. This (injunction) is for him who wants to complete the suckling period. And, according to usage, the food and clothing of the feeding mothers is the obligation of the father of the child. No soul should be stressed beyond its capacity, (and) neither the mother nor the father should be harmed for the child. The same injunction is applicable to the heirs. Then if both the mother and the father desire with mutual consultation and consent to wean (even before the fixed two years), there will be no sin on them. Nor shall it be a sin if you intend to engage (wet nurses) for suckling the children, whilst you pay them whatever you do according to usage. And fear Allah and know that Allah is Watchful of all that

you do.

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجاً يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْراً فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْ أَنفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيْرٌ **(234)**

ترجمہ: اورتم میں سے جوفوت ہوجائیں اور(اپنی) بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ اپنے آپ کو چار ماہ دس دن انتظار میں روکے رکھیں، پھر جب وہ اپنی عدت (پوری ہونے) کو پہنچیں تو پھر جو کچھ شرعی دستور کے مطابق اپنے حق میں کریں تم پر اس معاملے میں کوئی مواخذہ نہیں،اور جو کچھ تم کرتے ہواللہ اس سے اچھی طرح خبردار ہےo

And those of you who die and leave (their) widows behind shall keep themselves in waiting for four months and ten days. So, when they arrive at (the end of) their waiting term, there shall be no responsibility on you for whatever they do for themselves according to Islamic law. And Allah is Well Aware of what you do.

وَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُم بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاء أَوْ أَكْنَنتُمْ فِيْ أَنفُسِكُمْ عَلِمَ اللّهُ أَنَّكُمْ سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَـكِن لاَّ تُوَاعِدُوهُنَّ سِرّاً إِلاَّ أَن تَقُولُواْ قَوْلاً مَّعْرُوفاً وَلاَ تَعْزِمُواْ عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّىَ يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ يَعْلَمُ مَا فِيْ أَنفُسِكُمْ فَاحْذَرُوهُ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ غَفُورٌ حَلِيْمٌ **(235)**

ترجمہ: اورتم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ(دورانِ عدت بھی) ان عورتوں کو اشارۃً نکاح کا پیغام دے دو یا(یہ خیال) اپنے دلوں میں چھپا رکھو،اللہ جانتا ہے کہ تم عنقریب ان سے ذکر کرو گے مگر ان سے خفیہ طور پر بھی (ایسا) وعدہ نہ لوسوائے اس کے کہ تم فقط شریعت کی (رو سے کنایۃً) معروف بات کہہ دو،اور(اس دوران) عقدِ نکاح کا پختہ عزم نہ کرو یہاں تک کہ مقرر عدت اپنی انتہا کو پہنچ جائے،اور جان لو کہ اللہ تمہارے دلوں کی بات کو بھی جانتا ہے تو اس سے ڈرتے رہا کرو،اور(یہ بھی) جان لو کہ اللہ بڑا بخشنے والا بڑا حلم والا ہےo

And there is no sin on you if (even during the waiting term) you convey to such women a hint of marriage proposal or conceal (this idea) in your hearts. Allah knows that you will soon mention to them, but do not seek from them any (such) promise even secretly, except that you say to them (a hint of) that according to Islamic law. And do not resolve firmly on wedlock (during this time) until the prescribed waiting term is over. And know that Allah also knows what is in your hearts. So fear Him persistently. And (also) know that Allah is Most Forgiving, Most Lenient.

لاَّ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن طَلَّقْتُمُ النِّسَاء مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُواْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدْرُهُ مَتَاعاً بِالْمَعْرُوفِ حَقّاً عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ **(236)**

ترجمہ: تم اس بات میں (بھی) کوئی گناہ نہیں کہ اگر تم نے (اپنی منکوحہ) عورتوں کو ان کے چھونے یا ان کے مہر مقرر کرنے سے بھی پہلے طلاق دے دی ہے تو انہیں (ایسی صورت میں) مناسب خرچہ دے دو، وسعت والے پر اس کی حیثیت کے مطابق (لازم) ہے اور تنگدست پر اس کی حیثیت کے مطابق، (بہرطور) یہ خرچہ مناسب طریق پر دیا جائے، یہ بھلائی کرنے والوں پر

واجب ہےO

There will (also) be no sin on you if you divorce (the wedlocked) women even before touching them or fixing their dower. Then (in this case) provide for them appropriately. It is (an obligation) for the rich according to his means and for the poor according to his means. (In any case) this provision must be made in a becoming manner. This is compulsory for the pious.

وَإِن طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَن يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ وَأَن تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَلَا تَنسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (237)

ترجمہ: اوراگرتم نے انہیں چھونے سے پہلے طلاق دے دی درآنحالیکہ تم ان کا مَہر مقرر کر چکے تھے تو اس مہر کا جو تم نے مقرر کیا تھا نصف دینا ضروری ہے سوائے اس کے کہ وہ (اپنا حق) خود معاف کر دیں یا وہ (شوہر) جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہے معاف کر دے (یعنی بجائے نصف کے زیادہ یا پورا ادا کر دے)، اور (اے مردو!) اگر تم معاف کر دو تو یہ تقویٰ کے قریب تر ہے، اور (کشیدگی کے ان لمحات میں بھی) آپس میں احسان کرنا نہ بھولا کرو، بیشک اللہ تمہارے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہےO

And if you divorce them before you have touched them, after you have fixed a dower for them, then paying half of the dower you have fixed is necessary, unless they forgo (their right) themselves, or (the husband) in whose hand is the marriage tie forgoes (i.e., pays more than half or full). And, (O male folk,) if you forgo, that is closer to Godwariness. And never forget extending generosity (and behaving excellently) towards each other (even in these moments of stress and strain). Verily, Allah observes well what you do.

وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجاً وَصِيَّةً لِّأَزْوَاجِهِم مَّتَاعاً إِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ إِخْرَاجٍ فَإِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِي مَا فَعَلْنَ فِي أَنفُسِهِنَّ مِن مَّعْرُوفٍ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (240)

ترجمہ: اورتم میں سے جو لوگ فوت ہوں اور (اپنی) بیویاں چھوڑ جائیں ان پر لازم ہے کہ (مرنے سے پہلے) اپنی بیویوں کے لئے انہیں ایک سال تک کا خرچہ دینے (اور) اپنے گھروں سے نہ نکالے جانے کی وصیّت کر جائیں، پھر اگر وہ خود (اپنی مرضی سے) نکل جائیں تو دستور کے مطابق جو کچھ بھی وہ اپنے حق میں کریں تم پر اس معاملے میں کوئی گناہ نہیں، اور اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےO

And those of you who die and leave (their) widows behind must leave a will for their widows (before they die) to provide them for their maintenance for one year (and) not to turn them out of their houses. But if they themselves walk out (on their own), then there is no sin on you for whatever they may do for themselves according to usage. And Allah is Almighty, Most Wise.

وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقّاً عَلَى الْمُتَّقِينَ (241)

ترجمہ: اورطلاق یافتہ عورتوں کو بھی مناسب طریقے سے خرچہ دیا جائے، یہ پرہیزگاروں پر واجب ہےO

And the divorced women must also be provided with maintenance

according to what is fair. This is compulsory for the pious.

كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (242)

ترجمہ: اسی طرح اللہ تمہارے لئے اپنے احکام واضح فرماتا ہے تاکہ تم سمجھ سکوo

Thus Allah makes His commandments clear to you so that you may understand.

سورۃ النساء:

وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُواْ فِي الْيَتَامَى فَانكِحُواْ مَا طَابَ لَكُم مِّنَ النِّسَاء مَثْنَى وَثُلاَثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُواْ فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ ذَلِكَ أَدْنَى أَلَّا تَعُولُواْ (3)

ترجمہ: اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے تو ان عورتوں سے نکاح کرو جو تمہارے لئے پسندیدہ اور حلال ہوں، دو دو اور تین تین اور چار چار (مگر یہ اجازت بشرطِ عدل ہے) پھر اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم (زائد بیویوں میں) عدل نہیں کر سکو گے تو صرف ایک ہی عورت سے (نکاح کرو) یا وہ کنیزیں جو (شرعاً) تمہاری ملکیت میں آئی ہوں، یہ بات اس سے قریب تر ہے کہ تم سے ظلم نہ ہوo

And if you have the apprehension that you will not be able to treat the orphan girls justly, then marry the women you like and who are lawful for you, two or three or four (but this sanction is conditional on justice). But if you fear that you will not be able to treat (more than one wife) justly, then (marry) only one woman or the maids who have come under your possession (according to the Islamic law). This makes it more likely that you restrain yourselves from committing injustice.

وَآتُواْ النِّسَاء صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً فَإِن طِبْنَ لَكُمْ عَن شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْساً فَكُلُوهُ هَنِيئاً مَّرِيئاً (4)

ترجمہ: اور عورتوں کو ان کے مہر خوش دلی سے ادا کیا کرو، پھر اگر وہ اس (مہر) میں سے کچھ تمہارے لئے اپنی خوشی سے چھوڑ دیں تو تب اسے (اپنے لئے) سازگار اور خوشگوار سمجھ کر کھاؤo

And pay the women their dower with a pleased heart. Then if they forgo for you some (of the dower) out of their own pleasure, you may consume it as pleasant and favourable (for you).

وَاللَّاتِي يَأْتِينَ الْفَاحِشَةَ مِن نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُواْ عَلَيْهِنَّ أَرْبَعةً مِّنكُمْ فَإِن شَهِدُواْ فَأَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيُوتِ حَتَّىَ يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ يَجْعَلَ اللّهُ لَهُنَّ سَبِيلاً (15)

ترجمہ: اور تمہاری عورتوں میں سے جو بدکاری کا ارتکاب کر بیٹھیں تو ان پر اپنے لوگوں میں سے چار مردوں کی گواہی طلب کرو، پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند کر دو یہاں تک کہ موت ان کے لئے عرصۂ حیات کو پورا کر دے یا اللہ ان کے لئے کوئی راہ (یعنی نیا حکم) مقرر فرما دےo

And those of your women who commit adultery, call in from your men four

witnesses against them. Then if they produce evidence, confine those women to their houses till death completes their term of life, or Allah ordains a way (i.e., a new injunction) for them.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـواْ لاَ يَـحِـلُّ لَكُمْ أَن تَرِثُواْ النِّسَاء كَرْهاً وَلاَ تَعْضُلُوهُنَّ لِتَذْهَبُواْ بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوهُنَّ إِلاَّ أَن يَأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ وَعَاشِرُوهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ فَإِن كَرِهْتُمُوهُنَّ فَعَسَى أَن تَكْرَهُواْ شَيْئاً وَيَجْعَلَ اللّهُ فِيْهِ خَيْراً كَثِيْراً(19)

ترجمہ: اے ایمان والو! تمہارے لئے یہ حلال نہیں کہ تم زبردستی عورتوں کے وارث بن جاؤ، اور انہیں اس غرض سے نہ روک رکھو کہ جو مال تم نے انہیں دیا تھا اس میں سے کچھ (واپس) لے جاؤ سوائے اس کے کہ وہ کھلی بدکاری کی مرتکب ہوں، اور ان کے ساتھ اچھے طریقے سے برتاؤ کرو، پھر اگر تم انہیں نہ پسند کرتے ہو تو ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور اللہ اس میں بہت سی بھلائی رکھ دے۔O

O believers! It is not lawful for you to become heirs to women by force. And do not retain them by force in order to take (back) from them a portion of what you gave them, unless they commit open indecency. And treat them honourably. Then if you dislike them, it may be that you dislike a thing and Allah places in it abundant good.

وَإِنْ أَرَدتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنطَاراً فَلاَ تَأْخُذُواْ مِنْهُ شَيْئاً أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَاناً وَإِثْماً مُّبِيْناً (20)

ترجمہ: اور اگر تم ایک بیوی کے بدلے دوسری بیوی بدلنا چاہو اور تم اسے ڈھیروں مال دے چکے ہو تب بھی اس میں سے کچھ واپس مت لو، کیا تم ناحق الزام اور صریح گناہ کے ذریعے وہ مال (واپس) لینا چاہتے ہو؟O

And if you seek to take a wife in place of another and you have (by now) given to her heaps of wealth, yet do not take back any part of it. Do you want to take that wealth (back) by means of unjust accusation and manifest sin?

وَكَيْفَ تَأْخُذُونَهُ وَقَدْ أَفْضَى بَعْضُكُمْ إِلَى بَعْضٍ وَأَخَذْنَ مِنكُم مِّيْثَاقاً غَلِيْظاً (21)

ترجمہ: اور تم اسے کیسے واپس لے سکتے ہو حالانکہ تم ایک دوسرے سے پہلو بہ پہلو مل چکے ہو اور وہ تم سے پختہ عہد (بھی) لے چکی ہیںO

And how can you take it back whilst you have had marital relations with each other, and they have (also) taken a firm promise from you?

وَلاَ تَنكِحُواْ مَا نَكَحَ آبَاؤُكُم مِّنَ النِّسَاء إِلاَّ مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَمَقْتاً وَسَاء سَبِيْلاً (22)

ترجمہ: اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ دادا نکاح کر چکے ہوں مگر جو (اس حکم سے پہلے) گزر چکا (وہ معاف ہے)، بیشک یہ بڑی بے حیائی اور غضب (کا باعث) ہے اور بہت بری روش ہےO

And do not marry women whom your fathers and forefathers married. But that which has passed (before this command is forgiven). It is indeed highly indecent, infuriating and an evil custom.

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالاَتُكُمْ وَبَنَاتُ الأَخِ وَبَنَاتُ الأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللاَّتِي أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوَاتُكُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللاَّتِي فِي حُجُورِكُم مِّن نِّسَآئِكُمُ اللاَّتِي دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ تَكُونُواْ دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلاَئِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلاَبِكُمْ وَأَن تَجْمَعُواْ بَيْنَ الأُخْتَيْنِ إِلاَّ مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّ اللّهَ كَانَ غَفُوراً رَّحِيماً(23)

ترجمہ: تم پر تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپھیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری (وہ) مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا وہ اور تمہاری رضاعت میں شریک بہنیں اور تمہاری بیویوں کی مائیں (سب) حرام کر دی گئی ہیں اور (اسی طرح) تمہاری گود میں پرورش پانے والی وہ لڑکیاں جو تمہاری ان عورتوں (کے بطن) سے ہیں جن سے تم صحبت کر چکے ہو (بھی حرام ہیں) پھر اگر تم نے ان سے صحبت نہ کی ہو تو تم پر (ان کی لڑکیوں سے نکاح کرنے میں) کوئی حرج نہیں اور تمہارے ان بیٹوں کی بیویاں (بھی تم پر حرام ہے) جو تمہاری پشت سے ہیں اور یہ (بھی حرام ہے) کہ تم دونوں بہنوں کو ایک ساتھ (نکاح میں) جمع کرو سوائے اس کے کہ جو دور جہالت میں گزر چکا۔ بیشک اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےO

Forbidden to you are your mothers and your daughters and your sisters and your father's sisters and your mother's sisters and your brother's daughters and sister's daughters and your mothers (who) have suckled you, your foster sisters and mothers of your wives. And (similarly) your stepdaughters brought up under your parentage born of your women with whom you have had marital relations (are also forbidden to you.) If you have not had martial relations, then there is no harm (in marrying their daughters). Also forbidden are the wives of your real sons who are of your loins, and having (in marriage) two sisters together, except what has passed in the days of ignorance. Allah indeed is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاء إِلاَّ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ كِتَابَ اللّهِ عَلَيْكُمْ وَأُحِلَّ لَكُم مَّا وَرَاء ذَلِكُمْ أَن تَبْتَغُواْ بِأَمْوَالِكُم مُّحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُم بِهِ مِنْهُنَّ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً وَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا تَرَاضَيْتُم بِهِ مِن بَعْدِ الْفَرِيضَةِ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلِيماً حَكِيماً (24)

ترجمہ: اور شوہر والی عورتیں (بھی تم پر حرام ہیں) سوائے ان (جنگی قیدی عورتوں) کے جو تمہاری مِلک میں آ جائیں، (ان احکامِ حرمت کو) اللہ نے تم پر فرض کر دیا ہے، اور ان کے سوا (سب عورتیں) تمہارے لئے حلال کر دی گئی ہیں تاکہ تم اپنے اموال کے ذریعے طلبِ نکاح کرو پاکدامن رہتے ہوئے نہ کہ شہوت رانی کرتے ہوئے، پھر ان میں سے جن سے تم نے اس (مال) کے عوض فائدہ اٹھایا ہے انہیں ان کا مقرر شدہ مہر ادا کر دو، اور تم پر اس مال کے بارے میں کوئی گناہ نہیں جس پر تم مہر مقرر کرنے کے بعد باہم رضامند ہو جاؤ، بیشک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےO

And (forbidden to you are also) women having husbands except those (prisoners of war) who come into your legal possession. Allah has prescribed for you (these prohibitions). And (all women) other than these are made lawful for you, so that you may wish them for marriage by means of your money (i.e.,

dower), maintaining chastity and not in pursuit of satisfying lust. Then those of them from whom you have received benefit in exchange for that (money), pay them their fixed dowers. And there is no sin on you pertaining to the money on which you mutually agree after fixing the dower. Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنكُمْ طَوْلاً أَن يَنكِحَ الْمُحْصَنَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ فَمِن مَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُم مِّن فَتَيَاتِكُمُ الْمُؤْمِنَاتِ وَاللّهُ أَعْلَمُ بِإِيْمَانِكُمْ بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ فَانكِحُوهُنَّ بِإِذْنِ أَهْلِهِنَّ وَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ مُحْصَنَاتٍ غَيْرَ مُسَافِحَاتٍ وَلاَ مُتَّخِذَاتِ أَخْدَانٍ فَإِذَا أُحْصِنَّ فَإِنْ أَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنَاتِ مِنَ الْعَذَابِ ذَلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ وَأَن تَصْبِرُواْ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ25)

ترجمہ: اورتم میں سے جوکوئی (اتنی) استطاعت نہ رکھتا ہوکہ آزاد مسلمان عورتوں سے نکاح کرسکےتوان مسلمان کنیزوں سے نکاح کرلے جو(شرعاً) تمہاری ملکیت میں ہیں،اوراللہ تمہارے ایمان (کی کیفیت) کوخوب جانتا ہے،تم (سب) ایک دوسرے کی جنس میں سے ہی ہو،پس ان (کنیزوں) سے ان کے مالکوں کی اجازت کے ساتھ نکاح کرواورانہیں ان کے مہر حسبِ دستورادا کرودرآنحالیکہ وہ (عفت قائم رکھتے ہوئے) قیدِ نکاح میں آنے والی ہوں نہ بدکاری کرنے والی ہوں اورنہ درپردہ آشنائی کرنے والی ہوں،پس جب وہ نکاح کے حصار میں آجائیں پھراگر بدکاری کی مرتکب ہوں توان پراس سزا کی آدھی سزالازم ہے جوآزاد (کنواری) عورتوں کے لئے (مقرر) ہے،یہ اجازت اس شخص کے لئے ہے جسے تم میں سے گناہ (کے ارتکاب) کا اندیشہ ہو،اور اگرتم صبرکروتو(یہ) تمہارے حق میں بہتر ہے،اوراللہ بخشنے والامہربان ہےo

And whoever of you cannot afford to marry free believing women may marry those believing slave girls who are in your possession (under Islamic law). And Allah knows best (the state of) your belief. You (all) are one from another. So, marry these (slave girls) with the permission of their masters, and pay them their dowers according to custom, provided they are wedlocked (being chaste), neither committing illegal sex, nor taking secret lovers. If they commit fornication after they have entered into wedlock, their punishment will be the half of that (appointed) for free (unmarried) women. This permission is for him amongst you who fears (indulging in) sin, and if you practise self-restraint, that is better for you. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَلاَ تَتَمَنَّوْاْ مَا فَضَّلَ اللّهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُواْ وَلِلنِّسَاء نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ وَاسْأَلُواْ اللّهَ مِن فَضْلِهِ إِنَّ اللّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (32)

ترجمہ: اورتم اس چیز کی تمنا نہ کیا کروجس میں اللہ نے تم میں سے بعض کوبعض پرفضیلت دی ہے،مردوں کے لیےاس میں سے حصہ ہے جوانہوں نے کمایا،اورعورتوں کے لیےاس میں سے حصہ ہے جوانہوں نے کمایا،اوراللہ سےاس کافضل مانگا کرو،بےشک اللہ ہرچیزکوخوب جاننے والا ہےo

And do not long for the thing in which Allah has made some of you superior to others. Men will have a share of what they earn, and women will have a share

of what they earn, and keep begging Allah for His bounty.Surely, Allah knows best everything .

الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاء بِمَا فَضَّلَ اللّهُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَبِمَا أَنفَقُواْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ فَالصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ حَافِظَاتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّهُ وَاللاَّتِي تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ وَاهْجُرُوهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوهُنَّ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلاَ تَبْغُواْ عَلَيْهِنَّ سَبِيلاً إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلِيّاً كَبِيراً (34)

ترجمہ: مرد عورتوں پر محافظ و منتظم ہیں اس لئے کہ اللہ نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اور اس وجہ سے (بھی) کہ مرد (ان پر) اپنے مال خرچ کرتے ہیں، پس نیک بیویاں اطاعت شعار ہوتی ہیں شوہروں کی عدم موجودگی میں اللہ کی حفاظت کے ساتھ (اپنی عزت کی) حفاظت کرنے والی ہوتی ہیں اور تمہیں جن عورتوں کی نافرمانی و سرکشی کا اندیشہ ہو تو انہیں نصیحت کرو اور (اگر نہ سمجھیں تو) انہیں خوابگاہوں میں (خود سے) علیٰحدہ کر دو اور (اگر پھر بھی اصلاح پزیر نہ ہوں تو) انہیں (تادیباً ہلکا سا) مارو پھر اگر وہ تمہاری فرمانبردار ہو جائیں تو ان پر (ظلم کا) کوئی راستہ تلاش نہ کرو، بیشک اللہ سب سے بلند سب سے بڑا ہےo

Men are the protectors and maintainers of women, because of the bounties Allah has given to some more than others, and because they spend out of their wealth (to support the women), so righteous women are sincere and pious, being guards in the absence (of their husbands) of what Allah has (enjoined to be) guarded. As for those (wives) you fear rebellious conduct on their part, (first) advise them, and (if ineffective) leave them alone in their beds, and (as a last resort) turn away from them, striking a temporary separation. Then if they cooperate you, do not seek any course (of action) against them. Indeed, Allah is All-Exalted, All-Great.

وَإِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُواْ حَكَماً مِّنْ أَهْلِهِ وَحَكَماً مِّنْ أَهْلِهَا إِن يُرِيْدَا إِصْلاَحاً يُوَفِّقِ اللّهُ بَيْنَهُمَا إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلِيْماً خَبِيْراً(35)

ترجمہ: اور اگر تمہیں ان دونوں کے درمیان مخالفت کا اندیشہ ہو تو تم ایک منصف مرد کے خاندان سے اور ایک منصف عورت کے خاندان سے مقرر کر لو، اگر وہ دونوں (منصف) صلح کرانے کا ارادہ رکھیں تو اللہ ان دونوں کے درمیان موافقت پیدا فرما دے گا، بیشک اللہ خوب جاننے والا خبردار ہےo

And if you fear a breach between the two, then appoint one arbitrator from the husband's family and the other from the wife's family. If both (the arbitrators) resolve to bring about settlement, Allah will create harmony between them. Indeed, Allah is All-Knowing, All-Aware.

وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِن بَعْلِهَا نُشُوزاً أَوْ إِعْرَاضاً فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَن يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحاً وَالصُّلْحُ خَيْرٌ وَأُحْضِرَتِ الأَنفُسُ الشُّحَّ وَإِن تُحْسِنُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ اللّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيْراً (128)

ترجمہ: اور اگر کوئی عورت اپنے شوہر کی جانب سے زیادتی یا بے رغبتی کا خوف رکھتی ہو تو دونوں (میاں بیوی) پر کوئی حرج نہیں کہ وہ آپس میں کسی مناسب بات پر صلح کر لیں، اور صلح (حقیقت میں) اچھی چیز ہے اور طبیعتوں میں (تھوڑا بہت) بخل (ضرور) رکھ

دیا گیا ہے، اور اگر تم احسان کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تو بیشک اللہ ان کاموں سے جو تم کر رہے ہو (اچھی طرح) خبردار ہےo

If a woman fears maltreatment or indifference on the part of her husband, there is no harm if both (husband and wife) reconcile on some appropriate accord, and reconciliation (in truth) is best. The human nature has (no doubt) been made (more or less) self-seeking, but if you practise benevolence and guard yourselves against evil, Allah is indeed Well Aware of the works that you do.

وَلَن تَسْتَطِيعُواْ أَن تَعْدِلُواْ بَيْنَ النِّسَاء وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلاَ تَمِيلُواْ كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا كَالْمُعَلَّقَةِ وَإِن تُصْلِحُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ اللّهَ كَانَ غَفُوراً رَّحِيماً (129)

ترجمہ: اور تم ہرگز اس بات کی طاقت نہیں رکھتے کہ (ایک سے زائد) بیویوں کے درمیان (پورا پورا) عدل کر سکو اگرچہ تم کتنا بھی چاہو۔ پس (ایک کی طرف) پورے میلانِ طبع کے ساتھ (یوں) نہ جھک جاؤ کہ دوسری کو (درمیان میں) لٹکتی ہوئی چیز کی طرح چھوڑ دو۔ اور اگر تم اصلاح کر لو اور (حق تلفی و زیادتی سے) بچتے رہو تو اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

And you simply do not have the ability to do (ideal) justice amongst your (more than one) wives, however ardently you may desire to do it. Do not, therefore, incline with absolute fondness (towards one, thus) leaving the other like something suspended (in the midst). But if you mend your ways and refrain (from injustice and maltreatment), Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَإِن يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّهُ كُلاًّ مِّن سَعَتِهِ وَكَانَ اللّهُ وَاسِعاً حَكِيماً (130)

ترجمہ: اور اگر دونوں (میاں بیوی) جدا ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو اپنی کشائش سے (ایک دوسرے سے) بے نیاز کر دے گا اور اللہ بڑی وسعت والا بڑی حکمت والا ہےo

And if both (husband and wife) end up in separation, Allah will make each of them independent (of the other) out of His own abundance and Allah is All-Embracing, Most Wise.

سورۃ المائدہ:

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلاَ مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ وَمَن يَكْفُرْ بِالإِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ(5)

ترجمہ: آج تمہارے لئے پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں، اور ان لوگوں کا ذبیحہ (بھی) جنہیں (الہامی) کتاب دی گئی تمہارے لئے حلال ہے، اور (اسی طرح) پاک دامن مسلمان عورتیں اور ان لوگوں میں سے پاک دامن عورتیں جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی (تمہارے لئے حلال ہے) جب کہ تم انہیں ان کے مہر ادا کر دو، (مگر شرط) یہ کہ تم (انہیں) قیدِ نکاح میں لانے والے (عفت شعار) بنو نہ کہ (محض ہوس رانی کی خاطر) اعلانیہ بدکاری کرنے والے اور نہ خفیہ آشنائی کرنے والے، اور جو شخص (احکام الٰہی پر) ایمان (لانے) سے انکار کرے تو اس کا سارا عمل برباد ہو گیا اور وہ آخرت میں (بھی) نقصان اٹھانے والوں میں سے

ہوگاo

This day, good and pure things have been made lawful for you. And the sacrificed animal of those given the (Revealed) Book is (also) lawful for you, whilst your sacrificed animal is lawful for them. And (likewise) chaste Muslim women as well as chaste women from amongst those given the Book before you (are lawful for you) when you have paid them their dower, (provided) you marry them for a conjugal life (adhering to chasteness and decency), and not for open lasciviousness (merely satisfying your lust), nor for secret love affairs. The one who denies faith (in the commandments of Allah), all his work is ruined, and he will (also) be amongst the losers in the Hereafter.

سورۃ النور:

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُوْلَئِكَ مُبَرَّؤُونَ مِمَّا يَقُولُونَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ (26)

ترجمہ: ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لیے (مخصوص) ہیں اور پلید مرد پلید عورتوں کے لیے ہیں، اور (اسی طرح) پاک وطیب عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے (مخصوص) ہیں اور پاک وطیب مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں (سو تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاکیزگی وطہارت کو دیکھ کر خود سوچ لیتے کہ اللہ نے ان کے لیے زوجہ بھی کس قدر پاکیزہ وطیب بنائی ہوگی)، یہ (پاکیزہ لوگ) ان (تہمتوں) سے کلیتًا بری ہیں جو یہ (بدزبان) لوگ کہہ رہے ہیں، ان کے لیے (تو) بخشائش اور عزت وبزرگی والی عطا (مقدر ہو چکی) ہے (تم ان کی شان میں زبان درازی کر کے کیوں اپنا منہ کالا اور اپنی آخرت تباہ وبرباد کرتے ہو)o

Unclean women are (particular) for unclean men, while unclean men are meant for unclean women. And, (likewise,) clean and chaste women are (specific) to clean and pious men, whilst clean and pious men are exclusively for clean and chaste women. (So keeping in view the holiness, sanctity and purity of the Holy Prophet, you yourselves could imagine how pure, wholesome and chaste a wife Allah would have raised for him.) These (pure, innocent and pious people) are totally free from these (slanders), which these (foul-mouthed) people are levelling. Forgiveness and bestowal of honour and dignity have been (destined) for them. (Why do you ruin your life after death and earn disgrace and humiliation by denigrating his glory?)

وَقُل لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَى جُيُوبِهِنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاء بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاء بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِينَ غَيْرِ أُوْلِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَى عَوْرَاتِ النِّسَاء وَلَا يَضْرِبْنَ بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعاً أَيُّهَا

الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (31)

ترجمہ: اورآپ مومن عورتوں سے فرمادیں کہ وہ (بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اوراپنی شرم گاہوں کی حفاظت کیا کریں اوراپنی آرائش وزیبائش کوظاہر نہ کیا کریں سوائے (اسی حصہ) کے جواس میں سے خود ظاہر ہوتا ہے اوروہ اپنے سروں پراوڑھے ہوئے دوپٹے (اور چادریں) اپنے گریبانوں اورسینوں پر (بھی) ڈالے رہا کریں اوروہ اپنے بناؤ سنگھار کو (کسی پر) ظاہر نہ کیا کریں سوائے اپنے شوہروں کے یااپنے باپ دادایااپنے شوہروں کے باپ دادا کے یااپنے بیٹوں یااپنے شوہروں کے بیٹوں کے یااپنے بھائیوں یااپنے بھتیجوں یااپنے بھانجوں کے یااپنی (ہم مذہب، مسلمان) عورتوں یااپنی مملوکہ باندیوں کے یامردوں میں سے وہ خدمت گار جوخواہش وشہوت سے خالی ہوں یاوہ بچے جو (کم سنی کے باعث ابھی) عورتوں کی پردہ والی چیزوں سے آگاہ نہیں ہوئے (یہ بھی مستثنٰی ہیں) اورنہ (چلتے ہوئے) اپنے پاؤں (زمین پراس طرح) مارا کریں کہ (پیروں کی جھنکار سے) ان کا وہ سنگھار معلوم ہوجائے جسے وہ (حکمِ شریعت سے) پوشیدہ کیے ہوئے ہیں، اورتم سب کے سب اللہ کے حضورتوبہ کرواے مومنو! تاکہ تم (ان احکام پرعمل پیراہوکر) فلاح پاجاؤO

And direct the believing women that they (too) must keep their eyes lowered and guard their chastity, and must not show off their adornments and beautification except that (part of it) which becomes visible itself. And they must keep their veils (and head-coverings) drawn over their chests (too), and must not display their adornments (to anyone) except their husbands, or their fathers or the fathers of their husbands, or their sons or the sons of their husbands, or their brothers or the sons of their brothers or the sons of their sisters, or (the women of) their (own faith, the Muslim) women or their female slaves or such male servants as are free from any lust and sexual urge, or the children who (being minor) have (yet) no sense of women's private parts. (They too are exceptions.) Nor must they (whilst walking) strike their feet (on the ground in such a manner that ornaments jingle and) thus get revealed and known what they are keeping hidden (under the command of Shariah). And turn to Allah, all of you, in repentance, O believers, so that you may prosper (by implementing these commandments).

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَاء اللَّاتِي لَا يَرْجُونَ نِكَاحاً فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ أَن يَضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ مُتَبَرِّجَاتٍ بِزِينَةٍ وَأَن يَسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (60)

ترجمہ: اوروہ بوڑھی خانہ نشین عورتیں جنہیں (اب) نکاح کی خواہش نہیں رہی ان پراس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ وہ اپنے (اوپر سے ڈھانپنے والے اضافی) کپڑے اتارلیں بشرطیکہ وہ (بھی) اپنی آرائش کوظاہر کرنے والی نہ بنیں، اوراگروہ (مزید) پرہیزگاری اختیارکریں (یعنی زائداوڑھنے والے کپڑے بھی نہ اتاریں) توان کے لیے بہتر ہے، اوراللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےO

And there is no sin on those elderly house-confined women who have no desire (now) for marriage if they lay aside their garments (i.e., additional outer coverings), provided they (too) do not show their adornment. And if they are

(more) committed to self-restraint (i.e., do not remove additional outer coverings as well), that is better for them. And Allah is All-Hearing, All-Knowing.

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى أَنفُسِكُمْ أَن تَأْكُلُوا مِن بُيُوتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ آبَائِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أُمَّهَاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ إِخْوَانِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَخَوَاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَعْمَامِكُمْ أَوْ بُيُوتِ عَمَّاتِكُمْ أَوْ بُيُوتِ أَخْوَالِكُمْ أَوْ بُيُوتِ خَالَاتِكُمْ أَوْ مَا مَلَكْتُم مَّفَاتِحَهُ أَوْ صَدِيقِكُمْ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَأْكُلُوا جَمِيعاً أَوْ أَشْتَاتاً فَإِذَا دَخَلْتُم بُيُوتاً فَسَلِّمُوا عَلَى أَنفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ **(61)**

ترجمہ: اندھے پر کوئی رکاوٹ نہیں اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے اور نہ بیمار پر کوئی گناہ ہے اور نہ خود تمہارے لیے (کوئی مضائقہ ہے) کہ تم اپنے گھروں سے (کھانا) کھا لو یا اپنے باپ دادا کے گھروں سے یا اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جن گھروں کی کنجیاں تمہارے اختیار میں ہیں (یعنی جن میں ان کے مالکوں کی طرف سے تمہیں ہر قسم کے تصرّف کی اجازت ہے) یا اپنے دوستوں کے گھروں سے (کھانا کھا لینے میں مضائقہ نہیں)، تم پر اس بات میں کوئی گناہ نہیں کہ تم سب کے سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ، پھر جب تم گھروں میں داخل ہوا کرو تو اپنے (گھر والوں) پر سلام کہا کرو (یہ) اللہ کی طرف سے بابرکت پاکیزہ دعا ہے، اس طرح اللہ اپنی آیتوں کو تمہارے لیے واضح فرماتا ہے تاکہ تم (احکامِ شریعت اور آدابِ زندگی کو) سمجھ سکو○

There is no restriction on the blind, nor any blame on the lame, nor is there any sin on the sick, nor (any harm) for you if you eat (food) from your own houses or from the houses of your fathers, or the houses of your mothers, or the houses of your brothers, or the houses of your sisters, or the houses of your fathers' brothers, or the houses of your fathers' sisters, or the houses of your mothers' brothers, or the houses of your mothers' sisters, or the houses whose keys are in your charge (i.e., whose owners have permitted you for any use. Nor is there any harm to eat food) from your friends' houses. There is no sin on you whether you all eat together or separately. Then, when you enter the houses, greet (the members of) your (family) with the greeting of peace and security. (This) is a blissful and pure greeting from Allah. Thus Allah makes clear His Verses for you so that you may understand (the commands of the Shariah and the manners of life).

سورۃ الاحزاب:

وَإِذْ تَقُولُ لِلَّذِي أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللَّهَ وَتُخْفِي فِي نَفْسِكَ مَا اللَّهُ مُبْدِيهِ وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللَّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَاهُ فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَراً زَوَّجْنَاكَهَا لِكَيْ لَا يَكُونَ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ حَرَجٌ فِي أَزْوَاجِ أَدْعِيَائِهِمْ إِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَراً وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولاً **(37)**

ترجمہ: اور (اے حبیب!) یاد کیجئے جب آپ نے اس شخص سے فرمایا جس پر اللہ نے انعام فرمایا تھا اور اس پر آپ نے (بھی) اِنعام فرمایا تھا کہ تُو اپنی بیوی (زینب) کو اپنی زوجیت میں روکے رکھ اور اللہ سے ڈر، اور آپ اپنے دل میں وہ بات ☆ پوشیدہ رکھ رہے تھے جسے اللہ ظاہر فرمانے والا تھا اور آپ (دل میں حیاء ۙ) لوگوں (کی طعنہ زنی) کا خوف رکھتے تھے۔ (اے حبیب! لوگوں کو خاطر میں لانے کی کوئی ضرورت نہ تھی) اور فقط اللہ ہی زیادہ حق دار ہے کہ آپ اس کا خوف رکھیں (اور وہ آپ سے بڑھ کر کس میں ہے؟)، پھر جب (آپ کے متبنّٰی) زید نے اسے طلاق دینے کی غرض پوری کر لی، تو ہم نے اس سے آپ کا نکاح کر دیا تاکہ مومنوں پر ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (کے ساتھ نکاح) کے بارے میں کوئی حَرَج نہ رہے جبکہ (طلاق دے کر) وہ ان سے بے غَرض ہو گئے ہوں، اور اللہ کا حکم تو پورا کیا جانے والا ہی تھا○

☆: (کہ زینب کی تمہارے ساتھ مصالحت نہ ہو سکے گی اور منشاءِ ایزدی کے تحت وہ طلاق کے بعد اَزواجِ مطہرات میں داخل ہوں گی۔)

And, (O Beloved, recall) when you said to him whom Allah had favoured and whom you (too) had done a favour: 'Keep your wife (Zaynab) with you in the bond of marriage and fear Allah.' And you were keeping that secret* in your heart which Allah was about to reveal. And you had (out of decency) the fear of the (scoffs of) people (in your heart. O Beloved! You need not have cared for people). And Allah alone has a greater right that you should fear Him (and who is more Godfearing than you!) So when (your adopted son) Zayd fulfilled his desire to divorce her, We married her to you so that there is no blame on the believers for (marrying) the wives of their adopted sons, whilst they have no desire for them (after divorce).

And carrying out Allah's command was a must.

*** That Zaynab would not be able to reconcile with you, and according to Allah's will she would be admitted to 'the pure wives' after her divorce.**

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُوا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا فَمَتِّعُوهُنَّ وَسَرِّحُوهُنَّ سَرَاحاً جَمِيْلاً (49)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو پھر تم انہیں طلاق دے دو قبل اس کے کہ تم انہیں مَس کرو (یعنی خلوتِ صحیحہ کرو) تو تمہارے لیے ان پر کوئی عدّت (واجب) نہیں ہے کہ تم اسے شمار کرنے لگو، پس انہیں کچھ مال و متاع دو اور انہیں اچھی طرح حُسنِ سلوک کے ساتھ رخصت کرو○

O believers! When you marry the believing women and then divorce them before you have touched them (i.e., had sexual intercourse with them), then no waiting period is (obligatory) on them for you which you may start counting. So give them some provision, and send them off nicely extending to them kindness.

إِن تُبْدُوا شَيْئاً أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً (54)

ترجمہ: خواہ تم کسی چیز کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

Whether you disclose something or conceal it, Allah is certainly the Most Perfect Knower of everything.

لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِي آبَائِهِنَّ وَلَا أَبْنَائِهِنَّ وَلَا إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاء إِخْوَانِهِنَّ وَلَا أَبْنَاء أَخَوَاتِهِنَّ وَلَا نِسَائِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ وَاتَّقِينَ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيداً (55)

ترجمہ: ان پر (پردہ نہ کرنے میں) کوئی گناہ نہیں اپنے (حقیقی) آباء سے، اور نہ اپنے بیٹوں سے اور نہ اپنے بھائیوں سے، اور نہ اپنے بھتیجوں سے اور نہ اپنے بھانجوں سے اور نہ اپنی (مسلم) عورتوں اور نہ اپنی مملوک باندیوں سے، تم اللہ کا تقوٰی (برقرار) رکھو، بے شک اللہ ہر چیز پر گواہ و نگہبان ہےo

There is no sin on them (if they do not veil themselves) from their (real) fathers, and their sons, their brothers, their brothers' sons, their sisters' sons, their own (Muslim) women and from those slave girls whom they possess. And keep fearing Allah. Surely, Allah is Witness to and Ever-Watchful over everything.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاء الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِن جَلَابِيبِهِنَّ ذَلِكَ أَدْنَى أَن يُعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (59)

ترجمہ: اے نبی! اپنی بیویوں اور اپنی صاحبزادیوں اور مسلمانوں کی عورتوں سے فرما دیں کہ (باہر نکلتے وقت) اپنی چادریں اپنے اوپر اوڑھ لیا کریں، یہ اس بات کے قریب تر ہے کہ وہ پہچان لی جائیں (کہ یہ پاک دامن آزاد عورتیں ہیں) پھر انہیں (آوارہ باندیاں سمجھ کر غلطی سے) ایذاء نہ دی جائے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

O Prophet! Say to your wives, your daughters and the women of believers that, (whilst going out,) they should draw their veils as coverings over them. It is more likely that this way they may be recognized (as pious, free women), and may not be hurt (considered by mistake as roving slave girls). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الزخرف:

أَوَمَن يُنَشَّأُ فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِينٍ (18)

ترجمہ: اور کیا (اللہ اپنے امور میں شراکت و معاونت کے لیے اسے اولاد بنائے گا) جو زیور و زینت میں پرورش پائے اور (نرمیٔ طبع اور شرم و حیاء کے باعث) جھگڑے میں واضح (رائے کا اظہار کرنے والی بھی) نہ ہوo

And (will Allah make her His offspring for partnership and assistance in His affairs) who is raised in refinery and is not bold (in giving her opinion expressly) in a contention (owing to her mild, modest and feminine temperament)?

سورۃ الحجرات:

يَـا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَومٌ مِّن قَوْمٍ عَسَى أَن يَكُونُوا خَيْراً مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاء مِّن نِّسَاء عَسَى أَن يَكُنَّ خَيْراً مِّنْهُنَّ وَلَا تَـلْـمِـزُوا أَنـفُسَـكُـمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيْمَانِ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (11)

ترجمہ: اے ایمان والو! کوئی قوم کسی قوم کا مذاق نہ اڑائے ممکن ہے وہ لوگ اُن (تمسخر کرنے والوں) سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں ہی دوسری عورتوں کا (مذاق اڑائیں) ممکن ہے وہی عورتیں اُن (مذاق اڑانے والی عورتوں) سے بہتر ہوں، اور نہ آپس میں طعنہ زنی اور الزام تراشی کیا کرو اور نہ ایک دوسرے کے برے نام رکھا کرو، کسی کے ایمان (لانے) کے بعد اسے فاسق و بدکردار کہنا بہت ہی برا نام ہے، اور جس نے توبہ نہیں کی سو وہی لوگ ظالم ہیں o

O believers! Let no community ridicule another community. It is likely that they may be better than those (who ridicule). Nor should women make fun of other women. It is likely that they may be better than those (who make fun). And do not offend or find fault with one another, nor call each other names. Calling someone wicked or indecent after (he embraces) faith is an extremely evil name. And those who do not turn to Allah in repentance, it is they who are the wrongdoers.

سورۃ المجادلۃ:

قَدْ سَمِعَ اللَّهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْ إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا إِنَّ اللَّهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ (1)

ترجمہ: بے شک اللہ نے اس عورت کی بات سن لی ہے جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں تکرار کر رہی تھی اور اللہ سے فریاد کر رہی تھی، اور اللہ آپ دونوں کے باہمی سوال و جواب سن رہا تھا، بے شک اللہ خوب سننے والا خوب دیکھنے والا ہے o

Indeed, Allah has heard the words of the woman who was arguing with you about her husband and was pleading with Allah. And Allah was hearing the mutual questions and answers of both of you. Surely, Allah is All-Hearing, All-Seeing.

الَّـذِيْـنَ يُـظَاهِرُونَ مِنكُم مِّن نِّسَائِهِم مَّا هُنَّ أُمَّهَاتِهِمْ إِنْ أُمَّهَاتُهُمْ إِلَّا اللَّائِيْ وَلَدْنَهُمْ وَإِنَّهُمْ لَيَقُولُونَ مُنكَراً مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوراً وَإِنَّ اللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ (2)

ترجمہ: تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظِہار کر بیٹھتے ہیں (یعنی یہ کہہ بیٹھتے ہیں کہ تم مجھ پر میری ماں کی پشت کی طرح ہو)، تو (یہ کہنے سے) وہ اُن کی مائیں نہیں (ہو جاتیں)، اُن کی مائیں تو صرف وہی ہیں جنہوں نے اُن کو جَنا ہے، اور بے شک وہ لوگ بری اور جھوٹی بات کہتے ہیں، اور بے شک اللہ ضرور درگزر فرمانے والا بڑا بخشنے والا ہے o

Those of you who separate their wives by zihar (i.e., they say to their wives: You are to me as my mother's back. But by saying this) they do not become their mothers. Their mothers are only those who have given them birth. And no doubt they utter evil and false words. Surely, Allah is Most Forbearing, Most

Forgiving.

وَالَّذِيْنَ يُظَاهِرُوْنَ مِن نِّسَائِهِمْ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مِّن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا ذَلِكُمْ تُوْعَظُوْنَ بِهِ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (3)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کر بیٹھیں پھر جو کہا ہے اس سے پلٹنا چاہیں تو ایک گردن (غلام یا باندی) کا آزاد کرنا لازم ہے قبل اِس کے کہ وہ ایک دوسرے کو مَس کریں، تمہیں اس بات کی نصیحت کی جاتی ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہو○

And those who separate their wives by zihar, but then seek to go back on what they have said, setting free a neck (a slave) is obligatory before they touch each other. This is what you are admonished. And Allah is Well Aware of the works that you do.

فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِن قَبْلِ أَن يَتَمَاسَّا فَمَن لَّمْ يَسْتَطِعْ فَإِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْناً ذَلِكَ لِتُؤْمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ وَلِلْكَافِرِيْنَ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (4)

ترجمہ: پھر جسے (غلام یا باندی) میسّر نہ ہو تو دو ماہ متواتر روزے رکھنا (لازم ہے) قبل اِس کے کہ وہ ایک دوسرے کو مَس کریں، پھر جو شخص اِس کی (بھی) طاقت نہ رکھے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا (لازم ہے)، یہ اِس لیے کہ تم اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھو۔ اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدود ہیں، اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے○

But the one who does not find (a slave) must fast for two consecutive months (as an obligation) before they touch each other. Then someone who is unable to do that must feed sixty poor people (under obligation). That is in order that you may keep your belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). And these are the limits (set by) Allah. And there is a painful punishment for the disbelievers.

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِإِيْمَانِهِنَّ فَإِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ وَآتُوْهُم مَّا أَنفَقُوْا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوْهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوْهُنَّ أُجُوْرَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوْا مَا أَنفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوْا مَا أَنفَقُوْا ذَلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (10)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو انہیں اچھی طرح جانچ لیا کرو، اللہ اُن کے ایمان (کی حقیقت) سے خوب آگاہ ہے، پھر اگر تمہیں اُن کے مومن ہونے کا یقین ہو جائے تو انہیں کافروں کی طرف واپس نہ بھیجو، نہ یہ (مومنات) اُن (کافروں) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کفّار) اِن (مومن عورتوں) کے لیے حلال ہیں، اور اُن (کافروں) نے جو (مال بصورتِ مَہر اِن پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو ادا کر دو، اور تم پر اس (بات) میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اِن سے نکاح کر لو جبکہ تم اُن (عورتوں) کا مَہر انہیں ادا کر دو، اور (اے مسلمانو!) تم بھی کافر عورتوں کو (اپنے) عقدِ نکاح میں نہ روکے رکھو اور تم (کفّار

سے) وہ (مال) طلب کرلو جو تم نے (اُن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا اور وہ (کفّار تم سے) وہ (مال) مانگ لیں جو انہوں نے (اِن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا، یہی اللہ کا حکم ہے، اور وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرما رہا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےO

O believers! When the believing women come to you as Emigrants, examine them thoroughly. Allah is Well Aware of (the reality of) their faith. Then if you find with certitude that they are true believers, do not send them back to the disbelievers. Neither are they (the believing women) lawful for those disbelievers, nor are those disbelievers lawful for these (believing women). And pay them (the disbelievers) back the money which they spent (on them as dower). And there is no sin on you if you marry them whilst you pay these (women) their dower. And, O believers, do not hold back the disbelieving women in (your) wedlock, and ask (the disbelievers) for that (money) which you spent (on those women as dower), and they (the disbelievers) may also ask you for that (money) which they spent (on these women as dower). That is the command of Allah. And He judges between you. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن فَـاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِىْ أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ (11)

ترجمہ: اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی تم سے چھوٹ کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر (جب) تم جنگ میں غالب آجاؤ اور مالِ غنیمت پاؤ تو (اس میں سے) ان لوگوں کو جن کی عورتیں چلی گئی تھیں اس قدر (مال) ادا کردو جتنا وہ (اُن کے مَہر میں) خرچ کر چکے تھے، اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہوO

And if any of your wives deserts you and goes over to the disbelievers, then (when) you become dominant in war and gain spoils, pay (out of it) those whose wives deserted them as much (money) as they paid (to them as dower). And keep fearing Allah in Whom you believe.

سورۃ التغابن:

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوّاً لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (14)

ترجمہ: اے ایمان والو! بے شک تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں پس اُن سے ہوشیار رہو۔ اور اگر تم صرفِ نظر کرلو اور درگزر کرو اور معاف کردو تو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےO

O believers! Surely, amongst your wives and your children there are some who are your enemies. So, beware of them! And if you overlook it and forbear and forgive, Allah is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الطلاق:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاء فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ وَاتَّقُوا اللَّهَ رَبَّكُمْ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِن بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَن يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ وَمَن يَتَعَدَّ حُدُودَ اللَّهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ لَا تَدْرِي لَعَلَّ اللَّهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذَلِكَ أَمْراً (1)

ترجمہ: اے نبی! (مسلمانوں سے فرما دیں:) جب تم عورتوں کو طلاق دینا چاہو تو اُن کے طُہر کے زمانہ میں انہیں طلاق دو اور عِدّت کو شمار کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو جو تمہارا رب ہے، اور انہیں اُن کے گھروں سے باہر مت نکالو اور نہ وہ خود باہر نکلیں سوائے اس کے کہ وہ کھلی بے حیائی کر بیٹھیں، اور یہ اللہ کی (مقرّرہ) حدیں ہیں، اور جو شخص اللہ کی حدود سے تجاوز کرے تو بے شک اُس نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے، (اے شخص!) تو نہیں جانتا شاید اللہ اِس کے (طلاق دینے کے) بعد (رجوع کی) کوئی نئی صورت پیدا فرما دےo

O Prophet! (Say to the Muslims:) 'When you seek to divorce your women, divorce them during their period of purity and count their prescribed period. And keep fearing Allah, Who is your Lord. And do not drive them out of their homes, nor should they leave unless they commit open indecency. And these are Allah's (fixed) limits. And whoever transgresses Allah's limits has surely wronged his own soul. (O man,) you do not know that Allah may perhaps develop a new situation (to turn you back to her after divorce).

فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ فَارِقُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَأَشْهِدُوا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنكُمْ وَأَقِيمُوا الشَّهَادَةَ لِلَّهِ ذَلِكُمْ يُوعَظُ بِهِ مَن كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجاً (2)

ترجمہ: پھر جب وہ اپنی مقررہ میعاد (کے ختم ہونے) کے قریب پہنچ جائیں تو انہیں بھلائی کے ساتھ (اپنی زوجیت میں) روک لو یا انہیں بھلائی کے ساتھ جدا کر دو۔ اور اپنوں میں سے دو عادل مَردوں کو گواہ بنا لو اور گواہی اللہ کے لیے قائم کیا کرو، اِن (باتوں) سے اسی شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے، اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اس کے لیے (دنیا و آخرت کے رنج و غم سے) نکلنے کی راہ پیدا فرما دیتا ہےo

Then when they reach closer to (the end of) their appointed term, retain them with kindness or separate from them with kindness. And take two just persons from amongst you as witnesses and establish testimony for the sake of Allah. This is advice for him alone who believes in Allah and the Last Day. And whoever fears Allah, He makes a way out for him (from pain and grief of this world and the Hereafter),

وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْراً (3)

ترجمہ: اور اسے ایسی جگہ سے رِزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا، اور جو شخص اللہ پر توکل کرتا ہے تو وہ (اللہ) اسے کافی ہے، بے شک اللہ اپنا کام پورا کر لینے والا ہے، بے شک اللہ نے ہر شے کے لیے اندازہ مقرر فرما رکھا ہےo

And He gives him sustenance from a source which he can never think of. And whoever puts his trust in Allah, then He (Allah) is Sufficient for him. Surely, Allah accomplishes His work entirely. He has certainly appointed a measure for everything.

وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِن نِّسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِي لَمْ يَحِضْنَ وَأُوْلَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَن يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْراً (4)

ترجمہ: اورتمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے مایوس ہو چکی ہوں اگر تمہیں شک ہو (کہ اُن کی عدّت کیا ہوگی) تو اُن کی عدّت تین مہینے ہے اور وہ عورتیں جنہیں (ابھی) حیض نہیں آیا (ان کی بھی یہی عدّت ہے)، اور حاملہ عورتیں (تو) اُن کی عدّت اُن کا وضعِ حمل ہے، اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے (تو) وہ اس کے کام میں آسانی فرما دیتا ہےo

And those of your women who have no hope of menstruation, if you doubt (as to what will be their prescribed period), then their prescribed period is three months. And for those women who have not yet menstruated (their prescribed period is also the same). As for the pregnant women, their term is till the birth of the child. And whoever fears Allah, He makes his matter easy for him.

ذَلِكَ أَمْرُ اللَّهِ أَنزَلَهُ إِلَيْكُمْ وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُعْظِمْ لَهُ أَجْراً (5)

ترجمہ: یہ اللہ کا امر ہے جو اس نے تمہاری طرف نازل فرمایا ہے۔ اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے وہ اُس کے چھوٹے گناہوں کو اس (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دیتا ہے اور اَجر و ثواب کو اُس کے لیے بڑا کر دیتا ہےo

This is the command of Allah which He has sent down to you. And whoever fears Allah, He removes his minor sins from his (record of deeds) and enhances reward for him.

أَسْكِنُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنتُم مِّن وُجْدِكُمْ وَلَا تُضَارُّوهُنَّ لِتُضَيِّقُوا عَلَيْهِنَّ وَإِن كُنَّ أُوْلَاتِ حَمْلٍ فَأَنفِقُوا عَلَيْهِنَّ حَتَّى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ فَإِنْ أَرْضَعْنَ لَكُمْ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَأْتَمِرُوا بَيْنَكُم بِمَعْرُوفٍ وَإِن تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهُ أُخْرَى (6)

ترجمہ: تم اُن (مطلّقہ) عورتوں کو وہیں رکھو جہاں تم اپنی وسعت کے مطابق رہتے ہو اور انہیں تکلیف مت پہنچاؤ کہ اُن پر (رہنے کا ٹھکانا) تنگ کر دو، اور اگر وہ حاملہ ہوں تو اُن پر خرچ کرتے رہو یہاں تک کہ وہ اپنا بچہ جَن لیں، پھر اگر وہ تمہاری خاطر (بچے کو) دودھ پلائیں تو انہیں اُن کا معاوضہ ادا کرتے رہو، اور آپس میں (ایک دوسرے سے) نیک بات کا مشورہ (حسبِ دستور) کر لیا کرو، اور اگر تم باہم دشواری محسوس کرو تو اسے (اب کوئی) دوسری عورت دودھ پلائے گیo

Keep the (divorced) women where you live according to your means. And do not harm them so as to make (the place of living) intolerable for them. And if they are pregnant, keep spending on them till they give birth to the child. Then if they suckle (the child) for your sake, pay them their recompense. And consult each other (as usual) for good. But if you experience difficulty mutually, (then some) other woman may suckle the child.

لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْساً إِلَّا مَا آتَاهَا سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْراً (7)

ترجمہ: صاحبِ وسعت کو اپنی وسعت (کے لحاظ) سے خرچ کرنا چاہئے، اور جس شخص پر اُس کا رِزق تنگ کر دیا گیا ہو تو وہ اُسی (روزی) میں سے (بطورِ نفقہ) خرچ کرے جو اُسے اللہ نے عطا فرمائی ہے۔ اللہ کسی شخص کو مکلّف نہیں ٹھہراتا مگر اسی قدر جتنا کہ اُس نے اسے عطا فرما رکھا ہے، اللہ عنقریب تنگی کے بعد کشائش پیدا فرما دے گاo

The affluent one should spend (according to) his means. And whoever is provided sustenance scarcely, let him spend (on her maintenance) out of the provision which Allah has given him. Allah does not burden anyone beyond what He has given him. Allah will soon bring about ease after hardship.

سورۃ التحریم:

ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلاً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا اِمْرَأَةَ نُوحٍ وَاِمْرَأَةَ لُوطٍ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتَاهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللَّهِ شَيْئاً وَقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدَّاخِلِيْنَ (10)

ترجمہ: اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے کفر کیا ہے نوح (علیہ السلام) کی عورت (واعلہ) اور لوط (علیہ السلام) کی عورت (واہلہ) کی مثال بیان فرمائی ہے، وہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو صالح بندوں کے نکاح میں تھیں، سو دونوں نے اُن سے خیانت کی پس وہ اللہ (کے عذاب) کے سامنے اُن کے کچھ کام نہ آئے اور اُن سے کہہ دیا گیا کہ تم دونوں (عورتیں) داخل ہونے والوں کے ساتھ دوزخ میں داخل ہو جاؤo

Allah has described for disbelievers the example of Nuh's (Noah's) wife (Wahila) and Lut's (Lot's) wife (Wa'ila). They were married to two of Our pious servants. But both of them betrayed them. So they could not help them before (the torment of) Allah, and it was said to them: 'Both of you (women), enter Hell along with all who enter it.'

وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلاً لِّلَّذِيْنَ آمَنُوا اِمْرَأَةَ فِرْعَوْنَ إِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِندَكَ بَيْتاً فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِن فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ (11)

ترجمہ: اور اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں زوجۂ فرعون (آسیہ بنت مزاحم) کی مثال بیان فرمائی ہے، جب اس نے عرض کیا: اے میرے رب! تو میرے لیے بہشت میں اپنے پاس ایک گھر بنا دے اور مجھ کو فرعون اور اُس کے عملِ (بد) سے نجات دے دے اور مجھے ظالم قوم سے (بھی) بچا لےo

And Allah has given for the believers the example of Pharaoh's wife (Asiya, the daughter of Mazahim) when she submitted: 'O my Lord, build a house for me in Paradise in Your presence, and deliver me from Pharaoh and his (evil) conduct, and also rescue me from the wrongdoing people.'

وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِيْ أَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِن رُّوحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمَاتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهِ وَكَانَتْ مِنَ الْقَانِتِيْنَ **(12)**

ترجمہ: اور (دوسری مثال) عمران کی بیٹی مریم کی (بیان فرمائی ہے) جس نے اپنی عصمت وعفّت کی خوب حفاظت کی تو ہم نے (اس کے) گریبان میں اپنی روح پھونک دی اور اس نے اپنے رب کے فرامین اور اس کی (نازل کردہ) کتابوں کی تصدیق کی اور وہ اطاعت گزاروں میں سے تھیo

And (the second example is given of) Maryam (Mary), the daughter of 'Imran, who guarded well her chastity and purity. And We breathed Our Spirit into the sternal opening of (her) shirt. And she confirmed the commandments of her Lord and the (revealed) Books and she was of the obedient.

15۔ والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا ذکر

سورۃ البقرہ:

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِيٓ إِسْرَائِيلَ لَا تَعْبُدُونَ إِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً وَذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسْناً وَأَقِيمُواْ الصَّلَاةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا قَلِيلاً مِّنكُمْ وَأَنتُم مُّعْرِضُونَ(83)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ہم نے اولادِ یعقوب سے پختہ وعدہ لیا کہ اللہ کے سوا (کسی اور کی) عبادت نہ کرنا، اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنا اور قرابت داروں اور یتیموں اور محتاجوں کے ساتھ بھی (بھلائی کرنا) اور عام لوگوں سے (بھی نرمی اور خوش خُلقی کے ساتھ) نیکی کی بات کہنا اور نماز قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا، پھر تم میں سے چند لوگوں کے سوا سارے (اس عہد سے) رُوگرداں ہو گئے اور تم (حق سے) گریز ہی کرنے والے ہوo

And (remember) when We took a firm promise from the Children of Ya'qub (Jacob): 'Do not worship (anyone) besides Allah, and be kind to the parents and (do good to) the kindred and orphans and the needy. And (also) talk of piety to the common people (in a polite and pleasant manner). And establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due).' Then, all the rest of you, except a few, turned back (from the promise) and you are but averse (to the truth).

سورۃ النساء:

وَاعْبُدُواْ اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُواْ بِهِ شَيْئاً وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً وَبِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبَى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنبِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَن كَانَ مُخْتَالاً فَخُوراً(36)

ترجمہ: اور تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں (سے) اور نزدیکی ہمسائے اور اجنبی پڑوسی اور ہم مجلس اور مسافر (سے)، اور جن کے تم مالک ہو چکے ہو، (ان سے نیکی کیا کرو)، بیشک اللہ اس شخص کو پسند نہیں کرتا جو تکبّر کرنے والا (مغرور) فخر کرنے والا (خود بین) ہوo

And worship Allah and do not set up any partners with Him. And treat the parents with moral excellence and (do good to) relatives, orphans, the needy, the close as well as unacquainted neighbours, and your fellows and the wayfarers and those whom you possess. Surely, Allah does not like the one who is arrogant (i.e., self-conceited) and boastful (i.e., egoist),

سورۃ بنی اسرائیل:

وَقَضَى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُواْ إِلَّا إِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِندَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُل لَّهُمَا أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُل لَّهُمَا قَوْلاً كَرِيماً (23)

ترجمہ: اور آپ کے رب نے حکم فرما دیا ہے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت مت کرو اور والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کیا کرو، اگر تمہارے سامنے دونوں میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں ''اُف'' بھی نہ کہنا اور انہیں جھڑکنا بھی نہیں اور ان دونوں کے ساتھ بڑے ادب سے بات کیا کروo

And your Lord has commanded you not to worship anyone other than Allah, and treat parents with benevolence. If either or both of them attain old age in your presence, then do not say even 'Ugh!' to them, nor reproach them. And always speak to both of them submissively, observing polite manners.

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُل رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْراً (24)

ترجمہ: اوران دونوں کے لیے نرم دلی سے عجز وانکساری کے بازو جھکائے رکھواور (اللہ کے حضور) عرض کرتے رہو: اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسا کہ انہوں نے بچپن میں مجھے (رحمت وشفقت سے) پالا تھاo

And always lower your wings of submissiveness and humility out of soft-heartedness for both of them, and keep supplicating (Allah): 'O my Lord, have mercy on both of them as they brought me up in (my) childhood (with mercy and clemency).'

سورۃ العنکبوت:

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْناً وَإِن جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (8)

ترجمہ: اورہم نے انسان کواس کے والدین سے نیک سلوک کا حکم فرمایااوراگر وہ تجھ پر (یہ) کوشش کریں کہ تو میرے ساتھ اس چیز کوشریک ٹھہرائے جس کا تجھے کچھ بھی علم نہیں تو ان کی اطاعت مت کر، میری ہی طرف تم (سب) کو پلٹنا ہے سو میں تمہیں ان (کاموں) سے آگاہ کردوں گا جوتم (دنیامیں) کیا کرتے تھےo

And We have enjoined upon man to behave benevolently with his parents. And if they contend with you that you should associate (others) with Me, of which you have no knowledge, then do not obey them. To Me you (all) have to return. So I shall inform you of (the deeds) which you used to do (in the world).

سورۃ القمان:

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْناً عَلَى وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِيْ عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ إِلَيَّ الْمَصِيْرُ (14)

ترجمہ: اورہم نے انسان کواس کے والدین کے بارے میں (نیکی کا) تاکیدی حکم فرمایا، جسے اس کی ماں تکلیف پر تکلیف کی حالت میں (اپنے پیٹ میں) برداشت کرتی رہی اور جس کا دودھ چھوٹنا بھی دوسال میں ہے (اسے یہ حکم دیا) کہ تو میرا (بھی) شکر ادا کر اوراپنے والدین کا بھی۔ (تجھے) میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہےo

And We emphatically enjoined upon man (to do good) to his parents-whose mother bore him (in her reproductive system) in pain after pain, and whose weaning also takes two years (and commanded him:) 'Give thanks to Me and to your parents. (You) shall return to Me alone.'

وَإِن جَاهَدَاكَ عَلى أَن تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفاً وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (15)

ترجمہ: اور اگر وہ دونوں تجھ پر اس بات کی کوشش کریں کہ تو میرے ساتھ اس چیز کو شریک ٹھہرائے جس (کی حقیقت) کا تجھے کچھ علم نہیں ہے تو ان کی اطاعت نہ کرنا، اور دنیا (کے کاموں) میں ان کا اچھے طریقے سے ساتھ دینا، اور (عقیدہ و امورِ آخرت میں) اس شخص کی پیروی کرنا جس نے میری طرف توبہ و طاعت کا سلوک اختیار کیا۔ پھر میری ہی طرف تمہیں پلٹ کر آنا ہے تو میں تمہیں ان کاموں سے باخبر کر دوں گا جو تم کرتے رہے تھےo

And if both of them contend with you that you should associate (others) with Me, of which you have no knowledge, then do not obey them. And cooperate with them in worldly affairs in a decent manner. But (in the matter of faith and the Last Hour and the related affairs) follow someone who adopts the path of turning to Me in repentance and submitting to My injunctions. Then you are to return to Me alone. So I shall inform you about the works that you used to do.'

سورۃ الاحقاف:

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَاناً حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهاً وَوَضَعَتْهُ كُرْهاً وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْراً حَتَّى إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِيٓ فِيٓ ذُرِّيَّتِيٓ إِنِّيٓ تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنَّنِيٓ مِنَ الْمُسْلِمِينَ (15)

ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم فرمایا۔ اس کی ماں نے اس کو تکلیف سے (پیٹ میں) اٹھائے رکھا اور اسے تکلیف کے ساتھ جنا، اور اس کا (پیٹ میں) اٹھانا اور اس کا دودھ چھڑانا (یعنی زمانۂ حمل و رضاعت) تیس ماہ (پر مشتمل) ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جاتا ہے اور (پھر) چالیس سال (کی پختہ عمر) کو پہنچتا ہے، تو کہتا ہے: اے میرے رب: مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر فرمایا ہے اور یہ کہ میں ایسے نیک اعمال کروں جن سے تو راضی ہو اور میرے لیے میری اولاد میں نیکی اور خیر رکھ دے۔ بے شک میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں یقیناً فرمانبرداروں میں سے ہوںo

And We have commanded man to be benevolent towards his parents. His mother bears him (in the womb) with pain and gives birth to him with pain. And bearing him (in the womb) and weaning of him (i.e., the period of pregnancy and feeding) is (spread over) thirty months. Till, when he attains to manhood and then reaches (the age of) forty years, he says: 'O my Lord, bestow on me the ability to give You thanks for the favour which You have done to me and my parents, and that I may do such deeds as may please You, and endow me and my children with virtue and piety. Assuredly I turn to You, and certainly I am of those who obey You in submissiveness.'

أُوْلَئِكَ الَّذِينَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَنَتَجَاوَزُ عَن سَيِّئَاتِهِمْ فِيٓ أَصْحَابِ الْجَنَّةِ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ (16)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں ہم جن کے نیک اعمال قبول کرتے ہیں اور ان کی کوتاہیوں سے درگزر فرماتے ہیں، (یہی) اہلِ جنت

ہیں۔ یہ سچا وعدہ ہے جو ان سے کیا جا رہا ہے o

It is they whose good works We accept and overlook their omissions. (It is) they (who) are the people of Paradise. This is the true promise which is being made to them.

وَالَّذِیْ قَالَ لِوَالِدَیْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدَانِنِیْٓ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِیْ وَهُمَا یَسْتَغِیْثَانِ اللّٰهَ وَیْلَكَ اٰمِنْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَیَقُوْلُ مَا هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ (17)

ترجمہ: اور جس نے اپنے والدین سے کہا: تم سے بیزاری ہے، تم مجھے (یہ) وعدہ دیتے ہو کہ میں (قبر سے دوبارہ زندہ کر کے) نکالا جاؤں گا حالاں کہ مجھ سے پہلے بہت سی امتیں گزر چکیں۔ اب وہ دونوں (ماں باپ) اللہ سے فریاد کرنے لگے (اور لڑکے سے کہا:) تو ہلاک ہوگا۔ (اے لڑکے!) ایمان لے آ، بے شک اللہ کا وعدہ حق ہے۔ تو وہ (جواب میں) کہتا ہے: یہ (باتیں) اگلے لوگوں کے جھوٹے افسانوں کے سوا (کچھ) نہیں ہیں o

And he who says to his parents: 'Fie on you! Do you promise me that I shall be brought forth (from the grave and given life once more) when generations have passed away before me?' Now both (the parents) pray to Allah for help (and say to the son:) 'Woe to you, (O son!) Accept faith. Surely, Allah's promise is true.' But he says (in reply): 'These (words) are nothing but the fiction of the bygone people.'

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ حَقَّ عَلَیْهِمُ الْقَوْلُ فِیْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنَّهُمْ كَانُوْا خٰسِرِیْنَ (18)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں فرمانِ (عذاب) ثابت ہو چکا ہے بہت سی امتوں میں جو ان سے پہلے گزر چکی ہیں جنّات کی (بھی) اور انسانوں کی (بھی)، بے شک وہ (سب) نقصان اٹھانے والے تھے o

It is they against whom the command of Allah's (torment) has proved true amongst generations that have passed of the jinn as well as mankind. Surely, they (all) were the losers.

16۔ تیمّم کا بیان

سورۃ النساء:

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَقْرَبُواْ الصَّلاَةَ وَأَنتُمْ سُكَارَى حَتَّىَ تَعْلَمُواْ مَا تَقُولُونَ وَلاَ جُنُباً إِلاَّ عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتَّىَ تَغْتَسِلُواْ وَإِن كُـنتُـم مَّـرْضَـى أَوْ عَـلَى سَفَرٍ أَوْ جَاء أَحَدٌ مِّنكُم مِّن الْغَآئِطِ أَوْ لاَمَسْتُمُ النِّسَاء فَلَمْ تَجِدُواْ مَاء فَتَيَمَّمُواْ صَعِيْداً طَيِّباً فَامْسَحُواْ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَفُوّاً غَفُوراً (43)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم نشہ کی حالت میں نماز کے قریب مت جاؤ یہاں تک کہ تم وہ بات سمجھنے لگو جو کہتے ہو اور نہ حالتِ جنابت میں (نماز کے قریب جاؤ) تا آنکہ تم غسل کر لو سوائے اس کے کہ تم سفر میں راستہ طے کر رہے ہو، اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے لوٹے یا تم نے (اپنی) عورتوں سے مباشرت کی ہو پھر تم پانی نہ پا سکو تم پاک مٹی سے تیمّم کر لو پس اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں پر مسح کر لیا کرو، بیشک اللہ معاف فرمانے بہت بخشنے والا ہےo

O believers! Do not go near Prayer in a drunken state until you are able to understand what you say. Nor (should you approach Prayer) until you bathe after total ablution becomes obligatory, unless you are travelling. And if you are sick, or on a journey, or return from a call of nature, or make sexual contact with (your) women and then fail to find water, then clean yourselves by using pure soil. So wipe your faces and hands. Surely, Allah is Most Pardoning, Most Forgiving.

سورۃ المائدہ:

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاةِ فاغْسِلُواْ وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُواْ بِرُؤُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَـى الْـكَـعْبَيْـنِ وَإِن كُـنتُـمْ جُـنُبـاً فَاطَّهَّرُواْ وَإِن كُنتُم مَّرْضَى أَوْ عَلَى سَفَرٍ أَوْ جَاء أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لاَمَسْتُمُ النِّسَاء فَلَمْ تَجِدُواْ مَاء فَتَيَمَّمُواْ صَعِيْداً طَيِّباً فَامْسَحُواْ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيْكُم مِّنْهُ مَا يُرِيْدُ اللّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَـكِن يُرِيْدُ لِيُطَهَّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ(6)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب (تمہارا) نماز کے لئے کھڑے (ہونے کا ارادہ) ہو تو (وضو کے لئے) اپنے چہروں کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمت دھولو اور اپنے سروں کا مسح کرو اور اپنے پاؤں (بھی) ٹخنوں سمیت (دھولو)، اور اگر تم حالتِ جنابت میں ہو تو (نہا کر) خوب پاک ہو جاؤ، اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی رفع حاجت سے (فارغ ہو کر) آیا ہو یا تم نے عورتوں سے قربت (مجامعت) کی ہو پھر تم پانی نہ پاؤ تو (اندریں صورت) پاک مٹی سے تیمّم کر لیا کرو۔ پس (تیمّم یہ ہے کہ) اس (پاک مٹی) سے اپنے چہروں اور اپنے (پورے) ہاتھوں کا مسح کر لو۔ اللہ نہیں چاہتا کہ وہ تمہارے اوپر کسی قسم کی سختی کرے لیکن وہ (یہ) چاہتا ہے کہ تم پاک کر دے اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دے تاکہ تم شکر گزار بن جاؤo

O believers! When you (intend to) stand for Prayer, then, (for ablution,) wash your faces and hands up to the elbows, and pass your wet hands over your heads and (also wash) your feet up to the ankles. And if you are in a state of

obligation for total ablution, purify yourselves well (by bathing). Should you be ill or on a journey, or someone of you comes (after) defecation, or you have had sexual contact with women and then you do not find water, (in these cases,) perform tayammum with clean soil. So, it is wiping your faces and (full) hands with it (i.e., clean soil). Allah does not want to make things hard for you, but He wants to purify you, and complete the bestowal of His favour upon you so that you may become grateful.

17۔ وضو کا بیان

سورۃ النساء:

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَقْرَبُواْ الصَّلاَةَ وَأَنتُمْ سُكَارَى حَتَّىَ تَعْلَمُواْ مَا تَقُولُونَ وَلاَ جُنُباً إِلاَّ عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتَّىَ تَغْتَسِلُواْ وَإِن كُـنتُـم مَّـرْضَـى أَوْ عَـلَى سَفَرٍ أَوْ جَاء أَحَدٌ مِّنكُم مِّن الْغَآئِطِ أَوْ لاَمَسْتُمُ النِّسَاء فَلَمْ تَجِدُواْ مَاء فَتَيَمَّمُواْ صَعِيْداً طَيِّباً فَامْسَحُواْ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَفُوّاً غَفُوراً (43)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم نشہ کی حالت میں نماز کے قریب مت جاؤ یہاں تک کہ تم وہ بات سمجھنے لگو جو کہتے ہو اور نہ حالتِ جنابت میں (نماز کے قریب جاؤ) تا آنکہ تم غسل کر لو سوائے اس کے کہ تم سفر میں راستہ طے کر رہے ہو، اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی قضائے حاجت سے لوٹے یا تم نے (اپنی) عورتوں سے مباشرت کی ہو پھر تم پانی نہ پا سکو تم پاک مٹی سے تیمّم کر لو پس اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں پر مسح کر لیا کرو، بیشک اللہ معاف فرمانے بہت بخشنے والا ہےo

O believers! Do not go near Prayer in a drunken state until you are able to understand what you say. Nor (should you approach Prayer) until you bathe after total ablution becomes obligatory, unless you are travelling. And if you are sick, or on a journey, or return from a call of nature, or make sexual contact with (your) women and then fail to find water, then clean yourselves by using pure soil. So wipe your faces and hands. Surely, Allah is Most Pardoning, Most Forgiving.

سورۃ المائدہ:

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلاَةِ فاغْسِلُواْ وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُواْ بِرُؤُوسِكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ إِلَـى الْـكَـعْبَيْـنِ وَإِن كُـنتُـمْ جُـنُبـاً فَاطَّهَّرُواْ وَإِن كُنتُم مَّرْضَى أَوْ عَلَى سَفَرٍ أَوْ جَاء أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لاَمَسْتُمُ النِّسَاء فَلَمْ تَجِدُواْ مَاء فَتَيَمَّمُواْ صَعِيْداً طَيِّباً فَامْسَحُواْ بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيْكُم مِّنْهُ مَا يُرِيْدُ اللّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَـكِن يُرِيْدُ لِيُطَهَّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ(6)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب (تمہارا) نماز کے لئے کھڑے (ہونے کا ارادہ) ہو تو (وضو کے لئے) اپنے چہروں کو اور اپنے ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھولو اور اپنے سروں کا مسح کرو اور اپنے پاؤں (بھی) ٹخنوں سمیت (دھولو)، اور اگر تم حالتِ جنابت میں ہو تو (نہا کر) خوب پاک ہو جاؤ، اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی رفع حاجت سے (فارغ ہو کر) آیا ہو یا تم نے عورتوں سے قربت (مجامعت) کی ہو پھر تم پانی نہ پاؤ تو (اندریں صورت) پاک مٹی سے تیمّم کر لیا کرو۔ پس (تیمّم یہ ہے کہ) اس (پاک مٹی) سے اپنے چہروں اور اپنے (پورے) ہاتھوں کا مسح کر لو۔ اللہ نہیں چاہتا کہ وہ تمہارے اوپر کسی قسم کی سختی کرے لیکن وہ (یہ) چاہتا ہے کہ تم پاک کر دے اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دے تاکہ تم شکر گزار بن جاؤo

O believers! When you (intend to) stand for Prayer, then, (for ablution,) wash your faces and hands up to the elbows, and pass your wet hands over your heads and (also wash) your feet up to the ankles. And if you are in a state of

obligation for total ablution, purify yourselves well (by bathing). Should you be ill or on a journey, or someone of you comes (after) defecation, or you have had sexual contact with women and then you do not find water, (in these cases,) perform tayammum with clean soil. So, it is wiping your faces and (full) hands with it (i.e., clean soil). Allah does not want to make things hard for you, but He wants to purify you, and complete the bestowal of His favour upon you so that you may become grateful.

18۔ اموال اور اولاد کا ذکر

سورۃ الانفال:

وَاعْلَمُواْ أَنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَأَنَّ اللّهَ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ (28)

ترجمہ: اور جان لو کہ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد تو بس فتنہ ہی ہیں اور یہ کہ اللہ ہی کے پاس اجرِ عظیم ہےo

And bear in mind that your riches and your children are nothing but a trial, and that with Allah alone lies the highest reward.

سورۃ الکہف:

الْمَالُ وَالْبَنُونَ زِينَةُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَاباً وَخَيْرٌ أَمَلاً(46)

ترجمہ: مال اور اولاد (تو صرف) دنیاوی زندگی کی زینت ہیں اور (حقیقت میں) باقی رہنے والی (تو) نیکیاں (ہیں جو) آپ کے رب کے نزدیک ثواب کے لحاظ سے (بھی) بہتر ہیں اور آرزو کے لحاظ سے (بھی) خوب تر ہیںo

Wealth and children are (mere) adornment of the worldly life, but the things that (actually) endure (are) the good deeds (which) are best in the sight of your Lord as for reward and (also) most valuable as regards hope.

سورۃ التغابن:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوّاً لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (14)

ترجمہ: اے ایمان والو! بے شک تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں پس اُن سے ہوشیار رہو۔ اور اگر تم صرفِ نظر کر لو اور درگزر کرو اور معاف کر دو تو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O believers! Surely, amongst your wives and your children there are some who are your enemies. So, beware of them! And if you overlook it and forbear and forgive, Allah is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَاللَّهُ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ (15)

ترجمہ: تمہارے مال اور تمہاری اولاد محض آزمائش ہی ہیں، اور اللہ کی بارگاہ میں بہت بڑا اجر ہےo

Your riches and your children are merely a trial. And there is a mighty reward in the presence of Allah.

19۔ بہتان/تہمت کا بیان

سورۃ النساء:

وَمَن يَكْسِبْ خَطِيئَةً أَوْ إِثْماً ثُمَّ يَرْمِ بِهِ بَرِيئاً فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَاناً وَإِثْماً مُّبِيناً (112)

ترجمہ: اور جو شخص کسی خطا یا گناہ کا ارتکاب کرے پھر اسکی تہمت کسی بے گناہ پر لگا دے تو اس نے یقیناً ایک بہتان اور کھلے گناہ (کے بوجھ) کو اٹھالیاo

And whoever commits some error or sin and then casts its blame on some blameless person has certainly taken (the burden of) a calumny and an open sin.

سورۃ النور:

وَالَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاء فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَداً وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (4)

ترجمہ: اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر (بدکاری کی) تہمت لگائیں پھر چار گواہ پیش نہ کر سکیں تو تم انہیں (سزائے قذف کے طور پر) اسّی کوڑے لگاؤ اور کبھی بھی ان کی گواہی قبول نہ کرو، اور یہی لوگ بدکردار ہیںo

And those who accuse chaste women (of adultery), then fail to produce four witnesses, whip them eighty lashes (as qadhaf-the punishment for false accusation of adultery) and never accept their evidence. And it is they who are the evildoers,

إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِن بَعْدِ ذَلِكَ وَأَصْلَحُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (5)

ترجمہ: سوائے ان کے جنہوں نے اس (تہمت لگنے) کے بعد توبہ کر لی اور (اپنی) اصلاح کر لی، تو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے (ان کا شمار فاسقوں میں نہیں ہوگا مگر اس سے حدِ قذف معاف نہیں ہوگی)o

Except for those who repent after this (false blaming) and mend their ways. Then Allah is verily Most Forgiving, Ever-Merciful. (They will not be counted amongst the disobedient, but this will not exempt them from hadd al-qadhaf [the penalty for false accusation of adultery].)

وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُن لَّهُمْ شُهَدَاء إِلَّا أَنفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ (6)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنی بیویوں پر (بدکاری کی) تہمت لگائیں اور ان کے پاس سوائے اپنی ذات کے کوئی گواہ نہ ہوں تو ایسے کسی بھی ایک شخص کی گواہی یہ ہے کہ (وہ خود) چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ وہ (الزام لگانے میں) سچا ہےo

And those who accuse their wives (of adultery) and have no witnesses except themselves, the testimony of such a person is to swear (himself) four times by Allah that he is truthful (in his accusation),

وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِن كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ وَيَدْرَأُ (7)

ترجمہ: اور پانچویں مرتبہ یہ (کہے) کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹا ہو o

And the fifth time (to say) that Allah's curse be upon him if he is a liar.

عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ (8)

ترجمہ: اور (اسی طرح) یہ بات اس (عورت) سے (بھی) سزا کو ٹال سکتی ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر (خود) گواہی دے کہ وہ (مرد اس تہمت کے لگانے میں) جھوٹا ہے o

And (similarly) this can avert punishment from that (woman too) if she (herself) gives evidence, swearing four times by Allah that he (the husband) is a liar (in accusing her),

وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِن كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ (9)

ترجمہ: اور پانچویں مرتبہ یہ (کہے) کہ اس پر (یعنی مجھ پر) اللہ کا غضب ہو اگر یہ (مرد اس الزام لگانے میں) سچا ہو o

And the fifth time (to say) that Allah's wrath be upon her if he (the husband) is truthful.

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ (10)

ترجمہ: اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی (تو تم ایسے حالات میں زیادہ پریشان ہوتے) اور بے شک اللہ بڑا ہی توبہ قبول فرمانے والا بڑی حکمت والا ہے o

And had there not been Allah's grace and mercy upon you, (then you would have been more perturbed under such circumstances) and Allah is surely Most Relenting, All-Wise.

إِنَّ الَّذِيْنَ جَاؤُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ شَرًّا لَّكُم بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ لِكُلِّ امْرِءٍ مِّنْهُم مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ وَالَّذِيْ تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (11)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے (عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا پر) بہتان لگایا تھا (وہ بھی) تم ہی میں سے ایک جماعت تھی، تم اس (بہتان کے واقعہ) کو اپنے حق میں برا مت سمجھو بلکہ وہ تمہارے حق میں بہتر (ہو گیا) ہے ☆ ان میں سے ہر ایک کے لیے اتنا ہی گناہ ہے جتنا اس نے کمایا، اور ان میں سے جس نے اس (بہتان) میں سب سے زیادہ حصہ لیا اس کے لیے زبردست عذاب ہے o

☆ (کیونکہ تمہیں اسی حوالے سے احکامِ شریعت مل گئے اور عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی پاک دامنی کا گواہ خود اللہ بن گیا جس سے تمہیں ان کی شان کا پتہ چل گیا۔)

Surely those who fabricated the accusation (against 'A'isha the truthful, the pure, the chaste-may Allah be well pleased with her) were (also) a party from amongst you. Do not consider this (slander account) as a bad thing for you. It has rather (turned out to be) good for you.* Every one of them has a share in the sin as much as he has earned it, but whoever has had a major share in this (false accusation), for him is a terrible torment.

*** In that you have received Shariah commands regarding this, and also Allah has Himself borne witness to the chastity of 'A'isha the truthful (may Allah be well pleased with her) which has revealed to you her majesty and dignity.**

لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنفُسِهِمْ خَيْراً وَقَالُوا هَذَا إِفْكٌ مُّبِينٌ (12)

ترجمہ: ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے اس (بہتان) کو سنا تھا تو مومن مرد اور مومن عورتیں اپنوں کے بارے میں نیک گمان کر لیتے اور (یہ) کہہ دیتے کہ یہ کھلا (جھوٹ پر مبنی) بہتان ہےo

Why did it not happen that when you heard of it (the slander), the believers, both men and women, would think good of their own people and say: 'This is obviously a fabricated accusation (based on falsehood)'?

لَوْلَا جَاؤُوا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاء فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا بِالشُّهَدَاء فَأُوْلَئِكَ عِندَ اللَّهِ هُمُ الْكَاذِبُونَ (13)

ترجمہ: یہ (افترا پرداز لوگ) اس (طوفان) پر چار گواہ کیوں نہ لائے، پھر جب وہ گواہ نہیں لا سکے تو یہی لوگ اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیںo

Why did these (slanderers) not produce four witnesses to this (turmoil)? Since they could not bring forth witnesses, it is certainly they who are liars in the sight of Allah.

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِي مَا أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (14)

ترجمہ: اور اگر تم پر دنیا و آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس (تہمت کے) چرچے میں تم پڑ گئے ہو اس پر تمہیں زبردست عذاب پہنچتاo

And had there not been Allah's grace upon you and His mercy in this world and in the Hereafter, severe torment would have afflicted you for promoting that (slander) into which you rushed headlong.

إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُم مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّناً وَهُوَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمٌ (15)

ترجمہ: جب تم اس (بات) کو (ایک دوسرے سے سن کر) اپنی زبانوں پر لاتے رہے اور اپنے منہ سے وہ کچھ کہتے رہے جس کا (خود) تمہیں کوئی علم ہی نہ تھا اور اس (چرچے) کو معمولی بات خیال کر رہے تھے، حالاں کہ وہ اللہ کے حضور بہت بڑی (جسارت ہو رہی) تھیo

When (hearing this matter from one another) you brought it on your tongues, and uttered with your mouths something about which you (yourselves) had no knowledge, and you took (the propagation of) this matter as inconsiderable, whereas in the presence of Allah it was a grave (offence underway).

وَلَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُم مَّا يَكُونُ لَنَا أَن نَّتَكَلَّمَ بِهَذَا سُبْحَانَكَ هَذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ (16)

ترجمہ: اور جب تم نے یہ (بہتان) سنا تھا تو تم نے (اسی وقت) یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ ہمارے لیے یہ (جائز ہی) نہیں کہ ہم اسے زبان پر لے آئیں (بلکہ تم یہ کہتے کہ اے اللہ!) تو پاک ہے (اس بات سے کہ ایسی عورت کو اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

محبوب زوجہ بنادے)، یہ بہت بڑا بہتان ہےo

And when you heard of this (heinous charge), why did you not declare (at the same moment): 'It is not (at all justified) for us to talk about it'? (Rather you should have said: 'O Allah,) Holy are You (High above making such a woman the beloved wife of Your Beloved and Esteemed Messenger [blessings and peace be upon him]). This is a grave charge.'

يَعِظُكُمُ اللَّهُ أَن تَعُودُوا لِمِثْلِهِ أَبَداً إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (17)

ترجمہ: اللہ تم کو نصیحت فرماتا ہے کہ پھر کبھی بھی ایسی بات (عمر بھر) نہ کرنا اگر تم اہلِ ایمان ہوo

Allah admonishes you to never repeat such a thing (in your lifetime) if you are believers.

وَيُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (18)

ترجمہ: اور اللہ تمہارے لیے آیتوں کو واضح طور پر بیان فرماتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And Allah explains to you the Revelations with utmost clarity. And Allah is All-Knowing, All-Wise.

إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ (19)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ مسلمانوں میں بے حیائی پھیلے ان کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے، اور اللہ (ایسے لوگوں کے عزائم کو) جانتا ہے اور تم نہیں جانتےo

Indeed, those who like that lewdness should spread amongst the Muslims, for them is an agonizing punishment in this world and in the Hereafter. And Allah knows (the intentions of such people) and you do not know.

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ رَؤُوفٌ رَحِيمٌ (20)

ترجمہ: اور اگر تم پر (اس رسولِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ میں) اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو (تم بھی پہلی امتوں کی طرح تباہ کر دیے جاتے) مگر اللہ بڑا شفیق بڑا رحم فرمانے والا ہےo

And had there not been Allah's grace and His mercy upon you (for the sake of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him], you too would have been destroyed like the former communities). But Allah is Most Clement, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ وَمَن يَتَّبِعْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ مَا زَكَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ أَبَداً وَلَكِنَّ اللَّهَ يُزَكِّي مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (21)

ترجمہ: اے ایمان والو! شیطان کے راستوں پر نہ چلو، اور جو شخص شیطان کے نقوشِ قدم پر چلتا ہے تو وہ یقیناً بے حیائی اور برے کاموں (کے فروغ) کا حکم دیتا ہے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی شخص بھی کبھی (اس گناہِ تہمت

کے داغ سے) پاک نہ ہوسکتا لیکن اللہ جسے چاہتا ہے پاک فرما دیتا ہے، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

O believers! Do not follow the footsteps of Satan, and whoever follows the footsteps of Satan, then he (Satan) certainly commands to practise (and promotes) immorality and sinful deeds. And if there had not been Allah's grace and His mercy upon you, then none of you would ever have been pure (of the stain of the sin of slander). But Allah purifies whom He wills and Allah is All-Hearing, All-Knowing.

وَلَا يَأْتَلِ أُوْلُوا الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ أَن يُؤْتُوا أُوْلِي الْقُرْبَى وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(22)**

ترجمہ: اور تم میں سے (دینی) بزرگی والے اور (دنیوی) کشائش والے (اب) اس بات کی قَسم نہ کھائیں کہ وہ (اس بہتان کے جرم میں شریک) رشتہ داروں اور محتاجوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو (مالی امداد نہ) دیں گے انہیں چاہئے کہ (ان کا قصور) معاف کر دیں اور (ان کی غلطی سے) درگزر کریں، کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہیں بخش دے، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

And (now) those of you who are exalted (by way of the Din [Religion]) and are affluent (world wise) must not swear that they will not provide (financial help) to the relatives, the needy and the Emigrants (who were involved in this offence of false accusation). They should forgive (their misconduct) and overlook (their mistake). Do you not like that Allah should forgive you? And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ **(23)**

ترجمہ: بے شک جو لوگ ان پارسا مومن عورتوں پر جو (برائی کے تصور سے بھی) بے خبر اور نا آشنا ہیں (ایسی) تہمت لگاتے ہیں وہ دنیا اور آخرت (دونوں جہانوں) میں ملعون ہیں اور ان کے لیے زبردست عذاب ہےo

Verily, those who falsely accuse chaste, believing women who are unaware of, and unacquainted (with, even the very idea of indecency and evil) are cursed in this world and in the Hereafter. And for them is woeful punishment,

يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ أَلْسِنَتُهُمْ وَأَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ **(24)**

ترجمہ: جس دن (خود) ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں انہی کے خلاف گواہی دیں گے کہ جو کچھ وہ کرتے رہے تھےo

On the Day when their (own) tongues and their hands and their feet will bear witness against them for whatever they used to do,

يَوْمَئِذٍ يُوَفِّيهِمُ اللَّهُ دِينَهُمُ الْحَقَّ وَيَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِينُ **(25)**

ترجمہ: اس دن اللہ انہیں ان (کے اعمال) کی پوری پوری جزا جس کے وہ صحیح حق دار ہیں دے دے گا اور وہ جان لیں گے کہ اللہ (خود بھی) حق ہے (اور حق کو) ظاہر فرمانے والا (بھی) ہےo

On that Day, Allah will pay them full recompense that they truly deserve (for their deeds). And they will come to know that Allah is (Himself) the truth (and also) the Revealer (of the truth).

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُوْلَئِكَ مُبَرَّؤُونَ مِمَّا يَقُولُونَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ **(26)**

ترجمہ: ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لیے (مخصوص) ہیں اور پلید مرد پلید عورتوں کے لیے ہیں، اور (اسی طرح) پاک وطیب عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے (مخصوص) ہیں اور پاک وطیب مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں (سو تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاکیزگی وطہارت کو دیکھ کر خود سوچ لیتے کہ اللہ نے ان کے لیے زوجہ بھی کس قدر پاکیزہ وطیب بنائی ہوگی)، یہ (پاکیزہ لوگ) ان (تہمتوں) سے کلیتًا بری ہیں جو یہ (بدزبان) لوگ کہہ رہے ہیں، ان کے لیے (تو) بخشائش اور عزت وبزرگی والی عطا (مقدر ہو چکی) ہے (تم ان کی شان میں زبان درازی کر کے کیوں اپنا منہ کالا اور اپنی آخرت تباہ وبرباد کرتے ہو)o

Unclean women are (particular) for unclean men, while unclean men are meant for unclean women. And, (likewise,) clean and chaste women are (specific) to clean and pious men, whilst clean and pious men are exclusively for clean and chaste women. (So keeping in view the holiness, sanctity and purity of the Holy Prophet, you yourselves could imagine how pure, wholesome and chaste a wife Allah would have raised for him.) These (pure, innocent and pious people) are totally free from these (slanders), which these (foul-mouthed) people are levelling. Forgiveness and bestowal of honour and dignity have been (destined) for them. (Why do you ruin your life after death and earn disgrace and humiliation by denigrating his glory?)

سورۃ الاحزاب:

وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوا فَقَدِ احْتَمَلُوا بُهْتَاناً وَإِثْماً مُّبِيناً **(58)**

ترجمہ: اور جو لوگ مومن مَردوں اور مومن عورتوں کو اذیت دیتے ہیں بغیر اِس کے کہ انہوں نے کچھ (خطا) کی ہو تو بے شک انہوں نے بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ (اپنے سَر) لے لیاo

And those who hurt the believing men and the believing women without their doing anything (wrong), surely, they bear (themselves) the burden of a false allegation and an open sin.

سورۃ الحجرات:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَومٌ مِّن قَوْمٍ عَسَى أَن يَكُونُوا خَيْراً مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاء مِّن نِّسَاء عَسَى أَن يَكُنَّ خَيْراً مِّنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ **(11)**

ترجمہ: اے ایمان والو! کوئی قوم کسی قوم کا مذاق نہ اڑائے ممکن ہے وہ لوگ اُن (تمسخر کرنے والوں) سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں

ہی دوسری عورتوں کا (مذاق اڑائیں) ممکن ہے وہی عورتیں اُن (مذاق اڑانے والی عورتوں) سے بہتر ہوں، اور نہ آپس میں طعنہ زنی اور الزام تراشی کیا کرو اور نہ ایک دوسرے کے برے نام رکھا کرو، کسی کے ایمان (لانے) کے بعد اسے فاسق و بدکردار کہنا بہت ہی برا نام ہے، اور جس نے توبہ نہیں کی سو وہی لوگ ظالم ہیں o

O believers! Let no community ridicule another community. It is likely that they may be better than those (who ridicule). Nor should women make fun of other women. It is likely that they may be better than those (who make fun). And do not offend or find fault with one another, nor call each other names. Calling someone wicked or indecent after (he embraces) faith is an extremely evil name. And those who do not turn to Allah in repentance, it is they who are the wrongdoers.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيْراً مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضاً أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتاً فَكَرِهْتُمُوهُ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ **(12)**

ترجمہ: اے ایمان والو! زیادہ تر گمانوں سے بچا کرو بے شک بعض گمان (ایسے) گناہ ہوتے ہیں (جن پر اُخروی سزا واجب ہوتی ہے) اور (کسی کے عیبوں اور رازوں کی) جستجو نہ کیا کرو اور نہ پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کی برائی کیا کرو، کیا تم میں سے کوئی شخص پسند کرے گا کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے، سو تم اس سے نفرت کرتے ہو۔ اور (اِن تمام معاملات میں) اللہ سے ڈرو بے شک اللہ توبہ کو بہت قبول فرمانے والا بہت رحم فرمانے والا ہے o

O believers! Avoid most conjectures. Indeed, some conjectures are sins (liable to punishment in the Hereafter). And spy not (on someone's unknown matters or secrets), nor backbite one another. Would any of you like to eat the flesh of his dead brother? You would hate it. And fear Allah (in all such matters). Indeed, Allah is Ever-Returning, Ever-Merciful.

20۔ گواہی کا بیان

سورۃ النساء:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ كُونُواْ قَوَّامِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَاء لِلّهِ وَلَوْ عَلَى أَنفُسِكُمْ أَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالأَقْرَبِيْنَ إِن يَكُنْ غَنِيّاً أَوْ فَقِيْراً فَاللّهُ أَوْلَى بِهِمَا فَلاَ تَتَّبِعُواْ الْهَوَى أَن تَعْدِلُواْ وَإِن تَلْوُواْ أَوْ تُعْرِضُواْ فَإِنَّ اللّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيْراً (135)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم انصاف پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے والے (محض) اللہ کے لئے گواہی دینے والے ہو جاؤ خواہ (گواہی) خود تمہارے اپنے یا (تمہارے) والدین یا (تمہارے) رشتہ داروں کے ہی خلاف ہو، اگر چہ (جس کے خلاف گواہی ہو) مالدار ہے یا محتاج، اللہ ان دونوں کا (تم سے) زیادہ خیر خواہ ہے۔ سو تم خواہش نفس کی پیروی نہ کیا کرو کہ عدل سے ہٹ جاؤ (گے) اور اگر تم (گواہی میں) پیچدار بات کرو گے یا (حق سے) پہلو تہی کرو گے تو بیشک اللہ ان سب کاموں سے جو تم کر رہے ہو خبردار ہے O

O believers! Become tenaciously firm on justice, bearing witness (merely) for the sake of Allah even if (the witness) is against your own selves or (your) parents or (your) relatives. Whether the person (against whom is the evidence) is rich or poor, Allah is a greater Well-Wisher of them both (than you are). So do not follow the desires of your (ill-commanding) selves lest you swerve from justice. But if (whilst giving evidence) you twist your statement or evade (the truth), then Allah is indeed Well Aware of (all the works) that you are doing.

سورۃ المائدہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ كُونُواْ قَوَّامِيْنَ لِلّهِ شُهَدَاء بِالْقِسْطِ وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلاَّ تَعْدِلُواْ اعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (8)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کے لئے مضبوطی سے قائم رہتے ہوئے انصاف پر مبنی گواہی دینے والے ہو جاؤ اور کسی قوم کی سخت دشمنی (بھی) تمہیں اس بات پر برانگیختہ نہ کرے کہ تم (اس سے) عدل نہ کرو۔ عدل کیا کرو (کہ) وہ پرہیزگاری سے نزدیک تر ہے اور اللہ سے ڈرا کرو۔ بیشک اللہ تمہارے کاموں سے خوب آگاہ ہے O

O believers! Holding fast to the cause of Allah, bear witness based on justice. And let not (even) the extreme hostility against a people provoke you into abstaining from justice (in their case). Always do justice, (for) it is closer to piousness. And fear Allah. Indeed, Allah is Well Aware of your works.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ أَوْ آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ إِنْ أَنتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الأَرْضِ فَأَصَابَتْكُم مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ تَحْبِسُونَهُمَا مِن بَعْدِ الصَّلاَةِ فَيُقْسِمَانِ بِاللّهِ إِنِ ارْتَبْتُمْ لاَ نَشْتَرِي بِهِ ثَمَناً وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَى وَلاَ نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّهِ إِنَّا إِذاً لَّمِنَ الآثِمِيْنَ (106)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کی موت آئے تو وصیت کرتے وقت تمہارے درمیان گواہی (کے لئے) تم میں سے دو عادل شخص ہوں، یا تمہارے غیروں میں سے (کوئی) دوسرے دو شخص ہوں اگر تم ملک میں سفر کر رہے ہو پھر (اسی حال میں

)تمہیں موت کی مصیبت آ پہنچے تو تم ان دونوں کو نماز کے بعد روک لو، اگر تمہیں (ان پر) شک گزرے تو وہ دونوں اللہ کی قسمیں کھائیں کہ ہم اس کے عوض کوئی قیمت حاصل نہیں کریں گے خواہ کوئی (کتنا ہی) قرابت دار ہو اور نہ ہم اللہ کی (مقرر کردہ) گواہی کو چھپائیں گے (اگر چھپائیں تو) ہم اسی وقت گنہگاروں میں ہو جائیں گے o

O believers! When death approaches any one of you, then at the time of making a bequest there should be two men of probity from amongst you (for) taking testimony, or (any) two men from amongst others if you are travelling in the land. If (in the meanwhile) the agony of death overtakes you, detain both of them after Prayer. If you suspect (them), they shall both swear by Allah: 'We shall not sell it for any price, even though one is a (very close) relative, nor shall we conceal the testimony (ordained) by Allah. (If we hide it,) we shall be amongst sinners there and then.'

فَإِنْ عُثِرَ عَلَى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْماً فَآخَرَانِ يَقُومَانُ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الأَوْلَيَانِ فَيُقْسِمَانِ بِاللّهِ لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِن شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا إِنَّا إِذاً لَّمِنَ الظَّالِمِينَ (107)

ترجمہ: پھر اگر اس (بات) کی اطلاع ہو جائے کہ وہ دونوں (صحیح گواہی چھپانے کے باعث) گناہ کے سزاوار ہو گئے ہیں تو ان کی جگہ دو اور (گواہ) ان لوگوں میں سے کھڑے ہو جائیں جن کا حق پہلے دو (گواہوں) نے دبایا ہے (وہ میت کے زیادہ قرابت دار ہوں) پھر وہ اللہ کی قسمیں کھائیں بیشک ہماری گواہی ان دونوں کی گواہی سے زیادہ سچی ہے اور ہم (حق سے) تجاوز نہیں کر رہے، (اگر ایسا کریں تو) ہم اسی وقت ظالموں سے ہو جائیں گے o

But if it is learnt later that both of them have earned sin (owing to concealing the true witness), then, in their stead, two other (witnesses) should rise from amongst those whose right the two former (witnesses) have seized. (Let them both be closer relatives of the deceased.) They should then swear by Allah: 'Indeed, our testimony is truer than the testimony of both of them; we are not transgressing the bounds (of Truth. If we do so,) we shall be amongst the wrongdoers there and then.'

ذَلِكَ أَدْنَى أَن يَأْتُواْ بِالشَّهَادَةِ عَلَى وَجْهِهَا أَوْ يَخَافُواْ أَن تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ وَاتَّقُوا اللّهَ وَاسْمَعُواْ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ(108)

ترجمہ: یہ (طریقہ) اس بات سے قریب تر ہے کہ لوگ صحیح طور پر گواہی ادا کریں یا اس بات سے خوفزدہ ہوں کہ (غلط گواہی کی صورت میں) ان کی قسموں کے بعد (وہی) قسمیں (زیادہ قریب ورثاء کی طرف) لوٹائی جائیں گی، اور اللہ سے ڈرتے رہو اور (اس کے احکام کو غور سے) سنا کرو، اور اللہ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں دیتا o

This (method) is closer to the mode of making people give their evidence true to the facts, or they feel afraid that (in the case of false testimony,) following their oaths, (equally solemn) oaths will be turned (towards closer heirs). So fear Allah with perseverance and always listen (attentively to the commandments of Allah). And Allah does not guide the people who disobey and defy.

21۔ قسم اور اسکے کفارے کا ذکر

سورۃ المائدہ:

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْ أَيْمَانِكُمْ وَلَكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا عَقَّدتُّمُ الْأَيْمَانَ فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِيْنَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيْكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ ذَلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ وَاحْفَظُواْ أَيْمَانَكُمْ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ(89)

ترجمہ: اللہ تمہاری بے مقصد (اور غیر سنجیدہ) قسموں میں تمہاری گرفت نہیں فرماتا لیکن تمہاری ان (سنجیدہ) قسموں پر گرفت فرماتا ہے جنہیں تم (ارادی طور پر) مضبوط کرلو، (اگر تم ایسی قسم کو توڑ ڈالو) تو اس کا کفارہ دس مسکینوں کو اوسط (درجہ کا) کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو یا (اسی طرح) ان (مسکینوں) کو کپڑے دینا ہے یا ایک گردن (یعنی غلام یا باندی کو) آزاد کرنا ہے ، پھر جسے (یہ سب کچھ) میسر نہ ہو تو تین دن روزے رکھنا ہے۔ یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جب تم کھالو (اور پھر توڑ بیٹھو) اور اپنی قسموں کی حفاظت کیا کرو، اسی طرح تمہارے لئے آیتیں خوب واضح فرماتا ہے تاکہ تم (اس کے احکام کی اطاعت کرکے) شکرگزار بن جاؤ○

Allah does not persecute you for your purposeless (and frivolous) oaths, but takes you to task for your (solemn) oaths which you affirm (deliberately). (If you breach such oaths) the atonement is feeding ten poor persons with an average (quality) food which you serve to your family, or providing them (the poor) with the clothes, or freeing one neck (i.e., a slave). But the one who does not find (all this) shall fast for three days. This is the atonement for your oaths which you affirm (and then break). So, always guard your oaths. It is this way Allah explains most clearly His Revelations to you so that you may become grateful (by obeying His commandments).

22۔ مالِ غنیمت کا ذکر

سورۃ الانفال:

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْأَنفَالِ قُلِ الْأَنفَالُ لِلّهِ وَالرَّسُولِ فَاتَّقُواْ اللّهَ وَأَصْلِحُواْ ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَأَطِيعُواْ اللّهَ وَرَسُولَهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (1)

ترجمہ: (اے نبی مکرّم!) آپ سے اَموالِ غنیمت کی نسبت سوال کرتے ہیں۔ فرما دیجیے: اَموالِ غنیمت کے مالک اللہ اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں۔ سو تم اللہ سے ڈرو اور اپنے باہمی معاملات کو درست رکھا کرو اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کیا کرو اگر تم ایمان والے ہو۝

(O Esteemed Messenger!) They ask you about the spoils of war. Say: 'The spoils belong to Allah and the Messenger (blessings and peace be upon him). So, fear Allah and keep your mutual matters set aright, and obey Allah and His Messenger if you are believers.'

وَاعْلَمُواْ أَنَّمَا غَنِمْتُم مِّن شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ إِن كُنتُمْ آمَنتُمْ بِاللّهِ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (41)

ترجمہ: اور جان لو کہ جو کچھ مالِ غنیمت تم نے پایا ہو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لیے اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں کے لیے (ہے) اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہے۔ اگر تم اللہ پر اور اس (وحی) پر ایمان لائے ہو جو ہم نے اپنے (برگزیدہ) بندے پر (حق و باطل کے درمیان) فیصلے کے دن نازل فرمائی وہ دن (جب میدانِ بدر میں مومنوں اور کافروں کے) دونوں لشکر باہم مقابل ہوئے تھے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۝

And bear in mind that whatever spoils of war you seize, a fifth of it is for Allah and the Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) kindred and orphans and the needy and the wayfarers, if you believe in Allah, and in that (Revelation) which We sent down on Our (exalted) Servant on the Day of Decision (i.e., discrimination between the truth and falsehood), the day (when) the two armies (of the believers and the disbelievers) encountered (in the battlefield of Badr). And Allah has absolute power over everything.

فَكُلُواْ مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلاَلاً طَيِّباً وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ(69)

ترجمہ: سو تم اس میں سے کھاؤ جو حلال، پاکیزہ مالِ غنیمت تم نے پایا ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے۝

So eat of the lawful and wholesome spoils of war you have obtained and keep fearing Allah. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ التوبۃ:

لَوْ كَانَ عَرَضاً قَرِيباً وَسَفَراً قَاصِداً لَّاتَّبَعُوكَ وَلَـكِن بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ وَسَيَحْلِفُونَ بِاللّهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ يُهْلِكُونَ أَنفُسَهُمْ وَاللّهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (42)

ترجمہ: اگر مالِ (غنیمت) قریب الحصول ہوتا اور (جہاد کا) سفر متوسط و آسان تو وہ (منافقین) یقیناً آپ کے پیچھے چل پڑتے لیکن (وہ) پُر مشقّت مسافت انہیں بہت دور دکھائی دی، اور (اب) وہ عنقریب اللہ کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم میں استطاعت ہوتی تو ضرور تمہارے ساتھ نکل کھڑے ہوتے، وہ (ان جھوٹی باتوں سے) اپنے آپ کو (مزید) ہلاکت میں ڈال رہے ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ وہ واقعی جھوٹے ہیں o

Had the benefit (i.e., spoils of war) been a near gain and the journey (of fighting) easy and moderate, then they (the hypocrites) would certainly have followed you. But (that) arduous journey appeared to them far too long. And they will (now) swear by Allah soon: 'Had we been able to go, we would certainly have marched forth with you.' They are drawing upon themselves (added) destruction (by these lies), and Allah knows that they are liars beyond doubt.

سورۃ الفتح:

وَمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَأْخُذُونَهَا وَكَانَ اللّهُ عَزِيزاً حَكِيماً (19)

ترجمہ: اور بہت سے اموالِ غنیمت (بھی) جو وہ حاصل کر رہے ہیں، اور اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے o

And (also) the abundant spoils that they are taking and Allah is Almighty, Most Wise.

وَعَدَكُمُ اللّهُ مَغَانِمَ كَثِيرَةً تَأْخُذُونَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هَذِهِ وَكَفَّ أَيْدِيَ النَّاسِ عَنكُمْ وَلِتَكُونَ آيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطاً مُّسْتَقِيماً (20)

ترجمہ: اور اللہ نے (کئی فتوحات کے نتیجے میں) تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ فرمایا ہے جو تم آئندہ حاصل کرو گے مگر اس نے یہ (غنیمتِ خیبر) تمہیں جلدی عطا فرما دی اور (اہلِ مکہّ، اہلِ خیبر، قبائل بنی اسد و غطفان الغرض تمام دشمن) لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیے، اور تاکہ یہ مومنوں کے لیے (آئندہ کی کامیابی و فتح یابی کی) نشانی بن جائے۔ اور تمہیں (اطمینانِ قلب کے ساتھ) سیدھے راستہ پر (ثابت قدم اور) گامزن رکھے o

And Allah has promised you abundant spoils (resulting from many victories) which you will win, but He has hastened to you this (booty of Khaybar) and has held back from you the hands of the people (of Mecca, Khaybar, Banu Asad and Ghatafan tribes and all other enemies), so that it may become a sign for the believers (of the forthcoming triumph and victory), and that He may keep you treading the straight road (firm-footed and with tranquil hearts).

سورۃ الحشر:

وَمَـا أَفَـاء اللّـهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ وَلَكِنَّ اللَّهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهُ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (6)

ترجمہ: اور جو (اَموالِ فَے) اللہ نے اُن سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لَوٹا دیے تو تم نے نہ تو اُن (کے حصول) پر گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، ہاں! اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے غلبہ وتسلّط عطا فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھنے والا ہے o

And whatever spoils (materials of fay) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from them, you galloped neither horses nor camels in (procuring) them. Yes indeed! Allah gives dominance and control to His Messengers over anyone He wills. And Allah has Absolute Power over everything.

مَّا أَفَاء اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاء مِنكُمْ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (7)

ترجمہ: جو (اَموالِ فَے) اللہ نے (قُرَیظہ، نَضِیر، فِدَک، خَیبر، عُرَینہ سمیت دیگر بغیر جنگ کے مفتوحہ) بستیوں والوں سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لوٹائے ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے ہیں اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں (یعنی بنو ہاشم اور بنو عبد المطّلب) کے لیے اور (معاشرے کے عام) یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہیں، (یہ نظامِ تقسیم اس لیے ہے) تاکہ (سارا مال صرف) تمہارے مال داروں کے درمیان ہی نہ گردش کرتا رہے (بلکہ معاشرے کے تمام طبقات میں گردش کرے)۔ اور جو کچھ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو (اُس سے) رُک جایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقسیم وعطا پر کبھی زبانِ طعن نہ کھولو)، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

And whatever (materials of fay-spoils) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from the people of (the towns captured without war in addition to those of Qurayza, Nadir, Fadak, Khaybar and 'Urayna) belong to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) near relatives (i.e., Banu Hashim and Banu 'Abd al-Muttalib) and the orphans and the needy and the wayfarer (of society at large. This distribution system is to ensure) that (the whole wealth) may not circulate (only) amongst the rich of you (but should circulate amongst all the classes of society). And whatever the Messenger (blessings and peace be upon him) gives you, take that and whatever he forbids you, abstain (from that) and keep fearing Allah (i.e., never scoff at the Messenger's distribution and award). Surely, Allah is Severe to punish.

23۔قرضِ حسنہ کا ذکر

سورۃ البقرہ:

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُونَ الصَّلاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (3)

ترجمہ: جو غیب پر ایمان لاتے اور نماز کو (تمام حقوق کے ساتھ) قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (ہماری راہ میں) سے خرچ کرتے ہیںo

Those who believe in the unseen, and establish Prayer (fulfilling all its requisites) and spend (in Our way) out of what We have given them;

وَأَنفِقُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَلاَ تُلْقُواْ بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ وَأَحْسِنُوَاْ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (195)

ترجمہ: اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہی ہاتھوں خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو، اور نیکی اختیار کرو، بیشک اللہ نیکوکاروں سے محبت فرماتا ہےo

And spend in the cause of Allah; and do not cast yourselves into destruction with your own hands; and adopt righteousness. Verily, Allah loves the righteous.

يَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ قُلْ مَا أَنفَقْتُم مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالأَقْرَبِيْنَ وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا تَفْعَلُواْ مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللّهَ بِهِ عَلِيْمٌ (215)

ترجمہ: آپ سے پوچھتے ہیں کہ (اللہ کی راہ میں) کیا خرچ کریں، فرما دیں جس قدر بھی مال خرچ کرو (درست ہے)، مگر اس کے حقدار تمہارے ماں باپ ہیں اور قریبی رشتہ داری ہیں اور یتیم ہیں اور محتاج ہیں اور مسافر ہیں، اور جو نیکی بھی تم کرتے ہو بیشک اللہ اسے خوب جاننے والا ہےo

They ask you what they should spend (in the way of Allah). Say: 'Whatever wealth you spend (is right), but the deserving ones are your parents and close relatives and orphans and the needy and the wayfarers. And whatever good you do, Allah indeed knows it full well.'

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ قُلْ فِيْهِمَا إِثْمٌ كَبِيْرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمُ الآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ (219)

ترجمہ: آپ سے شراب اور جوئے کی نسبت سوال کرتے ہیں فرما دیں! ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لئے کچھ (دنیوی) فائدے بھی ہیں مگر ان دونوں کا گناہ ان کے نفع سے بڑھ کر ہے اور آپ سے یہ بھی پوچھتے ہیں کہ کیا کچھ خرچ کریں؟ فرما دیں جو ضرورت سے زائد ہے (خرچ کر دو)، اسی طرح اللہ تمہارے لئے (اپنے) احکام کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم غور و فکر کروo

They ask you about alcohol (i.e., intoxicants) and gambling. Say: 'Major sin lies in both of them and also some (worldly) profit for the people, but their sin is greater than their profit.' And they also ask you about what they should spend.

Say: '(Spend) whatever is surplus to your needs.' Thus does Allah make His commandments clear to you so that you may meditate.

مَّن ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰہَ قَرْضاً حَسَناً فَیُضَاعِفَہُ لَہُ أَضْعَافاً کَثِیْرَۃً وَاللّٰہُ یَقْبِضُ وَیَبْسُطُ وَإِلَیْہِ تُرْجَعُونَ (245)

ترجمہ: کون ہے جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے پھر وہ اس کے لئے اسے کئی گنا بڑھا دے گا، اور اللہ ہی (تمھارے رزق میں) تنگی اور کشادگی کرتا ہے، اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Who is he that will lend to Allah a generous loan? He will, then, multiply it for him manifold. And Allah alone decreases and increases (your sustenance) and towards Him will you be returned.

یَـا أَیُّہَا الَّذِیْنَ آمَنُواْ أَنفِقُواْ مِمَّا رَزَقْنَاکُم مِّن قَبْلِ أَن یَأْتِیَ یَوْمٌ لاَّ بَیْعٌ فِیْہِ وَلاَ خُلَّۃٌ وَلاَ شَفَاعَۃٌ وَالْکَافِرُونَ ھُمُ الظَّالِمُونَ (254)

ترجمہ: اے ایمان والو! جو کچھ ہم نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں سے (اللہ کی راہ) خرچ کرو قبل اس کے کہ وہ دن آ جائے جس میں نہ کوئی خرید و فروخت ہوگی اور (کافروں کے لئے) نہ کوئی دوستی (کارآمد) ہوگی اور نہ (کوئی) سفارش، اور یہ کفار ہی ظالم ہیںo

O believers! Spend (in the cause of Allah) out of whatever We have provided for you, before the Day comes when there will be no trading; and (for disbelievers) neither any friendship (will be useful) nor (any) intercession; and it is the disbelievers who are the transgressors.

مَّثَـلُ الَّـذِیْـنَ یُنفِقُونَ أَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ أَنبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ کُلِّ سُنبُلَۃٍ مِّئَۃُ حَبَّۃٍ وَاللّٰہُ یُضَاعِفُ لِمَن یَشَاءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ (261)

ترجمہ: جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مال خرچ کرتے ہیں ان کی مثال (اس) دانے کی سی ہے جس سے سات بالیاں اگیں (اور پھر) ہر بالی میں سو دانے ہوں (یعنی) سات سو گنا اجر پاتے ہیں) اور اللہ جس کے لئے چاہتا ہے (اس سے بھی) اضافہ فرما دیتا ہے، اور اللہ بڑی وسعت والا خوب جاننے والا ہےo

The example of those who spend their wealth in the way of Allah is like (that) grain out of which seven ears shoot forth. (And then) each ear bears a hundred grains (i.e., they are rewarded seven hundred times). And Allah multiplies (still more) for whom He likes. And Allah is Infinite, All-Knowing.

الَّـذِیْـنَ یُـنـفِـقُـونَ أَمْـوَالَھُـم بِـاللَّیْلِ وَالنَّھَارِ سِرّاً وَعَلاَنِیَۃً فَلَھُمْ أَجْرُھُمْ عِندَ رَبِّھِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلاَ ھُمْ یَحْزَنُونَ (274)

ترجمہ: جو لوگ (اللہ کی راہ میں) شب و روز اپنے مال پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتے ہیں تو ان کے لئے ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے اور (روزِ قیامت) ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گےo

Those who spend (in the cause of Allah) by night and day, privately or publicly, have their reward with their Lord. And (on the Day of Resurrection) they shall neither fear nor grieve.

وَإِن كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَى مَيْسَرَةٍ وَأَن تَصَدَّقُواْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (280)

ترجمہ: اور اگر قرض دار تنگدست ہو تو خوشحالی تک مہلت دی جانی چاہئے، اور تمہارا (قرض کو) معاف کر دینا تمہارے لئے بہتر ہے اگر تمہیں معلوم ہو (کہ غریب کی دلجوئی اللہ کی نگاہ میں کیا مقام رکھتی ہے)o

And if a debtor is under financial stress, he should be given respite till he feels at ease to pay. And your forgoing (the loan) is better for you if you know (what significance it has in the sight of Allah to console the poor).

سورۃ العمران:

لَن تَنَالُواْ الْبِرَّ حَتَّى تُنفِقُواْ مِمَّا تُحِبُّونَ وَمَا تُنفِقُواْ مِن شَيْءٍ فَإِنَّ اللّهَ بِهِ عَلِيمٌ(92)

ترجمہ: تم ہر نیکی کو نہیں پہنچ سکو گے جب تک تم (اللہ کی راہ میں) اپنی محبوب چیزوں میں سے خرچ نہ کرو، اور تم جو کچھ بھی خرچ کرتے ہو بیشک اللہ اسے خوب جاننے والا ہےo

You can never attain to piety unless you spend (in the cause of Allah) out of that which you like the most; and Allah surely knows well whatever you give away.

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَا آتَاهُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ هُوَ خَيْراً لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُواْ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلِلّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ(180)

ترجمہ: اور جو لوگ اس (مال و دولت) میں سے دینے میں بخل کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا کیا ہے وہ ہرگز اس بخل کو اپنے حق میں بہتر خیال نہ کریں، بلکہ یہ ان کے حق میں برا ہے، عنقریب روزِ قیامت انہیں (گلے میں) اس مال کا طوق پہنایا جائے گا جس میں وہ بخل کرتے رہے ہوں گے، اور اللہ ہی آسمانوں اور زمین کا وارث ہے (یعنی جیسے اب مالک ہے ایسے ہی تمہارے سب کے مر جانے کے بعد بھی وہی مالک رہے گا)، اور اللہ تمہارے سب کاموں سے آگاہ ہےo

And those who are niggardly in giving away (from the wealth) which Allah has bestowed upon them out of His bounty must never consider this miserliness of any benefit to themselves; it is rather injurious to them. Soon on the Day of Resurrection, this wealth they are niggardly about will be put around (their necks) like a neck-fetter. To Allah belongs the heritage of the heavens and the earth (i.e., He will remain the Owner of the universe after your death in the same way as He owns it today). And Allah is well aware of all your deeds.

سورۃ النساء:

وَالَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ رِئَاء النَّاسِ وَلاَ يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلاَ بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَن يَكُنِ الشَّيْطَانُ لَهُ قَرِيناً فَسَاء قَرِيناً(38)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے مال لوگوں کے دکھاوے کے لیے خرچ کرتے ہیں اور نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ یومِ آخرت پر، اور شیطان جس کا بھی ساتھی ہو گیا تو وہ برا ساتھی ہےo

And those who spend their wealth to show off to people, and believe neither in

Allah nor in the Last Day. And whoever Satan sides with as a companion, so he is an evil companion!

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ آمَنُواْ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَأَنفَقُواْ مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّهُ وَكَانَ اللّهُ بِهِم عَلِيماً (39)

ترجمہ: اوران کا کیا نقصان تھا اگر وہ اللہ پراور یومِ آخرت پرایمان لے آتے اور جو کچھ اللہ نے انہیں دیا تھا اس میں سے (اس کی راہ میں) خرچ کرتے، اور اللہ ان (کے حال) سے خوب واقف ہےo

And what loss would they have suffered, if they had believed in Allah and the Last Day, and spent (in His way) of what Allah had given them? And Allah is Well Aware of them (i.e., their state of affairs).

سورۃ الانفال:

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُوْنَ (3)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو نماز قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (اس کی راہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیںo

(They) are those who establish Prayer, and spend (in the cause of Allah) out of whatever We have bestowed upon them.

وَأَعِدُّواْ لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِيْنَ مِن دُونِهِمْ لاَ تَعْلَمُونَهُمُ اللّهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنفِقُواْ مِن شَيْءٍ فِي سَبِيْلِ اللّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لاَ تُظْلَمُونَ (60)

ترجمہ: اور (اے مسلمانو!) ان کے (مقابلے کے) لیے تم سے جس قدر ہو سکے (ہتھیاروں اور آلاتِ جنگ کی) قوت مہیا رکھو اور بندھے ہوئے گھوڑوں کی (کھیپ بھی)، اس (دفاعی تیاری) سے تم اللہ کے دشمن اور اپنے دشمن کو (اپنے اوپر حملہ آور ہونے سے) ڈراتے رہو اور ان کے سوا دوسروں کو بھی جن (کی چھپی دشمنی) کو تم نہیں جانتے، اللہ انہیں جانتا ہے۔ اور تم جو کچھ (بھی اپنے دفاع کی خاطر) اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے تمہیں اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور تم سے ناانصافی نہ کی جائے گیo

And, (O Muslims,) muster up as much defence strength as you can (in the form of weapons and equipment of war) and (also formations) of war steeds (i.e., war mounts) to combat them. Cause deterrence with this (defensive readiness) amongst the enemy of Allah and your enemy, and also those besides them whose (secret enmity) you know not; Allah knows them. And whatever you spend in the way of Allah, you will be paid back in full, and you will not be done any injustice.

سورۃ التوبۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِنَّ كَثِيراً مِّنَ الأَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيْلِ اللّهِ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلاَ يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيْلِ اللّهِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (34)

ترجمہ: اے ایمان والو! بے شک (اہلِ کتاب کے) اکثر علماء اور درویش، لوگوں کے مال ناحق (طریقے سے) کھاتے ہیں اور

اللہ کی راہ سے روکتے ہیں (یعنی لوگوں کے مال سے اپنی تجوریاں بھرتے ہیں اور دینِ حق کی تقویت واشاعت پر خرچ کیے جانے سے روکتے ہیں)، اور جو لوگ سونا اور چاندی کا ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو انہیں دردناک عذاب کی خبر سنا دیںo

O believers! Indeed, the majority of the priests and monks (of the People of the Book) devour the wealth of people through unfair (means) and hinder from the path of Allah (i.e., fill their safes with people's money, and hinder it from being spent for the publicity and promotion of the true Din [Religion]). And those who hoard silver and gold and do not spend it in the cause of Allah, warn them of a grievous torment.

يَوْمَ يُحْمَى عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ وَظُهُورُهُمْ هَـذَا مَا كَنَزْتُمْ لِأَنفُسِكُمْ فَذُوقُواْ مَا كُنتُمْ تَكْنِزُونَ (35)

ترجمہ: جس دن اس (سونے، چاندی اور مال) پر دوزخ کی آگ میں تاپ دی جائے گی پھر اس (تپے ہوئے مال) سے ان کی پیشانیاں اور ان کے پہلو اور ان کی پیٹھیں داغی جائیں گی، (اور ان سے کہا جائے گا) کہ یہ وہی (مال) ہے جو تم نے اپنی جانوں (کے مفاد) کے لیے جمع کیا تھا سو تم (اس مال کا) مزہ چکھو جسے تم جمع کرتے رہے تھےo

The Day when this (gold, silver and wealth) will be heated in the Fire of Hell, their foreheads, sides and backs will be branded with this (heated material, and it will be said to them:) 'This is the same (wealth) that you treasured for (the benefit of) your souls. So taste (this wealth) which you had been amassing.'

خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِم بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلاَتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ وَاللّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (103)

ترجمہ: آپ ان کے اموال میں سے صدقہ (زکوٰۃ) وصول کیجئے کہ آپ اس (صدقہ) کے باعث انہیں (گناہوں سے) پاک فرما دیں اور انہیں (ایمان و مال کی پاکیزگی سے) برکت بخش دیں اور ان کے حق میں دعا فرمائیں، بے شک آپ کی دعا ان کے لیے (باعثِ) تسکین ہے، اور اللہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

Collect alms (Zakat-the Alms-due) from their wealth so that by these (alms) you may purify them (of their sins) and (by this purification of faith and riches) bestow upon them blessing and pray for them. Surely, your prayer is a (source of) delightful calm for them. And Allah is All-Hearing, All-Knowing.

أَلَمْ يَعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَأْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَأَنَّ اللّهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ (104)

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتے کہ بے شک اللہ ہی تو اپنے بندوں سے (ان کی) توبہ قبول فرماتا ہے اور صدقات (یعنی زکوٰۃ و خیرات اپنے دستِ قدرت سے) وصول فرماتا ہے اور یہ کہ اللہ ہی بڑا توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان ہے؟o

Do they not know that indeed He is Allah alone Who accepts the repentance of His servants and takes charity donations (i.e., Zakat and alms with His own Mighty Hand) and that Allah is the One Who is Oft-Relenting, Ever-Merciful?

سورۃ الرعد:

وَالَّذِيْنَ صَبَرُواْ ابْتِغَاء وَجْهِ رَبِّهِمْ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ وَأَنفَقُواْ مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلاَنِيَةً وَيَدْرَؤُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ أُوْلَئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ (22)

ترجمہ: اور جولوگ اپنے رب کی رضا جوئی کے لیے صبر کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ (دونوں طرح) خرچ کرتے ہیں اور نیکی کے ذریعہ برائی کو دور کرتے رہتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت کا (حسین) گھر ہےo

And who remain steadfast in seeking the pleasure of their Lord, and establish Prayer, and spend (both) secretly and openly out of the sustenance We have provided, and continue eliminating evil by means of good; they are the ones for whom there is a (beautiful) home in the Hereafter.

سورۃ ابراہیم:

قُل لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ آمَنُواْ يُقِيْمُواْ الصَّلاَةَ وَيُنفِقُواْ مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلاَنِيَةً مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لاَّ بَيْعٌ فِيهِ وَلاَ خِلاَلٌ (31)

ترجمہ: آپ میرے مومن بندوں سے فرما دیں کہ وہ نماز قائم رکھیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ (ہماری راہ میں) خرچ کرتے رہیں اس دن کے آنے سے پہلے جس دن میں نہ کوئی خرید وفروخت ہوگی اور نہ ہی کوئی (دنیاوی) دوستی (کام آئے گی)o

Say to My servants who have believed that they must establish Prayer and spend (in Our way) both secretly and openly of the provision that We have granted them before the dawn of the Day when neither any transaction will take place, nor any (worldly) friendship (will profit).

سورۃ النحل:

وَاللّهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُواْ بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلَى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَاء أَفَبِنِعْمَةِ اللّهِ يَجْحَدُونَ (71)

ترجمہ: اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر رزق (کے درجات) میں فضیلت دی ہے (تاکہ وہ تمہیں حکمِ انفاق کے ذریعے آزمائے)، مگر جن لوگوں کو فضیلت دی گئی ہے وہ اپنی دولت (کے کچھ حصہ کو بھی) اپنے زیردست لوگوں پر نہیں لوٹاتے (یعنی خرچ نہیں کرتے) حالاں کہ وہ سب اس میں (بنیادی ضروریات کی حد تک) برابر ہیں، تو کیا وہ اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیںo

And Allah has preferred some of you to others in (grades of) provision (so that He puts you to trial through the command of spending in His way). But those who have been preferred do not divert (even a portion of) their wealth to (i.e., do not spend on) their dependants, whilst they all are equal in it (as for as their

basic necessities are concerned). So do they deny Allah's favour?

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلاً عَبْداً مَّمْلُوكاً لَّا يَقْدِرُ عَلَى شَيْءٍ وَمَن رَّزَقْنَاهُ مِنَّا رِزْقاً حَسَناً فَهُوَ يُنفِقُ مِنْهُ سِرّاً وَجَهْراً هَلْ يَسْتَوُونَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ (75)

ترجمہ: اللہ نے ایک مثال بیان فرمائی ہے (کہ) ایک غلام ہے (جو کسی کی) ملکیت میں ہے (خود) کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور (دوسرا) وہ شخص ہے جسے ہم نے اپنی طرف سے عمدہ روزی عطا فرمائی ہے سو وہ اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا ہے، کیا وہ برابر ہو سکتے ہیں، سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، بلکہ ان میں سے اکثر (بنیادی حقیقت کو بھی) نہیں جانتےo

Allah has explained an example (that) there is a slave, possessed by (some master), having no control over anything (himself), and (the other) is the one to whom We have given the best provision, so he gives out to others out of it secretly and openly: can the two be held equal? All praise belongs to Allah alone. But most of them do not know (even the basic reality).

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالإِحْسَانِ وَإِيْتَاءِ ذِي الْقُرْبَى وَيَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ (90)

ترجمہ: بے شک اللہ (ہر ایک کے ساتھ) عدل اور احسان کا حکم فرماتا ہے اور قرابت داروں کو دیتے رہنے کا اور بے حیائی اور برے کاموں اور سرکشی و نافرمانی سے منع فرماتا ہے، وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم خوب یاد رکھوo

Indeed, Allah enjoins justice and benevolence (towards everyone), and giving away to the kindred, and forbids indecency, evil deeds, defiance and disobedience. He admonishes you so that you may remember with concern.

مَا عِندَكُمْ يَنفَدُ وَمَا عِندَ اللّٰهِ بَاقٍ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُواْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ96)

ترجمہ: جو (مال و زر) تمہارے پاس ہے فنا ہو جائے گا اور جو اللہ کے پاس ہے باقی رہنے والا ہے، اور ہم ان لوگوں کو جنہوں نے صبر کیا ضرور ان کا اجر عطا فرمائیں گے ان کے اچھے اعمال کے عوض جو وہ انجام دیتے رہے تھےo

(The riches) that you possess will be no more and what is with Allah will last. And those who remain steadfast, We shall certainly pay their recompense for their righteous deeds which they used to do.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوماً مَّحْسُوراً(29)

ترجمہ: اور نہ اپنا ہاتھ اپنی گردن سے باندھا ہوا رکھو (کہ کسی کو کچھ نہ دو) اور نہ ہی اسے سارا کا سارا کھول دو (کہ سب کچھ ہی دے ڈالو) کہ پھر تمہیں خود ملامت زدہ (اور) تھکا ہارا بن کر بیٹھنا پڑےo

And neither keep your hand tied to your neck (giving nothing to anyone), nor stretch it wide open (giving away all) lest you should sit back, blamed (and) consumed.

سورۃ الحج:

الَّذِيْنَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِيْنَ عَلَى مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِيْ الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (35)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (تو) ان کے دل ڈرنے لگتے ہیں اور جو مصیبتیں انہیں پہنچتی ہیں ان پر صبر کرتے ہیں اور نماز قائم رکھنے والے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیںo

(They are) the people whose hearts get into fear when Allah is mentioned, and they bear with fortitude whatever troubles touch them. And they establish Prayer, and give away out of what We have bestowed upon them.

سورۃ المومنون:

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُونَ مَا آتَوا وَّقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَى رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ (60)

ترجمہ: اور جو لوگ (اللہ کی راہ میں اتنا کچھ) دیتے ہیں جتنا وہ دے سکتے ہیں اور (اس کے باوجود) ان کے دل خائف رہتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں (کہیں یہ نامقبول نہ ہو جائے)o

And those who give away (in the way of Allah as much) as they can, yet (in spite of that) their hearts fear that they are to return to their Lord (lest it should be rejected),

سورۃ الفرقان:

وَالَّذِيْنَ إِذَا أَنفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَلِكَ قَوَاماً (67)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں کہ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ بے جا اڑاتے ہیں اور نہ تنگی کرتے ہیں اور ان کا خرچ کرنا (زیادتی اور کمی کی) ان دو حدوں کے درمیان اعتدال پر (مبنی) ہوتا ہےo

And (these) are the people who are neither extravagant nor miserly when they spend. And their spending is (based on) a balance between the two extremes (of extravagance and miserliness).

سورۃ القصص:

أُوْلَئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُم مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَؤُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (54)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ان کا اجر دوبار دیا جائے گا اس وجہ سے کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ برائی کو بھلائی کے ذریعے دفع کرتے ہیں اور اس عطا میں سے جو ہم نے انہیں بخشی خرچ کرتے ہیںo

It is these people who will be given their reward twice because they remained steadfast and they repelled evil by means of good, and spent in Our way out of the bounty We bestowed upon them.

سورۃ السجدۃ:

تَتَجَافَى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفاً وَطَمَعاً وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (16)

ترجمہ: ان کے پہلو اُن کی خواب گاہوں سے جدا رہتے ہیں اور اپنے رب کو خوف اور امید (کی ملی جُلی کیفیت) سے پکارتے ہیں اور ہمارے عطا کردہ رزق میں سے (ہماری راہ میں) خرچ کرتے ہیںo

Their sides stay away from their beds and they call out to their Lord in a (mingled state) of fear and hope and spend (in Our way) out of the sustenance We have provided them.

سورۃ فاطر:

إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ (29)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں، پوشیدہ بھی اور ظاہر بھی، اور ایسی (اُخروی) تجارت کے امیدوار ہیں جو کبھی خسارے میں نہیں ہوگیo

Surely, those who recite the Book of Allah and establish Prayer and spend secretly and openly in Our way out of what We have given them look forward to a trade (in the Hereafter) which will never run into loss,

لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ (30)

ترجمہ: تاکہ اللہ ان کا اجر انہیں پورا پورا عطا فرمائے اور اپنے فضل سے انہیں مزید نوازے، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا، بڑا ہی شکر قبول فرمانے والا ہےo

So that Allah pays them their reward in full and blesses them more out of His bounty. Surely, Allah is Most Forgiving, Most Appreciative of thanks.

سورۃ یٰس:

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ (47)

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ تم اس میں سے (راہِ خدا میں) خرچ کرو جو تمہیں اللہ نے عطا کیا ہے تو کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں: کیا ہم اس (غریب) شخص کو کھلائیں جسے اگر اللہ چاہتا تو (خود ہی) کھلا دیتا۔ تم تو کھلی گمراہی میں ہی (مبتلا) ہوگئے ہوo

And when it is said to them: 'Spend (in the way of Allah) of what Allah has given you,' the disbelievers say to the believers: 'Shall we feed that (poor) man whom, if Allah so willed, He would feed (Himself)?' You are but (caught) in clear error.

سورۃ الشوریٰ:

وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (38)

ترجمہ: اور جولوگ اپنے رب کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور اُن کا فیصلہ باہمی مشورہ سے ہوتا ہے اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا ہے خرچ کرتے ہیںo

And those who submit to the command of their Lord, and establish prayer; and their decisions are made through mutual consultations; and they spend in Our way out of the provision which We have given them;

سورۃ محمد:

هَاأَنتُمْ هَؤُلَاءِ تُدْعَوْنَ لِتُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَمِنكُم مَّن يَبْخَلُ وَمَن يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَن نَّفْسِهِ وَاللَّهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَاءُ وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ (38)

ترجمہ: یادرکھو! تم وہ لوگ ہو جنہیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے لیے بلایا جاتا ہے تو تم میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو بُخل کرتے ہیں، اور جو کوئی بھی بُخل کرتا ہے وہ محض اپنی جان ہی سے بخل کرتا ہے، اور اللہ بے نیاز ہے اور تم (سب) محتاج ہو، اور اگر تم (حکمِ الٰہی سے) رُوگردانی کرو گے تو وہ تمہاری جگہ بدل کر دوسری قوم کو لے آئے گا پھر وہ تمہارے جیسے نہ ہوں گےo

Remember! You are those who are called to spend in the way of Allah. Then there are some of you who act miserly. And whoever acts miserly does it only against himself. And Allah is Independent and you (all) are dependent. And if you turn away from the command of Allah, He will replace you with another people who will not be like you.

سورۃ الذاریات:

وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ (19)

ترجمہ: اور اُن کے اموال میں سائل اور محروم (سب حاجت مندوں) کا حق مقرر تھاo

And in their wealth was appointed a due share for the beggars and the destitute (i.e., all the needy).

سورۃ النجم:

أَفَرَأَيْتَ الَّذِي تَوَلَّى (33)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے (حق سے) منہ پھیر لیاo

Have you seen him who has turned away (from the truth)?

وَأَعْطَى قَلِيلًا وَأَكْدَى (34)

ترجمہ: اور اس نے (راہِ حق میں) تھوڑا سا (مال) دیا اور (پھر ہاتھ) روک لیاo

And he gave away a little (wealth in the way of Allah) and (then) held back (his hand)?

سورۃ الحدید:

آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَأَنفِقُوا مِمَّا جَعَلَكُم مُّسْتَخْلَفِينَ فِيهِ فَالَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَأَنفَقُوا لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ (7)

ترجمہ: اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ اور اس (مال و دولت) میں سے خرچ کرو جس میں اس نے تمہیں اپنا نائب (وامین) بنایا ہے، پس تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے خرچ کیا اُن کے لیے بہت بڑا اَجر ہےo

Believe in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and spend (in His cause) out of that (wealth) in which He has made you His vicegerents (and trustees). So those of you who believe and spend (in His way), for them is mighty reward.

وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ أُولَئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَى وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (10)

ترجمہ: اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالاں کہ آسمانوں اور زمین کی ساری ملکیت اللہ ہی کی ہے (تم فقط اس مالک کے نائب ہو)، تم میں سے جن لوگوں نے فتحِ (مکّہ) سے پہلے (اللہ کی راہ میں اپنا مال) خرچ کیا اور (حق کے لیے) قتال کیا وہ (اور تم) برابر نہیں ہو سکتے، وہ اُن لوگوں سے درجہ میں بہت بلند ہیں جنہوں نے بعد میں مال خرچ کیا ہے، اور قتال کیا ہے، مگر اللہ نے حسنِ آخرت (یعنی جنت) کا وعدہ سب سے فرما دیا ہے، اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اُن سے خوب آگاہ ہےo

And what is the matter with you that you do not spend in the way of Allah, whereas the ownership of the heavens and the earth belongs to Allah alone (you are merely His vicegerents)? Those of you who spent (their wealth in the way of Allah before Meccan Victory) and fought (for the sake of truth), they (and you) cannot be equal. They are far higher in rank than those who spent their wealth afterwards and fought. But Allah has promised the most pleasing end (i.e., Paradise) to all in the Hereafter. And Allah is Well Aware of what you do.

إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقَاتِ وَأَقْرَضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً يُضَاعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ (18)

ترجمہ: بے شک صدقہ و خیرات دینے والے مرد اور صدقہ و خیرات دینے والی عورتیں اور جنہوں نے اللہ کو قرضِ حسنہ کے طور پر قرض دیا ان کے لیے (صدقہ و قرضہ کا اجر) کئی گنا بڑھا دیا جائے گا اور اُن کے لیے بڑی عزت والا ثواب ہوگاo

Surely, both the men and the women who give charity and those who lend a goodly loan to Allah, (the reward of charity) will be increased for them manifold, and there will be most honourable reward for them.

سورۃ المجادلۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً ذَلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَأَطْهَرُ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (12)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے کوئی راز کی بات تنہائی میں عرض کرنا چاہو تو اپنی راز دارانہ بات کہنے سے پہلے کچھ صدقہ وخیرات کرلیا کرو، یہ (عمل) تمہارے لیے بہتر اور پاکیزہ تر ہے، پھر اگر (خیرات کے لیے) کچھ نہ پاؤ تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

O believers! When you seek to submit some secret to the Messenger (blessings and peace be upon him) in private, give something in charity before you submit your secret. This (action) is better and purer for you. But if you do not find anything (to offer in charity), then Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ المنافقون:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد (کہیں) تمہیں اللہ کی یاد سے ہی غافل نہ کر دیں، اور جو شخص ایسا کرے گا تو وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیںo

O believers! Let not your wealth and your children make you neglectful of the very remembrance of Allah. And whoever does so, it is they who are the losers.

وَأَنفِقُوا مِن مَّا رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُولَ رَبِّ لَوْلَا أَخَّرْتَنِيْ إِلَى أَجَلٍ قَرِيْبٍ فَأَصَّدَّقَ وَأَكُن مِّنَ الصَّالِحِيْنَ (10)

ترجمہ: اور تم اس (مال) میں سے جو ہم نے تمہیں عطا کیا ہے (اللہ کی راہ میں) خرچ کرو قبل اِس کے کہ تم میں سے کسی کو موت آجائے پھر وہ کہنے لگے: اے میرے رب! تو نے مجھے تھوڑی مدت تک کی مہلت اور کیوں نہ دے دی کہ میں صدقہ وخیرات کر لیتا اور نیکوکاروں میں سے ہو جاتاo

And spend (in the way of Allah) out of (the wealth) which We have given you before death approaches one of you, and he says: 'O my Lord, why did You not give me respite for a short while so that I could donate in charity and become one of the most pious?'

وَلَن يُؤَخِّرَ اللَّهُ نَفْساً إِذَا جَاء أَجَلُهَا وَاللَّهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (11)

ترجمہ: اور اللہ ہرگز کسی شخص کو مہلت نہیں دیتا جب اس کی موت کا وقت آجاتا ہے، اور اللہ اُن کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

And Allah never grants respite to anyone when his hour of death approaches. And Allah is Well Aware of the actions that you do.

سورۃ التغابن:

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيْعُوا وَأَنفِقُوا خَيْراً لِّأَنفُسِكُمْ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (16)

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرتے رہو جس قدر تم سے ہو سکے اور (اُس کے احکام) سنو اور اطاعت کرو اور (اس کی راہ میں) خرچ کرو

یہ تمہارے لیے بہتر ہوگا، اور جو اپنے نفس کے بخل سے بچا لیا جائے سو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیںo

So fear Allah as much as you are able to. And listen to (His commands) and obey and spend (in His way). That will be better for you. And whoever is saved from the miserliness of his (ill-commanding) self, it is they who will attain prosperity.

إِن تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً يُضَاعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ (17)

ترجمہ: اگر تم اللہ کو (اخلاص اور نیک نیتی سے) اچھا قرض دو گے تو وہ اسے تمہارے لیے کئی گنا بڑھا دے گا اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ بڑا قدر شناس ہے بُردبار ہےo

If you lend a good loan to Allah (with sincerity and righteous intention), He will increase it manifold for you and will forgive you. And Allah is Most Appreciative, Most Forbearing,

سورۃ الطلاق:

لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْساً إِلَّا مَا آتَاهَا سَيَجْعَلُ اللَّهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُسْراً (7)

ترجمہ: صاحبِ وسعت کو اپنی وسعت (کے لحاظ) سے خرچ کرنا چاہئے، اور جس شخص پر اُس کا رِزق تنگ کر دیا گیا ہو تو وہ اُسی (روزی) میں سے (بطورِ نفقہ) خرچ کرے جو اُسے اللہ نے عطا فرمائی ہے۔ اللہ کسی شخص کو مکلّف نہیں ٹھہراتا مگر اسی قدر جتنا کہ اُس نے اسے عطا فرما رکھا ہے، اللہ عنقریب تنگی کے بعد کشائش پیدا فرما دے گاo

The affluent one should spend (according to) his means. And whoever is provided sustenance scarcely, let him spend (on her maintenance) out of the provision which Allah has given him. Allah does not burden anyone beyond what He has given him. Allah will soon bring about ease after hardship.

سورۃ المعارج:

وَجَمَعَ فَأَوْعَى (18)

ترجمہ: اور (اس نے) مال جمع کیا پھر (اسے تقسیم سے) روکے رکھاo

And (he who) accumulated wealth and then held it (from distribution).

إِنَّ الْإِنسَانَ خُلِقَ هَلُوعاً (19)

ترجمہ: بے شک انسان بے صبرا اور لالچی پیدا ہوا ہےo

Surely, man has been created impatient and greedy.

وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُومٌ (24)

ترجمہ: اور وہ (ایثار کیش) لوگ جن کے اَموال میں حصہ مقرر ہےo

And those (who are committed to sacrifice and) in whose wealth there is a fixed share,

لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ 25)

ترجمہ: مانگنے والے اور نہ مانگنے والے محتاج کاo

Of one who begs and of one who is needy but does not beg,

سورۃ المزمل:

إِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُومُ أَدْنَى مِن ثُلُثَيِ اللَّيْلِ وَنِصْفَهُ وَثُلُثَهُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ الَّذِينَ مَعَكَ وَاللَّهُ يُقَدِّرُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ عَلِمَ أَن لَّن تُحْصُوهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ عَلِمَ أَن سَيَكُونُ مِنكُم مَّرْضَى وَآخَرُونَ يَضْرِبُونَ فِي الْأَرْضِ يَبْتَغُونَ مِن فَضْلِ اللَّهِ وَآخَرُونَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَاقْرَؤُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضاً حَسَناً وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ هُوَ خَيْراً وَأَعْظَمَ أَجْراً وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (20)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب جانتا ہے کہ آپ (کبھی) دو تہائی شب کے قریب اور (کبھی) نصف شب اور (کبھی) ایک تہائی شب (نماز میں) قیام کرتے ہیں، اور اُن لوگوں کی ایک جماعت (بھی) جو آپ کے ساتھ ہیں (قیام میں شریک ہوتی ہے)، اور اللہ ہی رات اور دن (کے گھٹنے اور بڑھنے) کا صحیح اندازہ رکھتا ہے، وہ جانتا ہے کہ تم ہرگز اُس کے اِحاطہ کی طاقت نہیں رکھتے، سو اُس نے تم پر (مشقت میں تخفیف کر کے) معافی دے دی، پس جتنا آسانی سے ہو سکے قرآن پڑھ لیا کرو، وہ جانتا ہے کہ تم میں سے (بعض لوگ) بیمار ہوں گے اور (بعض) دوسرے لوگ زمین میں سفر کریں گے تاکہ اللہ کا فضل تلاش کریں اور (بعض) دیگر اللہ کی راہ میں جنگ کریں گے، سو جتنا آسانی سے ہو سکے اُتنا (ہی) پڑھ لیا کرو، اور نماز قائم رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ کو قرضِ حسن دیا کرو، اور جو بھلائی تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اُسے اللہ کے حضور بہتر اور اَجر میں بزرگ تر پا لو گے، اور اللہ سے بخشش طلب کرتے رہو، اللہ بہت بخشنے والا بے حد رحم فرمانے والا ہےo

Surely, your Lord knows that you stand (for prayer sometimes) about two-thirds of the night and (sometimes) half the night and (sometimes) a third of the night, and (also) a party of those who are with you (join in standing up for Prayer). And Allah is the One Who keeps the true measure (of increasing or decreasing) the night and the day. He knows that you just do not have the power to encompass it so He granted you forgiveness (by reducing the toil). So recite the Qur'an as much as is easy for you. He knows that (some of) you will be ill and (some) others will be travelling in the land to look for Allah's bounty and (still some) others will be fighting in the way of Allah. So recite as much as is easy for you. And establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and lend Allah a goodly loan. And whatever good you will send forward for yourselves, you will find it in the presence of Allah much better and in reward still greater. And keep seeking forgiveness from Allah. Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الیل:

فَأَمَّا مَن أَعْطَى وَاتَّقَى (5)

ترجمہ: پس جس نے (اپنا مال اللہ کی راہ میں) دیا اور پرہیزگاری اختیار کی o

So he who gives away (his wealth in the way of Allah) and commits himself to piousness,

وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى (6)

ترجمہ: اور اس نے (اِنفاق وتقویٰ کے ذریعے) اچھائی (یعنی دینِ حق اور آخرت) کی تصدیق کی o

And affirms the good (the Din [Religion] of truth and life after death through charity and Godwariness),

فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى (7)

ترجمہ: تو ہم عنقریب اسے آسانی (یعنی رضائے الٰہی) کے لیے سہولت فراہم کر دیں گے o

Soon We shall facilitate him in seeking (Allah's pleasure) with ease.

وَأَمَّا مَن بَخِلَ وَاسْتَغْنَى (8)

ترجمہ: اور جس نے بخل کیا اور (راہِ حق میں مال خرچ کرنے سے) بے پروا رہا o

But he who is miser and disregards (spending in the cause of Allah),

وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى (9)

ترجمہ: اور اس نے (یوں) اچھائی (یعنی دینِ حق اور آخرت) کو جھٹلایا o

And (in this way) denies the good (the Din [Religion] of truth and afterlife),

فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى (10)

ترجمہ: تو ہم عنقریب اسے سختی (یعنی عذاب کی طرف بڑھنے) کے لیے سہولت فراہم کر دیں گے (تاکہ وہ تیزی سے مستحقِ عذاب ٹھہرے) o

Soon shall We facilitate his landing into hardship (advancing towards torment, so that punishment becomes his rightful due).

وَمَا يُغْنِي عَنْهُ مَالُهُ إِذَا تَرَدَّى (11)

ترجمہ: اور اس کا مال اس کے کسی کام نہیں آئے گا جب وہ ہلاکت (کے گڑھے) میں گرے گا o

And his wealth will not help him any way when he falls into (the pit of) destruction.

إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَى (12)

ترجمہ: بے شک راہِ (حق) دکھانا ہمارے ذمہ ہے o

Indeed, it is binding on Us to show you the path (of truth).

وَسَيُجَنَّبُهَا الْأَتْقَى (17)

ترجمہ: اوراس (آگ) سےاس بڑے پرہیزگارشخص کوبچالیاجائے گاo

But the most pious one shall be saved from this (Fire),

الَّذِي يُؤْتِي مَالَهُ يَتَزَكَّى (18)

ترجمہ: جواپنامال (اللہ کی راہ میں) دیتاہے کہ (اپنے جان ومال کی) پاکیزگی حاصل کرےo

Who gives his wealth away (in the cause of Allah) to attain to purity (of his soul and assets),

وَمَا لِأَحَدٍ عِندَهُ مِن نِّعْمَةٍ تُجْزَى (19)

ترجمہ: اورکسی کااس پرکوئی احسان نہیں کہ جس کابدلہ دیاجارہاہوo

And who owes no favour to anyone that he is seeking to pay back.

إِلَّا ابْتِغَاء وَجْهِ رَبِّهِ الْأَعْلَى (20)

ترجمہ: مگر (وہ) صرف اپنے ربِ عظیم کی رضاجوئی کے لیے (مال خرچ کررہاہے)o

Rather (he spends) seeking the pleasure of his Lord, Most High.

وَلَسَوْفَ يَرْضَى (21)

ترجمہ: اورعنقریب وہ (اللہ کی عطاسےاوراللہ اس کی وفاسے) راضی ہوجائے گاo

And soon shall he be well-pleased (with Allah for His bestowal and Allah with him for his fidelity).

24۔ منافقین کا ذکر

سورۃ البقرہ:

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ آمَنَّا بِاللّهِ وَبِالْيَوْمِ الآخِرِ وَمَا هُم بِمُؤْمِنِينَ (8)

ترجمہ: اور لوگوں میں سے بعض وہ (بھی) ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ پر اور یومِ قیامت پر ایمان لائے حالانکہ وہ (ہرگز) مومن نہیں ہیںo

And amongst people there are (also) some who say: 'We believe in Allah and the Last Day,' whereas they are not (at all) believers.

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ كُلَّمَا أَضَاء لَهُم مَّشَوْاْ فِيهِ وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُواْ وَلَوْ شَاء اللّهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ إِنَّ اللّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (20)

ترجمہ: یوں لگتا ہے کہ بجلی ان کی بینائی اچک لے جائے گی، جب بھی ان کے لئے (ماحول میں) کچھ چمک ہوتی ہے تو اس میں چلنے لگتے ہیں اور جب ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے تو کھڑے ہو جاتے ہیں، اور اگر اللہ چاہتا تو ان کی سماعت اور بصارت بالکل سلب کر لیتا، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہےo

It seems as if the lightning would snatch away their sight. When their (surroundings) are lit with a flash, they start walking, and when darkness covers them, they stand still. And if Allah had willed, He would have completely deprived them of hearing and sight. Surely, Allah is All-Powerfulto do everything.

سورۃ العمران:

وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقاً يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ الْكِتَابِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (78)

ترجمہ: اور بے شک ان میں ایک گروہ ایسا بھی ہے جو کتاب پڑھتے ہوئے اپنی زبانوں کو مروڑ لیتے ہیں تاکہ تم ان کی الٹ پھیر کو بھی کتاب (کا حصّہ) سمجھو حالاں کہ وہ کتاب میں سے نہیں ہے، اور کہتے ہیں: یہ (سب) اللہ کی طرف سے ہے، اور وہ (ہرگز) اللہ کی طرف سے نہیں ہے، اور وہ اللہ پر جھوٹ گھڑتے ہیں اور (یہ) انہیں خود بھی معلوم ہےo

And there is indeed another section of them who, whilst reciting the Book, twist their tongues so that you may take their inverted expression as (part of) the Book, whereas it is not from the Book. And they say: 'It is (all) from Allah,' while it is not (at all) from Allah. They invent a lie against Allah and they know (it) themselves as well.

مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُؤْتِيَهُ اللّهُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُواْ عِبَاداً لِّي مِن دُونِ اللّهِ وَلَكِن كُونُواْ رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ تُعَلِّمُونَ الْكِتَابَ وَبِمَا كُنتُمْ تَدْرُسُونَ (79)

ترجمہ: کسی بشر کو یہ حق نہیں کہ اللہ اسے کتاب اور حکمت اور نبوت عطا فرمائے پھر وہ لوگوں سے یہ کہنے لگے کہ تم اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ بلکہ (وہ تو یہ کہے گا) تم اللہ والے بن جاؤ اس سبب سے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور اس وجہ سے کہ تم خود اسے پڑھتے بھی ہوo

No human being whom Allah blesses with the Book and Wisdom and Prophethood has the right to say to the people: 'Be my servants instead of Allah's.' (He would rather say:) 'Be the devotees of Allah because you teach the Book and because you study it yourselves as well.'

وَلْيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُواْ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْاْ قَاتِلُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ أَوِ ادْفَعُواْ قَالُواْ لَوْ نَعْلَمُ قِتَالاً لاَّتَّبَعْنَاكُمْ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلإِيْمَانِ يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوبِهِمْ وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ (167)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کی بھی پہچان کرا دے جو منافق ہیں اور جب ان سے کہا گیا کہ آؤ اللہ کی راہ میں جنگ کرو یا (وضاحتاً کہا گیا کہ دشمن کے حملے کا) دفاع کرو تو کہنے لگے اگر ہم جانتے کہ (واقعتاً) لڑائی ہوگی (یا ہم اسے اللہ کی راہ میں جنگ جانتے) تو ضرور تمہاری پیروی کرتے، اس دن وہ (ظاہری) ایمان کی نسبت کھلے کفر سے زیادہ قریب تھے، وہ اپنے منہ سے وہ باتیں کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہیں، اور اللہ (ان باتوں) کو خوب جانتا ہے جو وہ چھپا رہے ہیںo

And (He) also distinguishes the identity of those who are hypocrites. And when it was said to them: 'Come and fight in the cause of Allah or (said interpretively) defend (against the enemy invasion),' they said: 'If we knew that there would be (virtually) a war, (or if we considered it a war in the cause of Allah,) we would certainly follow you.' That day they were closer to an evident disbelief than (the pretended) belief. They utter from their mouths that which is not in their hearts. And Allah knows well (the matters) they hide.

الَّذِيْنَ قَالُواْ لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُواْ لَوْ أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا قُلْ فَادْرَؤُوا عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ(168)

ترجمہ: (یہ) وہی لوگ ہیں جنہوں نے باوجود اس کے کہ خود (گھروں میں) بیٹھے رہے اپنے بھائیوں کی نسبت کہا کہ اگر وہ ہمارا کہا مانتے تو نہ مارے جاتے، فرما دیں: تم اپنے آپ کو موت سے بچا لینا اگر تم سچے ہوo

(They) are the ones who said about their brothers, whilst they themselves stayed back (home): 'Had they accepted our counsel, they would not have been slain.' Say: 'Protect yourselves from death if you are truthful.'

سورۃ النساء:

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُواْ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ يُرِيْدُونَ أَن يَتَحَاكَمُواْ إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُواْ أَن يَكْفُرُواْ بِهِ وَيُرِيْدُ الشَّيْطَانُ أَن يُضِلَّهُمْ ضَلاَلاً بَعِيْداً (60)

ترجمہ: کیا آپ نے اِن (منافقوں) کو نہیں دیکھا جو (زبان سے) دعوٰی کرتے ہیں کہ وہ اس (کتاب یعنی قرآن) پر ایمان لائے جو آپ کی طرف اتارا گیا اور ان (آسمانی کتابوں) پر بھی جو آپ سے پہلے اتاری گئیں (مگر) چاہتے یہ ہیں کہ اپنے مقدمات

(فیصلے کے لیے) شیطان (یعنی احکامِ الٰہی سے سرکشی پر مبنی قانون) کی طرف لے جائیں حالاں کہ انہیں حکم دیا جا چکا ہے کہ اس کا (کھلا) انکار کر دیں، اور شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ انہیں دور دراز گمراہی میں بھٹکاتا رہے o

Have you not seen these (hypocrites) who claim (verbally) that they believe in this (Book, the Qur'an) which has been revealed to you and also in those (revealed Books) which were sent down before you? (But) they desire to take their disputes (for settlement) to Satan (i.e., the law based on defiance against Allah's commandments) although they have been ordained to reject it (openly). And Satan only desires to lead them far astray.

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْاْ إِلَى مَا أَنزَلَ اللّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِيْنَ يَصُدُّونَ عَنكَ صُدُوداً (61)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے نازل کردہ (قرآن) کی طرف اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف آ جاؤ تو آپ منافقوں کو دیکھیں گے کہ وہ آپ (کی طرف رجوع کرنے) سے گریزاں رہتے ہیں o

And when they are asked to come to what Allah has revealed (the Qur'an) and to the Messenger (blessings and peace be upon him), you will see that the hypocrites turn away from (coming towards) you.

فَكَيْفَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَآؤُوكَ يَحْلِفُونَ بِاللّهِ إِنْ أَرَدْنَا إِلاَّ إِحْسَاناً وَتَوْفِيقاً (62)

ترجمہ: پھر (اس وقت) ان کی حالت کیا ہوگی جب اپنی کارستانیوں کے باعث ان پر کوئی مصیبت آن پڑے تو اللہ کی قسمیں کھاتے ہوئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوں (اور یہ کہیں) کہ ہم نے تو صرف بھلائی اور باہمی موافقت کا ہی ارادہ کیا تھا o

Then what will be their plight (at that time) when some disaster befalls them on account of their own crooked works, and they will appear before you swearing by Allah, (saying): 'We intended nothing but piety and mutual harmony'?

أُولَـئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّهُ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُل لَّهُمْ فِي أَنفُسِهِمْ قَوْلاً بَلِيْغاً (63)

ترجمہ: یہ وہ (منافق اور مُفسِد) لوگ ہیں کہ اللہ ان کے دلوں کی ہر بات کو خوب جانتا ہے، پس آپ ان سے اِعراض برتیں اور انہیں نصیحت کرتے رہیں اور ان سے ان کے بارے میں مؤثر گفتگو فرماتے رہیں o

These are the (hypocrite and vicious) people whose every secret in their hearts Allah knows best. So ignore them (over their viciousness) and keep advising them, and establish effective communication with them about themselves.

وَلَئِنْ أَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ الله لَيَقُولَنَّ كَأَن لَّمْ تَكُن بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ مَوَدَّةٌ يَا لَيْتَنِي كُنتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزاً عَظِيْماً(73)

ترجمہ: اور اگر تمہیں اللہ کی جانب سے کوئی نعمت نصیب ہو جائے تو (پھر) یہی (منافق افسوس کرتے ہوئے) ضرور (یوں) کہے گا گویا تمہارے اور اس کے درمیان کچھ دوستی ہی نہ تھی کہ اے کاش! میں ان کے ساتھ ہوتا تو میں بھی بڑی کامیابی حاصل کرتا o

But if some favour comes to you from Allah, (then) the same (hypocrite) shall (regretfully) say, as if there was no friendship between you and him: 'Would that I had been with them, then I would also have achieved a massive triumph!'

وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ فَإِذَا بَرَزُواْ مِنْ عِندِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُولُ وَاللّهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُونَ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّهِ وَكَفَى بِاللّهِ وَكِيلاً (81)

ترجمہ: اور (ان منافقوں کا یہ حال ہے کہ آپ کے سامنے) کہتے ہیں کہ (ہم نے آپ کا حکم) مان لیا، پھر وہ آپ کے پاس سے (اٹھ کر) باہر جاتے ہیں تو ان میں سے ایک گروہ آپ کی کہی ہوئی بات کے برعکس رات کو رائے زنی (اور سازشی مشورے) کرتا ہے، اور اللہ (وہ سب کچھ) لکھ رہا ہے جو وہ رات بھر منصوبے بناتے ہیں۔ پس (اے محبوب!) آپ ان سے رُخِ انور پھیر لیجئے اور اللہ پر بھروسہ رکھئے، اور اللہ کافی کارساز ہےo

And (the state of these hypocrites is such that in your presence) they say: '(We) have obeyed (your order).' But when they depart from your presence, a section of them opine at night contrary to what you have said (and indulge in intriguing consultations). And Allah is recording (all that) which they plot all night. So, (O Beloved Prophet,) turn away your illumined face from them and trust Allah, and Sufficient is Allah as a Guardian.

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ فِئَتَيْنِ وَاللّهُ أَرْكَسَهُم بِمَا كَسَبُواْ أَتُرِيْدُونَ أَن تَهْدُواْ مَنْ أَضَلَّ اللّهُ وَمَن يُضْلِلِ اللّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ سَبِيلاً (88)

ترجمہ: پس تم منافقوں کے بارے میں دو گروہ کیوں ہو گئے ہو حالاں کہ اللہ نے ان کے اپنے کرتوتوں کے باعث انہیں کفر کی طرف پلٹا دیا ہے؟ کیا تم اس شخص کو راہِ راست پر لانا چاہتے ہو جسے اللہ نے گمراہ ٹھہرا دیا ہے؟ اور (اے مخاطب!) جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو اس کے لیے ہرگز کوئی راہِ (ہدایت) نہیں پا سکتاo

So what has happened to you that you are split into two groups with regard to the hypocrites, whilst Allah has overturned them (i.e., their reason and contemplation) owing to their misdeeds? Do you seek to guide him to the straight road whom Allah has held strayed (because of his own misdeeds)? And, (O listener,) you cannot at all find a way (of guidance) for him whom Allah holds misguided.

وَدُّواْ لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا كَفَرُواْ فَتَكُونُونَ سَوَاء فَلاَ تَتَّخِذُواْ مِنْهُمْ أَوْلِيَاء حَتَّىَ يُهَاجِرُواْ فِي سَبِيلِ اللّهِ فَإِن تَوَلَّوْاْ فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ وَجَدتُّمُوهُمْ وَلاَ تَتَّخِذُواْ مِنْهُمْ وَلِيّاً وَلاَ نَصِيراً (89)

ترجمہ: وہ (منافق تو) یہ تمنا کرتے ہیں کہ تم بھی کفر کرو جیسے انہوں نے کفر کیا تاکہ تم سب برابر ہو جاؤ۔ سو تم ان میں سے کسی کو حلیف نہ بناؤ یہاں تک کہ وہ اللہ کی راہ میں (مدینہ کی طرف) ہجرت (کر کے اپنا صدق و اِخلاص ثابت) کریں۔ پھر اگر وہ (اپنے معاہدۂ اَمن سے) رُوگردانی (اور جارحیت کا اِرتکاب) کریں تو اُنہیں گرفتار کر لو اور (دورانِ جنگ) انہیں جہاں بھی پاؤ قتل کر ڈالو اور ان میں سے (کسی کو) حلیف نہ بناؤ اور نہ مددگارo

They (the hypocrites) wish that you should also disbelieve as they have disbelieved so that you all might become alike. So do not make friends with (any of) them until they emigrate in the way of Allah (in order to prove their

sincerity and truthfulness). Then, if they (violate their peace treaty and launch aggression against you), seize them and kill them wherever you find them (during the war), and take not (any of) them either for a friend or for a helper.

إِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيْثَاقٌ أَوْ جَآؤُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ أَن يُقَاتِلُوْكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوْكُمْ فَإِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا (90)

ترجمہ: سوائے اُن لوگوں کے جو ایسی قوم سے جا ملے ہوں کہ تمہارے اور ان کے درمیان معاہدۂ (اَمان موجود) ہو یا وہ (حوصلہ ہار کر) تمہارے پاس اس حال میں آ جائیں کہ ان کے سینے (اس بات سے) تنگ آ چکے ہوں کہ وہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں، اور اگر اللہ چاہتا تو (ان کے دلوں کو ہمت دیتے ہوئے) یقیناً انہیں تم پر غالب کر دیتا تو وہ تم سے ضرور لڑتے، پس اگر وہ تم سے کنارہ کشی کر لیں اور تمہارے ساتھ جنگ نہ کریں اور تمہاری طرف صلح (کا پیغام) بھیجیں تو اللہ نے تمہارے لیے (بھی صلح جوئی کی صورت میں) ان پر (دست درازی کی) کوئی راہ نہیں بنائی o

But (do not fight) those who have allied with a people that between you and them there is a (peace) treaty, or who (losing heart) come to you in such a state that their breasts are afflicted (with this obsession) whether they should fight you or their own people. If Allah had so willed, He (strengthening their hearts) would have given them supremacy over you. Then they would certainly have fought you. So if they keep away from you and do not fight you and send you (a message) for peace, then (in the interest of peace) Allah has left no way open for you (to launch any aggression) against them.

سَتَجِدُوْنَ آخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ أَن يَأْمَنُوْكُمْ وَيَأْمَنُوْا قَوْمَهُمْ كُلَّ مَا رُدُّوْا إِلَى الْفِتْنَةِ أُرْكِسُوْا فِيْهَا فَإِن لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْا أَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَأُوْلَٰئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا مُّبِيْنًا(91)

ترجمہ: اب تم کچھ دوسرے لوگوں کو بھی پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ (منافقانہ طریقے سے ایمان ظاہر کر کے) تم سے (بھی) امن میں رہیں اور (پوشیدہ طریقے سے کفر کی موافقت کر کے) اپنی قوم سے (بھی) امن میں رہیں، (مگر ان کی حالت یہ ہے کہ) جب بھی (مسلمانوں کے خلاف) فتنہ انگیزی کی طرف پھیرے جاتے ہیں تو وہ اس میں (اوندھے) کود پڑتے ہیں، سو اگر یہ (لوگ) تم سے (لڑنے سے) کنارہ کش نہ ہوں اور (نہ ہی) تمہاری طرف صلح (کا پیغام) بھیجیں اور (نہ ہی) اپنے ہاتھ (فتنہ انگیزی سے) روکیں تو تم انہیں پکڑ (کر قید کر) لو اور انہیں قتل کر ڈالو جہاں کہیں بھی انہیں پاؤ، اور یہ وہ لوگ ہیں جن پر ہم نے تمہیں کھلا اختیار دیا ہے o

Now you will find another category of people who desire to remain free of any threat from you (by hypocritically pretending to believe), and (also) live in peace from their own community (by siding with disbelievers secretly. But their true state is this that) whenever they are turned to mischief (and wickedness against Muslims), they plunge (headlong) into it. So if they do not give up (fighting against you, nor) send you any (message for) peace, (nor) hold their hands off (their disruptive activities), then seize (and capture) them and kill

them wherever you find them. And it is they against whom We have granted you unrestricted authority.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ ثُمَّ كَفَرُواْ ثُمَّ آمَنُواْ ثُمَّ كَفَرُواْ ثُمَّ ازْدَادُواْ كُفْراً لَّمْ يَكُنِ اللّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلاَ لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلاً (137)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہو گئے، پھر ایمان لائے پھر کافر ہو گئے، پھر کفر میں اور بڑھ گئے تو اللہ ہرگز (یہ ارادہ فرمانے والا) نہیں کہ انہیں بخش دے اور نہ (یہ کہ) انہیں سیدھا راستہ دکھائے o

Indeed, those who believe, then disbelieve and then believe again and reject faith once more and then advance further in denying faith, Allah will never (incline to) forgive them, nor guide them to the straight road.

بَشِّرِ الْمُنَافِقِيْنَ بِأَنَّ لَهُمْ عَذَاباً أَلِيْماً (138)

ترجمہ: (اے نبی!) آپ منافقوں کو یہ خبر سنا دیں کہ ان کے لیے دردناک عذاب ہے o

(O Prophet!) Convey to the hypocrites the news that a grievous torment awaits them.

الَّذِيْنَ يَتَّخِذُونَ الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاء مِن دُونِ الْمُؤْمِنِيْنَ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ العِزَّةَ لِلّهِ جَمِيْعاً (139)

ترجمہ: (یہ) ایسے لوگ (ہیں) جو مسلمانوں کی بجائے (جارح) کافروں کو (اپنا) حلیف سمجھتے ہیں۔ کیا یہ ان کے پاس عزت تلاش کرتے ہیں؟ پس عزت تو ساری اللہ (تعالیٰ) کے لیے ہے o

(They are) those who consider the (hostile) disbelievers instead of the believers as their supporters. Do they seek honour in their company? So, all veneration (and glory) belongs only to Almighty Allah.

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللّهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلاَ تَقْعُدُواْ مَعَهُمْ حَتَّى يَخُوضُواْ فِي حَدِيْثٍ غَيْرِهِ إِنَّكُمْ إِذاً مِّثْلُهُمْ إِنَّ اللّهَ جَامِعُ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْكَافِرِيْنَ فِي جَهَنَّمَ جَمِيْعاً(140)

ترجمہ: اور بے شک (اللہ نے) تم پر کتاب میں یہ (حکم) نازل فرمایا ہے کہ جب تم سنو کہ اللہ کی آیتوں کا انکار کیا جا رہا ہے اور ان کا مذاق اُڑایا جا رہا ہے تو تم ان لوگوں کے ساتھ مت بیٹھو یہاں تک کہ وہ (انکار اور تمسخر کو چھوڑ کر) کسی دوسری بات میں مشغول ہو جائیں۔ ورنہ تم بھی انہی جیسے ہو جاؤ گے۔ بے شک اللہ منافقوں اور کافروں سب کو دوزخ میں جمع کرنے والا ہے o

And indeed, Allah has revealed to you this (command) in the Book that when you hear Allah's Revelations being denied and ridiculed, do not sit in their company until they engage in some other discourse (renouncing the denial and ridicule). Otherwise you too will become like them. Surely, Allah will assemble the hypocrites and the disbelievers together in Hell.

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ فَإِن كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّهِ قَالُواْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ وَإِن كَانَ لِلْكَافِرِيْنَ نَصِيْبٌ قَالُواْ أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُم مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاللّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَن يَجْعَلَ اللّهُ لِلْكَافِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلاً(141)

ترجمہ: وہ (منافق) جو تمہاری (فتح و شکست کی) تاک میں رہتے ہیں، پھر اگر تمہیں اللہ کی طرف سے فتح نصیب ہو جائے تو کہتے ہیں: کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر کافروں کو (ظاہری فتح میں سے) کچھ حصہ مل گیا تو (ان سے) کہتے ہیں: کیا ہم تم پر غالب

نہیں ہو گئے تھے اور (اس کے باوجود) کیا ہم نے تمہیں مسلمانوں (کے ہاتھوں نقصان) سے نہیں بچایا؟ پس اللہ تمہارے درمیان قیامت کے دن فیصلہ فرمائے گا، اور اللہ کافروں کو مسلمانوں پر (غلبہ پانے کی) ہرگز کوئی راہ نہ دے گاo

Those (hypocrites) who pry into your (victory and setback), then if you are granted victory by Allah, say: 'Were we not with you?' And if the disbelievers get a portion (of some apparent breakthrough), they say (to them): 'Did we not get the better of you, and (in spite of that) did we not save you from (ruin at the hands of) the Muslims?' So, Allah will judge between you on the Day of Resurrection, and never will Allah allow the disbelievers anyway to (overpower) the Muslims.

إِنَّ الْمُنَافِقِينَ يُخَادِعُونَ اللّهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَإِذَا قَامُواْ إِلَى الصَّلاَةِ قَامُواْ كُسَالَى يُرَآؤُونَ النَّاسَ وَلاَ يَذْكُرُونَ اللّهَ إِلاَّ قَلِيلاً **(142)**

ترجمہ: بے شک منافق (بزعمِ خویش) اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں حالاں کہ وہ انہیں (اپنے ہی) دھوکے کی سزا دینے والا ہے، اور جب وہ نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی کے ساتھ (محض) لوگوں کو دکھانے کیلیے کھڑے ہوتے ہیں اور اللہ کو یاد (بھی) نہیں کرتے مگر تھوڑاo

Surely, the hypocrites (self-deluding) seek to deceive Allah, whilst He is to make them suffer for their (own) deception. And when they stand up for Prayer, they do it sluggishly, (simply) for showing off to the people. And they (also) remember Allah but little.

مُّذَبْذَبِينَ بَيْنَ ذَلِكَ لاَ إِلَى هَـؤُلاء وَلاَ إِلَى هَـؤُلاء وَمَن يُضْلِلِ اللّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ سَبِيلاً **(143)**

ترجمہ: اس (کفر اور ایمان) کے درمیان تذبذب میں ہیں نہ ان (کافروں) کی طرف ہیں اور نہ ان (مؤمنوں) کی طرف ہیں، اور جسے اللہ گمراہ ٹھہرا دے تو آپ ہرگز اس کے لیے کوئی (ہدایت کی) راہ نہ پائیں گےo

Confounded between (belief and disbelief), they belong neither to (the disbelievers) nor to (the believers). And he whom Allah holds astray you shall not find for him any road (to guidance).

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاء مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ أَتُرِيدُونَ أَن تَجْعَلُواْ لِلّهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَاناً مُّبِيناً **(144)**

ترجمہ: اے ایمان والو! مسلمانوں کے سوا (جارح) کافروں کو (اپنا) حلیف نہ سمجھو، کیا تم چاہتے ہو کہ (نافرمانوں کی دوستی کے ذریعے) اپنے خلاف اللہ کی صریح حجت قائم کر لوo

O believers! Do not consider (hostile) disbelievers as (your) reliable supporters instead of believers. Do you wish to set a manifest evidence for Allah against you (through friendship with the hostile disbelievers)?

إِنَّ الْمُنَافِقِينَ فِي الدَّرْكِ الأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَن تَجِدَ لَهُمْ نَصِيراً **(145)**

ترجمہ: بے شک منافق لوگ دوزخ کے سب سے نچلے درجے میں ہوں گے اور آپ ان کے لیے ہرگز کوئی مددگار نہ پائیں گےo

The hypocrites will surely be in the lowest depth of Hell, and you will never find

for them any helper.

إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُواْ وَأَصْلَحُواْ وَاعْتَصَمُواْ بِاللّهِ وَأَخْلَصُواْ دِيْنَهُمْ لِلّهِ فَأُوْلَـئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّهُ الْمُؤْمِنِيْنَ أَجْراً عَظِيْماً(146)

ترجمہ: مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کر لی وہ سنور گئے اور انہوں نے اللہ سے مضبوط تعلق جوڑ لیا اور انہوں نے اپنا دین اللہ کے لیے خالص کر لیا تو یہ مؤمنوں کی سنگت میں ہوں گے اور عنقریب اللہ مومنوں کو عظیم اجر عطا فرمائے گا o

But those who repent, make amends, and establish a firm bond with Allah, and make their Din (faith and devotion) sincerely for Allah-they will be in the company of the believers. And Allah will soon bestow a tremendous reward upon the believers.

سورۃ المائدۃ:

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ لاَ يَحْزُنكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُونَ فِيْ الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُواْ آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِن قُلُوبُهُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ هِادُواْ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ سَمَّاعُونَ لِقَوْمٍ آخَرِيْنَ لَمْ يَأْتُوكَ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِن بَعْدِ مَوَاضِعِهِ يَقُولُونَ إِنْ أُوتِيْتُمْ هَـذَا فَخُذُوهُ وَإِن لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُواْ وَمَن يُرِدِ اللّهُ فِتْنَتَهُ فَلَن تَمْلِكَ لَهُ مِنَ اللّهِ شَيْئاً أُوْلَـئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ لَهُمْ فِيْ الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِيْ الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ(41)

ترجمہ: اے رسول! وہ لوگ آپ کو رنجیدہ خاطر نہ کریں جو کفر میں تیزی (سے پیش قدمی) کرتے ہیں ان میں (ایک) وہ (منافق) ہیں جو اپنے منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے حالاں کہ ان کے دل ایمان نہیں لائے، اور ان میں (دوسرے) یہودی ہیں، (یہ) جھوٹی باتیں بنانے کے لیے (آپ کو) خوب سنتے ہیں (یہ حقیقت میں) دوسرے لوگوں کے لیے (جاسوسی کی خاطر) سننے والے ہیں جو (ابھی تک) آپ کے پاس نہیں آئے، (یہ وہ لوگ ہیں) جو (اللہ کے) کلمات کو ان کے مواقع (مقرر ہونے) کے بعد (بھی) بدل دیتے ہیں (اور) کہتے ہیں: اگر تمہیں یہ (حکم جو ان کی پسند کا ہو) دیا جائے تو اسے اختیار کر لو اور اگر تمہیں یہ (حکم) نہ دیا جائے تو (اس سے) احتراز کرو، اور اللہ جس شخص کی گمراہی کا ارادہ فرما لے تو تم اس کے لیے اللہ (کے حکم کو روکنے) کا ہرگز کوئی اختیار نہیں رکھتے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو پاک کرنے کا اللہ نے ارادہ (ہی) نہیں فرمایا۔ ان کے لیے دنیا میں (کفر کی) ذلّت ہے اور ان کے لیے آخرت میں بڑا عذاب ہے o

O Messenger! Those who advance (fast) into disbelief should not grieve you. (Firstly) they include those (hypocrites) who utter from their mouths: 'We believe,' whilst their hearts have not accepted faith. (Secondly) amongst them are the Jews. They listen to (you) eagerly to fabricate lies. They (in fact) hear (to spy) for others who have not (yet) come to you. (They are the people) who change the Words (of Allah even) after their contexts (are fixed and) say: 'If you are given this (command which they like), take it, and if you are not given this (command), then keep off (it).' And if Allah adjudges someone to go astray, then you do not have any power for him (to hold up the command of) Allah. They are the ones whose hearts Allah has no intention whatsoever to purify.

For them there is ignominy (of disbelief) in this world and mighty punishment in the Hereafter.

سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ فَإِن جَآؤُوكَ فَاحْكُم بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ وَإِن تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَن يَضُرُّوكَ شَيْئاً وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُم بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ (42)

ترجمہ: (یہ لوگ) جھوٹی باتیں بنانے کے لیے جاسوسی کرنے والے ہیں (مزید یہ کہ) حرام مال خوب کھانے والے ہیں۔ سو اگر (یہ لوگ) آپ کے پاس (کوئی نزاعی معاملہ لے کر) آئیں تو آپ (کو اختیار ہے کہ) ان کے درمیان فیصلہ فرما دیں یا ان سے گریز فرما لیں، اور اگر آپ ان سے گریز (بھی) فرما لیں تو (تب بھی) یہ آپ کو ہرگز کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے، اور اگر آپ فیصلہ فرمائیں تو ان کے درمیان (بھی) عدل سے (ہی) فیصلہ فرمائیں (یعنی ان کی دشمنی عادلانہ فیصلے میں رکاوٹ نہ بنے)، بے شک اللہ عدل کرنے والوں کو پسند فرماتا ہےo

(They are) the ones who spy to coin lies. (Moreover,) they voraciously devour unlawful wealth and property. If they approach you (with a dispute for judgment), then it is (up to) you whether to judge between them or decline. And if you opt to keep away from them, (even then) they are incapable of doing you any harm, and if you judge, then judge between them (too but) with justice (i.e., their enmity should not restrain judgment based on justice). Undoubtedly, Allah loves those who do justice.

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُواْ أَهَـؤُلاء الَّذِينَ أَقْسَمُواْ بِاللّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُواْ خَاسِرِينَ (53)

ترجمہ: اور (اس وقت) ایمان والے یہ کہیں گے کیا یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے بڑے تاکیدی حلف (کی صورت) میں اللہ کی قسمیں کھائی تھیں کہ بے شک وہ ضرور تمہارے (ہی) ساتھ ہیں، (مگر) ان کے سارے اعمال اکارت گئے، سو وہ نقصان اٹھانے والے ہو گئےo

And (at that time) the believers will say: 'Is it they who swore by Allah (by way of) solemn oaths that they were certainly with you (alone)?' (But) all their deeds have gone void. So they have become the losers.

وَإِذَا جَآؤُوكُمْ قَالُوَاْ آمَنَّا وَقَد دَّخَلُواْ بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُواْ بِهِ وَاللّهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُواْ يَكْتُمُونَ (61)

ترجمہ: اور جب وہ (منافق) تمہارے پاس آتے ہیں (تو) کہتے ہیں: ہم ایمان لے آئے ہیں حالاں کہ وہ (تمہاری مجلس میں) کفر کے ساتھ ہی داخل ہوئے اور اسی (کفر) کے ساتھ ہی نکل گئے، اور اللہ ان (باتوں) کو خوب جانتا ہے جنہیں وہ چھپائے پھرتے ہیںo

And when those (hypocrites) come to you, they say: 'We have believed,' whilst they entered (your company) with disbelief and left with the same (disbelief). And Allah knows best (the matters) which they carry hidden.

وَتَرَى كَثِيراً مِّنْهُمْ يُسَارِعُونَ فِي الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (62)

ترجمہ: اور آپ ان میں بکثرت ایسے لوگ دیکھیں گے جو گناہ اور ظلم اور اپنی حرام خوری میں بڑی تیزی سے کوشاں ہوتے ہیں۔ بے شک وہ جو کچھ کر رہے ہیں بہت برا ہےo

And you will see the majority of them hurrying towards sins and excesses and eagerly devouring what is forbidden (and unlawful). Most evil indeed is all that they are doing.

لَوْلَا يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَن قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ(63)

ترجمہ: انہیں (روحانی) درویش اور (دینی) علماء ان کے قولِ گناہ اور اکلِ حرام سے منع کیوں نہیں کرتے؟ بے شک وہ (بھی برائی کے خلاف آواز بلند نہ کر کے) جو کچھ تیار کر رہے ہیں بہت برا ہےo

Why do the divines (i.e., spiritual masters) and rabbis abstain from forbidding them from their sinful speech and consumption of unlawful things? Certainly, it is most heinous what they are contriving (by abstaining from raising voices against evil).

سورۃ الانفال:

إِذْ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ غَرَّ هَـؤُلاء دِينُهُمْ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّهِ فَإِنَّ اللّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (49)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب منافقین اور وہ لوگ جن کے دل میں (کفر کی) بیماری ہے کہہ رہے تھے کہ ان (مسلمانوں) کو ان کے دین نے بڑا مغرور کر رکھا ہے، (جبکہ حقیقتِ حال یہ ہے کہ) جو کوئی اللہ پر توکل کرتا ہے تو (اللہ اس کے جملہ امور کا کفیل ہو جاتا ہے)، بے شک اللہ بہت غالب بڑی حکمت والا ہےo

And (also recall) when the hypocrites and those in whose hearts is the disease (of disbelief) were saying: 'The Din (Religion) of these (Muslims) has made them greatly arrogant.' But (the truth is that) he who trusts Allah (then Allah is the Sustainer of all his matters). Surely, Allah is Almighty, Most Wise.

سورۃ التوبۃ:

عَفَا اللّهُ عَنكَ لِمَ أَذِنتَ لَهُمْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِينَ صَدَقُوا وَتَعْلَمَ الْكَاذِبِينَ (43)

ترجمہ: اللہ آپ کو سلامت (اور باعزت و عافیت) رکھے، آپ نے انہیں رخصت (ہی) کیوں دی (کہ وہ شریکِ جنگ نہ ہوں) یہاں تک کہ وہ لوگ (بھی) آپ کے لیے ظاہر ہو جاتے جو سچ بول رہے تھے اور آپ جھوٹ بولنے والوں کو (بھی) معلوم فرما لیتےo

Allah safeguard (protect and exalt) you! Why did you permit them (not to participate in war), till those who were speaking the truth would be known to you and you would (also) know the liars?

وَلَوْ أَرَادُوا الْخُرُوجَ لَأَعَدُّوا لَهُ عُدَّةً وَلَـكِن كَرِهَ اللّهُ انبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيلَ اقْعُدُوا مَعَ الْقَاعِدِينَ (46)

ترجمہ: اگر انہوں نے (واقعی جہاد کے لیے) نکلنے کا ارادہ کیا ہوتا تو وہ اس کے لیے (کچھ نہ کچھ) سامان تو ضرور مہیا کر لیتے لیکن

(حقیقت یہ ہے کہ ان کے کذب ومنافقت کے باعث) اللہ نے ان کا (جہاد کے لیے) کھڑے ہونا (ہی) ناپسند فرمایا سو اس نے انہیں (وہیں) روک دیا اور ان سے کہہ دیا گیا کہ تم (جہاد سے جی چرا کر) بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو○

If they had (really) resolved to go forth (for fighting), they would have procured (at least some) equipment for that. But (the fact is that owing to their falsehood and hypocrisy) Allah disliked (even) their rising up (for fighting). So, He stopped them (there). And it was said to them: 'Sit in the company of those who sit (shirking from the fight).'

لَوْ خَرَجُواْ فِيكُم مَّا زَادُوكُمْ إِلاَّ خَبَالاً وَلأَوْضَعُواْ خِلاَلَكُمْ يَبْغُونَكُمُ الْفِتْنَةَ وَفِيكُمْ سَمَّاعُونَ لَهُمْ وَاللّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ **(47)**

ترجمہ: اگر وہ تم میں (شامل ہو کر) نکل کھڑے ہوتے تو تمہارے لیے محض شر و فساد ہی بڑھاتے اور تمہارے درمیان (بگاڑ پیدا کرنے کے لیے) دوڑ دھوپ کرتے وہ تمہارے اندر فتنہ بپا کرنا چاہتے ہیں اور تم میں (اب بھی) ان کے (بعض) جاسوس موجود ہیں، اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے○

If they had come out (joining you), they would have added nothing to you except mischief and disorder and would have strived hard amongst you (to stir up disaffection and discord). They want to bring about subversion within you, and (even now some of) their spies are there amongst you. And Allah is Well Aware of the wrongdoers.

لَقَدِ ابْتَغَوُاْ الْفِتْنَةَ مِن قَبْلُ وَقَلَّبُواْ لَكَ الأُمُورَ حَتَّى جَاء الْحَقُّ وَظَهَرَ أَمْرُ اللّهِ وَهُمْ كَارِهُونَ **(48)**

ترجمہ: درحقیقت وہ پہلے بھی فتنہ پردازی میں کوشاں رہے ہیں اور آپ کے کام الٹ پلٹ کرنے کی تدبیریں کرتے رہے ہیں یہاں تک کہ حق آ پہنچا اور اللہ کا حکم غالب ہو گیا اور وہ (اسے) ناپسند ہی کرتے رہے○

The truth is that they have been trying to cause subversion earlier too, and have been contriving schemes to upset your programmes until the truth came and the decree of Allah prevailed, though they disliked (it) downright.

وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ ائْذَن لِّي وَلاَ تَفْتِنِّي أَلاَ فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُواْ وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ **(49)**

ترجمہ: اور ان میں سے وہ شخص (بھی) ہے جو کہتا ہے کہ آپ مجھے اجازت دے دیجیے (کہ میں جہاد پر جانے کی بجائے گھر ٹھہرا رہوں) اور مجھے فتنہ میں نہ ڈالیے، سن لو! کہ وہ فتنہ میں (تو خود ہی) گر پڑے ہیں، اور بے شک جہنم کافروں کو گھیرے ہوئے ہے○

And amongst them is (also) he who says: 'Accord me permission (to stay back home instead of going to fight) and put me not into trial.' Listen, they have plunged (themselves) into trial, and assuredly Hell has encompassed the disbelievers.

إِن تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِن تُصِبْكَ مُصِيبَةٌ يَقُولُواْ قَدْ أَخَذْنَا أَمْرَنَا مِن قَبْلُ وَيَتَوَلَّواْ وَّهُمْ فَرِحُونَ **(50)**

ترجمہ: اگر آپ کو کوئی بھلائی (یا آسائش) پہنچتی ہے (تو) وہ انہیں بری لگتی ہے اور اگر آپ کو مصیبت (یا تکلیف) پہنچتی ہے (تو) کہتے ہیں کہ ہم نے تو پہلے سے ہی اپنے کام (میں احتیاط) کو اختیار کر لیا تھا اور خوشیاں مناتے ہوئے پلٹتے ہیں○

If some good (or some comfort) betides you, it grieves them, but if some adversity (or trouble) befalls you, then they say: 'We had adopted (precaution in) our work in advance,' and they turn away, rejoicing.

قُلْ هَلْ تَرَبَّصُونَ بِنَا إِلَّا إِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ أَن يُصِيبَكُمُ اللّهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِندِهِ أَوْ بِأَيْدِينَا فَتَرَبَّصُواْ إِنَّا مَعَكُم مُّتَرَبِّصُونَ (52)

ترجمہ: آپ فرمادیں: کیا تم ہمارے حق میں دو بھلائیوں (یعنی فتح اور شہادت) میں سے ایک ہی کا انتظار کر رہے ہو (کہ ہم شہید ہوتے ہیں یا غازی بن کر لوٹتے ہیں)؟ اور ہم تمہارے حق میں (تمہاری منافقت کے باعث) اس بات کا انتظار کر رہے ہیں کہ اللہ اپنی بارگاہ سے تمہیں (خصوصی) عذاب پہنچاتا ہے یا ہمارے ہاتھوں سے۔ سو تم (بھی) انتظار کرو ہم (بھی) تمہارے ساتھ منتظر ہیں (کہ کس کا انتظار نتیجہ خیز ہے)o

Say: 'Are you simply waiting for one of the two good fortunes in our favour (i.e., victory or martyrdom: whether we are martyred or return victorious)? And we are waiting in your favour (in view of your hypocrisy) to see Allah afflict you with a (special) torment either from Himself or at our hands. So wait. We (too) are waiting with you (to see whose wait proves productive).'

قُلْ أَنفِقُواْ طَوْعاً أَوْ كَرْهاً لَّن يُتَقَبَّلَ مِنكُمْ إِنَّكُمْ كُنتُمْ قَوْماً فَاسِقِينَ (53)

ترجمہ: فرمادیجیے: تم خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے تم سے ہرگز وہ (مال) قبول نہیں کیا جائے گا، بے شک تم نافرمان لوگ ہوo

Say: 'Spend willingly or unwillingly, this (money) will not be accepted from you at all. You are indeed a disobedient people.'

وَمَا مَنَعَهُمْ أَن تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقَاتُهُمْ إِلَّا أَنَّهُمْ كَفَرُواْ بِاللّهِ وَبِرَسُولِهِ وَلاَ يَأْتُونَ الصَّلاَةَ إِلَّا وَهُمْ كُسَالَى وَلاَ يُنفِقُونَ إِلَّا وَهُمْ كَارِهُونَ(54)

ترجمہ: اور ان سے ان کے نفقات (یعنی صدقات) کے قبول کیے جانے میں کوئی (اور) چیز انہیں مانع نہیں ہوئی سوائے اس کے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے منکر ہیں اور وہ نماز کی ادائیگی کے لیے نہیں آتے مگر کاہلی و بے رغبتی کے ساتھ اور وہ (اللہ کی راہ میں) خرچ (بھی) نہیں کرتے مگر اس حال میں کہ وہ ناخوش ہوتے ہیںo

And there is nothing that stands in the way of acceptance of their spending (i.e., charity donations) except that they deny Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and come to offer Prayer but lazily and unwillingly, and (also) they do not spend (in the cause of Allah) except in a state of displeasure.

فَلاَ تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلاَ أَوْلاَدُهُمْ إِنَّمَا يُرِيدُ اللّهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ (55)

ترجمہ: سو آپ کو نہ (تو) ان کے اموال تعجب میں ڈالیں اور نہ ہی ان کی اولاد۔ بس اللہ تو یہ چاہتا ہے کہ انہیں انہی (چیزوں) کی وجہ سے دنیوی زندگی میں عذاب دے اور ان کی جانیں اس حال میں نکلیں کہ وہ کافر ہوںo

So neither their wealth nor their children should amaze you. It is for these (things) only that Allah intends to punish them in the life of this world and that

their souls may depart whilst they are in a state of disbelief.

وَيَحْلِفُونَ بِاللّهِ إِنَّهُمْ لَمِنكُمْ وَمَا هُم مِّنكُمْ وَلَـكِنَّهُمْ قَوْمٌ يَفْرَقُونَ (56)

ترجمہ: اور وہ (اس قدر بزدل ہیں کہ) اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ وہ تم ہی میں سے ہیں حالاں کہ وہ تم میں سے نہیں لیکن وہ ایسے لوگ ہیں جو (اپنے نفاق کے ظاہر ہونے اور اس کے انجام سے) ڈرتے ہیں (اس لیے وہ بصورتِ تقیہ اپنا مسلمان ہونا ظاہر کرتے ہیں)o

And (they are so cowardly that) they swear by Allah that they are from you whilst they are not from you. But they are those who fear (the disclosure and outcome of their hypocrisy. So they appear to be Muslims outwardly).

لَوْ يَجِدُونَ مَلْجَأً أَوْ مَغَارَاتٍ أَوْ مُدَّخَلاً لَّوَلَّوْاْ إِلَيْهِ وَهُمْ يَجْمَحُونَ (57)

ترجمہ: (ان کی کیفیت یہ ہے کہ) اگر وہ کوئی پناہ گاہ یا غار یا سرنگ پالیں تو انتہائی تیزی سے بھاگتے ہوئے اس کی طرف پلٹ جائیں (اور آپ کے ساتھ ایک لمحہ بھی نہ رہیں مگر اس وقت وہ مجبور ہیں اس لیے جھوٹی وفاداری جتلاتے ہیں)o

(Their state of mind is such that) if they could find a place of refuge or a cave or a crevice in the earth, they would turn towards it running very fast (and would not stay with you even for a moment, but they are under compulsion right now so they show off their false loyalty).

وَمِنْهُم مَّن يَلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَاتِ فَإِنْ أُعْطُواْ مِنْهَا رَضُواْ وَإِن لَّمْ يُعْطَوْاْ مِنهَا إِذَا هُمْ يَسْخَطُونَ (58)

ترجمہ: اور ان ہی میں سے بعض ایسے ہیں جو صدقات (کی تقسیم) میں آپ پر طعنہ زنی کرتے ہیں، پھر اگر انہیں ان (صدقات) میں سے کچھ دے دیا جائے تو وہ راضی ہو جائیں اور اگر انہیں اس میں سے کچھ نہ دیا جائے تو وہ فوراً خفا ہو جاتے ہیںo

And some amongst them are those who pass sarcastic remarks against you in the matter of (the distribution of) alms. If they are given some portion (of the alms), they feel pleased, but if nothing is given to them, they feel annoyed at once.

وَلَوْ أَنَّهُمْ رَضُواْ مَا آتَاهُمُ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَقَالُواْ حَسْبُنَا اللّهُ سَيُؤْتِينَا اللّهُ مِن فَضْلِهِ وَرَسُولُهُ إِنَّا إِلَى اللّهِ رَاغِبُونَ (59)

ترجمہ: اور کیا ہی اچھا ہوتا اگر وہ لوگ اس پر راضی ہو جاتے جو ان کو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے عطا فرمایا تھا اور کہتے کہ ہمیں اللہ کافی ہے۔ عنقریب ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مزید) عطا فرمائے گا۔ بے شک ہم اللہ ہی کی طرف راغب ہیں (اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی کا واسطہ اور وسیلہ ہے، اس کا دینا بھی اللہ ہی کا دینا ہے۔ اگر یہ عقیدہ رکھتے اور طعنہ زنی نہ کرتے تو یہ بہتر ہوتاo

How good it would have been if they had felt pleased with what Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) had given them and said: 'Sufficient for us is Allah. Allah will soon confer on us His bounty and so will His Messenger ([blessings and peace be upon him] in addition). Indeed, we are inclined to Allah alone.' (And the Messenger [blessings and peace be upon him] is His mediator; in fact, his bestowal is Allah's. Had they developed this

belief and refrained from sarcasm, it would have been better.)

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ أُذُنٌ قُلْ أُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ آمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ(61)

ترجمہ: اوران (منافقوں) میں سے وہ لوگ بھی ہیں جو نبی (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ایذا پہنچاتے ہیں اور کہتے ہیں: وہ تو کان (کے کچے) ہیں۔ فرما دیجیے: تمہارے لیے بھلائی کے کان ہیں۔ وہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور اہلِ ایمان (کی باتوں) پر یقین کرتے ہیں اور تم میں سے جو ایمان لے آئے ہیں ان کے لیے رحمت ہیں، اور جو لوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (اپنی بدعقیدگی، بدگمانی اور بدزبانی کے ذریعے) اذیت پہنچاتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہےo

And amongst these (hypocrites) are also those who hurt (the Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him) and say: 'He is only an ear (believes everything he hears).' Say: 'He is all ears to what is good for you; he believes in Allah and has faith in (what) the believers (say) and is mercy for those of you who have embraced faith. And those who hurt the Messenger of Allah (by means of their evil beliefs, doubts and foul statements), for them there is grievous torment.'

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَقُّ أَنْ يُّرْضُوْهُ إِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ (62)

ترجمہ: مسلمانو! (یہ منافقین) تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تمہیں راضی رکھیں حالاں کہ اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) زیادہ حقدار ہے کہ وہ اسے راضی کریں اگر یہ لوگ ایمان والے ہوتے (تو یہ حقیقت جان لیتے اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو راضی کرتے، رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے راضی ہونے سے ہی اللہ راضی ہو جاتا ہے کیونکہ دونوں کی رضا ایک ہے)o

O Muslims! They (the hypocrites) swear by Allah in your presence to keep you pleased, whereas Allah along with His Messenger (blessings and peace be upon him) has a greater right that they should please Him. If they are the believers, (they should have known this fact and should have pleased the Messenger [blessings and peace be upon him]. Allah is pleased only if the Messenger [blessings and peace be upon him] is pleased because their pleasure is but one and the same).

أَلَمْ يَعْلَمُوْا أَنَّهُ مَن يُحَادِدِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَأَنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِداً فِيْهَا ذَلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ (63)

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتے کہ جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کرتا ہے تو اس کے لیے دوزخ کی آگ (مقرر) ہے جس میں وہ ہمیشہ رہنے والا ہے، یہ زبردست رسوائی ہےo

Do they not know that he who opposes Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), the Fire of Hell is (destined) for him wherein he will dwell forever? There is no humiliation greater than this.

يَحْذَرُ الْمُنَافِقُوْنَ أَن تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ قُلِ اسْتَهْزِئُوْا إِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ (64)

ترجمہ: منافقین اس بات سے ڈرتے ہیں کہ مسلمانوں پر کوئی ایسی سورت نازل کر دی جائے جو انہیں ان باتوں سے خبردار کر دے جو ان (منافقوں) کے دلوں میں (مخفی) ہیں۔ فرما دیجیے: تم مذاق کرتے رہو، بے شک اللہ وہ (بات) ظاہر فرمانے والا ہے جس سے تم ڈر رہے ہوo

The hypocrites feel scared that a Sura (Chapter) will be sent down to the Muslims, and that will make them aware of those matters that are (hidden) in the hearts (of the hypocrites). Say: 'Continue mocking. Surely, Allah is about to reveal that (matter) which you are scared of.'

وَلَئِن سَأَلْتَهُمْ لَيَقُولُنَّ إِنَّمَا كُنَّا نَخُوضُ وَنَلْعَبُ قُلْ أَبِاللّٰهِ وَآيَاتِهِ وَرَسُولِهِ كُنتُمْ تَسْتَهْزِئُونَ (65)

ترجمہ: اور اگر آپ ان سے دریافت کریں تو وہ ضرور یہی کہیں گے کہ ہم تو صرف (سفر کاٹنے کے لیے) بات چیت اور دل لگی کرتے تھے۔ فرما دیجیے: کیا تم اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ مذاق کر رہے تھےo

If you ask them, they will certainly say: 'We only used to talk (away the journey) and enjoy.' Say: 'Were you mocking Allah, His Revelations and His Messenger (blessings and peace be upon him)?'

لَا تَعْتَذِرُوا قَدْ كَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ إِن نَّعْفُ عَن طَآئِفَةٍ مِّنكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً بِأَنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ (66)

ترجمہ: (اب) تم معذرت مت کرو، بے شک تم اپنے ایمان (کے اظہار) کے بعد کافر ہو گئے ہو، اگر ہم تم میں سے ایک گروہ کو معاف بھی کر دیں (تب بھی) دوسرے گروہ کو عذاب دیں گے اس وجہ سے کہ وہ مجرم تھےo

(Now) do not make excuses. You have certainly become disbelievers after (showing that) you believed. If We forgive a party of you, (even then) We shall torment the other party because they sinned.

الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ بَعْضُهُم مِّن بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمُنكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوفِ وَيَقْبِضُونَ أَيْدِيَهُمْ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (67)

ترجمہ: منافق مرد اور منافق عورتیں ایک دوسرے (کی جنس) سے ہیں۔ یہ لوگ بری باتوں کا حکم دیتے ہیں اور اچھی باتوں سے روکتے ہیں اور اپنے ہاتھ (اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے) بند رکھتے ہیں، انہوں نے اللہ کو فراموش کر دیا تو اللہ نے انہیں فراموش کر دیا، بے شک منافقین ہی نافرمان ہیںo

The hypocrites, men and women, are one from another (alike). They command evil and forbid good and are close-fisted (in the matter of spending in the cause of Allah). They have forgotten Allah, so Allah has forgotten them. It is indeed the hypocrites who are disobedient.

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا هِيَ حَسْبُهُمْ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيمٌ(68)

ترجمہ: اللہ نے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور کافروں سے آتشِ دوزخ کا وعدہ فرما رکھا ہے (وہ) اس میں ہمیشہ رہیں گے، وہ (آگ) انہیں کافی ہے، اور اللہ نے ان پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے ہمیشہ برقرار رہنے والا عذاب ہےo

Allah has promised the hypocrites, men and women, and the disbelievers, the

Fire of Hell in which (they) will live forever. That (Fire) will suffice them. And Allah has cast His curse upon them, and for them is a torment that will last forever.

كَالَّذِيْنَ مِن قَبْلِكُمْ كَانُواْ أَشَدَّ مِنكُمْ قُوَّةً وَأَكْثَرَ أَمْوَالاً وَأَوْلاَداً فَاسْتَمْتَعُواْ بِخَلاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُم بِخَلاَقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِكُم بِخَلاَقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِىْ خَاضُواْ أُوْلَـئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِىْ الدُّنيَا وَالآخِرَةِ وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (69)

ترجمہ: (اے منافقو! تم) ان لوگوں کی مثل ہو جو تم سے پہلے تھے۔ وہ تم سے بہت زیادہ طاقتور اور مال و اولاد میں کہیں زیادہ بڑھے ہوئے تھے۔ پس وہ اپنے (دنیوی) حصے سے فائدہ اٹھا چکے سو تم (بھی) اپنے حصے سے (اسی طرح) فائدہ اٹھا رہے ہو جیسے تم سے پہلے لوگوں نے (لذّتِ دنیا کے) اپنے مقررہ حصے سے فائدہ اٹھایا تھا نیز تم (بھی اسی طرح) باطل میں داخل اور غلطاں ہو جیسے وہ باطل میں داخل اور غلطاں تھے۔ ان لوگوں کے اعمال دنیا اور آخرت میں برباد ہو گئے اور وہی لوگ خسارے میں ہیں o

(O hypocrites!) You are like those who preceded you. They were far mightier than you in power and far richer in possessions and progeny. They benefited by their share (of the world); so are you (too) enjoying your portion (the same way) as your predecessors enjoyed their fixed share (of the worldly pleasures). Moreover, you (in like manner) have deeply indulged in falsehood as they deeply indulged in falsehood. Their works have gone fruitless in this world and in the Hereafter, and they are the ones who are the losers.

يَا أَيُّهَا النَّبِىُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (73)

ترجمہ: اے نبی (معظم!) آپ (اِسلام دشمنی پر کارفرما) کافروں اور منافقوں سے جہاد کریں اور (اَمن دشمنی، فساد انگیزی اور جارحیت کے اِرتکاب کی وجہ سے) ان پر سختی کریں، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ برا ٹھکانا ہے o

O (Glorious) Messenger! Fight against the disbelievers and the hypocrites, and treat them harshly (for violating peace, creating disorder and committing militancy and aggression). And Hell is their abode and that is an evil abode.

يَحْلِفُونَ بِاللّهِ مَا قَالُواْ وَلَقَدْ قَالُواْ كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُواْ بَعْدَ إِسْلاَمِهِمْ وَهَمُّواْ بِمَا لَمْ يَنَالُواْ وَمَا نَقَمُواْ إِلاَّ أَنْ أَغْنَاهُمُ اللّهُ وَرَسُولُهُ مِن فَضْلِهِ فَإِن يَتُوبُواْ يَكُ خَيْراً لَّهُمْ وَإِن يَتَوَلَّوْا يُعَذِّبْهُمُ اللّهُ عَذَاباً أَلِيماً فِىْ الدُّنيَا وَالآخِرَةِ وَمَا لَهُمْ فِىْ الأَرْضِ مِن وَلِيٍّ وَلاَ نَصِيرٍ (74)

ترجمہ: (یہ منافقین) اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ انہوں نے (کچھ) نہیں کہا حالاں کہ انہوں نے یقیناً کلمہ کفر کہا اور وہ اپنے اسلام (کو ظاہر کرنے) کے بعد کافر ہو گئے اور انہوں نے (کئی اذیت رساں باتوں کا) ارادہ (بھی) کیا تھا جنہیں وہ نہ پا سکے اور وہ (اسلام اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عمل میں سے) اور کسی چیز کو ناپسند نہ کر سکے سوائے اس کے کہ انہیں اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اپنے فضل سے غنی کر دیا تھا، سو اگر یہ (اب بھی) توبہ کر لیں تو ان کے لیے بہتر ہے اور اگر (اسی طرح) روگرداں رہیں تو اللہ انہیں دنیا اور آخرت (دونوں زندگیوں) میں دردناک عذاب میں مبتلا فرمائے گا اور ان کے لیے زمین میں نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار o

(These hypocrites) swear by Allah that they have not said (anything), whereas they have definitely uttered blasphemy and have become disbelievers after (showing) their belief in Islam. They intended (many tortures too) that they could not achieve. And (out of Islam and the Messenger's conduct) they could not disdain anything, except that Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) had made them affluent with His bounty. So if they repent (even now), it will be better for them, but if they remain averse (the same way), then Allah will afflict them with grievous torment, (both) in (the life of) this world and in the Hereafter, and they will not have any helper or friend on earth.

وَمِنْهُم مَّنْ عَاهَدَ اللّهَ لَئِنْ آتَانَا مِن فَضْلِهِ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُونَنَّ مِنَ الصَّالِحِينَ **(75)**

ترجمہ: اوران (منافقوں) میں (بعض) وہ بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کیا تھا کہ اگر اس نے ہمیں اپنے فضل سے (دولت) عطا فرمائی تو ہم ضرور (اس کی راہ میں) خیرات کریں گے اور ہم ضرور نیکوکاروں میں سے ہو جائیں گےo

And amongst these (hypocrites) are also (some) who made a promise with Allah: 'If He bestows upon us (riches) out of His bounty, we shall certainly give alms (in His way) and become of the righteous.'

فَلَمَّا آتَاهُم مِّن فَضْلِهِ بَخِلُواْ بِهِ وَتَوَلَّواْ وَّهُم مُّعْرِضُونَ **(76)**

ترجمہ: پس جب اس نے انہیں اپنے فضل سے (دولت) بخشی (تو) وہ اس میں بخل کرنے لگے اور وہ (اپنے عہد سے) روگردانی کرتے ہوئے پھر گئےo

So when He conferred on them (wealth) out of His bounty, they became miserly with it and turned back, retracting (from their promise).

فَأَعْقَبَهُمْ نِفَاقاً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَى يَوْمِ يَلْقَوْنَهُ بِمَا أَخْلَفُواْ اللّهَ مَا وَعَدُوهُ وَبِمَا كَانُواْ يَكْذِبُونَ **(77)**

ترجمہ: پس اس نے ان کے دلوں میں نفاق کو (ان کے اپنے بخل کا) انجام بنا دیا اس دن تک کہ جب وہ اس سے ملیں گے اس وجہ سے کہ انہوں نے اللہ سے اپنے کیے ہوئے عہد کی خلاف ورزی کی اور اس وجہ سے (بھی) کہ وہ کذب بیانی کیا کرتے تھےo

So He made hypocrisy in their hearts a consequence (of their own niggardliness) till the Day when they would meet Him, because they violated the promise they had made with Allah and (also) because they used to tell lies.

أَلَمْ يَعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ وَأَنَّ اللّهَ عَلاَّمُ الْغُيُوبِ **(78)**

ترجمہ: کیا انہیں معلوم نہیں کہ اللہ ان کے بھید اور ان کی سرگوشیاں جانتا ہے اور یہ کہ اللہ سب غیب کی باتوں کو بہت خوب جاننے والا ہےo

Do they not know that Allah is aware of their secrets and their whisperings and that Allah knows best all unseen things?

الَّذِينَ يَلْمِزُونَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِينَ لاَ يَجِدُونَ إِلاَّ جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُونَ مِنْهُمْ سَخِرَ اللّهُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(79)**

ترجمہ: جولوگ برضاورغبت خیرات دینے والے مومنوں پر(ان کے) صدقات میں (ریاکاری ومجبوری کا) الزام لگاتے ہیں اور ان (نادار مسلمانوں) پر بھی (عیب لگاتے ہیں) جو اپنی محنت ومشقت کے سوا (کچھ زیادہ مقدور) نہیں پاتے سو یہ (ان کے جذبۂ اِنفاق کا بھی) مذاق اڑاتے ہیں، اللہ انہیں ان کے تمسخر کی سزا دے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہےo

The people who accuse (of pretentiousness and compulsion) those of the believers who give alms happily and willingly in (their) charity works, and also (blame) those (destitute Muslims) who find nothing (more to give) except for their toil and hard work, and (also) mock their (sentiment for spending in the cause of Allah), Allah will punish them for their scoffing,and there is for them a grievous punishment.

اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ إِن تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِينَ مَرَّةً فَلَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَفَرُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ **(80)**

ترجمہ: آپ خواہ ان (بدبخت، گستاخ اور آپ کی شان میں طعنہ زنی کرنے والے منافقوں) کے لیے بخشش طلب کریں یا ان کے لیے بخشش طلب نہ کریں، اگر آپ (اپنی طبعی شفقت اور عفو و درگزر کی عادتِ کریمانہ کے پیشِ نظر) ان کے لیے ستر مرتبہ بھی بخشش طلب کریں تو بھی اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا، یہ اس وجہ سے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ کفر کیا ہے، اور اللہ نافرمان قوم کو ہدایت نہیں فرماتاo

Whether or not you seek forgiveness for these (wicked and arrogant hypocrites who dare scoff at Your Eminence), if you implore forgiveness for them seventy times (out of your natural compassion and your benevolent practice of forgiving and forbearing), even then Allah will not forgive them at all because they have rejected Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and Allah does not guide the rebels.

فَرِحَ الْمُخَلَّفُونَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلَافَ رَسُولِ اللَّهِ وَكَرِهُوا أَن يُجَاهِدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَقَالُوا لَا تَنفِرُوا فِي الْحَرِّ قُلْ نَارُ جَهَنَّمَ أَشَدُّ حَرًّا لَّوْ كَانُوا يَفْقَهُونَ **(81)**

ترجمہ: رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کے باعث (دفاعِ مدینہ کے لیے جہاد سے) پیچھے رہ جانے والے (یہ منافق) اپنے بیٹھ رہنے پر خوش ہو رہے ہیں وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کریں اور کہتے تھے کہ اس گرمی میں نہ نکلو۔ فرما دیجیے: دوزخ کی آگ سب سے زیادہ گرم ہے، اگر وہ سمجھتے ہوتے (تو کیا ہی اچھا ہوتا)o

(These hypocrites) who stayed back (from fighting for the defence of Medina) due to opposing Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) are rejoicing over their sitting behind. They disliked it that they should strive in the cause of Allah with their wealth and their lives and said: 'Do not move out in this heat.' Say: 'The Fire of Hell is far fiercer in heat.' (How good it would be) if they could only understand!

فَلْيَضْحَكُواْ قَلِيْلاً وَلْيَبْكُواْ كَثِيْراً جَزَاء بِمَا كَانُواْ يَكْسِبُونَ (82)

ترجمہ: پس انہیں چاہیئے کہ تھوڑا ہنسیں اور زیادہ روئیں (کیونکہ آخرت میں انہیں زیادہ رونا ہے) یہ اس کا بدلہ ہے جو وہ کماتے تھےo

(These hypocrites) who stayed back (from fighting for the defence of Medina) due to opposing Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) are rejoicing over their sitting behind. They disliked it that they should strive in the cause of Allah with their wealth and their lives and said: 'Do not move out in this heat.' Say: 'The Fire of Hell is far fiercer in heat.' (How good it would be) if they could only understand!

فَإِن رَّجَعَكَ اللّهُ إِلَى طَآئِفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَأْذَنُوكَ لِلْخُرُوجِ فَقُل لَّن تَخْرُجُواْ مَعِيَ أَبَداً وَلَن تُقَاتِلُواْ مَعِيَ عَدُوّاً إِنَّكُمْ رَضِيتُم بِالْقُعُودِ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُواْ مَعَ الْخَالِفِيْنَ (83)

ترجمہ: پس (اے حبیب!) اگر اللہ آپ کو (غزوۂ تبوک سے فارغ ہونے کے بعد) ان (منافقین) میں سے کسی گروہ کی طرف دوبارہ واپس لے جائے اور وہ آپ سے (آئندہ کسی اور غزوہ کے موقع پر جہاد کے لیے) نکلنے کی اجازت چاہیں تو ان سے فرما دیجیے گا کہ (اب) تم میرے ساتھ کبھی بھی ہرگز نہ نکلنا اور تم میرے ساتھ ہو کر کبھی بھی ہرگز دشمن سے جنگ نہ کرنا (کیونکہ) تم پہلی مرتبہ (جہاد چھوڑ کر) پیچھے بیٹھے رہنے سے خوش ہوئے تھے سو (اب بھی) پیچھے بیٹھے رہ جانے والوں کے ساتھ بیٹھے رہوo

So, (O Beloved,) if Allah again takes you back to a party of these (hypocrites, when you are free from the battle of Tabuk,) and they seek your permission to go forth (to fight in the event of a future conflict), then say to them: '(Now) you shall never go forth with me, nor shall you ever accompany me to fight an enemy (because, abandoning the sacred struggle,) you rejoiced over sitting behind the first time. So, (this time as well,) stay behind along with those who remain behind.'

وَلاَ تُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِّنْهُم مَّاتَ أَبَداً وَلاَ تَقُمْ عَلَىَ قَبْرِهِ إِنَّهُمْ كَفَرُواْ بِاللّهِ وَرَسُولِهِ وَمَاتُواْ وَهُمْ فَاسِقُونَ (84)

ترجمہ: اور آپ کبھی بھی ان (منافقوں) میں سے جو کوئی مر جائے اس (کے جنازے) پر نماز نہ پڑھیں اور نہ ہی آپ اس کی قبر پر کھڑے ہوں (کیونکہ آپ کا کسی جگہ قدم رکھنا بھی رحمت و برکت کا باعث ہوتا ہے اور یہ آپ کی رحمت و برکت کے حق دار نہیں ہیں)۔ بے شک انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ساتھ کفر کیا اور وہ نافرمان ہونے کی حالت میں ہی مر گئےo

And never perform (funeral) Prayer over any of these (hypocrites) who dies, nor stand at his grave (because your stepping on some place also brings about mercy and blessings, and they do not deserve your mercy and blessing). Indeed, they disbelieved in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and died in a state of defiance.

وَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ أَن يُعَذِّبَهُم بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَهُمْ كَافِرُونَ (85)

ترجمہ: اوران کے مال اوران کی اولاد آپ کوتعجب میں نہ ڈالیں۔ اللہ فقط یہ چاہتا ہے کہ ان چیزوں کے ذریعے انہیں دنیا میں (بھی) عذاب دے اوران کی جانیں اس حال میں نکلیں کہ وہ کافر (ہی) ہوںo

Let not their riches and their progeny make you wonder. Allah wants only to torment them in this world (too) by means of these things, and that their souls may depart whilst they are (still) disbelievers.

وَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ أَنْ آمِنُواْ بِاللّٰهِ وَجَاهِدُواْ مَعَ رَسُولِهِ اسْتَأْذَنَكَ أُوْلُواْ الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُواْ ذَرْنَا نَكُن مَّعَ الْقَاعِدِيْنَ(86)

ترجمہ: اور جب کوئی (ایسی) سورت نازل کی جاتی ہے کہ تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت میں جہاد کرو تو ان میں سے دولت اور طاقت والے لوگ آپ سے رخصت چاہتے ہیں اور کہتے ہیں: آپ ہمیں چھوڑ دیں ہم (پیچھے) بیٹھے رہنے والوں کے ساتھ ہو جائیںo

And when (such) a Sura (Chapter) is revealed: 'Believe in Allah and fight in the cause of Allah along with His Messenger (blessings and peace be upon him),' the affluent and the influential amongst them seek leave from you and say: 'Leave us. We shall remain with those who sit (behind).'

رَضُواْ بِأَن يَكُونُواْ مَعَ الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لاَ يَفْقَهُونَ (87)

ترجمہ: انہوں نے یہ پسند کیا کہ وہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں، بچوں اور معذوروں کے ساتھ ہو جائیں اور ان کے دلوں پر مُہر لگا دی گئی ہے سو وہ کچھ نہیں سمجھتےo

They liked that they would be with those women, children and the handicapped who would stay behind. And their hearts have been sealed, so they do not understand anything.

وَجَاء الْمُعَذِّرُونَ مِنَ الأَعْرَابِ لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُواْ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ سَيُصِيبُ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (90)

ترجمہ: اور صحرانشینوں میں سے کچھ بہانہ ساز (معذرت کرنے کے لیے دربارِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) آئے تاکہ انہیں (بھی) رخصت دے دی جائے، اور وہ لوگ جنہوں نے (اپنے دعویٰ ایمان میں) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے جھوٹ بولا تھا (جہاد چھوڑ کر پیچھے) بیٹھے رہے، عنقریب ان میں سے ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا دردناک عذاب پہنچے گاo

And a few feigners from amongst the desert nomads came (to the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] to submit their excuse) so that they might (also) be accorded permission, and those who lied to Allah and His Messenger (in their claim to be the believers) stayed behind (having forsaken the fight). Those of them who denied the truth will soon be seized by a painful torment.

إِنَّمَا السَّبِيلُ عَلَى الَّذِينَ يَسْتَأْذِنُونَكَ وَهُمْ أَغْنِيَاءُ رَضُوا بِأَن يَكُونُوا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ(93)

ترجمہ: (الزام کی) راہ تو فقط ان لوگوں پر ہے جو آپ سے رخصت طلب کرتے ہیں حالاں کہ وہ مال دار ہیں، وہ اس بات سے خوش ہیں کہ وہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں اور معذوروں کے ساتھ رہیں اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے، سو وہ جانتے ہی نہیں (کہ حقیقی سود و زیاں کیا ہے)o

(Blame) lies only on those who seek your permission though they are affluent. They feel pleased to remain with the women and the handicapped who stay behind. Allah has sealed their hearts, so they do not understand (what the true loss or gain is).

يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ قُل لَّا تَعْتَذِرُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللَّهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ وَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (94)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) وہ تم سے عذر خواہی کریں گے جب تم ان کی طرف (اس سفرِ تبوک سے) پلٹ کر جاؤ گے، (اے حبیب!) آپ فرما دیجیے: بہانے مت بناؤ ہم ہرگز تمہاری بات پر یقین نہیں کریں گے، ہمیں اللہ نے تمہارے حالات سے باخبر کر دیا ہے، اور اب (آئندہ) تمہارا عمل (دنیا میں بھی) اللہ دیکھے گا اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) بھی (دیکھے گا) پھر تم (آخرت میں بھی) ہر پوشیدہ اور ظاہر کو جاننے والے (رب) کی طرف لوٹائے جاؤ گے تو وہ تمہیں ان تمام (اعمال) سے خبردار فرما دے گا جو تم کیا کرتے تھےo

(O Muslims!) When you return to them (from the expedition of Tabuk), they will offer their apologies to you. (O Beloved!) Say: 'Do not make excuses; we will not believe you at all. Allah has informed us about your state of affairs. Now (in the future) Allah as well as His Messenger will see your performance (in the world). Then (in the Hereafter too) you will be returned to (the Lord) Who knows everything hidden and manifest, and He will make you know (all your works) that you used to do.'

سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا عَنْهُمْ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ إِنَّهُمْ رِجْسٌ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (95)

ترجمہ: اب وہ تمہارے لیے اللہ کی قسمیں کھائیں گے جب تم ان کی طرف پلٹ کر جاؤ گے تاکہ تم ان سے درگزر کرو، پس تم ان کی طرف التفات ہی نہ کرو بے شک وہ پلید ہیں اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے یہ اس کا بدلہ ہے جو وہ کمایا کرتے تھےo

Now they will swear to you by Allah, when you return to them, so that you may excuse them. So be indifferent to them. Surely, they are unclean and Hell is their abode, a reward for what they used to earn.

يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِن تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَى عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ (96)

ترجمہ: یہ تمہارے لیے قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، سو (اے مسلمانو!) اگر تم ان سے راضی بھی ہو جاؤ تو (بھی)

اللہ نافرمان قوم سے راضی نہیں ہوگاo

They swear to you so that you may feel pleased with them. So, (O Muslims,) if you are pleased with them, (even) then Allah will not be pleased with the disobedient people.

الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْراً وَنِفَاقاً وَأَجْدَرُ أَلَّا يَعْلَمُواْ حُدُودَ مَا أَنزَلَ اللّهُ عَلَى رَسُولِهِ وَاللّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (97)

ترجمہ: (یہ) دیہاتی لوگ سخت کافر اور سخت منافق ہیں اور (اپنے کفر و نفاق کی شدت کے باعث) اسی قابل ہیں کہ وہ ان حدود و احکام سے جاہل رہیں جو اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل فرمائے ہیں، اور اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہےo

(These) nomad villagers are unyielding disbelievers and incorrigible hypocrites. And (due to their stubbornness in disbelief and hypocrisy) they deserve to remain ignorant of those limits and commandments which Allah has sent down to His Messenger (blessings and peace be upon him). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَن يَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ مَغْرَماً وَيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَائِرَ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ وَاللّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (98)

ترجمہ: اور ان دیہاتی گنواروں میں سے وہ شخص (بھی) ہے جو اس (مال) کو تاوان قرار دیتا ہے جسے وہ (راہِ خدا میں) خرچ کرتا ہے اور تم پر زمانہ کی گردشوں (یعنی مصائب و آلام) کا انتظار کرتا رہتا ہے، (بلا و مصیبت کی) بری گردش انہی پر ہے، اور اللہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

And amongst these nomad villagers there is (also) one who regards that (money) which he spends (in the cause of Allah) as a compulsory fine, and looks forward to the spinning evil (of miseries and misfortunes) coming upon you. But it is they whom the evil spin (of calamity and ill-fortune) is going to whirl. And Allah is All-Hearing, All-Knowing.

وَمِمَّنْ حَوْلَكُم مِّنَ الْأَعْرَابِ مُنَافِقُونَ وَمِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ مَرَدُواْ عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ سَنُعَذِّبُهُم مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ إِلَى عَذَابٍ عَظِيمٍ (101)

ترجمہ: اور (مسلمانو!) تمہارے گرد و نواح کے دیہاتی گنواروں میں بعض منافق ہیں اور بعض باشندگانِ مدینہ بھی، یہ لوگ نفاق پر اڑے ہوئے ہیں، آپ انہیں (اب تک) نہیں جانتے، ہم انہیں جانتے ہیں (بعد میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی جملہ منافقین کا علم اور معرفت عطا کر دی گئی)۔ عنقریب ہم انہیں دو مرتبہ (دنیا ہی میں) عذاب دیں گے☆ پھر وہ (قیامت میں) بڑے عذاب کی طرف پلٹائے جائیں گےo

☆ ایک بار جب ان کی پہچان کرا دی گئی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبۂ جمعہ کے دوران ان منافقین کو نام لے لے کر مسجد سے نکال دیا، یہ پہلا عذاب بصورتِ ذلت و رسوائی تھا؛ اور دوسرا عذاب بصورتِ ہلاکت و مُقاتلہ ہوا جس کا حکم بعد میں آیا۔

And, (O Muslims,) some amongst the nomad villagers around you and some citizens of Medina as well are hypocrites. They are adamant about hypocrisy.

(So far) you know them not; We know them. (Later, the Holy Messenger [blessings and peace be upon him] was also given the knowledge and awareness of all the hypocrites.) Soon shall We torment them twice* (here in this world). Then they will be turned towards a greater torment (on the Day of Rising).

*** Firstly, they were identified and the Holy Messenger (blessings and peace be upon him) expelled them from the Mosque pointing them out by name during his Friday address. This was the first torment in the form of humiliation and ignominy. Secondly, they were punished through fighting and killings, for which the command came later.**

وَآخَرُونَ اعْتَرَفُواْ بِذُنُوبِهِمْ خَلَطُواْ عَمَلاً صَالِحاً وَآخَرَ سَيِّئاً عَسَى اللّهُ أَن يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ(102)

ترجمہ: اور دوسرے وہ لوگ کہ (جنہوں نے) اپنے گناہوں کا اعتراف کر لیا ہے انہوں نے کچھ نیک عمل اور دوسرے برے کاموں کو (غلطی سے) ملا جلا دیا ہے، قریب ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول فرما لے، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

And there are others (who) have confessed their sins. They have mixed up good deeds with some bad ones (by mistake). Allah will, most likely, accept their repentance. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِأَمْرِ اللّهِ إِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَإِمَّا يَتُوبُ عَلَيْهِمْ وَاللّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ(106)

ترجمہ: اور کچھ دوسرے (بھی) ہیں جو اللہ کے (آئندہ) حکم کے لیے مؤخر رکھے گئے ہیں وہ یا تو انہیں عذاب دے گا یا ان کی توبہ قبول فرما لے گا، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And there are (yet) others who are deferred, left to the (next) command of Allah. He will either torment them or accept their repentance. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَالَّذِينَ اتَّخَذُواْ مَسْجِداً ضِرَاراً وَكُفْراً وَتَفْرِيقاً بَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ وَإِرْصَاداً لِّمَنْ حَارَبَ اللّهَ وَرَسُولَهُ مِن قَبْلُ وَلَيَحْلِفَنَّ إِنْ أَرَدْنَا إِلاَّ الْحُسْنَى وَاللّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (107)

ترجمہ: اور (منافقین میں سے وہ بھی ہیں) جنہوں نے ایک مسجد تیار کی ہے (مسلمانوں کو) نقصان پہنچانے اور کفر (کو تقویت دینے) اور اہلِ ایمان کے درمیان تفرقہ پیدا کرنے اور اس شخص کی گھات کی جگہ بنانے کی غرض سے جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے پہلے ہی سے جنگ کر رہا ہے، اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے (اس مسجد کے بنانے سے) سوائے بھلائی کے اور کوئی ارادہ نہیں کیا، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیںo

And (from amongst the hypocrites there are also those) who have erected a mosque to harm (the Muslims) and (promote) disbelief and disunite the believers, and as an ambush for the one who is already at war against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). They will surely swear: 'We have intended nothing but good (by constructing this mosque).' And Allah bears witness that they are certainly liars.

وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَـٰذِهِ إِيمَاناً فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُواْ فَزَادَتْهُمْ إِيمَاناً وَهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ (124)

ترجمہ: اور جب بھی کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان (منافقوں) میں سے بعض (شرارتاً) یہ کہتے ہیں کہ تم میں سے کون ہے جسے اس (سورت) نے ایمان میں زیادتی بخشی ہے، پس جو لوگ ایمان لے آئے ہیں سو اس (سورت) نے ان کے ایمان کو زیادہ کر دیا اور وہ (اس کیفیتِ ایمانی پر) خوشیاں مناتے ہیںo

And whenever a Sura (Chapter) is revealed, some of these (hypocrites) say (mischievously): 'Whose faith amongst you has this (Sura) increased?' So, this (Sura) has increased the faith of those who have embraced faith and they rejoice (over this boosted state of faith).

وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْساً إِلَى رِجْسِهِمْ وَمَاتُواْ وَهُمْ كَافِرُونَ (125)

ترجمہ: اور جن لوگوں کے دلوں میں بیماری ہے تو اس (سورت) نے ان کی خباثتِ (کفر و نفاق) پر مزید پلیدی (اور خباثت) بڑھا دی اور وہ اس حالت میں مرے کہ کافر ہی تھےo

But as for those whose hearts are diseased, this (Sura) has added vileness (and impurity) to their filth (disbelief and hypocrisy). And they died as disbelievers.

أَوَلاَ يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لاَ يَتُوبُونَ وَلاَ هُمْ يَذَّكَّرُونَ (126)

ترجمہ: کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ ہر سال میں ایک بار یا دو بار مصیبت میں مبتلا کیے جاتے ہیں پھر (بھی) وہ توبہ نہیں کرتے اور نہ ہی وہ نصیحت پکڑتے ہیںo

Do they not see that they are put in trouble once or twice every year? (Even) then they do not repent, nor do they take advice.

وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ هَلْ يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ انصَرَفُواْ صَرَفَ اللّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لاَّ يَفْقَهُونَ (127)

ترجمہ: اور جب بھی کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں، (اور اشاروں سے پوچھتے ہیں) کہ کیا تمہیں کوئی دیکھ تو نہیں رہا پھر وہ پلٹ جاتے ہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں کو پلٹ دیا ہے کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں جو سمجھ نہیں رکھتےo

Whenever a Sura (Chapter) is revealed, they look at one another (and inquire through body language:) 'Is there anyone watching you?' Then they turn away. Allah has turned their hearts away because they are the ones who lack understanding.

سورۃ النور:

أَفِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَمِ ارْتَابُواْ أَمْ يَخَافُونَ أَن يَحِيفَ اللّهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُولُهُ بَلْ أُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (50)

ترجمہ: کیا ان کے دلوں میں (منافقت کی) بیماری ہے یا وہ (شانِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں) شک کرتے ہیں یا وہ اس بات کا اندیشہ رکھتے ہیں کہ اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ان پر ظلم کریں گے، (نہیں) بلکہ وہی لوگ خود ظالم ہیںo

Is there a disease (of hypocrisy) in their hearts? Or do they doubt (the majesty and glory of the Messenger)? Or do they fear that Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) will do them wrong? (Nay,) they themselves are the wrongdoers.

سورۃ العنکبوت:

وَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنَافِقِيْنَ **(11)**

ترجمہ: اور اللہ ضرور ایسے لوگوں کو ممتاز فرما دے گا جو (سچے دل سے) ایمان لائے ہیں اور منافقوں کو (بھی) ضرور ظاہر کر دے گا○

And surely, Allah will distinguish those who have believed (with true hearts) and will certainly expose the hypocrites (too).

سورۃ الاحزاب:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللَّهَ وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِيْنَ وَالْمُنَافِقِيْنَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيْماً حَكِيْماً **(1)**

ترجمہ: اے نبی! آپ اللہ کے تقوٰی پر (حسبِ سابق استقامت سے) قائم رہیں اور کافروں اور منافقوں کا (یہ) کہنا (کہ ہمارے ساتھ مذہبی سمجھوتہ کر لیں ہرگز) نہ مانیں، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے○

O Prophet! Remain firm in fearing Allah (with perseverance as before) and do not agree at all to what the disbelievers and the hypocrites say (i.e., 'Conclude with us religious agreement'). Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِذْ يَقُوْلُ الْمُنَافِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِم مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللَّهُ وَرَسُوْلُهُ إِلَّا غُرُوْراً **(12)**

ترجمہ: اور جب منافق لوگ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (کمزورء عقیدہ اور شک وشبہ کی) بیماری تھی، یہ کہنے لگے کہ ہم سے اللہ اور اس کے رسول نے صرف دھوکہ اور فریب کے لیے (فتح کا) وعدہ کیا تھا○

And when the hypocrites and those in whose hearts was a disease (of instability of faith and doubt and suspicion) said: 'Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) gave us a promise (of victory) just to deceive and betray.'

وَإِذْ قَالَت طَّائِفَةٌ مِّنْهُمْ يَا أَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوا وَيَسْتَأْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ إِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ إِن يُرِيْدُوْنَ إِلَّا فِرَاراً **(13)**

ترجمہ: اور جبکہ اُن میں سے ایک گروہ کہنے لگا: اے اہلِ یثرب! تمہارے (بحفاظت) ٹھہرنے کی کوئی جگہ نہیں رہی، تم واپس (گھروں کو) چلے جاؤ، اور ان میں سے ایک گروہ نبی (اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے یہ کہتے ہوئے (واپس جانے کی) اجازت مانگنے لگا کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں، حالاں کہ وہ کھلے نہ تھے، وہ (اس بہانے سے) صرف فرار چاہتے تھے○

And when a party of them said: 'O people of Yathrib! There is no position left for you to stay (safely), so go back (home),' and a party of them began to seek permission from the Holy Prophet ([blessings and peace be upon him] to go

back), saying: 'Our houses are lying exposed,' whereas their houses were not exposed; they only wanted to escape (on this pretext).

وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِم مِّنْ أَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَآتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوا بِهَا إِلَّا يَسِيراً (14)

ترجمہ: اور اگر ان پر مدینہ کے اَطراف واَکناف سے فوجیں داخل کر دی جاتیں پھر اِن (نِفاق کا عقیدہ رکھنے والوں) سے فتنہ (کفر وشرک) کا سوال کیا جاتا تو وہ اس (مطالبہ) کو بھی پورا کر دیتے، اور تھوڑے سے توقّف کے سوا اس میں تاخیر نہ کرتےo

And if the armies had entered upon them from all the sides of Medina, and they (the hypocrites) had been asked pertaining to the subversion (of disbelief and polytheism), they would have accepted (the demand), and would not have delayed it except for a short while.

وَلَقَدْ كَانُوا عَاهَدُوا اللَّهَ مِن قَبْلُ لَا يُوَلُّونَ الْأَدْبَارَ وَكَانَ عَهْدُ اللَّهِ مَسْؤُولاً (15)

ترجمہ: اور بے شک انہوں نے اس سے پہلے اللہ سے عہد کر رکھا تھا کہ پیٹھ پھیر کر نہ بھاگیں گے، اور اللہ سے کیے ہوئے عہد کی (ضرور) بازپُرس ہوگیo

And certainly before this they had made a covenant with Allah that they would not turn their backs and run away. And the covenant made with Allah will (certainly) be asked about.

قُل لَّن يَنفَعَكُمُ الْفِرَارُ إِن فَرَرْتُم مِّنَ الْمَوْتِ أَوِ الْقَتْلِ وَإِذاً لَّا تُمَتَّعُونَ إِلَّا قَلِيلاً (16)

ترجمہ: فرما دیجیے: تمہیں فرار ہرگز کوئی نفع نہ دے گا، اگر تم موت یا قتل سے (ڈر کر) بھاگے ہو تو تم تھوڑی سی مدت کے سوا (زندگانی کا) کوئی فائدہ نہ اٹھا سکو گےo

Say: 'Escape will not benefit you at all. If you seek to flee (fearing) death or slaughter, you will gain little (from life) except a brief respite.'

قُلْ مَن ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُم مِّنَ اللَّهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءاً أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً وَلَا يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ وَلِيّاً وَلَا نَصِيراً (17)

ترجمہ: فرما دیجیے: کون ایسا شخص ہے جو تمہیں اللہ سے بچا سکتا ہے اگر وہ تمہیں تکلیف دینا چاہے یا تم پر رحمت کا ارادہ فرمائے، اور وہ لوگ اپنے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی کارساز پائیں گے اور نہ کوئی مددگارo

Say: 'Who is the one that can protect you from Allah if He intends to afflict you with suffering or to bestow upon you His mercy?' And they will not find for themselves any protector or helper apart from Allah.

قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنكُمْ وَالْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلاً (18)

ترجمہ: بے شک اللہ تم میں سے ان لوگوں کو جانتا ہے جو (رسول سے اور ان کی معیّت میں جہاد سے) روکتے ہیں اور جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہماری طرف آ جاؤ، اور یہ لوگ لڑائی میں نہیں آتے مگر بہت ہی کمo

Surely, Allah knows those amongst you who hinder (from the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] and from fighting in his company) and who say to their brothers: 'Come to us.' And they themselves come to fight but little.

أَشِحَّةً عَلَيْكُمْ فَإِذَا جَاءَ الْخَوْفُ رَأَيْتَهُمْ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ تَدُورُ أَعْيُنُهُمْ كَالَّذِي يُغْشَى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَإِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوكُم بِأَلْسِنَةٍ حِدَادٍ أَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ أُوْلَئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوا فَأَحْبَطَ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيراً **(19)**

ترجمہ: تمہارے حق میں بخیل ہوکر (ایسا کرتے ہیں)، پھر جب خوف (کی حالت) پیش آجائے تو آپ دیکھیں گے کہ وہ آپ کی طرف تکتے ہوں گے (اور) ان کی آنکھیں اس شخص کی طرح گھومتی ہوں گی جس پر موت کی غشی طاری ہو رہی ہو، پھر جب خوف جاتا رہے تو تمہیں تیز زبانوں کے ساتھ طعنے دیں گے (آزردہ کریں گے، ان کا حال یہ ہے کہ) مالِ غنیمت پر بڑے حریص ہیں۔ یہ لوگ (حقیقت میں) ایمان ہی نہیں لائے، سو اللہ نے ان کے اعمال ضبط کر لیے ہیں اور یہ اللہ پر آسان تھا○

(They do so) being miserly in your case. But when a fear (situation) arises, you will see them looking at you, their eyes rolling like those of someone fainting into death. But when fear departs, they offend you with sharp tongues (injuring your heart). They are (in a state of feeling) too greedy for spoils of war. (In fact) they have not believed at all. So Allah has annulled all their deeds. And that is easy for Allah.

يَحْسَبُونَ الْأَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوا وَإِن يَأْتِ الْأَحْزَابُ يَوَدُّوا لَوْ أَنَّهُم بَادُونَ فِي الْأَعْرَابِ يَسْأَلُونَ عَنْ أَنبَائِكُمْ وَلَوْ كَانُوا فِيكُم مَّا قَاتَلُوا إِلَّا قَلِيلاً **(20)**

ترجمہ: یہ لوگ (ابھی تک یہ) گمان کرتے ہیں کہ کافروں کے لشکر (واپس) نہیں گئے اور اگر وہ لشکر (دوبارہ) آجائیں تو یہ چاہیں گے کہ کاش وہ دیہاتیوں میں جا کر بادیہ نشین ہو جائیں (اور) تمہاری خبریں دریافت کرتے رہیں، اور اگر وہ تمہارے اندر موجود ہوں تو بھی بہت ہی کم لوگوں کے سوا وہ جنگ نہیں کریں گے○

They (still) imagine that the disbelievers' troops have not yet gone (back), and if those troops should come (again), they would wish them join villagers settling as nomads and (conduct surveillance to) collect news about you. And even if they were amongst you, they would not fight except a very few.

لِيَجْزِيَ اللَّهُ الصَّادِقِينَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِينَ إِن شَاءَ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُوراً رَّحِيماً **(24)**

ترجمہ: (یہ) اس لیے کہ اللہ سچے لوگوں کو ان کی سچائی کا بدلہ دے اور منافقوں کو چاہے تو عذاب دے یا ان کی توبہ قبول فرما لے۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہے○

That Allah may reward the truthful for their truth and may torment the hypocrites if He wills or may accept their repentance. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَالْمُنَافِقِينَ وَدَعْ أَذَاهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلاً **(48)**

ترجمہ: اور آپ کافروں اور منافقوں کا (یہ) کہنا (کہ ہمارے ساتھ مذہبی سمجھوتہ کر لیں ہرگز) نہ مانیں اور اُن کی ایذاء رسانی سے درگزر فرمائیں، اور اللہ پر بھروسہ (جاری) رکھیں، اور اللہ ہی (حق و باطل کی معرکہ آرائی میں) کافی کارساز ہے○

And never agree to what the disbelievers and the hypocrites say (i.e., 'Conclude

with us a religious agreement'). And disregard their hurtful misbehaviour, and maintain your trust in Allah (with persistence). And Allah alone is Sufficient as a Guardian (in the conflict between truth and falsehood).

لَئِن لَّمْ يَنتَهِ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلًا (60)

ترجمہ: اگر منافق لوگ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بُغض اور گستاخی کی) بیماری ہے، اور (اسی طرح) مدینہ میں جھوٹی افواہیں پھیلانے والے لوگ (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذاء رسانی سے) باز نہ آئے تو ہم آپ کو ان پر ضرور مسلّط کر دیں گے پھر وہ مدینہ میں آپ کے پڑوس میں نہ ٹھہر سکیں گے مگر تھوڑے (دن)o

If the hypocrites and those in whose hearts is the disease (of malice and insolence against the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) and (likewise) those who spread false rumours in Medina do not desist, then We shall certainly make you overmaster them. Then they will not be able to stay in the neighbourhood of Medina but for a few (days).

مَّلْعُونِينَ أَيْنَمَا ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلًا (61)

ترجمہ: (یہ) لعنت کیے ہوئے (جنگ جُو، دہشت گرد، فسادی اور ریاست کے خلاف باغیانہ سازشوں میں ملوث) لوگ جہاں کہیں پائے جائیں، گرفتار کر لیے جائیں اور ایک ایک کو (نشانِ عبرت بناتے ہوئے ان کی باغیانہ کارروائیوں کی سزا کے طور پر) قتل کر دیا جائے (تاکہ امن کو لاحق خطرات کا صفایا ہو جائے)o

(These) accursed (militant, terrorist and riotous) people (engaged in violent anti-state conspiracies), wherever found, are to be seized and every one of them to be killed (as punishment for their rebellious activities, making them awful signs, to eliminate the threats to peace once and for all).

سُنَّةَ اللَّهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللَّهِ تَبْدِيلًا (62)

ترجمہ: اللہ کی (یہی) سنّت اُن لوگوں میں (بھی جاری رہی) ہے جو پہلے گزر چکے ہیں، اور آپ اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پائیں گےo

This practice of Allah has (continued) through generations that have passed before, and you will never find any amendment in the way practised by Allah.

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُوماً جَهُولاً (72)

ترجمہ: بے شک ہم نے (اِطاعت کی) امانت آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کی تو انہوں نے اس (بوجھ) کے اٹھانے سے انکار کر دیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اسے اٹھا لیا، بے شک وہ (اپنی جان پر) بڑی زیادتی کرنے والا (ادائیگِ امانت میں کوتاہی کے انجام سے) بڑا بے خبر و نادان ہےo

Indeed, We offered the trust (of obedience) to the heavens and the earth and

the mountains, but they declined to bear this (burden) and felt scared of it, but man took it on. Verily, he is given to wrongdoing (against his own soul), unwise and extremely ignorant (of the consequence of lapse in paying back the trust).

لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (73)

ترجمہ: (یہ) اس لیے کہ اللہ منافق مَردوں اور منافق عورتوں اور مشرِک مَردوں اور مشرِک عورتوں کو عذاب دے اور اللہ مومن مَردوں اور مومن عورتوں کی توبہ قبول فرمائے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

(This is) so because Allah torments the hypocrites, men and women, and the polytheists, men and women, and Allah accepts repentance of the believers, men and women. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ محمد:

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ فَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَأَوْلَى لَهُمْ (20)

ترجمہ: اور ایمان والے کہتے ہیں کہ (اپنے دفاع میں جنگ کی اِجازت سے متعلق) کوئی سورت کیوں نہیں اتاری جاتی؟ پھر جب کوئی واضح سورت نازل کی جاتی ہے اور اس میں (دفاعی) جنگ کا (صریحاً) ذکر کیا جاتا ہے تو آپ ایسے لوگوں کو جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے (اور وہ آپ کی اور مسلمانوں کی سلامتی نہیں چاہتے) ملاحظہ فرماتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف (اس طرح) دیکھتے ہیں جیسے وہ شخص دیکھتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہو رہی ہو۔ سو ان کے لیے خرابی ہےo

And the believers say why a Sura (Chapter) is not revealed (about the permission to fight in defence). But when a clear Sura is revealed and (defensive) fighting for the cause of Allah is (plainly) mentioned in it, you see those who have the disease (of hypocrisy) in their hearts (and who do not want your and the believers' safety) looking at you like someone who is fainting to death. So, for them is disaster.

طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَّعْرُوفٌ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ (21)

ترجمہ: فرمانبرداری اور اچھی گفتگو (ان کے حق میں بہتر) ہے، پھر جب حکمِ جہاد قطعی (اور پختہ) ہو گیا تو اگر وہ اللہ سے (اپنی اطاعت اور وفاداری میں) سچے رہتے تو ان کے لیے بہتر ہوتاo

(Best for them would be) obedience and good words. So when the command of fighting (for self-protection and self-defence) was definite (and firm), then if they had been true to Allah (in obedience and dedication), that would have been better for them.

فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِن تَوَلَّيْتُمْ أَن تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ (22)

ترجمہ: پس (اے منافقو!) تم سے توقع یہی ہے کہ اگر تم (قتال سے گریز کر کے بچ نکلو اور) حکومت حاصل کر لو تو تم زمین میں فساد ہی برپا کرو گے اور اپنے (ان) قرابتی رشتوں کو توڑ ڈالو گے (جن کے بارے میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مواصلت اور مُودّت کا حکم دیا ہے)o

So, (O hypocrites,) what is expected of you is that if you (escape fighting by dodging and) attain to power, you will spread only mischief in the land and break your ties of kinship (which Allah and His Messenger [blessings and peace be upon him] have commanded to strengthen with affection and care).

أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَى أَبْصَارَهُمْ (23)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے اور ان (کے کانوں) کو بہرا کر دیا ہے اور ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ہےo

It is they whom Allah has cursed and made deaf (their ears) and blinded their eyes.

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَى قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا (24)

ترجمہ: کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر تالے (لگے ہوئے) ہیںo

Do they not think over the Qur'an, or are their hearts locked?

إِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَى لَهُمْ (25)

ترجمہ: بے شک جو لوگ پیٹھ پھیر کر پیچھے (کفر کی طرف) لوٹ گئے اس کے بعد کہ ان پر ہدایت واضح ہو چکی تھی شیطان نے انہیں (کفر کی طرف واپس پلٹنا دھوکہ دہی سے) اچھا کر کے دکھایا، اور انہیں (دنیا میں) طویل زندگی کی امید دلائیo

Surely, those who turned back (to disbelief) after the guidance had become clear to them, Satan (by fraud) made (turning back to disbelief) look good to them and gave them false hope of living long (in the world).

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْأَمْرِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ (26)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ انہوں نے ان لوگوں سے کہا جو اللہ کی نازل کردہ کتاب کو ناپسند کرتے تھے کہ ہم بعض امور میں تمہاری پیروی کریں گے، اور اللہ ان کے خفیہ مشورہ کرنے کو خوب جانتا ہےo

That is because they said to those who dislike the Book revealed by Allah: 'We shall obey you in certain matters.' And Allah knows best their secret consultations.

فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ (27)

ترجمہ: پھر (اس وقت ان کا حشر) کیسا ہوگا جب فرشتے ان کی جان (اس حال میں) نکالیں گے کہ ان کے چہروں اور ان کی پیٹھوں پر ضربیں لگاتے ہوں گےo

Then what will be (their plight at the time) when the angels will snatch out their souls (this way) that they will be striking their faces and their backs?

ذَلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَا أَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ (28)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ انہوں نے اُس (رَوِش) کی پیروی کی جو اللہ کو ناراض کرتی ہے اور انہوں نے اس کی رضا کو ناپسند کیا تو اس نے ان کے (جملہ) اعمال اکارت کر دیے o

That is because they followed that (path) which displeases Allah and disliked His good pleasure; so He made (all) their actions null and void.

أَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَن لَّن يُخْرِجَ اللَّهُ أَضْغَانَهُمْ (29)

ترجمہ: کیا وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے یہ گمان کرتے ہیں کہ اللہ ان کے کینوں اور عداوتوں کو ہرگز ظاہر نہ فرمائے گا o

Do those who have the disease (of hypocrisy) in their hearts think that Allah will never make known their malice and hostilities?

وَلَوْ نَشَاء لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُم بِسِيْمَاهُمْ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ (30)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہیں تو آپ کو بلاشبہ وہ (منافق) لوگ (اس طرح) دکھا دیں کہ آپ انہیں ان کے چہروں کی علامت سے ہی پہچان لیں، اور (اسی طرح) یقیناً آپ ان کے اندازِ کلام سے بھی انہیں پہچان لیں گے، اور اللہ تمہارے سب اعمال کو (خوب) جانتا ہے o

And if We will, We can surely show these (hypocrites) to you (in such a manner) that you may recognize them by their facial expressions and (likewise) you may recognize them by their conversation style and Allah knows (best) all your actions.

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ وَنَبْلُوَ أَخْبَارَكُمْ (31)

ترجمہ: اور ہم ضرور تمہاری آزمائش کریں گے یہاں تک کہ تم میں سے (ثابت قدمی کے ساتھ) جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو (بھی) ظاہر کر دیں اور تمہاری (منافقانہ بزدلی کی مخفی) خبریں (بھی) ظاہر کر دیں o

And We shall certainly try you till We bring to light those of you who strive hard and fight (firm-footed) and who observe patience and expose your (secret) news (of hypocritical cowardice) as well.

سورۃ الفتح:

وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكَاتِ الظَّانِّيْنَ بِاللَّهِ ظَنَّ السَّوْءِ عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ وَغَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ وَسَاءتْ مَصِيْراً (6)

ترجمہ: اور (اس لیے بھی کہ ان) منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو عذاب دے جو اللہ کے ساتھ بُری بدگمانیاں رکھتے ہیں، انہی پر بُری گردش (مقرر) ہے، اور ان پر اللہ نے غضب فرمایا اور ان پر لعنت فرمائی اور ان کے لیے دوزخ تیار کی، اور وہ بہت بُرا ٹھکانا ہے o

And (so that) He may punish the hypocritical men and women and the polytheistic men and women who entertain evil assumptions about Allah. For

them is (predestined) an evil turn of fortune. And Allah has afflicted them with His wrath, has cursed them and has prepared for them Hell. And that is a very evil resting place.

سَيَقُولُ لَكَ الْمُخَلَّفُونَ مِنَ الْأَعْرَابِ شَغَلَتْنَا أَمْوَالُنَا وَأَهْلُونَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ لَكُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا بَلْ كَانَ اللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا (11)

ترجمہ: عنقریب دیہاتیوں میں سے وہ لوگ جو (حدیبیہ میں شرکت سے) پیچھے رہ گئے تھے آپ سے (معذرتاً یہ) کہیں گے کہ ہمارے اموال اور اہل وعیال نے ہمیں مشغول کر رکھا تھا (اس لیے ہم آپ کی معیت سے محروم رہ گئے) سو آپ ہمارے لیے بخشش طلب کریں۔ یہ لوگ اپنی زبانوں سے وہ (باتیں) کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہیں۔ آپ فرما دیں کہ کون ہے جو تمہیں اللہ کے (فیصلے کے) خلاف بچانے کا اختیار رکھتا ہو اگر اس نے تمہارے نقصان کا ارادہ فرما لیا ہو یا تمہارے نفع کا ارادہ فرما لیا ہو، بلکہ اللہ تمہارے کاموں سے اچھی طرح باخبر ہےo

Soon the Bedouins who lagged behind (from participating in al-Hudaybiya) will say to you (apologetically): 'Our money matters and families kept us busy. (Therefore, we missed your company.) So ask forgiveness for us from Allah.' They utter such (words) with their tongues that are not in their hearts. Say: 'Who has the power to save you against (the decision) of Allah if He intends to do you harm, or if He intends to do you good? But Allah is Well Aware of what you do.

بَلْ ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَنقَلِبَ الرَّسُولُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَى أَهْلِيهِمْ أَبَدًا وَزُيِّنَ ذَلِكَ فِي قُلُوبِكُمْ وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَكُنتُمْ قَوْمًا بُورًا (12)

ترجمہ: بلکہ تم نے یہ گمان کیا تھا کہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اہلِ ایمان (یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم) اب کبھی بھی پلٹ کر اپنے گھر والوں کی طرف نہیں آئیں گے اور یہ (گمان) تمہارے دلوں میں (تمہارے نفس کی طرف سے) خوب آراستہ کر دیا گیا تھا اور تم نے بہت ہی برا گمان کیا، اور تم ہلاک ہونے والی قوم بن گئےo

No, in fact, you thought that the Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers (his Companions) would never return to their families now, and (your ill-commanding selves) made that (thought) seem to your hearts far fascinating. And you imagined a highly evil speculation and became a people bound to perish.'

سَيَقُولُ الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انطَلَقْتُمْ إِلَى مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ يُرِيدُونَ أَن يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ قُل لَّن تَتَّبِعُونَا كَذَلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِن قَبْلُ فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا بَلْ كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلًا (15)

ترجمہ: جب تم (خیبر کے) اَموالِ غنیمت کو حاصل کرنے کی طرف چلو گے تو (سفرِ حدیبیہ میں) پیچھے رہ جانے والے لوگ کہیں گے: ہمیں بھی اجازت دو کہ ہم تمہارے پیچھے ہو کر چلیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے فرمان کو بدل دیں۔ فرما دیجیے: تم ہرگز ہمارے پیچھے نہیں آ سکتے اسی طرح اللہ نے پہلے سے فرما دیا تھا۔ سو اب وہ کہیں گے: بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو، بات یہ ہے کہ یہ لوگ (حق

بات کو) بہت ہی کم سمجھتے ہیںo

When you will set out to collect the spoils (of Khaybar), those who remained behind (in the march towards al-Hudaybiya) will say: 'Allow us also to follow you.' They seek to alter Allah's Words. Say: 'You shall by no means follow us. Allah said the same beforehand.' So now they will say: 'In fact, you are jealous of us.' The truth is that they understand (the truth) but little.

قُل لِّلْمُخَلَّفِينَ مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَى قَوْمٍ أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ فَإِن تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْراً حَسَناً وَإِن تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُم مِّن قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَاباً أَلِيماً (16)

ترجمہ: آپ دیہاتیوں میں سے پیچھے رہ جانے والوں سے فرما دیں کہ تم عنقریب ایک سخت جنگ جو قوم (سے جہاد) کی طرف بلائے جاؤ گے تم ان سے جنگ کرتے رہو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے، سو اگر تم حکم مان لو گے تو اللہ تمہیں بہترین اجر عطا فرمائے گا۔ اور اگر تم رُوگردانی کرو گے جیسے تم نے پہلے رُوگردانی کی تھی تو وہ تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا کر دے گاo

Say to the Bedouins lagging behind: 'You will be called up soon (to fight) against a hard-hitting, warring people. Then you will fight them on (for the promotion of peace and human dignity), or they will become Muslims. So if you obey the command, Allah will give you an excellent reward. But if you turn away as you did before, He will make you suffer from an agonizing torment.'

سورۃ الحجرات:

قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا قُل لَّمْ تُؤْمِنُوا وَلَكِن قُولُوا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ وَإِن تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئاً إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (14)

ترجمہ: دیہاتی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں، آپ فرما دیجیے: تم ایمان نہیں لائے، ہاں یہ کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا، اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال (کے ثواب میں) سے کچھ بھی کم نہیں کرے گا، بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

The Bedouins say: 'We have believed.' Say: 'You have not believed. Rather say: We have accepted Islam. And the belief has not yet gone into your hearts. If you obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will not decrease anything (in reward) for your deeds. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

قُلْ أَتُعَلِّمُونَ اللَّهَ بِدِينِكُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (16)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا تم اللہ کو اپنی دین داری جتلا رہے ہو، حالاں کہ اللہ اُن (تمام) چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہےo

Say: 'Are you trying to show off to Allah your Din (Religion) whilst Allah knows all that is in the heavens and in the earth? And Allah is Well Aware of

everything.'

يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ أَسْلَمُوا قُل لَّا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُم بَلِ اللَّهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(17)**

ترجمہ: یہ لوگ آپ پر احسان جتلاتے ہیں کہ وہ اسلام لے آئے ہیں۔ فرما دیجیے: تم اپنے اسلام کا مجھ پر احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر احسان فرماتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کا راستہ دکھایا ہے، بشرطیکہ تم (ایمان میں) سچے ہوo

These people are showing off to you that they have done a favour to you by embracing Islam. Say: 'Do not show off your Islam as a favour to me. Instead, Allah is the One Who favours you by guiding you to faith, provided you are true (to belief).'

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ **(18)**

ترجمہ: بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کے سب غیب جانتا ہے، اور اللہ جو عمل بھی تم کرتے ہو اسے خوب دیکھنے والا ہےo

Surely, Allah knows all the unseen of the heavens and the earth, and Allah monitors best whatever you do.

سورۃ الحدید:

يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِن نُّورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُوراً فَضُرِبَ بَيْنَهُم بِسُورٍ لَّهُ بَابٌ بَاطِنُهُ فِيهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهُ مِن قِبَلِهِ الْعَذَابُ **(13)**

ترجمہ: جس دن منافق مرد اور منافق عورتیں ایمان والوں سے کہیں گے: ذرا ہم پر (بھی) نظرِ (التفات) کر دو ہم تمہارے نور سے کچھ روشنی حاصل کر لیں۔ ان سے کہا جائے گا: تم اپنے پیچھے پلٹ جاؤ اور (وہاں جا کر) نور تلاش کرو (جہاں تم نور کا انکار کرتے تھے)، تو (اسی وقت) ان کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہوگا، اس کے اندر کی جانب رحمت ہوگی اور اس کے باہر کی جانب اُس طرف سے عذاب ہوگاo

The Day when the hypocritical men and the hypocritical women will say to the believers: 'Look towards us (also a little considerately) so that we may take some of your light,' it will be said to them: 'Go back and look for light (there where you used to deny the light).' So a wall will be raised between them (just then) with a door in it. Inside it will be mercy, and outside it will be torment from that direction.

يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ قَالُوا بَلَى وَلَكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّى جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ **(14)**

ترجمہ: وہ (منافق) اُن (مومنوں) کو پکار کر کہیں گے: کیا ہم (دنیا میں) تمہاری سنگت میں نہ تھے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! لیکن تم نے اپنے آپ کو (منافقت کے) فتنہ میں مبتلا کر دیا تھا اور تم (ہمارے لیے برائی اور نقصان کے) منتظر رہتے تھے اور تم (نبوّتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دینِ اسلام میں) شک کرتے تھے اور باطل امیدوں نے تمہیں دھوکے میں ڈال دیا، یہاں تک کہ اللہ کا اَمر (موت) آ پہنچا اور تمہیں اللہ کے بارے میں دغاباز (شیطان) دھوکہ دیتا رہاo

They (the hypocrites) will call out those (believers), saying: 'Were we not in your company (in the world)?' They will say: 'Yes indeed! But you troubled yourselves with the disruption (of hypocrisy) and used to wait (for our woe and destruction). And you doubted (the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] and the Din [Religion of Islam]), and your false hopes deceived you till the command of Allah (i.e., death) reached, and the Arch-Deceiver (Satan) kept deluding you about Allah.

فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنكُمْ فِدْيَةٌ وَلَا مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مَأْوَاكُمُ النَّارُ هِيَ مَوْلَاكُمْ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (15)

ترجمہ: پس آج کے دن (اے منافقو!) تم سے کوئی معاوضہ قبول نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی اُن سے جنھوں نے کفر کیا تھا اور تم (سب) کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور یہی (ٹھکانا) تمہارا مولا (یعنی ساتھی) ہے، اور وہ نہایت بری جگہ ہے (کیونکہ تم نے اُن کو مولا ماننے سے انکار کر دیا تھا جہاں سے تمہیں نورِ ایمان اور بخشش کی خیرات ملنی تھے)o

So Today, (O hypocrites,) no recompense will be accepted from you or from those who disbelieved. Hell is the abode for you (all). And it is this (abode) which is your mawla (companion). And quite an evil resort is that (because you denied accepting those as mawla from whom the charity of the light of faith and forgiveness is obtained).

سورۃ المجادلۃ:

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِم مَّا هُم مِّنكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُونَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (14)

ترجمہ: کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسی جماعت کے ساتھ دوستی رکھتے ہیں جن پر اللہ نے غضب فرمایا، نہ وہ تم میں سے ہیں اور نہ اُن میں سے ہیں اور جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں حالاں کہ وہ جانتے ہیںo

Have you not seen those who make friends with such a party upon whom Allah sent wrath? They are neither of you nor of them and they take false oaths whilst they know.

أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَاباً شَدِيْداً إِنَّهُمْ سَاء مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (15)

ترجمہ: اللہ نے اُن کے لیے سخت عذاب تیار فرما رکھا ہے، بے شک وہ برا (کام) ہے جو وہ کر رہے ہیںo

Allah has prepared for them severe punishment. Indeed, it is an evil (work) that they are doing.

اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيْلِ اللَّهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ (16)

ترجمہ: انہوں نے اپنی (جھوٹی) قسموں کو ڈھال بنا لیا ہے سو وہ (دوسروں کو) راہِ خدا سے روکتے ہیں، پس اُن کے لیے ذِلّت انگیز عذاب ہےo

They have made their (false) oaths a shield. So they hinder (others) from the way of Allah. Consequently, there is a humiliating punishment for them.

لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئاً أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (17)

ترجمہ: اللہ (کے عذاب) سے ہرگز نہ ہی اُن کے مال انہیں بچا سکیں گے اور نہ اُن کی اولاد ہی (انہیں بچا سکے گی)، یہی لوگ اہلِ دوزخ ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں o

Neither their wealth nor their children will ever be able to save them from (the punishment of) Allah. It is they who are the inmates of Hell. They will live in it forever.

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللَّهُ جَمِيعاً فَيَحْلِفُونَ لَهُ كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلَى شَيْءٍ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْكَاذِبُونَ (18)

ترجمہ: جس دن اللہ اُن سب کو (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے گا تو وہ اُس کے حضور (بھی) قسمیں کھا جائیں گے جیسے تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں اور وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ کسی (اچھی) شے (یعنی روِش) پر ہیں۔ آگاہ رہو کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں o

The Day when Allah will raise up all of them (giving life a second time), they will swear to Him (as well) as they swear to you. And they assume that they are on a (right) thing (i.e., path). Beware! They are liars.

اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ أُوْلَئِكَ حِزْبُ الشَّيْطَانِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ (19)

ترجمہ: اُن پر شیطان نے غلبہ پا لیا ہے سو اُس نے انہیں اللہ کا ذکر بھلا دیا ہے، یہی لوگ شیطان کا لشکر ہیں۔ جان لو کہ بے شک شیطانی گروہ کے لوگ ہی نقصان اٹھانے والے ہیں o

Satan has gained mastery over them. So he has made them forget the remembrance of Allah. It is they who are Satan's army. Know that indeed it is the party of Satan who are the losers.

إِنَّ الَّذِينَ يُحَادُّونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُوْلَئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ (20)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عداوت رکھتے ہیں وہی ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں o

Surely, those who maintain enmity against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), it is they who are of the lowest of mankind.

سورۃ الحشر:

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَداً أَبَداً وَإِن قُوتِلْتُمْ لَنَنصُرَنَّكُمْ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (11)

ترجمہ: کیا آپ نے منافقوں کو نہیں دیکھا جو اپنے اُن بھائیوں سے کہتے ہیں جو اہلِ کتاب میں سے کافر ہو گئے ہیں کہ اگر تم (یہاں سے) نکالے گئے تو ہم بھی ضرور تمہارے ساتھ ہی نکل چلیں گے اور ہم تمہارے معاملے میں کبھی بھی کسی ایک کی بھی اطاعت نہیں کریں گے اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم ضرور بالضرور تمہاری مدد کریں گے، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں o

Have you not seen the hypocrites who say to their brothers amongst the People of the Book who have become disbelievers: 'If you are driven out (from

here), we too will necessarily leave with you and will never obey anyone in your case, and if you are attacked, we will most certainly help you'? But Allah bears witness that they are certainly liars.

لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ وَلَئِن قُوتِلُوا لَا يَنصُرُونَهُمْ وَلَئِن نَّصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ **(12)**

ترجمہ: اگر وہ (شر پسند یہود مدینے سے) نکال دیے گئے تو یہ (منافقین) اُن کے ساتھ (کبھی) نہیں نکلیں گے، اور اگر اُن سے جنگ کی گئی تو یہ اُن کی مدد نہیں کریں گے، اور اگر انہوں نے اُن کی مدد کی (بھی) تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے، پھر اُن کی مدد (کہیں سے) نہ ہو سکے گیo

If they (the mischief-monger Jews) are driven out (from Medina), these (hypocrites) will never leave with them. Nor will they help them if they are put to fight. But if (at all) they do come to their help, they will for sure flee, turning their backs. Then they will not be helped (from anywhere).

لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ **(13)**

ترجمہ: (اے مسلمانو!) بے شک اُن کے دلوں میں اللہ سے (بھی) زیادہ تمہارا رعب اور خوف ہے، یہ اس وجہ سے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھ ہی نہیں رکھتےo

(O Muslims!) Indeed, they have greater fear of you in their hearts than Allah's. The reason is that they are the people who do not possess understanding.

لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعاً إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاء جُدُرٍ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعاً وَقُلُوبُهُمْ شَتَّى ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ **(14)**

ترجمہ: وہ (مدینے کے عہد شکن یہود اور منافقین) سب مل کر (بھی) تم سے جنگ نہ کر سکیں گے سوائے قلعہ بند شہروں میں یا دیواروں کی آڑ میں، اُن کی لڑائی اُن کے آپس میں (ہی) سخت ہے، تم انہیں اکٹھا سمجھتے ہو حالاں کہ اُن کے دل باہم متفرّق ہیں، یہ اس لیے کہ وہ لوگ عقل سے کام نہیں لیتےo

They (the Jews of Medina, who breached the treaty, and the hypocrites) will not be able to fight against you (even) allied, except in fortified towns or taking cover behind walls. They fight hard (but) amongst themselves. You think they are united, whereas their hearts are disunited. The reason is that they do not apply reason.

كَمَثَلِ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ قَرِيباً ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ **(15)**

ترجمہ: (اُن کا حال) اُن لوگوں جیسا ہے جو اُن سے پہلے زمانۂ قریب میں ہی اپنی شامتِ اعمال کا مزہ چکھ چکے ہیں (یعنی بدر میں مشرکینِ مکہ، اور یہود میں سے بنو نضیر، بنو قینقاع و بنو قریظہ وغیرہ)، اور ان کے لیے (آخرت میں بھی) دردناک عذاب ہےo

(Their plight) resembles those who have tasted the evil consequences of their works shortly before them (i.e., the idolaters of Mecca in Badr and Banu Nadir, Banu Qaynuqa' and Banu Qurayza of the Jews, etc.). And there is for them a grievous punishment (in the Hereafter as well).

كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ (16)

ترجمہ: (منافقوں کی مثال) شیطان جیسی ہے جب وہ انسان سے کہتا ہے کہ تُو کافر ہو جا، پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے تو (شیطان) کہتا ہے: میں تجھ سے بیزار ہوں، بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا رب ہےo

(The example of hypocrites) is like that of Satan when he says to man: 'Become a disbeliever,' but when he disbelieves, he (Satan) says: 'I feel sick of you. Surely, I fear Allah, the Lord of all the worlds.'

سورۃ المنافقون:

إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُونَ قَالُوا نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ اللَّهِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَكَاذِبُونَ (1)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپ اُس کے رسول ہیں، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یقیناً منافق لوگ جھوٹے ہیںo

(O Esteemed Beloved!) When the hypocrites come to you, they say: 'We bear witness that you are certainly the Messenger of Allah.' And Allah knows that surely you are His Messenger (blessings and peace be upon him). But Allah bears witness that undoubtedly the hypocrites are liars.

اتَّخَذُوا أَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ إِنَّهُمْ سَاءَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (2)

ترجمہ: انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے پھر یہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں، بے شک وہ بہت ہی برا (کام) ہے جو یہ لوگ کر رہے ہیںo

They have made their oaths a shield. Then they hinder (the people) from the path of Allah. Surely, that is an extremely evil (work) which they are doing.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا فَطُبِعَ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَفْقَهُونَ (3)

ترجمہ: یہ اِس وجہ سے کہ وہ (زبان سے) ایمان لائے پھر (دل سے) کافر رہے تو اُن کے دلوں پر مُہر لگا دی گئی سو وہ (کچھ) نہیں سمجھتےo

That is because they believed (with their tongues) but remained disbelievers (at heart). So their hearts have been sealed. And they do not understand (anything).

وَإِذَا رَأَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ أَجْسَامُهُمْ وَإِن يَقُولُوا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ كَأَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ يَحْسَبُونَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ قَاتَلَهُمُ اللَّهُ أَنَّى يُؤْفَكُونَ (4)

ترجمہ: (اے بندے!) جب تو انہیں دیکھے تو اُن کے جسم (اور قد و قامت) تجھے بھلے معلوم ہوں، اور اگر وہ باتیں کریں تو اُن کی گفتگو تُو غور سے سنے (یعنی تجھے معقول دکھائی دیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ) وہ لوگ گویا دیوار کے سہارے کھڑی کی ہوئی لکڑیاں ہیں، وہ ہر اونچی آواز کو اپنے اوپر (بلا اور آفت) سمجھتے ہیں، وہی (منافق تمہارے) دشمن ہیں سو اُن سے بچتے رہو، اللہ انہیں غارت کرے وہ کہاں بہکے پھرتے ہیںo

(O servant!) When you see them, their bodies (and height and structure) seem attractive to you, and if they speak, you lend ear to what they say (i.e., they will look sensible to you, but the fact is that) they are nothing but wooden planks propped up against a supporting wall. They take every loud voice (as some suffering and misery) befallen them. It is these (hypocrites) who are (your) enemies. So be on guard against them. May Allah ruin them; where are they wandering distracted!

وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ لَوَّوْا رُؤُوسَهُمْ وَرَأَيْتَهُمْ يَصُدُّونَ وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ (5)

ترجمہ: اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ آؤ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے لیے مغفرت طلب فرمائیں تو یہ (منافق گستاخی سے) اپنے سر جھٹک کر پھیر لیتے ہیں اور آپ انہیں دیکھتے ہیں کہ وہ تکبر کرتے ہوئے (آپ کی خدمت میں آنے سے) گریز کرتے ہیں☆o

☆ یہ آیت عبداللہ بن اُبیّ (رئیس المنافقین) کے بارے میں نازل ہوئی، جب اسے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمتِ اقدس میں بخشش طلبی کے لیے حاضر ہونے کا کہا گیا تو سر جھٹک کر کہنے لگا: میں نہیں جاتا، میں ایمان بھی لا چکا ہوں، ان کے کہنے پر زکوٰۃ بھی دے دی ہے۔ اب کیا باقی رہ گیا ہے فقط یہی کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سجدہ بھی کروں؟ (الطبری، الکشاف، نسفی، بغوی، خازن)۔

And when it is said to them: 'Come so that Allah's Messenger (blessings and peace be upon him) may seek forgiveness for you,' these (hypocrites) jerk their heads aside (insolently) and you see them keeping away (from your presence) in arrogance.*

*** This verse was sent down concerning 'Abd Allah b. Ubayy (the chief of the hypocrites). When asked to appear before the presence of the Holy Prophet (blessings and peace be upon him) for seeking forgiveness, he said twisting his head: 'I will not go. I have believed and have paid Zakat (the Alms-due) on his advice. Now what is left except that I should now prostrate myself before Muhammad?'**

سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَن يَغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ (6)

ترجمہ: اِن (بدبخت گستاخانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے حق میں برابر ہے کہ آپ اُن کے لیے استغفار کریں یا آپ ان کے لیے استغفار نہ کریں، اللہ ان کو (تو) ہرگز نہیں بخشے گا (کیونکہ یہ آپ پر طعنہ زنی کرنے والے اور آپ سے بے رخی اور تکبّر کرنے والے لوگ ہیں)۔ بے شک اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

It is all the same for these (evil-fated denigrators of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]) whether you seek for them forgiveness or do not seek for them forgiveness, Allah will never forgive them (because they mock you and show you dislike and arrogance). Surely, Allah does not provide guidance to the disobedient community.

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَفْقَهُوْنَ (7)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہی وہ لوگ ہیں جو (آپ سے بُغض و عِناد کی بنا پر) یہ (بھی) کہتے ہیں کہ جو (درویش اور فقراء ۔) رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی خدمت میں رہتے ہیں اُن پر خرچ مت کرو (یعنی ان کی مالی اعانت نہ کرو) یہاں تک کہ وہ (سب انہیں چھوڑ کر) بھاگ جائیں (منتشر ہو جائیں)، حالاں کہ آسمانوں اور زمین کے سارے خزانے اللہ ہی کے ہیں لیکن منافقین نہیں سمجھتےo

(O Esteemed Beloved!) They are the people who say this as well (out of malice and enmity against you): 'Do not spend on those (destitute devotees of Allah) who remain in the presence of the Messenger of Allah (i.e., do not provide them financial help) until they (all may desert him and) flee away (and disperse). In truth, to Allah belong all the treasures of the heavens and the earth, but the hypocrites do not understand.

يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ (8)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: اگر (اب) ہم مدینہ واپس ہوئے تو (ہم) عزّت والے لوگ وہاں سے ذلیل لوگوں (یعنی مسلمانوں) کو باہر نکال دیں گے، حالاں کہ عزّت تو صرف اللہ کے لیے اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے مگر منافقین (اس حقیقت کو) جانتے نہیں ہیںo

They say: 'If (now) we return to Medina, then (we) the honourable will drive out the dishonourable (i.e., the Muslims).' But in fact, honour belongs to Allah alone and His Messenger and the believers. However, the hypocrites do not understand (this reality).

سورۃ التحریم:

يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (9)

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) آپ (ان) کافروں اور منافقوں سے جہاد کیجیے (جنہوں نے آپ کے خلاف جارحیت، فتنہ و فساد اور سازشوں کا آغاز کر رکھا ہے) اور اُن پر سختی فرمائیے، اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

O (Esteemed) Prophet! Strive hard against the disbelievers and the hypocrites (who have initiated militancy, aggression, mischief and intrigues against you) and treat them strictly. And their abode is Hell. And what an evil abode that is!

25۔ شیطان کا بیان

سورۃ البقرہ:

فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ وَقُلْنَا اهْبِطُواْ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِي الأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَى حِيِنٍ (36)

ترجمہ: پھر شیطان نے انہیں اس جگہ سے ہلا دیا اور انہیں اس (راحت کے) مقام سے جہاں وہ تھے الگ کر دیا، اور (بالآخر) ہم نے حکم دیا کہ تم نیچے اتر جاؤ، تم ایک دوسرے کے دشمن رہو گے۔ اب تمہارے لئے زمین میں ہی معیّنہ مدت تک جائے قرار اور نفع اٹھانا مقدر کر دیا گیا ہےo

Then Satan shook them from that place, and removed them from the (blissful) location where they were. And (eventually) We ordained: 'Go down (and live in the earth); you will remain enemies to each other, and now in the earth you have been destined a dwelling place and sustenance for a fixed time.'

يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُواْ مِمَّا فِي الأَرْضِ حَلاَلاً طَيِّباً وَلاَ تَتَّبِعُواْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (168)

ترجمہ: اے لوگو! زمین کی چیزوں میں سے جو حلال اور پاکیزہ ہے کھاؤ، اور شیطان کے راستوں پر نہ چلو، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہےo

O mankind! Eat of that which is lawful and pure in the earth. And do not follow in the footsteps of Satan. Verily, he is your declared enemy.

إِنَّمَا يَأْمُرُكُمْ بِالسُّوءِ وَالْفَحْشَاء وَأَن تَقُولُواْ عَلَى اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (169)

ترجمہ: وہ تمہیں بدی اور بے حیائی کا ہی حکم دیتا ہے اور یہ (بھی) کہ تم اللہ کی نسبت وہ کچھ کہو جس کا تمہیں (خود) علم نہ ہوo

He commands you only to do what is evil and immodest, and (also) that you should say about Allah that which you (yourselves) do not know.

سورۃ النساء:

إِن يَدْعُونَ مِن دُونِهِ إِلاَّ إِنَاثاً وَإِن يَدْعُونَ إِلاَّ شَيْطَاناً مَّرِيداً (117)

ترجمہ: یہ (مشرکین) اللہ کے سوا محض زنانی چیزوں ہی کی پرستش کرتے ہیں اور یہ فقط سرکش شیطان ہی کی پوجا کرتے ہیںo

These (polytheists) merely worship the feminine objects apart from Allah, and they worship only Satan, the rebel,

لَّعَنَهُ اللّهُ وَقَالَ لَأَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ نَصِيباً مَّفْرُوضاً (118)

ترجمہ: جس پر اللہ نے لعنت کی ہے اور جس نے کہا تھا کہ میں تیرے بندوں میں سے ایک معیّن حصہ (اپنے لیے) ضرور لے لوں گاo

(Satan) on whom Allah has laid His curse and who said: 'I will certainly take (for myself) an appointed portion of Your servants.

وَلَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّهِ وَمَن يَتَّخِذِ الشَّيْطَانَ وَلِيّاً مِّن دُونِ اللّهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَاناً مُّبِيناً (119)

ترجمہ: میں انہیں ضرور گمراہ کردوں گا اور ضرور انہیں غلط اُمیدیں دلاؤں گا اور انہیں ضرور حکم دیتا رہوں گا سو وہ یقیناً جانوروں کے کان چیرا کریں گے اور میں انہیں ضرور حکم دیتا رہوں گا سو وہ یقیناً اللہ کی بنائی ہوئی چیزوں کو بدلا کریں گے، اور جو کوئی اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بنالے تو واقعی وہ صریح نقصان میں رہا○

I will, for sure, lead them astray, arouse in them foul aspirations and keep directing them. So they will definitely incise the ears of the cattle. And indeed, I shall command them persistently. So they will surely alter what Allah has created.' And whoever forsakes Allah and takes Satan for a friend will most certainly suffer a perceptible loss.

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُوراً (120)

ترجمہ: شیطان انہیں (غلط) وعدے دیتا ہے اور انہیں (جھوٹی) اُمیدیں دلاتا ہے اور شیطان فریب کے سوا ان سے کوئی وعدہ نہیں کرتا○

Satan makes (false) promises to them and stirs up in them (deceitful) hopes, and Satan makes not any promise to them except deception.

أُوْلَـئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَلاَ يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصاً(121)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ وہاں سے بھاگنے کی کوئی جگہ نہ پائیں گے○

They are the people whose abode is Hell, and they will not find any way to escape from it.

سورۃ المائدۃ:

قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَلِكَ مَثُوبَةً عِندَ اللّهِ مَن لَّعَنَهُ اللّهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوتَ أُوْلَـئِكَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضَلُّ عَن سَوَاء السَّبِيلِ(60)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا میں تمہیں اس شخص سے آگاہ کروں جو سزا کے اعتبار سے اللہ کے نزدیک اس سے (بھی) برا ہے (جسے تم برا سمجھتے ہو، اور یہ وہ شخص ہی) جس پر اللہ نے لعنت کی ہے اور اس پر غضب ناک ہوا ہے اور اس نے ان (برے لوگوں) میں سے (بعض کو) بندر اور (بعض کو) سؤر بنا دیا ہے، اور (یہ ایسا شخص ہے) جس نے شیطان کی (اطاعت و) پرستش کی ہے، یہی لوگ ٹھکانے کے اعتبار سے بدترین اور سیدھی راہ سے بہت ہی بھٹکے ہوئے ہیں○

Say: 'Shall I apprise you of him who, in the matter of punishment, is worse in the sight of Allah than (the one you regard the most despised? And it is he) whom Allah has cursed, whom He has shown His wrath, and He has transformed (some) of these (evil people) into apes and (others into) swines; and (he is such a person) as has (obeyed and) worshipped Satan. They are the people who are the most wretched with regard to their dwelling, and far more

astray from the straight path.'

إِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطَانُ أَن يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاء فِيْ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَن ذِكْرِ اللّهِ وَعَنِ الصَّلاَةِ فَهَلْ أَنتُم مُّنتَهُونَ (91)

ترجمہ: شیطان یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان عداوت اور کینہ ڈلوا دے اور تمہیں اللہ کے ذکر سے اور نماز سے روک دے۔ کیا تم (ان شر انگیز باتوں سے) باز آؤ گےo

Satan seeks only to breed enmity and spite amongst you by means of wine and gambling, and hinder you from remembering Allah and observing Prayer. Will you abstain (from these evil-generating temptations)?

سورۃ الانعام:

فَلَوْلا إِذْ جَاءهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُواْ وَلَـكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (43)

ترجمہ: پھر جب ان تک ہمارا عذاب آ پہنچا تو انہوں نے عاجزی وزاری کیوں نہ کی؟ لیکن (حقیقت یہ ہے کہ) ان کے دل سخت ہو گئے تھے اور شیطان نے ان کے لیے وہ (گناہ) آراستہ کر دکھائے تھے جو وہ کیا کرتے تھےo

Then why did they not humble themselves and wail and moan when Our torment came upon them? But (the fact is that) their hearts became hardened, and Satan made those (sinful) acts that they used to perpetrate appear to them attractive and alluring.

وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوضُونَ فِيْ آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتَّى يَخُوضُواْ فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهِ وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ فَلاَ تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَى مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ68)

ترجمہ: اور جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں میں (کج بحثی اور استہزاء میں) مشغول ہوں تو تم ان سے کنارہ کش ہو جایا کرو یہاں تک کہ وہ کسی دوسری بات میں مشغول ہو جائیں، اور اگر شیطان تمہیں (یہ بات) بھلا دے تو یاد آنے کے بعد تم (کبھی بھی) ظالم قوم کے ساتھ نہ بیٹھا کروo

When you see those who engage themselves in (vain discourse and making a jest of) Our Revelations, keep away from them till they get busy with some other subject of conversation. But if Satan makes you forget (it), then never (ever) sit with the unjust people after it strikes your mind.

قُلْ أَنَدْعُو مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَنفَعُنَا وَلاَ يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلَى أَعْقَابِنَا بَعْدَ إِذْ هَدَانَا اللّهُ كَالَّذِيْ اسْتَهْوَتْهُ الشَّيَاطِيْنُ فِيْ الأَرْضِ حَيْرَانَ لَهُ أَصْحَابٌ يَدْعُونَهُ إِلَى الْهُدَى ائْتِنَا قُلْ إِنَّ هُدَى اللّهِ هُوَ الْهُدَى وَأُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ (71)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا ہم اللہ کے سوا ایسی چیز کی عبادت کریں جو ہمیں نہ (تو) نفع پہنچا سکے اور نہ (ہی) ہمیں نقصان دے سکے اور اس کے بعد کہ اللہ نے ہمیں ہدایت دے دی ہم اس شخص کی طرح اپنے الٹے پاؤں پھر جائیں جسے زمین میں شیطانوں نے راہ بھلا کر درماندہ و حیرت زدہ کر دیا ہو جس کے ساتھی اسے سیدھی راہ کی طرف بلا رہے ہوں کہ ہمارے پاس آ جا (مگر اسے کچھ سوجھتا نہ ہو)، فرما دیں کہ اللہ کی ہدایت ہی (حقیقی) ہدایت ہے، اور (اسی لیے) ہمیں (یہ) حکم دیا گیا ہے کہ ہم تمام جہانوں کے رب کی

فرمانبرداری کریںo

Say: 'Should we worship besides Allah something that can neither bring us any profit nor do us any harm, and turn on our heels after Allah has blessed us with guidance, like the one whom the satans have persuaded away from the right path into bewilderment in the land, whose companions are calling on him to the straight path: Come to us (but he can perceive nothing)?' Proclaim: 'The guidance of Allah is the only (true) guidance, and (that is why) we have been commanded to submit totally to the Lord of all the worlds.'

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعاً يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُم مِّنَ الإِنسِ وَقَالَ أَوْلِيَآؤُهُم مِّنَ الإِنسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَبَلَغْنَا أَجَلَنَا الَّذِيَ أَجَّلْتَ لَنَا قَالَ النَّارُ مَثْوَاكُمْ خَالِدِيْنَ فِيْهَا إِلاَّ مَا شَاء اللّهُ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ **(128)**

ترجمہ: اور جس دن وہ ان سب کو جمع فرمائے گا (تو ارشاد ہوگا:) اے گروہِ جنّات (یعنی شیاطین!) بے شک تم نے بہت سے انسانوں کو (گمراہ) کرلیا، اور انسانوں میں سے ان کے دوست کہیں گے: اے ہمارے رب! ہم نے ایک دوسرے سے (خوب) فائدے حاصل کیے اور (اسی غفلت اور مفاد پرستی کے عالم میں) ہم اپنی اس میعاد کو پہنچ گئے جو تو نے ہمارے لیے مقرر فرمائی تھی (مگر ہم اس کے لیے کچھ تیاری نہ کر سکے)۔ اللہ فرمائے گا کہ (اب) دوزخ ہی تمہارا ٹھکانا ہے ہمیشہ اسی میں رہو گے مگر جو اللہ چاہے۔ بے شک آپ کا رب بڑی حکمت والا خوب جاننے والا ہےo

And on the Day when He gathers them all together (He will say:) 'O party of jinn (satans), certainly you misguided many a human being,' and their friends amongst mankind will say: 'O our Lord! We have (sufficiently) benefited from each other, and (in the same state of negligence and interest-mongering) reached the end of the term that You had fixed for us (but we could not make any preparation for this).' Allah will say: '(Now) the Fire is your abode in which you will reside forever, except what Allah may will. Verily, your Lord is Most Wise, All-Knowing.'

وَمِنَ الأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشاً كُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ وَلاَ تَتَّبِعُواْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ**(142)**

ترجمہ: اور (اس نے) بار برداری کرنے والے (بلند قامت) چوپائے اور زمین پر (ذبح کے لیے یا چھوٹے قد کے باعث) بچھنے والے (مویشی پیدا فرمائے)، تم اس (رزق) میں سے (بھی بطریقِ ذبح) کھایا کرو جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے اور شیطان کے راستوں پر نہ چلا کرو، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہےo

And (He) has created (large) cattle to carry burden, and the ones lying-on-earth (due to short height or for slaughter). Eat of this (provision also by way of slaughter) which Allah has provided for you. And do not follow in the footsteps of Satan; certainly, he is your open enemy.

سورۃ الاعراف:

وَلَقَدْ خَلَقْنَاكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنَاكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلآئِكَةِ اسْجُدُواْ لآدَمَ فَسَجَدُواْ إِلاَّ إِبْلِيسَ لَمْ يَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ(11)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تمہیں (یعنی تمہاری اصل کو) پیدا کیا پھر تمہاری صورت گری کی (یعنی تمہاری زندگی کی کیمیائی اور حیاتیاتی ابتداء وارتقاء کے مراحل کو آدم (علیہ السلام) کے وجود کی تشکیل تک مکمل کیا)، پھر ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ وہ سجدہ کرنے والوں میں سے نہ ہوا o

And certainly, We did create you (i.e., your real being), then gave you shape (i.e., accomplished the phases of chemical and biological genesis and evolution of life till the completion of the physical existence of Adam). Then We commanded the angels: 'Prostrate yourselves before Adam.' They all prostrated themselves except Iblis; he was not of those who prostrate themselves.

قَالَ مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ قَالَ أَنَاْ خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِىْ مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن طِيْنٍ (12)

ترجمہ: ارشاد ہوا: (اے ابلیس!) تجھے کس (بات) نے روکا تھا کہ تو نے سجدہ نہ کیا جبکہ میں نے تجھے حکم دیا تھا، اس نے کہا: میں اس سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا ہے اور اس کو تو نے مٹی سے بنایا ہے o

(Allah) said: '(O Iblis!) What inhibited you that you did not prostrate yourself when I commanded you?' He said: 'I am better than he. You have created me from fire and You have made him from clay.'

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَن تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِيْنَ (13)

ترجمہ: ارشاد ہوا: پس تو یہاں سے اتر جا تجھے کوئی حق نہیں پہنچتا کہ تو یہاں تکبّر کرے پس (میری بارگاہ سے) نکل جا بے شک تو ذلیل وخوار لوگوں میں سے ہے o

(Allah) said: 'So, get you down from here. You have no right to show arrogance here. Away with you (from My presence)! You are certainly of the disgraced and the humiliated lot.'

قَالَ أَنظِرْنِىْ إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ (14)

ترجمہ: اس نے کہا: مجھے اس دن تک (زندگی کی) مہلت دے جس دن لوگ (قبروں سے) اٹھائے جائیں گے o

He (Iblis) said: 'Grant me respite (to live) till the Day when people will be raised up (from the graves).'

قَالَ إِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِيْنَ (15)

ترجمہ: ارشاد ہوا: بے شک تو مہلت دیے جانے والوں میں سے ہے o

(Allah) said: 'Indeed, you are of those granted respite.'

قَالَ فَبِمَا أَغْوَيْتَنِىْ لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ (16)

ترجمہ: اس (ابلیس) نے کہا: پس اس وجہ سے کہ تو نے مجھے گمراہ کیا ہے (مجھے قسم ہے کہ) میں (بھی) ان (افرادِ بنی آدم کو گمراہ

کرنے) کے لیے تیری سیدھی راہ پر ضرور بیٹھوں گا (تاآنکہ انہیں راہِ حق سے ہٹا دوں)o

He (Iblis) said: 'Since You have led me astray, (I swear that) I will (also) sit on Your straight path (to waylay the children of Adam till I cause them to deviate from the path of truth).

ثُمَّ لَآتِيَنَّهُم مِّن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَن شَمَآئِلِهِمْ وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شَاكِرِينَ (17)

ترجمہ: پھر میں یقیناً ان کے آگے سے اور ان کے پیچھے سے اور ان کے دائیں سے اور ان کے بائیں سے ان کے پاس آؤں گا، اور (نتیجتاً) تو ان میں سے اکثر لوگوں کو شکر گزار نہ پائے گاo

I will assuredly approach them from their front, from their rear, from their right and from their left, and (consequently) You will not find most of them grateful.'

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْؤُوماً مَّدْحُوراً لَّمَن تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلأَنَّ جَهَنَّمَ مِنكُمْ أَجْمَعِينَ(18)

ترجمہ: ارشاد باری ہوا: (اے ابلیس!) تو یہاں سے ذلیل و مردود ہو کر نکل جا، ان میں سے جو کوئی تیری پیروی کرے گا تو میں ضرور تم سب سے دوزخ بھر دوں گاo

Allah commanded: '(O Iblis!) Be gone from here, humiliated and cursed. Whoever of them will follow you, I will certainly fill Hell with all of you.

فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطَانُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُورِيَ عَنْهُمَا مِن سَوْءَاتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهَاكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هَـذِهِ الشَّجَرَةِ إِلَّا أَن تَكُونَا مَلَكَيْنِ أَوْ تَكُونَا مِنَ الْخَالِدِينَ (20)

ترجمہ: پھر شیطان نے دونوں کے دل میں وسوسہ ڈالا تاکہ ان کی شرم گاہیں جو ان (کی نظروں) سے پوشیدہ تھیں ان پر ظاہر کر دے اور کہنے لگا: (اے آدم و حوا!) تمہارے رب نے تمہیں اس درخت (کا پھل کھانے) سے نہیں روکا مگر (صرف اس لیے کہ اسے کھانے سے) تم دونوں فرشتے بن جاؤ گے (یعنی علائقِ بشری سے پاک ہو جاؤ گے) یا تم دونوں (اس میں) ہمیشہ رہنے والے بن جاؤ گے (یعنی اس مقامِ قرب سے کبھی محروم نہیں کیے جاؤ گے)o

But Satan created doubt in the hearts of both (Adam and Hawwa [Eve]) in order to make manifest to them their private parts which were hidden (from their eyes). He said: '(O Adam and Hawwa [Eve],) your Lord has not forbidden you (eating fruit of) this tree, but (because, eating it,) you both will transform into angels (free from human characteristics), or both of you become (its) permanent residents (i.e., never will you be deprived of this station of proximity).'

وَقَاسَمَهُمَا إِنِّي لَكُمَا لَمِنَ النَّاصِحِينَ (21)

ترجمہ: اور ان دونوں سے قسم کھا کر کہا کہ بے شک میں تمہارے خیر خواہوں میں سے ہوںo

And he swore to both of them, saying: 'I am indeed of your well-wishers.'

فَدَلَّاهُمَا بِغُرُورٍ فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْءَاتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفَانِ عَلَيْهِمَا مِن وَرَقِ الْجَنَّةِ وَنَادَاهُمَا رَبُّهُمَا أَلَمْ أَنْهَكُمَا عَن تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَأَقُل لَّكُمَا إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِينٌ(22)

ترجمہ: پس وہ فریب کے ذریعے دونوں کو (درخت کا پھل کھانے تک) اتار لایا، سو جب دونوں نے درخت (کے پھل) کو چکھ لیا تو دونوں کی شرم گاہیں ان کے لیے ظاہر ہو گئیں اور دونوں اپنے (بدن کے) اوپر جنت کے پتے چپکانے لگے، تو ان کے رب نے انہیں ندا فرمائی کہ کیا میں نے تم دونوں کو اس درخت (کے قریب جانے) سے روکا نہ تھا اور تم سے یہ (نہ) فرمایا تھا کہ بے شک شیطان تم دونوں کا کھلا دشمن ہےo

So by means of deceit he tempted both of them down (into eating the fruit of the tree). When both had tasted (the fruit of) the tree, their private parts became manifest to them, and they started sticking the leaves of Paradise to their (bodies). Then their Lord called out to them: 'Did I not forbid both of you (to get closer to) that tree, and did I (not) say to you: Satan is indeed an open enemy of you both?'

يَا بَنِيْ آدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ كَمَا أَخْرَجَ أَبَوَيْكُم مِّنَ الْجَنَّةِ يَنزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا سَوْءَاتِهِمَا إِنَّهُ يَرَاكُمْ هُوَ وَقَبِيلُهُ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ إِنَّا جَعَلْنَا الشَّيَاطِيْنَ أَوْلِيَاء لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُونَ (27)

ترجمہ: اے اولادِ آدم! (کہیں) تمہیں شیطان فتنہ میں نہ ڈال دے جس طرح اس نے تمہارے ماں باپ کو جنت سے نکال دیا، ان سے ان کا لباس اتروا دیا تاکہ انہیں ان کی شرم گاہیں دکھا دے۔ بے شک وہ (خود) اور اس کا قبیلہ تمہیں (ایسی ایسی جگہوں سے) دیکھتا (رہتا) ہے جہاں سے تم انہیں نہیں دیکھ سکتے۔ بے شک ہم نے شیطانوں کو ایسے لوگوں کا دوست بنا دیا ہے جو ایمان نہیں رکھتےo

O mankind! (Beware!) Let not Satan put you to the test, as he ousted your parents from Paradise, stripping them of their dress so as to unveil to them their private parts. Indeed, he (himself) and his clan keep watching you (from such positions where) you cannot catch sight of them. Verily, We have made the satans friends of those who do not believe.

فَرِيْقاً هَدَى وَفَرِيْقاً حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلَالَةُ إِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيَاطِيْنَ أَوْلِيَاء مِن دُونِ اللّهِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ(30)

ترجمہ: ایک گروہ کو اس نے ہدایت فرمائی اور ایک گروہ پر (اس کے اپنے کسب و عمل کے نتیجے میں) گمراہی ثابت ہو گئی۔ بے شک انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو دوست بنا لیا تھا اور وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیںo

He guided one group, but error was proved against the other (consequent on their own doings). Indeed, they made friends with satans, leaving Allah aside, and think that they are the rightly guided.

وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّهِ إِنَّهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ(200)

ترجمہ: اور (اے انسان!) اگر شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ (ان امور کے خلاف) تجھے ابھارے تو اللہ سے پناہ طلب کیا کر، بے شک وہ سننے والا جاننے والا ہےo

And, (O man,) if some evil impulse from Satan provokes you (against these matters), seek refuge with Allah. Undoubtedly, He is All-Hearing, All-Knowing.

إِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوا إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا هُم مُّبْصِرُونَ (201)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے پرہیزگاری اختیار کی ہے، جب انہیں شیطان کی طرف سے کوئی خیال بھی چھو لیتا ہے (تو وہ اللہ کے امر و نہی اور شیطان کے دجل و عداوت کو) یاد کرنے لگتے ہیں سو اسی وقت ان کی (بصیرت کی) آنکھیں کھل جاتی ہیںo

Surely, those who have adopted piety, when some temptation from Satan touches them, they actively remember (the commands and prohibitions of Allah and the wickedness and hostility of Satan). So, the eyes (of their hearts) open up right away.

وَإِخْوَانُهُمْ يَمُدُّونَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُونَ (202)

ترجمہ: اور (جو) ان شیطانوں کے بھائی (ہیں) وہ انہیں (اپنی وسوسہ اندازی کے ذریعہ) گمراہی میں ہی کھینچے رکھتے ہیں پھر اس (فتنہ پروری اور ہلاکت انگیزی) میں کوئی کوتاہی نہیں کرتےo

And (as for) the brothers of these satans, they draw them deeper into error (by whispering suspicions) and do not slacken (in promoting mischief and bloodshed).

سورۃ الانفال:

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّن السَّمَاء مَاء لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَى قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ (11)

ترجمہ: جب اس نے اپنی طرف سے (تمہیں) راحت و سکون (فراہم کرنے) کے لیے تم پر غنودگی طاری فرما دی اور تم پر آسمان سے پانی اتارا تاکہ اس کے ذریعے تمہیں (ظاہری و باطنی) طہارت عطا فرما دے اور تم سے شیطان (کے باطل وسوسوں) کی نجاست کو دور کر دے اور تمہارے دلوں کو (قوتِ یقین سے) مضبوط کر دے اور اس سے تمہارے قدم (خوب) جما دےo

(Remember) when He brought upon you drowsiness to (provide you a feeling) feeling of peace and security from Himself and sent down upon you water from the heavens to provide you (inward and outward) purity by that and remove from you the filth of Satan's (heretic suspicions) and invigorate your hearts (with the strength of certitude) and with that make your feet (unshakably) firm.

وَإِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَإِنِّي جَارٌ لَّكُمْ فَلَمَّا تَرَاءتِ الْفِئَتَانِ نَكَصَ عَلَى عَقِبَيْهِ وَقَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكُمْ إِنِّي أَرَى مَا لَا تَرَوْنَ إِنِّيَ أَخَافُ اللّهَ وَاللّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ (48)

ترجمہ: اور جب شیطان نے ان (کافروں) کے لیے ان کے اَعمال خوش نما کر دکھائے اور اس نے (ان سے) کہا: آج لوگوں میں سے کوئی تم پر غالب نہیں (ہو سکتا) اور بے شک میں تمہیں پناہ دینے والا (مددگار) ہوں۔ پھر جب دونوں فوجوں نے ایک دوسرے کو (مقابل) دیکھ لیا تو وہ الٹے پاؤں بھاگ گیا اور کہنے لگا: بے شک میں تم سے بے زار ہوں، یقیناً میں وہ (کچھ) دیکھ رہا

ہوں جو تم نہیں دیکھتے، بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں، اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہےo

And (recall) when Satan made the actions of these (disbelievers) appear attractive to them, and he said (to them): 'None of the people (can) overpower you today and I am certainly your protector (helper).' But when both the armies stood (face to face) against each other, he turned on his heels and said: 'I am indeed averse to you. Certainly, I see what you do not see. Surely, I fear Allah, and Allah is Severe in punishing.'

سورۃ ابراہیم:

وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ اللَّهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدتُّكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُم مِّن سُلْطَانٍ إِلَّا أَن دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِي فَلَا تَلُومُونِي وَلُومُوا أَنفُسَكُم مَّا أَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَا أَنتُم بِمُصْرِخِيَّ إِنِّي كَفَرْتُ بِمَا أَشْرَكْتُمُونِ مِن قَبْلُ إِنَّ الظَّالِمِينَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (22)

ترجمہ: اور شیطان کہے گا جبکہ فیصلہ ہو چکے گا کہ بے شک اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے (بھی) تم سے وعدہ کیا تھا، سو میں نے تم سے وعدہ خلافی کی ہے، اور مجھے (دنیا میں) تم پر کسی قسم کا زور نہیں تھا سوائے اس کے کہ میں نے تمہیں (باطل کی طرف) بلایا سو تم نے (اپنے مفاد کی خاطر) میری دعوت قبول کی، اب تم مجھے ملامت نہ کرو بلکہ (خود) اپنے آپ کو ملامت کرو۔ نہ میں (آج) تمہاری فریاد رسی کر سکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد رسی کر سکتے ہو۔ اس سے پہلے جو تم مجھے (اللہ کا) شریک ٹھہراتے رہے ہو بے شک میں (آج) اس سے انکار کرتا ہوں۔ یقیناً ظالموں کے لیے دردناک عذاب ہےo

And when the decision will have been given, Satan will say: 'Indeed, Allah gave you a true promise; and I (also) promised you something, so I have violated the promise. And I had no authority over you (in the world) except that I called you (towards falsehood), so you accepted my call (for your own interest). Now do not blame me but blame your (own) selves. I can do nothing (Today) to help you out, nor can you extend any help to me. Before this you have been associating me as a partner (with Allah). Surely, I deny that (Today).' Undoubtedly, there is a painful punishment for the wrongdoers.

سورۃ الحجر:

وَحَفِظْنَاهَا مِن كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ (17)

ترجمہ: اور ہم نے اس (آسمانی کائنات کے نظام) کو ہر مردود شیطان (یعنی ہر سرکش قوت کے شر انگیز عمل) سے محفوظ کر دیاo

And We have ensured the protection of this (system of heavenly universe) from every outcast satan (i.e., from the destructive phenomenon of every rebellious force).

إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُّبِينٌ (18)

ترجمہ: مگر جو کوئی بھی چوری چھپے سننے کے لیے آ گھسا تو اس کے پیچھے ایک (جلتا) چمکتا شہاب ہو جاتا ہےo

But anyone who tries to eavesdrop, an illuminating (i.e., blazing) meteor follows it.

إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَى أَن يَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ(31)

ترجمہ: سوائے ابلیس کے،اس نے سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہونے سے انکار کر دیاo

Except Iblis. He refused to join those who prostrated themselves.

قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا لَكَ أَلَّا تَكُونَ مَعَ السَّاجِدِينَ (32)

ترجمہ: (اللہ نے) ارشاد فرمایا: اے ابلیس! تجھے کیا ہو گیا ہے کہ تو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ نہ ہواo

(Allah) said: 'O Iblis, what has happened to you that you have not joined those who have prostrated themselves?'

قَالَ لَمْ أَكُن لِّأَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهُ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ (33)

ترجمہ: (ابلیس نے) کہا: میں ہرگز ایسا نہیں (ہوسکتا) کہ بشر کو سجدہ کروں جسے تو نے سن رسیدہ (اور) سیاہ بودار، بجنے والے گارے سے تخلیق کیا ہےo

(Iblis) replied: 'I cannot be the one who should fall down prostrate before a human being You have created from old (and) black stinking, sounding mud.'

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ (34)

ترجمہ: (اللہ نے) فرمایا: تو یہاں سے نکل جا پس بے شک تو مردود (راندۂ درگاہ) ہےo

Allah) said: 'Then get out from here, for you are indeed the cursed one (the outcast).

وَإِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ إِلَى يَوْمِ الدِّينِ (35)

ترجمہ: اور بے شک تجھ پر روزِ جزا تک لعنت (پڑتی) رہے گیo

And, verily, the curse will (persistently) rest upon you till the Day of Recompense.'

قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِي إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُونَ (36)

ترجمہ: اُس نے کہا: اے پروردگار! پس تو مجھے اُس دن تک (زندہ رہنے کی) مہلت دے دے جس دن لوگ (دوبارہ) قبروں سے اٹھائے جائیں گےo

He said: 'O Lord, then grant me respite (to remain alive) until the Day when people will be raised up (again) from the graves.'

قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ (37)

ترجمہ: اللہ نے فرمایا: (جا) بے شک تو مہلت یافتہ لوگوں میں سے ہےo

Allah said: '(Be off!) Indeed, you are amongst those granted respite,

إِلَى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُومِ (38)

ترجمہ: وقتِ مقررہ کے دن (قیامت) تکo

Till the Day of the appointed time (Resurrection).'

قَالَ رَبِّ بِمَا أَغْوَيْتَنِيْ لَأُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَلَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِيْنَ (39)

ترجمہ: ابلیس نے کہا: اے پروردگار! اس سبب سے جو تو نے مجھے گمراہ کیا میں (بھی) یقیناً ان کے لیے زمین میں (گناہوں اور نافرمانیوں کو) خوب آراستہ و خوش نما بنا دوں گا اور ان سب کو ضرور گمراہ کر کے رہوں گا o

Iblis said: 'O Lord, because You have led me astray, I will (also) best adorn and embellish for them (the sins, revolts and violations) in the earth and will certainly lead all of them astray by all means,

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ (40)

ترجمہ: سوائے تیرے ان برگزیدہ بندوں کے جو (میرے اور نفس کے فریبوں سے) خلاصی پا چکے ہیں o

Except for those exalted servants of Yours who have attained freedom (from my deceits and intrigues of the ill-commanding selves).'

قَالَ هَذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ (41)

ترجمہ: اللہ نے ارشاد فرمایا: یہ (اخلاص ہی) راستہ ہے جو سیدھا میرے در پر آتا ہے o

Allah said: 'This (freedom from these deceits and intrigues) is the (very) path that leads straight to My Threshold.

إِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغَاوِيْنَ (42)

ترجمہ: بے شک میرے (اخلاص یافتہ) بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں چلے گا سوائے ان بھٹکے ہوؤں کے جنہوں نے تیری راہ اختیار کی o

Surely, you will in no way be able to influence My servants (who have attained this freedom from you) except the misguided lot who have adopted your way.

وَإِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ أَجْمَعِيْنَ (43)

ترجمہ: اور بے شک ان سب کے لیے وعدہ کی جگہ جہنم ہے o

And verily, the promised place for all of them is Hell.

لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ لِّكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُومٌ (44)

ترجمہ: جس کے سات دروازے ہیں، ہر دروازے کے لیے ان میں سے الگ حصہ مخصوص کیا گیا ہے o

It has seven doors; for each one a fixed portion of them has been specified.'

سورۃ النحل:

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولاً أَنِ اعْبُدُواْ اللّهَ وَاجْتَنِبُواْ الطَّاغُوتَ فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلالَةُ فَسِيْرُواْ فِي الْأَرْضِ فَانظُرُواْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ (36)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیجا کہ (لوگو) تم اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت (یعنی شیطان اور بتوں کی اطاعت و پرستش) سے اجتناب کرو، سو اُن میں بعض وہ ہوئے جنہیں اللہ نے ہدایت فرما دی اور اُن میں بعض وہ ہوئے جن پر

گمراہی (ٹھیک) ثابت ہوئی، سوتم لوگ زمین میں سیر وسیاحت کرواور دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہواo

And indeed We raised a Messenger amongst every people (saying): '(O people,) worship Allah and keep away from Taghut (i.e., Satan and idol-worship).' Then some amongst them were those whom Allah guided, and there were others amongst them for whom misguidance proved (appropriate). So travel through the land and see what was the end of those who belied (the truth)!

تَاللّٰهِ لَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَى أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (63)

ترجمہ: اللہ کی قسم! یقیناً ہم نے آپ سے پہلے (بھی بہت سی) امتوں کی طرف رسول بھیجے تو شیطان نے ان (امتوں) کے لیے ان کے (برے) اعمال آراستہ وخوش نما کر دکھائے، سو وہی (شیطان) آج ان کا دوست ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہےo

By Allah! We certainly sent Messengers to (many) communities before you (also). Then Satan made their (evil) deeds look attractive and pleasing to them. So the same (Satan) is Today their friend. And for them there is painful punishment.

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ (98)

ترجمہ: سو جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود (کی وسوسہ اندازیوں) سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریںo

So when you undertake to recite the Qur'an, seek refuge with Allah against (the wiles of) Satan, the outcast.

إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ سُلْطَانٌ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (99)

ترجمہ: بے شک اسے ان لوگوں پر کچھ (بھی) غلبہ حاصل نہیں ہے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیںo

Surely, he has no control (at all) over those who believe and put their trust in their Lord.

إِنَّمَا سُلْطَانُهُ عَلَى الَّذِينَ يَتَوَلَّوْنَهُ وَالَّذِينَ هُم بِهِ مُشْرِكُونَ(100)

ترجمہ: بس اس کا غلبہ صرف انہی لوگوں پر ہے جو اسے دوست بناتے ہیں اور جو اللہ کے ساتھ شرک کرنے والے ہیںo

He overpowers only those who make friends with him and who associate partners with Allah.

سورۃ الکہف:

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِ أَفَتَتَّخِذُونَهُ وَذُرِّيَّتَهُ أَوْلِيَاء مِن دُونِي وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ بِئْسَ لِلظَّالِمِينَ بَدَلًا (50)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کیجئے) جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ تم آدم (علیہ السلام) کو سجدۂ (تعظیم) کرو سوان (سب) نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ (ابلیس) جنّات میں سے تھا تو وہ اپنے رب کی طاعت سے باہر نکل گیا، کیا تم اس کو اور اس کی اولاد کو مجھے چھوڑ کر دوست بنا رہے ہو حالاں کہ وہ تمہارے دشمن ہیں، یہ ظالموں کے لیے کیا ہی برا بدل ہے (جو انہوں نے میری جگہ منتخب

کیا ہے)o

And (recall) when We said to the angels: 'Prostrate yourselves before Adam (in veneration).' So they all prostrated themselves except Iblis. He (Iblis) was of the jinn, and he walked out of the obedience to his Lord. Are you taking him and his offspring for friends leaving Me, whereas, in truth, they are your enemies? How evil a substitute the evildoers (have opted in My place)!

مَا أَشْهَدتُّهُمْ خَلْقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَا خَلْقَ أَنفُسِهِمْ وَمَا كُنتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّينَ عَضُداً (51)

ترجمہ: میں نے نہ (تو) انہیں آسمانوں اور زمین کی تخلیق پر (معاونت یا گواہی کے لیے) بلایا تھا اور نہ خود ان کی اپنی تخلیق (کے وقت)، اور نہ (ہی) میں ایسا تھا کہ گمراہ کرنے والوں کو (اپنا) دست و باز و بناتا o

I called them neither (for assistance or witness) on the creation of the heavens and the earth, nor (at the time of) their own creation. Nor was it My Glory to take the inciters of misguidance as (My) supporters.

وَيَوْمَ يَقُولُ نَادُوا شُرَكَائِيَ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُم مَّوْبِقاً (52)

ترجمہ: اور اُس دن (کو یاد کرو جب) اللہ فرمائے گا: انہیں پکارو جنہیں تم میرا شریک گمان کرتے تھے، سو وہ انہیں بلائیں گے مگر وہ انہیں کوئی جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان (ایک وادیٔ جہنم کو) ہلاکت کی جگہ بنا دیں گے o

And (remember) the Day (when) Allah will say: 'Call those that you deemed to be My peers.' So they will call them, but they will not give them any answer, and We shall place between them (a valley of Hell), the site of destruction.

سورۃ مریم:

كَلَّا سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدّاً (82)

ترجمہ: ہرگز (ایسا) نہیں ہے، عنقریب وہ (معبودانِ باطلہ خود) ان کی پرستش کا انکار کر دیں گے اور ان کے دشمن ہو جائیں گے o

By no means! Soon will these (false gods themselves) reject their worship and become their enemies.

أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزّاً(83)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیطانوں کو کافروں پر بھیجا ہے وہ انہیں ہر وقت (اسلام کی مخالفت پر) اکساتے رہتے ہیں o

Have you not seen that We have sent satans upon the disbelievers? They keep rousing them (against Islam) all the time.

سورۃ طٰہٰ:

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ أَبَى (116)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کریں) جب ہم نے فرشتوں سے فرمایا: تم آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو انہوں نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، اس نے انکار کیا o

And (recall the time) when We commanded the angels: 'Prostrate yourselves before Adam,' they fell down in prostration except Iblis. He refused.

فَقُلْنَا يَا آدَمُ إِنَّ هَذَا عَدُوٌّ لَّكَ وَلِزَوْجِكَ فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقَى (117)

ترجمہ: پھر ہم نے فرمایا: اے آدم! بے شک یہ (شیطان) تمہارا اور تمہاری بیوی کا دشمن ہے، سو یہ کہیں تم دونوں کو جنت سے نکلوا نہ دے پھر تم مشقت میں پڑ جاؤ گےo

Then We said: 'O Adam, verily, this (Satan) is an enemy to you and your wife. So let him not get you both ousted from Paradise; then you shall be put to toil.

فَوَسْوَسَ إِلَيْهِ الشَّيْطَانُ قَالَ يَا آدَمُ هَلْ أَدُلُّكَ عَلَى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَمُلْكٍ لَّا يَبْلَى(120)

ترجمہ: پس شیطان نے انہیں (ایک) خیال دلا دیا وہ کہنے لگا: اے آدم! کیا میں تمہیں (قربِ الٰہی کی جنت میں) دائمی زندگی بسر کرنے کا درخت بتا دوں اور (ایسی ملکوتی) بادشاہت (کا راز) بھی جسے نہ زوال آئے گا نہ فنا ہوگیo

But Satan suggested him (an) idea. He said: 'O Adam! Shall I inform you of the tree of immortality (in the Paradise of Allah's nearness), and also the (secret of that divine) dominion which will neither fall nor cease to exist?'

سورۃ الانبیاء:

وَمِنَ الشَّيَاطِينِ مَن يَغُوصُونَ لَهُ وَيَعْمَلُونَ عَمَلًا دُونَ ذَلِكَ وَكُنَّا لَهُمْ حَافِظِينَ (82)

ترجمہ: اور کچھ شیاطین (دیووں اور جنّوں) کو بھی (سلیمان علیہ السلام کے تابع کر دیا تھا) جو ان کے لیے (دریا میں) غوطے لگاتے تھے اور اس کے سوا (ان کے حکم پر) دیگر خدمات بھی انجام دیتے تھے، اور ہم ہی ان (دیووں) کے نگہبان تھےo

And (We) also made (subservient to Sulayman [Solomon]) some of satans (devils and jinn) who dived for him (into the seas) and, besides that, accomplished other services also (under his command). And We alone kept watch over them (devils).

سورۃ الحج:

وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطَانٍ مَّرِيدٍ (3)

ترجمہ: اور کچھ لوگ (ایسے) ہیں جو اللہ کے بارے میں بغیر علم و دانش کے جھگڑا کرتے ہیں اور ہر سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیںo

And there are some people who dispute about Allah without any knowledge and understanding and follow every disobedient Satan,

وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّى أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (52)

ترجمہ: اور ہم نے آپ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا اور نہ کوئی نبی مگر (سب کے ساتھ یہ واقعہ گزرا کہ) جب اس (رسول یا نبی) نے (لوگوں پر کلامِ الٰہی) پڑھا (تو) شیطان نے (لوگوں کے ذہنوں میں) اس (نبی کے) پڑھے ہوئے (یعنی تلاوت شدہ) کلام

میں (اپنی طرف سے باطل شبہات اور فاسد خیالات کو) ملا دیا، سو شیطان جو (وسوسے سننے والوں کے ذہنوں میں) ڈالتا ہے اللہ انہیں زائل فرما دیتا ہے پھر اللہ اپنی آیتوں کو (اہلِ ایمان کے دلوں میں) نہایت مضبوط کر دیتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And We did not send any Messenger and Prophet before you, but (it happened to them all) that when he (the Prophet or the Messenger) would recite (to the people the Revelations of Allah), Satan mixed up in their minds false doubts, and absurd ideas of his own with the Verses recited (by that Prophet). Then Allah removes those doubts from the minds of the people which Satan puts (into the minds of the listeners). And then Allah firmly establishes His Verses (in the hearts of the believers). And Allah is All-Knowing, All-Wise.

لِيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ فِتْنَةً لِّلَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ الظَّالِمِينَ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ (53)

ترجمہ: (یہ اس لیے ہوتا ہے) تاکہ اللہ ان (باطل خیالات اور فاسد شبہات) کو جو شیطان (لوگوں کے ذہنوں میں) ڈالتا ہے ایسے لوگوں کے لیے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں (منافقت کی) بیماری ہے اور جن لوگوں کے دل (کفر و عناد کے باعث) سخت ہیں، اور بے شک ظالم لوگ بڑی شدید مخالفت میں مبتلا ہیںo

(It happens) so that Allah may make these (false ideas and absurd doubts) which Satan puts (into their minds) a trial for those people whose hearts are diseased (of hypocrisy) and whose hearts are hardened (owing to disbelief and disgust). And surely, the wrongdoers are engaged in serious rivalry;

سورۃ النور:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ وَمَن يَتَّبِعْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ مَا زَكَا مِنكُم مِّنْ أَحَدٍ أَبَدًا وَلَكِنَّ اللَّهَ يُزَكِّي مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (21)

ترجمہ: اے ایمان والو! شیطان کے راستوں پر نہ چلو، اور جو شخص شیطان کے نقوشِ قدم پر چلتا ہے تو وہ یقیناً بے حیائی اور برے کاموں (کے فروغ) کا حکم دیتا ہے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی شخص بھی کبھی (اس گناہِ تہمت کے داغ سے) پاک نہ ہو سکتا لیکن اللہ جسے چاہتا ہے پاک فرما دیتا ہے، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

O believers! Do not follow the footsteps of Satan, and whoever follows the footsteps of Satan, then he (Satan) certainly commands to practise (and promotes) immorality and sinful deeds. And if there had not been Allah's grace and His mercy upon you, then none of you would ever have been pure (of the stain of the sin of slander). But Allah purifies whom He wills and Allah is All-Hearing, All-Knowing.

سورۃ الفرقان:

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ فَيَقُولُ أَأَنتُمْ أَضْلَلْتُمْ عِبَادِي هَؤُلَاءِ أَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيلَ (17)

ترجمہ: اور اس دن اللہ انہیں اور ان کو، جن کی وہ اللہ کے سوا پرستش کرتے تھے، جمع کرے گا، پھر فرمائے گا: کیا تم نے ہی میرے ان بندوں کو گمراہ کر دیا تھا یا وہ (خود) ہی راہ سے بھٹک گئے تھے o

And on that Day, Allah will assemble them together with those they worshipped besides Allah. He will then say: 'Was it you who led these My servants astray, or did they (themselves) go astray from the path?'

قَالُوا سُبْحَانَكَ مَا كَانَ يَنبَغِي لَنَا أَن نَّتَّخِذَ مِن دُونِكَ مِنْ أَوْلِيَاءَ وَلَكِن مَّتَّعْتَهُمْ وَآبَاءَهُمْ حَتَّى نَسُوا الذِّكْرَ وَكَانُوا قَوْماً بُوراً (18)

ترجمہ: وہ کہیں گے: تیری ذات پاک ہے ہمیں (تو) یہ بات (بھی) زیبا نہ تھی کہ ہم تیرے سوا اوروں کو دوست (ہی) بنائیں (چہ جائے کہ ہم انہیں تیرے غیر کی عبادت کا کہتے) لیکن (اے مولا!) تو نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو (دنیوی مال و اسباب سے) اتنا بہرہ مند فرمایا، یہاں تک کہ وہ تیری یاد (بھی) بھول گئے، اور یہ (بدبخت) ہلاک ہونے والے لوگ (ہی) تھے o

They will say: 'Glory be to You. It did not become us (even) to take friends other than You (let alone asking them to worship others besides You). But, (O Lord,) You bestowed upon them and their fathers worldly riches to such an extent that they forgot (even) Your remembrance. And these were but the (doomed) people to be destroyed.'

فَقَدْ كَذَّبُوكُم بِمَا تَقُولُونَ فَمَا تَسْتَطِيعُونَ صَرْفاً وَلَا نَصْراً وَمَن يَظْلِم مِّنكُمْ نُذِقْهُ عَذَاباً كَبِيراً (19)

ترجمہ: سو (اے کافرو!) انہوں نے (تو) ان باتوں میں تمہیں جھٹلا دیا ہے جو تم کہتے تھے پس (اب) تم نہ تو عذاب پھیرنے کی طاقت رکھتے ہو اور نہ (اپنی) مدد کی، اور (سن لو!) تم میں سے جو شخص (بھی) ظلم کرتا ہے ہم اسے بڑے عذاب کا مزہ چکھائیں گے o

(O disbelievers!) They have denied what you said. So, (now) you can neither avert the torment nor help yourselves. And, (listen,) whoever of you does injustice, We shall make him taste a mighty torment.

لَقَدْ أَضَلَّنِي عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ إِذْ جَاءَنِي وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِلْإِنسَانِ خَذُولاً (29)

ترجمہ: بے شک اس نے میرے پاس نصیحت آ جانے کے بعد مجھے اس سے بہکا دیا، اور شیطان انسان کو (مصیبت کے وقت) بے یار و مددگار چھوڑ دینے والا ہے o

Surely, he led me astray from the direction and guidance after it had come to me, and Satan leaves man helpless and forlorn (in the time of distress).

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلَى رَبِّهِ ظَهِيراً (55)

ترجمہ: اور وہ (کفار) اللہ کے سوا ان (بتوں) کی عبادت کرتے ہیں جو انہیں نہ (تو) نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ (ہی) انہیں نقصان

پہنچا سکتے ہیں، اور کافر اپنے رب (کی نافرمانی) پر (ہمیشہ شیطان کا) مددگار رہوتا ہےo

And they (disbelievers) worship besides Allah those (idols) that can neither bring them any profit, nor do them any harm. And the disbeliever is (always) a helper (of Satan) in (disobeying) his Lord.

سورۃ الشعرآء:

وَجُنُودُ إِبْلِيسَ أَجْمَعُونَ (95)

ترجمہ: اور ابلیس کی ساری فوجیں (بھی واصل جہنم ہوں گی)o

And all the troops of Iblis (too will be hurled into Hell).

وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيَاطِينُ (210)

ترجمہ: اور شیطان اس (قرآن) کو لے کر نہیں اترےo

And it is not satans who descended with this (Qur'an).

هَلْ أُنَبِّئُكُمْ عَلَى مَن تَنَزَّلُ الشَّيَاطِينُ (221)

ترجمہ: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیںo

Shall I tell you upon whom the satans descend?

تَنَزَّلُ عَلَى كُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ (222)

ترجمہ: وہ ہر جھوٹے (بہتان طراز) گناہگار پر اترا کرتے ہیںo

They descend on every lying sinner (who weaves false allegations),

يُلْقُونَ السَّمْعَ وَأَكْثَرُهُمْ كَاذِبُونَ (223)

ترجمہ: جو سنی سنائی باتیں (ان کے کانوں میں) ڈال دیتے ہیں اور ان میں سے اکثر جھوٹے ہوتے ہیںo

Who pour (into their ears) hearsay and most of them are liars.

سورۃ القصص:

قَالَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا هَؤُلَاءِ الَّذِينَ أَغْوَيْنَا أَغْوَيْنَاهُمْ كَمَا غَوَيْنَا تَبَرَّأْنَا إِلَيْكَ مَا كَانُوا إِيَّانَا يَعْبُدُونَ (63)

ترجمہ: وہ لوگ جن پر (عذاب کا) فرمان ثابت ہو چکا کہیں گے: اے ہمارے رب! یہی وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے گمراہ کیا تھا ہم نے انہیں (اسی طرح) گمراہ کیا تھا جس طرح ہم (خود) گمراہ ہوئے تھے، ہم ان سے بیزاری ظاہر کرتے ہوئے تیری طرف متوجہ ہوتے ہیں اور وہ (درحقیقت) ہماری پرستش نہیں کرتے تھے (بلکہ اپنی نفسانی خواہشات کے پجاری تھے)o

The people against whom the command (of torment) has been proved will say: 'O our Lord, it is these people who we misguided. We led them astray (the same way) as we (ourselves) lost the right path. We turn to You showing our disgust towards them and (in fact) they did not worship us. (They rather worshipped their lusts.)'

سورۃ القمان:

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَى عَذَابِ السَّعِيرِ (21)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اس (کتاب) کی پیروی کرو جو اللہ نے نازل فرمائی ہے تو کہتے ہیں (نہیں) بلکہ ہم تو اس (طریقہ) کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، اور اگرچہ شیطان انہیں عذابِ دوزخ کی طرف ہی بلاتا ہو○

And when it is said to them: 'Follow this Book which Allah has revealed,' they say: 'Nay, we shall follow (that) way which we found our fathers following,' even though Satan should be inviting them to the torment of Hell.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا يَوْماً لَّا يَجْزِي وَالِدٌ عَن وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ جَازٍ عَن وَالِدِهِ شَيْئاً إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ (33)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، اور اس دن سے ڈرو جس دن کوئی باپ اپنے بیٹے کی طرف سے بدلہ نہیں دے سکے گا اور نہ کوئی ایسا فرزند ہوگا جو اپنے والد کی طرف سے کچھ بھی بدلہ دینے والا ہو، بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے سو دنیا کی زندگی تمہیں ہرگز دھوکہ میں نہ ڈال دے، اور نہ ہی فریب دینے والا (شیطان) تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکہ میں ڈال دے○

O people! Fear your Lord and fear that Day when no father will be able to expiate for his son, nor will a son be able to atone for his father. Surely, the promise of Allah is true. So let not the worldly life deceive you, nor let the Arch-Deceiver (Satan) deceive you concerning Allah.

سورۃ فاطر:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ (5)

ترجمہ: اے لوگو! بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے سو دنیا کی زندگی تمہیں ہرگز فریب نہ دے دے، اور نہ وہ دغا باز شیطان تمہیں اللہ (کے نام) سے دھوکہ دے○

O people! Certainly, the promise of Allah is true. So let not the worldly life deceive you at all. Nor let the Arch-Deceiver, Satan, deceive you (in the Name) of Allah.

إِنَّ الشَّيْطَانَ لَكُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوهُ عَدُوّاً إِنَّمَا يَدْعُو حِزْبَهُ لِيَكُونُوا مِنْ أَصْحَابِ السَّعِيرِ (6)

ترجمہ: بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے سو تم بھی (اس کی مخالفت کی شکل میں) اسے دشمن ہی بنائے رکھو، وہ تو اپنے گروہ کو صرف اِس لیے بلاتا ہے کہ وہ دوزخیوں میں شامل ہو جائیں○

Assuredly, Satan is your enemy, so keep treating him as an enemy (being his adversary). He only calls his party to make them join the denizens of Hell.

سورۃ یٰس:

أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَا بَنِيٓ آدَمَ أَن لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطَانَ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (60)

ترجمہ: اے بنی آدم! کیا میں نے تم سے اس بات کا عہد نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی پرستش نہ کرنا، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہےo

O Children of Adam! Did I not take this covenant from you not to worship Satan; no doubt he is your open enemy;

سورۃ الصافات:

فَالزَّاجِرَاتِ زَجْراً (2)

ترجمہ: پھر بادلوں کو کھینچ کر لے جانے والی یا برائیوں پر سختی سے جھڑکنے والی جماعتوں کیo

And by those who drive away the clouds or by those parties who severely reprimand evils,

لَا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَى وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ (8)

ترجمہ: وہ (شیاطین) عالمِ بالا کی طرف کان نہیں لگا سکتے اور اُن پر ہر طرف سے (انگارے) پھینکے جاتے ہیںo

They (satans) cannot listen to the celestial world. And (burning brands) are thrown on them from every side,

دُحُوراً وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ (9)

ترجمہ: اُن کو بھگانے کے لیے اور اُن کے لیے دائمی عذاب ہےo

To repulse them. And for them there is eternal torment.

سورۃ ص:

إِلَّا إِبْلِيسَ اسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكَافِرِينَ (74)

ترجمہ: سوائے ابلیس کے، اس نے (شانِ نبوّت کے سامنے) تکبّر کیا اور کافروں میں سے ہو گیاo

Except Iblis. He showed arrogance (against the dignity of the Prophet) and became one of the disbelievers.

قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَن تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنتَ مِنَ الْعَالِينَ (75)

ترجمہ: (اللہ نے) ارشاد فرمایا: اے ابلیس! تجھے کس نے اس (ہستی) کو سجدہ کرنے سے روکا ہے جسے میں نے خود اپنے دستِ (کرم) سے بنایا ہے، کیا تو نے (اس سے) تکبّر کیا یا تو (بزعمِ خویش) بلند رتبہ (بنا ہوا) تھاo

(Allah) said: 'O Iblis, what has prevented you from falling down prostrate before this (exalted person) whom I have created with My Own (Benevolent) Hand? Did you show arrogance (to him), or were you (presuming yourself) high ranking?'

قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُ مِن طِيْنٍ (76)

ترجمہ: اس نے (نبی کے ساتھ اپنا موازنہ کرتے ہوئے) کہا کہ میں اس سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے بنایا ہے اور تو نے اِسے مٹی سے بنایا ہےo

(Comparing himself with the Prophet,) he said: 'I am better than he. You have created me from fire and You have created him from clay.'

قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيْمٌ (77)

ترجمہ: ارشاد ہوا: سوتو (اِس گستاخِ نبوّت کے جرم میں) یہاں سے نکل جا، بے شک تو مردود ہےo

Allah said: 'So get out from here (for the sin of insolence against the Prophet). Surely, you are rejected.

وَإِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْ إِلَى يَوْمِ الدِّيْنِ (78)

ترجمہ: اور بے شک تجھ پر قیامت کے دن تک میری لعنت رہے گیo

And surely, My curse is on you till the Day of Resurrection.'

قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِيْ إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ (79)

ترجمہ: اُس نے کہا: اے پروردگار! پس تو مجھے اُس دن تک (زندہ رہنے کی) مہلت دے دے جس دن لوگ (دوبارہ) قبروں سے اٹھائے جائیں گےo

He said: 'O Lord, then grant me respite (to remain alive) until the Day when people will be raised up (again) from the graves.'

قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِيْنَ (80)

ترجمہ: اللہ نے فرمایا: (جا) بے شک تو مہلت یافتہ لوگوں میں سے ہےo

Allah said: '(Be off!) Indeed, you are amongst those granted respite,

إِلَى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ (81)

ترجمہ: وقتِ مقررہ کے دن (قیامت) تکo

Till the Day of the appointed time (Resurrection).'

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِيْنَ (82)

ترجمہ: اس نے کہا: سو تیری عزّت کی قسم! میں ان سب لوگوں کو ضرور گمراہ کرتا رہوں گاo

He said: 'By Your Honour, I shall certainly turn all of them away from the straight path with persistence,

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ (83)

ترجمہ: سوائے تیرے اُن بندوں کے جو چُنیدہ و برگزیدہ ہیںo

Except those of Your servants who are chosen and exalted ones.'

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُوْلُ (84)

ترجمہ: ارشاد ہوا: پس حق (یہ) ہے اور میں حق ہی کہتا ہوںo

Allah said: 'So the truth is (this), and the truth I say,

لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنكَ وَمِمَّن تَبِعَكَ مِنْهُمْ أَجْمَعِينَ (85)

ترجمہ: کہ میں تجھ سے اور جو لوگ تیری (گستاخانہ سوچ کی) پیروی کریں گے اُن سب سے دوزخ کو بھر دوں گاo

That I will fill Hell with you and with all those who will follow your (denigrating mindset).'

سورۃ حم السجدۃ:

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاءَ فَزَيَّنُوا لَهُم مَّا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ (25)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کے لیے ساتھ رہنے والے (شیاطین) مقرر کر دیے، سو انہوں نے اُن کے لیے وہ (تمام برے اعمال) خوش نما کر دکھائے جو اُن کے آگے تھے اور اُن کے پیچھے تھے اور اُن پر (وہی) فرمانِ عذاب ثابت ہو گیا جو اُن امتوں کے بارے میں صادر ہو چکا تھا جو جنّات اور انسانوں میں سے اُن سے پہلے گزر چکی تھیں۔ بے شک وہ نقصان اٹھانے والے تھےo

And We appointed for them companions (satans). So they made (all those deeds) fair seeming to them which were in their front and in their rear. And the same command of torment proved true against them that had gone forth against the communities of jinn and mankind that had passed before them. Surely, they were the losers.

سورۃ الزخرف:

وَمَن يَعْشُ عَن ذِكْرِ الرَّحْمَنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطَاناً فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ (36)

ترجمہ: اور جو شخص (خدائے) رحمان کی یاد سے صرف نظر کر لے تو ہم اُس کے لیے ایک شیطان مسلّط کر دیتے ہیں جو ہر وقت اس کے ساتھ جڑا رہتا ہےo

And whoever turns away from the remembrance of the Most Kind (Lord), We appoint a Satan to dominate him and stick to him constantly.

وَإِنَّهُمْ لَيَصُدُّونَهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ (37)

ترجمہ: اور وہ (شیاطین) انہیں (ہدایت کے) راستہ سے روکتے ہیں اور وہ یہی گمان کیے رہتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیںo

And these (satans) hinder them from the path (of guidance), but they maintain the wrong perception that they are on the path of guidance.

حَتَّى إِذَا جَاءنَا قَالَ يَا لَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِينُ (38)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ ہمارے پاس آئے گا تو (اپنے ساتھی شیطان سے) کہے گا: اے کاش! میرے اور تیرے درمیان مشرق و مغرب کا فاصلہ ہوتا پس (تو) بہت ہی برا ساتھی تھاo

Until when he will come to Us, he will say (to his companion, Satan): 'Alas! Would that there had been between me and you the distance of east and west;

So (you were) the most evil companion indeed!'

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطَانُ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (62)

ترجمہ: اور شیطان تمہیں ہرگز (اس راہ سے) روکنے نہ پائے، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہےo

And let not Satan hinder you (from this way) at all. No doubt he is your open enemy.

أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُم بَلَى وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُونَ (80)

ترجمہ: کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ باتیں اور اُن کی سرگوشیاں نہیں سنتے؟ کیوں نہیں (ضرور سنتے ہیں)! اور ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے بھی اُن کے پاس لکھ رہے ہوتے ہیںo

Do they think that We do not hear their secret talk and whisperings? Why not? (We do listen.) And the angels sent by Us also remain with them, writing.

سورۃ محمد:

إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَى لَهُمْ (25)

ترجمہ: بے شک جو لوگ پیٹھ پھیر کر پیچھے (کفر کی طرف) لوٹ گئے اس کے بعد کہ ان پر ہدایت واضح ہو چکی تھی شیطان نے انہیں (کفر کی طرف واپس پلٹنا دھوکہ دہی سے) اچھا کر کے دکھایا، اور انہیں (دنیا میں) طویل زندگی کی امید دلائیo

Surely, those who turned back (to disbelief) after the guidance had become clear to them, Satan (by fraud) made (turning back to disbelief) look good to them and gave them false hope of living long (in the world).

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ 26)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ انہوں نے ان لوگوں سے کہا جو اللہ کی نازل کردہ کتاب کو ناپسند کرتے تھے کہ ہم بعض امور میں تمہاری پیروی کریں گے، اور اللہ ان کے خفیہ مشورہ کرنے کو خوب جانتا ہےo

That is because they said to those who dislike the Book revealed by Allah: 'We shall obey you in certain matters.' And Allah knows best their secret consultations.

سورۃ ق:

قَالَ قَرِينُهُ رَبَّنَا مَا أَطْغَيْتُهُ وَلَكِن كَانَ فِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ (27)

ترجمہ: (اب) اس کا (دوسرا) ساتھی (شیطان) کہے گا: اے ہمارے رب! اِسے میں نے گمراہ نہیں کیا بلکہ یہ (خود ہی) پرلے درجے کی گمراہی میں مبتلا تھاo

(Now) his (other) companion (Satan) will say: 'O our Lord, I did not misguide him. In fact, he was himself suffering from misguidance of extreme degree.'

سورۃ الحدید:

يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ قَالُوا بَلَى وَلَكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّى جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ (14)

ترجمہ: وہ (منافق) اُن (مومنوں) کو پکار کر کہیں گے: کیا ہم (دنیا میں) تمہاری سنگت میں نہ تھے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! لیکن تم نے اپنے آپ کو (منافقت کے) فتنہ میں مبتلا کر دیا تھا اور تم (ہمارے لیے برائی اور نقصان کے) منتظر رہتے تھے اور تم (نبوّتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دینِ اسلام میں) شک کرتے تھے اور باطل امیدوں نے تمہیں دھوکے میں ڈال دیا، یہاں تک کہ اللہ کا اَمر (موت) آ پہنچا اور تمہیں اللہ کے بارے میں دغاباز (شیطان) دھوکہ دیتا رہاo

They (the hypocrites) will call out those (believers), saying: 'Were we not in your company (in the world)?' They will say: 'Yes indeed! But you troubled yourselves with the disruption (of hypocrisy) and used to wait (for our woe and destruction). And you doubted (the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] and the Din [Religion of Islam]), and your false hopes deceived you till the command of Allah (i.e., death) reached, and the Arch-Deceiver (Satan) kept deluding you about Allah.

سورۃ المجادلۃ:

إِنَّمَا النَّجْوَى مِنَ الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئاً إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (10)

ترجمہ: (منفی اور تخریبی) سرگوشی محض شیطان ہی کی طرف سے ہوتی ہے تاکہ وہ ایمان والوں کو پریشان کرے حالاں کہ وہ (شیطان) اُن (مومنوں) کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا مگر اللہ کے حکم سے، اور اللہ ہی پر مومنوں کو بھروسہ رکھنا چاہیےo

(Negative and destructive) whispering is (employed) by Satan alone so that he may cause anguish to the believers. But in truth, he (Satan) cannot do any harm to them (the believers) except by Allah's command. And the believers should trust Allah alone.

اسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَأَنسَاهُمْ ذِكْرَ اللَّهِ أُوْلَئِكَ حِزْبُ الشَّيْطَانِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطَانِ هُمُ الْخَاسِرُونَ (19)

ترجمہ: اُن پر شیطان نے غلبہ پا لیا ہے سو اُس نے انہیں اللہ کا ذکر بھلا دیا ہے، یہی لوگ شیطان کا لشکر ہیں۔ جان لو کہ بے شک شیطانی گروہ کے لوگ ہی نقصان اٹھانے والے ہیںo

Satan has gained mastery over them. So he has made them forget the remembrance of Allah. It is they who are Satan's army. Know that indeed it is the party of Satan who are the losers.

سورۃ الحشر:

كَمَثَلِ الشَّيْطَانِ إِذْ قَالَ لِلْإِنسَانِ اكْفُرْ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ إِنِّي بَرِيءٌ مِّنكَ إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ (16)

ترجمہ: (منافقوں کی مثال) شیطان جیسی ہے جب وہ انسان سے کہتا ہے کہ تُو کافر ہو جا، پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے تو (شیطان) کہتا ہے: میں تجھ سے بیزار ہوں، بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہانوں کا رب ہےo

(The example of hypocrites) is like that of Satan when he says to man: 'Become a disbeliever,' but when he disbelieves, he (Satan) says: 'I feel sick of you. Surely, I fear Allah, the Lord of all the worlds.'

فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَا أَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيْنِ فِيهَا وَذَلِكَ جَزَاء الظَّالِمِينَ (17)

ترجمہ: پھر ان دونوں کا انجام یہ ہوگا کہ وہ دونوں دوزخ میں ہوں گے ہمیشہ اسی میں رہیں گے، اور ظالموں کی یہی سزا ہےo

Then both of them will end up in Hell and will dwell in it forever. And that is indeed the punishment of the wrongdoers.

سورۃ الملک:

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاء الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُوماً لِّلشَّيَاطِينِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ (5)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے سب سے قریبی آسمانی کائنات کو (ستاروں، سیاروں، دیگر خلائی کرّوں اور ذرّوں کی شکل میں) چراغوں سے مزیّن فرما دیا ہے، اور ہم نے ان (ہی میں سے بعض) کو شیطانوں (یعنی سرکش قوتوں) کو مار بھگانے (یعنی ان کے منفی اَثرات ختم کرنے) کا ذریعہ (بھی) بنایا ہے، اور ہم نے ان (شیطانوں) کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہےo

And surely, We have adorned the lowest heaven of the universe with lights (in the form of stars, planets, other asteroids and meteoroids). And We have also made (some of them) the means of pelting away (i.e., eliminating the negative effects of) satans (i.e., rebellious forces). And We have prepared for these (satans) a torment of Blazing Fire.

سورۃ الناس:

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ (1)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے کہ میں (سب) انسانوں کے رب کی پناہ مانگتا ہوںo

Beseech: 'I seek refuge with the Lord of (the whole of) mankind,

مَلِكِ النَّاسِ (2)

ترجمہ: جو (سب) لوگوں کا بادشاہ ہےo

Who is the King of (all) mankind,

إِلَهِ النَّاسِ (3)

ترجمہ: جو (ساری) نسلِ انسانی کا معبود ہےo

Who is the God of the (whole) human race,

مِن شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ (4)

ترجمہ: وسوسہ انداز (شیطان) کے شر سے جو (اللہ کے ذکر کے اثر سے) پیچھے ہٹ کر چھپ جانے والا ہےo

From the evil of the slinking whisperer (Satan) who hides himself withdrawing (from the influence of Allah's remembrance),

الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ (5)

ترجمہ: جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہےo

Who whispers into the hearts of mankind,

مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ (6)

ترجمہ: خواہ وہ (وسوسہ انداز شیطان) جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سےo

Whether he (the whispering Satan) comes from the jinn or mankind.'

26۔ مسلمان/ایمان والے/پرہیزگار لوگ/مومن

سورۃ البقرہ:

قُولُواْ آمَنَّا بِاللّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ إِلَى إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ مُوسَى وَعِيسَى وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لاَ نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ (136)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تم کہہ دو ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس (کتاب) پر جو ہماری طرف اتاری گئی اور اس پر (بھی) جو ابراہیم اور اسماعیل اور اسحٰق اور یعقوب (علیہ السلام) اور ان کی اولاد کی طرف اتاری گئی اور ان (کتابوں) پر بھی جو موسیٰ اور عیسیٰ (علیہ السلام) کو عطا کی گئیں اور (اسی طرح) جو دوسرے انبیاء (علیہ السلام) کو ان کی رب کی طرف عطا کی گئی، ہم ان میں سے کسی ایک (پر بھی ایمان) میں فرق نہیں کرتے، اور ہم اسی (معبودِ واحد) کے فرمانبردار ہیں o

(O Muslims!) Say: 'We believe in Allah and in that (Book) which has been revealed to us and (also) that which was revealed to Ibrahim (Abraham) and Isma'il (Ishmael) and Ishaq (Isaac) and Ya'qub (Jacob) and their children and those (Books) too which were given to Musa (Moses) and 'Isa (Jesus) and (likewise) which were given to other Prophets by their Lord. We do not make distinction between any of them (in the matter of faith), and we have submitted ourselves to Him alone (the Only, the One God).'

فَإِنْ آمَنُواْ بِمِثْلِ مَا آمَنتُم بِهِ فَقَدِ اهْتَدَواْ وَّإِن تَوَلَّوْاْ فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (137)

ترجمہ: پھر اگر وہ (بھی) اسی طرح ایمان لائے جیسے تم اس پر ایمان لائے ہو تو وہ (واقعی) ہدایت پا جائیں گے، اور اگر وہ منہ پھیر لیں تو (سمجھ لیں کہ) وہ محض مخالفت میں ہیں، پس اب اللہ آپ کو ان کے شر سے بچانے کے لئے کافی ہوگا، اور وہ خوب سننے والا جاننے والا ہے o

Then if they (also) believe the way you have believed in Him, then they will (surely) be guided aright. And if they turn away, then (be clear that) they are sunk in sheer enmity. So Allah is sufficient to guard you against them (their evil) and He is All-Hearing, All-Knowing.

صِبْغَةَ اللّهِ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّهِ صِبْغَةً وَنَحْنُ لَهُ عَابِدونَ (138)

ترجمہ: (کہہ دو ہم) اللہ کے رنگ (میں رنگے گئے ہیں) اور کس کا رنگ اللہ کے رنگ سے بہتر ہے اور ہم تو اسی کے عبادت گزار ہیں o

(Say that we have taken on the colour from) Allah's own colour, and whose colour is better than Allah's? And we worship Him alone.

قُلْ أَتُحَآجُّونَنَا فِي اللّهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ وَلَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُونَ (139)

ترجمہ: فرما دیں: کیا تم اللہ کے بارے میں ہم سے جھگڑا کرتے ہو حالانکہ وہ ہمارا (بھی) رب ہے اور تمہارا (بھی) رب ہے، اور ہمارے لئے ہمارے اعمال اور تمہارے لئے تمہارے اعمال ہیں، اور ہم تو خالصتہً اسی کے ہو چکے ہیں o

Say: 'Do you dispute with us about Allah, whereas He is (not only) our Lord but your Lord (too)? And to us are our works and to you are your works. And we are truly devoted to Him alone.

سَيَقُولُ السُّفَهَاء مِنَ النَّاسِ مَا وَلَّاهُمْ عَن قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُواْ عَلَيْهَا قُل لِّلّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ **(142)**

ترجمہ: اب بیوقوف لوگ یہ کہیں گے کہ ان (مسلمانوں) کو اپنے اس قبلہ (بیت المقدس) سے کس نے پھیر دیا جس پر وہ (پہلے سے) تھے، آپ فرما دیں: مشرق و مغرب (سب) اللہ ہی کے لئے ہے، وہ جسے چاہتا ہے سیدھی راہ پر ڈال دیتا ہےo

Now the foolish will say: 'What has turned away these (Muslims) from their Qibla (Bayt al-Maqdis in Jerusalem) to which they used to face (before)?' Say: 'The east and the west (all) belong to Allah alone. He guides whom He pleases to the straight path.'

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطاً لِّتَكُونُواْ شُهَدَاء عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيداً وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنتَ عَلَيْهَا إِلاَّ لِنَعْلَمَ مَن يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّن يَنقَلِبُ عَلَى عَقِبَيْهِ وَإِن كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلاَّ عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللّهُ وَمَا كَانَ اللّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ إِنَّ اللّهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ **(143)**

ترجمہ: اور (اے مسلمانو!) اسی طرح ہم نے تمہیں (اعتدال والی) بہتر امت بنایا تاکہ تم لوگوں پر گواہ بنو اور (ہمارا یہ برگزیدہ) رسول (ﷺ) تم پر گواہ ہو، اور آپ پہلے جس قبلے پر تھے ہم نے صرف اس لئے مقرر کیا تھا کہ ہم (پرکھ کر) ظاہر کر دیں کہ کون (ہمارے) رسول (ﷺ) کی پیروی کرتا ہے (اور) کون اپنے الٹے پاؤں پھر جاتا ہے، اور بیشک یہ (قبلہ کا بدلنا) بڑی بھاری بات تھی مگر ان پر نہیں جنہیں اللہ نے ہدایت (و مغفرت) سے نوازا، اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ تمہارا ایمان (یونہی) ضائع کر دے، بیشک اللہ لوگوں پر بڑی شفقت فرمانے والا مہربان ہےo

And, in the same way, (O Muslims,) We made you the best Umma (Community-fair to all with a tolerant, moderate and balanced outlook) so that you may bear witness to the people, and (Our exalted) Messenger (blessings and peace be upon him) bears witness to you. And We appointed the Qibla (the direction of Prayer), which you used to face before, only to bring to light (by trial) who would follow (Our) Messenger and who would turn back upon his heels. And this (change of Qibla) was indeed a hard task, but not for those whom Allah blessed with guidance (and gnosis of spiritual truths). And it is not Allah's Glory to void your faith (without any reason). Allah is surely Most Clement, Ever-Merciful to mankind.

وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَّا تَبِعُواْ قِبْلَتَكَ وَمَا أَنتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ وَمَا بَعْضُهُم بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءهُم مِّن بَعْدِ مَا جَاءكَ مِنَ الْعِلْمِ إِنَّكَ إِذاً لَّمِنَ الظَّالِمِينَ **(145)**

ترجمہ: اور اگر آپ اہلِ کتاب کے پاس ہر ایک نشانی (بھی) لے آئیں تب بھی وہ آپ کے قبلہ کی پیروی نہیں کریں گے اور نہ آپ ہی ان کے قبلہ کی پیروی کرنے والے ہیں اور وہ آپس میں بھی ایک دوسرے کے قبلے کی پیروی نہیں کرتے (امت کی تعلیم

کے لئے فرمایا) اور اگر (بفرضِ محال) آپ نے (بھی) اپنے پاس علم آجانے کے بعد ان کی خواہشات کی پیروی کی تو بے شک آپ (اپنی جان پر) زیادتی کرنے والوں میں سے ہو جائیں گے o

And (even) if you bring every sign to the People of the Book, they will not follow your Qibla (direction of Prayer), nor will you follow their Qibla. And they do not follow each other's Qibla amongst themselves. (Said for the education of the Umma [the Community]:) 'And if, (supposing the impossible,) you (also) followed their desires after the knowledge had come to you, then you would surely be of those who wrong (their own souls).'

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنتُمْ فَوَلُّواْ وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ لِئَلاَّ يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ إِلاَّ الَّذِينَ ظَلَمُواْ مِنْهُمْ فَلاَ تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي وَلأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (150)

ترجمہ: اور تم جدھر سے بھی (سفر پر) نکلو اپنا چہرہ (نماز کے وقت) مسجد حرام کی طرف پھیر لو، اور (اے مسلمانو!) تم جہاں کہیں بھی ہو سوا اپنے چہرے اسی کی سمت پھیر لیا کرو تا کہ لوگوں کے پاس تم پر اعتراض کرنے کی گنجائش نہ رہے سوائے ان لوگوں کے جو ان میں حد سے بڑھنے والے ہیں، پس تم ان سے مت ڈرو مجھ سے ڈرا کرو، اس لئے کہ میں تم پر اپنی نعمت پوری کر دوں تا کہ تم کامل ہدایت پا جاؤ o

And from wherever you move (on a journey), turn your face towards the Sacred Mosque (at the time of Prayer) and, wherever you are, (O Muslims,) turn your faces towards it so that people may not get a chance to raise any objection against you, except those amongst them who exceed limits. So, fear them not, and fear Me alone, so that I complete My blessing on you and you may attain perfection in guidance.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ ادْخُلُواْ فِي السِّلْمِ كَآفَّةً وَلاَ تَتَّبِعُواْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (208)

ترجمہ: اے ایمان والو! اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ، اور شیطان کے راستوں پر نہ چلو، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے o

O believers! Enter Islam perfectly and wholly, and do not follow in the footsteps of Satan. He is certainly your declared enemy.

زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُواْ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُونَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُواْ وَالَّذِينَ اتَّقَواْ فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاللّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (212)

ترجمہ: کافروں کے لئے دنیا کی زندگی خوب آراستہ کر دی گئی ہے اور وہ ایمان والوں سے تمسخُر کرتے ہیں، اور جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا وہ قیامت کے دن ان پر سربلند ہوں گے، اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب نوازتا ہے o

The worldly life has been quite adorned and beautified for the disbelievers. And they make fun of the believers. But those who have embraced Godwariness will rank far superior to them on the Day of Resurrection. And Allah gives without measure to whom He wills.

اللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ يُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّوْرِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُواْ أَوْلِيَآؤُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُم مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمَاتِ أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (257)

ترجمہ: اللہ ایمان والوں کا کارساز ہے وہ انہیں تاریکیوں سے نکال کر نور کی طرف لے جاتا ہے، اور جو لوگ کافر ہیں ان کے حمایتی شیطان ہیں وہ انہیں (حق کی) روشنی سے نکال کر (باطل کی) تاریکیوں کی طرف لے جاتے ہیں، یہی لوگ جہنمی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گےo

Allah is the Guardian of the believers. He brings them out of (all kinds of) darkness and takes them towards the light. And those who are disbelievers, their supporters are satans who take them out of the light (of truth) into the darkness (of evil). It is they who are the inmates of Hell. They will dwell there forever.

العمران:

الَّذِيْنَ يَقُولُونَ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (16)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو کہتے ہیں! اے ہمارے رب! ہم یقیناً ایمان لے آئے ہیں سو ہمارے گناہ معاف فرما دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لےo

(These are the people) who say: 'O our Lord, we have surely believed, so, forgive us our sins and save us from the torment of Hell.'

الصَّابِرِيْنَ وَالصَّادِقِيْنَ وَالْقَانِتِيْنَ وَالْمُنفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْأَسْحَارِ (17)

ترجمہ: (یہ لوگ) صبر کرنے والے ہیں اور قول و عمل میں سچائی والے ہیں اور ادب و اطاعت میں جھکنے والے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے ہیں اور رات کے پچھلے پہر (اٹھ کر) اللہ سے معافی مانگنے والے ہیںo

(They are) steadfast (people), truthful in their words and deeds and submissive in devotion and obedience. And they spend in the way of Allah, and (rise) in the later hours of the night to implore Allah's pardon.

لاَّ يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاء مِن دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّهِ فِيْ شَيْءٍ إِلاَّ أَن تَتَّقُواْ مِنْهُمْ تُقَاةً وَيُحَذِّرُكُمُ اللّهُ نَفْسَهُ وَإِلَى اللّهِ الْمَصِيْرُ (28)

ترجمہ: مسلمانوں کو چاہیے کہ اہلِ ایمان کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں اور جو کوئی ایسا کرے گا اس کے لئے اللہ (کی دوستی میں) سے کچھ نہیں ہوگا سوائے اس کے کہ تم ان (کے شر) سے بچنا چاہو، اور اللہ تمہیں اپنی ذات (کے غضب) سے ڈراتا ہے، اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہےo

The Muslims should not make friends with disbelievers instead of Muslims. And whoever does so will have nothing of (the alliance with) Allah except that you seek protection (from their mischief). And Allah warns you to fear (the wrath of) His divine essence, and to Allah is the return.

بَلَى مَنْ أَوْفَى بِعَهْدِهِ وَاتَّقَى فَإِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ(76)

ترجمہ: ہاں جو اپنا وعدہ پورا کرے اور تقویٰ اختیار کرے (اس پر واقعی کوئی مؤاخذہ نہیں) سو بیشک اللہ پرہیزگاروں سے محبت فرماتا ہےo

Yes, he who fulfils his promise and adopts Godfearingness (will indeed face no accountability); so Allah surely loves the pious.

وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلاَمِ دِيناً فَلَن يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ (85)

ترجمہ: اور جو کوئی اسلام کے سوا کسی اور دین کو چاہے گا تو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، اور وہ آخرت میں نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہوگاo

And whoever seeks a din (religion) other than Islam that shall not at all be accepted from him, and he will be amongst the losers in the Hereafter.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اتَّقُواْ اللّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلاَ تَمُوتُنَّ إِلاَّ وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ (102)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرا کرو جیسے اس سے ڈرنے کا حق ہے اور تمہاری موت صرف اسی حال پر آئے کہ تم مسلمان ہوo

O believers! Fear Allah as it is due to fear Him. And death should approach you only in a state when you are Muslims.

وَاعْتَصِمُواْ بِحَبْلِ اللّهِ جَمِيعاً وَلاَ تَفَرَّقُواْ وَاذْكُرُواْ نِعْمَتَ اللّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَاء فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِ إِخْوَاناً وَكُنتُمْ عَلَى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (103)

ترجمہ: اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ مت ڈالو، اور اپنے اوپر اللہ کی اس نعمت کو یاد کرو جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں اُلفت پیدا کر دی اور تم اس کی نعمت کے باعث آپس میں بھائی بھائی ہو گئے، اور تم (دوزخ کی) آگ کے گڑھے کے کنارے پر (پہنچ چکے) تھے پھر اس نے تمہیں اس گڑھے سے بچا لیا، یوں ہی اللہ تمہارے لئے اپنی نشانیاں کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم ہدایت پا جاؤo

And hold fast to the rope of Allah, all of you together, and do not generate dissension and factions. But call to mind the blessing of Allah upon you when you were enemies (one to another). Then He created the bond of love amongst your hearts, and by His blessing you became brothers. And you (had reached) the brink of a pit of the Fire (of Hell) but He rescued you from it. That is how Allah elaborates His signs to you that you may take guidance to the right path.

وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (104)

ترجمہ: اور تم میں سے ایسے لوگوں کی ایک جماعت ضرور ہونی چاہیے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائیں اور بھلائی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں، اور وہی لوگ بامراد ہیںo

And from amongst you there must be a community comprising the people who invite mankind towards piety, enjoin righteousness and forbid evil. And they are the successful people.

وَلَا تَكُونُواْ كَالَّذِينَ تَفَرَّقُواْ وَاخْتَلَفُواْ مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَأُوْلَـئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ(105)

ترجمہ: اوران لوگوں کی طرح نہ ہوجانا جوفرقوں میں بٹ گئے تھےاور جب ان کے پاس واضح نشانیاں آ چکیں اس کے بعد بھی اختلاف کرنے لگے،اورانہی لوگوں کے لئے سخت عذاب ہےo

And become not like those who split into sects and dissented even after manifest signs had reached them. And it is they who will suffer grievous torment,

كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْراً لَّهُم مِّنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ(110)

ترجمہ: تم بہترین اُمّت ہوجوسب لوگوں (کی رہنمائی) کے لئے ظاہر کی گئی ہے،تم بھلائی کا حکم دیتے ہواور برائی سے منع کرتے ہواوراللہ پرایمان رکھتے ہو،اوراگراہلِ کتاب بھی ایمان لے آتے تو یقیناً ان کے لئے بہتر ہوتا،ان میں سے کچھ ایمان والے بھی ہیں اوران میں سے اکثر نافرمان ہیںo

You are the best community brought forth for (the guidance of) mankind: you enjoin righteousness, forbid evil and believe in Allah. Had the People of the Book also embraced faith, that would certainly have been in their favour. There are some amongst them who believe, whilst the majority of them are disobedient.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ بِطَانَةً مِّن دُونِكُمْ لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالاً وَدُّواْ مَا عَنِتُّمْ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاء مِنْ أَفْوَاهِهِمْ وَمَا تُخْفِي صُدُورُهُمْ أَكْبَرُ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الآيَاتِ إِن كُنتُمْ تَعْقِلُونَ (118)

ترجمہ: اے ایمان والو!تم غیروں کو(اپنا) رازدار نہ بناؤوہ تمہاری نسبت فتنہ انگیزی میں (کبھی) کمی نہیں کریں گے،وہ تمہیں سخت تکلیف پہنچنے کی خواہش رکھتے ہیں،بغض تو ان کی زبانوں سے خود ظاہر ہو چکا ہے،اور جو(عداوت)ان کے سینوں نے چھپا رکھی ہے وہ اس سے (بھی) بڑھ کر ہے۔ہم نے تمہارے لئے نشانیاں واضح کردی ہیں اگر تمہیں عقل ہوo

O believers! Do not confide in those who are not from amongst you. They will never miss (any) chance to cause you mischief. They wish you severe torture. As for their malice, that has become evident from their utterances, and (the hostility) that they have concealed in their hearts is (even) greater. We have made the signs manifest to you if you would use your intellect.

هَاأَنتُمْ أُوْلاء تُحِبُّونَهُمْ وَلَا يُحِبُّونَكُمْ وَتُؤْمِنُونَ بِالْكِتَابِ كُلِّهِ وَإِذَا لَقُوكُمْ قَالُواْ آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْاْ عَضُّواْ عَلَيْكُمُ الأَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ قُلْ مُوتُواْ بِغَيْظِكُمْ إِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (119)

ترجمہ: آگاہ ہوجاؤ!تم وہ لوگ ہوکہ ان سے محبت رکھتے ہواوروہ تمہیں پسند (تک) نہیں کرتے حالانکہ تم سب کتابوں پرایمان رکھتے ہو،اور جب وہ تم سے ملتے ہیں (تو) کہتے ہیں ہم ایمان لے آئے ہیں،اور جب اکیلے ہوتے ہیں تو تم پر غصے سے انگلیاں چباتے ہیں،فرمادیں:مرجاؤاپنی گھٹن میں،بیشک اللہ دلوں کی (پوشیدہ) باتوں کوخوب جاننے والا ہےo

Beware! You are the ones who love them, but they do not (even) like you,

although you believe in all the Books. When they meet you, they say: 'We have accepted faith,' but when alone, they bite their fingers in rage against you. Say: 'Perish in your pent-up rage.' Certainly, Allah knows well the secrets of hearts.

إِن تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَإِن تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَفْرَحُواْ بِهَا وَإِن تَصْبِرُواْ وَتَتَّقُواْ لاَ يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئاً إِنَّ اللّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ(120)

ترجمہ: اگر تمہیں کوئی بھلائی پہنچے تو انہیں بری لگتی ہے، اور تمہیں کوئی رنج پہنچے تو وہ اس سے خوش ہوتے ہیں، اور اگر تم صبر کرتے رہو اور تقویٰ اختیار کئے رکھو تو ان کا فریب تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا، جو کچھ وہ کر رہے ہیں بیشک اللہ اس پر احاطہ فرمائے ہوئے ہےo

If something goes in your favour, it grieves them; but if some pain afflicts you, that pleases them. However, if you keep patience and guard yourselves against evil persistently, their deceitfulness will do you no harm. And indeed Allah has encompassed all that they are doing.

بَلَى إِن تَصْبِرُواْ وَتَتَّقُواْ وَيَأْتُوكُم مِّن فَوْرِهِمْ هَـذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُم بِخَمْسَةِ آلافٍ مِّنَ الْمَلآئِكَةِ مُسَوِّمِينَ (125)

ترجمہ: ہاں اگر تم صبر کرتے رہو اور پرہیزگاری قائم رکھو اور وہ (کفّار) تم پر اسی وقت (پورے) جوش سے حملہ آور ہو جائیں تو تمہارا رب پانچ ہزار نشان والے فرشتوں کے ذریعے تمہاری مدد فرمائے گاo

Yes, if you remain steadfast and persist in Godwariness, and these (unbelievers) suddenly attack you with (full) force, then your Lord will come to your aid with five thousand angels distinctly marked.

وَمَا جَعَلَهُ اللّهُ إِلاَّ بُشْرَى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُم بِهِ وَمَا النَّصْرُ إِلاَّ مِنْ عِندِ اللّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ (126)

ترجمہ: اور اللہ نے اس (مدد) کو محض تمہارے لئے خوشخبری بنایا اور اس لئے کہ اس سے تمہارے دل مطمئن ہو جائیں، اور مدد تو صرف اللہ ہی کی طرف سے ہوتی ہے جو بڑا غالب حکمت والا ہےo

And Allah has made this (reinforcement) a glad tidings for you so that it may content your hearts. And support comes only from Allah, Who is Almighty, Most Wise,

لِيَقْطَعَ طَرَفاً مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ أَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنقَلِبُواْ خَآئِبِينَ(127)

ترجمہ: (مزید) اس لئے کہ (اللہ) کافروں کے ایک گروہ کو ہلاک کر دے یا انہیں ذلیل کر دے سو وہ ناکام ہو کر واپس پلٹ جائیںo

(Also) because (Allah) may exterminate a section of the unbelievers or abase them so that they go back defeated.

وَسَارِعُواْ إِلَى مَغْفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَاوَاتُ وَالأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ (133)

ترجمہ: اور اپنے رب کی بخشش اور اس جنت کی طرف تیزی سے بڑھو جس کی وسعت میں سب آسمان اور زمین آ جاتے ہیں، جو پرہیزگاروں کے لئے تیار کی گئی ہےo

And advance fast towards forgiveness from your Lord and Paradise whose vastness encompasses the heavens and the earth (and) which has been prepared for the pious.

الَّذِيْنَ يُنفِقُونَ فِيْ السَّرَّاء وَالضَّرَّاء وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (134)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں، جو فراخی اور تنگی (دونوں حالتوں) میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ ضبط کرنے والے ہیں اور لوگوں سے (ان کی غلطیوں پر) درگزر کرنے والے ہیں۔ اور اللہ احسان کرنے والوں سے محبت فرماتا ہےo

They are the ones who spend in the cause of Allah whether they are affluent or indigent (in both the conditions), sublimate their anger and tolerate (the faults of the) people; and Allah loves those who are benevolent.

وَالَّذِيْنَ إِذَا فَعَلُواْ فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُواْ أَنفُسَهُمْ ذَكَرُواْ اللّهَ فَاسْتَغْفَرُواْ لِذُنُوبِهِمْ وَمَن يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلاَّ اللّهُ وَلَمْ يُصِرُّواْ عَلَى مَا فَعَلُواْ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (135)

ترجمہ: اور (یہ) ایسے لوگ ہیں کہ جب کوئی برائی کر بیٹھتے ہیں یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کا ذکر کرتے ہیں پھر اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں، اور اللہ کے سوا گناہوں کی بخشش کون کرتا ہے، اور پھر جو گناہ وہ کر بیٹھے تھے ان پر جان بوجھ کر اصرار بھی نہیں کرتےo

And (they) are such people that if they commit some immoral act or wrong themselves, they remember Allah, then seek forgiveness for their sins. And who forgives sins except Allah? And they do not deliberately persist in the sinful acts which they committed.

أُوْلَـئِكَ جَزَآؤُهُم مَّغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَجَنَّاتٌ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِيْنَ(136)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن کی جزا ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے اور جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اور (نیک) عمل کرنے والوں کا کیا ہی اچھا صلہ ہےo

It is they whose reward is forgiveness from their Lord and Gardens beneath which rivers flow. They will reside therein permanently. What an excellent reward that is for those who perform righteous acts!

وَلاَ تَهِنُوا وَلاَ تَحْزَنُوا وَأَنتُمُ الأَعْلَوْنَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِيْنَ (139)

ترجمہ: اور تم ہمت نہ ہارو اور نہ غم کرو اور تم ہی غالب آؤ گے اگر تم (کامل) ایمان رکھتے ہوo

And do not lose heart or feel grieved; and it is you who will be victorious, provided you maintain (perfect) faith.

إِن يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهُ وَتِلْكَ الأيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّهُ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَيَتَّخِذَ مِنكُمْ شُهَدَاء وَاللّهُ لاَ يُحِبُّ الظَّالِمِيْنَ(140)

ترجمہ: اگر تمہیں (اب) کوئی زخم لگا ہے تو (یاد رکھو کہ) ان لوگوں کو بھی اسی طرح کا زخم لگ چکا ہے، اور یہ دن ہیں جنہیں ہم لوگوں کے درمیان پھیرتے رہتے ہیں، اور یہ (گردشِ ایّام) اس لئے کہ اللہ اہلِ ایمان کی پہچان کرا دے اور تم میں سے بعض کو شہادت کا

رتبہ عطا کرے، اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتاo

If you have received a blow (now, then remember that) they too have received a similar blow already. These are the days which We rotate amongst people. And these (ups and downs) occur so that Allah may distinguish the identity of true believers and bestow upon some of you the status of martyrs. And Allah does not like the wrongdoers.

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَيَمْحَقَ الْكَافِرِيْنَ (141)

ترجمہ: اور یہ اس لئے (بھی) ہے کہ اللہ ایمان والوں کو (مزید) نکھار دے (یعنی پاک وصاف کر دے) اور کافروں کو مٹا دےo

And this is (also) with the intention that Allah may bring (more) refinement to the believers (i.e., cleanse and purify them) and annihilate the disbelievers.

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُواْ الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُواْ مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِيْنَ (142)

ترجمہ: کیا تم یہ گمان کئے ہوئے ہو کہ تم (یوں ہی) جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو پرکھا ہی نہیں ہے اور نہ ہی صبر کرنے والوں کو جانچا ہےo

Do you assume that you will enter Paradise (without any good), whereas Allah has not yet tested those of you who fight for His cause, nor has He judged the steadfast?

وَلَقَدْ كُنتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِن قَبْلِ أَن تَلْقَوْهُ فَقَدْ رَأَيْتُمُوهُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ (143)

ترجمہ: اور تم تو اس کا سامنا کرنے سے پہلے (شہادت کی) موت کی تمنا کیا کرتے تھے، سو اب تم نے اسے پانی آنکھوں کے سامنے دیکھ لیا ہےo

And you used to long for death (as a martyr) before you faced it. So now you have seen it in front of your own eyes.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوَاْ إِن تُطِيْعُواْ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ يَرُدُّوكُمْ عَلَى أَعْقَابِكُمْ فَتَنقَلِبُواْ خَاسِرِيْنَ(149)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تم نے کافروں کا کہا مانا تو وہ تمہیں الٹے پاؤں (کفر کی جانب) پھیر دیں گے پھر تم نقصان اٹھاتے ہوئے پلٹو گےo

O believers! If you obey the disbelievers, they will turn you back on your heels (to disbelief) and you will then turn back as losers.

إِن يَنصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلاَ غَالِبَ لَكُمْ وَإِن يَخْذُلْكُمْ فَمَن ذَا الَّذِيْ يَنصُرُكُم مِّن بَعْدِهِ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكِّلِ الْمُؤْمِنُونَ(160)

ترجمہ: اگر اللہ تمہاری مدد فرمائے تو تم پر کوئی غالب نہیں آ سکتا اور اگر وہ تمہیں بے سہارا چھوڑ دے تو پھر کون ایسا ہے جو اس کے بعد تمہاری مدد کر سکے، اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہئےo

If Allah helps you, none can overpower you; but if He abandons you taking away all support, then who is it that can help you after Him? And the believers should rely on Allah alone.

مَّا كَانَ اللّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَى مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ حَتَّىَ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَمَا كَانَ اللّهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَكِنَّ اللّهَ يَجْتَبِي مِن رُّسُلِهِ مَن يَشَاءُ فَآمِنُواْ بِاللّهِ وَرُسُلِهِ وَإِن تُؤْمِنُواْ وَتَتَّقُواْ فَلَكُمْ أَجْرٌ عَظِيمٌ (179)

ترجمہ: اور اللہ مسلمانوں کو ہرگز اس حال پر نہیں چھوڑے گا جس پر تم (اس وقت) ہو جب تک وہ ناپاک کو پاک سے جدا نہ کر دے، اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ (اے عامۃ الناس!) تمہیں غیب پر مطلع فرما دے لیکن اللہ اپنے رسولوں سے جسے چاہے (غیب کے علم کے لئے) چن لیتا ہے، سو تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ، اور اگر تم ایمان لے آؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو تمہارے لئے بڑا ثواب ہےo

And Allah will never leave the Muslims in the situation you are in (now) until He distinguishes the impure from the pure. And, (O common people,) it is not Allah's Glory that He reveals to you the unseen. However, Allah chooses from amongst His Messengers whom He wills (for the knowledge of the unseen). Therefore, put faith in Allah and His Messengers. And if you embrace faith and become Godfearing, there is a tremendous reward for you.

لَتُبْلَوُنَّ فِيۤ أَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُواْ أَذًى كَثِيراً وَإِن تَصْبِرُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ ذَلِكَ مِنْ عَزْمِ الأُمُورِ(186)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تمہیں ضرور بالضرور تمہارے اموال اور تمہاری جانوں میں آزمایا جائے گا اور تمہیں بہرصورت ان لوگوں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی اور ان لوگوں سے جو مشرک ہیں بہت سے اذیت ناک (طعنے) سننے ہوں گے اور اگر تم صبر کرتے رہو اور تقویٰ اختیار کئے رکھو تو یہ بڑی ہمت کے کاموں سے ہےo

(O believers!) You will most certainly be tested in your possessions and your selves. And of course you shall also hear many torturing (taunts) from those who were given the Book before you and who are polytheists. But if you remain patient and stick to self-protection, that is one of the works demanding high resolve.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اصْبِرُواْ وَصَابِرُواْ وَرَابِطُواْ وَاتَّقُواْ اللّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ(200)

ترجمہ: اے ایمان والو! صبر کرو اور ثابت قدمی میں (دشمن سے بھی) زیادہ محنت کرو اور (جہاد کے لئے) خوب مستعد رہو، اور (ہمیشہ) اللہ کو تقویٰ قائم رکھو تا کہ تم کامیاب ہو سکوo

O believers! Be steadfast and, in perseverance (and tenacity), toil (even harder than the enemy) and be alert and vigilant (for struggle against violation of peace and human rights), and (always) persist in fearing Allah so that you may achieve success.

سورۃ النساء:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَأْكُلُواْ أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلاَّ أَن تَكُونَ تِجَارَةً عَن تَرَاضٍ مِّنكُمْ وَلاَ تَقْتُلُواْ أَنفُسَكُمْ إِنَّ اللّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْماً (29)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم ایک دوسرے کا مال آپس میں ناحق طریقے سے نہ کھاؤ سوائے اس کے کہ تمہاری باہمی رضامندی سے کوئی تجارت ہو، اور اپنی جانوں کو مت ہلاک کرو، بیشک اللہ تم پر مہربان ہےo

O believers! Do not devour one another's wealth unlawfully amongst yourselves unless it is a trade by your mutual agreement and do not kill yourselves. Surely, Allah is Kind to you.

وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ عُدْوَاناً وَظُلْماً فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَاراً وَكَانَ ذَلِكَ عَلَى اللّهِ يَسِيْراً (30)

ترجمہ: اور جو کوئی تعدّی اور ظلم سے ایسا کرے گا تو ہم عنقریب اسے (دوزخ کی) آگ میں ڈال دیں گے، اور یہ اللہ پر بالکل آسان ہےo

But whoever will do that through transgression and injustice, We shall soon throw him into the Fire (of Hell) and that is very easy for Allah.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ الْكَافِرِيْنَ أَوْلِيَاء مِن دُونِ الْمُؤْمِنِيْنَ أَتُرِيْدُونَ أَن تَجْعَلُواْ لِلّهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَاناً مُّبِيْناً(144)

ترجمہ: اے ایمان والو! مسلمانوں کے سوا کافروں کو دوست نہ بناؤ، کیا تم چاہتے ہو کہ (نافرمانوں کی دوستی کے ذریعے) اپنے خلاف اللہ کی صریح حجت قائم کرلوo

O believers! Do not consider (hostile) disbelievers as (your) reliable supporters instead of believers. Do you wish to set a manifest evidence for Allah against you (through friendship with the hostile disbelievers)?

فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيْهِمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيْدُهُم مِّن فَضْلِهِ وَأَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنكَفُواْ وَاسْتَكْبَرُواْ فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَاباً أَلِيْماً وَلاَ يَجِدُونَ لَهُم مِّن دُونِ اللّهِ وَلِيّاً وَلاَ نَصِيْراً(173)

ترجمہ: پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ انہیں پورے پورے اجر عطا فرمائے گا اور (پھر) اپنے فضل سے انہیں اور زیادہ دے گا، اور وہ لوگ جنہوں نے (اللہ کی عبادت سے) عار محسوس کی اور تکبر کیا تو وہ انہیں دردناک عذاب دے گا، وہ اپنے لئے اللہ کے سوا نہ کوئی دوست پائیں گے اور نہ کوئی مددگارo

So those who believe and persist in doing pious deeds, He will pay them their wages in full and will (then) award them more out of His bounty. But those who disdain (worshipping Allah) and behave arrogantly, He will punish them with grievous torment, and they will not find for them any friend or helper besides Allah.

فَأَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُواْ بِاللّهِ وَاعْتَصَمُواْ بِهِ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَيَهْدِيْهِمْ إِلَيْهِ صِرَاطاً مُّسْتَقِيْماً(175)

ترجمہ: پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے اور اس (کے دامن) کو مضبوطی سے پکڑے رکھا تو عنقریب (اللہ) انہیں اپنی (خاص) رحمت اور فضل میں داخل فرمائے گا، اور انہیں اپنی طرف (پہنچنے کا) سیدھا راستہ دکھائے گاo

So, those who believe in Allah and hold fast to His (embrace, Allah) will soon admit them to His (exceptional) mercy and grace and will show them the straight path to (reach) Him.

سورۃ المائدہ:

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْنَ آمَنُواْ أَوْفُواْ بِالْعُقُودِ أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيْمَةُ الْأَنْعَامِ إِلاَّ مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ إِنَّ اللّهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! (اپنے) عہد پورے کرو۔ تمہارے لئے چوپائے جانور (یعنی مویشی) حلال کر دئے گئے (ہیں) سوائے ان (جانوروں) کے جن کا بیان تم پر آئندہ کیا جائے گا (لیکن) جب تم احرام کی حالت میں ہو، شکار کو حلال نہ سمجھنا۔ بیشک اللہ جو چاہتا ہے حکم فرماتا ہےo

O believers! Fulfil (your) promises. The quadrupeds (i.e., cattle) have been made lawful for you except those (animals) that will be announced to you afterwards. (But) when clad in ihram (the Pilgrim's sacred dress), do not presume hunting lawful. Surely, Allah ordains what He wills.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـواْ لاَ تُحِلُّواْ شَعَآئِرَ اللّهِ وَلاَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلاَ الْهَدْىَ وَلاَ الْقَلآئِدَ وَلا آمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَـضْلاً مِّـن رَّبِّهِـمْ وَرِضْـوَانـاً وَإِذَا حَـلَـلْتُمْ فَاصْطَادُواْ وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَن تَعْتَدُواْ وَتَعَاوَنُواْ عَلَى الْبرِّ وَالتَّقْوَى وَلاَ تَعَاوَنُواْ عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(2)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ حرمت (وادب) والے مہینے کی (یعنی ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب میں سے کسی ماہ کی) اور حرم کعبہ کو بھیجے ہوئے قربانی کے جانوروں کی اور نہ مکّہ لائے جانے والے ان جانوروں کی جن کے گلے میں علامتی پٹے ہوں اور نہ حرمت والے گھر (یعنی خانہ کعبہ) کا قصد کر کے آنے والوں (کے جان و مال اور عزت و آبرو) کی (بے حرمتی کرو کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں) جو اپنے رب کا فضل اور رضا تلاش کر رہے ہیں، اور جب تم حالتِ احرام سے باہر نکل آؤ تم شکار کر سکتے ہو اور تمہیں کسی قوم کی (یہ) دشمنی کہ انہوں نے تم کو مسجد حرام (یعنی خانہ کعبہ کی حاضری) سے روکا تھا اس بات پر ہرگز نہ ابھارے کہ تم (ان کے ساتھ) زیادتی کرو نیکی اور پرہیزگاری (کے کاموں) پر ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظلم (کے کاموں) پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ (نافرمانی کرنے والوں کو) سخت سزا دینے والا ہےo

O believers! Do not denigrate the signs of Allah, nor the sacred (and venerable) month (i.e., any one of Dhu al-Qa'da, Dhu al-Hijja, Muharram and Rajab), nor the sacrificial animals sent to the Sacred House-the Ka'ba-nor the animals brought to Mecca with ritual straps around their necks. Also do not violate the sanctity (of life and property, and honour and dignity) of those resorting to the Sacred House, the Ka'ba, (for they are the ones) seeking bounty and pleasure of their Lord. And when you take off ihram (the Pilgrim's garb), then you are allowed to hunt. And never let the enmity of a people incite you to aggression (against

them) since they barred you from the Sacred House (i.e., visiting the Ka'ba). And always support one another in (the works of) righteousness and piety, but do not become accomplices in (works of) sin and transgression. And fear Allah persistently. Indeed, Allah awards severe punishment (to those who disobey and defy).

وَاذْكُرُواْ نِعْمَةَ اللّهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِىْ وَاثَقَكُم بِهِ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (7)

ترجمہ: اوراللہ کی (اس) نعمت کو یاد کرو جو تم پر (کی گئی) ہے اوراس کے عہد کو (بھی یاد کرو) جو اس نے تم سے (پختہ طریقے سے) لیا تھا جب کہ تم نے (اقراراً) کہا تھا کہ ہم نے (اللہ کے حکم کو) سنا اور ہم نے (اس کی) اطاعت کی اور اللہ سے ڈرتے رہو! بیشک اللہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں کو خوب جانتا ہےo

And call to mind the favour of Allah (conferred) upon you, and (also recall) the promise which He took from you (under affirmation) when you declared (agreeing): 'We heard (Allah's command) and we obeyed (it).' And always fear Allah. Verily, Allah knows best (the secrets of) hearts.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـواْ كُونُواْ قَوَّامِيْنَ لِلّهِ شُهَدَاء بِالْقِسْطِ وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلَّا تَعْدِلُواْ اعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ (8)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کے لئے مضبوطی سے قائم رہتے ہوئے انصاف پر مبنی گواہی دینے والے ہو جاؤ اور کسی قوم کی سخت دشمنی (بھی) تمہیں اس بات پر برانگیختہ نہ کرے کہ تم (اس سے) عدل نہ کرو۔ عدل کیا کرو (کہ) وہ پرہیزگاری سے نزدیک تر ہے، اور اللہ سے ڈرا کرو۔ بیشک اللہ تمہارے کاموں سے خوب آگاہ ہےo

O believers! Holding fast to the cause of Allah, bear witness based on justice. And let not (even) the extreme hostility against a people provoke you into abstaining from justice (in their case). Always do justice, (for) it is closer to piousness. And fear Allah. Indeed, Allah is Well Aware of your works.

وَعَدَ اللّهُ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيْمٌ (9)

ترجمہ: اللہ نے ایسے لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وعدہ فرمایا ہے (کہ) ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہےo

Allah has promised forgiveness and a mighty reward for those who believe and persist in piety and righteous actions.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْنَ آمَنُواْ اذْكُرُواْ نِعْمَتَ اللّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ هَمَّ قَوْمٌ أَن يَبْسُطُواْ إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ وَاتَّقُواْ اللّهَ وَعَلَى اللّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ (11)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے (اُس) انعام کو یاد کرو (جو) تم پر ہوا جب قوم (کفّار) نے یہ ارادہ کیا کہ اپنے ہاتھ (قتل و ہلاکت کے لئے) تمہاری طرف دراز کریں تو اللہ نے ان کے ہاتھ تم سے روک دیئے اور اللہ سے ڈرتے رہو، اور ایمان والوں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہئےo

O believers! Call to mind the favour of Allah (which was) bestowed upon you when a people (who disbelieved) resolved to stretch out their hands against you (for killing and destruction) but Allah held back their hands from you. And always fear Allah; and the believers must always rely on Allah alone.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيـنَ آمَـنُواْ مَن يَرْتَدَّ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِىُ اللّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ يُجَاهِدُونَ فِىْ سَبِيْلِ اللّهِ وَلاَ يَخَافُونَ لَوْمَةَ لآئِمٍ ذَلِكَ فَضْلُ اللّهِ يُؤْتِيْهِ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ **(54)**

ترجمہ: اے ایمان والو! تم میں سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائے گا تو عنقریب اللہ (ان کی جگہ) ایسی قوم کو لائے گا جن سے وہ (خود) محبت فرماتا ہوگا اور وہ اس سے محبت کرتے ہوں گے وہ مومنوں پر نرم (اور) کافروں پر سخت ہوں گے اللہ کی راہ میں (خوب) جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے خوفزدہ نہیں ہوں گے۔ یہ (انقلابی کردار) اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ وسعت والا (ہے) خوب جاننے والا ہےo

O believers! Whoever of you turns away from his Din (Religion), Allah will soon bring (in their place) a people He will (Himself) love and who will love Him. They will be kind (and humble) towards the believers (but) strict (and firm) towards the disbelievers (who are aggressive or hold enmity against Islam). They will toil (very hard) in the way of Allah and will never fear any reproaches of the reprovers. This (constructive character) is the grace of Allah which He grants whom He wills, and Allah is Infinite, All-Knowing.

إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ الَّذِيْنَ يُقِيْمُونَ الصَّلاَةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ **(55)**

ترجمہ: بیشک تمہارا (مددگار) دوست تو اللہ اور اس کا رسول (ﷺ) ہی ہے اور (ساتھ) وہ ایمان والے ہیں جو نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور وہ (اللہ کے حضور عاجزی سے) جھکنے والے ہیںo

Indeed, your real helper and friend is only Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers (as well) who persevere in offering Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and they are those who bow down (with extreme submissiveness before the presence of Allah).

وَمَن يَتَوَلَّ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ فَإِنَّ حِزْبَ اللّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ **(56)**

ترجمہ: اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) اور ایمان والوں کو دوست بنائے گا تو (وہی اللہ کی جماعت ہے اور) اللہ کی جماعت (کے لوگ) ہی غالب ہونے والے ہیںo

And the one who makes friends with Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers, then (they are the people who are Allah's party), and (it is the people of) Allah's party who will surely overmaster.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيـنَ آمَـنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ الَّذِيْنَ اتَّخَذُواْ دِيْنَكُمْ هُزُواً وَلَعِباً مِّنَ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاء وَاتَّقُواْ اللّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِيْنَ**(57)**

ترجمہ: اے ایمان والو! ایسے لوگوں میں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی، ان کو جو تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنائے

ہوئے ہیں اور کافروں کو دوست مت بناؤ، اور اللہ سے ڈرتے رہو، بشرطیکہ تم (واقعی) صاحبِ ایمان ہو۔o

O believers! Do not take those for friends who have made fun and sport of your Din (Religion) from amongst those who were given the Book before you and the disbelievers. And fear Allah persistently if you are (truly) the men of faith.

سورۃ انعام:

وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَـكِن ذِكْرَى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ (69)

ترجمہ: اور لوگوں پر جو پرہیزگاری اختیار کئے ہوئے ہیں ان (کافروں) کے حساب سے کچھ بھی (لازم) نہیں ہے مگر (انہیں) نصیحت (کرنا چاہئے) تاکہ وہ (کفر سے اور قرآن کی مذمت سے) بچ جائیںo

And there is nothing (obligatory) upon the Godfearing from the account of these (disbelievers), but they (should) admonish them so that they may be protected (from disbelief and mocking the Qur'an).

الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَلَمْ يَلْبِسُواْ إِيْمَانَهُم بِظُلْمٍ أُوْلَـئِكَ لَهُمُ الأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُوْنَ (82)

ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان کو (شرک کے) ظلم کے ساتھ نہیں ملایا انہی لوگوں کے لئے امن (یعنی اخروی بے خوفی) ہے اور وہی ہدایت یافتہ ہیںo

Those who believe and do not mix up their belief with injustice (of polytheism), it is they who are entitled to peace (i.e., fearlessness in the Hereafter), and it is they who are blessed with guidance.

وَلاَ تَسُبُّواْ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِن دُونِ اللّهِ فَيَسُبُّواْ اللّهَ عَدْواً بِغَيْرِ عِلْمٍ كَذَلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ثُمَّ إِلَى رَبِّهِم مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُواْ يَعْمَلُوْنَ (108)

ترجمہ: اور (اے مسلمانو!) تم ان (جھوٹے معبودوں) کو گالی مت دو جنہیں یہ (مشرک لوگ) اللہ کے سوا پوجتے ہیں پھر وہ لوگ (بھی جواباً) جہالت کے باعث ظلم کرتے ہوئے اللہ کی شان میں دشنام طرازی کرنے لگیں گے۔ اسی طرح ہم نے ہر فرقہ (و جماعت) کے لئے ان کا عمل (ان کی آنکھوں میں) مرغوب کر رکھا ہے (اور وہ اسی کو حق سمجھتے رہتے ہیں) پھر سب کو اپنے رب ہی کی طرف لوٹنا ہے اور وہ انہیں ان اعمال کے نتائج سے آگاہ فرما دیگا جو وہ انجام دیتے تھےo

And, (O Muslims,) do not abuse these (false gods) that these (polytheists) worship besides Allah, lest these people should (also, in retaliation,) revile against Allah's Glory wrongfully due to ignorance. Thus have We made the conduct of every sect (and faction) seem attractive to (their own eyes and they regard only that as truth). Then all have to return to their Lord, and He will inform them of (the results of) their deeds which they used to do.

وَأَقْسَمُواْ بِاللّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن جَاءتْهُمْ آيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا قُلْ إِنَّمَا الآيَاتُ عِندَ اللّهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا جَاءتْ لاَ يُؤْمِنُوْنَ(109)

ترجمہ: وہ بڑے تاکیدی حلف کے ساتھ اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی (کھلی) نشانی آجائے تو وہ اس پر ضرور

ایمان لے آئیں گے۔ (ان سے) کہہ دو کہ نشانیاں تو صرف اللہ ہی کے پاس ہیں اور (اے مسلمانو!) تمہیں کیا خبر ہ جب وہ نشانی آجائے گی (تو) وہ (پھر بھی) ایمان نہیں لائیں گےo

They swear their most solemn oaths by Allah that if there comes to them some (manifest) sign, they shall certainly believe in that. Say (to them): 'Signs are but with Allah alone. And, (O Muslims,) you are not aware that when the sign comes, they will (still) not believe.'

أَوَ مَن كَانَ مَيْتاً فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُوراً يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ كَمَن مَّثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا كَذَلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (122)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو مُردہ (یعنی ایمان سے محروم) تھا پھر ہم نے اسے (ہدایت کی بدولت) زندہ کیا اور ہم نے اس کے لئے (ایمان و معرفت کا) نور پیدا فرما دیا (اب) وہ اس کے ذریعے (بقیہ) لوگوں میں (بھی روشنی پھیلانے کے لئے) چلتا ہے اس شخص کی مانند ہو سکتا ہے جس کا حال یہ ہو کہ (وہ جہالت اور گمراہی کے) اندھیروں میں (اس طرح گھرا) پڑا کہ اس سے نکل ہی نہیں سکتا۔ اسی طرح کافروں کے لئے ان کے وہ اعمال (ان کی نظروں میں) خوشنما دکھائے جاتے ہیں جو وہ انجام دیتے رہتے ہیںo

Can he who was dead (i.e., devoid of faith), then We gave him life (by guidance) and created for him the light (of faith and gnosis), and (now) by means of that, he walks amongst (the rest of) the people (also to spread that light) be like the one who is steeped in the darkness of (ignorance and error in such a way) that he can by no means come out of it? Likewise, the actions disbelievers keep doing are made alluring and attractive (in their sight).

سورۃ الاعراف:

كِتَابٌ أُنزِلَ إِلَيْكَ فَلاَ يَكُن فِي صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنذِرَ بِهِ وَذِكْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ (2)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم!) یہ کتاب ہے (جو) آپ کی طرف اتاری گئی ہے سو آپ کے سینہ (انور) میں اس (کی تبلیغ پر کفار کے انکار و تکذیب کے خیال) سے کوئی تنگی نہ ہو (یہ تو اتاری ہی اس لیے گئی ہے) کہ آپ اس کے ذریعے (منکرین کو) ڈر سنا سکیں اور یہ مومنین کے لیے نصیحت (ہے)o

(O Esteemed Beloved!) This is the Book (that) has been revealed to you. So, let there be no feeling of constriction in your (illumined) breast (on thinking of the disbelievers' belying and denying the promulgation of its message. This has been revealed with the sole purpose) that by means of it you may warn (the ones who deny), and it (provides) direction and guidance to the believers.

فَرِيقاً هَدَى وَفَرِيقاً حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلاَلَةُ إِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيَاطِينَ أَوْلِيَاء مِن دُونِ اللّهِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ(30)

ترجمہ: ایک گروہ کو اس نے ہدایت فرمائی اور ایک گروہ پر (اس کے اپنے کسب و عمل کے نتیجے میں) گمراہی ثابت ہو گئی۔ بے شک انہوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیطانوں کو دوست بنا لیا تھا اور وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ وہ ہدایت یافتہ ہیںo

He guided one group, but error was proved against the other (consequent on their own doings). Indeed, they made friends with satans, leaving Allah aside, and think that they are the rightly guided.

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ (34)

ترجمہ: اور ہر گروہ کے لیے ایک میعاد (مقرر) ہے پھر جب ان کا (مقررہ) وقت آ جاتا ہے تو وہ ایک گھڑی (بھی) پیچھے نہیں ہٹ سکتے اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیںo

And a term (has been appointed) for every people, and when their (fixed) hour approaches, they can neither hold back nor advance (even) for a single moment.

يَا بَنِيْ آدَمَ إِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِيْ فَمَنِ اتَّقَى وَأَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ35)

ترجمہ: اے اولادِ آدم! اگر تمہارے پاس تم میں سے رسول آئیں جو تم پر میری آیتیں بیان کریں پس جو پرہیزگار بن گیا اور اس نے (اپنی) اصلاح کر لی تو ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ (ہی) وہ رنجیدہ ہوں گےo

O Children of Adam! If Messengers come to you from amongst yourselves who relate to you My Revelations, then whoever becomes Godfearing and pious and amends (himself), neither will any fear obsess them, nor will they grieve.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْساً إِلَّا وُسْعَهَا أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (42)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلّف نہیں کرتے، یہی لوگ اہلِ جنت ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گےo

But those who believe and do good works persistently, We do not burden anyone beyond his endurance; it is they who are the people of Paradise; they will live in it forever.

وَنَـزَعْنَا مَا فِيْ صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ وَقَالُواْ الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِيْ هَدَانَا لِهَـذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلا أَنْ هَدَانَا اللّهُ لَقَدْ جَاءتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُودُواْ أَن تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ(43)

ترجمہ: اور ہم وہ (رنجش و) کینہ جو ان کے سینوں میں (دنیا کے اندر ایک دوسرے کے لیے) تھا نکال (کے دور کر) دیں گے ان کے (محلوں کے) نیچے نہریں جاری ہوں گی، اور وہ کہیں گے: سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں یہاں تک پہنچا دیا، اور ہم (اس مقام تک کبھی) راہ نہ پا سکتے تھے اگر اللہ ہمیں ہدایت نہ فرماتا، بے شک ہمارے رب کے رسول حق (کا پیغام) لائے تھے، اور (اس دن) ندا دی جائے گی کہ تم لوگ اس جنت کے وارث بنا دیے گئے ہو ان (نیک) اعمال کے باعث جو تم انجام دیتے تھےo

And We shall remove from their breasts (rancour and) spite (that they had for others in the world). Streams will flow under (their palaces), and they will say: 'All praise belongs to Allah alone, Who has brought us here. Had Allah not guided us, we would never have made our way through (to this station). Verily, the Messengers of our Lord brought us (the message of) truth.' It will be called

out (that Day): 'You have been made heirs to this Paradise for the (pious) deeds that you used to do.'

إِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَواْ إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُواْ فَإِذَا هُم مُّبْصِرُونَ (201)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے پرہیزگاری اختیار کی ہے، جب انہیں شیطان کی طرف سے کوئی خیال بھی چھو لیتا ہے (تو وہ اللہ کے امر و نہی اور شیطان کے دجل و عداوت کو) یاد کرنے لگتے ہیں سو اسی وقت ان کی (بصیرت کی) آنکھیں کھل جاتی ہیںo

Surely, those who have adopted piety, when some temptation from Satan touches them, they actively remember (the commands and prohibitions of Allah and the wickedness and hostility of Satan). So, the eyes (of their hearts) open up right away.

سورۃ الانفال:

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِيْنَ إِذَا ذُكِرَ اللّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَإِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ آيَاتُهُ زَادَتْهُمْ إِيْمَاناً وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (2)

ترجمہ: ایمان والے (تو) صرف وہی لوگ ہیں کہ جب (ان کے سامنے) اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (تو) ان کے دل (اس کی عظمت و جلال کے تصور سے) خوفزدہ ہو جاتے ہیں اور جب ان پر اس کی آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ (کلامِ محبوب کی لذت انگیز اور حلاوت آفریں باتیں) ان کے ایمان میں زیادتی کر دیتی ہیں اور وہ (ہر حال میں) اپنے رب پر توکل (قائم) رکھتے ہیں (اور کسی غیر کی طرف نہیں تکتے)o

The believers are only those whose hearts, when Allah is mentioned (before them), are filled with awe (at the very idea of Allah's Greatness and Might). And when His Revelations are recited to them, they (the ecstatic, delightful, sweet and sublime Words of the Beloved) increase their faith, and they (maintain) their trust in their Lord alone (under all circumstances, and do not look towards anyone other than Him).

الَّذِيْنَ يُقِيْمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (3)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو نماز قائم رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے اس میں سے (اس کی راہ میں) خرچ کرتے رہتے ہیںo

(They) are those who establish Prayer, and spend (in the cause of Allah) out of whatever We have bestowed upon them.

أُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقّاً لَّهُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيْمٌ (4)

ترجمہ: (حقیقت میں) یہی لوگ سچے مومن ہیں، ان کے لیے ان کے رب کی بارگاہ میں (بڑے) درجات ہیں اور مغفرت اور بلند درجہ رزق ہےo

It is they who are (in fact) the true believers. For them are (high) ranks with their Lord and forgiveness and an honourable provision.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ أَطِيْعُواْ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَلاَ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَأَنتُمْ تَسْمَعُونَ (20)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کی اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو اور اس سے روگردانی مت کرو حالاں کہ تم سن رہے ہوo

O believers! Obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and do not turn away from him whilst you are hearing.

وَلَا تَكُونُواْ كَالَّذِيْنَ قَالُوا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ (21)

ترجمہ: اور ان لوگوں کی طرح مت ہو جانا جنہوں نے (دھوکہ دہی کے طور پر) کہا: ہم نے سن لیا، حالاں کہ وہ نہیں سنتےo

And do not be like those who said (by way of betraying): 'We have heard,' whereas they do not hear.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِن تَتَّقُواْ اللّهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَاناً وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (29)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تم اللہ کا تقوٰی اختیار کرو گے (تو) وہ تمہارے لیے حق و باطل میں فرق کرنے والی حجت (و ہدایت) مقرر فرما دے گا اور تمہارے (دامن) سے تمہارے گناہوں کو مٹا دے گا اور تمہاری مغفرت فرما دے گا، اور اللہ بڑے فضل والا ہےo

O believers! If you adopt the fear of Allah, (then) He will set for you a criterion (and guidance) to distinguish between truth and falsehood, and will wipe out your sins from your (record) and will forgive you. And Allah is the Lord of great bounty.

وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّيْنُ كُلُّهُ لِلّه فَإِنِ انتَهَوْاْ فَإِنَّ اللّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (39)

ترجمہ: اور (اے اہلِ حق!) تم ان (ظلم و طاغوت کے سرغنوں) کے ساتھ (قیامِ امن کے لیے) جنگ کرتے رہو یہاں تک کہ کوئی فتنہ (باقی) نہ رہ جائے اور سب دین (یعنی نظامِ بندگی و زندگی) اللہ ہی کا ہو جائے، پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بے شک اللہ اس (عمل) کو جو وہ انجام دے رہے ہیں، خوب دیکھ رہا ہےo

And, (O people of truth,) continue your fight against these (chieftains of oppression and aggression for the establishment of enduring peace), until there does not (remain) any disruption and Din (the system of living in servitude and compliance) is devoted to Allah alone. And if they desist, then Allah surely sees well (the action) that they are accomplishing.

وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ لَوْ أَنفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً مَّا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَـكِنَّ اللّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (63)

ترجمہ: اور (اسی نے) ان (مسلمانوں) کے دلوں میں باہمی الفت پیدا فرما دی۔ اگر آپ وہ سب کچھ جو زمین میں ہے خرچ کر ڈالتے تو (ان تمام مادی وسائل سے) بھی آپ ان کے دلوں میں (یہ) الفت پیدا نہ کر سکتے لیکن اللہ نے ان کے درمیان (ایک روحانی رشتے سے) محبت پیدا فرما دی۔ بے شک وہ بڑے غلبہ والا حکمت والا ہےo

And He (is the One Who) awakened mutual love amongst the hearts of the (Muslims). If you had spent whatever exists in the earth, you could never have inculcated this (love) in their hearts (with all these material resources). But Allah roused that love amongst them (through a spiritual relation). Allah is indeed Almighty, Most Wise.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (64)

ترجمہ: اے نبیٔ (معظّم!) آپ کے لیے اللہ کافی ہے اور وہ مسلمان جنہوں نے آپ کی پیروی اختیار کر لی o

O (Glorious) Messenger! Sufficient for you is Allah and those Muslims who have committed themselves to follow in your footsteps.

وَالَّذِيْنَ كَفَرُواْ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ إِلاَّ تَفْعَلُوهُ تَكُن فِتْنَةٌ فِي الأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ (73)

ترجمہ: اور جو لوگ کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے مددگار ہیں، (اے مسلمانو!) اگر تم (ایک دوسرے کے ساتھ) ایسا (تعاون اور مدد و نصرت) نہیں کرو گے تو زمین میں (غلبۂ کفر و باطل کا) فتنہ اور بڑا فساد بپا ہو جائے گا o

And those who disbelieve are the allies of one another. (O Muslims!) If you do not extend (to one another) the same (help and cooperation for the cause of Allah), then great mischief and disruption (for the dominance of disbelief and falsehood) will break out in the land.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ فِي سَبِيْلِ اللّهِ وَالَّذِيْنَ آوَواْ وَّنَصَرُواْ أُولَـئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقّاً لَّهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيْمٌ (74)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (راہِ خدا میں گھر بار اور وطن قربان کر دینے والوں کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی، وہی لوگ حقیقت میں سچے مسلمان ہیں، ان ہی کے لیے بخشش اور عزت کی روزی ہے o

And those who believed and emigrated and fought in the cause of Allah and those who provided shelter (to those who sacrificed their households and homeland in the cause of Allah) and helped (them), they are the people who are in fact true Muslims. They are the ones for whom is forgiveness and an honourable provision.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ مِن بَعْدُ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ مَعَكُمْ فَأُوْلَـئِكَ مِنكُمْ وَأُوْلُواْ الأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ(75)

ترجمہ: اور جو لوگ اس کے بعد ایمان لائے اور انہوں نے راہِ حق میں (قربانی دیتے ہوئے) گھر بار چھوڑ دیے اور (عدل و انصاف اور امن و سلامتی کے نوزائدہ نظام کو متزلزل کرنے والے حملہ آور اور جارِح دشمنوں کے خلاف) تمہارے ساتھ مل کر (دفاعی) جہاد کیا تو وہ لوگ (بھی) تم ہی میں سے ہیں، اور اللہ کی کتاب میں رشتے دار (صلہ رحمی اور وراثت کے لحاظ سے) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے o

And those who believed afterwards, and left their homes (sacrificing) in the cause of truth, and joined you in fighting (in defence against the aggressing enemies who initiated and imposed war to jolt off the newly born system of social justice, peace and security), they are (also) from amongst you. And (as for inheritance and affinity with blood relations) the relatives have a higher claim on one another in the Book of Allah. Surely, Allah knows best everything.

سورۃ التوبۃ:

قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ (14)

ترجمہ: تم ان سے جنگ کرو (جنہوں نے حدیبیہ کا معاہدۂ اَمن توڑ کر پھر حالتِ جنگ کا آغاز کیا)، اللہ تمہارے ہاتھوں انہیں (ان کی عہد شکنی اور اَمن دشمنی کے باعث) عذاب دے گا اور انہیں رسوا کرے گا اور اُن (سے مقابلہ کرنے) پر تمہاری مدد فرمائے گا اور ایمان والوں کے سینوں کو شفا بخشے گا (جن پر محاربینِ مکہ کے سرغنوں کی طرف سے ظلم و تشدد کیا جاتا رہا)o

Fight against those (who broke peace treaty and restored the state of war-permission to fight second time); Allah will torment them at your hands (for their treaty violation and breach of the peace) and will humiliate them, and will help you (in your defensive fight) against them, and will heal the breasts of the believers.

وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوبِهِمْ وَيَتُوبُ اللّهُ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (15)

ترجمہ: اور ان کے دلوں کا غم و غصہ دور فرمائے گا اور جس کی چاہے گا توبہ قبول فرمائے گا، اور اللہ بڑے علم والا بڑی حکمت والا ہےo

And He will remove the distress and fury in their hearts, and will accept repentance of whom He wills. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

الَّذِينَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ فِي سَبِيلِ اللّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ أَعْظَمُ دَرَجَةً عِندَ اللّهِ وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ(20)

ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں سے جہاد کرتے رہے وہ اللہ کی بارگاہ میں درجہ کے لحاظ سے بہت بڑے ہیں، اور وہی لوگ ہی مراد کو پہنچے ہوئے ہیںo

Those who have believed and have emigrated and have consistently toiled hard in the cause of Allah with their material and human resources enjoy a very high rank in the presence of Allah, and it is they who have achieved the ultimate goal.

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُم بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَجَنَّاتٍ لَّهُمْ فِيهَا نَعِيمٌ مُّقِيمٌ (21)

ترجمہ: ان کا رب انہیں اپنی جانب سے رحمت کی اور (اپنی) رضا کی اور (ان) جنتوں کی خوشخبری دیتا ہے جن میں ان کے لیے دائمی نعمتیں ہیںo

Their Lord gives them glad tidings of mercy from Him and of (His) pleasure and of (those) Gardens for them in which there are eternal delights;

خَالِدِينَ فِيهَا أَبَداً إِنَّ اللّهَ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ (22)

ترجمہ: (وہ) ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے بے شک اللہ ہی کے پاس بڑا اجر ہےo

They will reside therein forever. Surely, with Allah is the mighty reward.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ آبَاءكُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاء إِنِ اسْتَحَبُّواْ الْكُفْرَ عَلَى الإِيمَانِ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (23)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنے باپ (دادا) اور بھائیوں کو بھی دوست نہ بناؤ اگر وہ ایمان پر کفر کو محبوب رکھتے ہوں، اور تم میں سے جو شخص بھی انہیں دوست رکھے گا سو وہی لوگ ظالم ہیں o

O believers! Do not take your fathers (and forefathers) and brothers for friends if they love disbelief more than belief. And whoever of you befriends them, it is they who are the wrongdoers.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلاَ يَقْرَبُواْ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هَـذَا وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ إِن شَاء إِنَّ اللّهَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ **(28)**

ترجمہ: اے ایمان والو! مشرکین تو سراپا نجاست ہیں سو وہ اپنے اس سال کے بعد (یعنی فتحِ مکہ کے بعد 9ھ سے) مسجدِ حرام کے قریب نہ آنے پائیں، اور اگر تمہیں (تجارت میں کمی کے باعث) مفلسی کا ڈر ہے تو (گھبراؤ نہیں) عنقریب اللہ اگر چاہے گا تو تمہیں اپنے فضل سے مال دار کر دے گا، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

O believers! The polytheists are an embodiment of impurity, so let them not come closer to the Sacred Mosque after this year of theirs (i.e., after victory over Mecca in 9 AH). If you fear poverty (due to a decline in your trade), then (do not worry). Allah will soon enrich you from His bounty if He so wills. Surely, Allah is All-Knowing, Most Wise.

قَاتِلُواْ الَّذِيْنَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلاَ بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَلاَ يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَلاَ يَدِيْنُونَ دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حَتَّى يُعْطُواْ الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ **(29)**

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تم اہلِ کتاب میں سے ان لوگوں کے ساتھ (بھی جوابی) جنگ کرو (جنہوں نے تمہارے ساتھ مدینہ میں کیے ہوئے معاہدۂ اَمن کو توڑ کر، جلاوطنی کے باوُجود جنگ اَحزاب میں مدینہ پر حملہ آور کفارِ مکہ کی اَفواج کی بھرپور مدد کی اور اب بھی تمہارے خلاف تمام ممکنہ سازشیں جاری رکھے ہوئے ہیں) جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ یومِ آخرت پر اور نہ ان چیزوں کو حرام جانتے ہیں جنہیں اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے حرام قرار دیا ہے اور نہ ہی دینِ حق اختیار کرتے ہیں، یہاں تک کہ وہ (ریاست کے دستور اور نظام کے) تابع ہو کر اپنے ہاتھ سے ریاستی حفاظت کا ٹیکس (جو عسکری خدمات سے اِستثناء کی صورت میں وصول کیا جاتا ہے) ادا کریں o

(O Muslims!) Wage (also a defensive) war against those of the People of the Book who (infringed the peace treaty signed with you in Medina, and despite being in exile, provided full support to the disbelieving Meccan invaders who imposed the battle of al-Ahzab [the Confederates] on Medina, and have continued every possible conspiracy against you even now) do not have faith in Allah and the Last Day, and do not consider unlawful the things Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have declared unlawful, and do not adopt the true Religion until they give in and surrender (to the state and constitution), by paying the state security tax with their own hands (in case of exemption from military services).

وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ يَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَيُطِيعُونَ اللّهَ وَرَسُولَهُ أُوْلَـئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّهُ إِنَّ اللّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (71)

ترجمہ: اور اہلِ ایمان مرد اور اہلِ ایمان عورتیں ایک دوسرے کے رفیق و مددگار ہیں۔ وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت بجالاتے ہیں، ان ہی لوگوں پر اللہ عنقریب رحم فرمائے گا، بے شک اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

The believers, men and women, are helpers and friends to one another. They command good and forbid evil and establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). It is they on whom Allah will soon shower His Mercy. Surely, Allah is Almighty, Most Wise.

وَعَدَ اللّهُ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّهِ أَكْبَرُ ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ(72)

ترجمہ: اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے جنتوں کا وعدہ فرما لیا ہے جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں اور ایسے پاکیزہ مکانات کا بھی (وعدہ فرمایا ہے) جو جنت کے خاص مقام پر سدا بہار باغات میں ہیں، اور (پھر) اللہ کی رضا اور خوشنودی (ان سب نعمتوں سے) بڑھ کر ہے (جو بڑے اجر کے طور پر نصیب ہوگی)، یہی زبردست کامیابی ہےo

Allah has promised the believers, men and women, Gardens with streams flowing beneath. They will dwell therein forever. And (He has also promised) blessed mansions located at a special site in Paradise amidst evergreen Gardens, and (then) the greatest (bliss of all) is the pleasure and acceptance of Allah (which will be awarded as a mighty compensation). This indeed is the highest achievement.

وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَن يُؤْمِنُ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ قُرُبَاتٍ عِندَ اللّهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُولِ أَلا إِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ سَيُدْخِلُهُمُ اللّهُ فِي رَحْمَتِهِ إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ(99)

ترجمہ: اور بادیہ نشینوں میں (ہی) وہ شخص (بھی) ہے جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور جو کچھ (راہِ خدا میں) خرچ کرتا ہے اسے اللہ کے حضور تقرب اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی (رحمت بھری) دعائیں لینے کا ذریعہ سمجھتا ہے، سن لو! بے شک وہ ان کے لیے باعثِ قربِ الٰہی ہے، جلد ہی اللہ انہیں اپنی رحمت میں داخل فرما دے گا۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

And (yet) amongst these nomads there is (also) one who believes in Allah and the Last Day and considers whatever he spends (in the way of Allah) as a means of nearness to Allah and receiving (the merciful) supplications of the Messenger. Listen! Assuredly, it is a source of nearness to Allah. Allah will

soon admit them to His mercy. Surely, Allah is Most Forgiving,Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ اتَّقُواْ اللّهَ وَكُونُواْ مَعَ الصَّادِقِيْنَ(119)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور اہلِ صدق (کی معیت) میں شامل رہوo

O believers! Fear Allah persistently, and remain in the (company) of those who uphold the truth.

سورۃ یونس:

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيْمَانِهِمْ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهِمُ الأَنْهَارُ فِىْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ (9)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے انہیں ان کا رب ان کے ایمان کے باعث (جنتوں تک) پہنچا دے گا، جہاں ان (کی رہائش گاہوں) کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی (یہ ٹھکانے) اُخروی نعمت کے باغات میں (ہوں گے)o

Indeed, those who believe and consistently practise piety, their Lord will take them, for their faith, (to the Gardens) with streams flowing (under their abodes, located) in the Gardens of Bliss in the Hereafter.

وَأَنْ أَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفاً وَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (105)

ترجمہ: اور یہ کہ آپ ہر باطل سے بچ کر (یک سُو ہوکر) اپنا رخ دین پر قائم رکھیں اور ہرگز شرک کرنے والوں میں سے نہ ہوںo

And that, guarding against every falsehood, (with focused attention,) keep your direction towards the Din (Religion) and never be of those who associate partners with Allah.'

وَلاَ تَدْعُ مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَنفَعُكَ وَلاَ يَضُرُّكَ فَإِن فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذاً مِّنَ الظَّالِمِيْنَ(106)

ترجمہ: (یہ حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وساطت سے امت کو دیا جا رہا ہے:) اور نہ اللہ کے سوا ان (بتوں) کی عبادت کریں جو نہ تمہیں نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ تمہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں، پھر اگر تم نے ایسا کیا تو بے شک تم اس وقت ظالموں میں سے ہو جاؤ گےo

(This command is being communicated to the Umma [Community] through the Messenger:) 'Nor worship those (idols) besides Allah, which can neither profit nor harm you. Then if you do it, you will surely be amongst the wrongdoers the same moment.'

وَإِن يَمْسَسْكَ اللّهُ بِضُرٍّ فَلاَ كَاشِفَ لَهُ إِلاَّ هُوَ وَإِن يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلاَ رَآدَّ لِفَضْلِهِ يُصِيْبُ بِهِ مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيْمُ (107)

ترجمہ: اور اگر اللہ تمہیں کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے سوا کوئی اسے دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ تمہارے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرمائے تو کوئی اس کے فضل کو ردّ کرنے والا نہیں۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اپنا فضل پہنچاتا ہے، اور وہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

And if Allah afflicts you with some distress, then there is none who can remove

it but He. And if He intends any good for you, then there is none who can repel His bounty. He bestows His bounty upon whomsoever of His servants He pleases. And He is Most Forgiving, Ever-Merciful.

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءكُمُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدَى فَإِنَّمَا يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ وَمَن ضَلَّ فَإِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَمَا أَنَاْ عَلَيْكُم بِوَكِيلٍ (108)

ترجمہ: فرما دیجیے: اے لوگو! بے شک تمہارے پاس تمہارے رب کی جانب سے حق آ گیا ہے، سو جس نے راہِ ہدایت اختیار کی بس وہ اپنے ہی فائدے کے لیے ہدایت اختیار کرتا ہے اور جو گمراہ ہو گیا بس وہ اپنی ہی ہلاکت کے لیے گمراہ ہوتا ہے اور میں تمہارے اوپر داروغہ نہیں ہوں (کہ تمہیں سختی سے راہِ ہدایت پر لے آؤں)o

Say: 'O people, surely the truth has come to you from your Lord. So whoever adopts the path of guidance adopts it for his own good, and he who is misguided goes astray for his own destruction. And I am not a custodian over you (that I should bring you to the path of guidance coercively).'

سورۃ ہود:

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ وَأَخْبَتُواْ إِلَى رَبِّهِمْ أُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ الجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خَالِدُونَ (23)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور اپنے رب کے حضور عاجزی کرتے رہے یہی لوگ اہلِ جنت ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

Verily, those who believe and persist in pious works and humble themselves before their Lord, it is they who are the people of Paradise.They will live there forever.

مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالأَعْمَى وَالأَصَمِّ وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلاً أَفَلاَ تَذَكَّرُونَ (24)

ترجمہ: (کافر و مسلم) دونوں فریقوں کی مثال اندھے اور بہرے اور (اس کے برعکس) دیکھنے والے اور سننے والے کی سی ہے۔ کیا دونوں کا حال برابر ہے؟ کیا تم پھر (بھی) نصیحت قبول نہیں کرتےo

The example of the two parties (the disbelievers and the believers) is like the blind and the deaf (versus) the seeing and the hearing. Are both cases equal? Will you not take advice (even) then?

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلاَ تَطْغَوْاْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (112)

ترجمہ: پس آپ ثابت قدم رہیے جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے اور وہ بھی (ثابت قدم رہے) جس نے آپ کی معیت میں (اللہ کی طرف) رجوع کیا ہے، اور (اے لوگو!) تم سرکشی نہ کرنا، بے شک تم جو کچھ کرتے ہو وہ اسے خوب دیکھ رہا ہےo

So remain firm-footed as you have been commanded, and he too who has turned (to Allah) in your companionship (must persevere). And, (O people,) do not revolt. Indeed, He monitors whatever you do.

وَلاَ تَرْكَنُواْ إِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُواْ فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللّهِ مِنْ أَوْلِيَاء ثُمَّ لاَ تُنصَرُونَ (113)

ترجمہ: اورتم ایسے لوگوں کی طرف مت جھکنا جو ظلم کر رہے ہیں ورنہ تمہیں آتشِ (دوزخ) آ چھوئے گی اور تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی مددگار نہ ہوگا پھر تمہاری مدد (بھی) نہیں کی جائے گیo

And incline not towards those who are engaged in oppression (and exploitation) lest the Fire (of Hell) should touch down at you, and there will be no protector for you apart from Allah; then help (too) will not be extended to you.

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِن قَبْلِكُمْ أُوْلُواْ بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنجَيْنَا مِنْهُمْ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُواْ مَا أُتْرِفُواْ فِيهِ وَكَانُواْ مُجْرِمِينَ (116)

ترجمہ: سوتم سے پہلے کی امتوں میں ایسے صاحبانِ فضل وخرد کیوں نہ ہوئے جولوگوں کو زمین میں فساد انگیزی سے روکتے بجز ان میں سے تھوڑے سے لوگوں کے جنہیں ہم نے نجات دے دی، اور ظالموں نے عیش وعشرت (کے اسی راستے) کی پیروی کی جس میں وہ پڑے ہوئے تھے اور وہ (عادی) مجرم تھےo

So why were there not amongst the communities, that preceded you, men of superior morality and wisdom, who would stop people from mischief-mongering in the land, except a few of them whom We delivered? And the unjust stuck to (the same path of) luxury and lustfulness they were addicted to. And they were (regular) criminals.

سورۃ الرعد:

لِلَّذِينَ اسْتَجَابُواْ لِرَبِّهِمُ الْحُسْنَى وَالَّذِينَ لَمْ يَسْتَجِيبُواْ لَهُ لَوْ أَنَّ لَهُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعاً وَمِثْلَهُ مَعَهُ لَافْتَدَوْاْ بِهِ أُوْلَئِكَ لَهُمْ سُوءُ الْحِسَابِ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ18)

ترجمہ: ایسے لوگوں کے لیے جنہوں نے اپنے رب کا حکم قبول کیا بھلائی ہے، اور جنہوں نے اس کا حکم قبول نہیں کیا اگر ان کے پاس وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اس کے ساتھ اتنا اور بھی ہو سو وہ اسے (عذاب سے نجات کے لیے) فدیہ دے ڈالیں (تب بھی) انہی لوگوں کا حساب برا ہوگا، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ نہایت برا ٹھکانا ہےo

For those who accept the command of their Lord, there is the excellent outcome. And those who reject His command, even though they possess all that is in the earth, and the like of it added to that, and they offer it as ransom (to be delivered from the torment, even then) they are the ones whose accountability will be horrible. And Hell is their abode, and that is a wretched abode.

الَّذِينَ آمَنُواْ وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللّهِ أَلَا بِذِكْرِ اللّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ(28)

ترجمہ: جولوگ ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہوتے ہیں، جان لو کہ اللہ ہی کے ذکر سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہےo

Those who believe and their hearts become calm and contented with the

remembrance of Allah-know that it is the remembrance of Allah alone that brings calm to the hearts.

الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ طُوبَى لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ (29)

ترجمہ: جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے (آخرت میں) عیش ومسرت ہے اور عمدہ ٹھکانا ہےo

Those who believe and do pious works, for them there are pleasures and rejoicing and an excellent abode (in the Hereafter).'

سورۃ النحل:

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْاْ مَاذَا أَنزَلَ رَبُّكُمْ قَالُواْ خَيْراً لِّلَّذِيْنَ أَحْسَنُواْ فِيْ هَذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَلَدَارُ الآخِرَةِ خَيْرٌ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ (30)

ترجمہ: اور پرہیزگار لوگوں سے کہا جائے کہ تمہارے رب نے کیا نازل فرمایا ہے؟ وہ کہتے ہیں: (دنیا وآخرت کی) بھلائی (اتاری ہے)، ان لوگوں کے لیے جو نیکی کرتے رہے اس دنیا میں (بھی) بھلائی ہے، اور آخرت کا گھر تو ضرور ہی بہتر ہے، اور پرہیزگاروں کا گھر کیا ہی خوب ہےo

And (when) the Godfearing are asked: 'What has your Lord sent down?' they say: 'All good (for here and the Hereafter has been sent down).' There is good for those who do good in this world (too), and certainly the abode of the Hereafter is even better. And how excellent is the abode of those who are Godfearing!

جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الأَنْهَارُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآؤُونَ كَذَلِكَ يَجْزِي اللّهُ الْمُتَّقِيْنَ (31)

ترجمہ: سدا بہار باغات ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی، اِن میں اُن کے لیے جو کچھ وہ چاہیں گے (میسّر) ہوگا، اس طرح اللہ پرہیزگاروں کو صلہ عطا فرماتا ہےo

There are Gardens of Eternity which they will enter with streams flowing under them. Therein will be (available) whatever they will long for. That is how Allah rewards the Godfearing.

مَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (97)

ترجمہ: جو کوئی نیک عمل کرے (خواہ) مرد ہو یا عورت جبکہ وہ مومن ہو تو ہم اسے ضرور پاکیزہ زندگی کے ساتھ زندہ رکھیں گے، اور انہیں ضرور ان کا اجر (بھی) عطا فرمائیں گے ان اچھے اعمال کے عوض جو وہ انجام دیتے تھےo

Whoever performs pious works, man or woman, provided he or she is a believer, We will surely keep him alive with a life of purity, and will indeed reward them (as well) their wage of the righteous works which they used to do.

قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَهُدًى وَبُشْرَى لِلْمُسْلِمِيْنَ(102)

ترجمہ: فرما دیجیے: اس (قرآن) کو روح القدس (جبریل علیہ السلام) نے آپ کے رب کی طرف سے سچائی کے ساتھ اتارا ہے تاکہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے اور (یہ) مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہےo

Say: 'The Holy Spirit (Gabriel) has brought it (the Qur'an) down from your Lord with truth so as to keep the believers firm-footed, and (this) is guidance and good news for the believers.'

سورۃ ابراہیم:

يُثَبِّتُ اللّهُ الَّذِينَ آمَنُواْ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الآخِرَةِ وَيُضِلُّ اللّهُ الظَّالِمِينَ وَيَفْعَلُ اللّهُ مَا يَشَاءُ **(27)**

ترجمہ: اللہ ایمان والوں کو (اس) مضبوط بات (کی برکت) سے دنیوی زندگی میں بھی ثابت قدم رکھتا ہے اور آخرت میں (بھی)۔ اور اللہ ظالموں کو گمراہ ٹھہرا دیتا ہے۔ اور اللہ جو چاہتا ہے کر ڈالتا ہےo

Allah keeps the believers firm-footed in the life of this world as well as in the Hereafter with (the blessing) of this Firm Word, but Allah holds the wrongdoers astray. And Allah puts into action whatever He wills.

قُل لِّعِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُواْ يُقِيمُواْ الصَّلاَةَ وَيُنفِقُواْ مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرّاً وَعَلاَنِيَةً مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لاَّ بَيْعٌ فِيهِ وَلاَ خِلاَلٌ **(31)**

ترجمہ: آپ میرے مومن بندوں سے فرما دیں کہ وہ نماز قائم رکھیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ (ہماری راہ میں) خرچ کرتے رہیں اس دن کے آنے سے پہلے جس دن میں نہ کوئی خرید و فروخت ہوگی اور نہ ہی کوئی (دنیاوی) دوستی (کام آئے گی)o

Say to My servants who have believed that they must establish Prayer and spend (in Our way) both secretly and openly of the provision that We have granted them before the dawn of the Day when neither any transaction will take place, nor any (worldly) friendship (will profit).

سورۃ بنی اسرائیل:

وَمَنْ أَرَادَ الآخِرَةَ وَسَعَى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَأُوْلَئِكَ كَانَ سَعْيُهُم مَّشْكُوراً **(19)**

ترجمہ: اور جو شخص آخرت کا خواہش مند ہوا اور اس نے اس کے لیے اس کے لائق کوشش کی اور وہ مومن (بھی) ہے تو ایسے ہی لوگوں کی کوشش مقبولیت پائے گیo

And whoever longs for the Hereafter and toils for it befittingly and he is a believer (as well), it is they whose struggle will earn recognition.

سورۃ الکہف:

قَيِّماً لِّيُنذِرَ بَأْساً شَدِيداً مِن لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْراً حَسَناً **(2)**

ترجمہ: (اسے) سیدھا اور معتدل (بنایا) تاکہ وہ (منکرین کو) اللہ کی طرف سے (آنے والے) شدید عذاب سے ڈرائے اور مومنین کو جو نیک اعمال کرتے ہیں خوشخبری سنائے کہ ان کے لیے بہتر اجر (جنت) ہےo

(He made it) straight and moderate so that he might warn (the disbelievers) of fierce torment (coming) from Allah, and give good news to the believers who

do pious deeds that for them is excellent reward (Paradise),

مَاكِثِيْنَ فِيْهِ أَبَداً (3)

ترجمہ: جس میں وہ ہمیشہ رہیں گےo

Wherein they will live forever,

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهُ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَن ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطاً (28)

ترجمہ: (اے میرے بندے!) تو اپنے آپ کو ان لوگوں کی سنگت میں جمائے رکھا کر جو صبح و شام اپنے رب کو یاد کرتے ہیں اس کی رضا کے طلب گار رہتے ہیں (اس کی دید کے متمنی اور اس کا مکھڑا تکنے کے آرزو مند ہیں) تیری (محبت اور توجہ کی) نگاہیں ان سے نہ ہٹیں، کیا تو (ان فقیروں سے دھیان ہٹا کر) دنیوی زندگی کی آرائش چاہتا ہے، اور تو اس شخص کی اطاعت (بھی) نہ کر جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی ہوائے نفس کی پیروی کرتا ہے اور اس کا حال حد سے گزر گیا ہےo

(O My servant!) Stay tenaciously in the companionship of those who remember their Lord morning and evening, ardently seeking His pleasure, (keen on the glimpse of His sight, and eagerly aspiring to glance at His radiant Countenance). Your (affectionate and caring) looks must not but focus them. Do you seek the charisma of the worldly life (shifting your attention away from these self-denying devotees)? And (also) do not follow him whose heart We have made neglectful of Our remembrance, and who follows but the urge of his (ill-commanding self) and his case has exceeded all bounds.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ إِنَّا لَا نُضِيْعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلاً (30)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے یقیناً ہم اس شخص کا اجر ضائع نہیں کرتے جو نیک عمل کرتا ہےo

Indeed, those who believe and do pious deeds, We certainly do not waste the reward of the one who does pious deeds.

أُوْلَئِكَ لَهُمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَيَلْبَسُوْنَ ثِيَاباً خُضْراً مِّن سُنْدُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِئِيْنَ فِيْهَا عَلَى الْأَرَائِكِ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقاً (31)

ترجمہ: ان لوگوں کے لیے ہمیشہ (آباد) رہنے والے باغات ہیں (جن میں) ان (کے محلات) کے نیچے نہریں جاری ہیں انہیں ان جنتوں میں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ باریک دیبا اور بھاری اطلس کے (ریشمی) سبز لباس پہنیں گے اور پر تکلف تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے، کیا خوب ثواب ہے اور کتنی حسین آرام گاہ ہےo

For them there are (everlasting) Gardens with streams flowing under their (palaces). They will be adorned with bracelets of gold in these Gardens, and they will wear green attires of fine brocade and heavy silk. And there they will recline upon raised and richly adorned thrones. What an excellent reward and how beautiful a resting place!

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلاً (107)

ترجمہ: بے شک جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ان کے لیے فردوس کے باغات کی مہمانی ہوگیo

Surely, those who believe and do good deeds persistently shall have the Gardens of Paradise as their hospitality.

خَالِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلاً(108)

ترجمہ: وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے وہاں سے (اپنا ٹھکانا) کبھی بدلنا نہ چاہیں گےo

They will always live there. They will never seek any change (of abode) from there.

سورۃ مریم:

إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً فَأُوْلَئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْئاً (60)

ترجمہ: سوائے اس شخص کے جس نے توبہ کر لی اور ایمان لے آیا اور نیک عمل کرتا رہا تو یہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گاo

Except the one who repents and believes and persists in righteous works; they will enter Paradise and will not be wronged in the least.

جَنَّاتِ عَدْنِ الَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمَنُ عِبَادَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّهُ كَانَ وَعْدُهُ مَأْتِيّاً (61)

ترجمہ: ایسے سدا بہار باغات میں (رہیں گے) جن کا (خدائے) رحمان نے اپنے بندوں سے غیب میں وعدہ کیا ہے، بے شک اس کا وعدہ پہنچنے ہی والا ہےo

(They will dwell) in such evergreen gardens which the Most Kind (Lord) has promised to His servants in the unseen. Certainly, His promise is about to come true.

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْواً إِلَّا سَلَاماً وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَعَشِيّاً (62)

ترجمہ: وہ اس میں کوئی بے ہودہ بات نہیں سنیں گے مگر (ہر طرف سے) سلام (سنائی دے گا)، ان کے لیے ان کا رزق اس میں صبح وشام (میسر) ہوگاo

They will not hear in it any absurd talk but only greetings of peace (pouring in from every direction). And for them, their sustenance will be (available) in it morning and evening.

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَن كَانَ تَقِيّاً (63)

ترجمہ: یہ وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے بندوں میں سے اسے وارث بنائیں گے جو متقی ہوگاo

This is the Paradise which We shall award as inheritance to those of Our servants who are Godfearing.

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوا وَّنَذَرُ الظَّالِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيّاً (72)

ترجمہ: پھر ہم پرہیزگاروں کو نجات دے دیں گے اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل گرا ہوا چھوڑ دیں گےo

Then We shall deliver the Godfearing, and shall leave the wrongdoers in it

(Hell) down on their knees.

وَإِذَا تُتْلَى عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا لِلَّذِيْنَ آمَنُوا أَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَاماً وَأَحْسَنُ نَدِيّاً (73)

ترجمہ: اور جب ان پر ہماری روشن آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں: (اسی دنیا میں دیکھ لو! ہم) دونوں گروہوں میں سے کس کی رہائش گاہ بہتر اور مجلس خوب تر ہے o

And when Our enlightening Verses are recited to them, the disbelievers say to the believers: '(See in the selfsame world) which of us two groups has better housing and a more influential social circle.'

قُلْ مَن كَانَ فِيْ الضَّلَالَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمَنُ مَدّاً حَتَّى إِذَا رَأَوْا مَا يُوعَدُونَ إِمَّا الْعَذَابَ وَإِمَّا السَّاعَةَ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضْعَفُ جُنداً(75)

ترجمہ: فرما دیجیے: جو شخص گمراہی میں مبتلا ہو تو (خدائے) رحمان (بھی) اسے عمر و عیش میں خوب مہلت دیتا رہتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ لوگ اس چیز کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے خواہ عذاب اور خواہ قیامت، تب وہ اس شخص کو جان لیں گے جو رہائش گاہ کے اعتبار سے (بھی) برا ہے اور لشکر کے اعتبار سے (بھی) کمزور تر ہے o

Say: 'The Most Kind (Lord also) grants respite in age and luxury to the one who is lost in error until, when they see what they have been promised-the torment or the Day of Rising-then they will come to know him who is worse in respect of dwelling and (also) weaker in respect of troops.'

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ إِلَى الرَّحْمَنِ وَفْداً (85)

ترجمہ: جس دن ہم پرہیزگاروں کو جمع کر کے (خدائے) رحمان کے حضور (معزز مہمانوں کی طرح) سواریوں پر لے جائیں گے o

On the Day, when We shall assemble the Godfearing, and take them (as guests of honour) to the presence of the Most Kind (Lord) on carriages;

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمَنُ وُدّاً (96)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کیے تو (خدائے) رحمان ان کے لیے (لوگوں کے) دلوں میں محبت پیدا فرما دے گا o

Surely, those who believed and did pious deeds, the Most Kind (Lord) will create love for them in the hearts (of the people).

فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنذِرَ بِهِ قَوْماً لُّدّاً (97)

ترجمہ: سو بے شک ہم نے اس (قرآن) کو آپ کی زبان میں ہی آسان کر دیا ہے تاکہ آپ اس کے ذریعہ پرہیزگاروں کو خوشخبری سنا سکیں اور اس کے ذریعہ جھگڑالو قوم کو ڈر سنا سکیں o

So We have indeed made this (Qur'an) easy in your own tongue so that, by means of it, you may communicate good news to the Godfearing and may warn thereby the contentious people.

سورۃ طٰہٰ:

وَمَنْ يَأْتِهِ مُؤْمِناً قَدْ عَمِلَ الصَّالِحَاتِ فَأُوْلَئِكَ لَهُمُ الدَّرَجَاتُ الْعُلَى (75)

ترجمہ: اور جو شخص اس کے حضور مومن بن کر آئے گا (مزید یہ کہ) اس نے نیک عمل کیے ہوں گے تو ان ہی لوگوں کے لیے بلند درجات ہیں o

And whoever comes to His presence as a believer (and) has (also) done good deeds, it is they for whom are high ranks.

جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَذَلِكَ جَزَاء مَن تَزَكَّى(76)

ترجمہ: (وہ) سدابہار باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اور یہ اس شخص کا صلہ ہے جو (کفر و معصیت کی آلودگی سے) پاک ہو گیا o

(Those) are evergreen gardens beneath which streams flow. (They) will dwell therein forever. And that is the reward for the one who purifies himself (of the impurity and indecency of disbelief and immorality).

وَإِنِّىْ لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً ثُمَّ اهْتَدَى (82)

ترجمہ: اور بے شک میں بہت زیادہ بخشنے والا ہوں اس شخص کو جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیا پھر ہدایت پر (قائم) رہا o

And I am surely Most Forgiving to him who repents and affirms faith and behaves piously, then sticks to guidance (firmly).

وَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا يَخَافُ ظُلْماً وَلَا هَضْماً (112)

ترجمہ: اور جو شخص نیک عمل کرتا ہے اور وہ صاحبِ ایمان بھی ہے تو اسے نہ کسی ظلم کا خوف ہوگا اور نہ نقصان کا o

And whoever does righteous deeds and is also blessed with faith will fear neither any injustice nor any harm.

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَاهُ قُرْآناً عَرَبِيّاً وَصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ أَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْراً(113)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے اس (آخری وحی) کو عربی زبان میں (بشکلِ) قرآن اتارا ہے اور ہم نے اس میں (عذاب سے) ڈرانے کی باتیں بار بار (مختلف طریقوں سے) بیان کی ہیں تاکہ وہ پرہیزگار بن جائیں یا (یہ قرآن) ان (کے دلوں) میں یادِ (آخرت یا قبولِ نصیحت کا جذبہ) پیدا کر دے o

And in this way have We sent down (this last Revealed Book) in the Arabic tongue (in the shape of) the Qur'an, and have explained in it more often than not matters inspiring fear (of torment, in diverse ways,) so that they may become Godfearing, or this (Qur'an) may inculcate in their (hearts a passion for the acceptance of admonition, or) the remembrance (of the Last Day).

قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ أَصْحَابُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدَى(135)

1 ترجمہ: فرما دیجیے: ہر کوئی منتظر ہے، سو تم انتظار کرتے رہو، پس تم جلد ہی جان لو گے کہ کون لوگ راہِ راست والے ہیں اور کون ہدایت یافتہ ہیںo

Say: 'Everyone is waiting, so wait on. You will soon come to know who are the people of the right path and who are the guided ones.'

سورۃ الانبیاء:

الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ وَهُم مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُونَ (49)

ترجمہ: جو لوگ اپنے رب سے نادیدہ ڈرتے ہیں اور جو قیامت (کی ہولناکیوں) سے خائف رہتے ہیںo

(They are) those who fear their Lord unseen and who dread (the calamities of) the Hour (of Rising).

فَمَن يَعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهِ وَإِنَّا لَهُ كَاتِبُونَ (94)

ترجمہ: پس جو کوئی نیک عمل کرے اور وہ مومن بھی ہو تو اس کی کوشش (کی جزا) کا انکار نہ ہوگا، اور بے شک ہم اس کے (سب) اعمال کو لکھ رہے ہیںo

So whoever does good deeds and is a believer as well, (the reward of) his effort will not be refused, and surely We are writing down (all) his deeds.

إِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُم مِّنَّا الْحُسْنَى أُوْلَئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ (101)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں کے لیے پہلے سے ہی ہماری طرف سے بھلائی مقرر ہو چکی ہے وہ اس (جہنم) سے دور رکھے جائیں گےo

Surely, those for whom good has already been decreed from Us will be kept away from (Hell).

لَا يَسْمَعُونَ حَسِيْسَهَا وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ أَنفُسُهُمْ خَالِدُونَ (102)

ترجمہ: وہ اس کی آہٹ بھی نہ سنیں گے اور وہ ان (نعمتوں) میں ہمیشہ رہیں گے جن کی ان کے دل خواہش کریں گےo

They shall not hear even its slightest hissing sound, and they shall live forever amongst those (bounties) which their hearts will long for.

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ هَذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنتُمْ تُوعَدُونَ (103)

ترجمہ: (روزِ قیامت کی) سب سے بڑی ہولناکی (بھی) انہیں رنجیدہ نہیں کرے گی اور فرشتے ان کا استقبال کریں گے (اور کہیں گے:) یہ تمہارا (ہی) دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا رہاo

(Even) the Greatest Horror (of the Day of Rising) will not grieve them and the angels will welcome them, (saying:) 'This is (but) your Day which you were promised.'

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ (105)

ترجمہ: اور بلاشبہ ہم نے زبور میں نصیحت کے (بیان کے) بعد یہ لکھ دیا تھا کہ (عالمِ آخرت کی) زمین کے وارث صرف میرے نیکو

کا ربندے ہوں گےo

And surely We wrote in the al-Zabur (the Psalms) after (stating the) admonition that the inheritors of the earth (in the Hereafter) will be My pious servants.

إِنَّ فِي هَذَا لَبَلَاغاً لِّقَوْمٍ عَابِدِيْنَ (106)

ترجمہ: بےشک اس (قرآن) میں عبادت گزاروں کے لیے (حصولِ مقصد کی) کفایت وضمانت ہےo

Surely, there is for the devoted worshippers a guarantee and sufficient provision in this (Qur'an of achieving the objective).

سورۃ الحج:

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ إِنَّ اللَّهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ (14)

ترجمہ: بےشک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں، یقیناً اللہ جو ارادہ فرماتا ہے کر دیتا ہےo

Indeed, Allah will admit those who believe and keep doing good deeds to the Gardens with streams flowing beneath them. Surely, Allah does what He wills.

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤاً وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ (23)

ترجمہ: بےشک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لے آئے ہیں اور نیک اعمال انجام دیتے ہیں جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہیں وہاں انہیں سونے کے کنگنوں اور موتیوں سے آراستہ کیا جائے گا، اور وہاں ان کا لباس ریشم ہوگاo

Surely, Allah will admit those who believe and do pious deeds to the Gardens beneath which streams flow. There they will be adorned with bracelets of gold and pearls. And their clothes there will be of silk.

وَهُدُوا إِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوا إِلَى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ (24)

ترجمہ: اور انہیں (دنیا میں) پاکیزہ قول کی ہدایت کی گئی اور انہیں (اسلام کے) پسندیدہ راستہ کی طرف رہنمائی کی گئیo

And (in the world) they are directed to pure and decent talk and are guided to the favourite path (of Islam).

الَّذِيْنَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِيْنَ عَلَى مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (35)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے (تو) ان کے دل ڈرنے لگتے ہیں اور جو مصیبتیں انہیں پہنچتی ہیں ان پر صبر کرتے ہیں اور نماز قائم رکھنے والے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں عطا فرمایا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیںo

(They are) the people whose hearts get into fear when Allah is mentioned, and they bear with fortitude whatever troubles touch them. And they establish Prayer, and give away out of what We have bestowed upon them.

الَّذِيْنَ إِن مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ وَلِلَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ (41)

ترجمہ: (یہ اہلِ حق) وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار دے دیں (تو) وہ نماز (کا نظام) قائم کریں اور زکوٰۃ کی ادائیگی (کا انتظام) کریں اور (پورے معاشرے میں نیکی اور) بھلائی کا حکم کریں اور (لوگوں کو) برائی سے روک دیں، اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہےo

(These men of truth) are those who, if We establish their rule in the earth, will establish (systems of) Prayer, (organize and control) the paying of Zakat (the Alms-due), enjoin righteousness (and piousness in the whole society) and forbid (people from) evil. And the result of all the endeavours is in the control of Allah.

فَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيْمٌ (50)

ترجمہ: پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے مغفرت ہے اور (مزید) بزرگی والی عطا ہےo

So they who believe and do good deeds, for them is forgiveness and bounty of (greater) honour and dignity.

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهِ فَتُخْبِتَ لَهُ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ اللَّهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ آمَنُوا إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (54)

ترجمہ: اور تاکہ وہ لوگ جنہیں علم (صحیح) عطا کیا گیا ہے جان لیں کہ وہی (وحی جس کی پیغمبر نے تلاوت کی ہے) آپ کے رب کی طرف سے (مَبنی) برحق ہے سو وہ اسی پر ایمان لائیں (اور شیطانی وسوسوں کو ردّ کر دیں) اور ان کے دل اس (رب) کے لیے عاجزی کریں، اور بے شک اللہ مومنوں کو ضرور سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرمانے والا ہےo

And so that those who have been given (true) knowledge may know that the (Revelation which the Messenger recited) is (based on) the truth from your Lord, so they believe in the same (and reject Satan's suggestions) and their hearts beat in submissiveness (before the Lord). And no doubt, Allah does guide the believers to the straight path.

الْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِيْ جَنَّاتِ النَّعِيْمِ (56)

ترجمہ: حکمرانی اس دن صرف اللہ ہی کی ہوگی۔ وہی ان کے درمیان فیصلہ فرمائے گا، پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے (وہ) نعمت کے باغات میں (قیام پذیر) ہوں گےo

On that Day, sovereignty will be Allah's alone. He is the One Who will judge amongst them. So those who believe and do good deeds will (reside) in the Gardens of Bliss.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ) (77)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم رکوع کرتے رہو اور سجود کرتے رہو، اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہو اور (دیگر) نیک کام کیے جاؤ تاکہ تم فلاح پاسکوo

O believers! Persist in kneeling down and prostrating yourselves and worshipping your Lord, and do (other) pious deeds consistently so that you

may prosper.

سورۃ المومنون:

قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُونَ (1)

ترجمہ: بےشک ایمان والے مراد پا گئےo

Certainly, the believers have attained their goal,

الَّذِينَ هُمْ فِي صَلَاتِهِمْ خَاشِعُونَ (2)

ترجمہ: جولوگ اپنی نماز میں عجز و نیاز کرتے ہیںo

Those who become most humble and submissive in their Prayers,

وَالَّذِينَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُونَ (3)

ترجمہ: اور جو بیہودہ باتوں سے (ہر وقت) کنارہ کش رہتے ہیںo

And who (always) keep away from absurd talk,

وَالَّذِينَ هُمْ لِلزَّكَاةِ فَاعِلُونَ (4)

ترجمہ: اور جو (ہمیشہ) زکوٰۃ ادا (کر کے اپنی جان و مال کو پاک) کرتے رہتے ہیںo

And who (always) pay Zakat (the Alms-due [and keep purifying their wealth and souls]),

وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ (5)

ترجمہ: اور جو (دائماً) اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے رہتے ہیںo

And who guard their private parts (all the time),

إِلَّا عَلَى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ (6)

ترجمہ: سوائے اپنی بیویوں کے یا ان باندیوں کے جو ان کے ہاتھوں کی مملوک ہیں، بےشک (احکامِ شریعت کے مطابق ان کے پاس جانے سے) ان پر کوئی ملامت نہیںo

Except from their wives or those slave-girls who are the possessions of their hands. (If they go to them according to the Islamic injunctions,) there is surely no blame on them.

فَمَنِ ابْتَغَى وَرَاءَ ذَلِكَ فَأُولَئِكَ هُمُ الْعَادُونَ (7)

ترجمہ: پھر جو شخص ان (حلال عورتوں) کے سوا کسی اور کا خواہش مند ہوا تو ایسے لوگ ہی حد سے تجاوز کرنے والے (سرکش) ہیںo

But whoever desires someone beyond these (lawful women), it is they who are transgressors (and disobedient).

وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ (8)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنی امانتوں اور اپنے وعدوں کی پاسداری کرنے والے ہیںo

And those who are watchful of their trusts and their pledges,

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ (9)

ترجمہ: اور جو اپنی نمازوں کی (مداومت کے ساتھ) حفاظت کرنے والے ہیںo

And who guard their Prayers (with persistence),

أُوْلٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ (10)

ترجمہ: یہی لوگ (جنت کے) وارث ہیںo

It is they who will be the inheritors (of Paradise).

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ (11)

ترجمہ: یہ لوگ جنت کے سب سے اعلیٰ باغات (جہاں تمام نعمتوں، راحتوں اور قربِ الٰہی کی لذتوں کی کثرت ہوگی ان) کی وراثت (بھی) پائیں گے، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گےo

They will (also) inherit the most superior Gardens of Paradise (where all the bounties, comforts and pleasures of nearness to Allah will abound). They will live there forever.

إِنَّ الَّذِيْنَ هُم مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِم مُّشْفِقُوْنَ (57)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اپنے رب کی خشیّت سے مضطرب اور لرزاں رہتے ہیںo

Indeed, those who remain restless and tremble with fear of their Lord,

وَالَّذِيْنَ هُم بِآيَاتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ (58)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیںo

And those who believe in the Revelations of their Lord,

وَالَّذِيْنَ هُم بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ (59)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ (کسی کو) شریک نہیں ٹھہراتےo

And those who do not associate (any) partners with their Lord,

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا آتَوا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلٰى رَبِّهِمْ رَاجِعُوْنَ (60)

ترجمہ: اور جو لوگ (اللہ کی راہ میں اتنا کچھ) دیتے ہیں جتنا وہ دے سکتے ہیں اور (اس کے باوجود) ان کے دل خائف رہتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں (کہیں یہ نامقبول نہ ہو جائے)o

And those who give away (in the way of Allah as much) as they can, yet (in spite of that) their hearts fear that they are to return to their Lord (lest it should be rejected),

أُوْلٰئِكَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُوْنَ (61)

ترجمہ: یہی لوگ بھلائیوں (کے سمیٹنے) میں جلدی کر رہے ہیں اور وہی اس میں آگے نکل جانے والے ہیںo

It is these people who are hastening in (collecting) good works, and it is they who excel in this pursuit.

فَمَن ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (102)

ترجمہ: پس جن کے پلڑے (زیادہ اعمال کے باعث) بھاری ہوں گے تو وہی لوگ کامیاب و کامران ہوں گےo

And We do not strain any soul but commensurate with its capacity, and with Us is the record (of deeds) which will speak the truth, and they will not be wronged.

إِنَّهُ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْ عِبَادِي يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ (109)

ترجمہ: بے شک میرے بندوں میں سے ایک طبقہ ایسا بھی تھا جو (میرے حضور) عرض کیا کرتے تھے: اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے ہیں پس تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو (ہی) سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہےo

Indeed, there was a party of My servants who used to submit (before My presence): O our Lord, we have believed, so forgive us and have mercy on us. And (surely) You are the Best of the merciful.

فَاتَّخَذْتُمُوهُمْ سِخْرِيًّا حَتَّى أَنسَوْكُمْ ذِكْرِي وَكُنتُم مِّنْهُمْ تَضْحَكُونَ (110)

ترجمہ: تو تم ان کا تمسخر کیا کرتے تھے یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھی بھلا دی اور تم (صرف) ان کی تضحیک ہی کرتے رہتے تھےo

But you used to laugh at them till they made you forget My remembrance and you (just) continued making fun of them.

إِنِّي جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوا أَنَّهُمْ هُمُ الْفَائِزُونَ (111)

ترجمہ: بے شک آج میں نے انہیں ان کے صبر کا جو وہ کرتے رہے (یہ) صلہ عطا فرمایا ہے کہ وہ کامیاب ہو گئے ہیںo

This Day, I have bestowed upon them (this) reward for their patience that they have triumphed.'

سورۃ النور:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتاً غَيْرَ بُيُوتِكُمْ حَتَّى تَسْتَأْنِسُوا وَتُسَلِّمُوا عَلَى أَهْلِهَا ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ (27)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل نہ ہوا کرو، یہاں تک کہ تم ان سے اجازت لے لو اور ان کے رہنے والوں کو (داخل ہوتے ہی) سلام کہا کرو، یہ تمہارے لیے بہتر (نصیحت) ہے تاکہ تم (اس کی حکمتوں میں) غور و فکر کروo

O believers! Do not enter houses other than your own until you obtain their permission. And greet their residents (immediately after you enter). This (advice) is better for you so that you may contemplate (its rationale).

فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فِيهَا أَحَداً فَلَا تَدْخُلُوهَا حَتَّى يُؤْذَنَ لَكُمْ وَإِن قِيلَ لَكُمُ ارْجِعُوا فَارْجِعُوا هُوَ أَزْكَى لَكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ (28)

ترجمہ: پھر اگر تم ان (گھروں) میں کسی شخص کو موجود نہ پاؤ تو تم ان کے اندر مت جایا کرو یہاں تک کہ تمہیں (اس بات کی)

اجازت دی جائے اور اگر تم سے کہا جائے کہ واپس چلے جاؤ تو تم واپس پلٹ جایا کرو، یہ تمہارے حق میں بڑی پاکیزہ بات ہے، اور اللہ ان کاموں سے جو تم کرتے ہو خوب آگاہ ہےo

Then, if you do not find anyone in these (houses), do not enter them until you are granted permission (for that). And if it is said to you: 'Go back,' then do go back. That is purer for you, and Allah is Well Aware of what you do.

لَّيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَدْخُلُوا بُيُوتاً غَيْرَ مَسْكُونَةٍ فِيهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ (29)

ترجمہ: اس میں تم پر گناہ نہیں کہ تم ان مکانات (وعمارات) میں جو کسی کی مستقل رہائش گاہ نہیں ہیں (مثلاً ہوٹل، سرائے اور مسافر خانے وغیرہ میں بغیر اجازت کے) چلے جاؤ (کہ) ان میں تمہیں فائدہ اٹھانے کا حق (حاصل) ہے، اور اللہ ان (سب باتوں) کو جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہوo

There is no sin on you if you enter (without permission) those houses (or buildings) which are not permanent residences (such as hotels, road-houses and inns). You have the right to get benefit therein. And Allah knows (all) that you disclose and that you conceal.

قُل لِّلْمُؤْمِنِينَ يَغُضُّوا مِنْ أَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوا فُرُوجَهُمْ ذَلِكَ أَزْكَى لَهُمْ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا يَصْنَعُونَ (30)

ترجمہ: آپ مومن مَردوں سے فرما دیں کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کیا کریں، یہ ان کے لیے بڑی پاکیزہ بات ہے۔ بے شک اللہ ان کاموں سے خوب آگاہ ہے جو یہ انجام دے رہے ہیںo

Direct the believing men to keep their eyes always lowered and guard their private parts. That is purer for them. Surely, Allah is Well Aware of (the works) which they are busy doing.

وَقُل لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَى جُيُوبِهِنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاء بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاء بُعُولَتِهِنَّ أَوْ إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِينَ غَيْرِ أُوْلِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَى عَوْرَاتِ النِّسَاء وَلَا يَضْرِبْنَ بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعاً أَيُّهَا الْمُؤْمِنُونَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (31)

ترجمہ: اور آپ مومن عورتوں سے فرما دیں کہ وہ (بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کیا کریں اور اپنی آرائش و زیبائش کو ظاہر نہ کیا کریں سوائے (اسی حصہ) کے جو اس میں سے خود ظاہر ہوتا ہے اور وہ اپنے سروں پر اوڑھے ہوئے دوپٹے (اور چادریں) اپنے گریبانوں اور سینوں پر (بھی) ڈالے رہا کریں اور وہ اپنے بناؤ سنگھار کو (کسی پر) ظاہر نہ کیا کریں سوائے اپنے شوہروں کے یا اپنے باپ دادا یا اپنے شوہروں کے باپ دادا کے یا اپنے بیٹوں یا اپنے شوہروں کے بیٹوں کے یا اپنے بھائیوں یا اپنے بھتیجوں یا اپنے بھانجوں کے یا اپنی (ہم مذہب، مسلمان) عورتوں یا اپنی مملوکہ باندیوں کے یا مردوں میں سے وہ خدمت گار جو خواہش و شہوت سے خالی ہوں یا وہ بچے جو (کم سنی کے باعث ابھی) عورتوں کی پردہ والی چیزوں سے آگاہ نہیں ہوئے (یہ بھی مستثنیٰ ہیں) اور نہ (چلتے ہوئے) اپنے پاؤں (زمین پر اس طرح) مارا کریں کہ (پیروں کی جھنکار سے) ان کا وہ

سنگھار معلوم ہو جائے جسے وہ (حکمِ شریعت سے) پوشیدہ کیے ہوئے ہیں، اور تم سب کے سب اللہ کے حضور توبہ کرو اے مومنو! تاکہ تم (ان احکام پر عمل پیرا ہو کر) فلاح پا جاؤo

And direct the believing women that they (too) must keep their eyes lowered and guard their chastity, and must not show off their adornments and beautification except that (part of it) which becomes visible itself. And they must keep their veils (and head-coverings) drawn over their chests (too), and must not display their adornments (to anyone) except their husbands, or their fathers or the fathers of their husbands, or their sons or the sons of their husbands, or their brothers or the sons of their brothers or the sons of their sisters, or (the women of) their (own faith, the Muslim) women or their female slaves or such male servants as are free from any lust and sexual urge, or the children who (being minor) have (yet) no sense of women's private parts. (They too are exceptions.) Nor must they (whilst walking) strike their feet (on the ground in such a manner that ornaments jingle and) thus get revealed and known what they are keeping hidden (under the command of Shariah). And turn to Allah, all of you, in repentance, O believers, so that you may prosper (by implementing these commandments).

وَلَقَدْ أَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ آيَاتٍ مُّبَيِّنَاتٍ وَمَثَلاً مِّنَ الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلِكُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ **(34)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تمہاری طرف واضح اور روشن آیتیں نازل فرمائی ہیں اور کچھ ان لوگوں کی مثالیں (یعنی قصۂ عائشہ کی طرح قصۂ مریم اور قصۂ یوسف) جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں اور (یہ) پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہےo

And surely, We have sent down to you evident and enlightening Revelations and some examples of those who have passed away before you (i.e., like 'A'isha's story, the story of Maryam [Mary] and the story of Yusuf [Joseph]). And (this) is for the direction and guidance of the Godfearing.

لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا عَمِلُوا وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ **(38)**

ترجمہ: تاکہ اللہ انہیں ان (نیک) اعمال کا بہتر بدلہ دے جو انہوں نے کیے ہیں اور اپنے فضل سے انہیں اور (بھی) زیادہ (عطا) فرما دے، اور اللہ جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق (وعطا) سے نوازتا ہےo

So that Allah gives them the best reward for the (good) deeds they have done, and bestows upon them (still) more out of His bounty. And Allah blesses with sustenance (and provisions) without measure whom He wills.

إِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا دُعُوا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ أَن يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ **(51)**

ترجمہ: ایمان والوں کی بات تو فقط یہ ہوتی ہے کہ جب انہیں اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ فرمائے تو وہ یہی کچھ کہیں کہ ہم نے سن لیا، اور ہم (سراپا) اطاعت پیرا ہو گئے، اور ایسے ہی لوگ فلاح

پانے والے ہیںo

The only saying of the believers, when they are called to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) in order that he may judge between them, is that they say: 'We have heard and we (totally) submit to obey.' It is they who will prosper.

وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللَّهَ وَيَتَّقْهِ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ (52)

ترجمہ: اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرتا ہے اور اللہ سے ڈرتا اور اس کا تقوٰی اختیار کرتا ہے پس ایسے ہی لوگ مراد پانے والے ہیںo

And whoever obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and fears Allah and adopts Godwariness for Him, it is they who will achieve their goal.

وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِنْ أَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ قُل لَّا تُقْسِمُوا طَاعَةٌ مَّعْرُوفَةٌ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (53)

ترجمہ: اور وہ لوگ اللہ کی بڑی بھاری (تاکیدی) قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر آپ انہیں حکم دیں تو وہ (جہاد کے لیے) ضرور نکلیں گے، آپ فرما دیں کہ تم قسمیں مت کھاؤ (بلکہ) معروف طریقہ سے فرمانبرداری (درکار) ہے، بے شک اللہ ان کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

And they swear most strongly (and solemnly) by Allah that if you order them, they will certainly set out (for jihad [the sacred struggle for the establishment of peace and human rights]). Say: 'Do not swear. It is obedience that is (required) as per law. Allah is certainly Well Aware of the deeds you do.'

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ فَإِن تَوَلَّوا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُم مَّا حُمِّلْتُمْ وَإِن تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا وَمَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (54)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر اگر تم نے (اطاعت) سے رُوگردانی کی تو (جان لو) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذمہ وہی کچھ ہے جو ان پر لازم کیا گیا اور تمہارے ذمہ وہ ہے جو تم پر لازم کیا گیا ہے، اور اگر تم ان کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پا جاؤ گے، اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (احکام کو) صریحاً پہنچا دینے کے سوا (کچھ لازم) نہیں ہےo

Say: 'Obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), but if you turn away (from obedience), then (beware that) the Messenger (blessings and peace be upon him) is simply responsible for the duty he is charged with, and you are responsible for what you are charged with. And if you obey him, you will be guided. And nothing is (obligatory) for the Messenger (blessings and peace be upon him) but to convey (the commands) clearly.'

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِيْ الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِيْ ارْتَضَى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْناً يَعْبُدُونَنِيْ لَا يُشْرِكُونَ بِيْ شَيْئاً وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَلِكَ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (55)

ترجمہ: اللہ نے ایسے لوگوں سے وعدہ فرمایا ہے (جس کا ایفا اور تعمیل امت پر لازم ہے) جو تم میں سے ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ ضرور انہی کو زمین میں خلافت (یعنی امانتِ اقتدار کا حق) عطا فرمائے گا جیسا کہ اس نے ان لوگوں کو (حقِ) حکومت بخشا تھا جو ان سے پہلے تھے اور ان کے لیے ان کے دین کو جسے اس نے ان کے لیے پسند فرمایا ہے (غلبہ و اقتدار کے ذریعہ) مضبوط و مستحکم فرما دے گا اور وہ ضرور (اس تمکّن کے باعث) ان کے پچھلے خوف کو (جو ان کی سیاسی، معاشی اور سماجی کمزوری کی وجہ سے تھا) ان کے لیے امن و حفاظت کی حالت سے بدل دے گا، وہ (بے خوف ہو کر) میری عبادت کریں گے میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے (یعنی صرف میرے حکم اور نظام کے تابع رہیں گے)، اور جس نے اس کے بعد ناشکری (یعنی میرے احکام سے انحراف و انکار) کو اختیار کیا تو وہی لوگ فاسق (و نافرمان) ہوں گےo

To those of you who believe and keep doing pious deeds Allah has given the promise (whose fulfilment and implementation is obligatory for the Umma [Community]): He will surely bestow upon them khilafa (the trust of right to rule) as He granted (the right to) rule to those who were before them. And (through dominance and rule) He will strengthen and stabilize their Din (Religion) for them which He has liked for them, and (by this strength and rule) He will for sure change their former state of fear (which was due to their political, economic and social handicap) to that of peace and security. They will worship Me (fearlessly and) will not associate any partner with Me (i.e., will follow and obey only My command and system). And after this, whoever adopts ingratitude (i.e., aversion to, and denial of, My commands) it is they who will be defiant (and disobedient).

وَأَقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَأَطِيْعُوا الرَّسُولَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (56)

ترجمہ: اور تم نماز (کے نظام) کو قائم رکھو اور زکوٰۃ کی ادائیگی (کا انتظام) کرتے رہو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی (مکمل) اطاعت بجا لاؤ تاکہ تم پر رحم فرمایا جائے (یعنی غلبہ و اقتدار، استحکام اور امن و حفاظت کی نعمتوں کو برقرار رکھا جائے)o

And establish (the system of) prayers and (ensure) the payment of Zakat (the Alms-due) and accomplish (absolute) obedience to the Messenger (blessings and peace be upon him) so that you may be granted mercy (i.e., the blessings of sovereign rule, stability, peace and security may endure and continue).

لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مُعْجِزِيْنَ فِيْ الْأَرْضِ وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ وَلَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (57)

ترجمہ: اور یہ خیال ہرگز نہ کرنا کہ انکار و ناشکری کرنے والے لوگ زمین میں (اپنے ہلاک کیے جانے سے اللہ کو) عاجز کر دیں گے، اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

And let it not occur to you at all that those who disbelieve and are ungrateful

will make (Allah) powerless (to destroy them) in the earth. And Hell is their abode and the worst is that abode.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لِيَسْتَأْذِنكُمُ الَّذِيْنَ مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنكُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ مِن قَبْلِ صَلَاةِ الْفَجْرِ وَحِيْنَ تَضَعُونَ ثِيَابَكُم مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِن بَعْدِ صَلَاةِ الْعِشَاء ثَلَاثُ عَوْرَاتٍ لَّكُمْ لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌ بَعْدَهُنَّ طَوَّافُونَ عَلَيْكُم بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ وَاللَّهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ **(58)**

ترجمہ: اے ایمان والو! چاہئے کہ تمہارے زیردست (غلام اور باندیاں) اور تمہارے ہی وہ بچے جو (ابھی) جوان نہیں ہوئے (تمہارے پاس آنے کے لیے) تین مواقع پر تم سے اجازت لیا کریں: (ایک) نمازِ فجر سے پہلے اور (دوسرے) دوپہر کے وقت جب تم (آرام کے لیے) کپڑے اتارتے ہو اور (تیسرے) نمازِ عشاء کے بعد (جب تم خواب گاہوں میں چلے جاتے ہو)، (یہ) تین (وقت) تمہارے پردے کے ہیں، ان (اوقات) کے علاوہ نہ تم پر کوئی گناہ ہے اور نہ ان پر، (کیونکہ بقیہ اوقات میں وہ) تمہارے ہاں کثرت کے ساتھ ایک دوسرے کے پاس آتے جاتے رہتے ہیں، اسی طرح اللہ تمہارے لیے آیتیں واضح فرماتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے O

O believers! Your (male and female) slaves and your children who have not yet attained puberty must seek your permission (to come to you) on three occasions: (first) before the Fajr (Dawn) Prayer, (second) when you put off your clothes at noon (for rest), and (third) after the 'Isha' (Night) Prayer (when you go to bed for sleep. These are) the three (times) of privacy for you. Other than these (times), there is no sin on you or them (because during remaining hours they) keep coming and going frequently where you are from one to the other. That is how Allah makes the Revelations clear for you, and Allah is All-Knowing, All-Wise.

وَإِذَا بَلَغَ الْأَطْفَالُ مِنكُمُ الْحُلُمَ فَلْيَسْتَأْذِنُوا كَمَا اسْتَأْذَنَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ **(59)**

ترجمہ: اور جب تم میں سے بچے حدِ بلوغ کو پہنچ جائیں تو وہ (تمہارے پاس آنے کے لیے) اجازت لیا کریں جیسا کہ ان سے پہلے (دیگر بالغ افراد) اجازت لیتے رہتے ہیں، اس طرح اللہ تمہارے لیے اپنے احکام خوب واضح فرماتا ہے، اور اللہ خوب علم والا اور حکمت والا ہے O

And when the children from amongst you reach puberty, they must also seek your permission (to come to you) as (other elders) have been doing before them. That is how Allah makes His commands clear for you. And Allah is All-Knowing, All-Wise.

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِيْنَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِذَا كَانُوا مَعَهُ عَلَى أَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوا حَتَّى يَسْتَأْذِنُوهُ إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَأْذِنُونَكَ أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ فَإِذَا اسْتَأْذَنُوكَ لِبَعْضِ شَأْنِهِمْ فَأْذَن لِّمَن شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ **(62)**

ترجمہ: ایمان والے تو وہی لوگ ہیں جو اللہ پر اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آئے ہیں اور جب وہ آپ کے ساتھ کسی ایسے (اجتماعی) کام پر حاضر ہوں جو (لوگوں کو) یکجا کرنے والا ہو تو وہاں سے چلے نہ جائیں (یعنی امت میں اجتماعیت اور وحدت پیدا کرنے کے عمل میں دل جمعی سے شریک ہوں) جب تک کہ وہ (کسی خاص عذر کے باعث) آپ سے اجازت نہ لے لیں، (اے رسولِ معظّم!) بے شک جو لوگ (آپ ہی کو حاکم اور مَرجَع سمجھ کر) آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں وہی لوگ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان رکھنے والے ہیں، پھر جب وہ آپ سے اپنے کسی کام کے لیے (جانے کی) اجازت چاہیں تو آپ (حاکم و مختار ہیں) ان میں سے جسے چاہیں اجازت مرحمت فرما دیں اور ان کے لیے (اپنی مجلس سے اجازت لے کر جانے پر بھی) اللہ سے بخشش مانگیں (کہ کہیں اتنی بات پر بھی گرفت نہ ہو جائے)، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

The believers are only those who have believed in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), and when they are with you for some (collective) issue which brings (the people) together, then they should not go away from there (i.e., they should participate whole-heartedly to work for collective coherence and unity amongst the Umma [Community]) until they have obtained permission from you (owing to some special excuse. O Esteemed Prophet,) surely those who seek permission from you (believing your Majesty the Supreme and Ultimate Authority), it is they who are the believers in Allah and His Prophet. So when they seek from you permission (to go) for some affair of theirs, then (you are the Supreme Sovereign Authority). Grant leave whom you please, and ask forgiveness for them from Allah (even on going away from your company by obtaining your permission, lest they should be seized even on that). Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَا تَجْعَلُوا دُعَاءَ الرَّسُولِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُم بَعْضاً قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الَّذِينَ يَتَسَلَّلُونَ مِنكُمْ لِوَاذاً فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ (63)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تم رسول کے بلانے کو آپس میں ایک دوسرے کو بلانے کی مثل قرار نہ دو (جب رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بلانا تمہارے باہمی بلاوے کی مثل نہیں تو خود رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی تمہاری مثل کیسے ہو سکتی ہے)، بے شک اللہ ایسے لوگوں کو (خوب) جانتا ہے جو تم میں سے ایک دوسرے کی آڑ میں (دربارِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے) چپکے سے کھسک جاتے ہیں، پس وہ لوگ ڈریں جو رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے امرِ (ادب) کی خلاف ورزی کر رہے ہیں کہ (دنیا میں ہی) انہیں کوئی آفت آ پہنچے گی یا (آخرت میں) ان پر دردناک عذاب آن پڑے گاo

(O Muslims!) Do not regard the calling of the Prophet amongst you like your calling of one another. (When calling the Holy Prophet is not like your mutual calling amongst you, then how can the Holy Personality of the Prophet be like yours?) Surely, Allah knows those from amongst you (well) who slip away quietly (from the presence of the Holy Prophet [blessings and peace be upon

him]) under the shelter of one another. So let those who go against the Messenger's command (of veneration and devotion) feel afraid lest some trial should overtake them (here in the world) or a painful torment seize them in the Hereafter.

سورۃ الفرقان:

قُلْ أَذَلِكَ خَيْرٌ أَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَاءً وَمَصِيراً **(15)**

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا یہ (حالت) بہتر ہے یا دائمی جنت (کی زندگی) جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے، یہ ان (کے اعمال) کی جزا اور ٹھکانا ہےo

Say: 'Is this (a) better (state), or the (life of) eternal Paradise promised to the Godfearing? This is their reward (of deeds) and their abode.

لَهُمْ فِيهَا مَا يَشَاؤُونَ خَالِدِينَ كَانَ عَلَى رَبِّكَ وَعْداً مَسْؤُولاً **(16)**

ترجمہ: ان کے لیے ان (جنتوں) میں وہ (سب کچھ میسّر) ہوگا جو وہ چاہیں گے (اس میں) ہمیشہ رہیں گے، یہ آپ کے رب کے ذمۂ (کرم) پر مطلوبہ وعدہ ہے (جو پورا ہو کر رہے گا)o

(All) that they long for will be (available) for them in these (Gardens of Paradise). They will live (in it) for ever. That is a coveted promise which your Lord has made a (bountiful) obligation upon Himself (and which will surely be fulfilled).'

أَصْحَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرّاً وَأَحْسَنُ مَقِيلاً **(24)**

ترجمہ: اس دن اہلِ جنت کی قیام گاہ (بھی) بہتر ہوگی اور آرام گاہ بھی خوب تر (جہاں وہ حساب و کتاب کی دوپہر کے بعد جا کر قیلولہ کریں گے)o

On that Day, the lodging for the inmates of Paradise will be the best, and their resting place (too) will be excellent (where they will retire for a nap after the reckoning noon).

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ أَرَادَ أَن يَذَّكَّرَ أَوْ أَرَادَ شُكُوراً **(62)**

ترجمہ: اور وہی ذات ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے گردش کرنے والا بنایا اس کے لیے جو غور و فکر کرنا چاہے یا شکر گزاری کا ارادہ کرے (ان تخلیقی قدرتوں میں نصیحت و ہدایت ہے)o

And He is the One Who made the day and the night rotate after each other for him who desires to contemplate or intends to be grateful. (There is direction and guidance in these creative powers.)

وَعِبَادُ الرَّحْمَنِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْناً وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلَاماً **(63)**

ترجمہ: اور (خدائے) رحمان کے (مقبول) بندے وہ ہیں جو زمین پر آہستگی سے چلتے ہیں اور جب ان سے جاہل (اکھڑ) لوگ (ناپسندیدہ) بات کرتے ہیں تو وہ سلام کہتے (ہوئے الگ ہو جاتے) ہیںo

And the (favourite) servants of the Most Kind (Lord) are those who walk gently on the earth, and when the ignorant (i.e., impolite) people say to them something (unlikable), they (get aside), saying: 'Peace.'

وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّداً وَقِيَاماً (64)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کے لیے سجدہ ریزی اور قیام (نیاز) میں راتیں بسر کرتے ہیںo

And (these) are the ones who spend their nights prostrating themselves and standing before their Lord (cloaked in submissiveness).

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَاماً (65)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو (ہمہ وقت حضورِ باری تعالیٰ میں) عرض گزار رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! تو ہم سے دوزخ کا عذاب ہٹا لے، بے شک اس کا عذاب بڑا مہلک (اور دائمی) ہےo

And (these) are the people who pray (all the time before the presence of Allah): 'O our Lord, turn away from us the torment of Hell. Surely, its torment is most injurious (and everlasting).

إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرّاً وَمُقَاماً (66)

ترجمہ: بے شک وہ (عارضی ٹھہرنے والوں کے لیے) بُری قرارگاہ اور (دائمی رہنے والوں کے لیے) بُری قیام گاہ ہےo

Surely, that is an evil lodging (for temporary lodgers) and an evil abode (for permanent dwellers).'

وَالَّذِيْنَ إِذَا أَنفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَلِكَ قَوَاماً (67)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں کہ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ بے جا اڑاتے ہیں اور نہ تنگی کرتے ہیں اور ان کا خرچ کرنا (زیادتی اور کمی کی) ان دو حدوں کے درمیان اعتدال پر (مبنی) ہوتا ہےo

And (these) are the people who are neither extravagant nor miserly when they spend. And their spending is (based on) a balance between the two extremes (of extravagance and miserliness).

وَالَّـذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلَهاً آخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ يَلْقَ أَثَاماً (68)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کی پوجا نہیں کرتے اور نہ (ہی) کسی ایسی جان کو قتل کرتے ہیں جسے بغیرِ حق مارنا اللہ نے حرام فرمایا ہے اور نہ (ہی) بدکاری کرتے ہیں، اور جو شخص یہ کام کرے گا وہ سزائے گناہ پائے گاo

And these are the people who do not worship any other god apart from Allah, nor do they kill the soul whose killing without any lawful cause Allah has forbidden, nor do they commit adultery. And whoever does this will receive the punishment due for the sin.

إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ عَمَلاً صَالِحاً فَأُوْلَئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوراً رَّحِيْماً (70)

ترجمہ: مگر جس نے توبہ کر لی اور ایمان لے آیا اور نیک عمل کیا تو یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ جن کی برائیوں کو نیکیوں سے بدل دے گا، اور

اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےO

But whoever repents and believes and does good deeds, so these are the people whose evil deeds Allah will change into good ones. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَمَن تَابَ وَعَمِلَ صَالِحاً فَإِنَّهُ يَتُوبُ إِلَى اللَّهِ مَتَاباً (71)

ترجمہ: اور جس نے توبہ کر لی اور نیک عمل کیا تو اس نے اللہ کی طرف (وہ) رجوع کیا جو رجوع کا حق تھاO

And whoever repents and executes good, so he returns to Allah (the way) returning is due.

وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَاماً (72)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو کذب اور باطل کاموں میں (قولاً اور عملاً دونوں صورتوں میں) حاضر نہیں ہوتے اور جب بے ہودہ کاموں کے پاس سے گزرتے ہیں تو (دامن بچاتے ہوئے) نہایت وقار اور متانت کے ساتھ گزر جاتے ہیںO

And these are the people who do not attend (both verbally and practically) the false and untruthful matters, and when they pass by evil activities, they pass on (observing caution) with utmost nobility and dignity.

وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمّاً وَعُمْيَاناً (73)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں کہ جب انہیں ان کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے تو ان پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گر پڑتے (بلکہ غور و فکر بھی کرتے ہیں)O

And these are the people who, when they are directed and guided by means of Revelations of their Lord, do not fall at them deaf and blind (but reflect on them).

وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَاماً (74)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو (حضورِ باری تعالیٰ میں) عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا دےO

And these are the people who submit (before the presence of Allah): 'O our Lord, grant us coolness of eyes in our wives and our children, and make us leaders of the Godfearing people.'

أُولَئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَاماً (75)

ترجمہ: انہی لوگوں کو (جنت میں) بلند ترین محلات ان کے صبر کرنے کی جزا کے طور پر بخشے جائیں گے اور وہاں دعائے خیر اور سلام کے ساتھ ان کا استقبال کیا جائے گاO

They will be rewarded with lofty palaces (in Paradise) as recompense for their patience and steadfastness and will be welcomed therein with greetings and salutations of peace.

خَالِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرّاً وَمُقَاماً (76)

ترجمہ: یہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں وہ (بلند محلاتِ جنت) بہترین قرارگاہ اور (عمدہ) قیام گاہ ہیںo

They will live therein forever. Those (lofty palaces in Paradise) are the most excellent lodgings and (decent) abodes.

سورۃ الشعرآء:

وَأَنذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ (214)

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرّم!) آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو (ہمارے عذاب سے) ڈرایئےo

And, (O Esteemed Beloved,) warn your close relatives (of Our torment).

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (215)

2 ترجمہ: اور آپ اپنا بازوئے (رحمت وشفقت) ان مومنوں کے لیے بچھا دیجیے جنہوں نے آپ کی پیروی اختیار کر لی ہےo

And extend your (merciful, kind and supporting) hand to those believers who follow you.

سورۃ النمل:

وَإِنَّهُ لَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (77)

ترجمہ: اور بے شک یہ ہدایت ہے اور مومنوں کے لیے رحمت ہےo

And verily, it is guidance and mercy for the believers.

إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُم بِحُكْمِهِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ (78)

ترجمہ: اور بے شک آپ کا رب ان (مومنوں اور کافروں) کے درمیان اپنے حکم (عدل) سے فیصلہ فرمائے گا، اور وہ غالب ہے بہت جاننے والا ہےo

Verily, your Lord will judge between these (believers and disbelievers) by His command (of justice). And He is Almighty, All-Knowing.

وَمَا أَنتَ بِهَادِي الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ (81)

ترجمہ: اور نہ ہی آپ (دل کے) اندھوں کو ان کی گمراہی سے (بچا کر) ہدایت دینے والے ہیں، آپ تو (فی الحقیقت) انہی کو سناتے ہیں جو (آپ کی دعوت قبول کر کے) ہماری آیتوں پر ایمان لے آتے ہیں سو وہی لوگ مسلمان ہیں (اور وہی زندہ کہلانے کے حق دار ہیں)o

Nor can you guide the blind (of heart, rescuing them) from their wrong path. (In fact) you make only them hear who (accepting your call) believe in Our Revelations. So it is they who are Muslims (and only they deserve to be called alive).

سورۃ القصص:

وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ (51)

ترجمہ: اور درحقیقت ہم ان کے لیے پے در پے (قرآن کے) فرمان بھیجتے رہے تاکہ وہ نصیحت قبول کریں o

And in fact, We kept sending for them successive commands (of the Qur'an) so that they might take direction and guidance.

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِن قَبْلِهِ هُم بِهِ يُؤْمِنُونَ (52)

ترجمہ: جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب عطا کی تھی وہ (اسی ہدایت کے تسلسل میں) اس (قرآن) پر (بھی) ایمان رکھتے ہیں o

Those whom We gave the Book before this, they believe in this (Qur'an as well in the continuation of the same guidance).

وَإِذَا يُتْلَى عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّنَا إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ (53)

ترجمہ: اور جب ان پر (قرآن) پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لائے بے شک یہ ہمارے رب کی جانب سے حق ہے، حقیقت میں تو ہم اس سے پہلے ہی مسلمان (یعنی فرمانبردار) ہو چکے تھے o

And when (the Qur'an) is recited to them, they say: 'We believe in it; verily, it is the truth from our Lord. In fact, we had become Muslims (i.e., the yielding) even before this.'

أُولَئِكَ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُم مَّرَّتَيْنِ بِمَا صَبَرُوا وَيَدْرَؤُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (54)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ان کا اجر دو بار دیا جائے گا اس وجہ سے کہ انہوں نے صبر کیا اور وہ برائی کو بھلائی کے ذریعے دفع کرتے ہیں اور اس عطا میں سے جو ہم نے انہیں بخشی خرچ کرتے ہیں o

It is these people who will be given their reward twice because they remained steadfast and they repelled evil by means of good, and spent in Our way out of the bounty We bestowed upon them.

وَإِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ أَعْرَضُوا عَنْهُ وَقَالُوا لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجَاهِلِينَ (55)

ترجمہ: اور جب وہ کوئی بیہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال، تم پر سلامتی ہو ہم جاہلوں (کے فکر و عمل) کو (اپنانا) نہیں چاہتے (گویا ان کی برائی کے عوض ہم اپنی اچھائی کیوں چھوڑیں) o

And when they hear anything absurd, they turn away from it and say: 'For us are our deeds and for you are your deeds. Peace be upon you! We do not want (to adopt the mentality and conduct of) the ignorant. (Why should we give up our good for the sake of their evil?)'

فَأَمَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً فَعَسَى أَن يَكُونَ مِنَ الْمُفْلِحِينَ (67)

ترجمہ: لیکن جس نے توبہ کر لی اور ایمان لے آیا اور نیک عمل کیا تو یقیناً وہ فلاح پانے والوں میں سے ہوگا o

But whoever repents and believes and does pious deeds will surely be of those who are successful.

تِلْكَ الدَّارُ الْآخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُونَ عُلُوّاً فِي الْأَرْضِ وَلَا فَسَاداً وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ **(83)**

ترجمہ: (یہ) وہ آخرت کا گھر ہے جسے ہم نے ایسے لوگوں کے لیے بنایا ہے جو نہ (تو) زمین میں سرکشی وتکبر چاہتے ہیں اور نہ فساد انگیزی، اور نیک انجام پرہیزگاروں کے لیے ہےo

(This) is the Home of the Hereafter We have made for such people that seek neither violence and vanity nor mischief in the land. And good end is for the Godfearing.

وَمَا كُنتَ تَرْجُو أَن يُلْقَى إِلَيْكَ الْكِتَابُ إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ ظَهِيراً لِّلْكَافِرِيْنَ **(86)**

ترجمہ: اور تم (حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وساطت سے اُمتِ محمدی کو خطاب ہے) اس بات کی امید نہ رکھتے تھے کہ تم پر (یہ) کتاب اتاری جائے گی مگر (یہ) تمہارے رب کی رحمت (سے اتری) ہے، پس تم ہرگز کافروں کے مددگار نہ بننا o

(The Muslim Umma [Community] is addressed through the Prophet, blessings and peace be upon him:) And you did not expect that this (Book) will be revealed to you, but it is (revealed by) the mercy of your Lord. So never be a helper of the disbelievers.

وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ آيَاتِ اللَّهِ بَعْدَ إِذْ أُنزِلَتْ إِلَيْكَ وَادْعُ إِلَى رَبِّكَ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ **(87)**

ترجمہ: اور وہ (کفار) تمہیں ہرگز اللہ کی آیتوں (کی تعمیل وتبلیغ) سے باز نہ رکھیں اس کے بعد کہ وہ تمہاری طرف اتاری جا چکی ہیں اور تم (لوگوں کو) اپنے رب کی طرف بلاتے رہو اور مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہونا o

And never let these (disbelievers) turn you away from (implementing and preaching of) the Revelations of Allah after they have been sent down to you. And keep calling (the people) towards your Lord, and never become of those who associate partners with Allah.

سورۃ العنکبوت:

أَحَسِبَ النَّاسُ أَن يُتْرَكُوا أَن يَقُولُوا آمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ **(2)**

ترجمہ: کیا لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ (صرف) ان کے (اتنا) کہنے سے کہ ہم ایمان لے آئے ہیں چھوڑ دیے جائیں گے اور ان کی آزمائش نہ کی جائے گی o

Do people think that they will be released (just) on saying: 'We have believed,' and they will not be tried?

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكَاذِبِيْنَ **(3)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے ان لوگوں کو (بھی) آزمایا تھا جو ان سے پہلے تھے سو یقیناً اللہ ان لوگوں کو ضرور (آزمائش کے ذریعے) نمایاں فرما دے گا جو (دعوٰی ایمان میں) سچے ہیں اور جھوٹوں کو (بھی) ضرور ظاہر کر دے گا o

And surely, We tried (also) those who were before them. Allah will certainly

show up (through trial) those who are truthful (in claiming beliefs), and shall make the liars (as well) stand out.

مَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ اللَّهِ فَإِنَّ أَجَلَ اللَّهِ لَآتٍ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (5)

ترجمہ: جو شخص اللہ سے ملاقات کی امید رکھتا ہے تو بے شک اللہ کا مقرر کردہ وقت ضرور آنے والا ہے، اور وہی سننے والا جاننے والا ہےo

Whoever hopes for meeting with Allah, then Allah's appointed time is bound to come. And He alone is All-Hearing, All-Knowing.

وَمَن جَاهَدَ فَإِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهِ إِنَّ اللَّهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ (6)

ترجمہ: جو شخص (راہِ حق میں) جدو جہد کرتا ہے وہ اپنے ہی (نفع کے) لیے تگ و دو کرتا ہے، بے شک اللہ تمام جہانوں (کی طاعتوں، کوششوں اور مجاہدوں) سے بے نیاز ہےo

And whoever strives hard (for the cause of truth) strives for his own (benefit). Surely, Allah is independent of (the obedience, submission and struggles of) all the worlds.

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَحْسَنَ الَّذِي كَانُوا يَعْمَلُونَ (7)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ہم ان کی ساری خطائیں ان (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دیں گے اور ہم یقیناً انہیں اس سے بہتر جزا عطا فرما دیں گے جو عمل وہ (فی الواقع) کرتے رہے تھےo

And those who believe and do pious deeds, We shall remove all their misdeeds from their (record), and We shall certainly give them a reward better than the deeds which they will have (actually) accomplished.

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصَّالِحِينَ (9)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے تو ہم انہیں ضرور نیکوکاروں (کے گروہ) میں داخل فرما دیں گےo

And those who believe and do pious deeds, then We shall certainly admit them to the (group) of the most pious.

وَلَيَعْلَمَنَّ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنَافِقِينَ (11)

ترجمہ: اور اللہ ضرور ایسے لوگوں کو ممتاز فرما دے گا جو (سچے دل سے) ایمان لائے ہیں اور منافقوں کو (بھی) ضرور ظاہر کر دے گاo

And surely, Allah will distinguish those who have believed (with true hearts) and will certainly expose the hypocrites (too).

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا اتَّبِعُوا سَبِيلَنَا وَلْنَحْمِلْ خَطَايَاكُمْ وَمَا هُم بِحَامِلِينَ مِنْ خَطَايَاهُم مِّن شَيْءٍ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (12)

ترجمہ: اور کافر لوگ ایمان والوں سے کہتے ہیں کہ تم ہماری راہ کی پیروی کرو اور ہم تمہاری خطاؤں (کے بوجھ) کو اٹھا لیں گے، حالاں کہ وہ ان کے گناہوں کا کچھ بھی (بوجھ) اٹھانے والے نہیں ہیں بے شک وہ جھوٹے ہیںo

And the disbelievers say to the believers: 'Follow our way and we shall bear (the burden of) your sins,' whereas they will not bear any (burden) of their sins. Surely, they are liars.

وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ وَقُولُوا آمَنَّا بِالَّذِي أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَأُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَإِلَهُنَا وَإِلَهُكُمْ وَاحِدٌ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ (46)

ترجمہ: اور (اے مومنو!) اہلِ کتاب سے نہ جھگڑا کرو مگر ایسے طریقہ سے جو بہتر ہو سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے ان میں سے ظلم کیا، اور (ان سے) کہہ دو کہ ہم اس (کتاب) پر ایمان لائے (ہیں) جو ہماری طرف اتاری گئی (ہے) اور جو تمہاری طرف اتاری گئی تھی، اور ہمارا معبود اور تمہارا معبود ایک ہی ہے، اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیںo

And, (O believers,) do not argue with the People of the Book but in a suitable and decent way, except those of them who did injustice. And say (to them): 'We believe in that (Book) which has been revealed to us and which was sent down to you, and our God and your God is but One and we obey Him alone.'

أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلَى عَلَيْهِمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَرَحْمَةً وَذِكْرَى لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (51)

ترجمہ: کیا ان کے لیے یہ (نشانی) کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر (وہ) کتاب نازل فرمائی ہے جو ان پر پڑھی جاتی ہے (یا ہمیشہ پڑھی جاتی رہے گی)، بے شک اس (کتاب) میں رحمت اور نصیحت ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان رکھتے ہیںo

Is this (sign) not enough for them that We have revealed to you (that) Book which is recited to them (or will always be recited)? Surely, in this (Book) there is mercy and direction and guidance for the believers.

يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي وَاسِعَةٌ فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ (56)

ترجمہ: اے میرے بندو! جو ایمان لے آئے ہو بے شک میری زمین کشادہ ہے سو تم میری ہی عبادت کرو

O My servants who have believed! Surely, My earth is vast, so worship Me alone.

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ (58)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے ہم انہیں ضرور جنت کے بالائی محلّات میں جگہ دیں گے جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ عملِ (صالح) کرنے والوں کا کیا ہی اچھا اجر ہےo

And those who believe and persevere with right actions, We shall certainly house them in the upper palaces of Paradise with streams flowing beneath them; they will live there forever. What an excellent reward for those who do (constructive) works!

الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (59)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر ہی توکّل کرتے رہےo

(These are the people) who remain steadfast and always trust their Lord alone.

وَكَأَيِّن مِن دَابَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (60)

ترجمہ: اور کتنے ہی جانور ہیں جو اپنی روزی (اپنے ساتھ) نہیں اٹھائے پھرتے، اللہ انہیں بھی رزق عطا کرتا ہے اور تمہیں بھی، اور وہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

And many an animal there is that does not carry its sustenance (with it)! Allah provides for them and for you too. And He is All-Hearing, All-Knowing.

سورۃ الروم:

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَهُمْ فِي رَوْضَةٍ يُحْبَرُونَ (15)

ترجمہ: پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے تو وہ باغاتِ جنت میں خوش حال و مسرور کر دیے جائیں گےo

So those who believe and always do pious deeds will be pleased and delighted in the Gardens of Paradise.

مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ (31)

ترجمہ: اسی کی طرف رجوع و اِنابت کا حال رکھو اور اس کا تقویٰ اختیار کرو اور نماز قائم کرو اور مشرکوں میں سے مت ہو جاؤo

Have your mind set in turning towards Him alone in repentance and remorse and fear Him and establish Prayer and be not of the polytheists.

مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعًا كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ (32)

ترجمہ: ان (یہود و نصارٰی) میں سے (بھی نہ ہونا) جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اور وہ گروہ در گروہ ہو گئے، ہر گروہ اسی (ٹکڑے) پر اِترا تا ہے جو اس کے پاس ہےo

(Also be not) of those (Jews and Christians) who divided up their religion and became sects and subsects-every sect rejoicing over what is with them.

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (37)

ترجمہ: کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے۔ بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو ایمان رکھتے ہیںo

Have they not seen that Allah releases sustenance in abundance for whom He wills and restrains it (for whom He likes)? Surely, there are signs in it for those who believe.

فَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (38)

ترجمہ: پس آپ قرابت دار کو اس کا حق ادا کرتے رہیں اور محتاج اور مسافر کو (ان کا حق)، یہ ان لوگوں کے لیے بہتر ہے جو اللہ کی رضامندی کے طالب ہیں، اور وہی لوگ مراد پانے والے ہیںo

So keep giving to the close relative his due and to the needy and the wayfarers (their due). That is best for those who seek the pleasure of Allah and it is they who will achieve the goal.

مَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحاً فَلِأَنفُسِهِمْ يَمْهَدُونَ (44)

ترجمہ: جس نے کفر کیا تو اس کا (وبالِ) کفر اسی پر ہے اور جو نیک عمل کرے سو یہ لوگ اپنے لیے (جنّت کی) آرام گاہیں درست کر رہے ہیںo

Whoever disbelieves will himself face the (evil consequences) of disbelief, whilst those who act piously are setting aright for themselves the places of rest (in Paradise),

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِن فَضْلِهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِيْنَ (45)

ترجمہ: تاکہ اللہ اپنے فضل سے ان لوگوں کو بدلہ دے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے۔ بے شک وہ کافروں کو دوست نہیں رکھتاo

So that Allah rewards out of His bounty those who believe and do good deeds. Surely, He does not take the disbelievers for friends.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ رُسُلاً إِلَى قَوْمِهِمْ فَجَاؤُوهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَانتَقَمْنَا مِنَ الَّذِيْنَ أَجْرَمُوا وَكَانَ حَقّاً عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ (47)

ترجمہ: اور درحقیقت ہم نے آپ سے پہلے رسولوں کو ان کی قوموں کی طرف بھیجا اور وہ ان کے پاس واضح نشانیاں لے کر آئے پھر ہم نے (تکذیب کرنے والے) مجرموں سے بدلہ لے لیا، اور مومنوں کی مدد کرنا ہمارے ذمۂ کرم پر تھا (اور ہے)o

And in fact We sent before you Messengers to their respective peoples and they came to them with clear Signs. Then We took revenge on the wicked (who belied and disbelieved), and to help the believers was (and is) a binding obligation upon Our Grace.

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُونَ مَا لَبِثُوا غَيْرَ سَاعَةٍ كَذَلِكَ كَانُوا يُؤْفَكُونَ (55)

ترجمہ: اور جس دن قیامت برپا ہوگی مُجرم لوگ قسمیں کھائیں گے کہ وہ (دنیا میں) ایک گھڑی کے سوا ٹھہرے ہی نہیں تھے، اسی طرح وہ (دنیا میں بھی حق سے) پھرے رہتے تھےo

And the Day when the Last Hour is established, the evildoers will swear they did not stay (in the world) for more than an hour. They used to turn back (from truth) in the same manner (in the world as well).

وَقَالَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ وَالْإِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتَابِ اللَّهِ إِلَى يَوْمِ الْبَعْثِ فَهَذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلَكِنَّكُمْ كُنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ (56)

ترجمہ: اور جنہیں علم اور ایمان سے نوازا گیا ہے (ان سے) کہیں گے: درحقیقت تم اللہ کی کتاب میں (ایک گھڑی نہیں بلکہ) اٹھنے کے دن تک ٹھہرے رہے ہو، سو یہ ہے اٹھنے کا دن، لیکن تم جانتے ہی نہ تھےo

And those blessed with knowledge and faith will say (to them): 'Indeed, according to the Book of Allah, you have stayed till the Day of Resurrection (instead of one hour). So this is the Day of Resurrection but you did not

know it.'

سورۃ القمان:

الَّذِيْنَ يُقِيْمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ (4)

ترجمہ: جولوگ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور وہ لوگ جو آخرت پر یقین رکھتے ہیںo

Who establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) and those who believe in the Hereafter.

أُوْلَئِكَ عَلَى هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (5)

ترجمہ: یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیںo

It is they who are following guidance from their Lord and it is they who will prosper.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتُ النَّعِيْمِ (8)

ترجمہ: بے شک جولوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے ان کے لیے نعمتوں کی جنتیں ہیںo

Undoubtedly, those who believe and keep doing good deeds, for them are Gardens of Bliss.

خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَعْدَ اللَّهِ حَقّاً وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (9)

ترجمہ: (وہ) ان میں ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا وعدہ سچّا ہے، اور وہ غالب ہے حکمت والا ہےo

(They) will live in them forever. The promise of Allah is true. And He is Almighty, Most Wise.

وَمَن يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ الْأُمُورِ (22)

ترجمہ: جو شخص اپنا رخِ اطاعت اللہ کی طرف جھکا دے اور وہ (اپنے عمل اور حال میں) صاحبِ احسان بھی ہو تو اس نے مضبوط حلقہ کو پختگی سے تھام لیا، اور سب کاموں کا انجام اللہ ہی کی طرف ہےo

And whoever bows his face in obedience to Allah, and is also a man of spiritual excellence (in action and state of mind), has firmly grasped a strong handhold. And the end of all deeds returns to Allah alone.

سورۃ السجدۃ:

إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِيْنَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّداً وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ) (15)

ترجمہ: پس ہماری آیتوں پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں جنہیں اُن (آیتوں) کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدہ کرتے ہوئے گر جاتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور وہ تکبّر نہیں کرتےo

So only those who believe in Our Revelations, when directed and guided by means of these (Verses), fall down prostrating themselves and glorify their Lord with praise. And they do not behave with arrogance.

س (تَتَجَافَى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفاً وَطَمَعاً وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (16)

ترجمہ: ان کے پہلو اُن کی خواب گاہوں سے جدا رہتے ہیں اور اپنے رب کو خوف اور امید (کی ملی جُلی کیفیت) سے پکارتے ہیں اور ہمارے عطا کردہ رزق میں سے (ہماری راہ میں) خرچ کرتے ہیںo

Their sides stay away from their beds and they call out to their Lord in a (mingled state) of fear and hope and spend (in Our way) out of the sustenance We have provided them.

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا أُخْفِيَ لَهُم مِّن قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاء بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (17)

ترجمہ: سو کسی کو معلوم نہیں جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لیے پوشیدہ رکھی گئی ہے، یہ ان (اَعمالِ صالحہ) کا بدلہ ہوگا جو وہ کرتے رہے تھےo

So no one knows what coolness of eyes is kept hidden for them. This will be a reward for those (pious deeds) which they used to do.

أَفَمَن كَانَ مُؤْمِناً كَمَن كَانَ فَاسِقاً لَّا يَسْتَوُونَ (18)

ترجمہ: بھلا وہ شخص جو صاحبِ ایمان ہو اس کی مثل ہو سکتا ہے جو نافرمان ہو، (نہیں) یہ (دونوں) برابر نہیں ہو سکتےo

How can a person who is a believer be like him who is disobedient? (Nay,) they (both) cannot be equal.

أَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ جَنَّاتُ الْمَأْوَى نُزُلاً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (19)

ترجمہ: چنانچہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے تو ان کے لیے دائمی سکونت کے باغات ہیں، (اللہ کی طرف سے ان کی) ضیافت و اِکرام میں اُن (اَعمال) کے بدلے جو وہ کرتے رہے تھےo

So those who believe and keep doing good deeds, for them are Gardens of eternal repose as an entertainment and honour (from their Lord) in reward for those (works) which they used to do.

سورۃ الاحزاب:

يَـا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَاءتْكُمْ جُنُودٌ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحاً وَجُنُوداً لَّمْ تَرَوْهَا وَكَانَ اللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيراً (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کا احسان یاد کرو جب (کفار کی) فوجیں تم پر آ پہنچیں، تو ہم نے ان پر ہوا اور (فرشتوں کے) لشکروں کو بھیجا جنہیں تم نے نہیں دیکھا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے خوب دیکھنے والا ہےo

O believers! Recall Allah's favour to you when the forces (of disbelievers) came upon you. Then We sent wind and troops (of angels) against them whom you did not see. And Allah sees best what you do.

إِنَّ الْـمُسْـلِـمِيْـنَ وَالْـمُسْـلِـمَـاتِ وَالْـمُـؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِيْنَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِيْنَ وَالصَّادِقَاتِ وَالصَّابِرِيْنَ وَالـصَّـابِـرَاتِ وَالْـخَاشِعِيْنَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِيْنَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِيْنَ فُرُوجَهُمْ

وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِيْنَ اللَّهَ كَثِيْراً وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيْماً (35)

ترجمہ: بے شک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں، اور مومن مَرد اور مومن عورتیں، اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں، اور صدق والے مرد اور صدق والی عورتیں، اور صبر والے مرد اور صبر والی عورتیں، اور عاجزی والے مرد اور عاجزی والی عورتیں، اور صدقہ و خیرات کرنے والے مرد اور صدقہ و خیرات کرنے والی عورتیں اور روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں، اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں، اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور ذکر کرنے والی عورتیں، اللہ نے اِن سب کے لیے بخشش اور عظیم اجر تیار فرما رکھا ہےo

Surely, the submissive men and the submissive women, and the believing men and the believing women, and the obedient men and the obedient women, and the truthful men and the truthful women, and the steadfast men and the steadfast women, and the humble men and the humble women, and the men who give alms and the women who give alms, and the men who fast and the women who fast, and the men who guard their chastity and the women who guard their chastity, and the men who remember Allah abundantly and the women who remember Allah very much-Allah has prepared for all of them forgiveness and a mighty reward.

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْراً أَن يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالاً مُّبِيْناً (36)

ترجمہ: اور نہ کسی مومن مرد کو (یہ) حق حاصل ہے اور نہ کسی مومن عورت کو کہ جب اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کسی کام کا فیصلہ (یا حکم) فرما دیں تو ان کے لیے اپنے (اس) کام میں (کرنے یا نہ کرنے کا) کوئی اختیار رہے، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی نافرمانی کرتا ہے تو وہ یقیناً کھلی گمراہی میں بھٹک گیاo

And neither a believing man nor a believing woman has (this) right that, when Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have given judgment (or a command) about an affair, they should exercise their own choice in (doing or not doing that) work of theirs. And whoever disobeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) certainly loses his way into open error.

الَّذِيْنَ يُبَلِّغُونَ رِسَالَاتِ اللَّهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَداً إِلَّا اللَّهَ وَكَفَى بِاللَّهِ حَسِيْباً (39)

ترجمہ: وہ (پہلے) لوگ اللہ کے پیغامات پہنچاتے تھے اور اس کا خوف رکھتے تھے اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے، اور اللہ حساب لینے والا کافی ہےo

Those (bygone) people used to communicate the messages of Allah, and fear Him, and they were afraid of none but Allah. And Allah is Sufficient as a Reckoner.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْراً كَثِيْراً (41)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کا کثرت سے ذکر کیا کرو○

O believers! Keep remembering Allah abundantly.

وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا (42)

ترجمہ: اور صبح و شام اس کی تسبیح کیا کرو○

And glorify Him morning and evening.

هُوَ الَّذِىْ يُصَلِّىْ عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْماً (43)

ترجمہ: وہی ہے جو تم پر درود بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے جائے اور وہ مومنوں پر بڑی مہربانی فرمانے والا ہے○

He is the One Who sends peace and blessings on you and His angels as well, so that He may take you out of the layers of darkness into the light. And He is Ever-Merciful to the believers.

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهُ سَلَامٌ وَأَعَدَّ لَهُمْ أَجْراً كَرِيْماً (44)

ترجمہ: جس دن وہ (مومن) اس سے ملاقات کریں گے تو ان (کی ملاقات) کا تحفہ سلام ہوگا، اور اس نے ان کے لیے بڑی عظمت والا اجر تیار کر رکھا ہے○

On the Day when they (the believers) will meet Him, their gift (of the meeting-greeting) will be: 'Peace!' And He has kept ready for them most honourable reward.

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِأَنَّ لَهُم مِّنَ اللّٰهِ فَضْلاً كَبِيْراً (47)

ترجمہ: اور اہلِ ایمان کو اس بات کی بشارت دے دیں کہ ان کے لیے اللہ کا بڑا فضل ہے (کہ وہ اس خاتم الانبیاء کی نسبتِ غلامی میں ہیں)○

And give good news to the believers that there is for them Allah's great bounty (that they are cloaked in the affinity of slavery to the Final Messenger of Allah).

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِن قَبْلِ أَن تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا فَمَتِّعُوهُنَّ وَسَرِّحُوهُنَّ سَرَاحاً جَمِيْلاً (49)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم مومن عورتوں سے نکاح کرو پھر تم انہیں طلاق دے دو قبل اس کے کہ تم انہیں مَس کرو (یعنی خلوتِ صحیحہ کرو) تو تمہارے لیے ان پر کوئی عدّت (واجب) نہیں ہے کہ تم اسے شمار کرنے لگو، پس انہیں کچھ مال و متاع دو اور انہیں اچھی طرح حُسنِ سلوک کے ساتھ رخصت کرو○

O believers! When you marry the believing women and then divorce them before you have touched them (i.e., had sexual intercourse with them), then no waiting period is (obligatory) on them for you which you may start counting. So give them some provision, and send them off nicely extending to them

kindness.

وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ احْتَمَلُوْا بُهْتَاناً وَإِثْماً مُّبِيْناً (58)

ترجمہ: اور جو لوگ مومن مَردوں اور مومن عورتوں کو اذیت دیتے ہیں بغیر اِس کے کہ انہوں نے کچھ (خطا) کی ہو تو بے شک انہوں نے بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ (اپنے سَر) لے لیاo

And those who hurt the believing men and the believing women without their doing anything (wrong), surely, they bear (themselves) the burden of a false allegation and an open sin.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ آذَوْا مُوْسَى فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهاً (69)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسٰی (علیہ السلام) کو (گستاخانہ کلمات کے ذریعے) اذیت پہنچائی، پس اللہ نے انہیں اُن باتوں سے بے عیب ثابت کر دیا جو وہ کہتے تھے، اور وہ (موسٰی علیہ السلام) اللہ کے ہاں بڑی قدر و منزلت والے تھےo

O believers! Do not be like those who hurt Musa ([Moses] by means of their denigrating words). So Allah proved him clear of the blames which they levelled against him. And he (Musa [Moses]) had great honour and high standing in the sight of Allah.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلاً سَدِيْداً (70)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرا کرو اور صحیح اور سیدھی بات کہا کروo

O believers! Always fear Allah and say what is correct and straight.

يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَن يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزاً عَظِيْماً (71)

ترجمہ: وہ تمہارے لیے تمہارے (سارے) اعمال درست فرما دے گا اور تمہارے گناہ تمہارے لیے بخش دے گا، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی فرمانبرداری کرتا ہے تو بے شک وہ بڑی کامیابی سے سرفراز ہواo

He will set (all) your deeds right for you and will forgive you your sins. And whoever obeys Allah and His Holy Messenger (blessings and peace be upon him) will surely achieve a great success.

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُوماً جَهُولاً (72)

ترجمہ: بے شک ہم نے (اِطاعت کی) امانت آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کی تو انہوں نے اس (بوجھ) کے اٹھانے سے انکار کر دیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اسے اٹھا لیا، بے شک وہ (اپنی جان پر) بڑی زیادتی کرنے والا (ادائیگِ امانت میں کوتاہی کے انجام سے) بڑا بے خبر و نادان ہےo

Indeed, We offered the trust (of obedience) to the heavens and the earth and the mountains, but they declined to bear this (burden) and felt scared of it, but man took it on. Verily, he is given to wrongdoing (against his own soul),

unwise and extremely ignorant (of the consequence of lapse inpaying back the trust).

لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَكَانَ اللَّهُ غَفُوراً رَّحِيماً **(73)**

ترجمہ: (یہ) اس لیے کہ اللہ منافق مَردوں اور منافق عورتوں اور مشرِک مَردوں اور مشرِک عورتوں کو عذاب دے اور اللہ مومن مَردوں اور مومن عورتوں کی توبہ قبول فرمائے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہےo

(This is) so because Allah torments the hypocrites, men and women, and the polytheists, men and women, and Allah accepts repentance of the believers, men and women. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ فاطر:

الَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ **(7)**

ترجمہ: کافر لوگوں کے لیے سخت عذاب ہے، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے ان کے لیے مغفرت اور بہت بڑا ثواب ہےo

There is a severe torment for those who disbelieve and there is forgiveness and a mighty reward for those who believe and keep doing pious deeds.

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَالْبَصِيرُ **(19)**

ترجمہ: اور اندھا اور بینا برابر نہیں ہو سکتےo

And the blind and the seeing cannot be alike;

وَلَا الظُّلُمَاتُ وَلَا النُّورُ **(20)**

ترجمہ: اور نہ تاریکیاں اور نہ نور (برابر ہو سکتے ہیں)o

Nor (can) the darkness and the light (be alike);

وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُورُ **(21)**

ترجمہ: اور نہ سایہ اور نہ دھوپo

Nor the shade and the hot sun;

وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاء وَلَا الْأَمْوَاتُ إِنَّ اللَّهَ يُسْمِعُ مَن يَشَاءُ وَمَا أَنتَ بِمُسْمِعٍ مَّن فِي الْقُبُورِ **(22)**

ترجمہ: اور نہ زندہ لوگ اور نہ مُردے برابر ہو سکتے ہیں، بے شک اللہ جسے چاہتا ہے سنا دیتا ہے، اور آپ کے ذِمّے اُن کو سنانا نہیں جو قبروں میں (مدفون مُردوں کی مانند) ہیں (یعنی آپ کافروں سے اپنی بات قبول کروانے کے ذمّہ دار نہیں ہیں) ☆o

☆ یہاں پر مَن فِی القبورِ (قبروں میں مدفون مُردوں) سے مراد کافر ہیں۔ ائمہ تفسیر نے صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے یہی معنی بیان کیا ہے۔ بطور حوالہ ملاحظہ فرمائیں: تفسیر البغوی (3:569)، زاد المسیر لابن الجوزی (7:484)، تفسیر القرطبی (14: 340)، تفسیر الخازن (3:498)، تفسیر ابن کثیر (3:553)، تفسیر اللباب لابی حفص الحنبلی (15:199، 200)، الدر المنثور للسیوطی (7:18)، اور فتح القدیر للشوکانی (4:346)

Nor can the living and the dead be alike. Surely, Allah makes whom He wills hear, and it is not your responsibility to make those hear who are (like those buried) in the graves* (i.e., you are not responsible to make the disbelievers accept what you say).

*** Here the words man fi'l-qubur (who are [like those buried] in the graves) allude to the disbelievers. The leading exegetes have reported that the Companions and the Followers narrated the same meaning. References: Tafsir al-Baghawi (3:569); Zad al-Masir by Ibn al-Jawzi (7:484); Tafsir al-Qurtubi (14:340); Tafsir al-Khazin (3:498); Tafsir Ibn Kathir (3:553); Tafsir al-Lubab by Ibn 'Adil al-Damashqi (15:199-200); al-Durr al-Manthur by al-Suyuti (7:18) and Fath al-Qadir by al-Shawkani (4:346).**

ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ وَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللَّهِ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيرُ **(32)**

ترجمہ: پھر ہم نے اس کتاب (قرآن) کا وارث ایسے لوگوں کو بنایا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں سے چُن لیا (یعنی اُمّتِ محمدیہ کو)، سو ان میں سے اپنی جان پر ظلم کرنے والے بھی ہیں، اور ان میں سے درمیان میں رہنے والے بھی ہیں، اور ان میں سے اللہ کے حکم سے نیکیوں میں آگے بڑھ جانے والے بھی ہیں۔ یہی (اس کتاب یعنی قرآن کا وارث ہونا) بڑا فضل ہے o

Then We made those whom We chose from amongst Our servants (i.e., the Muslim Umma [Community]) the inheritors of the Book (the Qur'an). So of them are those who wrong their own souls, and of them are also those who are moderate, following the middle course, and of them are still those who excel in doing pious deeds by Allah's command. This (excelling and becoming perfect) is but a great bounty (of Allah).

جَنَّاتُ عَدْنٍ يَدْخُلُونَهَا يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَلُؤْلُؤاً وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ **(33)**

ترجمہ: (دائمی اِقامت کے لیے) عدن کی جنّتیں ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے، ان میں انہیں سونے اور موتیوں کے کنگنوں سے آراستہ کیا جائے گا اور وہاں ان کی پوشاک ریشمی ہوگی o

They shall enter the Gardens of Eden (Eden Paradise for eternal stay). Therein they will be adorned with bracelets of gold and pearls, and their dress will be made of silk.

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ **(34)**

ترجمہ: اور وہ کہیں گے: اللہ کا شکر و حمد ہے جس نے ہم سے کُل غم دور فرما دیا، بے شک ہمارا رب بڑا بخشنے والا، بڑا شکر قبول فرمانے والا ہے o

And they will say: 'All gratitude and praise belong to Allah, Who has removed from us all grief. Surely, our Lord is Most Forgiving, Most Appreciative of gratitude,

الَّذِیْ أَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِن فَضْلِهِ لَا یَمَسُّنَا فِیْهَا نَصَبٌ وَّلَا یَمَسُّنَا فِیْهَا لُغُوبٌ (35)

ترجمہ: جس نے ہمیں اپنے فضل سے دائمی اقامت کے گھر لا اتارا ہے، جس میں ہمیں نہ کوئی مشقّت پہنچے گی اور نہ اس میں ہمیں کوئی تھکن پہنچے گیo

Who has, out of His bounty, admitted us to a timeless abode wherein will touch us neither labour nor fatigue.'

سورۃ یٰس:

إِنَّمَا تُنذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّکْرَ وَخَشِیَ الرَّحْمَنَ بِالْغَیْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَأَجْرٍ کَرِیْمٍ (11)

ترجمہ: آپ تو صرف اسی شخص کو ڈر سناتے ہیں جو نصیحت کی پیروی کرتا ہے اور خدائے رحمان سے بن دیکھے ڈرتا ہے، سو آپ اسے بخشش اور بڑی عزت والے اجر کی خوشخبری سنا دیںo

You can only warn the one who follows the direction and guidance and fears the Most Kind (Lord) unseen. So give him the good news of forgiveness and a reward of great honour.

إِنَّ أَصْحَابَ الْجَنَّةِ الْیَوْمَ فِیْ شُغُلٍ فَاکِهُونَ (55)

ترجمہ: بے شک اہلِ جنت آج (اپنے) دل پسند مشاغل (مثلاً زیارتوں، ضیافتوں، سماع اور دیگر نعمتوں) میں لطف اندوز ہو رہے ہوں گےo

Surely, the residents of Paradise will be rejoicing Today (in their) favourite pastime pursuits (like spiritual visits, entertainments, sessions of hymns and eulogies).

هُمْ وَأَزْوَاجُهُمْ فِیْ ظِلَالٍ عَلَی الْأَرَائِكِ مُتَّكِؤُونَ (56)

ترجمہ: وہ اور ان کی بیویاں گھنے سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گےo

They and their wives will be reclining on raised couches under the deep, calming shades.

لَهُمْ فِیْهَا فَاکِهَةٌ وَلَهُم مَّا یَدَّعُونَ (57)

ترجمہ: اُن کے لیے اس میں (ہر قسم کا) میوہ ہوگا اور ان کے لیے ہر وہ چیز (میسر) ہوگی جو وہ طلب کریں گےo

There they will be provided with fruits (of every kind) and will find (available) everything they will solicit.

سَلَامٌ قَوْلًا مِن رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (58)

ترجمہ: (تم پر) سلام ہو، (یہ) ربِّ رحیم کی طرف سے فرمایا جائے گاo

'Peace (be upon you)!' (This) greeting will be conveyed (to them) from the Ever-Merciful Lord.

سورۃ الصافات:

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ (40)

ترجمہ: (ہاں) مگر اللہ کے وہ (برگزیدہ ومنتخب) بندے جنہیں (نفس اور نفسانیت سے) رہائی مل چکی ہےo

(Yes,) but those (exalted and chosen) servants of Allah who have divested themselves of (their ill-commanding selves and its pursuits),

أُولَئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُومٌ (41)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے (صبح وشام) رزقِ خاص مقرّر رہےo

It is they for whom a special provision is appointed (morning and evening),

فَوَاكِهُ وَهُم مُّكْرَمُونَ (42)

ترجمہ: (ہر قسم کے) میوے ہوں گے، اور ان کی تعظیم وتکریم ہوگیo

Fruits (of every kind). And they will be honoured and venerated,

فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (43)

ترجمہ: نعمتوں اور راحتوں کے باغات میں (مقیم ہوں گے)o

(Abiding) in Gardens of bliss and bounty,

عَلَى سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ (44)

ترجمہ: تختوں پر مسند لگائے آمنے سامنے (جلوہ افروز ہوں گے)o

(Making spiritual disclosures) face to face on raised couches.

يُطَافُ عَلَيْهِم بِكَأْسٍ مِن مَّعِينٍ (45)

ترجمہ: اُن پر چھلکتی ہوئی شرابِ (طہور) کے جام کا دور چل رہا ہوگاo

Round them will be passed cups of (sacred) overflowing drink.

بَيْضَاء لَذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ (46)

ترجمہ: جو نہایت سفید ہوگی، پینے والوں کے لیے سراسر لذّت ہوگیo

It will be sparkling white and superbly delicious, a treat for those who drink.

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنزَفُونَ (47)

ترجمہ: نہ اس میں کوئی ضرر یا سَر کا چکرانا ہوگا اور نہ وہ اس (کے پینے) سے بہک سکیں گےo

It will not cause any harm or giddiness; nor will they lose balance (after drinking it).

وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ عِينٌ (48)

ترجمہ: اور ان کے پہلو میں نگاہیں نیچی رکھنے والی، بڑی خوبصورت آنکھوں والی (حوریں بیٹھی) ہوں گیo

And beside them will be (sitting chaste women) with lowered gazes and wide beautiful eyes,

كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ (49)

ترجمہ: (وہ سفید و دلکش رنگت میں ایسے لگیں گی) گویا گرد و غبار سے محفوظ انڈے (رکھے) ہوںo

(Fair, charming complexion, they will look) as if they were eggs protected from dust.

فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ يَتَسَاءلُونَ (50)

ترجمہ: پھر وہ (جنّتی) آپس میں متوجہ ہو کر ایک دوسرے سے (حال و احوال) دریافت کریں گےo

Then those (residents of Paradise) will turn to one another and mutually inquire (about their well-being).

قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ (51)

ترجمہ: ان میں سے ایک کہنے والا (دوسرے سے) کہے گا کہ میرا ایک ملنے والا تھا (جو آخرت کا منکر تھا)o

One (of the participants in conversation) will say (to the other): 'There was an acquaintance of mine (who disbelieved in the Hereafter).

يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ (52)

ترجمہ: وہ (مجھے) کہتا تھا: کیا تم بھی (ان باتوں کا) یقین اور تصدیق کرنے والوں میں سے ہوo

He used to say (to me): Are you (also) of those who confirm and firmly believe (in these things)?

أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَدِينُونَ (53)

ترجمہ: کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں (اس حال میں) بدلہ دیا جائے گاo

(That) when we are dead and have become dust and bones, so shall we be requited (in that condition)?'

قَالَ هَلْ أَنتُم مُّطَّلِعُونَ (54)

ترجمہ: پھر وہ (جنّتی) کہے گا: کیا تم (اُسے) جھانک کر دیکھو گے (کہ وہ کس حال میں ہے)o

Then he (the dweller of Paradise) will say: 'Will you peer down to see (him in which plight he is)?'

فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ (55)

ترجمہ: پھر وہ جھانکے گا تو اسے دوزخ کے (بالکل) وسط میں پائے گاo

Then on peering down, he will find him (right) in the middle of Hell.

قَالَ تَاللَّهِ إِنْ كِدتَّ لَتُرْدِينِ (56)

ترجمہ: (اس سے) کہے گا: خدا کی قسم! تو اس کے قریب تھا کہ مجھے بھی ہلاک کر ڈالےo

(He) will say (to him): 'By my Lord, you had nearly ruined me.

وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ الْمُحْضَرِينَ (57)

ترجمہ: اور اگر میرے رب کا احسان نہ ہوتا تو میں (بھی تمہارے ساتھ عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں شامل ہو جاتاo

And had it not been the favour of my Lord, I (too) would have joined those who are brought (for torment with you).'

أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ (58)

ترجمہ: سو(جنّتی خوشی سے پوچھیں گے:) کیا اب ہم مریں گے تو نہیں o

So (the dwellers of Paradise will gladly ask:) 'Shall we not die now?

إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ (59)

ترجمہ: اپنی پہلی موت کے سوا(جس سے گزر کر ہم یہاں آ چکے)اور نہ ہم پر کبھی عذاب کیا جائے گا o

Except for the first death (which we have passed through and have reached here) and shall we not be ever tormented?'

إِنَّ هَذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (60)

ترجمہ: بے شک یہی تو عظیم کامیابی ہے o

This is surely the supreme success.

لِمِثْلِ هَذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُوْنَ (61)

ترجمہ: ایسی (کامیابی) کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے o

For such (a success) the doers should do work.

أَذَلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ (62)

ترجمہ: بھلا یہ(خُلد کی) مہمانی بہتر ہے یا زقّوم کا درخت o

Is the hospitality (of Paradise) better or the tree of Zaqqum?

إِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ (74)

ترجمہ: سوائے اللہ کے چنیدہ و برگزیدہ بندوں کے o

Except for the chosen and exalted servants of Allah.

وَإِنَّ جُندَنَا لَهُمُ الْغَالِبُوْنَ (173)

1 ترجمہ: اور بے شک ہمارا لشکر ہی غالب ہونے والا ہے o

And that essentially it is only Our army that shall dominate.

سورۃ اص:

أَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ (28)

ترجمہ: کیا ہم اُن لوگوں کو جو ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ بجالائے اُن لوگوں جیسا کر دیں گے جو زمین میں فساد بپا کرنے والے ہیں یا ہم پرہیزگاروں کو بدکرداروں جیسا بنا دیں گے o

Shall We make those who believe and do constructive works like those who corrupt the earth with mischief and destructive works? Or shall We make the pious like the corrupt and wicked?

هَذَا ذِكْرٌ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ لَحُسْنَ مَآبٍ (49)

ترجمہ: یہ (وہ) ذکر ہے (جس کا بیان اس سورت کی پہلی آیت میں ہے)، اور بے شک پرہیزگاروں کے لیے عمدہ ٹھکانا ہےo

This is the direction and guidance (which is cited in the first Verse of this Sura). And surely, for the Godfearing there is a blessed abode.

جَنَّاتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْأَبْوَابُ (50)

ترجمہ: (جو) دائمی اِقامت کے لیے باغاتِ عدن ہیں جن کے دروازے اُن کے لیے کھلے ہوں گےo

(They are) the Gardens of Eden to live in forever. Their doors will be opened for them.

مُتَّكِئِينَ فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ (51)

ترجمہ: وہ اس میں (مَسندوں پر) تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے اس میں (وقفے وقفے سے) بہت سے عمدہ پھل اور میوے اور (لذیذ) شربت طلب کرتے رہیں گےo

There, reclining on cushions, they will be sitting (on couches), calling (at intervals) for plenteous fine fruits and (delicious) drinks.

وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ أَتْرَابٌ (52)

ترجمہ: اور اُن کے پاس نیچی نگاہوں والی (باحیا) ہم عمر (حوریں) ہوں گیo

And beside them will be pure women (houris) with gazes lowered (i.e., chaste) and of equal age.

هَذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ (53)

ترجمہ: یہ وہ نعمتیں ہیں جن کا روزِ حساب کے لیے تم سے وعدہ کیا جاتا ہےo

These are the blessings which you are promised for the Day of Reckoning.

إِنَّ هَذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهُ مِن نَّفَادٍ (54)

ترجمہ: بے شک یہ ہماری بخشش ہے اسے کبھی بھی ختم نہیں ہونا o

Surely, this is Our provision which is never to exhaust.

هَذَا وَإِنَّ لِلطَّاغِينَ لَشَرَّ مَآبٍ (55)

ترجمہ: یہ (تو مومنوں کے لیے ہے)، اور بے شک سرکشوں کے لیے بہت ہی برا ٹھکانا ہےo

This (is for the believers), and surely for the defiant there is an extremely evil abode.

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ (82)

ترجمہ: اس نے کہا: سو تیری عزّت کی قسم! میں ان سب لوگوں کو ضرور گمراہ کرتا رہوں گاo

He said: 'By Your Honour, I shall certainly turn all of them away from the straight path with persistence,

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ (83)

ترجمہ: سوائے تیرے اُن بندوں کے جو چُنیدہ و برگزیدہ ہیںo

Except those of Your servants who are chosen and exalted ones.'

سورۃ الزمر:

أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِداً وَقَائِماً يَحْذَرُ الْآخِرَةَ وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُوْلُوا الْأَلْبَابِ (9)

ترجمہ: بھلا (یہ مشرک بہتر ہے یا) وہ (مومن) جو رات کی گھڑیوں میں سجود اور قیام کی حالت میں عبادت کرنے والا ہے، آخرت سے ڈرتا رہتا ہے اور اپنے رب کی رحمت کی امید رکھتا ہے، فرما دیجیے: کیا جو لوگ علم رکھتے ہیں اور جو لوگ علم نہیں رکھتے (سب) برابر ہو سکتے ہیں؟ بس نصیحت تو عقل مند لوگ ہی قبول کرتے ہیںo

Well! (Is this polytheist better or) that (believer) who worships during the hours of the night standing and in prostration, lives in fear of the Hereafter and expects mercy from his Lord?' Say: 'Can those who have knowledge and those who do not be alike?' So only the wise do receive the admonition.

قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُم بِغَيْرِ حِسَابٍ (10)

ترجمہ: (محبوب! میری طرف سے) فرما دیجیے: اے میرے بندو! جو ایمان لائے ہو اپنے رب کا تقوٰی اختیار کرو۔ ایسے ہی لوگوں کے لیے جو اس دنیا میں صاحبانِ احسان ہوئے، بہترین صلہ ہے، اور اللہ کی سرزمین کشادہ ہے، بلاشبہ صبر کرنے والوں کو اُن کا اجر بے حساب انداز سے پورا کیا جائے گاo

(O Beloved,) say (on My behalf), 'O My servants, you who have believed, adopt Godwariness; it is for the men of spiritual excellence in this world that there is excellent reward. And Allah's earth is vast. So the steadfast will certainly be given their reward without measure.'

وَالَّذِينَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ أَن يَعْبُدُوهَا وَأَنَابُوا إِلَى اللَّهِ لَهُمُ الْبُشْرَى فَبَشِّرْ عِبَادِ (17)

ترجمہ: اور جو لوگ بتوں کی پرستش کرنے سے بچے رہے اور اللہ کی طرف جھکے رہے، ان کے لیے خوشخبری ہے، پس آپ میرے بندوں کو بشارت دے دیجیےo

And those who kept off from idol-worship and turned to Allah, for them is good news. So give glad tidings to My servants.

الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ أُوْلَئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ وَأُوْلَئِكَ هُمْ أُوْلُوا الْأَلْبَابِ (18)

ترجمہ: جو لوگ بات کو غور سے سنتے ہیں، پھر اس کے بہتر پہلو کی اتباع کرتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت فرمائی ہے اور یہی لوگ عقل مند ہیںo

Those who listen attentively to what is said, then follow the best in it, it is they whom Allah has given guidance, and it is they who have wisdom.

لَـكِـنِ الَّـذِيـنَ اتَّـقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّن فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَعْدَ اللَّهِ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ الْمِيْعَادَ (20)

ترجمہ: لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے (جنت میں) بلند محلات ہوں گے جن کے اوپر (بھی) بالا خانے بنائے گئے ہوں گے، اُن کے نیچے سے نہریں رواں ہوں گی۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے، اللہ وعدہ کی خلاف ورزی نہیں کرتا o

But for those who fear their Lord are lofty palaces (in Paradise) with lofty mansions built over and rivers flowing beneath. This is Allah's promise. Allah does not go against His promise.

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتَاباً مُّتَشَابِهاً مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ ذَلِكَ هُدَى اللَّهِ يَهْدِيْ بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ (23)

ترجمہ: اللہ ہی نے بہترین کلام نازل فرمایا ہے، جو ایک کتاب ہے جس کی باتیں (نظم اور معانی میں) ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں (جس کی آیتیں) بار بار دہرائی گئی ہیں، جس سے اُن لوگوں کے جسموں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر اُن کی جلدیں اور دل نرم ہو جاتے ہیں (اور رِقّت کے ساتھ) اللہ کے ذکر کی طرف (محو ہو جاتے ہیں)۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ جسے چاہتا ہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے۔ اور اللہ جسے گمراہ کر دیتا (یعنی گمراہ چھوڑ دیتا) ہے تو اُس کے لیے کوئی ہادی نہیں ہوتا o

Allah is the One Who has sent down the best Word. That is a Book whose contents are in harmony with one another (in format and meaning) and (whose Verses) are repeated frequently. It sends a hair-raising shudder in the bodies of those who fear their Lord. Then their skins and hearts get softened, and they get (absorbed) into the remembrance of Allah (in a weeping mood). It is guidance from Allah and He guides with it whom He wills. And he whom Allah holds misguided (i.e., leaves astray) has no one to guide him.

وَالَّذِيْ جَاءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ (33)

ترجمہ: اور جو شخص سچ لے کر آیا اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ ہی تو متقی ہیں o

And whoever has brought the truth and he who has confirmed it, it is they who are Godfearing.

لَهُم مَّا يَشَاءُونَ عِندَ رَبِّهِمْ ذَلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِيْنَ (34)

ترجمہ: اُن کے لیے وہ (سب نعمتیں) ان کے رب کے پاس (موجود) ہیں جن کی وہ خواہش کریں گے، یہی محسنوں کی جزا ہے o

(All) those (favours) which they will long for (are in store) for them with their Lord. This is the reward of those who are committed to spiritual excellence,

لِيُكَفِّرَ اللَّهُ عَنْهُمْ أَسْوَأَ الَّذِيْ عَمِلُوا وَيَجْزِيَهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوا يَعْمَلُونَ (35)

ترجمہ: تاکہ اللہ اُن کی خطاؤں کو جو انہوں نے کیں اُن سے دور کر دے اور انہیں ان کا ثواب اُن نیکیوں کے بدلہ میں عطا فرمائے جو وہ کیا کرتے تھے o

So that Allah removes from them errors which they did, and grants them the reward for the pious deeds they used to do.

وَمَن يَهْدِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن مُّضِلٍّ أَلَيْسَ اللَّهُ بِعَزِيزٍ ذِي انتِقَامٍ (37)

ترجمہ: اور جسے اللہ ہدایت سے نواز دے تو اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔ کیا اللہ بڑا غالب، انتقام لینے والا نہیں ہےo

And he whom Allah blesses with guidance, there is none to misguide him. Is Allah not Almighty, the Lord of Vengeance?

أَوَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (52)

ترجمہ: اور کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ فرما دیتا ہے اور (جس کے لیے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے، بے شک اس میں ایمان رکھنے والوں کے لیے نشانیاں ہیںo

And do they not know that Allah gives abundantly to whom He wills and sparingly (to whom He wills)? Surely, in that are signs for those who (truly) believe.

وَيُنَجِّي اللَّهُ الَّذِينَ اتَّقَوا بِمَفَازَتِهِمْ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوءُ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (61)

ترجمہ: اور اللہ ایسے لوگوں کو جنہوں نے پرہیزگاری اختیار کی ہے اُن کی کامیابی کے ساتھ نجات دے گا نہ انہیں کوئی برائی پہنچے گی اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گےo

And those who have adopted Godwariness, Allah will deliver them bestowing success on them. No evil will touch them, nor will they grieve at all.

وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَراً حَتَّى إِذَا جَاؤُوهَا وَفُتِحَتْ أَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ (73)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے انہیں (بھی) جنّت کی طرف گروہ در گروہ لے جایا جائے گا، یہاں تک کہ جب وہ اس (جنّت) کے پاس پہنچیں گے اور اُس کے دروازے (پہلے ہی) کھولے جا چکے ہوں گے تو اُن سے وہاں کے نگران (خوش آمدید کرتے ہوئے) کہیں گے: تم پر سلام ہو، تم خوش و خرّم رہو سو ہمیشہ رہنے کے لیے اس میں داخل ہو جاؤo

And those who persisted in fear of Allah will (also) be conducted to Paradise in groups until, when they approach it (Paradise), its doors will have been opened for them (well before) and the keepers of Paradise will say, (greeting them): 'Peace be upon you! Be glad and rejoice, and enter it to dwell here forever.'

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَنَا وَعْدَهُ وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاء فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ (74)

ترجمہ: اور وہ (جنتی) کہیں گے: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جس نے ہم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اور ہمیں سرزمینِ جنت کا وارث بنا دیا کہ ہم (اِس) جنّت میں جہاں چاہیں قیام کریں، سو نیک عمل کرنے والوں کا کیسا اچھا اجر ہےo

And they (the residents of Paradise) will say: 'All praise belongs to Allah alone, Who has fulfilled His promise to us, and has made us inheritors of the land of Paradise that we may reside in (this) Paradise wherever we desire.' So how excellent is the reward of those who do righteous acts!

سورۃ مومن:

الَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوا رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَعِلْماً فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ (7)

ترجمہ: جو (فرشتے) عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُس کے اِرد گرد ہیں وہ (سب) اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور اہلِ ایمان کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں (یہ عرض کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب! تو (اپنی) رحمت اور علم سے ہر شے کا احاطہ فرمائے ہوئے ہے، پس اُن لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیرے راستہ کی پیروی کی اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالےo

The angels who are bearing the Throne and those who are around it, (all) glorify their Lord with His praise and believe in Him and pray for forgiveness of the believers (and submit): 'O our Lord, You encompass everything in (Your) mercy and knowledge. So forgive those who turn to You in repentance and follow Your path and protect them from the torment of Hell.

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِيْ وَعَدتَّهُم وَمَن صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (8)

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور انہیں (ہمیشہ رہنے کے لیے) جنّاتِ عدن میں داخل فرما، جن کا تُو نے اُن سے وعدہ فرما رکھا ہے اور اُن کے آباء واجداد سے اور اُن کی بیویوں سے اور اُن کی اولاد و ذرّیت سے جو نیک ہوں (انہیں بھی اُن کے ساتھ داخل فرما)، بے شک تو ہی غالب، بڑی حکمت والا ہےo

O our Lord! And admit them to the Gardens of Eden (for eternal living) You have promised them. And (also admit with them) the pious ones of their fathers and their wives and their children. Surely, You are Almighty, Most Wise.

وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ وَمَن تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ وَذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (9)

ترجمہ: اور اُن کو برائیوں (کی سزا) سے بچالے، اور جسے تو نے اُس دن برائیوں (کی سزا) سے بچالیا سو بے شک تو نے اُس پر رحم فرمایا، اور یہی تو عظیم کامیابی ہےo

And save them from (the punishment of) sins. And the one You have saved from (the punishment of) sins that Day, You have indeed shown him great mercy. And that is great success indeed.'

هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ آيَاتِهِ وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ رِزْقاً وَمَا يَتَذَكَّرُ إِلَّا مَن يُنِيْبُ (13)

ترجمہ: وہی ہے جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تمہارے لیے آسمان سے رزق اتارتا ہے، اور نصیحت صرف وہی قبول کرتا ہے جو رجوع (الی اللہ) میں رہتا ہےo

He is the One Who shows you His signs and sends down sustenance for you from the heaven. And only he who remains inclined (to Allah alone) accepts advice.

فَادْعُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ (14)

ترجمہ: پس تم اللہ کی عبادت اس کے لیے طاعت و بندگی کو خالص رکھتے ہوئے کیا کرو، اگرچہ کافروں کو نا گوار ہی ہو○

So worship Allah for His own sake in sincere obedience and true devotion, even though the disbelievers may despise it.

إِنَّا لَنَنصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ آمَنُوا فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُومُ الْأَشْهَادُ (51)

ترجمہ: بے شک ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان لانے والوں کی دنیوی زندگی میں (بھی) مدد کرتے ہیں اور اس دن (بھی کریں گے) جب گواہ کھڑے ہوں گے○

Surely, We help Our Messengers and those who believe both in the life of this world and on the Day when the witnesses will rise,

وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمَى وَالْبَصِيرُ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَلَا الْمُسِيءُ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُونَ (58)

ترجمہ: اور اندھا اور بینا برابر نہیں ہو سکتے سو (اسی طرح) جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے (وہ) اور بدکار بھی (برابر) نہیں ہیں۔ تم بہت ہی کم نصیحت قبول کرتے ہو○

And the blind and the seeing cannot be equal. So (in the same way) those who believe and do righteous works and the evildoers cannot be (alike). You accept direction and guidance but little.

هُوَ الْحَيُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (65)

ترجمہ: وہی زندہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس تم اس کی عبادت اُس کے لیے طاعت و بندگی کو خالص رکھتے ہوئے کیا کرو، تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو سب جہانوں کا پروردگار ہے○

He is the Ever-Living. There is no God but He. So worship Him, making obedience and devotion sincerely His. All praise belongs to Allah alone, the Lord of all the worlds.

سورۃ حم السجدۃ:

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ (8)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے ایسا اجر ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا○

Surely, those who believe and do righteous works persistently, for them is endless reward.

وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ (18)

ترجمہ: اور ہم نے اُن لوگوں کو نجات بخشی جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے○

And We delivered those who believed and performed acts of piety (and self-protection).

إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنتُمْ تُوعَدُونَ (30)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے، پھر وہ (اِس پر مضبوطی سے) قائم ہو گئے، تو اُن پر فرشتے اترتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ تم خوف نہ کرو اور نہ غم کرو اور تم جنت کی خوشیاں مناؤ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھاo

Surely, those who say: 'Our Lord is Allah,' then stick to it (firmly), angels descend upon them (and say:) 'Do not fear or grieve, and rejoice in the Paradise that you were promised.

نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْ أَنفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَدَّعُونَ (31)

ترجمہ: ہم دنیا کی زندگی میں (بھی) تمہارے دوست اور مددگار ہیں اور آخرت میں (بھی)، اور تمہارے لیے وہاں ہر وہ نعمت ہے جسے تمہارا جی چاہے اور تمہارے لیے وہاں وہ تمام چیزیں (حاضر) ہیں جو تم طلب کرو o

We are your friends and helpers in the life of this world and in the Hereafter (too). And there is for you every blessing that you long for. And all those things that you ask for are (available) for you there.

نُزُلًا مِّنْ غَفُورٍ رَّحِيْمٍ (32)

ترجمہ: (یہ) بڑے بخشنے والے، بہت رحم فرمانے والے (رب) کی طرف سے مہمانی ہے o

(This) is hospitality from the Most Forgiving, Ever-Merciful (Lord).'

وَمَنْ أَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّن دَعَا إِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحاً وَقَالَ إِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ (33)

ترجمہ: اور اس شخص سے زیادہ خوش گفتار کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور کہے: بے شک میں (اللہ عزّ و جل اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) فرمانبرداروں میں سے ہوں o

And who can be more pleasing in speech than one who calls towards Allah and does pious work and says: 'Surely, I am of the obedient servants (of Allah and the Holy Prophet)'?

وَلَا تَسْتَوِيْ الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ (34)

ترجمہ: اور نیکی اور بدی برابر نہیں ہو سکتے، اور برائی کو بہتر (طریقے) سے دور کیا کرو سو نیتجتاً وہ شخص کہ تمہارے اور جس کے درمیان دشمنی تھی گویا وہ گرم جوش دوست ہو جائے گا o

And good and evil cannot be equal. And remove the evil in a better (way) with the result that the one with whom you had rivalry becomes your most warmhearted friend.

وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوا وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيْمٍ (35)

ترجمہ: اور یہ (خوبی) صرف اُنہی لوگوں کو عطا کی جاتی ہے جو صبر کرتے ہیں، اور یہ (توفیق) صرف اسی کو حاصل ہوتی ہے جو بڑے نصیب والا ہوتا ہے o

And this (virtue) is granted only to those who observe patience. And only he

who is blessed with a large share of bounty acquires this (capability).

وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ **(36)**

ترجمہ: اور (اے بندۂ مومن!) اگر شیطان کی وسوسہ اندازی سے تمہیں کوئی وسوسہ آ جائے تو اللہ کی پناہ مانگ لیا کر، بے شک وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

And, (O believing servant,) if an evil whisper of Satan stirs your mind, seek refuge with Allah; surely, He is All-Hearing, All-Knowing.

وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآناً أَعْجَمِيّاً لَّقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ أَأَعْجَمِيٌّ وَعَرَبِيٌّ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاء وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ فِي آذَانِهِمْ وَقْرٌ وَهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى أُوْلَئِكَ يُنَادَوْنَ مِن مَّكَانٍ بَعِيدٍ **(44)**

ترجمہ: اور اگر ہم اس (کتاب) کو عجمی زبان کا قرآن بنا دیتے تو یقیناً یہ کہتے کہ اِس کی آیتیں واضح طور پر بیان کیوں نہیں کی گئیں، کیا کتاب عجمی ہے اور رسول عربی ہے (اِس لیے اے محبوبِ مکرّم! ہم نے قرآن بھی آپ ہی کی زبان میں اتار دیا ہے۔) فرما دیجیے: وہ (قرآن) ایمان والوں کے لیے ہدایت (بھی) ہے اور شفا (بھی) ہے اور جو لوگ ایمان نہیں رکھتے اُن کے کانوں میں بہرے پن کا بوجھ ہے وہ اُن کے حق میں نابینا پن (بھی) ہے (گویا) وہ لوگ کسی دور کی جگہ سے پکارے جاتے ہیںo

And if We had revealed this (Book) as a Qur'an in a non-Arabic language, they would certainly have said: 'Why have its Verses not been expounded expressly? Is the Book non-Arabic and the Prophet an Arab?' (So, O Esteemed Beloved, We have revealed the Qur'an also in your language.) Say: 'That (Qur'an) is guidance as well as healing for the believers, but those who do not believe, their ears are heavy with deafness, and that is blindness (as well) in their case, (as if) they are like men called from afar.'

سورۃ الشوریٰ:

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا وَالَّذِينَ آمَنُوا مُشْفِقُونَ مِنْهَا وَيَعْلَمُونَ أَنَّهَا الْحَقُّ أَلَا إِنَّ الَّذِينَ يُمَارُونَ فِي السَّاعَةِ لَفِي ضَلَالٍ بَعِيدٍ **(18)**

ترجمہ: اِس (قیامت) میں وہ لوگ جلدی مچاتے ہیں جو اِس پر ایمان (ہی) نہیں رکھتے اور جو لوگ ایمان رکھتے ہیں اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ اِس کا آنا حق ہے، جان لو! جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں وہ پرلے درجہ کی گمراہی میں ہیںo

They who do not put (any) belief in it seek to hasten this (Hour), and those who believe fear it and know that its coming is the truth. Beware! Those who argue about the Hour are in extreme error.

مَن كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ وَمَن كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِن نَّصِيبٍ **(20)**

ترجمہ: جو شخص آخرت کی کھیتی چاہتا ہے ہم اُس کے لیے اُس کی کھیتی میں مزید اضافہ فرما دیتے ہیں اور جو شخص دنیا کی کھیتی کا طالب

ہوتا ہے (تو) ہم اُس کو اس میں سے کچھ عطا کر دیتے ہیں، پھر اُس کے لیے آخرت میں کچھ حصہ نہیں رہتاo

He who seeks the harvest of the Hereafter, We grant him further increase in his harvest. And he who desires the harvest of this world, We give him some of it, but in the Hereafter there does not remain any share for him.

تَرَى الظَّالِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا كَسَبُوا وَهُوَ وَاقِعٌ بِهِمْ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فِيْ رَوْضَاتِ الْجَنَّاتِ لَهُم مَّا يَشَاؤُوْنَ عِندَ رَبِّهِمْ ذَلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ (22)

ترجمہ: آپ ظالموں کو اُن (اعمال) سے ڈرنے والا دیکھیں گے جو انہوں نے کما رکھے ہیں اور وہ (عذاب) اُن پر واقع ہو کر رہے گا، اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے وہ بہشت کے چمنوں میں ہوں گے، اُن کے لیے اُن کے رب کے پاس وہ (تمام نعمتیں) ہوں گی جن کی وہ خواہش کریں گے، یہی تو بہت بڑا فضل ہےo

You will see the wrongdoers fearing those (deeds) that they have earned. And that (torment) is bound to befall them. And they who believe and persist in pious deeds will be in the Gardens of Paradise. There will be for them with their Lord (all those blessings) which they will long for. That is indeed a great bounty.

ذَلِكَ الَّذِيْ يُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ قُل لَّا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْراً إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِيْ الْقُرْبَى وَمَن يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُ فِيْهَا حُسْناً إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ شَكُورٌ (23)

ترجمہ: یہ وہ (انعام) ہے جس کی خوشخبری اللہ ایسے بندوں کو سناتا ہے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے، فرما دیجیے: میں اِس (تبلیغِ رسالت) پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا مگر (میری) قرابت (اور اللہ کی قربت) سے محبت (چاہتا ہوں)، اور جو شخص نیکی کمائے گا ہم اس کے لیے اس میں اُخروی ثواب اور بڑھا دیں گے۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا قدردان ہےo

That is (the award) of which Allah gives the good news to those servants who believe and do pious works persistently. Say: 'I do not ask for any recompense for this (preaching the faith in Messengership), but (seek) love for (my) kindreds (and Allah's nearness).' And whoever earns good, We shall increase for him the reward in the Hereafter. Surely, Allah is Most Forgiving, Most Appreciative.

فَمَا أُوتِيْتُم مِّن شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَا عِندَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَأَبْقَى لِلَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ (36)

ترجمہ: سو تمہیں جو کچھ بھی (مال و متاع) دیا گیا ہے وہ دنیوی زندگی کا (چند روزہ) فائدہ ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور پائیدار ہے، (یہ) اُن لوگوں کے لیے ہے جو ایمان لاتے اور اپنے رب پر توکّل کرتے ہیںo

And whatever (wealth and comforts) have been given to you is a small benefit for (a few days') worldly life, and what is with Allah is better and everlasting. And (that) is for those who believe and put trust in their Lord,

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ (37)

ترجمہ: اور جو لوگ کبیرہ گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب انہیں غصّہ آتا ہے تو معاف کر دیتے

ہیںo

And those who refrain from major sins and the indecencies; and when they feel furious, they forgive;

وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ (38)

ترجمہ: اور جولوگ اپنے رب کا فرمان قبول کرتے ہیں اور نماز قائم رکھتے ہیں اور اُن کا فیصلہ باہمی مشورہ سے ہوتا ہے اور اس مال میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا ہے خرچ کرتے ہیںo

And those who submit to the command of their Lord, and establish prayer; and their decisions are made through mutual consultations; and they spend in Our way out of the provision which We have given them;

وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ وَقَالَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ (45)

ترجمہ: اور آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ دوزخ پر ذلّت اور خوف کے ساتھ سر جھکائے ہوئے پیش کیے جائیں گے (اسے چوری چوری) چھپی نگاہوں سے دیکھتے ہوں گے، اور ایمان والے کہیں گے: بے شک نقصان اٹھانے والے وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو اور اپنے اہل وعیال کو قیامت کے دن خسارے میں ڈال دیا، یاد رکھو! بے شک ظالم لوگ دائمی عذاب میں (مبتلا) رہیں گےo

And you will see them brought to Hell with their heads bent with disgrace and fear, looking at it covertly (with a stealthy glance) and the believers will say: 'Surely, the losers are those who put their own souls and their families into loss on the Day of Rising. Remember! Indeed, the wrongdoers will remain in (the agony of) a lasting torment.

سورۃ الزخرف:

وَزُخْرُفاً وَإِن كُلُّ ذَلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةُ عِندَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ (35)

ترجمہ: اور (چاندی کے اوپر) سونے اور جواہرات کی آرائش بھی (کر دیتے)، اور یہ سب کچھ دنیوی زندگی کی عارضی اور حقیر متاع ہے، اور آخرت (کا حُسن وزیبائش) آپ کے رب کے پاس ہے (جو) صرف پرہیزگاروں کے لیے ہےo

And (embellish) ornamentation of gold and jewels (over this silver work). But all that is the temporary and worthless possession of the life of this world. And (the beauty and ornamentation of) the Hereafter is with your Lord (which is) only for the pious.

وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ تُسْأَلُونَ (44)

ترجمہ: اور یقیناً یہ (قرآن) آپ کے لیے اور آپ کی امت کے لیے عظیم شرف ہے، اور (لوگو!) عنقریب تم سے پوچھا جائے گا (کہ تم نے قرآن کے ساتھ کتنا تعلق استوار کیا)o

And verily, this (Qur'an) is a great honour for you and for your Umma (Community). And, (O people,) you will soon be asked (how strong and firm a relation you established with the Qur'an).

الْأَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ (67)

ترجمہ: سارے دوست واحباب اُس دن ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے سوائے پرہیزگاروں کے (انہی کی دوستی اور ولایت کام آئے گی)o

On that Day, all friends and acquaintances will become enemies to one another except the pious. (Only their friendship and nearness [wilaya] will prove fruitful.)

يَا عِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ (68)

ترجمہ: (اُن سے فرمایا جائے گا): اے میرے (مقرّب) بندو! آج کے دن تم پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی تم غم زدہ ہو گےo

(It will be said to them:) 'O My (intimate) servants, there is no fear for you this Day, nor shall you grieve.'

الَّذِينَ آمَنُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا مُسْلِمِينَ (69)

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے اور ہمیشہ (ہمارے) تابعِ فرمان رہےo

(It is) they who believed in Our Revelations and were always obedient (to Us).

ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنْتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ (70)

ترجمہ: تم اور تمہارے ساتھ جڑے رہنے والے ساتھی☆ (سب) جنت میں داخل ہو جاؤ (جنت کی نعمتوں، راحتوں اور لذّتوں کے ساتھ) تمہاری تکریم کی جائے گیo

☆مفسرین کرام نے آیتِ کریمہ میں اَزوَاجَکُم کا معنی بیویوں کے علاوہ 'قریبی ساتھی' بھی کیا ہے جیسے امام قرطبی نے تفسیر 'الجامع لاحکام القرآن (16:111)' میں، امام ابن کثیر نے 'تفسیر القرآن العظیم (4:134)' میں، اور امام شوکانی نے تفسیر 'فتح القدیر (4: 563)' میں یہ معنی بیان کیا ہے۔ اسی بناء پر یہاں اَزوَاج کا معنی بیویوں کی بجائے 'ساتھ جڑے رہنے والے ساتھی' کیا گیا ہے۔

Enter Paradise, you and your intimate companions* (all); you will be honoured (with blessings, comforts and the pleasures of Paradise).

*** According to the eminent exegetes like Imam al-Qurtubi, al-Jami' li-Ahkam al-Qur'an (16:111), Ibn Kathir, Tafsir al-Qur'an al-'Azim (4:134), and al-Shawkani, Fath al-Qadir (4:563) the words azwaju-kum in this Verse also imply 'intimate companions' in addition to 'wives'. On the basis of this authority, the word azwaj has been translated as 'intimate companions' instead of 'wives'.**

يُطَافُ عَلَيْهِم بِصِحَافٍ مِّن ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ وَأَنتُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (71)

ترجمہ: ان پر سونے کی پلیٹوں اور گلاسوں کا دور چلایا جائے گا اور وہاں وہ سب چیزیں (موجود) ہوں گی جن کو دل چاہیں گے اور (جن سے) آنکھیں راحت پائیں گی اور تم وہاں ہمیشہ رہو گےo

The plates and drinking cups made of gold will be passed around amongst

them, and all those things which the hearts will long for, and (that which) will cool the eyes will be available there. And you will dwell there forever.

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ أُوْرِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (72)

ترجمہ: اور (اے پرہیزگارو!) یہ وہ جنت ہے جس کے تم مالک بنا دیے گئے ہو، اُن (اعمال) کے صلہ میں جو تم انجام دیتے تھےo

And, (O Godfearing folk,) this is the Paradise of which you have been made the owners, a recompense of those (works) which you used to do.

لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِنْهَا تَأْكُلُونَ (73)

ترجمہ: تمہارے لیے اس میں بکثرت پھل اور میوے ہیں تم ان میں سے کھاتے رہو گےo

There are abundant fruits in it for you to eat.

سورۃ الدخان:

إِلَّا مَن رَّحِمَ اللَّهُ إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ (42)

ترجمہ: سوائے اُن کے جن پر اللہ نے رحمت فرمائی ہے (وہ ایک دوسرے کی شفاعت کریں گے)، بے شک وہ بڑا غالب بہت رحم فرمانے والا ہےo

Except those to whom Allah has shown mercy. (They will intercede for one another.) Surely, He is Almighty, Ever-Merciful.

إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ أَمِيْنٍ (51)

ترجمہ: بے شک پرہیزگار لوگ اَمن والے مقام میں ہوں گےo

Assuredly, the Godfearing will be in a place of calm and peace,

فِيْ جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (52)

ترجمہ: باغات اور چشموں میںo

Amid gardens and springs,

يَلْبَسُونَ مِن سُنْدُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَقَابِلِيْنَ (53)

ترجمہ: باریک اور دبیز ریشم کا لباس پہنے ہوں گے، آمنے سامنے بیٹھے ہوں گےo

Dressed in fine silk and heavy brocade, facing one another.

كَذَلِكَ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِيْنٍ (54)

ترجمہ: اسی طرح (ہی) ہوگا، اور ہم انہیں گوری رنگت والی کشادہ چشم حوروں سے بیاہ دیں گےo

So will it happen! And We shall marry them to fair maidens having lovely wide eyes.

يَدْعُونَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ آمِنِيْنَ (55)

ترجمہ: وہاں (بیٹھے) اطمینان سے ہر طرح کے پھل اور میوے طلب کرتے ہوں گےo

(Sitting) there, they will call calmly for every kind of fruit.

لَا يَذُوقُونَ فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ الْأُولَى وَوَقَاهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ (56)

ترجمہ: اس (جنت) میں موت کا مَزہ نہیں چکھیں گے سوائے (اس) پہلی موت کے (جو گزر چکی ہوگی) اور اللہ انہیں دوزخ کے عذاب سے بچالے گاo

There (in Paradise) they will not taste death except the first death (which would have passed). And Allah will save them from the torment of Hell.

فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (57)

ترجمہ: یہ آپ کے رب کا فضل ہے (یعنی آپ کا رب آپ کے وسیلے سے ہی عطا کرے گا)، یہی بہت بڑی کامیابی ہےo

It is a bounty of your Lord (i.e., your Lord will bestow through your mediation alone). That is but a great success.

سورۃ الجاثیۃ:

إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ (3)

ترجمہ: بے شک آسمانوں اور زمین میں یقیناً مومنوں کے لیے نشانیاں ہیںo

Indeed, there are signs for the believers in the heavens and the earth.

وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (4)

ترجمہ: اور تمہاری (اپنی) پیدائش میں اور اُن جانوروں میں جنہیں وہ پھیلاتا ہے، یقین رکھنے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیںo

And in your (own) creation, and in the animals which He scatters, there are signs for those who believe with certitude.

وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ (7)

ترجمہ: ہر بہتان تراشنے والے کذّاب (اور) بڑے سیاہ کار کے لیے ہلاکت ہےo

Woe to every liar given to fabricating false allegations (and) every dreadful evildoer,

يَسْمَعُ آيَاتِ اللَّهِ تُتْلَى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِراً كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (8)

ترجمہ: جو اللہ کی (اُن) آیتوں کو سنتا ہے جو اُس پر پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں پھر (اپنے کفر پر) اصرار کرتا ہے تکبّر کرتے ہوئے، گویا اُس نے انہیں سنا ہی نہیں، تو آپ اسے دردناک عذاب کی بشارت دے دیںo

The one who listens to the Revelations of Allah that are recited to him, then insists (on his disbelief) arrogantly as if he did not hear them, give him the news of a grievous torment!

قُل لِّلَّذِينَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لا يَرْجُون أَيَّامَ اللَّهِ لِيَجْزِيَ قَوْماً بِما كَانُوا يَكْسِبُونَ (14)

ترجمہ: آپ ایمان والوں سے فرما دیجیے کہ وہ اُن لوگوں کو نظر انداز کر دیں جو اللہ کے دنوں کی (آمد کی) امید اور خوف نہیں رکھتے تاکہ وہ اُن لوگوں کو اُن (کے اعمال) کا پورا بدلہ دے دے جو وہ کمایا کرتے تھےo

Say to the believers to disregard those who neither hope for nor fear (the coming of) the Days of Allah, so that He may give them full reward of those (deeds) which they used to earn.

إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئاً وإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ **(19)**

ترجمہ: بے شک یہ لوگ اللہ کی جانب سے (اسلام کی راہ میں پیش آمدہ مشکلات کے وقت میں وعدوں کے باوجود) ہرگز آپ کے کام نہیں آئیں گے، اور بے شک ظالم لوگ (دنیا میں) ایک دوسرے کے ہی دوست اور مددگار رہوا کرتے ہیں، اور اللہ پرہیزگاروں کا دوست اور مددگار ہے o

Surely, these people will not be of any help to you at all (despite promises) from Allah (for crucial time of hardships coming in the way of Islam). And in truth, the wrongdoers (in the world) are friends and helpers only to one another and Allah is the Friend and Helper of the Godfearing.

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَن نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاء مَّحْيَاهُم وَمَمَاتُهُمْ سَاء مَا يَحْكُمُونَ **(21)**

ترجمہ: کیا وہ لوگ جنہوں نے برائیاں کما رکھی ہیں یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم انہیں اُن لوگوں کی مانند کر دیں گے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے (کہ) اُن کی زندگی اور ان کی موت برابر ہو جائے۔ جو دعوٰی (یہ کفّار) کر رہے ہیں نہایت برا ہے o

Do those who have earned evil deeds think that We shall make them resemble those who believe and do good deeds (so as) to make their life and death alike? The claim, which they (the disbelievers) make, is the worst evil.

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهِ ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ **(30)**

ترجمہ: پس جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے تو اُن کا رب انہیں اپنی رحمت میں داخل فرما لے گا، یہی تو واضح کامیابی ہے o

So those who believe and do good deeds, their Lord will admit them to His mercy. That is nothing but an evident success.

سورۃ الاحقاف:

وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَى إِمَاماً وَرَحْمَةً وَهَذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَاناً عَرَبِيّاً لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَى لِلْمُحْسِنِينَ **(12)**

ترجمہ: اور اس سے پہلے موسٰی (علیہ السلام) کی کتاب (تورات) پیشوا اور رحمت تھی، اور یہ کتاب (اس کی) تصدیق کرنے والی ہے، عربی زبان میں ہے تاکہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے ظلم کیا ہے اور نیکوکاروں کے لیے خوشخبری ہو o

And before it was the Book of Musa (Moses [the Torah]), a guide and mercy. And this Book confirms that. It is in the Arabic language to warn the wrongdoers and give good news to the pious.

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ **(13)**

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کہا کہ ہمارا رب اللہ ہے پھر انہوں نے استقامت اختیار کی تو ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گےo

Surely, those who say: 'Allah is our Lord,' then hold fast (to it) have nothing to fear, nor shall they grieve.

أُولَئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا جَزَاء بِمَا كَانُوا يَعْمَلُوْنَ (14)

ترجمہ: یہی لوگ اہلِ جنت ہیں جو اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ یہ ان اعمال کی جزا ہے جو وہ کیا کرتے تھےo

They it is, the people of Paradise, who will live in it forever. This is the reward of the deeds they used to do.

سورۃ محمد:

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ (2)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور اس (کتاب) پر ایمان لائے جو محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر نازل کی گئی ہے اور وہی ان کے رب کی جانب سے حق ہے اللہ نے ان کے گناہ ان (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دیے اور ان کا حال سنوار دیاo

And those who embrace faith and do pious works persistently and believe in this (Book) which has been revealed to Muhammad (blessings and peace be upon him), and that is the very truth from their Lord, Allah erases their evil works from their (record of deeds) and refines their states of being.

ذَلِكَ بِأَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَأَنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِن رَّبِّهِمْ كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ لِلنَّاسِ أَمْثَالَهُمْ (3)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ جن لوگوں نے کفر کیا وہ باطل کے پیچھے چلے اور جو لوگ ایمان لائے انہوں نے اپنے رب کی طرف سے (اتارے گئے) حق کی پیروی کی، اسی طرح اللہ لوگوں کے لیے ان کے احوال بیان فرماتا ہےo

That is because those who disbelieve follow falsehood, and those who believe follow the truth (sent down) from their Lord. That is how Allah illustrates for people their states of being.

فَإِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّى إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنّاً بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاء حَتَّى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ذَلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوا فِيْ سَبِيْلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ (4)

ترجمہ: پھر جب (میدان جنگ میں) تمہارا مقابلہ (متحارب) کافروں سے ہو تو (دورانِ جنگ) ان کی گردنیں اڑا دو (کیونکہ انہوں نے انسانیت کا قتلِ عام کیا اور فساد انگیزی کے ذریعے امن برباد کیا)، یہاں تک کہ جب تم انہیں (جنگی معرکہ میں) خوب قتل کر چکو تو (بقیہ قیدیوں کو) مضبوطی سے باندھ لو، پھر اس کے بعد یا تو (انہیں) احسان کرتے ہوئے (بلا معاوضہ چھوڑ دو) یا فدیہ (یعنی معاوضۂ رہائی) لے کر (آزاد کر دو) یہاں تک کہ جنگ (کرنے والی مخالف فوج) اپنے ہتھیار رکھ دے (یعنی صلح و امن کا

اعلان کر دے)۔ یہی (حکم) ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے (بغیر جنگ) انتقام لے لیتا مگر (اس نے ایسا نہیں کیا) تاکہ تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کر دیے گئے تو وہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہ کرے گاo

So when you are to fight (for the elimination of militancy and terrorism) against the (warring) disbelievers (in the battlefield), strike their necks (whilst fighting because they slaughtered harmless human lives and destroyed peace by their terrorist activities) till, when you have killed a good many of them (in the battle), then tie (the remaining prisoners) tightly. Thereafter, either set (them) free (without ransom) as a favour or (free them) for ransom (i.e., cost of freedom) till the warring (hostile army) lays down its weapons (i.e., announces the truce). That is (the command). And if Allah had willed, He would have avenged Himself on them (without war). But (He did not do so) in order to try some of you by means of others. And as for those who are slain in the way of Allah, He will not at all make their actions fruitless.

سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ (5)

ترجمہ: وہ عنقریب انہیں (جنت کی) سیدھی راہ پر ڈال دے گا اور ان کے احوالِ (اُخروی) کو خوب بہتر کر دے گاo

He will soon put them on the straight path (of Paradise), and will greatly enhance their states of being (in the Hereafter).

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ (6)

ترجمہ: اور (بالآخر) انہیں جنت میں داخل فرما دے گا جس کی اس نے (پہلے ہی سے) انہیں خوب پہچان کرا دی ہےo

And He will (ultimately) admit them to Paradise which He has (already) made well known to them.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ (7)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تم اللہ (کے دین) کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد فرمائے گا اور تمہارے قدموں کو مضبوط رکھے گاo

O believers! If you help (the Din [Religion] of) Allah, He will help you and will make your feet firm.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ مَوْلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَأَنَّ الْكَافِرِينَ لَا مَوْلَى لَهُمْ (11)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ ان لوگوں کا ولی و مددگار ہے جو ایمان لائے ہیں اور بے شک کافروں کے لیے کوئی ولی و مددگار نہیں ہےo

That is because Allah is the Protector and Helper of those who believe, and for sure the disbelievers do not have any protector and helper.

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ (12)

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں

جاری ہوں گی، اور جن لوگوں نے کفر کیا اور (دنیوی) فائدے اٹھا رہے ہیں اور (اس طرح) کھا رہے ہیں جیسے چوپائے (جانور) کھاتے ہیں سو دوزخ ہی ان کا ٹھکانا ہےo

Surely, those who believe and do pious works, Allah will admit them to Gardens with streams flowing under them, and those who disbelieve and are enjoying (worldly) gains and eat as cattle (animals) do, so Hell alone will be their abode.

أَفَمَن كَانَ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ كَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءهُمْ **(14)**

ترجمہ: سو کیا وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر (قائم) ہو ان لوگوں کی مثل ہو سکتا ہے جن کے برے اعمال ان کے لیے آراستہ کر کے دکھائے گئے ہیں اور وہ اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے چل رہے ہوںo

Is someone who is (firm) on the clear proof from his Lord like those whose evil actions are shown to them as fair and who follow the desires of their (ill-commanding) selves?

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاء غَيْرِ آسِنٍ وَأَنْهَارٌ مِن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَاء حَمِيماً فَقَطَّعَ أَمْعَاءهُمْ **(15)**

ترجمہ: جس جنّت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی صفت یہ ہے کہ اس میں (ایسے) پانی کی نہریں ہوں گی جس میں کبھی (بو یا رنگت کا) تغیّر نہ آئے گا، اور (اس میں ایسے) دودھ کی نہریں ہوں گی جس کا ذائقہ اور مزہ کبھی نہ بدلے گا، اور (ایسے) شرابِ (طہور) کی نہریں ہوں گی جو پینے والوں کے لیے سراسر لذّت ہے، اور خوب صاف کیے ہوئے شہد کی نہریں ہوں گی، اور ان کے لیے اس میں ہر قسم کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی جانب سے (ہر طرح کی) بخشائش ہوگی، (کیا یہ پرہیزگار) ان لوگوں کی طرح ہو سکتا ہے جو ہمیشہ دوزخ میں رہنے والے ہیں اور جنہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا تو وہ ان کی آنتوں کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دے گاo

A feature of the Paradise which is promised to the Godfearing is that therein are streams of (such) water as will never putrefy (in smell or colour), and (in it) will be streams of milk whose taste and flavour will never change, and streams of (such a pure) wine that is an absolute delight for all who drink it and streams of purified honey; and (in it) will be fruits of every kind (for them) and forgiveness (of every sort) from their Lord. Can this (pious man) be like those who are permanent residents of Hell and who will be given scalding water to drink which will cut their gut into pieces?

وَالَّذِينَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَآتَاهُمْ تَقْوَاهُمْ **(17)**

ترجمہ: اور جن لوگوں نے ہدایت پالی ہے، اللہ ان کی ہدایت کو اور زیادہ فرما دیتا ہے اور انہیں ان کے مقامِ تقوٰی سے سرفراز فرماتا ہےo

And as for those who have taken guidance, Allah increases their guidance and honours them with their station of Godwariness.

فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ (19)

ترجمہ: پس جان لیجیے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ (اظہارِ عبودیت اور تعلیمِ امت کی خاطر اللہ سے) معافی مانگتے رہا کریں کہ کہیں آپ سے (اپنی شانِ اَقدس اور خصوصی عظمت و رِفعت کے تناظر میں) خلافِ اَولیٰ فعل صادر نہ ہو جائے ☆ اور مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لیے بھی طلبِ مغفرت (یعنی ان کی شفاعت) فرماتے رہا کریں (یہی ان کا سامان بخشش ہے)، اور (اے لوگو!) اللہ (دنیا میں) تمہارے چلنے پھرنے کے ٹھکانے اور (آخرت میں) تمہارے ٹھہرنے کی منزلیں (سب) جانتا ہےo

☆ (حالانکہ وہ فعل اپنی جگہ شرعاً بالکل جائز بلکہ مستحسن ہوگا مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقام و مرتبہ اور عظمت و رِفعت محض جواز اور اِستحسان کے مراتب سے بھی بہت بلند اور اَرفع و اَعلیٰ ہے)۔

Know then that there is no God except Allah and (to offer worship and to educate the Umma [Community]) always ask forgiveness (from Allah) lest (in the perspective of your glory, majesty and exaltation peculiar to you alone) an action unworthy of your incomparable station may transpire.* And also seek forgiveness (i.e., intercede) for the believing men and women (for that is all they may have in balance for forgiveness). And, (O people,) Allah knows (all about) the places where you move about (in the world) and your mansions of repose (in the Hereafter).

*** Given that the action may be a pious deed compatible with Islamic law, rather an act par excellence, your august station, majesty and exaltation is far elevated and dignified than mere permissibility and higher grades of moral excellence.**

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ (32)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکا اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت (اور ان سے جدائی کی راہ اختیار) کی اس کے بعد کہ ان پر ہدایت (یعنی عظمتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معرفت) واضح ہو چکی تھی وہ اللہ کا ہرگز کچھ نقصان نہیں کر سکیں گے (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قدر و منزلت کو گھٹا نہیں سکیں گے)، ☆ اور اللہ ان کے (سارے) اعمال کو (مخالفتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے باعث) نیست و نابود کر دے گاo

☆ تمام ائمہ تفسیر نے لکھا ہے: (لَن یضرّ وا اللّٰہَ شَیئًا) أی: لن یضرّ وا رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بمشاقتہ وحذف المضاف لتعظیم شانہ۔ ملاحظہ فرمائیں: الطبری، البیضاوی، روح المعانی، روح البیان، الجمل، البحر المدید وغیرہ۔ اس اُسلوبِ کلام کی مثالیں قرآن مجید میں بہت ہیں جن میں سے ایک سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 9 (یُخٰدِعُونَ اللہَ وَالَّذِینَ اٰمَنُوا) ہے۔ اس مقام پر یخٰدعون اللہ (وہ اللہ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں) کہہ کر مراد یُخٰدِعُونَ رَسُولَ اللہِ (وہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں) لیا

گیا ہے۔

Indeed, those who disbelieved and hindered (the people) from the way of Allah and opposed the Messenger (blessings and peace be upon him), (and chose the path of breaking away from him,) after the guidance (i.e., the gnosis of the veneration of the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]) had become clear to them, they would not be able to harm Allah anyway (i.e., would not be able to decrease the incomparable superiority and pre-eminence of the Messenger* [blessings and peace be upon him]). Allah will wreck (all) their works (due to their opposition to the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]).

*** According to the leading exegetes like al-Tabari, al-Baydawi, al-Alusi, al-Haqqi, al-Jumal, Ibn 'Ujayba, etc., there are many examples of this style of exposition in the Holy Qur'an such as verse 9 of Sura al-Baqara. Here the words, 'They want to deceive Allah' imply: 'They want to deceive the Holy Messenger (blessings and peace be upon him).'**

فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَن يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ **(35)**

ترجمہ: (اے مومنو!) پس تم ہمت نہ ہارو اور ان (متحارب کافروں) سے صلح کی درخواست نہ کرو (کہیں تمہاری کمزوری ظاہر نہ ہو)، اور تم ہی غالب رہو گے، اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ تمہارے اعمال (کا ثواب) ہرگز کم نہ کرے گا○

(O believers!) Do not lose heart and do not ask (the warring disbelievers) for peace (lest it should suggest your weakness). And it is you who will have the upper hand. And Allah is with you, and He will never reduce (the reward of) your actions.

إِنَّمَا الحَيَاةُ الدُّنيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَإِن تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ **(36)**

ترجمہ: بس دنیا کی زندگی تو محض کھیل اور تماشا ہے، اور اگر تم ایمان لے آؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو وہ تمہیں تمہارے (اعمال پر کامل) ثواب عطا فرمائے گا اور تم سے تمہارے مال طلب نہیں کرے گا○

Doubtlessly, the life of the world is nothing but merely a sport and pastime. And if you believe and adopt Godwariness, He will pay you the recompense (of your deeds in full), and will not require of you your wealth.

إِن يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ **(37)**

ترجمہ: اگر وہ تم سے اس مال کو طلب کر لے پھر تمہیں طلب میں تنگی دے تو تمہیں (دل میں) تنگی محسوس ہوگی (اور) تم بخل کرو گے اور (اس طرح) وہ تمہارے (دنیا پرستی کے باعث باطنی) زنگ ظاہر کر دے گا○

If He asks you for this wealth and puts you under scarcity for that, then you will feel constrained (at heart and) become miserly. And in this way, He will expose your (inner) rust (which results from worldly pursuits).

سورۃ الفتح:

هُوَ الَّذِیْ أَنزَلَ السَّكِيْنَةَ فِیْ قُلُوبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوا إِيْمَاناً مَّعَ إِيْمَانِهِمْ وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيْماً حَكِيْماً (4)

ترجمہ: وہی ہے جس نے مومنوں کے دلوں میں تسکین نازل فرمائی تا کہ ان کے ایمان پر مزید ایمان کا اضافہ ہو، اور آسمانوں اور زمین کے سارے لشکر اللہ ہی کے لیے ہیں، اور اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہےo

He is the One Who sent down calmness and tranquillity into the hearts of the believers so that their faith gets increased with more faith. And all the armies of the heavens and the earth belong to Allah alone. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِیْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَكَانَ ذَلِكَ عِندَ اللَّهِ فَوْزاً عَظِيْماً (5)

ترجمہ: (یہ سب نعمتیں اس لیے جمع کی ہیں) تا کہ وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو بہشتوں میں داخل فرمائے جن کے نیچے نہریں رواں ہیں (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ اور (مزید یہ کہ) وہ ان کی لغزشوں کو (بھی) ان سے دور کر دے (جیسے اس نے ان کی خطائیں معاف کی ہیں)۔ اور یہ اللہ کے نزدیک (مومنوں کی) بہت بڑی کامیابی ہےo

(All these favours are put together) so that He admits the believing men and women to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. And (moreover) He removes from them their evil actions (as He has forgiven them their mistakes)-and this is a great success (of the believers) in the sight of Allah-

مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهُ أَشِدَّاء عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاء بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعاً سُجَّداً يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَاناً سِيْمَاهُمْ فِیْ وُجُوهِهِم مِّنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَلِكَ مَثَلُهُمْ فِیْ التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِیْ الْإِنجِيْلِ كَزَرْعٍ أَخْرَجَ شَطْأَهُ فَآزَرَهُ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوَى عَلَى سُوقِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللَّهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنْهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيْماً (29)

ترجمہ: محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی معیت اور سنگت میں ہیں (وہ) کافروں پر بہت سخت اور زور آور ہیں آپس میں بہت نرم دل اور شفیق ہیں۔ آپ انہیں کثرت سے رکوع کرتے ہوئے، سجود کرتے ہوئے دیکھتے ہیں وہ (صرف) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلب گار ہیں۔ اُن کی نشانی اُن کے چہروں پر سجدوں کا اثر ہے (جو بصورتِ نور نمایاں ہے)۔ ان کے یہ اوصاف تورات میں (بھی مذکور) ہیں اور ان کے (یہی) اوصاف انجیل میں (بھی مرقوم) ہیں۔ وہ (صحابہ ہمارے محبوبِ مکرّم کی) کھیتی کی طرح ہیں جس نے (سب سے پہلے) اپنی باریک سی کونپل نکالی، پھر اسے طاقتور اور مضبوط کیا، پھر وہ موٹی اور دبیز ہوگئی، پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی (اور جب سرسبز و شاداب ہو کر لہلہائی تو) کاشتکاروں کو کیا ہی اچھی لگنے لگی (اللہ نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی طرح ایمان کے تناور

درخت بنایا ہے) تاکہ اِن کے ذریعے وہ (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جلنے والے) کافروں کے دل جلائے، اللہ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے مغفرت اور اجرِ عظیم کا وعدہ فرمایا ہےo

Muhammad (blessings and peace be upon him) is the Messenger of Allah. And those with him are hard and tough against the disbelievers but kind-hearted and merciful amongst themselves. You see them excessively bowing and prostrating themselves. They simply seek Allah's grace and pleasure. Their mark is an impression of prostrations on their faces (prominent on the foreheads as light). These traits of theirs are (mentioned) in the Torah and the (same) qualities are also (described) in the Injil (the Gospel). These (Companions) are like a cultivated crop (of Our Esteemed Beloved) which (first of all) brought forth its thin shoot, then made it powerful and strong, and then it thickened and stood straight on its stalk. (And when it flourished, bloomed and danced,) it delighted and charmed the cultivators. (Allah has, likewise, made the Companions of His Beloved strong, grown up trees of faith,) so that by means of them He would inflame the hearts of the disbelievers (that burn in the jealousy of the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]). Those who believe and do pious works, Allah has promised them forgiveness and an immense reward.

سورۃ الحجرات:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ **(1)**

ترجمہ: اے ایمان والو! (کسی بھی معاملے میں) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے آگے نہ بڑھا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو (کہ کہیں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بے ادبی نہ ہو جائے)، بے شک اللہ (سب کچھ) سننے والا خوب جاننے والا ہےo

O believers! Do not step ahead of Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] in any matter) and keep fearing Allah (lest some discourtesy should occur displeasing the Messenger [blessings and peace be upon him]). Surely, Allah is All-Hearing, All-Knowing.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَنُوا لَا تَرْفَعُوا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَن تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ **(2)**

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنی آوازوں کو نبیِ مکرّم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی آواز سے بلند مت کیا کرو اور اُن کے ساتھ اِس طرح بلند آواز سے بات (بھی) نہ کیا کرو جیسے تم ایک دوسرے سے بلند آواز کے ساتھ کرتے ہو (ایسا نہ ہو) کہ تمہارے سارے اعمال ہی (ایمان سمیت) غارت ہو جائیں اور تمہیں (ایمان اور اعمال کے برباد ہو جانے کا) شعور تک بھی نہ ہوo

O believers! Do not raise your voices above the voice of the Prophet (blessings

and peace be upon him), and (also) do not speak to him so loud as you are loud when you speak to one another (lest) all your actions should come to nothing (including your faith), and you are not even aware (that your faith and all pious works have been wrecked).

إِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ أَصْوَاتَهُمْ عِندَ رَسُولِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللَّهُ قُلُوبَهُمْ لِلتَّقْوَى لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ عَظِيْمٌ (3)

ترجمہ: بے شک جولوگ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بارگاہ میں (ادب و نیاز کے باعث) اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے تقوٰی کے لیے چن کر خالص کر لیا ہے۔ ان ہی کے لیے بخشش ہے اور اجرِ عظیم ہےo

Assuredly, those who keep their voices low in the presence of Allah's Messenger (out of profound veneration and submissiveness), it is they whose hearts Allah has chosen for Godwariness and permeated with sincerity. For them alone is forgiveness and an immense reward.

إِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُونَكَ مِن وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ (4)

ترجمہ: بے شک جولوگ آپ کو حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں سے اکثر (آپ کے بلند مقام و مرتبہ اور آدابِ تعظیم کی) سمجھ نہیں رکھتےo

Verily, those who call out to you from outside your apartments, most of them do not have the understanding (of your exalted station and incomparable status and polite manners of veneration that are due to you).

وَلَوْ أَنَّهُمْ صَبَرُوا حَتَّى تَخْرُجَ إِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (5)

ترجمہ: اور اگر وہ لوگ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ خود ہی ان کی طرف باہر تشریف لے آتے تو یہ اُن کے لیے بہتر ہوتا، اور اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

And if they had only been patient till you had come out to them, it would have been better for them. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِن جَاءكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَأٍ فَتَبَيَّنُوا أَن تُصِيبُوا قَوْماً بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِيْنَ (6)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق (شخص) کوئی خبر لائے تو خوب تحقیق کر لیا کرو (ایسا نہ ہو) کہ تم کسی قوم کو لاعلمی میں (ناحق) تکلیف پہنچا بیٹھو، پھر تم اپنے کیے پر پچھتاتے رہ جاؤo

O believers! If some wicked person brings you any news, inquire thoroughly into its truth (lest) you should cause (undue) harm to a people unknowingly, and later feel regret for what you have done.

وَاعْلَمُوا أَنَّ فِيكُمْ رَسُولَ اللَّهِ لَوْ يُطِيعُكُمْ فِي كَثِيرٍ مِّنَ الْأَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلَكِنَّ اللَّهَ حَبَّبَ إِلَيْكُمُ الْإِيْمَانَ وَزَيَّنَهُ فِي قُلُوبِكُمْ وَكَرَّهَ إِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ أُوْلَئِكَ هُمُ الرَّاشِدُونَ (7)

ترجمہ: اور جان لو کہ تم میں رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) موجود ہیں، اگر وہ بہت سے کاموں میں تمہارا کہنا مان لیں تو تم بڑی مشکل میں پڑ جاؤ گے لیکن اللہ نے تمہیں ایمان کی محبت عطا فرمائی اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ فرما دیا اور کفر اور نافرمانی اور

گناہ سے تمہیں متنفر کر دیا، ایسے ہی لوگ دین کی راہ پر ثابت اور گامزن ہیں O

And remember that the Messenger of Allah (blessings and peace be upon him) is amongst you. If he accepted what you say in most of the matters, you would be in serious trouble. But Allah has blessed you with the love of faith and has embellished it in your hearts and has made you hate disbelief, disobedience and sins. Such are they that follow the path of Din (Religion) resolutely and steadfastly.

فَضْلاً مِّنَ اللَّهِ وَنِعْمَةً وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ **(8)**

ترجمہ: (یہ) اللہ کے فضل اور (اس کی) نعمت (یعنی تم میں رسولِ اُمّی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت اور موجودگی) کے باعث ہے، اور اللہ خوب جاننے والا اور بڑی حکمت والا ہے O

(It) is due to Allah's bounty and favour (i.e., the raising of the untaught Messenger and his presence amongst you). And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِن بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّى تَفِيءَ إِلَى أَمْرِ اللَّهِ فَإِن فَاءتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ **(9)**

ترجمہ: اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑائی کریں تو اُن کے درمیان صلح کرا دیا کرو، پھر اگر ان میں سے ایک (گروہ) دوسرے پر زیادتی اور سرکشی کرے تو اس (گروہ) سے لڑو جو زیادتی کا مرتکب ہو رہا ہے یہاں تک کہ وہ (قیامِ امن کے) حکمِ الٰہی کی طرف لوٹ آئے، پھر اگر وہ رجوع کر لے تو دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو اور انصاف سے کام لو، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو بہت پسند فرماتا ہے O

And if two parties of the Muslims fight, make them reconcile. Then if either of these (parties) commits injustice and aggression against the other, fight against (the party) that is committing aggression till it returns to Allah's command (of establishing peace). When they revert and submit, make peace between them with equity. And put justice to work. Surely, Allah loves those who do justice.

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ **(10)**

ترجمہ: بات یہی ہے کہ (سب) اہلِ ایمان (آپس میں) بھائی ہیں۔ سو تم اپنے دو بھائیوں کے درمیان صلح کرایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پر رحم کیا جائے O

The truth is that (all) believers are brothers (to one another). So make peace between your two brothers and always fear Allah, so that you may be shown mercy.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَومٌ مِّن قَوْمٍ عَسَى أَن يَكُونُوا خَيْراً مِّنْهُمْ وَلَا نِسَاء مِّن نِّسَاء عَسَى أَن يَكُنَّ خَيْراً مِّنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوا أَنفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيْمَانِ وَمَن لَّمْ يَتُبْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (11)

ترجمہ: اے ایمان والو! کوئی قوم کسی قوم کا مذاق نہ اڑائے ممکن ہے وہ لوگ اُن (تمسخر کرنے والوں) سے بہتر ہوں اور نہ عورتیں ہی دوسری عورتوں کا (مذاق اڑائیں) ممکن ہے وہی عورتیں اُن (مذاق اڑانے والی عورتوں) سے بہتر ہوں، اور نہ آپس میں طعنہ زنی اور الزام تراشی کیا کرو اور نہ ایک دوسرے کے برے نام رکھا کرو، کسی کے ایمان (لانے) کے بعد اسے فاسق و بدکردار کہنا بہت ہی برا نام ہے، اور جس نے توبہ نہیں کی سو وہی لوگ ظالم ہیںo

O believers! Let no community ridicule another community. It is likely that they may be better than those (who ridicule). Nor should women make fun of other women. It is likely that they may be better than those (who make fun). And do not offend or find fault with one another, nor call each other names. Calling someone wicked or indecent after (he embraces) faith is an extremely evil name. And those who do not turn to Allah in repentance, it is they who are the wrongdoers.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اجْتَنِبُوا كَثِيْراً مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوا وَلَا يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضاً أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَن يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتاً فَكَرِهْتُمُوهُ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ (12)

ترجمہ: اے ایمان والو! زیادہ تر گمانوں سے بچا کرو بے شک بعض گمان (ایسے) گناہ ہوتے ہیں (جن پر اُخروی سزا واجب ہوتی ہے) اور (کسی کے عیبوں اور رازوں کی) جستجو نہ کیا کرو اور نہ پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کی برائی کیا کرو، کیا تم میں سے کوئی شخص پسند کرے گا کہ وہ اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھائے، سو تم اس سے نفرت کرتے ہو۔ اور (اِن تمام معاملات میں) اللہ سے ڈرو بے شک اللہ توبہ کو بہت قبول فرمانے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

O believers! Avoid most conjectures. Indeed, some conjectures are sins (liable to punishment in the Hereafter). And spy not (on someone's unknown matters or secrets), nor backbite one another. Would any of you like to eat the flesh of his dead brother? You would hate it. And fear Allah (in all such matters). Indeed, Allah is Ever-Returning, Ever-Merciful.

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوباً وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ (13)

ترجمہ: اے لوگو! ہم نے تمہیں مرد اور عورت سے پیدا فرمایا اور ہم نے تمہیں (بڑی بڑی) قوموں اور قبیلوں میں (تقسیم) کیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بے شک اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ باعزت وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہو، بے شک اللہ خوب جاننے والا خوب خبر رکھنے والا ہےo

O people! We created you from a male and a female, and (divided) you into (large) peoples and tribes, so that you might recognize one another. Surely, the most honourable amongst you in the sight of Allah is he who fears Allah the

most. Certainly, Allah is All-Knowing, All-Aware.

قَالَتِ الْأَعْرَابُ آمَنَّا قُل لَّمْ تُؤْمِنُوا وَلَكِن قُولُوا أَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قُلُوبِكُمْ وَإِن تُطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ لَا يَلِتْكُم مِّنْ أَعْمَالِكُمْ شَيْئًا إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(14)**

ترجمہ: دیہاتی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے ہیں، آپ فرما دیجیے: تم ایمان نہیں لائے، ہاں یہ کہو کہ ہم اسلام لائے ہیں اور ابھی ایمان تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا، اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال (کے ثواب میں) سے کچھ بھی کم نہیں کرے گا، بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

The Bedouins say: 'We have believed.' Say: 'You have not believed. Rather say: We have accepted Islam. And the belief has not yet gone into your hearts. If you obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will not decrease anything (in reward) for your deeds. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.'

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ **(15)**

ترجمہ: ایمان والے تو صرف وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائے، پھر شک میں نہ پڑے اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں سے جہاد کرتے رہے، یہی وہ لوگ ہیں جو (دعوائے ایمان میں) سچّے ہیںo

The true believers are only those who have believed in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and then never have any doubt, and who struggle in the way of Allah with their material as well as human resources. It is they who are true (in their claim to believe).

يَمُنُّونَ عَلَيْكَ أَنْ أَسْلَمُوا قُل لَّا تَمُنُّوا عَلَيَّ إِسْلَامَكُم بَلِ اللَّهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ أَنْ هَدَاكُمْ لِلْإِيمَانِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ **(17)**

ترجمہ: یہ لوگ آپ پر احسان جتلاتے ہیں کہ وہ اسلام لے آئے ہیں۔ فرما دیجیے: تم اپنے اسلام کا مجھ پر احسان نہ جتلاؤ بلکہ اللہ تم پر احسان فرماتا ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کا راستہ دکھایا ہے، بشرطیکہ تم (ایمان میں) سچے ہوo

These people are showing off to you that they have done a favour to you by embracing Islam. Say: 'Do not show off your Islam as a favour to me. Instead, Allah is the One Who favours you by guiding you to faith, provided you are true (to belief).'

إِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ **(18)**

ترجمہ: بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کے سب غیب جانتا ہے، اور اللہ جو عمل بھی تم کرتے ہو اسے خوب دیکھنے والا ہےo

Surely, Allah knows all the unseen of the heavens and the earth, and Allah monitors best whatever you do.

سورۃ ق:

أَفَلَمْ يَنظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِن فُرُوجٍ (6)

ترجمہ: سو کیا انہوں نے آسمان کی طرف نگاہ نہیں کی جو ان کے اوپر ہے کہ ہم نے اسے کیسے بنایا ہے اور (کیسے) سجایا ہے اور اس میں کوئی شگاف (تک) نہیں ہےo

Have they not looked at the sky above them how We made it and (how) We adorned it, and there is no crack in it?

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ (7)

ترجمہ: اور (اِسی طرح) ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس میں ہم نے بہت بھاری پہاڑ رکھے اور ہم نے اس میں ہر قسم کے خوش نما پودے اُگائےo

And (in the same way) We spread out the earth and We placed in it heavy mountains and produced in it every kind of beautiful plants.

تَبْصِرَةً وَذِكْرَى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ (8)

ترجمہ: (یہ سب) بصیرت اور نصیحت (کا سامان) ہے ہر اس بندے کے لیے جو (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والا ہےo

All that is (a source of) insight, direction and guidance for every servant who turns (to Allah in repentance).

وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ غَيْرَ بَعِيدٍ (31)

ترجمہ: اور جنت پرہیزگاروں کے لیے قریب کر دی جائے گی، بالکل دُور نہیں ہوگیo

And Paradise will be brought close to the pious; it will not be distant at all.

هَذَا مَا تُوعَدُونَ لِكُلِّ أَوَّابٍ حَفِيظٍ (32)

ترجمہ: (اور اُن سے ارشاد ہوگا): یہ ہے وہ جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا (کہ) ہر توبہ کرنے والے (اپنے دین اور ایمان کی) حفاظت کرنے والے کے لیے (ہے)o

(And it will be said to them:) 'This is what you were promised; (it is meant) for everyone who turns to Allah in repentance and who guards (his Din [Religion] and faith),

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمَنَ بِالْغَيْبِ وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ (33)

ترجمہ: جو (خدائے) رحمان سے بِن دیکھے ڈرتا رہا اور (اللہ کی بارگاہ میں) رجوع و اِنابت والا دل لے کر حاضر ہواo

Who fears the Most Kind (Lord) unseen, and comes (before the presence of Allah) with a heart turned in repentance.

ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ ذَلِكَ يَوْمُ الْخُلُودِ (34)

ترجمہ: اس میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ، یہ ہمیشگی کا دن ہےo

Enter it in peace; this is the Day of Eternity.'

لَهُم مَّا يَشَاؤُونَ فِيهَا وَلَدَيْنَا مَزِيدٌ (35)

ترجمہ: اِس (جنت) میں اُن کے لیے وہ تمام نعمتیں (موجود) ہوں گی جن کی وہ خواہش کریں گے اور ہمارے حضور میں ایک نعمت مزید بھی ہے (یا اور بھی بہت کچھ ہے، سو عاشق مَست ہو جائیں گے)o

All those blessings which they will long for will be there for them in that (Paradise), and there is still another blessing with Us (or much more; so the lovers will be enchanted).

سورۃ الذاریات:

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ (15)

ترجمہ: بے شک پرہیزگار باغوں اور چشموں میں (لطف اندوز ہوتے) ہوں گےo

Surely, the pious will be (rejoicing) in gardens and springs,

آخِذِينَ مَا آتَاهُمْ رَبُّهُمْ إِنَّهُمْ كَانُوا قَبْلَ ذَلِكَ مُحْسِنِينَ (16)

ترجمہ: اُن نعمتوں کو (کیف وسرور) سے لیتے ہوں گے جو اُن کا رب انہیں (لطف وکرم سے) دیتا ہوگا، بے شک یہ وہ لوگ ہیں جو اس سے قبل (کی زندگی میں) صاحبانِ احسان تھےo

Receiving those blessings (in ecstatic delight) which their Lord will be giving them (with munificence and benevolence). Surely, it is they who were people of spiritual excellence (in their life) before this.

كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ (17)

ترجمہ: وہ راتوں کو تھوڑی سی دیر سویا کرتے تھےo

They used to sleep at night only for a short while,

وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ (18)

ترجمہ: اور رات کے پچھلے پہروں میں (اٹھ اٹھ کر) مغفرت طلب کرتے تھےo

And used to (get up and) seek forgiveness in the later part of the night.

وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ 19)

ترجمہ: اور اُن کے اموال میں سائل اور محروم (سب حاجت مندوں) کا حق مقرر تھاo

And in their wealth was appointed a due share for the beggars and the destitute (i.e., all the needy).

وَذَكِّرْ فَإِنَّ الذِّكْرَى تَنفَعُ الْمُؤْمِنِينَ (55)

ترجمہ: اور آپ نصیحت کرتے رہیں کہ بے شک نصیحت مومنوں کو فائدہ دیتی ہےo

And keep giving direction and guidance, for direction and guidance surely benefits the believers.

سورۃ النجم:

الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ أُمَّهَاتِكُمْ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَى (32)

ترجمہ: جولوگ چھوٹے گناہوں (اورلغزشوں) کے سوابڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں، بے شک آپ کا رب بخشش کی بڑی گنجائش رکھنے والا ہے، وہ تمہیں خوب جانتا ہے جب اس نے تمہاری زندگی کی ابتداء اور نشو ونما زمین (یعنی مٹی) سے کی تھی اور جبکہ تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں جَنِین (یعنی حمل) کی صورت میں تھے، پس تم اپنے آپ کو بڑا پاک وصاف مَت جتایا کرو، وہ خوب جانتا ہے کہ (اصل) پرہیزگار کون ہےo

Those who guard against grave sins and indecencies excepting small sins (and omissions), surely your Lord has vast prospects of forgiveness (for them). He knows you best when He originated your life and nourishment from the earth (i.e., soil) and when you were embryos (conceived) in your mothers' wombs. So never pose yourselves as clean and pure; He knows best who is (really) pious.

سورۃ القمر:

إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنَّاتٍ وَنَهَرٍ (54)

ترجمہ: بےشک پرہیزگار جنتوں اور نہروں میں (لطف اندوز) ہوں گےo

Indeed, the Godfearing will (rejoice) in gardens and streams,

فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِندَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ (55)

ترجمہ: پاکیزہ مجالس میں (حقیقی) اقتدار کے مالک بادشاہ کی خاص قربت میں (بیٹھے) ہوں گےo

And will (be seated) in special nearness to the Sovereign Lord of (true) power during holy sessions.

سورۃ الرحمٰن:

ذَوَاتَا أَفْنَانٍ (48)

ترجمہ: جودونوں (سرسبز وشاداب) گھنی شاخوں والی (جنتیں) ہیںo

They are (green and fresh Gardens) with deep thick branches.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (49)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيْهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ (50)

ترجمہ: ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہیںo

Two springs are flowing in both of them.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (51)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا مِن كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ (52)

ترجمہ: ان دونوں میں ہر پھل (اور میوے) کی دو دو قسمیں ہیں o

In them are two kinds of every fruit.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (53)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُتَّكِئِينَ عَلَى فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ (54)

ترجمہ: اہلِ جنت ایسے بستروں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر نفیس اور دبیز ریشم (یعنی اَطلس) کے ہوں گے، اور دونوں جنتوں کے پھل (اُن کے) قریب جھک رہے ہوں گے o

The residents of Paradise will be reclining on couches lined with fine and thick brocade (i.e., satin) and the fruits of both the Gardens will be hanging low (over them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (55)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ (56)

ترجمہ: اور اُن میں نیچی نگاہ رکھنے والی (حوریں) ہوں گی جنہیں پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے o

And in them will be (chaste maidens) with downcast gazes, untouched either by any man or jinn.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (57)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ (58)

ترجمہ: گویا وہ (حوریں) یاقوت اور مرجان ہیں o

As if they (chaste maidens) were rubies and pearls.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (59)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ (60)

ترجمہ: نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہےo

The reward of good cannot be anything but good.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (61)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

وَمِن دُونِهِمَا جَنَّتَانِ (62)

ترجمہ: اور (اُن کے لیے) اِن دو کے سوا دو اور بہشتیں بھی ہیںo

And apart from these two there are also two more gardens (for them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (63)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُدْهَامَّتَانِ (64)

ترجمہ: وہ دونوں گہری سبز رنگت میں سیاہی مائل لگتی ہیںo

Both appear deep green tinting black.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (65)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ (66)

ترجمہ: اُن دونوں میں (بھی) دو چشمے ہیں جو خوب چھلک رہے ہوں گےo

There are two springs which will be gushing with force in these two (as well).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (67)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ (68)

ترجمہ: ان دونوں میں (بھی) پھل اور کھجوریں اور انار ہیںo

In both of them there are also fruits, date-palms and pomegranates.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (69)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ (70)

ترجمہ: ان میں (بھی) خوب سیرت و خوب صورت (حوریں) ہیںo

In them are pious and beautiful (chaste maidens as well).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (71)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

حُورٌ مَّقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ (72)

ترجمہ: ایسی حوریں جو خیموں میں پردہ نشین ہیںo

The maidens who are veiling, confined in tents.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (73)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ (74)

ترجمہ: انہیں پہلے نہ کسی انسان ہی نے ہاتھ سے چھوا ہے اور نہ کسی جن نےo

Untouched before either by any man or jinn.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (75)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُتَّكِئِينَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ (76)

ترجمہ: (اہلِ جنت) سبز قالینوں پر اور نادر و نفیس بچھونوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گےo

(The residents of Paradise) will be (sitting) reclining on cushions over green carpets and rare and exquisite, fine rugs.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (77)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ (78)

ترجمہ: آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے، جو صاحبِ عظمت و جلال اور صاحبِ اِنعام و اِکرام ہےo

Most Blessed is the Name of your Lord, the Master of glory and splendour and the Master of bounty and honour.

سورۃ الواقعہ:

وَكُنتُمْ أَزْوَاجاً ثَلَاثَةً (7)

ترجمہ: اور تم لوگ تین قسموں میں بٹ جاؤ گےo

And you will be divided into three classes.

فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (8)

ترجمہ: سو(ایک) دائیں جانب والے، دائیں جانب والوں کا کیا کہنا o

So (first) those on the Right Hand; what a class the Right Hand will be!

وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ (9)

ترجمہ: اور(دوسرے) بائیں جانب والے، کیا(ہی برے حال میں ہوں گے) بائیں جانب والے o

And (second) those on the Left Hand; (in what miserable plight will be) the Left Hand party!

وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ (10)

ترجمہ: اور(تیسرے) سبقت لے جانے والے(یہ) پیش قدمی کرنے والے ہیں o

And (third) the Excellent; (they) are the Foremost.

أُولَئِكَ الْمُقَرَّبُونَ (11)

ترجمہ: یہی لوگ(اللہ کے) مقرّب ہوں گے o

It is they who will be the ones drawn near (to Allah).

فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (12)

ترجمہ: نعمتوں کے باغات میں(رہیں گے) o

(They will live) in the Gardens of Bliss.

ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ (13)

ترجمہ: (اِن مقرّبین میں) بڑا گروہ اگلے لوگوں میں سے ہوگا o

A large group (of those drawn near) will be from the earlier people.

وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ (14)

ترجمہ: اور پچھلے لوگوں میں سے(ان میں) تھوڑے ہوں گے o

And a small number (amongst them) will be from the later generations.

عَلَى سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ (15)

ترجمہ: (یہ مقرّبین) زرنگار تختوں پر ہوں گے o

(Those drawn near) will be on the thrones ornamented with gold,

مُتَّكِئِينَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِينَ (16)

ترجمہ: اُن پر تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے o

Reclining there on cushions, face to face.

يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ (17)

ترجمہ: ہمیشہ ایک ہی حال میں رہنے والے نوجوان خدمت گاران کے اردگرد گھومتے ہوں گے o

The serving youths, rapt always in the same state of being, will go round them.

بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ وَكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ (18)

ترجمہ: کوزے، آفتابے اور چشموں سے بہتی ہوئی (شفاف) شرابِ (قربت) کے جام لے کر (حاضرِ خدمت رہیں گے) o

(They will be attending) carrying bowls, ewers and cups filled with (transparent) drink of (nearness) from the free-flowing springs.

لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ (19)

ترجمہ: انہیں نہ تو اُس (کے پینے) سے دردِ سر کی شکایت ہوگی اور نہ ہی عقل میں فتور (اور بدمستی) آئے گی o

By (drinking) this, they will have neither headache nor derangement of senses (and stupefaction).

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ (20)

ترجمہ: اور (جنّتی خدمت گزار) پھل (اور میوے) لے کر (بھی پھر رہے ہوں گے) جنہیں وہ (مقرّبین) پسند کریں گے o

And (the servants of Paradise) will be (roaming about) with fruits which (the ones drawn near) will like,

وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ (21)

ترجمہ: اور پرندوں کا گوشت بھی (دستیاب ہوگا) جس کی وہ (اہلِ قربت) خواہش کریں گے o

And (there will be) bird-meat as well which they (the ones drawn near) will desire.

وَحُورٌ عِينٌ (22)

ترجمہ: اور خوبصورت کشادہ آنکھوں والی حوریں بھی (اُن کی رفاقت میں ہوں گی) o

And also (in their companionship will be) maidens with wide lovely eyes,

كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ (23)

ترجمہ: جیسے محفوظ چھپائے ہوئے موتی ہوں o

Like pearls kept hidden, well-guarded.

جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (24)

ترجمہ: (یہ) اُن (نیک) اعمال کی جزا ہوگی جو وہ کرتے رہے تھے o

(That) will be the reward of the (pious) works which they used to do.

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً وَلَا تَأْثِيماً (25)

ترجمہ: وہ اِس میں نہ کوئی بیہودگی سنیں گے اور نہ کوئی گناہ کی بات o

There they will hear nothing absurd nor any word of sin,

إِلَّا قِيلاً سَلَاماً سَلَاماً (26)

ترجمہ: مگر ایک ہی بات (کہ یہ سلام والے ہر طرف سے) سلام ہی سلام سنیں گے o

But (these people of peace will hear) only one thing (from all sides:) 'Peace, Peace.'

وَأَصْحَابُ الْيَمِيْنِ مَا أَصْحَابُ الْيَمِيْنِ (27)

ترجمہ: اوردائیں جانب والے، کیا کہنا دائیں جانب والوں کاo

And those of the Right Hand; what a class the Right Hand are!

فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ (28)

ترجمہ: وہ بے خار بیریوں میںo

Amid thornless lote-trees,

وَطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ (29)

ترجمہ: اور تہ بہ تہ کیلوں میںo

And layers of banana fruit,

وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ (30)

ترجمہ: اور لمبے لمبے (پھیلے ہوئے) سایوں میںo

And long-stretching, (wide-spreading) shades,

وَمَاءٍ مَّسْكُوْبٍ (31)

ترجمہ: اور بہتے چھلکتے پانیوں میںo

And flowing, gushing waters,

وَفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ (32)

ترجمہ: اور بکثرت پھلوں اور میووں میں (لطف اندوز ہوں گے)o

And (they will be rejoicing) in abundance of fruits.

لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَلَا مَمْنُوْعَةٍ (33)

ترجمہ: جو نہ (کبھی) ختم ہوں گے اور نہ اُن (کے کھانے) کی ممانعت ہوگیo

They will be neither exhausted nor restricted (to eat).

وَفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ (34)

ترجمہ: اور (وہ) اونچے (پرشکوہ) فرشوں پر (قیام پذیر) ہوں گےo

And (they) will be (staying) on raised (splendid) floors.

إِنَّا أَنشَأْنَاهُنَّ إِنشَاءً (35)

ترجمہ: بے شک ہم نے اِن (حوروں) کو (حسن و لطافت کی آئینہ دار) خاص خِلقت پر پیدا فرمایا ہےo

Surely, We have created these (maidens) as a special creation (reflecting beauty and refinement).

فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَاراً (36)

ترجمہ: پھر ہم نے اِن کو کنواریاں بنایا ہےo

Then We have made them virgins,

عُرُباً أَتْرَاباً (37)

ترجمہ: جوخوب محبت کرنے والی ہم عمر (ازواج) ہیںo

The ardently loving (wives) of the same age.

لِّأَصْحَابِ الْيَمِينِ (38)

ترجمہ: یہ (حوریں اور دیگر نعمتیں) دائیں جانب والوں کے لیے ہیںo

These (maidens and other bounties) are for those on the Right Hand.

ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ (39)

ترجمہ: (ان میں) بڑی جماعت اگلے لوگوں میں سے ہوگیo

A large group of them will be from the earlier people.

وَثُلَّةٌ مِّنَ الْآخِرِينَ (40)

ترجمہ: اور (ان میں) پچھلے لوگوں میں سے (بھی) بڑی ہی جماعت ہوگیo

And from later generations will (also) be a large group (amongst them).

لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ (79)

ترجمہ: اس کو پاک (طہارت والے) لوگوں کے سوا کوئی نہیں چھوئے گاo

No one can touch it except the purified (and cleansed) ones.

تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ (80)

ترجمہ: تمام جہانوں کے ربّ کی طرف سے اتارا گیا ہےo

It has been sent down by the Lord of all the worlds.

أَفَبِهَذَا الْحَدِيثِ أَنتُم مُّدْهِنُونَ (81)

ترجمہ: سو کیا تم اسی کلام کی تحقیر کرتے ہوo

So is it this Revelation that you disdain?

فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ (88)

ترجمہ: پھر اگر وہ (وفات پانے والا) مقرّبین میں سے تھاo

Then if he (who died) was of those drawn near,

فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّةُ نَعِيمٍ (89)

ترجمہ: تو (اس کے لیے) سرور وفرحت اور روحانی رزق واستراحت اور نعمتوں بھری جنت ہےo

For him is Paradise packed with bounties, pleasure and delight and spiritual sustenance and comforts.

وَأَمَّا إِن كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ (90)

ترجمہ: اور اگر وہ اصحاب الیمین میں سے تھاo

And if he was of those on the Right Hand,

فَسَلَامٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِيْنِ (91)

ترجمہ: تو (اس سے کہا جائے گا:) تمہارے لیے دائیں جانب والوں کی طرف سے سلام ہے (یا اے نبی! آپ پر اصحابِ یمین کی جانب سے سلام ہے)o

Then (it will be said to him:) 'Peace for you from those on the Right Hand! (Or, O Prophet, peace on you from those on the Right Hand!)'

وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّالِّيْنَ (92)

ترجمہ: اور اگر وہ (مرنے والا) جھٹلانے والے گمراہوں میں سے تھاo

But if he (who died) was of the strayed beliers,

فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ (93)

ترجمہ: تو (اس کی) سخت کھولتے ہوئے پانی سے ضیافت ہوگیo

Then he will be entertained with scalding, boiling water.

وَتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ (94)

ترجمہ: اور (اس کا انجام) دوزخ میں داخل کر دیا جانا ہےo

And his (end) is the admission to Hell.

إِنَّ هَذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ (95)

ترجمہ: بے شک یہی قطعی طور پر حق الیقین ہےo

Assuredly, this is the absolute truth of certitude.

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ (96)

ترجمہ: سو آپ اپنے ربِّ عظیم کے نام کی تسبیح کیا کریںo

So always glorify the Name of your Lord, Most Magnificent.

سورۃ الحدید:

يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ يَسْعَى نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَبِأَيْمَانِهِم بُشْرَاكُمُ الْيَوْمَ جَنَّاتٌ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا ذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (12)

ترجمہ: (اے حبیب!) جس دن آپ (اپنی امّت کے) مومن مَردوں اور مومن عورتوں کو دیکھیں گے کہ اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کی دائیں جانب تیزی سے چل رہا ہوگا (اور اُن سے کہا جائے گا:) تمہیں بشارت ہو آج (تمہارے لیے) جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں (تم) ہمیشہ ان میں رہو گے، یہی بہت بڑی کامیابی ہےo

(O Beloved!) The Day when you will see the believing men and the believing women (of your Umma [Community]) with their light heading fast in front of them and on their right (it will be said to them:) 'Good news to you. Today there are Gardens for you with streams flowing under them. (You) will live in them forever. That is but a great success.'

يَوْمَ يَقُولُ الْمُنَافِقُونَ وَالْمُنَافِقَاتُ لِلَّذِينَ آمَنُوا انظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِن نُّورِكُمْ قِيلَ ارْجِعُوا وَرَاءَكُمْ فَالْتَمِسُوا نُوراً فَضُرِبَ بَيْنَهُم بِسُورٍ لَّهُ بَابٌ بَاطِنُهُ فِيهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهُ مِن قِبَلِهِ الْعَذَابُ (13)

ترجمہ: جس دن منافق مرد اور منافق عورتیں ایمان والوں سے کہیں گے: ذرا ہم پر (بھی) نظرِ (التفات) کر دو ہم تمہارے نور سے کچھ روشنی حاصل کر لیں۔ ان سے کہا جائے گا: تم اپنے پیچھے پلٹ جاؤ اور (وہاں جا کر) نور تلاش کرو (جہاں تم نور کا انکار کرتے تھے)، تو (اسی وقت) ان کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی جس میں ایک دروازہ ہوگا، اس کے اندر کی جانب رحمت ہوگی اور اس کے باہر کی جانب اُس طرف سے عذاب ہوگاo

The Day when the hypocritical men and the hypocritical women will say to the believers: 'Look towards us (also a little considerately) so that we may take some of your light,' it will be said to them: 'Go back and look for light (there where you used to deny the light).' So a wall will be raised between them (just then) with a door in it. Inside it will be mercy, and outside it will be torment from that direction.

يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ قَالُوا بَلَى وَلَكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْأَمَانِيُّ حَتَّى جَاءَ أَمْرُ اللَّهِ وَغَرَّكُم بِاللَّهِ الْغَرُورُ (14)

ترجمہ: وہ (منافق) اُن (مومنوں) کو پکار کر کہیں گے: کیا ہم (دنیا میں) تمہاری سنگت میں نہ تھے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں! لیکن تم نے اپنے آپ کو (منافقت کے) فتنہ میں مبتلا کر دیا تھا اور تم (ہمارے لیے برائی اور نقصان کے) منتظر رہتے تھے اور تم (نبوّتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دینِ اسلام میں) شک کرتے تھے اور باطل امیدوں نے تمہیں دھوکے میں ڈال دیا، یہاں تک کہ اللہ کا اَمر (موت) آ پہنچا اور تمہیں اللہ کے بارے میں دغاباز (شیطان) دھوکہ دیتا رہاo

They (the hypocrites) will call out those (believers), saying: 'Were we not in your company (in the world)?' They will say: 'Yes indeed! But you troubled yourselves with the disruption (of hypocrisy) and used to wait (for our woe and destruction). And you doubted (the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] and the Din [Religion of Islam]), and your false hopes deceived you till the command of Allah (i.e., death) reached, and the Arch-Deceiver (Satan) kept deluding you about Allah.

أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ (16)

ترجمہ: کیا ایمان والوں کے لیے (ابھی) وہ وقت نہیں آیا کہ اُن کے دل اللہ کی یاد کے لیے رِقّت کے ساتھ جھک جائیں اور اس حق کے لیے (بھی) جو نازل ہوا ہے اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں اس سے پہلے کتاب دی گئی تھی پھر ان پر مدّت دراز گزر گئی تو اُن کے دل سخت ہو گئے، اور ان میں بہت سے لوگ نافرمان ہیںo

Has the time not (yet) come for the believers that their hearts get humbled with tenderness for the remembrance of Allah, and for that truth (as well) which has

been sent down, and that they do not become like those who were given the Book before this, then a long time passed over them and their hearts hardened? And many of them are disobedient.

اعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرّاً ثُمَّ يَكُونُ حُطَاماً وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ (20)

ترجمہ: جان لو کہ دنیا کی زندگی محض کھیل اور تماشا ہے اور ظاہری آرائش ہے اور آپس میں فخر اور خودستائی ہے اور ایک دوسرے پر مال و اولاد میں زیادتی کی طلب ہے، اس کی مثال بارش کی سی ہے کہ جس کی پیداوار کسانوں کو بھلی لگتی ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہے پھر تم اسے پک کر زرد ہوتا دیکھتے ہو پھر وہ ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے، اور آخرت میں (نافرمانوں کے لیے) سخت عذاب ہے اور (فرمانبرداروں کے لیے) اللہ کی جانب سے مغفرت اور عظیم خوشنودی ہے، اور دنیا کی زندگی دھوکے کی پونجی کے سوا کچھ نہیں ہےO

Know that the life of the world is nothing but a sport and pastime, and superficial beauty, and mutual boasting and self-praise, and ambition to excel in wealth and children over one another. Its similitude is rain whose produce pleases the farmers. Then it dries up. Then you see it turning yellow and then it becomes bits of stubble. And there is severe torment (for the disobedient) in the Hereafter, and forgiveness and great pleasure from Allah (for the obedient). And the life of the world is nothing but belongings that deceive.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِ وَيَجْعَل لَّكُمْ نُوراً تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (28)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کا تقوٰی اختیار کرو اور اُس کے رسولِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آؤ وہ تمہیں اپنی رحمت کے دو حصّے عطا فرمائے گا اور تمہارے لیے نور پیدا فرما دے گا جس میں تم (دنیا اور آخرت میں) چلا کرو گے اور تمہاری مغفرت فرما دے گا، اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےO

O believers! Become Godfearing and believe in His (Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him). He will bless you with two portions of His mercy and will bring about light for you to walk in (in the world and in the Hereafter) and will forgive you. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَى شَيْءٍ مِّن فَضْلِ اللَّهِ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (29)

ترجمہ: (یہ بیان اِس لیے ہے) کہ اہلِ کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل پر کچھ قدرت نہیں رکھتے اور (یہ) کہ سارا فضل اللہ ہی کے دستِ قدرت میں ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے، اور اللہ فضل والا عظمت والا ہےO

(The purpose of this exposition is) that the People of the Book may know that they have no control over Allah's bounty, and that the entire bounty is in the Mighty Hand of Allah alone. He gives it to whom He likes, and Allah is the Lord

of infinite bounty, Most Great.

سورۃ المجادلۃ:

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُوا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُولِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوَى وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِیْ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم آپس میں سرگوشی کرو تو گناہ اور ظلم و سرکشی اور نافرمانیءِ رسالت مآب (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی سرگوشی نہ کیا کرو اور نیکی اور پرہیزگاری کی بات ایک دوسرے کے کان میں کہہ لیا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو جس کی طرف تم سب جمع کیے جاؤ گے o

O believers! When you whisper amongst yourselves, whisper not sin, injustice, revolt and disobedience to the Holy Prophet (blessings and peace be upon him); but whisper piety and Godwariness and keep fearing Allah before Whom you all will be gathered.

إِنَّمَا النَّجْوَى مِنَ الشَّيْطَانِ لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئاً إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (10)

ترجمہ: (منفی اور تخریبی) سرگوشی محض شیطان ہی کی طرف سے ہوتی ہے تاکہ وہ ایمان والوں کو پریشان کرے حالاں کہ وہ (شیطان) اُن (مومنوں) کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا مگر اللہ کے حکم سے، اور اللہ ہی پر مومنوں کو بھروسہ رکھنا چاہیے o

(Negative and destructive) whispering is (employed) by Satan alone so that he may cause anguish to the believers. But in truth, he (Satan) cannot do any harm to them (the believers) except by Allah's command. And the believers should trust Allah alone.

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوا فِیْ الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوا يَفْسَحِ اللَّهُ لَكُمْ وَإِذَا قِيْلَ انشُزُوا فَانشُزُوا يَرْفَعِ اللَّهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنكُمْ وَالَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (11)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم سے کہا جائے کہ (اپنی) مجلسوں میں کشادگی پیدا کرو تو کشادہ ہو جایا کرو اللہ تمہیں کشادگی عطا فرمائے گا اور جب کہا جائے کھڑے ہو جاؤ تو تم کھڑے ہو جایا کرو، اللہ اُن لوگوں کے درجات بلند فرما دے گا جو تم میں سے ایمان لائے اور جنہیں علم سے نوازا گیا، اور اللہ اُن کاموں سے جو تم کرتے ہو خوب آگاہ ہے o

O believers! When it is said to you: 'Open up and make room in your gatherings,' then open up and make room. Allah will provide you with ample room. And when it is said: 'Rise up,' then rise up. Allah will raise those in ranks who believe from amongst you and who are given knowledge. And Allah is Well Aware of the works that you do.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْنَ آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَیْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً ذَلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَأَطْهَرُ فَإِن لَّمْ تَجِدُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (12)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے کوئی راز کی بات تنہائی میں عرض کرنا چاہو تو اپنی رازدارانہ

بات کہنے سے پہلے کچھ صدقہ وخیرات کرلیا کرو، یہ (عمل) تمہارے لیے بہتر اور پاکیزہ تر ہے، پھر اگر (خیرات کے لیے) کچھ نہ پاؤ تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

O believers! When you seek to submit some secret to the Messenger (blessings and peace be upon him) in private, give something in charity before you submit your secret. This (action) is better and purer for you. But if you do not find anything (to offer in charity), then Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَا تَجِدُ قَوْماً يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءهُمْ أَوْ أَبْنَاءهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ أُوْلَئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ أُوْلَئِكَ حِزْبُ اللَّهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (22)

ترجمہ: آپ اُن لوگوں کو جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں کبھی اس شخص سے دوستی کرتے ہوئے نہ پائیں گے جو اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے دشمنی رکھتا ہے خواہ وہ اُن کے باپ (اور دادا) ہوں یا بیٹے (اور پوتے) ہوں یا اُن کے بھائی ہوں یا اُن کے قریبی رشتہ دار ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اُس (اللہ) نے ایمان ثبت فرما دیا ہے اور انہیں اپنی روح (یعنی فیضِ خاص) سے تقویت بخشی ہے، اور انہیں (ایسی) جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اللہ اُن سے راضی ہو گیا ہے اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے ہیں، یہی اللہ (والوں) کی جماعت ہے، یاد رکھو! بے شک اللہ (والوں) کی جماعت ہی مراد پانے والی ہےo

You will never find those who believe in Allah and the Day of Rising making friends with anyone who is hostile to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), even though they are their fathers (and forefathers), or their sons (and grandsons), or their brothers, or their near relatives. It is they in whose hearts Allah has inscribed faith and has strengthened them with His spirit (i.e., special spiritual benefit). And He will admit them to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Allah. It is they who are the party of (the devotees of) Allah. Remember! It is the party of (the devotees of) Allah that attain to the goal.

سورۃ الحشر:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (18)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھتے رہنا چاہئے کہ اس نے کل (قیامت) کے لیے آگے کیا بھیجا ہے، اور تم اللہ سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ اُن کاموں سے باخبر ہے جو تم کرتے ہوo

O believers! Keep fearing Allah. And everyone should be vigilant to what he has sent forward for tomorrow (the Day of Reckoning). And always fear Allah. Indeed, Allah is Well Aware of what you do.

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ نَسُوا اللَّهَ فَأَنسَاهُمْ أَنفُسَهُمْ أُولَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (19)

ترجمہ: اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اللہ کو بھلا بیٹھے پھر اللہ نے اُن کی جانوں کو ہی اُن سے بھلا دیا (کہ وہ اپنی جانوں کے لیے ہی کچھ بھلائی آگے بھیج دیتے)، وہی لوگ نافرمان ہیں o

And be not like those who forgot Allah. So Allah made them forget their own souls (that they could send forward some good for their own souls). It is they who are defiant.

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءَكُم مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَاداً فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِي تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم (اپنے) دوستی کے باعث اُن تک خبریں پہنچاتے ہو حالاں کہ وہ اس حق کے ہی مُنکر ہیں جو تمہارے پاس آیا ہے، وہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور تم کو اس وجہ سے (تمہارے وطن سے) نکالتے ہیں کہ تم اللہ پر جو تمہارا پروردگار ہے، ایمان لے آئے ہو۔ اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا تلاش کرنے کے لیے نکلے ہو (تو پھر اُن سے دوستی نہ رکھو) تم اُن کی طرف دوستی کے خفیہ پیغام بھیجتے ہو حالاں کہ میں خوب جانتا ہوں جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم آشکار کرتے ہو، اور جو شخص بھی تم میں سے یہ (حرکت) کرے سو وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہے o

O believers! Do not make friends with My enemies and your enemies. You communicate to them information because of (your) friendship, whereas they just deny the very truth that has come to you. They drive out the Messenger (blessings and peace be upon him) and you (from your land) because you believe in Allah, your Sustainer. If you have set out to fight in My way and seek My pleasure (then do not have friendship with them). You send them secret messages of friendship whilst I know best what you hide and what you make known. And whoever of you does this (misdeed) has deviated from the straight path.

إِن يَثْقَفُوكُمْ يَكُونُوا لَكُمْ أَعْدَاءً وَيَبْسُطُوا إِلَيْكُمْ أَيْدِيَهُمْ وَأَلْسِنَتَهُم بِالسُّوءِ وَوَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ (2)

ترجمہ: اگر وہ تم پر قدرت پالیں تو (دیکھنا) وہ تمہارے (کھلے) دشمن ہوں گے اور وہ اپنے ہاتھ اور اپنی زبانیں تمہاری طرف برائی کے ساتھ دراز کریں گے اور آرزومند ہوں گے کہ تم (کسی طرح) کافر ہو جاؤ o

Should they get the better of you, then (you will see that) they will be your open enemies. And they will extend their hands and tongues to you with evil design and will have the earnest desire that you disbelieve (somehow).

لَن تَنفَعَكُمْ أَرْحَامُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (3)

ترجمہ: تمہیں قیامت کے دن ہرگز نہ تمہاری (کافر و مشرک) قرابتیں فائدہ دیں گی اور نہ تمہاری (کافر و مشرک) اولاد، (اُس

دن اللہ) تمہارے درمیان مکمل جدائی کر دے گا (مومن جنت میں اور کافر دوزخ میں بھیج دیے جائیں گے)، اور اللہ اُن کاموں کو خوب دیکھنے والا ہے جو تم کر رہے ہوo

Neither your (disbelieving and polytheist) kindred nor your (disbelieving and polytheist) children will be of any good to you on the Day of Resurrection. (On that Day Allah will) bring about complete separation between you (the believers will be sent to Paradise and the disbelievers to Hell). And Allah observes your doings well.

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (5)

ترجمہ: اے ہمارے رب! تو ہمیں کافروں کے لیے سببِ آزمائش نہ بنا (یعنی انہیں ہم پر مسلّط نہ کر) اور ہمیں بخش دے، اے ہمارے پروردگار! بے شک تو ہی غلبہ و عزت والا بڑی حکمت والا ہےo

O our Lord! Make us not a source of trial for the disbelievers (i.e., give them not control over us) and forgive us. O our Lord, surely You alone are the Almighty, the Lord of Honour, the Most Wise.'

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ (6)

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ان میں بہترین نمونہ (اِقتداء) ہے (خاص طور پر) ہر اس شخص کے لیے جو اللہ (کی بارگاہ میں حاضری) کی اور یومِ آخرت کی امید رکھتا ہے، اور جو شخص رُوگردانی کرتا ہے تو بے شک اللہ بے نیاز اور لائقِ ہر حمد و ثناء ہےo

Indeed, there is for you an excellent example in them (to follow), for him (in particular) who hopes (to appear before the presence of) Allah and looks forward to the Last Day. But whoever turns away, then Allah is Self-Sufficient and Praiseworthy.

عَسَى اللَّهُ أَن يَجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُم مِّنْهُم مَّوَدَّةً وَاللَّهُ قَدِيْرٌ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (7)

ترجمہ: عجب نہیں کہ اللہ تمہارے اور اُن میں سے بعض لوگوں کے درمیان جن سے تمہاری دشمنی ہے (کسی وقت بعد میں) دوستی پیدا کر دے، اور اللہ بڑی قدرت والا ہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

It may be that Allah brings about friendship (at a later stage) between you and those of them who are now your foes. And Allah is All-Powerful and Most Forgiving, Ever-Merciful.

لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ (8)

ترجمہ: اللہ تمہیں اس بات سے منع نہیں فرماتا کہ جن لوگوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ نہیں کی اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے (یعنی وطن سے) نکالا ہے کہ تم ان سے بھلائی کا سلوک کرو اور اُن سے عدل و انصاف کا برتاؤ کرو، بے شک اللہ عدل و انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتا ہےo

Allah does not forbid you to be good to them and treat them with equity and justice who did not fight against you on (the question of) Din (Religion), nor did

they drive you out of your homes (i.e., homeland). Surely, Allah likes those who conduct themselves with equity and justice.

إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِيْنَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّيْنِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (9)

ترجمہ: اللہ تو محض تمہیں ایسے لوگوں سے دوستی کرنے سے منع فرماتا ہے جنہوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ کی اور تمہیں تمہارے گھروں (یعنی وطن) سے نکالا اور تمہارے باہر نکالے جانے پر (تمہارے دشمنوں کی) مدد کی۔ اور جو شخص اُن سے دوستی کرے گا تو وہی لوگ ظالم ہیں o

Allah only forbids you to befriend those who fought against you on (account of) the Din (Religion) and drove you out of your homes (i.e., homeland) and aided (your enemies) in expelling you. And whoever makes friends with them, it is they who are the wrongdoers.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِذَا جَاءكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ اللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيْمَانِهِنَّ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ وَآتُوهُم مَّا أَنفَقُوا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنفَقُوا ذَلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (10)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو انہیں اچھی طرح جانچ لیا کرو، اللہ اُن کے ایمان (کی حقیقت) سے خوب آگاہ ہے، پھر اگر تمہیں اُن کے مومن ہونے کا یقین ہو جائے تو انہیں کافروں کی طرف واپس نہ بھیجو، نہ یہ (مومنات) اُن (کافروں) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کفّار) اِن (مومن عورتوں) کے لیے حلال ہیں، اور اُن (کافروں) نے جو (مال بصورتِ مَہر اِن پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو ادا کر دو، اور تم پر اس (بات) میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اِن سے نکاح کر لو جبکہ تم اُن (عورتوں) کا مَہر انہیں ادا کر دو، اور (اے مسلمانو!) تم بھی کافر عورتوں کو (اپنے) عقدِ نکاح میں نہ روکے رکھو اور تم (کفّار سے) وہ (مال) طلب کر لو جو تم نے (اُن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا اور وہ (کفّار تم سے) وہ (مال) مانگ لیں جو انہوں نے (اِن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا، یہی اللہ کا حکم ہے، اور وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرما رہا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

O believers! When the believing women come to you as Emigrants, examine them thoroughly. Allah is Well Aware of (the reality of) their faith. Then if you find with certitude that they are true believers, do not send them back to the disbelievers. Neither are they (the believing women) lawful for those disbelievers, nor are those disbelievers lawful for these (believing women). And pay them (the disbelievers) back the money which they spent (on them as dower). And there is no sin on you if you marry them whilst you pay these (women) their dower. And, O believers, do not hold back the disbelieving women in (your) wedlock, and ask (the disbelievers) for that (money) which you

spent (on those women as dower), and they (the disbelievers) may also ask you for that (money) which they spent (on these women as dower). That is the command of Allah. And He judges between you. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَإِن فَـاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ إِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَآتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ أَزْوَاجُهُم مِّثْلَ مَا أَنفَقُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِىْ أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ (11)

ترجمہ: اور اگر تمہاری بیویوں میں سے کوئی تم سے چھوٹ کر کافروں کی طرف چلی جائے پھر (جب) تم جنگ میں غالب آجاؤ اور مالِ غنیمت پاؤ تو (اس میں سے) ان لوگوں کو جن کی عورتیں چلی گئی تھیں اس قدر (مال) ادا کر دو جتنا وہ (اُن کے مَہر میں) خرچ کر چکے تھے، اور اُس اللہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہوo

And if any of your wives deserts you and goes over to the disbelievers, then (when) you become dominant in war and gain spoils, pay (out of it) those whose wives deserted them as much (money) as they paid (to them as dower). And keep fearing Allah in Whom you believe.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـوا لَا تَتَـوَلَّوْا قَوْماً غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوا مِنَ الْآخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ أَصْحَابِ الْقُبُورِ (13)

ترجمہ: اے ایمان والو! ایسے لوگوں سے دوستی مت رکھو جن پر اللہ غضبناک ہوا ہے بے شک وہ آخرت سے (اس طرح) مایوس ہو چکے ہیں جیسے کفار اہلِ قبور سے مایوس ہیںo

O believers! Do not make friends with those on whom Allah has sent His wrath. Surely, they have despaired of the Hereafter as the disbelievers have despaired of those in graves.

سورۃ الصّف:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ (2)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم وہ باتیں کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں ہوo

O believers! Why do you say what you do not do?

كَبُرَ مَقْتاً عِندَ اللَّهِ أَن تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ (3)

ترجمہ: اللہ کے نزدیک بہت سخت ناپسندیدہ بات یہ ہے کہ تم وہ بات کہو جو خود نہیں کرتےo

It is most hateful in the sight of Allah that you should say what you do not do.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى تِجَارَةٍ تُنجِيكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (10)

ترجمہ: اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایک ایسی تجارت بتادوں جو تم کو دردناک عذاب سے بچالے؟o

O believers! Shall I advise you a trade which will save you from a painful torment?

تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (11)

ترجمہ: (وہ یہ ہے کہ) تم اللہ پر اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (کامل) ایمان رکھو اور اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان سے جہاد کرو، یہی تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہوo

(It is that) you have (perfect) belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and strive hard for the cause of Allah with your human and material resources. That is better for you if you know.

يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَسَاكِنَ طَيِّبَةً فِي جَنَّاتِ عَدْنٍ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (12)

ترجمہ: وہ تمہارے گناہوں کو بخش دے گا اور تمہیں جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں جاری ہوں گی اور نہایت عمدہ رہائش گاہوں میں (ٹھہرائے گا) جو جناتِ عدن (یعنی ہمیشہ رہنے کی جنتوں) میں ہیں، یہی زبردست کامیابی ہےo

He will forgive your sins and will admit you into Gardens with streams flowing under them, and (will make you reside) in excellent dwellings in the Gardens of Eden (i.e., Gardens of Eternity). That is indeed a great success.

وَأُخْرَى تُحِبُّونَهَا نَصْرٌ مِّنَ اللَّهِ وَفَتْحٌ قَرِيبٌ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ (13)

ترجمہ: اور (اس اُخروی نعمت کے علاوہ) ایک دوسری (دنیوی نعمت بھی عطا فرمائے گا) جسے تم بہت چاہتے ہو، (وہ) اللہ کی جانب سے مدد اور جلد ملنے والی فتح ہے، اور (اے نبی مکرّم!) آپ مومنوں کو خوشخبری سنا دیں (یہ فتحِ مکہ اور فارس و روم کی فتوحات کی شکل میں ظاہر ہوئی)o

And, (besides this favour in the Hereafter, He will grant you) another (worldly blessing too) which you earnestly desire: (that is) help from Allah and a near victory, and, (O Esteemed Prophet,) give this good news to the believers. (This came about in the form of Meccan Victory and the conquests in Persia and Rome.)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا أَنصَارَ اللَّهِ كَمَا قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيِّينَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ فَآمَنَت طَّائِفَةٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ وَكَفَرَت طَّائِفَةٌ فَأَيَّدْنَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَى عَدُوِّهِمْ فَأَصْبَحُوا ظَاهِرِينَ (14)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے مددگار بن جاؤ جیسا کہ عیسٰی ابن مریم (علیہما السلام) نے (اپنے) حواریوں سے کہا تھا: اللہ کی (راہ کی) طرف میرے مددگار کون ہیں؟ حواریوں نے کہا: ہم اللہ کے مددگار ہیں۔ پس بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور دوسرا گروہ کافر ہو گیا، سو ہم نے اُن لوگوں کی جو ایمان لے آئے تھے اُن کے دشمنوں پر مدد فرمائی پس وہ غالب ہو گئےo

O believers! Be helpers of Allah as 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said to (his) disciples: 'Who are my helpers towards (the path of) Allah?' The disciples said: 'We are Allah's helpers.' So a party of the Children of Israel believed and a party disbelieved. So We helped the believers against their enemies and they gained the upper hand.

سورۃ الجمعۃ:

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيـنَ آمَـنُـوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن (جمعہ کی) نماز کے لیے اذان دی جائے تو فوراً اللہ کے ذکر (یعنی خطبہ ونماز) کی طرف تیزی سے چل پڑو اور خرید وفروخت (یعنی کاروبار) چھوڑ دو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہوo

O believers! When on Fridays the call is made for (Jumu'a) Prayer, hasten towards the remembrance of Allah (i.e., the Jumu'a sermon and Prayer) immediately and abandon purchase and sale (i.e., business). That is better for you if you have knowledge.

سورۃ المنافقون:

يَـقُـولُـونَ لَـئِـن رَّجَـعْـنَـا إِلَـى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَلَكِنَّ الْمُنَافِقِينَ لَا يَعْلَمُونَ (8)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: اگر (اب) ہم مدینہ واپس ہوئے تو (ہم) عزّت والے لوگ وہاں سے ذلیل لوگوں (یعنی مسلمانوں) کو باہر نکال دیں گے، حالاں کہ عزّت تو صرف اللہ کے لیے اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے مگر منافقین (اس حقیقت کو) جانتے نہیں ہیںo

They say: 'If (now) we return to Medina, then (we) the honourable will drive out the dishonourable (i.e., the Muslims).' But in fact, honour belongs to Allah alone and His Messenger and the believers. However, the hypocrites do not understand (this reality).

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَن ذِكْرِ اللَّهِ وَمَن يَفْعَلْ ذَلِكَ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد (کہیں) تمہیں اللہ کی یاد سے ہی غافل نہ کر دیں، اور جو شخص ایسا کرے گا تو وہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیںo

O believers! Let not your wealth and your children make you neglectful of the very remembrance of Allah. And whoever does so, it is they who are the losers.

سورۃ التغابن:

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنكُمْ كَافِرٌ وَمِنكُم مُّؤْمِنٌ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (2)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، پس تم میں سے (کوئی) کافر ہو گیا، اور تم میں سے (کوئی) مومن ہو گیا، اور اللہ اُن کاموں کو جو تم کرتے ہو خوب دیکھنے والا ہےo

He is the One Who created you. Then (someone) of you became a disbeliever

and (the other one) of you became a believer, and Allah sees best the actions that you do.

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ **(11)**

ترجمہ: (کسی کو) کوئی مصیبت نہیں پہنچتی مگر اللہ کے حکم سے اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے تو وہ اُس کے دل کو ہدایت فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

No suffering afflicts (anyone) except by the command of Allah. And he who believes in Allah, He guides his heart and Allah knows best everything.

وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَإِنَّمَا عَلَى رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ **(12)**

ترجمہ: اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو، پھر اگر تم نے رُوگردانی کی تو (یاد رکھو) ہمارے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذمّہ صرف واضح طور پر (احکام کو) پہنچا دینا ہےo

And obey Allah and obey the Messenger (blessings and peace be upon him). Then if you turn away, (remember that) the responsibility of Our Messenger (blessings and peace be upon him) is only to deliver (the injunctions) clearly.

اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ **(13)**

ترجمہ: اللہ (ہی معبود) ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسہ رکھنا چاہئےo

Allah (alone) is (God). There is no God but He. And the believers should put their trust in Allah alone.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوهُمْ وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(14)**

ترجمہ: اے ایمان والو! بے شک تمہاری بیویوں اور تمہاری اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں پس اُن سے ہوشیار رہو۔ اور اگر تم صرفِ نظر کر لو اور درگزر کرو اور معاف کر دو تو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O believers! Surely, amongst your wives and your children there are some who are your enemies. So, beware of them! And if you overlook it and forbear and forgive, Allah is indeed Most Forgiving, Ever-Merciful.

فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنفِقُوا خَيْرًا لِّأَنفُسِكُمْ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ **(16)**

ترجمہ: پس تم اللہ سے ڈرتے رہو جس قدر تم سے ہو سکے اور (اُس کے احکام) سنو اور اطاعت کرو اور (اس کی راہ میں) خرچ کرو یہ تمہارے لیے بہتر ہوگا، اور جو اپنے نفس کے بخل سے بچا لیا جائے سو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیںo

So fear Allah as much as you are able to. And listen to (His commands) and obey and spend (in His way). That will be better for you. And whoever is saved from the miserliness of his (ill-commanding) self, it is they who will attain prosperity.

سورۃ الطلاق:

أَعَدَّ اللَّهُ لَهُمْ عَذَاباً شَدِيداً فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُوْلِي الْأَلْبَابِ الَّذِيْنَ آمَنُوا قَدْ أَنزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْراً (10)

ترجمہ: اللہ نے اُن کے لیے (آخرت میں بھی) سخت عذاب تیار کر رکھا ہے۔ سو اللہ سے ڈرتے رہا کرو اے عقل والو! جو ایمان لے آئے ہو، بے شک اللہ نے تمہاری (ہی) طرف نصیحت (قرآن) کو نازل فرمایا ہےo

Allah has prepared for them severe torment (in the Hereafter as well). So keep fearing Allah, O men of reason, you who have believed. No doubt it is you towards whom Allah has sent down the Reminder (the Qur'an),

رَّسُولاً يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحاً يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقاً (11)

ترجمہ: (اور) رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو (بھی بھیجا ہے) جو تم پر اللہ کی واضح آیات پڑھ کر سناتے ہیں تاکہ اُن لوگوں کو جو ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال کرتے ہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے، اور جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے وہ اسے ان جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، بے شک اللہ نے اُس کے لیے نہایت عمدہ رزق (تیار کر) رکھا ہےo

(And has also sent) the Messenger (blessings and peace be upon him), who recites to you clear Verses so that he may take those who have believed and do pious deeds from darkness to light. And he who believes in Allah and does pious deeds, He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Indeed, Allah has (prepared) for him excellent sustenance.

سورۃ التحریم:

قَدْ فَرَضَ اللَّهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللَّهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ (2)

ترجمہ: (اے مومنو!) بے شک اللہ نے تمہارے لیے تمہاری قسموں کا (کفارہ دے کر) کھول ڈالنا مقرر فرما دیا ہے۔ اور اللہ تمہارا مددگار و کارساز ہے، اور وہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

(O believers!) Indeed, Allah has prescribed for you how to dissolve your oaths (by atonement). And Allah is your Helper and Protector. And He is All-Knowing, Most Wise.

إِن تَتُوبَا إِلَى اللَّهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا وَإِن تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَلِكَ ظَهِيْرٌ (4)

ترجمہ: اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو (تو تمہارے لیے بہتر ہے) کیونکہ تم دونوں کے دل (ایک ہی بات کی طرف) جھک گئے ہیں، اگر تم دونوں نے اس بات پر ایک دوسرے کی اعانت کی (تو یہ نبی مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے باعثِ رنج ہو سکتا ہے) سو بے شک اللہ ہی اُن کا دوست و مددگار ہے، اور جبریل اور صالح مومنین بھی اور اس کے بعد (سارے) فرشتے بھی (اُن

کے) مددگار ہیںo

If you both turn to Allah in repentance, (that is better for you) because the hearts of both of you have inclined (towards the same), but if you help one another in this matter (that may annoy the Holy Prophet [blessings and peace be upon him]). So surely Allah is the One Who is his Friend and Helper and Jibril (Gabriel) and the most pious believers and after them (all) angels too are (his) helpers.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا قُوا أَنفُسَكُمْ وَأَهْلِيْكُمْ نَاراً وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَا يَعْصُونَ اللَّهَ مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ (6)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں، جس پر سخت مزاج طاقتور فرشتے (مقرر) ہیں جو کسی بھی امر میں جس کا وہ انہیں حکم دیتا ہے اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کام انجام دیتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جاتا ہےo

O believers! Safeguard yourselves and your families against a Fire whose fuel is men and stones. Appointed over it are strong and stern angels who do not disobey Allah in what He commands them. And they accomplish what they are ordered.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحاً عَسَى رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِيْ اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا مَعَهُ نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (8)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے حضور رجوعِ کامل سے خالص توبہ کرلو، یقین ہے کہ تمہارا رب تم سے تمہاری خطائیں دفع فرما دے گا اور تمہیں بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں جس دن اللہ (اپنے) نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور اُن اہلِ ایمان کو جو اُن کی (ظاہری یا باطنی) معیّت میں ہیں رسوا نہیں کرے گا، اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کے دائیں طرف (روشنی دیتا ہوا) تیزی سے چل رہا ہوگا، وہ عرض کرتے ہوں گے: اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل فرما دے اور ہماری مغفرت فرما دے، بے شک تو ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

O believers! Turn towards Allah's presence in perfect and most sincere repentance. Your Lord will certainly remove your sins from you, and admit you to the Gardens with streams flowing under them. On the Day when Allah will not slight (His) Prophet (blessings and peace be upon him) and those believers who are in his companionship (visibly or invisibly), their light will be moving fast (brightening) ahead of them and on their right side. They will be submitting: 'O our Lord, perfect our light for us and forgive us. Surely, You have absolute power over everything.'

وَضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا لِّلَّذِينَ آمَنُوا امْرَأَةَ فِرْعَوْنَ إِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِي عِندَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِي مِن فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهِ وَنَجِّنِي مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (11)

ترجمہ: اور اللہ نے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے ہیں زوجۂ فرعون (آسیہ بنت مزاحم) کی مثال بیان فرمائی ہے، جب اس نے عرض کیا: اے میرے رب! تو میرے لیے بہشت میں اپنے پاس ایک گھر بنا دے اور مجھ کو فرعون اور اُس کے عملِ (بد) سے نجات دے دے اور مجھے ظالم قوم سے (بھی) بچا لےo

And Allah has given for the believers the example of Pharaoh's wife (Asiya, the daughter of Mazahim) when she submitted: 'O my Lord, build a house for me in Paradise in Your presence, and deliver me from Pharaoh and his (evil) conduct, and also rescue me from the wrongdoing people.'

سورۃ الملک:

إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُم بِالْغَيْبِ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ (12)

ترجمہ: بے شک جو لوگ بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں ان کے لیے بخشش اور بڑا اَجر ہےo

Surely, those who fear their Lord unseen, for them is forgiveness and great reward.

سورۃ القلم:

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (7)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب اس شخص کو (بھی) خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے بھٹک گیا ہے، اور وہ ان کو (بھی) خوب جانتا ہے جو ہدایت یافتہ ہیںo

Surely, your Lord knows him best who has strayed from the straight path and (also) knows best those who are rightly guided.

إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ (34)

ترجمہ: بے شک پرہیزگاروں کے لیے ان کے رب کے پاس نعمتوں والے باغات ہیںo

Surely, for the Godfearing there are Gardens of Bliss with their Lord.

أَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِينَ كَالْمُجْرِمِينَ (35)

ترجمہ: کیا ہم فرمانبرداروں کو مجرموں کی طرح (محروم) کر دیں گےo

Shall We (deprive) the obedient like the disobedient?

سورۃ الحاقۃ:

وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ (48)

ترجمہ: اور پس بلاشبہ یہ (قرآن) پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہےo

So no doubt this (Qur'an) is direction and guidance for the Godfearing.

سورۃ المعارج:

إِلَّا الْمُصَلِّينَ (22)

ترجمہ: مگر وہ نماز ادا کرنے والےo

Except for those who offer Prayer,

الَّذِينَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ (23)

ترجمہ: جو اپنی نماز پر ہمیشگی قائم رکھنے والے ہیںo

And are constant in their Prayer,

وَالَّذِينَ فِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُومٌ (24)

ترجمہ: اور وہ (ایثار کیش) لوگ جن کے اَموال میں حصہ مقرر ہےo

And those (who are committed to sacrifice and) in whose wealth there is a fixed share,

لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ (25)

ترجمہ: مانگنے والے اور نہ مانگنے والے محتاج کاo

Of one who begs and of one who is needy but does not beg,

وَالَّذِينَ يُصَدِّقُونَ بِيَوْمِ الدِّينِ (26)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو روزِ جزا کی تصدیق کرتے ہیںo

And those who affirm the Day of Requital,

وَالَّذِينَ هُم مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِم مُّشْفِقُونَ (27)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرنے والے ہیںo

And those who fear the torment of their Lord;

إِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ مَأْمُونٍ (28)

ترجمہ: بے شک ان کے رب کا عذاب ایسا نہیں جس سے بے خوف ہوا جائےo

Surely, the torment of their Lord is not a thing which should not be feared;

وَالَّذِينَ هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حَافِظُونَ (29)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیںo

And those who safeguard their private parts,

إِلَّا عَلَى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَإِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُومِينَ (30)

ترجمہ: سوائے اپنی منکوحہ بیویوں کے یا اپنی مملوکہ کنیزوں کے، سو (اِس میں) اُن پر کوئی ملامت نہیںo

Except from their wives or the female slaves they possess. So (in this) there is no blame on them.

فَمَنِ ابْتَغَى وَرَاءَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْعَادُونَ (31)

ترجمہ: سو جوان کے علاوہ طلب کرے تو وہی لوگ حد سے گزرنے والے ہیںo

But he who looks for more than that, then it is they who transgress the limits.

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ **(32)**

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے وعدوں کی نگہداشت کرتے ہیںo

And those who safeguard their trusts and promises,

وَالَّذِيْنَ هُم بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ **(33)**

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی گواہیوں پر قائم رہتے ہیںo

And those who stand firm on their testimonies,

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ **(34)**

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیںo

And those who safeguard their Prayers,

أُوْلَئِكَ فِيْ جَنَّاتٍ مُّكْرَمُونَ **(35)**

ترجمہ: یہی لوگ ہیں جو جنتوں میں معزّز و مکرّم ہوں گےo

It is they who will enjoy great honour and respect in the Gardens.

سورۃ المدثر:

وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِكَةً وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ آمَنُوا إِيْمَاناً وَلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْمُؤْمِنُونَ وَلِيَقُولَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْكَافِرُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَذَا مَثَلاً كَذَلِكَ يُضِلُّ اللَّهُ مَن يَشَاءُ وَيَهْدِيْ مَن يَشَاءُ وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ إِلَّا هُوَ وَمَا هِيَ إِلَّا ذِكْرَى لِلْبَشَرِ **(31)**

ترجمہ: اور ہم نے دوزخ کے داروغے صرف فرشتے ہی مقرر کیے ہیں اور ہم نے ان کی گنتی کافروں کے لیے محض آزمائش کے طور پر مقرر کی ہے تاکہ اہلِ کتاب یقین کر لیں (کہ قرآن اور نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہے کیونکہ ان کی کتب میں بھی یہی تعداد بیان کی گئی تھی) اور اہلِ ایمان کا ایمان (اس تصدیق سے) مزید بڑھ جائے، اور اہلِ کتاب اور مومنین (اس کی حقانیت میں) شک نہ کر سکیں، اور تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور کفار یہ کہیں کہ اس (تعداد کی) مثال سے اللہ کی مراد کیا ہے؟ اسی طرح اللہ (ایک ہی بات سے) جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ (دوزخ کا بیان) اِنسان کی نصیحت کے لیے ہی ہےo

And We have appointed only angels as guards of Hell. And We have fixed their number only as a trial for the disbelievers so that the People of the Book may believe with certitude (that the Qur'an and the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] is a truth because the same number was given in their scriptures as well), and that the faith of the believers may further be strengthened (with this confirmation), and that the People of the Book and the believers may not doubt (its veracity), and that those having a disease (of

hypocrisy) in their hearts and the disbelievers may say: 'What does Allah intend by this example (of number)?' In this way, Allah holds astray whom He wills, and guides aright whom He wills (with the same stroke). And no one knows the armies of your Lord except Him. And this (description of Hell is nothing else) but an admonition to mankind.

سورۃ القیامۃ:

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ (22)

ترجمہ: بہت سے چہرے اُس دن شگفتہ وتروتازہ ہوں گےo

Many faces will be fresh and in full bloom that Day,

إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ (23)

ترجمہ: اور (بلاحجاب) اپنے رب (کے حسن وجمال) کو تک رہے ہوں گےo

Beholding (the enchanting radiance and beauty of) their Lord (unveiled).

سورۃ الدہر:

إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِن كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوراً (5)

ترجمہ: بے شک مخلص اِطاعت گزار (شرابِ طہور کے) ایسے جام پئیں گے جس میں (خوشبو، رنگت اور لذت بڑھانے کے لیے) کافور کی آمیزش ہوگیo

Surely, the sincerely devoted and obedient will drink from the cups (of the holy drink) mixed with kafur (to enhance its aroma, colour and taste).

عَيْناً يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيراً (6)

ترجمہ: (کافور جنت کا) ایک چشمہ ہے جس سے (خاص) بندگانِ خدا (یعنی اَولیاء اللہ) پیا کریں گے (اور) جہاں چاہیں گے (دوسروں کو پلانے کے لیے) اسے چھوٹی چھوٹی نہروں کی شکل میں بہا کر (بھی) لے جائیں گےo

(Kafur is) a spring (in Paradise) that (the privileged) servants of Allah (i.e., Awliya' Allah) will drink from, and will (also) make it flow to wherever they will desire in the form of small brooks (to make others drink of it).

يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ يَوْماً كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيراً (7)

ترجمہ: (یہ بندگانِ خاص وہ ہیں) جو (اپنی) نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی سختی خوب پھیل جانے والی ہےo

(These privileged servants of Allah are those) who fulfil their vows and keep fearing that Day whose severity spreads afar.

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَى حُبِّهِ مِسْكِيناً وَيَتِيماً وَأَسِيراً (8)

ترجمہ: اور (اپنا) کھانا اللہ کی محبت میں (خود اس کی طلب وحاجت ہونے کے باوُجود اِیثاراً) محتاج کو اور یتیم کو اور قیدی کو کھلا دیتے

ہیںo

And they give (their own) food, in deep love of Allah, to the needy, the orphan and prisoner (out of sacrifice, despite their own desire and need for it),

إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيْدُ مِنكُمْ جَزَاء وَلَا شُكُوراً (9)

ترجمہ: (اور کہتے ہیں کہ) ہم تو محض اللہ کی رضا کے لیے تمہیں کھلا رہے ہیں، نہ تم سے کسی بدلہ کے خواست گار ہیں اور نہ شکرگزاری کے (خواہش مند) ہیںo

(And say:) 'We are feeding you only to please Allah. We do not seek any recompense from you nor (wish for) any thanks.

إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْماً عَبُوساً قَمْطَرِيْراً (10)

ترجمہ: ہمیں تو اپنے ربّ سے اُس دن کا خوف رہتا ہے جو (چہروں کو) نہایت سیاہ (اور) بدنما کر دینے والا ہےo

We fear from our Lord the Day which will make (the faces) look very dark (and) ugly.'

فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُوراً (11)

ترجمہ: پس اللہ انہیں (خوفِ الٰہی کے سبب سے) اس دن کی سختی سے بچا لے گا اور انہیں (چہروں پر) رونق و تازگی اور (دلوں میں) سرور و مسرّت بخشے گاo

So Allah will save them from the terror of that Day (for their fear of Allah) and will grant them freshness, bloom and blush (on their faces) and ecstasy and delight (in their hearts),

وَجَزَاهُم بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً وَحَرِيْراً (12)

ترجمہ: اور اِس بات کے عوض کہ انہوں نے صبر کیا ہے (رہنے کو) جنت اور (پہننے کو) ریشمی پوشاک عطا کرے گاo

And will bless them with Gardens (to live in) and silky clothes (to wear), a reward for their patience.

مُّتَّكِئِيْنَ فِيْهَا عَلَى الْأَرَائِكِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْساً وَلَا زَمْهَرِيْراً (13)

ترجمہ: یہ لوگ اس میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے، نہ وہاں دھوپ کی تپش پائیں گے اور نہ سردی کی شدّتo

Reclining in it against cushions on raised couches, they will find there neither intense cold nor heat.

وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيْلاً (14)

ترجمہ: اور (جنت کے درختوں کے) سائے ان پر جھک رہے ہوں گے اور ان کے (میووں کے) گچھے جھک کر لٹک رہے ہوں گےo

And the shades (of trees in Paradise) will close upon them, and the bunches of their (fruits) will be hanging low.

وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا (15)

ترجمہ: اور (خُدام) ان کے گرد چاندی کے برتن اور (صاف ستھرے) شیشے کے گلاس لیے پھرتے ہوں گےo

And (the servants) will go round them with vessels of silver and (pure and clean) goblets of shining glass,

قَوَارِيرَ مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيراً (16)

ترجمہ: (اور) شیشے بھی چاندی کے (بنے) ہوں گے جنہیں انہوں نے (ہر ایک کی طلب کے مطابق) ٹھیک ٹھیک اندازہ سے بھرا ہوگاo

And glasses made of silver which they will have filled with exact measures (according to everyone's desire).

وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْساً كَانَ مِزَاجُهَا زَنجَبِيلاً (17)

ترجمہ: اور انہیں وہاں (شرابِ طہور کے) ایسے جام پلائے جائیں گے جن میں زنجبیل کی آمیزش ہوگیo

And they will be made to drink there cups of (the holy drink) mixed with Zanjabil.

عَيْناً فِيهَا تُسَمَّى سَلْسَبِيلاً (18)

ترجمہ: (زنجبیل) اس (جنت) میں ایک ایسا چشمہ ہے جس کا نام 'سلسبیل' رکھا گیا ہےo

(Zanjabil is) a spring in this (Paradise) named Salsabil.

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤاً مَّنثُوراً (19)

ترجمہ: اور ان کے اِرد گرد ایسے (معصوم) بچے گھومتے رہیں گے، جو ہمیشہ اسی حال میں رہیں گے، جب آپ انہیں دیکھیں گے تو انہیں بکھرے ہوئے موتی گمان کریں گےo

And going round them will be (innocent) adolescents who will remain ever-young. When you will see them, you will consider them as scattered pearls.

وَإِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيماً وَمُلْكاً كَبِيراً (20)

ترجمہ: اور جب آپ (بہشت پر) نظر ڈالیں گے تو وہاں (کثرت سے) نعمتیں اور (ہر طرف) بڑی سلطنت دیکھیں گےo

And when you will look (at Paradise), you will find blessings (in abundance) and a mighty kingdom (all around).

عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ خُضْرٌ وَإِسْتَبْرَقٌ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ وَسَقَاهُمْ رَبُّهُمْ شَرَاباً طَهُوراً (21)

ترجمہ: ان (کے جسموں) پر باریک ریشم کے سبز اور دبیز اطلس کے کپڑے ہوں گے، اور انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور ان کا ربّ انہیں پاکیزہ شراب پلائے گاo

They will be clad in green, fine silk and rich brocade attire, and they will be made to wear silver bracelets, and their Lord will make them drink a holy beverage.

إِنَّ هَذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاء وَكَانَ سَعْيُكُم مَّشْكُوراً (22)

ترجمہ: بے شک یہ تمہارا صلہ ہوگا اور تمہاری محنت مقبول ہو چکی o

Surely, that will be your reward and your hard work is acknowledged.

إِنَّ هَذِهِ تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاء اتَّخَذَ إِلَى رَبِّهِ سَبِيْلاً (29)

ترجمہ: بے شک یہ (قرآن) نصیحت ہے، سو جو کوئی چاہے اپنے رب کی طرف (پہنچنے کا) راستہ اِختیار کر لے o

Indeed, this (Qur'an) is a Reminder. So whoever desires may adopt the way to (reach) his Lord.

وَمَا تَشَاؤُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيماً حَكِيماً (30)

ترجمہ: اور تم خود کچھ نہیں چاہ سکتے سوائے اس کے جو اللہ چاہے، بے شک اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے o

And you cannot wish anything yourselves except what Allah wills. Indeed, Allah is All-Knowing, Most Wise.

يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ وَالظَّالِمِيْنَ أَعَدَّ لَهُمْ عَذَاباً أَلِيماً (31)

ترجمہ: وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت (کے دائرے) میں داخل فرما لیتا ہے، اور ظالموں کے لیے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے o

He admits whom He wills to (the circle of) His mercy, and He has prepared a grievous torment for the wrongdoers.

سورۃ المرسلات:

إِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِي ظِلَالٍ وَعُيُونٍ (41)

ترجمہ: بے شک پرہیزگار ٹھنڈے سایوں اور چشموں میں (عیش و راحت کے ساتھ) ہوں گے o

Surely, the Godfearing will be (rejoicing) under cool shades and amid springs.

وَفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُونَ (42)

ترجمہ: اور پھل اور میوے جس کی بھی وہ خواہش کریں گے (ان کے لیے موجود ہوں گے) o

And whatever fruits they will long for (will be available for them).

كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيئاً بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (43)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) تم خوب مزے سے کھاؤ پیو اُن اَعمالِ (صالحہ) کے عوض جو تم کرتے رہے تھے o

(It will be said to them:) 'Enjoy eating and drinking to your taste as a reward for what you used to do.'

إِنَّا كَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ (44)

ترجمہ: بے شک ہم اِسی طرح نیکوکاروں کو جزا دیا کرتے ہیں o

Indeed, the same way do We reward the pious.

وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (45)

ترجمہ: اس دن جھٹلانے والوں کے لیے بڑی خرابی ہےo

Woe to the deniers on that Day!

سورۃ النبا:

إِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازاً (31)

ترجمہ: بےشک پرہیزگاروں کے لیے کامیابی ہےo

Surely, the Godfearing will triumph.

حَدَائِقَ وَأَعْنَاباً (32)

ترجمہ: (ان کے لیے) باغات اور انگور (ہوں گے)o

(For them) there will be gardens and grapes,

وَكَوَاعِبَ أَتْرَاباً (33)

ترجمہ: اور جواں سال، ہم عمر دوشیزائیں (ہوں گی)o

And well-matched young maidens,

وَكَأْساً دِهَاقاً (34)

ترجمہ: اور (شرابِ طہور کے) چھلکتے ہوئے جام (ہوں گے)o

And overflowing cups (of holy beverage).

لَّا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْواً وَلَا كِذَّاباً (35)

ترجمہ: وہاں یہ (لوگ) نہ کوئی بے ہودہ بات سنیں گے اور نہ (ایک دوسرے کو) جھٹلانا (ہوگا)o

There, these (people) will neither hear any foolish talk nor belie (one another).

جَزَاءً مِّن رَّبِّكَ عَطَاءً حِسَاباً (36)

ترجمہ: یہ آپ کے رب کی طرف سے صلہ ہے جو (اعمال کے حساب سے) کافی (بڑی) عطا ہےo

From your Lord this is the reward which is an (amply) sufficient bestowal (in proportion to your works).

سورۃ النازعات:

وَالنَّاشِطَاتِ نَشْطاً (2)

ترجمہ: اور ان (فرشتوں) کی قَسم جو (مومنوں کی جان کے) بند نہایت نرمی سے کھول دیتے ہیںo

یا:

توانائی کی ان لہروں کی قَسم جو مادہ کے اندر سے کیمیائی جوڑوں کو نہایت نرمی اور آرام سے توڑ دیتی ہیںo

And by (the angels) who unweave sinews (of the believers' organisms) gently and peacefully,

Or

By the waves of energy that disintegrate gently and peacefully the chemical bonds within matter,

سورۃ الانفطار:

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ **(13)**

ترجمہ: بے شک نیکوکار جنّتِ نعمت میں ہوں گےo

Indeed, the truly good will be in the Garden of Bliss.

سورۃ المطففین:

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِي عِلِّيِّينَ **(18)**

ترجمہ: یہ (بھی) حق ہے کہ بے شک نیکوکاروں کا نوشتہ اعمال علّیّین (یعنی دیوان خانۂ جنت) میں ہےo

This is (also) true that the record of the truly pious is for sure maintained in 'Illiyyin (the ante-chamber of Paradise).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّونَ **(19)**

ترجمہ: اور آپ نے کیا جانا کہ علّیّین کیا ہےo

And what do you know what 'Illiyyin is?

كِتَابٌ مَّرْقُومٌ **(20)**

ترجمہ: (یہ جنت کے اعلیٰ درجہ میں اس بڑے دیوان کے اندر) لکھی ہوئی (ایک) کتاب ہے (جس میں ان جنتیوں کے نام اور اَعمال درج ہیں جنہیں اعلیٰ مقامات دیئے جائیں گے)o

It is an inscribed book (set down in the large ante-chamber of a lofty mansion of Paradise with the names and pious deeds of those who will be allocated superior stations in Paradise).

يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُونَ **(21)**

ترجمہ: اس جگہ (اللہ کے) مقرب فرشتے حاضر رہتے ہیںo

The angels closest (to Allah) remain present here.

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ **(22)**

ترجمہ: بے شک نیکوکار (راحت و مسرت سے) نعمتوں والی جنت میں ہوں گےo

Indeed, the truly pious, (joyful and glad,) will be in blissful Paradise,

عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ **(23)**

ترجمہ: تختوں پر بیٹھے نظارے کر رہے ہوں گےo

Reclining on couches, enjoying the wonderful sights.

تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ **(24)**

ترجمہ: آپ ان کے چہروں سے ہی نعمت وراحت کی رونق اور شگفتگی معلوم کرلیں گےo

You will find on their faces the glow and freshness of bliss and delight.

يُسْقَوْنَ مِن رَّحِيقٍ مَّخْتُومٍ (25)

ترجمہ: انہیں سربہ مہر بڑی لذیذ شرابِ طہور پلائی جائے گیo

They shall be served with securely sealed delicious and holy beverage.

خِتَامُهُ مِسْكٌ وَفِي ذَٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُونَ (26)

ترجمہ: اس کی مُہر کستوری کی ہوگی، اور (یہی وہ شراب ہے) جس کے حصول میں شائقین کو جلد کوشش کر کے سبقت لینی چاہیے (کوئی شرابِ نعمت کا طالب وشائق ہے، کوئی شرابِ قربت کا اور کوئی شرابِ دیدار کا۔ ہر کسی کو اس کے شوق کے مطابق پلائی جائے گی)o

Its seal will be musk. And (it is this beverage which) all aspirants should hastily strive and compete to acquire. (Some seek the drink of bliss whilst others long for the drink of nearness, and still others yearn for the drink of countenance-all will be served according to their respective tastes).

وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ (27)

ترجمہ: اور اس (شراب) میں آبِ تسنیم کی آمیزش ہوگیo

And this (beverage of Paradise) will be mixed with the water of Tasnim.

عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ (28)

ترجمہ: (یہ تسنیم) ایک چشمہ ہے جہاں سے صرف اہلِ قربت پیتے ہیںo

(This Tasnim) is a fountain at which only those drawn close will drink.

إِنَّ الَّذِينَ أَجْرَمُوا كَانُوا مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا يَضْحَكُونَ (29)

ترجمہ: بے شک مجرم لوگ ایمان والوں کا (دنیا میں) مذاق اڑایا کرتے تھےo

Surely (in the worldly life), the evildoers used to ridicule the believers,

وَإِذَا مَرُّوا بِهِمْ يَتَغَامَزُونَ (30)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس سے گزرتے تو آپس میں آنکھوں سے اشارہ بازی کرتے تھےo

And winked at one another when they passed by them.

وَإِذَا انقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمُ انقَلَبُوا فَكِهِينَ (31)

ترجمہ: اور جب اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے تو (مومنوں کی تنگ دستی اور اپنی خوش حالی کا موازنہ کر کے) اِتراتے اور دل لگی کرتے ہوئے پلٹتے تھےo

And when they went back to their families, they used to exult over the believers (by comparing the believers' destitution and their own affluence) and returned speaking of them with jests.

وَإِذَا رَأَوْهُمْ قَالُوا إِنَّ هَؤُلَاءِ لَضَالُّونَ (32)

ترجمہ: اور جب یہ (مغرور لوگ) ان (کمزور حال مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے: یقیناً یہ لوگ راہ سے بھٹک گئے ہیں (یعنی یہ دنیا گنوا بیٹھے ہیں اور آخرت تو ہے ہی فقط افسانہ)o

And when they (the arrogant people) saw these (the indigent believers), they used to say: 'They have gone astray,' (i.e., they have lost the world whilst the Hereafter is nothing but fiction.)

وَمَا أُرْسِلُوا عَلَيْهِمْ حَافِظِينَ (33)

ترجمہ: حالاں کہ وہ ان (کے حال) پر نگہبان بنا کر نہیں بھیجے گئے تھےo

Yet they had not been sent to watch over their (state of affairs).

فَالْيَوْمَ الَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُونَ (34)

ترجمہ: پس آج (دیکھو) اہلِ ایمان کافروں پر ہنس رہے ہیںo

So (see) Today the believers are laughing at the disbelievers.

عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ (35)

ترجمہ: سجے ہوئے تختوں پر بیٹھے (اپنی خوش حالی اور کافروں کی بدحالی کا) نظارہ کر رہے ہیںo

Reclining on ornamented couches, they are viewing the sight (comparing their own prosperity and the disbelievers' impoverishment).

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ (36)

ترجمہ: سو کیا کافروں کو اس (مذاق) کا پورا بدلہ دے دیا گیا جو وہ (مسلمانوں سے) کیا کرتے تھےo

So, have the disbelievers been rewarded in full for (the mockery), which they used to inflict upon (the believers)?

سورۃ البروج:

إِنَّ الَّذِينَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوبُوا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيقِ (10)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اذیت دی پھر توبہ (بھی) نہ کی تو ان کے لیے عذابِ جہنم ہے اور ان کے لیے (بالخصوص) آگ میں جلنے کا عذاب ہےo

Indeed, those who persecute the believing men and women and then do not (even) repent, for them is the punishment of Hell, and for them is (especially) the torment of burning in the Fire.

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ذَلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيرُ (11)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے جنتیں ہیں جن کے نیچے سے نہریں جاری ہیں، یہی بڑی کامیابی ہےo

And indeed, those who believe and keep doing pious deeds, for them are

Gardens with streams flowing under them. This is the great victory.

سورۃ الغاشیۃ:

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ (8)

ترجمہ: (اس کے برعکس) اس دن بہت سے چہرے (حسین) بارونق اور تروتازہ ہوں گےo

(On the contrary) that Day a number of faces will be (pleasing to the eye,) glowing with joy and freshness,

لِسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ (9)

ترجمہ: اپنی (نیک) کاوشوں کے باعث خوش وخرم ہوں گےo

Delighted and rejoicing over their (righteous) travail,

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ (10)

ترجمہ: عالی شان جنت میں (قیام پذیر) ہوں گےo

(Abiding) in a magnificent Paradise,

لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً (11)

ترجمہ: اس میں کوئی لغو بات نہ سنیں گے (جیسے اہلِ باطل ان سے دنیا میں کیا کرتے تھے)o

Where they will not hear anything absurd (as the disbelievers used to say to them in the world).

فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ (12)

ترجمہ: اس میں بہتے ہوئے چشمے ہوں گےo

In it there will be flowing springs,

فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ (13)

ترجمہ: اس میں اونچے (بچھے ہوئے) تخت ہوں گےo

And raised-up couches (laid),

وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ (14)

ترجمہ: اور جام (بڑے قرینے سے) رکھے ہوئے ہوں گےo

And goblets (decently) set in place,

وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ (15)

ترجمہ: اور غالیچے اور گاؤ تکیے قطار در قطار لگے ہوں گےo

And silken cushions orderly lined up,

وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ (16)

ترجمہ: اور نرم ونفیس قالین اور مَسندیں بچھی ہوں گیo

And soft and refined carpets and rugs (richly) spread.

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ (17)

ترجمہ: (منکرین تعجب کرتے ہیں کہ جنت میں یہ سب کچھ کیسے بن جائے گا! تو) کیا یہ لوگ اونٹ کی طرف نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح (عجیب ساخت پر) بنایا گیا ہےo

(The disbelievers wonder how all that would be arranged in Paradise. So) do they not see how the camel has been created (in an unusual form)?

سورۃ الفجر:

يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ (27)

ترجمہ: اے اطمینان پاجانے والے نفسo

O contented (pleased) self!

ارْجِعِي إِلَى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً (28)

ترجمہ: تو اپنے رب کی طرف اس حال میں لوٹ آ کہ تو اس کی رضا کا طالب بھی ہو اور اس کی رضا کا مطلوب بھی (گویا اس کی رضا تیری مطلوب ہو اور تیری رضا اس کی مطلوب)o

Return to your Lord in such a state that you are both the aspirant to, and the aspired of, His pleasure (i.e., you seek His pleasure and He seeks yours).

فَادْخُلِي فِي عِبَادِي (29)

ترجمہ: پس تو میرے (کامل) بندوں میں شامل ہو جاo

So join My (perfect) servants.

وَادْخُلِي جَنَّتِي (30)

ترجمہ: اور میری جنتِ (قربت و دیدار) میں داخل ہو جاo

And enter My Paradise (of nearness and sight).

سورۃ البینہ:

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُوْلَئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ (7)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہی لوگ ساری مخلوق سے بہتر ہیںo

Indeed, those who believe and keep doing pious actions, it is they who are the best of the creation.

جَزَاؤُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَداً رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ذَلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهُ (8)

ترجمہ: ان کی جزا ان کے رب کے حضور دائمی رہائش کے باغات ہیں جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ اُن سے راضی ہو گیا ہے اور وہ لوگ اس سے راضی ہیں، یہ (مقام) اس شخص کے لیے ہے جو اپنے رب سے خائف رہاo

Their reward is the Gardens of eternal living in the presence of their Lord, with streams flowing under them. They will live in them forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Him. This (status) is meant for the one who fears his Lord.

سورۃ العصر:

إِنَّ الْإِنسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ **(2)**

ترجمہ: بے شک انسان خسارے میں ہے (کہ وہ عمرِ عزیز گنوا رہا ہے)o

Indeed, man is at a loss (for he is losing his valuable lifetime),

إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ **(3)**

ترجمہ: سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لے آئے اور نیک عمل کرتے رہے اور (معاشرے میں) ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے رہے اور (تبلیغِ حق کے نتیجے میں پیش آمدہ مصائب و آلام میں) باہم صبر کی تاکید کرتے رہےo

Except for those who believe and do good deeds and exhort one another to truth and exhort one another to patience (in the face of hardships and afflictions that are faced whilst preaching the Din [Religion] of truth).

27۔ خون/ قتل کا بدلہ

سورۃ البقرہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِيْ الْقَتْلَى الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالأُنثَى بِالأُنثَى فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَاء إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ ذَلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدَى بَعْدَ ذَلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (178)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم پر ان کے خون کا بدلہ (قصاص) فرض کیا گیا ہے جو ناحق قتل کئے جائیں، آزاد کے بدلے آزاد اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت پھر اگر اس کو (یعنی قاتل کو) اس کے بھائی (یعنی مقتول کے وارث) کی طرف سے کچھ (یعنی قصاص) معاف کر دیا جائے تو چاہئے کہ بھلے دستور کے موافق پیروی کی جائے اور (خون بہا کو) اچھے طریقے سے اس (مقتول کے وارث) تک پہنچا دیا جائے، یہ تمہارے رب کی طرف سے رعایت اور مہربانی ہے، پس جو کوئی اس کے بعد زیادتی کرے اس کے لئے دردناک عذاب ہےo

O believers! Retribution (the law of equality in punishment) is prescribed for you in the case of those who are unjustly slain: a free man for a free man, a slave for a slave and a woman for a woman. Then, if he (the murderer) is granted some remission (in retribution) by his brother (the victim's heir), that should be executed fairly according to the law, and (retribution) should be paid (to the heirs of the slain) in a graceful manner. This is a concession and kindness from your Lord. So, anyone who transgresses after that, there is painful torment for him.

وَلَكُمْ فِيْ الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَاْ أُولِيْ الأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (179)

ترجمہ: اور تمہارے لئے قصاص (یعنی خون کا بدلہ لینے) میں ہی زندگی (کی ضمانت) ہے اے عقلمند لوگو! تاکہ تم (خونریزی اور بربادی سے) بچوo

And there is a (guarantee of) life for you in retribution (i.e., vengeance of murder), O wise people, so that you may guard (against bloodshed and destruction).

سورۃ العمران:

إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّيْنَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَيَقْتُلُونَ الَّذِيْنَ يَأْمُرُونَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ (21)

ترجمہ: یقیناً جو لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے ہیں اور لوگوں میں سے بھی انہیں قتل کرتے ہیں جو عدل و انصاف کا حکم دیتے ہیں سو آپ انہیں دردناک عذاب کی خبر سنا دیںo

Certainly, those who deny the Revelations of Allah and kill the Prophets unjustly, and also kill those of the people who enjoin equity and justice,

announce to them the news of a grievous torment.

أُولَـئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِيْنَ(22)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا اور آخرت (دونوں) میں غارت ہو گئے اور ان کا کوئی مددگار نہیں ہوگا○

They are the ones whose works have become void both in this world and in the Hereafter. And they shall have no helpers.

سورۃ النساء:

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَن يَقْتُلَ مُؤْمِناً إِلَّا خَطَئاً وَمَن قَتَلَ مُؤْمِناً خَطَئاً فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَى أَهْلِهِ إِلَّا أَن يَصَّدَّقُواْ فَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَإِن كَانَ مِن قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ إِلَى أَهْلِهِ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةً فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ اللّهِ وَكَانَ اللّهُ عَلِيْماً حَكِيْماً (92)

ترجمہ: اور کسی مسلمان کے لئے (جائز) نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو قتل کر دے مگر (بغیر قصد) غلطی سے، اور جس نے کسی مسلمان کو نا دانستہ قتل کر دیا تو (اس پر) ایک مسلمان غلام/باندی کا آزاد کرنا اور خون بہا (کا ادا کرنا) جو مقتول کے گھر والوں کے سپرد کیا جائے (لازم ہے) مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں، پھر اگر وہ (مقتول) تمہاری دشمن قوم سے ہو اور وہ مومن (بھی) ہو تو (صرف) ایک غلام/باندی کا آزاد کرنا (یہی لازم) ہے اور اگر وہ (مقتول) اس قوم میں سے ہو کہ تمہارے اور ان کے درمیان (صلح کا) معاہدہ ہے تو خون بہا (بھی) جو اس کے گھر والوں کے سپرد کیا جائے اور ایک مسلمان غلام/باندی کا آزاد کرنا (بھی لازم) ہے۔ پھر جس شخص کو (غلام/باندی) میسر نہ ہو تو (اس پر) پے در پے دو مہینے کے روزے (لازم) ہیں۔ اللہ کی طرف سے (یہ اس کی) توبہ ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے○

And it is not (lawful) for a Muslim to kill a Muslim but by mistake. And anyone who kills a Muslim unintentionally shall (be liable to) free a Muslim slave and (pay) blood money, to be (necessarily) handed over to the heirs of the person slain, unless they remit it. In case, he (the slain) comes from the people who are your enemies and is a believer (as well), then (only) freeing a (male or female) slave is prescribed. But if he (the slain) belongs to a people that between you and them there is a (peace) treaty, then blood compensation must be delivered to his family, and freeing a Muslim (male or female) slave is also mandatory. Then he who does not find (a slave) is (bound) to fast for two consecutive months. (This is his) repentance (prescribed) by Allah. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَمَن يَقْتُلْ مُؤْمِناً مُّتَعَمِّداً فَجَزَآؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِداً فِيْهَا وَغَضِبَ اللّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَاباً عَظِيْماً (93)

ترجمہ: اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی دوزخ ہے کہ مدتوں اس میں رہے گا اور اس پر اللہ غضبناک ہوگا اور اس پر لعنت کرے گا اور اس نے اس کے لئے زبردست عذاب تیار کر رکھا ہے○

But he who kills a Muslim deliberately, his sentence will be Hell wherein will he abide for ages. Allah will afflict him with His wrath and will cast His curse on

him. And He has prepared for him a dreadful torment.

سورۃ المائدہ:

مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ كَتَبْنَا عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ أَنَّهُ مَن قَتَلَ نَفْساً بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِي الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيعاً وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيعاً وَلَقَدْ جَاءتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيراً مِّنْهُم بَعْدَ ذَلِكَ فِي الْأَرْضِ لَمُسْرِفُونَ (32)

ترجمہ: اس وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر (نازل کی گئی تورات میں یہ حکم) لکھ دیا (تھا) کہ جس نے کسی شخص کو بغیر قصاص کے یا زمین میں فساد (پھیلانے یعنی خونریزی اور ڈاکہ زانی وغیرہ کی سزا) کے (بغیر ناحق) قتل کر دیا تو گویا اس نے (معاشرے کے) تمام لوگوں کو قتل کر ڈالا اور جس نے (ناحق مرنے سے بچا کر) زندہ رکھا تو گویا اس نے (معاشرے کے) تمام لوگوں کو زندہ رکھا (یعنی اس نے حیاتِ انسانی کا اجتماعی نظام بچالیا)، اور بیشک ان کے پاس ہمارے رسول واضح نشانیاں لے کر آئے پھر (بھی) اس کے بعد ان میں سے اکثر لوگ یقیناً زمین میں حد سے تجاوز کرنے والے ہیںo

On account of this, We prescribed (this commandment in the Torah sent down) to the Children of Israel that whoever killed a person (unjustly), except as a punishment for murder or for (spreading) disorder in the land, it would be as if he killed all the people (of society); and whoever (saved him from unjust murder and) made him survive, it would be as if he saved the lives of all the people (of society, i.e., he rescued the collective system of human life). And indeed, Our Messengers came to them with evident signs. Yet, even after that, the majority from amongst these people are certainly those who commit excesses in the land.

إِنَّمَا جَزَاء الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَاداً أَن يُقَتَّلُواْ أَوْ يُصَلَّبُواْ أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم مِّنْ خِلافٍ أَوْ يُنفَوْاْ مِنَ الْأَرْضِ ذَلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (33)

ترجمہ: بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں اور زمین میں فساد انگیزی کرتے پھرتے ہیں (یعنی مسلمانوں میں خونریز رہزنی اور ڈاکہ زنی وغیرہ کے مرتکب ہوتے ہیں) ان کی سزا یہی ہے کہ وہ قتل کئے جائیں یا پھانسی دیئے جائیں یا ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں مخالف سمتوں سے کاٹے جائیں یا (وطن کی) زمین (میں چلنے پھرنے) سے دور (یعنی ملک بدر یا قید) کر دیئے جائیں۔ یہ (تو) ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں (بھی) بڑا عذاب ہےo

Indeed, those who wage war against Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and remain engaged in creating mischief in the land (i.e., perpetrate bloodshed, terrorism, robbery, burglary and massacre amongst Muslims), their punishment is that they should be slain, or hanged to death, or their hands and their feet on opposite sides should be cut off, or they should be exiled far from (i.e., deprived of moving about in) the homeland (i.e., either by banishment or by imprisonment). That is the humiliation for them in this world, and for them there is a terrible torment inthe Hereafter (as well),

إِلاَّ الَّذِينَ تَابُواْ مِن قَبْلِ أَن تَقْدِرُواْ عَلَيْهِمْ فَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (34)

ترجمہ: مگر جن لوگوں نے، قبل اس کے کہ تم ان پر قابو پا جاؤ، توبہ کر لی سو جان لو کہ اللہ بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

Except those who turn to Allah in repentance before you overpower them. So, know that Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَلَا تَقْتُلُواْ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالحَقِّ وَمَن قُتِلَ مَظْلُوماً فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِیِّهِ سُلْطَاناً فَلاَ یُسْرِف فِّیْ الْقَتْلِ إِنَّهُ کَانَ مَنْصُوراً33)

ترجمہ: اور تم کسی جان کو قتل مت کرنا جسے اللہ نے حرام قرار دیا ہے سوائے جائز (قانونی) طریقے کے، اور جو شخص ظلماً قتل کر دیا گیا تو بے شک ہم نے اس کے وارث کو (قانونی ضابطے کے مطابق قصاص کا) اِختیار دیا ہے، لیکن لازم ہے کہ وہ (قصاص کے طور پر) قتل میں حد سے تجاوز نہ کرے، اِس لیے کہ درحقیقت اُسے (قانون کا) تعاون حاصل ہےo

And do not kill any soul whose (killing) Allah has declared unlawful unless (killing him) is just (according to the law and decree of the court). But whoever is killed unjustly, We have indeed given his heir the right (of retribution according to the legal procedure), but he too must not exceed the limits in (retributive) killing. He is indeed helped (by Allah. The responsibility of his legal support and provision of justice will be on the government.)

سورۃ الحج:

ذَلِكَ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوقِبَ بِهِ ثُمَّ بُغِیَ عَلَیْهِ لَیَنصُرَنَّهُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ (60)

ترجمہ: (حکم) یہی ہے، اور جس شخص نے اتنا ہی بدلہ لیا جتنی اسے اذیت دی گئی تھی پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ ضرور اس کی مدد فرمائے گا۔ بے شک اللہ درگزر فرمانے والا بڑا بخشنے والا ہےo

That is (the command). And whoever takes revenge in proportion to the torture inflicted upon him and then he is again wronged, Allah will surely help him. Allah is verily Most Forgiving, Most Pardoning.

سورۃ الفرقان:

وَالَّـذِیْنَ لَا یَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَهاً آخَرَ وَلَا یَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا یَزْنُونَ وَمَن یَفْعَلْ ذَلِكَ یَلْقَ أَثَاماً (68)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کی پوجا نہیں کرتے اور نہ (ہی) کسی ایسی جان کو قتل کرتے ہیں جسے بغیرِ حق مارنا اللہ نے حرام فرمایا ہے اور نہ (ہی) بدکاری کرتے ہیں، اور جو شخص یہ کام کرے گا وہ سزائے گناہ پائے گاo

And these are the people who do not worship any other god apart from Allah, nor do they kill the soul whose killing without any lawful cause Allah has forbidden, nor do they commit adultery. And whoever does this will receive the punishment due for the sin.

28۔ جہاد فی السبیل اللہ کا بیان

سورۃ البقرہ:

وَقَاتِلُواْ فِي سَبِيلِ اللّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلاَ تَعْتَدُواْ إِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبِّ الْمُعْتَدِينَ (190)

ترجمہ: اور اللہ کی راہ میں ان جنگ کرو جو تم سے جنگ رکتے ہیں (ہاں) مگر حد سے نہ بڑھو، بیشک اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں فرماتا o

And fight (in defence) in the cause of Allah against those who impose war on you. (Yes,) but do not exceed limits. Surely, Allah does not like those who exceed limits.

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ وَلاَ تُقَاتِلُوهُمْ عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّى يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ فَإِن قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ كَذَلِكَ جَزَاء الْكَافِرِينَ (191)

ترجمہ: اور (دورانِ جنگ) ان (کافروں) کو جہاں بھی پاؤ مار ڈالو اور نہیں وہاں سے باہر نکال دو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا تھا اور فتنہ انگیزی تو قتل سے بھی زیادہ سخت (جرم) ہے اور ان سے مسجدِ حرام (خانہ کعبہ) کے پاس جنگ نہ کرو جب تک وہ خود تم سے وہاں جنگ نہ کریں، پھر اگر وہ تم سے قتال کریں تو انہیں قتل کر ڈالو، (ایسے) کافروں کی یہی سزا ہے o

And (during war) kill (the aggressing and combating disbelievers) wherever you find them, and drive them out (through military operation by the state) from where they drove you out. And rousing mischief and disruption is a severer (crime) than killing. But do not fight against them in the proximity of the Sacred Mosque (Ka'ba) unless they themselves fight there against you. Then if they attack you, kill them (in defence), for that is the right penalty of (such aggressing and combating) disbelievers.

فَإِنِ انتَهَوْاْ فَإِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (192)

ترجمہ: پھر اگر وہ باز آ جائیں تو بیشک اللہ نہایت بخشنے والا مہربان ہے o

But if they desist, then surely Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لاَ تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلّهِ فَإِنِ انتَهَواْ فَلاَ عُدْوَانَ إِلاَّ عَلَى الظَّالِمِينَ (193)

ترجمہ: اور ان سے جنگ کرتے رہو حتیٰ کہ کوئی فتنہ باقی نہ رہے اور دین (یعنی زندگی اور بندگی کا نظام عملاً) اللہ ہی کے تابع ہو جائے، پھر اگر وہ باز آ جائیں تو سوائے ظالموں کے کسی پر زیادتی روا نہیں o

And keep fighting against them until the disruption and mischief is totally eliminated and the Din (Religion) practically becomes subservient to Allah alone (i.e., the system of the protection of peace and human dignity is practically established). But if they desist, then offensive action is not permissible except against the wrongdoers (i.e., transgressors).

الشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ فَمَنِ اعْتَدَى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُواْ عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَى عَلَيْكُمْ وَاتَّقُواْ اللّهَ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ (194)

ترجمہ: حرمت والے مہینے کے بدلے حرمت والا مہینہ ہے اور (دیگر) حرمت والی چیزیں ایک دوسرے کا بدل ہے، پس اگر تم پر کوئی زیادتی کرے تو بھی اس پر زیادتی کرو مگر اس قدر جتنی اس نے تم پر کی اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ اللہ ڈرنے والوں کے ساتھ ہےo

A sacred month is the requital of a sacred month, and (other) sacred things also requite one another. So if someone wrongs you, you may also respond in kind but proportional to his offence. And fear Allah. And remember that Allah is with those who fear Him.

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ وَعَسَى أَن تَكْرَهُواْ شَيْئاً وَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسَى أَن تُحِبُّواْ شَيْئاً وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (216)

ترجمہ: (اللہ کی راہ میں) قتال تم پر فرض کر دیا گیا ہے حالانکہ وہ تمہیں طبعًا ناگوار ہے، اور ممکن ہے تم کسی چیز کو ناپسند کرو اور وہ (حقیقتاً) تمہارے لئے بہتر ہو اور (یہ بھی) ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو پسند کرو اور وہ (حقیقتاً) تمہارے لئے بری ہو، اور اللہ خوب جانتا ہے اور تم نہیں جانتےo

Fighting (in self-defence, for restoration of peace and elimination of mischief and violence) has been made incumbent upon you although you are averse to it by temperament. It may be that you dislike a thing and (in fact) that is good for you. And it is (also) likely that you like a thing but (in fact) that is bad for you. And Allah knows well but you do not know.

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ وَصَدٌّ عَن سَبِيلِ اللّهِ وَكُفْرٌ بِهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ أَكْبَرُ عِندَ اللّهِ وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ وَلاَ يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتَّىَ يَرُدُّوكُمْ عَن دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُواْ وَمَن يَرْتَدِدْ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُوْلَئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ وَأُوْلَئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (217)

ترجمہ: لوگ آپ سے حرمت والے مہینے میں جنگ کا حکم دریافت کرتے ہیں، فرما دیں اس میں جنگ بڑا گناہ ہے اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اس سے کفر کرنا اور مسجد حرام (خانہ کعبہ) سے روکنا اور وہاں کے رہنے والوں کو وہاں سے نکالنا اللہ کے نزدیک (اس سے بھی) بڑا گناہ ہے، اور یہ فتنہ انگیزی قتل و خون سے بھی بڑھ کر ہے اور (یہ کافر) تم سے ہمیشہ جنگ جاری رکھیں گے یہاں تک کہ تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں اگر (وہ اتنی) طاقت پا سکیں اور تم میں سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائیں اور پھر وہ کافر ہی مریں تو ایسے لوگوں کے دنیا و آخرت میں (سب) اعمال برباد ہو جائیں گے، اور یہی لوگ جہنمی ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گےo

They ask you about the command for fighting in the Sacred Month. Say: 'Fighting in it is a grave sin, but hindering people from Allah's path and denying Him and obstructing them from al-Masjid al-Haram (Ka'ba) and turning its dwellers out of it is yet a graver sin (than that) in the sight of Allah.' And this

mischief-mongering is even worse than bloodshed. (These disbelievers) will continue fighting against you endlessly till they turn you back from your Din (Religion) if they become capable to gain (the required) might. And whoever of you turns away from his Din (Religion) and dies as a disbeliever, (all) deeds of such people will become void in this world and in the Hereafter. And it is they who are the inmates of Hell. They shall dwell in it forever.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ أُوْلَـئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللّهِ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ **(218)**

ترجمہ: بیشک جولوگ ایمان لائے اور جنہوں نے اللہ کے لئے وطن چھوڑا اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا، یہی لوگ اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

Indeed, those who believed and migrated for the sake of Allah and struggled hard in the way of Allah, it is they who look forward to Allah's mercy. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَقَاتِلُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ **(244)**

ترجمہ: (اے مسلمانو!) اللہ کی راہ میں جنگ کرو اور جان لو کہ اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

And, (O Muslims,) fight in the way of Allah (to establish peace and safeguard human dignity) and know that Allah is All-Hearing, All-Knowing.

سورۃ العمران:

قَدْ كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَأُخْرَى كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُم مِّثْلَيْهِمْ رَأْيَ الْعَيْنِ وَاللّهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهِ مَن يَشَاءُ إِنَّ فِيْ ذَلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُوْلِيْ الأَبْصَارِ **(13)**

ترجمہ: بیشک تمہارے لئے ان دو جماعتوں میں ایک نشانی ہے (جو میدانِ بدر میں) آپس میں مقابل ہوئیں، ایک جماعت نے اللہ کے راہ میں جنگ کی اور دوسری کافر تھی وہ انہیں (اپنی) آنکھوں سے اپنے سے دوگنا دیکھ رہے تھے، اور اللہ اپنی مدد کے ذریعے جسے چاہتا ہے تقویت دیتا ہے، یقیناً اس واقعہ میں آنکھ والوں کے لئے (بڑی) عبرت ہےo

There is certainly a sign for you in the two parties that encountered each other (in the battlefield of Badr)-one party (i.e., the Muslims) fought (a defensive war) in the cause of Allah, and the other comprised the disbelievers (i.e., the Meccan aggressors who invaded the peaceful Muslims of Medina). They saw them with their (own) eyes as twice their own number. And Allah provides strength with His reinforcement to whom He wills. In this incident, there is surely a (notable) lesson of warning for those who have eyes.

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تَدْخُلُواْ الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُواْ مِنكُمْ وَيَعْلَمَ الصَّابِرِيْنَ **(142)**

ترجمہ: کیا تم یہ گمان کئے ہوئے ہو کہ تم (یونہی) جنت میں چلے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو پرکھا ہی نہیں ہے اور نہ صبر کرنے والوں کو جانچا ہےo

Do you assume that you will enter Paradise (without any good), whereas Allah has not yet tested those of you who fight for His cause, nor has He judged the steadfast?

وَلَئِن قُتِلْتُمْ فِي سَبِيلِ اللّهِ أَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ(157)

ترجمہ: اور اگر تم اللہ کی راہ میں قتل کر دیئے جاؤ یا تمہیں موت آ جائے تو اللہ کی مغفرت اور رحمت اس (مال و متاع) سے بہت بہتر ہے جو تم جمع کرتے ہوo

And if you are slain in the cause of Allah or die, Allah's forgiveness and mercy is far better than that (wealth) which you accumulate.

سورۃ النساء:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ خُذُواْ حِذْرَكُمْ فَانفِرُواْ ثُبَاتٍ أَوِ انفِرُواْ جَمِيعاً (71)

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنی حفاظت کا سامان لے لیا کرو پھر (جہاد کے لئے) متفرق جماعتیں ہو کر نکلو یا سب اکٹھے ہو کر کوچ کرو

O believers! Fit out for your safeguard, then set out as separate units or march off all together.

وَإِنَّ مِنكُمْ لَمَن لَّيُبَطِّئَنَّ فَإِنْ أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَالَ قَدْ أَنْعَمَ اللّهُ عَلَيَّ إِذْ لَمْ أَكُن مَّعَهُمْ شَهِيداً (72)

ترجمہ: اور یقیناً تم میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو (عمداً سستی کرتے ہوئے) دیر لگاتے ہیں، پھر اگر (جنگ میں) تمہیں کوئی مصیبت پہنچے تو (شریک نہ ہونے والا شخص) کہتا ہے کہ بیشک اللہ نے مجھ پر احسان فرمایا کہ میں ان کے ساتھ (میدانِ جنگ میں) حاضر نہ تھاo

And certainly there are some amongst you who delay (slackening intentionally). Then if (during war) some adversity befalls you, he (who tarries behind) says: 'Indeed, Allah has favoured me in that I was not present with them (in the battlefield).'

وَلَئِنْ أَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ الله لَيَقُولَنَّ كَأَن لَّمْ تَكُن بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ مَوَدَّةٌ يَا لَيْتَنِي كُنتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزاً عَظِيماً (73)

ترجمہ: اور اگر تمہیں اللہ کی جانب سے کوئی نعمت نصیب ہو جائے تو (پھر) یہی (منافق افسوس کرتے ہوئے) ضرور (یوں) کہے گا گویا تمہارے اور اس کے درمیان کچھ دوستی ہی نہ تھی کہ اے کاش! میں ان کے ساتھ ہوتا تو میں بھی بڑی کامیابی حاصل کرتاo

But if some favour comes to you from Allah, (then) the same (hypocrite) shall (regretfully) say, as if there was no friendship between you and him: 'Would that I had been with them, then I would also have achieved a massive triumph!'

فَلْيُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللّهِ الَّذِينَ يَشْرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالآخِرَةِ وَمَن يُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللّهِ فَيُقْتَلْ أَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْراً عَظِيماً(74)

ترجمہ: پس ان (مومنوں) کو اللہ کی راہ میں (دین کی سربلندی کے لئے) لڑنا چاہئے جو آخرت کے عوض دنیوی زندگی کو بیچ دیتے

ہیں، اور جو کوئی اللہ کی راہ میں جنگ کرے، خواہ وہ (خود) قتل ہو جائے یا غالب آ جائے تو ہم (دونوں صورتوں میں) عنقریب اسے عظیم اجر عطا فرمائیں گےo

So they (the believers) who sell the life of this world for the Hereafter should fight in the cause of Allah (in support of the truth). And whoever fights in the way of Allah, whether he (himself) gets slain or wins victory, (in both cases) We shall soon bless him with great reward.

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَـٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِيرًا (75)

ترجمہ: اور (مسلمانو!) تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں (مظلوموں کی آزادی کے لئے) جنگ نہیں کرتے حالانکہ کمزور، مظلوم اور مقہور مرد، عورتیں اور بچے (ظلم و ستم سے تنگ آ کر اپنی آزادی کے لئے) پکارتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال لے جہاں کے (وڈیرے) لوگ ظالم ہیں اور کسی کو اپنی بارگاہ سے ہمارا کارساز مقرر فرما دے اور کسی کو اپنی بارگاہ سے ہمار امددگار بنا دےo!

What has happened to you (Muslims) that you do not fight in the cause of Allah (for the freedom of the oppressed and the elimination of terrorism against them), whereas those weak, helpless and tyrannized men, women and children who call out (for their freedom): 'O our Lord! Rescue us from this town whose (affluent and influential) people are oppressors, and appoint for us some guardian from Your presence, and make someone our helper from Your presence'?

الَّذِينَ آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ الشَّيْطَانِ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفًا (76)

ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے وہ اللہ کی راہ میں (نیک مقاصد کے لئے) جنگ کرتے ہیں اور جنہوں نے کفر کیا وہ شیطان کی راہ میں (طاغوتی مقاصد کے لئے) جنگ کرتے ہیں، پس (اے مومنو!) تم شیطان کے دوستوں (یعنی شیطانی مشن کے مددگاروں) سے لڑو، بیشک شیطان کا داؤ کمزور ہےo

Those who believe fight in the way of Allah (for the restoration of peace and elimination of oppression and exploitation), and those who disbelieve fight in the way of Satan (for evil and mischievous objectives). So, (O believers,) fight against Satan's allies (the enemies of humankind). Surely, Satan's maneuvering is ineffective.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ أَوْ أَشَدَّ خَشْيَةً وَقَالُوا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ لَوْلَا أَخَّرْتَنَا إِلَى أَجَلٍ قَرِيبٍ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيلٌ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقَى وَلَا تُظْلَمُونَ فَتِيلًا (77)

ترجمہ: کیا آپ نے ان لوگوں کا حال نہیں دیکھا جنہیں (ابتداءً کچھ عرصہ کے لئے) یہ کہا گیا کہ اپنے ہاتھ (قتال سے) روکے رکھو اور نماز قائم کئے رہو اور زکوٰۃ دیتے رہو (تو وہ اس پر خوش تھے)، پھر جب ان پر جہاد (یعنی کفر اور ظلم سے ٹکرانا) فرض کر دیا گیا تو ان میں سے ایک گروہ (مخالف) لوگوں سے (یوں) ڈرنے لگا جیسے اللہ سے ڈرا جاتا ہے یا اس سے بھی بڑھ کر۔ اور کہنے لگے: اے ہمارے رب! تو نے ہم پر (اس قدر جلدی) جہاد کیوں فرض کر دیا؟ تو نے ہمیں مزید تھوڑی مدت تک مہلت کیوں نہ دی؟ آپ (انہیں) فرما دیجئے کہ دنیا کا مفاد بہت تھوڑا (یعنی معمولی شے) ہے اور آخرت بہت اچھی (نعمت) ہے اس کے لئے جو پرہیزگار بن جائے، وہاں ایک دھاگے کے برابر بھی تمہاری حق تلفی نہیں کی جائے گیo

Have you not observed the state of those who were instructed: 'Restrain your hands (even from defensive fighting), and establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) regularly'? (So they were happy with it.) But when the armed struggle (against tyranny and aggression) was prescribed for them, a section of them started fearing (hostile) people the way one fears Allah or even more. And they said: 'O our Lord! Why have You enjoined fighting upon us (so soon)? Why have You not given us respite for another short period?' Say (to them): 'Worldly interest is minor (i.e., immaterial) whilst the Hereafter is an extremely valuable (blessing) for the one who becomes Godwary and pious. There, you shall not be treated unjustly even equal to a thread.'

أَيْنَمَا تَكُونُواْ يُدْرِككُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَةٍ وَإِن تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَقُولُواْ هَـذِهِ مِنْ عِندِ اللّهِ وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُولُواْ هَـذِهِ مِنْ عِندِكَ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِندِ اللّهِ فَمَا لِهَـؤُلاء الْقَوْمِ لاَ يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ حَدِيثاً **(78)**

ترجمہ: (اے موت کے ڈر سے جہاد سے گریز کرنے والو!) تم جہاں کہیں (بھی) ہو گے موت تمہیں (وہیں) آ پکڑے گی خواہ تم مضبوط قلعوں میں (ہی) ہو، اور (ان کی ذہنیت یہ ہے کہ) اگر انہیں کوئی بھلائی (فائدہ) پہنچے تو کہتے ہیں کہ یہ (تو) اللہ کی طرف سے ہے (اس میں رسول ﷺ کی برکت اور واسطے کا کوئی دخل نہیں) اور اگر انہیں کوئی برائی (نقصان) پہنچے تو کہتے ہیں: (اے رسول!) یہ آپ کی طرف سے (یعنی آپ کی وجہ سے) ہے۔ آپ فرما دیں (حقیقتہً) سب کچھ اللہ کی طرف سے (ہوتا) ہے۔ پس اس قوم کو کیا ہو گیا ہے کہ یہ کوئی بات سمجھنے کے قریب ہی نہیں آتےo

(O you who abstain from the armed struggle due to fear of death!) Death will overtake you wherever you may be, (even) if you are in unconquerable fortresses. And (their mentality is such that) if some good fortune (benefit) comes to them, they say: 'It is from Allah (i.e., intermediation and benevolence of the Messenger has no role in it),' and if some adversity befalls them, they say: '(O Messenger!) It is from you (i.e., because of you).' Say: '(In fact,) all comes from Allah.' So, what has gone wrong with these people that they do not feel inclined to understand anything?

فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللّهِ لاَ تُكَلَّفُ إِلاَّ نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ عَسَى اللّهُ أَن يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُواْ وَاللّهُ أَشَدُّ بَأْساً وَأَشَدُّ تَنكِيلاً **(84)**

ترجمہ: پس (اے محبوب!) آپ اللہ کی راہ میں جہاد کیجئے آپ کو اپنی جان کے سوا (کسی اور کے لئے) ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا اور آپ مسلمانوں کو (جہاد کے لئے) اُبھاریں، عجب نہیں کہ اللہ کافروں کا جنگی زور توڑ دے، اور اللہ گرفت میں (بھی) بہت سخت ہے اور سزا دینے میں (بھی) بہت سخت o

So, (O Beloved,) fight in the cause of Allah (in your defence and support of the truth). You will not be held responsible (for anyone else) but your own soul. And motivate the believers (to fight the miscreants who impose aggression and war upon you). It will be no wonder if Allah smashes the attacking power of the disbelievers. And Allah is Strongest in hold as well as Hardest in punishment.

إِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ إِلَى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيْثَاقٌ أَوْ جَآؤُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ أَن يُقَاتِلُوْكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوْا قَوْمَهُمْ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوْكُمْ فَإِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا(90)

ترجمہ: مگر ان لوگوں کو (قتل نہ کرو) جو ایسی قوم سے جا ملے ہوں کہ تمہارے اور ان کے درمیان معاہدۂ (امان ہو چکا) ہو یا وہ (حوصلہ ہار کر) تمہارے پاس اس حال میں آ جائیں کہ ان کے سینے (اس بات سے) تنگ آ چکے ہوں کہ وہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں، اور اگر اللہ چاہتا تو (ان کے دلوں کو ہمت دیتے ہوئے) یقیناً انہیں تم پر غالب کر دیتا تو وہ تم سے ضرور لڑتے، پس اگر وہ تم سے کنارہ کشی کر لیں اور تمہارے ساتھ جنگ نہ کریں اور تمہاری طرف صلح (کا پیغام) بھیجیں تو اللہ نے تمہارے لئے (بھی صلح جوئی کی صورت میں) ان پر (دست درازی کی) کوئی راہ نہیں بنائی o

But (do not fight) those who have allied with a people that between you and them there is a (peace) treaty, or who (losing heart) come to you in such a state that their breasts are afflicted (with this obsession) whether they should fight you or their own people. If Allah had so willed, He (strengthening their hearts) would have given them supremacy over you. Then they would certainly have fought you. So if they keep away from you and do not fight you and send you (a message) for peace, then (in the interest of peace) Allah has left no way open for you (to launch any aggression) against them.

سَتَجِدُوْنَ آخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ أَن يَأْمَنُوْكُمْ وَيَأْمَنُوْا قَوْمَهُمْ كُلَّ مَا رُدُّوْا إِلَى الْفِتْنَةِ أُرْكِسُوْا فِيْهَا فَإِن لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْا أَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَأُوْلَئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطَاناً مُّبِيْناً(91)

ترجمہ: اب تم کچھ دوسرے لوگوں کو بھی پاؤ گے جو چاہتے ہیں کہ (منافقانہ طریقے سے ایمان ظاہر کر کے) تم سے (بھی) امن میں رہیں اور (پوشیدہ طریقے سے کفر کی موافقت کر کے) اپنی قوم سے (بھی) امن میں رہیں، (مگر ان کی حالت یہ ہے کہ) جب بھی (مسلمانوں کے خلاف) فتنہ انگیزی کی طرف پھیرے جاتے ہیں تو وہ اس میں (اوندھے) کود پڑتے ہیں، سو اگر یہ (لوگ) تم سے (لڑنے سے) کنارہ کش نہ ہوں اور (نہ ہی) تمہاری طرف صلح (کا پیغام) بھیجیں اور (نہ ہی) اپنے ہاتھ (فتنہ انگیزی سے) روکیں تو تم انہیں پکڑ (کر قید کر) لو اور انہیں قتل کر ڈالو جہاں کہیں بھی انہیں پاؤ، اور یہ وہ لوگ ہیں جن پر ہم نے تمہیں کھلا اختیار دیا ہے o

Now you will find another category of people who desire to remain free of any

threat from you (by hypocritically pretending to believe), and (also) live in peace from their own community (by siding with disbelievers secretly. But their true state is this that) whenever they are turned to mischief (and wickedness against Muslims), they plunge (headlong) into it. So if they do not give up (fighting against you, nor) send you any (message for) peace, (nor) hold their hands off (their disruptive activities), then seize (and capture) them and kill them wherever you find them. And it is they against whom We have granted you unrestricted authority.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ فَتَبَيَّنُواْ وَلاَ تَقُولُواْ لِمَنْ أَلْقَى إِلَيْكُمُ السَّلاَمَ لَسْتَ مُؤْمِناً تَبْتَغُونَ عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَعِندَ اللّهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ كَذَلِكَ كُنتُم مِّن قَبْلُ فَمَنَّ اللّهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُواْ إِنَّ اللّهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيْراً(94)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں (جہاد کے لئے) سفر پر نکلو تو تحقیق کر لیا کرو اور اس کو جو تمہیں سلام کرے یہ نہ کہو کہ تم مسلمان نہیں ہے، تم (ایک مسلمان کو کافر کہہ کر مارنے کے بعد مالِ غنیمت کی صورت میں) دنیوی زندگی کا سامان تلاش کرتے ہو تو (یقین کرو) اللہ کے پاس بہت اموال غنیمت ہیں۔ اس سے پیشتر تم (بھی) تو ایسے ہی تھے پھر اللہ نے تم پر احسان کیا (اور تم مسلمان ہو گئے) پس (دوسروں کے بارے میں بھی) تحقیق کر لیا کرو۔ بیشک اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہےo

O believers! When you set out (to fight) in the way of Allah, carry out a careful probe, and do not say to him who greets you (as a Muslim): 'You are not a believer.' You seek goods of the worldly life (in the shape of spoils of war, after killing a Muslim declaring him a disbeliever). So, (rest assured that) Allah has gains and booties in plenty. Before this you (too) were the same. Then Allah conferred on you His Favour (and you became Muslims). So investigate and confirm the truth (about others as well). Surely, Allah is Well Aware of what you do.

لاَّ يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ وَالْمُجَاهِدُونَ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فَضَّلَ اللّهُ الْمُجَاهِدِيْنَ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ دَرَجَةً وَكُلاًّ وَعَدَ اللّهُ الْحُسْنَى وَفَضَّلَ اللّهُ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ أَجْراً عَظِيْماً (95)

ترجمہ: مسلمانوں میں سے وہ لوگ جو (جہاد سے جی چرا کر) بغیر کسی (عذر) تکلیف کے (گھروں میں) بیٹھ رہنے والے ہیں اور وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے والے ہیں (یہ دونوں درجہ و ثواب میں) برابر نہیں ہو سکتے۔ اللہ نے اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھ رہنے والوں پر مرتبہ میں فضیلت بخشی ہے اور اللہ نے سب (ایمان والوں) سے وعدہ (تو) بھلائی کا (ہی) فرمایا ہے، اور اللہ نے جہاد کرنے والوں کو (بہر طور) بیٹھ رہنے والوں پر زبردست اجر (و ثواب) کی فضیلت دی ہےo

Those of the Muslims who (shirking fight) stay back (home) without any stressful condition (i.e., excuse), and those who fight in the cause of Allah with

their material as well as human resources cannot be equal (in their reward and rank). Allah has exalted in rank those who fight in the cause of Allah with their material as well as human resources above those who stay back withdrawn. Allah has (surely) promised good to all (the believers, yet) He has bestowed the merit of excellence with a mighty reward (and bounty) on those who strive hard over those who stay behind.

دَرَجَاتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَرَحْمَةً وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوراً رَّحِيماً **(96)**

ترجمہ: اس کی طرف سے (ان کے لئے بہت) درجات ہیں اور بخشائش اور رحمت ہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

There are (for them multiple) degrees of higher grades from Him and forgiveness and mercy. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلاَةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُم مَّعَكَ وَلْيَأْخُذُواْ أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا سَجَدُواْ فَلْيَكُونُواْ مِن وَرَآئِكُمْ وَلْتَأْتِ طَآئِفَةٌ أُخْرَى لَمْ يُصَلُّواْ فَلْيُصَلُّواْ مَعَكَ وَلْيَأْخُذُواْ حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً وَاحِدَةً وَلاَ جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّن مَّطَرٍ أَوْ كُنتُم مَّرْضَى أَن تَضَعُواْ أَسْلِحَتَكُمْ وَخُذُواْ حِذْرَكُمْ إِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ لِلْكَافِرِيْنَ عَذَاباً مُّهِيناً **(102)**

ترجمہ: اور (اے محبوب!) جب آپ ان (مجاہدوں) میں (تشریف فرما) ہوں تو ان کے لئے نماز (کی جماعت) قائم کریں پس ان میں سے ایک جماعت کو (پہلے) آپ کے ساتھ (اقتداء) کھڑا ہونا چاہئے اور انہیں اپنے ہتھیار بھی لئے رہنا چاہئیں، پھر جب وہ سجدہ کر چکیں تو (ہٹ کر) تم لوگوں کے پیچھے ہو جائیں اور (اب) دوسری جماعت کو جنہوں نے (ابھی) نماز نہیں پڑھی آ جانا چاہئے پھر وہ آگے ساتھ (مقتدی بن کر) نماز پڑھیں اور چاہئے کہ وہ (بھی بدستور) اپنے اسبابِ حفاظت اور اپنے ہتھیار لئے رہیں، کافر چاہتے ہیں کہ کہیں تم اپنے ہتھیاروں اور اپنے اسباب سے غافل ہو جاؤ تو وہ تم پر دفعتہً حملہ کر دیں، اور تم پر کچھ مضائقہ نہیں کہ اگر تمہیں بارش کی وجہ سے کوئی تکلیف ہو یا بیمار ہو تو اپنے ہتھیار (اُتار کر) رکھ دو، اور اپنا سامانِ حفاظت لئے رہو۔ بیشک اللہ نے کافروں کیلئے ذلّت انگیز عذاب تیار کر رکھا ہےo

And, (O Beloved,) when you are (present) amongst these (soldiers), form up for them (congregational) Prayer. A squad of them, retaining their arms, should (first) stand by you (to follow you in Prayer); having performed their prostrations, they should (getting aside) take position in your rear. And (now) another squad who has not (yet) prayed should come up and pray with you (under your leadership); they should (also) hold on to their security measures and retain their weapons (persistently). The infidels want you to become neglectful of your weapons and other means of defence, and that they may launch a sudden attack against you. If you face a problem due to rain or illness, there is no harm if you (remove and) set your weapons aside, and hold fast to your means of security. Verily, Allah has prepared a humiliating torment for the disbelievers.

فَإِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلَاةَ فَاذْكُرُواْ اللّهَ قِيَاماً وَقُعُوداً وَعَلَى جُنُوبِكُمْ فَإِذَا اطْمَأْنَنتُمْ فَأَقِيمُواْ الصَّلَاةَ إِنَّ الصَّلَاةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ كِتَاباً مَّوْقُوتاً (103)

ترجمہ: پھر (اے مسلمانو!) جب تم نماز ادا کر چکو تو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور اپنے پہلوؤں پر (لیٹے ہر حال میں) یاد کرتے رہو، پھر جب تم (حالتِ خوف سے نکل کر) اطمینان پا لو تو نماز کو (حسبِ دستور) قائم کرو۔ بیشک نماز مومنوں پر مقررہ وقت کے حساب سے فرض ہےo

So, (O Muslims,) when you have finished your Prayers, remember Allah (in all postures:) standing, sitting and (lying down) on your sides. And when (free of fear) you feel secure, establish Prayers (as prescribed). Verily, Prayer is obligatory for Muslims in accordance with the fixed timings.

وَلَا تَهِنُواْ فِي ابْتِغَاء الْقَوْمِ إِن تَكُونُواْ تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا تَأْلَمونَ وَتَرْجُونَ مِنَ اللّهِ مَا لَا يَرْجُونَ وَكَانَ اللّهُ عَلِيماً حَكِيماً (104)

ترجمہ: اور تم (دشمن) قوم کی تلاش میں سستی نہ کرو۔ اگر تمہیں (پیچھا کرنے میں) تکلیف پہنچتی ہے تو انہیں بھی (تو ایسی ہی) تکلیف پہنچتی ہے جیسی تکلیف تمہیں پہنچ رہی ہے حالانکہ تم اللہ سے (اجر و ثواب کی) وہ امیدیں رکھتے ہو جو اُمیدیں وہ نہیں رکھتے۔ اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And do not slacken in pursuing the foes. If you are afflicted with pain (in this pursuit), then they also face but (similar) suffering as you are exposed to. But you have hope (of reward and bounty) from Allah which they do not. And Allah is All-Knowing, Most Wise.

سورۃ المائدہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ اتَّقُواْ اللّهَ وَابْتَغُواْ إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ وَجَاهِدُواْ فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (35)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور اس (کے حضور) تک (تقرب اور رسائی کا) وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤo

O believers! Fear Allah persistently and keep looking for means to (approach and get closer to) Him and strive hard in His way so that you may prosper.

سورۃ الانفال:

كَمَا أَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِن بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ فَرِيقاً مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ لَكَارِهُونَ (5)

ترجمہ: (اے حبیب!) جس طرح آپ کا رب آپ کو آپ کے گھر سے حق کے (عظیم مقصد) کے ساتھ (جہاد کے لیے) باہر نکال لایا حالاں کہ مسلمانوں کا ایک گروہ (اس پر) ناخوش تھاo

(O Beloved!) As your Lord brought you forth from your home (to fight) for (the great cause of) truth, whilst a section of the believers was unhappy (about it),

يُجَادِلُونَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَأَنَّمَا يُسَاقُونَ إِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنظُرُونَ (6)

ترجمہ: وہ آپ سے اَمرِ حق میں (اس بشارت کے) ظاہر ہوجانے کے بعد بھی جھگڑنے لگے (کہ اللہ کی نصرت آئے گی اور لشکرِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فتح نصیب ہوگی) گویا وہ موت کی طرف ہانکے جا رہے ہیں اور وہ (موت کو آنکھوں سے) دیکھ رہے ہیںo

They started disputing with you about the cause of truth even after disclosure (of the good news that help from Allah would arrive, and the forces of Muhammad [blessings and peace be upon him] would triumph), as if they were being driven towards death and could see (death with their eyes).

وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللّهُ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّونَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُونُ لَكُمْ وَيُرِيدُ اللّهُ أَن يُحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِينَ (7)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کرو) جب اللہ نے تم سے (کفارِ مکہ کے) دو گروہوں میں سے ایک پر غلبہ و فتح کا وعدہ فرمایا تھا کہ وہ یقیناً تمہارے لیے ہے اور تم یہ چاہتے تھے کہ غیر مسلح (کمزور گروہ) تمہارے ہاتھ آ جائے اور اللہ یہ چاہتا تھا کہ اپنے کلام سے حق کو حق ثابت فرما دے اور (دشمنوں کے بڑے مسلح لشکر پر مسلمانوں کی فتح یابی کی صورت میں) کافروں کی (قوت اور شان و شوکت کے) جڑ کاٹ دےo

And (recall the time) when Allah promised you that dominance and victory over one of the two groups (of the disbelievers of Mecca) would certainly be yours. And you desired that (the group) without weapons (the weaker one) should fall into your hands, but Allah willed to establish the truth by His Words and cut off the roots of the disbelievers (i.e., their might and splendour through the Muslims' victory over the enemy's bigger and well-equipped troops),

لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ(8)

ترجمہ: تاکہ (معرکۂ بدر اس عظیم کامیابی کے ذریعے) حق کو حق ثابت کر دے اور باطل کو باطل کر دے اگرچہ مجرم لوگ (معرکۂ حق و باطل کی اس نتیجہ خیزی کو) ناپسند ہی کرتے رہیںo

So that (the battle of Badr) might establish (through this great victory) the truth as truth and falsehood as false, even though the wicked might dislike (this decisiveness of the armed conflict between the forces of truth and falsehood).

إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُم بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلآئِكَةِ مُرْدِفِينَ (9)

ترجمہ: (وہ وقت یاد کرو) جب تم اپنے رب سے (مدد کے لیے) فریاد کر رہے تھے تو اس نے تمہاری فریاد قبول فرمالی (اور فرمایا) کہ میں ایک ہزار پے در پے آنے والے فرشتوں کے ذریعے تمہاری مدد کرنے والا ہوںo

(Remember) when you were supplicating your Lord (for support) and He granted your supplication (and said:) 'I am going to help you with a thousand angels coming in succession.'

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ إِلَّا بُشْرَى وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (10)

ترجمہ: اور اس (مدد کی صورت) کو اللہ نے محض بشارت بنایا (تھا) اور (یہ) اس لیے کہ اس سے تمہارے دل مطمئن ہو جائیں اور (حقیقت میں تو) اللہ کی بارگاہ سے مدد کے سوا کوئی (اور) مدد نہیں، بے شک اللہ (ہی) غالب حکمت والا ہےo

And Allah made this (form of help) merely good news in order that your hearts are reassured thereby. And (in truth) there is no (other) help except the help from Allah. Indeed, Allah alone is Almighty, Most Wise.

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّن السَّمَاء مَاء لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَى قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ (11)

ترجمہ: جب اس نے اپنی طرف سے (تمہیں) راحت و سکون (فراہم کرنے) کے لیے تم پر غنودگی طاری فرما دی اور تم پر آسمان سے پانی اتارا تاکہ اس کے ذریعے تمہیں (ظاہری و باطنی) طہارت عطا فرما دے اور تم سے شیطان (کے باطل وسوسوں) کی نجاست کو دور کر دے اور تمہارے دلوں کو (قوتِ یقین سے) مضبوط کر دے اور اس سے تمہارے قدم (خوب) جما دےo

(Remember) when He brought upon you drowsiness to (provide you a feeling) feeling of peace and security from Himself and sent down upon you water from the heavens to provide you (inward and outward) purity by that and remove from you the filth of Satan's (heretic suspicions) and invigorate your hearts (with the strength of certitude) and with that make your feet (unshakably) firm.

إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلآئِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُواْ الَّذِيْنَ آمَنُواْ سَأُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ الرُّعْبَ فَاضْرِبُواْ فَوْقَ الأَعْنَاقِ وَاضْرِبُواْ مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ (12)

ترجمہ: (اے حبیبِ مکرّم! اپنے اعزاز کا وہ منظر بھی یاد کیجیے) جب آپ کے رب نے (غزوۂ بدر کے موقع پر) فرشتوں کو پیغام بھیجا کہ (اَصحابِ رسول کی مدد کے لیے) میں (بھی) تمہارے ساتھ ہوں، سو تم (بشارت و نصرت کے ذریعے) ایمان والوں کو ثابت قدم رکھو، میں ابھی (جنگ جُو) کافروں کے دلوں میں (لشکرِ محمدی کا) رعب و ہیبت ڈالے دیتا ہوں، سو تم (غزوۂ بدر کے دوران جارح کافروں کی) گردنوں کے اوپر سے ضرب لگانا اور (ان کی سازشوں اور جنگی حربوں کے جواب میں) ان کے ایک ایک جوڑ کو توڑ دینا o

(O Esteemed Beloved! Also recall the majestic sight of your glory) when (on the occasion of the battle of Badr) your Lord revealed to the angels the message: 'I am (also) with you (to support the Companions of the Messenger). So, keep the believers firm-footed and steadfast (by good news and support); I will cast awesomeness (of Muhammad's [blessings and peace be upon him] forces) into the hearts of the (warring) disbelievers right now. So, strike at the nape of (the aggressing disbelievers') necks and crush all their tendons and joints (during the battle of Badr, in response to their manoeuvres and war strategy against you).'

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ شَآقُّواْ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَمَن يُشَاقِقِ اللّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (13)

ترجمہ: یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کی، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کرے تو بے شک اللہ (اسے) سخت عذاب دینے والا ہےo

That is because they defied Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). And he who defies Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), then surely Allah will seize (him) with severe torment.

ذَلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ (14)

ترجمہ: یہ (عذابِ دنیا) ہے سو تم اسے (تو) چکھ لو اور بے شک کافروں کے لیے (آخرت میں) دوزخ کا (دوسرا) عذاب (بھی) ہےo

This is (the torment in this world), so taste it (first), and surely there is (another) torment of Hell (as well) for the disbelievers (in the Hereafter).

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُواْ زَحْفاً فَلاَ تُوَلُّوهُمُ الأَدْبَارَ (15)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم (میدانِ جنگ میں) کافروں سے مقابلہ کرو (خواہ وہ) لشکرِ گراں ہو پھر بھی انہیں پیٹھ مت دکھانا o

O believers! When you combat the disbelievers (in the battlefield), never turn your backs on them, (even if they are) a large army.

وَمَن يُوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهُ إِلاَّ مُتَحَرِّفاً لِّقِتَالٍ أَوْ مُتَحَيِّزاً إِلَى فِئَةٍ فَقَدْ بَاء بِغَضَبٍ مِّنَ اللّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ(16)

ترجمہ: اور جو شخص اس دن ان سے پیٹھ پھیرے گا، سوائے اس کے جو جنگ (ہی) کے لیے کوئی داؤ چل رہا ہو یا اپنے (ہی) کسی لشکر سے (تعاون کے لیے) ملنا چاہتا ہو، تو واقعتاً وہ اللہ کے غضب کے ساتھ پلٹا اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور وہ (بہت ہی) برا ٹھکانا ہےo

And he who turns his back on them that day, except he who is maneuvering in the fight, or he who wants to join one of his own troops (for support), certainly he returns with the wrath of Allah and Hell is his abode and that is (the most) evil abode.

فَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَـكِنَّ اللّهَ قَتَلَهُمْ وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَـكِنَّ اللّهَ رَمَى وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِينَ مِنْهُ بَلاء حَسَناً إِنَّ اللّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (17)

ترجمہ: (اے سپاہیانِ لشکرِ اسلام!) ان (جارح) کافروں کو تم نے قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے انہیں قتل کر دیا، اور (اے حبیبِ محتشم!) جب آپ نے (ان پر سنگ ریزے) مارے تھے (وہ) آپ نے نہیں مارے تھے بلکہ (وہ تو) اللہ نے مارے تھے، اور یہ (اس لیے) کہ وہ اہلِ ایمان کو اپنی طرف سے اچھے انعامات سے نوازے، بے شک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

(O soldiers of the Army of Islam!) It is not you who killed the (aggressing) disbelievers (who initiated war against you) but it is Allah Who killed them, and,

(O Glorious Beloved,) when you smote (them with pebbles), it was not you who smote them, but Allah smote, (so) that He confers upon the believers great favours from Him. Allah is indeed All-Hearing, All-Knowing.

ذَلِكُمْ وَأَنَّ اللّٰهَ مُوهِنُ كَيْدِ الْكَافِرِيْنَ (18)

ترجمہ: یہ (تو ایک لطف واحسان) ہے اور (دوسرا) یہ کہ اللہ کافروں کے مکر وفریب کو کمزور کرنے والا ہےo

This is (one favour and bestowal), and (the other is that) Allah does weaken the plots and deceitful strategies of the disbelievers.

إِن تَسْتَفْتِحُواْ فَقَدْ جَاءكُمُ الْفَتْحُ وَإِن تَنتَهُواْ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَإِن تَعُودُواْ نَعُدْ وَلَن تُغْنِيَ عَنكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئاً وَلَوْ كَثُرَتْ وَأَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ (19)

ترجمہ: (اے کافرو!) اگر تم نے فیصلہ کن فتح مانگی تھی تو یقیناً تمہارے پاس (حق کی) فتح آ چکی اور اگر تم (اب بھی) باز آ جاؤ تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے، اور اگر تم پھر یہی (شرارت) کرو گے (تو) ہم (بھی) پھر یہی (سزا) دیں گے اور تمہارا لشکر تمہیں ہرگز کفایت نہ کر سکے گا اگرچہ کتنا ہی زیادہ ہو اور بے شک اللہ مومنوں کے ساتھ ہےo

(O disbelievers!) If you sought a decisive victory, then the victory (of the truth) has certainly reached you. It will be best for you if you desist (even now). But if you opt for the same (mischief), We shall (also) afflict you with the same (punishment) and your army, may it be of any large size, will not be of any avail to you. And Allah is surely on the side of the believers.

إِذْ أَنتُم بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُم بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوَى وَالرَّكْبُ أَسْفَلَ مِنكُمْ وَلَوْ تَوَاعَدتُّمْ لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعَادِ وَلَكِن لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ أَمْراً كَانَ مَفْعُولاً لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَن بَيِّنَةٍ وَيَحْيَى مَنْ حَيَّ عَن بَيِّنَةٍ وَإِنَّ اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (42)

ترجمہ: جب تم (مدینہ کی جانب) وادی کے قریبی کنارے پر تھے اور وہ (کفّار دوسری جانب) دور والے کنارے پر تھے اور (تجارتی) قافلہ تم سے نیچے تھا، اور اگر تم آپس میں (جنگ کے لیے) کوئی وعدہ کر لیتے تو ضرور (اپنے) وعدہ سے مختلف (وقتوں میں) پہنچتے لیکن (اللہ نے تمہیں بغیر وعدہ ایک ہی وقت پر جمع فرما دیا) یہ اس لیے (ہوا) کہ اللہ اس کام کو پورا فرما دے جو ہو کر رہنے والا تھا تاکہ جس شخص کو مرنا ہے وہ حجت (تمام ہونے) سے مرے اور جسے جینا ہے وہ حجت (تمام ہونے) سے جیئے (یعنی ہر کسی کے سامنے اسلام اور رسول برحق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صداقت پر حجت قائم ہو جائے)، اور بے شک اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہےo

(Remember) when you were on the nearer bank of the valley (the Medina side) and they (the disbelievers) were on the farther bank (the other side) and (the mercantile) caravan was below you; and had you made some mutual appointment (to fight), you would certainly have reached there (at the timings) different from (your) appointment. (But Allah brought you face to face, at the same time, without any appointment.) This took place in order that Allah might lead that matter to completion, which was destined to happen, so that he who had to die might die (with a manifest) evidence to that effect, and he who had

to survive might continue to live (with a manifest) evidence to that effect (i.e., the evidence be established for all on the veracity of Islam and the Holy Messenger [blessings and peace be upon him]). Allah is surely All-Hearing, All-Knowing.

إِذْ يُرِيكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ قَلِيْلًا وَلَوْ أَرَاكَهُمْ كَثِيْرًا لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ إِنَّهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (43)

ترجمہ: (وہ واقعہ یاد دلائیے) جب آپ کو اللہ نے آپ کے خواب میں ان کافروں (کے لشکر) کو تھوڑا کر کے دکھایا تھا اور اگر (اللہ) آپ کو وہ زیادہ کر کے دکھاتا تو (اے مسلمانو!) تم ہمت ہار جاتے اور تم یقیناً اس (جنگ کے) معاملے میں باہم جھگڑنے لگتے لیکن اللہ نے (مسلمانوں کو بزدلی اور باہمی نزاع سے) بچالیا۔ بے شک وہ سینوں کی (چھپی) باتوں کو خوب جاننے والا ہےo

(Recall) when Allah showed you in your dream (the army of) the disbelievers as small in number. And if He (Allah) had shown (them) to you as greater in number, then, (O Muslims,) you would have felt dispirited, and would have certainly disputed amongst yourselves on the question (of war). But Allah saved the Muslims (from timidity and mutual discord). Indeed, He is Well Aware of the (secrets of) hearts.

وَإِذْ يُرِيْكُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْ أَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَيُقَلِّلُكُمْ فِيْ أَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُوْرُ (44)

ترجمہ: اور (وہ منظر بھی انہیں یاد دلائیے) جب اس نے ان کافروں (کی فوج) کو باہم مقابلہ کے وقت (بھی محض) تمہاری آنکھوں میں تمہیں تھوڑا کر کے دکھایا اور تمہیں ان کی آنکھوں میں تھوڑا دکھلایا (تاکہ دونوں لشکر لڑائی میں مستعد رہیں) یہ اس لیے کہ اللہ اس (بھرپور جنگ کے نتیجے میں کفار کی شکستِ فاش کے) امر کو پورا کر دے جو (عنداللہ) مقرر ہو چکا تھا، اور (بالآخر) اللہ ہی کی طرف تمام کام لوٹائے جاتے ہیںo

And (also remind them of the sight) when He, at the time of encounter (as well), made (the troops of) the disbelievers appear small (just) in your eyes and made you appear small in their eyes (so that both the armies might remain in a heightened state of alert) in order that Allah leads to completion (the total defeat of disbelievers resulting from the full-fledged war) preordained (by Allah). And (eventually) all matters are returned to Allah alone.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ(45)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب (دشمن کی) کسی فوج سے تمہارا مقابلہ ہو تو ثابت قدم رہا کرو اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤo

O believers! When you encounter any (enemy) army, stand firm and remember Allah abundantly so that you may attain to success.

وَأَطِيعُواْ اللّهَ وَرَسُولَهُ وَلاَ تَنَازَعُواْ فَتَفْشَلُواْ وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ وَاصْبِرُواْ إِنَّ اللّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ (46)

ترجمہ: اور اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرو اور آپس میں جھگڑا مت کرو ورنہ (متفرق اور کمزور ہو کر) بزدل ہو جاؤ گے اور (دشمنوں کے سامنے) تمہاری ہوا (یعنی قوت) اکھڑ جائے گی اور صبر کرو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہےo

And obey Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and do not quarrel amongst yourselves lest (growing disunited and weak) you become timid and your impact (i.e., power) loses ground (before your enemy). So be steadfast. Surely, Allah is with those who are steadfast.

وَلاَ تَكُونُواْ كَالَّذِينَ خَرَجُواْ مِن دِيَارِهِم بَطَراً وَرِئَاء النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّهِ وَاللّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ (47)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو اپنے گھروں سے اِتراتے ہوئے اور لوگوں کو دکھلاتے ہوئے نکلے تھے اور (جو لوگوں کو) اللہ کی راہ سے روکتے تھے، اور اللہ ان کاموں کو جو وہ کر رہے ہیں (اپنے علم و قدرت کے ساتھ) احاطہ کیے ہوئے ہےo

And be not like those who came out of their homes exhibiting false pride and showing off to the people and who hindered (the people) from the path of Allah. And Allah has encompassed (with His Knowledge and Power) all the activities they are doing.

فَإِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِم مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ (57)

ترجمہ: سو اگر آپ انہیں (میدانِ) جنگ میں پالیں تو ان کے ساتھ (وہ) سلوک کریں کہ اس کے ذریعے آپ ان کے پچھلوں کو (بھی) راہِ فرار اختیار کرنے پر مجبور کر دیں تاکہ انہیں نصیحت حاصل ہوo

So if you come upon them in the battlefield, then by killing them (for violating the peace treaty) in an exemplary manner, make those who are behind them (also) run on their heels so that they may learn a lesson of warning.

وَأَعِدُّواْ لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِن دُونِهِمْ لاَ تَعْلَمُونَهُمُ اللّهُ يَعْلَمُهُمْ وَمَا تُنفِقُواْ مِن شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لاَ تُظْلَمُونَ (60)

ترجمہ: اور (اے مسلمانو!) ان کے (مقابلے کے) لیے تم سے جس قدر ہو سکے (ہتھیاروں اور آلاتِ جنگ کی) قوت مہیا رکھو اور بندھے ہوئے گھوڑوں کی (کھیپ بھی)، اس (دفاعی تیاری) سے تم اللہ کے دشمن اور اپنے دشمن کو (اپنے اوپر حملہ آور ہونے سے) ڈراتے رہو اور ان کے سوا دوسروں کو بھی جن (کی چھپی دشمنی) کو تم نہیں جانتے، اللہ انہیں جانتا ہے۔ اور تم جو کچھ (بھی اپنے دفاع کی خاطر) اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے تمہیں اس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا اور تم سے ناانصافی نہ کی جائے گیo

And, (O Muslims,) muster up as much defence strength as you can (in the form of weapons and equipment of war) and (also formations) of war steeds (i.e., war mounts) to combat them. Cause deterrence with this (defensive readiness) amongst the enemy of Allah and your enemy, and also those besides them whose (secret enmity) you know not; Allah knows them. And whatever you spend in the way of Allah, you will be paid back in full, and you will not be done

any injustice.

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (64)

ترجمہ: اے نبیٔ (معظّم!) آپ کے لیے اللہ کافی ہے اور وہ مسلمان جنہوں نے آپ کی پیروی اختیار کر لی o

O (Glorious) Messenger! Sufficient for you is Allah and those Muslims who have committed themselves to follow in your footsteps.

يَـا أَيُّهَـا الـنَّبِـيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ إِن يَكُن مِّنكُمْ عِشْرُونَ صَابِرُونَ يَغْلِبُواْ مِئَتَيْنِ وَإِن يَكُن مِّنكُم مِّئَةٌ يَغْلِبُواْ أَلْفاً مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لاَّ يَفْقَهُونَ (65)

ترجمہ: اے نبی (مکرّم!) آپ ایمان والوں کو (ظلم اور جبر و بربریت جاری رکھنے والوں کے خلاف) جہاد کی ترغیب دیں، اگر تم میں سے (جنگ میں) بیس (20) ثابت قدم رہنے والے ہوں تو وہ دوسو (200 جنگ جُو کفار) پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں سے (ایک) سو (ثابت قدم) ہوں گے تو (جارِح) کافروں میں سے (ایک) ہزار پر غالب آئیں گے اِس وجہ سے کہ وہ (اُلوہی رازوں کی) سمجھ نہیں رکھتے o

O (Venerable) Messenger! Motivate the believers to fight (against those who are continuously committing injustice, oppression and barbarity). If there are twenty of you firm and steadfast (in the event of war), they will overpower two hundred (combating disbelievers), and if (one) hundred of you are (steadfast), they will overpower (one) thousand of the (invading) disbelievers because they do not understand (the divine secrets).

الآنَ خَـفَّفَ الـلّـهُ عَـنـكُـمْ وَعَلِمَ أَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفاً فَإِن يَكُن مِّنكُم مِّئَةٌ صَابِرَةٌ يَغْلِبُواْ مِئَتَيْنِ وَإِن يَكُن مِّنكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُواْ أَلْفَيْنِ بِإِذْنِ اللّهِ وَاللّهُ مَعَ الصَّابِرِيْنَ (66)

ترجمہ: اب اللہ نے تم سے (اپنے حکم کا بوجھ) ہلکا کر دیا اسے معلوم ہے کہ تم میں (کسی قدر) کمزوری ہے سو (اب تخفیف کے بعد حکم یہ ہے کہ) اگر تم میں سے (ایک) سو (آدمی) ثابت قدم رہنے والے ہوں (تو) وہ دوسو (کفار) پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں سے (ایک) ہزار ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے دو ہزار (کافروں) پر غالب آئیں گے، اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے (یہ مومنوں کے لیے ہدف ہے کہ میدانِ جہاد میں ان کے جذبۂ ایمانی کا اثر کم سے کم یہ ہونا چاہیئے) o

Allah has, at present, lightened the burden (of His commandment) on you. He knows that there is (some degree of) weakness in you. So (now after mitigation the command is) that if there are (one) hundred resolute and steadfast (men) from amongst you, they will overpower two hundred (combating disbelievers). And if there are (one) thousand of you, they will triumph over two thousand (disbelievers) by the command of Allah, and Allah is with those who remain steadfast. (This is the target fixed for the believers which should be the minimum possible effect of the vehemence of their faith in the battlefield.)

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن يَكُونَ لَهُ أَسْرَى حَتَّى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ تُرِيدُونَ عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللَّهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (67)

ترجمہ: کسی نبی کو یہ سزاوار نہیں کہ اس کے لیے (کافر) قیدی ہوں جب تک کہ وہ زمین میں ان (فتنہ پرور اور دہشت گرد محاربین) کا اچھی طرح خون نہ بہالے۔تم لوگ دنیا کا مال واسباب چاہتے ہو،اور اللہ آخرت (کی بھلائی) چاہتا ہے،اور اللہ خوب غالب حکمت والا ہےo

It is not for a Prophet that he should have (disbelievers as) prisoners of war, until he has let much of the blood of these (mischief-monger terrorist militants) in the land. You (people) desire the riches of the world, and Allah intends (prosperity in) the Hereafter, and Allah is Almighty, Most Wise.

لَّوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ (68)

ترجمہ: اگر اللہ کی طرف سے پہلے ہی (معافی کا حکم) لکھا ہوا نہ ہوتا تو یقیناً تم کو اس (مال فدیہ کے بارے) میں جو تم نے (بدر کے قیدیوں سے) حاصل کیا تھا بڑا عذاب پہنچتاo

Had there not been a prior decree (i.e., command for forgiveness) from Allah, a terrible torment would indeed have seized you for (the ransom) that you procured (from the prisoners of Badr).

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُل لِّمَن فِي أَيْدِيكُم مِّنَ الْأَسْرَى إِن يَعْلَمِ اللَّهُ فِي قُلُوبِكُمْ خَيْرًا يُؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّا أُخِذَ مِنكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (70)

ترجمہ: اے نبی! آپ ان سے جو آپ کے ہاتھوں میں قیدی ہیں فرما دیجیے: اگر اللہ نے تمہارے دلوں میں بھلائی جان لی تو تمہیں اس (مال) سے بہتر عطا فرمائے گا جو (فدیہ میں) تم سے لیا جا چکا ہے اور تمہیں بخش دے گا، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

O Messenger! Say to the prisoners of war who are in your hands: 'If Allah knows any good in your hearts, He will bestow on you better than that (wealth) which has been taken from you (as ransom), and He will forgive you.' And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُم مِّن وَلَايَتِهِم مِّن شَيْءٍ حَتَّى يُهَاجِرُوا وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلَّا عَلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ (72)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے (اللہ کے لیے) وطن چھوڑ دیے اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی وہی لوگ ایک دوسرے کے حقیقی دوست ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے (مگر) انہوں نے (اللہ کے لیے) گھر بار نہ چھوڑے تو تمہیں ان کی دوستی سے کوئی سروکار نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ دین (کے معاملات) میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر (ان کی) مدد کرنا واجب ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں (مدد نہ

کرنا) کہ تمہارے اوران کے درمیان (صلح وامن کا) معاہدہ ہو، اوراللہ ان کاموں کو جوتم کررہے ہوخوب دیکھنے والا ہےo

Indeed, those who have embraced faith and have emigrated (for the cause of Allah) and have fought in the way of Allah with their material as well as human resources, and those who have provided (the Emigrants) with shelter and helped (them), it is they who are the real friends of one another. And those who have believed (but) have not emigrated (for Allah), you do not owe anything to them for their friendship till they emigrate. And if they seek help from you in (matters of) Din (Religion), it will be your duty to help them, except against a people with whom you have a (peace) treaty. And Allah is Most Vigilant to all (the works) that you are doing.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَالَّذِيْنَ آوَواْ وَّنَصَرُواْ أُولَـئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقّاً لَّهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيْمٌ (74)

ترجمہ: اور جولوگ ایمان لائے اورانہوں نے ہجرت کی اوراللہ کی راہ میں جہاد کیا اورجن لوگوں نے (راہِ خدامیں گھربار اوروطن قربان کردینے والوں کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی، وہی لوگ حقیقت میں سچے مسلمان ہیں، ان ہی کے لیے بخشش اورعزت کی روزی ہےo

And those who believed and emigrated and fought in the cause of Allah and those who provided shelter (to those who sacrificed their households and homeland in the cause of Allah) and helped (them), they are the people who are in fact true Muslims. They are the ones for whom is forgiveness and an honourable provision.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ مِن بَعْدُ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ مَعَكُمْ فَأُوْلَـئِكَ مِنكُمْ وَأُوْلُواْ الأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ(75)

ترجمہ: اور جولوگ اس کے بعد ایمان لائے اورانہوں نے راہِ حق میں (قربانی دیتے ہوئے) گھربار چھوڑ دیے اور (عدل و انصاف اورامن وسلامتی کے نوزائدہ نظام کومتزلزل کرنے والے حملہ آور اور جارِح دشمنوں کے خلاف) تمہارے ساتھ مل کر (دفاعی) جہاد کیا تو وہ لوگ (بھی) تم ہی میں سے ہیں، اوراللہ کی کتاب میں رشتے دار (صلہ رحمی اوروراثت کے لحاظ سے) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں، بےشک اللہ ہر چیز کوخوب جاننے والا ہےo

And those who believed afterwards, and left their homes (sacrificing) in the cause of truth, and joined you in fighting (in defence against the aggressing enemies who initiated and imposed war to jolt off the newly born system of social justice, peace and security), they are (also) from amongst you. And (as for inheritance and affinity with blood relations) the relatives have a higher claim on one another in the Book of Allah. Surely, Allah knows best everything.

سورۃ التوبۃ:

فَإِذَا انسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُواْ الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدتُّمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُواْ لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ فَإِن تَابُواْ وَأَقَامُواْ الصَّلاَةَ وَآتَوُاْ الزَّكَاةَ فَخَلُّواْ سَبِيلَهُمْ إِنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (5)

ترجمہ: پھر جب حرمت والے مہینے گزر جائیں تو تم (حسب اعلان جن) مشرکوں (نے تمہارے خلاف پہلے ہی سے جنگ شروع کر دی ہے، میدان جنگ میں ان) کو جہاں کہیں پاؤ قتل کر دو یا اُنہیں گرفتار کر لو اور انہیں قید کر دو اور (انہیں پکڑنے اور گھیرنے کے لیے) ہر گھات کی جگہ ان کی تاک میں بیٹھو، پس اگر وہ (قیدی بنا لیے جانے کے بعد) توبہ کر لیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کرنے لگیں تو (انہیں قید سے رہائی دیتے ہوئے) ان کا راستہ چھوڑ دو (کیونکہ اس صورت میں بھی معاہدۂ امن کی طرح جنگ کا جواز ختم ہو جائے گا)۔ بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

So when the sacred months have passed, then (as declared) kill the idolaters (who have re-initiated war against you) wherever you find them (during the war), capture them, imprison them and lie in wait for them at every place of ambush (to catch and besiege them). So, if they repent, establish Prayer and start paying Zakat (the Alms-due), then leave their way open (because, like peace treaty, this too will remove excuses for war). Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَإِن نَّكَثُواْ أَيْمَانَهُم مِّن بَعْدِ عَهْدِهِمْ وَطَعَنُواْ فِي دِينِكُمْ فَقَاتِلُواْ أَئِمَّةَ الْكُفْرِ إِنَّهُمْ لاَ أَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنتَهُونَ (12)

ترجمہ: اور اگر وہ (تم سے کیے گئے) اپنے معاہدہ کے بعد اپنے عہد توڑ دیں اور (معاہدۂ اَمن سے اِنحراف کر کے قتلِ عام اور پُر تشدد کارروائیوں کے ذریعے حالتِ جنگ بحال کرنے اور ریاستی اَمن کے لیے سخت خطرات پیدا کرنے کے ساتھ سرِ عام) تمہارے دین میں طعنہ زنی کریں تو (اس صورت میں) تم (فتنہ و فساد اور دہشت گردی کا اِمکان ختم کرنے کے لیے) محاربت کے ان سرغنوں سے (پیشگی دفاعی) جنگ کرو، بے شک ان کی قسموں کا کوئی اعتبار نہیں ہے (یہ دفاعی اقدام اس لیے کرو) کہ وہ (اپنی فتنہ پروری سے) باز آ جائیںo

And if after making a promise (for peaceful bilateral relations), they break their oaths, (i.e., restore the state of war,) and taunt you with sarcasm in your Din (Religion), then, (in that case), wage (deterring defensive) war against (those) chieftains of disbelief (to pre-empt and eliminate the chance of militancy and terrorism). Surely, their oaths are not worth any regard, (take this defensive action) so that they may desist (from their mischief-mongering).

أَلاَ تُقَاتِلُونَ قَوْماً نَّكَثُواْ أَيْمَانَهُمْ وَهَمُّواْ بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُم بَدَؤُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ أَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللّهُ أَحَقُّ أَن تَخْشَوْهُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ(13)

ترجمہ: کیا تم ایسی (دغاباز) قوم سے جنگ نہیں کرو گے جنہوں نے اپنی قَسمیں توڑ ڈالیں (یعنی معاہدۂ اَمن توڑ کر حالتِ جنگ بحال کر دی) اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جلاوطن کرنے کا اِرادہ کیا اور انہوں نے تم سے (عہد شکنی اور جنگ کی) ابتداء

پہلے کی، کیا تم ان سے ڈرتے ہو جب کہ اللہ زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو بشرطیکہ تم (حقیقی) مومن ہوo

Will you not fight a people who broke their oaths (violating the peace treaty and restoring the state of war), and decided to banish the Messenger (blessings and peace be upon him) whilst the first time it is they who initiated war against you? Do you fear them? But Allah has more right that you should fear Him, provided you are believers.

قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ (14)

ترجمہ: تم ان سے جنگ کرو (جنہوں نے حدیبیہ کا معاہدۂ اَمن توڑ کر پھر حالتِ جنگ کا آغاز کیا)، اللہ تمہارے ہاتھوں انہیں (ان کی عہد شکنی اور اَمن دشمنی کے باعث) عذاب دے گا اور انہیں رسوا کرے گا اور اُن (سے مقابلہ کرنے) پر تمہاری مدد فرمائے گا اور ایمان والوں کے سینوں کو شفا بخشے گا (جن پر محاربینِ مکہ کے سرغنوں کی طرف سے ظلم و تشدد کیا جاتا رہا)o

Fight against those (who broke peace treaty and restored the state of war-permission to fight second time); Allah will torment them at your hands (for their treaty violation and breach of the peace) and will humiliate them, and will help you (in your defensive fight) against them, and will heal the breasts of the believers.

أَمْ حَسِبْتُمْ أَن تُتْرَكُواْ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِينَ جَاهَدُواْ مِنكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُواْ مِن دُونِ اللّٰهِ وَلَا رَسُولِهِ وَلَا الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً وَاللّٰهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ (16)

ترجمہ: کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ تم (مصائب و مشکلات سے گزرے بغیر یونہی) چھوڑ دیے جاؤ گے حالاں کہ (ابھی) اللہ نے ایسے لوگوں کو متمیّز نہیں فرمایا جنہوں نے تم میں سے جہاد کیا ہے اور (جنہوں نے) اللہ کے سوا اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے سوا اور اہلِ ایمان کے سوا (کسی کو) محرمِ راز نہیں بنایا، اور اللہ ان کاموں سے خوب آگاہ ہے جو تم کرتے ہوo

Do you think that you will be spared (without passing through troubles and hardships), whilst Allah has not (yet) made distinctly known those amongst you who have fought in the way of Allah and (who) have not taken anyone as a confidant besides Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers? And Allah is Well Aware of the deeds that you do.

أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَجَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَوُونَ عِندَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (19)

ترجمہ: کیا تم نے (محض) حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجدِ حرام کی آبادی و مرمت کا بندوبست کرنے (کے عمل) کو اس شخص کے (اعمال) کے برابر قرار دے رکھا ہے جو اللہ اور یومِ آخرت پر ایمان لے آیا اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، یہ لوگ اللہ کے حضور برابر نہیں ہو سکتے، اور اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتاo

Do you consider (the mere) serving of drinking water to the pilgrims and the management of populating and maintaining the Sacred Mosque (an act) equal to (the works of) a person who believes in Allah and the Last Day and fights in

the cause of Allah? They cannot be equal in the sight of Allah, and Allah does not guide those who do injustice.

الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ أَعْظَمُ دَرَجَةً عِندَ اللّهِ وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ (20)

ترجمہ: جولوگ ایمان لائے اورانہوں نے ہجرت کی اوراللہ کی راہ میں اپنے اموال اوراپنی جانوں سے جہاد کرتے رہے وہ اللہ کی بارگاہ میں درجہ کے لحاظ سے بہت بڑے ہیں، اوروہی لوگ ہی مرادکو پہنچے ہوئے ہیں o

Those who have believed and have emigrated and have consistently toiled hard in the cause of Allah with their material and human resources enjoy a very high rank in the presence of Allah, and it is they who have achieved the ultimate goal.

قُلْ إِن كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَآؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُم مِّنَ اللّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهِ فَتَرَبَّصُواْ حَتَّى يَأْتِيَ اللّهُ بِأَمْرِهِ وَاللّهُ لاَ يَهْدِيْ الْقَوْمَ الْفَاسِقِيْنَ (24)

ترجمہ: (اے نبی مکرم!) آپ فرمادیں: اگرتمہارے باپ (دادا) اورتمہارے بیٹے (بیٹیاں) اورتمہارے بھائی (بہنیں) اور تمہاری بیویاں اورتمہارے (دیگر) رشتہ داراورتمہارے اموال جوتم نے (محنت سے) کمائے اورتجارت وکاروبارجس کے نقصان سے تم ڈرتے رہتے ہواوروہ مکانات جنہیں تم پسند کرتے ہو،تمہارے نزدیک اللہ اوراس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور اس کی راہ میں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں تو پھرانتظارکرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکمِ (عذاب) لے آئے، اوراللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتا o

(O Esteemed Messenger!) Say: 'If your fathers (and forefathers) and your sons (and daughters) and your brothers (and sisters) and your wives and your (other) kith and kin and the riches that you have earned (so hard) and the trade and business that you fear may decline and the homes you are fond of are dearer to you than Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and struggling in His cause, then wait until Allah brings His command (of torment). And Allah does not guide the disobedient.'

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنكُمْ شَيْئاً وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُم مُّدْبِرِيْنَ (25)

ترجمہ: بے شک اللہ نے بہت سے مقامات میں تمہاری مدد فرمائی اور (خصوصاً) حنین کے دن جب تمہاری (افرادی قوت کی) کثرت نے تمہیں نازاں بنادیا تھا پھروہ (کثرت) تمہیں کچھ بھی نفع نہ دے سکی اورزمین باوجوداس کے کہ وہ فراخی رکھتی تھی، تم پر تنگ ہوگئی چنانچہ تم پیٹھ دکھاتے ہوئے پھرگئے o

Assuredly, Allah has helped you on a great many occasions, and (in particular) on the day of Hunayn, when the superiority of your (numerical strength) exhilarated you. Then that (numerical superiority) could not prove to you of any avail, and the earth, despite its vast expanse, narrowed for you, and then you

turned your backs in retreat.

ثُـمَّ أَنـزلَ الـلّـهُ سَـكِـيـنَتَـهُ عَـلَـى رَسُـولِـهِ وَعَـلَـى الْمُؤْمِنِيْنَ وَأَنزَلَ جُنُوداً لَّمْ تَرَوْهَا وَعذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ وَذَلِكَ جَزَاء الْكَافِرِيْنَ **(26)**

ترجمہ: پھر اللہ نے اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور ایمان والوں پر اپنی تسکین (رحمت) نازل فرمائی اور اس نے (ملائکہ کے ایسے) لشکر اتارے جنہیں تم نہ دیکھ سکے اور اس نے ان لوگوں کو عذاب دیا جو کفر کر رہے تھے، اور یہی کافروں کی سزا ہےO

Allah then sent down His tranquillity (i.e., mercy) upon His Messenger (blessings and peace be upon him) and the believers and sent down (such) armies (of angels) that you could not see. And He tormented those who were engaged in disbelief; and that is the punishment of the disbelievers.

ثُمَّ يَتُوبُ اللّهُ مِن بَعْدِ ذَلِكَ عَلَى مَن يَشَاءُ وَاللّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ **(27)**

ترجمہ: پھر اللہ اس کے بعد بھی جس کی چاہتا ہے توبہ قبول فرماتا ہے (یعنی اسے توفیقِ اسلام اور توجہِ رحمت سے نوازتا ہے)، اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےO

Then even after this, Allah accepts repentance of the one He wills (i.e., He blesses him with an aptness for Islam and His Merciful Eye). And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

إِنَّ عِـدَّةَ الشُّهُـورِ عِندَ اللّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْراً فِيْ كِتَابِ اللّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَات وَالأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذَلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ فَلاَ تَظْلِمُواْ فِيْهِنَّ أَنفُسَكُمْ وَقَاتِلُواْ الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَآفَّةً وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ**(36)**

ترجمہ: بے شک اللہ کے نزدیک مہینوں کی گنتی اللہ کی کتاب (یعنی نوشتۂ قدرت) میں بارہ مہینے (لکھی) ہے جس دن سے اس نے آسمانوں اور زمین (کے نظام) کو پیدا فرمایا تھا۔ ان میں سے چار مہینے (ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب) حرمت والے ہیں۔ یہی سیدھا حساب ہے۔ سو تم ان مہینوں میں (از خود جنگ وقتال میں ملوث ہو کر) اپنی جانوں پر ظلم نہ کرنا اور تم (بھی) تمام (محارِب) مشرکین سے اسی طرح (جوابی) جنگ کیا کرو جس طرح وہ سب (اکٹھے ہو کر) تم سب پر جنگ مسلط کرتے ہیں، اور جان لو کہ بے شک اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہےO

Indeed, the number of months with Allah has been (inscribed as) twelve in the Book of Allah (i.e., permanent Law of Nature) since the day He created (the system of) the heavens and the earth. Of these, four months (Rajab, Dhu al-Qa'da, Dhu al-Hijja and Muharram) are sacred. This is the right Din (Religion). So do not wrong your souls during these months (by involving yourselves in fighting and war), and fight against all the (combatant) idolaters (in retaliation) the same way as they all (allied) have imposed war upon all of you, and bear in mind that Allah is surely with the Godfearing.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ مَا لَكُمْ إِذَا قِيْلَ لَكُمُ انفِرُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ اثَّاقَلْتُمْ إِلَى الأَرْضِ أَرَضِيْتُم بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الآخِرَةِ فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِيْ الآخِرَةِ إِلاَّ قَلِيْلٌ (38)

ترجمہ: اے ایمان والو! تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں (جہاد کے لیے) نکلو تو تم بوجھل ہو کر زمین (کی مادی و سفلی دنیا) کی طرف جھک جاتے ہو، کیا تم آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی سے راضی ہو گئے ہو؟ سو آخرت (کے مقابلہ) میں دنیوی زندگی کا ساز و سامان کچھ بھی نہیں مگر بہت ہی کم (حیثیت رکھتا ہے)o

O believers! What is the matter with you that when you are asked to set out (to fight) in the way of Allah, you, weighing heavier, incline towards (the material and ignoble world of) the earth? Are you pleased with the life of this world rather than the Hereafter? So, the property and belongings of the life of this world are worthless in (comparison with) the Hereafter (and carry) but little (value).

إِلاَّ تَنفِرُواْ يُعَذِّبْكُمْ عَذَاباً أَلِيْماً وَيَسْتَبْدِلْ قَوْماً غَيْرَكُمْ وَلاَ تَضُرُّوهُ شَيْئاً وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (39)

ترجمہ: اگر تم (جہاد کے لیے) نہ نکلو گے تو وہ تمہیں دردناک عذاب میں مبتلا فرمائے گا اور تمہاری جگہ (کسی) اور قوم کو لے آئے گا اور تم اسے کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکو گے، اور اللہ ہر چیز پر بڑی قدرت رکھتا ہےo

If you do not move out (to fight for the promotion of peace and human dignity), He will afflict you with grievous torment and will replace you with another people and you will not be able to do Him any harm. And Allah has mighty power over everything.

انْفِرُواْ خِفَافاً وَثِقَالاً وَجَاهِدُواْ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (41)

ترجمہ: تم ہلکے اور گراں بار (ہر حال میں) نکل کھڑے ہو اور اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ میں جہاد کرو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم (حقیقت) آشنا ہوo

Light or heavy, march forth (under all circumstances) and fight in the cause of Allah with your material and human resources. It is better for you if you are (reality) conscious.

لَوْ كَانَ عَرَضاً قَرِيْباً وَسَفَراً قَاصِداً لاَّتَّبَعُوكَ وَلَـكِن بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ وَسَيَحْلِفُونَ بِاللّهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ يُهْلِكُونَ أَنفُسَهُمْ وَاللّهُ يَعْلَمُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (42)

ترجمہ: اگر مالِ (غنیمت) قریب الحصول ہوتا اور (جہاد کا) سفر متوسط و آسان تو وہ (منافقین) یقیناً آپ کے پیچھے چل پڑتے لیکن (وہ) پُر مشقّت مسافت انہیں بہت دور دکھائی دی، اور (اب) وہ عنقریب اللہ کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم میں استطاعت ہوتی تو ضرور تمہارے ساتھ نکل کھڑے ہوتے، وہ (ان جھوٹی باتوں سے) اپنے آپ کو (مزید) ہلاکت میں ڈال رہے ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ وہ واقعی جھوٹے ہیںo

Had the benefit (i.e., spoils of war) been a near gain and the journey (of fighting) easy and moderate, then they (the hypocrites) would certainly have

followed you. But (that) arduous journey appeared to them far too long. And they will (now) swear by Allah soon: 'Had we been able to go, we would certainly have marched forth with you.' They are drawing upon themselves (added) destruction (by these lies), and Allah knows that they are liars beyond doubt.

لَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَن يُجَاهِدُوْا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالْمُتَّقِيْنَ (44)

ترجمہ: وہ لوگ جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں آپ سے (اس بات کی) رخصت طلب نہیں کریں گے کہ وہ اپنے مال وجان سے جہاد (نہ) کریں، اور اللہ پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہےo

Those who believe in Allah and the Last Day will not seek from you (this) permission that they should (not) struggle with their material and human resources. And Allah knows the Godfearing full well.

إِنَّمَا يَسْتَأْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ (45)

ترجمہ: آپ سے (جہاد میں شریک نہ ہونے کی) رخصت صرف وہی لوگ چاہیں گے جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور ان کے دل شک میں پڑے ہوئے ہیں سو وہ اپنے شک میں حیران و سرگرداں ہیںo

Only those who do not believe in Allah and the Last Day and whose hearts are in doubt will seek leave (i.e., exemption from fighting) from you. So in their doubt they are bewildered, lost in disorientation.

وَلَوْ أَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَأَعَدُّوْا لَهُ عُدَّةً وَلٰكِن كَرِهَ اللّٰهُ انبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقَاعِدِيْنَ (46)

ترجمہ: اگر انہوں نے (واقعی جہاد کے لیے) نکلنے کا ارادہ کیا ہوتا تو وہ اس کے لیے (کچھ نہ کچھ) سامان تو ضرور مہیا کر لیتے لیکن (حقیقت یہ ہے کہ ان کے کذب و منافقت کے باعث) اللہ نے ان کا (جہاد کے لیے) کھڑے ہونا (ہی) ناپسند فرمایا سو اس نے انہیں (وہیں) روک دیا اور ان سے کہہ دیا گیا کہ تم (جہاد سے جی چرا کر) بیٹھ رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہوo

If they had (really) resolved to go forth (for fighting), they would have procured (at least some) equipment for that. But (the fact is that owing to their falsehood and hypocrisy) Allah disliked (even) their rising up (for fighting). So, He stopped them (there). And it was said to them: 'Sit in the company of those who sit (shirking from the fight).'

لَّيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضَى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنفِقُوْنَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ مَا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ مِن سَبِيْلٍ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (91)

ترجمہ: ضعیفوں (کمزوروں) پر کوئی گناہ نہیں اور نہ بیماروں پر اور نہ (ہی) ایسے لوگوں پر ہے جو اس قدر (وسعت بھی) نہیں پاتے جسے خرچ کریں جبکہ وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے خالص و مخلص ہو چکے ہوں، نیکوکاروں (یعنی صاحبانِ احسان) پر الزام کی کوئی راہ نہیں اور اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

There is no sin on the aged (i.e., the weak) and the sick, nor on those who are not so (affluent) that they may spend, while they are most sincerely and truly

devoted to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him). No way can the righteous (i.e., the spiritually excellent) be blamed and Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ إِذَا مَا أَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ تَوَلَّوا وَّأَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَناً أَلَّا يَجِدُوا مَا يُنفِقُوْنَ(92)

ترجمہ: اور نہ ایسے لوگوں پر (طعنہ والزام کی راہ ہے) جبکہ وہ آپ کی خدمت میں (اس لیے) حاضر ہوئے کہ آپ انہیں (جہاد کے لیے) سوار کریں (کیونکہ ان کے پاس اپنی کوئی سواری نہ تھی تو) آپ نے فرمایا: میں (بھی) کوئی (زائد سواری) نہیں پاتا ہوں جس پر تمہیں سوار کر سکوں، (تو) وہ (آپ کے اذن سے) اس حالت میں لوٹے کہ ان کی آنکھیں (جہاد سے محرومی کے) غم میں اشکبار تھیں کہ (افسوس) وہ (اس قدر) زادِ راہ نہیں پاتے جسے وہ خرچ کر سکیں (اور شریک جہاد ہو سکیں)o

Nor can (anyway be scoffed or blamed) those who presented themselves to your service (with the purpose) that you may arrange for them mounts (for fighting, because they did not possess any means of conveyance). So you said: 'I (also) do not find any (additional means) to mount you on.' Then (with your permission) they returned in such a state that their eyes were streaming with tears in grief (of being deprived of fighting in the cause of Allah: Alas!) They did not have (much) wealth, which they could spend (and manage to take part in the sacred fight).

إِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَأْذِنُوْنَكَ وَهُمْ أَغْنِيَاء رَضُوا بِأَن يَكُوْنُوا مَعَ الْخَوَالِفِ وَطَبَعَ اللّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ(93)

ترجمہ: (الزام کی) راہ تو فقط ان لوگوں پر ہے جو آپ سے رخصت طلب کرتے ہیں حالاں کہ وہ مال دار ہیں، وہ اس بات سے خوش ہیں کہ وہ پیچھے رہ جانے والی عورتوں اور معذوروں کے ساتھ رہیں اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے، سو وہ جانتے ہی نہیں (کہ حقیقی سود و زیاں کیا ہے)o

(Blame) lies only on those who seek your permission though they are affluent. They feel pleased to remain with the women and the handicapped who stay behind. Allah has sealed their hearts, so they do not understand (what the true loss or gain is).

إِنَّ اللّهَ اشْتَرَى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الجَنَّةَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْداً عَلَيْهِ حَقّاً فِيْ التَّوْرَاةِ وَالإِنجِيْلِ وَالْقُرْآنِ وَمَنْ أَوْفَى بِعَهْدِهِ مِنَ اللّهِ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُم بِهِ وَذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ(111)

ترجمہ: بے شک اللہ نے اہلِ ایمان سے ان کی جانیں اور ان کے مال، ان کے لیے (وعدۂ) جنّت کے عوض خرید لیے ہیں، (اب) وہ اللہ کی راہ میں (اِنسانی حرمت کے تحفظ اور معاشرے میں قیامِ اَمن کے اعلیٰ تر مقاصد کے لیے) جنگ کرتے ہیں، سو وہ (دورانِ جنگ) قتل کرتے ہیں اور (خود بھی) قتل کیے جاتے ہیں۔ (اللہ نے) اپنے ذمۂ کرم پر پختہ وعدہ (لیا) ہے، تَو رات میں

(بھی) انجیل میں (بھی) اور قرآن میں (بھی)، اور کون اپنے وعدہ کو اللہ سے زیادہ پورا کرنے والا ہے، سو (ایمان والو!) تم اپنے سودے پر خوشیاں مناؤ جس کے عوض تم نے (جان و مال کو) بیچا ہے، اور یہی تو زبردست کامیابی ہے o

Surely, Allah has bought from the believers their souls and wealth in return for (the promise of) Paradise for them. (Now) they fight in the way of Allah (to attain the sublime objectives of the protection of human dignity and establishment of peace in society). So they kill (during the war) and are slain (themselves) too. (Allah has taken) the firm promise as a bountiful obligation on Him in the Torah, the Gospel (the Injil) and the Qur'an. And who is truer to his promise than Allah? So, (believers,) rejoice over your bargain against which you have sold (your souls and wealth). This is a colossal achievement.

سورۃ التوبۃ:

مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُم مِّنَ الْأَعْرَابِ أَن يَتَخَلَّفُواْ عَن رَّسُولِ اللّهِ وَلاَ يَرْغَبُواْ بِأَنفُسِهِمْ عَن نَّفْسِهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ لاَ يُصِيبُهُمْ ظَمَأٌ وَلاَ نَصَبٌ وَلاَ مَخْمَصَةٌ فِي سَبِيلِ اللّهِ وَلاَ يَطَؤُونَ مَوْطِئاً يَغِيظُ الْكُفَّارَ وَلاَ يَنَالُونَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلاً إِلاَّ كُتِبَ لَهُم بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ إِنَّ اللّهَ لاَ يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ (120)

ترجمہ: اہلِ مدینہ اور ان کے گرد و نواح کے (رہنے والے) دیہاتی لوگوں کے لیے مناسب نہ تھا کہ وہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے (الگ ہو کر) پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ ان کی جانِ (مبارک) سے زیادہ اپنی جانوں سے رغبت رکھیں، یہ (حکم) اس لیے ہے کہ انہیں اللہ کی راہ میں جو پیاس (بھی) لگتی ہے اور جو مشقت (بھی) پہنچتی ہے اور جو بھوک (بھی) لگتی ہے اور جو کسی ایسی جگہ پر چلتے ہیں جہاں کا چلنا کافروں کو غضبناک کرتا ہے اور دشمن سے جو کچھ بھی پاتے ہیں (خواہ قتل اور زخم ہو یا مالِ غنیمت وغیرہ) مگر یہ کہ ہر ایک بات کے بدلہ میں ان کے لیے ایک نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ نیکوکاروں کا اَجر ضائع نہیں فرماتا o

It was unbecoming the people of Medina and the villagers (inhabitants) of the suburbs to lag behind (stepping aside from) Allah's Messenger (blessings and peace be upon him), nor to feel for their own souls greater concern than his (blessed and sacred) soul. This (command) is because in the cause of Allah (whatever) thirst they suffer, (whatever) turmoil they undergo, (whatever) hunger they endure, and stepping on a track where treading rouses violent reaction amongst the disbelievers, and whatever they receive from the enemy (killing and injury or spoils of war): in recompense of everything is recorded a good deed to their credit. Surely, Allah does not waste the reward of the righteous.

وَلاَ يُنفِقُونَ نَفَقَةً صَغِيرَةً وَلاَ كَبِيرَةً وَلاَ يَقْطَعُونَ وَادِياً إِلاَّ كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّهُ أَحْسَنَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (121)

ترجمہ: اور نہ یہ کہ وہ (مجاہدین) تھوڑا خرچ کرتے ہیں اور نہ بڑا اور نہ (ہی) کسی میدان کو (راہِ خدا میں) طے کرتے ہیں مگر ان کے لیے (یہ سب صرف و سفر) لکھ دیا جاتا ہے تاکہ اللہ انہیں (ہر اس عمل کی) بہتر جزا دے جو وہ کیا کرتے تھے o

They (who fight in the cause of Allah) do not spend any amount, small or great, nor do they journey through a valley, but that (all this expense and journey) is written down for them so that Allah confers on them the best reward (for every such act) they used to do.

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُواْ كَآفَّةً فَلَوْلاَ نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُواْ فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُواْ قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُواْ إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ(122)

ترجمہ: اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ سارے کے سارے مسلمان (ایک ساتھ) نکل کھڑے ہوں، تو ان میں سے ہر ایک گروہ (یا قبیلہ) کی ایک جماعت کیوں نہ نکلے کہ وہ لوگ دین میں تفقہ (یعنی خوب فہم و بصیرت) حاصل کریں اور وہ اپنی قوم کو ڈرائیں جب وہ ان کی طرف پلٹ کر آئیں تاکہ وہ (گناہوں اور نافرمانی کی زندگی سے) بچیںo

And it is not possible for all the Muslims to set out (together). So, why should a party from within every group (or tribe) not go forth in order that they may acquire deeper knowledge (i.e., thorough understanding and insight) of the Din (Religion), and warn their people when they return to them so that they may guard themselves (against a life of sins and disobedience)?

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ قَاتِلُواْ الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُواْ فِيكُمْ غِلْظَةً وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ(123)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم کافروں میں سے ایسے لوگوں سے جنگ کرو جو تمہارے قریب ہیں (یعنی جو جنگ میں تمہارے مدِ مقابل ہیں اور تمہارے خلاف براہِ راست جارحیت میں ملوث ہیں۔ اس کے برعکس جو لوگ تم سے دور اپنے گھروں میں ہیں یا اپنے کام کاج میں مصروف ہیں انہیں چھوڑ دو، انہیں قتل کرنے کی اِجازت نہیں ہے)، اور (جہاد ایسا اور اس وقت ہو کہ) وہ تمہارے اندر (طاقت و شجاعت اور دفاعی صلاحیت کی) سختی پائیں، اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہےo

O believers! Fight against those of the disbelievers who are around you (i.e., who are your adversaries and are directly involved in waging war against you. Contrarily, spare and do not kill those who are far from you, engaged in domestic chores). And (fight in a way and at a time that) they find in you toughness (of might, valour and defensive capability). And bear in mind that Allah is with those who guard themselves against evil.

سورۃ النحل:

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ هَاجَرُواْ مِن بَعْدِ مَا فُتِنُواْ ثُمَّ جَاهَدُواْ وَصَبَرُواْ إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ(110)

ترجمہ: پھر آپ کا رب ان لوگوں کے لیے جنہوں نے (ظلم و جبر کرنے والے کافروں کے ہاتھوں) آزمائشوں (اور تکلیفوں) میں مبتلا کیے جانے کے بعد ہجرت کی (یعنی اللہ کے لیے اپنے وطن چھوڑ دیے) پھر (دفاعی) جنگیں کیں اور (جنگ و جدال، فتنہ و فساد اور ظلم و جبر کے خلاف) سینہ سپر رہے تو (اے حبیبِ مکرّم!) آپ کا رب اس کے بعد بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

Then your Lord-for those who emigrated (i.e., left their homes and towns for the cause of Allah) after they had been made to suffer from trials (and atrocities at the hands of militant and tyrant disbelievers), then fought in the way of Allah

and remained steadfast (in the face of violence, mischief, tyranny, oppression and terrorism); after that (O Glorious Beloved)-your Lord is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الحج:

أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا وَإِنَّ اللَّهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ **(39)**

ترجمہ: ان لوگوں کو (اب اپنے دفاع کے لیے جنگ کی) اجازت دے دی گئی ہے جن پر (ناحق) جنگ مسلط کر دی گئی ہے، (اور یہ اجازت) اِس وجہ سے (دی گئی ہے) کہ ان پر ظلم کیا گیا، اور بے شک اللہ ان (مظلوموں) کی مدد پر بڑا قادر ہےo

Permission (to fight in defence) is granted to those against whom (aggressive) war is waged. (This permission is granted to them) because they were oppressed and Allah is doubtlessly All-Powerful to help them (the oppressed).

الَّذِيْنَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ إِلَّا أَن يَقُولُوا رَبُّنَا اللَّهُ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيْراً وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ **(40)**

ترجمہ: (یہ) وہ لوگ ہیں جو اپنے گھروں (وطن) سے ناحق نکالے گئے صرف اس بنا پر کہ وہ کہتے تھے کہ ہمارا رب اللہ ہے، اور اگر اللہ انسانی طبقات میں سے بعض کو بعض کے ذریعے (قیامِ اَمن کی جدّ و جہد کی صورت میں) ہٹاتا نہ رہتا تو خانقاہیں اور گرجے اور کلیسے اور مسجدیں (یعنی تمام ادیان کے مذہبی مراکز اور عبادت گاہیں) مسمار اور ویران کر دی جاتیں جن میں کثرت سے اللہ کے نام کا ذکر کیا جاتا ہے، اور جو شخص اللہ (کے دین) کی مدد کرتا ہے یقیناً اللہ اس کی مدد فرماتا ہے۔ بے شک اللہ ضرور (بڑی) قوت والا (سب پر) غالب ہےo

They are those who were unjustly expelled from their homes simply because they said: 'Our Lord is Allah.' And had Allah not been repelling one (aggressive) class of human society by the other (through defensive struggle), the cloisters (temples), synagogues, churches and mosques (i.e., religious centres and places of worship of all religions) would have been ruined where Allah's Name is abundantly commemorated. And whoever helps (the Din [Religion] of) Allah, Allah surely helps him. Allah is indeed All-Powerful, Ever-Dominant.

س (وَجَاهِدُوا فِيْ اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ هُوَ اجْتَبَاكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ مِّلَّةَ أَبِيْكُمْ إِبْرَاهِيْمَ هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ مِن قَبْلُ وَفِيْ هَذَا لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيْداً عَلَيْكُمْ وَتَكُونُوا شُهَدَاء عَلَى النَّاسِ فَأَقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَاعْتَصِمُوا بِاللَّهِ هُوَ مَوْلَاكُمْ فَنِعْمَ الْمَوْلَى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ **(78)**

ترجمہ: اور (خاتمۂ ظلم، قیامِ اَمن اور تکریمِ اِنسانیت کے لیے) اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ اس کے جہاد کا حق ہے۔ اس نے تمہیں منتخب فرما لیا ہے اور اس نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی۔ (یہی) تمہارے باپ ابراہیم (علیہ السلام) کا دین ہے۔ اس (اللہ) نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے، اس سے پہلے (کی کتابوں میں) بھی اور اس (قرآن) میں بھی تاکہ یہ رسولِ (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تم پر گواہ ہو جائیں اور تم بنی نوع انسان پر گواہ ہو جاؤ، پس (اس مرتبہ پر فائز رہنے کے لیے) تم نماز قائم کیا کرو اور زکوٰۃ ادا کیا کرو اور اللہ (کے دامن) کو مضبوطی سے تھامے رکھو، وہی تمہارا مددگار (و کارساز) ہے، پس وہ کتنا اچھا کارساز

(ہے) اور کتنا اچھا مددگار ہےo

And strive hard in the way of Allah (for the elimination of oppression, and the establishment of peace and human dignity,) such a striving as is due to Him. He has chosen you, and has not laid upon you any hardship or constriction (in the matter of) Din (Religion). This is the Din (Religion) of your father Ibrahim (Abraham). He (Allah) has named you Muslims in the previous (Books) as well as in this (Holy Qur'an) so that this (final) Messenger may be a witness over you and you be witnesses over mankind. So, (to sustain this status) establish the Prayer, pay Zakat (the Alms-due, i.e., mandatory charity) and hold fast to (the embrace of) Allah. He (alone) is your Helper (i.e., Patron). So what an excellent Patron and what an excellent Helper is He!

سورۃ العنکبوت:

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ **(69)**

ترجمہ: اور جولوگ ہمارے حق میں جہاد (یعنی مجاہدہ) کرتے ہیں تو ہم یقیناً انہیں اپنی (طرف سَیر اور وصول کی) راہیں دکھا دیتے ہیں، اور بے شک اللہ صاحبانِ احسان کو اپنی معیّت سے نوازتا ہےo

And those who strive hard (and struggle against the lower self vehemently) for Our cause, We certainly guide them to Our ways, and verily Allah blesses the men of spiritual excellence with His companionship.

سورۃ محمد:

فَإِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّى إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاء حَتَّى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ذَلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوا فِيْ سَبِيْلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ **(4)**

ترجمہ: پھر جب (میدان جنگ میں) تمہارا مقابلہ (متحارب) کافروں سے ہو تو (دورانِ جنگ) ان کی گردنیں اڑا دو (کیونکہ انہوں نے انسانیت کا قتلِ عام کیا اور فساد انگیزی کے ذریعے امن برباد کیا)، یہاں تک کہ جب تم انہیں (جنگی معرکہ میں) خوب قتل کر چکو تو (بقیہ قیدیوں کو) مضبوطی سے باندھ لو، پھر اس کے بعد یا تو (انہیں) احسان کرتے ہوئے (بلا معاوضہ چھوڑ دو) یا فدیہ (یعنی معاوضۂ رہائی) لے کر (آزاد کر دو) یہاں تک کہ جنگ (کرنے والی مخالف فوج) اپنے ہتھیار رکھ دے (یعنی صلح و امن کا اعلان کر دے)۔ یہی (حکم) ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے (بغیر جنگ) انتقام لے لیتا مگر (اس نے ایسا نہیں کیا) تاکہ تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کر دیے گئے تو وہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہ کرے گاo

So when you are to fight (for the elimination of militancy and terrorism) against the (warring) disbelievers (in the battlefield), strike their necks (whilst fighting because they slaughtered harmless human lives and destroyed peace by their terrorist activities) till, when you have killed a good many of them (in the

battle), then tie (the remaining prisoners) tightly. Thereafter, either set (them) free (without ransom) as a favour or (free them) for ransom (i.e., cost of freedom) till the warring (hostile army) lays down its weapons (i.e., announces the truce). That is (the command). And if Allah had willed, He would have avenged Himself on them (without war). But (He did not do so) in order to try some of you by means of others. And as for those who are slain in the way of Allah, He will not at all make their actions fruitless.

سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ (5)

ترجمہ: وہ عنقریب انہیں (جنت کی) سیدھی راہ پر ڈال دے گا اور ان کے احوالِ (اُخروی) کو خوب بہتر کر دے گاo

He will soon put them on the straight path (of Paradise), and will greatly enhance their states of being (in the Hereafter).

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ (6)

ترجمہ: اور (بالآخر) انہیں جنت میں داخل فرما دے گا جس کی اس نے (پہلے ہی سے) انہیں خوب پہچان کرا دی ہےo

And He will (ultimately) admit them to Paradise which He has (already) made well known to them.

وَيَقُولُ الَّذِيْنَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ فَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ رَأَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ فَأَوْلَى لَهُمْ (20)

ترجمہ: اور ایمان والے کہتے ہیں کہ (اپنے دفاع میں جنگ کی اِجازت سے متعلق) کوئی سورت کیوں نہیں اتاری جاتی؟ پھر جب کوئی واضح سورت نازل کی جاتی ہے اور اس میں (دفاعی) جنگ کا (صریحاً) ذکر کیا جاتا ہے تو آپ ایسے لوگوں کو جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے (اور وہ آپ کی اور مسلمانوں کی سلامتی نہیں چاہتے) ملاحظہ فرماتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف (اس طرح) دیکھتے ہیں جیسے وہ شخص دیکھتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہو رہی ہو۔ سو ان کے لیے خرابی ہےo

And the believers say why a Sura (Chapter) is not revealed (about the permission to fight in defence). But when a clear Sura is revealed and (defensive) fighting for the cause of Allah is (plainly) mentioned in it, you see those who have the disease (of hypocrisy) in their hearts (and who do not want your and the believers' safety) looking at you like someone who is fainting to death. So, for them is disaster.

طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَّعْرُوفٌ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ 21)

ترجمہ: فرمانبرداری اور اچھی گفتگو (ان کے حق میں بہتر) ہے، پھر جب حکمِ جہاد قطعی (اور پختہ) ہو گیا تو اگر وہ اللہ سے (اپنی اطاعت اور وفاداری میں) سچے رہتے تو ان کے لیے بہتر ہوتاo

(Best for them would be) obedience and good words. So when the command of fighting (for self-protection and self-defence) was definite (and firm), then if they had been true to Allah (in obedience and dedication), that would have

been better for them.

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِيْنَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِيْنَ وَنَبْلُوَ أَخْبَارَكُمْ (31)

ترجمہ: اور ہم ضرور تمہاری آزمائش کریں گے یہاں تک کہ تم میں سے (ثابت قدمی کے ساتھ) جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو (بھی) ظاہر کر دیں اور تمہاری (منافقانہ بزدلی کی مخفی) خبریں (بھی) ظاہر کر دیںo

And We shall certainly try you till We bring to light those of you who strive hard and fight (firm-footed) and who observe patience and expose your (secret) news (of hypocritical cowardice) as well.

سورۃ الفتح:

لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِن ذَنبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطاً مُّسْتَقِيْماً (2)

ترجمہ: تاکہ آپ کی خاطر اللہ آپ کی امت (کے اُن تمام اَفراد) کی اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما دے☆ (جنہوں نے آپ کے حکم پر جہاد کیے اور قربانیاں دیں) اور (یوں اسلام کی فتح اور امت کی بخشش کی صورت میں) آپ پر اپنی نعمت (ظاہراً و باطناً) پوری فرما دے اور آپ (کے واسطے سے آپ کی امت) کو سیدھے راستہ پر ثابت قدم رکھےo

☆ یہاں حذفِ مضاف واقع ہوا ہے۔ مراد ''ما تقدم من ذنبہٗ متک و ما تاخر'' ہے، کیونکہ آگے اُمت ہی کے لیے نزولِ سکینہ، دخولِ جنت اور بخششِ سیئات کی بشارت کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ مضمون آیت نمبر 1 سے 5 تک ملا کر پڑھیں تو معنی خود بخود واضح ہو جائے گا؛ اور مزید تفصیل تفسیر میں ملاحظہ فرمائیں۔ جیسا کہ سورۃ المؤمن کی آیت نمبر 55 کے تحت مفسرین کرام نے بیان کیا ہے کہ ''لِذَنبِکَ'' میں ''امت'' مضاف ہے جو کہ محذوف ہے۔ لہٰذا اس بناء پر یہاں وَاستَغفِر لِذَنبِکَ سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ امام نسفی، امام قرطبی اور علامہ شوکانی نے یہی معنی بیان کیا ہے۔ حوالہ جات ملاحظہ کریں:-1: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) أی لذنب أمتک یعنی اپنی امت کے گناہوں کی بخشش طلب کیجئے۔ (نسفی، مدارک التنزیل وحقائق التاویل، 4:359)۔ 2: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: لذنب أمتک حذف المضاف وأقیم المضاف الیہ مقامہ۔'' واستغفر لذنبک کے بارے میں کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں۔ یہاں مضاف کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کا قائم مقام کر دیا گیا۔'' (قرطبی، الجامع لاحکام القرآن، 15:324)۔

3: وَ قیل لذنبک لذنب أمتک فی حقک'' یہ بھی کہا گیا ہے کہ لذنبک یعنی آپ اپنے حق میں امت سے سرزد ہونے والی خطاؤں کی بخشش طلب کیجئے۔'' (ابن حیان اندلسی، البحر المحیط، 7:471)۔

4: (وَاستَغفِر لِذَنبِکَ) قیل: المراد ذنب أمتک فھو علی حذف المضاف'' کہا گیا ہے کہ اس سے مراد امت کے گناہ ہیں اور یہ معنی مضاف کے محذوف ہونے کی بناء پر ہے۔'' (علامہ شوکانی، فتح القدیر، 4:497)۔

So that Allah forgives, for your sake, all the earlier and later sins (of all those people) of your Umma ([Community]* who struggled, fought and sacrificed by your command), and (this way) may complete His blessing on you (outwardly and inwardly) in the form of Islam's victory and forgiveness for your Umma (Community), and may keep (your Umma) firm-footed on the straight path (through your mediation),

*** The co-related noun is estimated and has been omitted here. The intention is**

ma taqaddama min dhanbi ummati-ka wa ma ta'akhkhar. It is because the following subject relates to glad tidings of sending down tranquillity, admission to Paradise and forgiveness of sins. If Verses 1 to 5 are studied together, the meaning will become self-evident. The leading exegetes have elucidated it under Verse 55 of Sura al-Mu'min. In li-dhanbi-ka the co-related noun is Umma which is omitted. On this basis, therefore, wa-staghfir li-dhanbi-ka denotes the sins committed by Umma. The leading scholars Imam al-Nasafi, Imam al-Qurtubi and al-Shawkani have **drawn the same meaning. To summarise:**

1. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means li-dhanbi Ummati-ka, that is, the sins of your Umma. (al-Nasafi in Madarik al-Tanzil wa Haqa'iq al-Ta'wil, 4:359.)

2. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means li-dhanbi Ummati-ka, hudhifa al-mudaf wa uqima al-mudaf il-ayh maqama-hu. It is stated that wa-staghfir li-dhanbi-ka implies the sins of Umma. The co-related noun has been omitted in the given phrase and is represented by the noun it is co-related to. (al-Qurtubi in al-Jami' li-Ahkam al-Qur'an, 15:324.)

3. Wa qila li-dhanbi Ummati-ka fi haqqi-ka. This is also expositioned that li-dhanbi-ka means for the misdeeds committed by Umma pertaining to what is your due. (Ibn Hayyan al-Andalusi in al-Bahr al-Muhit, 7:471.)

4. Wa-staghfir li-dhanbi-ka means dhanbi Ummati-ka, fa-huwa 'ala hadhfi al-mudaf. It implies the sins of Umma and this interpretation is based on omission of the co-related noun. (al-Shawkani in Fath al-Qadir, 4:497.)

وَيَنصُرَكَ اللَّهُ نَصْراً عَزِيزاً (3)

ترجمہ: اور اللہ آپ کو نہایت باعزت مدد و نصرت سے نوازے o

And so that Allah grants you most honourable help and support.

سَيَقُولُ الْمُخَلَّفُونَ إِذَا انطَلَقْتُمْ إِلَى مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ يُرِيْدُونَ أَن يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ قُل لَّن تَتَّبِعُونَا كَذَلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِن قَبْلُ فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا بَلْ كَانُوا لَا يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيْلاً (15)

ترجمہ: جب تم (خیبر کے) اَموالِ غنیمت کو حاصل کرنے کی طرف چلو گے تو (سفرِ حدیبیہ میں) پیچھے رہ جانے والے لوگ کہیں گے: ہمیں بھی اجازت دو کہ ہم تمہارے پیچھے ہو کر چلیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے فرمان کو بدل دیں۔ فرما دیجیے: تم ہرگز ہمارے پیچھے نہیں آ سکتے اسی طرح اللہ نے پہلے سے فرما دیا تھا۔ سو اب وہ کہیں گے: بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو، بات یہ ہے کہ یہ لوگ (حق بات کو) بہت ہی کم سمجھتے ہیں o

When you will set out to collect the spoils (of Khaybar), those who remained behind (in the march towards al-Hudaybiya) will say: 'Allow us also to follow you.' They seek to alter Allah's Words. Say: 'You shall by no means follow us. Allah said the same beforehand.' So now they will say: 'In fact, you are jealous

of us.' The truth is that they understand (the truth) but little.

لَيْسَ عَلَى الْأَعْمَى حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْأَعْرَجِ حَرَجٌ وَلَا عَلَى الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَمَن يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِىْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ وَمَن يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَاباً أَلِيماً (17)

ترجمہ: (جہاد سے رہ جانے میں) نہ اندھے پر کوئی گناہ ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی گناہ ہے اور نہ (ہی) بیمار پر کوئی گناہ ہے، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی اطاعت کرے گا وہ اسے بہشتوں میں داخل فرما دے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہوں گی، اور جو شخص (اطاعت سے) منہ پھیرے گا وہ اسے دردناک عذاب میں مبتلا کر دے گا○

There is no blame on the blind or the lame or the sick (for their disability to fight). And He who obeys Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), He will admit him to the Gardens with streams flowing under them. But whoever turns away (from obedience), He will punish him with a grievous torment.

سورۃ الحجرات:

وَإِن طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِن بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى فَقَاتِلُوا الَّتِىْ تَبْغِىْ حَتَّى تَفِيْءَ إِلَى أَمْرِ اللّٰهِ فَإِن فَاءتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ (9)

ترجمہ: اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑائی کریں تو اُن کے درمیان صلح کرا دیا کرو، پھر اگر ان میں سے ایک (گروہ) دوسرے پر زیادتی اور سرکشی کرے تو اس (گروہ) سے لڑو جو زیادتی کا مرتکب ہو رہا ہے یہاں تک کہ وہ (قیامِ امن کے) حکمِ الٰہی کی طرف لوٹ آئے، پھر اگر وہ رجوع کر لے تو دونوں کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو اور انصاف سے کام لو، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو بہت پسند فرماتا ہے○

And if two parties of the Muslims fight, make them reconcile. Then if either of these (parties) commits injustice and aggression against the other, fight against (the party) that is committing aggression till it returns to Allah's command (of establishing peace). When they revert and submit, make peace between them with equity. And put justice to work. Surely, Allah loves those who do justice.

إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ الَّذِيْنَ آمَنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ (15)

ترجمہ: ایمان والے تو صرف وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائے، پھر شک میں نہ پڑے اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں سے جہاد کرتے رہے، یہی وہ لوگ ہیں جو (دعوائے ایمان میں) سچّے ہیں○

The true believers are only those who have believed in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and then never have any doubt, and who struggle in the way of Allah with their material as well as human resources. It is they who are true (in their claim to believe).

سورۃ الحدید:

وَمَا لَكُمْ أَلَّا تُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ أُولَئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن بَعْدُ وَقَاتَلُوا وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَى وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (10)

ترجمہ: اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے حالاں کہ آسمانوں اور زمین کی ساری ملکیت اللہ ہی کی ہے (تم فقط اس مالک کے نائب ہو)، تم میں سے جن لوگوں نے فتحِ (مکّہ) سے پہلے (اللہ کی راہ میں اپنا مال) خرچ کیا اور (حق کے لیے) قتال کیا وہ (اور تم) برابر نہیں ہو سکتے، وہ اُن لوگوں سے درجہ میں بہت بلند ہیں جنہوں نے بعد میں مال خرچ کیا ہے، اور قتال کیا ہے، مگر اللہ نے حسنِ آخرت (یعنی جنت) کا وعدہ سب سے فرما دیا ہے، اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اُن سے خوب آگاہ ہےo

And what is the matter with you that you do not spend in the way of Allah, whereas the ownership of the heavens and the earth belongs to Allah alone (you are merely His vicegerents)? Those of you who spent (their wealth in the way of Allah before Meccan Victory) and fought (for the sake of truth), they (and you) cannot be equal. They are far higher in rank than those who spent their wealth afterwards and fought. But Allah has promised the most pleasing end (i.e., Paradise) to all in the Hereafter. And Allah is Well Aware of what you do.

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاء تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا بِمَا جَاءكُم مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُونَ الرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَن تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَاداً فِي سَبِيلِي وَابْتِغَاء مَرْضَاتِي تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِالْمَوَدَّةِ وَأَنَا أَعْلَمُ بِمَا أَخْفَيْتُمْ وَمَا أَعْلَنتُمْ وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيلِ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ تم (اپنے) دوستی کے باعث اُن تک خبریں پہنچاتے ہو حالاں کہ وہ اس حق کے ہی مُنکر ہیں جو تمہارے پاس آیا ہے، وہ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور تم کو اس وجہ سے (تمہارے وطن سے) نکالتے ہیں کہ تم اللہ پر جو تمہارا پروردگار ہے، ایمان لے آئے ہو۔ اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری رضا تلاش کرنے کے لیے نکلے ہو (تو پھر اُن سے دوستی نہ رکھو) تم اُن کی طرف دوستی کے خفیہ پیغام بھیجتے ہو حالاں کہ میں خوب جانتا ہوں جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم آشکار کرتے ہو، اور جو شخص بھی تم میں سے یہ (حرکت) کرے سو وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیا ہےo

O believers! Do not make friends with My enemies and your enemies. You communicate to them information because of (your) friendship, whereas they just deny the very truth that has come to you. They drive out the Messenger (blessings and peace be upon him) and you (from your land) because you believe in Allah, your Sustainer. If you have set out to fight in My way and seek My pleasure (then do not have friendship with them). You send them secret messages of friendship whilst I know best what you hide and what you make known. And whoever of you does this (misdeed) has deviated from the straight

path.

لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ **(8)**

ترجمہ: اللہ تمہیں اس بات سے منع نہیں فرماتا کہ جن لوگوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ نہیں کی اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے (یعنی وطن سے) نکالا ہے کہ تم ان سے بھلائی کا سلوک کرو اور اُن سے عدل و انصاف کا برتاؤ کرو، بے شک اللہ عدل و انصاف کرنے والوں کو پسند فرماتا ہےo

Allah does not forbid you to be good to them and treat them with equity and justice who did not fight against you on (the question of) Din (Religion), nor did they drive you out of your homes (i.e., homeland). Surely, Allah likes those who conduct themselves with equity and justice.

إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَى إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ **(9)**

ترجمہ: اللہ تو محض تمہیں ایسے لوگوں سے دوستی کرنے سے منع فرماتا ہے جنہوں نے تم سے دین (کے بارے) میں جنگ کی اور تمہیں تمہارے گھروں (یعنی وطن) سے نکالا اور تمہارے باہر نکالے جانے پر (تمہارے دشمنوں کی) مدد کی۔ اور جو شخص اُن سے دوستی کرے گا تو وہی لوگ ظالم ہیںo

Allah only forbids you to befriend those who fought against you on (account of) the Din (Religion) and drove you out of your homes (i.e., homeland) and aided (your enemies) in expelling you. And whoever makes friends with them, it is they who are the wrongdoers.

سورۃ الصّف:

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفّاً كَأَنَّهُم بُنيَانٌ مَّرْصُوصٌ **(4)**

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں کو پسند فرماتا ہے جو (ظلم کے خاتمے اور حق کی مدد کے لیے) اُس کی راہ میں (یوں) صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوںo

Assuredly, Allah loves those who fight in the way of Allah (to eliminate tyranny and support the truth, so) organized in ranks as if they were a wall cemented with molten lead.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلَى تِجَارَةٍ تُنجِيكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ **(10)**

ترجمہ: اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایک ایسی تجارت بتادوں جو تم کو دردناک عذاب سے بچالے؟o

O believers! Shall I advise you a trade which will save you from a painful torment?

تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَتُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ **(11)**

ترجمہ: (وہ یہ ہے کہ) تم اللہ پر اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (کامل) ایمان رکھو اور اللہ کی راہ میں اپنے مال و جان سے جہاد کرو، یہی تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہوo

(It is that) you have (perfect) belief in Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and strive hard for the cause of Allah with your human and material resources. That is better for you if you know.

سورۃ التحریم:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنَافِقِينَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ **(9)**

ترجمہ: اے نبیِ (مکرّم!) آپ (ان) کافروں اور منافقوں سے جہاد کیجیے (جنہوں نے آپ کے خلاف جارحیت، فتنہ وفساد اور سازشوں کا آغاز کر رکھا ہے) اور اُن پر سختی فرمائیے، اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہےo

O (Esteemed) Prophet! Strive hard against the disbelievers and the hypocrites (who have initiated militancy, aggression, mischief and intrigues against you) and treat them strictly. And their abode is Hell. And what an evil abode that is!

29۔ یتیم اور محتاج کا بیان

سورۃ البقرہ:

فِیْ الدُّنْیَا وَالآخِرَةِ وَیَسْأَلُونَكَ عَنِ الْیَتَامَى قُلْ إِصْلاَحٌ لَّهُمْ خَیْرٌ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ وَاللّهُ یَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ وَلَوْ شَاء اللّهُ لأَعْنَتَكُمْ إِنَّ اللّهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ (220)

ترجمہ: (تمہارا غور وفکر) دنیا اور آخرت (دونوں کے معاملات) میں (رہے)، اور آپ سے یتیموں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، فرما دیں: ان (کے معاملات) کا سنوارنا بہتر ہے، اور اگر انہیں (نفقہ و کاروبار میں) اپنے ساتھ ملا لو تو وہ بھی تمہارے بھائی ہیں، اور اللہ خرابی کرنے والے کو بھلائی کرنے والے سے جدا پہچانتا ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں مشقت میں ڈال دیتا، بیشک اللہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہےo

(Your meditation should be) on (matters relating to) this world and the Hereafter. And they ask you about orphans. Say: 'It is meritorious to set (their affairs) right. And if you associate them with yourselves (in subsistence and business), then they are also your brothers. And Allah distinctly recognizes the one who is destructive from the other who is constructive. And if Allah willed, He would put you in distress. Verily, Allah is All-Mighty, All-Wise.'

سورۃ النساء:

وَآتُواْ الْیَتَامَى أَمْوَالَهُمْ وَلاَ تَتَبَدَّلُواْ الْخَبِیْثَ بِالطَّیِّبِ وَلاَ تَأْكُلُواْ أَمْوَالَهُمْ إِلَى أَمْوَالِكُمْ إِنَّهُ كَانَ حُوباً كَبِیْراً (2)

ترجمہ: اور یتیموں کو ان کے مال دے دو اور بُری چیز کو عمدہ چیز سے نہ بدلا کرو اور نہ ان کے مال اپنے مالوں میں ملا کر کھایا کرو، یقیناً یہ بہت بڑا گناہ ہےo

And deliver to the orphans their belongings; and do not exchange the bad for the good; nor consume their wealth by mixing it with your own. Indeed, this is a great sin.

وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُواْ فِیْ الْیَتَامَى فَانكِحُواْ مَا طَابَ لَكُم مِّنَ النِّسَاء مَثْنَى وَثُلاَثَ وَرُبَاعَ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُواْ فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَیْمَانُكُمْ ذَلِكَ أَدْنَى أَلَّا تَعُولُواْ (3)

ترجمہ: اور اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم یتیم لڑکیوں کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے تو ان عورتوں سے نکاح کرو جو تمہارے لئے پسندیدہ اور حلال ہوں۔ دو دو اور تین تین اور چار چار (مگر یہ اجازت بشرطِ عدل ہے) پھر اگر تمہیں اندیشہ ہو کہ تم (زائد بیویوں میں) عدل نہیں کر سکو گے تو صرف ایک ہی عورت سے (نکاح کرو) یا وہ کنیزیں جو (شرعاً) تمہاری ملکیت میں آئی ہوں، یہ بات اس سے قریب تر ہے کہ تم سے ظلم نہ ہوo

And if you have the apprehension that you will not be able to treat the orphan girls justly, then marry the women you like and who are lawful for you, two or three or four (but this sanction is conditional on justice). But if you fear that you will not be able to treat (more than one wife) justly, then (marry) only one

woman or the maids who have come under your possession (according to the Islamic law). This makes it more likely that you restrain yourselves from committing injustice.

وَلَا تُؤْتُواْ السُّفَهَاء أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللّهُ لَكُمْ قِيَاماً وَارْزُقُوهُمْ فِيهَا وَاكْسُوهُمْ وَقُولُواْ لَهُمْ قَوْلاً مَّعْرُوفاً (5)

ترجمہ: اورتم بے سمجھوں کواپنے (یاان کے) مال سپرد نہ کرو جنہیں اللہ نے تمہاری میشت کی استواری کا سبب بنایا ہے۔ ہاں انہیں اس میں سے کھلاتے رہواور پہناتے رہواوان سے بھلائی کی بات کیا کروo

And do not entrust to the mentally deficient your (or their) assets which Allah has made a means of stability for your economy. However, feed them out of it and clothe them, and say to them good and nice words.

وَابْتَلُواْ الْيَتَامَى حَتَّىَ إِذَا بَلَغُواْ النِّكَاحَ فَإِنْ آنَسْتُم مِّنْهُمْ رُشْداً فَادْفَعُواْ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ وَلاَ تَأْكُلُوهَا إِسْرَافاً وَبِدَاراً أَن يَكْبَرُواْ وَمَن كَانَ غَنِيّاً فَلْيَسْتَعْفِفْ وَمَن كَانَ فَقِيراً فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ فَإِذَا دَفَعْتُمْ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُواْ عَلَيْهِمْ وَكَفَى بِاللّهِ حَسِيباً(6)

ترجمہ: اورتیموں کی (تربیتہً) جانچ اورآزمائش کرتے رہو یہاں تک کہ نکاح (کی عمر) کوپہنچ جائیں پھراگرتم ان میں ہوشیاری (اورحسن تدبیر) دیکھ لوتوان کے مال ان کے حوالے کردو، اوران کے مال فضول خرچی اورجلد بازی میں (اس اندیشے سے) نہ کھا ڈالو کہ وہ بڑے ہو (کرواپس لے) جائیں گے، اورجوکوئی خوشحال ہووہ (مالِ یتیم سے) بالکل بچارہے اورجو (خود) نادار ہواسے (صرف) مناسب حدتک کھانا چاہیے، اورجب ان کے مال ان کے سپرد کرنے لگوتوان پرگواہ بنالیا کرو، اورحساب لینے والا اللہ ہی کافی ہےo

And evaluate and test the orphans (for the sake of their training) till they attain to (the age of) marriage. Then if you discern in them ingenuity (and the knack of planning), hand over their assets to them. And devour not their wealth spending it wastefully and in haste (fearing that after) they grow mature (they will take it back). The one who is affluent must absolutely abstain (from the orphan's property), but he who is indigent (himself) should consume but a fair portion of it (only). And when you return to them their assets, take witnesses over them. And Sufficient is Allah at reckoning.

وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُوْلُواْ الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُواْ لَهُمْ قَوْلاً مَّعْرُوفاً (8)

ترجمہ: اوراگرتقسیم (وراثت) کے موقع پر (غیروارث) رشتہ داراوریتیم اورمحتاج موجودہوں تواس میں سے کچھ انہیں بھی دے دو اوران سے نیک بات کہوo

If the relatives (other than heirs) and the orphans and the indigent are present on the occasion of the division (of inheritance), give them also something out of it and say to them good and nice words.

وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُواْ مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافاً خَافُواْ عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللّهَ وَلْيَقُولُواْ قَوْلاً سَدِيْداً (9)

ترجمہ: اور (یتیموں سے معاملہ کرنے والے) لوگوں کو ڈرنا چاہیے کہ اگر وہ اپنے پیچھے ناتواں بچے چھوڑ جاتے تو (مرتے وقت) ان بچوں کے حال پر (کتنے) خوفزدہ (اور فکرمند) ہوتے، سو انہیں (یتیموں کے بارے میں) اللہ سے ڈرتے رہنا چاہیے اور (ان سے) سیدھی بات کہنی چاہیے o

And the people (who execute matters of orphans) should fear that (whilst dying), if they were to leave tender offspring behind, (how) frightened (and worried) they would be over the plight of their children! They should, therefore, keep fearing Allah (in the matter of orphans) and should speak in a straightforward manner.

إِنَّ الَّذِيْنَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَى ظُلْماً إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِيْ بُطُونِهِمْ نَاراً وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْراً (10)

ترجمہ: بیشک جو لوگ یتیموں کے مال ناحق طریقے سے کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں نری آگ بھرتے ہیں، اور وہ جلد ہی دہکتی ہوئی آگ میں جا گریں گے o

Indeed, those who eat up the property of orphans unjustly fill their bellies but with fire, and soon will they fall into a Blazing Fire.

وَاعْبُدُواْ اللّهَ وَلاَ تُشْرِكُواْ بِهِ شَيْئاً وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً وَبِذِيْ الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِيْنِ وَالْجَارِ ذِيْ الْقُرْبَى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالجَنبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ إِنَّ اللّهَ لاَ يُحِبُّ مَن كَانَ مُخْتَالاً فَخُوراً(36)

ترجمہ: اور تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور محتاجوں (سے) اور نزدیکی ہمسائے اور اجنبی پڑوسی اور ہم مجلس اور مسافر (سے)، اور جن کے تم مالک ہو چکے ہو، (ان سے نیکی کیا کرو)، بیشک اللہ اس شخص کو پسند نہیں کرتا جو تکبر کرنے والا (مغرور) فخر کرنے والا (خوبین) ہو o

And worship Allah and do not set up any partners with Him. And treat the parents with moral excellence and (do good to) relatives, orphans, the needy, the close as well as unacquainted neighbours, and your fellows and the wayfarers and those whom you possess. Surely, Allah does not like the one who is arrogant (i.e., self-conceited) and boastful (i.e., egoist),

وَيَسْتَفْتُونَكَ فِيْ النِّسَاء قُلِ اللّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ وَمَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ فِيْ الْكِتَابِ فِيْ يَتَامَى النِّسَاء اللَّاتِيْ لاَ تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ أَن تَنكِحُوهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ وَأَن تَقُومُواْ لِلْيَتَامَى بِالْقِسْطِ وَمَا تَفْعَلُواْ مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللّهَ كَانَ بِهِ عَلِيْماً(127)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) لوگ آپ سے (یتیم) عورتوں کے بارے میں فتویٰ پوچھتے ہیں۔ آپ فرما دیں کہ اللہ تمہیں ان کے بارے میں حکم دیتا ہے اور جو حکم تم کو (پہلے سے) کتاب مجید میں سنایا جا رہا ہے (وہ بھی) ان یتیم عورتوں ہی کے بارے میں ہے جنہیں تم وہ (حقوق) نہیں دیتے جو ان کے لئے مقرر کئے گئے ہیں اور چاہتے ہو کہ (ان کا مال قبضے میں لینے کی خاطر) ان کے ساتھ خود نکاح کر لو اور نیز بے بس بچوں کے بارے میں (بھی حکم) ہے کہ یتیموں کے معاملے میں انصاف پر قائم رہا کرو، اور تم جو بھلائی بھی کرو گے تو بیشک تو اللہ اسے خوب جاننے والا ہے o

And, (O Prophet,) people ask about your edict on matters concerning (orphan) women. Say: 'Allah ordains you in their case, and the commandment (already) being communicated to you in the holy Book (also) pertains to those orphan women whom you deny (the rights) which have been prescribed for them. And (in order to take their assets into possession) you want to marry them. In addition to that, there is (also a decree) on affairs concerning helpless minor children, that stick to justice in matters of orphans. And whatever good you do, Allah is indeed Well Aware of that.

سورۃ الانعام:

وَلَا تَقْرَبُواْ مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّى يَبْلُغَ أَشُدَّهُ وَأَوْفُواْ الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ لَا نُكَلِّفُ نَفْساً إِلَّا وُسْعَهَا وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُواْ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَى وَبِعَهْدِ اللّهِ أَوْفُواْ ذَلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ **(152)**

ترجمہ: اور یتیم کے مال کے قریب مت جانا مگر ایسے طریق سے جو بہت ہی پسندیدہ ہو یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے، اور پیمانے اور ترازو (یعنی ناپ اور تول) کو انصاف کے ساتھ پورا کیا کرو۔ ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے اور جب تم (کسی کی نسبت کچھ) کہو تو عدل کرو اگرچہ وہ (تمہارا) قرابت دار ہی ہو اور اللہ کے عہد کو پورا کیا کرو، یہی (باتیں) ہیں جن کا اس نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم نصیحت قبول کرو○

And do not go near the property of the orphan but in the most likable manner until he reaches the age of maturity.' And always give full measure and weight with justice. We do not burden any soul beyond its ability to bear it. And when you say (something pertaining to somebody), do justice even though he is (your) near relative. And always fulfil the promise of Allah. These are (the matters) which He has strictly ordained for you in order that you may accept direction and guidance.

سورۃ الانفال:

وَاعْلَمُواْ أَنَّمَا غَنِمْتُم مِّن شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ إِن كُنتُمْ آمَنتُمْ بِاللّهِ وَمَا أَنزَلْنَا عَلَى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ **(41)**

ترجمہ: اور جان لو کہ جو کچھ مالِ غنیمت تم نے پایا ہو تو اس کا پانچواں حصہ اللہ کے لیے اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں کے لیے (ہے) اور یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہے۔ اگر تم اللہ پر اور اس (وحی) پر ایمان لائے ہو جو ہم نے اپنے (برگزیدہ) بندے پر (حق و باطل کے درمیان) فیصلے کے دن نازل فرمائی وہ دن (جب میدانِ بدر میں مومنوں اور کافروں کے) دونوں لشکر باہم مقابل ہوئے تھے، اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے○

And bear in mind that whatever spoils of war you seize, a fifth of it is for Allah and the Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) kindred and orphans and the needy and the wayfarers, if you believe in Allah,

and in that (Revelation) which We sent down on Our (exalted) Servant on the Day of Decision (i.e., discrimination between the truth and falsehood), the day (when) the two armies (of the believers and the disbelievers) encountered (in the battlefield of Badr). And Allah has absolute power over everything.

سورۃ التوبۃ:

إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ(60)

ترجمہ: بے شک صدقات (زکوٰۃ) محض غریبوں اور محتاجوں اور ان کی وصولی پر مقرر کیے گئے کارکنوں اور ایسے لوگوں کے لیے ہیں جن کے دلوں میں اسلام کی الفت پیدا کرنا مقصود ہو اور (مزید یہ کہ) انسانی گردنوں کو (غلامی کی زندگی سے) آزاد کرانے میں اور قرض داروں کے بوجھ اتارنے میں اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں پر (زکوٰۃ کا خرچ کیا جانا حق ہے)۔ یہ (سب) اللہ کی طرف سے فرض کیا گیا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

Indeed, alms (Zakat) are meant for the poor and the indigent, and those who are deployed to collect charities and those in whose hearts the inculcation of love for Islam is aimed at. And, (moreover, spending Zakat for the) freeing of human lives (from the yoke of slavery) and removing the burden of those who are to pay debt and (those who toil hard) in the cause of Allah and the wayfarers (is true). This (all) has been prescribed by Allah, and Allah is All-Knowing, Most Wise.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَآتِ ذَا الْقُرْبَى حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيراً (26)

ترجمہ: اور قرابت داروں کو ان کا حق ادا کرو اور محتاجوں اور مسافروں کو بھی (دو) اور (اپنا مال) فضول خرچی سے مت اڑاؤo

And give to the kindred their rightful due, and also (give) to the needy and the wayfarer, and do not exhaust (your wealth) by expending wastefully.

وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِّن رَّبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُل لَّهُمْ قَوْلاً مَّيْسُوراً (28)

ترجمہ: اور اگر تم (اپنی تنگ دستی کے باعث) ان (مستحقین) سے گریز کرنا چاہتے ہو اپنے رب کی جانب سے رحمت (خوش حالی) کے انتظار میں جس کی تم توقع رکھتے ہو تو ان سے نرمی کی بات کہہ دیا کروo

And if, in waiting for your Lord's mercy (i.e., prosperity), which you look forward to, you seek to avoid these (deserving ones due to scarcity of means), then say to them kind words.

وَلَا تَقْرَبُواْ مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّى يَبْلُغَ أَشُدَّهُ وَأَوْفُواْ بِالْعَهْدِ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْؤُولاً (34)

ترجمہ: اور تم یتیم کے مال کے (بھی) قریب تک نہ جانا مگر ایسے طریقہ سے جو (یتیم کے لیے) بہتر ہو یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی

کو پہنچ جائے, اور وعدہ پورا کیا کرو، بے شک وعدہ کی ضرور پوچھ گچھ ہوگیo

And (also) do not go near the orphan's property, but in a way that is beneficial (to the orphan), until he reaches his maturity. And always fulfil the promise. No doubt, the promise will be questioned about.

سورۃ الروم:

فَآتِ ذَا الْقُرْبَى حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ذَلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ وَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ **(38)**

ترجمہ: پس آپ قرابت دار کو اس کا حق ادا کرتے رہیں اور محتاج اور مسافر کو (ان کا حق)، یہ ان لوگوں کے لیے بہتر ہے جو اللہ کی رضامندی کے طالب ہیں، اور وہی لوگ مراد پانے والے ہیںo

So keep giving to the close relative his due and to the needy and the wayfarers (their due). That is best for those who seek the pleasure of Allah and it is they who will achieve the goal.

سورۃ الحشر:

مَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ أَهْلِ الْقُرَى فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ كَيْ لَا يَكُونَ دُولَةً بَيْنَ الْأَغْنِيَاءِ مِنكُمْ وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ **(7)**

ترجمہ: جو (اَموالِ فَے) اللہ نے (قُرَیظہ، نَضِیر، فِدَک، خَیبر، عُرَینہ سمیت دیگر بغیر جنگ کے مفتوحہ) بستیوں والوں سے (نکال کر) اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر لوٹائے ہیں وہ اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے لیے ہیں اور (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے) قرابت داروں (یعنی بنو ہاشم اور بنو عبد المطّلب) کے لیے اور (معاشرے کے عام) یتیموں اور محتاجوں اور مسافروں کے لیے ہیں، (یہ نظامِ تقسیم اس لیے ہے) تاکہ (سارا مال صرف) تمہارے مال داروں کے درمیان ہی نہ گردش کرتا رہے (بلکہ معاشرے کے تمام طبقات میں گردش کرے)۔ اور جو کچھ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہیں عطا فرمائیں سو اُسے لے لیا کرو اور جس سے تمہیں منع فرمائیں سو (اُس سے) رُک جایا کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو (یعنی رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تقسیم و عطا پر کبھی زبانِ طعن نہ کھولو)، بے شک اللہ سخت عذاب دینے والا ہےo

And whatever (materials of fay-spoils) Allah restored to His Messenger ([blessings and peace be upon him] taking out) from the people of (the towns captured without war in addition to those of Qurayza, Nadir, Fadak, Khaybar and 'Urayna) belong to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) and (the Messenger's) near relatives (i.e., Banu Hashim and Banu 'Abd al-Muttalib) and the orphans and the needy and the wayfarer (of society at large. This distribution system is to ensure) that (the whole wealth) may not circulate (only) amongst the rich of you (but should circulate amongst all the classes of society). And whatever the Messenger (blessings and peace be upon him) gives you, take that and whatever he forbids you, abstain (from that) and keep fearing Allah (i.e., never scoff at the Messenger's distribution and award).

Surely, Allah is Severe to punish.

لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا وَيَنصُرُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَٰئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ **(8)**

ترجمہ: (مذکورہ بالا مالِ فَے) نادار مہاجرین کے لیے (بھی) ہے جو اپنے گھروں اور اپنے اموال (اور جائیدادوں) سے باہر نکال دیے گئے ہیں، وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضاء ۔ وخوشنودی چاہتے ہیں اور (اپنے مال و وطن کی قربانی سے) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ ہی سچے مؤمن ہیں o

(The fore-mentioned fay materials) are (also) for the poor Emigrants who are driven out of their houses and possessions (and properties). They seek Allah's bounty and His favour and pleasure. And they help Allah and His Messenger ([blessings and peace be upon him] by sacrificing their possessions and homeland). It is they who are the true believers.

وَالَّذِينَ تَبَوَّؤُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِن قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِّمَّا أُوتُوا وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ **(9)**

ترجمہ: (یہ مال اُن انصار کے لیے بھی ہے) جنہوں نے اُن (مہاجرین) سے پہلے ہی شہرِ (مدینہ) اور ایمان کو گھر بنا لیا تھا۔ یہ لوگ اُن سے محبت کرتے ہیں جو اِن کی طرف ہجرت کر کے آئے ہیں۔ اور یہ اپنے سینوں میں اُس (مال) کی نسبت کوئی طلب (یا تنگی) نہیں پاتے جو اُن (مہاجرین) کو دیا جاتا ہے اور اپنی جانوں پر انہیں ترجیح دیتے ہیں اگرچہ خود اِنہیں شدید حاجت ہی ہو، اور جو شخص اپنے نفس کے بخل سے بچا لیا گیا پس وہی لوگ ہی بامراد و کامیاب ہیں o

(These spoils are for those Ansar [Supporters] as well) who had taken the city (of Medina) and the faith as their home before (the Emigrants came). They love those who have come to them as Emigrants, and do not feel any need (or niggardly feeling) in their hearts pertaining to that (wealth) which is given to the Emigrants, and prefer them to themselves, even though they may themselves be in dire need. And he who is saved from the miserliness of his (ill-commanding) self, it is they who are successful and victorious.

سورۃ المدثر:

عَنِ الْمُجْرِمِينَ **(41)**

ترجمہ: مجرموں کے بارے میں o

About the evildoers.

مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ **(42)**

ترجمہ: (اور کہیں گے:) تمہیں کیا چیز دوزخ میں لے گئی o

(And they will say:) 'What has brought you into Hell?'

وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ (44)

ترجمہ: اور ہم محتاجوں کو کھانا نہیں کھلاتے تھےo

Nor did we feed the poor.

سورۃ الدہر:

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَى حُبِّهِ مِسْكِيناً وَيَتِيماً وَأَسِيراً (8)

ترجمہ: اور (اپنا) کھانا اللہ کی محبت میں (خود اس کی طلب وحاجت ہونے کے باوُجود اِیثاراً) محتاج کو اور یتیم کو اور قیدی کو کھلا دیتے ہیںo

And they give (their own) food, in deep love of Allah, to the needy, the orphan and prisoner (out of sacrifice, despite their own desire and need for it),

إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيْدُ مِنكُمْ جَزَاء وَلَا شُكُوراً (9)

ترجمہ: (اور کہتے ہیں کہ) ہم تو محض اللہ کی رضا کے لیے تمہیں کھلا رہے ہیں، نہ تم سے کسی بدلہ کے خواست گار ہیں اور نہ شکرگزاری کے (خواہش مند) ہیںo

(And say:) 'We are feeding you only to please Allah. We do not seek any recompense from you nor (wish for) any thanks.

إِنَّا نَخَافُ مِن رَّبِّنَا يَوْماً عَبُوساً قَمْطَرِيْراً (10)

ترجمہ: ہمیں تو اپنے ربّ سے اُس دن کا خوف رہتا ہے جو (چہروں کو) نہایت سیاہ (اور) بدنما کر دینے والا ہےo

We fear from our Lord the Day which will make (the faces) look very dark (and) ugly.'

فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَلِكَ الْيَوْمِ وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُوراً (11)

ترجمہ: پس اللہ انہیں (خوفِ الٰہی کے سبب سے) اس دن کی سختی سے بچا لے گا اور انہیں (چہروں پر) رونق و تازگی اور (دلوں میں) سرور و مسرّت بخشے گاo

So Allah will save them from the terror of that Day (for their fear of Allah) and will grant them freshness, bloom and blush (on their faces) and ecstasy and delight (in their hearts),

سورۃ الفجر:

كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيْمَ (17)

ترجمہ: یہ بات نہیں بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ عزت اور مال و دولت کے ملنے پر) تم یتیموں کی قدر و اِکرام نہیں کرتےo

No indeed! But (the truth is that after you gain honour and good fortune), you do not give honour and care to orphans.

وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ (18)

ترجمہ: اور نہ ہی تم مسکینوں (یعنی غریبوں اور محتاجوں) کو کھانا کھلانے کی (معاشرے میں) ایک دوسرے کو ترغیب دیتے ہوo

Nor do you inspire one another (in society) to promote the feeding of the destitute (i.e., the poor and the needy).

وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلاً لَّمّاً (19)

ترجمہ: اور وراثت کا سارا مال سمیٹ کر (خود ہی) کھا جاتے ہو (اس میں سے افلاس زدہ لوگوں کا حق نہیں نکالتے)o

And you lay hand on the inherited wealth and devour it (yourselves and do not pay the poverty-stricken their due).

سورۃ البلد:

أَوْ إِطْعَامٌ فِي يَوْمٍ ذِي مَسْغَبَةٍ (14)

ترجمہ: یا بھوک والے دن (یعنی قحط و افلاس کے دور میں غریبوں اور محروم المعیشت لوگوں کو) کھانا کھلانا ہے (یعنی ان کے معاشی تعطل اور ابتلاء کو ختم کرنے کی جدّ و جہد کرنا ہے)o

Or feeding on a day of scarcity (the poor and the needy during famine and scarcity i.e., striving to put an end to their sufferings and economic crises),

يَتِيماً ذَا مَقْرَبَةٍ (15)

ترجمہ: قرابت دار یتیم کوo

The orphaned relative,

أَوْ مِسْكِيناً ذَا مَتْرَبَةٍ (16)

ترجمہ: یا شدید غربت کے مارے ہوئے محتاج کو جو محض خاک نشین (اور بے گھر) ہےo

Or the poverty-stricken destitute who is completely rundown (and homeless).

سورۃ الضحیٰ:

فَأَمَّا الْيَتِيمَ فَلَا تَقْهَرْ (9)

ترجمہ: سو آپ بھی کسی یتیم پر سختی نہ فرمائیںo

So, never should you be strict with any orphan,

وَأَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ (10)

ترجمہ: اور (اپنے در کے) کسی منگتے کو نہ جھڑکیںo

Nor reproach any beggar (seeking help at your door),

وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ (11)

ترجمہ: اور اپنے رب کی نعمتوں کا (خوب) تذکرہ کریںo

And proclaim (well) the bounties of your Lord.

سورۃ الماعون:

أَرَأَيْتَ الَّذِيْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ (1)

ترجمہ: کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو دین کو جھٹلاتا ہےo

Have you seen him who denies the Din (Religion)?

فَذَلِكَ الَّذِيْ يَدُعُّ الْيَتِيْمَ (2)

ترجمہ: تو یہ وہ شخص ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے (یعنی یتیموں کی حاجات کو ردّ کرتا اور انہیں حق سے محروم رکھتا ہے)o

So he is the one who pushes away the orphan (i.e., rejects the needs of the orphans and deprives them of their right),

وَلَا يَحُضُّ عَلَى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ (3)

ترجمہ: اور محتاج کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا (یعنی معاشرے سے غریبوں اور محتاجوں کے معاشی اِستحصال کے خاتمے کی کوشش نہیں کرتا)o

And does not promote the cause of feeding the poor (i.e., does not strive to end the economic exploitation of the poor and the needy).

30۔ قرض اور خرید و فروخت کا بیان

سورۃ البقرہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ إِذَا تَدَايَنتُم بِدَيْنٍ إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوهُ وَلْيَكْتُب بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ وَلاَ يَأْبَ كَاتِبٌ أَنْ يَكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّهُ فَلْيَكْتُبْ وَلْيُمْلِلِ الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّهَ رَبَّهُ وَلاَ يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْئاً فَإِن كَانَ الَّذِىْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهاً أَوْ ضَعِيْفاً أَوْ لاَ يَسْتَطِيْعُ أَن يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهُ بِالْعَدْلِ وَاسْتَشْهِدُواْ شَهِيْدَيْنِ من رِّجَالِكُمْ فَإِن لَّمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ مِمَّن تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ أَن تَضِلَّ إْحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الأُخْرَى وَلاَ يَأْبَ الشُّهَدَاء إِذَا مَا دُعُواْ وَلاَ تَسْأَمُوْاْ أَن تَكْتُبُوْهُ صَغِيْراً أَو كَبِيْراً إِلَى أَجَلِهِ ذَلِكُمْ أَقْسَطُ عِندَ اللّهِ وَأَقْومُ لِلشَّهَادَةِ وَأَدْنَى أَلاَّ تَرْتَابُواْ إِلاَّ أَن تَكُونَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُونَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَلاَّ تَكْتُبُوهَا وَأَشْهِدُوْاْ إِذَا تَبَايَعْتُمْ وَلاَ يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَلاَ شَهِيْدٌ وَإِن تَفْعَلُواْ فَإِنَّهُ فُسُوقٌ بِكُمْ وَاتَّقُواْ اللّهَ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّهُ وَاللّهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ (282)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم کسی مقررہ مدت تک کے لئے آپس میں قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو، اور تمہارے درمیان جو لکھنے والا ہو اسے چاہئے کہ انصاف کے ساتھ لکھے اور لکھنے والا لکھنے سے انکار نہ کرے جیسا کہ اسے اللہ نے لکھنا سکھایا ہے پس وہ لکھ دے (یعنی شرح اور ملکی دستور کے مطابق وثیقہ نویسی کا حق پوری دیانت سے ادا کرے) اور مضمون وہ شخص لکھوائے جس کے ذمہ حق (یعنی قرض) ہو اور اسے چاہئے کہ اللہ سے ڈرے جو اس کا پروردگار ہے اور اس (زرِ قرض) میں سے (لکھواتے وقت) کچھ بھی کمی نہ کرے، پھر اگر وہ شخص جس کے ذمہ حق واجب ہوا ہے ناسمجھ یا ناتواں ہو یا خود مضمون لکھوانے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو تو اس کے کارندے کو چاہئے کہ وہ انصاف کے ساتھ لکھوا دے، اور اپنے لوگوں میں سے دو مردوں کو گواہ بنا لو، پھر اگر دونوں مرد میسر نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں ہوں (یہ) ان لوگوں میں سے ہوں جنہیں تم گواہی کے لئے پسند کرتے ہو (یعنی قابلِ اعتماد سمجھتے ہو) تاکہ ان دو میں سے ایک عورت بھول جائے تو اس ایک کو دوسری یاد دلا دے، گواہوں کو جب بھی (گواہی کے لئے) بلایا جائے وہ انکار نہ کریں، اور معاملہ چھوٹا ہو یا بڑا اسے اپنی معیاد تک لکھ رکھنے میں اکتایا نہ کرو، یہ تمہارا دستاویز تیار کر لینا اللہ کے نزدیک زیادہ قرینِ انصاف ہے اور گواہی کے لئے مضبوط تر اور یہ اس کے بھی قریب تر ہے کہ تم شک میں مبتلا نہ ہو سوائے اس کے کہ دست بدست ایسی تجارت ہو جس کا لین دین تم آپس میں کرتے رہتے ہو تو تم پر اس کے نہ لکھنے کا کوئی گناہ نہیں، اور جب بھی آپس میں خرید و فروخت کرو تو گواہ بنا لیا کرو، اور نہ لکھنے والے کو نقصان پہنچایا جائے اور نہ گواہ کو، اور اگر تم نے ایسا کیا تو یہ تمہاری حکم شکنی ہوگی، اور اللہ سے ڈرتے رہو، اور اللہ تمہیں (معاملات کی) تعلیم دیتا ہے اور اللہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے o

O believers! Whenever you strike deals with one another for a fixed period, reduce the transaction to writing. And the scribe amongst you should write it with justice, and should not refuse to write as Allah has taught him to write. So he should write (i.e., meet the requirements of documentation with utmost honesty, in accordance with Islamic law). And he on whom the liability (i.e., debt) falls should dictate the contents of the contract. And he should fear Allah, Who is his Sustainer, and (whilst writing) he should not diminish anything (from the indebted sum). Then if he who has undertaken the liability is mentally deficient or physically weak or lacks the ability to dictate the contents, his

guardian should dictate with fairness. And get two witnesses out of your own men. But if two men are not available, then a man and two women: (they) should be from amongst those whom you like as witnesses (i.e., consider trustworthy), so that if either of the two women forgets, the other may remind her. And the witnesses should not refuse whenever they are called (for evidence). And do not be weary of writing it down for its term, whether the transaction is small or large. This documentation by you is more just in the sight of Allah, and makes evidence more solid and nearer to keeping you from doubt, except that if transactions are hand-to-hand which you carry out amongst yourselves, then there is no sin on you if you do not write it down. And take witnesses whenever you bargain amongst yourselves. And let no harm be done to either the scribe or the witness, but if you do so, it will be sheer disobedience on your part. And keep fearing Allah. And Allah grants you knowledge (of the principles of mutual dealing) and Allah knows everything well.

وَإِن كُنتُمْ عَلَى سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُواْ كَاتِباً فَرِهَانٌ مَّقْبُوضَةٌ فَإِنْ أَمِنَ بَعْضُكُم بَعْضاً فَلْيُؤَدِّ الَّذِىْ اؤْتُمِنَ أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللّهَ رَبَّهُ وَلاَ تَكْتُمُواْ الشَّهَادَةَ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيْمٌ **(283)**

ترجمہ: اور اگر تم سفر پر ہو اور کوئی لکھنے والا نہ پاؤ تو باقبضہ رہن رکھ لیا کرو، پھر اگر تم میں سے ایک کو دوسرے پر اعتماد ہو تو جس کی دیانت پر اعتماد کیا گیا اسے چاہئے کہ اپنی امانت ادا کر دے اور وہ اللہ سے ڈرتا رہے جو اس کا پالنے والا ہے، اور تم گواہی کو چُھپایا نہ کرو، اور جو شخص گواہی چُھپاتا ہے تو یقیناً اس کا دل گنہگار ہے، اور اللہ تمہارے اعمال کو خوب جاننے والا ہےo

And if you are on a journey and do not find a scribe, then take possession of a pledge in mortgage. Then, if one of you trusts the other, so he whose honesty has been trusted should deliver his trust and fear Allah, Who provides him subsistence. And do not conceal evidence. And the one who conceals it, his heart is certainly sinful. And Allah knows well whatever you do.

31۔ عہد کو توڑنے والے لوگوں کا ذکر

سورۃ العمران:

إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَناً قَلِيْلاً أُوْلَئِكَ لاَ خَلاَقَ لَهُمْ فِيْ الآخِرَةِ وَلاَ يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلاَ يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلاَ يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ(77)

ترجمہ: بیشک جولوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کا تھوڑی سی قیمت کے عوض سودا کر دیتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور نہ قیامت کے دن اللہ ان سے کلام فرمائے گا اور نہ ہی ان کی طرف نگاہ فرمائے گا اور نہ انہیں پاکیزگی دے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگاo

Certainly, those who sell the promise of Allah and their own oaths for a small price, it is they who will not have any share in the Hereafter. And on the Day of Resurrection Allah will neither speak to nor look at them, nor will He purify them, and for them will be painful torment.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَلاَ تَقْرَبُواْ مَالَ الْيَتِيْمِ إِلاَّ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ حَتَّى يَبْلُغَ أَشُدَّهُ وَأَوْفُواْ بِالْعَهْدِ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْؤُولاً (34)

ترجمہ: اور تم یتیم کے مال کے (بھی) قریب تک نہ جانا مگر ایسے طریقہ سے جو (یتیم کے لیے) بہتر ہو یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائے, اور وعدہ پورا کیا کرو، بے شک وعدہ کی ضرور پوچھ گچھ ہوگیo

And (also) do not go near the orphan's property, but in a way that is beneficial (to the orphan), until he reaches his maturity. And always fulfil the promise. No doubt, the promise will be questioned about.

32۔ توبہ کا بیان

سورۃ النساء:

إِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُونَ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِن قَرِيْبٍ فَأُوْلَـئِكَ يَتُوبُ اللّهُ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللّهُ عَلِيْماً حَكِيْماً (17)

ترجمہ: اللہ نے صرف انہی لوگوں کی توبہ قبول کرنے کا وعدہ فرمایا ہے جو نادانی کے باعث برائی کر بیٹھیں پھر جلد ہی توبہ کر لیں پس اللہ ایسے لوگوں پر اپنی رحمت کے ساتھ رجوع فرمائے گا، اور اللہ بڑے علم بڑی حکمت والا ہےo

Allah has only promised to accept the repentance of those who commit evil deeds due to ignorance and then repent soon after. So Allah will turn to such people with His mercy and Allah is All-Knowing, Most Wise.

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ حَتَّى إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ إِنِّيْ تُبْتُ الآنَ وَلاَ الَّذِيْنَ يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌ أُوْلَـئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَاباً أَلِيْماً (18)

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کے لئے توبہ (کی قبولیت) نہیں ہے جو گناہ کرتے چلے جائیں یہاں تک کہ ان میں سے کسی کے سامنے موت آ پہنچے تو (اس وقت) کہے کہ میں اب توبہ کرتا ہوں اور نہ ہی ایسے لوگوں کے لئے ہے جو کفر کی حالت پر مریں، ان کے لئے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہےo

But repentance is not (accepted) of the people who persist in sinful acts until death overtakes one of them, (then) he says: 'Now I repent.' Nor is repentance (of any avail) to those who die as disbelievers. We have prepared grievous torment for them.

33۔ گناہ کبیرہ کا بیان

سورۃ النساء:

إِن تَجْتَنِبُواْ كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَنُدْخِلْكُم مُّدْخَلاً كَرِيماً (31)

ترجمہ: اگر تم کبیرہ گناہوں سے جن سے تمہیں روکا گیا ہے بچتے رہو تو ہم تم سے تمہاری چھوٹی برائیاں مٹا دیں گے اور تمہیں عزت والی جگہ میں داخل فرما دیں گےo

If you keep abstaining from major sins that you are forbidden to do, We shall remove from you your minor sins and shall admit you to a place of honour.

سورۃ الانعام:

وَذَرُواْ ظَاهِرَ الإِثْمِ وَبَاطِنَهُ إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُونَ الإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُواْ يَقْتَرِفُونَ (120)

ترجمہ: اور تم ظاہری اور باطنی (یعنی آشکارو پنہاں دونوں قسم کے) گناہ چھوڑ دو۔ بیشک جو لوگ گناہ کما رہے ہیں انہیں عنقریب سزا دی جائے گی ان (اعمال بد) کے باعث جن کا وہ ارتکاب کرتے تھےo

And give up all the sins of body and of heart (i.e., both open and secret). Indeed, those who are earning sins will soon be punished for (the evil works) that they used to perpetrate.

34۔ شکار اور تقدسِ احرام کا ذکر

سورۃ المائدہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ أَوْفُواْ بِالْعُقُودِ أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيْمَةُ الْأَنْعَامِ إِلاَّ مَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَأَنتُمْ حُرُمٌ إِنَّ اللّهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ (1)

ترجمہ: اے ایمان والو! (اپنے) عہد پورے کرو۔ تمہارے لیے چوپائے جانور (یعنی مویشی) حلال کر دیے گئے (ہیں) سوائے ان (جانوروں) کے جن کا بیان تم پر آئندہ کیا جائے گا (لیکن) جب تم اِحرام کی حالت میں ہو، شکار کو حلال نہ سمجھنا۔ بے شک اللہ جو چاہتا ہے حکم فرماتا ہےo

O believers! Fulfil (your) promises. The quadrupeds (i.e., cattle) have been made lawful for you except those (animals) that will be announced to you afterwards. (But) when clad in ihram (the Pilgrim's sacred dress), do not presume hunting lawful. Surely, Allah ordains what He wills.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تُحِلُّواْ شَعَآئِرَ اللّهِ وَلاَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلاَ الْهَدْيَ وَلاَ الْقَلآئِدَ وَلا آمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُونَ فَضْلاً مِّن رَّبِّهِمْ وَرِضْوَاناً وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُواْ وَلاَ يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَن صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَن تَعْتَدُواْ وَتَعَاوَنُواْ عَلَى الْبرِّ وَالتَّقْوَى وَلاَ تَعَاوَنُواْ عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاتَّقُواْ اللّهَ إِنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ(2)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ حرمت (وادب) والے مہینے کی (یعنی ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب میں سے کسی ماہ کی) اور نہ حرمِ کعبہ کو بھیجے ہوئے قربانی کے جانوروں کی اور نہ مکّہ لائے جانے والے ان جانوروں کی جن کے گلے میں علامتی پٹے ہوں اور نہ حرمت والے گھر (یعنی خانہ کعبہ) کا قصد کر کے آنے والوں (کے جان و مال اور عزت و آبرو) کی (بے حرمتی کرو کیونکہ یہ وہ لوگ ہیں) جو اپنے رب کا فضل اور رضا تلاش کر رہے ہیں، اور جب تم حالتِ اِحرام سے باہر نکل آؤ تو تم شکار کر سکتے ہو، اور تمہیں کسی قوم کی (یہ) دشمنی کہ انہوں نے تم کو مسجدِ حرام (یعنی خانہ کعبہ کی حاضری) سے روکا تھا اس بات پر ہرگز نہ ابھارے کہ تم (ان کے ساتھ) زیادتی کرو، اور نیکی اور پرہیزگاری (کے کاموں) پر ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور ظلم (کے کاموں) پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک اللہ (نافرمانی کرنے والوں کو) سخت سزا دینے والا ہےo

O believers! Do not denigrate the signs of Allah, nor the sacred (and venerable) month (i.e., any one of Dhu al-Qa'da, Dhu al-Hijja, Muharram and Rajab), nor the sacrificial animals sent to the Sacred House-the Ka'ba-nor the animals brought to Mecca with ritual straps around their necks. Also do not violate the sanctity (of life and property, and honour and dignity) of those resorting to the Sacred House, the Ka'ba, (for they are the ones) seeking bounty and pleasure of their Lord. And when you take off ihram (the Pilgrim's garb), then you are allowed to hunt. And never let the enmity of a people incite you to aggression (against them) since they barred you from the Sacred House (i.e., visiting the Ka'ba).

And always support one another in (the works of) righteousness and piety, but do not become accomplices in (works of) sin and transgression. And fear Allah persistently. Indeed, Allah awards severe punishment (to those who disobey and defy).

لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُواْ إِذَا مَا اتَّقَواْ وَّآمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ ثُمَّ اتَّقَواْ وَّآمَنُواْ ثُمَّ اتَّقَواْ وَّأَحْسَنُواْ وَاللّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ **(93)**

ترجمہ: ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اس (احرام) میں کوئی گناہ نہیں جو وہ (حکمِ حرمت اُتارنے سے پہلے) کھا پی چکے ہیں جبکہ وہ (بقیہ معاملات میں) بچتے رہے اور (دیگر احکامِ الٰہی پر) ایمان لائے اور اعمالِ صالحہ پر عمل پیرا رہے پھر (احکامِ حرمت کے آجانے کے بعد بھی ان سب حرام اشیاء سے) پرہیز کرتے رہے اور (ان کی حرمت پر صدقِ دل سے) ایمان لائے، پھر صاحبانِ تقویٰ ہوئے اور (بالآخر) صاحبانِ احسان (یعنی اللہ کے خاص محبوب و مقرب و نیکوکار بندے) بن گئے، اور اللہ احسان والوں سے محبت فرماتا ہےo

There is no sin on those who believe and do righteous deeds with regard to what they have eaten (of the unlawful things before the prohibition came), whereas (in all other matters) they were Godwary and put firm faith (in other commandments of Allah), and practised pious deeds consistently. Later, (also after the revelation of the prohibitions,) they desisted from (all the unlawful things) and believed (true-heartedly in their unlawfulness), became men of piety and Godwariness, and (finally) rose to the station of men of spiritual excellence (i.e., Allah's beloved, favourite, intimate and righteous servants). And Allah loves those who live with spiritual excellence.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهُ أَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّهُ مَن يَخَافُهُ بِالْغَيْبِ فَمَنِ اعْتَدَى بَعْدَ ذَلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيْمٌ **(94)**

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کسی قدر (ایسے) شکار سے تمہیں ضرور آزمائے گا جس تک تمہارے ہاتھ اور تمہارے نیزے پہنچ سکتے ہیں تاکہ اللہ اس شخص کی پہچان کروا دے جو اس سے غائبانہ ڈرتا ہے پھر جو شخص اس کے بعد (بھی) حد سے تجاوز کر جائے تو اس کے لئے دردناک عذاب ہےo

O believers! Allah will certainly test you by means of (some) game animals your hands and your lances can reach so that Allah makes him identifiable who fears Him in secret. Then whoever transgresses (even) after that, for him is a painful chastisement.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَقْتُلُواْ الصَّيْدَ وَأَنتُمْ حُرُمٌ وَمَن قَتَلَهُ مِنكُم مُّتَعَمِّداً فَجَزَاء مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ هَدْيَاً بَالِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسَاكِيْنَ أَو عَدْلُ ذَلِكَ صِيَاماً لِّيَذُوقَ وَبَالَ أَمْرِهِ عَفَا اللّهُ عَمَّا سَلَفَ وَمَنْ عَادَ فَيَنتَقِمُ اللّهُ مِنْهُ وَاللّهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ**(95)**

ترجمہ: اے ایمان والو! تم احرام کی حالت میں شکار کو مت مارا کرو، اور تم میں سے جس نے (بحالتِ احرام) قصداً اسے مار ڈالا تو

(اس کا) بدلہ مویشیوں میں سے اسی کے برابر (کوئی جانور) ہے جسے اس نے قتل کیا ہے جس کی نسبت تم میں سے دو عادل شخص فیصلہ کریں (کہ واقعی یہ جانور اس شکار کے برابر ہے بشرطیکہ) وہ قربانی کعبہ پہنچنے والی ہو یا (اس کا) کفارہ چند محتاجوں کا کھانا ہے (یعنی جانور کی قیمت کے برابر معمول کا کھانا جتنے بھی محتاجوں کو پورا آ جائے) یا اس کے برابر (یعنی جتنے محتاجوں کا کھانا بنے اسقدر) روزے ہیں تاکہ اپنے کیے (کے بوجھ) کا مزہ چکھے۔ جو کچھ (اس سے) پہلے ہو گزرا اللہ نے اسے معاف فرما دیا، اور جو کوئی (ایسا کام) دوبارہ کرے گا تو اللہ اس سے (نافرمانی) کا بدلہ لے لے گا، اور اللہ بڑا غالب بدلہ لینے والا ہےo

O believers! Do not kill game whilst you are in pilgrim attire (ihram). Whoever of you (pilgrim-clad) kills it intentionally will recompense (it) in kind of cattle equivalent to the one he has killed. In this regard, two men of probity out of you are to judge (whether this animal is really the game's equal, provided) that offering is to be brought to the Ka'ba. Or its atonement is feeding a few indigent persons (i.e., usual food for the number of poor people manageable in the animal's cost), or fasting corresponding to that (number of days manageable within the same food meant for the poor,) so that he tastes (the gravity of) his offence. Allah has forgiven whatever has gone by earlier (to it), but whoever repeats (a similar act) Allah will avenge (his defiance). And Allah is Mighty, the Lord of Retribution.

أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعاً لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُماً وَاتَّقُواْ اللّهَ الَّذِيَ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (96)

ترجمہ: تمہارے لئے دریا کا شکار اور اس کا کھانا تمہارے اور مسافروں کے فائدے کی خاطر حلال کر دیا گیا ہے اور خشکی کا شکار تم پر حرام کیا گیا ہے جب تک کہ تم حالتِ احرام میں ہو، اور اللہ سے ڈرتے رہو جس کی (بارگاہ کی) طرف تم (سب) جمع کیے جاؤ گےo

The game of the sea and its eating has been made lawful for your benefit and that of travellers, but the game of the land has been prohibited for you so long as you are in pilgrim dress (ihram). And always fear Allah towards Whose (presence) you (all) will be assembled.

جَعَلَ اللّهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَاماً لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلآئِدَ ذَلِكَ لِتَعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ وَأَنَّ اللّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (97)

ترجمہ: اللہ نے عزت (وادب) والے گھر کعبہ کو لوگوں کے (دینی و دنیوی امور میں) قیام (امن) کا باعث بنا دیا ہے اور حرمت والے مہینے کو اور کعبہ کی قربانی کو اور گلے میں علامتی پٹے والے جانوروں کو بھی (جو حرمِ مکہ میں لائے گئے ہوں سب کو اسی نسبت سے عزت و احترام عطا کر دیا گیا ہے)، یہ اس لیے کہ تمہیں علم ہو جائے کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ خوب جانتا ہے اور اللہ ہر چیز سے بہت واقف ہےo

Allah has made the Ka'ba, the sacred (and venerable) House, a means to keep (peace in the spiritual and worldly matters of) the people. And also the Sacred

Month and the animals of offerings to the Holy Ka'ba and the animals with collars symbolic of sacrifice around their necks (brought into the sacred confines of Mecca, all have been granted sanctity and veneration by virtue of the same affinity); that is to make you know that Allah has the best knowledge of whatever there is in the heavens and whatever is in the earth, and Allah is Well Aware of everything.

اعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللّهَ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ **(98)**

ترجمہ: جان لو کہ اللہ سخت گرفت والا ہے اور یہ کہ اللہ بڑا بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا (بھی) ہےo

Know that Allah is Severe in punishment and that Allah is Most Forgiving and Ever-Merciful (as well).

مَّا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ وَاللّهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ **(99)**

ترجمہ: رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (احکام کاملاً) پہنچا دینے کے سوا (کوئی اور ذمہ داری) نہیں، اور اللہ وہ (سب) کچھ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہوo

The Messenger (blessings and peace be upon him) has (no other responsibility) but to communicate (the revealed commands with absolute perfection). And Allah knows (all) that you make known and that you hide.

قُل لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ فَاتَّقُواْ اللّهَ يَا أُوْلِي الأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ **(100)**

ترجمہ: فرما دیجیے: پاک اور ناپاک (دونوں) برابر نہیں ہو سکتے (اے مخاطب!) اگرچہ تمہیں ناپاک (چیزوں) کی کثرت بھلی لگے۔ پس اے عقلمندو لوگو! تم (کثرت و قلت کا فرق دیکھنے کی بجائے) اللہ سے ڈرا کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤo

Say: '(Both) the pure and the impure can never be alike, (O listener,) even though the abundance of the polluted and foul (objects) may fascinate you. So, (instead of observing the difference of abundance and scarcity) fear Allah, O men of wisdom, so that you may flourish and prosper.'

35۔ تقویٰ کا ذکر

سورۃ الانعام:

وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَلَلدَّارُ الآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (32)

ترجمہ: اور دینوی زندگی (کی عیش وعشرت) کھیل اور تماشے کے سوا کچھ نہیں اور یقیناً آخرت کا گھر ہی ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں، کیا تم (یہ حقیقت) نہیں سمجھتےo

And (the luxury of) the worldly life is nothing but play and funfair, and certainly, it is the home of the Hereafter which is better for the Godfearing. Do you not understand (this reality)?

سورۃ الاعراف:

يَا بَنِيْ آدَمَ قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاساً يُوَارِيْ سَوْءَاتِكُمْ وَرِيْشاً وَلِبَاسُ التَّقْوَىٰ ذَلِكَ خَيْرٌ ذَلِكَ مِنْ آيَاتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ (26)

ترجمہ: اے اولادِ آدم! بے شک ہم نے تمہارے لیے (ایسا) لباس اتارا ہے جو تمہاری شرم گاہوں کو چھپائے اور (تمہیں) زینت بخشے اور (اس ظاہری لباس کے ساتھ ایک باطنی لباس بھی اتارا ہے اور وہی) تقوٰی کا لباس ہی بہتر ہے۔ یہ (ظاہر و باطن کے لباس سب) اللہ کی نشانیاں ہیں تاکہ وہ نصیحت قبول کریںo

O mankind! Surely, We have sent down for you (such) clothing that hides your private parts and adds (to your) aesthetic value. And (in addition to your outward clothes, We have also provided you an inward dress as well, and that is) the dress of Godwariness (which) is the best. (All these inner and outer attires) are the signs of Allah so that they may take advice.

سورۃ الانفال:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِنْ تَتَّقُوْا اللّٰهَ يَجْعَل لَّكُمْ فُرْقَاناً وَيُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (29)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تم اللہ کا تقوٰی اختیار کرو گے (تو) وہ تمہارے لیے حق و باطل میں فرق کرنے والی حجت (و ہدایت) مقرر فرما

دے گا اور تمہارے (دامن) سے تمہارے گناہوں کو مٹا دے گا اور تمہاری مغفرت فرما دے گا، اور اللہ بڑے فضل والا ہےo

O believers! If you adopt the fear of Allah, (then) He will set for you a criterion (and guidance) to distinguish between truth and falsehood, and will wipe out your sins from your (record) and will forgive you. And Allah is the Lord of great bounty.

36۔ صراطِ مستقیم

سورۃ الانعام:

وَهَـذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيماً قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ (126)

ترجمہ: اور یہ (اسلام ہی) آپ کے رب کا سیدھا راستہ ہے بیشک ہم نے نصیحت قبول کرنے والے لوگوں کے لئے آیتیں تفصیل سے بیان کر دی ہیں o

And this (Islam) is the (only) straight path of your Lord. Verily, We have clearly explained Revelations in detail for those who accept direction and guidance.

لَهُمْ دَارُ السَّلاَمِ عِندَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُم بِمَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (127)

ترجمہ: انہی کے لئے ان کے رب کے حضور سلامتی کا گھر ہے اور وہی ان کا مولیٰ ہے ان اعمالِ (صالحہ) کے باعث جو وہ انجام دیا کرتے تھے o

For them is the home of peace and security with their Lord. And He is the One Who is their Protector because of the (pious) deeds which they used to do.

وَأَنَّ هَـذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيماً فَاتَّبِعُوهُ وَلاَ تَتَّبِعُواْ السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن سَبِيلِهِ ذَلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ(153)

ترجمہ: اور یہ کہ یہی (شریعت) میرا سیدھا راستہ ہے سو تم اس کی پیروی کرو اور (دوسرے) راستوں پر نہ چلو پھر وہ (راستے) تمہیں اللہ کی راہ سے جدا کر دیں گے، یہی وہ بات ہے جس کا اس نے تمہیں تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ o

And that this (Islamic law) is My straight path. So follow it and do not follow (other) paths, because they (the other paths) will move you away from Allah's path. This is what He has enjoined you strictly so that you may become Godfearing.

سورۃ یونس:

وَاللّهُ يَدْعُو إِلَى دَارِ السَّلاَمِ وَيَهْدِي مَن يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ(25)

ترجمہ: اور اللہ سلامتی کے گھر (جنت) کی طرف بلاتا ہے، اور جسے چاہتا ہے سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرماتا ہے o

And Allah calls towards the Home of Peace (Paradise), and guides whom He wills to the straight path.

37۔ فرقہ بندی سے ممانعت

سورۃ الانعام:

إِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُواْ دِيْنَهُمْ وَكَانُواْ شِيَعاً لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُواْ يَفْعَلُونَ (159)

ترجمہ: بیشک جن لوگوں نے (جدا جدا راہیں نکال کر) اپنے دین کو پارہ پارہ کر دیا اور وہ (مختلف) فرقوں میں بٹ گئے، آپ کسی چیز میں ان کے (تعلق دار اور ذمہ دار) نہیں ہیں۔ بس ان کا معاملہ اللہ ہی کے حوالے ہے پھر وہ انہیں ان کاموں سے آگاہ فرما دے گا جو وہ کیا کرتے تھےo

Surely, those who have broken up their religion (by introducing segregated paths) and have divided into (different) sects, you are not (concerned with or responsible for) them in any matter. Their case is only with Allah. Then He would let them know what they used to do.

38۔ صدقات کے مستحق لوگوں کا ذکر

سورۃ التوبۃ:

إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (60)

ترجمہ: بے شک صدقات (زکوٰۃ) محض غریبوں اور محتاجوں اور ان کی وصولی پر مقرر کیے گئے کارکنوں اور ایسے لوگوں کے لیے ہیں جن کے دلوں میں اسلام کی الفت پیدا کرنا مقصود ہو اور (مزید یہ کہ) انسانی گردنوں کو (غلامی کی زندگی سے) آزاد کرانے میں اور قرض داروں کے بوجھ اتارنے میں اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں پر (زکوٰۃ کا خرچ کیا جانا حق ہے)۔ یہ (سب) اللہ کی طرف سے فرض کیا گیا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

Indeed, alms (Zakat) are meant for the poor and the indigent, and those who are deployed to collect charities and those in whose hearts the inculcation of love for Islam is aimed at. And, (moreover, spending Zakat for the) freeing of human lives (from the yoke of slavery) and removing the burden of those who are to pay debt and (those who toil hard) in the cause of Allah and the wayfarers (is true). This (all) has been prescribed by Allah, and Allah is All-Knowing, Most Wise.

39۔ زنا، بدکاری کا بیان

سورۃ النساء:

وَاللَّاتِي يَأْتِينَ الْفَاحِشَةَ مِن نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُواْ عَلَيْهِنَّ أَرْبَعةً مِّنكُمْ فَإِن شَهِدُواْ فَأَمْسِكُوهُنَّ فِي الْبُيُوتِ حَتَّى يَتَوَفَّاهُنَّ الْمَوْتُ أَوْ يَجْعَلَ اللّهُ لَهُنَّ سَبِيلاً (15)

ترجمہ: اورتمہاری عورتوں میں سے جو بدکاری کا ارتکاب کر بیٹھیں تو ان پر اپنے لوگوں میں سے چار مردوں کی گواہی طلب کرو، پھر اگر وہ گواہی دے دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند کر دو یہاں تک کہ موت ان کے عرص؟ حیات کو پورا کر دے یا اللہ ان کے لیے کوئی راہ (یعنی نیا حکم) مقرر فرما دےo

And those of your women who commit adultery, call in from your men four witnesses against them. Then if they produce evidence, confine those women to their houses till death completes their term of life, or Allah ordains a way (i.e., a new injunction) for them.

وَاللَّذَانَ يَأْتِيَانِهَا مِنكُمْ فَآذُوهُمَا فَإِن تَابَا وَأَصْلَحَا فَأَعْرِضُواْ عَنْهُمَا إِنَّ اللّهَ كَانَ تَوَّاباً رَّحِيماً (16)

ترجمہ: اورتم میں سے جو بھی کوئی بدکاری کا ارتکاب کریں تو ان دونوں کو ایذا پہنچاؤ، پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور (اپنی) اصلاح کر لیں تو انہیں سزا دینے سے گریز کرو، بے شک اللہ بڑا توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہےo

And the two persons who commit adultery from amongst you, punish them both. Then, if they repent and mend (their) ways, refrain from punishing them. Indeed, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَلاَ تَقْرَبُواْ الزِّنَى إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَسَاء سَبِيلاً (32)

ترجمہ: اورتم زنا (بدکاری) کے قریب بھی مت جانا بے شک یہ بے حیائی کا کام ہے، اور بہت ہی بری راہ ہےo

And do not even go near unlawful sex (adultery). Verily, it is an act of lewdness and is the most evil way.

سورۃ النور:

الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِئَةَ جَلْدَةٍ وَلَا تَأْخُذْكُم بِهِمَا رَأْفَةٌ فِي دِيْنِ اللّهِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَائِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (2)

ترجمہ: بدکار عورت اور بدکار مرد (اگر غیر شادی شدہ ہوں) تو ان دونوں میں سے ہر ایک کو (شرائطِ حد کے ساتھ جرمِ زنا کے ثابت ہو جانے پر) سو (سو) کوڑے مارو (جبکہ شادی شدہ مرد و عورت کی بدکاری پر سزا رجم ہے اور یہ سزائے موت ہے) اور تمہیں ان دونوں پر اللہ کے دین (کے حکم کے اجراء) میں ذرا ترس نہیں آنا چاہئے اگر تم اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو، اور چاہئے کہ ان دونوں کی سزا (کے موقع) پر مسلمانوں کی (ایک اچھی خاصی) جماعت موجود ہوo

Whip a hundred lashes each, the (unmarried) adulteress and the adulterer (on

validation of adultery in accordance with the conditions of the statutory [hadd] punishment. If married, then both are to be stoned to death). And you should not feel even the slightest pity in Allah's Din (Religion) for either of them (in executing the command), if you have faith in Allah and the Last Day. And a (sizeable) party of Muslims should be present on (the occasion of) award of punishment to both of them.

الزَّانِيْ لَا يَنكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَالزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَحُرِّمَ ذَلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ **(3)**

ترجمہ: بدکار مرد سوائے بدکار عورت یا مشرک عورت کے (کسی پاکیزہ عورت سے) نکاح (کرنا پسند) نہیں کرتا اور بدکار عورت سے (بھی) سوائے بدکار مرد یا مشرک کے کوئی (صالح شخص) نکاح (کرنا پسند) نہیں کرتا، اور یہ (فعلِ زنا) مسلمانوں پر حرام کر دیا گیا ہےo

An adulterer does not (like to) marry (a chaste and virtuous woman) but only an adulteress or a polytheist, and no (pious man likes to) marry an adulteress (too) but only an adulterer or a polytheist. And this act (i.e., adultery) has been forbidden to the Muslims.

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُوا بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاء فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَداً وَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ **(4)**

ترجمہ: اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر (بدکاری کی) تہمت لگائیں پھر چار گواہ پیش نہ کر سکیں تو تم انہیں (سزائے قذف کے طور پر) اسّی کوڑے لگاؤ اور کبھی بھی ان کی گواہی قبول نہ کرو، اور یہی لوگ بدکردار ہیںo

And those who accuse chaste women (of adultery), then fail to produce four witnesses, whip them eighty lashes (as qadhaf-the punishment for false accusation of adultery) and never accept their evidence. And it is they who are the evildoers,

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُن لَّهُمْ شُهَدَاء إِلَّا أَنفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ **(6)**

ترجمہ: اور جو لوگ اپنی بیویوں پر (بدکاری کی) تہمت لگائیں اور ان کے پاس سوائے اپنی ذات کے کوئی گواہ نہ ہوں تو ایسے کسی بھی ایک شخص کی گواہی یہ ہے کہ (وہ خود) چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ وہ (الزام لگانے میں) سچا ہےo

And those who accuse their wives (of adultery) and have no witnesses except themselves, the testimony of such a person is to swear (himself) four times by Allah that he is truthful (in his accusation),

وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِن كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ وَيَدْرَأُ **(7)**

ترجمہ: اور پانچویں مرتبہ یہ (کہے) کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹا ہوo

And the fifth time (to say) that Allah's curse be upon him if he is a liar.

عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ (8)

ترجمہ: اور (اسی طرح) یہ بات اس (عورت) سے (بھی) سزا کو ٹال سکتی ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر (خود) گواہی دے کہ وہ (مرد اس تہمت کے لگانے میں) جھوٹا ہے o

And (similarly) this can avert punishment from that (woman too) if she (herself) gives evidence, swearing four times by Allah that he (the husband) is a liar (in accusing her),

وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهَا إِن كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ (9)

ترجمہ: اور پانچویں مرتبہ یہ (کہے) کہ اس پر (یعنی مجھ پر) اللہ کا غضب ہو اگر یہ (مرد اس الزام لگانے میں) سچا ہو o

And the fifth time (to say) that Allah's wrath be upon her if he (the husband) is truthful.

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ (10)

ترجمہ: اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی (تو تم ایسے حالات میں زیادہ پریشان ہوتے) اور بے شک اللہ بڑا ہی توبہ قبول فرمانے والا بڑی حکمت والا ہے o

And had there not been Allah's grace and mercy upon you, (then you would have been more perturbed under such circumstances) and Allah is surely Most Relenting, All-Wise.

إِنَّ الَّذِيْنَ جَاؤُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنكُمْ لَا تَحْسَبُوهُ شَرّاً لَّكُم بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ لِكُلِّ امْرِءٍ مِّنْهُم مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْإِثْمِ وَالَّذِيْ تَوَلَّى كِبْرَهُ مِنْهُمْ لَهُ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (11)

ترجمہ: بے شک جن لوگوں نے (عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا پر) بہتان لگایا تھا (وہ بھی) تم ہی میں سے ایک جماعت تھی، تم اس (بہتان کے واقعہ) کو اپنے حق میں برا مت سمجھو بلکہ وہ تمہارے حق میں بہتر (ہو گیا) ہے ☆ ان میں سے ہر ایک کے لیے اتنا ہی گناہ ہے جتنا اس نے کمایا، اور ان میں سے جس نے اس (بہتان) میں سب سے زیادہ حصہ لیا اس کے لیے زبردست عذاب ہے o

☆ (کیونکہ تمہیں اسی حوالے سے احکامِ شریعت مل گئے اور عائشہ صدیقہ طیبہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی پاک دامنی کا گواہ خود اللہ بن گیا جس سے تمہیں ان کی شان کا پتہ چل گیا۔)

Surely those who fabricated the accusation (against 'A'isha the truthful, the pure, the chaste-may Allah be well pleased with her) were (also) a party from amongst you. Do not consider this (slander account) as a bad thing for you. It has rather (turned out to be) good for you.* Every one of them has a share in the sin as much as he has earned it, but whoever has had a major share in this (false accusation), for him is a terrible torment.

*** In that you have received Shariah commands regarding this, and also Allah has Himself borne witness to the chastity of 'A'isha the truthful (may Allah be well pleased with her) which has revealed to you her majesty and dignity.**

لَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنفُسِهِمْ خَيْراً وَقَالُوا هَذَا إِفْكٌ مُّبِينٌ (12)

ترجمہ: ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب تم نے اس (بہتان) کو سنا تھا تو مومن مرد اور مومن عورتیں اپنوں کے بارے میں نیک گمان کر لیتے اور (یہ) کہہ دیتے کہ یہ کھلا (جھوٹ پر مبنی) بہتان ہےo

Why did it not happen that when you heard of it (the slander), the believers, both men and women, would think good of their own people and say: 'This is obviously a fabricated accusation (based on falsehood)'?

لَوْلَا جَاؤُوا عَلَيْهِ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَاء فَإِذْ لَمْ يَأْتُوا بِالشُّهَدَاء فَأُوْلَئِكَ عِندَ اللَّهِ هُمُ الْكَاذِبُونَ (13)

ترجمہ: یہ (افترا پرداز لوگ) اس (طوفان) پر چار گواہ کیوں نہ لائے، پھر جب وہ گواہ نہیں لا سکے تو یہی لوگ اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیںo

Why did these (slanderers) not produce four witnesses to this (turmoil)? Since they could not bring forth witnesses, it is certainly they who are liars in the sight of Allah.

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِي مَا أَفَضْتُمْ فِيهِ عَذَابٌ عَظِيمٌ (14)

ترجمہ: اور اگر تم پر دنیا و آخرت میں اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جس (تہمت کے) چرچے میں تم پڑ گئے ہو اس پر تمہیں زبردست عذاب پہنچتاo

And had there not been Allah's grace upon you and His mercy in this world and in the Hereafter, severe torment would have afflicted you for promoting that (slander) into which you rushed headlong.

إِذْ تَلَقَّوْنَهُ بِأَلْسِنَتِكُمْ وَتَقُولُونَ بِأَفْوَاهِكُم مَّا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَتَحْسَبُونَهُ هَيِّناً وَهُوَ عِندَ اللَّهِ عَظِيمٌ (15)

ترجمہ: جب تم اس (بات) کو (ایک دوسرے سے سن کر) اپنی زبانوں پر لاتے رہے اور اپنے منہ سے وہ کچھ کہتے رہے جس کا (خود) تمہیں کوئی علم ہی نہ تھا اور اس (چرچے) کو معمولی بات خیال کر رہے تھے، حالاں کہ وہ اللہ کے حضور بہت بڑی (جسارت ہو رہی) تھیo

When (hearing this matter from one another) you brought it on your tongues, and uttered with your mouths something about which you (yourselves) had no knowledge, and you took (the propagation of) this matter as inconsiderable, whereas in the presence of Allah it was a grave (offence underway).

وَلَوْلَا إِذْ سَمِعْتُمُوهُ قُلْتُم مَّا يَكُونُ لَنَا أَن نَّتَكَلَّمَ بِهَذَا سُبْحَانَكَ هَذَا بُهْتَانٌ عَظِيمٌ (16)

ترجمہ: اور جب تم نے یہ (بہتان) سنا تھا تو تم نے (اسی وقت) یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ ہمارے لیے یہ (جائز ہی) نہیں کہ ہم اسے زبان پر لے آئیں (بلکہ تم یہ کہتے کہ اے اللہ!) تو پاک ہے (اس بات سے کہ ایسی عورت کو اپنے حبیب مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبوب زوجہ بنا دے)، یہ بہت بڑا بہتان ہےo

And when you heard of this (heinous charge), why did you not declare (at the same moment): 'It is not (at all justified) for us to talk about it'? (Rather you

should have said: 'O Allah,) Holy are You (High above making such a woman the beloved wife of Your Beloved and Esteemed Messenger [blessings and peace be upon him]). This is a grave charge.'

يَعِظُكُمُ اللَّهُ أَن تَعُودُوا لِمِثْلِهِ أَبَداً إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (17)

ترجمہ: اللہ تم کو نصیحت فرماتا ہے کہ پھر کبھی بھی ایسی بات (عمر بھر) نہ کرنا اگر تم اہلِ ایمان ہوo

Allah admonishes you to never repeat such a thing (in your lifetime) if you are believers.

وَيُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ (18)

ترجمہ: اور اللہ تمہارے لیے آیتوں کو واضح طور پر بیان فرماتا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہےo

And Allah explains to you the Revelations with utmost clarity. And Allah is All-Knowing, All-Wise.

إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِينَ آمَنُوا لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لَا تَعْلَمُونَ (19)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ مسلمانوں میں بے حیائی پھیلے ان کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے، اور اللہ (ایسے لوگوں کے عزائم کو) جانتا ہے اور تم نہیں جانتےo

Indeed, those who like that lewdness should spread amongst the Muslims, for them is an agonizing punishment in this world and in the Hereafter. And Allah knows (the intentions of such people) and you do not know.

وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّه رَؤُوفٌ رَحِيمٌ (20)

ترجمہ: اور اگر تم پر (اس رسولِ مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقہ میں) اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو (تم بھی پہلی امتوں کی طرح تباہ کر دیے جاتے) مگر اللہ بڑا شفیق بڑا رحم فرمانے والا ہےo

And had there not been Allah's grace and His mercy upon you (for the sake of the Holy Prophet [blessings and peace be upon him], you too would have been destroyed like the former communities). But Allah is Most Clement, Ever-Merciful.

الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُوْلَئِكَ مُبَرَّؤُونَ مِمَّا يَقُولُونَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ (26)

ترجمہ: ناپاک عورتیں ناپاک مردوں کے لیے (مخصوص) ہیں اور پلید مرد پلید عورتوں کے لیے ہیں، اور (اسی طرح) پاک وطیب عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے (مخصوص) ہیں اور پاک وطیب مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں (سو تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پاکیزگی وطہارت کو دیکھ کر خود سوچ لیتے کہ اللہ نے ان کے لیے زوجہ بھی کس قدر پاکیزہ وطیب بنائی ہوگی)، یہ (پاکیزہ لوگ) ان (تہمتوں) سے کلیتًا بری ہیں جو یہ (بدزبان) لوگ کہہ رہے ہیں، ان کے لیے (تو) بخشائش اور عزت وبزرگی والی عطا (مقدر ہو چکی) ہے (تم ان کی شان میں زبان درازی کر کے کیوں اپنا منہ کالا اور اپنی آخرت تباہ وبرباد کرتے ہو)o

Unclean women are (particular) for unclean men, while unclean men are meant for unclean women. And, (likewise,) clean and chaste women are (specific) to clean and pious men, whilst clean and pious men are exclusively for clean and chaste women. (So keeping in view the holiness, sanctity and purity of the Holy Prophet, you yourselves could imagine how pure, wholesome and chaste a wife Allah would have raised for him.) These (pure, innocent and pious people) are totally free from these (slanders), which these (foul-mouthed) people are levelling. Forgiveness and bestowal of honour and dignity have been (destined) for them. (Why do you ruin your life after death and earn disgrace and humiliation by denigrating his glory?)

وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحاً حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِن فَضْلِهِ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتَابَ مِمَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوهُمْ إِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْراً وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْ آتَاكُمْ وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّناً لِّتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَمَن يُكْرِههُّنَّ فَإِنَّ اللّٰهَ مِن بَعْدِ إِكْرَاهِهِنَّ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ **(33)**

ترجمہ: اور ایسے لوگوں کو پاک دامنی اختیار کرنا چاہئے جو نکاح (کی استطاعت) نہیں پاتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی فرما دے، اور تمہارے زیردست (غلاموں اور باندیوں) میں سے جو مکاتب (کچھ مال کما کر دینے کی شرط پر آزاد) ہونا چاہیں تو انہیں مکاتب (مذکورہ شرط پر آزاد) کر دو اگر تم ان میں بھلائی جانتے ہو، اور تم (خود بھی) انہیں اللہ کے مال میں سے (آزاد ہونے کے لیے) دے دو جو اس نے تمہیں عطا فرمایا ہے، اور تم اپنی باندیوں کو دنیوی زندگی کا فائدہ حاصل کرنے کے لیے بدکاری پر مجبور نہ کرو جبکہ وہ پاک دامن (یا حفاظت نکاح میں) رہنا چاہتی ہیں، اور جو شخص انہیں مجبور کرے گا تو اللہ ان کے مجبور ہو جانے کے بعد (بھی) بڑا بخشنے والا مہربان ہےo

And those who cannot afford marriage (for lack of financial means) should adopt chastity until Allah enriches them out of His bounty. And from amongst (the male and female slaves) under your control, those who seek to write out a deed (of manumission-freedom through earning and paying,) write it for them, and free them (under the given condition) if you see any good in them. Pay them (also yourselves) out of that wealth which Allah has given you (to help them get freedom). And do not force your maids into prostitution to obtain benefit of the worldly life if they desire to keep themselves chaste (or wish to safeguard their chastity through marriage). And whoever will compel them, then (even) after they are compelled, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الفرقان:

وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهاً آخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ وَمَن يَفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ أَثَاماً (68)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کی پوجا نہیں کرتے اور نہ (ہی) کسی ایسی جان کو قتل کرتے ہیں جسے بغیرِ حق مارنا اللہ نے حرام فرمایا ہے اور نہ (ہی) بدکاری کرتے ہیں، اور جو شخص یہ کام کرے گا وہ سزائے گناہ پائے گا○

And put your trust in the Ever-Living (Lord) Who will never die, and glorify Him with His praise, and Sufficient is His awareness of the sins of His servants,

سورۃ الممتحنۃ:

يَا أَيُّهَا النَّبِیُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَى أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئاً وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِيْنَهُ بَيْنَ أَيْدِيْهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِیْ مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (12)

ترجمہ: اے نبی! جب آپ کی خدمت میں مومن عورتیں اس بات پر بیعت کرنے کے لیے حاضر ہوں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان سے کوئی جھوٹا بہتان گھڑ کر نہیں لائیں گی (یعنی اپنے شوہر کو دھوکہ دیتے ہوئے کسی غیر کے بچے کو اپنے پیٹ سے جنا ہوا نہیں بتائیں گی) اور (کسی بھی) امرِ شریعت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی، تو آپ اُن سے بیعت لے لیا کریں اور اُن کے لیے اللہ سے بخشش طلب فرمائیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے○

O Prophet! When the believing women appear in your presence to take the oath of allegiance that they will not set up anything as partner with Allah and will not steal, nor will they commit adultery, or kill their children, or bring false blame which they have invented between their hands and feet (i.e., will not deceive their husbands declaring some other's baby as their own), or disobey you in (any) matter pertaining to law, then accept their allegiance and seek forgiveness for them from Allah. Surely, Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

40۔ سنی سنائی بات پر عمل نہ کرنے کا بیان

سورۃ بنی اسرائیل:

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْؤُولًا (36)

ترجمہ: اور (اے انسان!) تو اس بات کی پیروی نہ کر جس کا تجھے (صحیح) علم نہیں، بے شک کان اور آنکھ اور دل ان میں سے ہر ایک سے باز پرس ہوگیo

And, (O man,) do not follow that of which you have no (authentic) knowledge. Indeed the ear, the eye and the heart-each of them will be questioned.

سورۃ الحجرات:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا إِن جَاءكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَأٍ فَتَبَيَّنُوا أَن تُصِيبُوا قَوْماً بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوا عَلَى مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِيْنَ (6)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی فاسق (شخص) کوئی خبر لائے تو خوب تحقیق کر لیا کرو (ایسا نہ ہو) کہ تم کسی قوم کو لاعلمی میں (ناحق) تکلیف پہنچا بیٹھو، پھر تم اپنے کیے پر پچھتاتے رہ جاؤo

O believers! If some wicked person brings you any news, inquire thoroughly into its truth (lest) you should cause (undue) harm to a people unknowingly, and later feel regret for what you have done.

41۔ مقرب بندوں کا ذکر

سورۃ الواقعۃ:

وَكُنتُمْ أَزْوَاجاً ثَلَاثَةً (7)

ترجمہ: اور تم لوگ تین قسموں میں بٹ جاؤ گےo

And you will be divided into three classes.

فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ (8)

ترجمہ: سو (ایک) دائیں جانب والے، دائیں جانب والوں کا کیا کہناo

So (first) those on the Right Hand; what a class the Right Hand will be!

وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ (9)

ترجمہ: اور (دوسرے) بائیں جانب والے، کیا (ہی برے حال میں ہوں گے) بائیں جانب والےo

And (second) those on the Left Hand; (in what miserable plight will be) the Left Hand party!

وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ (10)

ترجمہ: اور (تیسرے) سبقت لے جانے والے (یہ) پیش قدمی کرنے والے ہیںo

And (third) the Excellent; (they) are the Foremost.

أُوْلَئِكَ الْمُقَرَّبُونَ (11)

ترجمہ: یہی لوگ (اللہ کے) مقرّب ہوں گےo

It is they who will be the ones drawn near (to Allah).

فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ (12)

ترجمہ: نعمتوں کے باغات میں (رہیں گے)o

(They will live) in the Gardens of Bliss.

ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِينَ (13)

ترجمہ: (اِن مقرّبین میں) بڑا گروہ اگلے لوگوں میں سے ہوگاo

A large group (of those drawn near) will be from the earlier people.

وَقَلِيلٌ مِّنَ الْآخِرِينَ (14)

ترجمہ: اور پچھلے لوگوں میں سے (ان میں) تھوڑے ہوں گےo

And a small number (amongst them) will be from the later generations.

عَلَى سُرُرٍ مَّوْضُونَةٍ (15)

ترجمہ: (یہ مقرّبین) زرنگار تختوں پر ہوں گےo

(Those drawn near) will be on the thrones ornamented with gold,

مُتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا مُتَقَابِلِيْنَ (16)

ترجمہ: اُن پر تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گےo

Reclining there on cushions, face to face.

يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ (17)

ترجمہ: ہمیشہ ایک ہی حال میں رہنے والے نوجوان خدمت گاران کے اردگرد گھومتے ہوں گےo

The serving youths, rapt always in the same state of being, will go round them.

بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيْقَ وَكَأْسٍ مِّن مَّعِيْنٍ (18)

ترجمہ: کوزے، آفتابے اور چشموں سے بہتی ہوئی (شفاف) شراب (قربت) کے جام لے کر (حاضرِ خدمت رہیں گے)o

(They will be attending) carrying bowls, ewers and cups filled with (transparent) drink of (nearness) from the free-flowing springs.

لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ (19)

ترجمہ: انہیں نہ تو اُس (کے پینے) سے دردِ سر کی شکایت ہوگی اور نہ ہی عقل میں فتور (اور بدمستی) آئے گیo

By (drinking) this, they will have neither headache nor derangement of senses (and stupefaction).

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ (20)

ترجمہ: اور (جنّتی خدمت گزار) پھل (اور میوے) لے کر (بھی پھر رہے ہوں گے) جنہیں وہ (مقرّبین) پسند کریں گےo

And (the servants of Paradise) will be (roaming about) with fruits which (the ones drawn near) will like,

وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ (21)

ترجمہ: اور پرندوں کا گوشت بھی (دستیاب ہوگا) جس کی وہ (اہلِ قربت) خواہش کریں گےo

And (there will be) bird-meat as well which they (the ones drawn near) will desire.

وَحُورٌ عِيْنٌ (22)

ترجمہ: اور خوبصورت کشادہ آنکھوں والی حوریں بھی (اُن کی رفاقت میں ہوں گی)o

And also (in their companionship will be) maidens with wide lovely eyes,

كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ (23)

ترجمہ: جیسے محفوظ چھپائے ہوئے موتی ہوںo

Like pearls kept hidden, well-guarded.

جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (24)

ترجمہ: (یہ) اُن (نیک) اعمال کی جزا ہوگی جو وہ کرتے رہے تھےo

(That) will be the reward of the (pious) works which they used to do.

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْواً وَلَا تَأْثِيماً (25)

ترجمہ: وہ اِس میں نہ کوئی بیہودگی سنیں گے اور نہ کوئی گناہ کی بات o

There they will hear nothing absurd nor any word of sin,

إِلَّا قِيلًا سَلَاماً سَلَاماً 26)

ترجمہ: مگر ایک ہی بات (کہ یہ سلام والے ہر طرف سے) سلام ہی سلام سنیں گے o

But (these people of peace will hear) only one thing (from all sides:) 'Peace, Peace.'

فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ (88)

ترجمہ: پھر اگر وہ (وفات پانے والا) مقرّبین میں سے تھا o

Then if he (who died) was of those drawn near,

فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّةُ نَعِيمٍ (89)

ترجمہ: تو (اس کے لیے) سرور و فرحت اور روحانی رزق و استراحت اور نعمتوں بھری جنت ہے o

For him is Paradise packed with bounties, pleasure and delight and spiritual sustenance and comforts.

سورۃ المجادلۃ:

لَا تَجِدُ قَوْماً يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءهُمْ أَوْ أَبْنَاءهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ أُوْلَئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ أُوْلَئِكَ حِزْبُ اللَّهِ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (22)

ترجمہ: آپ اُن لوگوں کو جو اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں کبھی اس شخص سے دوستی کرتے ہوئے نہ پائیں گے جو اللہ اور اُس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے دشمنی رکھتا ہے خواہ وہ اُن کے باپ (اور دادا) ہوں یا بیٹے (اور پوتے) ہوں یا اُن کے بھائی ہوں یا اُن کے قریبی رشتہ دار ہوں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اُس (اللہ) نے ایمان ثبت فرما دیا ہے اور انہیں اپنی روح (یعنی فیضِ خاص) سے تقویت بخشی ہے، اور انہیں (ایسی) جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ اُن میں ہمیشہ رہنے والے ہیں، اللہ اُن سے راضی ہو گیا ہے اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے ہیں، یہی اللہ (والوں) کی جماعت ہے، یاد رکھو! بے شک اللہ (والوں) کی جماعت ہی مراد پانے والی ہے o

You will never find those who believe in Allah and the Day of Rising making friends with anyone who is hostile to Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), even though they are their fathers (and forefathers), or their sons (and grandsons), or their brothers, or their near relatives. It is they in whose hearts Allah has inscribed faith and has strengthened them with His spirit (i.e., special spiritual benefit). And He will admit them to the Gardens with streams flowing under them. They will live in them forever. Allah is pleased with them and they are pleased with Allah. It is they who are the party of (the devotees of) Allah. Remember! It is the party of (the devotees of) Allah that attain to the goal.

سورۃ المطففین:

وَمِزَاجُهُ مِن تَسْنِيمٍ (27)

ترجمہ: اوراس (شراب) میں آبِ تسنیم کی آمیزش ہوگیo

And this (beverage of Paradise) will be mixed with the water of Tasnim.

عَيْناً يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ (28)

ترجمہ: (یہ تسنیم) ایک چشمہ ہے جہاں سے صرف اہلِ قربت پیتے ہیںo

(This Tasnim) is a fountain at which only those drawn close will drink.

42۔ المرصوص

سورۃ الصّف:

إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُونَ فِيْ سَبِيْلِهِ صَفّاً كَأَنَّهُم بُنيَانٌ مَّرْصُوصٌ (4)

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں کو پسند فرماتا ہے جو (ظلم کے خاتمے اور حق کی مدد کے لیے) اُس کی راہ میں (یوں) صف بستہ ہو کر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوں o

Assuredly, Allah loves those who fight in the way of Allah (to eliminate tyranny and support the truth, so) organized in ranks as if they were a wall cemented with molten lead.

43۔ سجین (گناہگاروں کا نامہ اعمال)

سورۃ المطففین:

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ (7)

ترجمہ: یہ حق ہے کہ بدکرداروں کا نامۂ اعمال سجین (یعنی دیوان خانۂ جہنم) میں ہےo

It is true that the record of the evildoers is kept in Sijjin (the ante-chamber of Hell).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّيْنٌ (8)

ترجمہ: اور آپ نے کیا جانا کہ سجین کیا ہےo

And what do you know what Sijjin is?

كِتَابٌ مَّرْقُوْمٌ (9)

ترجمہ: (یہ قید خانۂ دوزخ میں اس بڑے دیوان کے اندر) لکھی ہوئی (ایک) کتاب ہے (جس میں ہر جہنمی کا نام اور اس کے اعمال درج ہیں)o

It is an inscribed book (set down in the large ante-chamber of the prison of Hell, with the names and evil deeds of every inmate of Hell registered in it).

44۔ علیین (نیک لوگوں کا نوشتۂ اعمال)

سورۃ المطففین:

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْأَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ (18)

ترجمہ: یہ (بھی) حق ہے کہ بے شک نیکوکاروں کا نوشتۂ اعمال علّیّین (یعنی دیوان خانۂ جنت) میں ہےo

This is (also) true that the record of the truly pious is for sure maintained in 'Illiyyin (the ante-chamber of Paradise).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا عِلِّيُّوْنَ (19)

ترجمہ: اور آپ نے کیا جانا کہ علّیّین کیا ہےo

And what do you know what 'Illiyyin is?

كِتَابٌ مَّرْقُوْمٌ (20)

ترجمہ: (یہ جنت کے اعلیٰ درجہ میں اس بڑے دیوان کے اندر) لکھی ہوئی (ایک) کتاب ہے (جس میں ان جنتیوں کے نام اور اَعمال درج ہیں جنہیں اعلیٰ مقامات دیئے جائیں گے)o

It is an inscribed book (set down in the large ante-chamber of a lofty mansion of Paradise with the names and pious deeds of those who will be allocated superior stations in Paradise).

يَشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ (21)

ترجمہ: اس جگہ (اللہ کے) مقرب فرشتے حاضر رہتے ہیںo

The angels closest (to Allah) remain present here.

45۔ جادو کا بیان

سورۃ الفلق:

وَمِن شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِیُ الْعُقَدِ (4)

ترجمہ: اور گرہوں میں پھونک مارنے والی جادوگرنیوں (اور جادوگروں) کے شر سے o

And from the evil of those women (and men) who practise magic on knots by blowing,

46۔ جھوٹا خدائی دعویٰ اور نبوت کا دعویٰ کرنے والا ظالم ہے

سورۃ الانعام:

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِباً أَوْ قَالَ أُوْحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَمَن قَالَ سَأُنزِلُ مِثْلَ مَا أَنزَلَ اللّهُ وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلآئِكَةُ بَاسِطُواْ أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُواْ أَنفُسَكُمُ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ (93)

ترجمہ: اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے یا (نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرتے ہوئے یہ) کہے کہ میری طرف وحی کی گئی ہے حالانکہ اس کی طرف کچھ بھی وحی نہ کی گئی ہو اور (اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا) جو (خدائی کا جھوٹا دعویٰ کرتے ہوئے یہ) کہے کہ میں (بھی) عنقریب ایسی ہی (کتاب) نازل کرتا ہوں جیسی اللہ نے نازل کی ہے، اور اگر آپ (اس وقت کا منظر) دیکھیں جب ظالم لوگ موت کی سختیوں میں (مبتلا) ہوں گے اور فرشتے (ان کی طرف) اپنے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہوں گے اور (ان سے کہتے ہوں گے) تم اپنی جانیں جسموں سے نکالو۔ آج تمہیں سزا میں ذلّت کا عذاب دیا جائے گا۔ اس وجہ سے کہ تم اللہ پر ناحق باتیں کیا کرتے تھے اور تم اس کی آیتوں سے سرکشی کیا کرتے تھے۔

And who is more unjust than one who invents a lie against Allah (and making a false claim of Prophethood) says: 'Revelation has been sent down to me,' whereas no revelation is sent to him? And who can be more unjust than one who (making a false claim of being a god) says: 'I (too) shall soon send down such (a Book) as Allah has sent'? And if you visualize (the sight) when the unjust will be (suffering from) the death throes, and the angels will stretch forth their hands (towards them demanding:) 'Deliver your souls from your bodies. This Day you will be recompensed with humiliating torment because you used to speak falsehood against Allah and disobey and disregard His Revelations.'

47۔ فضول خرچی کا بیان

سورۃ الانعام:

وَهُوَ الَّذِیْ أَنشَأَ جَنَّاتٍ مَّعْرُوشَاتٍ وَغَیْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفاً أُكُلُهُ وَالزَّیْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهاً وَغَیْرَ مُتَشَابِهٍ كُلُواْ مِن ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُواْ حَقَّهُ یَوْمَ حَصَادِهِ وَلاَ تُسْرِفُواْ إِنَّهُ لاَ یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ(141)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے برداشتہ اور غیر برداشتہ (یعنی بیلوں کے ذریعے اوپر چڑھائے گئے اور بغیر اوپر چڑھائے گئے) باغات پیدا فرمائے اور کھجور (کے درخت) اور زراعت جس کے پھل گونا گوں ہیں اور زیتون اور انار (جو شکل میں) ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں اور (ذائقہ میں) جداگانہ ہیں (بھی پیدا کئے)۔ جب (یہ درخت) پھل لائیں تو تم ان کے پھل کھایا (بھی) کرو اور اس (کھیتی اور پھل) کے کٹنے کے دن اس کا (اللہ کی طرف سے مقرر کردہ) حق (بھی) ادا کر دیا کرو اور فضول خرچی نہ کیا کرو، بیشک وہ بے جا خرچ کرنے والوں کو پسند نہیں کرتاo

And He is the One Who has produced trellised and untrellised gardens (i.e., plants climbing up with supports and those not climbing up) and (also created) date (palms) and vegetation with a wide variety of fruits and olive and pomegranates (that) resemble (in shape) but differ (in taste). When (these trees) bear fruit, eat of their fruits, and (also) give away its due (as appointed by Allah) on the day of harvest (of the crop and the fruit), and do not spend wastefully. Surely, He does not like those who spend extravagantly.

سورۃ الاعراف:

یَا بَنِیْ آدَمَ خُذُواْ زِیْنَتَكُمْ عِندَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَكُلُواْ وَاشْرَبُواْ وَلاَ تُسْرِفُواْ إِنَّهُ لاَ یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ (31)

ترجمہ: اے اولادِ آدم! تم ہر نماز کے وقت اپنا لباسِ زینت (پہن) لیا کرو اور کھاؤ اور پیو اور حد سے زیادہ خرچ نہ کرو کہ بے شک وہ بے جا خرچ کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتاo

O Children of Adam! Dress up decently every time you offer Prayer. And eat and drink, but do not spend extravagantly because certainly He does not like the extravagant.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَآتِ ذَا الْقُرْبَى حَقَّهُ وَالْمِسْكِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ وَلاَ تُبَذِّرْ تَبْذِیْراً (26)

ترجمہ: اور قرابت داروں کو ان کا حق ادا کرو اور محتاجوں اور مسافروں کو بھی (دو) اور (اپنا مال) فضول خرچی سے مت اڑاؤo

And give to the kindred their rightful due, and also (give) to the needy and the wayfarer, and do not exhaust (your wealth) by expending wastefully.

إِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُواْ إِخْوَانَ الشَّیَاطِیْنِ وَكَانَ الشَّیْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُوراً(27)

ترجمہ: بے شک فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں، اور شیطان اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا ہےo

Surely, the spendthrifts are the brothers of Satan, and Satan is most

ungrateful to his Lord.

وَإِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِّن رَّبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُل لَّهُمْ قَوْلاً مَّيْسُوراً (28)

ترجمہ: اور اگر تم (اپنی تنگ دستی کے باعث) ان (مستحقین) سے گریز کرنا چاہتے ہو اپنے رب کی جانب سے رحمت (خوش حالی) کے انتظار میں جس کی تم توقع رکھتے ہو تو ان سے نرمی کی بات کہہ دیا کرو○

And if, in waiting for your Lord's mercy (i.e., prosperity), which you look forward to, you seek to avoid these (deserving ones due to scarcity of means), then say to them kind words.

وَلاَ تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَى عُنُقِكَ وَلاَ تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوماً مَّحْسُوراً (29)

ترجمہ: اور نہ اپنا ہاتھ اپنی گردن سے باندھا ہوا رکھو (کہ کسی کو کچھ نہ دو) اور نہ ہی اسے سارا کا سارا کھول دو (کہ سب کچھ ہی دے ڈالو) کہ پھر تمہیں خود ملامت زدہ (اور) تھکا ہارا بن کر بیٹھنا پڑے○

And neither keep your hand tied to your neck (giving nothing to anyone), nor stretch it wide open (giving away all) lest you should sit back, blamed (and) consumed.

48۔ نیکی کا بیان

سورۃ الانعام:

مَن جَاء بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا وَمَن جَاء بِالسَّيِّئَةِ فَلاَ يُجْزَى إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ (160)

ترجمہ: جوکوئی ایک نیکی لائے گا تو اس کے لئے (بطورِ اجر) اس جیسی دس نیکیاں ہیں اور جوکوئی ایک گناہ لائے گا تو اس کو اس جیسے ایک (گناہ) کے سوا سزا نہیں دی جائے گی اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گےo

Whoever brings one good deed will have to his credit (as a reward) ten more like it, and whoever brings an evil deed will not be punished for more than one similar (evil deed). And no injustice will be done to them.

49۔ ناپ تول کا ذکر

سورۃ بنی اسرائیل:

وَأَوْفُوا الْكَيْلَ إِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيمِ ذَلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا (35)

ترجمہ: اور ناپ پورا رکھا کرو جب (بھی) تم (کوئی چیز) ناپو اور (جب تولنے لگو تو) سیدھے ترازو سے تولا کرو، یہ (دیانت داری) بہتر ہے اور انجام کے اعتبار سے (بھی) خوب تر ہےo

And measure in full whenever you measure out (anything), and (when you weigh anything) weigh with a straight balance. This (honesty) is better, and much better with regard to its consequence (as well).

سورۃ المطففین:

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ (1)

ترجمہ: بربادی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیےo

Woe to those who give less in measure or weight!

الَّذِينَ إِذَا اكْتَالُوا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُونَ (2)

ترجمہ: یہ لوگ جب (دوسرے) لوگوں سے ناپ لیتے ہیں تو (ان سے) پورا لیتے ہیںo

When (they) take by measure from others, they take (from them) full.

وَإِذَا كَالُوهُمْ أَو وَّزَنُوهُمْ يُخْسِرُونَ (3)

ترجمہ: اور جب انہیں (خود) ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو گھٹا کر دیتے ہیںo

And when they (themselves) give by measure or weigh to others, they give them less.

أَلَا يَظُنُّ أُولَئِكَ أَنَّهُم مَّبْعُوثُونَ (4)

ترجمہ: کیا یہ لوگ اس بات کا یقین نہیں رکھتے کہ وہ (مرنے کے بعد دوبارہ) اٹھائے جائیں گےo

Do they not believe that they will be raised up (again after death),

لِيَوْمٍ عَظِيمٍ (5)

ترجمہ: ایک بڑے سخت دن کے لیےo

For a Terrible Day,

يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ (6)

ترجمہ: جس دن سب لوگ تمام جہانوں کے رب کے حضور کھڑے ہوں گےo

The Day when all mankind will stand before the Lord of all the worlds?

كَلَّا إِنَّ كِتَابَ الْفُجَّارِ لَفِي سِجِّينٍ (7)

ترجمہ: یہ حق ہے کہ بدکرداروں کا نامۂ اعمال سجین (یعنی دیوان خانۂ جہنم) میں ہےo

It is true that the record of the evildoers is kept in Sijjin (the ante-chamber of

Hell).

وَمَا أَدْرَاكَ مَا سِجِّيْنٌ (8)

ترجمہ: اورآپ نے کیا جانا کہ سجین کیا ہےo

And what do you know what Sijjin is?

كِتَابٌ مَّرْقُوْمٌ (9)

ترجمہ: (یہ قید خانۂ دوزخ میں اس بڑے دیوان کے اندر) لکھی ہوئی (ایک) کتاب ہے (جس میں ہر جہنمی کا نام اور اس کے اعمال درج ہیں)o

It is an inscribed book (set down in the large ante-chamber of the prison of Hell, with the names and evil deeds of every inmate of Hell registered in it).

50۔ تکبر وغرور کا بیان

سورۃ بنی اسرائیل:

وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحاً إِنَّكَ لَن تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَن تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولاً (37)

ترجمہ: اور زمین میں اکڑ کر مت چل، بے شک تو زمین کو (اپنی رعونت کے زور سے) ہرگز چیر نہیں سکتا اور نہ ہی ہرگز تو بلندی میں پہاڑوں کو پہنچ سکتا ہے (تو جو کچھ ہے وہی رہے گا)o

And do not walk arrogantly on the earth. Certainly, you cannot cleave the earth (with the force of your arrogance), nor can you reach the mountains in height. (You will remain what you are.)

كُلُّ ذَلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ عِندَ رَبِّكَ مَكْرُوهاً(38)

ترجمہ: ان سب (مذکورہ) باتوں کی برائی تیرے رب کو بڑی ناپسند ہےo

The evil of all these (mentioned) acts is most despicable to your Lord.

ذَلِكَ مِمَّا أَوْحَى إِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّهِ إِلَهاً آخَرَ فَتُلْقَى فِي جَهَنَّمَ مَلُوماً مَّدْحُوراً (39)

ترجمہ: یہ حکمت و دانائی کی ان باتوں میں سے ہے جو آپ کے رب نے آپ کی طرف وحی فرمائی ہیں، اور (اے انسان!) اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ ٹھہرا (ورنہ) تو ملامت زدہ (اور اللہ کی رحمت سے) دھتکارا ہوا ہو کر دوزخ میں جھونک دیا جائے گاo

This is of those wisdom-loaded values which your Lord has revealed to you and, (O man,) do not set up another god with Allah, (lest) you should be cast into Hell, cursed (and) rejected (from Allah's mercy).

سورۃ الکہف:

وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلاً رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعاً (32)

ترجمہ: اور آپ ان سے ان دو شخصوں کی مثال بیان کریں جن میں سے ایک کے لیے ہم نے انگور کے دو باغات بنائے اور ہم نے ان دونوں کو تمام اَطراف سے کھجور کے درختوں کے ساتھ ڈھانپ دیا اور ہم نے ان کے درمیان (سرسبز و شاداب) کھیتیاں اگا دیںo

And relate to them the example of two men, one of whom We provided with two gardens of grapevines, and We hedged both from all sides with date-palms, and We grew between them (rich green) cultivated fields.

كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِم مِّنْهُ شَيْئاً وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَراً (33)

ترجمہ: یہ دونوں باغ (کثرت سے) اپنے پھل لائے اور ان کی (پیداوار) میں کوئی کمی نہ رہی اور ہم نے ان دونوں (میں سے ہر ایک) کے درمیان ایک نہر (بھی) جاری کر دیo

Both these gardens yielded (abundant) fruits, and their (produce) did not fall short of the mark. And We (also) made one stream flow in the middle of (each of) the two.

وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهِ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَنَا أَكْثَرُ مِنكَ مَالاً وَأَعَزُّ نَفَراً(34)

ترجمہ: اوراس شخص کے پاس (اس کے سوا بھی) بہت سے پھل (یعنی وسائل) تھے، تو اس نے اپنے ساتھی سے کہا اور وہ اس سے تبادلہ خیال کر رہا تھا کہ میں تجھ سے مال و دولت میں کہیں زیادہ ہوں اور قبیلہ و خاندان کے لحاظ سے (بھی) زیادہ باعزت ہوں o

And this man had (also besides this) abundant fruits (i.e., resources). Whilst exchanging views with his companion, he said to him: 'I am far more affluent than you and (also) more honourable with regard to family and tribal strength.'

وَدَخَلَ جَنَّتَهُ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ قَالَ مَا أَظُنُّ أَن تَبِيدَ هَذِهِ أَبَداً (35)

ترجمہ: اور وہ (اسے لے کر) اپنے باغ میں داخل ہوا (تکبّر کی صورت میں) اپنی جان پر ظلم کرتے ہوئے کہنے لگا: میں یہ گمان (ہی) نہیں کرتا کہ یہ باغ تباہ ہوگا o

And (taking him along) he entered his garden. Doing wrong to his soul (by way of arrogance), he said: 'I do not (even) imagine that this garden will perish.

وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّدِدتُّ إِلَى رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيْراً مِّنْهَا مُنقَلَباً (36)

ترجمہ: اور نہ ہی یہ گمان کرتا ہوں کہ قیامت قائم ہوگی اور اگر (بالفرض) میں اپنے رب کی طرف لوٹایا بھی گیا تو بھی یقیناً میں ان باغات سے بہتر پلٹنے کی جگہ پاؤں گا o

Nor do I entertain the idea that the Last Hour will take place. And if (supposedly) I am returned to my Lord, even then I shall certainly get a place to return better than these gardens.'

قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ رَجُلاً (37)

ترجمہ: اس کے ساتھی نے اس سے کہا اور وہ اس سے تبادلہء خیال کر رہا تھا: کیا تو نے اس (رب) کا انکار کیا ہے جس نے تجھے (اوّلاً) مٹی سے پیدا کیا پھر ایک تولیدی قطرہ سے پھر تجھے (جسمانی طور پر) پورا مرد بنا دیا؟ o

His companion, whilst exchanging views with him, said to him: 'Have you denied (the Lord) Who has created you (first) from clay, and then from a drop of vital fluid, and then accomplished you (physically) into a full-grown man?

لَّكِنَّا هُوَ اللَّهُ رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِرَبِّي أَحَداً (38)

ترجمہ: لیکن میں (تو یہ کہتا ہوں) کہ وہی اللہ میرا رب ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں گردانتا o

But (this is what) I say: Allah alone is my Lord, and I do not associate any partner with my Lord.

وَلَوْلَا إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاء اللَّهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ إِن تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنكَ مَالاً وَوَلَداً (39)

ترجمہ: اور جب تو اپنے باغ میں داخل ہوا تو تو نے کیوں نہیں کہا: ''ماشاء اللہ لاقوۃ اِلا باللہ'' (وہی ہونا ہے جو اللہ چاہے کسی کو کچھ طاقت نہیں مگر اللہ کی مدد سے)، اگر تو (اِس وقت) مجھے مال و اولاد میں اپنے سے کم تر دیکھتا ہے (تو کیا ہوا) o

And why did you not say when you entered your garden: It happens exactly as Allah wills. No one owns any power but with the help of Allah (Ma sha Allah, la

quwwata illa bi-llah)? If (today) you find me inferior to you in wealth and riches (then what!)

فَعَسَى رَبِّيٓ أَن يُؤۡتِيَنِ خَيۡرٗا مِّن جَنَّتِكَ وَيُرۡسِلَ عَلَيۡهَا حُسۡبَانٗا مِّنَ ٱلسَّمَآءِ فَتُصۡبِحَ صَعِيدٗا زَلَقًا (40)

ترجمہ: کچھ بعید نہیں کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر عطا فرمائے اور اس (باغ) پر آسمان سے کوئی عذاب بھیج دے پھر وہ چٹیل چکنی زمین بن جائےo

It is not far from possible that my Lord may give me a garden better than yours, and send from heaven some torment upon this (garden) turning it into a barren, slippery piece of land.

أَوۡ يُصۡبِحَ مَآؤُهَا غَوۡرٗا فَلَن تَسۡتَطِيعَ لَهُۥ طَلَبٗا (41)

ترجمہ: یا اس کا پانی زمین کی گہرائی میں چلا جائے پھر تو اسے حاصل کرنے کی طاقت بھی نہ پا سکےo

Or its water may sink so deep into the earth that it gets beyond your means to fetch.'

وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِۦ فَأَصۡبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيۡهِ عَلَىٰ مَآ أَنفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يَا لَيۡتَنِي لَمۡ أُشۡرِكۡ بِرَبِّيٓ أَحَدٗا (42)

ترجمہ: اور (اس تکبّر کے باعث) اس کے (سارے) پھل (تباہی میں) گھیر لیے گئے تو صبح کو وہ اس پونجی پر جو اس نے اس (باغ کے لگانے) میں خرچ کی تھی کفِ افسوس ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنے چھپروں پر گرا پڑا تھا اور وہ (سراپا حسرت و یاس بن کر) کہہ رہا تھا: ہائے کاش! میں نے اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہوتا (اور اپنے اوپر گھمنڈ نہ کیا ہوتا)o

And (because of his arrogance) all his fruits were besieged (with destruction), and in the morning he was but wringing his hands with grief bewailing all that wealth, which he had invested (in raising this garden). And the garden had fallen down on its trellises, and he (the embodiment of despair and despondence) said: 'Would that I had not attributed peers to Allah (and had not employed self-conceit)!'

وَلَمۡ تَكُن لَّهُۥ فِئَةٞ يَنصُرُونَهُۥ مِن دُونِ ٱللَّهِ وَمَا كَانَ مُنتَصِرٗا (43)

ترجمہ: اور اس کے لیے کوئی گروہ (بھی) ایسا نہ تھا جو اللہ کے مقابلے میں اس کی مدد کرتا اور نہ وہ خود (ہی اس تباہی کا) بدلہ لینے کے قابل تھاo

And there was (also) no party for him to come to his help against Allah, nor was he himself able to avenge (this destruction).

هُنَالِكَ ٱلۡوَلَٰيَةُ لِلَّهِ ٱلۡحَقِّۚ هُوَ خَيۡرٞ ثَوَابٗا وَخَيۡرٌ عُقۡبٗا (44)

ترجمہ: یہاں (پتہ چلتا ہے) کہ سب اختیار اللہ ہی کا ہے (جو) حق ہے، وہی بہتر ہے انعام دینے میں اور وہی بہتر ہے انجام کرنے میںo

(Here it becomes evident) that all authority belongs to Allah alone (Who is) the truth. He is the best to reward and the best to end.

سورۃ القمان:

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحاً إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ (18)

ترجمہ: اورلوگوں سے (غرور کے ساتھ) اپنا رخ نہ پھیر، اور زمین پر اکڑ کر مت چل، بے شک اللہ ہر متکبّر، اِترا کر چلنے والے کو ناپسند فرماتا ہےo

And do not turn your face away from the people (in arrogance), nor walk haughtily on earth. Surely, Allah does not love the arrogant one who walks gloatingly in self-conceit.

وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِن صَوْتِكَ إِنَّ أَنكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ (19)

ترجمہ: اوراپنے چلنے میں میانہ روی اختیار کر، اوراپنی آواز کو کچھ پست رکھا کر، بے شک سب سے بری آواز گدھے کی آواز ہےo

And adopt moderation whilst walking and keep your voice low. Surely, the worst voice is the bray of a donkey.'

سورۃ السجدۃ:

إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا الَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّداً وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ) (15)

ترجمہ: پس ہماری آیتوں پر وہی لوگ ایمان لاتے ہیں جنہیں اُن (آیتوں) کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ سجدہ کرتے ہوئے گر جاتے ہیں اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور وہ تکبّر نہیں کرتےo

So only those who believe in Our Revelations, when directed and guided by means of these (Verses), fall down prostrating themselves and glorify their Lord with praise. And they do not behave with arrogance.

سورۃ الزمر:

بَلَى قَدْ جَاءتْكَ آيَاتِي فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنتَ مِنَ الْكَافِرِينَ (59)

ترجمہ: (رب فرمائے گا:) ہاں، بے شک میری آیتیں تیرے پاس آئی تھیں، سو تُو نے انہیں جھٹلا دیا، اور تُو نے تکبّر کیا اور تُو کافروں میں سے ہو گیاo

(The Lord will say:) 'Yes, no doubt, My Revelations came to you. So you rejected them and showed arrogance and became one of the disbelievers.'

وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ تَرَى الَّذِينَ كَذَبُواْ عَلَى اللَّهِ وُجُوهُهُم مُّسْوَدَّةٌ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِينَ (60)

ترجمہ: اور آپ قیامت کے دن اُن لوگوں کو جنہوں نے اللہ پر جھوٹ بولا ہے دیکھیں گے کہ اُن کے چہرے سیاہ ہوں گے، کیا تکبّر کرنے والوں کا ٹھکانا دوزخ میں نہیں ہے؟o

And on the Day of Resurrection, you will see those who have fabricated a lie against Allah that their faces are darkened. Is the abode of the arrogant not in Hell?

قِيْلَ ادْخُلُوا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا فَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ (72)

ترجمہ: اُن سے کہا جائے گا: دوزخ کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ، (تم) اس میں ہمیشہ رہنے والے ہو، سو غرور کرنے والوں کا ٹھکانا کتنا برا ہے o

It will be said to them: 'Enter the gates of Hell. (You) will live in it for ever. So how evil is the abode of the arrogant!'

سورۃ الجاثیۃ:

يَسْمَعُ آيَاتِ اللّٰهِ تُتْلَى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِراً كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيْمٍ (8)

ترجمہ: جو اللہ کی (اُن) آیتوں کو سنتا ہے جو اُس پر پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں پھر (اپنے کفر پر) اصرار کرتا ہے تکبّر کرتے ہوئے، گویا اُس نے انہیں سنا ہی نہیں، تو آپ اسے دردناک عذاب کی بشارت دے دیں o

The one who listens to the Revelations of Allah that are recited to him, then insists (on his disbelief) arrogantly as if he did not hear them, give him the news of a grievous torment!

وَأَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيَاتِيْ تُتْلَى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنتُمْ قَوْماً مُّجْرِمِيْنَ (31)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کُفر کیا (اُن سے کہا جائے گا:) کیا میری آیتیں تم پر پڑھ پڑھ کر نہیں سنائی جاتی تھیں، پس تم نے تکبّر کیا اور تم مُجرم لوگ تھے o

And those who disbelieved (it will be said to them:) 'Were My Verses not recited to you? But you showed arrogance and you were the evildoers.'

سورۃ الاحقاف:

وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا عَلَى النَّارِ أَذْهَبْتُمْ طَيِّبَاتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُم بِهَا فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِيْ الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنتُمْ تَفْسُقُوْنَ (20)

ترجمہ: اور جس دن کافر لوگ آتشِ دوزخ کے سامنے پیش کیے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا:) تم اپنی لذیذ و مرغوب چیزیں اپنی دنیوی زندگی میں ہی حاصل کر چکے اور ان سے (خوب) نفع اندوز بھی ہو چکے۔ پس آج کے دن تمہیں ذلت کے عذاب کی سزا دی جائے گی اس وجہ سے کہ تم زمین میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے اور اس وجہ سے (بھی) کہ تم نافرمانی کیا کرتے تھے o

And the Day when the disbelievers will be brought before the Fire of Hell (it will be said to them:) 'You received your favourite and tasteful luxuries in the life of the world and exacted from them (maximum) benefit. So, Today you will be rewarded the punishment of humiliation because you lived on earth with arrogance unjustly and (also) because you used to disobey.'

سورۃ الحدید:

لِكَيْلَا تَأْسَوْا عَلَى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ (23)

ترجمہ: تاکہ تم اس چیز پر غم نہ کرو جو تمہارے ہاتھ سے جاتی رہی اور اس چیز پر نہ اِتراؤ جو اس نے تمہیں عطا کی، اور اللہ کسی تکبّر کرنے والے، فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا○

So that you may not grieve over what goes out of your hands, nor gloat in pride over what He grants you. And Allah does not like anyone arrogant and proud-

51۔ اصحاب الیمین کون ہیں

سورۃ الواقعۃ:

وَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ أَصْحَابِ الْيَمِينِ (90)

ترجمہ: اور اگر وہ اصحاب الیمین میں سے تھاo

And if he was of those on the Right Hand,

فَسَلَامٌ لَّكَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ (91)

ترجمہ: تو (اس سے کہا جائے گا:) تمہارے لیے دائیں جانب والوں کی طرف سے سلام ہے (یا اے نبی! آپ پر اصحابِ یمین کی جانب سے سلام ہے)o

Then (it will be said to him:) 'Peace for you from those on the Right Hand! (Or, O Prophet, peace on you from those on the Right Hand!)'

52۔ قول وفعل میں تضاد کا بیان

سورۃ الصّف:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ (2)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم وہ باتیں کیوں کہتے ہو جو تم کرتے نہیں ہوo

O believers! Why do you say what you do not do?

كَبُرَ مَقْتاً عِندَ اللَّهِ أَن تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ (3)

ترجمہ: اللہ کے نزدیک بہت سخت ناپسندیدہ بات یہ ہے کہ تم وہ بات کہو جو خود نہیں کرتےo

It is most hateful in the sight of Allah that you should say what you do not do.

53۔ نمازِ جمعہ کا ذکر

سورۃ الجمعۃ:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (9)

ترجمہ: اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن (جمعہ کی) نماز کے لیے اذان دی جائے تو فوراً اللہ کے ذکر (یعنی خطبہ و نماز) کی طرف تیزی سے چل پڑو اور خرید و فروخت (یعنی کاروبار) چھوڑ دو۔ یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہوo

O believers! When on Fridays the call is made for (Jumu'a) Prayer, hasten towards the remembrance of Allah (i.e., the Jumu'a sermon and Prayer) immediately and abandon purchase and sale (i.e., business). That is better for you if you have knowledge.

فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (10)

ترجمہ: پھر جب نماز ادا ہو چکے تو زمین میں منتشر ہو جاؤ اور (پھر) اللہ کا فضل (یعنی رزق) تلاش کرنے لگو اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا کرو تاکہ تم فلاح پاؤo

Then after the Prayer is offered, disperse in the land and (then) look for Allah's bounty (i.e., sustenance). And remember Allah much so that you may attain to prosperity.

وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انفَضُّوا إِلَيْهَا وَتَرَكُوكَ قَائِمًا قُلْ مَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللَّهُ خَيْرُ الرَّازِقِينَ (11)

ترجمہ: اور جب انہوں نے کوئی تجارت یا کھیل تماشا دیکھا تو (اپنی حاجت مندی اور معاشی تنگی کے باعث) اس کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے اور آپ کو (خطبہ میں) کھڑے چھوڑ گئے، فرما دیجیے: جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل سے اور تجارت سے بہتر ہے، اور اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہےo

And when they found some business or entertainment opportunity, they rushed towards that (due to their neediness and financial constraint) and left you standing (during the sermon). Say: 'Whatever is with Allah is better than sport and business. And Allah is the Best of sustainers.'

54۔ امانت دار کیلئے انعام کا ذکر

سورۃ المعارج:

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ (32)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے وعدوں کی نگہداشت کرتے ہیںo

And those who safeguard their trusts and promises,

وَالَّذِيْنَ هُم بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ (33)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی گواہیوں پر قائم رہتے ہیںo

And those who stand firm on their testimonies,

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلَى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ (34)

ترجمہ: اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیںo

And those who safeguard their Prayers,

أُوْلَئِكَ فِيْ جَنَّاتٍ مُّكْرَمُونَ (35)

ترجمہ: یہی لوگ ہیں جو جنتوں میں معزّز و مکرّم ہوں گےo

It is they who will enjoy great honour and respect in the Gardens.

55۔ اللہ پاک کی راہ میں قتل/شہید ہونے والوں کا ذکر

سورۃ البقرہ:

وَلَا تَقُولُواْ لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّهِ أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاء وَلَكِن لاَّ تَشْعُرُونَ (154)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مت کہا کرو کہ یہ مُردہ ہیں، (وہ مُردہ نہیں) بلکہ زندہ ہیں لیکن تمہیں (ان کی زندگی کا) شعور نہیں o

And do not say about those who are slain in the cause of Allah that they are dead. (They are not dead.) They are rather alive but you have no perception (of their life).

سورۃ العمران:

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ أَمْوَاتاً بَلْ أَحْيَاء عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ (169)

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے جائیں انہیں ہرگز مردہ خیال (بھی) نہ کرنا، بلکہ وہ اپنے رب کے حضور زندہ ہیں انہیں (جنت کی نعمتوں کا) رزق دیا جاتا ہے o

And do not (ever) think that those who are slain in the way of Allah are dead. Rather, they are alive in the presence of their Lord. They are served with sustenance (comprising bounties of Paradise).

فَرِحِيْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ وَيَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُواْ بِهِم مِّنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ (170)

ترجمہ: وہ (حیاتِ جاودانی کی) ان (نعمتوں) پر فرحاں وشاداں رہتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا فرما رکھی ہیں اور اپنے ان پچھلوں سے بھی جو (تا حال) ان سے نہیں مل سکے (انہیں ایمان اور اطاعت کی راہ پر دیکھ کر) خوش ہوتے ہیں کہ ان پر بھی نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے o

They rejoice in these (blessings of eternal life) that Allah has conferred on them of His bounty, and they also feel pleased (on finding) their successors (on the path of faith and obedience) who have not (yet) joined them, for they shall also have neither any fear nor any grief.

يَسْتَبْشِرُونَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّهِ وَفَضْلٍ وَأَنَّ اللّهَ لاَ يُضِيعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ (171)

ترجمہ: وہ اللہ کی (تجلیّاتِ قُرب کی) نعمت اور (لذّاتِ وصال کے) فضل سے مسرور رہتے ہیں اور اس پر (بھی) کہ اللہ ایمان والوں کا اجر ضائع نہیں فرماتا o

They are filled with joy owing to the blessing (of divine disclosures of the nearness) of Allah and His bounty (i.e., the pleasures of meeting with Him), and (also) because Allah does not waste the reward of the believers.

سورۃ الحج:

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ مَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقاً حَسَناً وَإِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ (58)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (وطن سے) ہجرت کی پھر قتل کر دیے گئے یا (راہِ حق کی مصیبتیں جھیلتے جھیلتے) مر گئے تو اللہ انہیں ضرور رزقِ حسن (یعنی اُخروی عطاؤں) کی روزی بخشے گا، اور بے شک اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہےo

And those who migrated from their (homeland) in the way of Allah (and) were then slain or died (suffering from the troubles of the way), Allah shall indeed provide for them an excellent provision (of bestowals specific to the Last Day). And, verily, Allah is the Best of providers.

لَيُدْخِلَنَّهُم مُّدْخَلاً يَرْضَوْنَهُ وَإِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ (59)

ترجمہ: وہ ضرور انہیں اس جگہ (یعنی مقامِ رضوان میں) داخل فرمائے گا جس سے وہ راضی ہو جائیں گے، اور بے شک اللہ خوب جاننے والا بُردبار ہےo

He will indeed admit them to that (station of divine pleasure) they will be well pleased with. And Allah is indeed All-Knowing, Most Forbearing.

سورۃ محمد:

فَإِذا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتّٰى إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ فَإِمَّا مَنّاً بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاء حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا ذَلِكَ وَلَوْ يَشَاءُ اللّٰهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ (4)

ترجمہ: پھر جب (میدان جنگ میں) تمہارا مقابلہ (متحارب) کافروں سے ہو تو (دورانِ جنگ) ان کی گردنیں اڑا دو (کیونکہ انہوں نے انسانیت کا قتلِ عام کیا اور فساد انگیزی کے ذریعے امن برباد کیا)، یہاں تک کہ جب تم انہیں (جنگی معرکہ میں) خوب قتل کر چکو تو (بقیہ قیدیوں کو) مضبوطی سے باندھ لو، پھر اس کے بعد یا تو (انہیں) احسان کرتے ہوئے (بلا معاوضہ چھوڑ دو) یا فدیہ (یعنی معاوضۂ رہائی) لے کر (آزاد کر دو) یہاں تک کہ جنگ (کرنے والی مخالف فوج) اپنے ہتھیار رکھ دے (یعنی صلح و امن کا اعلان کر دے)۔ یہی (حکم) ہے، اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے (بغیر جنگ) انتقام لے لیتا مگر (اس نے ایسا نہیں کیا) تاکہ تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزمائے، اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کر دیے گئے تو وہ ان کے اعمال کو ہرگز ضائع نہ کرے گاo

So when you are to fight (for the elimination of militancy and terrorism) against the (warring) disbelievers (in the battlefield), strike their necks (whilst fighting because they slaughtered harmless human lives and destroyed peace by their terrorist activities) till, when you have killed a good many of them (in the battle), then tie (the remaining prisoners) tightly. Thereafter, either set (them) free (without ransom) as a favour or (free them) for ransom (i.e., cost of freedom) till the warring (hostile army) lays down its weapons (i.e., announces the truce). That is (the command). And if Allah had willed, He would have

avenged Himself on them (without war). But (He did not do so) in order to try some of you by means of others. And as for those who are slain in the way of Allah, He will not at all make their actions fruitless.

سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ **(5)**

ترجمہ: وہ عنقریب انہیں (جنت کی) سیدھی راہ پر ڈال دے گا اور ان کے احوالِ (اُخروی) کو خوب بہتر کر دے گاo

He will soon put them on the straight path (of Paradise), and will greatly enhance their states of being (in the Hereafter).

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ **(6)**

ترجمہ: اور (بالآخر) انہیں جنت میں داخل فرما دے گا جس کی اس نے (پہلے ہی سے) انہیں خوب پہچان کرا دی ہےo

And He will (ultimately) admit them to Paradise which He has (already) made well known to them.

سورۃ الحدید:

وَالَّذِيْنَ آمَنُوا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ أُوْلَئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُونَ وَالشُّهَدَاء عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُوْلَئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيْمِ **(19)**

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے وہی لوگ اپنے رب کے نزدیک صدیق اور شہید ہیں، اُن کے لیے اُن کا اجر (بھی) ہے اور ان کا نور (بھی) ہے، اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ دوزخی ہیںo

And those who believe in Allah and His Messengers are al-siddiqun (the champions of truth) and al-shuhada' (the faithful witnesses) in the sight of their Lord. For them is their reward and their light (as well), and those who disbelieved and denied Our Revelations, it is they who are the inmates of Hell.

56۔ نقصان اُٹھانے والے یا خسارے والے لوگ

سورۃ البقرہ:

الَّذِيْنَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِن بَعْدِ مِيْثَاقِهِ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ أُولَئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ (27)

ترجمہ: (یہ نافرمان وہ لوگ ہیں) جو اللہ کے عہد کو اس سے پختہ کرنے کے بعد توڑتے ہیں، اور اس (تعلق) کو کاٹتے ہیں جس کو اللہ نے جوڑنے کا حکم دیا ہے اور زمین میں فساد بپا کرتے ہیں، یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں o

(These disobedient people are those) who break the promise of Allah after having confirmed it, and break that (relationship) which Allah has ordered to be joined, and create disorder in the land. It is they who are the losers.

سورۃ الکہف:

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِيْنَ أَعْمَالاً (103)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا ہم تمہیں ایسے لوگوں سے خبردار کر دیں جو اعمال کے حساب سے سخت خسارہ پانے والے ہیں o

Say: 'Shall We alert you to those who are great losers in respect of deeds?

الَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعاً (104)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن کی ساری جدوجہد دنیا کی زندگی میں ہی برباد ہوگئی اور وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم بڑے اچھے کام انجام دے رہے ہیں o

It is those whose entire struggle is wasted in worldly life, but they presume they are doing good works.'

أُولَئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْناً (105)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی نشانیوں کا اور (مرنے کے بعد) اس سے ملاقات کا انکار کر دیا ہے سو ان کے سارے اعمال اکارت گئے پس ہم ان کے لیے قیامت کے دن کوئی وزن اور حیثیت (ہی) قائم نہیں کریں گے o

It is they who have denied the signs of their Lord and meeting Him (after death). So all their deeds are ruined, and We shall not give any weight or (even) any worth to them on the Day of Rising.

ذَلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا آيَاتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُواً (106)

ترجمہ: یہی دوزخ ہی ان کی جزا ہے اس وجہ سے کہ وہ کفر کرتے رہے اور میری نشانیوں اور میرے رسولوں کا مذاق اڑاتے رہے o

This very Hell is their reward because they kept disbelieving and mocking My signs and My Messengers.

سورۃ مریم:

فَخَلَفَ مِن بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا الصَّلَاةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيّاً (59)

ترجمہ: پھران کے بعد وہ ناخلف جانشین ہوئے جنہوں نے نمازیں ضائع کردیں اور خواہشاتِ (نفسانی) کے پیرو ہوگئے تو عنقریب وہ آخرت کے عذاب (دوزخ کی وادیٔ غی) سے دوچار ہوں گےo

Then followed their pathetic successors who gave up Prayers and followed the lusts (of their ill-commanding selves). So they will soon face punishment in the Hereafter (in the Ghayi valley of Hell),

سورۃ طٰہٰ:

وَمَنْ أَعْرَضَ عَن ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنكاً وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَى (124)

ترجمہ: اور جس نے میرے ذکر (یعنی میری یاد اور نصیحت) سے روگردانی کی تو اس کے لیے دنیاوی معاش (بھی) تنگ کردیا جائے گا اور ہم اسے قیامت کے دن (بھی) اندھا اٹھائیں گےo

And whoever turns away from My direction and guidance (i.e., remembrance and advice), his worldly sustenance will be narrowed, and We shall raise him blind on the Day of Resurrection (as well).'

قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِي أَعْمَى وَقَدْ كُنتُ بَصِيراً(125)

ترجمہ: وہ کہے گا: اے میرے رب! تو نے مجھے (آج) اندھا کیوں اٹھایا حالاں کہ میں (دنیا میں) بینا تھاo

He will say: 'O my Lord, why have You raised me up blind (Today) whereas I had vision (in the world)?'

قَالَ كَذَلِكَ أَتَتْكَ آيَاتُنَا فَنَسِيتَهَا وَكَذَلِكَ الْيَوْمَ تُنسَى (126)

ترجمہ: ارشاد ہوگا: ایسا ہی (ہوا کہ دنیا میں) تیرے پاس ہماری نشانیاں آئیں پس تو نے انہیں بھلا دیا اور آج اسی طرح تو (بھی) بھلا دیا جائے گاo

(Allah) will say: 'In like manner, Our signs came to you (in the world), but you forgot them, and the same way you (too) will be forgotten Today.'

وَكَذَلِكَ نَجْزِي مَنْ أَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِن بِآيَاتِ رَبِّهِ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَدُّ وَأَبْقَى (127)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم اس شخص کو بدلہ دیتے ہیں جو (گناہوں میں) حد سے نکل جائے اور اپنے رب کی آیتوں پر ایمان نہ لائے، اور بے شک آخرت کا عذاب بڑا ہی سخت اور ہمیشہ رہنے والا ہےo

And that is how We recompense the one who exceeds the limit (in sins), and does not believe in the Revelations of his Lord, and surely the torment of the Last Day is extremely severe and everlasting.

أَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ يَمْشُونَ فِي مَسَاكِنِهِمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُوْلِي النُّهَى(128)

ترجمہ: کیا انہیں (اس بات نے) ہدایت نہ دی کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی امتوں کو ہلاک کردیا جن کی رہائش گاہوں میں

(اب) یہ لوگ چلتے پھرتے ہیں، بے شک اس میں دانش مندوں کے لیے (بہت سی) نشانیاں ہیں o

Has (this fact) not guided them as to how many people We destroyed before them in whose dwelling places they (now) walk about? Undoubtedly, in this are (many) signs for the wise.

سورۃ الحج:

وَمِنَ النَّاسِ مَن يَعْبُدُ اللَّهَ عَلَى حَرْفٍ فَإِنْ أَصَابَهُ خَيْرٌ اطْمَأَنَّ بِهِ وَإِنْ أَصَابَتْهُ فِتْنَةٌ انقَلَبَ عَلَى وَجْهِهِ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةَ ذَلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ **(11)**

ترجمہ: اور لوگوں میں سے کوئی ایسا بھی ہوتا ہے جو (بالکل دین کے) کنارے پر (رہ کر) اللہ کی عبادت کرتا ہے، پس اگر اسے کوئی (دنیاوی) بھلائی پہنچتی ہے تو وہ اس (دین) سے مطمئن ہو جاتا ہے اور اگر اسے کوئی آزمائش پہنچتی ہے تو اپنے منہ کے بل (دین سے) پلٹ جاتا ہے، اس نے دنیا میں (بھی) نقصان اٹھایا اور آخرت میں (بھی)، یہی تو واضح (طور پر) بڑا خسارہ ہے o

And amongst people there is also one who worships Allah (keeping just) on the border-line (of Din [Religion]). So if some (worldly) benefit reaches him, he feels contented with this (Din [Religion]), and if some trial befalls him, he turns about on his face away (from Din [Religion]). He met a loss in this world (as well as) in the Hereafter. It is this that is conspicuously a heavy loss.

يَدْعُو مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُ وَمَا لَا يَنفَعُهُ ذَلِكَ هُوَ الضَّلَالُ الْبَعِيدُ **(12)**

ترجمہ: وہ (شخص) اللہ کو چھوڑ کر اس (بت) کی عبادت کرتا ہے جو نہ اسے نقصان پہنچا سکے اور نہ ہی اسے نفع پہنچا سکے، یہی تو (بہت) دور کی گمراہی ہے o

(Such a person) worships besides Allah that (idol) which can neither harm nor bring him benefit. That is indeed straying (quite) far off.

يَدْعُو لَمَن ضَرُّهُ أَقْرَبُ مِن نَّفْعِهِ لَبِئْسَ الْمَوْلَى وَلَبِئْسَ الْعَشِيرُ **(13)**

ترجمہ: وہ اسے پوجتا ہے جس کا نقصان اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے، وہ کیا ہی برا مددگار ہے اور کیا ہی برا ساتھی ہے o

He worships someone whose loss is nearer than his profit. What an evil helper and what an evil companion!

سورۃ المومنون:

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْساً إِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتَابٌ يَنطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ **(62)**

ترجمہ: اور ہم کسی جان کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی استعداد کے مطابق اور ہمارے پاس نوشتۂ (اَعمال موجود) ہے جو سچ سچ کہہ دے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا o

And We do not strain any soul but commensurate with its capacity, and with Us is the record (of deeds) which will speak the truth, and they will not be wronged.

بَلْ قُلُوبُهُمْ فِي غَمْرَةٍ مِّنْ هَذَا وَلَهُمْ أَعْمَالٌ مِن دُونِ ذَلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُونَ (63)

ترجمہ: بلکہ ان کے دل اس (قرآن کے پیغام) سے غفلت میں (پڑے) ہیں اور اس کے سوا (بھی) ان کے کئی اور (برے) اعمال ہیں جن پر وہ عمل پیرا ہیں o

But their hearts are in (utter) negligence of this (message of the Qur'an) and (also) besides that, there are many other (evil) deeds which they are doing,

حَتَّى إِذَا أَخَذْنَا مُتْرَفِيهِم بِالْعَذَابِ إِذَا هُمْ يَجْأَرُونَ (64)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ہم ان کے امیر اور آسودہ حال لوگوں کو عذاب کی گرفت میں لیں گے تو اس وقت وہ چیخ اٹھیں گے o

Until when We seize the rich and the prosperous of them with torment, then they will cry out.

لَا تَجْأَرُوا الْيَوْمَ إِنَّكُم مِّنَّا لَا تُنصَرُونَ (65)

ترجمہ: (ان سے کہا جائے گا:) تم آج مت چیخو، بے شک ہماری طرف سے تمہاری کوئی مدد نہیں کی جائے گے o

(It will be said to them:) 'Do not cry today. Surely, you will not be helped by Us.'

قَدْ كَانَتْ آيَاتِي تُتْلَى عَلَيْكُمْ فَكُنتُمْ عَلَى أَعْقَابِكُمْ تَنكِصُونَ (66)

ترجمہ: بے شک میری آیتیں تم پر پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی تھیں تو تم ایڑیوں کے بل الٹے پلٹ جایا کرتے تھے o

Certainly, My Verses were repeatedly recited to you but you used to turn back on your heels.

مُسْتَكْبِرِينَ بِهِ سَامِراً تَهْجُرُونَ (67)

ترجمہ: اس سے غرور و تکبّر کرتے ہوئے رات کے اندھیرے میں بے ہودہ گوئی کرتے تھے o

Displaying haughtiness and arrogance against it, you used to utter absurdity in the darkness of night.

أَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ أَمْ جَاءهُم مَّا لَمْ يَأْتِ آبَاءهُمُ الْأَوَّلِينَ (68)

ترجمہ: سو کیا انہوں نے اس فرمانِ (الٰہی) میں غور و خوض نہیں کیا یا ان کے پاس کوئی ایسی چیز آ گئی ہے جو ان کے اگلے باپ دادا کے پاس نہیں آئی تھی o

So have they not pondered over this command (of Allah)? Or has there come to them such a thing that did not come to their fathers?

أَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهُ مُنكِرُونَ (69)

ترجمہ: یا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا سو (اس لیے) وہ اس کے منکر ہو گئے ہیں o

Or have they not recognized their Messenger and (so) they deny him?

أَمْ يَقُولُونَ بِهِ جِنَّةٌ بَلْ جَاءهُم بِالْحَقِّ وَأَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ (70)

ترجمہ: یا یہ کہتے ہیں کہ اس (رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو جنون (لاحق) ہو گیا ہے، (ایسا ہرگز نہیں) بلکہ وہ ان کے پاس حق لے کر تشریف لائے ہیں اور ان میں سے اکثر لوگ حق کو پسند نہیں کرتے o

Or do they say: 'He (the Prophet) is (afflicted) with mania'? (Nay, not at all;) he

has rather brought to them the truth, but most of them do not like the truth.

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ أَهْوَاءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ وَمَن فِيهِنَّ بَلْ أَتَيْنَاهُم بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَن ذِكْرِهِم مُّعْرِضُونَ **(71)**

ترجمہ: اور اگر حق (تعالیٰ) ان کی خواہشات کی پیروی کرتا تو (سارے) آسمان اور زمین اور جو (مخلوقات وموجودات) ان میں ہیں سب تباہ و برباد ہو جاتے بلکہ ہم ان کے پاس وہ (قرآن) لائے ہیں جس میں ان کی عزت و شرف (اور ناموری کا راز) ہے سو وہ اپنی عزت ہی سے منہ پھیر رہے ہیںo

And had the (holy) truth (Allah) followed their vain desires, then (all) the heavens and the earth and whatever (living and non-living things) are therein, all would have been destroyed. We have rather brought them that (Qur'an) which contains (the secret of) their honour, dignity (and fame). So it is from their own honour that they are turning away.

أَمْ تَسْأَلُهُمْ خَرْجاً فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ **(72)**

ترجمہ: کیا آپ ان سے (تبلیغِ رسالت پر) کچھ اجرت مانگتے ہیں؟ (ایسا بھی نہیں ہے) آپ کے تو رب کا اجر (ہی بہت) بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر روزی رساں ہےo

Do you demand of them any recompense (for preaching the faith in Messengership? Nay, that too is not the case.) The recompense of your Lord itself is (by far) the best and He is the Best of all sustainers.

وَإِنَّكَ لَتَدْعُوهُمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ **(73)**

ترجمہ: اور بے شک آپ تو (انہی کے بھلے کے لیے) انہیں سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہیںo

And surely, you call them to the straight path (for their own good).

وَإِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنَاكِبُونَ **(74)**

ترجمہ: اور بے شک جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے (وہ) ضرور (سیدھی) راہ سے کترائے رہتے ہیںo

And surely, those who do not believe in the Hereafter remain deviated from the (straight) path.

وَلَوْ رَحِمْنَاهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِم مِّن ضُرٍّ لَّلَجُّوا فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ **(75)**

ترجمہ: اور اگر ہم ان پر رحم فرما دیں اور جو تکلیف انہیں (لاحق) ہے اسے دور کر دیں تو وہ بھٹکتے ہوئے اپنی سرکشی میں مزید پکے ہو جائیں گےo

And if We have mercy on them and remove the distress that has (afflicted) them, they will become hardened in their transgression, wandering disorientated

وَلَقَدْ أَخَذْنَاهُم بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُونَ **(76)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے انہیں عذاب میں پکڑ لیا پھر (بھی) انہوں نے اپنے رب کے لیے عاجزی اختیار نہ کی اور نہ وہ (اس کے حضور) گڑگڑائے o

And indeed, We seized them with torment, but (still) they did not adopt submissiveness to their Lord, nor did they entreat in humility (before His presence),

حَتَّى إِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِم بَاباً ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ إِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُونَ (77)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب ہم ان پر نہایت سخت عذاب کا دروازہ کھول دیں گے (تو) اس وقت وہ اس میں انتہائی حیرت سے ساکت و مایوس (پڑے) رہیں گے o

Until when We open to them the gate of an extremely harsh torment, (then,) at that time, taken aback, they will (stay) therein, stunned in despair.

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهُ فَأُوْلَئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خَالِدُونَ (103)

ترجمہ: اور جن کے پلڑے (اعمال کا وزن نہ ہونے کے باعث) ہلکے ہوں گے تو یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو نقصان پہنچایا وہ ہمیشہ دوزخ میں رہنے والے ہیں o

And the ones whose scales will be light (due to the little weight of good deeds), it is they who have harmed themselves. They are permanent residents of Hell.

سورۃ النور:

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِيْ الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ الَّذِيْ ارْتَضَى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْناً يَعْبُدُونَنِيْ لَا يُشْرِكُونَ بِيْ شَيْئاً وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَلِكَ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (55)

ترجمہ: اللہ نے ایسے لوگوں سے وعدہ فرمایا ہے (جس کا ایفا اور تعمیل امت پر لازم ہے) جو تم میں سے ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے وہ ضرور انہی کو زمین میں خلافت (یعنی امانتِ اقتدار کا حق) عطا فرمائے گا جیسا کہ اس نے ان لوگوں کو (حقِ) حکومت بخشا تھا جو ان سے پہلے تھے اور ان کے لیے ان کے دین کو جسے اس نے ان کے لیے پسند فرمایا ہے (غلبہ و اقتدار کے ذریعہ) مضبوط و مستحکم فرما دے گا اور وہ ضرور (اس تمکّن کے باعث) ان کے پچھلے خوف کو (جو ان کی سیاسی، معاشی اور سماجی کمزوری کی وجہ سے تھا) ان کے لیے امن و حفاظت کی حالت سے بدل دے گا، وہ (بے خوف ہو کر) میری عبادت کریں گے میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے (یعنی صرف میرے حکم اور نظام کے تابع رہیں گے)، اور جس نے اس کے بعد ناشکری (یعنی میرے احکام سے انحراف و انکار) کو اختیار کیا تو وہی لوگ فاسق (و نافرمان) ہوں گے o

To those of you who believe and keep doing pious deeds Allah has given the promise (whose fulfilment and implementation is obligatory for the Umma [Community]): He will surely bestow upon them khilafa (the trust of right to rule) as He granted (the right to) rule to those who were before them. And (through dominance and rule) He will strengthen and stabilize their Din

(Religion) for them which He has liked for them, and (by this strength and rule) He will for sure change their former state of fear (which was due to their political, economic and social handicap) to that of peace and security. They will worship Me (fearlessly and) will not associate any partner with Me (i.e., will follow and obey only My command and system). And after this, whoever adopts ingratitude (i.e., aversion to, and denial of, My commands) it is they who will be defiant (and disobedient).

سورۃ الزمر:

أَفَمَن شَرَحَ اللَّهُ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ فَهُوَ عَلَى نُورٍ مِّن رَّبِّهِ فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُم مِّن ذِكْرِ اللَّهِ أُوْلَئِكَ فِي ضَلَالٍ مُبِينٍ **(22)**

ترجمہ: بھلا اللہ نے جس شخص کا سینہ اسلام کے لیے کھول دیا ہو تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر (فائز) ہو جاتا ہے، (اس کے برعکس) پس اُن لوگوں کے لیے ہلاکت ہے جن کے دل اللہ کے ذکر (کے فیض) سے (محروم ہو کر) سخت ہو گئے، یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں o

Well! He whose breast Allah has opened for Islam is (stationed) in the light from his Lord. (But on the contrary) those whose hearts are hardened for (being deprived of the bounty of) Allah's remembrance are destined to ruin. It is they who are in open error.

اللَّهُ نَزَّلَ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَاباً مُّتَشَابِهاً مَّثَانِيَ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ إِلَى ذِكْرِ اللَّهِ ذَلِكَ هُدَى اللَّهِ يَهْدِي بِهِ مَنْ يَشَاءُ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ **(23)**

ترجمہ: اللہ ہی نے بہترین کلام نازل فرمایا ہے، جو ایک کتاب ہے جس کی باتیں (نظم اور معانی میں) ایک دوسرے سے ملتی جلتی ہیں (جس کی آیتیں) بار بار دہرائی گئی ہیں، جس سے اُن لوگوں کے جسموں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں، پھر اُن کی جلدیں اور دل نرم ہو جاتے ہیں (اور رِقّت کے ساتھ) اللہ کے ذکر کی طرف (محو ہو جاتے ہیں)۔ یہ اللہ کی ہدایت ہے وہ جسے چاہتا ہے اس کے ذریعے رہنمائی فرماتا ہے۔ اور اللہ جسے گمراہ کر دیتا (یعنی گمراہ چھوڑ دیتا) ہے تو اُس کے لیے کوئی ہادی نہیں ہوتا o

Allah is the One Who has sent down the best Word. That is a Book whose contents are in harmony with one another (in format and meaning) and (whose Verses) are repeated frequently. It sends a hair-raising shudder in the bodies of those who fear their Lord. Then their skins and hearts get softened, and they get (absorbed) into the remembrance of Allah (in a weeping mood). It is guidance from Allah and He guides with it whom He wills. And he whom Allah holds misguided (i.e., leaves astray) has no one to guide him.

سورۃ القیامۃ:

وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ (24)

ترجمہ: اور کتنے ہی چہرے اُس دن بگڑی ہوئی حالت میں (مایوس اور سیاہ) ہوں گےo

And many faces will be deformed (depressed and dark) that Day,

تَظُنُّ أَن يُفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ (25)

ترجمہ: یہ گمان کرتے ہوں گے کہ اُن کے ساتھ ایسی سختی کی جائے گی جو اُن کی کمر توڑ دے گیo

Thinking that they will be subjected to such a harsh treatment that will break their backbones.

كَلَّا إِذَا بَلَغَتْ التَّرَاقِيَ (26)

ترجمہ: نہیں نہیں، جب جان گلے تک پہنچ جائےo

No indeed! When the soul reaches the throat,

57۔ جنات کا ذکر

سورۃ ہود:

إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ (119)

ترجمہ: سوائے اس شخص کے جس پر آپ کا رب رحم فرمائے، اور اسی لیے اس نے انہیں پیدا فرمایا ہے، اور آپ کے رب کا فرمان پورا ہو چکا بے شک میں دوزخ کو جنّوں اور انسانوں میں سے سب (اہلِ باطل) سے ضرور بھر دوں گاo

Except for him on whom your Lord has bestowed His mercy, and that is what He has created them for. And the Word of your Lord has been fulfilled: 'Surely, I will fill Hell with all the (disbelieving) jinn and men.'

سورۃ الحجر:

وَالْجَآنَّ خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ مِن نَّارِ السَّمُومِ27)

ترجمہ: اور اِس سے پہلے ہم نے جنّوں کو شدید جلا دینے والی آگ سے پیدا کیا جس میں دھواں نہیں تھاo

And We created jinn before this from a smokeless blazing fire.

سورۃ السجدۃ:

وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدَاهَا وَلَٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ (13)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہتے تو ہم ہر نفس کو اس کی ہدایت (اَز خود ہی) عطا کر دیتے لیکن میری طرف سے (یہ) فرمان ثابت ہو چکا ہے کہ میں ضرور سب (منکر) جنّات اور انسانوں سے دوزخ کو بھر دوں گاo

And had We intended, We would have given guidance to every soul (Ourselves), but this command from Me has been confirmed: I will certainly fill Hell with all the (disbelieving) jinn and mankind.

سورۃ حم السجدۃ:

وَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِينَ (29)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے کہیں گے: اے ہمارے رب! ہمیں جنّات اور انسانوں میں سے وہ دونوں دِکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا ہے ہم انہیں اپنے قدموں کے نیچے (روند) ڈالیں تاکہ وہ سب سے زیادہ ذِلّت والوں میں ہو جائیںo

And those who disbelieved will say: 'O our Lord, show us those of the jinn and men who led us astray, so that we may (crush) them under our feet, and so that they may become of the most humiliated ones.'

سورۃ الاحقاف:

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ (18)

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں فرمانِ (عذاب) ثابت ہو چکا ہے بہت سی امتوں میں جو ان سے پہلے گزر چکی ہیں

جنّات کی (بھی) اورانسانوں کی (بھی)، بے شک وہ (سب) نقصان اٹھانے والے تھےo

It is they against whom the command of Allah's (torment) has proved true amongst generations that have passed of the jinn as well as mankind. Surely, they (all) were the losers.

وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَراً مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنصِتُوا فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَى قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ (29)

ترجمہ: اور (اے حبیب!) جب ہم نے جنّات کی ایک جماعت کو آپ کی طرف متوجہ کیا جو قرآن غور سے سنتے تھے۔ پھر جب وہ وہاں (یعنی بارگاہِ نبوت میں) حاضر ہوئے تو انہوں نے (آپس میں) کہا: خاموش رہو، پھر جب (پڑھنا) ختم ہو گیا تو وہ اپنی قوم کی طرف ڈر سنانے والے (یعنی داعی الی الحق) بن کر واپس گئےo

And, when, (O Beloved,) We diverted a group of jinn to you, listening to the Qur'an with active attention, (and) when they came there (i.e., before the holy presence of the Messenger [blessings and peace be upon him]), they said (to one another): 'Keep silent.' And when (the recitation) was over, they went back as warners to their people (i.e., the callers to the truth).

قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَاباً أُنزِلَ مِن بَعْدِ مُوسَى مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَإِلَى طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ (30)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے ہماری قوم (یعنی اے قومِ جنّات)! بے شک ہم نے ایک (ایسی) کتاب سنی ہے جو موسیٰ (علیہ السلام کی تورات) کے بعد اتاری گئی ہے (جو) اپنے سے پہلے (کی کتابوں) کی تصدیق کرنے والی ہے (وہ) سچّے (دین) اور سیدھے راستے کی طرف ہدایت کرتی ہےo

They said: 'O our people (O community of jinn), indeed we have heard such a Book that has been revealed after (the Torah of) Musa (Moses. It) confirms (the Books) that came before it, and guides to the true (Din [Religion]) and the straight road.

يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ (31)

ترجمہ: اے ہماری قوم! تم اللہ کی طرف بلانے والے (یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بات قبول کر لو اور ان پر ایمان لے آؤ (تو) اللہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں دردناک عذاب سے پناہ دے گاo

O our people! Accept the call of the Caller (the Holy Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) to Allah and believe in him. Allah will then forgive your sins and save you from a painful punishment.

سورۃ الذاریات:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ (56)

ترجمہ: اور میں نے جنّات اور انسانوں کو صرف اسی لیے پیدا کیا کہ وہ میری بندگی اختیار کریںo

And I created the jinn and human beings solely to adopt My servitude.

مَا أُرِيْدُ مِنْهُم مِّن رِّزْقٍ وَمَا أُرِيْدُ أَن يُطْعِمُونِ (57)

ترجمہ: نہ میں اُن سے رِزق (یعنی کمائی) طلب کرتا ہوں اور نہ اس کا طلب گار ہوں کہ وہ مجھے (کھانا) کھلائیں o

I do not ask for any sustenance (i.e., earning) from them, nor do I require that they should feed Me.

إِنَّ اللَّهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ (58)

ترجمہ: بے شک اللہ ہی ہر ایک کا روزی رساں ہے، بڑی قوت والا ہے، زبردست مضبوط ہے (اسے کسی کی مدد و تعاون کی حاجت نہیں) o

Truly, Allah alone is the Sustainer of everyone, the Lord of Great Might, the Most Strong. (He does not need anyone's help and assistance.)

فَإِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوا ذَنُوباً مِّثْلَ ذَنُوبِ أَصْحَابِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُونِ (59)

ترجمہ: پس ان ظالموں کے لیے (بھی) حصۂ عذاب مقرّر ہے ان کے (پہلے گزرے ہوئے) ساتھیوں کے حصۂ عذاب کی طرح، سو وہ مجھ سے جلدی طلب نہ کریں o

So there is a fixed share of the torment for these wrongdoers (too) like the share of the torment of their companions (who have passed before). So let them not ask Me to hasten (it).

سورۃ الرحمٰن:

وَخَلَقَ الْجَانَّ مِن مَّارِجٍ مِّن نَّارٍ (15)

ترجمہ: اور جنّات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا o

And created the jinn from a flame of fire.

سَنَفْرُغُ لَكُمْ أَيُّهَا الثَّقَلَانِ (31)

ترجمہ: اے ہر دو گروہانِ (اِنس و جن!) ہم عنقریب تمہارے حساب کی طرف متوجّہ ہوتے ہیں o

O both the groups (of men and jinn), soon shall We attend to your account.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (32)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ (33)

ترجمہ: اے گروہِ جن و اِنس! اگر تم اِس بات پر قدرت رکھتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے باہر نکل سکو (اور تسخیرِ کائنات کرو) تو تم نکل جاؤ، تم جس (کرّۂ سماوی کے) مقام پر بھی نکل کر جاؤ گے وہاں بھی اسی کی سلطنت ہوگی o

O company of the jinn and men! If you have the power to go across the boundaries of the heaven and the earth (and overpower the universe), then go ahead. Whichever station (i.e., heavenly sphere) you will go to, there too will be

His Kingdom alone.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (34)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّن نَّارٍ وَنُحَاسٌ فَلَا تَنتَصِرَانِ (35)

ترجمہ: تم دونوں پر آگ کے خالص شعلے بھیج دیے جائیں گے اور (بغیر شعلوں کے) دھواں (بھی بھیجا جائے گا) اور تم دونوں اِن سے بچ نہ سکو گے o

The flames of pure (i.e., smokeless) fire will be sent upon both of you and (flameless) smoke (too will be sent) and you both will be unable to escape from them.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (36)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْأَلُ عَن ذَنبِهِ إِنسٌ وَلَا جَانٌّ (39)

ترجمہ: سو اُس دن نہ تو کسی انسان سے اُس کے گناہ کی بابت پوچھا جائے گا اور نہ ہی کسی جن سے o

That Day no man or jinn will be asked about his sin.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (40)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

يُعْرَفُ الْمُجْرِمُونَ بِسِيمَاهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِي وَالْأَقْدَامِ (41)

ترجمہ: مجرِم لوگ اپنے چہروں کی سیاہی سے پہچان لیے جائیں گے پس انہیں پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ کر کھینچا جائے گا o

The evildoers will be recognized by the darkness of their faces and so they will be pulled, seized by their forelocks and feet.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (42)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

هَذِهِ جَهَنَّمُ الَّتِي يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُونَ (43)

ترجمہ: (اُن سے کہا جائے گا:) یہی ہے وہ دوزخ جسے مجرِم لوگ جھٹلایا کرتے تھے o

(It will be said to them:) 'It is this Hell which the evildoers used to deny.'

يَطُوفُونَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيمٍ آنٍ (44)

ترجمہ: وہ اُس (دوزخ) میں اور کھولتے گرم پانی میں گھومتے پھریں گے o

They will move about in that (Hell) and in the boiling hot water.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (45)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ جَنَّتَانِ (46)

ترجمہ: اور جو شخص اپنے رب کے حضور (پیشی کے لیے) کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے اُس کے لیے دو جنتیں ہیں o

And whoever fears standing before his Lord (for meeting), for him are two Gardens.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (47)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

ذَوَاتَا أَفْنَانٍ (48)

ترجمہ: جو دونوں (سرسبز و شاداب) گھنی شاخوں والی (جنتیں) ہیں o

They are (green and fresh Gardens) with deep thick branches.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (49)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا عَيْنَانِ تَجْرِيَانِ (50)

ترجمہ: ان دونوں میں دو چشمے بہہ رہے ہیں o

Two springs are flowing in both of them.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (51)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا مِن كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجَانِ (52)

ترجمہ: ان دونوں میں ہر پھل (اور میوے) کی دو دو قسمیں ہیں o

In them are two kinds of every fruit.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (53)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُتَّكِئِينَ عَلَى فُرُشٍ بَطَائِنُهَا مِنْ إِسْتَبْرَقٍ وَجَنَى الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ (54)

ترجمہ: اہلِ جنت ایسے بستروں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر نفیس اور دبیز ریشم (یعنی اَطلس) کے ہوں گے، اور

دونوں جنتوں کے پھل (اُن کے) قریب جھک رہے ہوں گےo

The residents of Paradise will be reclining on couches lined with fine and thick brocade (i.e., satin) and the fruits of both the Gardens will be hanging low (over them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (55)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ (56)

ترجمہ: اور اُن میں نیچی نگاہ رکھنے والی (حوریں) ہوں گی جنہیں پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نےo

And in them will be (chaste maidens) with downcast gazes, untouched either by any man or jinn.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (57)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ (58)

ترجمہ: گویا وہ (حوریں) یاقوت اور مرجان ہیںo

As if they (chaste maidens) were rubies and pearls.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (59)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ (60)

ترجمہ: نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا کچھ نہیں ہےo

The reward of good cannot be anything but good.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (61)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

وَمِن دُونِهِمَا جَنَّتَانِ (62)

ترجمہ: اور (اُن کے لیے) اِن دو کے سوا دو اور بہشتیں بھی ہیںo

And apart from these two there are also two more gardens (for them).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (63)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُدْهَامَّتَانِ (64)

ترجمہ: وہ دونوں گہری سبز رنگت میں سیاہی مائل لگتی ہیںo

Both appear deep green tinting black.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (65)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ (66)

ترجمہ: اُن دونوں میں (بھی) دو چشمے ہیں جو خوب چھلک رہے ہوں گےo

There are two springs which will be gushing with force in these two (as well).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (67)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِمَا فَاكِهَةٌ وَنَخْلٌ وَرُمَّانٌ (68)

ترجمہ: ان دونوں میں (بھی) پھل اور کھجوریں اور انار ہیںo

In both of them there are also fruits, date-palms and pomegranates.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (69)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ (70)

ترجمہ: ان میں (بھی) خوب سیرت و خوب صورت (حوریں) ہیںo

In them are pious and beautiful (chaste maidens as well).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (71)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

حُورٌ مَّقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ (72)

ترجمہ: ایسی حوریں جو خیموں میں پردہ نشین ہیںo

The maidens who are veiling, confined in tents.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (73)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ (74)

ترجمہ: انہیں پہلے نہ کسی انسان ہی نے ہاتھ سے چُھوا ہے اور نہ کسی جِن نے o

Untouched before either by any man or jinn.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (75)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

مُتَّكِئِينَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ (76)

ترجمہ: (اہلِ جنت) سبز قالینوں پر اور نادر و نفیس بچھونوں پر تکیے لگائے (بیٹھے) ہوں گے o

(The residents of Paradise) will be (sitting) reclining on cushions over green carpets and rare and exquisite, fine rugs.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (77)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے o

So which of your Lord's blessings will you both deny?

تَبَارَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ (78)

ترجمہ: آپ کے رب کا نام بڑی برکت والا ہے، جو صاحبِ عظمت و جلال اور صاحبِ اِنعام و اِکرام ہے o

Most Blessed is the Name of your Lord, the Master of glory and splendour and the Master of bounty and honour.

سورۃ الجن:

قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآناً عَجَباً (1)

ترجمہ: آپ فرما دیں: میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (میری تلاوت کو) غور سے سنا، تو (جا کر اپنی قوم سے) کہنے لگے: بے شک ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے o

Say: 'It has been revealed to me that a party of the jinn listened to (my recitation) carefully and then (went back to their people and) said: Surely, we have heard a wonderful Qur'an.

يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ وَلَن نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَداً (2)

ترجمہ: جو ہدایت کی راہ دکھاتا ہے، سو ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں، اور اپنے رب کے ساتھ کسی کو ہرگز شریک نہیں ٹھہرائیں گے o

It shows the path of guidance. So we have believed in it and will never set up any partner with our Lord.

وَأَنَّهُ تَعَالَى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَداً (3)

ترجمہ: اور یہ کہ ہمارے رب کی شان بہت بلند ہے، اس نے نہ کوئی بیوی بنا رکھی ہے اور نہ ہی کوئی اولاد o

And that exalted is the Glory of our Lord. He has taken for Himself neither any

wife nor any children.

وَأَنَّهُ كَانَ يَقُولُ سَفِيهُنَا عَلَى اللَّهِ شَطَطاً (4)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم میں سے کوئی اَحمق ہی اللہ کے بارے میں حق سے دور حد سے گزری ہوئی باتیں کہا کرتا تھاo

And that only a fool from amongst us used to utter things about Allah far from the truth, crossing bounds.

وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن تَقُولَ الْإِنسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللَّهِ كَذِباً (5)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم گمان کرتے تھے کہ انسان اور جنّ اللہ کے بارے میں ہرگز جھوٹ نہیں بولیں گےo

And that we thought that man and jinn would never tell a lie against Allah.

وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقاً (6)

ترجمہ: اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ لوگ جنات میں سے بعض اَفراد کی پناہ لیتے تھے، سو اُن لوگوں نے اُن جنات کی سرکشی اور بڑھا دیo

And that some of the men used to take shelter with some of the jinn. So they increased defiance amongst the jinn.

وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَداً (7)

ترجمہ: اور (اے گروہِ جنات!) وہ انسان بھی ایسا ہی گمان کرنے لگے جیسا گمان تم نے کیا کہ اللہ (مرنے کے بعد) ہرگز کسی کو نہیں اٹھائے گاo

And, (O party of jinn,) those men also thought just as you thought that Allah would never raise up anyone (after death).

وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَساً شَدِيداً وَشُهُباً (8)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم نے آسمانوں کو چھوا، اور انہیں سخت پہرہ داروں اور (اَنگاروں کی طرح) جلنے اور چمکنے والے ستاروں سے بھرا ہوا پایاo

And that we touched the heavens and found them filled with high-alert guards and stars shining and burning (like brands).

وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَاباً رَّصَداً (9)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم (پہلے آسمانی خبریں سننے کے لیے) اس کے بعض مقامات میں بیٹھا کرتے تھے، مگر اب کوئی سننا چاہے تو وہ اپنی تاک میں آگ کا شعلہ (منتظر) پائے گاo

And that we used to sit on certain seats (in the heavens previously, to listen to the news), but if someone now seeks to listen, then he will find a flame of fire (waiting) for him in ambush.

وَأَنَّا لَا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَن فِي الْأَرْضِ أَمْ أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَداً (10)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم نہیں جانتے کہ (ہماری بندش سے) ان لوگوں کے حق میں جو زمین میں ہیں کسی برائی کا اِرادہ کیا گیا ہے یا ان کے رب نے ان کے ساتھ بھلائی کا اِرادہ فرمایا ہےo

And that we do not know whether some evil has been intended (by our restriction) in respect of those people who are in the earth, or their Lord intends some good for them.

وَأَنَّا مِنَّا الصَّالِحُونَ وَمِنَّا دُونَ ذَلِكَ كُنَّا طَرَائِقَ قِدَداً (11)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم میں سے کچھ نیک لوگ ہیں اور ہم (ہی) میں سے کچھ اس کے سوا (برے) بھی ہیں، ہم مختلف طریقوں پر (چل رہے) تھےo

And that amongst us are some who are pious and there are also some (evil) exceptions amongst us. We were (following) different ways.

وَأَنَّا ظَنَنَّا أَن لَّن نُّعجِزَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَلَن نُّعْجِزَهُ هَرَباً (12)

ترجمہ: اور ہم نے یقین کرلیا ہے کہ ہم اللہ کو ہرگز زمین میں (رہ کر) عاجز نہیں کر سکتے اور نہ ہی (زمین سے) بھاگ کر اسے عاجز کر سکتے ہیںo

And we have ascertained that we can by no means come in the way of Allah (whilst living) in the earth, nor can we thwart Him by escaping (from the earth).

وَأَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدَى آمَنَّا بِهِ فَمَن يُؤْمِن بِرَبِّهِ فَلَا يَخَافُ بَخْساً وَلَا رَهَقاً (13)

ترجمہ: اور یہ کہ جب ہم نے (کتابِ) ہدایت کو سنا تو ہم اس پر ایمان لے آئے، پھر جو شخص اپنے رب پر ایمان لاتا ہے تو وہ نہ نقصان ہی سے خوف زدہ ہوتا ہے اور نہ ظلم سےo

And that when we listened to (the Book of) Guidance, we believed in it. Then he who believes in his Lord fears neither loss nor injustice.

وَأَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُونَ وَمِنَّا الْقَاسِطُونَ فَمَنْ أَسْلَمَ فَأُوْلَئِكَ تَحَرَّوْا رَشَداً (14)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم میں سے (بعض) فرماں بردار بھی ہیں اور ہم میں سے (بعض) ظالم بھی ہیں، پھر جو کوئی فرمانبردار ہو گیا تو ایسے ہی لوگوں نے بھلائی طلب کیo

And that (some) of us are obedient and (some) of us are wrongdoers as well. So he who becomes obedient, it is they who seek righteousness.

وَأَمَّا الْقَاسِطُونَ فَكَانُوا لِجَهَنَّمَ حَطَباً (15)

ترجمہ: اور جو ظالم ہیں تو وہ دوزخ کا ایندھن ہوں گےo

And as for the wrongdoers, they will be the fuel of Hell.'

وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللَّهِ يَدْعُوهُ كَادُوا يَكُونُونَ عَلَيْهِ لِبَداً (19)

ترجمہ: اور یہ کہ جب اللہ کے بندے (محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس کی عبادت کرنے کھڑے ہوئے تو وہ ان پر ہجوم در ہجوم جمع ہو گئے (تاکہ ان کی قرات سن سکیں)o

And that when the servant of Allah (Muhammad [blessings and peace be upon him]) stood up to worship Him, they thronged around him (to listen to his recitation).

58۔ سائنس کا علم (قرآنی آیات)

سورۃ العمران:

إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَاخْتِلاَفِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لآيَاتٍ لِّأُوْلِيْ الأَلْبَابِ (190)

ترجمہ: بیشک آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور شب و روز کی گردش میں عقلِ سلیم والوں کے لئے (اللہ کی قدرت کی) نشانیاں ہیں o

Indeed, in the creation of the heavens and the earth, and the alternation of the night and the day, there are signs (of Allah's absolute authority) for those who possess constructive wisdom.

الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّهَ قِيَاماً وَقُعُوداً وَعَلَىَ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذا بَاطِلاً سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (191)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جو (سراپا نیاز بن کر) کھڑے اور (سراپا ادب بن کر) بیٹھے اور (ہجر میں تڑپتے ہوئے) اپنی کروٹوں پر (بھی) اللہ کو یاد کرتے رہتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق (میں کارفرما اس کی عظمت اور حُسن کے جلووں) میں فکر کرتے رہتے ہیں (پھر اس کی مغفرت سے لذت آشنا ہو کر پکار اُٹھتے ہیں) اے ہمارے رب! تو نے یہ (سب کچھ) بے حکمت اور بے تدبیر نہیں بنایا تو (سب کوتاہیوں اور مجبوریوں سے) پاک ہے پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے o

These are the people who, remembering Allah, remain standing (as the epitome of submissiveness), sitting (as reverence incarnate), and (also keep) changing sides (in discomfort of love) and meditate on (the manifest lustre of His Eminence and Beauty at work in) the creation of the heavens and the earth. (Then, acquainted with the pleasure of His gnosis, they call out spontaneously:) 'O our Lord, You have not created (all) this without any rationale and strategy. You are (impeccably) Pure (of all shortcomings and obligations). So protect us from the torment of Hell.

سورۃ النساء:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُواْ رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالاً كَثِيْراً وَنِسَاء وَاتَّقُواْ اللّهَ الَّذِيْ تَسَاءلُونَ بِهِ وَالأَرْحَامَ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْباً (1)

ترجمہ: اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمہاری پیدائش (کی ابتداء) ایک جان سے کی پھر اسی سے اس کا جوڑ پیدا فرمایا پھر ان دونوں میں سے بکثرت مردوں اور عورتوں (کی تخلیق) کو پھیلا دیا، اور ڈرو اس اللہ سے جس کے واسطے سے تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور قرابتوں (میں بھی تقویٰ اختیار کرو)، بیشک اللہ تم پر نگہبان ہے o

O mankind! Fear your Lord, Who (initiated) your creation from a single soul, then from it created its mate, and from these two spread (the creation of) countless men and women. So, fear Allah for Whose sake you solicit needs

from one another. And (become Godfearing) towards your own kith and kin (as well). Allah is indeed Ever-Watchful over you.

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ بِآيَاتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَاراً كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُودُهُمْ بَدَّلْنَاهُمْ جُلُوداً غَيْرَهَا لِيَذُوقُواْ الْعَذَابَ إِنَّ اللّهَ كَانَ عَزِيْزاً حَكِيْماً (56)

ترجمہ: بیشک جن لوگوں نے ہماری آیتوں سے کفر کیا ہم عنقریب انہیں (دوزخ کی) آگ میں جھونک دیں گے جب ان کی کھالیں جل جائیں گی تو ہم انہیں دوسری کھالیں بدل دیں گے تاکہ وہ (مسلسل) عذاب (کا مزہ) چکھتے رہیں، بیشک اللہ غالب حکمت والا ہےo

Surely, those who disbelieved in Our Revelations, We shall soon hurl them into the Fire (of Hell). When their skins are burnt off, We shall replace them with other skins so that they may taste the torment (continually). Surely, Allah is Almighty, Most Wise.

سورۃ الانعام:

هُوَ الَّذِىْ خَلَقَكُم مِّن طِيْنٍ ثُمَّ قَضَى أَجَلاً وَأَجَلٌ مُّسمًّى عِندَهُ ثُمَّ أَنتُمْ تَمْتَرُوْنَ (2)

ترجمہ: (اللہ) وہی ہے جس نے تمہیں مٹی کے گارے سے پیدا فرمایا (یعنی کرّہ ارضی پر حیاتِ انسانی کی کیمیائی ابتداء اس سے کی)۔ پھر اس نے (تمہاری موت کی) میعاد مقرر فرما دی، اور (انعقادِ قیامت کا) معیّنہ وقت اسی کے پاس (مقرر) ہے پھر (بھی) تم شک کرتے ہوo

(Allah) is He Who created you from mud (i.e., originated from it the chemical genesis of human life on the planet Earth). Then He fixed a term (for you to die). And with Him alone is the appointed time (for holding the Day of Resurrection); yet you doubt.

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِىْ الأَرْضِ وَلاَ طَائِرٍ يَطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلاَّ أُمَمٌ أَمْثَالُكُم مَّا فَرَّطْنَا فِى الكِتَابِ مِن شَىْءٍ ثُمَّ إِلَى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ (38)

ترجمہ: اور (اے انسانو!) کوئی بھی چلنے پھرنے والا (جانور) اور پرندہ جو اپنے دو بازوؤں سے اڑتا ہو (ایسا) نہیں ہے مگر یہ کہ (بہت سی صفات میں) وہ سب تمہارے ہی مماثل طبقات ہیں، ہم نے کتاب میں کوئی چیز نہیں چھوڑی (جسے صراحتہً یا اشارۃً بیان نہ کر دیا ہو) پھر سب (لوگ) اپنے رب کے پاس جمع کئے جائیں گےo

And, (O mankind,) there is no moving (animal) on the earth nor a bird that flies on its two wings but (such) that they are species like you (umamun amthalu-kum-in several traits). We have not omitted anything (which is not given symbolic or elaborate details) in the Book. Then all (the people) will be gathered before their Lord.

إِنَّ اللّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوَى يُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَىِّ ذَلِكُمُ اللّهُ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ (95)

ترجمہ: بیشک اللہ دانے اور گٹھلی کو پھاڑ نکالنے والا ہے وہ مردہ سے زندہ کو پیدا فرماتا ہے اور زندہ سے مردہ کو نکالنے والا ہے، یہی

(شان والا) تو اللہ ہے پھر تم کہاں بہکے پھرتے ہوo

Verily, Allah alone causes the seed-grain and the fruit-stone to burst forth and sprout. He brings forth the living from the dead and the dead from the living. Such is Allah (the Glorious); then where do you stray away?

فَالِقُ الإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَناً وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَاناً ذَلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (96)

ترجمہ: (وہی) صبح (کی روشنی) کو رات کا اندھیرا چاک کر کے نکالنے والا ہے، اور اسی نے رات کو آرام کے لئے بنایا ہے اور سورج اور چاند کو حساب وشمار کے لئے، یہ بہت غالب بڑے علم والے (ربّ) کا مقررہ اندازہ ہےo

He is the One Who cleaves through the dark of the night, and causes (the light of) the day to burst forth. And He is the One Who has made the night for rest and the sun and the moon for reckoning and computing. This is the appointed measure of the Almighty, the All-Knowing (Lord).

وَهُوَ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُواْ بِهَا فِىْ ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (97)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے ستاروں کو بنایا تاکہ تم ان کے ذریعے بیابانوں اور دریاؤں کی تاریکیوں میں راستے پا سکو۔ بیشک ہم نے علم رکھنے والی قوم کے لئے (اپنی) نشانیاں کھول کر بیان کر دی ہیںo

And He is the One Who has made for you stars so that you may navigate through all kinds of darkness of the land and the sea. Indeed, We have elucidated (Our) Revelations in detail for those who possess knowledge.

وَهُوَ الَّذِىْ أَنشَأَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ (98)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں ایک جان (یعنی ایک خلیہ) سے پیدا فرمایا ہے پھر (تمہارے لئے) ایک جائے اقامت (ہے) اور ایک جائے امانت (مراد رحمِ مادر اور دنیا ہے یا دنیا اور قبر ہے)۔ بیشک ہم نے سمجھنے والے لوگوں کے لئے (اپنی قدرت کی) نشانیاں کھول کر بیان کر دی ہیںo

And (Allah) is He Who has created you from a single soul (i.e., a single cell). Then (for you) there (is) a place of residing and a place of storage (i.e., the mother's womb and the world, or the world and the grave respectively). Surely, We have explained the signs (of Our Power and Might) in detail for the people who understand.

وَهُوَ الَّذِىْ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ نَبَاتَ كُلِّ شَىْءٍ فَأَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِراً نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبّاً مُّتَرَاكِباً وَمِنَ النَّخْلِ مِن طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَجَنَّاتٍ مِّنْ أَعْنَابٍ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهاً وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ انظُرُواْ إِلِى ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَيَنْعِهِ إِنَّ فِىْ ذَلِكُمْ لآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ (99)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے آسمان کی طرف سے پانی اتارا پھر ہم نے اس (بارش) سے ہر قسم کی روئیدگی نکالی پھر ہم نے اس سے سرسبز (کھیتی) نکالی جس سے ہم اوپر تلے پیوستہ دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے گابھے سے لٹکتے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغات اور زیتون اور انار (بھی پیدا کئے جو کئی اعتبارات سے) آپس میں ایک جیسے (لگتے) ہیں اور (پھل، ذائقے اور تاثیرات) جداگانہ

ہیں۔تم درخت کے پھل کی طرف دیکھو جب وہ پھل لائے اور اس کے پکنے کو (بھی دیکھو)، بیشک ان میں ایمان رکھنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں o

And He is the One Who sends down water from the sky. Then by means of this (rain), We bring forth vegetation of every kind out of which We produce green (foliage) from which We bring forth clustered grain packed one over the other, clusters of date-palm hanging low from its spathe, and gardens of grapes, olives and (also) pomegranates (which from many aspects look) alike but (in products, tastes and effects) are unlike. Look at the fruit of the tree when it bears fruit, and (also observe) when it ripens. Verily, in these are signs for those who believe.

ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ مِّنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنثَيَيْنِ نَبِّئُونِي بِعِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (143)

ترجمہ: (اللہ نے) آٹھ جوڑے پیدا کئے دو (نر و مادہ) بھیڑ سے اور دو (نر و مادہ) بکری سے۔ (آپ ان سے) فرما دیجئے: کیا اس نے دونوں نر حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ (بچہ) جو دونوں ماداؤں کے رحموں میں موجود ہے؟ مجھے علم و دانش کے ساتھ بتاؤ اگر تم سچے ہو o

(Allah) has created eight pairs: two of the sheep (male and female) and two of the goat (male and female). Say (to them): 'Has He forbidden the two males or the two females or that (offspring) which is in the wombs of the two females? Answer me on the basis of knowledge and reason if you are truthful.'

وَمِنَ الإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنثَيَيْنِ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاء إِذْ وَصَّاكُمُ اللّهُ بِهَـذَا فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِباً لِيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (144)

ترجمہ: اور دو (نر و مادہ) اونٹ سے اور دو (نر و مادہ) گائے سے۔ (آپ ان سے) فرما دیجئے: کیا اس نے دونوں نر حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ (بچہ) جو دونوں ماداؤں کے رحموں میں موجود ہے؟ کیا تم اس وقت موجود تھے جب اللہ نے تمہیں اس (حرمت) کا حکم دیا تھا؟ پھر اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتا ہے تاکہ لوگوں کو بغیر جانے گمراہ کرتا پھرے۔ بیشک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

And two of the camel (male and female) and two of the cow (male and female). Say (to them): 'Has He forbidden the two males or the two females or that (offspring) which is in the wombs of the two females? Were you present when Allah pronounced to you this (prohibitive) injunction?' Then who can be more unjust than the one who fabricates a lie against Allah so that he may lead the people astray without knowledge? Indeed, Allah does not guide the unjust people.

سورۃ الاعراف:

وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ (10)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تم کو زمین میں تمکّن وتصرّف عطا کیا اور ہم نے اس میں تمہارے لیے اسبابِ معیشت پیدا کیے، تم بہت ہی کم شکر بجالاتے ہوo

And surely, We established you firmly on earth with control and authority and created therein means of sustenance for you. Yet you thank but little.

وَلَقَدْ خَلَقْنَاكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنَاكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلَآئِكَةِ اسْجُدُواْ لآدَمَ فَسَجَدُواْ إِلاَّ إِبْلِيسَ لَمْ يَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ(11)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تمہیں (یعنی تمہاری اصل کو) پیدا کیا پھر تمہاری صورت گری کی (یعنی تمہاری زندگی کی کیمیائی اور حیاتیاتی ابتداء وارتقاء کے مراحل کو آدم (علیہ السلام) کے وجود کی تشکیل تک مکمل کیا)، پھر ہم نے فرشتوں سے فرمایا کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ وہ سجدہ کرنے والوں میں سے نہ ہواo

And certainly, We did create you (i.e., your real being), then gave you shape (i.e., accomplished the phases of chemical and biological genesis and evolution of life till the completion of the physical existence of Adam). Then We commanded the angels: 'Prostrate yourselves before Adam.' They all prostrated themselves except Iblis; he was not of those who prostrate themselves.

قُلْ أَمَرَ رَبِّي بِالْقِسْطِ وَأَقِيمُواْ وُجُوهَكُمْ عِندَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ كَمَا بَدَأَكُمْ تَعُودُونَ (29)

ترجمہ: فرما دیجیے: میرے رب نے انصاف کا حکم دیا ہے، اور تم ہر سجدہ کے وقت ومقام پر اپنے رُخ (کعبہ کی طرف) سیدھے کر لیا کرو اور تمام تر فرمانبرداری اس کے لیے خالص کرتے ہوئے اس کی عبادت کیا کرو۔ جس طرح اس نے تمہاری (خلق وحیات کی) ابتداء کی تم اسی طرح (اس کی طرف) پلٹو گےo

Say: 'My Lord has enjoined justice. And set your direction aright (towards the Ka'ba) on every occasion and place of prostration. And worship Him, devoting your obedience sincerely to Him alone. As He has originated your (creation and life) so will you return (towards Him).'

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثاً وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ أَلاَ لَهُ الْخَلْقُ وَالأَمْرُ تَبَارَكَ اللّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ (54)

ترجمہ: بے شک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین (کی کائنات) کو چھ مدتوں (یعنی چھ اَدوار) میں پیدا فرمایا پھر (اپنی شان کے مطابق) عرش پر استواء (یعنی اس کائنات میں اپنے حکم واقتدار کے نظام کا اجراء) فرمایا۔ وہی رات سے دن کو ڈھانک دیتا ہے (درآنحالیکہ دن رات میں سے) ہر ایک دوسرے کے تعاقب میں تیزی سے لگا رہتا ہے اور سورج اور چاند اور ستارے (سب) اسی کے حکم (سے ایک نظام) کے پابند بنا دیے گئے ہیں۔ خبردار! (ہر چیز کی) تخلیق اور حکم وتدبیر کا نظام چلانا اسی کا کام ہے۔ اللہ بڑی برکت والا ہے جو تمام جہانوں کی (تدریجاً) پرورش فرمانے والا ہےo

Indeed, Allah is your Lord, Who created the heavens and the earth in six aeons (i.e., six phases), and then (matching His Glory) established His authority on the Throne (i.e., enforced in the universe the system of His sovereign command and control). He covers the day with the night (under the arrangement that the day and the night) keep chasing one another swiftly. And the sun and the moon and the stars (all) have been subjected to (a system under) His command. Beware! He is the One Who runs the system of creating (everything), planning, command and control. Blessed is Allah, Who gradually and progressively sustains and nourishes all the worlds.

وَهُوَ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیَاحَ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ حَتّٰۤی اِذَاۤ اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّیِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰی لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ(57)

ترجمہ: اور وہی ہے جو اپنی رحمت (یعنی بارش) سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ (ہوائیں) بھاری بھاری بادلوں کو اٹھالاتی ہیں تو ہم ان (بادلوں) کو کسی مردہ (یعنی بے آب و گیاہ) شہر کی طرف ہانک دیتے ہیں پھر ہم اس (بادل) سے پانی برساتے ہیں پھر ہم اس (پانی) کے ذریعے (زمین سے) ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں۔ اسی طرح ہم (روزِ قیامت) مُردوں کو (قبروں سے) نکالیں گے تاکہ تم نصیحت قبول کرو o

And He is the One Who sends the winds as glad tidings before His mercy (i.e., rain), until, when these (winds) bring moisture-laden heavy clouds, We drive these (clouds) towards a town dead (of drought and infertility). Then We cause a downpour (from the clouds), and by means of this (water) We bring forth fruits of all kinds (from the earth). In like manner, We shall bring forth the dead (from the graves on the Day of Resurrection), so that you may take direction and guidance.

وَالْبَلَدُ الطَّیِّبُ یَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّشْكُرُوْنَ (58)

ترجمہ: اور جو اچھی (یعنی زرخیز) زمین ہے اس کا سبزہ اللہ کے حکم سے (خوب) نکلتا ہے اور جو (زمین) خراب ہے (اس سے) تھوڑی سی بے فائدہ چیز کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔ اسی طرح ہم (اپنی) آیتیں (یعنی دلائل اور نشانیاں) ان لوگوں کے لیے بار بار بیان کرتے ہیں جو شکرگزار ہیں o

And the soil which is productive (i.e., fertile) yields vegetation (plentifully) by the command of Allah, but (the soil) which is sterile brings forth nothing except scanty rubbish. In the same way, We repeatedly elucidate (Our) Revelations (i.e., proofs and signs) for the people who are grateful.

اَوَلَمْ یَنْظُرُوْا فِیْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ وَّاَنْ عَسٰۤی اَنْ یَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ (185)

ترجمہ: کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت میں اور (علاوہ ان کے) جو کوئی چیز بھی اللہ نے پیدا فرمائی ہے (اس میں)

نگاہ نہیں ڈالی؟ اور اس میں کہ کیا عجب ہے ان کی مدتِ (موت) قریب آ چکی ہو، پھر اس کے بعد وہ کس بات پر ایمان لائیں گےo

Have they not looked into the kingdom of the heavens and the earth and whatever Allah has created (apart from that? And have they not considered that) it may well be that their appointed term (death) has drawn near? Then what will they believe in after this?

هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِیَسْکُنَ إِلَیْهَا فَلَمَّا تَغَشَّاهَا حَمَلَتْ حَمْلاً خَفِیْفاً فَمَرَّتْ بِهِ فَلَمَّا أَثْقَلَت دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَیْتَنَا صَالِحاً لَّنَکُونَنَّ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ (189)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے تم کو ایک جان سے پیدا فرمایا اور اسی میں سے اس کا جوڑ بنایا تاکہ وہ اس سے سکون حاصل کرے، پھر جب مرد نے اس (عورت) کو ڈھانپ لیا تو وہ خفیف بوجھ کے ساتھ حاملہ ہوگئی، پھر وہ اس کے ساتھ چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ گراں بار ہوئی تو دونوں نے اپنے رب اللہ سے دعا کی کہ اگر تو ہمیں اچھا تندرست بچہ عطا فرما دے تو ہم ضرور شکر گزاروں میں سے ہوں گےo

And He (Allah) is the One Who has created you from a single soul and made his spouse from that, so that he might find comfort in her. Then when man covers her, she conceives and, bearing a light burden, moves around. Later, when she grows heavy, then both pray to their Lord, Allah: 'If You give us a healthy child, we shall certainly be amongst the thankful.'

سورۃ یونس:

إِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ فِیْ سِتَّةِ أَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَی عَلَی الْعَرْشِ یُدَبِّرُ الأَمْرَ مَا مِن شَفِیْعٍ إِلاَّ مِن بَعْدِ إِذْنِهِ ذَلِکُمُ اللّٰهُ رَبُّکُمْ فَاعْبُدُوهُ أَفَلاَ تَذَکَّرُونَ (3)

ترجمہ: یقیناً تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین (کی بالائی وزیریں کائنات) کو چھ دنوں (یعنی چھ مدتوں یا مرحلوں) میں (تدریجاً) پیدا فرمایا پھر وہ عرش پر (اپنی شان کے مطابق اپنے اقتدار کے ساتھ) جلوہ افروز ہوا (یعنی تخلیقِ کائنات کے بعد اس کے تمام عوالم اور اَجرام میں اپنے قانون اور نظام کے اجراء کی صورت میں متمکن ہوا) وہی ہر کام کی تدبیر فرماتا ہے (یعنی ہر چیز کو ایک نظام کے تحت چلاتا ہے۔ اس کے حضور) اس کی اجازت کے بغیر کوئی سفارش کرنے والا نہیں، یہی (عظمت و قدرت والا) اللہ تمہارا رب ہے، سو تم اسی کی عبادت کرو، پس کیا تم (قبولِ نصیحت کے لیے) غور نہیں کرتےo

Certainly, your Lord is Allah, Who created the heavens and the earth (the upper and lower strata of the universe) in six days (i.e., aeons or phases, step by step). Then He established His sovereignty on the Throne (befitting His Glory with His supreme authority, i.e., after the creation of the universe He established His command and control by enforcing His law and system in all the worlds and heavenly bodies). He is the One Who devises strategies for all operations (i.e., makes everything function under a system). There is no one to intercede (with Him) without His permission. (The Glorious and Mighty) Allah is the One Who is your Lord; worship Him alone. So, do you not think (about

accepting His direction and guidance)?

إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعاً وَعْدَ اللّهِ حَقّاً إِنَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُواْ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُواْ يَكْفُرُونَ (4)

ترجمہ: (لوگو!) تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (یہ) اللہ کا سچا وعدہ ہے۔ بے شک وہی پیدائش کی ابتداء کرتا ہے پھر وہی اسے دہرائے گا تاکہ ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے، انصاف کے ساتھ جزا دے، اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہے، اس کا بدلہ جو وہ کفر کیا کرتے تھےo

(O people!) It is to Him that you are all to return; (that) is Allah's true promise. Surely, He is the One Who originates the creation. Then He is the One Who will repeat it so that He rewards with justice those who believe and do righteous works. And those who reject faith and disbelieve, there is for them scalding water to drink and a painful torment, a reward for their disbelief.

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاء وَالْقَمَرَ نُوراً وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُواْ عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ مَا خَلَقَ اللّهُ ذَلِكَ إِلاَّ بِالْحَقِّ يُفَصِّلُ الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (5)

ترجمہ: وہی ہے جس نے سورج کو روشنی (کا منبع) بنایا اور چاند کو (اس سے) روشن (کیا) اور اس کے لیے (کم و بیش دکھائی دینے کی) منزلیں مقرر کیں تاکہ تم برسوں کا شمار اور (اوقات کا) حساب معلوم کر سکو، اور اللہ نے یہ (سب کچھ) نہیں پیدا فرمایا مگر درست تدبیر کے ساتھ، وہ (ان کائناتی حقیقتوں کے ذریعے اپنی خالقیت، وحدانیت اور قدرت کی) نشانیاں ان لوگوں کے لیے تفصیل سے واضح فرماتا ہے جو علم رکھتے ہیںo

He is the One Who has made the sun (a source of) light and (with that) made the moon luminous, and appointed for it stages (to appear smaller or bigger) so that you might compute the number of years and the count (of time). Allah has not created (all this) but with a zero-defect strategy. (Through these cosmic realities) He expounds in detail the signs (of His creativity, unicity and might) for those who possess knowledge.

إِنَّ فِيْ اخْتِلاَفِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّهُ فِيْ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ لآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَّقُونَ(6)

ترجمہ: بے شک رات اور دن کے بدلتے رہنے میں اور ان (جملہ) چیزوں میں جو اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا فرمائی ہیں (اسی طرح) ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو تقوٰی رکھتے ہیںo

Surely, in the alternation of night and day and in (all) that Allah has created in the heavens and the earth, there are (in like manner) signs for those who live by Godwariness.

إِنَّ الَّذِيْنَ لاَ يَرْجُونَ لِقَاء نَا وَرَضُواْ بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّواْ بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا غَافِلُونَ (7)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے اور دنیوی زندگی سے خوش ہیں اور اسی سے مطمئن ہو گئے ہیں اور جو ہماری نشانیوں سے غافل ہیںo

Verily, those who do not expect to meet Us and are pleased with the worldly life and are well-contented with it and who are neglectful of Our signs,

قُلْ هَلْ مِن شُرَكَآئِكُم مَّن يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ فَأَنَّى تُؤْفَكُوْنَ (34)

ترجمہ: آپ (ان سے دریافت) فرمائیے کہ کیا تمہارے (بنائے ہوئے) شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو تخلیق کی ابتداء کرے پھر (زندگی کے معدوم ہوجانے کے بعد) اسے دوبارہ لوٹائے؟ آپ فرما دیجیے کہ اللہ ہی (حیات کو عدم سے وجود میں لاتے ہوئے) آفرینش کا آغاز فرماتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ (بھی) فرمائے گا، پھر تم کہاں بھٹکتے پھرتے ہوo

Inquire (of them): 'Is there any of your (so-called) partner-gods that originates creation, then restores it (after the total annihilation of life)?' Say: 'Allah alone initiates creation (bringing life into existence from non-existence), then He is the One Who will repeat it (as well). So where are you wandering disoriented?'

قُلِ انظُرُواْ مَاذَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا تُغْنِي الآيَاتُ وَالنُّذُرُ عَن قَوْمٍ لاَّ يُؤْمِنُونَ (101)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم لوگ دیکھو تو (سہی) آسمانوں اور زمین (کی اس وسیع کائنات) میں قدرتِ الٰہیہ کی کیا کیا نشانیاں ہیں اور (یہ) نشانیاں اور (عذابِ الٰہی سے) ڈرانے والے (پیغمبر) ایسے لوگوں کو فائدہ نہیں پہنچا سکتے جو ایمان لانا ہی نہیں چاہتےo

Say: '(Just) observe what signs of Allah's might are there in (the boundless cosmos of) the heavens and the earth.' (These) signs and (the Messengers) who warn the people (of Allah's torment) cannot benefit those who have no intention to believe.

سورۃ ہود:

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً وَلَئِن قُلْتَ إِنَّكُم مَّبْعُوثُونَ مِن بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُولَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ إِنْ هَـذَا إِلاَّ سِحْرٌ مُّبِيْنٌ (7)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے آسمانوں اور زمین (کی بالائی و زیریں کائناتوں) کو چھ روز (یعنی تخلیق و ارتقاء کے چھ اَدوار و مراحل) میں پیدا فرمایا اور (تخلیقِ اَرضی سے قبل) اس کا تختِ اقتدار پانی پر تھا (اور اس نے اس سے زندگی کے تمام آثار کو اور تمہیں پیدا کیا) تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون عمل کے اعتبار سے بہتر ہے؟ اور اگر آپ یہ فرمائیں کہ تم لوگ مرنے کے بعد (زندہ کرکے) اٹھائے جاؤ گے تو کافر یقیناً (یہ) کہیں گے کہ یہ تو صریح جادو کے سوا کچھ (اور) نہیں ہےo

And He (Allah) is the One Who created the heavens and the earth (the higher and the lower strata of the universe) in six days (i.e., six phases or aeons of creation and evolution). And (before the creation of the earth) His Throne of Authority operated on water, (and from that He brought forth all manifestations of life and created you,) so that He put you to trial to evaluate which of you would be best in action. And if you say: 'You will be raised after death,' the disbelievers will certainly say: 'This is nothing (else) but an obvious magic.'

سورۃ الرعد:

اللّٰهُ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ کُلٌّ یَجْرِیْ لِأَجَلٍ مُّسَمًّی یُدَبِّرُ الْأَمْرَ یُفَصِّلُ الْآیَاتِ لَعَلَّکُمْ بِلِقَاءِ رَبِّکُمْ تُوقِنُوْنَ (2)

ترجمہ: اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں کو بغیر ستون کے (خلا میں) بلند فرمایا (جیسا کہ) تم دیکھ رہے ہو پھر (پوری کائنات پر محیط اپنے) تختِ اقتدار پر (اپنی شان کے لائق) متمکن ہوا اور اس نے سورج اور چاند کو نظام کا پابند بنا دیا، ہر ایک اپنی مقررہ میعاد (میں مسافت مکمل کرنے) کے لیے (اپنے اپنے مدار میں) چلتا ہے۔ وہی (ساری کائنات کے) پورے نظام کی تدبیر فرماتا ہے، (سب) نشانیوں (یا قوانینِ فطرت) کو تفصیلاً واضح فرماتا ہے تاکہ تم اپنے رب کے روبرو حاضر ہونے کا یقین کر لوo

Allah is He Who has raised the heavens aloft (in space) without pillars (as) you see; then He established His authority on the Throne (encompassing the entire universe befitting His glory) and fettered the sun and the moon to a system, each moving (in its respective orbit to complete its rotation) during its appointed term. He alone devises strategies for the total system (of the entire universe), and vividly manifests (all the) signs (or the laws of nature) so that you may develop firm faith in appearing before your Lord.

وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْأَرْضَ وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ وَأَنْهَاراً وَمِن کُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ یُغْشِی اللَّیْلَ النَّهَارَ إِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَآیَاتٍ لِّقَوْمٍ یَتَفَکَّرُوْنَ (3)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے (گولائی کے باوجود) زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ اور دریا بنائے، اور ہر قسم کے پھلوں میں (بھی) اس نے دو دو (جنسوں کے) جوڑے بنائے (وہی) رات سے دن کو ڈھانک لیتا ہے، بے شک اس میں تفکر کرنے والوں کے لیے (بہت) نشانیاں ہیںo

And He is the One Who spread out the earth (despite its being round) and brought about mountains and rivers in it and produced pairs of (genders) two each amongst all kinds of fruits (as well. He is the One Who) stretches the cover of the night over the day. Indeed, there are (many) signs in it for those who meditate.

وَفِیْ الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجَاوِرَاتٌ وَجَنَّاتٌ مِّنْ أَعْنَابٍ وَزَرْعٌ وَنَخِیْلٌ صِنْوَانٌ وَغَیْرُ صِنْوَانٍ یُسْقَی بِمَاءٍ وَاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلَی بَعْضٍ فِی الْأُکُلِ إِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَآیَاتٍ لِّقَوْمٍ یَعْقِلُوْنَ (4)

ترجمہ: اور زمین میں (مختلف قسم کے) قطعات ہیں جو ایک دوسرے کے قریب ہیں اور انگوروں کے باغات ہیں اور کھیتیاں ہیں اور کھجور کے درخت ہیں، جھنڈ دار اور بغیر جھنڈ کے، ان (سب) کو ایک ہی پانی سے سیراب کیا جاتا ہے، اور (اس کے باوجود) ہم ذائقہ میں بعض کو بعض پر فضیلت بخشتے ہیں، بے شک اس میں عقل مندوں کے لیے (بڑی) نشانیاں ہیںo

And there are, in the earth, tracts (of different kinds) that are adjacent to each other and the gardens of grapes and crops and palm trees, clustered and non-clustered. All these are irrigated with the same water. And (despite that)

We make some of them superior to others in taste. Verily, there are (great) signs in it for the people who apply reason.

هُوَ الَّذِیْ یُرِیْکُمُ الْبَرْقَ خَوْفاً وَطَمَعاً وَیُنْشِءُ السَّحَابَ الثِّقَالَ (12)

ترجمہ: وہی ہے جو تمہیں (کبھی) ڈرانے اور (کبھی) امید دلانے کے لیے بجلی دکھاتا ہے اور (کبھی) بھاری (گھنے) بادلوں کو اٹھاتا ہےo

He is the One Who, to rouse in you (sometimes) fear and (some other times) hope, shows you lightning, and (at times) raises (rain-laden) heavy clouds.

وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلَائِکَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ وَیُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَیُصِیْبُ بِهَا مَنْ یَشَاءُ وَهُمْ یُجَادِلُوْنَ فِی اللّٰهِ وَهُوَ شَدِیْدُ الْمِحَالِ(13)

ترجمہ: (بجلیوں اور بادلوں کی) گرج (یا اس پر متعین فرشتہ) اور تمام فرشتے اس کے خوف سے اس کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں، اور وہ کڑکتی بجلیاں بھیجتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے اسے گرا دیتا ہے، اور وہ (کفار قدرت کی ان نشانیوں کے باوجود) اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں، اور وہ سخت تدبیر و گرفت والا ہےo

And the thunder (of clouds and lightning or the angel appointed over it) and all angels glorify Him with His praise out of His fear. And He sends thunderbolts and strikes with them whom He wills. And they (the disbelievers, despite these signs of His Might,) dispute about Allah. And He is Stern in strategy and Severe in grip.

سورۃ ابراہیم:

اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقاً لَّکُمْ وَسَخَّرَ لَکُمُ الْفُلْکَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِأَمْرِهٖ وَسَخَّرَ لَکُمُ الْأَنْهَارَ (32)

ترجمہ: اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور آسمان کی جانب سے پانی اتارا پھر اس پانی کے ذریعہ سے تمہارے رزق کے طور پر پھل پیدا کیے، اور اس نے تمہارے لیے کشتیوں کو مسخر کر دیا تاکہ اس کے حکم سے سمندر میں چلتی رہیں اور اس نے تمہارے لیے دریاؤں کو (بھی) مسخر کر دیاo

Allah is He Who created the heavens and the earth and poured down water from the sky and then by means of this water produced fruits for you as provision. And He has made vessels subservient to you so that they may sail in the sea by Allah's command, and He has (also) put rivers under your control.

وَسَخَّرَ لَکُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ وَسَخَّرَ لَکُمُ اللَّیْلَ وَالنَّهَارَ(33)

ترجمہ: اور اس نے تمہارے فائدہ کے لیے سورج اور چاند کو (باقاعدہ ایک نظام کا) مطیع بنا دیا جو ہمیشہ (اپنے اپنے مدار میں) گردش کرتے رہتے ہیں، اور تمہارے (نظامِ حیات کے) لیے رات اور دن کو بھی (ایک نظام کے) تابع کر دیاo

And for your benefit, He has subjected the sun and the moon (to a regular system); they keep rotating (in their respective orbits). And He has also

subdued the night and the day (to a system) for your (system of life).

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ وَبَرَزُوا لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (48)

ترجمہ: جس دن (یہ) زمین دوسری زمین سے بدل دی جائے گی اور جملہ آسمان بھی بدل دیے جائیں گے اور سب لوگ اللہ کے رُوبرو حاضر ہوں گے جو ایک ہے سب پر غالب ہےo

The Day when (this) earth will be changed into a different earth and all the heavens will also be changed and the entire mankind will appear before Allah, the One, (and) the Dominant over all;

سورۃ الحجر:

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ (16)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آسمان میں (کہکشاؤں کی صورت میں ستاروں کی حفاظت کے لیے) قلعے بنائے اور ہم نے اس (خلائی کائنات) کو دیکھنے والوں کے لیے آراستہ کر دیاo

And indeed, We brought into existence constellations in the heavens (in the form of galaxies to safeguard the planets), and adorned this (spatial universe) for the beholders.

وَحَفِظْنَاهَا مِن كُلِّ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ (17)

ترجمہ: اور ہم نے اس (آسمانی کائنات کے نظام) کو ہر مردود شیطان (یعنی ہر سرکش قوت کے شر انگیز عمل) سے محفوظ کر دیاo

And We have ensured the protection of this (system of heavenly universe) from every outcast satan (i.e., from the destructive phenomenon of every rebellious force).

إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُّبِينٌ (18)

ترجمہ: مگر جو کوئی بھی چوری چھپے سننے کے لیے آ گھسا تو اس کے پیچھے ایک (جلتا) چمکتا شہاب ہو جاتا ہےo

But anyone who tries to eavesdrop, an illuminating (i.e., blazing) meteor follows it.

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُونٍ (19)

ترجمہ: اور زمین کو ہم نے (گولائی کے باوجود) پھیلا دیا اور ہم نے اس میں (مختلف مادوں کو باہم ملا کر) مضبوط پہاڑ بنا دیے اور ہم نے اس میں ہر جنس کو (مطلوبہ) توازن کے مطابق نشو و نما دیo

And We have spread out the earth (despite its being round), and We brought about firm mountains in it (by allying different elements together), and in it We provided means of growth to all species in (requisite) proportion.

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ وَمَن لَّسْتُمْ لَهُ بِرَازِقِينَ (20)

ترجمہ: اور ہم نے اس میں تمہارے لیے اسبابِ معیشت پیدا کیے اور ان (انسانوں، جانوروں اور پرندوں) کے لیے بھی جنہیں تم رزق مہیا نہیں کرتےo

And in it We generated for you means of subsistence and also for those (human beings, animals and birds) whom you do not provide for.

وَإِن مِّن شَيْءٍ إِلَّا عِندَنَا خَزَائِنُهُ وَمَا نُنَزِّلُهُ إِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُومٍ (21)

ترجمہ: اور (کائنات) کی کوئی بھی چیز ایسی نہیں ہے مگر یہ کہ ہمارے پاس اس کے خزانے ہیں اور ہم اسے صرف معیّن مقدار کے مطابق ہی اتارتے رہتے ہیںo

And there is not a thing (in the universe) but that We have its treasures with Us, and We send it down only according to a fixed quantity.

وَأَرْسَلْنَا الرِّيَاحَ لَوَاقِحَ فَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَسْقَيْنَاكُمُوهُ وَمَا أَنتُمْ لَهُ بِخَازِنِينَ (22)

ترجمہ: اور ہم ہواؤں کو بادلوں کا بوجھ اٹھائے ہوئے بھیجتے ہیں پھر ہم آسمان کی جانب سے پانی اتارتے ہیں پھر ہم اسے تم ہی کو پلاتے ہیں اور تم اس کے خزانے رکھنے والے نہیں ہوo

And We send winds carrying the burden of clouds. Then We pour down water from the sky. Then it is you whom We give it to drink, and it is not you who maintain its reservoirs.

وَإِنَّا لَنَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَنَحْنُ الْوَارِثُونَ (23)

ترجمہ: اور بے شک ہم ہی جلاتے ہیں اور مارتے ہیں اور ہم ہی (سب کے) وارث (و مالک) ہیںo

And indeed, We alone give life and cause death, and We alone are the Inheritor (and the Owner of all).

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِينَ (24)

ترجمہ: اور بے شک ہم اُن کو بھی جانتے ہیں جو تم سے پہلے گزر چکے اور بے شک ہم بعد میں آنے والوں کو بھی جانتے ہیںo

And surely, We know those who lived before you, and We also know those who will come after you.

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الإِنسَانَ مِن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ (26)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے انسان کی (کیمیائی) تخلیق ایسے خشک بجنے والے گارے سے کی جو (پہلے) سن رسیدہ (اور دھوپ اور دیگر طبیعیاتی اور کیمیائی اثرات کے باعث تغیر پذیر ہوکر) سیاہ بودار ہو چکا تھاo

And indeed, We originated man's (chemical) genesis from that dry sounding clay which, (first) having grown old (and under the heat of the sun and other chemical and biological effects), had turned into black stinking mud.

وَالْجَآنَّ خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ مِن نَّارِ السَّمُومِ (27)

ترجمہ: اور اِس سے پہلے ہم نے جنّوں کو شدید جلا دینے والی آگ سے پیدا کیا جس میں دھواں نہیں تھاo

And We created jinn before this from a smokeless blazing fire.

وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَآئِكَةِ إِنِّي خَالِقٌ بَشَراً مِّن صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَإٍ مَّسْنُونٍ (28)

ترجمہ: اور (وہ واقعہ یاد کیجئے) جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا کہ میں سن رسیدہ (اور) سیاہ بودار، بجنے والے گارے

سے ایک بشری پیکر پیدا کرنے والا ہوںo

And (recall) when your Lord said to the angels: 'I am about to create a human organism from old (and) black stinking, resounding mud.

فَإِذَا سَوَّيْتُهُ وَنَفَخْتُ فِيهِ مِن رُّوحِي فَقَعُواْ لَهُ سَاجِدِيْنَ (29)

ترجمہ: پھر جب میں اس کی (ظاہری) تشکیل کو کامل طور پر درست حالت میں لا چکوں اور اس پیکرِ (بشری کے باطن) میں اپنی (نورانی) روح پھونک دوں تو تم اس کے لیے سجدہ میں گر پڑناo

So when I accomplish the perfection of his (physical) constitution into his real being, and breathe My (divine) spirit into (the inner self of) this (human physical) organism, then fall down prostrate before him.'

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلاَّ بِالْحَقِّ وَإِنَّ السَّاعَةَ لآتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ (85)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے عبث پیدا نہیں کیا، اور یقیناً قیامت کی گھڑی آنے والی ہے، سو (اے اخلاقِ مجسّم!) آپ بڑے حسن و خوبی کے ساتھ درگزر کرتے رہیےo

And We have not created the heavens and the earth and whatever is between them without any purpose. And the Hour of Resurrection is certainly approaching. So, (O embodiment of excellent morality,) bear with (them) most graciously and effectively with perseverance.

سورۃ النحل:

خَلَقَ الإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ (4)

ترجمہ: اُسی نے انسان کو ایک تولیدی قطرہ سے پیدا فرمایا، پھر بھی وہ (اللہ کے حضور مطیع ہونے کی بجائے) کھلا جھگڑالو بن گیاo

He alone has created man from a drop of vital fluid, yet he has become openly contentious (instead of becoming totally submissive to Allah).

وَالأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (5)

ترجمہ: اور اُسی نے تمہارے لیے چوپائے پیدا فرمائے، ان میں تمہارے لیے گرم لباس ہے اور (دوسرے) فوائد ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے (بھی) ہوo

And He alone has created for you the cattle. They are for you a source of warm clothing and (other) benefits. And you (also) eat some of them.

وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِيْنَةً وَيَخْلُقُ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (8)

ترجمہ: اور (اُسی نے) گھوڑوں اور خچروں اور گدھوں کو (پیدا کیا) تاکہ تم ان پر سواری کر سکو اور وہ (تمہارے لیے) باعثِ زینت بھی ہوں، اور وہ (مزید ایسی باز ینت سواریوں کو بھی) پیدا فرمائے گا جنہیں تم (آج) نہیں جانتےo

And (He is the One Who has created) horses, mules and donkeys so that you may ride them, and that they may serve as means of adornment (for you) as well, and He will (further) create (such ornamented means of conveyance)

that you do not know (today).

هُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّکُمۡ مِّنۡهُ شَرَابٌ وَّمِنۡهُ شَجَرٌ فِیۡهِ تُسِیۡمُوۡنَ (10)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہارے لیے آسمان کی جانب سے پانی اتارا، اس میں سے (کچھ) پینے کا ہے اور اسی میں سے (کچھ) شجر کاری کا ہے (جس سے نباتات، سبزے اور چراگاہیں شاداب ہوتی ہیں) جن میں تم (اپنے مویشی) چراتے ہوo

He is the One Who has sent down for you water from the sky. (Some) of it is to drink and (some) of it is for plantation. (You irrigate with it plants, vegetation and pastures) wherein you take (your cattle) to graze.

یُنۢبِتُ لَکُمۡ بِهِ الزَّرۡعَ وَالزَّیۡتُوۡنَ وَالنَّخِیۡلَ وَالۡاَعۡنَابَ وَمِنۡ کُلِّ الثَّمَرٰتِ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ (11)

ترجمہ: اُسی پانی سے تمہارے لیے کھیت اور زیتون اور کھجور اور انگور اور ہر قسم کے پھل (اور میوے) اگاتا ہے، بے شک اِس میں غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لیے نشانی ہےo

With the same water, He grows for you crops and olives and date-palms and grapes and all kinds of fruit. Indeed, there are signs in it for those who reflect and meditate.

وَسَخَّرَ لَکُمُ الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ وَالنُّجُوۡمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمۡرِهٖ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّعۡقِلُوۡنَ (12)

ترجمہ: اور اُسی نے تمہارے لیے رات اور دن کو اور سورج اور چاند کو مسخر کر دیا، اور تمام ستارے بھی اُسی کی تدبیر (سے نظام) کے پابند ہیں، بے شک اس میں عقل رکھنے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیںo

And He (is the One Who) has subjected to your service the night and the day and the sun and the moon, and all the stars have also been made subservient to (the system according to) His strategy. Surely, there are signs in it for those who possess reason.

وَمَا ذَرَاَ لَکُمۡ فِی الۡاَرۡضِ مُخۡتَلِفًا اَلۡوَانُهٗ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لِّقَوۡمٍ یَّذَّکَّرُوۡنَ (13)

ترجمہ: اور (حیوانات، نباتات اور معدنیات وغیرہ میں سے بقیہ) جو کچھ بھی اس نے تمہارے لیے زمین میں پیدا فرمایا ہے جن کے رنگ (یعنی جنسیں، نوعیں، قسمیں، خواص اور منافع) الگ الگ ہیں (سب تمہارے لیے مسخر ہیں)، بے شک اس میں نصیحت قبول کرنے والے لوگوں کے لیے نشانی ہےo

And (of the animal world, vegetable world and minerals,) whatever He has created for you in the earth which have separate colours (genders, species, classes, characteristics and benefits, etc. -all have been subdued to your service). Verily, there is a sign in it for those who take advice.

وَهُوَ الَّذِیۡ سَخَّرَ الۡبَحۡرَ لِتَاۡکُلُوۡا مِنۡهُ لَحۡمًا طَرِیًّا وَّتَسۡتَخۡرِجُوۡا مِنۡهُ حِلۡیَةً تَلۡبَسُوۡنَهَا وَتَرَی الۡفُلۡکَ مَوَاخِرَ فِیۡهِ وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّکُمۡ تَشۡکُرُوۡنَ(14)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے (فضا و بر کے علاوہ) بحر (یعنی دریاؤں اور سمندروں) کو بھی مسخر فرما دیا تاکہ تم اس میں سے تازہ (و پسندیدہ) گوشت کھاؤ اور تم اس میں سے موتی (وغیرہ) نکالو جنہیں تم زیبائش کے لیے پہنتے ہو، اور (اے انسان!) تو کشتیوں (اور

جہازوں) کو دیکھتا ہے جو (دریاؤں اور سمندروں کا) پانی چیرتے ہوئے اس میں چلے جاتے ہیں، اور (یہ سب کچھ اس لیے کیا) تاکہ تم (دور دور تک) اس کا فضل (یعنی رزق) تلاش کرو اور یہ کہ تم شکرگزار بن جاؤo

And He is the One Who has subjected the sea (rivers and oceans) as well (in addition to air and land) so that you may eat fresh (and favourite) seafood from there and may take out from them gems (etc.) that you wear as ornaments. And, (O man,) you see the vessels (and ships) that pierce through the water (of the rivers and oceans). And (all this has been managed) so that you may look for His bounty (i.e., sustenance, far and wide) and also that you may become thankful.

وَأَلْقَى فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَاراً وَسُبُلاً لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (15)

ترجمہ: اور اسی نے زمین میں (مختلف مادوں کو باہم ملا کر) بھاری پہاڑ بنا دیے تاکہ ایسا نہ ہو کہ کہیں وہ (اپنے مدار میں حرکت کرتے ہوئے) تمہیں لے کر کانپنے لگے اور نہریں اور (قدرتی) راستے (بھی) بنائے تاکہ تم (منزلوں تک پہنچنے کے لیے) راہ پا سکوo

And He is the One Who has created firm mountains in the earth (by allying various elements) lest it tremor whilst carrying you (revolving in its orbit), and rivers and (also natural) routes so that you may find way (to reach the destinations),

وَعَلامَاتٍ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ (16)

ترجمہ: اور (دن کو راہ تلاش کرنے کے لیے) علامتیں بنائیں، اور (رات کو) لوگ ستاروں کے ذریعہ (بھی) راہ پاتے ہیںo

And set up landmarks (to navigate during the day). And (at night as well) people find (their) way by means of the stars.

وَاللّهُ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَسْمَعُونَ (65)

ترجمہ: اور اللہ نے آسمان کی جانب سے پانی اتارا اور اس کے ذریعہ زمین کو اس کے مردہ (یعنی بنجر) ہونے کے بعد زندہ (یعنی سرسبز و شاداب) کر دیا۔ بے شک اس میں (نصیحت) سننے والوں کے لیے نشانی ہےo

And Allah pours down water from the sky, and by means of that brings the earth to life (i.e., makes it fertile and green) after it has become dead (i.e., barren and infertile). Surely, there is in it a sign for those who give ear (to advice).

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَناً خَالِصاً سَآئِغاً لِلشَّارِبِينَ (66)

ترجمہ: اور بے شک تمہارے لیے مویشیوں میں (بھی) مقامِ غور ہے، ہم ان کے جسموں کے اندر کی اس چیز سے جو آنتوں کے (بعض) مشمولات اور خون کے اختلاط سے (وجود میں آتی ہے) خالص دودھ نکال کر تمہیں پلاتے ہیں (جو) پینے والوں کے لیے فرحت بخش ہوتا ہےo

And indeed in the cattle (too) there is a point for you to ponder. We provide you

with pure milk to drink brought forth from that substance of their bellies (which is produced by) compounding (certain) intestinal contents and blood and which freshens up those who drink it.

وَمِن ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَراً وَرِزْقاً حَسَناً إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (67)

ترجمہ: اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم شکّر اور (دیگر) عمدہ غذائیں بناتے ہو، بے شک اس میں اہلِ عقل کے لیے نشانی ہےo

And from the fruits of date-palms and grapes, you obtain sugar and (other) wholesome foods. Indeed, there is a sign in it for those who have reason.

وَأَوْحَى رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتاً وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ (68)

ترجمہ: اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے دل میں (خیال) ڈال دیا کہ تو بعض پہاڑوں میں اپنے گھر بنا اور بعض درختوں میں اور بعض چھپروں میں (بھی) جنہیں لوگ (چھت کی طرح) اونچا بناتے ہیںo

And your Lord seeded (the idea instinctually) in the honeybee's heart: 'Make your hives in certain mountains and certain trees and (also) in certain projections people build aloft (like roofs).

ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلاً يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاء لِلنَّاسِ إِنَّ فِي ذَلِكَ لآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ (69)

ترجمہ: پس تو ہر قسم کے پھلوں سے رس چوسا کر پھر اپنے رب کے (سمجھائے ہوئے) راستوں پر (جو ان پھلوں اور پھولوں تک جاتے ہیں جن سے تو نے رس چوسنا ہے، دوسری مکھیوں کے لیے بھی) آسانی فراہم کرتے ہوئے چلا کر، ان کے شکموں سے ایک پینے کی چیز نکلتی ہے (وہ شہد ہے) جس کے رنگ جداگانہ ہوتے ہیں، اس میں لوگوں کے لیے شفا ہے، بے شک اس میں غور و فکر کرنے والوں کے لیے نشانی ہےo

So, suck the juice of all kinds of fruit, and then follow those routes (suggested) by your Lord (which lead to these fruits and flowers of which you are to suck the juice, leading other bees also to the source) for their convenience.' There oozes from their bellies a syrup (i.e., honey) of diverse colours. It has healing properties for the people. Therein is indeed a sign for those who apply their minds.

وَاللّهُ أَخْرَجَكُم مِّن بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لاَ تَعْلَمُونَ شَيْئاً وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالأَبْصَارَ وَالأَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (78)

ترجمہ: اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹ سے (اس حالت میں) باہر نکالا کہ تم کچھ نہ جانتے تھے اور اس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر بجالاؤo

And Allah brought you forth from the wombs of your mothers (in such a state) that you knew nothing, and He endowed you with ears and eyes and hearts so that you might give thanks.

أَلَمْ يَرَوْاْ إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرَاتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَاءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلاَّ اللّهُ إِنَّ فِيْ ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ(79)

ترجمہ: کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا جو آسمان کی ہوا میں (قانونِ حرکت و پرواز کے) پابند (ہو کر اڑتے رہتے) ہیں، انہیں اللہ کے (قانون کے) سوا کوئی چیز تھامے ہوئے نہیں ہے۔ بے شک اس (پرواز کے اصول) میں ایمان والوں کے لیے نشانیاں ہیں o

Have they not seen the birds that fly aloft in the air (under the law of motion and aerodynamics)? Nothing but (the laws of) Allah hold them (in the sky). Surely, there are signs in (this law of aerodynamics) for the believers.

وَاللّهُ جَعَلَ لَكُم مِّن بُيُوتِكُمْ سَكَناً وَجَعَلَ لَكُم مِّن جُلُودِ الأَنْعَامِ بُيُوتاً تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَا أَثَاثاً وَمَتَاعاً إِلَى حِيْنٍ(80)

ترجمہ: اور اللہ نے تمہارے لیے تمہارے گھروں کو (مستقل) سکونت کی جگہ بنایا اور تمہارے لیے چوپایوں کی کھالوں سے (عارضی) گھر (یعنی خیمے) بنائے جنہیں تم اپنے سفر کے وقت اور (دورانِ سفر منزلوں پر) اپنے ٹھہرنے کے وقت ہلکا پھلکا پاتے ہو اور (اسی اللہ نے تمہارے لیے) بھیڑوں اور دنبوں کی اون اور اونٹوں کی پشم اور بکریوں کے بالوں سے گھریلو استعمال اور (معیشت و تجارت میں) فائدہ اٹھانے کے اسباب بنائے (جو) مقررہ مدت تک (ہیں) o

And Allah has made your homes (permanent) places for you to reside and made for you (temporary) dwellings (i.e., tents) with the skins of cattle which you find light enough during your journey and for (reposing at break-journey) halts. And (Allah is the One Who) provides you with household goods and profitable means (in business and trade) from the wool of sheep and lambs and the fur of camels and hair obtained from goats (which are) for an appointed term.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ آيَتَيْنِ فَمَحَوْنَا آيَةَ اللَّيْلِ وَجَعَلْنَا آيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُواْ فَضْلاً مِّن رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُواْ عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلاً (12)

ترجمہ: اور ہم نے رات اور دن کو (اپنی قدرت کی) دو نشانیاں بنایا پھر ہم نے رات کی نشانی کو تاریک بنایا اور ہم نے دن کی نشانی کو روشن بنایا تاکہ تم اپنے رب کا فضل (رزق) تلاش کر سکو اور تاکہ تم برسوں کا شمار اور حساب معلوم کر سکو، اور ہم نے ہر چیز کو پوری تفصیل سے واضح کر دیا ہے o

And We have made the night and the day two signs (of Our might). Then We made the Sign of the night dark and We made the sign of the day bright so that you might look for your Lord's bounty (provision) and that you might work out the number of years and do reckoning, and We have made everything clear in detail.

سورۃ مریم:

وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَئِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا (66)

ترجمہ: اورانسان کہتا ہے: کیاجب میں مرجاؤں گا تو عنقریب زندہ کرکے نکالا جاؤں گاo

And man says: 'Shall I be soon brought forth alive when I die?'

أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا (67)

ترجمہ: کیاانسان یہ بات یادنہیں کرتا کہ ہم نے اس سے پہلے (بھی) اسے پیدا کیا تھا جبکہ وہ کوئی چیز ہی نہ تھاo

Does man not remember that We had created him before this (also) whilst he was just nothing?

سورۃ طٰہٰ:

لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرَى (6)

ترجمہ: (پس) جو کچھ آسمانوں (کی بالائی نوری کائناتوں اور خلائی مادی کائناتوں) میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان (فضائی اور ہوائی کرّوں میں) ہے اور جو کچھ سطحِ ارضی کے نیچے آخری تہہ تک ہے سب اسی کے (نظام اور قدرت کے تابع) ہیںo

(So) whatever is in the heavens (i.e., the upper divine and celestial spheres and spatial terrestrial spheres) and whatever is in the earth and whatever is in between (i.e., the atmospheric spheres) and whatever is beneath the soil to its bed, all are (functioning in compliance with) His(command and control system).

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّى (53)

ترجمہ: وہی ہے جس نے زمین کو تمہارے رہنے کی جگہ بنایا اور اس میں تمہارے (سفر کرنے کے) لیے راستے بنائے اور آسمان کی جانب سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے (زمین سے) انواع و اقسام کی نباتات کے جوڑے نکال دیےo

He is the One Who made the earth habitable for you and provided therein paths for you (to travel) and sent down water from the sky. Then by means of that (water) We bring forth (from the earth) pairs of various kinds of vegetation.

كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ (54)

ترجمہ: تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ، بے شک اس میں دانش مندوں کے لیے نشانیاں ہیںo

Eat and pasture your cattle. Surely, there are signs in it for the wise.

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ (55)

ترجمہ: (زمین کی) اسی (مٹی) سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں ہم تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے ہم تمہیں دوسری مرتبہ (پھر) نکالیں گےo

We created you from this (very soil of the earth), and We shall return you into

the same, and shall bring you forth from the very same once more.

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفاً (105)

ترجمہ: اورآپ سے یہ لوگ پہاڑوں کی نسبت سوال کرتے ہیں، سوفرما دیجیے: میرا رب انہیں ریزہ ریزہ کرکے اڑا دے گاo

And they ask you concerning mountains. So say: 'My Lord will blow them off as dust particles,

فَيَذَرُهَا قَاعاً صَفْصَفاً (106)

ترجمہ: پھر اسے ہموار اور بے آب و گیاہ زمین بنا دے گاo

Then will change it into a levelled, barren land,

لَا تَرَى فِيهَا عِوَجاً وَلَا أَمْتاً (107)

ترجمہ: جس میں آپ نہ کوئی پستی دیکھیں گے نہ کوئی بلندیo

In which you will find neither any depression nor any elevation.'

قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيعاً بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا يَشْقَى (123)

ترجمہ: ارشاد ہوا: تم یہاں سے سب کے سب اتر جاؤ، تم میں سے بعض بعض کے دشمن ہوں گے، پھر جب میری جانب سے تمہارے پاس کوئی ہدایت (وحی) آ جائے سو جو شخص میری ہدایت کی پیروی کرے گا تو وہ نہ (دنیا میں) گمراہ ہوگا اور نہ (آخرت میں) بدنصیب ہوگاo

(Allah) said: 'Go down from here, all of you. Some of you will be enemies to some others. Then if there comes to you any Guidance (Revelation) from Me, whoever will follow My Guidance will neither lose the straight path (in the world), nor face misfortune (in the Hereafter).

سورۃ الانبیاء:

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ (16)

ترجمہ: اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کھیل تماشے کے طور پر (بے کار) نہیں بنایاo

And We have not created the heavens and the earth and whatever is between them (useless) as a sport.

لَوْ أَرَدْنَا أَن نَّتَّخِذَ لَهْواً لَّاتَّخَذْنَاهُ مِن لَّدُنَّا إِن كُنَّا فَاعِلِينَ (17)

ترجمہ: اگر ہم کوئی کھیل تماشا اختیار کرنا چاہتے تو اسے اپنی ہی طرف سے اختیار کر لیتے اگر ہم (ایسا) کرنے والے ہوتےo

If We intended to take up some sport, We would adopt it on Our own if at all We were to do (so).

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقاً فَفَتَقْنَاهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ (30)

ترجمہ: اور کیا کافر لوگوں نے نہیں دیکھا کہ جملہ آسمانی کائنات اور زمین (سب) ایک اکائی کی شکل میں جڑے ہوئے تھے پس ہم نے ان کو پھاڑ کر جدا کر دیا، اور ہم نے (زمین پر) ہر پیکرِ حیات (کی زندگی) کی نمود پانی سے کی، تو کیا وہ (قرآن کے بیان کردہ

اِن حقائق سے آگاہ ہوکر بھی) ایمان نہیں لاتےo

And have the disbelievers not seen that the whole heavenly universe and the earth were (all) joined together as one unit, and then We split them apart? And We originated (the life of) all the living organism (on earth) from water. So do they not accept faith (even after learning these facts brought forth by the Qur'an)?

وَجَعَلْنَا فِيْ الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيْدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيْهَا فِجَاجاً سُبُلاً لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ (31)

ترجمہ: اور ہم نے زمین میں مضبوط پہاڑ بنا دیے تاکہ ایسا نہ ہو کہ کہیں وہ (اپنے مدار میں حرکت کرتے ہوئے) انہیں لے کر کانپنے لگے اور ہم نے اس (زمین) میں کشادہ راستے بنائے تاکہ لوگ (مختلف منزلوں تک پہنچنے کے لیے) راہ پا سکیںo

And We set up firm mountains in the earth lest it should shake with them whilst rotating (in its orbit). And We made in this (earth) broad highways so that people might find routes (to reach different destinations).

وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفاً مَّحْفُوظاً وَهُمْ عَنْ آيَاتِهَا مُعْرِضُوْنَ (32)

ترجمہ: اور ہم نے سماء (یعنی زمین کے بالائی کرّوں) کو محفوظ چھت بنایا (تاکہ اہلِ زمین کو خلا سے آنے والی مہلک قوتوں اور جارحانہ لہروں کے مضر اثرات سے بچائیں) اور وہ اِن (سماوی طبقات کی) نشانیوں سے رُوگرداں ہیںo

And We made the heavens (i.e., the upper spheres of the earth) a secure roof (in order to save the inhabitants of the earth from adverse effects of fatal forces and aggressive waves shooting towards the earth from space), and they turn away from these signs (of upper spheres).

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَسْبَحُوْنَ (33)

ترجمہ: اور وہی (اللہ) ہے جس نے رات اور دن کو پیدا کیا اور سورج اور چاند کو (بھی)، تمام (آسمانی کرّے) اپنے اپنے مدار کے اندر تیزی سے تیرتے چلے جاتے ہیںo

And (Allah) is He Who created the night and the day, and (also) the sun and the moon. All (heavenly bodies) are continually floating fast in their respective orbits.

يَوْمَ نَطْوِيْ السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهُ وَعْداً عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ (104)

ترجمہ: اس دن ہم (ساری) سماوی کائنات کو اس طرح لپیٹ دیں گے جیسے لکھے ہوئے کاغذات کو لپیٹ دیا جاتا ہے، جس طرح ہم نے (کائنات کو) پہلی بار پیدا کیا تھا ہم (اس کے ختم ہو جانے کے بعد) اسی عملِ تخلیق کو دہرائیں گے۔ یہ وعدہ پورا کرنا ہم نے لازم کر لیا ہے۔ ہم (یہ اعادہ) ضرور کرنے والے ہیںo

On that Day, We shall roll up the (whole) heavenly universe as the written papers are rolled up. The way We created (the universe) the first time, We shall repeat the same process of creation (after its extinction). We have made it binding upon Us to fulfil this promise. We will do (repeat it).

سورۃ الحج:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِن مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ وَنُقِرُّ فِي الْأَرْحَامِ مَا نَشَاء إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلاً ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّى وَمِنكُم مَّن يُرَدُّ إِلَى أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِن بَعْدِ عِلْمٍ شَيْئاً وَتَرَى الْأَرْضَ هَامِدَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاء اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَأَنبَتَتْ مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ (5)

ترجمہ: اے لوگو! اگر تمہیں (مرنے کے بعد) جی اٹھنے میں شک ہے تو (اپنی تخلیق وارتقاء پر غور کرو کہ) ہم نے تمہاری تخلیق (کی کیمیائی ابتداء) مٹی سے کی پھر (حیاتیاتی ابتداء) ایک تولیدی قطرہ سے پھر (رِحمِ مادر کے اندر جونک کی صورت میں) معلق وجود سے پھر ایک (ایسے) لوتھڑے سے جو دانتوں سے چبایا ہوا لگتا ہے، جس میں بعض اعضاء کی ابتدائی تخلیق نمایاں ہو چکی ہے اور بعض (اعضاء) کی تخلیق ابھی عمل میں نہیں آئی تاکہ ہم تمہارے لیے (اپنی قدرت اور اپنے کلام کی حقانیت) ظاہر کر دیں، اور ہم جسے چاہتے ہیں رحموں میں مقررہ مدت تک ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر ہم تمہیں بچہ بنا کر نکالتے ہیں، پھر (تمہاری پرورش کرتے ہیں) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچ جاؤ، اور تم میں سے وہ بھی ہیں جو (جلد) وفات پا جاتے ہیں اور کچھ وہ ہیں جو نہایت ناکارہ عمر تک لوٹائے جاتے ہیں تاکہ وہ (شخص یہ منظر بھی دیکھ لے کہ) سب کچھ جان لینے کے بعد (اب پھر) کچھ (بھی) نہیں جانتا، اور تو زمین کو بالکل خشک (مُردہ) دیکھتا ہے پھر جب ہم اس پر پانی برسا دیتے ہیں تو اس میں تازگی و شادابی کی جنبش آ جاتی ہے اور وہ پھولنے بڑھنے لگتی ہے اور خوش نما نباتات میں سے ہر نوع کے جوڑے اگاتی ہےo

O people! If you are in doubt about being raised up (after death), then (contemplate your creation and evolution). We initiated your creation (i.e., chemical genesis) from (the extract of) clay,* then (your biological genesis) from a sperm drop (zygote), then from a hanging mass (clinging to the uterus like a leech-embryo) and then from a lump of flesh looking chewed, having manifest contours of elementary formation of some parts of the body and others yet to form (fetus), so that We might show you (Our power and the trueness of Our Revelations). So We cause whom We please to stay in the wombs till an appointed time. Then We bring you forth as an infant, then (nourish you) so that you may reach your youth. And of you are (also) some who die (early), and some are brought to the age of senility so that (he may see this state too that) having learnt so much knowledge, now he knows (just) nothing (once more). And you see the earth completely dry (i.e., dead) and, when We shower water on it, a stir of freshness and fertility runs through it. And it swells enriched, and puts forth in pairs every kind of blooming and beauteous vegetation.

*** Comprising minerals, metals, salts and chemical elements like calcium, sodium, phosphorus, potassium, natrum, kalium, silicon, chlorine, iodine,**

fluorine, magnesium, zinc, sulfur, ferrum, cuprum, etc. These and other elements of clay also form the ingredients of a balanced diet essential for our nourishment. The animals whose meat and milk we take live on the vegetable world. The grain, vegetables, fruits and roots that form our food feed on the soil they grow in and absorb all its chemicals.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّهُ يُحْيِي الْمَوْتَى وَأَنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (6)

ترجمہ: یہ (سب کچھ) اس لیے (ہوتا رہتا) ہے کہ اللہ ہی سچا (خالق اور رب) ہے اور بے شک وہی مُردوں (بے جان) کو زندہ (جان دار) کرتا ہے, اور یقیناً وہی ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

(All) this (keeps happening) because Allah alone is the Real (Creator and All-Sustaining), and doubtlessly, He alone gives life to the dead and certainly, He alone is All-Powerful to do everything.

وَأَنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّ اللَّهَ يَبْعَثُ مَن فِي الْقُبُورِ (7)

ترجمہ: اور بے شک قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں اور یقیناً اللہ ان لوگوں کو زندہ کر کے اٹھا دے گا جو قبروں میں ہوں گےo

And, certainly, the Last Hour is bound to come. There is no doubt about it. And, verily, Allah shall raise up alive those who are in the graves.

ذَلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَأَنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ (61)

ترجمہ: یہ اس وجہ سے ہے کہ اللہ رات کو دن میں داخل فرماتا ہے اور دن کو رات میں داخل فرماتا ہے اور بے شک اللہ خوب سننے والا دیکھنے والا ہےo

That is because Allah causes the night to enter into the day, and causes the day to enter into the night, and indeed Allah is All-Hearing, All-Seeing.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَتُصْبِحُ الْأَرْضُ مُخْضَرَّةً إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ (63)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ آسمان کی جانب سے پانی اتارتا ہے تو زمین سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے۔ بے شک اللہ مہربان (اور) بڑا خبردار ہےo

Have you not seen that Allah sends down water from the sky and the earth becomes fresh and green? Allah is indeed Most Beneficent (and) All-Aware.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَيُمْسِكُ السَّمَاءَ أَن تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (65)

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے جو کچھ زمین میں ہے تمہارے لیے مسخر فرما دیا ہے اور کشتیوں کو (بھی) جو اس کے اَمر (یعنی قانون) سے سمندر (و دریا) میں چلتی ہیں، اور آسمان (یعنی خلائی و فضائی کرّوں) کو زمین پر گرنے سے (ایک آفاقی نظام کے ذریعہ) تھامے ہوئے ہے مگر اسی کے حکم سے (جب وہ چاہے گا آپس میں ٹکرا جائیں گے)۔ بے شک اللہ تمام انسانوں کے ساتھ نہایت شفقت فرمانے والا بڑا مہربان ہےo

Have you not seen that Allah has subjected to you whatever is in the earth and (also) the vessels that sail in the sea (and rivers) by His command (i.e., law) and He withholds the heavens (i.e., spatial spheres and atmospheric fields) from falling on to the earth (under a cosmic system)? But (when He wills, they will collide) by His command. Surely, Allah is Most Compassionate, Most Merciful to mankind.

وَهُوَ الَّذِیْ اَحْیَاکُمْ ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ ثُمَّ یُحْیِیْکُمْ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَکَفُوْرٌ **(66)**

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تمہیں زندگی بخشی پھر تمہیں موت دیتا ہے پھر تمہیں (دوبارہ) زندگی دے گا۔ بے شک انسان ہی بڑا ناشکر گزار ہےo

And He is the One Who gave you life, then He causes you to die and then will give you life again. No doubt, it is man who is highly ungrateful.

سورۃ المومنون:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِیْنٍ **(12)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے انسان کی تخلیق (کی ابتداء) مٹی (کے کیمیائی اجزاء) کے خلاصہ سے فرمائیo

And indeed, We originated (the genesis of) man from the extract of (chemical ingredients of) clay.*

*** Comprising minerals, metals, salts and chemical elements like calcium, sodium, phosphorus, potassium, natrum, kalium, silicon, chlorine, iodine, fluorine, magnesium, zinc, sulfur, ferrum, cuprum, etc. These and other elements of clay also form the ingredients of a balanced diet essential for our nourishment. The animals whose meat and milk we take live on the vegetable world. The grain, vegetables, fruits and roots that form our food feed on the soil they grow in and absorb all its chemicals.**

ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّکِیْنٍ **(13)**

ترجمہ: پھر اسے نطفہ (تولیدی قطرہ) بنا کر ایک مضبوط جگہ (رحمِ مادر) میں رکھاo

Then We placed him as a sperm drop (zygote) in a secure place (the mother's womb).

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظَاماً فَکَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْماً ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقاً آخَرَ فَتَبَارَکَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ **(14)**

ترجمہ: پھر ہم نے اس نطفہ کو (رحمِ مادر کے اندر جونک کی صورت میں) معلّق وجود بنا دیا، پھر ہم نے اس معلّق وجود کو ایک (ایسا) لوتھڑا بنا دیا جو دانتوں سے چبایا ہوا لگتا ہے، پھر ہم نے اس لوتھڑے سے ہڈیوں کا ڈھانچہ بنایا، پھر ہم نے ان ہڈیوں پر گوشت (اور پٹھے) چڑھائے، پھر ہم نے اسے تخلیق کی دوسری صورت میں (بدل کر تدریجاً) نشو و نما دی، پھر اللہ نے (اسے) بڑھا (کر محکم

وجود بنا) دیا جو سب سے بہتر پیدا فرمانے والا ہےo

Then We made that zygote a hanging mass (clinging to the uterus like a leech). Then We developed that hanging mass into a lump, looking chewed with teeth. Out of this chewed lump, We built a structure of bones which We clothed with flesh (and muscles). Then (changing him) into another form, We developed him (gradually) into a new creation. Then Allah, the Best of creators, brought (him up into a strong body).

ثُمَّ إِنَّكُمْ بَعْدَ ذَلِكَ لَمَيِّتُونَ (15)

ترجمہ: پھر بے شک تم اس (زندگی) کے بعد ضرور مرنے والے ہوo

Then certainly, after this (life), you shall die.

ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُبْعَثُونَ (16)

ترجمہ: پھر بے شک تم قیامت کے دن (زندہ کر کے) اٹھائے جاؤ گےo

Then indeed, on the Day of Resurrection, you will be raised up (after brought to life).

وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَائِقَ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غَافِلِينَ (17)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے تمہارے اوپر (کرّۂ اَرضی کے گرد فضائے بسیط میں نظامِ کائنات کی حفاظت کے لیے) سات راستے (یعنی سات مقناطیسی پٹیاں یا میدان) بنائے ہیں، اور ہم (کائنات کی) تخلیق (اور اس کی حفاظت کے تقاضوں) سے بے خبر نہ تھےo

And surely, We have created above you seven paths (i.e., seven magnetic paths or fields, around the vast atmospheric expanse of the planet earth, for the safeguard of the cosmic system). And We were not unaware of the creation (of the universe and the pre-requisites of its security).

وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَسْكَنَّاهُ فِي الْأَرْضِ وَإِنَّا عَلَى ذَهَابٍ بِهِ لَقَادِرُونَ (18)

ترجمہ: اور ہم ایک اندازہ کے مطابق (عرصہ دراز تک) بادلوں سے پانی برساتے رہے، پھر (جب زمین ٹھنڈی ہوگئی تو) ہم نے اس پانی کو زمین (کی نشیبی جگہوں) میں ٹھہرا دیا (جس سے ابتدائی سمندر وجود میں آئے) اور بے شک ہم اسے (بخارات بنا کر) اڑا دینے پر بھی قدرت رکھتے ہیںo

And We showered water persistently (for a long time) from the clouds according to an estimated measure. So (when the earth became cool then) We lodged this water in (the depressions and depths of) the earth (shaping into preliminary forms of oceans). And verily, We have the power to make it evaporate (as vapours).

فَأَنشَأْنَا لَكُم بِهِ جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ لَّكُمْ فِيهَا فَوَاكِهُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ (19)

ترجمہ: پھر ہم نے تمہارے لیے اس سے (درجہ بہ درجہ یعنی پہلے ابتدائی نباتات پھر بڑے پودے پھر درخت وجود میں لاتے

ہوئے) کھجور اور انگور کے باغات بنا دیے (مزید برآں) تمہارے لیے زمین میں (اور بھی) بہت سے پھل اور میوے (پیدا کیے) اور (اب) تم ان میں سے کھاتے ہوo

Then by means of this We caused to grow for you (step by step firstly herbs, then plants and then trees and) the gardens of dates and grapes. (Furthermore, We created) for you many (other) fruits of which you eat (now).

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِن طُورِ سَيْنَاء تَنبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْآكِلِينَ **(20)**

ترجمہ: اور یہ درخت (زیتون بھی ہم نے پیدا کیا ہے) جو طورِ سینا سے نکلتا ہے (اور) تیل اور کھانے والوں کے لیے سالن لے کر اگتا ہےo

And (We have also created for you the olive) tree, which grows forth from Mount Sinai, (and) contains oil, and is a curry for those who eat.

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ **(21)**

ترجمہ: اور بے شک تمہارے لیے چوپایوں میں (بھی) غور طلب پہلو ہیں، جو کچھ ان کے شکموں میں ہوتا ہے ہم تمہیں اس میں سے (بعض اجزاء کو دودھ بنا کر) پلاتے ہیں اور تمہارے لیے ان میں (اور بھی) بہت سے فوائد ہیں اور تم ان میں سے (بعض کو) کھاتے (بھی) ہوo

And for you indeed there are (also) aspects to the cattle that need contemplation: We make you drink (milk We prepare from some ingredients) of what is in their bellies. And there are for you (also) many (other) benefits in them, and you eat (some) of them (as well).

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ **(22)**

ترجمہ: اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار (بھی) کیے جاتے ہوo

And you are (also) borne upon them and on boats.

وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ **(78)**

ترجمہ: اور وہی ہے جو تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل (و دماغ) رفتہ رفتہ وجود میں لایا، (مگر) تم لوگ بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہوo

And He is the One Who (gradually) made for you ears and eyes and hearts (and minds), but you give very little thanks.

وَهُوَ الَّذِي ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ وَإِلَيْهِ تُحْشَرُونَ **(79)**

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تمہیں روئے زمین پر پیدا کر کے پھیلا دیا اور تم اسی کے حضور جمع کیے جاؤ گےo

And He is the One Who created and then scattered you in the earth, and before Him will you be gathered.

وَهُوَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ وَلَهُ اخْتِلَافُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ **(80)**

ترجمہ: اور وہی ہے جو زندگی بخشتا ہے اور موت دیتا ہے اور شب و روز کا گردش کرنا (بھی) اسی کے اختیار میں ہے۔ سو کیا تم سمجھتے

نہیں ہوo

And He is the One Who gives life and causes death, and in His control is (also) the alternation of night and day. So do you not understand?

قَالُوا أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ (82)

ترجمہ: یہ کہتے ہیں کہ جب ہم مرجائیں گے اور ہم خاک اور (بوسیدہ) ہڈیاں ہوجائیں گے تو کیا ہم (پھر زندہ کرکے) اٹھائے جائیں گےo

They say: 'When we die and turn into dust and (decomposed) bones, then shall we be raised up (after given life again)?'

سورۃ النور:

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُزْجِي سَحَاباً ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهُ ثُمَّ يَجْعَلُهُ رُكَاماً فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مِن جِبَالٍ فِيهَا مِن بَرَدٍ فَيُصِيبُ بِهِ مَن يَشَاءُ وَيَصْرِفُهُ عَن مَّن يَشَاءُ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهِ يَذْهَبُ بِالْأَبْصَارِ (43)

ترجمہ: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی بادل کو (پہلے) آہستہ آہستہ چلاتا ہے پھر اس (کے مختلف ٹکڑوں) کو آپس میں ملا دیتا ہے پھر اسے تہ بہ تہ بنا دیتا ہے پھر تم دیکھتے ہو کہ اس کے درمیان خالی جگہوں سے بارش نکل کر برستی ہے، اور وہ اسی آسمان (یعنی فضا) میں برفانی پہاڑوں کی طرح (دکھائی دینے والے) بادلوں میں سے اولے برساتا ہے، پھر جس پر چاہتا ہے ان اولوں کو گراتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ان کو پھیر دیتا ہے (مزید یہ کہ انہی بادلوں سے بجلی بھی پیدا کرتا ہے)، یوں لگتا ہے کہ اس (بادل) کی بجلی کی چمک آنکھوں (کو خیرہ کرکے ان) کی بینائی اچک لے جائے گیo

Have you not seen that Allah is the One Who drives the cloud (first) gently, then joins its (various pieces) together, and then forms them into layers upon layers? Then you see that from spaces between them rain issues forth and falls down. And He sends down hail from the clouds (looking) like snow-covered mountains in the same sky (i.e., atmosphere). And then He throws it down upon whom He wills and turns it away from whom He likes. (Moreover, He creates lightning from the same clouds.) It seems as if the flash of the lightning (of clouds) would (dazzle their eyes and) snatch their sight away.

يُقَلِّبُ اللَّهُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَعِبْرَةً لِّأُوْلِي الْأَبْصَارِ (44)

ترجمہ: اور اللہ رات اور دن کو (ایک دوسرے کے اوپر) پلٹتا رہتا ہے، اور بے شک اس میں عقل و بصیرت والوں کے لیے (بڑی) رہنمائی ہےo

(And) Allah turns about the night and the day (over each other). Surely, there is (great) guidance in it for those who have reason and insight.

وَاللَّهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِن مَّاء فَمِنْهُم مَّن يَمْشِي عَلَى بَطْنِهِ وَمِنْهُم مَّن يَمْشِي عَلَى رِجْلَيْنِ وَمِنْهُم مَّن يَمْشِي عَلَى أَرْبَعٍ يَخْلُقُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (45)

ترجمہ: اور اللہ نے ہر چلنے پھرنے والے (جاندار) کی پیدائش (کی کیمیائی ابتداء) پانی سے فرمائی، پھر ان میں سے بعض وہ ہوئے جو اپنے پیٹ کے بل چلتے ہیں اور ان میں سے بعض وہ ہوئے جو دو پاؤں پر چلتے ہیں، اور ان میں سے بعض وہ ہوئے جو چار (پیروں) پر چلتے ہیں، اللہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا رہتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

And Allah has originated (the chemical genesis of) every moving creature from water. So, some of them creep on their bellies, some walk on two feet and some others on four. Allah creates what He wills. Surely, Allah has absolute power over everything.

سورۃ الفرقان:

أَلَمْ تَرَ إِلَى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاء لَجَعَلَهُ سَاكِناً ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلاً (45)

ترجمہ: کیا آپ نے اپنے رب (کی قدرت) کی طرف نگاہ نہیں ڈالی کہ وہ کس طرح (دوپہر تک) سایہ دراز کرتا ہے اور اگر وہ چاہتا تو اسے ضرور ساکن کر دیتا پھر ہم نے سورج کو اس (سایہ) پر دلیل بنایا ہےo

Have you not had a glance of (the Might of) your Lord, how He lengthens the shadow (till noon)? And had He willed, He could certainly have made it stationary. Then We have made the sun a proof of this (shadow).

ثُمَّ قَبَضْنَاهُ إِلَيْنَا قَبْضاً يَسِيْراً (46)

ترجمہ: پھر ہم آہستہ آہستہ اس (سایہ) کو اپنی طرف کھینچ کر سمیٹ لیتے ہیںo

Then, drawing this (shadow) little by little towards Ourselves, We roll it up.

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاساً وَالنَّوْمَ سُبَاتاً وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوراً (47)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے رات کو پوشاک (کی طرح ڈھانک لینے والا) بنایا اور نیند کو (تمہارے لیے) آرام (کا باعث) بنایا اور دن کو (کام کاج کے لیے) اٹھ کھڑے ہونے کا وقت بنایاo

And He is the One Who has made the night a (wrapper-like) covering for you and made sleep (a means of) rest (for you) and the day a time to get up (for work).

وَهُوَ الَّذِيْ أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْراً بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُوراً (48)

ترجمہ: اور وہی ہے جو اپنی رحمت (کی بارش) سے پہلے ہواؤں کو خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے، اور ہم ہی آسمان سے پاک (صاف کرنے والا) پانی اتارتے ہیںo

And He is the One Who sends the breezes as good news before (the rain of) His mercy. And it is We Who send down pure (and cleansing) water from the sky,

لِنُحْيِيَ بِهِ بَلْدَةً مَّيْتاً وَنُسْقِيَهُ مِمَّا خَلَقْنَا أَنْعَاماً وَأَنَاسِيَّ كَثِيْراً (49)

ترجمہ: تاکہ اس کے ذریعے ہم (کسی بھی) مُردہ شہر کو زندگی بخشیں اور (مزید یہ کہ) ہم یہ (پانی) اپنے پیدا کیے ہوئے بہت سے چوپایوں اور (بادیہ نشین) انسانوں کو پلائیںo

So that We may give life with that to (any) dead city, and (furthermore) We provide this (water) for drink to many cattle and (nomadic) people that We have created.

وَلَقَدْ صَرَّفْنَاهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوا فَأَبَى أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُوراً (50)

ترجمہ: اور بے شک ہم اس (بارش) کو ان کے درمیان (مختلف شہروں اور وقتوں کے حساب سے) گھماتے (رہتے) ہیں تاکہ وہ غور و فکر کریں پھر بھی اکثر لوگوں نے بجز ناشکری کے (کچھ) قبول نہ کیا o

And surely, We keep distributing this (rain) amongst them (on the scale of different times and cities) so that they may contemplate. Even then most people did not accept (anything) except ingratitude.

وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخاً وَحِجْراً مَّحْجُوراً (53)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے دو دریاؤں کو ملا دیا۔ یہ (ایک) میٹھا نہایت شیریں ہے اور یہ (دوسرا) کھاری نہایت تلخ ہے۔ اور اس نے ان دونوں کے درمیان ایک پردہ اور مضبوط رکاوٹ بنا دی o

And He is the One Who joined two rivers, this (one) very sweet and freshening and that (other one) very salty and bitter. And He set a barrier and a strong partition between them.

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَراً فَجَعَلَهُ نَسَباً وَصِهْراً وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيراً (54)

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے پانی (کی مانند ایک نطفہ) سے آدمی کو پیدا کیا پھر اسے نسب اور سسرال (کی قرابت) والا بنایا، اور آپ کا رب بڑی قدرت والا ہے o

And He is the One Who created man from (a sperm drop resembling) water, and made for him (kinship by) lineage and in-laws. And your Lord is All-Powerful.

الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ الرَّحْمَنُ فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيراً (59)

ترجمہ: جس نے آسمانی کرّوں اور زمین کو اور اس (کائنات) کو جو ان دونوں کے درمیان ہے چھ اَدوار میں پیدا فرمایا ☆ پھر وہ (حسبِ شان) عرش پر جلوہ افروز ہوا (وہ) رحمان ہے، (اے معرفتِ حق کے طالب!) تو اس کے بارے میں کسی باخبر سے پوچھ (بے خبر اس کا حال نہیں جانتے) o

☆ (ستۂ اَیّام سے مراد چھ اَدوارِ تخلیق ہیں، معروف معنٰی میں چھ دن نہیں کیونکہ یہاں تو خود زمین اور جملہ آسمانی کرّوں، کہکشاؤں، ستاروں، سیاروں اور خلاؤں کی پیدائش کا زمانہ بیان ہو رہا ہے، اس وقت رات اور دن کا وجود کہاں تھا؟)

He Who created the heavenly spheres and the earth and this (universe) in between in six periods.* Then He established (His authority) on the Throne (befitting His Majesty. He) is Most Kind. (O aspirant to His gnosis!) Ask of Him someone who has attained to His awareness. (The unaware do not have any gnosis of Him.)

*** The expression used in the verse 'sitta ayyam' denotes six stages or periods**

of creation and not six days in general sense because here the subject is the creation of the earth and all the heavenly bodies, galaxies, stars, planets and space when night and day did not exist.

س (تَبَارَكَ الَّذِیْ جَعَلَ فِیْ السَّمَاءِ بُرُوجاً وَجَعَلَ فِیْهَا سِرَاجاً وَقَمَراً مُّنِیْراً (61)

ترجمہ: وہی بڑی برکت وعظمت والا ہے جس نے آسمانی کائنات میں (کہکشاؤں کی شکل میں) سماوی کرّوں کی وسیع منزلیں بنائیں اور اس میں (سورج کو روشنی اور تپش دینے والا) چراغ بنایا اور (اس نظامِ شمسی کے اندر) چمکنے والا چاند بنایاo

Most Blessed and Most Glorified is He Who made vast mansions of heavenly spheres (in the form of galaxies) in the heavenly cosmos and made (the sun) in it a (light-generating and heat-emitting) lamp and a shining moon (in the solar system).

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَ اللَّیْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ أَرَادَ أَن یَذَّكَّرَ أَوْ أَرَادَ شُكُوراً (62)

ترجمہ: اور وہی ذات ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے پیچھے گردش کرنے والا بنایا اس کے لیے جو غور وفکر کرنا چاہے یا شکرگزاری کا ارادہ کرے (ان تخلیقی قدرتوں میں نصیحت وہدایت ہے)o

And He is the One Who made the day and the night rotate after each other for him who desires to contemplate or intends to be grateful. (There is direction and guidance in these creative powers.)

سورۃ النمل:

أَمَّن یَهْدِیْكُمْ فِیْ ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَن یُرْسِلُ الرِّیَاحَ بُشْراً بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهِ أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ تَعَالَى اللَّهُ عَمَّا یُشْرِكُونَ (63)

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو تمہیں خشک وتر (یعنی زمین اور سمندر) کی تاریکیوں میں راستہ دکھاتا ہے اور جو ہواؤں کو اپنی (بارانِ) رحمت سے پہلے خوشخبری بنا کر بھیجتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ اللہ ان (معبودانِ باطلہ) سے برتر ہے جنہیں وہ شریک ٹھہراتے ہیںo

Or, Who guides you in the darkness of land and sea and sends winds as good news before (the rain of) His mercy? Is there any (other) God besides Allah? Exalted is Allah, High above (the false gods) which they associate with Him.

أَمَّن یَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهُ وَمَن یَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَإِلَهٌ مَّعَ اللَّهِ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِیْنَ (64)

ترجمہ: بلکہ وہ کون ہے جو مخلوق کو پہلی بار پیدا فرماتا ہے پھر اسی (عملِ تخلیق) کو دہرائے گا اور جو تمہیں آسمان وزمین سے رزق عطا فرماتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی (اور بھی) معبود ہے؟ فرما دیجیے: (اے مشرکو!) اپنی دلیل پیش کرو اگر تم سچے ہوo

Well, Who originates creation and shall repeat the same (process of creation), and Who grants you sustenance from the heavens and the earth? Is there any (other) God besides Allah? Say: '(O polytheists,) bring your proof if you are truthful.'

بَلِ ادَّارَكَ عِلْمُهُمْ فِيْ الْآخِرَةِ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا بَلْ هُم مِّنْهَا عَمِونَ (66)

ترجمہ: بلکہ آخرت کے بارے میں ان کا علم (اپنی) انتہاء کو پہنچ کر منقطع ہو گیا، مگر وہ اس سے متعلق محض شک میں ہی (مبتلاء) ہیں، بلکہ وہ اس (کے علمِ قطعی) سے اندھے ہیں o

The truth is that their knowledge about the Hereafter terminated after reaching (its) limit, but they are just (caught) in doubt about it. Nay, they are blind to its (exact knowledge).

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ صُنْعَ اللَّهِ الَّذِيْ أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ إِنَّهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَفْعَلُونَ (88)

ترجمہ: اور (اے انسان!) تو پہاڑوں کو دیکھے گا تو خیال کرے گا کہ جمے ہوئے ہیں حالاں کہ وہ بادل کے اڑنے کی طرح اڑ رہے ہوں گے۔ (یہ) اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو (حکمت و تدبیر کے ساتھ) مضبوط و مستحکم بنا رکھا ہے۔ بے شک وہ ان سب (کاموں) سے خبردار ہے جو تم کرتے ہو o

And, (O man,) you will see the mountains and think them firmly fixed, whereas they will be flying like the passing of clouds. (This) is the work of Allah, Who has made everything strong and stable (with wisdom and strategy). Surely, He is Well Aware of all (the works) that you do.

سورۃ القصص:

وَمِن رَّحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (73)

ترجمہ: اور اس نے اپنی رحمت سے تمہارے لیے رات اور دن کو بنایا تاکہ تم رات میں آرام کرو اور (دن میں) اس کا فضل (روزی) تلاش کر سکو اور تاکہ تم شکر گزار بنو o

And it is out of His mercy that He has made night and day for you so that at night you may take rest and (during the day) you may seek His bounty (sustenance) and so that you may become grateful.

سورۃ العنکبوت:

أَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِءُ اللَّهُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهُ إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيْرٌ (19)

ترجمہ: کیا انہوں نے نہیں دیکھا (یعنی غور نہیں کیا) کہ اللہ کس طرح تخلیق کی ابتداء فرماتا ہے پھر (اسی طرح) اس کا اعادہ فرماتا ہے۔ بے شک یہ (کام) اللہ پر آسان ہے o

Have they not seen (i.e., pondered) how Allah originates creation, then repeats it (the same way)? Surely, this is easy for Allah.

قُلْ سِيْرُوا فِيْ الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ بَدَأَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللَّهُ يُنشِءُ النَّشْأَةَ الْآخِرَةَ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (20)

ترجمہ: فرما دیجیے: تم زمین میں (کائناتی زندگی کے مطالعہ کے لیے) چلو پھرو، پھر دیکھو (یعنی غور و تحقیق کرو) کہ اس نے مخلوق کی (زندگی کی) ابتداء کیسے فرمائی پھر وہ دوسری زندگی کو کس طرح اٹھا کر (ارتقاء کے مراحل سے گزارتا ہوا) نشو و نما دیتا ہے۔ بے شک اللہ ہر شے پر بڑی قدرت رکھنے والا ہے o

Say: 'Travel in the land (to study life in the universe), then observe (i.e., meditate and research) as to how He initiated (the life of) Creation and how He raises and nourishes the second life (passing it through evolutionary stages). Surely, Allah has perfect power over all things.

خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ **(44)**

ترجمہ: اللہ نے آسمانوں اور زمین کو درست تدبیر کے ساتھ پیدا فرمایا ہے، بے شک اس (تخلیق) میں اہلِ ایمان کے لیے (اس کی وحدانیت اور قدرت کی) نشانی ہےo

Allah has created the heavens and the earth with a decreed celestial order. Surely, there is in this (creation) a sign (of His Oneness and Might) for those who believe.

سورۃ الروم:

اللَّهُ يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ **(11)**

ترجمہ: اللہ مخلوق کو پہلی بار پیدا فرماتا ہے پھر (وہی) اسے دوبارہ پیدا فرمائے گا، پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گےo

Allah generates creation the first time, then (He is the One Who) will create it the second time, then to Him you will be returned.

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ **(19)**

ترجمہ: وُہی مُردہ سے زندہ کو نکالتا ہے اور زندہ سے مُردہ کو نکالتا ہے اور زمین کو اس کی مُردنی کے بعد زندہ و شاداب فرماتا ہے، اور تم (بھی) اسی طرح (قبروں سے) نکالے جاؤ گےo

He is the One Who brings forth the living from the dead, and brings forth the dead from the living, and enlivens and freshens the earth after its death. And you (too) will be brought forth (from the graves) the same way.

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ إِذَا أَنتُم بَشَرٌ تَنتَشِرُونَ **(20)**

ترجمہ: اور یہ اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر اب تم انسان ہو جو (زمین میں) پھیلے ہوئے ہوo

And of His signs is that He created you from dust, and now you are human beings spread around (all over the globe).

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجاً لِّتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُم مَّوَدَّةً وَرَحْمَةً إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ **(21)**

ترجمہ: اور یہ (بھی) اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے جوڑے پیدا کیے تاکہ تم ان کی طرف سکون پاؤ اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور رحمت پیدا کر دی، بے شک اس (نظامِ تخلیق) میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو غور و فکر کرتے ہیںo

And (also) of His signs is that He created for you mates of your own kind so that you acquire peace from them, and He created between you love and mercy.

Verily, in this (system of creation) there are signs for those who meditate.

وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْعَالِمِينَ **(22)**

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی تخلیق (بھی) ہے اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا اختلاف (بھی) ہے، بے شک اس میں اہلِ علم (و تحقیق) کے لیے نشانیاں ہیں o

And of His signs (too) is the creation of the heavens and the earth and (also) the diversity of your tongues and colours. Verily, in that are signs for the men of knowledge (and research).

وَمِنْ آيَاتِهِ يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيُحْيِي بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ **(24)**

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ (بھی) ہے کہ وہ تمہیں ڈرانے اور امید دلانے کے لیے بجلی دکھاتا ہے اور آسمان سے (بارش کا) پانی اتارتا ہے پھر اس سے زمین کو اس کی مُردنی کے بعد زندہ و شاداب کر دیتا ہے، بے شک اس میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل سے کام لیتے ہیں o

And amongst His signs (as well) is that He shows you lightning to make you fear and hope and pours (rain)water from the sky. Then with that, He brings the earth back to life and liveliness after it dies. Verily, there are signs in it for those who put their mind to work.

وَهُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ وَلَهُ الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ **(27)**

ترجمہ: اور وہی ہے جو پہلی بار تخلیق کرتا ہے پھر اس کا اِعادہ فرمائے گا اور یہ (دوبارہ پیدا کرنا) اُس پر بہت آسان ہے۔ اور آسمانوں اور زمین میں سب سے اونچی شان اسی کی ہے، اور وہ غالب ہے حکمت والا ہے o

And He is the One Who originates creation, then will regenerate it and this (recreation) is very easy for Him. His is the highest Glory in the heavens and the earth and He is Almighty, Most Wise.

وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ يُرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرَاتٍ وَلِيُذِيقَكُم مِّن رَّحْمَتِهِ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ **(46)**

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ (بھی) ہے کہ وہ (بارش کی) خوشخبری سنانے والی ہواؤں کو بھیجتا ہے تاکہ تمہیں (بارش کے ثمرات کی صورت میں) اپنی رحمت سے بہرہ اندوز فرمائے اور تاکہ (ان ہواؤں کے ذریعے) جہاز (بھی) اس کے حکم سے چلیں۔ اور (یہ سب) اس لیے ہے کہ تم اس کا فضل (بصورتِ زراعت و تجارت) تلاش کرو اور شاید تم (یوں) شکر گزار ہو جاؤ o

And (also) of His signs is that He sends winds that bring glad tidings (of rain), so that He blesses you with His mercy (in the shape of the results of rain) and that the ships may (also) sail with His command (by means of these winds). And (all this) is because you may seek His bounty (in the form of agriculture

and business) and you may (thus) become thankful.

اللَّهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیَاحَ فَتُثِیْرُ سَحَاباً فَیَبْسُطُهُ فِیْ السَّمَاءِ کَیْفَ یَشَاءُ وَیَجْعَلُهُ کِسَفاً فَتَرَی الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ فَإِذَا أَصَابَ بِهِ مَن یَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ إِذَا هُمْ یَسْتَبْشِرُونَ **(48)**

ترجمہ: اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے تو وہ بادل کو ابھارتی ہیں پھر وہ اس (بادل) کو فضائے آسمانی میں جس طرح چاہتا ہے پھیلا دیتا ہے پھر اسے (متفرق) ٹکڑے (کر کے تہ بہ تہ) کر دیتا ہے، پھر تم دیکھتے ہو کہ بارش اس کے درمیان سے نکلتی ہے، پھر جب اس (بارش) کو اپنے بندوں میں سے جنہیں چاہتا ہے پہنچا دیتا ہے تو وہ فوراً خوش ہو جاتے ہیںo

Allah is the One Who sends the winds and they raise the clouds. Then He spreads this (cloud) in the atmosphere in the sky as He likes. Then He breaks it up into (various) pieces (layer upon layer). Then you see the rain pouring down from its midst. Then, when He sends it to those of His servants whom He pleases, they become instantly cheerful,

وَإِن کَانُوا مِن قَبْلِ أَن یُنَزَّلَ عَلَیْهِم مِّن قَبْلِهِ لَمُبْلِسِیْنَ **(49)**

ترجمہ: اگرچہ ان پر بارش کے اتارے جانے سے پہلے وہ لوگ مایوس ہو رہے تھےo

Although they were in despair before the rainfall upon them.

فَانظُرْ إِلَی آثَارِ رَحْمَتِ اللَّهِ کَیْفَ یُحْیِیْ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا إِنَّ ذَلِكَ لَمُحْیِیْ الْمَوْتَی وَهُوَ عَلَی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ **(50)**

ترجمہ: سو آپ اللہ کی رحمت کے اثرات کی طرف دیکھئے کہ وہ کس طرح زمین کو اس کی مُردنی کے بعد زندہ فرما دیتا ہے، بے شک وہ مُردوں کو (بھی اسی طرح) ضرور زندہ کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہےo

So see the effects of Allah's mercy how He gives life to the earth after its death! Surely, He will bring the dead back to life (in the same way) and He is All-Powerful over everything.

اللَّهُ الَّذِیْ خَلَقَکُم مِّن ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ ضَعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِن بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفاً وَشَیْبَةً یَخْلُقُ مَا یَشَاءُ وَهُوَ الْعَلِیْمُ الْقَدِیْرُ **(54)**

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہیں کمزور چیز (یعنی نطفہ) سے پیدا فرمایا پھر اس نے کمزوری کے بعد قوتِ (شباب) پیدا کیا، پھر اس نے قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا پیدا کر دیا، وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور وہ خوب جاننے والا، بڑی قدرت والا ہےo

Allah is the One Who created you from a weak thing (i.e., a sperm drop). Then after weakness He generated strength (of youth). Then after strength He produced debility and senility. He creates what He wills, and He is All-Knowing, All-Powerful.

سورۃ القمان:

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَأَلْقَى فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيهَا مِن كُلِّ دَابَّةٍ وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ (10)

ترجمہ: اس نے آسمانوں کو بغیر ستونوں کے بنایا (جیسا کہ) تم انہیں دیکھ رہے ہو اور اس نے زمین میں اونچے مضبوط پہاڑ رکھ دیے تاکہ تمہیں لے کر (دورانِ گردش) نہ کانپے اور اُس نے اس میں ہر قسم کے جانور پھیلا دیے اور ہم نے آسمان سے پانی اتارا اور ہم نے اس میں ہر قسم کی عمدہ و مفید نباتات اگا دیںo

He created the heavens without pillars (as) you see them and He placed firm mountains in the earth so that it might not quake carrying you (during rotation) and He spread in it all kinds of animals. And We sent down water from the heaven, and We caused to grow in it all kinds of fine and useful vegetation.

أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً وَمِنَ النَّاسِ مَن يُجَادِلُ فِي اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُّنِيرٍ (20)

ترجمہ: (لوگو!) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لیے ان تمام چیزوں کو مسخّر فرما دیا ہے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، اور اس نے اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں تم پر پوری کر دی ہیں۔ اور لوگوں میں کچھ ایسے (بھی) ہیں جو اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر علم کے اور بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب (کی دلیل) کےo

(O people!) Have you not seen that Allah has subjected to you whatever is in the heavens and whatever is in the earth, and He has completed upon you His blessings outwardly as well as inwardly? And amongst people there are (also) those who dispute about Allah without knowledge and without guidance and without (any evidence from) the enlightening Book.

مَّا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ (28)

ترجمہ: تم سب کو پیدا کرنا اور تم سب کو (مرنے کے بعد) اٹھانا (قدرتِ الٰہیہ کے لیے) صرف ایک شخص (کو پیدا کرنے اور اٹھانے) کی طرح ہے۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہےo

Creating you all and raising you all (after death) is (in Allah's power) like (creating and raising) a single person. Surely, Allah is All-Hearing, All-Seeing.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ (29)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ رات کو دن میں داخل فرماتا ہے اور دن کو رات میں داخل فرماتا ہے اور (اسی نے) سورج اور چاند کو مسخّر کر رکھا ہے، ہر کوئی ایک مقرّر میعاد تک چل رہا ہے، اور یہ کہ اللہ ان (تمام) کاموں سے جو تم کرتے ہو خبردار ہےo

Have you not seen that Allah makes the night pass into the day and makes the day pass into the night; and (He is the One Who) has made the sun and the

moon subservient, each rotating for an appointed term and that Allah is Aware of (all) the deeds that you do?

أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ لِيُرِيَكُم مِّنْ آيَاتِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ **(31)**

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ کشتیاں سمندر میں اللہ کی نعمت سے چلتی ہیں تا کہ وہ تمہیں اپنی کچھ نشانیاں دکھا دے۔ بے شک اس میں ہر بڑے صابر و شاکر کے لیے نشانیاں ہیں o

Have you not seen that vessels sail on the sea by Allah's bounty so that He shows you some of His signs? Surely, there are signs in it for every greatly steadfast and grateful person.

وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ **(32)**

ترجمہ: اور جب سمندر کی موج (پہاڑوں، بادلوں یا) سائبانوں کی طرح ان پر چھا جاتی ہے تو وہ (کفّار و مشرکین) اللہ کو اسی کے لیے اطاعت کو خالص رکھتے ہوئے پکارنے لگتے ہیں، پھر جب وہ انہیں بچا کر خشکی کی طرف لے جاتا ہے تو ان میں سے چند ہی اعتدال کی راہ (یعنی راہِ ہدایت) پر چلنے والے ہوتے ہیں، ہماری آیتوں کا کوئی انکار نہیں کرتا سوائے ہر بڑے عہد شکن اور بڑے ناشکر گزار کے o

And when the sea wave engulfs them like (clouds or towering mountains or) canopies, they (the disbelievers and polytheists) start calling upon Allah, dedicating their most sincere devotion to Him alone. But when rescuing them He brings them back to land, then only a few of them remain on the moderate path (i.e., the path of guidance). And none but every deceptive and ungrateful person denies Our signs.

إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَداً وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ **(34)**

ترجمہ: بے شک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے، اور وہی بارش اتارتا ہے، اور جو کچھ رحموں میں ہے وہ جانتا ہے، اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وہ کل کیا (عمل) کمائے گا، اور نہ کوئی شخص یہ جانتا ہے کہ وہ کس سرزمین پر مرے گا، بے شک اللہ خوب جاننے والا ہے، خبر رکھنے والا ہے (یعنی علیم بالذّات ہے اور خبیر للغیر ہے، از خود ہر شے کا علم رکھتا ہے اور جسے پسند فرمائے باخبر بھی کر دیتا ہے) o

Surely, Allah is the One with Whom is the knowledge of the Last Hour. And He is the One Who sends down rain and knows whatever is in the wombs. And no one knows what (deed) he will earn the next day, nor does anyone know in what land he will die. Surely, Allah is All-Knowing, All-Aware (i.e., Self-Knowing and fully Aware of everything besides Him. He Himself knows everything and also informs him whom He likes).

سورۃ السجدۃ:

اللَّـهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ مَا لَكُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ (4)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے (اسے) چھ دنوں (یعنی چھ مدتوں) میں پیدا فرمایا پھر (نظام کائنات کے) عرش (اقتدار) پر (اپنی شان کے مطابق) جلوہ افروز ہوا، تمہارے لیے اسے چھوڑ کر نہ کوئی کارساز ہے اور نہ کوئی سفارشی، سو کیا تم نصیحت قبول نہیں کرتے o

Allah is He Who created the heavens and the earth and whatever is between them in six days (i.e., six phases). He then established His authority on the Throne (of command and control system of the universe, befitting His glory). You have no helper or intercessor apart from Him. So do you not accept direction and guidance?

الَّذِي أَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهُ وَبَدَأَ خَلْقَ الْإِنسَانِ مِن طِينٍ (7)

ترجمہ: وہی ہے جس نے خوبی و حسن بخشا ہر اس چیز کو جسے اس نے پیدا فرمایا اور اس نے انسانی تخلیق کی ابتداء مٹی (یعنی غیر نامی مادّہ) سے کی o

He is the One Who endowed everything He created with perfection and virtue. And He initiated the genesis of man from clay (i.e., inorganic matter);*

*** Comprising minerals, metals, salts and chemical elements like calcium, sodium, phosphorus, potassium, natrum, kalium, silicon, chlorine, iodine, fluorine, magnesium, zinc, sulfur, ferrum, cuprum, etc. These and other elements of clay also form the ingredients of a balanced diet essential for our nourishment. The animals whose meat and milk we take live on the vegetable world. The grain, vegetables, fruits and roots that form our food feed on the soil they grow in and absorb all its chemicals.**

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهُ مِن سُلَالَةٍ مِّن مَّاءٍ مَّهِينٍ (8)

ترجمہ: پھر اس کی نسل کو حقیر پانی کے نچوڑ (یعنی نطفہ) سے چلایا o

Then He reared his lineage from the extract of a worthless fluid (a sperm drop);

ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِن رُّوحِهِ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ (9)

ترجمہ: پھر اس (میں اعضاء) کو درست کیا اور اس میں اپنی روحِ (حیات) پھونکی اور تمہارے لیے (رحمِ مادر ہی میں پہلے) کان اور (پھر) آنکھیں اور (پھر) دل و دماغ بنائے، تم بہت ہی کم شکر ادا کرتے ہو o

Then He perfected (organs and limbs in) him and breathed into him of His spirit (i.e., life) and made for you (also in the mother's womb) ears and (then) eyes and (then) heart and brain. You give thanks but little.

وَقَالُوا أَئِذَا ضَلَلْنَا فِي الْأَرْضِ أَئِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ بَلْ هُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ كَافِرُونَ (10)

ترجمہ: اور کفار کہتے ہیں کہ جب ہم مٹی میں مِل کر گم ہو جائیں گے تو (کیا) ہم اَز سرِ نَو پیدائش میں آئیں گے، بلکہ وہ اپنے رب سے ملاقات ہی کے مُنکِر ہیں o

And the disbelievers say: 'When we are lost in the earth, shall we then be created anew?' In fact, they deny the meeting with their Lord.

قُلْ يَتَوَفَّاكُم مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلَى رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ (11)

ترجمہ: آپ فرما دیں کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روح قبض کرتا ہے پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے o

Say: 'The angel of death, that is appointed over you, will terminate your life. Then you will be sent back to your Lord.'

سورۃ فاطر:

الْحَمْدُ لِلَّهِ فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَاعِلِ الْمَلَائِكَةِ رُسُلاً أُولِي أَجْنِحَةٍ مَّثْنَى وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ يَزِيدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ إِنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (1)

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو آسمانوں اور زمین (کی تمام وسعتوں) کا پیدا فرمانے والا ہے، فرشتوں کو جو دو دو اور تین تین اور چار چار پَروں والے ہیں، قاصد بنانے والا ہے، اور تخلیق میں جس قدر چاہتا ہے اضافہ (اور توسیع) فرماتا رہتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہے o

All praise belongs to Allah alone, Who is the Creator of (all the infinities of) the heavens and the earth, and Who makes the angels messengers having two or three or four wings. He adds to (and expands) the creation as He wills. Surely, Allah is All-Powerful over everything.

وَاللَّهُ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَاباً فَسُقْنَاهُ إِلَى بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَحْيَيْنَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا كَذَلِكَ النُّشُورُ (9)

ترجمہ: اور اللہ ہی ہے جو ہوائیں بھیجتا ہے تو وہ بادل کو ابھار کر اکٹھا کرتی ہیں پھر ہم اس (بادل) کو خشک اور بنجر بستی کی طرف سیرابی کے لیے لے جاتے ہیں، پھر ہم اس کے ذریعے اس زمین کو اس کی مُردنی کے بعد زندگی عطا کرتے ہیں، اسی طرح (مُردوں کا) جی اٹھنا ہوگا o

And Allah alone sends winds that raise and build up clouds. Then We drive it (the cloud) towards some dry and dead land to water it. Then with that, We give life to the earth after its death. Similar will be the process of the rising (of the dead).

وَاللَّهُ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ أَزْوَاجاً وَمَا تَحْمِلُ مِنْ أُنثَى وَلَا تَضَعُ إِلَّا بِعِلْمِهِ وَمَا يُعَمَّرُ مِن مُّعَمَّرٍ وَلَا يُنقَصُ مِنْ عُمُرِهِ إِلَّا فِي كِتَابٍ إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ (11)

ترجمہ: اور اللہ ہی نے تمہیں مٹی (یعنی غیر نامی مادّہ) سے پیدا فرمایا پھر ایک تولیدی قطرہ سے، پھر تمہیں جوڑے جوڑے بنایا، اور کوئی مادّہ حاملہ نہیں ہوتی اور نہ بچہ جنتی ہے مگر اس کے علم سے، اور نہ کسی دراز عمر شخص کی عمر بڑھائی جاتی ہے اور نہ اس کی عمر کم کی جاتی

ہے مگر (یہ سب کچھ) لوحِ (محفوظ) میں ہے، بے شک یہ اللہ پر بہت آسان ہےo

And Allah alone created you from clay (i.e., inorganic matter), then from a sperm drop, then He made you pairs. And no female conceives or gives birth but with His knowledge. And no aged man's life is increased, nor is his age decreased, but (all this) is recorded in a Book (al-Lawh al-Mahfuz). That is certainly easy for Allah.

وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهَذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَمِن كُلٍّ تَأْكُلُونَ لَحْماً طَرِيّاً وَتَسْتَخْرِجُونَ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ فِيهِ مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (12)

ترجمہ: اور دو سمندر (یا دریا) برابر نہیں ہو سکتے، یہ (ایک) شیریں، پیاس بجھانے والا ہے، اس کا پینا خوشگوار ہے اور یہ (دوسرا) کھاری، سخت کڑوا ہے، اور تم ہر ایک سے تازہ گوشت کھاتے ہو، اور زیور (جن میں موتی، مرجان اور مونگے وغیرہ سب شامل ہیں) نکالتے ہو، جنہیں تم پہنتے ہو اور تُو اس میں کشتیوں (اور جہازوں) کو دیکھتا ہے جو (پانی کو) پھاڑتے چلے جاتے ہیں تاکہ تم (بحری تجارت کے راستوں سے) اس کا فضل تلاش کر سکو اور تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤo

And two seas (or rivers) cannot be the same: this (one) is sweet, thirst-quenching and pleasant to drink and that (other) is salty and very bitter. And you eat fresh meat from each and bring forth ornaments (including pearls and corals) that you wear. And you see in them boats (and ships) that cleave through (the water), so that you may seek His bounty (through marine trade routes) and that you may become grateful.

يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُّسَمًّى ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِن قِطْمِيرٍ (13)

ترجمہ: وہ رات کو دن میں داخل فرماتا ہے اور دن کو رات میں داخل فرماتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو (ایک نظام کے تحت) مسخّر فرما رکھا ہے، ہر کوئی ایک مقرر میعاد کے مطابق حرکت پذیر ہے۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے اسی کی ساری بادشاہت ہے، اور اس کے سوا تم جن بتوں کو پوجتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے باریک چھلکے کے (بھی) مالک نہیں ہیںo

He causes the night to pass into the day and the day to pass into the night. And He has subjected the sun and the moon (to a system), each rotating for an appointed term. Such is Allah, your Lord. His is all the sovereignty. And the idols that you worship apart from Him do not own (even) the thin membrane of a date stone.

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ ثَمَرَاتٍ مُّخْتَلِفاً أَلْوَانُهَا وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ بِيضٌ وَحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهَا وَغَرَابِيبُ سُودٌ (27)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے پھل نکالے جن کے رنگ جداگانہ ہیں، اور (اسی طرح) پہاڑوں میں بھی سفید اور سرخ گھاٹیاں ہیں ان کے رنگ (بھی) مختلف ہیں اور بہت گہری سیاہ (گھاٹیاں) بھی

ہیںo

Have you not seen that Allah sent down water from the sky? Then We brought forth with that the fruits which have different colours. And, similarly, in the mountains there are white and red streaks with a variety of shades and there are deep black (streaks) as well.

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَابِّ وَالْأَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ كَذَلِكَ إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاء إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ غَفُورٌ **(28)**

ترجمہ: اورانسانوں اور جانوروں اور چوپایوں میں بھی اسی طرح مختلف رنگ ہیں، بس اللہ کے بندوں میں سے اس سے وہی ڈرتے ہیں جو(ان حقائق کا بصیرت کے ساتھ)علم رکھنے والے ہیں، یقیناً اللہ غالب ہے بڑا بخشنے والا ہےo

And likewise, there are various colours amongst men and beasts and animals. So only those of His servants who have knowledge (of these realities with a vision and outlook) fear Him. Surely, Allah is Almighty, Most Forgiving.

إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَن تَزُولَا وَلَئِن زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّن بَعْدِهِ إِنَّهُ كَانَ حَلِيماً غَفُوراً **(41)**

ترجمہ: بےشک اللہ آسمانوں اورزمین کو(اپنے نظامِ قدرت کے ذریعے)اس بات سے روکے ہوئے ہے کہ وہ(اپنی اپنی جگہوں اورراستوں سے)ہٹ سکیں، اوراگر وہ دونوں ہٹنے لگیں تو اس کے بعد کوئی بھی ان دونوں کو روک نہیں سکتا، بےشک وہ بڑا بُردبار، بڑا بخشنے والا ہےo

Surely, Allah is holding the heavens and the earth (through His control system) lest they should move away (from their respective locations and orbits). And if they start deviating, then none can hold them after Him. Surely, He is Most Forbearing, Most Forgiving.

سورۃ یٰس:

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِي الْمَوْتَى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ **(12)**

ترجمہ: بےشک ہم ہی تو مُردوں کو زندہ کرتے ہیں اور ہم وہ سب کچھ لکھ رہے ہیں جو(اَعمال)وہ آگے بھیج چکے ہیں، اوراُن کے اثرات (جو پیچھے رہ گئے ہیں)، اور ہر چیز کو ہم نے روشن کتاب (لوحِ محفوظ)میں احاطہ کر رکھا ہےo

Surely, We alone raise the dead to life. And We are writing down (the deeds) which they have sent forward and their effects (that are left behind). And We have encompassed everything in the illumining Book (al-Lawh al-Mahfuz).

وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبّاً فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ **(33)**

ترجمہ: اوراُن کے لیے ایک نشانی مُردہ زمین ہے، جسے ہم نے زندہ کیا اور ہم نے اس سے (اناج کے)دانے نکالے، پھر وہ اس میں سے کھاتے ہیںo

And a sign for them is the dead earth to which We gave life, and We brought forth from it (grain); then they eat of it.

سُبْحَانَ الَّذِیْ خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ وَمِنْ أَنفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ (36)

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے سب چیزوں کے جوڑے پیدا کیے، ان سے (بھی) جنہیں زمین اگاتی ہے اور خود اُن کی جانوں سے بھی اور (مزید) ان چیزوں سے بھی جنہیں وہ نہیں جانتےo

Glory be to Him Who created everything in pairs of those the earth grows and of themselves as well and, (moreover,) of the things they do not know.

وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَإِذَا هُم مُّظْلِمُونَ (37)

ترجمہ: اور ایک نشانی اُن کے لیے رات (بھی) ہے، ہم اس میں سے (کیسے) دن کو کھینچ لیتے ہیں سو وہ اس وقت اندھیرے میں پڑے رہ جاتے ہیںo

And (also) a sign for them is the night: (how) We draw the day out from it! So then they are left in darkness!

وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذَلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (38)

ترجمہ: اور سورج ہمیشہ اپنی مقررہ منزل کے لیے (بغیر رکے) چلتا رہتا، ہے یہ بڑے غالب بہت علم والے (رب) کی تقدیر ہےo

And the sun is constantly rotating (non-stop) for its appointed destination. It is a measure fixed by the Almighty, All-Knowing (Lord).

وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ حَتَّى عَادَ كَالْعُرْجُونِ الْقَدِيمِ (39)

ترجمہ: اور ہم نے چاند کی (حرکت و گردش کی) بھی منزلیں مقرر کر رکھی ہیں یہاں تک کہ (اس کا اہلِ زمین کو دکھائی دینا گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی ٹہنی کی طرح ہو جاتا ہےo

And We have also appointed stages (of motion and rotation) of the moon till (its appearance to the dwellers of the earth wanes to) the semblance of an old dry branch of a palm-tree.

لَا الشَّمْسُ يَنبَغِي لَهَا أَن تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا اللَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ (40)

ترجمہ: نہ سورج کی یہ مجال کہ وہ (اپنا مدار چھوڑ کر) چاند کو جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے نمودار ہو سکتی ہے، اور سب (ستارے اور سیارے) اپنے (اپنے) مدار میں حرکت پذیر ہیںo

Neither can the sun (deviate from its orbit and) overtake the moon, nor can the night precede the day, and all (the stars and planets) are moving in their respective orbits.

وَخَلَقْنَا لَهُم مِّن مِّثْلِهِ مَا يَرْكَبُونَ (42)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کے لیے اس (کشتی) کے مانند ان (بہت سی اور سواریوں) کو بنایا جن پر یہ لوگ سوار ہوتے ہیںo

And like this (Ark) We made for them (many other means of transport) which they ride.

وَإِن نَّشَأْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ (43)

ترجمہ: اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں تو نہ ان کے لیے کوئی فریاد رَس ہوگا اور نہ وہ بچائے جا سکیں گےo

And if We intend, We drown them. Then there will not be any to respond to their cry, nor will they be saved anyway,

إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعاً إِلَى حِينٍ (44)

ترجمہ: سوائے ہماری رحمت کے اور (یہ) ایک مقررہ مدّت تک کا فائدہ ہےo

Except for Our mercy and (this) provision is for an appointed term.

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَى رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ (51)

ترجمہ: اور (جس وقت دوبارہ) صُور پھونکا جائے گا تو وہ فوراً قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف دوڑ پڑیں گےo

And (when) the Trumpet will be blown (again) they will come out of the graves at once and run towards their Lord.

قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا هَذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ (52)

ترجمہ: (روزِ محشر کی ہولناکیاں دیکھ کر) کہیں گے: ہائے ہماری کم بختی! ہمیں کس نے ہماری خواب گاہوں سے اٹھا دیا، (یہ زندہ ہونا) وہی تو ہے جس کا خدائے رحمان نے وعدہ کیا تھا اور رسولوں نے سچ فرمایا تھاo

(Seeing the horrors of the Hour of Resurrection,) they will say: 'Ah, woe to us! Who has raised us from our sleeping places? This (coming back to life) is the same that the Most Kind (Lord) promised and the Messengers spoke the truth.'

إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ (53)

ترجمہ: یہ محض ایک بہت سخت چنگھاڑ ہوگی تو وہ سب کے سب یکا یک ہمارے حضور لا کر حاضر کر دیے جائیں گےo

This will only be a Mighty Blast. Then all of them will be brought to Our presence straight away.

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَى أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (65)

ترجمہ: آج ہم اُن کے مونہوں پر مُہر لگا دیں گے اور اُن کے ہاتھ ہم سے باتیں کریں گے اور اُن کے پاؤں اُن اعمال کی گواہی دیں گے جو وہ کمایا کرتے تھےo

Today We shall seal their mouths, and their hands will speak to Us, and their feet will bear witness to the deeds which they used to earn.

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ أَفَلَا يَعْقِلُونَ (68)

ترجمہ: اور ہم جسے طویل عمر دیتے ہیں اسے قوت و طبیعت میں واپس (بچپن یا کمزوری کی طرف) پلٹا دیتے ہیں، پھر کیا وہ عقل نہیں رکھتےo

And someone whom We give long life, We cause him to degenerate (towards childhood and debility) in strength and disposition. So, do they not have sense?

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَاماً فَهُمْ لَهَا مَالِكُونَ (71)

ترجمہ: کیاانہوں نےنہیں دیکھا کہ ہم نے اپنے دستِ قدرت سے بنائی ہوئی (مخلوق) میں سے اُن کے لیے چوپائے پیدا کیےتو وہ ان کے مالک ہیںo

Have they not seen that We created for them cattle out of the (creation) We made with Our Mighty Hand, so they are their owners?

وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ (72)

ترجمہ: اورہم نے اُن (چوپایوں) کوان کے تابع کردیا سوان میں سے کچھ تو اُن کی سواریاں ہیں اوران میں سےبعض کووہ کھاتے ہیںo

And We subjected those (cattle) to them. So some of them are their riding animals and they eat some of them.

وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ أَفَلَا يَشْكُرُونَ (73)

ترجمہ: اوران میں ان کے لیےاور بھی فوائد ہیں اور مشروب ہیں،تو پھر وہ شکر ادا کیوں نہیں کرتےo

And there are other benefits and drinks in them as well for them. Then why do they not give thanks?

أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ (77)

ترجمہ: کیاانسان نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے ایک تولیدی قطرہ سے پیدا کیا، پھر بھی وہ کھلے طور پر سخت جھگڑالو بن گیاo

Has man not seen that We have created him from a sperm drop? Even then, he has become an open adversary.

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلاً وَنَسِيَ خَلْقَهُ قَالَ مَنْ يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ (78)

ترجمہ: اور(خود) ہمارے لیے مثالیں بیان کرنے لگااوراپنی پیدائش (کی حقیقت) کوبھول گیا۔ کہنے لگا: ہڈیوں کوکون زندہ کرے گا جبکہ وہ بوسیدہ ہوچکی ہوں گی؟o

And he (himself) puts forth examples for Us and has forgotten (the truth of) his creation. He says: 'Who will give life to bones when they will have been decomposed?'

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ (79)

ترجمہ: فرمادیجیے:انہیں وہی زندہ فرمائے گا جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا تھا،اوروہ ہرمخلوق کوخوب جاننے والا ہےo

Say: 'He Who created them the first time will give them life. And He knows best every creation;

الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَاراً فَإِذَا أَنتُم مِّنْهُ تُوقِدُونَ (80)

ترجمہ: جس نے تمہارے لیےسرسبز درخت سے آگ پیدا کی پھراب تم اسی سے آگ سلگاتے ہوo

He Who produces fire for you out of the green tree so now you kindle fire with the same!

أَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِقَادِرٍ عَلَى أَنْ يَخْلُقَ مِثْلَهُم بَلَى وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيْمُ (81)

ترجمہ: اور کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا ہے اس بات پر قادر نہیں کہ ان جیسی تخلیق (دوبارہ) کر دے، کیوں نہیں، اور وہ بڑا پیدا کرنے والا خوب جاننے والا ہےo

And does He Who created the heavens and the earth not have the power to create the like of them (again)?' Yes indeed! And He is the Supreme Creator, the All-Knowing.

إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئاً أَنْ يَقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ (82)

ترجمہ: اس کا امرِ (تخلیق) فقط یہ ہے کہ جب وہ کسی شے کو (پیدا فرمانا) چاہتا ہے تو اسے فرماتا ہے: ہو جا، پس وہ فوراً (موجود یا ظاہر) ہو جاتی ہے (اور ہوتی چلی جاتی ہے)o

His command (of creation) is only that when He intends (to create) something, He says to it: 'Be,' so it instantly becomes (existent or visible and continues becoming).

سورۃ الصافات:

إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاء الدُّنْيَا بِزِينَةٍ الْكَوَاكِبِ (6)

ترجمہ: بے شک ہم نے آسمانِ دنیا (یعنی پہلے کرّۂ سماوی) کو ستاروں اور سیاروں کی زینت سے آراستہ کر دیاo

Surely, We have adorned the world's heaven (the first heavenly sphere) with the adornment of stars and planets,

وَحِفْظاً مِّن كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ (7)

ترجمہ: اور (انہیں) ہر سرکش شیطان سے محفوظ بنایاo

And made (them) secure from every rebellious satan.

لَا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَى وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ (8)

ترجمہ: وہ (شیاطین) عالمِ بالا کی طرف کان نہیں لگا سکتے اور اُن پر ہر طرف سے (انگارے) پھینکے جاتے ہیںo

They (satans) cannot listen to the celestial world. And (burning brands) are thrown on them from every side,

دُحُوراً وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ (9)

ترجمہ: اُن کو بھگانے کے لیے اور اُن کے لیے دائمی عذاب ہےo

To repulse them. And for them there is eternal torment.

إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ (10)

ترجمہ: مگر جو (شیطان) ایک بار جھپٹ کر (فرشتوں کی کوئی بات) اُچک لے تو چمکتا ہوا انگارہ اُس کے پیچھے لگ جاتا ہےo

But that (satan) who snatches away (something from angels), a burning brand follows it in chase.

فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقاً أَم مَّنْ خَلَقْنَا إِنَّا خَلَقْنَاهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍ (11)

ترجمہ: اِن سے پوچھئے کہ کیا یہ لوگ تخلیق کیے جانے میں زیادہ سخت (اور مشکل) ہیں یا وہ چیزیں جنہیں ہم نے (آسمانی کائنات میں) تخلیق فرمایا ہے، بے شک ہم نے اِن لوگوں کو چپکنے والے گارے سے پیدا کیا ہےo

Ask them: 'Are they harder (and more difficult) to create, or those things which We have created (in the heavenly universe)? Surely, We have created them from sticky clay.'

وَقَالُوا إِنْ هَذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ (15)

ترجمہ: اور کہتے ہیں کہ یہ تو صرف کھلا جادو ہےo

And say: 'This is but obvious magic.

أَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَاباً وَعِظَاماً أَئِنَّا لَمَبْعُوثُونَ (16)

ترجمہ: کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو ہم یقینی طور پر (دوبارہ زندہ کر کے) اٹھائے جائیں گےo

What! When we are dead and turned to dust and bones, shall we certainly be raised (alive again)?

أَوَآبَاؤُنَا الْأَوَّلُونَ (17)

ترجمہ: اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (اٹھائے جائیں گے)o

And shall our forefathers too (be raised)?'

قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَاخِرُونَ (18)

ترجمہ: فرما دیجیے: ہاں اور (بلکہ) تم ذلیل و رسوا (بھی) ہو گےo

Say: 'Yes, (of course,) and you will be disgraced and humiliated (as well).'

سورۃ ص:

وَمَا يَنظُرُ هَؤُلَاءِ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً مَّا لَهَا مِن فَوَاقٍ (15)

ترجمہ: اور یہ سب لوگ ایک نہایت سخت آواز (چنگھاڑ) کا انتظار کر رہے ہیں جس میں کچھ بھی توقّف نہ ہوگاo

And all of them are waiting for a single mighty blast (shout) in which there will be no deferment.

وَقَالُوا رَبَّنَا عَجِّل لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ (16)

ترجمہ: اور وہ کہتے ہیں: اے ہمارے رب! روزِ حساب سے پہلے ہی ہمارا حصّہ ہمیں جلد دے دےo

And they say: 'O our Lord, hasten to us our share even before the Day of Reckoning.'

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلاً ذَلِكَ ظَنُّ الَّذِينَ كَفَرُوا فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ (27)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور جو کائنات دونوں کے درمیان ہے اسے بے مقصد و بے مصلحت نہیں بنایا۔ یہ (بے مقصد یعنی اتفاقیہ تخلیق) کافر لوگوں کا خیال و نظریہ ہے۔ سو کافر لوگوں کے لیے آتشِ دوزخ کی ہلاکت ہےo

And We have not created the heavens and the earth and all that is between them without any purpose and good reason. It is the view and concept of the disbelievers (that this is a purposeless creation that came about by chance). So for the disbelievers there is torment of the Fire of Hell.

سورۃ الزمر:

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَلَكَهُ يَنَابِيعَ فِي الْأَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهِ زَرْعاً مُّخْتَلِفاً أَلْوَانُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرّاً ثُمَّ يَجْعَلُهُ حُطَاماً إِنَّ فِي ذَلِكَ لَذِكْرَى لِأُوْلِي الْأَلْبَابِ (21)

ترجمہ: (اے انسان!) کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا، پھر زمین میں اس کے چشمے رواں کیے، پھر اس کے ذریعے کھیتی پیدا کرتا ہے جس کے رنگ جدا گانہ ہوتے ہیں، پھر وہ (تیار ہو کر) خشک ہو جاتی ہے، پھر (پکنے کے بعد) تو اسے زرد دیکھتا ہے، پھر وہ اسے چورا چورا کر دیتا ہے، بے شک اس میں عقل والوں کے لیے نصیحت ہےo

(O man!) Have you not seen that Allah showered water from the sky, then made it sprout from the earth as water springs? Then He brings forth with it crops of various colours. Then (growing fully) it dries up. Then, (ripening,) you see it turns yellow. Then He reduces it to broken straw. Surely, there is advice in it for the wise.

وَمَا قَدَرُوا اللَّهَ حَقَّ قَدْرِهِ وَالْأَرْضُ جَمِيعاً قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ (67)

ترجمہ: اور انہوں نے اللہ کی قدر و تعظیم نہیں کی جیسے اُس کی قدر و تعظیم کا حق تھا اور ساری کی ساری زمین قیامت کے دن اُس کی مُٹھی میں ہوگی اور سارے آسمانی کرّے اُس کے دائیں ہاتھ (یعنی قبضۂ قدرت) میں لپٹے ہوئے ہوں گے، وہ پاک ہے اور ہر اس چیز سے بلند و برتر ہے جسے یہ لوگ شریک ٹھہراتے ہیںo

And they did not realize true appreciation and veneration of Allah's Glory as was due. And the whole earth will be in His grip on the Day of Resurrection, and all the heavenly spheres will be rolled up in His right hand (i.e., firm hold of His Might). Holy is He and High and Exalted above all that they associate with Him.

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَمَن فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَن شَاء اللَّهُ ثُمَّ نُفِخَ فِيهِ أُخْرَى فَإِذَا هُم قِيَامٌ يَنظُرُونَ (68)

ترجمہ: اور صُور پھونکا جائے گا تو سب لوگ جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں بے ہوش ہو جائیں گے سوائے اُس کے جسے اللہ چاہے گا، پھر اس میں دوسرا صُور پھونکا جائے گا، سو وہ سب اچانک دیکھتے ہوئے کھڑے ہو جائیں گےo

And the Trumpet will be blown. Then all the people that are in the heavens and that are in the earth will become senseless except him whom Allah wills. Then the Trumpet will be blown again; so they will stand up gazing all at once.

سورۃ مومن:

لَخَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلَكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ (57)

ترجمہ: یقیناً آسمانوں اور زمین کی پیدائش انسانوں کی پیدائش سے کہیں بڑھ کر ہے لیکن اکثر لوگ علم نہیں رکھتےo

Surely, the creation of the heavens and the earth is far greater than the creation of mankind but most people do not know.

اللَّهُ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ قَرَاراً وَالسَّمَاء بِنَاء وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ ذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَتَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ (64)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو قرارگاہ بنایا اور آسمان کو چھت بنایا اور تمہیں شکل وصورت بخشی پھر تمہاری صورتوں کو اچھا کیا اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے روزی بخشی، یہی اللہ تمہارا رب ہے۔ پس اللہ بڑی برکت والا ہے جو سب جہانوں کا رب ہےo

Allah is the One Who made the earth a dwelling place for you and the heaven a ceiling and gave you form and features and then perfected your shapes and granted you sustenance of pure things. Such is Allah, your Lord. So Blessed is Allah, the Lord of all the worlds.

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلاً ثُمَّ لِتَبْلُغُوا أَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُونُوا شُيُوخاً وَمِنكُم مَّن يُتَوَفَّى مِن قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوا أَجَلاً مُّسَمًّى وَلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (67)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہاری (کیمیائی حیات کی ابتدائی) پیدائش مٹی سے کی پھر (حیاتیاتی ابتداء) ایک نطفہ (یعنی ایک خلیہ) سے، پھر رحمِ مادر میں معلّق وجود سے، پھر (بالآخر) وہی تمہیں بچہ بنا کر نکالتا ہے پھر (تمہیں نشوونما دیتا ہے) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچ جاؤ۔ پھر (تمہیں عمر کی مہلت دیتا ہے) تاکہ تم بوڑھے ہو جاؤ اور تم میں سے کوئی (بڑھاپے سے) پہلے ہی وفات پا جاتا ہے اور (یہ سب کچھ اس لیے کیا جاتا ہے) تاکہ تم (اپنی اپنی) مقررّہ میعاد تک پہنچ جاؤ اور اِس لیے (بھی) کہ تم سمجھ سکوo

He is the One Who initiated (the genesis of) your (chemical life) from clay, then (your biological genesis) from a sperm drop (zygote), then from a hanging mass (in the mother's womb). Then (eventually) He is the One Who brings you forth as an infant, then (nourishes you), so that you may reach your maturity. (Then He grants you a period of life) so that you may grow old. And some of you die early (before senility). And (the purpose of all this is) that you may complete your respective appointed terms and (also) that you may comprehend.

وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوا عَلَيْهَا حَاجَةً فِي صُدُورِكُمْ وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ (80)

ترجمہ: اور تمہارے لیے ان میں اور بھی فوائد ہیں اور تاکہ تم ان پر سوار ہو کر (مزید) اُس ضرورت (کی جگہ) تک پہنچ سکو جو تمہارے سینوں میں (متعین) ہے اور (یہ کہ) تم اُن پر اور کشتیوں پر سوار کیے جاتے ہوo

And in them are for you other benefits too. So you may ride them (further) to

reach that desired (place) which is (determined) in your hearts, and (that) you are borne on them and the boats.

سورۃ حم السجدۃ:

قُلْ أَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُونَ بِالَّذِي خَلَقَ الْأَرْضَ فِي يَوْمَيْنِ وَتَجْعَلُونَ لَهُ أَندَاداً ذَلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ (9)

ترجمہ: فرما دیجیے: کیا تم اس (اللہ) کا انکار کرتے ہو جس نے زمین کو دو دِن (یعنی دو مدّتوں) میں پیدا فرمایا اور تم اُس کے لیے ہمسر ٹھہراتے ہو، وہی سارے جہانوں کا پروردگار ہے o

Say: 'Do you deny Him (Allah) Who created the earth in two days (i.e., two time-lengths) and set up peers with Him? He is the One Who is the Lord of all the worlds.'

وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ مِن فَوْقِهَا وَبَارَكَ فِيهَا وَقَدَّرَ فِيهَا أَقْوَاتَهَا فِي أَرْبَعَةِ أَيَّامٍ سَوَاء لِّلسَّائِلِينَ (10)

ترجمہ: اور اُس کے اندر (سے) بھاری پہاڑ (نکال کر) اس کے اوپر رکھ دیے اور اس کے اندر (معدنیات، آبی ذخائر، قدرتی وسائل اور دیگر قوتوں کی) برکت رکھی، اور اس میں (جملہ مخلوق کے لیے) غذائیں (اور سامانِ معیشت) مقرر فرمائے (یہ سب کچھ اس نے) چار دنوں (یعنی چار ارتقائی زمانوں) میں مکمل کیا، (یہ سارا رِزق اصلاً) تمام طلب گاروں (اور حاجت مندوں) کے لیے برابر ہے o

And He placed over it heavy mountains (brought forth) from within it and treasured in it (His infinite) blessings (minerals, water reservoirs, natural resources and other substances and forces and energies) and provided and appointed in it sustenance (i.e., necessities of life for all the creatures. He) accomplished (all that) in four days (i.e., four evolutionary periods. All of this sustenance is in fact) equal for all seekers (and the needy).

ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاء وَهِيَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْأَرْضِ ائْتِيَا طَوْعاً أَوْ كَرْهاً قَالَتَا أَتَيْنَا طَائِعِينَ (11)

ترجمہ: پھر وہ سماوی کائنات کی طرف متوجہ ہوا تو وہ (سب) دھواں تھا، سو اس نے اُسے (یعنی آسمانی کرّوں سے) اور زمین سے فرمایا: خواہ باہم کشش و رغبت سے یا گریزی و ناگواری سے (ہمارے نظام کے تابع) آ جاؤ، دونوں نے کہا: ہم خوشی سے حاضر ہیں o

Then He turned towards the heavenly universe-that was (all) smoke. So He said to it (the heavenly spheres) and the earth: 'Get in (compliance with Our system) either under the influence of mutual attraction and coordination or under aversion and revulsion.' Both said: 'We submit with pleasure.'

فَقَضَاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ فِي يَوْمَيْنِ وَأَوْحَى فِي كُلِّ سَمَاء أَمْرَهَا وَزَيَّنَّا السَّمَاء الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَحِفْظاً ذَلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (12)

ترجمہ: پھر دو دِنوں (یعنی دو مرحلوں) میں سات آسمان بنا دیے اور ہر سماوی کائنات میں اس کا نظام ودیعت کر دیا اور آسمانِ دنیا کو ہم نے چراغوں (یعنی ستاروں اور سیّاروں) سے آراستہ کر دیا اور محفوظ بھی (تاکہ ایک کا نظام دوسرے میں مداخلت نہ کر سکے)، یہ

زبردست غلبہ (وقوت) والے، بڑے علم والے (رب) کا مقرر کردہ نظام ہےo

Then He made seven heavens in two days (i.e., two phases), and endued every heavenly universe with its (built-in) system. And We adorned the lower heaven with lamps (i.e., stars and planets), and made it secure as well (so that the system of one may not interfere with the other). This is the system programmed by the Lord of Absolute Dominance (and Might), the All-Knowing (Lord).

حَتَّى إِذَا مَا جَاؤُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (20)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ دوزخ تک پہنچ جائیں گے تو اُن کے کان اور اُن کی آنکھیں اور اُن (کے جسموں) کی کھالیں اُن کے خلاف گواہی دیں گی اُن اعمال پر جو وہ کرتے رہے تھےo

Until, when they reach Hell, their ears, their eyes and their skins will bear witness against them concerning the works that they used to do.

وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدتُّمْ عَلَيْنَا قَالُوا أَنطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي أَنطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (21)

ترجمہ: پھر وہ لوگ اپنی کھالوں سے کہیں گے: تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی، وہ کہیں گی: ہمیں اُس اللہ نے گویائی عطا کی جو ہر چیز کو قوتِ گویائی دیتا ہے اور اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا فرمایا ہے اور تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گےo

Then they will say to their skins: 'Why did you bear witness against us?' They will say: 'Allah, Who gives speech to everything, has enabled us to speak. And He is the One Who created you the first time, and you will be returned to Him alone.'

وَمَا كُنتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ وَلَكِن ظَنَنتُمْ أَنَّ اللَّهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيراً مِّمَّا تَعْمَلُونَ (22)

ترجمہ: تم تو (گناہ کرتے وقت) اس (خوف) سے بھی پردہ نہیں کرتے تھے کہ تمہارے کان تمہارے خلاف گواہی دے دیں گے اور نہ (یہ کہ) تمہاری آنکھیں اور نہ (یہ کہ) تمہاری کھالیں (ہی گواہی دے دیں گی) لیکن تم گمان کرتے تھے کہ اللہ تمہارے بہت سے کاموں کو جو تم کرتے ہو جانتا ہی نہیں ہےo

(Whilst committing the sin) you did not take any cover even against this (fear) that your ears would bear witness against you and (that) your eyes and (that) your skins (might even bear witness), but you imagined that even Allah did not know many of the deeds that you do.

س. (وَمِنْ آيَاتِهِ أَنَّكَ تَرَى الْأَرْضَ خَاشِعَةً فَإِذَا أَنزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ إِنَّ الَّذِي أَحْيَاهَا لَمُحْيِي الْمَوْتَى إِنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (39)

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ آپ (پہلے) زمین کو خشک (اور بے قدر) دیکھتے ہیں پھر جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو وہ سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے اور نمو پانے لگتی ہے، بے شک وہ ذات جس نے اس (مردہ زمین) کو زندہ کیا ہے یقیناً

وہی (روزِ قیامت) مُردوں کو زندہ فرمانے والا ہے۔ بے شک وہ ہر چیز پر خوب قادر ہےo

And of His signs is also that you (first) see the earth dry (and worthless), but when We rain water on it, it becomes green and fresh and brings forth vegetation. Surely, He Who has brought this (dead earth) to life again, certainly He is the One Who will give life to the dead (on the Day of Resurrection). Surely, He has Absolute Power over everything.

سورۃ الشوریٰ:

فَاطِرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ جَعَلَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجاً وَمِنَ الْأَنْعَامِ أَزْوَاجاً يَذْرَؤُكُمْ فِيهِ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (11)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کو عدم سے وجود میں لانے والا ہے، اسی نے تمہارے لیے تمہاری جنسوں سے جوڑے بنائے اور چوپایوں کے بھی جوڑے بنائے اور تمہیں اسی (جوڑوں کی تدبیر) سے پھیلاتا ہے، اُس کے مانند کوئی چیز نہیں ہے اور وہی سننے والا دیکھنے والا ہےo

He has brought into existence the heavens and the earth from nothingness. He is the One Who made pairs for you from your own kind and made pairs of cattle as well, and with this (pairing) He multiplies and spreads you. There is nothing like Him and He alone is All-Hearing, All-Seeing.

وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِن دَابَّةٍ وَهُوَ عَلَى جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَاءُ قَدِيرٌ (29)

ترجمہ: اور اُس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش ہے اور اُن چلنے والے (جانداروں) کا (پیدا کرنا) بھی جو اُس نے اِن میں پھیلا دیے ہیں، اور وہ اِن (سب) کے جمع کرنے پر بھی جب چاہے گا بڑا قادر ہےo

And amongst His signs is the creation of the heavens and the earth and (the creation) of the moving (i.e., living) creatures which He has scattered in them. And He is also Most Powerful to assemble them (all) when He wills.

سورۃ الزخرف:

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْداً وَجَعَلَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلاً لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (10)

ترجمہ: جس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور اس میں تمہارے لیے راستے بنائے تاکہ تم منزلِ مقصود تک پہنچ سکوo

(He is) the One Who has made the earth a cradle for you, and has made for you pathways in it so that you may reach the destination;

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً مَّيْتاً كَذَلِكَ تُخْرَجُونَ (11)

ترجمہ: اور جس نے آسمان سے اندازۂ (ضرورت) کے مطابق پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے مُردہ شہر کو زندہ کر دیا، اسی طرح تم (بھی مرنے کے بعد زمین سے) نکالے جاؤ گےo

And He Who sent water from the sky according to a measure (of necessity).

Then with that, We gave life to the dead city. You will also be brought forth (after death from the earth) in the same way;

وَالَّذِیْ خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ (12)

ترجمہ: اور جس نے تمام اقسام واصناف کی مخلوق پیدا کی اور تمہارے لیے کشتیاں اور بحری جہاز بنائے اور چوپائے بنائے جن پر تم (بحر و بر میں) سوار ہوتے ہوo

And He Who has brought into existence creatures of all kinds and made for you ships and vessels and the cattle you ride (on sea as well as on land),

سورۃ الدخان:

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاء بِدُخَانٍ مُّبِينٍ (10)

ترجمہ: سو آپ اُس دن کا انتظار کریں جب آسمان واضح دھواں ظاہر کر دے گاo

So wait for the Day when the sky will cause a clear smoke to appear,

يَغْشَى النَّاسَ هَذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ (11)

ترجمہ: جو لوگوں کو ڈھانپ لے گا (یعنی ہر طرف محیط ہو جائے گا)، یہ دردناک عذاب ہےo

Which will envelop people (i.e., will encompass everything). That will be a painful torment.

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ (38)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اِن کے درمیان ہے اسے محض کھیلتے ہوئے نہیں بنایاo

And We have not created the heavens and the earth and all that is between them merely in sport.

مَا خَلَقْنَاهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ (39)

ترجمہ: ہم نے دونوں کو حق کے (مقصد و حکمت کے) ساتھ پیدا کیا ہے لیکن اُن کے اکثر لوگ نہیں جانتےo

We have created them both with (the purpose and reason) of truth. But most of them do not know.

سورۃ الجاثیۃ:

إِنَّ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ (3)

ترجمہ: بے شک آسمانوں اور زمین میں یقیناً مومنوں کے لیے نشانیاں ہیںo

Indeed, there are signs for the believers in the heavens and the earth.

وَفِي خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِن دَابَّةٍ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ (4)

ترجمہ: اور تمہاری (اپنی) پیدائش میں اور اُن جانوروں میں جنہیں وہ پھیلاتا ہے، یقین رکھنے والے لوگوں کے لیے نشانیاں ہیںo

And in your (own) creation, and in the animals which He scatters, there are

signs for those who believe with certitude.

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا أَنزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِن رِّزْقٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ آيَاتٌ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (5)

ترجمہ: اوررات دن کے آگے پیچھے آنے جانے میں اور (بصورتِ بارش) اُس رِزق میں جسے اللہ آسمان سے اتارتا ہے، پھر اس سے زمین کو اُس کی مُردنی کے بعد زندہ کر دیتا ہے اور (اسی طرح) ہواؤں کے رُخ پھیرنے میں، اُن لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل و شعور رکھتے ہیںo

And in the alternation of night and day, and in that provision (of rain) which Allah sends down from the sky, and by that gives life to the earth after its death, and (in the same way) in the changing of the wind direction, there are signs for those who apply reason.

اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (12)

ترجمہ: اللہ ہی ہے جس نے سمندر کو تمہارے قابو میں کر دیا تا کہ اس کے حکم سے اُس میں جہاز اور کشتیاں چلیں اور تا کہ تم (بحری راستوں سے بھی) اُس کا فضل (یعنی رزق) تلاش کر سکو، اور اس لیے کہ تم شکر گزار ہو جاؤo

Allah is the One Who has placed the sea under your control so that ships and vessels may sail in it by His command, so that you may look for His bounty (i.e., sustenance through the sea routes as well), and that you may become grateful (to Him).

سورۃ الاحقاف:

مَا خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى وَالَّذِينَ كَفَرُوا عَمَّا أُنذِرُوا مُعْرِضُونَ (3)

ترجمہ: اور ہم نے آسمانوں کو اور زمین کو اور اس (مخلوقات) کو جو ان کے درمیان ہے پیدا نہیں کیا مگر حکمت اور مقررہ مدّت (کے تعیّن) کے ساتھ، اور جنہوں نے کفر کیا ہے انہیں جس چیز سے ڈرایا گیا اسی سے رُوگردانی کرنے والے ہیںo

We have not created the heavens and the earth and (the creation) that is between them but with wisdom and (the fixing of) an appointed term. And those who have disbelieved turn away from what they have been warned of.

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَاناً حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهاً وَوَضَعَتْهُ كُرْهاً وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْراً حَتَّى إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحاً تَرْضَاهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِي إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنَّنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ (15)

ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا حکم فرمایا۔ اس کی ماں نے اس کو تکلیف سے (پیٹ میں) اٹھائے رکھا اور اسے تکلیف کے ساتھ جنا، اور اس کا (پیٹ میں) اٹھانا اور اس کا دودھ چھڑانا (یعنی زمانۂ حمل و رضاعت) تیس ماہ (پر مشتمل) ہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جاتا ہے اور (پھر) چالیس سال (کی پختہ عمر) کو پہنچتا ہے، تو کہتا ہے: اے میرے رب: مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر فرمایا ہے اور یہ کہ میں

ایسے نیک اعمال کروں جن سے تو راضی ہو اور میرے لیے میری اولاد میں نیکی اور خیر رکھ دے۔ بے شک میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور میں یقیناً فرمانبرداروں میں سے ہوں o

And We have commanded man to be benevolent towards his parents. His mother bears him (in the womb) with pain and gives birth to him with pain. And bearing him (in the womb) and weaning of him (i.e., the period of pregnancy and feeding) is (spread over) thirty months. Till, when he attains to manhood and then reaches (the age of) forty years, he says: 'O my Lord, bestow on me the ability to give You thanks for the favour which You have done to me and my parents, and that I may do such deeds as may please You, and endow me and my children with virtue and piety. Assuredly I turn to You, and certainly I am of those who obey You in submissiveness.'

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّ اللَّهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلَى أَنْ يُحْيِيَ الْمَوْتَى بَلَى إِنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (33)

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اور وہ ان کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں اس بات پر (بھی) قادر ہے کہ وہ مُردوں کو (دوبارہ) زندہ فرما دے۔ کیوں نہیں! بے شک وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے o

Do they not know that Allah, Who created the heavens and the earth and was not tired by creating them, has (also) the power to bring the dead back to life (again)? Yes, of course, He has power over everything.

سورۃ ق:

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ وَعِندَنَا كِتَابٌ حَفِيْظٌ (4)

ترجمہ: بے شک ہم جانتے ہیں کہ زمین اُن (کے جسموں) سے (کھا کھا کر) کتنا کم کرتی ہے، اور ہمارے پاس (ایسی) کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے o

Definitely, We know how much the earth (eats up and) consumes their (bodies), and We have a Book wherein everything is preserved.

أَفَلَمْ يَنظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِن فُرُوجٍ (6)

ترجمہ: سو کیا انہوں نے آسمان کی طرف نگاہ نہیں کی جو ان کے اوپر ہے کہ ہم نے اسے کیسے بنایا ہے اور (کیسے) سجایا ہے اور اس میں کوئی شگاف (تک) نہیں ہے o

Have they not looked at the sky above them how We made it and (how) We adorned it, and there is no crack in it?

وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنبَتْنَا فِيهَا مِن كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ (7)

ترجمہ: اور (اِسی طرح) ہم نے زمین کو پھیلایا اور اس میں ہم نے بہت بھاری پہاڑ رکھے اور ہم نے اس میں ہر قسم کے خوش نما پودے اُگائے o

And (in the same way) We spread out the earth and We placed in it heavy mountains and produced in it every kind of beautiful plants.

تَبۡصِرَةً وَّذِكۡرٰى لِكُلِّ عَبۡدٍ مُّنِيۡبٍ (8)

ترجمہ: (یہ سب) بصیرت اور نصیحت (کا سامان) ہے ہر اس بندے کے لیے جو (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والا ہےo

All that is (a source of) insight, direction and guidance for every servant who turns (to Allah in repentance).

وَنَزَّلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنۡۢبَتۡنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الۡحَصِيۡدِ (9)

ترجمہ: اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی برسایا پھر ہم نے اس سے باغات اگائے اور کھیتوں کا غلّہ (بھی)o

And We showered blessed water from the sky and then produced with it gardens and (also) the grain of harvests,

وَالنَّخۡلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلۡعٌ نَّضِيۡدٌ (10)

ترجمہ: اور لمبی لمبی کھجوریں جن کے خوشے تہ بہ تہ ہوتے ہیںo

And date-palms soaring high with layers of spathes.

رِّزۡقًا لِّلۡعِبَادِ وَاَحۡيَيۡنَا بِهٖ بَلۡدَةً مَّيۡتًا كَذٰلِكَ الۡخُرُوۡجُ (11)

ترجمہ: (یہ سب کچھ اپنے) بندوں کی روزی کے لیے (کیا) اور ہم نے اس (پانی) سے مُردہ زمین کو زندہ کیا، اسی طرح (تمہارا) قبروں سے نکلنا ہوگاo

(This all is done as) sustenance for the servants, and We gave life with this (water) to the dead earth. In like manner is (your) coming forth from the graves.

وَلَقَدۡ خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنۡ لُّغُوۡبٍ (38)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور اُس (کائنات) کو جو دونوں کے درمیان ہے چھ زمانوں میں تخلیق کیا ہے، اور ہمیں کوئی تکان نہیں پہنچیo

And surely, We have created the heavens and the earth and that (universe) which is between the two in six periods and no fatigue has touched Us.

اِنَّا نَحۡنُ نُحۡىٖ وَنُمِيۡتُ وَاِلَيۡنَا الۡمَصِيۡرُ (43)

ترجمہ: بے شک ہم ہی زندہ رکھتے ہیں اور ہم ہی موت دیتے ہیں اور ہماری ہی طرف پلٹ کر آنا ہےo

Surely, it is We Who give life, and it is We Who cause death, and to Us is the return.

يَوۡمَ تَشَقَّقُ الۡاَرۡضُ عَنۡهُمۡ سِرَاعًا ذٰلِكَ حَشۡرٌ عَلَيۡنَا يَسِيۡرٌ 44)

ترجمہ: جس دن زمین اُن پر سے پھٹ جائے گی تو وہ جلدی جلدی نکل پڑیں گے، یہ حشر (پھر سے لوگوں کو جمع کرنا) ہم پر نہایت آسان ہےo

The Day when the earth will split apart from above them, they will come out in haste. This raising them alive (i.e., gathering the people once again) is quite

easy for Us.

سورۃ الذاریات:

وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ وَإِنَّا لَمُوسِعُونَ (47)

ترجمہ: اور آسمانی کائنات کو ہم نے بڑی قوت کے ذریعہ سے بنایا اور یقیناً ہم (اس کائنات کو) وسعت اور پھیلاؤ دیتے جا رہے ہیں o

And We built the heavenly universe with great might. And surely, We are expanding (this universe) more and more.

وَالْأَرْضَ فَرَشْنَاهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُونَ (48)

ترجمہ: اور (سطحِ) زمین کو ہم ہی نے (قابلِ رہائش) فرش بنایا سو ہم کیا خوب سنوارنے اور سیدھا کرنے والے ہیں o

And We alone made (the surface of the) earth a (livable) floor. So how graciously We make up and spread out!

وَمِن كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ (49)

ترجمہ: اور ہم نے ہر چیز سے دو جوڑے پیدا فرمائے تاکہ تم دھیان کرو اور سمجھو o

And of everything We have created two pairs so that you may concentrate and understand.

سورۃ النجم:

الَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ إِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ هُوَ أَعْلَمُ بِكُمْ إِذْ أَنشَأَكُم مِّنَ الْأَرْضِ وَإِذْ أَنتُمْ أَجِنَّةٌ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ فَلَا تُزَكُّوا أَنفُسَكُمْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَى (32)

ترجمہ: جو لوگ چھوٹے گناہوں (اور لغزشوں) کے سوا بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں، بے شک آپ کا رب بخشش کی بڑی گنجائش رکھنے والا ہے، وہ تمہیں خوب جانتا ہے جب اس نے تمہاری زندگی کی ابتداء اور نشو و نما زمین (یعنی مٹی) سے کی تھی اور جبکہ تم اپنی ماؤں کے پیٹ میں جَنِین (یعنی حمل) کی صورت میں تھے، پس تم اپنے آپ کو بڑا پاک وصاف مَت جتایا کرو، وہ خوب جانتا ہے کہ (اصل) پرہیزگار کون ہے o

Those who guard against grave sins and indecencies excepting small sins (and omissions), surely your Lord has vast prospects of forgiveness (for them). He knows you best when He originated your life and nourishment from the earth (i.e., soil) and when you were embryos (conceived) in your mothers' wombs. So never pose yourselves as clean and pure; He knows best who is (really) pious.

مِن نُّطْفَةٍ إِذَا تُمْنَى (46)

ترجمہ: نطفہ (ایک تولیدی قطرہ) سے جبکہ وہ (رَحِمِ مادہ میں) ٹپکایا جاتا ہے o

Out of a (sperm) drop when it is ejaculated (into the mother's womb);

وَأَنَّ عَلَيْهِ النَّشْأَةَ الْأُخْرَى (47)

ترجمہ: اور یہ کہ (مرنے کے بعد) دوبارہ زندہ کرنا (بھی) اسی پر ہےo

And that it is upon Him alone to raise up alive (also after death);

سورۃ القمر:

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ (49)

ترجمہ: بےشک ہم نے ہر چیز کو ایک مقرّر ہ اندازے کے مطابق بنایا ہےo

Surely, We have created everything according to a fixed measure.

سورۃ الرحمٰن:

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيَانِ (19)

ترجمہ: اسی نے دو سمندر رواں کیے جو باہم مل جاتے ہیںo

He is the One Who has made the two seas flow that join each other;

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيَانِ (20)

ترجمہ: اُن دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے وہ (اپنی اپنی) حد سے تجاوز نہیں کر سکتےo

There is a barrier between them; they cannot breach (their respective) limits.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (21)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ (22)

ترجمہ: اُن دونوں (سمندروں) سے موتی (جس کی جھلک سبز ہوتی ہے) اور مَرجان (جس کی رنگت سرخ ہوتی ہے) نکلتے ہیںo

The pearls (shading green) and corals (shading red) come forth from both (the seas).

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (23)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنشَآتُ فِي الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ (24)

ترجمہ: اور بلند بادبان والے بڑے بڑے جہاز (بھی) اسی کے (اختیار میں) ہیں جو پہاڑوں کی طرح سمندر میں (کھڑے ہوتے یا چلتے) ہیںo

And (under) His (control) are (also) the big vessels with lofty sails raised high (anchoring or sailing) in the sea like mountains.

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ (25)

ترجمہ: پس تم دونوں اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گےo

So which of your Lord's blessings will you both deny?

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ **(26)**

ترجمہ: ہرکوئی جو بھی زمین پر ہے فنا ہو جانے والا ہےo

Whoever is on the earth will perish.

يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَن تَنفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ فَانفُذُوا لَا تَنفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ **(33)**

ترجمہ: اے گروہِ جن و اِنس! اگر تم اِس بات پر قدرت رکھتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے باہر نکل سکو (اور تسخیرِ کائنات کرو) تو تم نکل جاؤ، تم جس (کرّۂ سماوی کے) مقام پر بھی نکل کر جاؤ گے وہاں بھی اسی کی سلطنت ہوگیo

O company of the jinn and men! If you have the power to go across the boundaries of the heaven and the earth (and overpower the universe), then go ahead. Whichever station (i.e., heavenly sphere) you will go to, there too will be His Kingdom alone.

فَإِذَا انشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ **(37)**

ترجمہ: پھر جب آسمان پھٹ جائے گا اور جلے ہوئے تیل (یا سرخ چمڑے) کی طرح گلابی ہو جائے گاo

And when the heavens will split apart and will become rosy like burnt oil (or red leather),

سورۃ الواقعۃ:

أَفَرَأَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ **(71)**

ترجمہ: بھلا یہ بتاؤ جو آگ تم سُلگاتے ہوo

Well, give your view: the fire that you kindle-

أَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنشِؤُونَ **(72)**

ترجمہ: کیا اِس کے درخت کو تم نے پیدا کیا ہے یا ہم (اسے) پیدا فرمانے والے ہیںo

Have you grown its tree, or are We its Grower?

نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَمَتَاعاً لِّلْمُقْوِينَ **(73)**

ترجمہ: ہم ہی نے اِس (درخت کی آگ) کو (آتشِ جہنّم کی) یاد دلانے والی (نصیحت و عبرت) اور جنگلوں کے مسافروں کے لیے باعثِ منفعت بنایا ہےo

It is We Who have made it (the fire of tree) a reminder (of the Fire of Hell, an admonition and a warning) and a source of profit and comfort for the travellers in forests.

سورۃ الحدید:

هُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ **(4)**

ترجمہ: وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ اَدوار میں پیدا فرمایا پھر کائنات کی مسند اقتدار پر (اپنی شان کے مطابق) جلوہ افروز ہوا (یعنی پوری کائنات کو اپنے امر کے ساتھ منظّم فرمایا)، وہ جانتا ہے جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے اور جو کچھ اس میں سے خارج ہوتا ہے اور جو کچھ آسمانی کرّوں سے اترتا (یا نکلتا) ہے یا جو کچھ ان میں چڑھتا (یا داخل ہوتا) ہے۔ وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے تم جہاں کہیں بھی ہو، اور اللہ جو کچھ تم کرتے ہو (اسے) خوب دیکھنے والا ہےo

He is the One Who created the heavens and the earth in six periods, then unveiled His Might taking the Throne of sovereignty of the universe (i.e., organized the whole universe under His command befitting His Glory). He knows what goes into the earth and what comes out of it, and what descends (or comes forth) from the heavenly bodies or what ascends to (or goes into) them. Wherever you are, He is with you. And Allah monitors best what you do.

يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَهُوَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ (6)

ترجمہ: وہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور وہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں سے بھی خوب باخبر ہےo

He is the One Who makes the night pass into the day and the day pass into the night. And He is also Well Aware of the (hidden) contents of the hearts.

لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ 25)

ترجمہ: بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب اور میزانِ عدل نازل فرمائی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہو سکیں، اور ہم نے (معدنیات میں سے) لوہا مہیّا کیا اس میں (آلاتِ حرب و دفاع کے لیے) سخت قوّت اور لوگوں کے لیے (صنعت سازی کے کئی دیگر) فوائد ہیں اور (یہ اس لیے کیا) تاکہ اللہ ظاہر کر دے کہ کون اُس کی اور اُس کے رسولوں کی (یعنی دینِ اسلام کی) بِن دیکھے مدد کرتا ہے، بے شک اللہ (خود ہی) بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہےo

Verily, We sent Our Messengers with clear signs, and We sent down with them the Book and the balance of justice so that people might grow firm and stable in justice. And (of minerals) We brought forth iron in which there is a fierce force (for weapons and defence) and which has (multiple other) benefits for people (in industrial development). And (the purpose is) that Allah may bring to light the one who helps Him and His Messengers (i.e., the Din [Religion of Islam]) without seeing. Surely, Allah is (Himself) the All-Powerful, the Almighty.

سورۃ التغابن:

خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ (3)

ترجمہ: اسی نے آسمانوں اور زمین کو حکمت و مقصد کے ساتھ پیدا فرمایا اور (اسی نے) تمہاری صورتیں بنائیں پھر تمہاری صورتوں کو خوب ترکیا، اور (سب کو) اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہےo

He is the One Who created the heavens and the earth with a rationale and purpose. And (He is the One Who) gave you shapes and then did up your shapes. And (all) have to return to Him alone.

سورۃ الطلاق:

اللَّهُ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَأَنَّ اللَّهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْماً **(12)**

ترجمہ: اللہ (ہی) ہے جس نے سات آسمان پیدا فرمائے اور زمین (کی تشکیل) میں بھی انہی کی مِثل (تہ بہ تہ سات طبقات بنائے)، ان کے درمیان (نظامِ قدرت کی تدبیر کا) امر اترتا رہتا ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہے، اور یہ کہ اللہ نے ہر چیز کا اپنے علم سے احاطہ فرما رکھا ہے (یعنی آنے والے زمانوں میں جب سائنسی اکتشافات کامل ہوں گے تو تمہیں اللہ کی قدرت اور علمِ محیط کی عظمت کا اندازہ ہو جائے گا کہ کس طرح اُس نے صدیوں قبل ان حقائق کو تمہارے لیے بیان فرما رکھا ہے)o

Allah (alone) has created seven heavens and (brought about seven strata layer upon layer also whilst creating) the earth like them. And the command (i.e., phenomenon of coordination in the system of nature) continues to operate amongst them so that you may know that Allah has absolute power over everything, and that Allah has encompassed everything with His Knowledge (i.e., when scientific explorations will culminate, you will then perceive the glory of Allah's power and His All-Encompassing knowledge as to how He has described the realities of His creation centuries before).

سورۃ الملک:

الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقاً مَّا تَرَى فِیْ خَلْقِ الرَّحْمَنِ مِن تَفَاوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرَى مِن فُطُورٍ **(3)**

ترجمہ: جس نے سات (یا متعدّد) آسمانی کرّے باہمی مطابقت کے ساتھ (طبق در طبق) پیدا فرمائے، تم (خدائے) رحمان کے نظامِ تخلیق میں کوئی بے ضابطگی اور عدمِ تناسب نہیں دیکھو گے، سو تم نگاہِ (غور و فکر) پھیر کر دیکھو، کیا تم اس (تخلیق) میں کوئی شگاف یا خلل (یعنی شکستگی یا انقطاع) دیکھتے ہوo

He Who has created seven (or numerous) heavenly spheres corresponding to one another (layer upon layer). You will not find any irregularity and disproportion in the system of the creation of the Most Kind (Lord). So have a (meditative and thoughtful) look around: do you find in this (creation) any incongruity or disharmony (i.e., degeneration or falling apart)?

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنقَلِبْ إِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِأً وَهُوَ حَسِيْرٌ **(4)**

ترجمہ: تم پھر نگاہِ (تحقیق) کو بار بار (مختلف زاویوں اور سائنسی طریقوں سے) پھیر کر دیکھو، (ہر بار) نظر تمہاری طرف تھک کر پلٹ آئے گی اور وہ (کوئی بھی نقص تلاش کرنے میں) ناکام ہوگیo

Look around time and again with (an inquisitive) vision (from different angles

and with scientific methods. Every time) your sight will return to you fatigued and frustrated (in finding any shortcoming or imperfection).

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُوماً لِّلشَّيَاطِينِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ (5)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے سب سے قریبی آسمانی کائنات کو (ستاروں، سیاروں، دیگر خلائی کرّوں اور ذرّوں کی شکل میں) چراغوں سے مزیّن فرما دیا ہے، اور ہم نے ان (ہی میں سے بعض) کو شیطانوں (یعنی سرکش قوتوں) کو مار بھگانے (یعنی ان کے منفی اَثرات ختم کرنے) کا ذریعہ (بھی) بنایا ہے، اور ہم نے ان (شیطانوں) کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہےo

And surely, We have adorned the lowest heaven of the universe with lights (in the form of stars, planets, other asteroids and meteoroids). And We have also made (some of them) the means of pelting away (i.e., eliminating the negative effects of) satans (i.e., rebellious forces). And We have prepared for these (satans) a torment of Blazing Fire.

هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ ذَلُولاً فَامْشُوا فِي مَنَاكِبِهَا وَكُلُوا مِن رِّزْقِهِ وَإِلَيْهِ النُّشُورُ (15)

ترجمہ: وُہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو نرم و مسخر کر دیا، سو تم اس کے راستوں میں چلو پھرو، اور اُس کے (دیئے ہوئے) رِزق میں سے کھاؤ، اور اُسی کی طرف (مرنے کے بعد) اُٹھ کر جانا ہےo

He is the One Who has made the earth soft and subservient to you. So walk about through its tracks and eat of the sustenance (given) by Him, and towards Him alone is the return, rising (after death).

سورۃ الحاقۃ:

وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً (14)

ترجمہ: اور زمین اور پہاڑ (اپنی جگہوں سے) اٹھا لیے جائیں گے، پھر وہ ایک ہی بار ٹکرا کر ریزہ ریزہ کر دیے جائیں گےo

And the earth and mountains will be removed (from their places), they will then be crushed to sand particles in a single crash.

فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ (15)

ترجمہ: سو اُس وقت واقع ہونے والی (قیامت) برپا ہو جائے گےo

Then that will be the Hour when the surely Inevitable (calamity) will occur.

وَانشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ (16)

ترجمہ: اور (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گے اور یہ کائنات (ایک نظام میں مربوط اور حرکت میں رکھنے والی قوت کے ذریعے سیاہ) شگافوں ☆ پر مشتمل ہو جائے گیo

☆ واھی.....الوَھی: وَھِی، یَھِی، وَھیًا کا معنیٰ ہے: شق فی الادیم والثوب ونحوھما، یقال: وَھِیَ الثوب اَی انشَقّ وَتَخَرّق (چمڑے، کپڑے یا اس قسم کی دوسری چیزوں کا پھٹ جانا اور ان میں شگاف ہو جانا۔ اِسی لیے کہا جاتا ہے: کپڑا پھٹ گیا اور اس میں شگاف ہو گیا).....(المفردات، لسان العرب، قاموس المحیط، المنجد وغیرہ)۔ اسے جدید سائنس نے holesblack سے تعبیر کیا ہے۔

And (all) the heavenly bodies will split apart and this universe will come to comprise (black) holes (by means of a force which coordinates and keeps the system going).*

*** The word wahiya means wear and tear of some leather, cloth or similar substance with a hole developing in it. Statements like 'cloth is worn with a hole in it' refer to the same phenomenon that modern science has described as 'black holes'. Al-Mufradat, Lisan al-'Arab, Qamus al-Muhit, al-Munjid, etc.**

وَالْمَلَكُ عَلَى أَرْجَائِهَا وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ (17)

ترجمہ: اورفرشتے اس کے کناروں پر کھڑے ہوں گے،اورآپ کے رب کے عرش کواس دن ان کے اوپر آٹھ (فرشتے یا فرشتوں کے طبقات) اٹھائے ہوئے ہوں گےo

And the angels will be standing on its edges and above them that Day, and eight (angels or parties of angels) will be carrying the Throne of your Lord.

سورۃ المعارج:

تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ (4)

ترجمہ: اس (کے عرش) کی طرف فرشتے اور روح الامین عروج کرتے ہیں ایک دن میں،جس کا اندازہ (دنیوی حساب سے) پچاس ہزار برس کا ہےo☆

☆فِی یَومٍ اگر وَاقِعٍ کا صلہ ہوتو معنی ہوگا کہ جس دن (یوم قیامت کو) عذاب واقع ہوگا اس کا دورانیہ 50 ہزار برس کے قریب ہے۔ اوراگر یہ تَعرُجُ کا صلہ ہوتو معنی ہوگا کہ ملائکہ اور اَرواحِ مومنین جوعرشِ اِلٰہی کی طرف عروج کرتی ہیں ان کے عروج کی رفتار 50 ہزار برس یومیہ ہے، وہ پھر بھی کتنی مدت میں منزلِ مقصود تک پہنچتے ہیں۔ واللہ اَعلم بالصواب۔ (یہاں سے نوری سال (light year) کے تصور کا اِستنباط ہوتا ہے۔)

The angels and al-Ruh al-Amin (the Spirit) rise towards His (Throne) in a Day which measures fifty thousand years (according to the worldly scale).*

*** If fi yawm is co-related to waqi', it implies '50,000 year long Day of Judgement when the torment will befall'. But if it is co-related to ta'ruju, it denotes fifty millennium year a day speed of ascension by the angels and by the souls of the believers that ascend towards Allah's Throne. It is known to Allah alone as to what time they take to reach the destination. This generates the concept of 'light year'.**

سورۃ نوح:

أَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللَّهُ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقاً (15)

ترجمہ: کیاتم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کس طرح سات (یامتعدّد) آسمانی کرّے باہمی مطابقت کے ساتھ (طبق درطبق) پیدا فرمائےo

Have you not seen how Allah has created seven (or many) heavenly spheres corresponding to one another (layer upon layer)?

وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُوراً وَجَعَلَ الشَّمْسَ سِرَاجاً (16)

ترجمہ: اوراس نے ان میں چاند کوروشن کیااوراس نے سورج کو چراغ (یعنی روشنی اورحرارت کامنبع) بنایاo

And He brightened in them the moon and made the sun a radiant lamp (i.e., the source of light and heat).

وَاللَّهُ أَنبَتَكُم مِّنَ الْأَرْضِ نَبَاتاً (17)

ترجمہ: اوراللہ نے تمہیں زمین سے سبزے کی مانند اُگایا☆o

☆ اَرضی زندگی میں پودوں کی طرح حیاتِ اِنسانی کی اِبتداء اورنشوونما بھی کیمیائی اورحیاتیاتی مراحل سے گزرتے ہوئے تدریجاً ہوئی، اِسی لیے اِسے اَنْبَتَکُم مِّنَ الاَرضِ نَبَاتًا کے بلیغ اِستعارہ کے ذریعے بیان کیا گیا ہے۔

And Allah has caused you to grow like vegetation from the earth.*

*** Like plants, the genesis and growth of human life has also taken place on earth gradually, passing through its chemical and biological phases. This has been explained here through comprehensive metaphorical expression: vegetation-anbata-kum mina'-l ardi nabata.**

سورۃ المزمل:

السَّمَاء مُنفَطِرٌ بِهِ كَانَ وَعْدُهُ مَفْعُولاً (18)

ترجمہ: (جس دن کی) شدت کے باعث آسمان پھٹ جائے گا، اُس کا وعدہ پورا ہوکر رہے گاo

(The Day) by whose severity the heaven will be split apart? His promise is bound to be fulfilled.

سورۃ القیامۃ:

فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ (7)

ترجمہ: پھر جب آنکھیں چوندھیا جائیں گیo

But when the eyes will be dazzled,

وَخَسَفَ الْقَمَرُ (8)

ترجمہ: اورچاند (اپنی) روشنی کھودے گاo

And the moon will be eclipsed,

وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ (9)

ترجمہ: اورسورج اورچاند اِکٹھے (بےنور) ہوجائیں گےo

And the sun and the moon will be fused (i.e., darkened) together,

كَلَّا إِذَا بَلَغَتْ التَّرَاقِيَ (26)

ترجمہ: نہیں نہیں، جب جان گلے تک پہنچ جائےo

No indeed! When the soul reaches the throat,

وَقِيْلَ مَنْ رَاقٍ (27)

ترجمہ: اور کہا جا رہا ہو کہ (اِس وقت) کون ہے جھاڑ پھونک سے علاج کرنے والا (جس سے شفایابی کرائیں)o

And it is said: 'Who can (now) treat him with magic (to cure him)?'

وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ (28)

ترجمہ: اور (جان دینے والا) سمجھ لے کہ (اب سب سے) جدائی ہےo

And (the departing soul) comes to realize that (now) is the hour of parting (with all).

وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ (29)

ترجمہ: اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹنے لگےo

And one leg clings to the other;

إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ (30)

ترجمہ: تو اس دن آپ کے رب کی طرف جانا ہوتا ہےo

Towards your Lord is the departure that Day.

أَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّن مَّنِيٍّ يُمْنَى (37)

ترجمہ: کیا وہ (اپنی اِبتداء میں) منی کا ایک قطرہ نہ تھا جو (عورت کے رحم میں) ٹپکا دیا جاتا ہےo

Was he not (in his beginning) a sperm drop ejaculated (into the woman's womb)?

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوَّى (38)

ترجمہ: پھر وہ (رحم میں جال کی طرح جما ہوا) ایک معلّق وجود بن گیا، پھر اُس نے (تمام جسمانی اَعضاء کی اِبتدائی شکل کو اس وجود میں) پیدا فرمایا، پھر اس نے (انہیں) درست کیاo

Then it developed into a hanging mass (clinging to the womb like a nest). Then He created (in it the preliminary form of all the limbs of the body). Then He set (them) right.

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنثَى (39)

ترجمہ: پھر یہ کہ اس نے اسی نطفہ ہی کے ذریعہ دو قسمیں بنائیں: مرد اور عورتo

Then He made from the same sperm drop two genders: male and female.

أَلَيْسَ ذَلِكَ بِقَادِرٍ عَلَى أَن يُحْيِيَ الْمَوْتَى (40)

ترجمہ: تو کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ مُردوں کو پھر سے زندہ کر دےo

Then has He not the power to give life to the dead again?

سورۃ الدہر:

هَلۡ أَتَى عَلَى الۡإِنسَانِ حِيۡنٌ مِّنَ الدَّهۡرِ لَمۡ يَكُن شَيۡئًا مَّذۡكُورًا (1)

ترجمہ: بے شک انسان پر زمانے کا ایک ایسا وقت بھی گزر چکا ہے کہ وہ کوئی قابلِ ذِکر چیز ہی نہ تھا○

Surely, there has passed over man a period of time when he was not a thing worth mentioning.

إِنَّا خَلَقۡنَا الۡإِنسَانَ مِن نُّطۡفَةٍ أَمۡشَاجٍ نَّبۡتَلِيهِ فَجَعَلۡنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا (2)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو مخلوط نطفہ سے پیدا فرمایا جسے ہم (تولّد تک ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ کی طرف) پلٹتے اور جانچتے رہتے ہیں، پس ہم نے اسے (ترتیب سے) سننے والا (پھر) دیکھنے والا بنایا ہے○

Surely, We created man from a fertilized ovum that We keep turning and examining (from one stage to the next till birth). So We have made him (in the order of) hearing (then) seeing.

إِنَّا هَدَيۡنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا (3)

ترجمہ: بے شک ہم نے اسے (حق و باطل میں تمیز کرنے کے لیے شعور و بصیرت کی) راہ بھی دکھا دی، (اب) خواہ وہ شکر گزار ہو جائے یا ناشکر گزار رہے○

Indeed, We also showed him the way (to understanding and insight for distinguishing between the truth and falsehood) whether he (now) becomes thankful or continues to be ungrateful.

سورۃ المرسلات:

إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَوَاقِعٌ (7)

ترجمہ: بے شک جو وعدۂ (قیامت) تم سے کیا جا رہا ہے وہ ضرور پورا ہو کر رہے گا○

Surely, the promise (of the Last Day) which is being given to you will be certainly fulfilled.

فَإِذَا النُّجُومُ طُمِسَتۡ (8)

ترجمہ: پھر جب ستاروں کی روشنی زائل کر دی جائے گی○

Then when the light of the stars will be extinguished,

وَإِذَا السَّمَاء فُرِجَتۡ (9)

ترجمہ: اور جب آسمانی کائنات میں شگاف ہو جائیں گے○

And when the heavenly universe will be split open,

وَإِذَا الۡجِبَالُ نُسِفَتۡ (10)

ترجمہ: اور جب پہاڑ (ریزہ ریزہ کر کے) اُڑا دیے جائیں گے○

And when the mountains will be (broken down to dust) and blown off,

أَلَمْ نَخْلُقكُّم مِّن مَّاء مَّهِينٍ (20)

ترجمہ: کیا ہم نے تمہیں حقیر پانی (کی ایک بوند) سے پیدا نہیں کیا o

Did We not create you from (a drop) of detestable fluid?

فَجَعَلْنَاهُ فِي قَرَارٍ مَّكِينٍ (21)

ترجمہ: پھر اس کو محفوظ جگہ (یعنی رحمِ مادر) میں رکھا o

Then We placed it in a secure place (i.e., the mother's womb),

إِلَى قَدَرٍ مَّعْلُومٍ (22)

ترجمہ: (وقت کے) ایک معیّن اندازے تک o

Till an appointed period (of time).

فَقَدَرْنَا فَنِعْمَ الْقَادِرُونَ (23)

ترجمہ: پھر ہم نے (نطفہ سے تولّد تک تمام مراحل کے لیے) وقت کے اندازے مقرر کیے، پس (ہم) کیا ہی خوب اندازے مقرر کرنے والے ہیں o

Then We determined time periods (for all the stages of growth from conception to birth). And how excellent do We determine!

سورۃ النبا:

وَبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعاً شِدَاداً (12)

ترجمہ: اور (اب خلائی کائنات میں بھی غور کرو) ہم نے تمہارے اوپر سات مضبوط (طبقات) بنائے o

And (now study the spatial universe as well). We built above you seven strong (firmaments).

وَجَعَلْنَا سِرَاجاً وَهَّاجاً (13)

ترجمہ: اور ہم نے (سورج کو) روشنی اور حرارت کا (زبردست) منبع بنایا o

And We made (the sun a massive) fountainhead of light and heat.

وَأَنزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاء ثَجَّاجاً (14)

ترجمہ: اور ہم نے بھرے بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایا o

And We poured water in torrents from rain-laden clouds,

يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجاً (18)

ترجمہ: جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم گروہ در گروہ (اللہ کے حضور) چلے آؤ گے o

The Day when the Trumpet will be blown, you will flock (in the holy presence of Allah) in droves.

وَفُتِحَتِ السَّمَاء فَكَانَتْ أَبْوَاباً (19)

ترجمہ: اور آسمان (کے طبقات) پھاڑ دیے جائیں گے تو (پھٹنے کے باعث گویا) وہ دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے o

And the (layers of) heaven will be torn, and (owing to the rip) they will become (as if) all doors.

وَسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَاباً (20)

ترجمہ: اور پہاڑ (غبار بنا کر فضا میں) اڑا دیے جائیں گے، سو وہ سراب (کی طرح کالعدم) ہو جائیں گےo

And the mountains (after being reduced to dust) will be blown off (into the atmosphere); so they will be (eliminated like) a mirage.

سورۃ النازعات:

يَقُولُونَ أَئِنَّا لَمَرْدُودُونَ فِيْ الْحَافِرَةِ (10)

ترجمہ: (کفّار) کہتے ہیں: کیا ہم پہلی زندگی کی طرف پلٹائے جائیں گےo

The disbelievers say: 'Shall we be reverted to the former life?

أَئِذَا كُنَّا عِظَاماً نَّخِرَةً (11)

ترجمہ: کیا جب ہم بوسیدہ (کھوکھلی) ہڈیاں ہو جائیں گے (تب بھی زندہ کیے جائیں گے)o

(Shall we be given life even) when we shall have become rotten (hollow) bones?'

قَالُوا تِلْكَ إِذاً كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ (12)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: یہ (لوٹنا) تو اس وقت بڑے خسارے کا لوٹنا ہوگاo

They say: 'This (return) would then be a losing return.'

فَإِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَاحِدَةٌ (13)

ترجمہ: پھر تو یہ ایک ہی بار شدید ہیبت ناک آواز کے ساتھ (کائنات کے تمام اَجرام کا) پھٹ جانا ہوگاo

Then it will be rending (of all heavenly bodies) asunder with single extremely horrible explosion.

فَإِذَا هُم بِالسَّاهِرَةِ (14)

ترجمہ: پھر وہ (سب لوگ) یکا یک کھلے میدانِ (حشر) میں آموجود ہوں گےo

Then they (all) will forgather suddenly in the open expanse (for assembly).

أَأَنْتُمْ أَشَدُّ خَلْقاً أَمِ السَّمَاءُ بَنَاهَا (27)

ترجمہ: کیا تمہارا پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے یا (پوری) سماوی کائنات کا، جسے اس نے بنایاo

Is it you who are harder to create, or (the entire) galactic universe that He has built?

رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوَّاهَا (28)

ترجمہ: اس نے آسمان کے تمام کرّوں (ستاروں) کو (فضائے بسیط میں پیدا کر کے) بلند کیا، پھر ان (کی ترکیب و تشکیل اور افعال و حرکات) میں اعتدال، توازن اور استحکام پیدا کر دیاo

He raised high all the heavenly spheres (planets, after creating them in the infinite cosmos), then moderated, equipoised and stabilized (their composition, construction, functions and movements).

وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحَاهَا (29)

ترجمہ: اور اُسی نے آسمانی خلا کی رات کو (یعنی سارے خلائی ماحول کو مثلِ شب) تاریک بنایا، اور (اِس خلا سے) ان (ستاروں) کی روشنی (پیدا کر کے) نکالیo

And He is the One Who blackened the night of heavenly space (i.e., darkened the entire spatial environment like a murky night) and emitted (after creating) the light of these (planets from this space).

وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذَلِكَ دَحَاهَا (30)

ترجمہ: اور اُسی نے زمین کو اِس (ستارے: سورج کے وجود میں آجانے) کے بعد (اِس سے) الگ کر کے زور سے پھینک دیا (اور اِسے قابلِ رہائش بنانے کے لیے بچھا دیا)o

And He is the One Who, later, (after the creation of the planet sun) separated (from it) the earth, flung it with centrifugal force (and spread its expanse to make it inhabitable).

أَخْرَجَ مِنْهَا مَاءَهَا وَمَرْعَاهَا (31)

ترجمہ: اسی نے زمین میں سے اس کا پانی (الگ) نکال لیا اور (بقیہ خشک قطعات میں) اس کی نباتات نکالیںo

He is the One Who drew water from the earth (separately), and brought forth its vegetable kingdom (from the rest of the dry regions).

وَالْجِبَالَ أَرْسَاهَا (32)

ترجمہ: اور اسی نے (بعض مادوں کو باہم ملا کر) زمین سے محکم پہاڑوں کو ابھار دیاo

And He is the One Who (putting together different elements) raised from the earth firmly fixed mountains.

مَتَاعاً لَّكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ (33)

ترجمہ: (یہ سب کچھ) تمہارے اور تمہارے چوپایوں کے فائدہ کے لیے (کیا)o

(He did all this) for the benefit of you and your livestock.

فَإِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرَى 34)

ترجمہ: پھر اس وقت (کائنات کے) بڑھتے بڑھتے (اس کی انتہا پر) ہر چیز پر غالب آجانے والی بہت سخت آفتِ (قیامت) آئے گیo

Then, whilst (the universe) attains (to its acme through evolution), there will befall the great all-encompassing calamity (the Hour of Resurrection).

سورۃ عبس:

مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهُ (18)

ترجمہ: اللہ نے اسے کس چیز سے پیدا فرمایا ہےo

From what stuff has Allah created him?

مِن نُّطْفَةٍ خَلَقَهُ فَقَدَّرَهُ (19)

ترجمہ: نطفہ میں سے اس کو پیدا فرمایا، پھر ساتھ ہی اس کا (خواص وجنس کے لحاظ سے) تعین فرما دیاo

He created him from a sperm drop, then determined his measure along with that (regarding genes and sex),

ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ (20)

ترجمہ: پھر (تشکیل، ارتقاء اور تکمیل کے بعد بطنِ مادر سے نکلنے کی) راہ اس کے لیے آسان فرما دیo

Then (after structuring, developing and completing it) eased for him the passage (of delivery from the mother's womb),

ثُمَّ أَمَاتَهُ فَأَقْبَرَهُ (21)

ترجمہ: پھر اسے موت دی، پھر اسے قبر میں (دفن) کر دیاo

Then caused him to die and (buried him) in a grave.

ثُمَّ إِذَا شَاءَ أَنشَرَهُ (22)

ترجمہ: پھر جب وہ چاہے گا اسے (دوبارہ زندہ کر کے) کھڑا کرے گاo

Then whenever He wills, He will raise them up (alive again).

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَا أَمَرَهُ (23)

ترجمہ: یقیناً اس (نافرمان انسان) نے وہ (حق) پورا نہ کیا جس کا اسے (اللہ نے) حکم دیا تھاo

Indeed, he (the disobedient man) did not fulfil that (obligatory due) which (Allah) had commanded him.

فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ إِلَىٰ طَعَامِهِ (24)

ترجمہ: پس انسان کو چاہیے کہ اپنی غذا کی طرف دیکھے (اور غور کرے)o

So man should look at his food (and ponder).

أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا (25)

ترجمہ: بے شک ہم نے خوب زور سے پانی برسایاo

Indeed, We pour down water in torrents.

ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا (26)

ترجمہ: پھر ہم نے زمین کو پھاڑ کر چیر ڈالاo

Then We split the earth and tear it asunder.

فَأَنۢبَتۡنَا فِيۡهَا حَبًّا (27)

ترجمہ: پھر ہم نے اس میں اناج اگایا o

We then grow from it grain,

وَعِنَبًا وَّقَضۡبًا (28)

ترجمہ: اور انگور اور ترکاری o

And grapes and vegetables,

وَّزَيۡتُوۡنًا وَّنَخۡلًا (29)

ترجمہ: اور زیتون اور کھجور o

And the olive and the date palm,

وَّحَدَآئِقَ غُلۡبًا (30)

ترجمہ: اور گھنے گھنے باغات o

And thickly planted dense gardens,

وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا (31)

ترجمہ: اور (طرح طرح کے) پھل میوے اور (جانوروں کا) چارہ o

And (a variety of) fruits and (animals') fodder,

مَّتَاعًا لَّكُمۡ وَلِاَنۡعَامِكُمۡ (32)

ترجمہ: خود تمہارے اور تمہارے مویشیوں کے لیے متاعِ (زیست) o

As provision both for you and your livestock (to live on).

سورۃ التکویر:

اِذَا الشَّمۡسُ كُوِّرَتۡ (1)

ترجمہ: جب سورج لپیٹ کر بے نور کر دیا جائے گا o

When the sun will be folded up and extinguished,

وَاِذَا النُّجُوۡمُ انۡكَدَرَتۡ (2)

ترجمہ: اور جب ستارے (اپنی کہکشاؤں سے) گر پڑیں گے o

And the stars will fall (from their galaxies),

وَاِذَا الۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ (3)

ترجمہ: اور جب پہاڑ (غبار بنا کر فضا میں) چلا دیے جائیں گے o

And when the mountains, (after having changed into dust,) will be set in motion (into the atmosphere),

وَاِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ (4)

ترجمہ: اور جب حاملہ اونٹنیاں بے کار چھوٹی پھریں گی (کوئی ان کا خبر گیر نہ ہوگا) o

And when the she-camels heavy with young will be left neglected and discarded (i.e., no one will tend them),

وَإِذَا الْعُشَرُ عُطِّلَتْ (5)

ترجمہ: اور جب وحشی جانور (خوف کے مارے) جمع کر دیے جائیں گےo

And when (fear-stricken) wild beasts will be herded together,

وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ (6)

ترجمہ: جب سمندر اور دریا (سب) ابھار دیے جائیں گےo

And when (all) oceans and rivers will be made to rise and swell,

وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ (7)

ترجمہ: اور جب روحیں (بدنوں سے) ملا دی جائیں گیo

And when souls will be united (with their bodies),

وَإِذَا الْمَوْؤُدَةُ سُئِلَتْ (8)

ترجمہ: اور جب زندہ دفن کی ہوئی لڑکی سے پوچھا جائے گاo

And when the infant girl buried alive will be asked,

بِأَيِّ ذَنْبٍ قُتِلَتْ (9)

ترجمہ: کہ وہ کس گناہ کے باعث قتل کی گئی تھیo

For what crime was she slain?

وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ (10)

ترجمہ: اور جب اَعمال نامے کھول دیے جائیں گےo

And when the records of deeds will be laid open,

وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ (11)

ترجمہ: اور جب سماوی طبقات کو پھاڑ کر اپنی جگہوں سے ہٹا دیا جائے گاo

And when the layers of heaven will be torn asunder and moved away from their places,

وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ (12)

ترجمہ: اور جب دوزخ (کی آگ) بھڑکائی جائے گیo

And when (the Fire of) Hell will be burnt ablaze,

وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ (13)

ترجمہ: اور جب جنت قریب کر دی جائے گیo

And when Paradise will be brought up close,

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ (14)

ترجمہ: ہر شخص جان لے گا جو کچھ اس نے حاضر کیا ہےo

Everyone will come to know what he has brought forth.

فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ (15)

ترجمہ: تو میں قسم کھاتا ہوں ان (آسمانی کرّوں) کی جو (ظاہر ہونے کے بعد) پیچھے ہٹ جاتے ہیںo

So I swear by (the heavenly spheres) which recede (after appearing),

الْجَوَارِ الْكُنَّسِ (16)

ترجمہ: جو بلا روک ٹوک چلتے رہتے ہیں (پھر ظاہر ہو کر) چھپ جاتے ہیںo

Which revolve freely, (then) hide (after appearing),

سورۃ الانفطار:

إِذَا السَّمَاء انفَطَرَتْ (1)

ترجمہ: جب (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گےo

When (all) the heavenly spheres will be split apart,

وَإِذَا الْكَوَاكِبُ انتَثَرَتْ (2)

ترجمہ: اور جب سیارے بکھر جائیں گےo

And when the planets will scatter,

وَإِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ (3)

ترجمہ: اور جب سمندر (اور دریا) ابھر کر بہہ جائیں گےo

And when oceans (and rivers) will flood and overflow,

وَإِذَا الْقُبُورُ بُعْثِرَتْ (4)

ترجمہ: اور جب قبریں زیروزبر کر دی جائیں گیo

And when graves will be overturned,

الَّذِي خَلَقَكَ فَسَوَّاكَ فَعَدَلَكَ (7)

ترجمہ: جس نے (رحمِ مادر کے اندر ایک نطفہ میں سے) تجھے پیدا کیا، پھر اس نے تجھے (اعضا سازی کے لیے ابتداء) درست اور سیدھا کیا، پھر وہ تیری ساخت میں متناسب تبدیلی لایاo

(The One) Who created you (from a fertiled ovum in the mother's womb), then, (to structure your limbs at the fetal stage,) He shaped you aright, then brought about proportionate alteration in your constitution?

سورۃ الانشقاق:

إِذَا السَّمَاء انشَقَّتْ (1)

ترجمہ: جب (سب) آسمانی کرّے پھٹ جائیں گےo

When (all) the heavenly bodies will split asunder,

وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ (3)

ترجمہ: اور جب زمین (ریزہ ریزہ کرکے) پھیلا دی جائے گیo

And when the earth will be flattened out (after it is broken into dust particles),

وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ (4)

ترجمہ: اور جو کچھ اس کے اندر ہے وہ اسے نکال باہر پھینکے گی اور خالی ہو جائے گیo

And it will cast out all that is inside it and become empty,

سورۃ الطارق:

فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ مِمَّ خُلِقَ (5)

ترجمہ: پس انسان کو غور (و تحقیق) کرنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہےo

So man should ponder (and find out) from what substance he has been created.

خُلِقَ مِن مَّاءٍ دَافِقٍ (6)

ترجمہ: وہ قوت سے اچھلنے والے پانی (یعنی قوی اور متحرک مادۂ تولید) میں سے پیدا کیا گیا ہےo

He has been created from the ejaculated fluid (i.e., virile and motile sperm).

يَخْرُجُ مِن بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ (7)

ترجمہ: جو پیٹھ اور کولہے کی ہڈیوں کے درمیان (پیڑو کے حلقہ میں) سے گزر کر باہر نکلتا ہےo

That proceeds from the middle of the sacrum (and pelvic girdle) and is ejected.

وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الرَّجْعِ (11)

ترجمہ: اس آسمانی کائنات کی قسم جو پھر اپنی ابتدائی حالت میں پلٹ جانے والی ہےo

By the heavenly universe which will regress to its primitive state,

وَالْأَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ (12)

ترجمہ: اس زمین کی قسم جو پھٹ (کر ریزہ ریزہ ہو) جانے والی ہےo

And by the earth which will split asunder (and change into dust particles),

سورۃ الاعلیٰ:

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى (1)

ترجمہ: اپنے رب کے نام کی تسبیح کریں جو سب سے بلند ہےo

Glorify the Name of your Lord, the Most High,

الَّذِي خَلَقَ فَسَوَّى (2)

ترجمہ: جس نے (کائنات کی ہر چیز کو) پیدا کیا پھر اسے (جملہ تقاضوں کی تکمیل کے ساتھ) درست توازن دیاo

He Who has created (everything in the universe) and then (fulfilling all

requisites) equipoised it to its exact proportion,

وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی (3)

ترجمہ: اور جس نے (ہر ہر چیز کے لیے) قانون مقرر کیا پھر (اسے اپنے اپنے نظام کے مطابق رہنے اور چلنے کا) راستہ بتایا o

And He Who has determined law, and guided (it to its) way (of sustaining and functioning according to its respective system),

وَالَّذِیْ أَخْرَجَ الْمَرْعٰی (4)

ترجمہ: اور جس نے (زمین سے) چارہ نکالا o

And He Who has brought forth green pasture (from the earth),

فَجَعَلَهٗ غُثَاءً أَحْوٰی (5)

ترجمہ: پھر اسے سیاہی مائل خشک کر دیا o

And then made it blackened stubble.

سورۃ الشّمس:

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا (1)

ترجمہ: سورج کی قسم اور اس کی روشنی کی قسم o

By the sun and by its brightness,

وَالْقَمَرِ إِذَا تَلٰهَا (2)

ترجمہ: اور چاند کی قسم جب وہ سورج کی پیروی کرے (یعنی اس کی روشنی سے چمکے) o

And by the moon when it follows the sun (i.e., reflects sunshine),

وَالنَّهَارِ إِذَا جَلّٰهَا (3)

ترجمہ: اور دن کی قسم جب وہ سورج کو ظاہر کرے (یعنی اسے روشن دکھائے) o

And by the day when it displays the sun (i.e., brings it forth shining),

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰهَا (4)

ترجمہ: اور رات کی قسم جب وہ سورج کو (زمین کی ایک سمت سے) ڈھانپ لے o

And by the night when it draws a veil over the sun (from one of the hemispheres of the earth),

وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنٰهَا (5)

ترجمہ: اور آسمان کی قسم اور اس (قوت) کی قسم جس نے اسے (اذنِ الٰہی سے ایک وسیع کائنات کی شکل میں) تعمیر کیا o

And by the heaven and by that (energy) which built it (with Allah's permission in the form of a vast universe),

وَالْأَرْضِ وَمَا طَحٰهَا (6)

ترجمہ: اور زمین کی قسم اور اس (قوت) کی قسم جو اسے (امرِ الٰہی سے سورج سے کھینچ دور) لے گئی o

And by the earth and by that (force which, by Allah's command,) pulled it (from the sun far) apart.

وَنَفْسٍ وَمَا سَوّٰهَا (7)

ترجمہ: اورانسانی جان کی قسم اوراسے ہمہ پہلوتوازن ودرستگی دینے والے کی قسمo

And by the human soul and by the One Who provided it with an all-dimensional poise, proportion and perfection,

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا (8)

ترجمہ: پھراس نے اسےاس کی بدکاری اور پرہیزگاری (کی تمیز) سمجھادیo

Then He inspired it with (discrimination between) vice and virtue,

سورۃ العلق:

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ (1)

ترجمہ: (اےحبیب!)اپنے رب کے نام سے (آغاز کرتے ہوئے) پڑھئے جس نے (ہر چیز کو) پیدافرمایاo

(O Beloved!) Read (commencing) with the Name of Allah, Who has created (everything).

خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ (2)

ترجمہ: اس نے انسان کو(رحمِ مادر میں) جونک کی طرح معلّق وجود سے پیدا کیاo

He created man from a hanging mass (clinging) like a leech (to the mother's womb).

سورۃ الفلق:

قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (1)

ترجمہ: آپ عرض کیجئے کہ میں (ایک) دھماکے سے انتہائی تیزی کے ساتھ (کائنات کو) وجود میں لانے والے رب کی پناہ مانگتا ہوںo

Beseech: 'I seek refuge with the Lord of daybreak (or Who brought the universe into existence with an explosion extremely fast),

59۔ اللہ پاک کے خوف سے پتھروں کا گرنا

سورۃ البقرۃ:

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءِ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُون(74)

ترجمہ: پھراس کے بعد (بھی) تمہارے دل سخت ہوگئے چنانچہ وہ (سختی میں) پتھروں جیسے (ہوگئے) ہیں یاان سے بھی زیادہ سخت (ہو چکے ہیں، اس لیے کہ) بے شک پتھروں میں (تو) بعض ایسے بھی ہیں جن سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں، اور یقیناً ان میں سے بعض وہ (پتھر) بھی ہیں جو پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی ابل پڑتا ہے، اور بے شک ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ کے خوف سے گر پڑتے ہیں، (افسوس! تمہارے دلوں میں اس قدر نرمی، خستگی اور شکستگی بھی نہیں رہی،) اور اللہ تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں o

Then (even) after this, your hearts hardened. So (in hardness) they (have become) like stones or even harder. For of stones there are some from which streams burst out; and certainly, some out of them are such (stones) that split up and water gushes out of them; and indeed there are others of them that fall due to fear of Allah. (Alas! Your hearts have not remained even that much soft, tender and feeble) and Allah is not unaware of wha you do.

60۔ لوہے کی اہمیت

سورۃ الحدید:

لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ (25)

ترجمہ: بے شک ہم نے اپنے رسولوں کو واضح نشانیوں کے ساتھ بھیجا اور ہم نے اُن کے ساتھ کتاب اور میزانِ عدل نازل فرمائی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہوسکیں، اور ہم نے (معدنیات میں سے) لوہا مہیّا کیا اس میں (آلاتِ حرب و دفاع کے لیے) سخت قوّت اور لوگوں کے لیے (صنعت سازی کے کئی دیگر) فوائد ہیں اور (یہ اس لیے کیا) تاکہ اللہ ظاہر کر دے کہ کون اُس کی اور اُس کے رسولوں کی (یعنی دینِ اسلام کی) بِن دیکھے مدد کرتا ہے، بے شک اللہ (خود ہی) بڑی قوت والا بڑے غلبہ والا ہےo

Verily, We sent Our Messengers with clear signs, and We sent down with them the Book and the balance of justice so that people might grow firm and stable in justice. And (of minerals) We brought forth iron in which there is a fierce force (for weapons and defence) and which has (multiple other) benefits for people (in industrial development). And (the purpose is) that Allah may bring to light the one who helps Him and His Messengers (i.e., the Din [Religion of Islam]) without seeing. Surely, Allah is (Himself) the All-Powerful, the Almighty.

61۔ شہابِ ثاقب کا ذکر

سورۃ الملک:

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ وَجَعَلْنَاهَا رُجُوماً لِّلشَّيَاطِينِ وَأَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيرِ (5)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے سب سے قریبی آسمانی کائنات کو (ستاروں، سیاروں، دیگر خلائی کرّوں اور ذرّوں کی شکل میں) چراغوں سے مزیّن فرما دیا ہے، اور ہم نے ان (ہی میں سے بعض) کو شیطانوں (یعنی سرکش قوتوں) کو مار بھگانے (یعنی ان کے منفی اَثرات ختم کرنے) کا ذریعہ (بھی) بنایا ہے، اور ہم نے ان (شیطانوں) کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہےo

And surely, We have adorned the lowest heaven of the universe with lights (in the form of stars, planets, other asteroids and meteoroids). And We have also made (some of them) the means of pelting away (i.e., eliminating the negative effects of) satans (i.e., rebellious forces). And We have prepared for these (satans) a torment of Blazing Fire.

سورۃ الجن:

وَأَنَّهُمْ ظَنُّوا كَمَا ظَنَنتُمْ أَن لَّن يَبْعَثَ اللَّهُ أَحَداً (7)

ترجمہ: اور (اے گروہِ جنات!) وہ انسان بھی ایسا ہی گمان کرنے لگے جیسا گمان تم نے کیا کہ اللہ (مرنے کے بعد) ہرگز کسی کو نہیں اٹھائے گاo

And, (O party of jinn,) those men also thought just as you thought that Allah would never raise up anyone (after death).

وَأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَساً شَدِيداً وَشُهُباً (8)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم نے آسمانوں کو چھوا، اور انہیں سخت پہرہ داروں اور (اَنگاروں کی طرح) جلنے اور چمکنے والے ستاروں سے بھرا ہوا پایاo

And that we touched the heavens and found them filled with high-alert guards and stars shining and burning (like brands).

وَأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ فَمَن يَسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْ لَهُ شِهَاباً رَّصَداً (9)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم (پہلے آسمانی خبریں سننے کے لیے) اس کے بعض مقامات میں بیٹھا کرتے تھے، مگر اب کوئی سننا چاہے تو وہ اپنی تاک میں آگ کا شعلہ (منتظر) پائے گاo

And that we used to sit on certain seats (in the heavens previously, to listen to the news), but if someone now seeks to listen, then he will find a flame of fire (waiting) for him in ambush.

وَأَنَّا لَا نَدْرِي أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَن فِي الْأَرْضِ أَمْ أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَداً (10)

ترجمہ: اور یہ کہ ہم نہیں جانتے کہ (ہماری بندش سے) ان لوگوں کے حق میں جو زمین میں ہیں کسی برائی کا اِرادہ کیا گیا ہے یا ان کے رب نے ان کے ساتھ بھلائی کا اِرادہ فرمایا ہےo

And that we do not know whether some evil has been intended (by our restriction) in respect of those people who are in the earth, or their Lord intends some good for them.

سورۃ الطارق:

وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ (1)

ترجمہ: آسمان (کی فضائے بسیط اور خلائے عظیم) کی قَسم اور رات کو (نظر) آنے والے کی قَسم o

By the (endless expanse and infinite space of) heaven and the Nightly (discernable) Visitant.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا الطَّارِقُ (2)

ترجمہ: اور آپ کو کیا معلوم کہ رات کو (نظر) آنے والا کیا ہے o

And what do you know what the Nightly (discernable) Visitant is?

النَّجْمُ الثَّاقِبُ (3)

ترجمہ: (اس سے مراد) ہر وہ آسمانی کرّہ ہے (خواہ وہ ستارہ ہو یا سیارہ یا اَجرامِ سماوی کا کوئی اور کرّہ) جو چمک کر (فضا کو) روشن کر دیتا ہے ☆o

☆ النجم الثاقب سے مراد ذاتِ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ہے، جس نے سراجاً منیراً کی شان کے ساتھ آسمانِ رسالت پر چمک کر ظلمت بھری کائنات کو نورِ ایمان سے روشن کر دیا ہے۔ (الشفاء)

(It implies) every heavenly body (be it a star, a planet, or any of the heavenly spheres) which shines and brightens (the space).*

*** Al-najm al-thaqib refers also to the chosen Messenger Muhammad (blessings and peace be upon him) who shone as a sirajan munira (luminous lamp), with a sun's glow, on the horizon of Prophethood, and brightened the universe with the Light of Faith. See: al-Shifa by al-Qad 'Iyad.**

62۔ یہود و نصاریٰ / اہل کتاب کا ذکر

سورۃ البقرۃ:

يَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ اذْكُرُواْ نِعْمَتِيَ الَّتِيْ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَوْفُواْ بِعَهْدِيْ أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ (40)

ترجمہ: اے اولادِ یعقوب! میرے وہ انعام یاد کرو جو میں نے تم پر کیے اور تم میرے (ساتھ کیا ہوا) وعدہ پورا کرو میں تمہارے (ساتھ کیا ہوا) وعدہ پورا کروں گا، اور مجھ ہی سے ڈرا کرو○

O Children of Ya'qub (Jacob)! Recall My favours which I bestowed upon you and fulfil the promise (made) to Me; I shall fulfil the promise (made) to you. And always fear Me alone.

يَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ اذْكُرُواْ نِعْمَتِيَ الَّتِيْ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِيْنَ (47)

ترجمہ: اے اولادِ یعقوب! میرے وہ انعام یاد کرو جو میں نے تم پر کیے اور یہ کہ میں نے تمہیں (اس زمانے میں) سب لوگوں پر فضیلت دی○

O Children of Ya'qub (Jacob)! Recall those favours that I bestowed upon you, and that I exalted you above all the people (of your age).

وَاتَّقُواْ يَوْماً لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئاً وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ (48)

ترجمہ: اور اُس دن سے ڈرو جس دن کوئی جان کسی دوسرے کی طرف سے کچھ بدلہ نہ دے سکے گی اور نہ اس کی طرف سے (کسی ایسے شخص کی) کوئی سفارش قبول کی جائے گی (جسے اِذنِ الٰہی حاصل نہ ہوگا) اور نہ اس کی طرف سے (جان چھڑانے کے لیے) کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ (اَمرِ الٰہی کے خلاف) ان کی اِمداد کی جا سکے گی○

And fear that Day when no soul shall be able to pay any compensation on behalf of another. Nor shall any intercession be accepted from him (of a person who shall not have Allah's permission to intercede). Nor shall any compensation be accepted from him (for his own salvation). And they will not be helped (against Allah's decree).

وَإِذْ نَجَّيْنَاكُم مِّنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوَءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُونَ أَبْنَاءكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءكُمْ وَفِيْ ذَلِكُم بَلاءٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ (49)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے تمہیں قومِ فرعون سے نجات بخشی جو تمہیں انتہائی سخت عذاب دیتے تھے تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رکھتے تھے، اور اس میں تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی (کڑی) آزمائش تھی○

And (also recall) when We delivered you from Pharaoh's people, who used to inflict severe torment upon you: they slaughtered your sons and kept your daughters alive. There was an arduously terrible trial in it from your Lord.

وَإِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنجَيْنَاكُمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ (50)

ترجمہ: اور جب ہم نے تمہیں (بچانے کے) لیے دریا کو پھاڑ دیا سو ہم نے تمہیں (اس طرح) نجات عطا کی اور (دوسری طرف)

ہم نے تمہاری آنکھوں کے سامنے قومِ فرعون کو غرق کر دیاo

And when We parted the river (to rescue you) and (in this way) delivered you, and (on the contrary) We drowned Pharaoh's people before your eyes.

وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ (51)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) سے چالیس راتوں کا وعدہ فرمایا تھا پھر تم نے موسیٰ (علیہ السلام کے چلّہِ اعتکاف میں جانے) کے بعد بچھڑے کو (اپنا) معبود بنا لیا اور تم واقعی بڑے ظالم تھےo

And (also recall) when We made an appointment with Musa (Moses) for forty nights. Then after Musa ([Moses] went into retreat), you took the calf as (your) god for worship, and you were no doubt awful transgressors.

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنكُم مِّن بَعْدِ ذَلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (52)

ترجمہ: پھر ہم نے اس کے بعد (بھی) تمہیں معاف کر دیا تاکہ تم شکر گزار ہو جاؤo

Then We pardoned you (even) after that so that you might give thanks.

وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (53)

ترجمہ: اور جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب اور حق و باطل میں فرق کرنے والا (معجزہ) عطا کیا تاکہ تم راہِ ہدایت پاؤo

And (remember) when We bestowed upon Musa (Moses) the Book and the miracle distinguishing the truth from falsehood, so that you might take the path of guidance.

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُم بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوبُوا إِلَى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ ذَلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِندَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ (54)

ترجمہ: اور جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! بے شک تم نے بچھڑے کو (اپنا معبود) بنا کر اپنی جانوں پر (بڑا) ظلم کیا ہے تو اب اپنے پیدا فرمانے والے (حقیقی رب) کے حضور توبہ کرو پس (آپس میں) ایک دوسرے کو قتل کر ڈالو، یہی (عمل) تمہارے لیے تمہارے خالق کے نزدیک بہترین (توبہ) ہے، پھر اس نے تمہاری توبہ قبول فرما لی، یقیناً وہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا مہربان ہےo

And when Musa (Moses) said to his people: 'O my people, no doubt you have (seriously) wronged your own souls in taking the calf (as your god). Now turn in repentance to your Creator (the True Sustainer). So, kill one another (amongst yourselves). This (act) would be the best (repentance) for you in the sight of your Creator.' Then He accepted your repentance. Surely, He is Most Relenting, Ever-Merciful.

وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَى لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّى نَرَى اللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْكُمُ الصَّاعِقَةُ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ (55)

ترجمہ: اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ ہم اللہ کو (آنکھوں کے سامنے) بالکل آشکارا دیکھ لیں پس (اس پر) تمہیں کڑک نے آلیا (جو تمہاری موت کا باعث بن گئی) اور تم (خود یہ منظر) دیکھتے رہےo

And (remember) when you said: 'O Musa (Moses)! We will never believe in you until we see Allah completely unveiled (before our eyes).' So, (on this) a thunder seized (and eliminated) you, and you kept watching (this spectacle yourselves).

ثُمَّ بَعَثْنَاكُم مِّن بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ (56)

ترجمہ: پھر ہم نے تمہارے مرنے کے بعد تمہیں (دوبارہ) زندہ کیا تاکہ تم (ہمارا) شکر ادا کرو○

Then We brought you back to life after your death so that you pay (Us) thanks.

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى كُلُواْ مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَـكِن كَانُواْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (57)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ہم نے تم پر (وادیٔ تیہ میں) بادل کا سایہ کیے رکھا اور ہم نے تم پر مَنّ و سلوٰی اتارا کہ تم ہماری عطا کی ہوئی پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ، سو انہوں نے (نافرمانی اور ناشکری کر کے) ہمارا کچھ نہیں بگاڑا مگر اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے رہے○

And (recall) when We cast the shade of clouds over you (in the Tiha valley) and sent down for you manna and quails so that you might eat of the pure things We provided for you. So they did not harm Us at all (by disobeying and showing Us disregard), but persistently harmed their own souls.

وَإِذْ قُلْنَا ادْخُلُواْ هَـذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُواْ مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَداً وَادْخُلُواْ الْبَابَ سُجَّداً وَقُولُواْ حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ وَسَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ (58)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ہم نے فرمایا: اس شہر میں داخل ہو جاؤ اور اس میں جہاں سے چاہو خوب جی بھر کے کھاؤ اور (یہ کہ شہر کے) دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا اور یہ کہتے جانا: (اے ہمارے رب! ہم سب خطاؤں کی) بخشش چاہتے ہیں، (تو) ہم تمہاری (گزشتہ) خطائیں معاف فرما دیں گے، اور (علاوہ اس کے) نیکوکاروں کو مزید (لطف و کرم سے) نوازیں گے○

And (remember) when We said: 'Enter this city, and eat as much as you wish from wherever you desire, but enter (the city) gate prostrating and praying: (O our Lord!) We seek forgiveness (for all of our sins). We shall (then) forgive your (previous) sins and, (besides,) We shall bestow more(favours and blessings) upon the righteous.'

فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُواْ قَوْلاً غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَنزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُواْ رِجْزاً مِّنَ السَّمَاء بِمَا كَانُواْ يَفْسُقُونَ (59)

ترجمہ: پھر (ان) ظالموں نے اس قول کو جو ان سے کہا گیا تھا ایک اور کلمہ سے بدل ڈالا سو ہم نے (ان) ظالموں پر آسمان سے (بصورتِ طاعون) سخت آفت اتار دی اس وجہ سے کہ وہ (مسلسل) حکم عدولی کر رہے تھے○

But (those) transgressors substituted some other phrase in place of that which was said to them. So We sent down a calamity from heaven on (those) evildoers (in the form of a plague) because they were (persistently) disobeying.

وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَى لَن نَّصْبِرَ عَلَىَ طَعَامٍ وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ مِن بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِىْ هُوَ أَدْنَى بِالَّذِىْ هُوَ خَيْرٌ اهْبِطُواْ مِصْراً فَإِنَّ لَكُم مَّا سَأَلْتُمْ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآؤُوْاْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُواْ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّيْنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ذَلِكَ بِمَا عَصَواْ وَّكَانُواْ يَعْتَدُونَ (61)

ترجمہ: اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم فقط ایک کھانے (یعنی منّ وسلویٰ) پر ہرگز صبر نہیں کر سکتے تو آپ اپنے رب سے (ہمارے حق میں) دعا کیجئے کہ وہ ہمارے لیے زمین سے اگنے والی چیزوں میں سے ساگ اور ککڑی اور گیہوں اور مسور اور پیاز پیدا کر دے، (موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے) فرمایا: کیا تم اس چیز کو جو ادنیٰ ہے بہتر چیز کے بدلے مانگتے ہو؟ (اگر تمہاری یہی خواہش ہے تو) کسی بھی شہر میں جا اترو یقیناً (وہاں) تمہارے لیے وہ کچھ (میسر) ہوگا جو تم مانگتے ہو، اور ان پر ذلّت اور محتاجی مسلط کر دی گئی، اور وہ اللہ کے غضب میں لوٹ گئے، یہ اس وجہ سے (ہوا) کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کیا کرتے اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے، اور یہ اس وجہ سے بھی ہوا کہ وہ نافرمانی کیا کرتے اور (ہمیشہ) حد سے بڑھ جاتے تھےo

And when you said: 'O Musa (Moses), we cannot be content with only one kind of food (i.e., manna and quails), so pray to your Lord (in our favour) that He may bring forth for us of cultivated produce: green herbs, cucumbers, wheat, garlic, lentils and onions.' (Musa [Moses]) said (to his people): 'Do you demand something inferior in exchange for something superior? (And if that is what you wish, then) go down to any city. Surely (there) will be (available) all what you demand.' Then dishonour and deprivation were brought upon them, and they incurred the wrath of Allah because they used to deny the signs of Allah and kill the Prophets unjustly. This was also because they used to disobey and would (always) exceed limits.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَالَّذِيْنَ هَادُواْ وَالنَّصَارَى وَالصَّابِئِيْنَ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحاً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ (62)

ترجمہ: بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور (جو) نصاریٰ اور صابی (تھے ان میں سے) جو (بھی) اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لایا اور اس نے اچھے عمل کئے، تو ان کے لئے ان کے رب کے ہاں ان کا اجر ہے، ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گےo

Verily, those who have believed, and (those who were) Jews and Christians and Sabians, those (of them) who believe in Allah and the Last Day and act piously, there is for them their reward with their Lord. Neither shall any fear afflict them, nor shall they grieve.

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُواْ مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُواْ مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (63)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا اور تمہارے اوپر طور کو اٹھا کھڑا کیا، کہ جو کچھ ہم نے تمہیں دیا ہے اسے مضبوطی سے پکڑے رہو اور جو کچھ اس (کتاب تورات) میں (لکھا) ہے اسے یاد رکھو تا کہ تم پرہیزگار بن جاؤo

And (recall) when We took a firm promise from you and raised the Mount of Sinai high above you, so that you hold fast firmly what We have given you. And bear in mind whatever is (written) in this (Book, the Torah,) so that you become pious.

ثُمَّ تَوَلَّيْتُم مِّن بَعْدِ ذَلِكَ فَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَكُنتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ (64)

ترجمہ: پھر اس (عہد اور تنبیہ) کے بعد بھی تم نے روگردانی کی، پس اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم یقیناً تباہ ہو جاتےo

Yet you turned back after this (promise and warning). So, had there not been Allah's bounty and His mercy upon you, you would have been wrecked indeed.

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَوا مِنكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ (65)

ترجمہ: اور (اے یہود!) تم یقینا ان لوگوں سے خوب واقف ہو جنہوں نے تم میں سے ہفتہ کے دن (کے احکام کے بارے میں) سرکشی کی تھی تو ہم نے ان سے فرمایا کہ تم دھتکارے ہوئے بندر بن جاؤo

And (O Jews) certainly you know well those of you who violated (the injunctions concerning) the Sabbath (Saturday). So We said to them: 'Be you apes: rejected and despised.'

فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ (66)

ترجمہ: پس ہم نے اس (وقعہ) کو اس زمانے اور اس کے بعد والے لوگوں کے لئے (باعثِ) عبرت اور پرہیزگاروں کے لئے (موجبِ) نصیحت بنا دیاo

So We made this (event) a lesson of warning for their contemporaries as well as later generations, and (a source of) admonition for the pious.

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تَذْبَحُوا بَقَرَةً قَالُوا أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا قَالَ أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ (67)

ترجمہ: اور (واقعہ بھی یاد کرو) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے فرمایا کہ بیشک اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ ایک گائے ذبح کرو، (تو) وہ بولے کیا آپ ہمیں مسخرہ بناتے ہیں؟ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا: اللہ کی پناہ مانگتا ہوں (اس سے) کہ میں جاہلوں میں سے ہو جاؤںo

And (also recall) when Musa (Moses) said to his people: 'Verily, Allah enjoins you to sacrifice a cow.' They said: 'Do you make fools of us?' Musa (Moses) said: 'I seek the protection of Allah (against) becoming one of the ignorant.'

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَلِكَ فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ (68)

ترجمہ: (تب) انہوں نے کہا: آپ ہمارے لئے اپنے رب دعا کریں کہ ہو ہم پر واضح کعدے کہ (وہ) گائے کیسی ہو؟ (موسیٰ علیہ السلام نے) کہا: بیشک وہ فرماتا ہے کہ وہ گائے نہ تو بوڑھی ہو اور نہ بالکل کم عمر (اَوْسَر)، بلکہ درمیانی عمر کی (راس) ہو، پس اب تعمیل کرو جس کا تمہیں حکم دیا گیا ہےo

(Then) they said: 'Pray for us to your Lord that He may make clear to us what kind of cow (that) shall be.' (Musa [Moses]) said: 'Certainly, He ordains that the cow is to be neither old nor young (heifer), but in between (fully grown). So now implement what you have been ordered.'

قَالُواْ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا لَوْنُهَا قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاء فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ (69)

ترجمہ: وہ (پھر) بولے: اپنے رب سے ہمارے حق میں دعا کریں وہ ہمارے لئے واضح کردے کا اس کا رنگ کیسا ہو؟ (موسیٰ علیہ السلام نے) کہا: وہ فرماتا ہے کہ وہ گائے زرد رنگ کی ہو، اس کی رنگت خوب گہری ہو (ایسی جاذبِ نظر ہو کہ) دیکھنے والوں کو بہت بھلی لگے o

They (again) said: 'Pray to your Lord for us that He may specify what her colour should be.' Musa (Moses) said: 'He says the cow should be yellow, rich in tone, (so attractive that) it pleases the viewers.'

قَالُواْ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا وَإِنَّا إِن شَاء اللّهُ لَمُهْتَدُونَ (70)

ترجمہ: (اب) انہوں نے کہا: آپ ہمارے لئے اپنے رب سے درخواست کیجئے کہ وہ ہم پر واضح فرمادے کہ وہ کونسی گائے ہے؟ کیونکہ ہم پر گائے مشتبہ ہوگئی ہے، اور یقیناً اگر اللہ نے چاہا تو ہم ضرور ہدایت یافتہ ہو جائیں گے o

(This time) they said: 'Pray for us to your Lord that He may make clear to us what exact type of cow it is (because) the cow has become doubtful to us, and if Allah so wills, we shall indeed be guided aright.'

قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لاَّ ذَلُولٌ تُثِيرُ الأَرْضَ وَلاَ تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لاَّ شِيَةَ فِيهَا قَالُواْ الآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُواْ يَفْعَلُونَ (71)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے کہا) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (وہ کوئی گھٹیا گائے نہیں بلکہ) یقینی طور پر ایسی (اعلیٰ) گائے ہو جس سے نہ زمین میں ہل چلانے کی محنت لی جاتی ہو اور نہ کھیتی کو پانی دیتی ہو، بلکل تندرست ہو اس میں کوئی داغ دھبہ بھی نہو، انہوں نے کہا: اب آپ ٹھیک بات لائے (ہیں)، پھر انہوں نے اس کو ذبح کیا حالانکہ وہ ذبح کرتے معلوم نہ ہوتے تھے o

(Musa [Moses] said:) Allah has ordained: '(That is not any inferior cow. Instead) it is certainly a (superior) cow, which has been employed neither for ploughing nor for watering the field, a cow in sound health, without any blemish.' They said: 'Now you (have) brought the truth.' So they sacrificed it, though they did not look like doing it.

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْساً فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللّهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ (72)

ترجمہ: اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا پھر تم آپس میں اس (کے الزام) میں جھگڑنے لگے اور اللہ (وہ بات) ظاہر فرمانے والا تھا جسے تم چھپا رہے تھے o

And (recall), when you killed a man, then started disputing amongst yourselves (for its blame), and Allah was to unveil that event which you were concealing.

فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا كَذَلِكَ يُحْيِي اللَّهُ الْمَوْتَى وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (73)

ترجمہ: پھر ہم نے حکم دیا کہ اس (مردہ) پر اس (گائے) کا ایک ٹکڑا مارو، اسی طرح اللہ مُردوں کو زندہ فرماتا ہے (یا قیامت کے دن مُردوں کو زندہ کرے گا) اور تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم عقل و شعور سے کام لوo

Then We commanded: 'Strike this (dead body) with a piece of this (cow).' That is how Allah restores the dead to life, (or will give life to the dead on the Day of Resurrection,) and He shows you His signs so that you may apply your knowledge and understanding.

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُم مِّن بَعْدِ ذَلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (74)

ترجمہ: پھر اس کے بعد (بھی) تمہارے دل سخت ہو گئے جنانچہ وہ (سختی میں) پتھروں جیسے (ہو گئے) ہیں یا ان سے بھی زیادہ سخت (ہو چکے ہیں، اس لئے کہ) بیشک پتھروں میں (تو) بعض ایسے بھی ہیں جن سے نہریں پھوٹ نکلتی ہیں اور یقیناً ان میں سے بعض وہ (پتھر) بھی ہیں جو پھٹ جاتے ہیں تو ان سے پانی ابل بڑتا ہے، اور بیشک ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ کے خوف سے گر پڑتے ہیں، (افسوس! تمہارے دلوں میں اس قدر نرمی، خستگی اور شکستگی بھی نہیں رہی) اور اللہ تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں o

Then (even) after this, your hearts hardened. So (in hardness) they (have become) like stones or even harder. For of stones there are some from which streams burst out; and certainly, some out of them are such (stones) that split up and water gushes out of them; and indeed there are others of them that fall due to fear of Allah. (Alas! Your hearts have not remained even that much soft, tender and feeble) and Allah is not unaware of what you do.

أَفَتَطْمَعُونَ أَن يُؤْمِنُوا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِن بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (75)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) کیا تم یہ توقع رکھتے ہو کہ وہ (یہودی) تم پر یقین کر لیں گے جبکہ ان میں سے ایک گروہ کے لوگ ایسے (بھی) تھے کہ اللہ کا کلام (تورات) سنتے پھر اسے سمجھنے کے بعد (خود) بدل دیتے حالانکہ وہ خوب جانتے تھے (کہ حقیقت کیا ہے اور وہ کیا کر رہے ہیں)o

(O Muslims!) Do you expect that they (the Jews) will believe in you, whereas amongst them were people of a group who heard the Word of Allah (Tawrat [the Torah]), then altered it (themselves) after understanding it, although they knew well (what the truth was and what they were doing)?

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُم بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُم بِهِ عِندَ رَبِّكُمْ أَفَلَا تَعْقِلُونَ (76)

ترجمہ: اور (ان کا حال تو یہ ہو چکا ہے کہ) جب اہلِ ایمان سے ملتے ہیں (تو) کہتے ہیں ہم (بھی تمہاری طرح حضرت محمد ﷺ پر) ایمان لے آئے ہیں اور جب آپس میں ایک دوسرے کیساتھ تنہائی میں ہوتے ہیں (تو) کہتے ہیں کیا تم ان (مسلمانوں) سے

(نبی آخرالزمان ﷺ کی رسالت اور شان کے بارے میں) وہ باتیں بیان کر دیتے ہو جو اللہ نے تم پر (تورات کے ذریعے) ظاہر کی ہیں تاکہ اس سے وہ تمہارے رب کے حضور تمہیں پر حجت قائم کریں، کیا تم (اتنی) عقل (بھی) نہیں رکھتے؟

And (they have reached such a state that) when they meet the believers, they say: 'We (too) have believed (in Muhammad [blessings and peace be upon him], like you),' and when they are together in isolation, they say: 'Do you tell them (the Muslims) that which Allah has unfolded to you (through the Torah in connection with the Prophethood and glory of the last of the Prophets, Muhammad, [blessings and peace be upon him]) so that they may use it in argument against you in the holy presence of your Lord? Do you not have (even this much) sense?'

أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ (77)

ترجمہ: کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ کو وہ سب کچھ معلوم ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیںo

Are they not aware that Allah knows full well all that they hide and all that they show?

وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ (78)

ترجمہ: اور ان (یہود) میں سے (بعض) ان پڑھ (بھی) ہیں جنہیں (سوائے سنی سنائی جھوٹی امیدوں کے) کتاب (کے معنی و مفہوم) کا کوئی علم ہی نہیں وہ (کتاب کو) صرف زبانی پڑھنا جانتے ہیں یہ لوگ محض وہم و گمان میں پڑے رہتے ہیںo

And (some) amongst them (the Jews) are illiterate (as well) who do not know (even the bare minimum about the meaning and connotations of) the Book (except hearsay and false hopes). They know only to recite (the Book) verbally and follow mere speculation and assumption.

فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَـذَا مِنْ عِندِ اللّهِ لِيَشْتَرُواْ بِهِ ثَمَناً قَلِيلاً فَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُونَ (79)

ترجمہ: پس ایسے لوگوں کے لئے بڑی خرابی ہے جو اپنے ہی ہاتھوں سے کتا لکھتے ہیں، پھر کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ اس کے عوض تھوڑے سے دام کما لیں، سو ان کے لئے اس (کتاب کی وجہ) سے ہلاکت ہے جو ان کے ہاتھوں نے تحریر کی اور اس (معاوضہ کی وجہ) سے تباہی ہے جو وہ کما رہے ہیںo

So, a serious disaster awaits those who write the Book with their own hands, then say: 'This is from Allah,' just to earn a paltry price for that. So they will face destruction (owing to the Book) that their hands have written and (for the compensation) that they are earning.

وَقَالُواْ لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلاَّ أَيَّاماً مَّعْدُودَةً قُلْ أَتَّخَذْتُمْ عِندَ اللّهِ عَهْداً فَلَن يُخْلِفَ اللّهُ عَهْدَهُ أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (80)

ترجمہ: اور وہ (یہود) یہ (بھی) کہتے ہیں کہ ہمیں (دوزخ کی) آگ ہرگز نہیں چھوئے گی سوائے گنتی کے چند دنوں کے، (ذرا)

آپ (ان سے) پوچھیں کیا تم اللہ سے کوئی (ایسا) وعدہ لے چکے ہو؟ پھر تو وہ اپنے وعدے کے خلاف ہرگز نہ کرے گا یا تم اللہ پر یونہی (وہ) بہتان باندھتے ہو جو تم خود بھی نہیں جانتےo

And they (the Jews also) say: 'The Fire (of Hell) shall not touch us except for a small number of days.' (Just) ask (them): 'Have you obtained (such) a promise from Allah? Then He will never violate His promise. Or do you inadvertently make (such an) allegation against Allah that you do not know yourselves?'

بَلَى مَن كَسَبَ سَيِّئَةً وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ فَأُوْلَـئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (81)

ترجمہ: ہاں واقعی جس نے برائی اختیار کی اور اس کے گناہوں نے اس کو ہر طرف سے گھیر لیا تو وہ لوگ دوزخی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

Of course, he who adopts evil and is encompassed by his sins, it is they who are the inmates of Hell. They are its permanent residents.

وَالَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ الصَّالِحَاتِ أُولَـئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ (82)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور (انہوں نے) نیک عمل کئے تو وہ لوگ جنتی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیںo

And those who have believed and have done pious deeds, it is they who are the inhabitants of Paradise. They shall live there forever.

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِيۤ إِسْرَائِيلَ لاَ تَعْبُدُونَ إِلاَّ اللّهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَاناً وَذِي الْقُرْبَى وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسْناً وَأَقِيمُواْ الصَّلاَةَ وَآتُواْ الزَّكَاةَ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلاَّ قَلِيلاً مِّنكُمْ وَأَنتُم مُّعْرِضُونَ (83)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ہم نے اولادِ یعقوب سے پختہ وعدہ لیا کہ اللہ کے سوا (کسی اور کی) عبادت نہ کرنا، اور ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنا اور قرابت داروں اور یتیموں اور محتاجوں کے ساتھ بھی (بھلائی کرنا) اور عام لوگوں سے (بھی نرمی اور خوش خُلقی کے ساتھ) نیکی کی بات کہنا اور نماز قائم رکھنا اور زکوٰۃ دیتے رہنا، پھر تم میں چند لوگوں کے سوا سارے (اس عہد سے) رُوگرداں ہو گئے اور تم (حق سے) گریز ہی کرنے والے ہوo

And (remember) when We took a firm promise from the Children of Ya'qub (Jacob): 'Do not worship (anyone) besides Allah, and be kind to the parents and (do good to) the kindred and orphans and the needy. And (also) talk of piety to the common people (in a polite and pleasant manner). And establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due).' Then, all the rest of you, except a few, turned back (from the promise) and you are but averse (to the truth).

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ لاَ تَسْفِكُونَ دِمَاءكُمْ وَلاَ تُخْرِجُونَ أَنفُسَكُم مِّن دِيَارِكُمْ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ (84)

ترجمہ: اور جب ہم نے تم سے (یہ) پختہ عہد (بھی) لیا کہ تم (آپس میں) ایک دوسرے کا خون نہیں بہاؤ گے اور نہ اپنے لوگوں کو (اپنے گھروں اور بستیوں سے نکال کر) جلا وطن کرو گے پھر تم نے (اس امر کا) اقرار کر لیا اور تم (اس کی) گواہی (بھی) دیتے رہےo

And when We took from you (this) solemn covenant (as well): 'You shall not shed one another's blood (amongst yourselves), nor shall you expel your people (from their homes and townships).' Then you agreed (to implement it)

and you (also) bear witness (to it).

ثُـمَّ أَنتُـمْ هَـؤُلاء تَقْتُلُونَ أَنفُسَكُمْ وَتُخْرِجُونَ فَرِيقاً مِّنكُم مِّن دِيَارِهِمْ تَظَاهَرُونَ عَلَيْهِم بِالإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَإِن يَأْتُوكُمْ أُسَـارَى تُفَادُوهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَاء مَن يَفْعَلُ ذَلِكَ مِنكُمْ إِلاَّ خِزْيٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَى أَشَدِّ الْعَذَابِ وَمَا اللّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ **(85)**

ترجمہ: پھر تم ہی وہ لوگ ہو کہ اپنوں کو قتل کر رہے ہو اور اپنے ہی ایک گروہ کو ان کے وطن سے باہر نکال رہے ہو اور (مستزاد یہ کہ) ان کے خلاف گناہ اور زیادتی کے ساتھ (ان کے دشمنوں کی) مدد بھی کرتے ہو اور اگر وہ قیدی ہو کر تمہارے پاس آ جائیں تو ان کا فدیہ دے کر چھڑا لیتے ہو (تاکہ وہ تمہارے احسان مند رہیں) حالانکہ ان کا وطن سے نکالا جانا بھی تم پر حرام کر دیا گیا تھا، کیا تم کتاب کے بعض حصوں پر ایمان رکھتے ہو اور بعض کا انکار کرتے ہو؟ پس تم میں سے جو شخص ایسا کرے اس کی کیا سزا ہو سکتی ہے سوائے اس کے کہ دنیا کی زندگی میں ذلّت (اور رُسوائی) ہو، اور قیامت کے دن (بھی ایسے لوگ) سخت ترین عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے، اور اللہ تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں o

Yet it is you who are killing your own people and banishing a section of your own folk from their homeland, and (furthermore) helping (their enemies) with sin and transgression against them. And if they come to you as captives, you ransom their release (so that they remain obliged to you), whereas it was forbidden to you to exile them from their homeland. Do you believe in some parts of the Book and deny some others? So he who does so from amongst you, what can be his punishment but disgrace (and humiliation) in the worldly life? And (also) on the Day of Resurrection, (such people) will be returned to the most ruthless torment. And Allah is not unaware of your deeds.

أُولَـئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُاْ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالآخِرَةِ فَلاَ يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلاَ هُمْ يُنصَرُونَ **(86)**

ترجمہ: یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے میں دنیا کی زندگی خرید لی ہے، پس نہ ان پر سے عذاب ہلکا کیا جائے گا اور نہ ہی ان کو مدد دی جائے گی o

It is they who have purchased the worldly life for the Hereafter. So neither will their torment be lessened, nor will they be helped.

وَلَـقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَقَفَّيْنَا مِن بَعْدِهِ بِالرُّسُلِ وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنَاتِ وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ أَفَكُلَّمَا جَاءكُمْ رَسُولٌ بِمَا لاَ تَهْوَى أَنفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ فَفَرِيقاً كَذَّبْتُمْ وَفَرِيقاً تَقْتُلُونَ **(87)**

ترجمہ: اور بیشک ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب (تورات) عطا کی اور ان کے بعد ہم نے پے در پے (بہت سے) پیغمبر بھیجے، اور ہم نے مریم (علیہا السلام) کے فرزند عیسیٰ (علیہ السلام) کو (بھی) روشن نچانیاں عطا کیں اور ہم نے پاک روح کے ذریعے ان کی تائید (اور مدد) کی، تو کیا (ہوا) جب بھی کوئی پیغمبر تمہارے پاس وہ (احکام) لایا جنہیں تمہارے نفس پسند نہیں کرتے تھے تو تم (وہیں) اکڑ گئے اور بعضوں کو تم نے جھٹلایا اور بعضوں کو تم قتل کرنے لگے o

And surely We gave Musa (Moses) the Book (the Torah) and sent (many) Messengers after him in succession. And We also gave 'Isa, the son of Maryam,

(Jesus, the son of Mary,) luminous signs and strengthened (and supported) him by means of the Holy Spirit. But (what followed is that) whenever a Messenger brought you (the commandments) your (ill-commanding) selves disliked, you adamantly resisted there and then. You belied some of them and started killing others.

وَقَالُواْ قُلُوبُنَا غُلْفٌ بَل لَّعَنَهُمُ اللّهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيلاً مَّا يُؤْمِنُونَ (88)

ترجمہ: اور یہودیوں نے کہا: ہمارے دلوں پر غلاف ہیں، (ایسا نہیں) بلکہ ان کے کفر کے باعث اللہ نے ان پر لعنت کر دی ہے سو وہ بہت ہی کم ایمان رکھتے ہیںo

And the Jews said: 'Our hearts are wrapped up in covers.' (Nay) but Allah has cursed them for their revolt against faith. So, little do they believe.

وَلَمَّا جَاءهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِندِ اللّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ وَكَانُواْ مِن قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُواْ فَلَمَّا جَاءهُم مَّا عَرَفُواْ كَفَرُواْ بِهِ فَلَعْنَةُ اللّهِ عَلَى الْكَافِرِينَ (89)

ترجمہ: اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے وہ کتاب (قرآن) آئی جو اس کتاب (تورات) کی (اصلاً) تصدیق کرنے والی ہے جو ان کے پاس موجود تھی، حالانکہ اس سے پہلے وہ خود (نبی آخر الزماں حضرت محمد ﷺ اور ان پر اترنے والی کتاب ''قرآن'' کے وسیلے سے) کافروں پر فتحیابی (کی دعا) مانگتے تھے، سو جب ان کے پاس وہی نبی (حضرت محمد ﷺ اپنے اوپر نازل ہونے والی کتاب 'قرآن' کے ساتھ) تشریف لے آیا جسے وہ (پہلے ہی سے) پہچانتے تھے تو اسی کے منکر ہو گئے، پس (ایسے دانستہ) انکار کرنیوالوں پر اللہ کی لعنت ہےo

And when the Book (the Qur'an) came to them from Allah which (originally) validates that Book (the Torah) which was with them, whereas, before this, they themselves used to pray for victory over the disbelievers (through the intermediation of the Last Prophet, Muhammad, [blessings and peace be upon him] and the Holy Qur'an revealed to him), but when came to them the same Prophet (Muhammad [blessings and peace be upon him] along with the Book revealed to him, the Qur'an) whom they had (already) recognized, they denied him. So Allah's curse is upon such (deliberate) disbelievers.

بِئْسَمَا اشْتَرَوْاْ بِهِ أَنفُسَهُمْ أَن يَكْفُرُواْ بِمَا أَنزَلَ اللّهُ بَغْيًا أَن يُنَزِّلُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ عَلَى مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ فَبَآؤُواْ بِغَضَبٍ عَلَى غَضَبٍ وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ مُّهِينٌ (90)

ترجمہ: انہوں نے اپنی جانوں کا کیا برا سودا کیا کہ اللہ کی نازل کردہ کتاب کا انکار کر رہے ہیں، محض اس حسد میں کہ اللہ اپنے فضل سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے (وحی) نازل فرماتا ہے، پس وہ غضب در غضب کے سزاوار ہوئے، اور کافروں کے لئے ذلّت انگیز عذاب ہےo

How evil a bargain they made in exchange for their lives: that they deny the Book revealed by Allah merely begrudging that Allah bestows (His Revelation) out of His bounty upon any of His servants He wills. So they earned manifold

wrath of Allah, and there is a humiliating torment for the disbelievers.

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُواْ بِمَا أَنزَلَ اللّهُ قَالُواْ نُؤْمِنُ بِمَا أُنزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرونَ بِمَا وَرَاءهُ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقاً لِّمَا مَعَهُمْ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُونَ أَنبِيَاءَ اللّهِ مِن قَبْلُ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (91)

ترجمہ: اور جب ان سے کہا جاتا ہے اس (کتاب) پر ایمان لاؤ جسے اللہ نے (اب) نازل فرمایا ہے (تو) کہتے ہیں: ہم صرف اس (کتاب) پر ایمان رکھتے ہیں جو ہم پر نازل کی گئی، اور وہ اس کے علاوہ کا انکار کرتے ہیں، حالانکہ وہ (قرآن بھی) حق ہے (اور) اس (کتاب) کی (بھی) تصدیق کرتا ہے جو ان کے پاس ہے، آپ (ان سے) دریافت فرمائیں کہ پھر تم اس سے پہلے انبیاء کو کیوں قتل کرتے رہے ہو اگر تم (واقعی اپنی ہی کتاب پر) ایمان رکھتے تھےo

And when it is said to them: 'Believe in this (Book) which Allah has (now) revealed,' they say: 'We believe only in that (Book) which was revealed to us,' and they deny all other than that, whereas this (Qur'an) is (also) the truth, (and) confirms that (Book as well) which they possess. Ask (them): 'Then why have you been killing the Prophets of Allah before this if you (really) believe (but in your own Book)?'

وَلَقَدْ جَاءكُم مُّوسَى بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ (92)

ترجمہ: اور (صورت حال یہ ہے کہ) تمہارے پاس (خود) موسیٰ (علیہ السلام) کھلی نشانیاں لائے پھر تم نے ان کے پیچھے بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم (حقیقت میں) ہو ہی جفا کارo

And (the fact remains that) Musa ([Moses] himself) brought you clear signs. Then you took the calf as god after him. And you are but wicked (without any doubt).

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُواْ مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُواْ قَالُواْ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَأُشْرِبُواْ فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُم بِهِ إِيمَانُكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (93)

ترجمہ: اور جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا اور ہم نے تمہارے اوپر طور کو اٹھا کھڑا کیا (یہ فرما کر کہ) اس (کتاب) کو مضبوطی سے تھامے رکھو جو ہم نے تمہیں عطا کی ہے اور (ہمارا حکم) سنو، تو (تمہارے بڑوں نے) کہا: ہم نے سن لیا مگر مانا نہیں، اور ان کے دلوں میں ان کے کفر کے باعث بچھڑے کی محبت رچا دی گئی تھی، (اے محبوب! انہیں) بتا دیں یہ باتیں بہت (ہی) بری ہیں جن کا حکم تمہیں تمہارا (نام نہاد) ایمان دے رہا ہے اگر (تم واقعتہً ان پر) ایمان رکھتے ہوo

And when We took a firm promise from you, and We raised the Mount of Sinai high above you, (saying): 'Hold fast to this (Book) which We have given you and listen (to Our commandment).' Then (your chiefs) said: 'We have heard but disobeyed.' And owing to their revolt against faith, their hearts were imbued with the love of the calf. (O Beloved) say (to them): 'These utterances are (most) vile which your (so-called) faith commands you if you believe (in them truly).'

قُلْ إِن كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الآخِرَةُ عِندَ اللّهِ خَالِصَةً مِّن دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُاْ الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (94)

ترجمہ: آپ فرمادیں: اگر آخرت کا گھر اللہ کے نزدیک صرف تمہارے لئے ہی مخصوص ہے اور لوگوں کے لئے نہیں تو تم (بے دھڑک) موت کی آرزو کرو اگر تم (اپنے خیال میں) سچے ہوo

Say: 'If in the sight of Allah the dwelling in the Hereafter is reserved for you alone, and not for others, then long for death (without any fear) if (you presume) you are truthful.'

وَلَن يَتَمَنَّوْهُ أَبَداً بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِيْنَ (95)

ترجمہ: وہ ہرگز کبھی بھی اس کی آرزو نہیں کریں گے ان گناہوں (اور مظالم) کے باعث جو ان کے ہاتھ آگے بھیج چکے ہیں (یا پہلے کر چکے ہیں) اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہےo

But they will never long for it because of the sins (and atrocities) their hands have sent ahead (or have committed already) and Allah knows the wrongdoers full well.

وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلَى حَيَاةٍ وَمِنَ الَّذِيْنَ أَشْرَكُواْ يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ أَن يُعَمَّرَ وَاللّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ (96)

ترجمہ: آپ انہیں یقیناً سب لوگوں سے زیادہ جینے کی ہوس میں مبتلا پائیں گے اور (یہاں تک کہ) مشرکوں سے بھی زیادہ، ان میں سے ہر ایک چاہتا ہے کہ کاش اسے ہزار برس کی عمر مل جائے، اگر اسے اتنی عمر مل بھی جائے، تو بھی یہ اسے عذاب سے بچانے والی نہیں ہو سکتی، اور اللہ ان کے اعمال کو خوب دیکھ رہا ہےo

And you will certainly find them the most ambitious of mankind for longevity, (even) more than the polytheists aspire to attain. Each one of them desires that he should be granted life of a thousand years. But even if he is granted that, such a prolonged life cannot save him from the torment. And Allah is monitoring their deeds minutely.

أَوَكُلَّمَا عَاهَدُواْ عَهْداً نَّبَذَهُ فَرِيقٌ مِّنْهُم بَلْ أَكْثَرُهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (100)

ترجمہ: اور کیا (ایسا نہیں کہ) جب بھی انہوں نے کوئی عہد کیا تو ان میں سے ایک گروہ نے اسے توڑ کر پھینک دیا، بلکہ ان میں سے اکثر ایمان ہی نہیں رکھتےo

And is it (not so) that every time they made a promise, a party of them disregarded it and threw it aside? The fact is that most of them do not believe.

وَاتَّبَعُواْ مَا تَتْلُواْ الشَّيَاطِيْنُ عَلَى مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَـكِنَّ الشَّيَاطِيْنَ كَفَرُواْ يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ حَتَّى يَقُولاَ إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلاَ تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ وَمَا هُم بِضَآرِّيْنَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلاَّ بِإِذْنِ اللّهِ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلاَ يَنفَعُهُمْ وَلَقَدْ عَلِمُواْ لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الآخِرَةِ مِنْ خَلاَقٍ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْاْ بِهِ أَنفُسَهُمْ لَوْ كَانُواْ يَعْلَمُونَ (102)

ترجمہ: اور وہ (یہود تو) اس چیز (یعنی جادو) کے پیچھے (بھی) لگ گئے تھے جو سلیمان (علیہ السلام) کے عہدِ حکومت میں شیاطین پڑھا کرتے تھے حالانکہ سلیمان (علیہ السلام) نے (کوئی) کفر نہیں کیا بلکہ کفر تو شیطانوں نے کیا جو لوگوں کو جادو سکھاتے تھے اور اس (جادو کے علم) کے پیچھے (بھی) لگ گئے جو شہر بابل میں ہاروت اور ماروت (نامی) دو فرشتوں پر اتارا گیا تھا، وہ دونوں کسی کو کچھ نہ سکھاتے تھے یہاں تک کہ کہہ دیتے کہ ہم تو محض آزمائش (کے لئے) ہیں سو تم (اس پر اعتقاد رکھ کر) کافر نہ بنو، اس کے باوجود وہ (یہودی) ان دونوں سے ایسا منتر سیکھتے تھے جس کے ذریعے شوہر اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈال دیتے، حالانکہ وہ اس کے ذریعے کسی کو بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے مگر اللہ ہی کے حکم سے اور یہ لوگ وہی چیزیں سیکھتے ہیں جو ان کے لئے ضرر رساں ہیں اور انہیں نفع نہیں پہنچاتیں اور انہیں (یہ بھی) یقیناً معلوم تھا کہ جو کوئی اس (کفریا جادو ٹونے) کا خریدار بنا اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں (ہوگا)، اور وہ بہت ہی بری چیز ہے جس کے بدلے میں انہوں نے اپنی جانوں (کی حقیقی بہتری یعنی اُخروی فلاح) کو بیچ ڈالا، کاش! وہ اس (سودے کی حقیقت) کو جانتےo

Moreover, they follow what the devils fabricated about the kingdom of Sulayman (Solomon). Not that Sulayman (Solomon) himself was faithless, but it was the devils who were faithless. They used to teach the people black magic and what was sent down upon the two angels named Harut and Marut in Babylon. Still, these two never taught anyone without first warning him, 'We are only a temptation (to test you); do not renounce your faith (by putting trust in black magic).' However, they learnt (the black magic) from both of them by which they could cause separation between husband and wife, although they harm no one with it except by Allah's Leave. They learn what harms them and does not profit them, though they certainly know that anyone who buys it has no share in the Hereafter. Most evil is that for which they sold their souls. Had they known (this)!

وَلَوْ أَنَّهُمْ آمَنُواْ وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِّنْ عِندِ اللّهِ خَيْرٌ لَّوْ كَانُواْ يَعْلَمُونَ (103)

ترجمہ: اور اگر وہ ایمان لے آتے اور پرہیزگاری اختیار کرتے تو اللہ کی بارگاہ سے (تھوڑا سا) ثواب (بھی ان سب چیزوں سے) کہیں بہتر ہوتا، کاش وہ (اس راز سے) آگاہ ہوتےo

But if they had believed and become Godfearing, (even a little) reward from Allah would have been far better (than all these things). If they but knew (this secret)!

مَّا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُواْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَلاَ الْمُشْرِكِينَ أَن يُنَزَّلَ عَلَيْكُم مِّنْ خَيْرٍ مِّن رَّبِّكُمْ وَاللّهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ (105)

ترجمہ: نہ وہ لوگ جو اہلِ کتاب میں سے کافر ہو گئے اور نہ ہی مشرکین اسے پسند کرتے ہیں کہ تمہارے رب کی طرف سے تم پر کوئی بھلائی اترے، اللہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہےo

Neither the disbelievers amongst the People of the Book nor the polytheists like that any blessing should descend upon you from your Lord. And Allah

especially chooses whom He pleases for His mercy. And Allah possesses infinite bounties.

وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّن بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّاراً حَسَداً مِّنْ عِندِ أَنفُسِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ فَاعْفُواْ وَاصْفَحُواْ حَتَّى يَأْتِيَ اللّهُ بِأَمْرِهِ إِنَّ اللّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (109)

ترجمہ: بہت سے اہلِ کتاب کی یہ خواہش ہے تمہارے ایمان لے آنے کے بعد پھر تمہیں کفر کی طرف لوٹا دیں، اس حسد کے باعث جو ان کے دلوں میں ہے اس کے باوجود کہ ان پر حق خوب ظاہر ہو چکا ہے، سو تم درگزر کرتے رہو اور نظر انداز کرتے رہو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم بھیج دے، بیشک اللہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہےo

Many of the People of the Book desire to turn you back to disbelief after you have believed because of the jealousy they have in their hearts, despite the fact that the truth has become evident to them. So keep forbearing and overlooking till Allah sends His command. Verily, Allah has (absolute) control over everything.

وَقَالُواْ لَن يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلاَّ مَن كَانَ هُوداً أَوْ نَصَارَى تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ قُلْ هَاتُواْ بُرْهَانَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (111)

ترجمہ: اور (اہلِ کتاب) کہتے ہیں کہ جنت میں ہرگز کوئی بھی داخل نہیں ہوگا سوائے اس کے کہ وہ یہودی ہو یا نصرانی، یہ ان کی باطل امیدیں ہیں، آپ فرما دیں کہ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو اپنی (اس خواہش پر) سند لاؤo

And (the People of the Book) say: 'No one will enter Paradise except he who is a Jew or a Christian.' These are their false hopes. Say: 'Produce your proof (in favour of this desire) if you are rightful (in your claim).'

وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصَارَى عَلَىَ شَيْءٍ وَقَالَتِ النَّصَارَى لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلَى شَيْءٍ وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ كَذَلِكَ قَالَ الَّذِينَ لاَ يَعْلَمُونَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ فَاللّهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُواْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (113)

ترجمہ: اور یہود کہتے ہیں کہ نصرانیوں کی بنیاد کسی شے (یعنی صحیح عقیدے) پر نہیں اور نصرانی کہتے ہیں کہ یہودیوں کی بنیاد کسی شے پر نہیں، حالانکہ وہ (سب اللہ کی نازل کردہ) کتاب پڑھتے ہیں، اسی طرح وہ (مشرک) لوگ جن کے پاس (سرے سے کوئی آسمانی) علم ہی نہیں وہ بھی انہی جیسی بات کرتے ہیں، پس اللہ ان کے درمیان قیامت کے دن اس معاملے میں (خود ہی) فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کرتے رہتے ہیںo

And the Jews say: 'The Christians do not have their base upon anything (i.e., sound faith),' and the Christians say: 'The Jews do not have their base upon anything,' yet they (all) read the Book (revealed by Allah). Likewise, they (the polytheists) who do not have any (heavenly) knowledge (at all) also make statements like theirs. So Allah will (Himself) judge between them on the Day of Resurrection in the matter in which they differ.

وَلَن تَرْضَى عَنكَ الْيَهُودُ وَلاَ النَّصَارَى حَتَّى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ قُلْ إِنَّ هُدَى اللّهِ هُوَ الْهُدَى وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءهُم بَعْدَ الَّذِي جَاءكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّهِ مِن وَلِيٍّ وَلاَ نَصِيرٍ (120)

ترجمہ: اور یہود و نصاریٰ آپ سے (اس وقت تک) ہرگز خوش نہیں ہوں گے جب تک آپ ان کے مذہب کی پیروی اختیار نہ کرلیں، آپ فرما دیں کہ بیشک اللہ کی (عطا کردہ) ہدایت ہی (حقیقی) ہدایت ہے، (امت کی تعلیم کے لئے فرمایا) اور اگر (بفرضِ محال) آپ نے اس علم کے بعد جو آپ کے پاس (اللہ کی طرف سے) آچکا ہے، ان کی خواہشات کی پیروی کی تو آپ کے لئے اللہ سے بچانے والا نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ کوئی مددگار o

And the Jews and the Christians shall, by no means, be pleased with you until you follow their religion. Say: 'Surely, the guidance (given) by Allah is the (only real) guidance.' (Said for the education of the Umma [the community]:) 'And, (supposing the impossible,) if you follow their desires after that knowledge which has come to you (from Allah), then there will not be any friend or helper for you to protect you from Allah.'

يَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِيْنَ (122)

ترجمہ: اے اولادِ یعقوب! میری اس نعمت کو یاد کرو جو میں تم پر ارزانی فرمائی اور (خصوصاً) یہ کہ میں نے تمہیں اس زمانے کے تمام لوگوں پر فضیلت عطا کی o

O Children of Ya'qub (Jacob)! Remember My favour that I bestowed upon you, and (especially) the supremacy which I awarded you over all the communities (of that age).

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْداً أَوْ نَصَارَى تَهْتَدُوْا قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفاً وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (135)

ترجمہ: اور (اہلِ کتاب) کہتے ہیں یہودی یا نصرانی ہو جاؤ ہدایت پا جاؤ گے، آپ فرما دیں کہ (نہیں) بلکہ ہم تو (اس) ابراہیم (علیہ السلام) کا دین اختیار کئے ہوئے ہیں جو ہر باطل سے جدا صرف اللہ کی طرف متوجہ تھے، اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے o

And (the People of the Book) say: 'Become Jews or Christians, then you will be guided aright.' Say: '(Nay,) the truth is that we have embraced the religion of Ibrahim (Abraham) who, far from every falsehood, turned absolutely to Allah alone. And he was not of the polytheists.'

أَمْ تَقُوْلُوْنَ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ وَإِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ وَالأَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْداً أَوْ نَصَارَى قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ أَمِ اللّٰهُ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهُ مِنَ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ (140)

ترجمہ: (اے اہلِ کتاب!) کیا تم یہ کہتے ہو کہ ابراہیم اور اسماعیل اور اسحٰق اور یعقوب (علیہ السلام) اور ان کے بیٹے یہودی یا نصرانی تھے، فرما دیں: کیا تم زیادہ جانتے ہو یا اللہ؟ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اس گواہی کو چھپائے جو اس کے پاس اللہ کی طرف سے (کتاب میں موجود) ہے، اور اللہ تمہارے کاموں سے بے خبر نہیں o

(O People of the Book!) Do you say that Ibrahim (Abraham), Isma'il (Ishmael), Ishaq (Isaac), Ya'qub (Jacob) and their sons were either Jews or Christians?' Say: 'Who knows better, you or Allah?' And who is more unjust than he who hides the testimony which is with him (in the Book) from Allah? And Allah is not unaware of your deeds.

تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُم مَّا كَسَبْتُمْ وَلاَ تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (141)

ترجمہ: وہ ایک جماعت تھی جو گزر چکی، جو اس نے کمایا وہ اس کے لئے تھا اور جو تم کماؤ گے وہ تمہارے لئے ہوگا، اور تم سے ان کے اعمال کی نسبت نہیں پوچھا جائے گا o

That was a community which has passed. For them is what they earned and for you is what you will earn. And you will not be asked about their deeds.

سَلْ بَنِيۤ إِسْرَائِيلَ كَمْ آتَيْنَاهُم مِّنْ آيَةٍ بَيِّنَةٍ وَمَن يُبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُ فَإِنَّ اللّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ (211)

ترجمہ: آپ بنی اسرائیل سے پوچھ لیں کہ ہم نے انہیں کتنی واضح نشانیاں عطا کی تھیں، اور جو شخص اللہ کی نعمت کو اپنے پاس آ جانے کے بعد بدل ڈالے تو بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے o

Ask the Children of Israel how many a clear sign We gave them! But he who alters Allah's bounty after it has reached him, then Allah surely inflicts severe torment.

سورۃ العمران:

إِنَّ الدِّيْنَ عِندَ اللّهِ الإِسْلاَمُ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ أُوْتُواْ الْكِتَابَ إِلاَّ مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيَاً بَيْنَهُمْ وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللّهِ فَإِنَّ اللّهِ سَرِيْعُ الْحِسَابِ(19)

ترجمہ: بیشک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے اور اہلِ کتاب نے جو اپنے پاس علم آ جانے کے بعد اختلاف کیا وہ صرف باہمی حسد و عناد کے باعث تھا، اور جو کوئی اللہ کی آیتوں کا انکار کرے تو بیشک اللہ حساب میں جلدی فرمانے والا ہے o

Truly, Islam is the only Din (Religion) in Allah's sight. And the People of the Book disagreed, after knowledge had come to them, only on account of their mutual jealousy and contention. And he who denies Allah's revelations, then surely Allah hastens in calling to account.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ أُوْتُواْ نَصِيباً مِّنَ الْكِتَابِ يُدْعَوْنَ إِلَى كِتَابِ اللّهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلَّى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُم مُّعْرِضُونَ (23)

ترجمہ: کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں (علمِ) کتاب میں سے ایک حصہ دیا گیا وہ کتاب الٰہی کی طرف بلائے جاتے ہیں تاکہ وہ (کتاب) ان کے درمیان (نزاعات کا) فیصلہ کر دے تو پھر ان میں سے ایک طبقہ منہ پھیر لیتا ہے اور وہ روگردانی کرنے والے ہی ہیں o

Have you not seen those who were given a portion of (the knowledge of) the Book? They are invited towards the Book of Allah, so that it (the Book) gives judgment (on disputes) amongst them. Then, a party of them turn away and it is they who deviate.

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُواْ لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلاَّ أَيَّاماً مَّعْدُودَاتٍ وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (24)

ترجمہ: یہ (روگردانی کی جرأت) اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمیں گنتی کے چند دنوں کے سوا دوزخ کی آگ مس نہیں کرے گی، اور

وہ (اللہ پر) جو بہتان باندھے رہتے ہیں اس نے ان کو اپنے دین کے بارے میں فریب میں مبتلا کر دیا ہےo

This (courage to deviate) is because they say: 'The Fire of Hell will not touch us except for a few numbered days.' And the lies that they invent (about Allah) have deluded them with regard to their din (religion).

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْاْ إِلَى كَلَمَةٍ سَوَاء بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلاَّ نَعْبُدَ إِلاَّ اللّهَ وَلاَ نُشْرِكَ بِهِ شَيْئاً وَلاَ يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضاً أَرْبَاباً مِّن دُونِ اللّهِ فَإِن تَوَلَّوْاْ فَقُولُواْ اشْهَدُواْ بِأَنَّا مُسْلِمُونَ (64)

ترجمہ: آپ فرما دیں: اے اہلِ کتاب! تم اس بات کی طرف آ جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے، (وہ یہ) کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کریں گے اور ہم اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے اور ہم میں سے کوئی ایک دوسرے کو اللہ کے سوا رب نہیں بنائے گا، پھر اگر وہ روگردانی کریں تو کہہ دو کہ گواہ ہو جاؤ کہ ہم تو اللہ کے تابع فرمان (مسلمان) ہیںo

Say: 'O People of the Book, come to that matter which is common between us and you (namely that): we shall worship none other than Allah, and we shall not associate any partner with Him. Nor shall anyone of us take one another as Lords apart from Allah. Then if they turn away, say: Bear witness that we are but Allah's obedient servants (Muslims).'

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَآجُّونَ فِيْ إِبْرَاهِيمَ وَمَا أُنزِلَتِ التَّوْرَاةُ وَالإِنجِيلُ إِلاَّ مِن بَعْدِهِ أَفَلاَ تَعْقِلُونَ (65)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! تم ابراہیم (علیہ السلام) کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو (یعنی انہیں یہودی یا نصرانی کیوں ٹھہراتے ہو) حالانکہ تورات اور انجیل (جن پر تمہارے دونوں مذہبوں کی بنیاد ہے) تو نازل ہی ان کے بعد کی گئی تھیں، کیا تم (اتنی بھی) عقل نہیں رکھتےo

O People of the Book! Why do you dispute about Ibrahim ([Abraham] i.e., why do you regard him as a Jew or a Christian])? The truth is that the Torah and the Injil ([the Gospel] on which both your religions are based) were sent down after his time. Have you not even (this much) sense?

هَاأَنتُمْ هَؤُلاء حَاجَجْتُمْ فِيمَا لَكُم بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُم بِهِ عِلْمٌ وَاللّهُ يَعْلَمُ وَأَنتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ (66)

ترجمہ: سن لو! تم وہی لوگ ہو جو ان باتوں میں بھی جھگڑتے رہے ہو جن کا تمہیں (کچھ نہ کچھ) علم تھا مگر ان باتوں میں کیوں تکرار کرتے ہو جن کا تمہیں (سرے سے) کوئی علم ہی نہیں، اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتےo

Listen! You are the people who have also been disputing about matters of which you had (but some) knowledge. But why do you dispute about things of which you have no knowledge (at all)? And Allah knows but you do not know.

وَدَّت طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يُضِلُّونَكُمْ وَمَا يُضِلُّونَ إِلاَّ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ (69)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) اہلِ کتاب میں سے ایک گروہ تو (شدید) خواہش رکھتا ہے کہ کاش وہ تمہیں گمراہ کر سکیں، مگر وہ فقط اپنے آپ ہی کو گمراہی میں مبتلا کئے ہوئے ہیں اور انہیں (اس بات کا) شعور نہیںo

(O Muslims!) A section of the People of the Book (intensely) desire to,

somehow, lead you astray, but they have led astray only themselves whilst they have no sense (of it).

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ(70)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! تم اللہ کی آیتوں کا انکار کیوں کر رہے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو (یعنی تم اپنی کتابوں میں سب کچھ پڑھ چکے ہو)o

O People of the Book! Why are you denying Allah's Revelations whilst you bear witness yourselves (i.e., you have read everything in your Books)?

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَلْبِسُونَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ (71)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! تم حق کو باطل کے ساتھ کیوں خلط ملط کرتے ہو اور حق کو کیوں چھپاتے ہو حالانکہ تم جانتے ہوo

O People of the Book! Why do you confound the truth with falsehood, and why do you hide the truth whereas you know?

وَقَالَت طَّآئِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ آمِنُواْ بِالَّذِيَ أُنزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُواْ آخِرَهُ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (72)

ترجمہ: اور اہلِ کتاب کا ایک گروہ (لوگوں سے) کہتا ہے کہ تم اس کتاب (قرآن) پر جو مسلمانوں پر نازل کی گئی ہے دن چڑھے (یعنی صبح) ایمان لایا کرو اور شام کو انکار کر دیا کرو تاکہ (تمہیں دیکھ کر) وہ برگشتہ ہو جائیںo

And a section of the People of the Book say (to the people): 'Believe in the Book (Qur'an) which is sent down to Muslims in the morning, and deny it in the evening, so that (imitating you) they may also desert and turn about.

وَلاَ تُؤْمِنُواْ إِلاَّ لِمَن تَبِعَ دِيْنَكُمْ قُلْ إِنَّ الْهُدَى هُدَى اللّهِ أَن يُؤْتَى أَحَدٌ مِّثْلَ مَا أُوتِيْتُمْ أَوْ يُحَآجُّوكُمْ عِندَ رَبِّكُمْ قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّهِ يُؤْتِيْهِ مَن يَشَاءُ وَاللّهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (73)

ترجمہ: اور کسی کی بات نہ مانو سوائے اس شخص کے جو تمہارے (ہی) دین کا پیرو ہو، فرما دیں کہ بیشک ہدایت تو (فقط) ہدایتِ الٰہی ہے (اور اپنے لوگوں سے مزید کہتے ہیں کہ یہ بھی ہرگز نہ ماننا) کہ جیسی کتاب (یا دین) تمہیں دیا گیا اس جیسا اور کوئی بھی دیا جائے گا یا یہ کہ کوئی تمہارے رب کے پاس تمہارے خلاف حجت لا سکے گا، فرما دیں: بیشک فضل تو اللہ کے ہاتھ میں ہے، جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے، اور اللہ وسعت والا بڑے علم والا ہےo

And do not believe anyone but him who follows (only) your din (religion).' Say: 'Surely, the guidance is but the guidance of Allah (alone).' (And they further say to their people never to believe even this) that: 'The like of the Book (or din [religion]) given to you may also be given to anyone else, or that someone may give a plea against you before your Lord.' Say: 'Bounty is in the Hand of Allah; He bestows on whom He pleases and Allah is All-Embracing, All-Knowing.

وَمِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مَنْ إِن تَأْمَنْهُ بِقِنطَارٍ يُؤَدِّهِ إِلَيْكَ وَمِنْهُم مَّنْ إِن تَأْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لاَّ يُؤَدِّهِ إِلَيْكَ إِلاَّ مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِماً ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُواْ لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الأُمِّيِّيْنَ سَبِيْلٌ وَيَقُولُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (75)

ترجمہ: اور اہلِ کتاب میں ایسے بھی ہیں کہ اگر آپ اس کے پاس مال کا ڈھیر امانت رکھ دیں تو وہ آپ کو لوٹا دے گا اور انہی میں

ایسے بھی ہیں کہ اگر اس کے پاس ایک دینار امانت رکھ دیں تو آپ کو وہ بھی نہیں لوٹائے گا سوائے اس کے کہ آپ اس کے سر پر کھڑے رہیں، یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ ان پڑھوں کے میں معاملہ میں ہم پر کوئی مؤاخذہ نہیں، اور اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں اور انہیں خود (بھی) معلوم ہےo

And amongst the People of the Book there are a type that if you trust him with a heap of wealth, he will return it to you. And some amongst them are such that if you trust him with one dinar (a gold coin), he will not return it to you unless you keep standing over him. That is because they say: 'There is no blame on us in the matter of the illiterate.' And they fabricate a lie against Allah and they know it themselves (as well).

وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقاً يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ الْكِتَابِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِندِ اللّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى اللّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ (78)

ترجمہ: اور بے شک ان میں ایک گروہ ایسا بھی ہے جو کتاب پڑھتے ہوئے اپنی زبانوں کو مروڑ لیتے ہیں تاکہ تم ان کی الٹ پھیر کو بھی کتاب (کا حصّہ) سمجھو حالاں کہ وہ کتاب میں سے نہیں ہے، اور کہتے ہیں: یہ (سب) اللہ کی طرف سے ہے، اور وہ (ہرگز) اللہ کی طرف سے نہیں ہے، اور وہ اللہ پر جھوٹ گھڑتے ہیں اور (یہ) انہیں خود بھی معلوم ہےo

And there is indeed another section of them who, whilst reciting the Book, twist their tongues so that you may take their inverted expression as (part of) the Book, whereas it is not from the Book. And they say: 'It is (all) from Allah,' while it is not (at all) from Allah. They invent a lie against Allah and they know (it) themselves as well.

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ وَاللّهُ شَهِيدٌ عَلَى مَا تَعْمَلُونَ (98)

ترجمہ: فرما دیں: اے اہلِ کتاب! تم اللہ کی آیتوں کا انکار کیوں کرتے ہو، اور اللہ تمہارے کاموں کا مشاہدہ فرما رہا ہےo

Say: 'O People of the Book, why do you deny the Revelations of Allah? And Allah is observing your actions.'

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّهِ مَنْ آمَنَ تَبْغُونَهَا عِوَجاً وَأَنتُمْ شُهَدَاء وَمَا اللّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ (99)

ترجمہ: فرما دیں: اے اہلِ کتاب! جو شخص ایمان لے آیا ہے تم اسے اللہ کی راہ سے کیوں روکتے ہو، تم ان کی راہ میں بھی کجی چاہتے ہو حالانکہ تم (اس کے حق ہونے پر) خود گواہ ہو، اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہےo

Say: 'O People of the Book, why do you hinder the one who has embraced faith from Allah's path? You want to make their path crooked too, whilst you yourselves are witnesses (that it is straight). And Allah is not unaware of your doings.'

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِن تُطِيعُواْ فَرِيقاً مِّنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ يَرُدُّوكُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ كَافِرِينَ(100)

ترجمہ: اے ایمان والو! اگر تم اہلِ کتاب میں سے کسی گروہ کا بھی کہا نہ مانو گے تو وہ تمہارے ایمان (لانے) کے بعد پھر تمہیں کفر کی طرف لوٹا دیں گےo

O believers! If you obey any section of the People of the Book, they will turn you back to disbelief after you have (embraced) faith.

كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْراً لَّهُم مِّنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ (110)

ترجمہ: تم بہترین امت ہو جو سب لوگوں (کی راہنمائی) کے لئے ظاہر کی گئی ہے، تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو، اور اگر اہلِ کتاب بھی ایمان لے آتے تو یقیناً ان کے لئے بہتر ہوتا، ان میں سے کچھ ایمان والے بھی ہیں اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیںo

You are the best community brought forth for (the guidance of) mankind: you enjoin righteousness, forbid evil and believe in Allah. Had the People of the Book also embraced faith, that would certainly have been in their favour. There are some amongst them who believe, whilst the majority of them are disobedient.

لَن يَضُرُّوكُمْ إِلاَّ أَذًى وَإِن يُقَاتِلُوكُمْ يُوَلُّوكُمُ الأَدْبَارَ ثُمَّ لاَ يُنصَرُونَ (111)

ترجمہ: یہ لوگ ستانے کے سوا تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے، اور اگر یہ تم سے جنگ کریں تو تمہارے سامنے پیٹھ پھیر جائیں گے، پھر ان کی مدد (بھی) نہیں کی جائے گیo

They cannot do you any harm beyond offending; and if they fight you, they will turn their backs upon you; then they will not be helped (as well).

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ أَيْنَ مَا ثُقِفُواْ إِلاَّ بِحَبْلٍ مِّنَ اللّهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآؤُوا بِغَضَبٍ مِّنَ اللّهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُواْ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّهِ وَيَقْتُلُونَ الأَنبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ذَلِكَ بِمَا عَصَواْ وَّكَانُواْ يَعْتَدُونَ (112)

ترجمہ: وہ جہاں کہیں بھی پائے جائیں ان پر ذلت مسلط کر دی گئی ہے سوائے اس کے انہیں کہیں اللہ کے عہد سے یا لوگوں کے عہد سے (پناہ دے دی جائے) اور وہ اللہ کے غضب کے سزاوار ہوئے ہیں اور ان پر محتاجی مسلط کی گئی ہے، یہ اس لئے کہ وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے، کیونکہ وہ نافرمان ہو گئے تھے اور (سرکشی میں) حد سے بڑھ گئے تھےo

They are shut in humiliation wherever they may be found, except that they are (provided with shelter) under some promise with Allah or some bond with people. And they have earned Allah's wrath, and have been subjected to indigence consequent on their rejection of Allah's revelations and killing the Prophets unjustly, because they turned into rebels and exceeded all limits (in defiance).

لَيْسُواْ سَوَاء مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ أُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَتْلُونَ آيَاتِ اللّهِ آنَاء اللَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُونَ (113)

ترجمہ: یہ سب برابر نہیں ہیں، اہلِ کتاب میں سے کچھ لوگ حق پر (بھی) قائم ہیں وہ رات کی ساعتوں میں اللہ کی آیات کی تلاوت کرتے ہیں اور سربسجود رہتے ہیںo

They are not all alike. Some of the People of the Book are (also) firmly committed to the truth. They recite the Verses of Allah during the hours of

night, and remain in the state of prostration before their Lord.

يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ وَأُوْلَئِكَ مِنَ الصَّالِحِينَ (114)

ترجمہ: وہ اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے ہیں اور بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے منع کرتے ہیں اور نیک کاموں میں تیزی سے بڑھتے ہیں، اور یہی لوگ نیکوکاروں میں سے ہیں o

They believe in Allah and the Last Day and enjoin righteousness, and forbid evil, and they race to pious works. And it is they who are amongst the pious.

وَمَا يَفْعَلُواْ مِنْ خَيْرٍ فَلَن يُكْفَرُوهُ وَاللّهُ عَلِيمٌ بِالْمُتَّقِينَ(115)

ترجمہ: اور یہ لوگ جو نیک کام بھی کریں اس کی ناقدری نہیں کی جائے گی، اور اللہ پرہیزگاروں کو خوب جاننے والا ہے o

And whatever pious acts they do will not be disregarded; and Allah is Well Aware of those who guard against evil.

لَّقَدْ سَمِعَ اللّهُ قَوْلَ الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ فَقِيرٌ وَنَحْنُ أَغْنِيَاء سَنَكْتُبُ مَا قَالُواْ وَقَتْلَهُمُ الأَنبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَنَقُولُ ذُوقُواْ عَذَابَ الْحَرِيقِ (181)

ترجمہ: بیشک اللہ نے ان لوگوں کی بات سن لی جو کہتے ہیں کہ اللہ محتاج ہے اور ہم غنی ہیں، اب ہم ان کی ساری باتیں اور ان کا انبیاء کو ناحق قتل کرنا (بھی) لکھ رکھیں گے اور (روزِ قیامت) فرمائیں گے کہ (اب تم) جلا ڈالنے والے عذاب کا مزہ چکھو o

Allah has surely heard the remarks of those who say: 'Allah is indigent and we are rich.' We shall keep a written record of all that they say and their unjust killing of the Prophets (as well). And (on the Day of Resurrection) We shall say: '(Now you) taste the incinerating torment.'

ذَلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللّهَ لَيْسَ بِظَلاَّمٍ لِّلْعَبِيدِ (182)

ترجمہ: یہ ان اعمال کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھ خود آگے بھیج چکے ہیں اور بیشک اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے o

This is the recompense of your deeds that your hands have forwarded ahead, and indeed Allah does not do injustice to servants.

الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ عَهِدَ إِلَيْنَا أَلاَّ نُؤْمِنَ لِرَسُولٍ حَتَّىَ يَأْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَأْكُلُهُ النَّارُ قُلْ قَدْ جَاءكُمْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِي بِالْبَيِّنَاتِ وَبِالَّذِي قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوهُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (183)

ترجمہ: جو لوگ (یعنی یہود حیلہ جوئی کے طور پر) یہ کہتے ہیں کہ اللہ نے ہمیں یہ حکم بھیجا تھا کہ ہم کسی پیغمبر پر ایمان نہ لائیں جب تک وہ (اپنی رسالت کے ثبوت میں) ایسی قربانی نہ لائے جسے آگ (آ کر) کھا جائے، آپ (ان سے) فرما دیں: بیشک مجھ سے پہلے بہت سے رسول واضح نشانیاں لے کر آئے اور اس نشانی کے ساتھ بھی (آئے) جو تم کہہ رہے ہو تو (اس کے باوجود) تم نے انہیں شہید کیوں کیا اگر تم (اتنے ہی) سچے ہو o

The people (Jews) who say (as a justification): 'Allah sent us the command not to put faith in any Messenger unless he (to prove his Messengership) brings us an offering that the fire will devour.' Say (to them): 'Certainly, many Messengers

with evident signs preceded me and also (came) with the sign which you speak of. Then (despite that) why did you martyr them if you are (so) truthful?'

وَإِذَ أَخَذَ اللّٰهُ مِيثَاقَ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلاَ تَكْتُمُونَهُ فَنَبَذُوهُ وَرَاء ظُهُورِهِمْ وَاشْتَرَوْاْ بِهِ ثَمَناً قَلِيْلاً فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ (187)

ترجمہ: اور جب اللہ نے ان لوگوں سے پختہ وعدہ لیا جنہیں کتاب عطا کی گئی تھی کہ تم ضرور اسے لوگوں سے صاف صاف بیان کرو گے اور (جو کچھ اس میں بیان ہوا ہے) اسے نہیں چھپاؤ گے تو انہوں نے اس عہد کو پسِ پشت ڈال دیا اور اس کے بدلے تھوڑی سی قیمت وصول کر لی، سو یہ ان کی بہت ہی بُری خریداری ہےo

And (remember) when Allah took a firm promise from those who were given the Book: 'You shall communicate it clearly and plainly to the people and shall not hide (whatever is described in it),' they cast this promise behind their backs and sold it for a paltry price. This is an extremely evil transaction on their part.

لاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُونَ بِمَا أَتَواْ وَّيُحِبُّونَ أَن يُحْمَدُواْ بِمَا لَمْ يَفْعَلُواْ فَلاَ تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (188)

ترجمہ: آپ ایسے لوگوں کو ہرگز (نجات پانے والا) خیال نہ کریں جو اپنی کارستانیوں پر خوش ہو رہے ہیں اور ناکردہ اعمال پر بھی اپنی تعریف کے خواہش مند ہیں (دوبارہ تاکید کے لئے فرمایا) پس آپ انہیں ہرگز عذاب سے نجات پانے والا نہ سمجھیں، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہےo

Never regard those (as the emancipated ones) who rejoice over their crooked works and want to be praised for the deeds that they have never done. (Proclaimed for emphasis:) Never think that they are delivered from punishment; and for them is an awful torment.

وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَن يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِيْنَ لِلّٰهِ لاَ يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللّٰهِ ثَمَناً قَلِيْلاً أُوْلَـئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ إِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ (199)

ترجمہ: اور بیشک کچھ اہلِ کتاب ایسے بھی ہیں جو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور اس کتاب پر بھی (ایمان لاتے ہیں) جو تمہاری طرف نازل کی گئی ہے اور جو ان کی طرف نازل کی گئی اور ان کے دل اللہ کے حضور جھکے رہتے ہیں اور اللہ کی آیتوں کے عوض قلیل دام وصول نہیں کرتے، یہ وہ لوگ ہیں جن کا اجر ان کے رب کے پاس ہے، بیشک اللہ حساب میں جلدی فرمانے والا ہےo

And indeed, some People of the Book are such that they believe in Allah, and also (have faith in) the Book that has been revealed to you, and the one which was sent down to them. Their hearts remain subdued before Allah. And they do not receive a paltry price for the Revelations of Allah. They are the ones whose reward lies with their Lord. Indeed, Allah is Swift at reckoning.

سورۃ انساء:

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ أُوتُواْ نَصِيباً مِّنَ الْكِتَابِ يَشْتَرُونَ الضَّلاَلَةَ وَيُرِيْدُونَ أَن تَضِلُّواْ السَّبِيْلَ(44)

ترجمہ: کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں (آسمانی) کتاب کا ایک حصہ عطا کیا گیا وہ گمراہی خریدتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم (بھی) سیدھے راستے سے بہک جاؤo

Have you not seen those who were given a portion of the (revealed) Book? They buy misguidance, and want you (also) to turn away from the straight path.

مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُواْ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِ وَيَقُولُونَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَرَاعِنَا لَيّاً بِأَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْناً فِيْ الدِّيْنِ وَلَوْ أَنَّهُمْ قَالُواْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانظُرْنَا لَكَانَ خَيْراً لَّهُمْ وَأَقْوَمَ وَلَكِن لَّعَنَهُمُ اللّهُ بِكُفْرِهِمْ فَلاَ يُؤْمِنُونَ إِلاَّ قَلِيْلاً (46)

ترجمہ: اور کچھ یہودی (تورات کے) کلمات کو اپنے (اصل) مقامات سے پھیر دیتے ہیں اور کہتے ہیں ہم نے سن لیا اور نہیں مانا اور (یہ بھی کہتے ہیں) سنیئے! (معاذ اللہ) آپ سنوائے نہ جائیں اور اپنی زبانیں مروڑ کر دین میں طعنہ زنی کرتے ہوئے "رَاعِنَا" کہتے ہیں، اور اگر وہ لوگ (اس کی جگہ) یہ کہتے کہ ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اور (حضور! ہماری گزارش) سنئے اور ہماری طرف نظرِ (کرم) فرمایئے تو یہ اُن کے لئے بہتر ہوتا اور (یہ قول بھی) درست اور مناسب ہوتا، لیکن اللہ نے ان کے کفر کے باعث ان پر لعنت کی سو تھوڑے لوگوں کے سوا وہ ایمان نہیں لاتےo

And some amongst the Jews pervert the words (of the Torah) from their (original) places and say: 'We have heard but we disobey,' and (also say): 'Listen! (God forbid!) May you not be listened to,' and twisting their tongues, scoffing at Din (Religion) they say: 'Ra'ina.' And, (instead,) if they had said: 'We have heard and obeyed,' and '(Your Eminence! Please) give audience (to our request), and bless us with a (benevolent and kind) look,' that would have been better for them, and (this utterance) would have been right and appropriate (too); but Allah has cursed them owing to their disbelief. So they do not believe except a few.

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ آمِنُواْ بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقاً لِّمَا مَعَكُم مِّن قَبْلِ أَن نَّطْمِسَ وُجُوهاً فَنَرُدَّهَا عَلَى أَدْبَارِهَا أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ وَكَانَ أَمْرُ اللّهِ مَفْعُولاً (47)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! اس (کتاب) پر ایمان لاؤ جو ہم نے (اب اپنے حبیب محمد ﷺ پر) اتاری ہے جو اس کتاب کی (اصلاً) تصدیق کرتی ہے جو تمہارے پاس ہے، اس سے قبل کہ ہم (بعض) چہروں (کے نقوش) کو مٹا دیں اور انہیں ان کی پشت کی حالت پر پھیر دیں یا ان پر اسی طرح لعنت کریں جیسے ہم نے ہفتہ کے دن (نافرمانی کرنے) والوں پر لعنت کی تھی اور اللہ کا حکم پورا ہو کر ہی رہتا ہےo

O People of the Book! Believe in that (Book) which We have revealed (now to

Our Beloved Muhammad [blessings and peace be upon him]) which (originally) confirms the Book that is with you, before We disfigure (features of some) faces and turn them on to their rear, or cast on them a curse like the one that We cast on those (who disobeyed) in the case of Sabbath. And the commandment of Allah is bound to be executed.

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّونَ أَنفُسَهُمْ بَلِ اللّهُ يُزَكِّي مَن يَشَاءُ وَلاَ يُظْلَمُونَ فَتِيلاً (49)

ترجمہ: کیا آپ نے ایسے لوگوں کو نہیں دیکھا جو خود کو پاک ظاہر کرتے ہیں، بلکہ اللہ ہی جسے چاہتا ہے پاک فرماتا ہے اور ان پر ایک دھاگے کے برابر بھی ظلم نہیں کیا جائے گا○

Have you not seen the people who show themselves off as pure? Nay, Allah is the One Who purifies whom He pleases, and they will not be wronged even equal to a thread.

انظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّهِ الكَذِبَ وَكَفَى بِهِ إِثْماً مُّبِيْناً (50)

ترجمہ: آپ دیکھئے وہ اللہ پر کیسے جھوٹا بہتان باندھتے ہیں، اور (ان کے عذاب کے لئے) یہی کھلا گناہ کافی ہے○

Look! How they invent a lie against Allah, and this manifest sin is sufficient (for afflicting them with torment)!

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ أُوتُواْ نَصِيباً مِّنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُونَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ وَيَقُولُونَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُواْ هَؤُلاء أَهْدَى مِنَ الَّذِيْنَ آمَنُواْ سَبِيْلاً(51)

ترجمہ: کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں (آسمانی) کتاب کا حصہ دیا گیا ہے (پھر بھی) وہ بتوں اور شیطان پر ایمان رکھتے ہیں اور کافروں کے بارے میں کہتے ہیں کہ مسلمانوں کی نسبت یہ (کافر) زیادہ سیدھی راہ پر ہیں○

Have you not seen those who have been given a portion of (the revealed) Book? (In spite of that) they believe in idols and Satan. And about the disbelievers they say: 'These (disbelievers) are better guided than the believers.'

أُولَـئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّهُ وَمَن يَلْعَنِ اللّهُ فَلَن تَجِدَ لَهُ نَصِيراً (52)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی، اور جس پر اللہ لعنت کرے تو اس کے لئے ہرگز کوئی مددگار نہ پائے گا○

These are the people whom Allah has cursed, and you will not find any helper at all for the one whom Allah curses.

أَمْ لَهُمْ نَصِيبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَإِذاً لاَّ يُؤْتُونَ النَّاسَ نَقِيراً (53)

ترجمہ: کیا ان کا سلطنت میں کچھ حصہ ہے؟ اگر ایسا ہو تو یہ (اپنے بخل کے باعث) لوگوں کو تل برابر بھی (کوئی چیز) نہیں دیں گے○

Have they any share in the kingdom? If so, they would not give (anything) to the people worth even a speck (because of their miserliness).

أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلَى مَا آتَاهُمُ اللّهُ مِن فَضْلِهِ فَقَدْ آتَيْنَا آلَ إِبْرَاهِيمَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَآتَيْنَاهُم مُّلْكاً عَظِيماً (54)

ترجمہ: کیا یہ (یہود) لوگوں (سے ان نعمتوں) پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا فرمائی ہیں، سو واقعی ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کے خاندان کو کتاب اور حکمت عطا کی اور ہم نے انہیں بڑی سلطنت بخشی o

Do they (the Jews) feel jealous of the people because of (the blessings) which Allah has conferred upon them of His bounty? So, surely, We have given the family of Ibrahim (Abraham) the Book and wisdom, and We also granted them a great kingdom.

فَمِنْهُم مَّنْ آمَنَ بِهِ وَمِنْهُم مَّن صَدَّ عَنْهُ وَكَفَى بِجَهَنَّمَ سَعِيراً (55)

ترجمہ: پس ان میں سے کوئی تو اس پر ایمان لے آیا اور ان میں سے کسی نے اس سے روگردانی کی، اور (روگردانی کرنے والے کے لئے) دوزخ کی بھڑکتی آگ کافی ہے o

So, some of them believed in it and some turned away from it, and enough is the blazing Fire of Hell (for those who turn away).

يَسْأَلُكَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَن تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتَاباً مِّنَ السَّمَاءِ فَقَدْ سَأَلُواْ مُوسَى أَكْبَرَ مِن ذَلِكَ فَقَالُواْ أَرِنَا اللّهِ جَهْرَةً فَأَخَذَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ثُمَّ اتَّخَذُواْ الْعِجْلَ مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ فَعَفَوْنَا عَن ذَلِكَ وَآتَيْنَا مُوسَى سُلْطَاناً مُّبِيناً (153)

ترجمہ: (اے حبیب!) آپ سے اہل کتاب سوال کرتے ہیں کہ آپ ان پر آسمان سے (ایک ہی دفعہ پوری لکھی ہوئی) کوئی کتاب اتار لائیں تو وہ موسیٰ (علیہ السلام) سے اس سے بھی بڑا سوال کر چکے ہیں، انہوں نے کہا تھا کہ ہمیں اللہ (کی ذات) کھلم کھلا دکھا دو پس ان کے (اس) ظلم (یعنی گستاخانہ سوال) کی وجہ سے انہیں آسمانی بجلی نے آ پکڑا (جس کے باعث وہ مر گئے، پھر موسیٰ علیہ السلام کی دعا سے زندہ ہوئے)، پھر انہوں نے بچھڑے کو (اپنا معبود) بنا لیا، اس کے بعد کہ ان کے پاس (حق کی نشاندہی کرنے والی) واضح نشانیاں آ چکی تھیں، پھر ہم نے اس (جرم) سے بھی درگزر کیا، اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (ان پر) واضح غلبہ عطا فرمایا o

(O Beloved!) The People of the Book ask you to bring down to them a Book from heaven (completely inscribed in one go). They asked Musa (Moses) for something even greater than that; they said: 'Show us Allah visibly (in Person).' So owing to (their) transgression (i.e., this denigrating demand), a thunderbolt seized them. (They died and were later raised to life by Musa's [Moses's] prayer.) Then they adopted the calf (as their god) after the clear signs (pointing to the truth) had reached them. Then We overlooked this (sin) as well, and bestowed upon Musa (Moses) a marked dominance over them.

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّورَ بِمِيثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُواْ الْبَابَ سُجَّداً وَقُلْنَا لَهُمْ لاَ تَعْدُواْ فِي السَّبْتِ وَأَخَذْنَا مِنْهُم مِّيثَاقاً غَلِيظاً (154)

ترجمہ: اور (جب یہود تورات کے احکام سے پھر انکاری ہو گئے تو) ہم نے ان سے (پختہ) عہد لینے کے لئے (کوہِ) طور کو ان

کے اوپر اٹھا (کر معلق کر) دیا، اور ہم نے ان سے فرمایا کہ تم (اس شہر کے) دروازے (یعنی بابِ ایلیاء) میں سجدۂ (شکر) کرتے ہوئے داخل ہونا، اور ہم نے ان سے (مزید) فرمایا کہ ہفتہ کے دن (مچھلی کے شکار کی ممانعت کے حکم) میں بھی تجاوز نہ کرنا، اور ہم نے ان سے بڑا تاکیدی عہد لیا تھاo

And (when the Jews again rejected the injunctions contained in the Torah,) We raised (and suspended Mount) Tur over them in order to take a (firm) promise from them. And We commanded them: 'Enter the gate (of this city-the Ailia gate) prostrate (in gratitude),' and We (also) said to them: 'Do not also violate the Sabbath (prohibition of fishing on Saturday), and We took from them a reiterated and firm promise.'

فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِم بِآيَاتِ اللّهِ وَقَتْلِهِمُ الأَنبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَقَوْلِهِمْ قُلُوبُنَا غُلْفٌ بَلْ طَبَعَ اللّهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلاَ يُؤْمِنُونَ إِلاَّ قَلِيْلاً (155)

ترجمہ: پس (انہیں جو سزائیں ملیں وہ) ان کی اپنی عہد شکنی پر اور آیاتِ الٰہی سے انکار (کے سبب) اور انبیاء کو ان کے ناحق قتل کر ڈالنے (کے باعث) نیز ان کی اس بات (کے سبب) سے کہ ہمارے دلوں پر غلاف (چڑھے ہوئے) ہیں، (حقیقت میں ایسا نہ تھا) بلکہ اللہ نے ان کے کفر کے باعث ان کے دلوں پر مُہر لگا دی ہے، سو وہ چند ایک کے سوا ایمان نہیں لائیں گےo

So (they were afflicted with punishments) because of their breaking the promise, rejecting the Revelations of Allah, killing the Prophets unjustly (and also owing to) their saying: 'Our hearts are (wrapped) in covers.' (Nay, that was not the truth;) the fact is that Allah has sealed their hearts due to their disbelief, so, except for a few, they will not accept faith;

وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَى مَرْيَمَ بُهْتَاناً عَظِيْماً (156)

ترجمہ: اور (مزید یہ کہ) ان کے (اس) کفر اور قول کے باعث جو انہوں نے مریم (علیہ السلام) پر زبردست بہتان لگایاo

And (moreover) due to their rejection of faith and uttering against Maryam (Mary) a grave calumny;

وَقَوْلِهِمْ إِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُولَ اللّهِ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَـكِن شُبِّهَ لَهُمْ وَإِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُواْ فِيْهِ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مَا لَهُم بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِلاَّ اتِّبَاعَ الظَّنِّ وَمَا قَتَلُوهُ يَقِيْناً (157)

ترجمہ: اور ان کے اس کہنے (یعنی فخریہ دعویٰ) کہ وجہ سے (بھی) کہ ہم نے اللہ کے رسول، مریم کے بیٹے عیسیٰ مسیح کو قتل کر ڈالا ہے، حالانکہ انہوں نے نہ ان کو قتل کیا اور نہ انہیں سولی چڑھایا مگر (ہوا یہ کہ) ان کے لئے (کسی کو عیسیٰ علیہ السلام کا) ہم شکل بنا دیا گیا، اور بیشک جو لوگ ان کے بارے میں اختلاف کر رہے ہیں وہ یقیناً اس (قتل کے حوالے) سے شک میں پڑے ہوئے ہیں، انہیں (حقیقتِ حال کا) کچھ بھی علم نہیں مگر یہ کہ گمان کی پیروی (کر رہے ہیں)، اور انہوں نے عیسیٰ (علیہ السلام) کو یقیناً قتل نہیں کیاo

And (also) because of their uttering (the boastful claim): 'We (have) killed Allah's Messenger, the Messiah, 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of

Mary),' whereas they neither killed nor crucified him. But (in truth) someone was made the like (of 'Isa-Jesus) in their view. But those who disagree about him have surely fallen prey to doubt (concerning) this (murder). They know nothing (what the truth is) except (that they are) following fancy. And they certainly did not murder 'Isa (Jesus).

بَل رَّفَعَهُ اللّهُ إِلَيْهِ وَكَانَ اللّهُ عَزِيزاً حَكِيماً (158)

ترجمہ: بلکہ اللہ نے انہیں اپنی طرف (آسمان پر) اٹھالیا، اور اللہ غالب حکمت والا ہےo

In fact, Allah lifted him up towards Himself (in heaven) and Allah is Almighty, Most Wise.

وَإِن مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلاَّ لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيداً (159)

ترجمہ: اور (قربِ قیامت نزولِ مسیح علیہ السلام کے وقت) اہل کتاب میں سے کوئی (فرد یا فرقہ) نہ رہے گا مگر وہ عیسیٰ (علیہ السلام) پر ان کی موت سے پہلے ضرور (صحیح طریقے سے) ایمان لے آئے گا، اور قیامت کے دن عیسیٰ (علیہ السلام) ان پر گواہ ہوں گےo

And, (shortly before the Last Hour at the time of the Messiah's descent,) there will not be any (individual or sect) of the People of the Book, but will (rightly) believe in 'Isa (Jesus) before his death; and 'Isa (Jesus) will bear witness to them on the Day of Resurrection.

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِينَ هَادُواْ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَن سَبِيلِ اللّهِ كَثِيراً (160)

ترجمہ: پھر یہودیوں کے ظلم ہی کی وجہ سے ہم نے ان پر (کئی) پاکیزہ چیزیں حرام کر دیں جو (پہلے) ان کے لئے حلال کی جا چکی تھیں، اور اس وجہ سے (بھی) کہ وہ (لوگوں کو) اللہ کی راہ سے بکثرت روکتے تھےo

Then on account of injustice on the part of the Jews, We made unlawful for them (many) pure provisions that had been made lawful for them (before), and (also) for the reason that they hindered (people) at a large scale from the path of Allah.

وَأَخْذِهِمُ الرِّبَا وَقَدْ نُهُواْ عَنْهُ وَأَكْلِهِمْ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ مِنْهُمْ عَذَاباً أَلِيماً (161)

ترجمہ: اور ان کے سود لینے کے سبب سے، حالانکہ وہ اس سے روکے گئے تھے، اور ان کے لوگوں کا ناحق مال کھانے کی وجہ سے (بھی انہیں سزا ملی)، اور ہم نے ان میں سے کافروں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہےo

And (also) because of their taking usury, despite that they were forbidden to do it, and because of their usurping others' wealth wrongfully (they were punished). And We have prepared a torturous torment for those of them who disbelieve.

لَّـكِنِ الرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلاَةَ وَالْمُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أُوْلَـئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْراً عَظِيماً(162)

ترجمہ: لیکن ان میں سے پختہ علم والے اور مومن لوگ اس (وحی) پر جو آپ کی طرف نازل کی گئی ہے اور اس (وحی) پر جو آپ سے پہلے نازل کی گئی (برابر) ایمان لاتے ہیں اور وہ (کتنے اچھے ہیں کہ) نماز قائم کرنے والے (ہیں) اور زکوٰۃ دینے والے (ہیں) اور اللہ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والے (ہیں) ایسے ہی لوگوں کو ہم عنقریب بڑا اجر عطا فرمائیں گےo

But those amongst them who possess substantial knowledge and faith (equally) believe in (the Revelation) that has been sent down to you and (the Revelation) that was sent down before you. And (how righteous they are!) they establish the Prayer regularly, and pay Zakat (the Alms-due) persistently, and keep faith in Allah and the Day of Resurrection. They are the ones whom We shall soon pay a mighty wage.

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ وَلَا تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِّنْهُ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ وَلَا تَقُولُوا ثَلَاثَةٌ انتَهُوا خَيْرًا لَّكُمْ إِنَّمَا اللَّهُ إِلَهٌ وَاحِدٌ سُبْحَانَهُ أَن يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَكَفَى بِاللَّهِ وَكِيلًا (171)

ترجمہ: اے اہل کتاب! تم اپنے دین میں حد سے زائد نہ بڑھو اور اللہ کی شان میں سچ کے سوا کچھ نہ کہو۔ حقیقت صرف یہ ہے کہ مسیح ابن مریم (علیہ السلام) اللہ کا رسول اور اس کا کلمہ ہے جسے اس نے مریم کی طرف پہنچا دیا اور اس (کی طرف) سے ایک روح ہے۔ پس تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور مت کہو کہ (معبود) تین ہیں، (اس عقیدہ سے) باز آ جاؤ، (یہ) تمہارے لئے بہتر ہے، بیشک اللہ ہی یکتا معبود ہے، وہ اس سے پاک ہے کہ اس کے لئے کوئی اولاد ہو، (سب کچھ) اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اللہ کا کارساز ہونا کافی ہےo

O People of the Book! Exceed not the limits in your din (religion), and speak nothing but the truth about Allah's glory. The fact is simple that the Messiah, 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) is Allah's Messenger and His Word which He conveyed to Maryam (Mary) and a Spirit from Him. So believe in Allah and His Messengers and do not say: 'There are three (Gods).' Refrain (from this belief); (that) is best for you. Verily, Allah is the Only One God, Holy is He, far above having a son. Whatever is in the heavens and whatever is in the earth (all) belongs to Him alone. And Sufficient is Allah as a Guardian.

سورۃ المائدہ:

الْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ وَطَعَامُ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِي أَخْدَانٍ وَمَن يَكْفُرْ بِالْإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ(5)

ترجمہ: آج تمہارے لئے پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں اور ان لوگوں کا ذبیحہ (بھی) جنہیں (الہامی) کتاب دی گئی تمہارے لئے حلال ہے اور تمہارا ذبیحہ ان کے لئے حلال ہے، اور (اسی طرح) پاک دامن مسلمان عورتیں اور ان لوگوں میں سے پاکدامن عورتیں جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی (تمہارے لئے حلال ہیں) جب کہ تم انہیں ان کے مہر ادا کر دو، (مگر شرط) یہ کہ تم

(انہیں) قیدِ نکاح میں لانے والے (عفت شعار) بنونہ کہ (محض ہوس رانی کی خاطر) اعلانیہ بدکاری کرنے والے اور نہ خفیہ آشنائی کرنے والے، اور جو شخص (احکام الٰہی پر) ایمان (لانے) سے انکار کرے تو اس کا سارا عمل برباد ہو گیا اور آخرت میں (بھی) نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگاo

This day, good and pure things have been made lawful for you. And the sacrificed animal of those given the (Revealed) Book is (also) lawful for you, whilst your sacrificed animal is lawful for them. And (likewise) chaste Muslim women as well as chaste women from amongst those given the Book before you (are lawful for you) when you have paid them their dower, (provided) you marry them for a conjugal life (adhering to chasteness and decency), and not for open lasciviousness (merely satisfying your lust), nor for secret love affairs. The one who denies faith (in the commandments of Allah), all his work is ruined, and he will (also) be amongst the losers in the Hereafter.

وَلَقَدْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ وَبَعَثْنَا مِنهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيباً وَقَالَ اللّٰهُ إِنِّيْ مَعَكُمْ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلاَةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ وَآمَنتُم بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضاً حَسَناً لَّأُكَفِّرَنَّ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ فَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَلِكَ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاء السَّبِيْلِ (12)

ترجمہ: اور بیشک اللہ نے بنی اسرائیل سے پختہ عہد لیا اور (اس کی تعمیل، تنفیذ اور نگہبانی کے لئے) ہم نے ان میں بارہ سردار مقرر کئے، اللہ نے (بنی اسرائیل سے) فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں (یعنی میری خصوصی مدد و نصرت تمہارے ساتھ رہے گی)، اگر تم نے نماز قائم رکھی اور تم زکوٰۃ دیتے رہے اور میرے رسولوں پر (ہمیشہ) ایمان لاتے رہے اور ان (کے پیغمبرانہ مشن) کی مدد کرتے رہے اور اللہ کو (اس کے دین کی حمایت و نصرت میں مال خرچ کر کے) قرضِ حسن دیتے رہے تو میں تم سے تمہارے گناہوں کو ضرور مٹا دوں گا اور تمہیں یقیناً ایسی جنتوں میں داخل کر دوں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، پھر اس کے بعد تم میں سے جس نے (بھی) کفر (یعنی عہد سے انحراف) کیا تو بیشک وہ سیدھی راہ سے بھٹک گیاo

And indeed, Allah took a firm promise from the Children of Israel, and We appointed amongst them twelve chieftains (for its fulfilment, enforcement and protection). And Allah said (to the Children of Israel): 'I am with you (i.e., My special support and reinforcement will escort you).' If you establish Prayer and pay Zakat (the Alms-due) consistently, and (always) adhere to believing in My Messengers, and furnish persistent support to their (Prophetic Mission), and lend Allah a handsome loan (for the financial support, promotion and prevalence of His Din [Religion]), I will certainly remove your sins from you, and will assuredly admit you to the Gardens with streams flowing beneath. Then, later, whoever from amongst you rejects faith (i.e., violates the promise) indeed strays from the straight path.

فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَاقَهُمْ لَعنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِ وَنَسُواْ حَظّاً مِّمَّا ذُكِّرُواْ بِهِ وَلاَ تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلَىَ خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ إِلاَّ قَلِيْلاً مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ(13)

ترجمہ: پھران کی اپنی عہد شکنی کی وجہ سے ہم نے ان پر لعنت کی (یعنی وہ ہماری رحمت سے محروم ہوگئے)، اور ہم نے ان کے دلوں کو سخت کر دیا (یعنی وہ ہدایت اور اثر پزیری سے محروم ہوگئے، چنانچہ) وہ لوگ (کتاب الٰہی کے) کلمات کو ان کے (صحیح) مقامات سے بدل دیتے ہیں اور اس (رہنمائی) کا ایک (بڑا) حصہ بھول گئے ہیں جس کی انہیں نصیحت کی گئی تھی، اور آپ ہمیشہ ان کی کسی نہ کسی خیانت پر مطلع ہوتے رہیں گے سوائے ان میں سے چند ایک کے (جو ایمان لا چکے ہیں) سو آپ انہیں معاف فرما دیجئے اور درگزر فرمائیے، بیشک اللہ احسان کرنے والوں کو پسند فرماتا ہےo

Then We laid Our curse on them because of their breach of promise (i.e., they were deprived of Our mercy), and We made their hearts callous (i.e., they were deprived of guidance and susceptibility. So,) they change the Words (of Allah's Book) from their (right) places, and have forgotten a (major) portion of that (guidance) which they were urged upon. And you will continue being informed about one or the other of their treachery, except a few of them (who have embraced faith). So pardon them and forbear. Indeed, Allah loves the benefactors.

وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُواْ إِنَّا نَصَارَى أَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُواْ حَظّاً مِّمَّا ذُكِّرُواْ بِهِ فَأَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاء إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّهُ بِمَا كَانُواْ يَصْنَعُونَ (14)

ترجمہ: اور ہم نے ان لوگوں سے (بھی اسی قسم کا) عہد لیا تھا جو کہتے ہیں ہم نصاریٰ ہیں، پھر وہ (بھی) اس (رہنمائی) کا ایک (بڑا) حصہ فراموش کر بیٹھے جس کی انہیں نصیحت کی گئی تھی۔ سو (اس بدعہدی کے باعث) ہم نے ان کے درمیان دشمنی اور کینہ روزِ قیامت تک ڈال دیا، اور عنقریب اللہ انہیں ان (اعمال کی حقیقت) سے آگاہ فرما دے گا جو کرتے رہتے تھےo

And We (also) took a (similar) promise from those who say: 'We are Christians.' Then they (too) forgot a (major) portion of that (guidance) which they were urged upon. So, (owing to this breach of promise,) We infected them with mutual hostility and spite till the Day of Resurrection. And Allah will soon unveil to them (the reality of the acts) which they used to perpetrate.

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْراً مِّمَّا كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَن كَثِيْرٍ قَدْ جَاءكُم مِّنَ اللّهِ نُورٌ وَكِتَابٌ مُّبِيْنٌ (15)

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! بیشک تمہارے پاس ہمارے (یہ) رسول (ﷺ) تشریف لائے ہیں جو تمہارے لئے بہت سی ایسی باتیں (واضح طور پر) ظاہر فرماتے ہیں جو تم کتاب میں چھپائے رکھتے تھے اور (تمہاری) بہت سی باتوں سے درگزر (بھی) فرماتے ہیں۔ بیشک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور (یعنی حضرت محمد ﷺ) آ گیا ہے اور ایک روشن کتاب (یعنی قرآن مجید)o

O People of the Book! Indeed, there has come to you Our Messenger who (clearly) unfolds to you many such things from the Book as you have been

concealing and who overlooks many of (your) wrongs (too). There has indeed come to you a light from Allah (i.e., Muhammad [blessings and peace be upon him]) and an Enlightening Book (i.e., the Holy Qur'an).

يَهْدِي بِهِ اللَّهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهُ سُبُلَ السَّلَامِ وَيُخْرِجُهُم مِّنِ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِهِ وَيَهْدِيهِمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (16)

ترجمہ: اللہ اس کے ذریعے ان لوگوں کو جو اس کی رضا کے پیرو ہیں، سلامتی کی راہوں کی ہدایت فرماتا ہے اور انہیں اپنے حکم سے (کفر و جہالت کی) تاریکیوں سے نکال کر (ایمان و ہدایت کی) روشنی کی طرف لے جاتا ہے اور انہیں سیدھی راہ کی سمت ہدایت فرماتا ہےo

By this Allah guides those who seek His pleasure to the paths to peace (and security), and takes them out of darkness (of ignorance and disbelief) by His command, and leads them to the light (of faith and guidance), and directs them towards the straight road.

لَّقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ مِنَ اللّهِ شَيْئاً إِنْ أَرَادَ أَن يُهْلِكَ الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَن فِي الأَرْضِ جَمِيعاً وَلِلّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ(17)

ترجمہ: بیشک ان لوگوں نے کفر کیا جو کہتے ہیں کہ یقیناً اللہ مسیح ابن مریم ہی (تو) ہے، آپ فرما دیں: پھر کون (ایسا شخص) ہے جو اللہ (کی مشیت میں) سے کسی شے کا مالک ہو؟ اگر وہ اس بات کا ارادہ فرما لے کہ مسیح ابن مریم اور اس کی ماں اور سب زمین والوں کو ہلاک فرما دے گا (تو اس فیصلے کے خلاف انہیں کون بچا سکتا ہے؟) اور آسمانوں اور زمین اور جو (کائنات) ان دونوں کے درمیان ہے (سب) کی بادشاہی اللہ ہی کے لئے ہے۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

They have indeed committed disbelief who say: 'Verily, Allah is (but) the Messiah, the son of Maryam (Mary).' Say: 'Who is then (the one) who can possess a bit (of the will) of Allah if He should so decide as to destroy Messiah, the son of Maryam, and his mother, and all that are on earth (who can save them against His will)?' And the sovereignty of the heavens, the earth and (the universe) that exists between them, (all) belongs to Allah alone. He creates what He wills and Allah has absolute power over everything.

وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى نَحْنُ أَبْنَاء اللّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم بَلْ أَنتُم بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ وَلِلّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ (18)

ترجمہ: اور یہود و نصاریٰ نے کہا: ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے محبوب ہیں۔ آپ فرما دیجئے (اگر تمہاری بات درست ہے) تو وہ تمہارے گناہوں پر تمہیں عذاب کیوں دیتا ہے؟ بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) جن (مخلوقات) کو اللہ نے پیدا کیا ہے تم (بھی) ان (ہی) میں سے بشر ہو (یعنی دیگر طبقاتِ انسانی ہی کی مانند ہو)، وہ جسے چاہے بخشش سے نوازتا ہے اور جسے چاہے عذاب سے دوچار کرتا ہے، اور آسمانوں اور زمین اور وہ (کائنات) جو دونوں کے درمیان ہے (سب) کی بادشاہی اللہ ہی کے لئے ہے اور (ہر ایک

کو) اس کی طرف پلٹ کر جانا ہےo

And the Jews and the Christians say: 'We are the sons of Allah and His beloved ones.' Say: '(If your statement is correct) then why does He punish you for your sins?' Rather (the truth is that) from amongst all (the Creation) Allah has brought into being, you (too) are (but) human beings (i.e., just like other human species). He forgives whom He pleases and chastises whom He wills. And the sovereignty of the heavens, the earth and (the universe) that exists between them, (all) belongs to Allah alone and to Him (everyone) has to return.

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلَى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ أَن تَقُولُواْ مَا جَاءنَا مِن بَشِيرٍ وَلاَ نَذِيرٍ فَقَدْ جَاءكُم بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ وَاللّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ **(19)**

ترجمہ: اے اہلِ کتاب! بیشک تمہارے پاس ہمارے (یہ آخر الزماں) رسول (ﷺ) پیغمبروں کے آمد (کے سلسلے) کے منقطع ہونے (کے موقع) پر تشریف لائے ہیں، جو تمہارے لئے (ہمارے احکام) خوب واضح کرتے ہیں، (اس لئے) کہ تم (عذر کرتے ہوئے یہ) کہہ دو گے کہ ہمارے پاس نہ (تو) کوئی خوشخبری سنانے والا آیا ہے اور نہ ڈر سنانے والا۔ (اب تمہارا یہ عذر بھی ختم ہو چکا ہے کیونکہ) بلاشبہ تمہارے پاس (آخری) خوشخبری سنانے اور ڈر سنانے والا (بھی) آ گیا ہے، اور اللہ ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

O People of the Book! Indeed, Our (Last) Prophet has come to you (at the juncture) when (the chain of) Messengers' succession is breaking off, and he expounds to you (Our commands and injunctions) with ample clarity, (because) you may (by way of excuse) say: 'There has come to us no Bearer of good news or a Warner.' (Now this excuse of yours has also lost ground because) undoubtedly, (the Final) Bearer of glad tidings and Warner has come to you, and Allah has absolute power over everything.

وَإِذْ قَالَ مُوسَى لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ اذْكُرُواْ نِعْمَةَ اللّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَعَلَ فِيكُمْ أَنبِيَاء وَجَعَلَكُم مُّلُوكاً وَآتَاكُم مَّا لَمْ يُؤْتِ أَحَداً مِّن الْعَالَمِينَ **(20)**

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کریں) جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم اپنے اوپر (کیا گیا) اللہ کا وہ انعام یاد کرو جب اس نے تم میں انبیاء پیدا فرمائے اور تمہیں بادشاہ بنایا اور تمہیں وہ (کچھ) عطا فرمایا جو (تمہارے زمانے میں) تمام جہانوں میں سے کسی کو نہیں دیا تھاo

And (recall) when Musa (Moses) said to his people: 'O my people! Recollect the blessing Allah (bestowed) upon you when He raised Prophets from amongst you, and made you kings and gave (so) much to you as He had not given to anyone else in all the worlds (in your contemporary period).

يَا قَوْمِ ادْخُلُوا الأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِي كَتَبَ اللّهُ لَكُمْ وَلاَ تَرْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ **(21)**

ترجمہ: اے میری قوم! (ملکِ شام یا بیت المقدس کی) اس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دی ہے اور اپنی پشت پر (پیچھے) نہ پلٹنا ورنہ تم نقصان اٹھانے والے بن کر پلٹو گےo

O my people! Enter the holy land (of Syria or Bayt al-Maqdis [Jerusalem]) which Allah has decreed for you, and do not turn back (in retreat), or you will turn back as losers.'

قَالُوا يَا مُوسَى إِنَّ فِيهَا قَوْماً جَبَّارِينَ وَإِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا حَتَّىَ يَخْرُجُواْ مِنْهَا فَإِن يَخْرُجُواْ مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ (22)

ترجمہ: انہوں نے (جواباً) کہا: اے موسیٰ! اس میں تو زبردست (ظالم) لوگ (رہتے) ہیں اور ہم اس میں ہرگز داخل نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ اس (زمین) سے نکل جائیں، پس اگر وہ یہاں سے نکل جائیں تو ہم ضرور داخل ہو جائیں گےo

They said (in reply): 'O Musa (Moses)! There are mighty (i.e., tyrant) people (living) therein, and we shall never enter this (land) until they leave it. So, if they depart from here, then we will certainly enter it.'

قَالَ رَجُلاَنِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْعَمَ اللّهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُواْ عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ وَعَلَى اللّهِ فَتَوَكَّلُواْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ(23)

ترجمہ: ان (چند) لوگوں میں سے جو (اللہ سے) ڈرتے تھے دو (ایسے) شخص بول اٹھے جن پر اللہ نے انعام فرمایا تھا (اپنی قوم سے کہنے لگے:) تم ان لوگوں پر (بلاخوف حملہ کرتے ہوئے شہر کے) دروازے سے داخل ہو جاؤ، سو جب تم اس (دروازے) میں داخل ہو جاؤ گے تو یقیناً تم غالب ہو جاؤ گے، اور اللہ ہی پر توکل کرو بشرطیکہ تم ایمان والے ہوo

Two men from amongst (a few) who feared (Allah) and whom Allah had favoured with His Blessing (said to their folk:) 'Enter the gate (of the city invading) these people (dauntlessly). Once you enter this (gate), you will certainly be victorious. And put your trust in Allah alone, provided you are people of faith.'

قَالُواْ يَا مُوسَى إِنَّا لَن نَّدْخُلَهَا أَبَداً مَّا دَامُواْ فِيهَا فَاذْهَبْ أَنتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ (24)

ترجمہ: انہوں نے کہا: اے موسیٰ! جب تک وہ لوگ اس (سرزمین) میں ہیں ہم ہرگز کبھی بھی وہاں داخل نہیں ہوں گے، پس تم جاؤ اور تمہارا رب (ساتھ جائے) سو تم دونوں (ہی ان سے) جنگ کرو، ہم تو یہیں بیٹھے ہیںo

They said: 'O Musa (Moses)! Never shall we enter this (land) so long as they are in it. So you (along with) your Lord go and fight; we are sitting right here.'

قَالَ رَبِّ إِنِّي لا أَمْلِكُ إِلاَّ نَفْسِي وَأَخِي فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ (25)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) عرض کیا: اے میرے رب! میں اپنی ذات اور اپنے بھائی (ہارون علیہ السلام) کے سوا (کسی پر) اختیار نہیں رکھتا پس تو ہمارے اور (اس) نافرمان قوم کے درمیان (اپنے حکم سے) جدائی فرما دےo

(Musa [Moses]) submitted: 'My Lord! I have no control (over anyone) except for myself and my brother (Harun [Aaron]). So put us apart from (these) wicked people (by Your command).'

قَالَ فَإِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً يَتِيهُونَ فِي الأَرْضِ فَلاَ تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ (26)

ترجمہ: (ربّ نے) فرمایا: پس یہ (سرزمین) ان (نافرمان) لوگوں پر چالیس سال تک حرام کر دی گئی ہے، یہ لوگ زمین میں

(پریشان حال) سرگرداں پھرتے رہیں گے، سو (اے موسیٰ! اب) اس نافرمان قوم (کے عبرتناک حال) پر افسوس نہ کرناo

(The Lord) said: 'So this (land) is forbidden to these (rebels) for forty years. (Anguished,) they will continue wandering around the earth in distraction. So grieve not, (O Musa [Moses],) over the (warning plight) of these disobedient and unruly people.'

مِنْ أَجْلِ ذَلِكَ كَتَبْنَا عَلَى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَنَّهُ مَن قَتَلَ نَفْساً بِغَيْرِ نَفْسٍ أَوْ فَسَادٍ فِيْ الْأَرْضِ فَكَأَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعاً وَمَنْ أَحْيَاهَا فَكَأَنَّمَا أَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعاً وَلَقَدْ جَاءتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنَاتِ ثُمَّ إِنَّ كَثِيْراً مِّنْهُم بَعْدَ ذَلِكَ فِيْ الْأَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ (32)

ترجمہ: اسی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر (نازل کی گئی تورات میں یہ حکم) لکھ دیا (تھا) کہ جس نے کسی شخص کو بغیر قصاص کے یا زمین میں فساد (پھیلانے یعنی خونریزی اور ڈاکہ زنی وغیرہ کی سزا) کے (بغیر ناحق) قتل کر دیا تو گویا اس نے معاشرے کے) تمام لوگوں کو قتل کر ڈالا اور جس نے اسے (ناحق مرنے سے بچا کر) زندہ رکھا تو گویا اس نے (معاشرے کے) تمام لوگوں کو زندہ رکھا (یعنی اس نے حیاتِ انسانی کا اجتماعی نظام بچا لیا)، اور بیشک ان کے پاس ہمارے رسول واضح نشانیاں لے کر آئے پھر (بھی) اس کے بعد ان میں سے اکثر لوگ یقیناً زمین میں حد سے تجاوز کرنے والے ہیںo

On account of this, We prescribed (this commandment in the Torah sent down) to the Children of Israel that whoever killed a person (unjustly), except as a punishment for murder or for (spreading) disorder in the land, it would be as if he killed all the people (of society); and whoever (saved him from unjust murder and) made him survive, it would be as if he saved the lives of all the people (of society, i.e., he rescued the collective system of human life). And indeed, Our Messengers came to them with evident signs. Yet, even after that, the majority from amongst these people are certainly those who commit excesses in the land.

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ لاَ يَحْزُنكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُونَ فِيْ الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُواْ آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِن قُلُوبُهُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُواْ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ سَمَّاعُونَ لِقَوْمٍ آخَرِيْنَ لَمْ يَأْتُوكَ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ مِن بَعْدِ مَوَاضِعِهِ يَقُولُونَ إِنْ أُوتِيْتُمْ هَذَا فَخُذُوهُ وَإِن لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُواْ وَمَن يُرِدِ اللّهُ فِتْنَتَهُ فَلَن تَمْلِكَ لَهُ مِنَ اللّهِ شَيْئاً أُوْلَـئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ لَهُمْ فِيْ الدُّنْيَا خِزْيٌ وَلَهُمْ فِيْ الآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ(41)

ترجمہ: اے رسول! وہ لوگ آپ کو رنجیدہ خاطر نہ کریں جو کفر میں تیزی (سے پیش قدمی) کرتے ہیں ان میں (ایک) وہ (منافق) ہیں جو اپنے منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لئے حالانکہ ان کے دل ایمان نہیں لائے، اور ان میں (دوسرے) یہودی ہیں (یہ) جھوٹی باتیں بنانے کے لئے (آپ کو) خوب سنتے ہیں (یہ حقیقت میں) دوسرے لوگوں کے لئے (جاسوسی کی خاطر) سننے والے ہیں جو (ابھی تک) آپ کے پاس نہیں آئے، (یہ وہ لوگ ہیں) جو (اللہ کے) کلمات کو ان کے مواقع (مقرر ہونے) کے بعد (بھی) بدل دیتے ہیں (اور) کہتے ہیں اگر تمہیں یہ (حکم جو ان کی پسند کا ہو) دیا جائے تو اسے اختیار کر لو اور اگر تمہیں یہ (حکم) نہ دیا جائے تو (اس سے) احتراز کرو، اور اللہ جس شخص کی گمراہی کا ارادہ فرما لے تو تم اس کے لئے اللہ (کے حکم کو روکنے) کا ہرگز کوئی

اختیار نہیں رکھتے۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو پاک کرنے کا اللہ نے ارادہ (ہی) نہیں فرمایا۔ ان کے لئے دنیا میں (کفر کی) ذلّت ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب ہےo

O Messenger! Those who advance (fast) into disbelief should not grieve you. (Firstly) they include those (hypocrites) who utter from their mouths: 'We believe,' whilst their hearts have not accepted faith. (Secondly) amongst them are the Jews. They listen to (you) eagerly to fabricate lies. They (in fact) hear (to spy) for others who have not (yet) come to you. (They are the people) who change the Words (of Allah even) after their contexts (are fixed and) say: 'If you are given this (command which they like), take it, and if you are not given this (command), then keep off (it).' And if Allah adjudges someone to go astray, then you do not have any power for him (to hold up the command of) Allah. They are the ones whose hearts Allah has no intention whatsoever to purify. For them there is ignominy (of disbelief) in this world and mighty punishment in the Hereafter.

سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ فَإِن جَآؤُوكَ فَاحْكُم بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ وَإِن تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَن يَضُرُّوكَ شَيْئاً وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُم بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ إِنَّ اللّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ (42)

ترجمہ: (یہ لوگ) جھوٹی باتیں بنانے کے لئے جاسوسی کرنے والے ہیں (مزید یہ کہ) حرام مال خوب کھانے والے ہیں۔ سو اگر (یہ لوگ) آپ کے پاس (کوئی نزاعی معاملہ لے کر) آئیں تو آپ (کو اختیار ہے کہ) ان کے درمیان فیصلہ فرما دیں یا ان سے گریز فرما لیں، اور اگر آپ ان سے گریز (بھی) فرما لیں تو (تب بھی) یہ آپ کو ہرگز کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے، اور اگر آپ فیصلہ فرمائیں تو ان کے درمیان (بھی) عدل (ہی) سے فیصلہ فرمائیں (یعنی ان کی دشمنی عادلانہ فیصلے میں رکاوٹ نہ بنے)، بیشک اللہ عدل کرنیوالوں کو پسند فرماتا ہےo

(They are) the ones who spy to coin lies. (Moreover,) they voraciously devour unlawful wealth and property. If they approach you (with a dispute for judgment), then it is (up to) you whether to judge between them or decline. And if you opt to keep away from them, (even then) they are incapable of doing you any harm, and if you judge, then judge between them (too but) with justice (i.e., their enmity should not restrain judgment based on justice). Undoubtedly, Allah loves those who do justice.

وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِندَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا حُكْمُ اللّهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِن بَعْدِ ذَلِكَ وَمَا أُوْلَـئِكَ بِالْمُؤْمِنِينَ (43)

ترجمہ: اور یہ لوگ آپ کو کیونکر حاکم مان سکتے ہیں درآنحالیکہ ان کے پاس تورات (موجود) ہے جس میں اللہ کا حکم (مذکور) ہے۔ پھر یہ اس کے بعد (بھی حق سے) روگردانی کرتے ہیں، اور وہ لوگ (بالکل) ایمان لانے والے نہیں ہیںo

And how can they accept you as a judge whilst they have the Torah with them wherein is (revealed) the commandment of Allah? Yet they turn away (from the truth even) after that. And they are the ones who will not (at all)

embrace faith.

إِنَّـا أَنـزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيْهَا هُدًى وَنُورٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّونَ الَّذِيْنَ أَسْلَمُواْ لِلَّذِيْنَ هَادُواْ وَالرَّبَّانِيُّونَ وَالأَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُواْ مِـن كِتَـابِ الـلّـهِ وَكَانُواْ عَلَيْهِ شُهَدَاء فَلاَ تَخْشَوُاْ النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلاَ تَشْتَرُواْ بِآيَاتِيْ ثَمَناً قَلِيْلاً وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ (44)

ترجمہ: بیشک ہم نے تورات نازل فرمائی جس میں ہدایت اور نور تھا۔ اس کے مطابق انبیاء جو (اللہ کے) فرمانبردار (بندے) تھے یہودیوں کو حکم دیتے رہے اور اللہ والے (یعنی ان کے اولیاء) اور علماء (بھی اسی کے مطابق فیصلے کرتے رہے)، اس وجہ سے کہ وہ اللہ کی کتاب کے محافظ بنائے گئے تھے اور وہ اس پر نگہبان (و گواہ) تھے۔ پس تم (اقامتِ دین اور احکامِ الٰہی کے نفاذ کے معاملے میں) لوگوں سے مت ڈرو اور (صرف) مجھ سے ڈرا کرو اور میری آیات (یعنی احکام) کے بدلے (دنیا کی) حقیر قیمت نہ لیا کرو، اور جو شخص اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ (و حکومت) نہ کرے، سو وہی لوگ کافر ہیں o

Indeed, We revealed the Torah wherein was guidance and light. In accordance with that the Messengers who were the obedient (servants of Allah) used to give orders to the Jews. And the divines (i.e., their spiritual masters) and the rabbis (also judged in accordance with that) because they were assigned to safeguard the Book of Allah and they were the guardians of (and witnesses to) it. So do not fear people and always fear Me (alone), and do not barter My signs (i.e., commands) for a paltry price (of this world). And he who does not judge (and rule) according to the injunctions sent down by Allah, it is they who are the disbelievers.

وَكَتَبْنَـا عَـلَيْهِـمْ فِيْهَـا أَنَّ الـنَّـفْـسَ بِـالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالأَنفَ بِالأَنفِ وَالأُذُنَ بِالأُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوحَ قِصَاصٌ فَمَن تَصَدَّقَ بِهِ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهُ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ(45)

ترجمہ: اور ہم نے اس (تورات) میں ان پر فرض کر دیا تھا کہ جان کے بدلے جان اور آنکھ کے عوض آنکھ اور ناک کے بدلے ناک اور کان کے عوض کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں میں (بھی) بدلہ ہے، تو جو شخص اس (قصاص) کو صدقہ (یعنی معاف) کر دے تو یہ اس (کے گناہوں) کے لئے کفارہ ہوگا، اور جو شخص اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ (و حکومت) نہ کرے سو وہی لوگ ظالم ہیں o

In that (the Torah) We had prescribed for them: a life for a life, an eye for an eye, a nose for a nose, an ear for an ear, and a tooth for a tooth, and in the case of injuries (too) there is a requital. But the person who (forgoes) this (requital) by way of charity, this will serve as atonement for his (sins). And he who does not judge (and rule) in compliance with the commandments sent down by Allah, it is they who are the transgressors.

وَقَـفَّيْنَـا عَـلَى آثَارِهِم بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَآتَيْنَاهُ الإِنجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقاً لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ (46)

ترجمہ: اور ہم نے ان (پیغمبروں) کے پیچھے ان (ہی) کے نقوشِ قدم پر عیسیٰ ابن مریم (علیہ السلام) کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی (کتاب) تورات کی تصدیق کرنے والے تھے اور ہم نے ان کو انجیل عطا کی جس میں ہدایت اور نور تھا اور (یہ انجیل بھی) اپنے سے پہلے کی (کتاب) تورات کی تصدیق کرنے والی (تھی) اور (سراسر) ہدایت تھی اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت تھی o

And following in the footsteps of these (Messengers) We sent 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) confirming the Book (the Torah) revealed before him. And We gave him the Injil (the Gospel) which contained guidance and light, and (the Injil [the Gospel] too) confirmed the (Book) Torah that preceded it. And it was (an absolute) guidance and admonition for the Godfearing.

وَلْيَحْكُمْ أَهْلُ الإِنجِيلِ بِمَا أَنزَلَ اللّهُ فِيهِ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ فَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ (47)

ترجمہ: اور اہلِ انجیل کو (بھی) اس (حکم) کے مطابق فیصلہ کرنا چاہئے جو اللہ نے اس میں نازل فرمایا ہے، اور جو شخص اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلہ (وحکومت) نہ کرے سو وہی لوگ فاسق ہیں o

And the People of the Injil ([the Gospel] too) are required to judge in accordance with that (commandment) which Allah has sent down in it. And he who does not judge (and run the state) complying with the commandments Allah has revealed, it is they who are unruly and wicked.

وَأَنِ احْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللّهُ وَلاَ تَتَّبِعْ أَهْوَاءهُمْ وَاحْذَرْهُمْ أَن يَفْتِنُوكَ عَن بَعْضِ مَا أَنزَلَ اللّهُ إِلَيْكَ فَإِن تَوَلَّوْاْ فَاعْلَمْ أَنَّمَا يُرِيدُ اللّهُ أَن يُصِيبَهُم بِبَعْضِ ذُنُوبِهِمْ وَإِنَّ كَثِيراً مِّنَ النَّاسِ لَفَاسِقُونَ (49)

ترجمہ: اور (اے حبیب! ہم نے یہ حکم کیا ہے کہ) آپ ان کے درمیان اس (فرمان) کے مطابق فیصلہ فرمائیں جو اللہ نے نازل فرمایا ہے اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور آپ ان سے بچتے رہیں کہیں وہ آپ کو ان بعض (احکام) سے جو اللہ نے آپ کی طرف نازل فرمائے ہیں پھیر (نہ) دیں، پھر اگر وہ (آپ کے فیصلہ سے) روگردانی کریں تو آپ جان لیں کہ بس اللہ ان کے بعض گناہوں کے باعث انہیں سزا دینا چاہتا ہے، اور لوگوں میں سے اکثر نافرمان (ہوتے) ہیں o

And, (O Beloved, We have enjoined that) you should judge between them by this (commandment) which Allah has revealed and do not follow their desires. And be on your guard against them lest they tempt you away from any of (the commandments) which Allah has revealed to you. But if they turn away (from your judgment), then know that Allah intends to punish them for some of their sins. And most of the people are unruly and disobedient.

أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللّهِ حُكْماً لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ(50)

ترجمہ: کیا یہ لوگ (زمانۂ) جاہلیت کا نون چاہتے ہیں؟ اور یقین رکھنے والی قوم کے لئے حکم (دینے) میں اللہ سے بہتر کون ہو سکتا ہے o

Do they seek the law of (the days of) ignorance? And who is better than Allah in (giving) judgment for a people who have firm faith?

يَـا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى أَوْلِيَاء بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ (51)

ترجمہ: اے ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو دوست مت بناؤ۔ یہ (سب تمہارے خلاف) آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں، اور تم میں سے جو شخص ان کو دوست بنائے گا بیشک وہ (بھی) ان میں سے ہو (جائے) گا، یقیناً اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

O believers! Do not consider (hostile) Jews and Christians as (your) reliable allies. They (all) are friends to one another (against you). And whoever of you makes friends with them will (also) become one of them.Surely, Allah does not guide the wrongdoing people.

فَتَرَى الَّـذِيْنَ فِيْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يُسَارِعُونَ فِيْهِمْ يَقُولُونَ نَخْشَى أَن تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ فَعَسَى اللّهُ أَن يَأْتِيَ بِالْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِندِهِ فَيُصْبِحُواْ عَلَى مَا أَسَرُّواْ فِيْ أَنْفُسِهِمْ نَادِمِيْنَ (52)

ترجمہ: سو آپ ایسے لوگوں کو دیکھیں گے جن کے دلوں میں (نفاق اور ذہنوں میں غلامی کی) بیماری ہے کہ وہ ان (یہود و نصاریٰ) میں (شامل ہونے کے لئے) دوڑتے ہیں، کہتے ہیں ہمیں خوف ہے کہ ہم پر کوئی گردش (نہ) آ جائے (یعنی ان کے ساتھ ملنے سے شاید ہمیں تحفظ مل جائے)، تو بعید نہیں کہ اللہ (واقعتہً مسلمانوں کی) فتح لے آئے یا اپنی طرف سے کوئی امر (فتح و کامرانی کا نشان بنا کر بھیج دے) تو یہ لوگ اس (منافقانہ سوچ) پر جسے یہ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں شرمندہ ہو کر رہ جائیں گے o

So you will see those whose hearts are diseased (with hypocrisy and minds infected with slavery) that they run to (join the Jews and the Christians and) say: 'We fear lest the wheel of fate should turn against us (i.e., it is likely to get under the security umbrella by allying with them).' But it is not far from possible that Allah (really) blesses (the Muslims) with victory or may (send) from His side a decree (as a sign of success and victory). Then they will feel ashamed of (the hypocritical thinking) they have concealed in their hearts.

يَـا أَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ الَّذِيْنَ اتَّخَذُواْ دِيْنَكُمْ هُزُواً وَلَعِباً مِّنَ الَّذِيْنَ أُوتُواْ الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاء وَاتَّقُواْ اللّهَ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِيْنَ(57)

ترجمہ: اے ایمان والو! ایسے لوگوں میں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی، ان کو جو تمہارے دین کو ہنسی اور کھیل بنائے ہوئے ہیں اور کافروں کو دوست مت بناؤ، اور اللہ سے ڈرتے رہو بشرطیکہ تم (واقعی) صاحبِ ایمان ہو o

O believers! Do not take those for friends who have made fun and sport of your Din (Religion) from amongst those who were given the Book before you and the disbelievers. And fear Allah persistently if you are (truly) the men of faith.

وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى الصَّلاَةِ اتَّخَذُوهَا هُزُواً وَلَعِباً ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لاَّ يَعْقِلُونَ (58)

ترجمہ: اور جب تم نماز کے لئے (لوگوں کو بصورتِ اذان) پکارتے ہو تو یہ (لوگ) اسے ہنسی اور کھیل بنا لیتے ہیں۔ یہ اس لئے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو (بالکل) عقل ہی نہیں رکھتے o

And when you call (the people) to Prayer (by means of the Adhan-the Call to Prayer), these (people) take it as fun and sport because they are a people who have no sense (at all).

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَاسِقُونَ **(59)**

ترجمہ: (اے نبی مکرمّ) آپ فرما دیجئے: اے اہلِ کتاب تمہیں ہماری کون سی بات بری لگی ہے بجز اس کے کہ ہم اللہ پر اور (کتاب) پر جو ہماری طرف نازل کی گئی ہے اور ان (کتابوں) پر جو پہلے نازل کی جا چکی ہیں ایمان لائے ہیں اور بیشک تمہارے اکثر لوگ نافرمان ہیںo

(O Esteemed Messenger!) Say: 'O People of the Book! What has made you cynic about us except that we believe in Allah and this (Book) which has been revealed to us and those (Books) which have been sent down before it? And surely the majority of you are defiant and disobedient.'

وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُولَةٌ غُلَّتْ أَيْدِيهِمْ وَلُعِنُواْ بِمَا قَالُواْ بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوطَتَانِ يُنفِقُ كَيْفَ يَشَاءُ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيراً مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَاناً وَكُفْراً وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاء إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كُلَّمَا أَوْقَدُواْ نَاراً لِّلْحَرْبِ أَطْفَأَهَا اللّٰهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَاداً وَاللّٰهُ لاَ يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ**(64)**

ترجمہ: اور یہود کہتے ہیں کہ اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے (یعنی معاذ اللہ وہ بخیل ہے)، ان کے (اپنے) ہاتھ باندھے جائیں اور جو کچھ انہوں نے کہا اس کے باعث ان پر لعنت کی گئی، بلکہ (حق یہ ہے کہ) اس کے دونوں ہاتھ (جود و سخا کے لئے) کشادہ ہیں، وہ جس طرح چاہتا ہے خرچ (یعنی بندوں پر عطا) فرماتا ہے، اور (اے حبیب!) جو (کتاب) آپ کی طرف آپ کے ربّ کی جانب سے نازل کی گئی ہے یقیناً ان میں سے اکثر لوگوں کو (حسداً) سرکشی اور کفر میں اور بڑھا دے گی، اور ہم نے ان کے درمیان روزِ قیامت تک عداوت اور بغض ڈال دیا ہے، جب بھی یہ لوگ جنگ کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور یہ (روئے) زمین میں فساد انگیزی کرتے رہتے ہیں، اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتاo

And the Jews say: 'Allah's hand is tied up (as if-God forbid!-He is miserly).' Tied up be their (own) hands, and they have been cursed for what they have uttered! (The truth is that) both His hands are stretched out wide open (in showering His bounties and blessings). He spends (i.e., bestows His blessings on His servants) as He desires. And, (O Beloved,) that (Book) which has been revealed to you from your Lord will certainly increase most of them in rebellion and disbelief (due to jealousy). And We have put among them hostility and spite till the Day of Resurrection. Whenever these people kindle the fire of war, Allah puts it out. And they are engaged in spreading mischief and disorder (everywhere) on the earth, and Allah does not like those who spread mischief.

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ آمَنُواْ وَاتَّقَوْاْ لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلأَدْخَلْنَاهُمْ جَنَّاتِ النَّعِيمِ **(65)**

ترجمہ: اور اگر اہلِ کتاب (حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر) ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کر لیتے تو ہم ان (کے دامن) سے ان کے سارے گناہ مٹا دیتے اور انہیں یقیناً نعمت والی جنتوں میں داخل کر دیتےo

And if the People of the Book had believed (in Muhammad, the Messenger, [blessings and peace be upon him]) and adopted Godwariness, We would have removed all their sins (from their record), and would surely have admitted them to the blissful Gardens.

وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُواْ التَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِم مِّن رَّبِّهِمْ لأَكَلُواْ مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِم مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ سَاء مَا يَعْمَلُونَ (66)

ترجمہ: اور اگر وہ لوگ تورات اور انجیل اور جو کچھ (مزید) ان کی طرف ان کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا تھا (نافذ اور) قائم کر دیتے تو (انہیں مالی وسائل کی اس قدر وسعت عطا ہو جاتی کہ) وہ اپنے اوپر سے (بھی) اور اپنے پاؤں کے نیچے سے (بھی) کھاتے (مگر رزق ختم نہ ہوتا)۔ ان میں سے ایک گروہ میانہ رَو (یعنی اعتدال پسند ہے)، اور ان میں سے اکثر لوگ جو کچھ کر رہے ہیں نہایت ہی برا ہے o

And had they established (their systems by enforcing) the Torah and the Injil (the Gospel), and whatever (more) was sent down to them from their Lord, they would have (been provided with the material resources so abundantly that they would have) received sustenance from above and from beneath their feet (as well, but the sustenance would never have exhausted). A section amongst them are moderate (i.e., they like the middle way), but what most of them are doing is extreme wickedness.

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَسْتُمْ عَلَى شَيْءٍ حَتَّىَ تُقِيمُواْ التَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُم مِّن رَّبِّكُمْ وَلَيَزِيدَنَّ كَثِيراً مِّنْهُم مَّا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ طُغْيَاناً وَكُفْراً فَلاَ تَأْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ (68)

ترجمہ: فرما دیجئے: اے اہلِ کتاب! تم (دین میں سے) کسی شئے پر بھی نہیں ہو، یہاں تک کہ تم تورات اور انجیل اور جو کچھ تمہاری طرف تمہارے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے (نافذ اور) قائم کر دو، اور (اے حبیب!) جو (کتاب) آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کی گئی ہے یقیناً ان میں سے اکثر لوگوں کو (حسداً) سرکشی اور کفر میں بڑھا دے گی، سو آپ گروہِ کفار (کی حالت) پر افسوس نہ کیا کریں o

Say: 'O People of the Book, you are nowhere (on the path of Din [Religion]) until you establish (the system by enforcing) the Torah and the Injil (the Gospel) and whatever has been sent down to you from your Lord. And, (O Beloved,) the Book which has been sent down to you from your Lord will certainly provoke rebellion and disbelief amongst most of them (because of jealousy). So do not grieve over (the state of affairs of) the disbelievers.

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَالَّذِيْنَ هَادُواْ وَالصَّابِؤُونَ وَالنَّصَارَى مَنْ آمَنَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وعَمِلَ صَالِحاً فَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ (69)

ترجمہ: بیشک (خود کو) مسلمان (کہنے والے) اور یہودی اور صابی (یعنی ستارہ پرست) اور نصرانی جو بھی (سچے دل سے تعلیماتِ محمدی کے مطابق) اللہ پر اور یومِ آخرت پر ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے تو ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے o

Indeed, (those who call themselves) the Muslims, the Jews, the Sabeans (i.e., the worshippers of stars) and the Christians, all who believe (true-heartedly in accordance with the teachings of Muhammad [blessings and peace be upon him]) in Allah and the Last Day and practise piety steadfastly shall have neither any fear nor any grief.

لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِيٓ إِسْرَائِيلَ وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلاً كُلَّمَا جَاءهُمْ رَسُولٌ بِمَا لاَ تَهْوَى أَنفُسُهُمْ فَرِيقاً كَذَّبُواْ وَفَرِيقاً يَقْتُلُونَ (70)

ترجمہ: بیشک ہم نے بنی اسرائیل سے عہد (بھی) لیا اور ہم نے ان کی طرف (بہت سے) پیغمبر (بھی) بھیجے، (مگر) جب بھی ان کے پاس کوئی پیغمبر ایسا حکم لایا جسے ان کے نفس نہیں چاہتے تھے تو انہوں نے (انبیاء کی) ایک جماعت کو جھٹلایا اور ایک کو (مسلسل) قتل کرتے رہےo

Surely, We took a promise from the Children of Israel (too), and (also) sent (many) Messengers towards them, (but) every time a Messenger brought them a commandment which their (ill-commanding) selves disliked, they belied a party (of the Messengers) and slew the other (in succession).

وَحَسِبُواْ أَلاَّ تَكُونَ فِتْنَةٌ فَعَمُواْ وَصَمُّواْ ثُمَّ تَابَ اللّهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُواْ وَصَمُّواْ كَثِيرٌ مِّنْهُمْ وَاللّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ (71)

ترجمہ: اور وہ (ساتھ) یہ خیال کرتے رہے کہ (انبیاء کے قتل و تکذیب سے) کوئی عذاب نہیں آئے گا، سو وہ اندھے اور بہرے ہو گئے تھے۔ پھر اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمالی، پھر ان میں سے اکثر لوگ (دوبارہ) اندھے اور بہرے (یعنی حق دیکھنے اور سننے سے قاصر) ہو گئے، اور اللہ ان کاموں کو خوب دیکھ رہا ہے جو وہ کر رہے ہیںo

And (besides) they held the view that (killing or belying the Messengers) would not result in any torment. So they became blind and deaf. Allah, then, accepted their repentance. But most of them (again) turned blind and deaf (i.e., incapable of perceiving the truth by seeing and hearing). And Allah is Ever-Watchful of what they are doing.

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُواْ إِنَّ اللّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ وَقَالَ الْمَسِيحُ يَا بَنِيٓ إِسْرَائِيلَ اعْبُدُواْ اللّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ إِنَّهُ مَن يُشْرِكْ بِاللّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ (72)

ترجمہ: درحقیقت ایسے لوگ کافر ہو گئے ہیں جنہوں نے کہا کہ اللہ ہی مسیح ابنِ مریم (علیہ السلام) ہے حالانکہ مسیح (علیہ السلام) نے (تو یہ) کہا تھا اے بنی اسرائیل! تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا (بھی) ربّ ہے اور تمہارا (بھی) ربّ ہے۔ بیشک جو اللہ کے ساتھ شرک کرے گا تو یقیناً اللہ نے اس پر جنت حرام فرما دی ہے اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور ظالموں کے لئے کوئی بھی مددگار نہ ہوگاo

In fact, they have become disbelievers who say: 'Allah is the Messiah, the son of Maryam (Mary),' whereas the Messiah (himself) said: 'O Children of Israel! Worship Allah, Who is my (as well as) your Lord.' Indeed, Allah has forbidden Paradise to him who associates partners with Him. And Hell is his abode and the wrongdoers will not find any helpers.

سورۃ انعام:

الَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءهُمُ الَّذِيْنَ خَسِرُواْ أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (20)

ترجمہ: وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی تھی اس (نبیٔ آخر الزمان ﷺ) کو ویسے ہی پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، جنہوں نے اپنی جانوں کو (دائمی) خسارے میں ڈال دیا ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گےo

Those to whom We have given the Book recognize this (Last of the Messengers) as they recognize their sons. They are those who have brought (eternal) loss upon their souls, but they will not believe.

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِباً أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ إِنَّهُ لاَ يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ (21)

ترجمہ: اور اس سے بڑا ظالم کو ہو سکتا ہے جس نے اللہ پر جھوٹا بہتان باندھا یا اس نے اس کی آیتوں کو جھٹلایا؟ بیشک ظالم لوگ فلاح نہیں پائیں گےo

And who can be a greater wrongdoer than one who invents a lie against Allah or who belies His Revelations? Surely, the wrongdoers will not prosper.

وَمَا قَدَرُواْ اللّهَ حَقَّ قَدْرِهِ إِذْ قَالُواْ مَا أَنزَلَ اللّهُ عَلَى بَشَرٍ مِّن شَيْءٍ قُلْ مَنْ أَنزَلَ الْكِتَابَ الَّذِيْ جَاء بِهِ مُوسَى نُوراً وَهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُونَهُ قَرَاطِيْسَ تُبْدُونَهَا وَتُخْفُونَ كَثِيْراً وَعُلِّمْتُم مَّا لَمْ تَعْلَمُواْ أَنتُمْ وَلاَ آبَاؤُكُمْ قُلِ اللّهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ (91)

ترجمہ: اور انہوں نے (یعنی یہود نے) اللہ کی وہ قدر نہ جانی جیسی قدر جاننا چاہئے تھی جب انہوں نے یہ کہہ (کر رسالتِ محمد ﷺ کا انکار کر) دیا کہ اللہ نے کسی آدمی پر کوئی چیز نہیں اُتاری۔ آپ فرما دیجئے: وہ کتاب کس نے اتاری تھی جو موسیٰ (علیہ السلام) لے کر آئے تھے جو لوگوں کے لئے روشنی اور ہدایت تھی؟ تم نے جس کے الگ الگ کاغذ بنا لئے ہیں تم اسے (لوگوں پر) ظاہر (بھی) کرتے ہو اور (اس میں سے) بہت کچھ چھپاتے (بھی) ہو اور تمہیں وہ (کچھ) سکھایا گیا ہے جو نہ تم جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا، آپ فرما دیجئے: (یہ سب) اللہ (ہی کا کرم ہے) پھر آپ انہیں (ان کے حال پر) چھوڑ دیں کہ وہ اپنی خرافات میں کھیلتے رہیںo

And they (the Jews) did not appreciate Allah with the just estimation that is His true measure (when they denied the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him]) saying: 'Allah has not sent down anything to any human being.' Say: 'Who sent down the Book which Musa (Moses) brought, a light and guidance for the people? You have made them into separate sheets of paper showing it (to the people) and (also) concealing much (of it). And you have been taught what neither you nor your forefathers knew.' Say: '(All this is but the blessing of) Allah.' Then leave them (in whatever plight they are) sporting with their falsehood.

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا إِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ذَلِكَ جَزَيْنَاهُم بِبَغْيِهِمْ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ(146)

ترجمہ: اور یہودیوں پر ہم نے ہر ناخن والا (جانور) حرام کر دیا تھا اور گائے اور بکری میں سے ہم نے ان پر دونوں کی چربی حرام کر دی تھی سوائے اس (چربی) کے جو دونوں کی پیٹھ میں ہو یا اوجھڑی میں لگی ہو یا جو ہڈی کے ساتھ ملی ہو۔ یہ ہم نے ان کی سرکشی کے باعث انہیں سزا دی تھی اور یقیناً ہم سچے ہیںo

And We forbade the Jews every (beast) having claws, and We forbade them the fat of the cow and the goat, except that (fat) which coats their backs or lines their entrails, or which is attached to the bones. This We awarded them as a punishment for their rebellion. And assuredly, We are Truthful.

فَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل رَّبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ (147)

ترجمہ: پھر اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو فرما دیجئے کہ تمہارا رب وسیع رحمت والا ہے اور اس کا عذاب مجرم قوم سے نہیں ٹالا جائے گاo

Should they belie you, then say: 'Your Lord is the Lord of infinite mercy, but His torment will not be averted from the evildoers.'

سورۃ الاعراف:

وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بَارَكْنَا فِيْهَا وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنَى عَلَى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ بِمَا صَبَرُوا وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُ وَمَا كَانُوا يَعْرِشُونَ(137)

ترجمہ: اور ہم نے اس قوم (بنی اسرائیل) کو جو کمزور اور استحصال زدہ تھی اس سرزمین کے مشرق و مغرب (مصر اور شام) کا وارث بنا دیا جس میں ہم نے برکت رکھی تھی، اور (یوں) بنی اسرائیل کے حق میں آپ کے رب کا نیک وعدہ پورا ہو گیا اس وجہ سے کہ انہوں نے (فرعونی مظالم پر) صبر کیا تھا، اور ہم نے ان (عالیشان محلات) کو تباہ و برباد کر دیا جو فرعون اور اس کی قوم نے بنا رکھے تھے اور ان چنائیوں (اور باغات) کو بھی جنہیں وہ بلندیوں پر چڑھاتے تھےo

And We made the people (the Children of Israel) who were powerless and oppressed the inheritors of the east and the west of the land (Egypt and Syria) wherein We had placed blessing. And (in this way), a fair promise of your Lord with the Children of Israel was fulfilled, because they remained steadfast (in the face of Pharaoh's tyranny and oppression). And We destroyed (those magnificent castles) which Pharaoh and his people had built, and those towers (and the gardens) too which they used to raise high.

وَجَاوَزْنَا بِبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْبَحْرَ فَأَتَوْا عَلَى قَوْمٍ يَعْكُفُونَ عَلَى أَصْنَامٍ لَّهُمْ قَالُوا يَا مُوسَى اجْعَل لَّنَا إِلَـهاً كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ (138)

ترجمہ: اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر (یعنی بحرِ قلزم) کے پار اتارا تو وہ ایک ایسی قوم کے پاس جا پہنچے جو اپنے بتوں کے گرد (پرستش کے لیے) آسن مارے بیٹھے تھے، (بنی اسرائیل کے لوگ) کہنے لگے: اے موسٰی! ہمارے لیے بھی ایسا (ہی) معبود بنا دیں

جیسے ان کے معبود ہیں، موسٰی (علیہ السلام) نے کہا: تم یقیناً بڑے جاہل لوگ ہوo

And We brought the Children of Israel across the (Red) Sea where they came upon a people who were squatting around their idols (for worship) in deep devotion. They (the Children of Israel) said: 'O Musa (Moses)! Make for us too a god like the ones they have.' Musa (Moses) said: 'You are surely a very ignorant people.

إِنَّ هَـؤُلاء مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيهِ وَبَاطِلٌ مَّا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (139)

ترجمہ: بلاشبہ یہ لوگ جس چیز (کی پوجا) میں (پھنسے ہوئے) ہیں وہ ہلاک ہو جانے والی ہے اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں وہ (بالکل) باطل ہےo

Verily, that whose (worship) they are (tangled in) is destined to ruin, and whatever they are doing is (utter) falsehood.'

قَالَ أَغَيْرَ اللّهِ أَبْغِيكُمْ إِلَـهاً وَهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ (140)

ترجمہ: (موسیٰ علیہ السلام نے) کہا: کیا میں تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی اور معبود تلاش کروں، حالاں کہ اسی (اللہ) نے تمہیں سارے جہانوں پر فضیلت بخشی ہےo

(Musa [Moses]) said: 'Should I seek for you a god other than Allah, whilst He (Allah) is the One Who has granted you superiority over all the worlds?'

وَإِذْ أَنجَيْنَاكُم مِّنْ آلِ فِرْعَونَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ يُقَتِّلُونَ أَبْنَاءكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءكُمْ وَفِي ذَلِكُم بَلاء مِّن رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ (141)

ترجمہ: اور (وہ وقت) یاد کرو جب ہم نے تم کو اہلِ فرعون (کے ظلم و استبداد) سے نجات بخشی جو تمہیں بہت ہی سخت عذاب دیتے تھے، وہ تمہارے لڑکوں کو قتل کر دیتے اور تمہاری لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے، اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے زبردست آزمائش تھیo

And remember (the time) when We delivered you from (the tyranny and violence of) the people of Pharaoh, who used to afflict you with fierce torment. They used to slay your boys and spare your girls. And in that, there was a great trial for you from your Lord.

وَوَاعَدْنَا مُوسَى ثَلاَثِينَ لَيْلَةً وَأَتْمَمْنَاهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيقَاتُ رَبِّهِ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً وَقَالَ مُوسَى لأَخِيهِ هَارُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي وَأَصْلِحْ وَلاَ تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ (142)

ترجمہ: اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) سے تیس راتوں کا وعدہ فرمایا اور ہم نے اسے (مزید) دس (راتیں) ملا کر پورا کیا، سو ان کے رب کی (مقرر کردہ) میعاد چالیس راتوں میں پوری ہوگئی۔ اور موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے بھائی ہارون (علیہ السلام) سے فرمایا: تم (اس دوران) میری قوم میں میرے جانشین رہنا اور (ان کی) اصلاح کرتے رہنا اور فساد کرنے والوں کی راہ پر نہ چلنا (یعنی انہیں اس راہ پر نہ چلنے دینا)o

And We promised Musa (Moses) thirty nights, and We made it good by adding

to it (another) ten (nights). So the term (appointed) by his Lord was completed in forty nights. And Musa (Moses) said to his brother Harun (Aaron): '(In the meanwhile,) officiate at my seat amongst my people and continue to do (their) reformation, and follow not the way of those who create mischief (i.e., prevent them from treading this path).'

الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْباً عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِيْنَ آمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْ أُنْزِلَ مَعَهٗ أُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ **(157)**

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو اس رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کرتے ہیں جو اُمّی (لقب) نبی ہیں (یعنی دنیا میں کسی شخص سے پڑھے بغیر مِن جانبِ اللہ لوگوں کو اخبارِ غیب اور معاش و معاد کے علوم و معارف بتاتے ہیں) جن (کے اوصاف و کمالات) کو وہ لوگ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، جو انہیں اچھی باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے منع فرماتے ہیں اور ان کے لیے پاکیزہ چیزوں کو حلال کرتے ہیں اور ان پر پلید چیزوں کو حرام کرتے ہیں اور ان سے ان کے بارِ گراں اور طوقِ (قیود) جو ان پر (نافرمانیوں کے باعث مسلّط) تھے، ساقط فرماتے (اور انہیں نعمتِ آزادی سے بہرہ یاب کرتے) ہیں۔ پس جو لوگ اس (برگزیدہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لائیں گے اور ان کی تعظیم و توقیر کریں گے اور ان (کے دین) کی مدد و نصرت کریں گے اور اس نورِ (قرآن) کی پیروی کریں گے جو ان کے ساتھ اتارا گیا ہے، وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں o

(They are the people) who follow the Messenger, the Prophet (titled as) al-Ummi (who imparts to the people from Allah the news of the unseen and knowledge and secrets of socio-economic disciplines of life without himself being taught by any human in the world); whose (eminent attributes and exquisite powers) these people find written in the Torah and the Injil (Gospel); who enjoins on them virtues and forbids them vices, declares wholesome things lawful and impure ones unlawful for them and removes from them their heavy burdens and yokes (i.e., shackles) weighing upon them (due to their acts of disobedience and blesses them with freedom). So those who will believe in this (most exalted Messenger [blessings and peace be upon him]) and venerate and revere him and serve and support him (in his Din [Religion]) and follow this light (the Qur'an) that has been sent down with him, it is they who will flourish and prosper.'

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَيْكُمْ جَمِيْعاً الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ فَآمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمَاتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ **(158)**

ترجمہ: آپ فرما دیں: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول (بن کر آیا) ہوں جس کے لیے تمام آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی جلاتا اور مارتا ہے، سو تم اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لاؤ جو شانِ اُمیّت کا حامل نبی ہے (یعنی اس نے اللہ کے سوا کسی سے کچھ نہیں پڑھا مگر جمیع خلق سے زیادہ جانتا ہے اور کفر و شرک کے

معاشرے میں جوان ہوا مگر بطنِ مادر سے نکلے ہوئے بچے کی طرح معصوم اور پاکیزہ ہے) جو اللہ پر اور اس کے (سارے نازل کردہ) کلاموں پر ایمان رکھتا ہے اور تم انہی کی پیروی کرو تاکہ تم ہدایت پا سکوo

Say: 'O mankind! I have (come) to all of you (as) the Messenger of Allah to Whom belongs the kingdom of the heavens and the earth. There is no God except He. He is the One Who grants life and causes death.' So believe in Allah and His Messenger, who is a Prophet crowned with the glory of being al-Ummi (i.e., he has not learnt anything from anyone except Allah, but knows far more than the entire creation, and is innocent and pure like a newborn baby, despite his upbringing in an infidel and polytheistic society), who believes in Allah and (all) His (revealed) Books and follow him alone so that you may take guidance.

وَمِن قَوْمِ مُوسَى أُمَّةٌ يَهْدُونَ بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ **(159)**

ترجمہ: اور موسیٰ (علیہ السلام) کی قوم میں سے ایک جماعت (ایسے لوگوں کی بھی) ہے جو حق کی راہ بتاتے ہیں اور اسی کے مطابق عدل (پر مبنی فیصلے) کرتے ہیںo

And a party amongst the people of Musa ([Moses] comprises those) who guide to the path of truth and according to that (make judgments based on) justice.

وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أَسْبَاطاً أُمَماً وَأَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى إِذِ اسْتَسْقَاهُ قَوْمُهُ أَنِ اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْناً قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى كُلُواْ مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَـكِن كَانُواْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ **(160)**

ترجمہ: اور ہم نے انہیں گروہ در گروہ بارہ قبیلوں میں تقسیم کر دیا، اور ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کے پاس (یہ) وحی بھیجی جب اس سے اس کی قوم نے پانی مانگا کہ اپنا عصا پتھر پر مارو، سو اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے، پس ہر قبیلہ نے اپنا گھاٹ معلوم کر لیا، اور ہم نے ان پر ابر کا سائبان تان دیا، اور ہم نے ان پر منّ و سلوٰی اتارا، (اور ان سے فرمایا:) جن پاکیزہ چیزوں کا رزق ہم نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں سے کھاؤ، (مگر نافرمانی اور کفرانِ نعمت کر کے) انہوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنی ہی جانوں پر ظلم کر رہے تھےo

And We divided them into twelve tribes as separate communities. And when his people asked him for water, We sent (this) Revelation to Musa (Moses): 'Strike that rock with your staff.' So twelve springs gushed out from it and every tribe found its drinking place. And We stretched over them clouds for shade and sent down to them manna and quails (and said to them:) 'Eat of the pure things that We have provided for you.' But they have not wronged Us (by disobedience and disregard). They have rather wronged their own souls.

وَإِذْ قِيلَ لَهُمُ اسْكُنُواْ هَـذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُواْ مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُولُواْ حِطَّةٌ وَادْخُلُواْ الْبَابَ سُجَّداً نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيئَاتِكُمْ سَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ **(161)**

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ان سے فرمایا گیا کہ تم اس شہر (بیت المقدس یا اریحا) میں سکونت اختیار کرو اور تم وہاں سے جس طرح

چاہو کھانا اور (زبان سے) کہتے جانا کہ (ہمارے گناہ) بخش دے اور (شہر کے) دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا (تو) ہم تمہاری تمام خطائیں بخش دیں گے، عنقریب ہم نیکوکاروں کو اور زیادہ عطا فرمائیں گےo

And (recall) when it was said to them: 'Dwell in this town (Bayt al-Maqdis [Jerusalem] or Ariha [Jericho]) and eat of it wherever you like and continue saying (with your tongue): 'Forgive (our sins),' and enter the gate (of the city) in a state of prostration; (then) We shall forgive all your sins. Soon shall We grant more favours to the pious.

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ **(162)**

ترجمہ: پھر ان میں سے ظالموں نے اس بات کو جو ان سے کہی گئی تھی، دوسری بات سے بدل ڈالا، سو ہم نے ان پر آسمان سے عذاب بھیجا اس وجہ سے کہ وہ ظلم کرتے تھےo

But the unjust amongst them substituted some other statement for that which they were told. So We sent upon them torment from heaven because they were engaged in injustice and wickedness.

وَاسْأَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِىْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ إِذْ يَعْدُوْنَ فِى السَّبْتِ إِذْ تَأْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ لَا تَأْتِيْهِمْ كَذٰلِكَ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ**(163)**

ترجمہ: اور آپ ان سے اس بستی کا حال دریافت فرمائیں جو سمندر کے کنارے واقع تھی، جب وہ لوگ ہفتہ (کے دن کے احکام) میں حد سے تجاوز کرتے تھے (یہ اس وقت ہوا) جب (ان کے سامنے) ان کی مچھلیاں ان کے (تعظیم کردہ) ہفتہ کے دن کو پانی (کی سطح) پر ہر طرف سے خوب ظاہر ہونے لگیں اور (باقی) ہر دن جس کی وہ یومِ شنبہ کی طرح تعظیم نہیں کرتے تھے (مچھلیاں) ان کے پاس نہ آتیں، اس طرح ہم ان کی آزمائش کر رہے تھے بایں وجہ کہ وہ نافرمان تھےo

And enquire of them the plight of the town which was situated on the seashore when they transgressed (the commandments with regard to the Sabbath) Saturday. (This occurred) when the fish swarmed from all sides, appearing to (the surface of) water on their (venerated) Saturday. And (the fish) would not come to them on (the rest of) the days, which they did not revere like Saturday. We were trying them this way because they were disobedient.

وَإِذْ قَالَتْ أُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ أَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا قَالُوْا مَعْذِرَةً إِلَى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ **(164)**

ترجمہ: اور جب ان میں سے ایک گروہ نے (فریضۂ دعوت انجام دینے والوں سے) کہا کہ تم ایسے لوگوں کو نصیحت کیوں کر رہے ہو جنہیں اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا جنہیں نہایت سخت عذاب دینے والا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ تمہارے رب کے حضور (اپنی) معذرت پیش کرنے کے لیے اور اس لیے (بھی) کہ شاید وہ پرہیزگار بن جائیںo

And when a section of them said (to those who were performing the duty of preaching-da'wa): 'Why do you advise a people whom Allah is about to destroy or afflict with severe torment?' they replied: 'In order to submit (our) excuse

before your Lord, and (also) because they may become righteous and Godwary.'

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ أَنجَيْنَا الَّذِينَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوءِ وَأَخَذْنَا الَّذِينَ ظَلَمُوا بِعَذَابٍ بَئِيسٍ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ (165)

ترجمہ: پھر جب وہ ان (سب) باتوں کو فراموش کر بیٹھے جن کی انہیں نصیحت کی گئی تھی (تو) ہم نے ان لوگوں کو نجات دے دی جو برائی سے منع کرتے تھے (یعنی نہی عنِ المنکر کا فریضہ ادا کرتے تھے) اور ہم نے (بقیہ سب) لوگوں کو جو (عملاً یا سکوتاً) ظلم کرتے تھے نہایت برے عذاب میں پکڑ لیا اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کر رہے تھےo

Then, when they forgot (all) they had been advised, We delivered those who were engaged in forbidding evil (i.e., performing the duty of preaching don'ts), and seized (the rest of) the people who committed injustice (actively or passively) with a very harsh punishment because they were disobeying.

فَلَمَّا عَتَوْا عَن مَّا نُهُوا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ (166)

ترجمہ: پھر جب انہوں نے اس چیز (کے ترک کرنے کے حکم) سے سرکشی کی جس سے وہ روکے گئے تھے (تو) ہم نے انہیں حکم دیا کہ تم ذلیل و خوار بندر ہو جاؤo

Then when they defied (the command to give up) what they were prohibited, We commanded them: 'Be you apes, despised and detested.'

وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَن يَسُومُهُمْ سُوءَ الْعَذَابِ إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ (167)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کریں) جب آپ کے رب نے (یہود کو یہ) حکم سنایا کہ (اللہ) ان پر روزِ قیامت تک (کسی نہ کسی) ایسے شخص کو ضرور مسلّط کرتا رہے گا جو انہیں بری تکلیفیں پہنچاتا رہے۔ بے شک آپ کا رب جلد سزا دینے والا ہے، اور بے شک وہ بڑا بخشنے والا مہربان (بھی) ہےo

And (also recall) when your Lord announced (this) command (to the Jews) that (Allah) shall be bringing upon them such (one or the other) tyrant as would continue afflicting them with evil hardships till the Day of Resurrection. Surely, your Lord is Swift in punishment, and indeed He is Most Forgiving, Ever-Merciful (as well).

وَقَطَّعْنَاهُمْ فِي الْأَرْضِ أُمَماً مِّنْهُمُ الصَّالِحُونَ وَمِنْهُمْ دُونَ ذَلِكَ وَبَلَوْنَاهُم بِالْحَسَنَاتِ وَالسَّيِّئَاتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (168)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں زمین میں گروہ در گروہ تقسیم (اور منتشر) کر دیا، ان میں سے بعض نیکوکار بھی ہیں اور ان (ہی) میں سے بعض اس کے سوا (بدکار) بھی اور ہم نے ان کی آزمائش انعامات اور مشکلات (دونوں طریقوں) سے کی تاکہ وہ (اللہ کی طرف) رجوع کریںo

And We divided them into several communities (and scattered) over the earth.

Some amongst them are righteous and, unlike them, others from amongst the (same) folk are (evildoers). And We tried them with (both) prosperity and adversity so that they might turn (towards Allah).

فَخَلَفَ مِن بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَرِثُواْ الْكِتَابَ يَأْخُذُونَ عَرَضَ هَـذَا الأَدْنَى وَيَقُولُونَ سَيُغْفَرُ لَنَا وَإِن يَأْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهُ يَأْخُذُوهُ أَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِم مِّيثَاقُ الْكِتَابِ أَن لاَّ يِقُولُواْ عَلَى اللّهِ إِلاَّ الْحَقَّ وَدَرَسُواْ مَا فِيهِ وَالدَّارُ الآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ أَفَلاَ تَعْقِلُونَ (169)

ترجمہ: پھر ان کے بعد ناخلف (ان کے) جانشین بنے جو کتاب کے وارث ہوئے، یہ (جانشین) اس کم تر (دنیا) کا مال و دولت (رشوت کے طور پر) لے لیتے ہیں اور کہتے ہیں: عنقریب ہمیں بخش دیا جائے گا، حالاں کہ اسی طرح کا مال و متاع اور بھی ان کے پاس آ جائے (تو) اسے بھی لے لیں، کیا ان سے کتابِ (الٰہی) کا یہ عہد نہیں لیا گیا تھا کہ وہ اللہ کے بارے میں حق (بات) کے سوا کچھ اور نہ کہیں گے؟ اور وہ (سب کچھ) پڑھ چکے تھے جو اس میں (لکھا) تھا؟ اور آخرت کا گھر ان لوگوں کے لیے بہتر ہے جو پرہیزگاری اختیار کرتے ہیں، کیا تم سمجھتے نہیں ہوo

Then after them a characterless people who inherited the Book succeeded (them). These (successors) take (as bribe) the wealth and riches of this base (world) and say: 'Soon shall we be forgiven,' whilst if more of similar riches come to them, they will take that too. Was the promise of the Book (of Allah) not taken from them that they would not say of Allah (anything) but the truth? And they had read (all) that was (written) in it. And the abode of the Hereafter is of greater value for those who adopt Godwariness. Do you not understand?

وَإِذ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ وَظَنُّواْ أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ خُذُواْ مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُواْ مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (171)

ترجمہ: اور (وہ وقت یاد کیجئے) جب ہم نے ان کے اوپر پہاڑ کو (یوں) بلند کر دیا جیسا کہ وہ (ایک) سائبان ہو اور وہ (یہ) گمان کرنے لگے کہ ان پر گرنے والا ہے۔ (سو ہم نے ان سے فرمایا: ڈرو نہیں بلکہ) تم وہ (کتاب) مضبوطی سے (عملاً) تھامے رکھو جو ہم نے تمہیں عطا کی ہے اور ان (احکام) کو (خوب) یاد رکھو جو اس میں (مذکور) ہیں تاکہ تم (عذاب سے) بچ جاؤo

And (recall) when We raised the mountain over them as though it were a canopy and they feared it was about to fall on them. (So We said to them: 'Do not fear; instead) hold fast to that (Book pragmatically), which We have given you, and bear well in mind those (injunctions) which are (contained) in it so that you are protected (from the torment).'

سورۃ التوبۃ:

قَاتِلُواْ الَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلاَ بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَلاَ يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَلاَ يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حَتَّى يُعْطُواْ الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ (29)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) تم اہلِ کتاب میں سے ان لوگوں کے ساتھ (بھی جوابی) جنگ کرو (جنہوں نے تمہارے ساتھ مدینہ میں کیے ہوئے معاہدۂ اَمن کو توڑ کر، جلاوطنی کے باوُجود جنگ اَحزاب میں مدینہ پر حملہ آور کفارِ مکہ کی اَفواج کی بھرپور مدد کی اور اب بھی

تمہارے خلاف تمام ممکنہ سازشیں جاری رکھے ہوئے ہیں) جو نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں نہ یومِ آخرت پر اور نہ ان چیزوں کو حرام جانتے ہیں جنہیں اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے حرام قرار دیا ہے اور نہ ہی دینِ حق اختیار کرتے ہیں، یہاں تک کہ وہ (ریاست کے دستور اور نظام کے) تابع ہو کر اپنے ہاتھ سے ریاستی حفاظت کا ٹیکس (جو عسکری خدمات سے اِستثناء کی صورت میں وصول کیا جاتا ہے) ادا کریںo

(O Muslims!) Wage (also a defensive) war against those of the People of the Book who (infringed the peace treaty signed with you in Medina, and despite being in exile, provided full support to the disbelieving Meccan invaders who imposed the battle of al-Ahzab [the Confederates] on Medina, and have continued every possible conspiracy against you even now) do not have faith in Allah and the Last Day, and do not consider unlawful the things Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him) have declared unlawful, and do not adopt the true Religion until they give in and surrender (to the state and constitution), by paying the state security tax with their own hands (in case of exemption from military services).

وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللّهِ وَقَالَتْ النَّصَارَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّهِ ذَلِكَ قَوْلُهُم بِأَفْوَاهِهِمْ يُضَاهِؤُونَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ مِن قَبْلُ قَاتَلَهُمُ اللّهُ أَنَّى يُؤْفَكُونَ **(30)**

ترجمہ: اور یہود نے کہا: عزیر (علیہ السلام) اللہ کے بیٹے ہیں اور نصارٰی نے کہا: مسیح (علیہ السلام) اللہ کے بیٹے ہیں۔ یہ ان کا (لغو) قول ہے جو اپنے مونہہ سے نکالتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کے قول سے مشابہت (اختیار) کرتے ہیں جو (ان سے) پہلے کفر کر چکے ہیں، اللہ انہیں ہلاک کرے یہ کہاں بہکے پھرتے ہیںo

And the Jews said: "Uzayr (Ezra) is the son of Allah,' and the Christians said: 'The Messiah is the son of Allah.' These are their (absurd) utterances that they voice with their mouths. They (acquire) resemblance with the saying of those who have disbelieved before (them). May Allah ruin them! Where are they wandering distracted?

اتَّخَذُواْ أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَاباً مِّن دُونِ اللّهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَا أُمِرُواْ إِلاَّ لِيَعْبُدُواْ إِلَـهاً وَاحِداً لاَّ إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ سُبْحَانَهُ عَمَّا يُشْرِكُونَ **(31)**

ترجمہ: انہوں نے اللہ کے سوا اپنے عالموں اور زاہدوں کو رب بنا لیا تھا اور مریم کے بیٹے مسیح (علیہ السلام) کو (بھی) حالاں کہ انہیں بجز اس کے (کوئی) حکم نہیں دیا گیا تھا کہ وہ اکیلے ایک (ہی) معبود کی عبادت کریں، جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ان سے پاک ہے جنہیں یہ شریک ٹھہراتے ہیںo

They took their priests and monks for lords besides Allah and (also) the Messiah, the son of Maryam (Mary), whilst in truth they had not been given (any) command except to worship (only) the One God besides Whom there is no God. Holy is He, far above those that they associate with Him as partners.

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ إِنَّ كَثِيراً مِّنَ الأَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّهِ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلاَ يُنفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللّهِ فَبَشِّرْهُم بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (34)

ترجمہ: اے ایمان والو! بے شک (اہلِ کتاب کے) اکثر علماء اور درویش، لوگوں کے مال ناحق (طریقے سے) کھاتے ہیں اور اللہ کی راہ سے روکتے ہیں (یعنی لوگوں کے مال سے اپنی تجوریاں بھرتے ہیں اور دینِ حق کی تقویت و اشاعت پر خرچ کیے جانے سے روکتے ہیں)، اور جو لوگ سونا اور چاندی کا ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے تو انہیں دردناک عذاب کی خبر سنا دیںo

O believers! Indeed, the majority of the priests and monks (of the People of the Book) devour the wealth of people through unfair (means) and hinder from the path of Allah (i.e., fill their safes with people's money, and hinder it from being spent for the publicity and promotion of the true Din [Religion]). And those who hoard silver and gold and do not spend it in the cause of Allah, warn them of a grievous torment.

سورۃ یونس:

قَالُواْ اتَّخَذَ اللّهُ وَلَداً سُبْحَانَهُ هُوَ الْغَنِيُّ لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ إِنْ عِندَكُم مِّن سُلْطَانٍ بِهَذَا أَتَقُولُونَ عَلَى اللّهِ مَا لاَ تَعْلَمُونَ (68)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں: اللہ نے (اپنے لیے) بیٹا بنا لیا ہے (حالاں کہ) وہ اس سے پاک ہے، وہ بے نیاز ہے۔ جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کی مِلک ہے، تمہارے پاس اس (قولِ باطل) کی کوئی دلیل نہیں، کیا تم اللہ پر وہ (بات) کہتے ہو جسے تم (خود بھی) نہیں جانتے؟o

They say: 'Allah has adopted a son (for Himself,' whereas) He is Holy. He is Self-Sufficient. Whatever is in the heavens and whatever is in the earth, all belongs to Him alone. You have no evidence with you of this (false allegation). Do you attribute that (thing) to Allah which you (yourselves) do not know?

وَلَقَدْ بَوَّأْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ فَمَا اخْتَلَفُواْ حَتَّى جَاءهُمُ الْعِلْمُ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُواْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (93)

ترجمہ: اور فی الواقع ہم نے بنی اسرائیل کو رہنے کے لیے عمدہ جگہ بخشی اور ہم نے انہیں پاکیزہ رزق عطا کیا تو انہوں نے کوئی اختلاف نہ کیا یہاں تک کہ ان کے پاس علم و دانش آ پہنچی۔ بے شک آپ کا رب ان کے درمیان قیامت کے دن ان امور کا فیصلہ فرما دے گا جن میں وہ اختلاف کرتے تھےo

And We indeed provided the Children of Israel with a worthy place to dwell in and with pure and clean sustenance. They did not differ in anything, until knowledge and insight reached them. Your Lord will surely judge amongst them on the Day of Resurrection in the matters wherein they used to differ.

سورۃ الرعد:

وَالَّذِيْنَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَفْرَحُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمِنَ الْأَحْزَابِ مَن يُنكِرُ بَعْضَهُ قُلْ إِنَّمَا أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللّهَ وَلاأُشْرِكَ بِهِ إِلَيْهِ أَدْعُو وَإِلَيْهِ مَآبِ (36)

ترجمہ: اور جن لوگوں کو ہم کتاب (تورات) دے چکے ہیں (اگر وہ صحیح مومن ہیں تو) وہ اس (قرآن) سے خوش ہوتے ہیں جو آپ کی طرف نازل کیا گیا ہے اور ان (ہی کے) فرقوں میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اس کے کچھ حصہ کا انکار کرتے ہیں، فرما دیجیے کہ بس مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اس کے ساتھ (کسی کو) شریک نہ ٹھہراؤں، اسی کی طرف میں بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے لوٹ کر جانا ہےo

And those whom We have given the Book (the Torah, if they are true believers, then) they rejoice at this (Qur'an) which has been revealed to you. And also some from amongst their sects are those who deny a part of it. Say: 'I have been given the command to worship Allah and not to associate (any) partner with Him. I invite towards Him alone, and to Him I shall return.'

سورۃ الحجر:

كَمَا أَنزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ(90)

ترجمہ: جیسا (عذاب) کہ ہم نے تقسیم کرنے والوں (یعنی یہود و نصاریٰ) پر اتارا تھاo

(The torment) that We sent down upon the dividers (i.e., the Jews and the Christians),

الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْآنَ عِضِيْنَ (91)

ترجمہ: جنہوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے (کر کے تقسیم) کر ڈالا (یعنی موافق آیتوں کو مان لیا اور غیر موافق کو نہ مانا)o

Those who divided the Qur'an into pieces (and split it, i.e., accepted the favourable Verses but rejected the others).

فَوَرَبِّكَ لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِيْنَ (92)

ترجمہ: سو آپ کے رب کی قسم! ہم ان سب سے ضرور پرسش کریں گےo

So, by your Lord, We shall indeed interrogate them all,

عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ (93)

ترجمہ: ان اعمال سے متعلق جو وہ کرتے رہے تھےo

Pertaining to the works that they used to do.

سورۃ النحل:

وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُواْ حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِن قَبْلُ وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَـكِن كَانُواْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ(118)

ترجمہ: اور یہود پر ہم نے وہی چیزیں حرام کی تھیں جو ہم پہلے آپ سے بیان کر چکے ہیں اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا تھا لیکن وہ خود

اپنی جانوں پر ظلم کیا کرتے تھےo

And We made unlawful for the Jews the same things that We have mentioned to you before, and We did not wrong them, but they used to wrong their souls themselves.

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُواْ السُّوءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُواْ مِن بَعْدِ ذَلِكَ وَأَصْلَحُواْ إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيْمٌ(119)

ترجمہ: پھر بے شک آپ کا رب ان لوگوں کے لیے جنہوں نے نادانی سے غلطیاں کیں پھر اس کے بعد تائب ہو گئے اور (اپنی) حالت درست کر لی تو بے شک آپ کا رب اس کے بعد بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

Indeed your Lord, for those who committed wrongs out of ignorance, then turned to Him in repentance and amended (their) state, then surely after that your Lord is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ بنی اسرائیل:

وَآتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِّبَنِيْ إِسْرَائِيْلَ أَلَّا تَتَّخِذُواْ مِن دُونِيْ وَكِيْلاً (2)

ترجمہ: اور ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب (تورات) عطا کی اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا (اور انہیں حکم دیا) کہ تم میرے سوا کسی کو کارساز نہ ٹھہراؤo

And We gave Musa (Moses) the Book (the Torah) and made it guidance for the Children of Israel (and enjoined them:) 'Do not take anyone other than Me as Guardian.'

وَقَضَيْنَا إِلَى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ فِي الْكِتَابِ لَتُفْسِدُنَّ فِي الأَرْضِ مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوّاً كَبِيْراً (4)

ترجمہ: اور ہم نے کتاب میں بنی اسرائیل کو قطعی طور پر بتا دیا تھا کہ تم زمین میں ضرور دو مرتبہ فساد کرو گے اور (اطاعتِ الٰہی سے) بڑی سرکشی برتو گےo

And We categorically conveyed to the Children of Israel in the Book: 'You shall make mischief twice in the land and employ a violent defiance (against obedience to Allah).'

فَإِذَا جَاء وَعْدُ أُولاهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَاداً لَّنَا أُوْلِيْ بَأْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُواْ خِلاَلَ الدِّيَارِ وَكَانَ وَعْداً مَّفْعُولاً (5)

ترجمہ: پھر جب ان دونوں میں سے پہلی مرتبہ کا وعدہ آ پہنچا تو ہم نے تم پر اپنے ایسے بندے مسلّط کر دیے جو سخت جنگ جُو تھے پھر وہ (تمہاری) تلاش میں (تمہارے) گھروں تک جا گھسے، اور (یہ) وعدہ ضرور پورا ہونا ہی تھاo

So when the promised first time of the two came to pass, We brought upon you those of Our servants who were great warriors. Then, in (your) search, they penetrated up to your dwellings. And (this) promise was sure to be fulfilled.

ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُم بِأَمْوَالٍ وَبَنِيْنَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيْراً (6)

ترجمہ: پھر ہم نے ان کے اوپر غلبہ کو تمہارے حق میں پلٹا دیا اور ہم نے اموال و اولاد (کی کثرت) کے ذریعے تمہاری مدد فرمائی اور ہم نے تمہیں افرادی قوت میں (بھی) بڑھا دیاo

Then We turned the victory over them to your favour and helped you with (affluence in) wealth and children and increased your numerical strength (as well).

إِنْ أَحْسَنتُمْ أَحْسَنتُمْ لِأَنفُسِكُمْ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا فَإِذَا جَاء وَعْدُ الآخِرَةِ لِيَسُوؤُواْ وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُواْ الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُواْ مَا عَلَوْاْ تَتْبِيراً(7)

ترجمہ: اگر تم بھلائی کرو گے تو اپنے (ہی) لیے بھلائی کرو گے، اور اگر تم برائی کرو گے تو اپنی (ہی) جان کے لیے، پھر جب دوسرے وعدہ کی گھڑی آئی (تو اور ظالموں کو تم پر مسلّط کر دیا) تاکہ (مار مار کر) تمہارے چہرے بگاڑ دیں اور تاکہ مسجدِ اقصٰی میں (اسی طرح) داخل ہوں جیسے اس میں (حملہ آور لوگ) پہلی مرتبہ داخل ہوئے تھے اور تاکہ جس (مقام) پر غلبہ پائیں اسے تباہ و برباد کر ڈالیںo

If you do good, you do it (only) for your own benefit, but if you do evil, you will sin against your own souls. Then, when the hour of the second promise came (We sent against you other tyrants) so that (lashing and whipping) they should deform your faces and enter the al-Aqsa Mosque, (the same way) as (the invaders) had entered it the first time, and so that they completely destroy whatever (place) they overpower.

عَسَى رَبُّكُمْ أَن يَرْحَمَكُمْ وَإِنْ عُدتُّمْ عُدْنَا وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيراً (8)

ترجمہ: امید ہے (اس کے بعد) تمہارا رب تم پر رحم فرمائے گا اور اگر تم نے پھر وہی (سرکشی کا طرزِ عمل اختیار) کیا تو ہم بھی وہی (عذاب دوبارہ) کریں گے، اور ہم نے دوزخ کو کافروں کے لیے قید خانہ بنا دیا ہےo

It may well be that (after this) your Lord will have mercy on you, but if you revert to the same (rebellious and defiant behaviour), then We too will get back to the same (tormenting once again). And We have made Hell a prison for the disbelievers.

سورۃ طٰہٰ:

يَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ قَدْ أَنجَيْنَاكُم مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوَاعَدْنَاكُمْ جَانِبَ الطُّورِ الْأَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى (80)

ترجمہ: اے بنی اسرائیل! (دیکھو) بے شک ہم نے تمہیں تمہارے دشمن سے نجات بخشی اور ہم نے تم سے (کوہِ) طور کی داہنی جانب (آنے کا) وعدہ کیا اور (وہاں) ہم نے تم پر من وسلوٰی اتارا o

O Children of Israel! (Realize!) Certainly, We delivered you from your enemy, and gave you the promise of (coming to) the right of (Mount) Tur, and (there) We sent down to you the manna and the quails.

كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ وَمَن يَحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوَى (81)

ترجمہ: (اور تم سے فرمایا:) ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جن کی ہم نے تمہیں روزی دی ہے اور اس میں حد سے نہ بڑھو ورنہ تم پر میرا غضب واجب ہو جائے گا، اور جس پر میرا غضب واجب ہو گیا سو وہ واقعی ہلاک ہو گیاo

(And He said to you:) 'Eat of the pure things that We have provided for you, and do not exceed limits in that, or My wrath will become inevitable for you. And he on whom My wrath comes due is in truth destroyed.'

وَإِنِّي لَغَفَّارٌ لِّمَن تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحاً ثُمَّ اهْتَدَى (82)

ترجمہ: اور بے شک میں بہت زیادہ بخشنے والا ہوں اس شخص کو جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیا پھر ہدایت پر (قائم) رہاo

And I am surely Most Forgiving to him who repents and affirms faith and behaves piously, then sticks to guidance (firmly).

سورۃ الانبیاء:

وَتَقَطَّعُوا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ كُلٌّ إِلَيْنَا رَاجِعُونَ (93)

ترجمہ: اور ان (اہلِ کتاب) نے آپس میں اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا، یہ سب ہماری ہی جانب لوٹ کر آنے والے ہیںo

And these (People of the Book) split up their Din [Religion] into pieces amongst themselves. To Us they all will return.

سورۃ الحج:

وَكَذَلِكَ أَنزَلْنَاهُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَأَنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَن يُرِيدُ (16)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے اس (پورے قرآن) کو روشن دلائل کی صورت میں نازل فرمایا ہے اور بے شک اللہ جسے ارادہ فرماتا ہے ہدایت سے نوازتا ہےo

And in the same way, We have revealed this (complete Qur'an) in the format of clear, logical arguments. And surely, Allah blesses with guidance whom He wills.

سورۃ النمل:

إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (76)

ترجمہ: بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل کے سامنے وہ بیشتر چیزیں بیان کرتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیںo

Surely, this Qur'an expounds to the Children of Israel most of the things in which they differ.

سورۃ القصص:

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ مِن قَبْلِهِ هُم بِهِ يُؤْمِنُونَ (52)

ترجمہ: جن لوگوں کو ہم نے اس سے پہلے کتاب عطا کی تھی وہ (اسی ہدایت کے تسلسل میں) اس (قرآن) پر (بھی) ایمان رکھتے ہیںo

Those whom We gave the Book before this, they believe in this (Qur'an as well

in the continuation of the same guidance).

وَإِذَا يُتْلَى عَلَيْهِمْ قَالُوا آمَنَّا بِهِ إِنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّنَا إِنَّا كُنَّا مِن قَبْلِهِ مُسْلِمِينَ (53)

ترجمہ: اور جب ان پر (قرآن) پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لائے بے شک یہ ہمارے رب کی جانب سے حق ہے، حقیقت میں تو ہم اس سے پہلے ہی مسلمان (یعنی فرمانبردار) ہو چکے تھےo

And when (the Qur'an) is recited to them, they say: 'We believe in it; verily, it is the truth from our Lord. In fact, we had become Muslims (i.e., the yielding) even before this.'

سورۃ الروم:

مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا شِيَعاً كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ (32)

ترجمہ: ان (یہود و نصارٰی) میں سے (بھی نہ ہونا) جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا اور وہ گروہ در گروہ ہو گئے، ہر گروہ اسی (ٹکڑے) پر اِترا تا ہے جو اس کے پاس ہےo

(Also be not) of those (Jews and Christians) who divided up their religion and became sects and subsects-every sect rejoicing over what is with them.

سورۃ السجدۃ:

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَلَا تَكُن فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَائِهِ وَجَعَلْنَاهُ هُدًى لِّبَنِي إِسْرَائِيلَ (23)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسٰی (علیہ السلام) کو کتاب (تورات) عطا فرمائی تو آپ ان کی ملاقات کی نسبت شک میں نہ رہیں (وہ ملاقات آپ سے عنقریب شبِ معراج ہونے والی ہے) اور ہم نے اسے بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایاo

And verily, We gave Musa (Moses) the Book (Torah). So do not have any doubt with regard to his meeting. (That meeting is about to take place during the Night of the Ascension.) And We made it a guidance for the Children of Israel.

وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ (24)

ترجمہ: اور ہم نے ان میں سے جب وہ صبر کرتے رہے کچھ امام و پیشوا بنا دیے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے رہے اور وہ ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھےo

And We made from amongst them authorities and leaders who kept disseminating guidance by Our command when they persevered with patience and believed in Our Revelations with certitude.

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (25)

ترجمہ: بے شک آپ کا رب ہی ان لوگوں کے درمیان قیامت کے دن ان (باتوں) کا فیصلہ فرما دے گا جن میں وہ اختلاف کیا کرتے تھےo

Surely, your Lord alone will judge between them on the Day of Resurrection

concerning matters in which they used to disagree.

سورۃ الاحزاب:

وَأَنزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوهُم مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن صَيَاصِيهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيقاً تَقْتُلُونَ وَتَأْسِرُونَ فَرِيقاً **(26)**

ترجمہ: اور (بنوقریظہ کے) جن اہلِ کتاب نے (اپنا معاہدۂ اَمن توڑ کر) ان (حملہ آور کفار) کی مدد کی تھی اللہ نے انہیں (بھی) ان کے قلعوں سے اتار دیا اور ان کے دلوں میں (اسلام کا) رعب ڈال دیا تم (ان میں سے) ایک گروہ کو (ان کے جنگی جرائم کی پاداش میں) قتل کرتے ہو اور ایک گروہ کو جنگی قیدی بناتے ہوo

And the People of the Book (amongst the tribe of Banu Qurayza) who helped those (aggressors in breach of their peace treaty), Allah (also) brought them down from their fortresses and filled their hearts with the fear (of Islam). You kill a party of them (for their war crimes), and make the other party prisoners of war.

سورۃ مومن:

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْهُدَى وَأَوْرَثْنَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ الْكِتَابَ **(53)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو (کتاب) ہدایت عطا کی اور ہم نے (اُن کے بعد) بنی اسرائیل کو (اُس) کتاب کا وارث بنایاo

And verily We gave Musa ([Moses] the Book of) guidance, and (after him) We made the Children of Israel the inheritors of that (Book),

هُدًى وَذِكْرَى لِأُولِيْ الْأَلْبَابِ **(54)**

ترجمہ: جو ہدایت ہے اور عقل والوں کے لیے نصیحت ہےo

A guidance and a reminder for those who possess wisdom.

سورۃ الدخان:

وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ مِنَ الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ **(30)**

ترجمہ: اور واقعتہً ہم نے بنی اسرائیل کو ذِلّت انگیز عذاب سے نجات بخشیo

And verily, We delivered the Children of Israel from a humiliating suffering,

وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَى عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِيْنَ **(32)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے ان (بنی اسرائیل) کو علم کی بنا پر ساری دنیا (کی معاصر تہذیبوں) پر چُن لیا تھاo

And surely, We chose them (the Children of Israel) above (their contemporary civilizations of) the world on the basis of knowledge.

وَآتَيْنَاهُم مِّنَ الْآيَاتِ مَا فِيهِ بَلَاء مُّبِينٌ (33)

ترجمہ: اور ہم نے انہیں وہ نشانیاں عطا فرمائیں جن میں ظاہری نعمت (اور صریح آزمائش) تھیo

And We bestowed upon them signs containing an obvious favour (and a clear trial).

سورۃ الجاثیۃ:

وَلَقَدْ آتَيْنَا بَنِيٓ إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنَاهُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ (16)

ترجمہ: اور بے شک ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور نبوت عطا فرمائی، اور انہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا اور ہم نے انہیں (ان کے ہم زمانہ) جہانوں پر (یعنی اس دور کی قوموں اور تہذیبوں پر) فضیلت بخشیo

And surely, We gave to the Children of Israel the Book, the reign and Prophethood, and provided them with sustenance of pure things. And We exalted them above (their contemporary) worlds (i.e., the nations and civilizations of that age).

وَآتَيْنَاهُم بَيِّنَاتٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَمَا اخْتَلَفُوا إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ (17)

ترجمہ: اور ہم نے ان کو دین (اور نبوّت) کے واضح دلائل اور نشانیاں دی ہیں مگر اس کے بعد کہ اُن کے پاس (بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا) علم آچکا انہوں نے (اس سے) اختلاف کیا محض باہمی حسد و عداوت کے باعث، بے شک آپ کا رب اُن کے درمیان قیامت کے دن اس امر کا فیصلہ فرما دے گا جس میں وہ اختلاف کیا کرتے تھےo

And We gave them clear proofs of religion (and Prophethood). But they disagreed (about it) after the knowledge (of raising the Prophet Muhammad [blessings and peace be upon him]) had come to them, merely because of their mutual jealousy, spite and antagonism. Surely, your Lord will judge between them on the Day of Rising concerning the matter in which they used to disagree.

ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَى شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاء الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (18)

ترجمہ: پھر ہم نے آپ کو دین کے کھلے راستے (شریعت) پر مامور فرما دیا، سو آپ اسی راہ پر چلتے جائیے اور اُن لوگوں کی خواہشوں کو قبول نہ فرمائیے جنہیں (آپ کی اور آپ کے دین کی عظمت و حقّانیت کا) علم ہی نہیں ہےo

Then We set you on the open path of Shariah (Islamic law). So follow it persistently. And do not yield to the desires of those who are simply unaware (of the glory, dignity and trueness of your Din [Religion]).

إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَ (19)

ترجمہ: بے شک یہ لوگ اللہ کی جانب سے (اسلام کی راہ میں پیش آمدہ مشکلات کے وقت میں وعدوں کے باوجود) ہرگز آپ کے

کام نہیں آئیں گے، اور بے شک ظالم لوگ (دنیا میں) ایک دوسرے کے ہی دوست اور مددگار ہوا کرتے ہیں، اور اللہ پرہیزگاروں کا دوست اور مددگار ہےo

Surely, these people will not be of any help to you at all (despite promises) from Allah (for crucial time of hardships coming in the way of Islam). And in truth, the wrongdoers (in the world) are friends and helpers only to one another and Allah is the Friend and Helper of the Godfearing.

سورۃ الاحقاف:

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَكَفَرْتُم بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ **(10)**

ترجمہ: فرما دیجیے: ذرا بتاؤ تو اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس کا انکار کر دیا ہو اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ (بھی پہلی آسمانی کتابوں سے) اس جیسی کتاب (کے اترنے کے ذکر) پر گواہی دے پھر وہ (اس پر) ایمان (بھی) لایا ہو اور تم (اس کے باوجود) غرور کرتے رہے (تو تمہارا انجام کیا ہوگا؟)، بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتاo

Say: 'Tell me, if this (Qur'an) is from Allah and you deny it and a witness from the Children of Israel (also) bears testimony to the mention of (the revelation of) such a Book (in the Revealed Books revealed earlier), then he believes (in it as well), but (despite that) you show arrogance (then what will be your fate?) Surely, Allah does not guide the wrongdoing people.'

وَمِن قَبْلِهِ كِتَابُ مُوسَى إِمَاماً وَرَحْمَةً وَهَذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَاناً عَرَبِيّاً لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَى لِلْمُحْسِنِينَ **(12)**

ترجمہ: اور اس سے پہلے موسٰی (علیہ السلام) کی کتاب (تورات) پیشوا اور رحمت تھی، اور یہ کتاب (اس کی) تصدیق کرنے والی ہے، عربی زبان میں ہے تاکہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے ظلم کیا ہے اور نیکوکاروں کے لیے خوشخبری ہوo

And before it was the Book of Musa (Moses [the Torah]), a guide and mercy. And this Book confirms that. It is in the Arabic language to warn the wrongdoers and give good news to the pious.

سورۃ الحدید:

أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَن تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ **(16)**

ترجمہ: کیا ایمان والوں کے لیے (ابھی) وہ وقت نہیں آیا کہ اُن کے دل اللہ کی یاد کے لیے رِقّت کے ساتھ جھک جائیں اور اس حق کے لیے (بھی) جو نازل ہوا ہے اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں اس سے پہلے کتاب دی گئی تھی پھر ان پر مدّت دراز گزر گئی تو اُن کے دل سخت ہو گئے، اور ان میں بہت سے لوگ نافرمان ہیںo

Has the time not (yet) come for the believers that their hearts get humbled with

tenderness for the remembrance of Allah, and for that truth (as well) which has been sent down, and that they do not become like those who were given the Book before this, then a long time passed over them and their hearts hardened? And many of them are disobedient.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحاً وَإِبْرَاهِيمَ وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتَابَ فَمِنْهُم مُّهْتَدٍ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ **(26)**

ترجمہ: اور بے شک ہم نے نوح اور ابراہیم علیہما السلام کو بھیجا اور ہم نے دونوں کی اولاد میں رسالت اور کتاب مقرر فرما دی تو ان میں سے (بعض) ہدایت یافتہ ہیں، اور ان میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیں o

And indeed, We sent Nuh (Noah) and Ibrahim (Abraham), and We placed Prophethood and the revealed Book amongst their children. So (some) of them are rightly guided and most of them are disobedient.

ثُـمَّ قَـفَّيْـنَـا عَـلَى آثَارِهِم بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَآتَيْنَاهُ الْإِنجِيْلَ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً وَرَهْبَـانِيَّةً ابْتَـدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَاء رِضْوَانِ اللَّهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا فَآتَيْنَا الَّذِيْنَ آمَنُوا مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ **(27)**

ترجمہ: پھر ہم نے ان رسولوں کے نقوشِ قدم پر (دوسرے) رسولوں کو بھیجا اور ہم نے ان کے پیچھے عیسٰی ابنِ مریم (علیہما السلام) کو بھیجا اور ہم نے انہیں انجیل عطا کی اور ہم نے اُن لوگوں کے دلوں میں جو اُن کی (یعنی عیسٰی علیہ السلام کی صحیح) پیروی کر رہے تھے شفقت اور رحمت پیدا کر دی۔ اور رہبانیت (یعنی عبادتِ الٰہی کے لیے ترکِ دنیا اور لذّتوں سے کنارہ کشی) کی بدعت انہوں نے خود ایجاد کر لی تھی، اسے ہم نے اُن پر فرض نہیں کیا تھا، مگر (انہوں نے رہبانیت کی یہ بدعت) محض اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے (شروع کی تھی) پھر اس کی عملی نگہداشت کا جو حق تھا وہ اس کی ویسی نگہداشت نہ کر سکے (یعنی اسے اسی جذبہ اور پابندی سے جاری نہ رکھ سکی)، سو ہم نے اُن لوگوں کو جو ان میں سے ایمان لائے (اور بدعتِ رہبانیت کو رضائے الٰہی کے لیے جاری رکھے ہوئے) تھے، اُن کا اجر و ثواب عطا کر دیا اور ان میں سے اکثر لوگ (جو اس کے تارک ہو گئے اور بدل گئے) بہت نافرمان ہیں o

Then in the footsteps of these Messengers, We sent (other) Messengers and We sent 'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) after them and gave him the Injil (the Gospel). And We created kindness and mercy in the hearts of those who were (the true) followers (of 'Isa [Jesus]). And they themselves invented the innovation of monasticism. We did not prescribe it for them. But they (introduced this innovation of monasticism) merely to seek Allah's pleasure. Then they could not practically keep and maintain that check which was its due (i.e., could not continue its spirit and discipline). So We paid those of them who believed (and continued the innovation of monasticism to seek the pleasure of Allah) their reward. And most of them (who left it and changed their ways) are disobedient.

يَـا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَآمِنُوا بِرَسُولِهِ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِ وَيَجْعَل لَّكُمْ نُوراً تَمْشُونَ بِهِ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَّحِيْمٌ (28)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ کا تقوٰی اختیار کرو اور اُس کے رسولِ (مکرّم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان لے آؤ وہ تمہیں اپنی رحمت کے دو حصّے عطا فرمائے گا اور تمہارے لیے نور پیدا فرما دے گا جس میں تم (دنیا اور آخرت میں) چلا کرو گے اور تمہاری مغفرت فرما دے گا، اور اللہ بہت بخشنے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

O believers! Become Godfearing and believe in His (Esteemed) Messenger (blessings and peace be upon him). He will bless you with two portions of His mercy and will bring about light for you to walk in (in the world and in the Hereafter) and will forgive you. And Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَى شَيْءٍ مِّن فَضْلِ اللّٰهِ وَأَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ (29)

ترجمہ: (یہ بیان اِس لیے ہے) کہ اہلِ کتاب جان لیں کہ وہ اللہ کے فضل پر کچھ قدرت نہیں رکھتے اور (یہ) کہ سارا فضل اللہ ہی کے دستِ قدرت میں ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے، اور اللہ فضل والا عظمت والا ہےo

(The purpose of this exposition is) that the People of the Book may know that they have no control over Allah's bounty, and that the entire bounty is in the Mighty Hand of Allah alone. He gives it to whom He likes, and Allah is the Lord of infinite bounty, Most Great.

سورۃ الحشر:

هُوَ الَّذِيْ أَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ مِن دِيَارِهِمْ لِأَوَّلِ الْحَشْرِ مَا ظَنَنتُمْ أَن يَخْرُجُوا وَظَنُّوا أَنَّهُم مَّانِعَتُهُمْ حُصُونُهُم مِّنَ اللّٰهِ فَأَتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوا وَقَذَفَ فِيْ قُلُوبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُونَ بُيُوتَهُم بِأَيْدِيهِمْ وَأَيْدِيْ الْمُؤْمِنِيْنَ فَاعْتَبِرُوا يَا أُولِيْ الْأَبْصَارِ (2)

ترجمہ: وہی ہے جس نے اُن کافر کتابیوں کو (یعنی بنونضیر کو) پہلی جلاوطنی میں گھروں سے (جمع کر کے مدینہ سے شام کی طرف) نکال دیا۔ تمہیں یہ گمان (بھی) نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور انہیں یہ گمان تھا کہ اُن کے مضبوط قلعے انہیں اللہ (کی گرفت) سے بچا لیں گے پھر اللہ (کے عذاب) نے اُن کو وہاں سے آلیا جہاں سے وہ گمان (بھی) نہ کر سکتے تھے اور اس (اللہ) نے اُن کے دلوں میں رعب و دبدبہ ڈال دیا وہ اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں اور اہلِ ایمان کے ہاتھوں ویران کر رہے تھے۔ پس اے دیدۂ بینا والو! (اس سے) عبرت حاصل کروo

He is the One Who collected the disbelievers from amongst the People of the Book (i.e., the tribe of Banu Nadir) from their houses and banished them the first time (from Medina towards Syria). You did not (even) think that they would go away, and they thought that their strong fortresses would save them from (the seizure of) Allah. Then (the torment of) Allah came upon them from where they could not (even) imagine. And He (Allah) cast terror into their hearts, (and

thus) they ruined their houses with their own hands and the believers' hands. So, learn a lesson (from it), O people of vision!

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ نَافَقُوا يَقُولُونَ لِإِخْوَانِهِمُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَئِنْ أُخْرِجْتُمْ لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَلَا نُطِيعُ فِيكُمْ أَحَداً أَبَداً وَإِن قُوتِلْتُمْ لَنَنصُرَنَّكُمْ وَاللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ (11)

ترجمہ: کیا آپ نے منافقوں کو نہیں دیکھا جو اپنے اُن بھائیوں سے کہتے ہیں جو اہلِ کتاب میں سے کافر ہو گئے ہیں کہ اگر تم (یہاں سے) نکالے گئے تو ہم بھی ضرور تمہارے ساتھ ہی نکل چلیں گے اور ہم تمہارے معاملے میں کبھی بھی کسی ایک کی بھی اطاعت نہیں کریں گے اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم ضرور بالضرور تمہاری مدد کریں گے، اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیںo

Have you not seen the hypocrites who say to their brothers amongst the People of the Book who have become disbelievers: 'If you are driven out (from here), we too will necessarily leave with you and will never obey anyone in your case, and if you are attacked, we will most certainly help you'? But Allah bears witness that they are certainly liars.

لَئِنْ أُخْرِجُوا لَا يَخْرُجُونَ مَعَهُمْ وَلَئِن قُوتِلُوا لَا يَنصُرُونَهُمْ وَلَئِن نَّصَرُوهُمْ لَيُوَلُّنَّ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ (12)

ترجمہ: اگر وہ (شر پسند یہود مدینے سے) نکال دیے گئے تو یہ (منافقین) اُن کے ساتھ (کبھی) نہیں نکلیں گے، اور اگر اُن سے جنگ کی گئی تو یہ اُن کی مدد نہیں کریں گے، اور اگر انہوں نے اُن کی مدد کی (بھی) تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے، پھر اُن کی مدد (کہیں سے) نہ ہو سکے گیo

If they (the mischief-monger Jews) are driven out (from Medina), these (hypocrites) will never leave with them. Nor will they help them if they are put to fight. But if (at all) they do come to their help, they will for sure flee, turning their backs. Then they will not be helped (from anywhere).

لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ (13)

ترجمہ: (اے مسلمانو!) بے شک اُن کے دلوں میں اللہ سے (بھی) زیادہ تمہارا رعب اور خوف ہے، یہ اس وجہ سے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھ ہی نہیں رکھتےo

(O Muslims!) Indeed, they have greater fear of you in their hearts than Allah's. The reason is that they are the people who do not possess understanding.

لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعاً إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاء جُدُرٍ بَأْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعاً وَقُلُوبُهُمْ شَتَّى ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ (14)

ترجمہ: وہ (مدینے کے عہد شکن یہود اور منافقین) سب مل کر (بھی) تم سے جنگ نہ کر سکیں گے سوائے قلعہ بند شہروں میں یا دیواروں کی آڑ میں، اُن کی لڑائی اُن کے آپس میں (ہی) سخت ہے، تم انہیں اکٹھا سمجھتے ہو حالاں کہ اُن کے دل باہم متفرّق ہیں، یہ اس لیے کہ وہ لوگ عقل سے کام نہیں لیتےo

They (the Jews of Medina, who breached the treaty, and the hypocrites) will not be able to fight against you (even) allied, except in fortified towns or taking

cover behind walls. They fight hard (but) amongst themselves. You think they are united, whereas their hearts are disunited. The reason is that they do not apply reason.

كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِن قَبْلِهِمْ قَرِيْباً ذَاقُوا وَبَالَ أَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ (15)

ترجمہ: (اُن کا حال) اُن لوگوں جیسا ہے جو اُن سے پہلے زمانۂ قریب میں ہی اپنی شامتِ اعمال کا مزہ چکھ چکے ہیں (یعنی بدر میں مشرکینِ مکہ، اور یہود میں سے بنونضیر، بنوقینقاع و بنوقریظہ وغیرہ)، اور ان کے لیے (آخرت میں بھی) دردناک عذاب ہےo

(Their plight) resembles those who have tasted the evil consequences of their works shortly before them (i.e., the idolaters of Mecca in Badr and Banu Nadir, Banu Qaynuqa' and Banu Qurayza of the Jews, etc.). And there is for them a grievous punishment (in the Hereafter as well).

سورۃ الجمعۃ:

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ أَسْفَاراً بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ اللَّهِ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ (5)

ترجمہ: اُن لوگوں کا حال جن پر تورات (کے احکام وتعلیمات) کا بوجھ ڈالا گیا پھر انہوں نے اسے نہ اٹھایا (یعنی اس میں اِس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر موجود تھا مگر وہ اِن پر ایمان نہ لائے) گدھے کی مِثل ہے جو پیٹھ پر بڑی بڑی کتابیں لادے ہوئے ہو، اُن لوگوں کی مثال کیا ہی بُری ہے جنہوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا ہے، اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں فرماتاo

The case of those who were burdened with (the commandments and teachings of) the Torah (but) then did not bear it (i.e., this Messenger was mentioned in it, but they disbelieved in him) is like that of a donkey loaded with heavy books on its back. How evil is the example of those who have rejected Allah's Revelations! And Allah does not guide the wrongdoers.

قُلْ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوا إِن زَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ أَوْلِيَاء لِلَّهِ مِن دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (6)

ترجمہ: آپ فرما دیجیے: اے یہودیو! اگر تم یہ گمان کرتے ہو کہ سب لوگوں کو چھوڑ کر تم ہی اللہ کے دوست (یعنی اولیاء) ہو تو موت کی آرزو کرو (کیونکہ اس کے اولیاء کو تو قبر وحشر میں کوئی پریشانی نہیں ہوگی) اگر تم (اپنے خیال میں) سچے ہوo

Say: 'O Jews, if you think that, leaving all other people, you alone are the friends of Allah (i.e., Awliya'), then long for death (because His Awliya' will not fear in the grave and the Hereafter) if you are true (in your thinking).'

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهُ أَبَداً بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيْهِمْ وَاللَّهُ عَلِيْمٌ بِالظَّالِمِيْنَ (7)

ترجمہ: اور یہ لوگ کبھی بھی اس کی تمنا نہیں کریں گے اُس (رسول کی تکذیب اور کفر) کے باعث جو وہ آگے بھیج چکے ہیں۔ اور اللہ ظالموں کو خُوب جانتا ہےo

And these people will never long for it due to (the rejection of the Messenger and disbelief) which they have sent forward. And Allah knows the wrongdoers

well.

قُلْ إِنَّ الْمَوْتَ الَّذِیْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَإِنَّهُ مُلَاقِیْکُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ إِلَی عَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَیُنَبِّئُکُم بِمَا کُنتُمْ تَعْمَلُوْنَ (8)

ترجمہ: فرما دیجیے: جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ ضرور تمہیں ملنے والی ہے پھر تم ہر پوشیدہ و ظاہر چیز کو جاننے والے (رب) کی طرف لوٹائے جاؤ گے، سو وہ تمہیں آگاہ کر دے گا جو کچھ تم کرتے تھےo

Say: 'The death from which you are fleeing is bound to catch up with you. Then you will be returned to Him (the Lord) Who knows the unseen and the seen. So He will inform you of what you used to do.'

سورۃ المدثر:

وَمَا جَعَلْنَا أَصْحَابَ النَّارِ إِلَّا مَلَائِکَةً وَمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ إِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ کَفَرُوا لِیَسْتَیْقِنَ الَّذِیْنَ أُوتُوا الْکِتَابَ وَیَزْدَادَ الَّذِیْنَ آمَنُوا إِیْمَاناً وَلَا یَرْتَابَ الَّذِیْنَ أُوتُوا الْکِتَابَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَلِیَقُوْلَ الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْکَافِرُوْنَ مَاذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِهَذَا مَثَلاً کَذَلِکَ یُضِلُّ اللّٰهُ مَن یَشَاءُ وَیَهْدِیْ مَن یَشَاءُ وَمَا یَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّکَ إِلَّا هُوَ وَمَا هِیَ إِلَّا ذِکْرَی لِلْبَشَرِ (31)

ترجمہ: اور ہم نے دوزخ کے داروغے صرف فرشتے ہی مقرر کیے ہیں اور ہم نے ان کی گنتی کافروں کے لیے محض آزمائش کے طور پر مقرر کی ہے تاکہ اہلِ کتاب یقین کر لیں (کہ قرآن اور نبوتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حق ہے کیونکہ ان کی کتب میں بھی یہی تعداد بیان کی گئی تھی) اور اہلِ ایمان کا ایمان (اس تصدیق سے) مزید بڑھ جائے، اور اہلِ کتاب اور مومنین (اس کی حقانیت میں) شک نہ کر سکیں، اور تاکہ وہ لوگ جن کے دلوں میں (نفاق کی) بیماری ہے اور کفار یہ کہیں کہ اس (تعداد کی) مثال سے اللہ کی مراد کیا ہے؟ اسی طرح اللہ (ایک ہی بات سے) جسے چاہتا ہے گمراہ ٹھہراتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت فرماتا ہے، اور آپ کے رب کے لشکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور یہ (دوزخ کا بیان) اِنسان کی نصیحت کے لیے ہی ہےo

And We have appointed only angels as guards of Hell. And We have fixed their number only as a trial for the disbelievers so that the People of the Book may believe with certitude (that the Qur'an and the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him] is a truth because the same number was given in their scriptures as well), and that the faith of the believers may further be strengthened (with this confirmation), and that the People of the Book and the believers may not doubt (its veracity), and that those having a disease (of hypocrisy) in their hearts and the disbelievers may say: 'What does Allah intend by this example (of number)?' In this way, Allah holds astray whom He wills, and guides aright whom He wills (with the same stroke). And no one knows the armies of your Lord except Him. And this (description of Hell is nothing else) but an admonition to mankind.

سورۃ البینہ:

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنفَكِّيْنَ حَتّٰى تَأْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ (1)

ترجمہ: اہلِ کتاب میں سے جو لوگ کافر ہو گئے اور مشرکین اس وقت تک (کفر سے) الگ ہونے والے نہ تھے جب تک ان کے پاس روشن دلیل (نہ) آجاتی o

The disbelievers from amongst the People of the Book and the idolaters would not desist (from disbelief) until clear proof came to them.

رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُو صُحُفاً مُّطَهَّرَةً (2)

ترجمہ: (وہ دلیل) اللہ کی طرف سے رسول (آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں جو (ان پر) پاکیزہ اوراقِ (قرآن) کی تلاوت فرماتے ہیں o

That (proof) is the (last) Messenger from Allah, who recites (to them) holy pages (of the Glorious Qur'an),

فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ (3)

ترجمہ: جن میں درست اور مستحکم احکام (درج) ہیں o

In which are (written) correct and firm commandments.

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءتْهُمُ الْبَيِّنَةُ (4)

ترجمہ: (ان) اہل کتاب میں (نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت و رسالت پر ایمان لانے اور آپ کی شانِ اقدس کو پہچاننے کے بارے میں پہلے) کوئی پھوٹ نہ پڑی تھی مگر اس کے بعد کہ جب (بعثتِ محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی) روشن دلیل ان کے پاس آ گئی (تو وہ باہم بٹ گئے کوئی ان پر ایمان لے آیا اور کوئی حسد کے باعث منکر و کافر ہو گیا) o

These People of the Book did not dissent amongst themselves (with regard to believing in the Prophethood and Messengership of the Last Messenger and recognizing his holy status), until after the clear proof (of the Prophethood of Muhammad [blessings and peace be upon him]) had come to them. (Then, they broke up: some of them accepted belief in him whilst others became deniers and disbelievers out of jealousy,)

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَاء وَيُقِيْمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ (5)

ترجمہ: حالاں کہ انہیں فقط یہی حکم دیا گیا تھا کہ صرف اسی کے لیے اپنے دین کو خالص کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کریں، (ہر باطل سے جدا ہو کر) حق کی طرف یک سُوئی پیدا کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیا کریں اور یہی سیدھا اور مضبوط دین ہے o

Whereas they were commanded to worship only Allah, making their Din (faith and devotion) sincerely His (dissociating from every falsehood) to establish Prayer and to pay Zakat (the Alms-due) regularly. And this is the straight and firm Din (Religion).

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أُوْلَئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ (6)

ترجمہ: بے شک جو لوگ اہلِ کتاب میں سے کافر ہو گئے اور مشرکین (سب) دوزخ کی آگ میں (پڑے) ہوں گے وہ ہمیشہ اسی میں رہنے والے ہیں، یہی لوگ بدترین مخلوق ہیں o

Indeed, those who disbelieve from amongst the People of the Book and the polytheists (all) will be (abiding) in the Fire of Hell. They are its permanent dwellers. It is they who are the worst of the creation.

63۔ حرمت والے مہینوں کا ذکر

سورۃ التوبۃ:

إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْراً فِي كِتَابِ اللّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ذَلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ فَلاَ تَظْلِمُواْ فِيهِنَّ أَنفُسَكُمْ وَقَاتِلُواْ الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَآفَّةً وَاعْلَمُواْ أَنَّ اللّهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ(36)

ترجمہ: بے شک اللہ کے نزدیک مہینوں کی گنتی اللہ کی کتاب (یعنی نوشتۂ قدرت) میں بارہ مہینے (لکھی) ہے جس دن سے اس نے آسمانوں اور زمین (کے نظام) کو پیدا فرمایا تھا۔ ان میں سے چار مہینے (ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب) حرمت والے ہیں۔ یہی سیدھا حساب ہے۔ سو تم ان مہینوں میں (از خود جنگ وقتال میں ملوث ہو کر) اپنی جانوں پر ظلم نہ کرنا اور تم (بھی) تمام (محارِب) مشرکین سے اسی طرح (جوابی) جنگ کیا کرو جس طرح وہ سب (اکٹھے ہو کر) تم سب پر جنگ مسلط کرتے ہیں، اور جان لو کہ بے شک اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہےo

Indeed, the number of months with Allah has been (inscribed as) twelve in the Book of Allah (i.e., permanent Law of Nature) since the day He created (the system of) the heavens and the earth. Of these, four months (Rajab, Dhu al-Qa'da, Dhu al-Hijja and Muharram) are sacred. This is the right Din (Religion). So do not wrong your souls during these months (by involving yourselves in fighting and war), and fight against all the (combatant) idolaters (in retaliation) the same way as they all (allied) have imposed war upon all of you, and bear in mind that Allah is surely with the Godfearing.

إِنَّمَا النَّسِيءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُواْ يُحِلِّونَهُ عَاماً وَيُحَرِّمُونَهُ عَاماً لِّيُوَاطِؤُواْ عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّهُ فَيُحِلُّواْ مَا حَرَّمَ اللّهُ زُيِّنَ لَهُمْ سُوءُ أَعْمَالِهِمْ وَاللّهُ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ (37)

ترجمہ: (حرمت والے مہینوں کو) آگے پیچھے ہٹا دینا محض کفر میں زیادتی ہے اس سے وہ کافر لوگ بہکائے جاتے ہیں جو اسے ایک سال حلال گردانتے ہیں اور دوسرے سال اسے حرام ٹھہرا لیتے ہیں تاکہ ان (مہینوں) کا شمار پورا کر دیں جنہیں اللہ نے حرمت بخشی ہے اور اس (مہینے) کو حلال (بھی) کر دیں جسے اللہ نے حرام فرمایا ہے۔ ان کے لیے ان کے برے اعمال خوش نما بنا دیے گئے ہیں اور اللہ کافروں کے گروہ کو ہدایت نہیں فرماتاo

Postponing and deferring (the sacred months) is just an addition to disbelief. By this, the disbelievers are led astray; they, in one year, count it lawful and in another year regard it forbidden to complete the count (of the months) which Allah has made sacred and (they also) make that (month) lawful which Allah has declared unlawful. Their evil deeds have been made attractive to them, and Allah does not guide the community of disbelievers.

64۔ ہجرت کا بیان

سورۃ النساء:

إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلآئِكَةُ ظَالِمِيَ أَنفُسِهِمْ قَالُواْ فِيمَ كُنتُمْ قَالُواْ كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الأَرْضِ قَالُوَاْ أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُواْ فِيهَا فَأُوْلَـئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَسَاءتْ مَصِيراً (97)

ترجمہ: بیشک جن لوگوں کی روح فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں (تو) وہ ان دریافت کرتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے (تم نے اقامت دین کی جدوجہد کی نہ سرِ زمین کُفر کو چھوڑا)؟ وہ (معذرۃً) کہتے ہیں کہ ہم زمین میں کمزور و بے بس تھے، فرشتے (جواباً) کہتے ہیں کیا اللہ کی زمین فراخ نہ تھی کہ تم اس میں (کہیں) ہجرت کر جاتے، سو یہی وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانہ جہنم ہے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہےO

Indeed, those whose lives the angels take in such a state that (due to living in an environment of disbelief and dissension) they have ruined their souls, the angels ask them: 'What condition were you in? (You neither protected your Din [Religion] and faith, nor left the land of disbelief and dissension.)' They (regretfully) reply: 'We were powerless and helpless in the land.' The angels will say: 'Was Allah's earth not vast enough for you to migrate in it (somewhere)?' So it is they whose abode is Hell, and what an evil abode that is!

إِلاَّ الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاء وَالْوِلْدَانِ لاَ يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً وَلاَ يَهْتَدُونَ سَبِيلاً (98)

ترجمہ: سوائے ان واقعی مجبور و بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کے، جو نہ کسی تدبیر پر قدرت رکھتے ہیں اور نہ (وہاں سے نکلنے کا) کوئی راستہ جانتے ہیںO

Except for those really helpless men, women and children who neither are capable to make any plan, nor do they know any way (to escape from there).

فَأُوْلَـئِكَ عَسَى اللّهُ أَن يَعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللّهُ عَفُوّاً غَفُوراً (99)

ترجمہ: سو یہ وہ لوگ ہیں کہ یقیناً اللہ ان سے درگزر فرمائے گا، اور اللہ بڑا معاف فرمانے والا بخشنے والا ہےO

They are those whom Allah shall certainly spare, and Allah is Most Pardoning, Most Forgiving.

وَمَن يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللّهِ يَجِدْ فِي الأَرْضِ مُرَاغَماً كَثِيراً وَسَعَةً وَمَن يَخْرُجْ مِن بَيْتِهِ مُهَاجِراً إِلَى اللّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللّهِ وَكَانَ اللّهُ غَفُوراً رَّحِيماً (100)

ترجمہ: اور جو کوئی اللہ کی راہ میں گھر بار چھوڑ کر نکلے وہ زمین میں (ہجرت کے لئے) بہت سی جگہیں اور (معاش کے لئے) کشائش پائے گا، اور جو شخص بھی اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے پھر اسے (راستے میں ہی) موت آ پکڑے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ثابت ہوگا، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہےO

And he who emigrates leaving his home in the way of Allah will find (for hijra-migration) many places in the earth and plentiful provision (for

sustenance), and he who leaves his home, migrating towards Allah and His Messenger (blessings and peace be upon him), and then death overtakes him (on the way), his reward with Allah is ensured and Allah is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الانفال:

إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَالَّذِيْنَ آوَواْ وَّنَصَرُواْ أُوْلَـئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَلَمْ يُهَاجِرُواْ مَا لَكُم مِّن وَلاَيَتِهِم مِّن شَيْءٍ حَتَّى يُهَاجِرُواْ وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلاَّ عَلَى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيْثَاقٌ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (72)

ترجمہ : بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے (اللہ کے لیے) وطن چھوڑ دیے اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی وہی لوگ ایک دوسرے کے حقیقی دوست ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے (مگر) انہوں نے (اللہ کے لیے) گھر بار نہ چھوڑے تو تمہیں ان کی دوستی سے کوئی سروکار نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ دین (کے معاملات) میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر (ان کی) مدد کرنا واجب ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں (مدد نہ کرنا) کہ تمہارے اور ان کے درمیان (صلح و امن کا) معاہدہ ہو، اور اللہ ان کاموں کو جو تم کر رہے ہو خوب دیکھنے والا ہے o

Indeed, those who have embraced faith and have emigrated (for the cause of Allah) and have fought in the way of Allah with their material as well as human resources, and those who have provided (the Emigrants) with shelter and helped (them), it is they who are the real friends of one another. And those who have believed (but) have not emigrated (for Allah), you do not owe anything to them for their friendship till they emigrate. And if they seek help from you in (matters of) Din (Religion), it will be your duty to help them, except against a people with whom you have a (peace) treaty. And Allah is Most Vigilant to all (the works) that you are doing.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَالَّذِيْنَ آوَواْ وَّنَصَرُواْ أُوْلَـئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقّاً لَّهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيْمٌ (74)

ترجمہ: اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (راہِ خدا میں گھر بار اور وطن قربان کر دینے والوں کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی، وہی لوگ حقیقت میں سچے مسلمان ہیں، ان ہی کے لیے بخشش اور عزت کی روزی ہے o

And those who believed and emigrated and fought in the cause of Allah and those who provided shelter (to those who sacrificed their households and homeland in the cause of Allah) and helped (them), they are the people who are in fact true Muslims. They are the ones for whom is forgiveness and an honourable provision.

وَالَّذِيْنَ آمَنُواْ مِن بَعْدُ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ مَعَكُمْ فَأُوْلَـئِكَ مِنكُمْ وَأُوْلُواْ الأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللّهِ إِنَّ اللّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ(75)

ترجمہ: اور جولوگ اس کے بعد ایمان لائے اور انہوں نے راہِ حق میں (قربانی دیتے ہوئے) گھر بار چھوڑ دیے اور (عدل و انصاف اور امن وسلامتی کے نوزائدہ نظام کو متزلزل کرنے والے حملہ آور اور جارِح دشمنوں کے خلاف) تمہارے ساتھ مل کر (دفاعی) جہاد کیا تو وہ لوگ (بھی) تم ہی میں سے ہیں، اور اللہ کی کتاب میں رشتے دار (صلہ رحمی اور وراثت کے لحاظ سے) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں، بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

And those who believed afterwards, and left their homes (sacrificing) in the cause of truth, and joined you in fighting (in defence against the aggressing enemies who initiated and imposed war to jolt off the newly born system of social justice, peace and security), they are (also) from amongst you. And (as for inheritance and affinity with blood relations) the relatives have a higher claim on one another in the Book of Allah. Surely, Allah knows best everything.

سورۃ التوبۃ:

الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَهَاجَرُواْ وَجَاهَدُواْ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ أَعْظَمُ دَرَجَةً عِندَ اللّهِ وَأُوْلَـئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ(20)

ترجمہ: جولوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں سے جہاد کرتے رہے وہ اللہ کی بارگاہ میں درجہ کے لحاظ سے بہت بڑے ہیں، اور وہی لوگ ہی مراد کو پہنچے ہوئے ہیںo

Those who have believed and have emigrated and have consistently toiled hard in the cause of Allah with their material and human resources enjoy a very high rank in the presence of Allah, and it is they who have achieved the ultimate goal.

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُم بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَجَنَّاتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ (21)

ترجمہ: ان کا رب انہیں اپنی جانب سے رحمت کی اور (اپنی) رضا کی اور (ان) جنتوں کی خوشخبری دیتا ہے جن میں ان کے لیے دائمی نعمتیں ہیںo

Their Lord gives them glad tidings of mercy from Him and of (His) pleasure and of (those) Gardens for them in which there are eternal delights;

خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَداً إِنَّ اللّهَ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيْمٌ (22)

ترجمہ: (وہ) ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے بے شک اللہ ہی کے پاس بڑا اجر ہےo

They will reside therein forever. Surely, with Allah is the mighty reward.

سورۃ النحل:

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُواْ مِن بَعْدِ مَا فُتِنُواْ ثُمَّ جَاهَدُواْ وَصَبَرُواْ إِنَّ رَبَّكَ مِن بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيْمٌ(110)

ترجمہ: پھر آپ کا رب ان لوگوں کے لیے جنہوں نے (ظلم و جبر کرنے والے کافروں کے ہاتھوں) آزمائشوں (اور تکلیفوں) میں مبتلا کیے جانے کے بعد ہجرت کی (یعنی اللہ کے لیے اپنے وطن چھوڑ دیے) پھر (دفاعی) جنگیں کیں اور (جنگ و جدال، فتنہ و فساد اور ظلم و جبر کے خلاف) سینہ سپر رہے تو (اے حبیبِ مکرّم!) آپ کا رب اس کے بعد بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہےo

Then your Lord-for those who emigrated (i.e., left their homes and towns for the cause of Allah) after they had been made to suffer from trials (and atrocities at the hands of militant and tyrant disbelievers), then fought in the way of Allah and remained steadfast (in the face of violence, mischief, tyranny, oppression and terrorism); after that (O Glorious Beloved)-your Lord is Most Forgiving, Ever-Merciful.

سورۃ الحج:

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوا فِيْ سَبِيْلِ اللَّهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ مَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللَّهُ رِزْقاً حَسَناً وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ (58)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (وطن سے) ہجرت کی پھر قتل کر دیے گئے یا (راہِ حق کی مصیبتیں جھیلتے جھیلتے) مر گئے تو اللہ انہیں ضرور رزقِ حسن (یعنی اُخروی عطاؤں) کی روزی بخشے گا، اور بے شک اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہےo

And those who migrated from their (homeland) in the way of Allah (and) were then slain or died (suffering from the troubles of the way), Allah shall indeed provide for them an excellent provision (of bestowals specific to the Last Day). And, verily, Allah is the Best of providers.

لَيُدْخِلَنَّهُم مُّدْخَلاً يَرْضَوْنَهُ وَإِنَّ اللَّهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ (59)

ترجمہ: وہ ضرور انہیں اس جگہ (یعنی مقامِ رضوان میں) داخل فرمائے گا جس سے وہ راضی ہو جائیں گے، اور بے شک اللہ خوب جاننے والا بُردبار ہےo

He will indeed admit them to that (station of divine pleasure) they will be well pleased with. And Allah is indeed All-Knowing, Most Forbearing.

ذَلِكَ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوقِبَ بِهِ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنصُرَنَّهُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ لَعَفُوٌّ غَفُورٌ (60)

ترجمہ: (حکم) یہی ہے، اور جس شخص نے اتنا ہی بدلہ لیا جتنی اسے اذیت دی گئی تھی پھر اس شخص پر زیادتی کی جائے تو اللہ ضرور اس کی مدد فرمائے گا۔ بے شک اللہ درگزر فرمانے والا بڑا بخشنے والا ہےo

That is (the command). And whoever takes revenge in proportion to the torture inflicted upon him and then he is again wronged, Allah will surely help him. Allah is verily Most Forgiving, Most Pardoning.

65۔ حروفِ مقطعات کا ذکر

سورۃ البقرہ:

الم (1)

ترجمہ: الف لام میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)

Alif, Lam, Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ العمران:

الم (1)

ترجمہ: الف لام میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Alif, Lam, Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ الاعراف:

المص (1)

ترجمہ: الف، لام، میم، صاد (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Alif, Lam, Mim, Sad. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ یونس:

الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْحَكِيْمِ (1)

ترجمہ: الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیںo

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning). These are the Verses of the Book which is all wisdom.

سورۃ ہود

الٓرٰ كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِن لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ (1)

ترجمہ: الف، لام، را (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں، یہ وہ) کتاب ہے جس کی آیتیں مستحکم بنا دی گئی ہیں، پھر حکمت والے باخبر (رب) کی جانب سے وہ مفصل بیان کر دی گئی ہیںo

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning. This) is (that) Book whose Verses are firmly founded; then they have been explained in detail by (the Lord) Who is All-Wise,

All-Aware;

سورۃ یوسف:

الر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ الْمُبِيْنِ (1)

ترجمہ: الف،لام،را(حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں o

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the illumining Book.

سورۃ الرعد:

المر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَالَّذِىَ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلَـكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لاَ يُؤْمِنُونَ (1)

ترجمہ: الف،لام،میم،را(حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ کتابِ الٰہی کی آیتیں ہیں،اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ کی جانب نازل کیا گیا ہے(وہ) حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے o

Alif, Lam, Mim, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the Book of Allah, and whatever has been revealed to you from your Lord is the truth, but most people do not believe.

سورۃ ابراہیم:

الَر كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلَى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ (1)

ترجمہ: الف،لام،را(حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ(عظیم) کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اتارا ہے تاکہ آپ لوگوں کو(کفر کی) تاریکیوں سے نکال کر(ایمان کے) نور کی جانب لے آئیں(مزید یہ کہ)ان کے رب کے حکم سے اس کی راہ کی طرف(لائیں) جو غلبہ والا سب خوبیوں والا ہے o

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) It is a (glorious) Book which We have revealed to you so that you may bring mankind out of the darkness (of disbelief) to the light (of faith. And moreover) by the command of their Lord, (lead them) to the path of the Almighty, the Praiseworthy-

سورۃ الحجر:

الَر تِلْكَ آيَاتُ الْكِتَابِ وَقُرْآنٍ مُّبِيْنٍ (1)

ترجمہ: الف،لام،را(حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ(برگزیدہ) کتاب اور روشن قرآن کی آیتیں ہیں o

Alif, Lam, Ra. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the (Glorious) Book and the Enlightening Qur'an.

سورۃ مریم:

کھیٰعص (1)

ترجمہ: کاف، ہا، یا، عین، صاد (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Kaf, Ha, Ya, 'Ayn, Sad. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ طٰہٰ:

طه (1)

ترجمہ: طا، ہا (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ta-Ha. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ الشعرآء:

طسم (1)

ترجمہ: طا، سین، میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ta, Sin, Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ النمل:

طس تِلْكَ آيَاتُ الْقُرْآنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ (1)

ترجمہ: طا، سین (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، یہ قرآن اور روشن کتاب کی آیتیں ہیںo

Ta, Sin. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) These are the Verses of the (Holy) Qur'an and an enlightening Book-

سورۃ القصص:

طسم (1)

ترجمہ: طا، سین، میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ta, Sin, Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ العنکبوت:

الم (1)

ترجمہ: الف، لام، میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Alif, Lam, Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon

him] know the real meaning.)

سورۃ القمان:

الم (1)

ترجمہ: الف،لام،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Alif, Lam, Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ السجدۃ:

الم (1)

ترجمہ: الف،لام،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)

Alif, Lam, Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ یٰس:

یٰس (1)

ترجمہ: یاسین (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ya-Sin. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ ص:

ص وَالْقُرْآنِ ذِیْ الذِّکْرِ (1)

ترجمہ: ص (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)،ذکر والے قرآن کی قسمo

Sad. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) By the Holy Qur'an, full of direction and guidance.

سورۃ مومن:

حم (1)

ترجمہ: حا،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ha, Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ حم السجدۃ:

حم (1)

ترجمہ: حا،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ha-Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ الشوریٰ:

حم (1)

ترجمہ: حا،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ha-Mim, (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

عسق (2)

ترجمہ: عین،سین،قاف (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

'Ayn, Sin, Qaf. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ الزخرف:

حم (1)

ترجمہ: حا،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ha-Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ الدخان:

حم (1)

ترجمہ: حا،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ha-Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ الجاثیۃ:

حم (1)

ترجمہ: حا،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ha-Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ الاحقاف:

حٰمٓ (1)

ترجمہ: حا،میم (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)o

Ha-Mim. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.)

سورۃ ق:

قٓ وَالْقُرْآنِ الْمَجِيْدِ (1)

ترجمہ: قٓ (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، قسم ہے قرآنِ مجید کیo

Qaf. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) By the Glorious Qur'an,

سورۃ القلم:

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ (1)

ترجمہ: نون (حقیقی معنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں)، قلم کی قَسم اور اُس (مضمون) کی قَسم جو (فرشتے) لکھتے ہیںo

Nun. (Only Allah and the Messenger [blessings and peace be upon him] know the real meaning.) By the pen and by that (subject) which (the angels) write down!

66۔ زقوم کا درخت کہاں ہے

سورۃ الصافات:

أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّومِ (62)

ترجمہ: بھلا یہ (خُلد کی) مہمانی بہتر ہے یا زقّوم کا درخت o

Is the hospitality (of Paradise) better or the tree of Zaqqum?

إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِّلظَّالِمِينَ (63)

ترجمہ: بے شک ہم نے اس (درخت) کو ظالموں کے لیے عذاب بنایا ہے o

Undoubtedly, We have made this (tree) a torment for the wrongdoers.

إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ الْجَحِيمِ (64)

ترجمہ: بے شک یہ ایک درخت ہے جو دوزخ کے سب سے نچلے حصہ سے نکلتا ہے o

Truly, this is a tree that springs out from the bottom of Hell.

طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُؤُوسُ الشَّيَاطِينِ (65)

ترجمہ: اس کے خوشے ایسے ہیں گویا (بدنما) شیطانوں کے سَر ہوں o

The spikes of its fruit are as if heads of (ugly) satans.

فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِؤُونَ مِنْهَا الْبُطُونَ (66)

ترجمہ: پس وہ (دوزخی) اسی میں سے کھانے والے ہیں اور اسی سے پیٹ بھرنے والے ہیں o

So the inmates of Hell have to eat of it alone and have to fill their bellies with the same.

ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ (67)

ترجمہ: پھر یقیناً اُن کے لیے اس (کھانے) پر (پیپ کا) ملا ہوا نہایت گرم پانی ہوگا (جو انتڑیوں کو کاٹ دے گا) o

Then for sure there will be scalding water mixed (with pus) for them after (eating, which will cut through their guts).

ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى الْجَحِيمِ (68)

ترجمہ: (کھانے کے بعد) پھر یقیناً ان کا دوزخ ہی کی طرف (دوبارہ) پلٹنا ہوگا o

Then (after eating) surely they will return to Hell (again).

إِنَّهُمْ أَلْفَوْا آبَاءَهُمْ ضَالِّينَ (69)

ترجمہ: بے شک انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا o

Surely, they found their ancestors misguided.

فَهُمْ عَلَىٰ آثَارِهِمْ يُهْرَعُونَ (70)

ترجمہ: سو وہ انہی کے نقشِ قدم پر دوڑائے جا رہے ہیں o

So they are made to rush on in their footsteps.

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ الْأَوَّلِينَ (71)

ترجمہ: اور درحقیقت اُن سے قبل پہلے لوگوں میں (بھی) اکثر گمراہ ہو گئے تھےo

And in fact, most of the former people (also) lost the straight path.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ (72)

ترجمہ: اور یقیناً ہم نے ان میں بھی ڈر سنانے والے بھیجےo

And surely, We sent the Warners amongst them as well.

فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنذَرِينَ (73)

ترجمہ: سو آپ دیکھئے کہ ان لوگوں کا انجام کیسا ہوا جو ڈرائے گئے تھےo

So see how was the end of those who were warned,

إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ (74)

ترجمہ: سوائے اللہ کے چنیدہ و برگزیدہ بندوں کےo

Except for the chosen and exalted servants of Allah.

سورۃ حم السجدۃ:

وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاء اللَّهِ إِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوزَعُونَ (19)

ترجمہ: اور جس دن اللہ کے دشمنوں کو دوزخ کی طرف جمع کر کے لایا جائے گا پھر انہیں روک روک کر (اور ہانک کر) چلایا جائے گاo

And the Day when the enemies of Allah will be gathered and driven to Hell, they will be impeded (i.e., shepherded) and driven (forcefully),

حَتَّى إِذَا مَا جَاؤُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (20)

ترجمہ: یہاں تک کہ جب وہ دوزخ تک پہنچ جائیں گے تو اُن کے کان اور اُن کی آنکھیں اور اُن (کے جسموں) کی کھالیں اُن کے خلاف گواہی دیں گی اُن اعمال پر جو وہ کرتے رہے تھےo

Until, when they reach Hell, their ears, their eyes and their skins will bear witness against them concerning the works that they used to do.

وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدتُّمْ عَلَيْنَا قَالُوا أَنطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي أَنطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ (21)

ترجمہ: پھر وہ لوگ اپنی کھالوں سے کہیں گے: تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی، وہ کہیں گی: ہمیں اُس اللہ نے گویائی عطا کی جو ہر چیز کو قوتِ گویائی دیتا ہے اور اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا فرمایا ہے اور تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گےo

Then they will say to their skins: 'Why did you bear witness against us?' They will say: 'Allah, Who gives speech to everything, has enabled us to speak. And He is the One Who created you the first time, and you will be returned to Him alone.'

وَمَا كُنتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ وَلَكِن ظَنَنتُمْ أَنَّ اللَّهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيراً مِّمَّا تَعْمَلُونَ (22)

ترجمہ: تم تو (گناہ کرتے وقت) اس (خوف) سے بھی پردہ نہیں کرتے تھے کہ تمہارے کان تمہارے خلاف گواہی دے دیں گے اور نہ (یہ کہ) تمہاری آنکھیں اور نہ (یہ کہ) تمہاری کھالیں (ہی گواہی دے دیں گی) لیکن تم گمان کرتے تھے کہ اللہ تمہارے بہت سے کاموں کو جو تم کرتے ہو جانتا ہی نہیں ہےo

(Whilst committing the sin) you did not take any cover even against this (fear) that your ears would bear witness against you and (that) your eyes and (that) your skins (might even bear witness), but you imagined that even Allah did not know many of the deeds that you do.

وَذَلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِي ظَنَنتُم بِرَبِّكُمْ أَرْدَاكُمْ فَأَصْبَحْتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ (23)

ترجمہ: اور تمہارا یہی گمان جو تم نے اپنے رب کے بارے میں قائم کیا، تمہیں ہلاک کر گیا سو تم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گئےo

And it is this notion that you developed about your Lord which ruined you. So you became of the losers.

فَإِن يَصْبِرُوا فَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ وَإِن يَسْتَعْتِبُوا فَمَا هُم مِّنَ الْمُعْتَبِينَ (24)

ترجمہ: اب اگر وہ صبر کریں تب بھی ان کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور اگر وہ (توبہ کے ذریعے اللہ کی) رضا حاصل کرنا چاہیں تو بھی وہ رضا پانے والوں میں نہیں ہوں گےo

Now even if they keep patience, their abode is Hell; and if they seek to earn (Allah's) pleasure (by turning to Him in repentance), even then they will not be amongst those who attain to Allah's pleasure.

وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَاء فَزَيَّنُوا لَهُم مَّا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِهِم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ إِنَّهُمْ كَانُوا خَاسِرِينَ (25)

ترجمہ: اور ہم نے اُن کے لیے ساتھ رہنے والے (شیاطین) مقرر کر دیے، سو انہوں نے اُن کے لیے وہ (تمام برے اعمال) خوش نما کر دکھائے جو اُن کے آگے تھے اور اُن کے پیچھے تھے اور اُن پر (وہی) فرمانِ عذاب ثابت ہو گیا جو اُن امتوں کے بارے میں صادر ہو چکا تھا جو جنّات اور انسانوں میں سے اُن سے پہلے گزر چکی تھیں۔ بے شک وہ نقصان اٹھانے والے تھےo

And We appointed for them companions (satans). So they made (all those deeds) fair seeming to them which were in their front and in their rear. And the same command of torment proved true against them that had gone forth against the communities of jinn and mankind that had passed before them. Surely, they were the losers.

ذَلِكَ جَزَاء أَعْدَاء اللَّهِ النَّارُ لَهُمْ فِيهَا دَارُ الْخُلْدِ جَزَاء بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَجْحَدُونَ (28)

ترجمہ: یہ دوزخ اللہ کے دشمنوں کی جزا ہے، اُن کے لیے اِس میں ہمیشہ رہنے کا گھر ہے، یہ اُس کا بدلہ ہے جو وہ ہماری آیتوں کا

انکار کیا کرتے تھےo

This Hell is the recompense of the enemies of Allah. There is a home in it for them to dwell in forever-a requital for their denial of Our Revelations.

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا رَبَّنَا أَرِنَا الَّذَيْنِ أَضَلَّانَا مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ أَقْدَامِنَا لِيَكُونَا مِنَ الْأَسْفَلِيْنَ (29)

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے کہیں گے: اے ہمارے رب! ہمیں جنّات اور انسانوں میں سے وہ دونوں دِکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا ہے ہم انہیں اپنے قدموں کے نیچے (روند) ڈالیں تا کہ وہ سب سے زیادہ ذِلّت والوں میں ہو جائیںo

And those who disbelieved will say: 'O our Lord, show us those of the jinn and men who led us astray, so that we may (crush) them under our feet, and so that they may become of the most humiliated ones.'

إِنَّ الَّـذِيْنَ يُلْحِدُونَ فِيْ آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا أَفَمَن يُلْقَى فِي النَّارِ خَيْرٌ أَم مَّن يَأْتِيْ آمِناً يَوْمَ الْقِيَامَةِ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيْرٌ (40)

ترجمہ: بے شک جو لوگ ہماری آیتوں (کے معنی) میں صحیح راہ سے انحراف کرتے ہیں وہ ہم پر پوشیدہ نہیں ہیں، بھلا جو شخص آتشِ دوزخ میں جھونک دیا جائے (وہ) بہتر ہے یا وہ شخص جو قیامت کے دن (عذاب سے) محفوظ و مامون ہو کر آئے، تم جو چاہو کرو، بے شک جو کام تم کرتے ہو وہ خوب دیکھنے والا ہےo

Verily, those who turn away from the straight path with regard to (the meanings of) Our Verses are not hidden from Us. Then, is he who is thrown into the Fire of Hell better, or someone who comes safe and secure (from the torment) on the Day of Resurrection? Do as you wish. Surely, He sees all that you do.

مَنْ عَمِلَ صَالِحاً فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاء فَعَلَيْهَا وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (46)

ترجمہ: جس نے نیک عمل کیا تو اُس نے اپنی ہی ذات کے (نفع کے) لیے (کیا) اور جس نے گناہ کیا سو (اُس کا وبال بھی) اسی کی جان پر ہے، اور آپ کا رب بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہےo

Whoever does pious work does it for (the benefit) of his own self, and whoever commits sin, its (resultant evil suffering) will fall back on him alone. And your Lord is not at all unjust to His servants.

لَا يَسْأَمُ الْإِنسَانُ مِن دُعَاء الْخَيْرِ وَإِن مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَؤُوسٌ قَنُوطٌ (49)

ترجمہ: انسان بھلائی مانگنے سے نہیں تھکتا اور اگر اسے برائی پہنچ جاتی ہے تو بہت ہی مایوس، آس و امید توڑ بیٹھنے والا ہو جاتا ہےo

Man does not tire of praying for good, and if an evil touches him, he loses all hope-becomes a pessimist.

وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِن بَعْدِ ضَرَّاء مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ هَذَا لِيْ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّجِعْتُ إِلَى رَبِّيْ إِنَّ لِيْ عِندَهُ لَلْحُسْنَى فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بِمَا عَمِلُوا وَلَنُذِيْقَنَّهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ (50)

ترجمہ: اور اگر ہم اسے اپنی جانب سے رحمت (کا مزہ) چکھا دیں اُس تکلیف کے بعد جو اُسے پہنچ چکی تھی تو وہ ضرور کہنے لگتا ہے کہ یہ تو میرا حق تھا اور میں نہیں سمجھتا کہ قیامت برپا ہونے والی ہے اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو بھی اس کے حضور

میرے لیے یقیناً بھلائی ہوگی سو ہم ضرور کفر کرنے والوں کو اُن کاموں سے آگاہ کر دیں گے جو انہوں نے انجام دیے اور ہم انہیں ضرور سخت ترین عذاب (کا مزہ) چکھا دیں گےo

And if We give him a taste of mercy from Us after that misery which touched him, he surely starts saying: 'This is my privilege. And I do not think that the Last Hour will ever take place. And if at all I am returned to my Lord, even then there will surely be good fortune for me in His presence.' So We shall certainly inform the disbelievers of the deeds which they did, and We shall indeed make them taste the most severe torment.

وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَى بِجَانِبِهِ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُو دُعَاءٍ عَرِيضٍ (51)

ترجمہ: اور جب ہم انسان پر انعام فرماتے ہیں تو وہ منہ پھیر لیتا ہے اور اپنا پہلو بچا کر ہم سے دور ہو جاتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی چوڑی دعا کرنے والا ہو جاتا ہےo

And when We bestow a favour upon man, he turns his face away and, keeping withdrawn, strides far from Us. And when distress touches him, he entreats with lengthy prayers.

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِن كَانَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ثُمَّ كَفَرْتُم بِهِ مَنْ أَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ (52)

ترجمہ: فرما دیجیے: بھلا تم بتاؤ اگر یہ (قرآن) اللہ ہی کی طرف سے (اُترا) ہو پھر تم اِس کا انکار کرتے رہو تو اُس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا جو پرلے درجہ کی مخالفت میں (پڑا) ہوo

Say: 'Well, give your view, if this (Qur'an) is really (sent down) from Allah and you keep denying it, then who is more astray than he who is (engaged) in extreme opposition?'

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنفُسِهِمْ حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ أَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ أَنَّهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ (53)

ترجمہ: ہم عنقریب انہیں اپنی نشانیاں اَطرافِ عالم میں اور خود اُن کی ذاتوں میں دِکھا دیں گے یہاں تک کہ اُن پر ظاہر ہو جائے گا کہ وہی حق ہے۔ کیا آپ کا رب (آپ کی حقانیت کی تصدیق کے لیے) کافی نہیں ہے کہ وہی ہر چیز پر گواہ (بھی) ہےo

We will soon show them Our signs all around the world and in their own selves, until it dawns on them that indeed this is the truth. Is your Lord not Sufficient (to confirm your veracity), for He alone is (also) witness to everything?

أَلَا إِنَّهُمْ فِي مِرْيَةٍ مِّن لِّقَاءِ رَبِّهِمْ أَلَا إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيطٌ (54)

ترجمہ: جان لو کہ وہ لوگ اپنے رب کے حضور پیشی کی نسبت شک میں ہیں، خبردار! وہی (اپنے علم و قدرت سے) ہر چیز کا احاطہ فرمانے والا ہےo

Beware that they are in doubt about the meeting with their Lord. Beware! He is the One Who encompasses everything (with His Knowledge and Power).

67۔ شاعری کے متعلق حکمِ الٰہی

سورۃ الشعرآء:

وَالشُّعَرَاء يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُونَ (224)

ترجمہ: اورشاعروں کی پیروی بہکے ہوئے لوگ ہی کرتے ہیںo

And only the digressers follow the poets.

أَلَمْ تَرَ أَنَّهُمْ فِي كُلِّ وَادٍ يَهِيمُونَ (225)

ترجمہ: کیا تو نے نہیں دیکھا کہ وہ (شعراء) ہر وادء (خیال) میں (یونہی) سرگرداں پھرتے رہتے ہیں (انہیں حق میں سچی دلچسپی اور سنجیدگی نہیں ہوتی بلکہ فقط لفظی وفکری جولانیوں میں مست اور خوش رہتے ہیں)o

Have you not seen that these (poets) wander distracted (purposelessly) in every valley (of reflections? They take little serious and true interest in reality. They rather remain happy and lost in verbal leaps and imaginative jumps).

وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ (226)

ترجمہ: اور یہ کہ وہ (ایسی باتیں) کہتے ہیں جنہیں (خود) کرتے نہیں ہیںo

And that they say (such things) that they do not (themselves) do,

إِلَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَذَكَرُوا اللَّهَ كَثِيراً وَانتَصَرُوا مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُوا وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ (227)

ترجمہ: سوائے ان (شعراء) کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہے (یعنی اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مدح خواں بن گئے) اور اپنے اوپر ظلم ہونے کے بعد (ظالموں سے بزبانِ شعر) انتقام لیا (اور اپنے کلام کے ذریعے اسلام اور مظلوموں کا دفاع کیا بلکہ ان کا جوش بڑھایا تو یہ شاعری مذموم نہیں)، اور وہ لوگ جنہوں نے ظلم کیا عنقریب جان لیں گے کہ وہ (مرنے کے بعد) کونسی پلٹنے کی جگہ پلٹ کر جاتے ہیںo

Except for those (poets) who believe and do pious deeds persistently and remember Allah abundantly (i.e., they eulogize Allah and the Holy Prophet [blessings and peace be upon him] in their poetry), and avenge themselves after they are wronged (by means of poetic compositions, and defend Islam and the oppressed rather inspire them with zeal through their poetry. This type of poetry is not condemnable.) And those who do wrong will soon come to know to what place of turning they will turn back (after death).

68۔ شب قدر کا بیان

سورۃ القدر:

إِنَّا أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ (1)

ترجمہ: بے شک ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں اتارا ہےo

Surely, We sent down this (Holy Qur'an) during the Night of Destiny.

وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ (2)

ترجمہ: اور آپ کیا سمجھے ہیں (کہ) شبِ قدر کیا ہےo

And what have you made out what the Night of Destiny is?

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ (3)

ترجمہ: شبِ قدر (فضیلت و برکت اور اَجر و ثواب میں) ہزار مہینوں سے بہتر ہےo

The Night of Destiny is better than a thousand months (in merit, blessings, reward and recompense).

تَنَزَّلُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِم مِّن كُلِّ أَمْرٍ (4)

ترجمہ: اس (رات) میں فرشتے اور روح الامین (جبریل) اپنے رب کے حکم سے (خیر و برکت کے) ہر امر کے ساتھ اترتے ہیںo

The angels and the Spirit of Peace (Gabriel) descend by their Lord's command during this (night) with decrees concerning all matters (of blessings and bounties).

سَلَامٌ هِيَ حَتَّى مَطْلَعِ الْفَجْرِ (5)

ترجمہ: یہ (رات) طلوعِ فجر تک (سراسر) سلامتی ہےo

This (night) is (absolute) peace and security till daybreak.

69۔ وسیلہ کا معنی ومفہوم

سورۃ المائدہ:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُواْ اتَّقُواْ اللّهَ وَابْتَغُواْ إِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُواْ فِيْ سَبِيْلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (35)

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور اس (کے حضور) تک (تقرب اور رسائی کا) وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤO

O believers! Fear Allah persistently and keep looking for means to (approach and get closer to) Him and strive hard in His way so that you may prosper.

70۔ قرآن پاک میں دل کی اقسام

قلبِ سلیم:

سورۃ الشعراء:

إِلَّا مَنْ أَتَى اللَّهَ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ (89)

ترجمہ: مگر وہی شخص (نفع مند ہوگا) جو اللہ کی بارگاہ میں سلامتی والے بے عیب دل کے ساتھ حاضر ہوا o

But he alone (will be the gainer) who appears before the presence of Allah with a heart protected (from) and pure (of all evils).'

قلبِ منیب:

سورۃ ق:

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمَنَ بِالْغَيْبِ وَجَاءَ بِقَلْبٍ مُّنِيبٍ (33)

ترجمہ: جو (خدائے) رحمان سے بن دیکھے ڈرتا رہا اور (اللہ کی بارگاہ میں) رجوع و اِنابت والا دل لے کر حاضر ہوا o

Who fears the Most Kind (Lord) unseen, and comes (before the presence of Allah) with a heart turned in repentance.

قلبِ محبت:

سورۃ الحج:

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ أُوتُوا الْعِلْمَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوا بِهِ فَتُخْبِتَ لَهُ قُلُوبُهُمْ وَإِنَّ اللَّهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ آمَنُوا إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (54)

54۔ اور تاکہ وہ لوگ جنہیں علم (صحیح) عطا کیا گیا ہے جان لیں کہ وہی (وحی جس کی پیغمبر نے تلاوت کی ہے) آپ کے رب کی طرف سے (مَبنی) برحق ہے سو وہ اسی پر ایمان لائیں (اور شیطانی وسوسوں کو ردّ کر دیں) اور ان کے دل اس (رب) کے لیے عاجزی کریں، اور بے شک اللہ مومنوں کو ضرور سیدھی راہ کی طرف ہدایت فرمانے والا ہے o

And so that those who have been given (true) knowledge may know that the (Revelation which the Messenger recited) is (based on) the truth from your Lord, so they believe in the same (and reject Satan's suggestions) and their hearts beat in submissiveness (before the Lord). And no doubt, Allah does guide the believers to the straight path.

قلب وجل:

سورۃ المومنون:

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُونَ مَا آتَوا وَّقُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَى رَبِّهِمْ رَاجِعُونَ (60)

ترجمہ: اور جولوگ (اللہ کی راہ میں اتنا کچھ) دیتے ہیں جتنا وہ دے سکتے ہیں اور (اس کے باوجود) ان کے دل خائف رہتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں (کہیں یہ نامقبول نہ ہو جائے)o

And those who give away (in the way of Allah as much) as they can, yet (in spite of that) their hearts fear that they are to return to their Lord (lest it should be rejected),

قلبِ تقی:

سورۃ الحج:

ذَلِكَ وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ فَإِنَّهَا مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ (32)

ترجمہ: یہی (حکم) ہے، اور جو شخص اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرتا ہے (یعنی ان جانداروں، یادگاروں، مقامات، احکام اور مناسک وغیرہ کی تعظیم جو اللہ یا اللہ والوں کے ساتھ کسی اچھی نسبت یا تعلق کی وجہ سے جانے پہچانے جاتے ہیں) تو یہ (تعظیم) دلوں کے تقوٰی میں سے ہے (یہ تعظیم وہی لوگ بجالاتے ہیں جن کے دلوں کو تقوٰی نصیب ہو گیا ہو)o

That is (the command). And whoever venerates the signs of Allah (i.e., honouring those living beings, shrines, monumental sites, commands and prescribed duties known and recognized due to some pious association or link with Allah or Allah's devoted servants), this (veneration) is of the Godwariness of hearts (only those whose hearts have been blessed with the fear of God venerate these signs).

قلبِ مہدی:

سورۃ التغابن:

مَا أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَمَن يُؤْمِن بِاللَّهِ يَهْدِ قَلْبَهُ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (11)

ترجمہ: (کسی کو) کوئی مصیبت نہیں پہنچتی مگر اللہ کے حکم سے اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے تو وہ اُس کے دل کو ہدایت فرما دیتا ہے، اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہےo

No suffering afflicts (anyone) except by the command of Allah. And he who believes in Allah, He guides his heart and Allah knows best everything.

قلبِ مطمئن:

سورۃ الرعد:

الَّذِيْنَ آمَنُواْ وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُم بِذِكْرِ اللّهِ أَلَا بِذِكْرِ اللّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ(28)

ترجمہ: جولوگ ایمان لائے اوران کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہوتے ہیں، جان لو کہ اللہ ہی کے ذکر سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہےo

Those who believe and their hearts become calm and contented with the remembrance of Allah-know that it is the remembrance of Allah alone that brings calm to the hearts.

قلبِ حیّ:

سورۃ ق:

إِنَّ فِيْ ذَلِكَ لَذِكْرَى لِمَن كَانَ لَهُ قَلْبٌ أَوْ أَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ (37)

ترجمہ: بےشک اس میں یقیناً انتباہ اور تذکّر ہے اس شخص کے لیے جو صاحبِ دل ہے (یعنی غفلت سے دوری اور قلبی بیداری رکھتا ہے) یا کان لگا کر سُنتا ہے (یعنی توجہ کو یک سُو اور غیر سے منقطع رکھتا ہے) اور وہ (باطنی) مشاہدہ میں ہے (یعنی حسن و جمالِ الوھیّت کی تجلّیات میں گم رہتا ہے)o

There is indeed sure warning and admonition in it for him who has a heart (vigilant and awake, far from negligence,) or listens with active attention (i.e., focuses attention having no contact with anyone other than Allah) and is in a state of (spiritual) vision (i.e., remains lost in the effulgent disclosures of Allah's absolute beauty).

قلبِ مریض:

سورۃ الاحزاب:

يَا نِسَاء النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَأَحَدٍ مِّنَ النِّسَاء إِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهِ مَرَضٌ وَقُلْنَ قَوْلاً مَّعْرُوفاً (32)

ترجمہ: اے اَزواجِ پیغمبر! تم عورتوں میں سے کسی ایک کی بھی مِثل نہیں ہو، اگر تم پرہیزگار رہنا چاہتی ہو تو (مَردوں سے حسبِ ضرورت) بات کرنے میں نرم لہجہ اختیار نہ کرنا کہ جس کے دل میں (نِفاق کی) بیماری ہے (کہیں) وہ لالچ کرنے لگے اور (ہمیشہ) شک اور لچک سے محفوظ بات کرناo

O wives of the Messenger! You are not the like of any of the womenfolk. If you want to remain pious and Godfearing, then be not soft in your speech (whilst talking to men as and when required) lest someone whose heart is diseased

(with hypocrisy) should feel inclined with desire. And (always) say words that are pure of any taint of doubt and flexibility.

قلبِ الاعمی:

سورۃ الحج:

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَكِن تَعْمَى الْقُلُوبُ الَّتِي فِي الصُّدُورِ (46)

ترجمہ: تو کیا انہوں نے زمین میں سیر و سیاحت نہیں کی کہ (شاید ان کھنڈرات کو دیکھ کر) ان کے دل (ایسے) ہو جاتے جن سے وہ سمجھ سکتے یا کان (ایسے) ہو جاتے جن سے وہ (حق کی بات) سن سکتے، تو حقیقت یہ ہے کہ (ایسوں کی) آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں لیکن دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہیں o

Have they not travelled in the land that (perhaps by seeing these ruins) their hearts should become (such) as to understand, or the ears (such) as to hear (the truth)? So the fact is that it is not the eyes (of such people) that are blind, but the hearts, which are in the breasts, turn blind.

قلبِ اللاھی:

سورۃ الانبیاء:

لَاهِيَةً قُلُوبُهُمْ وَأَسَرُّوا النَّجْوَى الَّذِينَ ظَلَمُوا هَلْ هَذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ أَفَتَأْتُونَ السِّحْرَ وَأَنتُمْ تُبْصِرُونَ (3)

ترجمہ: ان کے دل غافل ہو چکے ہیں، اور (یہ) ظالم لوگ (آپ کے خلاف) آہستہ آہستہ سرگوشیاں کرتے ہیں کہ یہ تو محض تمہارے ہی جیسا ایک بشر ہے، کیا پھر (بھی) تم (اس کے) جادو کے پاس جاتے ہو حالاں کہ تم دیکھ رہے ہو o

Their hearts have become neglectful and (these) wrongdoers whisper (against you) inaudibly: 'He is but a human being like you. Do you (even then) submit to (his) magic whilst you can see?'

قلبِ الاثم:

سورۃ البقرۃ:

وَإِن كُنتُمْ عَلَى سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُوا كَاتِباً فَرِهَانٌ مَّقْبُوضَةٌ فَإِنْ أَمِنَ بَعْضُكُم بَعْضاً فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللّهَ رَبَّهُ وَلاَ تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ وَاللّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ (283)

ترجمہ: اور اگر تم سفر پر ہو اور کوئی لکھنے والا نہ پاؤ تو باقبضہ رہن رکھ لیا کرو، پھر اگر تم میں سے ایک کو دوسرے پر اعتماد ہو تو جس کی دیانت پر اعتماد کیا گیا اسے چاہئے کہ اپنی امانت ادا کر دے اور وہ اللہ سے ڈرتا رہے جو اس کا پالنے والا ہے، اور تم گواہی کو چھپایا نہ کرو، اور جو شخص گواہی چھپاتا ہے تو یقیناً اس کا دل گنہگار ہے، اور اللہ تمہارے اعمال کو خوب جاننے والا ہے o

And if you are on a journey and do not find a scribe, then take possession of a pledge in mortgage. Then, if one of you trusts the other, so he whose honesty has been trusted should deliver his trust and fear Allah, Who provides him subsistence. And do not conceal evidence. And the one who conceals it, his heart is certainly sinful. And Allah knows well whatever you do.

قلبِ متکبر:

سورۃ المومن:

الَّذِيْنَ يُجَادِلُونَ فِيْ آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ كَبُرَ مَقْتاً عِندَ اللَّهِ وَعِندَ الَّذِيْنَ آمَنُوا كَذَلِكَ يَطْبَعُ اللَّهُ عَلَى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ جَبَّارٍ **(35)**

35۔ جولوگ اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جوان کے پاس آئی ہو، (یہ جھگڑا کرنا) اللہ کے نزدیک اور ایمان والوں کے نزدیک سخت بیزاری (کی بات) ہے، اسی طرح اللہ ہر ایک مغرور (اور) سرکش کے دل پر مُہر لگا دیتا ہےo

Does he promise you that, when you die and become dust and (decomposed) bones, you will be brought forth (alive again)?

71- قرآنی دعائیں

سورۃ البقرۃ:

وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَاهِيمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمَاعِيلُ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (127)

ترجمہ: اور (یاد کرو) جب ابراہیم اور اسماعیل (علیہ السلام) خانہ کعبہ کی بنیادیں اُٹھا رہے تھے (تو دونوں دعا کر رہے تھے) کہ اے ہمارے رب! تو ہم سے (یہ خدمت) قبول فرما لے، بیشک تو خوب سننے والا خوب جاننے والا ہےo

And (recall) when Ibrahim and Isma'il (Abraham and Ishmael) were raising the foundations of the Ka'ba (praying:) 'O our Lord, accept this (humble service) from us. You are, indeed, All-Hearing, All-Knowing.

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ (128)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم دونوں کو اپنے حکم کے سامنے جھکنے والا بنا اور ہماری اولاد سے بھی ایک امت کو خاص اپنا تابع فرمان بنا اور ہمیں ہماری عبادت (اور حج کے) قواعد بتا دیں اور ہم پر (رحمت و مغفرت) کی نظر فرما، بیشک تو ہی بہت توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہےo

O our Lord! Make both of us submissive to Your command; and raise out of our future generations an Umma (Community) exclusively obedient to You; and teach us our ways of worship (and Pilgrimage) and turn to us (with mercy and forgiveness). Verily, it is You Who are Most Relenting, Ever-Merciful.

وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (201)

ترجمہ: اور انہی میں سے ایسے بھی ہیں جو عرض کرتے ہیں: اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں (بھی) بھلائی عطا فرما اور آخرت میں (بھی) بھلائی سے نواز اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھo

And there are others of them who submit: 'O our Lord, grant us excellence in this world, and excellence in the Hereafter (as well), and save us from the torment of Hell.'

وَلَمَّا بَرَزُواْ لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُواْ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْراً وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ (250)

ترجمہ: اور جب وہ جالوت اور اس کی فوجوں کے مقابل ہوئے تو عرض کرنے لگے: اے ہمارے پروردگا! ہم پر صبر میں وسعت ارزانی فرما اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور ہمیں کافروں پر غلبہ عطا فرماo

And when they faced Jalut (Goliath) and his forces, they supplicated Allah: 'O our Lord, grant us plentiful patience and make our steps firm and give us victory over the disbelievers.'

لَا يُكَلِّفُ اللّهُ نَفْساً إِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِن نَّسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْراً كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا أَنتَ مَوْلَانَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ (286)

ترجمہ: اللہ کسی جان کو اس کی طاقت سے بڑھ کر تکلیف نہیں دیتا، اس نے جو نیکی کمائی اس کے لیے اس کا اجر ہے اور اس نے جو گناہ کمایا اس پر اس کا عذاب ہے، اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا خطا کر بیٹھیں تو ہماری گرفت نہ فرما، اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر اتنا (بھی) بوجھ نہ ڈال جیسا تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر اتنا بوجھ (بھی) نہ ڈال جسے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہیں، اور ہمارے (گناہوں) سے درگزر فرما، اور ہمیں بخش دے، اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا کارساز ہے پس ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرماo

Allah does not put under stress any soul more than its endurance. There is a reward for whatever good it has earned, and there is torment for whatever evil it has perpetrated. 'O our Lord, do not take us to task if we forget or do some mistake. O our Lord, lay not on us such a (heavy) burden as You laid on those before us. O our Lord, put not on us (also) the burden that we have not the strength to bear, and overlook (our sins), and forgive us and have mercy on us. You alone are our Master and Helper. So grant us victory over the disbelievers.'

سورۃ العمران:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ (8)

ترجمہ: (اور عرض کرتے ہیں:) اے ہمارے رب! ہمارے دلوں میں کجی پیدا نہ کر اس کے بعد کہ تو نے ہمیں ہدایت سے سرفراز فرمایا ہے اور ہمیں خاص اپنی طرف سے رحمت عطا فرما، بے شک تو ہی بہت عطا فرمانے والا ہےo

(And they submit:) 'O our Lord, let not our hearts deviate after You have honoured us with guidance, and grant us mercy especially from Your presence. Truly, You alone are the Great Bestower.

رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ(9)

ترجمہ: اے ہمارے رب! بے شک تو اس دن کہ جس میں کوئی شک نہیں سب لوگوں کو جمع فرمانے والا ہے، یقیناً اللہ (اپنے) وعدہ کے خلاف نہیں کرتاo

O our Lord! You will surely bring together mankind on the Day about which there is no doubt. Verily, Allah does not go against (His) promise.'

الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (16)

ترجمہ: (یہ وہ لوگ ہیں) جو کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہم یقیناً ایمان لے آئے ہیں سو ہمارے گناہ معاف فرما دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لےo

(These are the people) who say: 'O our Lord, we have surely believed, so, forgive us our sins and save us from the torment of Hell.'

رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ (53)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم اس کتاب پر ایمان لائے جو تو نے نازل فرمائی اور ہم نے اس رسول کی اتباع کی سو ہمیں (حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لےo

O our Lord! We have believed in the Book which You have sent down, and we have become the followers of this Messenger. So register us amongst those who bear witness (to the truth).'

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّا أَن قَالُواْ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِيْ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ(147)

ترجمہ: اور ان کا کہنا کچھ نہ تھا سوائے اس التجا کے کہ اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے اور ہمارے کام میں ہم سے ہونے والی زیادتیوں سے درگزر فرما اور ہمیں (اپنی راہ میں) ثابت قدم رکھ اور ہمیں کافروں پر غلبہ عطا فرماo

And they said nothing except this supplication: 'O our Lord, forgive our sins and overlook the excesses that we committed in our work, and keep us firm-footed (on Your path), and bestow upon us victory over the disbelievers.'

الَّذِيْنَ يَذْكُرُونَ اللّهَ قِيَاماً وَقُعُوداً وَعَلَى جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِيْ خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذا بَاطِلاً سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (191)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جو (سراپا نیاز بن کر) کھڑے اور (سراپا ادب بن کر) بیٹھے اور (ہجر میں تڑپتے ہوئے) اپنی کروٹوں پر (بھی) اللہ کو یاد کرتے رہتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی تخلیق (میں کارفرما اس کی عظمت اور حُسن کے جلووں) میں فکر کرتے رہتے ہیں، (پھر اس کی معرفت سے لذت آشنا ہو کر پکار اٹھتے ہیں:) اے ہمارے رب! تو نے یہ (سب کچھ) بے حکمت اور بے تدبیر نہیں بنایا، تو (سب کوتاہیوں اور مجبوریوں سے) پاک ہے پس ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لےo

These are the people who, remembering Allah, remain standing (as the epitome of submissiveness), sitting (as reverence incarnate), and (also keep) changing sides (in discomfort of love) and meditate on (the manifest lustre of His Eminence and Beauty at work in) the creation of the heavens and the earth. (Then, acquainted with the pleasure of His gnosis, they call out spontaneously:) 'O our Lord, You have not created (all) this without any rationale and strategy. You are (impeccably) Pure (of all shortcomings and obligations). So protect us from the torment of Hell.

رَبَّنَا إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ وَمَا لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ أَنصَارٍ (192)

ترجمہ: اے ہمارے رب! بے شک تو جسے دوزخ میں ڈال دے تو تُو نے اسے واقعتاً رسوا کر دیا، اور ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہےo

O our Lord! Indeed, whomever You admit to Hell, You have surely humiliated him, and the wrongdoers do not have any supporters.

رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلإِيْمَانِ أَنْ آمِنُواْ بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الأَبْرَارِ (193)

ترجمہ: اے ہمارے رب! (ہم تجھے بھولے ہوئے تھے) سو ہم نے ایک ندا دینے والے کو سنا جو ایمان کی ندا دے رہا تھا کہ (لوگو!) اپنے رب پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے رب! اب ہمارے گناہ بخش دے اور ہماری خطاؤں کو ہمارے (نوشتۂ اعمال) سے محو فرما دے اور ہمیں نیک لوگوں کی سنگت میں موت دے o

O our Lord! (We were oblivious of You,) then we heard a Caller, calling towards faith: '(O people,) believe in your Lord.' So we embraced faith. O our Lord, now forgive our sins and erase our blunders (from the record of our works) and make us die in the company of the pious.

رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَى رُسُلِكَ وَلاَ تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لاَ تُخْلِفُ الْمِيعَادَ(194)

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور ہمیں وہ سب کچھ عطا فرما جس کا تو نے ہم سے اپنے رسولوں کے ذریعے وعدہ فرمایا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر، بے شک تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا o

O our Lord! Grant us all that You have promised us through Your Messengers, and do not humiliate us on the Day of Resurrection. Surely, You do not go against Your promise.'

سورۃ المائدۃ:

وَإِذَا سَمِعُواْ مَا أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَى أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُواْ مِنَ الْحَقِّ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِيْنَ (83)

ترجمہ: اور (یہی وجہ ہے کہ ان میں سے بعض سچے عیسائی جب اس (قرآن) کو سنتے ہیں جو رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف اتارا گیا ہے تو آپ ان کی آنکھوں کو اشک ریز دیکھتے ہیں۔ (یہ آنسوؤں کا چھلکنا) اس حق کے باعث (ہے) جس کی انہیں معرفت (نصیب) ہوگئی ہے۔ (ساتھ یہ) عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہم (تیرے بھیجے ہوئے حق پر) ایمان لے آئے ہیں سو تو ہمیں (بھی حق کی) گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لے o

And (that is the reason) when (some of the true Christians) listen to this (Holy Qur'an) which has been revealed to the Messenger (blessings and peace be upon him), you see their eyes overflowing with tears. (This overflowing of tears) springs from the truth of which they have (gained) gnosis. (Besides) they submit: 'O our Lord! We have believed (in the Truth which You have revealed), so inscribe us (also) amongst those who bear witness (to the truth).

قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيداً لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنكَ وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ (114)

ترجمہ: عیسیٰ ابن مریم (علیہ السلام) نے عرض کیا: اے اللہ! اے ہمارے رب! ہم پر آسمان سے خوانِ (نعمت) نازل فرما دے

کہ (اس کے اترنے کا دن) ہمارے لیے عید ہو جائے ہمارے اگلوں کے لیے (بھی) اور ہمارے پچھلوں کے لیے (بھی) اور (وہ خوان) تیری طرف سے نشانی ہو، اور ہمیں رزق عطا کر اور تو سب سے بہتر رزق دینے والا ہے o

'Isa, the son of Maryam (Jesus, the son of Mary) said: 'O Allah, our Lord, send down to us from heaven the table spread (with bounties) so that (the day of its descent) becomes ('Id) a festival day for us, and for our predecessors (as well as) successors, and that (spread table) comes as a sign from You, and provide us with sustenance, and You are the Best Sustainer.'

سورۃ الاعراف:

قَالاَ رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ **(23)**

ترجمہ: دونوں نے عرض کیا: اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی؛ اور اگر تو نے ہم کو نہ بخشا اور ہم پر رحم (نہ) فرمایا تو ہم یقیناً نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے o

Both of them submitted: 'O our Lord! We have wronged our souls. And if You do not forgive us and have mercy on us, we shall certainly be amongst the losers.'

وَإِذَا صُرِفَتْ أَبْصَارُهُمْ تِلْقَاء أَصْحَابِ النَّارِ قَالُواْ رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ **(47)**

ترجمہ: اور جب ان کی نگاہیں دوزخ والوں کی طرف پھیری جائیں گی تو وہ کہیں گے: اے ہمارے ربّ! ہمیں ظالم گروہ کے ساتھ (جمع) نہ کر o

And when their eyes will be turned towards the inmates of Hell, they will say: 'O our Lord, (join) us not (together) with the unjust people.'

قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّهِ كَذِباً إِنْ عُدْنَا فِيْ مِلَّتِكُم بَعْدَ إِذْ نَجَّانَا اللّهُ مِنْهَا وَمَا يَكُونُ لَنَا أَن نَّعُودَ فِيْهَا إِلاَّ أَن يَشَاءَ اللّهُ رَبُّنَا وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْماً عَلَى اللّهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنتَ خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ **(89)**

ترجمہ: بے شک ہم اللہ پر جھوٹا بہتان باندھیں گے اگر ہم تمہارے مذہب میں اس امر کے بعد پلٹ جائیں کہ اللہ نے ہمیں اس سے بچا لیا ہے، اور ہمارے لیے ہرگز (مناسب) نہیں کہ ہم اس (مذہب) میں پلٹ جائیں مگر یہ کہ اللہ چاہے جو ہمارا رب ہے۔ ہمارا رب اَز روئے علم ہر چیز پر محیط ہے۔ ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کر لیا ہے، اے ہمارے رب! ہمارے اور ہماری (مخالف) قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرما دے اور تو سب سے بہتر فیصلہ فرمانے والا ہے o

Indeed, we would invent a lie against Allah if we returned to your religion after Allah has saved us from it. And it is not at all (appropriate) for us to return to that (religion) unless Allah, our Lord, so wills. As for His knowledge, our Lord encompasses everything; we have put our trust in Allah alone. O our Lord, judge between us and our (hostile) people with truth, and You are the Best of judges.'

وَمَا تَنقِمُ مِنَّا إِلَّا أَنْ آمَنَّا بِآيَاتِ رَبِّنَا لَمَّا جَاءتْنَا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْراً وَتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ (126)

ترجمہ: اور تمہیں ہمارا کون سا عمل برا لگا ہے؟ صرف یہی کہ ہم اپنے رب کی (سچی) نشانیوں پر ایمان لے آئے ہیں جب وہ ہمارے پاس پہنچ گئیں۔ اے ہمارے رب! تو ہم پر صبر کے سرچشمے کھول دے اور ہم کو (ثابت قدمی سے) مسلمان رہتے ہوئے (دنیا سے) اٹھالےo

And which of our acts has annoyed you, except that we have believed in the (true) signs of our Lord when they reached us? O our Lord! Gush on us torrents of patience and lift us (from the world) as (steadfast) Muslims.'

سورۃ یونس:

فَقَالُواْ عَلَى اللّهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ (85)

ترجمہ: تو انہوں نے عرض کیا: ہم نے اللہ ہی پر توکل کیا ہے، اے ہمارے رب! تو ہمیں ظالم لوگوں کے لیے نشانۂ ستم نہ بناo

They submitted: 'We have put trust in Allah alone. O our Lord, make us not victims of the oppressors' injustice.

وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ (86)

ترجمہ: اور تو ہمیں اپنی رحمت سے کافروں کی قوم (کے تسلّط) سے نجات بخش دےo

And deliver us with Your mercy from (the dominance of) the disbelieving people.'

سورۃ ابراہیم:

رَبَّنَا إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ وَمَا يَخْفَى عَلَى اللّهِ مِن شَيْءٍ فِي الأَرْضِ وَلاَ فِي السَّمَاء (38)

ترجمہ: اے ہمارے رب! بے شک تو وہ (سب کچھ) جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ہم ظاہر کرتے ہیں، اور اللہ پر کوئی بھی چیز نہ زمین میں پوشیدہ ہے اور نہ ہی آسمان میں (مخفی ہے)o

O our Lord! Surely, You know (all) what we hide and what we show, and there is nothing which is hidden from Allah either on earth or in the heaven.

الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ إِسْمَاعِيْلَ وَإِسْحَاقَ إِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاء (39)

ترجمہ: سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے بڑھاپے میں اسماعیل اور اسحاق (علیہما السلام دو فرزند) عطا فرمائے، بے شک میرا رب دعا خوب سننے والا ہےo

All praise belongs to Allah alone, Who has bestowed upon me (two sons) in old age, Isma'il (Ishmael) and Ishaq (Isaac). Indeed, my Lord is the All-Hearer of prayer.

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلاَةِ وَمِن ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاء (40)

ترجمہ: اے میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم رکھنے والا بنا دے، اے ہمارے رب! اور تو میری دعا قبول فرما لےo

O my Lord! Make me and my children the ones who establish Prayer; O my

Lord, and grant my prayer.

رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ (41)

ترجمہ: اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے والدین کو (بخش دے) ☆ اور دیگر سب مومنوں کو بھی، جس دن حساب قائم ہوگا○

O my Lord! Forgive me and (forgive) my parents* and all the believers as well on the Day when reckoning (and accountability) will be held.'

سورۃ کہف:

إِذْ أَوَى الْفِتْيَةُ إِلَى الْكَهْفِ فَقَالُوا رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَداً (10)

ترجمہ: (وہ وقت یاد کیجئے) جب چند نوجوان غار میں پناہ گزیں ہوئے تو انہوں نے کہا: اے ہمارے رب! ہمیں اپنی بارگاہ سے رحمت عطا فرما اور ہمارے کام میں راہ یابی (کے اسباب) مہیا فرما○

(Call to mind the time) when a few youths took refuge in the cave. They said: 'O our Lord, bestow upon us mercy from Your presence and provide (means of) guidance in our affair.'

سورۃ طٰہٰ:

قَالَا رَبَّنَا إِنَّنَا نَخَافُ أَن يَفْرُطَ عَلَيْنَا أَوْ أَن يَطْغَى (45)

ترجمہ: دونوں نے عرض کیا: اے ہمارے رب! بے شک ہمیں اندیشہ ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے (گا) یا (زیادہ) سرکش ہو جائے (گا)○

Both of them submitted: 'O our Lord, we fear lest he should commit some excess against us, or become (more) rebellious.'

سورۃ المومنون:

إِنَّهُ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ (109)

ترجمہ: بے شک میرے بندوں میں سے ایک طبقہ ایسا بھی تھا جو (میرے حضور) عرض کیا کرتے تھے: اے ہمارے رب! ہم ایمان لے آئے ہیں پس تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو (ہی) سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے○

Indeed, there was a party of My servants who used to submit (before My presence): O our Lord, we have believed, so forgive us and have mercy on us. And (surely) You are the Best of the merciful.

سورۃ الفرقان:

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَاماً (65)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو (ہمہ وقت حضورِ باری تعالیٰ میں) عرض گزار رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! تو ہم سے دوزخ کا عذاب ہٹا لے، بے شک اس کا عذاب بڑا مہلک (اور دائمی) ہے○

And (these) are the people who pray (all the time before the presence of Allah): 'O our Lord, turn away from us the torment of Hell. Surely, its torment is most injurious (and everlasting).

إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرّاً وَمُقَاماً (66)

ترجمہ: بے شک وہ (عارضی ٹھہرنے والوں کے لیے) بُری قرارگاہ اور (دائمی رہنے والوں کے لیے) بُری قیام گاہ ہےo

Surely, that is an evil lodging (for temporary lodgers) and an evil abode (for permanent dwellers).'

وَالَّذِيْنَ يَقُولُونَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَاماً (74)

ترجمہ: اور (یہ) وہ لوگ ہیں جو (حضورِ باری تعالیٰ میں) عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا دےo

And these are the people who submit (before the presence of Allah): 'O our Lord, grant us coolness of eyes in our wives and our children, and make us leaders of the Godfearing people.'

سورۃ فاطر:

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِىْ أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ (34)

ترجمہ: اور وہ کہیں گے: اللہ کا شکر و حمد ہے جس نے ہم سے کُل غم دور فرما دیا، بے شک ہمارا رب بڑا بخشنے والا، بڑا شکر قبول فرمانے والا ہےo

And they will say: 'All gratitude and praise belong to Allah, Who has removed from us all grief. Surely, our Lord is Most Forgiving, Most Appreciative of gratitude,

سورۃ غافر/مومن:

الَّذِيْنَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوا رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَعِلْماً فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوا وَاتَّبَعُوا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ (7)

ترجمہ: جو (فرشتے) عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو اُس کے اِرد گرد ہیں وہ (سب) اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور اہلِ ایمان کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں (یہ عرض کرتے ہیں کہ) اے ہمارے رب! تو (اپنی) رحمت اور علم سے ہر شے کا احاطہ فرمائے ہوئے ہے، پس اُن لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی اور تیرے راستہ کی پیروی کی اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لےo

The angels who are bearing the Throne and those who are around it, (all) glorify their Lord with His praise and believe in Him and pray for forgiveness of the believers (and submit): 'O our Lord, You encompass everything in (Your) mercy and knowledge. So forgive those who turn to You in repentance and

follow Your path and protect them from the torment of Hell.

رَبَّنَا وَأَدْخِلْهُمْ جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدتَّهُم وَمَن صَلَحَ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (8)

ترجمہ: اے ہمارے رب! اور انہیں (ہمیشہ رہنے کے لیے) جنّاتِ عدن میں داخل فرما، جن کا تُو نے اُن سے وعدہ فرما رکھا ہے اور اُن کے آباء واجداد سے اور اُن کی بیویوں سے اور اُن کی اولاد و ذرّیت سے جو نیک ہوں (انہیں بھی اُن کے ساتھ داخل فرما)، بے شک تو ہی غالب، بڑی حکمت والا ہےo

O our Lord! And admit them to the Gardens of Eden (for eternal living) You have promised them. And (also admit with them) the pious ones of their fathers and their wives and their children. Surely, You are Almighty, Most Wise.

وَقِهِمُ السَّيِّئَاتِ وَمَن تَقِ السَّيِّئَاتِ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهُ وَذَلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ (9)

ترجمہ: اور اُن کو برائیوں (کی سزا) سے بچا لے، اور جسے تو نے اُس دن برائیوں (کی سزا) سے بچا لیا سو بے شک تو نے اُس پر رحم فرمایا، اور یہی تو عظیم کامیابی ہےo

And save them from (the punishment of) sins. And the one You have saved from (the punishment of) sins that Day, You have indeed shown him great mercy. And that is great success indeed.'

سورۃ الحشر:

وَالَّذِينَ جَاؤُوا مِن بَعْدِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَؤُوفٌ رَّحِيمٌ (10)

ترجمہ: اور وہ لوگ (بھی) جو اُن (مہاجرین وانصار) کے بعد آئے (اور) عرض کرتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی، جو ایمان لانے میں ہم سے آگے بڑھ گئے اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کوئی کینہ اور بغض باقی نہ رکھ۔ اے ہمارے رب! بے شک تو بہت شفقت فرمانے والا بہت رحم فرمانے والا ہےo

And those (too) who came after these (Emigrants and the Ansar [Supporters]) submit: 'O our Lord, forgive us and our brothers who have preceded in embracing faith. And let not any spite and rancour be in our hearts against the believers. O our Lord, surely, You are Most Clement, Ever-Merciful.'

سورۃ الممتحنۃ:

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَءاؤُا مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاء أَبَداً حَتَّى تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ إِلَّا قَوْلَ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَا أَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ رَّبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ (4)

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے ابراہیم (علیہ السلام) میں اور اُن کے ساتھیوں میں بہترین نمونہ (اقتداء) ہے، جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: ہم تم سے اور اُن بتوں سے جن کی تم اللہ کے سوا پوجا کرتے ہو کلیتہً بیزار (اور لاتعلق) ہیں، ہم نے تم سب کا کھلا

انکار کیا ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور نفرت وعناد ہمیشہ کے لیے ظاہر ہو چکا، یہاں تک کہ تم ایک اللہ پر ایمان لے آؤ، مگر ابراہیم (علیہ السلام) کا اپنے (پرورش کرنے والے) باپ سے یہ کہنا کہ میں تمہارے لیے ضرور بخشش طلب کروں گا، (فقط پہلے کا کیا ہوا ایک وعدہ تھا جو انہوں نے پورا کر دیا اور ساتھ یوں جتا بھی دیا) اور یہ کہ میں تمہارے لیے (تمہارے کفر وشرک کے باعث) اللہ کے حضور کسی چیز کا مالک نہیں ہوں۔ (پھر وہ یہ دعا کر کے قوم سے الگ ہو گئے:) اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر ہی بھروسہ کیا اور ہم نے تیری طرف ہی رجوع کیا اور (سب کو) تیری ہی طرف لوٹنا ہےo

Indeed, in Ibrahim (Abraham) and his companions there is an excellent example for you (to follow), when they said to their people: 'We are utterly weary of (and cut off from) you and the idols that you worship apart from Allah; we have openly rejected you all. The enmity, hatred and malice between us and you have become evident forever until you believe in Allah, the One.' But Ibrahim's (Abraham's) saying to his (foster) father: 'I shall certainly pray for your forgiveness,' (was just a promise made to him well before, which he fulfilled and gave him a reminder as well saying:) 'I do not possess anything for you before Allah (owing to your disbelief and idol-worship.' Then he separated from his people, praying:) 'O our Lord, we put our trust in You alone, and we turn in repentance to You alone, and (all) have to return to You alone.

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (5)

ترجمہ: اے ہمارے رب! تو ہمیں کافروں کے لیے سببِ آزمائش نہ بنا (یعنی انہیں ہم پر مسلّط نہ کر) اور ہمیں بخش دے، اے ہمارے پروردگار! بے شک تو ہی غلبہ وعزت والا بڑی حکمت والا ہےo

O our Lord! Make us not a source of trial for the disbelievers (i.e., give them not control over us) and forgive us. O our Lord, surely You alone are the Almighty, the Lord of Honour, the Most Wise.'

سورۃ التحریم:

يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ تَوْبَةً نَّصُوحاً عَسَى رَبُّكُمْ أَن يُكَفِّرَ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِيْ مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ يَوْمَ لَا يُخْزِيْ اللَّهُ النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوا مَعَهُ نُورُهُمْ يَسْعَى بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَبِأَيْمَانِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (8)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اللہ کے حضور رجوعِ کامل سے خالص توبہ کر لو، یقین ہے کہ تمہارا رب تم سے تمہاری خطائیں دفع فرما دے گا اور تمہیں بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے سے نہریں رواں ہیں جس دن اللہ (اپنے) نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو اور اُن اہلِ ایمان کو جو اُن کی (ظاہری یا باطنی) معیّت میں ہیں رسوا نہیں کرے گا، اُن کا نور اُن کے آگے اور اُن کے دائیں طرف (روشنی دیتا ہوا) تیزی سے چل رہا ہوگا، وہ عرض کرتے ہوں گے: اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے لیے مکمل فرما دے اور ہماری مغفرت فرما دے، بے شک تو ہر چیز پر بڑا قادر ہےo

O believers! Turn towards Allah's presence in perfect and most sincere

repentance. Your Lord will certainly remove your sins from you, and admit you to the Gardens with streams flowing under them. On the Day when Allah will not slight (His) Prophet (blessings and peace be upon him) and those believers who are in his companionship (visibly or invisibly), their light will be moving fast (brightening) ahead of them and on their right side. They will be submitting: 'O our Lord, perfect our light for us and forgive us.Surely, You have absolute power over everything.'

72-جانوروں کا تذکرہ

سورۃ البقرۃ:

إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِيٓ أَن يَضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُواْ فَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُواْ فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَـذَا مَثَلًا يُضِلُّ بِهِ كَثِيراً وَيَهْدِي بِهِ كَثِيراً وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِينَ (26)

ترجمہ: بے شک اللہ اس بات سے نہیں شرماتا کہ (سمجھانے کے لیے) کوئی بھی مثال بیان فرمائے (خواہ) مچھر کی ہو یا (ایسی چیز کی جو حقارت میں) اس سے بھی بڑھ کر ہو، تو جو لوگ ایمان لائے وہ خوب جانتے ہیں کہ یہ مثال ان کے رب کی طرف سے حق (کی نشاندہی) ہے، اور جنہوں نے کفر اختیار کیا وہ (اسے سن کر یہ) کہتے ہیں کہ ایسی تمثیل سے اللہ کو کیا سروکار؟ (اس طرح) اللہ ایک ہی بات کے ذریعے بہت سے لوگوں کو گمراہ ٹھہراتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت دیتا ہے اور اس سے صرف انہی کو گمراہی میں ڈالتا ہے جو (پہلے ہی) نافرمان ہیںo

Indeed, Allah is not reluctant to narrate some example (for better comprehension), whether of a mosquito or something even more (disgusting) than that. The believers know well that this example is (a pointer to the truth) from their Lord. But those who have adopted disbelief ask (on hearing): 'What could Allah mean by this example?' (In this way) Allah holds many astray, and guides many aright with the same example. And by this He leaves in error only those who are (already) disobedient.

وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَى أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ (51)

ترجمہ: اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) سے چالیس راتوں کا وعدہ فرمایا تھا پھر تم نے موسیٰ (علیہ السلام کے چلّہءِ اعتکاف میں جانے) کے بعد بچھڑے کو (اپنا) معبود بنا لیا اور تم واقعی بڑے ظالم تھےo

And (also recall) when We made an appointment with Musa (Moses) for forty nights. Then after Musa ([Moses] went into retreat), you took the calf as (your) god for worship, and you were no doubt awful transgressors.

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَواْ مِنكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُواْ قِرَدَةً خَاسِئِينَ (65)

ترجمہ: اور (اے یہود!) تم یقیناً ان لوگوں سے خوب واقف ہو جنہوں نے تم میں سے ہفتہ کے دن (کے احکام کے بارے میں) سرکشی کی تھی تو ہم نے ان سے فرمایا کہ تم دھتکارے ہوئے بندر بن جاؤo

And (O Jews) certainly you know well those of you who violated (the injunctions concerning) the Sabbath (Saturday). So We said to them: 'Be you apes: rejected and despised.'

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ كُلُواْ مِن طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَاشْكُرُواْ لِلّهِ إِن كُنتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ (172)

ترجمہ: اے ایمان والو! ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں عطا کی ہیں اور اللہ کا شکر ادا کرو اگر تم صرف اسی کی بندگی بجالاتے ہوo

O believers! Eat of those pure and clean things which We have provided for

you, and give thanks to Allah if He is the One Whom you worship (and obey).

سورۃ المائدۃ:

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَاباً يَبْحَثُ فِيْ الْأَرْضِ لِيُرِيَهُ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ أَخِيْهِ قَالَ يَا وَيْلَتَا أَعَجَزْتُ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ هَـذَا الْغُرَابِ فَأُوَارِيَ سَوْءَةَ أَخِيْ فَأَصْبَحَ مِنَ النَّادِمِيْنَ(31)

ترجمہ: پھر اللہ نے ایک کوّا بھیجا جو زمین کریدنے لگا تا کہ اسے دکھائے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کس طرح چھپائے، (یہ دیکھ کر) اس نے کہا: ہائے افسوس! کیا میں اس کوّے کی مانند بھی نہ ہو سکا کہ اپنے بھائی کی لاش چھپا دیتا، سو وہ پشیمان ہونے والوں میں سے ہو گیاo

Then Allah sent a crow that started scratching the earth to show him how to hide his brother's corpse. (Seeing this,) he said: 'Alas! Could I not become even the like of this crow that I might hide the corpse of my brother!' So he became one of the remorseful people.

سورۃ الانعام:

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِيْ الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُم مَّا فَرَّطْنَا فِيْ الكِتَابِ مِن شَيْءٍ ثُمَّ إِلَى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ (38)

ترجمہ: اور (اے انسانو!) کوئی بھی چلنے پھرنے والا (جانور) اور پرندہ جو اپنے دو بازوؤں سے اڑتا ہو (ایسا) نہیں ہے مگر یہ کہ (بہت سی صفات میں) وہ سب تمہارے ہی مماثل طبقات ہیں، ہم نے کتاب میں کوئی چیز نہیں چھوڑی (جسے صراحتاً یا اشارتاً بیان نہ کر دیا ہو) پھر سب (لوگ) اپنے رب کے پاس جمع کیے جائیں گےo

And, (O mankind,) there is no moving (animal) on the earth nor a bird that flies on its two wings but (such) that they are species like you (umamun amthalu-kum-in several traits). We have not omitted anything (which is not given symbolic or elaborate details) in the Book. Then all (the people) will be gathered before their Lord.

ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ مِّنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنثَيَيْنِ نَبِّؤُونِيْ بِعِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِيْنَ (143)

ترجمہ: (اللہ نے) آٹھ (نر اور مادہ) جوڑے پیدا کیے، دو (نر اور مادہ) بھیڑ سے اور دو (نر اور مادہ) بکری سے۔ (آپ ان سے) فرما دیجیے: کیا اُس نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ (بچہ) جو دونوں ماداؤں کے رحموں میں موجود ہے؟ مجھے علم و دانش کے ساتھ بتاؤ اگر تم سچے ہوo

(Allah) has created eight pairs: two of the sheep (male and female) and two of the goat (male and female). Say (to them): 'Has He forbidden the two males or the two females or that (offspring) which is in the wombs of the two females? Answer me on the basis of knowledge and reason if you are truthful.'

وَمِنَ الإِبْلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الأُنثَيَيْنِ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاء إِذْ وَصَّاكُمُ اللّهُ بِهَـذَا فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِباً لِيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (144)

ترجمہ: اور دو (نر اور مادہ) اونٹ سے اور دو (نر اور مادہ) گائے سے۔ (آپ ان سے) فرما دیجیے: کیا اُس نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادہ یا وہ (بچہ) جو دونوں ماداؤں کے رحموں میں موجود ہے؟ کیا تم اُس وقت موجود تھے جب اللہ نے تمہیں اِس (حرمت) کا حکم دیا تھا؟ پھر اُس سے بڑھ کر ظالم کون ہوسکتا ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھتا ہے تاکہ لوگوں کو بغیر جانے گمراہ کرتا پھرے؟ بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں فرماتا o

And two of the camel (male and female) and two of the cow (male and female). Say (to them): 'Has He forbidden the two males or the two females or that (offspring) which is in the wombs of the two females? Were you present when Allah pronounced to you this (prohibitive) injunction?' Then who can be more unjust than the one who fabricates a lie against Allah so that he may lead the people astray without knowledge? Indeed, Allah does not guide the unjust people.

سورۃ الاعراف:

فَأَلْقَى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ (107)

ترجمہ: پس موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنا عصا (نیچے) ڈال دیا تو اسی وقت صریحاً اژدہا بن گیا o

So Musa (Moses) put his staff (down), and at once it changed into a veritable serpent.

وَقَالُواْ مَهْمَا تَأْتِنَا بِهِ مِن آيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ (132)

ترجمہ: اور وہ (اہلِ فرعون متکبرانہ طور پر) کہنے لگے: (اے موسیٰ!) تم ہمارے پاس جو بھی نشانی لاؤ کہ تم اس کے ذریعے ہم پر جادو کر سکو، تب بھی ہم تم پر ایمان لانے والے نہیں ہیں o

And they (the people of Pharaoh) said (arrogantly): '(O Musa [Moses]!) Whatever sign you bring us to cast a spell upon us, we are not prone to believe in you.'

سورۃ یوسف:

قَالَ إِنِّيَ لَيَحْزُنُنِيَ أَن تَذْهَبُواْ بِهِ وَأَخَافُ أَن يَأْكُلَهُ الذِّئْبُ وَأَنتُمْ عَنْهُ غَافِلُونَ (13)

ترجمہ: انہوں نے کہا: بے شک مجھے یہ خیال مغموم کرتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور میں (اس خیال سے بھی) خوف زدہ ہوں کہ اسے بھیڑیا کھا جائے اور تم اس (کی حفاظت) سے غافل رہو o

He said: 'This idea indeed makes me sad that you take him along, and I am (also) afraid (of this idea) that some wolf may devour him, whilst you

are careless of his (safeguard).'

سورۃ النحل:

وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ(6)

ترجمہ: اور ان میں تمہارے لیے رونق (اور دل کشی بھی) ہے جب تم شام کو چراگاہ سے (واپس) لاتے ہو اور جب تم صبح کو (چرانے کے لیے) لے جاتے ہوo

And there is beauty in them (and also a joy-an aesthetic pleasure) for you when you drive (them back) in the evening from pasture, and when you drive (them) out in the morning (to graze).

وَيَجْعَلُونَ لِلّهِ مَا يَكْرَهُونَ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنَى لاَ جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُم مُّفْرَطُونَ (62)

ترجمہ: اور وہ اللہ کے لیے وہ کچھ مقرر کرتے ہیں جو (اپنے لیے) ناپسند کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹ بولتی ہیں کہ ان کے لیے بھلائی ہے، (ہرگز نہیں!) حقیقت یہ ہے کہ ان کے لیے دوزخ ہے اور یہ (دوزخ میں) سب سے پہلے بھیجے جائیں گے (اور اس میں ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیے جائیں گے)o

And they attribute to Allah what they loathe (for themselves), and their tongues utter falsehood that there is good for them. (No indeed!) The truth is that for them there is Hell, and they will be the first ones to be sent (into Hell where they shall be left forever).

سورۃ الکہف:

سَيَقُولُونَ ثَلاَثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْماً بِالْغَيْبِ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاء ظَاهِراً وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَداً (22)

ترجمہ: (اب) کچھ لوگ کہیں گے: (اصحابِ کہف) تین تھے ان میں سے چوتھا ان کا کتا تھا، اور بعض کہیں گے: پانچ تھے ان میں سے چھٹا ان کا کتا تھا، یہ بِن دیکھے اندازے ہیں، اور بعض کہیں گے: (وہ) سات تھے اور ان میں سے آٹھواں ان کا کتا تھا۔ فرما دیجیے: میرا رب ہی ان کی تعداد کو خوب جانتا ہے اور سوائے چند لوگوں کے ان (کی صحیح تعداد) کا علم کسی کو نہیں، سو آپ کسی سے ان کے بارے میں بحث نہ کیا کریں سوائے اس قدر وضاحت کے جو ظاہر ہو چکی ہے اور نہ ان میں سے کسی سے ان (اصحابِ کہف) کے بارے میں کچھ دریافت کریںo

(Now) some will say: '(The people of the cave) were three and the fourth was their dog,' and still some will say: '(They) were five and the sixth was their dog.' These are the estimations made without seeing. And others will say: '(They) were seven and the eighth was their dog.' Say: 'My Lord is the One Who exactly knows their number and none knows their (exact number) except a few.' So do not discuss about them with anyone except the details that have been revealed. Nor seek any information from any of them (about the People of the Cave).

سورۃ طٰہٰ:

وَأَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهُ وَمَا هَدَى (79)

ترجمہ: اورفرعون نے اپنی قوم کوگمراہ کردیااورانہیں سیدھےراستہ پرنہ لگایاo

And Pharaoh led his people astray, and did not guide them to the right path.

سورۃ الحج:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللَّهِ لَن يَخْلُقُوا ذُبَاباً وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ وَإِن يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئاً لَّا يَسْتَنقِذُوهُ مِنْهُ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ (73)

ترجمہ: اےلوگو!ایک مثال بیان کی جاتی ہےسواسےغورسےسنو: بےشک جن (بتوں) کوتم اللہ کےسواپوجتے ہووہ ہرگزایک مکھی (بھی) پیدانہیں کرسکتےاگرچہ وہ سب اس (کام) کے لیےجمع ہوجائیں،اوراگران سےمکھی کوئی چیزچھین کرلے جائے (تو) وہ اس چیزکواس (مکھی) سےچھڑا (بھی) نہیں سکتے،کتنابےبس ہےطالب (عابد) بھی اورمطلوب (معبود) بھیo

O mankind! An example is given, so listen to it attentively. Verily, (the idols) you worship besides Allah cannot create (even) a fly, though they all may join in for this (purpose). And if the fly snatches a thing away from them, they cannot (even) recover it from that (fly). How helpless is the seeker (worshipper) and the sought (false god)!

سورۃ النمل:

وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوزَعُونَ (17)

ترجمہ: اورسلیمان (علیہ السلام) کے لیےان کےلشکرجنّوں اورانسانوں اورپرندوں (کی تمام جنسوں) میں سےجمع کیےگئے تھے، چنانچہ وہ بغرضِ نظم وتربیت (ان کی خدمت میں) روکے جاتے تھےo

And armies for Sulayman (Solomon) were collected from amongst (all species of) the jinn, human beings and birds. So they were held on (in his service) for discipline and training.

وَتَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَا أَرَى الْهُدْهُدَ أَمْ كَانَ مِنَ الْغَائِبِينَ (20)

ترجمہ: اورسلیمان (علیہ السلام) نےپرندوں کاجائزہ لیاتو کہنے لگے: مجھےکیاہواہےکہ میں ہدہدکونہیں دیکھ پارہایاوہ (واقعی) غائب ہوگیاہےo

And Sulayman (Solomon) inspected the birds and said: 'How is it that I do not see the hoopoe? Or has he (really) vanished?

سورۃ العنکبوت:

فَكُلًّا أَخَذْنَا بِذَنبِهِ فَمِنْهُم مَّنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِباً وَمِنْهُم مَّنْ أَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ وَمِنْهُم مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْأَرْضَ وَمِنْهُم مَّنْ أَغْرَقْنَا وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ (40)

ترجمہ: سو ہم نے (ان میں سے) ہر ایک کو اس کے گناہ کے باعث پکڑ لیا، اور ان میں سے وہ (طبقہ بھی) تھا جس پر ہم نے پتھر برسانے والی آندھی بھیجی اور ان میں سے وہ (طبقہ بھی) تھا جسے دہشت ناک آواز نے آ پکڑا اور ان میں سے وہ (طبقہ بھی) تھا جسے ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور ان میں سے (ایک) وہ (طبقہ بھی) تھا جسے ہم نے غرق کر دیا اور ہرگز ایسا نہ تھا کہ اللہ ان پر ظلم کرے بلکہ وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھےo

So We seized (every one of) them for his sin. And there was (a faction) of those against whom We sent a storm of pelting stones. And of them was (also a group) whom a roaring blast seized. And (a party) of them were such whom We sank into the earth. And of them there was (yet another community) that We drowned. And Allah would never have wronged them, but they themselves wronged their own souls .

سورۃ الصافات:

فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ (142)

ترجمہ: پھر مچھلی نے ان کو نگل لیا اور وہ (اپنے آپ پر) نادم رہنے والے تھےo

Then the fish swallowed him and he was a (self-condemning) repentant.

سورۃ المدثر:

فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ (51)

ترجمہ: جو شیر سے بھاگ کھڑے ہوئے ہیںo

Fleeing away from a lion?

سورۃ القارعۃ:

يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ (4)

ترجمہ: (اس سے مراد) وہ یومِ قیامت ہے جس دن (سارے) لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہو جائیں گےo

(It implies) the Day of Resurrection when (the whole of) mankind will become like scattered moths,

سورۃ الفیل:

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ (1)

ترجمہ: کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا سلوک کیاo

Have you not seen how your Lord dealt with those who had elephants?

مآخذ ومراجع

1۔ عرفان القرآن ۔ ڈاکٹر علامہ طاہر القادری صاحب

2۔ آسان ترجمہ قرآن ۔ جسٹس تقی عثمانی صاحب

3۔ القرآن الکریم ۔ جوناگڑھی صاحب

4۔ کنزالایمان ۔ احمد رضا صاحب

5۔ قرآنِ مبین ۔ حسن رضوی صاحب

6۔ تدبّر قرآن ۔ امین اصلاحی صاحب

7۔ قرآن مجید (لفظی ترجمہ) ۔ نگہت ہاشمی صاحبہ

8۔ تفہیم القرآن ۔ مولانا مودودی صاحب

10۔ اسلام360



باسم ربك الذي خلق

Design & Print
323 4699 321